بسم الله الرحمن الرحيم

إنا نحن نزلنا الذكر وإنا له لحافظون

بلاغ القرآن


ترجمة وحواشي

محسن علي نجفي

دار القرآن الكريم
جامعة الكوثر
اسلام آباد پاکستان
١٤٣٦ھ

تصدیقی سرٹیفکیٹ

مکتبہ جدید پریس کی وساطت سے دارالقرآن کریم (اسلام آباد) کا ایک قرآن پاک پڑھا۔ میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس قرآن پاک کو حرف بحرف انتہائی توجہ اور عرق ریزی سے پڑھا گیا ہے، لہٰذا اب یہ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے متن قرآن کے لحاظ سے ہر قسم کی غلطی سے مبرا ہوگا۔ (انشاء اللہ)



الحافظ القاری علامہ **محمد شفیق اللہ اجمل**

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پنجاب (پاکستان)



مترجم ومحشی: الشیخ محسن علی نجفی

تاریخ طبع: طبع اول: دسمبر ۲۰۰۰ء

طبع دوم: مارچ ۲۰۰۱ء

طبع سوم: مارچ ۲۰۰۳ء

طبع چہارم: ۲۰۰۳ء

طبع پنجم: ۲۰۰۵ء

طبع ششم: ربیع الاول ۱۴۲۸ھ/اپریل ۲۰۰۷ء

مطبع: معراج دین پرنٹنگ پریس۔ لاہور

پیشکش: دار القرآن الکریم ۔ جامعة الکوثر

H 8/2 اسلام آباد۔ پاکستان

فون: + 92 - 51 - 4431407

فیکس: + 92 - 51 - 4431408

ویب: www.alkauthar.edu.pk

ای میل: info@alkauthar.edu.pk

بسم اللہ الرحمن الرحیم

احکام قرآن
جن پر عمل کرنا لازمی ہے

۱۔ قرآن کا احترام کرنا واجب ہے اور قرآن یا قرآن کے کسی حصے کی اہانت حرام ہے۔

۲۔ وضو کے بغیر اور اگر جنابت کی حالت میں ہے تو غسل کے بغیر قرآن کی آیات کو مس کرنا، خواہ وہ ہاتھ ہو یا جسم کا کوئی حصہ، جائز نہیں ہے۔ اسی طرح رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم، حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا اور بارہ اماموں علیہم السلام کے اسمائے گرامی کو مس کرنا، وضو اور جنابت کی صورت میں غسل کے بغیر جائز نہیں ہے۔

۳۔ ** چار سورہ ہائے قرآن میں درج ذیل آیات کے پڑھنے اور سننے پر فوری سجدہ کرنا واجب ہے۔ اگر سجدہ کرنا بھول جائے تو جب بھی یاد آئے سجدہ کرے:

۱۔ سورہ سجدہ آیت ۱۵

۲۔ سورہ حٰمٓ سجدہ آیت ۳۷

۳۔ سورہ النَّجم آیت ۶۲

۴۔ سورہ عَلَق آیت ۱۹

۴۔ اگر بلاد کفر میں قرآن لے جانے سے قرآن کی اہانت کا خطرہ ہے تو وہاں قرآن کا نسخہ لے جانا جائز نہیں ہے۔

۵۔ حتی الامکان کوشش کرنی چاہیے کہ قرآن کی تلاوت صحیح تلفظ کے ساتھ ہو اور حروف کو اپنے مخارج سے ادا کیا جائے۔

آداب تلاوت

جن کے بجا لانے میں ثواب ہے اور نہ بجا لانے میں گناہ نہیں ہے:

۱۔ تلاوت شروع کرنے سے پہلے اعوذ باللّٰہ من الشیطان الرجیم پڑھے۔ چنانچہ خود قرآن میں اس کا حکم آیا ہے:
فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ○ (۱۶ نحل: ۹۸)

۲۔ ہر روز پچاس آیات کی تلاوت کرے۔

۳۔ قبلہ رو ہو کر باوضو تلاوت کی جائے۔ تلاوت سے پہلے مسواک کرنا اور عطر لگانا بہتر ہے۔

۴۔ قرآن کی تلاوت حضور قلب کے ساتھ کی جائے۔

** منہاج الصالحین ۱: ۱۷۷۔ تحریر الوسیلۃ ۱: ۳۱۸

۵۔ قرآنی آیات کو اس طرح غور وفکر کے ساتھ پڑھا جائے کہ اللہ تعالیٰ ہم سے ہمکلام ہے۔

۶۔ جب قرآن کی تلاوت کی آواز سنائی دے تو سکوت اختیار کرنا اور سننا مستحب ہے۔

۷۔ تلاوت سے قبل روایات میں بیان شدہ دعا اور درود پڑھے۔

۸۔ حتی الامکان کوشش کرے کہ قرآن کو بہتر لحن اور تجوید کے ساتھ پڑھے۔

۹۔ قرآن میں جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی آئے، درود پڑھے۔

۱۰۔ جن آیات میں جنت کا ذکر ہوا ہے، وہاں جنت کے لیے دعا کرے اور جن آیات میں جہنم کا ذکر ہے، وہاں جہنم سے بچنے کے لیے اللہ کی پناہ مانگے۔

۱۱۔ تلاوت ختم کرنے پر صدق الله العلي العظيم اور روایات میں وارد شدہ دعائیں پڑھے۔

۱۲۔ ** اسلامی ممالک سے قرآن مجید کے قلمی نسخے مغربی ممالک میں منگوانا اور ان کی تجارت کرنا جائز نہیں ہے۔

۱۳۔ ** اہل لہو ولعب میں رائج لحن میں قرآن مجید کی تلاوت کرنا اور دعاؤں اور دیگر اذکار کو پڑھنا جائز نہیں ہے، بلکہ احتیاط واجب کے طور پر اس شعر یا نثر پر مشتمل کلام کو بھی گانے کے لحن اور طرز میں پیش کرنا جائز نہیں جو بیہودہ مفہوم پر مشتمل نہ ہو۔

۱۴۔ ** بعض کاغذات جن پر اللہ تعالیٰ اور رسول کریم (ص) اور ائمہ (ع) کے اسمائے گرامی درج ہوتے ہیں، ان کو اگر سمندر یا نہر میں گرانا ممکن نہ ہو تو ان کو کوڑا کرکٹ کے تھیلوں میں ڈالنا جائز نہیں ہے، بلکہ ان تحریروں کو مٹانا یا کسی پاک جگہ دفن کر دینا چاہیے۔

** فتاویٰ السید سیستانی دام ظلہ۔ ماخوذ از الفقہ للمغتربین۔


الله
الدعاء قبل القتال
بسم الله الرحمن الرحيم
اللهم بالحق انزلته وبالحق نزل اللهم عظم من دينك
واجعله نور البصري وشفاء صدري وذهاب همي وغمي
وحزني اللهم زين به لساني وجمل به وجهي وقوه به جسدي
وفضل به ميزاني وارزقني تلاوته على الطاعتك
اناء الليل واطراف النهار واجرني
مع النبي محمد واله الاخيار
الابرار الاطهار


بسم الله الرحمن الرحيم

	۱ سُوْرَةُ الْفَاتِحَةِ مَكِّيَّةٌ ۷
	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ①
	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ②
	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ③
	مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ④
	اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ⑤
	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ⑥
	صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ
	غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا
ع	الضَّآلِّيْنَ ⑦

سورۂ فاتحہ۔ مکی۔ آیات ۷

۱۔ بنام خدائے رحمٰن رحیم۔

۲۔ ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے جو سارے جہان کا پروردگار ہے۔☆

۳۔ جو رحمٰن رحیم ہے۔☆

۴۔ روز جزاء کا مالک ہے۔☆

۵۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے مدد مانگتے ہیں۔☆

۶۔ ہمیں سیدھے راستے کی ہدایت فرما۔☆

۷۔ ان لوگوں کے راستے کی جن پر تو نے انعام فرمایا، جن پر نہ غضب کیا گیا نہ ہی (وہ) گمراہ ہونے والے ہیں۔

سورۂ فاتحہ

اس سورہ کو فاتحۃ الکتاب (کتاب کا افتتاحیہ) کہا جاتا ہے اور یہ بات مسلّم ہے کہ سورتوں کے نام توقیفی ہیں۔ یعنی ان کے نام خود رسول کریم (ص) نے بحکم خدا متعین فرمائے ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ قرآن عہد رسالت میں ہی مدون ہو چکا تھا جس کا افتتاحیہ ''سورہ فاتحہ'' ہے۔

ائمہ اہل بیت علیہم السلام کا اجماع ہے کہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سورۂ برائت کے علاوہ قرآن کے ہر سورے کا جزو ہے۔ عہد رسالت سے مسلمانوں کی یہ سیرت رہی ہے کہ وہ سورۂ برائت کے علاوہ ہر سورے کی ابتدا میں بِسْمِ اللّٰهِ کی تلاوت کرتے تھے۔ تمام اصحاب و تابعین کے مصاحف میں بھی بسم اللّٰہ درج تھی، جب کہ تابعین، قرآن میں نقطے درج کرنے سے احتراز کرتے تھے۔ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کا بِسْمِ اللّٰهِ میں یکجا ذکر کرنے سے اللہ کے مقام رحمت کی تعبیر میں جامعیت آ جاتی ہے کہ الرَّحْمٰنِ سے رحمت کی عمومیت اور وسعت: وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ۔ (۷:۱۵۶) ''میری رحمت ہر چیز کو شامل ہے'' اور الرَّحِيْمِ سے رحم کا لازمۂ ذات ہونا مراد ہے: كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (۵۴:۶) ''تمہارے رب نے رحمت کو اپنے اوپر لازم قرار دیا ہے''۔ لہٰذا اس تعبیر میں عموم رحمت اور لزوم رحمت دونوں شامل ہیں۔

۳۔ یہاں الرَّحْمٰنِ و الرَّحِيْمِ کی تکرار نہیں ہو رہی بلکہ بِسْمِ اللّٰهِ... میں اس کا ذکر مقام الوہیت میں ہوا تھا، جب کہ یہاں مقام ربوبیت میں الرَّحْمٰنِ و الرَّحِيْمِ کا تذکرہ ہو رہا ہے۔

۴۔ دنیا میں بھی وہی مالک ہے۔ تاہم دنیا چونکہ دار العمل ہے، اس لیے بندے کو کچھ اختیارات دیے گئے ہیں۔ لیکن روز قیامت نتیجہ عمل کا دن ہے۔ اس دن صرف اللہ کی حاکمیت ہو گی۔

۵۔ کسی ذات کی تعظیم و تکریم اور اس کی پرستش کے چار عوامل ہو سکتے ہیں: i۔ کمال، ii۔ احسان، iii۔ احتیاج اور iv۔ خوف۔ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں یہ چاروں عوامل موجود ہیں۔ لہٰذا ہر اعتبار سے عبادت صرف اسی کی ہو سکتی ہے۔ مومن جب قوت کے اصل سرچشمے سے وابستہ ہو جائے تو دیگر تمام طاقتوں سے بے نیاز ہو جاتا ہے: لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ (۴۲:۱۲) آسمانوں اور زمین کی کنجیاں صرف اس کے اختیار میں ہیں۔

غیر اللہ سے استمداد (مدد مانگنے) کا مطلب یہ ہو گا کہ سلسلہ استمداد اللہ تعالیٰ پر منتہی نہ ہوتا ہو اور اس غیر اللہ کو اذن خدا بھی حاصل نہ ہو۔ لیکن اگر وہ ماذون من اللّٰہ ہو اور یہ استمداد اللہ کے مقابلے میں نہ ہو، بلکہ اس کی مدد کے ذیل میں آتی ہو تو شرک نہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ۔ (۹:۷۴) انہیں اس بات پر غصہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسولؐ نے اپنے فضل سے ان کو دولت سے مالا مال کر دیا ہے۔

۶۔ اس کائنات کے عظیم مقاصد کے حامل انسان کو ہر قدم پر ہدایت کی ضرورت پیش آتی ہے کیونکہ انسان سراپا احتیاج ہے۔ وہ ایک لمحے کے لیے مبداء فیض سے بے نیاز نہیں رہ سکتا۔ ہدایت ایسی چیز نہیں کہ اللہ کی طرف سے ایک بار مل جانے سے بندہ بے نیاز ہو جائے، بلکہ وہ ہر آن ہر لمحہ ہدایت الٰہی کا محتاج رہتا ہے۔ لہٰذا اس اعتراض کی کوئی گنجائش نہیں ہے کہ ہدایت کی طلب اور خواہش سے یہ گمان ہوتا ہے کہ بندہ ابھی ہدایت یافتہ نہیں ہے۔

الجزء ۱

۲ سورۃ البقرۃ مدنیۃ ۲۸۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ ①

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى معلقة

لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ ②

الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَ

يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

يُنْفِقُوْنَ ۙ ③

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ

اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَ

بِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۭ ④

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۣ وَ

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ⑤

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا

يُؤْمِنُوْنَ ⑥

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى

سَمْعِهِمْ ۭ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ

غِشَاوَةٌ ۖ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ع ⑦ ع

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا

بِاللّٰهِ وَ بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ

بِمُؤْمِنِيْنَ ۘ ⑧ وقف لازم

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ

سورۂ بقرہ

۱۔ الف۔لام۔میم۔ انہیں ”مقطعاتِ قرآنیہ“ کہتے ہیں۔ یہ صرف افتتاحیہ حروف ہی نہیں بلکہ ان میں وہ اسرار و رموز پنہاں ہیں جو اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب کے درمیان مخصوص ہیں۔ انہی سربستہ اسرار و رموز کے تحت بعض مقطعات مستقل آیت ہیں جیسے كٓهٰيٰعٓصٓ اور بعض مستقل آیت نہیں ہیں جیسے طٰسٓ۔

۲۔ قرآن خود قابلِ ریب نہیں۔ اگر اس میں کسی کو شک ہے تو وہ قرآن سے ہٹ کر دیگر عوامل کی وجہ سے ہے۔ مثلاً خود شبہ کرنے والے کی نادانی، کج فہمی اور کوتاہ بینی وغیرہ۔

۳۔ غیب، شہود اور محسوس کا مقابل ہے۔ مذہب کے بنیادی عقائد ایمان بالغیب پر مبنی ہیں۔ جو لوگ ماورائے محسوسات کو دائرۂ تجربہ سے خارج ہونے کی وجہ سے مسترد کرتے ہیں، اولاً: ان کی خود یہی بات غیر تجرباتی ہے، ثانیاً: تجربات سے کلی نتائج اخذ کرنے کے لیے غیر تجرباتی اصول تسلیم کرنا پڑتے ہیں، ورنہ تجربہ صرف انہی افراد کے لیے دلیل بنتا ہے جو اس مرحلے سے گزرے ہوں۔ ثالثاً: اگر صرف محسوسات و تجربات ہی پر انحصار کرنا ہے تو انہیں چاہیے کہ ماورائے محسوسات پر نفی و اثبات میں کوئی نظریہ قائم نہ کریں۔ حالانکہ یہ لوگ جب ماورائے حس کی نفی کرتے ہیں تو حس و تجربے کی حدود سے نکل کر ماورائے حس میں قدم رکھتے ہوئے یہ نظریہ قائم کرتے ہیں۔ اب خواہ نفی کا نظریہ سہی، لیکن یہ ان کی طرف سے ماورائے حس کا عملی اعتراف ہے۔ ایمان بالغیب کے بعد نماز دین کا ستون ہے جو لا تترك بحال ”کسی حالت میں بھی نہیں چھوڑی جا سکتی“ اور اقامۂ نماز اور قرآنی معاشرے کے قیام کے لیے انفاق کو نماز کے بعد کا درجہ حاصل ہے۔ دوسرے لفظوں میں بندگی، ذکر خدا اور فیاضی پر مشتمل ہے۔ یعنی مومن نمازی معاشرے کا فعال اور فیاض رکن ہوتا ہے۔

۴ تا ۸۔ سلسلۂ کلام میں تین گروہ شامل ہیں۔ پہلا گروہ، وہ لوگ جن پر حق ثابت ہوا اور اس پر ایمان لے آئے۔ یہ متقین کا گروہ ہے۔ دوسرا گروہ وہ لوگ ہیں جن پر حق ثابت ہوا مگر انہوں نے

سورۂ بقرہ ۔ مدنی۔ آیات ۲۸۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف لام میم۔ ☆

۲۔ یہ کتاب، جس میں کوئی شبہ نہیں، ہدایت ہے تقویٰ والوں کے لیے۔ ☆

۳۔ جو غیب پر ایمان رکھتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں نیز جو کچھ ہم نے انہیں عطا کیا ہے، اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔ ☆

۴۔ اور جو کچھ آپ پر نازل کیا گیا نیز جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا ہے، ان پر ایمان اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ ☆

۵۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر (قائم) ہیں اور یہی فلاح پانے والے ہیں۔ ☆

۶۔ جن لوگوں نے کفر اختیار کیا ان کے لیے یکساں ہے کہ آپ انہیں متنبہ کریں یا نہ کریں وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ ☆

۷۔ اللہ نے ان کے دلوں اور ان کی سماعت پر مہر لگا دی ہے نیز ان کی نگاہوں پر پردہ پڑا ہوا ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔ ☆

۸۔ لوگوں میں سے کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے ہیں ہم اللہ اور روز آخرت پر ایمان لے آئے، حالانکہ وہ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ ☆

۹۔ وہ اللہ اور ایمان والوں کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں، جبکہ (حقیقت میں) وہ صرف

وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا
يَشْعُرُوْنَ ۝۹
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَهُمُ
اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۢ
بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ۝۱۰
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي
الْاَرْضِ ۙ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ
مُصْلِحُوْنَ ۝۱۱
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ
لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۲
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ
النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ
السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ
وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝۱۳
وَاِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا
اٰمَنَّا ۚ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى شَيٰطِيْنِهِمْ ۙ
قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ ۙ اِنَّمَا نَحْنُ
مُسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۴
اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ
طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝۱۵
اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ
بِالْهُدٰى ۠ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ
وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ۝۱۶

اپنی ذات کو ہی دھوکہ دے رہے ہوتے ہیں لیکن وہ اس بات کا شعور نہیں رکھتے۔

۱۰۔ ان کے دلوں میں بیماری ہے، پس اللہ نے ان کی بیماری اور بڑھا دی اور ان کے لیے دردناک عذاب اس وجہ سے ہے کہ وہ جھوٹ بولا کرتے تھے۔

۱۱۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ زمین میں فساد برپا نہ کرو تو کہتے ہیں: ہم تو بس اصلاح کرنے والے ہیں۔

۱۲۔ یاد رہے! فسادی تو یہی لوگ ہیں، لیکن وہ اس کا شعور نہیں رکھتے۔

۱۳۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ دیگر لوگوں کی طرح تم بھی ایمان لے آؤ تو وہ کہتے ہیں: کیا ہم (بھی ان) بیوقوفوں کی طرح ایمان لے آئیں؟ یاد رہے! بیوقوف تو خود یہی لوگ ہیں لیکن یہ اس کا (بھی) علم نہیں رکھتے۔

۱۴۔ اور جب وہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب اپنے شیطانوں کے ساتھ تخلیے میں ہوتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم تو تمہارے ساتھ ہیں، (ان مسلمانوں کا تو) ہم صرف مذاق اڑاتے ہیں۔

۱۵۔ اللہ بھی ان کے ساتھ تمسخر کرتا ہے اور انہیں ڈھیل دیتا ہے کہ یہ اپنی سرکشی میں سرگرداں رہیں گے۔☆

۱۶۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے بدلے میں گمراہی خرید لی ہے، چنانچہ نہ تو ان کی تجارت سودمند رہی اور نہ ہی انہیں ہدایت حاصل ہوئی۔☆

از رُوئے عناد اسے ماننے سے انکار کر دیا۔ یہ ناقابلِ ہدایت ہیں۔ تیسرا گروہ ان لوگوں کا ہے جنہیں نہ تو حق پر ایمان لانے کی توفیق ہوئی اور نہ علی الاعلان اس کے انکار کی جرات ہوئی۔ یہ اپنے ضمیر کی آواز کے بھی خلاف ہیں، لہٰذا فکری اضطراب اور ذہنی تشویش کا شکار رہتے ہیں۔ منافقین کی خصوصیات یہ ہیں: i۔ وہ بزعم خویش اللہ اور مؤمنین کو دھوکہ دیتے ہیں جبکہ غیر شعوری طور پر خود دھوکہ کھا رہے ہوتے ہیں۔ ii۔ ان کے دلوں میں بیماری ہوتی ہے، جس سے وہ اعتدال و توازن کھو بیٹھتے ہیں اور بیماری کی وجہ سے انہیں موزوں غذا بھی غیر موزوں اور گوارا طعام بھی ناگوار گزرتا ہے۔ انہیں یہ بیماری خود اپنے عمل کی وجہ سے لاحق ہوئی ہے۔ اللہ نے بھی جب انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا تو بیماری کے مہلک جراثیم قانون فطرت کے تحت پھیلنا شروع ہو گئے، لہٰذا اس کی نسبت اللہ کی طرف دینا صرف اس لیے ہے کہ اللہ نے انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا۔ البتہ اس کے ذمے دار خود منافقین ہیں۔ iii۔ وہ معاشرے کا امن و سکون برباد کرتے ہیں اور اپنی تخریب کاری کو اصلاح کا نام دیتے ہیں۔ iv۔ وہ ایمان والوں کو نچلے درجے کے لوگ سمجھتے ہیں۔ v۔ وہ باطنی طور پر کچھ ہوتے ہیں اور ظاہری طرز عمل کچھ اور رکھتے ہیں۔ اس سے آگے ان کے سیاہ اعمال کے نتائج کا بیان ہے۔

۱۵۔ خدائی تمسخر کا طریقہ یہ ہو گا کہ ان منافقین کو سرکشی میں ڈھیل دے کر مزید تباہی سے دوچار کر دیا جائے گا۔ آیہ شریفہ میں یہ اشارہ بھی ملتا ہے کہ منافقین سرراہ مؤمنین سے ملتے تھے تو اظہار ایمان کرتے تھے، جب کہ اپنے شیاطین سے ان کی باقاعدہ نشستیں ہوا کرتی تھیں۔

۱۶۔۱۷۔ منافقین کے سیاہ اعمال کے تذکرے کے بعد اب ان کے نتائج بیان ہو رہے ہیں کہ ان لوگوں نے احمقانہ سودا کیا۔ ہدایت کے بدلے گمراہی خرید لی اور سو فیصد گھاٹے میں رہے۔ اسی لیے وہ نفسیاتی طور پر پریشان رہتے ہیں۔ خداوند کریم نے منافقین کے اس اندرونی انتشار اور نفسیاتی الجھن کی تصویر کشی کرتے ہوئے فرمایا کہ ان کی حالت اس شخص کی سی ہے، جسے روشنی حاصل کرنے

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ
نَارًا ۚ فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ
ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ
فِي ظُلُمَاتٍ لَّا يُبْصِرُونَ ﴿١٧﴾
صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا
يَرْجِعُونَ ﴿١٨﴾
أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ
ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ ۚ يَجْعَلُونَ
أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِم مِّنَ
الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللَّهُ
مُحِيطٌ بِالْكَافِرِينَ ﴿١٩﴾
يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ أَبْصَارَهُمْ ۖ
كُلَّمَا أَضَاءَ لَهُم مَّشَوْا فِيهِ ۖ
وَإِذَا أَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوا ۚ
وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَذَهَبَ بِسَمْعِهِمْ
وَأَبْصَارِهِمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴿٢٠﴾ ع ۲/۱۳

۱۷۔ان کی مثال اس شخص کی سی ہے جس نے (تلاش راہ کے لیے) آگ جلائی، پھر جب اس آگ نے گرد و پیش کو روشن کر دیا تو اللہ نے ان کی روشنی سلب کرلی اور انہیں اندھیروں میں (سرگرداں) چھوڑ دیا کہ انہیں کچھ سجھائی نہیں دیتا۔☆

۱۸۔وہ بہرے، گونگے اور اندھے ہیں پس وہ (اس ضلالت سے) بازنہیں آئیں گے۔

۱۹۔ یا جیسے آسمان سے بارش ہو رہی ہو جس میں تاریکیاں اور گرج و چمک ہو، بجلی کی کڑک کی وجہ سے موت سے خائف ہو کر وہ اپنی انگلیاں کانوں میں دے لیتے ہیں، حالانکہ اللہ کافروں کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔☆

۲۰۔قریب ہے کہ بجلی ان کی آنکھیں سلب کرلے، جب وہ ان کے لیے چمک دکھاتی ہے تو وہ اس کی روشنی میں چل پڑتے ہیں اور جب تاریکی ان پر چھا جاتی ہے تو وہ رک جاتے ہیں اور اللہ اگر چاہتا تو ان کی سماعت اور بینائی (کی طاقت) سلب کر لیتا، بلاشبہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۲۱۔ اے لوگو! اپنے پروردگار کی عبادت کرو جس نے تمہیں اور تم سے پہلے والے لوگوں کو پیدا کیا تاکہ تم (خطرات سے) بچاؤ کرو۔☆

۲۲۔ جس نے تمہارے لیے زمین کو بچھونا اور آسمان کو چھت بنایا اور آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے تمہاری غذا کے

کے مواقع حاصل ہوئے اور اس نے اردگرد دیکھا اور اشیاء کے نفع وضرر سے آگاہی حاصل کی ہی تھی کہ یکا یک یہ روشنی چھن گئی اور چاروں طرف گھٹا ٹوپ اندھیرا چھا گیا۔ایسا شخص احساس محرومی سے بہت زیادہ دوچار ہوتا ہے بہ نسبت اس شخص کے جس نے روشنی دیکھی ہی نہیں اور پہلے سے اندھیرے میں ہے۔

۱۹۔۲۰ منافقین ایسے ماحول میں رہتے ہیں جس میں چار سو تاریکیاں ہیں اور بجلی کی گرج چمک، جہاں ہر وقت موت سروں پر منڈلاتی نظر آتی ہے۔ وہ ذہنی اضطراب سے بچنے کے لیے کانوں میں انگلیاں دے لیتے ہیں، جیسا کہ آج کا مضطرب انسان نشے اور خواب آور گولیوں کا سہارا لیتا ہے۔

قرآن ایک حیات آفرین اور حیات ساز دستور ہونے کے لحاظ سے مومنین کی فکری اور شعوری تربیت کر رہا ہے تاکہ مومنین اپنے اردگرد کے مختلف افراد کے ساتھ مناسب روش اختیار کریں۔ منافقین کی نفسیاتی پریشانی، ذہنی اضطراب، اخلاقی پستی اور برے عزائم کے بارے میں بتایا جا رہا ہے کہ یہ لوگ اللہ اور مومنین کو دھوکا دیتے ہیں۔ان کے دل مریض ہیں، یہ معاشرتی اصلاح کی آڑ میں اجتماعی فساد پھیلاتے ہیں، تکبر اور احساس برتری جیسے موذی نفسیاتی امراض میں مبتلا ہیں اور اہل ایمان کو حقیر سمجھتے ہیں۔

۲۱۔ربوبیت کے ادراک کے بعد عبودیت ہے اور جب انسان اپنے آپ کو مخلوق سمجھتا ہے تو اپنے خالق کی طرف متوجہ ہونا ایک فطری امر ہے۔

۲۲۔ جَعَلَ کا مطلب یہ ہے کہ پہلے نہیں تھا، بعد میں بنایا۔ اس سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ زمین پہلے قابل سکونت نہ تھی، بعد میں اللہ تعالیٰ نے اسے انسانی زندگی کے قابل بنایا۔ بچھونے کی تعبیر اختیار کرنے سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ اس میں آرام و آسائش کے تمام وسائل فراہم ہیں۔ نہ تو اسے زیادہ سخت بنایا کہ دانہ اگ نہ سکے اور نہ ہی اسے اتنا نرم بنایا کہ چیزیں اس میں دھنس جائیں، نہ اتنی چھوٹی بنائی کہ آکسیجن کے ذرات فضا میں زمین سے منسلک نہ رہ سکیں، نہ اتنی بڑی بنائی کہ ہوائی ذرات فضا میں معلق نہ رہ سکیں۔

لَّكُمْ ۚ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا
وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾
وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى
عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪
وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۳﴾
فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا
فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا
النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ۖ اُعِدَّتْ
لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۴﴾
وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا
مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا
الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ ۙ وَاُتُوْا
بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَلَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ
مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيٖٓ اَنْ يَّضْرِبَ
مَثَلًا مَّا بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ؕ فَاَمَّا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ
مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
فَيَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا
مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا ۙ وَّيَهْدِيْ

لیے پھل پیدا کیے، پس تم جانتے بوجھتے ہوئے کسی کو اللہ کا مدمقابل نہ بناؤ۔☆
۲۳۔ اور اگر تم لوگوں کو اس (کتاب) کے بارے میں شبہ ہو جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے تو اس جیسا کوئی سورہ بنا لاؤ اور اللہ کے علاوہ اپنے حامیوں کو بھی بلا لو، اگر تم سچے ہو۔☆
۲۴۔ اور اگر تم نے ایسا نہ کیا اور ہرگز تم ایسا نہ کر سکو گے تو اس آتش سے ڈرو جس کا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں (یہ آگ) کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔
۲۵۔ اور ان لوگوں کو خوشخبری سنا دیجیے جو ایمان لائے اور جنہوں نے نیک اعمال انجام دیے کہ ان کے لیے (بہشت کے) باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہوں گی، اس میں سے جب بھی کوئی پھل کھانے کو ملے گا تو وہ کہیں گے: یہ تو وہی ہے جو اس سے پہلے بھی مل چکا ہے، حالانکہ انہیں ملتا جلتا دیا گیا ہے اور ان کے لیے جنت میں پاک بیویاں ہوں گی اور وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔☆
۲۶۔ اللہ کسی مثال کے پیش کرنے سے نہیں شرماتا خواہ مچھر کی ہو یا اس سے بھی بڑھ کر (چھوٹی چیز کی)، پس جو لوگ ایمان لا چکے ہیں وہ جانتے ہیں کہ یہ (مثال) ان کے پروردگار کی جانب سے برحق ہے، لیکن کفر اختیار کرنے والے کہتے رہیں گے کہ اس مثال سے اللہ کا کیا مقصد ہے، اللہ اس سے بہت سوں کو گمراہ کر دیتا ہے اور بہت سوں کو ہدایت کرتا ہے اور وہ اس

۲۳۔ انسانیت کی بلوغت سے پہلے انبیاء کو محسوس معجزے دیے گئے اور لوگوں کی فکری سطح کے مطابق محسوسات کے ذریعے ان کی تربیت ہوئی۔ انسانی فکر کے حد بلوغت تک پہنچنے کے بعد ایک فکری اور مکمل دستور حیات پر مشتمل معجزہ قرآن کی شکل میں دیا گیا۔ سابقہ محسوس معجزات کی طرح یہ معجزہ کسی زمانے کے ساتھ مخصوص نہیں بلکہ یہ ایک ابدی معجزہ ہے جو رہتی دنیا تک تمام انسانوں کے لیے ایک چیلنج ہے۔ آج کے محسوس پرستوں کا یہ اعتراض کہ رسول کریمؐ نے کوئی محسوس معجزہ پیش نہیں کیا، ایسا ہے جیسے کوئی کسی تعلیمی ادارے پر یہ اعتراض کرے کہ ہائی سکول کے لیے نرسری کلاس کا طرز تعلیم کیوں اختیار نہیں کیا جاتا۔ البتہ رسول کریمؐ نے اپنے زمانے کے محسوس پرستوں کے لیے محسوس (حسیاتی) معجزات بھی دکھائے ہیں۔
کیا معجزات طبیعیاتی قوانین کے دائرے میں وقوع پذیر ہوتے ہیں یا طبیعیاتی قانون کی عام دفعات کے ماوراء میں ہوتے ہیں، اس پر ہم آیندہ بحث کریں گے۔
۲۵۔ ایمان و عمل کے بارے میں تین صورتیں سامنے آتی ہیں: ۱۔ ایمان بلا عمل ۲۔ عمل بلا ایمان ۳۔ ایمان با عمل۔ پہلی صورت میں وہ ایمان جو انسان کے شعور و کردار پر کوئی اثر نہیں چھوڑتا ایمان نہیں ہے۔ دوسری صورت میں اس عمل میں حسن پیدا نہیں ہو سکتا جس کے انجام دینے والے میں حسن نہ ہو نیز ایمان نہ ہونے کی صورت میں جو عمل انجام دیا جاتا ہے تو اس کا محرک کیا ہو سکتا ہے؟ لہٰذا جو لوگ رفاہی کام انجام دیتے ہیں، اگر ان کے اعمال کا محرک ایمان باللہ کے علاوہ کوئی اور عقیدہ ہو تو ان کا ثواب بھی اسی کے ذمے ہے جس کے لیے انہوں نے یہ عمل انجام دیا ہے۔ تیسری صورت ہی ذریعہ نجات ہے جس کی طرف قرآن دعوت دیتا ہے۔
جنت کی نعمتیں دنیا کی نعمتوں کے مشابہ ضرور ہیں لیکن درحقیقت ان سے جدا ہیں۔ دنیا کی نعمتوں میں تکرار ہے۔ یعنی ایک چیز کئی بار کھائیں تو ہر مرتبہ وہی لذت ملتی ہے، جبکہ جنت میں ہر مرتبہ نئی لذت اور نیا ذائقہ ہو گا ہر چند کہ پھل ملتے

بِهٖ كَثِيْرًا ؕ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا
الْفٰسِقِيْنَ ۙ﴿۲۶﴾
الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ
مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ ۠ وَيَقْطَعُوْنَ
مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ
وَيُفْسِدُوْنَ فِى الْاَرْضِ ؕ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۲۷﴾
كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَ
كُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ
يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ
اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۸﴾
هُوَ الَّذِىْ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِى
الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۚ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى
السَّمَآءِ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ؕ وَ
ع ۲ هُوَ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۹﴾
وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّىْ
جَاعِلٌ فِى الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ قَالُوْٓا
اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا
وَيَسْفِكُ الدِّمَآءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ
بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ؕ قَالَ اِنِّىْٓ
اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾
وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ
عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ ۙ فَقَالَ

جلتے دیے جائیں گے۔

۲۶۔ مچھر یا اس سے بھی کمتر مخلوقات خالق کی عظمت پر اسی طرح دلالت کرتی ہیں جس طرح بڑی مخلوقات۔ اس چھوٹی مخلوق میں بھی اعضاء و جوارح اور اعصاب و دماغ وغیرہ کا ایک جامع نظام موجود ہے۔

۲۸۔ زمین پر زندگی کی ابتداء کیسے اور کیونکر ہوئی؟ ایک سربستہ راز اور پر اسرار حقیقت ہے۔ حال ہی میں انسان کی رسائی ڈی این اے کے سالموں تک ہوگئی ہے اور سائنسدان اس میں موجود تین ارب سالموں کی منظم ترتیب کے ذریعے جینیاتی کوڈ کا معمہ حل ہونے کا دعویٰ کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ تمام زندہ موجودات کے لیے جبلی ہدایات اللہ تعالیٰ نے خلیات(cells) کے مرکزی حصے D.N.A. میں ودیعت فرمائی ہیں جو تین ارب چھوٹے سالموں پر مشتمل ہے اور حیات کا راز انہیں سالموں میں پوشیدہ ہے۔

۲۹۔ الٰہی تصورِ کائنات کے مطابق انسان مخدوم کائنات ہے۔ وہ بندۂ زر نہیں، نہ ہی اقتصادی عوامل اور پیداواری وسائل کا غلام ہے۔ خدائی انسان کو یہ خطاب ملتا ہے: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، وہ سب تمہارے لیے مسخر کیا گیا ہے۔(۴۵:۱۳) اس آیت سے منابع ارضی کی حلیت کا قانون ملتا ہے جس کی تفصیل فقہی کتب میں موجود ہے۔

۳۰۔ اللہ تعالیٰ نے ارادہ فرمایا کہ روئے زمین پر ایک مکلّف مخلوق امتحان و آزمائش کے لیے بھیجی جائے تاکہ یہ دیکھا جا سکے کہ احسن عمل کا امتیازی نشان کون حاصل کرتا ہے۔ پھر حکمت و رحمت الٰہی کا تقاضا یہ ہوا کہ اس مخلوق کے بسنے سے پہلے اس کی ہدایت و رہنمائی کا انتظام ہو جائے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ متضاد صفات والی اس مخلوق کو علم و قابلیت دینے کی راہ میں اگرچہ فساد و خون خرابہ ہو، تب بھی علم کی فضیلت اپنی جگہ برقرار ہے۔

۳۱۔ اَلْاَسْمَآءَ اسم کی جمع ہے۔ اسم اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی ذات پر دلالت کرے۔ یعنی اسم وہ ہوتا ہے جو ''مسمی'' بتائے۔ پس ہر وہ چیز جو کسی موجود کی نشاندہی کرے اسم ہے۔ لہٰذا یہاں تعلیم اسماء سے مراد تمام حقائق کی تعلیم ہی ہو سکتی ہے۔ عَرَضَهُمْ میں هُمْ کی ضمیر عقل و ادراک

کے ذریعے صرف بداعمال لوگوں کو گمراہی میں ڈالتا ہے۔ ☆

۲۷۔ جو (فاسقین) اللہ کے ساتھ محکم عہد باندھنے کے بعد اسے توڑ دیتے ہیں اور اللہ نے جس (رشتے) کو قائم رکھنے کا حکم دیا ہے اسے قطع کر دیتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں، یہی لوگ نقصان اٹھانے والے ہیں۔

۲۸۔ اللہ کے بارے میں تم کس طرح کفر اختیار کرتے ہو؟ حالانکہ تم بے جان تھے تو اللہ نے تمہیں حیات دی، پھر وہی تمہیں موت دے گا، پھر (آخرکار) وہی تمہیں زندہ کرے گا، پھر تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔ ☆

۲۹۔ وہ وہی اللہ ہے جس نے زمین میں موجود ہر چیز کو تمہارے لیے پیدا کیا، پھر آسمان کا رخ کیا تو انہیں سات آسمانوں کی شکل میں بنا دیا اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔ ☆

۳۰۔ اور جب تیرے رب نے فرشتوں سے کہا: میں زمین میں ایک خلیفہ (نائب) بنانے والا ہوں، فرشتوں نے کہا: کیا تو زمین میں ایسے کو خلیفہ بنائے گا جو اس میں فساد پھیلائے گا اور خون ریزی کرے گا؟ جب کہ ہم تیری ثنا کی تسبیح اور تیری پاکیزگی کا ورد کرتے رہتے ہیں، (اللہ نے) فرمایا: (اسرار خلقت بشر کے بارے میں) میں وہ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ ☆

۳۱۔ اور (اللہ نے) آدم کو تمام نام سکھا دیے، پھر انہیں فرشتوں کے سامنے پیش

اَنۡۢبِـُٔوۡنِىۡ بِاَسۡمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنۡ كُنۡتُمۡ
صٰدِقِيۡنَ ﴿۳۱﴾
قَالُوۡا سُبۡحٰنَكَ لَا عِلۡمَ لَنَآ اِلَّا
مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَلِيۡمُ
الۡحَكِيۡمُ ﴿۳۲﴾
قَالَ يٰۤاٰدَمُ اَنۡۢبِئۡهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ ۚ
فَلَمَّاۤ اَنۡۢبَاَهُمۡ بِاَسۡمَآئِهِمۡ ۙ قَالَ
اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكُمۡ اِنِّىۡۤ اَعۡلَمُ غَيۡبَ
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۙ وَاَعۡلَمُ مَا
تُبۡدُوۡنَ وَمَا كُنۡتُمۡ تَكۡتُمُوۡنَ ﴿۳۳﴾
وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ
فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِيۡسَ ؕ اَبٰى
وَاسۡتَكۡبَرَ ۟ وَكَانَ مِنَ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۳۴﴾
وَقُلۡنَا يٰۤاٰدَمُ اسۡكُنۡ اَنۡتَ وَزَوۡجُكَ
الۡجَنَّةَ وَكُلَا مِنۡهَا رَغَدًا حَيۡثُ
شِئۡتُمَا ۪ وَلَا تَقۡرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ
فَتَكُوۡنَا مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۳۵﴾
فَاَزَلَّهُمَا الشَّيۡطٰنُ عَنۡهَا
فَاَخۡرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيۡهِ ۪
وَقُلۡنَا اهۡبِطُوۡا بَعۡضُكُمۡ لِبَعۡضٍ
عَدُوٌّ ۚ وَلَكُمۡ فِى الۡاَرۡضِ
مُسۡتَقَرٌّ وَّمَتَاعٌ اِلٰى حِيۡنٍ ﴿۳۶﴾
فَتَلَقّٰۤى اٰدَمُ مِنۡ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ

کیا پھر فرمایا: اگر تم سچے ہو تو مجھے ان کے نام بتاؤ۔

۳۲۔ فرشتوں نے کہا: تو پاک و منزہ ہے جو کچھ تو نے ہمیں بتا دیا ہے ہم اس کے سوا کچھ نہیں جانتے۔ یقیناً تو ہی بہتر جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۳۳۔ (اللہ نے) فرمایا: اے آدم! ان (فرشتوں) کو ان کے نام بتلا دو، پس جب آدم نے انہیں ان کے نام بتا دیے تو اللہ نے فرمایا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتیں خوب جانتا ہوں نیز جس چیز کا تم اظہار کرتے ہو اور جو کچھ تم پوشیدہ رکھتے ہو، وہ سب جانتا ہوں۔☆

۳۴۔ اور (اس وقت کو یاد کرو) جب ہم نے فرشتوں سے کہا: آدم کو سجدہ کرو تو ان سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے انکار اور تکبر کیا اور وہ کافروں میں سے ہو گیا۔☆

۳۵۔ اور ہم نے کہا: اے آدم! تم اور تمہاری زوجہ جنت میں قیام کرو اور اس میں جہاں سے چاہو فراوانی سے کھاؤ اور اس درخت کے قریب نہ جانا ورنہ تم دونوں زیادتی کا ارتکاب کرنے والوں میں سے ہو جاؤ گے۔☆

۳۶۔ پس شیطان نے ان دونوں کو وہاں سے پھسلا دیا، پھر جس (نعمت) میں وہ دونوں قیام پذیر تھے اس سے ان دونوں کو نکلوا دیا اور ہم نے کہا: (اب) تم ایک دوسرے کے دشمن بن کر نیچے اتر جاؤ اور ایک مدت تک زمین میں تمہارا قیام اور سامان زیست ہو گا۔☆

۳۷۔ پھر آدم نے اپنے رب سے چند کلمات

رکھنے والوں کے لیے استعمال ہوتی ہے، اس لیے ممکن ہے ان اسماء کا اطلاق اللہ کے خلفاء پر ہو تاکہ آدم (ع) کو پہلے سے علم ہو جائے: زمین ان کی زمین ہے اور بشر ان کی نسل ہو گی اور خلفاء ان کی ذریت ہوں گے۔

فرشتوں کی حیرت و استعجاب پر اللہ کے اجمالی جواب: اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ کے بعد اب تفصیلی جواب دیا جا رہا ہے۔ اس جواب میں آدم (ع) کو خلافت الٰہیہ کے عظیم منصب پر فائز کرنے کا راز بھی مذکور ہے۔

۳۲ تا ۳۶۔ حضرت آدمؑ کو اللہ تعالیٰ نے زمین پر بسانے کے لیے خلق فرمایا تھا۔ اس خلیفہ ارض کو زمین پر بسانے سے پہلے مختلف مراحل سے گزارا گیا: ☆ سب سے پہلے انہیں اسماء کی تعلیم دی۔ ☆ پھر معلم کے مقام پر فائز کیا۔ ☆ فرشتوں کو ان کے سامنے جھکایا۔ ☆ شجرۂ ممنوعہ کے ذریعے ایک عیار دشمن سے ان کا سامنا کرایا۔

یہاں انسانی زندگی کے لوازم کا عندیہ ملتا ہے: ۱۔ اُسۡکُنۡ سے مکان۔ ۲۔ زَوۡجُکَ سے بیوی۔ ۳۔ کُلَا سے روٹی۔ ۴۔ وَلَا تَقۡرَبَا سے قانون کی پابندی۔ ان مراحل کے بعد وَ لَکُمۡ فِی الۡاَرۡضِ مُسۡتَقَرٌّ کا حکم نامہ جاری ہوا۔

حضرت آدم علیہ السلام کو زمین پر بسانے سے پہلے دو دشمنوں سے آگاہ کیا گیا۔ ایک داخلی دشمن جو نفسانی خواہشات ہے اور ایک بیرونی دشمن ابلیس۔ ساتھ ہی یہ درس بھی یاد کرایا کہ بیرونی دشمن داخلی دشمن (خواہشات) کے ذریعے حملہ آور ہوتا ہے۔

۳۷۔ درمنثور میں ہے کہ ابن نجار نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ حضورؐ سے کلمات کے بارے میں سوال ہوا تو آپ (ص) نے فرمایا: سئل بحق محمد و علی و فاطمه و الحسن و الحسین الا تبت علی فتاب علیه۔ یعنی آدم نے محمدؐ، علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام کا واسطہ دے کر سوال کیا کہ میری توبہ قبول فرما تو اللہ نے ان کی توبہ قبول فرمائی۔

فَتَابَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ
الرَّحِيْمُ ﴿۳۷﴾
قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا
يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ
هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا
ع ۴ خٰلِدُوْنَ ﴿۳۹﴾ ع
يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا
بِعَهْدِيْٓ اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ ۚ وَاِيَّايَ
فَارْهَبُوْنِ ﴿۴۰﴾
وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا
مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ
بِهٖ ۪ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۫
وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ﴿۴۱﴾
وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ
وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَاَنْتُمْ
تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۲﴾
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ
وَارْكَعُوْا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾
اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ

سیکھ لیے تو اللہ نے آدم کی توبہ قبول کر لی، بے شک وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔☆

۳۸۔ ہم نے کہا: تم سب یہاں سے نیچے اتر جاؤ، پھر اگر میری طرف سے کوئی ہدایت تم تک پہنچے تو جس جس نے میری ہدایت کی پیروی کی، پھر انہیں نہ تو کوئی خوف ہو گا اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔☆

۳۹۔ اور جو لوگ کفر کریں اور ہماری آیات کو جھٹلائیں وہی دوزخ والے ہوں گے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے۔☆

۴۰۔ اے بنی اسرائیل! میری وہ نعمت یاد کرو جس سے میں نے تمہیں نوازا ہے اور میرے عہد کو پورا کرو میں تمہارے عہد کو پورا کروں گا اور تم لوگ صرف مجھ ہی سے ڈرتے رہو۔

۴۱۔ اور میری نازل کردہ (اس کتاب) پر ایمان لاؤ جو تمہارے پاس موجود کتاب کی تصدیق کرنے والی ہے اور سب سے پہلے تم ہی اس کے منکر مت بنو اور میری آیات کو تھوڑی قیمت پر فروخت نہ کرو اور صرف میرے (غضب) سے بچنے کی فکر کرو۔☆

۴۲۔ اور حق کو باطل کے ساتھ خلط نہ کرو اور جان بوجھ کر حق کو نہ چھپاؤ۔

۴۳۔ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور (اللہ کے سامنے) جھکنے والوں کے ساتھ جھکا کرو۔

۴۴۔ کیا تم (دوسرے) لوگوں کو نیکی کا حکم

۳۸۔۳۹۔ ھبوط الی الارض کا حکم دو مرتبہ ملا ہے۔ ایک حکم توبہ سے پہلے، اس میں فرمایا: ایک دوسرے کے دشمن بن کر اتر جاؤ۔ توبہ کے بعد کے حکم میں فرمایا: جس نے میری ہدایت کی پیروی کی، پھر انہیں نہ تو کوئی خوف ہو گا، نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔ توبہ سے پہلے حکم میں باہمی عداوت اور بعد کے حکم میں ہدایت و نجات کا ذکر ہے۔

زمین پر اترنے کا حکم ملنے کے بعد روئے زمین پر بسنے والوں کے لیے پہلی مرتبہ شریعت اور دستور حیات کا ذکر ہو رہا ہے۔ ان دو مختصر آیتوں میں آنے والی تمام شریعتوں کا ایک نہایت ہی جامع خلاصہ ذکر فرمایا۔ یہ خلاصہ تین ایسے نکات پر مشتمل ہے جو بہت زیادہ اہمیت کے حامل ہیں:

۱۔ ہدایت: اس میں سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدایت کا ذکر ہے۔ مِّنِّيْ هُدًى۔

۲۔ اتباع: اس میں ہدایت خداوندی کی اتباع کرنے والوں کے اچھے انجام اور ان کی حیات ابدی کا ذکر ہے: فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ ”جو میری ہدایت کی پیروی کرے گا اسے نہ آیندہ کے بارے میں کسی نقصان کا خوف ہوگا اور نہ کسی گزشتہ خسارے پر حزن و ملال۔“ اس آیت میں ہدایت کی اتباع کرنے والوں کی حیات کی جامع تعریف یوں بیان کی گئی ہے کہ ان کی زندگی سکون و اطمینان سے گزرے گی اور زندگی کا سکون غارت کرنے والے دو عوامل خوف اور حزن ان کے قریب نہیں پھٹکیں گے۔ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (۱۳:۲۸) یاد رکھو! یاد خدا سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔ ۳۔ کفر: آیت میں ان لوگوں کا ذکر ہے جو اس ہدایت کی پیروی سے انکار کریں گے ایسے لوگوں کا ٹھکانا دوزخ ہے: اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۴۱۔ ”میری آیات کو حقیر اور ناپائیدار چیزوں کے عوض نہ بیچو“۔ یہ ایک عمومی دعوت فکر ہے کہ آیات الٰہی کے مقابلے میں دنیا کے تمام بڑے بڑے مفادات بھی حقیر ہیں۔

۴۴۔ خطاب اگرچہ بنی اسرائیل سے ہے لیکن حکم میں عمومیت پائی جاتی ہے۔ اس میں ان لوگوں کی سرزنش کی گئی ہے جو دوسروں کو نیکی کی دعوت دیتے ہیں لیکن خود اس پر عمل نہیں کرتے۔

وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ
الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۴۴﴾
وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَ
اِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِيْنَ ﴿۴۵﴾
الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا ع ۵ الربع
رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۴۶﴾
يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ
فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾
وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ
عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا
شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا
هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۸﴾
وَاِذْ نَجَّيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ
يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ
نِسَآءَكُمْ ؕ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ
مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۴۹﴾
وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ
وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ
تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۰﴾
وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً
ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ

دیتے ہو اور خود کو بھول جاتے ہو؟ حالانکہ تم کتاب (اللہ) کی تلاوت کرتے ہو، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ ☆

۴۵۔ اور صبر اور نماز کا سہارا لو اور یہ (نماز) بارگراں ہے، مگر خشوع رکھنے والوں پر نہیں۔ ☆

۴۶۔ جنہیں اس بات کا خیال رہتا ہے کہ انہیں اپنے رب سے ملنا ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۴۷۔ اے بنی اسرائیل! میری وہ نعمت یاد کرو جس سے میں نے تمہیں نوازا اور تمہیں عالمین پر فضیلت دی۔

۴۸۔ اور اس دن سے بچنے کی فکر کرو جس دن نہ کوئی کسی کا بدلہ بن سکے گا اور نہ کسی کی سفارش قبول ہو گی اور نہ کسی سے کوئی معاوضہ لیا جائے گا اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔

۴۹۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تمہیں فرعونیوں سے نجات دی، جو تمہیں بری طرح اذیت دیتے تھے، تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے تھے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ رہنے دیتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑا امتحان تھا۔

۵۰۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے تمہارے لیے سمندر کو شق کیا پھر تمہیں نجات دی اور تمہاری نگاہوں کے سامنے فرعونیوں کو غرق کر دیا۔ ☆

۵۱۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ سے چالیس راتوں کا وعدہ کیا تھا پھر اس کے بعد تم نے گوسالہ کو (بغرض

۴۵۔ سورۂ معارج میں فرمایا: بیشک انسان بے ہمت پیدا ہوا ہے۔ جب اسے کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو جزع وفزع کرتا ہے لیکن جب آسودگی ملتی ہے تو بخیل بن جاتا ہے، سوائے نماز گزاروں کے جو اپنی نماز پر ہمیشہ قائم رہتے ہیں۔ (۱۹تا۲۳)۔ معلوم ہوا کہ گردش روزگار نمازی کی مضبوط اور آہنی شخصیت پر اثر انداز نہیں ہو سکتی۔ نماز انسان کو اس لامحدود طاقت سے وابستہ کر دیتی ہے جو تمام طاقتوں کی سرچشمہ ہے۔ انسان نمازی بن جانے کے بعد چٹان کی طرح مضبوط اور سمندر کی طرح بیکراں ہو جاتا ہے۔ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ یعنی ذوق بندگی نہ رکھنے والوں پر نماز بارگراں ہے، جب کہ خشوع کرنے والے نماز سے جو لذت اور سکون حاصل کرتے ہیں وہ کسی اور چیز سے حاصل نہیں کر سکتے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے: کان علی اذا هاله امر فزع قام الی الصلوة ثم تلا هذه الاية حضرت علیؑ کو جب کوئی پریشانی لاحق ہوتی تو نماز پڑھ لیتے تھے۔ پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی۔ دوسری روایت میں امامؑ نے فرمایا: صبر سے مراد روزہ ہے۔ جب کسی آدمی پر برا وقت آجائے تو وہ روزہ رکھ لے۔

۵۰۔ بنی اسرائیل کے لیے دریا کا شق ہو جانا اگرچہ معجزات انبیاء میں کوئی انوکھا واقعہ نہیں، تاہم بحیرۂ احمر کے مد و جزر سے اس کی تاویل کرنا بھی درست نہیں۔ کیونکہ معجزات معمول کے علل و اسباب اور طبیعی قوانین کے دائرے میں محدود نہیں ہوتے۔ ان کے اپنے علل و اسباب ہوتے ہیں جو دوسروں کے لیے ناقابل تسخیر ہوتے ہیں۔ مثلاً بیماری سے شفا دست مسیحا کے ذریعے ہو تو شفایابی کے علل و اسباب دوسروں کے لیے ناقابل تسخیر ہیں، جبکہ دوا کے ذریعے حاصل ہونے والی شفا کے علل و اسباب قابل تسخیر ہیں۔

۵۱۔ موسیٰ بن عمرانؑ سلسلۂ بنی اسرائیل کے جلیل القدر پیغمبر تھے۔ ماہرین آثار قدیمہ اور مؤرخین کے اندازے کے مطابق آپؑ کا زمانہ پندرھویں اور سولہویں صدی قبل مسیح کا تھا۔ آپؑ کو بار شریعت اٹھانے اور اس منصب جلیلہ کے لیے آمادہ کرنے کی خاطر اللہ تعالیٰ نے چالیس دن تک کوہ طور پر

وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۱﴾
ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۲﴾
وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ
وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۵۳﴾
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ
اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ
بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى
بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ؕ
فَتَابَ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ
الرَّحِيْمُ ﴿۵۴﴾
وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ
حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ
الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۵۵﴾
ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۵۶﴾
وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَاَنْزَلْنَا
عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ؕ كُلُوْا
مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَمَا
ظَلَمُوْنَا وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ

ٹھہرایا۔ یہ مدت پہلے تیس دن کی تھی جو بعد میں بڑھا کر چالیس دن کر دی گئی۔ واضح رہے کہ حالات اور تقاضوں کے بدلنے سے اللہ کا تکوینی ارادہ بدلے تو اسے بداء اور جب ایسے حالات میں اللہ کا تشریعی حکم بدلے تو اسے نسخ کہا جاتا ہے۔ حضرت موسیٰؑ کی غیبت کے چند روز بعد ہی آپؑ کی امت کی اکثریت نے گوسالہ پرستی پر اجماع قائم کیا، جبکہ حجت خدا حضرت ہارونؑ ان کے درمیان موجود تھے۔

۵۵۔ قوم موسیٰ (ع) نے کہا: ہم اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ اللہ آپ (ع) سے ہمکلام ہوتا ہے اور آپ (ع) اس کے نبی ہیں، کیونکہ وہ ہمیں دکھائی نہیں دیتا۔ ہم اس وقت تک آپ (ع) کی باتوں پر یقین نہیں کریں گے جب تک خدا کو ظاہری آنکھوں سے علانیہ دیکھ نہ لیں۔ چنانچہ حضرت موسیٰ (ع) اپنی قوم کے ستر معتبر افراد کو لے کر کوہ طور پر گئے اور خدا سے آشکار ہونے کا مطالبہ کیا جس پر وہ سب صَاعِقَہ کی نذر ہو گئے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنی آنکھوں سے دیکھنے کا مطالبہ جہالت پر مبنی ہونے کے علاوہ شان خداوندی کے منافی تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ کا عذاب بڑی سرعت سے بلا فاصلہ نازل ہوا۔

۵۷۔ مَن سے مراد وہ خصوصی غذا ہے جو اللہ تعالیٰ نے صحرائے سینا میں بنی اسرائیل پر نازل فرمائی۔ بقول توریت مَن اوس کی شکل میں نازل ہوتی تھی۔ لفظ سلویٰ ان پرندوں کے لیے استعمال ہوا ہے جو اللہ تعالیٰ نے صحرائے سینا میں اسرائیلیوں کے لیے بھیجے تھے۔

۵۸۔ چالیس سال کی سزا کاٹنے کے بعد جب انہیں ارض مقدس میں داخل ہونے کا حکم ملا تو ان سے صرف یہ کہا گیا کہ داخل ہوتے وقت اپنے گناہوں سے توبہ کرنا اور حِطَّةٌ ''گناہ بخش دے'' کہنا، لیکن انہوں نے اس حکم کا مذاق اڑایا اور حنطة گیہوں کہدیا۔ اَلْبَابَ سے مراد ممکن ہے کہ بیت المقدس کا وہ دروازہ ہو جسے آج بھی باب حطة کہا جاتا ہے۔ حضرت امام محمد باقر (ع) سے منقول ہے: نحن باب حطتکم۔ ''ہم تمہارے لیے باب حطة ہیں''۔ (بحار الانوار ۱۳: ۱۶۸)

پرستش) اختیار کیا اور تم ظالم بن گئے۔☆

۵۲۔ پھر اس کے بعد ہم نے تمہیں معاف کر دیا کہ شاید تم شکرگزار بن جاؤ۔

۵۳۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب ہم نے موسیٰ کو (توریت) کتاب اور فرقان (حق و باطل میں امتیاز کرنے والا قانون) عطا کیا تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔

۵۴۔ اور (وہ وقت بھی یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم نے گوسالہ اختیار کر کے یقیناً اپنے آپ پر ظلم کیا ہے پس اپنے خالق کی بارگاہ میں توبہ کرو اور اپنے لوگوں کو قتل کرو، تمہارے خالق کے نزدیک تمہارے حق میں یہی بہتر ہے پھر اس نے تمہاری توبہ قبول کر لی، بے شک وہ خوب توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔

۵۵۔ اور (یاد کرو وہ وقت) جب تم نے کہا: اے موسیٰ! ہم آپ پر ہرگز یقین نہیں کریں گے جب تک ہم خدا کو علانیہ نہ دیکھ لیں، اس پر بجلی نے تمہیں گرفت میں لے لیا اور تم دیکھتے رہ گئے۔☆

۵۶۔ پھر تمہارے مرنے کے بعد ہم نے تمہیں اٹھایا کہ شاید تم شکرگزار بن جاؤ۔

۵۷۔ اور ہم نے تمہارے اوپر بادل کا سایہ کیا اور تم پر من و سلویٰ اتارا، ان پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ جو ہم نے تمہیں عنایت کی ہیں اور وہ ہم پر نہیں بلکہ خود اپنی ہی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔☆

۵۸۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے کہا تھا: اس بستی میں داخل ہو جاؤ اور

فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا
وَّادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُوْلُوْا
حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ ؕ وَ
سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾
فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ
الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا
ع ۷ يَفْسُقُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ
فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ
فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ
قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ كُلُوْا
وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا
فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۶۰﴾
وَ اِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نَّصْبِرَ
عَلٰى طَعَامٍ وَّاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ
يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ
مِنْۢ بَقْلِهَا وَقِثَّآئِهَا وَفُوْمِهَا وَ
عَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ؕ قَالَ اَتَسْتَبْدِلُوْنَ
الَّذِيْ هُوَ اَدْنٰى بِالَّذِيْ هُوَ خَيْرٌ ؕ
اِهْبِطُوْا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَّا
سَاَلْتُمْ ؕ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ
وَالْمَسْكَنَةُ ۗ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ

فراوانی کے ساتھ جہاں سے چاہو کھاؤ اور (شہر کے) دروازے میں سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ اور کہو: گناہوں کو بخش دے تو ہم تمہارے گناہ بخش دیں گے اور ہم نیکوکاروں کو زیادہ ہی عطا کریں گے۔ ☆

۵۹۔ مگر ظالموں نے اس قول کو جس کا انہیں کہا گیا تھا دوسرے قول سے بدل دیا تو ہم نے ظالموں پر آسمان سے عذاب نازل کیا کیونکہ وہ نافرمانی کرتے رہتے تھے۔

۶۰۔ اور (اس وقت کو یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم کے لیے پانی طلب کیا تو ہم نے کہا: اپنا عصا پتھر پر ماریں۔ پس (پتھر پر عصا مارنے کے نتیجے میں) اس میں سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، ہر گروہ کو اپنے گھاٹ کا علم ہو گیا، اللہ کے رزق سے کھاؤ اور پیو اور ملک میں فساد پھیلاتے مت پھرو۔ ☆

۶۱۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب تم نے کہا تھا: اے موسیٰ! ہم ایک ہی قسم کے طعام پر ہرگز صبر نہیں کر سکتے، پس آپ اپنے رب سے کہہ دیجیے کہ ہمارے لیے زمین سے اگنے والی چیزیں فراہم کرے، جیسے ساگ، ککڑی، گیہوں، مسور اور پیاز، (موسیٰ نے) کہا: کیا تم اعلیٰ کی جگہ ادنیٰ چیز لینا چاہتے ہو؟ ایسا ہے تو کسی شہر میں اتر جاؤ جو کچھ تم مانگتے ہو تمہیں مل جائے گا اور ان پر ذلت و محتاجی تھوپ دی گئی اور وہ اللہ کے غضب میں مبتلا ہو گئے، ایسا

۶۰۔ معجزات قانون طبیعیت کی عام دفعات کے بالکل مطابق نہیں ہوتے۔ ایک چٹان سے بارہ چشموں کا پھوٹنا عقلاً ممکن ہے، لیکن دو گز کا عصا مارنے سے نہیں، اس لیے معجزات سائنسی تجربات اور معمولات پر پورا نہیں اترتے۔ بعض مرعوب اذہان سائنسی اصولوں کے مطابق معجزات کی تاویل کرتے ہیں، حالانکہ فزیکلی قوانین کی عام سطحی دفعات اور ان کے کلیے دائمی حیثیت نہیں رکھتے اور ان سطحی علل و اسباب کے ماوراء حقیقی علل و اسباب کارفرما ہوتے ہیں جو دائمی ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان سطحی علل و اسباب سے ہٹ کر رونما ہونے والے واقعات میں صرف حقیقی علل و اسباب کارفرما ہوتے ہیں۔ جیسے دعا کے اثرات۔ معجزات میں حقیقی علل و اسباب کارفرما ہوتے ہیں۔ فرق یہ ہوتا ہے کہ یہ علل و اسباب ناقابل تسخیر ہوتے ہیں۔ بیماری سے شفا اگر دست مسیحا کے ذریعہ ہو تو شفایابی کے علل و اسباب ناقابل تسخیر ہیں، جب کہ دوا کے ذریعہ حاصل ہونے والی شفا کے علل و اسباب قابل تسخیر ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے ہماری تفسیر کا مطالعہ فرمائیں۔ بعض اہل قلم کے مطابق جزیرہ نمائے سینا میں وہ چٹان ابھی تک موجود ہے اور سیاح جا کر اسے دیکھتے ہیں۔ چشموں کے شگاف اب بھی پائے جاتے ہیں۔

۶۱۔ اس آیت میں بنی اسرائیل کی سرکش ذہنیت کو بیان کرنا مقصود ہے کہ وہ اپنی آزادی اور خودمختاری کی جنگ لڑ رہے تھے۔ حال ہی میں ایک جابر اور خونخوار حکمران سے نجات حاصل کی تھی۔ ایسے نامساعد حالات میں عزت سے جو بھی میسر آئے، صبر کرنا چاہیے تھا۔ لیکن یہ ناشکرے من و سلویٰ جیسی ضیافت پر بھی صبر کرنے کے لیے آمادہ نہیں تھے۔ چنانچہ اس ناشکری کی وجہ سے وہ ذلت و رسوائی میں مبتلا ہوئے۔

مِصْرًا سے مراد کوئی بھی شہر ہے، کیونکہ یہ چیزیں شہری اور متمدن ماحول میں میسر آتی ہیں۔ اس سے مراد معروف شہر مصر لینا درست نہیں ہے۔

ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا یعنی یہ لوگ کفر اور قتل انبیاء کے مرتکب اس لیے ہوئے کہ وہ عصیان کے عادی ہو گئے تھے اور جرائم کے ارتکاب کے بعد بھی گناہ کا احساس نہیں کرتے تھے۔

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ
الْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا
ع يَعْتَدُوْنَ ﴿۶۱﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ
هَادُوْا وَالنَّصٰرٰى وَالصّٰبِـِٕيْنَ
مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ
عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ
وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾
وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا
فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ؕ خُذُوْا مَاۤ
اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ
لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾
ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْ
لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۴﴾
وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا
مِنْكُمْ فِى السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ
كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿۶۵﴾ ۚ
فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا
خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۶﴾
وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖۤ اِنَّ اللّٰهَ

اس لیے ہوا کہ وہ اللہ کی آیات کا انکار کرتے رہتے تھے اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے اور یہ سب اس لیے ہوا کہ وہ نافرمانی اور حد سے تجاوز کیا کرتے تھے۔☆

۶۲۔ بے شک جو لوگ ایمان لا چکے ہیں اور جو لوگ یہودی ہوئے اور نصاریٰ اور صابئین میں سے جو کوئی اللہ اور روز آخرت پر ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے تو ان کے رب کے پاس ان کا اجر ہے اور انہیں نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔☆

۶۳۔اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تم سے عہد لیا اور تمہارے اوپر (کوہ) طور کو بلند کیا (اور تمہیں حکم دیا کہ) جو (کتاب) ہم نے تمہیں دی ہے اسے پوری قوت سے پکڑ رکھو اور جو کچھ اس میں موجود ہے اسے یاد رکھو (اس طرح) شاید تم بچ سکو۔☆

۶۴۔پھر اس کے بعد تم پلٹ گئے۔ اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت تمہارے شامل حال نہ ہوتی تو تم گھاٹے میں ہوتے۔

۶۵۔اور تم اپنے ان لوگوں کو خوب جانتے ہو جنہوں نے سبت (ہفتہ) کے بارے میں تجاوز کیا تھا تو ہم نے انہیں حکم دیا تھا: ذلیل بندر بن جاؤ۔☆

۶۶۔چنانچہ ہم نے اس (واقعے) کو اس زمانے کے اور بعد کے لوگوں کے لیے عبرت اور تقویٰ رکھنے والوں کے لیے نصیحت بنا دیا۔

۶۷۔اور (یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم

۶۲: آیۂ شریفہ کا ماحصل یہ بنتا ہے: اپنے زمانے کے برحق نبی اور اس کی کتاب پر ایمان لانے کے بعد عمل صالح بجا لانے والا نجات پائے گا۔
صابی مذہب کے کچھ پیروکار ایران اور عراق میں پائے جاتے ہیں۔ عراق میں دجلہ و فرات کے ساحلی علاقوں میں آباد صابی اپنے آپ کو حضرت یحییٰ (ع) کے پیروکار سمجھتے ہیں۔ ان کی مقدس کتاب کانزا ربا اور کنزا سدرہ میں رسول اسلامؐ کی آمد کی پیشگوئی بھی ہے۔ (قاموس قرآن)
شان نزول: حضرت سلمانؓ نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا: میرے ان ساتھیوں کا کیا بنے گا جو اپنے دین پر عمل پیرا تھے اور عبادت گزار تھے؟ اس پر مندرجہ بالا آیت نازل ہوئی۔ ابتدائے اسلام میں یہ سوال بہت سے مسلمانوں کو درپیش تھا کہ دین مسیح کے پیروکاروں کے آباء و اجداد کا انجام کیا ہوگا؟ ان کی تشفی کے لیے آیت نازل ہوئی کہ اگر وہ اپنے مذہب کے مخلص پیروکار اور عبادت گزار تھے تو نجات پائیں گے۔

۶۳۔ بنی اسرائیل کے سروں پر پہاڑ کو معلق کرنے کی غرض و غایت بیان نہیں ہوئی۔ ممکن ہے اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنی عظمت و قوت کا اظہار کرنا چاہا ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ کی نشانی اور معجزے کے طور پر ان پر حجت پوری کی ہو۔

۶۵۔ سبت (ہفتے کا دن) یہود کے ہاں متبرک ایام میں سے اور عبادت کا دن ہے۔ اس دن انہیں سیر و شکار اور کام کاج کی ممانعت تھی جس کی وجہ سے مچھلیاں اس دن زیادہ مقدار میں سطح آب پر ظاہر ہوتی تھیں۔ دریا پر بسنے والوں نے مختلف حیلے بہانوں سے اس دن بھی مچھلیوں کا شکار کرنا شروع کر دیا تو اللہ نے انہیں مسخ کر دیا۔

۶۷۔شاید گوسالہ پرست قوم کے ایمان باللہ کا امتحان مقصود ہے کہ وہ جس گائے کو مقدس سمجھتے رہے ہیں، اسے اپنے ہاتھ سے ذبح کریں۔
یہاں سے بقرہ یعنی گائے کا قصہ شروع ہوتا ہے جس کے ذکر کی وجہ سے اس سورے کا نام سورۃ بقرۃ رکھا گیا ہے۔
قصہ یہ ہے: بنی اسرائیل کا ایک شخص قتل ہو گیا، قتل کا سراغ نہیں مل رہا تھا، چنانچہ حضرت موسیٰؑ

يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ؕ قَالُوْۤا
اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ؕ قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ
اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۶۷﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا
هِيَ ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا
فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ؕ عَوَانٌۢ بَيْنَ
ذٰلِكَ ؕ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۸﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا
مَا لَوْنُهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا
بَقَرَةٌ صَفْرَآءُ ۙ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ
النّٰظِرِيْنَ ﴿۶۹﴾
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا
هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ؕ وَاِنَّاۤ
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ﴿۷۰﴾
قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا
ذَلُوْلٌ تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِى
الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ؕ
قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ؕ
ع ۸ فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع
وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ
فِيْهَا ؕ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ
تَكْتُمُوْنَ ﴿۷۲﴾ ع
فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ؕ كَذٰلِكَ

سے کہا : خدا تمہیں ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیتا ہے، وہ بولے: کیا آپ ہمارا مذاق اڑا رہے ہیں؟ (موسیٰ نے) کہا: پناہ بخدا! میں (تمہارا مذاق اڑا کر) جاہلوں میں شامل ہو جاؤں؟☆

۶۸۔وہ بولے:اپنے رب سے ہماری خاطر درخواست کیجیے کہ وہ ہمیں بتائے کہ گائے کیسی ہو، کہا: وہ فرماتا ہے کہ وہ گائے نہ بوڑھی ہو اور نہ بچھیا، (بلکہ) درمیانی عمر کی ہو، پس جس بات کا تمہیں حکم دیا گیا ہے، اب اسے بجا لاؤ۔☆

۶۹۔ کہنے لگے:اپنے رب سے ہمارے لیے درخواست کیجیے کہ وہ ہمیں بتائے کہ اس گائے کا رنگ کیسا ہو؟ کہا: وہ فرماتا ہے کہ اس گائے کا رنگ گہرا زرد اور دیکھنے والوں کے لیے فرحت بخش ہو۔☆

۷۰۔انہوں نے کہا: اپنے رب سے (پھر) درخواست کیجیے کہ وہ ہمیں بتائے کہ وہ گائے کیسی ہو؟ گائے ہم پر مشتبہ ہو گئی ہے اور اگر خدا نے چاہا تو ہم اسے ضرور ڈھونڈ لیں گے۔☆

۷۱۔(موسیٰ نے) کہا: اللہ فرماتا ہے کہ وہ گائے ایسی سدھائی ہوئی نہ ہو جو ہل چلائے اور کھیتی کو پانی دے (بلکہ) وہ سالم ہو، اس پر کسی قسم کا دھبہ نہ ہو، کہنے لگے:اب آپ نے ٹھیک نشاندہی کی ہے، پھر انہوں نے گائے کو ذبح کر دیا حالانکہ وہ ایسا کرنے والے نہیں لگتے تھے۔☆

۷۲۔اور جب تم نے ایک شخص کو قتل کر ڈالا، پھر ایک دوسرے پر اس کا الزام لگانے لگے، لیکن جو بات تم چھپا رہے تھے اللہ اسے ظاہر کرنے والا تھا۔☆

۷۳۔تو ہم نے کہا: گائے کا ایک حصہ اس

نے اپنی قوم کو حکم دیا کہ وہ ایک گائے ذبح کریں اور اس کا ایک حصہ مقتول کی لاش پر ماریں تا کہ وہ زندہ ہو جائے اور قاتل کی نشاندہی کر دے۔

۶۸ تا ۷۳۔تفصیلات کا مطالبہ دراصل اس حکم کو ٹالنے کی کوشش تھی۔ چنانچہ آیت ۷۱ کے آخری جملے سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسا کرنے کی امید نہ تھی۔یعنی وہ گائے کو ذبح کرنا نہیں چاہتے تھے۔ واقعاتی ترتیب کے لحاظ سے پہلے قتل کا اور بعد میں گائے ذبح کرنے کا تذکرہ ہونا چاہیے تھا۔لیکن چونکہ یہاں آدمی کا قتل محل کلام نہیں، بلکہ گائے ذبح کرنے کے سلسلے میں اسرائیلیوں کے لیت ولعل اور ان کی سرکشی و نافرمانی کا بیان مقصود ہے،اس لیے گائے کا واقعہ پہلے مذکور ہوا۔ علاوہ ازیں سبب کے عدم بیان سے ایک تجسس پیدا ہو جاتا ہے کہ آخر گائے ذبح کرنے کا حکم کس لیے دیا جا رہا ہے؟

قَالُوْۤا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا: احکام دین کی تبلیغ کو لوگ تمسخر قرار دیتے تھے، حضرت موسیٰ (ع) تمسخر کو جاہلانہ عمل قرار دیتے ہیں اور اس سے براءت کا اظہار کرتے ہیں۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ سے ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام معصوم عن الخطاء ہوتے ہیں۔

فَذَبَحُوْهَا: بنی اسرائیل کو ایک گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ وہ لوگ اگر حکم کی تعمیل میں مخلص ہوتے تو فوراً ایک گائے ذبح کر دیتے، لیکن وہ فرمانبرداری پر قلباً آمادہ نہیں تھے۔ اس لیے وہ طرح طرح کی حیل و حجت کرنے لگے۔ اس حکم سے پہلوتہی کی خاطر انہوں نے طرح طرح کے سوالات کیے۔ جب ان کے ہر بہانے کا جواب دیا گیا تو انہوں نے یہ کہہ کر ٹالنے کی کوشش کی: اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ عَلَيْنَا ”گائے ہم پر مشتبہ ہو گئی“ اور جب اس کا جواب بھی تفصیل سے ملا اور کسی قسم کے اشتباہ اور حیلے بہانے کی گنجائش نہ رہی تو مجبوراً گائے ذبح کرنی ہی پڑی۔ ”حالانکہ ایسا کرنے کی امید نہ تھی۔“

يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۳﴾
ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً ؕ
وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ
الْاَنْهٰرُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ
فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ ؕ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا
يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَمَا اللّٰهُ
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۴﴾
اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ وَ
قَدْ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُوْنَ
كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ يُحَرِّفُوْنَهٗ مِنْۢ بَعْدِ مَا
عَقَلُوْهُ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾
وَ اِذَا لَقُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا
اٰمَنَّا ۚۖ وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ
قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ
عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ
رَبِّكُمْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۷۶﴾
اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا
يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۷﴾
وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ
الْكِتٰبَ اِلَّآ اَمَانِيَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا
يَظُنُّوْنَ ﴿۷۸﴾

النصف

(مقتول) کے جسم پر مارو، یوں اللہ مردوں کو زندہ کرتا ہے اور تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔☆

۷۴۔ پھر اس کے بعد بھی تمہارے دل سخت رہے، پس وہ پتھر کی مانند بلکہ اس سے بھی زیادہ سخت ہو گئے، کیونکہ پتھروں میں سے کوئی تو ایسا ہوتا ہے جس سے نہریں پھوٹتی ہیں اور کوئی ایسا ہے کہ جس میں شگاف پڑ جاتا ہے تو اس سے پانی بہ نکلتا ہے اور ان میں کوئی ایسا بھی ہے جو ہیبت الٰہی سے نیچے گر پڑتا ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔☆

۷۵۔ کیا تم اس بات کی توقع رکھتے ہو کہ (ان سب باتوں کے باوجود یہودی) تمہارے دین پر ایمان لے آئیں گے؟ حالانکہ ان میں ایک گروہ ایسا رہا ہے جو اللہ کا کلام سنتا ہے، پھر اسے سمجھ لینے کے بعد جان بوجھ کر اس میں تحریف کر دیتا ہے۔☆

۷۶۔ جب وہ اہل ایمان سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لا چکے ہیں اور جب خلوت میں اپنے ساتھیوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: جو راز اللہ نے تمہارے لیے کھولے ہیں وہ تم ان (مسلمانوں) کو کیوں بتاتے ہو؟ کیا تم نہیں سمجھتے کہ وہ (مسلمان) اس بات کو تمہارے رب کے حضور تمہارے خلاف دلیل بنائیں گے؟

۷۷۔ کیا (یہود) نہیں جانتے کہ اللہ سب کچھ جانتا ہے، خواہ وہ چھپائیں یا ظاہر کریں؟☆

۷۸۔ ان میں کچھ ایسے ناخواندہ لوگ ہیں جو کتاب (توریت) کو نہیں جانتے سوائے جھوٹی آرزوؤں کے اور بس وہ اپنے خیال خام میں رہتے ہیں۔☆

کچھ افراد کا یہ نظریہ ہے کہ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى سے مراد وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ ”تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے“ کی طرح نفاذ شریعت ہے جو موجب حیات و نجات ہے، مگر آیت کا ظاہری مفہوم اس تاویل کی بھی نفی کرتا ہے۔

۷۴۔ بنی اسرائیل کی سنگدلی کا تذکرہ ہو رہا ہے کہ وہ اللہ کی واضح نشانیاں دیکھنے، حق ثابت ہونے، توحید و رسالت پر کافی دلائل کا مشاہدہ کرنے اور حجت خدا پوری ہونے کے بعد بھی ہدایت نہ پا سکے۔

۷۵۔ سابقہ آیات میں اللہ تعالیٰ نے ان نعمتوں کا ذکر فرمایا جن سے بنی اسرائیل کو نوازا۔ لیکن بنی اسرائیل نے اللہ تعالیٰ کے ان تمام احسانات کا شکریہ ادا کرنے کی بجائے خدا کی نافرمانی کی۔ سرکش یہودیوں کی تاریخ کے چند سیاہ باب ذکر فرمانے کے بعد اب روئے سخن مسلمانوں کی طرف ہے، جو دراصل مقصود کلام ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے: اَفَتَطْمَعُوْنَ اَنْ يُّؤْمِنُوْا لَكُمْ . کیا تم یہودیوں سے اس بات کی توقع رکھتے ہو کہ وہ تمہارے دین پر ایمان لے آئیں گے۔ ہمارے معاصر یہودیوں کے بارے میں اس آیہ شریفہ سے یوں رہنمائی لینی چاہیے کہ کیا ان یہودیوں سے انسان دوستی، انسانی حقوق اور باہمی تعاون کی توقع رکھی جا سکتی ہے؟ کیا یہودی انسانی و اخلاقی اقدار پر ایمان لے آئیں گے؟ ہرگز نہیں۔

۷۷۔ اس آیت میں یہ بیان ہوا ہے کہ یہودیوں کا گمان ان کی مادی سوچ کی علامت ہے کہ اگر لوگوں سے کوئی بات چھپائی جائے تو وہ اللہ سے بھی چھپ سکتی ہے۔ وہ اپنے زعم باطل میں دلیل و حجت کو خدا سے پنہاں کر رہے ہیں، جب کہ اللہ ظاہر و باطن سب کو جانتا ہے۔

۷۸۔ بے علم حضرات ہمیشہ بے بنیاد امیدوں اور جھوٹی توقعات پر تکیہ کرتے ہیں۔ وہ نجات کے لیے فرائض و اعمال، اخلاق حسنہ اور احکام و حدود کی پابندیاں ضروری نہیں سمجھتے۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ
بِاَيْدِيْهِمْ ۗ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيْلًا ؕ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ
اَيْدِيْهِمْ وَ وَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا
يَكْسِبُوْنَ ﴿۷۹﴾
وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّاۤ اَيَّامًا
مَّعْدُوْدَةً ؕ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ
عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗۤ
اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۰﴾
بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ
بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۸۱﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا
ع خٰلِدُوْنَ ﴿۸۲﴾
وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ لَا
تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۟ وَبِالْوَالِدَيْنِ
اِحْسَانًا وَّذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى
وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا
وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ
ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَ

۷۹۔ پس ہلاکت ہے ان لوگوں کے لیے جو (توریت کے نام سے) ایک کتاب اپنے ہاتھوں سے لکھتے ہیں پھر دعویٰ کرتے ہیں کہ یہ اللہ کی جانب سے ہے تاکہ اس کے ذریعے ایک ناچیز معاوضہ حاصل کریں، پس ہلاکت ہو ان پر اس چیز کی وجہ سے جسے ان کے ہاتھوں نے لکھا اور ہلاکت ہو ان پر اس کمائی کی وجہ سے۔☆

۸۰۔ اور (یہودی) کہتے ہیں: ہمیں تو جہنم کی آگ گنتی کے چند دنوں کے علاوہ چھو نہیں سکتی۔ (اے رسول) کہہ دیجیے: کیا تم نے اللہ سے کوئی عہد لے رکھا ہے کہ اللہ اپنے عہد کے خلاف ہرگز نہیں کرے گا یا تم اللہ پر تہمت باندھ رہے ہو جس کا تم علم نہیں رکھتے؟☆

۸۱۔ البتہ جو کوئی بدی اختیار کرے اور اس کے گناہ اس پر حاوی ہو جائیں تو ایسے لوگ اہل دوزخ ہیں، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔☆

۸۲۔ اور جو ایمان لائیں اور اچھے اعمال بجا لائیں، یہ لوگ اہل جنت ہیں، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔☆

۸۳۔ اور جب ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا (اور کہا) کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو اور (اپنے) والدین، قریب ترین رشتہ داروں، یتیموں اور مسکینوں پر احسان کرو اور لوگوں سے حسن گفتار سے پیش آؤ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو پھر چند افراد کے سوا تم سب برگشتہ ہو

۷۹۔ توریت کی تحریف کا مسئلہ اب ایک مسلمہ حقیقت بن چکا ہے۔ خود یہود بھی یہ کہنے کی جرأت نہیں کرسکتے کہ توریت بالفاظہ اللہ کا کلام ہے، بلکہ جدید تحقیقات سے تو یہاں تک عقدہ کشائی ہوئی ہے کہ توریت کے قوانین حمورابی (قدیم بابلی بادشاہ جس نے تاریخ میں سب سے پہلے قوانین سلطنت وضع کیے) کے قوانین سے ملتے جلتے ہیں۔

۸۰۔ یہودیوں میں پائی جانے والی عام غلط فہمیوں، خام خیالیوں اور غلط تمناؤں کا تذکرہ ہے، جن کی بنا پر وہ اپنے آپ کو اللہ کی ایسی برگزیدہ امت سمجھتے ہیں، جس پر جہنم کی آگ حرام ہے۔ ان کے زعم میں ان کا بہت زیادہ مجرم اور گنہگار شخص اگر سزا کا مستحق ٹھہرے بھی تو اسے صرف چند دنوں کے لیے سزا دی جائے گی۔

۸۱۔۸۲ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اگر گناہ اس پر حاوی نہ ہوا ہو اور ہدایت و توبہ کے لیے ہنوز گنجائش موجود ہو تو نجات کی بھی گنجائش ہوتی ہے۔ اللہ کی سنت اور اس کا عدل و انصاف یہ ہے کہ جزا عمل کے مطابق ہو۔ اگر گناہ اور معصیت انسان کی زندگی کو ڈھانپ لے اور ہدایت کی کوئی گنجائش نہ ہو تو اس کا لازمی نتیجہ جہنم ہے۔

اس سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ جب تک انسان کے گناہ مکمل طور پر اس پر حاوی نہ ہو جائیں اس وقت تک ہدایت، توبہ اور نجات کی گنجائش باقی رہتی ہے۔

۸۳۔ قُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا: قرآن میں متعدد مقامات پر حسن گفتار کی تاکید ہوئی ہے، کیونکہ حسن گفتار میں جادو کا اثر ہے جبکہ بدکلامی سے منفی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ خوش کلامی میں احترام آدمیت ملحوظ رہتا ہے۔ اس لیے قرآنی تعلیمات میں اسے مادی قدروں سے زیادہ اہمیت دی گئی ہے۔ چنانچہ ارشاد باری ہے: قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ۔ (۲: ۲۶۳) خوش کلامی اور درگزر اس خیرات سے بہتر ہیں جس کے بعد

اَنۡتُمۡ مَّعۡرِضُوۡنَ ﴿۸۴﴾

گئے اور تم لوگ روگردانی کرنے والے ہو۔☆

وَ اِذۡ اَخَذۡنَا مِيۡثَاقَكُمۡ لَا تَسۡفِكُوۡنَ دِمَآءَكُمۡ وَ لَا تُخۡرِجُوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ مِّنۡ دِيَارِكُمۡ ثُمَّ اَقۡرَرۡتُمۡ وَاَنۡتُمۡ تَشۡهَدُوۡنَ ﴿۸۵﴾

۸۴۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تم سے عہد لیا کہ اپنوں کا خون نہ بہاؤ گے اور اپنے ہی لوگوں کو اپنی بستیوں سے نہ نکالو گے، پھر تم نے اس کا اقرار کر لیا جس کے تم خود گواہ ہو۔☆

ثُمَّ اَنۡتُمۡ هٰٓؤُلَآءِ تَقۡتُلُوۡنَ اَنۡفُسَكُمۡ وَتُخۡرِجُوۡنَ فَرِيۡقًا مِّنۡكُمۡ مِّنۡ دِيَارِهِمۡ تَظٰهَرُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ بِالۡاِثۡمِ وَالۡعُدۡوَانِ ؕ وَاِنۡ يَّاۡتُوۡكُمۡ اُسٰرٰى تُفٰدُوۡهُمۡ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيۡكُمۡ اِخۡرَاجُهُمۡ ؕ اَفَتُؤۡمِنُوۡنَ بِبَعۡضِ الۡكِتٰبِ وَتَكۡفُرُوۡنَ بِبَعۡضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنۡ يَّفۡعَلُ ذٰلِكَ مِنۡكُمۡ اِلَّا خِزۡىٌ فِى الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ۚ وَيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يُرَدُّوۡنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الۡعَذَابِ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۸۵﴾

۸۵۔ پھر تم ہی وہ لوگ ہو جو اپنے افراد کو قتل کرتے ہو اور اپنوں میں سے ایک گروہ کو ان کی بستیوں سے نکالتے ہو، پھر گناہ اور ظلم کر کے ان کے دشمنوں کی مدد کرتے ہو اور اگر وہ قید ہو کر تمہارے پاس آتے ہیں تو تم فدیہ دے کر انہیں چھڑا لیتے ہو، حالانکہ انہیں نکالنا ہی تمہارے لیے سرے سے حرام تھا، کیا تم کتاب کے کچھ حصے پر ایمان لاتے ہو اور کچھ حصے سے کفر اختیار کرتے ہو؟ پس تم میں سے جو ایسا کرے دنیاوی زندگی میں اس کی سزا رسوائی کے سوا اور کیا ہو سکتی ہے؟ اور آخرت میں (ایسے لوگ) سخت ترین عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔☆

اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ اشۡتَرَوُا الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا بِالۡاٰخِرَةِ ۫ فَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ الۡعَذَابُ وَ لَا هُمۡ يُنۡصَرُوۡنَ ﴿۸۶﴾ ع ۱۰

۸۶۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے آخرت کے بدلے میں دنیاوی زندگی خرید لی ہے پس ان کے عذاب میں کوئی تخفیف نہ ہو گی اور نہ ہی ان کی مدد کی جائے گی۔

وَ لَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ وَقَفَّيۡنَا مِنۡۢ بَعۡدِهٖ بِالرُّسُلِ ۫ وَ

۸۷۔ اور بتحقیق ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس کے بعد پے در پے رسول بھیجے،

ایذاء دی جائے۔

۸۴۔ بنی اسرائیل کے واقعات اس اہتمام کے ساتھ اس لیے بیان ہو رہے ہیں کہ یہ انسانی تاریخ کی سب سے پہلی اور عظیم تحریک تھی۔ جن اقدار کے لیے وقت کے طاغوت فرعون کے خلاف یہ تحریک چلی تھی وہ درج ذیل ہیں: ☆خدائے واحد کی بندگی۔ ☆ والدین سے حسن سلوک۔ ☆ قریبی رشتہ داروں سے نیکی۔ ☆یتیموں سے شفقت۔☆ مسکینوں اور ناداروں سے حسن سلوک۔ ☆ لوگوں سے خوش گفتاری۔☆اقامۂ نماز۔ ☆ادائے زکوۃ۔ ☆ ناحق خون ریزی سے اجتناب۔☆اپنی قوم کے افراد کو جلاوطن نہ کرنے کا عہد۔

۸۵۔ عہد نبوی کے معاصر یہودی، دو بڑے قبائل (بنی نضیر اور بنی قریظہ) میں بٹے ہوئے تھے۔ یہودی جب آپس میں لڑتے تو مشرکین سے مدد لیتے تھے اور جب کوئی یہودی دوسرے فریق کے اتحادی مشرکین کا اسیر بن جاتا اور فدیہ دے کر اسیروں کو چھڑانے کی نوبت آتی تو حکم خدا کا حوالہ دیتے تھے۔ یہ تبعیض فی الایمان اور تضاد فی العمل کتنی غیر معقول روش ہے۔

۸۷۔ بنا بر قولے حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے درمیان چار ہزار انبیاء مبعوث ہوئے اور بعض کے نزدیک یہ تعداد ستر ہزار تک پہنچ جاتی ہے۔ حضرت عیسیٰ (ع) بنی اسرائیل کے آخری الوالعزم نبی ہیں۔ آپؑ کی ولادت عام بشری طریقے سے مختلف ہوئی، اس لیے آپؑ کے مزاج میں ملکوتیت غالب رہی اور آپؑ روح القدس سے زیادہ مانوس تھے۔

اسلامی اصطلاح میں روح القدس جبرئیل کا نام ہے جو انبیاء پر وحی لے کر نازل ہوتے رہے۔ اس کا اس مسیحی اصطلاح سے کوئی تعلق نہیں جس میں وہ روح القدس کو تثلیث مقدس کا "اقنوم ثالث" قرار دیتے ہیں۔

اٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ
اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا
تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۚ
فَفَرِيْقًا كَذَّبْتُمْ ۬ وَفَرِيْقًا
تَقْتُلُوْنَ ﴿۸۷﴾
وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ لَّعَنَهُمُ
اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيْلًا مَّا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾
وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ ۙ وَكَانُوْا مِنْ
قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا ۚ فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا
كَفَرُوْا بِهٖ ۬ فَلَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾
بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ
يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ
يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ
مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى
غَضَبٍ ؕ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ
مُّهِيْنٌ ﴿۹۰﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا

اور ہم نے عیسیٰ ابن مریم کو نمایاں نشانیاں عطا کیں اور روح القدس کے ذریعے ان کی تائید کی تو کیا جب بھی کوئی رسول تمہاری خواہشات کے خلاف (احکام لے کر) آئے تو تم اکڑ گئے، پھر تم نے بعض کو جھٹلا دیا اور بعض کو تم لوگ قتل کرتے رہے؟☆

۸۸۔ اور وہ کہتے ہیں: ہمارے دل غلاف میں بند ہیں، (نہیں) بلکہ ان کے کفر کے باعث اللہ نے ان پر لعنت کر رکھی ہے، پس اب وہ کم ہی ایمان لائیں گے۔☆

۸۹۔ اور جب اللہ کی جانب سے وہ کتاب آئی جو ان کے پاس موجود باتوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور وہ پہلے کافروں پر فتح کی امید رکھتے تھے، پھر جب ان کے پاس وہ آ گیا جسے وہ خوب پہچانتے تھے تو وہ اس کے منکر ہو گئے، پس کافروں پر اللہ کی لعنت ہو۔☆

۹۰۔ کتنی بری ہے وہ چیز جس کے بدلے انہوں نے اپنی جانوں کا سودا کیا کہ صرف اس بات کی ضد میں خدا کے نازل کیے کا انکار کرتے ہیں کہ اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنا فضل نازل کرتا ہے، پس وہ اللہ کے غضب بالائے غضب میں گرفتار ہوئے اور کافروں کے لیے رسوا کن عذاب ہے۔☆

۹۱۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو اللہ نے اتارا ہے اس پر ایمان لے آؤ تو جواب دیتے ہیں: ہم تو اس پر ایمان لاتے ہیں جو ہم پر نازل ہوا ہے، اس

۸۸۔ یہودیوں کا نظریہ ہے کہ ہمارے دل غلاف میں محفوظ ہیں، لہٰذا ان پر اسلامی تبلیغ کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ اللہ فرماتا ہے: ان کا ایمان نہ لانا ان کے راندۂ درگاہ ہونے کی وجہ سے ہے۔

۸۹۔ رسولِ کریمؐ کی آمد سے پہلے یہودی ان کے منتظر رہتے تھے اور کہتے تھے کہ جب وہ آئیں گے تو ہمیں کافروں پر فتح حاصل ہو گی۔ جب وہ نبی (ص) آ گئے تو اوس وخزرج کے قبائل نے ایمان لانے میں پہل کی۔ لیکن وہ یہودی جو ان کی آمد کے منتظر تھے، دشمن بن گئے۔

۹۰۔ یہودی صرف حسد کی بنا پر اسلام کے خلاف ہو گئے، ورنہ وہ اسلام کی حقانیت سے آگاہ اور اس کے منتظر تھے۔

۹۱۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ....: جب یہودیوں کو ایمان کی دعوت دی جاتی ہے تو وہ اپنے دین کو آخری دین سمجھتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم صرف توریت پر ایمان لانے کے پابند ہیں۔ اس کے علاوہ کسی اور چیز پر ایمان نہیں لائیں گے۔ حالانکہ خود توریت کے مطابق یہودیت آخری دین نہیں بلکہ اس میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آمد کی خوشخبری موجود تھی۔

قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ۔ اگر تمہارا یہ دعویٰ درست ہے کہ نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا ''ہم تو اس (توریت) پر ایمان لاتے ہیں جو ہم پر نازل ہوئی'' تو تم نے انبیاءؑ کو کیوں قتل کیا؟ حالانکہ وہ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ یعنی توریت ہی کی تشریح وتفسیر اور اس کے احکام کی ترویج کے لیے بھیجے گئے تھے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ تم توریت پر بھی ایمان نہیں رکھتے۔

وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ ۚ وَهُوَ الْحَقُّ
مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ
تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۱﴾
وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى
بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ
مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۹۲﴾
وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا
فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۗ خُذُوْا مَآ
اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا ۗ قَالُوْا
سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۚ وَاُشْرِبُوْا فِيْ
قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۗ قُلْ
بِئْسَمَا يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۹۳﴾
قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ
عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ
فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿۹۴﴾
وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ
اَيْدِيْهِمْ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۵﴾
وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ
عَلٰى حَيٰوةٍ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۛ

کے علاوہ وہ کسی چیز کو نہیں مانتے، حالانکہ وہ حق ہے اور جو کتاب ان کے پاس ہے اس کی تصدیق کرتا ہے، کہہ دیجیے: اگر تم مومن تھے تو اللہ کے پیغمبروں کو پہلے کیوں قتل کرتے رہے ہو؟☆

۹۲۔ اور بتحقیق موسیٰ تمہارے پاس واضح دلائل لے کر آئے پھر تم نے اس کے بعد گوسالہ کو اختیار کیا اور تم لوگ ظالم ہو۔☆

۹۳۔ اور (یاد کرو) جب ہم نے تم سے عہد لیا تھا اور کوہ طور کو تمہارے اوپر اٹھایا تھا (اور حکم دیا تھا) جو چیز (توریت) ہم نے تمہیں دی ہے اسے مضبوطی سے پکڑو اور سنو، انہوں نے کہا: ہم نے سن تو لیا مگر مانا نہیں اور ان کے کفر کے باعث ان کے دلوں میں گوسالہ رچ بس گیا، کہہ دیجیے: اگر تم مومن ہو تو تمہارا ایمان تم سے بہت برے تقاضے کرتا ہے۔☆

۹۴۔ کہہ دیجیے: اگر اللہ کے نزدیک دار آخرت دوسروں کی بجائے خالصتاً تمہارے ہی لیے ہے اور تم (اس بات میں) سچے بھی ہو تو ذرا موت کی تمنا کرو۔☆

۹۵۔ اور وہ موت کے متمنی ہرگز نہ ہوں گے، ان گناہوں کی وجہ سے جو وہ اپنے ہاتھوں کر چکے ہیں اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

۹۶۔ (اے رسول!) اور آپ ان لوگوں کو زندگی کا سب سے زیادہ حریص پائیں گے، حتیٰ کہ مشرکین سے بھی زیادہ، ان

۹۲۔ بنی اسرائیل کی ضلالت اور مشرکانہ حرکات کی طرف تعجب کے انداز میں اشارہ ہو رہا ہے کہ ان لوگوں نے خود صاحب شریعت کی زندگی میں مشرکانہ عمل شروع کر دیا۔ صرف چند روز کی غیبت کی وجہ سے اکثر گمراہ ہو گئے اور وہ بھی گوسالہ پرستی جیسے ذلت آمیز اور پست عمل کو اختیار کر کے۔ اس پر مستزاد یہ کہ ایسی نامعقول حرکت حضرت موسیٰ (ع) کی طرف سے واضح دلائل اور روشن نشانیاں آنے کے بعد عمل میں آئی۔

۹۳۔ ان کے کفر کی وجہ سے گوسالہ پرستی ان کے دلوں میں رچ بس گئی، یعنی ایک نافرمانی، دوسری نافرمانی اور ایک جرم، دوسرے جرم کو جنم دیتا ہے۔

۹۴۔ یہودیوں کا عقیدہ ہے کہ اخروی زندگی صرف انہی کے لیے مخصوص ہے، جبکہ دوسرے لوگ اس سے محروم ہوں گے اور اگر کسی یہودی کو عذاب ہو گا بھی تو صرف چند دنوں کے لیے۔ مثلاً جتنے دن گوسالہ پرستی میں گزرے ہیں، اتنے ہی عذاب کے دن ہوں گے۔ اللہ تعالیٰ نے یہودیوں کے اس عقیدے کے مطابق الزامی تنبیہ فرمائی کہ اگر آخرت کی زندگی اور آسودگی صرف تمہارے لیے ہی چشم براہ ہے تو اس کے حصول کی کوشش ایک طبعی اور فطری امر ہے۔ بنابرایں اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو تو ذرا موت کی تمنا کر کے تو دکھاؤ۔

اس آیت سے اللہ کے مخلص بندوں کا معیار واضح ہو جاتا ہے کہ اللہ کے مخلص بندے موت کے مشتاق اور بارگاہ پروردگار میں جانے کے لیے بے چین ہوتے ہیں۔ اللہ کے حقیقی ولی حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے: وَ اللّٰهِ لَابْنُ اَبِي طَالِبٍ آنَسُ بِالْمَوْتِ مِنَ الطِّفْلِ بِثَدْيِ اُمِّهٖ۔ یعنی، قسم بخدا! ماں کے سینے سے بچے کے اُنس سے زیادہ ابوطالب کا بیٹا موت سے مانوس ہے۔ (نہج البلاغہ ص۶۲ خ ۵ خلقه و عمله)

دوسری جگہ فرمایا: فَوَ اللّٰهِ مَا اُبَالِيْ دَخَلْتُ اِلَى الْمَوْتِ اَوْ خَرَجَ الْمَوْتُ اِلَيَّ۔ قسم بخدا! مجھے پرواہ نہیں کہ موت مجھ پر آ گرتی ہے یا میں موت پر جا گرتا ہوں۔ (نہج البلاغہ: خ ۵۵)

يَوَدُّ اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ
سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ
الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۗ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ
ع بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾
قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيْلَ فَاِنَّهٗ
نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ مُصَدِّقًا
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُدًى وَّبُشْرٰى
لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۷﴾
مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ
وَرُسُلِهٖ وَجِبْرِيْلَ وَمِيْكٰلَ
فَاِنَّ اللّٰهَ عَدُوٌّ لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۹۸﴾
وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ
وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ﴿۹۹﴾
اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ
فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ
اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ
مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۘ كِتٰبَ
اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾
وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى
مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ

میں سے ہر ایک کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ کاش اسے ہزار سال عمر ملے، حالانکہ اگر اسے یہ عمر مل بھی جائے تو یہ بات اس کے عذاب کو ہٹا نہیں سکتی اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اسے خوب دیکھتا ہے۔

۹۷۔ آپ کہہ دیجیے: جو کوئی جبرائیل کا دشمن ہے (وہ یہ جان لے کہ) اس نے (تو) اس قرآن کو باذن خدا آپ کے قلب پر نازل کیا جو اس کی تصدیق کرنے والا ہے جو پہلے سے موجود ہے اور یہ (قرآن) ایمان والوں کے لیے ہدایت اور بشارت ہے۔ ☆

۹۸۔ جو کوئی اللہ، اس کے فرشتوں، رسولوں اور (خاص کر) جبرائیل و میکائیل کا دشمن ہو تو اللہ (ایسے) کافروں کا دشمن ہے۔

۹۹۔ اور ہم نے آپ پر واضح نشانیاں نازل کی ہیں، اور ان کا انکار صرف بد کردار لوگ ہی کر سکتے ہیں۔

۱۰۰۔ کیا (ایسا نہیں ہے کہ) ان لوگوں نے جب بھی کوئی عہد کیا تو ان میں سے ایک گروہ نے اسے اٹھا پھینکا، بلکہ ان میں سے اکثر تو ایمان ہی نہیں رکھتے۔

۱۰۱۔ اور جب اللہ کی جانب سے ان کے پاس ایک ایسا رسول آیا جو ان کے ہاں موجود (کتاب) کی تصدیق کرتا ہے تو اہل کتاب میں سے ایک گروہ نے اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا گویا کہ اسے جانتے ہی نہیں۔ ☆

۱۰۲۔ اور سلیمان کے عہد حکومت میں شیاطین جو کچھ پڑھا کرتے تھے یہ (یہودی) اس کی پیروی کرنے لگ گئے

۹۷۔ جِبْرِیْلَ غیر عربی لفظ ہے جو بنا بر قولے جبر اور ایل سے مرکب ہے، یعنی قوت خدا۔
قلب مراد صنوبری شکل کا لحمیاتی عضو نہیں ہے، بلکہ اس کی مختصر وضاحت یہ ہے کہ انسان کے اندر موجود مختلف جہتوں کے لیے جس چیز کو مرکزی حیثیت حاصل ہے، اسے قلب کہتے ہیں اور یہ عقل و شعور کا بھی مرکز و محور ہے۔ قلب رسولؐ پر وحی نازل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ رسولِ کریمؐ علم حضوری کے طور پر اپنے وجود سے وحی کا ادراک کرتے تھے، نہ کہ محسوسات کی طرح صرف حواس سے یا معقولات کی طرح صرف عقل سے، بلکہ ان سے واضح تر، جیسے خود اپنے وجود کا ادراک۔ کیونکہ اگر سمعی و بصری ذرائع سے وحی کا ادراک ہوتا تو یہ وسائل جن کے پاس بھی ہوتے وہ باآسانی وحی کا ادراک کر لیتے۔

۱۰۱۔ یہود و نصاریٰ کو بحیثیت قوم کتاب دی گئی، ورنہ نزول قرآن کے معاصر یہود و نصاریٰ کے پاس توریت و انجیل کا کامل نسخہ موجود نہیں تھا، تاہم اصل توریت و انجیل کا ایک حصہ تحریف شدہ توریت و انجیل میں جا بجا پایا جاتا ہے۔

۱۰۲۔ سُلَیْمٰنَ عبرانی لفظ ہے۔ سلیمانؑ حضرت داؤدؑ کے چار فرزندوں میں سے ایک ہیں جو غالباً ۹۹۰ ق۔م مبعوث برسالت ہوئے۔
بابل قدیم مملکت عراق کا دارالحکومت تھا۔ یہاں کلدانی قوم آباد تھی۔ خیال ہے کہ ان کی سلطنت ۳۰۰۰ ق۔م میں موجود تھی۔ بابل جہاں تہذیب و تمدن کا مرکز تھا وہاں جادو کا مرکز بھی تھا۔ دنیا میں خرافات کی ابتداء یہیں سے ہوئی۔ احادیث کے مطابق حضرت سلیمانؑ کے عہد میں جادو کا عمل عام ہونے لگا تو آپؑ نے ان تمام اوراق و اسناد کو ضبط کر لیا جن پر جادو تحریر تھا۔ آپؑ کی وفات کے بعد کچھ افراد ان تحریروں کو منظر عام پر لے آئے۔ اس طرح یہودی، وحی الٰہی کی اتباع کی بجائے سفلی علوم کے شیدائی بن گئے، یہودیوں کے ایک فرقے نے یہ نظریہ قائم کیا کہ سلیمانؑ

سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا
يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۚ وَمَآ
اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ
هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ ؕ وَمَا يُعَلِّمٰنِ
مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ
فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ؕ فَيَتَعَلَّمُوْنَ
مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ
وَزَوْجِهٖ ؕ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ
مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا
يَنْفَعُهُمْ ؕ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ
اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِى الْاٰخِرَةِ مِنْ
خَلَاقٍ ۚ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ
اَنْفُسَهُمْ ؕ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ
مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ ؕ لَوْ كَانُوْا
ع ۱۲ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۳﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا
رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ؕ
وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾
مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ
الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ
يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ

حالانکہ سلیمان نے کبھی کفر نہیں کیا بلکہ شیاطین کفر کیا کرتے تھے جو لوگوں کو سحر کی تعلیم دیا کرتے تھے اور وہ اس (علم) کی بھی پیروی کرنے لگے جو بابل میں دو فرشتوں ہاروت و ماروت پر نازل کیا گیا تھا، حالانکہ یہ دونوں کسی کو کچھ نہیں سکھاتے تھے جب تک اسے خبردار نہ کر لیں کہ (دیکھو) ہم تو صرف آزمائش کے لیے ہیں، کہیں تم کفر اختیار نہ کر لینا، مگر لوگ ان دونوں سے وہ (سحر) سیکھ لیتے تھے جس سے وہ مرد اور اس کی زوجہ کے درمیان جدائی ڈال دیتے، حالانکہ اذن خدا کے بغیر وہ اس کے ذریعے کسی کو ضرر نہیں پہنچا سکتے تھے اور یہ لوگ اس چیز کو سیکھتے تھے جو ان کے لیے ضرر رساں ہو اور فائدہ مند نہ ہو اور تحقیق انہیں علم ہے کہ جس نے یہ سودا کیا اس کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور کاش وہ جان لیتے کہ انہوں نے اپنے نفسوں کا بہت برا سودا کیا ہے۔☆

۱۰۳۔ اور اگر وہ ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو اللہ کے پاس اس کا ثواب کہیں بہتر ہوتا، کاش وہ سمجھ لیتے.

۱۰۴۔ اے ایمان والو! راعنا نہ کہا کرو بلکہ (اس کی جگہ) انظرنا کہا کرو اور (رسول کی باتیں) توجہ سے سنا کرو اور کافروں کے لیے تو دردناک عذاب ہے۔☆

۱۰۵۔ کفر اختیار کرنے والے خواہ اہل کتاب ہوں یا مشرکین، اس بات کو پسند ہی نہیں کرتے کہ تمہارے رب کی طرف سے تم پر کوئی بھلائی نازل ہو، حالانکہ اللہ

پیغمبر نہیں تھے بلکہ انہوں نے جادو کے ذریعے جن و انس کو مسخر کر لیا تھا۔ اس زعم باطل کے جواب میں فرمایا: وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ۔

ہاروت اور ماروت دو فرشتوں کے غیر عربی نام ہیں جنہیں ابطال سحر کے لیے انسانی صورت میں بابل بھیجا گیا تھا تاکہ لوگوں میں جادو اور معجزے کا فرق واضح کرنے کے لیے جادو کے مخفی اسباب کو برملا کریں۔ یہودیوں نے یہاں بھی سوء استفادہ کیا اور ان اسباب کو اپنے مذموم مقاصد کے لیے استعمال کیا۔

۱۰۴۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا: قرآن مجید میں تقریباً اسی (۸۰) مقامات پر ان الفاظ میں مومنین سے خطاب کیا گیا ہے۔ یہ سب آیات مدنی ہیں۔ علامہ طباطبائی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک خطاب کا یہ انداز اس امت کے لیے ایک اعزاز ہے، ورنہ دوسری امتوں کو قرآن نے لفظ قوم سے یاد کیا ہے۔ جیسے قوم نوح، قوم ہود اور قوم عاد وغیرہ۔

ابو نعیم نے الحلیہ میں ابن عباس سے روایت کی ہے کہ رسول خدا (ص) نے فرمایا:
مَا اَنْزَلَ اللّٰهُ اٰيَةً وَ فِيْهَا يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِلَّا وَ عَلِيٌّ رَأْسُهَا وَ اَمِيْرُهَا۔ یعنی خدا نے يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کے ساتھ جو بھی آیت نازل کی ہے حضرت علی (ع) اس کے سردار اور امیر ہیں۔

رسول خدا (ص) جب اسلامی احکام بیان فرماتے تو اکثر ایسا ہوتا کہ بعض افراد سن یا سمجھ نہیں پاتے تھے۔ اس وقت وہ حضور (ص) کی توجہ مبذول کرانے کے لیے کہتے: رَاعِنَا یعنی ہماری رعایت فرمائیں کہ ہم سمجھ نہیں سکے۔ ہمارا لحاظ فرمایئے اور دوبارہ ارشاد فرمایئے۔

بعض یہودی بھی ان علمی مجالس میں شریک ہوتے تھے۔ وہ اس لفظ کو شرارتاً حضور (ع) کی شان میں توہین کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ بعض مفسرین کے نزدیک وہ رَاعِنَا کو اَلرَّعُوْنَةُ کے حوالے سے احمق اور بے وقوف کے معنوں میں لیتے تھے اور بعض دیگر مفسرین کے مطابق وہ رَاعِنَا کی بجائے رَاعِيْنَا "ہمارا چرواہا" کہتے۔

رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ
مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ
الْعَظِيْمِ ﴿۱۰۵﴾
مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ
بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا ؕ اَلَمْ تَعْلَمْ
اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۰۶﴾
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَمَا لَكُمْ
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِیٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۰۷﴾
اَمْ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَسْـَٔلُوْا رَسُوْلَكُمْ
كَمَا سُئِلَ مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ؕ وَ
مَنْ يَّتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ
ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ ﴿۱۰۸﴾
وَدَّ كَثِيْرٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ
يَرُدُّوْنَكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِكُمْ
كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ
مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۚ
فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا حَتّٰى يَاْتِیَ
اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿۱۰۹﴾
وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ؕ
وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ
تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا

جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے مخصوص کر دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔

۱۰۶۔ ہم کسی آیت کو منسوخ کر دیتے ہیں یا اسے فراموش کراتے ہیں تو اس سے بہتر یا ویسی ہی اور آیت نازل کرتے ہیں، کیا تجھے خبر نہیں کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے؟☆

۱۰۷۔ کیا تو نہیں جانتا کہ آسمانوں اور زمین کی سلطنت صرف اللہ ہی کے لیے ہے؟ اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی کارساز اور مددگار نہیں ہے۔

۱۰۸۔ کیا تم لوگ اپنے رسول سے ایسا ہی سوال کرنا چاہتے ہو جیسا کہ اس سے قبل موسیٰ سے کیا گیا تھا؟ اور جو ایمان کو کفر سے بدل دے وہ حتماً سیدھے راستے سے بھٹک جاتا ہے۔☆

۱۰۹۔ (مسلمانو!) اکثر اہل کتاب حق واضح ہو جانے کے باوجود (محض) اپنے بغض اور حسد کی بنا پر یہ چاہتے ہیں کہ کسی طرح ایمان کے بعد تمہیں دوبارہ کافر بنا دیں، پس آپ درگزر کریں اور نظر انداز کر دیں یہاں تک کہ اللہ اپنا فیصلہ بھیج دے، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۱۱۰۔ اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور جو کچھ نیکی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اسے اللہ کے پاس موجود پاؤ گے، تم جو بھی عمل انجام دیتے ہو اللہ یقیناً اس کا خوب

۱۰۶۔ آسمانی شریعتوں میں احکام کی منسوخی ایک مسلمہ امر ہے۔ اسلامی شریعت کے احکام میں بھی نسخ واقع ہوا ہے۔ کیونکہ یہ شریعت انسانی تربیت و ارتقاء کے لیے ہے اور تربیت کا مطلب ہی تدریجی ارتقاء ہے۔ اس لیے احکام میں رد و بدل ایک طبعی امر ہے۔

نسخ احکام پر یہودیوں کے اعتراض کے جواب میں فرمایا: میں جس حکم کو منسوخ کرتا ہوں اس کی جگہ اس سے بہتر یا کم از کم اس جیسا حکم لاتا ہوں۔ حالانکہ خود یہودیوں کا عقیدہ ہے کہ ان کی شریعت سابقہ شریعتوں کی ناسخ ہے۔ خود توریت میں بہت سے احکام منسوخ ہوئے ہیں۔ مثلاً سفر تکوین باب ۲۲ میں ہے کہ ابراہیمؑ کے لیے اپنے فرزند کے ذبح کا حکم منسوخ ہو گیا۔ واضح رہے کہ جو اعتراض یہود نسخ احکام پر کرتے ہیں وہی اعتراض بداء پر کیا جاتا ہے۔ جب کہ نسخ اور بداء ایک چیز ہے۔ فرق یہ ہے کہ نسخ احکام میں اور بداء تکوین میں ہوتا ہے۔

۱۰۸۔ سوال اگر بغرض تعلیم ہو تو نہایت مستحسن ہے، لیکن اگر بغرض استہزاء ہو تو یہ کفر کے نزدیک ہے۔ قوم موسیٰ کے مطالبے کافرانہ اس لیے تھے کہ وہ ایمان بالغیب کی جگہ ایمان بالمحسوسات کے خواہاں تھے۔ بالفاظ دیگر یہ محسوس پرستی، بت پرستی اور ایمان کی جگہ کفر اختیار کرنا ہے۔

۱۰۹۔ چونکہ دل میں زوال نعمت کی آرزو رکھنا حسد کہلاتا ہے، بنابریں اس آیت سے پتہ چلا کہ اہل کتاب، اسلام کو مسلمانوں کے لیے ایک نعمت سمجھتے ہیں۔ وہ دل سے اس کی حقانیت کے معترف ہیں۔ کیونکہ اسلام اگر حق نہ ہوتا تو نعمت نہ سمجھا جاتا اور اس سے حسد کوئی معنی نہ رکھتا۔

یہ فیصلہ بعد میں آنے والے کسی حکم کی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ آیہ قتال میں حکم آ گیا۔

۱۱۰۔ ممکن ہے کہ تَجِدُوْهُ موجود پاؤ گے، کا مطلب یہ ہو کہ خود عمل کو موجود پاؤ گے، یعنی قیامت کے روز انسان اپنے اعمال کا خود مشاہدہ کرے گا۔ چنانچہ دوسری جگہ فرمایا: وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا۔ (۱۸:۴۹) اور انہوں نے جو کچھ کیا تھا اسے حاضر پائیں گے۔

تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۰﴾

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ
كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ
اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۱﴾
بَلٰى ۚ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ
مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا
خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۱۲﴾ ع ۱۴

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى
عَلٰى شَيْءٍ ۖ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى
لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ
يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ
الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ
قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسٰجِدَ اللّٰهِ
اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِيْ
خَرَابِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ
يَّدْخُلُوْهَاۤ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ؕ لَهُمْ فِي
الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ
عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾
وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ فَاَيْنَمَا

دیکھنے والا ہے۔ ☆

۱۱۱۔ اور وہ کہتے ہیں: جنت میں یہودی یا نصرانی کے علاوہ کوئی ہرگز داخل نہیں ہو سکتا، یہ محض ان کی آرزوئیں ہیں، آپ کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اپنی دلیل پیش کرو۔ ☆

۱۱۲۔ ہاں! جس نے اپنے آپ کو اللہ کے حوالے کر دیا اور وہ نیکی کرنے والا ہے تو اس کے لیے اس کے رب کے پاس اس کا اجر ہے اور انہیں نہ تو کوئی خوف ہو گا اور نہ کوئی حزن۔ ☆

۱۱۳۔ اور یہود کہتے ہیں: نصاریٰ (کا مذہب) کسی بنیاد پر استوار نہیں اور نصاریٰ کہتے ہیں: یہود (کا مذہب) کسی بنیاد پر استوار نہیں، حالانکہ وہ (یہود و نصاریٰ) کتاب کی تلاوت کرتے ہیں، اس طرح کی بات جاہلوں نے بھی کہی، پس اللہ بروز قیامت ان کے درمیان اس معاملے میں فیصلہ کرے گا جس میں یہ اختلاف کرتے تھے۔ ☆

۱۱۴۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ کی مساجد میں اس کا نام لینے سے روکے اور ان کی ویرانی کی کوشش کرے؟ ان لوگوں کو مساجد میں داخل ہونے کا حق نہیں مگر خوف کے ساتھ، ان کے لیے دنیا میں رسوائی اور آخرت میں عذاب عظیم ہے۔ ☆

۱۱۵۔ اور مشرق ہو یا مغرب، دونوں اللہ ہی کے ہیں، پس جدھر بھی رخ کرو ادھر اللہ

۱۱۱۔ یہودیوں کے باطل عقائد میں سے ایک یہ ہے کہ نجات اخروی اور جنت، عمل کا نتیجہ نہیں، بلکہ ان کا اپنا نسلی حق ہے۔ فرمایا: یہ بے بنیاد آرزوئیں ہیں جن کے پیچھے کوئی منطق اور دلیل نہیں ہے۔ یہود و نصاریٰ ایک دوسرے کو اہل جنت نہیں سمجھتے، لیکن مسلمانوں کو اہل جنت نہ سمجھنے میں دونوں متفق ہیں۔ یہ دونوں دِیَانَتَیْن آپس کے فکری و مذہبی اختلاف کے باوجود مسلمانوں کے خلاف ہمیشہ متحد اور متفق رہی ہیں۔ اَلْکُفْرُ مِلَّۃٌ وَاحِدَۃٌ۔ ہماری معاصر تاریخ میں بھی اس کے ایسے شواہد بکثرت موجود ہیں کہ جہاں سارے کفار نے اسلام کے مقابلے میں متحدہ روش اختیار کی ہو۔

۱۱۲۔ دخول جنت اور سعادت ابدی کی امید وہ شخص رکھ سکتا ہے، جس نے اپنے آپ کو اللہ کے حوالے کر دیا ہو نیز جو خلوص کے ساتھ نیکی کرنے والا، پاک باطن، صالح، مخلص، محسن اور مومن ہو، اس کا دل تسلیم و رضا سے سرشار اور لبریز ہو۔

۱۱۳۔ یہودی کہتے ہیں کہ نصاریٰ کا دین بے اساس ہے، حالانکہ وہ توریت میں حضرت مسیح کی آمد کی خبر پڑھ چکے ہیں۔ حضرت عیسیٰ، دین موسیٰ علیہما السلام کو آگے بڑھانے کے لیے آئے تھے۔ لیکن یہودی حضرت مسیح (ع) کو نہیں مانتے، بلکہ یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ مسیح آنے والے ہیں، جو بنی اسرائیل کو ملک و سلطنت واپس دلائیں گے۔ ادھر نصاریٰ کا بھی یہی نظریہ ہے کہ یہودیوں کا دین بے بنیاد ہے، حالانکہ یہ بھی انجیل کی تلاوت کرتے ہیں۔ کتاب اور علم سے محروم ناخواندہ افراد کا بھی یہی حال ہے۔ آیت میں بت پرست اور جاہل افراد کی طرف اشارہ ہے، جن کا کہنا ہے کہ تمام ادیان بے بنیاد ہیں۔

۱۱۴۔ جو عبد اور معبود کے درمیان حائل ہو جائے اور بندگان خدا کو ان کے فطری حق سے محروم کر دے، وہ سب سے بڑا ظالم ہے۔ جبکہ اسلام غیر مسلموں کے گرجا گھروں اور عبادت گاہوں کو حالت جنگ میں بھی منہدم کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔

۱۱۵۔ حضرت امام موسیٰ بن جعفر علیہما السلام سے روایت کی گئی ہے کہ یہ آیت نماز نافلہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے کہ اگر انسان سفر میں ہو تو جدھر چاہے رخ کر کے نماز پڑھ سکتا ہے۔ (فرائض کے لیے تو قبلہ رخ ہونا لازم ہے)۔

تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾
وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ
بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۱۱۶﴾
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَ
اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ ﴿۱۱۷﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا
يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَآ اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ
قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ
قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ
قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۱۱۸﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا
وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ
الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۹﴾
وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا
النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ ؕ
قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ؕ
وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ
الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ
مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۱۲۰﴾
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ

کی ذات ہے، بے شک اللہ (سب چیزوں کا) احاطہ رکھنے والا، بڑا علم والا ہے۔☆

۱۱۶۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اللہ نے کسی کو بیٹا بنا لیا ہے، پاک ہے وہ ذات (ایسی باتوں سے) بلکہ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، وہ سب اس کی ملکیت ہے، سب اس کے تابع فرمان ہیں۔☆

۱۱۷۔ وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، اور جب وہ کسی امر کا فیصلہ کر لیتا ہے تو اس سے کہتا ہے: ہو جا، پس وہ ہو جاتا ہے۔☆

۱۱۸۔ اور بے علم لوگ کہتے ہیں: اللہ ہم سے ہمکلام کیوں نہیں ہوتا یا ہمارے پاس کوئی نشانی کیوں نہیں آتی؟ ان سے پہلے لوگ بھی اسی طرح کی بات کر چکے ہیں، ان کے دل ایک جیسے ہو گئے ہیں، ہم نے تو اہل یقین کے لیے کھول کر نشانیاں بیان کی ہیں۔☆

۱۱۹۔ ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے اور آپ سے اہل دوزخ کے بارے میں کوئی پرسش نہیں ہو گی۔

۱۲۰۔ اور آپ سے یہود و نصاریٰ اس وقت تک خوش نہیں ہو سکتے جب تک آپ ان کے مذہب کے پیرو نہ بن جائیں، کہہ دیجیے: یقیناً اللہ کی ہدایت ہی اصل ہدایت ہے اور اس علم کے بعد جو آپ کے پاس آ چکا ہے، اگر آپ نے ان کی خواہشات کی پیروی کی تو آپ کے لیے اللہ کی طرف سے نہ کوئی کارساز ہو گا اور نہ مددگار۔☆

۱۲۱۔ جنہیں ہم نے کتاب عنایت کی ہے

۱۱۶۔۱۱۷ آسمانوں اور زمین میں کوئی چیز اللہ کی تخلیق کے بغیر وجود میں نہیں آ سکتی، لہٰذا جس وجود کو اللہ کا بیٹا فرض کرو گے وہ اللہ کی مخلوق ہو سکتا ہے بیٹا نہیں۔ وہ جب کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے تو حکم دیتا ہے "ہو جا" سو وہ ہو جاتی ہے۔

یہاں مادہ پرستوں کا ایک فرسودہ اعتراض ہے کہ عدم، وجود کا منبع کیسے ہو سکتا ہے؟ جواب یہ ہے کہ عدم کسی چیز کو وجود نہیں دے سکتا، نیستی، ہستی کے لیے بنیاد نہیں بن سکتی۔ "عدم سے" کا مطلب یہ نہیں ہے کہ عدم وجود کے لیے خام مال کی حیثیت رکھتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مادے کو وجود دینے والا خود مادے سے، بلکہ زمان و مکان سے بھی ماوراء ہے۔ ایک لامحدود ذات مادے کی موجد ہے۔ کیونکہ حد، مادے کا حصہ ہے۔ کُن ارادہ الٰہی کی تعبیر ہے، ورنہ خداوند عالم خلق و ایجاد کے لیے کاف و نون کا محتاج نہیں ہے کہ کن کا مخاطب تلاش کرے۔

۱۱۸۔ رسول کریم (ص) کا ہر عمل اور ہر حکم معجزہ ہے اور ان کی سیرت و کردار کا ہر حصہ اللہ کی نشانی ہے۔ اس کے علاوہ رسول کریم (ص) کے ہاتھوں بے شمار معجزات صادر ہوتے رہے ہیں، جنہیں دیکھنے کے لیے چشم بینا اور سمجھنے کے لیے عقل و ہوش کی ضرورت ہے۔

۱۲۰۔ وہ صرف اس صورت میں خوش ہوں گے کہ رسولؐ اپنا مشن ترک کر کے ان کی ملت یعنی خواہش پرستی میں شامل ہو جائیں اور ایک امت مسلمہ اور امت قرآن کو وجود میں لا کر ان کے لیے ایک دائمی مسئلہ پیدا نہ کریں۔

ہماری معاصر تاریخ میں رونما ہونے والے یہودی اور صلیبی جرائم اس آیت کی صداقت پر شاہد ہیں۔

۱۲۱۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: حق تلاوت ادا کرنے والے لوگ وہ ہیں جو آیات کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھتے ہیں اور انہیں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس کے احکام پر عمل کرتے ہیں۔ اس کے وعدوں کی امید رکھتے ہیں۔ اس کی تنبیہوں سے خائف رہتے ہیں۔ اس کے قصوں سے عبرت حاصل کرتے ہیں اس کے اوامر کی تعمیل کرتے ہیں اور اس کے نواہی سے باز رہتے ہیں۔ (ارشاد القلوب ۱: ۷۸)

حَقَّ تِلَاوَتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ
بِهٖ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ
ع ۱۵ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۲۱﴾
يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ
الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ
فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۲﴾
وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ
نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّ
لَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّ لَا هُمْ
يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾
وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ
فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّيْ جَاعِلُكَ
لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ قَالَ وَمِنْ
ذُرِّيَّتِيْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِي
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۲۴﴾
وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ
وَ اَمْنًا ؕ وَ اتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ
اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى ؕ وَعَهِدْنَآ اِلٰٓى
اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ اَنْ طَهِّرَا بَيْتِيَ
لِلطَّآئِفِيْنَ وَ الْعٰكِفِيْنَ وَ الرُّكَّعِ
السُّجُوْدِ ﴿۱۲۵﴾
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا
بَلَدًا اٰمِنًا وَّارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ

(اور) وہ اس کا حق تلاوت ادا کرتے ہیں، وہی لوگ اس (قرآن) پر ایمان لائیں گے اور جو اس سے کفر اختیار کرے گا پس وہی گھاٹے میں ہے۔☆

۱۲۲۔ اے بنی اسرائیل! میری وہ نعمت یاد کرو جو میں نے تمہیں عطا کی ہے اور یہ کہ میں نے تمہیں اہل عالم پر فضیلت دی ہے۔

۱۲۳۔ اور اس روز سے ڈرو جب نہ کوئی کسی کے کچھ کام آئے گا، نہ اس سے معاوضہ قبول ہوگا، نہ شفاعت اسے فائدہ پہنچا سکے گی اور نہ ہی انہیں کوئی مدد مل سکے گی۔

۱۲۴۔ اور (وہ وقت یاد رکھو) جب ابراہیم کو ان کے رب نے چند کلمات سے آزمایا اور انہوں نے انہیں پورا کر دکھایا، ارشاد ہوا: میں تمہیں لوگوں کا امام بنانے والا ہوں، انہوں نے کہا: اور میری اولاد سے بھی؟ ارشاد ہوا: میرا عہد ظالموں کو نہیں پہنچے گا۔☆

۱۲۵۔ اور (وہ وقت یادرکھو) جب ہم نے خانہ (کعبہ) کو مرجع خلائق اور مقام امن قرار دیا اور (حکم دیا کہ) مقام ابراہیم کو مصلیٰ بناؤ اور ہم نے ابراہیم اور اسماعیل پر یہ ذمے داری عائد کی کہ تم دونوں میرے گھر کو طواف، اعتکاف اور رکوع سجدہ کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔☆

۱۲۶۔ اور (وہ وقت یاد رکھو) جب ابراہیم نے دعا کی: اے رب! اسے امن کا شہر بنا دے اور اس کے باشندوں میں سے

۱۲۴۔ الٰہی دعوت کے بانی، ارتقائی سفر کے میر کارواں، تحریک جہاد کے اولین قائد، بیت اللہ کے معمار، اللہ کی راہ میں پہلے مہاجر اور تاریخ انسانیت کے عظیم بت شکن ابو الانبیاء حضرت ابراہیمؑ کا ذکر ہے۔

آپ تین بڑے پیشواؤں حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ علیہما السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جد اعلیٰ ہیں۔ قدیم کلدانی سلطنت بابل اور موجودہ عراق کے ایک شہر اور میں پیدا ہوئے۔ آپؑ نے اپنے فرزندوں کے ذریعے دنیا میں دعوت توحید کے دو مراکز قائم کیے۔ ایک مکہ میں اور دوسرا فلسطین میں۔ حضرت اسماعیلؑ کو مکہ اور حضرت اسحاقؑ کو فلسطین میں متعین فرمایا۔ قریش حضرت اسماعیلؑ کی اولاد ہیں اور بنی اسرائیل حضرت اسحاقؑ کی۔

یہودیوں کی بدعہدی اور ناشکری، منصب امامت کو ظالموں سے دور رکھنا، بیت اللہ کی تعمیر، اسے پاکیزہ رکھنے کی ذمہ داری سونپنا، تبدیلی قبلہ، نسل اسماعیلؑ کے لیے دعا، یہ سب کچھ بتاتا ہے کہ انسانیت کی امامت کے لیے نسل اسرائیل کی جگہ اولاد اسماعیل کو منتخب کر لیا گیا ہے۔

اللہ کا فضل و کرم اندھی بانٹ نہیں، بلکہ استحقاق اور اہلیت کی بناء پر ہے اور استحقاق پرکھنے کے لیے امتحان اور میدان عمل ضروری ہیں۔

بعض علماء نے فرمایا ہے: لوگوں کی چار قسمیں ہو سکتی ہیں: ☆ وہ لوگ جو ساری زندگی ظالم رہے ہوں۔ ☆ جو آخری عمر میں ظالم رہے ہوں۔ ☆ جو ابتدائی زندگی میں ظالم رہے ہوں۔ ☆ جو زندگی میں کبھی ظالم نہ رہے ہوں۔ حضرت ابراہیمؑ کی شان اس سے بالاتر ہے کہ وہ پہلی اور دوسری قسم کے لوگوں کے لیے امامت کی خواہش کرتے۔ باقی دو قسمیں رہ جاتی ہیں، جن میں سے ایک کے لیے امامت کی نفی کی ہے۔ بنا برایں چوتھی قسم کے لیے امامت ثابت ہو جاتی ہے اور ساتھ عصمت بھی۔

۱۲۵۔ خانہ کعبہ کو اللہ نے نزول وحی کا مہبط، تحریک ابراہیمی و انقلاب محمدی کا مرکز، عبادت و خشوع کے لیے قبلۂ عالم، حج کی انجام دہی کے لیے مقدس اور امن و آشتی کا گہوارہ بنایا۔ ”مقام ابراہیم“ وہ پتھر ہے جس پر حضرت ابراہیمؑ کے قدموں کے آثار موجود ہیں

الثَّمَرٰتِ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ
فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ
اِلٰى عَذَابِ النَّارِ ؕ وَبِئْسَ
الْمَصِيْرُ ﴿۱۲۶﴾
وَ اِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ
مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ ؕ رَبَّنَا
تَقَبَّلْ مِنَّا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ﴿۱۲۷﴾
رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ
ذُرِّيَّتِنَاۤ اُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۠ وَاَرِنَا
مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۸﴾
رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ
يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ
الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيْهِمْ ؕ
اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۵
وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا
مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ
فِى الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ فِى الْاٰخِرَةِ لَمِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۳۰﴾
اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗۤ اَسْلِمْ ۙ قَالَ
اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۳۱﴾

جو اللہ اور روز قیامت پر ایمان لائیں انہیں ثمرات میں سے رزق عنایت فرما، ارشاد ہوا: جو کفر اختیار کریں گے انہیں بھی کچھ دن (دنیا کی) لذتوں سے بہرہ مند ہونے کی مہلت دوں گا، پھر انہیں عذاب جہنم کی طرف دھکیل دوں گا اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔☆

۱۲۷۔اور (وہ وقت یاد کرو) جب ابراہیم و اسماعیل اس گھر کی بنیادیں اٹھا رہے تھے، (دعا کر رہے تھے کہ) اے ہمارے رب! ہم سے (یہ عمل) قبول فرما، یقیناً تو خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۱۲۸۔اے ہمارے رب! ہم دونوں کو اپنا مطیع و فرمانبردار بنا اور ہماری ذریت سے اپنی ایک فرمانبردار امت پیدا کر اور ہمیں ہماری عبادت کی حقیقت سے آگاہ فرما اور ہماری توبہ قبول فرما، یقیناً تو بڑا توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۲۹۔اے ہمارے رب! ان میں ایک رسول انہی میں سے مبعوث فرما جو انہیں تیری آیات سنائے اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دے اور انہیں (ہر قسم کے رذائل سے) پاک کرے، بے شک تو بڑا غالب آنے والا، حکیم ہے۔☆

۱۳۰۔اور ملت ابراہیم سے اب کون انحراف کرے گا سوائے اس شخص کے جس نے اپنے آپ کو حماقت میں مبتلا کیا، ابراہیم کو تو ہم نے دنیا میں برگزیدہ بنایا اور آخرت میں ان کا شمار صالحین میں ہوگا۔☆

۱۳۱۔(ابراہیم کا یہ حال بھی قابل ذکر ہے کہ) جب ان کے رب نے ان سے کہا: (اپنے آپ کو اللہ کے) حوالے کر دو، وہ بولے: میں نے اپنے آپ کو رب العالمین کے حوالے کر دیا۔

۱۲۷۔خانہ کعبہ کی تعمیر اور اس کے دو عظیم معماروں کا ذکر ہے۔ چند مربع گز کے ایک گھر کی نہیں، ایک تاریخ کی تعمیر کا تذکرہ ہے، دیوار کی نہیں بلکہ امت کی بنیاد رکھنے کا بیان ہے۔

اس گھر کی دیواروں کو وہی اہمیت حاصل ہے جو اس وقت اور اس کی تاریخ کو حاصل ہے۔ اس گھر کے معمار اول حضرت آدم علیہ السلام ہیں۔ ان کے بعد حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام نے تعمیر نو کی۔ ہجرت سے دو صدی قبل قصیٰ بن کلاب نے تعمیر نو کی۔ حضورؐ کی بعثت سے پانچ سال قبل ایک سیلاب سے کعبہ کی عمارت منہدم ہو گئی تو عرب قبائل نے مل کر تعمیر کی اور حضورؐ کے فیصلے کے مطابق حجر اسود کو تمام قبائل نے ایک چادر میں رکھ کر اٹھایا اور خود آپؐ نے اپنے دست مبارک سے حجر اسود کو اس کی جگہ نصب فرمایا۔ عبد اللہ بن زبیر نے جب مکہ پر حکومت قائم کی تو یزید کے لشکر نے کعبہ پر منجنیق سے حملہ کیا اور اسے منہدم کر دیا۔ اس حملے میں غلاف کعبہ بھی جل گیا تھا۔

۱۲۸۔اسلام کے مختلف درجات و مراتب ہیں۔ پہلا درجہ یہ ہے کہ انسان اسلام کا کلمہ اپنی زبان پر جاری کرے اور دائرہ اسلام میں داخل ہو جائے۔ اب اس کا مال و جان محترم ہیں۔ مگر اسلام کے کامل ترین درجے تک رسائی کے لیے حضرت ابراہیم (ع) جیسے اولوالعزم اور رسول بھی دست دعا بلند کرتے ہیں۔

۱۲۹۔رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: انا دعوۃ ابی ابراھیم ۔ ”میں اپنے پدر بزرگوار ابراہیمؑ کی دعا (کا نتیجہ) ہوں“۔

۱۳۰۔ دین ابراہیمی (ع) سے انحراف کو بیوقوفی قرار دینا، اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اسلام عقل و منطق کا دین ہے۔ انسان کے لیے سب سے بڑا خدائی اعزاز، اللہ تعالیٰ کے صالح بندوں کی صف میں شامل ہونا ہے

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ
وَيَعْقُوْبُ ؕ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ
اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا
تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾
اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ
يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ ۙ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا
تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ ؕ قَالُوْا
نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَ اِلٰهَ اٰبَآئِكَ
اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ
اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّ نَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۳﴾
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا
كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا
تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۴﴾
وَ قَالُوْا كُوْنُوْا هُوْدًا اَوْ
نَصٰرٰى تَهْتَدُوْا ؕ قُلْ بَلْ مِلَّةَ
اِبْرٰهٖمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ
مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۳۵﴾
قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا
وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ
وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ
اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ لَا

۱۳۲۔ اور ابراہیم نے اپنی اولاد کو اسی ملت پر چلنے کی وصیت کی اور یعقوب نے بھی (اپنی اولاد کو یہی وصیت کی) کہ اے میرے بیٹو! اللہ نے تمہارے لیے یہی دین پسند کیا ہے، لہٰذا تم تا دم مرگ مسلم ہی رہو۔

۱۳۳۔ کیا تم اس وقت موجود تھے جب یعقوب کی موت کا وقت آیا؟ اس وقت انہوں نے اپنے بچوں سے کہا: میرے بعد تم کس کی بندگی کرو گے؟ سب نے کہا: ہم اس معبود کی بندگی کریں گے جو آپ کا اور آپ کے آباء و اجداد ابراہیم، اسماعیل اور اسحاق کا معبود ہے جو یکتا معبود اور ہم اس کے فرمانبردار ہیں۔ ☆

۱۳۴۔ یہ گزشتہ امت کی بات ہے، ان کے اعمال ان کے لیے ہیں اور تمہارے اعمال تمہارے لیے، تم لوگوں سے (گزشتہ امتوں کے بارے میں) نہیں پوچھا جائے گا کہ وہ کیا کرتے تھے۔ ☆

۱۳۵۔ وہ لوگ کہتے ہیں: یہودی یا نصرانی بنو تو ہدایت یافتہ ہو جاؤ گے، ان سے کہہ دیجیے: (نہیں) بلکہ یکسوئی سے ملت ابراہیمی کی پیروی کرو اور ابراہیم مشرکوں میں سے نہ تھے۔ ☆

۱۳۶۔ (مسلمانو!) کہو: ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر ایمان لائے جو ہماری طرف نازل کیا گیا ہے اور جو ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور ان کی اولاد کی طرف نازل کیا گیا اور جو موسیٰ و عیسیٰ کو دیا گیا اور جو انبیاء کو ان کے رب کی طرف سے دیا گیا (ان سب پر ایمان

۱۳۳۔ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْۢ بَعْدِيْ: میرے بعد تم کس کی عبادت کرو گے؟ انبیاء علیہم السلام کی دعوت کو ان کی زندگی کے بعد خطرہ لاحق رہا ہے۔ فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ ۔ (۱۹: ۵۹) یعنی پھر ان کے بعد چند ناخلف ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو کھو دیا اور خواہشات کی پیروی کی۔

۱۳۴۔ تمہارے اسلاف کتنے ہی مقرب بارگاہ کیوں نہ ہوں، ان پر فخر و مباہات کرنا لاحاصل ہے۔ اگر وہ صالحین میں سے تھے تو یہ فخر صرف انہیں حاصل تھا، جب کہ تمہیں اپنے اعمال کا جوابدہ ہونا پڑے گا۔ لہٰذا یہ نظریہ غیر منطقی ہے کہ بزرگ اسلاف کی عبادتوں کا صلہ تمہیں مل جائے گا۔ تم یہ امید نہ رکھو، تم سے ہرگز یہ نہیں پوچھا جائے گا کہ تمہارے اسلاف کیا کرتے تھے۔

۱۳۵۔ ملت ابراہیم (ع)، تعلیم ابراہیم (ع)، دعائے ابراہیم (ع) اور وصیت ابراہیم (ع) کے بیان کے بعد یہود و نصاریٰ کا یہ دعویٰ کتنا بے اساس اور بے معنی لگتا ہے کہ یہودیت یا نصرانیت ہی ہدایت کے دو راستے ہو سکتے ہیں۔ کتنا فرق ہے، ملت ابراہیم (ع) اور یہودیت و مسیحیت میں اور کس قدر فرق ہے، دین توحید اور دین شرک میں۔ ابراہیم (ع) موحد بلکہ تحریک توحید کے بانی تھے۔

۱۳۶۔ لَا نُفَرِّقُ: انبیاء کرام علیہم السلام پر ایمان کے لیے کسی نسلی تعصب کی گنجائش نہیں ہے۔ یہود نسلی تعصب کی بناء پر حضرت اسماعیلؑ کی نسل کے رسول برحقؐ پر ایمان نہیں لائے، لیکن نسل پرستی پر مبنی ان کے اس عقیدے کے مقابلے میں مسلمان، انبیاء علیہم السلام کے بارے میں نسل، زبان، رنگ وغیرہ کی بنیاد پر کسی تفریق کے قائل نہیں ہیں۔ وہ حضرت آدمؑ سے لے کر محمد مصطفیٰؐ تک سب کو اللہ کے نمائندے مانتے ہیں۔ اگر ہمارے رسولؐ نسل اسماعیلؑ سے ہیں تو اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ہم حضرت اسحاقؑ کے خلاف ہیں۔ جس طرح یہود نے حضرت اسماعیلؑ اور ان کی اولاد کے ساتھ معاندانہ رویہ اختیار کر رکھا ہے۔

نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ
لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾
فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ
اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ
فِيْ شِقَاقٍ ۚ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَ
هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳۷﴾
صِبْغَةَ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ
صِبْغَةً ۠ وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ ﴿۱۳۸﴾
قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِي اللّٰهِ وَهُوَ
رَبُّنَا وَ رَبُّكُمْ ۚ وَلَنَآ اَعْمَالُنَا
وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۚ وَنَحْنُ لَهٗ
مُخْلِصُوْنَ ﴿۱۳۹﴾
اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطَ
كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ۭ قُلْ
ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ اَظْلَمُ
مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ
اللّٰهِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۰﴾
تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا
كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ
وَ لَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۱﴾ ع ۱۶ ۱۲

لائے) ہم ان میں سے کسی میں بھی تفریق نہیں کرتے اور ہم صرف اسی کے فرمانبردار ہیں۔ ☆

۱۳۷۔ اگر یہ لوگ اسی طرح ایمان لائیں جس طرح تم ایمان لائے ہو تو وہ ہدایت پر ہیں اور اگر وہ روگردانی کریں تو وہ صرف مخالفت کے درپے ہیں، ان کے مقابلے میں تمہارے (حمایت کے) لیے اللہ کافی ہوگا اور وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

۱۳۸۔ خدائی رنگ اختیار کرو، اللہ کے رنگ سے اچھا اور کس کا رنگ ہو سکتا ہے؟ اور ہم صرف اسی کے عبادت گزار ہیں۔ ☆

۱۳۹۔ کہہ دیجیے: کیا تم اللہ کے بارے میں ہم سے مخاصمت کرتے ہو؟ حالانکہ ہمارا اور تمہارا رب وہی ہے اور ہمارے لیے ہمارے اعمال ہیں اور تمہارے لیے تمہارے اعمال اور ہم تو اسی کے لیے مخلص ہیں۔ ☆

۱۴۰۔ کیا تم کہتے ہو کہ ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور ان کی اولاد یہودی یا نصرانی تھے؟ پوچھیے: کیا تم بہتر جانتے ہو یا اللہ؟ اور اس سے بڑھ کر ظالم اور کون ہو سکتا ہے جس کے ذمے اللہ کی طرف سے گواہی ہو اور وہ اسے چھپائے؟ اور اللہ تمہارے اعمال سے بے خبر تو نہیں ہے۔ ☆

۱۴۱۔ یہ امت گزر چکی ہے، ان کے اعمال ان کے لیے اور تمہارے اعمال تمہارے لیے اور تم سے (گزشتہ امتوں کے بارے میں) نہیں پوچھا جائے گا کہ وہ کیا کرتے تھے۔ ☆

۱۳۸۔ جس طرح اجسام کے رنگ ہوتے ہیں، جن کی مدد سے وہ جانے اور پہچانے جاتے ہیں، اسی طرح نفوس اور ارواح کے بھی رنگ ہوتے ہیں۔ کفر و شرک سے روح، سیاہ اور مکدر ہو جاتی ہے۔ جب کہ توحید و نبوت پر ایمان لانے سے روح میں زندگی کا حقیقی اور الٰہی رنگ نکھر آتا ہے اور اللہ نے اسے فطرت کے جس صاف و شفاف رنگ میں خلق کیا ہے، وہ اجاگر ہو جاتا ہے۔

اس آیت میں نصاریٰ کے عقیدۂ تعمید، بپتسما کی طرف اشارہ ہے۔ ان کا یہ رواج تھا کہ جب بھی ان کے ہاں کوئی بچہ پیدا ہوتا یا کوئی شخص ان کا مذہب اختیار کرتا تو اسے غسل دیتے تھے۔ اسے وہ صِبْغَة کہتے تھے اور یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ اس نے زندگی کا نیا رنگ اختیار کیا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ”زندگی کا بہترین رنگ، خدائی فطری رنگ ہے“ اور اس عقیدے کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ صرف اسی کی عبادت کی جائے: وَّنَحْنُ لَهٗ عٰبِدُوْنَ۔

۱۳۹۔ یہودی، نصرانی اور مسلمان ایک ہی خدا کو مانتے ہیں۔ لیکن یہود و نصاریٰ نے اللہ کے بارے میں نزاع کیا اور کہا کہ اللہ صرف ہمارا رب ہے اور ہم اس کی برگزیدہ مخلوق ہیں۔ قرآن اس دعوے کو باطل گردانتا ہے اور اس مخاصمت کو بیہودہ قرار دیتے ہوئے فرماتا ہے کہ یہ خود ساختہ نزاع لاحاصل ہے۔ خدا کسی مخصوص گروہ کا نہیں، بلکہ سب کا رب ہے۔ البتہ ہر گروہ اپنے اپنے اعمال کے لیے جوابدہ ہے۔

۱۴۰۔ توریت میں اس بات کی وضاحت موجود تھی کہ ابراہیم (ع) اور ان کی ذریت کا مذہب کیا تھا؟ اور ان لوگوں سے یہ عہد لیا گیا تھا کہ وہ آنے والی نسلوں کے لیے اس بات کی شہادت دیں گے، لیکن انہوں نے اس حقیقت کو چھپا کر ایک بہت بڑے ظلم کا ارتکاب کیا۔

۱۴۱۔ اسلاف کے اعمال سے امیدیں وابستہ رکھنے اور خود بدعمل ہونے کی یہ روش اتنی عام تھی کہ آیت ۱۳۴ کے بعد دوسری مرتبہ پھر تاکید کے ساتھ وہی مطلب بیان فرمایا گیا ہے

الجزء ۱ سَيَقُوْلُ السُّفَهَآءُ مِنَ النَّاسِ

مَا وَلّٰىهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِيْ
كَانُوْا عَلَيْهَا ؕ قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَ
الْمَغْرِبُ ؕ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۴۲﴾
وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا
لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَ
يَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ؕ
وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِيْ كُنْتَ
عَلَيْهَآ اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَّتَّبِعُ
الرَّسُوْلَ مِمَّنْ يَّنْقَلِبُ عَلٰى
عَقِبَيْهِ ؕ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا
عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ؕ وَمَا كَانَ
اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۳﴾
قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي
السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪
فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ
الْحَرَامِ ؕ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا
وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ؕ وَاِنَّ الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ
مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۴﴾

۱۴۲۔ لوگوں میں سے کم عقل لوگ ضرور کہیں گے: جس قبلے کی طرف یہ رخ کرتے تھے اس سے انہیں کس چیز نے پھیر دیا؟ (اے رسول ان سے) کہہ دیجیے: مشرق اور مغرب سب اللہ کے ہیں، اللہ جسے چاہتا ہے راہ راست کی ہدایت فرماتا ہے۔☆

۱۴۳۔ اور اسی طرح ہم نے تمہیں امت وسط بنا دیا تاکہ تم لوگوں پر گواہ رہو اور رسول تم پر گواہ رہیں اور آپ پہلے جس قبلے کی طرف رخ کرتے تھے اسے ہم نے صرف اس لیے مقرر کیا تھا تاکہ ہم رسول کی اتباع کرنے والوں کو الٹا پھر جانے والوں سے پہچان لیں اور یہ حکم اگرچہ سخت دشوار تھا مگر اللہ کی طرف سے ہدایت یافتہ لوگوں کے لیے (اس میں کوئی دشواری نہیں) اور اللہ تمہارے ایمان کو ضائع نہیں کرے گا، اللہ تو لوگوں کے حق میں یقیناً بڑا مہربان، رحیم ہے۔☆

۱۴۴۔ ہم آپ کو بار بار آسمان کی طرف منہ کرتے دیکھ رہے ہیں، سو اب ہم آپ کو اسی قبلے کی طرف پھیر دیتے ہیں جسے آپ پسند کرتے ہیں، اب آپ اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف کریں اور تم لوگ جہاں کہیں بھی ہو اس کی طرف رخ کرو اور اہل کتاب اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ یہ ان کے رب کی طرف سے حق پر مبنی (فیصلہ) ہے اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اس سے غافل نہیں ہے۔☆

۱۴۲۔قبلہ کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اللہ کسی خاص سمت میں ہے، بلکہ اس سے مراد کسی نظریے اور نظام کی وہ مخصوص علامت ہے جس سے اس کی عظمت اور تاریخ وابستہ ہے۔ جب زمام امامت اولادِ اسحاق کے پاس تھی تو یہ رمز اور علامت بیت المقدس کے ساتھ وابستہ تھی، لیکن اب نسل اسماعیل کی لازوال عظمتیں خانہ کعبہ کے ساتھ وابستہ ہیں: ☆ کعبہ وہ پہلا گھر ہے جو عبادت کے لیے بنایا گیا۔ ☆جہاں حضرت آدم علیہ السلام نے نزول فرمایا اور یہاں سے نسل انسانی اور دعوت الٰہی کا آغاز ہوا۔ ☆جہاں مقام ابراہیمؑ و خانہ اسماعیلؑ ہے۔ ☆جس کی طرف حضرت اسماعیلؑ نے ہجرت کی۔ ☆جہاں سے حضرت رسولؐ نے ہجرت کی۔ ☆جہاں تاریخ کی عظیم قربانی پیش کی گئی۔ ☆جہاں تاریخ کی سب سے بڑی بت شکنی ہوئی۔ ☆جہاں سے دعوت اسلام کی ابتداء ہوئی۔ ☆جہاں پر اسلام کی عظیم فتح (فتح مکہ) کا واقعہ پیش آیا۔ ☆ جہاں ابراہیمؑ کے ایک عظیم فرزند علی ابن ابی طالب علیہ السلام پیدا ہوئے۔

۱۴۳ تا ۱۴۵۔ یہ درحقیقت ایک گروہ کی امامت کا اعلان ہے جو رسولؐ اور لوگوں کے درمیان امت وسط کی حیثیت رکھتا ہے۔ کیونکہ: ☆ آیت کا تسلسل امامت کی منتقلی کے بارے میں ہے۔ ☆ امت وسط کو لوگوں کے اعمال کا شاہد بنایا گیا ہے، لہٰذا گواہ کے لیے ضروری ہے کہ لوگوں کے اعمال کے ساتھ اس کا ایک تعلق موجود ہو، جس طرح اعضاء و جوارح قیامت کے دن انسانی اعمال پر گواہی دیں گے۔ ☆ قیامت کے دن حساب و مواخذہ اور گواہی، حقائق پر مبنی ہوگی، دنیا کی طرح ظاہری نہ ہوگی۔ پس نتیجہ یہ نکلا کہ آخرت میں جب لوگوں سے حساب لیا جائے گا تو رسولؐ اس امت وسط پر گواہی دیں گے۔ اس کے بعد رسولؐ کے قائم مقام ہونے کی حیثیت سے دیگر لوگوں پر امت وسط گواہی دے گی۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے: و لا یکون الشهداء علی الناس الا الائمة و الرسل۔ لوگوں پر گواہ صرف ائمہ اور انبیاء ہو سکتے ہیں۔ تحویل قبلہ سے یہ دیکھنا بھی مقصود تھا کہ کون قومی تعصبات اور گروہی ترجیحات کے پرستار ہیں، کون قبلے کو آبائی

وَلَئِنْ اَتَيْتَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
بِكُلِّ اٰيَةٍ مَّا تَبِعُوْا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَآ
اَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا بَعْضُهُمْ
بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ؕ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ
اَهْوَآءَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ
مِنَ الْعِلْمِ ۙ اِنَّكَ اِذًا لَّمِنَ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۵﴾
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ
كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ
فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَ
هُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴۶﴾
اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ
الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾
وَ لِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا
فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اَيْنَ مَا
تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۴۸﴾
وَ مِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ
وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ
وَاِنَّهٗ لَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَمَا
اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۹﴾
وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ
وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ

وقف لازم
وقف مرخص
وقف لازم

۱۴۵۔ اور اگر آپ اہل کتاب کے سامنے ہر قسم کی نشانی لے آئیں پھر بھی یہ لوگ آپ کے قبلے کی پیروی نہیں کریں گے اور نہ آپ ان کے قبلے کی اتباع کرنے والے ہیں اور نہ ان میں سے کوئی دوسرے کے قبلے کی اتباع کرنے پر تیار ہے اور (پھر بات یہ ہے کہ) آپ کے پاس جو علم آ چکا ہے اس کے بعد بھی اگر آپ لوگوں کی خواہشات کی پیروی کرنے لگیں تو آپ زیادتی کرنے والوں میں ہوں گے۔☆

۱۴۶۔ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (رسول) کو اسی طرح پہچانتے ہیں جیسے وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور ان میں سے ایک گروہ جان بوجھ کر حق کو چھپا رہا ہے۔☆

۱۴۷۔ حق صرف وہی ہے جو آپ کے پروردگار کی طرف سے ہو، لہٰذا آپ شک و تردد کرنے والوں میں سے ہرگز نہ ہوں.

۱۴۸۔ اور ہر ایک کے لیے ایک سمت ہے جس کی طرف وہ رخ کرتا ہے، پس تم لوگ نیکیوں کی طرف سبقت کرو، تم جہاں کہیں بھی ہوں گے اللہ (ایک دن) تم سب کو حاضر کرے گا، یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۱۴۹۔ اور آپ جہاں کہیں بھی نکلیں اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف موڑیں، کیونکہ یہ آپ کے رب کا برحق فیصلہ ہے اور اللہ تم لوگوں کے اعمال سے غافل نہیں ہے۔

۱۵۰۔ اور آپ جہاں کہیں سے بھی نکلیں اپنا رخ مسجد الحرام کی طرف موڑیں اور تم

اور قبائلی اعتبار سے قبول کرتے ہیں اور کون ہیں جو قبلے کو الٰہی سمجھ کر مان لیتے ہیں۔

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ ...: اس سوال کا جواب ہے کہ قبلہ اگر کعبہ ہے تو بیت المقدس کی طرف پڑھی جانے والی نمازوں کا کیا ہو گا؟ اس آیت میں نماز کو ایمان سے تعبیر کیا گیا ہے۔ چنانچہ جب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے ایمان کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: اَلْاِيْمَانُ عَمَلٌ كُلُّهُ. (الکافی ۲:۳۳) ایمان پورے عمل سے عبارت ہے۔ پھر آپؑ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی.

رسول کریمؐ کو قبلہ کی تبدیلی کا انتظار تھا۔ اہل کتاب بھی جانتے تھے کہ آنے والے رسول دو قبلوں کی طرف نماز پڑھیں گے اور امامت کی منتقلی کا لازمہ بھی یہی ہے کہ قبلہ تبدیل کر دیا جائے۔ ادھر یہودیوں کا یہ طعنہ کہ تم ہمارے قبلے کی طرف رخ کرتے ہو، گراں گزر رہا تھا۔ چنانچہ اللہ نے اپنے حبیب کو ان کی پسند کا قبلہ عنایت فرمایا۔

۱۴۶۔ اہل کتاب اپنی کتب میں رسول آخر الزمان (ص) کے تمام اوصاف پڑھ چکے تھے۔ چنانچہ اہل کتاب کا پڑھا لکھا شخص پہلی نظر میں ہی آپ (ص) کو پہچان لیتا تھا، جس طرح اپنی اولاد کو پہچاننے میں انسان کو دشواری نہیں ہوتی۔ کیونکہ اولاد کی پہچان کا تعلق صرف مشاہدات سے نہیں ہوتا بلکہ قلبی تعلق اور محبت اس پہچان کے اہم عنصر ہیں جن کی وجہ سے باپ دور سے اپنی اولاد کی خوشبو سونگھ لیتا ہے اور بیٹے کی قمیص سے چشم پدر میں روشنی لوٹ آتی ہے۔

۱۴۸۔ شیعہ امامیہ کی متعدد روایات میں وارد ہوا ہے کہ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا سے مراد حضرت امام مہدی علیہ السلام کے انصار ہیں۔ علامہ طباطبائی فرماتے ہیں: اِنَّهٗ مِنَ التَّطْبِيْقِ وَ الْجَرْيِ۔ یہ آیت امام مہدی علیہ السلام کے انصار پر بھی قابل تطبیق ہے۔ مراد اور تطبیق میں نمایاں فرق ہوتا ہے اور ہم نے مقدمے میں تطبیق کی وضاحت بیان کی ہے۔

وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا
وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۙ لِئَلَّا يَكُوْنَ
لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ ۢ اِلَّا الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ
وَاخْشَوْنِيْ ۠ وَلِاُتِمَّ نِعْمَتِيْ
عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۰﴾
كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ
يَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا وَيُزَكِّيْكُمْ
وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۵۱﴾ ۱۵ع
فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ
وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ﴿۱۵۲﴾ ۱۶ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِيْنُوْا
بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ
الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۳﴾
وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ۭ بَلْ اَحْيَاۗءٌ وَّلٰكِنْ لَّا
تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۵۴﴾
وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ
وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ
وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ۭ وَبَشِّرِ
الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۵۵﴾

لوگ جہاں کہیں بھی ہو اپنا رخ اسی (کعبے) کی طرف کرو تاکہ ان میں سے ظالموں کے علاوہ لوگوں کو تمہارے خلاف کوئی حجت نہ ملے، لہٰذا تم ان سے نہیں صرف مجھ ہی سے ڈرو تاکہ میں تم پر اپنی نعمتیں پوری کروں اور شاید تم ہدایت پاؤ۔

۱۵۱۔ جیسے ہم نے تمہارے درمیان خود تم ہی میں سے ایک رسول بھیجا جو تمہیں ہماری آیات پڑھ کر سناتا ہے اور تمہیں پاکیزہ کرتا ہے اور تمہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے اور تمہیں ان چیزوں کی تعلیم دیتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے۔☆

۱۵۲۔ لہٰذا تم مجھے یاد رکھو میں تمہیں یاد رکھوں گا اور میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نہ کرو۔☆

۱۵۳۔ اے ایمان والو! صبر اور نماز سے مدد لو، اللہ یقیناً صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔☆

۱۵۴۔ اور جو لوگ راہ خدا میں مارے جاتے ہیں انہیں مردہ نہ کہو، بلکہ وہ زندہ ہیں، مگر تم (ان کی زندگی کا) ادراک نہیں رکھتے۔☆

۱۵۵۔ اور ہم تمہیں کچھ خوف، بھوک اور جان و مال اور ثمرات (کے نقصانات) سے ضرور آزمائیں گے اور آپ ان صبر کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجیے۔

۱۵۱۔ تلاوت (ت ل و) کسی کے پیچھے اس طرح چلنا کہ درمیان میں کوئی غیر حائل نہ ہو۔ لہٰذا تلاوت میں اتباع کا مفہوم مضمر ہے اور بغرض اتباع پڑھنا تلاوت ہے۔

تزکیہ (ز ک و) پاکیزہ بنانا۔ یعنی روحانی ارتقاء کے لیے زمین ہموار کرنا۔ اہلیت اور قابلیت کے بعد تعلیم کا مرحلہ آتا ہے۔

۱۵۲۔ تعلیم کے بعد ''ذکر'' کا مقام ہے۔ جو شخص مقام ''ذکر'' پر فائز ہو، وہ اَذْكُرْكُمْ کے مقام پر فائز ہوتا ہے، یعنی اللہ اسے یاد فرماتا ہے اور یہی عبد کی کامیابی ہے۔

۱۵۳۔ واضح ہے کہ ہر انسان کو اپنی زندگی میں قانون خلقت کے تحت بھی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پھر اسلام جیسی انقلابی تحریک سے وابستہ ایک نظریاتی انسان کو تو اس انسانی اور الٰہی مشن میں گوناگوں مشکلات کا سامنا کرنا ہی پڑتا ہے۔ ایسے حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے دو چیزوں کا سہارا لینے کی تلقین فرمائی ہے۔
ایک: صبر جو انجام سے آگاہی کے ساتھ حاصل ہونے والی ایک روحانی طاقت کا نام ہے
دوسری: انسان کو اقامۂ نماز کے ذریعے اللہ کی ذات پر بھروسا کرنا چاہیے۔ کیونکہ نماز ایک شخصیت ساز اور انسان ساز تربیتی نظام ہے، جس کی بدولت یہ بے ہمت انسان کائنات کی طاقت کے سرچشمے سے وابستہ ہو جاتا ہے۔ پس وہ انسان کس قدر عظیم اور طاقتور ہوگا، جس کا بھروسا ذات الٰہی پر ہو۔

۱۵۴۔ مرنے کے بعد اگرچہ ایک نظریے کے مطابق ہر ایک کو ایک قسم کی زندگی ملتی ہے لیکن شہداء کو جو زندگی میسر آتی ہے وہ آثار حیات کے اعتبار سے عام زندگی سے ممتاز ہوتی ہے۔ جس طرح دنیا میں حیات نباتی وحیوانی کے مقابلے میں انسانی حیات کو ممتاز مقام حاصل ہے۔
حیات برزخی میں ہر شخص کو اس کے عمل کے مطابق حیات ملے گی۔ چنانچہ حضرت امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے: منهم من يزور كل جمعة و منهم من يزور على قدر عمله۔ (الکافی ۳: ۲۳۰) ان میں سے کچھ ہر جمعہ کو ایک دوسرے کی ملاقات کرتے ہیں اور کچھ لوگ اپنے عمل کے مطابق ایک دوسرے کو مل سکتے ہیں۔

الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ
قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾
اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ
رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۷﴾
اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ
اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ
بِهِمَا ؕ وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا ۙ فَاِنَّ
اللّٰهَ شَاكِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۵۸﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا
مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا
بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ
اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ
اللّٰعِنُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ ۙ
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَيَّنُوْا
فَاُولٰٓئِكَ اَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ۚ وَاَنَا
التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۰﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ
كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ
وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۶۱﴾ ۙ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۱۶۲﴾

۱۵۶۔ جو مصیبت میں مبتلا ہونے کی صورت میں کہتے ہیں: ہم تو اللہ ہی کے ہیں اور ہمیں اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔☆

۱۵۷۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر ان کے رب کی طرف سے درود ہیں اور رحمت بھی اور یہی لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔☆

۱۵۸۔ صفا اور مروہ یقیناً اللہ کے شعائر میں سے ہیں، پس جو بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے، اس کے لیے ان دونوں کا چکر لگانے میں کوئی حرج نہیں اور جو اپنی خوشی سے کوئی نیکی کرتا ہے تو یقیناً اللہ قدر کرنے والا، خوب جاننے والا ہے۔

۱۵۹۔ جو لوگ ہماری نازل کردہ واضح نشانیوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں باوجودیکہ ہم کتاب میں انہیں لوگوں کے لیے کھول کر بیان کر چکے ہیں، تو ایسے لوگوں پر اللہ اور دیگر لعنت کرنے والے سب لعنت کرتے ہیں۔

۱۶۰۔ البتہ جو لوگ توبہ کر لیں اور (اپنی) اصلاح کر لیں اور (جو چھپاتے تھے اسے) بیان کر دیں تو میں ان کی توبہ قبول کروں گا اور میں تو بڑا توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہوں۔

۱۶۱۔ جو لوگ کفر اختیار کرتے ہیں اور اسی حالت میں مر جاتے ہیں ان پر اللہ، فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہے۔

۱۶۲۔ وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے، نہ ان کے عذاب میں تخفیف ہو گی اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔

۱۵۶۔ انسانی زندگی کے تمام پہلوؤں کو جب امتحان گھیر لیتا ہے تو صبر و رضا کے مقام پر فائز انسان کا مؤقف یہ ہوتا ہے: اِنَّا لِلّٰهِ ”ہم اللہ کے لیے ہیں“۔ اس نظریے سے انسان کو آزمائشوں کی منطقی توجیہ میسر آتی ہے کہ وہ فطرت کے ہاتھوں میں محض ایک کھلونا نہیں ہے، بلکہ ایک غفور و رحیم ذات کا عبد ہے جو کسی پر ذرہ برابر ظلم نہیں کرتی۔ لہٰذا یہ مصائب و آلام خود ہمارے ارتقاء کے لیے ہیں۔ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ”اور ہم نے اللہ کی طرف پلٹ کر جانا ہے“، ارحم الراحمین کے جوار رحمت میں جانا ہے۔ رجوع الی اللہ کی دو صورتیں ہیں: ایک یہ کہ کوئی چاہے یا نہ چاہے اللہ کی بارگاہ میں اسے حاضر ہونا ہے۔ دوسری رجوع اختیاری ہے، جس کے تحت شہداء اور اولیاء اللہ اپنی مرضی سے خود چل کر مشتاقانہ اللہ کی بارگاہ میں جاتے ہیں۔ ان کے لیے موت شہد سے بھی شیریں ہوتی ہے۔ رسول خداؐ سے روایت ہے: اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اعطیته ثلاث خصال لو اعطیت واحدة منهن ملائکتی لرضوا بها منی۔ میں نے اپنے بندے کو تین چیزیں دی ہیں۔ ان میں سے ایک بھی میں اپنے فرشتوں کو دیتا تو وہ خوش ہو جاتے۔ پھر فرمایا: ان میں سے ایک یہ ہے کہ مصیبت کے موقع پر کہے: اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ (الکافی ۲:۱۳)

۱۵۷۔ ایک ہمہ گیر آزمائش کے بعد جو لوگ مقامِ صبر و رضا پر فائز ہوتے ہیں، ان پر ان کے رب کی طرف سے درود ہے۔ یعنی یہ لوگ صلوات اللہ علیہم کے مصداق ہیں۔ ائمہ اہل البیت علیہم السلام کو کئی آزمائشوں سے دوچار ہونا پڑا۔ اس بارے میں امام شافعی کی تعبیر نہایت جامع ہے: تزلزلت الدنیا لآل محمد و کادت لهم صمّ الجبال تذوب ”آلِ محمدؐ کے مصائب نے دنیا کو ہلا کر رکھ دیا ہے، جنہیں دیکھ کر سخت چٹانیں بھی پگھل جائیں“۔ چونکہ یہ ہستیاں اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ کی اوّلین مصداق ہیں، اس لیے ہم ان پر درود بھیجتے ہیں اور ان کے اسمائے گرامی کے ساتھ علیہم السلام لکھتے ہیں۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ ع ۱۹ ۱۲
اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ
الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ
النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ
مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ
مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۖ وَّ
تَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ
بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ
وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ
الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ
اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾
اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ
اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ
بِهِمُ الْاَسْبَابُ ﴿۱۶۶﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا
كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا
مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ

۱۶۳۔ اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے اس رحمٰن رحیم کے سوا کوئی معبود نہیں۔☆

۱۶۴۔ یقیناً آسمانوں اور زمین کی خلقت میں، رات اور دن کے آنے جانے میں، ان کشتیوں میں جو انسانوں کے لیے مفید چیزیں لے کر سمندروں میں چلتی ہیں اور اس پانی میں جسے اللہ نے آسمانوں سے برسایا، پھر اس پانی سے زمین کو مردہ ہونے کے بعد (دوبارہ) زندگی بخشی اور اس میں ہر قسم کے جانداروں کو پھیلایا، اور ہواؤں کی گردش میں اور ان بادلوں میں جو آسمان اور زمین کے درمیان مسخر ہیں عقل سے کام لینے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔☆

۱۶۵۔ اور لوگوں میں سے کچھ ایسے ہیں جو اللہ کے سوا دوسروں کو اس کا مدمقابل قرار دیتے ہیں اور ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسی محبت اللہ سے رکھنی چاہیے اور ایمان والے تو سب سے زیادہ اللہ ہی سے محبت کرتے ہیں اور کاش یہ ظالم لوگ عذاب کا مشاہدہ کر لینے کے بعد جو کچھ سمجھنے والے ہیں اب سمجھ لیتے کہ ساری طاقتیں صرف اللہ ہی کی ہیں اور یہ کہ اللہ سزا دینے میں نہایت شدید ہے۔

۱۶۶۔ (اس وقت کا خیال کرو) جب راہنما اپنے پیروکاروں سے اظہار برائت کریں گے اور عذاب کا مشاہدہ کریں گے اور تمام تعلقات ٹوٹ کر رہ جائیں گے۔☆

۱۶۷۔ اور (دنیا میں) جو لوگ (ان کے) پیروکار تھے وہ کہیں گے: کاش ہمیں ایک بار دنیا میں واپس جانے کا موقع مل جاتا تو ہم بھی ان سے (اسی طرح) اظہار برائت کرتے جس طرح یہ (آج) ہم

۱۶۳۔ الٰہ معبود کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ واحد ہے۔ اس کی ذات ایک ہے۔ وہ صفات میں بھی ایک ہے۔ اس کی ذات اور صفات میں بھی تعدد نہیں ہے۔ یعنی اس کی حیات، قدرت، علم اور ذات ایک ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ ذات خدا اور اس کی صفات دو متعدد چیزیں ہوں۔ صفت اور موصوف الگ ہوں۔ چنانچہ دیگر اشیاء میں ذات، صفات سے الگ اور ان سے متصف ہوتی ہے۔ ظاہر ہے کہ ذات کا صفات سے اتصاف اس وقت معقول ہے، جب یہ دونوں الگ ہوں۔

۱۶۴۔ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام ہوا کے درج ذیل فوائد بیان فرماتے ہیں: ☆حیات بخش ہے ☆تنفس کے ذریعے اعضاء کا تحفظ ☆آواز کی منتقلی ☆خوشبو کی منتقلی ☆حرارت اور برودت کا اعتدال ☆بادلوں کی منتقلی ☆درختوں کی باردار ی ☆کشتی رانی ☆کھانے کی چیزوں میں نرمی ☆آتش سوزی کا ذریعہ ☆موسم میں خنکی ☆رطوبت کی تخفیف۔ خلاصہ: موجوداتِ ارضی کے لیے ہوا حیات بخش ہے۔ (توحید مفضل سے اقتباس)

امام (ع) کے فرمان کا ایک جملہ یہ ہے: و ھو القابل للحر و البرد ”ہوا حرارت اور برودت کو اپنے اندر سمیٹ لیتی ہے“۔

سورج کی روشنی کے مضر اثرات زمین کے مخصوص کرۂ ہوائی اوزون کے ذریعے زائل ہوتے ہیں۔ اس طرح یہ روشنی چھن کر ہم تک پہنچتی ہے، لیکن اس مخصوص کرۂ ہوائی کے دائرے اوزون میں بعض وجوہات کی بنا پر شگاف پڑ جانے کی وجہ سے یہ مضر کرنیں اور شعاعیں براہ راست زمین تک پہنچ رہی ہیں جن کے مہلک اثرات ظاہر ہونا شروع ہو گئے ہیں۔

۱۶۶۔ ان لوگوں کی بات ہے جنہوں نے حق کو نہیں پہچانا بلکہ شخصیات کی جاہ وجلالت دیکھ کر انہیں حق و باطل کا معیار قرار دیا۔ حضرت علی علیہ السلام نے ایسے لوگوں سے فرمایا: الحق لایعرف بالرجال اعرف الحق تعرف اھلہ۔ حق شخصیات سے نہیں پہچانا جاتا، حق کو پہچان لو پھر تم اہلِ حق کو بھی پہچان لو گے۔ (روضۃ الواعظین ۱: ۳۱)

حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَ مَا هُمْ
ع ۲۴ بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ﴿۱۶۷﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ
حَلٰلًا طَيِّبًا ۫ وَّ لَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ
الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ
مُّبِيْنٌ ﴿۱۶۸﴾
اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَ الْفَحْشَآءِ
وَ اَنْ تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶۹﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ
قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَاۤ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ
اٰبَآءَنَا ؕ اَوَ لَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا
يَعْقِلُوْنَ شَيْـًٔا وَّ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۷۰﴾
وَ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ
الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً
وَّ نِدَآءً ؕ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا
يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷۱﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ
مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ
كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۷۲﴾
اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَ الدَّمَ وَ
لَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَ مَاۤ اُهِلَّ بِهٖ لِغَيْرِ
اللّٰهِ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّ لَا

سے اظہار برائت کر رہے ہیں، اس طرح اللہ ان کے اعمال کو سراپا حسرت بنا کر دکھائے گا اور وہ دوزخ سے نکل نہیں پائیں گے۔

۱۶۸۔ لوگو! زمین میں جو حلال اور پاکیزہ چیزیں ہیں انہیں کھاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو، یقیناً وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔☆

۱۶۹۔ وہ تمہیں برائی اور بے حیائی کا ہی حکم دیتا ہے اور اس بات کا کہ تم اللہ کی طرف وہ باتیں منسوب کرو جن کے متعلق تمہیں علم نہیں ہے۔☆

۱۷۰۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اللہ کے نازل کردہ احکام کی پیروی کرو تو وہ جواب دیتے ہیں کہ ہم تو اس طریقے کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے آباء و اجداد کو پایا ہے، خواہ ان کے آباء و اجداد نے نہ کچھ عقل سے کام لیا ہو اور نہ ہدایت حاصل کی ہو۔☆

۱۷۱۔ اور ان کافروں کی حالت بالکل اس شخص کی سی ہے جو ایسے (جانور) کو پکارے جو بلانے اور پکارنے کے سوا کچھ نہ سن سکے، یہ بہرے، گونگے، اندھے ہیں، پس (اسی وجہ سے) یہ لوگ عقل سے بھی عاری ہیں۔

۱۷۲۔ اے ایمان والو! اگر تم صرف اللہ کی بندگی کرنے والے ہو تو ہماری عطا کردہ پاک روزی کھاؤ اور اللہ کا شکر کرو۔

۱۷۳۔ یقیناً اسی نے تم پر مردار، خون، سور کا گوشت اور غیر اللہ کے نام کا ذبیحہ حرام قرار دیا، پھر جو شخص مجبوری کی حالت میں ہو اور وہ بغاوت کرنے اور ضرورت

۱۶۸۔ اس آیت سے اصل حلّیت ثابت ہوتی ہے کہ زمین میں موجود چیزیں دو شرطوں کے ساتھ انسان کے لیے مباح ہیں۔ پہلی شرط یہ ہے کہ حلال ہوں، دوسری شرط یہ ہے کہ پاکیزہ ہوں۔

۱۶۹۔ شیطان کی گمراہ کن تحریک کے دو عناصر ہیں: ایک یہ کہ انسان کو بے حیائی کے ارتکاب پر آمادہ کرتا ہے اور دوسرا یہ کہ بغیر علمی سند کے اللہ کی طرف باتیں منسوب کرے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے: إيّاك و خصلتين ففيهما هلك من هلك : ان تفتى برأيك و تدين بما لا تعلم (وسائل الشيعه ۲۷:۲۱)۔ دو باتوں سے اجتناب کیا کرو، ان دو باتوں کی وجہ سے لوگ ہلاکت میں پڑتے رہے ہیں: اپنی ذاتی رائے سے حکم نہ بتایا کرو اور جن چیزوں کا تمہیں علم نہیں ہے انہیں اپنے دین کا حصہ نہ بناؤ۔

۱۷۰۔ اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ اس آیت میں اندھی تقلید کی وضاحت کرتے ہوئے اس کی مذمت کی گئی ہے۔ اندھی تقلید وہ ہے جو عقل و ہدایت پر مبنی نہ ہو۔ اسلام عقل، دلیل اور سند کے بغیر کسی مؤقف کو درست تصور نہیں کرتا۔ اس لیے یہ کہنا نہایت ناانصافی ہے کہ مذہب اندھی تقلید کا نام ہے۔ بعض لوگوں کے خیال میں انسانی زندگی چار ادوار پر مشتمل ہے۔ داستانی، مذہبی، فلسفی اور سائنسی۔ مذہب دوسرے دور سے مربوط ہے۔ لیکن یہ نظریہ درست نہیں، کیونکہ دین فلسفے سے پہلے دور کی پیداوار نہیں ہے بلکہ دین ابراہیمی سے پہلے ہندوستان، مصر اور کلدان میں فلسفہ رائج تھا۔ فروعی مسائل میں ماہر فقہ کی طرف رجوع کرنے کو بھی تقلید کہتے ہیں۔ مگر یہ بغیر دلیل و سند کے اندھی تقلید نہیں ہے، بلکہ یہ عقل و ہدایت کے ذریعے مذہب کو قبول کرنے کے بعد اس پر عمل کرنے کا ایک معقول ذریعہ ہے۔

۱۷۳۔ فقہ جعفری کے مطابق جو جانور ذبح شرعی کے بغیر مر جائے، اس مردار سے ہر قسم کا استفادہ حرام ہے۔ چنانچہ اس کا چمڑا دباغت کے ذریعے پاک اور جائز الاستفادہ نہیں ہوتا، جب کہ دوسرے مذاہب میں پاک و جائز ہوتا ہے۔

عَادٍ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۷۳﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
مِنَ الْكِتٰبِ وَيَشْتَرُوْنَ بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيْلًا ۙ اُولٰٓئِكَ مَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ
بُطُوْنِهِمْ اِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ
اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ ۪ وَ
لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۴﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الضَّلٰلَةَ
بِالْهُدٰى وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَآ
اَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ ﴿۱۷۵﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ نَزَّلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ ؕ
وَاِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِي الْكِتٰبِ
لَفِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۷۶﴾ ع ۱۱ الربع ۲۱
لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا
وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ
وَالْمَغْرِبِ وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ
وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ
عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى
وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ ۙ
وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ ۚ وَ
اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ ۚ وَ

سے تجاوز کرنے والا نہ ہو تو اس پر کچھ گناہ نہیں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۷۴۔ جو لوگ اللہ کی نازل کردہ کتاب کو چھپاتے ہیں اور اس کے عوض میں حقیر قیمت حاصل کرتے ہیں، یہ لوگ بس اپنے پیٹ آتش سے بھر رہے ہیں اور اللہ قیامت کے دن ایسے لوگوں سے بات نہیں کرے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔☆

۱۷۵۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے ہدایت کے عوض ضلالت اور مغفرت کے بدلے عذاب خرید لیا ہے، (تعجب کی بات ہے کہ) آتش جہنم کے عذاب کے لیے ان میں کتنی برداشت ہے۔☆

۱۷۶۔ یہ (سزا) اس وجہ سے ہے کہ اللہ نے کتاب تو حق کے مطابق نازل کی تھی اور جن لوگوں نے کتاب کے بارے میں اختلاف کیا، یقیناً وہ دور دراز کے جھگڑے میں پڑے ہوئے ہیں۔☆

۱۷۷۔ نیکی یہ نہیں ہے کہ تم اپنا رخ مشرق اور مغرب کی طرف پھیر لو، بلکہ نیکی تو یہ ہے کہ جو کوئی اللہ، روز قیامت، فرشتوں، کتاب اور نبیوں پر ایمان لائے اور اپنا پسندیدہ مال قریبی رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں، مسافروں اور سائلوں پر اور غلاموں کی رہائی پر خرچ کرے اور نماز قائم کرے اور زکوٰۃ ادا کرے نیز جب

۱۷۴۔ جو لوگ حقیر دنیاوی مفادات کی خاطر احکام خداوندی کو درست بیان نہیں کرتے، دراصل وہ اپنے شکم کو آگ سے بھر رہے ہیں۔ یہ آیت مجسم اعمال پر دلالت کرتی ہے۔ یعنی انسان اس دنیا میں جو بھی عمل انجام دیتا ہے، وہ آخرت میں مجسم ہو کر سامنے آئے گا۔ جو لوگ احکام خدا کو چھپا کر دنیا میں مال و دولت کماتے ہیں قیامت کے دن یہی مال آگ کی شکل اختیار کرے گا۔
قیامت کے دن اللہ ایسے لوگوں سے نہ بات کرے گا اور نہ ہی انہیں پاک کرے گا۔ دنیا میں اللہ سے ہمکلام ہونے کا شرف صرف انبیاء علیہم السلام کو حاصل ہے، لیکن قیامت کے دن اللہ تعالیٰ مومنوں سے ہمکلام ہوگا۔ قیامت کے دن سب کو اللہ ہی کے سامنے جوابدہی کے لیے حاضر ہونا ہے اور حساب و کتاب دینا ہے۔

۱۷۵۔ اللہ تعالیٰ ان کی نادانی اور بے عقلی بیان فرماتا ہے کہ یہ لوگ احکام خدا کو بھی جانتے ہیں اور یہ بھی جانتے ہیں کہ ان کے چھپانے کا انجام ضلالت اور جہنم ہے۔ اس علم کے باوجود یہ لوگ آتش جہنم میں جانے کے لیے آمادہ ہیں جو مقام تعجب ہے۔

۱۷۶۔ احکام خدا چھپانے والوں کو یہ سزا کیوں دی جا رہی ہے اور ان کے یہ گناہ ناقابل معافی کیوں ہیں؟ آیہ شریفہ میں اس کی وضاحت فرمائی گئی ہے کہ اللہ نے حق کے مطابق کتاب نازل کی تھی، ان لوگوں نے حق کو چھپایا ہے۔ حق پوشیدہ رکھنے کی صورت میں اختلاف اور تفرقہ پیدا ہوتا ہے اور اس کا لازمی نتیجہ ضلالت و گمراہی اور استحقاق عذاب ہے۔ چنانچہ دنیا میں رونما ہونے والے تمام اختلافات اور تفرقوں کے ذمے دار یہی لوگ ہیں۔ اس لیے ان کا یہ جرم قابل معافی نہیں ہے۔ کیونکہ ان کے اس جرم کے آثار آنے والی تمام نسلوں میں جاری رہتے ہیں۔

۱۷۷۔ رسول کریمؐ سے مروی ہے: من عمل بهذه الاية فقد استكمل الايمان۔ (بحار الانوار ۶۶:۳۴۶) جو اس آیت پر عمل کرے اس کا ایمان کامل ہے۔

الْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ
وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ
وَحِيْنَ الْبَاْسِ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
صَدَقُوْا ؕ وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الْمُتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ
الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلٰى ؕ اَلْحُرُّ
بِالْحُرِّ وَ الْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْاُنْثٰى
بِالْاُنْثٰى ؕ فَمَنْ عُفِيَ لَهٗ مِنْ اَخِيْهِ
شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوْفِ وَاَدَآءٌ
اِلَيْهِ بِاِحْسَانٍ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ فَمَنِ اعْتَدٰى
بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۸﴾
وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ يّٰٓاُولِي
الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۹﴾
كُتِبَ عَلَيْكُمْ اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ
الْمَوْتُ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا ۖ۟ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ
بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۸۰﴾
فَمَنْۢ بَدَّلَهٗ بَعْدَ مَا سَمِعَهٗ فَاِنَّمَآ
اِثْمُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يُبَدِّلُوْنَهٗ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۸۱﴾
فَمَنْ خَافَ مِنْ مُّوْصٍ جَنَفًا اَوْ

معاہدہ کریں تو اسے پورا کرنے والے ہوں اور تنگدستی اور مصیبت کے وقت اور میدان جنگ میں صبر کرنے والے ہوں، یہی لوگ سچے ہیں اور یہی لوگ متقی ہیں۔☆

۱۷۸۔ اے ایمان والو! تم پر مقتولین کے بارے میں قصاص کا حکم لکھ دیا گیا ہے، آزاد کے بدلے آزاد، غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت، ہاں اگر مقتول کے بھائی کی طرف سے قاتل کو (قصاص کی) کچھ چھوٹ مل جائے تو اچھے پیرائے میں (دیت کا) مطالبہ کیا جائے اور (قاتل کو چاہیے کہ) وہ حسن و خوبی کے ساتھ اسے ادا کرے، یہ تمہارے رب کی طرف سے ایک قسم کی تخفیف اور مہربانی ہے، پس جو اس کے بعد بھی زیادتی کرے گا، اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔☆

۱۷۹۔ اور اے عقل والو! تمہارے لیے قصاص میں زندگی ہے، امید ہے تم (اس قانون کے سبب) بچتے رہو گے۔☆

۱۸۰۔ تمہارے لیے یہ لکھ دیا گیا ہے کہ جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آئے اور وہ کچھ مال چھوڑے جا رہا ہو تو اسے چاہیے کہ والدین اور قریبی رشتہ داروں کے لیے مناسب طور پر وصیت کرے، متقی لوگوں پر یہ ایک حق ہے۔☆

۱۸۱۔ جو وصیت کو سن لینے کے بعد اسے بدل ڈالے تو اس کا گناہ ان بدلنے والوں پر ہوگا، اللہ یقیناً ہر بات کا خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

۱۸۲۔ البتہ جو شخص یہ خوف محسوس کرے کہ وصیت کرنے والے نے جانبداری یا گناہ

۱۷۸۔ یہودیوں کے ہاں قصاص ایک لازمی اور ناقابلِ تلافی سزا ہے۔ ملاحظہ ہو خروج ۲۱، ۲۲ عدد ۳۵۔ عیسائی کہتے ہیں: قصاص کی سزا فقط خاص حالات میں دی جا سکتی ہے۔ اسلام نے یہاں عادلانہ اور فراخدلانہ راہ اختیار کی ہے اور تین راہوں میں سے ایک راہ اختیار کرنے کا حق دیا ہے: ☆ قصاص یعنی خون کا بدلہ خون ☆ دیت یعنی خون کا بدلہ مال ☆ معافی یعنی نہ خون نہ دیت۔

۱۷۹۔ جو لوگ قصاص کو جانوں کے تلف کرنے کا اعادہ اور جذبۂ انتقام کا فروغ تصور کرتے ہیں، ان کی نظر میں قصاص صرف قاتل اور مقتول تک محدود ہے جبکہ قصاص کا تعلق پوری انسانیت سے ہے اور اس قانون سے قتل میں کمی واقع ہو جاتی ہے، خواہ قصاص عملاً معاف ہو جائے یا دیت لے لی جائے نیز قصاص اندھا انتقام نہیں بلکہ یہ ایک مہذب قانون ہے۔ چنانچہ مقتول کے وارثین کو یہ حق حاصل نہیں ہے کہ وہ خود قاتل سے انتقام لیں۔ ورثاء عدالت کی طرف رجوع کریں گے اور اسلامی ریاست کی ذمے داری ہے کہ وہ قانونِ قصاص پر عمل کرائے خواہ مقتول کا کوئی وارث ہو یا نہ ہو۔ چشم جہاں نے دیکھ لیا کہ جس دن سے زندان نے قصاص کی جگہ لی ہے، دنیا میں قتل کی وارداتوں میں اضافہ ہوا ہے نیز دفاع میں جب قتل سے پہلے قتل جائز ہے، قصاص میں قتل کے بعد قتل کیسے جائز نہ ہوگا۔ قصاص پر اعتراض کرنے والی ایک مہذب قوم نے اپنے ایک فرد کا بدلہ دوسری پوری قوم سے لیا۔ وہ لوگ اپنے مفادات کے تحفظ کے لیے تیسری دنیا میں نسل کشی سے باز نہیں آتے، پھر قصاص کو غیر انسانی عمل کہتے ہیں!

۱۸۰۔ تَرَكَ خَيْرَا سے مراد مال ہے۔ قرآن مجید میں مال کو یہاں خیر کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے۔ کیونکہ مال اگرچہ خود مقصد تو نہیں، لیکن اگر کسی نیک مقصد کا ذریعہ بنتا ہو تو اس میں خیر ہی خیر ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ (ع) نے خیر سے مال کثیر مراد لیا ہے۔ چنانچہ ایک ایسے آدمی کو جس کے پاس صرف سات سو درھم تھے آپ (ع) نے وصیت کرنے سے منع فرمایا اور فرمایا: قَالَ سُبْحَانَهٗ اِنْ تَرَكَ خَيْرَا وَ لَيْسَ لَكَ كَثِيْرٍ مَالٍ۔ (فقہ القرآن ۲:۳۰۱) اللہ سبحانہ نے فرمایا ہے کہ خیر چھوڑ جائے اور تیرے پاس کثیر مال نہیں ہے۔

اِثْمًا فَاَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَآ اِثْمَ
ع ۲۲ عَلَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸۳﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ
عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ
تَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۴﴾
اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ كَانَ
مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ
مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ وَعَلَى الَّذِيْنَ
يُطِيْقُوْنَهٗ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِيْنٍ ؕ
فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ ؕ
وَاَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۵﴾
شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ
الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ
الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ
مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ؕ وَمَنْ
كَانَ مَرِيْضًا اَوْ عَلٰى سَفَرٍ فَعِدَّةٌ
مِّنْ اَيَّامٍ اُخَرَ ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ
الْيُسْرَ وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ ۫ وَ
لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ
عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۸۶﴾

کا ارتکاب کیا ہے، پھر وہ آپس میں صلح کرا دے تو اس پر کوئی گناہ نہیں، بیشک اللہ بڑا بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔

۱۸۳۔ اے ایمان والو! تم پر روزے کا حکم لکھ دیا گیا ہے جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر لکھ دیا گیا تھا تا کہ تم تقویٰ اختیار کرو۔

۱۸۴۔ (یہ روزے) گنتی کے چند دن ہیں، پھر اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے دنوں میں مقدار پوری کر لے اور جو لوگ روزہ رکھنے میں مشقت محسوس کرتے ہیں وہ فدیہ دیں جو ایک مسکین کا کھانا ہے، پس جو اپنی خوشی سے نیکی کرے تو اس کے لیے بہتر ہے اور اگر تم سمجھو تو روزہ رکھنا تمہارے لیے بہتر ہے۔ ☆

۱۸۵۔ رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا جو لوگوں کے لیے ہدایت ہے اور ایسے دلائل پر مشتمل ہے جو ہدایت اور (حق و باطل میں) امتیاز کرنے والے ہیں، لہٰذا تم میں سے جو شخص اس مہینے کو پائے وہ روزہ رکھے اور جو بیمار اور مسافر ہو وہ دوسرے دنوں میں مقدار پوری کرے، اللہ تمہارے لیے آسانی چاہتا ہے اور تمہیں مشقت میں ڈالنا نہیں چاہتا اور وہ چاہتا ہے کہ تم مقدار پوری کرو اور اللہ نے تمہیں جس ہدایت سے نوازا ہے اس پر اللہ کی عظمت و کبریائی کا اظہار کرو شاید تم شکر گزار بن جاؤ۔ ☆

۱۸۴۔ اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ: یعنی روزہ رکھنے میں خود تمہاری بہتری ہے۔ اس بہتری کو ہمارے علم کے ساتھ مربوط فرمایا۔ چنانچہ کل کی نسبت آج کا انسان روزے کے طبی، اخلاقی اور نفسیاتی فوائد کو بہتر سمجھ سکتا ہے۔

اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ: گنتی کے چند دن، یعنی ماہ رمضان۔ کیونکہ بارہ مہینوں میں سے ایک ماہ گنتی کے چند دن ہی ہوتے ہیں۔ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ سال میں چند دن یعنی ایک ماہ کے روزے رکھنا کوئی پر مشقت کام نہیں ہے۔

روزے کا حکم بیان فرمانے کے بعد مسافر اور مریض کے لیے فرمایا کہ اگر وہ ان معدود ایام میں روزہ نہ رکھ سکیں تو اس مقدار کو دوسرے دنوں میں پورا کر سکتے ہیں کیونکہ مقررہ دنوں میں نہ سہی لیکن اصل روزہ تو ہر حال میں بجا لانا ہوگا۔

۱۸۵۔ فقہ جعفری کے مطابق حالت سفر اور حالت مرض میں روزہ ہوتا ہی نہیں ہے، بعد میں قضا رکھنا ہو گا۔ جو لوگ روزہ رکھنے میں غیر معمولی مشقت محسوس کرتے ہیں وہ فی روزہ فدیہ دیں جو ایک مسکین کا کھانا ہے۔

رمضان، رمض سے مشتق ہے جو سخت تپش کے معنوں میں ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ رمضان کو یہ نام اس لیے دیا گیا ہے کہ یہ ایمان کی تپش سے گناہوں کو جلا دیتا ہے۔

اس آیت میں ارشاد فرماتا ہے کہ قرآن رمضان میں نازل ہوا جبکہ عملاً قرآن ۲۳ سالوں میں تدریجاً نازل ہوا ہے۔ اس کی سب سے بڑی وضاحت یہ ہے کہ قرآن قلب رسول پر شب قدر میں نازل ہوا۔ بعد میں بیان احکام کے لیے وحی کا انتظار کرنے کا حکم تھا۔ چنانچہ رمضان میں نزول کے لیے انزل فرمایا جو یکبارگی نزول کے معنوں میں ہے اور ۲۳ سالوں والے نزول کے لیے نزلناہ تنزیلا فرمایا تنزیل تدریجی نزول کے معنوں میں ہے۔ واضح رہے اَنْزَلَ اور نَزَّلَ کے درمیان یہ فرق ایک نظریہ ہے۔ راقم کا نظریہ نہیں ہے۔

وَلَا يُرِيْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ: یہ ایک کلی قانون ہے جس کے تحت ہر وہ عمل جس میں عسر و حرج لازم آئے وہ ارادۂ الٰہی میں شامل نہیں ہے۔ لہٰذا وہ نافذ نہیں ہے۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ
قَرِيْبٌ ؕ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا
دَعَانِ ۙ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا
بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ﴿۱۸۶﴾
اُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ
اِلٰى نِسَآئِكُمْ ؕ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ
وَاَنْتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ
اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَخْتَانُوْنَ اَنْفُسَكُمْ
فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنْكُمْ ۚ
فَالْئٰنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا
كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ ۠ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ
الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ
الْفَجْرِ ۠ ثُمَّ اَتِمُّوا الصِّيَامَ اِلَى
الَّيْلِ ۚ وَلَا تُبَاشِرُوْهُنَّ وَاَنْتُمْ
عٰكِفُوْنَ ۙ فِي الْمَسٰجِدِ ؕ تِلْكَ
حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَقْرَبُوْهَا ؕ
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ
لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸۷﴾
وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ
بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ
لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ
ع ۲۳ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع

۱۸۶۔ اور جب میرے بندے آپ سے میرے متعلق سوال کریں تو (کہدیں کہ) میں (ان سے) قریب ہوں، دعا کرنے والا جب مجھے پکارتا ہے تو میں اس کی دعا قبول کرتا ہوں، پس انہیں بھی چاہیے کہ وہ میری دعوت پر لبیک کہیں اور مجھ پر ایمان لائیں تاکہ وہ راہ راست پر رہیں۔☆

۱۸۷۔ اور روزوں کی راتوں میں اپنی بیویوں کے پاس جانا تمہارے لیے حلال کر دیا گیا ہے، وہ تمہارے لیے لباس ہیں اور تم ان کے لیے لباس ہو، اللہ نے دیکھا کہ تم اپنے آپ سے خیانت کر رہے تھے پس اللہ نے تم پر عنایت کی اور تم سے درگزر فرمایا، پس اب تم اپنی بیویوں سے مباشرت کرو اور اللہ نے جو تمہارے لیے مقرر فرمایا ہے اسے تلاش کرو اور (راتوں کو) خوردونوش کرو، یہاں تک کہ تم پر فجر کی سفید دھاری (رات کی) سیاہ دھاری سے نمایاں ہو جائے، پھر رات تک روزے کو پورا کرو اور جب تم مساجد میں اعتکاف کی حالت میں ہو تو اپنی بیویوں سے مباشرت نہ کرو، یہ اللہ کی مقرر کردہ حدود ہیں، ان کے قریب نہ جاؤ، اس طرح اللہ اپنی آیات لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے تاکہ وہ تقویٰ اختیار کریں۔☆

۱۸۸۔ اور تم آپس میں ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے نہ کھاؤ اور نہ ہی اسے حکام کے پاس پیش کرو تاکہ تمہیں دوسروں کے مال کا کچھ حصہ دانستہ طور پر ناجائز طریقے سے کھانے کا موقع میسر آئے۔☆

۱۸۶۔ وہ مومن کے دل بلکہ اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہے۔ اس تک پہنچنے کے لیے خود انسان کے اپنے نفس کے علاوہ اور کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔ کسی مادی وسیلے کے بغیر اس تک اپنی درخواست پہنچائی جا سکتی ہے۔ اس آیت میں ایک وعدہ ہے اور ایک شرط۔ وعدہ یہ ہے: اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ میں دعا کرنے والوں کی دعا قبول کرتا ہوں، شرط یہ ہے: اِذَا دَعَانِ جب وہ مجھے پکارے۔ اگر دل و جان سے اللہ کو پکارنے کی شرط پوری کر دی جائے تو اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔
احادیث کے مطابق دعا مؤمن کا اسلحہ، عبادت کی روح، کامیابی کی کنجی، بہترین عبادت اور مؤمن کی سپر ہے۔ قبولیت دعا کے لیے معرفت الٰہی، اس کے مطابق عمل، حلال کی کمائی اور حضور قلب ہونا ضروری ہے اور آسائش کے وقت بھی تضرع و زاری سے دعا کرتے رہنا چاہیے۔
دعا سے انسان رحمت الٰہی کا مستحق اور اللہ کے ارادے کے لیے اہل بن جاتا ہے، یہاں سے اس کی تقدیر بدل جاتی ہے۔ چنانچہ حضرت امام صادق (ع) سے مروی ہے: اَلدُّعَاءُ يَرُدُّ الْقَضَاءَ الْمُبْرَمَ بَعْدَ مَا اُبْرِمَ اِبْرَامًا . (المستدرك ۵: ۱۱۶) دعا تقدیر کو اس وقت بھی بدل دیتی ہے جب وہ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہو گئی ہو۔
آداب دعا یہ ہیں کہ پہلے اللہ کی حمد و ثنا پھر محمد و آل محمد پر درود اور اپنے گناہوں کا اعتراف ہونا چاہیے۔

۱۸۷۔ ابتدا میں روزوں کی راتوں میں بیویوں سے مباشرت حرام تھی اور فقط سونے سے پہلے کھانا کھا سکتے تھے۔ اس آیت میں مباشرت اور فجر کی سفید دھاری ظاہر ہونے تک کھانا حلال کر دیا گیا، ساتھ ہی میاں بیوی کا تعلق بیان ہوا۔ دونوں کے لیے تعبیر یکساں ہے کہ باہمی ربط و تعلق زیب و زینت اور تحفظ کے اعتبار سے یہ دونوں ایک دوسرے کے لیے لباس جیسی اہمیت رکھتے ہیں۔

۱۸۸۔ اَمْوَالَكُمْ کی تعبیر سے انفرادی ملکیت ثابت ہوتی ہے، بلکہ اسلام اس انفرادی ملکیت کی حرمت کا قائل ہے۔ حرمة مال المسلم كحرمة دمه (الکافی ۲: ۶۶۶)۔ مال مسلم کو وہی حرمت حاصل ہے جو اس کے خون کو ہے۔
امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: فَاَمَّا الرِّشَا فِي الْحُكْمِ فَهُوَ الْكُفْرُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ۔ (الکافی ۵: ۱۲۷) (عدالتی) فیصلوں میں رشوت لینا خدائے عظیم سے کفر برتنے کے مترادف ہے۔

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِيَ
مَوَاقِيْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ وَلَيْسَ
الْبِرُّ بِاَنْ تَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ
ظُهُوْرِهَا وَ لٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ
اتَّقٰى ۚ وَاْتُوا الْبُيُوْتَ مِنْ
اَبْوَابِهَا ۪ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ
تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۸۹﴾
وَ قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ
يُقَاتِلُوْنَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۹۰﴾
وَ اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوْهُمْ
وَ اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ حَيْثُ
اَخْرَجُوْكُمْ وَالْفِتْنَةُ اَشَدُّ مِنَ
الْقَتْلِ ۚ وَ لَا تُقٰتِلُوْهُمْ عِنْدَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتّٰى يُقٰتِلُوْكُمْ
فِيْهِ ۚ فَاِنْ قٰتَلُوْكُمْ فَاقْتُلُوْهُمْ ؕ
كَذٰلِكَ جَزَآءُ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹۱﴾
فَاِنِ انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۲﴾
وَ قٰتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ
وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ لِلّٰهِ ؕ فَاِنِ انْتَهَوْا
فَلَا عُدْوَانَ اِلَّا عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹۳﴾
اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ

۱۸۹۔ لوگ آپ سے چاند کے (گھٹنے بڑھنے کے) بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: یہ لوگوں کے لیے اور حج کے اوقات کے تعین کا ذریعہ ہے اور (ساتھ یہ بھی کہہ دیجیے کہ حج کے احرام باندھو تو) پشت خانہ سے داخل ہونا کوئی نیکی نہیں ہے بلکہ نیکی تو یہ ہے کہ انسان تقویٰ اختیار کرے اور تم (اپنے) گھروں میں دروازوں سے ہی داخل ہوا کرو اور اللہ (کی ناراضگی) سے بچے رہو تاکہ تم فلاح پاؤ۔ ☆

۱۹۰۔ اور تم راہ خدا میں ان لوگوں سے لڑو جو تم سے لڑتے ہیں اور حد سے تجاوز نہ کرو اللہ تجاوز کرنے والوں کو یقیناً دوست نہیں رکھتا۔ ☆

۱۹۱۔ اور انہیں جہاں کہیں بھی پاؤ قتل کرو اور انہیں نکالو جہاں سے انہوں نے تمہیں نکالا ہے اور فتنہ قتل سے بھی زیادہ برا ہے، ہاں مسجد الحرام کے پاس ان سے اس وقت تک نہ لڑو جب تک وہ وہاں تم سے نہ لڑیں، لیکن اگر وہ تم سے لڑیں تو تم انہیں مار ڈالو، کافروں کی ایسی ہی سزا ہے۔ ☆

۱۹۲۔ البتہ اگر وہ باز آجائیں تو یقیناً اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ ☆

۱۹۳۔ اور تم ان سے اس وقت تک لڑو کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین اللہ ہی کے لیے ہو جائے، ہاں اگر وہ باز آجائیں تو ظالموں کے علاوہ کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہوگی۔ ☆

۱۹۴۔ حرمت والے مہینے کا بدلہ حرمت کا

۱۸۹۔ چاند آسمان پر آویزاں ایک تقویم ہے جو آسانی سے ہر خواندہ اور ناخواندہ شخص دیکھ سکتا ہے۔ اسی وجہ سے قمری تقویم قدیم زمانوں سے قابل عمل چلی آ رہی ہے۔ چنانچہ مصری، سومری، یونانی اور دوسری قومیں قمری تقویم پر عمل پیرا تھیں۔ شمسی جنتری ہر شخص کے لیے قابل فہم نہیں ہے۔ چنانچہ یہ تقویم بہت سے مفکرین کی مسلسل کوششوں سے موجودہ شکل میں آ گئی ہے۔

عربوں کی توہم پرستانہ رسوم میں سے ایک یہ تھی کہ حج کے لیے احرام باندھنے کے بعد وہ اپنے گھروں میں دروازے سے داخل نہیں ہوتے تھے، بلکہ پیچھے سے دیوار پھلانگ کر یا گھر کی عقبی کھڑکی سے داخل ہوتے تھے۔ ان اوہام کو ختم کرتے ہوئے قرآن کریم نے نیکی کا حقیقی معیار بیان فرمایا ہے کہ تقویٰ اختیار کرو۔

۱۹۰۔ مسلمانوں کو پہلی بار یہ حکم دیا جا رہا ہے کہ جو لوگ تمہاری دعوت کے خلاف مسلح مزاحمت کرتے ہیں ان سے مسلح جہاد کرو، جبکہ اس سے پہلے صبر کرنے اور مناسب وقت کے انتظار کی ہدایت کی جاتی تھی.

۱۹۱۔ فتنے میں قتل بھی کثرت سے ہوتا ہے اور لوگوں سے امن و سکون بھی سلب ہو جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ فتنہ پرور لوگ حق کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔

۱۹۲۔۱۹۳۔ غیر مسلم اگر فتنہ پرور نہ ہو اور اپنے باطل نظریات کو لوگوں میں رائج کرنے اور حق کا راستہ روکنے میں کوئی کردار ادا نہ کرے تو اس آیت میں اس کے لیے پیغام امن ہے کہ اگر وہ فتنے سے باز آجائیں تو ظالموں کے علاوہ کسی کے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی۔

۱۹۴۔ حضرت ابراہیم (ع) کے عہد سے ذی القعدہ، ذی الحجہ، محرم اور رجب، حج اور عمرے کے لیے مختص تھے۔ ان مہینوں کو حرمت (تقدس) کے مہینے کہتے ہیں۔ ان چار مہینوں میں جاہلیت کے دور میں بھی لوگ جنگ نہیں کرتے تھے۔ اس آیت میں یہ آیا ہے کہ اگر کفار ان مہینوں کی حرمت کو توڑ دیں اور اس کا تقدس پامال کریں تو مسلمان بھی ان حرمت والے مہینوں میں ان کا مقابلہ کریں کیونکہ حرمتوں کا بھی قصاص ہے۔

وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ؕ فَمَنِ
اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ
بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۪
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾
وَ اَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ لَا
تُلْقُوْا بِاَيْدِيْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛۚ
ع وَاَحْسِنُوْا ۛۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۹۵﴾
وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ؕ فَاِنْ
اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ
الْهَدْيِ ۚ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ
حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ؕ فَمَنْ
كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى
مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ
صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۪ۙ
فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا
اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ
فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَ
سَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ؕ تِلْكَ عَشَرَةٌ
كَامِلَةٌ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ
حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ؕ وَاتَّقُوا
اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ

مہینہ ہی ہے اور حرمتوں کا بھی قصاص ہے، لہٰذا جو تم پر زیادتی کرے تو تم بھی اس پر اسی طرح زیادتی کرو جس طرح اس نے تم پر زیادتی کی ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور جان لو کہ اللہ پرہیزگاروں کے ساتھ ہے۔☆

۱۹۵۔ اور اللہ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں اپنے آپ کو ہلاکت میں نہ ڈالو اور احسان کیا کرو، اللہ احسان کرنے والوں کو یقیناً پسند کرتا ہے۔☆

۱۹۶۔ اور تم لوگ اللہ کے لیے حج اور عمرہ مکمل کرو، پھر اگر تم لوگ (راستے میں) گھر جاؤ تو جیسی قربانی میسر آئے کر دو اور جب تک قربانی اپنے مقام پر پہنچ نہ جائے اپنا سر نہ مونڈھو، لیکن اگر تم میں سے کوئی بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو تو وہ روزوں سے یا صدقے سے یا قربانی سے فدیہ دے دے، پھر جب تمہیں امن مل جائے تو جو شخص حج کا زمانہ آنے تک عمرے سے بہرہ مند رہا ہو وہ حسب مقدور قربانی دے اور جسے قربانی میسر نہ آئے وہ تین روزے ایام حج میں رکھے اور سات واپسی پر، اس طرح یہ پورے دس (روزے) ہوئے، یہ (حکم) ان لوگوں کے لیے ہے جن کے اہل و عیال مسجد الحرام کے نزدیک نہ رہتے ہوں اور اللہ سے ڈرو اور جان رکھو

۱۹۵۔ مشرکین کے ساتھ جنگ اور راہ خدا میں جہاد کا ایک حصہ مالی جہاد ہے۔ آیہ شریفہ میں اس بات کا حکم دیا جا رہا ہے کہ اگرچہ مسلمان حق پر ہیں اور رب کی نصرت ان کے ساتھ ہے، لیکن پھر بھی چونکہ اس عالم میں علل و اسباب کا نظام کارفرما ہے، اس لیے جنگ میں کامیابی کے لیے عام علل و اسباب پر بھی تکیہ کرنا ہوگا۔ اگر ایسا نہ کیا گیا تو یہ اپنے ہاتھوں ہلاکت میں پڑنے کے مترادف ہوگا۔ اللہ کے وضع کردہ نظام کے مطابق عمل کرنا ہی احسان ہے۔ جنگ کے موقع پر جنگ کرنا، خرچ کی جگہ مال و دولت کو خرچ کرنا اور اپنے آپ کو ہلاکت سے بچانا احسان کے مواقع ہیں۔ انفاق اور ہلاکت کے باہمی ربط کا ذکر نہایت قابل توجہ ہے کہ انفاق کو وہی اہمیت حاصل ہے جو زندگی کو ہے اور انفاق سے قومیں زندہ رہتی ہیں۔ انفاق ہی کے ذریعے قوم کی رگوں میں زندگی کی رمق باقی رہتی ہے۔
اس آیت سے خودکشی کی حرمت پر بھی استدلال کیا جاتا ہے کہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا حرام ہے۔

۱۹۶۔ یعنی اگر حج کی راہ میں کوئی رکاوٹ پیش آئے جس کی وجہ سے آگے جانا ممکن نہ ہو تو جو قربانی میسر آئے اسے ذبح کرو۔ قربانی کا مقام حج کے لیے منیٰ اور عمرہ کے لیے مکہ ہے۔
حج ان مناسک سے عبارت ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے عہد سے مکہ میں ادا کیے جاتے ہیں۔ اہل عرب بھی یہی عمل یعنی حج بجا لاتے تھے۔ اسلام نے اہل عرب کی بعض خرافات کی تطہیر کے بعد حقیقی حج کو برقرار رکھا۔ حج اسلامی شعائر میں سے ہے بلکہ اسلام کا ایک اہم رکن ہے.
جو لوگ دور سے حج کے لیے آتے ہیں وہ ایک ہی سفر میں پہلے عمرہ کے لیے احرام باندھتے ہیں اور اعمال عمرہ بجا لانے کے بعد احرام کھولتے ہیں اور احرام سے نکل آتے ہیں، پھر جب حج کے دن آئیں تو دوبارہ احرام باندھتے ہیں اور اعمال حج بجا لاتے ہیں۔ اسے حج تمتع کہتے ہیں۔ جبکہ مکہ کے باشندے حج افراد یا حج قران بجا لاتے ہیں انہیں عمرہ کے لیے الگ سفر نہیں کرنا پڑتا۔

الْعِقَابِ ﴿۱۹۶﴾ ع ۲۴ ۸ ۸

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ
فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا
فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ وَمَا
تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ
وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ
التَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي
الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۷﴾

قال الحی رحمہ اللہ

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا
فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَاِذَآ اَفَضْتُمْ
مِّنْ عَرَفٰتٍ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ عِنْدَ
الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ ۠ وَاذْكُرُوْهُ كَمَا
هَدٰىكُمْ ۚ وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ
لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿۱۹۸﴾
ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ
النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۗ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۹۹﴾
فَاِذَا قَضَيْتُمْ مَّنَاسِكَكُمْ
فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ
اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۗ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ
يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا وَمَا لَهٗ فِي
الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ﴿۲۰۰﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي

کہ اللہ سخت سزا دینے والا ہے۔☆

۱۹۷۔حج کے مقررہ مہینے ہیں، پس جو ان میں حج بجا لانے کا فیصلہ کر لے تو پھر حج کے دوران ہم بستری نہ ہو اور نہ فسق و فجور اور نہ لڑائی جھگڑا ہو اور جو کار خیر تم کرو گے اللہ اسے خوب جان لے گا اور زادراہ لے لیا کرو کہ بہترین زادراہ تقویٰ ہے اور اے عقل والو! (میری نافرمانی سے) پرہیز کرو۔☆

۱۹۸۔تم پر کوئی مضائقہ نہیں کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو، پھر جب تم عرفات سے چلو تو مشعر الحرام (مزدلفہ) کے پاس اللہ کو یاد کرو اور اللہ کو اس طرح یاد کرو جس طرح اس نے تمہاری رہنمائی کی ہے، حالانکہ اس سے پہلے تم راہ گم کیے ہوئے تھے۔☆

۱۹۹۔پھر جہاں سے لوگ روانہ ہوتے ہیں تم بھی روانہ ہو جاؤ اور اللہ سے معافی مانگو، یقیناً اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۲۰۰۔پھر جب تم حج کے اعمال بجا لا چکو تو اللہ کو اس طرح یاد کرو جس طرح تم اپنے آبا و اجداد کو یاد کیا کرتے ہو یا اس سے بھی زیادہ، پس لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو کہتا ہے: ہمارے رب! ہمیں دنیا ہی میں (سب کچھ) دے دے اور ایسے شخص کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں۔☆

۲۰۱۔اوران میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو کہتے

۱۹۷۔زمان جاہلیت میں حج کے موقع پر بازار لگاتے، ایک دوسرے پر فخر و مباہات کرتے اور ایک دوسرے کو برے القاب سے یاد کرتے تھے۔اس طرح حج کی عبادت لڑائی میں بدل جاتی تھی۔

وَتَزَوَّدُوْا: زادراہ مہیا کرو کہ بہترین زادراہ تقویٰ ہے۔یعنی اگر حج کے مختصر سفر کے لیے زادراہ کی ضرورت پیش آتی ہے تو آخرت کے طویل اور لامحدود سفر کے لیے زادراہ کتنا ضروری ہوگا اور اس کے لیے بہترین زادراہ تقویٰ ہے۔

۱۹۸۔ایام جاہلیت میں عربوں نے حج کو ایک تاجرانہ عمل بنا رکھا تھا۔وہ ان دنوں بڑے بڑے بازار لگاتے تھے۔چنانچہ جب اللہ کا یہ فرمان نازل ہوا: فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى تو مسلمانوں کے ذہن میں اس خیال کا آنا قرین قیاس تھا کہ دنیاوی و مادی امور کے لیے جدوجہد کرنا اعمال حج کے منافی ہے۔یہ خیال دور کرنے کے لیے ارشاد ہوا کہ اللہ کا فضل تلاش کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور یہ حج کے منافی بھی نہیں ہے۔اس اعتبار سے ایام حج میں کسب حلال کا عمل حج کے منافی نہیں بلکہ حج کی طرح روزی کمانا بھی عبادت ہے۔واضح رہے کہ احادیث کے مطابق فضل سے مراد کسب حلال ہے۔

روانہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جہاں حاجی ٹھہرا ہوا ہے وہاں سے روانہ ہو۔چنانچہ عرفات میں وقوف کرنا حج کے ارکان میں سے ہے۔"مشعر الحرام میں اللہ کو یاد کرو" سے مزدلفہ میں وقوف کرنے کا حکم واضح ہو جاتا ہے۔

۱۹۹۔قریش عرفات تک جانے کو اپنی شان کے منافی سمجھتے تھے۔اس آیت میں اس امتیازی تصور کو مٹانے کیلیے حکم ہوا کہ سب ایک صف میں حج کرو.

۲۰۰۔دور جاہلیت میں اعمال حج سے فراغت کے بعد عرب جلسے منعقد کرتے اور اپنے آبا و اجداد کے کارنامے بیان کرتے تھے۔اس آیت میں حکم ہوا آبا و اجداد پر فخر و مباہات کی جگہ اللہ کو یاد کرو۔یاد خدا کے سلسلے میں اگر تم اللہ سے کچھ مانگتے ہو، صرف دنیا نہ مانگو، شاید تمہیں دنیا مل جائے مگر آخرت میں تمہارا کوئی حصہ نہ ہو گا۔جبکہ اگر تم نے آخرت مانگی تو آخرت کے ساتھ دنیا میں بھی تمہیں اپنا حصہ مل جائے گا۔لہٰذا بندے کو مانگنے کا سلیقہ آنا چاہیے۔

الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً
وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۲۰۱﴾
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ
وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۲۰۲﴾
وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْٓ اَيَّامٍ
مَّعْدُوْدٰتٍ ؕ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ
يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۚ وَمَنْ
تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ ۙ لِمَنِ اتَّقٰى ؕ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۰۳﴾
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا
فِيْ قَلْبِهٖ ۙ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ ﴿۲۰۴﴾
وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ
فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ؕ وَ
اللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ ﴿۲۰۵﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ
الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ؕ
وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۲۰۶﴾
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ
ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ
رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۲۰۷﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ادْخُلُوْا فِي

ہیں: ہمارے پالنے والے! ہمیں دنیا میں بہتری اور آخرت میں بھی بہتری عطا کر نیز ہمیں آتش جہنم سے بچا۔☆

۲۰۲۔ ایسے لوگ اپنی کمائی کا حصہ پائیں گے اور اللہ بلا تاخیر حساب چکا دینے والا ہے۔

۲۰۳۔ اور گنتی کے (ان چند) دنوں میں اللہ کو یاد کرو، پھر کوئی جلدی کر کے دو ہی دن میں چلا گیا تو کوئی حرج نہیں اور کچھ دیر زیادہ ٹھہرے تو بھی کوئی گناہ نہیں، یہ اس شخص کے لیے ہے جس نے پرہیز کیا ہے اور اللہ کا خوف کرو اور جان لو کہ (ایک دن) اس کے حضور پیش کیے جاؤ گے۔☆

۲۰۴۔ اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جس کی گفتگو دنیا کی زندگی میں آپ کو پسند آئے گی اور جو اس کے دل میں ہے اس پر وہ اللہ کو گواہ بنائے گا حالانکہ وہ سخت ترین دشمن ہے۔☆

۲۰۵۔ اور جب وہ لوٹ کر جاتا ہے تو سر توڑ کوشش کرتا پھرتا ہے کہ زمین میں فساد برپا کرے اور کھیتی اور نسل کو تباہ کر دے اور اللہ فساد کو پسند نہیں کرتا۔

۲۰۶۔ اور پھر جب اس سے کہا جائے: خوف خدا کرو تو نخوت اسے گناہ پر آمادہ کر دیتی ہے، پس اس کے لیے جہنم ہی کافی ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔

۲۰۷۔ اور انسانوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ کی رضاجوئی میں اپنی جان بیچ ڈالتا ہے اور اللہ بندوں پر بہت مہربان ہے۔☆

۲۰۸۔ اے ایمان لانے والو! تم سب کے

۲۰۱۔ اس آیۂ شریفہ سے یہ تعلیم ملتی ہے کہ دنیا و آخرت کے معاملے میں متوازن مؤقف اختیار کرنا چاہیے۔ انسان نہ تو صرف دنیا کا طلبگار ہو اور نہ ہی ترک دنیا کر کے فقط آخرت کا طالب رہے: لَا رَهْبَانِيَّةَ فِي الْاِسْلَامِ۔ (الوسائل ۱۴: ۱۵۵) اسلام میں ترک دنیا کا تصور نہیں ہے۔ دنیاوی زندگی کے بارے میں اسلام کا مؤقف یہ ہے کہ دنیا کو اگر صرف برائے دنیا اختیار کیا جائے اور اس حیات فانی کو ہی اپنا مقصد حیات بنا لیا جائے تو یہ دنیا داری ہے اور دنیا داروں کو آخرت میں کچھ نہیں ملے گا۔ دنیاوی زندگی حقیقی مقصد حیات نہیں بلکہ یہ تو آخرت کی ابدی سعادت کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے: اَلدُّنْيَا مَزْرَعَةُ الْآخِرَةِ۔ (عوالی اللآلی ۱: ۲۶۷) دنیا آخرت کے لیے کھیتی ہے۔

۲۰۳۔ چند دنوں سے مراد ''ایام تشریق'' ہیں جو ذی الحجہ کی ۱۱، ۱۲، ۱۳ ہیں۔ ان دنوں میں منیٰ میں ٹھہرنا ہوتا ہے۔ تین دن کی جگہ دو دن ٹھہریں تو بھی کوئی حرج نہیں۔ احادیث کے مطابق صرف دو دن وہ ٹھہرے جس نے حج کے دوران کوئی خلاف ورزی نہ کی ہو اور لِمَنِ اتَّقٰى سے یہی مطلب لیتے ہیں۔

۲۰۴۔ یہ آیت ایک منافق اخنس بن شریق کے بارے میں نازل ہوئی۔

۲۰۷۔ یہ آیت حضرت امام علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی۔ جب آپؑ ہجرت کی رات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پر سوئے اور اللہ کی رضا جوئی کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ ملاحظہ ہو مستدرك حاكم ۳: ۴، امام الحدیث ذہبی نے تلخیص المستدرك میں اس حدیث کی صحت کا اعتراف کیا ہے۔ اس صحیح السند حدیث کے بعد اس سوال کے لیے کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ سورۂ بقرہ مدنی ہے اور واقعہ مکہ میں پیش آیا۔ کیونکہ سورے کے مدنی ہونے اور اس آیت کے حضرت علی علیہ السلام کی شب ہجرت کی قربانی کے بارے میں نازل ہونے میں کوئی منافات نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت ابن عباس کی اس حدیث سے اس کی صحت یقینی ہو جاتی ہے جس میں انہوں نے حضرت علی علیہ السلام کے دس بڑے مناقب میں شب ہجرت کے ایثار کا ذکر کیا ہے، جسے ائمہ حدیث نے الاستیعاب، تہذیب الکمال، سنن نسائی اور مسند احمد بن حنبل

السِّلْمِ كَآفَّةً ۪ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ
الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ
مُّبِيْنٌ ﴿۲۰۸﴾
فَاِنْ زَلَلْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْكُمُ
الْبَيِّنٰتُ فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ ﴿۲۰۹﴾
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيَهُمُ اللّٰهُ
فِيْ ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَ
قُضِيَ الْاَمْرُ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ
الْاُمُوْرُ ﴿۲۱۰﴾ ع
سَلْ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ كَمْ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ
اٰيَةٍۭ بَيِّنَةٍ ؕ وَمَنْ يُّبَدِّلْ نِعْمَةَ اللّٰهِ
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
الْعِقَابِ ﴿۲۱۱﴾
زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
وَيَسْخَرُوْنَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۘ
وَالَّذِيْنَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ
حِسَابٍ ﴿۲۱۲﴾
كَانَ النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۟ فَبَعَثَ
اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَ
مُنْذِرِيْنَ ۪ وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ
بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا

سب (دائرہ) امن و آشتی میں آ جاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو، یقیناً وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔

۲۰۹۔ اور اگر ان صریح نشانیوں کے تمہارے پاس آنے کے بعد بھی تم لڑکھڑا جاؤ تو جان رکھو کہ اللہ بڑا غالب آنے والا، باحکمت ہے۔

۲۱۰۔ کیا یہ لوگ منتظر ہیں کہ خود اللہ بادلوں کے سائبان میں ان کے پاس آئے اور فرشتے بھی اتر آئیں اور فیصلہ کر دیا جائے؟ جب کہ سارے معاملات کو اللہ ہی کے حضور پیش ہونا ہے۔

۲۱۱۔ آپ بنی اسرائیل سے پوچھیں کہ ہم نے انہیں کتنی واضح نشانیاں دیں اور جو شخص اللہ کی نعمت پانے کے بعد اسے بدل ڈالے تو اللہ یقیناً سخت عذاب والا ہے۔ ☆

۲۱۲۔ جو کافر ہیں ان کے لیے دنیا کی زندگی خوش نما بنا دی گئی ہے اور وہ دنیا میں مومنوں کا مذاق اڑاتے ہیں مگر اہل تقویٰ قیامت کے دن ان سے مافوق ہوں گے اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ ☆

۲۱۳۔ لوگ ایک ہی دین (فطرت) پر تھے، (ان میں اختلاف رونما ہوا) تو اللہ نے بشارت دینے والے اور تنبیہ کرنے والے انبیاء بھیجے اور ان کے ساتھ برحق کتاب نازل کی تاکہ وہ لوگوں کے درمیان ان امور کا فیصلہ کریں جن میں وہ اختلاف

میں ذکر کیا ہے۔

۲۱۱۔ آیت کے دوسرے حصے میں اللہ تعالیٰ اپنا ایک عام قانون بیان فرما رہا ہے کہ جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنی نعمتوں سے نوازتا ہے، دنیا میں دوسروں پر برتری دیتا ہے، ہدایت و رہنمائی کے لیے ان کے پاس انبیاء بھیجتا ہے اور انہیں واضح اور صریح معجزے دکھا دیتا ہے، اس کے باوجود بھی وہ ان نعمتوں کو بدل ڈالیں اور ان کے ذریعے دارین کی سعادت حاصل کرنے کی بجائے شقاوت پر ڈٹے رہیں تو پھر اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔

۲۱۲۔ یہاں کافر اور مومن کا کائناتی موقف نیز مادی انسان اور الٰہی انسان کا تصور حیات بیان ہو رہا ہے۔ کافر کے تصور حیات میں دنیاوی زندگی ہی سب کچھ ہے۔ وہ اس زندگی کی حقیقی اقدار کو نہیں جانتا۔

۲۱۳۔ تاریخ مذہب کے سلسلے میں کچھ لوگ کہتے ہیں کہ انسان نے زندگی کا آغاز شرک سے کیا ہے، بعد میں وہ تدریجاً ارتقائی مراحل طے کرتے ہوئے توحید تک پہنچ گیا۔ قرآن کے نزدیک انسان نے دین فطرت پر اپنی زندگی کا آغاز کیا اور فطرت ہی کو اللہ نے دین قیم کہا ہے۔ جس وقت لوگوں کو فطری تقاضوں سے سرکشی کرنا نہیں آتا تھا، اس وقت سب لوگ امت واحدہ تھے۔ زندگی نہایت سادہ تھی اور تسخیر طبیعت نہ ہونے کی وجہ سے وہ بغیر کسی اختلاف کے زندگی بسر کرتے تھے، انسانیت کو سب سے پہلے مذہب نے حضرت نوح (ع) کے زمانے میں قانون زندگی عطا کیا: شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا (شوریٰ:۱۳) تمہارے لیے دین کی وہی شریعت بنی جس کا نوح کو حکم دیا گیا تھا"۔ حدیث میں آیا ہے: کانوا قبل نوح امة واحدة على فطرة الله. حضرت نوح (ع) سے پہلے فطرت الٰہی کے مطابق ایک ہی امت تھی۔ جب لوگوں کو انبیاء کے ذریعے قانون دیا گیا تو انہی لوگوں نے اختلاف کی بنیاد ڈالی جنہوں نے فطری راہوں سے سرکشی کرنا سیکھا تھا۔ قانون دینے سے پہلے کا اختلاف فطرت سے بغاوت تھی اور قانون دینے کے بعد کا اختلاف شریعت سے بغاوت تھی۔ کیونکہ شریعت کے ذریعے لوگوں کو فطرت کی طرف لوٹانا مقصود تھا، لہٰذا شریعت کا باغی، فطرت کا باغی ہے۔

اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ
اِلَّا الَّذِيْنَ اُوْتُوْهُ مِنْۢ بَعْدِ مَا
جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۚ
فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا
اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِهٖ ؕ وَ
اللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۱۳﴾
اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ
لَمَّا يَاْتِكُمْ مَّثَلُ الَّذِيْنَ خَلَوْا
مِنْ قَبْلِكُمْ ؕ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ
وَالضَّرَّآءُ وَزُلْزِلُوْا حَتّٰى يَقُوْلَ
الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ
قَرِيْبٌ ﴿۲۱۴﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا يُنْفِقُوْنَ ۬ؕ قُلْ مَآ
اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَالِدَيْنِ
وَالْاَقْرَبِيْنَ وَ الْيَتٰمٰى وَ
الْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا
تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ
عَلِيْمٌ ﴿۲۱۵﴾
كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ
لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّ
هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤى اَنْ

کرتے تھے اور ان میں اختلاف بھی ان لوگوں نے کیا جنہیں کتاب دی گئی تھی حالانکہ ان کے پاس صریح نشانیاں آ چکی تھیں، یہ صرف اس لیے کہ وہ آپس میں ایک دوسرے پر زیادتی کرنا چاہتے تھے، پس اللہ نے اپنے اذن سے ایمان لانے والوں کو اس امرِ حق کا راستہ دکھایا جس میں لوگوں نے اختلاف کیا تھا اور اللہ جسے چاہتا ہے سیدھا راستہ دکھاتا ہے۔☆

۲۱۴۔ کیا تم خیال کرتے ہو کہ یونہی جنت میں داخل ہو جاؤ گے حالانکہ ابھی تمہیں اس قسم کے حالات پیش نہیں آئے جو تم سے پہلوں کو پیش آئے تھے؟ انہیں سختیاں اور تکالیف پہنچیں اور وہ اس حد تک جھنجھوڑے گئے کہ (وقت کا) رسول اور اس کے مومن ساتھی پکار اٹھے کہ آخر اللہ کی نصرت کب آئے گی؟ (انہیں بشارت دے دی گئی کہ) دیکھو اللہ کی نصرت عنقریب آنے والی ہے۔☆

۲۱۵۔ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں: کیا خرچ کریں؟ کہہ دیجیے: جو مال بھی خرچ کرو اپنے والدین، قریب ترین رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں پر خرچ کرو اور جو کارِ خیر تم بجا لاؤ گے یقیناً اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔☆

۲۱۶۔ تمہیں جنگ کا حکم دیا گیا ہے جب کہ وہ تمہیں ناگوار ہے اور ممکن ہے کہ ایک چیز تمہیں ناگوار گزرے مگر وہی تمہارے لیے بہتر ہو، (جیسا کہ) ممکن ہے ایک چیز

۲۱۴۔ یہاں خطاب مسلمانوں سے ہے۔ خدا اپنے برگزیدہ بندوں کو جن تربیتی مراحل سے گزارتا ہے، ان کی نشاندھی فرما رہا ہے نیز یہاں ایک غلط تصور کا ازالہ بھی مقصود ہے۔ عام تصور یہ ہے کہ لوگ صرف ایمان لانے اور اسلام قبول کرنے کو ہر چیز کے لیے کافی سمجھتے ہیں، حتیٰ کہ طبیعی علل و اسباب کے لیے بھی اپنے ایمان و اسلام سے توقع رکھتے ہیں کہ بغیر کوشش کیے مفت میں کامیابی مل جائے گی۔ الٰہی سنت یہ رہی ہے کہ مفت میں کوئی کامیابی حاصل نہیں ہو سکتی، کیونکہ اگر مفت میں ملے تو سب کو ملنی چاہیے اور سب کو ملے تو بغیر استحقاق اور اہلیت کے بھی ملنی چاہیے اور یہ ایک عبث کام بن جاتا ہے۔ اس لیے حکمت الٰہی کے تحت ضروری ہوا کہ کامیابی کے راستوں کو دشوار بنا دیا جائے اور تمام کامیابیوں کے لیے جدوجہد کرنا ضروری ہو۔ پھر جنت اور ابدی زندگی کے حصول کیلیے آزمائش اور امتحان کے کٹھن مراحل سے گزرنا اور ایسی مشکلات اور تکالیف کا مقابلہ ضروری ہو جہاں کھرے اور کھوٹے کی تمیز ہو جاتی ہے اور سچے اہل ایمان دوسروں سے جدا ہو جاتے ہیں اور صرف صبر و تحمل کرنیوالے ہی اس امتحان میں کامیاب ہوتے ہیں۔

۲۱۵۔ سوال یہ ہوا تھا کہ ہم کیا خرچ کریں؟ لیکن جواب میں معاشرے کے ان اہم افراد کا ذکر ہو رہا ہے جن پر مال خرچ ہونا چاہیے۔ انداز جواب سے ظاہر ہے کہ اصل میں سوال یوں ہونا چاہیے تھا کہ ہم کن لوگوں پر خرچ کریں؟ پھر انفاق میں مال کی کمیت اور جنس کے مقابلے میں مستحقین کے تعین اور ترجیحات کا ذکر فرمایا کہ وہ بالترتیب والدین، رشتہ دار، ایتام، فقراء و مساکین اور زادراہ سے تہی دامن مسافر ہیں۔

۲۱۶۔ صدر اسلام میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں تھی جو جہاد فی سبیل اللہ سے کراہت نہیں بلکہ عشق کرتے تھے، البتہ کچھ ایسے لوگ بھی ضرور تھے جو جہاد سے کتراتے تھے اگرچہ جہاد سے کراہت کرنے والے کچھ لوگ تھے لیکن خطاب سب سے ہوا تا کہ قوم ان لوگوں کا محاسبہ کرے جو جہاد کو پسند نہیں کرتے۔ اس محاسبہ کو طعن کہنا درست نہیں ہے۔

تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ
ع ۲۶ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱۶﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ
فِيْهِ ؕ قُلْ قِتَالٌ فِيْهِ كَبِيْرٌ ؕ وَصَدٌّ
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ كُفْرٌۢ بِهٖ
وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۪ وَ اِخْرَاجُ اَهْلِهٖ
مِنْهُ اَكْبَرُ عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ
اَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ؕ وَلَا يَزَالُوْنَ
يُقَاتِلُوْنَكُمْ حَتّٰى يَرُدُّوْكُمْ عَنْ
دِيْنِكُمْ اِنِ اسْتَطَاعُوْا ؕ وَ مَنْ
يَّرْتَدِدْ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَيَمُتْ
وَ هُوَ كَافِرٌ فَاُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ
اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ
وَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۱۷﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا
وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ اُولٰٓئِكَ
يَرْجُوْنَ رَحْمَتَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۱۸﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ؕ
قُلْ فِيْهِمَآ اِثْمٌ كَبِيْرٌ وَّ مَنَافِعُ
لِلنَّاسِ ۫ وَاِثْمُهُمَآ اَكْبَرُ مِنْ
نَّفْعِهِمَا ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَا

تمہیں پسند ہو مگر وہ تمہارے لیے بری ہو، (ان باتوں کو) خدا بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ☆

۲۱۷۔ لوگ آپ سے ماہ حرام میں لڑائی کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: اس میں لڑنا سنگین برائی ہے، لیکن راہ خدا سے روکنا، اللہ سے کفر کرنا، مسجد الحرام کا راستہ روکنا اور حرم کے باشندوں کو وہاں سے نکالنا اللہ کے نزدیک زیادہ سنگین جرم ہے اور فتنہ انگیزی خونریزی سے بھی بڑا گناہ ہے اور وہ تم سے لڑتے رہیں گے یہاں تک کہ اگر ان سے ہو سکے تو وہ تمہیں تمہارے دین سے پھیر دیں اور تم میں سے جو اپنے دین سے پھر جائے گا اور کفر کی حالت میں مرے گا ایسے لوگوں کے اعمال دنیا اور آخرت دونوں میں اکارت ہوں گے اور ایسے لوگ اہل جہنم ہیں، وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے۔ ☆

۲۱۸۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے نیز جنہوں نے راہ خدا میں ہجرت کی اور جہاد کیا وہ اللہ کی رحمت کے امیدوار ہیں اور اللہ بڑا بخشنے والا رحم کرنے والا ہے۔ ☆

۲۱۹۔ لوگ آپ سے شراب اور جوئے کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: ان دونوں کے اندر عظیم گناہ ہے اور لوگوں کے لیے کچھ فائدے بھی، مگر ان دونوں کا گناہ ان کے فائدے سے کہیں زیادہ ہے اور یہ لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ

۲۱۷۔ رسول خدا (ص) نے قریش کی نقل و حرکت اور ان کے ارادوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے کے لیے عبد اللہ بن جحش کی سربراہی میں ایک دستہ نخلہ کی طرف بھیجا، جو مکہ اور طائف کے درمیان ایک جگہ ہے۔ یہاں پہنچ کر قریش کے ایک تجارتی قافلے کے ساتھ ان کا سامنا ہوا۔ چنانچہ انہوں نے اس پر حملہ کر کے ایک آدمی کو قتل کیا اور دو کو اسیر بنا لیا۔ پھر انہیں مال سمیت مدینہ لے آئے۔ یہ واقعہ رجب کے آخری دن پیش آیا تھا اور رجب ماہ حرام ہے، اس میں جنگ کرنا حرام ہے، لیکن یہ شبہ بھی موجود رہا کہ ہو سکتا ہے کہ قتل اول شعبان میں واقع ہوا ہو اور چونکہ شعبان ماہ حرام نہیں اس لیے جنگ کرنے میں کوئی حرج نہیں۔ اس کے باوجود مشرکین نے مسلمانوں کے خلاف پروپیگنڈہ کیا کہ محمد (ص) حرمت والے مہینوں میں بھی خونریزی کرنے کو جائز سمجھتے ہیں۔ اس کے جواب میں یہ آیت نازل ہوئی جس میں مشرکین مکہ کی ان خلاف ورزیوں کا ذکر ہے، جو وہ مسلمانوں کے خلاف کرتے رہے ہیں اور جن کی برائی ماہ حرام میں لڑائی سے بھی زیادہ سنگین ہے

۲۱۸۔ ھجرت: (ہ ج ر) جدائی اور مفارقت کے معنوں میں ہے۔ ہجرت کے مختلف درجات ہیں، ان میں سب سے اعلیٰ درجہ باطل کو چھوڑ کر حق کی طرف جانا ہے۔ روایت ہے کہ رسول اللہ (ص) سے سوال ہوا کہ کون سی ہجرت افضل ہے؟ آپ (ص) نے فرمایا: مَنْ هَجَرَ السَّيِّئَات ۔ (الوسائل ۱۱ : ۲۷۷) مہاجر وہ ہے جو گناہوں سے دور رہے۔

۲۱۹۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: ان الخمر راس كل اثم۔ شراب تمام گناہوں کا سرچشمہ ہے۔ اصول کافی میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: رسول اللہؐ نے دس افراد پر شراب کے بارے میں لعنت بھیجی ہے: پودا لگانے والے، اس کی نگہداشت کرنے والے، کشید کرنے والے، پینے والے، پلانے والے، اٹھانے والے، جس کے لیے اٹھائی گئی ہو، فروخت کرنے والے، خریدنے والے اور اس کی قیمت سے استفادہ کرنے والے پر۔ (الکافی ۶: ۴۲۹)

حضرت امام محمد باقر (ع) سے منقول ہے: العفو ما فضل عن قوت السنة۔ آیت میں عفو سے مراد سال کے اخراجات سے زائد مال ہے۔

يُنْفِقُوْنَ ۙ قُلِ الْعَفْوَ ؕ كَذٰلِكَ
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ
تَتَفَكَّرُوْنَ ۙ﴿۲۱۹﴾
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَيَسْـَٔلُوْنَكَ
عَنِ الْيَتٰمٰى ؕ قُلْ اِصْلَاحٌ
لَّهُمْ خَيْرٌ ؕ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ
فَاِخْوَانُكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ
مِنَ الْمُصْلِحِ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
لَاَعْنَتَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ ﴿۲۲۰﴾
وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى
يُؤْمِنَّ ؕ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ
مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا
تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ؕ
وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّ
لَوْ اَعْجَبَكُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ
اِلَى النَّارِ ۖۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ
وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ
لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۲۱﴾ ع
وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ ؕ قُلْ
هُوَ اَذًى ۙ فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي
الْمَحِيْضِ ۙ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى
يَطْهُرْنَ ۚ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ

کیا خرچ کریں؟ کہہ دیجیے: جو ضرورت سے زیادہ ہو، اس طرح اللہ اپنی نشانیاں تمہارے لیے کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم سوچو☆

۲۲۰۔ دنیا اور آخرت کے بارے میں اور یہ لوگ آپ سے یتیموں کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: ان کی اصلاح بہت اچھا کام ہے اور اگر تم ان سے مل جل کر رہو تو (اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے کیونکہ) وہ تمہارے بھائی ہیں اور اللہ خوب جانتا ہے کہ مفسد کون ہے اور مصلح کون ہے اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں تکلیف میں ڈال دیتا، یقیناً اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۲۲۱۔ اور تم مشرک عورتوں سے نکاح نہ کرو جب تک وہ ایمان نہ لے آئیں، کیونکہ مومنہ لونڈی مشرک عورت سے بہتر ہے اگرچہ وہ تمہیں بہت پسند ہو نیز (مومنہ عورتوں کو) مشرک مردوں کے عقد میں نہ دینا جب تک وہ ایمان نہ لے آئیں، کیونکہ ایک مومن غلام مشرک مرد سے بہتر ہے خواہ وہ (مشرک) تمہیں پسند ہو، کیونکہ وہ جہنم کی طرف بلاتے ہیں اور اللہ اپنے حکم سے جنت اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے اور اپنی نشانیاں لوگوں کے لیے کھول کر بیان کرتا ہے شاید کہ وہ نصیحت حاصل کریں۔☆

۲۲۲۔ اور وہ آپ سے حیض کے بارے میں پوچھتے ہیں۔ کہہ دیجیے: یہ ایک گندگی ہے، پس حیض کے دنوں میں عورتوں سے کنارہ کش رہو اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں ان کے قریب نہ جاؤ، پس جب پاک ہو جائیں تو ان کے پاس اس طرح

۲۲۰۔ قرآن نے یتیم کا مال کھانے کو پیٹ میں آگ بھرنے سے تشبیہ دی۔ اس پر مسلمانوں نے یتیموں سے میل جول ترک کر دیا تو سوال پیدا ہوا کہ ان کی دیکھ بھال کس طرح کی جائے؟ تب یہ آیت نازل ہوئی کہ اگر ان سے مل جل کر ان کی دیکھ بھال ہو سکتی ہے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ یعنی یتیم کے مال سے پرہیز کرنے کا یہ مقصد نہیں کہ اس سے ہر قسم کی دوری اختیار کر لی جائے، بلکہ اس کے ساتھ رہتے ہوئے بھی اس کے اموال و حقوق کا تحفظ ممکن ہے۔ یتیموں کے مال کو اپنے مال سے ملا کر انصاف سے خرچ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اصلاح اور خرابی کا تعلق ارادے اور عمل سے ہے، دکھاوے سے نہیں۔ جو لوگ اصلاح کرنے والے ہیں اور اسی طرح جو فسادی ہیں، اللہ ان کی حقیقت کو خوب جانتا ہے۔

۲۲۱۔ فطری تقاضوں اور اسلامی اقدار کی رو سے ازدواجی زندگی کی تشکیل کی ایک بنیادی شرط کفو ہونا۔ اسلامی اقدار کے مطابق مقام و منزلت اور مرتبے کے معاملے میں رنگ، نسل، علاقہ اور مال و دولت وغیرہ کو کوئی دخل حاصل نہیں ہے، بلکہ کفو (ہم پلہ) ہونے کے لیے ضروری ہے کہ دونوں ایک ہی امت کے فعال اور ایک ہی مشن کے متحرک کارکن ہوں تاکہ ایک متوازن اور پرسکون ماحول میں ایک نظریاتی کنبہ تشکیل پا سکے۔ مؤمن کے لیے مشرک کفو نہیں ہو سکتا کیونکہ ان دونوں کا مقصد حیات اور منزل ایک نہیں ہے۔ شرک انسان کو ہلاکت اور جہنم کی طرف بلاتا ہے جب کہ مومن کا خدا جنت اور مغفرت کی طرف بلاتا ہے۔ ان دونوں میں نور اور ظلمت کا تضاد پایا جاتا ہے، البتہ اہل کتاب کا حکم اس سے جدا ہے۔

۲۲۲۔ یہود حیض کے دنوں میں عورتوں کو اچھوت سمجھتے تھے اور عیسائی حیض کے دنوں میں عورتوں سے ہر قسم کا ملاپ رکھتے تھے۔ یہاں اسلام کا موقف بیان ہوا ہے کہ عورت ان دنوں میں اچھوت نہیں ہے اور اس کے ہاتھ سے کھانا کھانے میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ جنسی ملاپ کے لیے مناسب نہیں ہے۔ ان دنوں میں عورت کا رحم اور تناسلی نظام شکست و ریخت سے دوچار ہوتا ہے، لہٰذا ان دنوں میں صرف جنسی آمیزش سے اجتناب کرنا چاہیے۔

مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ وَ يُحِبُّ
الْمُتَطَهِّرِيْنَ ﴿۲۲۳﴾
نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ ۠ فَاْتُوْا
حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ ۫ وَقَدِّمُوْا
لِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَ
اعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ مُّلٰقُوْهُ ؕ وَبَشِّرِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۲۴﴾
وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰهَ عُرْضَةً
لِّاَيْمَانِكُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا
وَتُصْلِحُوْا بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۵﴾
لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ
اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ
بِمَا كَسَبَتْ قُلُوْبُكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ
غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۲۶﴾
لِلَّذِيْنَ يُؤْلُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ
تَرَبُّصُ اَرْبَعَةِ اَشْهُرٍ ۚ فَاِنْ فَآءُوْ
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲۷﴾
وَاِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَاِنَّ اللّٰهَ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾
وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ
ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ

جاؤ جس طریقے سے اللہ نے تمہیں حکم دے رکھا ہے، بے شک خدا توبہ کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے اور پاک صاف رہنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔ ☆

۲۲۳۔ تمہاری عورتیں تمہاری کھیتیاں ہیں پس اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جا سکتے ہو نیز اپنے لیے (نیک اعمال) آگے بھیجو اور اللہ کے عذاب سے بچو اور یاد رکھو تمہیں ایک دن اس کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے اور (اے رسول) ایمانداروں کو بشارت سنا دو۔ ☆

۲۲۴۔ اور اللہ کو اپنی ان قسموں کا نشانہ مت بناؤ جن سے نیکی کرنے، تقویٰ اختیار کرنے اور لوگوں میں صلح و آشتی کرانے سے باز رہنا مقصود ہو اور اللہ سب کچھ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔ ☆

۲۲۵۔ اللہ ان قسموں پر تمہاری گرفت نہیں کرتا جو تم بے توجہی میں کھاتے ہو، ہاں جو قسمیں تم سچے دل سے کھاتے ہو ان کا مواخذہ ہو گا اور اللہ خوب درگزر کرنے والا، بردبار ہے۔

۲۲۶۔ جو لوگ اپنی عورتوں سے الگ رہنے کی قسم کھاتے ہیں ان کے لیے چار ماہ کی مہلت ہے، اگر (اس دوران) رجوع کریں تو اللہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا رحم کرنے والا ہے۔ ☆

۲۲۷۔ اور اگر طلاق کا فیصلہ کر لیں تو اللہ یقیناً خوب سننے والا، علم والا ہے۔

۲۲۸۔ اور طلاق یافتہ عورتیں تین مرتبہ (ماہواری سے) پاک ہونے تک انتظار کریں اور اگر وہ اللہ اور روز آخرت پر

۲۲۳۔ مذکورہ آیت میں بیوی کو کھیتی کے ساتھ تعبیر فرمایا ہے، کیونکہ یہاں عورت کو انسانی نسل کی افزائش اور نشو و نما کا منبع قرار دیا جا رہا ہے اور مسلمانوں کو یہ تربیت دی جا رہی ہے کہ وہ عورت کو محض اپنی ہوس پرستی کا ہدف قرار نہ دیں، کیونکہ عورت انسانی نسل جیسی عظیم فصل کی کاشت کا مقدس ذریعہ ہے۔ اس ذریعے کے پاس یہی عظیم فصل کاشت کرنے کے لیے جایا کرو اور یہی تمہارا اولین مقصد ہونا چاہیے۔ اس سے بحث نہیں ہے کہ کاشت کی کیفیت کیا ہے: فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ . اپنی کھیتی میں جس وقت چاہو جا سکتے ہو۔ یہاں پر لفظ اَنّٰى زمانی ہو سکتا ہے یعنی جب چاہو، جس وقت چاہو اپنے کھیتوں میں جاؤ، سوائے ایام حیض کے نیز ممکن ہے کہ اَنّٰى ''جس طرح'' کے معنی میں ہو۔ جیسے قرآن مجید میں یہ لفظ کَیْف کے معنوں میں آیا ہے: اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا . (بقرۃ : ۲۵۹) بنابریں آیت کا ترجمہ اس طرح ہو گا : تم اپنی کھیتی میں جس طرح چاہو جا سکتے ہو۔

۲۲۴۔ نیکی انجام نہ دینے کے لیے قسم کھانے کی ممانعت فرمائی ہے۔ اگر ایسی قسم کھائی بھی ہو تو اس کے توڑنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

۲۲۶۔ اپنی زوجہ سے مباشرت نہ کرنے کی قسم کو ایلاء کہتے ہیں۔ اس صورت میں حاکم شرع اس مرد کو چار ماہ کی مہلت دے گا کہ اس اثناء میں کفارہ دے کر مباشرت کرے یا طلاق دے۔

۲۲۸۔ اس آیت میں چند احکام بیان فرمائے ہیں:
☆ عدت: طلاق کی صورت میں عورت کو عدت گزارنی چاہیے۔ یہ عدت فقہ جعفری کے مطابق تیسری مرتبہ حیض شروع ہونے پر اور حنفی کے مطابق تیسری مرتبہ حیض سے پاک ہونے پر پوری ہو جائے گی۔ ☆ عدت کی انتہا نسوانی مسائل سے مربوط ہے۔ اس لیے یہ بات عورتوں پر چھوڑی گئی ہے، وہی بتائیں کہ ان کا رحم خون سے کب پاک ہوا ہے۔ ☆ حق رجوع: اگر طلاق رجعی ہے تو شوہر کو عدت کے اندر رجوع کرنے کا حق حاصل ہے۔ ☆ مساویانہ حقوق: عورتوں کو دستور کے مطابق ویسے ہی حقوق حاصل ہیں جیسے مردوں کے حقوق ان پر ہیں۔

يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْٓ
اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَ
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ
بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا
اِصْلَاحًا ؕ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ
عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَ
لِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ؕ وَاللّٰهُ
ع ۲۸ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۲۸﴾
اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۠ فَاِمْسَاكٌ
بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ ؕ
وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْخُذُوْا مِمَّآ
اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْـًٔا اِلَّآ اَنْ يَّخَافَآ
اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ
خِفْتُمْ اَلَّا يُقِيْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ ۙ فَلَا
جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيْمَا افْتَدَتْ بِهٖ ؕ تِلْكَ
حُدُوْدُ اللّٰهِ فَلَا تَعْتَدُوْهَا ۚ وَمَنْ
يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾
فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ
حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ
طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ
يَّتَرَاجَعَآ اِنْ ظَنَّآ اَنْ يُّقِيْمَا
حُدُوْدَ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ

ایمان رکھتی ہیں تو ان کے لیے جائز نہیں کہ اللہ نے ان کے رحم میں جو کچھ خلق کیا ہے اسے چھپائیں اور ان کے شوہر اگر اصلاح و سازگاری کے خواہاں ہیں تو عدت کے دنوں میں انہیں پھر اپنی زوجیت میں واپس لینے کے پورے حقدار ہیں اور عورتوں کو دستور کے مطابق ویسے ہی حقوق حاصل ہیں جیسے مردوں کے حقوق ان پر ہیں، البتہ مردوں کو عورتوں پر برتری حاصل ہے اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔ ☆

۲۲۹۔ طلاق دوبار ہے پھر یا تو شائستہ طور پر عورتوں کو اپنی زوجیت میں رکھ لیا جائے یا اچھے پیرائے میں انہیں رخصت کیا جائے اور یہ جائز نہیں کہ جو کچھ تم انہیں دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس لے لو مگر یہ کہ زن و شوہر کو خوف ہو کہ وہ اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھ سکیں گے، پس اگر تمہیں یہ خوف ہو کہ زوجین اللہ کی حدود کو قائم نہیں رکھ سکیں گے تو زوجین کے لیے (اس مال میں) کوئی مضائقہ نہیں جو عورت بطور معاوضہ دے دے، یہ اللہ کی مقرر کردہ حدود ہیں سو ان سے تجاوز نہ کرو اور جو لوگ حدود الٰہی سے تجاوز کرتے ہیں پس وہی ظالم ہیں۔ ☆

۲۳۰۔ اگر (تیسری بار) پھر طلاق دے دی تو وہ عورت اس کے لیے اس وقت تک حلال نہ ہوگی جب تک کسی دوسرے شخص سے نکاح نہ کرلے، ہاں اگر دوسرا خاوند طلاق دے اور عورت اور مرد دونوں ایک دوسرے کی طرف رجوع کریں تو کوئی حرج نہیں بشرطیکہ انہیں امید ہو کہ وہ حدود الٰہی کو قائم رکھ سکیں گے اور یہ ہیں

۲۲۹ ۔ ۲۳۰۔ شوہر اپنی مدخولہ بیوی کو دو مرتبہ طلاق دے کر رجوع کر سکتا ہے۔ اگر دو مرتبہ طلاق دے کر رجوع کر چکا ہو تو اس کے بعد جب کبھی وہ اسے تیسری بار طلاق دے گا تو عورت اس سے مستقل طور پر جدا ہو جائے گی۔ تیسری طلاق کے بعد رجوع کا حق ختم ہو جائے گا۔ لہٰذا دو مرتبہ طلاق دینے کے بعد شوہر بہتر طریقے سے رجوع کرتے ہوئے بیوی کو اپنی زوجیت میں رکھ لے یا تیسری طلاق دے کر اسے مستقل طور پر فارغ کر دے۔

وہ مہر جو شوہر اپنی بیوی کے عقد نکاح میں معین کرے، اس میں سے کوئی چیز نہ دینے یا واپس مانگنے کا اسے حق حاصل نہیں ہے۔ ایسا کرنا تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ کے منافی ہے۔

اگر میاں بیوی اسلامی احکام کی حدود میں رہ کر اپنی زوجیت کا نظام برقرار نہ رکھ سکیں اور عورت مرد سے اس حد تک متنفر ہو جائے کہ وہ اس کے ساتھ زندگی نہ گزار سکتی ہو تو اس صورت میں عورت کچھ معاوضہ دے کر شوہر سے طلاق حاصل کر سکتی ہے۔ اسے اصطلاح میں خلع کہتے ہیں۔ خلع طلاق بائن ہے جس کے بعد شوہر کو رجوع کا حق حاصل نہیں ہوتا، البتہ اگر عورت عدت کے دوران معاوضہ واپس لے لے تو شوہر بھی رجوع کر سکتا ہے۔

خلاصہ یہ کہ اگر عورت شوہر سے متنفر نہ ہو اور شوہر از خود طلاق دے تو اس صورت میں عورت سے کچھ لینا حرام ہے اور اگر عورت متنفر ہے اور معاوضہ دے کر طلاق حاصل کرنا چاہتی ہے تو اس صورت میں عورت سے معاوضہ لینا جائز ہے۔

تیسری بار طلاق دینے کی صورت میں یہ عورت مستقل طور پر جدا ہو جاتی ہے۔ اب سابقہ شوہر نہ اس سے دوبارہ عقد کر سکتا ہے اور نہ رجوع، جب تک وہ عورت کسی دوسرے مرد سے شادی کر کے مطلقہ نہ ہو جائے۔ پس اگر وہ عورت کسی اور مرد سے شادی کر لیتی ہے تو صرف عقد کافی نہیں ہے، بلکہ ہمبستری بھی شرط ہے۔ پھر اگر وہ اسے طلاق دے تو پہلے شوہر کے لیے جائز ہے کہ وہ اس عورت سے تیسری بار عقد کر لے۔

يُبَيِّنُهَا لِلنَّاسِ يَتَّقُوْنَ ﴿۲۳۰﴾

وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ
اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ
بِمَعْرُوْفٍ اَوْ سَرِّحُوْهُنَّ
بِمَعْرُوْفٍ ۪ وَّلَا تُمْسِكُوْهُنَّ
ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوْا ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ
فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهٗ ؕ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا
اٰيٰتِ اللّٰهِ هُزُوًا ۠ وَّاذْكُرُوْا نِعْمَتَ
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ
مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ
بِهٖ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۳۱﴾ ع

الجزء ۲ ع ۳

وَ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ
اَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ
يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ اِذَا تَرَاضَوْا
بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ذٰلِكَ يُوْعَظُ
بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ
وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ
وَاَطْهَرُ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۲﴾

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ
حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ ؕ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ
يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ؕ وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ

اللہ کی مقرر کردہ حدود جنہیں اللہ دانشمندوں کے لیے بیان کرتا ہے۔ ☆

۲۳۱۔ اور جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دے دو اور وہ اپنی عدت پوری کر لیں تو انہیں یا تو شائستہ طریقے سے نکاح میں رکھو یا شائستہ طور پر رخصت کر دو اور صرف ستانے کی خاطر زیادتی کرنے کے لیے انہیں روکے نہ رکھو اور جو ایسا کرے گا وہ اپنے آپ پر ظلم کرے گا اور تم اللہ کی آیات کا مذاق نہ اڑاؤ اور اللہ نے جو نعمت تمہیں عطا کی ہے اسے یاد رکھو اور یہ (بھی یاد رکھو) کہ تمہاری نصیحت کے لیے اس نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی اور اللہ سے ڈرو اور یہ جان لو کہ اللہ کو ہر چیز کا علم ہے۔ ☆

۲۳۲۔ اور جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دے چکو اور ان کی عدت پوری ہو جائے تو انہیں اپنے (مجوزہ) شوہروں سے نکاح کرنے سے نہ روکو جب کہ وہ جائز طور پر ازدواج پر باہم راضی ہوں، یہ نصیحت اس شخص کے لیے ہے جو تم میں سے خدا اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہے، تمہارے لیے نہایت شائستہ اور پاکیزہ طریقہ یہی ہے اور (ان باتوں کو) اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ☆

۲۳۳۔ اور مائیں اپنے بچوں کو پورے دو سال دودھ پلائیں، (یہ حکم) ان لوگوں کے لیے ہے جو پوری مدت دودھ پلوانا چاہتے ہیں اور بچے والے کے ذمے دودھ پلانے والی ماؤں کا روٹی کپڑا معمول

۲۳۱۔ جب طلاق کے بعد عدت کا عرصہ ختم ہونے کے قریب آئے تو شوہر کو چاہیے کہ یا تو رجوع کر کے دستور کے مطابق عورت کو دوبارہ اپنی زوجیت میں لے آئے یا دستور کے مطابق بغیر کسی زیادتی کے اسے رخصت کر دے۔ محض اذیت دینے کے لیے رجوع نہ کرے۔ یعنی طلاق دینے کے بعد عدت گزرنے سے پہلے اگر شوہر محض اس لیے رجوع کرے کہ عورت کسی اور سے شادی بھی نہ کر سکے اور سکون سے اس کے پاس بھی نہ رہ سکے تو شوہر کا یہ عمل عورت کے حق میں ظلم متصور ہو گا، جس سے اللہ تعالیٰ نے منع فرمایا ہے۔

۲۳۲۔ یہاں خطاب ان تمام اشخاص سے ہے جو طلاق کے بعد عورتوں کے نئے عقد نکاح میں مداخلت کریں، خواہ ولی ہوں یا غیر ولی۔ ارشاد ہوتا ہے: اگر طلاق یافتہ عورتیں اپنی عدت پوری کرنے کے بعد اپنے سابقہ یا مجوزہ شوہروں سے عقد کرنا چاہیں اور طرفین جائز طریقے سے عقد ثانی پر راضی ہوں تو کسی کو یہ حق نہیں کہ وہ انہیں روکے۔ یہ معاملہ ان دونوں کی زندگی سے مربوط ہے۔ جب یہ دونوں راضی ہوں تو کسی غیر کو ان کے آزادانہ فیصلے میں دخل دینے کا حق نہیں، خواہ اس کا مقام کچھ بھی ہو۔ جب طرفین عاقل، بالغ اور تجربہ کار ہوں تو ان کی ازدواجی زندگی کے فیصلے انہی پر چھوڑ دینا ہی شائستہ و پاکیزہ طریقہ ہے۔ اس حکم سے فردی آزادی کے بارے میں اسلام کا نقطۂ نظر سمجھ میں آتا ہے

۲۳۳۔ ''مائیں پورے دو سال یعنی چوبیس ماہ دودھ پلائیں''۔ اس جملے میں دو اہم نکتے ہیں۔ ایک یہ کہ مائیں دودھ پلائیں۔ دوم یہ کہ دو سال تک دودھ پلائیں۔ صدیوں کے تجربات کے بعد آج انسان کو دو باتوں کا پتہ چلا ہے: الف: بچے کے لیے ماں کا دودھ بہترین غذا ہے اور ماں کے دودھ سے مثبت اخلاقی، نفسیاتی، عقلی اور جسمانی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ب: طبی تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ دو سال کے دوران بچے کو فراہم کی جانے والی غذا سے بچے پر اخلاقی، نفسیاتی اور

لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَ كِسْوَتُهُنَّ
بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ
اِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَآرَّ وَالِدَةٌۢ
بِوَلَدِهَا وَلَا مَوْلُوْدٌ لَّهٗ بِوَلَدِهٖ ۘ
وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ ۚ
فَاِنْ اَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ
مِّنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ؕ
وَاِنْ اَرَدْتُّمْ اَنْ تَسْتَرْضِعُوْٓا
اَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِذَا
سَلَّمْتُمْ مَّآ اٰتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۲۳۳﴾
وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ
اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ
اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ
اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا
فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۳۴﴾
وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا عَرَّضْتُمْ
بِهٖ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَآءِ اَوْ اَكْنَنْتُمْ
فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ عَلِمَ اللّٰهُ اَنَّكُمْ
سَتَذْكُرُوْنَهُنَّ وَلٰكِنْ لَّا
تُوَاعِدُوْهُنَّ سِرًّا اِلَّآ اَنْ تَقُوْلُوْا

کے مطابق ہو گا، کسی پر اس کی گنجائش سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالا جاتا، بچے کی وجہ سے نہ ماں کو تکلیف میں ڈالا جائے اور نہ باپ کو اس بچے کی وجہ سے کوئی ضرر پہنچایا جائے اور اسی طرح کی ذمے داری وارث پر بھی ہے، پھر اگر طرفین باہمی رضامندی اور مشورے سے بچے کا دودھ چھڑانا چاہتے ہیں تو اس میں ان پر کوئی مضائقہ نہیں ہے نیز اگر تم اپنی اولاد کو (کسی سے) دودھ پلوانا چاہو تو تم پر کوئی مضائقہ نہیں بشرطیکہ تم عورتوں کو معمول کے مطابق طے شدہ معاوضہ ادا کرو اور اللہ کا خوف کرو اور جان لو کہ تمہارے اعمال پر اللہ کی خوب نظر ہے۔☆

۲۳۴۔ اور تم میں سے جو وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ بیویاں چار ماہ دس دن اپنے آپ کو انتظار میں رکھیں، پھر جب ان کی عدت پوری ہو جائے تو دستور کے مطابق اپنے بارے میں جو فیصلہ کریں اس کا تم پر کچھ گناہ نہیں اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۲۳۵۔ اور اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ تم ان عورتوں کے ساتھ نکاح کا اظہار اشارے کنائے میں کرو یا اسے تم اپنے دل میں پوشیدہ رکھو، اللہ کو تو علم ہے کہ تم ان سے ذکر کرو گے مگر ان سے خفیہ قول وقرار نہ کرو، ہاں اگر کوئی بات کرنا ہے تو دستور کے مطابق کرو، البتہ عقد کا فیصلہ اس

جسمانی وعقلی لحاظ سے ٹھوس اثرات مترتب ہوتے ہیں۔ رضاعت یعنی دودھ پلانا اور تربیت کرنا ماں کا ایک حق ہے جسے ''حق حضانت'' کہتے ہیں۔ اگر ماں اپنے اس حق سے دستبردار ہو جائے تو دو سال سے کم دودھ پلانے میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ بچے کی صحت اس بات کی متحمل ہو سکے۔ باپ پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ بچے کو دودھ پلانے والی کا خرچہ برداشت کرے۔ یہاں نہ ماں زیادہ مطالبہ کر سکتی ہے اور نہ باپ معمول سے کم پر اکتفا کر سکتا ہے، بلکہ عام دستور کے مطابق اسے کھانا کپڑا وغیرہ فراہم کرنا ہوگا۔ بچے کی تربیت اور رضاعت کے سلسلے میں ماں اور باپ ایک دوسرے کو نقصان اور ضرر نہیں پہنچا سکتے۔ میاں اور بیوی میں اختلاف اور نزاع ہو جائے تو اس کے برے اثرات بچے کی تربیت پر مترتب ہوتے ہیں۔ لہٰذا باپ ماں کی مامتا سے ناجائز فائدہ اٹھا کر ماں کو نقصان اور ضرر نہیں پہنچا سکتا اور نہ ہی ماں کو یہ حق حاصل ہے کہ باپ کی مجبوری سے فائدہ اٹھا کر اسے کوئی نقصان پہنچائے. باپ کی وفات کی صورت میں وارث پر بھی وہی ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں جو باپ پر عائد تھیں۔ والدین باہمی رضامندی اور باہمی مشورے سے دو سال سے پہلے بچے کا دودھ چھڑا سکتے ہیں۔ رضامندی اور مشورے کی شرط اس لیے لگائی گئی ہے کہ اگر بچے کی صحت اس بات کی متحمل ہے تو یہ کام جائز ہے۔ دو سال کی حد انتہائی حد ہے۔ دو سال پورے کرنا ہر صورت میں ضروری نہیں بلکہ اگر بچے کی صحت اس بات کی اجازت دے تو دو سال سے پہلے دودھ چھڑانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے۔ ماں کی جگہ غیر عورت سے دودھ پلوانے میں بھی کوئی مضائقہ نہیں بشرطیکہ اسے طے شدہ معاوضہ ادا کیا جائے۔

۲۳۴۔ غیر اسلامی، باطل اور غیر انسانی مراسم پر خط بطلان کھینچتے ہوئے قرآن اس بات کو صراحت کے ساتھ بیان فرماتا ہے کہ عدت پوری ہونے کے بعد عورتیں نئی ازدواجی زندگی کے سلسلے میں جو بھی فیصلہ کریں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسی طرح زیبائش اور گھر سے نکلنا وغیرہ بھی جائز ہے۔

قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۬ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ
النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ؕ
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ
اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۚ وَاعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۲۳۵﴾ ع ۱۴
لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ اِنْ طَلَّقْتُمُ
النِّسَآءَ مَا لَمْ تَمَسُّوْهُنَّ اَوْ
تَفْرِضُوْا لَهُنَّ فَرِيْضَةً ۖ وَّ
مَتِّعُوْهُنَّ ۚ عَلَى الْمُوْسِعِ قَدَرُهٗ
وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهٗ ۚ مَتَاعًا
بِالْمَعْرُوْفِ ۚ حَقًّا عَلَى
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۳۶﴾
وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ
تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ
فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ اِلَّآ
اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ
عُقْدَةُ النِّكَاحِ ؕ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ
لِلتَّقْوٰى ؕ وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ
بَيْنَكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ﴿۲۳۷﴾
حٰفِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ
الْوُسْطٰى ۗ وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ﴿۲۳۸﴾
فَاِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا اَوْ رُكْبَانًا ۚ

وقت تک نہ کرو جب تک عدت پوری نہ ہو جائے اور جان رکھو جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ کو سب معلوم ہے، لہٰذا اس سے ڈرو اور جان رکھو کہ اللہ بڑا بخشنے والا، بردبار ہے۔☆

۲۳۶۔ اس میں کوئی مضائقہ نہیں کہ تم عورتوں کو ہاتھ لگانے اور مہر معین کرنے سے قبل طلاق دے دو، اس صورت میں انہیں کچھ دے کر رخصت کرو، مالدار اپنی وسعت کے مطابق اور غریب آدمی اپنی وسعت کے مطابق یہ خرچ دستور کے مطابق دے، یہ نیکی کرنے والوں پر ایک حق ہے۔☆

۲۳۷۔ اور اگر تم عورتوں کو ہاتھ لگانے سے قبل اور ان کے لیے مہر معین کر چکنے کے بعد طلاق دو تو اس صورت میں تمہیں اپنے مقرر کردہ مہر کا نصف ادا کرنا ہوگا مگر یہ کہ وہ اپنا حق چھوڑ دیں یا جس کے ہاتھ میں عقد کی گرہ ہے وہ حق چھوڑ دے اور تمہارا چھوڑ دینا تقویٰ سے زیادہ قریب ہے اور تم آپس کی احسان کوشی نہ بھولو، یقیناً تمہارے اعمال پر اللہ کی خوب نگاہ ہے۔☆

۲۳۸۔ نمازوں کی محافظت کرو، خصوصاً درمیانی نماز کی اور اللہ کے حضور خضوع کے ساتھ کھڑے ہو جاؤ۔☆

۲۳۹۔ پھر اگر تم حالت خوف میں ہو تو پیدل ہو یا سوار (جس حال میں ہو نماز پڑھ لو) اور جب تمہیں امن مل جائے تو

۲۳۵۔ عدت کے دوران عورت سے اشاروں اور کنایوں میں منگنی کا اظہار کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ مثلاً کہے کہ میں تمہارے ساتھ زندگی گزارنا چاہتا ہوں یا یہ کہے کہ کون ہے جو تجھے پسند نہ کرے۔ اسی طرح دل میں یہ ارادہ رکھنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے کہ عدت ختم ہونے کے بعد اس کا اظہار کرے گا۔

۲۳۶۔ ۲۳۷۔ ان دو آیات اور سنت کی روشنی میں مسئلے کی چار صورتیں بنتی ہیں: ۱۔ مہر معین ہو اور ہمبستری سے پہلے طلاق ہو جائے تو عورت کو نصف مہر ملے گا۔ ۲۔ مہر معین نہ ہو اور ہمبستری سے پہلے طلاق ہو جائے تو مالدار شوہر اپنی وسعت کے مطابق اور غریب شوہر اپنی وسعت کے مطابق عورت کو کچھ مال دے گا۔ ۳۔ مہر معین ہو اور ہمبستری کے بعد طلاق دے تو پورا مہر دینا ہوگا۔ ۴۔ مہر معین نہ ہو اور ہمبستری کے بعد طلاق ہو جائے تو اس جیسی عورتوں کو عرف میں جو مہر ملا کرتا ہے وہ دینا ہوگا، جسے مہر مثل کہتے ہیں۔ ذیل کی دو صورتوں میں باقی نصف بھی معاف ہو سکتا ہے: ۱۔ عورت خود معاف کر دے۔ ۲۔ باپ یا دادا جن کے ہاتھ میں نابالغ بچی کے نکاح کا اختیار ہوتا ہے، باقی مہر معاف کر دیں۔

نکاح اسلام کے نزدیک نہایت ہی مقدس عمل ہے، جب کہ طلاق اسلام کی نظر میں جائز کاموں میں سب سے مکروہ اور مبغوض کام ہے۔ اسی لیے طلاق کی حدود و شرائط سخت ہیں، جب کہ نکاح کی شرائط آسان ہیں۔ زن و شوہر کے درمیان اختلافات اور ناہم آہنگی کی صورت میں آخری علاج طلاق ہے۔ قرآن نے طلاق کی نوبت آنے سے پہلے اختلافات کو ختم کرنے کے متعدد حل بتائے ہیں۔ مثلاً عرف کی طرف رجوع کرنا، حَکَم اور منصف کی طرف رجوع کرنا، میاں بیوی کے خاندان کے افراد کی طرف رجوع کرنا اور آخر میں ہمبستری ترک کرنا وغیرہ۔ ان تمام تدابیر میں ناکامی کی صورت میں طلاق کی نوبت آتی ہے۔

۲۳۸۔ نمازیں پوری شرائط کے ساتھ وقت پر ادا کی جائیں۔ احادیث کے مطابق نماز وسطیٰ (درمیانی نماز) سے مراد ظہر کی نماز ہے۔ اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ یہ پہلی نماز ہے جو اسلام میں پڑھی گئی اور دن کے وسط میں بھی ہے اور نماز جمعہ ظہر کی جگہ پڑھی جاتی ہے۔

فَاِذَآ اَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَمَا
عَلَّمَكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۳۹﴾
وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ
اَزْوَاجًا ۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا
اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ
خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْ
مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ
مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾
وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۗ
حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾
كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ
ع ۱۵ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۴۲﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ
دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ
الْمَوْتِ ۪ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ۫
ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ
عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۲۴۳﴾
وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۴۴﴾
مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا
حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗٓ اَضْعَافًا

اللہ کو اسی طرح یاد کرو جس طرح اس نے تمہیں وہ (کچھ) سکھایا ہے جسے تم پہلے نہیں جانتے تھے۔☆

۲۴۰۔ اور تم میں سے جو وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں انہیں چاہیے کہ وہ اپنی بیویوں کے بارے میں وصیت کر جائیں کہ ایک سال تک انہیں (نان و نفقہ سے) بہرہ مند رکھا جائے اور گھر سے نہ نکالی جائیں، پس اگر وہ خود گھر سے نکل جائیں تو دستور کے دائرے میں رہ کر وہ اپنے لیے جو فیصلہ کرتی ہیں تمہارے لیے اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۲۴۱۔ اور مطلقہ عورتوں کو دستور کے مطابق کچھ خرچہ دینا، یہ متقی لوگوں کی ذمے داری ہے۔

۲۴۲۔ اللہ اپنی نشانیاں تمہارے لیے اس طرح کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔

۲۴۳۔ کیا آپ نے ان لوگوں کے حال پر نظر نہیں کی جو موت کے ڈر سے ہزاروں کی تعداد میں اپنے گھروں سے نکلے تھے؟ اللہ نے ان سے فرمایا: مر جاؤ، پھر انہیں زندہ کر دیا، بے شک اللہ لوگوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے، مگر اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔☆

۲۴۴۔ اور راہ خدا میں جنگ کرو اور جان لو کہ اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۲۴۵۔ کوئی ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے تاکہ اللہ اسے کئی گنا زیادہ دے؟ اللہ ہی

۲۳۹۔ نماز کی محافظت کے ایک مورد کا ذکر ہے کہ نماز کسی بھی حالت میں چھوڑی نہیں جائے گی، حتیٰ کہ حالت خوف میں بھی، جہاں ایک جگہ اطمینان سے نماز پڑھی نہیں جا سکتی۔ خوف کی حالت میں چلتے ہوئے یا سواری کی حالت میں قبلہ رخ ہونا شرط نہیں اور رکوع وسجود کے اشاروں پر اکتفا کیا جائے گا۔ نماز خوف کی تفصیل فقہی کتابوں میں مذکور ہے۔

۲۴۰۔ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم آیۂ عدت وفات سے منسوخ ہو گیا ہے۔

۲۴۳۔ الاحتجاج ۲: ۳۴۴ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے: آیت میں اس قوم کا ذکر ہے جو طاعون کی بیماری سے بچنے کے لیے بھاگ نکلی تھی۔ یہ لوگ بے شمار تھے۔ پھر اللہ نے ایک طویل عرصے کے لیے انہیں موت کی نیند سلا دیا، یہاں تک کہ ان کی ہڈیاں تک گل سڑ کر بکھر گئیں اور وہ خاک ہو گئے۔ پھر جب اللہ نے چاہا کہ اپنی مخلوق کو زندہ دیکھے تو ایک نبی کو مبعوث فرمایا جنہیں حزقیل (ع) کہتے تھے۔ حضرت حزقیل (ع) نے دعا کی تو ان کے جسم یکجا ہو گئے، ان میں روح پلٹ آئی اور جس حالت میں وہ مرے تھے، اسی حالت میں کھڑے ہو گئے اور ایک آدمی بھی کم نہیں نکلا۔ اس کے بعد انہوں نے ایک لمبی مدت تک زندگی پائی۔ اصول الکافی ۸: ۱۹۸ میں یہ واقعہ مختلف لفظوں میں نقل ہوا ہے۔ اس میں اس طرح ہے: یہ لوگ شام کی کسی بستی سے نکلے تھے اور ان کی تعداد ستر ہزار (۷۰۰۰۰) تھی۔

۲۴۴۔ اللہ تعالیٰ جہاں بھی جہاد کا حکم دیتا ہے، وہاں اس کے ساتھ فی سبیل اللہ کی قید ضرور لگاتا ہے تاکہ جہاد کا حدود اربعہ متعین ہو جائے کہ کن حالات میں، کن لوگوں کے ساتھ اور کن مقاصد کے لیے جہاد کیا جاتا ہے۔ اسلامی جہاد کشور کشائی اور حکومت و غلبے کے لیے نہیں ہوتا، جیسا کہ دشمنان اسلام نے مشہور کر رکھا ہے۔

۲۴۵۔ یہ رحمت و فیض الٰہی کا بہترین نمونہ ہے۔ ذات بے نیاز، محتاج بندوں سے قرض مانگ رہی ہے، وہ بھی اس مال سے جو اس نے خود عطا کیا ہے۔ حدیث کے مطابق اَضْعَافًا كَثِيْرَةً میں کثیر سے مراد "ناقابل شمار" ہے۔

كَثِيْرَةً ۭ وَاللّٰهُ يَقْبِضُ وَيَبْصُۜطُ ۠
وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۲۴۵
اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ
مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى ۘ اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ
لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ
كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ
قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَ
اَبْنَاۗىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ
الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَ
اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۲۴۶
وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ
بَعَثَ لَكُمْ طَالُوْتَ مَلِكًا ۭ قَالُوْٓا
اَنّٰى يَكُوْنُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَ
نَحْنُ اَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ
يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ ۭ قَالَ اِنَّ
اللّٰهَ اصْطَفٰىهُ عَلَيْكُمْ وَزَادَهٗ
بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ۭ وَاللّٰهُ
يُؤْتِيْ مُلْكَهٗ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ
وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۲۴۷
وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ
اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ

ع ۲۰

گھٹاتا اور بڑھاتا ہے اور اسی کی طرف تمہیں پلٹ کر جانا ہے۔☆

۲۴۶۔ کیا آپ نے موسیٰ کے بعد بنی اسرائیل کی ایک جماعت (کو پیش آنے والے حالات) پر نظر نہیں کی جس نے اپنے نبی سے کہا: آپ ہمارے لیے ایک بادشاہ مقرر کریں تاکہ ہم راہ خدا میں جنگ کریں، (نبی نے) کہا: ایسا نہ ہو کہ تمہیں جنگ کا حکم دیا جائے اور پھر تم جنگ نہ کرو، کہنے لگے: ہم راہ خدا میں جنگ کیوں نہ کریں جب کہ ہم اپنے گھروں سے نکالے گئے اور اپنے بچوں سے جدا کیے گئے ہیں؟ لیکن جب انہیں جنگ کا حکم دیا گیا تو ان میں سے چند اشخاص کے سوا سب پھر گئے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔☆

۲۴۷۔ اور ان کے پیغمبر نے ان سے کہا: اللہ نے تمہارے لیے طالوت کو بادشاہ مقرر کیا ہے، کہنے لگے: اسے ہم پر بادشاہی کرنے کا حق کیسے مل گیا؟ جب کہ ہم خود بادشاہی کے اس سے زیادہ حقدار ہیں اور وہ کوئی دولتمند آدمی تو نہیں ہے، پیغمبر نے فرمایا: اللہ نے تمہارے مقابلے میں اسے منتخب کیا ہے اور اسے علم اور جسمانی طاقت کی فراوانی سے نوازا ہے اور اللہ اپنی بادشاہی جسے چاہے عنایت کرے اور اللہ بڑی وسعت والا، دانا ہے۔☆

۲۴۸۔ اور ان سے ان کے پیغمبر نے کہا: اس کی بادشاہی کی علامت یہ ہے کہ وہ صندوق تمہارے پاس آئے گا جس میں

۲۴۶۔ ۲۴۷۔ یہ واقعہ حضرت موسیٰ (ع) سے تقریباً تین صدی بعد کا ہے۔ اس وقت بنی اسرائیل کے متبرک تابوت سمیت فلسطین کا بیشتر علاقہ عمالقہ کے قبضے میں تھا۔ اس لیے جنگ ناگزیر ہو چکی تھی اور اس زمانے میں بادشاہ کا پہلا فرض یہ تھا کہ فوج کی سپہ سالاری کرے، اس لیے بنی اسرائیل نے اپنے وقت کے پیغمبر حضرت شمویلؑ سے ایک بادشاہ کے تقرر کی درخواست کی۔ چونکہ خود حضرت شمویلؑ بہت بوڑھے ہو چکے تھے، لہٰذا حضرت شمویلؑ نے حضرت طالوت ابن کش کو بادشاہ مقرر کیا۔ ممکن ہے طالوت ان کا لقب ہو، چونکہ توریت میں ان کا نام ''ساول'' saul آیا ہے۔ ان کا زمانہ حکومت ۱۰۱۲ سے ۱۰۲۸ قبل مسیح بتایا جاتا ہے۔ ان کے تقرر پر بنی اسرائیل نے یہ کہکر اعتراض کیا کہ بادشاہی کے لیے ہم اس سے زیادہ حقدار تھے (شاید قبائلی اور خاندانی طور پر)، ثانیاً یہ شخص فقیر ہے، دولت مند نہیں ہے۔ جواب میں تین نکات بیان ہوئے۔☆ طالوت کا انتخاب اللہ کا انتخاب ہے۔ ☆ وہ عالم ہے۔ ☆ شجاع ہے۔ اس کے بعد ایک ضابطہ ارشاد فرمایا: اللہ جسے چاہتا ہے بادشاہی عطا فرماتا ہے۔ یعنی کائنات میں حاکم اعلیٰ اللہ کی ذات ہے۔

۲۴۸۔ بنی اسرائیل اسے ''عہد کا صندوق'' کہتے تھے، ایک جنگ میں فلسطینی مشرکین نے بنی اسرائیل سے چھین لیا تھا۔ اس صندوق کی بنیادی خصوصیت یہ تھی کہ اس میں آل موسیٰ اور آل ہارون کے باقی ماندہ تبرکات رکھے ہوئے تھے۔ کتب تواریخ و احادیث کے مطابق تابوت، وہی صندوق ہے جس میں حضرت موسیٰ کو لٹا کر دریا کے حوالے کیا گیا تھا۔ اس صندوق میں درج ذیل تبرکات موجود تھے:

☆ وہ تختیاں جو کوہ طور پر اللہ نے موسیٰؑ کو دی تھیں۔ ☆ توریت کا اصل نسخہ۔ ☆ ''من'' کی ایک بوتل۔ ☆ حضرت موسیٰؑ کا عصا اور زرہ۔ مشرکین اس صندوق کو جس شہر میں رکھتے وہاں وبائیں پھوٹ پڑتیں۔ اس لیے ایک بیل پر رکھ کر اسے ہانک کر چھوڑ دیا گیا۔ اللہ نے فرشتوں کو حکم دیا کہ اس بیل کو شمویلؑ کی طرف لے جائیں۔

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ
مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ
الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ
ع ۱۲ ۳۲ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۴۸﴾
فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ
قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ
فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَ
مَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ
اغْتَرَفَ غُرْفَةً ۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا
مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ فَلَمَّا
جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ
قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ
وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ
اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ
قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ
اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۲۴۹﴾
وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ
قَالُوْا رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا
وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَى
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۵۰﴾
فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۙ وَقَتَلَ
دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ
وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْ

تمہارے رب کی طرف سے تمہارے سکون واطمینان کا سامان ہے اور جس میں آل موسیٰ و ہارون کی چھوڑی ہوئی چیزیں ہیں جسے فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے، اگر تم ایمان والے ہو تو یقیناً اس میں تمہارے لیے بڑی نشانی ہے۔☆

۲۴۹۔ جب طالوت لشکر لے کر روانہ ہوا تو اس نے کہا: اللہ ایک نہر سے تمہاری آزمائش کرنے والا ہے، پس جو شخص اس میں سے پانی پی لے وہ میرا نہیں اور جو اسے نہ چکھے وہ میرا ہو گا مگر یہ کہ کوئی صرف ایک چلو اپنے ہاتھ سے بھر لے (تو کوئی مضائقہ نہیں) پس تھوڑے لوگوں کے سوا سب نے اس (نہر) میں سے پانی پی لیا، پس جب طالوت اور اس کے ایمان والے ساتھی نہر پار ہو گئے تو انہوں نے (طالوت سے) کہا: آج ہم میں جالوت اور اس کے لشکر کا مقابلہ کرنے کی طاقت نہیں ہے، مگر جو لوگ یہ یقین رکھتے تھے کہ انہیں خدا کے روبرو ہونا ہے وہ کہنے لگے: بسا اوقات ایک قلیل جماعت نے خدا کے حکم سے بڑی جماعت پر فتح حاصل کی ہے اور اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔☆

۲۵۰۔ اور جب وہ جالوت اور اس کے لشکر کے مقابلے پر نکلے تو کہنے لگے: پروردگارا! ہمیں صبر سے لبریز فرما، ہمیں ثابت قدم رکھ اور قوم کفار پر ہمیں فتح یاب کر۔☆

۲۵۱۔ چنانچہ اللہ کے اذن سے انہوں نے کافروں کو شکست دی اور داؤد نے جالوت کو قتل کر دیا اور اللہ نے انہیں سلطنت وحکمت عطا فرمائی اور جو کچھ چاہا

۲۴۹۔ بنی اسرائیل کے جنگجو افراد کو ناکارہ افراد سے جدا کرنے کے لیے ایک امتحان تجویز ہوا کہ جب وہ صحرا نوردی کے بعد ایک نہر پر پہنچ گئے تو ان سے کہا گیا: اس نہر سے سیراب ہو کر پانی نہ پیا جائے۔

۲۵۰۔ جالوت: یہ شخص فلسطینی لشکر کا سردار اور نہایت ہی قد آور شخص تھا۔ توریت میں اس کے قد وقامت کے بارے میں ہے کہ اس کا قد ۱۰ فٹ کے قریب تھا۔

۲۵۱۔ گزشتہ آیات میں چند اہم نکات امت قرآن کے لیے قابل توجہ ہیں۔ ۱۔ جہاد بالمال کو تقدیر ساز مقام حاصل ہے۔ ۲۔ امتوں کی کامیابی کے لیے واحد ذریعہ جہاد ہے۔ ۳۔ فرار از جنگ ایک عار و ننگ ہے۔ ۴۔ قوم پر فوری اعتماد کرنے سے پہلے امتحانی مراحل سے گزارنا چاہیے۔ ۵۔ طاقت کا توازن اللہ کے ہاتھ میں ہے اسی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔ ۶۔ صبر و استقلال ہو تو ایک قلیل جماعت بہت بڑی جماعت پر غالب آ سکتی ہے۔ وَقَتَلَ دَاوٗدُ: عین لڑائی کے موقع پر حضرت داؤدؑ طالوت کے لشکر میں پہنچے جب جالوت دعوت مبارزہ دے رہا تھا۔ اس طرح ایک قلیل جمعیت نے بہت بڑے لشکر کو شکست دی۔ کیونکہ عسکری قیادت نے اپنے لشکر کو کڑی آزمائش سے گزارا پھر تعداد پر نہیں استعداد پر بھروسا کیا۔ اس کارنامے کے بعد حضرت داؤدؑ ہر دلعزیز شخصیت بن گئے اور طالوت نے اپنی بیٹی ان سے بیاہ دی، بعد میں وہی اسرائیلیوں کے پیشوا ہو گئے۔

لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ
بِبَعْضٍ ۙ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾
تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ
بِالْحَقِّ ؕ وَ اِنَّكَ لَمِنَ
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾
الجزء ۳ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى
بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ
وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا
عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ
وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ شَآءَ
اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ
بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ
الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا
فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ
كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا
اقْتَتَلُوْا ۫ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا
ع ۳۲ ۵ يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ ع
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِمَّا
رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا
بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ
وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾

انہیں سکھا دیا اور اگر اللہ لوگوں میں سے بعض کا بعض کے ذریعے دفاع نہ فرماتا رہتا تو زمین میں فساد برپا ہو جاتا، لیکن اہل عالم پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔ ☆

۲۵۲۔ یہ ہیں اللہ کی آیات جنہیں ہم حق کے ساتھ آپ پر تلاوت کرتے ہیں اور آپ یقیناً مرسلین میں سے ہیں۔

۲۵۳۔ ان رسولوں میں سے ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے، ان میں سے بعض ایسے ہیں جن سے اللہ ہمکلام ہوا اور اس نے ان میں سے بعض کے درجات بلند کیے اور ہم نے عیسیٰ بن مریم کو روشن نشانیاں عطا کیں اور ہم نے روح القدس سے ان کی تائید کی اور اگر اللہ چاہتا تو ان رسولوں کے آنے اور روشن نشانیاں دیکھ لینے کے بعد یہ لوگ آپس میں نہ لڑتے، مگر انہوں نے اختلاف کیا، پس ان میں سے بعض تو ایمان لے آئے اور بعض نے کفر اختیار کیا اور اگر اللہ چاہتا تو یہ لوگ باہم نہ لڑتے، مگر اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ ☆

۲۵۴۔ اے ایمان والو! جو مال ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرو قبل اس دن کے جس میں نہ تجارت کام آئے گی اور نہ دوستی کا فائدہ ہوگا اور نہ سفارش چلے گی اور ظالم وہی لوگ ہیں جنہوں نے کفر اختیار کیا۔ ☆

۲۵۳۔ تمام انبیاء علیہم السلام میں اللہ کی طرف سے حجت ہونے کے ناطے کوئی فرق نہیں۔ سب ایک ہی مشن کے امین ہیں: لیکن ان کے درجات ہر لحاظ سے یکساں بھی نہیں۔ ان میں سے بعض اولو العزم اور صاحب شریعت ہیں، بعض سے اللہ ہمکلام ہوا جو ایک خاص فضیلت ہے اور بعض کو روح القدس کی خصوصی تائید سے نوازا جو ایک منفرد درجہ ہے۔

اگر اللہ چاہتا تو اپنی طاقت کے ذریعے اختلاف رونما ہونے ہی نہ دیتا۔ مگر اس صورت میں نہ تو آزمائش ہوتی اور نہ ہی ثواب وعقاب، نہ ارتقاء، نہ کمال ونقص، بلکہ جبر واکراہ کی ایک ساکت فضا ہوتی، جس میں کسی کو کسی پر سبقت لے جانے کی آزادی نہ ہوتی اور نہ ہی جہل پہل کا عالم ہوتا۔ اس لیے ضروری تھا کہ لوگوں کو ہدایت وضلالت اور حق و باطل کا راستہ دکھایا جائے۔ پھر ان کی آزمائش کی جائے کہ بندہ کس طرف جاتا ہے۔

۲۵۴۔ ا۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اس دن تجارت، دوستی اور سفارش کی جگہ وہ مال کام آئے گا جو دنیا میں راہ خدا میں خرچ کیا گیا ہو۔ نجات کا بہترین ذریعہ مال ہے۔ اسی لیے مال کے بارے میں اسلام کا مؤقف یہ ہے کہ مال اگر رضائے الٰہی کا ذریعہ بن جائے تو بہترین خزانہ اور توشہ آخرت ہے اور اگر مال خود ایک مقصد بن جائے تو اس سے بدتر کوئی چیز نہیں ہے۔

۲۔ خرچ یا انفاق فی سبیل اللہ میں واجب ومستحب دونوں شامل ہیں۔ خرچ سے مراد مال کا خرچ، علم کا خرچ اور دیگر ہر قسم کے مخارج ہیں۔ اگر کسی کو جاہ وجلالت دی گئی ہو تو یہ بھی اللہ کی طرف سے عطا شدہ رزق ہے۔ اس کا انفاق یہ ہے کہ صاحبان جاہ ومنصب اپنے اثر ورسوخ کے ذریعے بندگان خدا کی خدمت کریں۔ کافر یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور نتیجتاً رزق خدا سے انفاق بھی نہیں کرتے۔ ان کے لیے آخرت میں کوئی مددگار نہ ہوگا۔ تجارت، دوستی اور شفاعت میں سے کوئی ایک چیز بھی ان کے کام نہ آئے گی۔ اس طرح سب سے بڑے ظالم یہی لوگ ہوں گے۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلۡحَیُّ
الۡقَیُّوۡمُ ۚ لَا تَاۡخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا
نَوۡمٌ ؕ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی
الۡاَرۡضِ ؕ مَنۡ ذَا الَّذِیۡ یَشۡفَعُ عِنۡدَهٗۤ
اِلَّا بِاِذۡنِهٖ ؕ یَعۡلَمُ مَا بَیۡنَ اَیۡدِیۡهِمۡ
وَمَا خَلۡفَهُمۡ ۚ وَلَا یُحِیۡطُوۡنَ بِشَیۡءٍ
مِّنۡ عِلۡمِهٖۤ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ
كُرۡسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ ۚ
وَلَا یَـُٔوۡدُهٗ حِفۡظُهُمَا ۚ وَهُوَ الۡعَلِیُّ
الۡعَظِیۡمُ ﴿۲۵۵﴾

لَاۤ اِكۡرَاهَ فِی الدِّیۡنِ ۟ قَدۡ تَّبَیَّنَ
الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ۚ فَمَنۡ یَّكۡفُرۡ
بِالطَّاغُوۡتِ وَیُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ
اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰی ۗ لَا
انۡفِصَامَ لَهَا ؕ وَاللّٰهُ سَمِیۡعٌ
عَلِیۡمٌ ﴿۲۵۶﴾

اَللّٰهُ وَلِیُّ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ۙ یُخۡرِجُهُمۡ
مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوۡرِ ؕ وَالَّذِیۡنَ
كَفَرُوۡۤا اَوۡلِیٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوۡتُ ۙ
یُخۡرِجُوۡنَهُمۡ مِّنَ النُّوۡرِ اِلَی
الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ
ع ۳۴ ۲ هُمۡ فِیۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۲۵۷﴾

اَلَمۡ تَرَ اِلَی الَّذِیۡ حَآجَّ اِبۡرٰهٖمَ

۲۵۵۔ اللہ وہ (ذات) ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ اور سب کا نگہبان ہے، اسے اونگھ آتی ہے اور نہ نیند، زمین اور آسمانوں میں جو کچھ ہے سب اسی کی ملکیت ہے، کون ہے جو اس کی اجازت کے بغیر اس کے حضور سفارش کر سکے؟ جو کچھ لوگوں کے روبرو اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے وہ ان سب سے واقف ہے اور وہ علم خدا میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کر سکتے مگر جس قدر وہ خود چاہے، اس کی کرسی آسمانوں اور زمین پر چھائی ہوئی ہے اور ان دونوں کی نگہداری اس کے لیے کوئی کار گراں نہیں ہے اور وہ بلند و بالا اور عظیم ذات ہے۔ ☆

۲۵۶۔ دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں، تحقیق ہدایت اور ضلالت میں فرق نمایاں ہو چکا ہے، پس جو طاغوت کا انکار کرے اور اللہ پر ایمان لے آئے، تحقیق اس نے نہ ٹوٹنے والا مضبوط سہارا تھام لیا اور اللہ سب کچھ خوب سننے والا اور جاننے والا ہے۔ ☆

۲۵۷۔ اللہ ایمان والوں کا کارساز ہے، وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے اور کفر اختیار کرنے والوں کے سرپرست طاغوت ہیں جو انہیں روشنی سے تاریکی کی طرف لے جاتے ہیں، یہی جہنم والے ہیں، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۲۵۸۔ کیا آپ نے اس شخص کا حال نہیں دیکھا جس نے ابراہیم سے ان کے رب

۲۵۵۔ کرسی کی تفسیر بعض، علم سے اور بعض، اقتدار سے کرتے ہیں۔ لیکن اقتدار خدا علم خدا کا لازمہ ہے۔ اقتدار کل کائنات پر محیط ہے اور علم بھی۔ چنانچہ کرسی کی وسعت کے ذکر سے پہلے اللہ کے احاطۂ علمی کا بھی ذکر آتا ہے، گویا احاطۂ اقتدار، احاطۂ علمی کا لازمہ ہے۔

رسول اللہؐ سے روایت ہے: اعطیت آیة الکرسی من کنز تحت العرش و لم یؤتها نبی کان قبلی مجھے آیۃ الکرسی عرش کے خزانوں سے عنایت کی گئی ہے اور مجھ سے پہلے کسی نبی کو یہ آیت نہیں دی گئی۔

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: جب سے میں نے یہ حدیث رسول اللہؐ سے سنی، کسی رات کو میں نے اس آیت کی تلاوت ترک نہیں کی۔

۲۵۶۔ دین کے معاملات میں اکراہ نہیں ہے۔ کیونکہ دین اسلام، دین عقل و منطق ہے اور عقل و ضمیر اس کے مخاطب ہیں۔ عقل اور دل طاقت کی زبان نہیں سمجھتے۔ جبر کا موضوع افعال و حرکات ہیں، عقائد و نظریات نہیں۔ دعوت اسلام کی مخاطب چونکہ عقل و ادراک ہے، اس لیے قرآن فرماتا ہے کہ یہ کام ہو چکا ہے۔ یعنی قَدۡ تَّبَیَّنَ الرُّشۡدُ مِنَ الۡغَیِّ ''ہدایت اور ضلالت میں امتیاز نمایاں ہو چکا''۔ اس کے بعد قبول اور رد میں انسان آزاد ہے۔

اسلام نے ان لوگوں کے خلاف جہاد کیا جو اس آزادی کو سلب کرنے کے لیے طاقت استعمال کرتے تھے۔ لہٰذا اسلامی جہاد، سلب آزادی کے لیے نہیں تھا، جیسا کہ دشمنان اسلام نے مشہور کر رکھا ہے، بلکہ سلب آزادی کے خلاف تھا۔ چنانچہ چشم جہاں نے دیکھ لیا کہ اس آزادی کے حصول کے بعد اسلام نے ہر قسم کے مذاہب و ادیان کو برداشت کیا اور مکمل آزادی دی، حتیٰ کہ نجران کے عیسائیوں کو مسجد نبوی میں مراسم عبادت ادا کرنے کی خود رسول خداؐ نے اجازت دی۔

۲۵۸۔ قرآن نے اس شخص کا نام نہیں لیا جس کے ساتھ حضرت ابراہیم علیہ السلام بحث و مناظرہ کر رہے تھے۔ البتہ روایات اور ''تلمود'' میں اس کا نام ''نمرود بن کنعان کلدانی'' ہے جو عراق پر حکومت کرتا تھا۔ نمرود کی قوم جن دیوتاؤں کو

فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۵۸﴾ۚ

کے بارے میں اس بنا پر جھگڑا کیا کہ اللہ نے اسے اقتدار دے رکھا تھا؟ جب ابراہیم نے کہا: میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے تو اس نے کہا: زندگی اور موت دینا میرے اختیار میں (بھی) ہے، ابراہیم نے کہا: اللہ تو سورج کو مشرق سے نکالتا ہے، تو اسے مغرب سے نکال کر دکھا، یہ سن کر وہ کافر مبہوت رہ گیا اور اللہ ظالموں کی راہنمائی نہیں کرتا۔☆

اَوْ كَالَّذِيْ مَرَّ عَلٰى قَرْيَةٍ وَّهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۵۹﴾

۲۵۹۔ یا اس شخص کی طرح جس کا ایک ایسی بستی سے گزر ہوا جو اپنی چھتوں کے بل گری ہوئی تھی تو اس نے کہا: اللہ اس (اجڑی ہوئی آبادی کو) مرنے کے بعد کس طرح دوبارہ زندگی بخشے گا؟ پس اللہ نے سو (۱۰۰) برس تک اسے مردہ رکھا پھر اسے دوبارہ زندگی دی، اس سے پوچھا: بتاؤ کتنی مدت (مردہ) رہے ہو؟ اس نے کہا: ایک دن یا اس سے کم، اللہ نے فرمایا: (نہیں) بلکہ سو (۱۰۰) برس (مردہ) پڑے رہے ہو، لہٰذا ذرا اپنے کھانے پینے کی چیزوں کو دیکھو جو سڑی نہیں اور اپنے گدھے کو بھی دیکھو اور ہم نے یہ اس لیے کیا ہے تاکہ ہم تمہیں لوگوں کے لیے نشانی بنائیں اور پھر ان ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انہیں کس طرح اٹھاتے ہیں پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں، یوں جب اس پر حقیقت عیاں ہو گئی تو اس نے کہا: میں جانتا ہوں کہ اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔☆

وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ قَالَ اَوَلَمْ

۲۶۰۔ اور (وہ واقعہ یاد کرو) جب ابراہیم نے کہا تھا: میرے پروردگار! مجھے دکھا کہ تو مردوں کو کیسے زندہ کرتا ہے، فرمایا:

پوجتی تھی ان میں سب سے بڑا دیوتا سورج تھا اور نمرود کو سورج دیوتا کا مظہر مانا جاتا تھا، حضرت ابراہیمؑ کی دعوت توحید نمرود کے اس دیوتائی منصب پر براہ راست ضرب تھی، اس لیے نمرود نے کہا: میرا رب وہ ہے جس نے مجھے ملک و سلطنت بخشی ہے۔ جواب میں حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا: میرا رب وہ ہے جس کے قبضۂ قدرت میں موت و حیات ہے۔ نمرود نے کہا: کسی کو موت کے گھاٹ اتارنا اور زندہ چھوڑنا میرے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اس کے جواب میں حضرت ابراہیمؑ نے ایک مشاہداتی اور محسوس دلیل یوں پیش فرمائی جو خود ان کی سطح فکر کے مطابق تھی: اللہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے، تو اسے مغرب سے نکال کر دکھا، تو یہ محسوس پرست ششدر رہ گیا۔ تلمود اور اسلامی روایات کے مطابق یہ واقعہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالنے سے پہلے کا ہے۔

۲۵۹۔ قرآن مجید نے نہ اس نبی کا نام لیا، نہ اس بستی کا۔ ایک روایت میں آیا ہے کہ یہ حضرت عزیر تھے۔ دوسری روایت میں آیا ہے کہ یہ حضرت ارمیا تھے۔ اس بستی کے بارے میں بھی اختلاف ہے۔ اکثر کے نزدیک یہ یروشلم (بیت المقدس) ہے جسے بخت نصر بابلی نے ۵۷۶ قبل مسیح میں تباہ کیا تھا۔ دوبارہ زندگی ملنے کے بعد تین باتوں کا جواب مل گیا۔ ۱۔ طویل مدت گزرنے کے بعد دوبارہ زندگی دینا امر ممکن ہے۔ ۲۔ گدھے کی بوسیدہ ہڈیوں پر گوشت چڑھتے دیکھ کر یہ مسئلہ بھی حل ہو گیا کہ اللہ بوسیدہ ہڈیوں کو کس طرح دوبارہ زندہ کرتا ہے۔ ۳۔ کھانے کی چیزیں سڑے بغیر محفوظ رہنا بتاتا ہے کہ ایک ہی ماحول میں گدھے کی تو ہڈیاں تک بوسیدہ ہو جاتی ہیں جب کہ جلدی سڑنے والی کھانے کی چیزیں سو سال تک تازہ حالت میں رہتی ہیں۔

۲۶۰۔ حضرت ابراہیمؑ کی درخواست حیات بعد الموت کے بارے میں نہ تھی بلکہ اس کی کیفیت کے بارے میں سوال تھا، اس لیے لفظ کَیْفَ سے سوال ہوا جو کیفیت معلوم کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے خلیلؑ سے فرمایا: اَوَلَمْ تُؤْمِنْ کیا آپ ایمان نہیں رکھتے؟ عرض کیا: ایمان رکھتا ہوں

تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ لِّيَطْمَئِنَّ
قَلْبِيْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ
الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ
عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ
ادْعُهُنَّ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ
ع ۳۴ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶۰﴾
مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ
سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ
حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۱﴾
اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ
اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ
اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۶۲﴾
قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ
صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ
حَلِيْمٌ ﴿۲۶۳﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا
صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ
كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ
النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ

کیا آپ ایمان نہیں رکھتے ؟ کہا: ایمان تو رکھتا ہوں لیکن چاہتا ہوں کہ میرے دل کو اطمینان مل جائے، فرمایا: پس چار پرندوں کو پکڑ لو پھر ان کے ٹکڑے کرو پھر ان کا ایک ایک حصہ ہر پہاڑ پر رکھ دو پھر انہیں بلاؤ وہ تیزی سے آپ کے پاس چلے آئیں گے اور جان رکھو اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔ ☆

۲۶۱۔ جو لوگ اپنا مال راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں ان (کے مال) کی مثال اس دانے کی سی ہے جس کی سات بالیاں اگ آئیں جن میں سے ہر بالی کے اندر سو دانے ہوں اور اللہ جس (کے عمل) کو چاہتا ہے دگنا کر دیتا ہے، اللہ بڑا کشائش والا، دانا ہے۔ ☆

۲۶۲۔ جو لوگ اپنا مال راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں اور خرچ کرنے کے بعد نہ احسان جتاتے ہیں نہ ایذا دیتے ہیں، ان کا صلہ ان کے پروردگار کے پاس ہے اور انہیں نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ محزون ہوں گے۔ ☆

۲۶۳۔ نرم کلامی اور درگزر کرنا اس خیرات سے بہتر ہے جس کے بعد (خیرات لینے والے کو) ایذا دی جائے اور اللہ بڑا بے نیاز بڑا بردبار ہے۔

۲۶۴۔ اے ایمان والو! اپنی خیرات کو احسان جتا کر اور ایذا دے کر اس شخص کی طرح برباد نہ کرو جو اپنا مال صرف لوگوں کو دکھانے کے لیے خرچ کرتا ہے اور وہ اللہ اور روز آخرت پر ایمان نہیں

مگر میں اس راز سے آگاہی حاصل کرنا چاہتا ہوں۔ جہاں میری عقل کو اطمینان حاصل ہوا، چاہتا ہوں میرے حواس بھی اس میں شامل ہوں کہ جن سے میں تیرے دست قدرت کی تخلیق کا نظارہ کروں۔ اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء اور بالخصوص اولوالعزم انبیاء کو ایمان بالغیب کے ساتھ ایمان بالشہود سے بھی نوازتا ہے تاکہ یقین کی آخری منزل پر فائز ہو جائیں. چنانچہ ابراہیم علیہ السلام کو ملکوت سماوات و الارض دکھایا تاکہ یقین کرنے والوں میں شامل ہو جائیں ۔ (الانعام: ۷۵) رسالت مآب ؐ کو بھی ''افق اعلیٰ'' اور ''افق مبین'' میں آفاق کا مشاہدہ کروایا: مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى (النجم:۱۱) مشاہدے میں آنے والی چیزوں کو دل نے رد نہیں کیا۔

۲۶۱۔ ذاتی ضروریات، اہل وعیال کی جائز ضروریات، حاجتمندوں کی امداد، رفاہ عامہ کے امور اور دین کی اشاعت پر خرچ کرنا وغیرہ، انفاق فی سبیل اللہ کے زمرے میں شامل ہیں۔

اس آیت میں حاکمانہ انداز میں نہیں، بلکہ تشویق و ترغیب کی صورت میں انفاق کا درس دیا جا رہا ہے۔ قرآن ایک نہایت ہی منافع بخش مادی و محسوس مثال پیش فرماتا ہے کہ دانے کا زمین میں ڈالنا اس دانے کا اتلاف نہیں، بلکہ ایک منافع بخش عمل ہے۔ جس طرح مادی دنیا میں بیج کا ایک دانہ سات سو دانے دے سکتا ہے، بالکل اسی طرح راہ خدا میں خرچ کرنے سے بھی مال ضائع نہیں ہوتا بلکہ خرچ کرنے والا سات سو گنا ثواب کی شکل میں اسے دوبارہ وصول کرتا ہے۔ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ کے تحت ایک ہزار چار سو گنا ہوسکتا ہے۔ مال کے انفاق کا یہ خاصہ ہے کہ ایک ہزار چار سو گنا ثواب مل سکتا ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ جتنا خدا چاہے۔

۲۶۲۔ یہ آیت قرآن کے نزدیک احترام آدمیت پر دلالت کرتی ہے کہ انسانی عزت نفس کو مال و دولت پر فوقیت حاصل ہے۔

۲۶۴۔ احسان جتانا نہایت پست خصلت کی علامت ہوتی ہے۔ اس قسم کی نفسیات کے مالک لوگ درحقیقت کسی پر احسان کرتے ہی نہیں ہیں اور جو کچھ کرتے ہیں وہ اپنے کسی غیر انسانی مفاد کے تحت کرتے ہیں۔ اسی طرح دکھاوے کے طور پر

الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ
عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ
فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى
شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا
يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۶۴﴾
وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ
ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا
مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍۭ بِرَبْوَةٍ
اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا
ضِعْفَيْنِ ۚ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ
فَطَلٌّ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ﴿۲۶۵﴾
اَيَوَدُّ اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ
مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ
الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهٗ
ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۪ فَاَصَابَهَآ اِعْصَارٌ
فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ؕ كَذٰلِكَ
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ
تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۶۶﴾ ع ۲۶
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا مِنْ
طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّاۤ
اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا

رکھتا، پس اس کے خرچ کی مثال اس چٹان کی سی ہے جس پر تھوڑی سے مٹی ہو، پھر اس پر زور کا مینہ برسے اور اسے صاف کر ڈالے، (اس طرح) یہ لوگ اپنے اعمال سے کچھ بھی اجر حاصل نہ کر سکیں گے اور اللہ کافروں کی راہنمائی نہیں کرتا۔ ☆

۲۶۵۔ اور جو لوگ اپنا مال اللہ کی خوشنودی کی خاطر اور ثبات نفس سے خرچ کرتے ہیں، ان کی مثال اس باغ کی سی ہے جو اونچی جگہ پر واقع ہو، جس پر زور کا مینہ برسے تو دگنا پھل دے اور اگر تیز بارش نہ ہو تو ہلکی پھوار بھی کافی ہو جائے اور اللہ تمہارے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔ ☆

۲۶۶۔ کیا تم میں سے کوئی یہ پسند کرتا ہے کہ اس کے لیے کھجوروں اور انگوروں کا ایک باغ ہو جس کے نیچے نہریں جاری ہوں اور اس کے لیے اس میں ہر قسم کے میوے موجود ہوں اور جب بڑھاپا آ جائے اور اس کے بچے بھی ناتواں ہوں تو ناگہاں یہ باغ ایک ایسے بگولے کی زد میں آ جائے جس میں آگ ہو اور وہ جل جائے؟ اللہ یوں تمہارے لیے نشانیاں کھول کر بیان کرتا ہے شاید تم غور و فکر کرو۔ ☆

۲۶۷۔ اے ایمان والو! جو مال تم کماتے ہو اور جو کچھ ہم نے تمہارے لیے زمین سے نکالا ہے اس میں سے عمدہ حصہ (راہ خدا میں) خرچ کرو اور اس میں سے ردی

مال خرچ کرنا بھی ایک سودے بازی ہے جس کا عوض شہرت اور نام و نمود ہے۔ اللہ چاہتا ہے کہ انفاق جذبۂ ایثار اور انسانی اقدار پر مبنی ہو جس میں حسن فعلی کے ساتھ حسن فاعلی بھی ہو، یعنی اس نیک عمل کے پیچھے ایک پاک اور مقدس جذبہ کارفرما ہونا چاہیے۔ جو لوگ احسان جتاتے اور ریاکاری کرتے ہیں انہیں اس چٹان کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو مٹی کی معمولی سی تہ میں چھپی ہوئی ہو۔ ریاکار کا انفاق بظاہر اچھا لگتا ہے لیکن اس ایذاء رسانی سے معلوم ہو جاتا ہے کہ اس عمل کے پیچھے ایک بدخصلت پتھر جیسا انسان چھپا ہوا ہے۔

۲۶۵۔ اس آیت میں صحیح معنوں میں انفاق کرنے والے مؤمن کے قلب کو ایک سرسبز باغ کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو سطح مرتفع پر ہونے کی وجہ سے ہر قسم کی گندگی سے پاک ہے۔

۲۶۶۔ ان آیات میں دو مختلف نظریات کے مختلف نتائج کی تقابلی وضاحت ہو رہی ہے۔ ایک طرف ایک ایسا نفع بخش عمل ہے جس کی پیداواری طاقت سات سو فیصد ہے۔ دوسری طرف ایک ابتر عمل ہے جو اس چٹان کی طرح ہے جس پر تھوڑی سی مٹی پڑی ہوئی ہو جو زور دار مینہ سے صاف ہو جاتی ہے۔ اس کی پیداواری صلاحیت ایک فیصد بھی نہیں ہے۔

ایک طرف سطح مرتفع پر واقع وہ باغ ہے جو اچھی یا تھوڑی بارش دونوں حالتوں میں بیمہ شدہ ہے اور اچھی فصل کا ضامن ہے۔ دوسری طرف وہ باغ ہے جس کا مستقبل نہایت تاریک ہے اور جس پر صرف شدہ عمر بھر کی زحمات کو ایک لحہ کی تند و تیز آندھی اور آگ تباہ و برباد کر کے رکھ دیتی ہے۔

۲۶۷۔ ناکارہ اور ردی چیزوں کے انفاق کے بارے میں انسانی ضمیر کو جھنجھوڑتے ہوئے فرمایا: اگر یہ ردی چیزیں خود تمہیں دی جائیں تو تم بھی انہیں قبول نہ کرو گے۔ لہٰذا ایسا انفاق سخاوت اور ایثار و قربانی نہیں کہلاتا۔ اس قسم کا انفاق ان ردی چیزوں سے جان چھڑانے کا ذریعہ ہو سکتا ہے، مگر ایک اعلیٰ انسانی اخلاق و اقدار کی نشاندہی نہیں کر سکتا۔ قرآن کے نزدیک اس انفاق کو فضیلت حاصل ہے جس کے ذریعے اعلیٰ اقدار کے مالک انسان کا سراغ ملتا ہو۔

تَيَمَّمُوا الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ
وَلَسْتُمْ بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا
فِيْهِ ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ
حَمِيْدٌ ﴿۲۶۷﴾
اَلشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ
وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ
يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۶۸﴾
يُّؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ
يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا
كَثِيْرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا
الْاَلْبَابِ ﴿۲۶۹﴾
وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ
نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ ﴿۲۷۰﴾
اِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ
وَاِنْ تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ
فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ
مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾
لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ

چیز دینے کا قصد ہی نہ کرو اور (اگر کوئی وہی تمہیں دے تو) تم خود اسے لینا گوارا نہ کرو گے مگر یہ کہ چشم پوشی کر جاؤ اور جان رکھو کہ اللہ بڑا بے نیاز اور لائق ستائش ہے۔☆

۲۶۸۔ شیطان تمہیں تنگدستی کا خوف دلاتا ہے اور بے حیائی کی ترغیب دیتا ہے، جبکہ اللہ تم سے اپنی بخشش اور فضل کا وعدہ کرتا ہے اور اللہ بڑا صاحب وسعت، دانا ہے۔☆

۲۶۹۔ وہ جسے چاہتا ہے حکمت عطا فرماتا ہے اور جسے حکمت دی جائے گویا اسے خیر کثیر دیا گیا ہے اور صاحبان عقل ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔☆

۲۷۰۔ اور تم جو کچھ خرچ کرتے ہو یا نذر مانتے ہو اللہ کو اس کا علم ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔☆

۲۷۱۔ اگر تم علانیہ خیرات دو تو وہ بھی خوب ہے اور اگر پوشیدہ طور پر اہل حاجت کو دو تو یہ تمہارے حق میں زیادہ بہتر ہے اور یہ تمہارے کچھ گناہوں کا کفارہ ہوگا اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۲۷۲۔ آپ کے ذمے نہیں ہے کہ انہیں (جبراً) ہدایت دیں بلکہ خدا ہی جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور تم جو بھی مال خرچ کرو گے اس کا فائدہ تم ہی کو ہے اور تم

۲۶۸۔ شیطانی تصور یہ ہے کہ خرچ کرنے سے مال ختم ہو جاتا ہے، جبکہ الٰہی پیمانے کے تحت مال خرچ کرنے سے بڑھ جاتا ہے۔

۲۶۹۔ حکمت، حقائق کے صحیح ادراک کو کہتے ہیں۔ گزشتہ چند آیات میں مال، انفاق، ریاکاری، ایذا رسانی، مرضات رب، خرچ سے مال کا بڑھنا وغیرہ ایسے حقائق مذکور ہیں جن کا ادراک خیر کثیر کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ مثلاً انفاق کو شیطان خسارے کا عنوان دیتا ہے جبکہ اللہ اس حقیقت کو فقر و نقصان نہیں بلکہ فضل و مغفرت کا عنوان دیتا ہے۔ اگر کوئی اس حقیقت کو سمجھ جائے اور باور کر لے کہ مال کو راہ خدا میں یا اس کی محروم مخلوق کے لیے دے کر اس نے نقصان نہیں اٹھایا بلکہ یہ ایک تو روزی میں اضافے کا سبب ہے اور دوسرا مرضی رب کا سامان فراہم کیا ہے۔ چنانچہ آنے والی چند آیات میں بھی اسی اہم حکمت کی طرف اشارہ فرمایا: تو وہ انفاق کو خسارہ تصور نہ کرتا۔

۲۷۰۔ اللہ کی اطاعت میں کسی امر کو اپنے اوپر لازم قرار دینا نذر کہلاتا ہے۔ نذر کا یہ عمل صرف اسلام میں نہیں بلکہ اسلام سے پہلے سابقہ ادیان میں بھی رائج تھا۔ اس آیت میں انفاق اور نذر کے بارے میں تاکیدی لہجے میں ارشاد فرمایا: تمہارے انفاق اور نذر کے بارے میں اللہ خوب جانتا ہے کہ تم کس لیے اور کیوں انفاق نہیں کرتے اور کرتے بھی ہو تو کن پاک یا ناپاک عزائم کے تحت کرتے ہو اور جو اس سلسلے میں ظلم کرتے ہیں اور غریبوں کا حق مارتے ہیں اور انفاق نہیں کرتے ان کا کوئی مددگار نہیں۔ توبہ ان کے کام آ سکتی ہے اور نہ ہی شفاعت، کیونکہ یہ حقوق العباد سے ہے۔ لہٰذا اس کا واحد حل یہی ہے کہ جن کا حق مارا ہے، ان کا حق ادا کیا جائے۔

۲۷۱۔ جو تم خرچ کرتے ہو اللہ کو اس کا علم ہوتا ہے اور اگر دفع تہمت مقصود ہو تو اعلانیہ انفاق کرنے کو بھی اچھا عمل قرار دیا، ورنہ پوشیدہ طور پر انفاق سے عمل کے خالص ہونے کا زیادہ امکان ہے اور محتاج کی عزت نفس بھی مجروح نہیں ہوتی۔

خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا
تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا
تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ
وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۲﴾
لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا
فِي الْاَرْضِ ۫ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ
اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ
بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْـَٔلُوْنَ النَّاسَ
اِلْحَافًا ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ
اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۲۷۳﴾ ع ۵
اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ
وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً فَلَهُمْ
اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۴﴾
اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا
يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ
يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ؕ
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ
مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ
وَحَرَّمَ الرِّبٰوا ؕ فَمَنْ جَآءَهٗ
مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ
مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ

صرف اللہ کی خوشنودی کے لیے خرچ کرو گے اور جو مال تم خرچ کرو گے تمہیں اس کا پورا اجر دیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہوگی۔

۲۷۳۔ ان فقراء کے لیے (خرچ کرو) جو راہ خدا میں اس طرح گھر گئے ہیں کہ وہ (معیشت کے لیے) زمین میں دوڑ دھوپ نہیں کر سکتے، ناواقف لوگ ان کی حیا و عفت کی بنا پر انہیں مالدار خیال کرتے ہیں، حالانکہ ان کے قیافے سے تم ان (کی حاجت مندی) کو پہچان سکتے ہو، وہ تکرار کے ساتھ نہیں مانگتے اور جو مال تم خرچ کرتے ہو اللہ اس سے خوب واقف ہے۔ ☆

۲۷۴۔ جو لوگ اپنا مال شب و روز پوشیدہ اور علانیہ طور پر خرچ کرتے ہیں ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے اور انہیں نہ کوئی خوف لاحق ہوگا اور نہ وہ محزون ہوں گے۔ ☆

۲۷۵۔ جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ بس اس شخص کی طرح اٹھیں گے جسے شیطان نے چھو کر حواس باختہ کیا ہو، اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں: تجارت بھی تو سود ہی کی طرح ہے، حالانکہ اللہ نے تجارت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا ہے، پس جس شخص تک اس کے پروردگار کی طرف سے نصیحت پہنچی اور وہ سود لینے سے باز آ گیا تو جو پہلے لے چکا وہ اسی کا ہوگا اور اس کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے اور جس

۲۷۳۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے راہ خدا میں اپنے آپ کو وقف کر رکھا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ ذاتی معیشت کے لیے دوڑ دھوپ نہیں کر سکتے۔ چنانچہ زمان رسالت میں کچھ لوگ ایسے تھے جو ہمہ وقت رسول اللہ (ص) کے ہمراہ ہوتے تھے اور انہیں حضور (ص) بعض اہم کاموں کے لیے مختلف علاقوں میں بھیجتے تھے۔ ہمارے زمانے میں دینی طالب علم اور ہمیشہ دینی امور کے لیے کام کرنے والے لوگ اس کے مصداق ہیں۔ ثانیاً وہ لوگ اس مصرف کے مصداق ہیں جو راہ خدا میں خدمات انجام دیتے ہوئے اپنے مال و متاع سے محروم ہوگئے ہوں یا وہ لوگ جو بیماری کی وجہ سے کسب معاش کے قابل نہ رہے ہوں۔

۲۷۴۔ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں اس وقت نازل ہوئی جب آپ (ع) کے پاس صرف چار درھم تھے۔ آپ (ع) نے ان میں سے ایک درہم رات کو، ایک دن کو، ایک علانیہ اور ایک چھپا کر صدقہ دیا۔ اس روایت کے راوی ابن عباس ہیں اور ابن عباس سے درج ذیل راویوں نے روایت کی ہے: ۱۔ ضحاک ۲۔ مجاہد ۳۔ ابو صالح۔ ملاحظہ فرمائیں: شواھد التنزیل ۱: ۱۴۰ تا ۱۴۹، الکشاف۔ اسباب النزول۔ تفسیر کبیر رازی ۷: ۸۹۔ الدر المنثور ۱: ۶۴۲۔

۲۷۵۔۲۷۸۔ قرآن نے سود کو صدقے کے مقابلے میں ذکر کیا ہے کیونکہ صدقے کے پیچھے ایک ایثار پسند، انسانی قدروں کا مالک اور پاکیزہ نفس انسان موجود ہے، جبکہ سود خوری کے پیچھے ایک مفاد پرست، درندہ صفت انسان موجود ہے۔ صدقہ دینے والا اپنے خون پسینے کی کمائی سے دوسروں کا دکھ درد بانٹتا ہے جبکہ سود خور دوسروں کے خون پسینے میں اپنا لقمہ تر کرتا ہے۔ اللہ نے تجارت کو حلال اور سود کو حرام قرار دیا ہے کیونکہ سود اور تجارت میں درج ذیل اخلاقی اور معاشی فرق موجود ہیں۔ ☆ تجارت میں منافع بازار کے اتار چڑھاؤ سے مربوط ہے، اس لیے بائع اور مشتری دونوں اقتصادی میدان میں فعال ہوتے ہیں، جبکہ سود میں سرمائے کا منافع یقینی ہے اور صاحب سرمایہ غیر فعال ہوتا ہے، صرف محنت کرنے والا ہی خطرہ مول لیتا ہے۔ ☆ تجارت میں بائع اور مشتری دونوں کے لیے منافع احتمالی ہے، جبکہ سود میں صرف محنت کا منافع احتمالی ہے اور سرمائے کا منافع یقینی ہے۔

عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷۵﴾
يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي
الصَّدَقٰتِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ
كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ﴿۲۷۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا
الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ
رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۲۷۷﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَذَرُوْا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبٰٓوا اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷۸﴾
فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ
مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ
فَلَكُمْ رُءُوْسُ اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا
تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۲۷۹﴾
وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ
اِلٰى مَيْسَرَةٍ ۗ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ
لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸۰﴾
وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى
اللّٰهِ ۫ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا
كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۸۱﴾ ع ۳۸ ۲

نے اعادہ کیا تو ایسے لوگ جہنمی ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔☆

۲۷۶۔ اللہ سود کو ناپائیدار اور خیرات کو بابرکت بنا دیتا ہے اور اللہ کسی ناشکرے گنہگار کو پسند نہیں کرتا۔☆

۲۷۷۔ البتہ جو لوگ ایمان لے آئیں اور نیک عمل بجا لائیں نیز نماز قائم کریں اور زکوۃ دیں ان کا اجر ان کے پروردگار کے پاس ہے اور ان کے لیے نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے۔☆

۲۷۸۔ اے ایمان والو! اللہ کا خوف کرو اور جو سود (لوگوں کے ذمے) باقی ہے اسے چھوڑ دو اگر تم مومن ہو۔☆

۲۷۹۔ لیکن اگر تم نے ایسا نہ کیا تو اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کے لیے تیار ہو جاؤ اور اگر تم نے توبہ کر لی تو تم اپنے اصل سرمائے کے حقدار ہو، نہ تم ظلم کرو گے اور نہ تم پر ظلم کیا جائے گا۔☆

۲۸۰۔ اور (تمہارا قرضدار) اگر تنگدست ہو تو کشائش تک مہلت دو اور اگر سمجھو تو معاف کر دینا ہی تمہارے لیے بہتر ہے۔☆

۲۸۱۔ اور اس دن کا خوف کرو جب تم اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے پھر وہاں ہر شخص کو اس کے کیے کا پورا بدلہ مل جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

☆ تجارت میں سرمائے کے ساتھ محنت بھی ہوتی ہے، جبکہ سود میں رقم سود پر دے کر دوسروں کی محنت پر ڈاکہ ڈالا جاتا ہے۔ ☆ سودی نظام میں سرمایہ کام دے یا نہ دے ہر صورت میں صاحب سرمایہ اپنی اجرت وصول کر لیتا ہے، جبکہ محنت کو ہر صورت میں اجرت نہیں ملتی۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ سودی نظام میں سرمایہ محنت پر مسلط ہے۔ اگر یہی رعایت محنت کو مل جائے تو بھی غیر عادلانہ ہے۔ ☆ قرض عینیت سے نکل کر ذمہ پر آتا ہے، یعنی قرض دینے والا عین مال کا مالک نہیں رہتا۔ مثلاً اگر زید نے عمر سے ایک لاکھ روپیہ قرض لیا تو عمر عین اس ایک لاکھ کا مالک نہ رہا، بلکہ اس عین مال کا زید مالک بن گیا ہے، البتہ یہ زید کے ذمے واجب الادا ہے۔ یعنی قرض عین سے منتقل ہو کر ذمہ پر آتا ہے اور یہ بات واضح ہے کہ رقم کا وجود عینی نفع دیتا ہے، جس کا عمر مالک نہیں رہا، چنانچہ اگر عین مال تلف ہو جائے تو زید کا مال تلف ہوا، عمر کا مال تو زید کے ذمے ہے۔ عین مال پر مرتب ہونے والے مثبت اور منفی اثرات سے صرف زید متاثر ہوگا۔ لیکن سود خور کے پاس کوئی منطقی دلیل نہیں ہوتی جب عین سرمایہ تلف ہو جائے تو سود خور کی دلیل یہ ہوتی ہے کہ تلف ہونے والا مال میرا نہیں ہے جو صحیح بھی ہے، لیکن جب عین سرمایہ منافع دیتا تھا تو کہتا ہے کہ میرا مال تھا جس نے منافع دیا۔ قرآن نے سچ فرمایا ہے کہ سود خور خبطی ہوتے ہیں. یہ ساری باتیں صرف پیداواری قرض سے مربوط ہیں

۲۷۹۔ سود کی حرمت کا فیصلہ کن حکم صادر ہوتا ہے۔ سابقہ آیت میں اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ کی تعبیر اختیار فرما کر اسے ایمان سے مربوط گردانا گیا اور اس آیت میں سود ترک نہ کرنے کی صورت کو اللہ اور رسول کے ساتھ اعلان جنگ قرار دیا گیا۔ یعنی سود ترک نہ کرنا اسلامی نظام کے ساتھ بغاوت ہے۔ اسلامی معاشرے میں طبقاتی فرق پیدا کر کے اس معاشرے کو داخلی جنگ سے دوچار کرنے والا اللہ اور رسول سے جنگ کر رہا ہے۔ ایسے لوگوں کے ساتھ عسکری اقدام کیا جائے گا۔ البتہ توبہ کرنے کی صورت میں اصل سرمائے کو تحفظ ملے گا اور اصل سرمایہ اس کو ملے گا، چونکہ یہ خطاب مسلمانوں سے ہے اور مسلمان کا مال محترم ہے۔

۲۸۰۔ نزول آیت کے زمانے میں یہ طریقہ رائج تھا کہ قرض کی ادائیگی بر وقت ممکن نہ ہو تو مزید مہلت دینے کے لیے سود میں اضافہ کرتے تھے، اسلامی نظام میں قرض کی ادائیگی ممکن نہ ہونے کی صورت میں مہلت مل جائے گی، اس مہلت کے عوض کوئی اضافہ نہ ہوگا۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ
بِدَيْنٍ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ
وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۪
وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ اَنْ يَّكْتُبَ كَمَا
عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ
الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ
وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ فَاِنْ كَانَ
الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا اَوْ
ضَعِيْفًا اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ
فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ؕ
وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ
رِّجَالِكُمْ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا
رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ
مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ
اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ
اِحْدٰىهُمَا الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ
الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا
اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا
اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ
اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا
تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً
حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ
فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا

۲۸۲۔ اے ایمان والو! جب کسی معینہ مدت کے لیے قرض کا معاملہ کرو تو اسے لکھ دیا کرو اور لکھنے والے کو چاہیے کہ تمہارے درمیان انصاف کے ساتھ تحریر کرے اور جسے اللہ نے لکھنا سکھایا اسے لکھنے سے انکار نہیں کرنا چاہیے، پس وہ دستاویز لکھے اور املا وہ شخص کرائے جس کے ذمے قرض ہے اور اسے اپنے رب یعنی اللہ سے ڈرنا چاہیے اور اس میں کسی قسم کی کمی نہیں کرنی چاہیے لیکن اگر قرضدار کم عقل یا ضعیف یا مضمون لکھوانے سے عاجز ہو تو اس کا ولی انصاف کے ساتھ املا کرائے، پھر تم لوگ اپنے میں سے دو مردوں کو گواہ بنا لو، اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتوں کو (گواہ بناؤ) جن گواہوں کو تم پسند کرو، تاکہ اگر ان میں سے ایک بھول جائے تو دوسری اسے یاد دلائے اور جب گواہی کے لیے گواہ طلب کیے جائیں تو انہیں انکار نہیں کرنا چاہیے اور قرض چھوٹا ہو یا بڑا مدت کے تعین کے ساتھ اسے لکھنے میں تساہل نہ برتو، یہ بات اللہ کے نزدیک قرین انصاف ہے اور گواہی کے لیے زیادہ مستحکم ہے اور اس سے تم اس بات کے زیادہ نزدیک ہو جاتے ہو کہ شک و شبہ نہ کرو، مگر یہ کہ تم آپس میں جو دست بدست تجارتی معاملات کرتے ہو ان کے نہ لکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، البتہ جب خرید و

۲۸۲۔۲۸۳۔ سابقہ آیات میں سودی قرض اور سودی معاملات کو ناجائز اور حرام قرار دیا گیا۔ اب غیر سودی قرض (قرض حسنہ) کے بارے میں ایک نہایت جامع اور دقیق قانون وضع کیا جا رہا ہے۔ اس قانون کے آرٹیکل درج ذیل ہیں: ۱۔ قرض میں مدت معین ہو تو اسے دَین کہتے ہیں۔ لیکن اگر مدت معین نہ ہو تو قرض کہتے ہیں۔ ۲۔ قرض اور اس کی مدت کے بارے میں دستاویز تحریر کرنی چاہیے تاکہ قرض کی ادائیگی اور مدت کے تعین کے بارے میں نزاع واقع ہونے کی وجہ سے حقوق ضائع نہ ہو جائیں: فَاكْتُبُوْهُ ۔ ۳۔ کاتب کو عادل ہونا چاہیے: وَلْيَكْتُبْ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۴۔ کاتب کو یہ حق نہیں پہنچتا ہے کہ وہ کتابت سے انکار کرے وَلَا يَاْبَ كَاتِبٌ ۵۔ اس دستاویز کی تحریر میں قرضدار املاء کرائے کہ قرض کی مقدار کیا ہے اور مدت کتنی ہے تاکہ آئندہ ادائیگی کے وقت اس پر حجت واضح ہو جائے اور وہ بہانہ جوئی نہ کر سکے: وَلْيُمْلِلِ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ ۔ ۶۔ املاء میں کسی قسم کی غیر حقیقی بات نہ ہو جس سے قرض خواہ کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو: وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْـًٔا ۔ ۷۔ قرض لینے والا اگر دیوانہ ہو تو اس کا ولی یا سرپرست املاء کرائے۔ ۸۔ قرضدار اگر ضعیف العقل ہو تو اس کا ولی املاء کرائے گا۔ ۹۔ قرضدار اگر مضمون لکھوانے کی قابلیت نہ رکھتا ہو تو ولی املاء کرائے گا۔ ۱۰۔ گواہ قابل اعتماد ہوں: مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ ۔ اَنْ تَضِلَّ کے معنی بعض نے یہ کیے ہیں: اگر ایک منحرف ہو جائے تو دوسری نصیحت کرے۔ چونکہ عورتیں احساسات سے زیادہ متاثر ہوتی ہیں۔ ۱۱۔ گواہ جب گواہی کے لیے طلب کیے جائیں تو انہیں انکار نہیں کرنا چاہیے: وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ ۔ ۱۲۔ قرض تھوڑا ہو یا زیادہ، اسے ضبط تحریر میں لانا چاہیے: وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ ۔ ۱۳۔ جب معاملہ قرض کا نہ ہو بلکہ نقد ہو تو ضبط تحریر میں لانا ضروری نہیں ہے: اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً ۔ ۱۴۔ نقد معاملات میں بھی گواہ بنا لینا چاہیے: وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۔ ۱۵۔ کاتب اور گواہ کو حق گوئی کے جرم میں کسی فریق کی طرف سے کوئی نقصان یا ضرر نہ پہنچایا جائے: وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۔ ۱۶۔ اگر کسی وجہ سے (مثلاً سفر میں) کاتب میسر نہ ہو تو قرض لینے والا قرض خواہ کے پاس کوئی چیز گروی رکھے۔ اس سے یہ مطلب نہیں نکلتا کہ

تَكْتُبُوْهَا ؕ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا
تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا
شَهِيْدٌ ؕ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ
بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَيُعَلِّمُكُمُ
اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۲﴾
وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا
كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ
اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِى
اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ
وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ
يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗٓ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ ع ۳۷
لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى
الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِىْٓ
اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ
بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾
اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ
رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ
وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۫ لَا
نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫
وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ

فروخت کیا کرو تو گواہ بنا لیا کرو اور کاتب اور گواہ کو نقصان نہ دیا جائے اور ایسا کرو گے تو یہ تمہاری طرف سے نافرمانی ہو گی اور اللہ سے ڈرو اور اللہ تمہیں تعلیمات سے آراستہ فرماتا ہے اور اللہ تو ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔ ☆

۲۸۳۔ اور اگر تم حالت سفر میں ہو اور کوئی لکھنے والا میسر نہ آئے تو قبضے کے ساتھ رہن پر معاملہ کرو، اگر تم ایک دوسرے پر اعتبار کرو تو جس پر اعتبار کیا جائے اسے چاہیے کہ دوسرے کی امانت ادا کرے اور اپنے رب یعنی اللہ سے ڈرو اور شہادت نہ چھپاؤ اور جو شہادت چھپاتا ہے اس کا دل گناہگار ہوتا ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب آگاہ ہے۔ ☆

۲۸۴۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے اور تم اپنے دل کی باتیں ظاہر کرو یا چھپاؤ اللہ تم سے حساب لے گا پھر وہ جسے چاہے معاف کرے اور جسے چاہے عذاب دے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔ ☆

۲۸۵۔ رسول اس کتاب پر ایمان رکھتا ہے جو اس پر اس کے رب کی طرف سے نازل ہوئی ہے اور سب مومنین بھی، سب اللہ اور اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں (اور وہ کہتے ہیں) ہم رسولوں میں تفریق کے قائل نہیں ہیں اور کہتے ہیں: ہم نے حکم سنا اور اطاعت قبول کی، پالنے والے

رہن کا معاملہ صرف سفر سے مشروط ہے اور نہ یہ شرط ہے کہ لکھنا ممکن نہ ہو۔ ۱۷۔ اگر طرفین کو ایک دوسرے پر اطمینان ہو تو دستاویز لکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ ۱۸۔ گواہی چھپانا بڑا گناہ ہے۔ ایسا کرنا قلب کی بیماری، مردہ ضمیری اور ایمان سے محرومی کی علامت ہے۔

۲۸۴۔ معاملات میں ایک جامع دستور عنایت فرما کر اسلامی قوانین کے ظاہری نفاذ کے ساتھ ساتھ باطنی نفاذ کی بھی ضمانت دی جا رہی ہے جو اسلامی قوانین کا خاصہ ہے۔ معاشرے میں نفاذ احکام کے لیے ظاہری اور انتظامی ضمانت کے ساتھ قلب و روح کو بھی نفاذ احکام کے لیے آمادہ کیا جاتا ہے۔ مروجہ قوانین میں صرف ظاہری اور انتظامی مواخذہ ہو سکتا ہے، مگر اسلامی قوانین میں جہاں ظاہری کردار کا محاسبہ ہوتا ہے، وہاں قلبی اور اندرونی گناہوں کا بھی محاسبہ ہوتا ہے۔ یہ محاسبہ صرف نیت پر مبنی نہیں ہو گا بلکہ ان اعمال کا محاسبہ بھی ہو گا جن کی خوبی یا بدی نیت سے مربوط ہے یا ان کی حقیقت صاحب کردار کے دل میں مخفی ہے۔ اول الذکر کی مثال انفاق ہے جو ریا اور شہرت طلبی کی نیت سے بھی ہوتا ہے اور فی سبیل اللہ بھی۔ ثانی الذکر کی مثال گواہی ہے جو حق کی بھی ہوتی ہے اور ناحق کی بھی۔ لہٰذا گواہی جھوٹی ہونے کی صورت میں گواہ کا محاسبہ ہو گا۔ یہ آیت ان احادیث سے متصادم نہیں ہے جن میں فرمایا گیا ہے کہ گناہ کی نیت، گناہ نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے: اِنّما الْمُرَادَ بالآیه مَا يَتَنَاوَلُهُ الْاَمْرُ وَ النَّهْيُ مِنَ الْاِعْتِقَادَاتِ وَ الْاِرَادَاتِ و غير ذلك مِمَّا هُوَ مَسْتُوْرٌ عَنَّا (بحار الانوار ۷:۲۲۵) اس سے مراد وہ پوشیدہ اعتقادات اور ارادے ہیں جن کے بارے میں امر و نہی وارد ہوئی ہے۔

۲۸۵۔ ایمانِ رسولؐ کا مطلب یہ ہے کہ ان کا اپنے وجود کی طرح اس پر ایمان ہے۔ جیسا کہ ہم نے پہلے بتا دیا ہے کہ رسولؐ، وحی کو ظاہری حواس سے نہیں بلکہ اپنے پورے وجود سے درک فرماتے تھے۔

رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۶﴾

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا
اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ
نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ
عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا
مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ
عَنَّا ۟ وَاغْفِرْ لَنَا ۟ وَارْحَمْنَا ۟
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۷﴾ ع ۴ ۸

۳ سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ مَدَنِيَّةٌ ۲۰۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ﴿۱﴾

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ
الْقَيُّوْمُ ﴿۲﴾

نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا
لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ
وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۳﴾

مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ
الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ
اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ وَاللّٰهُ
عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۴﴾

ہم تیری بخشش کے طالب ہیں اور ہمیں تیری ہی طرف پلٹنا ہے۔☆

۲۸۶۔ اللہ کسی شخص پر اس کی طاقت سے زیادہ ذمے داری نہیں ڈالتا، ہر شخص جو نیک عمل کرتا ہے اس کا فائدہ اسی کو ہے اور جو بدی کرتا ہے اس کا انجام بھی اسی کو بھگتنا ہے، پروردگارا! ہم سے بھول چوک ہو گئی ہو تو اس کا مواخذہ نہ فرما، پروردگارا! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جو تو نے ہم سے پہلوں پر ڈال دیا تھا، پروردگارا! ہم جس بوجھ کے اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتے وہ ہمارے سر پر نہ رکھ، پروردگارا! ہمارے گناہوں سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما، تو ہمارا مالک ہے، کافروں کے مقابلے میں ہماری نصرت فرما۔☆

سورۂ آل عمران ۔ مدنی ۔ آیات ۲۰۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف ۔ لام ۔ میم۔

۲۔ اللہ وہ ذات ہے جس کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں جو زندہ (اور کائنات کا) زبردست نگہدار ہے۔

۳۔ اس نے حق پر مبنی ایک کتاب (اے رسول) آپ پر نازل کی جو سابقہ کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے اور اس نے توریت و انجیل کو نازل کیا۔☆

۴۔ اس سے پہلے انسانوں کی ہدایت کے لیے اور فرقان (حق و باطل میں امتیاز کرنے والا قانون) نازل فرمایا، جنہوں نے اللہ کی آیات کا انکار کیا ان کے لیے سخت عذاب ہے، اللہ بڑا غالب آنے والا، خوب بدلہ لینے والا ہے۔

۲۸۶۔ انسان پر ذمہ داری اور مسئولیت اس کی طاقت کے مطابق عائد ہوتی ہے۔ چنانچہ کم عقل کی بہ نسبت عاقل اور کم علم کی بہ نسبت عالم پر زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ دوسرے جملے میں ارشاد فرمایا: ہر شخص اپنے اچھے برے اعمال کا خود ذمہ دار ہے۔ غیر کے اعمال کی ذمے داری اس پر عائد نہیں ہوتی ہے اور نہ ہی خود اس کے اپنے اعمال کی ذمے داری کسی اور پر عائد ہوتی ہے۔ مَا لَا طَاقَةَ لَنَا: ایک تشریح یہ ہے: جس گناہ کی سزا کا بوجھ اٹھانے کی ہم طاقت نہیں رکھتے وہ ہم پر نہ ڈال۔ رسول کریمؐ سے روایت ہے: فی آخر سورة البقرة ایات انهن قرآن انهن دعاء انهن یرضین الرحمن۔ سورۃ بقرہ کے آخر میں چند آیات ہیں جو قرآن بھی ہیں اور دعا بھی اور اللہ کی خوشنودی کا باعث بھی ہیں۔

سورۂ آل عمران

اس سورہ میں ایک مقام پر آل عمران کا ذکر آیا ہے، اس وجہ سے سورے کا یہی نام قرار دے دیا گیا۔ عمران حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کے والد کا نام ہے۔ بائبل میں ان کا نام عمرام آیا ہے۔ ہجرت کے بعد مدینے کی نوتشکیل شدہ چھوٹی سی ریاست کو درپیش مشکلات اور اس کی بے سر و سامانی کے ماحول میں یہ سورہ نازل ہوا۔

۳۔ عہدین کتاب دوم تاریخ ایام ۱۵: ۲ میں آیا ہے کہ بنی اسرائیل ایک لمبی مدت تک توریت کے بغیر رہے۔ علامہ بلاغی الهدیٰ الیٰ دین المصطفیٰ میں تحریر فرماتے ہیں: عہد قدیم کی زبان بابل کی اسیری تک عبرانی تھی اور بابل کی اسیری کے بعد ان کتابوں میں سے بعض کلدانی زبان میں تھیں جو کہ بابل کی زبان ہے۔ بعد میں یہود کے ۷۲ دانشوروں نے ۲۸۳ یا ۲۸۵ یا ۲۸۷ قبل مسیح میں یونانی زبان میں ترجمہ کیا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ ترجمہ ۷۲ دنوں میں مکمل ہوا۔
انجیل چار کتابوں کے مجموعے کا نام ہے۔ ☆انجیل متی: حضرت مسیح (ع) کے ۲۳ سال بعد ترتیب پائی۔ ☆انجیل مرقص: مرقص پطرس کا شاگرد تھا، حواریوں میں سے نہیں تھا اور وہ خود حضرت مسیح کے خدا ہونے کا قائل نہ تھا۔ (تراجم الاخبار تالیف: پطرس قرماج)۔ ☆انجیل لوقا: یہ پہلی دو انجیلوں کے بعد لکھی گئی۔ ☆انجیل یوحنا، یہ حضرت مسیح کے ۶۰ سال بعد لکھی گئی۔

إِنَّ اللَّهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي
الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝۵
هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ
كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ
الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝۶
هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ
آيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ أُمُّ الْكِتَابِ
وَأُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ ۖ فَأَمَّا الَّذِينَ
فِي قُلُوبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُونَ مَا
تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَاءَ
تَأْوِيلِهِ ۗ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا
اللَّهُ ۘ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ
يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ ۙ كُلٌّ مِنْ عِنْدِ
رَبِّنَا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ إِلَّا أُولُو
الْأَلْبَابِ ۝۷
رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا
وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً ۚ إِنَّكَ
أَنْتَ الْوَهَّابُ ۝۸
رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَا
رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ
الْمِيعَادَ ۝۹ ع
إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَنْ تُغْنِيَ
عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُمْ

۵۔ زمین و آسمان کی کوئی چیز اللہ سے یقیناً پوشیدہ نہیں ہے۔

۶۔ وہی تو ہے جو (ماؤں کے) رحموں میں جیسی چاہتا ہے تمہاری تصویر بناتا ہے، اس غالب آنے والے، حکمت کے مالک کے سوا کوئی معبود نہیں۔☆

۷۔ وہی ذات ہے جس نے آپ پر وہ کتاب نازل فرمائی جس کی بعض آیات محکم (واضح) ہیں وہی اصل کتاب ہیں اور کچھ متشابہ ہیں، جن کے دلوں میں کجی ہے وہ فتنہ اور تاویل کی تلاش میں متشابہات کے پیچھے پڑے رہتے ہیں، جب کہ اس کی (حقیقی) تاویل تو صرف خدا اور علم میں راسخ مقام رکھنے والے ہی جانتے ہیں جو کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں، یہ سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے اور نصیحت تو صرف عقل مند ہی قبول کرتے ہیں۔☆

۸۔ ہمارے پروردگار! جب تو نے ہمیں ہدایت بخشی ہے تو اس کے بعد ہمارے دلوں کو کجی میں مبتلا نہ کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عنایت فرما، یقیناً تو بڑا عطا فرمانے والا ہے۔☆

۹۔ ہمارے پروردگار! بلاشبہ تو اس روز سب لوگوں کو جمع کرنے والا ہے جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں، بے شک اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۱۰۔ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں ان کے اموال و اولاد انہیں اللہ سے ہرگز کچھ بھی بے نیاز

۶۔ الارحام، رحم کی جمع ہے۔ وہ جگہ جہاں جنین کی تخلیق و تدوین اور آیت کی تعبیر کے مطابق صورت گری ہوتی ہے۔ رحم کے اطلاق سے نزول قرآن کے زمانے اور ہمارے زمانے میں رحم مادر ذہنوں میں آتا ہے، کیونکہ گزشتہ زمانے میں ماں کے بغیر رحم کا تصور ممکن نہ تھا۔ قرآنی تعبیر میں اَلْاَرْحَامِ مطلق ذکر ہوا ہے، ارحام الامہات (ماؤں کے رحم) نہیں فرمایا، لہذا رحم میں ہر وہ جگہ شامل ہے جس میں جنین کی پرورش ہوتی ہے۔

۷۔ قرآن کی آیات دو حصوں میں منقسم ہیں۔ ایک حصہ محکمات اور دوسرا متشابہات پر مشتمل ہے۔ محکم وہ عبارت ہے جس سے مطلب واضح طور پر سمجھ میں آ جائے۔ متشابہ وہ عبارت ہے جس کا مطلب از خود واضح نہ ہو۔ محکمات کو دو اعتبار سے بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اول یہ کہ اسلامی دستور کی اہم دفعات محکمات میں یعنی صاف و شفاف الفاظ میں بیان کی گئی ہیں، دوم یہ کہ متشابہات کو سمجھنے کے لیے محکمات کی طرف رجوع کرنا ہوتا ہے۔ اسی لیے محکمات کو ام الکتاب کہا گیا ہے۔ البتہ فتنہ پرور لوگ متشابہات کو محکمات کی طرف لے جانے کی بجائے خود انہیں متشابہات کے ذو معنی ہونے سے اپنے مفاد میں استعمال کرتے ہیں اور اس کی تاویل گھڑ لیتے ہیں۔ توجہ رہے کہ ہر حکم و عمل کا منطقی محور اور مرکزی نکتہ جس پر اس حکم کا دارومدار ہوتا ہے، اس کی تاویل ہے۔ ہمارے نزدیک یہ تاویل اللہ اور راسخون فی العلم جانتے ہیں، آیت میں وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ نیا جملہ نہیں بلکہ سابقہ جملے پر عطف ہے اور يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا جملہ مستانفہ حالیہ ہے اور یہی نظریہ حضرت ابن عباس کا بھی ہے۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں: اول الراسخون فی العلم رسول اللہ۔ سب سے پہلے راسخ فی العلم رسول خداؐ ہیں۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں: نحن الراسخون فی العلم و نحن نعلم تأویله۔ ہم ہی راسخون فی العلم ہیں اور ہم ہی قرآن کی تاویل جانتے ہیں۔

۸۔ جیسا کہ سورۂ حمد کی تشریح میں ذکر ہوا کہ انسان مؤمن ہر آن اللہ کی طرف سے فیضان ہدایت کا محتاج ہوتا ہے۔ جیسا کہ دعائے ماثور میں آیا ہے: ربّ لا تکلنی الی نفسی طرفة عین ابداً میرے مالک مجھے کبھی بھی ایک لمحے کے لیے بھی

مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ
وَقُوْدُ النَّارِ ۝١٠
كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ
وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ
بِذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ
الْعِقَابِ ۝١١
قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَ
تُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ
الْمِهَادُ ۝١٢
قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِىْ فِئَتَيْنِ
الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ يَّرَوْنَهُمْ
مِّثْلَيْهِمْ رَاْىَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ
يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِىْ
ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِى الْاَبْصَارِ ۝١٣
زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ
النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ وَالْقَنَاطِيْرِ
الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ
وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ
وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۚ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ
الْمَاٰبِ ۝١٤

نہیں بنائیں گے اور یہ لوگ دوزخ کے ایندھن ہوں گے۔

۱۱۔ ان کا حال بھی فرعونیوں اور ان سے پہلے لوگوں کا سا ہو گا جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا، پس اللہ نے انہیں ان کے گناہوں کی وجہ سے گرفت میں لے لیا اور اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔☆

۱۲۔(اے رسول) جنہوں نے انکار کیا ہے ان سے کہہ دیجیے: تم عنقریب مغلوب ہو جاؤ گے اور جہنم کی طرف اکٹھے کیے جاؤ گے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔☆

۱۳۔تمہارے لیے ان دو گروہوں میں جو (جنگ بدر کے دن) باہم مقابل ہوئے ایک نشانی تھی، ایک گروہ اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا اور دوسرا کافر تھا وہ (کفار) ان (مسلمانوں) کو اپنی آنکھوں سے اپنے سے دگنا مشاہدہ کر رہے تھے اور خدا جسے چاہتا ہے اپنی نصرت سے اس کی تائید کرتا ہے، صاحبان بصیرت کے لیے اس واقعے میں یقیناً بڑی عبرت ہے۔☆

۱۴۔لوگوں کے لیے خواہشات نفس کی رغبت مثلاً عورتیں، بیٹے، سونے اور چاندی کے ڈھیر لگے خزانے، عمدہ گھوڑے، مویشی اور کھیتی زیب و زینت بنا دی گئی ہیں، یہ سب دنیاوی زندگی کے سامان ہیں اور اچھا انجام تو اللہ ہی کے پاس ہے۔☆

میرے حال پر نہ چھوڑ۔

۱۱۔ ان کفار کی فکری و عملی روش فرعونیوں کی طرح ہے، جنہوں نے حضرت موسیٰ (ع) کی نبوت کا انکار کیا اور اپنے جرائم کے انجام کو پہنچ گئے۔ اسی طرح حضرت محمد مصطفیٰ (ص) کی نبوت کی تکذیب کرنے والوں کا انجام بھی ایسا ہی ہوگا۔

۱۲۔ یہ آیت جنگ بدر میں قریش کی شکست فاش کے بعد نازل ہوئی، جب حضور (ص) نے یہودیوں کو بازار قینقاع میں جمع کیا اور انہیں اسلام کی دعوت دی نیز انہیں تنبیہ کی کہ کہیں ان کا حشر بھی وہی نہ ہو جائے جو قریش کا ہوا۔ یہودیوں نے کہا: ہم قریش کی طرح فنون حرب سے نابلد نہیں ہیں۔ ہمارے ساتھ آپ (ص) کی جنگ ہوئی تو آپ ہماری طاقت دیکھ لیں گے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اس آیت میں ایک صریح پیشگوئی ہے کہ آئندہ بھی جنگیں ہوں گی اور ان جنگوں میں کفار مغلوب ہو جائیں گے اور فتح و نصرت مسلمانوں کی ہوگی۔

۱۳۔ سنہ ۲ ہجری میں واقع ہونے والی جنگ بدر کی طرف اشارہ ہے، جہاں جنگی ساز و سامان اور تعداد وغیرہ کے لحاظ سے مومنین اور کفار میں نمایاں فرق کے باوجود مومنین کو فتح و نصرت حاصل ہوئی، جو ایک معجزہ تھا۔ یہ رسول اللہ (ص) کی حقانیت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھی۔ اس جنگ میں دشمن کے ایک ہزار جنگجوؤں کے مقابلے میں ۷۷ مہاجرین اور ۲۳۶ انصار پر مشتمل مسلمانوں کے صرف ۳۱۳ سپاہی تھے۔ ایک سو گھوڑوں کے مقابلے میں صرف دو گھوڑے تھے اور تلواروں کی مقدار بھی آٹھ سے زیادہ نہ تھی۔ اس کے باوجود دشمن کو ذلت آمیز شکست سے دوچار ہونا پڑا۔ مسلمانوں کے صرف بائیس افراد شہید ہوئے، جب کہ دشمن کے ستر افراد مارے گئے اور اتنے ہی اسیر ہو گئے۔

۱۴۔ اسلام کے نزدیک مال اگر خود مقصد ہے تو برا ہے اور اگر کسی نیک مقصد کا ذریعہ ہو تو اسے قرآن نے خیر کہا ہے۔ بالکل کشتی کے لیے پانی کی طرح، یہ پانی اگر کشتی کے نیچے رہے تو پار ہونے کے لیے بہترین ذریعہ ہے اور یہی پانی اگر کشتی کے اندر آ جائے تو اسی پانی میں ہلاکت ہے۔

قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ
لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ
وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ
بِالْعِبَادِ ﴿۱۵﴾
اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا
فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ
النَّارِ ﴿۱۶﴾
اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالْقٰنِتِيْنَ
وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ
بِالْاَسْحَارِ ﴿۱۷﴾
شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ
وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا
بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
الحمد الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾
اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ قف
وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ
بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ
اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾
فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ
وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ

۱۵۔ کہہ دیجیے: کیا میں تمہیں اس سے بہتر چیز بتاؤں؟ جو لوگ تقویٰ اختیار کرتے ہیں ان کے لیے ان کے رب کے پاس باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے نیز ان کے لیے پاکیزہ بیویاں اور اللہ کی خوشنودی ہو گی اور اللہ بندوں پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔

۱۶۔ یہ وہ لوگ ہیں جو کہتے ہیں: ہمارے رب! بلاشبہ ہم ایمان لائے، پس ہمارے گناہ بخش دے اور ہمیں آتش جہنم سے بچا۔

۱۷۔ یہ لوگ صبر کرنے والے، راست باز، مشغول عبادت رہنے والے، خرچ کرنے والے اور سحر (کے اوقات) میں طلب مغفرت کرنے والے ہیں۔☆

۱۸۔اللہ نے خود شہادت دی ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں اور اہل علم نے بھی یہی شہادت دی، وہ عدل قائم کرنے والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۹۔ اللہ کے نزدیک دین صرف اسلام ہے اور جنہیں کتاب دی گئی انہوں نے علم حاصل ہو جانے کے بعد آپس کی زیادتی کی وجہ سے اختلاف کیا اور جو اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتا ہے تو بے شک اللہ (اس سے) جلد حساب لینے والا ہے۔☆

۲۰۔(اے رسول) اگر یہ لوگ آپ سے جھگڑا کریں تو ان سے کہہ دیجیے: میں نے اور میری اتباع کرنے والوں نے تو اللہ کے آگے سر تسلیم خم کیا ہے اور پھر اہل

۱۷۔ اہل تقویٰ کی پانچ خصلتیں بیان فرمائی ہیں: صبر، سچائی، عبادت، انفاق اور سحر خیزی یعنی رات کے آخری حصے میں استغفار۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جو شخص اپنی وتر کی نماز میں حالت قیام میں ستر مرتبہ استغفر اللّٰہ و اتوب الیہ ایک سال تک لگاتار پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کو سحر کے وقت طلب استغفار کرنے والوں میں شمار فرمائے گا اور اس کے لیے مغفرت واجب ہو جائے گی (المیزان ۳: ۱۱۹)

۱۸۔ یہاں توحید و عدل پر تین شہادتوں کا ذکر ہے۔ اوّل خود اللہ شہادت دیتا ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور وہ عدل قائم کرنے والا ہے۔ چنانچہ اس کی کتاب آفاق و انفس کا ہر صفحہ اور ہر سطر اس کی وحدانیت اور اس کے عدل و انصاف پر دلالت کرتی ہے اور ذرے سے لے کر کہکشاؤں تک نظام کی وحدت، خالق کی وحدت کی دلیل ہے۔ یا من دل علی ذاتہ بذاتہ آفتاب آمد دلیلِ آفتاب۔ دوم فرشتوں کی شہادت۔ چونکہ فرشتے نظام کائنات کے کارندے ہیں اس لیے اللہ کی وحدانیت اور اس کے عدل و انصاف کا علم رکھتے ہیں اور شہادت کا حق صرف انہیں حاصل ہوتا ہے جو علم رکھتے ہوں۔ سوم صاحبان علم جو صحیفۂ آفاق و انفس کا بغور مطالعہ کرتے ہیں اور کہ اٹھتے ہیں: رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۔(آل عمران:۱۹۱)

۱۹۔ الف: مولائے متقیان حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: لانسبن الاسلام نسبة لم ینسبها احد قبلی۔ الاسلام هو التسلیم، و التسلیم هو الیقین، و الیقین هو التصدیق، و التصدیق هو الاقرار، و الاقرار هو الاداء ، و الاداء هو العمل (نہج البلاغہ) ”میں اسلام کی ایسی تعریف کرتا ہوں جو مجھ سے پہلے کسی نے بیان نہیں کی: اسلام تسلیم سے عبارت ہے اور تسلیم یقین ہے اور یقین تصدیق ہے اور تصدیق اعتراف ہے اور اعتراف فرض کی ادائیگی سے ہوتا ہے اور فرض کی ادائیگی عمل ہے“۔

ب: ہر زمانے میں انسان کو نجات کا راستہ دکھانے والا ایک ہی دین اللہ کی طرف سے آتا رہا ہے جو دین اسلام ہے۔ اس دین واحد میں اہل کتاب نے اختلاف ڈال دیا۔ اس کی وجہ ان کی لاعلمی نہیں تھی۔ وہ جانتے تھے کہ دین الٰہی میں اختلاف کی گنجائش نہیں بلکہ اس کی وجہ ان کی بے حد

لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ
ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ
اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ
ع ۲۰ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝۲۰
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّ
يَقْتُلُوْنَ الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ
مِنَ النَّاسِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ
اَلِيْمٍ ۝۲۱
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ
نّٰصِرِيْنَ ۝۲۲
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ
لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ
مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۲۳
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ
اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ۖ وَغَرَّهُمْ
فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ۝۲۴
فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا
رَيْبَ فِيْهِ ۫ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا
كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ۝۲۵
قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي

کتاب اور ناخواندہ لوگوں سے پوچھیے: کیا تم نے بھی تسلیم کیا ہے؟ اگر یہ لوگ تسلیم کر لیں تو ہدایت یافتہ ہو جائیں اور اگر منہ موڑ لیں تو آپ کی ذمے داری تو صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور اللہ اپنے بندوں پر خوب نظر رکھنے والا ہے۔

۲۱۔ جو لوگ اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے ہیں اور لوگوں میں سے انصاف کا حکم دینے والوں کو بھی قتل کرتے ہیں انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیں۔

۲۲۔ ایسے لوگوں کے اعمال دنیا و آخرت میں برباد ہو گئے اور ان کا کوئی مددگار نہیں۔

۲۳۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا ہے انہیں کتاب خدا کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کرے تو ان میں سے ایک فریق کج ادائی کرتے ہوئے منہ پھیر لیتا ہے۔☆

۲۴۔ ان کا یہ رویہ اس لیے ہے کہ وہ کہتے ہیں: جہنم کی آگ ہمیں چند روز کے سوا چھو نہیں سکتی اور جو کچھ یہ بہتان تراشی کرتے رہے ہیں اس نے انہیں اپنے دین کے بارے میں دھوکے میں رکھا ہے۔☆

۲۵۔ پس اس دن ان کا کیا حال ہوگا جب ہم ان سب کو جمع کریں گے جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں اور ہر شخص اپنے اعمال کا پورا بدلہ پائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۲۶۔ کہہ دیجیے: اے اللہ! (اے) مملکت

جاہ پرستی تھی۔

ج: ادیان عالم کے ماہرین جانتے ہیں کہ ۳۲۵ء میں قسطنطنیہ کے بادشاہ نے مسیحی مذہب کے توحید پرستوں پر کفر و الحاد کا فتویٰ لگایا، ان کی کتابوں کو نذر آتش کیا، جب تثلیث پر مبنی مذہب کی جڑیں مضبوط بنا دی گئیں تو ۶۲۸ء میں ایک قانون کے ذریعہ ان توحید پرستوں کی نسل کشی کی گئی۔

(مراغی: ۳:۱۲۰)

۲۳۔ خیبر کے یہودیوں میں زنا اور اس کی تعزیرات کا ایک مسئلہ پیش آیا تو انہوں نے رسول اللہ (ص) کی طرف رجوع کیا۔ حضور (ص) نے توریت کے حوالے سے شوہر دار عورت کے ساتھ زنا کرنے کی تعزیر کے طور پر سنگساری کا حکم دیا، لیکن یہودیوں نے اس بات کے ثبوت کے باوجود کہ یہ فیصلہ توریت کے مطابق ہے اسے ماننے سے انکار کر دیا، جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ جن کو کتاب کا ایک حصہ دیا گیا ہے، سے مراد اہل کتاب و نصاریٰ ہیں۔ اس سے دو باتیں واضح ہو جاتی ہیں۔ اول یہ کہ اہل کتاب کے پاس موجود توریت و انجیل میں سے کچھ حصہ اللہ کا کلام ہے پوری نہیں، دوم یہ کہ جن آیات میں اوتوا الکتاب کہا گیا ہے ان میں کتاب سے مراد کتاب کا ایک حصہ ہے۔

۲۴۔ ان سیاہ کاریوں کا اصل سرچشمہ ان کے باطل نظریات ہیں جن کے تحت وہ انسانیت سوز مظالم و جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں ۔ ہماری معاصر تاریخ بھی ان یہودیوں کے لرزا دینے والے جرائم و مظالم سے پر ہے۔ ان باطل نظریات میں سے کچھ یہ ہیں کہ یہودی کو جہنم کی آگ گنتی کے چند ایام کے سوا چھو نہیں سکتی نیز اولاد یعقوب اللہ کی برگزیدہ مخلوق ہے اور یہ کہ اولاد یعقوب سے اللہ کا وعدہ ہے کہ انہیں کوئی عذاب وغیرہ نہیں دیا جائے گا۔

۲۶۔ اللہ کی مشیت اندھی بانٹ نہیں ہوتی، وہ کچھ لوگوں کو حکومت از روئے احسان عطا فرماتا ہے اور کچھ لوگوں کو از روئے انتقام عطا فرماتا ہے کہ وہ مزید جرم کا ارتکاب کریں ۔ چنانچہ جب یزید لعین نے اسیرانِ اہل بیتؑ کے سامنے اس آیت کی تلاوت کرتے ہوئے طنز کیا کہ اللہ نے مجھے

الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ
مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾
تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ
النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫ وَتُخْرِجُ
الْحَیَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَیِّ ۫ وَتَرْزُقُ
مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾
لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ
وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ
فِيْ شَیْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ
تُقٰىةً ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ
وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸﴾
قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ اَوْ
تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ وَيَعْلَمُ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾
يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ
خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ
سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ
اَمَدًا بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ

(ہستی) کے مالک تو جسے چاہے حکومت دیتا ہے اور جس سے چاہے حکومت چھین لیتا ہے اور تو جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جسے چاہے ذلیل کر دیتا ہے بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔ ☆

۲۷۔ تو رات کو دن اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے، اور تو ہی جاندار سے بے جان اور بے جان سے جاندار پیدا کرتا ہے اور تو جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔ ☆

۲۸۔ مومنوں کو چاہیے کہ وہ اہل ایمان کو چھوڑ کر کافروں کو سرپرست نہ بنائیں اور جو کوئی ایسا کرے، اس کا اللہ سے کوئی تعلق نہیں، ہاں اگر تم ان (کے ظلم) سے بچنے کے لیے کوئی طرز عمل اختیار کرو (تو اس میں مضائقہ نہیں) اور اللہ تمہیں اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے۔ ☆

۲۹۔ کہہ دیجیے: جو بات تمہارے سینوں میں ہے اسے خواہ تم پوشیدہ رکھو یا ظاہر کرو اللہ بہرحال اسے جانتا ہے نیز آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ بھی اس کے علم میں ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۳۰۔ اس دن ہر شخص اپنا نیک عمل حاضر پائے گا، اسی طرح ہر برا عمل بھی، (اس روز) انسان یہ تمنا کرے گا کہ کاش یہ دن اس سے بہت دور ہوتا اور اللہ تمہیں اپنے (غضب) سے ڈراتا ہے اور اللہ

عزت دی ہے اور تم کو ذلیل کیا تو جناب سیدہ زینب سلام اللہ علیہا نے سورہ آل عمران کی آیت ۱۷۸ کی تلاوت فرمائی جس میں یہی بتایا گیا ہے کہ ہم اس لیے مہلت دیتے ہیں لیزدادوا اثما تاکہ وہ جرم میں اور بڑھ جائیں۔

۲۷۔ شب و روز کے یکے بعد دیگرے آنے میں اس بات کی ایک بین دلیل موجود ہے کہ اس کائنات کی تخلیق کے پیچھے ایک ذی شعور ذات ہے جس نے نہ رات کی تاریکی کو برقرار رکھا ہے اور نہ دن کی روشنی کو ہمیشہ جاری رکھا ہے، بلکہ ان دونوں میں سے ہر ایک کو دوسرے میں داخل کیا جس سے اس زمین پر زندگی ممکن ہوئی۔ اگر رات دن کا تبادلہ نہ ہوتا تو کرۂ زمین پر حیات ممکن نہ تھی۔

۲۸۔ آیت کا مضمون یہ ہے کہ مؤمنین کو چھوڑ کر کافروں کو اولیاء نہ بناؤ۔ یعنی مؤمنین اور کفار کے درمیان ولایت کا رشتہ نہیں ہے۔ ولایت کی تعریف یہ ہے: الولایۃ عقد النصرۃ للموافقۃ فی الدیانۃ۔ (مجمع البیان) ولایت سے مراد باہمی نصرت و حمایت کا معاہدہ ہے جو ایک دین میں ہونے کی وجہ سے کیا جاتا ہے۔ یعنی ان کی صلح و جنگ ایک ہو۔ یہ ولایت صرف مؤمنین کے درمیان آپس میں قائم ہے۔ حتیٰ کہ عصر رسالت (ص) میں یہ ولایت مؤمنین کے درمیان بھی اس وقت تک قائم نہ ہوتی تھی جب تک وہ ہجرت نہ کریں۔ اس قسم کی ولایت اور باہمی حمایت کہ جس سے جنگ و صلح ایک ہو جائے، کا عہد مؤمنین اور کفار کے درمیان قائم کرنا منع ہے۔ عموماً اولیاء کا ترجمہ دوستی کیا جاتا ہے، جس سے یہ تاثر ملتا ہے کہ قرآن کفار کے ساتھ ہر قسم کے انسانی تعلقات کو ممنوع قرار دیتا ہے اور انسانوں میں نفرت کا درس دیتا ہے، حالانکہ اسلام ان کافروں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنے کا حکم دیتا ہے جو مسلمانوں کے ساتھ حالت جنگ میں نہیں ہیں۔

۳۰۔ قرآن میں یہ صراحتاً موجود ہے کہ روز قیامت ہر شخص اپنا عمل حاضر پائے گا۔ قدیم مفسرین تاویل کرتے تھے کہ نفس عمل دنیا میں ہو چکا، وہ دوبارہ حاضر نہیں کیا جا سکتا، لہٰذا مراد سزا و جزائے عمل ہی ہو سکتی ہے۔ لیکن اب یہ بات قابل فہم ہو چکی ہے کہ عمل خود قابل دید ہے اور یہ آیت سمجھ میں آ

ع ۲ ۱۱ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۳۰﴾ ع

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۱﴾

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۳۳﴾

ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۚ﴿۳۴﴾

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾

فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَاۤ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْۤ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾

جاتی ہے: وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ (ق:۴)۔ ہمارے پاس حفظ کرنے والی کتاب موجود ہے۔

۳۱۔ محبت اگر سچی ہے تو محبوب کے حکم اور اشارے کا بے تابی سے انتظار کیا جاتا ہے، جب محبوب کا حکم سنتا ہے تو محبّ کیف و سرور کی حالت میں آتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے: ما احب اللّٰہ من عصاہ (الوسائل ۱۵: ۳۰۸) ”جو اللہ کی نافرمانی کرتا ہے وہ اللہ سے محبت نہیں رکھتا“۔

۳۲۔ کچھ ایسے افراد نے رسول اللہ (ص) کے سامنے اللہ سے محبت کا دعویٰ کیا جو اللہ کے احکام کی تعمیل میں کوتاہی کرتے تھے۔ ان کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔ محبت امر قلبی ہے اور قلب حقیقت پرست ہوتا ہے، جس پر حقیقت کے سوا کوئی اور چیز کارگر نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ دین بھی عقیدے سے عبارت ہے اور عقیدہ امر قلبی ہے جس پر جبر و اکراہ کارگر نہیں ہو سکتا: لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ (۲ بقرۃ:۲۵۶) کی طرح کہا جا سکتا ہے کہ لَا اِكْرَاهَ فِي الْحُب۔

۳۳۔ نوح: حضرت نوح (ع) بن لامنح پہلے صاحب شریعت، صاحب کتاب اور اولو العزم رسول ہیں۔ آپ (ع) حضرت آدم (ع) کے بعد دوسرے ابو البشر ہیں۔ یعنی طوفان کے بعد موجودہ انسانی نسل کے ابو البشر آپ (ع) ہیں۔ حضرت آدم علیہ السلام کی دسویں پشت میں سے تھے۔ آپ (ع) موجودہ عراق کے بالائی علاقے کے رہنے والے تھے۔ ۹۵۰ سال زندگی گزاری۔

عمران: اس نام کی دو شخصیات گزری ہیں۔ ایک حضرت موسیٰ علیہ السلام کے والد، بائبل میں ان کا نام عمرام آیا ہے اور دوسری حضرت مریم (س) کے والد ماجد۔ اس آیہ شریفہ میں دونوں عمران مراد لیے جا سکتے ہیں۔ تاہم قرین قیاس یہ ہے کہ مراد حضرت مریم (س) کے والد ماجد ہوں، کیونکہ سلسلہ کلام حضرت مریم اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کے بارے میں ہے۔ اناجیل میں حضرت مریم کے والدین کا نام مذکور نہیں ہے۔ تاہم مسیحی روایت میں حضرت مریم (س) کے والد کا نام یوآخیم آیا ہے۔

۳۶۔ بعض روایات کے مطابق حضرت مریم کی والدہ نے اس بناء پر نذر مانی تھی کہ ہونے والا نومولود لڑکا ہی ہو سکتا ہے، چونکہ ان کے والد حضرت عمران کو یہ بشارت ہوئی تھی کہ ان کا ایک لڑکا ہونے والا ہے لیکن جب بچی ہوئی تو پریشان ہو گئیں۔

اپنے بندوں پر بڑا مہربان ہے۔ ☆

۳۱۔ کہہ دیجیے: اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو، اللہ تم سے محبت کرے گا اور تمہاری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا اور اللہ نہایت بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ ☆

۳۲۔ کہہ دیجیے: اللہ اور رسول کی اطاعت کرو، پس اگر وہ لوگ روگردانی کریں تو اللہ کافروں سے محبت نہیں کرتا۔ ☆

۳۳۔ بے شک اللہ نے آدم، نوح، آل ابراہیم اور آل عمران کو تمام عالمین پر برگزیدہ فرمایا ہے۔ ☆

۳۴۔ وہ اولاد جو ایک دوسرے کی نسل سے ہیں اور اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

۳۵۔ (وہ وقت یاد کرو) جب عمران کی عورت نے کہا: پروردگارا! جو (بچہ) میرے شکم میں ہے اسے تیری نذر کرتی ہوں، وہ (اور باتوں سے) آزاد ہو گا، تو میری طرف سے قبول فرما، بے شک تو بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

۳۶۔ پھر جب اسے جن چکی تو کہنے لگی: مالک میں نے لڑکی جنی اور اللہ بہتر جانتا ہے کہ اس (مادر مریم) نے کیا جنا اور لڑکا اس لڑکی جیسا نہیں ہو سکتا تھا اور میں نے اس (لڑکی) کا نام مریم رکھا اور میں اسے اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ ☆

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ
وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا
زَكَرِيَّا ؕ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا
الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ
قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ
هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ
مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۷﴾
هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ
رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً
طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ﴿۳۸﴾
فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ
قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ
اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى
مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا
وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۳۹﴾
قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّ
قَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ
عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا
يَشَآءُ ﴿۴۰﴾
قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْۤ اٰيَةً ؕ قَالَ
اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ
اَيَّامٍ اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ
كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ

۳۷۔ چنانچہ اس کے رب نے اس کی نذر (لڑکی) کو بوجہ احسن قبول فرمایا اور اس کی بہترین نشو و نما کا اہتمام کیا اور زکریا کو اس کا سرپرست بنا دیا، جب زکریا اس کے حجرۂ عبادت میں جاتے تو اس کے پاس طعام موجود پاتے، پوچھا: اے مریم! یہ (کھانا) تمہارے پاس کہاں سے آتا ہے؟ وہ کہتی ہے: اللہ کے ہاں سے، بیشک خدا جسے چاہتا ہے بے حساب رزق دیتا ہے۔☆

۳۸۔ اس مقام پر زکریا نے اپنے رب کو پکارا، کہا: پروردگارا! مجھے اپنی عنایت سے صالح اولاد عطا کر، یقیناً تو ہی دعا سننے والا ہے۔☆

۳۹۔ چنانچہ جب وہ حجرۂ عبادت میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے تو فرشتوں نے آواز دی: اللہ تجھے یحییٰ کی بشارت دیتا ہے جو کلمہ اللہ کی طرف سے ہے وہ اس کی تصدیق کرنے والا، سیادت کا مالک، خواہشات پر ضبط رکھنے والا، نبوت کے مقام پر فائز اور صالحین میں سے ہوگا۔☆

۴۰۔ زکریا بولے: پروردگارا! میرے ہاں لڑکا کہاں سے پیدا ہوگا جبکہ میں تو سن رسیدہ ہو چکا ہوں اور میری عورت بانجھ ہے، اللہ نے فرمایا: ایسا ہی ہوگا اللہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔☆

۴۱۔ عرض کیا: پالنے والے! میرے لیے کوئی نشانی مقرر فرما، اللہ نے فرمایا: تمہاری نشانی یہ ہوگی کہ تم تین دن تک لوگوں سے اشارے کے علاوہ بات نہ کرو گے اور اپنے رب کو خوب یاد کرو اور صبح و شام

۳۷۔ اللہ نے اس لڑکی کی نذر قبول کر لی، لیکن وہ ہیکل (عبادت گاہ) کی خادمہ تو نہیں بن سکتی تھیں۔ سیاق کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عمران اس وقت زندہ نہ تھے، اس لیے حضرت مریمؑ کی کفالت ایک مسئلہ بن گئی۔ چنانچہ اس مقصد کے لیے قرعہ اندازی ہوئی تو قرعہ حضرت زکریا (ع) کے نام نکل آیا۔ اپنی کفالت میں لینے کے بعد حضرت زکریاؑ حضرت مریمؑ کو حجرہ ہائے عبادت میں سے ایک حجرے میں بٹھا دیتے اور قفل لگا دیتے اور خود آ کر کھولتے تو یہ دیکھ کر انہیں تعجب ہوتا کہ مریمؑ کے پاس بے موسم کے میوے اور کھانے کی چیزیں کہاں سے آتی ہیں۔ كُلَّمَا سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ روزمرہ کا معمول تھا۔ بیضاوی نے اپنی تفسیر میں اور زمخشری نے الکشاف ۱:۳۵۸ میں اسی آیت کے ذیل میں روایت بیان کی ہے کہ حضرت فاطمہ علیہا السلام کے لیے جنت سے رزق آتا تھا۔

۳۸۔۴۰۔ كَلِمَة: (ك ل م) سے ماخوذ ہے. اس سے کلام بھی مراد لیا جاتا ہے اور ذوات بھی۔ یہاں کلمہ سے مراد حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں. چونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تخلیق بغیر باپ کے کلمہ کن سے ہوئی۔ اس لیے آپ علیہ السلام کو کلمہ کہا جاتا ہے۔

حضرت زکریاؑ کے ہاں اولاد نہ تھی۔ ممکن ہے کہ مریمؑ کی پاکیزگی اور منزلت دیکھ کر اولاد کی خواہش زیادہ ہو گئی ہو۔ اگرچہ خود زکریاؑ نے اللہ سے اولاد کی خواہش کی تھی، لیکن حضرت زکریاؑ کے ذہن میں اس کے لیے دو رکاوٹیں موجود تھیں۔ ایک بڑھاپا، دوسری رکاوٹ بیوی کا بانجھ ہونا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میری قدرت کے آگے کوئی چیز رکاوٹ نہیں بن سکتی۔

۴۱۔ نشانی کا تعین: اولاد عطا ہونے کے بارے میں جو نشانی طلب کی گئی، ممکن ہے کہ وہ کیفیت کے بارے میں ہو۔ اس مقصد کے لیے تین دن تک لوگوں سے بات نہ کرنے اور اولاد عطا ہونے کے درمیان کیا ربط ہو سکتا ہے؟ نیز لوگوں سے بات نہ کرنا کس مطلب کی طرف اشارہ ہے؟ آیت سے اس بارے میں کچھ ثابت نہیں ہوتا۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت زکریا (ع) تین دن تک لوگوں سے بات کر ہی نہ سکے۔ لیکن جب تسبیح و ذکر خدا کرنے

ع ۴ وَالْاِبْكَارِ ﴿۴۱﴾ ع

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ
اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ
وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۲﴾
يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ
وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿۴۳﴾
ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ
اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ
يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ يَكْفُلُ
مَرْيَمَ ۪ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ
اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۴﴾
اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ
يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖ اسْمُهُ
الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ وَجِيْهًا
فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ
الْمُقَرَّبِيْنَ ۙ﴿۴۵﴾
وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا
وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾
قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ
وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ قَالَ
كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ اِذَا
قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ ﴿۴۷﴾

پر آتے تو زبان کھل جاتی تھی۔ یہ علامت تھی کہ حضرت یحییٰ (ع) کا حمل قرار پا گیا۔

۴۲۔ اس آیت میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ غیر انبیاء پر بھی فرشتے نازل اور ان سے ہمکلام ہوتے ہیں۔ فرشتوں سے ہمکلام ہونے والی ہستیاں حسب ذیل ہیں:

نبی: نبی وہ ہیں جو خواب میں آواز سنتے ہیں مگر فرشتے نظر نہیں آتے۔ رسول: وہ ہیں جن کو فرشتے نظر آتے ہیں اور ان سے ہم کلام ہوتے ہیں۔ مُحَدَّث وہ ہیں جن کو کلام سنائی دیتا ہے مگر فرشتے نظر نہیں آتے۔ (ملاحظہ ہو الکافی ۱/۷۶) جیسے مادر موسیٰ کے لیے حکم آیا کہ موسیٰ کو دریا میں ڈال دو وغیرہ اور حضرت مریم سلام اللہ علیہا سے ہمکلام ہونے کے لیے فرشتے نازل ہوئے۔ امامیہ احادیث میں حضرت علی علیہ السلام کے بارے میں وارد ہوا ہے کہ آپؑ مُحَدَّث ہیں۔ آیت میں حضرت مریم (س) کو برگزیدہ کرنے کا دوبارہ ذکر آیا ہے۔ پہلی بار حضرت مریمؑ کو اللہ نے اپنے لطف و کرم سے نوازتے ہوئے برگزیدہ فرمایا۔ دوسری بار تطہیر کے بعد برگزیدہ فرمایا۔ اس بار عملاً استحقاق اور کردار کی بلندی کی وجہ سے برگزیدہ فرمایا۔ اس لیے تمام دنیا کی عورتوں پر ان کو منتخب فرمایا۔ کیا حضرت مریمؑ کو اپنے عالم کی عورتوں پر برگزیدہ فرمایا یا تمام عالم اس میں شامل ہیں؟ احادیث کے مطابق حضرت مریم (س) کو صرف اپنے عالم کی عورتوں پر برگزیدہ فرمایا ہے۔

۴۵۔ المسیح عبرانی لفظ مسیحا کا معرب ہے جو مبارک کے معنوں میں ہے۔ عیسیٰ: یہ عبرانی لفظ یسوع کا معرب ہے، یعنی نجات دہندہ۔

۴۷۔ کُن صرف ایک تعبیر ہے ورنہ ارادۂ الٰہی کے نفاذ کے لیے کاف ونون کی ضرورت بھی نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: یقول لما اراد کونه کن فیکون لا بصوت یقرع ولا بنداء یسمع و انما کلامه سبحانه فعل منه انشائه۔ (نہج البلاغہ خ ۲۲۸) جب اللہ کسی چیز کے وجود کا ارادہ کر لیتا ہے تو اس سے فرماتا ہے: ہو جا، پس وہ ہو جاتا ہے۔ یہ نہ کسی ایسی آواز سے ہوتا ہے جو بولی جائے اور نہ کسی ایسی صدا سے جو سنائی دے اور اللہ کا کلام تو بس اس کا فعل اور اس کی ایجاد ہے۔

اس کی تسبیح کرتے رہو۔ ☆

۴۲۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! بیشک اللہ نے تمہیں برگزیدہ کیا ہے اور تمہیں پاکیزہ بنایا ہے اور تمہیں دنیا کی تمام عورتوں پر برگزیدہ کیا ہے۔ ☆

۴۳۔ اے مریم! اپنے رب کی اطاعت کرو اور سجدہ کرتی رہو اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کرتی رہو۔

۴۴۔ یہ غیب کی خبریں ہم آپ کو وحی کے ذریعہ بتا رہے ہیں اور آپ تو ان کے پاس موجود نہ تھے جب وہ اپنے قلم پھینک رہے تھے کہ ان میں سے کون مریم کی سرپرستی کرے اور نہ ہی آپ ان کے پاس (اس وقت) موجود تھے جب وہ جھگڑ رہے تھے۔

۴۵۔ جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! اللہ تجھے اپنی طرف سے ایک کلمے کی بشارت دیتا ہے جس کا نام مسیح عیسیٰ بن مریم ہو گا، وہ دنیا و آخرت میں آبرومند ہو گا اور مقرب لوگوں میں سے ہو گا۔ ☆

۴۶۔ اور وہ لوگوں سے گہوارے میں اور بڑی عمر میں گفتگو کرے گا اور صالحین میں سے ہو گا۔

۴۷۔ مریم نے کہا: پروردگارا! میرے ہاں لڑکا کس طرح ہو گا؟ مجھے تو کسی شخص نے چھوا تک نہیں، فرمایا: ایسا ہی ہو گا اللہ جو چاہتا ہے خلق فرماتا ہے، جب وہ کسی امر کا ارادہ کر لیتا ہے تو اس سے کہتا ہے ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے۔ ☆

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ﴿۴۸﴾
وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ اَنِّيْ
قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ
اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ
الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا
بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ
وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ
اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا
تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۭ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۴۹﴾
وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ
التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ
الَّذِيْ حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ
بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۣ فَاتَّقُوا اللّٰهَ
وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۵۰﴾
اِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۵۱﴾
فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ
قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ
قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ
اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ

۴۸۔ اور (اللہ) اسے کتاب و حکمت اور توریت و انجیل کی تعلیم دے گا۔

۴۹۔ اور (وہ) بنی اسرائیل کی طرف بھیجے گئے رسول کی حیثیت سے (کہے گا:) میں تمہارے پروردگار کی طرف سے نشانی لے کر تمہارے پاس آیا ہوں، (وہ یہ کہ) میں تمہارے سامنے مٹی سے پرندے کی شکل کا مجسمہ بناتا ہوں اور اس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ خدا کے حکم سے پرندہ بن جاتا ہے اور میں اللہ کے حکم سے مادر زاد اندھے اور برص کے مریض کو تندرست اور مردے کو زندہ کرتا ہوں اور میں تم لوگوں کو بتاتا ہوں کہ تم کیا کھاتے ہو اور اپنے گھروں میں کیا جمع کر کے رکھتے ہو، اگر تم صاحبان ایمان ہو تو اس میں تمہارے لیے نشانی ہے۔ ☆

۵۰۔ اور اپنے سے پیشتر آنے والی توریت کی تصدیق کرتا ہوں اور جو چیزیں تم پر حرام کر دی گئی تھیں ان میں سے بعض کو تمہارے لیے حلال کرنے آیا ہوں اور میں تمہارے رب کی طرف سے نشانی لے کر تمہارے پاس آیا ہوں، لہٰذا اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔ ☆

۵۱۔ بیشک اللہ میرا رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے لہٰذا تم اس کی بندگی کرو، یہی سیدھا راستہ ہے۔

۵۲۔ جب عیسیٰ نے محسوس کیا کہ وہ لوگ کفر اختیار کر رہے ہیں تو بولے: اللہ کی راہ میں کون میرا مددگار ہو گا؟ حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں، ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور آپ گواہ رہیں کہ

۴۹۔ سورۂ بقرہ آیت ۶۰ کے ذیل میں اس موضوع پر ہم نے مختصراً لکھا ہے کہ معجزات، طبیعی قوانین کی عام دفعات کے تحت نہیں ہوتے، ورنہ یہ سب کے لیے قابل تسخیر ہوتے اور معجزہ نہ ہوتا۔ معجزہ اس وقت معجزہ ہوتا ہے جب یہ سطحی اور ظاہری علل و اسباب کے سلسلے کو توڑ دے۔ البتہ معجزے کے اپنے علل و اسباب ضرور ہوتے ہیں جو ہر ایک کے لیے قابل تسخیر نہیں ہوتے۔ لہٰذا معجزات کے علل و اسباب کو قانونِ طبیعت کی عام دفعات میں تلاش کرنا انکار معجزہ کے مترادف ہے۔ جیسا کہ صاحب ''المنار'' نے کوشش کی ہے۔

اَخْلُقُ لَكُمْ : خلق متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہے: ☆ خلق ابداعی یعنی عدم سے وجود میں لانا۔ یہ بات صرف ذاتِ خداوندی کے ساتھ مخصوص ہے۔ ☆ خلق تشکیلی یعنی ایک شے سے دوسری شے بنانا۔ ☆ خلق تقدیری یعنی اندازہ کرنا۔ خلق ان دو معنوں میں غیر اللہ کے ساتھ بھی متصف ہو سکتا ہے۔

ولایت تکوینی : انبیاء اور اولیاء علیہم السلام اظہار حجت و اثبات حق کے لیے باذن خدا عالم خلقت کے تکوینی امور میں تصرف کرتے ہیں۔ وہ مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور شق القمر کرتے ہیں نیز بوقت ضرورت دیگر معجزات رکھتے ہیں جو عالم تخلیق و تکوین سے مربوط ہیں۔ البتہ یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ یہ تصرف اور اختیار اللہ کے تصرف کے مقابلے میں نہیں بلکہ اللہ کے تصرف و اختیار کے ذیل میں آتا ہے۔ اس قسم کے تصرفات کے ساتھ عام طور پر باذن اللہ کا ذکر آتا ہے۔

۵۰۔ قرآن کریم اس حقیقی توریت کی تصدیق فرما رہا ہے جس کی تعلیم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دی گئی تھی ورنہ مروجہ توریت کے بارے میں تو قرآن کا مؤقف یہ ہے کہ اس میں تحریف واقع ہوئی ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرماتے ہیں: میں شریعت موسوی میں جزوی ترمیم و تنسیخ کے ساتھ اسی کی تکمیل و تشریح کرنے آیا ہوں۔ اگر میں سچا نبی نہ ہوتا تو کسی نئے دین کی بنیاد رکھتا۔ سابقہ دین کی تائید اس بات کی دلیل ہے کہ میری نبوت بھی سلسلۂ نبوت کی ایک کڑی ہے۔

بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۳﴾

وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۵۴﴾ ع

اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسٰٓى اِنِّىْ مُتَوَفِّيْكَ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ اِلَىَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۵۵﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۵۶﴾

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۷﴾

ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿۵۸﴾

اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ

ہم فرمانبردار ہیں۔

۵۳۔ ہمارے پروردگار! جو تو نے نازل فرمایا اس پر ہم ایمان لائے اور ہم نے رسول کی پیروی قبول کی پس ہمارا نام بھی گواہوں کے ساتھ لکھ دے۔☆

۵۴۔ ان لوگوں نے (عیسیٰ کے قتل کی) تدابیر سوچیں اور اللہ نے (بھی جوابی) تدبیر فرمائی اور اللہ بہترین تدبیر کرنے والا ہے۔

۵۵۔ جب اللہ نے فرمایا: اے عیسیٰ اب میں تمہاری مدت پوری کر رہا ہوں اور تمہیں اپنی طرف اٹھانے والا ہوں اور تمہیں کافروں (کی ناپاک سازشوں) سے پاک کرنے والا ہوں اور جو لوگ تمہاری پیروی کریں گے انہیں قیامت تک کفر اختیار کرنے والوں پر بالادست رکھوں گا، پھر تم لوگوں کو میری طرف لوٹ کر آنا ہے، پھر اس وقت میں تمہارے درمیان (ان باتوں کا) فیصلہ کروں گا جن میں تم اختلاف کرتے رہے ہو۔☆

۵۶۔ پس جنہوں نے کفر اختیار کیا ان کو دنیا و آخرت میں سخت عذاب دوں گا اور ان کا کوئی فریاد رس نہ ہوگا۔

۵۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اللہ انہیں ان کا پورا صلہ دے گا اور اللہ ظالموں سے ہرگز محبت نہیں کرتا۔

۵۸۔ یہ اللہ کی نشانیاں اور حکمت بھری نصیحتیں ہیں جو ہم آپ کو پڑھ کر سنا رہے ہیں۔☆

۵۹۔ بیشک اللہ کے نزدیک عیسیٰ کی مثال آدم کی سی ہے کہ اس نے پہلے اسے مٹی

۵۳۔ دعوت و تبلیغ اور ہدایت و رہبری کے مقام پر فائز ہونے اور اَنصَارُ اللّٰہ کا مقام حاصل کرنے کے بعد شَاهِدِين میں شمار کرنے کی درخواست کی گئی جو اس مقام کا ایک لازمی امر ہے۔ یعنی جو امت کی ہدایت و رہبری کی ذمہ داری پوری کرتا ہے، وہ اس امت کے حق میں یا اس کے خلاف گواہی دینے کا مجاز ہوتا ہے، جو ایک عظیم منصب ہے۔ چنانچہ سورہ بقرہ آیت ۱۴۳ میں ذکر ہوا کہ کون لوگ امت وسط اور شاہد ہیں۔

۵۵۔ مُتَوَفِّيْكَ: سے مراد وفات نہیں، مدت پوری کرنا ہے کیونکہ ☆ وَمَكَرُوْا وَمَكَرَ اللّٰهُ یہودیوں نے قتل عیسیٰؑ کی سازش کی تھی جسے اللہ نے ناکام بنا دیا۔ مُتَوَفِّيْكَ کے معنی وفات لینے سے یہود کی ناکامی ثابت نہیں ہوتی، جب کہ آیت کے مطابق یہود ناکام ہوگئے۔☆ سورہ النساء آیت ۱۵۷ میں فرمایا: وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ وہ نہ آپ کو قتل کر سکے نہ سولی چڑھا سکے۔☆ وَرَافِعُكَ اِلَىَّ میں تجھے اپنی طرف اٹھانے والا ہوں۔ چنانچہ سورہ النساء میں اٹھانے کو قتل کے مقابلے میں ذکر کیا ہے۔ وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا ۢ بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ۔ جمال الدین قاسمی اپنی تفسیر محاسن التاویل ۴:۱۰۸ میں اس آیت کے ذیل میں دلائل دیتے ہیں: اللہ تعالیٰ آسمانوں کے اوپر ہے۔ پھر کہتے ہیں: و هو مذهب السلف قاطبة۔ یہ تمام علمائے سلف کا نظریہ ہے۔ پھر فرماتے ہیں: وقد اتفقت كلمة المسلمين ان اللّٰه فوق عرشه فوق سماواته۔ تمام مسلمانوں کا اس پر اتفاق ہے کہ اللہ اپنے عرش کے اوپر ہے، اپنے آسمانوں کے اوپر ہے۔ اس سلسلے میں اہل بیت (ع) کا نظریۂ توحید ملاحظہ فرمائیں۔ حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں: ومن قال فيم فقد ضمنه و من قال علام فقد اخلى منه۔ (نہج البلاغۃ خطبہ اوّل) جس نے یہ کہا کہ اللہ کس چیز میں ہے، اس نے اسے کسی شے کے ضمن میں فرض کر لیا اور جس نے یہ کہا کہ اللہ کس چیز پر ہے، اس نے اور جگہیں اس سے خالی سمجھ لیں۔

۵۸۔ حضرت مسیح علیہ السلام کے حالات و واقعات کو حقیقت کے مطابق بیان کرنا اس بات کا ثبوت ہے کہ یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہے۔ کیونکہ عصر رسول (ص) میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تاریخ سے آگاہی کا کوئی وسیلہ موجود نہیں تھا اور

خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ
فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾
اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ
الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۶۰﴾
فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا
جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا
نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ
وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا
وَاَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ
لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۱﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا
مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۲﴾
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ
ع ۲ ۱۳ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۶۳﴾ ع
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى
كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا
نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا
وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا
مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا
اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾
يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْۤ
اِبْرٰهِيْمَ وَمَاۤ اُنْزِلَتِ التَّوْرٰىةُ

سے خلق کیا، پھر اسے حکم دیا: ہو جا اور وہ ہو گیا۔

۶۰۔ حق آپ کے رب کی طرف سے ہے، پس آپ شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں۔

۶۱۔ آپ کے پاس علم آ جانے کے بعد بھی اگر یہ لوگ (عیسیٰ کے بارے میں) آپ سے جھگڑا کریں تو آپ کہہ دیں: آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے بیٹوں کو بلاؤ، ہم اپنی بیٹیوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنی بیٹیوں کو بلاؤ، ہم اپنے نفسوں کو بلاتے ہیں اور تم اپنے نفسوں کو بلاؤ، پھر دونوں فریق اللہ سے دعا کریں کہ جو جھوٹا ہو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ☆

۶۲۔ یقیناً یہ برحق واقعات ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور بیشک اللہ ہی کی ذات غالب آنے والی، باحکمت ہے۔

۶۳۔ اگر یہ لوگ (قبول حق سے) پھر جائیں تو اللہ مفسدوں کو یقیناً خوب جانتا ہے۔

۶۴۔ کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! اس کلمے کی طرف آ جاؤ جو ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے، وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی بھی چیز کو شریک نہ بنائیں اور اللہ کے سوا آپس میں ایک دوسرے کو اپنا رب نہ بنائیں، پس اگر نہ مانیں تو ان سے کہہ دیجیے: گواہ رہو ہم تو مسلم ہیں۔

۶۵۔ اے اہل کتاب! تم ابراہیم کے بارے میں کیوں نزاع کرتے ہو حالانکہ توریت

عرب قوم تو ایک ناخواندہ قوم تھی۔ جزیرہ نمائے عرب کبھی علمی مرکز نہیں رہا تھا، لہٰذا ان کے واقعات کا صحیح علم صرف وحی کے ذریعے سے ہی ممکن تھا۔

۶۱۔ چوتھی صدی کے مقتدر عالم جناب ابوبکر جصاص احکام القرآن ص ۱۵ میں لکھتے ہیں: رواۃ السیر و نقلۃ الاثر لم یختلفوا فی ان النبی صلی اللّٰہ علیہ (و الہ) و سلم اخذ بید الحسن و الحسین و علی و فاطمہ رضی اللّٰہ عنہم ثم دعی النصاریٰ الذین حاجوہ الی المباھلۃ ”سیرت نگاروں اور مورخین میں کسی کو اس بات سے اختلاف نہیں کہ جناب رسولِ خداؐ نے حسنین فاطمہ اور علی علیہم السلام کے ہاتھ پکڑ کر نصاریٰ کو مباہلے کی دعوت دی“۔ علامہ زمخشری نے اس جگہ ایک اہم نکتہ بیان کیا ہے کہ نِسَآءَنَا اور اَنْفُسَنَا میں ایک ایک ہستی حضرت فاطمہ (س) اور حضرت علی علیہ السلام پر اکتفا کیا گیا، لیکن اَبْنَآءَنَا میں ایک ہستی پر اکتفا نہیں کیا گیا۔ چونکہ فاطمہ (س) اور علی علیہ السلام کی کوئی نظیر نہیں تھی، لہٰذا ان کے ساتھ کسی اور کے لیے کوئی گنجائش نہ تھی، لیکن اَبْنَآءَنَا میں دو ہستیاں ایک دوسرے کی نظیر تھیں، اس لیے یہاں دونوں کو بلایا۔

سید بن طاؤس سعد السعود میں لکھتے ہیں: میں نے محمد ابن العباس ابن مروان کی کتاب انزل من القرآن فی النبی و اھل بیتہ میں دیکھا کہ حدیث مباہلہ پچاس سے زائد صحابیوں سے مروی ہے۔ بعض ترجمہ نگاروں نے اَنْفُسَنَا کا یہ ترجمہ کیا ہے: ”آؤ ہم اور تم خود بھی آ جائیں“۔ جبکہ آیت میں ”آنے“ کا نہیں ”بلانے“ کا ذکر ہے اور انسان اپنے آپ کو نہیں بلاتا۔ اگر نفس سے مراد خود رسول اللہؐ ہیں تو حضرت زہرا اور حسنین علیہم السلام کو ساتھ لینے سے حکم خدا کی تکمیل ہو گئی لیکن حضرت علی علیہ السلام کو ساتھ رکھنے کی آیت میں کس طرح گنجائش ہو سکتی ہے؟ تفسیر المنار نے علامہ عبدہ کا یہ قول اپنے صفحات پر ثبت کر کے محدثین، خاص طور پر اربابِ صحاح کے علمی مقام کو مخدوش کر دیا: مباہلہ میں حضور (ص) نے صرف علی، فاطمہ اور حسنین علیہم السلام کو ساتھ لیا۔ یہ متفقہ روایت ہے، لیکن یہ شیعوں کی روایت ہے اور انہوں نے اپنے خاص مقصد کے لیے اسے

وَالْاِنْجِيْلُ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اَفَلَا
تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۵﴾
هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ حَاجَجْتُمْ فِيْمَا
لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيْمَا
لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾
مَا كَانَ اِبْرٰهِيْمُ يَهُوْدِيًّا وَّلَا
نَصْرَانِيًّا وَّلٰكِنْ كَانَ
حَنِيْفًا مُّسْلِمًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۶۷﴾
اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ بِاِبْرٰهِيْمَ لَلَّذِيْنَ
اتَّبَعُوْهُ وَهٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا ؕ وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۸﴾
وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ
اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۹﴾
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ﴿۷۰﴾
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ
الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ
وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۱﴾ ع ۸ ۱۵
وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ
الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى

اور انجیل تو ابراہیم کے بعد نازل ہوئی ہیں؟ کیا تم عقل نہیں رکھتے؟

۶۶۔ جن باتوں میں تمہیں کچھ علم تھا ان میں تو تم نے جھگڑا کر ہی لیا، اب تم ایسی باتوں میں کیوں جھگڑتے ہو جن کا تمہیں کچھ بھی علم نہیں؟ اور (یہ ساری باتیں) اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ☆

۶۷۔ ابراہیم نہ یہودی تھے نہ عیسائی بلکہ وہ یکسوئی کے ساتھ مسلم تھے اور وہ مشرکین میں سے ہرگز نہ تھے۔

۶۸۔ ابراہیم سے نسبت رکھنے کا سب سے زیادہ حق ان لوگوں کو پہنچتا ہے جنہوں نے ان کی پیروی کی اور اب یہ نبی اور ایمان لانے والے (زیادہ حق رکھتے ہیں) اور اللہ ایمان رکھنے والوں کا حامی اور کارساز ہے۔

۶۹۔ اہل کتاب کا ایک گروہ چاہتا ہے کہ تمہیں گمراہ کر دے، دراصل وہ اپنے آپ کو گمراہ کر رہے ہیں مگر وہ شعور نہیں رکھتے۔

۷۰۔ اے اہل کتاب! تم اللہ کی آیات کا کیوں انکار کرتے ہو حالانکہ تم خود ان کا مشاہدہ کر رہے ہو؟

۷۱۔ اے اہل کتاب! تم جان بوجھ کر حق کو باطل کے ساتھ کیوں خلط کرتے ہو اور حق کو چھپاتے ہو؟

۷۲۔ اور اہل کتاب کا ایک گروہ (آپس میں) کہتا ہے: ایمان لانے والوں پر جو

ہوا دی ہے۔ حتیٰ کہ بہت سے اہل سنت میں بھی یہ بات رائج ہو گئی اور اس حدیث کو گھڑنے والوں نے آیت کی تطبیق کا خیال بھی نہیں رکھا، کیونکہ عربی محاورہ میں نساء کہکر اپنی بیٹی مراد نہیں لی جاتی۔ (المنار ۳: ۳۲۲)۔

جواب: ۱۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ارباب صحاح مثلاً صحیح مسلم اور صحیح ترمذی، محدثین، مؤرخین اور مفسرین کے پاس کوئی معیار نہیں ہے کہ وہ ایک من گھڑت روایت پر متفق ہو جاتے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ اس کے بعد کسی صحیح محدث، کسی راوی اور کسی جرح و تعدیل کرنے والے پر وثوق نہیں رہتا۔ ۲۔ کوئی شخص یہ دعویٰ نہیں کرتا کہ نساء کے معنی بیٹی ہیں اور روایات کا مفہوم بھی یہ نہیں ہے بلکہ روایات اس بات کو بالاتفاق بیان کرتی ہیں کہ حضور (ص) نے عملاً مباہلہ کے لیے نِسَآءَنَا کی جگہ صرف حضرت فاطمہ (س) کو اور اَنْفُسَنَا کی جگہ صرف حضرت علی علیہ السلام کو ساتھ لیا۔ لہٰذا یہ حضرات ان الفاظ کے مصداق قرار پائے، نہ کہ مفہوم۔ ورنہ مفہوم و معنی میں گنجائش کے باوجود ان کے علاوہ کسی کو مباہلہ میں شریک نہیں کیا۔

۶۶۔ یہودیوں کو توریت کے ذریعے یہ علم تھا کہ عیسیٰؑ رسول برحق ہیں لیکن وہ تکذیب کرتے رہے اور ان کے نسب میں شکوک و شبہات پیدا کرتے رہے۔ دوسری طرف نصاریٰ کو یہ علم تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام خدا یا خدا کا بیٹا نہیں بلکہ اللہ کے رسول ہیں۔ اس علم کے باوجود یہود و نصاریٰ آپس میں جھگڑا کرتے رہے۔ اب یہ لوگ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے یہودی یا نصرانی ہونے کے بارے میں جھگڑ رہے ہیں جس کا انہیں علم بھی نہیں ہے۔ اس بات کا علم اللہ تعالیٰ کو ہے۔ اگلی آیت میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں اللہ اپنے علم کا اظہار فرماتا ہے۔

۷۲۔ حق کی ایک اہم علامت یہ ہے کہ ایک بار اس کی معرفت حاصل ہونے کے بعد لوگ اس سے برگشتہ نہیں ہوتے۔ جیسا کہ ہرقل بادشاہ کو جب حضورؐ کی طرف سے دعوتِ اسلام ملی تو اس نے پوچھا: کیا اس رسول پر ایمان لانے والے برگشتہ ہو جاتے ہیں؟ جواب دیا گیا: ایسا کبھی نہیں ہوا۔

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ
وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ ﴿۷۲﴾
وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ؕ
قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ ۙ
اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ
اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ؕ
قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ
مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾
يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾
وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ
بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۚ وَمِنْهُمْ
مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ
اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ؕ
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِي
الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ
عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ
يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾
بَلٰى مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ
اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۷۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ
اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا

کتاب نازل ہوئی ہے اس پر صبح ایمان لاؤ اور شام کو انکار کر دو شاید وہ (مسلمان) برگشتہ ہو جائیں۔☆

۷۳۔ اور (یہ لوگ آپس میں کہتے ہیں) اپنے دین کے پیروکاروں کے سوا کسی کی بات نہ مانو، کہہ دیجیے: ہدایت تو بے شک وہ ہے جو اللہ کی طرف سے ہو، (لیکن اہل کتاب باہم یہ کہتے ہیں:) کہیں ایسا نہ ہو جیسی چیز تمہیں ملی ہے ویسی کسی اور کو مل جائے یا وہ تمہارے رب کے حضور تمہارے خلاف حجت قائم کر لیں، ان سے کہہ دیجیے: فضل تو بے شک اللہ ہی کے ہاتھ میں ہے وہ جسے چاہے عطا فرمائے، اور اللہ بڑی وسعت والا، جاننے والا ہے۔☆

۷۴۔ وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت سے مختص کرتا ہے اور اللہ عظیم فضل والا ہے۔

۷۵۔ اور اہل کتاب میں کوئی ایسا بھی ہے کہ اگر آپ اسے ڈھیر دولت کا امین بنا دیں تو وہ آپ کو لوٹا دے گا، البتہ ان میں کوئی ایسا بھی ہے جسے اگر آپ ایک دینار کا بھی امین بنا دیں تو وہ آپ کو ادا نہیں کرے گا جب تک آپ اس کے سر پر کھڑے نہ رہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں: ناخواندہ (غیر یہودی) لوگوں کے بارے میں ہم پر کوئی ذمے داری نہیں ہے اور وہ جان بوجھ کر اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں۔☆

۷۶۔ ہاں! (حکم خدا تو یہ ہے کہ) جو بھی اپنا عہد پورا کرے اور تقویٰ اختیار کرے تو اللہ تقویٰ والوں کو یقیناً دوست رکھتا ہے۔

۷۷۔ بے شک جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو تھوڑی قیمت پر بیچ ڈالتے ہیں

۷۳۔ یہودی حسد کی آگ میں جلتے تھے کہ اللہ نے ان کے علاوہ کسی اور قوم کو نبوت اور کتاب سے کیوں نوازا ہے۔ وہ طرح طرح کی خفیہ سازشیں کرتے تھے۔ ساتھ ہی اس بات سے گھبراتے بھی تھے کہ کہیں مسلمانوں کے ہاتھ کوئی حجت اور دلیل نہ آ جائے، اس طرح کہیں وہ اللہ کے سامنے ماخوذ نہ ہوں۔

۷۵۔ یہودی آج بھی اپنی قوم کو اللہ کی برگزیدہ قوم خیال کرتے ہیں اور پوری انسانیت کو اپنی سیادت و قیادت کے تابع سمجھتے ہیں۔ لہٰذا وہ کسی غیر یہودی کے لیے انسانی اور اخلاقی حقوق کے قائل نہیں ہیں۔ وہ غیر یہود کو ناخواندہ قوم کہکر ان کے لیے تمام انسانی حقوق کے منکر ہیں۔ ان کے نزدیک کسی غیر یہودی کی جان و مال محترم نہیں ہے۔ یہودیوں کی یہ بدعملی اور خیانت کاری صرف ان کے عملی کردار تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ بدعملی اور خیانت یہودیوں کی مذہبی تعلیم، یہودیت کے دستور و ضابطۂ حیات اور ان کی اخلاقیات کا حصہ بھی ہے۔ بطور مثال اگر کسی اسرائیلی کا بیل کسی غیر اسرائیلی کے بیل کو زخمی کر دے تو اس پر کوئی تاوان نہیں ہے، لیکن اگر کسی غیر اسرائیلی کا بیل کسی اسرائیلی کے بیل کو زخمی کرے تو اس پر تاوان ہے۔ (تلمود) اس پر طرہ یہ کہ نسلی امتیاز و تفریق پر مبنی اس حکم کو اللہ کی طرف منسوب کرتے ہیں۔ لہٰذا یہود اپنے اخلاقیاتی نظریات کے تحت امین نہیں ہیں۔ تاہم بعض یہودی امین ہو سکتے ہیں، کیونکہ یہ بات خارج از امکان نہیں ہے کہ ایک یہودی کے فطری تقاضے ان کی خیانت پر مبنی اخلاقیات پر غالب آ جائیں اور امین بن جائے۔ چونکہ یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ تمام انبیاء کی تعلیمات میں ادائے امانت کو انتہائی اہمیت حاصل ہے، حتیٰ کہ یہ بات کسی دیانت اور مذہب سے بھی بالاتر ایک انسانی مسئلہ ہے۔ امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے: ثَلَاثَةٌ لَا عُذْرَ لِاَحَدٍ فِيْهَا اَدَاءُ الْاَمَانَةِ اِلَى الْبَرِّ وَ الْفَاجِرِ وَ الْوَفَاءُ بِالْعَهْدِ اِلَى الْبَرِّ وَ الْفَاجِرِ وَ بِرُّ الْوَالِدَيْنِ بَرَّيْنِ كَانَا اَوْ فَاجِرَيْنِ. (الکافی ۵: ۱۳۲) تین چیزوں کے بارے میں کسی کے لیے عذر کی گنجائش نہیں ہے۔ ادائے امانت، اچھے آدمی کی ہو یا برے آدمی کی۔ والدین کے ساتھ احسان، دونوں نیک ہو یا برے۔ وفا بعہد، اچھے آدمی کے ساتھ ہو یا برے آدمی کے ساتھ۔

أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي
الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَلَا
يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا
يُزَكِّيهِمْ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ
أَلِيمٌ ﴿٧٧﴾
وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقًا يَلْوُونَ
أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ
الْكِتَابِ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ ۚ
وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَمَا
هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۚ وَيَقُولُونَ عَلَى
اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿٧٨﴾
مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤْتِيَهُ اللَّهُ
الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ
يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُوا عِبَادًا
لِّي مِن دُونِ اللَّهِ وَلَٰكِن كُونُوا
رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ تُعَلِّمُونَ
الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ
تَدْرُسُونَ ﴿٧٩﴾
وَلَا يَأْمُرَكُمْ أَن تَتَّخِذُوا
الْمَلَائِكَةَ وَالنَّبِيِّينَ أَرْبَابًا ۗ
أَيَأْمُرُكُم بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنتُم
مُّسْلِمُونَ ﴿٨٠﴾ ع ۸ ۱۲
وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ النَّبِيِّينَ لَمَا

ان کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں ہے اور اللہ قیامت کے دن ان سے نہ تو کلام کرے گا اور نہ ان کی طرف نگاہ کرے گا اور نہ انہیں پاک کرے گا بلکہ ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۷۸۔ اور (اہل کتاب میں) یقیناً کچھ ایسے لوگ بھی ہیں جو کتاب پڑھتے ہوئے اپنی زبان کو اس طرح پھیرتے ہیں کہ تمہیں یہ خیال گزرے کہ یہ خود کتاب کی عبارت ہے حالانکہ وہ کتاب سے متعلق نہیں اور وہ کہتے ہیں: یہ اللہ کی جانب سے ہے حالانکہ یہ اللہ کی جانب سے نہیں ہوتی اور وہ جان بوجھ کر اللہ کی طرف جھوٹی نسبت دیتے ہیں۔ ☆

۷۹۔ کسی انسان کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ اللہ تو اسے کتاب، حکمت اور نبوت عطا فرمائے پھر وہ لوگوں سے کہے: اللہ کی بجائے میرے بندے بن جاؤ بلکہ (وہ تو یہ کہے گا:) جو تم (اللہ کی) کتاب کی تعلیم دیتے ہو اور جو کچھ پڑھتے ہو اس کا تقاضا یہ ہے کہ تم سچے ربانی بن جاؤ۔ ☆

۸۰۔ اور وہ تمہیں فرشتوں اور پیغمبروں کو رب بنانے کا حکم نہیں دے گا، کیا (ایک نبی) تمہیں مسلمان ہوجانے کے بعد کفر اختیار کرنے کا حکم دے سکتا ہے؟

۸۱۔ اور جب اللہ نے پیغمبروں سے عہد لیا کہ جب میں تمہیں کتاب اور حکمت عطا کر دوں پھر آئندہ کوئی رسول تمہارے

۷۸۔ شان نزول: یہود و نصاریٰ کے ان لوگوں کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی جو توریت و انجیل میں تحریف کرتے تھے اور کتاب خدا میں الٹ پھیر کرتے تھے۔ کچھ مواد کتاب خدا پر اپنی طرف سے اضافہ کرتے تھے۔ کتاب خدا کا وہ حصہ جو دین اسلام سے متعلق تھا، حذف کرتے تھے۔ (مجمع البیان ذیل آیہ)

۷۹۔ بشر: انسانی جلد کو بشرۃ کہتے ہیں۔ اسی سے انسان کو بشر کہا گیا ہے کہ اس کی جلد بالوں سے صاف ہے اور بشر چونکہ باہمی انس اور میل جول کے بغیر زندگی نہیں گزار سکتا اس لیے اسے انسان کہا گیا ہے، یعنی مانوس مخلوق۔ قرآن کے نزدیک بھی انسان اور بشر مترادف الفاظ ہیں۔
ربانی: علم کی پرورش کرنے والے۔ بعض نے کہا ہے: یہ رب کی طرف منسوب ہے یعنی اللہ والا۔ حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے: انا ربانی هذه الامة۔ میں اس امت کا عالم ربّانی ہوں۔
روئے سخن نصرانیوں کی طرف ہے کہ حضرت عیسیٰ (ع) نہ تو رب تھے اور نہ ہی انہوں نے اپنے لیے ربوبیت کا دعویٰ کیا۔ حضرت عیسیٰ (ع) کا (نعوذباللہ) ربوبیت کا دعویٰ کرنا ناممکنات میں سے ہے۔ کیونکہ اولاً تو وہ بشر ہیں اور بشر مخلوق ہے، رب نہیں ہے۔ معبود کے لیے ضروری ہے کہ محتاج نہ ہو۔ کیونکہ اگر وہ محتاج ہے تو کوئی محتاج، اسے کیسے معبود بنائے گا جو خود محتاج ہے۔ حضرت عیسیٰ (ع) نے کتاب کی تعلیم دینے کی جو ذمہ داری انجام دی ہے اس کا نتیجہ توحید ہے نہ کہ شرک۔ کیونکہ توریت ہو یا انجیل تمام آسمانی کتب کی تعلیمات توحید پر استوار ہیں۔ لہٰذا یہ کیسے ممکن ہے کہ جس نبی نے توریت و انجیل کی تعلیم و تدریس کی ہو وہ شرک باللہ کا حکم دے؟۔

۸۱۔ یہ عہد و میثاق اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں سے پیغمبروں کے لیے لیا ہے کہ سابق نبی کا فریضہ ہے کہ آنے والے رسول پر ایمان لائے۔ اگر معاصر ہیں تو تصدیق کریں جیسا کہ حضرت لوط نے حضرت ابراہیم علیہا السلام کی تصدیق کی اور اگر بعد میں آنے والے ہوں تو ان کی آمد کی بشارت دیں اور اپنی امت کو ان کی پیروی کی وصیت کر جائیں اور ہر آنے والے نبی کا یہ فریضہ بنتا ہے کہ

اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ
جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ
لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ
وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ؕ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ
وَاَخَذْتُمْ عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ ؕ
قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ؕ قَالَ فَاشْهَدُوْا
وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۱﴾
فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۸۲﴾
اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗٓ
اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ
يُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾
قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَآ
اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ
وَمَآ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى
وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۖ لَا نُفَرِّقُ
بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۖ وَنَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿۸۴﴾
وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ
يُّقْبَلَ مِنْهُ ۚ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ
الْخٰسِرِيْنَ ﴿۸۵﴾

پاس آئے اور جو کچھ تمہارے پاس ہے اس کی تصدیق کرے تو تمہیں اس پر ضرور ایمان لانا ہوگا اور ضرور اس کی مدد کرنا ہوگی، پھر اللہ نے پوچھا: کیا تم اس کا اقرار کرتے ہو اور میری طرف سے (عہد کی) بھاری ذمہ داری لیتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہاں! ہم نے اقرار کیا، اللہ نے فرمایا: پس تم گواہ رہو اور میں بھی تمہارے ساتھ گواہ ہوں۔ ☆

۸۲۔ پس اس کے بعد جو (اپنے عہد سے) پھر جائیں وہی لوگ فاسق ہیں۔ ☆

۸۳۔ کیا یہ لوگ اللہ کے دین کے سوا کسی اور دین کے خواہاں ہیں؟ حالانکہ آسمانوں اور زمین کی موجودات نے چار و ناچار اللہ کے آگے سر تسلیم خم کیے ہیں اور سب کو اسی کی طرف پلٹنا ہے۔ ☆

۸۴۔ کہہ دیجیے: ہم اللہ پر ایمان لائے ہیں اور جو ہماری طرف نازل ہوا ہے اس پر بھی نیز ان (باتوں) پر بھی جو ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب اور ان کی اولاد پر نازل ہوئی ہیں اور جو تعلیمات موسیٰ و عیسیٰ اور باقی نبیوں کو اپنے رب کی طرف سے ملی ہیں (ان پر ایمان لائے ہیں)، ہم ان کے درمیان کسی تفریق کے قائل نہیں ہیں اور ہم تو اللہ کے تابع فرمان ہیں۔ ☆

۸۵۔ اور جو شخص اسلام کے سوا کسی اور دین کا خواہاں ہوگا وہ اس سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اور ایسا شخص آخرت میں خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔ ☆

وہ گزشتہ رسولوں کی تصدیق کرے۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمارے نبی سے پہلے آنے والے تمام انبیاء سے یہ عہد لیا ہے کہ وہ ہمارے نبی کے مبعوث ہونے کی خبر اور ان کے فضائل اپنی اپنی امتوں کو بیان کریں اور انہیں ان کے آنے کی بشارت اور تصدیق کرنے کا حکم دیں۔ (بحار الانوار ۱۱: ۱۲)

۸۲۔ سارے انبیاء معصوم ہیں۔ لہٰذا انہوں نے اپنے عہد پر یقیناً عمل کیا ہے اور اپنی امت کو آنے والے رسول کے بارے میں بتایا ہے، لیکن اس کے باوجود اہل کتاب اس عہد کو توڑ رہے ہیں اور حضرت محمد (ص) کا انکار کر رہے ہیں، یوں وہ اپنے انبیاء کے عہد کی خلاف ورزی کر کے فاسق ہو چکے ہیں۔

۸۳۔ خدائے واحد کو تسلیم کرنا ہی اللہ کا دین اور اسلام ہے جو تمام آسمانوں اور زمین پر محیط ہے۔ اگر اللہ کے آگے سر تسلیم خم کرنے کا یہ عمل اختیار و ارادے کے ساتھ ہو تو وہ فرمانبردار شمار ہوں گے، لیکن اگر ایسا نہ ہو تب بھی اللہ کی حکمت ان پر نافذ ہوگی، جیسے موت، فقر اور بیماری وغیرہ۔

۸۴۔ امت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم اللہ تعالیٰ کے عہد و میثاق پر قائم ہے اور بلا تفریق تمام انبیاء پر ایمان لاتی ہے۔ یہ امت نسلی تفریق اور قومی عصبیت سے پاک ہے۔ کسی نبی پر ایمان لاتے وقت یہود و نصاریٰ کی طرح یہ نہیں دیکھتی کہ یہ نبی کس قوم اور نسل سے تعلق رکھتا ہے، بلکہ وہ کسی نبی (ع) پر صرف اس لیے ایمان لاتی ہے کہ وہ اللہ کی طرف سے مبعوث ہوا ہے۔

۸۵۔ گزشتہ آیات سے ایک لازمی نتیجہ یہ اخذ ہوا کہ جب اللہ کا دین ہی توحید کا دین ہے، جس کا امین اسلام ہے تو دوسرے تمام وہ ادیان جو توحید پر استوار نہیں ہیں، اللہ کے لیے قابل قبول نہیں ہو سکتے۔ پس دین اسلام ہی دین فطرت ہے اور فطرت سے انحراف کرنے والا خسارے میں ہوتا ہے۔ توحید چونکہ اللہ کا دین ہے نیز کائناتی حقائق اور فطرت سے ہم آہنگ ہے، لہٰذا توحید سے منحرف ادیان، اللہ کے لیے قابل قبول نہیں ہیں۔ نظریۂ توحید کے منکرین فطرت سے انحراف کے باعث انسانی سرمایہ حیات سے محروم رہیں گے۔

كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا
بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ
الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ؕ
وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۸۶﴾
اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ
لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۸۷﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ
الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۸﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
وَاَصْلَحُوْا ۫ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۸۹﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ ثُمَّ
ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّنْ تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ ۚ
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الضَّآلُّوْنَ ﴿۹۰﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ
كُفَّارٌ فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْ اَحَدِهِمْ
مِّلْءُ الْاَرْضِ ذَهَبًا وَّلَوِ افْتَدٰى
بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ وَّ
مَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۹۱﴾ ع ۹ ۱۷
الجزء ۴ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا
تُحِبُّوْنَ ۬ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ
فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿۹۲﴾

۸۶۔ اللہ کیونکر اس قوم کو ہدایت کرے جو ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئی ہے حالانکہ وہ گواہی دے چکے تھے کہ یہ رسول برحق ہے اور ساتھ ہی ان کے پاس روشن دلائل بھی آ گئے تھے اور ایسے ظلم کے مرتکب ہونے والوں کو اللہ ہدایت نہیں کرتا۔ ☆

۸۷۔ ان لوگوں کی سزا یہ ہے کہ ان پر اللہ، فرشتوں اور انسانوں سب کی لعنت ہے۔

۸۸۔ وہ ہمیشہ اس لعنت میں گرفتار رہیں گے، نہ ان کے عذاب میں تخفیف ہو گی اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔

۸۹۔ سوائے ان لوگوں کے جنہوں نے اس کے بعد توبہ کی اور اصلاح کر لی، پس اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔ ☆

۹۰۔ جنہوں نے ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کیا پھر وہ اپنے کفر میں بڑھتے چلے گئے ان کی توبہ ہرگز قبول نہ ہو گی، اور یہی لوگ گمراہ ہیں۔ ☆

۹۱۔ جنہوں نے کفر اختیار کیا اور کفر کی حالت میں مر گئے ان میں سے کسی سے اس قدر سونا بھی، جس سے روئے زمین بھر جائے، ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا اگرچہ وہ اسے فدیہ میں دے دیں، ایسے لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہوگا اور ان کی مدد کرنے والے نہ ہوں گے۔

۹۲۔ جب تک تم اپنی پسند کی چیزوں میں سے خرچ نہ کرو تب تک کبھی نیکی کو نہیں پہنچ سکتے اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو یقیناً اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔ ☆

۸۶۔ آیات کے تسلسل سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل کتاب کے بارے میں گفتگو ہو رہی ہے۔ یہ لوگ رسول اکرم (ص) کے مبعوث ہونے سے قبل آپ (ص) کی علامات اور نشانیاں پڑھ کر آپ (ص) پر ایمان لا چکے تھے اور آپ (ص) کے رسول برحق ہونے کی گواہی بھی دے چکے تھے۔ صرف یہی نہیں بلکہ وہ خود کفار کے مقابلے میں فتح و نصرت کی دعا مانگتے تھے۔ یعنی انہوں نے حضور (ص) سے اپنی امیدیں وابستہ کر رکھی تھیں بعد میں جب رسول اکرم (ص) مبعوث بر رسالت ہوگئے تو انہی لوگوں نے کفر اختیار کیا اور آپ (ص) کو ماننے سے انکار کیا۔

۸۹۔ البتہ ان لوگوں کے ہاں ایمان کے لیے کچھ گنجائش باقی ہے جو توبہ کر لیں اور اپنی اصلاح کرتے رہیں۔ واضح رہے کہ توبہ کا مطلب صرف پشیمان ہونا نہیں ہے بلکہ توبہ کے بعد استقامت شرط ہے کہ دوبارہ اس گناہ کی طرف نہ آئے۔ اسی کو اصلاح کہتے ہیں۔ یعنی توبہ ایک نفسیاتی چیز ہے اور اصلاح اس کے مطابق عمل کرنا ہے۔

۹۰۔ کفر میں اضافہ اس وقت ہوتا ہے جب کفر کے تقاضوں کے مطابق بداعمالیوں میں اضافہ کرے جیسا کہ ایمان میں اضافے کا مطلب بھی یہی ہوتا ہے کہ ایمان کے تقاضوں کے مطابق نیک اعمال میں اضافہ کرے۔

بعض روایات کے مطابق یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو رسول اسلام صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے خلاف مصروف عمل رہتے تھے اور یہ خیال رکھتے تھے کہ اگر محمد کامیاب ہوگئے تو ہم توبہ کر لیں گے۔

۹۲۔ سابقہ آیت میں کہا گیا کہ کافر روئے زمین بھر سونا فدیہ میں دے دے تو بھی قبول نہ ہوگا۔ اس سے ذہن میں یہ خیال آنا عین ممکن ہے کہ مال خرچ کرنے کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ اس وہم کو دور کرنے کے لیے فرمایا: مومن کے لیے مال بہترین وسیلہ ہے جس کے ذریعے وہ نیکی کے اعلیٰ مقام پر فائز ہوسکتا ہے اور انفاق کی کیفیت بھی بیان فرمائی کہ جس چیز سے آپ کو محبت ہے اگر اس چیز کو راہِ خدا میں دیں تو پتہ چلے گا کہ اللہ کی محبت، مال کی محبت پر غالب ہے۔ یہی نیکی اور کامیابی ہے۔

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيٓ
اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ
عَلٰى نَفْسِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ
التَّوْرٰىةُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِالتَّوْرٰىةِ
فَاتْلُوْهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۹۳﴾
فَمَنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع ۱۲
قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ ۟ فَاتَّبِعُوْا مِلَّةَ
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۵﴾
اِنَّ اَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ
لَلَّذِيْ بِبَكَّةَ مُبٰرَكًا وَّهُدًى
لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۶﴾ ج
فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ
اِبْرٰهِيْمَ ۚ۬ وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ؕ
وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ
اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ؕ وَمَنْ كَفَرَ
فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۷﴾
قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۖ وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا
تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۸﴾
قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ

۹۳۔ بنی اسرائیل کے لیے کھانے کی ساری چیزیں حلال تھیں بجز ان چیزوں کے جو اسرائیل نے توریت نازل ہونے سے پہلے خود اپنے اوپر حرام کر لی تھیں، کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو توریت لے آؤ اور اسے پڑھو۔ ☆

۹۴۔ اس کے بعد بھی جنہوں نے اللہ کی طرف جھوٹی نسبت دی وہی لوگ ظالم ہیں.

۹۵۔ کہہ دیجیے: اللہ نے سچ فرمایا، پس تم یکسوئی سے دین ابراہیمی کی پیروی کرو اور ابراہیم مشرکین میں سے نہ تھے۔

۹۶۔ سب سے پہلا گھر جو لوگوں (کی عبادت) کے لیے بنایا گیا وہ وہی ہے جو مکہ میں ہے جو عالمین کے لیے بابرکت اور راہنما ہے۔ ☆

۹۷۔ اس میں واضح نشانیاں ہیں (مثلاً) مقام ابراہیم اور جو اس میں داخل ہوا وہ امان والا ہو گیا اور لوگوں پر اللہ کا حق ہے کہ جو اس گھر تک جانے کی استطاعت رکھتا ہو وہ اس گھر کا حج کرے اور جو کوئی اس سے انکار کرتا ہے تو (اس کا اپنا نقصان ہے) اللہ تو عالمین سے بے نیاز ہے۔ ☆

۹۸۔ کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! تم اللہ کی نشانیوں کا انکار کیوں کرتے ہو جب کہ اللہ تمہارے اعمال کا مشاہدہ کرنے والا ہے۔ ☆

۹۹۔ کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! تم ایمان لانے والوں کو راہ خدا سے کیوں روکتے

۹۳۔ یہودیوں کی طرف سے اٹھائے جانے والے جزئی اور فروعی اعتراضات کا جواب ہے۔ وہ موجودہ تحریف شدہ یہودی تعلیمات کی روشنی میں اعتراض اٹھاتے ہیں اور قرآن اصلی دین ابراہیمی کی روشنی میں جواب دے رہا ہے۔ اعتراض یہ تھا: اسلام نے کھانے پینے کی بہت سی ایسی چیزوں کو حلال قرار دیا ہے جو سابقہ انبیاء کے ادوار میں حرام تھیں، مثلاً وہ اونٹ کا گوشت حرام سمجھتے تھے لیکن اسلام اسے حلال قرار دیتا ہے۔ پھر اسلام کس طرح دین ابراہیمی کا پیروکار ہو سکتا ہے؟ جواب میں قرآن ارشاد فرماتا ہے: بنی اسرائیل کے لیے کھانے کی ساری چیزیں حلال تھیں، سوائے ان کے جن سے اسرائیل یعنی حضرت یعقوب (ع) نے بعض طبی ضروریات کے تحت اجتناب کیا تھا، لیکن بعد میں بنی اسرائیل نے اسی امر کو اپنی دینی تعلیمات کا حصہ بنا لیا۔ پھر قرآن دعوت دیتا ہے کہ توریت لے آؤ اور دیکھ لو کہ یہ چیزیں حلال ہیں یا نہیں۔

۹۶۔ بکہ اژدھام کی جگہ کو کہتے ہیں۔ ماہرین کے مطابق بکہ بابلی لفظ ہے جس کے معنی آبادی کے ہیں جیسے بعلبك یعنی بعل کی آبادی۔ ممکن ہے یہ لفظ حضرت ابراہیم (ع) نے استعمال فرمایا ہو، کیونکہ آپؑ بابل سے یہاں تشریف لائے تھے، چنانچہ قدیم صحیفوں میں اس وادی کا یہی نام مذکور ہے۔ دنیا کا یہ پہلا گھر عالمین کے لیے ہدایت کا مرکز رہا ہے۔ حضرت ابراہیمؑ کے زمانے سے لے کر آج تک تقرب الٰہی کے لیے مرجع خلائق ہے۔ یہ جگہ وحی الٰہی کا محل نزول اور ہادیٔ بشریت، محسن انسانیت کی جائے ظہور ہے۔

۹۷۔ مقام ابراہیمؑ، یعنی حضرت ابراہیم (ع) کے قدم مبارک کی نشانی جو مختلف ادوار میں پیش آنے والے قدرتی، حربی اور تخریبی حالات کے باجود محفوظ ہے ورنہ ایسے حالات میں دوسری جگہوں پر پورے تمدن کے نشانات اور پوری قوم کے آثار مٹ جاتے ہیں۔

۹۸۔ ۹۹ کھانے کی چیزوں کی حرمت وحلیت، کعبے کی قداست وقدامت اور اس کے حضرت ابراہیم (ع) کے ساتھ ربط ونسبت اور دیگر حقائق سے پردہ اٹھانے کے بعد اب ان آیات میں ارشاد ہو

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ تَبْغُوْنَهَا
عِوَجًا وَّ اَنْتُمْ شُهَدَآءُ ؕ وَمَا اللّٰهُ
بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۹﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِنْ تُطِيْعُوْا
فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ
كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۰﴾
وَكَيْفَ تَكْفُرُوْنَ وَاَنْتُمْ تُتْلٰى
عَلَيْكُمْ اٰيٰتُ اللّٰهِ وَفِيْكُمْ رَسُوْلُهٗ ؕ
وَمَنْ يَّعْتَصِمْ بِاللّٰهِ فَقَدْ هُدِيَ
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾ ع
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ
تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ
مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ جَمِيْعًا وَّلَا
تَفَرَّقُوْا ۠ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ
عَلَيْكُمْ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً فَاَلَّفَ
بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ
بِنِعْمَتِهٖۤ اِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا
حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنْقَذَكُمْ
مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾
وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى

ہو؟ تم چاہتے ہو اس راہ میں کجی آئے حالانکہ تم خود اس پر شاہد ہو (کہ وہ راہ راست پر ہیں) اور اللہ تمہاری حرکتوں سے غافل نہیں ہے۔ ☆

۱۰۰۔ اے ایمان والو! اگر تم نے اہل کتاب میں سے کسی ایک گروہ کی بات مان لی تو وہ تمہارے ایمان لانے کے بعد تمہیں کافر بنا دیں گے۔ ☆

۱۰۱۔ اور تم کس طرح پھر کفر اختیار کر سکتے ہو جبکہ تمہیں اللہ کی آیات سنائی جا رہی ہیں اور تمہارے درمیان اللہ کا رسول بھی موجود ہے؟ اور جو اللہ سے متمسک ہو جائے وہ راہ راست ضرور پا لے گا۔

۱۰۲۔ اے ایمان والو! اللہ کا خوف کرو جیسا کہ اس کا خوف کرنے کا حق ہے اور جان نہ دینا مگر اس حال میں کہ تم مسلم ہو۔ ☆

۱۰۳۔ اور تم سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو اور تفرقہ نہ ڈالو اور تم اللہ کی اس نعمت کو یاد کرو کہ جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے تو اللہ نے تمہارے دلوں میں الفت ڈالی اور اس کی نعمت سے تم آپس میں بھائی بھائی بن گئے اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے تک پہنچ گئے تھے کہ اللہ نے تمہیں اس سے بچا لیا، اس طرح اللہ اپنی آیات کھول کر تمہارے لیے بیان کرتا ہے تا کہ تم ہدایت حاصل کرو۔ ☆

۱۰۴۔ اور تم میں ایک جماعت ایسی ضرور

رہا ہے کہ اے اہل کتاب تم اللہ کی نشانیوں کے منکر کیوں ہو رہے ہو حالانکہ تم خود ان کے برحق ہونے پر شاہد ہو۔ لیکن اہل کتاب نہ صرف خود ان آیات کے منکر ہیں بلکہ وہ اسلامی احکام اور قبلۂ مسلمین کے بارے میں شکوک وشبہات پیدا کر کے اہل ایمان کو گمراہ کرنے کی گھناؤنی سازش بھی کر رہے ہیں۔

۱۰۰۔ ایک یہودی سازش کار نے اوس اور خزرج کے دونوں قبیلوں کو پھر سے لڑانے کے لیے عہد جاہلیت کی مشہور لڑائی "جنگ بعاث" کے جنگ نامہ کے اشعار پڑھ کر پرانی عداوتوں کو تازہ کرنے کی سعی کی، لیکن رسول کریمؐ کی نصیحتوں کی وجہ سے جنگ نہ چھڑی۔ اس سلسلہ میں یہ آیت نازل ہوئی۔

۱۰۲۔ روایت ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے جب حق تقویٰ ادا کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: یطاع فلا یعصی و یذکر فلا ینسی و یشکر فلا یکفر۔ "اللہ کی اطاعت ہو پھر معصیت نہ کرے، ذکر خدا بجا لائے پھر اللہ کو نہ بھولے، اس کا شکر ادا کرے پھر کفرانِ نعمت نہ کرے۔"

۱۰۳۔ جب یہ حکم آتا ہے کہ سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو تو فوراً ذہنوں میں ایک خطرے کا احساس ہوتا ہے کہ کوئی سیلاب آنے والا ہے، غرق ہونے کا خطرہ ہے، کوئی طوفان آنے والا ہے کہ اس امت کی کشتی کا شیرازہ بکھرنے والا ہے، کوئی آندھی آنے والی ہے جو اس انجمن کو منتشر کر دے۔ اللہ کی رسی کو تھام لو، وَّلَا تَفَرَّقُوْا سے پتہ چلا کہ فرقہ پرستی کس قسم کا سیلاب ہے، کس قدر خطرناک طوفان اور کتنی مہلک آندھی ہے۔ چنانچہ رسولِ اسلامؐ کے بعد سے آج تک ہم یہی دیکھ رہے ہیں کہ اپنے مسلک سے ذرا اختلاف رکھنے والوں کو کافر قرار دے دیا جاتا ہے۔ دین سے زیادہ انہیں مسلک عزیز ہے اور دوسروں کو زیر کرنے کی خاطر اپنے دین تک سے ہاتھ دھونے کے لیے آمادہ ہو جاتے ہیں۔

۱۰۴۔ صحت مند معاشرہ تشکیل دینے کے لیے اسلام کے پاس نظامِ دعوت اور کلمۂ حق کہنے کا ایک فریضہ ہے۔ اسے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

الۡخَيۡرِ وَيَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ
وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ الۡمُنۡكَرِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰۴﴾
وَلَا تَكُوۡنُوۡا كَالَّذِيۡنَ تَفَرَّقُوۡا
وَاخۡتَلَفُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ
الۡبَيِّنٰتُ ؕ وَاُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ
عَظِيۡمٌ ۙ﴿۱۰۵﴾
يَّوۡمَ تَبۡيَضُّ وُجُوۡهٌ وَّ تَسۡوَدُّ
وُجُوۡهٌ ۚ فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اسۡوَدَّتۡ
وُجُوۡهُهُمۡ ۫ اَكَفَرۡتُمۡ بَعۡدَ
اِيۡمَانِكُمۡ فَذُوۡقُوا الۡعَذَابَ بِمَا
كُنۡتُمۡ تَكۡفُرُوۡنَ ﴿۱۰۶﴾
وَاَمَّا الَّذِيۡنَ ابۡيَضَّتۡ وُجُوۡهُهُمۡ
فَفِىۡ رَحۡمَةِ اللّٰهِ ؕ هُمۡ فِيۡهَا
خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۷﴾
تِلۡكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا عَلَيۡكَ
بِالۡحَقِّ ؕ وَمَا اللّٰهُ يُرِيۡدُ ظُلۡمًا
لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۰۸﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى
الۡاَرۡضِ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرۡجَعُ
الۡاُمُوۡرُ ﴿۱۰۹﴾ ع ۱۴
كُنۡتُمۡ خَيۡرَ اُمَّةٍ اُخۡرِجَتۡ
لِلنَّاسِ تَاۡمُرُوۡنَ بِالۡمَعۡرُوۡفِ

ہونی چاہیے جو نیکی کی دعوت اور بھلائی کا حکم دے اور برائیوں سے روکے اور یہی لوگ نجات پانے والے ہیں۔ ☆

۱۰۵۔ اور تم ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو واضح دلائل آ جانے کے بعد بٹ گئے اور اختلاف کا شکار ہوئے اور ایسے لوگوں کے لیے بڑا عذاب ہوگا۔ ☆

۱۰۶۔ قیامت کے دن کچھ لوگ سرخرو اور کچھ لوگ سیاہ رو ہوں گے، پس رو سیاہ لوگوں سے کہا جائے گا: کیا تم نے ایمان لانے کے بعد کفر اختیار کیا؟ پس اب اپنے اس کفر کے بدلے عذاب چکھو۔ ☆

۱۰۷۔ اور جن کے چہرے روشن ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۱۰۸۔ یہ ہیں اللہ کی نشانیاں جو صحیح انداز میں ہم آپ کو سنا رہے ہیں اور اللہ اہل عالم پر ظلم نہیں کرنا چاہتا۔

۱۰۹۔ اور آسمانوں اور زمین کی ساری چیزوں کا مالک اللہ ہے اور تمام معاملات کی بازگشت اللہ ہی کی طرف ہے۔

۱۱۰۔ تم بہترین امت ہو جو لوگوں (کی اصلاح) کے لیے پیدا کیے گئے ہو تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو اور اگر اہل

کہتے ہیں۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے: تعمر الارض و ینتصف من الاعداء و یستقیم۔ ”زمین کی آبادکاری، دشمنوں سے انتقام اور نظام کا استحکام، امر بالمعروف اور نہی عن المنکر میں مضمر ہے“۔

۱۰۵۔ سابقہ آیت میں بھی ذکر کیا گیا ہے کہ قرآن آئندہ وقوع پذیر ہونے والے حالات کے پیش نظر امت کو پیش آنے والے حادثات سے قبل از وقت خبردار کرتا ہے۔ قرآن جب بھی کسی معاملے میں تائیدی جملوں کے ساتھ تنبیہ کرتا ہے تو یہ اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ یہ حادثہ پیش آنے والا ہے یا اس واقعے کا ارتکاب ہونے والا ہے۔ چنانچہ زیادہ دیر نہیں ہوئی تھی کہ حضور (ص) کی حیات کے آخری ایام میں ہی یہ اختلاف خود حضور (ص) کے سامنے شروع ہوا اور یہ اختلاف اس قدر بڑھ گیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے ان اختلاف کرنے والوں کو اپنی بارگاہ سے قوموا عنی کہکر نکال دیا۔ ملاحظہ ہو صحیح بخاری جلد دوم صفحہ ۸۴۶ کتاب المرضی حدیث ۵۶۶۹۔ صحیح مسلم باب ترك الوصية جلد دوم صفحہ ۴۲۔

۱۰۶۔ ایمان کے بعد کفر سے مراد اہل بدعت اور باطل نظریات رکھنے والے فرقے ہیں، جیسا کہ روایت میں آیا ہے (مجمع البیان ذیل آیت)

۱۱۰۔ ہر حکم شرعی جو آپ کے علم میں ہے اسے دوسروں تک پہنچانا واجب ہے۔ آپ کے سامنے ایک شخص گناہ کرتا ہے تو آپ پر واجب ہے کہ اسے روکیں، اگر آپ کے پاس طاقت ہے تو طاقت استعمال کریں ورنہ زبانی طور پر۔ اگر یہ غیر مؤثر ہے تو قلبی کراہت ضروری ہے۔ اسی طرح اگر آپ کے سامنے ایک شخص وضو درست طریقے سے نہیں کر رہا تو آپ پر واجب ہے اسے صحیح طریقہ بتائیں۔ بہترین امت ہونے کا دار و مدار امر بالمعروف اور نہی عن المنکر پر ہے۔ اس پروگرام پر عمل سے اسلام کا انسان ساز اور حیات آفرین نظام عملاً نافذ رہتا ہے۔ تفسیر در منثور میں آیا ہے: خیر امت سے مراد اہل بیت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

۱۱۱۔ اگر مسلمان خیر امت کے منصب پر فائز رہنے کی شرط یعنی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی

وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ ؕ وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ لَكَانَ
خَيْرًا لَّهُمْ ؕ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ
وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۱۰﴾
لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّاۤ اَذًى ؕ وَاِنْ
يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۫
ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۱﴾
ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا
ثُقِفُوْۤا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ
مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ
وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ؕ
ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّ كَانُوْا
يَعْتَدُوْنَ ﴿۱۱۲﴾
لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ
اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ
الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ
وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ فِي
الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

تحریک سے وابستہ رہیں تو اس صورت میں تین بشارتیں موجود ہیں: اول یہ کہ دشمن انہیں قابل ذکر ضرر نہیں پہنچا سکیں گے۔ دوم یہ کہ اگر دشمن میدان جنگ میں مسلمانوں کا مقابلہ کریں تو انہیں شکست ہو گی۔ سوم یہ کہ دشمن بے یار و مددگار رہیں گے اور ان کا کوئی حمایتی نہ ہوگا۔ سیاق آیت سے مفہوم ہوتا ہے کہ یہاں دشمن سے مراد اہل کتاب ہیں۔

۱۱۲۔ سلسلہ کلام اہل کتاب کے بارے میں ہے۔ ہوسکتا ہے کہ ان کے حق میں یہ ذلت و خواری قانون جزیہ وغیرہ نافذ ہونے کی وجہ سے ہو اور اسلامی شریعت کی رو سے یہ لوگ ذلیل ٹھہریں، جب تک وہ اسلامی قوانین کی بالادستی قبول نہ کریں یا مسلمانوں کی امان میں پناہ نہ لیں۔ ممکن ہے کہ اللہ ان کی تقدیر کی پیشگوئی فرما رہا ہو کہ یہ لوگ ہمیشہ ذلت و خواری سے دوچار رہیں گے اور اگر انہیں کہیں امن و سکون نصیب ہو گا تو دوسروں کی مہربانی و حمایت سے ہو گا۔ یعنی کبھی اللہ کے قانون کی پناہ میں اور کبھی دوسرے لوگوں کے رحم و کرم کے سہارے سکھ اور چین نصیب ہو سکے گا۔

اس آیت میں قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ اس میں بعض گناہوں کو دیگر جرائم کے ارتکاب کے سبب اور زینے کے طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ یہ لوگ ذلت و خواری، غضب الٰہی اور فقر و مسکینی سے دوچار ہوئے ۔ اس کا سبب یہ تھا کہ وہ اللہ کی آیات کا انکار اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے۔ ان کے کفر و قتل کا سبب وہ معصیت اور زیادتی ہے جسے انہوں نے اپنا رکھا تھا۔

۱۱۳ تا ۱۱۵۔ ان آیات میں ایک ممکنہ غلط فہمی کا ازالہ ہے کہ اہل کتاب اور خاص کر یہودیوں کی سیاہ کاریاں دیکھ کر مسلمانوں کے ذہن میں ایک نسلی منافرت اور قومی عصبیت پیدا نہ ہو جائے۔ اس لیے انہیں بتایا گیا کہ تمام اہل کتاب کو یکساں نہ سمجھو اور ان سے نسلی اور قبائلی بنیادوں پر تعصب نہ برتو، کیونکہ ان میں اہل ایمان، صالح اور متقی لوگ بھی ہیں۔

کتاب ایمان لے آتے تو خود ان کے لیے بہتر تھا۔ اگرچہ ان میں سے کچھ لوگ ایمان والے ہیں لیکن ان کی اکثریت فاسق ہے۔☆

۱۱۱۔ یہ لوگ ایذا رسانی کے سوا تمہارا کچھ نہیں بگاڑ سکتے اور اگر تمہارے ساتھ لڑائی کی نوبت آئی تو یہ تمہیں پیٹھ دکھا کر بھاگ جائیں گے، پھر انہیں کہیں سے مدد نہیں ملے گی۔☆

۱۱۲۔ یہ جہاں بھی ہوں گے ذلت و خواری سے دوچار ہوں گے، مگر یہ کہ اللہ کی پناہ سے اور لوگوں کی پناہ سے متمسک ہو جائیں اور یہ اللہ کے غضب میں مبتلا رہیں گے اور ان پر محتاجی مسلط کر دی گئی ہے، یہ سب اس وجہ سے ہوا کہ وہ اللہ کی آیات کا انکار کرتے تھے اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے۔ ان (جرائم کے ارتکاب) کا سبب یہ ہے کہ وہ نافرمانی اور زیادتی کرتے تھے۔☆

۱۱۳۔ سب برابر نہیں ہیں، اہل کتاب میں کچھ (لوگ) ایسے بھی ہیں جو (حکم خدا پر) قائم ہیں، رات کے وقت آیات خدا کی تلاوت کرتے ہیں اور سر بسجود ہوتے ہیں۔☆

۱۱۴۔ وہ اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے، نیک کاموں کا حکم دیتے، برائیوں سے روکتے اور بھلائی کے کاموں میں جلدی کرتے ہیں اور یہی صالح لوگوں میں سے ہیں۔☆

وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ
يُّكْفَرُوْهُ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ
اَمْوَالُهُمْ وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
شَيْـــًٔا ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱۶﴾
مَثَلُ مَا يُنْفِقُوْنَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا كَمَثَلِ رِيْحٍ فِيْهَا صِرٌّ
اَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ فَاَهْلَكَتْهُ ۭ وَمَا
ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۷﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا
بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ
خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ۚ قَدْ
بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚۖ
وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ۭ
قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ
تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾
هٰٓاَنْتُمْ اُولَاۗءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا
يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ
كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۚۖ
وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ

۱۱۵۔ اور یہ لوگ نیکی کا جو بھی کام انجام دیں گے اس کی ناقدری نہ ہوگی اور اللہ تقویٰ والوں کو خوب جانتا ہے۔ ☆

۱۱۶۔ جنہوں نے کفر اختیار کیا ہے اللہ کے مقابلے میں ان کے اموال اور اولاد بلاشبہ کسی کام نہ آئیں گے اور یہ لوگ جہنمی ہیں، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔ ☆

۱۱۷۔ وہ اس دنیاوی زندگی میں جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کی مثال اس ہوا کی سی ہے جس میں تیز سردی ہو اور وہ ان لوگوں کی کھیتی پر چلے جنہوں نے خود اپنے اوپر ظلم کیا ہے اور اسے تباہ کر دے اور اللہ نے ان پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔ ☆

۱۱۸۔ اے ایمان والو! اپنوں کے سوا دوسروں کو اپنا راز دار نہ بناؤ یہ لوگ تمہارے خلاف شر پھیلانے میں کوئی کوتاہی نہیں کرتے، جس بات سے تمہیں کوئی تکلیف پہنچے وہی انہیں بہت پسند ہے، کبھی تو (ان کے دل کے کینہ و) بغض کا اظہار ان کے منہ سے بھی ہوتا ہے، لیکن جو (بغض و کینہ) ان کے سینوں میں پوشیدہ ہے وہ کہیں زیادہ ہے، تحقیق ہم نے آیات کو واضح کر کے تمہارے لیے بیان کیا ہے۔ اگر تم عقل رکھتے ہو۔ ☆

۱۱۹۔ تم لوگ تو اس طرح کے ہو کہ ان سے محبت رکھتے ہو جب کہ وہ تم سے محبت نہیں رکھتے حالانکہ تم پوری (آسمانی) کتاب کو مانتے ہو (مگر تمہاری کتاب کو نہیں مانتے) اور جب وہ تم سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے ہیں اور جب خلوت میں جاتے ہیں تو تم پر غصے

۱۱۶۔۱۱۷۔ ان آیات میں دشمنوں کے مالی اور انسانی وسائل کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ان کے اقتصادی حربوں کے انجام کا ذکر ہے کہ وہ مال و زر کے ذریعے بھی اپنے برے مقاصد میں کامیاب نہیں ہوں گے اور تخریب کاری پر انہوں نے جتنی دولت صرف کی ہوگی وہ سب رائیگاں جائے گی۔

۱۱۸۔ اسلامی سلطنت کی ذمہ داریوں میں سے ایک اہم ذمہ داری اندرونی اور داخلی معاملات کی رازداری ہے۔ کسی دشمن کو مملکت کے امور میں راز دار بنانا مکمل طور پر ممنوع ہے۔ قرآن نے مسلمانوں کو متنبہ کیا ہے کہ دشمن کے عزائم برے ہوتے ہیں اور تمہارے بارے میں وہ ہمیشہ تاک میں رہتے ہیں کہ تمہاری کوئی کمزوری ان کے علم میں آ جائے تو وہ اسے اپنے حق میں اور تمہارے خلاف استعمال کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کرتے۔ قرآن کا یہ حکم ایک ابدی دستور، ایک لازوال نظام کا اہم ستون اور اس جامع نظام حیات کی ایک بنیادی دفعہ ہے جو ناقابل ترمیم و تنسیخ ہے۔ لیکن صد افسوس کہ اس کے باوجود مسلمانوں نے اسلامی دستور کی اس اہم شق پر عمل نہ کیا اور بہت جلد دشمنوں کو کاروبار حکومت میں دخل اندازی کا موقع فراہم کر دیا۔ قرطبی اپنے زمانے کی حالت زار پر نالاں ہیں، لیکن تفسیر منار میں یہ بھی لکھ دیا ہے: ”حضرت عمر کے زمانے ہی میں رومیوں کو تمشی بنا کر بہت سے معاملات کا انچارج بنا دیا گیا تھا۔ سلطنت عثمانی کے زوال میں اس مسئلے کو سب سے زیادہ دخل رہا کہ اسکے اکثر سفیر غیر مسلم تھے۔“ (المنار ۴:۸۴)

۱۱۹۔ اس آیت میں اہل کتاب کی معاندانہ روش کی ایک پیشگوئی ہے اور مسلمانوں کو تنبیہ بھی کہ تم ان سے محبت کیوں رکھتے ہو۔ اصولاً مسلمانوں کو اہل کتاب سے زیادہ متنفر ہونا چاہیے کیونکہ مسلمان اہل کتاب کے عقائد کا احترام کرتے ہیں، ان کے نبی اور ان کی کتاب کی تصدیق کرتے ہیں لیکن اہل کتاب مسلمانوں کے اعتقادات کا احترام نہیں کرتے، اس کے باوجود مسلمان اہل کتاب سے محبت رکھتے ہیں جب کہ وہ مسلمانوں سے نہ صرف محبت نہیں رکھتے بلکہ ان کے سینے مسلمانوں کے خلاف غیض و غضب سے پر ہوتے ہیں۔ ستم ظریفی یہ کہ ہمارے معاصر اہل کتاب مسلمانوں کو شدت پسند اور بنیاد پرست ہونے کے طعنے دیتے ہیں۔

مِنَ الْغَيْظِ ؕ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۱۹﴾
اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۫
وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا
بِهَا ؕ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا
يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ۱۲ ۱۱ ۳
وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ
تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ
لِلْقِتَالِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۲۱﴾
اِذْ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ
تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ؕ وَعَلَى
اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۲﴾
وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ
اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾
اِذْ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ
يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ
بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ
مُنْزَلِيْنَ ﴿۱۲۴﴾
بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا
وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا
يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ

کے مارے انگلیاں کاٹ لیتے ہیں، ان سے کہہ دیجیے: تم اپنے غصے میں جل مرو، یقیناً اللہ سینوں کے راز خوب جانتا ہے۔☆

۱۲۰۔ اگر تمہیں آسودگی میسر آتی ہے تو (وہ) انہیں بری لگتی ہے اور اگر تم پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ اس پر خوش ہوتے ہیں اور اگر تم صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو ان کی فریب کاری تمہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتی، بے شک اللہ ان کے تمام اعمال پر احاطہ رکھتا ہے۔☆

۱۲۱۔ اور (اے رسول! وہ وقت یاد کرو) جب آپ صبح سویرے اپنے گھر والوں کے پاس سے نکل کر ایمان والوں کو جنگ کے لیے مختلف مورچوں پر متعین کر رہے تھے اور اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۱۲۲۔ (یہ اس وقت کی بات ہے) جب تم میں سے دو گروہ بزدلی دکھانے پر آمادہ ہو گئے تھے حالانکہ اللہ ان کا مددگار تھا اور مومنین کو چاہیے کہ اللہ پر توکل کریں۔

۱۲۳۔ تحقیق بدر میں اللہ نے تمہاری مدد کی جب تم کمزور تھے، پس اللہ سے ڈرو تاکہ شکر گزار بن جاؤ۔

۱۲۴۔ جب آپ مومنین سے کہہ رہے تھے: کیا تمہارے لیے کافی نہیں ہے کہ تمہارا پروردگار تین ہزار فرشتے نازل فرما کر تمہاری مدد کرے؟

۱۲۵۔ ہاں اگر تم صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو دشمن جب بھی تم پر اچانک حملہ کر دے تمہارا رب اسی وقت پانچ ہزار نشانزدہ

۱۲۰۔ دشمن کی باطنی خباثت کی نشاندہی ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ایک بشارت بھی ہے کہ وہ مسلمانوں کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے۔ البتہ اس کی دو شرائط ہیں: صبر و استقامت اور تقویٰ۔ آج کے مسلمان اپنی عظمت رفتہ کو واپس لینا چاہیں تو قرآن نے اس کا طریقہ کار بتا دیا ہے کہ وہ صبر اور تقویٰ اختیار کریں۔ نہایت تلخ تجربات سے ثابت ہو چکا ہے کہ دشمن کس قدر عیار ہے۔ اس کی طاقت کے مقابلے میں اگر مسلمان طاقت نہیں رکھتے تو ان کی عیاری کا مقابلہ صبر، اسلامی تعلیمات کی پابندی اور تقویٰ ہی کے ذریعے ہو سکتا ہے۔

۱۲۱۔ یہ جنگ احد کا تذکرہ ہے۔ شوال ۳ ہجری کے اوائل میں ابوسفیان نے بدر کا بدلہ لینے کے لیے تین ہزار کی فوج لے کر مدینے پر حملہ آور ہونا چاہا۔ رسول خدا (ص) ایک ہزار افراد کو لے کر نکلے۔ راستے میں عبد اللہ بن ابی اپنے تین سو ساتھیوں کو لے کر لشکر سے الگ ہو گیا اور مدینے واپس چلا گیا۔ ۷۰۰ کا لشکر مقابلے کے لیے آمادہ تھا۔ اس میں رسولِ خداؐ نے پچاس تیراندازوں کو عبداللہ بن جبیر کی سربراہی میں درے پر متعین فرمایا اور تاکید فرمائی کہ اگر ہم مشرکین کو مکّہ تک یا مشرکین ہمیں مدینہ تک دھکیل دیں تو بھی تم نے یہ جگہ نہیں چھوڑنی۔ جنگ شروع ہوئی ابتدائی حملے میں دشمن پسپا ہو گیا۔ مسلمان مال غنیمت پر ٹوٹ پڑے، تیراندازوں نے بھی درہ چھوڑ دیا۔ خالد بن ولید نے موقع پا کر درے کے عقب سے حملہ کیا اور دوسری طرف سے بھاگا ہوا دشمن بھی پلٹ کر حملہ آور ہوا جس سے لشکر اسلام پراگندہ ہو گیا۔ اکثریت نے راہ فرار اختیار کی اور یہ افواہ بھی اڑ گئی کہ رسول اللہؐ شہید ہو گئے۔ رسول کریمؐ کے گرد صرف دس بارہ سرفروش رہ گئے تھے۔ تاریخ طبری کے مطابق رسول کریمؐ دشمن کے اہم جتھوں کی نشاندہی فرماتے اور علی علیہ السلام ان پر حملہ کرتے۔ یہاں تک کہ آپؐ کی تلوار ٹوٹ گئی تو رسول کریمؐ نے اپنی تلوار ذوالفقار عنایت فرمائی۔ جب مسلمانوں کو پتہ چلا کہ حضورؐ زندہ ہیں تو سب واپس آ گئے۔ اسی اثنا میں حضرت حمزہؓ شہید ہو گئے اور ابوسفیان کی زوجہ ہندہ نے حضرت حمزہؓ کا جگر چبانے کی کوشش کی۔ اسی لیے اس سلسلۂ نسب کو آکلۃ الاکباد کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ﴿۱۲۵﴾

وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ ۭ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱۲۶﴾ۙ

لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَاۗىِٕبِيْنَ ﴿۱۲۷﴾

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۲۸﴾

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۹﴾ ع

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰٓوا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۳۰﴾ۚ

وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۱﴾ۚ

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾ۚ

وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ

فرشتوں سے تمہاری مدد کرے گا۔

۱۲۶۔اور یہ بات اللہ نے صرف تمہاری خوشی اور اطمینان قلب کے لیے کی ہے، اور فتح و نصرت صرف اللہ ہی کی جانب سے ہے جو بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

۱۲۷۔(اس مدد کا مقصد یہ ہے کہ) کافروں کے ایک دستے کو کاٹ دے یا انہیں ذلیل و خوار کر دے تا کہ وہ نامراد پسپا ہو جائیں۔☆

۱۲۸۔(اے رسول) اس بات میں آپ کا کوئی دخل نہیں، چاہے تو اللہ انہیں معاف کرے اور چاہے تو سزا دے کیونکہ یہ لوگ ظالم ہیں۔

۱۲۹۔اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے اس کا مالک اللہ ہے، اللہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے عذاب دے اور اللہ بڑا بخشنے والا، خوب رحم کرنے والا ہے۔

۱۳۰۔ اے ایمان والو! کئی گنا بڑھا چڑھا کر سود نہ کھایا کرو اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔☆

۱۳۱۔ اور اس آگ سے بچو جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے۔

۱۳۲۔ اور اللہ اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔☆

۱۳۳۔اور اپنے رب کی بخشش اور اس جنت کی طرف جانے میں سبقت لو جس کی

۱۲۷۔ اس غیبی امداد کا مقصد تمہاری روحانی تقویت اور اطمینان قلب ہے اور یہ یقین دلانا کہ فتح و نصرت تو صرف اللہ کی جانب سے ہے تا کہ اس فتح و نصرت سے کافروں کا ایک بازو کٹ جائے یا وہ ذلیل و خوار ہو کر شکست کھا جائیں۔ چنانچہ جنگ بدر میں ایسا ہی ہوا۔ ان کے ستر (۷۰) سرکردہ افراد مارے گئے اور ستر (۷۰) اسیر ہو گئے۔ باقی ذلت و خواری کے ساتھ پسپا ہو گئے۔ یہ سب کچھ اللہ کی تائید کی اہلیت حاصل کرنے پر خود مسلمانوں کے ہاتھوں سے ہوا۔ جیسا کہ سنت الٰہی یہی ہے کہ ارتقاء اور تکامل کے لیے خود بندوں کو آزمائش میں ڈال دیا جاتا ہے، ورنہ اللہ اپنی طاقت استعمال کرے تو نہ آزمائش رہے نہ ارتقاء، بلکہ انسان عاقل کو مکلف بنانے کا فلسفہ ہی ختم ہو جاتا ہے۔

۱۳۰۔ کچھ حضرات اس آیت سے استدلال کرتے ہیں کہ قرآن نے جس سود کو حرام قرار دیا ہے وہ جاہلیت کے زمانے میں رائج سود در سود یعنی سودِ مرکب ہے اور معاملاتی سود حرام نہیں۔ اس پر دلیل یہ دیتے ہیں کہ نزول آیت کے زمانے میں لوگ دوگنا چوگنا سود لیتے تھے اور قرضی سود اور معاملاتی سود میں دوگنا چوگنا نہیں ہوتا۔ (الربا فی الاسلام: ۵۲۔ رشید رضا) جواب یہ ہے کہ آیت میں لفظ اَضْعَافًا ربا کی صفت ہے، سرمائے کی نہیں اور ضعف کی جمع ہے۔ ضعف یعنی دوگنا، اَضْعَافًا یعنی کئی گنا، اقلاً تین دگنے یعنی چھ گنا ہو جائے تو سود حرام ہو جائے گا۔ اس کا کوئی قائل نہیں ہے۔ لہٰذا ماننا پڑے گا کہ آیت کا اشارہ امر واقع کی طرف ہے کہ سود سرمائے کے ساتھ ملا دیا جائے تو اکثر دوگنا اور چوگنا ہو جاتا ہے۔

۱۳۲۔ اس آیت کی رو سے رحمت خدا کے شامل حال ہونے کے لیے اللہ کی اطاعت کے ساتھ رسولؐ کی اطاعت بھی ضروری ہے اگر صرف قرآن کے ذریعے اللہ کی اطاعت کافی ہوتی تو اطاعت رسولؐ کا علیحدہ ذکر کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ اسی وجہ سے رسول کی ذمہ داری صرف قرآنی آیات پڑھ کر سنانا نہیں بلکہ قرآن رسولؐ کی تین ذمہ داریوں کا ذکر کرتا ہے۔ اول تلاوت آیات، دوم تزکیہ نفس، سوم تعلیم و تربیت۔ اسی لیے قرآن کے کلی احکام کی تفصیل رسولؐ کے ذمے ہے جسے ''سنت'' کہتے ہیں۔

وَ جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ
وَالْاَرْضُ ۙ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۳﴾
الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَ
الضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ
وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ؕ وَ اللّٰهُ
يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۴﴾
وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ
ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ
فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۫ وَمَنْ
يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۖ وَلَمْ
يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ
يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾
اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ
رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَنِعْمَ اَجْرُ
الْعٰمِلِيْنَ ﴿۱۳۶﴾
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ ۙ
فَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۳۷﴾
هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَهُدًى وَّ
مَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۳۸﴾
وَلَا تَهِنُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَنْتُمُ
الْاَعْلَوْنَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۹﴾

وسعت آسمانوں اور زمین کے برابر ہے، جو اہل تقویٰ کے لیے آمادہ کی گئی ہے۔

۱۳۴۔ (ان متقین کے لیے) جو خواہ آسودگی میں ہوں یا تنگی میں ہر حال میں خرچ کرتے ہیں اور غصے کو پی جاتے ہیں اور لوگوں سے درگزر کرتے ہیں اور اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔☆

۱۳۵۔ اور جن سے کبھی نازیبا حرکت سرزد ہو جائے یا وہ اپنے آپ پر ظلم کر بیٹھیں تو اسی وقت خدا کو یاد کرتے ہیں اور اپنے گناہوں کی معافی چاہتے ہیں اور اللہ کے سوا گناہوں کا بخشنے والا کون ہے؟ اور وہ جان بوجھ کر اپنے کیے پر اصرار نہیں کرتے ہیں۔☆

۱۳۶۔ ایسے لوگوں کی جزا ان کے رب کی مغفرت اور وہ باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے اور (نیک) عمل کرنے والوں کے لیے کیا ہی خوب جزا ہے۔

۱۳۷۔ تم سے پہلے مختلف روشیں گزر چکی ہیں پس تم روئے زمین پر چلو پھرو اور دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا۔☆

۱۳۸۔ یہ (عام) لوگوں کے لیے ایک واضح بیان ہے اور اہل تقویٰ کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے۔

۱۳۹۔ ہمت نہ ہارو اور غم نہ کرو کہ تم ہی غالب رہو گے بشرطیکہ تم مومن ہو۔☆

۱۳۴۔۱۳۵۔ متقین کے اوصاف کا بیان ہے: ☆ وہ آسودگی میں ہوں یا تنگی میں، بہرحال راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔☆ غصے سے مغلوب نہیں ہوتے. ☆ لوگوں سے درگزر کرتے ہیں۔ ☆ لوگوں پر احسان کرتے ہیں۔ ☆ گناہ سرزد ہونے کی صورت میں دو کام کرتے ہیں: ایک تو استغفار کرتے ہیں اور دوسرا اس گناہ کے نزدیک دوبارہ نہیں جاتے: وَلَمْ يُصِرُّوْا۔

۱۳۷۔ قرآن اقوام عالم کی سرگزشت کا مطالعہ کرنے کے لیے سیر فی الارض زمین کے مطالعاتی سفر کی دعوت دیتا ہے۔ جابر بادشاہوں، ظالم حکمرانوں اور خونخوار فرعونوں کے باقی ماندہ آثار بتلاتے ہیں کہ کسی زمانے میں ان قصور و محلات میں کچھ لوگ انا ربکم الاعلی کے مدعی تھے اور اپنی ہوسرانی میں بدمست ہو کر انسانیت سوز جرائم کا ارتکاب کیا کرتے تھے اور کسی قسم کی اقدار پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ آج انہی لوگوں کے محلات ویرانوں میں بدل گئے ہیں۔ ان کی ہڈیاں خاک ہو چکی ہیں، جو آنے والی نسلوں کے لیے عبرت بن گئی ہیں۔ انہوں نے چند روزہ عیش و نوش میں اپنی ابدی زندگی کو برباد کیا اور آخرکار اس دنیا کی زندگی بھی ہار بیٹھے۔ آج ان ویرانوں سے ان کی بوسیدہ ہڈیاں آواز دے رہی ہیں کہ دیکھ لو تکذیب کرنے والوں کا کیا انجام ہوا ہے۔

۱۳۹۔ جنگ احد میں مسلمانوں کو شکست کا سامنا کرنا پڑا اور ستر (۷۰) اہم افراد شہید ہو گئے اور وہ بھی مسلمانوں کے گھروں کے قریب۔ فطری طور پر اس سے مسلمانوں میں بددلی پھیل گئی اور ان کے دلوں میں حزن و ملال چھا گیا۔ اللہ تعالیٰ ان حوصلہ ہارنے والوں کو حوصلہ دیتے ہوئے فرماتا ہے: ☆ اپنے عزم و ارادے میں سستی کو راہ نہ دو۔ ☆ شکست کا زیادہ احساس کر کے اپنے آپ کو حزن و ملال اور غم و اندوہ میں مبتلا نہ رکھو۔ اگر تم نے اپنے ایمان میں پختگی ثابت رکھی اور اس کے نتیجے میں صبر و تقویٰ کا دامن تھامے رکھا تو تم ہی غالب رہو گے۔ اس آیت سے اندازہ ہوتا ہے کہ انسان کے اعمال و مقدرات میں ایمان کا کتنا گہرا اثر اور دخل ہے۔

اِنْ يَّمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ
الْقَوْمَ قَرْحٌ مِّثْلُهٗ ؕ وَتِلْكَ الْاَيَّامُ
نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ ۚ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ يَتَّخِذَ مِنْكُمْ
شُهَدَآءَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾
وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۱﴾
اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَ
لَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا
مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۲﴾
وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ
قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۖ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ
وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ﴿۱۴۳﴾ ع ۱۴
وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ
خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ
مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى
اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى
عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَ
سَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۴﴾
وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ؕ وَ مَنْ
يُّرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ

۱۴۰۔ اگر تمہیں کوئی زخم لگا ہے تو تمہارے دشمن کو بھی ویسا ہی زخم لگ چکا ہے اور یہ ہیں وہ ایام جنہیں ہم لوگوں کے درمیان گردش دیتے رہتے ہیں اور اس طرح اللہ دیکھنا چاہتا ہے کہ مومن کون ہیں اور چاہتا ہے کہ تم میں سے کچھ کو گواہ کے طور پر لیا جائے، کیونکہ اللہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا۔☆

۱۴۱۔ نیز اللہ ایمان والوں کو چھانٹنا اور کافروں کو نابود کرنا چاہتا ہے۔

۱۴۲۔ کیا تم (لوگ) یہ سمجھتے ہو کہ جنت میں یونہی چلے جاؤ گے حالانکہ ابھی اللہ نے یہ دیکھا ہی نہیں کہ تم میں سے جہاد کرنے والے اور صبر کرنے والے کون ہیں؟☆

۱۴۳۔ اور موت کے سامنے آنے سے قبل تو تم مرنے کی تمنا کر رہے تھے، سو اب وہ تمہارے سامنے ہے جسے تم دیکھ رہے ہو۔

۱۴۴۔ اور محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تو بس رسول ہی ہیں، ان سے پہلے اور بھی رسول گزر چکے ہیں، بھلا اگر یہ وفات پا جائیں یا قتل کر دیے جائیں تو کیا تم الٹے پاؤں پھر جاؤ گے؟ اور جو الٹے پاؤں پھر جائے گا وہ اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا، اور اللہ عنقریب شکر گزاروں کو جزا دے گا۔☆

۱۴۵۔ اور کوئی جاندار اذن خدا کے بغیر نہیں مر سکتا، اس نے (موت کا) وقت مقرر کر کے لکھ رکھا ہے اور جو (شخص اپنے اعمال کا) صلہ دنیا میں چاہے گا اسے ہم دنیا میں دیں گے اور جو آخرت کے ثواب کا

۱۴۰۔ حقیقت یہ ہے کہ تاریخ کے اٹل اصولوں سے مسلمان بھی مستثنیٰ نہیں ہیں۔ اللہ کا وضع کردہ تکوینی وفطری دستور مکمل غیر جانبدار اور سب کے لیے یکساں ہے۔ ایسا نہیں کہ کافر کی تیز دھار تلوار نہ کاٹے اور مسلمان کی کند تلوار کاٹتی رہے۔ قوانین فطرت میں برابری اور تاریخ کے اصولوں میں یکسانیت کی وجہ سے ہی مسلمان امتحان و آزمائش میں مبتلا ہوتے ہیں۔ اسی امتحان و آزمائش سے انہیں ارتقاء و تکامل کے لیے مواقع میسر آتے ہیں۔ اگر قانون فطرت سب کے لیے یکساں نہ ہو اور مسلمان اس سے مستثنیٰ ہوں تو پھر امتحان و آزمائش کے ذریعے ارتقاء و تکامل کا حصول ممکن نہیں رہے گا۔

۱۴۲۔ اس آیت میں اس غلط فہمی کا ازالہ ہے جس میں عصر رسولؐ کے مسلمان بھی اسی طرح مبتلا تھے جس طرح آج بھی کچھ لوگ اس غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ اسلامی یا ایمانی جماعت میں شامل ہونا کافی ہے، صبر وجہاد یعنی عمل کے ذریعے استحقاق پیدا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

۱۴۴۔ مسلمانوں کو جنگ احد میں امتحان کے مراحل سے گزارنے کے بعد جو نتائج سامنے آئے ان کا تذکرہ جاری ہے۔ اس آیت میں ان لوگوں کا ذکر ہے جو رسول کریم (ص) کی شہادت کی افواہ سن کر اپنے ایمان کی دلی کیفیت کو فاش کرتے ہوئے مرتد ہوگئے اور کہنے لگے: اگر محمد (ص) خدا کے رسول ہوتے تو کبھی قتل نہ ہوتے۔ چنانچہ اصحاب صخرہ نے تو ابوسفیان سے امان نامہ حاصل کرنے کے لیے منافقین کے سربراہ عبداللہ بن ابی سے رابطہ قائم کرنے کا تہیہ بھی کر لیا تھا۔ قرآن نے جنگ سے فرار کرنے والوں کے لیے ہمیشہ وَلَّيْتُمْ مُّدْبِرِيْنَ ”پیٹھ دکھا کر بھاگ کھڑے ہوئے“ کی تعبیر اختیار کی، لیکن اس آیت میں انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تم الٹے پاؤں پھر گئے کی تعبیر اختیار کی جو مرتد ہونے کے معنوں میں ہے۔ اس طرح قرآن فرار کے لیے ولی مدبرا اور ارتداد کے لیے انقلب کا لفظ استعمال فرماتا ہے۔ جیسا کہ سید قطب نے لکھا ہے: یہاں ارتداد سے مراد شکست و فرار نہیں، بلکہ دین و عقیدہ سے ارتداد ہے۔ (فی ظلال القرآن: ۹۴)

۱۴۵۔ یہاں میدان جنگ سے بھاگنے والوں کو تنبیہ

وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ
مِنْهَا ؕ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۴۵﴾
وَكَاَيِّنْ مِّنْ نَّبِيٍّ قٰتَلَ ۙ مَعَهٗ
رِبِّيُّوْنَ كَثِيْرٌ ۚ فَمَا وَهَنُوْا لِمَآ
اَصَابَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَمَا
ضَعُفُوْا وَمَا اسْتَكَانُوْا ؕ وَ
اللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۴۶﴾
وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ اِلَّآ اَنْ قَالُوْا رَبَّنَا
اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ
اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۴۷﴾
فَاٰتٰىهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ
ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ ع ۱۵ ۲
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوا
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَرُدُّوْكُمْ عَلٰٓى
اَعْقَابِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾
بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ
النّٰصِرِيْنَ ﴿۱۵۰﴾
سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا
الرُّعْبَ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ مَا لَمْ
يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا ۚ وَمَاْوٰىهُمُ
النَّارُ ؕ وَبِئْسَ مَثْوَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾

خواہاں ہوگا اسے آخرت میں دیں گے اور ہم عنقریب شکر گزاروں کو اچھا صلہ دیں گے۔☆

۱۴۶۔ اور کتنے ہی ایسے نبی گزرے ہیں جن کی ہمراہی میں بہت سے اللہ والوں نے جنگ لڑی لیکن اللہ کی راہ میں آنے والی مصیبتوں کی وجہ سے نہ وہ بد دل ہوئے نہ انہوں نے کمزوری دکھائی اور نہ وہ خوار ہوئے اور اللہ تو صابروں کو دوست رکھتا ہے۔☆

۱۴۷۔ اور ان کی دعا صرف یہ تھی: ہمارے پروردگار! ہمارے گناہوں سے اور ان زیادتیوں سے درگزر فرما جو ہم نے اپنے معاملات میں کی ہیں اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔☆

۱۴۸۔ چنانچہ اللہ نے انہیں دنیا کا ثواب بھی دیا اور آخرت کا بہتر ثواب بھی عطا کیا اور اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے.

۱۴۹۔ اے ایمان والو! اگر تم نے کافروں کی اطاعت کی تو وہ تمہیں الٹا پھیر دیں گے پھر تم بڑے خسارے میں پڑ جاؤ گے۔☆

۱۵۰۔ دراصل اللہ ہی تمہارا کارساز ہے اور وہی بہترین مددگار ہے۔

۱۵۱۔ ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب بٹھائیں گے کیونکہ یہ اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں جس کی اللہ نے کوئی سند نازل نہیں کی اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ ظالموں کے لیے برا ٹھکانا ہے۔☆

کرنا بھی مقصود ہے کہ جنگ سے فرار کے ذریعے تم اپنی موت کو ٹال نہیں سکتے۔ لہٰذا موت کے خوف سے فرار اختیار کرنا اس عقیدے کے منافی ہے کہ موت وحیات اللہ کے ہاتھ میں ہے نیز وہ راہ خدا میں قتل ہونے سے بچ کر صرف دنیا حاصل کرنا چاہتے ہیں اور آخرت کی حیات ابدی کا عقیدہ نہیں رکھتے۔

۱۴۶۔ اس آیت میں دیگر اقوام کی سیرت و کردار کی روشنی میں نصیحت بھی ہے اور ملامت وعتاب بھی کہ انبیاء کے ساتھ بہت سے لڑنے والے ایسے تھے جو مصائب میں نہ بد دل ہوئے، نہ کمزوری دکھائی اور وہ خوار و رسوا بھی نہیں ہوئے۔ یعنی وہ تمہاری طرح نہیں تھے۔ کیونکہ تم نے جنگ میں کمزوری دکھائی اور بددل ہو کر ہمت ہار دی جس کے نتیجے میں تم رسوا ہو گئے۔

۱۴۷۔ مؤمن میدان چھوڑنے کی بجائے صبر و استقامت کے لیے اللہ سے دعا کرتے ہیں اور جنگ میں فرار کی بجائے اللہ کی بارگاہ میں رجوع کرتے ہیں۔ چونکہ جنگ میں فرار اختیار کرنا ایک لحاظ سے اللہ سے فرار ہے۔ اسی لیے جنگ سے فرار سات بڑے گناہوں میں سے ہے۔

۱۴۹۔ ابوسفیان اور کچھ دیگر منافقوں نے جنگ احد کی شکست کے وقت کہا تھا: ان محمدا قد قتل فارجعوا الی عشائرکم "محمد (ص) مارے گئے۔ پس اپنے قبیلوں کی طرف رجوع کرو"۔ جنگ احد کے بعد بھی کفار مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے میں مصروف ہو گئے تھے۔ وہ مسلمانوں کو بدظن کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ قرآن اس قسم کی سازشوں کو بروقت بے نقاب کرتا ہے تاکہ مسلمان کفار کے برے عزائم سے آگاہ رہیں۔

۱۵۱۔ ایمان باللہ تقویت قلب کا باعث ہے۔ اس کے برعکس شرک باللہ ضعف قلب کا باعث ہوگا اور وہ لوگ مشرک ہونے کے اعتبار سے خود عدم تحفظ کا شکار رہیں گے۔ کفار کی طرف سے مسلمانوں میں تفرقہ ڈالنے اور عدم تحفظ کا تاثر دے کر ان میں تشویش پیدا کرنے کی کوشش کو ناکام بنانے اور مسلمانوں کو تحفظ کا احساس دلانے کے لیے فرمایا کہ آئندہ خود کافر مرعوب رہیں گے اور مشرک ہونے کی وجہ سے وہ خود عدم تحفظ کے احساس کا شکار رہیں گے۔

وَ لَقَدۡ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعۡدَهٗۤ اِذۡ
تَحُسُّوۡنَهُمۡ بِاِذۡنِهٖ ۚ حَتّٰۤى اِذَا
فَشِلۡتُمۡ وَتَنَازَعۡتُمۡ فِى الۡاَمۡرِ
وَعَصَيۡتُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ مَاۤ اَرٰىكُمۡ مَّا
تُحِبُّوۡنَ ؕ مِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّرِيۡدُ الدُّنۡيَا وَ
مِنۡكُمۡ مَّنۡ يُّرِيۡدُ الۡاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ
صَرَفَكُمۡ عَنۡهُمۡ لِيَبۡتَلِيَكُمۡ ۚ
وَلَقَدۡ عَفَا عَنۡكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ
ذُوۡ فَضۡلٍ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۱۵۲﴾
اِذۡ تُصۡعِدُوۡنَ وَلَا تَلۡوٗنَ عَلٰۤى
اَحَدٍ وَّالرَّسُوۡلُ يَدۡعُوۡكُمۡ فِىۡۤ
اُخۡرٰىكُمۡ فَاَثَابَكُمۡ غَمًّا بِغَمٍّ
لِّكَيۡلَا تَحۡزَنُوۡا عَلٰى مَا فَاتَكُمۡ
وَلَا مَاۤ اَصَابَكُمۡ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيۡرٌۢ
بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۵۳﴾
ثُمَّ اَنۡزَلَ عَلَيۡكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ
اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغۡشٰى طَآئِفَةً
مِّنۡكُمۡ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدۡ اَهَمَّتۡهُمۡ
اَنۡفُسُهُمۡ يَظُنُّوۡنَ بِاللّٰهِ غَيۡرَ الۡحَقِّ
ظَنَّ الۡجَاهِلِيَّةِ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ هَلۡ لَّنَا
مِنَ الۡاَمۡرِ مِنۡ شَىۡءٍ ؕ قُلۡ اِنَّ الۡاَمۡرَ
كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ يُخۡفُوۡنَ فِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ
مَّا لَا يُبۡدُوۡنَ لَكَ ؕ يَقُوۡلُوۡنَ لَوۡ كَانَ

۱۵۲۔ اور بے شک اللہ نے تم سے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا جب تم اللہ کے حکم سے کفار کو قتل کر رہے تھے یہاں تک کہ تم خود کمزور پڑ گئے اور امر (رسول) میں تم نے باہم اختلاف کیا اور اس کی نافرمانی کی جب کہ اللہ نے تمہاری پسند کی بات (فتح و نصرت) بھی تمہیں دکھا دی تھی، تم میں سے کچھ طالب دنیا تھے اور کچھ آخرت کے خواہاں، پھر اللہ نے تمہیں کافروں کے مقابلے میں پسپا کر دیا تا کہ تمہارا امتحان لے اور اللہ نے تمہارا قصور معاف کر دیا اور اللہ ایمان والوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے۔☆

۱۵۳۔ (یاد کرو) جب تم چڑھائی کی طرف بھاگے جا رہے تھے اور کسی کو پلٹ کر نہیں دیکھ رہے تھے، حالانکہ رسول تمہارے پیچھے تمہیں پکار رہے تھے، نتیجے کے طور پر اللہ نے تمہیں غم (رسول) کی پاداش میں غم دیا تا کہ جو چیز تمہارے ہاتھ سے جائے اور جو مصیبت تم پر نازل ہو اس پر تمہیں دکھ نہ ہو اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۱۵۴۔ پھر جب اس غم کے بعد تم پر امن و سکون نازل فرمایا تو تم میں سے ایک گروہ تو اونگھنے لگا، جب کہ دوسرے گروہ کو اپنی جانوں کی پڑی ہوئی تھی، وہ ناحق اللہ پر زمانہ جاہلیت والی بدگمانیاں کر رہے تھے، کہ رہے تھے: کیا اس امر میں ہمارا بھی کوئی حصہ ہے؟ کہہ دیجیے: سارا اختیار اللہ کے ہاتھ میں ہے، یہ لوگ جو بات اپنے اندر چھپائے رکھتے ہیں اسے آپ پر ظاہر نہیں کرتے، وہ کہتے ہیں: اگر (قیادت میں) ہمارا کچھ دخل ہوتا تو ہم

۱۵۲۔ تفسیر ابن کثیر میں آیا ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صرف نو (۹) افراد رہ گئے۔ ان میں سات انصار تھے۔ دو قریش کے تھے۔ (قریش کے ان دو افراد کا نام لینا ان کے لیے گوارا نہ ہوا۔) انصار کے ساتوں افراد شہید ہو گئے تو رسول اللہ (ص) نے اپنے دو ساتھیوں سے کہا: لا ما انصفنا اصحابنا۔ ہمارے ساتھیوں نے ہمارے ساتھ انصاف نہیں کیا۔ (تفسیر ابن کثیر۔ اسی آیت کے ذیل میں)

۱۵۳۔ جنگ سے فرار کرنے والوں کی واضح تصویر کشی فرمانے کے بعد اللہ تعالیٰ واضح الفاظ میں یہ واقعہ ثبت کرنا چاہتا ہے کہ تم چڑھائی کی طرف بھاگے جا رہے تھے اور کسی کو پلٹ کر نہیں دیکھ رہے تھے، حالانکہ خود رسولؐ تمہارے پیچھے تمہیں پکار رہے تھے۔ اس واقعے کا سب سے المناک پہلو یہ ہے کہ بھاگنے والوں نے نبی کی آواز کو نظر انداز کر دیا جو فرما رہے ہیں: الیّ عباد اللّٰہ، الیّ عباد اللّٰہ، انا رسول اللّٰہ من یکرّفلہ جنۃ۔ اللہ کے بندو میری طرف آؤ اللہ کے بندو میری طرف آؤ، میں رسول اللہ ہوں، جو واپس آئے گا اس کے لیے جنت ہے۔ رسول اللہؐ کی اس ملکوتی آواز کو سننے کے باوجود فرار جاری رہا۔ اگر وہ رسول اللہؐ کی آواز نہ سن رہے ہوتے اور اسے پہچان نہ رہے ہوتے تو یَدۡعُوۡكُمۡ صادق نہ آتا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی کی وجہ نے انہیں شکست جیسی فضیحت میں مبتلا کر دیا۔ غَمًّا بِغَمٍّ کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے کہ تمہیں غم در غم میں مبتلا کیا۔ یعنی متواتر غم میں مبتلا رہے، یہاں تک دوسری باتیں تم بھول گئے، نہ غنیمت سے محرومی کا دکھ رہا نہ جانی نقصانات کا غم۔

۱۵۴۔ لشکر اسلام میں کچھ وہ لوگ تھے جو فرار ہونے کے بعد واپس آ گئے۔ وہ اپنے کیے پر نادم تھے۔ وَلَقَدۡ عَفَا اللّٰهُ عَنۡهُمۡ اللہ نے انہیں معاف فرما دیا۔ دوسرا گروہ ان لوگوں کا تھا جن کا ایمان اس شکست کی وجہ سے متزلزل ہو گیا تھا۔ انہوں نے کافرانہ کلمات کہ ڈالے اور جاہلیت کی سوچ سوچنے لگے۔ منافقین نے تو اس جنگ میں شرکت ہی نہیں کی تھی اور اسی لیے صاحب المنار نے کہا ہے: لا حاجۃ الی جعلھا من المنافقین۔

لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ
قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ
الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی
مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ
مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا
فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾
اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ یَوْمَ
الْتَقَی الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ
الشَّیْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ
عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
ع ۱۶ حَلِیْمٌ ﴿۱۵۵﴾
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا
كَالَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ قَالُوْا
لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِی
الْاَرْضِ اَوْ كَانُوْا غُزًّی لَّوْ كَانُوْا
عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَ مَا قُتِلُوْا ۚ
لِیَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِیْ
قُلُوْبِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ؕ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِیْرٌ ﴿۱۵۶﴾
وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ
لَمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَحْمَةٌ خَیْرٌ مِّمَّا
یَجْمَعُوْنَ ﴿۱۵۷﴾

یہاں مارے نہ جاتے، کہہ دیجیے: اگر تم اپنے گھروں میں ہوتے تو بھی جن کے مقدر میں قتل ہونا لکھا ہے وہ خود اپنے مقتل کی طرف نکل پڑتے اور یہ (جو کچھ ہوا وہ اس لیے تھا) کہ جو کچھ تمہارے سینوں میں ہے اللہ اسے آزمائے اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اسے چھانٹ کر واضح کر دے اور اللہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔☆

۱۵۵۔ دونوں فریقوں کے مقابلے کے روز تم میں سے جو لوگ پیٹھ پھیر گئے تھے بلاشبہ ان کی اپنی بعض کرتوتوں کی وجہ سے شیطان نے انہیں پھسلا دیا تھا، تاہم اللہ نے انہیں معاف کر دیا، یقیناً اللہ بڑا درگزر کرنے والا، بردبار ہے۔☆

۱۵۶۔ اے ایمان والو! کافروں کی طرح نہ ہونا جو اپنے عزیز و اقارب سے، جب وہ سفر یا جنگ پر جاتے ہیں تو کہتے ہیں: اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے اور نہ قتل ہوتے، اللہ ایسی باتوں کو ان کے دلوں میں حسرت پیدا کرنے کے لیے سبب بنا دیتا ہے، ورنہ حقیقتاً مارنے اور جلانے والا تو اللہ ہی ہے اور ساتھ تمہارے اعمال کا خوب مشاہدہ کرنے والا بھی اللہ ہی ہے۔☆

۱۵۷۔ اور اگر تم راہ خدا میں مارے جاؤ یا مر جاؤ تو اللہ کی طرف سے جو بخشش اور رحمت تمہیں نصیب ہوگی وہ ان سب سے بہت بہتر ہے جو وہ لوگ جمع کرتے ہیں۔☆

۱۵۵۔ اس جنگ سے فرار کو کسی سابقہ گناہ کا طبعی اور لازمی نتیجہ قرار دیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے شیطان کو لغزش پیدا کرنے کا موقع ملا۔ معاف اور درگزر کرنے کا تذکرہ دو مقامات پر آیا ہے۔ پہلی دفعہ نہایت نرم لہجے میں فرمایا: لَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ اور دوسری دفعہ اس آیت میں آیا ہے اور لہجہ کلام پہلے سے مختلف، صیغہ بھی غائب کا استعمال ہوا ہے۔ علامہ طباطبائی اس سے یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ سابقہ عفو ان کے لیے ہے جن پر امن و سکون نازل کیا گیا اور دوسرا عفو ان لوگوں کے بارے میں ہے جو اللہ کے بارے میں جاہلانہ گمان رکھتے تھے۔ ان سے عفو کا مطلب ان پر عذاب نازل کرنے میں عجلت نہ کرنا ہے۔ چنانچہ اس کے بعد اللہ کے حلم و بردباری کا ذکر اس بات کی دلیل ہے کہ عفو کا مطلب فوری عذاب سے درگزر کرنا ہے۔

۱۵۶۔ اس کافرانہ سوچ کی طرف اشارہ ہے جو بعض مسلمانوں کو لاحق تھی۔ جس کے تحت وہ رسول اللہ (ص) کو قتل و ہزیمت کا ذمہ دار ٹھہراتے تھے. چونکہ وہ موت اور قتل کا سبب سفر اور جنگ کو سمجھتے تھے، اس لیے ان کے دلوں میں حسرت رہ گئی۔ اگر وہ سمجھتے کہ یہ اللہ کا فیصلہ ہے اور موت نے ہر صورت میں آنا ہے تو حسرت نہ ہوتی۔ واضح رہے جنگ احد میں منافقین کی کوئی شرکت نہ تھی۔ عبداللہ بن ابی اپنے تین سو افراد کے ساتھ جنگ سے پیچھے ہٹ گیا تھا۔ لہذا یہ آیت منافقین سے مربوط نہیں ہے۔ ثانیاً اس آیت میں خطاب یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کہکر اہل ایمان سے ہے، لہٰذا یہ ماننے کے سوا کوئی صورت نہیں ہے کہ یہ آیت کمزور ایمان والے مسلمانوں کے بارے میں ہے۔

۱۵۷۔ اس کافرانہ سوچ کے مقابلے میں مؤمنانہ سوچ کا بیان ہے کہ راہ خدا میں مارا جانا نہ صرف داغ حسرت نہیں ہے بلکہ کافروں کے مال و متاع سے کہیں بہتر ہے۔

وَ لَئِنۡ مُّتُّمۡ اَوۡ قُتِلۡتُمۡ لَاِلَى اللّٰهِ
تُحۡشَرُوۡنَ ﴿۱۵۸﴾
فَبِمَا رَحۡمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنۡتَ لَهُمۡ ۚ
وَلَوۡ كُنۡتَ فَظًّا غَلِيۡظَ الۡقَلۡبِ
لَانۡفَضُّوۡا مِنۡ حَوۡلِكَ ۪ فَاعۡفُ
عَنۡهُمۡ وَاسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ وَشَاوِرۡهُمۡ
فِى الۡاَمۡرِ ۚ فَاِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَكَّلۡ
عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الۡمُتَوَكِّلِيۡنَ ﴿۱۵۹﴾
اِنۡ يَّنۡصُرۡكُمُ اللّٰهُ فَلَا غَالِبَ
لَـكُمۡ ۚ وَاِنۡ يَّخۡذُلۡكُمۡ فَمَنۡ ذَا
الَّذِىۡ يَنۡصُرُكُمۡ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَعَلَى
اللّٰهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۶۰﴾
وَمَا كَانَ لِنَبِىٍّ اَنۡ يَّغُلَّ ؕ وَمَنۡ
يَّغۡلُلۡ يَاۡتِ بِمَا غَلَّ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ
تُوَفّٰى كُلُّ نَفۡسٍ مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ
لَا يُظۡلَمُوۡنَ ﴿۱۶۱﴾
اَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضۡوَانَ اللّٰهِ كَمَنۡۢ بَآءَ
بِسَخَطٍ مِّنَ اللّٰهِ وَمَاۡوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ
وَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۱۶۲﴾
هُمۡ دَرَجٰتٌ عِنۡدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ
بَصِيۡرٌۢ بِمَا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۶۳﴾
لَقَدۡ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الۡمُؤۡمِنِيۡنَ اِذۡ

۱۵۸۔ اور اگر تم مر جاؤ یا مارے جاؤ آخرکار اللہ کی بارگاہ میں اکٹھے کیے جاؤ گے۔

۱۵۹۔ (اے رسول) یہ مہر الٰہی ہے کہ آپ ان کے لیے نرم مزاج واقع ہوئے اور اگر آپ تندخو اور سنگدل ہوتے تو یہ لوگ آپ کے پاس سے منتشر ہو جاتے، پس ان سے درگزر کریں اور ان کے لیے مغفرت طلب کریں اور معاملات میں ان سے مشورہ کر لیا کریں پھر جب آپ عزم کر لیں تو اللہ پر بھروسہ کریں، بے شک اللہ بھروسہ کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔☆

۱۶۰۔ (مسلمانو!) اگر اللہ تمہاری مدد کرے تو پھر کوئی تم پر غالب نہیں آ سکتا اور اللہ تمہارا ساتھ چھوڑ دے تو اس کے بعد کون ہے جو تمہاری مدد کو پہنچے، لہٰذا ایمان والوں کو چاہیے کہ وہ صرف اللہ پر بھروسا کریں۔☆

۱۶۱۔ اور کسی نبی سے یہ نہیں ہو سکتا کہ وہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرتا ہے وہ قیامت کے دن اپنی خیانت کی ہوئی چیز کو (اللہ کے سامنے) حاضر کرے گا، پھر ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆

۱۶۲۔ کیا جو شخص اللہ کی خوشنودی کا تابع ہو وہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو اللہ کے غضب میں گرفتار ہو اور جس کا ٹھکانا جہنم ہو؟ اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔

۱۶۳۔ اللہ کے نزدیک ان کے لیے درجات ہیں اور اللہ ان کے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔☆

۱۶۴۔ ایمان والوں پر اللہ نے بڑا احسان

۱۵۹۔ اس جنگ میں سب سے زیادہ صدمہ رسول اللہ (ص) کو پہنچا۔ دشمن سے جنگ کے بارے میں مدینے میں اختلاف شروع ہوا۔ ایک تہائی لشکر راستے سے واپس چلا گیا۔ ایک گروہ نے غنیمت کے لالچ میں رسول (ص) کی نافرمانی کی۔ حضرت حمزہؓ و دیگر شہداء کی قربانی دینا پڑی۔ حضور (ص) کے دندان مبارک شہید ہوئے۔ چند افراد کے علاوہ باقی مسلمان آپ (ص) کو میدان جنگ میں چھوڑ کر بھاگ گئے۔ انہوں نے آپؐ کی آواز پر بھی لبیک نہیں کہی اور پلٹ کر دیکھا تک نہیں۔ آپ (ص) کے قتل کی خبر سن کر دین سے برگشتہ ہو گئے اور آبائی دین اختیار کرنے کی باتیں کرنے لگے وغیرہ وغیرہ۔ ان تمام باتوں کے باوجود حضور (ص) کا رویہ نرم رہا اور آپ (ص) نے خدائی اخلاق کا مظاہرہ فرمایا۔ رحمت الٰہی کا مظاہرہ ہوا اور تمام گستاخیوں کے باوجود نہ کسی کو راندۂ درگاہ کیا، نہ کسی کی ایسی سرزنش کی کہ وہ آپ (ص) سے متنفر ہو جائے۔

۱۶۰۔ سابقہ آیات میں بتایا گیا کہ کن حالات میں اللہ کی نصرت شامل حال ہو سکتی ہے۔ اللہ کے عطا کردہ دستور پر عمل کرنے کی صورت میں ہی اس کی نصرت کے اہل اور مستحق قرار پا سکتے ہیں۔ یعنی اس کے وضع کردہ نظام و سنن اور طبیعیاتی و تکوینی قوانین کی دفعات پر عمل، پھر طاقت کے اصل سرچشمے اللہ کی ذات پر بھروسہ کرنے کی صورت میں نصرت الٰہی مومنین کے شامل حال ہو سکتی ہے۔ ایسا ممکن نہیں ہے کہ ادھر رسول (ص) کی نافرمانی کریں اور جنگ سے فرار ہوں، ادھر فتح و نصرت ان کے قدم چومے۔

۱۶۱۔ بعض روایات کے مطابق یہ آیت ان تیراندازوں کے بارے میں نازل ہوئی جن کو رسول اللہؐ نے عقب لشکر کی حفاظت کے لیے بٹھایا تھا۔ انہوں نے اس بدگمانی کی بنا پر رسول اللہؐ کی نافرمانی کی کہ بعد میں ان کے ساتھ خیانت ہو گی اور غنیمت میں برابر کا حصہ نہیں ملے گا۔ اس آیت میں ان کی سرزنش ہو رہی ہے کہ کسی نبی سے اس قسم کی خیانت سرزد نہیں ہوتی۔

۱۶۳۔ هُمۡ دَرَجٰتٌ: دونوں کے درجات ہوں گے یعنی دونوں کے طبقات ہوں گے۔ اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے والے بلند درجات میں اور غضب الٰہی کے سزاوار پست درجات میں ہوں گے۔ یعنی پست طبقے میں ہوں گے۔

بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ
يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ
وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَ
اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿۱۶۴﴾ النصف
اَوَلَمَّآ اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَدْ
اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا ۙ قُلْتُمْ اَنّٰى
هٰذَا ؕ قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۶۵﴾
وَمَآ اَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى
الْجَمْعٰنِ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيَعْلَمَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۶۶﴾ ۙ
وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ نَافَقُوْا ۚۖ وَقِيْلَ لَهُمْ
تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوِ
ادْفَعُوْا ؕ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا
اتَّبَعْنٰكُمْ ؕ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ
اَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْاِيْمَانِ ۚ يَقُوْلُوْنَ
بِاَفْوَاهِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُوْنَ ﴿۱۶۷﴾ ۚ
اَلَّذِيْنَ قَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ وَ
قَعَدُوْا لَوْ اَطَاعُوْنَا مَا قُتِلُوْا ؕ قُلْ
فَادْرَءُوْا عَنْ اَنْفُسِكُمُ الْمَوْتَ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۶۸﴾

کیا کہ ان کے درمیان انہی میں سے ایک رسول بھیجا جو انہیں اس کی آیات پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں پاکیزہ کرتا اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے جب کہ اس سے پہلے یہ لوگ صریح گمراہی میں مبتلا تھے۔

۱۶۵۔ (مسلمانو!) جب تم پر ایک مصیبت پڑی تو تم کہنے لگے: یہ کہاں سے آئی؟ جبکہ اس سے دگنی مصیبت تم (فریق مخالف پر) ڈال چکے ہو، کہہ دیجیے: یہ خود تمہاری اپنی لائی ہوئی مصیبت ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۱۶۶۔ اور دونوں فریقوں کے درمیان مقابلے کے روز تمہیں جو مصیبت پہنچی وہ اللہ کے اذن سے تھی اور (اس لیے بھی کہ) اللہ دیکھنا چاہتا تھا کہ مومن کون ہیں۔☆

۱۶۷۔ اور یہ بھی دیکھنا چاہتا تھا کہ نفاق کرنے والے کون ہیں، جب ان سے کہا گیا: آؤ اللہ کی راہ میں جنگ کرو یا دفاع کرو تو وہ کہنے لگے: اگر ہمیں علم ہوتا کہ (طریقے کی) جنگ ہو رہی ہے تو ہم ضرور تمہارے پیچھے ہو لیتے، اس دن یہ لوگ ایمان کی بہ نسبت کفر سے زیادہ قریب ہو چکے تھے، وہ اپنے منہ سے وہ بات کہتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہوتی اور جو کچھ یہ لوگ چھپاتے ہیں اللہ اس سے خوب آگاہ ہے☆

۱۶۸۔ یہ وہ لوگ ہیں جو خود (پیچھے) بیٹھے رہے اور اپنے بھائیوں کے بارے میں کہنے لگے: کاش! اگر وہ ہماری بات مانتے تو قتل نہ ہوتے، ان سے کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو موت کو اپنے سے ٹال دو۔☆

۱۶۵۔ حق پر ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ وہ علل و اسباب سے بالاتر ہیں۔ یہ شکست خود تمہاری خیانت اور قیادت کے احکام سے انحراف کا نتیجہ ہے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ تم خیانت کرو اور اس کا نتیجہ فتح و نصرت کی صورت میں سامنے آئے۔ نیز تم قیادت کی نافرمانی کرو اور اس کا نتیجہ عزت و جلالت ہو۔ اس کے باوجود اس صدمے کی تخفیف کی خاطر جنگ بدر کے ساتھ موازنہ فرمایا کہ تم نے وہاں ان کے ستر مارے اور ستر اسیر بنائے اور آج تمہارے صرف ستر افراد شہید ہوئے۔

۱۶۶۔ فَبِاِذْنِ اللّٰهِ: یعنی تم اس جنگ میں اذن خدا سے شکست سے دوچار ہوئے۔ اذن خدا کا مطلب یہ ہے کہ علل و اسباب کے تحت جو نتیجہ مرتب ہونا ہے اس میں رکاوٹ نہ ڈالی جائے اور ہونے دیا جائے۔ اس ''رکاوٹ نہ ڈالنے'' اور ''ہونے دینے'' کو اذن کہتے ہیں۔ یعنی اس کی مشیت کے مطابق یہ ضرر تمہیں پہنچا، کیونکہ یہ تمہاری نافرمانی کا لازمی نتیجہ تھا جو اللہ کے وضع کردہ دستور علل و اسباب کے مطابق ہے۔ تاہم جو کچھ ہوا اس میں مومن اور منافق کا فرق نمایاں ہو گیا۔

۱۶۷۔ اَوِ ادْفَعُوْا۔ یعنی اگر تم جنگ میں شرکت نہ کرو تو لشکر اسلام کے ساتھ رہو تا کہ اس سے تقویت ملے اور مسلمانوں کا دفاع ہو سکے۔ منافقین نے یہ تجویز بھی مسترد کر دی۔ ممکن ہے یہ مراد ہو: جنگ نہ لڑو تو اپنے شہر اور آبادی کا دفاع کرو۔ لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا: شہر سے باہر لڑنا کوئی جنگ ہوتی تو ہم شرکت کرتے۔ یعنی منافقین مسلمانوں سے کہتے تھے کہ تمہارا یہ طریقہ جنگ خودکشی کے مترادف ہے۔ اگر درست جنگ لڑتے تو ہم بھی ضرور شرکت کرتے۔

۱۶۸۔ لِاِخْوَانِهِمْ: برادری سے مراد دینی و نظریاتی نہیں بلکہ اپنے قبیلے کی برادری مراد ہے۔ کفر کے قریب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ لوگ باطن میں تو تھے ہی کافر، لیکن اب اعلانیہ کافرانہ حرکات کرنے لگ گئے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ
رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ ۙ﴿۱۶۹﴾
فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ
فَضْلِهٖ ۙ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ
لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ ۙ اَلَّا
وقف لازم خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۘ﴿۱۷۰﴾
يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَ
فَضْلٍ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
ع ۱۴ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ﴿۱۷۱﴾
اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ
ع بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛؕ لِلَّذِيْنَ
اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ وَ اتَّقَوْا اَجْرٌ
عَظِيْمٌ ۚ﴿۱۷۲﴾
اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ
قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ
فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا
اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿۱۷۳﴾
فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ
لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّ اتَّبَعُوْا
رِضْوَانَ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ
عَظِيْمٍ ﴿۱۷۴﴾
اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ يُخَوِّفُ

۱۶۹۔ اور جو لوگ راہ خدا میں مارے گئے ہیں قطعاً انہیں مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں، اپنے رب کے پاس سے رزق پا رہے ہیں۔ ☆

۱۷۰۔ اللہ نے اپنے فضل سے جو کچھ انہیں دیا ہے اس پر وہ خوش ہیں اور جو لوگ ابھی ان کے پیچھے ان سے نہیں جا ملے ان کے بارے میں بھی خوش ہیں کہ انہیں (قیامت کے روز) نہ کوئی خوف ہو گا اور نہ وہ محزون ہوں گے۔

۱۷۱۔ وہ اللہ کی عطا کردہ نعمت اور اس کے فضل پر خوش ہیں اور اس بات پر بھی کہ اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۱۷۲۔ جنہوں نے زخم کھانے کے بعد بھی اللہ اور رسول کے حکم کی تعمیل کی، ان میں سے جو لوگ نیکی کرنے والے اور تقویٰ والے ہیں، ان کے لیے اجر عظیم ہے۔ ☆

۱۷۳۔ جب کچھ لوگوں نے ان (مومنین) سے کہا: لوگ تمہارے خلاف جمع ہوئے ہیں پس ان سے ڈرو تو (یہ سن کر) ان کے ایمان میں اور اضافہ ہوا اور وہ کہنے لگے: ہمارے لیے اللہ کافی ہے اور وہی بہترین کارساز ہے۔

۱۷۴۔ چنانچہ وہ اللہ کی عطا کردہ نعمت اور فضل کے ساتھ پلٹ کر آئے، انہیں کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوئی اور وہ اللہ کی خوشنودی کے تابع رہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔ ☆

۱۷۵۔ یہ (خبر دینے والا) شیطان ہے جو

۱۶۹۔ منافقین کے اس طنز کہ مسلمان بے ڈھنگی لڑائی کی وجہ سے مارے گئے، کا جواب ہے۔ جو لوگ راہ خدا میں مارے جاتے ہیں وہ زندہ ہیں، کیونکہ موت شعور سلب ہونے سے عبارت ہے۔ شہید چونکہ رزق پاتے ہیں، لہٰذا وہ شعور کی زندگی گزار رہے ہیں۔ اللہ سے رزق پانے کا لازمہ خوشی و مسرت ہے۔ انہیں نہ خوف لاحق رہتا ہے اور نہ حزن و ملال، کیونکہ کسی موجودہ آسائش کے سلب ہونے کا خطرہ ہو تو خوف لاحق ہوتا ہے اور سلب ہو جائے تو حزن لاحق ہو جاتا ہے۔ اللہ کے ہاں رزق پانے کے بعد اس کے سلب ہونے کا کوئی خوف قابل تصور نہیں ہے اور یہ رزق چونکہ ابدی ہے اور اس کے چھن جانے کی نوبت نہیں آتی اس لیے حزن بھی قابل تصور نہیں ہے۔

۱۷۲۔ اصحاب رسول میں دو بھائی احد کی جنگ میں شریک تھے اور دونوں مجروح تھے جب رسول اللہؐ نے سفیانی فوج کے تعاقب کا حکم دیا تو یہ دونوں مجروح بھائی زخمی حالت میں اس خیال سے نکلے کہ نہ معلوم ہمیں پھر رسول اللہؐ کی معیت میں جنگ کرنے کی سعادت حاصل ہو گی یا نہیں۔
اس آیت میں نہایت قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ اجر عظیم کا وعدہ سب لبیک کہنے والوں کے لیے نہیں بلکہ ان میں سے نیکی کرنے والوں اور تقویٰ اختیار کرنے والوں کے لیے ہے۔ کیونکہ بظاہر لبیک کہنے کے اور بھی عوامل ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ دوسری جنگوں میں رونما ہونے والی صورت حال شاہد ہے کہ لشکر اسلام میں مختلف قسم کے لوگ ہوتے تھے جو بظاہر سب ہی جنگ میں حاضر ہونے کے لیے اللہ اور رسول (ص) کی آواز پر لبیک کہتے تھے، لیکن اَحْسَنُوْا اور اتَّقَوْا کے مقام پر فائز نہ تھے.

۱۷۴۔ اس خیال سے کہ جنگ احد سے واپس جاتے ہوئے مشرکین دوبارہ مدینے پر حملہ نہ کر دیں، رسول اللہؐ نے جنگ احد کے دوسرے دن مسلمانوں کو کفار کے تعاقب کا حکم دیا۔ چنانچہ حمراء الاسد نامی جگہ تک جو مدینے سے آٹھ میل کے فاصلے پر ہے تعاقب کیا گیا لیکن دشمن کا سامنا نہ ہوا اور مسلمان عافیت کے ساتھ واپس آ گئے۔ دشمن کا خوف کرنے کی بجائے اللہ کی نافرمانی کی وجہ سے پیش آنے والے برے نتائج کا خوف کرو جیسا کہ احد کے تجربے سے ظاہر ہوا۔

۱۷۵۔ اس آیت میں افواہ پھیلانے والے انسان کو

اَوْلِيَآءَهٗ ۪ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَ
خَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۵﴾
وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي
الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ
شَيْـًٔا ؕ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ
حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ
عَظِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ
لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۚ وَ لَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۷۷﴾
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّمَا
نُمْلِيْ لَهُمْ خَيْرٌ لِّاَنْفُسِهِمْ ؕ اِنَّمَا
نُمْلِيْ لَهُمْ لِيَزْدَادُوْٓا اِثْمًا ۚ وَلَهُمْ
عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾
مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَذَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ
عَلٰى مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتّٰى يَمِيْزَ
الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ ؕ وَمَا كَانَ
اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ
يَّشَآءُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَاِنْ
تُؤْمِنُوْا وَ تَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ
عَظِيْمٌ ﴿۱۷۹﴾
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ

اپنے دوستوں کو ڈراتا ہے لہٰذا اگر تم مومن ہو تو ان لوگوں سے نہیں مجھ سے ڈرو۔☆

۱۷۶۔اور (اے رسول) جو لوگ کفر میں سبقت لے جاتے ہیں (ان کی وجہ سے) آپ آزردہ خاطر نہ ہوں، یہ لوگ اللہ کو کچھ بھی ضرر نہیں دے سکیں گے، اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کے نصیب میں ان کا کوئی حصہ نہ رکھے اور ان کے لیے تو بڑا عذاب ہے۔☆

۱۷۷۔ جنہوں نے ایمان کے مقابلے میں کفر خرید لیا ہے وہ بھی اللہ کو کوئی ضرر نہیں دے سکیں گے اور خود ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۷۸۔ اور کافر لوگ یہ گمان نہ کریں کہ ہم انہیں جو ڈھیل دے رہے ہیں وہ ان کے لیے بہتر ہے، ہم تو انہیں صرف اس لیے ڈھیل دے رہے ہیں تاکہ یہ لوگ اپنے گناہوں میں اور اضافہ کر لیں اور آخرکار انکے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہوگا۔☆

۱۷۹۔اللہ مومنوں کو اس حال میں رہنے نہیں دے گا جس حالت میں اب تم لوگ ہو اور یہاں تک کہ پاک (لوگوں) کو ناپاک (لوگوں) سے الگ کر دے اور اللہ تمہیں غیب کی باتوں پر مطلع نہیں کرے گا بلکہ (اس مقصد کے لیے) اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے چاہتا ہے منتخب کر لیتا ہے پس تم اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لے آؤ، اگر تم ایمان لے آؤ گے اور تقویٰ اختیار کرو گے تو تمہیں اجر عظیم ملے گا۔☆

۱۸۰۔اور جو لوگ اللہ کے عطا کردہ فضل میں

شیطان کہا گیا۔ چنانچہ قرآن متعدد مقامات پر انسان اور جن دونوں کے لیے لفظ شیطان استعمال کرتا ہے۔ پس شیطان سے مراد کوئی خاص شخص نہیں بلکہ قرآنی اصطلاح میں ہر وہ انسان یا جن شیطان ہے جو انسانوں کو گمراہ کرے اور اسلام و مسلمین کے خلاف سازش کا حصہ بنے۔

۱۷۶۔آنحضرت (ص) کی تسکین کے لیے فرمایا: لوگوں کی کفر میں سبقت سے اللہ کے دین کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔ انہیں کفر اختیار کرنے کے لیے ڈھیل دی گئی ہے جو خود ان کے لیے عذاب عظیم کا پیش خیمہ ہے۔ اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہ ہو۔

۱۷۸۔ ذہنوں میں اٹھنے والا ایک سوال، کیا بات ہے کہ جو لوگ حق پر نہیں وہ عیش و نوش میں مال و دولت سے مالا مال ہوتے ہیں، جو ہاتھ ظلم کے لیے اٹھتے ہیں وہی ہاتھ لمبے ہوتے ہیں، جو دوسروں کا مال غصب کرتے ہیں، انہی کی دولت پھلتی پھولتی ہے؟ کے جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ یہ ڈھیل ایک امتحان ہے کہ کافر اپنے بارِ گناہ میں اضافہ کرتا رہے۔

جناب سیّدہ زینب بنت علی علیہا السلام نے یزید کو اسی آیت سے جواب دیا تھا جب یزید نے اہلِ بیتؑ کو طنز کرتے ہوئے اس آیت کی تلاوت کی: تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَ تَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۔

۱۷۹۔ اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہے کہ آزمائش و امتحان کے ذریعے مومن و منافق میں امتیاز ہو جائے۔ دوسری صورت یہ ہوسکتی تھی کہ اللہ یہ کام علم غیب سے آگاہی کے ذریعے انجام دے اور بتا دے کہ مومن کون ہے اور منافق کون ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ ایسا نہیں کرتا کیونکہ حکمت الٰہی یہ ہے کہ ایمان و نفاق کا تعیّن عمل و کردار کے ذریعے ہو۔

۱۸۰۔مومنین میں تطہیر کے ذکر کے بعد بخل کا ذکر اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ بخل کرنے والے شخص کا حال بھی ان لوگوں سے مختلف نہیں ہے جنہیں ڈھیل دی جاتی ہے اور یہ ان کے حق میں بہتر نہیں ہے نیز مال کو فضل خدا سے تعبیر کرنے سے بخل کی برائی اور واضح ہو جاتی ہے کہ جب مال اللہ کی طرف سے فضل و کرم ہے تو اسے اسی کی راہ میں خرچ نہ کرنا نہایت بیوقوفی اور حماقت ہے۔

بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ
خَيْرًا لَّهُمْ ؕ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ ؕ
سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ وَلِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
ع ۱۸ خَبِيْرٌ ﴿۱۸۰﴾
لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا
ق إِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّ نَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ
سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَقَتْلَهُمُ
الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا
عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۱۸۱﴾
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ
لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۸۲﴾ ع
اَلَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ
اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا
بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ
جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ
بِالْبَيِّنٰتِ وَ بِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ
قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۳﴾
فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ
رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ
وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿۱۸۴﴾

بخل سے کام لیتے ہیں وہ یہ نہ سمجھیں کہ یہ ان کے لیے بہتر ہے بلکہ یہ ان کے حق میں برا ہے، جس چیز میں وہ بخل کرتے تھے وہ قیامت کے دن گلے کا طوق بن جائے گی اور آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۱۸۱۔ تحقیق اللہ نے ان لوگوں کی سن لی ہے جو کہتے ہیں: بے شک اللہ محتاج اور ہم بے نیاز ہیں، ان کی یہ بات اور ان کا انبیاء کو ناحق قتل کرنا بھی ہم ثبت کریں گے اور (روز قیامت) ہم ان سے کہیں گے: لو اب جلانے والے عذاب کا ذائقہ چکھو۔☆

۱۸۲۔ یہ خود تمہارے اپنے کیے کا نتیجہ ہے اور بے شک اللہ تو اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔☆

۱۸۳۔ جو لوگ کہتے ہیں: ہمیں اللہ نے حکم دیا ہے کہ جب تک کوئی رسول ہمارے سامنے ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ آ کر کھا جائے، ہم اس پر ایمان نہ لائیں، کہہ دیجیے: مجھ سے پہلے بھی رسول روشن دلیل کے ساتھ تمہارے پاس آئے اور جس کا تم ذکر کرتے ہو وہ بھی لائے تو اگر تم سچے ہو تو تم لوگوں نے انہیں کیوں قتل کیا؟☆

۱۸۴۔ (اے رسول) اگر یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو (یہ کوئی نئی بات نہیں کیونکہ) آپ سے پہلے بہت سے رسول جھٹلائے جا چکے ہیں جو معجزات، صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھے۔☆

۱۸۱۔۱۸۲۔ جب یہ آیت نازل ہوئی: مَنْ ذَا الَّذِیْ یُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا (بقرۃ :۲۴۵) ”کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے۔“ تو یہودیوں نے اس کا مذاق اڑایا اور کہا: اللہ مفلس و محتاج ہو گیا جو اپنے بندوں سے قرض مانگ رہا ہے۔ یہودیوں کے اس کافرانہ قول اور انبیاءؑ کے ناحق قتل کو ثبت کرنے سے مراد شاید یہ ہو کہ ان کا قول و فعل بذات خود ثبت اور محفوظ ہو نیز ممکن ہے کہ اللہ کی طرف سے مقرر شدہ فرشتوں کے ذریعے ثبت اور محفوظ کر لیا جاتا ہو۔

دوسری آیت میں ارشاد فرمایا کہ یہودیوں کو عذاب جہنم سے دوچار خود ان کے اعمال نے کیا ہے جو خود مختارانہ طور پر انہوں نے انجام دیے۔ ورنہ اللہ تو بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔ یعنی اگر یہ خود اپنے اختیار و ارادے سے ان جرائم کا ارتکاب نہ کرتے تو ان کو سزا دینا ظلم ہوتا۔ اس سے امامیہ کا نظریہ لاجبر و لا تفویض ثابت ہو جاتا ہے۔

۱۸۳۔ یہودیوں نے آنحضرت (ص) سے مطالبہ کیا کہ ہمارے سامنے ایک جانور کی قربانی پیش کریں جسے غیبی آگ آ کر کھا لے تب ہم آپ (ص) کی نبوت کو تسلیم کریں گے۔ یہودیوں کا یہ مطالبہ رسالتمآب (ص) کی نبوت کے انکار کے لیے ایک بہانہ تھا۔ قرآن اس بہانہ سازی کو فاش کرتا ہے اور تاریخی شواہد سے ثابت کرتا ہے کہ ان کا یہ مطالبہ طلب حق کے لیے نہیں، جس کے لیے معجزہ دکھانا ضروری ہو بلکہ صرف حیلہ سازی ہے۔ چنانچہ بائبل سلاطین باب ۱۸ ۔ ۱۹ میں ہے کہ حضرت الیاس (ع) نے عیناً یہی معجزہ دکھایا لیکن یہودی بادشاہ انہیں قتل کرنے پر مصر رہا۔

۱۸۴۔ اس آیت میں رسالتمآب (ص) کے لیے سامان تسکین ہے اور اس الٰہی دعوت کی راہ میں داعیان حق کو پیش آنے والے ایک بنیادی مسئلے یعنی تکذیب کا ذکر ہے کہ ہر نبی کو اس کا مقابلہ کرنا پڑا، لیکن اس کے باوجود کسی نبی کی کامیابی کی راہ میں تکذیب رکاوٹ نہیں بنی۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ اِنَّمَا
تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَ اُدْخِلَ
الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ
الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۱۸۵﴾
لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ اَمْوَالِكُمْ وَ
اَنْفُسِكُمْ ۫ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ
مِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ؕ وَ
اِنْ تَصْبِرُوْا وَ تَتَّقُوْا فَاِنَّ ذٰلِكَ
مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۸۶﴾
وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَ
لَا تَكْتُمُوْنَهٗ ۫ فَنَبَذُوْهُ وَرَآءَ
ظُهُوْرِهِمْ وَ اشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا
قَلِيْلًا ؕ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ﴿۱۸۷﴾
لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا
وَّ يُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا
فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ مِّنَ
الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۸۸﴾
وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۸۹﴾ ع ۱۹
اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ

۱۸۵۔ یہ ارضی زندگی عارضی ہے۔ اس نے گزر جانا ہے۔ اس وقتی زندگی کو کامیابی اور ناکامی کا معیار نہیں بنانا چاہیے۔ یہاں کسی کو فراوان نعمتیں دی گئی ہیں، کوئی جاہ وجلالت کی کرسی پر متمکن ہے تو کوئی مصائب و مشکلات میں مبتلا ہے۔ یہ امور حق و باطل اور کامیابی و ناکامی کے حتمی نتائج نہیں ہیں۔ اس آزمائشی اور وقتی زندگی میں اجر و ثواب کی توقع نہ رکھو۔ یہ دار عمل ہے، دار ثواب نہیں ہے۔ اس لیے روز قیامت سارے کا سارا اجر وثواب پاؤ گے۔

۱۸۶۔ اس آیہ شریفہ میں اموال وانفس کے امتحان کے ساتھ ایک نفسیاتی حربے کا بھی ذکر ہوا ہے۔ اہل کتاب اور مشرکین کے اس حربے کا مسلمانوں کو صبر و استقلال کے ساتھ مقابلہ کرنا ہو گا۔ چنانچہ اسلام کے خلاف طعن وتشنیع اور الزام تراشی پر مبنی ان کے نشریاتی ادارے آج بھی مصروف کار ہیں۔

۱۸۷۔ اہل کتاب کی عہد شکنی کو قرآن امت مسلمہ کے اذہان میں اس تاکید اور وضاحت وصراحت کے ساتھ راسخ کرنا چاہتا ہے گویا اس امت کو سب سے زیادہ پیش آنے والا مسئلہ یہی ہو گا اور سب سے زیادہ بنیادی نوعیت کا مسئلہ بھی یہی رہے گا۔ تعجب اس بات پر ہے کہ قرآن کی اس تاکید واصرار کے باوجود مسلمانوں نے اس حکم کو پس پشت ڈال دیا ہے اور ان عہد شکنوں کے ساتھ معاہدے کر رہے ہیں۔ وہ ہزارہا تجربات کے باوجود بھی انہی ناپائیدار معاہدوں پر بھروسہ کرتے ہیں۔

۱۸۸۔ اس آیت کا شان نزول بعض مفسرین کے نزدیک یہود ہیں اور بعض کے نزدیک منافقین۔ ہر دو صورت میں الفاظ کے عموم کے تحت ہر وہ شخص اس آیت کا مصداق ہے جو اپنے حق میں اس قسم کی تعریفیں سننا چاہتا ہے جن کا وہ مستحق نہیں ہے اور جن پر اس نے عمل ہی نہیں کیا۔ مثلاً یہ کہ فلاں صاحب نے ملک کی گراں قدر خدمات انجام دی ہیں اور ان کے عہد میں ملک نے بے انتہا ترقی کی ہے، جب کہ اس نے ملک کو نقصان پہنچایا اور لوٹا ہو یا یہ کہ جناب بہت بڑے علامہ، مجتہد، دیانتدار، مخلص اور متقی ہیں، جب کہ وہ اندر سے اس کے برعکس ہوں۔

۱۸۵۔ ہر جاندار کو موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور تمہیں تو قیامت کے دن پورا اجر و ثواب ملے گا (درحقیقت) کامیاب وہ ہے جسے آتش جہنم سے بچا کر جنت میں داخل کر دیا جائے، (ورنہ) دنیاوی زندگی تو صرف فریب کا سامان ہے۔☆

۱۸۶۔ (مسلمانو!) تمہیں ضرور اپنے مال و جان کی آزمائشوں کا سامنا کرنا ہو گا اور تم ضرور اہل کتاب اور مشرکین سے دل آزاری کی باتیں کثرت سے سنو گے اور اگر تم صبر کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو یہ معاملات میں عزم راسخ (کی علامت) ہے۔☆

۱۸۷۔ اور (یاد کرنے کی بات ہے کہ) جب اللہ نے اہل کتاب سے یہ عہد لیا تھا کہ تمہیں یہ کتاب لوگوں میں بیان کرنا ہو گی اور اسے پوشیدہ نہیں رکھنا ہو گا، لیکن انہوں نے یہ عہد پس پشت ڈال دیا اور تھوڑی قیمت پر اسے بیچ ڈالا، پس ان کا یہ بیچنا کتنا برا معاملہ ہے۔☆

۱۸۸۔ جو لوگ اپنے کیے پر خوش ہیں اور ان کاموں پر اپنی تعریفیں سننا چاہتے ہیں جو انہوں نے نہیں کیے، لہٰذا آپ انہیں عذاب سے محفوظ نہ سمجھیں، بلکہ ان کے لیے دردناک عذاب ہو گا۔☆

۱۸۹۔ اور (وہ بچ کر کہاں جائیں گے) زمین و آسمان اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہیں اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۱۹۰۔ بے شک آسمانوں اور زمین کے پیدا

وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ لَاٰيٰتٍ
لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۱۹۰﴾
الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا
وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ
خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا
خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ
فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۹۱﴾
رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ
اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ ﴿۱۹۲﴾
رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِيْ
لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۟
رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا
سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ﴿۱۹۳﴾ ۚ
رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَ
لَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّكَ لَا
تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ﴿۱۹۴﴾
فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اَنِّيْ لَآ اُضِيْعُ
عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ
اُنْثٰى ۚ بَعْضُكُمْ مِّنْۢ بَعْضٍ ۚ
فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ
دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا
وَقُتِلُوْا لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ

کرنے اور رات اور دن کے بدلنے میں صاحبانِ عقل کے لیے نشانیاں ہیں۔

۱۹۱۔ جو اٹھتے بیٹھتے اور اپنی کروٹوں پر لیٹتے ہر حال میں اللہ کو یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی خلقت میں غور و فکر کرتے ہیں، (اور کہتے ہیں:) ہمارے پروردگار! یہ سب کچھ تو نے بے حکمت نہیں بنایا، تیری ذات (ہر عبث سے) پاک ہے، پس ہمیں عذابِ جہنم سے بچا لے۔☆

۱۹۲۔ اے ہمارے پروردگار! تو نے جسے جہنم میں ڈالا اسے یقیناً رسوا کیا پھر ظالموں کا کوئی مددگار بھی نہ ہوگا۔

۱۹۳۔ اے ہمارے رب! ہم نے ایک ندا دینے والے کو سنا جو ایمان کی دعوت دے رہا تھا: اپنے پروردگار پر ایمان لے آؤ تو ہم ایمان لے آئے، تو اے ہمارے رب! ہمارے گناہوں سے درگزر فرما اور ہماری خطاؤں کو دور فرما اور نیک لوگوں کے ساتھ ہمارا خاتمہ فرما۔☆

۱۹۴۔ پروردگارا! تو نے اپنے رسولوں کی معرفت ہم سے جو وعدہ کیا ہے وہ ہمیں عطا کر اور قیامت کے دن ہمیں رسوا نہ کرنا، بے شک تو وعدہ خلافی نہیں کرتا۔☆

۱۹۵۔ پس ان کے پروردگار نے ان کی دعا قبول کر لی (اور فرمایا:) میں تم میں سے کسی عمل کرنے والے کا عمل ضائع نہیں کروں گا خواہ وہ مرد ہو یا عورت، تم ایک دوسرے کا حصہ ہو، پس جنہوں نے ہجرت کی اور جو اپنے گھروں سے نکالے گئے اور میری راہ میں ستائے گئے نیز جو لڑے اور مارے گئے ان سب کے گناہ ضرور بالضرور دور کروں گا اور انہیں ایسے

۱۹۱۔ اللہ کی آفاقی آیات کا مطالعہ کرنے والے صاحبانِ عقل پر جب معرفتِ الٰہی کا دروازہ کھل جاتا ہے تو یہ نتائج قدرتی طور پر مترتب ہوتے ہیں: ☆ اس کے قلب و ضمیر میں ذکرِ خدا رچ بس جاتا ہے، وہ اٹھتے بیٹھتے لیٹتے ہر حال میں اللہ کو یاد کرتا ہے۔☆ اس کا آفاقی مطالعہ جاری رہتا ہے اور اس نتیجے تک پہنچ جاتا ہے رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا یعنی پروردگارا یہ سب کچھ تو نے بے حکمت نہیں بنایا۔ ☆ فہم و معرفت کی یہ منزل پانے کے بعد انسان پر اپنی خلقت اور اپنے وجود کا راز منکشف ہو جاتا ہے اور فوراً دست دعا بلند ہو جاتا ہے: فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ پس ہمیں عذابِ جہنم سے بچا لے۔

۱۹۳۔ منزل کی تشخیص پر کوتاہیوں کا ادراک ہوتا ہے۔ سفر کے طولانی ہونے کے علم سے توشۂ راہ کی قلت کا پتہ چلتا ہے، اس لیے درگاہِ الٰہی سے فوراً عفو و درگزر کی دعا کرتا ہے۔

۱۹۴۔ مؤمن کے لیے حکم ہے کہ وہ بیم و امید یعنی خوف و رجاء کے درمیان رہے، نہ جاہلوں کی طرح جنت کو اپنی ملکیت سمجھے نہ کافروں کی طرح رحمت خدا سے مایوس ہو۔ مؤمن کے اپنے گناہوں سے اللہ کی پناہ میں آنے کے بعد اس کے لیے امید و رجاء کی منزل آ جاتی ہے۔ اللہ نے اپنے رسولوں کے ذریعے جو وعدۂ نجات دے رکھا ہے، اس کی امید کے ساتھ اللہ کی بارگاہ میں جاتے ہیں۔

۱۹۵۔ قبولیتِ دعا کے ساتھ فرمایا: تمہارا عمل ضائع نہیں جائے گا اور قبولِ اعمال کے حوالے سے عمل کنندہ میں کوئی تفریق نہیں ہوتی۔ مرد ہو یا عورت، اللہ کے نزدیک دونوں کو بلحاظ عمل یکساں حیثیت حاصل ہے۔ مخلوق اور بندہ ہونے میں یہ دونوں یکساں ہیں، پھر تخلیق و تربیت میں مرد و زن میں سے کوئی بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں ہے۔ اکثر قدیم قوموں کا نظریہ یہ تھا کہ عورت کا عمل اللہ کے نزدیک قابلِ قبول نہیں ہے۔ یونانی عورت کو شیطانی نجاست سے تعبیر کیا کرتے تھے۔ بعض رومیوں اور یونانیوں کا خیال تھا کہ عورت نفس کی مالکہ نہیں ہے جبکہ مرد غیر مادی نفس انسانی کا مالک ہے۔ فرانس کے ادارۂ تحقیقات نے سن ۵۸۶ء میں طویل بحث و تمحیص کے بعد فیصلہ کیا کہ عورت بھی انسان ہے تاہم اسے مرد کی خدمت کے لیے خلق کیا گیا ہے۔ ایک سو سال قبل انگلینڈ

وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ
اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ﴿۱۹۵﴾
لَا یَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا فِی
الْبِلَادِ ﴿۱۹۶﴾
مَتَاعٌ قَلِیْلٌ ۟ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ
جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۹۷﴾
لٰكِنِ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ
جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِیْنَ فِیْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ
وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَیْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ﴿۱۹۸﴾
وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ
یُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْكُمْ وَ
مَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِمْ خٰشِعِیْنَ لِلّٰهِ ۙ
لَا یَشْتَرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا
قَلِیْلًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ
رَبِّهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹۹﴾
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا
وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۟ وَاتَّقُوا اللّٰهَ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۲۰۰﴾

سُوْرَةُ النِّسَآءِ مَدَنِيَّةٌ ۱۷۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ

باغات میں ضرور بالضرور داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، یہ ہے اللہ کی طرف سے جزا اور اللہ ہی کے پاس بہترین جزا ہے۔☆

۱۹۶۔ (اے رسول!) مختلف علاقوں میں کافروں کی آمد و رفت آپ کو کسی دھوکے میں نہ ڈالے۔☆

۱۹۷۔ یہ چند روزہ عیش و نوش ہے پھر ان کا ٹھکانا جہنم ہوگا جو بدترین جائے قرار ہے۔☆

۱۹۸۔ لیکن (اس کے برعکس) جو لوگ اپنے رب کا خوف رکھتے ہیں ان کے لیے ایسے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں، جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، یہ اللہ کی طرف سے (ان کے لیے) ضیافت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے نیک لوگوں کے لیے وہ سب سے بہتر ہے۔☆

۱۹۹۔ اور اہل کتاب میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو خدا پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ تم پر نازل کیا گیا ہے اور جو کچھ ان پر نازل کیا گیا ہے سب پر اللہ کے لیے خشوع کے ساتھ ایمان رکھتے ہیں اور اللہ کی نشانیوں کو تھوڑی قیمت پر فروخت نہیں کرتے، انہی لوگوں کے لیے ان کے رب کے پاس اجر و ثواب ہے، بے شک اللہ بہت جلد حساب چکانے والا ہے۔☆

۲۰۰۔ اے ایمان والو! صبر سے کام لو استقامت کا مظاہرہ کرو، مورچہ بند رہو اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم کامیابی حاصل کر سکو۔☆

سورۂ نساء۔ مدنی۔ آیات ۱۷۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو جس نے

میں عورت کو انسانی معاشرے کا حصہ نہیں سمجھتے تھے۔ (المیزان:۴: ۹۰)

۱۹۶ تا ۱۹۸۔ سابقہ آیت سے ذہن میں یہ خیال پیدا ہوسکتا ہے کہ مومن کے حصے میں ہجرت، جلاوطنی، قتال کرنا اور قتل ہو جانا ہے، جب کہ کفار کے لیے تمام سامان عیش و نوش اور نعمتوں کی فراوانی ہے۔ کیا اللہ کا یہ نظام حق و باطل کی پہچان نہیں رکھتا کہ باطل پر کرم کرتا ہے اور حق والوں کے ساتھ ناانصافی کرتا ہے؟ اس آیت میں خطاب اگرچہ رسول (ص) سے ہے لیکن تمام مسلمان مقصود کلام ہیں، جنہیں یہ باور کرانا ہے کہ انسان اگر دنیا و آخرت کی مجموعی زندگی کو سامنے رکھے تو یہ چند روزہ زندگی اسے حقیر نظر آئے گی اور اسے فقط وہی لوگ خوشحال نظر آئیں گے جن کی ابدی زندگی آباد و شاد ہوگی۔

۱۹۹۔ اہل ایمان کے اجر و ثواب کا ذکر کرنے کے بعد فرمایا کہ آخرت کی ابدی سعادت کسی خاص جنس یا نژاد یا جغرافیائی حدود تک محدود نہیں بلکہ ہر مومن کے لیے یہ ایک عمومی سعادت ہے۔ چنانچہ اہل کتاب کے لیے یہ دروازہ بند نہیں ہے۔ ان میں سے جو صاحبان ایمان ہیں انہیں بھی وہی اجر و ثواب اور وہی سعادت میسر ہوگی۔

۲۰۰۔ اصبِرُوْا: صبر و تحمل ہر تحریک کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے، لیکن امت مسلمہ نے ایک جامع نظام حیات کی تحریک چلانی ہے۔ یہ راستہ خون کی ندیوں، مخالف آندھیوں، مصائب کے پہاڑوں اور دوستوں کی لاشوں پر سے گزرتا ہے۔ ساتھ دینے والوں کی قلت، دشمنوں کی کثرت، قریبیوں کی بے وفائی اور دشمنوں کی چالاکی، ساتھیوں کی سہل انگاری اور مدمقابل کی نیرنگی جیسے کٹھن مراحل طے کرنا پڑتے ہیں، لہٰذا اس کے اراکین کے صبر و تحمل کا دائرہ بھی جامع اور وسیع ہونا چاہیے۔ اللہ کی نافرمانی سے بچنے کے لیے بھی صبر درکار ہے۔ بھوک اور ناداری میں بھی مال حرام سے اجتناب، غیظ و غضب، جذبۂ انتقام اور قوت کے باوجود تجاوز اور ظلم سے پرہیز اور دیگر ہر قسم کی خواہشات کا مقابلہ بھی صبر و تحمل کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ اطاعت و فرمانبرداری کی بنیاد بھی صبر ہے۔ جب تک صبر و حوصلہ نہ ہو اطاعت رب کا بوجھ اٹھانا ممکن نہ ہوگا۔

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّ خَلَقَ
مِنْهَا زَوْجَهَا وَ بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا
كَثِيْرًا وَّ نِسَآءً ۚ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ
تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَ الْاَرْحَامَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ①
وَ اٰتُوا الْيَتٰمٰۤى اَمْوَالَهُمْ وَ لَا
تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪ وَ لَا
تَاْكُلُوْۤا اَمْوَالَهُمْ اِلٰۤى اَمْوَالِكُمْ ؕ
اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ②
وَ اِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي
الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا مَا طَابَ
لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَ
ثُلٰثَ وَ رُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا
تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً اَوْ مَا
مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ ذٰلِكَ
اَدْنٰۤى اَلَّا تَعُوْلُوْا ؕ ③
وَ اٰتُوا النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ؕ
فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ
نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا ④
وَ لَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ
الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا
وَّ ارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَ اكْسُوْهُمْ
وَ قُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ⑤

تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا پیدا کیا اور ان دونوں سے بکثرت مرد و عورت (روئے زمین پر) پھیلا دیے اور اس اللہ کا خوف کرو جس کا نام لے کر ایک دوسرے سے سوال کرتے ہو اور قرابتداروں کے بارے میں بھی (پرہیز کرو)، بے شک تم پر اللہ نگران ہے۔☆

۲۔ اور یتیموں کا مال ان کے حوالے کرو، پاکیزہ مال کو برے مال سے نہ بدلو اور ان کا مال اپنے مال کے ساتھ ملا کر نہ کھایا کرو، ایسا کرنا یقیناً بہت بڑا گناہ ہے۔

۳۔ اور اگر تم لوگ اس بات سے خائف ہو کہ یتیم (لڑکیوں) کے بارے میں انصاف نہ کر سکو گے تو جو دوسری عورتیں تمہیں پسند آئیں ان میں سے دو دو، تین تین یا چار چار سے نکاح کر لو، اگر تمہیں خوف ہو کہ ان میں عدل نہ کر سکو گے تو ایک ہی عورت یا لونڈی جس کے تم مالک ہو (کافی ہے)، یہ ناانصافی سے بچنے کی قریب ترین صورت ہے۔☆

۴۔ اور عورتوں کو ان کے مہر خوشی سے دیا کرو، ہاں! اگر وہ کچھ حصہ اپنی خوشی سے معاف کر دیں تو اسے خوشگواری سے بلا کراہت کھا سکتے ہو۔☆

۵۔ اور اپنے وہ مال جن پر اللہ نے تمہارا نظام زندگی قائم کر رکھا ہے بیوقوفوں کے حوالے نہ کرو (البتہ) ان میں سے انہیں کھلاؤ اور پہناؤ اور ان سے اچھے پیرائے میں گفتگو کرو۔☆

سورۂ نساء

۱۔ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ تمام انسانوں کا تعلق ایک ہی اصل اور ایک ہی حقیقت سے ہے۔ یہ تصور ان تمام المیوں کا حل پیش کرتا ہے جو طبقاتی، نژادی، علاقائی، لسانی، اور رنگ و نسل کی تفریق سے انسانیت کو درپیش ہیں۔

۳۔ خواہ مرد ہو یا عورت، ازدواجی زندگی ایک انسانی حق ہے۔ لیکن عورت اس حق کی زیادہ محتاج ہے۔ کیونکہ ازدواجی زندگی میں مرد کے مادی اور جنسی تقاضے زیادہ اور انسانی تقاضے کم ہوتے ہیں۔ جب کہ عورت کے انسانی تقاضے زیادہ اور مادی تقاضے کم ہوتے ہیں۔ مرد ازدواجی زندگی سے محروم ہونے کی صورت میں بھی اپنے نصف تقاضے ناجائز ذرائع سے پورے کر سکتا ہے، جب کہ عورت ازدواجی زندگی سے محروم ہونے کی صورت میں اپنے فطری اور انسانی تقاضے ناجائز ذرائع سے پورے نہیں کر سکتی۔ لہٰذا شوہر داری کرنا، مرد کے زیر سایہ رہنا، جائز اور قانونی بچوں کی ماں بننا اور ایک عائلی نظام سے منسلک رہنا، عورت کے انسانی حقوق میں سے ہیں۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ اعداد و شمار کے مطابق اگرچہ پیدائش کے اعتبار سے مرد و زن برابر ہوتے ہیں، لیکن جب یہی مرد و زن سن بلوغت کو پہنچتے ہیں، یعنی ازدواجی زندگی کے قابل ہوتے ہیں تو ازدواج کے قابل مردوں سے ازدواج کے قابل عورتیں کہیں زیادہ ہوتی ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ ازدواج کے قابل عورتوں کو، جو تعداد میں ازدواج کے قابل مردوں سے زیادہ ہیں، ان کے انسانی حقوق تعدد زوجات کے علاوہ کس طرح مل سکتے ہیں؟ برٹرینڈ رسل یہاں ایک عجیب تجویز دیتا ہے: تعدد زوجات ممنوع ہونے کی صورت میں بہت سی عورتیں بے شوہر اور بے اولاد رہ جاتی ہیں، ان کے لیے تجویز یہ ہے کہ وہ مردوں کو شکار کریں اور اپنے لیے اولاد پیدا کریں۔ اس صورت میں یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان بے سرپرست ماؤں اور بے پدر بچوں کی سرپرستی کون کرے گا؟ برٹرنڈ رسل تجویز دیتا ہے: حکومت شوہر اور باپ کی جگہ پر کرے۔ (نظام حقوق زن ص ۳۸۱) دیکھا آپ نے مغربی ذہن، صف اول کا مفکر ایک نہایت ہی اہم انسانی حق کے لیے کیا حل پیش کرتا ہے۔ کیا مغربی انسان، مہر پدر اور امن و سکون شوہر سے آشنا ہی نہیں ہے؟

۴۔ نِحْلَةً : اس عطیہ کو کہتے ہیں جو قیمت اور

وَ ابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا
النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ مِّنْهُمْ رُشْدًا
فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَ لَا
تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّ بِدَارًا اَنْ يَّكْبَرُوْا ؕ
وَ مَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَ مَنْ
كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ
فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ
فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ
حَسِيْبًا ۝۶
لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ
الْوَالِدٰنِ وَ الْاَقْرَبُوْنَ ۪ وَ لِلنِّسَآءِ
نَصِيْبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدٰنِ وَ
الْاَقْرَبُوْنَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ اَوْ كَثُرَ ؕ
نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۝۷
وَ اِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا
الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنُ
فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَ قُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا
مَّعْرُوْفًا ۝۸
وَ لْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ
خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا
عَلَيْهِمْ ۪ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَ لْيَقُوْلُوْا
قَوْلًا سَدِيْدًا ۝۹
اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى

معاوضہ نہ ہو۔ حکم یہ ہے کہ مہر کو عطیہ کے طور پر دے دو تاکہ مرد کی طرف سے خواستگاری اور خواہش کی سچائی کی ایک علامت اور دلیل بنے۔ چونکہ عورت عشق و محبت کی منزل پر ہوتی ہے اور مرد خواہش و تمنا کی منزل پر۔

۵۔۶۔ مال کے بارے میں اسلام کا تصور اس طرح ہے کہ مالک حقیقی اللہ ہے اور پوری امت کو اللہ کی طرف سے اس مال پر نظارت کا حق حاصل ہے۔ وَ اَنْفِقُوْا مِمَّا جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ یعنی اس کو انفرادی تصرف میں دینے کے لیے فرد کی صلاحیت دیکھیں گے۔ اگر فرد میں عقل و رشد کے اعتبار سے معقول تصرف کرنے کی صلاحیت نہیں تو اس مال کی پوری امت امین ہے۔ ایسے فرد کے تصرف میں مال نہیں دیا جائے گا۔

۷۔ اس آیت میں درج ذیل قوانین موجود ہیں:
۱۔ والدین اور قرابتداروں میں سے کوئی بھی ارث سے محروم نہ رہے گا، جیسا کہ دور جاہلیت میں یہ فلسفہ پیش کیا جاتا تھا کہ بچے چونکہ دشمن کا مقابلہ نہیں کر سکتے اور دفاع میں حصہ نہیں لے سکتے اس لیے چھوٹے بچوں کو ارث نہیں دیا جاتا۔ مگر اسلام بچوں کی دفاعی اعتبار سے قیمت نہیں لگاتا بلکہ ان کے انسانی مقام کے اعتبار سے انہیں وقعت دیتا ہے۔ ۲۔ میراث صرف مردوں کا حق نہیں بلکہ میراث میں عورتوں کا بھی حصہ ہے۔ لہٰذا اگر کوئی عورت مرد کے ساتھ ایک ہی طبقے میں ہو تو وہ ارث سے محروم نہیں رہتی ہے۔ مثلاً بیٹے کے ساتھ بیٹی کو بھائی کے ساتھ بہن کو چچا کے ساتھ پھوپھی کو حسب مراتب ارث ملے گا۔ ۳۔ میراث کتنی ہی کم ہو، تقسیم ہونی چاہیے۔ مال متروکہ تھوڑا ہونے کی وجہ سے جواز نہیں بنتا کہ اسے تقسیم نہ کیا جائے۔ میراث کے یہ قوانین عرب جاہلیت کے اعتبار سے بالکل غیر مانوس تھے اور قرابتداروں میں سے کئی ایک کو میراث سے محروم رکھنا ان کے ہاں ایک عام سی بات تھی۔ اسلام نے یکسر ان غیر انسانی قوانین کو بدل دیا۔ ۴۔ اس آیہ شریفہ کی عمومیت میں رسالتمآب (ص) کا ترکہ بھی شامل ہے۔

۸۔ یہاں خطاب میت کے ولی اور ورثاء سے ہے کہ میراث کی تقسیم کے وقت جو رشتہ دار اور غریب و مسکین اور یتیم بچے موجود ہوں تو اگرچہ از روئے قانون میراث میں ان کا کوئی حصہ نہیں ہے، لیکن از روئے شفقت تم خود اپنی طرف سے انہیں کچھ

۶۔ اور یتیموں کو آزماتے رہو یہاں تک کہ یہ نکاح کی عمر کو پہنچ جائیں پھر اگر تم ان میں رشد عقلی پاؤ تو ان کے اموال ان کے حوالے کر دو اور اس خوف سے کہ وہ بڑے ہو جائیں گے (اور مال کا مطالبہ کریں گے) فضول اور جلدی میں ان کا مال کھا نہ جانا، اگر (یتیم کا سرپرست) مالدار ہے تو وہ (کچھ کھانے سے) اجتناب کرے اور اگر غریب ہے تو معمول کے مطابق کھا سکتا ہے، پھر جب تم ان کے اموال ان کے حوالے کرو تو ان پر گواہ ٹھہرایا کرو اور حقیقت میں حساب لینے کے لیے تو اللہ ہی کافی ہے۔ ☆

۷۔ اور جو مال ماں باپ اور قریبی رشتے دار چھوڑ جائیں اس میں مردوں کا ایک حصہ ہے اور (ایسا ہی) جو مال ماں باپ اور قریبی رشتے دار چھوڑ جائیں اس میں تھوڑا ہو یا بہت عورتوں کا بھی ایک حصہ ہے، یہ حصہ ایک طے شدہ امر ہے۔ ☆

۸۔ اور جب (میراث کی) تقسیم کے وقت قریب ترین رشتے دار یتیم اور مسکین موجود ہوں تو اس (میراث) میں سے انہیں بھی کچھ دیا کرو اور ان سے اچھے انداز میں بات کرو۔ ☆

۹۔ اور لوگوں کو اس بات پر خوف لاحق رہنا چاہیے کہ اگر وہ خود اپنے پیچھے بے بس اولاد چھوڑ جاتے جن کے بارے میں فکر لاحق ہوتی (کہ ان کا کیا بنے گا) تو انہیں چاہیے کہ اللہ سے ڈریں اور سنجیدہ باتیں کریں۔

۱۰۔ جو لوگ ناحق یتیموں کا مال کھاتے ہیں

ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ
نَارًا ؕ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۰﴾ ع ۱۲
يُوْصِيْكُمُ اللّٰهُ فِيْۤ اَوْلَادِكُمْ ۗ
لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ۚ
فَاِنْ كُنَّ نِسَآءً فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ
ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۚ وَاِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً
فَلَهَا النِّصْفُ ؕ وَلِاَبَوَيْهِ لِكُلِّ
وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ اِنْ
كَانَ لَهٗ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ
وَّوَرِثَهٗۤ اَبَوٰهُ فَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ
فَاِنْ كَانَ لَهٗۤ اِخْوَةٌ فَلِاُمِّهِ
السُّدُسُ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ
بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ اٰبَآؤُكُمْ وَ
اَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ
اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ؕ فَرِيْضَةً
مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا
حَكِيْمًا ﴿۱۱﴾
وَ لَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ
اَزْوَاجُكُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ
وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ
الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ
يُّوْصِيْنَ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَلَهُنَّ
الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ

وہ اپنے پیٹ میں بس آگ بھرتے ہیں اور وہ جلد ہی جہنم کی بھڑکتی آگ میں تپائے جائیں گے۔

۱۱۔ اللہ تمہاری اولاد کے بارے میں تمہیں ہدایت فرماتا ہے، ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے، پس اگر لڑکیاں دو سے زائد ہوں تو ترکے کا دو تہائی ان کا حق ہے اور اگر صرف ایک لڑکی ہے تو نصف (ترکہ) اس کا ہے اور میت کی اولاد ہونے کی صورت میں والدین میں سے ہر ایک کو ترکے کا چھٹا حصہ ملے گا اور اگر میت کی اولاد نہ ہو بلکہ صرف ماں باپ اس کے وارث ہوں تو اس کی ماں کو تیسرا حصہ ملے گا، پس اگر میت کے بھائی ہوں تو ماں کو چھٹا حصہ ملے گا، یہ تقسیم میت کی وصیت پر عمل کرنے اور اس کے قرض کی ادائیگی کے بعد ہو گی، تمہیں نہیں معلوم تمہارے والدین اور تمہاری اولاد میں فائدے کے حوالے سے کون تمہارے زیادہ قریب ہے، یہ حصے اللہ کے مقرر کردہ ہیں، یقیناً اللہ بڑا جاننے والا، باحکمت ہے۔☆

۱۲۔ اور تمہیں اپنی بیویوں کے ترکے میں سے اگر ان کی اولاد نہ ہو نصف حصہ ملے گا اور اگر ان کی اولاد ہو تو ان کے ترکے میں سے چوتھائی تمہارا ہو گا، یہ تقسیم میت کی وصیت پر عمل کرنے اور قرض ادا کرنے کے بعد ہو گی اگر تمہاری اولاد نہ ہو تو انہیں تمہارے ترکے میں سے چوتھائی ملے گا اور اگر تمہاری اولاد ہو

دے دیا کرو۔ وَلْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا: اور مال و میراث سے محرومی کے ساتھ تم ان سے دل شکنی کی باتیں نہ کیا کرو۔ مال سے محرومیت کی صورت میں معمولی سی بدکلامی دل میں کینہ اور عداوت پیدا کرنے کے لیے کافی ہوتی ہے۔

۱۱۔ اسلام نے میراث کے لیے بنیادی طور پر دو سبب متعین کیے ہیں: نسب و سبب۔ سبب کی دو قسمیں ہیں: زوجیت اور ولاء۔ نسب کے تین طبقے ہیں: پہلا طبقہ اولاد اور والدین، دوسرا طبقہ اجداد اور بہن بھائی یا ان کی اولاد، تیسرا طبقہ چچا، پھوپی، ماموں، خالہ اور ان کی اولاد ہیں۔

اس آیت میں طبقۂ اول کی میراث کا حکم بیان ہوا ہے اور ان میں سے یہاں دو اختلافی مسائل کا مختصر بیان مناسب ہے۔ عول: کبھی میراث کے کل حصے ترکے سے زیادہ ہو جاتے ہیں، مثلاً مرنے والے کے پسماندگان میں دو لڑکیاں والدین اور شوہر ہوں تو حصے ۲/۶، ۲/۳، ۱/۴ بنتے ہیں جو اصل ترکے سے زیادہ ہیں۔ اہل سنت میں مشہور یہ ہے کہ سب کے حصوں سے کم کیا جائے۔ اسے عول کہتے ہیں جو حضرت عمر نے اپنے ایام خلافت میں رائج کیا۔ (مستدرک حاکم ۳۴۰) امامیہ کے نزدیک یہ کمی بہنوں اور بیٹیوں پر آئے گی۔ تعصیب: کبھی میراث کے کل حصے اصل ترکے سے کم ہو جاتے ہیں اور ترکہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ مثلاً مرنے والے کے پسماندگان میں ایک لڑکی ماں اور چچا ہیں تو نصف لڑکی کا، ۱/۶ حصہ ماں کا۔ امامیہ کے نزدیک یہ زیادہ ان کی طرف رد کیا جائے گا جن پر پہلی صورت میں کمی آئی تھی۔ یعنی بہنوں اور بیٹیوں کو دیا جائے گا۔ جبکہ اہل سنت اس زیادہ کو طبقہ دوم کے وارثین میں تقسیم کرتے ہیں۔ فقہی اصطلاح میں اسے تعصیب کہتے ہیں۔

اس آیت کی عمومیت میں نبی، غیر نبی سب شامل ہیں۔ یہاں دو باتیں قابل توجہ ہیں۔ پہلی بات بالاجماع ثابت ہے کہ حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا نے اپنے پدر بزرگوار کی میراث کا مطالبہ کیا اور اس مطالبے کے مسترد ہونے پر ناراض رہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ کے تحت رسول کریمؐ پر واجب ہے کہ اپنے قریبی رشتہ داروں کو احکام کی تبلیغ و انذار کریں۔ لہٰذا اگر حضرت زہراء (س) کو وراثت میں کچھ بھی نہیں ملنا تھا تو رسول اللہؐ نے یہ حکم حضرت زہراء (س) کو بتایا ہو گا۔ اس کے باوجود حضرت زہراء (س)

لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ
فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ
وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ؕ وَ
اِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ كَلٰلَةً اَوِ
امْرَاَةٌ وَّلَهٗۤ اَخٌ اَوْ اُخْتٌ فَلِكُلِّ
وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَاِنْ
كَانُوْۤا اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ
شُرَكَآءُ فِي الثُّلُثِ مِنْۢ بَعْدِ
وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَآ اَوْ دَيْنٍ ۙ
غَيْرَ مُضَآرٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۲﴾
تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَ
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۳﴾
وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ
حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا ۪
ع ۲ ۱۲ وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۱۴﴾ ع
وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ
نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ
اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ۚ فَاِنْ شَهِدُوْا
فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى
يَتَوَفّٰىهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ

تو انہیں تمہارے ترکے میں سے آٹھواں حصہ ملے گا، یہ تقسیم تمہاری وصیت پر عمل کرنے اور قرض ادا کرنے کے بعد ہو گی اور اگر کوئی مرد یا عورت بے اولاد ہو اور والدین بھی زندہ نہ ہوں اور اس کا ایک بھائی یا ایک بہن ہو تو بھائی اور بہن میں سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملے گا، پس اگر بہن بھائی ایک سے زیادہ ہوں تو سب ایک تہائی حصے میں شریک ہوں گے، یہ تقسیم وصیت پر عمل کرنے اور قرض ادا کرنے کے بعد ہو گی، بشرطیکہ ضرر رساں نہ ہو، یہ نصیحت اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ بڑا دانا، بردبار ہے۔ ☆

۱۳۔ یہ اللہ کی مقرر کردہ حدود ہیں اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا اللہ اسے ایسے باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔

۱۴۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے اور اس کی حدود سے تجاوز کرتا ہے اللہ اسے داخل جہنم کرے گا جہاں وہ ہمیشہ رہے گا اور اس کے لیے ذلت آمیز سزا ہے۔

۱۵۔ اور تمہاری عورتوں میں جو بدکاری کی مرتکب ہو جاتی ہیں ان پر اپنے (مسلمانوں) میں سے چار افراد کی گواہی لو، پھر اگر وہ گواہی دیں تو ان عورتوں کو گھروں میں بند رکھو یہاں تک کہ موت انہیں انجام تک پہنچا دے یا اللہ ان کے لیے کوئی اور

نے میراث کا مطالبہ کیا ہے تو اس سے حکم رسولؐ کی خلاف ورزی لازم آتی ہے۔ چونکہ حضرت زہراء سے حکم رسولؐ کی خلاف ورزی ممکن نہیں ہے لہٰذا جناب سیدہ کا مطالبہ حق بجانب ثابت ہوتا ہے۔

میراث کی تقسیم مرد و زن کی قدر و قیمت کے مطابق نہیں، بلکہ عائلی نظام میں حاصل مقام کے مطابق ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر مرنے والے نے اپنے پیچھے ایک بیٹی اور باپ چھوڑا ہے تو بیٹی (عورت) کو باپ (مرد) سے زیادہ حصہ ملے گا۔ اگر مرنے والے کے پسماندگان میں بیٹا اور والدین ہیں تو باپ (مرد) اور ماں (عورت) کو برابر حصہ ملے گا۔ دوسرا نکتہ یہ ہے کہ اگرچہ مرد کو دگنا حصہ ملتا ہے لیکن عورت کے اخراجات مرد کے ذمے ہیں۔ مثلاً اگر مرد کو دو ہزار اور عورت کو ایک ہزار ملا ہے تو مرد ایک ہزار خود پر اور ایک ہزار عورت پر خرچ کرے گا تو عورت کے پاس ایک ہزار مرد کی طرف سے اور ایک ہزار وراثت کی طرف سے دو ہزار آ گئے، جبکہ مرد کے پاس صرف ایک ہزار رہ گیا۔ اس طرح سرپرستی کے اعتبار سے مرد کو دگنا ملتا ہے لیکن خرچ کے اعتبار سے عورت کو دگنا مل جاتا ہے۔

۱۲۔ زوجین تمام طبقات کے ساتھ میراث لیتے ہیں: الف: زوجہ کی اولاد نہ ہو تو شوہر کو نصف حصہ ملے گا۔ اولاد ہونے کی صورت میں شوہر کو ایک چوتھائی حصہ ملے گا۔ ب: شوہر کی اولاد نہ ہو تو بیوی شوہر کے ترکہ کا چوتھائی حصہ لے گی۔ اگر اولاد ہے تو آٹھواں حصہ ملے گا۔ ج: شوہر بیوی کے ترکہ میں سے منقولات و غیر منقولات سب سے حصہ لے گا، جب کہ بیوی شوہر کے ترکہ میں منقولات میں سے حصہ لے گی۔ غیر منقولات اگر زمین ہے تو زمین سے کوئی حصہ نہیں ملے گا اور اگر زمین میں نصب شدہ چیزیں، مثلاً عمارت اور درخت ہیں تو ان کی قیمت میں سے حصہ لے گی۔ واضح رہے کہ اگر میت کے ذمے قرض ہے یا وصیت کی ہے تو پہلے قرض کی ادائیگی ہو گی اور وصیت پر عمل کیا جائے گا بعد میں میراث تقسیم ہو گی۔

۱۵۔ چار مردوں کی گواہی سے زنا ثابت ہونے کی صورت میں عورت کو عمر قید کی سزا دی جائے گی۔ یہ حکم بعد میں مرد اور عورت دونوں کے لیے سو سو کوڑوں کی سزا سے منسوخ ہو گیا۔ اسی طرح بعد والی آیت کا حکم بھی کوڑوں کی سزا سے منسوخ ہو گیا ہے۔

لَهُنَّ سَبِيْلًا ﴿۱۵﴾

وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۱۶﴾

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَي اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْۗءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰۗىِٕكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷﴾

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۸﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَاۗءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۚ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـــًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۹﴾

سبیل پیدا کر دے۔☆

۱۶۔ اور اگر تم میں سے دو اشخاص بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان دونوں کو اذیت دو پھر اگر وہ دونوں توبہ کریں اور اپنی اصلاح کر لیں تو ان کا پیچھا چھوڑ دو، بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۷۔ اللہ کے ذمے صرف ان لوگوں کی توبہ (قبول کرنا) ہے جو نادانی میں گناہ کا ارتکاب کر بیٹھتے ہیں پھر جلد ہی توبہ کر لیتے ہیں، اللہ ایسے لوگوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور اللہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔☆

۱۸۔ اور ایسے لوگوں کی توبہ (حقیقت میں توبہ ہی) نہیں جو برے کاموں کا ارتکاب کرتے رہتے ہیں یہاں تک کہ ان میں سے کسی کی موت کا وقت آ پہنچتا ہے تو وہ کہ اٹھتا ہے: اب میں نے توبہ کی اور نہ ہی ان لوگوں کی (توبہ قبول ہے) جو مرتے دم تک کافر رہتے ہیں، ایسے لوگوں کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔☆

۱۹۔ اے ایمان والو! تمہارے لیے جائز نہیں کہ تم اپنی عورتوں کے جبراً وارث بنو اور اس نیت سے انہیں قید نہ رکھو کہ تم نے جو کچھ انہیں دیا ہے اس میں سے کچھ حصہ واپس لے لو مگر یہ کہ وہ مبینہ بدکاری کی مرتکب ہوں اور ان کے ساتھ اچھے انداز میں زندگی بسر کرو، اگر وہ تمہیں ناپسند ہے تو ہو سکتا ہے کہ ایک چیز تمہیں تو ناپسند ہو مگر اللہ اس میں بہت سی خوبیاں پیدا کر دے۔☆

۱۶۔ اگر مرد اور عورت دونوں بدکاری کے مرتکب ہو جائیں تو اس وقت ان دونوں کے لیے ابتداء میں یہ سزا تجویز کی گئی کہ ان دونوں کو اذیت دی جائے۔ اس آیت میں زنا کی سزا پہلی صورت سے مختلف ہے۔ اس لیے لازمی طور پر اس زنا کی نوعیت بھی مختلف ہونی چاہیے۔ اسی وجہ سے بعض مفسرین اس آیت کو غیر شادی شدہ مرد و عورت کے زنا پر محمول کرتے ہیں۔ بہرحال یہ آیت بھی منسوخ ہے اور سورہ نور میں زنا کی سزا سو (۱۰۰) کوڑے مارنا معین ہوئی ہے۔

۱۷۔ توبہ دو باتوں پر مشتمل ہے، ایک اپنے کیے پر نادم ہونا اور دوسرا عدم ارتکاب کا عہد کرنا یعنی توبہ، بیداریٔ ضمیر اور تجدید عہد کا نام ہے۔ عَلَى اللّٰهِ سے مراد ہے کہ توبہ قبول کرنا اللہ کے ذمے ہے اور کسی نے اللہ کے ذمے نہیں لگایا بلکہ خود اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ بِجَهَالَةٍ یعنی گناہ نادانی میں سرزد ہوا ہو یا نہ جاننے کی وجہ سے یا شہوت کے غلبے سے یا غفلت کی وجہ سے ہو۔ یعنی یہ گناہ اللہ سے عناد کے ساتھ سرزد نہ ہوا ہو تو توبہ قبول ہے۔

مِنْ قَرِيْبٍ یعنی جہالت یا غفلت سے نکلتے ہی پشیمانی آ جائے تو توبہ قبول ہے۔ بعد والی آیت میں فرمایا ان لوگوں کی توبہ قبول نہیں ہے جو موت سامنے آنے پر توبہ کرتے ہیں: حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّىْ تُبْتُ الْـٰٔنَ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان موت سامنے آنے سے پہلے جب بھی توبہ کرے، مورد قبول ہو سکتی ہے۔ جیسا کہ احادیث میں بھی وارد ہے۔

۱۸۔ یہاں ندامت کا محرک ضمیر کی بیداری، احساس گناہ اور تجدید عہد کا عزم و ارادہ نہیں ہے کہ اللہ اس پر مہربانی فرمائے بلکہ یہاں ندامت کا محرک زندگی سے ناامیدی اور عذاب آخرت کا مشاہدہ ہے۔ لہٰذا دراصل یہ توبہ ہے ہی نہیں۔ یعنی رجوع اختیاری نہیں، بلکہ یہ ندامت اضطراری ہے۔

۱۹۔ زمان جاہلیت میں سوتیلی اولاد باپ کے مرنے کی صورت میں باپ کی منکوحہ کے سر پر چادر ڈال کر اسے اپنی میراث بنا لیتی۔ ان عورتوں کو عقد ثانی کی اجازت بھی نہ تھی اور ان عورتوں کے ساتھ اس غرض سے زیادتی کی جاتی تھی کہ وہ پورا حق مہر یا اس کا کچھ حصہ واپس کر دیں۔ اسلام نے ان تمام غیر انسانی مراسم کو ختم کر کے عورت کو اس کی انسانی حیثیت واپس دلائی۔

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ
زَوْجٍ ۙ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا
فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ
بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۲۰﴾
وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ وَقَدْ اَفْضٰى
بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ
مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ﴿۲۱﴾
وَلَا تَنْكِحُوْا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ
النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ
ع ۲ ۸ ۱۴ فَاحِشَةً وَّمَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ﴿۲۲﴾
حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ وَ
بَنٰتُكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَ
خٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْاَخِ وَبَنٰتُ
الْاُخْتِ وَاُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ
اَرْضَعْنَكُمْ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ
الرَّضَاعَةِ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ وَ
رَبَآئِبُكُمُ الّٰتِيْ فِيْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ
نِّسَآئِكُمُ الّٰتِيْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۫
فَاِنْ لَّمْ تَكُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ
فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ ۪ وَحَلَآئِلُ
اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ ۙ
وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَيْنَ الْاُخْتَيْنِ اِلَّا مَا
قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا

۲۰۔ اور اگر تم لوگ ایک زوجہ کی جگہ دوسری زوجہ لینا چاہو اور ایک کو بہت سا مال بھی دے چکے ہو تو اس میں سے کچھ بھی واپس نہ لینا، کیا تم بہتان اور صریح گناہ کے ذریعے مال لینا چاہتے ہو؟ ☆

۲۱۔ اور دیا ہوا مال تم کیسے واپس لے سکتے ہو جب کہ تم ایک دوسرے سے مباشرت کر چکے ہو اور وہ تم سے شدید عہد و قرار لے چکی ہیں؟ ☆

۲۲۔ اور ان عورتوں سے نکاح نہ کرو جن سے تمہارے باپ نکاح کر چکے ہوں مگر جو کچھ ہو چکا سو ہو چکا، یہ ایک کھلی بے حیائی اور ناپسندیدہ عمل ہے اور برا طریقہ ہے۔ ☆

۲۳۔ تم پر حرام کر دی گئی ہیں تمہاری مائیں، تمہاری بیٹیاں، تمہاری بہنیں، تمہاری پھوپھیاں، تمہاری خالائیں، تمہاری بھتیجیاں، تمہاری بھانجیاں، تمہاری وہ مائیں جو تمہیں دودھ پلا چکی ہوں اور تمہاری دودھ شریک بہنیں، تمہاری بیویوں کی مائیں اور جن بیویوں سے تم مقاربت کر چکے ہو ان کی وہ بیٹیاں جو تمہاری پرورش میں رہی ہوں، لیکن اگر ان بیویوں سے (صرف عقد ہوا ہو) مقاربت نہ ہوئی ہو تو کوئی حرج نہیں ہے نیز تمہارے صلبی بیٹوں کی بیویاں اور دو بہنوں کا باہم جمع کرنا، مگر جو پہلے ہو چکا سو ہو چکا، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا،

۲۰۔۲۱۔ ایک شخص محض اپنی خواہشات کی بنا پر اپنی موجودہ بیوی کو طلاق دے کر دوسری عورت سے شادی کرنا چاہتا ہے، اس صورت میں اگر وہ اپنی زوجہ کو حق مہر میں مال دے چکا ہے تو اس کے لیے جائز نہیں ہے کہ یہ پورا مال یا اس میں سے ایک حصہ طلاق کے معاوضہ میں واپس لے لے۔ دوسری آیت میں فرمایا حق مہر واپس لینا اس لیے جائز نہیں ہے کہ تم نے آپس میں ازدواجی مباشرت کی ہے اور عورت نے اپنے وجود کو تمہارے حوالہ کیا ہے اور تم نے آپس میں عقد و پیمان کیا ہے۔

۲۲۔ زمان جاہلیت میں کچھ لوگ سوتیلی ماؤں سے شادیاں کر لیا کرتے تھے۔ گو کہ یہ عمل اس وقت بھی لوگوں کی نظر میں مبغوض تھا۔ چنانچہ اسے نکاح المقت کہتے تھے۔ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ سے نزول حکم سے قبل کا حکم بیان فرمایا کہ اس سے پہلے جو اس قسم کی شادیاں ہو چکی ہیں، ان سے درگزر کیا جاتا ہے۔ باپ کی منکوحہ سے شادی کرنا کسی صورت میں جائز نہیں ہے۔ خواہ باپ نے اس عورت سے مباشرت کی ہو یا نہ کی ہو۔ لہٰذا اگر باپ نے کسی عورت سے صرف عقد ہی کیا ہے اور مباشرت نہیں کی تو بھی وہ عورت بیٹے پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی ہے۔ اسی طرح اگر باپ نے کسی عورت سے ناجائز تعلق قائم کیا ہو اور حرام طور پر مقاربت کی ہو تو وہ عورت بھی اس کے بیٹے پر ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی ہے۔

۲۳۔ آیت میں تو صرف رضاعی ماؤں اور بہنوں کا ذکر ہے۔ لیکن فریقین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس فرمان کو ماخذ قرار دیا ہے: ان اللّٰہ حرم من الرضاعة ما حرم من نسب (مستدرك الوسائل ۱۴: ۳۳۶۔ صحیح البخاری کتاب النکاح۔ عبارت وسائل کی ہے۔) یعنی اللہ نے جس چیز کو نسب کے رشتے سے حرام قرار دیا ہے، رضاعت کے رشتے سے بھی حرام قرار دیا ہے۔ لہٰذا اگر کسی بچے نے کسی عورت کا دودھ پیا ہو تو وہ عورت اس بچے کی ماں، اس کا شوہر اس بچے کا باپ، اس کی اولاد اس بچے کے بہن بھائی، اس کی بہنیں اس بچے کی خالائیں بن جاتی ہیں اور اس کے شوہر کی بہنیں اس بچے کی پھوپھیاں بن جاتی ہیں۔

رَّحِيْمًا ﴿۲۳﴾

الرُّبُعُ وَّالْمُحْصَنٰتُ مِنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا
مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۚ كِتٰبَ اللّٰهِ
عَلَيْكُمْ ۚ وَاُحِلَّ لَكُمْ مَّا وَرَآءَ
ذٰلِكُمْ اَنْ تَبْتَغُوْا بِاَمْوَالِكُمْ
مُّحْصِنِيْنَ غَيْرَ مُسٰفِحِيْنَ ؕ فَمَا
اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ فَاٰتُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ فَرِيْضَةً ؕ وَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ فِيْمَا تَرٰضَيْتُمْ بِهٖ مِنْۢ بَعْدِ
الْفَرِيْضَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا
حَكِيْمًا ﴿۲۴﴾

وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ طَوْلًا
اَنْ يَّنْكِحَ الْمُحْصَنٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ
فَمِنْ مَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ مِّنْ
فَتَيٰتِكُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ
اَعْلَمُ بِاِيْمَانِكُمْ ؕ بَعْضُكُمْ مِّنْ
بَعْضٍ ۚ فَانْكِحُوْهُنَّ بِاِذْنِ اَهْلِهِنَّ
وَاٰتُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ
مُحْصَنٰتٍ غَيْرَ مُسٰفِحٰتٍ وَّلَا
مُتَّخِذٰتِ اَخْدَانٍ ۚ فَاِذَاۤ اُحْصِنَّ
فَاِنْ اَتَيْنَ بِفَاحِشَةٍ فَعَلَيْهِنَّ
نِصْفُ مَا عَلَى الْمُحْصَنٰتِ مِنَ
الْعَذَابِ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ

رحم کرنے والا ہے۔☆

۲۴۔ اور شوہر دار عورتیں بھی (تم پر حرام ہیں) مگر جو تمہاری ملکیت میں آ جائیں، (یہ) تم پر اللہ کا فرض ہے اور ان کے علاوہ باقی عورتیں تم پر حلال ہیں ان عورتوں کو تم مال خرچ کر کے اپنے عقد میں لا سکتے ہو بشرطیکہ (نکاح کا مقصد) عفت قائم رکھنا ہو بے عفتی نہ ہو، پھر جن عورتوں سے تم نے متعہ کیا ہے ان کا طے شدہ مہر بطور فرض ادا کرو البتہ طے کرنے کے بعد آپس کی رضا مندی سے (مہر میں کمی بیشی) کرو تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے، یقیناً اللہ بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۲۵۔ اور اگر تم میں سے کوئی مالی رکاوٹ کی وجہ سے آزاد مسلم عورتوں سے نکاح کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو (اسے چاہیے کہ) وہ تمہاری مملوکہ مسلمان لونڈی سے نکاح کرے اور اللہ تمہارے ایمان کو اچھی طرح جانتا ہے، تم لوگ آپس میں ایک دوسرے کا حصہ ہو لہٰذا ان کے سرپرستوں کی اجازت سے ان کے ساتھ نکاح کرو اور شائستہ طریقے سے ان کے مہر ادا کرو وہ نکاح کے تحفظ میں رہنے والی ہوں بدچلنی کا ارتکاب کرنے والی نہ ہوں اور در پردہ آشنا رکھنے والی نہ ہوں، پھر جب وہ (کنیزیں) نکاح میں آنے کے بعد بدکاری کا ارتکاب کریں تو ان کے لیے اس سزا کا نصف ہے جو آزاد عورتوں کے لیے مقرر ہے، یہ اجازت اسے حاصل ہے جسے (شادی نہ کرنے سے) تکلیف اور مشقت

۲۴۔ فَمَا اسْتَمْتَعْتُمْ بِهٖ مِنْهُنَّ: یہ آیت متعہ مشہور ہے جس میں متعہ کی تشریع کا نہیں، بلکہ پہلے سے تشریع شدہ متعہ کے مہر کا حکم بیان ہو رہا ہے۔

عقد متعہ سے منکوحہ عورت شرعاً زوجہ شمار ہوتی ہے۔ چنانچہ عصر رسالتؐ میں جب متعہ بالاجماع جائز اور رائج تھا تو اس وقت اس کو زوجہ شمار کیا گیا، جبکہ مملوکہ کنیز کا ذکر زوجہ کے مقابلہ میں آیا ہے۔ چنانچہ مکہ میں نازل ہونے والے سورۂ مؤمنون آیت ۵، ۶ میں فرمایا: وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ۙ اِلَّا عَلٰۤى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ ۔ مؤمن اپنی جنسی خواہشات پر قابو رکھتے ہیں سوائے اپنی زوجات اور کنیز کے۔ ظاہر ہے کہ متعہ کی عورت یقیناً کنیز نہیں ہے۔ اگر وہ زوجہ بھی نہیں ہے تو یہ تیسری عورت ہو گئی، جبکہ نکاح متعہ عہد رسالت میں بالخصوص مکی زندگی میں (بعض کے نزدیک جنگ خیبر اور بعض کے نزدیک فتح مکہ تک) جائز اور رائج تھا، تو اگر عقد متعہ کی عورت زوجہ نہیں ہے تو تیسری قسم کی عورت کے عنوان سے اس کا ذکر آیت میں ضرور آتا۔ چنانچہ امام قرطبی، اپنی تفسیر ۵ : ۱۳۲ میں لکھتے ہیں:

لم یختلف العلماء من السلف و الخلف ان المتعة نکاح الی اجل لامیراث فیه۔ علمائے سلف اور بعد کے علماء کو اس بات میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ متعہ ایک مدت کا نکاح ہے، البتہ اس میں زوجین کے لیے میراث نہیں ہوتی۔

اصحاب رسولؐ میں سے حضرت ابن عباس، عمران بن حصین، ابی بن کعب اور عبد اللہ بن مسعود نے روایت کی ہے کہ یہ آیت متعہ کے بارے میں نازل ہوئی اور یہ ائمہ و اصحاب و تابعین حلیت متعہ کے قائل تھے: ☆ حضرت علی بن ابی طالبؑ ☆ ابن عباس ☆ عمران بن حصین ☆ جابر بن عبد اللہ انصاری ☆ عبداللہ بن مسعود ☆ عبداللہ بن عمر ☆ ابوسعید خدری ☆ ابی بن کعب ☆ ابوذر غفاری ☆ زبیر بن عوام ☆ اسماء بنت ابی بکر ☆ سمرہ بن جندب ☆ سلمہ بن امیہ ☆ معبد ابن امیہ ☆ خالد بن مہاجر ☆ ربیعہ بن امیہ۔

ایک قراءت اس آیت کی یہ ہے: فما استمتعتم به منهن الی اجل مسمی فاتوهن اجورهن یعنی پھر جن عورتوں سے ایک مقررہ مدت تک تم نے متعہ کیا ہے ان کا طے شدہ مہر بطور فرض ادا کرو۔

الْعَنَتَ مِنْكُمْ ؕ وَ اَنْ تَصْبِرُوْا
خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع
يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ
سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَ يَتُوْبَ
عَلَيْكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۶﴾
وَاللّٰهُ يُرِيْدُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْكُمْ ۟
وَ يُرِيْدُ الَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الشَّهَوٰتِ
اَنْ تَمِيْلُوْا مَيْلًا عَظِيْمًا ﴿۲۷﴾
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّخَفِّفَ عَنْكُمْ ۚ وَ
خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيْفًا ﴿۲۸﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوْۤا
اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ اِلَّاۤ
اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً عَنْ تَرَاضٍ
مِّنْكُمْ ۟ وَلَا تَقْتُلُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿۲۹﴾
وَ مَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ عُدْوَانًا وَّ ظُلْمًا
فَسَوْفَ نُصْلِيْهِ نَارًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿۳۰﴾
اِنْ تَجْتَنِبُوْا كَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ
عَنْهُ نُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ
وَنُدْخِلْكُمْ مُّدْخَلًا كَرِيْمًا ﴿۳۱﴾
وَلَا تَتَمَنَّوْا مَا فَضَّلَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْضَكُمْ
عَلٰى بَعْضٍ ؕ لِلرِّجَالِ نَصِيْبٌ مِّمَّا

کا خطرہ لاحق ہو، لیکن صبر کرنا تمہارے حق میں زیادہ اچھا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۲۶۔ اللہ چاہتا ہے کہ تمہارے لیے (اپنے احکام) کھول کھول کر بیان کرے اور تمہیں گزشتہ اقوام کے طریقوں پر چلائے نیز تمہاری طرف توجہ کرے اور اللہ بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔ ☆

۲۷۔ اور اللہ (اپنی رحمتوں کے ساتھ) تم پر توجہ کرنا چاہتا ہے اور جو لوگ اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں وہ چاہتے ہیں کہ تم بڑی بے راہ روی میں پڑ جاؤ۔ ☆

۲۸۔ اور اللہ تمہارا بوجھ ہلکا کرنا چاہتا ہے کیونکہ انسان کمزور پیدا کیا گیا ہے۔ ☆

۲۹۔ اے ایمان والو! تم آپس میں ایک دوسرے کا مال ناحق طریقے سے نہ کھایا کرو مگر یہ کہ آپس کی رضامندی سے تجارت کرو (تو کوئی حرج نہیں ہے) اور تم اپنے آپ کو ہلاک نہ کرو، بے شک اللہ تم پر بڑا رحم کرنے والا ہے۔

۳۰۔ اور جو شخص ظلم و زیادتی سے ایسا کرے گا ہم اسے (جہنم کی) آگ میں جھلسا دیں گے اور یہ کام اللہ کے لیے آسان ہے۔

۳۱۔ اگر تم ان بڑے بڑے گناہوں سے اجتناب کرو جن سے تمہیں منع کیا گیا ہے تو ہم تمہارے (چھوٹے چھوٹے) گناہ معاف کر دیں گے اور تمہیں عزت کے مقام میں داخل کر دیں گے۔ ☆

۳۲۔ اور جس چیز میں اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اس کی تمنا نہ کیا کرو، مردوں کو اپنی کمائی کا حصہ

اس قراءت کو ابن عباس، ابی بن کعب، حبیب بن ثابت، سعید بن جبیر، سدی اور عبد اللہ بن مسعود نے اختیار کیا ہے۔ ملاحظہ ہو روح المعانی ۵: ۵، تفسیر طبری ۵: ۹، تفسیر کشاف، قرطبی، شرح صحیح مسلم نووی ۹: ۱۸۱ وغیرہ۔ حضرات ابن عباس، ابی بن کعب اور عبد اللہ مسعود جیسے معلمین قرآن کی قراءت کو شاذہ نہیں کہا جا سکتا۔ غیر امامیہ علماء کا یہ موقف ہے کہ قراءت شاذہ کے مطابق نماز میں قرآن کی تلاوت درست ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ قراءت شاذہ سے قرآن ثابت ہو جاتا ہے۔ ان سب باتوں کے باوجود متعہ پر پابندی کیوں لگی ہے؟ یہ جاننے کے لیے صحیح مسلم، باب نکاح المتعة کا مطالعہ کافی ہے۔

۲۶۔ اللہ تعالیٰ انسانی فطرت کے تقاضوں کے عین مطابق احکام بیان فرمانے کے بعد یہ باور کراتا ہے کہ یہی سلف صالح انبیاء و مرسلین کا طریقہ حیات اور طرز زندگی ہے، جس پر چل کر توجہات الٰہی کے سزاوار بن سکتے ہیں۔

۲۷۔ ۲۸۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو ایسے طریقے بتا دیے جن سے اس کی خواہشات بھی پوری ہو جاتی ہیں اور نسل بھی محفوظ رہتی ہے۔ اللہ نے ان خواہشات کو روکنے کا حکم نہیں دیا بلکہ انہیں پورا کرنے کے آسان طریقے بیان فرمائے، اس کمزور اور ناتواں انسان سے بوجھ ہلکا کر دیا۔

۳۱۔ گناہ کبیرہ کی تعریف حدیث میں اس طرح آئی ہے: کل ما وعد اللہ علیها النار گناہ کبیرہ وہ ہے جس کے ارتکاب پر جہنم کی سزا مقرر ہو۔ جیسے قتل، زنا، عقوق والدین، جنگ سے فرار، ولایت اہل البیت (ع) سے انکار وغیرہ۔ کبائر کے مقابلے میں سیئات کا ذکر ہے۔ یعنی چھوٹے گناہ جن کے بارے میں دوسری جگہ فرمایا: ان الحسنات یذهبن السیئات۔ نیکیاں گناہوں کو مٹا دیتی ہیں۔ ان دونوں آیات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اگر بڑے گناہوں سے اجتناب کیا جائے تو چھوٹے گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف فرما دے گا۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: اشد الذنوب ما استهان به صاحبه. (نہج البلاغہ) "بدترین گناہ وہ ہے جس کا مرتکب اسے خفیف سمجھے۔ حدیث میں آیا ہے: لا صغیرة مع الاصرار و لا کبیرة مع الاستغفار۔ یعنی گناہ کو مکرر بجا لانے کی صورت میں وہ گناہ صغیرہ نہیں رہتا اور استغفار کی صورت میں گناہ کبیرہ نہیں رہتا۔ (الکافی ۲: ۲۸۸)

اكْتَسَبُوْا ؕ وَلِلنِّسَآءِ نَصِيْبٌ مِّمَّا
اكْتَسَبْنَ ؕ وَسْـَٔلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ كَانَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمًا ﴿۳۲﴾
وَلِكُلٍّ جَعَلْنَا مَوَالِيَ مِمَّا تَرَكَ
الْوَالِدٰنِ وَالْاَقْرَبُوْنَ ؕ وَالَّذِيْنَ
عَقَدَتْ اَيْمَانُكُمْ فَاٰتُوْهُمْ
نَصِيْبَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ
ع ۴ ۸ ۲ شَیْءٍ شَهِيْدًا ﴿۳۳﴾
اَلرِّجَالُ قَوّٰمُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ
بِمَا فَضَّلَ اللّٰهُ بَعْضَهُمْ عَلٰى
بَعْضٍ وَّبِمَآ اَنْفَقُوْا مِنْ
اَمْوَالِهِمْ ؕ فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ
حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ
اللّٰهُ ؕ وَالّٰتِيْ تَخَافُوْنَ نُشُوْزَهُنَّ
فَعِظُوْهُنَّ وَاهْجُرُوْهُنَّ فِي
الْمَضَاجِعِ وَاضْرِبُوْهُنَّ ۚ فَاِنْ
اَطَعْنَكُمْ فَلَا تَبْغُوْا عَلَيْهِنَّ
سَبِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيًّا
كَبِيْرًا ﴿۳۴﴾
وَاِنْ خِفْتُمْ شِقَاقَ بَيْنِهِمَا فَابْعَثُوْا
حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ
اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا
يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

مل جائے گا اور عورتوں کو اپنی کمائی کا حصہ مل جائے گا اور اللہ سے اس کا فضل مانگتے رہو، یقیناً اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔

۳۳۔اور ہم نے ان سب کے ترکوں کے وارث مقرر کیے ہیں جو ماں باپ اور رشتے دار چھوڑ جاتے ہیں اور جن سے تم نے معاہدہ کیا ہے انہیں بھی ان کے حق دے دو، بے شک اللہ ہر چیز پر حاضر و ناظر ہے۔

۳۴۔ مرد عورتوں پر نگہبان ہیں، اس بنا پر کہ اللہ نے ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور اس لیے کہ مردوں نے اپنا مال خرچ کیا ہے، پس جو نیک عورتیں ہیں وہ فرمانبردار ہوتی ہیں، اللہ نے جن چیزوں (مال اور آبرو) کا تحفظ چاہا ہے، (خاوند کی) غیر حاضری میں ان کی محافظت کرتی ہیں اور جن عورتوں کی سرکشی کا تمہیں خوف ہو انہیں نصیحت کرو (اگر باز نہ آئیں تو) خواب گاہ الگ کر دو اور (پھر بھی باز نہ آئیں تو) انہیں مارو، پھر اگر وہ تمہاری فرمانبردار ہو جائیں تو ان کے خلاف بہانہ تلاش نہ کرو، یقیناً اللہ بالاتر اور بڑا ہے۔☆

۳۵۔ اور اگر تمہیں میاں بیوی کے درمیان ناچاقی کا اندیشہ ہو تو ایک منصف مرد کے رشتہ داروں میں سے اور ایک منصف عورت کے رشتہ داروں میں سے مقرر کرو اگر وہ دونوں اصلاح کی کوشش کریں تو اللہ ان کے درمیان اتفاق پیدا کرے گا،

۳۴۔ مرد عورتوں کے محافظ اور نگہبان ہیں۔ یعنی عائلی نظام میں مرد کو قیّم اور ستون کی حیثیت حاصل ہے۔ چونکہ مردوں کو عقل و تدبر اور زندگی کی مشکلات کا تحمل اور مقابلہ کرنے میں عورتوں پر برتری حاصل ہے اور عورتوں کو جذباتیت اور مہر و شفقت میں مردوں پر برتری حاصل ہے۔ یہاں سے ان دونوں کی ذمہ داریاں بھی منقسم ہو جاتی ہیں۔

اسلام کے عائلی نظام میں مرد کو جو برتری حاصل ہے۔ اس سے عورت کا استقلال و اختیار سلب نہیں ہوتا۔ اپنے اپنے مقام پر مرد و زن کی ذمے داریاں ہیں۔ عورت بچوں کو مہر و محبت کے ذریعے نفسیاتی غذا بہم پہنچاتی ہے۔ مرد طاقت و قوت کے ذریعے جسمانی غذا فراہم کرتے ہیں۔ عورت بچوں کی دیکھ بھال میں راتیں جاگتی ہے۔ مرد حصول رزق کے لیے دن رات ایک کرتا ہے۔ عورت بچوں کو داخلی خطرات سے بچاتی ہے، مرد بیرونی دشمن کا مقابلہ کرتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ عورت کو انسانی زندگی سے مربوط داخلی امور کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں، جبکہ مرد کو بیرونی امور کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ یہ بات مرد و زن کی جسمانی ساخت و بافت اور نفسیاتی خصوصیات سے بھی عیاں ہے۔ عورت ضعیف النفس، نازک مزاج، حساس ہوتی ہے اور اس کے ہر عمل پر جذبات غالب ہوتے ہیں، جب کہ مرد طاقتور، جفاکش اور اس کے ہر عمل پر عقل و فکر حاکم ہوتی ہے۔

۳۵۔ خطاب، حکومت جس کے پاس مسئلہ پیش ہوا، سے ہے کہ وہ طرفین سے ایسے منصف کے تقرر کا فریضہ انجام دے کہ جن کا مطمع نظر میاں بیوی میں اصلاح کرنے کا پختہ عزم ہو۔ عدالت کی ذمہ داریوں میں سے اہم ذمے داری یہ ہے کہ خاندانوں کے مسائل ان کے اپنے اندر سے مقرر شدہ ثالثوں کے ذریعے حل کرنے کے لیے طرفین میں سے ثالث کا تقرر کرے اور خاندانی راز کو اپنے ہی خاندان کی راز داری تک محدود رہنے دیا جائے، کیونکہ زن و شوہر کے تعلقات اور ان میں ناچاقی بعض ایسی باتوں پر مشتمل ہو سکتی ہے جس کا افشا خاندانی وقار کے منافی ہو نیز خاندانی حالات کا قریب سے علم ہونے کی وجہ سے فیصلہ صائب اور سریع ہو سکتا ہے۔

عَلِيْمًا خَبِيْرًا ﴿۳۵﴾

وَاعْبُدُوا اللّٰهَ وَلَا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّبِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَالْجَارِ ذِي الْقُرْبٰى وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْۢبِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ وَمَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ مُخْتَالًا فَخُوْرَا ﴿۳۶﴾ۙ

الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبُخْلِ وَيَكْتُمُوْنَ مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۳۷﴾ۚ

وَالَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ رِئَآءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ وَمَنْ يَّكُنِ الشَّيْطٰنُ لَهٗ قَرِيْنًا فَسَآءَ قَرِيْنًا ﴿۳۸﴾

وَمَاذَا عَلَيْهِمْ لَوْ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقَهُمُ اللّٰهُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِهِمْ عَلِيْمًا ﴿۳۹﴾

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ ۚ وَاِنْ تَكُ حَسَنَةً يُّضٰعِفْهَا وَيُؤْتِ مِنْ لَّدُنْهُ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۴۰﴾

یقیناً اللہ بڑا علم رکھنے والا، باخبر ہے۔☆

۳۶۔ اور تم لوگ اللہ ہی کی بندگی کرو اور کسی چیز کو اس کا شریک قرار نہ دو اور ماں باپ، قریب ترین رشتے داروں، یتیموں، مسکینوں، قریب ترین رشتہ دار پڑوسی، اجنبی پڑوسی، پاس بیٹھنے والے رفیقوں، مسافروں اور جو (غلام و کنیز) تمہارے قبضے میں ہیں سب کے ساتھ احسان کرو، بے شک اللہ کو غرور کرنے والا، (اپنی بڑائی پر) فخر کرنے والا پسند نہیں۔☆

۳۷۔ (وہ لوگ بھی اللہ کو پسند نہیں) جو خود بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بھی بخل کی تلقین کرتے ہیں اور اللہ نے اپنے فضل سے جو انہیں عطا کیا ہے اسے چھپاتے ہیں اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت آمیز سزا مہیا کر رکھی ہے۔☆

۳۸۔ اور (وہ لوگ بھی اللہ کو پسند نہیں) جو اپنا مال صرف لوگوں کو دکھانے کے لیے خرچ کرتے ہیں اور وہ نہ خدا پر ایمان رکھتے ہیں اور نہ روز آخرت پر اور (بات یہ ہے کہ) شیطان جس کا رفیق ہو جائے تو وہ بہت ہی برا رفیق ہے۔☆

۳۹۔ اور اگر یہ لوگ اللہ اور روز آخرت پر ایمان لاتے اور اللہ کی عطا کردہ روزی میں سے خرچ کرتے تو اس میں انہیں کوئی نقصان نہ تھا اور اللہ تو ان کا حال اچھی طرح جانتا ہے۔☆

۴۰۔ یقیناً اللہ (کسی پر) ذرہ برابر بھی ظلم نہیں کرتا اور اگر (کسی کی) ایک نیکی ہو تو (اللہ) اسے دگنا کر دیتا ہے اور اپنے ہاں سے اسے اجر عظیم عطا فرماتا ہے۔☆

۳۶۔ خدائے واحد کی پرستش کے بعد اللہ نے والدین پر احسان کو حکماً اور اولاد کی محبت کو فطرتاً لازم قرار دیا ہے۔ چنانچہ ایک دین دار گھرانہ فطرت اور شریعت دونوں کے سایے میں محبت و احسان کی پرسکون فضا قائم کر سکتا ہے۔ اسی طرح معاشرے کے جن افراد کا اس آیت میں ذکر ہے ان پر احسان سے اسلامی معاشرے کا انسانی تصور سامنے آتا ہے۔

۳۷۔ فیاضی ایک آفاقی عمل ہے سورج، زمین اور پانی اپنی فیاضی سے کائنات کو رونق فراہم کرتے ہیں۔ اس کے خلاف بخل ایک نہایت گھٹیا مزاج ہے۔ بخیل اپنے بود و باش میں فقیروں کی طرح زندگی کرتا ہے اس طرح وہ اللہ کے فضل و کرم کو چھپاتا ہے۔ حدیث میں آیا ہے: اِنَّ اللّٰہَ جَمِیلٌ یُحِبُّ الْجَمَالَ وَ یُحِبُّ اَنْ یَرٰی اَثَرَ نِعَمِہٖ عَلٰی عَبْدِہٖ (الوسائل ۵: ۵ باب استحباب التجمل۔ صحیح مسلم، کتاب الایمان، یحب الجمال تک.) اللہ زیبا ہے، زیبائی کو پسند کرتا ہے اور یہ بھی پسند کرتا ہے اس کی نعمت کے آثار بندے پر ظاہر ہوں۔ اس حدیث کا مطلب یہ بھی ہے کہ انسان کو اپنا حلیہ ایسا نہیں رکھنا چاہیے کہ بدزیب نظر آئے۔

۳۸۔ اگر وہ اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے تو مال خرچ کرتے ہوئے ریاکاری کی ضرورت نہ تھی۔ وہ رضائے خدا اور زاد آخرت کے لیے مال خرچ کر کے مال سے خوب فائدہ اٹھا سکتے تھے۔ لیکن چونکہ اللہ اور آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور صرف اسی چند روزہ زندگی پر ایمان رکھتے ہیں، لہٰذا مال وہ ایسی جگہ خرچ کریں گے جہاں ان کے خیال خام میں دنیاوی فائدہ ہے۔

۳۹۔ حالانکہ اگر وہ ایمان باللہ کے ساتھ اپنا مال رضائے رب کے لیے خرچ کرتے تو اس میں ان کا کوئی نقصان نہ تھا۔

۴۰۔ راہ خدا میں مال خرچ کرنے سے نقصان اس لیے نہیں ہوتا کہ اللہ ذرہ برابر بھی کسی پر ظلم نہیں کرتا اور ان کے خرچ کردہ مال کی جزا دیتا ہے، بلکہ ان کی نیکیوں میں مزید اضافہ کرتا ہے اور اجر عظیم عنایت فرماتا ہے۔

فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ
بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ
شَهِيْدًا ﴿۴۱﴾ ع ۶ ۲

۴۱۔ پس (اس دن) کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور (اے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کو ان لوگوں پر بطور گواہ پیش کریں گے۔ ☆

يَوْمَئِذٍ يَّوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ
عَصَوُا الرَّسُوْلَ لَوْ تُسَوّٰى بِهِمُ
الْاَرْضُ ؕ وَلَا يَكْتُمُوْنَ اللّٰهَ
حَدِيْثًا ﴿۴۲﴾ ع

۴۲۔ اس روز کافر اور جو لوگ رسول کی نافرمانی کرتے رہے تمنا کریں گے کہ کاش (زمین پھٹ جائے اور وہ اس میں دفن ہو کر) زمین کے برابر ہو جائیں اور وہ اللہ سے کوئی بات چھپا نہ سکیں گے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ
وَاَنْتُمْ سُكٰرٰى حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا
تَقُوْلُوْنَ وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِيْ
سَبِيْلٍ حَتّٰى تَغْتَسِلُوْا ؕ وَاِنْ كُنْتُمْ
مَّرْضٰٓى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ جَآءَ
اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ اَوْ
لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا مَآءً
فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا فَامْسَحُوْا
بِوُجُوْهِكُمْ وَاَيْدِيْكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۴۳﴾

۴۳۔ اے ایمان والو! نشے کی حالت میں نماز کے قریب نہ جایا کرو یہاں تک کہ تم جان لو کہ تم کیا کہہ رہے ہو اور جنابت کی حالت میں بھی، یہاں تک کہ غسل کر لو مگر یہ کہ کسی راستے سے گزر رہے ہو اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفع حاجت کر آیا ہو یا تم نے عورتوں سے ہمبستری کی ہو اور تمہیں پانی میسر نہ آئے تو پاک مٹی پر تیمم کرو چنانچہ اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کا مسح کرو، بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔ ☆

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا
مِّنَ الْكِتٰبِ يَشْتَرُوْنَ الضَّلٰلَةَ
وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ تَضِلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۴۴﴾

۴۴۔ کیا آپ نے ان لوگوں کا حال نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا کچھ حصہ دیا گیا تھا (لیکن) وہ ضلالت خریدتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ تم (بھی) گمراہ ہو جاؤ۔ ☆

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَعْدَآئِكُمْ ؕ وَ
كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا ۙ وَّكَفٰى بِاللّٰهِ
نَصِيْرًا ﴿۴۵﴾

۴۵۔ اور اللہ تمہارے دشمنوں کو بہتر جانتا ہے اور تمہاری سرپرستی کے لیے اللہ کافی ہے اور تمہاری مدد کے لیے بھی اللہ کافی ہے۔ ☆

۴۱۔ انسانی اعمال اللہ کی طرف سے متعین شہادتوں کی گرفت میں ہوتے ہیں۔ اعضا و جوارح، ملائکہ کے ساتھ ساتھ ہر امت کے نبی اس امت کے اعمال پر شاہد ہیں۔ رسول ختمی مرتبتؐ بھی اپنی امت کے اعمال کے شاہد ہیں۔ اگر هٰٓؤُلَآءِ کا اشارہ ہر امت کے گواہ کی طرف سمجھا جائے تو آیت کا مطلب یہ بنے گا: رسالتمآبؐ تمام نبیوں پر شاہد ہیں اور شاہد کے لیے حضور شرط ہے، لہٰذا رسول کریمؐ کو تمام انبیاء کے اعمال پر علم حضوری حاصل ہے۔

۴۳۔ حرمت شراب کا حکم بتدریج نافذ ہوا۔ اس آیت میں نشے کی حالت میں نماز کے نزدیک جانے سے منع کیا گیا ہے۔ اسی طرح حالت جنابت میں بھی نماز کے قریب جانے سے روکا گیا ہے۔ اِلَّا عَابِرِيْ سَبِيْلٍ مگر یہ کہ راستے سے گزر رہا ہو۔ اس تعبیر سے مسجد کی طرف اشارہ آ گیا کہ جنابت کی حالت میں مسجد کے قریب نہ جاؤ مگر یہ کہ راستے سے گزر رہے ہو۔ اس طرح مسجد عبور کرنے کی اجازت مل گئی۔ البتہ مسجد میں بیٹھنے سے منع کیا گیا۔ مگر حضرت علی (ع) و دیگر افراد اہل بیت (ع) کو اجازت حاصل رہی۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد کی طرف کھلنے والے سارے دروازے بند کرنے کا حکم دیا لیکن صرف حضرت علی علیہ السلام کو اجازت دے دی کہ دروازہ کھلا رکھیں۔ چنانچہ اس بات کو بارہ سے زائد جلیل القدر اصحاب نے روایت کیا ہے۔
تیمم کے موارد: مرض کی حالت میں ہو، پانی کا استعمال مضر ہو، رفع حاجت یا عورتوں سے مباشرت کی صورت میں پانی میسر نہ ہو۔ تیمم کی احتیاطی صورت یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں کو ایک مرتبہ مٹی پر مارے، پھر پوری پیشانی اور دونوں ہاتھوں پر کلائی سے انگلیوں کے سرے تک پھیر دے، دوسری دفعہ دونوں ہاتھوں کو پھر زمین پر مارے اور دونوں ہاتھوں پر کلائی سے انگلیوں کے سرے تک پھیر دے۔

۴۴۔۴۵۔ یہود و نصاریٰ کو اہل کتاب اس لیے کہا جاتا ہے کہ ان کے پاس کتاب کا کچھ حصہ موجود ہے۔ اکثر حصہ یا تو ان سے گم ہو گیا ہے یا تحریف کر کے بدل دیا گیا ہے۔ سیاق آیت سے مفہوم یہ ہوتا ہے کہ اہل کتاب مسلمانوں کے ساتھ حسن سلوک اور محبت کا اظہار کر کے یہ عندیہ دینے کی

مِنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ
عَنْ مَّوَاضِعِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ سَمِعْنَا
وَعَصَيْنَا وَاسْمَعْ غَيْرَ مُسْمَعٍ
وَّرَاعِنَا لَيًّا بِاَلْسِنَتِهِمْ وَطَعْنًا فِي
الدِّيْنِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ قَالُوْا سَمِعْنَا وَ
اَطَعْنَا وَاسْمَعْ وَانْظُرْنَا لَكَانَ
خَيْرًا لَّهُمْ وَاَقْوَمَ ۙ وَلٰكِنْ لَّعَنَهُمُ
اللّٰهُ بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا
قَلِيْلًا ﴿۴۶﴾

۴۶۔ یہودیوں میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو کلمات کو ان کی جگہ سے بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں: ہم نے سنا اور نہ مانا اور سنو (لیکن) تیری بات نہ سنی جائے اور اپنی زبانوں کو مروڑ کر دین پر طعن کرتے ہوئے کہتے ہیں: رَاعِنَا اور اگر وہ کہتے: ہم نے سنا اور مان لیا اور سنیے ہم پر نظر کیجیے تو یہ ان کے حق میں بہتر اور درست ہوتا لیکن اللہ نے ان کے کفر کے سبب ان پر لعنت کر رکھی ہے اس لیے سوائے تھوڑے لوگوں کے وہ ایمان نہیں لاتے۔☆

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اٰمِنُوْا
بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ مِّنْ
قَبْلِ اَنْ نَّطْمِسَ وُجُوْهًا فَنَرُدَّهَا
عَلٰۤى اَدْبَارِهَاۤ اَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا
لَعَنَّاۤ اَصْحٰبَ السَّبْتِ ؕ وَكَانَ
اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۴۷﴾

۴۷۔ اے وہ لوگو جنہیں کتاب دی گئی تھی اس پر ایمان لے آؤ جسے ہم نے نازل کیا ہے جو تمہارے پاس موجود کتاب کی بھی تصدیق کرتا ہے قبل اس کے کہ ہم (بہت سے) چہروں کو بگاڑ کر ان کی پیٹھ کی طرف پھیر دیں یا ہم ان پر اسی طرح لعنت کریں جس طرح ہم نے ہفتہ (کے دن) والوں پر لعنت کی اور اللہ کا حکم تو ہو کر رہتا ہے۔☆

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَ
يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰۤى
اِثْمًا عَظِيْمًا ﴿۴۸﴾

۴۸۔ اللہ اس بات کو یقیناً معاف نہیں کرتا کہ اس کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہرایا جائے اور اس کے علاوہ دیگر گناہوں کو جس کے بارے میں وہ چاہے گا معاف کر دے گا اور جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک قرار دیا اس نے تو عظیم گناہ کا بہتان باندھا۔☆

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يُزَكُّوْنَ
اَنْفُسَهُمْ ؕ بَلِ اللّٰهُ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ
وَلَا يُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۴۹﴾

۴۹۔ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اپنے آپ کو پاکباز خیال کرتے ہیں، (نہیں) بلکہ اللہ ہی جسے چاہتا ہے پاکیزہ کرتا ہے اور ان پر ذرہ برابر بھی ظلم نہیں ہوگا۔☆

اُنْظُرْ كَيْفَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

۵۰۔ دیکھ لیجیے: یہ لوگ اللہ پر کیسے جھوٹ

کوشش کرتے تھے کہ ہم مسلمانوں کے بہی خواہ ہمدرد ہیں اور مسلمانوں کی مدد کرنا چاہتے ہیں۔ چنانچہ آج کل کے اہل کتاب بھی دوستی اور امداد کے پیچھے اپنے برے عزائم پورے کرتے ہیں۔ قرآن ہمیشہ امت مسلمہ کو اس کے دشمن کی مکاریوں سے آگاہ رکھتا ہے اور بار بار اس بات کی طرف توجہ دلاتا ہے کہ تمہارا مددگار اللہ ہی ہو سکتا ہے، اس پر بھروسہ کرو۔ ان دشمنوں پر ہرگز بھروسہ نہ کرو۔

۴۶۔ تحریف معنوی یہ ہوگی کہ اپنی خواہش کے مطابق کتاب کی تاویلات کر کے کچھ سے کچھ بنا دیا جائے۔ ممکن ہے کہ یہاں اہل کتاب کی طرف سے تحریف کا مطلب کلمات کو توڑ مروڑ کر تبدیل کرنا اور دین کا مذاق اڑانا ہو۔

۴۷۔ نَطْمِسَ وُجُوْهًا: چہروں کی نشانیاں مٹانے سے مراد ممکن ہے کہ بروز قیامت چہروں کا مسخ شدہ حالت میں ہونا ہو یا ممکن ہے کہ چہرے سے مراد مقام وعزت ہو اور بگاڑنے سے مراد یہ ہو کہ انہیں ذلیل وخوار کیا جائے۔

۴۸۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ شرک کے علاوہ باقی گناہوں کے ارتکاب میں کوئی حرج نہیں بلکہ یہاں یہ بتانا مقصود ہے اللہ کی رحمت و مغفرت ہر گناہ سے زیادہ وسیع ہونے کے باوجود شرک اس کے دائرۂ رحمت و مغفرت میں نہیں آتا، لہٰذا اگر کوئی شخص مشرک نہ ہو اور گناہ گار مر جائے تو اس کے سارے گناہ معاف ہو سکتے ہیں۔ لیکن اگر کوئی شخص مشرک مرتا ہے تو اس کے لیے مغفرت کی کوئی گنجائش نہیں۔ شرک یہ ہے کہ تدبیر کائنات میں اللہ کے ساتھ کسی ایسے کو شریک بنائے جو اللہ کی تدبیر کے ذیل میں نہیں آتا ہے۔ اپنے آپ کو شرک باللہ سے دور رکھنے کے بعد مومن کے لیے اس آیت میں بہت بڑی خوشخبری ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: مافی القرآن ارجی من هذه الاية۔ اس آیت سے زیادہ امید افزا آیت قرآن میں نہیں ہے۔ (مجمع البیان)

۴۹۔ اہل کتاب کی ایک نہایت خطرناک خصلت کی طرف اشارہ ہے۔ وہ اپنے آپ کو پاکیزہ نسل اور برگزیدہ قوم تصور کرتے ہیں۔ اس کا لازمی نتیجہ تکبر ہے اور تکبر ہی کے نتیجے میں دوسری قوموں کا استحصال ہوتا ہے۔

الْكَذِبَ ۭ وَكَفٰى بِهٖٓ اِثْمًا مُّبِيْنًا ۝۵۰

باندھتے ہیں اور صریح گناہ کے لیے یہی کافی ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ الْكِتٰبِ يُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَيَقُوْلُوْنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْدٰى مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سَبِيْلًا ۝۵۱

۵۱۔ کیا آپ نے ان لوگوں کا حال نہیں دیکھا جنہیں کتاب کا ایک حصہ دیا گیا ہے؟ جو غیر اللہ معبود اور طاغوت پر ایمان رکھتے ہیں اور کافروں کے بارے میں کہتے ہیں: یہ لوگ تو اہل ایمان سے بھی زیادہ راہ راست پر ہیں۔☆

اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۭ وَمَنْ يَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِيْرًا ۝۵۲

۵۲۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے اور جس پر اللہ لعنت کرے اس کے لیے آپ کوئی مددگار نہیں پائیں گے۔☆

اَمْ لَهُمْ نَصِيْبٌ مِّنَ الْمُلْكِ فَاِذًا لَّا يُؤْتُوْنَ النَّاسَ نَقِيْرًا ۝۵۳

۵۳۔ کیا حکومت میں ان کا کوئی حصہ ہے؟ اگر ایسا ہوتا تو یہ (دوسرے) لوگوں کو کوڑی برابر بھی نہ دیتے۔☆

اَمْ يَحْسُدُوْنَ النَّاسَ عَلٰي مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا ۝۵۴

۵۴۔ کیا یہ (دوسرے) لوگوں سے اس لیے حسد کرتے ہیں کہ اللہ نے انہیں اپنے فضل سے نوازا ہے؟ (اگر ایسا ہے) تو ہم نے آل ابراہیم کو کتاب وحکمت عطا کی اور انہیں عظیم سلطنت عنایت کی۔☆

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ بِهٖ وَمِنْهُمْ مَّنْ صَدَّ عَنْهُ ۭ وَكَفٰى بِجَهَنَّمَ سَعِيْرًا ۝۵۵

۵۵۔ پس ان میں سے کچھ اس پر ایمان لے آئے اور کچھ نے روگردانی کی اور (ان کے لیے) جہنم کی بھڑکتی آگ ہی کافی ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ نُصْلِيْهِمْ نَارًا ۭ كُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۵۶

۵۶۔ جنہوں نے ہماری آیات کو ماننے سے انکار کیا ہے یقیناً انہیں ہم عنقریب آگ میں جھلسا دیں گے، جب بھی ان کی کھالیں گل جائیں گی (ان کی جگہ) ہم دوسری کھالیں پیدا کریں گے تاکہ یہ لوگ عذاب چکھتے رہیں، بے شک اللہ غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

۵۱۔۵۲۔ اس آیت کا شانِ نزول یہ ہے کہ کفار قریش نے یہود کی ایک جماعت سے پوچھا کہ تم اہل کتاب ہو، بتاؤ ہمارا دین برحق ہے یا محمد (ص) کا دین؟ یہود کی اس جماعت نے کہا: تمہارا دین زیادہ ہدایت یافتہ اور راہ راست پر ہے۔

جبت پر ایمان کے بارے میں مختلف اقوال ہیں۔ لیکن اگر جبت کا مطلب، بے اصل اور بے بنیاد چیز لیا جائے تو تمام اقوال میں کچھ چیزیں قدر مشترک کے طور پر سامنے آتی ہیں، جن میں بت، سحر، شیطان، اوہام پرستی اور بدشگونی وغیرہ، یعنی وہ چیزیں جو حقیقت پر مبنی نہیں، شامل ہیں۔

الطَّاغُوْتِ سے مراد وہ قوتیں ہیں جو حدود اللہ اور احکام شریعت کے مقابلے میں کھڑی ہو جاتی ہیں۔ آیت میں جبت اور طاغوت پر ایمان لانے والوں اور کافروں کو اہل ایمان سے زیادہ ہدایت یافتہ قرار دینے والوں کو لعنت کا مستحق قرار دیا گیا ہے۔

۵۳۔ نَقِيْرًا: کھجور کی گٹھلی کے گڑھے کو کہتے ہیں اور نہایت حقیر چیز کے لیے ضرب المثل ہے۔ یہ لوگ جو فیصلہ سنا رہے ہیں کہ کون ہدایت پر ہے، انہیں یہ فیصلہ سنانے کا حق اور اختیار کس نے دیا ہے؟ اگر اس قسم کے فیصلے کا حق اور اختیار ان کے پاس ہوتا تو یہ اس قدر کم ظرف اور تنگ نظر ہیں کہ کسی دوسرے کو ایک ذرہ برابر بھی انصاف نہ دیتے۔

۵۴۔ سابقہ آیت میں مذکور اہل کتاب کا یہ فیصلہ کہ مشرکین کا مذہب مسلمانوں سے زیادہ ہدایت پر ہے، اس حسد پر مبنی ہے کہ جو اہل کتاب آل اسماعیل سے، بالخصوص رسول خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے رکھتے ہیں۔

مُّلْكًا عَظِيْمًا: جس حکومت اور امامت کو اللہ نے عظیم کہا ہے وہ اپنی وسعت مکانی، وسعت زمانی اور وسعت معنوی کے اعتبار سے نہایت عظیم ہے، چونکہ نبوت الٰہی اور ولایت حقیقی کا دائرہ پوری کائنات تک پھیلا ہوا ہے۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: نحن الناس المحسدون (شواھد التنزیل ۱: ۱۸۳) وہ لوگ جن سے یہود حسد کرتے ہیں ہم ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام نے معاویہ کے نام ایک خط میں لکھا: نحن آل ابراھیم المحسدون و انت الحاسد لنا۔ (الغارات ۱: ۱۱۵)۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ
اَبَدًا ؕ لَهُمْ فِيْهَآ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۫
وَّنُدْخِلُهُمْ ظِلًّا ظَلِيْلًا ﴿۵۷﴾
اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا
الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا ۙ وَاِذَا
حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا
بِالْعَدْلِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ نِعِمَّا يَعِظُكُمْ بِهٖ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۵۸﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ
اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُولِي الْاَمْرِ
مِنْكُمْ ۚ فَاِنْ تَنَازَعْتُمْ فِيْ شَيْءٍ
فَرُدُّوْهُ اِلَى اللّٰهِ وَالرَّسُوْلِ اِنْ كُنْتُمْ
تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ ذٰلِكَ
خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿۵۹﴾ ع ۸ ۵
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ
اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ
مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ
يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا
اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ
يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا ﴿۶۰﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ

۵۷۔اور جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے ہیں انہیں ہم جلد ہی ایسی جنتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ ابد تک رہیں گے، جن میں ان کے لیے پاکیزہ بیویاں ہیں اور ہم انہیں گھنے سایوں میں داخل کریں گے۔

۵۸۔بے شک اللہ تم لوگوں کو حکم دیتا ہے کہ امانتوں کو ان کے اہل کے سپرد کر دو اور جب لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کے ساتھ کرو، اللہ تمہیں مناسب ترین نصیحت کرتا ہے، یقیناً اللہ تو ہر بات کو خوب سننے والا اور دیکھنے والا ہے۔☆

۵۹۔ اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اور تم میں سے جو صاحبان امر ہیں ان کی اطاعت کرو پھر اگر تمہارے درمیان کسی بات میں نزاع ہو جائے تو اس سلسلے میں اللہ اور رسول کی طرف رجوع کرو اگر تم اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو۔ یہی بھلائی ہے اور اس کا انجام بھی بہتر ہوگا۔☆

۶۰۔کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ جو کتاب آپ پر نازل ہوئی اور جو کچھ آپ سے پہلے نازل کیا گیا ہے،(سب) پر ایمان لائے ہیں مگر اپنے فیصلوں کے لیے طاغوت کی طرف رجوع کرنا چاہتے ہیں حالانکہ انہیں طاغوت کا انکار کرنے کا حکم دیا گیا تھا، اور شیطان انہیں گمراہ کر کے راہ حق سے دور لے جانا چاہتا ہے۔

۶۱۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو حکم

۵۸۔اسلامی دستور میں ادائے امانت اور فیصلوں میں عدل و انصاف محض انسانی حقوق میں سے ہے۔ امّت مسلمہ کو حکم ہے کہ وہ ان دو باتوں کے بارے میں تمام انسانوں کے ساتھ یکساں سلوک کرے۔ جس کی امانت ہے وہ مسلم ہو یا غیر مسلم، اسے ادا کرنی چاہیے۔ اسی طرح فیصلوں میں انصاف ملنا چاہیے خواہ مسلم ہو یا غیر مسلم۔ یہ اُمّت مسلمہ کی ہادیانہ ذمہ داری اور قائدانہ مسئولیت ہے کہ پوری نوع انسانی کو عدل و انصاف فراہم کرے اور امانت داری کو فروغ دے۔

۵۹۔ اطاعت بالذات اللہ کی ہوتی ہے۔ رسولؐ کی اطاعت اللہ کی اطاعت کے لیے واحد ذریعہ اور سند ہے۔ اولی الامر کی اطاعت رسولؐ کی اطاعت کے ساتھ منسلک ہے، اس لیے اس اطاعت کو رسولؐ کی اطاعت پر عطف کیا ہے۔

اولی الامر کون ہیں؟ قدیم مضطرب اقوال کے علاوہ غیر امامیہ کے بعض جدید مفسرین حکومتی سربراہوں، تاجروں، صنعتکاروں، کسانوں اور مزدور لیڈروں اور جرائد کے ایڈیٹر حضرات کو اولی الامر جانتے ہیں۔ (تفسیر مراغی ۵: ۷۳) تفسیر المنار نے ان کے ساتھ کمپنیوں کے ڈائریکٹرز، جماعتوں کے سربراہان نیز ڈاکٹروں اور وکلاء حضرات کو بھی شامل کیا ہے۔ محمد عبدہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ مجھ سے پہلے کسی مفسر نے اولی الامر کی تفسیر ارباب حل وعقد کے ساتھ نہیں کی ہے، لیکن نیشاپوری نے بھی یہی تفسیر کی تھی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ ان سے پہلے کسی صحابی، تابعی، فقیہ، مفسر، محدث کو معلوم نہ ہو سکا کہ اولی الامر کون ہیں؟

امامیہ کا موقف یہ ہے کہ اولی الامر سے مراد ائمہ اہل البیت علیہم السلام ہیں۔ جس طرح رسولؐ کی ہر بات وحیٔ الٰہی کے مطابق ہوتی ہے، بالکل اسی طرح ائمہ اہل البیت علیہم السلام ہر بات سنت رسولؐ کے مطابق کرتے ہیں۔ چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: میری حدیث میرے پدر بزرگوار کی حدیث ہے، ان کی حدیث میرے جد بزرگوار کی حدیث ہے، ان کی حدیث رسول خداؐ کی حدیث ہے۔ (بحار الانوار ۲: ۱۷۹) دوسری جگہ آپؑ سے روایت ہے: نحدثکم باحادیث نکنزھا عن رسول اللّٰہ کما یکنز ھؤلاء ذھبھم و فضتھم۔ (بحار الانوار ۲: ۱۷۲۔۱۷۳) ”ہم تمہارے لیے رسول اللہؐ کی احادیث بیان کرتے

اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ اِلَى الرَّسُوْلِ
رَاَيْتَ الْمُنٰفِقِيْنَ يَصُدُّوْنَ
عَنْكَ صُدُوْدًا ﴿۶۱﴾
فَكَيْفَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ
بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ثُمَّ جَآءُوْكَ
يَحْلِفُوْنَ ۖ بِاللّٰهِ اِنْ اَرَدْنَآ اِلَّآ
اِحْسَانًا وَّتَوْفِيْقًا ﴿۶۲﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَعْلَمُ اللّٰهُ مَا
فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ
وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
قَوْلًا بَلِيْغًا ﴿۶۳﴾
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ
بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا
اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾
فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى
يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ
لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا
قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۶۵﴾
وَلَوْ اَنَّا كَتَبْنَا عَلَيْهِمْ اَنِ اقْتُلُوْٓا
اَنْفُسَكُمْ اَوِ اخْرُجُوْا مِنْ
دِيَارِكُمْ مَّا فَعَلُوْهُ اِلَّا قَلِيْلٌ

اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کی طرف اور رسول کی طرف آ جاؤ تو آپ ان منافقین کو دیکھتے ہیں کہ آپ کی طرف آنے سے کتراتے ہوئے ٹال مٹول کرتے ہیں۔☆

۶۲۔ پھر ان کا کیا حال ہوگا جب ان پر اپنے ہاتھوں لائی ہوئی مصیبت آ پڑے گی؟ پھر وہ آپ کے پاس اللہ کی قسمیں کھاتے آئیں گے (اور کہیں گے:) قسم بخدا ہم تو خیر خواہ تھے اور باہمی توافق چاہتے تھے۔

۶۳۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے بارے میں اللہ جانتا ہے کہ ان کے دلوں میں کیا ہے، آپ انہیں خاطر میں نہ لائیے اور انہیں نصیحت کیجیے اور ان سے ان کے بارے میں ایسی باتیں کیجیے جو مؤثر ہوں۔

۶۴۔ اور ہم نے جو بھی رسول بھیجا اس لیے بھیجا ہے کہ باذن خدا اس کی اطاعت کی جائے اور جب یہ لوگ اپنے آپ پر ظلم کر بیٹھتے تھے تو اگر آپ کی خدمت میں حاضر ہو کر اللہ سے معافی مانگتے اور رسول بھی ان کے لیے مغفرت کی دعا کرتے تو وہ اللہ کو توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا پاتے۔☆

۶۵۔ (اے رسول) تمہارے رب کی قسم یہ لوگ اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتے جب تک اپنے باہمی تنازعات میں آپ کو منصف نہ بنائیں پھر آپ کے فیصلے پر ان کے دلوں میں کوئی رنجش نہ آئے بلکہ وہ (اسے) بخوشی تسلیم کریں۔☆

۶۶۔ اور اگر ہم ان پر اپنے آپ کو ہلاک کرنا اور اپنے گھروں کو خیرباد کہنا واجب قرار دے دیتے تو ان میں سے کم لوگ ہی

ہیں جنہیں ہم اس طرح ذخیرہ رکھتے ہیں جس طرح لوگ سونا اور چاندی ذخیرہ کر کے رکھتے ہیں۔'' چنانچہ رسول اللہؐ نے متعدد احادیث میں اس بات کی نشاندہی کی ہے کہ ان کے بعد کن کی طرف رجوع کرنا ہوگا: ۱۔ حدیثِ ثقلین: جس میں رسول اکرمؐ نے فرمایا: انی تارك فیكم الثقلین كتاب اللّٰه و عترتی اهل بیتی ما ان تمسكتم بهما لن تضلوا بعدی ابدا اس حدیث کو بیس سے زائد اصحاب نے روایت کیا ہے۔ ۲۔ حدیث اثنا عشر خلیفہ: اسے امام احمد بن حنبل نے ۳۴ طرق سے روایت کیا ہے۔

۶۱۔ سلسلۂ کلام اطاعت کے بارے میں ہے کہ مذکورہ اطاعتوں سے ہی ایمان و نفاق کا امتیاز واضح ہو کر سامنے آتا ہے۔ مومنین ہر حال میں اللہ کی طرف سے تعیین کردہ اطاعتوں کے دائرے میں رہ کر اپنے نزاعی مسائل میں فیصلے لیتے ہیں اور منافقین یہ دیکھتے ہیں کہ فیصلہ کس کے حق میں ہونے کی توقع ہے۔ اگر رسول (ص) کا فیصلہ ان کے حق میں ہونے کی توقع ہو تو ان کی طرف اور اگر طاغوت کا فیصلہ ان کے حق میں ہونے کی توقع ہو تو ان کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

۶۴۔ اللہ نے جو بھی رسول بھیجے، اس لیے بھیجے کہ ان کی اطاعت کی جائے، اس لیے نہیں بھیجے کہ لوگ ان کے نام کو مقدس سمجھتے ہوئے تعویذ بنا کر گلے میں لٹکا لیں اور ان کے لائے ہوئے دستور پر عمل نہ کریں۔

جَآءُوْكَ: بارگاہ رسالت میں حاضر ہونا اور رسولؐ کو اپنا وسیلہ بنانا بارگاہ الٰہی میں اثر رکھتا ہے۔ یہ عمل شرک نہیں ہے بلکہ اس آیت کی رو سے اللہ کے نزدیک پسندیدہ عمل ہے اور بہت سے علمائے اہل سنت کا یہ نظریہ ہے کہ قبر رسولؐ پر حاضری دینا بھی اسی حکم کے زمرے میں آتا ہے۔

۶۵۔ باہمی تنازعات میں رسولؐ کو حَکَمْ کے طور پر قبول کرنا ایمانِ ظاہری ہے۔ رسولؐ کے فیصلے کو دل و جان سے قبول کرنا ایمانِ باطنی ہے۔ حیاتِ رسول کے بعد آپ کی سنت کو حَکَمْ کے طور پر قبول کرنا ایمان کی علامت ہے۔

۶۶۔ قتل و خروج سے مراد انفرادی نہیں ہے، بلکہ اپنے آپ کو ہلاک کرنے یا اپنے ہی گھر بار چھوڑ کر نکلنے کا حکم ایک اجتماعی مسئلہ ہے۔ اللہ تعالیٰ

مِّنْهُمْ ؕ وَ لَوْ اَنَّهُمْ فَعَلُوْا مَا
يُوْعَظُوْنَ بِهٖ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ وَ
اَشَدَّ تَثْبِيْتًا ﴿۶۶﴾
وَّ اِذًا لَّاٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ لَّدُنَّاۤ اَجْرًا
عَظِيْمًا ﴿۶۷﴾
وَّ لَهَدَيْنٰهُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۶۸﴾
وَ مَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ الرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ
مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ
النَّبِيّٖنَ وَ الصِّدِّيْقِيْنَ وَ الشُّهَدَآءِ وَ
الصّٰلِحِيْنَ ۚ وَ حَسُنَ اُولٰٓئِكَ
رَفِيْقًا ﴿۶۹﴾ؕ
ذٰلِكَ الْفَضْلُ مِنَ اللّٰهِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ
ع عَلِيْمًا ﴿۷۰﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ
فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴿۷۱﴾
وَ اِنَّ مِنْكُمْ لَمَنْ لَّيُبَطِّئَنَّ ۚ فَاِنْ
اَصَابَتْكُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالَ قَدْ اَنْعَمَ
اللّٰهُ عَلَيَّ اِذْ لَمْ اَكُنْ مَّعَهُمْ
شَهِيْدًا ﴿۷۲﴾
وَ لَئِنْ اَصَابَكُمْ فَضْلٌ مِّنَ اللّٰهِ
لَيَقُوْلَنَّ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ بَيْنَكُمْ وَ
بَيْنَهٗ مَوَدَّةٌ يّٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَهُمْ
فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿۷۳﴾

فرماتا ہے کہ اگر ہم ان پر اپنی قوم کے افراد کو قتل کرنے یا اپنے گھروں سے نکلنے کا حکم دیتے جو ان کی ذاتی خواہشات کے خلاف پر مشقت کام ہے تو یہ اس حکم کی تعمیل نہ کرتے۔ حکم صرف ان کے اپنے مفاد کے مطابق ہو تو یہ ایمان کا اظہار کرتے ہیں۔ جان دینے یا گھر بار چھوڑنے کا حکم ہو تو راہ فرار اختیار کرتے ہیں۔ جیسے بنی اسرائیل کو گوسالہ پرستی کی سزا میں حکم دیا تھا کہ اپنے ہی لوگوں کو قتل کرو۔

۶۹۔۷۰۔ امالی شیخ طوسی میں مذکور ہے کہ انصار کا ایک فرد رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: یا رسول اللہؐ میں آپ کی جدائی برداشت نہیں کر سکتا۔ میں جب گھر جاتا ہوں آپ کو یاد کرتا ہوں اور اپنا کاروبار چھوڑ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا ہوں اور محبت بھری نگاہوں سے آپ کا دیدار کرتا ہوں۔ مجھے خیال آیا کہ قیامت کے دن آپؐ تو جنت کے اعلیٰ علیین میں ہوں گے تو اس وقت میں آپ کی زیارت کیسے کر سکوں گا؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور رسول خداؐ نے اس انصاری کو بلا کر یہ بشارت سنا دی۔

۷۱۔ یعنی بچاؤ کا سامان فراہم رکھو۔ بچاؤ کے سامان کا تعین دشمن کی طاقت سے ہو جاتا ہے۔ دشمن کے پاس جس طرح کا جنگی ساز و سامان ہو اور جس طرح کی مادی و عسکری طاقت اور تدبیر ہو مسلمانوں کے لیے حکم ہے کہ وہ اپنے لیے ایسا ہی سامان حرب آمادہ رکھیں۔

۷۲۔ سابقہ آیت میں جن کو يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کے ساتھ خطاب کیا گیا ہے، مِنْكُمْ کا خطاب بھی انہی سے ہے اور جہاد سے پیچھے رہ جانے والوں کا یہ کہنا: قَدْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيَّ اللہ نے مجھ پر کرم کیا، بھی دلیل ہے کہ یہ خطاب منافقین کے لیے نہیں ہے جیسا کہ بعض حضرات کا خیال ہے۔

۷۳۔ ایسے ضعیف الایمان لوگ جنگ میں بے ثباتی اور اضطراب کا شکار رہتے ہیں کہ اگر جہاد میں شرکت کرنے والوں کو کوئی حادثہ پیش آئے تو مسرت کا اظہار کرتے ہیں اور اگر مجاہدین کو فتح و نصرت حاصل ہوتی ہے تو اس طرح اظہار تأسف کرتے ہیں کہ گویا ایک اجنبی دوسرے اجنبی کے بارے میں کہتا ہے: کاش میں ان لوگوں کے ساتھ ہوتا۔ كَاَنْ لَّمْ تَكُنْۢ کی عبارت میں اس بات پر دلیل ہے کہ یہ لوگ ضعیف الایمان لوگ تھے۔

اس پر عمل کرتے حالانکہ اگر یہ لوگ انہیں کی جانے والی نصیحتوں پر عمل کرتے تو یہ ان کے حق میں بہتر اور ثابت قدمی کا موجب ہوتا۔☆

۶۷۔ اور اس صورت میں ہم انہیں اپنی طرف سے اجر عظیم عطا کرتے۔

۶۸۔ اور ہم انہیں سیدھے راستے کی رہنمائی (بھی) کرتے۔

۶۹۔ اور جو اللہ اور رسول کی اطاعت کرے وہ انبیاء، صدیقین، گواہوں اور صالحین کے ساتھ ہو گا جن پر اللہ نے انعام کیا ہے اور یہ لوگ کیا ہی اچھے رفیق ہیں۔☆

۷۰۔ یہ فضل اللہ کی طرف سے (ملتا) ہے اور علم و آگاہی کے لیے تو اللہ ہی کافی ہے۔☆

۷۱۔ اے ایمان والو! اپنے بچاؤ کا سامان اٹھا لو پھر دستہ دستہ یا سب مل کر نکل پڑو۔☆

۷۲۔ البتہ تم میں کوئی ایسا بھی ہے جو (جہاد سے) ضرور کتراتا ہے پھر اگر تم پر کوئی مصیبت آ پڑے تو کہتا ہے: اللہ نے مجھ پر (خاص) فضل کیا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ حاضر نہ تھا۔☆

۷۳۔ اور اگر تم پر اللہ کی طرف سے فضل ہو جائے تو وہ اس طرح کہ گویا تم میں اور اس میں کوئی دوستی نہ تھی، ضرور کہے گا: کاش میں بھی ان کے ساتھ ہوتا تو میں بھی بڑی کامیابی حاصل کرتا۔☆

فَلْيُقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ الَّذِيْنَ
يَشْرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ؕ
وَمَنْ يُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيُقْتَلْ
اَوْ يَغْلِبْ فَسَوْفَ نُؤْتِيْهِ اَجْرًا
عَظِيْمًا ﴿۷۴﴾
وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ
وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ
رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ
الظَّالِمِ اَهْلُهَا ۚ وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ
لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۙ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ
لَّدُنْكَ نَصِيْرًا ﴿۷۵﴾
اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُقَاتِلُوْنَ
فِيْ سَبِيْلِ الطَّاغُوْتِ فَقَاتِلُوْٓا
اَوْلِيَآءَ الشَّيْطٰنِ ۚ اِنَّ كَيْدَ الشَّيْطٰنِ
ع كَانَ ضَعِيْفًا ﴿۷۶﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ قِيْلَ لَهُمْ كُفُّوْٓا
اَيْدِيَكُمْ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا
الزَّكٰوةَ ۚ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ
الْقِتَالُ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ يَخْشَوْنَ
النَّاسَ كَخَشْيَةِ اللّٰهِ اَوْ اَشَدَّ
خَشْيَةً ۚ وَقَالُوْا رَبَّنَا لِمَ كَتَبْتَ

۷۴۔ اب ان لوگوں کو اللہ کی راہ میں لڑنا چاہیے جو اپنی دنیاوی زندگی کو آخرت کی زندگی کے بدلے فروخت کرتے ہیں اور جو راہ خدا میں لڑتا ہے وہ مارا جائے یا غالب آئے (دونوں صورتوں میں) ہم اسے عنقریب اجر عظیم دیں گے۔☆

۷۵۔ (آخر) تم لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں اور ان بے بس کیے گئے مردوں عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو پکارتے ہیں: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس بستی سے نکال جس کے باشندے بڑے ظالم ہیں اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارا سرپرست بنا دے اور اپنی طرف سے کسی کو ہمارے لیے مددگار بنا دے؟☆

۷۶۔ ایمان لانے والے اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں اور کفار طاغوت کی راہ میں لڑتے ہیں پس تم شیطان کے حامیوں سے لڑو (مطمئن رہو کہ) شیطان کی عیاریاں یقیناً ناپائیدار ہیں۔☆

۷۷۔ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جن سے کہا گیا تھا: اپنا ہاتھ روکے رکھو، نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو؟ پھر جب ان پر جہاد فرض کیا گیا تو ان میں سے کچھ تو لوگوں سے اس طرح ڈرنے لگے جیسے اللہ سے ڈرا جاتا ہے یا اس سے بھی بڑھ کر اور کہنے لگے: ہمارے پروردگار! تو نے ہم پر جہاد کیوں فرض کیا؟ ہمیں تھوڑی مہلت کیوں نہ دی؟ ان سے کہہ دیجیے:

۷۴۔ راہ خدا میں لڑنے والوں کی اس آیت میں دو صورتیں بتائی گئی ہیں کہ وہ یا تو شہید ہو جاتے ہیں یا فتح و غلبہ حاصل کرتے ہیں۔ ان کے لیے تیسری صورت یعنی شکست و فرار قابل تصور نہیں ہے۔ اگر کوئی جہاد سے راہ فرار اختیار کرتا ہے تو یہ عمل قتال فی سبیل اللہ کے منافی ہے۔ یعنی جنگ سے بھاگتا وہ ہے جو سرے سے راہ خدا میں لڑ ہی نہ رہا ہو۔

۷۵۔ خطاب مومنین سے ہے کہ ان میں سے جو لوگ راسخ الایمان ہیں، انہیں راہ خدا میں جہاد کرنا چاہیے اور جو لوگ ضعیف الایمان ہیں، انہیں اپنے عزیزوں کے بارے میں کچھ حمیت آنی چاہیے۔ کیونکہ ہجرت کے بعد مسلمانوں کے عزیزوں میں سے بچوں، عورتوں اور ناتواں مردوں کی ایک خاصی تعداد اسلام قبول کر چکی تھی اور یہ سب مکہ میں رہ رہے تھے اور قریش کے ظلم و تشدد کا نشانہ بن رہے تھے۔ اسلام کی نظر میں اگرچہ قومی اور نژادی عصبیت مردود ہے، تاہم ایمان کے بعد برادری اور قومی حمیت، جو ایک فطری عمل ہے، کو بھی مدنظر رکھنا ممنوع نہیں ہے، بلکہ اس آیت میں اسی قومی حمیت اور برادری غیرت کی طرف اشارہ فرمایا ہے

۷۶۔ کفر و ایمان کے تقابل کے ساتھ اللہ اور طاغوت کا بھی تقابل ہے۔ طاغوت کی راہ میں لڑنے والوں کو شیطان کے حامی قرار دینے کے بعد ایک کلیہ بیان فرمایا کہ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والوں کے راستے میں شیطان کی عیاریاں کارفرما ہوتی ہیں، لیکن ایمان باللہ کے حقائق کے مقابلے میں یہ بے حقیقت عیاریاں کارآمد نہیں ہو سکتیں۔ شیطان کی عیاریاں ناپائیدار ہیں۔ عیاری یعنی مکر و حیلہ اور بے حقیقت عیاری ہمیشہ ناپائیدار ہوتی ہے۔ اس میں مسلمانوں کے لیے ایک ابدی درس ہے کہ عیاری بے حقیقت ہے اور بے حقیقتی ناپائیدار ہوتی ہے۔ لہٰذا مومنین کو اپنے بے حقیقت دشمن سے خوف نہیں کھانا چاہیے۔

۷۷۔ ان مسلمانوں کا ذکر ہے کہ جو جہاد کا دور آنے سے پہلے جہاد کی اجازت طلب کرتے تھے۔ ان

عَلَيْنَا الْقِتَالَ ۚ لَوْلَآ اَخَّرْتَنَآ اِلٰٓى
اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۭ قُلْ مَتَاعُ الدُّنْيَا
قَلِيْلٌ ۚ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّمَنِ
اتَّقٰى ۣ وَلَا تُظْلَمُوْنَ فَتِيْلًا ﴿۷۷﴾
اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ
وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ ۭ
وَاِنْ تُصِبْهُمْ حَسَنَةٌ يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ
مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ
يَّقُوْلُوْا هٰذِهٖ مِنْ عِنْدِكَ ۭ قُلْ كُلٌّ
مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ فَمَالِ هٰٓؤُلَاۗءِ الْقَوْمِ
لَا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ حَدِيْثًا ﴿۷۸﴾
مَآ اَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ۠
وَمَآ اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ
نَّفْسِكَ ۭ وَاَرْسَلْنٰكَ لِلنَّاسِ
رَسُوْلًا ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۷۹﴾
مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ ۚ
وَمَنْ تَوَلّٰى فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ
حَفِيْظًا ﴿۸۰﴾
وَيَقُوْلُوْنَ طَاعَةٌ ۡ فَاِذَا بَرَزُوْا
مِنْ عِنْدِكَ بَيَّتَ طَاۗىِٕفَةٌ
مِّنْهُمْ غَيْرَ الَّذِيْ تَقُوْلُ ۭ وَاللّٰهُ
يَكْتُبُ مَا يُبَيِّتُوْنَ ۚ فَاَعْرِضْ
عَنْهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى

سے کہا گیا کہ ابھی نماز و زکوۃ کا دور ہے، تم اپنے دور کی ذمہ داریوں پر عمل کرو۔ جب مدینہ میں جہاد وقتال کا دور آیا تو ان میں سے ایک گروہ نہ صرف جہاد سے کترانے لگا بلکہ حکم جہاد پر کھلم کھلا اعتراض کرنے لگا: لِمَ كَتَبْتَ عَلَيْنَا الْقِتَالَ اے اللہ تو نے ہم پر جہاد کیوں واجب کیا؟

۷۸۔ جب مسلمانوں کو فتح ونصرت مل جاتی تو وہ اسے اللہ کا فضل وکرم قرار دیتے اور جب کبھی ہزیمت اٹھانا پڑتی تو اس کا الزام رسول پر ڈالتے. قُلْ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ "اے رسول ان سے کہد یجیے یہ سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے" اور اس کے وضع کردہ قانون کا لازمہ ہے یعنی یہ فتح وشکست اللہ کے وضع کردہ قانون علل واسباب کا لازمی حصہ ہے۔

۷۹۔ اس کے بعد فرمایا: سکھ اللہ کی طرف سے اور دکھ خود تمہاری طرف سے ہے۔ ظرفیت و اہلیت نہ ہونے کی وجہ سے اللہ کا فیض اس تک نہیں پہنچتا۔ یہ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ کے تحت ہے اور ظرفیت اور اہلیت پیدا نہ کرنا خود بندے کی کوتاہی ہے۔ یہ فَمِنْ نَّفْسِكَ کے تحت ہے۔

۸۰۔ اطاعت، خوشدلی کے ساتھ تابعداری کرنے کو کہتے ہیں۔ طاعۃٌ کے مقابلہ میں کرہٌ آتا ہے۔ جس کے معنی ناگواری اور کراہت کے ساتھ کسی کام کو انجام دینے کے ہیں۔ لہٰذا اطاعت وہ ہے جو کسی جبر وقہر کے بغیر رسولؐ کی محبت کی وجہ سے انجام دی جائے۔ رسولؐ سے محبت اس وقت ہوگی جب ان کے سارے فرامین کو اللہ کی طرف سے مان لیا جائے اور ان پر عمل کیا جائے تو اس وقت رسولؐ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے۔

۸۱۔ سلسلۂ کلام ضعیف الایمان افراد کے بارے میں جاری ہے۔ ان ضعیف الایمان لوگوں کے بارے میں ہمیشہ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ کا حکم ہے کہ ان کو فاش نہ کرو ان کو اپنی صفوں سے نہ نکالو۔ اس طرح کرنے سے اس امت کا شیرازہ بکھر جائے گا کیونکہ یہ امت ابھی اپنی تشکیل کے مراحل طے کر رہی ہے۔

تفسیر المنار کا بھی یہی موقف ہے کہ فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ سے مراد منافقین نہیں ہیں کہ آیۂ جَاهِدِ الْكُفَّارَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ کے ذریعے اس آیت کو منسوخ سمجھا جائے۔

دنیا کا سرمایہ بہت تھوڑا ہے اور متقی (انسان) کے لیے نجات اخروی زیادہ بہتر ہے اور تم پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆

۷۸۔ (تمہیں موت کا خوف ہے) تم جہاں کہیں بھی ہو خواہ تم مضبوط قلعوں میں بند رہو موت تمہیں آ لے گی اور انہیں اگر کوئی سکھ پہنچے تو کہتے ہیں: یہ اللہ کی طرف سے ہے اور اگر انہیں کوئی دکھ پہنچتا ہے تو کہتے ہیں یہ آپ کی وجہ سے ہے، کہد یجیے: سب کچھ اللہ کی طرف سے ہے، پھر انہیں کیا ہو گیا ہے کہ کوئی بات ان کی سمجھ میں ہی نہیں آتی؟☆

۷۹۔ تمہیں جو سکھ پہنچے وہ اللہ کی طرف سے ہے اور جو دکھ پہنچے وہ خود تمہاری اپنی طرف سے ہے اور ہم نے آپ کو لوگوں کی طرف رسول بنا کر بھیجا ہے اور (اس پر) گواہی کے لیے اللہ کافی ہے۔☆

۸۰۔ جس نے رسول کی اطاعت کی اس نے اللہ کی اطاعت کی اور جس نے منہ پھیر لیا تو ہم نے آپ کو ان کا نگہبان بنا کر تو نہیں بھیجا۔☆

۸۱۔ اور یہ لوگ (منہ پر تو) کہتے ہیں: اطاعت کے لیے حاضر (ہیں) لیکن جب آپ کے پاس سے نکلتے ہیں تو ان میں سے ایک گروہ آپ کی باتوں کے خلاف رات کو مشورہ کرتا ہے، یہ لوگ راتوں کو جو مشورہ کرتے ہیں اللہ اسے لکھ رہا ہے۔ پس (اے رسول) آپ ان کی پرواہ

بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۸۱﴾

نہ کریں اور اللہ پر بھروسا کریں اور کارسازی کے لیے اللہ کافی ہے۔☆

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ﴿۸۲﴾

۸۲۔ کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو یہ لوگ اس میں بڑا اختلاف پاتے۔

وَاِذَا جَآءَهُمْ اَمْرٌ مِّنَ الْاَمْنِ اَوِ الْخَوْفِ اَذَاعُوْا بِهٖ ؕ وَلَوْ رَدُّوْهُ اِلَى الرَّسُوْلِ وَاِلٰٓى اُولِى الْاَمْرِ مِنْهُمْ لَعَلِمَهُ الَّذِيْنَ يَسْتَنْۢبِطُوْنَهٗ مِنْهُمْ ؕ وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَاتَّبَعْتُمُ الشَّيْطٰنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۳﴾

۸۳۔ اور جب ان کے پاس امن یا خوف کی خبر پہنچتی ہے تو وہ اسے خوب پھیلاتے ہیں اور اگر وہ اس خبر کو رسول اور اپنے میں سے صاحبان امر تک پہنچا دیتے تو ان میں سے اہل تحقیق اس خبر کی حقیقت کو جان لیتے اور اگر تم پر اللہ کا فضل نہ ہوتا اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو چند ایک افراد کے سوا باقی تم سب شیطان کے پیروکار بن جاتے۔☆

فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴿۸۴﴾

۸۴۔ (اے رسول) راہ خدا میں قتال کیجیے، آپ پر صرف اپنی ذات کی ذمے داری ڈالی جاتی ہے اور آپ مومنین کو ترغیب دیں، عین ممکن ہے کہ اللہ کافروں کا زور روک دے اور اللہ بڑا طاقت والا اور سخت سزا دینے والا ہے۔

مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا ۚ وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقِيْتًا ﴿۸۵﴾

۸۵۔ جو شخص اچھی بات کی حمایت اور سفارش کرتا ہے وہ اس میں سے حصہ پائے گا اور جو بری بات کی حمایت اور سفارش کرتا ہے وہ بھی اس میں سے کچھ حصہ پائے گا اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔☆

وَاِذَا حُيِّيْتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْهَآ اَوْ رُدُّوْهَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَسِيْبًا ﴿۸۶﴾

۸۶۔ اور جب تمہیں سلام کیا جائے تو تم اس سے بہتر سلام کرو یا انہی الفاظ سے جواب دو، اللہ یقیناً ہر چیز کا حساب لینے والا ہے۔☆

۸۳۔ یہ آیت بھی اکثر حضرات کے نزدیک ضعیف الایمان مسلمانوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ تفسیر المنار نے یہی موقف اختیار کیا ہے۔ یہ لوگ اسلامی مرکز میں رونما ہونے والے عسکری اسرار و رموز سے مربوط ہر بات کو پھیلا دیتے تھے۔ جس سے بہت سے راز فاش ہو جاتے اور مسلمانوں کی صفوں میں اس افواہ سازی کے نتیجہ میں بد امنی پھیلتی تھی۔ اس آیت میں ان کے لیے حکم آیا کہ وہ اس قسم کی خبروں کے بارے میں مرکز کی طرف رجوع کیا کریں اور اس کے بارے میں مرکز سے ہدایات لے لیا کریں۔ چونکہ مرکز یعنی رسول (ص) اور صاحبان امر اس خبر کے پس منظر اور حقائق سے آگاہ ہیں۔

۸۵۔ جب رسول خدا (ص) کو بنفس نفیس قتال کا حکم دے دیا تو اس کے بعد فرمایا کہ جو کارہائے خیر میں مدد دیتا ہے یا مدد کی سفارش کرتا ہے وہ بھی اس کار خیر میں حصے دار ہے۔ اسی طرح برائی میں مدد دینے والا بھی اس میں شریک اور حصے دار ہے. آیت کے عموم میں اچھی باتوں میں ہر قسم کی سفارش اور مدد کرنا اور بری باتوں میں ہر قسم کا حصہ لینا شامل ہے۔

۸۶۔ تحیت وسلام کی رسم تو ہر قوم وملت میں موجود ہے مگر ان میں تحیت وسلام کا مطلب یہ ہے کہ ادنیٰ انسان کسی بڑے کے سامنے اس کی بڑائی کا اظہار کرے۔ اسلام نے تحیت وسلام کے آداب میں اس قسم کی تفریق مٹا کر اسے امن وسلامتی، صلح و آشتی، مساوات ومواسات کا شعار قرار دیا ہے، چنانچہ حدیث میں آیا ہے کہ رسالت مآبؐ پر سلام کرنے میں کوئی سبقت نہیں لے سکتا تھا۔ اسلام میں سلام کے آداب کچھ اس طرح ہیں کہ چھوٹے بڑوں کو، راہ گیر بیٹھے ہوئے لوگوں کو، سوار پیادوں کو، تھوڑے لوگ زیادہ لوگوں کو سلام کریں.

اس آیت میں سلام کے آداب بیان فرمائے گئے ہیں کہ سلام کا جواب بہتر طریقے سے دیں۔ مسلمانوں کو ایک مبلّغ اور داعی کی حیثیت سے اخلاق و شائستگی کا درس دیا جا رہا ہے کہ اگر کوئی سلام کرے تو اس کا جواب اس سے بہتر طریقے

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَيَجْمَعَنَّكُمْ
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ فِيْهِ ؕ وَمَنْ
ع ۸ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا ﴿۸۷﴾
فَمَا لَكُمْ فِى الْمُنٰفِقِيْنَ فِئَتَيْنِ
وَاللّٰهُ اَرْكَسَهُمْ بِمَا كَسَبُوْا ؕ
اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَهْدُوْا مَنْ اَضَلَّ
اللّٰهُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ
تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۸۸﴾
وَدُّوْا لَوْ تَكْفُرُوْنَ كَمَا كَفَرُوْا
فَتَكُوْنُوْنَ سَوَآءً فَلَا تَتَّخِذُوْا
مِنْهُمْ اَوْلِيَآءَ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا فِىْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَخُذُوْهُمْ
وَاقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ ۪
وَلَا تَتَّخِذُوْا مِنْهُمْ وَلِيًّا وَّلَا
نَصِيْرًا ۙ﴿۸۹﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ يَصِلُوْنَ اِلٰى قَوْمٍ
بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ اَوْ
جَآءُوْكُمْ حَصِرَتْ صُدُوْرُهُمْ
اَنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ اَوْ يُقَاتِلُوْا
قَوْمَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
لَسَلَّطَهُمْ عَلَيْكُمْ فَلَقٰتَلُوْكُمْ ۚ
فَاِنِ اعْتَزَلُوْكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوْكُمْ
وَاَلْقَوْا اِلَيْكُمُ السَّلَمَ ۙ فَمَا جَعَلَ

۸۷۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تم سب کو بروز قیامت جس کے آنے میں کوئی شبہ نہیں ضرور جمع کرے گا اور اللہ سے بڑھ کر سچی بات کرنے والا کون ہوسکتا ہے؟

۸۸۔ پھر تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم منافقین کے بارے میں دو گروہ ہو گئے ہو؟ اور اللہ نے ان کی بداعمالیوں کی وجہ سے انہیں اوندھا کر دیا ہے، کیا تم لوگ اللہ کے گمراہ کردہ کو ہدایت دینا چاہتے ہو؟ حالانکہ جسے اللہ گمراہ کر دے اس کے لیے تم کوئی راستہ نہیں پاؤ گے۔☆

۸۹۔ وہ چاہتے ہیں کہ تم بھی ویسے ہی کافر ہو جاؤ جیسے کافر وہ خود ہیں تاکہ تم سب یکساں ہو جاؤ، لہٰذا ان میں سے کسی کو اپنا حامی نہ بناؤ جب تک وہ راہ خدا میں ہجرت نہ کریں، اگر وہ (ہجرت سے) منہ موڑ لیں تو انہیں پکڑ لو اور جہاں پاؤ قتل کر دو اور ان میں سے کسی کو اپنا حامی اور مددگار نہ بناؤ۔☆

۹۰۔ سوائے ان لوگوں کے جو ایسے لوگوں سے جا ملیں جن کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہو یا وہ اس بات سے دل تنگ ہو کر تمہارے پاس آ جائیں کہ تم سے لڑیں یا اپنی قوم سے لڑیں اور اگر اللہ چاہتا تو انہیں تم پر مسلط کر دیتا اور وہ تم سے ضرور لڑتے لہٰذا اگر وہ تم سے الگ رہیں اور تم سے جنگ نہ کریں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام بھیجیں تو اللہ نے تمہارے لیے

سے دیا کرو۔ واضح رہے سلام کرنا مستحب اور جواب سلام واجب ہے۔ حدیث میں آیا ہے: السلام تطوع و الرد فریضۃ۔

۸۸۔ یہاں سے آگے منافقین کا ذکر شروع ہو جاتا ہے اور ربط آیت اس طرح ہے کہ جب اچھی بات کی مدد اور سفارش کرنے والے کو نیکی میں حصہ اور بری بات کی سفارش کرنے والے کو گناہ میں حصہ مل جاتا ہے تو پھر تم منافقین کے بارے میں دو گروہ کیوں ہو گئے ہو۔ ان کی اپنی بداعمالیوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے انہیں دوبارہ کفر و ضلالت کی اتھاہ گہرائی میں اوندھا کر دیا۔ جب اللہ نہیں چاہتا تو تم کیسے ان کی ہدایت کر سکتے ہو.

شان نزول: حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: کچھ لوگ مکہ سے مدینہ آئے اور یہ ظاہر کیا کہ ہم نے اسلام قبول کر لیا ہے۔ پھر مکہ واپس چلے گئے، کیونکہ انہیں مدینہ راس نہ آیا۔ پھر مسلمانوں کا سامان لے کر یمامہ چلے گئے تو مسلمانوں نے ان پر حملہ کرنے کا ارادہ کیا۔ آپس میں اختلاف ہوا۔ کچھ لوگوں نے کہا یہ لوگ مسلمان ہیں، جب کہ کچھ لوگوں نے کہا یہ لوگ مشرکین ہیں۔ اس اختلاف پر یہ آیت نازل ہوئی۔ (مجمع البیان)

۸۹۔ جن لوگوں کے بارے میں تمہارے درمیان دو موقف وجود میں آ گئے، وہ نہ صرف اہل ایمان نہیں ہیں، بلکہ وہ تمہارے ایمان کے بھی خلاف ہیں ۔ سیاق آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہیں ہجرت کی دعوت دینی چاہیے، اگر وہ ہجرت سے منہ موڑیں تو اس صورت میں ان کے ساتھ قطع تعلق اور قتل کا حکم ہے۔

۹۰۔ دو قسم کے منافقین کو اللہ نے اس حکم قتل سے مستثنیٰ قرار دیا ہے: ۱۔ وہ منافق جو ایسی قوم سے جا ملتے ہیں جس کے اور مسلمانوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ ۲۔ وہ غیر جانبدار منافق جو نہ مسلمانوں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں اور نہ ہی مسلمانوں کے دشمنوں کے ساتھ جنگ کرتے ہیں، بلکہ وہ امن و آشتی کا پیغام دیتے ہیں۔ ان دو صورتوں میں منافقین کا قتل جائز نہ ہوگا۔

اللّٰهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيْلًا ﴿۹۰﴾

سَتَجِدُوْنَ اٰخَرِيْنَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ
يَّاْمَنُوْكُمْ وَيَاْمَنُوْا قَوْمَهُمْ ؕ كُلَّمَا
رُدُّوْٓا اِلَى الْفِتْنَةِ اُرْكِسُوْا فِيْهَا ۚ
فَاِنْ لَّمْ يَعْتَزِلُوْكُمْ وَ يُلْقُوْٓا
اِلَيْكُمُ السَّلَمَ وَيَكُفُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ
فَخُذُوْهُمْ وَ اقْتُلُوْهُمْ حَيْثُ
ثَقِفْتُمُوْهُمْ ؕ وَاُولٰٓئِكُمْ جَعَلْنَا
لَكُمْ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۹۱﴾ ع ۱۲

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا
اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا
فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّ دِيَةٌ
مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ
يَّصَّدَّقُوْا ؕ فَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ
عَدُوٍّ لَّكُمْ وَ هُوَ مُؤْمِنٌ فَتَحْرِيْرُ
رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ ؕ وَاِنْ كَانَ مِنْ قَوْمٍ
بَيْنَكُمْ وَ بَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ فَدِيَةٌ
مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖ وَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ
مُّؤْمِنَةٍ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ ۙ تَوْبَةً مِّنَ
اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۹۲﴾

وَ مَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا
فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا وَغَضِبَ

ان پر بالادستی کی کوئی سبیل نہیں رکھی ہے۔☆

۹۱۔عنقریب تم دوسری قسم کے ایسے (منافق) لوگوں کو پاؤ گے جو تم سے بھی امن میں رہنا چاہتے ہیں اور اپنی قوم سے بھی امن میں رہنا چاہتے ہیں، لیکن اگر فتنہ انگیزی کا موقع ملے تو اس میں اوندھے منہ کود پڑتے ہیں، ایسے لوگ اگر تم لوگوں سے جنگ کرنے سے باز نہ آئیں اور تمہاری طرف صلح کا پیغام نہ دیں اور دست درازی سے بھی باز نہ آئیں تو جہاں کہیں وہ ملیں انہیں پکڑو اور قتل کرو اور ان پر ہم نے تمہیں واضح بالادستی دی ہے۔

۹۲۔ اور کسی مومن کو یہ حق نہیں کہ وہ کسی دوسرے مومن کو قتل کر دے مگر غلطی سے اور جو شخص کسی مومن کو غلطی سے قتل کر دے وہ ایک مومن غلام آزاد کرے اور مقتول کے ورثاء کو خوںبہا ادا کرے مگر یہ کہ وہ معاف کر دیں، پس اگر وہ مومن مقتول تمہاری دشمن قوم سے تھا تو (قاتل) ایک مومن غلام آزاد کرے اور اگر وہ مقتول ایسی قوم سے تعلق رکھتا تھا جس کے ساتھ تمہارا معاہدہ ہو تو اس کے ورثاء کو خوںبہا دیا جائے اور ایک غلام آزاد کیا جائے اور جسے غلام میسر نہیں وہ دو ماہ متواتر روزے رکھے، یہ ہے اللہ کی طرف سے توبہ اور اللہ بڑا علم والا، حکمت والا ہے۔☆

۹۳۔اور جو شخص کسی مومن کو عمداً قتل کر دے تو اس کی سزا جہنم ہے جس میں وہ ہمیشہ

۹۲۔اس بیان کے بعد کہ منافقین کا قتل کن صورتوں میں جائز ہے، مومن کے قتل کا ذکر آیا ہے کہ دارالکفر میں موجود منافق اور کافروں کو قتل کرنے کے ضمن میں اگر غلطی سے کوئی مؤمن قتل ہو جائے تو: ☆ اگر وہ مؤمن غیر ارادی طور پر قتل ہو جائے تو قاتل ایک مؤمن غلام آزاد کرے اور دیت بھی ادا کرے۔☆ اگر مقتول کافر قوم کا ایک مؤمن فرد تھا تو قاتل غلام آزاد کرے، دیت دینا واجب نہیں ہے کیونکہ دیت ورثاء کو ادا کرنا ہوتی ہے۔ یہاں وارث کافر ہیں اور کافر مؤمن کا وارث نہیں بن سکتا۔☆ اگر مقتول ایسی قوم کا فرد ہے جس کے ساتھ مسلمانوں کا معاہدہ ہے تو غلام آزاد کرنا ہو گا اور ساتھ دیت بھی دینا ہو گی۔ یہاں دیت کی مقدار وہی ہوگی جو معاہدے میں طے ہے۔ یہاں قتل کی تین قسمیں ہیں: ☆ قتل عمد، اس کی سزا قصاص اور دیت ہے۔ ☆ شبہ عمد، یعنی ضرب تو مثلاً جان بوجھ کر لگائی مگر قتل کا ارادہ نہ تھا اتفاقاً قتل ہو گیا۔ اس کی سزا دیت ہے قصاص نہیں اور دیت خود قاتل کے ذمے ہے۔☆ قتل خطا، قتل کا ارادہ تو نہ تھا مگر وہ زد میں آ گیا اور قتل ہو گیا اس کی سزا دیت ہے جو قرابتداروں کے ذمے ہے۔

۹۳۔کسی مومن کو جان بوجھ کر جان سے مار دینے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں: ۱۔ اگر مومن ہونے کی وجہ سے اس کا خون حلال سمجھ کر قتل کرتا ہے تو اس صورت میں قاتل ہمیشہ جہنم میں رہے گا۔ اس پر خدا کا غضب اور اس کی رحمت سے بھی دور ہو گا اور اس کی توبہ قبول نہیں ہے۔ ۲۔ قتل کا محرک مقتول کا مومن ہونا نہ ہو اور نہ ہی اسے جائز القتل اور اس کا خون حلال سمجھ کر قتل کیا ہو تو اس صورت میں کیا اس قاتل کی توبہ قبول ہو گی یا نہیں؟ چند اقوال ہیں۔ اہل تحقیق کے نزدیک اس کی توبہ قابل قبول ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَ يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۔ (۴ نساء:۴۸) اللہ اس بات کو یقیناً معاف نہیں کرتا کہ اس کے ساتھ (کسی کو) شریک ٹھہرایا جائے اور اس کے علاوہ دیگر گناہوں کو جس کے بارے میں وہ چاہے گا معاف کر دے گا۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَلَعَنَهٗ وَاَعَدَّ لَهٗ عَذَابًا
عَظِيْمًا ﴿۹۳﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا ضَرَبْتُمْ فِيْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ فَتَبَيَّنُوْا وَلَا تَقُوْلُوْا
لِمَنْ اَلْقٰۤى اِلَيْكُمُ السَّلٰمَ لَسْتَ
مُؤْمِنًا ۚ تَبْتَغُوْنَ عَرَضَ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۫ فَعِنْدَ اللّٰهِ مَغَانِمُ كَثِيْرَةٌ ؕ
كَذٰلِكَ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلُ فَمَنَّ اللّٰهُ
عَلَيْكُمْ فَتَبَيَّنُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۹۴﴾
لَا يَسْتَوِي الْقٰعِدُوْنَ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ
وَالْمُجٰهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ فَضَّلَ اللّٰهُ
الْمُجٰهِدِيْنَ بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ
عَلَى الْقٰعِدِيْنَ دَرَجَةً ؕ وَكُلًّا
وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَفَضَّلَ اللّٰهُ
الْمُجٰهِدِيْنَ عَلَى الْقٰعِدِيْنَ اَجْرًا
عَظِيْمًا ﴿۹۵﴾
دَرَجٰتٍ مِّنْهُ وَمَغْفِرَةً وَّرَحْمَةً ؕ وَ
كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۹۶﴾ ع ۱۳
اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيْۤ
اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِيْمَ كُنْتُمْ ؕ قَالُوْا

رہے گا اور اس پر اللہ کا غضب اور اس کی لعنت ہو گی اور ایسے شخص کے لیے اس نے ایک بڑا عذاب تیار کر رکھا ہے۔☆

۹۴۔ اے ایمان والو! جب تم راہ خدا میں (جہاد کے لیے) نکلو تو تحقیق سے کام لیا کرو اور جو شخص تمہیں سلام کرے اس سے یہ نہ کہو کہ تم مومن نہیں ہو، تم دنیاوی مفاد کے طالب ہو، جب کہ اللہ کے پاس غنیمتیں بہت ہیں، پہلے خود تم بھی تو ایسی حالت میں مبتلا تھے پھر اللہ نے تم پر احسان کیا، لہٰذا تحقیق سے کام لو، یقیناً اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۹۵۔ بغیر کسی معذوری کے گھر میں بیٹھنے والے مؤمنین اور راہ خدا میں جان و مال سے جہاد کرنے والے یکساں نہیں ہو سکتے، اللہ نے بیٹھے رہنے والوں کے مقابلے میں جان و مال سے جہاد کرنے والوں کا درجہ زیادہ رکھا ہے، گو اللہ نے سب کے لیے نیک وعدہ فرمایا ہے، مگر بیٹھنے والوں کی نسبت جہاد کرنے والوں کو اجر عظیم کی فضیلت بخشی ہے۔☆

۹۶۔ (ان کے لیے) یہ درجات اور مغفرت اور رحمت اللہ کی طرف سے ہے اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۹۷۔ وہ لوگ جو اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہوتے ہیں جب فرشتے ان کی روحیں قبض کرتے ہیں تو ان سے پوچھتے ہیں: تم کس حال میں مبتلا تھے؟ وہ کہتے ہیں:

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا۔ (۳۹زمر:۵۳) یقیناً اللہ تمام گناہوں کو معاف فرماتا ہے۔ ممکن ہے کہ یہ آیات مذکورہ آیت کے لیے مقید ثابت ہوں اور یہ گناہ قابل توبہ و مغفرت ہو۔

۹۴۔ السلام علیکم کہنا شروع میں مسلمانوں کی علامت سمجھا جاتا تھا۔ بعض جنگوں میں جب کوئی مسلمان لپیٹ میں آ جاتا تو وہ یہ بتانے کے لیے کہ میں تمہارا مسلمان بھائی ہوں سلام کرتا اور کلمہ پڑھ دیتا، مگر مسلمان اسے قتل کر دیتے اس گمان سے کہ اس نے صرف جان بچانے کے لیے ایسا کیا ہے۔ اس آیت سے صریحاً ثابت ہوتا ہے کہ کلمہ گو اور اہل قبلہ تو بجائے خود، اسلامی آداب و شعائر کا اظہار کرنے والے پر بھی اسلامی احکام جاری ہوتے ہیں اور اس کا جان و مال محفوظ ہوتا ہے۔ امام ابوحنیفہ کا بھی یہی نظریہ ہے۔ وہ کہتے ہیں: لانکفراھل القبلة بذنب۔ صاحب تفسیر المنار نیم خواندہ، تنگ نظر لوگوں کے بارے میں درست لکھتے ہیں: کہاں یہ بات اور کہاں ان لوگوں کا کردار جو نہ اپنے اسلام میں نہ اپنے اعمال میں کتاب اللہ سے ہدایت حاصل کرتے ہیں اور اپنی خواہشات سے ذرا اختلاف رکھنے والے اہل قبلہ کو کافر قرار دینے کے بڑے شوقین ہوتے ہیں۔

۹۵۔ گو اللہ نے سب کے لیے نیک وعدہ فرمایا ہے۔ یہ جہاد فرض کفایہ ہونے کی صورت میں ہے کہ دشمنوں کے مقابلے کے لیے کفایت کے لڑنے والے موجود ہیں۔ اس صورت میں جہاد میں شرکت نہ کرنے والوں کا درجہ اگرچہ کم ہے تاہم ان کے لیے بھی نیک وعدہ ہے، لیکن اگر جہاد کے لیے کفایت کے لوگ موجود نہ ہوں یہ جہاد واجب عینی ہو جاتا ہے۔ اس صورت میں جہاد میں شرکت نہ کرنے والے میدان جنگ سے فرار کرنے والوں کی طرح ہیں۔ یہ لوگ اللہ کے نیک وعدوں میں شامل نہیں ہوتے۔

۹۷۔ ظلم سے مراد دین حق سے انحراف کر کے اپنے آپ پر ظلم کرنا ہے۔
اس آیت میں مرنے کے بعد سوال قبر کی طرف اشارہ ہے۔ فرشتوں کا سوال مرنے والے کے دین کے بارے میں ہو گا کہ تم کس حال میں مبتلا تھے؟ مرنے والا جواب دے گا کہ جس سرزمین میں میں زندگی گزار رہا تھا، وہاں دین پر عمل پیرا رہنا ممکن نہ تھا۔ فرشتے کہیں گے کہ اگر تم کفار کی سرزمین پر اپنے دین اور مذہب کا تحفظ نہیں کر سکتے

كُنَّا مُسْتَضْعَفِيْنَ فِي الْاَرْضِ ؕ قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً فَتُهَاجِرُوْا فِيْهَا ؕ فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۹۷﴾

ہم اس سرزمین میں بے بس تھے، فرشتے کہیں گے: کیا اللہ کی سرزمین وسیع نہ تھی کہ تم اس میں ہجرت کرتے؟ پس ایسے لوگوں کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بہت بری جگہ ہے۔☆

اِلَّا الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ حِيْلَةً وَّلَا يَهْتَدُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۹۸﴾

۹۸۔ بجز ان بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کے جو نہ کوئی چارہ کر سکتے ہیں اور نہ کوئی راہ پاتے ہیں۔☆

فَاُولٰٓئِكَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّعْفُوَ عَنْهُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَفُوًّا غَفُوْرًا ﴿۹۹﴾

۹۹۔ عین ممکن ہے اللہ انہیں معاف کر دے اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، بخشنے والا ہے۔☆

وَمَنْ يُّهَاجِرْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يَجِدْ فِي الْاَرْضِ مُرٰغَمًا كَثِيْرًا وَّسَعَةً ؕ وَمَنْ يَّخْرُجْ مِنْۢ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۰۰﴾ ع

۱۰۰۔ اور جو اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا وہ زمین میں بہت سی پناہ گاہیں اور کشائش پائے گا اور جو اپنے گھر سے اللہ اور رسول کی طرف ہجرت کی غرض سے نکلے پھر (راستے میں) اسے موت آ جائے تو اس کا اجر اللہ کے ذمے ہو گیا، اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

وَاِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ ۖ اِنْ خِفْتُمْ اَنْ يَّفْتِنَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ اِنَّ الْكٰفِرِيْنَ كَانُوْا لَكُمْ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۱۰۱﴾

۱۰۱۔ اور جب تم زمین میں سفر کے لیے نکلو تو اگر تمہیں کافروں کے حملے کا خوف ہو تو تمہارے لیے نماز قصر پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، یہ کافر لوگ یقیناً تمہارے صریح دشمن ہیں۔☆

وَاِذَا كُنْتَ فِيْهِمْ فَاَقَمْتَ لَهُمُ الصَّلٰوةَ فَلْتَقُمْ طَآئِفَةٌ مِّنْهُمْ

۱۰۲۔ اور (اے رسول) جب آپ خود ان کے درمیان موجود ہوں اور آپ خود ان کے لیے نماز قائم کریں تو ان میں سے

تھے تو اللہ کی سرزمین تو وسیع تھی اور ایسی سرزمین بھی موجود تھی جہاں دین حق کی فضا قائم تھی، تم نے وہاں ہجرت کیوں نہ کی؟ اور دار الاسلام میں تمہیں بہتر زندگی بھی میسر تھی۔

۹۸۔۹۹۔ حِيْلَةً: اس تدبیر کو کہتے ہیں جس سے کسی چیز تک پوشیدہ طور سے پہنچا جا سکے۔ عام طور پر اس کا استعمال بُری تدبیر کے لیے ہوتا ہے، لیکن کبھی ایسی تدبیر کے متعلق بھی ہوتا ہے جس میں حکمت اور مصلحت ہوتی ہے۔ (مفردات راغب)
سابقہ آیات میں ان لوگوں کا ذکر تھا جو حقیقتاً بے بس اور مجبور نہ تھے، وہ اپنے دین کی خاطر ہجرت کرنے پر قادر تھے۔ اس آیت میں ان لوگوں کا ذکر ہے جو واقعی بے بس اور مجبور تھے اور ہجرت کرنے کا کوئی وسیلہ نہیں تھا اور کوئی قابل عمل تدبیر کارگر ثابت نہیں ہوتی تھی۔

۱۰۰۔ ہجرت سے انسان ارتقائی منازل آسانی سے طے کر لیتا ہے اور ہجرت میں طبعی طور پر برکت بھی ہے اور اگر یہ ہجرت دار الکفر سے دار الاسلام کی طرف ہو تو قرآن فرماتا ہے: مُرٰغَمًا كَثِيْرًا. اسے زندگی کے لیے بہت پناہ گاہیں ملیں گی۔ اگر ایک جگہ رہنے نہ دیا تو دوسری جگہ، نہیں تو تیسری جگہ، جو کہ زمین خدا کے وسیع ہونے کا لازمی نتیجہ ہے نیز فرمایا: وَّسَعَةً۔ بسا اوقات میں کشائش آئے گی۔ یعنی اگر وہ دار الکفر میں تنگی میں تھا تو ہجرت کے بعد کشائش آئے گی۔

۱۰۱۔ فقہ جعفری کے نزدیک سفر میں نماز کو قصر پڑھنا واجب ہے بشرطیکہ سفر حرام نہ ہو، مسافت ۴۴ کلو میٹر پوری ہو اور ایک جگہ دس دن قیام کرنے کا قصد نہ ہو۔ حدیث میں قصر کے بارے میں آیا ہے: صدقة تصدق الله بها فاقبلوا صدقة۔ یہ اللہ کا تحفہ ہے اسے قبول کرو۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: فصار التقصير فی السفر واجباً كوجوب التمام فی الحضر. (الفقیہ ۱: ۴۳۴ باب الصلوة فی السفر) سفر میں قصر پڑھنا اسی طرح واجب ہوا جس طرح غیر سفر میں پوری نماز پڑھنا واجب ہے۔

۱۰۲۔ نماز خوف کا طریقہ یہ ہے کہ لشکر کا ایک حصہ امام کی اقتداء میں ایک رکعت پڑھے اور دوسری رکعت میں انفرادی طور پر پڑھ کر نماز پوری کرے

مَّعَكَ وَلْيَاْخُذُوْٓا اَسْلِحَتَهُمْ ۭ فَاِذَا
سَجَدُوْا فَلْيَكُوْنُوْا مِنْ وَّرَآىِٕكُمْ ۠
وَلْتَاْتِ طَاۗىِٕفَةٌ اُخْرٰى لَمْ يُصَلُّوْا
فَلْيُصَلُّوْا مَعَكَ وَلْيَاْخُذُوْا حِذْرَهُمْ
وَاَسْلِحَتَهُمْ ۚ وَدَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ
تَغْفُلُوْنَ عَنْ اَسْلِحَتِكُمْ وَ
اَمْتِعَتِكُمْ فَيَمِيْلُوْنَ عَلَيْكُمْ
مَّيْلَةً وَّاحِدَةً ۭ وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ
اِنْ كَانَ بِكُمْ اَذًى مِّنْ مَّطَرٍ اَوْ كُنْتُمْ
مَّرْضٰٓى اَنْ تَضَعُوْٓا اَسْلِحَتَكُمْ ۚ
وَخُذُوْا حِذْرَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۝۱۰۲
فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا
اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى
جُنُوْبِكُمْ ۚ فَاِذَا اطْمَاْنَنْتُمْ
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ۚ اِنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ
عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ۝۱۰۳
وَلَا تَهِنُوْا فِي ابْتِغَاۗءِ الْقَوْمِ ۭ اِنْ
تَكُوْنُوْا تَاْلَمُوْنَ فَاِنَّهُمْ يَاْلَمُوْنَ
كَمَا تَاْلَمُوْنَ ۚ وَتَرْجُوْنَ مِنَ اللّٰهِ
مَا لَا يَرْجُوْنَ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
حَكِيْمًا ۝۱۰۴ ع ۱۵ ۱۴
اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ

ایک گروہ آپ کے ساتھ مسلح ہوکر نماز پڑھے پھر جب وہ سجدہ کر چکیں تو ان کو تمہارے پیچھے ہونا چاہیے اور دوسرا گروہ جس نے نماز نہیں پڑھی ان کی جگہ آئے اور آپ کے ساتھ نماز پڑھے اور اپنے بچاؤ کا سامان اور اسلحہ لیے رہیں، کیونکہ کفار اس تاک میں ہیں کہ تم ذرا اپنے ہتھیاروں اور سامان سے غافل ہو جاؤ تو تم پر یکبارگی حملہ کر دیں اور اگر تم بارش کی وجہ سے تکلیف میں ہو یا تم بیمار ہو تو اسلحہ اتار رکھنے میں کوئی مضائقہ نہیں، مگر اپنے بچاؤ کا سامان لیے رہو، بے شک اللہ نے تو کافروں کے لیے ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔☆

۱۰۳۔ پھر جب تم نماز پڑھ چکو تو کھڑے، بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) اللہ کو یاد کرو، پھر جب اطمینان حاصل ہو جائے تو (معمول کی) نماز قائم کرو، بے شک وقت کی پابندی کے ساتھ نماز ادا کرنا مومنین پر فرض ہے۔☆

۱۰۴۔ اور تم ان کافروں کے تعاقب میں تساہل سے کام نہ لینا اگر تمہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو انہیں بھی ایسی ہی تکلیف پہنچتی ہے جیسے تمہیں تکلیف پہنچتی ہے اور اللہ سے جیسی امید تم رکھتے ہو ویسی امید وہ نہیں رکھتے اور اللہ جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۱۰۵۔ (اے رسول) ہم نے یہ کتاب حق کے ساتھ آپ کی طرف نازل کی ہے تا کہ

اور جنگ کا محاذ سنبھالے اور امام دوسری رکعت کو اس قدر طول دے کہ لشکر کا دوسرا حصہ اپنی نماز کی پہلی رکعت امام کی دوسری رکعت کے ساتھ پڑھ سکے۔ امام دوسری رکعت میں سلام پھیر دے تو مقتدی اپنی دوسری رکعت انفرادی طور پر بجا لائے۔ امام شافعی اور امام مالک نے تھوڑے اختلاف کے ساتھ یہی طریقہ اختیار کیا ہے۔

۱۰۳۔ انسان تین حالتوں سے خالی نہیں رہ سکتا کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہوئے۔ ان حالات میں ذکر خدا کا مطلب یہ ہوا کہ ذکر خدا ہمیشہ اور ہر حالت میں ہونا چاہیے۔ حضرت علی علیہ السلام مؤمن کی علامات میں فرماتے ہیں: قلبہ بذکر اللہ معمور اس کا دل ذکر خدا سے سرشار رہتا ہے۔ (بحار الانوار ۷۵: ۳۷۳)

کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا میں دو چیزوں کا ذکر ہے: ایک نماز، دوسرے اس کو وقت پر پڑھنا۔ اگر کسی وجہ سے وقت پر نماز نہیں پڑھی جا سکی تو نماز بطور قضا بھی بہرحال پڑھنی ہے۔

۱۰۵۔ یہ آیت اور بعد کی چند آیات اسلام کے عادلانہ مؤقف کے بارے میں ہیں۔ واقعہ یہ پیش آیا کہ انصار کے ایک فرد نے چوری کا ارتکاب کیا اور تحقیقات کے موقع پر اس مسروقہ مال کو ایک یہودی کے ہاں رکھ دیا اور یہودی پر چوری کا الزام عائد کیا۔ چنانچہ ظاہری علامات کے تحت یہ تاثر قائم ہو رہا تھا کہ چوری یہودی نے کی ہے۔ چنانچہ یہ آیت نازل ہوئی اور یہودی کو بری الذمہ اور انصار کے فرد کو جو مسلمان تھا ملزم قرار دیا گیا۔

اسلام کے نزدیک عدل و انصاف کرنے کے لیے یہ نہیں دیکھا جاتا کہ فریقین کا تعلق کس مذہب سے ہے۔ عدل و انصاف خالصتاً انسانی مسئلہ ہے۔

ان آیات میں سرزنش کے لہجے میں اگرچہ روئے سخن رسول اللہؐ کی طرف ہے مگر قرآن کا اسلوب کلام یہ ہے کہ خطاب اپنے حبیب سے ہوتا ہے اور دوسروں کو سنانا مقصود ہوتا ہے۔ چنانچہ محاورہ ہے: سردلبران در حدیث دیگران۔ اس آیت سے یہ استدلال درست نہیں ہے کہ رسول اللہؐ کو نص صریح نہ ہونے کی صورت میں اجتہاد کرنے کا حق حاصل ہے اور کبھی ان سے اجتہادی غلطی ہو سکتی

لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ
اللّٰهُ ؕ وَلَا تَكُنْ لِّلْخَآئِنِيْنَ خَصِيْمًا ۙ﴿۱۰۵﴾
وَّاسْتَغْفِرِ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۚ﴿۱۰۶﴾
وَلَا تُجَادِلْ عَنِ الَّذِيْنَ يَخْتَانُوْنَ
اَنْفُسَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ مَنْ كَانَ
خَوَّانًا اَثِيْمًا ۙ﴿۱۰۷﴾
يَّسْتَخْفُوْنَ مِنَ النَّاسِ وَلَا
يَسْتَخْفُوْنَ مِنَ اللّٰهِ وَهُوَ مَعَهُمْ
اِذْ يُبَيِّتُوْنَ مَا لَا يَرْضٰى مِنَ
الْقَوْلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
مُحِيْطًا ﴿۱۰۸﴾
هٰٓاَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ جٰدَلْتُمْ عَنْهُمْ فِي
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ فَمَنْ يُّجَادِلُ اللّٰهَ
عَنْهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَمْ مَّنْ يَّكُوْنُ
عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۱۰۹﴾
وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ
نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۱۰﴾
وَمَنْ يَّكْسِبْ اِثْمًا فَاِنَّمَا يَكْسِبُهٗ
عَلٰى نَفْسِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
حَكِيْمًا ﴿۱۱۱﴾
وَمَنْ يَّكْسِبْ خَطِيْٓئَةً اَوْ اِثْمًا ثُمَّ

جیسے اللہ نے آپ کو بتایا ہے اسی کے مطابق لوگوں میں فیصلے کریں اور خیانت کاروں کے طرفدار نہ بنیں۔☆

۱۰۶۔ اور اللہ سے طلب مغفرت کریں یقیناً اللہ بڑا درگزر کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۱۰۷۔ اور جو لوگ اپنی ذات سے خیانت کرتے ہیں، آپ ان کی طرف سے ان کا دفاع نہ کریں، بے شک اللہ خیانت کار اور گنہگار کو پسند نہیں کرتا۔☆

۱۰۸۔ یہ لوگ (اپنی حرکتوں کو) لوگوں سے تو چھپا سکتے ہیں لیکن اللہ سے نہیں چھپا سکتے اور اللہ تو اس وقت بھی ان کے ساتھ ہوتا ہے جب یہ لوگ اللہ کی ناپسندیدہ باتوں میں رات کو تدبیریں سوچتے ہیں اور اللہ ان کی تمام حرکات پر احاطہ رکھتا ہے۔☆

۱۰۹۔ دیکھو! تم نے دنیاوی زندگی میں تو ان کا دفاع کیا مگر بروز قیامت اللہ سے ان کا دفاع کون کرے گا یا ان کا وکیل کون ہوگا؟

۱۱۰۔ اور جو برائی کا ارتکاب کرے یا اپنے نفس پر ظلم کرے پھر اللہ سے مغفرت طلب کرے تو وہ اللہ کو درگزر کرنے والا، رحم کرنے والا پائے گا۔☆

۱۱۱۔ اور جو برائی کا ارتکاب کرتا ہے وہ اپنے لیے وبال کسب کرتا ہے اور اللہ تو بڑا علم والا، حکمت والا ہے۔

۱۱۲۔ اور جس نے خطا یا گناہ کر کے اسے کسی بے گناہ کے سر تھوپ دیا تو یقیناً اس

ہے۔ (معارف القرآن ۲: ۵۴۲، آمدی: احکام القرآن) کیونکہ یہ بات خود قرآن کی نص صریح وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى کے خلاف ہے۔

۱۰۷۔ مجادلہ: جدال۔ مناظرہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ حاصل کرنے کی کوشش کرنا۔ مجادلہ حق پر مبنی ہو سکتا ہے۔

یہاں خطاب آنحضرت (ص) سے ہے اور ان لوگوں کو تنبیہ کرنا مقصود ہے جو اس جرم کا ارتکاب کرتے ہیں۔ یہ آیت سو فیصد ان پیشہ ور وکلاء کی ہدایت کے لیے ہے جو مجرموں اور خیانت کاروں کی طرف سے چند روپیوں کے عوض مقدمہ لڑتے ہیں۔

۱۰۸۔ استخفاء یعنی پوشیدہ رکھنا اس صورت میں صادق آتا ہے جب کسی دوسرے انسان کے خلاف کوئی سازش کی جا رہی ہو اور اسے لوگوں سے پوشیدہ رکھا جائے۔ کسی چیز کو لوگوں سے تو پوشیدہ رکھا جا سکتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کو پوشیدہ رکھنا کسی کے بس میں نہیں، اگرچہ وہ انسانوں سے پوشیدہ رکھنے کے لیے رات بھر تدبیریں سوچتے رہیں۔

گناہ کرتے وقت انسان اگر یہ خیال ذہن میں زندہ رکھے کہ میں اس جرم کا ارتکاب اس منصف اور اس قاضی کے سامنے کر رہا ہوں جس کے سامنے کل مجھے پیش ہونا ہے تو انسان کبھی گناہ نہیں کرے گا۔

۱۱۰۔ راہ حق سے بھٹکنے والوں کے لیے باب رحمت کھلا ہے۔ گناہوں کا ارتکاب کرنے والوں اور اپنے نفس پر ظلم کرنے والوں کے لیے وسیلۂ استغفار ہر وقت موجود ہے۔

۱۱۲۔ خواہ وہ بے گناہ جس کے سر پر گناہ تھوپ دیا جائے یہودی ہی کیوں نہ ہو۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام انسانی اقدار کے حوالے سے تمام انسانوں کو مساوی حقوق دیتا ہے اور تمام انسان اسلام کے نزدیک محترم ہیں بشرطیکہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف کسی جارحیت میں ملوث نہ ہوں۔

اس آیت کا سبب نزول گرچہ خاص واقعہ ہے لیکن اس کا اطلاق عام اور کلی ہے جو تمام لوگوں کے لیے ہے، لہٰذا اس آیت سے بہتان کے عظیم گناہ ہونے کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔ ہمارے معاشرے میں بہتان کو گناہ تصور ہی نہیں کیا جاتا، خصوصاً سیاست میں تو بہتان کو ضروری سمجھا جاتا ہے۔

يَرْمِ بِهٖ بَرِيْٓـًٔا فَقَدِ احْتَمَلَ بُهْتَانًا وَّ
ع ۱۲ ۱۳ إِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۱۱۲﴾
وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ
رَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ
يُّضِلُّوْكَ ؕ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ
اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ
شَيْءٍ ؕ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ
تَعْلَمُ ؕ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ
الجزء ۵ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾
لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰىهُمْ اِلَّا
مَنْ اَمَرَ بِصَدَقَةٍ اَوْ مَعْرُوْفٍ اَوْ
اِصْلَاحٍ بَيْنَ النَّاسِ ؕ وَمَنْ يَّفْعَلْ
ذٰلِكَ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ فَسَوْفَ
نُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۱۴﴾
وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا
تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ
الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ
ع ۱۴ ۱۴ جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ﴿۱۱۵﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَ
يَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَمَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ ضَلَّ
ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۱۶﴾

نے ایک بڑے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اٹھایا۔☆

۱۱۳۔ اور (اے رسول) اگر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت آپ کے شامل حال نہ ہوتی تو ان میں سے ایک گروہ نے تو آپ کو غلطی میں ڈالنے کا فیصلہ کر لیا تھا حالانکہ وہ خود کو ہی غلطی میں ڈالتے ہیں اور وہ آپ کا تو کوئی نقصان نہیں کر سکتے اور اللہ نے آپ پر کتاب وحکمت نازل کی اور آپ کو ان باتوں کی تعلیم دی جنہیں آپ نہیں جانتے تھے اور آپ پر اللہ کا بڑا فضل ہے۔☆

۱۱۴۔ ان لوگوں کی بیشتر سرگوشیوں میں کوئی خیر نہیں ہے مگر یہ کہ کوئی صدقہ، نیکی یا لوگوں میں اصلاح کی تلقین کرے اور جو شخص اللہ کی خوشنودی کے لیے ایسا کرے تو اسے عنقریب ہم اجر عظیم عطا کریں گے۔☆

۱۱۵۔ اور جو شخص ہدایت کے واضح ہونے کے بعد رسول کی مخالفت کرے اور مومنین کا راستہ چھوڑ کر کسی اور راستے پر چلے تو جدھر وہ چلتا ہے ہم اسے ادھر ہی چلنے دیں گے اور ہم اسے جہنم میں جھلسا دیں گے جو بدترین ٹھکانا ہے۔☆

۱۱۶۔ اللہ صرف شرک سے درگزر نہیں کرتا اس کے علاوہ جس کو چاہے معاف کر دیتا ہے اور جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا وہ گمراہی میں دور تک چلا گیا۔

۱۱۳۔ وَعَلَّمَكَ: اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ اللہ کی طرف سے کتاب وحکمت کے علاوہ بھی تعلیم کے لیے رسول اللہ (ص) کے پاس خصوصی ذرائع موجود تھے، جن کی وجہ سے رسول خدا (ص) علم و معرفت اور کشف حقائق کی اس منزل پر فائز تھے جن کے بعد خلاف عصمت کسی غلطی کے سرزد ہونے کا امکان نہیں رہتا۔ چنانچہ علم و یقین کا نتیجہ عصمت ہے۔ البتہ علم و یقین حاصل ہونے کے بعد عصمت قائم رکھنے پر مجبور بھی نہیں ہوتے، بلکہ یہاں عزم و ارادہ، نفس کی پاکیزگی اور محبت الٰہی کی وجہ سے اپنے اختیار سے عصمت پر قائم رہتے ہیں۔ اسی وجہ سے معصوم کی عصمت وفضیلت ثابت ہوتی ہے۔

۱۱۴۔ جو کام اللہ کی خوشنودی کے لیے انجام دیا جائے اس کا ثواب ہے۔ یعنی عمل کا نیک ہونا کافی نہیں ہے۔ عمل کرنے والے کا نیک ہونا بھی ضروری ہے۔ ایک چور مال حرام سے صدقہ دیتا ہے اور ایک ڈاکو رفاہی کام کرتا ہے تو ان اعمال کو نیک تصور نہیں کیا جا سکتا ہے۔ یہاں سے اس سوال کا، جو اکثر لوگ اٹھاتے ہیں، جواب بھی مل جاتا ہے کہ کیا ان سائنسدانوں کو کوئی ثواب ملے گا جنہوں نے انسانیت کے لیے بہت سی خدمات انجام دی ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اگر وہ انکار خدا کے جرم میں مبتلا ہیں تو ان کی نیکی کا کوئی ثواب نہیں ہوگا۔

۱۱۵۔ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ سے کچھ حضرات نے حجیت اجماع ثابت کرنے کی کوشش کی ہے جو کسی صورت بھی درست نہیں ہے، کیونکہ یہاں یہ بیان کرنا مقصود ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عدم مخالفت اور اتباع میں مؤمنین نے جو روش بنائی ہے اس سے ہٹ کر کوئی اور روش بنانے والا جہنمی ہے جب کہ اجماع خود مؤمنین کی اپنی روش سے متعلق ہے۔ صاحب تفسیر المنار اس جگہ فرماتے ہیں: آیت عصر رسولؐ میں مؤمنین کے راستے کے بارے میں بحث کرتی ہے، جبکہ اجماع عصر رسالتؐ کے بعد کسی مسئلے پر امت کے مجتہدین کے اتفاق کا نام ہے۔

نُصْلِهٖ: اَلصَّلْيُ۔ آگ میں جھلسانے کو کہتے ہیں۔ صلی اللحم فی النار کے معنی القاہ للاحراق آگ میں تپانے کے معنوں میں ہیں۔ اکثر نے اس کا ترجمہ داخل کرنے سے کیا ہے جو اشتباہ ہے۔

اِنْ يَّدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اِنٰثًا ۚ وَ
اِنْ يَّدْعُوْنَ اِلَّا شَيْطٰنًا مَّرِيْدًا ۙ﴿۱۱۷﴾
لَّعَنَهُ اللّٰهُ ۘ وَقَالَ لَاَتَّخِذَنَّ مِنْ
عِبَادِكَ نَصِيْبًا مَّفْرُوْضًا ۙ﴿۱۱۸﴾
وَّلَاُضِلَّنَّهُمْ وَ لَاُمَنِّيَنَّهُمْ وَ
لَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُبَتِّكُنَّ اٰذَانَ الْاَنْعَامِ
وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ ؕ وَ
مَنْ يَّتَّخِذِ الشَّيْطٰنَ وَلِيًّا مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ فَقَدْ خَسِرَ خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ؕ﴿۱۱۹﴾
يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيْهِمْ ؕ وَمَا يَعِدُهُمُ
الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ؕ﴿۱۲۰﴾
اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۖ وَلَا
يَجِدُوْنَ عَنْهَا مَحِيْصًا ؕ﴿۱۲۱﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ
اللّٰهِ قِيْلًا ؕ﴿۱۲۲﴾
لَيْسَ بِاَمَانِيِّكُمْ وَلَآ اَمَانِيِّ اَهْلِ
الْكِتٰبِ ؕ مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ
بِهٖ ۙ وَلَا يَجِدْ لَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّ
لَا نَصِيْرًا ؕ﴿۱۲۳﴾
وَ مَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ مِنْ

وقال

۱۱۷۔ وہ اللہ کے سوا صرف مؤنث صفت چیزوں کو پکارتے ہیں اور وہ تو بس باغی شیطان ہی کو پکارتے ہیں۔☆

۱۱۸۔ اللہ نے اس پر لعنت کی اور اس نے اللہ سے کہا: میں تیرے بندوں میں سے ایک مقررہ حصہ ضرور لے کر رہوں گا۔☆

۱۱۹۔ اور میں انہیں ضرور گمراہ کروں گا اور انہیں آرزوؤں میں ضرور مبتلا رکھوں گا اور انہیں حکم دوں گا تو وہ ضرور جانوروں کے کان پھاڑیں گے اور میں انہیں حکم دوں گا تو وہ اللہ کی بنائی ہوئی صورت میں ضرور ردو بدل کریں گے اور جس نے اللہ کے سوا شیطان کو اپنا سرپرست بنا لیا پس یقیناً وہ صریح نقصان میں رہے گا۔☆

۱۲۰۔ وہ انہیں وعدوں اور امیدوں میں الجھاتا ہے اور ان کے ساتھ شیطان کے وعدے بس فریب پر مبنی ہوتے ہیں۔

۱۲۱۔ یہی لوگ ہیں جن کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ اس سے بچ نکلنے کی کوئی جگہ نہیں پائیں گے۔

۱۲۲۔ اور جو لوگ ایمان لاتے ہیں اور نیک اعمال بجا لاتے ہیں عنقریب ہم انہیں ایسی جنتوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، وہ وہاں ابد تک ہمیشہ رہیں گے، اللہ کا سچا وعدہ ہے اور بھلا اللہ سے بڑھ کر بات کا سچا کون ہوسکتا ہے؟

۱۲۳۔ نہ تمہاری آرزوؤں سے (بات بنتی ہے) اور نہ اہل کتاب کی آرزوؤں سے، جو برائی کرے گا وہ اس کی سزا پائے گا اور اللہ کے سوا نہ اسے کوئی کارساز میسر ہوگا اور نہ کوئی مددگار۔☆

۱۲۴۔ اور جو نیک اعمال بجا لائے خواہ مرد

۱۱۷۔ تمام حیوانات میں مادہ بہ نسبت نر کے کمزور ہوتی ہے اس لیے کمزور کو اُناث کہتے ہیں۔ چنانچہ کمزور لوہے کو حدید انیث کہتے ہیں۔ اس اعتبار سے اس آیت کا یہ مفہوم بنتا ہے کہ یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر دوسری کمزور، بے طاقت چیزوں کو پکارتے ہیں نیز مشرکین اپنے معبود فرشتوں کو لڑکیوں کے نام سے موسوم کرتے تھے: لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى ۔ (نجم: ۲۷)

۱۱۸۔ شیطان بندوں سے تمام چیزوں میں حصہ لیتا ہے۔ مال واولاد میں، حتیٰ عبادت میں۔ جس قدر خلوص کم ہوگا، اسی مقدار میں شیطان کا حصہ زیادہ ہوگا۔

۱۱۹۔ اس آیت میں شیطان کے گمراہ کن حربوں کا ذکر ہے: ۱۔ شیطان بندوں کو آرزوؤں میں الجھا کر یاد خدا سے غافل کر دیتا ہے۔ ۲۔ وہ توہمات میں ڈال کر اللہ کی انسان ساز دستور حیات شریعت سے لوگوں کو دور کرتا ہے کہ اونٹنی جب پانچ یا دس بچے جنم لیتی تو اس کے کان پھاڑ کر دیوتا کے نام کر دیتے اور اس سے کام لینے کو حرام سمجھتے تھے۔ ۳۔ وہ اللہ کی بنائی ہوئی صورت اور خدائی ساخت میں تبدیلی کر دیتا ہے۔ اس آیت سے کلوننگ کی حرمت پر استدلال کیا جاتا ہے: کلوننگ خلق اللہ میں تغیر ہے۔ کیونکہ اللہ تو جرثومۂ پدر اور تخم مادر نطفۂ امشاج (مخلوط نطفہ) سے انسان کی تخلیق فرماتا ہے۔ جبکہ کلوننگ میں ماں باپ کے اشتراک کے بغیر یکطرفہ طور پر کسی ایک کے سیل سے انسانی تخلیق کا عمل انجام پاتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں کلوننگ میں جنسی سیل (cell) کی جگہ جسمانی سیل سے کام لیا جاتا ہے۔ کیا یہ عمل جائز ہے یا نہیں؟ تفصیل کے لیے ہماری تفسیر الکوثر جلد دوم صفحہ ۳۷۲ کا مطالعہ کیجیے۔

۱۲۳۔ اس آیت میں نہایت اہمیت کے حامل اہم نکتے کی وضاحت فرمائی ہے کہ مذہب صرف آرزوؤں کا نام نہیں ہے، جیسا کہ دین کے تاجروں، جاہلوں اور دین دشمنوں کا خیال ہے۔ اس آیت میں مسلمانوں سے خطاب کر کے فرمایا: تمام ادیان کا دار و مدار عمل پر ہے۔ اگر کوئی برائی کرتا ہے تو اس کی سزا بھگتنا ہوگی، خواہ وہ مسلم ہو یا اہل کتاب۔

۱۲۴۔ عمل صالح کی جزا پانے میں مرد و زن میں کوئی امتیاز نہیں ہے، البتہ ایمان شرط ہے۔ کیونکہ عمل صالح بجا لانے والا اگر مؤمن نہیں ہے تو اس کے عمل میں حسن نہیں آ سکتا، کیونکہ غیر مؤمن میں

ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ
يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُوْنَ
نَقِيْرًا ﴿۱۲۴﴾
وَمَنْ اَحْسَنُ دِيْنًا مِّمَّنْ اَسْلَمَ
وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ وَّاتَّبَعَ
مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَاتَّخَذَ اللّٰهُ
اِبْرٰهِيْمَ خَلِيْلًا ﴿۱۲۵﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
مُّحِيْطًا ﴿۱۲۶﴾ ع ۱۵
وَيَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ؕ قُلِ
اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَمَا يُتْلٰى
عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ يَتٰمَى
النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ
لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ
وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَ
اَنْ تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ وَ
مَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ
بِهٖ عَلِيْمًا ﴿۱۲۷﴾
وَاِنِ امْرَاَةٌ خَافَتْ مِنْۢ بَعْلِهَا
نُشُوْزًا اَوْ اِعْرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ
اَنْ يُّصْلِحَا بَيْنَهُمَا صُلْحًا ؕ
وَالصُّلْحُ خَيْرٌ ؕ وَاُحْضِرَتِ

ہو یا عورت اور وہ مومن ہو تو (سب) جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر ذرہ برابر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ ☆

۱۲۵۔ اور دین میں اس سے بہتر اور کون ہو سکتا ہے جس نے نیک کردار بن کر اپنے وجود کو اللہ کے سپرد کیا اور یکسوئی کے ساتھ ملت ابراہیمی کی اتباع کی؟ اور ابراہیم کو تو اللہ نے اپنا دوست بنایا ہے۔ ☆

۱۲۶۔ اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے اور اللہ ہر چیز پر خوب احاطہ رکھنے والا ہے۔ ☆

۱۲۷۔ اور لوگ آپ سے عورتوں کے بارے میں دریافت کرتے ہیں، کہہ دیجیے: اللہ تمہیں ان کے بارے میں حکم دیتا ہے اور کتاب میں تمہارے لیے جو حکم بیان کیا جاتا ہے وہ ان یتیم عورتوں کے متعلق ہے جن کا مقررہ حق تم انہیں ادا نہیں کرتے اور ان سے نکاح بھی کرنا چاہتے ہو اور ان بچوں کے متعلق ہے جو بے بس ہیں اور یہ (حکم بھی دیتا ہے) کہ یتیموں کے بارے میں انصاف کرو اور تم بھلائی کا جو کام بھی انجام دو گے تو اللہ اس سے خوب آگاہ ہے۔ ☆

۱۲۸۔ اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی طرف سے بے اعتدالی یا بے رخی کا اندیشہ ہو تو کوئی مضائقہ نہیں کہ دونوں آپس میں بہتر طریقے سے مصالحت کر لیں اور صلح تو بہرحال بہتر ہی ہے اور ہر نفس کو بخل

حسن فاعلی نہیں ہے۔

۱۲۵۔ ۱۲۶۔ سابقہ آیت میں ارشاد فرمایا: تمام ادیان کا دار و مدار عمل پر ہے، صرف آرزوؤں سے بات نہیں بنتی۔ اس آیت میں فرمایا کہ عمل کے لیے دین حق کی اتباع ضروری ہے اور وہ دین حق ملت ابرہیمی کی اتباع ہے۔ یہاں ایمان و عمل اور ادیان الٰہی سے متمسک رہنے کی صورت بیان فرمائی: ۱۔ انسان اپنے وجود کو اللہ کے سپرد کر دے اور اس کے سامنے سر تسلیم خم کر دے۔ یہ ایک ایسا موقف ہے کہ جس کے بغیر کوئی نیک عمل قابل قبول نہیں ہے۔ ۲۔ اس درست موقف پر آنے کے بعد نیک کردار بن جانا ممکن ہوتا ہے۔ ۳۔ ادیان الٰہی سے متمسک رہنے کے لیے اپنے آپ کو اس سلسلے کے ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام سے مربوط رکھنا ضروری ہے۔ کیونکہ ابراہیم علیہ السلام کو اللہ نے اپنا خلیل بنایا ہے اور اللہ نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو کسی احتیاج اور ضرورت مندی کے تحت خلیل نہیں بنایا۔ وہ آسمانوں اور زمین کا مالک ہے نیز ابراہیم علیہ السلام کو مقام خلت پر فائز کرنے میں کسی قسم کی دیگر قدروں کا دخل نہیں ہو سکتا، کیونکہ اللہ ہر چیز پر احاطہ رکھنے والا ہے۔ بلکہ ابراہیم علیہ السلام کو الٰہی اقدار کے تحت خلیل بنایا ہے۔

۱۲۷۔ جواب سے سوال کی نوعیت واضح ہو جاتی ہے کہ سوال یتیم بچیوں، کمزور بچوں اور عورتوں کے حقوق کے بارے میں ہے کیونکہ جاہلیت میں عورتوں اور بچوں کو یہ کہہ کر ارث نہیں دیتے تھے کہ وہ جنگوں میں شرکت نہیں کر سکتے۔ مَا كُتِبَ لَهُنَّ سے مراد ہے: جو ارث ان کے لیے مقرر ہے۔ وَتَرْغَبُوْنَ سے مراد یہ ہے: تم ان لڑکیوں سے نکاح کرنے کی رغبت رکھتے ہو اور ان کے جمال و مال سے لطف اندوز ہوتے ہو لیکن انہیں مہر و ارث سے محروم کرتے ہو۔ چنانچہ روایات میں آیا ہے کہ جاہلیت میں خوبصورت لڑکیوں سے نکاح کرتے اور ارث و نفقہ اور مہر نہیں دیتے تھے اور اگر بدصورت ہوتیں تو نہ خود نکاح کرتے نہ کسی اور کو نکاح کرنے دیتے تھے۔

۱۲۸۔ زمانہ جاہلیت میں ازدواج کی تعداد غیر محدود تھی اور بیویوں کے لیے کوئی حقوق بھی متعین نہ تھے۔ اسلام نے اولاً تو تعداد کو محدود کر دیا اور ثانیاً یہ کہ ان کے درمیان عدل کو لازمی قرار دیا۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ اگر کسی شخص کی بیوی بانجھ ہے یا زن و شوہر کے تعلقات قائم رکھنے کے

الْاَنْفُسُ الشُّحَّ ؕ وَ اِنْ تُحْسِنُوْا وَ
تَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾
وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ
النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا
كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ
وَ اِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾
وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ
سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ؕ وَلَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ
اَنِ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي
الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ
وَيَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى
ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾
مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ
اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ وَ

کے قریب کر دیا گیا ہے، لیکن اگر تم نیکی کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو اللہ تمہارے سارے اعمال سے یقیناً خوب باخبر ہے۔☆

۱۲۹۔ اور تم بیویوں کے درمیان پورا عدل قائم نہ کر سکو گے خواہ تم کتنا ہی چاہو، لیکن ایک طرف اتنے نہ جھک جاؤ کہ (دوسری کو) معلق کی طرح چھوڑ دو اور اگر تم اصلاح کرو اور تقویٰ اختیار کرو تو اللہ یقیناً درگزر کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۳۰۔ اور اگر میاں بیوی دونوں نے علیحدگی اختیار کی تو اللہ اپنی وسیع قدرت سے ہر ایک کو بے نیاز کر دے گا اور اللہ بڑی وسعت والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۳۱۔ اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کی ملکیت ہے، بتحقیق ہم نے تم سے پہلے اہل کتاب کو نصیحت کی ہے اور تمہیں بھی یہی نصیحت ہے کہ تقویٰ اختیار کرو اور اگر کفر اختیار کرو گے تو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز اس کے قبضۂ قدرت میں ہے اور اللہ بڑا بے نیاز، قابل ستائش ہے۔

۱۳۲۔ اور اللہ ہی ان سب چیزوں کا مالک ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور کفالت کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔

۱۳۳۔ اے لوگو! اگر اللہ چاہے تو تم سب کو فنا کر کے تمہاری جگہ دوسروں کو لے آئے اور اس بات پر تو اللہ خوب قدرت رکھتا ہے۔

۱۳۴۔ جو (فقط) دنیاوی مفاد کا طالب ہے پس اللہ کے پاس دنیا و آخرت دونوں کا ثواب موجود ہے اور اللہ خوب سننے والا،

قابل نہیں ہے یا دائمی مریض ہے یا دیگر عوامل کی بنا پر وہ شخص دوسری شادی کرتا ہے اور پہلی بیوی کی طرف کماحقہ مائل نہیں ہو سکتا تو اس صورت میں بیویوں میں عدل و انصاف قائم رکھنے کا حل کیا ہے؟ آیت ایسی حالت میں مصالحت کا حل پیش کرتی ہے کہ عورت اپنے حقوق میں سے کچھ مقدار سے دستبردار ہو جائے اور مرد باقی حقوق کی ادائیگی میں کوتاہی نہ کرے۔

۱۲۹۔ ایک صحت مند خوبصورت نیک خصلت عورت اور ایک دائم المرض، بدشکل اور بدخصلت عورت کے درمیان قلبی رجحان کو برابر رکھنا انسان کے لیے ممکن نہیں ہے لیکن عملی طور پر نان و نفقہ اور راتوں کی تقسیم وغیرہ میں مساوات ممکن ہے۔ آیت میں یہی حکم ہے کہ عملاً ایک طرف اتنا نہ جھک جاؤ کہ دوسری کو معلق چھوڑ دو۔

یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس سورے کی ابتداء میں فرمایا: فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا فَوَاحِدَةً یعنی اگر عدل قائم نہ رکھ سکنے کا خوف ہو تو ایک ہی زوجہ پر اکتفا کرو۔ اس آیت میں فرمایا: وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ بیویوں کے درمیان عدل قائم کرنے پر قادر نہ ہو سکو گے۔ ان دو آیات کا خلاصہ یہ نکلتا ہے کہ ایک ہی شادی کی اجازت ہے۔ جواب یہ ہے کہ نفقہ و زوجیت میں عدل نہ کر سکو تو ایک پر اکتفا کرو۔ جبکہ دوسری آیت میں قلبی محبت مراد ہے کہ تم ان میں مساوات قائم نہیں رکھ سکو گے۔ چنانچہ امام جعفر صادق (ع) سے یہی جواب وارد ہوا ہے۔

۱۳۰۔ اگر مصالحت کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے تو معلق چھوڑنے سے بہتر یہ ہے کہ اسے طلاق دے دی جائے۔ کیونکہ طلاق بھی نہ دے اور حقوق بھی نہ دے تو یہ بیچاری نہ زوجہ رہتی ہے، نہ بیوہ۔ طلاق کی صورت میں عورت آزاد ہو جاتی ہے اور اللہ اس کے لیے کوئی راہ کھول دے گا۔

۱۳۴۔ ان لوگوں کے عقل و شعور کو بیدار کیا جا رہا ہے جو صرف طالب دنیا ہیں۔ تقویٰ اختیار کرنے اور بارگاہ الٰہی میں حاضر رہنے سے دنیا اور آخرت دونوں کی سعادتیں مل سکتی ہیں۔ لیکن یہ لوگ آخرت کی ابدی سعادت کو چھوڑ کر چند دنوں کی

كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ع ۱۹ ۸ ۱۲

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا قَوّٰمِيْنَ
بِالْقِسْطِ شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوْ عَلٰٓى
اَنْفُسِكُمْ اَوِ الْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ ۚ
اِنْ يَّكُنْ غَنِيًّا اَوْ فَقِيْرًا فَاللّٰهُ اَوْلٰى
بِهِمَا ۣ فَلَا تَتَّبِعُوا الْهَوٰٓى اَنْ
تَعْدِلُوْا ۚ وَاِنْ تَلْوٗٓا اَوْ تُعْرِضُوْا
فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۳۵﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ
عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ
مِنْ قَبْلُ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَ
مَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًۢا بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ اٰمَنُوْا
ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا
لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا
لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾
بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا
اَلِيْمَۨا ﴿۱۳۸﴾
الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَاۗءَ
مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ
عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ الْعِزَّةَ لِلّٰهِ

دیکھنے والا ہے۔☆

۱۳۵۔ اے ایمان والو! انصاف کے سچے داعی بن جاؤ اور اللہ کے لیے گواہ بنو اگرچہ تمہاری ذات یا تمہارے والدین اور رشتہ داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو، اگر کوئی امیر یا فقیر ہے تو اللہ ان کا بہتر خیرخواہ ہے، لہٰذا تم خواہش نفس کی وجہ سے عدل نہ چھوڑو اور اگر تم نے کج بیانی سے کام لیا یا (گواہی دینے سے) پہلوتہی کی تو جان لو کہ اللہ تمہارے اعمال سے یقیناً خوب باخبر ہے۔☆

۱۳۶۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول اور اس کتاب پر جو اللہ نے اپنے رسول پر نازل کی ہے، سچا ایمان لے آؤ اور اس کتاب پر بھی جو اس نے اس سے پہلے نازل کی ہے اور جس نے اللہ، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اس کے رسولوں اور روز آخرت کا انکار کیا وہ گمراہی میں بہت دور چلا گیا۔☆

۱۳۷۔ جو لوگ ایمان لانے کے بعد پھر کافر ہو گئے پھر ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے چلے گئے، اللہ انہیں نہ تو معاف کرے گا اور نہ ہی انہیں ہدایت کا راستہ دکھائے گا۔☆

۱۳۸۔ (اے رسول) منافقوں کو دردناک عذاب کا مژدہ سنا دو۔

۱۳۹۔ جو ایمان والوں کو چھوڑ کر کافروں کو اپنا حامی بناتے ہیں، کیا یہ لوگ ان سے عزت کی توقع رکھتے ہیں؟ بے شک ساری

دنیاوی زندگی کے عیش و نوش میں بدمست ہیں۔

۱۳۵۔ عدل کا انفرادی حکم مختلف آیات میں آیا ہے لیکن اس آیت میں عدل اجتماعی کا حکم ہے کہ عدل و انصاف کے قوام یعنی سچے داعی بن جائیں۔ مومن کا فریضہ فقط یہ نہیں کہ خود عدل و انصاف کرے اور معاشرے میں موجود ظلم و زیادتی سے لاتعلق ہو جائے، بلکہ مؤمنین کی ذمے داری ہے کہ معاشرے میں بھی عدل و انصاف قائم کرنے کے لیے اٹھ کھڑے ہوں۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: العدل سائس عام۔ (روضۃ الواعظین ۲:۴۱۶) عدل ایک جامع نظام ہے۔ عدل اجتماعی کی اہمیت کے بارے میں منقول ہے: وَ اِنَّ قُرَّةَ عَيْنِ الْوُلَاةِ اسْتِقَامَةُ الْعَدْلِ فِي الْبِلَادِ۔ (مستدرک الوسائل ۱۳:۱۶۴) یعنی حکمرانوں کی آنکھوں کی ٹھنڈک ملک میں عدل و انصاف کا استحکام ہے۔

آیہ شریفہ میں یہ نکات قابل توجہ ہیں: ☆ عدل و انصاف کا نظام قائم کرو۔ ☆ گواہی اللہ ہی کے لیے دیا کرو۔ ☆ اپنی ذات یا قریبی رشتہ داروں کے خلاف ہو تو بھی سچی گواہی دو۔ ☆ دولتمندی اور فقیری کا لحاظ نہ کرو۔ کیونکہ عدل و انصاف امیر و غریب دونوں کے مفاد میں ہے۔

۱۳۶۔ ایمان والوں سے ایمان کا مطالبہ: اس کی دو تفسیریں ہو سکتی ہیں: ☆ اجمالی ایمان لانے والوں کو تفصیلی اور تحقیقی ایمان لانے کا حکم ہے یعنی ان کا ایمان ہنوز سطحی اور اجمالی ہے۔ ☆ جو اپنے ایمان کے تقاضے پورے نہیں کرتے ان سے خطاب ہے کہ اپنے اعمال و سیرت کو اپنے ایمان سے ہم آہنگ کرو۔ کردار و عمل ہی ایمان کی سچی دلیل ہے۔

۱۳۷۔ سابقہ آیت سے اس آیت کا ربط اس طرح بنتا ہے: ایمان والو! نئے سرے سے پختہ اور سچا ایمان لے آؤ، کیونکہ اگر ایسا نہ ہوگا تو یہ ابن الوقتی اور مفاد کا ایمان کفر میں بدل سکتا ہے اور اگر ایمان کفر میں بدل گیا اور ایمان کے بعد کفر اختیار کر لیا اور دین و ایمان کو کھلونا بنا دیا تو اس ایمان و کفر کے گومگو کا انجام کار کفر پر استقرار ہوگا: ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا۔ اس صورت میں اللہ کی طرف واپسی کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی۔ ظاہر ہے کہ اللہ اسے نہیں بخشتا اور نہ اس کی رہنمائی کرتا ہے، جو اس کی طرف آتا ہی نہیں۔

۱۳۹۔ اس آیہ شریفہ میں منافقین کی ایک اہم علامت بیان کی گئی ہے، وہ یہ کہ منافقین اپنا قلبی لگاؤ مؤمنین

جَمِيْعًا ﴿۱۳۹﴾

وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ
اِذَا سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَ
يُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا مَعَهُمْ
حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ۚ
اِنَّكُمْ اِذًا مِّثْلُهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ
الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ جَهَنَّمَ
جَمِيْعَا ۙ﴿۱۴۰﴾

الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ
لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ
مَّعَكُمْ ۖ وَاِنْ كَانَ لِلْكٰفِرِيْنَ
نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ
وَنَمْنَعْكُمْ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ
يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَلَنْ
يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى ع ۲۰ ۱۸
الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَهُوَ
خَادِعُهُمْ ۚ وَاِذَا قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ
قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَلَا
يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ۖ﴿۱۴۲﴾

مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ ۖ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ
وَلَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ
فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾

عزت تو خدا کی ہے۔☆

۱۴۰۔ اور تحقیق اللہ نے (پہلے) اس کتاب میں تم پر یہ حکم نازل فرمایا کہ جہاں کہیں تم سن رہے ہو کہ اللہ کی آیات کا انکار کیا جا رہا ہے اور ان کا مذاق اڑایا جا رہا ہے تو تم ان کے ساتھ نہ بیٹھا کرو جب تک وہ کسی دوسری گفتگو میں نہ لگ جائیں ورنہ تم بھی انہی کی طرح کے ہو جاؤ گے، بے شک اللہ تمام منافقین اور کافرین کو جہنم میں یکجا کرنے والا ہے۔☆

۱۴۱۔ یہ (منافق) تمہارے حالات کا انتظار کرتے ہیں کہ اگر اللہ کی طرف سے تمہیں فتح حاصل ہو تو کہتے ہیں: کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ اور اگر کافروں کو کچھ کامیابی مل جائے تو (ان سے) کہتے ہیں: کیا ہم تمہارے خلاف لڑنے پر قادر نہ تھے؟ (اس کے باوجود ہم نے تمہارے ساتھ جنگ نہ کی) اور کیا ہم نے تمہیں مومنوں سے بچا نہیں لیا؟ پس اللہ قیامت کے دن تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا اور اللہ ہرگز کافروں کو مومنوں پر غالب نہیں آنے دے گا۔☆

۱۴۲۔ یہ منافقین (اپنے زعم میں) اللہ کو دھوکہ دیتے ہیں حالانکہ درحقیقت اللہ انہیں دھوکہ دے رہا ہے اور جب یہ نماز کے لیے اٹھتے ہیں تو سستی کے ساتھ لوگوں کو دکھانے کے لیے اٹھتے ہیں اور اللہ کو کم ہی یاد کرتے ہیں۔☆

۱۴۳۔ یہ لوگ نہ ان کی طرف ہیں اور نہ ان کی طرف بلکہ درمیان میں سرگرداں ہیں اور جسے اللہ گمراہی میں چھوڑ دے اس کے لیے تم کوئی راہ نہیں پا سکتے۔☆

کی بجائے کفار سے رکھتے ہیں۔ ایسا وہ اس لیے کرتے ہیں کہ ان کے وہم و خیال کے مطابق عزت و تمکنت کفار کے ساتھ دوستی رکھنے کی صورت میں مل سکتی ہے۔

مفہوم عزت: عزت ایک ناقابل تسخیر حالت کو کہتے ہیں۔ صاحب عزت مغلوب ہونے سے محفوظ رہتا ہے اور کائنات میں خدا ہی کی ذات مغلوب ہونے سے محفوظ ہے یا وہ جسے وہ مغلوب ہونے سے تحفظ دے۔

۱۴۰۔ اگر کسی محفل میں کسی کے دین و عقیدے کا مذاق اڑایا جا رہا ہو اور اس میں اپنے مذہب کے بارے میں حمیت و غیرت نہ ہو تو یہ اس بات کی علامت سمجھی جاتی ہے کہ اس کا دل ایمان سے خالی ہے۔ مکہ کے مشرکین اور مدینہ کے یہود اسلام کا مذاق اڑاتے تھے اور مکہ کے ضعیف الایمان اور مدینہ کے منافقین ایسی محفلوں میں بیٹھ کر ایسی باتوں کا سننا گوارا کرتے تھے۔ ہمارے زمانے میں ہر زمانے کی طرح یہ اصطلاح بدل گئی ہے، چنانچہ اگر کسی کے دل میں اپنے دین و مذہب کے بارے میں غیرت و حمیت نہیں ہے اور وہ ایسی محفلوں میں بیٹھ کر اپنے دین و مذہب کا مذاق اڑانا سن سکتا ہے تو اسے ''روشن خیال'' کہتے ہیں اور مذہبی غیرت و حمیت رکھنے والوں کو ''بنیاد پرست'' کہتے ہیں۔

۱۴۱۔ ایمان کا انسانی مقدرات میں وہی عمل دخل ہے جو دیگر مادی عوامل کا ہے۔ جیسا کہ اس کائناتی نظام میں اثر کی کمزوری سے مؤثر کی کمزوری کا پتہ چلتا ہے، بالکل اسی طرح آثار کی کمزوری سے ایمان کی کمزوری کا پتہ چلتا ہے۔ لہٰذا اگر کبھی کافروں کے مسلمانوں پر غالب آنے کی نوبت آ گئی تو اس سے ایمان کی کمزوری یا فقدان کا پتہ چلتا ہے۔

۱۴۲۔ صدر اول کے منافقین ریاکاری کے لیے نماز کے محتاج تھے۔ جیسے آج بھی کچھ لوگ سال میں عید کے دن نماز کے محتاج ہوتے ہیں۔

۱۴۳۔ منافقین ایمان و یقین کی نعمت سے محروم ہونے کی وجہ سے مضطرب رہتے ہیں۔ کبھی وہ مسلمانوں کی طرف جھکتے ہیں کبھی کافروں کی طرف۔ جس کا تکیہ اللہ پر نہ ہو وہ ہمیشہ سراب کے پیچھے بھاگتا ہے اور ایمان کی نعمت والے ہی امن و سکون کی زندگی بسر کرتے ہیں۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا
الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ تَجْعَلُوْا
لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾
اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِي الدَّرْكِ
الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ
نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾ۙ
اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَ
اعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَاَخْلَصُوْا دِيْنَهُمْ
لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ
وَسَوْفَ يُؤْتِ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ
اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۴۶﴾
مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ
شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۷﴾
لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الجزء ۶
الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾
اِنْ تُبْدُوْا خَيْرًا اَوْ تُخْفُوْهُ اَوْ
تَعْفُوْا عَنْ سُوْٓءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ
عَفُوًّا قَدِيْرًا ﴿۱۴۹﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ
وَرُسُلِهٖ وَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّفَرِّقُوْا

۱۴۴۔ اے ایمان والو! تم مومنین کو چھوڑ کر کفار کو اپنا حامی مت بناؤ، کیا تم چاہتے ہو کہ خود اپنے خلاف اللہ کے پاس صریح دلیل فراہم کرو؟

۱۴۵۔ منافقین تو یقیناً جہنم کے سب سے نچلے طبقے میں ہوں گے اور آپ کسی کو ان کا مددگار نہیں پائیں گے۔☆

۱۴۶۔ البتہ ان میں سے جو لوگ توبہ کریں اور اپنی اصلاح کر لیں اور اللہ سے متمسک رہیں اور اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کریں تو ایسے لوگ مومنوں کے ساتھ ہوں گے اور اللہ عنقریب مومنوں کو اجر عظیم عطا فرمائے گا۔

۱۴۷۔ اگر تم شکر ادا کرو اور ایمان لے آؤ تو اللہ تمہیں عذاب دے کر کیا کرے گا؟ اور اللہ بڑا قدردان، بڑا جاننے والا ہے۔☆

۱۴۸۔ اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی (کسی کی) برملا برائی کرے، مگر یہ کہ مظلوم واقع ہوا ہو اور اللہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۱۴۹۔ اگر تم کوئی نیک کام علانیہ یا خفیہ کرو یا برائی سے درگزر کرو تو اللہ بڑا معاف کرنے والا، قدرت والا ہے۔☆

۱۵۰۔ جو اللہ اور اس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں اور اللہ اور رسولوں کے درمیان تفریق ڈالنا چاہتے ہیں اور کہتے ہیں: ہم بعض پر ایمان لائیں گے اور بعض کا انکار

۱۴۵۔ منافق کافر سے زیادہ بدضمیر اور بدباطن ہوتا ہے کیونکہ کافر تو اپنے موقف کا برملا اظہار کرتا ہے اور منافق میں اتنی جرات بھی نہیں ہوتی کہ اپنے موقف کا برملا اظہار کرے۔ اسلامی معاشرے میں یہ مارِ آستین، کافر سے زیادہ خطرناک ہے۔

۱۴۷۔ اللہ کسی جذبۂ انتقام کی تشفی کے لیے بندوں کو عذاب نہیں دیتا، بلکہ عذاب ناشکری اور نافرمانی کا ایک قدرتی ردعمل ہے۔ اگر بندوں کی طرف سے خود عذاب کے اسباب پیدا نہ ہوتے تو اللہ کو عذاب دینے کی ضرورت ہی پیش نہ آتی۔

۱۴۸۔ ایک مثالی معاشرے اور خیر امت کی تشکیل کے لیے اس امت کو انسانی و اخلاقی قدروں کی تعلیم دی جا رہی ہے اور انسانیت کی تعمیر کے لیے اس امت کو قیادت و امامت کی منزل پر فائز کرنے کے لیے ایسی فضا ہموار کی جا رہی ہے جس میں پرورش پانے والا انسان اعلیٰ اقدار کا مالک بنے نیز اس کا ضمیر پاک اور بیدار ہو۔ کسی شخص کا وقار مجروح کرنا اور اس کا راز فاش کرنا احترام آدمیت کے منافی اور مقام انسانی کے خلاف ہے۔ اللہ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کوئی کسی کی برملا برائی کرے۔ البتہ ظالم نے خود احترامِ آدمیت اور کرامت انسانی کی خلاف ورزی کی ہے اور اس نے ظلم کر کے خود اپنے آپ کو فاش کیا ہے لہٰذا ظالم کی برملا برائی کرنا جائز ہے۔

۱۴۹۔ نیکی کا اظہار کرو یا اسے پوشیدہ رکھو، دونوں باتوں کی اجازت ہے۔ اظہار اس نیت سے ہو کہ لوگوں میں کارِ خیر کا شعور بڑھے اور اگر الزام آنے کا احتمال ہو تو الزام دور ہو جائے اور پوشیدہ اس لحاظ سے ہو کہ ریاکاری کا شائبہ نہ رہے۔

۱۵۰۔ یہاں کفار اور منکروں کے تین گروہ قابل تصور ہیں: ۱۔ جو اللہ کو مانتے ہیں اور نہ رسولوں کو مانتے ہیں۔ ۲۔ جو اللہ کو تو مانتے ہیں، لیکن کسی رسول کو نہیں مانتے۔ ۳۔ جو اللہ اور بعض رسولوں کو مانتے ہیں اور بعض دیگر رسولوں کو نہیں مانتے۔ اس آیت میں فرمایا: یہ سب لوگ کافر ہیں اور سب سے آخری گروہ کے بارے میں فرمایا: یہ لوگ ایمان باللہ اور ایمان بالرسل میں تفریق ڈال رہے ہیں، حالانکہ جو اس کے بعض رسولوں کا انکار کرتے ہیں وہ پکے کافر ہیں۔

بَيْنَ اللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ يَقُوْلُوْنَ
نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ ۙ
وَّ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ
ذٰلِكَ سَبِيْلًا ۙ﴿۱۵۰﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ حَقًّا ۚ وَ
اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۱۵۱﴾
وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رُسُلِهٖ وَ لَمْ
يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ
سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَ
كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۵۲﴾ ع ۲۱
يَسْـَٔلُكَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَنْ تُنَزِّلَ
عَلَيْهِمْ كِتٰبًا مِّنَ السَّمَآءِ فَقَدْ سَاَلُوْا
مُوْسٰٓى اَكْبَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالُوْٓا
اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ
الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۚ ثُمَّ اتَّخَذُوا
الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ
الْبَيِّنٰتُ فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ ۚ وَ اٰتَيْنَا
مُوْسٰى سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۵۳﴾
وَ رَفَعْنَا فَوْقَهُمُ الطُّوْرَ
بِمِيْثَاقِهِمْ وَ قُلْنَا لَهُمُ ادْخُلُوا
الْبَابَ سُجَّدًا وَّ قُلْنَا لَهُمْ لَا تَعْدُوْا
فِي السَّبْتِ وَ اَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا
غَلِيْظًا ﴿۱۵۴﴾

کریں گے اور وہ اس طرح کفر و ایمان کے درمیان ایک راہ نکالنا چاہتے ہیں۔☆

۱۵۱۔ ایسے لوگ حقیقی کافر ہیں اور ہم نے کافروں کے لیے ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۱۵۲۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لاتے ہیں اور ان میں سے کسی ایک کے درمیان کسی تفریق کے بھی قائل نہیں ہیں عنقریب اللہ ان کا اجر انہیں عطا فرمائے گا اور اللہ بڑا درگزر کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۵۳۔ اہل کتاب آپ سے مطالبہ کر رہے ہیں کہ آپ ان پر آسمان سے ایک کتاب اتار لائیں، جبکہ یہ لوگ اس سے بڑا مطالبہ موسیٰ سے کر چکے ہیں، چنانچہ انہوں نے کہا: ہمیں علانیہ طور پر اللہ دکھا دو، ان کی اسی زیادتی کی وجہ سے انہیں بجلی نے آ لیا پھر انہوں نے گوسالہ کو (اپنا معبود) بنایا جب کہ ان کے پاس واضح نشانیاں آ چکی تھیں اس پر بھی ہم نے ان سے درگزر کیا اور موسیٰ کو ہم نے واضح غلبہ عطا کیا۔☆

۱۵۴۔ اور ہم نے ان کے میثاق کے مطابق کوہ طور کو ان کے اوپر اٹھایا اور ہم نے انہیں حکم دیا: دروازے سے سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ اور ہم نے ان سے کہا: ہفتہ کے دن تجاوز نہ کرو اور (اس طرح) ہم نے ان سے ایک پختہ عہد لیا۔

۱۵۲۔ رسولوں کے درمیان تفریق کرنے والوں کے ذکر کے بعد ان لوگوں کا تقابلی ذکر ہوا جو بلا تفریق اللہ کے تمام رسولوں پر ایمان لاتے ہیں اور تمام ادیان سماویہ کو قبول کرتے ہیں اور اللہ کی طرف سے آنے والے سب نمائندوں کو مانتے ہیں۔ وہی صحیح معنوں میں اہل ایمان ہیں اور انہی کو اجر و ثواب ملے گا۔

۱۵۳۔ اس سورہ سے قبل نازل ہونے والے سورہ ہائے بقرہ، ہود، یونس وغیرہ میں قرآن کی اس دعوت: ''اس قرآن کے برابر ایک سورہ بنا لاؤ'' کے بعد مدینہ کے یہودیوں کا یہ مطالبہ صرف عناد اور ہٹ دھرمی پر مبنی تھا۔ اس لیے اس آیت میں یہود کی ہٹ دھرمی اور باطل پرستی کی ایک مثال پیش فرمائی۔

یہ لوگ صرف آپ (ص) سے نامعقول مطالبہ نہیں کر رہے ہیں بلکہ یہ لوگ موسیٰ (ع) سے اس سے بڑا مجرمانہ مطالبہ کر چکے ہیں۔ وہ یہ کہ ہمیں اللہ علانیہ دکھا دو۔ ظاہر ہے کہ اللہ کو انسانی نگاہوں کی محدودیت میں لانے کا مطالبہ شان الٰہی میں گستاخی تھا، جس کی فوری سزا انہیں مل گئی اور ان پر بجلی ٹوٹ پڑی۔ اگر قیامت کے دن اللہ کا دکھائی دینا ممکن ہوتا تو دنیا میں اولوالعزم پیغمبروں کو نظر آنا چاہیے۔ کیونکہ آخرت میں لوگ پیغمبروں سے زیادہ شفافیت کے مالک نہ ہوں گے۔

ان کے پاس حضرت موسیٰ (ع) کے ذریعے واضح معجزات آنے کے باوجود یہ لوگ گوسالہ پرستی جیسی ضلالت کی طرف چلے گئے، لہٰذا قرآن جیسا معجزہ آنے کے باوجود اس قسم کا مطالبہ کرنا یہودی مزاج کے لیے کوئی نئی بات نہیں ہے۔ یہ ان کی پرانی عادت ہے۔

فَعَفَوْنَا عَنْ ذٰلِكَ: گوسالہ پرستی پر جو دنیاوی سزا دی جا رہی تھی وہ معاف ہو گئی۔ سزا یہ تھی: فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۔ گوسالہ پرستوں کو قتل کرو۔

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ وَ
كُفْرِهِمْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَ قَتْلِهِمُ
الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّ قَوْلِهِمْ
قُلُوْبُنَا غُلْفٌ ؕ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا
بِكُفْرِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْنَ اِلَّا
قَلِيْلًا ﴿۱۵۵﴾
وَّبِكُفْرِهِمْ وَ قَوْلِهِمْ عَلٰى
مَرْيَمَ بُهْتَانًا عَظِيْمًا ﴿۱۵۶﴾
وَّقَوْلِهِمْ اِنَّا قَتَلْنَا الْمَسِيْحَ عِيْسَى
ابْنَ مَرْيَمَ رَسُوْلَ اللّٰهِ ۚ وَ مَا
قَتَلُوْهُ وَ مَا صَلَبُوْهُ وَ لٰكِنْ شُبِّهَ
لَهُمْ ؕ وَ اِنَّ الَّذِيْنَ اخْتَلَفُوْا فِيْهِ
لَفِيْ شَكٍّ مِّنْهُ ؕ مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ
عِلْمٍ اِلَّا اتِّبَاعَ الظَّنِّ ۚ وَ مَا قَتَلُوْهُ
يَقِيْنًا ﴿۱۵۷﴾
بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ
عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۵۸﴾
وَ اِنْ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اِلَّا
لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ قَبْلَ مَوْتِهٖ ۚ وَ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ يَكُوْنُ عَلَيْهِمْ شَهِيْدًا ۚ ﴿۱۵۹﴾
فَبِظُلْمٍ مِّنَ الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا
عَلَيْهِمْ طَيِّبٰتٍ اُحِلَّتْ لَهُمْ وَ
بِصَدِّهِمْ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَثِيْرًا ﴿۱۶۰﴾

۱۵۵۔ پھر ان کے اپنے میثاق کی خلاف ورزی، اللہ کی آیات کا انکار کرنے اور انبیاء کو ناحق قتل کرنے اور ان کے اس قول کے سبب کہ ہمارے دل غلاف میں محفوظ ہیں (اللہ نے انہیں سزا دی، ان کے دل غلاف میں محفوظ نہیں) بلکہ ان کے کفر کے سبب اللہ نے ان پر مہر لگا دی ہے اسی وجہ سے یہ کم ہی ایمان لاتے ہیں۔☆

۱۵۶۔ نیز ان کے کفر کے سبب اور مریم پر عظیم بہتان باندھنے کے سبب۔☆

۱۵۷۔ اور ان کے اس قول کے سبب کہ ہم نے اللہ کے رسول مسیح بن مریم کو قتل کیا ہے، جبکہ فی الحقیقت انہوں نے نہ انہیں قتل کیا اور نہ سولی چڑھایا بلکہ (دوسرے کو) ان کے لیے شبیہ بنا دیا گیا تھا اور جن لوگوں نے اس میں اختلاف کیا وہ اس میں شک میں مبتلا ہیں، ظن کی پیروی کے علاوہ انہیں اس بارے میں کوئی علم نہیں اور انہوں نے یقیناً مسیح کو قتل نہیں کیا۔

۱۵۸۔ بلکہ اللہ نے انہیں اپنی طرف اٹھایا اور بے شک اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۵۹۔ اور اہل کتاب میں کوئی ایسا نہیں جو ان کی موت سے پہلے ان پر ایمان نہ لائے اور قیامت کے دن وہ (مسیح) ان پر گواہ ہوں گے۔☆

۱۶۰۔ یہود کے ظلم اور راہ خدا سے بہت روکنے کے سبب بہت سی پاک چیزیں جو (پہلے) ان پر حلال تھیں ہم نے ان پر حرام کر دیں۔

۱۵۵تا۱۶۱۔ ان آیات کا وسط کلام جملہ ہائے معترضہ کو نکالنے کے بعد اس طرح بنتا ہے: ''اس سبب سے کہ یہود نے عہد شکنی کی، آیات کا انکار کیا اور کہا کہ ہمارے دل غلاف میں محفوظ ہیں کہ ان پر غیر یہودی تعلیمات کا اثر نہیں ہوتا۔ حضرت مریمؑ پر تعظیم بہتان باندھا اور کہا ہم نے مسیح کو قتل کیا، ظلم کا ارتکاب کیا، اکثر لوگوں کو راہ راست سے روکا، منع کے باوجود سود خوری کی، لوگوں کا مال ناحق کھایا۔ ان تمام باتوں کے سبب سے ہم نے ان پر بہت سی پاک چیزیں حرام کر دیں اور ان کے لیے ایک دردناک عذاب تیار کیا۔

۱۵۸۔ موجودہ مسیحیت کا بنیادی عقیدہ ''نظریۂ کفارہ'' ہے کہ ابن اللہ نے یا خود اللہ نے سولی چڑھ کر اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے سب گنہگاروں کے گناہوں کا کفارہ ادا کر دیا۔ یعنی بجائے اس کے کہ گناہ کا ارتکاب کرنے والے کفارہ ادا کرتے خود اللہ نے اپنی جان کا نذرانہ دے کر کفارہ ادا کیا (البتہ اپنے بیٹے کی شکل میں آ کر جو نظریہ وحدت در تثلیث کے تحت خود اللہ ہے) یہودی اور مسیحی دونوں اتفاق کرتے ہیں کہ مسیح (ع) قتل ہو گئے۔ اسلام کا مؤقف یہ ہے کہ مسیح (ع) قتل نہیں ہوئے: ☆خود مسیحیوں کے ایک قدیم فرقے ''سلیدیہ'' کا بھی یہی نظریہ ہے کہ یسوع کی جگہ اشتباہاً ''شمعون کرینی'' کو سولی چڑھا دیا گیا اور حضرت عیسیٰ (ع) کو جسم و روح سمیت آسمان پر اٹھا لیا گیا۔☆ حضرت مسیح (ع) کو سزائے موت سلطنت روم کی عدالت سے ملی۔ رومی اجنبی سپاہی مسیح (ع) کو پہچانتے نہیں تھے، اس لیے ایک منافق ''یہودا'' کا سہارا لیا گیا۔ (انجیل ۱۸:۳) جب یہ پلٹن اور پیادے وہاں پہنچے تو یسوع نے ان سے پھر پوچھا: تم کسے ڈھونڈ رہے ہو؟ وہ بولے: یسوع ناصری کو۔ یسوع نے جواب دیا: میں تم سے کہہ چکا ہوں کہ میں ہی یسوع ہوں۔ اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ رومی سپاہیوں کو مسیح (ع) کی شناخت نہیں تھی۔ ☆انجیل برنابا میں حضرت عیسیٰ (ع) کو آسمان کی طرف زندہ اٹھانے کا واقعہ پوری صراحت کے ساتھ درج ہے۔

۱۵۹۔ یعنی حضرت عیسیٰ (ع) کی موت سے پہلے یہود بھی ان کی نبوت پر ایمان لائیں گے اور نصاریٰ بھی ان کے نبی ہونے، ابن نہ ہونے پر ایمان لائیں گے۔ جو اہل کتاب نزول عیسیٰ (ع) سے پہلے مر جائیں گے، وہ مرنے کے بعد ایمان لائیں گے

وَّ اَخْذِهِمُ الرِّبٰوا وَ قَدْ نُهُوْا عَنْهُ وَ اَكْلِهِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ ؕ وَ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ مِنْهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۶۱﴾

۱۶۱۔ اور اس سبب سے بھی کہ وہ سود خوری کرتے تھے جبکہ اس سے انہیں منع کیا گیا تھا اور لوگوں کا مال ناحق کھانے کے سبب سے بھی اور ان میں سے جو کافر ہیں ان کے لیے ہم نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَ الْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَ مَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَالْمُقِيْمِيْنَ الصَّلٰوةَ وَ الْمُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ اُولٰٓئِكَ سَنُؤْتِيْهِمْ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۱۶۲﴾ ع ۲۲ ۱۰ ۲

۱۶۲۔ لیکن ان میں سے جو علم میں راسخ ہیں اور اہل ایمان ہیں وہ اس پر ایمان لاتے ہیں جو آپ پر نازل کیا گیا اور جو آپ سے پہلے نازل کیا گیا اور نماز قائم کرنے والے ہیں اور زکوٰۃ دینے والے ہیں اور اللہ اور روز آخرت پر ایمان لانے والے ہیں، یہ وہ لوگ ہیں جن کو عنقریب ہم اجر عظیم عطا کریں گے۔☆

اِنَّآ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ كَمَآ اَوْحَيْنَآ اِلٰى نُوْحٍ وَّ النَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَ اِسْحٰقَ وَ يَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَ عِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَ يُوْنُسَ وَ هٰرُوْنَ وَ سُلَيْمٰنَ ۚ وَ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا ﴿۱۶۳﴾

۱۶۳۔ (اے رسول) ہم نے آپ کی طرف اسی طرح وحی بھیجی ہے جس طرح نوح اور ان کے بعد کے نبیوں کی طرف بھیجی، اور جس طرح ہم نے ابراہیم، اسماعیل، اسحاق، یعقوب، اولاد یعقوب، عیسیٰ، ایوب، یونس، ہارون اور سلیمان کی طرف (وحی بھیجی) اور داؤد کو ہم نے زبور دی۔☆

وَ رُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَ رُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ ؕ وَ كَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا ﴿۱۶۴﴾ ع

۱۶۴۔ ان رسولوں پر (وحی بھیجی) جن کے حالات کا ذکر ہم پہلے آپ سے کر چکے ہیں اور ان رسولوں پر بھی جن کے حالات کا ذکر ہم نے آپ سے نہیں کیا اور اللہ نے موسیٰ سے تو خوب باتیں کی ہیں۔☆

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَ مُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا

۱۶۵۔ (یہ سب) بشارت دینے والے اور تنبیہ کرنے والے رسول بنا کر بھیجے گئے

اور نزول عیسیٰ (ع) کے وقت کے لوگ بھی ان پر ایمان لائیں گے۔ صحیح بخاری باب نزول عیسیٰ میں آیا ہے: کیف انتم اذا نزل بن مریم فیکم و امامکم منکم۔ تمہارا اس وقت کیا حال ہوگا جب ابن مریم نزول کریں گے تو تمہارا امام تم میں سے ہوگا۔ امام مہدی علیہ السلام کی طرف اشارہ ہے۔

۱۶۲۔ اہل کتاب کا حضور (ص) سے یہ مطالبہ کہ آپ (ص) ان کے لیے آسمان سے ایک کتاب اتار لائیں، ایک جاہلانہ اور معاندانہ مطالبہ ہے۔ ورنہ جو علم میں پختہ ہیں اور ایماندار ہیں وہ ایسے نامعقول مطالبے نہیں کرتے، بلکہ وہ آپ (ص) اور سابقہ انبیاء کی تعلیمات پر ایمان لاتے ہیں۔ چونکہ انہیں معلوم ہے کہ رسالت مآب (ص) کی تعلیمات میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جو انبیائے سلف کی تعلیمات و معجزات سے متصادم ہو۔

۱۶۳۔ اہل کتاب کے نامعقول مطالبے کا جواب جاری ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ محمد (ص) پر وحی کا نزول سابقہ انبیاء کا تسلسل ہے۔ یہ کوئی انوکھی چیز نہیں ہے، جو کبھی پہلے دیکھنے میں نہ آئی ہو بلکہ یہ سنت الٰہی ہے کہ اس نے یکے بعد دیگرے انبیاء بھیجے۔

۱۶۴۔ یعنی اس سورے سے پہلے نازل ہونے والی مکی سورتوں میں جن انبیاء کا ذکر آیا ہے، ان کے علاوہ وہ انبیاء جن کا ذکر باقی سورتوں میں آیا ہے اور وہ انبیاء جن کا ذکر قرآن میں نہیں آیا۔ جبکہ اللہ تعالیٰ نے ہر قوم کی طرف ایک نبی بھیجا ہے۔ قرآن میں تقریباً ۲۶ انبیاء کا صریحاً ذکر ہے اور بعض انبیاء کا نام لیے بغیر اشارۃً ذکر فرمایا ہے۔ اکثر روایات کے مطابق انبیاء کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے، جن میں سے تین سو تیرہ مرسل اور پانچ اولوالعزم ہیں۔ حضرت نوح، حضرت ابراھیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ علیہم السلام اور حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

۱۶۵۔ اللہ تعالیٰ حجت پوری کرنے سے پہلے کسی سے مؤاخذہ نہیں کرتا اور یہ ایک عقلی قاعدہ ہے کہ کسی بات کا حکم جاری کیے بغیر اس کے بارے میں بازپرس نہیں ہو سکتی۔ اگر خادم سے یہ نہ کہا جائے کہ پانی دے دو تو پانی نہ دینے پر اس سے بازپرس نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ نبوت کی ضرورت اسی اصول اور قاعدے کے تحت ہے۔ اگر انبیاء کے ذریعے حجت پوری نہ ہوئی ہوتی تو لوگوں کو یہ بات کرنے کا حق حاصل ہو جاتا: رَبَّنَا لَوْلَآ اَرْسَلْتَ

يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ
بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا
حَكِيْمًا ﴿۱۶۵﴾
لٰكِنِ اللّٰهُ يَشْهَدُ بِمَآ اَنْزَلَ
اِلَيْكَ اَنْزَلَهٗ بِعِلْمِهٖ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ
يَشْهَدُوْنَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا ﴿۱۶۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ قَدْ ضَلُّوْا ضَلٰلًا
بَعِيْدًا ﴿۱۶۷﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ
يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا
لِيَهْدِيَهُمْ طَرِيْقًا ﴿۱۶۸﴾
اِلَّا طَرِيْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ
اَبَدًا ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ
يَسِيْرًا ﴿۱۶۹﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ
بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا
لَّكُمْ ؕ وَاِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَ
كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱۷۰﴾
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ
دِيْنِكُمْ وَلَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا
الْحَقَّ ؕ اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ

تھے تا کہ ان رسولوں کے بعد لوگوں کے لیے اللہ کے سامنے کسی حجت کی گنجائش نہ رہے اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۶۶۔ لیکن اللہ گواہی دیتا ہے کہ جو کچھ اس نے آپ پر نازل کیا ہے وہ اپنے علم سے نازل کیا ہے اور ساتھ فرشتے بھی گواہی دیتے ہیں اور گواہی کے لیے تو اللہ ہی کافی ہے۔☆

۱۶۷۔ بے شک جنہوں نے کفر اختیار کیا اور (لوگوں کو) اللہ کے راستے سے روگردان کیا یقیناً وہ گمراہی میں دور تک نکل گئے۔

۱۶۸۔ جنہوں نے کفر اختیار کیا اور ظلم کرتے رہے اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا اور نہ ہی ان کی راہنمائی کرے گا۔

۱۶۹۔ سوائے راہ جہنم کے جس میں وہ ابد تک ہمیشہ رہیں گے اور یہ کام اللہ کے لیے نہایت سہل ہے۔

۱۷۰۔ اے لوگو! یہ رسول تمہارے رب کی طرف سے حق لے کر تمہارے پاس آئے ہیں پس تمہارے حق میں بہتر ہے کہ تم (ان پر) ایمان لے آؤ اور اگر تم کفر اختیار کرو تو (جان لو کہ) آسمانوں اور زمین کی موجودات کا مالک اللہ ہے اور اللہ بڑا علم رکھنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۷۱۔ اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو سے کام نہ لو اور اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا کچھ نہ کہو، بے شک مسیح عیسیٰ بن مریم تو اللہ کے رسول اور اس کا کلمہ

اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ (طٰہٰ: ۱۳۴) ہمارے پروردگار! تو نے ہماری طرف رسول کیوں نہیں بھیجا کہ ہم تیرے احکام کی پیروی کرتے؟

۱۶۶۔ اللہ نے اس وقت کے تاریک معاشرے میں ایک ایسے شخص کو اپنے علم سے مالا مال کیا جس نے کسی انسانی مکتب میں تعلیم حاصل نہیں کی۔ اس نے اللہ کی طرف سے ایک ایسا دستور حیات پیش کیا جس کی مثال پیش کرنے سے تمام انسان عاجز ہیں۔ لہٰذا یہ علم یہ قرآن اور یہ جامع نظام حیات اللہ کی جانب سے گواہی ہے کہ یہ رسول برحق ہیں۔

۱۷۰۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی حقانیت پر دلیل دینے کے بعد روئے سخن اہل کتاب سے عامۃ الناس کی طرف ہوگئی کہ اس رسول برحق پر ایمان لانے میں خود تمہاری بھلائی ہے اگر کفر کرو تو خود تمہارا نقصان ہے تم کفر کر کے اللہ کی حکومت سے فرار نہیں کر سکتے تم چاہو یا نہ چاہو اللہ کی مملکت میں ہو۔

۱۷۱۔ حضرت مسیح کے بارے میں قرآن کا موقف یہ ہے کہ حضرت مسیح اللہ کا کلمہ اور روح ہیں۔ جب اللہ ظاہری علل و اسباب سے ہٹ کر ایک تخلیقی عمل صرف اپنے ارادے سے انجام دیتا ہے تو اسے کلمہ کہتے ہیں۔ مثلاً حضرت عیسیٰ (ع) کی خلقت کے لیے باپ کی جگہ کلمہ کُن علت ہے اس لیے انہیں کلمہ کہتے ہیں۔ وَرُوْحٌ مِّنْهُ، اللہ کی روح یعنی یہ نسبت صرف شرف کے لیے ہے، جیسے بیت اللہ، ناقۃ اللہ وغیرہ۔

وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ: مسیحی، اناجیل کی صریح تعلیمات کی بنا پر خدائے واحد کو مانتے ہیں اور کہتے ہیں کہ خدا ایک ہے۔ دوسری طرف وہ روح القدس اور مسیح (ع) کو بھی خدا مانتے ہیں۔ اس طرح وہ تین خداؤں کے بھی قائل ہیں۔ وہ توحید کے ساتھ تثلیث اور تثلیث کے ساتھ توحید کا عقیدہ رکھتے ہیں اور لاینحل تضادات کے ایک سلسلے میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ خدا تین بھی ہیں اور ایک بھی اور اس کی تشریح میں ان میں فرقہ بندیوں کا ایک سلسلہ شروع ہو گیا۔ کہتے ہیں اللہ جوہر ہونے کے اعتبار سے ایک ہے اور اقانیم ہونے کے اعتبار سے تین۔ وہ "وجود"، "حیات" اور "علم" کو اقانیم کہتے ہیں اور وجود کو باپ، علم کو بیٹا اور حیات کو روح القدس کہتے ہیں۔ آگے وہ جوہر اور اقانیم کے درمیان تعلق کی نوعیت میں اختلاف کرتے ہیں

مَرْيَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَكَلِمَتُهٗ ۚ اَلْقٰىهَآ اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ مِّنْهُ ۫ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ۚ وَلَا تَقُوْلُوْا ثَلٰثَةٌ ؕ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ؕ اِنَّمَا اللّٰهُ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ سُبْحٰنَهٗۤ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ ۘ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۷۱﴾

ع ۲۲

لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ؕ وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا ﴿۱۷۲﴾

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۚ وَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْتَنْكَفُوْا وَاسْتَكْبَرُوْا فَيُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ وَّلَا يَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿۱۷۳﴾

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾

ہیں جو اللہ نے مریم تک پہنچا دیا اور اس کی طرف سے وہ ایک روح ہیں، لہٰذا اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لے آؤ اور یہ نہ کہو کہ تین ہیں، اس سے باز آ جاؤ اس میں تمہاری بہتری ہے، یقیناً اللہ تو بس ایک ہی معبود ہے، اس کی ذات اس سے پاک ہے کہ اس کا کوئی بیٹا ہو، آسمانوں اور زمین میں موجود ساری چیزیں اسی کی ہیں اور کارسازی کے لیے اللہ کافی ہے۔☆

۱۷۲۔ مسیح نے کبھی بھی اللہ کی بندگی کو عار نہیں سمجھا اور نہ ہی مقرب فرشتے (اسے عار سمجھتے ہیں) اور جو اللہ کی بندگی کو عار سمجھتا ہے اور تکبر کرتا ہے اللہ ان سب کو (ایک دن) اپنے سامنے جمع کرے گا۔☆

۱۷۳۔ پھر ایمان لانے والوں اور نیک اعمال بجالانے والوں کو اللہ ان کا پورا اجر دے گا اور انہیں اپنے فضل سے مزید عطا کرے گا اور جن لوگوں نے (عبادت کو) عار سمجھا اور تکبر کیا انہیں اللہ دردناک عذاب دے گا اور وہ اپنے لیے اللہ کے سوا نہ کوئی سرپرست اور نہ کوئی مددگار پائیں گے۔☆

۱۷۴۔ اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس واضح دلیل آ گئی ہے اور ہم نے تمہاری طرف روشن نور نازل کیا ہے۔☆

اور ایک دوسرے کی تکفیر کرتے ہیں۔

۱۷۲۔ مسیحی تعلیمات اور اناجیل کی آیات سے یہ بات واضح ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ کی عبادت کرتے تھے۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام خود خدا نہیں ہیں اور نہ خدا کا حصہ ہیں۔ کیونکہ خدا یا خدا کا کوئی حصہ خود اپنی عبادت نہیں کر سکتا۔ بعض مشرکین کا یہ خیال تھا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں، اس لیے ضمناً یہاں اس مشرکانہ نظریے کی رد کے طور پر فرشتوں کی عبادت کا بھی ذکر کیا گیا۔

۱۷۳۔ اس آیت میں ایک نکتہ قابل توجہ ہے۔ وہ یہ کہ ایمان و عمل صالح کے پورے پورے اجر و ثواب کے علاوہ یہ خوشخبری اور نوید رحمانی سنائی گئی: وَيَزِيْدُهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اپنے فضل سے ان کو مزید اجر و ثواب عنایت فرمائے گا۔ مزید کس قدر اجر عطا فرمائے گا؟ اس کی کوئی حد بیان نہیں فرمائی۔

۱۷۴۔ بُرْهَانٌ: دلیل و حجت میں سے اس دلیل کو برہان کہتے ہیں جو ناقابل تردید ہو۔

یہود و نصاریٰ اور مشرکین پر رسالتمآب (ص) کی رسالت کی حقانیت پر روشنی ڈالنے کے بعد پوری انسانیت سے خطاب فرمایا: تمہاری طرف اللہ کی جانب سے ایک ناقابل تردید دلیل آ گئی ہے۔ برہان سے مراد رسول کریم (ص) کی ذات گرامی ہی ہو سکتی ہے۔ کیونکہ محمد (ص) نے ایک ایسے معاشرے میں آنکھ کھولی جو علم و تمدن سے بالکل بے بہرہ تھا۔ اس زمانے میں یونان، مصر، عراق، ایران اور ہندوستان میں علمی مراکز موجود تھے اور تمدن بھی تھا، لیکن حجاز تو تاریکی میں ڈوبا ہوا تھا۔ اس معاشرے میں ایک شخص، ایک ایسا انسان ساز دستور حیات لے کر آتا ہے جس کی مثال پیش کرنے سے تمام انسان قاصر ہیں۔ یہ ذات خود اپنی جگہ ایک برہان ہے۔

اور نور مبین سے مراد قرآن مجید ہے۔ جس نے انسانیت کو جہالت کی تاریکی سے نکال کر علم و تمدن کی روشن دنیا سے متعارف کرایا اور ساتھ روحانی امن و سکون کے عوامل سے روشناس کرایا۔

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا
بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ
وَفَضْلٍ ۙ وَّ يَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ
صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾
يَسْتَفْتُوْنَكَ ؕ قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِي
الْكَلٰلَةِ ؕ اِنِ امْرُؤٌا هَلَكَ
لَيْسَ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَهٗۤ اُخْتٌ فَلَهَا
نِصْفُ مَا تَرَكَ ۚ وَ هُوَ يَرِثُهَاۤ
اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهَا وَلَدٌ ؕ فَاِنْ كَانَتَا
اثْنَتَيْنِ فَلَهُمَا الثُّلُثٰنِ مِمَّا تَرَكَ ؕ
وَ اِنْ كَانُوْۤا اِخْوَةً رِّجَالًا وَّ نِسَآءً
فَلِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ ؕ
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اَنْ تَضِلُّوْا ؕ وَاللّٰهُ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۷۶﴾

سُوْرَةُ الْمَآئِدَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَوْفُوْا
بِالْعُقُوْدِ ؕ اُحِلَّتْ لَكُمْ بَهِيْمَةُ
الْاَنْعَامِ اِلَّا مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ غَيْرَ
مُحِلِّي الصَّيْدِ وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ مَا يُرِيْدُ ﴿۱﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحِلُّوْا
شَعَآئِرَ اللّٰهِ وَلَا الشَّهْرَ الْحَرَامَ وَلَا

۱۷۵۔ لہٰذا جو اللہ پر ایمان لے آئیں اور اس سے متمسک رہیں تو وہ جلد ہی انہیں اپنی رحمت اور فضل میں داخل کرے گا اور انہیں اپنی طرف آنے کا سیدھا راستہ دکھائے گا۔

۱۷۶۔ لوگ آپ سے (کلالہ کے بارے میں) دریافت کرتے ہیں، ان سے کہہ دیجیے: اللہ کلالہ کے بارے میں تمہیں یہ حکم دیتا ہے: اگر کوئی مرد مر جائے اور اس کی اولاد نہ ہو اور اس کی ایک بہن ہو تو اسے (بھائی کے) ترکے سے نصف حصہ ملے گا اور اگر بہن (مر جائے اور اس) کی کوئی اولاد نہ ہو تو بھائی کو بہن کا پورا ترکہ ملے گا اور اگر بہنیں دو ہوں تو دونوں کو (بھائی کے) ترکے سے دو تہائی ملے گا اور اگر بھائی بہن دونوں ہیں تو مرد کا حصہ دو عورتوں کے حصے کے برابر ہوگا، اللہ تمہارے لیے (احکام) بیان فرماتا ہے تاکہ تم گمراہ نہ ہو جاؤ اور اللہ ہر چیز کا پورا علم رکھتا ہے۔☆

سورۂ مائدہ ۔ مدنی ۔ آیات ۱۲۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے ایمان والو! عہد و پیمان پورا کیا کرو، تمہارے لیے چرنے والے مویشی حلال کیے گئے ہیں سوائے ان کے جو (آیندہ) تمہیں بتا دیے جائیں گے مگر حالت احرام میں شکار کو حلال تصور نہ کرو، بیشک اللہ جیسا چاہتا ہے حکم دیتا ہے۔☆

۲۔ اے ایمان والو! تم اللہ کی نشانیوں کی بے حرمتی نہ کرو اور نہ حرمت والے مہینے کی اور نہ قربانی کے جانور کی اور نہ ان

۱۷۶۔ الکلالۃ: باپ اور اولاد کے علاوہ جو وارث ہو وہ کلالہ ہے۔ مرنے والے کے پسماندگان میں صرف ایک بہن ہو تو جو باپ کی طرف سے یا ماں باپ دونوں کی طرف سے ہو تو اس بہن کو نصف حصہ فرضاً ملے گا، باقی حصہ فقہ جعفری کے مطابق اسی بہن کو رداً ملے گا۔ بعض اہل سنت کے مطابق باقی حصہ بیت المال میں جمع کیا جائے گا۔
تعصیب یعنی قریب کی موجودگی میں بعید کو وارث بنانا۔ ظاہر قرآن کے خلاف ہے۔ تفصیل کے لیے ہماری تفسیر کا مطالعہ کریں۔

سورہ مائدہ

یہ سورہ رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی حیات مبارکہ کے آخری دنوں میں نازل ہوا۔ اس لیے اس سورے کی آیات ناسخ ہیں، منسوخ نہیں ہیں۔ یہ سورہ اس وقت نازل ہوا جب رسول کریمؐ ایک اسلامی حکومت کی تاسیس، ایک امت کی تربیت، ایک معاشرے کا قیام اور ایک دستور حیات پیش کر چکے تھے۔

۱۔ یہاں عہد و پیمان کا اطلاق ہر قسم کے عہد و پیمان پر ہوتا ہے جو ہر انسان اور ہر قوم کو اپنی اپنی انفرادی و اجتماعی زندگی میں پیش آتے ہیں۔ اگر کسی معاشرے میں عہد و پیمان کی پابندی ضروری نہ ہو، وہاں عدل و انصاف ملنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ انسان کے مدنی الطبع ہونے کی وجہ سے انفرادی زندگی گزارنا اس کے لیے ناممکن ہے اور اجتماعی زندگی انہیں معاہدوں سے عبارت ہے کہ انسان دوسروں کے ساتھ خرید و فروخت، مناکحہ اور مصالحت وغیرہ کے لیے عہد و پیمان باندھتے ہیں۔ اس قسم کے تمام معاہدے قرآن کی رو سے واجب الوفا ہیں، خواہ وہ عہد فرد کا فرد کے ساتھ ہو یا ایک قوم کا کسی قوم کے ساتھ۔ حتیٰ اگر مسلمان کافروں کے ساتھ بھی کوئی معاہدہ کرتے ہیں تو اسے پورا کرنا ضروری ہے۔

۲۔ شعآئر: ہر چیز جو کسی مسلک و مذہب کی عظمت کی تاریخ سے وابستہ ہو اور اس میں اس نظریے کی پہچان ہو۔ اس اعتبار سے حرمت والے مہینے رجب، ذوالقعدہ، ذوالحجۃ اور محرم اسلامی شعائر میں شامل ہیں، جن میں ہر قسم کی جنگ کرنا حرام ہے۔ اسی طرح قربانی کے لیے جو جانور پیش کیا

الْهَدْيَ وَلَا الْقَلَآئِدَ وَلَآ آٰمِّيْنَ
الْبَيْتَ الْحَرَامَ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ رِضْوَانًا ؕ وَ اِذَا
حَلَلْتُمْ فَاصْطَادُوْا ؕ وَ لَا
يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ اَنْ
صَدُّوْكُمْ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ
ف۱ اَنْ تَعْتَدُوْا ۘ وَتَعَاوَنُوْا عَلَى
الْبِرِّ وَ التَّقْوٰى ۪ وَلَا تَعَاوَنُوْا
عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۪ وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ
ع الْعِقَابِ ۝۲
حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَ
لَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ
بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَ
الْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَ مَآ اَكَلَ
السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ ۣ وَمَا ذُبِحَ
عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا
بِالْاَزْلَامِ ؕ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ ؕ اَلْيَوْمَ
يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ
فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ؕ اَلْيَوْمَ
اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ
عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ
الْاِسْلَامَ دِيْنًا ؕ فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ

جانوروں کی جن کے گلے میں پٹے باندھ دیے جائیں اور نہ ان لوگوں کی جو اپنے رب کے فضل اور خوشنودی کی تلاش میں بیت الحرام کی طرف جا رہے ہوں، ہاں! جب تم احرام سے باہر آ جاؤ تو شکار کر سکتے ہو اور جن لوگوں نے تمہیں مسجد الحرام جانے سے روکا تھا کہیں ان کی دشمنی تمہیں اس بات پر آمادہ نہ کر دے کہ تم بھی (ان پر) زیادتیاں کرنے لگو اور (یاد رکھو) نیکی اور تقویٰ میں ایک دوسرے کی مدد کیا کرو اور گناہ اور زیادتی (کے کاموں) میں ایک دوسرے سے تعاون نہ کیا کرو اور اللہ سے ڈرو، اللہ کا عذاب یقیناً بہت سخت ہے۔☆

۳۔تم پر حرام کیا گیا ہے مردار، خون، سور کا گوشت اور (وہ جانور) جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام لیا گیا ہو اور وہ جو گلا گھٹ کر اور چوٹ کھا کر اور بلندی سے گر کر اور سینگ لگ کر مر گیا ہو اور جسے درندے نے کھایا ہو سوائے اس کے جسے تم (مرنے سے پہلے) ذبح کر لو اور جسے تھان پر ذبح کیا گیا ہو اور جوئے کے تیروں کے ذریعے تمہارا تقسیم کرنا (بھی حرام ہے)، یہ سب فسق ہیں، آج کافر لوگ تمہارے دین سے مایوس ہو چکے ہیں، پس تم ان (کافروں) سے نہیں مجھ سے ڈرو، آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کر لیا، پس جو شخص گناہ کی طرف مائل ہوئے

جاتا ہے وہ بھی شعائر اللہ میں شامل ہے۔

وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ: کفار کی طرف سے مسجد الحرام کا راستہ بند کرنے کا غصہ کہیں اس بات کا محرک نہ بنے کہ تم بھی ان کے ساتھ زیادتی کرو اور ان پر تم راستہ بند کر دو۔

۳۔ کچھ حضرات نے یہ موقف اختیار کیا ہے کہ ان احکام کے بیان سے اسلامی احکام کا بیان مکمل ہوا اور اس کے بعد کوئی حکم نازل نہیں ہوا۔ یہ موقف بھی اس لیے درست نہیں کیونکہ بخاری کی روایت کے مطابق آخری حکم آیہ ربا ہے اور بعض کے نزدیک آیہ کلالہ ہے اور دیگر بعض احکام اس آیت کے نزول کے بعد نازل ہوئے ہیں۔

حقیقت امر یہ ہے کہ کفار نے دین اسلام کی دعوت کو پھیلنے سے روکنے کے لیے ہر حربہ استعمال کیا لیکن انہیں ہمیشہ ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا، ان کی آخری امید یہ تھی یہ دین اس کے بانی کے جانے سے ختم ہو جائے گا اور یہ دعوت اس کے داعی کی موت سے مٹ جائے گی کیونکہ اس کی کوئی اولاد نرینہ بھی نہیں ہے اور بہت سے سلاطین اور شان و شوکت والے بادشاہان کے موت کے منہ میں جانے کے بعد ان کے نام و نشان مٹ گئے اور ان کے قبر میں جاتے ہی ان کی حکومتوں کو زوال آیا اور جب رسول اللہؐ نے بحکم خدا اپنے بعد اس دین کے محافظ کا تعارف کرایا تو اس دین کے لیے بقا کی ضمانت فراہم ہو گئی اور بقول صاحب المیزان ”یہ دین مرحلہ وجود سے مرحلہ بقا میں داخل ہو گیا۔“ یہاں سے کافر مایوس ہو گئے کہ یہ رسالت ایک فرد کے ساتھ منحصر نہ رہی، اب یہ دعوت ایک شخص کے مرنے سے نہیں مرتی۔

امامیہ نے اس بات پر اتفاق کیا ہے کہ اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ غدیر خم کے موقع پر رسول اللہؐ کی طرف سے حضرت علی علیہ السلام کی ولایت کے اعلان کے موقع پر نازل ہوئی۔ چنانچہ اصحاب رسولؐ میں سے اس کے راوی درج ذیل ہیں: ۱۔ زید بن ارقم (طبری: الولایۃ) ۲۔ ابوسعید خدری (حافظ ابن مردویہ تفسیر ابن کثیر ۲: ۱۴) ۳۔ ابوہریرہ (تفسیر ابن کثیر ۲:۱۴) ۴۔ جابر بن عبد اللہ انصاری (نطنزی۔ الخصائص)

مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ ۙ
فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۳
يَسْـَٔلُوْنَكَ مَاذَآ اُحِلَّ لَهُمْ ۭ قُلْ
اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۙ وَمَا
عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ مُكَلِّبِيْنَ
تُعَلِّمُوْنَهُنَّ مِمَّا عَلَّمَكُمُ اللّٰهُ ۠
فَكُلُوْا مِمَّآ اَمْسَكْنَ عَلَيْكُمْ
وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهِ ۠ وَ
اتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ
الْحِسَابِ ۝۴
اَلْيَوْمَ اُحِلَّ لَكُمُ الطَّيِّبٰتُ ۭ
وَطَعَامُ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
حِلٌّ لَّكُمْ ۠ وَطَعَامُكُمْ حِلٌّ
لَّهُمْ ۫ وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الْمُؤْمِنٰتِ
وَالْمُحْصَنٰتُ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ اِذَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ مُحْصِنِيْنَ غَيْرَ
مُسٰفِحِيْنَ وَلَا مُتَّخِذِيْٓ
اَخْدَانٍ ۭ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ
فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ ۠ وَهُوَ فِي
الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝۵ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا قُمْتُمْ اِلَى
الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ

بغیر بھوک کی وجہ سے (ان حرام چیزوں سے پرہیز نہ کرنے پر) مجبور ہو جائے تو اللہ یقیناً بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

۴۔لوگ آپ سے پوچھتے ہیں کہ ان کے لیے کیا حلال کیا گیا ہے؟ کہہ دیجیے: تمہارے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کی گئی ہیں اور وہ شکار بھی جو تمہارے لیے ان شکاری جانوروں نے پکڑا ہو جنہیں تم نے سدھا رکھا ہے اور انہیں تم شکار پر چھوڑتے ہو جس طریقے سے اللہ نے تمہیں سکھایا ہے اس کے مطابق تم نے انہیں سکھایا ہو تو جو شکار وہ تمہارے لیے پکڑیں اسے کھاؤ اور اس پر اللہ کا نام لے لیا کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو اللہ یقیناً بہت جلد حساب لینے والا ہے۔☆

۵۔ آج تمہارے لیے تمام پاکیزہ چیزیں حلال کر دی گئی ہیں اور اہل کتاب کا کھانا تمہارے لیے حلال اور تمہارا کھانا ان کے لیے حلال ہے اور پاکدامن مومنہ عورتیں نیز جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی ہے ان کی پاکدامن عورتیں بھی (حلال کی گئی ہیں) بشرطیکہ ان کا مہر دے دو اور ان کی عفت کے محافظ بنو، چوری چھپے آشنائیاں یا بدکاری نہ کرو اور جو کوئی ایمان سے منکر ہو، یقیناً اس کا عمل ضائع ہو گیا اور آخرت میں وہ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔☆

۶۔ اے ایمان والو! جب تم نماز کے لیے اٹھو تو اپنے چہروں اور اپنے ہاتھوں کو

۴۔اس آیت اور دوسری متعدد آیات سے ان تمام چیزوں میں صرف پاک چیزیں حلال قرار دی ہیں۔ اس سے تمام چیزوں کی جگہ تمام پاک چیزیں حلال ہو گئیں۔ پاک ہونے کی قید سے حلال چیزوں کا دائرہ تنگ ہو گیا۔ اب یہ سوال باقی رہا کہ پاک چیزوں کو ہم کیسے سمجھیں؟ جواب یہ ہے کہ اول تو ذوق سلیم اور فطری نظافت کے مطابق چیزیں پاک اور حلال ہیں۔ دوم یہ کہ شاید ہر جگہ ذوق سلیم اور فطری پاکیزگی کبھی فیصلہ کرنے سے معروضی حالات کی وجہ سے قاصر رہے تو یہاں خود شریعت سے مدد لی جائے گی۔ چونکہ شرعی نصوص میں بھی حیوانات پرندے اور آبی حیوانات کے بارے میں کلیے قائم کیے گئے ہیں، جن کے مطابق پاک اور خبیث چیزوں میں تمیز ہو سکتی ہے۔

وَمَا عَلَّمْتُمْ مِّنَ الْجَوَارِحِ: وہ شکار بھی حلال ہے جو تمہارے سدھائے ہوئے شکاری جانوروں نے پکڑا ہو۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سدھائے ہوئے کتے کو تم نے اللہ کا نام لے کر چھوڑا اور اس نے حلال گوشت جانور کو پکڑ لیا اور تمہارے ہاتھ آنے سے پہلے وہ جانور مر گیا تو وہ تمہارے لیے حلال ہے اور یہی ذبح شرعی شمار ہو گا۔ فقہ جعفری کے مطابق یہ خصوصیت اور یہ حکم صرف کتے کے پکڑے ہوئے شکار کے لیے ہے، دوسرے شکاری پرندوں کے پکڑے ہوئے شکار اگر زندہ ہاتھ میں آ جائیں اور ذبح شرعی ہو جائے تو حلال ہیں، ورنہ حرام ہیں اور اس پر ائمہ علیہم السلام کی احادیث کے ساتھ خود آیت کے لفظ مُكَلِّبِيْنَ دلیل ہے۔ کیونکہ مکلب کتے کو شکار کی تعلیم دینے کو کہتے ہیں، لہٰذا آیت کی رو سے بھی یہ حکم صرف تربیت یافتہ کتے کے ساتھ مخصوص ہے۔

۵۔ اہل کتاب کا طعام حلال ہے جس میں ان کا ذبیحہ بھی شامل ہے۔ اکثر غیر امامیہ ان کے ذبیحہ کو حلال کہتے ہیں۔ فقہ جعفری کے نزدیک ان کا ذبیحہ حلال نہیں ہے۔ باقی طعام میں فقہ جعفری کے فقہاء کے دو نظریے ہیں۔ ایک یہ کہ اہل کتاب نجس ہیں، لہٰذا اگر مرطوب کھانے کو اہل کتاب نے ہاتھ لگایا ہو تو وہ نجس ہے۔ دوسرا نظریہ یہ ہے کہ اہل کتاب پاک ہیں، ذبیحہ کے علاوہ ان کے باقی طعام حلال ہیں۔

وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَ
امْسَحُوْا بِرُءُوْسِكُمْ وَ
اَرْجُلَكُمْ اِلَى الْكَعْبَيْنِ ؕ وَ
اِنْ كُنْتُمْ جُنُبًا فَاطَّهَّرُوْا ؕ وَاِنْ
كُنْتُمْ مَّرْضٰۤى اَوْ عَلٰى سَفَرٍ اَوْ
جَآءَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنَ الْغَآئِطِ
اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ فَلَمْ تَجِدُوْا
مَآءً فَتَيَمَّمُوْا صَعِيْدًا طَيِّبًا
فَامْسَحُوْا بِوُجُوْهِكُمْ وَ
اَيْدِيْكُمْ مِّنْهُ ؕ مَا يُرِيْدُ اللّٰهُ
لِيَجْعَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ حَرَجٍ وَّ
لٰكِنْ يُّرِيْدُ لِيُطَهِّرَكُمْ وَ
لِيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝٦
وَ اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ
مِيْثَاقَهُ الَّذِيْ وَاثَقَكُمْ بِهٖۤ ۙ اِذْ
قُلْتُمْ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ۫ وَ اتَّقُوا
اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ۝٧
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْا
قَوّٰمِيْنَ لِلّٰهِ شُهَدَآءَ بِالْقِسْطِ ۫ وَلَا
يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَاٰنُ قَوْمٍ عَلٰۤى
اَلَّا تَعْدِلُوْا ؕ اِعْدِلُوْا ۟ هُوَ

کہنیوں سمیت دھو لیا کرو نیز اپنے سروں کا اور ٹخنوں تک پاؤں کا مسح کرو، اگر تم حالت جنابت میں ہو تو پاک ہوجاؤ اور اگر تم بیمار ہو یا سفر میں ہو یا تم میں سے کوئی رفع حاجت کر کے آیا ہو یا تم نے عورتوں کو ہاتھ لگایا (ہمبستری کی) ہو پھر تمہیں پانی میسر نہ آئے تو پاک مٹی سے تیمّم کرو پھر اس سے تم اپنے چہروں اور ہاتھوں کا مسح کرو، اللہ تمہیں مشقت میں ڈالنا نہیں چاہتا بلکہ وہ تمہیں پاک اور تم پر اپنی نعمت مکمل کرنا چاہتا ہے شاید تم شکر کرو۔☆

۷۔ اور اس نعمت کو یاد کرو جو اللہ نے تمہیں عطا کی ہے اور اس عہد و پیمان کو بھی جو اللہ نے تم سے لے رکھا ہے، جب تم نے کہا تھا: ہم نے سنا اور مانا اور اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔

۸۔ اے ایمان والو! اللہ کے لیے بھرپور قیام کرنے والے اور انصاف کے ساتھ گواہی دینے والے بن جاؤ اور کسی قوم کی دشمنی تمہاری بے انصافی کا سبب نہ بنے، (ہر حال میں) عدل کرو! یہی تقویٰ کے قریب ترین ہے اور اللہ سے

۶۔ ''ہاتھ'' کہنے سے معلوم نہیں ہوتا کہ کہاں تک دھونا ہے، کیونکہ کلائی تک کو بھی ہاتھ کہا جاتا ہے۔ اس لیے حد کو بیان کیا کہ کہنیوں تک دھونا ہے، نہ زیادہ نہ کم۔ لہٰذا یہ مغسول کی حد بندی ہے، غُسل (دھونے) کی نہیں۔ یہاں دھونے کی ابتداء اور انتہا کا ذکر نہیں ہے۔ اس کا تعین سنت سے ہوتا ہے۔ و امسحوا برؤسکم یعنی پورے سر کا نہیں ایک حصے کا مسح کرو۔ روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا: ایک حصہ کہاں سے سمجھا جاتا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: لمکان الباء یعنی باء سے جو رؤسکم میں ہے۔ آیت کا ذمہ دار ترجمہ یہ بنتا ہے: مسح کرو اپنے سروں کا اور اپنے پاؤں کا بھی ٹخنوں تک۔ اس جملے کی دو قرائتیں ہیں: ارجلکم میں لام پر زبر اور زیر کے ساتھ۔ دونوں قرائتوں کی بنا پر رؤسکم کے محل یا لفظ پر عطف ہے۔ لہٰذا دونوں قرائتوں کی بنا پر مسح رجلین ثابت ہے۔ چنانچہ صاحب تفسیر المنار کہتے ہیں: و الظاهر انه عطف على الرأس اى و امسحوا بارجلكم الى الكعبين۔ اسی لیے ابن حزم اور طحاوی کو یہ مؤقف اختیار کرنا پڑا کہ مسح کا حکم منسوخ ہوا ہے۔ (المنار ۶: ۲۲۸)

غیر امامیہ کے ہاں مسح علی الخفین ایک مسلمہ امر ہے۔ روایت میں آیا ہے کہ اصحاب نے کہا: ہم نے خود رسول خداؐ کو مسح علی الخفین کرتے دیکھا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: نزول سورہ مائدہ سے پہلے دیکھا یا بعد میں؟ انہوں نے کہا: یہ ہم نہیں جانتے۔ آپؑ نے فرمایا: ولکنی ادری ''لیکن میں جانتا ہوں کہ رسول خداؐ نے موزوں پر مسح کرنا سورۂ مائدہ کے نزول کے بعد ترک کر دیا تھا۔''

۸۔ متعدد آیات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ اسلام عدل و انصاف کو بنیادی انسانی حقوق میں سے قرار دیتا ہے۔ اس میں مذہب، نسل وغیرہ کا کوئی دخل نہیں ہے۔ اس آیت میں مسلمانوں کو یہ حکم ملا ہے کہ دشمن کے ساتھ بھی عدل و انصاف سے پیش آیا کرو۔ کیونکہ جہاں وہ دشمن ہے وہاں انسان بھی ہے، بلکہ پہلے انسان اور بعد میں دشمن

اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۫ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝۸
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ۙ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ
عَظِيْمٌ ۝۹
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ۝۱۰
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَتَ
اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ هَمَّ قَوْمٌ اَنْ
يَّبْسُطُوْۤا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ فَكَفَّ
اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ وَ
ع ۲ عَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۱ ع
وَلَقَدْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ بَنِيْۤ
اِسْرَآءِيْلَ ۚ وَبَعَثْنَا مِنْهُمُ اثْنَىْ
عَشَرَ نَقِيْبًا ؕ وَ قَالَ اللّٰهُ اِنِّيْ
مَعَكُمْ ؕ لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوةَ
وَاٰتَيْتُمُ الزَّكٰوةَ وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ
وَعَزَّرْتُمُوْهُمْ وَاَقْرَضْتُمُ اللّٰهَ
قَرْضًا حَسَنًا لَّاُكَفِّرَنَّ عَنْكُمْ
سَيِّاٰتِكُمْ وَ لَاُدْخِلَنَّكُمْ جَنّٰتٍ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ فَمَنْ
كَفَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ
سَوَآءَ السَّبِيْلِ ۝۱۲

ڈرو، بے شک اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۹۔ اللہ نے ایمان والوں اور نیک اعمال بجا لانے والوں سے ان کے لیے مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔☆

۱۰۔ اور جنہوں نے کفر اختیار کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔☆

۱۱۔ اے ایمان والو! اللہ کا یہ احسان یاد رکھو کہ جب ایک گروہ نے تم پر دست درازی کا ارادہ کیا تو اللہ نے تمہاری طرف (بڑھنے والے) ان کے ہاتھ روک دیے اور اللہ سے ڈرتے رہو اور مومنوں کو تو اللہ ہی پر بھروسہ کرنا چاہیے۔☆

۱۲۔ اور اللہ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور ہم نے ان میں سے بارہ نقیبوں کا تقرر کیا اور اللہ نے (ان سے) کہا: میں تمہارے ساتھ ہوں، اگر تم نے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی اور اگر تم میرے رسولوں پر ایمان لاؤ اور ان کی مدد کرو اور اللہ کو قرض حسن دیتے رہو تو میں تمہارے گناہوں کو تم سے ضرور دور کر دوں گا اور تمہیں ایسے باغات میں داخل کروں گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، پھر اس کے بعد تم میں سے جس کسی نے بھی کفر اختیار کیا تحقیق وہ راہ راست سے بھٹک گیا۔☆

ہے۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: اما اخ لك فی الدین و اما نظیرك فی الخلق۔ (نہج البلاغۃ) یا تو وہ تمہارا برادر دینی ہے یا تجھ جیسی مخلوق۔

۹۔۱۰۔ اگر ایمان کے ساتھ عمل صالح انسان بجا لاتا ہے اور اس کے ساتھ گناہ کا بھی ارتکاب کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ مغفرت اور درگزر فرمائے گا اور اجر عظیم بھی عنایت فرمائے گا اور اگر تکذیب آیات کے ساتھ کفر اختیار کرتا ہے تو انہیں ضرور جہنم میں جانا ہے۔ اس سے یہ مطلب نکلتا ہے کہ اگر ایک شخص کفر کرتا ہے، لیکن تکذیب آیات کی نوبت نہیں آتی، مثلاً وہ اسلام سے بالکل بے خبر ہے اور اسلام کے بارے میں معلومات حاصل کرنا اس کے لیے ناممکن تھا تو ایسے لوگ کافر ضرور ہیں مگر تکذیب آیات کی نوبت نہیں آئی۔ ایسے لوگوں کو مستضعف کہتے ہیں اور یہ لوگ جہنمی نہیں ہیں۔

۱۱۔ یہ آیت کسی ایسے واقعے کی طرف اشارہ کر رہی ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے رسول خداؐ اور مسلمانوں کو دشمن کی ایک اہم اور خطرناک سازش سے بچایا۔ اس سلسلہ میں کئی ایک واقعات نقل کرتے ہیں اور شان نزول ان میں سے کون سا واقعہ ہے؟ اس میں اختلاف ہے

اسلام کی نشو و نما میں پیش آنے والے حالات و تاریخ بیان کرنے کے ساتھ یہ عندیہ بھی ملتا ہے کہ راہ خدا میں خالصانہ کام کرنے والوں کے خلاف ہونے والی تمام سازشیں ناکام ہو جاتی ہیں۔

۱۲۔ بنی اسرائیل ۱۲ قبیلوں پر مشتمل تھا۔ ہر قبیلے کے لیے ایک نقیب مقرر کیا گیا تھا جو اپنے اپنے قبیلے کے حالات پر نظر رکھے۔ بائبل سے بھی یہی تعداد سامنے آئی ہے کہ ان نقیبوں یا سرداروں کی تعداد بارہ تھی۔

وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِيْ: رسولوں پر ایمان اور ان کی نصرت سے مراد حضرت موسیٰ (ع) کے بعد آنے والے رسولوں پر ایمان اور ان کی مدد ہے۔

فَبِمَا نَقْضِهِمْ مِّيْثَاقَهُمْ لَعَنّٰهُمْ
وَ جَعَلْنَا قُلُوْبَهُمْ قٰسِيَةً ۚ
يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ عَنْ مَّوَاضِعِهٖ ۙ
وَنَسُوْا حَظًّا مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۚ وَلَا
تَزَالُ تَطَّلِعُ عَلٰى خَآئِنَةٍ مِّنْهُمْ
اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فَاعْفُ عَنْهُمْ وَ
اصْفَحْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳﴾
وَ مِنَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰٓى
اَخَذْنَا مِيْثَاقَهُمْ فَنَسُوْا حَظًّا
مِّمَّا ذُكِّرُوْا بِهٖ ۠ فَاَغْرَيْنَا
بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى
يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ وَسَوْفَ يُنَبِّئُهُمُ اللّٰهُ
بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۴﴾
يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَآءَكُمْ
رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ كَثِيْرًا مِّمَّا
كُنْتُمْ تُخْفُوْنَ مِنَ الْكِتٰبِ
وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ؕ قَدْ جَآءَكُمْ
مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّكِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾
يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ
سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ
الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ
وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۶﴾

۱۳۔ پس ان کے عہد توڑنے پر ہم نے ان پر لعنت بھیجی اور ان کے دلوں کو سخت کر دیا، یہ لوگ (کتاب اللہ کے) کلمات کو اپنی جگہ سے الٹ پھیر کر دیتے ہیں اور انہیں جو نصیحت کی گئی تھی وہ اس کا ایک حصہ بھول گئے اور آئے دن ان کی کسی خیانت پر آپ آگاہ ہو رہے ہیں البتہ ان میں سے تھوڑے لوگ ایسے نہیں ہیں، لہٰذا ان سے درگزر کیجیے اور معاف کر دیجیے، بے شک اللہ احسان کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔☆

۱۴۔ اور ہم نے ان لوگوں سے (بھی) عہد لیا تھا جو کہتے ہیں: ہم نصاریٰ ہیں پس انہوں نے (بھی) اس نصیحت کا ایک حصہ فراموش کر دیا جو انہیں کی گئی تھی، تو ہم نے قیامت تک کے لیے انکے درمیان بغض و عداوت ڈال دی اور جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں اللہ عنقریب انہیں جتا دے گا۔☆

۱۵۔ اے اہل کتاب ہمارے رسول تمہارے پاس کتاب (خدا) کی وہ بہت سی باتیں تمہارے لیے کھول کر بیان کرنے کے لیے آئے ہیں جن پر تم پردہ ڈالتے رہے ہو اور بہت سی باتوں سے درگزر بھی کرتے ہیں، بتحقیق تمہارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور روشن کتاب آ چکی ہے۔☆

۱۶۔ جس کے ذریعے اللہ ان لوگوں کو امن و سلامتی کی راہیں دکھاتا ہے جو اس کی رضا کے طالب ہیں اور وہ اپنے اذن سے انہیں ظلمتوں سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے اور انہیں راہ راست کی رہنمائی فرماتا ہے۔☆

۱۳۔لعن دور کر دینے کے معنوں میں ہے یعنی رحمت سے دور۔
قٰسِيَةً: پتھر کی سختی سے ماخوذ ہے. وہ اہم حصہ جو بنی اسرائیل نے فراموش کر دیا، خاتم الانبیاءؐ کی نبوت پر ایمان اور ان کی نصرت ہے۔سابقہ آیت میں اس بات کا ذکر آ چکا ہے۔

۱۴۔حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیمات کا اہم حصہ باہمی امن و آشتی اور محبت و ہم آہنگی تھا۔لیکن جب نصاریٰ نے اللہ کی طرف سے کی گئی نصیحتوں کو فراموش کر دیا تو نتیجۃً اللہ نے ان کے دلوں سے خود ان کی اپنی شامت اعمال کی وجہ سے جذبہ محبت کو ختم کر کے اس کی جگہ باہمی عداوت و دشمنی ڈال دی۔
یہود و نصاریٰ پر اللہ کی نعمت، ان کے ساتھ عہد و میثاق کا ذکر کرنے سے پہلے خود مسلمانوں پر اللہ کا جو احسان ہوا ہے، اس کا ذکر کیا، تاکہ مسلمان یہ سمجھ لیں کہ اللہ کی کائناتی سنت کیا ہے۔ وہ قومیں جو اللہ کی نعمتوں کے بارے میں ناشکری کی مرتکب ہوئی ہیں اور اللہ کے عہد و پیمان کے بارے میں بدعہدی کرتی ہیں ان کا انجام کیا ہوتا ہے، مسلمانوں کے لیے اس میں بہت بڑی عبرت ہے۔

۱۵۔ ۱۶۔ اہل کتاب کے علماء نے دینی کتابوں میں جو تحریف و تبدیلی کی ہے، اس کے سلسلے میں اس سے قبل مختلف مقامات پر تفصیل سے گفتگو ہوئی۔ اس آیت میں ایک اہم نکتے کی طرف اشارہ ہے، وہ یہ کہ رسول کریمؐ ایک ناخواندہ قوم سے تعلق رکھنے اور کسی انسانی مکتب میں تعلیم حاصل نہ کرنے کے باجود اور باجود اس کے کہ حجاز میں کبھی بھی کوئی تعلیمی مرکز نہ رہا اور اس ماحول میں تعلیم کا کوئی ذریعہ ہی نہ تھا۔ ان سب باتوں کے باجود یہ رسول توریت و انجیل کی جو باتیں ان کے علماء چھپاتے تھے، انہیں کھول کر توریت و انجیل کے حوالے سے بیان فرماتے تھے۔ اسی لیے بہت سے علمائے اہل کتاب نے ایمان قبول کیا کہ انہیں یقین حاصل ہو گیا کہ ان باتوں پر علم حاصل کرنے کا کوئی دنیاوی ذریعہ محمدؐ کے پاس نہ تھا، نہ اب ہے، اس کے باجود ان تمام باتوں کی صحیح نشاندہی کرتے ہیں جنہیں یہ لوگ چھپاتے تھے۔ یہ رسول کی رسالت کی حقانیت پر ایک بین

لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ
الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ۭ قُلْ فَمَنْ
يَّمْلِكُ مِنَ اللّٰهِ شَيْـــًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ
يُّهْلِكَ الْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ
وَاُمَّهٗ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۭ
وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا ۭ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ ۭ وَ
اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۱۷

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ وَالنَّصٰرٰى نَحْنُ
اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّاۗؤُهٗ ۭ قُلْ فَلِمَ
يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوْبِكُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ
بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۭ يَغْفِرُ لِمَنْ
يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَلِلّٰهِ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
بَيْنَهُمَا ۡ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۱۸

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ
رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ
مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَاۗءَنَا
مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّلَا نَذِيْرٍ ۡ فَقَدْ
جَاۗءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ ۭ وَاللّٰهُ
عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۱۹ ع ۲۰

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ
اذْكُرُوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ

۱۷۔ تحقیق وہ لوگ کافر ہو گئے جو کہتے ہیں: عیسیٰ بن مریم ہی خدا ہے، ان سے کہہ دیجیے: اللہ اگر مسیح بن مریم، ان کی ماں اور تمام اہل زمین کو ہلاک کر دینا چاہے تو اس کے آگے کس کا بس چل سکتا ہے؟ اور اللہ تو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا مالک ہے، وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔☆

۱۸۔ اور یہود و نصاریٰ کہتے ہیں: ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں، کہہ دیجیے: پھر وہ تمہارے گناہوں پر تمہیں عذاب کیوں دیتا ہے؟ بلکہ تم بھی اس کی مخلوقات میں سے بشر ہو، وہ جسے چاہے بخش دے اور جسے چاہے عذاب دے اور آسمانوں، زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان موجود ہے سب پر اللہ کی حکومت ہے اور (سب کو) اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔☆

۱۹۔ اے اہل کتاب! ہمارے رسول بیان (احکام) کے لیے رسولوں کی آمد کا سلسلہ ایک مدت تک بند رہنے کے بعد تمہارے پاس آئے ہیں تاکہ تم یہ نہ کہو کہ ہمارے پاس کوئی بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا نہیں آیا، پس اب تمہارے پاس وہ بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا آ گیا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔☆

۲۰۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم اللہ کی اس نعمت کو یاد رکھو جو اس نے تمہیں

دلیل ہے۔

۱۷۔ تاریخ کے مختلف ادوار میں حضرت عیسیٰ کے بارے میں مسیحیوں کے نظریات ٹوٹتے بنتے رہے مثلاً ☆ اللہ نے مسیح میں حلول فرمایا۔ اس طرح مسیح ہی خدا ہے۔ ☆ مسیح تین خداؤں میں سے ایک ہے اور ابن کے مقام پر فائز ہے۔ ☆ وہ انسان بھی ہے اور خدا بھی۔ وہ اللہ سے جدا بھی ہے اور اس میں شامل بھی۔ قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ یعنی اللہ کے آگے کس کا بس چل سکتا ہے؟ چنانچہ انجیل متی ۲۷ : ۴۶ میں آیا ہے کہ جب مسیح سولی چڑھ رہے تھے تو انہوں نے فرمایا: خدایا خدایا تو نے مجھے اس حال پر کیوں چھوڑا؟

۱۸۔ یہ بات یہودیوں میں ایک مسلمہ ہے کہ وہ اللہ کے بیٹے ہیں۔ چنانچہ موجودہ بائبل ۴: ۲۲ میں آیا ہے کہ خداوند نے فرمایا: اسرائیل میرا بیٹا بلکہ پلوٹھا ہے۔ مسیحی بھی اپنے آپ کو فرزند خدا سمجھتے ہیں۔ چنانچہ انجیل متی ۵ : ۹ اور ۸ : ۱۴ میں آیا ہے۔

۱۹۔ فَتْرَةٍ: فتور، ماند پڑنے کے معنوں میں ہے اور اسی سے کسی سلسلے کے منقطع ہونے کے لیے بھی فترۃ استعمال ہوتا ہے۔

وہ رسول آ گیا جس کی آمد کی بشارت توریت اور انجیل نے دی ہے۔ تحریف و تغییر کے باوجود آج کل کے نسخوں میں بھی مختلف مقامات پر اس بشارت کی گواہی مل جاتی ہے۔

چونکہ یہ رسول، رسولوں کی آمد کا سلسلہ ایک مدت تک منقطع ہونے کے بعد آ رہا ہے، اس لیے وسیع پیمانے پر تحریف و تغیر واقع ہوئی۔ اس لیے یہ رسول ان حقائق کو کھول کر بیان کرے گا جن میں تحریف واقع ہوئی ہے۔

قابل توجہ بات یہ ہے کہ ایک مدت گزرنے کے بعد ایک ناخواندہ قوم سے رسول ان حقائق کو بیان کرتا ہے جو صدیوں قبل حضرت عیسیٰ (ع) نے بیان کیے ہیں۔ خود اپنی جگہ رسول کی حقانیت پر ایک دلیل ہے۔

۲۰۔ بنی اسرائیل کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے چند ایک نعمتوں کا ذکر ہے: ا۔ بنی اسرائیل میں انبیاء پیدا کیے۔ چنانچہ حضرت ابراہیم، حضرت اسحاق، حضرت یعقوب اور حضرت یوسف علیہم السلام جیسے جلیل القدر انبیاء اس قوم میں پیدا ہوئے اور کسی

جَعَلَ فِيْكُمْ اَنْۢبِيَآءَ وَجَعَلَكُمْ
مُّلُوْكًا ۖ وَّ اٰتٰىكُمْ مَّا لَمْ يُؤْتِ
اَحَدًا مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۰﴾
يٰقَوْمِ ادْخُلُوا الْاَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ
الَّتِيْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا تَرْتَدُّوْا
عَلٰٓى اَدْبَارِكُمْ فَتَنْقَلِبُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۲۱﴾
قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّ فِيْهَا قَوْمًا
جَبَّارِيْنَ ۖ وَاِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا حَتّٰى
يَخْرُجُوْا مِنْهَا ۚ فَاِنْ يَّخْرُجُوْا
مِنْهَا فَاِنَّا دٰخِلُوْنَ ﴿۲۲﴾
قَالَ رَجُلٰنِ مِنَ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ
اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمَا ادْخُلُوْا عَلَيْهِمُ
الْبَابَ ۚ فَاِذَا دَخَلْتُمُوْهُ فَاِنَّكُمْ
غٰلِبُوْنَ ۚ وَعَلَى اللّٰهِ فَتَوَكَّلُوْٓا اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۲۳﴾
قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَآ
اَبَدًا مَّا دَامُوْا فِيْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَ
رَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قٰعِدُوْنَ ﴿۲۴﴾
قَالَ رَبِّ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ اِلَّا
نَفْسِيْ وَاَخِيْ فَافْرُقْ بَيْنَنَا وَ
بَيْنَ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۵﴾
قَالَ فَاِنَّهَا مُحَرَّمَةٌ عَلَيْهِمْ اَرْبَعِيْنَ
سَنَةً ۚ يَتِيْهُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۗ فَلَا

عنایت کی ہے، اس نے تم میں انبیاء پیدا کیے، تمہیں بادشاہ بنا دیا اور تمہیں وہ کچھ دیا جو اس نے عالمین میں کسی کو نہیں دیا۔☆

۲۱۔ اے میری قوم! اس مقدس سرزمین میں داخل ہو جاؤ جو اللہ نے تمہارے لیے مقرر فرمائی ہے اور پیچھے نہ ہٹنا ورنہ خسارے میں رہو گے۔

۲۲۔ وہ کہنے لگے: اے موسیٰ! وہاں تو ایک طاقتور قوم آباد ہے اور وہ جب تک اس (زمین) سے نکل نہ جائے ہم تو اس میں ہرگز داخل نہیں ہوں گے، ہاں اگر وہ وہاں سے نکل جائیں تو ہم داخل ہو جائیں گے۔

۲۳۔ خوف (خدا) رکھنے والوں میں سے دو اشخاص جنہیں اللہ نے اپنی نعمت سے نوازا تھا کہنے لگے: دروازے کی طرف ان پر حملہ کر دو پس جب تم اس میں داخل ہو جاؤ گے تو فتح یقیناً تمہاری ہو گی اور اگر تم مومن ہو تو اللہ پر بھروسہ کرو۔☆

۲۴۔ وہ کہنے لگے: اے موسیٰ! جب تک وہ وہاں موجود ہیں ہم ہرگز اس میں داخل نہ ہوں گے آپ اور آپ کا پروردگار جا کر جنگ کریں ہم یہیں بیٹھے رہیں گے۔

۲۵۔ موسیٰ نے کہا: پروردگارا! میرے اختیار میں میری اپنی ذات اور میرے بھائی کے سوا کچھ نہیں ہے، لہٰذا تو ہم میں اور اس فاسق قوم میں جدائی ڈال دے۔

۲۶۔ (اللہ نے) فرمایا: وہ ملک ان پر چالیس سال تک حرام رہے گا، وہ زمین میں سرگرداں پھریں گے، لہٰذا آپ اس فاسق قوم کے

قوم میں اس تعداد میں انبیاء مبعوث نہ ہوئے، جس قدر بنی اسرائیل سے پیدا ہوئے ہیں۔ ۲۔ ملوک بادشاہوں کے معنوں میں لیا جائے تو بنی اسرائیل میں حضرت یوسف، حضرت سلیمان اور حضرت طالوت علیہم السلام و دیگر بادشاہ حکمران رہے ہیں اور اگر ملوک سے مراد خود مختار لیا جائے تو بھی بنی اسرائیل کو ایک لمبی مدت تک ظلم و ذلت سے آزاد ہو کر خود مختاری نصیب ہوئی ہے۔ ۳۔ بنی اسرائیل کو وہ کچھ دیا جو دنیا میں کسی کو نہیں دیا گیا، مثلاً دریا کا شق ہونا، من و سلویٰ کا نازل ہونا اور پتھر سے چشمے پھوٹنا وغیرہ ایسی باتیں ہیں جو صرف بنی اسرائیل کے ساتھ مخصوص ہیں۔

۲۳۔ حضرت موسیٰ (ع) مصر سے نکلنے کے بعد اپنی قوم کے ہمراہ دشت فاران یعنی جزیرہ نمائے سینا میں مقیم رہے۔ انہیں فلسطین فتح کرنے کا حکم الٰہی ملا تھا۔ چنانچہ حضرت موسیٰ (ع) نے فلسطین پر فوج کشی سے پہلے بنی اسرائیل کے بارہ قبیلوں کی نمائندگی میں بارہ افراد فلسطین کا جائزہ لینے کے لیے بھیجے۔ ان میں سے دس افراد نے فوج کشی کے خلاف رپورٹ دی تو پوری جماعت نے جنگ سے انکار کر دیا۔ اس نافرمانی کی انہیں سزا سنائی گئی کہ بنی اسرائیل چالیس سال تک دشت فاران میں سرگرداں رہیں گے اور فلسطین کی فتح سے پہلے اس وقت کے تمام نافرمان لوگ مر جائیں گے، سوائے یوشع اور کالب کے، جنہوں نے جنگ کے حق میں فیصلہ دیا تھا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ وہ پورے چالیس سال اس دشت میں بے سروسامانی کے عالم میں پھرتے رہے۔ شرق اردن فتح ہونے کے بعد حضرت موسیٰ علیہ السلام کا انتقال ہوا اور حضرت یوشع (ع) کے عہد میں بنی اسرائیل فلسطین کو فتح کرنے میں کامیاب ہو گئے۔

۲۶۔ اس واقعے کے بیان سے اللہ کا طریقہ کار اور تمام اقوام کے ساتھ سنت الٰہیہ کا بیان مقصود ہے کہ قوموں کا زوال و ترقی، عزت و وقار اور ذلت و خواری ان کے اپنے کردار سے مربوط ہے اور قوموں کی تقدیر خود ان کے اپنے ہاتھوں سے لکھی جاتی ہے۔ اس کی ایک واضح مثال اور عبرتناک درس بنی اسرائیل کا یہ واقعہ ہے۔ یعنی جو قوم اپنی قیادت کی نافرمانی کرے اور جس قوم میں

تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۲۶﴾ ع

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ ابْنَيْ اٰدَمَ بِالْحَقِّ ۘ
اِذْ قَرَّبَا قُرْبَانًا فَتُقُبِّلَ مِنْ اَحَدِهِمَا
وَلَمْ يُتَقَبَّلْ مِنَ الْاٰخَرِ ؕ قَالَ
لَاَقْتُلَنَّكَ ؕ قَالَ اِنَّمَا يَتَقَبَّلُ اللّٰهُ
مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۷﴾ النصف

لَئِنْۢ بَسَطْتَّ اِلَيَّ يَدَكَ لِتَقْتُلَنِيْ
مَآ اَنَا بِبَاسِطٍ يَّدِيَ اِلَيْكَ
لِاَقْتُلَكَ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾

اِنِّيْٓ اُرِيْدُ اَنْ تَبُوْٓاَ بِاِثْمِيْ وَ
اِثْمِكَ فَتَكُوْنَ مِنْ اَصْحٰبِ
النَّارِ ۚ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ج

فَطَوَّعَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ قَتْلَ اَخِيْهِ
فَقَتَلَهٗ فَاَصْبَحَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۳۰﴾

فَبَعَثَ اللّٰهُ غُرَابًا يَّبْحَثُ فِي
الْاَرْضِ لِيُرِيَهٗ كَيْفَ يُوَارِيْ
سَوْءَةَ اَخِيْهِ ؕ قَالَ يٰوَيْلَتٰى
اَعَجَزْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِثْلَ هٰذَا
الْغُرَابِ فَاُوَارِيَ سَوْءَةَ اَخِيْ ۚ
فَاَصْبَحَ مِنَ النّٰدِمِيْنَ ﴿۳۱﴾ ج معانقہ وقف النبی ﷺ

مِنْ اَجْلِ ذٰلِكَ ۚۛ كَتَبْنَا عَلٰى بَنِيْٓ
اِسْرَآءِيْلَ اَنَّهٗ مَنْ قَتَلَ نَفْسًۢا بِغَيْرِ

بارے میں افسوس نہ کیجیے۔☆

۲۷۔ اور آپ انہیں آدم کے دونوں بیٹوں کا حقیقی قصہ سنائیں جب ان دونوں نے قربانی پیش کی تو ان میں سے ایک کی قربانی قبول ہوئی اور دوسرے کی قبول نہ ہوئی تو اس نے کہا: میں تجھے ضرور قتل کروں گا، (پہلے نے) کہا: اللہ تو صرف تقویٰ رکھنے والوں سے قبول کرتا ہے۔☆

۲۸۔ اگر تو مجھے قتل کرنے کے لیے اپنا ہاتھ میری طرف بڑھائے گا تو میں تجھے قتل کرنے کے لیے اپنا ہاتھ تیری طرف بڑھانے والا نہیں ہوں، میں تو عالمین کے پروردگار اللہ سے ڈرتا ہوں۔

۲۹۔ میں چاہتا ہوں کہ میرے اور اپنے گناہ میں تم ہی پکڑے جاؤ اور دوزخی بن کر رہ جاؤ اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

۳۰۔ چنانچہ اس کے نفس نے اس کے بھائی کے قتل کی ترغیب دی تو اسے قتل کر ہی دیا، پس وہ خسارہ اٹھانے والوں میں (شامل) ہو گیا۔☆

۳۱۔ پھر اللہ نے ایک کوے کو بھیجا جو زمین کھودنے لگا تاکہ اسے دکھا دے کہ وہ اپنے بھائی کی لاش کیسے چھپائے، کہنے لگا: افسوس مجھ پر کہ میں اس کوے کے برابر بھی نہ ہو سکا کہ اپنے بھائی کی لاش چھپا دیتا، پس اس کے بعد اسے بڑی ندامت ہوئی۔☆

۳۲۔ اسی وجہ سے ہم نے بنی اسرائیل پر یہ (حکم) مقرر کر دیا کہ جس نے کسی ایک کو قتل کیا جب کہ یہ قتل خون کے بدلے میں

دیانتداروں کو کوئی حیثیت حاصل نہ ہو، وہ قوم ذلت وخواری سے دوچار رہے گی۔

۲۷۔ قبولیت اعمال کے لیے تقویٰ بنیاد ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے مروی ہے: لَا يَقِلُّ عَمَلٌ مَعَ التَّقْوٰى وَ كَيْفَ يَقِلُّ مَا يُتَقَبَّلُ۔ (نہج البلاغۃ. حکمت:۹۵) تقویٰ کے ساتھ عمل تھوڑا نہیں ہوتا۔ بھلا وہ عمل تھوڑا کس طرح ہو سکتا ہے جسے اللہ نے قبول کیا ہو۔

اس آیت میں یہ نہیں فرمایا کہ یہ قربانی کیا چیز تھی، البتہ دوسری جگہ اس کا ذکر ملتا ہے کہ اس زمانے میں قربانی کی قبولیت کی علامت یہ تھی کہ آسمان سے آنے والی آتش اسے جلا دے۔ ملاحظہ فرمائیں سورۂ آل عمران آیت ۱۸۳۔

۳۰۔ انسان کی موجودہ نسل میں واقع ہونے والا پہلا خونین واقعہ اور اس کرہ ارض پر بہنے والا پہلا ناحق خون اور اولاد آدم (ع) میں وقوع پذیر ہونے والا پہلا معرکہ حق و باطل۔ یہ معرکہ خیر و شر، ظلم و عدل، قساوت و رحم، تجاوز اور صبر، اطاعت و نافرمانی اور سعادت و شقاوت کا نمونہ ہے۔ اس معرکے میں ہابیل حق اور قابیل باطل کا کردار ادا کرتا ہے۔

۳۱۔ معلوم ہوا کہ ابتدائی انسان کس قدر سادہ اور عالم طفولیت میں تھا۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ انسان ایک ارتقا پذیر وجود ہے جبکہ کوا آج بھی وہی سوچ رکھتا ہے جو اس زمانے میں رکھتا تھا۔ اس کی ذہنی و فکری سطح آج بھی وہی ہے۔ توریت میں بھی اس داستان کا ذکر ملتا ہے لیکن اس میں ہابیل کی تدفین کا کوئی ذکر نہیں ہے۔ اسلامی روایات میں فرزندان آدم کا نام ہابیل و قابیل آیا ہے جب کہ توریت میں ہابیل و قابین آیا ہے۔ ناموں میں ایسے اختلافات معمول ہیں، تاہم بعض اسلامی روایات میں بھی قابیل، قابین، قابن اور قین آیا ہے۔

۳۲۔ انسانی وحدت کا ایک اعلیٰ نمونہ کہ ایک فرد کی حق تلفی گویا تمام انسانوں کی حق تلفی ہے۔ انسانی اقدار کی پامالی خواہ ایک فرد کے معاملے میں ہی کیوں نہ ہو تمام انسانی اقدار کی پامالی ہے۔ اسی طرح ایک جان کو بچانا گویا تمام انسانی جانوں کو بچانا ہے۔

نَفْسٍ اَوْ فَسَادٍ فِی الْاَرْضِ فَكَاَنَّمَا
قَتَلَ النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَمَنْ اَحْیَاهَا
فَكَاَنَّمَاۤ اَحْیَا النَّاسَ جَمِیْعًا ؕ وَ
لَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا بِالْبَیِّنٰتِ ۫
ثُمَّ اِنَّ كَثِیْرًا مِّنْهُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِی
الْاَرْضِ لَمُسْرِفُوْنَ ﴿۳۲﴾
اِنَّمَا جَزٰٓؤُا الَّذِیْنَ یُحَارِبُوْنَ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ وَ یَسْعَوْنَ فِی الْاَرْضِ
فَسَادًا اَنْ یُّقَتَّلُوْۤا اَوْ یُصَلَّبُوْۤا اَوْ
تُقَطَّعَ اَیْدِیْهِمْ وَ اَرْجُلُهُمْ مِّنْ
خِلَافٍ اَوْ یُنْفَوْا مِنَ الْاَرْضِ ؕ
ذٰلِكَ لَهُمْ خِزْیٌ فِی الدُّنْیَا وَلَهُمْ
فِی الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۙ﴿۳۳﴾
اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ
تَقْدِرُوْا عَلَیْهِمْ ۚ فَاعْلَمُوْۤا اَنَّ
اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۴﴾ ع ۵/۹
یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَابْتَغُوْۤا
اِلَیْهِ الْوَسِیْلَةَ وَجَاهِدُوْا فِیْ
سَبِیْلِهٖ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۵﴾
اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِی
الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِیَفْتَدُوْا
بِهٖ مِنْ عَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ
مِنْهُمْ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۳۶﴾

یا زمین میں فساد پھیلانے کے جرم میں نہ ہو تو گویا اس نے تمام انسانوں کو قتل کیا اور جس نے کسی ایک کی جان بچائی تو گویا اس نے تمام انسانوں کی جان بچائی اور بتحقیق ہمارے رسول واضح دلائل لے کر ان کے پاس آئے پھر اس کے بعد بھی ان میں سے اکثر لوگ ملک میں زیادتیاں کرنے والے ہی رہے۔☆

۳۳۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں اور روئے زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ان کی سزا بس یہ ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا سولی چڑھا دیے جائیں یا ان کے ہاتھ پاؤں مخالف سمتوں سے کاٹ دیے جائیں یا ملک بدر کیے جائیں، یہ تو دنیا میں ان کی رسوائی ہے اور آخرت میں ان کے لیے عذاب عظیم ہے۔☆

۳۴۔ سوائے ان لوگوں کے جو تمہارے قابو آنے سے پہلے توبہ کر لیں اور یہ بات ذہنوں میں رہے کہ اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۳۵۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کی طرف (قربت کا) ذریعہ تلاش کرو اور اس کی راہ میں جہاد کرو شاید تمہیں کامیابی نصیب ہو۔☆

۳۶۔ جو لوگ کافر ہو گئے ہیں اگر ان کے پاس زمین کے تمام خزانے ہوں اور اسی کے برابر مزید بھی ہوں اور وہ یہ سب کچھ روز قیامت کے عذاب کے بدلے میں فدیہ میں دینا چاہیں تو بھی ان سے قبول نہیں کیا جائے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہو گا۔☆

بنی اسرائیل کے لیے بیان شدہ اس انسان ساز قانون کا ذکر بائبل میں نہیں ملتا، البتہ قرآنی اعلان کی شہادت تلمود میں موجود ہے۔

۳۳۔ شان نزول: کافی میں روایت ہے کہ بنی ضبّہ کے کچھ لوگ بیماری کی حالت میں رسول خداؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو رسول خداؐ نے ان سے فرمایا: ہمارے ہاں قیام کرو، صحت یاب ہونے پر میں تمہیں ایک دستہ کے ہمراہ بھیجوں گا۔ ان لوگوں نے کہا کہ ہمیں مدینے سے باہر کسی جگہ رکھیں۔ حضورؐ نے انہیں زکوٰۃ کے اونٹوں کے ساتھ روانہ کیا کہ وہ ان کا دودھ پئیں۔ چنانچہ وہ شفایاب ہوئے تو ان لوگوں نے ان تین افراد کو قتل کیا جو اونٹوں پر مامور تھے۔ جب رسول اللہؐ کو یہ خبر ملی تو حضرت علی علیہ السلام کو روانہ کیا اور یمن کی سرزمین کے نزدیک سے ان کو اسیر کر کے لایا گیا۔ اس واقعہ کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔
خدا اور رسول سے لڑائی اور فساد فی الارض کا مطلب اس کے وضع کردہ نظام اور قانون کی پامالی ہے۔

۳۵۔ آیت میں تقویٰ کے بعد اللہ کی قربت حاصل کرنے کے لیے وسیلہ تلاش کرنے کا حکم ہے چنانچہ خود اللہ تعالیٰ نے محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسول بنا کر عملاً انہیں وسیلہ بنایا اور قولاً اس وسیلے کے بارے میں فرمایا: قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ (آل عمران: ۳۱) چنانچہ اتباع رسولؐ رضائے رب کے لیے وسیلہ ہے۔ کچھ حضرات دعائے رسولؐ کو تو وسیلہ مانتے ہیں لیکن ذات رسولؐ کو وسیلہ نہیں مانتے جبکہ قرآن نے ذات رسولؐ کو وسیلہ امن قرار دیا ہے: وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِیُعَذِّبَهُمْ وَ اَنْتَ فِیْهِمْ (انفال ۳۳) (اے محمدؐ!) جب تک آپؐ ان کے درمیان ہیں اللہ انہیں عذاب نہیں دے گا۔

۳۶۔ یعنی اگر تقویٰ نہ ہو اور وسیلہ کی تلاش بھی نہ ہو اور جہاد بھی نہ ہو تو عذاب عظیم سے بچنے کی کوئی اور صورت نہیں ہے۔ سب سے زیادہ متبادل حل یہ ہو سکتا ہے کہ تقویٰ اور وسیلہ کی جگہ پوری دنیا کی دولت اس کے پاس ہو اور اس مقدار کی مزید دولت اس کے پاس آ جائے جس کے ذریعہ وہ عذاب کو ٹالنے کی کوشش کرے تو بھی ممکن نہیں ہے۔

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ
وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ مِنْهَا ۡ وَلَهُمْ
عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۷﴾
وَ السَّارِقُ وَ السَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْٓا
اَيْدِيَهُمَا جَزَآءًۢ بِمَا كَسَبَا نَكَالًا
مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۳۸﴾
فَمَنْ تَابَ مِنْۢ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَ
اَصْلَحَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۳۹﴾
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ يُعَذِّبُ
مَنْ يَّشَآءُ وَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ
اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴۰﴾
يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ لَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ
يُسَارِعُوْنَ فِى الْكُفْرِ مِنَ الَّذِيْنَ
قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاَفْوَاهِهِمْ وَ لَمْ
تُؤْمِنْ قُلُوْبُهُمْ ۛ وَمِنَ الَّذِيْنَ
هَادُوْا ۛ سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ
سَمّٰعُوْنَ لِقَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ۙ لَمْ
يَاْتُوْكَ ؕ يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْۢ
بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ ۚ يَقُوْلُوْنَ اِنْ
اُوْتِيْتُمْ هٰذَا فَخُذُوْهُ وَاِنْ لَّمْ
تُؤْتَوْهُ فَاحْذَرُوْا ؕ وَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ

ع ۵ الوقف علی الاول اجوز ۱۲

۳۷۔ وہ آتش جہنم سے نکلنا چاہیں گے لیکن وہ اس سے نکل نہ سکیں گے اور ان کے لیے ہمیشہ کا عذاب ہے۔

۳۸۔ اور چوری کرنے والا مرد اور چوری کرنے والی عورت دونوں کے ہاتھ کاٹ دو، ان کی کرتوت کے بدلے اللہ کی طرف سے سزا کے طور پر اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۳۹۔ پس جو شخص اپنی زیادتی کے بعد توبہ کرلے اور اصلاح کرلے تو اللہ یقیناً اس کی توبہ قبول کرے گا، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔

۴۰۔ کیا تجھے علم نہیں کہ آسمانوں اور زمین میں سلطنت اللہ کے لیے ہے؟ وہ جسے چاہے عذاب دیتا ہے اور جسے چاہے بخش دیتا ہے اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔

۴۱۔ اے رسول! اس بات سے آپ رنجیدہ خاطر نہ ہوں کہ کچھ لوگ کفر اختیار کرنے میں بڑی تیزی دکھاتے ہیں وہ خواہ ان لوگوں میں سے ہوں جو منہ سے کہتے ہیں کہ ہم ایمان لا چکے ہیں جب کہ ان کے دل ایمان نہیں لائے اور خواہ ان لوگوں میں سے ہوں جو یہودی بن گئے ہیں، یہ لوگ جھوٹ (کی نسبت آپ کی طرف دینے) کے لیے جاسوسی کرتے ہیں اور ایسے لوگوں (کو گمراہ کرنے) کے لیے جاسوسی کرتے ہیں جو ابھی آپ کے دیدار کے لیے نہیں آئے، وہ کلام کو صحیح معنوں سے پھیرتے ہیں اور کہتے ہیں: اگر تمہیں یہ حکم ملا تو مانو، نہیں ملا تو بچے رہو، جسے

۳۸۔ حدیث ہے: حرمة مال المسلم كحرمة دمه (بحار الانوار ۲۹:۴۰۷) مال مسلم کو وہی حرمت حاصل ہے جو خون مسلم کو ہے۔ چنانچہ اسلام نے جان و مال کے تحفظ کے لیے قانون وضع کیے۔ چور کے ہاتھ کاٹنے کے لیے درج ذیل شرائط کا ہونا ضروری ہے: ۱۔ چوری قحط اور بھوک کی وجہ سے نہ ہو۔ ۲۔ چوری محفوظ جگہ سے کی گئی ہو۔ ۳۔ چوری کرنے والا عاقل ہو۔ ۴۔ بالغ ہو۔ ۵۔ مال غلط فہمی کی بنا پر نہ اٹھایا گیا ہو۔ ۶۔ مال مشترکہ نہ ہو۔ ۷۔ باپ بیٹے کا مال نہ ہو۔ ۸۔ اعلانیہ طور پر نہ اٹھایا گیا ہو۔ جس مالی نصاب پر ہاتھ کاٹا جاتا ہے وہ فقہ جعفری کے مطابق ایک چوتھائی دینار ہے۔ امام مالک، شافعی اور حنبل کا بھی یہی نظریہ ہے۔ فقہ جعفری کے مطابق چار انگلیاں جڑ سے کاٹی جائیں گی، جبکہ اہل سنت کے نزدیک ہاتھ کلائی سے کاٹا جاتا ہے۔ اصمعی اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں: میں نے اس آیت کی تلاوت کرتے ہوئے غفور رحیم پڑھ دیا تو ایک عرب بدو نے کہا کہ یہ کس کا کلام ہے؟ میں نے کہا اللہ کا۔ بولا: پھر پڑھو۔ میں نے پھر غفور رحیم پڑھا۔ پھر میں متوجہ ہوا کہ غلط پڑھ رہا ہوں اور جب میں نے پڑھا: و اللہ عزیز حکیم تو بدو نے کہا: اب درست پڑھا ہے۔ میں نے پوچھا: تم نے کیسے سمجھا؟ کہا: اللہ عزیز و حکیم ہے تو ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ اگر غفور و رحیم کا ذکر آتا تو ہاتھ کاٹنے کا حکم نہ دیتا۔ ایک بدو بھی جانتا ہے کہ اللہ کی حکمت و قہاریت کے تقاضے اور ہیں جبکہ مغفرت و رحمت کے تقاضے اور۔ مغربی دنیا والے اپنے مفادات کے لیے دنیا میں لاکھوں انسانوں کا سینہ چھلنی کر دیتے ہیں اور ہاتھ کاٹنے کی سزا کو غیر انسانی کہتے ہیں۔ اس سزا سے بیشمار لوگ ناقص العضو نہیں ہوں گے، کیونکہ تاریخ اسلام میں اسلامی حکومت کی چار صدیوں میں صرف چھ بار ہاتھ کاٹنے کی نوبت آئی ہے۔ (قاموس قرآن)

۴۱۔۴۲۔ مدینہ کے مضافات میں یہودیوں کا ایک طاقتور قبیلہ بنو نضیر اور ایک کمزور قبیلہ بنو قریظہ آباد تھے۔ بنو نضیر نے بنو قریظہ کو ایک ذلت آمیز معاہدے پر مجبور کر دیا۔ جس میں کہا گیا تھا کہ اگر بنو نضیر کا کوئی آدمی بنو قریظہ کے کسی آدمی کو قتل کر دے تو بنو قریظہ کو قصاص کا حق نہ ہوگا بلکہ ایک خفیف سی دیت دینی ہوگی۔ جبکہ بنو قریظہ کا کوئی آدمی بنو نضیر کے کسی شخص کو قتل کر دے تو قصاص کے ساتھ دیت بھی دگنی ہو

فِتْنَتَهٗ فَلَنْ تَمْلِكَ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ
شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَمْ يُرِدِ اللّٰهُ
اَنْ يُّطَهِّرَ قُلُوْبَهُمْ ؕ لَهُمْ فِي
الدُّنْيَا خِزْيٌ ۚ وَّ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ
عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۴۱﴾
سَمّٰعُوْنَ لِلْكَذِبِ اَكّٰلُوْنَ
لِلسُّحْتِ ؕ فَاِنْ جَآءُوْكَ فَاحْكُمْ
بَيْنَهُمْ اَوْ اَعْرِضْ عَنْهُمْ ۚ وَاِنْ
تُعْرِضْ عَنْهُمْ فَلَنْ يَّضُرُّوْكَ
شَيْـًٔا ؕ وَ اِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ
بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ
الْمُقْسِطِيْنَ ﴿۴۲﴾
وَكَيْفَ يُحَكِّمُوْنَكَ وَ عِنْدَهُمُ
التَّوْرٰىةُ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ ثُمَّ
يَتَوَلَّوْنَ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ؕ وَ مَآ
اُولٰٓئِكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۳﴾ ع ۶
اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى
وَّ نُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ
الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا
وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا
اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا
عَلَيْهِ شُهَدَآءَ ۚ فَلَا تَخْشَوُا
النَّاسَ وَ اخْشَوْنِ وَلَا تَشْتَرُوْا

اللہ گمراہ کرنا چاہے تو اسے بچانے کے لیے اللہ نے آپ کو کوئی اختیار نہیں دیا، یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ نے پاک کرنا ہی نہیں چاہا، ان کے لیے دنیا میں رسوائی ہے اور آخرت میں عذاب عظیم ہے۔☆

۴۲۔ یہ لوگ جھوٹ (کی نسبت آپ کی طرف دینے) کے لیے جاسوسی کرنے والے، حرام مال خوب کھانے والے ہیں، اگر یہ لوگ آپ کے پاس (کوئی مقدمہ لے کر) آئیں تو ان میں فیصلہ کریں یا ٹال دیں (آپ کی مرضی) اور اگر آپ نے انہیں ٹال دیا تو یہ لوگ آپ کا کچھ نہیں بگاڑ سکیں گے اور اگر آپ فیصلہ کرنا چاہیں تو انصاف کے ساتھ فیصلہ کر دیں، بے شک اللہ انصاف کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔☆

۴۳۔ اور یہ لوگ آپ کو منصف کیسے بنائیں گے جب کہ ان کے پاس توریت موجود ہے جس میں اللہ کا حکم موجود ہونے کے باوجود یہ لوگ منہ پھیر لیتے ہیں، حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ ایمان ہی نہیں رکھتے۔☆

۴۴۔ ہم نے توریت نازل کی جس میں ہدایت اور نور تھا، اطاعت گزار انبیاء اس کے مطابق یہودیوں کے فیصلے کرتے تھے اور علماء اور فقہاء بھی فیصلے کرتے تھے جنہیں اللہ نے کتاب کی حفاظت کا ذمہ دار بنایا تھا اور وہ اس پر گواہ تھے، لہٰذا تم لوگوں سے خوفزدہ نہ ہونا بلکہ مجھ سے خوف رکھنا

گی، رسول کریمؐ کی ہجرت کے بعد بنو قریظہ کے ایک شخص کے ہاتھوں بنو نضیر کا ایک شخص قتل ہو گیا، بنو قریظہ دگنی دیت دینے کے لیے تیار نہ ہوئے۔ جنگ چھڑنے والی تھی، مگر ان کے بزرگوں کے مشورے سے یہ طے پایا کہ اس مسئلے کو رسول اسلام (ص) کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ بنو نضیر نے اس فیصلے کو قبول تو کر لیا مگر انہوں نے جاسوسی کے لیے کچھ یہودیوں کو مدینہ بھیجا کہ رسول اسلامؐ کا کیا مؤقف ہے۔ دوسرا واقعہ زنا کا پیش آیا۔ مجرم کا تعلق بڑے خاندان سے تھا۔ اس بنا پر یہودی علماء نے سنگساری کی سزا کوڑوں میں بدل دی۔ چنانچہ یہودیوں کا ایک وفد حضورؐ کی خدمت میں آیا۔ زنا کرنے والے شادی شدہ تھے اس لیے توریت کے مطابق حضورؐ نے سنگساری کا حکم دیا جس سے وہ بوکھلا گئے۔ سب سے بڑے یہودی عالم (ابن صوریا) سے پوچھا گیا تو اس نے گواہی دی کہ توریت میں یہی سزا ہے لیکن ہم نے بڑوں کے لحاظ اور زنا کی کثرت کی وجہ سے یہ حکم کوڑوں میں بدل دیا تھا۔

اسلامی حکومت میں یہودی اقلیت اپنے مقدمات کے فیصلے میں اپنی عدالت اور اپنے ججوں کی طرف رجوع کرنے اور فیصلہ لینے میں آزاد تھی وہ اسلامی عدالت کی طرف رجوع کرنے کے لیے مجبور نہ تھے۔ وہ صرف اپنے قانون سے راہ فرار اختیار کرنے کے لیے کبھی اسلامی عدالت کی طرف رجوع کرتے تھے۔

۴۳۔ فِيْهَا حُكْمُ اللّٰهِ: توریت میں حکم خدا موجود ہے۔ اس جملے سے معلوم ہوا جہاں توریت میں تحریف و تبدل ہوا ہے وہاں یہ بھی قبول ہے کہ توریت میں بعض احکام خدا باقی ہیں۔

۴۴۔ اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ علماء اور فقہاء بھی انبیاء علیہم السلام کے ساتھ کتاب اللہ اور اس کے احکام کے امین اور محافظ ہوتے ہیں اور يَحْكُمُ بِهَا سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ علماء و فقہاء کو کتاب اللہ کی حفاظت اور علم و فقاہت کی بنیاد پر حکومت کا حق حاصل ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے: جن کو حکومت کا حق حاصل ہے وہ آئمہ اور علماء ہیں۔ آپ نے فرمایا: ربانی امام کی طرف اور احبار علماء کی طرف اشارہ ہے (تفسیر عیاشی ۱:۳۲۲)

بِاٰیٰتِیْ ثَمَنًا قَلِیْلًا ؕ وَمَنْ لَّمْ
یَحْکُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ
ھُمُ الْکٰفِرُوْنَ ﴿۴۴﴾
وَکَتَبْنَا عَلَیْھِمْ فِیْھَآ اَنَّ النَّفْسَ
بِالنَّفْسِ ۙ وَ الْعَیْنَ بِالْعَیْنِ وَ
الْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ
وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ ۙ وَالْجُرُوْحَ
قِصَاصٌ ؕ فَمَنْ تَصَدَّقَ بِہٖ فَھُوَ
کَفَّارَۃٌ لَّہٗ ؕ وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَآ
اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۵﴾
وَقَفَّیْنَا عَلٰٓی اٰثَارِھِمْ بِعِیْسَی
ابْنِ مَرْیَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ
مِنَ التَّوْرٰىۃِ ۟ وَ اٰتَیْنٰہُ الْاِنْجِیْلَ
فِیْہِ ھُدًی وَّنُوْرٌ ۙ وَّ مُصَدِّقًا لِّمَا
بَیْنَ یَدَیْہِ مِنَ التَّوْرٰىۃِ وَھُدًی
وَّمَوْعِظَۃً لِّلْمُتَّقِیْنَ ﴿۴۶﴾ ؕ
وَلْیَحْکُمْ اَھْلُ الْاِنْجِیْلِ بِمَآ
اَنْزَلَ اللّٰہُ فِیْہِ ؕ وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ
الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَ اَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الْکِتٰبَ بِالْحَقِّ
مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْہِ مِنَ الْکِتٰبِ

اور میری آیات کو تھوڑی سی قیمت پر نہ بیچنا اور جو لوگ اللہ کے نازل کردہ قوانین کے مطابق فیصلے نہ کریں پس وہ کافر ہیں۔☆

۴۵۔ اور ہم نے توریت میں ان پر (یہ قانون) لکھ دیا تھا کہ جان کے بدلے جان، آنکھ کے بدلے آنکھ، ناک کے بدلے ناک، کان کے بدلے کان اور دانت کے بدلے دانت ہیں اور زخموں کا بدلہ (ان کے برابر) لیا جائے، پھر جو قصاص کو معاف کردے تو یہ اس کے لیے (گناہوں کا) کفارہ شمار ہوگا اور جو اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق فیصلے نہ کریں پس وہ ظالم ہیں۔☆

۴۶۔ اور ان کے بعد ہم نے عیسیٰ بن مریم کو بھیجا جو اپنے سے پہلے کی کتاب توریت کی تصدیق کرتے ہیں اور ہم نے انہیں انجیل عطا کی جس میں ہدایت اور نور تھا اور جو اپنے سے پہلے والی کتاب توریت کی تصدیق کرتی تھی اور اہل تقویٰ کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی۔

۴۷۔ اور اہل انجیل کو چاہیے کہ وہ ان احکام کے مطابق فیصلے کریں جو اللہ نے انجیل میں نازل کیے ہیں اور جو لوگ اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلے نہ کریں وہ فاسق ہیں۔☆

۴۸۔ اور (اے رسول) ہم نے آپ پر ایک ایسی کتاب نازل کی ہے جو حق پر مبنی ہے اور اپنے سے پہلے والی کتابوں کی تصدیق

۴۵۔ آج کی رائج توریت میں بھی قصاص کے یہی احکام موجود ہیں جو قرآن نقل کر رہا ہے۔ ملاحظہ ہو خروج: ۲۱۔۲۳۔۲۵ میں یہ عبارت: ”اگر وہ اس صدمے سے ہلاک ہو جائے، جان کے بدلے میں جان لے اور آنکھ کے بدلے میں آنکھ، دانت کے بدلے میں دانت، ہاتھ کے بدلے میں ہاتھ، پاؤں کے بدلے میں پاؤں، جلانے کے بدلے میں جلانا، زخم کے بدلے میں زخم اور چوٹ کے بدلے میں چوٹ“۔

۴۷۔ اللہ کے نازل کردہ احکام کے مطابق فیصلہ نہ کرنے والوں کو آیت ۴۴ میں کافر، آیت ۴۵ میں ظالم اور آیت ۴۷ میں فاسق کہا گیا ہے۔
خلاف تنزیل فیصلہ کرنے کی وجہ اگر انکار ہے تو یہ کفر ہے اور اگر عملی انحراف ہے تو فسق ہے۔ دونوں صورتوں میں ظلم بھی صادق آتا ہے۔ اہل کتاب جب اپنی کتابوں کے خلاف فیصلے کرتے ہیں تو ان میں انکار بھی ہے، انحراف بھی اور ظلم بھی، لہٰذا تینوں تعبیریں ان پر صادق آتی ہیں۔ واضح رہے کہ خلاف قرآن فیصلہ کرنے والی عدالتوں پر بھی یہی حکم صادق آتا ہے۔

۴۸۔ مُھَیْمِنًا یعنی صاحب تسلط حاکم اور قیوم۔ قرآن مجید کو سابقہ ادیان کی کتب پر بالادستی حاصل ہے۔ یعنی توریت و انجیل اگرچہ اپنی جگہ مبنی برحق ہیں لیکن قرآن ان پر حاکم ہے۔ اس بالادستی ہیمنت اور حاکمیت کی بنا پر سابقہ کتابیں عارضی اور منسوخ ہیں، جبکہ قرآن ناسخ، دائمی اور ابدی ہے۔
شِرْعَۃً وَّمِنْھَاجًا: انسانی معاشرے نے غار کی زندگی سے لے کر ایٹمی دور تک مختلف مراحل طے کیے۔ ہر مرحلہ کے لیے اس معاشرے کے تقاضوں کے مطابق ایک دستور حیات دیا گیا۔ جب انسان سن بلوغت کو پہنچ گیا تو اسے ایک مکمل اور جامع نظام حیات اور دائمی دستور زندگی دیا گیا۔
لَجَعَلَکُمْ اُمَّۃً: اگر اللہ چاہتا تو سب کو ایک ہی امت قرار دے کر ایک نظام حیات عنایت فرماتا، مگر انسان چونکہ ارتقا پذیر ہے اور ارتقاء میں مختلف مراحل طے ہوتے ہیں، لہٰذا ہر مرحلے کے لیے ایک جدا دستور، ہر کلاس کے لیے ایک الگ پرچہ دینا ضروری قرار پایا۔ رسول خاتمؐ کی طرف سے قائم کردہ سنت سے ہر زمانے کے تقاضوں کے مطابق جزئی احکام کے استنباط و استخراج کے لیے اجتہاد کا سلسلہ جاری رہنا اس الٰہی نظام کے مزاج

وَ مُهَيْمِنًا عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَ لَا تَتَّبِعْ
اَهْوَآءَهُمْ عَمَّا جَآءَكَ مِنَ
الْحَقِّ ؕ لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنْكُمْ
شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ
لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ لٰكِنْ
لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ اٰتٰىكُمْ
فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ؕ اِلَى اللّٰهِ
مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ۙ﴿۴۸﴾
وَاَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ وَاحْذَرْهُمْ
اَنْ يَّفْتِنُوْكَ عَنْۢ بَعْضِ مَآ اَنْزَلَ
اللّٰهُ اِلَيْكَ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمْ اَنَّمَا
يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّصِيْبَهُمْ بِبَعْضِ
ذُنُوْبِهِمْ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ
لَفٰسِقُوْنَ ﴿۴۹﴾
اَفَحُكْمَ الْجَاهِلِيَّةِ يَبْغُوْنَ ؕ وَ
مَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ حُكْمًا لِّقَوْمٍ
يُّوْقِنُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا
الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ ۘ بَعْضُهُمْ
اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ

کرنے والی ہے اور ان پر نگران و حاکم ہے، لہٰذا آپ اللہ کے نازل کردہ حکم کے مطابق ان کے درمیان فیصلہ کریں اور جو حق آپ کے پاس آیا ہے اسے چھوڑ کر آپ ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں، ہم نے تم میں سے ہر ایک (امت) کے لیے ایک دستور اور طرز عمل اختیار کیا ہے اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک امت بنا دیتا لیکن اللہ نے تمہیں جو حکم دیا ہے اس میں تمہیں آزمانا چاہتا ہے، لہٰذا نیک کاموں میں سبقت لے جانے کی کوشش کرو، تم سب کو اللہ کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں ان حقائق کی خبر دے گا جن میں تم اختلاف کیا کرتے تھے۔☆

۴۹۔اور جو حکم اللہ نے نازل فرمایا ہے اس کے مطابق ان میں فیصلے کریں اور آپ ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور ان سے ہوشیار رہیں، کہیں یہ لوگ اللہ کی طرف سے آپ پر نازل شدہ کسی دستور کے بارے میں آپ کو فتنے میں نہ ڈالیں، اگر یہ منہ پھیر لیں تو جان لیجیے کہ اللہ نے ان کے بعض گناہوں کے سبب انہیں مصیبت میں مبتلا کرنے کا ارادہ کر رکھا ہے اور لوگوں میں سے اکثر یقیناً فاسق ہیں۔☆

۵۰۔کیا یہ لوگ جاہلیت کے دستور کے خواہاں ہیں؟ اہل یقین کے لیے اللہ سے بہتر فیصلہ کرنے والا کون ہے؟☆

۵۱۔ اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو اپنا حامی نہ بناؤ، یہ لوگ آپس میں حامی ضرور ہیں اور تم میں سے جو انہیں حامی بناتا ہے

کے عین مطابق ہے۔
یہاں صاحب تفسیر المنار بجا طور پر اجتہاد کا دروازہ بند سمجھنے والوں کو حجت خدا مفلوج کرنے اور اس شریعت کی ممتاز حیثیت کو مجروح کرنے کے مترادف قرار دیتے ہیں۔

۴۹۔بعض یہودی علماء نے رسول اللہ کو اپنی تعلیمات کی خلاف ورزی پر آمادہ کرنے کے لیے ایک منصوبہ بنایا، اس بارے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

۵۰۔ اس آیہ شریفہ کو سابقہ آیت کے ساتھ مربوط کر کے مطالعہ کیا جائے تو یہ نتیجہ سامنے آتا ہے کہ خواہشات نفسانی کی پیروی کرنا جاہلیت ہے۔ ہمارے معاصر نظامہائے حیات کے وضع کرنے والے اور جدید تقاضوں کے بہانے سے حکم الٰہی سے انحراف کرنے والے، جاہلیت کی اس قرآنی تعریف میں صف اول میں نظر آتے ہیں۔ مغرب کی جدید جاہلیت نے تو قانون وضع کرتے ہوئے خواہشات پرستی میں قوم جاہلیت کو بھی سرخرو کر دیا۔

۵۱۔ اس آیت سے یہ بات واضح ہے کہ مسلمانوں کو یہود و نصاریٰ کے ساتھ ولایت کا رشتہ قائم کرنے کی ممانعت ہے، لیکن اس ولایت سے مراد کیا ولایت نصرت و معاہدہ ہے یا ولایت محبت و ہمدردی ہے۔ کیونکہ اولیاء میں دونوں معنوں کے لیے گنجائش موجود ہے۔ ہماری نظر میں یہاں ولایت سے مراد ولایت حمایت ہے۔ واضح رہے موضوع کلام انفرادی حمایت اور یاری نہیں ہے بلکہ جب مسلمان یہود و نصاریٰ کے ساتھ برسر پیکار ہوں تو من حیث القوم ان کی حمایت ممنوع ہے، چونکہ ان کی حمایت کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ ان کی اسلام دشمن پالیسیوں سے اسے نفرت نہیں ہے۔

بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ: یہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کے حامی ہیں۔ یہود و نصاریٰ آپس میں خواہ کتنی ہی دشمنی و عداوت کا اظہار کریں یہ لوگ اسلام دشمنی میں آپس میں ایک دوسرے کے حامی ہیں

وَمَنْ يَّتَوَلَّهُمْ: جو ان سے دوستی کرے گا اس کا شمار انہی میں ہوگا، کیونکہ احساس و شعور جس کے حق میں ہوگا محبت بھی اسی سے ہوتی ہے اور قلبی لگاؤ اور محبت کے آثار کردار میں نمودار ہوتے ہیں، لہٰذا جس قوم سے دوستی ہوگی اس کا شمار اسی قوم سے ہونا ایک طبیعی امر ہے

مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا
يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾
فَتَرَى الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
يُّسَارِعُوْنَ فِيْهِمْ يَقُوْلُوْنَ نَخْشٰٓى
اَنْ تُصِيْبَنَا دَآئِرَةٌ ؕ فَعَسَى اللّٰهُ
اَنْ يَّاْتِيَ بِالْفَتْحِ اَوْ اَمْرٍ مِّنْ عِنْدِهٖ
فَيُصْبِحُوْا عَلٰى مَآ اَسَرُّوْا فِيْٓ
اَنْفُسِهِمْ نٰدِمِيْنَ ﴿۵۲﴾ ؕ
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَهٰٓؤُلَآءِ
الَّذِيْنَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ
اِنَّهُمْ لَمَعَكُمْ ؕ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ
فَاَصْبَحُوْا خٰسِرِيْنَ ﴿۵۳﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ
مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ
بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ
عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى
الْكٰفِرِيْنَ ۫ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ ؕ
ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۴﴾
اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوا الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ
وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ رٰكِعُوْنَ ﴿۵۵﴾

وہ یقیناً انہی میں (شمار) ہو گا، بے شک اللہ ظالموں کی راہنمائی نہیں کرتا۔ ☆

۵۲۔ پس آپ دیکھتے ہیں کہ جن کے دلوں میں بیماری ہے وہ ان میں دوڑ دھوپ کرتے ہیں اور کہتے ہیں: ہمیں اس بات کا خوف ہے کہ کہیں ہم پر کوئی گردش نہ آ پڑے، پس قریب ہے کہ اللہ فتح دے یا اپنی طرف سے کوئی اور بات ظاہر کرے پھر یہ لوگ اپنے اندر چھپائے ہوئے نفاق پر نادم ہوں گے۔

۵۳۔ اور اہل ایمان کہیں گے: کیا یہ وہی لوگ ہیں جو اللہ کے نام کی انتہائی کڑی قسمیں کھاتے تھے کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں؟ ان کے اعمال ضائع ہو گئے پس وہ نا مراد ہو کر رہ گئے۔

۵۴۔ اے ایمان والو! تم میں سے جو بھی اپنے دین سے پھر جائے تو اللہ بہت جلد ایسے لوگوں کو پیدا کرے گا جن سے اللہ محبت کرتا ہو گا اور وہ اللہ سے محبت کرتے ہوں گے، مومنین کے ساتھ نرمی سے اور کافروں کے ساتھ سختی سے پیش آنے والے ہوں گے راہ خدا میں جہاد کریں گے اور کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہیں ڈریں گے، یہ اللہ کا فضل ہے وہ جسے چاہتا ہے عطا کرتا ہے اور اللہ بڑی وسعت والا، بڑا علم والا ہے۔ ☆

۵۵۔ تمہارا ولی تو صرف اللہ اور اس کا رسول اور وہ اہل ایمان ہیں جو نماز قائم کرتے ہیں اور حالت رکوع میں زکوٰۃ دیتے ہیں۔ ☆

۵۴۔ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام اور ان کے اصحاب کے بارے میں نازل ہوئی، چنانچہ اس کے راوی عمار، حذیفہ، ابن عباس، امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہما السلام ہیں۔ اس آیت میں یہ پیشگوئی ہے کہ مسلمانوں میں سے کچھ لوگ مرتد ہو جائیں گے، نیز یہ پیشگوئی بھی ہے کہ ایک قوم مرتد نہ ہو گی جن کے یہ اوصاف ہوں گے: الف: وہ اللہ تعالیٰ سے محبت کرے گی۔ ب: اللہ بھی ان سے محبت کرے گا۔ ج: مؤمنین کے درمیان عجز و انکساری سے رہیں گے۔ د: کافروں کے ساتھ سختی سے پیش آئیں گے۔ ھ: راہ خدا میں جہاد کریں گے۔ و: وہ راہ خدا میں کسی ملامت کی پرواہ نہیں کرتے۔

۵۵۔ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی جب آپؑ نے مسجد نبویؐ میں حالت رکوع میں ایک سائل کو انگشتری عطا فرمائی۔ جس کے راوی یہ ائمہ و اصحاب ہیں: ۱۔ ابن عباس ۲۔ عمار یاسر ۳۔ عبد اللہ بن سلام ۴۔ سلمہ بن کہیل ۵۔ انس بن مالک ۶۔ عتبہ بن حکم ۷۔ عبد اللہ بن ابی ۸۔ ابوذر غفاری ۹۔ جابر بن عبداللہ انصاری ۱۰۔ عبداللہ بن غالب ۱۱۔ عمرو بن عاص ۱۲۔ ابو رافع ۱۳۔ حضرت علی علیہ السلام ۱۴۔ حضرت امام حسین علیہ السلام ۱۵۔ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام۔ ۱۶۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام ۱۷۔ امام جعفر صادق علیہ السلام۔

قاضی یحییٰ نے المواقف صفحہ ۴۰۵ میں، شریف جرجانی نے شرح مواقف ۸: ۳۶۰ میں، سعد الدین نے شرح مواقف ۵: ۱۷ میں، علاء الدین قوشجی نے شرح تجرید میں کہا ہے کہ اس بات پر اجماع ہے کہ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے۔ ان سب کے مقابلے میں ابن تیمیہ کا یہ قول امانت فی النقل کے ترازو میں رکھیے! وہ کہتے ہیں: و هذا كذب باجماع اهل العلم قد وضع بعض الكذابين حديثاً مفترى ان هذه الاية نزلت فى على لما تصدق بخاتمه فى الصلوة و هذا كذب باجماع اهل العلم بالنقل۔ بعض دروغ پردازوں نے ایک حدیث گھڑ لی ہے کہ یہ آیت علی کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ جبکہ اہل علم کا اجماع ہے کہ یہ جھوٹ ہے۔ ملاحظہ ہو منهاج السنة ۲: ۳۰) گویا محدثین مفسرین اور متکلمین کی ایک بہت بڑی جماعت اس امت میں شمار نہیں ہوتی، کیونکہ وہ

وَ مَنْ يَّتَوَلَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَاِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ
ع هُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۵۶﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا
الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ
لَعِبًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ
قَبْلِكُمْ وَ الْكُفَّارَ اَوْلِيَآءَ ۚ وَ اتَّقُوا
اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾
وَ اِذَا نَادَيْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ اتَّخَذُوْهَا
هُزُوًا وَّ لَعِبًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
يَعْقِلُوْنَ ﴿۵۸﴾
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ
مِنَّاۤ اِلَّاۤ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَ مَاۤ اُنْزِلَ
اِلَيْنَا وَ مَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَ اَنَّ
اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾
قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ
مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ
وَ غَضِبَ عَلَيْهِ وَ جَعَلَ مِنْهُمُ
الْقِرَدَةَ وَ الْخَنَازِيْرَ وَ عَبَدَ
الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّ
اَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾
وَ اِذَا جَآءُوْكُمْ قَالُوْۤا اٰمَنَّا ۖ وَ
قَدْ دَّخَلُوْا بِالْكُفْرِ وَ هُمْ قَدْ

۵۶۔اور جو اللہ اور اس کے رسول اور ایمان والوں کو اپنا ولی بنائے گا تو (وہ اللہ کی جماعت میں شامل ہو جائے گا اور) اللہ کی جماعت ہی غالب آنے والی ہے۔

۵۷۔اے ایمان والو! ان لوگوں کو جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی جنہوں نے تمہارے دین کو مذاق اور کھیل بنایا ہے اور کفار کو اپنا حامی نہ بناؤ اور اللہ کا خوف کرو اگر تم اہل ایمان ہو۔☆

۵۸۔اور جب تم نماز کے لیے اذان دیتے ہو تو یہ لوگ اسے مذاق اور تماشا بنا لیتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ عقل نہیں رکھتے۔☆

۵۹۔کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! آیا تم صرف اس بات پر ہم سے نفرت کرتے ہو کہ ہم اللہ پر اور اس کی کتاب پر جو ہماری طرف نازل ہوئی اور جو پہلے نازل ہوئی، ایمان لائے ہیں (یہ کوئی وجہ نفرت نہیں ہے بلکہ) وجہ یہ ہے کہ تم میں سے اکثر لوگ فاسق ہیں۔☆

۶۰۔کہہ دیجیے: کیا میں تمہیں بتاؤں کہ اللہ کے ہاں پاداش کے اعتبار سے اس سے بھی بدتر لوگ کون ہیں؟ وہ (لوگ ہیں) جن پر اللہ نے لعنت کی اور جن پر وہ غضبناک ہوا اور جن میں سے کچھ کو اس نے بندر اور سور بنا دیا اور جو شیطان کے پجاری ہیں، ایسے لوگوں کا ٹھکانا بھی بدترین ہے اور یہ سیدھے راستے سے بھٹکے ہوئے ہیں۔☆

۶۱۔ اور جب یہ لوگ تمہارے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم ایمان لے آئے تھے حالانکہ وہ کفر لے کر آئے تھے اور کفر ہی

آخر میں کہتے ہیں: و ان جمهور الامة لم تسمع بهذا الخبر۔ جمہور امت نے ایسی کوئی روایت سنی ہی نہیں۔ وَ اِنْ تَعْجَبْ فَعَجَبٌ قَوْلُهُمْ۔ اس آیت کے معنی و مفہوم میں زیادہ بحث کی ضرورت نہیں ہے بلکہ صرف یہ دیکھا جانا چاہیے کہ عصر نزول قرآن میں لوگ اس آیت سے کیا سمجھتے تھے۔ چنانچہ شاعر رسول حسان بن ثابت کے اشعار آیت کے مفہوم کو سمجھانے کے لیے کافی ہیں:

فانت الذی اعطیت اذ کنت راکعاً
زکوٰۃ فدتك النفس یا خیر راکع
فانزل فیك اللّٰه خیر ولایة
و بینها فی محکمات الشرائع

یاد رہے کہ علی (ع) انہی معنوں میں ولی ہیں جن معنوں میں اللہ اور اس کے رسولؐ ولی ہیں، کیونکہ ایک ہی استعمال میں لفظ کے دو معانی مراد نہیں لیے جا سکتے۔ یہاں ولایت سے حاکمیت مراد ہے جو اللہ، رسولؐ اور رکوع میں زکوۃ دینے والے سے مختص ہے۔ یہاں ولایت سے مراد دوستی اور نصرت و محبت نہیں، کیونکہ یہ تو تمام مومنین میں موجود ہوتی ہیں۔☆ نماز اور زکوۃ دونوں پر بیک وقت عمل صرف یہاں ہوا ہے۔

۵۷۔اہل کتاب اور کفار سے قلبی لگاؤ سے منع فرماتے ہوئے، اس منع کے پیچھے جو عوامل و اسباب ہیں ان کی طرف اشارہ ہے کہ جو لوگ تمہارے دین اور تمہارے ایمان و عقائد کا مذاق اڑائیں بھلا ان سے قلبی لگاؤ ممکن ہے؟ اگر کسی کو ایسے لوگوں سے واقعی محبت ہوتی ہے تو اس کا ایمان مشکوک ہے۔

۵۸۔وہ اذان کی آواز پر مذاق اڑاتے ہیں۔ جو لوگ تمہارے شعائر کا مذاق اڑائیں کیا تم لوگ ان سے قلبی لگاؤ رکھ سکتے ہو؟ اگر ایسا ہے تو تمہارا ایمان مشکوک ہے۔

۵۹۔یہ اہل کتاب سے ایک منطقی سوال ہے کہ تم کس بات پر برہم ہو؟ ہم تمہاری کتاب اور تمہارے تمام انبیاء کو مانتے ہیں۔ یہ تم ہو جو ہماری کتاب اور ہمارے نبی کو نہیں مانتے۔ لہٰذا اصولی طور پر تو ہمیں تم پر برہم ہونا چاہیے۔ لیکن یہ تمہارا فسق ہے جو تمہیں ہم پر برہم ہونے پر آمادہ کرتا ہے۔

۶۰۔بفرض محال اگر مسلمانوں کا ان چیزوں پر ایمان لانا برا ہے تو اہل کتاب تو اس سے بدتر جرائم کے مرتکب ہوتے ہیں جن کی وجہ سے وہ لعنت و غضب کے مستحق بنے اور بندر و سور کی صورت میں مسخ

خَرَجُوْا بِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا
كَانُوْا يَكْتُمُوْنَ ﴿٦١﴾
وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ
فِي الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَاَكْلِهِمُ
السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٢﴾
لَوْلَا يَنْهٰهُمُ الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَ
الْاَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ الْاِثْمَ
وَاَكْلِهِمُ السُّحْتَ ؕ لَبِئْسَ مَا
كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿٦٣﴾
وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ
غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَلُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ
بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ
يَشَآءُ ؕ وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ
مَّاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا
وَّكُفْرًا ؕ وَاَلْقَيْنَا بَيْنَهُمُ الْعَدَاوَةَ
وَالْبَغْضَآءَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ؕ كُلَّمَاۤ
اَوْقَدُوْا نَارًا لِّلْحَرْبِ اَطْفَاَهَا
اللّٰهُ ۙ وَيَسْعَوْنَ فِي الْاَرْضِ فَسَادًا ؕ
وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٤﴾
وَ لَوْ اَنَّ اَهْلَ الْكِتٰبِ اٰمَنُوْا
وَاتَّقَوْا لَكَفَّرْنَا عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ
لَاَدْخَلْنٰهُمْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٦٥﴾

وقف لازم

کو لے کر چلے گئے اور جو کچھ یہ (دلوں میں) چھپائے ہوئے ہیں اللہ اسے خوب جانتا ہے۔☆

۶۲۔اوران میں سے اکثر کو آپ گناہ، زیادتی اور حرام کھانے کے لیے دوڑتے ہوئے دیکھتے ہیں، کتنا برا کام ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔☆

۶۳۔ ان کے علماء اور فقہاء انہیں گناہ کی باتوں اور حرام کھانے سے منع کیوں نہیں کرتے؟ ان کا یہ عمل کتنا برا ہے؟☆

۶۴۔اور یہود کہتے ہیں: اللہ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، خود ان کے ہاتھ باندھے جائیں اوران پر لعنت ہو اس (گستاخانہ) بات پر بلکہ اللہ کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں وہ جس طرح چاہتا ہے عطا فرماتا ہے اور (اے رسول) آپ کے رب کی طرف سے جو کتاب آپ پر نازل ہوئی ہے وہ ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں مزید اضافہ کرے گی اور ہم نے قیامت تک کے لیے ان کے درمیان عداوت اور بغض ڈال دیا ہے، یہ جب جنگ کی آگ بھڑکاتے ہیں تو اللہ اسے بجھا دیتا ہے اور یہ لوگ زمین میں فساد برپا کرنے کی کوشش میں لگے ہوئے ہیں اور اللہ فسادیوں کو دوست نہیں رکھتا۔☆

۶۵۔ اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان کے گناہ معاف کر دیتے اور انہیں نعمتوں والی جنتوں میں داخل کر دیتے۔

ہوئے اور شیطان پرست بن گئے تو مسلمانوں کا ایمان اگر بفرض محال برا ہی سہی لیکن تمہارے ان اعمال بد سے تو بدتر یقیناً نہیں ہے۔

۶۱۔ عام طور پر ایسا ہوتا تھا کہ لوگ بدنیتی کے ساتھ رسولؐ کے حلقہ درس میں بیٹھ جاتے تھے مگر حضور کے کلام اور اخلاق کو دیکھ کر وہ حلقہ بگوش اسلام ہو جاتے تھے، مگر اہل کتاب منافقین اس قدر بدطینت ہوتے کہ کفر کے ساتھ آتے اور کفر کے ساتھ ہی واپس جاتے۔

۶۲۔۶۳۔ اہل کتاب کے قول و فعل میں فسوق و فجور کی نشاندہی ہے کہ وہ قولاً اسلام کا مذاق اڑاتے ہیں اور مسلمانوں کی تذلیل و تحقیر کرتے ہیں اور عملاً رشوت اور سودخوری جیسے برے کام کا ارتکاب کرتے ہیں اور ان کے علماء و فقہاء پر سکوت طاری ہے اور اپنے عوام کو غلیظ گناہوں کے ارتکاب کرتے دیکھ کر خاموشی اختیار کرتے ہیں۔ یعنی جب عوام فسق و فجور میں مبتلا ہوں اور علماء سکوت اختیار کریں تو یہ یہود و نصاریٰ کی خصلتیں ہیں۔

۶۴۔ یہود مسئلہ قضا و قدر اور نسخ احکام میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ اللہ کے فیصلے ہرگز نہیں بدلتے آغاز خلقت میں جو کچھ فیصلہ ہوا ہے خود اللہ اس کا کاربند ہے اور اس کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں یعنی اللہ بے بس ہے جب کہ قرآن کا موقف یہ ہے: يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ ۚ وَ عِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ۔ (رعد: ۳۹) اللہ جس چیز کو چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جس چیز کو چاہتا ہے باقی رکھتا ہے۔ اس کے پاس اصل کتاب ہے۔

اس آیت میں یہ نکات قابل غور ہیں: ☆یہود کا نظریہ یہ ہے کہ اللہ مجبور ہے۔☆ كَيْفَ يَشَآءُ تعبیر سے ظاہر ہے کہ اللہ جس طرح حکم تشریعی میں فیصلے بدلتا ہے، جسے نسخ کہتے ہیں، اسی طرح حکم تکوینی (کائناتی نظام) میں بھی فیصلے بدلتا ہے جسے بداء کہتے ہیں لُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا کی رو سے اللہ کو تشریع و تکوین میں بے بس کہنے والے ملعون ہیں۔ واضح رہے اللہ کے فیصلے سابقہ فیصلوں میں نقص کی وجہ سے نہیں بلکہ احکام میں حالات اور رزق و عطا میں استحقاق اور اہلیت کے وجود میں آنے یا فقدان کی وجہ سے بدلتے ہیں۔ اس کی تفصیل مقدمہ میں مسئلہ نسخ و بدا میں ملاحظہ فرمائیں۔

وَلَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا: یہود چونکہ اپنے آپ کو اللہ

وَ لَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَ
الْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ
رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَ مِنْ
تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ ؕ مِنْهُمْ اُمَّةٌ
مُّقْتَصِدَةٌ ؕ وَ كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ سَآءَ
ع ۱۳ مَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۶۶﴾
يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ
مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا
بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ
النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۷﴾
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَىْءٍ
حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَ
مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ
لَيَزِيْدَنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّاۤ اُنْزِلَ
اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ طُغْيَانًا وَّ كُفْرًا ۚ
فَلَا تَاْسَ عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۶۸﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ الَّذِيْنَ هَادُوْا
وَالصّٰبِـُٔوْنَ وَ النَّصٰرٰى مَنْ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا
فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۹﴾
لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِىْۤ اِسْرَآءِيْلَ

۶۶۔ اور اگر یہ اہل کتاب توریت و انجیل اوران کے رب کی طرف سے ان پر نازل شدہ دیگر تعلیمات کو قائم رکھتے تو وہ اپنے اوپر کی (آسمانی برکات) اور نیچے کی (زمینی برکات) سے مالا مال ہوتے، ان میں سے کچھ میانہ رو بھی ہیں، لیکن ان میں اکثریت بدکردار لوگوں کی ہے۔☆

۶۷۔ اے رسول! جو کچھ آپ کے پروردگار کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے اسے پہنچا دیجیے اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو گویا آپ نے اللہ کا پیغام نہیں پہنچایا اور اللہ آپ کو لوگوں (کے شر) سے محفوظ رکھے گا، بے شک اللہ کافروں کی رہنمائی نہیں کرتا۔☆

۶۸۔ (اے رسول) کہہ دیجیے: اے اہل کتاب! جب تک تم توریت اور انجیل اور جو کچھ تمہارے رب کی طرف سے تمہاری طرف نازل کیا گیا ہے، کو قائم نہ کرو تم کسی قابل اعتناء مذہب پر نہیں ہو اور (اے رسول) آپ کے رب کی طرف سے جو کتاب آپ پر نازل ہوئی ہے وہ ان میں سے اکثر لوگوں کی سرکشی اور کفر میں مزید اضافہ کرے گی مگر آپ ان کافروں کے حال پر افسوس نہ کریں۔☆

۶۹۔ جو لوگ اللہ اور روز آخرت پر ایمان لاتے ہیں اور نیک عمل انجام دیتے ہیں وہ خواہ مسلمان ہوں یا یہودی یا صابی ہوں یا عیسائی انہیں (روز قیامت) نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ محزون ہوں گے۔

۷۰۔ تحقیق ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا

کی برگزیدہ قوم خیال کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ دنیا میں صرف یہود ہی کو بالادستی کا حق حاصل ہے۔ ایسے میں مسلمانوں کو قیادت سنبھالتے دیکھ کر وہ آگ بگولا ہو جاتے اور ان کی سرکشی اور کفر میں اور اضافہ ہو جاتا ہے۔ اسی حسد و نفاق کی وجہ سے وہ چنگ کرنے پر اتر آتے ہیں۔

۶۶۔ ادیان سماویہ کا تعلق صرف عبادت و آخرت سے نہیں بلکہ یہ ادیان انسان کے لیے دستور حیات بھی ہیں، جس پر عمل کرنے سے نعمتوں میں بھی فراوانی ہو جاتی ہے۔

۶۷۔ یہ سورہ رسول کریمؐ کی حیات طیبہ کے آخری دنوں میں نازل ہوا۔ فتح مکہ کے بعد تبلیغ رسالت میں کوئی خطرہ باقی نہیں رہ گیا تھا جو وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ''اللہ آپ کو لوگوں سے محفوظ رکھے گا'' کا تحفظ دینا پڑتا۔ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ میں کفر سے مراد اس آیت کے مندرجات سے انکار ہو سکتا ہے۔ جیسا کہ آیہ حج میں بھی یہی فرمایا: وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِىٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ۔

☆ یہ آیت ۱۸ ذی الحجہ، حجۃ الوداع ۱۰ھ کو بمقام غدیر خم نازل ہوئی، جہاں حضورؐ نے ایک لاکھ حاجیوں کے مجمعے میں حضرت علی علیہ السلام کا ہاتھ بلند کر کے فرمایا: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ۔ اس حدیث کو امام احمد بن حنبل نے چالیس طرق سے، ابن جریر نے ستر طرق سے، علامہ جزری المقری نے اسّی طرق سے، ابن عقدہ نے ایک سو پانچ، سجستانی نے ایک سو بیس اور علامہ جعابی نے ایک سو پچیس طرق سے روایت کیا ہے۔ (الغدیر) ہمارے معاصر علامہ امینی نے الغدیر جلد اول میں ایک سو دس طرق سے یہ روایت ثابت کی ہے۔ درج ذیل اصحاب روایت کرتے ہیں کہ یہ آیت غدیر خم کے موقع پر نازل ہوئی ہے: ۱۔ زید بن ارقم ۲۔ ابوسعید خدری ۳۔ عبداللہ بن مسعود ۴۔ عبداللہ بن عباس ۵۔ جابر بن عبد اللہ انصاری ۶۔ ابوہریرہ ۷۔ براء بن عازب۔ (ملاحظہ ہو الدر المنثور ۲: ۵۲۸ ط بیروت، الواحدی اسباب النزول ص ۱۰۵ فتح القدیر ۳: ۵۷، تفسیر روح المعانی ۲: ۳۴۸)

۶۸۔ اہل کتاب اگر حضرت موسیٰ و حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی امت ہونے پر ناز کرتے ہیں تو یہ ان کی غلط فہمی ہے، وہ جن رسولوں کی امت ہونے کے مدعی ہیں، اگر وہ اس مذہب کی کتابوں اور دیگر تعلیمات پر عمل نہیں کرتے اور جو نظام حیات ان کو دیا گیا ہے اسے قائم نہیں کرتے تو پھر ان کا

وَ اَرْسَلْنَاۤ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا
جَآءَهُمْ رَسُوْلٌۢ بِمَا لَا تَهْوٰۤى
اَنْفُسُهُمْ ۙ فَرِيْقًا كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا
يَّقْتُلُوْنَ ﴿۷۰﴾
وَحَسِبُوْۤا اَلَّا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا
وَصَمُّوْا ثُمَّ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ
عَمُوْا وَصَمُّوْا كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ ؕ
وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۷۱﴾
لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ
الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ ؕ وَقَالَ الْمَسِيْحُ
يٰبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَ
رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ
حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَ مَاْوٰىهُ
النَّارُ ؕ وَ مَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ ﴿۷۲﴾
لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ
ثَالِثُ ثَلٰثَةٍ ۘ وَ مَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّاۤ
اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ؕ وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا
يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۳﴾
اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ
وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۷۴﴾

وقف لازم

اوران کی طرف رسول بھیجے لیکن جب بھی کوئی رسول ان کی طرف ان کی خواہشات کے خلاف کچھ لے کر آیا تو انہوں نے بعض کو تو جھٹلا دیا اور بعض کو قتل کر دیا۔

۷۱۔ اوران کا خیال یہ تھا کہ ایسا کرنے سے کوئی فتنہ نہیں ہو گا اس لیے وہ اندھے اور بہرے ہو گئے پھر اللہ نے ان کی توبہ قبول کی پھران میں اکثر اندھے اور بہرے ہو گئے اور اللہ ان کے اعمال کو خوب دیکھ رہا ہے۔☆

۷۲۔ وہ لوگ یقیناً کافر ہو گئے جو کہتے ہیں: مسیح بن مریم ہی خدا ہیں جبکہ خود مسیح کہا کرتے تھے: اے بنی اسرائیل تم اللہ ہی کی پرستش کرو جو میرا اور تمہارا رب ہے، بے شک جس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا، بتحقیق اللہ نے اس پر جنت کو حرام کر دیا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ہے۔☆

۷۳۔ بتحقیق وہ لوگ کافر ہو گئے جو کہتے ہیں: اللہ تین میں کا تیسرا ہے جبکہ خدائے واحد کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور اگر یہ لوگ اپنی ان باتوں سے باز نہیں آتے تو ان میں سے کفر کرنے والوں پر دردناک عذاب ضرور واقع ہو گا۔☆

۷۴۔ آخر یہ لوگ اللہ کے آگے توبہ کیوں نہیں کرتے اور مغفرت کیوں نہیں مانگتے؟ اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

مذہب قابل اعتنا نہیں ہے۔ اگر وہ اپنی آسمانی کتابوں اور دیگر تعلیمات کو کماحقہ قبول کریں تو انہیں ماننا پڑے گا کہ سلسلہ نبوت اب نسل اسماعیل میں ہے اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برحق رسول ہیں۔

۷۱۔ یہود چونکہ اپنے آپ کو اللہ کی برگزیدہ قوم سمجھتے ہیں اور یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ جس جرم کا بھی ارتکاب کریں گے اس کا مواخذہ نہ ہو گا اس لیے وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ انبیائے کرام کی تکذیب کرنے اور قتل کرنے سے کوئی خرابی کیا لازم آئے گی، اللہ نے بنی اسرائیل کو عذاب میں ڈالنا نہیں۔ لیکن اللہ نے اس کے باوجود ان پر اپنی رحمتیں جاری رکھیں اور ان پر یہ غلط فہمی واضح فرمائی پھر بھی سب نہ سہی اکثر لوگ گمراہ ہو گئے۔

۷۲۔ موجودہ تحریف شدہ انجیل میں بھی قرآن مجید کے اس بیان کی شہادت موجود ہے۔ چنانچہ انجیل یوحنا ۱۷ : ۳ میں آیا ہے: ابدی زندگی یہ ہے کہ تجھے پہچان لیں کہ تو ہی واحد خدا ہے اور یسوع مسیح (ع) کو آپ نے رسول بنا کر بھیجا۔

۷۳۔ مسیحیوں کا عقیدۂ تثلیث جن مراحل سے گزرا ہے اس پر ایک طائرانہ نظر: سب سے پہلے یہ اختلاف وجود میں آیا کہ مسیح (ع) اللہ ہیں یا رسول؟ یہ نظریہ پہلے سے موجود تھا کہ مسیح (ع) اللہ کے رسول ہیں۔ دوسرا نظریہ یہ قائم ہوا کہ انہیں اللہ کے ہاں ایک خاص مقام حاصل ہے۔ تیسرا نظریہ یہ پیدا ہوا کہ مسیح (ع) چونکہ بن باپ پیدا ہوئے اس لیے وہ اللہ کا بیٹا ہیں اور مخلوق بھی۔ چوتھا نظریہ یہ وجود میں آیا کہ مسیح (ع) اللہ کا بیٹا ہیں مخلوق نہیں۔ ۳۲۵ عیسوی میں ان اختلافات کے تصفیے کے لیے روم میں ایک بڑا اجتماع ہوا جس میں ۴۸ ہزار علماء اور ماہرین نے شرکت کی. شہنشاہ قسطنطین نے، جو حال ہی میں مسیحی بن گیا تھا، یہ نظریہ اپنا لیا کہ مسیح (ع) ہی خدا ہیں۔ چنانچہ باقی مذاہب خصوصاً نظریۂ توحید پر پابندی لگا دی گئی۔ اس کے بعد روح القدس کے بارے میں بھی اختلاف ہوا۔ کچھ نے اسے خدا کا درجہ دیا اور کچھ منکر ہو گئے۔ ۳۸۱ء میں قسطنطنیہ میں ایک اور اجتماع ہوا جس میں یہ فیصلہ ہوا: روح القدس روح اللہ ہے، روح اللہ، اللہ کی حیات ہے۔ اگر ہم نے روح اللہ کو مخلوق کہہ دیا تو اللہ کی حیات مخلوق قرار پاتی ہے اور اللہ حی نہیں رہتا اور اگر ہم نے اللہ کو حی (زندہ) نہیں سمجھا تو ہم

مَا الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ
قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ وَاُمُّهٗ
صِدِّيْقَةٌ ؕ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ ؕ
اُنْظُرْ كَيْفَ نُبَيِّنُ لَهُمُ الْاٰيٰتِ
ثُمَّ انْظُرْ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۷۵﴾
قُلْ اَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا
يَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ؕ
وَاللّٰهُ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۶﴾
قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِيْ
دِيْنِكُمْ غَيْرَ الْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعُوْۤا
اَهْوَآءَ قَوْمٍ قَدْ ضَلُّوْا مِنْ قَبْلُ
وَاَضَلُّوْا كَثِيْرًا وَّضَلُّوْا عَنْ
سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۷۷﴾ ع ۱۱
لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ بَنِيْۤ
اِسْرَآءِيْلَ عَلٰى لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى
ابْنِ مَرْيَمَ ؕ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا
وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ﴿۷۸﴾
كَانُوْا لَا يَتَنَاهَوْنَ عَنْ
مُّنْكَرٍ فَعَلُوْهُ ؕ لَبِئْسَ مَا كَانُوْا
يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۹﴾
تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا ؕ لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ
اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ

۷۵۔ مسیح بن مریم تو صرف اللہ کے رسول ہیں ان سے پہلے بھی بہت سے رسول گزر چکے ہیں اور ان کی والدہ صدیقہ (راستباز خاتون) تھیں، دونوں کھانا کھایا کرتے تھے، دیکھو ہم کس طرح ان کے لیے اپنی آیات کھول کر بیان کرتے ہیں، پھر دیکھو یہ لوگ کدھر الٹے جا رہے ہیں۔ ☆

۷۶۔ کہہ دیجیے: کیا تم اللہ کے سوا ایسی چیز کی پرستش کرتے ہو جو تمہارے نقصان اور نفع پر کوئی اختیار نہیں رکھتی؟ اور اللہ ہی خوب سننے، جاننے والا ہے۔ ☆

۷۷۔ کہہ دیجیے: اے اہل کتاب اپنے دین میں ناحق مبالغہ نہ کرو اور ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کرو جو پہلے ہی گمراہی میں مبتلا ہیں اور دوسرے بہت سے لوگوں کو بھی گمراہی میں ڈال چکے ہیں اور سیدھے راستے سے بھٹک گئے ہیں۔ ☆

۷۸۔ بنی اسرائیل میں سے جن لوگوں نے کفر اختیار کیا، داؤد اور عیسیٰ بن مریم کی زبان سے ان پر لعنت کی گئی، کیونکہ وہ سرکش ہو گئے تھے اور حد سے تجاوز کرتے تھے۔ ☆

۷۹۔ جن برے کاموں کے وہ مرتکب ہوتے تھے ان سے وہ باز نہیں آتے تھے، ان کا یہ عمل کتنا برا ہے۔

۸۰۔ آپ ان میں سے بیشتر لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ وہ (مسلمانوں کے مقابلے میں) کافروں سے دوستی کرتے ہیں، انہوں نے جو کچھ اپنے لیے آگے بھیجا ہے وہ نہایت برا ہے جس سے اللہ ان پر ناراض ہوا اور وہ

کافر ٹھہریں گے۔ چنانچہ اس اجتماع میں روح القدس بھی خدا کے درجے پر فائز ہو گیا۔ یوں باپ، بیٹے اور روح القدس کی تثلیث کو آخری شکل دے دی گئی۔ (محمد ابو زہرہ کی کتاب محاضرات فی النصرانیہ سے تلخیص)

۷۵۔ وَاُمُّهٗ صِدِّيْقَةٌ: ان کی والدہ راستباز خاتون تھیں۔ وہ اس بات میں راستباز تھیں کہ مسیح (ع) کو انہوں نے جنا ہے اور جو ماں سے جنا جاتا ہے وہ خدا نہیں ہو سکتا۔ كَانَا يَاْكُلٰنِ الطَّعَامَ. مریم اور عیسیٰ علیہما السلام دونوں کھانا کھاتے تھے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ان کا جسم تحلیل ہوتا ہے اور تحلیل شدہ اجزاء کے تدارک کے لیے جسم طعام کا محتاج ہے، جس کی حیات طعام کی محتاج ہو وہ خدا کیسے ہو سکتا ہے۔

۷۶۔ انسان کسی ہستی کی عبادت اس لیے کرتا ہے کہ وہ کائنات کی خالق اور مالک ہے۔ اس طرح وہ ہر خیر و شر اور نفع و نقصان کی بھی مالک ہوتی ہے۔ لیکن اگر کوئی چیز کسی بھی خیر و شر کی مالک نہ ہو، وہ خود کسی اور کی مملوک ہو تو وہ خدا کیسے بن سکتی ہے؟ ثانیاً نقصان اور نفع کا ذکر اس لیے کیا کہ اگرچہ عبادت کا معیار اس کا اہل ہونا اور کمال کا مالک ہونا ہے۔ لیکن اکثر لوگ دفع ضرر کی خاطر اور خوف کی وجہ سے عبادت کرتے ہیں اور نفع کی خاطر عبادت کرنا بھی انسانی سرشت میں موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ اس آیہ شریفہ میں فرماتا ہے کہ جن لوگوں کی تم پرستش کرتے ہو وہ دفع ضرر پر قادر ہیں نہ کسی نفع کے حصول پر۔

۷۷۔ سابقہ آیت میں بیان کیا گیا ہے کہ مسیحیوں نے اپنے دین میں غلو اور مبالغہ کے کتنے مراحل طے کیے۔ اس آیت میں ایک اور اہم حقیقت کی طرف اشارہ ہے، وہ اس بات کی نشاندہی ہے کہ اس میں غلو اور مبالغہ کا اصل سرچشمہ کہاں ہے؟ قرآن فرماتا ہے کہ یہ ان لوگوں کی پیروی سے آیا ہے جو پہلے ہی گمراہی میں مبتلا تھے۔

مسیحی تاریخ کا گہرا مطالعہ کرنے والا بخوبی جانتا ہے کہ ان کے دین میں خرافات دو گروہوں کی طرف سے داخل ہوئے ہیں۔ ایک یہود اور دوسرا یونان کے بت پرست۔ اس مطلب پر گواہ (انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا میں مسیحی عالم ریورنید چارلس اینڈرسن سکاٹ) کا مقالہ ہے جس میں اعتراف کرتے ہیں کہ باپ بیٹا اور روح القدس کی اصطلاحیں یہودی

وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۸۰﴾

ہمیشہ ہمیشہ عذاب میں رہیں گے۔

وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۸۱﴾

۸۱۔ اور اگر وہ اللہ اور نبی اور ان کی طرف نازل کردہ کتاب پر ایمان رکھتے تو ایسے لوگوں سے دوستی نہ کرتے مگر ان میں سے اکثر لوگ فاسق ہیں۔

لَتَجِدَنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَدَاوَةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الْيَهُوْدَ وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّاَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۸۲﴾

۸۲۔(اے رسول) اہل ایمان کے ساتھ عداوت میں یہود اور مشرکین کو آپ پیش پیش پائیں گے اور ایمان والوں کے ساتھ دوستی میں انہیں قریب تر پائیں گے، جو اپنے آپ کو نصاریٰ کہتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ان میں عالم اور درویش صفت لوگ ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔☆

الجزء ۷ وَاِذَا سَمِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ الْحَقِّ ۚ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۸۳﴾

۸۳۔ اور جب وہ رسول کی طرف نازل ہونے والے کلام کو سنتے ہیں، آپ دیکھتے ہیں کہ معرفت حق کی بدولت ان کی آنکھیں اشکبار ہو جاتی ہیں، وہ کہتے ہیں: ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے ہیں پس ہمیں گواہی دینے والوں میں شامل فرما☆

وَمَا لَنَا لَا نُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَا جَآءَنَا مِنَ الْحَقِّ ۙ وَنَطْمَعُ اَنْ يُّدْخِلَنَا رَبُّنَا مَعَ الْقَوْمِ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۴﴾

۸۴۔ اور ہم اللہ پر اور اس حق پر کیوں نہ ایمان لائیں جو ہمارے پاس آیا ہے؟ اور ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہمیں نیک بندوں کی صف میں شامل کر لے گا۔

فَاَثَابَهُمُ اللّٰهُ بِمَا قَالُوْا جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزَآءُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۵﴾

۸۵۔ اللہ نے اس قول کے عوض انہیں ایسی جنتوں سے نوازا ہے جن کے نیچے نہریں جاری ہیں ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور نیکوکاروں کا یہی صلہ ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۸۶﴾ ع ۱۱ ۱۰

۸۶۔ اور جن لوگوں نے کفر اختیار کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔

ذرائع کی بہم پہنچائی ہوئی ہیں۔

۸۷۔ اس لعنت کا ذکر عہد عتیق اور عہد جدید میں موجود ہے کیونکہ بنو اسرائیل نے حضرت داؤدؑ کے زمانے میں قانون سبت کو توڑا پھر حضرت عیسیٰؑ کی تکذیب کی۔

۸۲۔ یہ بات محتاج بیان نہیں کہ یہود اسلام دشمنی میں کس قدر آگے رہے ہیں، البتہ یہ بات غور طلب ہے کہ نصاریٰ مسلمانوں سے دوستی میں آگے ہیں۔ اگرچہ صلیبی جنگوں سے آج تک اسلام کے خلاف یہودیوں اور اسرائیل کی حمایت کرتے ہوئے عیسائیوں نے اپنی اسلام دشمنی میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی، تاہم جب اسلام کی دعوت چہار دانگ عالم پھیل رہی تھی تو یہودیوں کی نسبت عیسائی سربراہوں نے مثبت ردعمل کا اظہار کیا۔ چنانچہ حبشہ کے 'نجاشی'، روم کے 'ہرقل' اور مصر کے مقوقس نے اس دعوت پر یا تو لبیک کہی یا اچھے ردعمل کا اظہار کیا۔ آج تک مسیحی کثیر تعداد میں اسلام قبول کرتے آئے ہیں لیکن یہودیوں کے قبول اسلام کا اتفاق بہت کم نظر آتا ہے۔

۸۳۔ ہجرت نبوی سے پہلے مسلمانوں کی ایک جماعت نے ملک حبشہ کی طرف ہجرت کی اور ایک مرتبہ نجاشی کے دربار میں حضرت جعفر طیارؓ نے سورۂ مریم کی چند آیات پڑھ کر سنائیں جس پر نجاشی اور ان کے علماء کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اس سے اس نظریے کو تقویت ملتی ہے کہ سابقہ اور یہ آیت دونوں نجاشی اور اس جیسے نصرانیوں کے بارے میں نازل ہوئی ہیں۔

۸۷۔ اسلام دین فطرت ہونے کا لازمی نتیجہ یہی ہے کہ اس کے ہر حکم کے لیے فطری تقاضے پیش نظر ہوں۔ لہٰذا جب ایک طرف کھانے پینے کا محتاج ہو اور مختلف چیزوں کی لذت سے محظوظ ہونے کا فطری ذوق بھی موجود ہو، دوسری طرف زمین میں مختلف لذتوں کی چیزیں بھی اللہ نے پیدا کی ہوں، پھر کیسے ممکن ہے کہ یہ چیزیں بندوں پر حرام ہوں۔ اس سے ان لوگوں کے خیال کی نفی ہوتی ہے جو عیسائی راہبوں، ہندوؤں، بدھ مت کے پیروکاروں اور تصوف زدہ افراد کی طرح ترک لذات کو روحانی ترقی کا زینہ سمجھتے ہیں۔ حضورؐ کے زمانے میں کچھ لوگ اس ذہنیت کے طرفدار ہو گئے تھے، چنانچہ اس بارے میں حضورؐ نے خطبہ دیا اور فرمایا: لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ انہوں نے پاک چیزوں کو اپنے اوپر حرام کر لیا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا
طَيِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ لَكُمْ وَلَا
تَعْتَدُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۸۷﴾
وَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۪
وَّاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾
لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ
اَيْمَانِكُمْ وَلٰكِنْ يُّؤَاخِذُكُمْ بِمَا
عَقَّدْتُّمُ الْاَيْمَانَ ۚ فَكَفَّارَتُهٗٓ
اِطْعَامُ عَشَرَةِ مَسٰكِيْنَ مِنْ
اَوْسَطِ مَا تُطْعِمُوْنَ اَهْلِيْكُمْ اَوْ
كِسْوَتُهُمْ اَوْ تَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ ؕ
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ ؕ
ذٰلِكَ كَفَّارَةُ اَيْمَانِكُمْ اِذَا حَلَفْتُمْ ؕ
وَاحْفَظُوْٓا اَيْمَانَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ
اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ﴿۸۹﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْخَمْرُ
وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ
رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ
فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۹۰﴾
اِنَّمَا يُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّوْقِعَ
بَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةَ وَالْبَغْضَآءَ فِي

۸۷۔ اے ایمان والو! جو پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہارے لیے حلال کر دی ہیں انہیں حرام نہ کرو اور حد سے تجاوز بھی نہ کرو، اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو یقیناً دوست نہیں رکھتا۔☆

۸۸۔ اور جو حلال اور پاکیزہ چیزیں اللہ نے تمہیں عنایت کر رکھی ہیں ان میں سے کھاؤ اور اس اللہ کا خوف کرو جس پر تمہارا ایمان ہے۔☆

۸۹۔ اللہ تمہاری بے مقصد قسموں پر تمہارا مواخذہ نہیں کرے گا لیکن جو سنجیدہ قسمیں تم کھاتے ہو ان کا مواخذہ ہو گا، پس اس (قسم توڑنے) کا کفارہ دس محتاجوں کو اوسط درجے کا کھانا کھلانا ہے جو تم اپنے گھر والوں کو کھلاتے ہو یا انہیں کپڑا پہنانا یا غلام آزاد کرنا ہے اور جسے یہ میسر نہ ہو وہ تین دن روزے رکھے، جب تم قسم کھاؤ (اور اسے توڑ دو) تو یہ تمہاری قسموں کا کفارہ ہے اور اپنی قسموں کی حفاظت کرو، اللہ اسی طرح اپنی آیات تمہارے لیے کھول کر بیان فرماتا ہے تاکہ تم شکر ادا کرو۔☆

۹۰۔ اے ایمان والو! شراب اور جوا اور مقدس تھان اور پانسے سب ناپاک شیطانی عمل ہیں پس اس سے پرہیز کرو تاکہ تم نجات حاصل کر سکو۔☆

۹۱۔ شیطان تو بس یہ چاہتا ہے کہ شراب اور جوئے کے ذریعے تمہارے درمیان دشمنی اور بغض ڈال دے اور تمہیں یاد خدا

ہے؟ دیکھو میں رات کو سوتا ہوں، نکاح کرتا ہوں، دن کو گاہے روزہ رکھتا ہوں اور گاہے نہیں بھی رکھتا۔ جو میری سنت پر نہ چلے وہ مجھ سے نہیں ہے۔

لَا تُحَرِّمُوْا: کسی چیز کو حلال اور حرام قرار دینے کا حق صرف اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے۔ قانون سازی اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اعلیٰ کا حصہ ہے۔ اس میں مداخلت اللہ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت ہے۔ لہٰذا کسی غیر اللہ کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ کسی حلال کو حرام یا کسی حرام کو حلال کرے۔ اسی لیے فقیہ پابند ہے کہ اللہ کی طرف سے تعین شدہ دلیلوں کی روشنی میں حلال حرام کو بیان کرے، جیسے قرآن و حدیث اور اگر جس چیز کو اللہ نے دلیل نہیں بنایا، اس کے ذریعے حلال و حرام ثابت کرنے کی کوشش کی جاتی ہے تو وہ اللہ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت ہے۔

۸۸۔ رزق خدا سے استفادہ کرنے کا حکم ہے۔ البتہ دو شرائط کے ساتھ: اول یہ کہ حلال اور پاکیزہ طریقے سے استفادہ کیا جائے۔ دوم یہ کہ تقویٰ اور خوف خدا کے ساتھ ہو۔

۸۹۔ اگر بلا ارادہ زبان سے قسم کا لفظ نکل جائے تو اس کا کوئی کفارہ نہیں، کیونکہ قسم میں قصد و ارادہ شرط ہے۔ البتہ کسی امر میں پختہ قصد و ارادے کے ساتھ قسم کھائی جائے تو اسے توڑنے کی صورت میں کفارہ لازم ہے۔

۹۰۔ دور جاہلیت میں مشرکین جن پتھروں کی پوجا کرتے تھے ان کو انصاب کہتے ہیں، جبکہ ازلام ان تیروں کو کہتے ہیں جن کے ذریعے عرب دور جاہلیت میں قسمت آزمائی کرتے اور فال نکالتے تھے۔

۹۱۔ فھل انتم منتھون (کیا تم باز آؤ گے؟) اس لہجے سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگ اس سے پہلے شراب نوشی کی ممانعت کی چنداں پرواہ نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ اس آیت کے نازل ہونے کے بعد بڑے بڑے اصحاب نے کہا: انتھینا انتھینا ”ہم باز آ گئے، ہم باز آ گئے“ (ابن جریر)۔ دریا بادی اس جگہ لکھتے ہیں: کیا ڈسپلن تھا بارگاہ نبوت کا اور کیسی زبردست قوت تھی عرب کے اس امی حکیم کی کہ دم کے دم میں پرانے اور عمر بھر کے شرابیوں اور جواریوں کو پاکباز اور متقی بلکہ پاکبازوں اور صالحین کے سردار بنا دیا۔

الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ وَيَصُدَّكُمْ عَنْ
ذِكْرِ اللّٰهِ وَعَنِ الصَّلٰوةِ ۚ فَهَلْ
اَنْتُمْ مُّنْتَهُوْنَ ﴿۹۱﴾
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ
وَاحْذَرُوْا ۚ فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا
اَنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۹۲﴾
لَيْسَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ جُنَاحٌ فِيْمَا طَعِمُوْٓا اِذَا مَا
اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ثُمَّ
اتَّقَوْا وَّاٰمَنُوْا ثُمَّ اتَّقَوْا وَّاَحْسَنُوْا ؕ وَ
ع ۱۲ اللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع ۲
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَيَبْلُوَنَّكُمُ
اللّٰهُ بِشَيْءٍ مِّنَ الصَّيْدِ تَنَالُهٗٓ
اَيْدِيْكُمْ وَرِمَاحُكُمْ لِيَعْلَمَ اللّٰهُ
مَنْ يَّخَافُهٗ بِالْغَيْبِ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى
بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهٗ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۹۴﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقْتُلُوا الصَّيْدَ
وَاَنْتُمْ حُرُمٌ ؕ وَمَنْ قَتَلَهٗ مِنْكُمْ
مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ
النَّعَمِ يَحْكُمُ بِهٖ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ
هَدْيًۢا بٰلِغَ الْكَعْبَةِ اَوْ كَفَّارَةٌ طَعَامُ
مَسٰكِيْنَ اَوْ عَدْلُ ذٰلِكَ صِيَامًا
لِّيَذُوْقَ وَبَالَ اَمْرِهٖ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَمَّا

اور نماز سے روکے تو کیا تم باز آ جاؤ گے؟☆

۹۲۔ اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنا بچاؤ کرو، پھر اگر تم نے منہ پھیر لیا تو جان لو ہمارے رسول کی ذمے داری تو بس واضح طور پر حکم پہنچا دینا ہے۔☆

۹۳۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے ان کی ان چیزوں پر کوئی گرفت نہ ہوگی جو وہ کھا پی چکے بشرطیکہ (آئندہ) پرہیز کریں اور ایمان پر قائم رہیں اور نیک اعمال بجا لائیں پھر پرہیز کریں اور ایمان پر قائم رہیں پھر پرہیز کریں اور نیکی کریں اور اللہ نیکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے۔☆

۹۴۔ اے ایمان والو! اللہ ان شکاروں کے ذریعے تمہیں آزمائش میں ڈالے گا جنہیں تم اپنے ہاتھوں اور اپنے نیزوں کے ذریعے پکڑتے ہو تاکہ اللہ یہ معلوم کرے کہ اس سے غائبانہ طور پر کون ڈرتا ہے، پس جو اس کے بعد (بھی) حد سے تجاوز کرے اس کے لیے دردناک عذاب ہے۔☆

۹۵۔ اے ایمان والو! احرام کی حالت میں شکار نہ کرو اور اگر تم میں سے کوئی جان بوجھ کر (کوئی جانور) مار دے تو جو جانور اس نے مارا ہے اس کے برابر ایک جانور مویشیوں میں سے قربان کرے جس کا فیصلہ تم میں سے دو عادل افراد کریں، یہ قربانی کعبہ پہنچائی جائے یا مسکینوں کو کھانا کھلانے کا کفارہ دے یا اس کے برابر روزے رکھے تاکہ اپنے کیے کا ذائقہ چکھے، جو ہو چکا اسے اللہ نے معاف کر دیا اور اگر

۹۲۔ شراب جوئے وغیرہ سے باز آنے کا حکم بیان کرنے پر تاکید مزید کے طور پر فرمایا: ان ناپاک چیزوں کو ترک کر کے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔ اگر اس بار بھی اطاعت نہ ہوئی تو نہایت تہدیدی لہجے میں فرمایا: جان لو! ہمارا رسول تو بس حکم پہنچانے کی ذمہ داری رکھتا ہے۔ لیکن تمہاری یہ نافرمانی خود اللہ تعالیٰ کے خلاف جنگ ہے۔

۹۳۔ تفسیر صافی میں منقول ہے: جب شراب اور جوئے کی حرمت کا حکم بڑی شدت سے آیا تو مہاجرین و انصار نے حضورؐ سے عرض کیا یا رسول اللہؐ! ہمارے وہ ساتھی جو دنیا سے چلے گئے یا قتل ہو گئے وہ تو شراب نوشی کرتے تھے، ان کا کیا بنے گا؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔
کافی میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے: ایمان کے مختلف حالات، درجات، طبقہ بندیاں اور منزلیں ہیں۔ کچھ ان میں سے کامل اور کچھ انتہائی کامل ہیں۔ کچھ کم رجحان اور کچھ زیادہ رجحان والے ہیں۔

۹۴۔ اس کے بعد کی آیت میں حج کے احرام کی حالت میں شکار کی ممانعت کا حکم آنے والا ہے اس کی تمہید کے طور پر فرمایا کہ اس آزمائش میں یہ جاننا مطلوب ہے کہ ان دیکھے خدا سے کون ڈرتا ہے۔ امتحان و آزمائش کے بارے میں پہلے تفصیل سے بات ہو گئی ہے کہ امتحان سے اللہ کوئی علم حاصل نہیں کرنا چاہتا۔ وہ عالم الغیب ہے، بلکہ استحقاق اور قابلیت کے لیے امتحان ضروری ہے۔

۹۵۔ احرام حج کی حالت میں خشکی کے جانور کا شکار حرام ہے۔ اگر کوئی جان بوجھ کر شکار کرے تو اگر اس جیسا حیوان میسر ہو تو اسے کفارے میں دے دے اور دو عادل افراد گواہی دیں کہ یہ اس جیسا ہے۔ اگر احرام حج میں شکار کرے تو اس شکار کے کفارے کی قربانی منیٰ میں ذبح کرے اور اگر احرام عمرہ میں شکار کرے تو قربانی کو مکہ میں ذبح کرنا ہو گا۔ اگر اس کا کوئی مثل میسر نہیں ہے تو اس کی قیمت کے مساوی گندم مساکین میں تقسیم کی جائے یا اس کے برابر روزے رکھے جائیں۔ برابر یہ ہے کہ اس کی قیمت کے مساوی گندم کو صاع (۳ کلوگرام) میں تقسیم کیا جائے اور ہر نصف صاع کا ایک روزہ رکھا جائے۔ (الکافی ۴: ۸۳) اگر شکار پہلی بار ہو تو کفارہ ہے لیکن دوبارہ کرے تو گناہ کی شدت کے باعث کفارہ نہیں ہے۔

سَلَفَ ؕ وَمَنْ عَادَ فَيَنْتَقِمُ اللّٰهُ مِنْهُ ؕ
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿۹۵﴾
اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ وَطَعَامُهٗ
مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِلسَّيَّارَةِ ۚ وَحُرِّمَ
عَلَيْكُمْ صَيْدُ الْبَرِّ مَا دُمْتُمْ
حُرُمًا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ
تُحْشَرُوْنَ ﴿۹۶﴾
جَعَلَ اللّٰهُ الْكَعْبَةَ الْبَيْتَ الْحَرَامَ
قِيٰمًا لِّلنَّاسِ وَالشَّهْرَ الْحَرَامَ وَ
الْهَدْيَ وَالْقَلَآئِدَ ؕ ذٰلِكَ لِتَعْلَمُوْٓا
اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا
فِي الْاَرْضِ وَاَنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ﴿۹۷﴾
اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ
وَاَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۹۸﴾
مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ
يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ﴿۹۹﴾
قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ
وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ
فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۳ ۱۲
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَسْـَٔلُوْا عَنْ
اَشْيَآءَ اِنْ تُبْدَ لَكُمْ تَسُؤْكُمْ ۚ

کسی نے اس غلطی کا اعادہ کیا تو اللہ اس سے انتقام لے گا اور اللہ بڑا غالب آنے والا، انتقام لینے والا ہے۔☆

۹۶۔ تمہارے لیے سمندری شکار اور اس کا کھانا حلال کر دیا گیا ہے، یہ تمہارے اور مسافروں کے فائدے میں ہے اور جب تک تم احرام میں ہو خشکی کا شکار تم پر حرام کر دیا گیا ہے اور جس اللہ کے سامنے جمع کیے جاؤ گے اس سے ڈرتے رہو۔☆

۹۷۔ اللہ نے حرمت کے گھر کعبہ کو لوگوں کے لیے (امور معاش اور معاد کی) کی استواری (کا ذریعہ) بنایا اور حرمت کے مہینوں کو بھی اور قربانی کے جانور کو بھی اور ان جانوروں کو بھی جن کے گلے میں پٹے باندھے گئے ہوں، یہ اس لیے تاکہ تم جان لو کہ اللہ وہ سب کچھ جانتا ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے اور یہ کہ اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۹۸۔ جان لو کہ اللہ سخت سزا دینے والا ہے اور بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۹۹۔ رسول کے ذمے بس حکم پہنچا دینا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو اللہ سب جانتا ہے۔

۱۰۰۔ (اے رسول) کہہ دیجیے: ناپاک اور پاک برابر نہیں ہو سکتے خواہ ناپاکی کی فراوانی تمہیں بھلی لگے، پس اے صاحبان عقل اللہ کی نافرمانی سے بچو شاید تمہیں نجات مل جائے۔☆

۱۰۱۔ اے ایمان والو! ایسی چیزوں کے بارے میں سوال نہ کرو کہ اگر وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں تو تمہیں بری لگیں اور اگر ان کے بارے میں نزول قرآن کے

۹۶۔ ممکن ہے سمندر کے ذریعے سفر کرنے کی صورت میں زاد راہ ختم ہو جائے تو سمندر کا شکار جائز ہے۔ اس کے حکم کے فروع بہت ہیں جو فقہی کتابوں میں موجود ہیں۔

۹۷۔ کعبہ کی اہمیت صرف اس کے تقدسی اور عبادتی پہلو سے نہیں ہے بلکہ اس میں لوگوں کی زندگی کے بہت سے مصالح اور مفادات بھی مضمر ہیں۔ کل کعبہ قتل و غارت کے مارے ہوئے عربوں کے لیے جائے امن تھا۔ سال بھر کی خوفناک خانہ جنگی میں چار ماہ حرمت والے مہینوں میں امن و سکون ملتا تھا جن میں وہ اپنی معیشت اور تجارت کے لیے امن سے آتے جاتے تھے۔ حج کی وجہ سے اس غیر زراعتی خشک علاقوں میں لوگوں کے لیے دنیا بھر سے آنے والی نعمتوں کی فراوانی ہوتی تھی۔ آج کعبہ دنیا بھر کے مسلمانوں کے لیے ایک ایسا مرکز ہے جہاں امت اسلامیہ کے تقدیر ساز فیصلے ہو سکتے ہیں اگرچہ وقتی طور پر حکومتوں کی مصلحتیں اس راہ میں رکاوٹ ہیں۔

۱۰۰۔ دین اور شریعت امر واقع اور حقائق پر مبنی قدروں پر استوار ہے اور حقیقت یہ ہے کہ پاک اور ناپاک یکساں نہیں ہو سکتے، خواہ حقائق میں ہوں یا کردار و صفات میں۔ مثلاً حلال و حرام، مفید و مضر، مؤمن و کافر، عادل و ظالم، مصلح و مفسد اور عالم و جاہل یکساں نہیں ہو سکتے۔

۱۰۱۔ بعض لوگ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایسے سوالات کرتے تھے جن کا تعلق نہ ان کے دین سے ہوتا تھا، نہ دنیا سے۔ مثلاً ایک شخص نے آپؐ سے پوچھا: میرا حقیقی باپ کون ہے؟ وغیرہ۔ فریقین کے مصادر حدیث میں آیا ہے: ان اللہ افترض علیکم فرائض فلا تضیعوھا و حدلکم حدوداً فلا تعتدوھا ونھا کم عن اشیاء فلا تنتھکوھا و سکت لکم عن اشیاء ولم یدعھا نسیاناً فلا تتکلفوھا (مجمع البیان) ''اللہ نے تم پر بعض چیزیں فرض کی ہیں پس انہیں ترک نہ کرو اور کچھ حدود متعین کیے ہیں ان سے تجاوز نہ کرو، کچھ چیزوں سے منع کیا ہے ان کی خلاف ورزی نہ کرو اور کچھ چیزوں کے متعلق (عمداً) خاموشی اختیار کی ہے، بھول چوک کی وجہ سے نہیں، پس ان میں مت الجھو۔'' بدقسمتی سے ہمارا معاشرہ اس حدیث کے برخلاف صرف ان چیزوں کے بارے میں زیادہ سوالات اٹھاتا ہے جن میں نہ الجھنے کا حکم ہوا ہے۔

وَاِنْ تَسْـَٔلُوْا عَنْهَا حِيْنَ يُنَزَّلُ
الْقُرْاٰنُ تُبْدَ لَكُمْ ؕ عَفَا اللّٰهُ عَنْهَا ؕ
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾
قَدْ سَاَلَهَا قَوْمٌ مِّنْ قَبْلِكُمْ ثُمَّ
اَصْبَحُوْا بِهَا كٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنْۢ بَحِيْرَةٍ وَّلَا
سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيْلَةٍ وَّلَا حَامٍ ۙ
وَّلٰكِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يَفْتَرُوْنَ
عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ وَاَكْثَرُهُمْ لَا
يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۳﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَاۤ اَنْزَلَ
اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا
وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ
اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا
يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۰۴﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلَيْكُمْ
اَنْفُسَكُمْ ۚ لَا يَضُرُّكُمْ مَّنْ ضَلَّ
اِذَا اهْتَدَيْتُمْ ؕ اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ
جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا شَهَادَةُ بَيْنِكُمْ
اِذَا حَضَرَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ حِيْنَ
الْوَصِيَّةِ اثْنٰنِ ذَوَا عَدْلٍ مِّنْكُمْ اَوْ

وقت پوچھو گے تو وہ تم پر ظاہر کر دی جائیں گی (جو کچھ اب تک ہوا) اس سے اللہ نے درگزر فرمایا اور اللہ بڑا بخشنے والا، بردبار ہے۔☆

۱۰۲۔ ایسی باتیں تم سے پہلے لوگوں نے بھی پوچھی تھیں پھر وہ لوگ انہی باتوں کی وجہ سے کافر ہو گئے۔

۱۰۳۔ اللہ نے نہ کوئی بحیرہ بنایا ہے اور نہ سائبہ اور نہ وصیلہ اور نہ حام، بلکہ کافر لوگ اللہ پر جھوٹ افترا کرتے ہیں اور ان میں اکثر تو عقل ہی نہیں رکھتے۔☆

۱۰۴۔ اور جب ان لوگوں سے کہا جاتا ہے کہ جو دستور اللہ نے نازل کیا ہے اس کی طرف اور رسول کی طرف آؤ تو وہ کہتے ہیں: ہمارے لیے وہی (دستور) کافی ہے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا، خواہ ان کے باپ دادا کچھ بھی نہ جانتے ہوں اور ہدایت پر بھی نہ ہوں۔

۱۰۵۔ اے ایمان والو! اپنی فکر کرو، اگر تم خود راہ راست پر ہو تو جو گمراہ ہے وہ تمہارا کچھ نہیں بگاڑے گا، تم سب کو پلٹ کر اللہ کی طرف جانا ہے پھر وہ تمہیں آگاہ کرے گا جو کچھ تم کیا کرتے رہے ہو۔☆

۱۰۶۔ اے ایمان والو! جب تم میں سے کسی کی موت کا وقت آ جائے تو وصیت کرتے وقت گواہی کے لیے تم میں سے دو عادل شخص موجود ہوں یا جب تم سفر میں ہو اور

۱۰۳۔ عرب جاہلیت کی بعض بدعات اور ان کے خود ساختہ احکام کی بات ہو رہی ہے کہ وہ بعض جانوروں کو نشان لگا کر چھوڑتے تھے پھر ان سے خدمات لینا اور سوار ہونا وغیرہ حرام سمجھتے تھے اور ان جانوروں کے مختلف نام رکھتے تھے۔

بَحِيْرَةٍ: اس اونٹنی کو کہتے ہیں جو پانچ مرتبہ بچے جن چکی ہو اور چھٹی بار بچہ نہ ہوا ہو۔ اس کا کان چیر کر نشان لگاتے تھے اور پھر اس سے کوئی کام نہیں لیتے تھے، نہ اسے ذبح کیا جاتا تھا۔

سَآئِبَةٍ: اس اونٹنی کو کہتے ہیں جو کسی مسافر کے باسلامت واپس آنے یا بیماری کی شفایابی وغیرہ کے لیے نذر مانتے تھے اور کہتے تھے کہ فلاں کام ہو جائے تو ناقتی سائبۃ تو پھر وہ اس اونٹنی سے کوئی کام نہیں لیتے تھے۔ بعض کہتے ہیں کہ سائبۃ اس اونٹنی کو کہتے تھے جو دس دفعہ مادہ بچے جن چکی ہو، جن میں کوئی نر نہ ہو۔

وَصِيْلَةٍ: بکری کا پہلا بچہ اگر مادہ ہوتا تو اسے اپنے لیے رکھ لیتے تھے، اگر نر ہوتا تو اسے خداؤں کے نام ذبح کرتے تھے اور اگر نر اور مادہ ایک ساتھ پیدا ہو جائیں تو نر کو خداؤں کے نام پر چھوڑ دیا جاتا تھا، اس کا نام وصیلہ رکھ دیا گیا تھا۔

حام: اونٹ کا پوتا جب سواری دینے کا قابل ہو جاتا تو عمر رسیدہ اونٹ کو آزاد چھوڑتے یا اس کے شکم سے دس بچے پیدا ہو جاتے تو بھی آزاد چھوڑتے۔

اس آیت میں فرمایا کہ اللہ نے یہ احکام مقرر نہیں کیے یہ لوگوں کی خود ساختہ چیزیں ہیں۔

۱۰۵۔ مؤمن کو چاہیے کہ وہ اپنی نجات کے بارے میں سوچے۔ گمراہوں کی بہتات اور گناہ کا ارتکاب کرنے والوں کی کثرت اسے متاثر نہ کرے۔ حق، حق ہوتا ہے، خواہ اس پر عمل کرنے والے تھوڑے ہی کیوں نہ ہوں اور باطل، باطل ہوتا ہے خواہ اس پر ساری دنیا عمل کرے۔ رسول خداؐ نے فرمایا: امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرو لیکن اگر لوگ دنیادار، حریص اور خواہش پرست ہو جائیں اور ہر شخص خود سر ہو جائے تو تم اپنی ذات کو بچاؤ اور لوگوں کو ان کے اپنے حال پر چھوڑ دو۔ (نور الثقلین) یعنی مؤمن کو سب کی نجات کے لیے سوچنا چاہیے اور اس پر ہر ممکن کام کرنا بھی فرض ہے لیکن اگر وہ دوسروں کی نجات کے لیے کچھ نہیں کر سکتا تو اس وقت اسے پوری توجہ اپنی ذات پر اور اپنے اہل و عیال پر مرکوز کرنی چاہیے: يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا۔ (تحریم: ۶)

اٰخَرٰنِ مِنْ غَيْرِكُمْ اِنْ اَنْتُمْ
ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ فَاَصَابَتْكُمْ
مُّصِيْبَةُ الْمَوْتِ ۭ تَحْبِسُوْنَهُمَا
مِنْۢ بَعْدِ الصَّلٰوةِ فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ اِنِ
ارْتَبْتُمْ لَا نَشْتَرِيْ بِهٖ ثَمَنًا وَّلَوْ
كَانَ ذَا قُرْبٰى ۙ وَلَا نَكْتُمُ شَهَادَةَ
اللّٰهِ اِنَّآ اِذًا لَّمِنَ الْاٰثِمِيْنَ ۝۱۰۶
فَاِنْ عُثِرَ عَلٰٓى اَنَّهُمَا اسْتَحَقَّآ
اِثْمًا فَاٰخَرٰنِ يَقُوْمٰنِ مَقَامَهُمَا مِنَ
الَّذِيْنَ اسْتَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْاَوْلَيٰنِ
فَيُقْسِمٰنِ بِاللّٰهِ لَشَهَادَتُنَآ اَحَقُّ مِنْ
شَهَادَتِهِمَا وَمَا اعْتَدَيْنَآ ۭ اِنَّآ اِذًا
لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰۷
ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِالشَّهَادَةِ
عَلٰي وَجْهِهَآ اَوْ يَخَافُوْٓا اَنْ تُرَدَّ
اَيْمَانٌۢ بَعْدَ اَيْمَانِهِمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ
وَاسْمَعُوْا ۭ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الْفٰسِقِيْنَ ۝۱۰۸ ع
يَوْمَ يَجْمَعُ اللّٰهُ الرُّسُلَ فَيَقُوْلُ
مَاذَآ اُجِبْتُمْ ۭ قَالُوْا لَا عِلْمَ لَنَا ۭ
اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۝۱۰۹
اِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ
اذْكُرْ نِعْمَتِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰي وَالِدَتِكَ ۘ

موت کی مصیبت پیش آ رہی ہو تو دوسرے دو (غیر مسلموں) کو گواہ بنالو، اگر تمہیں ان گواہوں پر شک ہو جائے تو نماز کے بعد دونوں گواہوں کو روک لو کہ وہ دونوں اللہ کی قسم کھائیں کہ ہم گواہی کا کوئی معاوضہ نہیں لیں گے اگرچہ رشتہ داری کا معاملہ ہی کیوں نہ ہو اور نہ ہم خدائی شہادت کو چھپائیں گے اگر ایسا کریں تو ہم گناہگاروں میں سے ہو جائیں گے۔☆

۱۰۷۔ پھر اگر انکشاف ہو جائے کہ ان دونوں نے (جھوٹ بول کر) گناہ کا ارتکاب کیا تھا تو ان کی جگہ دو اور افراد جن کی حق تلفی ہو گئی ہو اور وہ (میت کے) قریبی ہوں کھڑے ہو جائیں اور اللہ کی قسم کھائیں کہ ہماری شہادت ان کی شہادت سے زیادہ برحق ہے اور ہم نے کوئی تجاوز نہیں کیا، اگر ایسا کریں تو ہم ظالموں میں سے ہو جائیں گے۔☆

۱۰۸۔ اس طرح زیادہ امید کی جا سکتی ہے کہ لوگ صحیح شہادت پیش کریں یا اس بات کا خوف کریں کہ ان کی قسموں کے بعد ہماری قسمیں رد کر دی جائیں گی اور اللہ سے ڈرو اور سنو اور اللہ فاسق لوگوں کی رہنمائی نہیں کرتا۔☆

۱۰۹۔ (اس دن کا خوف کرو) جس دن اللہ سب رسولوں کو جمع کر کے ان سے پوچھے گا: (امتوں کی طرف سے) تمہیں کیا جواب ملا؟ وہ عرض کریں گے: (تیرے علم کی نسبت) ہمیں علم ہی نہیں، غیب کی باتوں کو یقیناً تو ہی خوب جانتا ہے۔☆

۱۱۰۔ جب عیسیٰ بن مریم سے اللہ نے فرمایا: یاد کرو میری اس نعمت کو جو میں نے تمہیں اور تمہاری والدہ کو عطا کی ہے جب میں

۱۰۶ تا ۱۰۸۔ شان نزول: ایک مسلمان دو عیسائیوں کے ہمراہ تجارت کی غرض سے شام گیا۔ مسلمان سفر میں مریض ہو گیا تو اس نے اپنی وصیت میں سامان کی فہرست لکھ کر سامان میں رکھ دی اور دونوں ساتھیوں سے وصیت کی میرا سامان میرے گھر پہنچا دیں۔ چنانچہ جب مسلمان کا انتقال ہوا تو دونوں عیسائیوں نے اپنی پسند کا سامان نکال لیا، باقی گھر پہنچا دیا۔ گھر والوں کو سامان کی فہرست مل گئی جو مال مفقود تھا اس کے بارے میں دریافت کیا تو عیسائیوں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ حضورؐ کی خدمت میں مسئلہ پیش کیا۔ آپؐ نے نماز عصر کے بعد ان کو بلایا ان سے قسم لی۔ بعد میں وہ مفقود سامان کسی جگہ پایا گیا تو حضورؐ کے سامنے مسئلہ دوبارہ پیش کیا گیا تو حضورؐ نے مسلمان کے وارثوں سے قسم لی اور ان کے حق میں فیصلہ دیا۔ آیات کا مفہوم یہ ہے کہ اگر موت کا وقت قریب آ جائے تو دو عادل اشخاص کو اپنی وصیت کے لیے گواہ بناؤ، اگر تم حالت سفر میں ہو اور مسلمان گواہ میسر نہ آئیں تو غیر مسلم اہل کتاب میں سے کسی دو کو گواہ بناؤ۔ اگر میت کے وارثان کو شک ہو جائے تو ان دونوں گواہوں کو نماز کے بعد روک لیا جائے اور ان سے اپنی گواہی کے سچ ہونے پر قسم لی جائے۔ اس طرح فیصلہ کر لیا جائے اور اگر انکشاف ہو جائے کہ ان دونوں گواہوں نے جھوٹ بولا تھا تو ان کی بجائے میت کے قریبی لوگوں میں سے دو گواہ پیش ہوں اور قسم کھا کر کہیں: ہماری گواہی ان دونوں کی گواہی سے زیادہ درست ہے۔

اس قانون میں واقعے تک پہنچنے کے لیے دو ذریعے موجود ہیں: اول یہ کہ شک کی صورت میں خود گواہوں کو قسم کھانا پڑتی ہیں اور قسم غالباً جھوٹ ہونے کی صورت میں نہیں کھاتے۔ دوسری بات یہ ہے کہ وارثان پر قسم آنے کی صورت میں ان دونوں کی گواہی غلط ثابت ہو جائے گی اور ان دونوں کے لیے فضیحت کا باعث بنے گی۔ یہ وہ دو باتیں ہیں جن کی وجہ سے درست گواہی مل سکتی ہے۔

۱۰۹۔ رسولوں کی طرف سے اظہار لاعلمی آداب بندگی ہے۔ کیونکہ یہاں عدالت الٰہیہ میں علم خدا کے سامنے لب کشائی خلاف ادب تصور کی جاتی ہے۔

۱۱۰۔ وَاِذْ تَخْلُقُ: جس تخلیقی امر کو حضرت مسیح (ع) نے انجام دیا وہ خلق ابداعی یقیناً نہیں ہے بلکہ خلق

اِذْ اَيَّدْتُّكَ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ تُكَلِّمُ
النَّاسَ فِي الْمَهْدِ وَكَهْلًا ۚ وَاِذْ
عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ
وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ وَاِذْ تَخْلُقُ
مِنَ الطِّيْنِ كَهَيْــَٔةِ الطَّيْرِ بِاِذْنِيْ
فَتَنْفُخُ فِيْهَا فَتَكُوْنُ طَيْرًۢا بِاِذْنِيْ
وَتُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ
بِاِذْنِيْ ۚ وَاِذْ تُخْرِجُ الْمَوْتٰى بِاِذْنِيْ ۚ وَ
اِذْ كَفَفْتُ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَنْكَ اِذْ
جِئْتَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالَ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مِنْهُمْ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ
مُّبِيْنٌ ۝۱۱۰
وَاِذْ اَوْحَيْتُ اِلَى الْحَوَارِيّٖنَ اَنْ
اٰمِنُوْا بِيْ وَبِرَسُوْلِيْ ۚ قَالُوْٓا اٰمَنَّا
وَاشْهَدْ بِاَنَّنَا مُسْلِمُوْنَ ۝۱۱۱
اِذْ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ يٰعِيْسَى ابْنَ
مَرْيَمَ هَلْ يَسْتَطِيْعُ رَبُّكَ اَنْ
يُّنَزِّلَ عَلَيْنَا مَاۗىِٕدَةً مِّنَ السَّمَاۗءِ ۭ قَالَ
اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۱۱۲
قَالُوْا نُرِيْدُ اَنْ نَّاْكُلَ مِنْهَا وَتَطْمَىِٕنَّ
قُلُوْبُنَا وَنَعْلَمَ اَنْ قَدْ صَدَقْتَنَا
وَنَكُوْنَ عَلَيْهَا مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ۝۱۱۳
قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ اللّٰهُمَّ

نے روح القدس کے ذریعے تمہاری تائید کی، تم گہوارے میں اور بڑے ہو کر لوگوں سے باتیں کرتے تھے اور جب میں نے تمہیں کتاب، حکمت، توریت اور انجیل کی تعلیم دی اور جب تم میرے حکم سے مٹی سے پرندے کا پتلا بناتے تھے پھر تم اس میں پھونک مارتے تھے تو وہ میرے حکم سے پرندہ بن جاتا تھا اور تم مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو میرے حکم سے صحت یاب کرتے تھے اور تم میرے حکم سے مردوں کو (زندہ کر کے) نکال کھڑا کرتے تھے اور جب میں نے بنی اسرائیل کو اس وقت تم سے روک رکھا جب تم ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے تھے تو ان میں سے کفر اختیار کرنے والوں نے کہا: یہ تو ایک کھلا جادو ہے۔☆

۱۱۱۔ اور جب میں نے حواریوں پر الہام کیا کہ وہ مجھ پر اور میرے رسول پر ایمان لے آئیں تو وہ کہنے لگے: ہم ایمان لے آئے اور گواہ رہیے کہ ہم مسلمان ہیں۔☆

۱۱۲۔ (وہ وقت یاد کرو) جب حواریوں نے کہا: اے عیسیٰ بن مریم کیا آپ کا رب ہمارے لیے آسمان سے کھانے کا خوان اتار سکتا ہے؟ تو عیسیٰ نے کہا: اگر تم مومن ہو تو اللہ سے ڈرو۔☆

۱۱۳۔ انہوں نے کہا: ہم چاہتے ہیں کہ اس (خوان) میں سے کھائیں اور ہمارے دل مطمئن ہوں اور یہ جان لیں کہ آپ نے ہم سے سچ کہا ہے اور اس پر ہم گواہ رہیں.☆

۱۱۴۔ تب عیسیٰ بن مریم نے دعا کی: اے اللہ! اے ہمارے پروردگار! ہمارے لیے

ترکیبی ہے۔ اس خلق ترکیبی میں روح پھونکنے، مریضوں کو صحت یاب کرنے اور مردوں کو زندہ کرنے میں بِاِذْنِيْ ''میرے اذن سے'' کا تکرار یہ بتلانے کے لیے ہے کہ ان امور میں مسیح (ع) کو استقلالاً قدرت حاصل نہیں ہے۔

اس آیت میں حضرت عیسیٰ (ع) کے لیے اللہ کی طرف سے عنایت شدہ چند ایک گرانقدر نعمتوں کا ذکر ہے: ۱۔ روح القدس کے ذریعے تائید۔ اسی تائید کے طفیل حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے گہوارے میں کلام کیا۔ ۲۔ کتاب حکمت توریت و انجیل کی تعلیم۔ ۳۔ مٹی سے پرندہ بنانا اور اس میں روح پھونکنا۔ ۴۔ مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو شفا دینا۔ ۵۔ مردوں کو زندہ کرنا۔ ۶۔ بنی اسرائیل کے شر سے بچانا۔

۱۱۱۔ یہاں وحی سے مراد الہام ہے جیسا کہ قرآن نے متعدد جگہوں پر الہام کو وحی سے تعبیر کیا ہے۔ یہ الہام ایمان لانے اور حواری کے مقام پر فائز ہونے کے بعد تجدید عہد کے لیے ہوا۔

۱۱۲ تا ۱۱۵۔ یہ سوال حواریوں کی طرف سے اس وقت کیا گیا جب وہ حضرت عیسیٰ (ع) پر ایمان لا چکے تھے اور ان کے حواریوں میں شامل ہو گئے تھے۔ ظاہر ہے کہ یہ حواری حضرت عیسیٰ (ع) کی معجزانہ ولادت اور گہوارے میں کلام کرنے کو دیکھ کر ایمان لائے، اس کے باوجود مائدہ کا مطالبہ کیا معنی رکھتا ہے؟۔

جواب یہ ہے کہ درست ہے کہ ان کا یہ مطالبہ ایک قسم کے عدم اطمینان کا اظہار تھا۔ اس لیے حضرت عیسیٰ (ع) نے ان کو ان الفاظ میں سرزنش کی: اتَّقُوا اللّٰهَ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ۔ اگر تم ایمان والے ہو تو خدا سے ڈرو۔ یعنی ایسی خلاف ایمان باتیں نہ کرو۔ لیکن حواریوں نے اپنے مطالبہ کے جائز ہونے اور نیک نیتی پر مبنی ہونے اور یہ مطالبہ ایمان کے منافی نہ ہونے پر درج ذیل مطالب بیان کیے ہیں: ۱۔ اس خوان سے کھا کر ہمارے دلوں میں اطمینان آئے گا۔ ۲۔ آپ کی نبوت کی صداقت پر ایک اور تازہ معجزہ سامنے آئے گا۔ ۳۔ دوسروں کے لیے ہم آپ کی صداقت پر گواہی دیں گے۔

سیاق آیت سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کی توجیہ

رَبَّنَاۤ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ
تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَ
اٰيَةً مِّنۡكَ ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ
الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۱۱۴﴾
قَالَ اللّٰهُ اِنِّىۡ مُنَزِّلُهَا عَلَيۡكُمۡ ۚ
فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بَعۡدُ مِنۡكُمۡ فَاِنِّىۡۤ
اُعَذِّبُهٗ عَذَابًا لَّاۤ اُعَذِّبُهٗۤ اَحَدًا
مِّنَ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۱۵﴾ ع ۱۵
وَاِذۡ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيۡسَى ابۡنَ مَرۡيَمَ
ءَاَنۡتَ قُلۡتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوۡنِىۡ وَ
اُمِّىَ اِلٰهَيۡنِ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ؕ قَالَ
سُبۡحٰنَكَ مَا يَكُوۡنُ لِىۡۤ اَنۡ اَقُوۡلَ
مَا لَيۡسَ لِىۡ ۗ بِحَقٍّ ؕ اِنۡ كُنۡتُ
قُلۡتُهٗ فَقَدۡ عَلِمۡتَهٗ ؕ تَعۡلَمُ مَا فِىۡ
نَفۡسِىۡ وَلَاۤ اَعۡلَمُ مَا فِىۡ نَفۡسِكَ ؕ
اِنَّكَ اَنۡتَ عَلَّامُ الۡغُيُوۡبِ ﴿۱۱۶﴾
مَا قُلۡتُ لَهُمۡ اِلَّا مَاۤ اَمَرۡتَنِىۡ بِهٖۤ
اَنِ اعۡبُدُوا اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبَّكُمۡ ۚ وَ
كُنۡتُ عَلَيۡهِمۡ شَهِيۡدًا مَّا دُمۡتُ
فِيۡهِمۡ ۚ فَلَمَّا تَوَفَّيۡتَنِىۡ كُنۡتَ اَنۡتَ
الرَّقِيۡبَ عَلَيۡهِمۡ ؕ وَاَنۡتَ عَلٰى كُلِّ
شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿۱۱۷﴾
اِنۡ تُعَذِّبۡهُمۡ فَاِنَّهُمۡ عِبَادُكَ ۚ وَ

آسمان سے کھانے کا ایک خوان نازل فرما کہ ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لیے وہ دن عید اور تیری طرف سے نشانی ہو اور ہمیں رزق دے کہ تو بہترین رزق دینے والا ہے۔☆

۱۱۵۔ اللہ نے فرمایا: میں یہ خوان تم پر نازل کرنے والا ہوں، لیکن اگر اس کے بعد تم میں سے کوئی کفر اختیار کرے گا تو اسے میں ایسا عذاب دوں گا کہ اس جیسا عذاب عالمین میں کسی کو نہ دیا ہوگا۔☆

۱۱۶۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ نے فرمایا: اے عیسیٰ بن مریم کیا آپ نے لوگوں سے کہا تھا کہ اللہ کے سوا مجھے اور میری والدہ کو خدا بناؤ؟ عیسیٰ نے عرض کی: تو پاک ہے میں ایسی بات کیسے کہ سکتا ہوں جس کا مجھے کوئی حق ہی نہیں؟ اگر میں نے ایسا کچھ کہا ہوتا تو تجھے اس کا علم ہوتا، کیونکہ تو میرے دل کی بات جانتا ہے لیکن میں تیرے اسرار نہیں جانتا، یقیناً تو ہی غیب کی باتیں خوب جاننے والا ہے۔☆

۱۱۷۔ میں نے تو ان سے صرف وہی کہا جس کا تو نے مجھے حکم دیا تھا کہ اس اللہ کی عبادت کرو جو میرا اور تمہارا پروردگار ہے، جب تک میں ان کے درمیان رہا میں ان پر گواہ رہا اور جب تو نے مجھے اٹھا لیا تو تو خود ہی ان پر نگران ہے اور تو ہی ہر چیز پر گواہ ہے۔☆

۱۱۸۔ اگر تو انہیں عذاب دے تو یہ تیرے ہی بندے ہیں اور اگر تو انہیں بخش دے

حضرت عیسیٰ (ع) نے پسند فرمائی اور نزول مائدہ کی دعا کے ضمن میں اس کے دیگر فوائد و مصالح کی طرف اشارہ فرمایا: ۱۔ نزول مائدہ پوری امت کے لیے عید بن جائے۔ ۲۔ امت عیسیٰ (ع) کے لیے ایک خصوصی نشانی کی حیثیت بن جائے۔ ۳۔ اللہ کی طرف سے پانے والے براہ راست رزق کی سعادت سے مالا مال ہو جائے۔

دعائے مسیح (ع) کا شرف قبولیت حاصل کرنا ایک طبیعی امر ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں خوان نازل کرنے والا ہوں۔ اللہ کی طرف سے ایک حتمی وعدہ آنے کے بعد خوان نازل ہونا قرین قیاس معلوم ہوتا ہے۔ اگرچہ بعض مفسرین بعض روایت کی بنا پر لکھتے ہیں: سخت ترین عذاب کی دھمکی سن کر حواریوں نے اپنا مطالبہ واپس لے لیا۔

موجودہ اناجیل میں اس خوان کا کوئی ذکر نہیں ملتا۔ بعض واقعات ملتے ہیں لیکن جو واقعہ قرآن نے بیان کیا ہے اس کے مطابق نہیں ہیں۔ لہذا ممکن ہے کہ حضرت عیسیٰ (ع) کے صدیوں بعد جمع ہونے والی اناجیل سے یہ واقعہ رہ گیا ہو اور عین ممکن ہے کہ اس واقعہ کے ضمن میں حضرت عیسیٰ (ع) کے ابن اللہ نہ ہونے اور رسول ہونے پر واضح دلائل موجود ہوں۔ اس لیے اسے حذف کر دیا گیا ہو۔

۱۱۶۔ عیسائیوں نے باپ، بیٹے اور روح القدس کے ساتھ حضرت مریم (ع) کو ''مادر خدا'' کے نام سے معبود بنا لیا ہے۔ ''مادر خدا'' کا لقب پہلی بار ۴۳۱ء میں منعقدہ کونسل نے استعمال کیا۔ اس کے بعد ''مادر خدا'' کی اہمیت باپ، بیٹے اور روح القدس سے زیادہ ہو گئی۔ اگرچہ پروٹسٹنٹوں کی اصلاحی تحریک کے بعد اس فرقے میں حضرت مریم (س) کی پرستش میں کمی آ گئی۔

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ: اللہ کو چھوڑ کر مسیح (ع) اور مریم (س) کو معبود بنانے سے مراد یہ ہے کہ اللہ کی وحدانیت کو چھوڑ کر، ورنہ وہ مسیح (ع) اور مریم (س) کے ساتھ اللہ کو بھی معبود سمجھتے تھے کیونکہ اللہ کی وہ عبادت قبول ہے جو اس کی وحدانیت کے ساتھ ہو۔ شرک کے ساتھ ایمان و عبادت قابل قبول نہیں ہے۔

۱۱۷ مَا قُلۡتُ لَهُمۡ اِلَّا مَاۤ اَمَرۡتَنِىۡ: چنانچہ موجودہ عیسائی انجیل میں بھی یہ اعتراف موجود ہے: ''ابدی زندگی یہ ہے کہ لوگ تیری معرفت حاصل کریں کہ تو ہی حقیقی اور واحد معبود ہے۔ یسوع مسیح کو

اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ﴿۱۱۸﴾
قَالَ اللّٰهُ هٰذَا يَوْمُ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ
صِدْقُهُمْ ؕ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ؕ
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۹﴾
لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
فِيْهِنَّ ؕ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۲۰﴾ ع ۱۵ ۶

﴿۶ سُوْرَةُ الْاَنْعَامِ مَكِّيَّةٌ ۱۶۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ وَجَعَلَ الظُّلُمٰتِ وَالنُّوْرَ ؕ
ثُمَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ
يَعْدِلُوْنَ ﴿۱﴾
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ قَضٰى
اَجَلًا ؕ وَاَجَلٌ مُّسَمًّى عِنْدَهٗ ثُمَّ
اَنْتُمْ تَمْتَرُوْنَ ﴿۲﴾
وَهُوَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ فِي
الْاَرْضِ ؕ يَعْلَمُ سِرَّكُمْ
وَجَهْرَكُمْ وَيَعْلَمُ مَا تَكْسِبُوْنَ ﴿۳﴾
وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ
اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿۴﴾

تو تو ہی غالب آنے والا حکمت والا ہے۔☆

۱۱۹۔ اللہ نے فرمایا: یہ وہ دن ہے جس میں سچوں کو ان کی سچائی فائدہ دے گی، ان کے لیے ایسی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں جن میں وہ ابد تک ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں، یہی بڑی کامیابی ہے۔☆

۱۲۰۔ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان موجود ہے سب پر اللہ کی سلطنت ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

سورۂ انعام ۔ مکی ۔ آیات ۱۶۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور تاریکیوں اور روشنی کو بنایا، پھر بھی یہ کافر (دوسرے دیوتاؤں کو) اپنے رب کے برابر لاتے ہیں۔

۲۔ اسی نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر ایک مدت کا فیصلہ کیا اور ایک مقررہ مدت اس کے پاس ہے، پھر بھی تم تردد میں مبتلا ہو۔☆

۳۔ اور آسمانوں میں بھی اور زمین میں بھی وہی ایک اللہ ہے، وہ تمہاری پوشیدہ اور ظاہری باتوں کو جانتا ہے اور تمہارے اعمال کو بھی جانتا ہے۔☆

۴۔ اور اللہ کی نشانیوں میں سے جو بھی نشانی ان کے پاس آتی ہے یہ اس سے منہ موڑ لیتے ہیں۔☆

آپ نے بھیجا۔" (یوحنا ۷: ۳۔ بحوالہ المنار)

۱۱۸۔ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ: اگر تو انہیں عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں۔ اس تعبیر میں ایک قسم کی رحم طلبی ہے اور ساتھ آداب بندگی کا اظہار بھی ہے کہ یہ تیرے ہی بندے ہیں۔ ان پر صرف تیرا حکم نافذ ہے۔

۱۱۹۔ حضرت عیسیٰ (ع) کا جواب سچائی کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے کہ بروز قیامت اللہ کی بارگاہ میں جو بیان دیا وہ سب حق پر مبنی تھا اور وہ اپنی ساری باتوں میں صادق القول نکلے۔ آخرت میں اللہ کے سامنے صادق القول وہ ہو سکتے ہیں جنہوں نے دنیا میں کوئی نافرمانی نہ کی ہو۔
اس کے بعد ایسے صادق القول افراد کے بارے میں جنت کی بشارت کے بعد فرمایا: رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ان سے اللہ راضی ہوگا۔ حقیقی بندوں کے لیے اللہ کی رضایت کے مقابلہ میں جنت کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

سورۂ انعام

۲۔ انسانی جسم کی تخلیق میں زمینی عناصر استعمال ہوئے ہیں اور اس میں کوئی عنصر ایسا نہیں ہے جو ارضی نہ ہو۔ آیت کے دوسرے جملے میں دو مدتوں کا ذکر ہے۔ ایک غیر معین مدت اور ایک معین مدت۔ چنانچہ انسانی زندگی میں دو قسم کے عوامل سامنے آتے ہیں، ایک طبیعی اور دوسرا غیر طبیعی۔ انسان بھی ایک مشین ہے جو قدرتی طور پر ایک معین مدت تک کے لیے بنائی گئی ہے۔ جس طرح مشین کی زندگی کا دار و مدار مشین بنانے والے پر ہے جس کی روسے بنانے والا گارنٹی دے سکتا ہے، لیکن کسی حادثے کی صورت میں اس مشین کی زندگی مختصر ہو سکتی ہے، جس کا دار و مدار حالات پر ہے۔ بالکل اسی طرح انسان کو اللہ نے طبیعی لحاظ سے ایک مدت کے لیے بنایا ہے۔ اس مدت کے بعد انسان کو حتمی طور پر مرنا ہے، جسے "اجل محتوم" کہتے ہیں۔ لیکن غیر طبیعی علل و اسباب کی وجہ سے انسان کی عمر مختصر ہو سکتی ہے، یہ مدت غیر معین ہے۔ چونکہ اس کا دار و مدار حالات پر ہے، لہٰذا اسے "اجل غیر حتمی" کہتے ہیں۔ "اجل محتوم" ناقابل تغییر ہے، جبکہ "غیر حتمی اجل" قابل تغییر ہے۔

۳۔ تمام مشرک قوموں کے مشرکانہ عقائد کی رد میں فرمایا: زمین کا دیوتا الگ اور آسمان کا دیوتا الگ نہیں ہوتا بلکہ آسمانوں اور زمین پر ایک ہی اللہ

فَقَدْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۭ فَسَوْفَ يَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۵

۵۔ چنانچہ جب حق ان کے پاس آیا تو انہوں نے اسے بھی جھٹلا دیا، پس جس چیز کا یہ لوگ مذاق اڑاتے ہیں اس کی خبر عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گی۔☆

اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ مَا لَمْ نُمَكِّنْ لَّكُمْ وَاَرْسَلْنَا السَّمَاۗءَ عَلَيْهِمْ مِّدْرَارًا ۠ وَّجَعَلْنَا الْاَنْهٰرَ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمْ فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ۝۶

۶۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ان سے پہلے کتنی ہی ایسی قوموں کو نابود کر دیا جنہیں ہم نے زمین میں وہ اقتدار دیا تھا جو ہم نے تمہیں نہیں دیا؟ اور ہم نے ان پر آسمان سے موسلا دھار بارشیں برسائیں اور ان کے نیچے نہریں جاری کر دیں پھر ہم نے ان کے گناہوں کے سبب انہیں ہلاک کر دیا اور ان کے بعد ہم نے اور قومیں پیدا کیں۔

وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ بِاَيْدِيْهِمْ لَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷

۷۔ اور (اے رسول) اگر ہم کاغذ پر لکھی ہوئی کوئی کتاب (بھی) آپ پر نازل کرتے اور یہ لوگ اپنے ہاتھوں سے اسے چھو بھی لیتے تب بھی کافر یہی کہتے کہ یہ ایک صریح جادو کے سوا کچھ نہیں۔

وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ مَلَكٌ ۭ وَلَوْ اَنْزَلْنَا مَلَكًا لَّقُضِيَ الْاَمْرُ ثُمَّ لَا يُنْظَرُوْنَ ۝۸

۸۔ اور کہتے ہیں: اس (پیغمبر) پر فرشتہ کیوں نازل نہیں کیا گیا اور اگر ہم نے فرشتہ نازل کر دیا ہوتا تو (اب تک) فیصلہ بھی ہو چکا ہوتا پھر انہیں (ذرا) مہلت نہ دی جاتی۔☆

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۝۹

۹۔ اور اگر ہم اسے فرشتہ قرار دیتے بھی تو مردانہ (شکل میں) قرار دیتے اور ہم انہیں اسی شبہ میں مبتلا کرتے جس میں وہ اب مبتلا ہیں۔☆

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ ع

۱۰۔ اور آپ سے پہلے بھی رسولوں کے ساتھ تمسخر ہوتا رہا ہے آخرکار تمسخر کرنے والوں کو اسی بات نے گرفت میں لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔☆

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ ثُمَّ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۱۱

۱۱۔ (ان سے) کہہ دیجیے: زمین میں چلو پھرو پھر دیکھو کہ جھٹلانے والوں کا کیا انجام ہوا ہے؟☆

کی حکمرانی ہے۔

۴۔۵۔ مشرکین اور مفاد پرستوں کا ہمیشہ یہ وطیرہ رہا ہے کہ وہ الٰہی پیغام کی تکذیب کرتے ہیں اور جب بھی حق کا پیغام ان کے پاس آیا اس کا مذاق اڑایا۔ جدید جاہلیت بھی آیات الٰہی، تعلیمات قرآن اور اسلام کے نظام حیات کا مطالعہ کیے بغیر دین اور دین والوں کا مذاق اڑاتی ہے۔ ایسے لوگوں کو اللہ تعالیٰ خبردار فرماتا ہے کہ جس حق بات کا یہ لوگ مذاق اڑا رہے ہیں اس کا انہیں عنقریب علم ہو جائے گا۔ دنیا میں حق کی فتح و نصرت کی خبر سنیں گے اور آخرت میں عذاب الٰہی کے ذریعے اس مذاق کا مزہ چکھنا ہوگا۔

۸۔ مہلت کی وضاحت یہ ہے کہ جب تک ایمان بالغیب ہے اور تعقل و تفکر کے ذریعے ایمان کی دعوت دی جاتی ہے، تب تک مہلت مل جاتی ہے، لیکن جب منکرین کے مطالبے پر ایمان شہود کی منزل میں آ جاتا ہے اور تعقل و تفکر سے گزر کر محسوسات کے مرحلے میں داخل ہو جاتا ہے تو اس کے بعد مہلت ختم ہو جاتی ہے، کیونکہ امتحان کے لیے مزید گنجائش نہیں رہتی۔ پس نتیجہ امتحان اور عذاب کا مرحلہ آ جاتا ہے۔

۹۔ اگر ہم فرشتے بھیجتے تو تمہیں وہی اشتباہ پیش آتا جواب پیش آ رہا ہے۔ کیونکہ ہم فرشتوں کو انسانوں کی ہدایت کے لیے بھیجتے تو لازماً لوگ انہیں دیکھ لیتے، ان سے ہم کلام ہوتے اور وہ فرشتے اطاعت کے لیے نمونہ عمل اور پابند احکام ہوتے۔ اس صورت میں ساری بشری خاصیتیں ان میں ہوتیں۔ پس لوگ ان پر بھی وہی اعتراض کرتے جو رسولوں پر کرتے ہیں۔

۱۰۔ سنت الٰہی ہے کہ تمسخر کرنے والے اسی بات کی گرفت میں آ جاتے ہیں جس کا وہ تمسخر کرتے تھے نیز تمسخر، بذات خود دلیل اور صحیح طرز فکر کے فقدان کی دلیل ہے۔

۱۱۔ مطالعۂ تاریخ کی غرض سے سیر فی الارض جدید طریقہ تحقیق ہے، جس کا عربوں کو علم ہی نہ تھا۔ بڑی بڑی تہذیبوں اور سلطنتوں کے باقی ماندہ کھنڈرات سے ان کے انجام بد کی گواہی مل جاتی ہے۔

قُلْ لِّمَنْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
قُلْ لِّلّٰهِ ؕ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ؕ
لَيَجْمَعَنَّكُمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَا رَيْبَ
فِيْهِ ؕ اَلَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾
وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ؕ وَ
هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۳﴾
قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ
وَلَا يُطْعَمُ ؕ قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ
اَكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَسْلَمَ وَلَا تَكُوْنَنَّ
مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۴﴾
قُلْ اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾
مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ
رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾
وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا
كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ
بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾
وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ ؕ وَهُوَ
الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿۱۸﴾
قُلْ اَيُّ شَيْءٍ اَكْبَرُ شَهَادَةً ؕ قُلِ
اللّٰهُ ۙ شَهِيْدٌۢ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۫

۱۲۔ ان سے پوچھ لیجیے: آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ کس کا ہے؟ کہہ دیجیے: (سب کچھ) اللہ ہی کا ہے، اس نے رحمت کو اپنے پر لازم کر دیا ہے، وہ تم سب کو قیامت کے دن جس کے آنے میں کوئی شک نہیں ضرور بہ ضرور جمع کرے گا جنہوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈال رکھا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے۔☆

۱۳۔ اور جو (مخلوق) رات اور دن میں بستی ہے وہ سب اللہ کی ہے اور وہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

۱۴۔ کہہ دیجیے: کیا میں آسمانوں اور زمین کے خالق اللہ کو چھوڑ کر کسی اور کو اپنا آقا بناؤں؟ جبکہ وہی کھلاتا ہے اور اسے کھلایا نہیں جاتا، کہہ دیجیے: مجھے یہی حکم ہے کہ سب سے پہلے اس کے آگے سر تسلیم خم کروں اور یہ (بھی کہا گیا ہے) کہ تم ہرگز مشرکین میں سے نہ ہونا۔☆

۱۵۔ (یہ بھی) کہہ دیجیے: اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے۔☆

۱۶۔ جس شخص سے اس روز یہ (عذاب) ٹال دیا گیا اس پر اللہ نے (بڑا ہی) رحم کیا اور یہی نمایاں کامیابی ہے۔

۱۷۔ اور اگر اللہ تمہیں ضرر پہنچائے تو خود اس کے سوا اسے دور کرنے والا کوئی نہیں اور اگر وہ تمہیں کوئی بھلائی عطا کرے تو وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۱۸۔ اور وہی اپنے بندوں پر غالب ہے اور وہی بڑا حکمت والا، باخبر ہے۔

۱۹۔ کہہ دیجیے: گواہی کے لحاظ سے کون سی چیز سب سے بڑی ہے؟ کہہ دیجیے: اللہ ہی میرے اور تمہارے درمیان گواہ ہے

۱۲۔ كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ: اللہ نے رحمت کو اپنے ذمے لیا ہے وہ ارحم الراحمین ہے اور انسان کی تخلیق میں بھی رحیم ہے۔ چنانچہ اس نے انسان کو احسن تقویم کے سانچے میں ڈھالا۔ وہ انسان کے لیے کسخیر کائنات میں رحیم ہے۔ وہ انسانی تعلیم و تربیت میں رحیم ہے۔ انسان کی ہدایت ورہنمائی میں رحیم ہے۔ عفو ودرگزر میں رحیم ہے اور قیامت کی عدالت میں رحیم ہے۔ اس رحیم وکریم رب کو چھوڑ کر بتوں کے سامنے جھکتے ہو؟

۱۴۔ اگر کسی کی عبادت اس لیے کی جاتی ہے کہ وہ خالق ہے تو آسمانوں اور زمین کا خالق تو اللہ ہے۔ اگر عبادت کی وجہ یہ ہے کہ ہماری جانوں کا مالک ہے تو اللہ ہی ہر مخلوق کا مالک ہے اور اگر عبادت نعمت کی فراوانی کی بنا پر ہوتی ہے تو یہ فراوانی بھی اللہ ہی کی طرف سے ہے۔

فَاطِر: فطر کے لغوی معنی شگاف کے ہیں۔ اگرچہ یہ لفظ خالق کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے تاہم اللہ کا طریقہ تخلیق شگاف ہے۔ اللہ تخم اور دانے کو چیرتا ہے۔ دانے سے تنا اس سے شاخ اس سے پتے اس سے پھول، اس سے میوے چیر کر نکالتا ہے: فَالِقُ الْحَبِّ وَالنَّوٰى ۔ (انعام: ۹۵) دانے اور گٹھلی کا شگافتہ کرنے والا۔

۱۵۔ قانون کی خلاف ورزی کی صورت میں خوف لاحق ہونا قدرتی بات ہے۔ اس آیت میں نہایت مؤثر انداز میں یہ بات پیش کی گئی ہے۔ رسول کریمؐ خود اپنی ذات کو پیش کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں خود اپنے رب کی نافرمانی کرتا تو مجھے بھی خوف لاحق ہو جاتا۔ یعنی معصیت کی صورت میں عدل الٰہی سے خوف آتا ہے۔

۱۹۔ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ: تاکہ میں تمہیں اور جس تک یہ پیغام پہنچے سب کی تنبیہ کروں۔ اس جملے سے قرآن کا دائمی منشور ہونا ثابت ہے کہ قیامت تک جن جن لوگوں تک یہ الٰہی پیغام پہنچے ان سب کے لیے یہ قرآن دستور حیات اور خاتم ادیان ہے۔

قرآن کا ایک دائمی منشور اور جامع نظام حیات ہونا خود اپنی جگہ ان لوگوں کے لیے ایک چیلنج ہے، جو اس قرآن اور قرآنی نظریۂ توحید پر ایمان نہیں رکھتے۔ اس چیلنج کے بعد پروردگار، منطق اور دلیل کے لہجے میں سوال فرماتا ہے: اَئِنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ کیا اس کے باوجود تم یہ گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ یقیناً کائناتی

وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ
لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ ؕ
اَىِٕنَّكُمْ لَتَشْهَدُوْنَ اَنَّ مَعَ اللّٰهِ
اٰلِهَةً اُخْرٰى ؕ قُلْ لَّاۤ اَشْهَدُ ۚ قُلْ
اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ وَّاِنَّنِيْ بَرِيْٓءٌ
مِّمَّا تُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹﴾
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ
كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ اَلَّذِيْنَ
خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَهُمْ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ لَا
يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ
لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَيْنَ شُرَكَآؤُكُمُ
الَّذِيْنَ كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۲۲﴾
ثُمَّ لَمْ تَكُنْ فِتْنَتُهُمْ اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْا
وَاللّٰهِ رَبِّنَا مَا كُنَّا مُشْرِكِيْنَ ﴿۲۳﴾
اُنْظُرْ كَيْفَ كَذَبُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ وَ
ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ
وَجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ
يَّفْقَهُوْهُ وَفِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ

وقف لازم — وقف لازم — ع ۲

اور یہ قرآن میری طرف بذریعہ وحی نازل کیا گیا ہے تاکہ میں تمہیں اور جس تک یہ پیغام پہنچے سب کو تنبیہ کروں، کیا تم یہ گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود ہے؟ کہہ دیجیے: میں تو ایسی گواہی نہیں دیتا، کہہ دیجیے: معبود تو صرف وہی ایک ہے اور جو شرک تم کرتے ہو میں اس سے بیزار ہوں۔☆

۲۰۔ جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ اس (رسول) کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، جنہوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈال رکھا ہے، پس وہی ایمان نہیں لائیں گے۔☆

۲۱۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ افترا کرے یا اس کی آیات کو جھٹلائے؟ یقیناً ایسے ظالم کبھی نجات نہیں پائیں گے۔☆

۲۲۔ اور جس دن ہم تمام لوگوں کو جمع کریں گے پھر ہم مشرکوں سے پوچھیں گے: تمہارے وہ شریک اب کہاں ہیں جن کا تمہیں زعم تھا؟ ☆

۲۳۔ پھر ان سے اور کوئی عذر بن نہ سکے گا سوائے اس کے کہ وہ کہیں: اپنے رب اللہ کی قسم ہم مشرک نہیں تھے۔☆

۲۴۔ دیکھیں: انہوں نے اپنے آپ پر کیسا جھوٹ بولا اور جو کچھ وہ افترا کرتے تھے کس طرح بے حقیقت ثابت ہوا؟ ☆

۲۵۔ اور ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو کان لگا کر آپ کی باتیں سنتے ہیں، لیکن ہم نے ان کے دلوں پر پردے ڈال دیے ہیں کہ وہ انہیں سمجھ نہ سکیں اور ان کے

نظام کی وحدت خالق کی وحدت کی گواہی دیتی ہے۔

۲۰۔ ۲۱۔ اہل کتاب پر نازل ہونے والی کتابوں میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوصاف و شمائل ایسے بیان ہوئے تھے کہ وہ ان کو پہچاننے میں کسی اشتباہ یا دقت کے شکار نہ ہوتے بلکہ جس طرح ایک باپ اپنے بیٹے کو ہزاروں میں سے بلا تردد پہچان لیتا ہے اسی طرح وہ رسول کریمؐ کو بھی پہچانتے ہیں، لہٰذا اہل کتاب کسی اشتباہ یا غلط فہمی کی وجہ سے اس رسول کے منکر نہیں ہو رہے ہیں، بلکہ ان کو رسول حق جاننے کے باوجود نہیں مانتے: اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۔ (اعراف: ۱۵۷)

۲۲ تا ۲۴۔ بروز قیامت مشرکین سے یہ خطاب ہوگا کہ وہ اپنے ان دیوتاؤں کو تلاش کریں جن سے انہوں نے ساری امیدیں وابستہ کر رکھی تھیں کہ وہ اس روز ان کی شفاعت کریں، ان کو نجات دلائیں۔ مشرکین جواب میں یہ عذر پیش کریں گے اور قسم کھائیں گے کہ ہم مشرک نہ تھے: يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ (مجادلۃ: ۱۸) وہی طرز قسم جو دنیا میں کھایا کرتے تھے۔ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ اس دن تمام راز فاش ہو جائیں گے۔ جس کی وجہ سے انکار کی گنجائش نہیں رہتی تاہم دنیا میں جن لوگوں کا خلق و خو حقائق سے انکار کرنا تھا، آخرت میں اسی خلق و خو کے ساتھ محشور ہوں گے۔ چنانچہ دنیا میں مشرکین کا خلق و خو حقائق سے انکار کرنا تھا، یہی وطیرہ قیامت کے دن بھی اپنائیں گے۔

ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ: قیامت کے روز حقائق سامنے آئے تو ان دیوتاؤں کی حقیقت فاش ہوگئی کہ وہ ایک واہمہ کے سوا کچھ نہ تھے۔

۲۵۔ اس سے پہلے بھی کئی بار ذکر آیا کہ جو لوگ قابل ہدایت نہیں رہتے اللہ تعالیٰ ان پر اپنی رحمت و شفقت کا دروازہ بند کر دیتا ہے۔ اسی کو دلوں پر پردہ ڈالنے اور مہر لگانے سے تعبیر کیا گیا ہے۔ اللہ کا طریقہ کار اور سنت یہ کہ جو اس کی ہدایت کو قبول اور حاصل کرنے کے لیے سعی کرتے ہیں ان کو ہدایت سے نوازتا ہے: وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا (عنکبوت: ۶۹) اور تزکیہ نفس کے ساتھ نجات و کامیابی ممکن ہے:

يَّرَوْا كُلَّ اٰيَةٍ لَّا يُؤْمِنُوْا بِهَا ؕ حَتّٰۤى
اِذَا جَآءُوْكَ يُجَادِلُوْنَكَ يَقُوْلُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ هٰذَاۤ اِلَّاۤ
اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۵﴾
وَهُمْ يَنْهَوْنَ عَنْهُ وَيَنْـَٔوْنَ عَنْهُ ۚ
وَاِنْ يُّهْلِكُوْنَ اِلَّاۤ اَنْفُسَهُمْ وَ
مَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۶﴾
وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلَى النَّارِ
فَقَالُوْا يٰلَيْتَنَا نُرَدُّ وَلَا نُكَذِّبَ
بِاٰيٰتِ رَبِّنَا وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۷﴾
بَلْ بَدَا لَهُمْ مَّا كَانُوْا يُخْفُوْنَ مِنْ
قَبْلُ ؕ وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا لِمَا نُهُوْا
عَنْهُ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۲۸﴾
وَقَالُوْۤا اِنْ هِىَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا
وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۲۹﴾
وَلَوْ تَرٰۤى اِذْ وُقِفُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ؕ
قَالَ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ؕ قَالُوْا بَلٰى
وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا
كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع ۲۱ ۴
قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ اللّٰهِ ؕ
حَتّٰۤى اِذَا جَآءَتْهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً
قَالُوْا يٰحَسْرَتَنَا عَلٰى مَا فَرَّطْنَا
فِيْهَا ۙ وَهُمْ يَحْمِلُوْنَ اَوْزَارَهُمْ

کانوں میں گرانی (بہرہ پن) ہے اور اگر وہ تمام نشانیاں دیکھ لیں پھر بھی ان پر ایمان نہیں لائیں گے یہاں تک کہ یہ (کافر) آپ کے پاس آتے ہیں تو آپ سے جھگڑتے ہیں، کفار کہتے ہیں: یہ تو بس قصہ ہائے پارینہ ہیں۔☆

۲۶۔ اور یہ (لوگوں کو) اس سے روکتے ہیں اور (خود بھی) ان سے دور رہتے ہیں اور وہ صرف اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں مگر اس کا شعور نہیں رکھتے۔☆

۲۷۔ اور اگر آپ (وہ منظر) دیکھیں جب وہ جہنم کے کنارے کھڑے کیے جائیں گے تو کہیں گے: کاش ہم پھر (دنیا میں) لوٹا دیے جائیں اور ہم اپنے رب کی آیات کی تکذیب نہ کریں اور ہم ایمان والوں میں شامل ہو جائیں۔☆

۲۸۔ بلکہ ان پر وہ سب کچھ واضح ہو گیا جسے یہ پہلے چھپا رکھتے تھے اور اگر انہیں واپس بھیج بھی دیا جائے تو یہ پھر وہی کریں گے جس سے انہیں منع کیا گیا ہے اور یقیناً یہ جھوٹے ہیں۔☆

۲۹۔ اور کہتے ہیں: ہماری اس دنیاوی زندگی کے سوا کچھ بھی نہیں اور ہم (مرنے کے بعد دوبارہ) زندہ نہیں کیے جائیں گے۔

۳۰۔ اور اگر آپ (وہ منظر) دیکھ لیں جب یہ لوگ اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے تو وہ فرمائے گا: کیا یہ (دوبارہ زندہ ہونا) حق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں؟ ہمارے رب کی قسم (یہ حق ہے)، وہ فرمائے گا: پھر اپنے کفر کے بدلے عذاب چکھو۔

۳۱۔ وہ لوگ گھاٹے میں رہ گئے جو اللہ سے ملاقات کو جھٹلاتے ہیں یہاں تک کہ جب ان پر اچانک قیامت آ جائے گی تو (یہی لوگ) کہیں گے: افسوس ہم نے اس میں

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا۔ (شمس:۹) اس کے برخلاف جن لوگوں نے انکار اور عصبیت کا تہیہ کر رکھا ہے وہ تمام نشانیاں دیکھ بھی لیں ایمان نہیں لاتے۔

۲۶۔ وَهُمْ یعنی وہ لوگ جو آپؐ کے پاس آپؐ سے جھگڑنے کے لیے آتے ہیں نیز لوگوں کو اس قرآن کے سننے سے روکتے ہیں اور خود بھی دور رہتے ہیں۔ سیاق و سباق کلام، رسولؐ اللہ سے جھگڑنے والے مشرکین کے بارے میں ہے، لیکن ستم ظریفی دیکھیے کہ قرطبی نے اپنی تفسیر میں اور اردو تفسیر معارف القرآن کے مؤلف وغیرہ نے اس روایت کی نقل میں کوئی خفت محسوس نہیں کی کہ یہ آیت حضرت ابوطالبؑ کے بارے میں نازل ہوئی کہ وہ لوگوں کو رسولؐ کی اذیت سے روکتے تو تھے لیکن خود ایمان لانے سے دوری اختیار کرتے تھے۔ وہ کہتے ہیں: اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ وَ رَسُوْلُهٗ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوا میں جمع کا صیغہ مفرد کے لیے استعمال نہیں ہو سکتا۔ لیکن اس آیت میں ینھون اور یَنْـَٔوْنَ جمع کے صیغے مفرد کے لیے استعمال ہو سکتے ہیں۔ فرق باپ بیٹے کا تو نہیں کہ بیٹے کے لیے استعمال نہیں ہو سکتا، باپ کے لیے ہو سکتا ہے، بلکہ فرق یہ ہے کہ آیہ اِنَّمَا سے بیٹے حضرت علیؑ کی فضیلت ثابت ہوتی ہے اور اس آیت سے (نعوذ باللہ) باپ کا کفر ثابت ہوتا ہے۔ خود روایت کا حال یہ ہے کہ اولاً حبیب بن ابی ثابت ایک مجہول شخص سے روایت ہے۔ ثانیاً یہ روایت ابن عباس کی طرف منسوب ہے جو ان متعدد روایات سے متصادم ہے جو خود ابن عباس سے مروی ہیں اور جن میں کہا گیا ہے کہ یہ آیت ان مشرکین کے بارے میں ہے جو قرآن سننے سے روکتے تھے۔

۲۷۔۲۸۔ عالم آخرت کے مشاہدے کے بعد مشرک یہ آرزو کرے گا کہ کاش ہمیں ایک موقع اور مل جاتا تو ہم ایمان والوں میں شامل ہو جاتے۔ اگرچہ واپس دنیا میں جانا ممکن نہیں ہے لیکن انسان ناممکنات کی بھی آرزو کرتا ہے کہ کاش جوانی لوٹ آتی۔

بَلْ بَدَا لَهُمْ: یہ آرزو وہ اس وقت کریں گے جب ان پر وہ بات واضح ہو جائے گی جسے یہ دنیا میں چھپاتے تھے۔ یعنی اپنے اعمال بد کو چھپاتے تھے، آج وہ آتش جہنم کے مشاہدے سے ظاہر ہو گئے۔

عَلٰى ظُهُوْرِهِمْ ؕ اَلَا سَآءَ مَا
يَزِرُوْنَ ﴿۳۱﴾
وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَاۤ اِلَّا لَعِبٌ
وَّ لَهْوٌ ؕ وَ لَلدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ
لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۳۲﴾
قَدْ نَعْلَمُ اِنَّهٗ لَيَحْزُنُكَ الَّذِيْ
يَقُوْلُوْنَ فَاِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُوْنَكَ وَ
لٰكِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
يَجْحَدُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَ لَقَدْ كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ
فَصَبَرُوْا عَلٰى مَا كُذِّبُوْا وَ اُوْذُوْا
حَتّٰۤى اَتٰىهُمْ نَصْرُنَا ۚ وَ لَا مُبَدِّلَ
لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ لَقَدْ جَآءَكَ مِنْ
نَّبَاِى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۴﴾
وَ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكَ اِعْرَاضُهُمْ
فَاِنِ اسْتَطَعْتَ اَنْ تَبْتَغِيَ نَفَقًا
فِي الْاَرْضِ اَوْ سُلَّمًا فِي السَّمَآءِ
فَتَاْتِيَهُمْ بِاٰيَةٍ ؕ وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ
لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى فَلَا تَكُوْنَنَّ
مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۵﴾ النصف
اِنَّمَا يَسْتَجِيْبُ الَّذِيْنَ يَسْمَعُوْنَ ؕ وقف غفران
وَ الْمَوْتٰى يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ ثُمَّ اِلَيْهِ وقف منزل
يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۶﴾

کتنی کوتاہی کی اور اس وقت وہ اپنے گناہوں کا بوجھ اپنی پیٹھوں پر لادے ہوئے ہوں گے، دیکھو کتنا برا ہے یہ بوجھ جو یہ اٹھائے ہوئے ہیں۔

۳۲۔ اور دنیا کی زندگی ایک کھیل اور تماشے کے سوا کچھ نہیں اور اہل تقویٰ کے لیے دار آخرت ہی بہترین ہے، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ ☆

۳۳۔ ہمیں علم ہے کہ ان کی باتیں یقیناً آپ کے لیے رنج کا باعث ہیں، پس یہ صرف آپ کی تکذیب نہیں کرتے بلکہ یہ ظالم لوگ درحقیقت اللہ کی آیات کا انکار کرتے ہیں۔ ☆

۳۴۔ اور بتحقیق آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول جھٹلائے جاتے رہے اور تکذیب و ایذا پر صبر کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ انہیں ہماری مدد پہنچ گئی اور اللہ کے کلمات تو کوئی بدل نہیں سکتا، چنانچہ سابقہ پیغمبروں کی خبریں آپ تک پہنچ چکی ہیں۔ ☆

۳۵۔ اور ان لوگوں کی بے رخی اگر آپ پر گراں گزرتی ہے تو آپ سے ہو سکے تو زمین میں کوئی سرنگ یا آسمان میں کوئی سیڑھی تلاش کریں پھر ان کے پاس کوئی نشانی لے کر آئیں اور اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو ہدایت پر جمع کر دیتا، پس آپ نادانوں میں سے ہرگز نہ ہوں۔ ☆

۳۶۔ یقیناً مانتے وہی ہیں جو سنتے ہیں اور مردوں کو تو اللہ (قبروں سے) اٹھائے گا پھر وہ اسی کی طرف پلٹائے جائیں گے۔

جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا (زمر:۴۸) یہ جنت و نار کی حقانیت کو دنیا میں چھپاتے تھے، آج آتش جہنم کے مشاہدے سے وہ بات عیاں ہوگئی۔

وَلَوْ رُدُّوْا لَعَادُوْا: اگر انہیں دنیا میں واپس بھی کیا جائے تو وہی کفر اختیار کریں گے۔ چنانچہ جو لوگ جرائم پیشہ ہوتے ہیں وہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو جاتے ہیں تو بڑے خلوص سے اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں اور جب عافیت مل جاتی ہے تو پھر اسی گندی زندگی میں مگن ہو جاتے ہیں۔

۳۲۔ ان لوگوں کی دنیا صرف لہو و لعب کھیل تماشا ہے جو حیات اخروی کے قائل نہیں ہیں اور صرف اسی دنیا کی زندگی کے لیے جی رہے ہیں۔ اس لیے اس زندگی کو کھیل اور لہو سے تشبیہ دی ہے۔ کیونکہ لہو اس چیز کو کہتے ہیں جو انسان کو اہم کاموں سے باز رکھے، ورنہ مؤمن کی دنیاوی زندگی آخرت کے لیے کھیتی ہے اور جتنی فصل مقدس ہے اتنی ہی کھیتی مقدس ہے۔

دنیا کو کھیل تماشہ کہنے کا یہ مطلب بھی نہیں کہ اس زندگی کی اسلام کی نظر میں سرے سے کوئی اہمیت ہی نہیں، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اخروی ابدی زندگی سے متصادم یہ زندگی کھیل تماشا ہے۔ یعنی دنیا کی زندگی اگر آخرت کی زندگی کے خلاف گزاری جاتی ہے تو اس کی مذمت ہے۔ ورنہ اس زندگی کی بھی اپنی جگہ اہمیت ہے۔

۳۳، ۳۴۔ رسول اللہ کو تسلی دی جا رہی ہے کہ کفار کی طرف سے آپ کی جو تضحیک و تکذیب ہو رہی ہے، یہ درحقیقت اللہ کی تکذیب ہے۔

دوسری آیت میں اس روش کی طرف توجہ دلائی کہ اس راستے میں تمام انبیاء کو اسی قسم کے مراحل سے گزارا گیا اور فرمایا کہ اللہ کی طرف سے فتح و نصرت اس سفر کے آخری مرحلے میں آتی ہے۔

۳۵۔ اس آیت میں دعوت الی اللہ کے بارے میں ایک الٰہی سنت (روش) کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ کو وہ ایمان مطلوب ہے جسے قلب قبول کرے، جس کے سامنے ضمیر جھک جائے اور دل منطقی دلیل کے مقابلے میں ہتھیار ڈال دے، نہ کہ طاقت و شمشیر کے سامنے۔

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدٰى: اگر اللہ چاہتا تو اپنی قوت قاہرہ سے انہیں ایمان لانے پر مجبور کر دیتا۔ لیکن ایسے جبری ایمان کی کیا قیمت ہو گی؟ اس قسم کا جبری ایمان تو وہ قیامت کے دن

وَ قَالُوْا لَوْ لَا نُزِّلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ
رَّبِّهٖ ؕ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ
يُّنَزِّلَ اٰيَةً وَّ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۷﴾

۳۷۔ اور وہ کہتے ہیں: اس (نبی) پر اس کے رب کی طرف سے کوئی معجزہ نازل کیوں نہیں ہوا؟ کہہ دیجیے: اللہ معجزہ نازل کرنے پر قادر ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

وَ مَا مِنْ دَآبَّةٍ فِى الْاَرْضِ وَ لَا
طٰٓئِرٍ يَّطِيْرُ بِجَنَاحَيْهِ اِلَّآ اُمَمٌ
اَمْثَالُكُمْ ؕ مَا فَرَّطْنَا فِى الْكِتٰبِ
مِنْ شَيْءٍ ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ
يُحْشَرُوْنَ ﴿۳۸﴾

۳۸۔ اور زمین پر چلنے والے تمام جانور اور ہوا میں اپنے دو پروں سے اڑنے والے سارے پرندے بس تمہاری طرح کی امتیں ہیں، ہم نے اس کتاب میں کسی چیز کی کمی نہیں چھوڑی پھر (سب) اپنے رب کی طرف جمع کیے جائیں گے۔☆

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا صُمٌّ وَّ
بُكْمٌ فِى الظُّلُمٰتِ ؕ مَنْ يَّشَاِ اللّٰهُ
يُضْلِلْهُ ؕ وَ مَنْ يَّشَاْ يَجْعَلْهُ عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۹﴾

۳۹۔ اور جو لوگ ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں وہ بہرے اور گونگے ہیں جو تاریکیوں میں (پڑے ہوئے) ہیں، اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے سیدھے راستے پر لگا دیتا ہے۔

قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ
اللّٰهِ اَوْ اَتَتْكُمُ السَّاعَةُ اَغَيْرَ اللّٰهِ
تَدْعُوْنَ ۚ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۰﴾

۴۰۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ کہ اگر تم پر اللہ کا عذاب آ جائے یا قیامت آ جائے تو کیا تم (اس وقت) اللہ کے سوا کسی اور کو پکارو گے؟ (بتاؤ) اگر تم سچے ہو۔

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا
تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَ تَنْسَوْنَ
مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ ع ۴۱

۴۱۔ بلکہ (اس وقت) تم اللہ ہی کو پکارو گے اور اگر اللہ چاہے تو یہ مصیبت تم سے ٹال دے گا جس کے لیے تم اسے پکارتے تھے اور جنہیں تم نے شریک بنا رکھا ہے اس وقت انہیں تم بھول جاؤ گے۔☆

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ
فَاَخَذْنٰهُمْ بِالْبَاْسَآءِ وَ الضَّرَّآءِ
لَعَلَّهُمْ يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۴۲﴾

۴۲۔ اور بے شک آپ سے پہلے (بھی) بہت سی قوموں کی طرف ہم نے رسول بھیجے پھر ہم نے انہیں سختیوں اور تکالیف میں مبتلا کیا تاکہ وہ عاجزی کا اظہار کریں۔☆

فَلَوْ لَآ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَا

۴۳۔ پھر جب ہماری طرف سے سختیاں

لائیں گے، مگر اس ایمان کا کوئی فائدہ نہ ہوگا۔ اس آیت سے اور دیگر متعدد آیات سے ان جاہل افراد کی حرکات کی شرعی حیثیت واضح ہو جاتی ہے جو اپنے مسلک کی تقویت اور اپنے مخالفوں کو زیر کرنے کے لیے منطقی دلائل اور علمی استدلال کی بجائے طاقت استعمال کرتے ہیں۔

۳۷۔ معجزہ اگر اللہ کی طرف سے لوگوں کے مطالبے کے بغیر پیش کیا جائے تو رسولؐ کی حقانیت ثابت کرنا مقصود ہوتا ہے۔ اگر اسے لوگ قبول نہ کریں تو عذاب نازل نہیں ہوتا ہے لیکن اگر معجزہ لوگوں کے مطالبے پر پیش کیا جائے تو اس پر ایمان نہ لانے کی صورت میں فوری عذاب نازل ہو جاتا ہے، جیسا کہ ناقہ صالح کے سلسلے میں ہوا۔

۳۸۔ ہر جاندار تولد نسل اور حصول رزق کے طریقوں کی شناخت نیز اپنی ذات سے محبت، دوست و دشمن کی شناخت اور حب بقا وغیرہ میں انسان کی طرح ہے۔

ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ يُحْشَرُوْنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ حیوانات بھی اپنے شعور کے دائرے میں ذمہ دار ہیں۔ کل قیامت کے دن ان سب کو جمع کیا جائے گا۔

۴۱۔ اس آیت میں توحید پر فطری اور جبلتی دلیل پیش کی گئی ہے کہ اللہ کے وجود پر دلیل اور نشان خود تمہارے وجود کے اندر ہے کہ انسان کی فطرت اور جبلت میں یکتا پرستی ودیعت ہوئی ہوئی ہے کہ اگر انسان پر بیرونی منفی اثرات نہ ہوں، یعنی خواہشات اور برے ماحول اور منفی تربیت وغیرہ نے ضمیر کو دبا نہ رکھا ہو، تعصب اور جمود نے اس پر تعقل و تفکر کا دروازہ بند نہ کیا ہو، صرف انسان ہو اور اس کی فطرت تو انسان فطرۃً یکتا پرست رہتا ہے۔ اس کا پتہ اس وقت چلتا ہے جب انسان پر کوئی ناگہانی آفت آ جاتی ہے۔ مثلاً کوئی مسافر کشتی پر سوار ہو اور وہ طوفان میں گھر جائے اور موت اپنی بھیانک صورت کے ساتھ سامنے آ جائے تو اس وقت انسان سے تمام غیر فطری عوامل دور ہو جاتے ہیں اور انسان اپنی خالص فطرت کی زندگی میں آ جاتا ہے، دبا ہوا ضمیر بھی زندہ ہو جاتا ہے۔ اس وقت دیو، دیوتا یاد نہیں آتا۔ صرف خدائے واحد کے سوا کوئی پناہ اسے نظر نہیں آتی۔ بڑا مشرک جو اپنے بتوں کے لیے سخت ترین تعصب رکھتا ہو، اس موقع پر وہ انہیں فراموش کرتا ہے اور اس خدائے حقیقی کے آگے دعا کے لیے ہاتھ پھیلاتا ہے جو اس کی جبلت

تَضَرَّعُوْا وَلٰكِنْ قَسَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ
زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾
فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖ فَتَحْنَا
عَلَيْهِمْ اَبْوَابَ كُلِّ شَيْءٍ ؕ حَتّٰۤى اِذَا
فَرِحُوْا بِمَاۤ اُوْتُوْۤا اَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً
فَاِذَا هُمْ مُّبْلِسُوْنَ ﴿۴۴﴾
فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ؕ
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۵﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَخَذَ اللّٰهُ سَمْعَكُمْ
وَاَبْصَارَكُمْ وَخَتَمَ عَلٰى قُلُوْبِكُمْ
مَّنْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِهٖ ؕ
اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ ثُمَّ
هُمْ يَصْدِفُوْنَ ﴿۴۶﴾
قُلْ اَرَءَيْتَكُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُ
اللّٰهِ بَغْتَةً اَوْ جَهْرَةً هَلْ يُهْلَكُ
اِلَّا الْقَوْمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا
مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ ۚ فَمَنْ اٰمَنَ
وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا
هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۴۸﴾
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا يَمَسُّهُمُ
الْعَذَابُ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۴۹﴾

آئیں تو انہوں نے عاجزی کا اظہار کیوں نہ کیا؟ بلکہ ان کے دل اور سخت ہو گئے اور شیطان نے ان کے اعمال انہیں آراستہ کر کے دکھائے۔☆

۴۴۔ پھر جب انہوں نے وہ نصیحت فراموش کر دی جو انہیں کی گئی تھی تو ہم نے ان پر ہر طرح (کی خوشحالی) کے دروازے کھول دیے یہاں تک کہ وہ ان بخششوں پر خوب خوش ہو رہے تھے ہم نے اچانک انہیں اپنی گرفت میں لے لیا پھر وہ مایوس ہو کر رہ گئے۔☆

۴۵۔ اس طرح ظالموں کی جڑ کاٹ دی گئی اور ثنائے کامل اللہ رب العالمین کے لیے ہے۔☆

۴۶۔ کہہ دیجیے: (کافرو) تم یہ تو بتلاؤ کہ اگر اللہ تمہاری سماعت اور تمہاری بصارت تم سے چھین لے اور تمہارے دلوں پر مہر لگا دے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہیں یہ (چیزیں) عطا کرے؟ دیکھو ہم کس طرح اپنی آیات بیان کرتے ہیں پھر بھی یہ لوگ منہ موڑ لیتے ہیں۔☆

۴۷۔ کہہ دیجیے: بھلا تم یہ تو بتاؤ کہ اگر اللہ کا عذاب تم پر اچانک یا علانیہ طور پر آ جائے تو کیا ظالموں کے سوا کوئی ہلاک ہوگا؟☆

۴۸۔ اور ہم تو رسولوں کو صرف بشارت دینے والے اور تنبیہ کرنے والے بنا کر بھیجتے ہیں، پھر جو ایمان لے آئے اور اصلاح کر لے تو ایسے لوگوں کے لیے نہ تو کوئی خوف ہوگا اور نہ ہی وہ محزون ہوں گے۔

۴۹۔ اور جنہوں نے ہماری آیات کو جھٹلایا وہ اپنی نافرمانیوں کی پاداش میں عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

کے اندر ہے۔ یہ دلیل ہے کہ یکتا پرستی خود انسان کے نفس کے اندر موجود ہے۔

۴۲۔۴۳۔ اللہ تعالیٰ اس قانون کی دفعات بیان فرما رہا ہے جو اس سے پہلے کی تمام قوموں پر حاکم رہی ہیں: اللہ نے مختلف قوموں کی طرف رسول بھیجے اور ان کو توحید کی طرف دعوت دی اور اللہ کی نشانیاں بھی دکھائیں. ان قوموں کو اللہ کی طرف متوجہ کر کے ان پر کچھ سختیاں بھی نازل فرمائیں۔ ایسی سختیاں جو انسان ساز ہوتی ہیں۔ لیکن ان میں نرمی آنے کی بجائے یہ لوگ اور سخت ہو گئے اور ان کے مراسم خرافات اور اعمال بد کو شیطان نے مزید زیبائش دی۔ جیسا کہ قوم موسیٰ، فرعونیوں کو مختلف آفتوں میں مبتلا کیا: وَلَقَدْ اَخَذْنَاۤ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ۔ (اعراف:۱۳۰) اور بتحقیق ہم آل فرعون کو قحط سالی اور پیداوار کی قلت میں مبتلا کیا شاید وہ نصیحت حاصل کریں۔ اس کی مثال ہماری معاصر دنیا میں یورپ اور ایڈز کی بیماری ہے کہ شیطان اس بیماری کے محرک عمل بد کو آراستہ کر کے ان کو دکھاتا ہے۔

۴۴۔۴۵۔ اللہ تعالیٰ جس طرح مصائب و آلام کے ذریعے قوموں کی آزمائش فرماتا ہے، اسی طرح خوشحالی اور وافر نعمتوں سے مالا مال کر کے بھی آزمائش میں ڈالتا ہے: وَ بَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَ السَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۔ (اعراف: ۱۶۸) اور ہم نے آسائشوں اور تکلیفوں کے ذریعے انہیں آزمایا کہ شاید وہ باز آ جائیں اور خوشحالی کی آزمائش بدحالی کی آزمائش سے زیادہ سنگین اور صبر آزما ہوتی ہے۔ چنانچہ ان آزمائشوں میں مؤمن خوشحالی میں شکر اور بدحالی میں صبر کرتا ہے اور غیر مؤمن خوشحالی میں اتراتا ہے اور بدحالی میں بے صبر ہوتا ہے۔

۴۶۔۴۷ نفی شریک پر ایک اور دلیل یہ ہے کہ اگر اللہ کے علاوہ کوئی اور ذات بھی موجود ہو جو اللہ کے ساتھ دفع ضرر اور جذب منفعت میں مؤثر ہو تو یہ دیکھ لو کہ تمہاری آنکھیں اور کان کی قوت، بصارت و سماعت اگر اللہ چھین لے تو پتھر کے یہ بت تمہیں یہ چیزیں واپس دلا سکیں گے؟ اگر نہیں دلا سکتے تو اپنے ہاتھوں سے تراشے ہوئے ان پتھروں کو کیوں شفیع اور مؤثر سمجھتے ہو اور اپنے آپ کو ظالموں میں شامل کر کے ہر آنے والے عذاب کا نشانہ کیوں بنتے ہو۔

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ
خَزَآىِٕنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَلَآ
اَقُوْلُ لَكُمْ اِنِّيْ مَلَكٌ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ
اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۭ قُلْ هَلْ
يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۭ
ع اَفَلَا تَتَفَكَّرُوْنَ ۝۵۰
وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ
يُّحْشَرُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ
مِّنْ دُوْنِهٖ وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ
يَتَّقُوْنَ ۝۵۱
وَلَا تَطْرُدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ
بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۭ
مَا عَلَيْكَ مِنْ حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّمَا
مِنْ حِسَابِكَ عَلَيْهِمْ مِّنْ شَيْءٍ
فَتَطْرُدَهُمْ فَتَكُوْنَ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵۲
وَكَذٰلِكَ فَتَنَّا بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ
لِّيَقُوْلُوْٓا اَهٰٓؤُلَاۗءِ مَنَّ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
مِّنْۢ بَيْنِنَا ۭ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ
بِالشّٰكِرِيْنَ ۝۵۳
وَاِذَا جَاۗءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ
بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ
رَبُّكُمْ عَلٰي نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ۙ اَنَّهٗ
مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْۗءًا بِجَهَالَةٍ

۵۰۔ کہہ دیجیے: میں تم سے یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ ہی میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں، میں تو صرف اس حکم کی پیروی کرتا ہوں جس کی میری طرف وحی ہوتی ہے، کہہ دیجیے: کیا اندھا اور بینا برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟ ☆

۵۱۔ اور آپ اس (قرآن) کے ذریعے ان لوگوں کو متنبہ کریں جو اس بات کا خوف رکھتے ہیں کہ وہ اپنے رب کے سامنے ایسی حالت میں جمع کیے جائیں گے کہ اللہ کے سوا ان کا نہ کوئی کارساز ہوگا اور نہ شفاعت کنندہ، شاید وہ تقویٰ اختیار کریں۔ ☆

۵۲۔ اور جو لوگ صبح و شام اپنے رب کو پکارتے ہیں اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں انہیں اپنے سے دور نہ کریں، نہ آپ پر ان کا کوئی بارحساب ہے اور نہ ہی ان پر آپ کا کوئی بارحساب ہے کہ آپ انہیں (اپنے سے) دور کر دیں پس (اگر ایسا کیا تو) آپ ظالموں میں سے ہو جائیں گے۔ ☆

۵۳۔ اور اس طرح ہم نے ان میں سے بعض کو بعض کے ذریعے (یوں) آزمائش میں ڈالا کہ وہ یہ کہہ دیں کہ کیا ہم میں سے یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے فضل و کرم کیا ہے؟ (کہہ دیجیے) کیا اللہ اپنے شکر گزار بندوں کو بہتر نہیں جانتا؟

۵۴۔ اور جب آپ کے پاس ہماری آیات پر ایمان لانے والے لوگ آ جائیں تو ان سے کہیے: سلام علیکم تمہارے رب نے رحمت کو اپنے اوپر لازم قرار دیا ہے کہ تم میں سے جو نادانی سے کوئی گناہ کر بیٹھے پھر اس کے بعد توبہ کر لے اور اصلاح کر

۵۰۔ خزانۂ الٰہی سے ممکن ہے وہ منبع فیض مراد ہو جس سے تمام موجودات ان کے وجود سمیت مستفیض ہو رہی ہیں۔ اسی کو خزائن رحمت سے بھی تعبیر کیا گیا ہے۔ اسی مصدر فیض سے پوری کائنات وجود میں آئی وَلِلّٰهِ خَزَآىِٕنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (منافقون: ۷) آسمانوں اور زمین کے خزانوں کا مالک اللہ ہی ہے۔ مشرکین کا خیال تھا کہ اللہ کی طرف سے کوئی رسول آتا ہے تو اسے انسانوں کی طرح بھوک و پیاس سے متاثر نہیں ہونا چاہیے۔ وہ رسول ایسا ہونا چاہیے کہ وہ جب حکم دے تو پہاڑ سونے کا ہو جائے، اس کے ایک اشارے سے دنیا کی ساری نعمتیں سمٹ کر سامنے آ جائیں۔ یہ کیسا رسول ہوا کہ اس کو اپنی ضرورتوں کے لیے لوگوں سے قرض لینے تک کی نوبت آ جائے۔ مشرکین کہتے ہیں کہ ہم آپ پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک آپ ہمارے لیے زمین سے چشمہ جاری نہیں کرتے یا آپ کے لیے کھجوروں اور انگوروں کا کوئی ایسا باغ ہو جس کے درمیان نہریں بہ رہی ہوں یا جیسا کہ آپ خیال کرتے ہیں آسمان کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہم پر گرا دیں یا اللہ اور فرشتوں کو ہمارے سامنے لے آئیں یا خود آپ کے لیے سونے کا کوئی گھر ہو۔ (اسراء: ۹۳) علم غیب کی دو قسمیں ہیں: ایک ذاتی علم جو کسی تعلیم اور وحی کے بغیر بذات خود معلوم ہو۔ یہ علم صرف اللہ کے ساتھ مختص ہے۔ دوسرا وہ علم جو وحی اور تعلیم کے ذریعے کسی ذات میں آ جائے۔ یہ علم غیب اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو عنایت فرماتا ہے: ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ. (آل عمران: ۴۴) یہ غیب کی خبریں ہم آپ کو وحی کے ذریعے بتا رہے ہیں۔

۵۱۔ اگرچہ قرآن عام لوگوں کی ہدایت کے لیے ہے تاہم اس قرآن سے صحیح استفادہ کرنے والے وہی لوگ ہوتے ہیں جو خوف خدا دل میں رکھتے ہیں۔

۵۲۔ شروع میں مفلوک الحال لوگوں نے ہی اسلام قبول کیا تھا، جس پر قریش طنز کرتے تھے کہ اس شخص کے گرد ہماری قوم کے ادنیٰ طبقے کے لوگ جمع ہیں۔ جیسا کہ قوم نوح نے بھی یہی طنز کیا تھا۔ (شعراء: ۱۱۱) اسی طرح تمام انبیاء نے مادی اقدار اور انسانی اقدار کی جنگ لڑی ہے۔ قریش کے رئیس از روئے طنز کہتے تھے: کیا اللہ نے اپنے فضل و کرم کے لیے ہم میں سے صہیب، بلال اور خباب جیسوں کا انتخاب کیا ہے جن کے جسم سے بدبو آتی ہے؟ ہم اسلام قبول کر بھی لیں تو کیا

ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۴﴾
وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَ
لِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۵۵﴾ ع ۶
قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ
تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّاۤ
اَتَّبِعُ اَهْوَآءَكُمْ ۙ قَدْ ضَلَلْتُ
اِذًا وَّمَاۤ اَنَا مِنَ الْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾
قُلْ اِنِّيْ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَكَذَّبْتُمْ
بِهٖ ؕ مَا عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ بِهٖ ؕ
اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ يَقُصُّ الْحَقَّ
وَهُوَ خَيْرُ الْفٰصِلِيْنَ ﴿۵۷﴾
قُلْ لَّوْ اَنَّ عِنْدِيْ مَا تَسْتَعْجِلُوْنَ
بِهٖ لَقُضِيَ الْاَمْرُ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ؕ
وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۸﴾
وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَاۤ
اِلَّا هُوَ ؕ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ
وَالْبَحْرِ ؕ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ
اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ
الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا
فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۹﴾
وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِالَّيْلِ وَيَعْلَمُ
مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ

لے تو وہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۵۵۔ اور اسی طرح آیات کو ہم تفصیل سے بیان کرتے ہیں تا کہ مجرموں کا راستہ نمایاں ہو جائے۔

۵۶۔ کہہ دیجیے: اللہ کے سوا جنہیں تم پکارتے ہو ان کی بندگی سے مجھے منع کیا گیا ہے، کہہ دیجیے: میں تمہاری خواہشات کی اتباع نہیں کروں گا اور اگر ایسا کروں تو میں گمراہ ہو جاؤں گا اور ہدایت یافتہ افراد میں شامل نہیں رہوں گا۔

۵۷۔ کہہ دیجیے: میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل پر (قائم) ہوں اور تم اس کی تکذیب کر چکے ہو، جس چیز کی تم جلدی کر رہے ہو وہ میرے پاس نہیں ہے، فیصلہ تو صرف اللہ ہی کرتا ہے وہ حقیقت بیان فرماتا ہے اور وہی بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔

۵۸۔ کہہ دیجیے: جس چیز کی تم جلدی کر رہے ہو اگر وہ میرے پاس موجود ہوتی تو میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا اور اللہ ظالموں سے خوب واقف ہے۔☆

۵۹۔ اور اسی کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جنہیں اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور وہ خشکی اور سمندر کی ہر چیز سے واقف ہے اور کوئی پتہ نہیں گرتا مگر وہ اس سے آگاہ ہوتا ہے اور زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ اور خشک و تر ایسا نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔☆

۶۰۔ اور وہی تو ہے جو رات کو تمہاری روحیں قبض کرتا ہے اور دن میں جو کچھ تم کرتے ہو اس کا علم رکھتا ہے پھر وہ دن میں تمہیں

ہمیں ان کے ساتھ بیٹھنا پڑے گا؟ جواب میں فرمایا: یہی اصل آزمائش ہے۔ ان اقدار کے امتحان میں آج بھی بہت سے لوگ ناکام نظر آتے ہیں۔

۵۴۔ زمانہ جاہلیت میں جن افراد کے ساتھ بیٹھنے کو عار سمجھا جاتا تھا انہی افراد کے بارے میں رسولؐ کو یہ حکم ملتا ہے کہ یہ لوگ جب آپؐ کے پاس آئیں تو ان کو سلام علیکم کہیں اور عہد جاہلیت میں اگر ان سے کوئی گناہ سرزد ہوا ہے تو اللہ معاف فرما دے گا۔

۵۸۔ ہر امت اپنے نبی سے فیصلہ کن معجزے طلب کرتی رہی ہے اور یہی مطالبہ رسول اسلامؐ کی امت نے بھی کر دیا۔ جواب میں فرمایا: جس چیز کی تمہیں جلدی ہے وہ میرے پاس نہیں ہے۔ فیصلہ تو اللہ نے کرنا ہے۔ وہ اگر چاہے تو تم پر عذاب نازل کرے اور قوم عاد و ثمود کی طرح تمہیں بھی ہلاک کر دے۔

۵۹۔ فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ: اس کائنات میں موجود ہر شے اور یہاں رونما ہونے والے ہر واقعہ کے پیچھے ایک ایسی تحریر موجود ہے جسے آئین کی حیثیت حاصل ہے۔ اس عالم شہود میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ ان دفعات کے تحت رونما ہوتا ہے جو اس آئین میں درج ہیں۔ اس آئین کو کتاب مبین، ام الکتاب، کتاب مکنون اور الزبر وغیرہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے: وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ۔ (قمر: ۵۲)

۶۰۔ توفی، وفا پورا کرنے کے معنوں میں ہے۔ یہ لفظ موت کے لیے استعمال ہوا ہے اور نیند کے لیے بھی۔ چنانچہ ان کے بعد اٹھانے کو بعث کہتے ہیں۔ اس آیت میں نیند کے بعد اٹھنے کو بھی بعث کہا ہے: يَبْعَثُكُمْ ۔ کیونکہ موت اور نیند دونوں حالتوں میں انسان میں تحرک نہیں رہتا اور جب کہ مرنے کے بعد زندہ ہونے سے پھر تحرک شروع ہوتا ہے۔ نیند سے بیدار ہونے کے بعد بھی تحرک پیدا ہوتا ہے، لیل و نہار کی اس عارضی موت و حیات سے انسان اپنی زندگی پوری کرتا ہے اور اللہ کی بارگاہ میں حاضری دیتا ہے۔

فِيْهِ لِيُقْضٰٓى اَجَلٌ مُّسَمًّى ۚ ثُمَّ
اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۴
وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَ
يُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ؕ حَتّٰٓى
اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ
رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ﴿۶۱﴾
ثُمَّ رُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ ؕ
اَلَا لَهُ الْحُكْمُ ۫ وَهُوَ اَسْرَعُ
الْحٰسِبِيْنَ ﴿۶۲﴾
قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ
الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّ
خُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰىنَا مِنْ هٰذِهٖ
لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۳﴾
قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ
كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ﴿۶۴﴾
قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلٰٓى اَنْ يَّبْعَثَ
عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِّنْ فَوْقِكُمْ اَوْ
مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِكُمْ اَوْ يَلْبِسَكُمْ
شِيَعًا وَّيُذِيْقَ بَعْضَكُمْ بَاْسَ
بَعْضٍ ؕ اُنْظُرْ كَيْفَ نُصَرِّفُ
الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ يَفْقَهُوْنَ ﴿۶۵﴾
وَكَذَّبَ بِهٖ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ ؕ

اٹھا دیتا ہے تاکہ معینہ مدت پوری کی جائے پھر تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر وہ تمہیں بتا دے گا کہ تم کیا کرتے رہے ہو۔☆

۶۱۔ اور وہ اپنے بندوں پر غالب ہے اور تم پر نگہبانی کرنے والے بھیجتا ہے یہاں تک کہ جب تم میں سے کسی ایک کو موت آ جائے تو ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) اس کی روح قبض کر لیتے ہیں اور وہ کوتاہی نہیں کرتے۔☆

۶۲۔ پھر وہ اپنے مالک حقیقی اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے، آگاہ رہو فیصلہ کرنے کا حق صرف اسی کو حاصل ہے اور وہ نہایت سرعت سے حساب لینے والا ہے۔

۶۳۔ کہہ دیجیے: کون ہے جو تمہیں صحرا اور سمندر کی تاریکیوں میں نجات دیتا ہے؟ جس سے تم گڑگڑا کر اور چپکے چپکے التجا کرتے ہو کہ اگر اس (بلا) سے ہمیں بچا لیا تو ہم شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔☆

۶۴۔ کہہ دیجیے: تمہیں اس سے اور ہر مصیبت سے اللہ ہی نجات دیتا ہے پھر بھی تم شرک کرتے ہو۔☆

۶۵۔ کہہ دیجیے: اللہ اس بات پر قدرت رکھتا ہے کہ تمہارے اوپر سے یا تمہارے قدموں کے نیچے سے تم پر کوئی عذاب بھیج دے یا تمہیں فرقوں میں الجھا کر ایک دوسرے کی لڑائی کا مزہ چکھا دے، دیکھو ہم اپنی آیات کو کس طرح مختلف انداز میں بیان کرتے ہیں تاکہ وہ سمجھ جائیں۔☆

۶۶۔ اور آپ کی قوم نے اس (قرآن) کی تکذیب کی ہے حالانکہ یہ حق ہے، کہہ دیجیے:

۶۱۔ اللہ اپنی قہاریت کی بنا پر انسانوں کے لیے نگہبان فرشتے معین فرماتا ہے۔ بعض حضرات کا یہ خیال ہے کہ اس سے مراد وہ فرشتے ہیں جو اعمال کی نگہبانی کرتے ہیں۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: وَ اِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۙ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۙ (انفطار: ۱۰۔۱۱) جبکہ بعض دوسرے مفسرین کا نظریہ ہے کہ یہ فرشتے انسانوں کی اجل تک ان کی جان کی حفاظت کرتے ہیں۔ لیکن آیت کے اطلاق میں دونوں قسم کی محافظت کا شامل ہونا بعید از امکان نہیں ہے۔

۶۳۔۶۴ اس سے پہلے آیت ۴۰ تا ۴۱ میں ذکر کیا گیا کہ سخت مصیبت و شدید اضطراب کی حالت میں تمام مادی و دنیوی سہاروں سے مایوس ہو جاتا ہے تو انسان کے وجود کے اندر موجود وجدانی اور ضمیری انسان کے سامنے سے ساری رکاوٹیں ہٹ جاتی ہیں اور وہ اپنی فطرت کے عین مطابق اپنے خالق حقیقی ہی کی بارگاہ کی طرف رجوع کرتا ہے اور اللہ کے ساتھ عہد کرتا ہے کہ آئندہ زندگی شکر گزاروں کی طرح گزاروں گا لیکن وہ مادی دنیاوی عوامل دوبارہ اس کے اور اس کے وجدان اور فطرت کے درمیان حائل ہو جاتے ہیں، پھر مشرکانہ حرکتیں شروع کر دیتا ہے۔ اس آیت میں ایسے مشرکوں کی تنبیہ ہے۔

۶۵۔ اوپر سے آنے والے اور قدموں کے نیچے سے آنے والے عذاب کے بارے میں مفسرین نے مختلف خیالات کا اظہار کیا ہے:

الف: اوپر سے آنے والا عذاب طوفان اور سنگباری ہے جبکہ نیچے سے پھوٹنے والا عذاب زمین میں دھنس جانا ہے، جیسے قارون کے لیے ہوا۔

ب: اوپر سے آنے والا عذاب حکمرانوں کی طرف سے آنے والا عذاب ہے، جب کہ نیچے سے آنے والا عذاب نوکروں کی طرف سے آنے والا عذاب ہے۔

ج: ہمارے بعض معاصر مفسر جنگوں میں اوپر سے آنے والی بمباری اور نیچے سے پھٹنے والی مائنز بھی مراد لیتے ہیں۔

ان تمام اقوال سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ "اوپر نیچے" ایک تعبیر ہے۔ اصل مراد یہ ہے کہ اللہ تمہیں ہر طرف سے آنے والے عذاب سے گھیر سکتا ہے، ساتھ اس میں اس بات کا اشارہ بھی ہے کہ ایسے عذاب کے تم مستحق بھی ہو۔

عذاب الٰہی کی ایک صورت تو آسمانی آفات اور

قُلْ لَّسْتُ عَلَيْكُمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۶۶﴾
لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ ۚ وَّسَوْفَ
تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۷﴾
وَاِذَا رَاَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ
فِيْٓ اٰيٰتِنَا فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ حَتّٰى
يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖ ۭ وَاِمَّا
يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ فَلَا تَقْعُدْ بَعْدَ
الذِّكْرٰى مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۶۸﴾
وَمَا عَلَي الَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ مِنْ
حِسَابِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ وَّلٰكِنْ ذِكْرٰى
لَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۶۹﴾
وَذَرِ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَعِبًا وَّ
لَهْوًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ
ذَكِّرْ بِهٖٓ اَنْ تُبْسَلَ نَفْسٌۢ بِمَا
كَسَبَتْ ۚ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ ۚ وَاِنْ تَعْدِلْ كُلَّ
عَدْلٍ لَّا يُؤْخَذْ مِنْهَا ۭ اُولٰۗىِٕكَ
الَّذِيْنَ اُبْسِلُوْا بِمَا كَسَبُوْا ۚ لَهُمْ
شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ
اَلِيْمٌۢ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع ۸ ۱۳
قُلْ اَنَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا
يَنْفَعُنَا وَلَا يَضُرُّنَا وَنُرَدُّ عَلٰٓى
اَعْقَابِنَا بَعْدَ اِذْ هَدٰىنَا اللّٰهُ كَالَّذِي

میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں۔
۶۷۔اور ہر خبر کے لیے ایک وقت مقرر ہے عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔☆
۶۸۔ اور جب آپ دیکھیں کہ لوگ ہماری آیات کے بارے میں چہ میگوئیاں کر رہے ہیں تو آپ وہاں سے ہٹ جائیں یہاں تک کہ وہ کسی دوسری گفتگو میں لگ جائیں اور اگر کبھی شیطان آپ کو بھلا دے تو یاد آنے پر آپ ظالموں کے ساتھ نہ بیٹھیں☆
۶۹۔اور اہل تقویٰ پر ان (ظالموں) کا کچھ بارحساب نہیں تاہم نصیحت کرنا چاہیے شاید وہ اپنے آپ کو بچا لیں۔
۷۰۔ اور (اے رسول) جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنایا ہوا ہے اور دنیا کی زندگی نے انہیں فریب دے رکھا ہے آپ انہیں چھوڑ دیں البتہ اس (قرآن) کے ذریعے انہیں نصیحت ضرور کریں مبادا کوئی شخص اپنے کیے کے بدلے پھنس جائے کہ اللہ کے سوا اس کا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ ہی شفاعت کنندہ اور اگر وہ ہر ممکن معاوضہ دینا چاہے تب بھی اس سے قبول نہ ہوگا، یہ وہ لوگ ہیں جو اپنی کرتوتوں کی وجہ سے گرفتار بلا ہوئے، ان کے کفر کے عوض ان کے پینے کے لیے کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہے۔☆
۷۱۔ کہہ دیجیے: کیا ہم اللہ کو چھوڑ کر انہیں پکاریں جو نہ ہمارا بھلا کر سکتے ہیں اور نہ برا؟ اور کیا اللہ کی طرف سے ہدایت ملنے کے بعد ہم اس شخص کی طرح الٹے پاؤں

زمینی حوادث ہیں۔ دوسری صورت آپس کی بدامنی اور خانہ جنگی ہے جس میں امت مختلف گروہوں میں بٹ جاتی ہے اور ایک گروہ دوسرے گروہ پر چڑھ آتا ہے نیز امت داخلی بدامنی اور عدم تحفظ کا شکار ہو جاتی ہے۔

۶۷۔ لِكُلِّ نَبَاٍ مُّسْتَقَرٌّ: ہر خبر کے لیے ایک وقت مقرر ہے اور عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔ جس زمانے میں اس آیت پر مشتمل سورہ مکہ میں نازل ہو رہا تھا، اس وقت غلبہ اسلام کا تصور بھی نہیں ہو سکتا تھا۔ اس وقت سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا، کی آواز پر آوازیں کسی جاتی تھیں اور اسلام کی فتح و نصرت کی کوئی علامت نظر نہیں آتی تھی۔ قرآن کی اس پیشگوئی پر لوگوں کو فتح مکہ کے بعد یقین آیا۔

۶۸۔ وَاِمَّا يُنْسِيَنَّكَ الشَّيْطٰنُ: کبھی شیطان تمہیں بھلا دے۔ اس جملے سے بعض لوگوں نے یہ ثابت کرنے کی کوشش کی ہے کہ رسول اللہ کو بھول چوک اور نسیان لاحق ہوتا تھا۔ حد یہ ہے کہ تفسیر المنار کے مؤلف نے نووی کا یہ قول بھی نقل کیا ہے کہ انہوں نے صحیح مسلم کی حدیث انما انا بشر انسی کما تنسون۔ ”میں تم جیسا بشر ہوں جیسے تم بھولتے ہو میں بھی بھولتا ہوں“ کے ذیل میں لکھا ہے: یہ روایت اس بات پر دلیل ہے کہ رسول اللہ کو شریعت کے احکام بیان کرنے میں نسیان لاحق ہو سکتا ہے اور یہی جمہور علماء کا مؤقف ہے۔ جبکہ احکام بیان کرنے میں نسیان، نص قرآن سنقرئك فلا تنسی کے خلاف ہونے کے ساتھ ساتھ بیان احکام میں رسولؐ کی عصمت کے بھی خلاف ہے۔

۷۰۔ خواہش پرستوں نے ہمیشہ دین کو اپنی خواہشات کے تابع بنایا ہے۔ جس طرح کوئی کھیلنے والا کسی چیز کو اپنی مرضی اور خواہش کے مطابق الٹ پلٹ کرتا ہے، خواہش پرست دین کو بھی اپنی مرضی کے مطابق کر دیتا ہے۔ ایسے لوگوں کو نصیحت کرنے کا حکم رحمۃ علی الخلق کی بنیاد پر دیا جاتا ہے کہ یہ لوگ ثواب الٰہی سے محروم نہ رہ جائیں اور ہلاکت ابدی سے دوچار نہ ہوں، چونکہ اگر یہ لوگ دنیا میں اس نصیحت پر عمل نہ کریں تو روز آخرت ان کے لیے کوئی شفاعت، کوئی فدیہ اور کوئی کارساز نہ ہوگا، بلکہ ان کے لیے کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہوگا۔

اسْتَهْوَتْهُ الشَّيٰطِيْنُ فِي الْاَرْضِ
حَيْرَانَ ۖ لَهٗٓ اَصْحٰبٌ يَّدْعُوْنَهٗٓ
اِلَى الْهُدَى ائْتِنَا ۭ قُلْ اِنَّ هُدَى
اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى ۭ وَاُمِرْنَا لِنُسْلِمَ
لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ﴿۷۱﴾
وَاَنْ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّقُوْهُ ۭ وَ
هُوَ الَّذِيْٓ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۲﴾
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ وَيَوْمَ يَقُوْلُ
كُنْ فَيَكُوْنُ ۘ قَوْلُهُ الْحَقُّ ۭ وَلَهُ
الْمُلْكُ يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ ۭ عٰلِمُ
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۭ وَهُوَ الْحَكِيْمُ
الْخَبِيْرُ ﴿۷۳﴾
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ
اَصْنَامًا اٰلِهَةً ۚ اِنِّىْٓ اَرٰىكَ وَ
قَوْمَكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۴﴾
وَكَذٰلِكَ نُرِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ
مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ ﴿۷۵﴾
فَلَمَّا جَنَّ عَلَيْهِ الَّيْلُ رَاٰ كَوْكَبًا ۚ
قَالَ هٰذَا رَبِّيْ ۚ فَلَمَّآ اَفَلَ قَالَ لَآ
اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ ﴿۷۶﴾
فَلَمَّا رَاَ الْقَمَرَ بَازِغًا قَالَ هٰذَا

پھر جائیں جسے شیاطین نے بیابانوں میں راستہ بھلا دیا ہو اور وہ سرگرداں ہو؟ جب کہ اس کے ساتھی اسے بلا رہے ہوں کہ سیدھے راستے کی طرف ہمارے پاس چلا آ، کہہ دیجیے: ہدایت تو صرف اللہ کی ہدایت ہے اور ہمیں حکم ملا ہے کہ ہم رب العالمین کے آگے سر تسلیم خم کر دیں۔

۷۲۔ اور یہ کہ نماز قائم کرو اور تقوائے الٰہی اختیار کرو اور وہی تو ہے جس کی بارگاہ میں تم جمع کیے جاؤ گے۔

۷۳۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا اور جس دن وہ کہے گا ہو جا! تو ہو جائے گا، اس کا قول حق پر مبنی ہے اور اس دن بادشاہی اسی کی ہو گی جس دن صور میں پھونک ماری جائے گی، وہ پوشیدہ اور ظاہری باتوں کا جاننے والا ہے اور وہی باحکمت خوب باخبر ہے۔

۷۴۔ اور جب ابراہیم نے اپنے باپ (چچا) آزر سے کہا: کیا تم بتوں کو معبود بناتے ہو؟ میں تمہیں اور تمہاری قوم کو صریح گمراہی میں دیکھ رہا ہوں۔☆

۷۵۔ اور اس طرح ہم ابراہیم کو آسمانوں اور زمین کا (نظام) حکومت دکھاتے تھے تاکہ وہ اہل یقین میں سے ہو جائیں۔☆

۷۶۔ چنانچہ جب ابراہیم پر رات کی تاریکی چھائی تو ایک ستارہ دیکھا، کہنے لگے: یہ میرا رب ہے، پھر جب وہ غروب ہو گیا تو کہنے لگے: میں غروب ہو جانے والوں کو پسند نہیں کرتا۔☆

۷۷۔ پھر جب چمکتا چاند دیکھا تو کہا: یہ میرا

۷۴۔ آزر کی وجہ تسمیہ کے بارے میں یہ بات قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کہ آزر نمرود کے بتوں کے خزانے کا انچارج تھا اور ماہرین کے مطابق فینقی (Phoenic) زبان میں بعل بت کے مجاور کو آزر بعل کہتے تھے۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: آذر نمرود کا وزیر اور دار الاصنام (بتکدہ) کا انچارج تھا (نور الثقلین ۱: ۷۳۷)۔
باپ کے لیے عربی میں دو الفاظ استعمال ہوتے ہیں: ایک اب جو حقیقی باپ، چچا اور دادا کے لیے استعمال ہوتا ہے اور دوسرا والد جو صرف حقیقی باپ کے لیے استعمال ہوتا ہے، جس طرح ابن حقیقی اور غیر حقیقی فرزند سب کے لیے اور ولد صرف حقیقی فرزند کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ آیت میں اب کا لفظ استعمال ہوا ہے جو حقیقی باپ بھی ہو سکتا ہے اور چچا بھی۔ جبکہ سورۂ ابراہیم کی آیت ۴۱ میں حضرت ابراہیم (ع) کی آخری عمر کی دعا کا ذکر ہے جس میں آپ نے اپنے والدین کے لیے دعا کی ہے: رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ۔ (ابراہیم: ۴۱) یہاں والد کا لفظ استعمال ہوا جو صرف حقیقی باپ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس سے واضح طور پر حضرت ابراہیم (ع) کے حقیقی والدین کا مؤمن ہونا اور آزر کا حقیقی باپ نہ ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

۷۵۔ حضرت ابراہیم (ع) کو آسمانوں اور زمین کا ملکوتی نظارہ کرایا کہ یہ سب کس کی ملکیت ہے، ان پر کس کی حکومت ہے اور یہ کس کی کرشمہ سازی ہے؟ تاکہ وہ ایمان و ایقان کی اس منزل پر فائز ہو جائیں کہ آتش نمرود میں جاتے ہوئے جبرئیل امین جیسے مقتدر فرشتے کی مدد کو بھی ناقابل اعتنا سمجھیں۔ چنانچہ رسول اکرم کو بھی افق اعلیٰ کی سیر کرائی تاکہ عقل و مشاہدہ دونوں سے بالاتر مرحبۂ یقین پر فائز ہو جائیں۔ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى۔

۷۶۔ ۷۹ جدید ترین تحقیقات اور کھدائیوں سے جو کتبے ملے ہیں ان سے پتہ چلا ہے کہ اس زمانے میں ہر شہر کا دیوتا جدا ہوتا تھا اور ہر دیوتا کسی ستارے، چاند یا سورج سے مربوط سمجھا جاتا تھا۔ اب تک پانچ ہزار خداؤں کے نام ملے ہیں۔
قوم ابراہیم کی ستارہ پرستی کا تصور کچھ اس طرح تھا کہ سورج بادشاہوں کی تدبیر کرنے والا، ان میں شجاعت اور پیشقدمی کی روح پھونکنے والا، شاہوں کے لشکر کو فتح اور ان کے دشمنوں کو شکست دینے والا رب ہے، ستارہ زحل کو بینی کا نام دیتے

رَبِّیۡ ۚ فَلَمَّاۤ اَفَلَ قَالَ لَئِنۡ لَّمۡ
یَهۡدِنِیۡ رَبِّیۡ لَاَکُوۡنَنَّ مِنَ الۡقَوۡمِ
الضَّآلِّیۡنَ ﴿۷۷﴾
فَلَمَّا رَاَ الشَّمۡسَ بَازِغَةً قَالَ
هٰذَا رَبِّیۡ هٰذَاۤ اَکۡبَرُ ۚ فَلَمَّاۤ
اَفَلَتۡ قَالَ یٰقَوۡمِ اِنِّیۡ بَرِیۡٓءٌ مِّمَّا
تُشۡرِکُوۡنَ ﴿۷۸﴾
اِنِّیۡ وَجَّهۡتُ وَجۡهِیَ لِلَّذِیۡ فَطَرَ
السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ حَنِیۡفًا وَّمَاۤ اَنَا
مِنَ الۡمُشۡرِکِیۡنَ ﴿۷۹﴾
وَحَآجَّهٗ قَوۡمُهٗ ؕ قَالَ اَتُحَآجُّوۡٓنِّیۡ
فِی اللّٰهِ وَقَدۡ هَدٰىنِ ؕ وَلَاۤ اَخَافُ مَا
تُشۡرِکُوۡنَ بِهٖۤ اِلَّاۤ اَنۡ یَّشَآءَ رَبِّیۡ
شَیۡـًٔا ؕ وَسِعَ رَبِّیۡ کُلَّ شَیۡءٍ عِلۡمًا ؕ
اَفَلَا تَتَذَکَّرُوۡنَ ﴿۸۰﴾
وَکَیۡفَ اَخَافُ مَاۤ اَشۡرَکۡتُمۡ وَلَا
تَخَافُوۡنَ اَنَّکُمۡ اَشۡرَکۡتُمۡ بِاللّٰهِ مَا
لَمۡ یُنَزِّلۡ بِهٖ عَلَیۡکُمۡ سُلۡطٰنًا ؕ
فَاَیُّ الۡفَرِیۡقَیۡنِ اَحَقُّ بِالۡاَمۡنِ ۚ اِنۡ
کُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸۱﴾ ۘ
اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَلَمۡ یَلۡبِسُوۡۤا
اِیۡمَانَهُمۡ بِظُلۡمٍ اُولٰٓئِکَ لَهُمُ
الۡاَمۡنُ وَهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ﴿۸۲﴾ ع ۱۵

رب ہے اور جب چاند چھپ گیا تو بولے: اگر میرا رب میری رہنمائی نہ فرماتا تو میں بھی ضرور گمراہوں میں سے ہو جاتا۔☆

۷۸۔ پھر جب سورج کو جگمگاتے ہوئے دیکھا تو بولے: یہ میرا رب ہے یہ سب سے بڑا ہے پھر جب وہ بھی غروب ہو گیا تو کہنے لگے: اے میری قوم! جن چیزوں کو تم اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو میں ان سے بیزار ہوں۔☆

۷۹۔ میں نے تو اپنا رخ پوری یکسوئی سے اس ذات کی طرف کیا ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے اور میں مشرکوں میں سے نہیں ہوں۔☆

۸۰۔ اور ابراہیم کی قوم نے ان سے بحث کی تو انہوں نے کہا: کیا تم مجھ سے اس اللہ کے بارے میں بحث کرتے ہو جس نے مجھے سیدھا راستہ دکھایا ہے؟ اور جن چیزوں کو تم اس کا شریک ٹھہراتے ہو ان سے مجھے کوئی خوف نہیں مگر یہ کہ میرا پروردگار کوئی امر چاہے، میرے پروردگار کے علم نے ہر چیز کا احاطہ کیا ہوا ہے، کیا تم سوچتے نہیں ہو؟

۸۱۔ اور میں تمہارے بنائے ہوئے شریکوں سے کیونکر ڈروں جب کہ تم ان چیزوں کو اللہ کا شریک بناتے ہوئے نہیں ڈرتے جن کی کوئی دلیل اس نے تم پر نازل نہیں کی؟ اگر تم کچھ علم رکھتے ہو تو بتاؤ کہ کون سا فریق امن و اطمینان کا زیادہ مستحق ہے۔

۸۲۔ جو ایمان لائے ہیں اور انہوں نے اپنے ایمان کو ظلم سے ملوث نہیں کیا یہی لوگ امن میں ہیں اور یہی ہدایت یافتہ ہیں۔

تھے، اس کی خاصیت بھی تقریباً یہی تھی۔ ستارہ مشتری کو مرداخ کہتے تھے اور اسے بڑا رب کہتے تھے جو عدل و انصاف کا رب ہے۔ ستارہ مریخ کو انکال کہتے تھے۔ یہ شکار اور جنگوں کا رب ہے۔ ستارہ زہرہ کو عشقار کہتے تھے۔ یہ سعادت و خوشحالی کا رب ہے۔ آثار قدیمہ سے معلوم ہوتا ہے کہ زہرہ سے منسوب بت ایک برہنہ عورت کی شکل میں ہے اور عطارد کو نبو کہتے تھے اور یہ علم و حکمت کا رب ہے۔

ایسے ماحول میں حضرت ابراہیم علیہ السلام ایک بے مثال عقلی و فکری صلاحیت کے ساتھ توحید کی دعوت شروع کرتے ہیں ارشاد فرمایا: وَ لَقَدۡ اٰتَیۡنَاۤ اِبۡرٰهِیۡمَ رُشۡدَهٗ مِنۡ قَبۡلُ وَکُنَّا بِهٖ عٰلِمِیۡنَ ۔ (انبیاء: ۵۱) اور تحقیق ہم نے ابراہیم کو پہلے ہی سے عقل کامل عطا کی تھی اور ہم اس کے حال سے باخبر تھے۔ اسی رشد و فہم کی وجہ سے حضرت ابراہیم (ع) کے لیے ایسے بت پرستانہ ماحول میں توحید کا پرچم بلند کرنا ممکن ہوا۔ حضرت ابراہیم (ع) نے اس دعوت میں حکیمانہ انداز اختیار کرتے ہوئے لوگوں کے اس عقیدہ سے فائدہ اٹھایا کہ انسانی امور کی تدبیر کسی طاقت کے ہاتھ میں ہے اور اسی کو رب تسلیم کر لینا چاہیے۔ اس رب کی تلاش اور تشخیص میں فوراً اپنا مؤقف بیان نہیں فرماتے بلکہ چند قدم ان سادہ لوح بت پرستوں کے ساتھ چلتے ہیں اور انہیں کا ایک بلند مرتبہ رب ایک ستارہ (زہرہ یا مشتری) کی طرف اشارہ کر کے فرماتے ہیں قَالَ هٰذَا رَبِّیۡ ۔ اس وقتی مؤقف اور فرضی نظریہ سے بت پرستوں کی مذہبی حیثیت اور نظریاتی تعصب کو چھیڑے بغیر ان کی توجہ اپنی طرف مبذول کراتے ہیں۔

فَلَمَّاۤ اَفَلَ: جب یہ ستارہ ڈوب جاتا اور نظروں سے غائب ہو جاتا، دوسرے لفظوں میں مزعومہ رب اپنے بندوں کو بے سہارا چھوڑ کر پس پردہ چلا جاتا ہے، حضرت ابراہیم (ع) لوگوں کو اس رب کی بے مہری کی طرف متوجہ کرتے ہیں: قَالَ لَاۤ اُحِبُّ الۡاٰفِلِیۡنَ مجھے غائب ہونے والے پسند نہیں ہیں۔ کہتے ہیں کہ اس بارے میں لوگوں کا یہ نظریہ تھا کہ جب ستارے طلوع کرتے ہیں تو طاقتور ہوتے ہیں اور جب غروب کرتے ہیں کمزور ہو جاتے ہیں۔ ممکن ہے اسی نظریے کے مطابق فرمایا ہو کہ میں کمزوروں سے محبت نہیں کرتا۔ ایسا رب مجھے پسند نہیں ہے جو کمزوری کی وجہ سے چھپ جاتا ہے۔

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ
عَلٰى قَوْمِهٖ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ
نَّشَآءُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ
عَلِيْمٌ ﴿۸۳﴾
وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ ؕ كُلًّا
هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ وَ
مِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ
وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ؕ وَ
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۴﴾
وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى
وَاِلْيَاسَ ؕ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۸۵﴾
وَاِسْمٰعِيْلَ وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ
وَلُوْطًا ؕ وَكُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۶﴾
وَمِنْ اٰبَآئِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَ
اِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۸۷﴾
ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ
مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ
عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۸﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَ
الْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا
هٰٓؤُلَآءِ فَقَدْ وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا

۸۳۔ اور یہ ہماری وہ دلیل ہے جو ہم نے ابراہیم کو اس کی قوم کے مقابلے میں عنایت فرمائی، جس کے ہم چاہتے ہیں درجات بلند کرتے ہیں، بے شک آپ کا رب بڑا حکمت والا، خوب علم والا ہے۔

۸۴۔ اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب عنایت کیے، سب کی رہنمائی بھی کی اور اس سے قبل ہم نے نوح کی رہنمائی کی تھی اور ان کی اولاد میں سے داؤد، سلیمان، ایوب، یوسف، موسیٰ اور ہارون کی بھی اور نیک لوگوں کو ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں،

۸۵۔ اور زکریا، یحییٰ، عیسیٰ اور الیاس کی بھی، (یہ) سب صالحین میں سے تھے۔☆

۸۶۔ اور اسماعیل، یسع، یونس اور لوط (کی رہنمائی کی) اور سب کو عالمین پر فضیلت ہم نے عطا کی۔☆

۸۷۔ اور اسی طرح ان کے آبا اور ان کی اولاد اور ان کے بھائیوں کو بھی (ہدایت دی) اور ہم نے انہیں منتخب کر لیا اور ہم نے راہ راست کی طرف ان کی رہنمائی کی۔

۸۸۔ یہ ہے اللہ کی ہدایت جس سے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے نوازے اور اگر وہ لوگ شرک کرتے تو ان کے کیے ہوئے تمام اعمال برباد ہو جاتے۔

۸۹۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں ہم نے کتاب اور حکمت اور نبوت عطا کی، اب اگر یہ لوگ ان کا انکار کریں تو ہم نے ان پر ایسے لوگ مقرر کر رکھے ہیں جو ان کے

کیونکہ رب اور مربوب کے درمیان محبت ہی کا رشتہ ہوتا ہے: وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ۔ (بقرۃ: ۱۶۵) اور لوگوں میں سے کچھ ایسے ہیں جو اللہ کے سوا دوسروں کو اس کا مدمقابل قرار دیتے ہیں اور ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسے محبت اللہ سے رکھنی چاہیے۔ امام محمد باقر (ع) سے روایت ہے: هل الدين الا الحبّ۔ (الکافی ۸: ۷۹) کیا دین محبت کے علاوہ کسی اور چیز کا نام ہے؟۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام براہ راست اس محبت کو نشانہ بناتے ہیں جس پر یہ عقیدہ قائم ہے اور فرماتے ہیں: لَآ اُحِبُّ الْاٰفِلِيْنَ میں غائب ہونے والوں سے محبت نہیں کرتا۔

جب چاند طلوع ہوتا ہے تو پھر استدراجی طرز استدلال اختیار فرماتے ہیں کہ ستارہ نہ سہی، چمکتا چاند میرا رب ہے۔ جب چاند بھی اپنے بندوں کو بے سہارا چھوڑ کر ڈوب جاتا ہے اور وہی بے رخی اختیار کرتا ہے تو اس بار حضرت ابراہیم (ع) نے اپنے حقیقی رب کی اس طرح نشاندہی کی: لَئِنْ لَّمْ يَهْدِنِيْ رَبِّيْ لَاَكُوْنَنَّ مِنَ الْقَوْمِ الضَّآلِّيْنَ اگر میرا رب میری رہنمائی نہ فرماتا تو میں بھی ضرور گمراہوں میں سے ہو جاتا۔

جب سورج نے طلوع کیا تو وہی طرز استدلال اختیار کیا اور فرمایا یہ تو کافی بڑا ہے۔ یہی میرا رب ہے جب سورج نے بھی بے اعتنائی برتی اور ڈوب گیا، ڈوب جانے اور غائب ہو جانے کے امر میں ستارے، چاند اور سورج سب کو یکساں پایا تو دیکھا ان میں سے کوئی ایک بھی رب بننے کے قابل نہیں ہے، یہاں پر آمدم بر سر مطلب کے طور پر کہا: اے قوم جن چیزوں کو تم اللہ کے شریک بناتے ہو ان سے میں بیزار ہوں۔ اب حضرت ابراہیمؑ نے ان ارباب کو اس مقام پر پہنچایا کہ ان سے اعلان برائت کیا جائے۔

۸۵۔ ان ذریتوں میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے، یہ اس بات پر دلیل ہے کہ دختر کی اولاد بھی ذریت شمار ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے حجاج بن یوسف کے سامنے اس آیت اور آیۂ مباہلہ سے حسنین علیہما السلام کے ذریت رسولؐ ہونے پر استدلال فرمایا اور امام موسیٰ کاظم علیہ السلام نے ہارون رشید کے سامنے اس آیت سے استدلال کیا کہ ہم ذریت رسولؐ ہیں۔

۸۶۔ اس آیت میں مذکور اسماعیل فرزند ابراہیمؑ کے علاوہ ہیں۔ ملاحظہ ہو سورہ مریم آیت ۵۴۔

بِهَا بِكٰفِرِيْنَ ﴿۸۹﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ
اقْتَدِهْ ؕ قُلْ لَّآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ
اَجْرًا ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰى
ع ۱۲ لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۰﴾
وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖٓ اِذْ
قَالُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى بَشَرٍ مِّنْ
شَىْءٍ ؕ قُلْ مَنْ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ الَّذِىْ
جَآءَ بِهٖ مُوْسٰى نُوْرًا وَّ هُدًى
لِّلنَّاسِ تَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ
تُبْدُوْنَهَا وَتُخْفُوْنَ كَثِيْرًا ۚ وَ
عُلِّمْتُمْ مَّا لَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنْتُمْ وَلَآ
اٰبَآؤُكُمْ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ ثُمَّ ذَرْهُمْ فِىْ
خَوْضِهِمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۱﴾
وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ
مُّصَدِّقُ الَّذِىْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَلِتُنْذِرَ
اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَالَّذِيْنَ
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَ
هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ﴿۹۲﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ قَالَ اُوْحِىَ اِلَىَّ وَلَمْ
يُوْحَ اِلَيْهِ شَىْءٌ وَّمَنْ قَالَ سَاُنْزِلُ
مِثْلَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ

منکر نہیں ہیں۔

۹۰۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت سے نوازا ہے تو آپ بھی انہی کی ہدایت کی اقتدا کریں، کہہ دیجیے: میں اس (تبلیغ قرآن) پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، یہ تو عالمین کے لیے فقط ایک نصیحت ہے۔☆

۹۱۔ اور انہوں نے اللہ کو ایسے نہیں پہچانا جیسے اسے پہچاننے کا حق تھا جب انہوں نے کہا: اللہ نے کسی بشر پر کچھ نازل نہیں کیا ان سے پوچھیں: پھر وہ کتاب جو موسیٰ لے کر آئے تھے کس نے نازل کی جو لوگوں کے لیے روشنی اور ہدایت تھی؟ اس کا کچھ حصہ ورق ورق کر کے دکھاتے ہو اور بہت کچھ چھپا لیتے ہو اور تمہیں وہ علم سکھا دیا تھا جو نہ تم جانتے ہو نہ تمہارے باپ دادا، کہہ دیجیے: اللہ ہی نے (اسے نازل کیا تھا)، پھر انہیں ان کی بیہودگیوں میں کھیلتے چھوڑ دیں۔

۹۲۔ اور یہ کتاب جو ہم نے نازل کی ہے بڑی بابرکت ہے جو اس سے پہلے آنے والی کی تصدیق کرتی ہے اور تاکہ آپ ام القریٰ (اہل مکہ) اور اس کے اطراف میں رہنے والوں کو تنبیہ کریں اور جو لوگ آخرت پر ایمان رکھتے ہیں وہی اس (قرآن) پر بھی ایمان لاتے ہیں اور وہ اپنی نماز کی پابندی کرتے ہیں۔☆

۹۳۔ اور اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا یہ دعویٰ کرے کہ مجھ پر وحی ہوئی ہے حالانکہ اس پر کوئی وحی نہیں ہوئی اور جو یہ کہے کہ جیسا اللہ نے نازل کیا ہے ویسا

۹۰۔ حضورؐ کے لیے حکم ہوتا ہے کہ وہ ان انبیاء کی راہ پر چلیں ان کی اقتدا کریں یعنی تبلیغ رسالت، منکرین سے جہاد، مصائب و آلام میں صبر وغیرہ میں اقتدا کریں، نہ کہ ان انبیاء پر نازل ہونے والے ہر حکم کی اقتدا، جیسا کہ کچھ لوگوں کو غلط فہمی ہوئی ہے۔ آخر میں اپنی بے غرضی کے اعلان کا حکم ہوا کہ کہہ دیجیے میں اس تبلیغ و ہدایت پر کوئی اجر نہیں مانگتا یہ تو ایک الٰہی نعمت اور انسانی نصیحت ہے، جو خود تمہاری اور اہل عالم کی نجات کے لیے ہے۔

۹۲۔ اُمَّ الْقُرٰی کا لفظی ترجمہ بستیوں کا مرکز ہے۔ ساری دنیا کی بستیوں کا مرکز وہ ہے جہاں دنیا کا پہلا خانہ خدا موجود ہے۔ جس کی طرف نماز و حج کے لیے ساری دنیا کی بستیوں سے لوگ رجوع کرتے ہیں۔

مستشرقین کی اسلام دشمنی کس سے پوشیدہ ہے؟ وہ اس جملے سے یہ مطلب اخذ کرنے کی مذموم کوشش کرتے ہیں کہ محمدؐ شروع میں اپنے دین کی دعوت کو مکہ اور اس کے اطراف کی بستیوں تک محدود رکھنا چاہتے تھے لیکن بعد میں اپنی توقعات کے خلاف انہوں نے اسے پورے جزیرۃ العرب تک پھیلا دیا نیز بعد میں اس دعوت کو مزید وسعت دی گئی۔ اسلامی دعوت کی آفاقیت کی بات تو اس وقت بھی ہوتی رہی جب اس دعوت کو شعب ابی طالبؑ میں حوصلہ شکن حالات کا سامنا تھا۔ اس وقت مکہ میں نازل ہونے والے سورۂ سبا آیت ۲۸ میں فرمایا: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ اور مکی سورہ تکویر آیت ۲۷ میں فرمایا: اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ یہ قرآن عالمین کے لیے ایک نصیحت ہے نیز مکی سورہ انبیاء آیت ۱۰۷ میں فرمایا: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ ہم نے تو آپ کو بس تمام عالمین کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

۹۳۔ اس آیت میں ظلم کی تین بدترین صورتوں کا بیان ہے۔ ۱۔ اللہ کے ساتھ کسی اور کو شریک ٹھہرانا۔ ۲۔ جس پر وحی نہ ہوئی ہو اس کا یہ دعویٰ کرنا کہ مجھ پر وحی ہوئی ہے۔ ۳۔ کسی شخص کا قرآن جیسی کتاب کے نازل کرنے کا دعویٰ کرنا۔ پہلی قسم کا ظلم مشرکین انجام دے رہے تھے۔ دوسری قسم کے ظلم کی نسبت پیغمبر اسلامؐ کی طرف دی جا رہی تھی۔ تیسری قسم کا ظلم خود اللہ تعالیٰ کے ساتھ تمسخر ہے۔ یہ ظلم بھی بعض مشرکین کی طرف سے کیا جا رہا تھا۔ حدیث اور سیرت کی کتابوں

الظّٰلِمُوْنَ فِیْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَ
الْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَیْدِیْهِمْ ۚ
اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْیَوْمَ
تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ
تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ
عَنْ اٰیٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾
وَ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا
خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ تَرَكْتُمْ مَّا
خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا
نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِیْنَ
زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِیْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ
لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَیْنَكُمْ وَ ضَلَّ عَنْكُمْ
مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ ع ۱۱ ۱۷
اِنَّ اللّٰهَ فَالِقُ الْحَبِّ وَ النَّوٰى ؕ
یُخْرِجُ الْحَیَّ مِنَ الْمَیِّتِ وَ مُخْرِجُ
الْمَیِّتِ مِنَ الْحَیِّ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ
فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۹۵﴾
فَالِقُ الْاِصْبَاحِ ۚ وَ جَعَلَ الَّیْلَ سَكَنًا
وَّ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ حُسْبَانًا ؕ
ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۹۶﴾
وَ هُوَ الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمُ النُّجُوْمَ
لِتَهْتَدُوْا بِهَا فِیْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ
الْبَحْرِ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ

میں آیا ہے کہ یہ تمسخر کرنے والا عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح ہے جو حضرت عثمان کا رضاعی بھائی اور کاتب وحی تھا۔ قرآن کی نگاہ میں ہر وہ شخص جو خدا اور اس کے رسول کا تمسخر اڑائے کافر ہوتا ہے، خواہ وہ کاتب وحی ہی کیوں نہ ہو۔

۹۴۔ اس آیت میں زندگی کی فکر انگیز تصویر کشی کی گئی ہے، کیونکہ جب انسان اس دنیا میں قدم رکھتا ہے تو عریاں، محروم، بے بس اور خالی ہاتھ قدم رکھتا ہے نیز جب اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے تو بھی محروم، بے بس اور خالی ہاتھ چلا جاتا ہے۔ درمیان میں کچھ دیر کے لیے خواہشات میں مگن رہتا ہے۔

۹۵۔ وہی ہے جو زمین کی تہ میں بیج کو شگافتہ کر کے درخت اور فصل اگاتا ہے۔ وہی بے جان مادے کی گود میں زندگی کی پرورش کرتا ہے اور زندہ سے مردہ نکالتا ہے، جیسا کہ بہت سے مردہ مواد ایسے ہیں جو زندہ نامی اجسام کی پیداوار ہیں۔

۹۶۔ ۹۷۔ رات کی تاریکی کو شگافتہ کر کے صبح کی روشنی نکالنا بالکل اسی طرح ہے جس طرح زمین کی تہوں میں دانے کو پھاڑ کر درخت نکالنا ہے، جس طرح مردہ سے زندہ نکالنا ہے۔ چونکہ صبح نور ہے اور حیات ہے، جنبش ہے، صبح سے پھوٹنے والی روشنی اور سورج کی شعاع کو دانے کی شگفتگی اور حیات و زندگی میں بنیادی دخل ہے۔ یعنی نبات و حیات کا مدار صباح و مساء یعنی صبح و شام پر ہے۔

دن کی حرکت، جنبش سے اعصاب بدن تھکے ہوئے ہوتے ہیں اور فکری و ذہنی پریشانیوں سے دماغ تھکا ہوا ہوتا ہے، رات کے پرسکون ماحول میں انسان اور بہت سے جاندار آرام کے لیے اپنی طاقت دوسرے دن کے لیے چارج کرتے ہیں۔ یہ اللہ کی عظیم رحمت ہے۔

انسان کی زندگی میں اوقات و زمان کو بڑا دخل ہے۔ اس الٰہی تقویم سے انسان اپنی زندگی کے امور کو منظم کر لیتے ہیں۔ اللہ کی یہ سورج اور چاند پر مشتمل تقویم اس قدر دقیق اور منظم ہے کہ اربوں سال میں بھی ایک سکنڈ کا فرق نہیں ہوتا۔

ستارے اگرچہ اپنی جگہ ایک مستقل نظام ہیں، اس کے ساتھ اہل ارض کے لیے یہ رہنما کا کام بھی انجام دیتے ہیں۔ یہاں خطاب اہل ارض سے ہے، اس لیے ستاروں کی اس افادیت کا ذکر ہوا۔

میں بھی نازل کر سکتا ہوں اور کاش آپ ظالموں کو سکرات موت کی حالت میں دیکھ لیتے جب فرشتے ہاتھ بڑھائے ہوئے کہ رہے ہوں: نکالو اپنی جان، آج تمہیں ذلت آمیز عذاب دیا جائے گا کیونکہ تم اللہ پر ناحق باتوں کی تہمت لگایا کرتے تھے اور اللہ کی نشانیوں کے مقابلے میں تکبر کیا کرتے تھے۔ ☆

۹۴۔ اور لو آج تم ہمارے پاس اسی طرح تنہا آ گئے ہو جس طرح ہم نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور جو کچھ ہم نے تمہیں عطا کیا تھا وہ سب اپنے پیچھے چھوڑ آئے ہو اور ہم تمہارے ساتھ تمہارے وہ سفارشی نہیں دیکھ رہے ہیں جن کے بارے میں تمہارا یہ خیال تھا کہ وہ تمہارے کام بنانے میں تمہارے شریک ہوں گے، آج تمہارے باہمی تعلقات منقطع ہو گئے اور تم جو دعوے کیا کرتے تھے وہ سب ناپید ہو گئے۔ ☆

۹۵۔ بے شک اللہ دانے اور گٹھلی کا شگافتہ کرنے والا ہے، وہی مردے سے زندہ کو اور زندہ سے مردے کو نکالنے والا ہے، یہ ہے اللہ، پھر تم کدھر بہکے جا رہے ہو۔ ☆

۹۶۔ وہ صبح کا شگافتہ کرنے والا ہے اور اس نے رات کو (باعث) سکون اور سورج اور چاند کو حساب سے رکھا ہے، یہ سب غالب آنے والے دانا کی بنائی ہوئی تقدیر ہے۔ ☆

۹۷۔ اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے ستارے بنائے تاکہ تم ان کے ذریعے خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں راستہ معلوم کرو، اہل علم کے لیے ہم نے اپنی آیات

يَّعْلَمُوْنَ ﴿۹۷﴾

وَ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ
وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّ مُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ
فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ ﴿۹۸﴾
وَ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ
فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ
فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ
حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَ مِنَ النَّخْلِ مِنْ
طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِيَةٌ وَّ جَنّٰتٍ
مِّنْ اَعْنَابٍ وَّالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ
مُشْتَبِهًا وَّ غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ
اُنْظُرُوْٓا اِلٰى ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَ
يَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۹۹﴾
وَ جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَ
خَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍۢ
بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَ تَعٰلٰى عَمَّا
يَصِفُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع ۱۸
بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَنّٰى
يَكُوْنُ لَهٗ وَلَدٌ وَّ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ
صَاحِبَةٌ ؕ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ ۚ وَهُوَ
بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۱﴾
ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

کھول کر بیان کی ہیں۔☆

۹۸۔اور وہی ہے جس نے تم سب کو ایک ہی ذات سے پیدا کیا، پھر ایک جائے استقرار ہے اور جائے ودیعت، ہم نے صاحبان فہم کے لیے آیات کو کھول کر بیان کر دیا ہے۔☆

۹۹۔ اور وہی تو ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جس سے ہم نے ہر طرح کی روئیدگی نکالی پھر اس سے ہم نے سبزہ نکالا جس سے ہم تہ بہ تہ گتھے ہوئے دانے نکالتے ہیں اور کھجور کے شگوفوں سے آویزاں گچھے اور انگور، زیتون اور انار کے باغات (جن کے پھل) ایک دوسرے سے مشابہ اور (ذائقے) جدا جدا ہیں، ذرا اس کے پھل کو جب وہ پھلتا ہے اور اس کے پکنے کو دیکھو، اہل ایمان کے لیے یقیناً ان میں نشانیاں ہیں۔☆

۱۰۰۔اور ان لوگوں نے جنات کو اللہ کا شریک بنایا حالانکہ اس نے انہیں پیدا کیا ہے اور نادانی سے اللہ کے لیے بیٹے اور بیٹیاں گھڑ ڈالیں، جو باتیں یہ لوگ کہتے ہیں اللہ ان سے پاک اور بالاتر ہے۔☆

۱۰۱۔ وہ آسمانوں اور زمین کا موجد ہے، اس کا بیٹا کیونکر ہو سکتا ہے جبکہ اس کی کوئی شریک زندگی نہیں ہے اور ہر چیز کو اس نے پیدا کیا ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۱۰۲۔ یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ہر چیز کا خالق ہے

۹۸۔جائے استقرار سے حیات اخروی اور ودیعت کی جگہ سے دنیاوی زندگی مراد ہو سکتی ہے۔

۹۹۔حیات و نبات میں پانی کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں ہے لیکن اللہ پانی کو اس سے بھی زیادہ اہمیت دیتا ہے جتنا انسان اور آج کی سائنس زندگی کے لیے پانی کو ضروری سمجھتی ہے۔
خالق کائنات فرماتا ہے: كَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ (ہود: ۷) اس کا عرش بھی پانی پر تھا نیز ہر زندہ شے کو پانی ہی کے ذریعے زندگی بخشی: وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ. (انبیاء: ۳۰) اور ہم نے تمام جاندار چیزیں پانی سے بنائیں۔
اس آیت میں فرمایا کہ آسمان سے ہم نے پانی برسایا جس سے ہم نے ہر طرح کی روئیدگی نکالی۔ ممکن ہے اس سے مراد یہ ہو کہ اس کی ضرورت کے مطابق نشو و نما دی اور یہ بھی ممکن ہے نَبَاتَ كُلِّ شَيْءٍ سے مراد ہر طرح اور ہر قسم کی نباتات ہو، کیونکہ نبات کی ہر قسم پانی ہی سے نشو و نما پاتی ہے۔ چنانچہ فضا میں موجود نائٹروجن بجلی کی چمک کے ساتھ بارش کے پانی کے ذریعے زمین پر گرتی ہے اور قدرتی کھاد کی صورت میں زمین کو سرسبز بناتی ہے۔

۱۰۰۔ ۱۰۱ جنات کی پرستش قدیم بت پرست اقوام میں مشہور تھی۔ روم اور یونان کے خرافاتی خداؤں میں کئی ایک خداؤں کے نام ملتے ہیں جو جنات سے منسوب ہیں اور جنات کی کئی ایک شکلیں اور سونے کے بت بنائے تھے۔ اس آیت میں فرمایا کہ ان لوگوں نے اللہ کے لیے جنات کو شریک بنایا حالانکہ ان جنات کا خالق خدا ہے۔ یہ جن اللہ کی مخلوق اور اس کے بندے ہیں۔ دوسری تفسیر یہ ہو سکتی ہے کہ وَخَلَقَهُمْ کی ضمیر مشرکین کی طرف جائے اور معنی یہ بن سکتے ہیں کہ یہ لوگ جنات کو اللہ کا شریک بناتے ہیں، حالانکہ خود ان لوگوں کا خالق اللہ ہے۔ لہذا انہیں اپنے خالق ہی کی پرستش کرنی چاہیے۔
اللہ کے لیے اولاد کا تصور گھڑنے والوں میں تو اہل کتاب بھی شامل ہیں جو عزیر (ع) اور مسیح (ع) کو ابن اللہ کہتے ہیں۔ بعض مشرکین فرشتوں کو بنات اللہ یعنی اللہ کی بیٹیاں کہتے ہیں اور کچھ اقوام ایسی بھی ہیں جو اپنے آپ کو فرزندان خدا سمجھتی ہیں۔
اللہ تعالیٰ ہی آسمانوں اور زمین کا موجد ہے۔ اس میں کسی اور چیز کی شرکت کا امکان بھی نہیں ہے

هُوَ ۚ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ فَاعْبُدُوْهُ ۚ وَ
هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۱۰۲﴾
لَا تُدْرِكُهُ الْاَبْصَارُ ۫ وَ هُوَ
يُدْرِكُ الْاَبْصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيْفُ
الْخَبِيْرُ ﴿۱۰۳﴾
قَدْ جَآءَكُمْ بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ ۚ
فَمَنْ اَبْصَرَ فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ عَمِيَ
فَعَلَيْهَا ؕ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ بِحَفِيْظٍ ﴿۱۰۴﴾
وَكَذٰلِكَ نُصَرِّفُ الْاٰيٰتِ وَلِيَقُوْلُوْا
دَرَسْتَ وَلِنُبَيِّنَهٗ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
اِتَّبِعْ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ۚ
لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ وَاَعْرِضْ عَنِ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۶﴾
وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَآ اَشْرَكُوْا ؕ وَمَا
جَعَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ۚ وَمَآ اَنْتَ
عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ﴿۱۰۷﴾
وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ
كَذٰلِكَ زَيَّنَّا لِكُلِّ اُمَّةٍ عَمَلَهُمْ ۪
ثُمَّ اِلٰى رَبِّهِمْ مَّرْجِعُهُمْ فَيُنَبِّئُهُمْ
بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾
وَ اَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
لَئِنْ جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ لَّيُؤْمِنُنَّ بِهَا ؕ

لہٰذا اس کی عبادت کرو اور وہ ہر چیز پر نگران ہے۔

۱۰۳۔ نگاہیں اسے پا نہیں سکتیں جب کہ وہ نگاہوں کو پا لیتا ہے اور وہ نہایت باریک بین، بڑا باخبر ہے۔☆

۱۰۴۔ تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس بصیرت افروز دلائل آ گئے ہیں، اب جس نے آنکھ کھول کر دیکھا اس نے اپنا بھلا کیا اور جو اندھا بن گیا اس نے اپنا نقصان کیا اور میں تمہارا نگہبان نہیں ہوں۔☆

۱۰۵۔ اور ہم اس طرح آیات مختلف انداز میں بیان کرتے ہیں جس سے وہ یہ کہیں گے کہ آپ نے (کسی سے قرآن) پڑھا ہے اور اس لیے بھی کہ ہم یہ بات اہل علم پر واضح کر دیں۔

۱۰۶۔ آپ کے پروردگار کی طرف سے آپ پر جو وحی ہوئی ہے اس کی اتباع کریں، اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں اور مشرکین سے کنارہ کش ہو جائیں۔

۱۰۷۔ اور اگر اللہ کی مشیت ہوتی تو یہ لوگ شرک کر ہی نہیں سکتے تھے اور ہم نے آپ کو ان پر نگہبان مقرر نہیں کیا اور نہ ہی آپ ان کے ذمے دار ہیں۔

۱۰۸۔ گالی مت دو ان کو جن کو یہ اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہیں مبادا وہ عداوت اور نادانی میں اللہ کو برا کہنے لگیں، اس طرح ہم نے ہر قوم کے لیے ان کے اپنے کردار کو دیدہ زیب بنایا ہے، پھر انہیں اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے، پس وہ انہیں بتا دے گا کہ وہ کیا کرتے رہے ہیں۔☆

۱۰۹۔ اور یہ لوگ اللہ کی پکی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی معجزہ آئے تو یہ اس پر ضرور ایمان لے آئیں

اور یہ کہ اللہ کے لیے بیٹے بیٹیاں نہیں ہیں کیونکہ اس کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ اولاد تو جفت کے درمیان پیدا ہوتی ہے اللہ کا کوئی جفت نہیں ہے، وہ تو ہر چیز کا خالق ہے۔ شان الٰہی کے لیے خالق ہونے میں عظمت ہے، جب کہ صاحب اولاد ہونا ناممکن ہونے کے علاوہ شان خداوندی کے منافی بھی ہے۔

۱۰۳۔ نگاہوں کا اپنا ادراک ہوتا ہے اور عقل کا اپنا ادراک ہوتا ہے۔ آیت نے صاف الفاظ میں فرمایا: نگاہیں اللہ کا ادراک نہیں کر سکتیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ کا وجود ایسا نہیں جو نگاہوں کی حس و ادراک کے دائرے میں آ جائے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: آنکھیں صرف ان چیزوں کو دیکھ سکتی ہیں جو رنگ اور کیفیت پر مشتمل ہوں۔ و اللّٰہ تعالیٰ خالق الاشیاء و الکیفیۃ۔ اللہ تعالیٰ تو رنگوں اور کیفیت کا خالق ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: و کیف یجری علیہ ما ھو اجراہ ویعود الیہ ما ھو ابداہ و یحدث فیہ ما ھو احدثہ۔ (الاحتجاج ۱:۱۹۸) بھلا جو چیز اس نے مخلوقات پر طاری کی ہو وہ اس پر کیونکر طاری ہو سکتی ہے؟ اور جو چیزیں اس نے ایجاد کی ہوں وہ اس کی طرف کیونکر عائد ہو سکتی ہیں؟ اور جس چیز کو اس نے پیدا کیا وہ اس میں کیونکر پیدا ہو سکتی ہے؟

۱۰۴۔ جس سطح کے دلائل رسولؐ نے اس ناخواندہ قوم کے سامنے پیش فرمائے وہ نہ صرف ان کی فکری سطح سے بلند ہیں بلکہ اہل کتاب کی فکری سطح سے بھی بلند ہیں۔ موجودہ توریت اور انجیل کی خرافات کا قرآن کی متانت کے ساتھ موازنہ کرنا بھی درست نہیں ہے۔

۱۰۸۔ مومنین اگر مشرکین کے خداؤں کو دشنام دیں تو جاہلی تعصب کی بنا پر مقابلے میں وہ اللہ کی شان میں گستاخی کریں گے۔ لہٰذا اس کے محرک اور سبب تم نہ بنو۔

گالی اور دشنام اپنی جگہ ایک برا عمل ہے۔ اسلامی تعلیمات میں اس برے کام کے لیے کوئی جگہ نہیں۔ یہاں یہ غلط فہمی نہ ہو کہ برائت اور سب ایک چیز ہے۔ پاک کردار لوگ بدکرداروں کی بدکرداری سے بیزاری کا اظہار کرتے ہیں، جو برائت ہے، جبکہ گالی گلوچ، گھٹیا لوگوں کا کام ہے۔ لہٰذا اعلیٰ کردار کے مالک لوگ برائت کرتے ہیں، سب نہیں کرتے۔

قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ وَمَا
يُشْعِرُكُمْ ۙ اَنَّهَآ اِذَا جَآءَتْ
لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۹﴾
وَنُقَلِّبُ اَفْـِٕدَتَهُمْ وَاَبْصَارَهُمْ
كَمَا لَمْ يُؤْمِنُوْا بِهٖٓ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ
ع ۱۳ ۱۹ نَذَرُهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۱۱۰﴾
الجزء ۸ وَلَوْ اَنَّنَا نَزَّلْنَآ اِلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةَ وَ
كَلَّمَهُمُ الْمَوْتٰى وَحَشَرْنَا عَلَيْهِمْ
كُلَّ شَيْءٍ قُبُلًا مَّا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْٓا
اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ وَ لٰكِنَّ
اَكْثَرَهُمْ يَجْهَلُوْنَ ﴿۱۱۱﴾
وَ كَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا
شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَ الْجِنِّ يُوْحِيْ
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ
غُرُوْرًا ؕ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ
فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۱۲﴾
وَ لِتَصْغٰٓى اِلَيْهِ اَفْـِٕدَةُ الَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَ لِيَرْضَوْهُ
وَلِيَقْتَرِفُوْا مَا هُمْ مُّقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
اَفَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْتَغِيْ حَكَمًا وَّهُوَ
الَّذِيْٓ اَنْزَلَ اِلَيْكُمُ الْكِتٰبَ
مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ
يَعْلَمُوْنَ اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ مِّنْ رَّبِّكَ

گے، کہہ دیجیے: معجزے صرف اللہ کے پاس ہیں، لیکن (مسلمانو!) تمہیں کیا معلوم کہ معجزے آ بھی جائیں تب بھی یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔☆

۱۱۰۔ اور ہم ان کے دل و نگاہ کو اس طرح پھیر دیں گے جیسا کہ یہ پہلی مرتبہ اس پر ایمان نہیں لائے تھے اور ہم انہیں ان کی سرکشی میں سرگرداں چھوڑے رکھیں گے۔

۱۱۱۔ اور اگر ہم ان پر فرشتے بھی نازل کر دیں اور مردے بھی ان سے باتیں کرنے لگیں اور ہر چیز کو ہم ان کے سامنے جمع کر دیں تب بھی یہ ایمان نہیں لائیں گے، مگر اللہ چاہے (تو اور بات ہے) لیکن ان میں سے اکثر لوگ جہالت میں ہیں۔☆

۱۱۲۔ اور اسی طرح ہم نے ہر نبی کے لیے جن و انس کے شیطانوں کو دشمن قرار دیا ہے جو ایک دوسرے کو فریب کے طور پر ملمع آمیز باتوں کا وسوسہ ڈالتے ہیں اور اگر آپ کا رب چاہتا تو یہ ایسا نہ کر سکتے، پس انہیں بہتان تراشی میں چھوڑ دیں۔☆

۱۱۳۔ اور (شیاطین وسوسہ ڈالتے ہیں) تاکہ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ان کے دل (ملمع آمیز باتوں کی طرف) مائل رہیں اور وہ اس سے راضی رہیں اور جن حرکتوں میں یہ لوگ لگے ہوئے ہیں انہی میں مصروف رہیں۔

۱۱۴۔ کیا میں اللہ کے سوا کسی اور کو منصف بناؤں؟ حالانکہ اس نے تمہاری طرف مفصل کتاب نازل کی ہے اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ جانتے ہیں کہ یہ قرآن آپ کے رب کی طرف سے برحق نازل ہوا ہے، لہٰذا آپ ہرگز شک کرنے

۱۰۹۔ سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ ہٹ دھرم مشرکین کی طرف سے معجزے کے مطالبے پر بعض اہل ایمان کا بھی یہی خیال تھا۔ چنانچہ ان سے فرمایا: تمہیں کیا معلوم کہ معجزہ دکھانے کی صورت میں یہ ایمان لے آئیں گے؟ چنانچہ تاریخ انبیاء شاہد ہے کہ دریا شق ہو جاتا ہے، پہاڑ سے اونٹنی نکل آتی ہے، مردے زندہ کیے جاتے ہیں، لیکن جن لوگوں نے انکار کرنا تھا وہ منکر رہے۔

۱۱۱۔ یعنی اگر ان لوگوں کا مطالبہ قبول کر لیں اور ان پر فرشتے نازل کریں، یہاں تک کہ مردے بھی ان سے بات کریں تو بھی یہ لوگ ایمان نہیں لائیں گے۔ جب کہ تاریخ انبیاء شاہد ہے کہ دریا شق ہو جاتا ہے، پہاڑ سے اونٹنی نکالی جاتی ہے۔ مردے زندہ ہوتے رہے مگر جن لوگوں نے انکار کیا وہ منکر ہی رہے۔ آج بھی یہی ہو گا لاکھ معجزے دکھائے جائیں یہ لوگ منکر ہی رہیں گے مگر جو اللہ چاہے۔ ان کافروں کے لیے اللہ چاہے گا نہیں کیونکہ یہ لوگ خود ہدایت نہیں چاہتے۔ یہ لوگ اہلیت اور اللہ کی رحمت و ہدایت کے ظرف نہیں رکھتے۔

۱۱۲۔ وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ مَا فَعَلُوْهُ: اگر اللہ چاہتا تو یہ ایسا نہ کر سکتے۔ اللہ کی مشیت یہ ہے کہ حق و باطل دونوں کو اپنا اپنا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے۔ ابراہیمؑ و نمرود، موسیٰ (ع) و فرعون، مصطفیٰ (ص) اور ابوجہل اور حسین (ع) و یزید میں سے ہر ایک کو اپنا اپنا کردار ادا کرنے کا موقع دیا جائے۔ اللہ تعالیٰ حجت و دلیل اور قلب و ضمیر کی راہ سے ایمان چاہتا ہے۔ طاقت استعمال کرنا ہوتی تو یہ کام اللہ کے لیے نہایت آسان تھا۔

۱۱۴۔ کلام بزبان رسول (ص) جاری کیا جا رہا ہے گویا یہ حکم ہو رہا ہے کہ اے رسول (ص) آپ ان منکرین سے کہہ دیجیے کہ میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرنے کے لیے اللہ ہی کی ذات ہے، کیا میں ان کے سوا کسی اور کو منصف بناؤں جب کہ اس نے ہی تمہاری طرف ایک مفصل کتاب نازل کی ہے، لہٰذا جس نے رسالت کا کام میرے ذمہ لگایا ہے میرا وہی منصف ہو گا۔ اس کے علاوہ اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) بھی اس حقیقت سے واقف ہیں کہ یہ قرآن اللہ کی طرف سے ہے۔ وہ اپنی کتابوں میں پڑھ چکے ہیں کہ محمد نبی آخرالزمان (ص) آنے والے ہیں اور ساتھ ہی وحی و غیر وحی کی تمیز بھی کر سکتے ہیں۔ لہٰذا

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾
وَتَمَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ صِدْقًا وَّ
عَدْلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَهُوَ
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۱۱۵﴾
وَ اِنْ تُطِعْ اَكْثَرَ مَنْ فِي الْاَرْضِ
يُضِلُّوْكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنْ
يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ هُمْ اِلَّا
يَخْرُصُوْنَ ﴿۱۱۶﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَّضِلُّ
عَنْ سَبِيْلِهٖ ۚ وَ هُوَ اَعْلَمُ
بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۱۷﴾
فَكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ
اِنْ كُنْتُمْ بِاٰيٰتِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
وَ مَا لَكُمْ اَلَّا تَاْكُلُوْا مِمَّا ذُكِرَ اسْمُ
اللّٰهِ عَلَيْهِ وَ قَدْ فَصَّلَ لَكُمْ مَّا
حَرَّمَ عَلَيْكُمْ اِلَّا مَا اضْطُرِرْتُمْ
اِلَيْهِ ؕ وَ اِنَّ كَثِيْرًا لَّيُضِلُّوْنَ
بِاَهْوَآئِهِمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
هُوَ اَعْلَمُ بِالْمُعْتَدِيْنَ ﴿۱۱۹﴾
وَ ذَرُوْا ظَاهِرَ الْاِثْمِ وَ بَاطِنَهٗ ؕ
اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْسِبُوْنَ الْاِثْمَ
سَيُجْزَوْنَ بِمَا كَانُوْا يَقْتَرِفُوْنَ ﴿۱۲۰﴾
وَ لَا تَاْكُلُوْا مِمَّا لَمْ يُذْكَرِ اسْمُ اللّٰهِ

آپ اس بارے میں شک و تردد نہ کریں۔ ممکن ہے یہاں پر خطاب ظاہراً رسول خدا (ص) سے ہو اور دوسروں کو سمجھانا مقصود ہو۔

۱۱۵۔ اس آیت میں کلمۃ سے مراد فیصلہ، وعدہ اور وعید ہو سکتے ہیں کیونکہ اللہ نے اسلام کی فتح و نصرت کا جو وعدہ کیا تھا اور اسلام کے غلبے کا جو فیصلہ کیا تھا اور مشرکین کی خواری کی جو وعید سنائی تھی وہ سب پورے ہو گئے۔ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ اللہ کے فیصلوں کو بدلنے والا کوئی نہیں ہے۔

۱۱۶۔ دنیاوی معاملات میں تو لوگ ظن و گمان پر عمل کرتے ہیں کیونکہ یہاں یقینی صورت تو کم ہی میسر آتی ہے۔ لیکن عقائد و نظریات میں لوگوں کے ظن و گمان گمراہ کن ہوتے ہیں۔ لہٰذا یہاں ظن و گمان پر عمل کرنا درست نہیں ہے۔

۱۱۸۔ ۱۱۹۔ سابقہ آیات میں تمہید باندھنے کے بعد اصل مقصد بیان ہو رہا ہے کہ مشرکین نے جانوروں کے ذبح کے مسئلہ کو اپنے خداؤں کی عبادت کے ساتھ منسلک کر دیا تھا اور ان خداؤں کے نام پر ذبح کرتے تھے اس بنا پر ان دو آیتوں میں ذبیحہ کا حکم عقائد کے ضمن میں بیان فرمایا۔

سیاق آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ ذبیحہ کے بارے میں جو تفصیل اس سے پہلے بتائی جا چکی ہے۔ وہ یا تو اسی سورہ میں آنے والی ایک آیت مراد ہے جس میں مردار، خون اور سور کا گوشت حرام ہونے کا ذکر ہے یا سورہ نحل آیت ۱۱۵ میں بھی مردار، خون، سور کا گوشت اور جس پر غیر اللہ کا نام پکارا گیا ہو، کے حرام ہونے کا ذکر ہے اور سورہ نحل مکی ہے ممکن ہے کہ سورہ انعام سے پہلے نازل ہوا ہو۔

۱۲۰۔ ظاہری اور پوشیدہ گناہوں کے بارے میں مختلف اقوال سامنے آتے ہیں، مثلاً ظاہری گناہ وہ ہیں جو اعضا و جوارح سے صادر ہوں۔ پوشیدہ وہ جو دل میں رکھے جائیں۔ مثلاً حسد وغیرہ۔ مگر آیت کا اطلاق کسی تخصیص کو قبول نہیں کرتا۔ لہٰذا ہر قسم کا گناہ اس میں شامل ہے۔ مثلاً وہ گناہ جس کے بارے میں معاشرے میں احساس گناہ ہے وہ ظاہری ہو گا اور جس کے بارے میں سرے سے احساس گناہ نہیں ہے وہ پوشیدہ گناہ ہو گا وغیرہ۔ سب گناہ کی عمومیت کے لیے یہ تعبیر اختیار فرمایا ہے۔ ظاہری گناہوں میں فحش کاری، غیبت، جھوٹ، چوری، خیانت اور قتل وغیرہ شامل ہیں۔ پوشیدہ گناہوں میں نفاق، تکبر، حسد، طمع، حرص، مومن سے بغض، خود پسندی اور حب دنیا وغیرہ شامل ہیں۔

والوں میں سے نہ ہوں۔☆

۱۱۵۔ اور آپ کے رب کا کلمہ سچائی اور عدل کے اعتبار سے کامل ہے، اس کے کلمات کو تبدیل کرنے والا کوئی نہیں اور وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۱۱۶۔ اور اگر آپ زمین پر بسنے والے لوگوں کی اکثریت کے کہنے پر چلیں گے تو وہ آپ کو راہ خدا سے بہکا دیں گے، یہ لوگ تو صرف ظن کی پیروی کرتے ہیں اور یہ صرف قیاس آرائیاں ہی کیا کرتے ہیں۔☆

۱۱۷۔ بے شک آپ کا رب خوب جانتا ہے کہ کون اس کے راستے سے بھٹک جائے گا اور ہدایت پانے والوں سے بھی وہ خوب آگاہ ہے۔

۱۱۸۔ لہٰذا اگر تم اللہ کی نشانیوں پر ایمان رکھتے ہو تو وہ (ذبیحہ) کھاؤ جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔☆

۱۱۹۔ اور کیا وجہ ہے کہ تم وہ (ذبیحہ) نہیں کھاتے جس پر اللہ کا نام لیا گیا ہو؟ حالانکہ اللہ نے جن چیزوں کو اضطراری حالت کے سوا تم پر حرام قرار دیا ہے ان کی تفصیل اس نے تمہیں بتا دی ہے اور بے شک اکثر لوگ اپنی خواہشات کی بنا پر نادانی میں گمراہ کرتے ہیں، آپ کا رب حد سے تجاوز کرنے والوں کو یقیناً خوب جانتا ہے۔☆

۱۲۰۔ اور تم ظاہری اور پوشیدہ گناہوں کو ترک کر دو، جو لوگ گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں بے شک وہ عنقریب اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔☆

۱۲۱۔ اور جس (ذبیحہ) پر اللہ کا نام نہیں لیا گیا

عَلَيْهِ وَاِنَّهٗ لَفِسْقٌ ؕ وَاِنَّ الشَّيٰطِيْنَ
لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ
لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ
اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ ﴿۱۲۱﴾ ع
اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا فَاَحْيَيْنٰهُ وَجَعَلْنَا
لَهٗ نُوْرًا يَّمْشِىْ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنْ
مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيْسَ بِخَارِجٍ
مِّنْهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْكٰفِرِيْنَ مَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۲﴾
وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا فِىْ كُلِّ قَرْيَةٍ
اَكٰبِرَ مُجْرِمِيْهَا لِيَمْكُرُوْا فِيْهَا ؕ
وَمَا يَمْكُرُوْنَ اِلَّا بِاَنْفُسِهِمْ وَمَا
يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۲۳﴾
وَاِذَا جَآءَتْهُمْ اٰيَةٌ قَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ
حَتّٰى نُؤْتٰى مِثْلَ مَآ اُوْتِىَ رُسُلُ اللّٰهِ ؔۘ
اَللّٰهُ اَعْلَمُ حَيْثُ يَجْعَلُ رِسَالَتَهٗ ؕ
سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا صَغَارٌ
عِنْدَ اللّٰهِ وَعَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ بِمَا كَانُوْا
يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾
فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ
صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَمَنْ يُّرِدْ اَنْ
يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا
حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِى السَّمَآءِ ؕ

اسے نہ کھاؤ کیونکہ یہ سنگین گناہ ہے اور شیاطین اپنے دوستوں کو پڑھاتے ہیں کہ وہ تم سے بحث کریں اور اگر تم نے ان کی اطاعت کی تو یقیناً تم بھی مشرک بن جاؤ گے۔☆

۱۲۲۔ کیا وہ شخص جو مردہ تھا پھر ہم نے اسے زندہ کر دیا اور ہم نے اسے روشنی بخشی جس کی بدولت وہ لوگوں میں چلتا پھرتا ہے اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو تاریکیوں میں پھنسا ہوا ہو اور اس سے نکل نہ سکتا ہو؟ یوں کافروں کے لیے ان کے کرتوت خوشنما بنا دیے گئے ہیں۔

۱۲۳۔ اور اسی طرح ہم نے ہر بستی میں وہاں کے بڑے بڑے مجرموں کو پیدا کیا کہ وہاں پر (برے) منصوبے بناتے رہیں (درحقیقت) وہ غیر شعوری طور پر اپنے ہی خلاف منصوبے بناتے ہیں۔☆

۱۲۴۔ اور جب کوئی آیت ان کے پاس آتی ہے تو کہتے ہیں: ہم اس وقت تک ہرگز نہیں مانیں گے جب تک ہمیں بھی وہ چیز نہ دی جائے جو اللہ کے رسولوں کو دی گئی ہے، اللہ (ہی) بہتر جانتا ہے کہ اپنی رسالت کہاں رکھے، جن لوگوں نے جرم کا ارتکاب کیا انہیں ان کی مکاریوں کی پاداش میں اللہ کے ہاں عنقریب ذلت اور شدید عذاب کا سامنا کرنا ہوگا۔☆

۱۲۵۔ پس جسے اللہ ہدایت بخشنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کر دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے سینے کو ایسا تنگ گھٹا ہوا کر دیتا ہے گویا وہ آسمان کی طرف چڑھ رہا ہو،

۱۲۱۔ ذبح کرتے وقت جانور پر اللہ کا نام نہ لینے کی چار صورتیں ہیں: ۱۔ ذبح کرنے والا مسلمان ہو لیکن اللہ کا نام لینا بھول جائے۔ ۲۔ ذبح کرنے والا مسلمان ہو اور جان بوجھ کر اللہ کا نام نہیں لیتا۔ ۳۔ ذبح کرنے والا غیر مسلم ہو اور اللہ کا نام نہیں لیتا۔ ۴۔ ذبح کرنے والا غیر مسلم ہو اور اللہ کا نام نہیں لیتا اور غیر اللہ کا نام لیتا ہے نیز اگر ذبح سرے سے ہوا ہی نہیں تو جانور مُردار ہو جاتا ہے۔ صرف پہلی صورت میں ذبیحہ حلال ہے اور باقی تمام صورتوں میں ذبیحہ حرام ہے۔

۱۲۳۔ جس طرح اللہ نے بعض کو روشنی بخشی اور بعض کو اندھیرے میں رکھا، اسی طرح اللہ نے کسی میں ہدایت کے لیے نبی مبعوث فرمائے اور کسی بستی میں ایسے اکابر پیدا کیے جو لوگوں کو گمراہ کرتے اور اہل حق کو منحرف کرنے کے منصوبے بناتے تھے۔

کیونکہ انبیاء کرام علیہم السلام کی دعوت ظلم کے خلاف ہوتی ہے اور یہ لوگ ظالم ہوتے ہیں۔ انبیاء عدل و انصاف کی دعوت دیتے ہیں اور عدل و انصاف ہمیشہ مظلوموں کے حق میں اور ظالموں کے خلاف ہوتا ہے، جس سے ان سرداروں کا اقتدار متاثر ہوتا ہے۔

۱۲۴۔ انہی سرداروں کا ذکر ہے۔ وہ تکبر اور حسد کی بنا پر کہتے تھے: رسالت کا عہدہ ہمیں کیوں نہیں ملتا؟ ولید بن مغیرہ نے کہا: اگر نبوت حق ہے تو اس کا زیادہ حقدار میں ہوں۔ ابوجہل نے کہا: ہم اس بات پر ہرگز راضی نہ ہوں گے کہ ہم عبد مناف کی اولاد کی اتباع کریں، جب تک ہم پر بھی اسی طرح کی وحی نہ آئے۔ جواب میں فرمایا: الٰہی منصب کس کو دینا چاہیے اور اس بار امانت کو کس کے کاندھوں پر رکھنا چاہیے، اسے اللہ بہتر جانتا ہے۔ الٰہی منصب کا تعین اللہ کی حاکمیت اعلیٰ کا حصہ ہے۔

۱۲۵۔ جو انسان ہدایت کی اہلیت اور نفس کی طہارت کا حامل ہے اور جس کے پاس قبول حق کے لیے وسیع ظرف موجود ہے، اللہ ایسے شخص کو شرح صدر سے نوازے گا اور جس کو خود اس کی شامت اعمال کے نتیجے میں اللہ گمراہی میں چھوڑ دینا چاہتا ہے وہ

كَذٰلِكَ يَجْعَلُ اللّٰهُ الرِّجْسَ عَلَى
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲۵﴾
وَهٰذَا صِرَاطُ رَبِّكَ مُسْتَقِيْمًا ؕ قَدْ
فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾
لَهُمْ دَارُ السَّلٰمِ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَهُوَ
وَلِيُّهُمْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ۚ يٰمَعْشَرَ
الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ۚ
وَقَالَ اَوْلِيٰٓؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا
اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ
اَجَلَنَا الَّذِيْٓ اَجَّلْتَ لَنَا ؕ قَالَ
النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا
شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ
عَلِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾
وَكَذٰلِكَ نُوَلِّيْ بَعْضَ الظّٰلِمِيْنَ
بَعْضًۢا بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۵ ۸ ۲
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اَلَمْ
يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَقُصُّوْنَ
عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ لِقَآءَ
يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا شَهِدْنَا عَلٰٓى
اَنْفُسِنَا وَغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَ
شَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا
كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳۰﴾

مناسب ظرف سے محروم ہوتا ہے، جس کی وجہ سے اچھی باتیں سن کر اس کا دم گھٹتا ہے، گویا کہ وہ بلندی کی طرف چڑھ رہا ہو۔

۱۲۶۔ ۱۲۷۔ یہ اسلام جس کے لیے مؤمن کا سینہ کشادہ اور غیر مؤمن کا سینہ تنگ ہوتا ہے، صراط مستقیم ہے۔ اللہ کی آیات میں غور وفکر وہی لوگ کریں گے جن کے سینے میں ظرفیت ہو۔ روز آخرت اللہ کے امن وسلامتی کے گھر (جنت) میں یہی لوگ ہوں گے اور اللہ ہی ان کا (ولی) ہوگا۔ وہاں کسی اور کی حکومت نہیں چلے گی۔

۱۲۸۔ آیہ شریفہ کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بروز قیامت جن وانس سب کو جمع کر کے جنوں سے فرمائے گا: جنو! تم نے انسانوں کو بہکانے، ان کو راہ راست سے ہٹانے کے لیے خوب کام کیا تو جنوں کے ہمنوا اور دوست انسانوں کی طرف سے بھی اعتراف ہوگا اور وہ کہیں گے: ہم نے ایک دوسرے سے خوب فائدہ اٹھایا۔ جنوں کے بہکانے سے انسانوں نے خوب خواہشات سے لذت حاصل کی اور جنوں نے انسانوں کو اپنے پیرو بنا کر خوب مزا اڑایا۔

۱۲۹۔ یعنی جب لوگ گمراہ ہو جاتے ہیں اور شیطان کی اطاعت کرتے ہیں تو اللہ بھی ان میں سے ہر ایک کو دوسرے پر حاکم اور مسلط بنا دیتا ہے۔ ایک ظالم دوسرے ظالم پر حاکم اور مسلط ہوتا ہے تو وہ مزید ظلم اور گمراہی میں مبتلا کرے گا۔ یہ سب خود ان کے اعمال کا طبعی نتیجہ ہے۔

۱۳۰۔ جن وانس کو مجموعاً مخاطب کر کے فرمایا: ہم نے خود تم میں سے رسول بھیجے۔ تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ جنوں میں بھی انہی میں سے رسول آئے تھے، دوسری بات آیت میں یہ ہے کہ قیامت کے دن جب اللہ تعالیٰ جواب طلبی فرمائے گا تو اس بات کا سب اعتراف کریں گے کہ دین قبول نہ کرنے کی وجہ یہ نہیں تھی کہ دین کے دلائل ناقابل فہم تھے، بلکہ وجہ یہ تھی کہ دنیاوی زندگی کی رعنائیوں نے انہیں دھوکہ دیا اور انہوں نے دعوت دین کو مسترد کر دیا تھا۔

ایمان نہ لانے والوں پر اللہ اس طرح ناپاکی مسلط کرتا ہے۔☆

۱۲۶۔ اور یہ آپ کے رب کا سیدھا راستہ ہے، ہم نے نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے نشانیاں واضح کر دی ہیں۔☆

۱۲۷۔ ان کے پروردگار کے ہاں ان کے لیے سلامتی کا گھر ہے اور ان کے اعمال کے عوض وہی ان کا کارساز ہے۔☆

۱۲۸۔ اور اس دن اللہ سب کو جمع کرے گا (اور فرمائے گا) اے گروہ جنات! تم نے انسانوں (کی گمراہی) میں بڑا حصہ لیا، انسانوں میں سے جنات کے ہمنوا کہیں گے: ہمارے پروردگار! ہم نے ایک دوسرے سے خوب استفادہ کیا ہے اور اب ہم اس وقت کو پہنچ گئے ہیں جو وقت تو نے ہمارے لیے مقرر کر رکھا تھا، اللہ فرمائے گا: اب آتش جہنم ہی تمہارا ٹھکانا ہے جس میں تم ہمیشہ رہو گے سوائے اس کے جسے اللہ (نجات دینا) چاہے، آپ کا رب یقیناً بڑا حکمت والا، علم والا ہے۔☆

۱۲۹۔ اور اس طرح ہم ظالموں کو ان کے ان کرتوتوں کی وجہ سے جو وہ کر رہے ہیں ایک دوسرے پر مسلط کریں گے۔☆

۱۳۰۔ اے گروہ جن و انس! کیا تمہارے پاس خود تم میں سے رسول نہیں آئے تھے جو میری آیات تمہیں سناتے تھے اور آج کے دن کے وقوع کے بارے میں تمہیں متنبہ کرتے تھے؟ وہ کہیں گے: ہم اپنے خلاف گواہی دیتے ہیں اور دنیاوی زندگی نے انہیں دھوکہ دے رکھا تھا اور (آج) وہ اپنے خلاف گواہی دے رہے ہیں کہ وہ کافر تھے۔☆

ذٰلِكَ اَنْ لَّمْ يَكُنْ رَّبُّكَ مُهْلِكَ
الْقُرٰى بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا غٰفِلُوْنَ ﴿۱۳۱﴾
وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ؕ وَمَا
رَبُّكَ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۲﴾
وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ اِنْ
يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَسْتَخْلِفْ مِنْۢ
بَعْدِكُمْ مَّا يَشَآءُ كَمَآ اَنْشَاَكُمْ مِّنْ
ذُرِّيَّةِ قَوْمٍ اٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۳﴾
اِنَّ مَا تُوْعَدُوْنَ لَاٰتٍ ۙ وَّمَآ اَنْتُمْ
بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۱۳۴﴾
قُلْ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ
اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ
مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ؕ اِنَّهٗ
لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۳۵﴾
وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ مِمَّا ذَرَاَ مِنَ الْحَرْثِ وَ
الْاَنْعَامِ نَصِيْبًا فَقَالُوْا هٰذَا لِلّٰهِ
بِزَعْمِهِمْ وَهٰذَا لِشُرَكَآئِنَا ۚ فَمَا
كَانَ لِشُرَكَآئِهِمْ فَلَا يَصِلُ اِلَى
اللّٰهِ ۚ وَمَا كَانَ لِلّٰهِ فَهُوَ يَصِلُ اِلٰى
شُرَكَآئِهِمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۱۳۶﴾
وَكَذٰلِكَ زَيَّنَ لِكَثِيْرٍ مِّنَ
الْمُشْرِكِيْنَ قَتْلَ اَوْلَادِهِمْ
شُرَكَآؤُهُمْ لِيُرْدُوْهُمْ وَلِيَلْبِسُوْا

۱۳۱۔ وہ اس لیے کہ آپ کا رب بستیوں کو ظلم سے اس حال میں تباہ نہیں کرتا کہ اس کے باشندے بے خبر ہوں۔☆

۱۳۲۔ اور ہر شخص کے لیے اس کے اعمال کے مطابق درجات ہوں گے اور آپ کا رب لوگوں کے اعمال سے بے خبر نہیں ہے۔☆

۱۳۳۔ اور آپ کا رب بے نیاز ہے، رحمت کا مالک ہے، اگر وہ چاہے تو تمہیں ختم کر کے تمہاری جگہ جسے چاہے جانشین بنا دے جیسا کہ خود تمہیں دوسری قوم کی نسل سے پیدا کیا ہے۔☆

۱۳۴۔ جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے بیشک وہ واقع ہونے ہی والا ہے اور تم (اللہ کو) مغلوب نہیں کر سکتے۔

۱۳۵۔ کہہ دیجیے: اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرتے جاؤ میں بھی عمل کرتا ہوں، عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس کا انجام کار اچھا ہوتا ہے (بہرحال) ظالموں کے لیے فلاح کی کوئی گنجائش نہیں۔☆

۱۳۶۔ اور یہ لوگ اللہ کی پیدا کردہ چیزوں مثلاً کھیتی اور چوپاؤں میں اللہ کا ایک حصہ مقرر کرتے ہیں اور اپنے زعم میں کہتے ہیں: یہ حصہ اللہ کا ہے اور یہ ہمارے شریکوں (بتوں) کا ہے تو جو (حصہ) ان کے شریکوں کے لیے (مخصوص) ہے وہ اللہ کو نہیں پہنچتا، مگر جو (حصہ) اللہ کے لیے (متعین) ہے وہ ان کے شریکوں کو پہنچ جاتا ہے، یہ لوگ کتنے برے فیصلے کرتے ہیں۔☆

۱۳۷۔ اور اسی طرح ان کے شریکوں نے اکثر مشرکوں کی نظر میں ان ہی کے بچوں کے قتل کو ایک اچھے عمل کے طور پر جلوہ گر کیا ہے تا کہ انہیں ہلاکت میں ڈال دیں

۱۳۱۔ ہم نے پیغمبروں کو اس لیے بھیجا کہ حجت تمام ہونے سے پہلے بے خبری میں لوگوں پر عذاب نازل کرنا عدل خداوندی کے خلاف ہے۔

۱۳۲۔ اعمال کی کیفیت اور نوعیت میں فرق ہے اور جن حالات میں اعمال بجا لائے جاتے ہیں ان میں بھی فرق ہے۔ حدیث میں آیا ہے: افضل الاعمال احمزھا۔ (مفتاح الفلاح ص ۴۵) بہترین اعمال وہ ہیں جو زیادہ مشقت سے بجالائے جائیں.

۱۳۳۔ اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے اور رحمت کا مالک ہے، لہٰذا کسی پر ظلم و زیادتی وہ کرے گا جو ضرورت مند اور محتاج ہو یا بلا ضرورت بھی ظلم صادر ہو سکتا ہے اگر اس کے پاس رحم کا کوئی شائبہ نہ ہو۔ اللہ تعالیٰ ایک طرف تو عالمین سے بے نیاز ہے اسے کسی چیز کی ضرورت ہے، نہ کسی سے کوئی خوف اور دوسری طرف اللہ رحمت کا مالک ہے۔ حدیث کے مطابق سَبَقَتْ رحمتُهٗ غَضَبَهٗ اس کی رحمت تو غضب سے پہلے کارفرما ہوتی ہے۔ لہٰذا وہ اپنی بے نیازی کے تحت تم مشرکین کو ختم کر کے تمہاری جگہ صالح نسلوں کو پیدا کر سکتا ہے اور ان پر اپنی رحمتیں نازل کر سکتا ہے۔

۱۳۵۔ ناقابل ہدایت ہونے کی صورت میں اللہ کی طرف سے بڑی عقوبت یہ ہے کہ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جائے: اِعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ یعنی اپنی جگہ جو کرنا چاہتے ہو کرتے جاؤ۔ اسی نکتے کو اکثر اللہ تعالیٰ "اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے" کی تعبیر کے ساتھ بیان فرماتا ہے۔

۱۳۶۔ اگرچہ مشرکین کا عقیدہ یہ ہے کہ کھیتیاں اللہ اگاتا ہے اور جانوروں کا خالق بھی وہی ہے، لیکن اس کے ساتھ وہ یہ عقیدہ بھی رکھتے تھے کہ اللہ ان بتوں کے طفیل و برکت سے ان پر اپنا فضل و کرم کرتا ہے اور اس لیے وہ اپنی نذر و نیاز کے دو حصے کرتے تھے، ایک حصہ اللہ کے نام اور دوسرا حصہ ان شریکوں (بتوں) کے نام۔ اگر کمی آتی تو اللہ کے حصے سے بتوں کے حصے کو پورا کرتے تھے، لیکن کبھی اللہ کے حصے کی کمی کو بتوں کے حصے سے پورا نہیں کرتے تھے۔ اس عمل کے پیچھے مذہبی استحصال کارفرما تھا۔ کیونکہ اللہ کا حصہ غریبوں کو اور بتوں کا حصہ مجاوروں کو ملتا تھا۔

۱۳۷۔ عرب جاہلیت میں قتل اولاد کی تین صورتیں رائج تھیں: ۱۔ بتوں کی خوشنودی کے لیے قتل۔ ۲۔ لڑکیوں کو زندہ درگور کرنا۔ ۳۔ قحط و افلاس کے خوف

عَلَيْهِمْ دِيْنَهُمْ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا
فَعَلُوْهُ فَذَرْهُمْ وَمَا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۷﴾
وَقَالُوْا هٰذِهٖۤ اَنْعَامٌ وَّحَرْثٌ حِجْرٌ ۖ
لَّا يَطْعَمُهَاۤ اِلَّا مَنْ نَّشَآءُ
بِزَعْمِهِمْ وَ اَنْعَامٌ حُرِّمَتْ
ظُهُوْرُهَا وَ اَنْعَامٌ لَّا يَذْكُرُوْنَ
اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا افْتِرَآءً عَلَيْهِ ؕ
سَيَجْزِيْهِمْ بِمَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۱۳۸﴾
وَقَالُوْا مَا فِيْ بُطُوْنِ هٰذِهِ الْاَنْعَامِ
خَالِصَةٌ لِّذُكُوْرِنَا وَمُحَرَّمٌ عَلٰۤى
اَزْوَاجِنَا ۚ وَاِنْ يَّكُنْ مَّيْتَةً فَهُمْ فِيْهِ
شُرَكَآءُ ؕ سَيَجْزِيْهِمْ وَصْفَهُمْ ؕ
اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۳۹﴾
قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ قَتَلُوْۤا اَوْلَادَهُمْ
سَفَهًا بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّحَرَّمُوْا مَا
رَزَقَهُمُ اللّٰهُ افْتِرَآءً عَلَى اللّٰهِ ؕ قَدْ
ضَلُّوْا وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۱۴۰﴾ ع
وَ هُوَ الَّذِيْۤ اَنْشَاَ جَنّٰتٍ
مَّعْرُوْشٰتٍ وَّغَيْرَ مَعْرُوْشٰتٍ وَّ
النَّخْلَ وَالزَّرْعَ مُخْتَلِفًا اُكُلُهٗ
وَالزَّيْتُوْنَ وَالرُّمَّانَ مُتَشَابِهًا وَّ
غَيْرَ مُتَشَابِهٍ ؕ كُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖۤ
اِذَاۤ اَثْمَرَ وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ ۖ

اور ان کے دین کو ان پر مشتبہ بنا دیں اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ایسا نہ کر سکتے پس آپ انہیں بہتان تراشی میں چھوڑ دیں۔☆

۱۳۸۔اور یہ کہتے ہیں: یہ جانور اور کھیتی ممنوع ہیں انہیں صرف وہی کھا سکتے ہیں جنہیں ان کے زعم میں ہم کھلانا چاہیں اور کچھ جانور ایسے ہیں جن کی پیٹھ (پر سواری یا بار برداری) حرام ہے اور کچھ جانور ایسے ہیں جن پر محض اللہ پر بہتان باندھتے ہوئے اللہ کا نام نہیں لیتے، اللہ عنقریب انہیں ان کی بہتان تراشیوں کا بدلہ دے گا۔☆

۱۳۹۔اور کہتے ہیں: جو (بچہ) ان جانوروں کے شکم میں ہے وہ صرف ہمارے مردوں کے لیے ہے اور ہماری بیویوں پر حرام ہے اور اگر وہ (بچہ) مرا ہوا ہو تو وہ سب اس میں شریک ہیں، اللہ ان کے اس بیان پر انہیں عنقریب سزا دے گا، یقیناً وہ بڑا حکمت والا، دانا ہے۔☆

۱۴۰۔وہ لوگ یقیناً خسارے میں ہیں جنہوں نے بیوقوفی سے جہالت کی بنا پر اپنی اولاد کو قتل کیا اور اللہ نے جو رزق انہیں عطا کیا ہے اللہ پر بہتان باندھتے ہوئے اسے حرام کر دیا، بیشک یہ لوگ گمراہ ہو گئے اور ہدایت پانے والے نہ تھے۔☆

۱۴۱۔اور وہ وہی ہے جس نے مختلف باغات پیدا کیے کچھ چھتریوں چڑھے ہوئے اور کچھ بغیر چڑھے نیز کھجور اور کھیتوں کی مختلف مأکولات اور زیتون اور انار جو باہم مشابہ بھی ہیں اور غیر مشابہ بھی پیدا کیے، تیار ہونے پر ان پھلوں کو کھاؤ، البتہ ان کی فصل کاٹنے کے دن اس (اللہ) کا حق (غریبوں کو) ادا کرو اور فضول خرچی

سے قتل کرنا۔

۱۳۸۔وہ جانوروں اور کھیتوں کی فصلوں کو اپنے خودساختہ خداؤں کے نام نذر کرتے تھے اور ان نذروں کو کھانے کی اجازت ان خداؤں کے خدمت گزار مردوں کو تھی، عورتوں کو اجازت نہیں تھی۔ کچھ جانور ایسے تھے جن پر سوار ہونا حرام تھا اور بعض جانوروں پر اللہ کا نام لینا ممنوع تھا۔

۱۳۹۔جاہلیت کی خودساختہ شریعت کا ایک حکم یہ تھا کہ بعض مخصوص جانوروں کے بچے اگر زندہ پیدا ہو جاتے تو ان کا گوشت صرف مَردوں پر حلال تھا اگر مردہ پیدا ہوتے تو مرد وزن سب کھا سکتے تھے۔

۱۴۰۔انسان کے لیے دو چیزیں باعث زینت وتقویت ہیں یعنی مال اور اولاد۔ عرب جاہلیت کی نادانی کی انتہا دیکھیے کہ یہ لوگ اولاد کو قتل کرتے تھے اور رزق خدا کا ایک حصہ اپنے اوپر حرام کرتے تھے، اس طرح وہ خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ کا مصداق بن گئے۔

۱۴۱۔ یہاں دو قسم کے باغوں کا ذکر ہے۔ ایک وہ باغ جن میں بیلیں ہوتی ہیں۔ مثلاً انگور کے باغ، ان کو جَنّٰتٍ مَّعْرُوْشٰتٍ کہا ہے۔ دوسرے وہ باغ جن کے درخت تنوں پر کھڑے ہوتے ہیں۔ ان کے پھلوں اور فصلوں کا کھانا تمہارے لیے حلال ہے تاہم وَاٰتُوْا حَقَّهٗ يَوْمَ حَصَادِهٖ فصل کاٹنے (اور باغ چننے) کے دن اس کا حق ادا کرتے رہنا۔ یعنی اس باغ پر جو فقراء کا حق عائد ہوتا ہے وہ دیا کرو۔

اسی سلسلے میں امام رضا علیہ السلام سے دریافت کیا گیا کہ اگر فصل کاٹتے وقت غربا و مساکین موجود نہ ہوں تو کیا حکم ہے؟ تو آپؑ نے فرمایا: اس پر کوئی ذمے داری عائد نہیں ہوتی۔ بعض دوسری روایات کے مطابق اگر غربا و مساکین موجود ہوں تو انہیں کچھ مقدار دینا مستحب ہے۔

اس آیت سے چند اہم نکات سامنے آتے ہیں:

الف: تخلیق کائنات میں اگر کسی ارادہ اور شعور کو دخل نہ ہوتا تو یہ مختلف میوے بے شعور مادے نے کیوں خلق کیے۔

ب: اگر قدرت کا مقصد انسان کو صرف زندہ رکھنا ہوتا تو گندم یا جو کا دانہ ہی کافی تھا، لہذا مختلف لذتوں کے میوے خالق کائنات کی نعمتوں کا مظہر ہیں۔

وَ لَا تُسْرِفُوْا ؕ اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ
الْمُسْرِفِیْنَ ۙ﴿۱۴۱﴾
وَ مِنَ الْاَنْعَامِ حَمُوْلَةً وَّ فَرْشًا ؕ
كُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ وَ لَا تَتَّبِعُوْا
خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ لَكُمْ
عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ ۙ﴿۱۴۲﴾
ثَمٰنِیَةَ اَزْوَاجٍ ۚ مِنَ الضَّاْنِ اثْنَیْنِ
وَ مِنَ الْمَعْزِ اثْنَیْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَیْنِ
حَرَّمَ اَمِ الْاُنْثَیَیْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ
عَلَیْهِ اَرْحَامُ الْاُنْثَیَیْنِ ؕ نَبِّـُٔوْنِیْ
بِعِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۙ﴿۱۴۳﴾
وَ مِنَ الْاِبِلِ اثْنَیْنِ وَ مِنَ الْبَقَرِ
اثْنَیْنِ ؕ قُلْ ءٰٓالذَّكَرَیْنِ حَرَّمَ اَمِ
الْاُنْثَیَیْنِ اَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَیْهِ
اَرْحَامُ الْاُنْثَیَیْنِ ؕ اَمْ كُنْتُمْ
شُهَدَآءَ اِذْ وَصّٰىكُمُ اللّٰهُ بِهٰذَا ۚ
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰی عَلَی اللّٰهِ
كَذِبًا لِّیُضِلَّ النَّاسَ بِغَیْرِ عِلْمٍ ؕ
ع ۱۴ اِنَّ اللّٰهَ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۱۴۴﴾
قُلْ لَّاۤ اَجِدُ فِیْ مَاۤ اُوْحِیَ اِلَیَّ
مُحَرَّمًا عَلٰی طَاعِمٍ یَّطْعَمُهٗۤ اِلَّاۤ
اَنْ یَّكُوْنَ مَیْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا
اَوْ لَحْمَ خِنْزِیْرٍ فَاِنَّهٗ رِجْسٌ اَوْ

نہ کرو، تحقیق اللہ فضول خرچی کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔☆

۱۴۲۔ اور مویشیوں میں کچھ بوجھ اٹھانے والے (پیدا کیے) اور کچھ بچھانے (کے وسائل فراہم کرنے) والے، اللہ نے تمہیں جو رزق دیا ہے اس میں سے کھاؤ اور شیطان کے نقش قدم پر نہ چلو، بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔☆

۱۴۳۔ (اللہ نے) آٹھ جوڑے (پیدا کیے) ہیں، دو بھیڑ کے اور دو بکری کے، آپ ان سے پوچھ لیجیے: کیا اللہ نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادائیں؟ یا وہ (بچے) جو دونوں ماداؤں (بھیڑ یا بکری) کے پیٹ میں ہیں؟ اگر تم لوگ سچے ہو تو مجھے کسی علمی حوالے سے بتاؤ۔☆

۱۴۴۔ اور دو اونٹوں میں سے اور دو گایوں میں سے، (یہ بھی) پوچھ لیں کہ کیا اس نے دونوں نر حرام کیے ہیں یا دونوں مادائیں؟ یا وہ (بچے) جو دونوں ماداؤں کے پیٹ میں ہیں؟ کیا تم اس وقت موجود تھے جب اللہ تمہیں یہ حکم دے رہا تھا؟ پس اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے تاکہ لوگوں کو بغیر کسی علم کے گمراہ کرے؟ تحقیق اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔☆

۱۴۵۔ کہہ دیجیے: جو وحی میرے پاس آئی ہے، اس میں کوئی چیز ایسی نہیں پاتا جو کھانے والے پر حرام ہو مگر یہ کہ مردار ہو یا بہتا ہوا خون ہو یا سور کا گوشت کیونکہ یہ ناپاک ہیں یا ناجائز ذبیحہ جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو، پس اگر کوئی مجبور ہوتا ہے (اور ان

۱۴۲۔ مختلف جانوروں کا ذکر ہے جنہیں انسان کے لیے مسخر کیا گیا ہے، ان نعمتوں کو تمہارے لیے حلال کیا گیا۔ شیطان کی پیروی کر کے ان کو حرام قرار نہ دو۔ حَمُوْلَةً وہ جانور ہیں جو بوجھ اٹھانے کے قابل ہیں، جیسے اونٹ وغیرہ۔ فَرْشًا سے مراد چھوٹے جانور ہیں، جیسے بھیڑ بکریاں۔ ان کا وجود تقریباً زمین بوس ہونے کی وجہ سے انہیں فرش کہا گیا ہے یا ان کی اون اور کھال بچھانے کے کام آتی ہیں اس لیے انہیں فرش کہا گیا ہو۔ بعض اہل نظر کے نزدیک حَمُوْلَةً بوجھ اٹھانے والے جانور ہیں اور فَرْشًا سواری کے جانور ہیں۔

۱۴۳۔۱۴۴۔ چار جانوروں کا ذکر ہے: بھیڑ، بکری، اونٹ اور گائے۔ چار نر اور چار مادہ کی مجموعی تعداد آٹھ ہوگئی۔ یہاں جاہلی خرافات کی نامعقولیت بیان ہو رہی ہے کہ ایک ہی جانور کا نر حلال ہو اور مادہ حرام یا جانور خود تو حلال ہو مگر اس کے پیٹ میں موجود بچہ حرام ہو۔ کس قدر نامعقول ہے۔

۱۴۵۔ فَمَنِ اضْطُرَّ ۔ کوئی مجبور ہوتا ہے: اسلامی قوانین دو قسم کے ہیں: ایک ثابت، دوسرے متحرک. متحرک قانون میں لچک ہوتی ہے اور حالات کے بدلنے سے قانون میں نرمی آ جاتی ہے۔ اس آیت میں یہ حکم آیا: مردار، خون اور سور کا گوشت حرام ہیں، لیکن یہ حکم مجبوری کی صورت میں اٹھ جاتا ہے. اسے ''قانون نفی حرج'' کہتے ہیں۔ اس قانون کے تحت ہر وہ حکم اٹھ جاتا ہے جس میں مکلّف کو غیر معمولی مشقت اٹھانا پڑتی ہے۔ اس قانون کا مدرک چند قرآنی آیات ہیں. مثلاً مَا جَعَلَ عَلَیْكُمْ فِی الدِّیْنِ مِنْ حَرَجٍ (حج: ۷۸) اللہ نے دین کے معاملے میں تمہیں کسی مشکل سے دوچار نہیں کیا۔

فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ
اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ
رَبَّكَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴۵﴾
وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا كُلَّ
ذِيْ ظُفُرٍ ۚ وَمِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ
حَرَّمْنَا عَلَيْهِمْ شُحُوْمَهُمَآ اِلَّا مَا
حَمَلَتْ ظُهُوْرُهُمَآ اَوِ الْحَوَايَآ
اَوْ مَا اخْتَلَطَ بِعَظْمٍ ۭ ذٰلِكَ
جَزَيْنٰهُمْ بِبَغْيِهِمْ ۠ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۱۴۶﴾
فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ
رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ
عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۴۷﴾
سَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ
مَآ اَشْرَكْنَا وَلَآ اٰبَاۗؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا
مِنْ شَيْءٍ ۭ كَذٰلِكَ كَذَّبَ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ حَتّٰى ذَاقُوْا بَاْسَنَا ۭ
قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ
فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ۭ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا
الظَّنَّ وَاِنْ اَنْتُمْ اِلَّا
تَخْرُصُوْنَ ﴿۱۴۸﴾
قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ ۚ فَلَوْ شَاۗءَ
لَهَدٰىكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۴۹﴾
قُلْ هَلُمَّ شُهَدَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ

میں سے کوئی چیز کھا لیتا ہے) نہ (قانون کا) باغی ہو کر اور نہ (ہی ضرورت سے) تجاوز کا مرتکب ہو کر تو آپ کا رب یقیناً بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۴۶۔ اور ہم نے یہود پر ہر ناخن والا جانور حرام کر دیا تھا اور بکری اور گائے کی چربی حرام کر دی تھی سوائے اس چربی کے جو ان کی پشت پر یا آنتوں میں یا ہڈی کے ساتھ لگی ہوئی ہو، ایسا ہم نے ان کی سرکشی کی سزا کے طور پر کیا اور ہم صادق القول ہیں۔☆

۱۴۷۔ اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو آپ کہدیں: تمہارا پروردگار وسیع رحمتوں کا مالک ہے تاہم مجرموں سے اس کا عذاب ٹالا (بھی) نہیں جا سکتا ہے۔☆

۱۴۸۔ مشرکین کہیں گے کہ اگر اللہ چاہتا تو نہ ہم شرک کرتے نہ ہمارے باپ دادا اور نہ ہی ہم کسی چیز کو حرام گردانتے، اسی طرح ان سے پہلے والوں نے بھی تکذیب کی تھی یہاں تک کہ انہوں نے ہمارا عذاب چکھ لیا، کہہ دیجیے: کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے جسے ہمارے سامنے لا سکو؟ تم تو صرف گمان کے پیچھے چلتے ہو اور یہ کہ تم فقط قیاس آرائیاں کرتے ہو۔☆

۱۴۹۔ کہہ دیجیے: اللہ کے پاس نتیجہ خیز دلائل ہیں، پس اگر وہ چاہتا تو تم سب کو (جبراً) ہدایت دے دیتا۔☆

۱۵۰۔ (ان سے) کہہ دیجیے: اپنے گواہوں کو لے آؤ جو اس بات کی گواہی دیں کہ

۱۴۶۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ شریعت کے احکام کبھی مصالح و مفاسد کے پیش نظر نافذ ہوتے ہیں اور کبھی بطور سزا نافذ ہوتے ہیں۔ مثلاً سور کا گوشت، مضر اثرات کی وجہ سے حرام ہے اور یہاں یہودیوں پر چند مفید چیزیں ان کی سرکشی کی وجہ سے حرام کر دی گئیں تھیں۔

۱۴۷۔ رحمت کا تقاضا یہ نہیں کہ مومن اور مجرم ایک ہی صف میں رکھے جائیں بلکہ رحمت کا تقاضا یہ ہے کہ جب جرم ترک کر کے رحمت کے دروازے پر آ جائے تو اسے قبول کیا جائے۔

۱۴۸۔۱۴۹۔ مشرکین اپنے شرک و کفر کی توجیہ پیش کریں گے کہ ہم اللہ کی مشیت کے مطابق شرک کر رہے ہیں ورنہ اگر اللہ ہم سے شرک نہ چاہتا تو ممکن نہ تھا کہ ہم شرک کا عمل انجام دیتے۔ لہذا ہم جو کچھ کر رہے ہیں وہ اللہ کی طرف سے ہے۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے کہ تم سے پہلے کفر و شرک کرنے والے یہی طریقہ تکذیب اختیار کرتے رہے ہیں جو سراسر ظن وتخمین پر مبنی ہے۔ تم نے مشیت سے جبر مراد لیا ہے۔ اگر اللہ تربیت و تعلیم استدلال و تعقل کا راستہ چھوڑ کر جبر کا راستہ اختیار فرماتا تو تم سب کو ہدایت دے دیتا جیسے تمہارے جسمانی نظام کو قائم رکھنے کے لیے قلب و جگر کو ہدایت دے رکھی ہے لیکن اس مسلوب الاختیار ہدایت سے غرض خلقت اور مقصد شریعت پورا نہیں ہوتا۔

اللہ کی مشیت کو اس کی رضامندی سے تعبیر کرنا ایک نہایت فحش غلطی ہے جس میں کچھ اسلامی مذاہب بھی مبتلا ہیں۔ مشیت الٰہی یہ ہے کہ انسان خود مختار اور اپنے ارادے میں آزاد ہے تا کہ اس کو امتحان میں ڈالنا، اس کو مکلف بنانا اور اس کے اعمال کے لیے ثواب و عقاب مرتب کرنا درست رہ جائے۔ انسان اللہ کی اس عدم جبر کی مشیت کے تحت خود مختار ہے۔ اسی خود مختاری کے تحت گناہ بھی کرتا ہے اور ثواب کا کام بھی کرتا ہے۔ اچھے عمل کو اس نے پسند کیا ہے اور گناہ کو ناپسند کیا ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے قُلْ فَلِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ کے ذیل میں روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے روز فرمائے گا میرے بندے! کیا تو علم رکھتا تھا؟ اگر کہے ہاں تو فرمائے گا تو تو نے اپنے علم پر عمل کیوں نہیں کیا اور اگر کہے نہیں تو فرمائے گا تو تو نے سیکھا کیوں نہیں تا کہ عمل کر سکے۔ یہی حجت بالغہ ہے۔

يَشْهَدُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ هٰذَا ۚ فَاِنْ
شَهِدُوْا فَلَا تَشْهَدْ مَعَهُمْ ۚ وَلَا
تَتَّبِعْ اَهْوَآءَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ
الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ وَهُمْ
بِرَبِّهِمْ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۰﴾ ع ۱۵

قُلْ تَعَالَوْا اَتْلُ مَا حَرَّمَ رَبُّكُمْ
عَلَيْكُمْ اَلَّا تُشْرِكُوْا بِهٖ شَيْـًٔا
وَّبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ۚ وَلَا تَقْتُلُوْٓا
اَوْلَادَكُمْ مِّنْ اِمْلَاقٍ ؕ نَحْنُ
نَرْزُقُكُمْ وَاِيَّاهُمْ ۚ وَلَا تَقْرَبُوا
الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا
بَطَنَ ۚ وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ
حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ
بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۵۱﴾
وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا
بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ
وَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَالْمِيْزَانَ
بِالْقِسْطِ ۚ لَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا
وُسْعَهَا ۚ وَاِذَا قُلْتُمْ فَاعْدِلُوْا وَ
لَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ۚ وَبِعَهْدِ اللّٰهِ اَوْفُوْا ؕ
ذٰلِكُمْ وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ
تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۲﴾ ۙ
وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا

اللہ نے اس چیز کو حرام کیا ہے، پھر اگر وہ (خودساختہ) شہادت دیں بھی تو آپ ان کے ساتھ گواہی نہ دیں اور آپ ان لوگوں کی خواہشات کی پیروی نہ کریں جو ہماری آیات کو جھٹلاتے ہیں اور جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اور دوسروں کو اپنے رب کے برابر سمجھتے ہیں۔☆

۱۵۱۔ کہہ دیجیے: آؤ میں تمہیں وہ چیزیں بتا دوں جو تمہارے رب نے تم پر حرام کر دی ہیں، (وہ یہ کہ) تم لوگ کسی کو اس کا شریک نہ بناؤ اور والدین پر احسان کرو اور مفلسی کے خوف سے اپنی اولاد کو قتل نہ کرو، ہم تمہیں بھی رزق دیتے ہیں اور انہیں بھی اور علانیہ اور پوشیدہ (کسی طور پر بھی) بے حیائی کے قریب نہ جاؤ اور جس جان کے قتل کو اللہ نے حرام کیا ہے اسے قتل نہ کرو ہاں مگر حق کے ساتھ، یہ وہ باتیں ہیں جن کی وہ تمہیں نصیحت فرماتا ہے تاکہ تم عقل سے کام لو۔☆

۱۵۲۔ اور یتیم کے مال کے نزدیک نہ جانا مگر ایسے طریقے سے جو (یتیم کے لیے) بہترین ہو یہاں تک کہ وہ اپنے رشد کو پہنچ جائے اور ناپ تول انصاف کے ساتھ پورا کرو، ہم کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ ذمے داری نہیں ڈالتے اور جب بات کرو تو عدل کے ساتھ اگرچہ اپنے قریب ترین رشتے داروں کے خلاف ہی کیوں نہ جائے اور اللہ سے کیا ہوا عہد پورا کرو، یہ وہ ہدایات ہیں جو اللہ نے تمہیں دی ہیں شاید تم یاد رکھو۔☆

۱۵۳۔ اور یہی میرا سیدھا راستہ ہے اسی پر

۱۵۰۔ اگر تمہارا یہ دعویٰ درست ہے کہ ان چیزوں کو اللہ نے حرام کیا ہے تو گواہ پیش کرو۔ گواہ وہ ہوتا ہے کہ جس کے سامنے یہ عمل انجام دیا گیا ہو۔ ایسا کرنا ان کے لیے ناممکن ہے۔ اسی لیے اس امر کو امر تعجیزی کہتے ہیں۔ یعنی گواہ پیش کرو کا حکم صرف اس لیے ہو رہا ہے کہ اس عمل کا ناممکن ہونا اور نتیجۃً اس دعوے کا باطل ہونا ثابت ہو جائے۔ اگر یہ لوگ کوئی خودساختہ گواہی پیش کرتے ہیں تو یہ گواہی دو باتوں کی وجہ سے مسترد ہو گی: اول یہ کہ یہ لوگ خواہشات کے غلام ہیں، حقائق کا ان سے دور کا بھی واسطہ نہیں ہے۔ دوم یہ کہ یہ لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے کیونکہ ایمان بہ آخرت انسان کو جھوٹ بولنے اور گناہ کا ارتکاب کرنے سے روک سکتا ہے۔

۱۵۱۔ ان چند آیتوں میں دس ایسی چیزوں کا ذکر ہے جن کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنا حکم صادر فرمایا ہے: i۔ شرک کی ممانعت۔ ii۔ والدین پر احسان۔ iii۔ قحط کے خوف سے اولاد کا قتل۔ iv۔ بے حیائی کا ارتکاب۔ v۔ ناحق قتل۔ vi۔ مال یتیم کھانے کی ممانعت۔ vii۔ ناپ تول میں انصاف۔ viii۔ عدل و انصاف۔ ix۔ عہد و پیمان کی پابندی۔ x۔ صراط مستقیم کی اتباع۔

۱۵۲۔ مال یتیم کے نزدیک نہ جاؤ یعنی یتیم کے مال پر تصرف نہ کرو۔ البتہ وہ تصرف جائز ہے جو یتیم کے حق میں ہو۔ مثلاً یتیم کا مال خراب ہونے کا خطرہ ہے، کوئی پھل گل سڑ جانے کا خطرہ ہے تو اسے فروخت کرنا بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ کا مصداق ہے۔ البتہ رشد کو پہنچ جائے تو اس وقت خود تصرف کرنے کا اہل ہو گیا ہو گا تو اس کو یتیم نہیں کہتے۔ ناپ تول میں انصاف کرو اور پورا تولو۔ اس میں ممکن حد تک عدل و انصاف قائم رکھنا ضروری ہے۔ جب شہادت دینا ہو یا فیصلہ سنانا ہو تو اپنی گفتار میں بھی عدل و انصاف کا دامن نہ چھوڑو خواہ یہ شہادت یہ فیصلہ اپنے قریبی رشتہ داروں کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔

۱۵۳۔ سیدھے راستے پر چلو۔ اسلامی دستور حیات کے چند ایک اہم نکات بیان فرمانے کے بعد فرمایا: میرا سیدھا راستہ یہی ہے۔ یہاں رسول کریمؐ اللہ کے حکم سے امت سے کہہ رہے ہیں: میں تمہیں وہ چیزیں بتاؤں جو تمہارے رب نے حرام کی ہیں۔ ان کے بیان کے بعد فرمایا: یہی میرا یعنی رسول کریمؐ

فَاتَّبِعُوْهُ ۚ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ
فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ ذٰلِكُمْ
وَصّٰىكُمْ بِهٖ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۵۳﴾
ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا
عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ
شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لَّعَلَّهُمْ
ع ۱۹ ۶ بِلِقَاۗءِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۴﴾
وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ
فَاتَّبِعُوْهُ وَاتَّقُوْا لَعَلَّكُمْ
تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۵۵﴾
اَنْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اُنْزِلَ الْكِتٰبُ عَلٰي
طَاۗىِٕفَتَيْنِ مِنْ قَبْلِنَا ۠ وَاِنْ كُنَّا عَنْ
دِرَاسَتِهِمْ لَغٰفِلِيْنَ ﴿۱۵۶﴾
اَوْ تَقُوْلُوْا لَوْ اَنَّآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا
الْكِتٰبُ لَكُنَّآ اَهْدٰى مِنْهُمْ ۚ
فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ
وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ ۚ فَمَنْ اَظْلَمُ
مِمَّنْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَصَدَفَ
عَنْهَا ۭ سَنَجْزِي الَّذِيْنَ يَصْدِفُوْنَ
عَنْ اٰيٰتِنَا سُوْۗءَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا
يَصْدِفُوْنَ ﴿۱۵۷﴾
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ
الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَوْ يَاْتِيَ رَبُّكَ اَوْ يَاْتِيَ

چلو اور مختلف راستوں پر نہ چلو ورنہ یہ تمہیں اللہ کے راستے سے ہٹا کر پراگندہ کر دیں گے، اللہ نے تمہیں یہ ہدایات (اس لیے) دی ہیں تاکہ تم تقویٰ اختیار کرو۔☆

۱۵۴۔ پھر ہم نے موسیٰ کو کتاب عنایت کی تاکہ نیکی کرنے والے پر احکام پورے کر دیں اور اس میں ہر چیز کی تفصیل بیان ہو اور ہدایت اور رحمت (کا باعث) ہو تاکہ وہ اپنے رب کی ملاقات پر ایمان لے آئیں۔

۱۵۵۔ اور یہ ایک مبارک کتاب ہے جو ہم نے نازل کی پس اس کی پیروی کرو اور تقویٰ اختیار کرو شاید تم پر رحم کیا جائے۔☆

۱۵۶۔ تاکہ کبھی تم یہ نہ کہو کہ کتاب تو ہم سے پہلے دو گروہوں پر نازل ہوئی تھی اور ہم تو ان کے پڑھنے پڑھانے سے بے خبر تھے۔☆

۱۵۷۔ یا تم یوں کہتے: اگر ہم پر بھی کتاب نازل ہو جاتی تو ہم ان سے بہتر ہدایت لیتے، پس اب تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل، ہدایت اور رحمت تمہارے پاس آ گئی ہے، پس اس کے بعد اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا جو اللہ کی نشانیوں کی تکذیب کرے اور ان سے منہ موڑے؟ جو لوگ ہماری آیات سے منہ موڑ لیتے ہیں انہیں ہم اس روگردانی پر بدترین سزا دیں گے۔☆

۱۵۸۔ کیا یہ لوگ اس بات کے منتظر ہیں کہ ان کے پاس فرشتے آئیں یا آپ کا رب خود آئے یا آپ کے رب کی کچھ نشانیاں

کا سیدھا راستہ ہے، لہٰذا مطلب یہ ہوا کہ راہ رسولؐ پر چلو، دوسرے مختلف راستوں پر نہ چلو۔ رسولؐ کے راستے پر چلیں تو کوئی تفرقہ نہ ہوگا کیونکہ یہ منزل تک جانے کا سیدھا راستہ ہے۔

ان آیات میں اصول حیات بیان ہونے کے بعد آیات کے اواخر میں تعقل، تذکر اور تقویٰ کا ذکر فرمایا: لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ تاکہ تم بچے رہو۔ کیونکہ مذکورہ بالا احکام کے ادراک اور ان پر عمل کرنے سے انسان گناہ کی آلودگی سے محفوظ رہتا ہے۔

۱۵۵۔۱۵۶۔ یہ قرآن ایک بابرکت کتاب ہے جس کی برکتیں غیر منقطع ہیں۔ اس کتاب میں خیر دنیا و خیر آخرت دونوں ہیں۔ یہ ایک دائمی دستور حیات ہے اس کی اتباع کرو تو امت مرحومہ بن جاؤ گے نیز اس کتاب کے نازل کرنے سے تمہاری یہ حجت بھی نہ رہی کہ کتاب ہدایت و شریعت تو دو گروہوں یہود و نصاریٰ پر نازل ہوئی ہے، ہمیں علم نہ ہو سکا کہ وہ کیا پڑھتے پڑھاتے تھے۔

۱۵۷۔ عربوں میں عموماً اور قبیلہ قریش میں خصوصاً ایک احساس برتری تھا کہ اقوام عالم میں ذہانت و لیاقت میں ہمارا کوئی ہم پلہ نہیں ہے۔ لہٰذا اگر یہود و نصاریٰ کی طرح ہماری طرف بھی کوئی ہدایت کی کتاب آ جاتی تو ہم دوسروں سے زیادہ اس ہدایت سے فائدہ اٹھاتے۔ اس عذر کو قطع کرتے ہوئے فرمایا: لو اب تمہاری طرف ایسی کتاب آئی ہے جو سابقہ کتابوں سے زیادہ ہدایت و رحمت اپنے اندر رکھتی ہے۔ اس کتاب میں شریعت کے اصول، احکام، آداب دعوت، فضائل و اخلاق وغیرہ کی ایسے انمول تعلیمات ہیں جن سے روگردانی کی صورت میں عذاب بھی اتنا ہی سخت ہوگا جتنی حجت عظیم تھی۔

۱۵۸۔ جو اس قرآن کو نہیں مانتے اور اس واضح دلیل کو بھی قبول نہیں کرتے کیا یہ لوگ اس انتظار میں ہیں کہ فرشتے عذاب لے کر آئیں یا اللہ اور ان کے درمیان سے پردہ ہٹ جائے اور اللہ ان کے سامنے حاضر ہو جائے یا کچھ معجزات رونما ہو جائیں تو ایمان لائیں گے۔ جب کہ اگر کچھ ایسے فیصلہ کن معجزے آ جائیں تو اس وقت کا ایمان انہیں کوئی فائدہ نہ دے گا کیونکہ فرشتے عذاب الٰہی لے کر آئیں گے تو پھر انہیں مہلت نہیں ملے گی۔ اَوْ كَسَبَتْ فِيْٓ اِيْمَانِهَا سے یہ استدلال درست

بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ
بَعْضُ اٰيٰتِ رَبِّكَ لَا يَنْفَعُ نَفْسًا
اِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ اٰمَنَتْ مِنْ قَبْلُ اَوْ
كَسَبَتْ فِيْۤ اِيْمَانِهَا خَيْرًا ؕ قُلِ
انْتَظِرُوْۤا اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَ كَانُوْا
شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ اِنَّمَاۤ
اَمْرُهُمْ اِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا
كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾
مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ
اَمْثَالِهَا ۚ وَ مَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا
يُجْزٰۤى اِلَّا مِثْلَهَا وَ هُمْ لَا
يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾
قُلْ اِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْۤ اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۚ دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۚ وَ مَا كَانَ مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۶۱﴾
قُلْ اِنَّ صَلَاتِيْ وَ نُسُكِيْ وَ مَحْيَايَ
وَ مَمَاتِيْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۲﴾
لَا شَرِيْكَ لَهٗ ۚ وَ بِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَ
اَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۶۳﴾
قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْ رَبًّا وَّ هُوَ رَبُّ
كُلِّ شَيْءٍ ؕ وَ لَا تَكْسِبُ كُلُّ نَفْسٍ

آ جائیں؟ جس روز آپ کے رب کی بعض نشانیاں آ جائیں گی تو کسی ایسے شخص کو اس کا ایمان فائدہ نہیں دے گا جو (نشانی کے آنے سے) پہلے ایمان نہ لا چکا ہو یا حالت ایمان میں اس نے کوئی کار خیر انجام نہ دیا ہو، کہہ دیجیے: انتظار کرو ہم بھی منتظر ہیں۔☆

۱۵۹۔ جنہوں نے اپنے دین میں تفرقہ ڈالا اور گروہوں میں بٹ گئے بیشک آپ کا ان سے کوئی تعلق نہیں ہے، ان کا معاملہ یقیناً اللہ کے حوالے ہے پھر وہ انہیں بتائے گا جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں۔☆

۱۶۰۔ جو (اللہ کے پاس) ایک نیکی لے کر آئے گا اسے دس گنا (اجر) ملے گا اور جو برائی لے کر آئے گا اسے صرف اسی برائی جتنا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆

۱۶۱۔ کہہ دیجیے: میرے پروردگار نے مجھے صراط مستقیم دکھائی ہے جو ایک استوار دین ہے، (یہی) ملت ابراہیم (اور توحید کی طرف) یکسوئی کا دین ہے اور ابراہیم مشرکوں میں سے نہیں تھے۔

۱۶۲۔ کہہ دیجیے: میری نماز اور میری قربانی اور میرا جینا اور میرا مرنا سب یقیناً اللہ رب العالمین کے لیے ہے۔☆

۱۶۳۔ جس کا کوئی شریک نہیں اور مجھے اسی کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا فرمانبردار ہوں۔☆

۱۶۴۔ کہہ دیجیے: کیا میں کسی غیر اللہ کو اپنا معبود بناؤں؟ حالانکہ اللہ ہر چیز کا رب ہے اور ہر شخص اپنے کیے کا خود ذمے دار ہے اور

ہے کہ صرف ایمان کافی نہیں ہے اگر ایمان کے ساتھ عمل صالح نہ ہو اور زندگی بھر گناہ میں رہا ہو اور موت یا عذاب آنے پر توبہ کر لے تو قبول نہیں ہے۔

۱۵۹۔ مشرکین کا خیال تھا کہ رسول اللہؐ نے ان کے آبائی دین میں تفرقہ ڈالا ہے۔ ارشاد فرمایا: اے محمدؐ! آپ کا تفرقہ بازوں سے کوئی تعلق نہیں۔
علامہ عبدالبر نے عوف بن مالک اشجعی کی یہ حدیث نقل کی ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: تفترق امتی علی بضع و سبعین فرقة اعظمها فتنة علی امتی قوم یقیسون الامور برأیهم فیحلون الحرام و یحرّمون الحلال۔ (تهذیب الکمال ۱۸ : ۳۹۶۔ المنار ۸: ۲۱۹) میری امت ستر سے زائد فرقوں میں بٹ جائے گی۔ زیادہ فتنہ انگیز وہ فرقہ ہے جو دینی معاملات میں اپنی ذاتی رائے سے قیاس کرے گا، اس طرح وہ اللہ کے حلال کو حرام اور اللہ کے حرام کو حلال کر دیں گے۔
واضح رہے کہ ائمہ اہل بیتؑ بالاجماع قیاس کے مخالف ہیں اور قیاس پر عمل نہ کرنا فقہ جعفری کی امتیازی علامت ہے۔ کتاب المجروحین ۳: ۶۵ میں ابن حبان نے اور خطیب بغدادی نے اپنی تاریخ میں یوسف بن اسباط سے نقل کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ فرماتے تھے: لو ادرکنی رسول اللّٰہ و ادرکته لاخذ بکثیر من قولی۔ اگر رسول اللہؐ میرے زمانے میں ہوتے اور میں ان کے زمانے میں ہوتا تو حضورؐ میرے بیشتر اقوال کو اخذ کر لیتے۔
ممکن ہے کہ امام ابوحنیفہ کا یہ خیال حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کی دو سالہ شاگردی سے پہلے کا ہو، بعد میں اگرچہ وہ رسولؐ کو نہیں پا سکے، لیکن فرزند رسولؐ کو پا کر کہتے تھے: لو لا السنتان لهلك النعمان۔ اگر دو سالہ شاگردی نہ ہوتی تو نعمان ہلاک ہو چکا ہوتا۔

۱۶۰۔ حضرت ابوذرؓ راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان اللّٰہ جعل الحسنة عشرا او ازید و السیئة واحدة او اغفر فالویل لمن غلبت احاده اعشاره۔ اللہ تعالیٰ نے نیکی کو دس گنا یا زیادہ کر دیا ہے اور گناہ کو ایک ہی رکھا ہے یا اسے بخش دیا جاتا ہے۔ پس افسوس ہے ان لوگوں پر جن کی اکائیاں (گناہ) دہائیوں (نیکیوں) پر غالب آ جاتی ہیں۔

۱۶۲۔۱۶۳۔ توحید خالص یہ ہے کہ تمام امور خواہ تشریعی ہوں جیسے نماز و دیگر عبادات خواہ تکوینی ہوں جیسے زندگی یا موت، سب کا تعلق رب العالمین سے ہے۔ عبادت ہو تو صرف اسی ذات کے لیے ہو۔ زندگی

اِلَّا عَلَيْهَا ۚ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ
اُخْرٰى ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۶۴﴾
وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰٓئِفَ
الْاَرْضِ وَرَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ
بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِيْ مَآ
اٰتٰىكُمْ ۭ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ
الْعِقَابِ ۡ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۵﴾

النصف ۸ ع ۷

سُوْرَةُ الْاَعْرَاف مَكِّيَّةٌ ۲۰۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓصٓ ﴿۱﴾
كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ
فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَ
ذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾
اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ
اَوْلِيَآءَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳﴾
وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا
بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ ﴿۴﴾
فَمَا كَانَ دَعْوٰىهُمْ اِذْ جَآءَهُمْ بَاْسُنَآ
اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵﴾
فَلَنَسْـَٔلَنَّ الَّذِيْنَ اُرْسِلَ اِلَيْهِمْ

کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تم سب کو اپنے رب کی طرف لوٹ کر جانا ہے پھر (وہاں) وہ تمہیں بتائے گا جس چیز کے بارے میں تم لوگ اختلاف کیا کرتے تھے۔☆

۱۶۵۔اور وہ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں نائب بنایا اور تم میں سے بعض پر بعض کے درجات بلند کیے تاکہ جو کچھ اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں وہ تمہیں آزمائے، بے شک آپ کا رب (جہاں) جلد عذاب دینے والا ہے (وہاں) وہ یقیناً بڑا غفور، رحیم بھی ہے۔

سورۂ اعراف ۔ مکی ۔ آیات ۲۰۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔الف لام میم صاد۔

۲۔ یہ کتاب آپ پر (اس لیے) نازل کی گئی ہے کہ آپ اس سے لوگوں کو تنبیہ کریں اور اہل ایمان کے لیے نصیحت ہو پس آپ کو اس سے کسی قسم کی دل تنگی محسوس نہیں ہونی چاہیے۔

۳۔اس (کتاب) کی پیروی کرو جو تمہاری طرف تمہارے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور اس کے سوا دوسرے آقاؤں کی اتباع نہ کرو، مگر تم نصیحت کم ہی قبول کرتے ہو۔

۴۔ اور کتنی ایسی بستیاں ہیں جنہیں ہم نے تباہ کیا پس ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آیا یا ایسے وقت جب وہ دوپہر کو سو رہے تھے۔

۵۔پس جب ہمارا عذاب ان پر آیا تو وہ صرف یہی کہہ سکے: واقعی ہم ظالم تھے۔

۶۔ پس جن کی طرف پیغمبر بھیجے گئے ہم ہر

یا موت کا مسئلہ درپیش ہو تو راضی برضا اور تسلیم امر خدا ہو۔عبادت میں یا موت وحیات کے مسئلے میں غیر اللہ کی طرف رجوع کا شائبہ تک نہ ہو۔ دین ابراہیمی کا اصل الاصول یہی ہے کہ آتش نمرود کے شعلوں کی لپیٹ میں جاتے ہوئے جبرئیل امین جیسے عظیم القدر فرشتے کو بھی اعتنا میں نہ لائے اور صرف اور صرف اپنے رب سے لو لگائے۔

۱۶۴۔توحید اور عدل الٰہی کا ایک اہم اصول یہ ہے کہ ہر شخص اپنے عمل کا خود ذمہ دار ہے نہ اس پر کسی اور کے عمل کا بوجھ آئے گا نہ اس کے عمل کا بوجھ کوئی اور اٹھائے گا۔

سورۂ اعراف

اس سورہ کا نام الاعراف اس لیے ہے کہ آیت ۴۶ ۔ ۴۷ میں اعراف کا ذکر آیا ہے۔ اعراف جنت اور جہنم کے درمیان ایک اونچی جگہ کا نام ہے جہاں کچھ ہستیاں اہل جنت اور اہل جہنم دونوں کا مشاہدہ کریں گی۔

قرآنی سورتوں میں سے ہر سورہ اپنی جگہ جدا تشخص رکھتا ہے اور ہر سورہ ایک اہم خصوصیت کا حامل ہوتا ہے، جب کہ مقصد و منزل ایک ہی ہوتی ہے۔ چنانچہ سورہ انعام اور اعراف دونوں مکی ہیں دونوں ایک جیسے ماحول اور حالت میں نازل ہوئے اور دونوں سورتوں کا موضوع اور رخ سخن بھی ایک ہے، یعنی توحید۔ اس کے باوجود سورۂ انعام توحید پر منطقی دلائل پیش کرتا ہے جب کہ سورۂ اعراف دعوت توحید کے تاریخی حقائق بیان کرتا ہے۔ شاید طبیعی ترتیب بھی یہی ہے کہ پہلے دعوت کی تاریخی شہادتیں پیش ہوں بعد میں اس کی معقولیت اور حقانیت پر دلیل پیش کی جائے۔ چنانچہ یہ سورہ توحید کی تاریخ کا بیان، تخلیق آدم (ع) کے وقت سے شروع کرتا ہے۔ پھر آدم (ع) و ابلیس کا واقعہ بیان ہوتا ہے جو اس توحیدی تاریخ کا اہم ترین واقعہ ہے۔ حضرت آدم (ع) کے بعد اس کاروان کے دیگر اہم ارکان نوح، ہود، صالح، لوط، شعیب، موسیٰ اور ہارون علیہم السلام کا بھی ذکر ہے کہ جنہوں نے اپنے اپنے زمانے کے استعمار کو للکارتے ہوئے بے سرو سامانی کے باوجود ان شیطانی قوتوں کا اس طریقے سے ڈٹ کر مقابلہ کیا کہ آج بھی اگر کوئی ان کی سیرت پر عمل پیرا ہو تو اس زمانے کے استعمار کی ذلت و نابودی کا سبب بن سکتا ہے۔ تاریخ توحید کے بیان کے ساتھ اس کے میر کاروان حضرت محمد (ص) کو بھی یہ بتایا جا رہا ہے کہ جو سلوک یہ مشرک قوم آپ کے ساتھ کر رہی ہے ایسا

وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ ۙ﴿۶﴾

صورت میں ان سے سوال کریں گے اور خود پیغمبروں سے بھی ہم ضرور پوچھیں گے۔

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ ﴿۷﴾

۷۔ پھر ہم پورے علم و آگہی سے ان سے سرگزشت بیان کریں گے اور ہم غائب تو نہیں تھے۔

وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۸﴾

۸۔اور اس دن (اعمال کا) تولنا برحق ہے، پھر جن (کے اعمال) کا پلڑا بھاری ہوگا پس وہی فلاح پائیں گے۔ ☆

وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ﴿۹﴾

۹۔ اور جن کا پلڑا ہلکا ہوگا وہ لوگ ہماری آیات سے زیادتی کے سبب خود گھاٹے میں رہے۔☆

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع ۱ ۸

۱۰۔اور ہم ہی نے تمہیں زمین میں بسایا اور اس میں تمہارے لیے سامان زیست فراہم کیا (مگر) تم کم ہی شکر کرتے ہو۔☆

وَلَقَدْ خَلَقْنٰكُمْ ثُمَّ صَوَّرْنٰكُمْ ثُمَّ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ ۖ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ لَمْ يَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ بتحقیق ہم نے تمہیں خلق کیا پھر تمہیں شکل و صورت دی پھر فرشتوں کو حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کرو پس سب نے سجدہ کیا صرف ابلیس سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ تھا۔

قَالَ مَا مَنَعَكَ اَلَّا تَسْجُدَ اِذْ اَمَرْتُكَ ؕ قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ۚ خَلَقْتَنِىْ مِنْ نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾

۱۲۔فرمایا: تجھے کس چیز نے سجدہ کرنے سے باز رکھا جب کہ میں نے تجھے حکم دیا تھا؟ بولا: میں اس سے بہتر ہوں، مجھے تو نے آگ سے پیدا کیا ہے اور اسے تو نے مٹی سے پیدا کیا ہے۔☆

قَالَ فَاهْبِطْ مِنْهَا فَمَا يَكُوْنُ لَكَ اَنْ تَتَكَبَّرَ فِيْهَا فَاخْرُجْ اِنَّكَ مِنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿۱۳﴾

۱۳۔فرمایا: یہاں سے اتر جا! تجھے حق نہیں کہ یہاں تکبر کرے، پس نکل جا! تیرا شمار ذلیلوں میں ہے۔☆

ہی سلوک آپؐ سے پہلے کی قومیں اپنے رسولوں کے ساتھ کرتی رہی ہیں اور اپنے برے انجام کو پہنچ چکی ہیں۔

۸ ۔ ۹ آیت سے یہ بات تو ثابت ہو جاتی ہے کہ نیکیوں کا وزن ہوتا ہے اور اس کے مقابلے میں گناہوں کا وزن نہیں ہوتا۔ لہٰذا اعمال کے وزن کے بارے میں کسی تاویل و توجیہ کی طرف جانے کی بجائے خود قرآن کی تعبیر کے مطابق یہ مؤقف اختیار کرنا درست ہوگا۔ انسان کے اعمال اللہ کے معیار کے مطابق یا مثبت ہوں گے یا منفی۔ مثبت اعمال کا قیامت کے دن وزن اور قیمت ہوگی اور منفی اعمال بے وزن اور بے قدر ہوں گے۔ چنانچہ زیر بحث آیت اور دیگر متعدد آیات میں نیکیوں کے لیے وزن ثابت کیا ہے اور گناہوں کو بے وزن کہا ہے۔ قرآنی تعبیر ثَقُلَتْ اور خَفَّتْ میں وہی موازنہ ہے جو مثبت اور منفی میں، قیمتی اور بے قدری میں ہے۔ لہٰذا ثقل سے وزن، قدر اور قیمت کی طرف اشارہ ہے اور خفت سے بے قیمت اور بے قدری کی طرف اشارہ ہے۔ اس طرح اعمال کے وزن کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ جس کی نیکیاں زیادہ ہوں اس کا مثبت پہلو غالب رہے گا اور وہ فلاح پائیں گے اور جس کا منفی پہلو غالب آیا ہو ہلاکت میں ہوگا۔

۱۰۔ کائنات کی فضا، حیات اور زندگی کے لیے سازگار نہیں ہے۔ کائناتی رکاوٹوں سے کہیں زیادہ طاقتور کوئی شعور و ارادہ اگر موجود نہ ہو تو یہاں زندگی کی نشو و نما ممکن نہیں ہے۔ ہمارے نظام شمسی کو لیجیے کہ اس میں صرف ایک ہی کرہ (زمین) اس وقت حیات کے لیے سازگار ہے اور یہ کرہ بھی ایک زمانے میں آگ کے شعلوں سے عبارت تھا۔ زمین نہ اتنی سخت بنائی کہ دانہ نہ نکل سکے اور نہ اتنی نرم بنائی کہ کوئی چیز اس پر ٹھہر نہ سکے، نہ اتنی بڑی کہ فضا سے آکسیجن زمین میں دھنس جائے نہ اتنی چھوٹی کہ فضا سے ہوا منتشر ہو جائے۔ سورج نہ چنداں دور ہے کہ سردی سے زندگی ممکن نہ ہو اور نہ چنداں نزدیک کہ گرمی سے حیات ممکن نہ ہو۔ علاوہ ازیں دیگر ہزاروں خصوصیات ہیں جن کی وجہ سے زمین حیات کے لیے سازگار بن گئی۔

قَالَ اَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۴﴾
قَالَ اِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۱۵﴾
قَالَ فَبِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ
صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۶﴾
ثُمَّ لَاٰتِيَنَّهُمْ مِّنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَ
مِنْ خَلْفِهِمْ وَعَنْ اَيْمَانِهِمْ وَعَنْ
شَمَآئِلِهِمْ ؕ وَلَا تَجِدُ اَكْثَرَهُمْ
شٰكِرِيْنَ ﴿۱۷﴾
قَالَ اخْرُجْ مِنْهَا مَذْءُوْمًا
مَّدْحُوْرًا ؕ لَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ
لَاَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنْكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۸﴾
وَيٰٓاٰدَمُ اسْكُنْ اَنْتَ وَزَوْجُكَ
الْجَنَّةَ فَكُلَا مِنْ حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا
تَقْرَبَا هٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُوْنَا مِنَ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۹﴾
فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ
لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا
وَقَالَ مَا نَهٰىكُمَا رَبُّكُمَا عَنْ هٰذِهِ
الشَّجَرَةِ اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَا مَلَكَيْنِ
اَوْ تَكُوْنَا مِنَ الْخٰلِدِيْنَ ﴿۲۰﴾
وَقَاسَمَهُمَآ اِنِّيْ لَكُمَا لَمِنَ
النّٰصِحِيْنَ ﴿۲۱﴾
فَدَلّٰىهُمَا بِغُرُوْرٍ ۚ فَلَمَّا ذَاقَا

۱۴۔ بولا: مجھے روز قیامت تک مہلت دے۔☆
۱۵۔ فرمایا: بے شک تجھے مہلت دی گئی۔☆
۱۶۔ بولا: جس طرح تو نے مجھے گمراہ کیا ہے میں بھی تیرے سیدھے راستے پر ان کی گھات میں ضرور بیٹھا رہوں گا۔☆
۱۷۔ پھر ان کے آگے، پیچھے، دائیں اور بائیں (ہر طرف) سے انہیں ضرور گھیر لوں گا اور تو ان میں سے اکثر کو شکر گزار نہیں پائے گا۔☆
۱۸۔ فرمایا: تو یہاں سے ذلیل و مردود ہو کر نکل جا، ان میں سے جو بھی تیری اتباع کرے گا تو میں تم سب سے جہنم کو ضرور بھر دوں گا۔☆
۱۹۔ اور اے آدم! آپ اور آپ کی زوجہ اس جنت میں سکونت اختیار کریں اور دونوں جہاں سے چاہیں کھائیں، مگر اس درخت کے نزدیک نہ جانا ورنہ آپ دونوں ظالموں میں سے ہو جائیں گے۔
۲۰۔ پھر شیطان نے انہیں بہکایا تاکہ اس طرح ان دونوں کے شرم کے مقامات جو ان سے چھپائے رکھے گئے تھے ان کے لیے نمایاں ہو جائیں اور کہا: تمہارے رب نے اس درخت سے تمہیں صرف اس لیے منع کیا ہے کہ مبادا تم فرشتے بن جاؤ یا زندہ جاوید بن جاؤ۔
۲۱۔ اور اس نے قسم کھا کر دونوں سے کہا: میں یقیناً تمہارا خیر خواہ ہوں۔
۲۲۔ پھر فریب سے انہیں (اس طرف) مائل کر دیا، جب انہوں نے درخت کو چکھ لیا

۱۲تا۱۸۔ انا خیر منه: ابلیس نے صریح نص کے مقابلے میں ذاتی رائے، امر الٰہی کے خلاف اپنا اجتہاد، حکمت الٰہیہ کے مقابلے میں اپنا فلسفہ اور خالق کے دستور کے مقابلے میں اپنی منطق پیش کی اور اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ کا نعرہ بلند کر کے ایک باطل قیاس کو رواج دیا اور غیر منطقی استدلال کی روش کی ابتدا کی۔
ابو نعیم نے حلیۃ الاولیاء میں، دیلمی نے امام جعفر صادق علیہ السلام سے، انہوں نے اپنے پدر بزرگوار سے اور انہوں نے اپنے جد بزرگوار سے روایت کی کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: اول من قاس برأیه ابلیس قال اللّٰه تعالیٰ له اسجد لآدم فقال: انا خیر منه قال جعفر: فمن قاس امر الدین برأیه قرنه اللّٰه تعالی یوم القیمة ابلیس (المنار ۸:۳۳۱، تفسیر مراغی ۸:۱۱۲) ”دینی معاملہ میں سب سے پہلے ابلیس نے قیاس کو اپنایا۔ اللہ نے اسے حکم دیا کہ آدم کو سجدہ کر۔ اس نے کہا: میں اس سے بہتر ہوں۔ امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا جو دینی امر میں قیاس کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن ابلیس کے ساتھ کر دے گا۔“ اسی عبارت کے قریب ایک روایت حضرت ابن عباس سے بھی مروی ہے۔ ملاحظہ ہو تفسیر قرطبی ۷:۱۷۱، تفسیر ابو حیان ۵:۱۸۔
سود کے بارے میں منکرین کا قیاس قرآن نے نقل کیا ہے جو کہتے تھے اور کہتے ہیں: اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا (بقرۃ: ۲۷۵) ”خرید و فروخت بھی تو سود ہی کی طرح ہے۔“ ذبیحہ کے بارے میں مشرکین مکہ قیاس کرتے تھے کہ کیا وجہ ہے کہ جسے تم لوگوں نے مارا ہے (ذبیحہ) وہ تو حلال ہو اور جسے اللہ نے مارا ہے (مردار) وہ حرام ہو؟
۲۲۔ انسان کو بہکانے کے لیے ابلیس کا سب سے پہلا حربہ انسان کے شرم کے مقامات کو عریاں کرنا تھا۔ اس مقصد کے لیے اس نے آدم (ع) اور حوا کو شجرہ ممنوعہ کا پھل کھانے پر اکسایا کیونکہ اس پھل کے کھانے اور شرم کے مقامات کے نمایاں ہونے میں کوئی ربط ضرور تھا: فَلَمَّا ذَاقَا الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا. جب ان دونوں نے درخت (کے پھل) کو چکھ لیا تو ان پر ایک دوسرے کے اندام نہانی نمایاں ہو گئے۔ بائبل میں آیا ہے: عورت (حوا) نے جو دیکھا کہ وہ درخت کھانے کے لیے اچھا اور آنکھوں کو خوشنما معلوم ہوتا ہے اور عقل بخشنے کے لیے خوب ہے تو اس کے پھل میں

الشَّجَرَةَ بَدَتْ لَهُمَا سَوْاٰتُهُمَا وَ
طَفِقَا يَخْصِفٰنِ عَلَيْهِمَا مِنْ وَّرَقِ
الْجَنَّةِ ؕ وَ نَادٰىهُمَا رَبُّهُمَاۤ اَلَمْ
اَنْهَكُمَا عَنْ تِلْكُمَا الشَّجَرَةِ وَ
اَقُلْ لَّكُمَاۤ اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمَا
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۲۲﴾
قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا ۖ وَ
اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا
لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾
قَالَ اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ
عَدُوٌّ ۚ وَ لَكُمْ فِى الْاَرْضِ
مُسْتَقَرٌّ وَّ مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ ﴿۲۴﴾
قَالَ فِيْهَا تَحْيَوْنَ وَ فِيْهَا تَمُوْتُوْنَ
ع ۲ وَ مِنْهَا تُخْرَجُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع
يٰبَنِىْۤ اٰدَمَ قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاسًا
يُّوَارِىْ سَوْاٰتِكُمْ وَ رِيْشًا ؕ وَ
لِبَاسُ التَّقْوٰى ۙ ذٰلِكَ خَيْرٌ ؕ ذٰلِكَ
مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۲۶﴾
يٰبَنِىْۤ اٰدَمَ لَا يَفْتِنَنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ
كَمَاۤ اَخْرَجَ اَبَوَيْكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ
يَنْزِعُ عَنْهُمَا لِبَاسَهُمَا لِيُرِيَهُمَا
سَوْاٰتِهِمَا ؕ اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَ
قَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ؕ اِنَّا

تو ان کے شرم کے مقامات ان کے لیے نمایاں ہو گئے اور وہ جنت کے پتے اپنے اوپر جوڑنے لگے اور ان کے رب نے انہیں پکارا: کیا میں نے تم دونوں کو اس درخت سے منع نہیں کیا تھا؟ اور تمہیں بتایا نہ تھا کہ شیطان یقیناً تمہارا کھلا دشمن ہے؟☆

۲۳۔ دونوں نے کہا: پروردگارا! ہم نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے اور اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

۲۴۔ فرمایا: ایک دوسرے کے دشمن بن کر نیچے اتر جاؤ اور زمین میں تمہارے لیے ایک مدت تک قیام اور سامان زیست ہو گا۔☆

۲۵۔ فرمایا: زمین ہی میں تمہیں جینا اور وہیں تمہیں مرنا ہو گا اور (آخرکار) اسی میں سے تمہیں نکالا جائے گا۔☆

۲۶۔ اے فرزندان آدم! ہم نے تمہارے لیے لباس نازل کیا جو تمہارے شرم کے مقامات کو چھپائے اور تمہارے لیے آرائش (بھی) ہو اور سب سے بہترین لباس تو تقویٰ ہے، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے شاید یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔☆

۲۷۔ اے اولاد آدم! شیطان تمہیں کہیں اس طرح نہ بہکا دے جس طرح تمہارے ماں باپ کو جنت سے نکلوایا اور انہیں بے لباس کیا تا کہ ان کے شرم کے مقامات انہیں دکھائے، بے شک شیطان اور اس کے رفقائے کار تمہیں ایسی جگہ سے دیکھ

سے لیا اور کھایا اور اپنے شوہر کو بھی دیا۔ تب دونوں کی آنکھیں کھل گئیں اور انہیں معلوم ہوا کہ ہم ننگے ہیں اور انہوں نے انجیر کے پتوں کو سی کر اپنے لیے لنگیاں بنائیں۔ (بائیبل پیدائش باب۳ آیات ۶، ۷)
آج ابلیس کے بیٹے حوا کی بیٹیوں کو بے لباس کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔

۲۴۔ ۲۵۔ اللہ تعالیٰ نے دو فیصلے انسان کے لیے لازمی قرار دیے ہیں: ایک یہ کہ انسان و ابلیس میں ہمیشہ عداوت رہے گی۔ دوسرا یہ کہ ارضی زندگی گزارنا انسان کے لیے لازمی ہو گا۔

۲۶۔ رِيْشًا: یعنی لباس جہاں حفظِ حیا و عفت کا ذریعہ ہے وہاں یہ زیب و زینت بھی ہے۔ قدرت نے جہاں انسانی فطرت میں جمالیاتی ذوق ودیعت فرمایا ہے وہاں اس ذوق کی تکمیل کے لیے ضروری ہدایات بھی دی ہیں۔ یہاں سے استنباط کیا جا سکتا ہے کہ چونکہ اللہ نے لباس کو باعث زینت بنانے کو بطور احسان ذکر کیا ہے، لہٰذا اس زینت کو اختیار کرنا نہ صرف مباح اور جائز ہے بلکہ اعتدال کی حدود میں رہ کر اسے استعمال کرنا مستحسن ہے۔

۲۷۔ انسان کو بہکانے کے لیے ابلیس کا سب سے پہلا حربہ انسان کے شرم کے مقامات تھے۔ چنانچہ سابقہ آیت ۲۰ میں فرمایا: فَوَسْوَسَ لَهُمَا الشَّيْطٰنُ لِيُبْدِيَ لَهُمَا مَا وٗرِيَ عَنْهُمَا مِنْ سَوْاٰتِهِمَا شیطان نے ان دونوں کو بہکایا تا کہ ان دونوں کے شرم کے مقامات جو ان دونوں سے چھپائے گئے تھے نمایاں ہو جائیں۔ آیت میں یہ نہیں بتایا کہ پھل کھانے اور لباس کے اترنے میں کیا ربط تھا۔ کیا یہ جنسی خواہشات کی طرف اشارہ ہے کہ پھل کھانے سے جنسی خواہشات شروع ہو گئیں اور انسان کو گمراہ کرنے کے لیے ابلیس نے اس کو ذریعہ بنایا؟ یا پھل کھانے سے بقول بائیبل آدم (ع) وحوا کی آنکھیں کھل گئیں؟ یا ان سے جنت کے لباس اتر گئے یا کوئی اور تکوینی امر تھا؟ یہ سب تحقیق طلب باتیں ہیں ان کی وضاحتیں قرآن واحادیث میں نہیں ملتیں۔ بہرحال اس آیت سے یہ ثابت ہو جاتا ہے کہ شرم وحجاب ایک فطری امر ہے اور یہ تہذیبی وتمدنی تربیت کی وجہ سے نہیں ہے۔ آج کا ابلیس بھی حوا کی بیٹیوں کو بے حجاب بنانے کے لیے پوری شدت کے ساتھ تلا ہوا ہے۔

جَعَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ اَوْلِيَآءَ لِلَّذِيْنَ
لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۲۷﴾
وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا
عَلَيْهَآ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا ؕ قُلْ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ ؕ اَتَقُوْلُوْنَ
عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۸﴾
قُلْ اَمَرَ رَبِّيْ بِالْقِسْطِ ۫ وَاَقِيْمُوْا
وُجُوْهَكُمْ عِنْدَ كُلِّ مَسْجِدٍ
وَّادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ
كَمَا بَدَاَكُمْ تَعُوْدُوْنَ ﴿۲۹﴾
فَرِيْقًا هَدٰى وَفَرِيْقًا حَقَّ عَلَيْهِمُ
الضَّلٰلَةُ ؕ اِنَّهُمُ اتَّخَذُوا الشَّيٰطِيْنَ
اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَيَحْسَبُوْنَ
اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۰﴾
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِيْنَتَكُمْ عِنْدَ كُلِّ
مَسْجِدٍ وَّكُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا ۚ ع ۳
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع
قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللّٰهِ الَّتِيْٓ
اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ
الرِّزْقِ ؕ قُلْ هِيَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ
لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳۲﴾

رہے ہوتے ہیں جہاں سے انہیں تم نہیں دیکھ سکتے، ہم نے شیاطین کو ان لوگوں کا آقا بنا دیا ہے جو ایمان نہیں لاتے۔☆

۲۸۔اور جب یہ لوگ کسی بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسا کرتے پایا ہے اور اللہ نے ہمیں ایسا کرنے کا حکم دیا ہے، کہہ دیجیے: اللہ یقیناً بے حیائی کا حکم نہیں دیتا، کیا تم اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کرتے ہو جن کا تمہیں علم ہی نہیں؟

۲۹۔کہہ دیجیے: میرے رب نے مجھے انصاف کا حکم دیا ہے اور یہ کہ ہر عبادت کے وقت تم اپنی توجہ مرکوز رکھو اور اس کے مخلص فرمانبردار بن کر اسے پکارو، جس طرح اس نے تمہیں ابتدا میں پیدا کیا ہے اسی طرح پھر پیدا ہو جاؤ گے۔☆

۳۰۔ (اللہ نے) ایک گروہ کو ہدایت دے دی ہے اور دوسرے گروہ پر گمراہی پیوست ہو چکی ہے، ان لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر شیاطین کو اپنا آقا بنا لیا ہے اور (بزعم خود) یہ سمجھتے ہیں کہ ہدایت یافتہ ہیں۔☆

۳۱۔اے بنی آدم! ہر عبادت کے وقت اپنی زینت (لباس) کے ساتھ رہو اور کھاؤ اور پیو مگر اسراف نہ کرو، اللہ اسراف کرنے والوں کو یقیناً دوست نہیں رکھتا۔☆

۳۲۔کہہ دیجیے: اللہ کی اس زینت کو جو اس نے اپنے بندوں کے لیے نکالی اور پاک رزق کو کس نے حرام کیا؟ کہہ دیجیے: یہ چیزیں دنیاوی زندگی میں بھی ایمان والوں کے لیے ہیں اور قیامت کے دن تو خالصتاً انہی کے لیے ہوں گی، ہم اسی طرح اہل علم کے لیے آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں۔☆

۲۹۔۳۰۔سلسلۂ کلام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بیہودگی اور بے حیائی کا نہیں درج ذیل دستور کا حکم دیتا ہے: عدل و انصاف قائم کرے۔عبادت میں اپنی پوری توجہ مبذول رکھیں۔ بے اعتنائی اور سہل انگاری کے ساتھ بجا لائی جانے والی عبادت بے جان ہوتی ہے۔اللہ کو پکارو تو اس حالت میں پکارو کہ قولاً و عملاً صرف اسی کے دین کے پابند ہو اور فرمانبرداری میں خلوص رکھو کہ خالصتاً اللہ کی ذات کو لائق عبادت واطاعت سمجھ کر اس کی فرمانبرداری کرو۔ کسی غیر اللہ کی رضامندی کا شائبہ تک اس کی فرمانبرداری میں نہ ہو۔آخرت کی حیات ابدی پر بھی ایمان رکھو کہ وہ اللہ جس نے تم کو ابتداء ہی میں نیستی سے پیدا کیا تو تم دو گروہوں میں بٹ گئے۔ایک ہدایت پر دوسرا گمراہی پر۔قیامت کے دن بھی ایسا ہی ہوگا، ایک گروہ ہدایت یافتہ لوگ ہوں گے اور دوسرا گروہ گمراہ لوگ ہوں گے۔

۳۱۔۳۲۔ یہ بات ممکن نہیں کہ اللہ دنیا کو زیب و زینت اور پاکیزہ چیزوں سے پر کر دے پھر انہیں اپنے بندوں پر حرام کر دے۔ اللہ کی شریعت میں کوئی شق ایسی نہیں ہے جو فطرت سے متصادم ہو۔ اللہ یہ نہیں چاہتا کہ انسان بدزیبا و بدنما نظر آئے۔ اس نے انسان کو فطرتاً خوبصورت پیدا کیا ہے: لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ۔ (تین:۴) ہم نے انسان کو بہترین انداز میں پیدا کیا ہے۔ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَلَا تُسْرِفُوْا۔ اس مختصر جملے میں بتایا گیا ہے کہ کیا کھانا چاہیے اور کتنا کھانا چاہیے۔ وَلَا تُسْرِفُوْا اسراف نہ کرو۔ یہ جملہ بتاتا ہے کہ کتنا کھانا چاہیے۔ کسی چیز کے حلال ہونے کی دلیل اس کی ضرورت ہے۔ لہٰذا انسانی جسم کو زندہ اور متحرک رکھنے کے لیے جتنی غذا کی ضرورت ہے، اس کا کھانا مباح اور بھی واجب ہے۔ اگر کوئی چیز ضرورت کے اصول پر پورا نہیں اترتی تو اس کے جواز پر کوئی دلیل نہیں ہے۔ ضرورت سے زیادہ خرچ کرنے کا نام اسراف ہے، لہٰذا اسراف ظلم ہے اپنی جان، اقتصادیات، اپنے ملک اور پوری انسانیت پر۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: اِنَّمَا الْاِسْرَافُ فِيمَا اَفْسَدَ الْمَالَ وَ اَضَرَّ بِالْبَدَنِ (الکافی ۴:۵۳) اسراف یہ ہے کہ مال کا ضیاع ہو اور بدن کا ضرر۔ حضرت علی علیہ السلام ایک طویل حدیث میں فرماتے ہیں: پرہیزگار دنیادار کی دنیا میں شرکت کرتے ہیں جبکہ دنیادار پرہیزگار کی آخرت میں شرکت نہیں کرتے۔ (نور الثقلین)

قُلْ اِنَّمَا حَرَّمَ رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ مَا
ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَالْاِثْمَ وَ
الْبَغْيَ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَاَنْ تُشْرِكُوْا بِاللّٰهِ
مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّاَنْ
تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَلِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ
اَجَلُهُمْ لَا يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ
لَا يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۳۴﴾
يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ
يَقُصُّوْنَ عَلَيْكُمْ اٰيٰتِيْ ۙ فَمَنِ اتَّقٰى
وَاَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ
يَحْزَنُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا
عَنْهَآ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۳۶﴾
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ
يَنَالُهُمْ نَصِيْبُهُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ ؕ حَتّٰٓى
اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا يَتَوَفَّوْنَهُمْ ۙ
قَالُوْٓا اَيْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا
وَشَهِدُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا
كٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾

۳۳۔ کہہ دیجیے: میرے رب نے علانیہ اور پوشیدہ بے حیائی (کے ارتکاب)، گناہ، ناحق زیادتی اور اس بات کو حرام کیا ہے کہ تم اللہ کے ساتھ اسے شریک ٹھہراؤ جس کے لیے اس نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور یہ کہ تم اللہ کی طرف ایسی باتیں منسوب کرو جنہیں تم نہیں جانتے۔☆

۳۴۔ اور ہر قوم کے لیے ایک وقت مقرر ہے پس جب ان کا مقررہ وقت آ جاتا ہے تو نہ ایک گھڑی تاخیر کر سکتے ہیں اور نہ جلدی۔☆

۳۵۔ اے اولاد آدم! اگر تمہارے پاس خود تم ہی میں سے رسول آئیں جو تمہیں میری آیات سنایا کریں تو (اس کے بعد) جو تقویٰ اختیار کریں اور اصلاح کریں پس انہیں نہ کسی قسم کا خوف ہو گا اور نہ وہ محزون ہوں گے۔

۳۶۔ اور جو لوگ ہماری آیات کی تکذیب کرتے ہیں اور ان سے تکبر کرتے ہیں وہی اہل جہنم ہیں، جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۳۷۔ اس شخص سے بڑھ کر ظالم اور کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا اس کی آیات کی تکذیب کرے؟ ایسے لوگوں کو وہ حصہ ملتا رہے گا جو ان کے حق میں لکھا ہے چنانچہ جب ہمارے بھیجے ہوئے (فرشتے) ان کی قبض روح کے لیے آئیں گے تو کہیں گے: کہاں ہیں تمہارے وہ (معبود) جنہیں تم اللہ کے سوا پکارتے تھے؟ وہ کہیں گے: وہ ہم سے غائب ہو گئے اور اب وہ خود اپنے خلاف گواہی دیں گے کہ وہ واقعی کافر تھے۔

۳۳۔ سابقہ آیتوں میں جب یہ بتایا گیا کہ اللہ نے زینت اور پاکیزہ رزق کو حلال قرار دیا ہے تو محرمات کا بھی ذکر اس لیے ضروری ہو گیا کہ کسی قسم کی غلط فہمی یا سوء استفادہ کی گنجائش نہ رہے۔ اللہ کی شریعت میں حلال و حرام بھی بندوں پر رحمت ہے کہ وہ طیبات کو حلال اور فواحش کو حرام قرار دیتا ہے۔

۳۴۔ ہر قوم و ملت کے لیے عروج و زوال ہوتا ہے اور ہر عروج و زوال کے پیچھے اس کے علل و اسباب کارفرما ہوتے ہیں۔ یہی سنت الٰہی ہے جس کا قرآن اکثر حوالہ دیتا ہے۔ مثلاً جب کوئی قوم برائیوں کے ارتکاب میں حد سے گزر جاتی ہے تو اس بدکار قوم کو صفحہ ہستی سے مٹا دیا جاتا ہے۔ خیانت، بدنظمی، کاہلی اور حکمرانوں کا اپنی عوام پر ظلم، زوال کے علل و اسباب میں سے ہیں۔ قانون فطرت و مکافات عمل میں نظم و ضبط کو ایک معجزانہ دخل ہے۔ دنیا کی بدترین چیز ظلم بھی ایک خاص نظم و ضبط سے کیا جائے تو وہ ظلم محسوس نہیں ہوتا۔ چنانچہ جدید تعلیم یافتہ جاہلیت نے یہی کیا ہے کہ اقوام عالم پر نہایت ہی منظم انداز میں ظلم کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ قرآن قوموں کے زوال کے مزید اسباب بھی ذکر کرتا ہے:

۱۔ افراد امت اگر ملک کے تدبیر امور میں شریک اور مشیر نہ رہیں بلکہ ان کی حیثیت بے بس فرمانبردار اور بے اختیار مطیع اور منقاد کی سی ہو جائے تو اقتدار والوں کی ہوس رانی کو آزادی مل جاتی ہے اور وہ اس قوم کو قعر مذلت تک پہنچا دیتے ہیں۔

۲۔ کسی امت اور قوم کے مقدرات پر چند خاندانوں کا تسلط قائم ہو جائے تو اس صورت میں تمام اقدار کو پامال کیا جاتا ہے۔ افراد کی طرح ہر قوم کی ایک طبیعی عمر ہوتی ہے جس طرح بعض صحت اور نفسیات کے اصولوں پر عمل کرنے سے فرد صحت مند ہوتا ہے اور عمر لمبی ہو جاتی ہے بالکل اسی طرح بعض اصولوں پر عمل کرنے سے قومیں ترقی کرتی ہیں۔ مادی تنزل اور ترقی کا دار و مدار مادی علل و اسباب پر ہے۔ اگرچہ ایمان و عبادت کے اپنے اثرات ہیں لیکن یہ چیزیں مادی علل و اسباب کی جگہ نہیں لیتیں۔ مثلاً فصل کے لیے تسبیح و عبادت کھاد کا کام نہیں دے سکتی۔

قَالَ ادْخُلُوْا فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ
قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ فِي
النَّارِ ؕ كُلَّمَا دَخَلَتْ اُمَّةٌ لَّعَنَتْ
اُخْتَهَا ؕ حَتّٰٓى اِذَا ادَّارَكُوْا فِيْهَا
جَمِيْعًا ۙ قَالَتْ اُخْرٰىهُمْ لِاُوْلٰىهُمْ
رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ اَضَلُّوْنَا فَاٰتِهِمْ عَذَابًا
ضِعْفًا مِّنَ النَّارِ ؕ قَالَ لِكُلٍّ
ضِعْفٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَ قَالَتْ اُوْلٰىهُمْ لِاُخْرٰىهُمْ فَمَا
كَانَ لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ فَذُوْقُوا
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۳۹﴾ ع ۴
اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا
عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ
وَ لَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ
الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ ؕ وَكَذٰلِكَ
نَجْزِي الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۰﴾
لَهُمْ مِّنْ جَهَنَّمَ مِهَادٌ وَّمِنْ
فَوْقِهِمْ غَوَاشٍ ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِي
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَا
نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَآ ۫
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا
خٰلِدُوْنَ ﴿۴۲﴾

۳۸۔ یہ ایک قاعدہ کلیہ ہے کہ جب کسی جماعت کو شکست اور ناکامی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو وہ آپس میں ایک دوسرے پر اس شکست وذلت کی ذمہ داری ڈالتے ہیں۔ روز قیامت بھی اہل جہنم اپنے ہم مذہب اور ہم مشرب لوگوں پر نفرین کریں گے اور ان پر دوگنے عذاب کی خواہش کریں گے۔ جواب ملے گا کہ تم سب کا عذاب دوگنا ہوگا، ایک عذاب اپنی گمراہی کا اور ایک عذاب دوسروں کے لیے گمراہی ورثہ میں چھوڑنے کا۔

۳۹۔ جس جماعت کو دوگنا عذاب دینے کا مطالبہ ہوا تھا اس جماعت کا بھی یہی موقف ہے کہ گمراہ ہونے اور دوسروں کے لیے گمراہی ورثہ میں چھوڑنے میں تم بھی ہماری طرح ہو۔ لہذا تم کو کوئی بڑائی ایسی حاصل نہیں ہے کہ تمہارا عذاب کم ہو اور ہمارا عذاب دوگنا ہو۔ لہذا تم بھی دوگنا عذاب چکھ لو۔

۴۰۔ جَمَل: اونٹ کو اور کشتی کے رسے کو کہتے ہیں۔ بعض اہل تحقیق کا یہ موقف ہے کہ سوئی کے ناکے اور اونٹ میں کوئی مناسبت نہیں ہے، لہٰذا یہاں جَمَل سے مراد رسّا لینا زیادہ مناسب ہے۔ ہمارا موقف یہ ہے کہ اونٹ مراد لینا زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ یہاں سوئی کا ذکر کسی چیز کے سینے اور جوڑنے کے لیے نہیں ہو رہا کہ رسّا زیادہ مناسب ہو، بلکہ یہاں کافروں کے جنت میں جانے کو بعید از امکان بتانا مقصود ہے اس کے لیے سوئی کے سوراخ اور اونٹ (چھوٹا سا سوراخ اور بڑا وجود) زیادہ مناسب ہے۔

۴۱۔ کفار کے لیے آسمان کے دروازے نہ کھلنے کا مطلب ممکن ہے یہ ہو کہ ان کے اعمال قبول نہ ہوں گے یا پھر یہ کہ ان کا جنت میں داخلہ ممنوع ہوگا۔ چنانچہ بعد کی عبارت سے دوسری تفسیر قرین قیاس معلوم ہوتی ہے جس میں کافروں کا جنت میں داخل ہونا سوئی کے ناکے سے اونٹ کے گزرنے کی طرح محال بتایا ہے۔ جس طرح کافر کا جنت میں داخل ہونا اللہ کے حتمی فیصلے کے خلاف ہے اسی طرح متقی اور پرہیزگار مومن کا جہنم میں داخل ہونا بھی محال اور عدل الٰہی کے خلاف ہے۔

۳۸۔ اللہ فرمائے گا: تم لوگ جن و انس کی ان قوموں کے ہمراہ داخل ہو جاؤ جو تم سے پہلے جہنم میں جا چکی ہیں، جب بھی کوئی جماعت جہنم میں داخل ہوگی اپنی ہم خیال جماعت پر لعنت بھیجے گی، یہاں تک کہ جب وہاں سب جمع ہو جائیں گے تو بعد والی جماعت پہلی کے بارے میں کہے گی: ہمارے رب! انہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا لہٰذا انہیں آتش جہنم کا دوگنا عذاب دے، اللہ فرمائے گا: سب کو دوگنا (عذاب) ملے گا لیکن تم نہیں جانتے۔☆

۳۹۔ ان کی پہلی جماعت دوسری جماعت سے کہے گی: تمہیں ہم پر کوئی بڑائی حاصل نہ تھی؟ پس تم اپنے کیے کے بدلے عذاب چکھو۔☆

۴۰۔ جنہوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی اور ان سے تکبر کیا ہے ان کے لیے آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے اور ان کا جنت میں جانا اسی طرح محال ہے جس طرح سوئی کے ناکے سے اونٹ کا گزرنا اور ہم مجرموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں۔☆

۴۱۔ ان کے لیے جہنم ہی بچھونا اور اوڑھنا ہوگی اور ہم ظالموں کو ایسا بدلہ دیا کرتے ہیں۔☆

۴۲۔ اور ایمان لانے والے اور نیک اعمال بجا لانے والے اہل جنت ہیں جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے، ہم کسی کو (نیک اعمال کی بجا آوری میں) اس کی طاقت سے زیادہ ذمہ دار نہیں ٹھہراتے۔

وَ نَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ
غِلٍّ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ ۚ
وَ قَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدٰىنَا
لِهٰذَا ۫ وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ
هَدٰىنَا اللّٰهُ ۚ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُ
رَبِّنَا بِالْحَقِّ ؕ وَ نُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ
الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾
وَ نَادٰٓى اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ اَصْحٰبَ
النَّارِ اَنْ قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا
حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ
حَقًّا ؕ قَالُوْا نَعَمْ ۚ فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ
بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾
الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ
يَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ
كٰفِرُوْنَ ﴿۴۵﴾
وَبَيْنَهُمَا حِجَابٌ ۚ وَعَلَى الْاَعْرَافِ
رِجَالٌ يَّعْرِفُوْنَ كُلًّا بِسِيْمٰهُمْ ۚ وَنَادَوْا
اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ سَلٰمٌ
عَلَيْكُمْ ۫ لَمْ يَدْخُلُوْهَا وَ هُمْ
يَطْمَعُوْنَ ﴿۴۶﴾
وَ اِذَا صُرِفَتْ اَبْصَارُهُمْ تِلْقَآءَ
اَصْحٰبِ النَّارِ ۙ قَالُوْا رَبَّنَا لَا

۴۳۔ اور ہم ان کے دلوں میں موجود کینے نکال دیں گے، ان کے (محلات کے) نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی اور وہ کہیں گے: ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے ہمیں یہ راستہ دکھایا اور اگر اللہ ہماری رہنمائی نہ فرماتا تو ہم ہدایت نہ پاتے، ہمارے رب کے پیغمبر یقیناً حق لے کر آئے اور اس وقت ان (مومنین) کو یہ ندا آئے گی کہ یہ جنت جس کے تم وارث بنائے گئے ہو ان اعمال کے صلے میں ہے جنہیں تم بجا لاتے رہے ہو۔☆

۴۴۔ اور اہل جنت اہل جہنم سے پکار کر کہیں گے: ہم نے وہ تمام وعدے سچے پائے جو ہمارے پروردگار نے ہم سے کیے تھے، کیا تم نے بھی اپنے رب کے وعدوں کو سچا پایا؟ وہ جواب دیں گے: ہاں، تو ان (دونوں) کے درمیان میں سے ایک پکارنے والا پکارے گا: ظالموں پر اللہ کی لعنت ہو۔☆

۴۵۔ جو لوگوں کو راہ خدا سے روکتے اور اس میں کجی پیدا کرنا چاہتے تھے اور وہ آخرت کے منکر تھے۔

۴۶۔ اور (اہل جنت اور اہل جہنم) دونوں کے درمیان ایک حجاب ہو گا اور بلندیوں پر کچھ ایسے افراد ہوں گے جو ہر ایک کو ان کی شکلوں سے پہچان لیں گے اور اہل جنت سے پکار کر کہیں گے: تم پر سلامتی ہو، یہ لوگ ابھی جنت میں داخل نہیں ہوئے ہوں گے مگر امیدوار ہوں گے۔

۴۷۔ اور جب ان کی نگاہیں اہل جہنم کی طرف پلٹائی جائیں گی تو وہ کہیں گے: ہمارے پروردگار ہمیں ظالموں کے ساتھ

۴۳۔ اہل ایمان کے جنت میں داخل ہونے سے پہلے اگر دنیا میں ان کی آپس میں کدورت ہوگی تو اللہ تعالیٰ ان کے دلوں سے ان کدورتوں اور عداوتوں کو صاف کر دے گا تاکہ ایک دوسرے کو دیکھ کر خوشی اور کیف و سرور محسوس کریں۔ کیونکہ جن سے عداوت ہو ان کو دیکھنے سے اذیت ہوتی ہے۔ جنت میں کسی قسم کی اذیت نہ ہوگی اور احباب کے ساتھ بیٹھنے سے لطف اندوز ہوں گے۔

۴۴۔ اہل جنت اور اہل جہنم کے اس مکالمے سے اہل جنت کو نعمتوں کی زیادہ قدر ہوگی اور اہل جہنم کی حسرت و ندامت میں اضافہ ہوگا۔ ایسے میں اہل جنت میں سے ایک مؤذن اذان برائت دے گا جس کا مضمون یہ ہو گا: ان لعنة اللّٰه علی الظالمین۔ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام نے کوفہ میں ایک خطبہ دیتے ہوئے فرمایا: انا المؤذن فی الدنیا والآخرة، قال اللّٰه عزوجل: فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ وانا ذلك المؤذن و قال: وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ انا ذلك المؤذن۔ میں دنیا و آخرت دونوں میں مؤذن ہوں۔ اللہ عزوجل نے فرمایا: فَاَذَّنَ مُؤَذِّنٌۢ بَيْنَهُمْ اَنْ لَّعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ میں ہی وہ مؤذن ہوں نیز فرمایا: وَاَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖٓ یہاں بھی میں ہی وہ مؤذن ہوں"۔ (معانی الاخبار ص ۵۸)

یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ مشرکین سے برائت کا اعلان بحکم خدا و رسولؐ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا جو دنیا میں شرک و ایمان کے درمیان ایک فیصلہ کن اذان تھی۔ وہ رسولؐ کی فتح، نفی شرک اور توحید کی اذان تھی۔ آخرت میں ہونے والی یہ اذان اسی اذان کا تسلسل ہے۔ وہی حق والوں کی اذان اور اہل جنت و اہل جہنم میں امتیاز کی اذان۔ اب ظالموں سے برائت کی نہیں بلکہ ظالموں پر لعنت کی اذان، تاریخ اذان کی سب سے اہم ترین اذان اور سب سے آخری اذان۔

البیان کے مطابق ابو القاسم حسکانی نے محمد حنفیہ سے اور انہوں نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: انا ذلك المؤذن۔ وہ مؤذن میں ہی ہوں۔

۴۷۔ یہ جملہ اصحاب الاعراف ہی کی طرف سے ہے کیونکہ دوسرے لوگ تو پس حجاب میں ہوں گے وہ اصحاب النار کی طرف نہیں دیکھ رہے ہوں گے۔ اس دعا سے اول تو یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ

ع ۶ ۱۲ تَجْعَلْنَا مَعَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾ ع

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ الْاَعْرَافِ رِجَالًا يَّعْرِفُوْنَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ قَالُوْا مَآ اَغْنٰى عَنْكُمْ جَمْعُكُمْ وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۸﴾

اَهٰٓؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَقْسَمْتُمْ لَا يَنَالُهُمُ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ ؕ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمْ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۴۹﴾

وَنَادٰٓى اَصْحٰبُ النَّارِ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ اَنْ اَفِيْضُوْا عَلَيْنَا مِنَ الْمَآءِ اَوْ مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ؕ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَهُمَا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾ ۙ

الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَهُمْ لَهْوًا وَّلَعِبًا وَّغَرَّتْهُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ فَالْيَوْمَ نَنْسٰىهُمْ كَمَا نَسُوْا لِقَآءَ يَوْمِهِمْ هٰذَا ۙ وَمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۵۱﴾

وَلَقَدْ جِئْنٰهُمْ بِكِتٰبٍ فَصَّلْنٰهُ عَلٰى عِلْمٍ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا تَاْوِيْلَهٗ ؕ يَوْمَ يَاْتِيْ تَاْوِيْلُهٗ يَقُوْلُ الَّذِيْنَ نَسُوْهُ مِنْ قَبْلُ

ظالمین کی حالت کس قدر وحشت ناک ہوگی کہ ہر دیکھنے والا اس سے پناہ مانگتا ہے۔ ثانیاً اولوالعزم انبیاء نے بھی اس قسم کے مضمون کی دعائیں کی ہیں۔

۴۸۔ متعدد روایات میں آیا ہے کہ اصحاب الاعراف ائمہ اہل بیت (ع) ہیں۔ مجمع البیان میں آیا ہے کہ عالم اہل سنت ابو القاسم حسکانی نے اصبغ بن نباتہ سے اور انہوں نے حضرت علی علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ آپؑ نے ابن الکواء کو بتایا: ہم ہی اصحاب الاعراف ہیں۔

تفسیر البرہان میں آیا ہے کہ مفسر اہل سنت ثعلبی نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ اعراف صراط پر موجود ایک بلند جگہ کا نام ہے۔ وہاں عباسؓ، حمزہؓ، علی بن ابی طالب (ع) اور جعفر ذو الجناحین ہوں گے۔

قیامت کے دن متعدد مقامات پر شفاعت کی ضرورت پیش آئے گی۔ ان میں سے ایک اہم جگہ اعراف یا صراط ہے۔ فریقین کے متعدد طرق سے یہ حدیث وارد ہوئی ہے: لا یجوز علی الصراط الا من کتب لہ علی الجواز۔ صراط سے کوئی گزر نہیں سکے گا مگر وہ جسے علیؑ پروانہ عطا فرمائیں۔

۴۹۔ اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ: جنت میں داخل ہو جاؤ۔ یہ حکم اصحاب الاعراف کی طرف سے مل رہا ہے۔ اس سے وہ حدیث قرآن کے مطابق ثابت ہوئی جس میں فرمایا: عَلِيٌّ قَسِيْمُ النَّارِ وَالْجَنَّةِ۔

۵۱۔ اس آیت میں کافروں کے لیے جنت کی نعمتوں کے حرام ہونے کے چند اسباب کا ذکر ہے: ☆ ان کا دین کو کھیل اور بے مقصد ولغو کاموں کی طرح بنا لینا۔ ☆ اپنی ساری توجہ دنیا کی چند روزہ زندگی پر مرکوز کر لینا۔ ☆ اپنے ذہنوں میں درگاہ الٰہی میں حاضر ہونے کا خیال تک نہ لانا۔ ☆ آیات الٰہی کا تمسخر اڑانا اور ان کا انکار کرنا۔

۵۲۔ یہ قرآن ایک ایسا دستور پیش کرتا ہے جسے اس ذات نے ترتیب دیا ہے جو دانائے راز ہے، انسان کی ضرورتوں اور اس کے تمام تقاضوں پر علم وآگہی رکھتی ہے۔ یہ دستور مفصل ہے۔ تفصیل سے مراد یہ ہے کہ حق کو باطل اور امر واقع وحقیقت کو خرافات سے جدا کرنے والی کتاب ہے۔ تفصیل سے مراد یہ نہیں کہ اس کتاب میں تمام جزئیات کو بیان کیا گیا ہے۔

۵۳۔ تاویل وہ مرکزی نقطہ ہے جس کے گرد احکام واعمال کا مدار ہے۔ یعنی وہ راز وحکمت جس کی بنا پر احکام صادر ہوتے ہیں اور تمام احکام کا مآل

شامل نہ کرنا۔☆

۴۸۔ اور اصحاب اعراف کچھ ایسے لوگوں کو بھی پکاریں گے جنہیں وہ ان کی شکلوں سے پہچانتے ہوں گے اور کہیں گے: آج نہ تو تمہاری جماعت تمہارے کام آئی اور نہ تمہارا تکبر۔☆

۴۹۔ اور کیا یہ (اہل جنت) وہی لوگ ہیں جن کے بارے میں تم قسمیں کھا کر کہتے تھے کہ ان تک اللہ کی رحمت نہیں پہنچے گی؟ (آج انہی لوگوں سے کہا جا رہا ہے کہ) جنت میں داخل ہو جاؤ جہاں نہ تمہیں کوئی خوف ہوگا اور نہ تم محزون ہوگے۔☆

۵۰۔ اور اہل جہنم اہل جنت کو پکاریں گے: تھوڑا پانی ہم پر انڈیل دو یا جو رزق اللہ نے تمہیں دیا ہے اس میں سے کچھ ہمیں دے دو، وہ جواب دیں گے: اللہ نے جنت کا پانی اور رزق کافروں پر حرام کیا ہے۔

۵۱۔ جنہوں نے اپنے دین کو کھیل اور تماشا بنا دیا تھا اور دنیا کی زندگی نے انہیں دھوکے میں ڈالا تھا، پس آج ہم انہیں اسی طرح بھلا دیں گے جس طرح وہ اس دن کے آنے کو بھولے ہوئے تھے اور ہماری آیات کا انکار کیا کرتے تھے۔☆

۵۲۔ اور ہم ان کے پاس یقیناً ایک کتاب لا چکے ہیں جسے ہم نے از روئے علم واضح بنایا ہے جو ایمان لانے والوں کے لیے ہدایت ورحمت ہے۔☆

۵۳۔ کیا یہ لوگ صرف اس (کتاب کی تنبیہوں) کے انجام کار کے منتظر ہیں؟ جس روز وہ انجام کار سامنے آئے گا جو لوگ اس سے پہلے اسے بھولے ہوئے تھے وہ کہیں گے: ہمارے پروردگار کے

قَدْ جَآءَتْ رُسُلُ رَبِّنَا بِالْحَقِّ ۚ
فَهَلْ لَّنَا مِنْ شُفَعَآءَ فَيَشْفَعُوْا لَنَآ
اَوْ نُرَدُّ فَنَعْمَلَ غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا
نَعْمَلُ ؕ قَدْ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَ
ضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع ۶/۳
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ
اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۟
يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ
حَثِيْثًا ۙ وَّ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ ؕ اَلَا
لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ ؕ تَبٰرَكَ اللّٰهُ
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾
اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّ خُفْيَةً ؕ
اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ ۚ
وَ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ
اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّ طَمَعًا ؕ
اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾
وَ هُوَ الَّذِيْ يُرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًۢا
بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ
اَقَلَّتْ سَحَابًا ثِقَالًا سُقْنٰهُ لِبَلَدٍ
مَّيِّتٍ فَاَنْزَلْنَا بِهِ الْمَآءَ فَاَخْرَجْنَا

پیغمبر حق لے کر آئے تھے کیا ہمارے لیے کچھ سفارشی ہیں جو ہماری شفاعت کریں یا ہمیں (دنیا میں) واپس کر دیا جائے تاکہ جو عمل (بد) ہم کرتے تھے اس کا غیر (عمل صالح) بجالائیں؟ یقیناً انہوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈال دیا اور جو جھوٹ وہ گھڑتے رہتے تھے وہ ان سے ناپید ہو گئے۔☆

۵۴۔ تمہارا رب یقیناً وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہوا، وہ رات سے دن کو ڈھانپ دیتا ہے جو اس کے پیچھے دوڑتی چلی آتی ہے اور سورج اور چاند اور ستارے سب اسی کے تابع فرمان ہیں۔ آگاہ رہو! آفرینش اسی کی ہے اور امر بھی اسی کا ہے، بڑا بابرکت ہے اللہ جو عالمین کا رب ہے۔☆

۵۵۔ اپنے رب کی بارگاہ میں دعا کرو عاجزی اور خاموشی کے ساتھ، بے شک وہ تجاوز کرنے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔☆

۵۶۔ اور تم زمین میں اصلاح کے بعد اس میں فساد نہ پھیلاؤ اور اللہ کو خوف اور امید کے ساتھ پکارو، اللہ کی رحمت یقیناً نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

۵۷۔ اور وہی تو ہے جو ہواؤں کو خوش خبری کے طور اپنی رحمت کے آگے آگے بھیجتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ ابر گراں کو اٹھا لیتی ہیں تو ہم انہیں کسی مردہ زمین کی طرف ہانک دیتے ہیں پھر بادل سے مینہ برسا کر اس سے ہر طرح کے پھل پیدا کرتے

ومرجع وہی نقطۂ نظر ہوتا ہے۔
قرآن جس دستور و نظام کو متعارف کرا رہا ہے اس کے راز و حکمت کو دنیا میں لوگ نہیں مانتے تھے اور اس کی تکذیب کرتے تھے، جب بروز قیامت وہ حقیقت منکشف ہو کر سامنے آجاتی ہے تو تسلیم کر لیتے ہیں۔ یعنی وہ اپنے کیے کی سزا پاتے ہیں تو مانتے ہیں۔ یہاں وہ دو چیزوں میں سے ایک کی خواہش کریں گے۔ ایک یہ کہ دنیا میں پھر بھیج دیے جائیں اور ایک موقع اور دیا جائے تاکہ وہ اپنے اعمال کو درست کریں یا یہ کہ ان کے لیے کوئی شفاعت کرنے والا مل جائے۔

۵۴۔ قرآن مجید میں سات مقامات پر اس بات کی تصریح موجود ہے کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں خلق فرمایا ہے۔ یوم سے مراد ہمارے ارضی دن نہیں ہو سکتے کیونکہ یہ ہمارے نظام شمسی کے وجود سے پہلے کا ذکر ہے، بلکہ خود زمانے کے وجود میں آنے سے پہلے کا ذکر ہے۔
اس سلسلے میں یہ بات ذہن نشین کر لینی چاہیے کہ ہر چیز کا یوم اس کے حساب سے ہوتا ہے۔ حکومتوں کے عروج و زوال کے ادوار اور امتوں کے زوال و عروج کو یوم سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ لہٰذا خدائی ایام کا اندازہ ہم اپنے محدود پیمانوں سے نہیں کر سکتے، بلکہ ہم تو رسالتی ایام کا اندازہ بھی نہیں کر سکتے۔ چنانچہ معراج کے موقع پر حضورؐ ہمارے زمانے کے چند لمحوں میں پورے ملکوت سماوی کی سیر فرما کر واپس آ گئے۔
اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ: خلق و امر دونوں اسی کے ہاتھ میں ہیں۔ خلق ایک تدریجی عمل ہے جیسا کہ چھ دنوں میں آسمانوں اور زمین کی خلقت عمل میں آئی اور امر فوری عمل کا نام ہے۔ وَ مَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ (قمر: ۵۰) اور ہمارا امر تو ایک ہی ہوتا ہے آنکھ کے جھپکنے کی طرح۔

۵۵۔ یہاں انسان کے دو روابط کا ذکر ہے۔ ایک اس کا رابطہ اپنے رب سے اور دوسرا بندوں سے۔ رب کے ساتھ رابطہ عبودیت و بندگی کا ہونا چاہیے۔ بندگی کے آداب یہ ہیں:
۱۔ جو کچھ مانگنا ہے اس کی بارگاہ سے مانگا جائے۔ اللہ کو یہ بات بہت پسند ہے کہ بندے اس سے مانگیں اور مانگنے کے آداب یہ بتلائے ہیں کہ عاجزی کے ساتھ ہو اور نہایت دھیمی آواز میں ہو کیونکہ چیخ کر مانگنا ادب کے منافی ہے۔
۲۔ کسی کی طرف رجوع کرنے کے عام طور پر دو

بِهٖ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ كَذٰلِكَ
نُخْرِجُ الْمَوْتٰى لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَالْبَلَدُ الطَّيِّبُ يَخْرُجُ نَبَاتُهٗ
بِاِذْنِ رَبِّهٖ ۚ وَالَّذِيْ خَبُثَ لَا
يَخْرُجُ اِلَّا نَكِدًا ؕ كَذٰلِكَ نُصَرِّفُ
ع ۱۲ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّشْكُرُوْنَ ﴿۵۸﴾
لَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ
يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ
غَيْرُهٗ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵۹﴾
قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهٖٓ اِنَّا لَنَرٰىكَ
فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۰﴾
قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ ضَلٰلَةٌ وَّ
لٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۱﴾
اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنْصَحُ
لَكُمْ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾
اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ
مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ
لِيُنْذِرَكُمْ وَلِتَتَّقُوْا وَلَعَلَّكُمْ
تُرْحَمُوْنَ ﴿۶۳﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ
فِي الْفُلْكِ وَاَغْرَقْنَا الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا

ہیں، اسی طرح ہم مردوں کو بھی (زمین سے) نکالیں گے شاید تم نصیحت حاصل کرو۔☆

۵۸۔ اور پاکیزہ زمین میں سبزہ اپنے رب کے حکم سے نکلتا ہے اور خراب زمین کی پیداوار بھی ناقص ہوتی ہے۔ یوں ہم شکر گزاروں کے لیے اپنی آیات کو مختلف انداز میں بیان کرتے ہیں۔☆

۵۹۔ ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا پس انہوں نے کہا: اے میری قوم! تم اللہ ہی کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، مجھے تمہارے بارے میں ایک عظیم دن کے عذاب کا ڈر ہے۔☆

۶۰۔ ان کی قوم کے سرداروں نے کہا: ہم تو تمہیں صریح گمراہی میں مبتلا دیکھتے ہیں۔

۶۱۔ کہا: اے میری قوم! مجھ میں تو کوئی گمراہی نہیں بلکہ عالمین کے پروردگار کی طرف سے ایک رسول ہوں۔☆

۶۲۔ میں اپنے رب کے پیغامات تمہیں پہنچاتا ہوں اور تمہیں نصیحت کرتا ہوں اور میں اللہ کی طرف سے وہ کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔☆

۶۳۔ کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ خود تم میں سے ایک شخص کے پاس تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں تنبیہ کرے؟ اور تم تقویٰ اختیار کرو، شاید اس طرح تم رحم کے مستحق بن جاؤ۔

۶۴۔ مگر ان لوگوں نے ان کی تکذیب کی تو ہم نے انہیں اور کشتی میں سوار ان کے ساتھیوں کو بچا لیا اور جنہوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی تھی انہیں غرق کر دیا،

عوامل ہوتے ہیں: خوف اور امید۔ اللہ سے مانگنے اور اس کو پکارنے میں یہ دو عوامل کارفرما ہونے چاہییں۔ یعنی خوف صرف اللہ کا ہو اور امیدیں بھی صرف اسی سے وابستہ ہوں۔
بندوں سے تعلق و ربط کی نوعیت بھی اسی بندگی کے دائرے میں ہونی چاہیے۔

۵۷۔ خدائی مؤقف کے مطابق مردہ زمین اور بے جان مادے میں حیات کا پیدا ہونا اللہ کی نشانی اور خالق کے وجود کی علامت ہے نیز یہ اس بات کی دلیل ہے کہ جو پہلی بار خلق کر سکتا ہے وہ دوبارہ بھی ایسا کر سکتا ہے۔

۵۸۔ زمین کی استعداد اور قابلیت کے اختلاف سے کوئی زمین پر فیض یعنی سرسبز و شاداب ہوتی ہے اور کوئی زمین روئیدگی کے قابل ہی نہیں ہوتی جب کہ باد و باران یکساں طور پر ان پر فیض کرتے ہیں۔ اسی طرح نیک باطن انسان خدائی رحمت و ہدایت کو فوراً قبول کر لیتا ہے اور خبیث انسان شوریدہ زمین کی مانند نہ صرف یہ کہ رحمتوں کو قبول نہیں کرتا بلکہ اس کے اندر کی خباثت ابھر کر پورے ماحول کو آلودہ کر دیتی ہیں۔

۵۹۔ یہ انبیاء علیہم السلام میں قدیم ترین اور توحید کے بارے میں طویل ترین جہاد کرنے والے نبی حضرت نوح علیہ السلام کا ذکر ہے۔ آپ پہلے صاحب شریعت رسول ہیں اور حضرت آدم علیہ السلام کے بعد دوسرے ابو البشر ہیں۔ آپ (ع) حضرت آدم (ع) کی دسویں پشت میں آتے ہیں۔ آپؑ کا مسکن موجودہ عراق کے بالائی علاقے تھا۔ آپؑ نے نو سو پچاس سال تبلیغ فرمائی۔ آپؑ کی دعوت، توحید اور تصور آخرت پر مشتمل تھی۔ کیونکہ قوم نوح، اللہ کی منکر نہ تھی بلکہ وہ شرک کا ارتکاب کرتی تھی۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ انسان فطرتاً خدا پرست ہے اور انبیاء نے شرک جیسے انحراف کا مقابلہ کیا ہے۔

۶۱۔ انبیاء علیہم السلام کی دعوت کے سامنے ہمیشہ اس قوم کا مراعات یافتہ طبقہ رکاوٹ بنتا رہا، کیونکہ الٰہی دعوت عدل و انصاف اور برادری و برابری کی بنیاد پر استوار ہوتی ہے جس سے یہ مراعات یافتہ طبقہ متاثر ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے انبیاء کی دعوت کو غریب طبقے میں پذیرائی ملی اور طاغوتی طاقتوں نے اس کا مقابلہ کیا۔

۶۲۔ حضرت نوح علیہ السلام اپنی رسالت کے اوصاف بیان فرما رہے ہیں۔ وہ تین باتوں سے عبارت ہے: ۱۔ تبلیغ رسالت ۲۔ نصیحتیں ۳۔ علم کے مقام پر

بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا عَمِيْنَ ﴿۶۴﴾ ع ۸ ۱۵

کیونکہ وہ اندھے لوگ تھے۔

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۶۵﴾

۶۵۔ اور قوم عاد کی طرف ہم نے انہی کی برادری کے (ایک فرد) ہود کو بھیجا، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، کیا تم (ہلاکت سے) بچنا نہیں چاہتے؟☆

قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖۤ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۶۶﴾

۶۶۔ ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا: ہمیں تو تم احمق لگتے ہو اور ہمارا گمان ہے کہ تم جھوٹے بھی ہو۔

قَالَ يٰقَوْمِ لَيْسَ بِيْ سَفَاهَةٌ وَّلٰكِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۷﴾

۶۷۔ انہوں نے کہا: اے میری قوم! میں احمق نہیں ہوں، بلکہ میں تو رب العالمین کا رسول ہوں۔

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ﴿۶۸﴾

۶۸۔ میں تمہیں اپنے رب کے پیغامات پہنچاتا ہوں اور میں تمہارا ناصح (اور) امین ہوں۔

اَوَعَجِبْتُمْ اَنْ جَآءَكُمْ ذِكْرٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَلٰى رَجُلٍ مِّنْكُمْ لِيُنْذِرَكُمْ ؕ وَاذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْۜطَةً ۚ فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۶۹﴾

۶۹۔ کیا تمہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ خود تم میں سے ایک شخص کے پاس تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے نصیحت آئی تاکہ وہ تمہیں تنبیہ کرے؟ اور یاد کرو جب قوم نوح کے بعد اس نے تمہیں جانشین بنایا اور تمہاری جسمانی ساخت میں وسعت دی (تنومند کیا)، پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو، شاید تم فلاح پاؤ۔

قَالُوْۤا اَجِئْتَنَا لِنَعْبُدَ اللّٰهَ وَحْدَهٗ وَنَذَرَ مَا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا ۚ فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۷۰﴾

۷۰۔ انہوں نے کہا: کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہم خدائے واحد کی عبادت کریں اور جن کی ہمارے باپ دادا پرستش کرتے تھے انہیں چھوڑ دیں؟ پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے لیے وہ (عذاب) لے آؤ جس کی تم ہمیں دھمکی دیتے ہو۔☆

قَالَ قَدْ وَقَعَ عَلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ رِجْسٌ وَّغَضَبٌ ؕ اَتُجَادِلُوْنَنِيْ فِيْۤ اَسْمَآءٍ سَمَّيْتُمُوْهَاۤ اَنْتُمْ وَ

۷۱۔ ہود نے کہا: تمہارے رب کی طرف سے تم پر عذاب اور غضب مقرر ہو چکا ہے، کیا تم مجھ سے ایسے ناموں کے بارے

فائز ہونا۔ الٰہی منصب پر فائز ہونے کے لیے علم اولین شرط ہے۔

شروع ہی سے تمام انبیاء پر ایک اعتراض یہ وارد کرتے رہے کہ اللہ کی طرف سے کوئی پیغام لاتا ہے تو وہ ایسی ذات ہو جو مافوق الفطرت ہو۔ یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ جو شخص ہمارے درمیان میں پلا بڑھا ہو وہی اللہ کی نمائندگی کے مقام پر فائز ہو۔

۶۵۔ حضرت ہودؑ بن عابر بن شالح بن ارفخشد بن سام بن نوح۔ سامی نسل کے سب سے قدیم ترین نبی ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ آپ عربی تھے جب کہ عربی یعرب بن قحطان بن ہود کی نسل سے شروع ہوتا ہے۔ البتہ عربوں کے سلسلۂ نسب میں ضرور آتے ہیں۔

قوم عاد: اگرچہ عرب کا سلسلہ تو یعرب بن قحطان سے شروع ہوتا ہے اور عاد یعرب سے پانچ پشت پہلے کا ہے۔ یعرب بن قحطان بن ہود بن عبد اللہ بن رباح بن الجلود بن عاد۔ تاہم سلسلۂ نسب کے اعتبار سے قوم عاد کو قدیم ترین عرب قوم سے تعبیر کیا گیا ہے۔

قرآن کے مطابق اس قوم کا مسکن الاحقاف کی سرزمین تھی۔ احقاف کا علاقہ شرقاً غرباً عمان سے یمن تک اور شمالاً جنوباً نجد سے حضر موت تک پھیلا ہوا تھا۔ یہ قوم اپنے زمانے کی تمدن یافتہ تھی۔ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ۝ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ۔ (فجر: ۷۔۸) ارم کے ستونوں والے جس کا مثل شہروں میں پیدا نہیں کیا گیا۔ دوسری جگہ قرآن میں آیا ہے: فَاَصْبَحُوْا لَا يُرٰۤى اِلَّا مَسٰكِنُهُمْ۔ (احقاف: ۲۵) قوم عاد ایسے ہو گئے کہ سوائے ان کے مکانات کے اور کچھ دیکھنے کو نہیں رہا۔ ان علاقوں میں حضرت ہودؑ کے ذکر پر مشتمل کتبے بھی ملے ہیں۔ اخیراً عمان کے جنوب میں ایک مقام پر کھدائی سے آبار نامی شہر کے آثار دریافت ہوئے ہیں جو غالباً حضرت ہودؑ کی قوم عاد سے مربوط ہیں۔

۷۰۔ اس آیت اور دیگر متعدد آیات و تاریخی اور دیگر شواہد سے یہ بات ثابت ہے کہ تمام قدیم قومیں خدا پرست تھیں۔ انبیاء لوگوں کو توحید کی دعوت دیتے رہے ہیں، یعنی اصل دین لوگوں میں فطرتاً موجود تھا۔ انبیاء انحرافات کے خلاف جہاد کرتے رہے۔ اس سے یہ فرض باطل ثابت ہوتا ہے کہ دین خوف، جہالت اور اقتصادی عوامل وغیرہ کی وجہ سے وجود میں آیا ہے۔

اٰبَآؤُكُمْ مَّا نَزَّلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ
سُلْطٰنٍ ؕ فَانْتَظِرُوْۤا اِنِّیْ مَعَكُمْ
مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ ﴿۷۱﴾
فَاَنْجَیْنٰهُ وَ الَّذِیْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ
مِّنَّا وَ قَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا
بِاٰیٰتِنَا وَ مَا كَانُوْا مُؤْمِنِیْنَ ﴿۷۲﴾ ع ۹
وَ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ
قَالَ یٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ
اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَیِّنَةٌ
مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ
اٰیَةً فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِیْۤ اَرْضِ اللّٰهِ
وَ لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَكُمْ
عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۷۳﴾
وَ اذْكُرُوْۤا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ
بَعْدِ عَادٍ وَّ بَوَّاَكُمْ فِی الْاَرْضِ
تَتَّخِذُوْنَ مِنْ سُهُوْلِهَا قُصُوْرًا
وَّ تَنْحِتُوْنَ الْجِبَالَ بُیُوْتًا ۚ
فَاذْكُرُوْۤا اٰلَآءَ اللّٰهِ وَ لَا تَعْثَوْا فِی
الْاَرْضِ مُفْسِدِیْنَ ﴿۷۴﴾
قَالَ الْمَلَاُ الَّذِیْنَ اسْتَكْبَرُوْا
مِنْ قَوْمِهٖ لِلَّذِیْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِمَنْ
اٰمَنَ مِنْهُمْ اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا
مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ قَالُوْۤا اِنَّا بِمَاۤ

میں جھگڑتے ہو جو تم نے اور تمہارے باپ دادا نے رکھ لیے ہیں؟ اللہ نے تو اس بارے میں کوئی دلیل نازل نہیں کی ہے، پس تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔☆

۷۲۔ ہم نے اپنی رحمت کے ذریعے ہود اور انکے ساتھیوں کو بچالیا اور جو ہماری آیات کو جھٹلاتے تھے ان کی جڑ کاٹ دی (کیونکہ) وہ تو ایمان لانے والے ہی نہ تھے۔☆

۷۳۔ اور قوم ثمود کی طرف ہم نے انہی کی برادری کے (ایک فرد) صالح کو بھیجا، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس واضح دلیل آ چکی ہے، یہ اللہ کی اونٹنی ہے جو تمہارے لیے ایک نشانی ہے، اسے اللہ کی زمین میں چرنے دینا اور اسے برے ارادے سے ہاتھ نہ لگانا ورنہ دردناک عذاب تمہیں آ لے گا۔☆

۷۴۔ اور یاد کرو جب اللہ نے قوم عاد کے بعد تمہیں جانشین بنایا اور تمہیں زمین میں آباد کیا، تم میدانوں میں محلات تعمیر کرتے ہو اور پہاڑ کو تراش کر مکانات بناتے ہو، پس اللہ کی نعمتوں کو یاد کرو اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔☆

۷۵۔ ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے کمزور طبقہ اہل ایمان سے کہا: کیا تمہیں اس بات کا علم ہے کہ صالح اپنے رب کی طرف سے بھیجے گئے (رسول) ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جس پیغام کے ساتھ انہیں

۷۱۔ دنیا میں مختلف قوموں نے جن جن کو خدائی کا مقام دیا ہے اور اپنے وہم و گمان کی بنا پر ان کو خدائی کا کچھ حصہ دیا اور اس کے لیے ایک نام تجویز کیا جو اللہ کے ساتھ شریک اور خدائی اختیارات میں حصہ دار ہونے کا عندیہ دیتا ہے۔ ان کے پاس کوئی دلیل و سند بھی نہیں ہوتی، صرف باپ دادا کی اندھی تقلید ہی کو سند کا درجہ دیتے ہیں۔

۷۲۔ قوم عاد کا وہ حصہ جو عذاب الٰہی سے نابود ہو گیا اسے عاد اولیٰ کہتے ہیں اور حضرت ہود (ع) کے ساتھ جو حصہ باقی رہا اسے عاد ثانیہ کہتے ہیں۔

۷۳۔ ثَمُوْدَ: قوم ثمود کا نام ان کے بزرگ ثمود بن حیشر کی طرف منسوب ہے۔ قوم ثمود عرب کے مغربی و شمالی علاقوں میں آباد تھی۔ ان کے دارالحکومت کا نام الحجر تھا جس کا موجودہ نام مدائن صالح ہے جو حجاز سے شام کو جانے والے قدیم راستے پر واقع ہے۔

حضرت صالح بن آسف بن کاشح بن اردم بن ثمود بن حیشر بن ارم بن سام بن نوح۔ ناقۂ صالح کے بارے میں کچھ حضرات کا یہ خیال درست نہیں کہ یہ کوئی معجزہ نہیں بلکہ صرف امان کی علامت تھی جبکہ قرآن کی صریح آیات اس پر دلالت کرتی ہیں کہ ناقۂ صالح ایک معجزہ تھی۔

۷۴۔ قوم ثمود اپنے زمانے کی متمدن قوم تھی۔ وہ میدانوں میں قلعے اور محلات تعمیر کرتے تھے اور پہاڑوں کو تراش کر عالی شان محلات بناتے تھے۔ چنانچہ مدائن صالح میں آج تک ان عمارتوں کے آثار نمایاں طور پر موجود ہیں۔ بعض روایات کے مطابق رسول کریمؐ غزوۂ تبوک کو جاتے ہوئے اس علاقے سے گزرے تو آپؐ نے اس کنویں کی نشاندہی فرمائی جس سے ناقہ صالح پانی پیتی تھی اور فج الناقة نامی وہ درہ بھی دکھایا جہاں سے بعض روایات کے مطابق اونٹنی نکلی تھی۔

۷۵۔ پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ انبیاء کی دعوت کے سامنے مراعات یافتہ، خوشحال طبقہ ہی رکاوٹ بنتا ہے، کیونکہ عدل و انصاف سے یہی طبقہ متاثر ہوتا ہے۔ محروم طبقہ ہمیشہ عدل و انصاف چاہتا ہے نیز مراعات یافتہ طبقے میں غرور و سرکشی آ جاتی ہے۔ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰۤی ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰی (علق:۶۔۷) انسان جب اپنے آپ کو غنی دیکھتا ہے تو سرکش ہو جاتا ہے۔ قوم ثمود کے مراعات یافتہ طبقہ مستکبرین نے اپنی رعونت کے ساتھ ایمان والے محروم طبقہ مستضعفین سے کہا: اَتَعْلَمُوْنَ اَنَّ صٰلِحًا

اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ۷۵

بھیجا گیا ہے اس پر ہم ایمان لاتے ہیں.☆

قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا بِالَّذِيْٓ اٰمَنْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۷۶

۷۶۔ متکبرین نے کہا: جس پر تمہارا ایمان ہے ہم تو اس سے منکر ہیں۔

فَعَقَرُوا النَّاقَةَ وَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ وَقَالُوْا يٰصٰلِحُ ائْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۷۷

۷۷۔ آخر انہوں نے اونٹنی کے پاؤں کاٹ دیے اور اپنے رب کے حکم سے سرکشی کی اور کہنے لگے : اے صالح! اگر تم واقعی پیغمبر ہو تو ہمارے لیے وہ (عذاب) لے آؤ جس کی تم ہمیں دھمکی دیتے ہو۔

فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ۷۸

۷۸۔ چنانچہ انہیں زلزلے نے گرفت میں لے لیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ۷۹

۷۹۔ پس صالح اس بستی سے نکل پڑے اور کہا: اے میری قوم! میں نے تو اپنے رب کا پیغام تمہیں پہنچا دیا اور تمہاری خیر خواہی کی لیکن تم خیر خواہوں کو پسند نہیں کرتے۔

وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۸۰

۸۰۔ اور لوط (کا ذکر کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم ایسی بے حیائی کے مرتکب ہوتے ہو کہ تم سے پہلے دنیا میں کسی نے اس کا ارتکاب نہیں کیا۔☆

اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۸۱

۸۱۔ تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو، بلکہ تم تو تجاوز کار ہو۔

وَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَخْرِجُوْهُمْ مِّنْ قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ يَّتَطَهَّرُوْنَ ۸۲

۸۲۔ اور ان کی قوم کے پاس کوئی جواب نہ تھا سوائے اس کے کہ وہ کہیں: انہیں اپنی بستی سے نکال دو، یہ لوگ بڑے پاکیزہ بننے کی کوشش کرتے ہیں۔

فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ڮ كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ۸۳

۸۳۔ چنانچہ ہم نے لوط اور ان کے گھر والوں کو نجات دی سوائے ان کی بیوی کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔

وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۭ فَانْظُرْ

۸۴۔ اور ہم نے اس قوم پر ایک بارش برسائی

مُّرْسَلٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ؟ اہل ایمان پوری استقامت کے ساتھ ان کے سامنے یہ کہکر ڈٹ گئے: اِنَّا بِمَآ اُرْسِلَ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ہم اس کے ہر پیغام پر ایمان لاتے ہیں۔

۸۰۔ حضرت لوط بن حاران بن تارح، حضرت ابراہیم علیہ السلام کے حقیقی بھتیجے تھے۔ آپ عراق کی سرزمین کلدانیوں کی بستی اور میں پیدا ہوئے۔ اپنے والد کی وفات کے بعد اپنے چچا حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ مابین النہرین تشریف لے گئے وہاں سے جزیرہ قورا چلے گئے جسے آج کل جزیرۂ ابن عمر کہتے ہیں جو نہر دجلہ کے کنارے پر واقع ہے جہاں آشوریوں کی حکومت قائم تھی۔ وہاں سے کنعان کی سرزمین کی طرف چلے گئے ۔ حضرت ابراہیم کے حکم پر آپ نے شرق اردن کے سرسبز وشاداب علاقہ کو اپنی تبلیغ کا مرکز بنایا۔

قوم لوط: یہ قوم عراق و فلسطین کے درمیان واقع شرق اردن میں بستی تھی۔ ان کے دارالحکومت کا نام سدوم تھا جو بحیرۂ مردار جسے بحر لوط بھی کہتے ہیں کے کنارے پر آباد تھا۔ اس بحیرہ کے گرد کئی ایک بستیاں آباد تھیں۔ تاریخ میں ان بستیوں کا نام بھی آتا ہے لیکن آج ان بستیوں کے کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے۔ بعض مؤرخین یہ خیال ظاہر کرتے ہیں کہ ممکن ہے یہ بستیاں بحیرہ مردار میں غرق ہوگئی ہوں۔

اس آیت سے پتہ چلتا ہے کہ قوم لوط نے ہی ہم جنس بازی کے عمل بد کی ابتدا کی اور اسی کو رواج دیا اور دنیا میں اس غیر فطری فحش کاری کو متعارف کرایا۔ لہٰذا یہ قوم اس عمل بد کے ارتکاب کے علاوہ اسے رواج دینے اور اسے دنیا میں متعارف کرانے کی بھی مجرم ہے۔ قوم لوط کے بعد یونانی قوم نے اس فحش کاری کو اخلاقی جواز دینے کی کوشش کی اور مغرب کی جدید جاہلیت نے تو اس کو قانونی تحفظ بھی فراہم کیا۔ یہ لوگ صنفی حقوق کے ضامن تعدد زوجات کو ناجائز سمجھتے ہیں لیکن مردوں کو زنا نہ پن میں مبتلا کر کے اقلا دو عورتوں کی جنسی حق تلفی کر کے ان کے لیے صنفی خیانت اور اخلاقی بے راہ روی کے اسباب فراہم کرتے ہیں، اس طرح وہ تعدد زوجات کو غیر انسانی اور تعدد تجاوزات کو اخلاقی و قانونی سمجھتے ہیں۔ مغرب کے مادی انسان کی فکری و اخلاقی پستی اور قدروں کی پامالی پر حیرت ہوتی ہے لیکن طفلی سوچ رکھنے والے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۸۴﴾ ع ۱۱ ۱۷

وَ اِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ قَدْ جَآءَتْكُمْ بَيِّنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَوْفُوا الْكَيْلَ وَ الْمِيْزَانَ وَ لَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَ لَا تُفْسِدُوْا فِى الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۸۵﴾ ع

وَ لَا تَقْعُدُوْا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوْعِدُوْنَ وَ تَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ بِهٖ وَ تَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ۚ وَ اذْكُرُوْٓا اِذْ كُنْتُمْ قَلِيْلًا فَكَثَّرَكُمْ ۪ وَ انْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۶﴾

وَ اِنْ كَانَ طَآئِفَةٌ مِّنْكُمْ اٰمَنُوْا بِالَّذِيْٓ اُرْسِلْتُ بِهٖ وَ طَآئِفَةٌ لَّمْ يُؤْمِنُوْا فَاصْبِرُوْا حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ بَيْنَنَا ۚ وَ هُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۷﴾

الجزء ۹ قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ لَنُخْرِجَنَّكَ يٰشُعَيْبُ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَكَ مِنْ قَرْيَتِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِىْ مِلَّتِنَا ؕ قَالَ اَوَ لَوْ كُنَّا

پھر دیکھو ان مجرموں کا کیا انجام ہوا۔

۸۵۔ اور اہل مدین کی طرف ہم نے انہی کی برادری کے (ایک فرد) شعیب کو بھیجا، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ ہی کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے۔ تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل آ چکی ہے، لہٰذا تم ناپ اور تول پورا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے نہ دو اور زمین میں اصلاح ہو چکی ہو تو اس میں فساد نہ پھیلاؤ، اگر تم واقعی مومن ہو تو اس میں خود تمہاری بھلائی ہے۔☆

۸۶۔ اور اللہ پر ایمان رکھنے والوں کو خوفزدہ کرنے، انہیں اللہ کے راستے سے روکنے اور اس میں کجی پیدا کرنے کے لیے ہر راستے پر (راہزن بن کر) مت بیٹھا کرو اور یہ بھی یاد کرو جب تم کم تھے اللہ نے تمہیں زیادہ کر دیا اور دیکھو کہ فساد کرنے والوں کا کیا انجام ہوا۔☆

۸۷۔ اور اگر تم میں سے ایک گروہ میری رسالت پر ایمان لاتا ہے اور دوسرا گروہ ایمان نہیں لاتا تو ٹھہر جاؤ یہاں تک کہ اللہ ہمارے درمیان فیصلہ کر دے اور وہی سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔☆

۸۸۔ ان کی قوم کے متکبر سرداروں نے کہا: اے شعیب! ہم تجھے اور تیرے مومن ساتھیوں کو اپنی بستی سے ضرور نکال دیں گے یا تمہیں ہمارے مذہب میں واپس آنا ہوگا، شعیب نے کہا: اگر ہم بیزار ہوں

مشرقی مغرب زدہ حضرات کی حالت زار پر تو حیرت کی انتہا ہوتی ہے کہ وہ بھی تعدد زوجات کے بارے میں مغربی سوچ سے بات کرتے ہیں۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپؑ نے شیعوں کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے فرمایا: ان میں سے ایک خصوصیت یہ ہے کہ ہم جنس بازی کے عمل سے پاک رہتے ہیں: لا یکون فیهم من یؤتی فی دبره۔ (کتاب الخصال، تفسیر نور الثقلین ۲: ۵۰)

۸۵۔ مدین: بحر احمر اور خلیج عقبہ کے جنوب اور حجاز کے شمال مغرب میں واقع ہے۔ یہ علاقہ تجارتی لحاظ سے بڑی اہمیت کا حامل تھا۔ کیونکہ یمن سے مکہ اور شام کا راستہ، دوسری طرف عراق سے مصر کا راستہ اس علاقے سے گزرتا تھا۔ یہ شہر حضرت ابراہیم (ع) کے ایک صاحبزادے حضرت مدین کے نام سے موسوم ہے۔

۸۶۔ اس آیت سے حضرت شعیب (ع) کو اپنی قوم کی طرف سے پیش آنے والی مشکلات کا اندازہ ہوتا ہے کہ وہ رہزن بن کر اہل ایمان کو امن و سکون سے ایمان کی راہ پر چلنے نہ دیتے تھے۔ اس بارے میں وہ تین طریقوں سے اہل ایمان پر حملہ کرتے تھے۔ پہلا یہ کہ انہیں خوفزدہ کرتے تھے۔ دوسرا یہ کہ ایمان لانے کی راہ میں رکاوٹ ڈالتے تھے۔ تیسرا یہ کہ دلوں میں شبہ پیدا کر کے کجی پیدا کرنے کی کوشش کرتے تھے۔

۸۷۔ ہر نبی کی قوم کا یہی حال رہا ہے کہ ایک گروہ ایمان لے آتا ہے اور دوسرا گروہ ایمان نہیں لاتا۔ اہل ایمان ہمیشہ کافروں کی طرف سے اذیت و مصائب کا شکار رہتے ہیں۔ یہاں فاصبر صبر کرو بیک لہجہ اہل ایمان کے لیے نوید فتح و نصرت ہے اور کافروں کے لیے دھمکی اور انجام بد کی خبر ہے۔

۸۸۔ حضرت شعیب (ع) کا نسب نامہ: شعیبؑ بن میکیل بن یشجر بن مدین بن ابراہیمؑ۔

حضرت شعیب (ع) کو متکبر سرداروں نے عقل و استدلال کی جگہ طاقت کے استعمال کی دھمکی دی کہ آپ (ع) یا تو ملک چھوڑ دیں یا ہمارا مذہب قبول کریں۔ جواب میں حضرت شعیب (ع) نے عقلی اور منطقی طرز استدلال اختیار کرتے ہوئے فرمایا: کیا کراہت و بیزاری کے ساتھ کسی مذہب کو اختیار کیا جاتا ہے؟ کیونکہ کسی مذہب کو قبول کرنے اور مسترد کرنے میں جبر کے لیے کوئی گنجائش نہیں۔

كٰرِهِيْنَ ﴿۸۸﴾
قَدِ افْتَرَيْنَا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا اِنْ عُدْنَا
فِيْ مِلَّتِكُمْ بَعْدَ اِذْ نَجّٰىنَا اللّٰهُ
مِنْهَا ؕ وَمَا يَكُوْنُ لَنَاۤ اَنْ نَّعُوْدَ
فِيْهَاۤ اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ رَبُّنَا ؕ وَسِعَ
رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ؕ عَلَى اللّٰهِ
تَوَكَّلْنَا ؕ رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا
وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَاَنْتَ خَيْرُ
الْفٰتِحِيْنَ ﴿۸۹﴾
وَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
قَوْمِهٖ لَئِنِ اتَّبَعْتُمْ شُعَيْبًا اِنَّكُمْ اِذًا
لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۹۰﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ فَاَصْبَحُوْا
ع ۱۴ فِيْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۱﴾
اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا
فِيْهَا ۚ اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا شُعَيْبًا كَانُوْا هُمُ
الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۲﴾
فَتَوَلّٰى عَنْهُمْ وَقَالَ يٰقَوْمِ لَقَدْ
اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَ
نَصَحْتُ لَكُمْ ۚ فَكَيْفَ اٰسٰى
ع ۱۵ عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ ﴿۹۳﴾
وَمَاۤ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ
نَّبِيٍّ اِلَّاۤ اَخَذْنَاۤ اَهْلَهَا بِالْبَاْسَآءِ

تو بھی ؟☆

۸۹۔اگر ہم تمہارے مذہب میں واپس آ گئے تو ہم اللہ پر بہتان باندھنے والے ہوں گے جبکہ اللہ نے ہمیں اس (باطل) سے نجات دے دی ہے اور ہمارے لیے اس مذہب کی طرف پلٹنا کسی طرح ممکن نہیں مگر یہ کہ ہمارا رب اللہ چاہے، ہمارے رب کا علم ہر چیز پر محیط ہے، ہم نے اللہ (ہی) پر توکل کیا ہے، اے ہمارے پروردگار! ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان برحق فیصلہ کر اور تو بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔☆

۹۰۔ اور قوم شعیب کے کافر سرداروں نے کہا: اگر تم لوگوں نے شعیب کی پیروی کی تو یقیناً بڑا نقصان اٹھاؤ گے۔☆

۹۱۔ چنانچہ انہیں زلزلے نے آلیا پس وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔☆

۹۲۔جنہوں نے شعیب کی تکذیب کی (ایسے تباہ ہوئے) گویا وہ کبھی آباد ہی نہیں ہوئے تھے، شعیب کی تکذیب کرنے والے خود خسارے میں رہے۔

۹۳۔ شعیب ان سے نکل آئے اور کہنے لگے: اے میری قوم! میں نے اپنے رب کے پیغامات تمہیں پہنچائے اور تمہیں نصیحت کی، تو (آج) میں کافروں پر رنج و غم کیوں کروں؟☆

۹۴۔ اور ہم نے جس بستی میں بھی نبی بھیجا وہاں کے رہنے والوں کو تنگی اور سختی میں مبتلا

۸۹۔ کفر اختیار کرنے اور نہ کرنے کے مسئلے کو مشیت خداوندی سے مربوط کرنے کا مطلب یہ نہیں کہ خدا کفر کو بھی چاہتا ہے اور جب چاہتا ہے کہ کوئی بندہ کافر ہو جائے تو اسے کافر بنا دیتا ہو، بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اللہ سے ہٹ کر قطعی بات کرنا انبیاءؑ کے ہاں خلاف ادب سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے وہ اپنے قول و فعل کو مشیت خداوندی سے مربوط کرتے ہیں۔

۹۰۔ ایمان کی منزل پر فائز ہونے والا نہ شک کرتا ہے نہ مرتد ہوتا ہے۔ جبکہ مادی سوچ رکھنے والوں کا ہمیشہ یہ خیال رہا ہے کہ شریعت کی پابندی میں خسارہ ہے۔

۹۱۔ مدین کی تباہی کی داستانیں بعد کی قوموں میں ایک مدت تک ضرب المثل بنی رہیں اور توریت کی کتنی ۳۱ تا ۳۵ میں مدین کی تباہی کا ذکر ملتا ہے۔

۹۳۔ اللہ ارحم الراحمین ہے۔ اس کی رحمت ہر شے پر محیط ہے۔ اس کی عظیم اور وسیع رحمت کے شامل حال ہونے کے لیے اہلیت شرط ہے۔ حضرت شعیبؑ کا یہ فرمانا کہ کافر قوم کی حالت پر رنج و الم کیوں کروں، اس بات کا اظہار ہے کہ جو لوگ رحمت الٰہی کی اہلیت نہیں رکھتے وہ قابل رحم بھی نہیں ہوتے۔

۹۴۔۹۵۔ بعض اقوام و امم کے حالات اور ان کے انجام کے ذکر کے بعد اللہ اپنی اس لایتغیر سنت اور ثابت نظام کو بیان فرماتا ہے جس سے اس نے ہر قوم کو گزارا۔

پہلے اس قوم کو مصائب و آفات میں ڈالا اور طرح طرح کی تکلیفوں میں مبتلا کیا تا کہ لوگوں کے غرور و تکبر کا نشہ ٹوٹ جائے اور اپنی طاقت و قوت اور مال و دولت قوم و قبیلہ کے بھروسے پر اس کی نخوت کا طلسم بھی ٹوٹ جائے۔ وَ اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ۔ (حم سجدہ: ۵۱) جب اس کو تکلیف پہنچتی ہے تو لمبی لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے۔ ایسے حالات میں انبیاء علیہم السلام مبعوث ہوتے ہیں اور دعوت الی اللہ کے لیے فضا سازگار اور زمین ہموار مل جاتی ہے۔

چنانچہ ماہرین نفسیات کا بھی یہی نظریہ ہے کہ مصائب و آفات انسان کی تربیت و اصلاح کے لیے نہایت مدد و معاون ثابت ہوتے ہیں۔ چنانچہ عالمی جنگوں کے دوران یہ بات سب کے مشاہدے میں آئی ہے کہ عبادت گاہیں ہر وقت سے زیادہ آباد رہتیں تھیں اور یہ بات بھی تجربے میں آئی ہے کہ شدائد و مصائب سے صلاحیتیں نکھرتی ہیں۔

وَالضَّرَّآءِ لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ﴿۹۴﴾
ثُمَّ بَدَّلْنَا مَكَانَ السَّيِّئَةِ الْحَسَنَةَ
حَتّٰى عَفَوْا وَّقَالُوْا قَدْ مَسَّ اٰبَآءَنَا
الضَّرَّآءُ وَالسَّرَّآءُ فَاَخَذْنٰهُمْ بَغْتَةً
وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۹۵﴾
وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا
لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا
فَاَخَذْنٰهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۹۶﴾
اَفَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ
بَاْسُنَا بَيَاتًا وَّهُمْ نَآئِمُوْنَ ﴿۹۷﴾
اَوَاَمِنَ اَهْلُ الْقُرٰٓى اَنْ يَّاْتِيَهُمْ
بَاْسُنَا ضُحًى وَّهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۹۸﴾
اَفَاَمِنُوْا مَكْرَ اللّٰهِ ۚ فَلَا يَاْمَنُ
مَكْرَ اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۹۹﴾ ع ۱۲
اَوَلَمْ يَهْدِ لِلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْاَرْضَ
مِنْۢ بَعْدِ اَهْلِهَآ اَنْ لَّوْ نَشَآءُ
اَصَبْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ ۚ وَنَطْبَعُ
عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
تِلْكَ الْقُرٰى نَقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ
اَنْۢبَآئِهَا ۚ وَلَقَدْ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا
كَذَّبُوْا مِنْ قَبْلُ ۭ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ

کیا کہ شاید وہ تضرع کریں۔☆
۹۵۔ پھر ہم نے تکلیف کو آسودگی میں بدل دیا یہاں تک کہ وہ خوشحال ہو گئے اور کہنے لگے: ہمارے باپ دادا پر بھی برے اور اچھے دن آتے رہے ہیں، پھر ہم نے اچانک انہیں گرفت میں لے لیا اور انہیں خبر تک نہ ہوئی۔☆
۹۶۔ اور اگر ان بستیوں کے لوگ ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین کی برکتوں کے دروازے کھول دیتے لیکن انہوں نے تکذیب کی تو ہم نے ان کے اعمال کے سبب جو وہ کیا کرتے تھے انہیں گرفت میں لے لیا۔☆
۹۷۔ کیا ان بستیوں کے لوگ بے فکر ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب رات کے وقت آ جائے جب وہ سو رہے ہوں؟☆
۹۸۔ یا کیا ان بستیوں کے لوگ بے خوف ہیں کہ ان پر ہمارا عذاب دن کو آ جائے جب وہ کھیل رہے ہوں؟☆
۹۹۔ کیا یہ لوگ اللہ کی تدبیر سے خوف نہیں کرتے اللہ کی تدبیر سے تو فقط خسارے میں پڑنے والے لوگ بے خوف ہوتے ہیں۔☆
۱۰۰۔ جو لوگ اہل زمین (کی ہلاکت) کے بعد زمین کے وارث ہوئے ہیں، کیا ان پر یہ بات عیاں نہیں ہوئی کہ ہم چاہیں تو ان کے جرائم پر انہیں گرفت میں لے سکتے ہیں؟ اور ہم ان کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں پھر وہ کچھ نہیں سنتے۔☆
۱۰۱۔ یہ وہ بستیاں ہیں جن کے حالات ہم آپ کو سنا رہے ہیں اور ان کے پیغمبر واضح دلائل لے کر ان کے پاس آئے لیکن جس چیز کو وہ پہلے جھٹلا چکے تھے وہ اس پر ایمان لانے کے لیے آمادہ نہ تھے، اللہ اس طرح

اسی سے ہے کہ اکثر نابعۂ روزگار غریب اور نادار خاندانوں سے ابھرتے ہیں۔
اس سازگار فضا میں بھی ان کا تکبر و نخوت فرو نہیں ہوتا تو ان کو آسودگی اور دولت کی فراوانی میں مبتلا کر دیا جاتا ہے۔ اس وقت وہ اپنے برے دن بھول جاتے ہیں اور اسے اللہ کی طرف سے آزمائش و امتحان کے طور پر قبول کرنے کو بھی تیار نہیں ہوتے، بلکہ اسے طبیعت کا کھیل تصور کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہمارے آبا و اجداد بھی اس نشیب و فراز سے دوچار رہے ہیں۔ اس کے پیچھے کسی قصد و ارادہ اور کسی شعور و مصلحت کا کوئی دخل نہیں ہے۔ جیسے ہمارے برے دن بے مقصد آئے تھے ایسے یہ اچھے دن بھی اتفاقیہ ہیں۔ اسی لغو اور طغیانی اور غفلت و نادانی کے عین عالم میں ان کو اچانک گرفت میں لے لیا گیا اور نابود ہو گئے۔
۹۶۔ ایمان باللہ انسانی زندگی سے الگ کسی اور چیز کا نام نہیں ہے۔ ایمان باللہ کا حامل معاشرہ ظلم و استحصال سے پاک ہو گا اور ہر ایک کو قدرتی وسائل و ذرائع اور ذخائر سے استفادہ کرنے کا مساویانہ حق اور موقع ملے گا۔ اس طرح نعمتوں کی فراوانی ہو جائے گی۔ البتہ مادی وسائل کے لیے نظریات کافی نہیں ہوتے، بلکہ نظریات مادی وسائل سے مساویانہ استفادہ کرنے کا حق دلانے میں بنیادی کردار ادا کر سکتے ہیں۔
۹۷ تا ۹۹۔ سرکش اقوام کا انجام اور سنت الٰہی بیان کرنے کے بعد دوسری قوموں کے ضمیر کو بیدار کرنے کے لیے پروردگار عالم فرماتا ہے: عذاب خداوندی میں آزمائشی وقفے سے کسی قوم کو دھوکہ نہیں کھانا چاہیے کیونکہ مجرموں کو مکافات عمل اس وقت اپنی گرفت میں لے گا جب وہ فخفا اور خواب غفلت میں مگن ہوں گے۔ مَكْرَ اللّٰهِ سے مراد اللہ کا وہ عذاب ہے جو مجرموں پر اس وقت آ پڑتا ہے جب وہ اپنی بدمستیوں اور بے شعوری کی حالت میں ہوتے ہیں۔ ہوتا یوں ہے کہ ان کی اپنی بے حسی کی وجہ سے اللہ انہیں ایسی راہ پر لگا دیتا ہے جس سے وہ یہ خیال کرتے ہیں کہ ہمارے حق میں یہ بہتر ہے حالانکہ وہ عذاب الٰہی کا پیش خیمہ ہوتا ہے۔
۱۰۰۔ ہر آنے والی قوم کے لیے اپنے پیشروؤں کا انجام بدسبق آموز ہوتا ہے۔ ان کے عروج و زوال میں عبرتیں ہوتی ہیں کہ ان کو کس قسم کی غلطیوں نے تباہ کر دیا۔ اللہ کی سنت میں تبدیلی نہیں آتی، انہی حالات سے ہر سرکش قوم دوچار ہو گی۔ اس فقرے

عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۱﴾

کافروں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے۔

وَمَا وَجَدْنَا لِاَكْثَرِهِمْ مِّنْ عَهْدٍ ۚ وَاِنْ وَّجَدْنَآ اَكْثَرَهُمْ لَفٰسِقِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

۱۰۲۔ اور ہم نے ان میں سے اکثر کو بدعہد پایا اور اکثر کو ان میں فاسق پایا۔

ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَظَلَمُوْا بِهَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۱۰۳﴾

۱۰۳۔ پھر ان رسولوں کے بعد ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے سرکردہ لوگوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے ان نشانیوں (کے انکار) کے سبب (اپنے اوپر) ظلم کیا پھر دیکھ لو مفسدوں کا کیا انجام ہوا۔☆

وَقَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾

۱۰۴۔ اور موسیٰ نے کہا: اے فرعون! میں رب العالمین کا رسول ہوں۔

حَقِيْقٌ عَلٰٓى اَنْ لَّآ اَقُوْلَ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ ۭ قَدْ جِئْتُكُمْ بِبَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَرْسِلْ مَعِيَ بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ﴿۱۰۵﴾

۱۰۵۔ (مجھ پر) لازم ہے کہ میں اللہ کے بارے میں صرف حق بات کروں، میں تمہارے پاس تمہارے رب کی طرف سے واضح دلیل لے کر آیا ہوں، لہٰذا تو بنی اسرائیل کو میرے ساتھ جانے دے۔

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۰۶﴾

۱۰۶۔ فرعون نے کہا: اگر تم سچے ہو اور کوئی نشانی لے کر آئے ہو تو اسے پیش کرو۔

فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۷﴾

۱۰۷۔ موسیٰ نے اپنا عصا پھینکا تو وہ دفعتاً سچ مچ کا ایک اژدھا بن گیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَاۗءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ع ۱۳ ۹

۱۰۸۔ اور موسیٰ نے اپنا ہاتھ نکالا تو وہ ناظرین کے سامنے یکا یک چمکنے لگا۔

قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۰۹﴾

۱۰۹۔ قوم فرعون کے سرداروں نے کہا: یہ یقیناً بڑا ماہر جادوگر ہے۔

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ ۚ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

۱۱۰۔ یہ تمہیں تمہاری سرزمین سے نکالنا چاہتا ہے، بتاؤ اب تمہاری کیا صلاح ہے؟

قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَاَرْسِلْ فِي

۱۱۱۔ انہوں نے کہا: موسیٰ اور اس کے بھائی کو کچھ مہلت دو اور لوگوں کو جمع کرنے

سے اللہ یہ نہیں چاہتا کہ لوگ مضطرب الحال رہیں بلکہ مقصد یہ ہے کہ لوگ بیدار رہیں، کیونکہ غفلت میں تباہی اور ہوشیاری میں نجات ہے۔

۱۰۳۔ موجودہ ترتیب کے مطابق یہ پہلا مکی سورہ ہے جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا خصوصیت کے ساتھ ذکر ہوا ہے۔ قرآن مجید میں ۱۳۰ مرتبہ سے زیادہ حضرت موسیٰؑ کا ذکر آیا ہے۔ اس خصوصیت کے چند اسباب ہیں:

☆ قدیم انسانی تاریخ کے اہم ابواب حضرت ابراہیم علیہ السلام سے لے کر حضرت مسیح علیہ السلام تک کے زمانے میں رقم ہوئے۔ حق و باطل کا سب سے طولانی جہاد بنی اسرائیل کے دور میں ہوا اور اس صبر آزما جہاد کے میر کارواں حضرت موسیٰ علیہ السلام تھے۔ ☆ حضرت موسیٰ (ع) کے دور میں جہاں تمدن و ترقی کا ایک اہم مرحلہ طے ہوا تھا وہاں کفر و شرک نے بھی ایک مستحکم نظام بنا لیا تھا جو اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى کا دعویدار تھا۔ اس کے مقابلے میں توحید پرست لوگ مظلوم و محروم ہو گئے تھے۔ ☆ حضرت موسیٰ (ع) کا تعلق ایک محروم اور ضعیف طبقے سے تھا جس کو زندہ رہنے کا حق حاصل نہ تھا۔ ان کی نسل کشی ہوتی تھی۔ ایسے مظلوم طبقے کا ایک فرد اپنے زمانے کی بڑی طاقت کا مقابلہ کرتا ہے۔

رسول کریمؐ کا تعلق بھی ایسے ہی خاندان سے تھا۔ لوگ آپؐ کو عبد اللہ کا یتیم کہکر پکارتے تھے۔

☆ حضرت موسیٰ (ع) کو ایک جامع نظام حیات اور ایک کامل شریعت عنایت ہوئی، اور ایک عظیم امت کی تشکیل عمل میں آئی جس نے روئے زمین کا نقشہ بدل کر رکھ دیا۔ جیسا کہ رسول کریمؐ کو ایک جامع نظام حیات اور ایک ابدی شریعت عنایت ہوئی اور ایک عظیم امت کی تشکیل عمل میں آئی، جس نے نہ صرف زمین کا نقشہ بدل دیا بلکہ انسانیت کو تہذیب و تمدن سکھایا اور تسخیر کائنات کا راستہ کھول دیا۔ ☆ انسانی تاریخ کے اس دور میں لکھے گئے اوراق میں ایسے اسباق ملتے ہیں جو آنے والی تمام توحیدی تحریکوں اور مظلوم قوموں کے لیے مشعل راہ ہیں۔ بنی اسرائیل کو مختلف آزمائشوں سے گزارنے کے بعد اللہ نے امامت عظمیٰ کے

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿۱۱۱﴾

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿۱۱۲﴾

وَجَآءَ السَّحَرَةُ فِرْعَوْنَ قَالُوْٓا اِنَّ

لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۳﴾

قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ لَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۱۱۴﴾

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ

اَنْ نَّكُوْنَ نَحْنُ الْمُلْقِيْنَ ﴿۱۱۵﴾

قَالَ اَلْقُوْا ۚ فَلَمَّآ اَلْقَوْا سَحَرُوْٓا

اَعْيُنَ النَّاسِ وَاسْتَرْهَبُوْهُمْ

وَجَآءُوْ بِسِحْرٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۱۶﴾

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَلْقِ

عَصَاكَ ۚ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا

يَاْفِكُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا

يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۱۸﴾

فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾

وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۱۲۰﴾

قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۱﴾

رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾

قَالَ فِرْعَوْنُ اٰمَنْتُمْ بِهٖ قَبْلَ

اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَمَكْرٌ

مَّكَرْتُمُوْهُ فِي الْمَدِيْنَةِ لِتُخْرِجُوْا

مِنْهَآ اَهْلَهَا ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

منصب پر فائز کیا۔ مگر بنی اسرائیل نے کس احساس ذمہ داری کا ثبوت دیا؟ انہیں تاریخ انبیاءؑ میں سب سے زیادہ معجزات دیے گئے۔ اس کے باوجود انہوں نے اپنے پیغمبر کی آواز پر کہاں تک لبیک کہا؟ آخر میں ان سے امامت عظمیٰ کا منصب کیسے سلب ہوا؟ وغیرہ۔

فرعون: قدیم مصری اپنے رب اعلیٰ سورج کو رَع کہتے تھے اور حکمرانوں کو رَع کا مظہر سمجھتے تھے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ جس فرعون کے گھر میں حضرت موسیٰ (ع) نے پرورش پائی وہ رعمیس دوم تھا اور جس فرعون کی طرف حضرت موسیٰ (ع) کو بھیجا گیا وہ رعمیس دوم کا بیٹا منفتاح تھا۔

۱۱۷۔ ہم نے پہلے بھی بتایا ہے کہ معجزہ قانون طبیعت کی عام دفعات سے ہٹ کر ہوتا ہے البتہ معجزات کے اپنے ناقابل تسخیر علل و اسباب ضرور ہوتے ہیں۔ جو لوگ معجزات کو خارق عادت نہیں بلکہ قانون طبیعت کی عام دفعات کے دائرے میں داخل سمجھتے ہیں وہ در اصل اللہ کو نہ صرف فاعل مختار نہیں مانتے بلکہ ان کے نزدیک اللہ سے امور اس طرح سرزد ہوتے ہیں جس طرح آگ سے حرارت اور پانی سے رطوبت صادر ہوتی ہے۔

جو لوگ معجزات کو قانون طبیعت سے بالاتر نہیں سمجھتے وہ فاعل مختار اللہ کو نہیں بلکہ ایک غیر شعوری فاعل طبیعت کو خدا مانتے ہیں۔

اگر اللہ بے جان مادے سے عام طریقے سے اژدھا بنا سکتا ہے تو فوراً بھی بنا سکتا ہے کیونکہ عام طریقے کا خالق بھی اللہ ہے اور وہ اپنے کسی عمل میں عادت اور زمانے کا محتاج نہیں ہے۔

۱۲۰۔ حضرت موسیٰ (ع) کا معجزہ دیکھ کر جادوگر ایمان و یقین کی اس منزل پر پہنچ گئے کہ اس ایمان نے انہیں سجدے میں گرا دیا، جو لوگ جادو کی حقیقت سے واقف ہوتے ہیں ان پر معجزے کی حقانیت بہتر طور پر عیاں ہو جاتی ہے۔ اسی لیے جادوگر چیلنج کے مقام سے تسلیم و رضا کی منزل، غرور و تکبر سے سجدہ کی منزل اور کفر و عناد سے ایمان و ایقان کی منزل پر فائز ہو گئے۔

والے (ہرکاروں) کو شہروں میں روانہ کر دو۔

۱۱۲۔ وہ تمام ماہر جادوگروں کو تمہارے پاس لائیں،

۱۱۳۔ اور جادوگر فرعون کے پاس آئے (اور) کہنے لگے: اگر ہم غالب رہے تو ہمیں صلہ ملے گا؟

۱۱۴۔ فرعون نے کہا: ہاں یقیناً تم مقرب بارگاہ ہو جاؤ گے۔

۱۱۵۔ انہوں نے کہا: اے موسیٰ! پہلے تم پھینکتے ہو یا ہم پھینکیں؟

۱۱۶۔ موسیٰ نے کہا: تم پھینکو، پس جب انہوں نے پھینکا تو لوگوں کی نگاہوں کو مسحور اور انہیں خوفزدہ کر دیا اور انہوں نے بہت بڑا جادو پیش کیا۔

۱۱۷۔ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنا عصا پھینک دیں، چنانچہ اس نے یکا یک ان کے خودساختہ جادو کو نگلنا شروع کیا۔☆

۱۱۸۔ اس طرح حق ثابت ہوا اور ان لوگوں کا کیا دھرا باطل ہو کر رہ گیا۔

۱۱۹۔ پس وہ وہاں شکست کھا گئے اور ذلیل ہو کر لوٹ گئے۔

۱۲۰۔ اور سب جادوگر سجدے میں گر پڑے۔☆

۱۲۱۔ کہنے لگے: ہم رب العالمین پر ایمان لے آئے۔

۱۲۲۔ جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے۔

۱۲۳۔ فرعون نے کہا: قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دیتا تم اس پر ایمان لے آئے یقیناً یہ تو ایک سازش ہے جو تم نے اس شہر میں کی ہے تاکہ اہل شہر کو یہاں سے بے دخل کرو پس عنقریب تمہیں (اس کا انجام) معلوم ہو جائے گا۔

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ
مِّنْ خِلَافٍ ثُمَّ لَاُصَلِّبَنَّكُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۲۴﴾
قَالُوْٓا اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۲۵﴾ ع
وَمَا تَنْقِمُ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاٰيٰتِ
رَبِّنَا لَمَّا جَآءَتْنَا ؕ رَبَّنَآ اَفْرِغْ
عَلَيْنَا صَبْرًا وَّتَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲۶﴾ ع ۱۳
وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِ فِرْعَوْنَ
اَتَذَرُ مُوْسٰى وَقَوْمَهٗ لِيُفْسِدُوْا فِي
الْاَرْضِ وَيَذَرَكَ وَاٰلِهَتَكَ ؕ
قَالَ سَنُقَتِّلُ اَبْنَآءَهُمْ وَنَسْتَحْيٖ
نِسَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّا فَوْقَهُمْ قٰهِرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اسْتَعِيْنُوْا
بِاللّٰهِ وَاصْبِرُوْا ۚ اِنَّ الْاَرْضَ
لِلّٰهِ ۙ يُوْرِثُهَا مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ
وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۸﴾
قَالُوْٓا اُوْذِيْنَا مِنْ قَبْلِ اَنْ تَاْتِيَنَا وَ
مِنْۢ بَعْدِ مَا جِئْتَنَا ؕ قَالَ عَسٰى
رَبُّكُمْ اَنْ يُّهْلِكَ عَدُوَّكُمْ وَ
يَسْتَخْلِفَكُمْ فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرَ
كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۵
وَلَقَدْ اَخَذْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ
وَنَقْصٍ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ

۱۲۴۔ میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمتوں سے ضرور کاٹوں گا پھر تم سب کو ضرور بالضرور سولی چڑھا دوں گا۔☆

۱۲۵۔ انہوں نے کہا: ہمیں تو اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔☆

۱۲۶۔ اور تو نے ہم میں کون سی بری بات دیکھی سوائے اس کے کہ جب ہمارے رب کی نشانیاں ہمارے پاس آئیں تو ہم ان پر ایمان لے آئے، اے ہمارے رب! ہم پر صبر کا فیضان فرما اور ہمیں اس دنیا سے مسلمان اٹھا لے۔☆

۱۲۷۔ اور قوم فرعون کے سرداروں نے کہا: فرعون! کیا تو موسیٰ اور اس کی قوم کو آزاد چھوڑ دے گا کہ وہ زمین میں فساد پھیلائیں اور وہ تجھ سے اور تیرے معبودوں سے دست کش ہو جائیں؟ فرعون بولا: عنقریب ہم ان کے بیٹوں کو قتل کریں گے اور ان کی بیٹیوں کو زندہ چھوڑ دیں گے اور ہمیں ان پر بالادستی حاصل ہے۔☆

۱۲۸۔ موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اللہ سے مدد طلب کرو اور صبر کرو، بے شک یہ سرزمین اللہ کی ہے وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے اس کا وارث بناتا ہے اور نیک انجام اہل تقویٰ کے لیے ہے۔

۱۲۹۔ (قوم موسیٰ نے) کہا: آپ کے آنے سے پہلے بھی ہمیں اذیت دی گئی اور آپ کے آنے کے بعد بھی، موسیٰ نے کہا: تمہارا رب عنقریب تمہارے دشمن کو ہلاک کر دے گا اور زمین میں تمہیں خلیفہ بنا کر دیکھے گا کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔

۱۳۰۔ اور تحقیق ہم نے آل فرعون کو قحط سالی اور پیداوار کی قلت میں مبتلا کیا شاید وہ

۱۲۴ تا ۱۲۶۔ ایمان قبول کرنے والے جادوگر عبادت گاہوں کے کاہن لوگ تھے جو سرکاری ملازمین اور معبود بادشاہ کے وظیفہ خوار تھے۔ جو کل حضرت موسیٰ (ع) کے دعوائے رسالت کو باطل ثابت کرنے کی انتھک کوشش کر رہے تھے، آج نہ صرف اس رسالت پر ایمان لاتے ہیں بلکہ اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے کے لیے آمادہ ہیں۔

طاغوت کو اپنی رعیت کی ہر حرکت اور ہر جنبش پر تسلط حاصل ہے اور اس مملکت میں اس کی اجازت کے بغیر پتا بھی نہیں ہل سکتا۔ اس کی مرضی کے بغیر حضرت موسیٰ (ع) پر ایمان لانے پر برہم ہوتا ہے اور کہتا ہے میری اجازت کے بغیر تم موسیٰ (ع) پر ایمان کیوں لائے۔ گویا طاغوت اس خیال میں ہوتا ہے کہ جس طرح لوگوں کی گردنوں پر اس کا تسلط قائم ہے، ان کے دلوں اور ضمیروں پر بھی اس کی حکومت ہے۔ وہ ہر رونما ہونے والے واقعات کو اپنے خلاف سازش سمجھتا ہے اور ہر بات پر اسے اپنے تخت و تاج کی فکر لاحق رہتی ہے، کیونکہ اللہ کی طرف دعوت اور فرعونیت ایک جگہ جمع نہیں ہو سکتیں۔ تشدد، ظلم اور طاقت کا استعمال کرنا طاغوت کا پرانا طریقہ کار ہے اور حق کا مقابلہ کرنے کا واحد ذریعہ ہے۔

۱۲۷۔ اس آیت میں جہاں فرعون کی طرف سے اسرائیلیوں کی نسل کشی کا ذکر ملتا ہے وہاں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ فرعون اہل مصر کا معبود تھا اور خود فرعون کا کوئی اور معبود تھا۔ چنانچہ ۱۸۹۶ء میں قدیم مصری آثار کا کتبہ برآمد ہوا ہے جو آج کل مصری میوزیم میں محفوظ ہے، اس سے بھی اس بات کی تائید ہوتی ہے۔ وہ عبارت درج ذیل ہے: جب سے دیوتا وجود میں آیا ہے اس وقت سے مصر معبود رع کی واحد نسل ہے اور منفتاح اسی معبود کی نسل ہے اور معبود شو کے تخت نشین ہیں اور معبود رع نے مصر کی طرف نظر ڈالی، اس سے منفتاح پیدا ہوا... اور اسرائیل کو مٹا دیا گیا۔ اس کا بیج بھی باقی نہ رہا اور فلسطین مصر کے زیر سلطنت آیا۔ (المنار ۹: ۸۰)

۱۳۰۔۱۳۱ فرعونیوں نے پہلے قحط سالی نہیں دیکھی تھی حضرت موسیٰ (ع) کی نافرمانی پر قحط سالی آ گئی تو بجائے اس کے کہ اس کو عذاب الٰہی اور معجزہ موسیٰ (ع) تصور کریں، اس کو حضرت موسیٰ (ع) کی بدشگونی قرار دیا، حالانکہ یہ موسیٰ (ع) کی

يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳۱﴾

فَاِذَا جَآءَتْهُمُ الْحَسَنَةُ قَالُوْا لَنَا هٰذِهٖ ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ يَّطَّيَّرُوْا بِمُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗ ؕ اَلَآ اِنَّمَا طٰٓئِرُهُمْ عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳۲﴾

وَقَالُوْا مَهْمَا تَاْتِنَا بِهٖ مِنْ اٰيَةٍ لِّتَسْحَرَنَا بِهَا ۙ فَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۳﴾

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الطُّوْفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ اٰيٰتٍ مُّفَصَّلٰتٍ فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا مُّجْرِمِيْنَ ﴿۱۳۴﴾

وَ لَمَّا وَقَعَ عَلَيْهِمُ الرِّجْزُ قَالُوْا يٰمُوْسَى ادْعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ لَئِنْ كَشَفْتَ عَنَّا الرِّجْزَ لَنُؤْمِنَنَّ لَكَ وَلَنُرْسِلَنَّ مَعَكَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۳۵﴾

فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُمُ الرِّجْزَ اِلٰٓى اَجَلٍ هُمْ بٰلِغُوْهُ اِذَا هُمْ يَنْكُثُوْنَ ﴿۱۳۶﴾

فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَاَغْرَقْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ كَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۳۷﴾

وَ اَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا

نصیحت حاصل کریں۔☆

۱۳۱۔پس جب انہیں آسائش حاصل ہوتی تو کہتے: ہم اس کے مستحق ہیں اور اگر برا زمانہ آتا تو اسے موسیٰ اور اس کے ساتھیوں کی بدشگونی ٹھہراتے، آگاہ رہو! ان کی بدشگونی اللہ کے پاس ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔☆

۱۳۲۔ اور کہنے لگے: اے موسیٰ! ہم پر جادو کرنے کے لیے خواہ کیسی نشانی لے آؤ ہم تم پر ایمان نہیں لائیں گے۔☆

۱۳۳۔پھر ہم نے بطور کھلی نشانیوں کے ان پر طوفان، ٹڈی دل، جوؤں، مینڈکوں اور خون (کا عذاب) نازل کیا مگر وہ تکبر کرتے رہے اور وہ جرائم پیشہ لوگ تھے۔☆

۱۳۴۔اور جب ان پر کوئی بلا نازل ہو جاتی تو کہتے: اے موسیٰ! ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کریں جیسا کہ اس نے آپ سے عہد کر رکھا ہے (کہ وہ آپ کی دعا سنے گا) اگر آپ نے ہم سے عذاب دور کر دیا تو ہم آپ پر ضرور ایمان لے آئیں گے اور بنی اسرائیل کو بھی ضرور آپ کے ساتھ جانے دیں گے۔☆

۱۳۵۔پھر جب ہم ایک مقررہ مدت کے لیے جس کو وہ پہنچنے والے تھے عذاب کو دور کر دیتے تو وہ عہد کو توڑ ڈالتے۔

۱۳۶۔تب ہم نے ان سے انتقام لیا پھر انہیں دریا میں غرق کر دیا کیونکہ انہوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی اور وہ ان سے لاپرواہی برتتے تھے۔

۱۳۷۔اور ہم نے ان لوگوں کو جو بے بس کر

بدشگونی نہیں، یہ اللہ کی طرف سے عذاب ہے۔

۱۳۲۔۱۳۳۔ دل میں جب کسی سے عناد آ جاتا ہے تو اس کی کوئی خوبی، دلیل اور منطق دلنشین نہیں ہوتی۔ فرعونیوں کو موسیٰ (ع) اور بنی اسرائیل کے ساتھ نہایت قلبی عناد تھا اس لیے انہوں نے صریحاً کہا: موسیٰ (ع) آپ لاکھ معجزے پیش کریں، ہم ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ جیسا کہ آج مغرب اور مغرب زدہ ذہنوں کا بھی یہی حال ہے کہ وہ اسلام کے پیش کردہ جامع نظام حیات کو ایک معجزہ سمجھنے کی بجائے الٹا اس کے خلاف نتیجے نکالتے ہیں۔

طوفان شدید اور ہمہ گیر حادثہ کو کہتے ہیں۔ بعض نے طوفان سے مراد موت یا وبائی مرض بھی قرار دیا ہے۔ توریت میں آیا ہے کہ آسمان سے آتشیں ژالہ باری ہوئی اور مصر کے تمام شہروں کو اپنے لپیٹ میں لے لیا۔ (خروج ۹: ۲۳۔۲۷)

ٹڈی دل نے مصر کی زراعت کو تباہ کر دیا۔ توریت میں طوفان کے بعد اس کا ذکر آیا ہے۔

قمل، جوئیں یا مطلق گندے کیڑے۔ راغب نے لکھا ہے کہ قمل چھوٹی مکھیوں کو کہتے ہیں۔ توریت نے بھی چھوٹی مکھیوں کا ذکر کیا ہے کہ یہ مکھیاں مصریوں کے گھروں میں گھس جاتی تھیں، صرف بنی اسرائیل کے افراد محفوظ رہتے تھے۔

مینڈک: توریت خروج فصل ۸ میں آیا ہے کہ نہریں مینڈکوں سے پر ہو گئیں وہاں سے وہ فرعونیوں کے گھروں، بستروں اور ہر جگہ پھیل جاتے تھے۔

خون: دریائے نیل مصریوں کے لیے خونین ہو گیا۔ توریت فصل ۷ میں آیا ہے کہ مصریوں کے لیے ان کی نہریں، تالاب، گھاٹ اور جہاں جہاں پانی تھا سب خون ہو گئے۔ مصر کی ساری سرزمین خونین ہو گئی، لکڑی اور پتھروں میں بھی خون آ گیا۔

۱۳۴۔ تقریباً یہی مضمون توریت میں بھی ملتا ہے۔ تب فرعون نے موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کو بلایا اور کہا کہ خداوند سے شفاعت کرو کہ مینڈکوں کو مجھ سے اور میری رعیت سے دفع کرے اور میں ان لوگوں کو جانے دوں گا۔ (خروج ۹: ۲۱۔۲۷)

۱۳۷۔ جس سرزمین کا بنی اسرائیل کو وارث بنایا گیا ہے اس کے بارے دو نظریے ہیں: ایک نظریہ یہ ہے کہ اس سرزمین سے مراد فلسطین اور شام کی سرزمین ہے۔ اس پر یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے فلسطین کی نواحی ارض مقدس کو مبارک سرزمین

يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَ
مَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَ تَمَّتْ
كَلِمَتُ رَبِّكَ الْحُسْنٰى عَلٰى بَنِيْۤ
اِسْرَآءِيْلَ ۙ بِمَا صَبَرُوْا ؕ وَ دَمَّرْنَا مَا
كَانَ يَصْنَعُ فِرْعَوْنُ وَ قَوْمُهٗ وَ مَا
ع كَانُوْا يَعْرِشُوْنَ ﴿۱۳۷﴾
وَ جٰوَزْنَا بِبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ
فَاَتَوْا عَلٰى قَوْمٍ يَّعْكُفُوْنَ عَلٰۤى
اَصْنَامٍ لَّهُمْ ۚ قَالُوْا يٰمُوْسَى
اجْعَلْ لَّنَاۤ اِلٰهًا كَمَا لَهُمْ اٰلِهَةٌ ؕ
قَالَ اِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُوْنَ ﴿۱۳۸﴾
اِنَّ هٰۤؤُلَآءِ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ وَ
بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳۹﴾
قَالَ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَبْغِيْكُمْ اِلٰهًا وَّ هُوَ
فَضَّلَكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۴۰﴾
وَ اِذْ اَنْجَيْنٰكُمْ مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ
يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ ۚ يُقَتِّلُوْنَ
اَبْنَآءَكُمْ وَ يَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ
ع وَ فِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ﴿۱۴۱﴾
وَ وٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً
وَّ اَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ
رَبِّهٖۤ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۚ وَ قَالَ مُوْسٰى
لِاَخِيْهِ هٰرُوْنَ اخْلُفْنِيْ فِيْ

دیے گئے تھے اس سرزمین کے مشرق و مغرب کا وارث بنایا جسے ہم نے برکتوں سے نوازا تھا اور بنی اسرائیل کے ساتھ آپ کے رب کا نیک وعدہ پورا ہوگیا کیونکہ انہوں نے صبر کیا تھا اور فرعون اور اس کی قوم جو کچھ بنایا کرتے تھے اور جو اونچی عمارتیں تعمیر کرتے تھے وہ سب کچھ ہم نے تباہ کر دیا۔☆

۱۳۸۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر پار کرایا تو وہ ایسے لوگوں کے پاس پہنچ گئے جو اپنے بتوں کی پوجا پاٹ میں لگے ہوئے تھے، کہنے لگے: اے موسیٰ! ہمارے لیے بھی ایسا معبود بنا جیسے ان لوگوں کے معبود ہیں، موسیٰ نے کہا: تم تو بڑی نادان قوم ہو۔☆

۱۳۹۔ یہ قوم جس روش پر گامزن ہے یقیناً برباد ہونے والی ہے اور جو اعمال یہ انجام دیتے ہیں وہ باطل ہیں۔☆

۱۴۰۔ موسیٰ نے کہا: کیا میں تمہارے لیے اللہ کے سوا کوئی اور معبود تلاش کروں؟ حالانکہ اس نے تمہیں عالمین پر فضیلت دی ہے۔☆

۱۴۱۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے تمہیں آل فرعون سے نجات دی جو تمہیں بدترین عذاب میں مبتلا کرتے تھے، تمہارے بیٹوں کو قتل کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بہت بڑی آزمائش تھی۔

۱۴۲۔ اور ہم نے موسیٰ سے تیس (۳۰) راتوں کا وعدہ کیا اور دس (دیگر) راتوں سے اسے پورا کیا اس طرح ان کے رب کی مقررہ میعاد چالیس راتیں پوری ہوگئی اور موسیٰ نے اپنے بھائی ہارون سے کہا: میری قوم

کہا ہے۔

۱۳۸۔ بنی اسرائیل دریا عبور کر کے جزیرہ نمائے سینا کے علاقوں میں داخل ہوئے تو یہاں مختلف آبادیاں موجود تھیں، ان میں سے کسی قوم کا ذکر ہے جو بتوں کی پوجا پاٹ میں مصروف تھی۔ ممکن ہے یہ قوم عمالقہ سے متعلق ہو اور ممکن ہے عرب کا ایک قبیلہ بنی لخم ہو جو مصر کی حدود میں آباد تھا جیسا کہ بعض روایات میں آیا ہے۔

بعض اہل قلم کے مطابق یہاں مصری ہی آباد تھے جو اس علاقے میں موجود تانبے اور فیروزے کی کانوں کی محافظت پر مامور تھے۔ صحرائے سینا کا مغربی اور شمالی حصہ مصر کی سلطنت میں شامل تھا۔ اس علاقہ میں مفقہ نامی جگہ ایک بڑا بت خانہ تھا جس کے آثار اب بھی موجود ہیں اور اسی علاقے میں سامی قوموں کی چاند دیوی کا بت خانہ بھی تھا۔ ممکن ہے بنی اسرائیل کا گزر انہیں بت خانوں میں سے کسی سے ہوا ہو۔

اسلامی مؤرخ ابن جریج کے مطابق ان کے بت تانبے کے بنے ہوئے گوسالہ کی شکل میں تھے۔ یہ روایت قرین قیاس ہے کیونکہ یہ بات اپنی جگہ ثابت ہے قدیم مصری لوگ گوسالہ کی پرستش کرتے تھے جس کو وہ ابیس کے نام سے یاد کرتے تھے۔ بنی اسرائیل دور غلامی میں مصریوں کے ساتھ ایک طویل مدت تک گوسالہ پرستی کرتے رہے۔ چنانچہ سامری نے گوسالہ کا بت اسی بنا پر بنایا تھا کہ بنی اسرائیل اس سے خاصے مانوس تھے۔

۱۳۹۔ بت پرستی کا مذہب اصولاً و فروعاً درست نہیں ہے۔ جو نظریہ اور عقیدہ یہ لوگ رکھتے ہیں وہ تباہ کن عقیدہ ہے۔ مُتَبَّرٌ مَّا هُمْ فِيْهِ، کیونکہ ہلاکت کے لیے عقیدہ ہی بنیاد ہے اور اس غلط عقیدہ کی بنیاد پر بجا لانے والا عمل باطل اور بے سود ہے: وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔

اس کے بعد فرمایا بت پرستی اگرچہ کسی بھی قوم کو زیب نہیں دیتی مگر بنی اسرائیل تو اس وقت توحید کے علمبردار اور اقوام عالم کی قیادت کے ذمہ دار ہیں۔ ان کے لیے بت پرستی نہایت ہی مجرمانہ عمل ہے۔

۱۴۰۔ فرعون کی غلامی سے نجات حاصل کرنے اور بنی اسرائیل کے ایک آزاد اور مستقل قوم کی حیثیت حاصل کرنے کے بعد حضرت موسیٰ (ع) پر شریعت نازل ہونا شروع ہوگئی اور احکام شریعت

قَوْمِیْ وَاَصْلِحْ وَلَا تَتَّبِعْ سَبِیْلَ
الْمُفْسِدِیْنَ ﴿۱۴۲﴾
وَلَمَّا جَآءَ مُوْسٰی لِمِیْقَاتِنَا وَ
كَلَّمَهٗ رَبُّهٗ ۙ قَالَ رَبِّ اَرِنِیْۤ
اَنْظُرْ اِلَیْكَ ؕ قَالَ لَنْ تَرٰىنِیْ
وَ لٰكِنِ انْظُرْ اِلَى الْجَبَلِ فَاِنِ
اسْتَقَرَّ مَكَانَهٗ فَسَوْفَ تَرٰىنِیْ ۚ
فَلَمَّا تَجَلّٰى رَبُّهٗ لِلْجَبَلِ جَعَلَهٗ
دَكًّا وَّ خَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا ۚ فَلَمَّاۤ
اَفَاقَ قَالَ سُبْحٰنَكَ تُبْتُ
اِلَیْكَ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۱۴۳﴾
قَالَ یٰمُوْسٰۤی اِنِّی اصْطَفَیْتُكَ
عَلَى النَّاسِ بِرِسٰلٰتِیْ وَبِكَلَامِیْ ۫
فَخُذْ مَاۤ اٰتَیْتُكَ وَكُنْ مِّنَ
الشّٰكِرِیْنَ ﴿۱۴۴﴾
وَكَتَبْنَا لَهٗ فِی الْاَلْوَاحِ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ
مَّوْعِظَةً وَّتَفْصِیْلًا لِّكُلِّ شَیْءٍ ۚ
فَخُذْهَا بِقُوَّةٍ وَّاْمُرْ قَوْمَكَ
یَاْخُذُوْا بِاَحْسَنِهَا ؕ سَاُورِیْكُمْ
دَارَ الْفٰسِقِیْنَ ﴿۱۴۵﴾
سَاَصْرِفُ عَنْ اٰیٰتِیَ الَّذِیْنَ
یَتَكَبَّرُوْنَ فِی الْاَرْضِ بِغَیْرِ
الْحَقِّ ؕ وَ اِنْ یَّرَوْا كُلَّ اٰیَةٍ لَّا

میں میری جانشینی کرنا اور اصلاح کرتے رہنا اور مفسدوں کا راستہ اختیار نہ کرنا۔

۱۴۳۔ اور جب موسیٰ ہماری مقررہ میعاد پر آئے اور ان کے رب نے ان سے کلام کیا تو کہنے لگے: پروردگارا! مجھے (جلوہ) دکھا کہ میں تیرا دیدار کروں، فرمایا: تم مجھے ہرگز نہ دیکھ سکو گے لیکن اس پہاڑ کی طرف دیکھو پس اگر وہ اپنی جگہ قائم رہا تو تم مجھے دیکھ سکو گے، پھر جب ان کے رب نے پہاڑ پر تجلی فرمائی تو اسے ریزہ ریزہ کر دیا اور موسیٰ غش کھا کر گر پڑے، پھر جب ہوش میں آئے تو عرض کرنے لگے: پاک ہے تیری ذات میں تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں اور میں ایمان لانے والوں میں سب سے پہلا ہوں۔☆

۱۴۴۔ فرمایا: اے موسیٰ! میں نے لوگوں میں سے آپ کو اپنے پیغامات اور ہمکلامی کے لیے منتخب کیا ہے لہٰذا جو کچھ میں نے آپ کو عطا کیا ہے اسے اخذ کریں اور شکرگزاروں میں سے ہو جائیں۔

۱۴۵۔ اور ہم نے موسیٰ کے لیے (توریت کی) تختیوں پر ہر قسم کی نصیحت اور ہر چیز کی تفصیل لکھی (اور حکم دیا کہ) اسے پوری قوت سے سنبھالیں اور اپنی قوم کو حکم دیں کہ اس میں سے شائستہ ترین باتوں کو اپنا لو، عنقریب میں تمہیں نافرمانوں کا ٹھکانا دکھا دوں گا۔☆

۱۴۶۔ میں انہیں اپنی آیات سے دور رکھوں گا جو زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں اور تمام نشانیاں دیکھ کر بھی ان پر ایمان نہیں

کا بوجھ اٹھوانے کے لیے حضرت موسیٰ (ع) کو چالیس راتوں کے لیے اپنی بارگاہ میں کوہ طور پر بلایا۔
حضرت موسیٰ (ع) نے چالیس دن کوہ طور پر گزارے ہیں جن میں دن رات دونوں شامل تھے۔ اس کے باوجود رات کا ذکر کیا چونکہ رات کو پوری یکسوئی سے مناجات کرتے تھے، چنانچہ رسالتمآب ؐ کے لیے بھی رات کے وقت کا انتخاب فرمایا۔

۱۴۳۔ اگر اللہ طبیعی آنکھوں سے نظر آئے تو وہ لَیْسَ كَمِثْلِهٖ نہیں رہتا، چنانچہ رویت خدا کو ممکن جاننے والے اللہ کو کسی چیز کا مثل قرار دیتے ہیں۔ رویت خداوندی کا مطالبہ شان خداوندی میں گستاخی تھا اس لیے بنی اسرائیل کے اس مطالبے کو اللہ نے ظلم قرار دیا اور ان پر فوری عذاب نازل ہوا: فَقَالُوْۤا اَرِنَا اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ بِظُلْمِهِمْ ۔ (نساء: ۱۵۳) پس انہوں نے کہا ہمیں علانیہ طور پر اللہ دکھا دو، چنانچہ ان کی اس زیادتی پر انہیں بجلی نے گرفت میں لے لیا۔
رہا یہ سوال کہ اگر ایسا ہے تو حضرت موسیٰ (ع) نے کیسے رویت کا سوال کیا؟ جواب یہ ہے کہ یہ حضرت موسیٰ (ع) کا اپنا مطالبہ نہ تھا، ورنہ یہ مطالبہ زیادہ قابل سرزنش ہوتا، جبکہ نہ حضرت موسیٰ (ع) کو سرزنش کی گئی اور نہ ہی ان پر عذاب نازل ہوا۔ البتہ جب پہاڑ پر تجلی ہوئی تو موسیٰ (ع) غش کھا گئے اور بنی اسرائیل کے مطالبے کو پیش کرنے پر توبہ و انابت کا اظہار فرمایا اور کہا: میں سب سے پہلے ایمان لانے والا ہوں۔ یہ ایمان رویت کے بارے میں ہے کہ میرا سب سے پہلے یہ ایمان ہے کہ تیری ذات اس سے بالاتر ہے کہ حاسۂ بصر کی محدودیت میں سما جائے۔

۱۴۵۔ ان تختیوں کا نام توریت ہے۔ ان تختیوں کی مقدار کے بارے میں سوائے لفظ اَلْاَلْوَاح کے ہمارے پاس کوئی دلیل نہیں ہے اور ان تختیوں پر جو لکھا تھا وہ فعل خدا تھا۔ ہمارے پاس سوائے كَتَبْنَا کے کوئی دلیل نہیں ہے۔ البتہ توریت میں آیا ہے کہ یہ خدا کا لکھا ہوا اور ان پر کندہ کیا ہوا تھا۔ (خروج ۳۲: ۱۵)۔

۱۴۶۔ یہ سنت الٰہی ہے کہ جو لوگ از روئے عناد اللہ کی نشانیوں کی تکذیب کرتے ہیں، اللہ ان سے ہر قسم کی توفیق سلب فرماتا ہے اور ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیتا ہے، جس کے نتیجے میں وہ ہر برے

يُؤْمِنُوْا بِهَا ۚ وَ اِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ
الرُّشْدِ لَا يَتَّخِذُوْهُ سَبِيْلًا ۚ وَ
اِنْ يَّرَوْا سَبِيْلَ الْغَيِّ يَتَّخِذُوْهُ
سَبِيْلًا ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ
كَانُوْا عَنْهَا غٰفِلِيْنَ ﴿۱۴۶﴾
وَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ لِقَآءِ
الْاٰخِرَةِ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ؕ هَلْ
يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴۷﴾ ع ۱۹
وَ اتَّخَذَ قَوْمُ مُوْسٰى مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ
حُلِيِّهِمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهٗ خُوَارٌ ؕ
اَلَمْ يَرَوْا اَنَّهٗ لَا يُكَلِّمُهُمْ وَ لَا
يَهْدِيْهِمْ سَبِيْلًا ۘ اِتَّخَذُوْهُ وَ كَانُوْا
ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴۸﴾ وقف لازم
وَ لَمَّا سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ وَ رَاَوْا
اَنَّهُمْ قَدْ ضَلُّوْا ۙ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ
يَرْحَمْنَا رَبُّنَا وَ يَغْفِرْ لَنَا لَنَكُوْنَنَّ
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۱۴۹﴾
وَ لَمَّا رَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ
غَضْبَانَ اَسِفًا ۙ قَالَ بِئْسَمَا
خَلَفْتُمُوْنِيْ مِنْۢ بَعْدِيْ ۚ اَعَجِلْتُمْ
اَمْرَ رَبِّكُمْ ۚ وَ اَلْقَى الْاَلْوَاحَ وَ
اَخَذَ بِرَاْسِ اَخِيْهِ يَجُرُّهٗٓ اِلَيْهِ ؕ قَالَ
ابْنَ اُمَّ اِنَّ الْقَوْمَ اسْتَضْعَفُوْنِيْ وَ

لاتے اور اگر یہ راہ راست دیکھ بھی لیں تو اس راستے کو اختیار نہیں کرتے اور اگر انحراف کا راستہ دیکھ لیں تو اس راستے کو اپنا لیتے ہیں، اس کی وجہ یہ ہے کہ ان لوگوں نے ہماری نشانیوں کی تکذیب کی اور ان سے غفلت برتتے رہے۔☆

۱۴۷۔ اور جنہوں نے ہماری آیات اور آخرت کی پیشی کی تکذیب کی ان کے اعمال ضائع ہو گئے، کیا ان لوگوں کو اس کے سوا کوئی بدلہ مل سکتا ہے جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں؟

۱۴۸۔ اور موسیٰ کے (کوہ طور پر جانے کے) بعد ان کی قوم نے اپنے زیورات سے ایک بچھڑا بنا لیا (یعنی) ایسا جسم جس میں بیل کی آواز تھی، کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ یہ نہ تو ان سے بات کر سکتا ہے اور نہ ان کی رہنمائی کر سکتا ہے، ایسے کو انہوں نے معبود بنا لیا اور وہ زیادتی کے مرتکب تھے۔☆

۱۴۹۔ اور جب وہ سخت نادم ہوئے اور دیکھ لیا کہ گمراہ ہو گئے ہیں تو کہنے لگے: اگر ہمارا رب ہم پر رحم نہ کرے اور ہمیں معاف نہ فرمائے تو ہم حتمی طور پر خسارے میں رہ جائیں گے۔☆

۱۵۰۔ اور جب موسیٰ نہایت غصے اور رنج کی حالت میں اپنی قوم کی طرف واپس آئے تو کہنے لگے: تم نے میرے بعد بہت بری جانشینی کی، تم نے اپنے رب کے حکم سے عجلت کیوں کی؟ اور (یہ کہکر) تختیاں پھینک دیں اور اپنے بھائی کو سر کے بالوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا ہارون نے کہا: اے ماں جائے! یقیناً قوم نے مجھے کمزور بنا

راستے کو اختیار اور ہر نیک راستے سے انحراف کرتے ہیں۔ ترتیب امر اس طرح ہے کہ جو لوگ زمین میں ناحق تکبر کرتے ہیں اللہ ان کی رہنمائی اور ہدایت کا سامان فراہم نہیں کرتا۔ جس کی وجہ سے وہ ایمان نہیں لاتے، راہ راست پر نہیں چلتے، ہر برے راستے پر چلتے ہیں۔ ایسا اس لیے ہوا کہ انہوں نے جان بوجھ کر از روئے عناد اللہ کی آیتوں کی تکذیب کی۔

۱۴۸۔ جب حضرت موسیٰ (ع) کو اللہ نے کوہ طور پر بلایا اور انہوں نے چالیس دن کوہ طور پر گزارے تو اس اثنا میں بنی اسرائیل نے بچھڑے کی سنہری مورت بنائی جس کے اندر سے بیل کی آواز نکلتی تھی، بنی اسرائیل مصریوں کی گوسالہ پرستی سے خاصے متاثر تھے اور ان کے گوسالہ سے تو آواز بھی نکلتی تھی اس لیے قوم موسیٰ کے جمہور (اکثریت) نے اس گوسالہ کے حق میں فیصلہ دیا کہ یہی موسیٰ (ع) کا خدا ہے جس نے ہمیں فرعون سے نجات دلائی، حضرت ہارون (ع) کی سربراہی میں صرف ایک چھوٹی سی جماعت نے استقامت دکھائی اور حق پر قائم رہی۔

۱۴۹۔ سُقِطَ فِيْٓ اَيْدِيْهِمْ: انتہائی ندامت کی طرف اشارہ ہے۔ بنی اسرائیل کی گمراہی کا یہ عالم تھا کہ حضرت موسیٰ (ع) کی صرف دس دن کی تاخیر کی وجہ سے یہ قوم گمراہ ہو گئی جبکہ حجت خدا حضرت ہارون (ع) ان کے درمیان موجود تھے۔

اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کی وفات کے بعد ان کی گمراہی کا کیا عالم ہوا ہوگا۔ یکے بعد دیگرے انبیاء مبعوث ہونے کے باوجود چشم جہاں نے بنی اسرائیل کی بغاوت، سرکشی، ارتداد اور تحریف کا منظر دیکھ لیا۔

۱۵۰۔ حضرت موسیٰ (ع) کو اللہ نے کوہ طور پر قوم کی گمراہی کی خبر دی تھی۔ یہ سن کر حضرت موسیٰ (ع) غضبناک ہوئے اور حضرت ہارون (ع) کو سر کے بالوں سے پکڑ کر کھینچ لیا تاکہ قوم کو اس بات پر متنبہ کریں کہ گوسالہ پرستی کا جرم کتنا بڑا ہے۔ اس جرم کا ارتکاب حضرت ہارون (ع) کے سامنے ہوا لیکن وہ بے بس تھے اور اقلیت میں ہونے کی وجہ سے نہ صرف لوگ ان کی نہیں سنتے تھے بلکہ ان کو جان کا خطرہ بھی لاحق تھا۔

یہ عمل حضرت موسیٰ (ع) کی اجتہادی غلطی نہیں تھا جیسا کہ تھانوی صاحب کا خیال ہے اور نہ ہی

كَادُوْا يَقْتُلُوْنَنِيْ ۖ فَلَا تُشْمِتْ بِيَ
الْاَعْدَآءَ وَلَا تَجْعَلْنِيْ مَعَ الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۵۰﴾
قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَ
اَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾ ع ۸
اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوا الْعِجْلَ
سَيَنَالُهُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ
ذِلَّةٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۭ وَكَذٰلِكَ
نَجْزِي الْمُفْتَرِيْنَ ﴿۱۵۲﴾
وَ الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا
مِنْۢ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ
بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۵۳﴾
وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ
اَخَذَ الْاَلْوَاحَ ۖ وَفِيْ نُسْخَتِهَا هُدًى
وَّ رَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ
يَرْهَبُوْنَ ﴿۱۵۴﴾
وَ اخْتَارَ مُوْسٰى قَوْمَهٗ سَبْعِيْنَ
رَجُلًا لِّمِيْقَاتِنَا ۚ فَلَمَّآ اَخَذَتْهُمُ
الرَّجْفَةُ قَالَ رَبِّ لَوْ شِئْتَ
اَهْلَكْتَهُمْ مِّنْ قَبْلُ وَ اِيَّايَ ۭ
اَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَآءُ مِنَّا ۚ
اِنْ هِيَ اِلَّا فِتْنَتُكَ ۭ تُضِلُّ بِهَا مَنْ

دیا تھا اور وہ مجھے قتل کرنے والے تھے لہٰذا آپ دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے کا موقع نہ دیں اور مجھے ان ظالموں میں شمار نہ کریں۔☆

۱۵۱۔ موسیٰ نے کہا: اے میرے پروردگار! مجھے اور میرے بھائی کو معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل فرما اور تو سب سے بڑھ کر رحم کرنے والا ہے۔

۱۵۲۔ جنہوں نے گوسالہ کو (معبود) بنایا بیشک ان پر عنقریب ان کے رب کا غضب واقع ہوگا اور دنیاوی زندگی میں ذلت اٹھانا پڑے گی اور بہتان پردازوں کو ہم ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں۔☆

۱۵۳۔ اور جنہوں نے گناہ کا ارتکاب کیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور ایمان لے آئے تو اس (توبہ) کے بعد آپ کا رب یقیناً بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۵۴۔ اور جب موسیٰ کا غصہ فرو ہو گیا تو انہوں نے (توریت کی) وہ تختیاں اٹھائیں جن کی تحریر میں ان لوگوں کے لیے ہدایت اور رحمت تھی جو اپنے پروردگار سے خائف رہتے ہیں۔☆

۱۵۵۔ اور موسیٰ نے ہماری مقررہ میعاد کے لیے اپنی قوم سے ستر افراد منتخب کیے، پھر جب انہیں زلزلے نے گرفت میں لیا (تو) موسیٰ نے عرض کیا: پروردگارا! اگر تو چاہتا تو انہیں اور مجھے پہلے ہی ہلاک کر دیتا، کیا تو ہمارے کم عقل لوگوں کے اعمال کی سزا میں ہمیں ہلاک کر دے گا؟ یہ تو تیری ایک آزمائش تھی جس سے جسے تو چاہتا ہے گمراہ

حضرت ہارون (ع) گوسالہ پرستی کے جرم میں شریک تھے، جیسا کہ توریت میں آیا ہے، بلکہ ہارون (ع) کے ساتھ سختی سے پیش آنے اور توریت کی تختیوں کو زمین پر پھینکنے سے قوم کو یہ بتانا مقصود تھا کہ انہوں نے کتنے بڑے جرم کا ارتکاب کیا ہے۔

۱۵۲۔ روایات کے مطابق سامری اور گوسالہ پرستی کے تین ہزار مجرموں کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا۔ تورات میں اصل واقعہ ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے: ... تو موسیٰ (ع) نے لشکر گاہ کے دروازے پر کھڑے ہو کر کہا: جو خداوند کی طرف ہے وہ میرے پاس آئے۔ تب سب بنی لاوی (بنی اسرائیل کا ایک قبیلہ) اس کے پاس جمع ہو گئے اور بنی لاوی نے موسیٰ (ع) کے کہنے کے موافق عمل کیا۔ چنانچہ اس دن لوگوں میں سے تقریباً تین ہزار مرد کھیت آئے۔ (تورات۔ خروج باب ۳۲ آیات ۲۶، ۲۸)

۱۵۳۔ آیت کا اطلاق عام ہے تاہم اس جگہ مراد گوسالہ پرستوں میں سے وہ گروہ ہے جو صحیح معنوں میں اپنے اس عمل پر نادم ہوا اور صحیح معنوں میں ایمان پر قائم رہا۔ اسی طرح ہر ایماندار تائب کے لیے اللہ کی رحمت اس گناہ سے عظیم ہے جس کا ارتکاب ہوا ہے۔

۱۵۴۔ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ سے ظاہر ہوتا ہے کہ تختیاں سالم تھیں۔ اس میں توریت کی اس بات کی رد ہے کہ تختیاں ٹوٹ گئی تھیں۔

۱۵۵۔ ان ستر افراد کو اللہ تعالیٰ نے کوہ طور پر کس غرض سے بلایا تھا اور وہ کون سا جرم تھا جس کی سزا میں ان کو زلزلے نے گرفت میں لیا اور سب کو ہلاک بھی کر دیا؟ اور وہ کون سا سفیہانہ عمل تھا جس کی طرف حضرت موسیٰ (ع) نے اشارہ فرمایا؟ اس آیت میں ان باتوں کی طرف کوئی اشارہ نہیں ہے۔ بعض مفسرین لکھتے ہیں کہ قوم موسیٰ (ع) کے یہ نمائندہ افراد گوسالہ پرستی کی معافی طلب کرنے کے لیے آئے تھے۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ معافی و توبہ کے لیے آنے پر ہلاکت کی سزا کیوں؟

درحقیقت ان سوالات کا جواب سورۂ بقرہ میں موجود ہے جہاں اس واقعے کو اس ترتیب سے بیان کیا ہے: قوم موسیٰ کے لیے پہلے دریا شگافتہ ہوا پھر حضرت موسیٰ کو چالیس دنوں کے لیے کوہ طور پر بلایا گیا۔ اس دوران گوسالہ پرستی کا واقعہ پیش آیا۔

تَشَآءُ وَ تَهْدِیْ مَنْ تَشَآءُ ؕ اَنْتَ
وَلِیُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ
خَیْرُ الْغٰفِرِیْنَ ﴿۱۵۵﴾
وَ اكْتُبْ لَنَا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّ
فِی الْاٰخِرَةِ اِنَّا هُدْنَاۤ اِلَیْكَ ؕ قَالَ
عَذَابِیْۤ اُصِیْبُ بِهٖ مَنْ اَشَآءُ ۚ
وَ رَحْمَتِیْ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ ؕ
فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِیْنَ یَتَّقُوْنَ وَ
یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَ الَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا
یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۵۶﴾
اَلَّذِیْنَ یَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ
النَّبِیَّ الْاُمِّیَّ الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ
مَكْتُوْبًا عِنْدَهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ
وَ الْاِنْجِیْلِ ۫ یَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ
وَ یَنْهٰىهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ یُحِلُّ لَهُمُ
الطَّیِّبٰتِ وَ یُحَرِّمُ عَلَیْهِمُ الْخَبٰٓىِٕثَ
وَ یَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَ الْاَغْلٰلَ
الَّتِیْ كَانَتْ عَلَیْهِمْ ؕ فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ
عَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ
الَّذِیْۤ اُنْزِلَ مَعَهٗ ۙ اُولٰٓىِٕكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۷﴾
قُلْ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ
اِلَیْكُمْ جَمِیْعَا ۨ الَّذِیْ لَهٗ مُلْكُ

کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے، تو ہی ہمارا آقا ہے، پس ہمیں معاف فرما اور ہم پر رحم فرما اور تو معاف کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے۔☆

۱۵۶۔ اور ہمارے لیے اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی بھلائی مقرر فرما ہم نے تیری طرف رجوع کر لیا ہے، ارشاد فرمایا: عذاب تو جسے میں چاہتا ہوں دیتا ہوں اور میری رحمت ہر چیز کو شامل ہے، پس اسے میں ان لوگوں کے لیے مقرر کر دوں گا جو تقویٰ رکھتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں اور جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں۔

۱۵۷۔ (یہ رحمت ان مومنین کے شامل حال ہو گی) جو لوگ اس رسول کی پیروی کرتے ہیں جو نبی امی کہلاتے ہیں جن کا ذکر وہ اپنے ہاں توریت اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں وہ انہیں نیکی کا حکم دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں اور پاکیزہ چیزیں ان کے لیے حلال اور ناپاک چیزیں ان پر حرام کرتے ہیں اور ان پر لدے ہوئے بوجھ اور (گلے کے) طوق اتارتے ہیں، پس جو ان پر ایمان لاتے ہیں ان کی حمایت اور ان کی مدد اور اس نور کی پیروی کرتے ہیں جو ان کے ساتھ نازل کیا گیا ہے، وہی فلاح پانے والے ہیں۔☆

۱۵۸۔ کہہ دیجیے: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اس اللہ کا (بھیجا ہوا) رسول ہوں

اس کے بعد قوم موسیٰ نے اللہ کو عیاناً دکھانے کا مطالبہ کیا اور مطالبہ کی صورت یہ تھی: لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً ۔ (بقرۃ: ۵۵) جب تک ہم اللہ کو علانیہ دیکھ نہ لیں ہم آپ پر ایمان نہیں لائیں گے۔ اس پر قوم کے ستر افراد کو زلزلے نے گرفت میں لے لیا اور ہلاک ہو گئے۔

۱۵۷۔ اہل کتاب عربوں کو امی کہتے تھے اور انہیں اپنے برابر حقوق کے اہل نہ سمجھتے تھے۔ قابل توجہ بات یہ ہے کہ اس لفظ امی کو اہل کتاب خاص کر یہودی تحقیر کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ لیکن قرآن نے اس لفظ کو رسول کریمؐ کی شناخت کے طور پر بیان فرمایا۔ اس میں یہ نکتہ ہے کہ وہ رسولؐ جن کے بارے میں تم خود تسلیم کرتے ہو کہ وہ امی ہیں، ایک ایسا کامل نظام حیات پیش کرتے ہیں جس کی نظیر پیش کرنے سے انسانی درسگاہوں کے پڑھے ہوئے دانشور قاصر ہیں۔ وہ تمہارے پڑھے لکھوں سے کہیں زیادہ پڑھے لکھے ہیں، البتہ وہ بشری درسگاہوں کے فارغ التحصیل نہیں، یہ ملکوتی درس گاہ کے پڑھے لکھے ہیں۔ انہوں نے ان سیاہ لکیروں والی تحریروں کو نہیں پڑھا۔ وہ لوح کائنات پر قلم قدرت سے لکھی ہوئی تحریروں کو پڑھ کر آئے ہیں۔

الَّذِیْ یَجِدُوْنَهٗ: تغیر و تحریف کے باوجود موجودہ توریت و انجیل میں رسول کریمؐ کی آمد کے بارے میں تصریحات موجود ہیں۔ توریت استثناء ۱۸، ۱۵ میں مذکور ہے: خداوند تیرا خدا، تیرے لیے، تیرے ہی درمیان سے، تیرے ہی بھائیوں میں میری مانند ایک نبی برپا کرے گا تم اس کی طرف کان دھریو۔ بنی اسرائیل کے بھائیوں سے مراد اولاد اسماعیل ہی ہو سکتی ہیں۔ انجیل یوحنا ۱۴:۱۶ میں آیا ہے: اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار فارقلیط بخشے گا جو ابد تک تمہارے ساتھ رہے گا۔ فارقلیط یونانی لفظ ہے اس کا تلفظ Paraclete ہے۔ اس سے مراد ہے عزت یا مدد دینے والا۔ اس کا دوسرا تلفظ فیرقلیط ہے اور یونانی تلفظ Periclite ہے۔ جس سے مراد ہے عزت دینے والا، بلند مرتبہ اور بزرگوار۔ یہ محمد اور محمود کے قریب المعنی ہے۔

واضح رہے کہ یہ لوگ توریت اور انجیل کا جب کسی

السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ۪ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ
رَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ
يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ كَلِمٰتِهٖ وَ اتَّبِعُوْهُ
لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵۸﴾
وَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰۤى اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ
بِالْحَقِّ وَ بِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۵۹﴾
وَ قَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا
اُمَمًا ؕ وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰۤى اِذِ
اسْتَسْقٰىهُ قَوْمُهٗۤ اَنِ اضْرِبْ
بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْۢبَجَسَتْ
مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ؕ قَدْ عَلِمَ كُلُّ
اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ؕ وَ ظَلَّلْنَا عَلَيْهِمُ
الْغَمَامَ وَ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَ
السَّلْوٰى ؕ كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا
رَزَقْنٰكُمْ ؕ وَ مَا ظَلَمُوْنَا وَ لٰكِنْ
كَانُوْۤا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۰﴾
وَ اِذْ قِيْلَ لَهُمُ اسْكُنُوْا هٰذِهِ
الْقَرْيَةَ وَ كُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ
وَ قُوْلُوْا حِطَّةٌ وَّ ادْخُلُوا الْبَابَ
سُجَّدًا نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطِيْٓـٰٔتِكُمْ ؕ
سَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶۱﴾
فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ قَوْلًا

جو آسمانوں اور زمین کا مالک ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندگی اور وہی موت دیتا ہے، لہٰذا تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ، اس امی نبی پر جو اللہ اور اس کے کلمات پر ایمان رکھتا ہے اور اس کی پیروی کرو شاید تم ہدایت حاصل کر لو۔

۱۵۹۔ اور قوم موسیٰ میں ایک جماعت ایسی تھی جو حق کے مطابق رہنمائی اور اسی کے مطابق عدل کرتی تھی۔☆

۱۶۰۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو بارہ قبیلوں میں تقسیم کر کے جدا جدا جماعتیں بنائیں اور جب ان کی قوم نے ان سے پانی طلب کیا تو ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ اپنا عصا پتھر پر مارو، چنانچہ اس سے بارہ چشمے پھوٹ نکلے، ہر جماعت نے اپنا اپنا گھاٹ معلوم کر لیا اور ہم نے ان کے سروں پر بادل کا سائبان بنایا اور ان پر من وسلویٰ نازل کیا، جو پاکیزہ چیزیں ہم نے تمہیں عنایت کی ہیں انہیں کھاؤ اور (بعد میں نافرمانی کی وجہ سے) یہ لوگ ہم پر نہیں بلکہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے تھے۔☆

۱۶۱۔ اور جب ان سے کہا گیا کہ اس بستی میں سکونت اختیار کرو اور اس میں جہاں سے چاہو کھاؤ اور حطہ کہتے ہوئے اور دروازے سے سجدہ کرتے ہوئے داخل ہو جاؤ ہم تمہاری خطائیں معاف کر دیں گے، نیکی کرنے والوں کو ہم عنقریب مزید عطا کریں گے۔☆

۱۶۲۔ مگر ان میں سے ظالم لوگوں نے وہ لفظ

زبان میں ترجمہ کرتے ہیں تو ان کی یہ عادت عام ہے کہ اصل نام کی جگہ اس کا ترجمہ کر دیتے ہیں۔ یہاں بھی فیر قلیط کی جگہ مددگار رکھ دیا ہے۔ مزید معلومات کے لیے سورۂ صف آیت ۶ ملاحظہ فرمائیں۔

اس رسول کے اہم اوصاف جو توریت و انجیل میں بیان ہوئے ہیں یہ ہیں کہ وہ: ☆ اچھی باتوں کی دعوت دے گا اور بری باتوں سے روکے گا۔ یاد رہے کہ اسلامی تعلیمات کو زندہ رکھنے اور امت میں اخلاقی اور اجتماعی اقدار کا شعور بیدار کرنے کے لیے امر بالمعروف اور نہی عن المنکر ایک انسان ساز نظام ہے۔ ☆ وہ پاکیزہ چیزوں کو حلال اور ناپاک چیزوں کو حرام قرار دے گا۔ ☆ وہ انسانوں کو ناروا قید و بند سے آزادی دلائے گا۔

۱۵۹۔ بنی اسرائیل کی تاریخ اور ان کی سیرت و کردار کے بیان سے ایسا لگتا تھا کہ پوری کی پوری قوم سراپا جرائم سے ڈھکی ہوئی ہے۔ قرآن انصاف کا حق ادا کرتے ہوئے اس بات کو واضح کرتا ہے، ایسا بھی نہیں کہ پوری قوم بدکردار ہو بلکہ ان میں ایک جماعت حق پر قائم تھی اور دوسروں کو حق کی طرف بلاتی رہی اور حق کے مطابق انصاف پر بھی قائم رہی۔ سلسلہ کلام اور سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ عصر موسیٰ (ع) کے بنی اسرائیل کے بارے میں ہے نہ کہ نزول قرآن کے زمانے کے۔

۱۶۰۔ بنی اسرائیل کی سرکشیوں کا ذکر کرنے کے بعد ان انعامات و احسانات کا ذکر ہے جن سے اللہ تعالیٰ نے اس قوم کو نوازا ہے۔ توریت میں آیا ہے کہ بنی اسرائیل نے جب صحرائے سینا میں نزول کیا تو ان میں بیس سال سے زائد عمر کے افراد کی تعداد جو جنگ میں شرکت کرنے کے قابل تھے چھ لاکھ سے زائد تھی۔ اس طرح کل تعداد پندرہ سے بیس لاکھ تک ہو سکتی ہے۔ ان میں نظم و ضبط قائم رکھنے کے لیے ان کو بارہ قبیلوں میں تقسیم کیا۔ اس خشک بیابان میں پانی فراہم کیا۔ تپتی دھوپ سے بچانے کے لیے بادلوں کا سائبان، کھانے کے لیے من و سلویٰ۔ ان تمام نعمتوں کے باوجود یہ قوم مسلسل غداریوں کا ارتکاب کرتی رہی۔

۱۶۱۔۱۶۲۔ انسانی تاریخ کا جو باب بنی اسرائیل نے رقم کیا ہے اس کے سیاہ صفحہ کی طرف اشارہ کیا جا رہا ہے کہ اس قوم نے اللہ کے بے شمار احسانات کے جواب میں کیا کیا مجرمانہ حرکتیں کیں۔

غَيْرَ الَّذِىْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَرْسَلْنَا
عَلَيْهِمْ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا
يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۶۲﴾ ع
وَسْـَٔلْهُمْ عَنِ الْقَرْيَةِ الَّتِىْ كَانَتْ
حَاضِرَةَ الْبَحْرِ ۘ اِذْ يَعْدُوْنَ فِى
السَّبْتِ اِذْ تَاْتِيْهِمْ حِيْتَانُهُمْ يَوْمَ
سَبْتِهِمْ شُرَّعًا وَّيَوْمَ لَا يَسْبِتُوْنَ ۙ
لَا تَاْتِيْهِمْ ۛ كَذٰلِكَ ۛ نَبْلُوْهُمْ بِمَا
كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۳﴾
وَاِذْ قَالَتْ اُمَّةٌ مِّنْهُمْ لِمَ تَعِظُوْنَ
قَوْمًا ۙ اللّٰهُ مُهْلِكُهُمْ اَوْ مُعَذِّبُهُمْ
عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ قَالُوْا مَعْذِرَةً اِلٰى
رَبِّكُمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۴﴾
فَلَمَّا نَسُوْا مَا ذُكِّرُوْا بِهٖٓ اَنْجَيْنَا
الَّذِيْنَ يَنْهَوْنَ عَنِ السُّوْٓءِ وَاَخَذْنَا
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا بِعَذَابٍۭ بَـِٔيْسٍۢ بِمَا
كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ﴿۱۶۵﴾
فَلَمَّا عَتَوْا عَنْ مَّا نُهُوْا عَنْهُ قُلْنَا
لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً خٰسِـِٕيْنَ ﴿۱۶۶﴾
وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكَ لَيَبْعَثَنَّ عَلَيْهِمْ
اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ يَّسُوْمُهُمْ سُوْٓءَ
الْعَذَابِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ لَسَرِيْعُ
الْعِقَابِ ۚ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۶۷﴾

بدل ڈالا جو خلاف تھا اس کلمہ کے جو انہیں کہا گیا تھا، پھر ان کے اس ظلم کی وجہ سے ہم نے ان پر آسمان سے عذاب بھیجا۔☆

۱۶۳۔اور ان سے اس بستی (والوں) کے بارے میں پوچھو جو سمندر کے کنارے واقع تھی، جب یہ لوگ ہفتہ کے دن خلاف ورزی کرتے تھے اور مچھلیاں ہفتہ کے دن ان کے سامنے سطح آب پر ابھر آتی تھیں اور ہفتہ کے علاوہ باقی دنوں میں نہیں آتی تھیں، اس طرح ان کی نافرمانی کی وجہ سے ہم انہیں آزماتے تھے۔☆

۱۶۴۔اور جب ان میں سے ایک فرقے نے کہا: ان لوگوں کو کیوں نصیحت کرتے ہو جنہیں اللہ ہلاکت یا شدید عذاب میں ڈالنے والا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: (ہم یہ نصیحت) تمہارے رب کی بارگاہ میں عذر پیش کرنے کے لیے کرتے ہیں اور (اس لیے بھی کہ) شاید وہ تقویٰ اختیار کریں۔☆

۱۶۵۔پس جب انہوں نے وہ باتیں فراموش کر دیں جن کی انہیں نصیحت کی گئی تھی تو ہم نے برائی سے روکنے والوں کو نجات دی اور ظالموں کو ان کی نافرمانی کی وجہ سے برے عذاب میں مبتلا کر دیا۔☆

۱۶۶۔پس جب انہوں نے اس امر میں سرکشی کی جس سے انہیں روکا گیا تھا تو ہم نے کہا: خوار ہو کر بندر بن جاؤ۔

۱۶۷۔اور (یاد کریں) جب آپ کے رب نے اعلان کیا کہ وہ ان (یہودیوں) پر قیامت تک ایسے لوگوں کو ضرور مسلط کرتا رہے گا جو انہیں بدترین عذاب دیں گے آپ کا رب یقیناً جلد سزا دینے والا ہے اور بلا شبہ وہ غفور، رحیم بھی ہے۔☆

۱۶۳۔حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ یہ قریہ (بستی) ایلہ تھا۔

سبت (ہفتہ) کے دن مچھلیوں کا پانی کی سطح پر ابھر آنا حکمت امتحان کے مطابق ایک اصلاحی عمل تھا جس سے کامیاب و ناکام لوگ چھن کر الگ ہو گئے۔

سبت عبرانی لفظ شبت کی تعریب شدہ شکل ہے۔ اس کا لغوی معنی ختم کرنا اور آرام کرنا ہے۔ یہ دن یہودیوں کا ہفتہ وار آرام اور پرستش کا دن ہے۔اس کی تاریخ آغازِ آفرینش جتنی ہی پرانی ہے۔

اس سلسلے میں تورات کا بیان یہ ہے: سو آسمان اور زمین اور ان کے کل لشکر کا بنانا ختم ہوا اور خدا نے اپنے کام کو جسے وہ کرتا تھا ساتویں دن ختم کیا اور خدا نے ساتویں دن کو برکت دی اور اسے مقدس ٹھہرایا، کیونکہ اس میں خدا ساری کائنات سے، جسے اس نے پیدا کیا اور بنایا، فارغ ہوا۔ (تورات پیدائش باب ۲ آیات ۱۔۳)

۱۶۴۔ اس آیت میں تین گروہوں کا ذکر ہے: ایک گروہ وہ جس نے یوم سبت کے جرم کا ارتکاب کیا۔ دوسرا گروہ وہ جو اس گروہ کو ایسا نہ کرنے کی نصیحت کرتا تھا۔ تیسرا گروہ وہ جو ان کی اصلاح سے مایوس تھا اور نصیحت کے حق میں نہ تھا۔

۱۶۵۔ اس آیت میں دو گروہوں کا ذکر صریح لفظوں میں ہے: ایک وہ جنہوں نے وعظ و نصیحت امر بالمعروف و نہی عن المنکر کے سلسلے میں اپنی ذمہ داری پوری کی اور نجات پائی۔ دوسرا وہ جس نے عدم تأثیر کا بہانہ کر کے اس ذمہ داری سے پہلوتہی کی۔

۱۶۷۔ سیاق آیت وَاِذْ تَاَذَّنَ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہودیوں کو یہ تنبیہ قدیم زمانے سے کی جا رہی تھی۔ چنانچہ توریت میں آیا ہے کہ تم اپنے دشمنوں کے سامنے قتل کیے جاؤ گے اور جو لوگ تمہارے ساتھ کینہ رکھتے ہیں تم پر حکومت کریں گے۔

قرآن میں یہی تنبیہ متعدد مقامات پر مذکور ہے۔ سورۂ بنی اسرائیل آیت ۸ میں اس تنبیہ کے بعد فرمایا: عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ عُدْتُّمْ عُدْنَا ۔ ہو سکتا ہے تمہارا رب تم پر رحم کرے اور اگر تم نے پھر وہی حرکت کی تو ہم بھی وہی سلوک کریں گے۔

وَقَطَّعْنٰهُمْ فِي الْاَرْضِ اُمَمًا ۚ مِنْهُمُ الصّٰلِحُوْنَ وَمِنْهُمْ دُوْنَ ذٰلِكَ ۫ وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّاٰتِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۱۶۸﴾

۱۶۸۔ اور ہم نے انہیں زمین میں مختلف گروہوں میں تقسیم کیا، ان میں کچھ لوگ نیک اور کچھ لوگ دوسری طرح کے تھے اور ہم نے آسائشوں اور تکلیفوں کے ذریعے انہیں آزمایا کہ شاید وہ باز آ جائیں۔ ☆

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۭ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۭ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾

۱۶۹۔ پھر ان کے بعد ناخلف لوگ ان کے جانشین ہوئے جو کتاب اللہ کے وارث بن کر اس ادنیٰ زندگی کا مال و متاع سمیٹتے تھے اور کہتے تھے: ہم جلد ہی بخش دیے جائیں گے اور اگر ایسی ہی اور متاع ان کے سامنے آ جائے تو اسے بھی اچک لیتے، کیا ان سے کتاب کا میثاق نہیں لیا گیا تھا کہ وہ اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا کچھ بھی نہ کہیں گے اور جو کچھ کتاب کے اندر ہے اسے یہ لوگ پڑھ چکے ہیں اور اہل تقویٰ کے لیے آخرت کی زندگی ہی بہترین زندگی ہے، کیا تم سمجھتے نہیں ہو؟ ☆

وَالَّذِيْنَ يُمَسِّكُوْنَ بِالْكِتٰبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّا لَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُصْلِحِيْنَ ﴿۱۷۰﴾

۱۷۰۔ اور جو لوگ کتاب اللہ سے متمسک رہتے اور نماز قائم کرتے ہیں ہم (ایسے) مصلحین کا اجر ضائع نہیں کرتے۔

وَاِذْ نَتَقْنَا الْجَبَلَ فَوْقَهُمْ كَاَنَّهٗ ظُلَّةٌ وَّظَنُّوْٓا اَنَّهٗ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ۚ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۱﴾ ع

۱۷۱۔ اور (یہ بات بھی یاد کرو) جب ہم نے پہاڑ کو ان کے اوپر اس طرح اٹھایا گویا وہ سائبان ہو اور انہیں یہ گمان تھا کہ وہ ان پر گرنے ہی والا ہے (ہم نے ان سے کہا) جو کچھ ہم نے تمہیں دے رکھا ہے پوری قوت کے ساتھ اس سے متمسک رہو اور جو کچھ اس میں ہے اسے یاد رکھو شاید کہ تم تقویٰ والے بن جاؤ۔

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ۭ

۱۷۲۔ اور جب آپ کے رب نے اولاد آدم کی پشتوں سے ان کی نسل کو نکالا تھا اور ان پر خود انہیں گواہ بنا کر (پوچھا تھا:) کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں؟ سب نے

۱۶۸۔ آزمائشوں میں کامیابی کا واحد راستہ یہ ہے کہ انسان آسائشوں میں شاکر اور تکلیفوں میں صابر رہے۔

۱۶۹۔ بنی اسرائیل میں ایک زمانہ تک کچھ لوگ نیک اور صالح رہے ہیں، لیکن بعد میں ان کی جگہ ایسے ناخلف لوگوں نے لی جنہوں نے کتاب خدا کو پڑھ لیا حلال و حرام سے واقف ہوئے، لیکن ان سے مثبت اثر لینے کی بجائے ان لوگوں نے ناجائز ذرائع سے دنیاوی مال و متاع سمیٹنا شروع کیا۔

اور یہ کہ ان گناہوں کے ارتکاب پر نالاں ہونے کی بجائے وہ نازاں تھے اور کہتے تھے: سَيُغْفَرُ لَنَا ہم بخشے جائیں گے۔ کیونکہ ہم اللہ کی برگزیدہ قوم ہیں ہم کو اللہ عذاب نہیں دے گا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ (آل عمران: ۲۴) آتش جہنم ہمارے نزدیک نہیں آئے گی۔ یہ بات اللہ پر بہتان و افتراء پردازی ہے۔ حالانکہ ان سے عہد و میثاق لیا گیا تھا کہ وہ اس قسم کی ناحق نسبت اللہ کی طرف نہ دیں۔

۱۷۲۔ آیت سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ تخلیق انسان کے موقع پر اللہ نے اولاد آدم سے اپنی ربوبیت کا اقرار لیا تھا۔ ہمارے نزدیک اس کی صورت یہ ہو سکتی ہے کہ خالق نے تخلیق انسان کے موقع پر ان کی فطرت اور سرشت میں معرفت رب ودیعت فرمائی جیسا کہ انسان کی تخلیق میں کام آنے والے اربوں خلیوں کی پیدائش ایک خلیے سے ہوئی اور جو سبق ابتدائی خلیے میں موجود جین (gene) کو پڑھایا گیا ہے وہ آنے والے تمام خلیات میں بطور وراثت منتقل ہو جاتا ہے۔ انسان نے اب تک جس حد تک عالم خلیات کے اندر جھانک کر دیکھا ہے اور تخلیق و تعمیر پر مامور اس محیر العقول لشکر کی حیرت انگیز کرشمہ سازیوں کا مشاہدہ کیا ہے، اس سے یہ بات بعید از قیاس معلوم نہیں ہوتی کہ اللہ تعالیٰ نے آدم (ع) کی پشت سے ان کی نسل کو نکالا تھا تو نسل انسانی کی جبلت کے ابتدائی خلیے کو اپنی ربوبیت کا درس پڑھایا ہو اور پھر اس سے اس کا اقرار لیا ہو۔ چنانچہ انبیاء کی بعثت کے بارے میں حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: لِيَسْتَأْدُوهُمْ مِيثَاقَ فِطْرَتِهِ انہیں اس لیے بھیجا تا کہ لوگوں کو اللہ کی فطرت کا عہد و میثاق یاد دلائیں۔ (نہج البلاغۃ)

قَالُوْا بَلٰى ۛ شَهِدْنَا ۛ اَنْ تَقُوْلُوْا
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا
غٰفِلِيْنَ ۙ﴿۱۷۲﴾
اَوْ تَقُوْلُوْٓا اِنَّمَآ اَشْرَكَ اٰبَآؤُنَا
مِنْ قَبْلُ وَكُنَّا ذُرِّيَّةً مِّنْۢ
بَعْدِهِمْ ۚ اَفَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ
الْمُبْطِلُوْنَ﴿۱۷۳﴾
وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَلَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ﴿۱۷۴﴾
وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ الَّذِيْٓ اٰتَيْنٰهُ اٰيٰتِنَا
فَانْسَلَخَ مِنْهَا فَاَتْبَعَهُ الشَّيْطٰنُ
فَكَانَ مِنَ الْغٰوِيْنَ﴿۱۷۵﴾
وَلَوْ شِئْنَا لَرَفَعْنٰهُ بِهَا وَلٰكِنَّهٗٓ
اَخْلَدَ اِلَى الْاَرْضِ وَاتَّبَعَ
هَوٰىهُ ۚ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ الْكَلْبِ ۚ
اِنْ تَحْمِلْ عَلَيْهِ يَلْهَثْ اَوْ تَتْرُكْهُ
يَلْهَثْ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاقْصُصِ الْقَصَصَ
لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ﴿۱۷۶﴾
سَآءَ مَثَلًا ۨ الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
بِاٰيٰتِنَا وَاَنْفُسَهُمْ كَانُوْا يَظْلِمُوْنَ﴿۱۷۷﴾
مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ ۚ وَ
مَنْ يُّضْلِلْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ

کہا تھا: ہاں! (تو ہمارا رب ہے) ہم اس کی گواہی دیتے ہیں، (یہ اس لیے ہوا تھا کہ) قیامت کے دن تم یہ نہ کہ سکو کہ ہم تو اس بات سے بے خبر تھے۔☆

۱۷۳۔ یا یہ کہو کہ شرک تو ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا نے کیا تھا اور ہم تو ان کے بعد کی اولاد ہیں، تو کیا اہل باطل کے قصور کے بدلے میں ہمیں ہلاکت میں ڈالو گے؟

۱۷۴۔ اور اس طرح ہم آیات کو کھول کر بیان کرتے ہیں شاید کہ یہ لوٹ آئیں۔

۱۷۵۔ اور انہیں اس شخص کا حال سنا دیجیے جسے ہم نے اپنی آیات دیں مگر وہ انہیں چھوڑ نکلا پھر شیطان نے اس کا پیچھا کیا تو وہ گمراہوں میں سے ہو گیا۔

۱۷۶۔ اور اگر ہم چاہتے تو ان (آیات) کے طفیل اس کا رتبہ بلند کرتے لیکن اس نے تو اپنے آپ کو زمین بوس کر دیا اور اپنی نفسانی خواہش کا تابعدار بن گیا تھا، لہٰذا اس کی مثال اس کتے کی سی ہو گئی کہ اگر تم اس پر حملہ کرو تو بھی زبان لٹکائے رہے اور چھوڑ دو تو بھی زبان لٹکائے رکھے، یہ ان لوگوں کی مثال ہے جو ہماری آیات کی تکذیب کرتے ہیں، پس آپ انہیں یہ حکایتیں سنا دیجیے کہ شاید وہ فکر کریں۔☆

۱۷۷۔ بدترین مثال ان لوگوں کی ہے جو ہماری آیات کی تکذیب کرتے ہیں اور خود اپنے نفسوں پر ظلم کرتے ہیں۔

۱۷۸۔ راہ راست وہ پاتا ہے جسے اللہ ہدایت عطا کرے اور جنہیں اللہ گمراہ کرے وہ

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس بارے میں منقول ہے: ثبتت المعرفة في قلوبهم ونسوا الموقف۔(المحاسن ۱:۲۴۱) یعنی لوگ واقعہ بھول گئے مگر معرفت دلوں میں نقش ہو گئی۔ ہم اپنے الفاظ میں یوں کہہ سکتے ہیں: کلاس بھول گئے مگر سبق یاد ہے۔

۱۷۶۔ حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ یہ آیت بلعم باعور کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ اسے اسم اعظم کا علم دیا گیا تھا جس سے اس کی دعائیں قبول ہوتی تھیں۔ جب فرعون حضرت موسیٰ (ع) اور ان کے ساتھیوں کی طلب میں نکلا تو فرعون نے بلعم باعور سے کہا: موسیٰ (ع) کے خلاف دعا کرو۔ بلعم باعور حضرت موسیٰ (ع) کے تعاقب میں نکلنے کے لیے اپنے گدھے پر سوار ہوا لیکن گدھے نے ساتھ نہ دیا اور اسم اعظم بھی ذہن سے نکل گیا۔

مفسرین و محدثین کو اختلاف ہے کہ یہ آیت کس کے بارے میں نازل ہوئی۔ بعض کے نزدیک امیہ بن ابی صلت ہے۔ بعض کے نزدیک عامر بن نعمان راہب ہے۔ لیکن حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ اس آیت کا اصل شان نزول بلعم باعور کے بارے میں ہے۔ (مجمع البیان)۔

وَلَوْ شِئْنَا: اگر ہم چاہتے۔ اللہ کی مشیت ہے۔ اس کی مشیت حکمت و مصلحت کے تحت ہوتی ہے۔ اس شخص نے اگر اپنے علم پر عمل کیا ہوتا تو اس کا رتبہ بلند ہونا تھا۔ مگر اس نے بدعمل ہو کر اپنے آپ کو گرا دیا اور زمین بوس ہو گیا۔ جب علم رکھنے والا خواہش پرست اور دنیا دار ہو جاتا ہے تو اس کی مثال کتے کی سی ہو جاتی ہے کہ وہ اپنے مزاج اور طبیعت میں لچک نہیں رکھتا، اسے نصیحت کرو یا اسے اپنی حالت پر چھوڑ دو، وہ قابل ہدایت نہیں ہوتا۔ یعنی اس کی حرص و ہوس کی آتش بجھنے والی نہیں ہے۔

۱۷۸۔ حقیقی ہدایت وہ ہے جس میں اللہ کی مشیت شامل ہو۔ اللہ کی مشیت تو صرف اہل لوگوں کے بارے میں ہوتی ہے اور اس طرح گمراہ وہ ہے جس کی گمراہی میں اللہ کی مشیت شامل ہو اور اللہ کی مشیت صرف ناقابل ہدایت لوگوں کی ضلالت کے بارے میں ہوتی ہے۔

الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

وَلَقَدْ ذَرَاْنَا لِجَهَنَّمَ كَثِيْرًا مِّنَ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ۖ لَهُمْ قُلُوْبٌ لَّا
يَفْقَهُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اَعْيُنٌ لَّا
يُبْصِرُوْنَ بِهَا ۫ وَلَهُمْ اٰذَانٌ لَّا
يَسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ اُولٰٓئِكَ كَالْاَنْعَامِ
بَلْ هُمْ اَضَلُّ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ
الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ
بِهَا ۪ وَذَرُوا الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ
اَسْمَآئِهٖ ؕ سَيُجْزَوْنَ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۰﴾

وَمِمَّنْ خَلَقْنَآ اُمَّةٌ يَّهْدُوْنَ
بِالْحَقِّ وَبِهٖ يَعْدِلُوْنَ ﴿۱۸۱﴾ ع ۲۲ ۱۱

وَالَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا سَنَسْتَدْرِجُهُمْ
مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۲﴾

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ؕ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۱۸۳﴾

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا ۗ مَا بِصَاحِبِهِمْ مِّنْ
جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸۴﴾

اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ
اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ۙ وَّاَنْ عَسٰٓى اَنْ
يَّكُوْنَ قَدِ اقْتَرَبَ اَجَلُهُمْ ۚ

خسارے میں ہیں۔☆

۱۷۹۔ اور بتحقیق ہم نے جن و انس کی ایک کثیر تعداد کو (گویا) جہنم ہی کے لیے پیدا کیا ہے، ان کے پاس دل تو ہیں مگر وہ ان سے سمجھتے نہیں اور ان کی آنکھیں ہیں مگر وہ ان سے دیکھتے نہیں اور ان کے کان ہیں مگر وہ ان سے سنتے نہیں، وہ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی گئے گزرے، یہی لوگ تو (حق سے) غافل ہیں۔☆

۱۸۰۔ اور زیباترین نام اللہ ہی کے لیے ہیں پس تم اسے انہی (اسمائے حسنٰی) سے پکارو اور جو اللہ کے اسماء میں کج روی کرتے ہیں انہیں چھوڑ دو، وہ عنقریب اپنے کیے کی سزا پائیں گے۔☆

۱۸۱۔ اور جنہیں ہم نے پیدا کیا ہے ان میں ایک جماعت ایسی ہے جو حق کے مطابق ہدایت کرتی ہے اور اسی کے مطابق عدل کرتی ہے۔☆

۱۸۲۔ اور جو ہماری آیات کی تکذیب کرتے ہیں ہم انہیں بتدریج اس طرح گرفت میں لیں گے کہ انہیں خبر تک نہ ہوگی۔

۱۸۳۔ اور میں انہیں ڈھیل دوں گا، میری تدبیر یقیناً نہایت مضبوط ہے۔

۱۸۴۔ کیا ان لوگوں نے غور نہیں کیا کہ ان کے ساتھی (محمدؐ) میں کسی قسم کا جنون نہیں ہے؟ وہ تو بس صاف صاف تنبیہ کرنے والا ہے۔☆

۱۸۵۔ کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی سلطنت اور جو چیزیں اللہ نے پیدا کی ہیں ان میں غور نہیں کیا اور (یہ نہیں سوچا کہ) شاید ان کی موت کا وقت نزدیک ہو رہا ہو؟ آخر اس (قرآن) کے بعد وہ

۱۷۹۔ یہاں چار صورتیں قابل تصور ہیں: اول یہ کہ اللہ مومن و کافر سب کو جنت بھیج دے۔ دوم یہ کہ کافر و مومن سب کو جہنم بھیج دے۔ سوم یہ کہ مومن کو جہنم اور کافر کو جنت روانہ کرے اور چہارم یہ کہ مومن کو جنت اور کافر کو جہنم بھیج دے۔ پہلی، دوسری اور تیسری صورتیں ناممکن ہیں۔ پس چوتھی صورت ہی ممکن اور عدل و انصاف کے مطابق ضروری بھی ہے۔ اس نظام عدل کے مطابق لازم آتا ہے کہ کچھ لوگوں کو گویا جہنم ہی کے لیے پیدا کیا گیا ہے

۱۸۰۔ مسمّٰی کی عظمت اور حسن سے اسم میں عظمت اور حسن آتا ہے۔ مسمّٰی اگر آپ کا محبوب ہے تو اسم بھی شیریں محسوس ہوتا ہے۔ لہٰذا آداب بندگی یہی ہیں کہ اللہ کو اس کے اچھے ناموں کا ساتھ پکارا جائے۔ فریقین کی روایات میں آیا ہے کہ اللہ کے ننانوے اسمائے حسنٰی ہیں۔ جو ان اسما کے ساتھ دعا کرے اس کی دعا قبول ہوگی۔

۱۸۱۔ تفسیر المنار میں حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپؐ نے فرمایا ہے: یہ امت ۷۳ فرقوں میں بٹ جائے گی۔ سب جہنمی ہوں گے سوائے اس فرقے کے جس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے۔ آئمہ اہل البیتؑ کی روایات میں اس فرقے کی نشاندہی کی گئی ہے۔

۱۸۴۔ عناد و دشمنی ہر قسم کے کمالات اور صحیح ادراک کے لیے مانع ہوتی ہے ورنہ رسول خدا (ص) کی سیرت، اخلاق، فکری صلاحیت، امانت اور صداقت جسے وہ دن رات دیکھتے آئے تھے نیز آسمانوں اور زمین کی وحدت حکومت، انسان سمیت ساری مخلوقات خدا اور خود انسانوں کی موت ان سب پر صاف دل اور کھلے دماغ سے غور و فکر کرتے تو کوئی وجہ نہ تھی کہ وہ رسولؐ خدا کو جن زدہ سمجھتے اور قرآن پر ایمان نہ لاتے۔

بِصَاحِبِهِمْ: رسولؐ کو ان کا ساتھی اس لیے کہا کہ رسول چالیس سال تک انہی کے درمیان رہے ہیں اور سب ان کے اخلاق، سیرت، فکری صلاحیت اور امانت و صداقت سب دیکھ چکے ہیں۔

۱۸۵۔ یہ لوگ رسول اکرم (ص) کو تو مجنون کہتے ہیں، لیکن خود عقل و فکر سے کام نہیں لیتے ورنہ یہ لوگ اگر اللہ کی اس سلطنت و حکومت پر غور کرتے جو آسمانوں اور زمین پر قائم ہے اور اس کی مخلوقات میں غور و فکر کرتے تو انہیں رسولؐ کی تعلیمات کی حقانیت کا علم ہوتا کہ اللہ کے ساتھ کوئی

فَبِاَیِّ حَدِیْثٍۢ بَعْدَهٗ یُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۵﴾
مَنْ یُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَا هَادِیَ لَهٗ ؕ وَ
یَذَرُهُمْ فِیْ طُغْیَانِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۱۸۶﴾
یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَیَّانَ
مُرْسٰىهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا عِلْمُهَا عِنْدَ
رَبِّیْ ۚ لَا یُجَلِّیْهَا لِوَقْتِهَاۤ اِلَّا هُوَ ؕ
ثَقُلَتْ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ لَا
تَاْتِیْكُمْ اِلَّا بَغْتَةً ؕ یَسْـَٔلُوْنَكَ
كَاَنَّكَ حَفِیٌّ عَنْهَا ؕ قُلْ اِنَّمَا
عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸۷﴾
قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِیْ نَفْعًا وَّ لَا
ضَرًّا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَ لَوْ كُنْتُ
اَعْلَمُ الْغَیْبَ لَاسْتَكْثَرْتُ مِنَ
الْخَیْرِ ۛۚ وَ مَا مَسَّنِیَ السُّوْٓءُ ؕ اِنْ
اَنَا اِلَّا نَذِیْرٌ وَّ بَشِیْرٌ لِّقَوْمٍ
یُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۸۸﴾ ع
هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ
وَّاحِدَةٍ وَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا
لِیَسْكُنَ اِلَیْهَا ۚ فَلَمَّا تَغَشّٰىهَا
حَمَلَتْ حَمْلًا خَفِیْفًا فَمَرَّتْ بِهٖ ۚ
فَلَمَّاۤ اَثْقَلَتْ دَّعَوَا اللّٰهَ رَبَّهُمَا
لَىِٕنْ اٰتَیْتَنَا صَالِحًا لَّنَكُوْنَنَّ مِنَ

وقف مرخص وقف لازم

معانقہ ۸ ع ۲۴

کس بات پر ایمان لائیں گے؟☆

۱۸۶۔ جسے اللہ گمراہ کرے کوئی اس کی ہدایت کرنے والا نہیں اور اللہ ایسے لوگوں کو ان کی اپنی سرکشی میں بھٹکتا ہوا چھوڑ دیتا ہے۔

۱۸۷۔ یہ لوگ آپ سے سوال کرتے ہیں کہ قیامت واقع ہونے کا وقت کب ہے؟ کہہ دیجیے: اس کا علم صرف میرے رب کے پاس ہے، قیامت کے وقت کو اللہ کے سوا کوئی ظاہر نہیں کر سکتا، (قیامت کا واقع ہونا) آسمانوں اور زمین کا بڑا بھاری حادثہ ہوگا جو ناگہاں تم پر آ جائے گا، یہ آپ سے اس طرح پوچھتے ہیں گویا آپ اس کی کھوج میں ہوں، کہہ دیجیے: اس کا علم صرف اللہ کے پاس ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۱۸۸۔ کہہ دیجیے: میں خود بھی اپنے نفع و نقصان کا مالک نہیں ہوں مگر اللہ جو چاہتا ہے (وہ ہوتا ہے) اور اگر میں غیب کی باتیں جانتا ہوتا تو بہت سے فائدے حاصل کر لیتا اور مجھے کوئی تکلیف بھی نہ پہنچتی، میں تو بس ایمان والوں کو تنبیہ کرنے اور بشارت دینے والا ہوں۔☆

۱۸۹۔ وہی تو ہے جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا اور اسی سے اس کا جوڑا بنایا تاکہ (انسان) اس سے سکون حاصل کرے پھر اس کے بعد جب مرد نے عورت کو ڈھانپ لیا (مقاربت کی) تو عورت کو ہلکا سا حمل ہو گیا جس کے ساتھ وہ چلتی پھرتی رہی، پھر جب وہ حمل بھاری ہوا تو دونوں (میاں بیوی) نے اپنے رب اللہ سے دعا کی کہ اگر تو نے ہمیں سالم بچہ دیا

شریک نہیں ہو سکتا۔ کائنات کی وحدت، سلطنت کی وحدت، نظام کی وحدت، خالق کی وحدت پر دلالت کرتی ہے۔ وہ دنیا کی اس ظاہری زندگی کے فریب میں بدمست ہیں، ورنہ یہ لوگ اگر اپنی موت کا تصور کرتے تو کبھی از راہ احتیاط رسول (ص) کی تعلیمات کو مسترد نہ کرتے۔ قرآن جیسے معجزے کو یہ نہیں مانتے تو وہ کون سی ایسی بات ہو سکتی ہے جس پر یہ ایمان لائیں۔

۱۸۷۔ تمام انبیاء اور تمام ادیان میں یہ بات مسلمہ ہے کہ قیامت برپا ہونے کے وقت کا علم صرف اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ چنانچہ انجیل متی ۲۴: ۳۶ میں آیا ہے: اس دن اور اس گھڑی کی بات کوئی نہیں جانتا، نہ آسمان کے فرشتے اور نہ بیٹا، مگر صرف باپ۔

مشرکین مکہ یہود سے مل کر اسی لیے رسول کریمؐ سے قیامت کے بارے میں پوچھنے آئے کہ کیا جواب دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

۱۸۸۔ مشیت و ارادۂ خداوندی سب پر حاکم ہے تو نبی اور عام بشر میں کیا فرق ہے؟ جواب یہ ہے کہ نبی اور بشر میں فرق کا دار و مدار اسی مشیت و منشاء الٰہی پر موقوف ہے۔ مشیت کی بنیاد ظرفیت اور اہلیت پر ہے۔ یہی مشیت و ارادۂ خداوندی رسول اللہؐ کو قاب قوسین تک لے جاتا ہے اور ابولہب کو اسفل سافلین تک۔

غیب کی جو نفی کی گئی ہے وہ ذاتی علم غیب کی نفی ہے، مگر وہ علم غیب جو اللہ کی طرف سے عنایت ہوتا ہے اس کی نفی نہیں کی گئی، بلکہ دوسری آیات اسے ثابت کرتی ہیں۔

۱۸۹۔ ۱۹۰۔ پہلے انسان کی تخلیق کا ذکر فرمایا کہ اللہ ہی نے تم کو ایک جان سے پیدا کیا، پھر اللہ ہی نے تمہارے سکون کے لیے اور نسل آدم کو آگے بڑھانے کے لیے جوڑا بھی بنایا، اس کے بعد جب نسل آدم آگے چلی تو انسان کی تخلیق میں مشرکانہ نظریات وجود میں آنے لگے۔

چنانچہ اس آیت میں مشرکین کی ایک جاہلانہ سوچ کی طرف توجہ دلائی گئی ہے کہ والدین زمانہ حمل میں تو ساری امیدیں اللہ سے وابستہ کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں کہ اے اللہ ہم کو صحیح سالم بچہ عنایت فرما۔ جب اللہ ان کو صحیح و سالم بچہ عنایت فرماتا ہے تو اس بچے کو عطائے خداوندی تصور کر کے اس کی بارگاہ میں شکر گزار ہونے کی

الشّٰكِرِيْنَ ﴿۱۸۹﴾

فَلَمَّآ اٰتٰىهُمَا صَالِحًا جَعَلَا لَهٗ شُرَكَآءَ
فِيْمَآ اٰتٰىهُمَا ۚ فَتَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۹۰﴾

اَيُشْرِكُوْنَ مَا لَا يَخْلُقُ شَيْـًٔا وَّ
هُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۱۹۱﴾

وَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ لَهُمْ نَصْرًا وَّلَآ
اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۲﴾

وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا
يَتَّبِعُوْكُمْ ؕ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ
اَدَعَوْتُمُوْهُمْ اَمْ اَنْتُمْ صَامِتُوْنَ ﴿۱۹۳﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
عِبَادٌ اَمْثَالُكُمْ فَادْعُوْهُمْ
فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿۱۹۴﴾

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ اَمْ
لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ
اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ اَمْ لَهُمْ
اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ ادْعُوْا
شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا
تُنْظِرُوْنِ ﴿۱۹۵﴾

اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ
وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۹۶﴾

تو ہم ضرور تیرے شکر گزار ہوں گے۔☆

۱۹۰۔پس جب اللہ نے انہیں سالم بچہ عطا کیا تو وہ دونوں اللہ کی اس عطا میں (دوسروں کو) اللہ کے شریک ٹھہرانے لگے، اللہ ان کی مشرکانہ باتوں سے بالاتر ہے۔☆

۱۹۱۔کیا یہ لوگ ایسوں کو اللہ کا شریک بناتے ہیں جو کوئی چیز خلق نہیں کر سکتے بلکہ خود مخلوق ہوتے ہیں؟ ☆

۱۹۲۔اور جو نہ تو ان کی مدد کر سکتے ہیں اور نہ ہی خود اپنی مدد کرنے پر قادر ہیں۔☆

۱۹۳۔اور اگر تم انہیں راہ راست کی طرف بلاؤ تو وہ تمہاری اطاعت نہیں کریں گے، تمہارے لیے یکساں ہے خواہ تم انہیں دعوت دو یا تم خاموشی اختیار کرو۔☆

۱۹۴۔اللہ کے سوا جنہیں تم پکارتے ہو وہ تمہاری طرح کے بندے ہیں، پس اگر تم سچے ہو تو تم انہیں ذرا پکار کر تو دیکھو انہیں چاہیے کہ تمہیں (تمہاری دعاؤں کا) جواب دیں۔☆

۱۹۵۔کیا ان کے پیر ہیں جن سے وہ چلتے ہیں؟ کیا ان کے ہاتھ ہیں جن سے وہ پکڑتے ہیں؟ کیا ان کی آنکھیں ہیں جن سے وہ دیکھتے ہیں؟ کیا ان کے کان ہیں جن سے وہ سنتے ہیں؟ کہہ دیجیے: تم اپنے شریکوں کو بلاؤ پھر میرے خلاف (جو) تدبیریں (کر سکتے ہو) کرو اور مجھے مہلت تک نہ دو۔☆

۱۹۶۔بے شک میرا آقا تو وہ اللہ ہے جس نے کتاب نازل کی اور جو صالحین کا کارساز ہے۔☆

بجائے وہ اسے غیر اللہ کی عنایت گردانے لگتے ہیں۔مثلاً فلاں پیر نے یہ اولاد دی ہے یا فلاں دیوی اوتار یا فلاں بت یا ستارے کا عطیہ ہے۔ واضح رہے اگر یہ تصور کیا جائے کہ فلاں بزرگ کی دعا سے اللہ نے یہ بچہ عنایت فرمایا ہے تو یہ شرک نہیں ہے۔کیونکہ اللہ سے دعا تو عین توحید ہے یا کسی برگزیدہ ہستی کو وسیلہ بنا کر دعا کی جائے تو یہ عقیدہ بھی درست ہے کہ اس وسیلے کی وجہ سے میری دعا قبول ہوئی اور اللہ نے بچہ عنایت فرمایا۔

۱۹۱ تا ۱۹۳۔انسانی عقل وشعور کے لیے دعوت فکر ہے کہ ایسی ذات کے سامنے جھکنا چاہیے جو مؤثر فی الوجود ہو، یعنی جو خالق ہے اس کی پرستش ہو۔جن کو یہ لوگ شریک مانتے ہیں وہ نہ صرف یہ کہ مؤثر فی الوجود نہیں ہیں بلکہ وہ خود متاثر اور مخلوق ہیں۔ دوسری آیت میں بات کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے فرمایا: وہ تو نہ صرف اپنے پرستاروں کی مدد نہیں کرتے بلکہ خود اپنی مدد بھی نہیں کر سکتے۔

تیسری آیت میں مشرکین کی مزید حماقت کی طرف اشارہ فرمایا کہ جن کو تم شریک خدا بناتے ہو وہ تمہاری راہنمائی کرنا تو درکنار بلکہ اگر تم ان شریکوں کی راہنمائی کرنا چاہو تو وہ کسی کی راہنمائی قبول کرنے کے بھی اہل نہیں ہیں۔تمہاری پکار کا جواب تک دینے کے قابل نہیں ہیں۔

۱۹۴ تا ۱۹۶۔جن غیر اللہ کو تم پکارتے ہو وہ تمہاری طرح مخلوق اور محتاج ہیں۔ان معبودوں میں سے کچھ تو تمہاری پکار تک سننے کے اہل نہیں ہیں بلکہ جو اعضاء و جوارح خود تمہارے پاس ہیں وہ بھی تمہارے ان شریکوں کے پاس نہیں ہیں۔لہذا یہ شریک خود تم سے بھی زیادہ گئے گزرے ہیں۔ نہایت حیرت کی بات ہے کہ ایسی بے بس چیزوں کو معبود مانتے ہو۔

اس کے بعد ان ناداں کم عقل اور جاہل لوگوں کو ایک چیلنج کے ذریعے اس پر حماقت مسئلے کو سمجھانے کی کوشش کی جاتی ہے کہ اے رسول ان سے کہہ دیجیے: تم اپنے معبودوں سے مل کر میرے خلاف جو کچھ کر سکتے ہو کرو اور اپنے معبود کی قدرت و طاقت کا مظاہرہ میرے خلاف کر کے دکھاؤ۔چیلنج میں اتنا اعتماد ظاہر کریں کہ ان سے کہیں کہ میرے خلاف پورا زور لگائیں اور مہلت بھی نہ دیں، میرا والی اور میرا کارساز میری مدد کرے گا۔

وَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَكُمْ وَ لَاۤ
اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ ﴿۱۹۷﴾
وَ اِنْ تَدْعُوْهُمْ اِلَى الْهُدٰى لَا
يَسْمَعُوْا ؕ وَ تَرٰىهُمْ يَنْظُرُوْنَ
اِلَيْكَ وَ هُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۹۸﴾
خُذِ الْعَفْوَ وَ اْمُرْ بِالْعُرْفِ وَ
اَعْرِضْ عَنِ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۱۹۹﴾
وَ اِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ
نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ ﴿۲۰۰﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ
مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ
مُّبْصِرُوْنَ ﴿۲۰۱﴾
وَ اِخْوَانُهُمْ يَمُدُّوْنَهُمْ فِى الْغَيِّ
ثُمَّ لَا يُقْصِرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾
وَ اِذَا لَمْ تَاْتِهِمْ بِاٰيَةٍ قَالُوْا لَوْ لَا
اجْتَبَيْتَهَا ؕ قُلْ اِنَّمَاۤ اَتَّبِعُ مَا
يُوْحٰۤى اِلَىَّ مِنْ رَّبِّىْ ۚ هٰذَا بَصَآئِرُ
مِنْ رَّبِّكُمْ وَ هُدًى وَّ رَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ
يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۰۳﴾
وَ اِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ
وَ اَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾

۱۹۷۔ اور اللہ کے سوا جنہیں تم پکارتے ہو وہ نہ تو تمہاری مدد کر سکتے ہیں اور نہ ہی خود اپنی مدد کر سکتے ہیں۔☆

۱۹۸۔ اور اگر ہدایت کے لیے تم انہیں بلاؤ تو وہ تمہاری بات بھی سن نہیں سکتے اور تم انہیں دیکھتے ہو کہ بظاہر وہ تمہاری طرف دیکھ رہے ہیں جبکہ وہ کچھ بھی دیکھ نہیں سکتے۔☆

۱۹۹۔ (اے رسول) درگزر سے کام لیں، نیک کاموں کا حکم دیں اور جاہلوں سے کنارہ کش ہو جائیں۔☆

۲۰۰۔ اور اگر شیطان آپ کو کسی طرح اکسائے تو اللہ کی پناہ مانگیں، یقیناً وہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۲۰۱۔ بے شک جو لوگ اہل تقویٰ ہیں انہیں جب کبھی شیطان کی طرف سے کسی خطرے کا احساس ہوتا ہے تو وہ چوکنے ہو جاتے ہیں اور انہیں اسی وقت سوجھ آ جاتی ہے۔

۲۰۲۔ اور ان کے (شیطانی) بھائی انہیں گمراہی میں کھینچتے لیے جاتے ہیں پھر وہ (انہیں گمراہ کرنے میں) کوتاہی بھی نہیں کرتے۔

۲۰۳۔ اور جب آپ ان کے سامنے کوئی معجزہ نہیں لاتے تو کہتے ہیں: تم نے خود اپنے لیے کسی نشانی کا انتخاب کیوں نہ کیا؟ کہہ دیجیے: میں یقیناً اس وحی کا پابند ہوں جو میرے رب کی جانب سے میری طرف بھیجی جاتی ہے، یہ (قرآن) تمہارے رب کی طرف سے تمہارے لیے باعث بصیرت اور مومنوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔☆

۲۰۴۔ اور جب قرآن پڑھا جائے تو پوری توجہ کے ساتھ اسے سنا کرو اور خاموش رہا کرو، شاید تم پر رحم کیا جائے۔☆

۱۹۷۔۱۹۸ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو حکم دیا کہ ان کے معبودوں کی ناتوانی اور بے بسی کو ظاہر کرتے ہوئے ان کو چیلنج کرو کہ وہ نہ صرف یہ کہ تمہاری ہدایت نہیں کرتے، بلکہ تم ان کی ہدایت کرنا چاہو تو وہ تمہاری بات تک سننے کی اہلیت نہیں رکھتے، نہ وہ تمہیں دیکھ سکتے ہیں۔

۱۹۹۔ رسول اللہؐ کو یہ حکم اس وقت مل رہا ہے جب آپؐ مکے میں ہر طرف سے دشمنوں کے نرغے میں تھے۔ اس آیت میں دعوت و تبلیغ کے یہ اہم عناصر بیان ہوئے ہیں: ☆ اس دعوت کی راہ میں عوام کے منفی ردعمل کے نتیجے میں جو مظالم توڑے جائیں گے ان کا مقابلہ عفو و درگزر سے کیا جائے۔ ☆ شدائد و تکالیف کی پروا کیے بغیر بھلائی کی دعوت جاری رکھی جائے۔ ☆ جاہلوں سے الجھنے سے گریز کیا جائے۔

۲۰۰۔ شیطان کو اکسانے کا موقع اس وقت ملتا ہے جب لوگ صاحب دعوت کی اہانت کرتے ہیں اور انسان میں جذبہ انتقام ابھر آتا ہے۔ حضورؐ کے لیے ایسی نوبت تو نہیں آتی لیکن رسولؐ سے خطاب کر کے امت کو سمجھانا مقصود ہے۔

خوشتر آن باشد کہ سر دلبران
گفتہ آید در حدیث دیگران

۲۰۳۔ کفار نے طنز و استہزاء کے لہجے میں کہا کہ اگر آپ نے نبی کا دعویٰ کرنا تھا تو ادھر ادھر سے کوئی معجزہ بھی گھڑ کر بنا لاتے۔ عرب جاہل حضورؐ سے بھی اسی طرح کا معجزہ طلب کرتے تھے جو قرون وسطیٰ کے لوگوں کے لیے دکھایا گیا تھا اور جو محدود شریعت کے حامل انبیاء کے لیے دیا گیا تھا۔ اسلام اس وقت آیا جب انسانیت تمدن و تہذیب کے قابل ہو گئی۔ اس کی عقل و شعور بلوغ کو پہنچنے والا تھا اور یہ ایک ابدی دستور اور دائمی نظام حیات ہے۔ اس لیے کل عہد طفولیت کے محسوس پرست لوگوں کے لیے محسوس معجزہ دیا گیا تھا تو آج عہد تمدن و روشنی کے لیے معقول معجزہ دیا گیا ہے، وہ قرآن ہے اس کے اندر بصیرت اور روشنیاں ہیں اور ہدایت و رحمت سے پر ایک جامع نظام حیات ہے۔

۲۰۴۔ قرآن کی تلاوت کی آواز سنائی دے رہی ہو تو اس وقت خاموشی کے ساتھ سننا واجب ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: یجب الانصات للقرآن في الصلوة و غیرها. (وسائل الشیعة ۶:۲۱۴) تلاوت قرآن کا سننا واجب ہے، خواہ قرآن نماز کی حالت میں ہو یا اس کے

وَ اذْكُرْ رَّبَّكَ فِيْ نَفْسِكَ تَضَرُّعًا وَّ خِيْفَةً وَّ دُوْنَ الْجَهْرِ مِنَ الْقَوْلِ بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ وَلَا تَكُنْ مِّنَ الْغٰفِلِيْنَ ﴿۲۰۵﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ يُسَبِّحُوْنَهٗ وَلَهٗ يَسْجُدُوْنَ ﴿۲۰۶﴾ ع

سُوْرَةُ الْاَنْفَال مَدَنِيَّةٌ ۷۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ؕ قُلِ الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ ۪ وَ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱﴾

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَ اِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّ عَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۲﴾ ۚ

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ ؕ

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ مَغْفِرَةٌ وَّ رِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۴﴾ ۚ

۲۰۵۔(اے رسول) اپنے رب کو تضرع اور خوف کے ساتھ دل ہی دل میں اور دھیمی آواز میں صبح و شام یاد کیا کریں اور غافل لوگوں میں سے نہ ہوں۔☆

۲۰۶۔ جو لوگ آپ کے رب کے حضور میں ہوتے ہیں وہ یقیناً اس کی عبادت کرنے سے نہیں اکڑتے اور اس کی تسبیح کرتے ہیں اور اس کے آگے سجدہ ریز رہتے ہیں۔

سورۂ انفال ۔ مدنی ۔ آیات ۷۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔(اے رسول) لوگ آپ سے انفال کے متعلق پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: یہ انفال اللہ اور رسول کے ہیں، پس تم لوگ اللہ کا خوف کرو اور باہمی تعلقات مصالحانہ رکھو اور اگر تم مومن ہو تو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو۔☆

۲۔ مومن تو صرف وہ ہیں کہ جب اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپ جاتے ہیں اور جب انہیں اس کی آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے اور وہ اپنے رب پر بھروسہ کرتے ہیں۔☆

۳۔ جو نماز قائم کرتے ہیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۴۔ یہی لوگ حقیقی مومن ہیں، ان کے لیے ان کے رب کے پاس درجات ہیں اور مغفرت اور باعزت روزی ہے۔☆

علاوہ۔

۲۰۵۔ذکر کی دو قسمیں بیان ہوئی ہیں: ایک ذکر قلبی، تضرع و تذلل کے ساتھ اور دوسرا ذکر لسانی ہلکی آواز کے ساتھ جیسا کہ حدیث میں آیا ہے: اللہ تمہارے نہایت ہی قریب ہے اس کو آہستہ آواز میں پکارو۔

سورۂ انفال

۱۔ الانفال جمع ہے نفل کی۔ اس کے معنی زائد کے ہیں۔ جو واجب کے علاوہ ہو اسے نفل کہا جاتا ہے. جنگی غنیمت کو انفال اس لیے کہا جاتا ہے کہ مسلمان راہ خدا میں لڑتے ہیں اور غنیمت ایک اضافی انعام ہے۔

اگرچہ انفال کا حکم جنگ بدر کی غنیمت کے بارے میں آیا، تاہم یہ حکم ہر قسم کے انفال یعنی اموال زائد کو شامل ہے۔ مثلاً متروک آبادیاں، پہاڑوں کی چوٹیاں، جنگل، غیر آباد زمینیں اور لاوارث املاک وغیرہ، جو کسی کی ملکیت نہ ہوں۔ اسی طرح وہ اموال جو بغیر جنگ کے مسلمانوں کے قبضے میں آئے ہوں، جنہیں فئی کہتے ہیں۔ یہ سب اللہ اور رسولؐ کی ملکیت ہیں۔

۲۔غنیمت پر قابض لوگوں سے واپس لینے کے بارے میں شکایت کے سدباب کے طور پر مؤمن کی تعریف بیان فرمائی کہ اگر تم مومن ہو تو: ☆ تقویٰ اختیار کرو۔ ☆ آپس میں صلح و آشتی قائم رکھو۔ ☆ اللہ اور اس کے رسولؐ کی اطاعت کرو۔

سچے مومن وہی ہیں جو: ☆ ذکر خدا کے موقع پر کانپ جاتے ہیں۔ ☆ کلام اللہ کی تلاوت سے ان کے ایمان میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ اللہ پر بھروسہ کرتے ہیں۔ ☆ نماز قائم کرتے ہیں۔ ☆ راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔

۴۔انسان مذکورہ اوصاف کا مالک ہو تو سچے مؤمن کی منزل پر فائز ہوتا ہے اور قرب الٰہی کے اعلیٰ درجات پر فائز ہو جاتا ہے۔ ایمان کے مذکورہ اوصاف سے متصف ہونے کے بعد انسان گناہوں سے مبرا نہیں ہوتا لیکن اللہ سچے مومن کے گناہوں سے درگزر فرماتا ہے اور اس کی لغزشوں سے چشم پوشی فرماتا ہے اور اس کے نیک اعمال کا اجر و ثواب دیتا ہے۔

كَمَآ اَخْرَجَكَ رَبُّكَ مِنْۢ بَيْتِكَ
بِالْحَقِّ ۫ وَ اِنَّ فَرِيْقًا مِّنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ لَكٰرِهُوْنَ ۙ﴿۵﴾
يُجَادِلُوْنَكَ فِي الْحَقِّ بَعْدَ مَا تَبَيَّنَ
كَاَنَّمَا يُسَاقُوْنَ اِلَى الْمَوْتِ وَهُمْ
يَنْظُرُوْنَ ﴿۶﴾
وَ اِذْ يَعِدُكُمُ اللّٰهُ اِحْدَى
الطَّآئِفَتَيْنِ اَنَّهَا لَكُمْ وَ تَوَدُّوْنَ
اَنَّ غَيْرَ ذَاتِ الشَّوْكَةِ تَكُوْنُ
لَكُمْ وَ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ يُّحِقَّ الْحَقَّ
بِكَلِمٰتِهٖ وَيَقْطَعَ دَابِرَ الْكٰفِرِيْنَ ۙ﴿۷﴾
لِيُحِقَّ الْحَقَّ وَيُبْطِلَ الْبَاطِلَ وَ
لَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸﴾
اِذْ تَسْتَغِيْثُوْنَ رَبَّكُمْ فَاسْتَجَابَ
لَكُمْ اَنِّيْ مُمِدُّكُمْ بِاَلْفٍ مِّنَ
الْمَلٰٓئِكَةِ مُرْدِفِيْنَ ﴿۹﴾
وَ مَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى وَ
لِتَطْمَئِنَّ بِهٖ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَ مَا
النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع ۱۵
اِذْ يُغَشِّيْكُمُ النُّعَاسَ اَمَنَةً مِّنْهُ
وَيُنَزِّلُ عَلَيْكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً
لِّيُطَهِّرَكُمْ بِهٖ وَيُذْهِبَ عَنْكُمْ

۵۔ (انفال کے بارے میں صورت حال ویسے ہی ہے) جیسے آپ کے رب نے آپ کو حق کے ساتھ گھر سے (جنگ کے لیے) نکالا جبکہ (یہ امر) مومنوں کی ایک جماعت پر سخت گراں گزرا تھا۔☆

۶۔ حق ظاہر ہو چکنے کے بعد یہ لوگ آپ سے حق کے بارے میں الجھ رہے تھے گویا وہ موت کی طرف ہانکے جا رہے ہوں (جس کو) وہ دیکھ رہے ہوں۔☆

۷۔اور (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ تم لوگوں سے وعدہ فرما رہا تھا کہ دو گروہوں میں سے ایک تمہارے ہاتھ آ جائے گا اور تم چاہتے تھے کہ غیر مسلح گروہ تمہارے ہاتھ آ جائے جب کہ اللہ چاہتا تھا کہ حق کو اپنے فرامین کے ذریعے ثبات بخشے اور کافروں کی جڑ کاٹ دے۔☆

۸۔تاکہ حق کو ثبات مل جائے اور باطل نابود ہو جائے خواہ مجرموں کو کتنا ہی ناگوار گزرے۔

۹۔(یاد کرو) جب تم اپنے پروردگار سے فریاد کر رہے تھے تو اس نے تمہاری سن لی اور فرمایا: میں یکے بعد دیگرے آنے والے ایک ہزار فرشتوں سے تمہاری مدد کروں گا۔☆

۱۰۔ اور اس مدد کو اللہ نے تمہارے لیے صرف بشارت اور اطمینان قلب کا باعث بنایا اور (یہ باور کرایا کہ) نصرت تو بس اللہ کی جانب سے ہے، بے شک اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۱۔ (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ اپنی طرف سے امن دینے کے لیے تم پر غنودگی طاری کر رہا تھا اور آسمان سے تمہارے لیے پانی برسا رہا تھا تاکہ اس سے تمہیں پاک

۵۔۶ انفال کو اللہ اور رسول کی ملکیت قرار دینا بعض لوگوں کو سخت ناگوار تھا۔ اسی طرح جنگ بدر کے موقع پر لشکر قریش کے مقابلے پر جانا سخت ناگوار گزرا اور اس کو خودکشی تصور کرتے تھے۔ لیکن دونوں جگہ حق کا تقاضا یہ تھا کہ خطرے کا مقابلہ کیا جائے اور مال غنیمت اللہ اور رسول کے لیے چھوڑ دیا جائے۔

اس آیت میں نہایت شدید ترین لہجہ میں ان لوگوں کی سرزنش فرمائی جو جنگ میں شرکت کے حق میں نہ تھے اور اللہ کی طرف سے وعدہ فتح کے باوجود رسول اللہؐ سے مجادلہ کرتے تھے۔ اگر یہ مجادلہ وعدہ فتح سے پہلے ہوتا تو کسی حد تک قابل فہم تھا۔ چنانچہ سرزنش و عتاب کا جو لہجہ یہاں اختیار کیا گیا ہے، وہ وہی لہجہ ہے جو مشرکین کے ساتھ اختیار کیا جاتا ہے۔ لہٰذا بعض علماء نے تو یہ موقف اختیار کیا ہے کہ یہ آیت مشرکین کے بارے میں ہے۔ صاحب المنار لکھتے ہیں: و ھی بھم الیق یہ مشرکین ہی کے لیے سزاوار ہے۔ لیکن بعد میں دلیل دیتے ہیں کہ یہ مسلمانوں کے بارے میں ہی ہے۔

واقعہ یہ تھا کہ قریش کا ایک بڑا تجارتی قافلہ شام سے مکہ کو واپس جاتے ہوئے مدینہ کے قریب سے گزر رہا تھا۔ اس قافلہ کے سردار ابوسفیان کو خطرہ تھا کہ کہیں مسلمانوں کا کوئی دستہ ان پر حملہ نہ کر دے۔ چنانچہ اس نے مکہ کی طرف ایک آدمی کو روانہ کر دیا کہ وہاں سے مدد لے آئے۔ قریش مکہ نہ صرف اپنے قافلہ کو بچانے، بلکہ مسلمانوں کا خاتمہ کرنے کی نیت سے نکلے تھے۔

۷۔ مسلمانوں کو یہ علم نہ تھا کہ ان کا سامنا تجارتی قافلے سے ہوگا یا لشکر قریش سے۔ اس وقت یہ نوید سنائی گئی کہ ان دو جماعتوں میں سے ایک تمہارے ہاتھ آئے گی۔ اس کے باوجود لوگ چاہتے تھے کہ قافلے پر حملہ کیا جائے اور اللہ چاہتا تھا کہ لشکر کا مقابلہ کر کے ایک فیصلہ کن جنگ کی جائے اور کافروں کی جڑ کاٹ دی جائے۔

۹ تا ۱۱۔ اس آیت سے اس نظریے کی تائید ہوتی ہے کہ فرشتوں کی شرکت کا مقصد روحانی تقویت اور مسلمانوں کے دلوں سے خوف و ہراس کو دور اور ان کی حوصلہ افزائی کرنا تھا۔ جس صبح بدر کی جنگ ہونا تھی، اس رات کافی بارش ہوئی جس سے مسلمانوں کو کافی مدد ملی۔ اس وقت پانی پر مشرکین

رِجْزَ الشَّيْطٰنِ وَلِيَرْبِطَ عَلٰى
قُلُوْبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْاَقْدَامَ ﴿۱۱﴾
اِذْ يُوْحِيْ رَبُّكَ اِلَى الْمَلٰٓئِكَةِ اَنِّيْ
مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ
سَاُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا
الرُّعْبَ فَاضْرِبُوْا فَوْقَ الْاَعْنَاقِ
وَاضْرِبُوْا مِنْهُمْ كُلَّ بَنَانٍ ﴿۱۲﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ
وَمَنْ يُّشَاقِقِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ
اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۱۳﴾
ذٰلِكُمْ فَذُوْقُوْهُ وَاَنَّ لِلْكٰفِرِيْنَ
عَذَابَ النَّارِ ﴿۱۴﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا زَحْفًا فَلَا
تُوَلُّوْهُمُ الْاَدْبَارَ ﴿۱۵﴾ ۚ
وَمَنْ يُّوَلِّهِمْ يَوْمَئِذٍ دُبُرَهٗٓ اِلَّا
مُتَحَرِّفًا لِّقِتَالٍ اَوْ مُتَحَيِّزًا
اِلٰى فِئَةٍ فَقَدْ بَآءَ بِغَضَبٍ مِّنَ
اللّٰهِ وَمَاْوٰىهُ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ
الْمَصِيْرُ ﴿۱۶﴾
فَلَمْ تَقْتُلُوْهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ
قَتَلَهُمْ ۪ وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ
وَلٰكِنَّ اللّٰهَ رَمٰى ۚ وَلِيُبْلِيَ

کا قبضہ تھا اور بارش سے مسلمانوں کو پانی میسر آیا۔ دوسری بات یہ کہ بارش سے ریت سخت ہو گئی جس سے مسلمانوں کے قدم جم گئے۔ تیسری بات یہ ہوئی کہ دشمن نشیبی علاقے میں تھا۔ بارش سے کیچڑ ہو گیا اور دشمن کے لیے چلنا پھرنا مشکل ہو گیا۔

۱۲۔ فرشتوں سے وحی میں فرمایا کہ تم ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو۔ یہ کام فرشتوں کے ذمے لگایا۔ اللہ نے اپنے ذمے لیا کافروں کے دلوں میں رعب ڈالنا اور ان کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنا۔ چنانچہ بعض روایات سے پتہ چلتا ہے کہ کفار کے دلوں میں ایک عجیب قسم کا خوف و وحشت طاری تھا۔ مسلمانوں میں قربانی کے جذبات، ان کے شجاعانہ نعرے، طوفان باد و باران، مکہ میں مسلمانوں کی استقامت کی داستانیں۔ یہ سب باتیں ان کے دلوں میں رعب و وحشت ڈالنے کا باعث بنیں۔ اس کے بعد رخ کلام مومنوں کی طرف مڑ جاتا ہے۔ اگرچہ سیاق کلام فرشتوں کے ساتھ ہے، تاہم ثابت قدمی مسلمانوں کی طرف اور رعب وحشت کافروں کی طرف، ایسے سازگار حالات تھے جس میں گردنوں پر ضرب اور ہاتھوں پر چوٹ لگانے کا بہترین موقع میسر آیا۔ اس لیے یہ خطاب مؤمنین کے لیے ہو سکتا ہے۔

۱۶۔ میدان جنگ سے جان بچانے کے لیے بھاگنا تمام دنیا کے حربی قوانین میں بڑا جرم ہے۔ اسلامی جنگوں (جہاد) میں تو دو کامیابیوں احدی الحسنیین میں سے ایک کامیابی ملتی ہے: فتح یا شہادت۔ جس سے فرار کا مطلب یہ ہے کہ بھاگنے والوں کا ان چیزوں پر ایمان نہیں ہے، اس لیے یہ جرم زیادہ سخت ہے۔

۱۷۔ ایک بے سہارا چھوٹا سا لشکر بڑی طاقت کو ذلت آمیز شکست دے۔ یہ تمہاری قوت بازو کی بدولت نہیں بلکہ اللہ کی مدد کی بدولت ہے۔

وَمَا رَمَيْتَ اِذْ رَمَيْتَ: رسول کریمؐ نے حضرت علیؑ سے فرمایا: ناولنی کفا من حصی فناولہ۔ (بحار الانوار ۱۹: ۳۲۴) مجھے مٹھی بھر کنکریاں دے دو، سو علیؑ نے دے دیں۔ رسول کریمؐ نے شاھت الوجوہ کہکر دشمن کی طرف پھینکیں تو سب کی آنکھوں میں ریزے بھر گئے۔ اس طرح عمل رسول (ص) عمل خدا قرار پاتا ہے۔

کرے اور تم سے شیطانی نجاست دور کرے اور تمہارے دلوں کو مضبوط بنائے اور تمہارے قدم جمائے رکھے۔☆

۱۲۔ (وہ وقت بھی یاد کرو) جب آپ کا رب فرشتوں کو وحی کر رہا تھا کہ تم ایمان والوں کو ثابت قدم رکھو میں تمہارے ساتھ ہوں، عنقریب میں کافروں کے دلوں میں رعب ڈالوں گا، لہٰذا تم ان کی گردنوں کے اوپر ضرب لگاؤ اور ان کے ہاتھ اور پاؤں کی پوروں پر وار کرو۔☆

۱۳۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی اور جو اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرے تو اللہ یقیناً سخت عذاب دینے والا ہے۔

۱۴۔ یہ ہے تمہاری سزا پس اسے چکھو اور بتحقیق کافروں کے لیے دوزخ کا عذاب ہے۔

۱۵۔ اے ایمان والو! جب میدان جنگ میں کافروں سے تمہارا سامنا ہو جائے تو ان سے پیٹھ نہ پھیرنا۔

۱۶۔ اور جس نے اس روز اپنی پیٹھ پھیری مگر یہ کہ جنگی چال کے طور پر ہو یا کسی فوجی دستے سے جا ملنے کے لیے تو (کوئی حرج نہیں ورنہ) وہ اللہ کے غضب میں گرفتار ہو گیا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہو گا اور وہ بہت بری جگہ ہے۔☆

۱۷۔ پس انہیں تم نے قتل نہیں کیا بلکہ اللہ نے انہیں قتل کیا اور (اے رسول) جب آپ کنکریاں پھینک رہے تھے اس وقت آپ نے نہیں بلکہ اللہ نے کنکریاں پھینکی تھیں تاکہ اپنی طرف سے مومنوں کو بہتر آزمائش

الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾
ذٰلِكُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُوْهِنُ كَيْدِ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۸﴾
اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ
الْفَتْحُ ۚ وَاِنْ تَنْتَهُوْا فَهُوَ خَيْرٌ
لَّكُمْ ۚ وَاِنْ تَعُوْدُوْا نَعُدْ ۚ وَلَنْ تُغْنِيَ
عَنْكُمْ فِئَتُكُمْ شَيْـًٔا وَّ لَوْ
ع ۲ ۹ ۱۲ كَثُرَتْ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹﴾ ع
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَوَلَّوْا عَنْهُ وَاَنْتُمْ
تَسْمَعُوْنَ ﴿۲۰﴾
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ قَالُوْا سَمِعْنَا
وَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۱﴾
اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الصُّمُّ
الْبُكْمُ الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۲۲﴾
وَ لَوْ عَلِمَ اللّٰهُ فِيْهِمْ خَيْرًا
لَّاَسْمَعَهُمْ ؕ وَلَوْ اَسْمَعَهُمْ لَتَوَلَّوْا
وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ
وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا
يُحْيِيْكُمْ ۚ وَ اعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ
يَحُوْلُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ وَاَنَّهٗۤ

سے گزارے بے شک اللہ سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۱۸۔ یہ تھی تمہاری بات اور رہی کافروں کی بات تو اللہ ان کی مکاری کا زور توڑ دینے والا ہے۔

۱۹۔ (کافروں سے کہدو کہ) اگر تم فیصلہ چاہتے ہو تو فیصلہ تمہارے سامنے آ گیا اب اگر تم باز آ جاؤ تو تمہارے لیے بہتر ہے اور اگر تم نے (اس جرم کا) اعادہ کیا تو ہم بھی (اس سزا کا) اعادہ کریں گے اور تمہاری جماعت کثیر ہو بھی تو تمہارے کسی کام نہ آئے گی اور اللہ مومنوں کے ساتھ ہے۔☆

۲۰۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور حکم سننے کے بعد تم اس سے روگردانی نہ کرو۔☆

۲۱۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جنہوں نے یہ تو کہدیا کہ ہم نے سن لیا مگر درحقیقت وہ سنتے نہ تھے۔☆

۲۲۔ اللہ کے نزدیک تمام حیوانوں میں بدترین یقیناً وہ بہرے گونگے ہیں جو عقل سے کام نہیں لیتے۔☆

۲۳۔ اور اگر اللہ ان میں بھلائی (کا مادہ) دیکھ لیتا تو انہیں سننے کی توفیق دیتا اور اگر انہیں سنوا دیتا تو وہ بے رخی کرتے ہوئے منہ پھیر لیتے۔☆

۲۴۔ اے ایمان والو! اللہ اور رسول کو لبیک کہو جب وہ تمہیں حیات آفرین باتوں کی طرف بلائیں اور جان لو کہ اللہ آدمی اور اس کے دل کے درمیان حائل ہے اور یہ بھی کہ تم سب اسی کی طرف جمع کیے

۱۹۔ روایت میں آیا ہے کہ ابوجہل نے جنگ بدر کے موقع پر یہ دعا کی تھی: اے اللہ! ہمارے قدیم دین اور محمد کے جدید دین میں سے جس سے تجھے محبت ہے اور جس کو تو پسند کرتا ہے اس کے ماننے والوں کی نصرت فرما۔ (مجمع البیان) چنانچہ اللہ نے اپنے پسندیدہ دین کی نصرت فرمائی اور مستقبل میں مؤمنوں کے لیے دائمی فتح اور کافروں کے لیے دائمی شکست کی نوید بھی سنائی۔

۲۰۔ ۲۱ کافروں کو ان کے انجام بد کی خبر دینے کے بعد مؤمنوں سے خطاب فرمایا: اللہ اور رسولؐ کی اطاعت کرو۔ اس کے بعد خصوصی طور پر فرمایا: رسول کے حکم سے روگردانی نہ کرو۔ یہاں اگرچہ تعبیر عام ہے مگر گفتگو جنگ سے مربوط ہے، لہٰذا بحیثیت سپاہ دار اعظم رسولؐ کی حکم عدولی ناقابل عفو جرم ہوگا۔

۲۲۔۲۳ یہاں کافروں کی مذمت کرتے ہوئے فرمایا کہ تمام جانداروں میں بدتر وہ لوگ ہیں جو عقل و شعور ملنے کے باوجود عقل سے کام نہیں لیتے۔ اس کی وجہ یہ بتائی کہ ان میں خیر کی استعداد اور قبول حق کے لیے ان میں کسی قسم کی صلاحیت و آمادگی نہیں ہے۔ اگر ان میں کسی قسم کی خوبی نہ ہونے کے باوجود ان کو سنوا دے اور اللہ کی طرف سے توفیق حاصل ہو جائے تو بھی اس سے فائدہ نہیں اٹھائیں گے۔

۲۴۔ اسلامی تعلیمات دستور حیات ہی نہیں، بلکہ اس دستور میں، حیات بھی ہے اور ابدی حیات بھی۔ رسول اسلامؐ کی دعوت کا ہر لفظ اور ہر حرف حیات ابدی کے لیے زندہ خلیوں کی مانند ہے، جس سے ایک زندہ و فعال ہستی وجود میں آتی ہے۔

اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

وَاتَّقُوْا فِتْنَةً لَّا تُصِيْبَنَّ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْكُمْ خَآصَّةً ۚ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۲۵﴾

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ اَنْتُمْ قَلِيْلٌ مُّسْتَضْعَفُوْنَ فِى الْاَرْضِ تَخَافُوْنَ اَنْ يَّتَخَطَّفَكُمُ النَّاسُ فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۶﴾

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَخُوْنُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ وَتَخُوْنُوْٓا اَمٰنٰتِكُمْ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۲۷﴾

وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾ ع ۹ ۱۷

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا وَّيُكَفِّرْ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾

وَاِذْ يَمْكُرُ بِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِيُثْبِتُوْكَ اَوْ يَقْتُلُوْكَ اَوْ يُخْرِجُوْكَ ۭ وَيَمْكُرُوْنَ وَيَمْكُرُ

جاؤ گے۔☆

۲۵۔ اور اس فتنے سے بچو جس کی لپیٹ میں تم میں سے صرف ظلم کرنے والے نہیں بلکہ (سب) آئیں گے اور یہ جان لو کہ اللہ سخت عذاب دینے والا ہے۔☆

۲۶۔اور (وہ وقت) یاد کرو جب تم تھوڑے تھے، تمہیں زمین میں کمزور سمجھا جاتا تھا اور تمہیں خوف رہتا تھا کہ مبادا لوگ تمہیں ناپید کر دیں تو اس نے تمہیں پناہ دی اور اپنی نصرت سے تمہیں تقویت پہنچائی اور تمہیں پاکیزہ روزی عطا کی تاکہ تم شکر کرو۔☆

۲۷۔اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ خیانت نہ کرو اور اپنی امانتوں میں بھی خیانت نہ کرو درحالیکہ تم جانتے ہو۔

۲۸۔اور جان لو کہ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد آزمائش ہیں اور بے شک اللہ ہی کے ہاں اجر عظیم ہے۔☆

۲۹۔اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرو تو وہ تمہیں (حق و باطل میں) تمیز کرنے کی طاقت عطا کرے گا اور تمہارے گناہوں کو مٹا دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔☆

۳۰۔ اور (وہ وقت یاد کریں) جب یہ کفار آپ کے خلاف تدبیر سوچ رہے تھے کہ آپ کو قید کر دیں یا آپ کو قتل کر دیں یا آپ کو نکال دیں وہ اپنی چال سوچ رہے تھے اور اللہ اپنی تدبیر کر رہا تھا اور اللہ سب

۲۵۔ کچھ فتنے ایسے ہوتے ہیں جن کے اثرات پورے معاشرے پر مرتب ہوتے ہیں اور ان کی لپیٹ میں بے گناہ افراد بھی آتے ہیں۔ مثلاً خیانت حکمران کرتے ہیں لیکن اس کی سزا اقتصادی، عسکری اور ثقافتی میدانوں میں پوری امت کو بھگتنا پڑتی ہے۔ تفرقہ بازی، تنگ نظر لوگ کرتے ہیں مگر اس کے منفی اثرات پوری قوم پر پڑتے ہیں۔

۲۶۔مسلمانوں کو مکی زندگی یاد دلائی جا رہی ہے کہ جہاں معدودے چند مسلمان ہمیشہ کفار کے خطرے میں گھرے ہوئے ہوتے تھے، اللہ نے ان کو مدینہ میں امن کی جگہ دے دی اور کفار کے مقابلے میں مسلمانوں کی مدد فرمائی اور جنگی غنیمت سے ان کو روزی عطا فرمائی۔

۲۸۔مال واولاد خود مقصد ہیں یا رضائے رب کا ذریعہ؟ اس کی مثال کشتی اور پانی کی سی ہے۔ پانی اگر کشتی کے نیچے رہے تو پار ہونے کا بہترین ذریعہ ہے اور اگر یہی پانی کشتی کے اندر آجائے تو غرق ہونے کا سبب بنتا ہے۔

۲۹۔اہل تقویٰ کا ضمیر شفاف، وجدان صاف، احساس زندہ اور عقل بیدار ہوتی ہے، اس لیے انہیں حق و باطل کی تمیز میں مشکل پیش نہیں آتی۔ حدیث میں آیا ہے: المؤمن ینظر بنور اللّٰہ۔ (بحار الانوار ۷:۳۲۳) مومن نور خدا کی روشنی میں دیکھتا ہے۔

۳۰۔ یہ آیت تاریخ اسلام کے عظیم واقعے (ہجرت) کے بارے میں ہے جب مکہ کے سرداروں نے دار الندوہ میں جمع ہو کر رسول کریمؐ کو قید کرنے یا جلا وطن یا شہید کرنے پر غور کیا۔ آخر کار ابوجہل کی اس تجویز پر اتفاق ہوا کہ تمام قبائل کی شرکت سے محمدؐ کو قتل کیا جائے۔ ادھر جبرئیل امین نے رسول اللہؐ سے کہا: آج رات آپؐ اپنے بستر پر نہ سوئیں بلکہ اپنی جگہ علی بن ابی طالبؑ کو سلائیں۔ علی (ع) بستر رسولؐ پر سوئے اور رسول اکرمؐ ہجرت فرما گئے۔ امام علی (ع) نے جان نثاری و فداکاری کی ایک ابدی مثال قائم کی۔ چنانچہ خود حضرت علی (ع) فرماتے ہیں: وقیت بنفسی خیر من وطیٔ الحصی۔ روئے زمین پر چلنے والوں میں سے سب سے بہتر ہستی کی خاطر میں نے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ (بحار الانوار ۱۹:۶۳۔ روح المعانی ۹: ۱۹۸)

اقول: فدتك نفسی یا خیر من وفی۔

اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمٰكِرِيْنَ ﴿۳۰﴾
وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا قَالُوْا قَدْ
سَمِعْنَا لَوْ نَشَآءُ لَقُلْنَا مِثْلَ هٰذَآ ۙ
اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۱﴾
وَاِذْ قَالُوا اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ هٰذَا هُوَ
الْحَقَّ مِنْ عِنْدِكَ فَاَمْطِرْ عَلَيْنَا
حِجَارَةً مِّنَ السَّمَآءِ اَوِ ائْتِنَا
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۲﴾
وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعَذِّبَهُمْ وَاَنْتَ
فِيْهِمْ ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ مُعَذِّبَهُمْ
وَهُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَمَا لَهُمْ اَلَّا يُعَذِّبَهُمُ اللّٰهُ وَهُمْ
يَصُدُّوْنَ عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَمَا
كَانُوْٓا اَوْلِيَآءَهٗ ؕ اِنْ اَوْلِيَآؤُهٗٓ اِلَّا
الْمُتَّقُوْنَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾
وَمَا كَانَ صَلَاتُهُمْ عِنْدَ الْبَيْتِ
اِلَّا مُكَآءً وَّتَصْدِيَةً ؕ فَذُوْقُوا
الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۵﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنْفِقُوْنَ
اَمْوَالَهُمْ لِيَصُدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ؕ فَسَيُنْفِقُوْنَهَا ثُمَّ تَكُوْنُ
عَلَيْهِمْ حَسْرَةً ثُمَّ يُغْلَبُوْنَ ؕ وَ

سے بہتر تدبیر کرنے والا ہے۔☆

۳۱۔اور جب انہیں ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو کہتے ہیں: ہم نے سن لیا ہے اگر ہم چاہیں تو ایسی باتیں ہم بھی بنا سکتے ہیں، یہ تو وہی داستان ہائے پارینہ ہیں۔☆

۳۲۔ اور (یہ بھی یاد کرو) جب انہوں نے کہا: اے اللہ! اگر یہ بات تیری طرف سے حق ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا دے یا ہم پر کوئی دردناک عذاب نازل کر۔☆

۳۳۔اور اللہ ان پر عذاب نازل نہیں کرے گا جب تک آپ ان کے درمیان موجود ہیں اور نہ ہی اللہ انہیں عذاب دینے والا ہے جب وہ استغفار کر رہے ہوں۔

۳۴۔اور اللہ ان پر عذاب نازل کیوں نہ کرے جب کہ وہ مسجد الحرام کا راستہ روکتے ہیں حالانکہ وہ اس مسجد کے متولی نہیں ہیں؟ اس کے متولی تو صرف تقویٰ والے ہیں لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۳۵۔اور خانہ کعبہ کے پاس ان کی نماز سیٹیاں اور تالیاں بجانے کے سوا کچھ نہ تھی پس اب اپنے کفر کے بدلے عذاب چکھو۔

۳۶۔جنہوں نے کفر اختیار کیا وہ اپنے اموال (لوگوں کو) راہ خدا سے روکنے کے لیے خرچ کرتے ہیں، ابھی مزید خرچ کرتے رہیں گے پھر یہی بات ان کے لیے باعث حسرت بنے گی پھر وہ مغلوب ہوں گے

۳۱۔صرف لوگوں کی توجہ قرآن سے ہٹانے اور اس معجزہ کی اہمیت کو کم کرنے کے لیے کہتے تھے ہم بھی ایسی عبارت اور ایسا مضمون بنا سکتے ہیں۔ اگر وہ اس پر قادر ہوتے تو ایسا ضرور کرتے اور ایک نہیں کئی ایک عبارتیں یکے بعد دیگرے ہر سو سے بن کر آ جاتیں اور قرآن کے خلاف جنگ کرنے اور جانی قربانیاں دینے کی نوبت نہ آتی۔

۳۲۔یہ ایک چیلنج تھا جو رسالتمآبؐ کی دعوت کی حقانیت کے خلاف کیا گیا۔ یہ چیلنج کرنے والا کون تھا مفسرین میں اختلاف ہے۔ علامہ امینی نے الغدیر جلد اول صفحہ ۲۳۹۔۲۶۶ میں شیعہ و سنی متعدد مصادر سے ذکر کیا ہے کہ یہ چیلنج غدیر کے موقع پر کیا گیا اور چیلنج کرنے والا حارث بن نعمان فہری تھا، جب رسول خدا (ص) نے غدیر کے موقع پر فرمایا: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ تو حارث فہری نے جو منافق تھا، کہا: آپ نے توحید کا حکم دیا ہم نے مان لیا، بتوں سے بیزاری کا حکم دیا ہم نے مان لیا، اپنی رسالت کی تصدیق کرنے کے لیے کہا ہم نے تصدیق کی، پھر جہاد، حج، روزہ، نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہم نے مان لیا۔ آپ (ص) نے ان پر اکتفا نہ کیا اور اس لڑکے کو اپنا خلیفہ بنا دیا اور کہدیا: من کنت مولاہ فھذا علی مولاہ۔ کیا آپ (ص) کی اپنی طرف سے ہے یا اللہ کی طرف سے؟ رسول خدا (ص) نے فرمایا: اللہ کی طرف سے ہے۔ نعمان لوٹا اور کہا: اے اللہ اگر یہ بات حق ہے اور آپ کی طرف سے ہے تو ہم پر آسمان سے پتھر برسا دے۔ اتنے میں ایک پتھر آسمان سے اس پر گرا اور وہ مر گیا۔ آیۃ سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ (معارج:۱) اسی سلسلے میں نازل ہوا۔ اس واقعہ کو ابو عبیدہ ھروی متوفی ۲۲۳ھ نے اپنی تفسیر غریب القرآن میں، ابوبکر نقاش موصلی متوفی ۳۵۱ ھ نے اپنی تفسیر شفاء الصدور میں، ابواسحاق ثعلبی متوفی ۴۲۷ھ نے اپنی تفسیر میں، حاکم حسکانی نے دعاۃ الھداۃ میں، ابوبکر یحییٰ قرطبی متوفی ۵۶۷ھ نے سورۃ المعارج کی تفسیر میں، سبط ابن جوزی متوفی ۶۵۴ھ نے تذکرہ میں، حموینی متوفی ۷۲۲ ھ نے فرائد السمطین میں و دیگر ۳۰ کے قریب علماء نے ذکر کیا ہے۔

۳۴ ۔ حضرت علیؑ فرماتے ہیں: کَانَ فِی الْاَرْضِ اَمَانَانِ مِنْ عَذَابِ اللّٰہِ وَ قَدْ رُفِعَ اَحَدُھُمَا فَدُوْنَکُمُ الْآخَرَ. اہل ارض کے لیے عذاب خدا سے دو امان

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ
يُحْشَرُوْنَ ﴿٣٧﴾
لِيَمِيْزَ اللّٰهُ الْخَبِيْثَ مِنَ الطَّيِّبِ
وَيَجْعَلَ الْخَبِيْثَ بَعْضَهٗ عَلٰى
بَعْضٍ فَيَرْكُمَهٗ جَمِيْعًا فَيَجْعَلَهٗ
فِيْ جَهَنَّمَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ ع ١٨
قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ يَّنْتَهُوْا
يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۚ وَاِنْ
يَّعُوْدُوْا فَقَدْ مَضَتْ سُنَّتُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٨﴾
وَقَاتِلُوْهُمْ حَتّٰى لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ
وَّيَكُوْنَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ۚ فَاِنِ
انْتَهَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ﴿٣٩﴾
وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
مَوْلٰىكُمْ ۭ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ
النَّصِيْرُ ﴿٤٠﴾
الجزء ٩ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ
فَاَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَلِلرَّسُوْلِ
وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَ
الْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ اِنْ
كُنْتُمْ اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى
عَبْدِنَا يَوْمَ الْفُرْقَانِ يَوْمَ الْتَقَى

اور کفر کرنے والے جہنم کی طرف اکٹھے کیے جائیں گے۔☆

۳۷۔ تاکہ اللہ ناپاک کو پاکیزہ سے الگ کر دے اور ناپاکوں کو ایک دوسرے کے ساتھ باہم ملا کر یکجا کر دے پھر اس ڈھیر کو جہنم میں جھونک دے، (دراصل) یہی لوگ خسارے میں ہیں۔☆

۳۸۔ کفار سے کہہ دیجیے کہ اگر وہ باز آ جائیں تو جو کچھ پہلے (ان سے سرزد) ہو چکا اسے معاف کر دیا جائے گا اور اگر انہوں نے (پچھلے جرائم کا) اعادہ کیا تو گزشتہ اقوام کے ساتھ جو کچھ ہوا وہ (ان کے بارے میں بھی) نافذ ہو گا۔

۳۹۔ اور تم لوگ کافروں سے جنگ کرو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین سارا اللہ کے لیے خاص ہو جائے، پھر اگر وہ باز آ جائیں تو اللہ یقیناً ان کے اعمال کو خوب دیکھنے والا ہے۔☆

۴۰۔ اور اگر وہ منہ پھیر لیں تو جان لو کہ اللہ تمہارا سرپرست ہے، جو بہترین سرپرست اور بہترین مددگار ہے۔

۴۱۔ اور جان لو کہ جو غنیمت تم نے حاصل کی ہے اس کا پانچواں حصہ اللہ، اس کے رسول اور قریب ترین رشتے داروں اور یتیموں اور مساکین اور مسافروں کے لیے ہے، اگر تم اللہ پر اور اس چیز پر ایمان لائے ہو جو ہم نے فیصلے کے روز جس دن دونوں لشکر آمنے سامنے ہو گئے

موجود تھیں (رسول خداؐ اور استغفار)۔ ان میں سے ایک اٹھا لی گئی ہے اور دوسری تمہاری دسترس میں ہے۔ (نہج البلاغۃ حکمت:۸۸)

۳۶۔۳۷۔ ان آیات میں کفار کے مستقبل کے عزائم اور ان کا انجام بیان ہوا ہے کہ وہ زمانہ حال و مستقبل دونوں میں اسلام اور انسانیت کے خلاف اپنا سارا سرمایہ خرچ کریں گے۔ اسی سرمایہ کے بل بوتے پر وہ اقتصادی، سیاسی، عسکری اور ثقافتی غرض ہر لحاظ سے ناروا سازشیں کرتے رہیں گے۔ اللہ بھی انہیں مہلت دیتا ہے تاکہ یہ ناپاک عناصر ایک مرکز پر جمع ہو جائیں اور اپنا آخری سرمایہ بھی خرچ کر دیں۔ آیت سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اسلام اور انسانیت کے خلاف ان ناپاک عناصر کا عالمی اتحاد ہو گا تو خداوند ان سب کو اٹھا کر جہنم میں جھونک دے گا، یوں یہ کفار کے دیوالیہ پن کی انتہا ہو گی اور اپنا سب کچھ مٹانے کے بعد بھی نتیجہ ان کی اپنی تباہی کی شکل میں نکلے گا۔

۳۹۔ ہم نے لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ کے ذیل میں یہ بات واضح کی ہے کہ اسلامی جنگیں سلب شدہ آزادی کے حصول کے لیے تھیں نہ آزادی کو سلب کرنے کے لیے۔ اس آیت سے بھی اسلام کے انسانیت ساز نظریے کی وضاحت ہو جاتی ہے کہ اسلام فتنے کے خاتمے کے لیے جنگ کرنے کا حکم دیتا ہے، نہ کہ جنگ کے ذریعہ فتنہ قائم کرنے کا۔

۴۱۔ مادہ غ ن م، اہل لغت کے نزدیک الفوز بالشیء بلا مشقۃ۔ کسی چیز کا بغیر مشقت کے حاصل ہونا ہے۔ اسلامی جنگوں کے بعد یہ لفظ جنگی غنیمت میں زیادہ استعمال ہونے لگا۔ لہٰذا جب یہ لفظ قرآن و سنت میں استعمال ہو تو ہم اسے قدیم لغوی معنوں میں لیں گے اور اگر اسلامی جنگوں کے بعد اہل اسلام نے اس لفظ کو استعمال کیا ہو تو ہم جنگی غنیمت مراد لیں گے۔ یہ بات ذہن نشین رہے کہ آیت سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ غنیمت کے علاوہ کسی اور چیز پر خمس نہیں ہے، کیونکہ غنیمت کے علاوہ معدنیات، خزانہ اور آبی دولت پر بالاتفاق خمس ہے۔

خمس کے سلسلے میں ان تحریروں کا مطالعہ ضروری ہے جن میں رسول اسلامؐ نے مختلف علاقوں سے آنے والے وفود کو اور مختلف قبائل کو دیے گئے امان ناموں میں جہاں اطاعت رسولؐ، برائت از مشرکین، نماز اور زکوٰۃ کی پابندی کا حکم دیا ہے وہاں ادائے خمس کا بھی حکم صادر فرمایا ہے۔ حضرت

الْجَمْعٰنِ ۙ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿٤١﴾
اِذْ اَنْتُمْ بِالْعُدْوَةِ الدُّنْيَا وَهُمْ
بِالْعُدْوَةِ الْقُصْوٰى وَالرَّكْبُ
اَسْفَلَ مِنْكُمْ ۭ وَلَوْ تَوَاعَدْتُّمْ
لَاخْتَلَفْتُمْ فِي الْمِيْعٰدِ ۙ وَلٰكِنْ
لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ مَفْعُوْلًا ۙ
لِّيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْۢ بَيِّنَةٍ وَّ
يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْۢ بَيِّنَةٍ ۭ وَاِنَّ
اللّٰهَ لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٤٢﴾
اِذْ يُرِيْكَهُمُ اللّٰهُ فِيْ مَنَامِكَ
قَلِيْلًا ۭ وَلَوْ اَرٰىكَهُمْ كَثِيْرًا
لَّفَشِلْتُمْ وَلَتَنَازَعْتُمْ فِي
الْاَمْرِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ سَلَّمَ ۭ اِنَّهٗ
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿٤٣﴾
وَاِذْ يُرِيْكُمُوْهُمْ اِذِ الْتَقَيْتُمْ فِيْٓ
اَعْيُنِكُمْ قَلِيْلًا وَّيُقَلِّلُكُمْ فِيْٓ
اَعْيُنِهِمْ لِيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا كَانَ
مَفْعُوْلًا ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿٤٤﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً
فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا
لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿٤٥﴾
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَلَا تَنَازَعُوْا

تھے اپنے بندے پر نازل کی تھی اور اللہ ہر شے پر قادر ہے۔☆

۴۲۔(وہ وقت یاد کرو) جب تم قریبی ناکے پر اور وہ دور کے ناکے پر تھے اور قافلہ تم سے نیچے کی جانب تھا اور اگر تم باہمی مقابلے کا عہد کر چکے ہوتے تب بھی مقررہ وقت میں تم ضرور اختلاف کرتے، لیکن (جو کچھ ہوا) وہ اس لیے تھا کہ اللہ اس امر کو پورا کرے جس کا فیصلہ کر چکا تھا تاکہ ہلاک ہونے والا واضح دلیل کے ساتھ ہلاک ہو اور زندہ رہنے والا واضح دلیل کے ساتھ زندہ رہے اور یقیناً اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۴۳۔ (وہ وقت یاد کرو) جب اللہ نے آپ کے خواب میں ان (کافروں کے لشکر کو) تھوڑا دکھلایا اور اگر آپ کو ان کی مقدار زیادہ دکھلاتا تو (اے مسلمانو) تم ہمت ہار جاتے اور اس معاملے میں جھگڑا شروع کر دیتے لیکن اللہ نے (تمہیں) بچالیا، بیشک وہ دلوں کا حال خوب جانتا ہے۔☆

۴۴۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب تم مقابلے پر آ گئے تھے تو اللہ نے کافروں کو تمہاری نظروں میں تھوڑا کر کے دکھایا اور تمہیں بھی کافروں کی نظروں میں تھوڑا کر کے دکھایا تاکہ اللہ کو جو کام کرنا منظور تھا وہ کر ڈالے اور تمام معاملات کی بازگشت اللہ کی طرف ہے۔☆

۴۵۔اے ایمان والو! جب کسی جماعت سے تمہارا مقابلہ ہو جائے تو ثابت قدم رہو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرو تاکہ تم فلاح پاؤ۔

۴۶۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور آپس میں نزاع نہ کرو ورنہ ناکام

امام موسیٰ کاظم (ع) نے خمس کے بارے میں سوال کے جواب میں فرمایا: فی کل ما افاد الناس من قلیل او کثیر۔ تمام آمدنی پر خمس ہے خواہ کم ہو یا زیادہ۔ دوسری روایت میں سوال ہوا: کیا ہر قسم کی کمائی پر خمس ہے؟ معصوم (ع) نے فرمایا: علیہ الخمس بعد مؤنۃ عیالہ و بعد خراج السلطان۔ ہاں! اپنے عیال کا خرچ اور حکومتی ٹیکس ادا کرنے کے بعد اس پر خمس ہے۔ (وسائل الشیعہ)

۴۲۔ جنگ بدر کا نقشہ بیان ہو رہا ہے کہ لشکر اسلام قریبی محاذ پر اور دشمن نشیبی علاقے میں تھے۔ جنگی نقطہ نظر سے مسلمان نامناسب اور دشمن مناسب مقام پر تھے۔ قافلہ بھی مسلمانوں کی دسترس سے نکل چکا تھا۔ اب وہ دشمن کی کمک کر سکتا تھا۔ مسلمانوں کے لیے کسی قسم کی کمک کا امکان نہیں تھا اور مسلمان تو ایک تجارتی قافلے کا راستہ روکنے کے لیے نکلے تھے۔ غرض یہ کہ مسلمان کسی اعتبار سے بھی جنگ لڑنے کی حالت میں نہ تھے۔ ۳۱۳ کا بے سروسامان لشکر اچانک ایک ہزار پر مشتمل مسلح لشکر کے مقابلے میں آ گیا۔ ایسے نہایت نامساعد حالات میں اگر جنگ کا فیصلہ پہلے کر لیا جاتا تو آپس کے اختلاف کا شکار ہو کر جنگ کرنے کی نوبت نہ آتی، اس لیے اللہ تعالیٰ نے انہیں سوچنے کا موقع دیے بغیر فیصلہ کن جنگ میں جھونک دیا۔ لِّيَقْضِيَ اللّٰهُ اَمْرًا تاکہ اس امر کو پورا کر دے جس کا فیصلہ اللہ کر چکا ہے۔

۴۳۔۴۴۔ راستے میں رسول کریم کو خواب میں دشمن کا لشکر تھوڑا دکھایا اور بیداری میں مسلمانوں کی نگاہ میں دشمن کی تعداد کم دکھائی تاکہ مسلمانوں کا حوصلہ بلند رہے اور دشمن کو بھی مسلمانوں کی تعداد کم دکھائی تاکہ وہ اس جنگ کو آسان سمجھیں اور زیادہ طاقت کے ساتھ منظم ہو کر نہ لڑیں۔

۴۶۔ اطاعت اور تعمیل حکم۔ دوسرے لفظوں میں تنظیم اور ڈسپلن کو جنگی حکمت عملی میں سب سے زیادہ اہمیت حاصل ہے جیسا کہ تمام عسکری قوانین میں اس بات کو اولیت دی جاتی ہے۔

باہمی نزاع سے احتراز کرنا۔ اگرچہ ہر معاشرے کو اتحاد کی ہمیشہ ضرورت رہتی ہے تاہم اس کی ضرورت جنگ میں زیادہ ہوتی ہے۔ باہمی نزاع اطاعت اور قیادت کے فقدان کی صورت میں رونما ہوتا ہے۔

فَتَفْشَلُوْا وَتَذْهَبَ رِيْحُكُمْ
وَاصْبِرُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝۴۶
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ
دِيَارِهِمْ بَطَرًا وَّرِئَاۗءَ النَّاسِ
وَيَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ
بِمَا يَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ۝۴۷
وَاِذْ زَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ
وَقَالَ لَا غَالِبَ لَكُمُ الْيَوْمَ مِنَ
النَّاسِ وَاِنِّىْ جَارٌ لَّكُمْ ۚ فَلَمَّا
تَرَاۗءَتِ الْفِئَتٰنِ نَكَصَ عَلٰي
عَقِبَيْهِ وَقَالَ اِنِّىْ بَرِيْۗءٌ مِّنْكُمْ
اِنِّىْٓ اَرٰي مَا لَا تَرَوْنَ اِنِّىْٓ اَخَافُ
اللّٰهَ ۭ وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴۸ ع
اِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ
فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ غَرَّ هٰٓؤُلَاۗءِ
دِيْنُهُمْ ۭ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَي اللّٰهِ
فَاِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝۴۹
وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ كَفَرُوا ۙ
الْمَلٰۗىِٕكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَ
اَدْبَارَهُمْ ۚ وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝۵۰
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ
لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝۵۱ ۙ
كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ

رہو گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر سے کام لو، بے شک اللہ صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے۔☆

۴۷۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جو اپنے گھروں سے اتراتے ہوئے اور لوگوں کو دکھانے کے لیے نکلے ہیں اور اللہ کا راستہ روکتے ہیں اور اللہ ان کے اعمال پر خوب احاطہ رکھتا ہے۔☆

۴۸۔ اور جب شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے آراستہ کیے اور کہا: آج لوگوں میں سے کوئی تم پر فتح حاصل کر ہی نہیں سکتا اور میں تمہارے ساتھ ہوں، پھر جب دونوں گروہوں کا مقابلہ ہوا تو وہ الٹے پاؤں بھاگ گیا اور کہنے لگا: میں تم لوگوں سے بیزار ہوں میں وہ کچھ دیکھ رہا ہوں جو تم نہیں دیکھ رہے، میں تو اللہ سے ڈرتا ہوں اور اللہ یقیناً سخت عذاب دینے والا ہے۔☆

۴۹۔ جب (ادھر) منافقین اور جن کے دلوں میں بیماری تھی، کہ رہے تھے: انہیں تو ان کے دین نے دھوکہ دے رکھا ہے، جب کہ اگر کوئی اللہ پر بھروسہ رکھتا ہے تو اللہ یقیناً بڑا غالب آنے والا حکمت والا ہے۔☆

۵۰۔ اور کاش آپ (اس صورت حال کو) دیکھ لیتے جب فرشتے (مقتول) کافروں کی روحیں قبض کر رہے تھے، ان کے چہروں اور پشتوں پر ضربیں لگا رہے تھے اور (کہتے جا رہے تھے) اب جلنے کا عذاب چکھو۔

۵۱۔ یہ عذاب تمہارے اپنے ہاتھوں آگے بھیجے ہوئے کا نتیجہ ہے اور یہ کہ اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۵۲۔ ان کا حال فرعونیوں اور ان سے پہلوں

۴۷۔ کفار قریش جس حال میں نکلے تھے اس کی طرف اشارہ ہے۔ وہ رقص و سرود، مے نوشی کی محفلیں جماتے ہوئے غرور و تکبر کے ساتھ نکلے تھے اور ذلت آمیز شکست سے دوچار ہو کر انہیں واپس جانا پڑا۔ جنگی تاریخ میں اس بات پر بے شمار شواہد موجود ہیں کہ جو لشکر خود بینی و تکبر اور غرور کا شکار رہا، وہ شکست سے دوچار ہوا ہے۔ بدر کی فتح کے بعد مسلمانوں کو تکبر و غرور سے بچانے کے لیے اس تنبیہ کی ضرورت پیش آئی۔

۴۸۔ شیطان اور شیطان صفت افراد لوگوں کو گناہ و معصیت اور حق کے خلاف بغاوت اور جنگ پر ابھارتے ہیں اور جب تک خطرہ محسوس نہ ہو خود بھی ساتھ دیتے ہیں، لیکن جس لمحہ خطرہ محسوس کرتے ہیں وہ اپنی فریب خوردہ فوج کو میدان میں چھوڑ کر خود بھاگ جاتے ہیں۔

۴۹۔ منافقین اور دین میں شک و شبہ میں مبتلا لوگ اہل ایمان کے توکل، ایثار و قربانی اور راہ خدا میں جد وجہد کو احمقانہ عمل قرار دیتے ہیں اور اس کا سبب دینی تعلیمات اور ایمان باللہ کو قرار دیتے ہیں۔ چونکہ ان کی نگاہ ظاہری علل و اسباب پر ہوتی ہے اور ان علل و اسباب کے ماوراء موجود غیبی علل و اسباب اور اللہ کی قدرت کو سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں، لہٰذا وہ مسلمانوں کی بے سر و سامانی کے ساتھ کفار و مشرکین کے طاقتور لشکر سے مقابلے کو خودکشی اور خود فریبی سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان کے دینی نظریات نے انہیں دھوکہ دیا ہے، اب یہ بے چارے اس غلط فہمی کی وجہ سے مارے جائیں گے۔ اللہ انہیں جواب دیتے ہوئے فرماتا ہے کہ طاقت کا سرچشمہ اللہ کی ذات ہے۔ حکمت و مصلحت اور فتح و نصرت اس کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ لہٰذا جو اللہ پر توکل کرے، اللہ غالب ہے، وہ غلبہ اور فتح عطا فرماتا ہے۔

۵۰۔ معرکہ بدر کی فتح و نصرت میں ظاہری علل و اسباب کے ماوراء غیر مرئی علل و اسباب کا ذکر ہے کہ فرشتے کافروں کی روحیں قبض کر رہے ہیں اور ذلت و خواری کے ساتھ ان کو آتش جہنم کی طرف لے جا رہے ہیں۔ یہ سزا خود ان کی حرکتوں کا لازمی نتیجہ اور مکافات عمل ہے۔ بلا وجہ عذاب دینے کا سوال پیدا نہیں ہوتا کیونکہ ایسا کرنا ظلم ہے اور ظلم وہ کرتا ہے جسے اس کی ضرورت ہو یا اس کے ذریعے وہ اپنی آتش انتقام کو ٹھنڈا

قَبْلِهِمْ ؕ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ قَوِيٌّ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ﴿۵۲﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ لَمْ يَكُ مُغَيِّرًا نِّعْمَةً
اَنْعَمَهَا عَلٰى قَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا
مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ ۙ﴿۵۳﴾
كَدَاْبِ اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِهِمْ ؕ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
فَاَهْلَكْنٰهُمْ بِذُنُوْبِهِمْ وَاَغْرَقْنَآ
اٰلَ فِرْعَوْنَ ۚ وَكُلٌّ كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۵۴﴾
اِنَّ شَرَّ الدَّوَآبِّ عِنْدَ اللّٰهِ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۵﴾ۚ
الَّذِيْنَ عٰهَدْتَّ مِنْهُمْ ثُمَّ
يَنْقُضُوْنَ عَهْدَهُمْ فِيْ كُلِّ مَرَّةٍ وَّ
هُمْ لَا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۶﴾
فَاِمَّا تَثْقَفَنَّهُمْ فِي الْحَرْبِ
فَشَرِّدْ بِهِمْ مَّنْ خَلْفَهُمْ لَعَلَّهُمْ
يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَ اِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً
فَانْۢبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
ع ۳ لَا يُحِبُّ الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۸﴾ۚ
وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

کا سا ہے، انہوں نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا تو اللہ نے ان کے گناہوں کے باعث انہیں پکڑ لیا، بیشک اللہ قوت والا، سخت عذاب دینے والا ہے۔

۵۳۔ ایسا اس لیے ہوا کہ اللہ جو نعمت کسی قوم کو عنایت فرماتا ہے اس وقت تک اسے نہیں بدلتا جب تک وہ خود اسے نہیں بدلتے اور یہ کہ اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۵۴۔ جیسے فرعون والوں اور ان سے پہلوں کا حال ہے، انہوں اپنے رب کی نشانیوں کو جھٹلایا تو ہم نے ان کے گناہوں کے سبب انہیں ہلاکت میں ڈال دیا اور فرعونیوں کو غرق کر دیا، کیونکہ وہ سب ظالم تھے۔

۵۵۔ یقیناً اللہ کے نزدیک زمین پر چلنے والوں میں بدترین وہ لوگ ہیں جو کافر ہیں، پس وہ ایمان نہیں لائیں گے۔

۵۶۔ جن سے آپ نے عہد لیا پھر وہ اپنے عہد کو ہر بار توڑ ڈالتے ہیں اور وہ ڈرتے نہیں ہیں۔☆

۵۷۔ اگر آپ لڑائی میں ان پر غالب آ جائیں تو (انہیں کڑی سزا دے کر) ان کے ذریعے بعد میں آنے والوں کو بھگا دیں اس طرح شاید یہ عبرت حاصل کریں۔

۵۸۔ اور اگر آپ کو کسی قوم سے خیانت کا خوف ہو تو ان کا عہد اسی طرح مسترد کر دیں جیسے انہوں نے کیا ہے، بیشک اللہ خیانت کاروں کو دوست نہیں رکھتا۔☆

۵۹۔ کفار یہ خیال نہ کریں کہ وہ بچ نکلے

کرے۔ اللہ تعالیٰ ان سب سے مبرا ہے، لہٰذا اس سے ظلم صادر نہیں ہوتا۔

۵۳۔ اس آیت سے یہ بات واضح ہو گئی کہ انسان کی تقدیر خود اس کے ہاتھ میں ہے اور اس پر کوئی بات باہر سے مسلط نہیں ہوتی۔ وہ کسی نعمت کو اپنے لیے جاری رکھ سکتا ہے اور اپنے ہی عمل سے اسے ختم بھی کر سکتا ہے۔ لہٰذا انسان اپنی تقدیر کو خود اپنے عمل کے قلم اور اپنے ارادے کی روشنائی سے لکھتا ہے۔

۵۶۔ معاہدوں کا احترام باہمی زندگی کے لیے بنیاد اور انسان کا طرۂ امتیاز ہے۔ اس کا احترام نہ کرنے والے شَرَّ الدَّوَآبِّ (بدترین حیوان) ہیں۔ بنابریں: ☆ زمانہ صلح میں کسی قسم کا معاندانہ طرز عمل اختیار کرنا جائز نہیں اور ایسا عمل خیانت کے زمرے میں آتا ہے۔ ☆ اگر دشمن نے معاندانہ طرز عمل اختیار کیا اور یقین ہو گیا کہ دشمن معاہدہ توڑنے والا ہے تو اس وقت بھی معاہدے کے غیر مؤثر ہونے کے اعلان سے پہلے حملہ کرنا شرعاً جائز نہیں۔ ☆ اگر دشمن معاہدہ فسخ کرنے کا اعلان کر دے اور معاندانہ طرز عمل شروع کر دے تو اسے اعلان جنگ تصور کیا جائے گا، جیسا کہ فتح مکہ کے موقع پر عمل میں آیا۔

ان آیات کی شان نزول مدینہ اور اس کے اطراف میں موجود یہودی ہیں جن کے ساتھ حضورؐ نے مدینہ کی طرف ہجرت کے بعد بہتر تعاون اور باہمی امن و آشتی کا معاہدہ کیا تھا۔ مگر یہودی قبائل مسلمانوں کے خلاف سازشوں میں مصروف رہتے تھے۔ وہ اوس اور خزرج کی پرانی دشمنی کو اٹھاتے تھے۔ انہوں نے مدینہ کے منافقین اور مکہ کے مشرکین کے ساتھ بھی ساز باز شروع کر دی تھی۔

۵۸ تا ۶۰ یہاں خطاب پوری امت سے ہے۔ جبکہ معاہدے کے بارے میں خطاب رسول کریمؐ سے تھا۔ اس سے یہ نکتہ سامنے آتا ہے کہ معاہدوں کا برقرار رکھنا یا ختم کرنا سربراہ مملکت کی ذمہ داری ہے اور دفاعی وسائل و سامان حرب فراہم کرنا پوری امت کی ذمہ داری ہے۔

مَّا اسْتَطَعْتُمْ سے دو باتیں سامنے آتی ہیں۔ ایک یہ کہ اس مسئلے میں کوتاہی کی کوئی گنجائش نہیں۔ دوم یہ کہ اس میں ہر زمانے کی استطاعت شامل ہے۔

مِّنْ قُوَّةٍ: قوت میں اسلحہ، مہارت، تربیت اور

سَبَقُوْا ؕ اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ
قُوَّةٍ وَّمِنْ رِّبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُوْنَ
بِهٖ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ وَاٰخَرِيْنَ
مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ لَا تَعْلَمُوْنَهُمْ ۚ
اَللّٰهُ يَعْلَمُهُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ
شَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُوَفَّ اِلَيْكُمْ وَ
اَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿۶۰﴾
وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَ
تَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ﴿۶۱﴾
وَاِنْ يُّرِيْدُوْٓا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ
حَسْبَكَ اللّٰهُ ؕ هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ
بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾
وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ؕ لَوْ اَنْفَقْتَ
مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ
قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ
بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللّٰهُ وَمَنِ
اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۴﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ
عَلَى الْقِتَالِ ؕ اِنْ يَّكُنْ
مِّنْكُمْ عِشْرُوْنَ صٰبِرُوْنَ

ہیں، وہ (ہمیں) عاجز نہ کر سکیں گے۔☆
۶۰۔ اور ان (کفار) کے مقابلے کے لیے تم سے جہاں تک ہو سکے طاقت مہیا کرو اور پلے ہوئے گھوڑوں کو (مستعد) رکھو تاکہ تم اس سے اللہ کے اور اپنے دشمنوں نیز دوسرے دشمنوں کو خوفزدہ کرو جنہیں تم نہیں جانتے اللہ انہیں جانتا ہے اور راہ خدا میں جو کچھ تم خرچ کرو گے وہ تمہیں پورا دیا جائے گا اور تم پر زیادتی نہ ہوگی۔☆
۶۱۔ اور (اے رسول) اگر وہ صلح و آشتی کی طرف مائل ہو جائیں تو آپ بھی مائل ہو جائیے اور اللہ پر بھروسا کیجیے۔ یقیناً وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆
۶۲۔ اور اگر وہ آپ کو دھوکہ دینا چاہیں تو آپ کے لیے یقیناً اللہ کافی ہے، وہی تو ہے جس نے اپنی نصرت اور مومنین کے ذریعے آپ کو قوت بخشی ہے۔
۶۳۔ اور اللہ نے ان کے دلوں میں الفت پیدا کی ہے، اگر آپ روئے زمین کی ساری دولت خرچ کرتے تو بھی ان کے دلوں میں الفت پیدا نہیں کر سکتے تھے لیکن اللہ نے ان (کے دلوں) کو جوڑ دیا، یقیناً اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔
۶۴۔ اے نبی! آپ کے لیے اللہ اور مؤمنین میں سے جس نے آپ کی پیروی کی ہے کافی ہے۔☆
۶۵۔ اے نبی! مومنوں کو جنگ کی ترغیب دیں، اگر تم میں بیس صابر (جنگجو) ہوں تو وہ دوسو (کافروں) پر غالب آجائیں

تجربے کی قوتیں شامل ہیں۔
رِّبَاطِ الْخَيْلِ: اس زمانے میں گھوڑے سامان حرب میں شامل ہونے کے ساتھ سریع ترین مواصلاتی ذریعہ بھی تھے۔ جنگ میں مواصلات کو آج بھی بنیادی اہمیت حاصل ہے۔
تُرْهِبُوْنَ بِهٖ: اسلحے کی فراہمی کا مقصد صرف اس کا استعمال نہیں ہوتا بلکہ اکثر اسلحے امن کا ذریعہ بھی ہوتے ہیں۔ چنانچہ یہ نہیں فرمایا تقتلون به تاکہ تم اس سے دشمن کو قتل کرو، بلکہ فرمایا: تُرْهِبُوْنَ بِهٖ تاکہ تم اس اسلحے سے دشمن کو مرعوب کرو۔
وَاٰخَرِيْنَ: عسکری منصوبہ بندی میں صرف موجودہ صورت حال پر انحصار نہیں کرنا چاہیے بلکہ دشمن کی محسوس قوت کے ساتھ غیر محسوس طاقت کا بھی اندازہ لگانا ہوگا۔
وَمَا تُنْفِقُوْا: اس سلسلے میں عوام کی طرف سے مالی معاونت ضروری ہے۔
۶۱۔ اس آیت سے واضح ہوا کہ اسلامی جنگیں دفاعی تھیں۔ چنانچہ حکم یہ ہے: اگر صلح و آشتی کے لیے کوئی صورت موجود ہو تو صلح کو ہر صورت میں ترجیح دینی چاہیے۔ اسلامی اخلاق واقدار کا بھی یہی تقاضا ہے کہ دشمن اگر صلح کے لیے ہاتھ بڑھائے تو اس کے جواب میں ہاتھ بڑھایا جائے۔ مصالحت کا یہ حکم ممکن ہے ابتدائے اسلام میں ہو جب کافروں کی مکاریاں اور سازشیں سامنے نہیں آئیں، بعد میں جب کافر اسلام کو ختم کرنے پر تل گئے تو مسند احمد بن حنبل و بحار الانوار کی متعدد روایات و تاریخی حقائق کی روشنی میں یہ بات سامنے آتی ہے کہ اسلام نے ان کفار کے بارے میں یہ موقف اختیار کیا کہ وہ یا اسلام قبول کریں یا جنگ کے لیے آمادہ ہوں یا جزیہ دے کر معاہدہ کریں۔
۶۴۔ اس آیت کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: اے نبی آپ کے لیے اللہ اور آپ کی اتباع کرنے والے مؤمنین کافی ہیں۔
کہا جاتا ہے کہ پہلا ترجمہ اسلام کے توحیدی مزاج کے مطابق ہونے کی وجہ سے قابل ترجیح ہے۔ ہمارے نزدیک دوسرا ترجمہ توحید کے منافی نہیں ہے، کیونکہ اس سے پہلے آیت ۶۲ میں فرمایا: هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ۔ اس میں اللہ کی نصرت کے ساتھ مؤمنین کو شامل کیا ہے۔
حافظ ابونعیم کی روایت ہے کہ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی۔ (الغدیر ۲: ۵۱)

يَغْلِبُوْا مِائَتَيْنِ ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ
مِّنْكُمْ مِّائَةٌ يَّغْلِبُوْٓا اَلْفًا مِّنَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
يَفْقَهُوْنَ ﴿٦٥﴾
اَلْـٰٔنَ خَفَّفَ اللّٰهُ عَنْكُمْ وَ
عَلِمَ اَنَّ فِيْكُمْ ضَعْفًا ؕ فَاِنْ يَّكُنْ
مِّنْكُمْ مِّائَةٌ صَابِرَةٌ يَّغْلِبُوْا
مِائَتَيْنِ ۚ وَ اِنْ يَّكُنْ مِّنْكُمْ اَلْفٌ
يَّغْلِبُوْٓا اَلْفَيْنِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ اللّٰهُ
مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٦٦﴾
مَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗٓ
اَسْرٰى حَتّٰى يُثْخِنَ فِى الْاَرْضِ ؕ
تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا ۖ وَ اللّٰهُ
يُرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ؕ وَ اللّٰهُ عَزِيْزٌ
حَكِيْمٌ ﴿٦٧﴾
لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ
فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿٦٨﴾
فَكُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّ
ع ۵ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٦٩﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّمَنْ فِيْٓ اَيْدِيْكُمْ
مِّنَ الْاَسْرٰٓى ۙ اِنْ يَّعْلَمِ اللّٰهُ فِيْ
قُلُوْبِكُمْ خَيْرًا يُّؤْتِكُمْ خَيْرًا
مِّمَّآ اُخِذَ مِنْكُمْ وَ يَغْفِرْ لَكُمْ ؕ

گے اور اگر تم میں سو افراد ہوں تو وہ ایک ہزار کافروں پر غالب آ جائیں گے کیونکہ وہ ایسے لوگ ہیں جو سمجھتے نہیں ہیں۔

۶۶۔ اب اللہ نے تم لوگوں سے ہلکا کر دیا ہے چونکہ اللہ کو علم ہوا ہے کہ اب تم میں کمزوری آ گئی ہے لہٰذا اب اگر تم میں سو صابر افراد ہوں تو وہ دو سو پر غالب آئیں گے اور اگر تم میں ایک ہزار ہوں تو دو ہزار پر باذن خدا غالب آئیں گے اور اللہ صابروں کے ساتھ ہے۔☆

۶۷۔ یہ کسی نبی کے شایان نہیں ہے کہ زمین میں دشمن کو کچل دینے سے پہلے اس کے پاس قیدی ہوں، تم لوگ دنیاوی مفاد چاہتے ہو جب کہ اللہ (تمہارے لیے) آخرت چاہتا ہے، یقیناً اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۶۸۔ اگر اللہ کی طرف سے ایک بات لکھی نہ جا چکی ہوتی تو جو کچھ تم نے لیا ہے اس کی تمہیں بڑی سزا ہو جاتی۔☆

۶۹۔ بہرحال اب تم نے جو مال حاصل کیا ہے اسے حلال اور پاکیزہ طور پر کھاؤ اور اللہ سے ڈرتے رہو، یقیناً اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۷۰۔ اے نبی! جو قیدی تمہارے قبضے میں ہیں ان سے کہدیں کہ اگر اللہ کو علم ہوا کہ تمہارے دلوں میں کوئی اچھائی ہے تو جو تم سے (فدیہ میں) لیا گیا ہے وہ تمہیں اس سے بہتر عطا کرے گا اور تمہیں معاف

۶۶۔ فتح و غلبے کے لیے مادی سے زیادہ معنوی طاقت درکار ہوتی ہے۔ معنوی طاقت، بیرونی عضلاتی قوت کے لیے قوت محرکہ ہوتی ہے اور طاقت کا توازن قوت محرکہ کے پاس ہوتا ہے۔ اس لیے سابقہ آیت میں فرمایا: تم میں سو افراد ہوں تو ہزار کافروں پر غالب آؤ گے۔ دوسری آیت میں اس قوت محرکہ کی کمزوری کی بنا پر فرمایا: اب تم میں سو افراد ہوں تو وہ صرف دو سو پر غالب آ سکیں گے۔

۶۷۔ اسلامی جنگی حکمت عملی کے مطابق یہ دستور پہلے دیا جا چکا تھا کہ جنگ کے دوران دشمن کی طاقت کو کچلنے پر توجہ مرکوز ہونی چاہیے اور قیدی بنانے کا عمل اس کے بعد شروع ہونا چاہیے۔ لیکن بدر میں اس ترتیب کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔ چنانچہ جب دشمن کی فوج بھاگ نکلی تو مسلمانوں کا ایک بڑا گروہ غنیمت لوٹنے اور کفار کے افراد کو قیدی بنانے میں مصروف ہو گیا۔ اگر مسلمانوں کی پوری طاقت دشمن کے تعاقب پر صرف ہوتی تو دشمن کا خاتمہ ہو چکا ہوتا۔ اس لیے اس عمل پر رسول کریمؐ کو خطاب کر کے مسلمانون کی سرزنش کی جو کہ اللہ تعالیٰ کا اسلوب خطاب ہے۔ چنانچہ حضرت علی (ع) نے ساری توجہ دشمن کے کچلنے پر مرکوز رکھی تو قریش کے ستر مقتولین میں سے ستائیس افراد صرف آپؑ نے قتل کیے اور باقی ۴۳ افراد کل مسلمانوں نے۔

اَثْخَنَ کے معنی کچلنے کے ہیں اور قدم جمانے، اقتدار مضبوط کرنے اور قدم روکنے کے بھی ہیں۔ علامہ عاملی اپنی کتاب النص و الاجتہاد میں یہ موقف اختیار کرتے ہیں کہ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو بدر میں جنگ لڑنے کی جگہ قریش کے تجارتی قافلے کو اسیر بنانا چاہتے تھے۔ ان لوگوں کی سرزنش میں فرمایا: نبی کے لیے سزاوار نہیں کہ دشمن کو کچل کر اپنے قدم جمانے سے پہلے اسیر بنائے۔

۶۸۔۶۹ ممکن ہے سورہ محمد کی طرف اشارہ ہو جس میں فدیہ لینے کو حلال قرار دیا تھا۔ اس طرح اصل فدیہ لینا پہلے سے حلال کیا جا چکا تھا۔ عتاب اس بات پر ہو رہا ہے کہ مسلمانوں نے دشمن کا تعاقب کرنے پر اسیر کرنے کو ترجیح دی۔ اس عمل سے دشمن کا خاتمہ ہونے سے رہ گیا۔ یہ ایسا ہے کہ کوئی شخص نماز کے وقت نماز چھوڑ کر حلال شکار پکڑ لے تو نماز پر شکار پکڑنے کو ترجیح دینا بڑا جرم ہے تاہم شکار حلال ہے۔

قاسمی اپنی تفسیر محاسن التاویل ۸: ۹۹ میں لکھتے ہیں:

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٧٠﴾

وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٧١﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَمْ يُهَاجِرُوْا مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا ۚ وَاِنِ اسْتَنْصَرُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ اِلَّا عَلٰى قَوْمٍ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ مِّيْثَاقٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿٧٢﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ؕ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ ﴿٧٣﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰوَوْا وَّنَصَرُوْٓا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَقًّا ؕ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿٧٤﴾

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَهَاجَرُوْا

کرے گا اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۷۱۔ اور اگر یہ لوگ آپ سے خیانت کرنا چاہیں تو اس سے پہلے وہ اللہ کے ساتھ خیانت کر چکے ہیں پس اس نے انہیں (آپ کے) قابو میں کر دیا اور اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۷۲۔ بے شک جو لوگ ایمان لائے اور وطن سے ہجرت کر گئے اور انہوں نے اپنے اموال سے اور اپنی جانوں سے راہ خدا میں جہاد کیا اور جن لوگوں نے پناہ دی اور مدد کی وہ آپس میں ایک دوسرے کے ولی ہیں اور جو لوگ ایمان تو لائے مگر انہوں نے ہجرت نہیں کی تو ان کی ولایت سے تمہارا کوئی تعلق نہیں ہے جب تک وہ ہجرت نہ کریں، البتہ اگر انہوں نے دینی معاملے میں تم لوگوں سے مدد مانگی تو ان کی مدد کرنا تم پر اس وقت فرض ہے جب یہ مدد کسی ایسی قوم کے خلاف نہ ہو جن کے اور تمہارے درمیان معاہدہ ہے اور اللہ تمہارے اعمال پر خوب نظر رکھتا ہے۔☆

۷۳۔ اور جنہوں نے کفر کیا ہے وہ ایک دوسرے کے مددگار ہیں، اگر تم لوگ اس (دستور) پر عمل نہ کروگے تو زمین میں فتنہ اور بڑا فساد برپا ہوگا۔☆

۷۴۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور مہاجرت کی اور راہ خدا میں جہاد کیا نیز جنہوں نے (ہجرت کرنے والوں کو) پناہ دی اور مدد کی وہی سچے مومن ہیں، ان کے لیے مغفرت اور باعزت رزق ہے۔☆

۷۵۔ اور جو لوگ بعد میں ایمان لائے اور ہجرت کی اور تمہارے ہمراہ جہاد کیا وہ بھی

قاضی نے کہا ہے کہ اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام اجتہاد کرتے ہیں اور کبھی غلطی کر جاتے ہیں، مگر وہ اس غلطی پر قائم نہیں رہتے۔ جواب یہ ہے کہ یہاں عتاب نبیؐ پر نہیں بلکہ مسلمانوں پر ہے۔

۷۲۔ مہاجرین و انصار کے درمیان حضورؐ نے مؤاخات کے ذریعہ رشتۂ ولایت قائم کیا، جس کے تحت مہاجرین و انصار کی صلح و جنگ ایک ہوگئی۔ وہ ایک دوسرے کے وارث بھی بن گئے، مگر بعد میں وراثت کا حکم منسوخ ہو گیا۔ البتہ مہاجرین و انصار اور دار الکفر میں موجود مسلمانوں کے درمیان عام ولایت قائم بھی نہیں تھی۔ یعنی اگرچہ فتح مکہ سے پہلے ایمان لے آیا، مگر اس کا ایمان اس کے کردار پر مؤثر نہیں رہا، اس نے ہجرت نہیں کی، اس کی وجہ سے وہ اس امت کے رشتہ ولایت کا ممبر نہ بن سکا۔ مَا لَكُمْ مِّنْ وَّلَايَتِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ حَتّٰى يُهَاجِرُوْا۔ ہجرت کے بعد ہی وہ اس امت کا حقیقی ممبر بن سکتا ہے۔ ہارون نے امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے پوچھا: آپ لوگ وارث رسولؐ کیسے ہیں۔ چچا کی موجودگی میں چچا کی اولاد وارث نہیں بن سکتی۔ رسول اللہؐ کی رحلت کے وقت ابو طالب زندہ نہ تھے، عباس زندہ تھے۔ امامؑ نے فرمایا: رسول اللہؐ ان کو وارث نہیں بناتے جنہوں نے ہجرت نہیں کی، نہ ان کے لیے ولایت حاصل ہے۔ (عباس نے ہجرت نہیں کی) پھر امام نے دلیل میں یہ آیت تلاوت فرمائی۔ نہایت قابل توجہ ہے کہ جب ایمان کے باوجود ہجرت نہ کرنے کی وجہ سے امت مسلمہ کے ساتھ رشتہ ولایت میں کوئی منسلک نہیں ہو سکتا تو فتح مکہ تک ایمان بھی نہ لانے والے کیسے منسلک ہو سکتے ہیں۔ صرف ایک حالت کی استثنا ہے کہ ان کافروں کے مقابلے میں ان کی مدد کی جائے گی جو مسلمانوں سے حالت جنگ میں ہیں۔ اگر کافر مسلمانوں سے حالت جنگ میں نہیں ہیں، ان کے مقابلے میں مسلمانوں کی مدد نہیں کی جائے گی۔

۷۳۔ اسلامی ریاست کے لیے مؤمنوں کا آپس میں اس ولایت کو قائم رکھنا ضروری ہے۔ کیونکہ ان کے مقابلے میں کافر لوگ اسلامی ریاست کے خلاف انفرادی طور پر قیام نہیں کرتے بلکہ وہ الکفر ملت واحدہ کے طور پر مسلمانوں کے خلاف اٹھ کھڑے ہوتے ہیں، لہٰذا اسلامی ریاست کو بھی بطور ایک امت واحدہ ان کا مقابلہ کرنا ہوگا، ورنہ مسلمان ایسے فتنہ و فساد سے دوچار ہوں گے جسے اللہ تعالیٰ نے کبیر فرمایا ہے۔

وَ جٰهَدُوْا مَعَكُمْ ۚ فَاُولٰٓئِكَ
مِنْكُمْ ؕ وَ اُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ
اَوْلٰى بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۵﴾ ع

تم میں شامل ہیں اور اللہ کی کتاب میں خونی رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں، بے شک اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

سورۂ توبہ۔ مدنی۔ آیات ۱۲۹

بَرَآءَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَى الَّذِيْنَ
عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱﴾
فَسِيْحُوْا فِي الْاَرْضِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ
وَّ اعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي
اللّٰهِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ مُخْزِي الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲﴾
وَ اَذَانٌ مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَى
النَّاسِ يَوْمَ الْحَجِّ الْاَكْبَرِ اَنَّ
اللّٰهَ بَرِيْٓءٌ ۙ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۙ
وَ رَسُوْلُهٗ ؕ فَاِنْ تُبْتُمْ فَهُوَ خَيْرٌ
لَّكُمْ ۚ وَ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْٓا
اَنَّكُمْ غَيْرُ مُعْجِزِي اللّٰهِ ؕ وَ بَشِّرِ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ عٰهَدْتُّمْ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ
ثُمَّ لَمْ يَنْقُصُوْكُمْ شَيْـًٔا وَّ لَمْ
يُظَاهِرُوْا عَلَيْكُمْ اَحَدًا فَاَتِمُّوْٓا
اِلَيْهِمْ عَهْدَهُمْ اِلٰى مُدَّتِهِمْ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۴﴾
فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ

۱۔ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے (اعلان) بیزاری ہے ان مشرکوں کی طرف جن سے تمہارا معاہدہ تھا۔☆

۲۔ پس تم لوگ اس ملک میں چار مہینے چل پھر لو اور جان رکھو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور یہ کہ اللہ کافروں کو رسوا کرنے والا ہے۔

۳۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے حج اکبر کے دن لوگوں کے لیے اعلان ہے کہ اللہ اور اس کا رسول بھی مشرکین سے بیزار ہے اور پس اگر تم توبہ کر لو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے اور اگر منہ پھیر لو گے تو جان رکھو کہ تم اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور کافروں کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو۔☆

۴۔ البتہ جن مشرکین سے تمہارا معاہدہ تھا پھر انہوں نے تمہارے ساتھ کوئی قصور نہیں کیا اور نہ ہی تمہارے خلاف کسی کی مدد کی تو ایسے لوگوں کے ساتھ جس مدت کے لیے معاہدہ ہوا ہے اسے پورا کرو، بتحقیق اللہ اہل تقویٰ کو دوست رکھتا ہے۔

۵۔ پس جب حرمت کے مہینے گزر جائیں تو

۷۵۔ وَاُولُوا الْاَرْحَامِ: اس جملے میں وراثت کا ایک قاعدہ قائم کیا گیا ہے کہ خونی رشتہ دار ایک دوسرے کے زیادہ حقدار ہیں۔ اس آیت سے مہاجرین و انصار میں توارث کا حکم منسوخ ہو گیا۔

سورۂ توبہ

۱۔ یہ اعلان اس قاعدے کے تحت ہے جو اسلام نے قائم کیا ہے کہ دشمن سے خیانت اور معاہدے کی خلاف ورزی کا خوف ہو تو کسی جنگی کاروائی سے پہلے معاہدہ ختم کرنے کا اعلان کرنا ضروری ہے۔ اگر دشمن کی طرف سے عہد شکنی کا عمل سرزد نہ ہوا ہو تو یک طرفہ طور پر معاہدہ ختم کرنا جائز نہیں ہے۔

۳۔ مشرکین مکہ نے عہد شکنی میں پہل کی، تاہم رحمت و ہدایت کا تقاضا یہی ہے کہ ان کو پھر بھی چار مہینے کی مہلت دی جائے۔

سنہ ۸ ہجری میں مکہ فتح ہوا۔ اس سال مسلمانوں نے پہلا حج کیا۔ سنہ ۹ ہجری میں سورۂ برائت کے ساتھ حضرت ابوبکر کو امیر الحجاج بنا کر بھیجا گیا۔ لیکن بعد میں حضرت رسول اکرمؐ پر جبرئیل نازل ہوئے اور اللہ کا یہ پیغام پہنچایا: الا یؤدی عنك الا انت او رجل منك اعلان برائت کی اس ذمہ داری کو یا تو آپ خود بنفس نفیس انجام دیں یا ایسا شخص جو آپ سے ہو۔ چنانچہ رسول اللہؐ نے اعلان برائت کی ذمے داری حضرت علی علیہ السلام کو دے دی۔ (الارشاد: ۶۵) اس روایت کو کبار اصحاب نے نقل کیا ہے۔ واضح رہے کہ تبلیغ کا پہلا مرحلہ یعنی اللہ کا حکم لوگوں تک پہنچانا رسول کریمؐ کی ذمہ داری اور فرض منصبی ہے۔ تبلیغ کا دوسرا مرحلہ یہ ہے کہ سننے والوں پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ دوسروں تک پہنچائیں۔ برائت از مشرکین کا اعلان پہلے مرحلے میں تھا، یعنی خود رسول اللہؐ کا فرض منصبی تھا کہ لوگوں میں اعلان کریں۔ اگر کسی وجہ سے یہ نہ ہو سکتا تو یہ ذمہ داری وہ انجام دیتا جو رسول اللہؐ کے بعد کے درجے کا ہو۔ یعنی اس اعلان کو یا تو اس مشن کی پہلی شخصیت انجام دے یا دوسری شخصیت۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام اس مشن کی دوسری شخصیت ثابت ہوئے۔

۵۔ حرمت کے چار مہینے سے مراد وہ چار مہینے ہیں جن کی مہلت دی گئی ہے۔ مہلت کے یہ چار مہینے گزر جائیں تو مسلمانوں کو یہ حکم ملتا ہے کہ وہ مشرکین کو صفحہ ہستی سے مٹا دیں اور اللہ کی زمین کو ان کے ناپاک وجود سے پاک کریں۔ یہ وہ

فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ
وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَ خُذُوْهُمْ وَ
احْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ
مَرْصَدٍ ۚ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ
وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٥
وَ اِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ
اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ
كَلٰمَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ
ع ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝٦
كَيْفَ يَكُوْنُ لِلْمُشْرِكِيْنَ عَهْدٌ
عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ رَسُوْلِهٖٓ اِلَّا الَّذِيْنَ
عٰهَدْتُّمْ عِنْدَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۚ
فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا
لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝٧
كَيْفَ وَاِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ لَا
يَرْقُبُوْا فِيْكُمْ اِلًّا وَّ لَا ذِمَّةً ؕ
يُرْضُوْنَكُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ وَ تَاْبٰى
قُلُوْبُهُمْ ۚ وَاَكْثَرُهُمْ فٰسِقُوْنَ ۝٨ ج
اِشْتَرَوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا
فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِهٖ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝٩
لَا يَرْقُبُوْنَ فِيْ مُؤْمِنٍ اِلًّا وَّ لَا

مشرکین کو تم جہاں پاؤ قتل کرو اور انہیں پکڑو اور گھیرو اور ہر گھات پر ان کی تاک میں بیٹھو، پھر اگر وہ توبہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں تو ان کا راستہ چھوڑ دو، بیشک اللہ بڑا درگزر کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۶۔اور اگر مشرکین میں سے کوئی شخص آپ سے پناہ مانگے تو اسے پناہ دے دیں تاکہ وہ کلام اللہ کو سن لے پھر اسے اس کی امن کی جگہ پہنچا دیں، ایسا اس لیے ہے کہ یہ لوگ جانتے نہیں ہیں۔☆

۷۔ اللہ اور اس کے رسول کے نزدیک کوئی عہد مشرکین کے لیے کیسے ہو سکتا ہے بجز ان لوگوں کے جن سے تم نے مسجد الحرام کے پاس معاہدہ کیا ہے؟ پس جب تک وہ تمہارے ساتھ (اس عہد پر) قائم رہیں تو تم بھی ان کے ساتھ قائم رہو، یقیناً اللہ اہل تقویٰ کو دوست رکھتا ہے۔☆

۸۔ (ان سے عہد) کیسے ہو سکتا ہے جب کہ اگر وہ تم پر غلبہ حاصل کر لیں تو وہ نہ تو تمہاری قرابتداری کا لحاظ کریں گے اور نہ عہد کا؟ وہ زبان سے تو تمہیں خوش کر دیتے ہیں مگر ان کے دل انکار پر تلے ہوئے ہیں اور ان میں اکثر لوگ فاسق ہیں۔☆

۹۔انہوں نے اللہ کی آیات کے عوض تھوڑی سی قیمت وصول کر لی ہے پس وہ اللہ کے راستے سے ہٹ گئے ہیں یہ لوگ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً وہ بہت برا ہے۔☆

۱۰۔نہ تو یہ کسی مومن کے حق میں قرابتداری

مشرکین ہیں جن کو گزشتہ ۲۲ سالوں سے اسلام کی دعوت دی جا رہی ہے۔ اس دوران میں ان لوگوں نے مسلمانوں کو ہر قسم کی اذیت دی، ان کو گھروں سے نکالا، ان کے خلاف کئی جنگیں لڑیں اور کوئی ایسا ظلم و زیادتی نہیں چھوڑی جو وہ کر سکتے تھے۔ ان تمام باتوں کے باوجود آج مسلمانوں کو یہ حکم مل رہا ہے کہ اگر وہ توبہ کریں اور اسلامی شعائر پر عمل پیرا ہوں تو ان سے معترض نہ ہوں ان کو امن و آزادی دیں۔ اس سے معلوم ہوا کہ مشرکین کو قتل کرنے کا حکم کوئی انتقامی یا نسل کشی کا عمل نہیں ہے، بلکہ یہ ایک حکمت عملی ہے۔ مخلوق خدا کو امن و سکون دینے کے لیے اور لوگوں کو راہ راست کی طرف دعوت دینے کا ایک اسلوب ہے۔

۶۔اسلامی جنگوں کا مقصد اپنے نظریات کو جبر و اکراہ کے ساتھ دوسروں پر مسلط کرنا نہیں ہے، بلکہ یہ جنگیں جبر و اکراہ کے خلاف لڑی گئی تھیں۔ جیسے ہی جبر کی یہ رکاوٹ دور ہو جائے اسلام آزادنہ غور و فکر کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے اور نہ صرف امن فراہم کرتا ہے بلکہ اسے اپنی پناہ گاہ تک پہنچا دیتا ہے۔

۷۔عہد شکن مشرکین کے ساتھ کسی معاہدہ کے برقرار رہنے کی نفی کے ساتھ ایک بار ان لوگوں کا ذکر فرمایا جو عہد و پیمان پر قائم ہیں، یعنی بنی نضیر، بنی کنانہ اور بنی خزاعہ کے قبائل جنہوں نے معاہدہ کی پابندی کی تھی۔

فَمَا اسْتَقَامُوْا لَكُمْ فَاسْتَقِيْمُوْا لَهُمْ: جب تک وہ تمہارے ساتھ عہد پر قائم رہیں تم بھی ان کے ساتھ قائم رہو۔ عہد توڑنا جائز نہیں، خواہ یہ عہد مشرکین کے ساتھ ہی کیوں نہ ہو۔

۸۔یعنی یہ لوگ درحقیقت معاہدہ نہیں کرتے بلکہ عجز و ناتوانی کی صورت میں زبانی طور پر معاہدے کا نام لیتے ہیں۔ چنانچہ جیسے ان کو تم پر بالادستی حاصل ہو گی وہ کسی معاہدے یا قرابتداری کی پاسداری نہیں کریں گے۔

۹۔۱۰عہد شکنی کے پیچھے موجود عوامل و محرکات کا ذکر ہے کہ یہ لوگ جس نفسیات کے مالک ہیں اس کے تحت نہایت حقیر مالی مفادات کی خاطر آیات الٰہی کو نظر انداز کرتے ہیں اور راہ حق سے ہٹ جاتے ہیں اور زیادتی و تجاوز کو ان لوگوں نے اپنا شیوہ بنا رکھا ہے۔ ان سے عہد و پیمان کی پاسداری کی امید نہیں رکھنی چاہیے۔

ذِمَّةً ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُعْتَدُوْنَ ⑩
فَاِنْ تَابُوْا وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتَوُا
الزَّكٰوةَ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ ؕ
وَنُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑪
وَ اِنْ نَّكَثُوْٓا اَيْمَانَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ
عَهْدِهِمْ وَ طَعَنُوْا فِيْ دِيْنِكُمْ
فَقَاتِلُوْٓا اَئِمَّةَ الْكُفْرِ ۙ اِنَّهُمْ لَآ
اَيْمَانَ لَهُمْ لَعَلَّهُمْ يَنْتَهُوْنَ ⑫
اَلَا تُقَاتِلُوْنَ قَوْمًا نَّكَثُوْٓا
اَيْمَانَهُمْ وَهَمُّوْا بِاِخْرَاجِ الرَّسُوْلِ
وَ هُمْ بَدَءُوْكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ
اَتَخْشَوْنَهُمْ ۚ فَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ
تَخْشَوْهُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ⑬
قَاتِلُوْهُمْ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ
وَيُخْزِهِمْ وَيَنْصُرْكُمْ عَلَيْهِمْ وَ
يَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ⑭ ۙ
وَيُذْهِبْ غَيْظَ قُلُوْبِهِمْ ؕ وَ
يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑮
اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تُتْرَكُوْا وَ لَمَّا
يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جٰهَدُوْا مِنْكُمْ وَ
لَمْ يَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لَا
رَسُوْلِهٖ وَلَا الْمُؤْمِنِيْنَ وَلِيْجَةً ؕ

کا لحاظ کرتے ہیں اور نہ عہد کا اور یہی لوگ زیادتی کا ارتکاب کرنے والے ہیں۔☆

۱۱۔ پس اگر یہ لوگ توبہ کر لیں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ دیں تو وہ تمہارے دینی بھائی ہیں اور علم رکھنے والوں کے لیے ہم آیات کو واضح کر کے بیان کرتے ہیں۔☆

۱۲۔ اور اگر عہد کرنے کے بعد یہ لوگ اپنی قسمیں توڑ دیں اور تمہارے دین کی عیب جوئی کرنے لگ جائیں تو کفر کے اماموں سے جنگ کرو، کیونکہ ان کی قسموں کا کوئی اعتبار نہیں شاید وہ باز آ جائیں۔☆

۱۳۔ کیا تم ایسے لوگوں سے نہیں لڑو گے جو اپنی قسمیں توڑ دیتے ہیں اور جنہوں نے رسول کو نکالنے کا ارادہ کیا تھا؟ پہلی بار تم سے زیادتی میں پہل بھی انہوں نے کی تھی کیا تم ان سے ڈرتے ہو؟ اگر تم مومن ہو تو اللہ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ تم اس سے ڈرو۔☆

۱۴۔ ان سے لڑو تا کہ تمہارے ہاتھوں اللہ انہیں عذاب دے اور انہیں رسوا کرے اور ان پر تمہیں فتح دے اور مومنین کے دلوں کو ٹھنڈا کرے۔☆

۱۵۔ اور ان کے دلوں کا غصہ نکالے اور اللہ جس کی چاہتا ہے توبہ قبول کرتا ہے اور اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۱۶۔ کیا تم لوگوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ یونہی چھوڑ دیے جاؤ گے؟ حالانکہ اللہ نے ابھی یہ بھی نہیں دیکھا ہے کہ تم میں سے کس نے جہاد کیا اور کس نے اللہ، اس کے رسول اور مومنین کے سوا کسی اور کو اپنا بھیدی نہیں بنایا اور اللہ تمہارے اعمال

۱۱۔ جن لوگوں نے مسلمانوں پر ایک طویل عرصہ ظلم و زیادتی کا سلسلہ روا رکھا آج توبہ کر کے وہ ان کے بھائی بن گئے۔ انہیں بھی وہی حقوق مل گئے جو پرانے ظلم سہنے والوں کے تھے۔ البتہ اخروی ثواب اور درجات میں وہ ظلم سہنے والوں کے برابر نہیں ہوں گے۔

۱۲۔ کفر کے ائمہ میں دو باتیں ہوتی ہیں: ایک بدعہدی دوسری دین کی عیب جوئی۔ مسلمانوں کو حکم دیا جا رہا ہے کہ کفر کی اس جڑ کو کاٹ دو۔

۱۳۔ اس آیت میں گزشتہ بائیس سالوں میں ہونے والے مظالم کا ذکر ہے: ☆ ان لوگوں نے حدیبیہ میں جس معاہدے کی پاسداری کرنے کی قسمیں کھائی تھیں ان قسموں کو توڑ دیا۔ ☆ رسولؐ اللہ کو مکے سے ہجرت کرنے پر مجبور ہی نہیں کیا بلکہ ان کو حرم الٰہی اور امن کی جگہ پر قتل کرنے کا منصوبہ بھی بنایا۔ ☆ جتنی جنگیں لڑی گئیں ان سب میں ان لوگوں نے پہل کی۔

۱۴۔۱۵ ان سے جنگ کرو اللہ تعالیٰ اپنی مشیت و ارادے کے لیے سبب بنائے گا اور تمہارے ہاتھوں اللہ ان کو عذاب دے گا۔ اس سے ان مسلمانوں کے دلوں کو ٹھنڈک پہنچے گی جن کو ان مشرکوں نے آزار پہنچایا تھا اور مسلمانوں کی فتح و نصرت دیکھ کر ان ظالموں کے بارے میں جو غیظ و غضب ہے وہ فرو ہو جائے گا۔

انسان اپنے افعال میں خود مختار ہیں یا مجبور، اہل سنت کے ہاں دو نظریے ہیں۔ ایک اشعری مذہب جو جبر کا قائل ہے اور اہل سنت کا اکثریتی مذہب ہے۔ دوسرا معتزلہ جو خود مختاری اور تفویض کا نظریہ رکھتا ہے۔ یہ مذہب آج کل تقریباً متروک ہو چکا ہے۔ اشعری مذہب والے اپنے نظریہ جبر پر اس آیت کے جملہ يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ بِاَيْدِيْكُمْ سے استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں: دیکھیے عذاب کو اللہ نے اپنا فعل قرار دیا ہے اور یہ فعل مسلمانوں کے ہاتھ سے صرف آلہ کے طور پر صادر ہو رہا ہے، لہٰذا ثابت ہوا ہے کہ تمام افعال اللہ کے ہیں، بندے تلواروں اور نیزوں کی طرح صرف آلہ ہیں۔

۱۶۔ اظہار ایمان کے لیے زبان ہلا دینا نہایت آسان ہے، مگر اس زبانی دعویٰ کے پیچھے دل میں کیا ہے؟ وہ صرف آزمائش ہی کے ذریعے فاش ہوتا ہے۔ لہٰذا ضمیروں کا فاش کرنا اور دلوں میں چھپے ہوئے کافرانہ بھیدوں کو طشت از بام کرنا اسلام اور

ع ٨ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿١٧﴾ ع

مَا كَانَ لِلْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يَّعْمُرُوْا
مَسٰجِدَ اللّٰهِ شٰهِدِيْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ
بِالْكُفْرِ ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ ۚ
وَفِى النَّارِ هُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿١٨﴾
اِنَّمَا يَعْمُرُ مَسٰجِدَ اللّٰهِ مَنْ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ
وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَلَمْ يَخْشَ اِلَّا اللّٰهَ
فَعَسٰٓى اُولٰٓئِكَ اَنْ يَّكُوْنُوْا مِنَ
الْمُهْتَدِيْنَ ﴿١٩﴾
اَجَعَلْتُمْ سِقَايَةَ الْحَآجِّ وَعِمَارَةَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ كَمَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَجٰهَدَ فِىْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ؕ لَا يَسْتَوٗنَ عِنْدَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ
لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٩﴾ وقف لازم
اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَهَاجَرُوْا وَجٰهَدُوْا
فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِهِمْ وَ
اَنْفُسِهِمْ ۙ اَعْظَمُ دَرَجَةً عِنْدَ
اللّٰهِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿٢٠﴾
يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ
رِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ
مُّقِيْمٌ ﴿٢١﴾ ۙ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ

سے خوب باخبر ہے۔☆

۱۷۔ مشرکین کو یہ حق حاصل نہیں کہ اللہ کی مساجد کو آباد کریں درحالیکہ وہ خود اپنے کفر کی شہادت دے رہے ہیں، ان لوگوں کے اعمال برباد ہوگئے اور وہ آتش میں ہمیشہ رہیں گے۔☆

۱۸۔ اللہ کی مسجدوں کو صرف وہی لوگ آباد کر سکتے ہیں جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہوں اور نماز قائم کرتے ہوں نیز زکوٰۃ ادا کرتے ہوں اور اللہ کے سوا کسی سے خوف نہ کھاتے ہوں، پس امید ہے کہ یہ لوگ ہدایت پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔☆

۱۹۔ کیا تم نے حاجیوں کو پانی پلانے اور مسجد الحرام کی آبادکاری کو اس شخص کے برابر قرار دیا ہے جس نے اللہ اور روز آخرت پر ایمان لایا اور راہ خدا میں جہاد کیا؟ اللہ کے نزدیک یہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے اور اللہ ظالم قوم کی ہدایت نہیں کرتا☆

۲۰۔ جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اپنے اموال سے اور اپنی جانوں سے راہ خدا میں جہاد کیا وہ اللہ کے نزدیک نہایت عظیم درجہ رکھتے ہیں اور وہی لوگ کامیاب ہیں۔☆

۲۱۔ ان کا رب انہیں اپنی رحمت اور خوشنودی کی اور ان جنتوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان کے لیے دائمی نعمتیں ہیں۔☆

۲۲۔ ان میں وہ ابد تک رہیں گے، بے شک

مسلمانوں کے مفاد میں ہے۔ آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ رسول کریمؐ کی زندگی کے اواخر میں منافقوں اور حاطب بن ابی بلتعہ جیسے کمزور ایمان والوں کا ایک قابل توجہ گروہ مشرکین کے ساتھ خفیہ روابط رکھتا تھا اور وہ مشرکین مکہ کے لیے مخبری کرتے تھا، لہٰذا یہ بات ضروری ہوگئی تھی کہ خداوند واضح کرے کہ سچے مؤمن کون ہیں اور صرف دعویٰ ایمان کرنے والے کون ہیں؟

۱۷۔ شرک باللہ چونکہ عبادت اور عبودیت کے منافی ہے اس لیے مشرکوں کو حق نہیں پہنچتا کہ وہ اللہ کی عبادت کے لیے مسجدیں آباد کریں۔ کیونکہ جن کا عقیدہ صحیح نہیں ہے ان کی عبادت بھی صحیح نہیں۔

۱۸۔ جو لوگ نماز و زکوٰۃ کے پابند نہیں اور اللہ کے علاوہ دل میں دوسروں کا خوف رکھتے ہیں وہ مسجد کے متولی نہیں بن سکتے۔

۱۹ تا ۲۱۔ عباس بن عبد المطلب اور شیبہ آپس میں مفاخرہ کر رہے تھے۔ عباس اس بات پر فخر کر رہے تھے کہ مجھے حاجیوں کو آب زم زم پلانے کا شرف حاصل ہے۔ شیبہ کو اس بات پر فخر تھا کہ وہ کعبہ کا معمار ہے۔ اسی اثنا میں حضرت علی علیہ السلام کا وہاں سے گزر ہوا۔ آپؑ نے فرمایا: اگرچہ میں آپ دونوں سے کم عمر ہوں، مگر جو شرف مجھے حاصل ہے، آپ دونوں کو حاصل نہیں ہے۔ دونوں نے پوچھا وہ کیا ہے؟ آپؑ نے فرمایا: وہ یہ ہے کہ میں نے تلوار سے آپ دونوں کی ناک رگڑوا دی جس کی وجہ سے آپ دونوں اللہ اور اس کے رسولؐ پر ایمان لے آئے۔ اس پر یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کے موقف کی تائید میں نازل ہوئی۔ اس مضمون روایت کو مختلف الفاظ کے ساتھ خود عباس، ابوذر، بریدہ، محمد بن کعب اور انس وغیرہ نے نقل کیا ہے۔

ایمان و خلوص سے خالی تعمیر مسجد اور حاجیوں کی خدمت پر ایمان و جہاد کو فضیلت دیتے ہوئے اس مؤمن و مجاہد کے لیے درج فضائل بھی بیان ہوئے:
۱۔ وہ نہایت عظیم درجہ رکھتے ہیں: اَعْظَمُ دَرَجَةً ۲۔ کامیابی انہیں کو حاصل ہے: اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ۔ ۳۔ جنت و رضوان رحمت کی نوید: يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ ۴۔ ابدی نعمت کی نوید: لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۵۔ جنت میں دائمی زندگی کی نوید: خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۶۔ اجر عظیم کی بشارت اس کے علاوہ اِنَّ اللّٰهَ عِنْدَهٗٓ

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿٢٢﴾	اللہ کے پاس عظیم ثواب ہے۔
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْٓا	۲۳۔ اے ایمان والو! تمہارے آباء اور
اٰبَآءَكُمْ وَ اِخْوَانَكُمْ اَوْلِيَآءَ	تمہارے بھائی اگر ایمان کے مقابلے میں
اِنِ اسْتَحَبُّوا الْكُفْرَ عَلَى الْاِيْمَانِ ؕ	کفر کو پسند کریں تو انہیں اپنا ولی نہ بناؤ
وَ مَنْ يَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاُولٰٓئِكَ	اور یاد رکھو کہ تم میں سے جو لوگ انہیں
هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٢٣﴾	ولی بنائیں گے پس ایسے ہی لوگ تو ظالم
قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَ اَبْنَآؤُكُمْ	ہیں۔☆
وَ اِخْوَانُكُمْ وَ اَزْوَاجُكُمْ وَ	۲۴۔ کہہ دیجیے: تمہارے آباء اور تمہارے
عَشِيْرَتُكُمْ وَ اَمْوَالُ ۨ اقْتَرَفْتُمُوْهَا	بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں
وَ تِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَ	اور تمہاری برادری اور تمہارے وہ اموال
مَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ	جو تم کماتے ہو اور تمہاری وہ تجارت جس
مِّنَ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ جِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ	کے بند ہونے کا تمہیں خوف ہے اور تمہاری
فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ؕ وَ	پسند کے مکانات اگر تمہیں اللہ اور اس کے
ع ٩ اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٢٤﴾ ع	رسول اور راہ خدا میں جہاد سے زیادہ عزیز
لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ فِيْ مَوَاطِنَ	ہیں تو ٹھہرو! یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لے
كَثِيْرَةٍ ۙ وَّ يَوْمَ حُنَيْنٍ ۙ اِذْ	آئے اور اللہ فاسقوں کی رہنمائی نہیں کیا
اَعْجَبَتْكُمْ كَثْرَتُكُمْ فَلَمْ تُغْنِ	کرتا۔☆
عَنْكُمْ شَيْـًٔا وَّ ضَاقَتْ عَلَيْكُمُ	۲۵۔ تحقیق بہت سے مقامات پر اللہ تمہاری
الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ ثُمَّ وَلَّيْتُمْ	مدد کر چکا ہے اور حنین کے دن بھی، جب
مُّدْبِرِيْنَ ﴿٢٥﴾ ع	تمہاری کثرت نے تمہیں غرور میں مبتلا کر
ثُمَّ اَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى	دیا تھا مگر وہ تمہارے کچھ بھی کام نہ آئی
رَسُوْلِهٖ وَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَنْزَلَ	اور زمین اپنی وسعتوں کے باوجود تم پر
جُنُوْدًا لَّمْ تَرَوْهَا وَ عَذَّبَ الَّذِيْنَ	تنگ ہوگئی پھر تم پیٹھ پھیر کر بھاگ کھڑے
	ہوئے۔☆
	۲۶۔ پھر اللہ نے اپنے رسول پر اور مومنین
	پر اپنی تسکین نازل فرمائی اور تمہیں نظر نہ
	آنے والے لشکر اتارے اور کفار کو عذاب
	میں مبتلا کر دیا اور کفر اختیار کرنے والوں

اَجْرٌ عَظِيْمٌ

۲۳۔ رشتہ داری، مال و دولت، کاروبار اور پسندیدہ مکانات عموماً ایسی چیزیں ہیں کہ جن کی محبت اور چاہت دینی موقف سے ٹکراتی ہے۔ ایسے مواقع پر اکثر لوگ دینی ذمہ داری اور موقف کو نظر انداز کر کے مذکورہ چیزوں کو سینے سے لگا لیتے ہیں۔ دوسری طرف سے چونکہ دین کو مانتے بھی ہیں۔ لہٰذا مفادات سے غیر متصادم دینی تقاضوں پر عمل کرتے ہیں اور خود کو مومن سمجھنے لگتے ہیں۔ یہ آیات ایسے ہی اہل ایمان سے مخاطب ہیں۔

مومن کے لیے اپنے غیر مسلم رشتہ داروں کے ساتھ دو حالتیں پیش آ سکتی ہیں: ☆ خالصتاً انسانی حالت، جس میں ان رشتہ داروں کے ساتھ اچھے تعلقات رکھنا اپنے کسی دینی موقف کے ساتھ متصادم نہیں ہے، اس صورت میں ان کے ساتھ نیکی کرنا چاہیے۔ ☆ اگر ان رشتہ داروں کے ساتھ تعلقات قائم رکھنا، ان پر احسان کرنا اور ان کے ساتھ نیکی کرنا اپنے دینی موقف کے ساتھ متصادم ہو تو یہاں اسے دین یا رشتہ دار میں سے ایک کو اختیار کرنا ہوگا۔

۲۴۔ خطاب اہل ایمان سے ہے کہ اگر تمہارے دلوں میں ایمان ہے تو ان دلوں میں ایمان کے منافی چیزوں کے لیے گنجائش نہیں ہونی چاہیے۔ کیونکہ اگر ایمان کے منافی چیز کی دل پر حاکمیت ہے تو یہ ایمان کی نفی ہے۔

۲۵۔ فتح مکہ کے بعد طائف اور گرد و پیش کے جنگجو قبائل ہوازن نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ چنانچہ چار ہزار افراد پر مشتمل لشکر مال و اولاد کو ساتھ لے کر میدان میں آ گیا۔ ان کے مقابلے کے لیے رسول اسلامؐ بارہ ہزار کا لشکر لے کر نکلے۔ ان میں سے دو ہزار فتح مکہ کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہونے والے طلقاء (آزاد کردہ لوگ) تھے۔ لشکر اسلام حضرت علیؑ کی علمداری میں وادی حنین میں اتر رہا تھا کہ قبیلہ ہوازن نے اچانک ہلہ بول دیا اور گھاٹیوں میں چھپے ہوئے دستوں نے چاروں طرف تیروں کی بارش کر دی جس سے لشکر اسلام بری طرح پسپا ہو گیا اور رسولؐ کے گرد صرف دس افراد جمے رہے۔ مسلمانوں کی پسپائی کے موقع پر ابوسفیان کا یہ جملہ مشہور ہے: اب مسلمانوں کی شکست سمندر تک چلی جائے گی۔ بعد میں حضرت عباسؓ کی

كَفَرُوْا ۭ وَذٰلِكَ جَزَاۗءُ الْكٰفِرِيْنَ ۝٢٧
ثُمَّ يَتُوْبُ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَلٰي
مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝٢٨
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ
نَجَسٌ فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ
الْحَرَامَ بَعْدَ عَامِهِمْ هٰذَا ۚ وَاِنْ
خِفْتُمْ عَيْلَةً فَسَوْفَ يُغْنِيْكُمُ
اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنْ شَاۗءَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝٢٩
قَاتِلُوا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَلَا
بِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوْنَ مَا
حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ وَلَا يَدِيْنُوْنَ
دِيْنَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ
حَتّٰى يُعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَّدٍ وَّ
ع هُمْ صٰغِرُوْنَ ۝٢٩
وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ عُزَيْرُۨ ابْنُ اللّٰهِ وَ
قَالَتِ النَّصٰرَى الْمَسِيْحُ ابْنُ
اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ قَوْلُهُمْ بِاَفْوَاهِهِمْ ۚ
يُضَاهِـُٔوْنَ قَوْلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْ قَبْلُ ۭ قٰتَلَهُمُ اللّٰهُ ۚ اَنّٰى
يُؤْفَكُوْنَ ۝٣٠
اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ
اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ

آواز پر سب واپس آ گئے اور ڈٹ کر مقابلہ کیا۔ یوں لشکر کفر پسپا ہو گیا۔ اس جنگ میں لشکر کفر کے ستر افراد مارے گئے۔ صرف حضرت علیؑ نے چالیس افراد کو قتل کیا۔

۲۸۔ اِنَّمَا الْمُشْرِكُوْنَ نَجَسٌ: لفظ نجس قرآن میں اس معنی میں استعمال ہوا ہے جو لغت میں عربوں کے درمیان مستعمل تھے۔ جدید فقہی اصطلاح میں استعمال نہیں ہوا ہے۔ لہٰذا عین ممکن ہے نجاست سے مراد نفسانی یا کردار کی پلیدی ہو اور ممکن ہے کہ پلید سے مراد حسی ہو، اس کا فیصلہ سنت و سیرت رسولؐ و ائمہؑ کی روشنی میں فقہاء کرتے ہیں۔

فَلَا يَقْرَبُوا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ: نجاست کا جو بھی مفہوم مراد لیا جائے اس نجاست کی وجہ سے مشرکین کے لیے مسجد الحرام میں داخلہ ممنوع ہو گیا، کیونکہ اس مسجد میں داخل ہونے کے لیے جس طہارت کی ضرورت ہے وہ شرک و کفر کے ساتھ ممکن نہیں ہے۔

۲۹۔ اہل کتاب سے جزیہ وصول کرنے کے بارے میں معذرت خواہانہ لہجہ اختیار کرنے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کی وضاحت کے ساتھ اس قانون کا پرچار کرنا چاہیے۔

اسلام کسی نظریے کو قبول یا رد کرنے کے لیے جبر کو برداشت نہیں کرتا۔ اہل کتاب نے روز اول سے آج تک آزادانہ طور پر اسلام قبول کرنے والوں کے خلاف ہر ممکن سازش کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔ وہ آج بھی مسلمانوں کے اپنے ہی وطن میں اپنے دین کا پرچار کرنے کو برداشت نہیں کرتے۔ اسلامی حکومت اہل کتاب کو ہر قسم کی آزادی دینے کے ساتھ زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ اس کے مقابلے میں ان سے دو چیزیں چاہتی ہے: اول یہ کہ وہ جزیہ دیں۔ اسلامی حکومت اپنی مسلم رعایا سے زکوٰۃ اور غیر مسلم رعایا سے جزیہ وصول کرتی ہے۔ اس کے عوض اسلامی حکومت ان کی جان و مال اور عزت و ناموس کا تحفظ فراہم کرتی ہے اور جیسے مسلمانوں کا دفاع کرتی اور اپنے مذہب پر آزادی سے عمل کرنے کی اجازت دیتی ہے، اسی طرح ان کا بھی دفاع کرتی اور انہیں اپنے مذہب پر عمل کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ جو لوگ محنت مزدوری کرنے پر قادر نہیں ہیں انہیں بیت المال سے مسلمانوں کے برابر حصہ ملتا ہے۔ دوم یہ کہ وہ اسلامی حکومت کی رعیت بن کر رہیں، نخوت و تکبر ترک

کی یہی سزا ہے۔

۲۷۔ پھر اس کے بعد اللہ جس کی چاہتا ہے توبہ قبول فرماتا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۲۸۔ اے ایمان والو! مشرکین تو بلاشبہ ناپاک ہیں لہٰذا اس سال کے بعد وہ مسجد الحرام کے قریب نہ آنے پائیں اور اگر (مشرکین کا داخلہ بند ہونے سے) تمہیں غربت کا خوف ہے تو (اس کی پرواہ نہ کرو) اگر اللہ چاہے تو جلد ہی تمہیں اپنے فضل سے بے نیاز کر دے گا یقیناً اللہ بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۲۹۔ اہل کتاب میں سے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان نہیں لاتے اور اللہ اور اس کے رسول نے جو کچھ حرام کیا ہے اسے حرام نہیں ٹھہراتے اور دین حق بھی قبول نہیں کرتے، ان لوگوں کے خلاف جنگ کرو یہاں تک کہ وہ ذلیل ہو کر اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں۔☆

۳۰۔ اور یہود کہتے ہیں کہ عزیر اللہ کا بیٹا ہے اور نصاریٰ کہتے ہیں کہ مسیح اللہ کا بیٹا ہے، یہ ان کے منہ کی باتیں ہیں ان لوگوں کی باتوں کے مشابہ ہیں جو ان سے پہلے کافر ہو چکے ہیں، اللہ انہیں ہلاک کرے، یہ کدھر بہکتے پھرتے ہیں؟

۳۱۔ انہوں نے اللہ کے علاوہ اپنے علماء اور راہبوں کو اپنا رب بنا لیا ہے اور مسیح بن مریم کو بھی، حالانکہ انہیں یہ حکم دیا گیا تھا کہ

مَرْيَمَ ۚ وَ مَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا
لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ؕ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۱﴾
يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ
بِاَفْوَاهِهِمْ وَ يَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ
يُّتِمَّ نُوْرَهٗ وَلَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۳۲﴾
هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى
وَ دِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ
الصف كُلِّهٖ ۙ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ
الْاَحْبَارِ وَ الرُّهْبَانِ لَيَاْكُلُوْنَ
اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ وَ
يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ
يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَ الْفِضَّةَ وَلَا
يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۙ فَبَشِّرْهُمْ
بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۳۴﴾
يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ
فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَ جُنُوْبُهُمْ
وَ ظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ
لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ
تَكْنِزُوْنَ ﴿۳۵﴾
اِنَّ عِدَّةَ الشُّهُوْرِ عِنْدَ اللّٰهِ اثْنَا
عَشَرَ شَهْرًا فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ يَوْمَ

خدائے واحد کے سوا کسی کی بندگی نہ کریں، جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ ذات ان کے شرک سے پاک ہے۔

۳۲۔ یہ لوگ اپنی پھونکوں سے نور خدا کو بجھانا چاہتے ہیں مگر اللہ اپنے نور کو مکمل کرنے کے علاوہ کوئی بات نہیں مانتا اگرچہ کفار کو ناگوار گزرے۔

۳۳۔ اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ اسی نے بھیجا ہے تاکہ اسے ہر دین پر غالب کر دے اگرچہ مشرکین کو برا ہی لگے۔☆

۳۴۔ اے ایمان والو! (اہل کتاب کے) بہت سے علماء اور راہب ناحق لوگوں کا مال کھاتے ہیں اور انہیں راہ خدا سے روکتے ہیں اور جو لوگ سونا اور چاندی ذخیرہ کرتے ہیں اور اسے راہ خدا میں خرچ نہیں کرتے انہیں دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجیے۔☆

۳۵۔ جس روز وہ مال آتش جہنم میں تپایا جائے گا اور اسی سے ان کی پیشانیاں اور پہلو اور پشتیں داغی جائیں گی (اور ان سے کہا جائے گا) یہ ہے وہ مال جو تم نے اپنے لیے ذخیرہ کر رکھا تھا، لہٰذا اب اسے چکھو جسے تم جمع کیا کرتے تھے۔

۳۶۔ کتاب خدا میں مہینوں کی تعداد اللہ کے نزدیک یقیناً بارہ مہینے ہے جب سے اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے

کریں۔ هُمْ صٰغِرُوْنَ یعنی اسلامی ریاست کا ماتحت تسلیم کر کے جزیہ دیں۔ عورتوں بوڑھوں، نابیناؤں، معذوروں اور دیوانوں سے جزیہ، ٹیکس وصول نہیں کیا جائے گا، بلکہ ان کو بلامعاوضہ تحفظ دیا جائے گا۔

۳۳۔ ادیان عالم میں صرف اسلام وہ دین ہے جس کا دستور (قرآن) حرف بحرف محفوظ ہے اور جس کی بنیادی تعلیمات تواتر اور قطعی ذرائع کے ساتھ محفوظ ہیں۔

مفسرین کو اس آیت کی تفسیر کرنے میں دشواری پیش آئی ہے کہ اسلام تمام ادیان پر غالب آئے گا۔ ہمارے نزدیک اس کی صحیح تفسیر یہ ہے: جب انسانیت مادیت کی تاریکی میں مزید ڈوب جائے گی اور امن وسکون عنقا ہو جائے گا، اس وقت لوگ ایک نجات دہندہ کو پکاریں گے اور ایک عالمگیر انقلاب کے لیے راہ ہموار ہو جائے گی اور مہدی برحق (عج) ظہور فرمائیں گے اور یہ دین تمام ادیان پر غالب آئے گا۔

۳۴۔ حضرت عثمان کے عہد حکومت میں جب قرآن ایک ہی قرائت کے مطابق لکھا جا رہا تھا تو حکومت کی یہ کوشش تھی کہ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ میں واؤ نہ لکھی جائے، لیکن حکومت کے اس مؤقف کے خلاف مزاحمت کی گئی اور واؤ لکھی گئی۔

(الدر المنثور ۳:۴۱۹)

۳۶۔۳۷۔ اللہ کی کتاب تکوین میں مہینوں کی تعداد بارہ ہے۔ یعنی جب زمین سورج کے گرد ایک چکر پورا کر لیتی ہے تو چاند زمین کے گرد بارہ چکر لگا لیتا ہے۔ یہ ایک قدرتی اور عالمگیر جنتری ہے۔ ان بارہ مہینوں میں سے چار مہینے محرم، رجب، ذی القعدہ اور ذی الحجہ حرمت والے مہینے ہیں۔ ان میں قتل و غارت اور جنگ وخون ریزی حرام ہے۔ عرب اگرچہ بنیادی طور پر حرمت والے ان چار مہینوں میں جنگ وخونریزی کو حرام سمجھتے تھے لیکن وہ ان چار مہینوں کو کبھی اپنی خواہشات کے مطابق بدل دیتے تھے۔ مثلاً محرم میں جنگ کرنی ہو تو محرم کو ربیع الاول اور ربیع الاول کو محرم فرض کر لیتے۔ یوں حرمت والے مہینے حلال قرار دے کر جنگ کرتے تھے۔ اس عمل کو وہ نسیٔ کہتے تھے۔ ان کا یہ عمل اللہ کے مقرر کردہ قوانین میں دخل اندازی تھا، لہٰذا ان آیات میں اسے کفر قرار دے کر ممنوع قرار دیا، البتہ اگر مسلمانوں پر

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ مِنْهَآ
اَرْبَعَةٌ حُرُمٌ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ
الْقَيِّمُ ۙ فَلَا تَظْلِمُوْا فِيْهِنَّ
اَنْفُسَكُمْ وَقَاتِلُوا الْمُشْرِكِيْنَ
كَآفَّةً كَمَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ كَآفَّةً ؕ
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۶﴾
اِنَّمَا النَّسِيْٓءُ زِيَادَةٌ فِي الْكُفْرِ
يُضَلُّ بِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُحِلُّوْنَهٗ
عَامًا وَّيُحَرِّمُوْنَهٗ عَامًا لِّيُوَاطِـُٔوْا
عِدَّةَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ فَيُحِلُّوْا مَا حَرَّمَ
اللّٰهُ ؕ زُيِّنَ لَهُمْ سُوْٓءُ اَعْمَالِهِمْ ؕ وَ
اللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۷﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَا لَكُمْ اِذَا قِيْلَ
لَكُمُ انْفِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
اثَّاقَلْتُمْ اِلَى الْاَرْضِ ؕ اَرَضِيْتُمْ
بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا مِنَ الْاٰخِرَةِ ۚ فَمَا
مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا فِي الْاٰخِرَةِ اِلَّا
قَلِيْلٌ ﴿۳۸﴾
اِلَّا تَنْفِرُوْا يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا
اَلِيْمًا ۙ وَّيَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ
وَلَا تَضُرُّوْهُ شَيْـًٔا ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾
اِلَّا تَنْصُرُوْهُ فَقَدْ نَصَرَهُ اللّٰهُ اِذْ

ان میں سے چار مہینے حرمت کے ہیں، یہی مستحکم دین ہے، لہٰذا ان چار مہینوں میں تم اپنے آپ پر ظلم نہ کرو اور تم، سب مشرکین سے لڑو جیسا کہ وہ تم سب سے لڑتے ہیں اور جان لو کہ اللہ تقویٰ والوں کے ساتھ ہے۔☆

۳۷۔(حرمت کے مہینوں میں) تقدیم و تاخیر بے شک کفر میں اضافہ کرتا ہے جس سے کافروں کو گمراہ کیا جاتا ہے وہ کسی سال ایک مہینے کو حلال اور کسی سال اسے حرام قرار دیتے ہیں تاکہ وہ مقدار بھی پوری کر لیں جسے اللہ نے حرام کیا ہے اور ساتھ ہی خدا کے حرام کو حلال بھی کر لیں، ان کے برے اعمال انہیں بھلے کر کے دکھائے جاتے ہیں اور اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں کرتا۔☆

۳۸۔ اے ایمان والو! تمہیں کیا ہوا ہے کہ جب تم سے کہا جاتا ہے اللہ کی راہ میں نکلو تو تم زمین سے چمٹ جاتے ہو؟ کیا تم آخرت کی جگہ دنیاوی زندگی کو زیادہ پسند کرتے ہو؟ دنیاوی زندگی کی متاع تو آخرت کے مقابلے میں بہت کم ہے۔☆

۳۹۔ اگر تم نہ نکلو گے تو اللہ تمہیں دردناک عذاب دے گا اور تمہاری جگہ دوسری قوم پیدا کرے گا اور تم اللہ کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکو گے اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہے۔☆

۴۰۔ اگر تم رسول کی مدد نہ کرو گے تو (جان لو کہ) اللہ نے اس وقت ان کی مدد کی

جنگ مسلط کی گئی تو دفاع جائز ہوگا۔ ان دو آیات سے معلوم ہوا کہ اللہ کے قوانین میں تبدیلی اور دخل اندازی کفر ہے۔ جب یہ جرم و گناہ بھلا دکھائی دے تو اللہ ایسے لوگوں کی ہدایت نہیں کرتا۔

۳۸۔ ۹ ہجری میں جب آنحضرت (ص) غزوہ حنین سے فارغ ہو کر مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ کو خبر ملی کہ روم کی فوجیں تبوک میں جمع ہو رہی ہیں۔ تبوک مدینہ کے شمال میں شام کی سرحد پر ایک جگہ کا نام ہے جو مدینہ سے ۶۱۰ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے۔ اس مرتبہ لشکر اسلام کو ایک ایسے منظم شاہی فوج کے ساتھ مقابلہ کرنا پڑ رہا ہے جو اس زمانے کی بڑی طاقت شمار ہوتی ہے۔ چنانچہ آپ تیس ہزار کا لشکر لے کر نکلے۔

اس مرتبہ اس جنگ کے لیے نکلنے میں چند ایک دشواریاں پیش آ رہی تھیں۔ مدینہ سے تبوک کی مسافت کافی دور تھی۔ موسم بھی سخت گرم تھا۔ فصل پکنے اور کاٹنے کا وقت بھی آ گیا تھا اور پھر اس زمانے کی بڑی طاقت کے ساتھ لڑنا تھا۔ یہ ساری باتیں مسلمانوں کے ایمان کے وزن کو تولنے کے لیے کافی تھیں۔ چنانچہ اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ لوگ رسول کریمؐ کی زندگی کے اواخر میں ایمان و ایقان کی کس منزل پر فائز تھے کہ رسول کریمؐ کی طرف سے جہاد کا اعلان عام ہو رہا ہے لیکن لوگ زمین سے چمٹ رہے ہیں۔ ان کے لیے دنیاوی زندگی اور مال و متاع رکاب رسول (ص) میں جہاد سے زیادہ عزیز ہے۔

۳۹۔ یہ سنت الٰہی ہے کہ وہ قوم کبھی زندہ نہیں رہ سکتی جو اپنا دفاع کرنا نہیں جانتی اور اپنے امام کے پکارنے پر زمین سے چمٹ جاتی ہے اور اپنے رہبر کی نافرمانی کرتی ہے۔ اِنْ تَتَوَلَّوْا يَسْتَبْدِلْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا يَكُوْنُوْٓا اَمْثَالَكُمْ (محمد:۳۸) اگر تم نے منہ موڑ لیا تو اللہ تمہاری جگہ دوسری قوم پیدا کرے گا پھر وہ تمہاری طرح نہیں ہوں گے۔ کیونکہ دشمن سے خوف کھانا اور اس کے سامنے ہتھیار ڈالنا اپنے وجود کی نفی ہے۔

۴۰۔ رسول کریمؐ کی آواز پر لبیک نہ کہنے والوں سے اللہ تہدید آمیز لہجے میں فرما رہا ہے کہ اگر تم نے رسولؐ کی مدد نہ کی تو اللہ ان کی مدد کرے گا۔ جس نے اپنے رسولؐ کی اس وقت مدد کی جب وہ دو میں کا دوسرا تھا اور کوئی تیسرا آدمی ان کے ساتھ نہ تھا اور حالت بھی یہ تھی کہ وہ اپنے تنہا ساتھی (حضرت ابوبکر) سے فرما رہے تھے: حزن نہ کر،

اَخْرَجَهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ثَانِيَ
اثْنَيْنِ اِذْ هُمَا فِي الْغَارِ اِذْ يَقُوْلُ
لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ
مَعَنَا ۚ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ
عَلَيْهِ وَاَيَّدَهٗ بِجُنُوْدٍ لَّمْ تَرَوْهَا وَ
جَعَلَ كَلِمَةَ الَّذِيْنَ كَفَرُوا
السُّفْلٰى ؕ وَكَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا ؕ
وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۴۰﴾
اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا وَّ
جَاهِدُوْا بِاَمْوَالِكُمْ وَ اَنْفُسِكُمْ
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ
اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾
لَوْ كَانَ عَرَضًا قَرِيْبًا وَّسَفَرًا
قَاصِدًا لَّاتَّبَعُوْكَ وَ لٰكِنْۢ
بَعُدَتْ عَلَيْهِمُ الشُّقَّةُ ؕ وَ
سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا
لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ۚ يُهْلِكُوْنَ
اَنْفُسَهُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ﴿۴۲﴾ ع ۶ ۵ ۱۲
عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ ۚ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ
حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ
تَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۴۳﴾
لَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ

جب کفار نے انہیں نکالا تھا جب وہ دونوں غار میں تھے وہ دو میں کا دوسرا تھا جب وہ اپنے ساتھی سے کہہ رہا تھا رنج نہ کر یقیناً اللہ ہمارے ساتھ ہے، پھر اللہ نے ان پر اپنا سکون نازل فرمایا اور ایسے لشکروں سے ان کی مدد کی جو تمہیں نظر نہ آتے تھے اور یوں اس نے کافروں کا کلمہ نیچا کر دیا اور اللہ کا کلمہ تو سب سے بالاتر ہے اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۴۱۔(مسلمانو) تم ہلکے ہو یا بوجھل (ہر حالت میں) نکل پڑو اور اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ راہ خدا میں جہاد کرو، اگر تم سمجھو تو یہی تمہارے حق میں بہتر ہے۔

۴۲۔ اگر آسانی سے حاصل ہونے والا کوئی فائدہ ہوتا اور سفر ہلکا ہوتا تو وہ ضرور آپ کے پیچھے چل پڑتے لیکن یہ مسافت انہیں دور نظر آئی اور اب وہ اللہ کی قسم کھا کر کہیں گے: اگر ہمارے لیے ممکن ہوتا تو یقیناً ہم آپ کے ساتھ چل دیتے (ایسے بہانوں سے) وہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈال رہے ہیں اور اللہ کو علم ہے کہ یہ لوگ یقیناً جھوٹ بول رہے ہیں۔☆

۴۳۔(اے رسول) اللہ آپ کو معاف کرے آپ نے انہیں کیوں اجازت دے دی قبل اس کے کہ آپ پر واضح ہو جاتا کہ سچے کون ہیں اور آپ جھوٹوں کو جان لیتے؟☆

۴۴۔ جو لوگ اللہ اور روز آخرت پر ایمان

اللہ ہمارے ساتھ ہے۔

سید قطب اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں: اللہ انہیں تاریخ کی ایک مثال دے رہا ہے جسے وہ خود بھی جانتے ہیں کہ اللہ نے اپنے رسولؐ کی ان کے بغیر کیسے مدد کی۔

۴۲۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ جنگ مکمل طور پر ایک امتحان تھی جس سے بہت سے لوگوں کی حقیقت عیاں ہو گئی اور کلام اللہ میں ان لوگوں کے ایمان کا وزن ثابت ہو گیا۔ منافقین اور خفیف الایمان لوگوں کے چہرے بے نقاب ہو گئے کہ ان کی ترجیحات کیا ہیں۔ وہ جنگوں میں شرکت کرتے بھی ہیں تو آسانی سے حاصل ہونے والے مفادات کے لیے کرتے ہیں۔

۴۳۔ ایک طرف ان لوگوں کو اجازت دینے میں مصلحت تھی کیونکہ اگلی آیت ۴۷ میں صریحاً فرمایا: لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا خَبَالًا اگر وہ تمہارے ساتھ نکلتے تو وہ صرف خرابی میں اضافہ کرتے، اور دوسری طرف اجازت دینے کی صورت میں ان کے نفاق اور ضعف ایمانی پر پردہ پڑا رہتا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب سے خطاب کر کے سردلبران در حدیث دیگران کا اسلوب اختیار کیا۔ یوں ان کا ضمیر بھی فاش کیا نیز ان کے شر سے لشکر اسلام بھی محفوظ رہا۔

اس مختصر بیان سے ان لوگوں کا نظریہ باطل ثابت ہوا جو صاحب مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى کو مجتہد کا درجہ دیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ما لا نص فیہ میں رسولؐ سے اجتہادی غلطی سرزد ہو جاتی ہے اور انبیاء ایسی باتوں میں، یعنی جہاں نص نہ ہو معصوم عن الخطاء نہیں ہیں۔ (المنار ۱۰:۴۶۵) جب کہ ما لا نص فیہ کے معاملے میں اللہ کا حکم ہے: وَاصْبِرْ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ (یونس: ۱۰۹) ”اللہ کا حکم آنے تک صبر کرو“۔ لہٰذا رسول (ص) حکم خدا کے بغیر فیصلے نہیں کرتے۔ ثانیاً اس نظریے سے یہ لازم آتا ہے کہ رسول (ص) حکم خدا آنے سے پہلے فیصلہ کرتے ہیں اور ساتھ غلطی بھی کرتے ہیں۔ یوں بیانِ احکام میں رسول (ص) معصوم عن الخطا نہیں رہتے۔ اس طرح اساسِ اسلام منہدم ہو جاتی ہے۔ سبحانك هذا بهتانٌ عظيم۔

وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ اَنْ يُّجَاهِدُوْا
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
بِالْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۴﴾
اِنَّمَا يَسْتَاْذِنُكَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَ ارْتَابَتْ
قُلُوْبُهُمْ فَهُمْ فِيْ رَيْبِهِمْ
يَتَرَدَّدُوْنَ ﴿۴۵﴾
وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ
عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْۢبِعَاثَهُمْ
فَثَبَّطَهُمْ وَ قِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ
الْقٰعِدِيْنَ ﴿۴۶﴾
لَوْ خَرَجُوْا فِيْكُمْ مَّا زَادُوْكُمْ اِلَّا
خَبَالًا وَّلَاْ اَوْضَعُوْا خِلٰلَكُمْ
يَبْغُوْنَكُمُ الْفِتْنَةَ ۚ وَ فِيْكُمْ
سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ
بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۷﴾
لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ
وَقَلَّبُوْا لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ
الْحَقُّ وَ ظَهَرَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ
كٰرِهُوْنَ ﴿۴۸﴾
وَ مِنْهُمْ مَّنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَلَا
تَفْتِنِّيْ ؕ اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ؕ وَ
اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۹﴾

رکھتے ہیں وہ اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرنے کے لیے ہرگز آپ سے اجازت نہیں مانگیں گے اور اللہ تقویٰ اختیار کرنے والوں کو خوب جانتا ہے۔

۴۵۔ایسی اجازت یقیناً وہی لوگ مانگیں گے جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اوران کے دل شک میں مبتلا ہیں پس اس طرح وہ اپنے شک میں بھٹک رہے ہیں۔

۴۶۔اوراگر وہ نکلنے کا ارادہ رکھتے تو اس کے لیے سامان کی کچھ تیاری کرتے لیکن اللہ کو ان کا اٹھنا ناپسند تھا اس لیے اس نے (ان سے توفیق سلب کر کے) انہیں ملنے نہ دیا اور کہدیا گیا: تم بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔☆

۴۷۔اگر وہ تمہارے ساتھ نکلتے بھی تو تمہارے لیے صرف خرابی میں اضافہ کرتے اور تمہارے درمیان فتنہ کھڑا کرنے کے لیے دوڑ دھوپ کرتے اور تمہارے درمیان ان کے جاسوس (اب بھی) موجود ہیں اور اللہ ظالموں کا حال خوب جانتا ہے۔☆

۴۸۔ یہ لوگ پہلے بھی فتنہ انگیزی کی کوشش کرتے رہے ہیں اور آپ کے لیے بہت سی باتوں میں الٹ پھیر بھی کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ حق آ پہنچا اور اللہ کا فیصلہ غالب ہوا اور وہ برا مانتے رہ گئے۔☆

۴۹۔ان میں کوئی ایسا بھی ہے جو کہتا ہے: مجھے اجازت دیجیے اور مجھے فتنے میں نہ ڈالیے، دیکھو یہ فتنے میں پڑ چکے ہیں اور جہنم نے ان کافروں کو یقیناً گھیر رکھا ہے۔☆

۴۶۔ جب ان لوگوں میں جہاد کا شوق نہ تھا، اللہ نے بھی ان سے توفیق کے سارے راستے بند کر دیے، جس سے بدتوفیقی کے راستے کھل گئے اور رسولؐ کے مخالف سمت سے آواز آئی: قِيْلَ اقْعُدُوْا بیٹھنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔ یہ آواز ان کے لیے آشنا تھی۔ اس کی تعمیل ہوگئی۔

۴۷۔ اگر یہ منافقین اور ضعیف الایمان اسلامی لشکر میں شامل ہو جاتے تو عسکری نظم وضبط میں خلل ڈالتے، جیسا کہ احد میں راستے سے واپس جا کر بدنظمی پھیلائی اور جنگ حنین میں ان لوگوں اور مکہ کے طلقاء نے مل کر لشکر اسلام کو شکست سے دوچار کر دیا۔ لہٰذا مصلحت اسی میں تھی کہ یہ لوگ شرکت نہ کریں۔ وَفِيْكُمْ سَمّٰعُوْنَ لَهُمْ ان کی عدم شرکت کا ایک فائدہ یہ ہوا کہ ان کے جاسوس کو بھی فتنہ انگیزی کا موقع نہ ملا۔

۴۸۔ وہ اس سے پہلے احد کی جنگ میں فتنہ انگیزی کر چکے ہیں۔ منافقین راستے سے واپس چلے گئے جس سے اوس وخزرج کے قبائل بھی بد دل ہو کر واپس جانے والے تھے اور ضعیف الایمان لوگوں نے نافرمانی اور فرار اختیار کر کے مسلمانوں کو شکست سے دوچار کر دیا تھا۔ بعد میں اللہ نے چند استقامت دکھانے والے مجاہدین کے ذریعے لشکر اسلام کی محافظت فرمائی۔

۴۹۔کچھ منافقین نے یہ عذر تراش لیا کہ اس جنگ میں شرکت کریں تو ممکن ہے مال غنیمت کا لالچ انہیں گمراہ کر دے یا ممکن ہے کہ وہ خوش شکلی میں مشہور رومی عورتوں پر فریفتہ ہو جائیں۔ جواب میں فرمایا: اس قسم کے فتنے میں تو تم مبتلا ہو چکے ہو۔ یہی عذر تراشی سب سے بڑا فتنہ ہے۔

اِنْ تُصِبْكَ حَسَنَةٌ تَسُؤْهُمْ ۚ وَ
اِنْ تُصِبْكَ مُصِيْبَةٌ يَّقُوْلُوْا قَدْ
اَخَذْنَآ اَمْرَنَا مِنْ قَبْلُ وَيَتَوَلَّوْا وَّ
هُمْ فَرِحُوْنَ ۝۵۰
قُلْ لَّنْ يُّصِيْبَنَآ اِلَّا مَا كَتَبَ اللّٰهُ
لَنَا ۚ هُوَ مَوْلٰىنَا ۚ وَ عَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۵۱
قُلْ هَلْ تَرَبَّصُوْنَ بِنَآ اِلَّآ اِحْدَى
الْحُسْنَيَيْنِ ؕ وَ نَحْنُ نَتَرَبَّصُ
بِكُمْ اَنْ يُّصِيْبَكُمُ اللّٰهُ بِعَذَابٍ
مِّنْ عِنْدِهٖٓ اَوْ بِاَيْدِيْنَا ۖ فَتَرَبَّصُوْٓا
اِنَّا مَعَكُمْ مُّتَرَبِّصُوْنَ ۝۵۲
قُلْ اَنْفِقُوْا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا لَّنْ
يُّتَقَبَّلَ مِنْكُمْ ؕ اِنَّكُمْ كُنْتُمْ قَوْمًا
فٰسِقِيْنَ ۝۵۳
وَ مَا مَنَعَهُمْ اَنْ تُقْبَلَ مِنْهُمْ
نَفَقٰتُهُمْ اِلَّآ اَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ
بِرَسُوْلِهٖ وَلَا يَاْتُوْنَ الصَّلٰوةَ اِلَّا وَ
هُمْ كُسَالٰى وَلَا يُنْفِقُوْنَ اِلَّا وَهُمْ
كٰرِهُوْنَ ۝۵۴
فَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ وَ لَآ
اَوْلَادُهُمْ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ
لِيُعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ

۵۰۔ اگر آپ کا بھلا ہوتا ہے تو انہیں دکھ ہوتا ہے اور اگر آپ پر کوئی مصیبت آئے تو کہتے ہیں: ہم نے پہلے ہی سے اپنا معاملہ درست کر رکھا ہے اور خوشیاں مناتے ہوئے لوٹ جاتے ہیں۔☆

۵۱۔ کہہ دیجیے: اللہ نے جو ہمارے لیے مقدر فرمایا ہے اس کے سوا ہمیں کوئی حادثہ ہرگز پیش نہیں آتا وہی ہمارا کارساز ہے اور مومنین کو چاہیے کہ اللہ پر بھروسہ کریں۔☆

۵۲۔ کہہ دیجیے: کیا تم ہمارے بارے میں دو بھلائیوں (فتح یا شہادت) میں سے ایک ہی کے منتظر ہو اور ہم تمہارے بارے میں اس بات کے منتظر ہیں کہ اللہ خود اپنے پاس سے تمہیں عذاب دے یا ہمارے ہاتھوں عذاب دلوائے، پس اب تم بھی انتظار کرو ہم بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتے ہیں۔☆

۵۳۔ کہہ دیجیے: تم اپنا مال بخوشی خرچ کرو یا بادل نخواستہ، تم سے ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا، کیونکہ تم فاسق قوم ہو۔☆

۵۴۔ اور ان کے خرچ کیے ہوئے مال کی قبولیت کی راہ میں بس یہی رکاوٹ ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کا انکار کیا ہے اور نماز کے لیے آتے ہیں تو کاہلی کے ساتھ اور راہ خدا میں تو بادل نخواستہ ہی خرچ کرتے ہیں۔

۵۵۔ لہٰذا ان کے اموال اور اولاد کہیں آپ کو فریفتہ نہ کر دیں، اللہ تو بس یہ چاہتا ہے کہ ان چیزوں سے انہیں دنیاوی زندگی میں بھی عذاب دے اور کفر کی حالت میں

۵۰۔۵۱ ان دو آیتوں میں فتح و شکست اور دکھ سکھ کی حالت میں مومن اور منافق کے نقطۂ نظر اور عملی کیفیت کا موازنہ ہوا ہے۔ وہ یوں کہ منافق کی نگاہ محسوسات تک محدود ہوتی ہے۔ وہ مسلمانوں کے دکھ، شکست و ناکامی پر خوش ہوتا ہے۔ خود ان کے ان حالات سے دوچار نہ ہونے کو وہ اپنی حسن تدبیر اور احتیاطی پیش بندی کا نتیجہ قرار دیتا ہے جبکہ مومن کی نگاہ اپنے مولا و سرپرست پر ہوتی ہے۔ وہ وقتی فتح و شکست اور وقتی دکھ سکھ پر بھروسہ نہیں رکھتا بلکہ وہ ان تمام محسوسات سے بالاتر ہو کر اللہ کی حکمت و سرپرستی پر یقین رکھتا ہے۔ یوں وہ ہر حال میں راضی بہ رضائے الٰہی رہتا ہے اور ہر حالت کو اپنے لیے عطیہ الٰہی سمجھتا ہے۔

۵۲۔ یہ کائنات کے بارے میں دو مختلف تصورات و نظریات کا موازنہ ہے۔ ایک کے مطابق ہر صورت میں کامیابی اور دوسرے موقف کے مطابق ہر صورت میں ناکامی ہے۔ مومن مجاہد کو فتح ملتی ہے تو بھی کامیابی اور اگر شہادت نصیب ہوتی ہے تو رضائے رب کا حصول اس سے بھی بڑی کامیابی ہے، جبکہ کافر کو اگر فتح ملتی ہے تو چند دنوں کے لیے وہ زندہ رہے گا اور آخرت میں ان کے لیے عذاب الیم ہے نیز اگر قتل ہو جائے تو بھی عذاب الیم ہے۔

۵۳۔ اللہ کی راہ میں خرچ کرنا اپنی جگہ نیک عمل ہے۔ لیکن عمل کا نیک ہونا کافی نہیں ہے بلکہ عمل کرنے والے کا نیک ہونا بھی ضروری ہے۔ مثلاً اگر کوئی فرزند باپ کو باپ نہیں مانتا تو باپ ایسے بیٹے کی کسی نیکی کو قبول نہیں کرے گا۔

۵۵۔ لِيُعَذِّبَهُمْ: اللہ غیر مومن کو مال و اولاد کے ذریعے دنیا ہی میں عذاب دیتا ہے۔ کیا مال مایۂ خوشحالی ہے یا اضطراب و بدحالی ہے؟ اس آیت میں فرمایا: غیر مومن کے لیے دولت ایک عذاب ہے اور ہدایت کے لیے رکاوٹ ہے۔ وَتَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ مال ہی کی وجہ سے وہ کفر کی حالت میں مریں گے۔

تَزْهَقَ اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۵۵﴾
وَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ اِنَّهُمْ لَمِنْكُمْ ؕ
وَمَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلٰكِنَّهُمْ قَوْمٌ
يَّفْرَقُوْنَ ﴿۵۶﴾
لَوْ يَجِدُوْنَ مَلْجَاً اَوْ مَغٰرٰتٍ
اَوْ مُدَّخَلًا لَّوَلَّوْا اِلَيْهِ وَهُمْ
يَجْمَحُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّلْمِزُكَ فِي
الصَّدَقٰتِ ۚ فَاِنْ اُعْطُوْا مِنْهَا
رَضُوْا وَاِنْ لَّمْ يُعْطَوْا مِنْهَآ اِذَا
هُمْ يَسْخَطُوْنَ ﴿۵۸﴾
وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ
وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ
سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَ
ع ۱۴ رَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع
اِنَّمَا الصَّدَقٰتُ لِلْفُقَرَآءِ وَالْمَسٰكِيْنِ
وَالْعٰمِلِيْنَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ
قُلُوْبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغٰرِمِيْنَ
وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ؕ
فَرِيْضَةً مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ
حَكِيْمٌ ﴿۶۰﴾
وَمِنْهُمُ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ النَّبِيَّ
وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ اُذُنٌ ؕ قُلْ اُذُنُ

ہی ان کی جان کنی ہو۔☆
۵۶۔ وہ اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ وہ تمہاری جماعت میں شامل ہیں حالانکہ وہ تمہاری جماعت میں شامل نہیں ہیں دراصل وہ بزدل لوگ ہیں۔
۵۷۔ اگر انہیں کوئی پناہ گاہ یا غار یا سر چھپانے کی جگہ میسر آ جائے تو وہ اس کی طرف لپکتے ہوئے جائیں گے۔
۵۸۔ اور ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو صدقات (کی تقسیم) میں آپ کو طعنہ دیتے ہیں پھر اگر اس میں سے انہیں کچھ دے دیا جائے تو خوش ہو جاتے ہیں اور اگر اس میں سے کچھ نہ دیا جائے تو بگڑ جاتے ہیں۔☆
۵۹۔ اور کیا ہی اچھا ہوتا کہ اللہ اور اس کے رسول نے جو کچھ انہیں دیا ہے وہ اس پر راضی ہو جاتے اور کہتے: ہمارے لیے اللہ کافی ہے، عنقریب اللہ اپنے فضل سے ہمیں بہت کچھ دے گا اور اس کا رسول بھی، ہم اللہ سے لو لگائے بیٹھے ہیں۔☆
۶۰۔ یہ صدقات تو صرف فقیروں، مساکین اور صدقات کے کام کرنے والوں کے لیے ہیں اور ان کے لیے جن کی تالیف قلب مقصود ہو اور غلاموں کی آزادی اور قرضداروں اور اللہ کی راہ میں اور مسافروں کے لیے ہیں، یہ اللہ کی طرف سے ایک مقرر حکم ہے اور اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔
۶۱۔ اور ان میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو نبی کو اذیت دیتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ کانوں کے کچے ہیں، کہہ دیجیے: وہ تمہاری

۵۸۔ ابو سعید خدری راوی ہیں کہ تقسیم زکوٰۃ وغنیمت کے بارے میں ایک بار ذوالخویصرہ تمیمی نے آ کر کہا: یا رسول اللہؐ انصاف سے کام لیں۔ حضورؐ نے فرمایا: افسوس ہے تجھ پر! میں انصاف نہ کروں تو کون انصاف کرے گا؟ جس پر حضرت عمر نے کہا: یا رسول اللہؐ میں اس کی گردن مار دوں؟ فرمایا: اسے رہنے دو۔ اس کے اور بھی ساتھی ہیں۔ تم ان کی نمازوں کے مقابلے میں اپنی نمازوں کو اور ان کے روزوں کے مقابلے میں اپنے روزوں کو حقیر سمجھو گے۔ یہ لوگ دین سے ایسے خارج ہو جائیں گے جیسے تیر کمان سے۔ ان کی نشانی وہ سیاہ آدمی ہے جس کی چھاتی عورتوں کی چھاتی کی طرح ہو گی یا گوشت کے لوتھڑے کی طرح۔ لوگوں میں تفرقہ کے وقت یہ لوگ نمودار ہوں گے۔ ابو سعید کہتے ہیں: گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہؐ سے یہ فرمان سنا تھا اور اس کی بھی گواہی دیتا ہوں کہ علیؑ نے جب (نہروان میں) ان کو قتل کیا تو میں ان کے ہمراہ تھا۔ پس اس شخص کو سامنے لایا گیا جس کے اوصاف رسولؐ اللہ نے بیان کیے تھے۔ (صحیح البخاری کتاب المناقب)
۵۹۔ مدینہ کے محدود معاشرے میں عربوں نے اتنی دولت ایک جگہ نہیں دیکھی تھی جو زکوٰۃ کے فنڈ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خزانے میں جمع ہوتی تھی۔ منافق اس دولت کو مسلمانوں میں تقسیم ہوتے دیکھ نہیں سکتے تھے اور جل کر حضور (ص) کو مطعون کرنے کی کوشش کرتے اور جو کچھ ان کے حصہ میں آتا اس پر قانع بھی نہیں رہتے تھے۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ زکوٰۃ سے منافقین کو بھی حصہ ملا کرتا تھا، مگر وہ صرف مادی نگاہ سے اس حصہ کو دیکھتے تھے اور اس پر راضی نہیں ہوتے تھے، نہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف سے کسی فضل وکرم پر بھروسہ رکھتے تھے۔ ایک بار امام ابوحنیفہ حضرت امام جعفر صادق (ع) کے ساتھ کھانا کھا رہے تھے۔ جب کھانا کھا چکے تو امامؑ نے فرمایا: الحمد للہ رب العالمین هذا منك و من رسولك۔ رب العالمین کا شکر ہے کہ یہ روزی تیری طرف سے اور تیرے رسولؐ کی طرف سے ہے۔ ابو حنیفہ نے کہا: اے ابو عبداللہ آپؑ نے شرک کا ارتکاب کیا۔ تو آپؑ نے فرمایا: مقام افسوس ہے کہ اللہ اپنی کتاب میں فرماتا ہے: وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ (توبہ: ۷۴)۔ انہیں اس بات پر غصہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے انہیں

خَيْرٍ لَّكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيُؤْمِنُ
لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مِنْكُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ
اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦١﴾
يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ لِيُرْضُوْكُمْ ۚ
وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ يُّرْضُوْهُ
اِنْ كَانُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٦٢﴾
اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّهٗ مَنْ يُّحَادِدِ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ فَاَنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خَالِدًا
فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ الْخِزْيُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٣﴾
يَحْذَرُ الْمُنٰفِقُوْنَ اَنْ تُنَزَّلَ
عَلَيْهِمْ سُوْرَةٌ تُنَبِّئُهُمْ بِمَا فِيْ
قُلُوْبِهِمْ ؕ قُلِ اسْتَهْزِءُوْا ۚ اِنَّ
اللّٰهَ مُخْرِجٌ مَّا تَحْذَرُوْنَ ﴿٦٤﴾
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اِنَّمَا كُنَّا
نَخُوْضُ وَنَلْعَبُ ؕ قُلْ اَبِاللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ
وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٦٥﴾
لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ
اِيْمَانِكُمْ ؕ اِنْ نَّعْفُ عَنْ
طَآئِفَةٍ مِّنْكُمْ نُعَذِّبْ طَآئِفَةً ع
بِاَنَّهُمْ كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿٦٦﴾
اَلْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ بَعْضُهُمْ
مِّنْۢ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ بِالْمُنْكَرِ

بہتری کے لیے کان دے کر سنتا ہے اللہ پر ایمان رکھتا ہے اور مومنوں کے لیے تصدیق کرتا ہے اور تم میں سے جو ایمان لائے ہیں ان کے لیے رحمت ہیں اور جو لوگ اللہ کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۶۲۔ یہ لوگ تمہیں راضی کرنے کے لیے اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں حالانکہ اللہ اور اس کا رسول زیادہ حقدار ہیں کہ انہیں راضی کیا جائے اگر یہ مومن ہیں۔☆

۶۳۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کا مقابلہ کرتا ہے اس کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ رہے گا، یہ بہت بڑی رسوائی ہے۔

۶۴۔ منافقوں کو یہ خوف لاحق رہتا ہے کہ کہیں ان کے خلاف (مسلمانوں پر) کوئی ایسی سورت نازل نہ ہو جائے جو ان کے دلوں کے راز کو فاش کر دے، ان سے کہہ دیجیے: تم استہزاء کیے جاؤ، اللہ یقیناً وہ (راز) فاش کرنے والا ہے جس کا تمہیں ڈر ہے۔☆

۶۵۔ اور اگر آپ ان سے دریافت کریں تو وہ ضرور کہیں گے: ہم تو صرف مشغلہ اور دل لگی کر رہے تھے، کہہ دیجیے: کیا تم اللہ اور اس کی آیات اور اس کے رسول کا مذاق اڑا رہے تھے۔☆

۶۶۔ عذر تراشی مت کرو تم ایمان لانے کے بعد کافر ہو چکے ہو، اگر ہم نے تم میں سے ایک جماعت کو معاف کر بھی دیا تو دوسری جماعت کو ضرور عذاب دیں گے کیونکہ وہ مجرم ہے۔

۶۷۔ منافق مرد اور عورتیں آپس میں ایک ہی ہیں، وہ برے کاموں کی ترغیب دیتے ہیں

دولت سے مالا مال کیا ہے۔ دوسری جگہ فرمایا: وَلَوْ اَنَّهُمْ رَضُوْا مَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۙ وَقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ سَيُؤْتِيْنَا اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَرَسُوْلُهٗٓ ۙ اِنَّآ اِلَى اللّٰهِ رٰغِبُوْنَ ○ (توبہ: ۵۹) اگر یہ لوگ اللہ اور رسول کے دیے ہوئے پر خوش رہتے اور کہہ دیتے کہ ہمارے لیے اللہ کافی ہے عنقریب اللہ اپنے فضل سے ہمیں بہت کچھ دے گا اور اس کا رسول بھی اور ہم اللہ کی طرف توجہ رکھتے ہیں۔ ابو حنیفہ نے تعجب کے لہجے میں کہا: گویا یہ آیت میں نے قرآن میں پڑھی ہی نہیں۔ (بحار الانوار ۱۰: ۲۱۶)

۶۲۔ منافق چونکہ گمراہ ہیں اور گمراہ کو پتہ نہیں چلتا کہ کون سا عمل اس کے حق میں بہتر ہے، وہ عام مسلمانوں کو راضی رکھنے کی کوشش کرتے ہیں اور خیال کرتے ہیں کہ اس طرح ان کا راز فاش نہ ہو گا۔ لوگ ان پر اعتماد کریں گے۔ جبکہ ان کے حق میں بہتری اس میں تھی کہ وہ اللہ اور اس کے رسولؐ کو راضی کریں، مگر وہ اللہ اور اس کے رسولؐ کی مخالفت کر کے اپنے زعم میں دوسرا چارہ کار تلاش کر رہے ہیں۔ اللہ فرماتا ہے: اللہ اور رسول کی مخالفت کے ساتھ جہنم اور رسوائی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

۶۴۔ منافقین رسول کو سچا تو نہیں سمجھتے تھے تاہم انہیں گزشتہ چند سالوں میں ایسے اتفاقات پیش آئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ان کے رازوں کا علم ہوا۔ وہ اسے بذریعہ وحی نہیں بلکہ یہ تصور کرتے تھے کہ رسولؐ کے خاص لوگوں نے کھوج لگا کر یہ باتیں ان کو بتائی ہیں۔ اب غزوہ تبوک کے سفر کے دوران ان منافقین کو زیادہ خوف لاحق رہتا تھا کہ کہیں ہمارے دل کی باتوں کا ان لوگوں نے کھوج لگایا ہو اور محمدؐ اس کو قرآن بنا کر لوگوں میں پیش نہ کریں اور ہم نے آپس میں رسول کا جو استہزاء کیا ہے اس کو کہیں برملا نہ کریں، اس طرح ہم بے نقاب ہو جائیں گے۔

۶۵۔ مختلف اور متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ غزوہ تبوک کے موقع پر منافقین رسول کریمؐ کی تضحیک کرتے تھے۔ جب بذریعہ وحی رسولؐ کو اطلاع ہو جاتی اور منافقین سے دریافت کیا جاتا تو وہ جو جواب دیتے تھے اس جواب میں بھی اللہ

وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمَعْرُوْفِ
وَيَقْبِضُوْنَ اَيْدِيَهُمْ ؕ نَسُوا اللّٰهَ
فَنَسِيَهُمْ ؕ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ هُمُ
الْفٰسِقُوْنَ ﴿٦٧﴾
وَعَدَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ وَ
الْكُفَّارَ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ
هِيَ حَسْبُهُمْ ۚ وَلَعَنَهُمُ اللّٰهُ ۚ
وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿٦٨﴾ ۙ
كَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ كَانُوْٓا اَشَدَّ
مِنْكُمْ قُوَّةً وَّاَكْثَرَ اَمْوَالًا وَّ
اَوْلَادًا ؕ فَاسْتَمْتَعُوْا بِخَلَاقِهِمْ
فَاسْتَمْتَعْتُمْ بِخَلَاقِكُمْ كَمَا
اسْتَمْتَعَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ
بِخَلَاقِهِمْ وَخُضْتُمْ كَالَّذِيْ
خَاضُوْا ؕ اُولٰٓئِكَ حَبِطَتْ
اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ وَ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿٦٩﴾
اَلَمْ يَاْتِهِمْ نَبَاُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۙ وَقَوْمِ
اِبْرٰهِيْمَ وَاَصْحٰبِ مَدْيَنَ
وَالْمُؤْتَفِكٰتِ ؕ اَتَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ ۚ فَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

اور نیکی سے منع کرتے ہیں اور اپنے ہاتھ روکے رکھتے ہیں، انہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے بھی انہیں بھلا دیا ہے، بے شک منافقین ہی فاسق ہیں۔☆

۶۸۔ اللہ نے منافق مردوں اور عورتوں اور کافروں سے آتش جہنم کا وعدہ کر رکھا ہے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، یہی ان کے لیے کافی ہے اور اللہ نے ان پر لعنت کر دی ہے اور ان کے لیے قائم رہنے والا عذاب ہے۔☆

۶۹۔ (تم منافقین بھی) ان لوگوں کی طرح (ہو) جو تم سے پہلے تھے وہ تم سے زیادہ طاقتور اور اموال اور اولاد میں تم سے بڑھ کر تھے، انہوں نے اپنے حصے کے خوب مزے لوٹے پس تم بھی اپنے حصے کے مزے اسی طرح لوٹ رہے ہو جس طرح تم سے پہلوں نے اپنے حصے کے خوب مزے لوٹے اور جس طرح وہ باطل بحثیں کرتے تھے تم بھی کرتے رہو، یہ وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا و آخرت میں برباد ہو گئے اور یہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔☆

۷۰۔ کیا ان کے پاس ان سے پہلے لوگوں (مثلاً) قوم نوح اور عاد و ثمود اور قوم ابراہیم اور اہل مدین اور الٹی ہوئی بستیوں والوں کی خبر نہیں پہنچی؟ جن کے پاس ان کے رسول نشانیاں لے کر آئے، پھر اللہ تو ایسا نہ تھا کہ ان پر ظلم کرتا بلکہ یہ خود اپنے آپ

اور اس کی آیات اور رسول اسلام کا مذاق اڑاتے تھے۔ یعنی یہ کہنا کہ ہم خوش گپی میں یہ باتیں کہ گئے۔ یہ خود اللہ اور رسولؐ کے ساتھ استہزاء ہے۔

۶۷۔ منافقین چاہے مرد ہوں یا عورت ان کی سوچ اور کردار میں ہم آہنگی ہوتی ہے۔ وہ ایک جیسے سوچتے اور ایک جیسے کردار کے حامل ہوتے ہیں۔ نیکیوں سے روک کر برائی کی ترغیب دینا، انفاق سے دوری اور خدا فراموشی کے ساتھ اپنی انسانی حیثیت کو فراموش کرنا ان کی بنیادی خصوصیات ہیں۔ یہ باتیں ہر زمانے میں نفاق کی علامات ہیں۔

۶۸۔ اس آیت میں منافقین کے خلاف نہایت شدید لہجہ اختیار کیا گیا ہے۔ ۱۔ آتش جہنم میں ہمیشہ رہنا ۲۔ یہ عذاب اس حد تک ہو گا کہ اس سے زائد کے لیے گنجائش نہیں۔ هِيَ حَسْبُهُمْ ۳۔ ان پر اللہ کی لعنت ہے۔ ۴۔ ان کے لیے ایک اور عذاب کا ذکر ہوا ہے، جس کے لیے لفظ مُّقِيْمٌ استعمال فرمایا۔ ممکن ہے یہ عذاب جہنم کے عذاب کے علاوہ دنیاوی عذاب ہو اور اس زندگی میں بھی وہ ایک نفسیاتی اور معنوی عذاب میں ہمیشہ مبتلا رہتے ہوں۔ و اللہ العالم

۶۹۔ منافقین کی تاریخ کا ذکر ہے کہ شاید عصر نزول قرآن اور اس کے بعد آنے والے منافقین تاریخ سے عبرت حاصل کریں کہ گزشتہ تاریخ کے منافقین زیادہ عیش و عشرت، کیف و سرور، مال و دولت اور طاقت و قدرت کے حامل تھے۔ چونکہ وہ بھی تمہاری طرح باطل بحثوں اور گندی باتوں میں وقت ضائع کرتے رہے۔ زندگی سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا تو دنیا و آخرت میں ان کی زندگی تلف ہو گئی

۷۰۔ تاریخ کے اہم ابواب کا مطالعہ ہے کہ نوح کی قوم نے اسی طرح اپنے رسول کا مذاق اڑایا، وہ غرق ہو گئی۔ یہی وطیرہ اختیار کرنے پر قوم عاد کو آندھی نے ہلاکت میں ڈال دیا۔ اپنے رسول کے ساتھ اسی قسم کا سلوک کرنے پر ثمود کی قوم بھی نابود ہو گئی۔ ابراہیم (ع) کی قوم کو جو مذلت اٹھانا پڑی وہ بھی صفحہ تاریخ میں ثبت ہے۔ مدین والے اور لوط کی قوم کا جو حشر ہوا وہ بھی تاریخ کا ایک عبرتناک واقعہ ہے۔

يَظْلِمُوْنَ ۝٧٠

وَالْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بَعْضُهُمْ

ع ١٥ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۘ يَاْمُرُوْنَ

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ

الْمُنْكَرِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ

يُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَيُطِيْعُوْنَ اللّٰهَ وَ

رَسُوْلَهٗ ۭ اُولٰۗىِٕكَ سَيَرْحَمُهُمُ

اللّٰهُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ۝٧١

وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ

جَنّٰتِ عَدْنٍ ۭ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ

ع ١٦ اَكْبَرُ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝٧٢

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ

وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ۭ وَ

مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝٧٣

يَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ مَا قَالُوْا ۭ وَلَقَدْ

قَالُوْا كَلِمَةَ الْكُفْرِ وَكَفَرُوْا بَعْدَ

اِسْلَامِهِمْ وَهَمُّوْا بِمَا لَمْ يَنَالُوْا ۚ

وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ

وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ ۚ فَاِنْ يَّتُوْبُوْا

يَكُ خَيْرًا لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّتَوَلَّوْا

يُعَذِّبْهُمُ اللّٰهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ۙ فِي

پر ظلم کرتے رہے۔☆

۷۱۔ اور مومن مرد اور مومنہ عورتیں ایک دوسرے کے بہی خواہ ہیں، وہ نیک کاموں کی ترغیب دیتے ہیں اور برائی سے روکتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ ادا کرتے ہیں اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن پر اللہ رحم فرمائے گا، بے شک اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۷۲۔ اللہ نے ان مومن مردوں اور مومنہ عورتوں سے ایسی بہشتوں کا وعدہ کر رکھا ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور ان دائمی جنتوں میں پاکیزہ قیام گاہیں ہیں اور اللہ کی طرف سے خوشنودی تو ان سب سے بڑھ کر ہے، یہی تو بڑی کامیابی ہے۔☆

۷۳۔ اے نبی! کفار اور منافقین سے لڑو اور ان پر سختی کرو اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے جو بہت برا ٹھکانا ہے۔

۷۴۔ یہ لوگ اللہ کی قسم کھا کر کہتے ہیں کہ انہوں نے کچھ نہیں کہا حالانکہ انہوں نے کفر کی بات کہدی ہے اور وہ اسلام لانے کے بعد کافر ہو گئے ہیں اور انہوں نے وہ کچھ کرنے کی ٹھان لی تھی جو وہ نہ کر پائے اور انہیں اس بات پر غصہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے ان (مسلمانوں) کو دولت سے مالا مال کر دیا ہے، پس اگر یہ لوگ توبہ کر لیں تو ان کے حق میں بہتر ہو گا اور اگر وہ منہ پھیر لیں تو اللہ انہیں دنیا و آخرت میں دردناک عذاب

۷۱۔ ایک مؤقف ایک مزاج اور ایک ہی قسم کی سوچ نے جس طرح منافقین کو ایک جتھا بنا دیا تھا اسی طرح ایک عقیدہ ایک نظریہ اور ایک ہی قسم کے ایمان نے مومنوں کو ایک امت بنا دیا۔ یوں تمام مومن مرد اور عورتیں جسد واحد کی طرح ہو گئے کہ کسی کی نیکی کو دیکھ لیا تو خود بھی اس پر عمل کیا اور ساتھ یہ خواہش بھی دل میں جانگزیں ہو گئی کہ اس کا ہم عقیدہ برادر ایمانی بھی اس پر عمل کرے۔ اسی طرح برائی سے خود بھی دور رہا اور اپنے مومن بھائی کو بھی دور رکھنے کی کوشش کی۔ اس طرح مؤمن آپس میں ولاء اور ولایت کا حق ادا کرتے ہیں۔

۷۲۔ اس آیت میں دو جنتوں کا ذکر ہے: ایک وہ جس کے نیچے نہریں بہتی ہیں، دوسری جنت عدن۔ جنت عدن کے بارے میں روایت ہے کہ جنت کا اعلیٰ ترین درجہ ہے، جس میں انبیاء، شہداء اور آئمہ ہوں (ع) گے، رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ تمام تر نعمتیں اللہ کی خوشنودی کے ساتھ مربوط ہیں۔ ممکن ہے کہ اکبر سے مراد اکبر من کل شی ہو یعنی جنت کی تمام نعمتیں خواہ کتنی ہی عظیم کیوں نہ ہوں، رضائے رب کے مقابلے میں کچھ نہیں اور ممکن ہے اکبر من ان یوصف ہو یعنی اللہ کی خوشنودی کی عظمت بیان کی حد سے بڑھ کر ہے۔ بندہ مؤمن جب جنت میں رب رحیم کے جوار میں اس کی خوشنودی کی پرسکون اور کیف و سرور کی فضا میں قدم رکھے گا تو اس کے لیے ایک ایک لمحہ بھی وصف بیان سے بڑھ کر ہو گا۔

۷۴۔ تبوک سے واپسی پر بعض منافقین نے فیصلہ کیا کہ حضورؐ کو گھاٹی میں گرا کر شہید کر دیں۔ اللہ نے حضورؐ کو بچایا اور ایک بجلی چمکی جس سے راستہ واضح ہو گیا۔ آنحضرتؐ نے حذیفہ کو بتایا کہ وہ منافقین فلاں فلاں تھے۔ پھر فرمایا: انہیں راز میں رکھو۔

اَغْنٰىهُمُ: اللہ اور رسول نے اپنے فضل سے ان کو مالا مال کر دیا۔ اس جملے میں ان لوگوں کے لیے دعوت فکر ہے جو موحدین کو مشرک بنانے کے شوقین ہیں۔ جبکہ شرک اس وقت لازم آتا ہے جب مخلوق کو اللہ کے مقابلے میں لایا جائے، لیکن اگر انہیں اللہ کی مدد کے ذیل میں قرار دیں تو یہ شرک نہیں ہے۔ جیسا کہ قبض روح کو کبھی اللہ نے فرشتوں کی طرف، کبھی ملک الموت کی طرف اور کبھی اپنی ذات کی طرف نسبت دی ہے۔ اللہ کی

الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ۚ وَ مَا لَهُمْ فِي
الْاَرْضِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۷۴﴾
وَ مِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا
مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَ لَنَكُوْنَنَّ
مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾
فَلَمَّاۤ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَ
تَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۶﴾
فَاَعْقَبَهُمْ نِفَاقًا فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلٰى
يَوْمِ يَلْقَوْنَهٗ بِمَاۤ اَخْلَفُوا اللّٰهَ مَا
وَعَدُوْهُ وَ بِمَا كَانُوْا يَكْذِبُوْنَ ﴿۷۷﴾
اَلَمْ يَعْلَمُوْۤا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ سِرَّهُمْ
وَنَجْوٰىهُمْ وَ اَنَّ اللّٰهَ عَلَّامُ
الْغُيُوْبِ ﴿۷۸﴾
اَلَّذِيْنَ يَلْمِزُوْنَ الْمُطَّوِّعِيْنَ
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ فِي الصَّدَقٰتِ
وَالَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ اِلَّا جُهْدَهُمْ
فَيَسْخَرُوْنَ مِنْهُمْ ؕ سَخِرَ اللّٰهُ
مِنْهُمْ ۫ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾
اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ
اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً
فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ
كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ لَا
يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ﴿۸۰﴾ ع ۱۲

دے گا اور روئے زمین پر ان کا نہ کوئی کارساز ہوگا اور نہ مددگار۔☆

۷۵۔اور ان میں کچھ ایسے بھی ہیں جنہوں نے اللہ سے عہد کر رکھا تھا کہ اگر اللہ نے ہمیں اپنے فضل سے نوازا تو ہم ضرور خیرات کیا کریں گے اور ضرور نیک لوگوں میں سے ہو جائیں گے۔☆

۷۶۔لیکن جب اللہ نے انہیں اپنے فضل سے نوازا تو وہ اس میں بخل کرنے لگے اور (عہد سے) روگردانی کرتے ہوئے پھر گئے۔☆

۷۷۔پس اللہ نے ان کے دلوں میں اپنے حضور پیشی کے دن تک نفاق کو باقی رکھا کیونکہ انہوں نے اللہ کے ساتھ بدعہدی کی اور وہ جھوٹ بولتے رہے۔☆

۷۸۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ اللہ ان کے پوشیدہ رازوں اور سرگوشیوں سے بھی واقف ہے اور یہ کہ اللہ غیب کی باتوں سے بھی خوب آگاہ ہے؟☆

۷۹۔ جو لوگ ان مومنوں کا مذاق اڑاتے ہیں جو برضا و رغبت خیرات کرتے ہیں اور جنہیں اپنی محنت و مشقت کے سوا کچھ بھی میسر نہیں ان پر ہنستے بھی ہیں، اللہ ان کا مذاق اڑاتا ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔☆

۸۰۔(اے رسول) آپ ایسے لوگوں کے لیے مغفرت کی دعا کریں یا دعا نہ کریں (مساوی ہے) اگر ستر بار بھی آپ ان کے لیے مغفرت طلب کریں تو بھی اللہ انہیں ہرگز معاف نہیں کرے گا، یہ اس لیے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور اللہ فاسقین کو ہدایت نہیں دیتا۔☆

ذات علۃ العلل ہے۔ اس کے ذیل میں واقع ہونے والی علت قریبہ کی طرف نسبت دینا شرک ہرگز نہیں۔

۷۵۔ ۷۶ اس آیت کے شان نزول میں روایت ہے کہ انصار کا ایک شخص حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر اصرار کرتا ہے کہ دولت کی فراوانی کے لیے دعا فرمائیں میں وعدہ کرتا ہوں اس صورت میں تمام مالی حقوق ادا کروں گا۔ چنانچہ تھوڑے عرصے میں وہ بڑا دولت مند ہو جاتا ہے۔ رسول اللہ کا نمایندہ اس سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے گیا تو اس نے زکوٰۃ دینے سے نہ صرف انکار کر دیا بلکہ یہ طنز بھی کیا کہ یہ تو جزیہ کا بھائی ہے۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

۷۷۔اللہ کے ساتھ بدعہدی اور بخل کا طبیعی نتیجہ یہ ہوا کہ قیامت تک کے لیے ان کے دلوں میں نفاق جاگزین ہو گیا۔ یعنی جب ان لوگوں سے مذکورہ بالا نافرمانیاں سرزد ہوئیں تو اس سے وہ اللہ کی طرف سے ہدایت و توفیق کے قابل نہ رہے۔ جب توفیق و ہدایت سلب ہو جاتی ہے تو اس کی جگہ نفاق اور کفر پر کرتا ہے۔

۷۸۔منافقین کی اندرونی حالت پر شدید لہجہ میں تنبیہ ہو رہی ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے بارے میں سینوں میں کس قدر عناد رکھتے ہیں اور آپس کی سرگوشیوں میں اس کا اظہار بھی کرتے ہیں۔

۷۹۔غزوۂ تبوک کی تیاری کے موقع پر مسلمانوں سے مالی اعانت جمع کرنے کی مہم شروع ہوئی۔ منافقین زیادہ رقم دینے والوں پر ریاکاری کا الزام لگاتے تھے اور کوئی نادار مسلمان اپنی محنت مزدوری سے کچھ کھجوریں دیتا تو منافقین اس کا مذاق اڑاتے تھے۔ مگر اللہ کو ان کا تھوڑا انفاق پسند تھا اس لیے اللہ نے ان منافقین کا مذاق اڑایا۔
رسول اکرمؐ سے سوال ہوا کہ کون سی خیرات بہتر ہے؟ فرمایا: نادار کی محنت و مشقت۔

۸۰۔یعنی جب یہ لوگ بدتر جرم جو کفر اور فسق سے عبارت ہے، کے ارتکاب میں مشغول ہیں، عین اس وقت ان کے لیے درگزر اور معاف کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، اس بات کے ناممکن اور نامعقول ہونے کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے فرمایا: اے رسولؐ خواہ آپ بنفس نفیس ان کے لیے ستر بار بھی مغفرت کی دعا کریں پھر بھی یہ لوگ قابل عفو و درگزر نہیں ہیں کیونکہ ان کی طرف سے جرم ہنوز جاری ہے۔ ستر سے کثرت مراد ہے، حد بندی نہیں۔

فَرِحَ الْمُخَلَّفُوْنَ بِمَقْعَدِهِمْ خِلٰفَ
رَسُوْلِ اللّٰهِ وَكَرِهُوْٓا اَنْ يُّجَاهِدُوْا
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ
قَالُوْا لَا تَنْفِرُوْا فِي الْحَرِّ ۭ قُلْ نَارُ
جَهَنَّمَ اَشَدُّ حَرًّا ۭ لَوْ كَانُوْا
يَفْقَهُوْنَ ۝۸۱
فَلْيَضْحَكُوْا قَلِيْلًا وَّلْيَبْكُوْا كَثِيْرًا ۚ
جَزَاۗءًۢ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۝۸۲
فَاِنْ رَّجَعَكَ اللّٰهُ اِلٰى طَاۗىِٕفَةٍ
مِّنْهُمْ فَاسْتَاْذَنُوْكَ لِلْخُرُوْجِ
فَقُلْ لَّنْ تَخْرُجُوْا مَعِيَ اَبَدًا وَّلَنْ
تُقَاتِلُوْا مَعِيَ عَدُوًّا ۭ اِنَّكُمْ
رَضِيْتُمْ بِالْقُعُوْدِ اَوَّلَ مَرَّةٍ
فَاقْعُدُوْا مَعَ الْخٰلِفِيْنَ ۝۸۳
وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ
اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰي قَبْرِهٖ ۭ اِنَّهُمْ
كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَ
هُمْ فٰسِقُوْنَ ۝۸۴
وَلَا تُعْجِبْكَ اَمْوَالُهُمْ
وَاَوْلَادُهُمْ ۭ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ اَنْ
يُّعَذِّبَهُمْ بِهَا فِي الدُّنْيَا وَتَزْهَقَ
اَنْفُسُهُمْ وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ۝۸۵
وَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ اَنْ اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ

۸۱۔(غزوۂ تبوک میں) پیچھے رہ جانے والے رسول اللہ کا ساتھ دیے بغیر بیٹھے رہنے پر خوش ہیں انہوں نے اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ راہ خدا میں جہاد کرنے کو ناپسند کیا اور کہنے لگے: اس گرمی میں مت نکلو، کہہ دیجیے: جہنم کی آتش کہیں زیادہ گرم ہے، کاش وہ سمجھ پاتے۔☆

۸۲۔ پس انہیں چاہیے کہ کم ہنسا کریں اور زیادہ رویا کریں، یہ ان کے اعمال کا بدلہ ہے جو وہ کرتے رہے ہیں۔☆

۸۳۔ پھر اگر اللہ آپ کو ان میں سے کسی گروہ کے پاس واپس لے جائے اور وہ آپ سے (ساتھ) نکلنے کی اجازت مانگیں تو آپ کہہ دیں: (اب) تم میرے ساتھ ہرگز نہیں نکلو گے اور نہ ہی میرے ساتھ کسی دشمن سے لڑائی کرو گے، پہلی مرتبہ تم نے بیٹھے رہنے کو پسند کیا لہٰذا اب پیچھے رہنے والوں کے ساتھ بیٹھے رہو۔☆

۸۴۔اور ان میں سے جو کوئی مر جائے اس پر آپ کبھی بھی نماز نہ پڑھیں اور نہ ہی اس کی قبر پر کھڑے ہوں، انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا ہے اور وہ نافرمانی کی حالت میں مرے ہیں۔☆

۸۵۔اور ان کی دولت اور اولاد کہیں آپ کو فریفتہ نہ کریں، اللہ تو بس ان چیزوں کے ذریعے انہیں دنیا میں عذاب دینا چاہتا ہے اور چاہتا ہے کہ ان کی جان کنی کفر کی حالت میں ہو۔☆

۸۶۔ اور جب کوئی ایسی سورت نازل ہوتی ہے (جس میں کہا جاتا ہے) کہ تم اللہ پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کی معیت میں

۸۱۔ ایمان کی فراست سے محروم لوگ اپنے فیصلوں کے وقتی نتائج پر خوش اور ابدی فضیحت اور دائمی رسوائی سے بے خبر ہوتے ہیں۔ دھوپ کی تپش سے بھاگتے ہوئے آتش جہنم کی تپش میں جا گرتے ہیں۔

۸۲۔کم ہنسنے اور زیادہ رونے کا حکم تمام انسانوں کے لیے ایک کلی حکم نہیں ہے بلکہ اس آیت میں یہ حکم ان افراد کے ساتھ مخصوص ہے جو ایثار و قربانی کے مواقع پر مختلف حیلے بہانے کر کے پیچھے رہتے ہیں اور جان و مال سے اللہ کی راہ میں جد و جہد نہیں کرتے۔ جیسا کہ رسول اکرمؐ کے دور کے منافقین ایسا کیا کرتے تھے۔

۸۳۔ جو لوگ ضرورت کے وقت پیچھے ہٹتے ہیں اور آسودگی کے وقت بڑھ چڑھ کر آگے آنے اور لوگوں کو دھوکہ دینے کی کوشش کرتے ہیں، اس آیت میں حکم ہوا کہ ایسے لوگوں کو کوئی ایسا موقع نہ دیں کہ وہ اپنے نفاق پر پردہ ڈال سکیں۔ ایسے لوگوں کو کسی عام سفر میں بھی اپنی صحبت میں نہ رکھیں، نہ کسی جہاد میں شرکت کرنے کی اجازت دیں۔

۸۴۔نماز جنازہ پڑھنا اور میت کی قبر پر بغرض دعا و زیارت کھڑا ہونا میت کے لیے عزت و تکریم ہے۔ منافق جو مسلمانوں کی صف میں داخل نہیں ہے، اس عزت و تکریم کا مستحق نہیں ہے۔

۸۵۔غیر مؤمن لوگوں کے مال و دولت اور افرادی قوت کی فراوانی پر فریفتہ نہ ہونے کا حکم ہے کیونکہ اگر غیر مومن کے پاس مال و اولاد کی فراوانی ہے تو اس کے دو برے نتائج ہیں: الف۔ بظاہر خوشحال نظر آنے کے باوجود وہ ہمیشہ اضطراب اور پریشانی کے عذاب میں مبتلا رہتے ہیں۔ ب: انہی چیزوں کی محبت اس سے حق و باطل کو سمجھنے کی صلاحیت چھین لیتی ہے اور وہ ناقابل ہدایت ہو کر کفر کی موت مرتا ہے۔

۸۶۔ان صاحبان ثروت منافقین کا ذکر ہے جو رسول کے ساتھ جہاد سے کتراتے تھے۔ سورہ سے مراد یہاں خبر جزء سورہ ہے، جیسا کہ قرآن کا اطلاق جز اور کل دونوں پر ہوتا ہے۔

وَجَاهِدُوْا مَعَ رَسُوْلِهِ اسْتَاْذَنَكَ
اُولُوا الطَّوْلِ مِنْهُمْ وَقَالُوْا ذَرْنَا
نَكُنْ مَّعَ الْقٰعِدِيْنَ ﴿٨٧﴾
رَضُوْا بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ
الْخَوَالِفِ وَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ
فَهُمْ لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿٨٨﴾
لٰكِنِ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ
جٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ۚ
وَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ ۫
وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿٨٩﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٩٠﴾ ع
وَجَآءَ الْمُعَذِّرُوْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ
لِيُؤْذَنَ لَهُمْ وَقَعَدَ الَّذِيْنَ كَذَبُوا
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ سَيُصِيْبُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٩١﴾
لَيْسَ عَلَى الضُّعَفَآءِ وَلَا عَلَى
الْمَرْضٰى وَلَا عَلَى الَّذِيْنَ لَا
يَجِدُوْنَ مَا يُنْفِقُوْنَ حَرَجٌ اِذَا
نَصَحُوْا لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ۚ مَا عَلَى
الْمُحْسِنِيْنَ مِنْ سَبِيْلٍ ۚ وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٢﴾

جہاد کرو تو ان (منافقین) میں سے دولتمند افراد آپ سے اجازت طلب کرتے ہیں اور کہتے ہیں: ہمیں چھوڑ جائیں کہ ہم بیٹھنے والوں کے ساتھ (بیٹھے) رہیں.☆

۸۷۔ انہوں نے گھر بیٹھنے والی عورتوں میں شامل رہنا پسند کیا اور ان کے دلوں پر مہر لگا دی گئی پس وہ کچھ سمجھتے ہی نہیں۔☆

۸۸۔ جب کہ رسول اور ان کے ساتھ ایمان لانے والوں نے اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کیا اور (اب) ساری خوبیاں انہی کے لیے ہیں اور وہی کامیابی حاصل کرنے والے ہیں۔☆

۸۹۔ ان کے لیے اللہ نے ایسی جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہی عظیم کامیابی ہے۔

۹۰۔ اور کچھ عذر تراشنے والے صحرانشین بھی (آپکے پاس) آئے کہ انہیں بھی (پیچھے رہ جانے کی) اجازت دی جائے اور جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ جھوٹ بولا وہ (گھروں میں) بیٹھے رہے، ان میں سے جو کافر ہو گئے ہیں انہیں عنقریب دردناک عذاب پہنچے گا۔☆

۹۱۔ ضعیفوں اور مریضوں اور ان لوگوں پر جن کے پاس خرچ کرنے کے لیے کچھ نہیں ہے کوئی گناہ نہیں، بشرطیکہ وہ اللہ اور اس کے رسول کے خیر خواہ ہوں، نیک لوگوں پر الزام کی کوئی راہ نہیں ہوتی اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۸۷۔ خوش حال طبقہ ہمیشہ مراعات طلب ہوتا ہے۔ تن پروری کی وجہ سے ان میں مردانگی وحمیت بھی نہیں ہوتی۔ اس لیے قرآنی تعبیر میں ان کو گھر بیٹھنے والی عورتوں میں شامل کیا گیا، جو ایک تحقیر آمیز طنز ہے۔ تن پروری نفاق کا سبب بنتی ہے اور نفاق سے انسان کے دل پر مہر لگ جاتی ہے یوں وہ دینی تعلیمات اور کائنات کے اصل وحقیقی معارف کو سمجھنے سے قاصر رہتا ہے۔

۸۸۔ سابقہ کردار کے مقابلے میں دوسرا کردار، کفر و نفاق کے سیاہ صفحات کے مقابلے میں ایمان و جہاد کے تابندہ صفحات، ذلت و رسوائی کے کردار کے مقابلے میں عزت و وقار کا کردار، دو قدروں کا مقابلہ، ہر ایک قدر کے اہل افراد کا ذکر ہے کہ عورتوں کی طرح گھروں میں بیٹھنے والوں کو عار و ننگ ملا ہے تو راہ خدا میں جہاد کرنے والے ساری خوبیوں کے مالک ہو گئے: اُولٰٓئِكَ لَهُمُ الْخَيْرٰتُ۔

۹۰۔ اسلام کی بقا و سربلندی سے مربوط اجتماعی امور میں شرکت ضروری ہے۔ ان میں شریک نہ ہونے کے لیے عذر تراشی اور بہانہ جوئی رسول کو جھٹلانے کے مترادف اور کفر و عذاب الیم کی موجب ہے۔ البتہ اگر کسی کے پاس معقول عذر ہو تو اسے چاہیے کہ اسلامی قیادت کے سامنے اس عذر کو پیش کرے۔

۹۱۔ کمزوری، بیماری اور مفلسی اس صورت میں قابل درگزر عذر بنتی ہیں جب یہ اس کی نیت، عزم اور ارادے کے سامنے رکاوٹ ہوں۔ یعنی یہ شخص اللہ اور رسولؐ کے لیے خیر خواہ تھا، جذبہ جہاد سے سرشار تھا۔ اعلان جہاد سن کر یہ بستر پر تلملاتا ہے اور جہاد میں شرکت سے رہ جانے پر افسوس کرتا ہے۔ ان لوگوں کے لیے یہ چیزیں عذر نہیں بنتیں جو جہاد میں شرکت کا جذبہ نہیں رکھتے، بیماری اور ضعیفی ان کے عزم و ارادے کے سامنے رکاوٹ نہیں، بلکہ وہ تو خوش ہوتے ہیں کہ اچھے موقع پر بیماری آ گئی ورنہ یہ مصیبت اٹھانی ہی پڑتی۔

وَّلَا عَلَى الَّذِيْنَ اِذَا مَآ اَتَوْكَ
لِتَحْمِلَهُمْ قُلْتَ لَآ اَجِدُ مَآ
اَحْمِلُكُمْ عَلَيْهِ ۖ تَوَلَّوْا وَّ
اَعْيُنُهُمْ تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ
حَزَنًا اَلَّا يَجِدُوْا مَا يُنْفِقُوْنَ ﴿٩٢﴾
اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ
يَسْتَاْذِنُوْنَكَ وَهُمْ اَغْنِيَآءُ ۚ رَضُوْا
بِاَنْ يَّكُوْنُوْا مَعَ الْخَوَالِفِ ۙ
وَطَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿٩٣﴾
الجزء ١١ يَعْتَذِرُوْنَ اِلَيْكُمْ اِذَا رَجَعْتُمْ
اِلَيْهِمْ ۭ قُلْ لَّا تَعْتَذِرُوْا لَنْ
نُّؤْمِنَ لَكُمْ قَدْ نَبَّاَنَا اللّٰهُ مِنْ
اَخْبَارِكُمْ ۭ وَسَيَرَى اللّٰهُ عَمَلَكُمْ
وَرَسُوْلُهٗ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا
كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٤﴾
سَيَحْلِفُوْنَ بِاللّٰهِ لَكُمْ اِذَا
انْقَلَبْتُمْ اِلَيْهِمْ لِتُعْرِضُوْا
عَنْهُمْ ۭ فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمْ ۭ
اِنَّهُمْ رِجْسٌ ۖ وَّمَاْوٰىهُمْ
جَهَنَّمُ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا
يَكْسِبُوْنَ ﴿٩٥﴾

۹۲۔ اور نہ ہی ان لوگوں پر (کوئی الزام ہے) جنہوں نے آپ سے درخواست کی تھی کہ آپ ان کے لیے سواری فراہم کریں آپ نے کہا: میرے پاس کوئی سواری موجود نہیں کہ تمہیں اس پر سوار کروں (یہ سن کر) وہ واپس گئے جب کہ ان کی آنکھیں اس غم میں آنسو بہا رہی تھیں کہ ان کے پاس خرچ کرنے کے لیے کچھ نہ تھا۔☆

۹۳۔ الزام تو بس ان لوگوں پر ہے جو دولت مند ہونے کے باوجود آپ سے درخواست کرتے ہیں (کہ جہاد سے معاف کیے جائیں)، انہوں نے گھر بیٹھنے والی عورتوں میں شامل رہنا پسند کیا اور اللہ نے ان کے دلوں پر مہر لگا دی لہٰذا وہ نہیں جانتے۔☆

۹۴۔ جب تم ان کے پاس واپس پہنچ جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے عذر پیش کریں گے، کہہ دیجیے: عذر مت تراشو! ہم تمہاری بات ہرگز نہیں مانیں گے اللہ نے ہمیں تمہارے حالات بتا دیے ہیں اور عنقریب اللہ تمہارے اعمال دیکھے گا اور اس کا رسول بھی پھر تم لوگ غیب و شہود کے جاننے والے کی طرف پلٹائے جاؤ گے پھر وہ تمہیں بتائے گا کہ تم کیا کیا کرتے رہے ہو۔☆

۹۵۔ جب تم ان کی طرف لوٹ کر جاؤ گے تو وہ تمہارے سامنے اللہ کی قسمیں کھائیں گے تاکہ تم ان سے درگزر کرو پس تم ان سے درگزر کر دینا، یہ لوگ ناپاک ہیں اور ان سے سرزد ہونے والے اعمال کی سزا میں ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔☆

۹۲۔ یہ ان لوگوں کا ذکر ہے جو جذبہ جہاد سے سرشار ہیں۔ اللہ اور رسولؐ کے لیے خیر خواہ ہیں۔ لیکن ان کے اس نیک ارادے کے سامنے وسائل کا فقدان مانع ہے۔ قابل توجہ بات یہ ہے کہ جنگی وسائل نہ حکومت کے پاس ہیں، نہ عوام کے پاس۔ اس وقت ان کے سچے جذبات کے گواہ ان کے مقدس رخساروں پر آنسوؤں کی شکل میں شہادت دے رہے ہیں۔

۹۳۔ اگر یہ لوگ کچھ جانتے ہوتے تو اس ذلت و رسوائی کو ہرگز پسند نہ کرتے۔ معذوروں اور عورتوں کے ساتھ گھروں میں رہ کر اپنے لیے تاریخ میں عار و ننگ ثبت نہ کرتے۔ ملاحظہ ہو آیت ۸۷۔

۹۴۔ جو منافق پیچھے رہنے والی عورتوں میں رہے ہیں وہ بہانے تراشیں گے۔ حضورؐ کے لیے یہ حکم ہو رہا ہے کہ آپ ان کے ان بہانوں کو قبول نہ کریں اور یہ مؤقف اختیار کریں: تمہاری گزشتہ کرتوتوں کی اللہ نے ہمیں اطلاع دی ہے کہ تم کیا کرتے اور کیا کہتے ہو اور آئندہ تمہارے اعمال پر اللہ اور اس کا رسولؐ نظر رکھے گا کہ تم کیا کرنے والے ہو، پھر تمہیں اللہ کی بارگاہ میں اپنی کرتوتوں کا بوجھ لے کر پہنچنا ہے۔

۹۵۔ پہلے جملے لِتُعْرِضُوْا میں اعراض سے مراد درگزر ہے کہ وہ چاہیں گے کہ ان کے عذر قبول ہوں اور درگزر کیا جائے۔ دوسرے جملے فَاَعْرِضُوْا میں اعراض سے مراد بے اعتنائی ہے، یعنی ان منافقین کی باتوں کو اعتنا میں نہ لائیں کیونکہ یہ لوگ ناپاک ہیں ان کو نزدیک نہ آنے دیں۔

يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ لِتَرْضَوْا عَنْهُمْ ۚ فَاِنْ تَرْضَوْا عَنْهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَرْضٰى عَنِ الْقَوْمِ الْفٰسِقِيْنَ ﴿٩٦﴾

اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٩٧﴾

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يَّتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ مَغْرَمًا وَّيَتَرَبَّصُ بِكُمُ الدَّوَآئِرَ ؕ عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿٩٨﴾

وَمِنَ الْاَعْرَابِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَتَّخِذُ مَا يُنْفِقُ قُرُبٰتٍ عِنْدَ اللّٰهِ وَصَلَوٰتِ الرَّسُوْلِ ؕ اَلَآ اِنَّهَا قُرْبَةٌ لَّهُمْ ؕ سَيُدْخِلُهُمُ اللّٰهُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٩٩﴾ ع ١٢

وَالسّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ۙ رَّضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ تَحْتَهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ

۹۶۔ یہ تمہارے سامنے قسم کھائیں گے تاکہ تم ان سے راضی ہو جاؤ، پس اگر تم ان سے راضی ہو بھی جاؤ تو اللہ یقیناً فاسق قوم سے راضی نہ ہوگا۔

۹۷۔ یہ بادیہ نشین بدو کفر و نفاق میں انتہائی سخت ہیں اور اس قابل ہی نہیں کہ اللہ نے اپنے رسول پر جو کچھ نازل کیا ہے ان کی حدود کو سمجھ سکیں اور اللہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔☆

۹۸۔ اور ان بدوؤں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں کہ جو کچھ راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں اسے تاوان سمجھتے ہیں اور اس انتظار میں رہتے ہیں کہ تم پر گردش ایام آئے، بری گردش خود ان پر آئے اور اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

۹۹۔ اور انہی بدوؤں میں کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اور جو کچھ (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں اسے اللہ کے تقرب اور رسول سے دعائیں لینے کا ذریعہ سمجھتے ہیں، ہاں یہ ان کے لیے تقرب کا ذریعہ ہے اللہ انہیں عنقریب اپنی رحمت میں داخل کرے گا، بیشک اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۱۰۰۔ اور مہاجرین و انصار میں سے جن لوگوں نے سب سے پہلے سبقت کی اور جو نیک چال چلن میں ان کے پیرو ہوئے اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے اور اللہ نے ان کے لیے ایسی جنتیں تیار کی ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ان میں وہ ابد تک ہمیشہ رہیں گے یہی عظیم

۹۷۔ معلوم ہوتا ہے کہ اس آیت سے آگے کی چند آیات غزوہ تبوک سے واپسی پر نازل ہوئی ہیں۔ یہاں ذکر دیہاتی عربوں کا ہے کہ یہ لوگ تہذیب و تمدن سے دور ہونے کی وجہ سے سخت مزاج اور تند خو ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے یہ صحرائی لوگ کفر و نفاق میں بھی شہریوں سے زیادہ سخت موقف رکھنے والے ہوتے ہیں، کیونکہ علماء و صالحین کی صحبت نہ ملنے کی وجہ سے ان میں انسانی اقدار بیدار نہیں ہوتیں، اس لیے یہ لوگ اسلام کے انسان ساز دستور و احکام کو بھی نہیں سمجھ پاتے۔ اعرابیت اسلامی تہذیب و اخلاق سے دوری کو کہتے ہیں خواہ مروجہ تمدن کے مرکز میں ہی کیوں نہ ہو۔

۱۰۰۔ مہاجرین سابقین اولین وہ لوگ ہیں جنہوں نے حبشہ کی طرف ہجرت کی یا جنگ بدر سے پہلے اسلام قبول کیا اور ہجرت کی۔ انصار میں سابقین اولین وہ سات افراد ہیں جنہوں نے بعثت کے گیارہویں سال منیٰ کی بیعت عقبہ میں شرکت کی۔ ان کے بعد وہ ستر افراد ہیں جنہوں نے بعثت کے بارہویں سال کی بیعت میں شرکت کی۔ ان کے بعد ان لوگوں کا رتبہ آتا ہے جنہوں نے رسول اکرمؐ کے فرستادہ حضرت مصعب بن عمیر کے ہاتھوں اسلام قبول کیا۔ ان کے بعد ان لوگوں کا رتبہ آتا ہے جنہوں نے جنگ بدر سے پہلے اسلام قبول کیا۔ کیونکہ سنہ ۲ ہجری میں جنگ بدر کے موقع پر منافقت شروع ہو گئی تھی۔

تابعین ان لوگوں کو کہتے ہیں جو نیک کرداری میں مہاجرین و انصار کی اتباع کریں لیکن مطلق نہیں، بِاِحْسَانٍ کی قید کے ساتھ۔ دریابادی صاحب اس جگہ لکھتے ہیں: بہت قابل غور ہے۔ وہ مہاجر ہوں یا انصار یا صحابہ کرام کی کوئی قسم ہو، بہرحال یہ حضرات معصوم نہ تھے۔ عصمت صرف خاصۂ نبوت ہے۔ اس لیے حکم ان حضرات کی اتباع مطلق کا نہیں، بلکہ نیک کرداری میں ان کی اتباع کی جائے۔

تابعین میں قیامت تک کے تمام طبقات شامل ہیں. یہاں اصطلاحی تابعین کو مراد لینا درست نہیں ہے۔ تابعین کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ سابقین اولین کے کردار کو مشعل راہ بنانے کے لیے نیک کرداری اور اس کے عدم میں تمیز کریں، اس کے بغیر پیروی نہیں ہو سکتی۔ اس تمیز کرنے کو طعن کہنا درست نہیں ہے اور تمیز سے آگے بڑھنا (طعن) بھی درست نہیں ہے۔

الْعَظِيْمُ ﴿١٠٠﴾
وَمِمَّنْ حَوْلَكُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ
ع وَقف منزل مُنٰفِقُوْنَ ۛ وَمِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ ۛ
مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ ۖ لَا تَعْلَمُهُمْ ؕ
نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ ؕ سَنُعَذِّبُهُمْ
مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّوْنَ اِلٰى عَذَابٍ
عَظِيْمٍ ﴿١٠١﴾ ج
وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ
خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا ؕ
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٠٢﴾
خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً
تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ
عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ؕ
وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿١٠٣﴾
اَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ هُوَ يَقْبَلُ
التَّوْبَةَ عَنْ عِبَادِهٖ وَيَاْخُذُ
الصَّدَقٰتِ وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ
الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾
وَقُلِ اعْمَلُوْا فَسَيَرَى اللّٰهُ
عَمَلَكُمْ وَرَسُوْلُهٗ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ
وَسَتُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ
الشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ

کامیابی ہے۔☆

۱۰۱۔اورتمہارے گرد و پیش کے بدوؤں میں اور خود اہل مدینہ میں بھی ایسے منافقین ہیں جومنافقت پر اڑے ہوئے ہیں، آپ انہیں نہیں جانتے (لیکن) ہم انہیں جانتے ہیں، عنقریب ہم انہیں دوہرا عذاب دیں گے پھر وہ بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے۔☆

۱۰۲۔اور کچھ دوسرے لوگ جنہوں نے اپنے گناہوں کا اعتراف کیا انہوں نے نیک عمل کے ساتھ دوسرے برے عمل کو مخلوط کیا، بعید نہیں کہ اللہ انہیں معاف کر دے، بے شک اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۰۳۔ (اے رسول) آپ ان کے اموال میں سے صدقہ لیجیے، اس کے ذریعے آپ انہیں پاکیزہ اور بابرکت بنائیں اور ان کے حق میں دعا بھی کریں، یقیناً آپ کی دعا ان کے لیے موجب تسکین ہے اور اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۱۰۴۔کیا انہیں علم نہیں کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور صدقات بھی وصول کرتا ہے اور یہ کہ اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۱۰۵۔اور کہہ دیجیے: لوگو! عمل کرو کہ تمہارے عمل کو عنقریب اللہ اور اس کا رسول اور مومنین دیکھیں گے اور پھر جلد ہی تمہیں غیب و شہود کے جاننے والے کی طرف پلٹا دیا جائے گا پھر وہ تمہیں بتا دے گا کہ تم

۱۰۱۔مدینہ کے منافق اپنی منافقت میں مشاق ہو گئے تھے۔ دو مرتبہ عذاب سے کیا مراد ہے؟ ممکن ہے اس سے مراد ایک تو مقصد میں ناکامی اور فضیحت و رسوائی ہو اور ثانیاً اپنی آنکھوں کے سامنے فروغ اسلام کا مشاہدہ کرنا نیز ممکن ہے دوسرا قبر کا عذاب ہو۔

۱۰۲۔ جنگ تبوک میں شرکت نہ کرنے والوں میں کچھ لوگ ضعیف الایمان بھی تھے ان لوگوں کو جب معلوم ہوا کہ جنگ میں شرکت نہ کرنے والوں کی مذمت میں آیات نازل ہوئی ہیں تو انہوں نے ندامت سے اپنے آپ کو ستون مسجد سے باندھا کہ رسولؐ خود انہیں کھولیں گے۔ یہ آیت ان کی توبہ کی قبولیت کے بارے میں نازل ہوئی۔

۱۰۳۔توبہ کی قبولیت کے بعد انہوں نے اپنے اموال رسول خداؐ کی خدمت میں پیش کیے تو آپؐ نے فرمایا: مجھے اس بارے میں کوئی حکم نہیں ملا۔ اس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اگرچہ شان نزول خاص ہے لیکن حکم عام ہے۔

تُطَهِّرُهُمْ: یعنی زکوٰۃ وصول کر کے ان کو بخل، طمع، بے رحمی اور دولت پرستی جیسے برے اوصاف سے پاک کریں۔

تُزَكِّيْهِمْ: یعنی ان میں سخاوت، ہمدردی اور ایثار و قربانی جیسے اچھے اوصاف کو پروان چڑھائیں۔ اس طرح زکوٰۃ، اوصاف رذیلہ کی تطہیر اور اوصاف حمیدہ کی تکمیل کا ذریعہ ہے۔

۱۰۵۔یعنی تم اس زندگی میں جو عمل خیر یا عمل شر انجام دو گے، اس سے اللہ آگاہ ہے۔ وہ عٰلِمِ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ ہے۔ اس سے اس کائنات میں کوئی چیز پوشیدہ نہیں ہے۔ یہ کائنات اللہ کا دربار ہے۔ دربار میں بیٹھ کر جو بھی کام انجام دیا جاتا ہے وہ صاحب دربار سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا۔

رَسُوْلُهٗ: اللہ کا رسول بھی تمہارے اعمال کا مشاہدہ کرتا ہے۔ کیونکہ رسول اللہؐ تمہارے اعمال کے شاہد ہیں۔

والمؤمنون: اور مومنین بھی تمہارے اعمال پر کڑی نظر رکھے ہوئے ہوں گے کیونکہ یہ لوگ بھی تمہارے اعمال کے شاہد ہیں۔ ائمہ اہل البیتؑ کی تفسیر و روایت کے مطابق المؤمنون سے مراد ائمہ اہل البیتؑ ہیں۔

وَسَتُرَدُّوْنَ: آخرت کے دن خود تم بھی اپنے اعمال کا مشاہدہ کرو گے، جب اللہ کی بارگاہ میں جوابدہی

تَعْمَلُوْنَ ﴿١٠٥﴾ ع

وَاٰخَرُوْنَ مُرْجَوْنَ لِاَمْرِ اللّٰهِ اِمَّا يُعَذِّبُهُمْ وَاِمَّا يَتُوْبُ عَلَيْهِمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١٠٦﴾

وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مَسْجِدًا ضِرَارًا وَّكُفْرًا وَّتَفْرِيْقًا بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاِرْصَادًا لِّمَنْ حَارَبَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ مِنْ قَبْلُ ؕ وَلَيَحْلِفُنَّ اِنْ اَرَدْنَاۤ اِلَّا الْحُسْنٰى ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٧﴾

لَا تَقُمْ فِيْهِ اَبَدًا ؕ لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ اَحَقُّ اَنْ تَقُوْمَ فِيْهِ ؕ فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُطَّهِّرِيْنَ ﴿١٠٨﴾

اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى تَقْوٰى مِنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٍ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ اَسَّسَ بُنْيَانَهٗ عَلٰى شَفَا جُرُفٍ هَارٍ فَانْهَارَ بِهٖ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠٩﴾

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِيْ بَنَوْا رِيْبَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ اِلَّاۤ اَنْ تَقَطَّعَ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿١١٠﴾ ع ١٣ ١١ ٢

کیا کرتے رہے ہو۔☆

۱۰۶۔ اور کچھ اور لوگ ہیں جن کا معاملہ اللہ کا حکم آنے تک ملتوی ہے، وہ چاہے انہیں عذاب دے اور چاہے تو ان کی توبہ قبول کرے اور اللہ بڑا دانا، حکیم ہے۔

۱۰۷۔ اور کچھ لوگ ایسے ہیں جنہوں نے ایک مسجد بنائی ضرر رسانی اور کفر اور مومنین میں پھوٹ ڈالنے کے لیے نیز ان لوگوں کی کمین گاہ کے طور پر جو پہلے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ لڑ چکے ہیں اور وہ ضرور قسمیں کھائیں گے کہ ہمارے ارادے فقط نیک تھے، لیکن اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں۔☆

۱۰۸۔ آپ ہرگز اس مسجد میں کھڑے نہ ہوں، البتہ جو مسجد پہلے ہی دن سے تقویٰ کی بنیاد پر قائم کی گئی ہے وہ زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس میں کھڑے ہوں، اس میں ایسے لوگ ہیں جو صاف اور پاکیزہ رہنا پسند کرتے ہیں اور اللہ پاکیزہ رہنے والوں کو پسند کرتا ہے۔☆

۱۰۹۔ بھلا جس شخص نے اپنی عمارت کی بنیاد خوف خدا اور اس کی رضا طلبی پر رکھی ہو وہ بہتر ہے یا وہ جس نے اپنی عمارت کی بنیاد گرنے والی کھائی کے کنارے پر رکھی ہو، چنانچہ وہ (عمارت) اسے لے کر آتش جہنم میں جا گرے؟ اور اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں کرتا۔☆

۱۱۰۔ ان لوگوں کی بنائی ہوئی یہ عمارت ہمیشہ ان کے دلوں میں کھٹکتی رہے گی مگر یہ کہ ان کے دل پاش پاش ہو جائیں اور اللہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔☆

کے لیے حاضر کیے جاؤ گے۔

اس آیت میں اگرچہ روئے سخن منافقین کی طرف ہے لیکن یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ قرآنی تعبیر دیکھنا چاہیے۔ تعبیر اگر عام ہے تو قیامت تک کے لوگوں کے لیے ہے، صرف نزول قرآن کے زمانے کے مخاطبین تک محدود نہیں ہے۔

۱۰۷۔ رسول کریم (ص) مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو مدینہ کے مضافات میں آباد محلّہ قبا میں قیام فرمایا۔ ایک جگہ نماز کے لیے معین فرمائی۔ اسی جگہ بعد میں ایک مسجد تعمیر ہوئی جو مسجد قبا سے مشہور ہے۔ منافقین نے اس کے مقابلے میں ایک اور مسجد بنائی اور بہانہ یہ بنایا کہ یہ مسجد ان لوگوں کے لیے ہے جو ضعیفی، کمزوری، تاریکی اور بارش کی وجہ سے مسجد قبا نہیں جا سکتے اور رسول کریم (ص) سے درخواست کی کہ ایک بار اس مسجد میں تشریف لے آئیں۔ تبوک سے واپسی پر یہ آیات نازل ہوئیں اور اس مسجد کی تعمیر کے پیچھے جو منافقانہ محرکات تھے ان کو فاش کیا۔

۱۰۸ یعنی مسجد ضرار میں کھڑے ہونے کی نہی ہے۔ کھڑے ہونے سے مراد نماز کے لیے کھڑا ہونا۔ جیسے قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا (مزمل:۲) میں قیام سے مراد نماز کا قیام ہے۔ مسجد قبا کے بارے میں فرمایا: یہ مسجد تقویٰ کی بنیاد پر قائم کی گئی ہے کہ اس میں اللہ کی عبادت ہو، مومنین کا اجتماع ہو، باہمی تعاون و تعارف ہو اور نفاق و خودغرضی سے پاک لوگوں کا اس مسجد میں اجتماع ہوتا ہے، لہذا آپؐ اس پاک مسجد میں نماز پڑھیں۔

۱۰۹۔ دونوں مسجدوں کے بانیان میں فرق کو واضح فرما رہا ہے کہ ایک بانی اپنی عمارت کی بنیاد تقویٰ اور رضائے الٰہی پر استوار کرتا ہے اس کو ثبات اور دوام حاصل ہے۔ جبکہ دوسرا بانی اپنی عمارت کو کھائی کے کنارے پر بناتا ہے تو ایسے بانی کی نہ صرف عمارت اس کھائی میں گر جاتی ہے بلکہ خود بانی کو لے کر گر جائے گی اور وہ بھی جہنم کی آگ میں۔

۱۱۰۔ کیونکہ اس عمارت کے بنانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ جن مذموم مقاصد کے لیے انہوں نے یہ عمارت بنائی تھی وہ بھی پورے نہیں ہوئے اور ساتھ دنیا میں رسوائی اور فضیحت سے بھی دوچار ہوگئے۔ یہ ندامت اور حسرت ان کے دلوں میں مرتے دم تک رہے گی۔ دلوں کا پاش پاش ہونا، ممکن ہے موت کی طرف اشارہ ہو۔

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
اَنْفُسَهُمْ وَ اَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ
الْجَنَّةَ ؕ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
فَيَقْتُلُوْنَ وَ يُقْتَلُوْنَ ۟ وَعْدًا
عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرٰىةِ وَ الْاِنْجِيْلِ
وَ الْقُرْاٰنِ ؕ وَ مَنْ اَوْفٰى بِعَهْدِهٖ مِنَ
اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَيْعِكُمُ الَّذِيْ
بَايَعْتُمْ بِهٖ ؕ وَ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ
الْعَظِيْمُ ﴿۱۱۱﴾
اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ
السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ
الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَ النَّاهُوْنَ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَ الْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَ
بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾
مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ
يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَ لَوْ
كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ
لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۱۳﴾
وَ مَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ
اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا
تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ
اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾
وَ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ

۱۱۱۔ یقیناً اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اوران کے اموال جنت کے عوض خرید لیے ہیں، وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں پھر مارتے ہیں اور مارے جاتے ہیں، یہ توریت و انجیل اور قرآن میں اللہ کے ذمے پکا وعدہ ہے اور اللہ سے بڑھ کر اپنا عہد پورا کرنے والا کون ہوسکتا ہے؟ پس تم نے اللہ کے ساتھ جو سودا کیا ہے اس پر خوشی مناؤ اور یہ تو بہت بڑی کامیابی ہے۔☆

۱۱۲۔ (یہ لوگ) توبہ کرنے والے، عبادت گزار، ثنا کرنے والے، (راہ خدا میں) سفر کرنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کی دعوت دینے والے اور برائی سے روکنے والے اور حدود اللہ کی حفاظت کرنے والے ہیں اور (اے رسول) مومنین کو خوشخبری سنا دیجیے۔☆

۱۱۳۔ نبی اور ایمان والوں کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ مشرکوں کے لیے مغفرت طلب کریں خواہ وہ ان کے قریبی رشتہ دار ہی کیوں نہ ہوں جبکہ یہ بات ان پر عیاں ہو چکی ہے کہ وہ جہنم والے ہیں۔☆

۱۱۴۔ اور (وہاں) ابراہیم کا اپنے باپ (چچا) کے لیے مغفرت طلب کرنا اس وعدے کی وجہ سے تھا جو انہوں نے اس کے ساتھ کر رکھا تھا لیکن جب ان پر یہ بات کھل گئی کہ وہ دشمن خدا ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے، ابراہیم یقیناً نرم دل اور بردبار تھے۔

۱۱۵۔ اور اللہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے

۱۱۱۔ دائرہ ایمان میں داخل ہونے کا مطلب صرف دعوائے ایمان نہیں ہے۔ ایمان اپنے رب کے ساتھ ایک معاملہ اور اپنے مالک کے ساتھ ایک عہد ہے۔ اس معاملے کا ایک فریق اللہ تعالیٰ اور دوسرا فریق عبد مومن ہے۔ جس مال کا سودا ہو رہا ہے وہ مومن کی جان و مال ہے اور اس کی قیمت جنت اور سندِ معاملہ توریت، انجیل اور قرآن ہیں۔

۱۱۲۔ آیت ۱۱۱ میں جس مبارک سودے اور خرید و فروخت کا شرف جن مؤمنین کو حاصل ہوا ہے تو وہ صرف زبانی دعوؤں کی وجہ سے نہیں، بلکہ آیت ۱۱۲ میں مذکورہ صفات کے حامل ہونے کی بنا پر تعمیر اور ارتقائے معاشرہ کے داعی بن جاتے ہیں۔ اسلام چونکہ انسان ساز اور حیات بخش عقائد اور اعمال و اقدار کا حامل دین ہے۔ اللہ کے ساتھ جان و مال کا معاملہ کرنے والے اس حیات آفرین دستور حیات کی حفاظت کرنے میں جہاد سے کام لیتے ہیں اور اپنی جان کی پرواہ نہیں کرتے اور وہ اس عظیم کامیابی پر خوشی مناتے ہیں۔

۱۱۳۔ شرک، اللہ کی وحدانیت کے ساتھ بڑی گستاخی اور ناقابل معافی جرم ہے۔ اس آیت کی شان نزول میں متعدد روایات ہیں۔ سیاق آیت سے قریب روایت یہ ہے کہ کچھ اصحاب نے کہا: جب حضرت ابراہیم (ع) نے اپنے باپ کے لیے استغفار کیا ہے تو ہم بھی اپنے آباو اجداد کے لیے استغفار کیوں نہ کریں؟

مگر غیر امامیہ کے صحاح میں آیا ہے کہ یہ آیت حضرت ابوطالبؑ کی وفات کے موقع پر نازل ہوئی ہے جب حضرت ابوطالبؑ کی طرف سے کلمہ پڑھنے سے انکار کے باوجود نبی کریمؐ نے ان کے لیے استغفار کیا۔ یہ روایت ازلحاظ متن وسند قابل قبول نہیں ہے۔ کیونکہ اولاً سورۂ توبہ سنہ ۹ ہجری میں نازل ہوئی ہے جبکہ حضرت ابو طالب علیہ السلام نے ہجرت سے پہلے وفات پائی ہے۔ ثانیاً اس کا راوی سعید بن مسیب ناصبی ہے جیسا کہ واقدی نے لکھا ہے کہ اس نے امام زین العابدینؑ کے جنازے میں شرکت تک گوارا نہیں کی۔ ثالثاً اس آیت کی شان نزول میں روایات مضطرب ہیں۔ مثلاً غیر امامیہ کے مصادر میں ابن عباس، ابن مسعود اور عطیہ کی طرف سے روایت ہے کہ رسول کریمؐ نے اپنی والدہ حضرت آمنہ کے لیے استغفار کیا تو اس آیت کے ذریعے منع کیا گیا۔ (معاذ اللہ) (المنار ۲:۵۸)

اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا
يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ وَمَا
لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا
نَصِيْرٍ ﴿۱۱۶﴾
لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَ
الْمُهٰجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ
اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا
كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ
ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ؕ اِنَّهٗ بِهِمْ
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾
وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ؕ حَتّٰۤى
اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا
رَحُبَتْ وَ ضَاقَتْ عَلَيْهِمْ
اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْۤا اَنْ لَّا مَلْجَاَ
مِنَ اللّٰهِ اِلَّاۤ اِلَيْهِ ؕ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ
لِيَتُوْبُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ
الرَّحِيْمُ ﴿۱۱۸﴾ ع ۱۴
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَ
كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۱۹﴾
مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ

بعد گمراہ نہیں کرتا یہاں تک کہ ان پر یہ واضح کر دے کہ انہیں کن چیزوں سے بچنا ہے، تحقیق اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۱۱۶۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت یقیناً اللہ ہی کے لیے ہے، زندگی بھی وہی دیتا ہے اور موت بھی اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ مددگار۔

۱۱۷۔ تحقیق اللہ نے نبی پر اور ان مہاجرین وانصار پر مہربانی فرمائی جنہوں نے مشکل گھڑی میں نبی کا ساتھ دیا تھا بعد اس کے کہ ان میں سے بعض کے دلوں میں کجی آنے ہی والی تھی پھر اللہ نے انہیں معاف کر دیا، بے شک وہ ان پر بڑا شفقت کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۱۸۔ اور ان تینوں کو بھی (معاف کر دیا) جو (تبوک میں) پیچھے رہ گئے تھے، جب اپنی وسعت کے باوجود زمین ان پر تنگ ہو گئی تھی اور اپنی جانیں خود ان پر دوبھر ہو گئی تھیں اور انہوں نے دیکھ لیا کہ اللہ کی گرفت سے بچنے کے لیے خود اللہ کے سوا کوئی جائے پناہ نہیں تو اللہ نے ان پر مہربانی کی تاکہ وہ توبہ کریں، بے شک اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۱۹۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچوں کے ساتھ ہو جاؤ۔☆

۱۲۰۔ اہل مدینہ اور گرد و پیش کے بدوؤں کو

۱۱۵۔ اس آیت کے شان نزول میں آیا ہے کہ کچھ مسلمان بعض فرائض، واجبات کے نزول سے پہلے وفات پا گئے تو چند افراد رسول کریمؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ جو افراد ان واجبات کو بجا نہیں لائے اور وفات پا گئے ان کا کیا انجام ہوگا؟ اس پر یہ آیت نازل ہوئی اور فرمایا: بیان احکام سے پہلے جو لوگ وفات پا گئے ہیں ان سے باز پرسی نہ ہوگی۔ باز پرسی کی صورت یہ ہے کہ لوگوں پر احکام واضح ہو گئے ہوں، حجت پوری ہو چکی ہو اس کے باوجود بلا عذر ان کو انجام نہ دیں۔

۱۱۷۔ اس آیت میں لفظ تَابَ دوبار آیا ہے۔ پہلی بار بیان فضیلت کے ساتھ ہے، لہٰذا توبہ یہاں اللہ کی طرف سے شفقت اور مہربانی کے معنوں میں ہے۔ دوسری بار ایک کوتاہی (دلوں میں کجی آنے والی تھی) کے ذکر کے بعد یہاں توبہ معافی کے مفہوم کی حامل ہے۔ لہٰذا یہ کہنا سراسر ناانصافی ہے کہ پہلی بار کی توبہ بھی معافی کے معنوں میں ہے اور (نعوذ باللہ) رسول اللہ سے بھی لغزش سرزد ہوئی تھی۔

۱۱۸۔ یہ تین اصحاب کعب بن مالک، ہلال بن امیہ اور مرارہ بن ربیع تھے۔ ان حضرات نے پہلے بھی اپنے خلوص کا مظاہرہ کیا اور جنگ تبوک میں عدم شرکت کے لیے منافقین کی طرح عذر تراشی نہیں کی بلکہ اعتراف جرم کر لیا۔ مسلمانوں کو ان سے سلام و کلام کرنے کی ممانعت ہو گئی۔ چالیس دن کے بعد ان کو اپنی بیویوں سے بھی الگ کر دینے کا حکم ہوا۔ پچاس روز بعد ان کے لیے معافی کا حکم لے کر یہ آیت نازل ہوئی۔ یہاں بندے کی ایک توبہ لِيَتُوْبُوْا، اللہ کی دو مہربانیوں تَابَ اور التَّوَّابُ کے درمیان ہے۔

منافقین کو سزا نہیں دی گئی لیکن چند راست گو مومنین کو سزا ملی کہ انہوں نے مؤمن ہو کر منافقین والا کام کیوں کیا۔

۱۱۹۔ حضرت عبد اللہ بن عباس سے روایت ہے کہ الصّٰدِقِيْنَ سے مراد حضرت علیؑ ہیں۔ یہی روایت ابن عساکر نے حضرت امام محمد باقر (ع) سے نقل کی ہے۔ واضح رہے کہ حقیقی معنوں میں صادق وہ ہے جس سے کوئی ایسا عمل سرزد نہ ہوا ہو جو اس کے ایمان و عقیدے کے خلاف ہو، اسے معصوم کہتے ہیں۔ اسی وجہ سے فخر الدین رازی نے اس آیت سے یہ سمجھا ہے کہ معصوم کی اتباع واجب ہے اور ہر زمانے میں ایک معصوم کا ہونا لازمی ہے، ورنہ كُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ کا حکم بے معنی ہو جاتا

حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ
يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا
يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّ لَا
نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ
وَ لَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا
كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾
وَلَا يُنْفِقُوْنَ نَفَقَةً صَغِيْرَةً وَّلَا
كَبِيْرَةً وَّلَا يَقْطَعُوْنَ وَادِيًا اِلَّا
كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾
وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُوْنَ لِيَنْفِرُوْا
كَآفَّةً ؕ فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ
مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا فِي الدِّيْنِ
وَلِيُنْذِرُوْا قَوْمَهُمْ اِذَا رَجَعُوْٓا
اِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قَاتِلُوا الَّذِيْنَ
يَلُوْنَكُمْ مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوْا
فِيْكُمْ غِلْظَةً ؕ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۲۳﴾
وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ فَمِنْهُمْ مَّنْ

یہ حق حاصل ہی نہ تھا کہ وہ رسول خدا سے پیچھے رہ جائیں اور اپنی جانوں کو رسول کی جان سے زیادہ عزیز سمجھیں، یہ اس لیے کہ انہیں نہ پیاس کی تکلیف ہو گی اور نہ مشقت کی اور نہ راہ خدا میں بھوک کی اور نہ وہ کوئی ایسا قدم اٹھائیں گے جو کافروں کو ناگوار گزرے اور نہ انہیں دشمن سے کوئی گزند پہنچے گا مگر یہ کہ ان کے لیے نیک عمل لکھا جاتا ہے، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتا۔☆

۱۲۱۔اور (اسی طرح) وہ جو کچھ خرچ کرتے ہیں خواہ چھوٹا ہو یا بڑا اور جب کوئی وادی (بغرض جہاد) پار کرتے ہیں تو یہ سب ان کے حق میں لکھ دیا جاتا ہے تا کہ اللہ انہیں ان کے اچھے اعمال کا صلہ دے۔

۱۲۲۔اور یہ تو ہو نہیں سکتا کہ سب کے سب مومنین نکل کھڑے ہوں، پھر کیوں نہ ہر گروہ میں سے ایک جماعت نکلے تا کہ وہ دین کی سمجھ پیدا کریں اور جب اپنی قوم کی طرف واپس آئیں تو انہیں تنبیہ کریں تا کہ وہ (ہلاکت خیز باتوں سے) بچے رہیں۔☆

۱۲۳۔ اے ایمان والو! ان کافروں سے جنگ کرو جو تمہارے نزدیک ہیں اور چاہیے کہ وہ تمہارے اندر ٹھوس شدت کا احساس کریں اور جان رکھو اللہ متقین کے ساتھ ہے۔☆

۱۲۴۔اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو ان میں سے کچھ لوگ (از راہ تمسخر)

ہے۔ مگر وہ آگے چل کر اس معصوم کی تلاش میں راہ گم کر جاتے ہیں۔

۱۲۰۔ نَيْلًا: اس کا مادہ ن و ل ہے تو عطاء کے معنوں میں آتا ہے اور اگر مادہ ن ی ل ہے تو یہ گزند پہنچانے، گالی دینے کے معنوں میں آتا ہے۔ لسان العرب میں آیا ہے: و فلان ینال من عرض فلان اذا سبّہ، اور کہتے ہیں: و ھو ینال من ما لہ و ینال من عدوّہ اذا وَتَرَہ فی مال او شیء ۔ لہٰذا اس آیت میں نَيْلًا گزند پہنچانے کے معنوں میں ہے۔ اس جگہ اکثر مترجمین کو اشتباہ ہوا ہے کہ نَيْلًا حاصل ہونے کے معنوں میں لیا ہے، جس کا آیت کے سیاق کے ساتھ کوئی ربط نہیں بنتا۔

۱۲۲۔ یہ آیت دینی تعلیم کے لیے ایک دستور وضع کرتی ہے: یہ تو ہو نہیں سکتا کہ تمام مومنین دینی تعلیم یا جہاد کے لیے نکل کھڑے ہوں۔ ایسا کرنا ممکن نہیں۔ لہٰذا کیوں نہ ان کے ہر گروہ سے ایک جماعت علمی مراکز کی طرف سفر کرے، جہاں سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد واپس آئے اور اپنی قوم کو تعلیم دے۔ تفقہ فی الدین دین کی سمجھ سے مراد صرف اصطلاحی فقہ نہیں ہے بلکہ اسلامی نظام حیات کا فہم و ادراک ہے۔ بالفاظ دیگر ہر وہ علم جو مسلمانوں کے لیے دین و دنیا میں فائدہ مند ہو دینی علم ہے۔ ہاں استعمار نے علم کو علم دین اور علوم دنیا میں تقسیم کیا ہے۔

۱۲۳۔ آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ سرحدی علاقوں کے مسلمانوں پر واجب ہے کہ اگر علاقے میں اسلام کے لیے خطرہ ہو تو وہ دفاع کرتے ہوئے کفار کے ساتھ جنگ کریں اور مسلمانوں پر لازم ہے کہ وہ اسلامی اصولوں اور اقدار پر عمل کرنے کے حوالے سے غیر لچکدار رویہ رکھیں تا کہ کفار کو محسوس ہو کہ مسلمان اپنے مؤقف میں کسی قسم کی سودے بازی اور سازش کا شکار نہیں ہوں گے۔ دشمن ہمیشہ اپنے مدمقابل کا کمزور پہلو تلاش کرتا ہے تا کہ وہاں سے اس پر حملہ کرے۔ جب اسلام دشمن دیکھیں گے کہ مسلمان ہر اعتبار سے مضبوط ہیں اور ٹھوس مؤقف رکھتے ہیں اور ان میں کوئی کمزور پہلو نہیں تو وہ ناکام ہو جاتے ہیں۔ آیت میں اس خصوصیت کے حصول کا طریقہ تقویٰ الٰہی ذکر ہوا ہے کہ اللہ متقین کے ساتھ ہے۔

۱۲۴۔۱۲۵۔ منافق اپنے دل کی کیفیت پر دوسروں کو قیاس کرتے ہوئے یہ خیال کرتے تھے کہ جس طرح ان کے دل پر اس کا کوئی اثر نہیں ہے، اسی

يَقُوْلُ اَيُّكُمْ زَادَتْهُ هٰذِهٖٓ اِيْمَانًا ۚ
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَزَادَتْهُمْ اِيْمَانًا
وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۱۲۴﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا اِلٰى رِجْسِهِمْ وَ
مَاتُوْا وَهُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۲۵﴾
اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ يُفْتَنُوْنَ فِيْ كُلِّ
عَامٍ مَّرَّةً اَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا
يَتُوْبُوْنَ وَلَا هُمْ يَذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۲۶﴾
وَاِذَا مَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ نَّظَرَ
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ ؕ هَلْ يَرٰىكُمْ
مِّنْ اَحَدٍ ثُمَّ انْصَرَفُوْا ؕ صَرَفَ
اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا
يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ
عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲۸﴾
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ
رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾

سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ ۱۰۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾

کہتے ہیں: اس سورت نے تم میں سے کس کے ایمان میں اضافہ کیا ہے؟ پس ایمان والوں کے ایمان میں تو اس نے اضافہ ہی کیا ہے اور وہ خوشحال ہیں۔☆

۱۲۵۔ اور البتہ جن کے دلوں میں بیماری ہے ان کی نجاست پر اس نے مزید نجاست کا اضافہ کیا ہے اور وہ مرتے دم تک کفر پر ڈٹے رہے۔☆

۱۲۶۔ کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ انہیں ہر سال ایک یا دو مرتبہ آزمائش میں ڈالا جاتا ہے؟ پھر نہ تو وہ توبہ کرتے ہیں اور نہ ہی عبرت حاصل کرتے ہیں۔

۱۲۷۔ اور جب کوئی سورت نازل ہوتی ہے تو وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں کہ کوئی تمہیں دیکھ تو نہیں رہا؟ پھر نکل کر بھاگتے ہیں، اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر رکھا ہے کیونکہ یہ ناسمجھ لوگ ہیں۔

۱۲۸۔ بتحقیق تمہارے پاس خود تم ہی میں سے ایک رسول آیا ہے تمہیں تکلیف میں دیکھنا ان پر شاق گزرتا ہے، وہ تمہاری بھلائی کا نہایت خواہاں ہے اور مومنین کے لیے نہایت شفیق، مہربان ہے۔☆

۱۲۹۔ پھر اگر یہ روگردانی کریں تو آپ کہ دیجیے: میرے لیے اللہ ہی کافی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں۔ اسی پر میرا بھروسہ ہے اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

سورۂ یونس ۔ مکی ۔ آیات ۱۰۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف لام را۔ یہ اس کتاب کی آیات ہیں جو حکمت والی ہے۔

طرح کسی کے دل پر اس کا کوئی اثر مترتب نہیں ہو رہا ہو گا۔ اللہ تعالیٰ نے اس تصور کی رد میں فرمایا کہ سارے دل یکساں نہیں ہوتے۔ اگرچہ قرآن سب کے لیے ہدایت ہے مگر اس سے فیض لینے والے یکساں نہیں۔ آفتاب سب کو نور دیتا ہے، بارش سب کے لیے فیض دیتی ہے، لیکن فیض لینے والے یکساں نہیں ہوتے۔ مومن کا دل زرخیز ہوتا ہے اس پر قرآنی بارش جس قدر زیادہ برسے گی اتنی ہی اس میں شادابی آئے گی جب کہ منافق کا دل شورہ زار ہے، اس پر قرآنی بارش جس قدر زیادہ برسے گی اتنا ہی اس کی شورہ زاری میں اضافہ ہو گا۔ یعنی ہر جدید سورہ ایک معجزہ، ایک رہنمائی، ایک حیات بخش دستور لے کر آتا ہے تو مومن کا دل ایمان کے نور سے اور منور ہوتا ہے، جبکہ کافر پہلے بھی شک میں تھا، جدید سورہ میں بھی شک کرتا ہے تو اس کے شک اور خباثت میں اور اضافہ ہوتا ہے۔

۱۲۸۔ منافقین کے خلاف مذکورہ رویہ اس لیے اختیار کیا جاتا ہے کہ وہ رحمت حق اور رحمت رسولؐ کے اہل نہیں ورنہ رسول رحمتؐ کی خصوصیات یہ ہیں: ☆ تمہیں تکلیف میں دیکھنا اسے شاق گزرتا ہے۔ ☆ وہ تمہاری بھلائی کے نہایت آرزومند ہیں۔ ☆ وہ مؤمنین کے لیے نہایت شفیق و مہربان ہیں۔

سورۂ یونس

یہ سورہ مکہ میں نازل ہوا اور مضمون سورہ سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ یہ مکی زندگی کے اواخر میں نازل ہوا ہو گا جب مسلمانوں پر سختیوں میں اور اضافہ ہوا ہے، جس کی بنا پر مسلمانوں کو فتح و نصرت کی نوید دی جاتی تھی: وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ . (یونس:۲۶) ان کے چہروں پر نہ سیاہ (دھبہ) ہو گا نہ ذلت (کے آثار)۔

دوسرا قرینہ یہ ہے کہ اس سورہ سے پہلے قرآن کا ایک معتدبہ حصہ نازل ہو چکا تھا۔ چنانچہ منکرین کا یہ مطالبہ اسی سورہ میں ہے: اِئْتِ بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَآ اَوْ بَدِّلْهُ اس قرآن کے سوا کوئی اور قرآن لاؤ یا اس کو بدل دو یعنی ترمیم کرو۔ (یونس:۱۵)

اس سورہ میں باقی سورہ ہائے مکی کی طرح اصول عقائد کے بارے میں مباحث ملتے ہیں، یعنی توحید، نبوت، حیات اخروی اور ان پر منکرین کی طرف سے عائد کردہ شبہات کا جواب اور تحریک توحید کے تاریخ ساز انبیاء اور ان کے مقابلے میں آنے والے منکرین کا ذکر۔

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ
اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ
وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ
صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ قَالَ
الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ۲
اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ
اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ
يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ
بَعْدِ اِذْنِهٖ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ
فَاعْبُدُوْهُ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۳
اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ؕ وَعْدَ
اللّٰهِ حَقًّا ؕ اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ
يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ؕ وَ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ
حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا
يَكْفُرُوْنَ ۴
هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّ
الْقَمَرَ نُوْرًا وَّ قَدَّرَهٗ مَنَازِلَ
لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ
مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ
يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۵

رکوع ۱۱

۲۔ کیا لوگوں کے لیے یہ تعجب کی بات ہے کہ ہم نے خود انہیں میں سے ایک شخص کی طرف وحی بھیجی کہ لوگوں کو تنبیہ کرے اور جو ایمان لائیں انہیں بشارت دے کہ ان کے لیے ان کے رب کے پاس سچا مقام ہے، (اس پر) کافروں نے کہا: یہ شخص تو بلاشبہ صریح جادوگر ہے۔☆

۳۔ یقیناً تمہارا رب وہ اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر اس نے عرش پر اقتدار قائم کیا، وہ تمام امور کی تدبیر فرماتا ہے، اس کی اجازت کے بغیر کوئی شفاعت کرنے والا نہیں ہے، یہی اللہ تو تمہارا رب ہے پس اس کی عبادت کرو، کیا تم نصیحت نہیں لیتے؟☆

۴۔ تم سب کی بازگشت اسی کی طرف ہے، اللہ کا وعدہ حق پر مبنی ہے، وہی خلقت کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اسے دوبارہ پیدا کرے گا تاکہ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے انہیں انصاف کے ساتھ جزا دے اور جو کافر ہوئے انہیں اپنے کفر کی پاداش میں کھولتا ہوا پانی پینا ہوگا اور انہیں دردناک عذاب (بھی) بھگتنا ہوگا۔☆

۵۔ وہی تو ہے جس نے سورج کو روشن کیا اور چاند کو چمک دی اور اس کی منزلیں بنائیں تاکہ تم برسوں کی تعداد اور حساب معلوم کر سکو، اللہ نے یہ سب کچھ صرف حق کی بنیاد پر خلق کیا ہے، وہ صاحبان علم کے لیے اپنی آیات کھول کر بیان کرتا ہے۔☆

۲۔ معاندین اور منکرین کے خیالات کے برخلاف یہ کتاب حکمت آمیز باتوں سے پر ہے۔ نہ شاعرانہ تخیلات کا مجموعہ ہے نہ زبانی جادوگری ہے بلکہ یہ قرآن حکیمانہ باتوں کی طرف لوگوں کی توجہ مبذول کراتا ہے۔ لوگوں کو فکر و نظر کی دعوت دیتا ہے۔ عقل و استدلال اور منطق کو قیمت دیتا ہے۔ لوگوں کے باطل رجحانات کو فروغ دے کر ان کا استحصال نہیں کرتا بلکہ باطل نظریات کا مقابلہ کر کے لوگوں کی حق کی طرف رہنمائی کرتا ہے۔
یہ لوگ نہ وحی کو سمجھ سکے، نہ ہی انسانی مقام کو۔ ان کے خیال میں انسان اس بات کا اہل نہیں ہے کہ اللہ کا نمائندہ بنے۔
پوری تاریخ میں منکرین نے ہمیشہ انبیاء کو ساحر کہا ہے۔ یہ الزام اس بات کا اعتراف ہے کہ رسول اسلامؐ عام بشری سطح سے بالاتر ہیں اور جادو کا الزام صرف انکار کے لیے بہانہ ہے۔

۳۔ کائنات کو چھ مختلف مرحلوں میں پیدا کرنے کے بعد وہ عرش سلطنت پر متمکن ہوا۔ کوئی چیز اس کے قبضۂ اقتدار اور تدبیر سے خارج نہیں ہے اور اس کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے وہ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ کے تحت ہو رہا ہے، یعنی اس کے حکم و تدبیر یا اس کے اذن سے ہو رہا ہے اور اس کائنات کی تدبیر و تنظیم کا وہی منتہیٰ ہے۔ اگر کوئی کام اس کے اذن سے ہوتا ہے، مثلاً شفاعت تو بھی مرکز و مصدر تنظیم و تدبیر وہی ذات ہے۔

۴۔ انسانی خلقت میں یہ بات ودیعت کر دی گئی ہے کہ اسے اللہ کی بارگاہ تک جانا ہے۔ لہٰذا اپنی جائے بازگشت سے پہلے جن ارتقائی مراحل سے گزرنا ہوتا ہے ان میں انسان کو لاکھ نعمت و آسائش میسر آئے اسے نہ صرف یہ کہ قرار نہیں آتا بلکہ مزید بے چین ہو جاتا ہے، کیونکہ یہ اس دنیا کے لیے خلق نہیں کیا گیا ہے۔
جو اس انسان کو عدم سے وجود میں لایا ہے وہی اسے دوبارہ پیدا کرے گا۔ اگر دوبارہ پیدا کرنا نہ ہوتا تو ابتدا میں بھی پیدا نہ کرتا کیونکہ نیک لوگوں کو جزا اور برے لوگوں کو سزا نہ ملے تو یہ زندگی عبث ہو جاتی ہے۔

۵۔ سورج اور چاند اہل ارض کے لیے قدرت کے دو حسین مناظر ہیں۔ چاند رات کی تاریکی میں چراغ کا کام دینے کے ساتھ ساتھ قدرتی تقویم بھی ہے جس سے ہر خواندہ ناخواندہ استفادہ کر سکتا

إِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا
خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ
لَآيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ۝٦
إِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَ
رَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ اطْمَأَنُّوْا
بِهَا وَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا
غٰفِلُوْنَ ۝٧ۙ
أُولٰٓئِكَ مَأْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا
يَكْسِبُوْنَ ۝٨
إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِإِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهِمُ الْأَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ
النَّعِيْمِ ۝٩
دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ
وَ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَ اٰخِرُ
دَعْوٰىهُمْ أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠ ع ۲
وَ لَوْ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ
اسْتِعْجَالَهُمْ بِالْخَيْرِ لَقُضِيَ إِلَيْهِمْ
أَجَلُهُمْ ۭ فَنَذَرُ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ
لِقَآءَنَا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۝١١
وَإِذَا مَسَّ الْإِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا
لِجَنْۢبِهٖٓ أَوْ قَاعِدًا أَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا

ہے اور مہینے کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے کہ پندرہ دنوں میں چاند بڑھتا جاتا ہے اور دوسرے پندرہ دنوں میں گھٹتا رہتا ہے۔ اس طرح مہینوں کا حساب آسان اور سادہ بنایا ہے۔

۶۔ قرآن وجدان، عقل اور قلب سے سروکار رکھتا ہے۔ لیکن اس آیت میں صاحبان تقویٰ کو یہ دعوت دی جا رہی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عقل وخرد والوں کو ہی خطرے کا احساس ہوتا ہے جس کی وجہ سے بچنے کا اہتمام کیا جاتا ہے، اس طرح تقویٰ یعنی اپنا بچاؤ کرنا عقل وخرد کا لازمہ ہے۔

۹۔ جنات نعیم تک رہنمائی کے لیے بنیادی محرک ایمان ہے اور عمل صالح اس محرک کے لیے معاون ہے۔ چونکہ عمل صالح کے لیے بھی ایمان محرک ہے، لہٰذا ایمان انسان کو ارتقائی منازل سے گزار کر منتہائے مقصود یعنی اللہ تک پہنچانے کا ضامن ہے: وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى (نجم:۴۲) اور یہ بات ذہن نشین ہونی چاہیے کہ جنت تقرب الٰہی کی ایک تعبیر ہے۔

۱۰۔ اس قرب الٰہی کی فضا میں اہل جنت کے لیے سب سے زیادہ محبوب ترین مشغلہ وہی تسبیح ہو گی جس تسبیح سے وہ دنیاوی زندگی میں مانوس رہ چکے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ دنیا میں وہ اپنے رب پر ایمان بالغیب رکھتے تھے اور آخرت میں شہود کے مرحلے میں داخل ہوئے ہوں گے، پردے اٹھ گئے ہوں گے اور اللہ کی عظمت اور اس کی بے پایاں رحمتوں کا قریب سے مشاہدہ کر رہے ہوں گے۔ ایسے ماحول میں سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ کے ورد میں کیا کیف وسرور ہو گا اس کا اندازہ ہم اس مادی ماحول میں نہیں کر سکتے۔

۱۱۔ منکرین، رسول اکرمؐ سے کہتے تھے: اگر آپؐ سچے ہیں تو وہ عذاب کیوں نہیں آتا جس کی آپؐ دھمکی دے رہے ہیں۔ جواب میں فرمایا: اگر اللہ تمہیں عذاب دینے میں وہی عجلت کرے جو تم پر رحم کرنے میں فرماتا ہے تو تمہاری مہلت کا وقت ختم ہو چکا ہوتا۔

۱۲۔ عام طور پر انسان صرف مصیبت کے وقت سہارا ڈھونڈتا ہے اور اسے معلوم ہوتا ہے کہ صرف اللہ کی ذات ہی واحد سہارا ہے، لہٰذا وہ اسی کے در پر دستک دیتا ہے۔ لیکن جب اس سے تکلیف دور کر دی جاتی ہے۔ جسم صحت مند، دولت فراوان، حالات سازگار اور لوگوں میں باوقار ہو جاتا ہے تو اللہ کو یوں مکمل بھول جاتا ہے جیسے اس ذات سے کبھی کوئی واسطہ ہی نہ پڑا ہو۔

۶۔ بے شک رات اور دن کی آمد و رفت میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے ان میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو (ہلاکت سے) بچنا چاہتے ہیں۔☆

۷۔ بے شک جو لوگ ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے اور دنیاوی زندگی ہی پر راضی ہیں اور اسی میں اطمینان محسوس کرتے ہیں اور جو لوگ ہماری نشانیوں سے غفلت برتتے ہیں،

۸۔ ان کا ٹھکانا جہنم ہے ان اعمال کی پاداش میں جن کا یہ ارتکاب کرتے رہتے ہیں۔

۹۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے بے شک ان کا رب ان کے ایمان کے سبب انہیں نعمتوں والی جنتوں کی راہ دکھائے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی۔☆

۱۰۔ جہاں ان کی صدا سبحانك اللّٰهم (اے اللہ تیری ذات پاک ہے) اور وہاں ان کی تحیت سلام ہو گی اور ان کی دعا کا خاتمہ الحمدللہ رب العالمین ہو گا۔☆

۱۱۔ اور اگر اللہ لوگوں کے ساتھ (ان کی بداعمالیوں کی سزا میں) برا معاملہ کرنے میں اسی طرح عجلت سے کام لیتا جس طرح وہ لوگ (دنیا کی) بھلائی کی طلب میں جلد بازی کرتے ہیں تو ان کی مہلت کبھی کی ختم ہو چکی ہوتی، لیکن جو ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے ہم انہیں مہلت دیے رکھتے ہیں کہ وہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں۔☆

۱۲۔ اور انسان کو جب کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لیٹے، بیٹھے اور کھڑے ہمیں پکارتا ہے پھر جب ہم اس سے تکلیف دور کر دیتے

كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَاۤ
اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ
لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲﴾
وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ مِنْ
قَبْلِكُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا ۙ وَ جَآءَتْهُمْ
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَ مَا كَانُوْا
لِيُؤْمِنُوْا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِى الْقَوْمَ
الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۳﴾
ثُمَّ جَعَلْنٰكُمْ خَلٰٓئِفَ فِى الْاَرْضِ
مِنْۢ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾
وَ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيَاتُنَا بَيِّنٰتٍ ۙ
قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا ائْتِ
بِقُرْاٰنٍ غَيْرِ هٰذَاۤ اَوْ بَدِّلْهُ ؕ قُلْ مَا
يَكُوْنُ لِيْۤ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ
نَفْسِىْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰۤى
اِلَىَّ ۚ اِنِّيْۤ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّىْ
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۵﴾
قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ
وَ لَاۤ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ
فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا
تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۶﴾
فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِاٰيٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ

ہیں تو ایسا چل دیتا ہے گویا اس نے کسی تکلیف پر جو اسے پہنچی ہمیں پکارا ہی نہیں، حد سے تجاوز کرنے والوں کے لیے ان کے اعمال اسی طرح خوشنما بنا دیے گئے ہیں۔☆

۱۳۔ اور بتحقیق تم سے پہلی قوموں کو بھی ہم نے اس وقت ہلاک کیا جب وہ ظلم کے مرتکب ہوئے اور ان کے رسول واضح دلائل لے کر ان کے پاس آئے مگر وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے، ہم مجرموں کو ایسے ہی سزا دیتے ہیں۔☆

۱۴۔ پھر ان کے بعد ہم نے زمین میں تمہیں جانشین بنایا تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو۔☆

۱۵۔ اور جب انہیں ہماری آیات کھول کر سنائی جاتی ہیں تو جو لوگ ہم سے ملنے کی توقع نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں: اس قرآن کے سوا کوئی اور قرآن لے آؤ یا اسے بدل دو، کہہ دیجیے: مجھے یہ اختیار نہیں کہ میں اپنی طرف سے اسے بدل دوں، میں تو اس وحی کا تابع ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے، میں اپنے رب کی نافرمانی کی صورت میں بہت بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔☆

۱۶۔ کہہ دیجیے: اگر اللہ چاہتا تو میں یہ قرآن تمہیں پڑھ کر نہ سناتا اور نہ ہی اللہ تمہیں اس سے آگاہ کرتا، اس سے پہلے میں ایک عمر تمہارے درمیان گزار چکا ہوں، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے۔☆

۱۷۔ پس اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو سکتا ہے جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے یا اس کی آیات کی تکذیب کرے؟ مجرم لوگ

۱۳۔۱۴ مخاطب قوم کو اس کی حیثیت کا احساس دلایا جا رہا ہے کہ تم گزشتہ قوموں کے جانشین اور اسی سنت الٰہی کی زد میں ہو۔ جس امتحانی مرحلے سے وہ گزرے ہیں اسی سے تم بھی گزر رہے ہو۔

۱۵۔ عرب جاہلیت کے لیے قرآن عقیدۃً و عملاً قابل قبول نہ تھا۔ عقیدۃً قرآن توحید کی دعوت دیتا ہے اور اللہ کی ذات کے سوا تمام لات و عزیٰ کی نفی کرتا ہے۔ یہاں شرک و بت پرستی کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے اور عملاً قرآن نے جو انسان ساز دستور زندگی پیش کیا ہے وہ سراسر ان کے مفادات اور خواہشات کے خلاف تھا۔ اس لیے وہ چاہتے تھے کہ یہ نیا دین ان کے عقائد اور مفادات کو تحفظ دے۔ دوسرے لفظوں میں وہ چاہتے تھے یا تو اس قرآن کو چھوڑ کر ایک اور قرآن ایسا بنا لائیں جو ان کے نظریات و خواہشات کے مطابق ہو یا اسی قرآن میں ترمیم کر کے ان مواد کو نکال دیں جو انہیں پسند نہیں ہیں۔

۱۶۔ جواب کا سلسلہ جاری ہے کہ کہہ دیجیے کہ یہ قرآن مشیت الٰہی کے تابع ہے، اگر وہ چاہتا تو اس قرآن کو پیش نہ کرتا، جیسا کہ میں تمہارے درمیان ایک عمر گزار چکا ہوں، اس مدت میں کوئی قرآن پیش نہیں کیا اور جس شخص نے اپنی چالیس سالہ زندگی کے کسی حصہ میں خیانت نہ کی ہو اور جس کا مزاج جعل، فریب اور جھوٹ سے آشنا ہی نہ ہو وہ یکا یک اتنی بڑی فریب کاری کرنا شروع کر دے، ایک پوری کتاب ایک دین اور ایک نظام گھڑ کر اللہ کی طرف نسبت دینا شروع کر دے ممکن نہیں۔

دوسری بات یہ ہے کہ حضورؐ چالیس سال کی زندگی ان کلام شناس اور فصاحت و بلاغت کے مالک عربوں کے درمیان گزار چکے ہیں۔ انہیں حضورؐ کے طرز کلام انداز بیان، اسلوب سخن کا علم تھا۔ کیا قرآن اسی انداز و اسلوب کا مظہر ہے؟ اگر ایسا ہے تو اس شک کے لیے گنجائش ہے کہ یہ محمدؐ کی اپنی تصنیف ہے اور اگر ان دونوں اسلوبوں میں کوئی قدر مشترک نہیں ہے تو یہ ان کی اپنی تصنیف کیسے ہو سکتی ہے؟

تیسری بات یہ ہے حضورؐ نے چالیس سال کی زندگی ان لوگوں کے سامنے گزاری۔ اس مدت میں نہ کسی معلم کے سامنے زانوئے تلمذ تہ کیا، نہ کسی سے کتاب پڑھی، نہ کسی قانون کا مطالعہ کیا، نہ کسی دستور زندگی اور نظام حیات سے واسطہ پڑا،

لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۱۷﴾

وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَ يَقُوْلُوْنَ هٰٓؤُلَآءِ شُفَعَآؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ ؕ قُلْ اَتُنَبِّـُٔوْنَ اللّٰهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱۸﴾

وَمَا كَانَ النَّاسُ اِلَّآ اُمَّةً وَّاحِدَةً فَاخْتَلَفُوْا ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيْمَا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

وَيَقُوْلُوْنَ لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۚ فَقُلْ اِنَّمَا الْغَيْبُ لِلّٰهِ فَانْتَظِرُوْا ۚ اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع

وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً مِّنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ اِذَا لَهُمْ مَّكْرٌ فِيْٓ اٰيَاتِنَا ؕ قُلِ اللّٰهُ اَسْرَعُ مَكْرًا ؕ اِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُوْنَ مَا تَمْكُرُوْنَ ﴿۲۱﴾

هُوَ الَّذِيْ يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَ الْبَحْرِ ؕ حَتّٰٓى اِذَا كُنْتُمْ فِي الْفُلْكِ ۚ وَ جَرَيْنَ بِهِمْ بِرِيْحٍ طَيِّبَةٍ وَّ فَرِحُوْا بِهَا جَآءَتْهَا رِيْحٌ عَاصِفٌ

یقیناً فلاح نہیں پائیں گے۔

۱۸۔ اور یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر ان کی پرستش کرتے ہیں جو نہ انہیں ضرر پہنچا سکتے ہیں اور نہ انہیں کوئی فائدہ دے سکتے ہیں اور (پھر بھی) کہتے ہیں: یہ اللہ کے پاس ہماری شفاعت کرنے والے ہیں، کہہ دیجیے: کیا تم اللہ کو اس بات کی خبر دیتے ہو جو اللہ کو نہ آسمانوں میں معلوم ہے اور نہ زمین میں؟ وہ پاک و بالاتر ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔

۱۹۔ اور سب انسان ایک ہی امت تھے پھر اختلاف رونما ہوا اور اگر آپ کا پروردگار پہلے طے نہ کر چکا ہوتا تو ان کے درمیان اس بات کا فیصلہ کر دیا جاتا جس میں یہ اختلاف کرتے ہیں۔☆

۲۰۔ اور کہتے ہیں: اس (نبی) پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نازل نہیں ہوئی؟ پس کہہ دیجیے: غیب تو صرف اللہ کے ساتھ مختص ہے پس تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرتا ہوں۔☆

۲۱۔ اور جب انہیں پہنچنے والے مصائب کے بعد ہم لوگوں کو اپنی رحمت کا ذائقہ چکھاتے ہیں تو وہ ہماری آیات کے بارے میں حیلے بازیاں شروع کر دیتے ہیں، کہہ دیجیے: اللہ کا حیلہ تم سے زیادہ تیز ہے، بیشک ہمارے فرشتے تمہاری حیلے بازیاں لکھ رہے ہیں۔☆

۲۲۔ وہی تو ہے جو تمہیں خشکی اور سمندر میں چلاتا ہے، چنانچہ جب تم کشتیوں میں سوار ہوتے ہو اور وہ لوگوں کو لے کر باد موافق کی مدد سے چلتی ہیں اور وہ اس سے خوش ہوتے ہیں اتنے میں کشتی کو مخالف تیز ہوا

نہ شعر و خطابت میں حصہ لیا، آج ایک ایسا کلام پیش کرتے ہیں کہ اسلوب و ترکیب میں اس کا کوئی مقابلہ نہیں کر سکتا اور جامع نظام حیات لے کر آتا ہے جو قیامت تک کے لیے قابل عمل ہے۔ لہذا یہ کلام کسی انسان کی تصنیف نہیں ہو سکتا بلکہ یہ کلام الٰہی ہے۔

۱۹۔ علامہ طباطبائی رحمۃ اللہ علیہ اس جگہ فرماتے ہیں: لوگوں کے درمیان دو قسم کے اختلافات پائے جاتے ہیں۔ دنیاوی معاملات کے اختلاف کو اللہ تعالیٰ نے انبیاء کے ذریعے ختم کیا۔ دوسرا اختلاف خود دین کے بارے میں ہے۔ یہ طبعی اختلاف نہیں بلکہ مفادات کا اختلاف ہے۔ یہاں ہدایت اور ضلالت کی دو راہیں جدا ہو جاتی ہیں۔ یہاں اللہ تعالیٰ عجلت سے کام نہیں لیتا بلکہ ایک وقت تک انہیں مہلت دیتا ہے۔

۲۰۔ قرآن کی متعدد آیات میں اس بات کا ذکر ملتا ہے کہ لوگ حضورؐ سے ایسے محسوس معجزے کا مطالبہ کرتے تھے جیسے سابقہ انبیاء علیہم السلام نے دکھائے ہیں اور قرآن کو معجزہ تسلیم نہیں کرتے تھے اور ساتھ قرآن کے چیلنج کا جواب بھی نہیں دے سکتے تھے۔ اس مطالبہ کا اس آیت میں یہ جواب دیا گیا ہے کہ غیب تو صرف اللہ کے ساتھ مختص ہے۔ تم انتظار کرو، فرمائشی معجزے کے بعد اگر ایمان نہ لائے تو مہلت نہیں دی جاتی۔ اس لیے فرمائشی معجزہ نہ دینے کی صورت میں انتظار کے لیے موقع رہ جاتا ہے۔

۲۱۔ جو لوگ اللہ پر ایمان نہیں رکھتے وہ اللہ کی نعمتوں پر بھی ایمان نہیں رکھتے اللہ نے اگر انہیں کسی مصیبت سے نجات دلا دی تو وہ اس کی دوسری توجیہیں کرتے ہیں، اس میں اللہ کی مشیت و ارادے کی نفی کرتے ہیں۔ مثلاً کہتے ہیں اس قسم کی تنگی اور راحت سے تو ہمارے باپ دادا بھی دوچار رہے ہیں یعنی یہ طبیعت کا کھیل ہے قدرت کا کرشمہ نہیں۔ جو لوگ اللہ کی رحمتوں کو تسلیم کرنے کی بجائے اس کی مادی توجیہ کرتے ہیں، ایسے لوگوں کو سامنے معجزہ رکھا جائے تو بھی وہ اس کی کوئی اور توجیہ کریں گے جیسا کہ آج کل کے مغرب زدہ اور شکست خوردہ ذہنوں نے معجزات انبیاء علیہم السلام کی مادی توجیہ کرنا شروع کیا ہے۔

۲۲۔ یہ ان دلائل میں سے ہے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ اللہ کی وحدانیت اور اس کا تصور ہر انسان کے نفس اور اس کی فطرت میں ودیعت ہے لیکن

وَّجَآءَهُمُ الْمَوْجُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّ
ظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اُحِيْطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا
اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ لَئِنْ
اَنْجَيْتَنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ
الشّٰكِرِيْنَ ﴿۲۲﴾
فَلَمَّآ اَنْجٰىهُمْ اِذَا هُمْ يَبْغُوْنَ فِي
الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ
اِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ ۙ
مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۫ ثُمَّ اِلَيْنَا
مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۳﴾
اِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ
اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ
نَبَاتُ الْاَرْضِ مِمَّا يَاْكُلُ النَّاسُ
وَالْاَنْعَامُ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذَتِ
الْاَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَ
ظَنَّ اَهْلُهَآ اَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ
عَلَيْهَآ ۙ اَتٰىهَآ اَمْرُنَا لَيْلًا اَوْ نَهَارًا
فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَاَنْ لَّمْ تَغْنَ
بِالْاَمْسِ ؕ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ
لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ؕ وَ
يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ

کا تھپیڑا لگتا ہے اور ہر طرف سے موجیں ان کی طرف آنے لگتی ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ (طوفان میں) گھر گئے ہیں تو اس وقت وہ اپنے دین کو اللہ کے لیے خالص کر کے اس سے دعا کرتے ہیں کہ اگر تو نے ہمیں اس مصیبت سے بچایا تو ہم ضرور بالضرور شکر گزاروں میں سے ہوں گے۔☆

۲۳۔ پھر جب خدا نے انہیں بچا لیا تو یہ لوگ زمین میں ناحق بغاوت کرنے لگے، اے لوگو تمہاری یہ بغاوت خود تمہارے خلاف ہے، دنیا کے چند روزہ مزے لے لو پھر تمہیں ہماری طرف پلٹ کر آنا ہے پھر اس وقت ہم تمہیں بتا دیں گے کہ تم کیا کرتے رہے ہو۔☆

۲۴۔ دنیا وی زندگی کی مثال یقیناً اس پانی کی سی ہے جسے ہم نے آسمان سے برسایا جس سے زمین کی نباتات گھنی ہو گئیں جن میں سے انسان اور جانور سب کھاتے ہیں پھر جب زمین سبزے سے خوشنما اور آراستہ ہو گئی اور زمین کے مالک یہ خیال کرنے لگے کہ اب وہ اس پر قابو پا چکے ہیں تو (ناگہاں) رات کے وقت یا دن کے وقت اس پر ہمارا حکم آ پڑا تو ہم نے اسے کاٹ کر ایسا صاف کر ڈالا کہ گویا کل وہاں کچھ بھی موجود نہ تھا، غور و فکر سے کام لینے والوں کے لیے ہم اپنی نشانیاں اس طرح کھول کر بیان کرتے ہیں۔☆

۲۵۔ اللہ (تمہیں) سلامت کدے کی طرف بلاتا ہے اور جسے وہ چاہتا ہے صراط مستقیم

جب بیرونی رکاوٹیں اس فطرت سلیمہ کے تقاضوں کے خلاف ہوتی ہیں تو انسان فطری راہوں سے منحرف ہو جاتا ہے۔ مثلاً علم دوستی بھی انسانی فطرت میں ودیعت ہے لیکن منفی تربیت جیسی رکاوٹوں کی وجہ سے فطری تقاضے جامۂ عمل نہیں پہن سکتے۔ جب یہ بیرونی رکاوٹیں دور ہو جاتی ہیں اور جن ظاہری اسباب کے دھوکے میں یہ گم تھا، وہ سب ٹوٹ جاتے ہیں تو اس وقت فطرت سلیمہ کو اپنا تقاضا پورا کرنے کا موقع ملتا ہے اور بے ساختہ اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ اس جگہ اس انسان کو کسی نبی، عالم یا ناصح نے نہیں بلکہ صرف اس کی فطرت سلیمہ نے اسے اللہ یاد دلایا تو یہ مان گیا: مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ پھر اسی کو پکارا۔

۲۳۔ مشروط ایمان کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ حالت اضطرار سے نکلنے کے بعد پھر کفر و انکار اور بغاوت پر اتر آتا ہے کیونکہ اسے اللہ کی بارگاہ میں معرفت نے نہیں اضطرار نے پہنچایا تھا۔ اضطرار ختم ہونے کے بعد وہ اللہ کی طرف رخ نہیں کرتا۔

اس کے بعد انسانی ضمیر اور وجدان سے خطاب کر کے فرمایا: لوگو! اس بغاوت سے اللہ کی سلطنت و حکومت پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔ دنیا کے چند دنوں کے عوض آخرت کی ابدی زندگی تباہ کر کے خود تم اپنے خلاف قدم اٹھا رہے ہو۔ اس کا علم تمہیں اس وقت ہو گا جب تم ہماری بارگاہ میں پہنچ جاؤ گے۔ روایت ہے: الناس نیام اذا ماتوا انتبهوا۔ (بحار الانوار ۴:۴۳) لوگ خواب غفلت میں ہوتے ہیں، جب مر جاتے ہیں تو بیدار ہوتے ہیں۔

۲۴۔ یہ دنیا کی زیب و زینت، یہاں کے کیف و سرور کی بے ثباتی کی ایک مثال ہے کہ انسان خواہ اس محدود زندگی کو کتنا ہی آراستہ و خوشنما بنائے، بالآخر ایک مختصر مدت کے بعد اس زندگی کو ساتھ چھوڑنا ہے، وہ بھی عین اس عالم میں کہ انسان یہاں کی رعنائیوں سے خوب لطف اندوز ہو رہا ہے، یہاں کی نعمتوں میں نازاں ہے اور دیر تک زندہ رہنے کے آرزو میں مگن ہے۔ عین اس عالم میں اللہ کا حکم آ پڑتا ہے اور روئے زمین سے اس کا وجود ایسا ناپید کر دیا جاتا ہے کہ گویا وہ کل یہاں تھا ہی نہیں۔ کیا انسان ایسی ناپائیدار زندگی کے لیے آخرت کی ابدی زندگی کو تباہ کرتا ہے؟ یہ غور و فکر کا مقام ہے، اسی لیے آیت کا مخاطب صاحبان غور و فکر ہیں۔

۲۵۔ مقام تعجب ہے کہ مالک اپنے بندوں کو اپنی رحمتوں

مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۵﴾
لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ؕ
وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا
ذِلَّةٌ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۶﴾
وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ
سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ؕ
مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ
كَاَنَّمَآ اُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ
قِطَعًا مِّنَ الَّيْلِ مُظْلِمًا ؕ اُولٰٓئِكَ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۷﴾
وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ نَقُوْلُ
لِلَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا مَكَانَكُمْ اَنْتُمْ وَ
شُرَكَآؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ وَ
قَالَ شُرَكَآؤُهُمْ مَّا كُنْتُمْ اِيَّانَا
تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۸﴾
فَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا بَيْنَنَا وَ
بَيْنَكُمْ اِنْ كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ
لَغٰفِلِيْنَ ﴿۲۹﴾
هُنَالِكَ تَبْلُوْا كُلُّ نَفْسٍ مَّآ
اَسْلَفَتْ وَرُدُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ
مَوْلٰىهُمُ الْحَقِّ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا
كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع

النصف ۸ ۱۰ ۴۰ ۳۶ ع

کی ہدایت فرماتا ہے۔☆

۲۶۔جنہوں نے نیکی کی ہے ان کے لیے نیکی ہے اور مزید بھی، ان کے چہروں پر نہ سیاہ دھبہ ہو گا اور نہ ذلت (کے آثار)، یہ جنت والے ہیں جو اس میں ہمیشہ رہیں گے۔☆

۲۷۔اور جنہوں نے برائیوں کا ارتکاب کیا ہے تو بدی کی سزا بھی ویسی ہی (بدی) ہے اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہو گی، انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ ہو گا گویا ان کے چہروں پر تاریک رات کے سیاہ (پردوں کے) ٹکڑے پڑے ہوئے ہوں، یہ جہنم والے ہیں، اس میں یہ ہمیشہ رہیں گے۔☆

۲۸۔اور جس دن ہم ان سب کو (اپنی عدالت میں) جمع کریں گے پھر ہم مشرکوں سے کہیں گے: تم اور تمہارے شریک اپنی اپنی جگہ ٹھہر جاؤ، پھر ہم ان میں جدائی ڈال دیں گے تو ان کے شریک کہیں گے: تم ہماری عبادت تو نہیں کرتے تھے۔☆

۲۹۔پس ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی گواہی کافی ہے، تمہاری اس عبادت سے ہم بالکل بے خبر تھے۔

۳۰۔اس مقام پر ہر کوئی اپنے اس عمل کو جانچ لے گا جو وہ آگے بھیج چکا ہو گا اور پھر وہ اپنے مالک حقیقی اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے اور جو بہتان وہ باندھا کرتے تھے ان سے ناپید ہو جائیں گے۔☆

اور امن و سلامتی کی طرف بلاتا ہے مگر بندوں کو اس دعوت کے قبول کرنے میں تأمل ہے۔

۲۶۔ وَزِيَادَةٌ سے مراد اصل ثواب اور اس کے دس گنا سے بھی زیادہ ہے تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ الحسنٰی میں دس گنا ثواب ہے اور وَزِيَادَةٌ میں کوئی حد بندی نہیں ہے۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا مَزِيْدٌ (ق: ۳۵) اس جنت میں وہ سب کچھ ہے جو وہ چاہتے ہیں اور مزید بھی ہے۔ یعنی انسانی خواہشات سے بھی زیادہ نعمتیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ جنت کی نعمتیں دنیوی فہم و ادراک سے بھی بالاتر ہیں اور انسانی خواہشات جنت کی نعمتوں کے مقابلے میں بہت محدود ہیں۔

۲۷۔نیکی کا بدلہ تو دس گنا اور اس سے بھی زیادہ ملے گا جبکہ برائی کا بدلہ صرف اسی برائی کے برابر ملے گا، اس سے زیادہ نہیں۔ یعنی جتنی برائی ہے اتنی سزا دی جائے گی۔ اس سزا سے کوئی بچانے والا نہیں ہوگا۔ اگر یہ برائی شرک ہے تو کوئی شفاعت کرنے والا بھی شفاعت نہیں کر سکے گا۔

اس کے بعد اس برائی کا جو بھی بدلہ ہوگا اس کی ایک تصویر یہاں بیان ہوئی کہ ان کو تہ بہ تہ تاریکیوں میں ڈالا جائے گا کہ کچھ بھی دکھائی نہ دے، کیونکہ تاریکی یاس و نومیدی میں مبتلا کرتی ہے۔

۲۸۔۲۹ مشرکین جن شریکوں کی عبادت کرتے رہے ہیں کل بروز قیامت وہ شریک اس بات کا انکار کریں گے اور کہیں گے کہ تم ہماری عبادت تو نہیں کرتے تھے۔ اس انکار کی وجہ یہ ہے کہ ان کی عبادت ہوتی ہی نہیں ہے۔ ان مشرکوں نے حقیقی معبود کی عبادت کی نہیں اور جن کی عبادت کی تھی وہ معبود تھے نہیں، لہٰذا ان کی یہ عبادت رائیگاں گئی۔ مثلاً ایک شخص ایک انسان کو معبود سمجھ کر اس کی عبادت کرتا رہے اور کل اس انسان سے سوال ہو تو وہ انکار کرے گا کہ میری کسی نے عبادت نہیں کی۔ کیونکہ اس نے نہ کسی کی دعا سنی ہے، نہ اس تک کوئی پکار پہنچی ہے، نہ سجدہ و خشوع کا اسے علم ہے۔ اس طرح اس کی یہ عبادت نہ صرف رائیگاں گئی بلکہ مشرک ہونے کی وجہ سے وبال جان بن گئی۔

۳۰۔ دنیا میں انسان اپنے اعمال کے بارے میں غلط فہمی یا خوش فہمی میں مبتلا رہتا ہے لیکن قیامت

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ
وَالْاَرْضِ اَمَّنْ يَّمْلِكُ السَّمْعَ
وَالْاَبْصَارَ وَمَنْ يُّخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ
الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ
وَمَنْ يُّدَبِّرُ الْاَمْرَ ؕ فَسَيَقُوْلُوْنَ
اللّٰهُ ۚ فَقُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۱﴾
فَذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۚ فَمَاذَا
بَعْدَ الْحَقِّ اِلَّا الضَّلٰلُ ۖۚ فَاَنّٰى
تُصْرَفُوْنَ ﴿۳۲﴾
كَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى
الَّذِيْنَ فَسَقُوْٓا اَنَّهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۳﴾
قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّبْدَؤُا
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَبْدَؤُا
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۳۴﴾
قُلْ هَلْ مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّهْدِيْٓ
اِلَى الْحَقِّ ؕ قُلِ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ ؕ
اَفَمَنْ يَّهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ اَحَقُّ اَنْ
يُّتَّبَعَ اَمَّنْ لَّا يَهِدِّيْٓ اِلَّآ اَنْ
يُّهْدٰى ۚ فَمَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ
تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَمَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ
اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾

۳۱۔ کہہ دیجیے: تمہیں آسمان اور زمین سے رزق کون دیتا ہے؟ سماعت اور بصارت کا مالک کون ہے؟ اور کون ہے جو بے جان سے جاندار کو پیدا کرتا ہے اور جاندار سے بے جان کو پیدا کرتا ہے؟ اور کون امور (عالم) کی تدبیر کر رہا ہے؟ پس وہ کہیں گے: اللہ، پس کہہ دیجیے: تو پھر تم بچتے کیوں نہیں ہو؟ ☆

۳۲۔ پس یہی اللہ تمہارا برحق پروردگار ہے، پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا رہ گیا؟ پھر تم کدھر پھرائے جا رہے ہو؟ ☆

۳۳۔ اس طرح (ان فاسقوں کے بارے میں) آپ کے پروردگار کی بات ثابت ہو گئی کہ یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں.

۳۴۔ کہہ دیجیے: کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو تخلیق کی ابتدا بھی کرتا ہو پھر اسے دوبارہ بھی پیدا کرے؟ کہہ دیجیے: اللہ تخلیق کی ابتدا بھی کرتا ہے پھر اسے دوبارہ بھی پیدا کرے گا، پھر تم کدھر الٹے جا رہے ہو۔

۳۵۔ کہہ دیجیے: کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ایسا ہے جو حق کی طرف ہدایت کرے؟ کہہ دیجیے: حق کی طرف صرف اللہ ہدایت کرتا ہے تو پھر (بتاؤ کہ) جو حق کی راہ دکھاتا ہے وہ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کی پیروی کی جائے یا وہ جو خود اپنی راہ نہیں پاتا جب تک اس کی رہنمائی نہ کی جائے؟ تمہیں کیا ہو گیا ہے تم کیسے فیصلے کر رہے ہو؟ ☆

۳۶۔ ان میں سے اکثر محض ظن کی پیروی کرتے ہیں جب کہ ظن انسان کو حق (کی ضرورت) سے ذرہ برابر بے نیاز نہیں کرتا، اللہ ان کے اعمال سے خوب آگاہی رکھتا ہے۔

کے دن وہ اپنے اعمال کا مشاہدہ کرے گا تو وہ اسے اپنے حقیقی خدوخال میں نظر آئیں گے۔

۳۱۔ آسمان اور زمین سے رزق دینے والا اللہ ہے۔ آسمان کا ذکر پہلے آیا، شاید اس لحاظ سے کہ انسانی ضروریات اور روزی کا اکثر حصہ آسمان کی طرف سے ہے۔ پھر زمین کا نمبر آتا ہے اَمَّنْ يَّمْلِكُ اور تم خود مانتے ہو کہ کون تمہارے سمع و بصر کا مالک ہے۔ آج کی جاہلیت کو بہتر پتہ چلا ہے کہ سمع و بصر کی خلقت ایسی نہیں کہ ایک چیز سے دوسری چیز اتفاقاً جڑ گئی تو سماعت اور بصارت کی قوت وجود میں آ گئی، بلکہ ان کی خلقت کے اندر تہ بہ تہ پیچیدگیوں سے پتہ چلتا ہے ان کی خلقت کے پیچھے ایک باشعور ذات کا ارادہ کارفرما ہے۔

۳۲۔ اگر تم مانتے ہو کہ اللہ ہی رازق، مالک، حیات دینے والا اور مدبر ہے تو یہی اللہ تمہارا برحق رب ہے اور برحق رب ہی معبود ہوتا ہے، لہٰذا اللہ ہی تمہارا معبود برحق ہے۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ معبود کوئی ہو اور رب کوئی اور۔ جب حق بات واضح ہو گئی کہ اللہ رب ہے اور معبود بھی، تو حق اور باطل کے درمیان کوئی تیسری بات تو ہے نہیں، لہٰذا جو بھی اس حق کے خلاف ہو گا، وہ باطل ہی ہو گا اور جن کی تم پوجا کرتے ہو وہ رازق ہیں نہ مالک، نہ حیات دہندہ ہیں، نہ امور جہاں کی تدبیر ان کے ہاتھ میں ہے، تو وہ تمہاری عبادت کے حقدار کیسے بن گئے؟

۳۵۔ اللّٰهُ يَهْدِيْ لِلْحَقِّ: حق کی طرف اللہ ہی ہدایت کرتا ہے۔ حق امر واقع کو کہتے ہیں۔ واقع کی اتباع تمام عقلاء کے نزدیک ضروری ہے۔ لہٰذا جو حق تک پہنچائے اس کی اتباع بھی ضروری ہے۔ اس آیت میں یہ سوال اٹھایا: کیا اتباع اس کی ہونی چاہیے جو بذات خود حق تک پہنچا دیتا ہے یا اس کی جو خود محتاج ہدایت ہے؟ آیت کی صراحت ہے کہ جو خود ہدایت کا محتاج ہے وہ ہدایت نہیں دے سکتا۔ ہدایت صرف وہ دے سکتا ہے جو خود محتاج ہدایت نہ ہو۔ یعنی اللہ ہی ہدایت دے سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں سلسلہ ہدایت کا سرچشمہ اللہ ہی ہے۔ یہ بالکل وجود کی طرح ہے جو بذات خود وجود نہیں رکھتا، وہ دوسروں کو وجود نہیں دے سکتا۔ اس آیت میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ ہدایت خلقت کا لازمہ ہے، ہدایت کے بغیر غرض تخلیق پوری نہیں ہوتی، بلکہ ہدایت کے بغیر تخلیق عبث ہو جاتی ہے۔ لہٰذا خلقت اور ہدایت ایک دوسرے سے جدا نہیں ہو سکتیں: قَالَ رَبُّنَا الَّذِيْٓ

وَمَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ
الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ
الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۷﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا
بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَادْعُوْا مَنِ
اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿۳۸﴾
بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَ
لَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ كَذَّبَ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَانْظُرْ كَيْفَ
كَانَ عَاقِبَةُ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۹﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ وَمِنْهُمْ
مَّنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهٖ ؕ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ
بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿۴۰﴾ ع
وَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ لِّيْ عَمَلِيْ وَ
لَكُمْ عَمَلُكُمْ ۚ اَنْتُمْ بَرِيْٓـُٔوْنَ
مِمَّآ اَعْمَلُ وَاَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا
تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۱﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ ؕ
اَفَاَنْتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوْا لَا
يَعْقِلُوْنَ ﴿۴۲﴾

۳۷۔ اور ایسا نہیں ہو سکتا کہ اس قرآن کو اللہ کے سوا کوئی اور اپنی طرف سے بنا لائے بلکہ یہ تو اس سے پہلے جو (کتاب) آ چکی ہے اس کی تصدیق ہے اور تمام (آسمانی) کتابوں کی تفصیل ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ رب العالمین کی طرف سے ہے۔☆

۳۸۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو (محمدؐ نے) از خود بنایا ہے؟ کہہ دیجیے: اگر تم (اپنے الزام میں) سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورت بنا لاؤ اور اللہ کے سوا جسے تم بلا سکتے ہو بلا لاؤ۔☆

۳۹۔ بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) انہوں نے اس چیز کو جھٹلایا جو ان کے احاطہ علم میں نہیں آئی اور ابھی اس کا انجام بھی ان کے سامنے نہیں کھلا، اسی طرح ان سے پہلوں نے بھی جھٹلایا تھا، پھر دیکھ لو ان ظالموں کا کیا انجام ہوا۔☆

۴۰۔ اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور کچھ ایسے ہیں جو ایمان نہیں لاتے اور آپ کا پروردگار ان مفسدوں کو خوب جانتا ہے۔☆

۴۱۔ اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلائیں تو کہہ دیجیے: میرا عمل میرے لیے ہے اور تمہارا عمل تمہارے لیے، تم میرے عمل سے بری ہو اور میں تمہارے عمل سے بری ہوں۔☆

۴۲۔ اور ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو آپ کی طرف کان لگائے بیٹھے ہیں، پھر کیا آپ بہروں کو سنا سکتے ہیں خواہ وہ عقل نہ رکھتے ہوں؟

اَعْطٰى كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰى. (طٰہٰ ۵۰) ہمارا رب تو وہ ہے جس نے ہر شی کو خلقت عنایت کی پھر ہدایت و راہنمائی بھی عنایت فرمائی۔ چنانچہ ہر مخلوق کو اس کی زندگی کی ضروریات اور طریقہ حیات و تولید نسل کی ہدایات اس کی فطرت میں ودیعت کر دی ہے۔

۳۷۔ ۳۸ امکان کی نفی ہے یعنی ممکن ہی نہیں کہ یہ قرآن غیر اللہ کی طرف سے ہو۔ اس پر خود قرآن شاہد ہے جو سب کے سامنے ہے۔

هٰذَا الْقُرْاٰنُ: اس قرآن کا کائناتی تصور، اس کے ملکوتی معانی اور ماورائے طبیعی موضوعات، الٰہیاتی حقائق پھر انسانوں کے درمیان زیر استعمال حروف و جملوں کی حدود میں رہ کر ایک اسلوب بیان کے اندر سمو دینا، ایک ناخواندہ ماحول میں پیدا ہونے والا فرد تو کیا تمام جن و انس مل کر بھی ایسا کلام پیش نہیں کر سکتے۔ اس جگہ ابوجہل کا اعتراف قابل ذکر ہے۔ وہ کہتا ہے: محمدؐ نے کسی انسان پر افترا نہیں باندھا تو وہ اللہ پر کیسے افترا باندھیں گے۔

۳۹۔ ان لوگوں کو قرآنی حقائق کا علم ہی نہیں تو ان چیزوں کی تکذیب کر رہے ہیں جو ان کے احاطۂ علم میں آئی ہی نہیں اور نہ ہی اس کی تکذیب کا انجام جو خود عذاب سے عبارت ہے، ابھی ان کے سامنے کھلا ہے۔ جب عذاب الٰہی ان کے سامنے آئے گا تو وہ بطور اضطرار تصدیق کریں گے، وہاں تکذیب کی گنجائش نہیں ہے۔

تاویل سے مراد اس تکذیب کا انجام ہے، یعنی عذاب جو ان کے سامنے نہیں، اس کا انہیں علم نہیں ہے، نہ بذات خود علم رکھتے ہیں، نہ رسول کے ذریعے علم حاصل کرتے ہیں۔ تکذیب کا یہ عمل بھی اپنی جگہ انوکھا نہیں۔ سابقہ انبیاء میں کوئی نبی ایسا نہیں گزرا جس کی تکذیب نہ کی گئی ہو۔

۴۰۔۴۱ آج جو لوگ آپ کی تکذیب کر رہے ہیں، ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو آئندہ ایمان لائیں گے۔ انہیں کی وجہ سے ان پر عذاب نازل نہیں ہوتا۔ ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو مرتے دم تک ایمان نہیں لائیں گے۔ ان کے ایمان نہ لانے کا محرک ان کا مفسد ہونا ہے۔ اللہ کو ان مفسدین کا خوب علم ہے، یہ کون لوگ ہیں۔

دوسری آیت میں وہ موقف بتایا جو ان مفسدین کے ساتھ اختیار کیا جانا چاہیے کہ پہلے تو ان مفسدین کو حق کی طرف دعوت دی جائے، انکار کی صورت میں ان سے بیزاری اختیار کرنی چاہیے۔ کسی قسم کے جبر و اکراہ سے کام نہیں لینا چاہیے۔

وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْظُرُ اِلَيْكَ ؕ اَفَاَنْتَ
تَهْدِى الْعُمْىَ وَلَوْ كَانُوْا
لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۴۳﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْـًٔا وَّ
لٰكِنَّ النَّاسَ اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۴﴾
وَ يَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْۤا
اِلَّا سَاعَةً مِّنَ النَّهَارِ يَتَعَارَفُوْنَ
بَيْنَهُمْ ؕ قَدْ خَسِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
بِلِقَآءِ اللّٰهِ وَمَا كَانُوْا مُهْتَدِيْنَ ﴿۴۵﴾
وَاِمَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِىْ نَعِدُهُمْ
اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ
ثُمَّ اللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۶﴾
وَ لِكُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلٌ ۚ فَاِذَا جَآءَ
رَسُوْلُهُمْ قُضِىَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَ
هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾
قُلْ لَّاۤ اَمْلِكُ لِنَفْسِىْ ضَرًّا وَّلَا
نَفْعًا اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ لِكُلِّ اُمَّةٍ
اَجَلٌ ؕ اِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَلَا
يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا
يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۴۹﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَتٰىكُمْ عَذَابُهٗ

۴۳۔ اور ان میں سے کچھ لوگ ایسے ہیں جو آپ کی طرف دیکھتے ہیں پھر کیا آپ اندھوں کو راہ دکھا سکتے ہیں خواہ وہ کچھ بھی نہ دیکھتے ہوں۔

۴۴۔ اللہ یقیناً لوگوں پر ذرہ برابر ظلم نہیں کرتا بلکہ یہ لوگ ہیں جو اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔

۴۵۔ اور جس (قیامت کے) دن اللہ انہیں جمع کرے گا تو (دنیا کی زندگی یوں لگے گی) گویا وہ دن کی ایک گھڑی بھر سے زیادہ یہاں نہیں رہے وہ آپس میں ایک دوسرے کو پہچان لیں گے، جنہوں نے اللہ سے ملاقات کو جھٹلایا وہ خسارے میں رہے اور وہ ہدایت یافتہ نہ تھے۔☆

۴۶۔ اور جس (عذاب) کا ہم ان کافروں سے وعدہ کر رہے ہیں اس کا کچھ حصہ ہم آپ کو زندگی میں دکھا دیں یا آپ کو پہلے (ہی دنیا) سے اٹھالیں انہیں بہرحال پلٹ کر ہماری بارگاہ میں آنا ہے پھر جو کچھ یہ لوگ کر رہے ہیں اس پر اللہ شاہد ہے۔☆

۴۷۔ اور ہر امت کیلیے ایک رسول (بھیجا گیا) ہے، پھر جب ان کا رسول آتا ہے تو ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کیا جاتا ہے اور ان پر کوئی ظلم روا نہیں رکھا جاتا۔

۴۸۔ اور وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟

۴۹۔ کہہ دیجیے: میں اللہ کی منشا کے بغیر اپنے نقصان اور نفع کا بھی اختیار نہیں رکھتا، ہر امت کے لیے ایک وقت مقرر ہے، جب ان کا مقررہ وقت آئے گا تو وہ گھڑی بھر کے لیے نہ تاخیر کر سکیں گے اور نہ تقدیم۔☆

۵۰۔ ان سے کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ کہ اللہ کا عذاب رات کو یا دن کو تم پر آ جائے؟

۴۵۔ جب ان منکرین کو اللہ کی بارگاہ میں جمع کیا جائے گا تو یہ لوگ اپنے آگے ایک بے پایاں زندگی کا مشاہدہ کریں گے اور دنیا کی زندگی اس ابدی زندگی کے مقابلے میں نہایت حقیر محسوس ہوگی گویا کہ ایک گھڑی تھی جو غفلت میں گزر گئی، ایک لمحہ تھا جو بیہودگی میں بسر ہوا۔ اس وقت انہیں احساس ہوگا کہ اس حقیر زندگی کی خاطر اپنی ابدی زندگی تباہ کر کے انہوں نے کتنا بڑا خسارہ اٹھایا ہے۔

۴۶۔ منکرین کو ذلت اور شکست و خواری جیسے عذاب سے دوچار ہونا ہوگا۔ یہ سورہ مکی ہونے کے اعتبار سے دیکھا جائے تو اس وعدے کا مطلب سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے کہ اللہ کے اس سچے وعدے کے بعد بدر کی نکبت سے لے کر فتح مکہ کے بعد رسول اللہؐ کی طرف سے ان کو طلقا (آزاد کردہ) قرار دینے تک، پھر حنین کی شکست کو نظر میں لایا جائے تو اللہ کے اس وعدے کی سچائی ثابت ہو جاتی ہے کہ اس عذاب کا ایک حصہ رسولؐ کی زندگی میں ان منکرین پر نازل ہو گیا۔ چنانچہ سابقہ امتوں کو دفعۃً عذاب دے کر تباہ کر دیا اور رسول آخر الزمانؐ کی رسالت کے منکرین کو تدریجاً ختم کر دیا، البتہ دفعۃً عذاب نازل نہ کرنا اس امت پر اللہ کی رحمت ہے اور وجود رسولؐ کی برکت۔

۴۹۔ منکرین یہ بات طنز و تکذیب کے طور پر کہتے تھے کہ تمہاری دھمکی کب پوری ہوگی؟ جواب میں فرمایا: اے رسولؐ! کہہ دیجیے کہ یہ وعدہ میں نے نہیں، اللہ نے کیا ہے اور اسے پورا کرنے کا اختیار اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ اللہ سے ہٹ کر تو میں اپنے نفع و نقصان کا بھی اختیار نہیں رکھتا۔ یعنی میں بذات خود کوئی اختیار نہیں رکھتا، جو کچھ رکھتا ہوں وہ اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰہُ (مگر جو اللہ چاہے) کے تحت رکھتا ہوں۔ یہ اللہ کے مقابلے میں ذاتی اختیار کی نفی ہے۔ اللہ کی طرف سے اس کی مشیت کے تحت عطا کردہ اختیارات کی نہ صرف نفی نہیں ہے بلکہ اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰہُ سے اس کا اثبات ہوتا ہے۔ لہٰذا سرور کائنات کو ان غیر اذن یافتہ مشائخ و اولیاء پر قیاس کرنا بہت بڑی ناانصافی ہے۔ نہ معلوم بعض مفسرین کی نگاہیں صرف لَآ اَمْلِكُ پر کیوں مرکوز ہوتی ہیں اور اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰہُ کو کیوں نظر انداز کرتے ہیں؟ مَامِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ (یونس:۳) میں جملہ مَامِنْ شَفِيْعٍ کے ساتھ انہیں بڑی دلچسپی ہوتی ہے، لیکن اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ سے نگاہیں چراتے ہیں۔ بالکل اس شخص کی طرح جو

بَيَاتًا اَوْ نَهَارًا مَّاذَا يَسْتَعْجِلُ مِنْهُ
الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۰﴾
اَثُمَّ اِذَا مَا وَقَعَ اٰمَنْتُمْ بِهٖ ؕ آٰلْـٰٔنَ
وَقَدْ كُنْتُمْ بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۵۱﴾
ثُمَّ قِيْلَ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا
عَذَابَ الْخُلْدِ ۚ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا
بِمَا كُنْتُمْ تَكْسِبُوْنَ ﴿۵۲﴾
وَيَسْتَنْۢبِـُٔوْنَكَ اَحَقٌّ هُوَ ؕ قُلْ اِيْ وَ
رَبِّيْٓ اِنَّهٗ لَحَقٌّ ؕ وَ مَآ اَنْتُمْ
بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۳﴾ ع ۵ ۱۴
وَلَوْ اَنَّ لِكُلِّ نَفْسٍ ظَلَمَتْ مَا
فِي الْاَرْضِ لَافْتَدَتْ بِهٖ ؕ وَ
اَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ
وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ وَهُمْ لَا
يُظْلَمُوْنَ ﴿۵۴﴾
اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ اَلَآ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّ
لٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾
هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۵۶﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ
مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي
الصُّدُوْرِ ۙ وَ هُدًى وَّرَحْمَةٌ
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۷﴾

ایسی کون سی چیز ہے جس کے لیے یہ مجرم جلد بازی کرتے ہیں؟

۵۱۔ کیا جب عذاب آ چکے گا تب اس پر ایمان لاؤ گے؟ کیا اب (بچنا چاہتے ہو؟) حالانکہ تم خود اسے جلدی چاہ رہے تھے۔

۵۲۔ پھر ظالموں سے کہا جائے گا: دائمی عذاب چکھو، جو تم کرتے رہے ہو اس کی سزا کے علاوہ اور تمہیں کیا مل سکتا ہے؟

۵۳۔ اور یہ لوگ آپ سے دریافت کرتے ہیں (کہ جو آپ کہہ رہے ہیں) کیا وہ حق ہے؟ کہہ دیجیے: ہاں! میرے رب کی قسم یقیناً یہی حق ہے اور تم اللہ کو کسی طرح عاجز نہیں کر سکتے۔☆

۵۴۔ اور جس جس نے ظلم کیا ہے اگر اس کے پاس روئے زمین کی دولت بھی ہو تب بھی وہ (عذاب سے بچنے کے لیے یہ پوری دولت) فدیہ دینے پر آمادہ ہو جائے گا اور جب عذاب کا مشاہدہ کریں گے تو دل ہی دل میں پشیمان ہوں گے اور ان کے درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ ہو گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆

۵۵۔ آگاہ رہو! آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے یقیناً وہ اللہ کی ملکیت ہے، اس بات پر بھی آگاہ رہو کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۵۶۔ وہی زندگی دیتا ہے اور وہی موت اور اسی کی طرف تم سب پلٹائے جاؤ گے۔

۵۷۔ اے لوگو! تمہارے پروردگار کی طرف سے (یہ قرآن) تمہارے پاس نصیحت اور تمہارے دلوں کی بیماری کے لیے شفا اور مومنین کے لیے ہدایت اور رحمت بن کر آیا ہے۔☆

کہتا ہے:

کلوا و اشربوا را فراگوش کن
و لا تسرفوا را فراموش کن

البتہ توحید کا تقاضا یہ ہے کہ اذن دینے کا اختیار صرف اللہ کے پاس ہے۔ اللہ کے علاوہ ساری دنیا کے انسان جمع ہو کر بھی ایک فرد کو نہ الٰہی منصب دے سکتے ہیں اور نہ ولی بنا سکتے ہیں۔

۵۳۔ منکرین اگرچہ رسول اللہؐ کی ہر بات کی تکذیب کرتے تھے لیکن وہ اندر سے خوفزدہ بھی تھے اور پوچھتے تھے کہ یہ دھمکی صرف دہشت زدہ کرنے کے لیے ہے یا واقعی ہے؟ جواب نہایت ٹھوس لفظوں میں دیا کہ اس عذاب نے حتماً آنا ہے جب یہ عذاب آئے گا تو اس وقت تم کچھ کر بھی نہیں سکتے۔

۵۴۔ عذاب کی شدت اور حدت کی طرف اشارہ ہے کہ منکرین اس سے بچنے کے لیے ہر قیمت ادا کرنے پر آمادہ ہوں گے اور رسوائی کا یہ عالم ہو گا کہ وہ اپنی ندامت کا اظہار بھی نہیں کر پائیں گے اور دل ہی دل میں پچھتاتے رہیں گے۔

۵۵۔ پوری کائنات کی ملکیت اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت میں ہے۔ اس کائنات میں اللہ کے سوا کوئی صاحب اختیار نہیں ہے جو اس کے وعدے کی تکمیل میں رکاوٹ بنے۔ موت و حیات بھی اسی کے قبضۂ قدرت میں ہیں یوں تمام مخلوقات نے بالآخر اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے، لہٰذا اللہ اپنی حکمت بالغہ سے جیسے چاہے گا تصرف کرے گا۔ یوں وعدۂ الٰہی کے مطابق عمل ہو کر رہے گا تو سچ ثابت ہو گا۔

یہ وعدہ کب پورا ہو گا؟ اس کے جواب میں فرمایا: اس وعدے کا تعلق اس الٰہی قانون و دستور کے ساتھ ہے جو تمام قوموں پر حاکم ہے۔ وہ دستور یہ ہے کہ لِكُلِّ اُمَّةٍ اَجَلٌ. ہر امت کے لیے ایک عمر ہوتی ہے اور ایک وقت مقرر ہے، اس عمر کو پورا کرنے کے بعد مہلت نہیں دی جائے گی۔

۵۷۔ ☆ قرآن موعظہ ہے اور انسان کو ہر قسم کے خطرات سے بچاتا ہے۔ ☆ قرآن دل کی تمام بیماریوں کے لیے شفا ہے۔ ☆ قرآن ہدایت ہے۔ یہ انسان کو ہر قسم کے ہلاکت خیز راستوں سے بچا کر راہ راست کی طرف لے جاتا ہے۔ ☆ قرآن رحمت ہے اور ارحم الراحمین کی تجلی ہے۔ یہ ہیں وہ ارتقائی مراحل جو مَّوْعِظَةٌ سے شروع ہو کر رَحْمَةٌ پر ختم ہوتے ہیں۔

قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ
فَبِذٰلِكَ فَلْيَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَيْرٌ مِّمَّا
يَجْمَعُوْنَ ﴿۵۸﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ لَكُمْ
مِّنْ رِّزْقٍ فَجَعَلْتُمْ مِّنْهُ حَرَامًا وَّ
حَلٰلًا ؕ قُلْ آٰللّٰهُ اَذِنَ لَكُمْ اَمْ عَلَى
اللّٰهِ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَمَا ظَنُّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ
الْكَذِبَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ
فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ
ع اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۰﴾
وَمَا تَكُوْنُ فِيْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْهُ
مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ
اِلَّا كُنَّا عَلَيْكُمْ شُهُوْدًا اِذْ
تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ وَمَا يَعْزُبُ عَنْ
رَّبِّكَ مِنْ مِّثْقَالِ ذَرَّةٍ فِي الْاَرْضِ وَ
لَا فِي السَّمَآءِ وَلَاۤ اَصْغَرَ مِنْ ذٰلِكَ وَ
لَاۤ اَكْبَرَ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶۱﴾
اَلَاۤ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ
عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۲﴾
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۶۳﴾
لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ
فِي الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ

۵۸۔ کہہ دیجیے: اللہ کے اس فضل اور اس کی اس رحمت کو پا کر لوگوں کو خوش ہونا چاہیے کیونکہ یہ اس (مال و متاع) سے بہتر ہے جسے لوگ جمع کرتے ہیں۔☆

۵۹۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ کہ جو رزق اللہ نے تمہارے لیے نازل کیا ہے اس میں سے تم ازخود کچھ کو حرام اور کچھ کو حلال ٹھہراتے ہو؟ کہہ دیجیے: کیا اللہ نے تمہیں (اس بات کی) اجازت دی ہے یا تم اللہ پر افترا کر رہے ہو؟☆

۶۰۔ اور جو لوگ اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں ان کا کیا خیال ہے قیامت کے دن کے بارے میں کہ (اللہ ان کیساتھ کیا سلوک کرے گا؟) اللہ تو لوگوں پر فضل کرنے والا ہے لیکن ان میں سے اکثر شکر نہیں کرتے۔

۶۱۔ اور (اے نبی) آپ جس حال میں ہوتے ہیں اور آپ قرآن میں سے اللہ کی طرف سے جو تلاوت کر رہے ہوتے ہیں اور تم لوگ جو عمل بھی کرتے ہو دوران مصروفیت ہم تم پر ناظر ہیں اور زمین اور آسمان کی ذرہ برابر اور اس سے چھوٹی یا بڑی کوئی چیز ایسی نہیں جو آپ کے رب سے پوشیدہ ہو اور روشن کتاب میں درج نہ ہو۔

۶۲۔ سنو! جو اولیاء اللہ ہیں انہیں نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ رنجیدہ ہوں گے۔☆

۶۳۔ جو ایمان لائے اور تقویٰ پر عمل کیا کرتے تھے۔☆

۶۴۔ ان کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی بشارت ہے اور آخرت میں بھی، اللہ کے کلمات میں تبدیلی نہیں آ سکتی، یہی بڑی

۵۸۔ قرآن کے ذریعے جس فضل و کرم سے اللہ نے اپنے بندوں کو نوازا اور قرآن کو فیضان رحمت کا وسیلہ بنایا ہے، وہ مومن کے لیے متاع حیات و سرمایہ زندگی ہے۔ اگر انسان نے کسی چیز کو پا کر خوش ہونا ہے تو اس فضل و رحمت کو پا کر خوش ہونا چاہیے۔

۵۹۔ قانون سازی کا حق، اللہ کی حاکمیت اعلیٰ کا حصہ ہے۔ لہٰذا اللہ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت کا حق کسی کو حاصل نہیں ہے۔ کل مشرکین تشریع و تقنین (قانون سازی) میں اللہ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت کرتے تھے، آج مسلمان اللہ کی حاکمیت اعلیٰ کو تسلیم کرنے کے بعد بھی قانون سازی کے معاملے میں اللہ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت کرتے ہیں۔

قیاس و استحسان ذاتی رائے ہے، ما اذن اللّٰہ میں سے نہیں ہے۔ لہٰذا ان چیزوں سے حلال و حرام ثابت کرنا مداخلت فی التشریع ہے، خواہ اس پر کتنا زور صرف کر دیا جائے۔ کیونکہ قیاس میں محل نص کے علاوہ غیر منصوص کا حکم ذاتی رائے سے نکالا جاتا ہے۔

۶۲۔ اولیاء اللہ کے دل میں ہمیشہ یہ خوف رہتا ہے کہ کہیں آداب زندگی میں خلل نہ آئے۔ یہ خوف ولی اللہ کو ہر خوف سے نجات دلاتا ہے۔ وہ رنجیدہ و غمگین نہیں ہوتے، کیونکہ غمگین وہ ہوتا ہے جس نے کسی متاع عزیز کو کھویا ہو۔ ولی اللہ کا نعرہ یہ ہے: ما ذا وجد من فقدك و ما الذی فقد من وجدك۔ جس نے تجھے کھویا اس نے کیا پایا اور جس نے تجھے پایا اس نے کیا کھویا؟ (امام حسینؑ دعائے عرفہ۔ بحار الانوار ۹۵: ۲۲۶)

۶۳۔ اللہ تعالیٰ جب اپنے خاص بندوں کا ذکر فرماتا ہے تو پورے اہتمام کے ساتھ پہلے توجہ مبذول کراتا ہے اَلَا سنو! آگاہ رہو۔ اسکے بعد مضمون شروع ہوجاتا ہے۔

ولی، الولاء و التوالی کے اصل معنی بقول راغب اصفہانی دو یا دو سے زیادہ چیزوں کا اس طرح یکے بعد دیگرے آنا کہ ان کے درمیان کوئی ایسی چیز نہ آئے جو ان میں سے نہ ہو۔ آگے لکھتے ہیں: الولایۃ بکسر واو کے معنی نصرت اور الولایۃ بفتح الواو کے معنی کسی کام کے متولی ہونے کے ہیں۔ بعض نے کہا ہے یہ وَلَایَۃ، وِلَایَۃ کی طرح ہے یعنی اس میں دو لغت ہیں اور اس کے اصل معنی کسی کام کا متولی ہونے کے ہیں۔ اس تشریح

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٤﴾

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّ الْعِزَّةَ

لِلّٰهِ جَمِيْعًا ؕ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٦٥﴾

اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ ؕ وَمَا يَتَّبِعُ

الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

شُرَكَآءَ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ

اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿٦٦﴾

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِتَسْكُنُوْا

فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿٦٧﴾

قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ

الْغَنِيُّ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

الْاَرْضِ ؕ اِنْ عِنْدَكُمْ مِّنْ

سُلْطٰنٍ بِهٰذَا ؕ اَتَقُوْلُوْنَ عَلَى

اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾

قُلْ اِنَّ الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ

الْكَذِبَ لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿٦٩﴾ ؕ

مَتَاعٌ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ

ثُمَّ نُذِيْقُهُمُ الْعَذَابَ الشَّدِيْدَ بِمَا

كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ﴿٧٠﴾ ع

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ نُوْحٍ ۘ اِذْ قَالَ

لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنْ كَانَ كَبُرَ عَلَيْكُمْ

کامیابی ہے۔

۶۵۔اور (اے نبی) آپ کو ان (کافروں) کی باتیں رنجیدہ نہ کریں ساری بالادستی یقیناً اللہ کے لیے ہے، وہ خوب سننے والا، دانا ہے۔

۶۶۔ آگاہ رہو! جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے یقیناً سب اللہ کی ملکیت ہے اور جو لوگ اللہ کے سوا دوسرے شریکوں کو پکارتے ہیں وہ کسی چیز کے پیچھے نہیں چلتے بلکہ صرف ظن کے پیچھے چلتے ہیں اور وہ فقط اندازوں سے کام لیتے ہیں۔☆

۶۷۔اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی تا کہ اس میں تم آرام کرو اور دن کو روشن بنایا، بتحقیق سننے والوں کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔☆

۶۸۔وہ کہتے ہیں: اللہ نے کسی کو بیٹا بنالیا ہے اس کی ذات پاک ہے وہ بے نیاز ہے، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے وہ سب اسی کا ہے، تمہارے پاس اس بات پر کوئی دلیل بھی نہیں ہے، کیا تم اللہ کے بارے میں ایسی باتیں کرتے ہو جو تمہارے علم میں نہیں ؟☆

۶۹. کہہ دیجیے: جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں وہ یقیناً فلاح نہیں پائیں گے۔

۷۰۔ یہ دنیا کی عیش ہے پھر انہیں ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے پھر ہم انہیں شدید عذاب چکھائیں گے اس کفر کی پاداش میں جس کے وہ مرتکب رہے ہیں۔

۷۱۔انہیں نوح کا قصہ سنا دیجیے جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! اگر میرا تمہارے درمیان رہنا اور اللہ کی آیات

کے مطابق ولی کا اصل معنی تولیت و حاکمیت ہے پھر بطور استعارہ دیگر مختلف معانی میں استعمال ہوا ہے۔ اللہ رسول اور امام جب لوگوں کے ولی ہوتے ہیں تو تولیت و حاکمیت کے معنوں میں ہوتا ہے اور جب کوئی ہستی اللہ کی ولی بن جاتی ہے تو اس ولایت کے چند ایک آثار اس آیت میں بیان فرمائے ہیں۔

۶۲۔ یہ استدلال اس طرح ہے کہ جب کل کائنات کی مالک اللہ تعالیٰ کی ذات ہے تو غیر اللہ کے پاس کچھ نہیں رہا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک ہو جائیں۔ یہ مشرکین جن چیزوں کو اللہ کا شریک بناتے ہیں وہ حقیقت کے مقابلے میں ظن وتخمین سے عبارت ہیں اور حقیقت سے عاری ایک موہوم چیز سے اپنی امیدیں وابستہ کرتے ہیں۔

۶۷۔ کائناتی نظام میں باہمی ربط اور وحدت سے خالق نظام کی وحدت پر استدلال کیا جاتا ہے۔ ایسا نہیں ہے کہ رات کا وجود دن کے وجود کے ساتھ متصادم ہو بلکہ یہ دونوں ایک نظام کی تشکیل میں مددگار ہیں۔ قرآن توحید کے اثبات کے لیے دن اور رات کی حکمت پر زیادہ تکیہ کرتا ہے۔ کیونکہ یہ زمین پر بسنے والوں کے لیے کائنات کے سب سے زیادہ واضح اور محسوس مظاہر قدرت ہیں۔

۶۸۔اللہ کے لیے بیٹے کا تصور اللہ کی خالقیت اور مالکیت کے تصور کے منافی ہے اور نہایت بیہودہ اور سطحی ذہن کی ایجاد ہے کہ اللہ کو انسان پر قیاس کر کے یہ تصور قائم کیا جائے کہ جس طرح انسان اولاد کے ذریعے اپنے وجود کا تسلسل برقرار رکھنا چاہتا ہے اسی طرح اللہ بھی اپنے لیے فرزند پیدا کرتا ہے۔

۷۱۔تاریخ انبیاء کا وہ حصہ بیان ہو رہا ہے جس میں انبیاء علیہم السلام اس قسم کے حالات سے دوچار رہ چکے ہیں، جن سے رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ میں دوچار تھے۔ تکذیب کرنے والوں کی کثرت و قوت، ایمان لانے والوں کی قلت و کمزوری۔ منطق و استدلال کے مقابلے میں خرافات۔ ایسے نامساعد حالات میں حضرت نوح (ع) نے اپنی قوم کو جس لہجے و انداز میں چیلنج اور جس استقامت و توکل کا اظہار کیا ہے، وہ اس قسم کے حالات سے دوچار ہونے والے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و

مَّقَامِيْ وَتَذْكِيْرِيْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
فَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ فَاَجْمِعُوْٓا
اَمْرَكُمْ وَشُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ لَا
يَكُنْ اَمْرُكُمْ عَلَيْكُمْ غُمَّةً
ثُمَّ اقْضُوْٓا اِلَيَّ وَلَا تُنْظِرُوْنِ ﴿٧١﴾
فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَمَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ ؕ
اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۙ وَاُمِرْتُ
اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٧٢﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَنَجَّيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي
الْفُلْكِ وَجَعَلْنٰهُمْ خَلٰٓئِفَ وَاَغْرَقْنَا
الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ
كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾
ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ رُسُلًا اِلٰى
قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا
كَانُوْا لِيُؤْمِنُوْا بِمَا كَذَّبُوْا بِهٖ مِنْ
قَبْلُ ؕ كَذٰلِكَ نَطْبَعُ عَلٰى قُلُوْبِ
الْمُعْتَدِيْنَ ﴿٧٤﴾
ثُمَّ بَعَثْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ مُّوْسٰى
وَهٰرُوْنَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ
بِاٰيٰتِنَا فَاسْتَكْبَرُوْا وَكَانُوْا قَوْمًا
مُّجْرِمِيْنَ ﴿٧٥﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا
قَالُوْٓا اِنَّ هٰذَا لَسِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٦﴾

سنا کر تمہیں نصیحت کرنا تمہیں ناگوار گزرتا ہے تو میرا بھروسہ اللہ پر ہے پس تم اپنے شریکوں کے ساتھ مل کر مضبوطی سے اپنا فیصلہ کر لو پھر اس فیصلے کا کوئی پہلو تم پر پوشیدہ نہ رہے پھر میرے ساتھ جو کچھ کرنا ہے کر گزرو اور مجھے مہلت بھی نہ دو۔☆

۷۲۔ پس اگر تم نے منہ موڑ لیا تو میں نے تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگا میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے اور مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں شامل رہوں۔☆

۷۳۔ مگر جب انہوں نے نوح کی تکذیب کی تو ہم نے انہیں اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ کشتی میں سوار تھے بچا لیا اور انہیں (زمین پر) جانشین بنا دیا اور ان سب کو غرق کر دیا جنہوں نے ہماری نشانیوں کو جھٹلایا تھا، پھر دیکھ لو جنہیں تنبیہ کی گئی تھی (نہ ماننے پر) ان کا کیا انجام ہوا۔☆

۷۴۔ پھر نوح کے بعد ہم نے بہت سے پیغمبروں کو اپنی اپنی قوم کی طرف بھیجا پس وہ ان کے پاس کھلی نشانیاں لے کر آئے مگر وہ جس چیز کی پہلے تکذیب کر چکے تھے اس پر ایمان لانے والے نہ تھے، اس طرح ہم حد سے تجاوز کرنے والوں کے دلوں پر مہر لگا دیتے ہیں۔☆

۷۵۔ پھر ان کے بعد ہم نے موسیٰ اور ہارون کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا تو انہوں نے تکبر کیا اور وہ مجرم لوگ تھے۔☆

۷۶۔ پھر جب ہمارے ہاں سے حق ان کے پاس آیا تو کہنے لگے: بے شک یہ تو صریح جادو ہے۔☆

آلہ وسلم کے لیے باعث تسلی واطمینان ہے۔

۷۲۔ انبیاء کسی ذاتی اور مادی مفاد کے لیے لوگوں کو حق کی طرف دعوت نہیں دیتے۔ انبیاء کا مفاد لوگوں سے وابستہ نہیں ہوتا کہ لوگوں کی توجہ نہ ہونے سے انہیں کوئی ضرر پہنچے۔ انبیاء کا تمام مفاد اپنے رب سے وابستہ ہے اور وابستگی کے لیے تسلیم و رضا درکار ہوتی ہے کہ سارا معاملہ اسی پر چھوڑ دیا جائے۔

۷۳۔ اللہ تعالیٰ کی ذات پر توکل کا نتیجہ یہ ہے نکلا کہ کمزور اور اقلیت والے زمین کے وارث بن گئے اور رسولؑ کی تکذیب وتحقیر کرنے والے ایسے مٹ گئے کہ ان کا نام ونشان تک باقی نہ رہا۔

۷۴۔ حضرت نوح سے لے کر حضرت موسیٰ علیہا السلام تک کے انبیاء کا ذکر ہے۔ ان تمام انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ان کی قوم نے ایک ہی روش اختیار کی۔ انبیاء علیہم السلام اپنی اپنی قوم کو حق کی دعوت دیتے اور اللہ کا نمایندہ ہونے کا اعلان کرتے تھے۔ اس اعلان کو ہر قوم نے مسترد کیا اور اللہ کا نمایندہ ہونے کی تکذیب کی اور اس کے ثبوت کے لیے معجزہ بھی طلب کیا جس پر انبیاء علیہم السلام نے واضح اور روشن دلائل اور معجزات بھی پیش کیے مگر وہ اپنی سابقہ تکذیب پر اڑے رہے۔ آیات و بینات کا ان پر کوئی اثر نہ ہوا۔

۷۵۔ مراعات یافتہ طبقہ اور درباری جرائم پیشہ لوگ ہر وقت مصلحین کو حقیر سمجھتے اور ان کے مقابلے میں تکبر سے پیش آئے ہیں۔ اسی حالت سے حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام بھی دوچار تھے۔ موسیٰ و ہارون علیہما السلام بے بس، بنی اسرائیل غلامی کے زنجیروں میں جکڑے ہوئے اور فرعون اور اس کے درباری اپنی دولت و اقتدار کے نشے میں بدمست۔ اسی لیے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے میں بڑے متکبرانہ انداز میں پیش آتے اور کسی قسم کے جرم کے ارتکاب سے باز نہیں آتے تھے۔

۷۶۔۷۷ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جو معجزات پیش کیے تھے ان کے انکار کے لیے منکرین کے پاس ایک ہی راستہ تھا کہ اسے جادو کا کرشمہ قرار دیں جبکہ حق اور جادو میں کوئی قدر مشترک نہیں ہے۔ کیا جادو کے ذریعے ایک انسان ساز دستور دیا جا سکتا ہے؟ کیا جادو کے ذریعے انسان کو دارین کی سعادت کی رہنمائی کی جا سکتی ہے اور انسان کو اخلاق و روحانیت کی منزل پر فائز کیا جا سکتا ہے؟

قَالَ مُوْسٰٓى اَتَقُوْلُوْنَ لِلْحَقِّ لَمَّا
جَآءَكُمْ ؕ اَسِحْرٌ هٰذَا ؕ وَلَا
يُفْلِحُ السّٰحِرُوْنَ ﴿۷۷﴾
قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَلْفِتَنَا عَمَّا
وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا وَتَكُوْنَ لَكُمَا
الْكِبْرِيَآءُ فِى الْاَرْضِ ؕ وَمَا نَحْنُ
لَكُمَا بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۸﴾
وَقَالَ فِرْعَوْنُ ائْتُوْنِىْ بِكُلِّ سٰحِرٍ
عَلِيْمٍ ﴿۷۹﴾
فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالَ لَهُمْ
مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۸۰﴾
فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ
بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾
وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ
كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع ۱۱
فَمَآ اٰمَنَ لِمُوْسٰٓى اِلَّا ذُرِّيَّةٌ مِّنْ
قَوْمِهٖ عَلٰى خَوْفٍ مِّنْ فِرْعَوْنَ وَ
مَلَا۟ئِهِمْ اَنْ يَّفْتِنَهُمْ ؕ وَ اِنَّ
فِرْعَوْنَ لَعَالٍ فِى الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّهٗ
لَمِنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۸۳﴾
وَقَالَ مُوْسٰى يٰقَوْمِ اِنْ كُنْتُمْ
اٰمَنْتُمْ بِاللّٰهِ فَعَلَيْهِ تَوَكَّلُوْٓا اِنْ

۷۷۔ موسیٰ نے کہا: جب حق تمہارے پاس آیا تو کیا اس کے بارے میں یہ کہتے ہو، کیا یہ جادو ہے؟ جب کہ جادوگر تو کبھی فلاح نہیں پاتے۔☆

۷۸۔ وہ کہنے لگے: کیا تم ہمارے پاس اس لیے آئے ہو کہ ہمیں اس راستے سے پھیر دو جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے اور ملک میں تم دونوں کی بالادستی قائم ہو جائے؟ اور ہم تو تم دونوں کی بات ماننے والے نہیں ہیں۔☆

۷۹۔ اور فرعون نے کہا: تمام ماہر جادوگروں کو میرے پاس لے آؤ۔☆

۸۰۔ جب جادوگر حاضر ہوئے تو موسیٰ نے ان سے کہا: تمہیں جو کچھ ڈالنا ہے ڈالو۔☆

۸۱۔ پس جب انہوں نے ڈالا تو موسیٰ نے کہا: جو کچھ تم نے پیش کیا ہے وہ جادو ہے، اللہ یقیناً اسے نابود کر دے گا، بے شک اللہ مفسدوں کے کام نہیں سدھارتا۔☆

۸۲۔ اور اللہ اپنے فیصلوں سے حق کو ثابت کر دکھاتا ہے خواہ مجرموں کو ناگوار گزرے۔☆

۸۳۔ چنانچہ موسیٰ پر ان کی اپنی قوم کے چند افراد کے سوا کوئی ایمان نہ لایا، فرعون اور اس کے سرداروں کے خوف کی وجہ سے کہ کہیں وہ انہیں مصیبت سے دوچار نہ کر دیں کیونکہ ملک میں فرعون کی بالادستی تھی اور وہ حد سے بڑھا ہوا تھا۔☆

۸۴۔ اور موسیٰ نے کہا: اے میری قوم! اگر تم اللہ پر ایمان لائے ہو تو اسی پر بھروسا

۷۸۔ مصری مذہب کے تحت وہ اپنے بادشاہ کو خدا کا اوتار مانتے تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کا نتیجہ دینی اور سیاسی اعتبار سے یکساں نکلتا تھا۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعوت کا نتیجہ یہ تھا کہ مصری بادشاہت غیر قانونی ہے اور حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام اللہ کے حقیقی نمائندے ہیں۔ مصری مذہب نے جو مقام فرعون کو دے رکھا تھا، حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام اللہ کی دعوت سے اس مقام کی نفی ہوتی تھی۔

۷۹ تا ۸۱۔ معجزات حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعونیوں نے سحر کہکر مسترد کیا تھا۔ آج حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سحر کی نشاندہی کا موقع ملا اور فرمایا سحر تو یہ ہے جو تم پیش کر رہے ہو۔ صرف نگاہوں کا دھوکہ، حقائق سے عاری۔ کوئی مشن نہ کوئی پیغام، نہ کوئی انسانی تحریک۔ ایسے جادو کو اللہ خود نابود کر دے گا۔ جبکہ اللہ کفار و فاسقین کی ہدایت نہیں کرتا۔ ایسے مفسدوں کے کام نہیں سدھارتا۔

۸۲۔ کلمات سے مراد اللہ کا تکوینی ارادہ یا وعدہ فتح و نصرت یا معجزات و دلائل ہیں۔ یعنی اللہ اپنے فیصلوں کے ذریعے حق کو دوام و ثبات فراہم کرتا اور باطل کو نابود کرتا ہے۔

۸۳۔ قرآن اس خوف کے پیچھے دو اسباب بیان فرماتا ہے: ایک یہ کہ فرعون کو اس ملک میں بالادستی حاصل تھی اور دوسری بات یہ کہ وہ کسی قانون و اخلاق یا انسانی اقدار کی حدود و قیود کا قائل نہ تھا۔ ایمان کی تاریخ ہمیشہ ایسے لوگوں نے لکھی ہے جو جابروں کے ظلم و تشدد کی پرواہ کیے بغیر ایمان لے آتے ہیں۔ ذُرِّيَّةٌ سے مراد بعض نے کمزور اور بے آسرا لیا ہے۔ ممکن ہے ذُرِّيَّةٌ سے مراد جواں سال افراد ہوں کیونکہ کم عمر لوگ ہی ایسے معاملات میں پاک باطن ہوتے ہیں اور فرعونیت کی پرواہ کیے بغیر ایمان لے آتے اور استقامت دکھاتے ہیں۔ چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ابو جعفر ابو الاحول سے فرمایا: کیا تو بصرہ گیا تھا؟ عرض کیا جی ہاں! فرمایا: لوگوں کی ہمارے مکتب میں شمولیت کیسی تھی؟ عرض کیا: بہت کم۔ فرمایا: علیك بالأحداث فانهم اسرع الى كل خير۔ تم نئی نسل پر توجہ دو۔ کیونکہ یہی لوگ ہر کار خیر کی طرف سبقت لے جاتے ہیں۔ (کافی ۸: ۹۳)

كُنْتُمْ مُّسْلِمِيْنَ ﴿۸۴﴾

کرو اگر تم مسلمان ہو۔☆

فَقَالُوْا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۚ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿۸۵﴾

۸۵۔ پس انہوں نے کہا: ہم نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے، اے ہمارے پروردگار! ہمیں ظالموں کے لیے (ذریعہ) آزمائش نہ بنا۔☆

وَ نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾

۸۶۔ اور اپنی رحمت سے ہمیں کافر قوم سے نجات عطا فرما۔☆

وَ اَوْحَيْنَاۤ اِلٰى مُوْسٰى وَ اَخِيْهِ اَنْ تَبَوَّاٰ لِقَوْمِكُمَا بِمِصْرَ بُيُوْتًا وَّ اجْعَلُوْا بُيُوْتَكُمْ قِبْلَةً وَّ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۸۷﴾

۸۷۔ اور ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی کی طرف وحی بھیجی کہ مصر میں اپنی قوم کے لیے مکانات مہیا کرو اور اپنے مکانوں کو قبلہ بناؤ اور نماز قائم کرو اور مومنوں کو بشارت دو۔☆

وَ قَالَ مُوْسٰى رَبَّنَاۤ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَ مَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّ اَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰۤى اَمْوَالِهِمْ وَ اشْدُدْ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۸۸﴾

۸۸۔ اور موسیٰ نے عرض کی: اے ہمارے پروردگار! تو نے فرعون اور اس کے درباریوں کو دنیاوی زندگی میں زینت بخشی اور دولت سے نوازا ہے پروردگارا! کیا یہ اس لیے ہے کہ یہ لوگ (دوسروں کو) تیری راہ سے بھٹکائیں؟ پروردگارا ان کی دولت کو برباد کر دے اور ان کے دلوں کو سخت کر دے تاکہ یہ لوگ دردناک عذاب کا سامنا کرنے تک ایمان نہ لائیں۔☆

قَالَ قَدْ اُجِيْبَتْ دَّعْوَتُكُمَا فَاسْتَقِيْمَا وَ لَا تَتَّبِعٰٓنِّ سَبِيْلَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾

۸۹۔ اللہ نے فرمایا: تم دونوں کی دعا قبول کی گئی ہے پس تم دونوں ثابت قدم رہنا اور ان لوگوں کے راستے پر نہ چلنا جو علم نہیں رکھتے۔☆

وَ جٰوَزْنَا بِبَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ الْبَحْرَ فَاَتْبَعَهُمْ فِرْعَوْنُ وَ جُنُوْدُهٗ بَغْيًا وَّ عَدْوًا ؕ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَدْرَكَهُ الْغَرَقُ ۙ قَالَ اٰمَنْتُ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا الَّذِيْۤ

۹۰۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو سمندر سے گزار دیا تو فرعون اور اس کے لشکر نے سرکشی اور زیادتی کرتے ہوئے ان کا تعاقب کیا، یہاں تک کہ جب فرعون غرق ہونے لگا تو کہنے لگا: میں ایمان لے آیا کہ اس ذات کے سوا کوئی معبود

۸۴ تا ۸۶۔ توکل اور بھروسا ایمان کے بعد بہت بڑی طاقت ہے جس کے ساتھ طاغوت کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ اللہ پر توکل کا مطلب یہ ہے کہ اپنی طرف سے تمام امور اللہ کے سپرد کیے جائیں اور نتیجہ اسی پر چھوڑ دیا جائے۔ ظاہری علل و اسباب کو اگرچہ تمہیدی دخل ہے لیکن منزل مقصود تک جانے کے لیے توکل کی ضرورت ہے۔ یہاں توکل کے لیے دو باتوں کو بنیاد بنایا ہے: ایک یہ کہ ایمان ہو۔ ظاہر ہے کہ ایمان باللہ کے بغیر توکل علی اللہ کا تصور ہو ہی نہیں سکتا۔ دوسری بات یہ کہ تسلیم کی منزل پر ہو کہ اللہ کے ہر فیصلے کو تسلیم و رضا سے لیا جائے۔ موسیٰؑ کے جواب میں اہل ایمان نے کہا: ہم اللہ پر توکل کرتے اور دو چیزوں کی اللہ سے درخواست کرتے ہیں: پہلی درخواست یہ کہ ظالم ہمیں اپنے دین و مذہب سے منحرف کرنے کے لیے ہمیں تختہ مشق نہ بنا پائیں، دوسری یہ کہ ان کافروں سے نجات دے۔

۸۷۔ ظاہر آیت سے جو بات سامنے آتی ہے وہ یہ ہے کہ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام کو اللہ کی طرف سے یہ حکم ملا کہ بنی اسرائیل کے لیے مکانات تعمیر کریں اور اپنے گھروں کو قبلہ بنائیں۔ قرآنی اصطلاح میں قبلہ اس مکان کو کہتے ہیں جس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی جائے اور اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ اس بات پر قرینہ ہے کہ قبلہ سے یہی معنی مراد ہے۔ لیکن بحار الانوار اور مستدرک الوسائل کی روایت سے صرف یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بنی اسرائیل کو حکم ہوا کہ ان گھروں میں نماز پڑھیں، ممکن ہے گھر تعمیر کرنے کا حکم اسی لیے ہوا ہو کہ فرعونیوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو کر نماز قائم کی جائے۔

۸۸۔ یہ دعائے بد اس وقت کی گئی جب ہر قسم کے دلائل و معجزات دکھانے کے باوجود وہ اپنے کفر پر اڑے رہے اور آئندہ ایمان لانے کی امید بھی باقی نہ رہی۔ یہ بد دعا بالکل اسی طریقہ پر ہے جو خود اللہ تعالیٰ اختیار فرماتا ہے کہ حجت پوری ہونے پر بھی کفر پر جمے رہیں تو پھر انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے، ان کا ہاتھ نہیں تھامتا، انہیں توفیق نہیں دیتا اور دعا کا مضمون بھی یہی ہے۔

۸۹۔ کافی میں حضرت امام جعفر صادق (ع) سے مروی ہے کہ فرعون اس دعا کے بعد چالیس سال تک زندہ رہا۔

۹۰۔ فرعون جب مرا تو بنی اسرائیل کی نظریاتی بالادستی

قبول کر کے مرا۔

۹۱۔ وہ اسلام اور توبہ قبول نہیں جو موت اور عذاب سامنے آنے کے بعد اختیار کی جاتی ہے۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ اس فرعون کا نام منفتاح بن رمسیس ۱۲۲۵ق م ہے۔ ڈاکٹر زحیلی کہتے ہیں: میں نے خود (قاہرہ کے میوزیم میں) اس ممی کا معائنہ کیا اور اس لاش کی پیشانی کی ہڈی پر بحر ابیض کے نمکین پانی کے اثرات کا بھی مشاہدہ کیا ہے۔ (تفسیر منیر) اور سر گرافٹن الیٹ سمتھ نے اس ممی پر سے جب پٹیاں کھولی تھیں تو اس کی لاش پر نمک کی ایک تہ جمی ہوئی پائی گئی جو کھارے پانی میں اس کی غرقابی کی ایک کھلی علامت ہے۔ (تفہیم القرآن)

۹۳۔ خوشگوار ٹھکانے سے مقصود فلسطینی سرزمین ہے جس کی شادابی اور اچھی پیداوار آج بھی مشہور ہے۔ حق تو یہ تھا کہ غلامی اور سختی سے نجات دلا کر فلسطین جیسی جنت ارضی پر تمکنت اور اقتدار دینے پر شکر الٰہی بجا لاتے، لیکن انہوں نے اس نعمت کے شکرانے کی بجائے دین میں اختلاف اور تفرقہ بازی کی۔ اس تفرقہ بازی کی علت قوانین الٰہی سے لاعلمی نہیں تھی بلکہ مادی خواہشات کی تکمیل کے لیے دینی نصوص کی غلط تشریح تھی.

۹۴۔ کسی بات کو پوری وضاحت کے ساتھ بیان کرنا ہو یا اس پر وارد ہونے والے شکوک وشبہات کو رد کرنا مقصود ہو تو یہ تعبیر اختیار کی جاتی ہے جیسا کہ فرمایا: قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ (زخرف: ۸۱) کہہ دیجیے کہ اگر رحمٰن کا کوئی بیٹا ہوتا تو میں سب سے پہلے اس کا عبادت گزار بن جاتا۔ یہ اس بات کی وضاحت کے لیے ہے کہ اللہ کا کوئی بیٹا نہیں ہو سکتا۔ اسی طریقۂ تعبیر کے مطابق فرمایا: اگر شک ہے تو کتاب پڑھنے والوں سے پوچھیں۔ یعنی یہاں شک کی گنجائش نہیں ہے۔ لہٰذا آیت سے یہ بات ہرگز ظاہر نہیں ہوتی کہ حضور کو اپنی نبوت کے بارے میں شک تھا۔ حضورؐ کی بات کیا، ان کے شاگرد رشید حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: ما شککت فی الحق منذ رایتہ۔ (الارشاد ۱:۲۵۳) جب سے میں نے حق کو دیکھا ہے، کبھی شک نہیں کیا۔

۹۶۔۹۷ جنہیں عذاب میں ڈالنے کا فیصلہ ہو چکا ہے وہ ایمان نہیں لائیں گے۔ فیصلہ اس لیے ہو چکا ہے کہ اپنی طغیانی وسرکشی کی وجہ سے وہ ایمان لانے کی استعداد اور صلاحیت کھو چکے تھے، ان پر

اٰمَنْتُ بِهٖۤ بَنُوْۤا اِسْرَآءِيْلَ وَاَنَا مِنَ
الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۰﴾
آٰلْـٰٔنَ وَقَدْ عَصَيْتَ قَبْلُ وَ
كُنْتَ مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۹۱﴾
فَالْيَوْمَ نُنَجِّيْكَ بِبَدَنِكَ لِتَكُوْنَ
لِمَنْ خَلْفَكَ اٰيَةً ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا
ع ۱۱ مِّنَ النَّاسِ عَنْ اٰيٰتِنَا لَغٰفِلُوْنَ ﴿۹۲﴾
وَلَقَدْ بَوَّاْنَا بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ مُبَوَّاَ
صِدْقٍ وَّرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ۚ
فَمَا اخْتَلَفُوْا حَتّٰى جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ؕ
اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۳﴾
فَاِنْ كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِّمَّاۤ اَنْزَلْنَاۤ
اِلَيْكَ فَسْـَٔلِ الَّذِيْنَ يَقْرَءُوْنَ
الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَقَدْ جَآءَكَ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ
الْمُمْتَرِيْنَ ﴿۹۴﴾
وَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ
اللّٰهِ فَتَكُوْنَ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۹۵﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ حَقَّتْ عَلَيْهِمْ كَلِمَتُ
رَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۹۶﴾
وَلَوْ جَآءَتْهُمْ كُلُّ اٰيَةٍ حَتّٰى يَرَوُا
الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿۹۷﴾

نہیں جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے اور میں مسلمانوں میں سے ہو گیا ہوں۔☆

۹۱۔ (جواب ملا) اب (ایمان لاتا ہے) جب تو پہلے نافرمانی کرتا رہا اور فسادیوں میں سے تھا؟☆

۹۲۔ پس آج ہم تیری لاش کو بچائیں گے تاکہ تو بعد میں آنے والوں کے لیے عبرت کی نشانی بنے، اگرچہ بہت سے لوگ ہماری نشانیوں سے غافل رہتے ہیں۔

۹۳۔ تحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو خوشگوار ٹھکانے فراہم کیے اور انہیں پاکیزہ رزق سے نوازا پھر انہوں نے اختلاف نہیں کیا یہاں تک کہ ان کے پاس علم آ گیا، آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان یقیناً ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں یہ لوگ اختلاف کرتے رہے ہیں۔☆

۹۴۔ اگر آپ کو اس بات میں کوئی شبہ ہے جو ہم نے آپ پر نازل کی ہے تو ان لوگوں سے پوچھ لیں جو آپ سے پہلے کتاب پڑھ رہے ہیں، تحقیق آپ کے رب کی طرف سے آپ کے پاس حق آ چکا ہے لہٰذا آپ ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہوں.☆

۹۵۔ اور ہرگز ان لوگوں میں سے نہ ہوں جنہوں نے اللہ کی نشانیوں کی تکذیب کی ورنہ آپ نقصان اٹھانے والوں میں سے ہوں گے۔

۹۶۔ جن لوگوں کے بارے میں آپ کے رب کا فیصلہ قرار پا چکا ہے وہ یقیناً ایمان نہیں لائیں گے۔☆

۹۷۔ اگرچہ ان کے پاس ہر قسم کی نشانی آ جائے جب تک دردناک عذاب نہ دیکھ لیں۔☆

فَلَوْلَا كَانَتْ قَرْيَةٌ اٰمَنَتْ فَنَفَعَهَآ
اِيْمَانُهَآ اِلَّا قَوْمَ يُوْنُسَ ؕ لَمَّآ اٰمَنُوْا
كَشَفْنَا عَنْهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ مَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى
حِيْنٍ ﴿۹۸﴾
وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْاَرْضِ
كُلُّهُمْ جَمِيْعًا ؕ اَفَاَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ
حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾
وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تُؤْمِنَ اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَ يَجْعَلُ الرِّجْسَ عَلَى
الَّذِيْنَ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ وَمَا تُغْنِي الْاٰيٰتُ وَ
النُّذُرُ عَنْ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۰۱﴾
فَهَلْ يَنْتَظِرُوْنَ اِلَّا مِثْلَ اَيَّامِ الَّذِيْنَ
خَلَوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ قُلْ فَانْتَظِرُوْا
اِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾
ثُمَّ نُنَجِّيْ رُسُلَنَا وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ع ۱۵ كَذٰلِكَ ۚ حَقًّا عَلَيْنَا نُنْجِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾
قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ
شَكٍّ مِّنْ دِيْنِيْ فَلَاۤ اَعْبُدُ الَّذِيْنَ
تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنْ
اَعْبُدُ اللّٰهَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ ۖۚ وَ

۹۸۔ کیا کوئی بستی ایسی ہے کہ (بروقت) ایمان لائی ہو اور اس کا ایمان اس کے لیے سودمند ثابت ہوا ہو سوائے قوم یونس کے؟ جب وہ ایمان لائے تو ہم نے دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب ان سے ٹال دیا اور ایک مدت تک انہیں (زندگی سے) بہرہ مند رکھا۔☆

۹۹۔ اگر آپ کا پروردگار چاہتا تو تمام اہل زمین ایمان لے آتے، پھر کیا آپ لوگوں کو ایمان لانے پر مجبور کر سکتے ہیں؟☆

۱۰۰۔ اور کوئی شخص اللہ کے اذن کے بغیر ایمان نہیں لاسکتا اور جو لوگ عقل سے کام نہیں لیتے اللہ انہیں پلیدی میں مبتلا کر دیتا ہے۔☆

۱۰۱۔ کہہ دیجیے: آسمانوں اور زمین میں نظر ڈالو کہ ان میں کیا کیا چیزیں ہیں اور جو قوم ایمان لانا ہی نہ چاہتی ہو اس کے لیے آیات اور تنبیہیں کچھ کام نہیں دیتیں۔

۱۰۲۔ اب یہ لوگ اس کے سوا کس کے انتظار میں ہیں کہ اس طرح کے برے دن دیکھیں جو ان سے پہلے کے لوگ دیکھ چکے ہیں؟ کہہ دیجیے: پس تم انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں۔

۱۰۳۔ پھر ہم اپنے رسولوں اور ایمان والوں کو نجات دیں گے، یہ بات ہمارے ذمے ہے کہ ہم مومنین کو نجات دیں۔

۱۰۴۔ کہہ دیجیے: اے لوگو! اگر تمہیں میرے دین میں کوئی شک ہے تو (جان لو کہ) تم اللہ کو چھوڑ کر جن کی پرستش کرتے ہو میں ان کی عبادت نہیں کرتا بلکہ میں تو صرف اس اللہ کی عبادت کرتا ہوں جو تمہاری روحیں قبض کرتا ہے اور مجھے یہی حکم ملا ہے

کوئی معجزہ اثر کرتا ہے نہ دلائل و براہین۔ صرف یہ کہ عذاب کا مشاہدہ کرنے پر ان کو یقین آئے گا، مگر اضطراری عمل ایمان نہیں ہے۔

۹۸۔ غالباً ایسا تو ہوتا رہا ہے کہ مختلف علاقوں اور بستیوں میں انبیاء آتے رہے، لوگوں کو راہ حق کی طرف دعوت دی مگر لوگوں نے انبیاء کی تکذیب کی اور عذاب الٰہی سے ڈرانے اور عذاب کے آثار دکھانے پر بھی ایمان لانے کے لیے آمادہ نہ ہوئے، سوائے قوم یونس کے کہ جب عذاب کے آثار نمایاں ہوئے تو وہ ایمان لے آئے اور ان سے عذاب ٹل گیا۔ اس طرح ان کا ایمان سودمند ثابت ہوا۔

۹۹۔ اگر اللہ چاہتا تو تمام اہل ارض کو مؤمن بنا دیتا اور ان سے کفر اختیار کرنے کی قدرت سلب کر لیتا۔ اگر اللہ ایسا چاہتا تو انسان کو کفر و ایمان کے درمیان کھڑا نہ کرتا اور ان دونوں میں سے ایک کو اپنی مرضی سے ترجیح دینے کی صلاحیت نہ دیتا۔ اس صورت میں وہ ایمان لانے پر مجبور ہو جاتے۔ لیکن اس قسم کا جبری ایمان اللہ کو منظور نہیں: ”تو کیا آپ لوگوں کو مجبور کر سکتے ہیں کہ وہ ایمان لے آئیں۔“؟

۱۰۰۔ یہ ترجیح دینا اگرچہ انسان کا اپنا عمل ہے تاہم وہ اس عمل کو اللہ کی طرف سے فراہم شدہ اسباب و علل کے ذریعے ہی انجام دے سکتا ہے۔ یہی اذن خدا ہے اور یہی خودمختاری ہے اور یہی امر بین امرین ہے۔ مزید تشریح ہماری تفسیر میں مذکور ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: اَلرِّجْسُ هُوَ الشَّكُّ وَ اللّٰهِ لَا نَشُكُّ فِي رَبِّنَا اَبَداً. رجس سے مراد شک ہے اور ہم اپنے رب کے بارے میں کبھی شک نہیں کرتے۔ (الکافی ۱: ۲۸۶)

۱۰۱۔ ایمان کا تعلق قلب سے ہے اور قلب جبر کی منطق کو نہیں سمجھتا۔ وہ دلیل فکر و استدلال اور عقل سے رام ہوتا ہے۔ لہٰذا اسے رام کرنے کے لیے فکر و نظر سے کام لیں۔ آسمانوں اور زمین میں بہت سی ایسی چیزیں ہیں جن پر غور و فکر کر کے انسان آسانی کے ساتھ اپنے رب تک پہنچ سکتا ہے۔ لیکن یہ سب اس شخص کے لیے ہے جو حسن نیت سے اپنی عقل کو بروئے کار لاتا ہے اور جو لوگ شروع سے یہ تہیہ کر رکھتے ہیں کہ ہم نے ایمان لانا ہی نہیں، ان کے لیے آیات اور تنبیہیں کچھ کام نہیں دیتیں۔

أُمِرْتُ أَنْ أَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿۱۰۵﴾
وَأَنْ أَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ
وَلَا تَكُونَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ﴿۱۰۶﴾
وَلَا تَدْعُ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا
يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ ۚ فَإِنْ
فَعَلْتَ فَإِنَّكَ إِذًا مِنَ الظَّالِمِينَ ﴿۱۰۷﴾
وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللَّهُ بِضُرٍّ فَلَا
كَاشِفَ لَهُ إِلَّا هُوَ ۖ وَإِنْ
يُرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَادَّ لِفَضْلِهِ ۚ
يُصِيبُ بِهِ مَنْ يَشَاءُ مِنْ عِبَادِهِ ۖ وَ
هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ ﴿۱۰۸﴾
قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَاءَكُمُ الْحَقُّ
مِنْ رَبِّكُمْ ۖ فَمَنِ اهْتَدَىٰ فَإِنَّمَا
يَهْتَدِي لِنَفْسِهِ ۖ وَمَنْ ضَلَّ فَإِنَّمَا
يَضِلُّ عَلَيْهَا ۖ وَمَا أَنَا عَلَيْكُمْ
بِوَكِيلٍ ﴿۱۰۹﴾
وَاتَّبِعْ مَا يُوحَىٰ إِلَيْكَ وَاصْبِرْ
حَتَّىٰ يَحْكُمَ اللَّهُ ۚ وَهُوَ خَيْرُ
الْحَاكِمِينَ ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۰

سُوْرَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ ۱۲۳

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
الر ۚ كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ثُمَّ
فُصِّلَتْ مِنْ لَدُنْ حَكِيمٍ خَبِيرٍ ﴿۱﴾

کہ میں ایمان والوں میں سے ہوں۔
۱۰۵۔اور یہ کہ آپ یکسوئی کے ساتھ اپنا رخ دین کی طرف ثابت رکھیں اور مشرکوں میں سے ہرگز نہ ہوں۔☆
۱۰۶۔اور اللہ کے سوا کسی ایسی چیز کو نہ پکاریں جو آپ کو نہ کوئی فائدہ پہنچا سکتی ہے اور نہ نقصان، اگر آپ ایسا کریں گے تو یقیناً آپ ظالموں میں شمار ہوں گے۔☆
۱۰۷۔اور اگر اللہ آپ کو کسی تکلیف میں ڈالے تو اس کے سوا کوئی نہیں جو اس تکلیف کو دور کرے اور اگر اللہ آپ سے بھلائی کرنا چاہے تو اس کے فضل کو روکنے والا کوئی نہیں، وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے فضل کرتا ہے اور وہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆
۱۰۸۔کہہ دیجیے: اے لوگو! بتحقیق تمہارے رب کی جانب سے حق تمہاری طرف آ چکا ہے، پس جو کوئی ہدایت حاصل کرتا ہے تو اپنی ذات کے لیے اور جو گمراہی اختیار کرتا ہے تو وہ بھی اپنی ذات کو گمراہ کرتا ہے اور میں تمہارا ذمہ دار نہیں ہوں۔☆
۱۰۹۔اور (اے نبی) آپ کی طرف جو وحی بھیجی جاتی ہے اس کی پیروی کریں اور اللہ کا فیصلہ آنے تک صبر کریں اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔☆

سورۂ ہود۔ مکی۔ آیات ۱۲۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔الف لام را، یہ وہ کتاب ہے جس کی آیات مستحکم کی گئی ہیں پھر ایک باحکمت باخبر ذات کی طرف سے تفصیل سے بیان کی گئی ہیں۔

۱۰۵۔ ۱۰۶ کہہ دیجیے کہ مجھے یہ حکم ملا ہے کہ پوری یکسوئی کے ساتھ اپنی پوری توجہ اسی دین پر مرکوز کروں اور اپنا پورا وجود اسی دین کے ساتھ مربوط رکھوں۔ کسی اور نظریہ اور مذہب کو اعتنا میں نہ لاؤں اور ایسی چیزوں سے اپنی امیدیں وابستہ نہ کروں جن کو کسی نفع و نقصان کا اختیار نہیں ہے۔ اگر ایسی بے بس چیزوں سے امیدیں وابستہ کرتا ہوں تو یہ اپنی ذات کے ساتھ زیادتی ہے۔

۱۰۷۔جس دین توحید پر آپ کو استقامت کے ساتھ رہنا ہے اس کے توحیدی تقاضے اس طرح ہیں:
☆ اس بات کا یقین کہ ہر قسم کی تکلیف، بیماری، دشمن کے خوف، مالی نقصانات، ظالم کی طرف سے زیادتی اور قدرتی آفات وغیرہ کو دور کرنے والا اللہ کے سوا کوئی نہیں۔ کائنات پر اسی کی حاکمیت ہے، نیز کوئی اور اس کے ساتھ شریک نہیں ہے۔
☆ اللہ کسی بندے پر فضل و کرم کرتا ہے تو اس کے فضل و کرم کو روکنے والا کوئی نہیں۔ کون ہے جو اللہ کے مقابلے میں طاقت آزمائی کرے؟ تو کیا یہ عقلمندی نہیں کہ انسان بتوں سے امیدیں وابستہ کرنے کی بجائے صرف اسی ذات کی عبادت کرے اور اسی سے ساری امیدیں وابستہ کرے اور اپنے آپ کو اللہ کے فضل و کرم کا سزاوار بنائے؟ اس کا فضل اندھی بانٹ نہیں ہے کہ بغیر استحقاق اور ضابطے کے جس کو چاہے دے دے۔

۱۰۸۔حق تمہاری دسترس میں آ گیا ہے اب خود تمہاری اپنی ذمہ داری ہے کہ گمراہی کو چھوڑ کر حق کی طرف آؤ۔ حق اور ہدایت کوئی مکروہ چیز نہیں ہے جو لوگوں پر مسلط کی جائے بلکہ ہدایت نور ہے چشم بینا رکھنے والے خود شوق سے جس کی طرف آتے ہیں۔ وہ کسی اور کے لیے نہیں بلکہ اپنی ذات کے لیے لپکتے ہیں۔

۱۰۹۔کسی کا اعتنا کیے بغیر صرف وحی کی پیروی کرو اور اللہ کی طرف سے جو رہنمائی آتی رہے گی اس پر عمل کرتے جاؤ، ساتھ اس راہ میں پیش آنے والی مشکلات کا مقابلہ صبر سے کرو۔ ایک دن آنے والا ہے کہ اللہ اپنا فیصلہ صادر فرمائے گا۔ اس دن حق کا بول بالا ہوگا اور باطل مٹ چکا ہوگا۔

سورہ ہود

یہ سورہ مکہ میں نازل ہوا اور مضمون سے معلوم ہوتا

اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنَّنِيْ لَكُمْ
مِّنْهُ نَذِيْرٌ وَّبَشِيْرٌ ۙ﴿۲﴾
وَّاَنِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا
اِلَيْهِ يُمَتِّعْكُمْ مَّتَاعًا حَسَنًا اِلٰٓى
اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّ يُؤْتِ كُلَّ ذِيْ
فَضْلٍ فَضْلَهٗ ؕ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنِّيْٓ
اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ
كَبِيْرٍ ﴿۳﴾
اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ ۚ وَهُوَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۴﴾
اَلَآ اِنَّهُمْ يَثْنُوْنَ صُدُوْرَهُمْ
لِيَسْتَخْفُوْا مِنْهُ ؕ اَلَا حِيْنَ
يَسْتَغْشُوْنَ ثِيَابَهُمْ ۙ يَعْلَمُ مَا
يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۚ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ
بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۵﴾
الجزء ۱۲ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ
اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَ يَعْلَمُ
مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا ؕ كُلٌّ
فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿۶﴾
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ وَّ
كَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ لِيَبْلُوَكُمْ
اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ؕ وَلَئِنْ قُلْتَ

۲۔ کہ تم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، میں اللہ کی طرف سے تمہیں تنبیہ کرنے والا اور بشارت دینے والا ہوں۔☆

۳۔ اور یہ کہ اپنے رب سے مغفرت طلب کرو پھر اس کے آگے توبہ کرو وہ تمہیں مقررہ مدت تک (دنیا میں) اچھی متاع زندگی فراہم کرے گا اور ہر احسان کوش کو اس کی احسان کوشی کا صلہ دے گا اور اگر تم نے منہ پھیر لیا تو مجھے تمہارے بارے میں ایک بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے۔☆

۴۔ تم سب کو اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۵۔ آگاہ رہو! یہ لوگ اپنے سینوں کو لپیٹ لیتے ہیں تاکہ اللہ سے چھپائیں، یاد رکھو! جب یہ اپنے کپڑوں سے ڈھانپتے ہیں تب بھی وہ ان کی علانیہ اور پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے، وہ سینوں کی باتوں سے یقیناً خوب واقف ہے۔☆

۶۔ اور زمین پر چلنے والا کوئی ایسا نہیں جس کا رزق اللہ کے ذمے نہ ہو اور وہ جانتا ہے کہ اس کی جائے قرار کہاں ہے اور عارضی جگہ کہاں ہے، سب کچھ روشن کتاب میں موجود ہے۔

۷۔ اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں بنایا اور اس کا عرش پانی پر تھا تاکہ وہ تمہیں آزمائے کہ تم میں بہتر عمل کرنے والا کون ہے اور (اے نبی) اگر آپ (لوگوں) سے یہ کہدیں کہ تم

ہے کہ یہ سورہ مکہ میں اس وقت نازل ہوا جب رسول کریم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نامساعد ترین حالات سے دوچار تھے اور مشرکین کی طرف سے طنز و آزار اور نامعقول مطالبے اور استہزاء میں اضافہ ہوا تھا۔

۲۔۳ ان دو آیتوں میں تین باتوں کا ذکر ہے: اول یہ کہ اللہ کے سوا کسی کی پرستش نہ کرو۔ دوم یہ کہ اپنے رب سے مغفرت مانگو۔ سوم یہ کہ اپنے رب کی طرف متوجہ رہو تو دنیا کی زندگی میں بھی بہتری آئے گی، کیونکہ مذکورہ باتوں سے باطن کی تطہیر ہوجاتی ہے، انسان فطری طور پر اعتدال میں آجاتا ہے، اس کا ضمیر مطمئن اور روح پرسکون ہو جاتی ہے نیز اس کے اعصاب میں توازن آجاتا ہے۔ اس طرح دنیاوی زندگی سدھر جاتی ہے۔ یہ نظریہ بالکل غلط ہے کہ دینداری غربت و افلاس کا دوسرا نام ہے اور صاحب دولت ہونے کا مطلب بے دینی ہے۔ دین کی سمجھ رکھنے والے مومن کو دنیا و آخرت دونوں کی سعادتیں میسر آجاتی ہیں۔

۵۔ شان نزول میں روایت ہے کہ مشرکین جب خانہ کعبہ کے گرد رسول خدا (ص) کے نزدیک سے گزرتے تو سر اور پشت جھکا کر اور کپڑے سے سر ڈھانپ کر گزرتے تھے کہ رسول اللہ (ص) کی نگاہ ان پر نہ پڑے۔

۷۔ اللہ کی سلطنت پانی پر تھی۔ پانی سے مراد یہی پانی ہوسکتا ہے جس سے اللہ تعالیٰ نے ہر زندہ چیز کو پیدا کیا۔ وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ (انبیاء: ۳۰) اور تمام زندہ چیزوں کو ہم نے پانی سے بنایا ہے۔ ان دو آیتوں سے یہ بات تو ثابت ہو جاتی ہے کہ اللہ کی سلطنت پانی پر تھی اور پانی مایۂ حیات اور تمام زندہ موجودات کا مادۂ مشترکہ ہے۔ لیکن ہم اس پانی کی تفصیل میں اس سے زیادہ نہیں جا سکتے کہ پانی سے مراد مائع مذاب ہے یا گیس یا سوڈیم یا ہوا ہے؟ ایسے غیبی موضوعات میں صریح نص کے بغیر اظہار خیال کرنا درست نہیں ہے۔

اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حسین کائنات کی غرض خلقت حسن عمل ہے۔ لہٰذا جو ہستی حسن عمل میں سب سے افضل ہے، وہی مقصد خلقت میں سب سے نمایاں ہے۔ اس نکتے کو سمجھنے کے بعد پڑھیے: لولاك لما خلقت الافلاك۔ (بحار الانوار ۱۶:۴۰۵)

إِنَّكُمْ مَّبْعُوثُونَ مِنۢ بَعْدِ الْمَوْتِ
لَيَقُولَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوٓا إِنْ هَٰذَآ إِلَّا
سِحْرٌ مُّبِينٌ ۝٧
وَلَئِنْ أَخَّرْنَا عَنْهُمُ الْعَذَابَ إِلَىٰٓ
أُمَّةٍ مَّعْدُودَةٍ لَّيَقُولُنَّ مَا يَحْبِسُهُۥٓ ۗ
أَلَا يَوْمَ يَأْتِيهِمْ لَيْسَ مَصْرُوفًا
عَنْهُمْ وَحَاقَ بِهِم مَّا كَانُوا بِهِۦ
يَسْتَهْزِءُونَ ۝٨ ع
وَلَئِنْ أَذَقْنَا الْإِنسَٰنَ مِنَّا رَحْمَةً ثُمَّ
نَزَعْنَٰهَا مِنْهُ إِنَّهُۥ لَيَـُٔوسٌ كَفُورٌ ۝٩
وَلَئِنْ أَذَقْنَٰهُ نَعْمَآءَ بَعْدَ ضَرَّآءَ
مَسَّتْهُ لَيَقُولَنَّ ذَهَبَ السَّيِّـَٔاتُ
عَنِّىٓ ۚ إِنَّهُۥ لَفَرِحٌ فَخُورٌ ۝١٠
إِلَّا الَّذِينَ صَبَرُوا۟ وَعَمِلُوا۟
الصَّٰلِحَٰتِ ۚ أُو۟لَٰٓئِكَ لَهُم مَّغْفِرَةٌ وَأَجْرٌ
كَبِيرٌ ۝١١
فَلَعَلَّكَ تَارِكٌۢ بَعْضَ مَا يُوحَىٰٓ
إِلَيْكَ وَضَآئِقٌۢ بِهِۦ صَدْرُكَ أَن
يَقُولُوا۟ لَوْلَآ أُنزِلَ عَلَيْهِ كَنزٌ
أَوْ جَآءَ مَعَهُۥ مَلَكٌ ۚ إِنَّمَآ أَنتَ
نَذِيرٌ ۚ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ
وَكِيلٌ ۝١٢
أَمْ يَقُولُونَ ٱفْتَرَىٰهُ ۖ قُلْ فَأْتُوا۟

مرنے کے بعد اٹھائے جاؤ گے تو کافر ضرور کہیں گے: یہ تو محض کھلا جادو ہے۔☆

۸۔اور اگر ہم ایک مقررہ مدت تک ان سے عذاب کو ٹال دیں تو وہ ضرور کہنے لگتے ہیں: اسے کس چیز نے روک رکھا ہے؟ آگاہ رہو! جس دن ان پر عذاب واقع ہو گا تو ان سے ٹالا نہیں جائے گا اور جس چیز کا وہ مذاق اڑا رہے ہیں وہی انہیں گھیر لے گی☆

۹۔اور اگر ہم انسان کو اپنی رحمت سے نوازنے کے بعد وہ نعمت اس سے چھین لیں تو بیشک وہ ناامید اور ناشکرا ہو جاتا ہے.☆

۱۰۔اور اگر ہم اسے تکلیفوں کے بعد نعمتوں سے نوازتے ہیں تو ضرور کہ اٹھتا ہے: سارے دکھ مجھ سے دور ہو گئے، بیشک وہ خوب خوشیاں منانے اور اکڑنے لگتا ہے☆

۱۱۔البتہ صبر کرنے والے اور نیک اعمال بجا لانے والے ایسے نہیں ہیں ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔

۱۲۔(اے رسول) آپ کی طرف جو وحی کی گئی ہے شاید آپ اس کا کچھ حصہ چھوڑنے والے ہیں اور ان کی اس بات پر دل تنگ ہو رہے ہیں کہ اس پر خزانہ کیوں نازل نہیں ہوا یا اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں آیا؟ آپ تو صرف تنبیہ کرنے والے ہیں اور اللہ ہر چیز کا ذمہ دار ہے۔☆

۱۳۔کیا یہ کہتے ہیں کہ اس نے (قرآن کو)

۸۔قرآن کی متعدد آیات سے مشرکین کو اس بات کی دھمکی مل چکی تھی کہ اگر وہ یہ تکذیبی عمل جاری رکھیں گے تو ان پر عذاب نازل ہونے والا ہے۔ مشرکین نے اس کے جواب میں نہایت تحقیر آمیز لہجے میں کہا: تو وہ آنے والا عذاب آتا کیوں نہیں ہے، کس چیز نے اسے روک رکھا ہے۔ ہم اپنے کفر پر ڈٹے ہوئے ہیں اور تکذیبی عمل جاری رکھ ہوئے ہیں تو وہ عذاب آتا کیوں نہیں؟ جواب میں فرمایا: جب وہ عذاب آئے گا تو تم اس چیز کے گھیرے میں آؤ گے جس کا تم استہزاء کر رہے ہو۔ عذاب کی تاخیر میں جو حکمت پوشیدہ ہے اس کا پہلے کئی بار ذکر ہو چکا ہے۔

۹۔۱۰ انسان کی جلد بازی، کم ظرفی اور متلون مزاجی کی بات ہے کہ جب نعمتیں چھن جاتی ہیں تو یہ تنگ نظر انسان خیال کرتا ہے کہ اب اس نے آنا ہی نہیں اور وہ یوں مایوس ہو جاتا ہے اور جب نعمتیں وافر ہو جاتی ہیں تو خیال کرتا ہے کہ اب اس نے جانا ہی نہیں اور اس خوشی میں مغرور ہو جاتا ہے۔ اس کی کوتاہ نظر صرف حال حاضر پر لگی رہتی ہے۔ اسی کو ساری دنیا تصور کرتا ہے۔ نہ ان نعمتوں کے سرچشمہ پر نظر ہے کہ مایوس نہ ہو اور نہ ہی ان نعمتوں کے حقیقی مالک کی معرفت ہے کہ وہ ان نعمتوں کو دیکھ کر اکڑ نہ جائے۔

۱۲۔نہایت نامساعد حالات میں بار رسالت کی سنگینی کی طرف اشارہ ہے کہ لوگوں کے راہ راست پر آنے کے کوئی آثار دکھائی نہیں دیتے بلکہ ان کے عناد اور ہٹ دھرمی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ایسے میں یہ خیال دل میں آ سکتا ہے کہ وحی کی باتیں سنانے کا کیا فائدہ۔ آیت میں بتایا گیا ہے کہ ابلاغ وحی کا مطلب صرف ایمان لے آنا نہیں ہے بلکہ صرف تبلیغ سے بھی کچھ حکمتیں وابستہ ہیں یا آپ صرف تنبیہ و تبلیغ کریں اور بس۔ انہیں گرفت میں لینا ہمارا کام ہے۔ اس آیت سے یہ بات ہرگز ثابت نہیں ہوتی کہ رسولؐ ترک تبلیغ کا قصد رکھتے تھے۔

۱۳۔قرآن نے کئی بار چیلنج کیا ہے کہ اگر یہ قرآن کسی ایک انسان کا تصنیف ہے تو تمہارے درمیان بھی ایسا انسان موجود ہو گا جو ایسا کلام تصنیف کر سکے۔ ایک سے نہیں ہوتا تو پوری جماعت مل کر ایسا کلام بنا لائے جس میں انسانیت کے لیے ایک پیغام ہو اور دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی ہو۔ مضمون بھی اسی طرح کا ہو اور ساتھ اسلوب کلام

بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ وَّ
ادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۳﴾
فَاِلَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكُمْ فَاعْلَمُوْٓا
اَنَّمَآ اُنْزِلَ بِعِلْمِ اللّٰهِ وَاَنْ لَّآ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾
مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَ
زِيْنَتَهَا نُوَفِّ اِلَيْهِمْ اَعْمَالَهُمْ فِيْهَا
وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ ﴿۱۵﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَيْسَ لَهُمْ فِي
الْاٰخِرَةِ اِلَّا النَّارُ ۖ وَ حَبِطَ مَا
صَنَعُوْا فِيْهَا وَ بٰطِلٌ مَّا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾
اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ وَ
يَتْلُوْهُ شَاهِدٌ مِّنْهُ وَ مِنْ قَبْلِهٖ
كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا وَّرَحْمَةً ؕ
اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ ؕ وَ مَنْ يَّكْفُرْ
بِهٖ مِنَ الْاَحْزَابِ فَالنَّارُ مَوْعِدُهٗ ۚ
فَلَا تَكُ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ ۫ اِنَّهُ الْحَقُّ
مِنْ رَّبِّكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۷﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا ؕ اُولٰٓئِكَ يُعْرَضُوْنَ عَلٰى

خود بنایا ہے؟ کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اس جیسی خود ساختہ دس سورتیں بنا لاؤ اور اللہ کے سوا جس جس کو بلا سکتے ہو بلا لاؤ۔☆

۱۴۔ پھر اگر وہ تمہاری مدد کو نہ پہنچیں تو جان لو کہ یہ اللہ کے علم سے نازل ہوا ہے اور یہ کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، کیا تم اس بات کو تسلیم کرنے والے ہو؟☆

۱۵۔ جو دنیوی زندگی اور اس کی زینت کے طالب ہوتے ہیں ان کی محنتوں کا معاوضہ ہم انہیں دنیا ہی میں دے دیتے ہیں اور ان کے لیے اس میں کمی نہیں کی جائے گی۔☆

۱۶۔ ایسے لوگوں کے لیے آخرت میں آتش کے سوا کچھ نہ ہوگا اور وہاں ان کے عمل برباد اور ان کا کیا دھرا سب نابود ہو جائے گا۔

۱۷۔ بھلا وہ شخص (افترا کر سکتا ہے) جو اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہو اور اس کے پیچھے اس کے رب کی طرف سے ایک شاہد بھی آیا ہو اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب (بھی دلیل ہو جو) راہنما اور رحمت بن کر آئی ہو؟ یہی لوگ اس پر ایمان لائیں گے اور دوسرے فرقوں میں سے جو کوئی اس کا انکار کریں تو اس کی وعدہ گاہ آتش جہنم ہے، آپ اس (قرآن) کے بارے میں کسی شک میں نہ رہیں، یقیناً یہ آپ کے رب کی طرف سے حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔☆

۱۸۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ افترا کرتا ہے، ایسے لوگ

بھی یہی ہو۔ لیکن بار بار چیلنج دینے کے باوجود تم ایسا کلام پیش نہیں کر سکتے تو تمہیں قبول کرنا ہوگا کہ یہ میرا نہیں اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

۱۴۔ اس چیلنج میں اللہ کی وحدانیت کا ثبوت بھی فراہم ہے کہ اگر تمہارے خداؤں کا بھرپور مخالف اور توحید کا علمبردار یہ قرآن محمدؐ کا اپنا خود ساختہ ہے تو اپنے خداؤں کو مدد کے لیے بلاؤ۔ اگر ان کو خدائی میں کوئی دخل ہے تو وہ تم میں ایسی صلاحیت پیدا کر دیں گے کہ تم اس قرآن کا مقابلہ کر سکو۔ اگر ایسا نہ کیا تو یہ بات ثابت ہو جاتی ہے: ☆قرآن اللہ کا کلام ہے۔ ☆تمہارے معبود سب خود ساختہ ہیں ان کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ ☆قرآن ہر موقف کے لیے دلیل پیش کرتا ہے۔

۱۵۔ اس روئے زمین پر اللہ تعالیٰ کا ایک مادی و تکوینی نظام ہے جسے نظام علل و اسباب کہتے ہیں۔ اس نظام کے تحت جو بھی ان علل و اسباب کو بروئے کار لائے گا، وہ نتیجہ اخذ کرے گا۔ اس میں مومن و کافر کا کوئی فرق نہیں۔ فرق یہ ہے کہ کافر کا نصب العین صرف دنیا ہے، اس لیے کافر کو اس کی محنتوں کا نتیجہ اسی دنیا میں دے دیا جاتا ہے۔ وَهُمْ فِيْهَا لَا يُبْخَسُوْنَ۔ اللہ کے مادی و تکوینی قانون میں کسی کی حق تلفی نہیں کی جاتی، البتہ آخرت میں انہیں کچھ نہیں ملے گا، خواہ کافر کے عمل میں اگرچہ حسن ہو لیکن عمل کنندہ میں حسن نہیں ہے۔ یہ اسی طرح ہے کہ ایک بدکار عورت اپنی ناجائز کمائی سے یتیم پالتی ہو۔ اسی طرح ایک منکر خدا جو خدا کے وجود کا معترف نہیں یا اس کے ساتھ شرک کر کے مقام الٰہیت میں جسارت کا ارتکاب کرتا ہے نیز وہ اپنا کام اللہ کے لیے کرتا ہی نہیں تا کہ اللہ سے اسے کوئی صلہ مل جائے۔ اس میں وہ ریاکار بھی شامل ہے جو اپنے اعمال دنیاوی مفاد کے لیے انجام دیتا ہے، وہ نیک اعمال انجام دیتا ہے لیکن اس کی نمازوں، روزوں اور خدمات کا نصب العین اللہ نہیں، دنیاوی مفادات ہیں، اس کے اعمال حبط ہو جاتے ہیں اور سارا کیا دھرا ناکارہ ہو جاتا ہے۔

۱۷۔ ابو حاتم ابن مردویہ، ابونعیم اور ابن عساکر کی روایت ہے کہ حضرت علیؑ نے فرمایا: عَلٰى بَيِّنَةٍ سے مراد حضرت رسول خداؐ ہیں اور شَاهِدٌ مِّنْهُ سے مراد میں ہوں۔ (الدرالمنثور ۳:۵۸۶)

۱۸۔ مشرکین کا موقف یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و

رَبِّهِمْ وَيَقُوْلُ الْاَشْهَادُ هٰٓؤُلَآءِ
الَّذِيْنَ كَذَبُوْا عَلٰى رَبِّهِمْ ۚ اَلَا
لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الظّٰلِمِيْنَ ۙ﴿۱۸﴾
الَّذِيْنَ يَصُدُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ وَهُمْ
بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۹﴾
اُولٰٓئِكَ لَمْ يَكُوْنُوْا مُعْجِزِيْنَ فِي
الْاَرْضِ وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ؕ يُضٰعَفُ لَهُمُ
الْعَذَابُ ؕ مَا كَانُوْا يَسْتَطِيْعُوْنَ
السَّمْعَ وَمَا كَانُوْا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۰﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۱﴾
لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ
الْاَخْسَرُوْنَ ﴿۲۲﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَاَخْبَتُوْٓا اِلٰى رَبِّهِمْ ۙ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ
الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۳﴾
مَثَلُ الْفَرِيْقَيْنِ كَالْاَعْمٰى وَالْاَصَمِّ
وَالْبَصِيْرِ وَالسَّمِيْعِ ؕ هَلْ يَسْتَوِيٰنِ
ع ۱۲/۲ مَثَلًا ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖٓ ۫
اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۲۵﴾

اپنے رب کے حضور پیش کیے جائیں گے اور گواہ کہیں گے: یہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب پر جھوٹ بولا تھا، خبردار! ظالموں پر اللہ کی لعنت ہے۔☆

۱۹۔ جو لوگوں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہیں اور اس میں کجی لانا چاہتے ہیں اور یہی لوگ آخرت کے منکر ہیں۔

۲۰۔ یہ لوگ زمین میں اللہ کو عاجز نہیں کر سکتے اور نہ اللہ کے سوا ان کا کوئی حامی ہے ان کا عذاب دوگنا کیا جائے گا، کیونکہ وہ (کسی کی) سن ہی نہ سکتے تھے اور نہ ہی دیکھتے تھے۔☆

۲۱۔ یہی لوگ ہیں جو اپنے آپ کو خسارے میں ڈال چکے ہیں اور وہ جو کچھ افترا کرتے تھے وہ بھی ان سے کھو گیا۔☆

۲۲۔ لازمی بات ہے آخرت میں یہ لوگ سب سے زیادہ گھاٹے میں ہوں گے☆

۲۳۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اور اپنے رب کے سامنے عاجزی کرتے رہے یقیناً یہی اہل جنت ہیں، جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔☆

۲۴۔ دونوں فریقوں (مومنوں اور کافروں) کی مثال ایسی ہے جیسے (ایک طرف) اندھا اور بہرا ہو اور (دوسری طرف) دیکھنے والا اور سننے والا ہو، کیا یہ دونوں یکساں ہو سکتے ہیں؟ کیا تم نصیحت نہیں لیتے؟☆

۲۵۔ اور ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا، (انہوں نے اپنی قوم سے کہا) میں تمہیں صریحا تنبیہ کرنے والا ہوں۔☆

آلہ وسلم نے خود ایک کتاب بنائی اور اسے اللہ کی طرف نسبت دی اور افتراء کیا۔ جواباً اس آیت میں فرمایا: وہ افترا باز جو سب سے بڑھ کر ظالم ہے، تم خود ہو۔ اللہ پر شرک کر کے افترا کرتے ہو، اللہ کی طرف جھوٹی نسبت دیتے ہو۔

۲۰ تا ۲۲۔ اللہ کی طرف جھوٹی نسبت دینے والے نہ تو خود کسی طاقت و قدرت کے مالک ہوتے ہیں نہ ہی اللہ کے سوا ان کا کوئی حامی و کارساز۔ اس کے باوجود وہ اللہ کی طرف جھوٹی نسبت دیتے ہیں۔ انبیاء کو جھوٹا سمجھتے ہیں، بالآخر انہوں نے اللہ کے حضور پلٹ کر جانا ہے تو انہیں دوہرا عذاب ملے گا، کیونکہ یہ خود گمراہ تھے اور دوسروں کو گمراہ کرتے تھے۔

۲۳۔ انبیاء کو جھٹلانے والی جماعت کے برعکس اہل ایمان اپنے پروردگار کے سامنے تواضع اور عاجزی کرتے ہیں جو ایمان کا بہترین مظہر اور ایمان کی پختگی پر بہت بڑی دلیل ہے۔ عبادت اور خضوع کو ذوق بندگی سے محروم لوگ انسان کی توہین اور ذلت پسندی سمجھتے ہیں، جب کہ خدا کی معرفت رکھنے والے اس کمال مطلق کے سامنے تواضع اور عاجزی کو اپنے لیے معراج سمجھتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ جو کمال کے سامنے اکڑ جاتے ہے وہی لوگ انسانی اقدار سے محروم اور ذلت پسند ہوتے ہیں۔

۲۴۔ دونوں فریقوں کی صورت حال کی ایک محسوس اور سادہ مثال۔ مؤمن اپنی عقل سے کام لینے کے لیے اپنے اعضاو جوارح سے کام لیتا ہے۔ وہ دیکھتا اور سنتا ہے، پھر سمجھتا ہے اس پر عمل کرتا ہے، نجات اور کامیابی نصیب ہو جاتی ہے۔ کافر اپنے اعضا سے کام نہیں لیتا، نہ بصارت سے، نہ سماعت سے اور نتیجۃً نہ عقل سے، لہٰذا وہ نہ ہدایت حاصل کر سکتا ہے نہ نصیحت سن سکتا ہے۔ کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ ایسا سوال ہے جس کا جواب واضح ہے۔

۲۵۔ تاریخ انبیاء میں حضرت آدمؑ کے بعد ابوالانبیاء، بت پرستی کے خلاف سب سے پہلے مجاہد اور تاریخ تمدن میں سب سے پہلی شریعت پیش کرنے والے اولوالعزم پیغمبر حضرت نوح (ع) کا ذکر ہے، جنہوں نے اپنی قوم سے فرمایا کہ تم جن مہلک خطرات میں گھرے ہوئے ہو اور جس انجام سے تمہیں دوچار ہونا ہوگا، اس سے بچانے اور تنبیہ کرنے آیا ہوں اور یہ سمجھانے آیا ہوں کہ صرف اللہ کی عبادت کرو، بت پرستی چھوڑ دو۔

اَنْ لَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ
عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۶﴾
فَقَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
قَوْمِهٖ مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا وَ
مَا نَرٰىكَ اتَّبَعَكَ اِلَّا الَّذِيْنَ هُمْ
اَرَاذِلُنَا بَادِيَ الرَّاْيِ ۚ وَ مَا نَرٰى
لَكُمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلٍ بَلْ نَظُنُّكُمْ
كٰذِبِيْنَ ﴿۲۷﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى
بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ اٰتٰىنِيْ رَحْمَةً مِّنْ
عِنْدِهٖ فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ ؕ
اَنُلْزِمُكُمُوْهَا وَاَنْتُمْ لَهَا كٰرِهُوْنَ ﴿۲۸﴾
وَ يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا ؕ
اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَ مَآ اَنَا
بِطَارِدِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّهُمْ مُّلٰقُوْا
رَبِّهِمْ وَ لٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ قَوْمًا
تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۹﴾
وَ يٰقَوْمِ مَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ
طَرَدْتُّهُمْ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۳۰﴾
وَ لَآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِيْ خَزَآئِنُ
اللّٰهِ وَ لَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ وَ لَآ اَقُوْلُ
اِنِّيْ مَلَكٌ وَّ لَآ اَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ
تَزْدَرِيْٓ اَعْيُنُكُمْ لَنْ يُّؤْتِيَهُمُ

۲۶۔ کہ تم غیر اللہ کی عبادت نہ کرو، مجھے تمہارے بارے میں ایک دردناک دن کے عذاب کا ڈر ہے۔

۲۷۔ تو ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا: ہماری نظر میں تو تم صرف ہم جیسے بشر ہو اور ہم یہ بھی دیکھ رہے ہیں کہ ہم میں سے ادنیٰ درجے کے لوگ سطحی سوچ سے تمہاری پیروی کر رہے ہیں اور ہمیں کوئی ایسی بات بھی نظر نہیں آتی جس سے تمہیں ہم پر فضیلت حاصل ہو بلکہ ہم تو تمہیں کاذب خیال کرتے ہیں۔☆

۲۸۔ (نوح نے) کہا: اے میری قوم! یہ تو بتاؤ اگر میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہوں اور اس نے مجھے اپنی رحمت سے نوازا ہے مگر وہ تمہیں نہ سوجھتی ہو تو کیا ہم تمہیں اس پر مجبور کر سکتے ہیں جبکہ تم اسے ناپسند کرتے ہو؟☆

۲۹۔ اور اے میری قوم! میں اس کام پر تم سے کوئی معاوضہ نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف اللہ پر ہے اور میں ان لوگوں کو اپنے سے دور بھی نہیں کر سکتا جو ایمان لا چکے ہیں، یقیناً یہ لوگ اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہونے والے ہیں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم لوگ جاہل قوم ہو۔☆

۳۰۔ اور اے میری قوم! اگر میں انہیں دور کروں تو مجھے اللہ (کے قہر) سے کون بچائے گا؟ کیا تم نصیحت نہیں لیتے؟

۳۱۔ اور میں تم سے نہ تو یہ کہتا ہوں کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں اور نہ میں غیب جانتا ہوں اور نہ یہ کہتا ہوں کہ میں فرشتہ ہوں اور جنہیں تمہاری نگاہیں حقیر سمجھتی ہیں ان کے بارے میں یہ نہیں کہتا کہ اللہ انہیں

۲۷۔ مادی نظریہ رکھنے والی، قدیم و جدید جاہلیت، انسان کو انسانی نہیں بلکہ مادی اقدار میں تولتی ہے۔ فقیر اور نادار لوگ انبیاء کی دعوت پر لبیک کہنے میں غالباً پہل کرتے ہیں۔ ان پر مادیت غالب نہ آنے کی وجہ سے ان کی روح شفاف ہوتی ہے اور باطن صاف ہوتا ہے۔

بَادِيَ الرَّاْيِ: منکرین کا خیال یہ ہوتا ہے کہ دین کو قبول کرنے والے، سطحی سوچ کے مالک، کم فکر لوگ ہوتے ہیں جن کی فکری بلوغت اس حد تک نہیں ہوتی کہ ان کے ایمان کو کوئی وزن دیا جائے۔ آج کے منکرین اور مستکبرین، اہل ایمان کو قدامت پسند، سادہ لوح اور ناخواندہ کہتے ہیں۔ اسی لیے وہ ان کے لیے کسی قدر و منزلت اور خاص حیثیت کے قائل نہیں ہوتے۔

۲۸۔ سابقہ آیات میں منکرین کی طرف سے اٹھائے گئے اعتراضات میں سے ایک ایک کا جواب ہے۔ پہلا شبہ یہ تھا کہ تم ہم جیسے بشر ہو۔ اس کے جواب میں فرمایا: میں اپنے رب کی طرف سے واضح دلیل رکھتا ہوں کہ میں اس کا نمائندہ ہوں۔ اس نے مجھے اپنی رحمت یعنی نبوت سے نوازا ہے۔ پھر بھی میں تم جیسا ہوں۔

۲۹۔ دوسرا شبہ یہ تھا کہ تمہاری پیروی ادنیٰ درجے کے لوگ کر رہے ہیں۔ اس آیت میں اس کا جواب دیا گیا ہے: انبیاء (ع) لوگوں کے مال و دولت سے بے نیاز ہوتے ہیں، لہٰذا ان کے سامنے امیر و فقیر یکساں ہوتے ہیں۔ ہدایت و رہنمائی کا بھی لوگوں سے کسی قسم کا معاوضہ نہیں مانگا جاتا۔ اس لیے دعوت انبیاءؑ کے بارے میں فقیر و امیر کا سوال بے معنی ہو جاتا ہے۔ لہٰذا یہ کیسے ممکن ہے کہ جن لوگوں نے اس دعوت پر لبیک کہی ہے، ان کو صرف فقیر و نادار ہونے کی بنیاد پر دھتکار دیا جائے۔

۳۱۔ منکرین کا تیسرا شبہ یہ تھا کہ تمہیں ہم پر کوئی فضیلت نہیں ہے۔ فضیلت کے جاہلی معیار کی اس آیت میں نفی کی گئی ہے کہ نہ میرے پاس اللہ کے خزانوں کی کنجیاں ہیں کہ جس کو چاہوں دولت سے مالا مال کروں، نہ کاہنوں کی طرح غیب دانی کا دعویٰ کرتا ہوں۔ میں نے کبھی فرشتہ ہونے کا دعویٰ نہیں کیا، میں انسان ہوں، کھاتا پیتا چلتا پھرتا ہوں۔ رسول کا کام انسان کی ہدایت و رہبری اور اللہ کی طرف سے دستور حیات دینا ہے، مگر جاہلی

اللّٰهُ خَيْرًا ؕ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا فِيْٓ
اَنْفُسِهِمْ ۖ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾
قَالُوْا يٰنُوْحُ قَدْ جٰدَلْتَنَا
فَاَكْثَرْتَ جِدَالَنَا فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ
اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۳۲﴾
قَالَ اِنَّمَا يَاْتِيْكُمْ بِهِ اللّٰهُ اِنْ شَآءَ
وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۳۳﴾
وَلَا يَنْفَعُكُمْ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ
اَنْ اَنْصَحَ لَكُمْ اِنْ كَانَ اللّٰهُ يُرِيْدُ
اَنْ يُّغْوِيَكُمْ ؕ هُوَ رَبُّكُمْ ۫ وَ
اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۴﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ
افْتَرَيْتُهٗ فَعَلَيَّ اِجْرَامِيْ وَ
اَنَا بَرِيْٓءٌ مِّمَّا تُجْرِمُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع ۳
وَاُوْحِيَ اِلٰى نُوْحٍ اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ
مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ فَلَا
تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾
وَاصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا وَلَا
تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ
مُّغْرَقُوْنَ ﴿۳۷﴾
وَيَصْنَعُ الْفُلْكَ ۖ وَكُلَّمَا مَرَّ عَلَيْهِ
مَلَاٌ مِّنْ قَوْمِهٖ سَخِرُوْا مِنْهُ ؕ قَالَ
اِنْ تَسْخَرُوْا مِنَّا فَاِنَّا نَسْخَرُ

بھلائی سے نہیں نوازے گا، ان کے دلوں کا حال اللہ بہتر جانتا ہے، اگر میں ایسا کہوں تو میں ظالموں میں سے ہو جاؤں گا۔☆

۳۲۔ لوگوں نے کہا: اے نوح! تم نے ہم سے بحث کی ہے اور بہت بحث کی اور اب اگر تم سچے ہو تو وہ عذاب لے آؤ جس سے تم ہمیں ڈراتے ہو۔☆

۳۳۔ کہا: اسے تو بے شک اللہ ہی تم پر لائے گا اگر وہ چاہے اور تم (اسے) عاجز تو نہیں کر سکتے۔☆

۳۴۔ اور جب اللہ نے تمہیں گمراہ کرنے کا ارادہ کر لیا تو اگر میں تمہیں نصیحت کرنا بھی چاہوں تو میری نصیحت تمہیں کوئی فائدہ نہیں دے گی، وہی تمہارا رب ہے اور اسی کی طرف تمہیں پلٹ کر جانا ہے۔☆

۳۵۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں: اس شخص (محمد) نے یہ باتیں بنائی ہیں؟ کہہ دیجیے: اگر یہ باتیں میں نے بنائی ہیں تو میں اپنے جرم کا خود ذمے دار ہوں اور جس جرم کے تم مرتکب ہو میں اس سے بری ہوں۔☆

۳۶۔ اور نوح کی طرف یہ وحی کی گئی کہ جو لوگ ایمان لا چکے ہیں ان کے علاوہ آپ کی قوم میں سے ہرگز کوئی اور ایمان نہیں لائے گا لہٰذا جو کچھ یہ لوگ کرتے ہیں آپ اس سے رنجیدہ نہ ہوں۔

۳۷۔ اور ہماری نگرانی میں اور ہمارے حکم سے ایک کشتی بنائیں اور ظالموں کے بارے میں مجھ سے بات ہی نہ کریں کیونکہ وہ ضرور ڈوبنے والے ہیں۔☆

۳۸۔ اور وہ (نوح) کشتی بنانے لگے اور ان کی قوم کے سرداروں میں سے جو وہاں سے گزرتا وہ ان کا مذاق اڑاتا تھا، نوح نے کہا: اگر آج تم ہمارا مذاق اڑاتے ہو

طرز فکر کے مطابق رسول کو مافوق البشر خزانوں کا مالک اور غیب دان ہونا چاہیے۔

۳۲۔۳۳۔ حضرت نوح علیہ السلام کی قوم جب حجت و دلیل کا مقابلہ نہ کر سکی تو دلیل کی جگہ چیلنج کو اختیار کیا اور اسی تحقیری اور تکذیبی لہجے میں کہا: وہ عذاب لے آؤ جس سے ہمیں ڈراتے رہے ہو اگر تم سچے ہو۔ یعنی تمہارا دعوائے نبوت سچا ہے اور نہ عذاب کی دھمکی۔

لوگوں نے عذاب لانے کی نسبت حضرت نوح علیہ السلام کی طرف دی لیکن حضرت نوح علیہ السلام نے یہ نسبت اللہ کی طرف دے کر یہ واضح کر دیا کہ میں خود بھی مشیت الٰہی کے تابع ہوں۔ عذاب لانا نہ لانا میرے اختیار میں نہیں ہے، بلکہ یہ عذاب اللہ کی مشیت کے مطابق آئے گا۔

۳۴۔ اللہ کسی کو از خود گمراہ نہیں کرتا بلکہ انسان خود اپنی گمراہی پر ڈٹ جاتا ہے اور اپنی ضلالت کے اسباب فراہم کرتا ہے۔ تو اللہ اسے اس کے حال پر چھوڑ دیتا ہے اور اللہ جسے اس کے حال پر چھوڑ دے اسے کون بچا سکتا ہے۔

۳۵۔ حضرت نوح علیہ السلام کا قصہ سن کر اندازہ ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھی اسی قسم کے دلائل پیش کرنا پڑے اور مکہ کے منکرین نے بھی اس قسم کا جواب دیا تھا تو کفار مکہ نے یہ الزام لگایا کہ محمدؐ نوح علیہ السلام کے نام سے ایسے واقعات خود گھڑ لیتے ہیں جو خود انہیں پیش آ رہے ہیں اور اسے ہم پر چسپاں کرتے ہیں۔ اس لیے واقعہ نوح علیہ السلام کے بارے میں سلسلہ کلام قطع کر کے اس شبہ کا جواب دیا گیا کہ اگر میں اپنی طرف سے اس قسم کے قصے کہانیاں بنا لیتا ہوں تو یہ ایک جرم ہے۔ جب اسے میں جرم سمجھتا ہوں تو میں کیسے اس کا ارتکاب کروں گا؟ مگر تم جس جرم کے ہمیشہ مرتکب ہو رہے ہو اسے جرم ہی نہیں سمجھتے، لہٰذا تم ہی جرم کے مرتکب ہو، میں اس سے برائت چاہتا ہوں۔

۳۷۔ ممکن ہے حضرت نوح کے زمانے میں جہاز رانی اور کشتی رانی کی صنعت رائج نہ ہو اس لیے بذریعہ وحی اس صنعت کو متعارف کرایا گیا ہو۔ کہتے ہیں مسیحی علماء نے اس کشتی کے طول و عرض کی تحقیق کی ہے کہ اس کی لمبائی پانچ سو پچیس فٹ، عرض ساڑھے ستاسی فٹ اور اونچائی ساڑھے باون فٹ تھی، جبکہ اسلامی روایات اس سے مختلف ہیں۔

۳۸۔ خشکی پر کشتی بناتے دیکھ کر ایمان بالغیب سے محروم لوگ اس عمل کو حضرت نوح کی دیوانگی کا ثبوت

مِنْكُمْ كَمَا تَسْخَرُوْنَ ﴿۳۸﴾
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ
يُّخْزِيْهِ وَيَحِلُّ عَلَيْهِ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ ﴿۳۹﴾
حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَفَارَ
التَّنُّوْرُ ۙ قُلْنَا احْمِلْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ
زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ
سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ وَمَنْ اٰمَنَ ؕ وَ
مَآ اٰمَنَ مَعَهٗٓ اِلَّا قَلِيْلٌ ﴿۴۰﴾
وَ قَالَ ارْكَبُوْا فِيْهَا بِسْمِ اللّٰهِ
مَجْرٖىهَا وَ مُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۱﴾
وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ
كَالْجِبَالِ ۫ وَنَادٰى نُوْحُ ابْنَهٗ وَ
كَانَ فِيْ مَعْزِلٍ يّٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا وَ
لَا تَكُنْ مَّعَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۴۲﴾
قَالَ سَاٰوِيْٓ اِلٰى جَبَلٍ يَّعْصِمُنِيْ
مِنَ الْمَآءِ ؕ قَالَ لَا عَاصِمَ الْيَوْمَ
مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ ۚ وَ
حَالَ بَيْنَهُمَا الْمَوْجُ فَكَانَ مِنَ
الْمُغْرَقِيْنَ ﴿۴۳﴾
وَ قِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَ
يٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ
الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَ

قرۃ علی بفتح المیم رسالۃ الرآء ۱۲

تو کل ہم تمہارا اسی طرح مذاق اڑائیں گے جیسے تم مذاق اڑاتے ہو۔☆

۳۹۔عنقریب تمہیں علم ہو جائے گا کہ کس پر وہ عذاب آتا ہے جو اسے رسوا کر دے گا اور کس پر ہمیشہ رہنے والا عذاب نازل ہو گا.

۴۰۔یہاں تک کہ جب ہمارا حکم آ گیا اور تنور (سے پانی) ابلنے لگا تو ہم نے کہا: (اے نوح!) ہر جوڑے میں سے دو دو کشتی پر سوار کرو اور اپنے گھر والوں کو بھی سوائے ان کے جن کی بات پہلے ہو چکی ہے اور ان کو بھی (سوار کرو) جو ایمان لا چکے ہیں، اگرچہ ان کے ساتھ ایمان لانے والے بہت کم تھے۔☆

۴۱۔اور نوح نے کہا: کشتی میں سوار ہو جاؤ اللہ ہی کے نام سے اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے، بتحقیق میرا رب بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۴۲۔اور کشتی انہیں لے کر پہاڑ جیسی موجوں میں چلنے لگی، اس وقت نوح نے اپنے بیٹے کو جو کچھ فاصلے پر تھا پکارا: اے بیٹا! ہمارے ساتھ سوار ہو جاؤ اور کافروں کے ساتھ نہ رہو۔☆

۴۳۔اس نے کہا: میں پہاڑ کی پناہ لوں گا وہ مجھے پانی سے بچا لے گا، نوح نے کہا: آج اللہ کے عذاب سے بچانے والا کوئی نہیں مگر جس پر اللہ رحم کرے، پھر دونوں کے درمیان موج حائل ہو گئی اور وہ ڈوبنے والوں میں سے ہو گیا۔☆

۴۴۔اور کہا گیا: اے زمین! اپنا پانی نگل لے اور اے آسمان! تھم جا اور پانی خشک کر دیا گیا اور کام تمام کر دیا گیا اور کشتی (کوہ) جودی پر ٹھہر گئی اور کہا گیا ظالموں

قرار دیتے تھے اور غیب پر ایمان رکھنے والے اطمینان سے اپنے لیے نجات کا ذریعہ بنا رہے تھے۔

۴۰۔ التَّنُّوْرُ کے بارے میں متعدد اقوال ہیں: اس سے مراد وجہ الارض روئے زمین ہے۔ لسان العرب میں آیا ہے: وَ كُلُّ مَفْجَرِ مَاءٍ تَنُّور۔ ہر پانی پھوٹنے کی جگہ کو تنور کہتے ہیں۔ مجمع البحرین میں مادہ (ت ن ر) میں یہ موقف اختیار کیا گیا ہے. دوسرا قول یہ ہے کہ اس مراد سورج کا طلوع ہے۔ فَارَ التَّنُّوْرُ کا مطلب یہ ہے: جب سورج کی روشنی پھوٹ پڑی۔ یہ قول حضرت علی علیہ السلام کی طرف منسوب ہے۔ (تفسیر عیاشی) تیسرا قول یہ ہے کہ اس سے مراد روٹی کا تنور ہے۔ آج بھی مسجد کوفہ میں اس تنور کی جگہ معروف ہے۔ یہ احتمال بھی دیا جاتا ہے کہ ایک دم دار ستارے کے سمندر میں گرنے سے طوفان آیا تھا۔

۴۱ تا ۴۳ اللہ کے غضب اور عذاب سے نجات کے لیے نجات کی کشتی میں سوار ہونا ضروری ہے۔ اگر انسان کشتی نجات سے انحراف کرے تو کسی اولوالعزم نبی کے ساتھ رشتہ داری نجات کا ذریعہ نہیں بن سکتی۔ اسی لیے حضرت نوح کا ایک بیٹا غرق ہوا کیونکہ وہ نجات کے حقیقی ذریعہ ایمان اور اطاعت رسول اور کشتی کی بجائے ایک موہوم ذریعہ یعنی پہاڑ کو نجات کا ذریعہ سمجھتا رہا۔ حضرت نوح کی بیوی بھی غرق ہو گئی کیونکہ وہ بھی کشتی نجات پر عقیدہ نہیں رکھتی تھی اور حضرت نوح کے ساتھ خیانت کرتی تھی۔ جیسا کہ سورۂ تحریم میں ارشاد ربانی ہے: ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا۔ اللہ کافروں کے لیے نوح اور لوط کی بیوی کی مثال بیان کرتا ہے۔ یہ دونوں ہمارے صالح بندوں کے نکاح میں تھیں، لیکن ان دونوں کے ساتھ ان دونوں (عورتوں) نے خیانت کی۔ طوفان میں کشتی کی دو حالتیں ہوتی ہیں: ایک دوران طوفان اس کا چلنا۔ دوسری طوفان کے بعد اس کا تھمنا اور کسی ساحل پر آ کر رکنا۔ پانی کی طوفانی موجیں ہوں یا خشکی یا خوف و ہراس کی حالتیں ہوں یا ساحل امن، ہر حالت میں انسان خدا کا نام اور اذن کی طرف محتاج رہتا ہے۔ حضرت نوح (ع) کے اس خطاب میں توحید کا عنصر سب سے زیادہ نمایاں ہے۔ اگرچہ وسیلہ اور تدبیر سے غافل نہیں، کشتی بنائی جاتی ہے، سوار کرائے جاتے ہیں، لیکن مؤثر فی الوجود اور حقیقی نجات دہندہ تو اللہ ہے، لہٰذا اسی کا نام لو، اسی پر بھروسہ رکھو، چاہے

قِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

وَنَادٰى نُوْحٌ رَّبَّهٗ فَقَالَ رَبِّ اِنَّ ابْنِيْ مِنْ اَهْلِيْ وَاِنَّ وَعْدَكَ الْحَقُّ وَاَنْتَ اَحْكَمُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۴۵﴾

قَالَ يٰنُوْحُ اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْ اَهْلِكَ ۚ اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ ۫ فَلَا تَسْـَٔلْنِ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنِّيْٓ اَعِظُكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۴۶﴾

قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِكَ اَنْ اَسْـَٔلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَاِلَّا تَغْفِرْ لِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ اَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۴۷﴾

قِيْلَ يٰنُوْحُ اهْبِطْ بِسَلٰمٍ مِّنَّا وَبَرَكٰتٍ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اُمَمٍ مِّمَّنْ مَّعَكَ ؕ وَاُمَمٌ سَنُمَتِّعُهُمْ ثُمَّ يَمَسُّهُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۸﴾

تِلْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهَآ اِلَيْكَ ۚ مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَلَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ۛؕ فَاصْبِرْ ؕ اِنَّ الْعَاقِبَةَ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۹﴾

وَاِلٰى عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا ؕ قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُفْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

کشتی چلتی رہے، چاہے کسی ساحل امن پر رک جائے۔

۴۴۔ توریت میں آیا ہے کہ کوہ ارارات پر کشتی نوحؑ ٹھہری۔ ارارات ایک کوہستانی سلسلہ ہے جو آرمینیا سے لے کر کردستان تک پھیلا ہوا ہے۔ قرآن نے تو اس چوٹی کا بھی ذکر کیا ہے جس پر نوحؑ کی کشتی ٹھہری تھی یعنی جودی۔ چنانچہ قبل از مسیح کی قدیم تاریخ میں کشتی کے ٹھہرنے کی یہی جگہ بتائی گئی ہے۔

۴۵۔ جب نوحؑ اور ان کے بیٹے کے درمیان موج حائل ہوگئی اس وقت اضطراری حالت میں پکارا ہوگا۔ حضرت نوحؑ نے یہ موقف اختیار کیا کہ میرا بیٹا میرے گھر والوں میں شامل ہے اور تیرا وعدہ ہے کہ گھر والوں کو نجات مل جائے گی۔ اللہ تعالیٰ نے جواب میں فرمایا: تو نہیں جانتا کہ تیرا بیٹا تیرے گھر والوں میں شامل نہیں ہے۔ حضرت نوحؑ اس مسئلے میں ایک نکتہ نہیں جانتے تھے یا تو وہ یہ نہیں جانتے تھے کہ خاندانی رشتہ کے لیے نسبی رشتہ کافی نہیں ہے، ایمانی رشتہ ضروری ہے یا یہ نہیں جانتے تھے کہ بیٹا فی الواقع مومن نہیں ہے۔ ایک اولی العزم نبی کے لیے ناممکن ہے کہ وہ پہلے نکتے کو نہ جانتا ہو، لہٰذا لازماً حضرت نوحؑ اس بات کو نہیں جانتے تھے کہ بیٹا مؤمن نہیں ہے۔

۴۶۔ حضرت نوح کی جس عمل پر سرزنش کی گئی ہے وہ ممکن ہے یہ ہو کہ بیٹے کا کشتی پر سوار ہونے سے انکار معصیت نہیں، کفر ہے۔

نوح کے بیٹے کے واقعے میں ان لوگوں کے نظریات کی نفی ہے جو نسلی بنیاد پر اپنے آپ کو اللہ کی پسندیدہ قوم تصور کرتے ہیں۔ شاید بائبل میں نوحؑ کے بیٹے کا واقعہ درج نہ ہونے کی یہی وجہ ہو کہ اس سے ان کے بنیادی عقیدے کی نفی ہوتی ہے۔

۴۷۔۴۸ زمین کو طوفان کے ذریعے کفر و طغیان سے پاک کرنے کے بعد بھی دو گروہوں کے موجود ہونے کا ذکر ہے۔ ایک حضرت نوحؑ کی معیت میں ہے۔ اس ایمانی معیت اور ہمراہی میں آنے والی نسلوں کے لیے اللہ کی طرف سے سلامتی اور برکتیں ہوں گی، جب کہ دوسرے گروہ کو دنیاوی زندگی کے مال و متاع سے لطف اندوز ہونے کے بعد عذاب الٰہی سے دوچار ہونا پڑے گا۔ یہ اس لیے ہے کہ چونکہ انسان کو آزادی و خود مختاری عطا ہوئی ہے اور دنیا میں اس کے ذریعے اسے پرکھنا ہے۔ لہٰذا حق و باطل کی جنگ جاری رہے گی اور نور و ظلمت کا آمنا سامنا ہوتا رہے گا، جس کا لازمی نتیجہ یہی نکلے گا کہ کچھ لوگ حق کا راستہ انتخاب کریں گے اور کچھ باطل کا۔

پر نفرین ہو۔ ☆

۴۵۔ اور نوح نے اپنے رب کو پکار کر عرض کی: اے میرے پروردگار! میرا بیٹا میرے گھر والوں میں سے ہے اور یقیناً تیرا وعدہ سچا ہے اور تو سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا ہے۔ ☆

۴۶۔ فرمایا: اے نوح! بے شک یہ آپ کے گھر والوں میں سے نہیں ہے، یہ غیر صالح عمل ہے لہٰذا جس چیز کا آپ کو علم نہیں اس کی مجھ سے درخواست نہ کریں، میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ مبادا نادانوں میں سے ہو جائیں۔ ☆

۴۷۔ نوح نے کہا: میرے رب میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اس بات سے کہ ایسی چیز کا تجھ سے سوال کروں جس کا مجھے علم نہیں ہے اور اگر تو مجھے معاف نہیں کرے گا اور مجھ پر رحم نہیں کرے گا تو میں نقصان اٹھانے والوں میں سے ہو جاؤں گا۔ ☆

۴۸۔ کہا گیا: اے نوحؑ! اترو ہماری طرف سے سلامتی اور برکتوں کے ساتھ جو آپ پر اور ان جماعتوں پر ہیں جو آپ کے ساتھ ہیں اور کچھ جماعتیں ایسی بھی ہوں گی جنہیں ہم کچھ مدت زندگی کا موقع بخشیں گے پھر انہیں ہماری طرف سے دردناک عذاب پہنچے گا۔ ☆

۴۹۔ یہ ہیں غیب کی کچھ خبریں جو ہم آپ کی طرف وحی کر رہے ہیں، اس سے پہلے نہ آپ ان باتوں کو جانتے تھے اور نہ آپ کی قوم پس صبر کریں انجام یقیناً پرہیزگاروں کے لیے ہے۔

۵۰۔ اور عاد کی طرف ان کی برادری کے فرد ہود کو بھیجا، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے، (دوسرے معبودوں کو) تم نے صرف افتراء کیا ہے۔

يٰقَوْمِ لَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ؕ
اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ
فَطَرَنِيْ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۵۱﴾
وَ يٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ
تُوْبُوْٓا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ
مِّدْرَارًا وَّيَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ
وَلَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۵۲﴾
قَالُوْا يٰهُوْدُ مَا جِئْتَنَا بِبَيِّنَةٍ وَّمَا
نَحْنُ بِتَارِكِيْٓ اٰلِهَتِنَا عَنْ قَوْلِكَ
وَمَا نَحْنُ لَكَ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۳﴾
اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ
اٰلِهَتِنَا بِسُوْٓءٍ ؕ قَالَ اِنِّيْٓ اُشْهِدُ اللّٰهَ
وَ اشْهَدُوْٓا اَنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّمَّا
تُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾
مِنْ دُوْنِهٖ فَكِيْدُوْنِيْ جَمِيْعًا ثُمَّ لَا
تُنْظِرُوْنِ ﴿۵۵﴾
اِنِّيْ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَ
رَبِّكُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ
بِنَاصِيَتِهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۶﴾
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّآ
اُرْسِلْتُ بِهٖٓ اِلَيْكُمْ ؕ وَ يَسْتَخْلِفُ
رَبِّيْ قَوْمًا غَيْرَكُمْ ۚ وَ لَا

۵۱۔اے میری قوم! میں اس کام پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا، میرا اجر تو اس ذات پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا ہے، کیا تم عقل نہیں رکھتے؟ ☆

۵۲۔ اور اے میری قوم! اپنے رب سے مغفرت مانگو پھر اس کے حضور توبہ کرو وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار بارش برسائے گا اور تمہاری قوت میں مزید قوت کا اضافہ کرے گا اور مجرم بن کر منہ نہ پھیرو۔ ☆

۵۳۔ کہنے لگے: اے ہود! تم ہمارے سامنے کوئی شہادت نہیں لائے اور ہم تمہاری بات پر اپنے معبودوں کو نہیں چھوڑ سکتے اور نہ ہی ہم تجھ پر ایمان لا سکتے ہیں۔ ☆

۵۴۔ کیونکہ ہم تو یہ کہتے ہیں: تجھے ہمارے معبودوں میں سے کسی نے آسیب پہنچایا ہے، ہود نے کہا: میں اللہ کو گواہ بناتا ہوں اور تم بھی گواہ رہو کہ (اللہ کے سوا) جنہیں تم شریک ٹھہراتے ہو میں ان سے بیزار ہوں۔ ☆

۵۵۔اس اللہ کے سوا تم سب مل کر میرے خلاف سازش کرو پھر مجھے مہلت نہ دو۔ ☆

۵۶۔ میں نے اللہ پر بھروسہ کیا ہے جو میرا اور تمہارا رب ہے، کوئی جاندار ایسا نہیں جس کی پیشانی اللہ کی گرفت میں نہ ہو، بیشک میرا رب سیدھے راستے پر ہے۔ ☆

۵۷۔ پھر اگر تم منہ پھیرتے ہو تو میں نے تو وہ پیغام تمہیں پہنچا دیا ہے جس کے ساتھ میں تمہاری طرف بھیجا گیا تھا اور میرا رب تمہاری جگہ اور لوگوں کو لائے گا اور تم اس

۵۱۔ یعنی جب میں ہر قسم کے مفاد سے بالاتر ہو کر اس دعوت کے سلسلے میں مشقتیں اٹھا رہا ہوں اور تمہارے دین کی مخالفت کر کے سب کو اپنا دشمن بنا چکا ہوں تو تمہیں سوچنا چاہیے کہ اگر حق و حقیقت جیسی اطمینان بخش طاقت میری پشت پر نہ ہوتی تو ان سب مصائب و مشکلات سے بے پرواہ ہو کر اس گرداب میں کیوں کود پڑتا۔

۵۲۔ اس مضمون کی ایک آیت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف نازل ہوئی تھی جو سورہ کی ابتدا میں گزر گئی۔ اس کے علاوہ دیگر متعدد آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ دنیوی زندگی کی سعادت و شقاوت میں دینی قدروں کو دخل حاصل ہے۔

۵۳۔ قوم ہود (ع) کا مؤقف یہ تھا کہ اگر آپؑ اللہ کے نمائندہ ہیں تو اس پر کوئی دلیل پیش کریں اور جو دلیل وہ پیش کرتے اسے مسترد کرتے تھے. بالکل مشرکین مکہ کی طرح جو حضورؐ سے معجزات مانگتے تھے اور جو معجزہ پیش کیا جاتا اسے مسترد کرتے تھے۔

۵۴۔۵۵ حضرت ہودؑ نے کمال استقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرمایا: میں اللہ اور تم سب کو گواہ بنا کر تمہارے معبودوں سے اعلان بیزاری کرتا ہوں اور تم سب مل کر میرے خلاف جو کچھ کر سکتے ہو کرو۔ اگر تمہارے معبود مجھے آسیب پہنچا سکتے ہیں تو میرے خلاف تمہاری مدد بھی کر سکتے ہیں، ایک بار میرے خلاف ان معبودوں سے مدد لے کر دکھاؤ۔ حضرت ہود (ع) اپنے اس چیلنج پر اس قدر اپنے رب پر اعتماد کا اظہار فرما رہے ہیں کہ کافروں سے فرماتے ہیں کہ جیسے اللہ تمہیں مہلت دیتا ہے، مجھے مہلت بھی نہ دو اور اپنی سازش پر فوری عمل کرو۔

۵۶۔ حضرت ہود (ع) نے دشمن کو اس کی ناتوانی کا احساس دلایا، اس کے بعد اپنی طاقت کا بھی احساس دلا رہے ہیں کہ میں نے اس رب پر بھروسہ کیا ہے جس کے قبضہ قدرت میں ہر جاندار کی جان ہے، وہی طاقت کا سرچشمہ ہے اور وہی عدل و انصاف کا مالک بھی ہے۔ وہ حق کا ساتھ دیتا ہے اور باطل کو نابود کرتا ہے۔

۵۷۔ حجت پوری ہونے کے بعد حق سے منہ پھیرنے کی صورت میں جو کچھ امتوں کے ساتھ ہوا ہے، اسی انجام کی طرف اشارہ ہے کہ اللہ تمہیں صفحۂ ہستی سے مٹا کر تمہاری جگہ دوسری قوموں کو آباد کرے گا۔

۵۹۔ قوم عاد کی تین خصلتوں کا ذکر ہے: ۱۔ اللہ کی

تَضُرُّوْنَهٗ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۵۷﴾
وَ لَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ۚ وَ
نَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۵۸﴾
وَتِلْكَ عَادٌ ۫ جَحَدُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
وَ عَصَوْا رُسُلَهٗ وَاتَّبَعُوْۤا اَمْرَ كُلِّ
جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۵۹﴾
وَ اُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً وَّ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ عَادًا كَفَرُوْا
رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا لِّعَادٍ قَوْمِ هُوْدٍ ﴿۶۰﴾ ع ۵ وقف لازم
وَ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ صٰلِحًا ؕ
قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ
اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ هُوَ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ
الْاَرْضِ وَاسْتَعْمَرَكُمْ فِيْهَا
فَاسْتَغْفِرُوْهُ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ ؕ اِنَّ
رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ﴿۶۱﴾
قَالُوْا يٰصٰلِحُ قَدْ كُنْتَ فِيْنَا مَرْجُوًّا
قَبْلَ هٰذَاۤ اَتَنْهٰىنَاۤ اَنْ نَّعْبُدَ مَا
يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَا وَاِنَّنَا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا
تَدْعُوْنَاۤ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ﴿۶۲﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى
بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَ اٰتٰىنِيْ مِنْهُ رَحْمَةً

کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے، بیشک میرا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔☆

۵۸۔ پھر جب ہمارا فیصلہ آیا تو ہود اور جو لوگ ان کے ساتھ ایمان لائے تھے ہم نے اپنی رحمت سے انہیں بچا لیا اور ہم نے انہیں سنگین عذاب سے نجات دی۔

۵۹۔ یہ وہی عاد ہیں، جنہوں نے اپنے رب کی نشانیوں کا انکار کیا اور اس کے رسولوں کی نافرمانی کی اور ہر سرکش دشمن کے حکم کی پیروی کی۔☆

۶۰۔ اور اس دنیا میں بھی لعنت نے ان کا تعاقب کیا اور قیامت کے روز بھی (ایسا ہوگا)، واضح رہے عاد نے اپنے پروردگار سے کفر کیا، آگاہ رہو! ہود کی قوم (یعنی) عاد کے لیے (رحمت حق سے) دوری ہو۔

۶۱۔ اور ثمود کی طرف ان کی برادری کے فرد صالح کو بھیجا، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں، اسی نے تمہیں زمین سے پیدا کیا اور اس میں تمہیں آباد کیا لہٰذا تم اسی سے مغفرت طلب کرو پھر اس کے حضور توبہ کرو، بے شک میرا رب بہت قریب ہے، (دعاؤں کا) قبول کرنے والا ہے۔☆

۶۲۔ انہوں نے کہا: اے صالح! اس سے پہلے ہم تم سے بڑی امیدیں وابستہ رکھتے تھے، اب کیا ان معبودوں کی پوجا کرنے سے تم ہمیں روکتے ہو جن کی ہمارے باپ دادا پوجا کرتے تھے؟ اور جس بات کی طرف تم ہمیں دعوت دے رہے ہو اس بارے میں ہمیں شبہ انگیز شک ہے۔☆

۶۳۔ صالح نے کہا: اے میری قوم! یہ تو بتاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلیل رکھتا ہوں اور اس نے اپنی رحمت سے

نشانیوں کا انکار کیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قوم عاد کو حضرت ہود علیہ السلام نے معجزات بھی دکھائے تھے۔ II۔ اس قوم نے رسولوں کی نافرمانی کی۔ چونکہ تمام رسولوں کا پیغام اور رسالت ایک ہی ہوتی ہے لہذا ایک رسول کی نافرمانی دوسرے رسولوں کی بھی نافرمانی شمار ہوتی ہے۔ III۔ اس قوم نے اللہ کے نمائندوں کی نافرمانی کر کے سرکشوں کی پیروی کی اور اللہ اور اس کے رسول کے مقابلے میں آ گئی۔ ان تین خصلتوں کی وجہ سے وہ دنیا و آخرت دونوں میں اللہ کی رحمت سے دور ہو گئی۔ کیونکہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے، جب کھیتی ہی رحمت سے دور ہو اور اسے مناسب پانی اور روشنی نہ ملے تو جو کچھ کھیتی کی دنیا میں رونما ہوگا وہ اثر فصل پر پڑنا ایک طبعی امر اور واضح بات ہے۔ آیت بتاتی ہے کہ خدا کی طرف سے مقرر شدہ رہنمائی کی مخالفت اور ان کی نافرمانی کا لازمی نتیجہ طاغوت کی غلامی ہے اور طاغوت کی اطاعت دنیا و آخرت میں لعنت خداوندی کا باعث ہے۔

۶۱۔ تاریخ قوم ثمود کے لیے ملاحظہ ہو: اعراف: ۷۳ حضرت صالح (ع) کی دعوت کا مرکزی نکتہ وہی ہے جو تمام انبیاء کا ہے: اے قوم اللہ کی بندگی کرو، بندگی اس ذات کی ہونی چاہیے جس نے تمہیں زندگی دی اور زندہ رہنے کے وسائل بھی دیے۔ اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ: اللہ اور تمہارے درمیان کوئی چیز حائل نہیں ہے۔ تم بتوں کو وسیلہ بنائے بغیر براہ راست استغفار کرو۔ میرا رب قریب ہے، دعاؤں کو قبول کرتا ہے۔

۶۲۔ اس آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت صالح (ع) رسالت پر مبعوث ہونے سے قبل اپنی قوم میں ایک ممتاز مقام رکھتے تھے اور قوم کو ان سے امیدیں وابستہ تھیں، جیسا کہ مکہ والے جناب رسول اکرم (ص) کے بارے میں بھی بعثت سے پہلے اسی قسم کا مؤقف رکھتے تھے۔

۶۳۔ حضرت صالح (ع) منکرین کے سامنے اپنا مؤقف بیان فرماتے ہیں: معجزہ اور نبوت عطا ہونے کے باوجود اگر میں اللہ کی نمائندگی چھوڑ کر تمہاری بات مان لوں اور غنی مطلق کو چھوڑ کر محتاج بندوں کے دروازوں پر دستک دوں اور رحمت کے خزانے کو چھوڑ کر حاجتمندوں کی خالی جھولیوں کو تکتا رہوں تو ہر آن میرے گھاٹے میں اضافہ ہوگا۔

فَمَنْ يَّنْصُرُنِيْ مِنَ اللّٰهِ اِنْ
عَصَيْتُهٗ ۫ فَمَا تَزِيْدُوْنَنِيْ غَيْرَ
تَخْسِيْرٍ ﴿۶۳﴾
وَ يٰقَوْمِ هٰذِهٖ نَاقَةُ اللّٰهِ لَكُمْ اٰيَةً
فَذَرُوْهَا تَاْكُلْ فِيْٓ اَرْضِ اللّٰهِ وَ
لَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَيَاْخُذَكُمْ
عَذَابٌ قَرِيْبٌ ﴿۶۴﴾
فَعَقَرُوْهَا فَقَالَ تَمَتَّعُوْا فِيْ
دَارِكُمْ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ ؕ ذٰلِكَ وَعْدٌ
غَيْرُ مَكْذُوْبٍ ﴿۶۵﴾
فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَمِنْ
خِزْيِ يَوْمِئِذٍ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ
الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿۶۶﴾
وَ اَخَذَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ
فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۶۷﴾
كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَآ اِنَّ
ثَمُوْدَا كَفَرُوْا رَبَّهُمْ ؕ اَلَا بُعْدًا
لِّثَمُوْدَ ﴿۶۸﴾ ع ۶
وَ لَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ
بِالْبُشْرٰى قَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ سَلٰمٌ
فَمَا لَبِثَ اَنْ جَآءَ بِعِجْلٍ حَنِيْذٍ ﴿۶۹﴾
فَلَمَّا رَآٰ اَيْدِيَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَيْهِ

مجھے نوازا ہے تو اگر میں اس کی نافرمانی کروں تو اللہ کے مقابلے میں میری حمایت کون کرے گا؟ تم تو میرے گھاٹے میں صرف اضافہ کر سکتے ہو۔☆

۶۴۔ اور اے میری قوم! یہ اللہ کی اونٹنی تمہارے لیے ایک نشانی ہے لہٰذا اسے آزاد چھوڑ دو کہ اللہ کی زمین میں چرتی رہے اور اسے تکلیف نہ پہنچانا ورنہ تمہیں ایک فوری عذاب گرفت میں لے گا۔☆

۶۵۔ پس انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں تو صالح نے کہا: تم لوگ تین دن اپنے گھروں میں بسر کرو، یہ ناقابل تکذیب وعدہ ہے۔☆

۶۶۔ پھر جب ہمارا فیصلہ آ گیا تو ہم نے صالح اور ان لوگوں کو جو ان کے ساتھ ایمان لائے تھے اپنی رحمت سے نجات دی اور اس دن کی رسوائی سے بھی بچا لیا، یقیناً آپ کا رب بڑا طاقتور، غالب آنے والا ہے۔☆

۶۷۔ اور جنہوں نے ظلم کیا تھا انہیں ایک ہولناک چنگھاڑ نے اپنی لپیٹ میں لے لیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔☆

۶۸۔ گویا وہ ان گھروں میں کبھی بسے ہی نہ تھے، واضح رہے ثمود نے اپنے پروردگار سے کفر کیا آگاہ رہو! ثمود کی قوم کے لیے (رحمت حق سے) دوری ہو۔☆

۶۹۔ اور جب ہمارے فرشتے بشارت لے کر ابراہیم کے پاس پہنچے تو کہنے لگے: سلام، ابراہیم نے (جواباً) کہا: سلام، ابھی دیر نہ گزری تھی کہ ابراہیم ایک بھنا ہوا بچھڑا لے آئے۔☆

۷۰۔ جب ابراہیم نے دیکھا ان کے ہاتھ

۶۵۔ ۶۶ جب قوم ثمود نے اس ناقہ کو مار ڈالا تو حضرت صالح علیہ السلام نے انہیں تین دنوں کی مہلت دی۔ یہ مہلت اس لیے دی گئی کہ کوئی راہ راست پر آنا چاہے تو آ جائے (الکافی) نیز ممکن ہے کہ تین دنوں کی مہلت سے یہ تشخص مل جائے کہ یہ وہی عذاب ہے جس کی دھمکی صالح علیہ السلام نے دی تھی ورنہ اسے اتفاقیہ بھی قرار دے سکتے تھے۔ اللہ نے حضرت صالح (ع) اور مومنین کو عذاب سے بچایا اور رسوائی سے بھی بچایا۔ یعنی ثمود کی ہلاکت کے بعد حضرت صالح علیہ السلام اور مومنین نے عزت و تکریم کی زندگی گزاری۔

۶۷۔ ۶۸ سورہ اعراف آیت ۷۸ میں اس واقعہ کا ذکر ہو چکا ہے، اس فرق کے ساتھ کہ وہاں الرجفۃ زلزلے کا لفظ آیا ہے اور یہاں الصیحۃ ہولناک آواز وارد ہوا ہے۔ ان دونوں میں کوئی منافات نہیں ہے کیونکہ زلزلے کے ساتھ ہولناک گڑگڑاہٹ عموماً ہوا کرتی ہے۔

واضح رہے کہ حضرت صالح (ع) کی اونٹنی کو ایک آدمی نے مارا تھا اور عذاب سب پر اس لیے آیا کہ سب اس بات پر راضی تھے۔ اسلامی تعلیمات میں جرم و نیکی پر راضی ہونا اس میں شریک ہونے کے برابر ہے۔

۶۹۔ یہ فرشتے حضرت ابراہیم (ع) کو بشارت دینے اور قوم لوط کو صفحہ ہستی سے مٹانے کے لیے آئے تھے۔ فرشتے بشری شکل میں آئے اور انہوں نے سلام کیا۔ سلام صرف زمینی ادیان کی نہیں بلکہ آسمانی مخلوقات اور اہل بہشت کی بھی ثقافت ہے۔ بھنے ہوئے بچھڑے سے مہمانوں کی تواضع کی۔ اس سے حضرت ابراہیم (ع) کی مہمان نوازی کے ساتھ ساتھ ان کی سطح زندگی کا بھی کچھ اندازہ ہو جاتا ہے۔

۷۰۔ جب دیکھا کہ ان کے ہاتھ کھانے کی طرف نہیں بڑھ رہے ہیں تو حضرت ابراہیم (ع) کو بادی النظر میں یہ خوف لاحق ہوا کہ کہیں دشمنی کے ارادے سے تو نہیں آئے۔

نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿۷۰﴾ وَامْرَاَتُهٗ قَآئِمَةٌ فَضَحِكَتْ فَبَشَّرْنٰهَا بِاِسْحٰقَ ۙ وَمِنْ وَّرَآءِ اِسْحٰقَ يَعْقُوْبَ ﴿۷۱﴾ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰٓى ءَاَلِدُ وَاَنَا عَجُوْزٌ وَّهٰذَا بَعْلِىْ شَيْخًا ؕ اِنَّ هٰذَا لَشَىْءٌ عَجِيْبٌ ﴿۷۲﴾ قَالُوْۤا اَتَعْجَبِيْنَ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ رَحْمَتُ اللّٰهِ وَبَرَكٰتُهٗ عَلَيْكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ ؕ اِنَّهٗ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ﴿۷۳﴾ فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْ اِبْرٰهِيْمَ الرَّوْعُ وَجَآءَتْهُ الْبُشْرٰى يُجَادِلُنَا فِىْ قَوْمِ لُوْطٍ ؕ ﴿۷۴﴾ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَحَلِيْمٌ اَوَّاهٌ مُّنِيْبٌ ﴿۷۵﴾ يٰۤاِبْرٰهِيْمُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ اِنَّهٗ قَدْ جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ۚ وَاِنَّهُمْ اٰتِيْهِمْ عَذَابٌ غَيْرُ مَرْدُوْدٍ ﴿۷۶﴾ وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا سِىْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّقَالَ هٰذَا يَوْمٌ عَصِيْبٌ ﴿۷۷﴾ وَجَآءَهٗ قَوْمُهٗ يُهْرَعُوْنَ اِلَيْهِ ؕ وَ

اس (کھانے) تک نہیں پہنچتے تو انہیں اجنبی خیال کیا اور ان سے خوف محسوس کیا، فرشتوں نے کہا: خوف نہ کیجیے ہم تو قوم لوط کی طرف بھیجے گئے ہیں۔☆

۷۱۔ اور ابراہیم کی زوجہ کھڑی تھیں پس وہ ہنس پڑیں تو ہم نے انہیں اسحاق کی اور اسحاق کے بعد یعقوب کی بشارت دی۔☆

۷۲۔ وہ بولی: ہائے میری شامت! کیا میرے ہاں بچہ ہوگا جبکہ میں بڑھیا ہوں اور یہ میرے میاں بھی بوڑھے ہیں؟ یقیناً یہ تو بڑی عجیب بات ہے۔☆

۷۳۔ انہوں نے کہا: کیا تم اللہ کے فیصلے پر تعجب کرتی ہو؟ تم اہل بیت پر اللہ کی رحمت اور اس کی برکات ہیں، یقیناً اللہ قابل ستائش، بڑی شان والا ہے۔☆

۷۴۔ پھر جب ابراہیم کے دل سے خوف نکل گیا اور انہیں خوشخبری بھی مل گئی تو وہ قوم لوط کے بارے میں ہم سے بحث کرنے لگے۔☆

۷۵۔ بے شک ابراہیم بردبار، نرم دل، اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے۔☆

۷۶۔ (فرشتوں نے ان سے کہا) اے ابراہیم! اس بات کو چھوڑ دیں، بیشک آپ کے رب کا فیصلہ آچکا ہے اور ان پر ایک ایسا عذاب آنے والا ہے جسے ٹالا نہیں جا سکتا۔

۷۷۔ اور جب ہمارے فرستادے لوط کے پاس آئے تو لوط ان سے رنجیدہ ہوئے اور ان کے باعث دل تنگ ہوئے اور کہنے لگے: یہ بڑا سنگین دن ہے۔

۷۸۔ اور لوط کی قوم بے تحاشا دوڑتی ہوئی

۷۱ تا ۷۳۔ مجمع البیان کا موقف یہ ہے کہ ضحك حیض کے معنوں میں ہے۔ جس وقت حضرت ابراہیم (ع) اور مہمانوں میں گفتگو ہو رہی تھی، اس وقت حضرت سارہ کھڑی گفتگو سن رہی تھیں۔ اس وقت حضرت سارہ کو عالم پیری میں ماہواری آنا شروع ہوگئی اور فرشتوں نے حضرت سارہ کو خوشخبری سنائی کہ آپ کے ہاں بیٹا ہونے والا ہے اور ساتھ ہی پوتے کی خوشخبری بھی دی۔ اس پر حضرت سارہ کو حیرت ہوئی اور اظہار تعجب کیا، کیونکہ بنابر روایت بائبل حضرت ابراہیم (ع) کی عمر ۱۰۰ سال اور حضرت سارہ کی عمر ۹۰ برس تھی۔ فرشتوں نے سارہ کے تعجب و حیرانگی کے جواب میں کہا: اللہ کے فیصلے پر تعجب کرتی ہو جبکہ اس گھرانے پر تو اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں نازل ہوتی رہی ہیں۔ حضرت سارہ ان پاک خواتین میں سے ایک ہیں جو فرشتوں سے ہمکلام ہوئی ہیں۔ فرشتوں نے یہ بشارت حضرت سارہ کو اس لیے دی ہوگی کہ حضرت ابراہیم (ع) کے ہاں حضرت ہاجرہ کے بطن سے حضرت اسماعیل (ع) جیسے جلیل القدر فرزند موجود تھے۔

۷۴۔۷۵ قوم لوط سے عذاب ٹالنے کے لیے حضرت ابراہیم (ع) کا اصرار و تکرار ایک طرف تو ان کی اللہ کے ساتھ گہری محبت و ناز کو ظاہر کرتا ہے، دوسری طرف ان کی نرم دلی اور حلم و بردباری کی عظمت کا غماز ہے۔

۷۸۔ حضرت لوط (ع) کی بدکار قوم نے جب ان خوش شکل لڑکوں کو دیکھا تو حضرت لوط (ع) کے گھر کی طرف دوڑ پڑے۔ شاید فرشتے خوش شکل لڑکوں کی صورت میں اسی لیے آئے ہوں کہ ان کی بدکاری ثابت ہوجائے۔

حضرت لوط (ع) نے فرمایا: جنسی خواہشات کو پورا کرنا ہے تو اس کے لیے شائستہ اور فطری راستہ اختیار کرو اور میری بیٹیاں تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ ہیں۔ پاکیزگی یعنی نکاح۔ یہاں سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کافروں کے ساتھ نکاح کیسے ہو سکتا ہے؟ جواب دیا گیا ہے: ممکن ہے شریعت حضرت لوط (ع) میں کافر سے نکاح جائز ہو نیز ممکن ہے 'میری بیٹیاں' سے مراد قوم کی بیٹیاں ہوں۔

اس واقعے سے مہمان کی عزت اور اس کے وقار کے تحفظ کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔ جس کے لیے حضرت لوط (ع) ہر قربانی دینے کے لیے آمادہ نظر آتے ہیں۔

مِنْ قَبْلُ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ
قَالَ يٰقَوْمِ هٰٓؤُلَآءِ بَنَاتِيْ هُنَّ
اَطْهَرُ لَكُمْ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَلَا
تُخْزُوْنِ فِيْ ضَيْفِيْ ؕ اَلَيْسَ
مِنْكُمْ رَجُلٌ رَّشِيْدٌ ﴿۷۸﴾
قَالُوْا لَقَدْ عَلِمْتَ مَا لَنَا فِيْ بَنٰتِكَ
مِنْ حَقٍّ ۚ وَاِنَّكَ لَتَعْلَمُ مَا نُرِيْدُ ﴿۷۹﴾
قَالَ لَوْ اَنَّ لِيْ بِكُمْ قُوَّةً اَوْ اٰوِيْٓ اِلٰى
رُكْنٍ شَدِيْدٍ ﴿۸۰﴾
قَالُوْا يٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ لَنْ
يَّصِلُوْٓا اِلَيْكَ فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ
بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ
اَحَدٌ اِلَّا امْرَاَتَكَ ؕ اِنَّهٗ مُصِيْبُهَا
مَآ اَصَابَهُمْ ؕ اِنَّ مَوْعِدَهُمُ
الصُّبْحُ ؕ اَلَيْسَ الصُّبْحُ بِقَرِيْبٍ ﴿۸۱﴾
فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِيَهَا
سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهَا حِجَارَةً
مِّنْ سِجِّيْلٍ ۙ مَّنْضُوْدٍ ﴿۸۲﴾
مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ ؕ وَمَا هِيَ مِنَ
الظّٰلِمِيْنَ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۳﴾ ع ۸ الصف
وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ؕ
قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ
مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ وَلَا تَنْقُصُوا

ان کی طرف آئی اور یہ لوگ پہلے سے بدکاری کا ارتکاب کرتے تھے، لوط نے کہا: اے میری قوم! یہ میری بیٹیاں تمہارے لیے زیادہ پاکیزہ ہیں پس تم اللہ کا خوف کرو اور میرے مہمانوں کے سامنے مجھے رسوا نہ کرو، کیا تم میں کوئی ہوشمند آدمی نہیں ہے؟☆

۷۹۔ وہ بولے: تمہیں خوب علم ہے ہمیں تمہاری بیٹیوں سے کوئی غرض نہیں ہے اور یقیناً تمہیں معلوم ہے کہ ہم کیا چاہتے ہیں۔☆

۸۰۔ لوط نے کہا: اے کاش! مجھ میں (تمہیں روکنے کی) طاقت ہوتی یا میں کسی مضبوط سہارے کی پناہ لے سکتا۔☆

۸۱۔ فرشتوں نے کہا: اے لوط! ہم آپ کے رب کے فرستادے ہیں یہ لوگ آپ تک نہیں پہنچ سکیں گے، پس آپ رات کے کسی حصے میں اپنے گھر والوں کو لے کر نکل جائیں اور آپ میں سے کوئی شخص پیچھے مڑ کر نہ دیکھے سوائے آپ کی بیوی کے، بیشک جو عذاب دوسروں پر پڑنے والا ہے وہی اس (بیوی) پر بھی پڑے گا، یقیناً ان کے وعدہ عذاب کا وقت صبح ہے، کیا صبح کا وقت قریب نہیں؟☆

۸۲۔ پس جب ہمارا حکم آ گیا تو ہم نے اس (بستی) کو تہ و بالا کر دیا اور اس پر پختہ مٹی کے پتھروں کی لگاتار بارش برسائی۔☆

۸۳۔ جن پر آپ کے رب کے ہاں (سے) نشانی لگی ہوئی تھی اور یہ (عذاب) ظالموں سے (کوئی) دور نہیں۔☆

۸۴۔ اور مدین کی طرف ہم نے ان کی برادری کے فرد شعیب کو بھیجا، انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی بندگی کرو اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے اور

۷۹۔۸۰ وہ حضرت لوط (ع) ہی کا حوالہ دیتے ہیں اور کہتے کہ یہ مسئلہ تو خود آپؑ کے علم میں ہے کہ آپ کی بیٹیوں میں ہمارا کوئی حق نہیں ہے۔

اس آیت کی تفسیر میں علامہ طباطبائی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ان کے قومی رواج کے مطابق لوگوں کی عورتوں پر بزور بازو قبضہ کرنا درست نہیں تھا، مگر لڑکوں سے اپنی ہوس پوری کرنے میں کوئی حرج نہ تھا۔ (المیزان ۹: ۳۴۰) اور ممکن ہے ان کی ساری رغبت اس گندگی کی طرف ہو گئی ہو اور فطری راہوں کی طرف وہ سرے سے راغب ہی نہ ہوتے ہوں۔

جب حضرت لوط (ع) نے اس عار و ننگ سے بچنے کے تمام ذرائع استعمال کیے۔ وعظ و نصیحت تو شروع سے کرتے رہے، فطری راہوں سے خواہشات پوری کرنے کی تجویز بھی سامنے رکھ دی اور قوم کے کسی ہوشمند آدمی کی بھی تلاش کی جو ان کی مدد کو پہنچے، جب ان سب چیزوں سے مایوس ہوئے تو اس تمنا کا اظہار فرمایا کہ کاش کوئی قوم و قبیلہ ہوتا جو میرا دفاع کرتا یا کوئی جائے پناہ ہوتی جس کا سہارا لیتا۔

۸۱۔ حضرت لوط (ع) کے اضطراب و پریشانی کو دیکھ کر فرشتوں نے اصل راز سے پردہ اٹھایا اور کہا: ہم تو آپؑ کے رب کے بھیجے ہوئے فرشتے ہیں۔ یہ لوگ آپ تک نہیں پہنچ سکیں گے۔ چنانچہ وہ سب اندھے ہو گئے۔

حضرت لوط (ع) کو حکم ہوا کہ خاندان کے تمام افراد کو لے کر نکل جائیں۔ البتہ ان کی بیوی چونکہ خیانت کار تھی، اس لیے کہا گیا کہ وہ ہلاکت میں جائے گی۔ ممکن ہے حضرت لوطؑ نے قوم کی بداعمالیوں اور فحش کاریوں کی بنا پر جلدی عذاب کی درخواست کی تو فرمایا گیا کہ صبح کے وقت عذاب آنے ہی والا ہے۔

۸۲۔۸۳ ممکن ہے یہ عذاب آتش فشانی کے دھماکے کے ساتھ آیا ہو جس میں زلزلہ بھی ہوتا ہے اور زمین کو الٹ کر تہ و بالا بھی کر دیا جاتا ہے اور آتش فشانی کی وجہ سے اوپر سے پتھروں کی بارش بھی ہو سکتی ہے اور ہر پتھر پر نشانی کی کیا تفصیل ہے، آیت اس سلسلے میں خاموش ہے اور ظن و تخمین کی یہاں کوئی گنجائش نہیں ہے۔ کہتے ہیں آج تک بحر لوط کے جنوب اور مشرق کے علاقے میں اس انفجار کے آثار ہر طرف نمایاں ہیں۔

الْمِكْيَالَ وَالْمِيْزَانَ اِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ
بِخَيْرٍ وَّ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ
عَذَابَ يَوْمٍ مُّحِيْطٍ ﴿۸۴﴾
وَ يٰقَوْمِ اَوْفُوا الْمِكْيَالَ
وَالْمِيْزَانَ بِالْقِسْطِ وَلَا تَبْخَسُوا
النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَلَا تَعْثَوْا فِي
الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۸۵﴾
بَقِيَّتُ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ۚ وَمَآ اَنَا عَلَيْكُمْ
بِحَفِيْظٍ ﴿۸۶﴾
قَالُوْا يٰشُعَيْبُ اَصَلٰوتُكَ تَاْمُرُكَ
اَنْ نَّتْرُكَ مَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُنَآ اَوْ اَنْ
نَّفْعَلَ فِيْٓ اَمْوَالِنَا مَا نَشٰٓؤُا ؕ اِنَّكَ
لَاَنْتَ الْحَلِيْمُ الرَّشِيْدُ ﴿۸۷﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كُنْتُ عَلٰى
بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّيْ وَرَزَقَنِيْ مِنْهُ رِزْقًا
حَسَنًا ؕ وَمَآ اُرِيْدُ اَنْ اُخَالِفَكُمْ
اِلٰى مَآ اَنْهٰىكُمْ عَنْهُ ؕ اِنْ اُرِيْدُ
اِلَّا الْاِصْلَاحَ مَا اسْتَطَعْتُ ؕ وَ
مَا تَوْفِيْقِيْٓ اِلَّا بِاللّٰهِ ؕ عَلَيْهِ
تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ﴿۸۸﴾
وَيٰقَوْمِ لَا يَجْرِمَنَّكُمْ شِقَاقِيْٓ اَنْ
يُّصِيْبَكُمْ مِّثْلُ مَآ اَصَابَ قَوْمَ

ناپ اور تول میں کمی نہ کیا کرو، میں تمہیں آسودگی میں دیکھ رہا ہوں اور مجھے ڈر ہے کہ کہیں وہ دن نہ آ جائے جس کا عذاب تمہیں گھیر لے۔

۸۵۔ اور اے میری قوم! انصاف کے ساتھ پورا ناپا اور تولا کرو اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم نہ دیا کرو اور زمین میں فساد کرتے نہ پھرو۔

۸۶۔ اللہ کی طرف سے باقی ماندہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم مومن ہو اور میں تم پر نگہبان تو نہیں ہوں۔☆

۸۷۔ انہوں نے کہا: اے شعیب! کیا تمہاری نماز تمہیں یہ حکم دیتی ہے کہ ہم انہیں چھوڑ دیں جنہیں ہمارے باپ دادا پوجتے آئے ہیں یا ہم اپنے اموال میں اپنی مرضی سے تصرف کرنا بھی چھوڑ دیں؟ صرف تو ہی بڑا بردبار عقلمند آدمی ہے؟☆

۸۸۔ شعیب نے کہا: اے میری قوم! تم یہ تو بتاؤ کہ اگر میں اپنے رب کی طرف سے دلیل کے ساتھ ہوں اور اس نے مجھے اپنے ہاں سے بہترین رزق (نبوت) سے نوازا ہے، میں ایسا تو نہیں چاہتا کہ جس امر سے میں تمہیں منع کروں خود اس کو کرنے لگوں میں تو حسب استطاعت فقط اصلاح کرنا چاہتا ہوں اور مجھے صرف اللہ ہی سے توفیق ملتی ہے، اسی پر میرا توکل ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔☆

۸۹۔ اور اے میری قوم! میری مخالفت کہیں اس بات کا موجب نہ بنے کہ تم پر بھی وہی عذاب آ جائے جو قوم نوح یا قوم ہود یا

۸۶۔ حضرت شعیبؑ نے اپنی قوم کو جہاں الٰہی اقدار سے روشناس کرانے کی کوشش کی وہاں ان کو ناجائز ذرائع سے کمانے اور معاشرے میں معاشی بگاڑ پیدا کرنے سے روکا۔ آپ نے انہیں جائز منافع پر اکتفا کرنے کی نصیحت کی۔ اس آیت میں عادلانہ معاملات کے ذریعے حاصل شدہ جائز منافع کو بَقِيَّتُ اللّٰهِ سے تعبیر کرنا یہ بتاتا ہے کہ کسی مومن تاجر کے لیے جائز ذرائع سے حاصل ہونے والا منافع اللہ کی عنایت اور اس کی طرف سے بقا کا ضامن ہے۔

۸۷۔ وہ بطور طنز کہتے تھے: کیا تمہاری نماز کا یہی تقاضا ہے کہ ہم اپنے معبودوں کی پوجا ترک کر دیں؟ وہ حضرت شعیب علیہ السلام کے دین اور ان کی نماز کو طنز کا نشانہ بناتے تھے کیونکہ وہ دیکھ رہے تھے کہ اس نماز کے اثرات عبادت و معاملات پر یکساں طور پر مترتب ہو رہے ہیں۔ اس نماز میں توحید پرستی ہے جس میں بت پرستی اور شرک کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے اور اس نماز کے اثرات مالی معاملات پر بھی مترتب ہو رہے ہیں۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ دین و مذہب صرف عبادتی رسوم کا نام نہیں ہے بلکہ یہ تمدن معاشرت سیاست اور معاشی نظام پر مشتمل ایک جامع نظام کا نام ہے۔ قدیم جاہلیت کا بھی یہی نظریہ تھا جو آج کل کے روشن خیالوں کا ہے کہ دین کو انسانی زندگی میں مداخلت کا حق نہیں ہے۔ چنانچہ قدیم جاہلیت کو اس بات پر سخت اعتراض تھا کہ دین و مذہب، اقتصادی امور میں مداخلت کرے اور اپنے اموال میں ہر قسم کے تصرفات کی پوری آزادی نہ ہو۔ اس طرح کل کی غیر منظم جاہلیت اور آج کی منظم جاہلیت میں فکری یکسانیت پائی جاتی ہے۔

۸۸۔ حق کے داعی کی سچائی پر بہترین دلیل یہ ہوتی ہے کہ وہ جو کچھ دوسروں سے کہتا ہے اسی پر خود بھی عمل کرتا ہے اور جن قدروں کی طرف وہ دوسروں کو بلاتا ہے وہ قدریں خود اس کے لیے سب سے زیادہ عزیز ہوتی ہیں۔ لہٰذا داعی الی الحق اور مصلح ایسا نہیں کرتا کہ دوسروں کو حرام مال کھانے سے منع کرے اور خود مختلف توجیہات کر کے حرام کھائے۔

حضرت شعیبؑ فرماتے ہیں: میں استحصالی نہیں ہوں، میں مصلح ہوں۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ ان اصلاحی اقدار پر خود سب سے زیادہ کاربند ہوں اور اس دعوت و عمل کے لیے اللہ کی توفیق کا محتاج ہوں۔

نُوْحٍ اَوْ قَوْمَ هُوْدٍ اَوْ قَوْمَ صٰلِحٍ ؕ وَ
مَا قَوْمُ لُوْطٍ مِّنْكُمْ بِبَعِيْدٍ ﴿۸۹﴾
وَ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْٓا
اِلَيْهِ ؕ اِنَّ رَبِّيْ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ ﴿۹۰﴾
قَالُوْا يٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيْرًا
مِّمَّا تَقُوْلُ وَ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْنَا
ضَعِيْفًا ۚ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنٰكَ ۖ
وَمَآ اَنْتَ عَلَيْنَا بِعَزِيْزٍ ﴿۹۱﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اَرَهْطِيْٓ اَعَزُّ
عَلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاتَّخَذْتُمُوْهُ
وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ؕ اِنَّ رَبِّيْ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ مُحِيْطٌ ﴿۹۲﴾
وَ يٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ
اِنِّيْ عَامِلٌ ؕ سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۙ مَنْ
يَّاْتِيْهِ عَذَابٌ يُّخْزِيْهِ وَ مَنْ هُوَ
كَاذِبٌ ؕ وَارْتَقِبُوْٓا اِنِّيْ مَعَكُمْ
رَقِيْبٌ ﴿۹۳﴾
وَ لَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَّ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا
وَاَخَذَتِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ
فَاَصْبَحُوْا فِيْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۹۴﴾ ۙ
كَاَنْ لَّمْ يَغْنَوْا فِيْهَا ؕ اَلَا بُعْدًا
لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُوْدُ ﴿۹۵﴾ ع ۸ ۱۳

صالح کی قوم پر آیا تھا اور لوط کی قوم (کا زمانہ) تو تم سے دور بھی نہیں ہے۔☆

۹۰۔ اور تم لوگ اپنے رب سے مغفرت طلب کرو پھر اس کے آگے توبہ کرو، میرا رب یقیناً بڑا رحم کرنے والا، محبت کرنے والا ہے۔

۹۱۔ انہوں نے کہا: اے شعیب! تمہاری اکثر باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں اور بیشک تم ہمارے درمیان بے سہارا بھی نظر آتے ہو اور اگر تمہارا قبیلہ نہ ہوتا تو ہم تمہیں سنگسار کر چکے ہوتے (کیونکہ) تمہیں ہم پر کوئی بالادستی حاصل نہیں ہے۔☆

۹۲۔ شعیب نے کہا: اے میری قوم! کیا میرا قبیلہ تمہارے لیے اللہ سے زیادہ اہم ہے کہ تم نے اللہ کو پس پشت ڈال دیا ہے؟ میرا رب یقیناً تمہارے اعمال پر احاطہ رکھتا ہے۔☆

۹۳۔ اور اے میری قوم! تم اپنی جگہ پر عمل کرتے جاؤ میں بھی عمل کرتا جاؤں گا، عنقریب تمہیں پتہ چل جائے گا کہ رسوا کن عذاب کس پر آتا ہے اور جھوٹا کون ہے، پس تم بھی انتظار کرو میں بھی تمہارے ساتھ انتظار میں ہوں۔☆

۹۴۔ اور جب ہمارا فیصلہ آ گیا تو ہم نے شعیب اور ان کے ساتھ ایمان لانے والوں کو اپنی رحمت سے نجات دی اور ظالموں کو ہولناک چیخ نے آ لیا اور وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔

۹۵۔ گویا کہ وہاں کبھی بسے ہی نہ تھے، آگاہ رہو! قوم مدین (رحمت حق سے) اس طرح دور ہو جس طرح قوم ثمود دور ہوئی۔

۸۹۔ حضرت شعیبؑ کی قوم بلحاظ زمانہ بھی قوم لوط (ع) سے قریب تھی اور از لحاظ مکان بھی قریب تھی۔ چنانچہ قوم لوط (ع) کی سرزمین سدوم سے دور نہ تھی جو بحر مردار جسے بحر لوط بھی کہتے ہیں کے کنارے پر آباد تھی۔

۹۱۔ عموماً تنگ نظر لوگ اپنے خیالات سے مختلف باتوں کو سننے اور سمجھنے کے لیے آمادہ نہیں ہوتے۔ چنانچہ مکے کے لوگ بھی اس تنگ نظری میں کسی سے کم نہ تھے۔ اسی مناسبت سے حضرت شعیبؑ کا قصہ بیان کیا جا رہا ہے اور اسی مناسبت سے مشرکین مکہ بھی بنی ہاشم کے خوف کی وجہ سے حضورؐ کی طرف ہاتھ نہیں بڑھاتے تھے۔

۹۲۔ قوم کے توہین آمیز موقف کے جواب میں حضرت شعیبؑ نے ان کے فکری سفلہ پن اور عقلی بے مائیگی کو بیان کرتے ہوئے فرمایا: تم اللہ کے مقابلے میں ایک قبیلے کے چند افراد کو طاقتور اور قابل لحاظ سمجھتے ہو۔ لیکن جس ذات کے قبضے میں ان کی جان ہے، اس سے بے پرواہی برتتے اور اسے پس پشت ڈالتے ہو اور چند بے بس انسانوں سے خوفزدہ ہوتے ہو۔

۹۳۔ حضرت شعیبؑ ملکوتی طاقت کے حوالے سے بات کر رہے ہیں۔ جو لوگ اپنے آپ کو طاقتور اور حضرت شعیبؑ کو کمزور خیال کر رہے تھے ان سے فرمایا: اگر تم کوئی طاقت رکھتے ہو تو اس پر بھروسہ کرو۔

وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَ
سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۹۶﴾
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاتَّبَعُوْۤا
اَمْرَ فِرْعَوْنَ ۚ وَمَاۤ اَمْرُ فِرْعَوْنَ
بِرَشِيْدٍ ﴿۹۷﴾
يَقْدُمُ قَوْمَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَاَوْرَدَهُمُ
النَّارَ ؕ وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُوْدُ ﴿۹۸﴾
وَ اُتْبِعُوْا فِيْ هٰذِهٖ لَعْنَةً وَّ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُوْدُ ﴿۹۹﴾
ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْقُرٰى نَقُصُّهٗ
عَلَيْكَ مِنْهَا قَآئِمٌ وَّ حَصِيْدٌ ﴿۱۰۰﴾
وَ مَا ظَلَمْنٰهُمْ وَ لٰكِنْ ظَلَمُوْۤا
اَنْفُسَهُمْ فَمَاۤ اَغْنَتْ عَنْهُمْ
اٰلِهَتُهُمُ الَّتِيْ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
مِنْ شَيْءٍ لَّمَّا جَآءَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ وَمَا
زَادُوْهُمْ غَيْرَ تَتْبِيْبٍ ﴿۱۰۱﴾
وَ كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَاۤ اَخَذَ
الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ ؕ اِنَّ
اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۰۲﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّمَنْ خَافَ
عَذَابَ الْاٰخِرَةِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمٌ
مَّجْمُوْعٌ ۙ لَّهُ النَّاسُ وَ ذٰلِكَ يَوْمٌ
مَّشْهُوْدٌ ﴿۱۰۳﴾

۹۶۔ اور بتحقیق موسیٰ کو ہم نے اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجا۔

۹۷۔ فرعون اور ان کے درباریوں کی طرف، پھر بھی انہوں نے فرعون کے حکم کی پیروی کی، جب کہ فرعون کا حکم عقل کے مطابق نہ تھا۔

۹۸۔ قیامت کے دن وہ اپنی قوم کے آگے ہوگا اور انہیں جہنم تک پہنچا دے گا، کتنی بری جگہ ہے جہاں یہ وارد کیے جائیں گے۔ ☆

۹۹۔ اور اس دنیا میں بھی لعنت ان کے تعاقب میں ہے اور قیامت کے دن بھی، کتنا برا صلہ ہے یہ جو (کسی کے) حصے میں آئے ☆

۱۰۰۔ یہ ہیں ان بستیوں کے حالات جو ہم آپ کو سنا رہے ہیں، ان میں سے بعض کھڑی ہیں اور بعض کی جڑیں کٹ چکی ہیں۔ ☆

۱۰۱۔ اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ انہوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا، پس جب آپ کے رب کا حکم آ گیا تو اللہ کے سوا جن معبودوں کو وہ پکارتے تھے وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آئے اور انہوں نے تباہی کے سوا کسی چیز میں اضافہ نہ کیا۔

۱۰۲۔ اور آپ کے رب کی پکڑ اسی طرح ہے جب وہ کسی ظالم بستی کو اپنی گرفت میں لیتا ہے، تو اس کی گرفت یقیناً دردناک اور سخت ہوا کرتی ہے۔

۱۰۳۔ عذاب آخرت سے ڈرنے والے کے لیے یقیناً اس میں نشانی ہے، وہ ایسا دن ہوگا جس میں سب لوگ جمع کیے جائیں گے اور وہ ایسا دن ہوگا جس میں سب حاضر کیے جائیں گے۔ ☆

۹۸۔ ۹۹ اس آیت اور دیگر آیات سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو لوگ دنیا میں لوگوں کو گمراہ کرنے میں پیش پیش ہوتے ہیں وہی قیامت کے دن انہیں جہنم کی طرف لے جانے میں آگے آگے ہوں گے۔

اورد یعنی ان کو پانی کے گھاٹ پر اتارا۔ جیسے کہ چرواہا جانوروں کو پانی کے گھاٹ کی طرف لے جاتا ہے، یہ کافر بھی جانوروں کی طرح بلا سوچے سمجھے ان گمراہوں کے پیچھے چلتے رہے۔ کل قیامت کے روز جب ان کے پیرو ان کے پیچھے جہنم کی طرف جا رہے ہوں گے تو ان پر لعنتوں کی بوچھاڑ کرتے جا رہے ہوں گے۔ لعنتوں کا یہ صلہ کتنا برا صلہ ہوگا۔

اس آیہ شریفہ میں عذاب جہنم کو پانی کے گھاٹ اور عذاب کو عطیے اور صلے کے ساتھ تعبیر کیا گیا ہے، یہ بتانے کے لیے کہ انسان کو اپنی تشنگی رفع کرنے کے لیے پانی اور ثواب و صلہ کی طرف جانا چاہیے تھا، لیکن فرعون جیسے رہنما ان کو پانی کی بجائے جہنم اور صلہ و عطیہ کی جگہ عذاب کی طرف لے جاتے ہیں۔

۱۰۰۔ بعض بستیاں جن پر ہلاکت آ گئی ان کے آثار نزول وحی کے زمانے تک، بلکہ بعض تو آج تک موجود ہیں۔ جیسے عاد اور ثمود کی بستیوں کے آثار اب تک موجود ہیں۔

ان کی ہلاکت کی وجہ غیر اللہ سے ان کی وابستگی تھی۔ جب عذاب کا وقت آیا تو انہیں بچانے والا کوئی نہ تھا۔ جنہیں وہ پکارتے تھے وہی ان کی ہلاکت کا سبب بن گئے تو انہیں کون بچائے؟

۱۰۳۔ قوموں کے انحطاط اور زوال میں عمیق مطالعہ کرنے والوں کے سامنے یہ حقیقت عیاں ہے کہ یہ ہلاکتیں ایک اندھے اتفاق کے طور پر وقوع پذیر نہیں ہوتیں، بلکہ کائنات پر حاکم ایک جامع قانون اور حکمت آمیز مکافاتِ عمل کا نتیجہ اور قیامت میں پیش آنے والے مکافات کا نمونہ ہیں۔

وَمَا نُؤَخِّرُهٗۤ اِلَّا لِاَجَلٍ مَّعْدُوْدٍ ﴿۱۰۴﴾

۱۰۴۔اور ہم اس دن کے لانے میں فقط ایک مقررہ وقت کی وجہ سے تاخیر کرتے ہیں۔

يَوْمَ يَاْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَّسَعِيْدٌ ﴿۱۰۵﴾

۱۰۵۔جب وہ دن آئے گا تو اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی بات نہ کر سکے گا، پھر ان میں سے کچھ لوگ بدبخت اور کچھ نیک بخت ہوں گے۔☆

فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِى النَّارِ لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ﴿۱۰۶﴾

۱۰۶۔پس جو بدبخت ہوں گے وہ جہنم میں جائیں گے جس میں وہ چلائیں گے اور دھاڑیں گے۔

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۰۷﴾

۱۰۷۔وہ ہمیشہ اسی میں رہیں گے جب تک آسمانوں اور زمین کا وجود ہے مگر یہ کہ آپ کا رب (نجات دینا) چاہے، بیشک آپ کا رب جو ارادہ کرتا ہے اسے خوب بجا لاتا ہے۔☆

وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِى الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ﴿۱۰۸﴾

۱۰۸۔اور جو نیک بخت ہوں گے وہ جنت میں ہوں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین کا وجود ہے مگر جو آپ کا رب چاہے، وہاں منقطع نہ ہونے والی بخشش ہو گی۔☆

فَلَا تَكُ فِىْ مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هٰٓؤُلَآءِ ؕ مَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا كَمَا يَعْبُدُ اٰبَآؤُهُمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ وَاِنَّا لَمُوَفُّوْهُمْ نَصِيْبَهُمْ غَيْرَ مَنْقُوْصٍ ﴿۱۰۹﴾ ع

۱۰۹۔ (اے نبی) جس کی یہ لوگ پوجا کر رہے ہیں اس سے آپ کو شبہ نہ ہو، یہ لوگ اسی طرح پوجا کر رہے ہیں جس طرح پہلے ان کے باپ دادا پوجا کرتے تھے اور ہم انہیں ان کا حصہ (عذاب) بغیر کسی نقص و کسر کے پورا کرنے والے ہیں۔☆

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَاخْتُلِفَ فِيْهِ ؕ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيْنَهُمْ ؕ وَاِنَّهُمْ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۱۰﴾

۱۱۰۔بتحقیق ہم نے موسیٰ کو کتاب دی پھر اس کے بارے میں اختلاف کیا گیا اور اگر آپ کے رب کی طرف سے فیصلہ کن کلمہ نہ کہا گیا ہوتا تو ان کا بھی فیصلہ ہو چکا ہوتا اور وہ اس بارے میں تردد میں ڈالنے والے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

وَاِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ اَعْمَالَهُمْ ؕ اِنَّهٗ بِمَا يَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱۱﴾

۱۱۱۔اور بے شک آپ کا رب ان سب کے اعمال کا پورا بدلہ ضرور دے گا، وہ ان کے اعمال سے یقیناً خوب باخبر ہے۔

فَاسْتَقِمْ كَمَاۤ اُمِرْتَ وَمَنْ تَابَ

۱۱۲۔جیسا کہ آپ کو حکم دیا گیا ہے آپ اور

۱۰۵۔ قیامت کے دن اللہ کی اجازت کے بغیر کوئی بات نہیں کر سکے گا۔ یعنی اللہ کی بارگاہ سے کسی قسم کی شفاعت اور التجا کرنے کی کسی کو جرأت نہ ہو گی مگر یہ کہ اللہ اجازت دے دے۔

۱۰۷۔ جہنمی زندگی کی ابدیت کو بتاتے ہوئے فرمایا: جب تک آسمان و زمین موجود ہوں گے یہ لوگ جہنم میں رہیں گے۔ اس سے جہنم کے آسمان و زمین مراد ہیں، ورنہ دنیاوی آسمان و زمین تو نابود ہو چکے ہوں گے۔

۱۰۸۔ جو نیک بخت لوگ جنت میں داخل ہوں گے وہ اللہ کے وعدے کے مطابق ہے اور یہ ناممکن ہے کہ اللہ اپنے وعدے کے خلاف ورزی کرے، لہذا یہ ناممکن ہے کہ کوئی نیک بخت جنت میں نہ جائے اور ساتھ یہ بھی وعدہ ہے کہ وہ ہمیشہ جنت میں رہیں گے، لہٰذا یہ بھی ناممکن ہے کہ اللہ کسی کو جنت سے نکال دے۔ اس لیے فرمایا کہ جنت کی بخشش غیر مقطوع اور دائمی ہے۔ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ صرف اپنی قدرت کاملہ و تصرف کو بتانے کے لیے ہے کہ یہ امر کسی مجبوری کی وجہ سے نہیں ہے، اللہ ہر وقت ہر عمل پر قادر ہے۔

۱۰۹۔ تاریخ اقوام و ملل اور ان کے انحطاط و ہلاکت کی عبرت انگیز داستانیں بیان فرمانے کے بعد فرمایا: یہ لوگ بھی انہی خطوط پر چل رہے ہیں۔ انحطاط و ہلاکت کے عوامل ان میں بھی موجود ہیں۔ لہٰذا یہ لوگ ہماری سنت جاریہ کے مطابق پوری طرح مکافات عمل کی گرفت میں آجائیں گے۔ بت پرستوں کا انجام بھی وہی ہو گا۔ یہاں رسول کریمؐ کی تسلی خاطر بھی مراد ہے اور ساتھ یہ بھی بیان کرنا مقصود ہے کہ جن بتوں کی یہ لوگ جو پوجا کر رہے ہیں وہ اس قابل نہیں ہے کہ اس کے بارے میں شک کیا جائے بلکہ ہر صاحب عقل کو پہلی نظر میں ہی اسے مسترد کر دینا چاہیے۔

۱۱۲۔ جس عظیم انقلاب کا حضورؐ نے بیڑا اٹھایا تھا وہ ایک سنگین ذمہ داری ہے۔ چونکہ یہ انقلاب ایسی قوم میں لانا مقصود تھا جو ہر اعتبار سے پسماندہ اور تمام اقدار سے ناآشنا تھی، خصوصاً جس انقلاب کی بنیاد لوگوں کے عقائد و مقدسات کو مسترد کرنے پر استوار ہو تو اسے ایک لامحدود نفرت و حقارت کا بھی مقابلہ کرنا پڑتا ہے پھر ایک مدت تک مشکلات و مصائب برداشت کرنے کے بعد توقع کی جاتی ہے کہ اب شاید فتح و ظفر کی کوئی نوید آنے والی ہے۔ اتنے میں مزید استقامت اور ثابت قدمی کا حکم زوردار

مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ؕ اِنَّهٗ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۱۱۲﴾
وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ
دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا
تُنْصَرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَ
زُلَفًا مِّنَ الَّيْلِ ؕ اِنَّ الْحَسَنٰتِ
يُذْهِبْنَ السَّيِّاٰتِ ؕ ذٰلِكَ ذِكْرٰى
لِلذّٰكِرِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ ۚ
وَاصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۵﴾
فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْ قَبْلِكُمْ
اُولُوْا بَقِيَّةٍ يَّنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي
الْاَرْضِ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّنْ اَنْجَيْنَا
مِنْهُمْ ۚ وَاتَّبَعَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَآ
اُتْرِفُوْا فِيْهِ وَكَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾
وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرٰى
بِظُلْمٍ وَّاَهْلُهَا مُصْلِحُوْنَ ﴿۱۱۷﴾
وَلَوْ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً
وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ
خَلَقَهُمْ ؕ وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ

وہ لوگ بھی جو آپ کے ساتھ (اللہ کی طرف) پلٹ آئے ہیں ثابت قدم رہیں اور (حد سے) تجاوز بھی نہ کریں، اللہ تمہارے اعمال کو یقیناً خوب دیکھنے والا ہے۔☆

۱۱۳۔اور جنہوں نے ظلم کیا ہے ان پر تکیہ نہ کرنا ورنہ تمہیں جہنم کی آگ چھو لے گی اور اللہ کے سوا تمہارا کوئی سرپرست نہ ہو گا پھر تمہاری کوئی مدد بھی نہیں کی جائے گی۔☆

۱۱۴۔اور نماز قائم کرو دن کے دونوں سروں اور رات کے کچھ حصوں میں، نیکیاں بیشک برائیوں کو دور کر دیتی ہیں، نصیحت ماننے والوں کے لیے یہ ایک نصیحت ہے۔☆

۱۱۵۔اور صبر کرو یقیناً اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔

۱۱۶۔تم سے پہلے قوموں میں عقل وخرد والے کیوں نہیں رہے جو زمین میں فساد پھیلانے سے منع کرتے سوائے ان چند افراد کے جنہیں ہم نے ان میں سے بچا لیا تھا؟ اور ظالم لوگ ان چیزوں کے پیچھے لگے رہے جن میں عیش ونوش تھا اور وہ جرائم پیشہ لوگ تھے۔

۱۱۷۔اور آپ کا رب ان بستیوں کو ناحق تباہ نہیں کرتا اگر ان کے رہنے والے اصلاح پسند ہوں۔☆

۱۱۸۔اور اگر آپ کا رب چاہتا تو تمام لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا مگر وہ ہمیشہ اختلاف کرتے رہیں گے۔☆

۱۱۹۔سوائے ان کے جن پر آپ کے پروردگار نے رحم فرمایا ہے اور اسی کے لیے تو اللہ نے انہیں پیدا کیا ہے اور تیرے رب کا وہ فیصلہ

الفاظ میں آتا ہے تو یہ حکم اور سنگین ہو جاتا ہے۔ اسی وجہ سے رسول کریمؐ سے روایت ہے: شیبتنی سورۃ ھود۔ مجھے سورہ ھود نے بوڑھا کر دیا۔ (وسائل الشیعۃ ۶:۱۷۲)

۱۱۳۔اسلامی سیاست و معاشرت کی ایک اہم ترین اساس ظلم و ناانصافی کی نفی ہے، اس لیے ظالموں کے ساتھ اس قسم کے تعلقات ممنوع ہو گئے جن سے ظالم کی بالادستی قائم رہتی ہو۔ ظالم پر تکیہ کرنا ظالم کے ظلم کی عملی تائید ہے۔

۱۱۴۔اس آیت میں دن کے دونوں سروں سے مراد بعض احادیث کے مطابق صبح اور مغرب کی نمازیں ہیں اور رات کے کچھ حصوں سے مراد عشا کی نماز ہے۔ اس آیت میں نماز ظہرین کا ذکر نہیں ہے۔ اس کی وجہ ممکن ہے یہ ہو کہ ابتدائے تشریع نماز میں نمازوں کے اوقات یہی ہوں اور معراج کے بعد پانچ نمازیں فرض کی گئیں، جیسا کہ بعض مفسرین کہتے ہیں اور ضروری بھی نہیں کہ تمام نمازوں کا ذکر ہر جگہ ہو۔

نیکیاں برائی کو دور کر دیتی ہیں۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے: صَلَاةُ الْمُؤْمِنِ بِاللَّيْلِ تَذْهَبُ بِمَا عَمِلَ مِنْ ذَنْبِ النَّهَارِ۔ مؤمن کی رات کی نماز، دن کے گناہوں کو دور کر دیتی ہے۔ (مستدرک الوسائل ۶:۳۳۰)

۱۱۷۔ وہ جماعت جو خیر کی طرف دعوت دے، وہ اہل ارض کے لیے امان ہے۔

۱۱۸۔۱۱۹ آیت میں مذکور اختلاف سے مراد اختلاف در دین ہے۔ اِلَّا مَنْ رَّحِمَ رَبُّكَ استثنا ہے لَا يَزَالُوْنَ مُخْتَلِفِيْنَ سے، لِذٰلِكَ اشارہ ہے رحمت کی طرف۔ لَجَعَلَ النَّاسَ میں جعل سے مراد جبر ہے۔ آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے: اگر اللہ چاہتا تو سب لوگوں کو ایک ہی امت رہنے پر مجبور کر دیتا۔ مگر اللہ نے ایسا نہیں چاہا۔ نتیجتاً لوگ اختلاف در دین کرتے رہیں گے۔ صرف وہ لوگ اختلاف نہیں کریں گے جو اللہ کی رحمت کے اہل ہیں۔ اللہ نے لوگوں کو اسی لیے خلق کیا تھا کہ وہ اختلاف نہ کریں اور اللہ کی رحمت ان کے شامل حال رہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: خَلَقَهُمْ لِيَفْعَلُوا مَا يَسْتَوْجِبُونَ بِهِ رَحْمَتَهُ فَيَرْحَمَهُمْ۔ (وسائل الشیعۃ ۱:۸۴) اللہ نے انہیں اس لیے خلق فرمایا کہ وہ ایسے اعمال بجا لائیں جو موجب رحمت خدا ہوں۔ پھر اللہ ان پر رحم کرے۔

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۱۹﴾
وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ
الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهٖ فُؤَادَكَ ۚ
وَجَآءَكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَقُّ وَ
مَوْعِظَةٌ وَّذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۰﴾
وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ اعْمَلُوْا
عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنَّا عٰمِلُوْنَ ﴿۱۲۱﴾
وَانْتَظِرُوْا ۚ اِنَّا مُنْتَظِرُوْنَ ﴿۱۲۲﴾
وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ
اِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ وَ
تَوَكَّلْ عَلَيْهِ ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ
ع عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۲۳﴾

﴿۱۲ سُوْرَةُ يُوْسُفَ مَكِّيَّةٌ ۱۱۱﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۱﴾
اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ
تَعْقِلُوْنَ ﴿۲﴾
نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ اَحْسَنَ
الْقَصَصِ بِمَاۤ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ هٰذَا
الْقُرْاٰنَ ۖ وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ
الْغٰفِلِيْنَ ﴿۳﴾
اِذْ قَالَ يُوْسُفُ لِاَبِيْهِ يٰۤاَبَتِ اِنِّيْ

پورا ہو گیا (جس میں فرمایا تھا) کہ میں جہنم کو ضرور بالضرور جنات اور انسانوں سب سے بھر دوں گا۔☆

۱۲۰۔ اور (اے رسول) ہم پیغمبروں کے وہ تمام حالات آپ کو بتاتے ہیں جن سے ہم آپ کو ثبات قلب دیتے ہیں اور ان کے ذریعے حق بات آپ تک پہنچ جاتی ہے نیز مومنین کے لیے نصیحت اور یاددہانی ہو جاتی ہے۔☆

۱۲۱۔ اور جو لوگ ایمان نہیں لاتے ان سے کہہ دیجیے: تم اپنی جگہ عمل کرتے جاؤ ہم بھی عمل کرتے جائیں گے۔☆

۱۲۲۔ اور تم انتظار کرو ہم بھی انتظار کریں گے۔☆

۱۲۳۔ اور آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا علم صرف اللہ کو ہے اور سارے امور کا رجوع اسی کی طرف ہے لہٰذا اسی کی عبادت کرو اور اسی پر بھروسا کرو اور تمہارا رب تمہارے اعمال سے غافل نہیں ہے۔☆

سورۂ یوسف ۔ مکی ۔ آیات ۱۱۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف لام را ، یہ واضح کتاب کی آیات ہیں۔

۲۔ ہم نے اسے عربی قرآن بنا کر نازل کیا تا کہ تم سمجھ سکو۔

۳۔ ہم اس قرآن کو آپ کی طرف وحی کر کے آپ سے بہترین قصہ بیان کرنا چاہتے ہیں اور آپ اس سے پہلے (ان واقعات سے) بے خبر تھے۔☆

۴۔ جب یوسف نے اپنے باپ سے کہا: اے بابا! میں نے (خواب میں) گیارہ ستاروں

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: اھل الرحمة لا یختلفون فی الدین۔ (بحار الانوار ۲۴: ۴۰۴) جو اہل رحمت ہیں وہ دین کے بارے میں اختلاف نہیں کرتے۔

۱۲۰۔ اس سورے میں تاریخ انبیاء بیان فرمانے کے بعد اس تاریخ کے بیان کے فوائد و اغراض کا بیان ہے تا کہ اس سے قلب رسولؐ کو ثبات ملے چونکہ گزشتہ انبیاء (ع) بھی ایسے ہی نامساعد اور مشکل حالات سے دوچار رہے اور آخر میں ہمیشہ نتائج انبیا (ع) کے حق میں رہے اور مخالفین نابود ہو گئے۔

۱۲۱-۱۲۲ مطالعۂ تاریخ کے بعد جب آپ کا دل مطمئن ہو گیا کہ آخر فتح آپؐ کی ہے اور آپؐ کے معاندین کے نصیب میں رسوائی اور نابودی ہے تو بے خوف ہو کر دوٹوک لفظوں میں اعلان کرو: کافرو! اپنی پوری طاقت صرف کر کے جو کچھ کر سکتے ہو کرو۔ ظلم و ستم توڑتے جاؤ، تحقیر و تکذیب اور استہزاء کرتے جاؤ، طعنے دیتے جاؤ، ہم بھی پوری استقامت کے ساتھ انقلاب کا عمل جاری رکھیں گے۔ آؤ ہم دونوں اس تاریخ ساز مقابلے کے انجام کا انتظار کرتے ہیں۔

۱۲۳۔ اس کے بعد اس عمل اور انتظار کے انجام کے بارے میں فرمایا: انجام ان لوگوں کے حق میں ہو گا، جن کا تعلق اس ذات سے ہے جو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا علم رکھتی ہے اور تمام معاملات کی بازگشت بھی اسی کی طرف ہے اور کسی کے عمل سے وہ غافل بھی نہیں ہے۔ انجام کی کامیابی کے لیے صرف اسی کی عبادت کرنی چاہیے اور صرف اسی پر توکل کرنا چاہیے۔

سورۂ یوسف

۳۔ اس قصے کو قرآن نے احسن القصص اس لیے کہا کہ اس میں متعدد کرداروں اور ان کے انجام کا ذکر ہے۔ پدری شفقت، آتش حسد اور اس کا انجام، اسارت و غلامی، پرتعیش زندگی، عورت کی مکاری، پاکدامنی و عفت کی راہ میں قربانی، زندان کی زندگی۔ صرف اللہ سے امیدیں وابستہ کرنے کا درس، طاقت کے باوجود عفو و درگزر، حکمرانی کے آداب، عدل و انصاف، قحط زدہ سالوں میں اقتصادی منصوبہ بندی کی اہمیت وغیرہ۔

۴۔ یوسف بن یعقوب بن اسحاق بن ابراہیم علیہم السلام۔ آپ غالباً ۱۹۱۰ قبل مسیح میں فلسطین کی وادی حبرون جسے آج کل الخلیل کہتے ہیں، میں پیدا

رَاَيْتُ اَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَّ
الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ رَاَيْتُهُمْ لِيْ
سٰجِدِيْنَ ۝۴
قَالَ يٰبُنَيَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ
عَلٰٓى اِخْوَتِكَ فَيَكِيْدُوْا لَكَ كَيْدًا ؕ
اِنَّ الشَّيْطٰنَ لِلْاِنْسَانِ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۝۵
وَ كَذٰلِكَ يَجْتَبِيْكَ رَبُّكَ
وَيُعَلِّمُكَ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ وَ
يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ
يَعْقُوْبَ كَمَآ اَتَمَّهَا عَلٰٓى اَبَوَيْكَ
مِنْ قَبْلُ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ ؕ اِنَّ
ع ۱۱ رَبَّكَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۶
لَقَدْ كَانَ فِيْ يُوْسُفَ وَاِخْوَتِهٖٓ اٰيٰتٌ
لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝۷
اِذْ قَالُوْا لَيُوْسُفُ وَاَخُوْهُ اَحَبُّ
اِلٰٓى اَبِيْنَا مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ؕ اِنَّ
اَبَانَا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۝۸ۚ
اقْتُلُوْا يُوْسُفَ اَوِ اطْرَحُوْهُ اَرْضًا
يَّخْلُ لَكُمْ وَجْهُ اَبِيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا
مِنْۢ بَعْدِهٖ قَوْمًا صٰلِحِيْنَ ۝۹
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا
يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ
الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ

کو دیکھا ہے اور سورج اور چاند کو میں نے دیکھا کہ وہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں۔☆

۵۔ کہا: بیٹا! اپنا خواب اپنے بھائیوں سے بیان نہ کرنا ورنہ وہ آپ کے خلاف کوئی چال سوچیں گے کیونکہ شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔

۶۔ اور آپ کا رب اسی طرح آپ کو برگزیدہ کرے گا اور آپ کو خوابوں کی تعبیر سکھائے گا اور آپ پر اور آل یعقوب پر اپنی نعمت اسی طرح پوری کرے گا جس طرح اس سے پہلے آپ کے اجداد ابراہیم و اسحاق پر کر چکا ہے، بے شک آپ کا رب بڑا علم والا، حکمت والا ہے۔☆

۷۔ بتحقیق یوسف اور اس کے بھائیوں (کے قصے) میں پوچھنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔☆

۸۔ جب بھائیوں نے (آپس میں) کہا: یوسف اور اس کا بھائی ہمارے ابا کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں حالانکہ ہم ایک جماعت ہیں، بے شک ہمارے ابا تو صریح غلطی پر ہیں۔☆

۹۔ یوسف کو مار ڈالو یا اسے کسی سرزمین میں پھینک دو تا کہ تمہارے ابا کی توجہ صرف تمہاری طرف ہو جائے اور اس کے بعد تم لوگ نیک بن جاؤ گے۔☆

۱۰۔ ان میں سے ایک کہنے والا بولا: یوسف کو قتل نہ کرو (اور اگر تمہیں کچھ کرنا ہی ہے تو) اسے کسی گہرے کنویں میں ڈال

ہوئے۔ گیارہ ستاروں سے مراد حضرت یوسف کے گیارہ بھائی اور سورج چاند سے مراد آپ کے والدین ہیں اور سجدے سے مراد تعظیمی سجدہ ہے۔ آپؑ کے زمانے کے شاہان عربی النسل تھے جو فلسطین و شام کے ساتھ مصر پر بھی حکمرانی کرتے تھے۔ عرب مؤرخ انہیں عمالیق کہتے ہیں۔ بعض مؤرخین کی تحقیقات کے مطابق حضرت یوسف، بادشاہ رع کانن کے زمانے میں مصر آ گئے، جسے عرب ریان بن ولید کا نام دیتے ہیں۔ جن لوگوں نے آپؑ کو کنویں سے نکالا، انہوں نے آپؑ کو مصری پولیس کے سربراہ فوطیفا کے ہاتھ فروخت کیا۔ (دائرۃ المعارف فرید وجدی)

شاید یہی وجہ ہو کہ قرآن حضرت یوسفؑ کے معاصر بادشاہ کو فرعون کا نام نہیں دیتا، کیونکہ فرعون مصریوں کی مذہبی اصطلاح تھی۔

قرآنی تصریح کے مطابق خواب سے آئندہ نگری ہوتی ہے اور آنے والے واقعات جو ظاہری آنکھوں سے نظر نہیں آتے، ماورائے طبیعی آنکھوں سے نظر آتے ہیں۔ یہ بات روح کے تجرد اور استقلال پر ایک دلیل بھی سمجھی جاتی ہے۔ چونکہ روح غیر مادی ہونے کی وجہ سے زمان و مکان کی حد بندی میں مقید نہیں ہوتی لہٰذا اس کے لیے حال و مستقبل، قریب و بعید میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔

۶۔ حضرت یعقوب (ع) خواب کی تعبیر بیان فرماتے ہیں کہ حقیقت بھی اسی طرح ہے جس طرح آپؑ نے خواب میں دیکھا ہے کہ اللہ نے آپؑ کو ایک منصب کے لیے برگزیدہ کیا ہے اور علم تاویل سے نوازا ہے، جس کے ذریعے ہر معاملے کے انجام کو سمجھ سکو گے، جس میں تعبیر خواب سرفہرست ہے۔ یہ نظریہ درست نہیں ہے کہ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ سے مراد صرف خواب کی تعبیر ہے، بلکہ ہر معاملے کے انجام کا آپؑ کو علم دیا گیا تھا۔

۷۔ اس قصے میں رسول اللہ کی صداقت و حقانیت کی چند نشانیاں موجود ہیں کیونکہ اہل عرب اس قصے سے بالکل ناواقف تھے اور اس تاریخی واقعے کو اخذ کرنے کا کوئی ذریعہ بھی نہ تھا اور خود واقعے میں اللہ کی حکمت و قدرت کی نشانیاں ہیں۔

۸۔ یوسفؑ کے بھائی سے مراد بنیامین ہیں۔ یہ دونوں ایک ماں کے بطن سے تھے اور سب بھائیوں میں چھوٹے تھے۔ باقی سوتیلے بھائی تھے۔

۹۔ اس آیت میں مفادات کے لیے ناجائز ذرائع کے

اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ⑩

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَالَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى
يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ⑪

اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ
وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑫

قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ
وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ
عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ⑬

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ
عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ⑭

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ
يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَ
اَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ
هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ⑮

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ⑯

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَ
تَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا
فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ
لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ⑰

وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ؕ
قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ
اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ؕ وَاللّٰهُ
الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ⑱

دو کوئی قافلہ اسے نکال کر لے جائے گا۔☆

۱۱۔ کہنے لگے: اے ہمارے ابا جان! کیا وجہ ہے کہ آپ یوسف کے بارے میں ہم پر اعتماد نہیں کرتے حالانکہ ہم اس کے خیر خواہ ہیں۔☆

۱۲۔ کل اسے ہمارے ہمراہ بھیج دیجیے تا کہ کچھ کھا پی لے اور کھیل کود کرے اور ہم یقیناً اس کی حفاظت کریں گے۔☆

۱۳۔ یعقوب نے کہا: تمہارا اسے لے جانا میرے لیے حزن کا باعث ہے اور مجھے ڈر ہے اسے بھیڑیا کھا جائے اور تم اس سے غافل ہو۔☆

۱۴۔ کہنے لگے: ہم ایک جماعت ہیں اس کے باوجود اگر یوسف کو بھیڑیا کھا جائے تو ہم نقصان اٹھانے والے ٹھہریں گے۔☆

۱۵۔ پس جب وہ اسے لے گئے اور سب نے اتفاق کر لیا کہ اسے گہرے کنویں میں ڈال دیں اور ہم نے یوسف کی طرف وحی کی (کہ ایک دن ایسا آئے گا) کہ آپ ان کے پاس ان کے اس فعل (شنیع) کے بارے میں انہیں ضرور بتائیں گے جبکہ انہیں اس بات کا شعور تک نہیں ہوگا۔☆

۱۶۔ اور یہ لوگ رات کی ابتدا میں اپنے باپ کے پاس روتے ہوئے آئے۔

۱۷۔ کہنے لگے: اے اباجان! ہم دوڑ لگانے میں مصروف ہو گئے اور یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ گئے تو اسے بھیڑیا کھا گیا اور آپ ہماری بات نہیں مانتے گو ہم سب سچے ہوں۔

۱۸۔ چنانچہ وہ یوسف کے کرتے پر جھوٹا خون لگا کر لے آئے، یعقوب نے کہا: نہیں، تم نے اپنے تئیں ایک بات بنائی ہے، پس میں بہت اچھے صبر کا مظاہرہ کروں گا اور جو بات تم بیان کر رہے ہو اس پر اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے۔☆

استعمال اور اس میں ناکامی کی ایک عبرت انگیز مثال کا ذکر ہے۔

۱۰۔ دوسری تجویز منظور کر لی گئی۔ چنانچہ یہی طے ہوا کہ ایک گہرے کنویں میں پھینک دیا جائے تا کہ راہ گزر لوگ اسے نامعلوم جگہ لے جائیں۔ چنانچہ اس زمانے میں تجارتی قافلوں کے راستے میں کنویں ہوا کرتے تھے اور فلسطین کے جنوب مشرقی علاقوں میں مصر اور فلسطین کے درمیان تجارتی قافلوں کی آمد و رفت رہتی تھی۔

۱۱۔۱۲ آیت کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یعقوب کو یوسف علیہما السلام کے بارے میں برادران پر اعتماد نہ تھا اور عدم اعتماد کی دو صورتیں ہو سکتی تھیں: ایک یہ کہ وہ یوسفؑ کے خیر خواہ نہ ہوں اور دوسری یہ کہ وہ یوسفؑ کو تحفظ نہ دے سکتے ہوں۔ برادران یوسف نے دونوں باتوں میں والد کا اعتماد بحال کرنے کی سعی کی کہ اس کے خیر خواہ ہیں اور تحفظ بھی دے سکتے ہیں۔

۱۳۔ ممکن ہے کہ حضرت یعقوبؑ کی طرف سے بھیڑیے کا ذکر آنے میں قدرت کا دخل ہو کہ بعد میں اسی بھیڑیے کے ذمے خون یوسف (ع) ڈال دیا گیا یعنی بعد میں تراشا جانے والا عذر خود کلام یعقوبؑ میں مل گیا۔

۱۴۔ حضرت یعقوب (ع) نے عدم اعتماد کا اظہار نہیں فرمایا بلکہ غفلت کے خطرے کا اظہار فرمایا تو بیٹوں نے طاقت وقوت کا اظہار کیا اور کہا: ہمارے طاقتور جماعت ہونے کے باوجود اگر یوسف (ع) کو بھیڑیا کھا لے تو ہم معاشرے میں اپنی حیثیت کھو دیں گے۔ بعد میں بیٹوں نے حضرت یعقوبؑ کے اپنے اظہار کردہ خطرے کو بہانہ بنایا اور کہا ہم یوسفؑ کو سامان کے پاس چھوڑ کر کھیل کود میں لگے رہے یعنی ہم غفلت میں رہے اور یوسفؑ کو بھیڑیا کھا گیا۔

۱۵۔ برادران یوسفؑ جب حضرت یوسفؑ کو کنویں میں ڈال رہے تھے تو قدرتی طور پر یوسفؑ پریشان تھے۔ اس وقت ان پر وحی نازل ہوتی ہے کہ فکر نہ کرو، وہ وقت آنے والا ہے کہ تم ان برادران کو بتاؤ گے کہ تم نے میرے ساتھ کیا سلوک کیا۔

۱۸۔ روایات کے مطابق خود قمیص ان کے جھوٹا ہونے کی دلیل تھی۔ چنانچہ حضرت یعقوبؑ نے قمیص دیکھ کر فرمایا: بڑا ہوش مند بھیڑیا ہے جس نے قمیص کو پھاڑے بغیر اس کے اندر موجود یوسفؑ کو کھا لیا، اس کا کوئی عضو تو بچا ہوگا، پس یوسفؑ کو بھیڑیے

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا
وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ؕ قَالَ يٰبُشْرٰى
هٰذَا غُلٰمٌ ؕ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ؕ وَ
اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَ شَرَوْهُ بِثَمَنٍۭ بَخْسٍ دَرَاهِمَ
مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ
الزّٰهِدِيْنَ ﴿۲۰﴾ ع ۱۴
وَ قَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ
لِامْرَاَتِهٖۤ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰۤى
اَنْ يَّنْفَعَنَاۤ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ؕ وَ
كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى
الْاَرْضِ ۖ وَ لِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ
الْاَحَادِيْثِ ؕ وَ اللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰۤى
اَمْرِهٖ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗۤ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّ
عِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۲۲﴾
وَ رَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ
نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ
هَيْتَ لَكَ ؕ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ
رَبِّىْۤ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ؕ اِنَّهٗ لَا
يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَاۤ

۱۹۔ پھر ایک قافلہ آیا اور انہوں نے اپنا سقا بھیجا جس نے اپنا ڈول کنویں میں ڈالا (تو یوسف آویزاں نکلے) وہ بولا: کیا خوب! یہ تو ایک لڑکا ہے اور انہوں نے اسے تجارتی سرمایہ بنا کر چھپا لیا اور جو کچھ وہ کر رہے ہیں اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔

۲۰۔ اور انہوں نے یوسف کو تھوڑی سی قیمت معدودے چند درہموں کے عوض بیچ ڈالا اور وہ اس میں زیادہ طمع بھی نہیں رکھتے تھے۔☆

۲۱۔ اور مصر کے جس آدمی نے انہیں خریدا اس نے اپنی بیوی سے کہا: اس کا مقام معزز رکھنا، ممکن ہے کہ وہ ہمارے لیے فائدہ مند ہو یا ہم اسے بیٹا بنا لیں اور اس طرح ہم نے یوسف کو اس سرزمین میں تمکنت دی اور اس لیے بھی کہ ہم انہیں خوابوں کی تعبیر کی تعلیم دیں اور اللہ اپنے امر میں غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۲۲۔ اور جب یوسف اپنی جوانی کو پہنچے تو ہم نے انہیں علم اور حکمت عطا کی اور ہم نیکی کرنے والوں کو ایسی ہی جزا دیا کرتے ہیں۔☆

۲۳۔ اور یوسف جس عورت کے گھر میں تھے اس نے انہیں اپنے ارادے سے منحرف کر کے اپنی طرف مائل کرنا چاہا اور سارے دروازے بند کر کے کہنے لگی: آ جاؤ، یوسف نے کہا: پناہ بخدا! یقیناً میرے رب نے مجھے اچھا مقام دیا ہے، بے شک اللہ ظالموں کو کبھی فلاح نہیں دیتا۔☆

۲۴۔ اور اس عورت نے یوسف کا ارادہ کر لیا اور یوسف بھی اس کا ارادہ کر لیتے اگر وہ

نے نہیں کھایا بلکہ تم لوگوں نے یہ بات بنا لی ہے۔

۲۰۔ بائبل کے مطابق یوسفؑ کو کنویں سے نکالنے والے مدین کے سوداگر تھے۔ ان لوگوں نے یوسف (ع) کو قافلے والوں کے ہاتھ فروخت کیا۔ تلمود کے مطابق حضرت یوسف (ع) کو صرف بیس درہم میں فروخت کیا گیا۔

۲۱۔ بائبل کے مطابق یہ شخص شاہی گارڈ کا آفیسر تھا۔ قرآن مجید اس خریدنے والے کو عزیز کہتا ہے اور ایک جگہ قرآن نے حضرت یوسف (ع) کو بھی عزیز کہا ہے جب آپؑ اقتدار پر تھے۔ خریدنے والے نے سمجھ لیا تھا کہ یوسف غلام نہیں بلکہ کسی اہم خاندان کا چشم و چراغ ہے۔ اس لیے اکرمیہ 'اسے معزز رکھنا' نہیں کہا بلکہ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ 'اس کا مقام معزز رکھنا' کہا، ورنہ غلاموں کا کوئی احترام نہیں کیا جاتا۔

۲۲۔ اس جگہ اشدّ سے مراد رشد و جوانی ہو سکتا ہے چونکہ حضرت یوسفؑ کم عمری میں مصر پہنچے تھے اور بنا بر بعض روایات سترہ سال کی عمر میں مصر پہنچے۔ دو یا تین سال عزیز مصر کے گھر رہے اور چند سال زندان میں۔ اسی اثنا میں آپؑ رشد کو پہنچ گئے تو اللہ تعالیٰ نے دو چیزیں عنایت فرمائیں: ۱۔ حُكْمًا، حکمت سے مراد ان امور میں فیصلہ کن بینش ہے جن میں لوگ نادانی کی وجہ سے اختلاف کرتے ہیں۔ ۲۔ عِلْمًا: علم سے مراد وہ علم لدنی ہے جو استاد کے بغیر اللہ تعالیٰ یوسفؑ جیسی پاکیزہ ہستیوں کے دلوں میں ڈال دیتا ہے۔ ہر وہ شخص جو نیکی و پاکدامنی میں یوسفؑ کے مرتبے کو پہنچے اسے بھی حکم اور علم سے نوازتا ہے۔

۲۳۔ ایک طرف ملک کی شہزادی، گھر کی ملکہ، خلوت، افشا کا خوف نہیں، سارے دروازے بند ہیں اور هَيْتَ لَكَ کہکر دعوت آمیزش دی جا رہی ہے، اب کوئی رکاوٹ نہیں، یوسفؑ کا عالم شباب ہے اور شہوانی جنون کی عمر ہے۔ ایسے ماحول میں یوسف (ع) کا جواب تھا: مَعَاذَ اللّٰهِ (خدا کی پناہ)۔ اس جوان صالح نے اس ذات کا سہارا لیا جس نے اسے ممتاز مقام دیا۔ واضح رہے کہ رَبِّىْۤ سے مراد عزیز مصر نہیں ہے، جیسا کہ بعض لوگوں نے لکھا ہے۔ چونکہ بعید ہے حضرت یوسفؑ عزیز مصر کو "میرا رب" کہیں اور یہ بھی بعید ہے کہ اپنے دامن کو پاک رکھنے کا محرک یہ ہو کہ اس عورت کے شوہر نے اسے اچھا مقام دیا ہے۔

۲۴۔ بُرْهَانَ اس یقینی کیفیت کا نام ہے جس کے بعد انبیاء یقین کی اس منزل پر فائز ہو جاتے ہیں جہاں کسی قسم کے شک و تردد کی گنجائش نہیں رہتی

اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ
لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾
وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ
مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا
الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ
بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ
اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾
قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَ
شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ
قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَ
هُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۲۶﴾
وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ
فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۷﴾
فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ
اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ
عَظِيْمٌ ﴿۲۸﴾
يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۫ وَ
اسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۖ اِنَّكِ كُنْتِ
مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿۲۹﴾ ع ۲/۱۳
وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ
الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ
قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ

اپنے رب کی برہان نہ دیکھ چکے ہوتے، اس طرح ہوا تا کہ ہم ان سے بدی اور بے حیائی کو دور رکھیں، کیونکہ یوسف ہمارے برگزیدہ بندوں میں سے تھے۔☆

۲۵۔ دونوں دروازے کی طرف دوڑ پڑے اور اس عورت نے یوسف کا کرتہ پیچھے سے پھاڑ دیا اتنے میں دونوں نے اس عورت کے شوہر کو دروازے پر موجود پایا، عورت کہنے لگی: جو شخص تیری بیوی کے ساتھ برا ارادہ کرے اس کی سزا کیا ہو سکتی ہے سوائے اس کے کہ اسے قید میں ڈالا جائے یا دردناک عذاب دیا جائے؟

۲۶۔ یوسف نے کہا: یہ عورت مجھے اپنے ارادے سے پھسلانا چاہتی تھی اور اس عورت کے خاندان کے کسی فرد نے گواہی دی کہ اگر یوسف کا کرتہ آگے سے پھٹا ہے تو یہ سچی ہے اور یوسف جھوٹا ہے۔

۲۷۔ اور اگر اس کا کرتہ پیچھے سے پھٹا ہے تو یہ جھوٹی ہے اور یوسف سچا ہے۔

۲۸۔ جب اس نے دیکھا کہ کرتہ تو پیچھے سے پھٹا ہے (تو اس کے شوہر نے) کہا: بے شک یہ (سب) تم عورتوں کی فریب کاری ہے، تم عورتوں کی فریب کاری تو بہت بھاری ہوتی ہے۔☆

۲۹۔ یوسف اس معاملے سے درگزر کرو اور (اے عورت) تو اپنے گناہ کی معافی مانگ، بیشک تو ہی خطا کاروں میں سے تھی۔☆

۳۰۔ اور شہر کی عورتوں نے کہنا شروع کیا: عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اس کے ارادے سے پھسلانا چاہتی ہے، اس کی محبت اس کے دل کی گہرائیوں میں اتر چکی ہے، ہم تو اسے یقیناً صریح گمراہی میں دیکھ رہی

اور یقین کی اس منزل سے عصمت شروع ہو جاتی ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ برگزیدہ بندوں کو برہان دیا جاتا ہے اور جن کو برہان ملتا ہے وہ معصوم ہوا کرتے ہیں۔

۲۸۔ واقعہ کی حقیقت حال کا عینی نہ سہی لیکن عقلی مشاہدہ کیا جا سکتا ہے کہ اگر کرتہ آگے سے پھٹا ہے تو اقدام یوسفؑ کی طرف سے ہوا ہو گا اور مدافعت عورت کی طرف سے ہوئی ہو گی اور اگر کرتہ پیچھے سے پھٹا ہو تو یوسفؑ بچ نکلنا چاہتے تھے اور عورت نے تعاقب کیا ہو گا۔ حالات کی شہادت حضرت یوسفؑ کے حق میں تھی۔ اس لیے شوہر نے بادی الرائے میں اپنی بیوی کو مجرم قرار دے کر کہا: تم عورتوں کی فریب کاری عظیم ہوتی ہے۔ لیکن قدیم سے مراعات یافتہ طبقے ہمیشہ اپنے گھروں میں ہونے والے جنسی سکینڈلوں کا الزام دوسروں پر ڈالتے رہے ہیں۔

اس آیۂ شریفہ سے درج ذیل نکات سامنے آتے ہیں: ☆ جو دنیا کی رسوائیوں سے بھاگ نکلتا ہے وہ کسی بھی دروازے پر رسوا نہیں ہوتا۔ ☆ کسی کا دامن عفت چاک نہ کر ورنہ اپنا دامن چاک ہو جائے گا: وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ۔ ☆ مخالف فریق سے بھی حق کو حمایت مل سکتی ہے: شَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ☆ جنسی معاملات میں عورت کی فریب کاری عظیم ہوتی ہے: اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ۔

۲۹۔ اس معاملے سے درگزر کر۔ یعنی اسے افشا نہ کر اور نہ کسی سے اس کا ذکر کر۔ اس نے اپنی زوجہ سے کہا: تو اپنے گناہ کی معافی مانگ۔ کہتے ہیں مصری لوگ اگرچہ بت پرست تھے، تاہم وہ اللہ کے وجود کے قائل تھے، پرستش بتوں کی کرتے تھے کیونکہ وہ انہیں وسیلہ سمجھتے تھے اور ممکن ہے مطلب یہ ہو کہ وہ جس کے سامنے اپنے آپ کو جوابدہ سمجھتی تھی، اس سے معافی مانگے، وہ خدا ہو یا بت۔

۳۰۔ یوسفؑ کے ساتھ معاشقہ کا معاملہ ایک مدت تک درون خانہ چلتا رہا۔ رفتہ رفتہ یہ بات گھر سے باہر نکل گئی۔ شہر کی عورتوں میں یہ بات پھیل گئی اور طعنہ زنی شروع ہو گئی، عزیز کی بیوی اپنے غلام پر فریفتہ ہو گئی ہے جو مصری بھی نہیں، کنعانی ہے۔ اگر یہ لڑکا حسن و جمال کا مالک بھی ہے تو شہزادی کے حسن و جمال سے زیادہ نہ ہو گا۔ ان تمام باتوں کے باوجود یکطرفہ محبت تو شہزادی کے لیے عار و ننگ ہے کہ اس کا زر خرید غلام اس کے عشق و محبت کو اعتنا میں نہ لائے اور عورت کے لیے

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۳۰﴾

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ
اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ
مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ مِّنْهُنَّ
سِكِّيْنًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ
فَلَمَّا رَاَيْنَهٗۤ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ
اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا
بَشَرًا ؕ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾
قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ
فِيْهِ ؕ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ
فَاسْتَعْصَمَ ؕ وَلَئِنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَاۤ
اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ
الصّٰغِرِيْنَ ﴿۳۲﴾
قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا
يَدْعُوْنَنِيْۤ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ
كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ
مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿۳۳﴾
فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ
كَيْدَهُنَّ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ﴿۳۴﴾
ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ
لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۳۵﴾ ع
وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ؕ قَالَ

ہیں۔☆

۳۱۔ پس اس نے جب عورتوں کی مکارانہ باتیں سنیں تو انہیں بلا بھیجا اور ان کے لیے مسندیں تیار کیں اور ان میں سے ہر ایک کے ہاتھ میں ایک چھری دے دی (کہ پھل کاٹیں) پھر اس نے یوسف سے کہا ان کے سامنے نکل آؤ، پس جب عورتوں نے انہیں دیکھا تو انہیں بڑا حسین پایا اور وہ اپنے ہاتھ کاٹ بیٹھیں اور کہ اٹھیں: پاک ہے اللہ، یہ بشر نہیں، یہ تو کوئی معزز فرشتہ ہے۔☆

۳۲۔ اس نے کہا: یہ وہی ہے جس کے بارے میں تم مجھے طعنے دیتی تھیں اور بیشک میں نے اسے اپنے ارادے سے پھسلانے کی کوشش کی مگر اس نے اپنی عصمت قائم رکھی اور اگر میرا حکم نہ مانے گا تو ضرور قید کر دیا جائے گا اور خوار بھی ہوگا۔☆

۳۳۔ یوسف نے کہا: اے میرے رب! قید مجھے اس چیز سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف یہ عورتیں مجھے دعوت دے رہی ہیں اور اگر تو ان کی مکاریاں مجھ سے دور نہ فرمائے گا تو میں ان عورتوں کی طرف راغب ہو جاؤں گا اور نادانوں میں شامل ہو جاؤں گا۔☆

۳۴۔ پس اللہ نے یوسف کی دعا سن لی اور یوسف سے ان عورتوں کی مکاری دور کر دی، بیشک وہ خوب سننے والا جاننے والا ہے۔

۳۵۔ پھر (یوسف کی پاکدامنی کی) علامات دیکھ چکنے کے باوجود انہوں نے مناسب سمجھا کہ کچھ مدت کے لیے یوسف کو ضرور قید کر دیں۔☆

۳۶۔ اور قید خانے میں یوسف کے ساتھ دو جوان بھی داخل ہوئے، ان میں سے ایک

یہ بھی عار و ننگ ہے کہ وہ مرد کے پیچھے دوڑے۔ عین ممکن ہے کہ شہر کے بڑے خاندان کی عورتوں نے یوسفؑ کی صورت و سیرت کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے حیلہ بازیاں کی ہوں یا عزیز کی عورت کے خلاف سازش کی ہو۔ کیونکہ بعد کی آیت میں اس عمل کو مکاری سے تعبیر کیا ہے۔

۳۱۔ عزیز مصر کی بیوی نے ان طعنہ زن خواتین کے خلاف ایسا حربہ استعمال کیا جس سے وہ بھی رسوا اور شریک جرم ہو جائیں۔ تکیوں سے آراستہ مجلس کے اہتمام اور کھانے کے لیے چھریوں کے استعمال سے مصری تہذیب و تمدن کا اندازہ ہوتا ہے اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ اس مجلس میں اونچے خاندانوں کی خواتین مدعو تھیں۔

۳۲۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کوئی راز کی بات نہ تھی اور مصری بیگمات کی یہ محفل بعد میں حضرت یوسف علیہ السلام کی پاکدامنی کے لیے گواہ بن گئی۔ اس واقعے سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ اس وقت بے عفتی عیب کی بات نہ تھی اور اس کا برملا اظہار ہو سکتا تھا۔ جیسا کہ آج کل کی جدید جاہلیت میں رائج ہے۔

۳۳۔ پہلے صرف عزیز مصر کی بیگم اس جرم میں ملوث تھی، اب بڑے گھرانوں کی دیگر خواتین بھی اس میں شریک ہیں۔ یعنی شہر بھر کے امیر گھرانوں کی خواتین بھی ان کے پیچھے پڑ جاتی ہیں اور ہر طرف حسین و جمیل عورتیں انہیں پھانسنے کے لیے اپنا اپنا جال لیے کھڑی ہیں۔ لیکن نگاہ یوسفؑ ان عورتوں پر فریفتہ ہونے کی بجائے عرفان حق کی رعنائیوں پر فریفتہ ہو جاتی ہے، دل ان عورتوں کی طرف مائل ہونے کی بجائے عشق الٰہی سے سرشار ہوتا ہے۔ اس لیے حضرت یوسف ان تمام عورتوں کی مکاریوں کا مقابلہ کر کے اسے اپنا ذاتی کمال تصور کرنے کی بجائے تائید الٰہی سمجھتے ہیں۔

۳۵۔ عزیز مصر اپنے گھر کی حالت بگڑتے دیکھ کر مزید رسوائی سے بچنے کے لیے حضرت یوسفؑ کو زندان میں ڈال دیتا ہے۔ یہ درحقیقت مصری سرداروں کی شکست اور یوسفؑ کی فتح تھی، کیونکہ اس نے حضرت یوسفؑ کو کسی جرم میں نہیں بلکہ اپنی عورتوں کو قابو کرنے کے لیے زندان بھیجا۔

۳۶۔ ان دو جوانوں کو حضرت یوسف علیہ السلام کی شخصیت اور ان کے کردار کی عظمت کا علم ہو جاتا ہے اور یہ بھی علم ہو جاتا ہے کہ حضرت یوسفؑ کسی جرم میں نہیں بلکہ جرم نہ کرنے کے جرم میں زندان

اَحَدُهُمَآ اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ اَعْصِرُ
خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّیْٓ اَرٰىنِیْٓ
اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِیْ خُبْزًا تَاْكُلُ
الطَّیْرُ مِنْهُ ؕ نَبِّئْنَا بِتَاْوِیْلِهٖ ۚ اِنَّا
نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِیْنَ ﴿۳۶﴾
قَالَ لَا یَاْتِیْكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقٰنِهٖٓ
اِلَّا نَبَّاْتُكُمَا بِتَاْوِیْلِهٖ قَبْلَ اَنْ
یَّاْتِیَكُمَا ؕ ذٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِیْ رَبِّیْ ؕ
اِنِّیْ تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا یُؤْمِنُوْنَ
بِاللّٰهِ وَ هُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ
كٰفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾
وَ اتَّبَعْتُ مِلَّةَ اٰبَآءِیْٓ اِبْرٰهِیْمَ وَ
اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ ؕ مَا كَانَ لَنَآ اَنْ
نُّشْرِكَ بِاللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ ؕ ذٰلِكَ مِنْ
فَضْلِ اللّٰهِ عَلَیْنَا وَ عَلَى النَّاسِ
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
یَشْكُرُوْنَ ﴿۳۸﴾
یٰصَاحِبَیِ السِّجْنِ ءَاَرْبَابٌ
مُّتَفَرِّقُوْنَ خَیْرٌ اَمِ اللّٰهُ الْوَاحِدُ
الْقَهَّارُ ﴿۳۹﴾
مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلَّآ اَسْمَآءً
سَمَّیْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنِ

نے کہا: میں نے خواب میں دیکھا کہ شراب کشید کر رہا ہوں اور دوسرے نے کہا: میں نے دیکھا کہ میں اپنے سر پر روٹی اٹھائے ہوئے ہوں، پرندے اس میں سے کھا رہے ہیں، ہمیں اس کی تاویل بتا دیجیے، یقیناً ہمیں آپ نیک انسان نظر آتے ہیں۔☆

۳۷۔ یوسف نے کہا: جو کھانا تم دونوں کو دیا جاتا ہے وہ ابھی آیا بھی نہ ہوگا کہ میں اس کی تعبیر تمہیں بتا دوں گا قبل اس کے کہ وہ کھانا تمہارے پاس آئے، یہ ان (تعلیمات) میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھائی ہیں، میں نے اس قوم کا مذہب ترک کر دیا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور آخرت کا انکار کرتے ہیں۔☆

۳۸۔ اور میں نے تو اپنے اجداد ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے مذہب کو اپنایا ہے، ہمیں کسی چیز کو اللہ کا شریک بنانے کا حق حاصل نہیں ہے، ہم پر اور دیگر لوگوں پر یہ اللہ کا فضل ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔☆

۳۹۔ اے میرے زندان کے ساتھیو! کیا متفرق ارباب بہتر ہیں یا وہ اللہ جو یکتا ہے جو سب پر غالب ہے۔☆

۴۰۔ تم لوگ اللہ کے سوا جن چیزوں کی بندگی کرتے ہو وہ صرف تم اور تمہارے باپ دادا کے خودساختہ نام ہیں، اللہ نے تو ان پر کوئی دلیل نازل نہیں کی، اقتدار تو صرف

میں ہیں۔ اس اعتماد کے بعد وہ آپؑ سے خواب کی تعبیر پوچھتے ہیں، کیونکہ روح کی صفائی اور فکر کی طہارت کی وجہ سے حقائق پر سے پردے اٹھ جاتے ہیں۔ جس قدر روح شفاف ہو جاتی ہے پردے بھی شفاف ہو جاتے ہیں۔

۳۷۔ حضرت یوسفؑ نے دیکھا کہ ان دو قیدیوں میں ایک قسم کا حسن ظن پیدا ہو گیا ہے، لہٰذا مزید اعتماد بڑھانے کے لیے اپنا علمی مقام و ماخذ بیان فرماتے ہیں تاکہ ایسی سازگار فضا وجود میں آ جائے جس میں وہ اپنا اصل مدعا (تبلیغ توحید) بیان کر سکیں۔ اس کے بعد کفار سے بیزاری کا اعلان فرماتے ہیں۔

۳۸۔ حضرت یوسفؑ اپنی زندگی کے کسی نازک اور مشکل مرحلے میں اپنے حسب ونسب کا سہارا نہیں لیتے اور اس کا ذکر نہیں کرتے، صرف دعوت وتبلیغ کے سلسلے میں اپنا مذہب ونسب بیان فرماتے ہیں۔ مخاطب کو یہ باور کرانے کے لیے کہ ان کا تعلق توحید کے عظیم داعی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل سے ہے اور اللہ نے ہدایت الی التوحید کے فضل وکرم سے خاندان ابراہیمؑ کو نوازا ہے اور ان لوگوں کو بھی جو ان کی پیروی کرتے ہیں۔ یہ ہدایت فطرت سلیمہ اور رسالت انبیاء کے ذریعے اللہ نے اپنے بندوں تک پہنچائی ہے۔

۳۹۔ ۴۰ یہ سوال ضمیر اور فطرت سے ہے کہ اس جہاں میں ایک ہی رب قہار ہو سکتا ہے، کیونکہ تعدد کی صورت میں محدودیت آ جاتی ہے اور محدود مغلوب ہوتا ہے، نہ کہ غالب. کیونکہ متعدد ہونے کی صورت میں ہر رب دوسرے رب کی حدود میں مقہور ومغلوب ہوتا ہے، لہٰذا قہاریت کے لیے غیر محدود ہونا ضروری ہے۔ جو غیر محدود ہو وہ متعدد نہیں ہو سکتا۔ اسی طرح جو متعدد ہو وہ لامحدود نہیں ہو سکتا جیسا کہ متعدد غیر محدود نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد بت پرستوں کے نظریات کے بے حقیقت ہونے کی طرف اشارہ فرمایا کہ خدا کے علاوہ جن کو تم پوجتے ہو وہ بے مفہوم الفاظ، بے معنی عبارات اور اسم بے مسمّٰی ہیں۔ یہ صرف تمہارے باپ دادا کی ذہنی اختراع ہیں کہ کسی کو آسمانوں کا رب، کسی کو زمین کا مالک، کسی کو صحت ومرض کا رب اور کسی کو نعمتوں کا پروردگار بنا دیا۔ حقائق وہ ہیں جن کی سند اللہ کی طرف سے آئے اور ایک خدا کی پرستش ہی مستحکم دین ہے۔

اَلْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ ؕ اَمَرَ اَلَّا
تَعْبُدُوْۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ
الْقَيِّمُ وَ لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۰﴾
يٰصَاحِبَيِ السِّجْنِ اَمَّاۤ اَحَدُكُمَا
فَيَسْقِيْ رَبَّهٗ خَمْرًا ۚ وَ اَمَّا الْاٰخَرُ
فَيُصْلَبُ فَتَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْ
رَّاْسِهٖ ؕ قُضِيَ الْاَمْرُ الَّذِيْ فِيْهِ
تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿۴۱﴾ؕ
وَ قَالَ لِلَّذِيْ ظَنَّ اَنَّهٗ نَاجٍ مِّنْهُمَا
اذْكُرْنِيْ عِنْدَ رَبِّكَ ۫ فَاَنْسٰىهُ
الشَّيْطٰنُ ذِكْرَ رَبِّهٖ فَلَبِثَ فِي
السِّجْنِ بِضْعَ سِنِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع ۵ ۱۵ ۶
وَ قَالَ الْمَلِكُ اِنِّيْۤ اَرٰى سَبْعَ
بَقَرٰتٍ سِمَانٍ يَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ
وَّ سَبْعَ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ وَّ اُخَرَ
يٰبِسٰتٍ ؕ يٰۤاَيُّهَا الْمَلَاُ اَفْتُوْنِيْ فِيْ
رُءْيَايَ اِنْ كُنْتُمْ لِلرُّءْيَا
تَعْبُرُوْنَ ﴿۴۳﴾
قَالُوْۤا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍ ۚ وَ مَا
نَحْنُ بِتَاْوِيْلِ الْاَحْلَامِ بِعٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾
وَ قَالَ الَّذِيْ نَجَا مِنْهُمَا وَ ادَّكَرَ بَعْدَ
اُمَّةٍ اَنَا اُنَبِّئُكُمْ بِتَاْوِيْلِهٖ

اللہ ہی کا ہے، اس نے حکم دیا ہے کہ اس کے سوا تم کسی کی بندگی نہ کرو، یہی مستحکم دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۴۱۔اے میرے زندان کے ساتھیو! تم دونوں میں سے ایک تو اپنے مالک کو شراب پلائے گا اور دوسرا سولی چڑھایا جائے گا پھر پرندے اس کا سر نوچ کھائیں گے، جو بات تم دونوں مجھ سے دریافت کر رہے تھے اس کا فیصلہ ہو چکا ہے۔☆

۴۲۔اور ان دونوں میں سے جس کی رہائی کا خیال کیا تھا (یوسف نے) اس سے کہا: اپنے مالک (شاہ مصر) سے میرا ذکر کرنا مگر شیطان نے اسے بھلا دیا کہ وہ اپنے مالک سے یوسف کا ذکر کرے، یوں یوسف کئی سال زندان میں پڑے رہے۔☆

۴۳۔ اور (ایک روز) بادشاہ نے کہا: میں نے خواب میں سات موٹی گائیں دیکھی ہیں جنہیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں اور سات سبز خوشے ہیں اور سات خشک (خوشے)، اے دربار والو! اگر تم خوابوں کی تعبیر کر سکتے ہو تو میرے اس خواب کی تعبیر سے مجھے آگاہ کرو۔☆

۴۴۔انہوں نے کہا: یہ تو پریشان خوابوں میں سے ہے اور ہم اس قسم کے خوابوں کی تعبیر نہیں جانتے۔

۴۵۔اور ان دو قیدیوں میں سے جس نے رہائی پائی تھی اور اسے وہ بات بڑی مدت بعد یاد آ گئی، اس نے کہا: میں تمہیں اس خواب کی تعبیر بتاتا ہوں مجھے (یوسف کے

۴۱۔توحید کا درس سنانے کے بعد اب خواب کی تعبیر بیان فرماتے ہیں اور جس وثوق و یقین کے ساتھ آپؑ نے اس تعبیر کو بیان فرمایا اور اپنی تعبیر کو فیصلہ کن قرار دیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی تعبیر کا مآخذ یقینی بنیادوں پر تھا اور وہ مآخذ وحی ہی ہو سکتی ہے۔ جس کے بارے میں فرمایا کہ وہ اپنے آقا کو شراب پلائے گا، روایات کے مطابق وہ پہلے بھی اس منصب پر فائز تھا۔ جس کے بارے میں فرمایا کہ وہ مصلوب ہو گا روایات کے مطابق یہ شخص بادشاہ کا نان بائی تھا۔

۴۲۔اس آیت میں ظَنَّ کا استعمال بہ معنی یقین ہے، جیسا کہ دیگر بعض آیات میں بھی یہ لفظ یقین کے معنی میں آیا ہے۔ رَب کے معانی میں سے ایک معنی مالک ہے۔ چنانچہ جوہری نے الصحاح میں کہا ہے رب کل شیء مالکہ۔ ہر شئی کا رب وہی ہے جو اس کا مالک ہے۔ لہٰذا یہ لفظ جہاں حقیقی مالک اللہ کے لیے استعمال ہوتا ہے وہاں اس کے دیگر معنوں میں استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جیسا کہ لفظ اولیاء طاغوت کے لیے استعمال ہوا ہے: وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ اور اللہ کے لیے بھی اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔(بقرۃ :۲۵۷) لہٰذا یہ اعتراض درست نہیں کہ ایک پیغمبر نے بادشاہ کو رَب کیسے کہہ دیا۔ علل و اسباب کے ساتھ متوسل ہونا اخلاص و توکل کے منافی نہیں۔ لہٰذا حضرت یوسفؑ کا قید سے رہائی کے لیے وسائل و ذرائع تلاش کرنا اخلاص و توکل کے منافی نہیں ہے۔

۴۳۔قرآن حضرت یوسفؑ کے معاصر مصری بادشاہ کو اَلْمَلِكُ کہتا ہے اور بائبل اسے فرعون کہتی ہے جبکہ حضرت یوسفؑ کے معاصر بادشاہ عربی النسل تھے اور لفظ فرعون مصریوں کی مذہبی اصطلاح ہے۔ لہٰذا عربی النسل بادشاہان کو فرعون کہنا سراسر حقیقت کے خلاف ہے۔ اس سے قرآن کی حقانیت اور بائبل کے مؤلفین کی جہالت اور ان کی طرف سے تحریف ثابت ہو جاتی ہے۔

چنانچہ توریت میں آیا ہے: اور فرعون جاگا اور دیکھا کہ وہ خواب تھا اور یوں ہوا کہ صبح اس کا جی گھبرایا۔ تب اس نے مصر کے سارے جادوگروں اور اس کے سب دانشمندوں کو بلا بھیجا اور فرعون نے اپنا خواب ان سے کہا، پر ان میں کوئی فرعون کے خواب کی تعبیر نہ کر سکا۔ (پیدائش ۴۱: ۸)

فَاَرْسِلُوْنِ ﴿۴۵﴾
یُوْسُفُ اَیُّهَا الصِّدِّیْقُ اَفْتِنَا فِیْ
سَبْعِ بَقَرٰتٍ سِمَانٍ یَّاْكُلُهُنَّ سَبْعٌ
عِجَافٌ وَّ سَبْعِ سُنْۢبُلٰتٍ خُضْرٍ
وَّاُخَرَ یٰبِسٰتٍ ۙ لَّعَلِّیْۤ اَرْجِعُ
اِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ یَعْلَمُوْنَ ﴿۴۶﴾
قَالَ تَزْرَعُوْنَ سَبْعَ سِنِیْنَ دَاَبًا ۚ
فَمَا حَصَدْتُّمْ فَذَرُوْهُ فِیْ سُنْۢبُلِهٖۤ
اِلَّا قَلِیْلًا مِّمَّا تَاْكُلُوْنَ ﴿۴۷﴾
ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ
یَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِیْلًا
مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿۴۸﴾
ثُمَّ یَاْتِیْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِیْهِ
ع ۲ یُغَاثُ النَّاسُ وَفِیْهِ یَعْصِرُوْنَ ﴿۴۹﴾ ع
وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِیْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا
جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى
رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِیْ
قَطَّعْنَ اَیْدِیَهُنَّ ؕ اِنَّ رَبِّیْ
بِكَیْدِهِنَّ عَلِیْمٌ ﴿۵۰﴾
قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ
یُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ قُلْنَ حَاشَ
لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَیْهِ مِنْ سُوْٓءٍ ؕ
قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ الْـٰٔنَ

پاس زندان) بھیج دیجیے۔
۴۶۔اے یوسف! اے بڑے راستگو! سات دبلی گائیں سات موٹی گایوں کو کھا رہی ہیں اور سات خوشے سبز اور سات خوشے خشک ہیں، ہمیں (اس کی تعبیر) بتائیں تاکہ میں لوگوں کے پاس واپس جاؤں (آپ کی سچی تعبیر سن کر) شاید وہ جان لیں۔
۴۷۔ یوسف نے کہا: تم سات برس تک متواتر کھیتی باڑی کرتے رہو گے ان سالوں میں جو فصل تم کاٹو ان میں سے قلیل حصہ تم کھاؤ باقی اس کے خوشوں ہی میں رہنے دو۔
۴۸۔ پھر اس کے بعد سات برس ایسے سخت آئیں گے جن میں وہ غلہ کھا لیا جائے گا جو تم نے ان سالوں کے لیے جمع کر رکھا ہوگا سوائے اس تھوڑے حصے کے جو تم بچا کر رکھو گے۔
۴۹۔اس کے بعد ایک سال ایسا آئے گا جس میں لوگوں کو خوب بارش ملے گی اور اس میں وہ رس نچوڑیں گے۔☆
۵۰۔ اور بادشاہ نے کہا: یوسف کو میرے پاس لاؤ پھر جب قاصد یوسف کے پاس آیا تو انہوں نے کہا: اپنے مالک کے پاس واپس جا اور اس سے پوچھ کہ ان عورتوں کا مسئلہ کیا تھا جنہوں نے اپنے ہاتھ کاٹ دیے تھے؟ میرا رب تو ان کی مکاریوں سے یقیناً خوب باخبر ہے۔☆
۵۱۔ (بادشاہ نے عورتوں سے) پوچھا: اس وقت تمہارا کیا واقعہ تھا جب تم نے یوسف کو اس کے ارادے سے پھسلانے کی کوشش کی تھی؟ سب عورتوں نے کہا: پاکیزہ ہے اللہ، ہم نے تو یوسف میں کوئی برائی نہیں دیکھی، (اس موقع پر) عزیز کی بیوی نے

۴۹۔ حضرت یوسف علیہ السلام صرف تعبیر پر اکتفا نہیں فرماتے، بلکہ ساتھ آنے والے حالات کے لیے منصوبہ بندی بھی فرماتے ہیں۔ ورنہ خواب کی تعبیر تو یہ بنتی ہے کہ موٹی گائیں نعمت کی فراوانی اور سبز خوشے اچھی کھیتی باڑی کی علامت ہیں۔ دبلی گائیں اور خشک خوشے قحط کی علامت ہیں۔ سات موٹی گائیوں کا سات دبلی گائیوں کو کھانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ قحط کے سات سالوں میں وہی غلہ کھانا ہے جو گزشتہ سات سالوں میں جمع کر رکھا ہو اور خشک خوشے اس بات کی بھی علامت ہیں کہ فصلوں کو خوشوں کے اندر محفوظ رکھا جائے تاکہ اتنی لمبی مدت میں خراب نہ ہوں۔ ان باتوں کے علاوہ دو دیگر باتوں کا حضرت یوسف (ع) نے اپنی فراست یا وحی کے ذریعے ذکر فرمایا: ایک یہ کہ قحط کے سالوں میں کچھ دانے بیج کے لیے محفوظ رکھنا ہوں گے ورنہ خشک سالی ختم ہونے پر بھی زراعت نہ ہو سکے گی۔ دوسری بات یہ ہے کہ سات سالوں کے بعد شادابی شروع ہو گی۔
داستان یوسف میں تین خواب قابل توجہ ہیں: I۔ یوسف کا خواب II۔ قیدی کا خواب III۔ بادشاہ کا خواب اور تین کرتے قابل توجہ ہیں: I۔ خون آلود کرتہ II۔ وہ کرتا جس کا دامن چاک تھا۔ III۔ وہ کرتا جس سے یعقوبؑ کو بینائی ملی۔
۵۰۔ تعبیر خواب سن کر بادشاہ نے اندازہ لگایا ہو گا کہ یوسف (ع) ایک غیر معمولی شخصیت ہیں۔ وہ نہ صرف خوابوں کی تعبیر جانتے ہیں بلکہ اپنی جوانی زندان میں گزارنے اور جوان و تجربہ کار ہونے کے باوجود تدبیر مملکت کی خاصی مہارت رکھتے ہیں دوسری بات یہ ہے کہ حضرت یوسفؑ نے کسی پر الزام دھرنے کی بجائے حقیقت امر میں تحقیق کی خواہش کی اور عزیز مصر کی بیوی کا ذکر نہیں کیا، بلکہ واقعہ کے گواہوں کا ذکر کیا اور حضرت یوسف یہ نہیں چاہتے تھے کہ الزام کا داغ لے کر بادشاہ کی معافی کے ذریعے زندان سے آزاد ہو جائیں۔
۵۱۔ بادشاہ بذات خود اس مسئلے میں تحقیق شروع کرتا ہے اور ان عورتوں سے سوال کرنے سے پہلے لگتا ہے بادشاہ اس معاملے کی تہ تک پہنچ چکا تھا۔ چنانچہ بادشاہ کے سوال کا لب و لہجہ بتاتا ہے مَا خَطْبُكُنَّ وہ قابل توجہ معاملہ اور اس کی حقیقت کیا تھی، جب تم نے یوسفؑ کو پھسلانے کی کوشش کی تھی۔ عورتوں نے دیکھا کہ اس جگہ اعتراف

حَصْحَصَ الْحَقُّ ۫ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ
نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۵۱﴾
ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ
وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ
الْخَآئِنِيْنَ ﴿۵۲﴾
الجزء ۱۳ وَ مَآ اُبَرِّئُ نَفْسِيْ ۚ اِنَّ النَّفْسَ
لَاَمَّارَةٌۢ بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ ؕ
اِنَّ رَبِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵۳﴾
وَ قَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖٓ
اَسْتَخْلِصْهُ لِنَفْسِيْ ۚ فَلَمَّا كَلَّمَهٗ
قَالَ اِنَّكَ الْيَوْمَ لَدَيْنَا مَكِيْنٌ
اَمِيْنٌ ﴿۵۴﴾
قَالَ اجْعَلْنِيْ عَلٰى خَزَآئِنِ
الْاَرْضِ ۚ اِنِّيْ حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ﴿۵۵﴾
وَ كَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِي
الْاَرْضِ ۚ يَتَبَوَّاُ مِنْهَا حَيْثُ
يَشَآءُ ؕ نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَآءُ
وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾
وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
ع ۸ وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَجَآءَ اِخْوَةُ يُوْسُفَ فَدَخَلُوْا عَلَيْهِ
فَعَرَفَهُمْ وَهُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۸﴾
وَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ قَالَ

کہا: اب حق کھل کر سامنے آ گیا، میں نے ہی یوسف کو اس کی مرضی کے خلاف پھسلانے کی کوشش کی تھی اور یوسف یقیناً سچوں میں سے ہیں۔☆

۵۲۔ (یوسف نے کہا) ایسا میں نے اس لیے کیا کہ وہ جان لے کہ میں نے اس کی عدم موجودگی میں اس کے ساتھ کوئی خیانت نہیں کی اور اللہ خیانت کاروں کے مکر و فریب کو کامیابی سے ہمکنار نہیں کرتا۔☆

۵۳۔ اور میں اپنے نفس کی صفائی پیش نہیں کرتا، کیونکہ (انسانی) نفس تو برائی پر اکساتا ہے مگر یہ کہ میرا پروردگار رحم کرے، بیشک میرا پروردگار بڑا بخشنے، رحم کرنے والا ہے۔

۵۴۔ اور بادشاہ نے کہا: اسے میرے پاس لے آؤ، میں اسے خاص طور سے اپنے لیے رکھوں گا پھر جب یوسف نے بادشاہ سے گفتگو کی تو اس نے کہا: بے شک آج آپ ہمارے با اختیار امانتدار ہیں۔☆

۵۵۔ یوسف نے کہا: مجھے ملک کے خزانوں پر مقرر کریں کہ میں بلاشبہ خوب حفاظت کرنے والا، مہارت رکھنے والا ہوں۔

۵۶۔ اور اس طرح ہم نے یوسف کو اس ملک میں اقتدار دیا کہ وہ جہاں چاہے اپنا مسکن بنا لے، ہم جسے چاہتے ہیں اپنی رحمت سے نوازتے ہیں اور نیک لوگوں کا اجر ہم ضائع نہیں کرتے۔☆

۵۷۔ اور آخرت کا اجر تو ایمان اور تقویٰ والوں کے لیے زیادہ بہتر ہے۔

۵۸۔ اور برادران یوسف (مصر) آئے اور یوسف کے ہاں حاضر ہوئے پس یوسف نے تو انہیں پہچان لیا اور وہ یوسف کو پہچان نہیں رہے تھے۔☆

۵۹۔ اور جب یوسف ان کے لیے سامان تیار کر چکے تو کہنے لگے: (دوبارہ آؤ تو)

جرم کے سوا کوئی چارہ نہیں ہے۔ معاملہ اس حد تک واضح ہو چکا تھا کہ عورتوں نے اپنی صفائی تک پیش نہیں کی، صرف یوسف کی پاکدامنی کی گواہی دی۔ بعد میں اس جرم کے مرکزی کردار عزیز کی بیوی نے دیکھا راز کھل چکا ہے حقیقت کھل کر سامنے آ گئی ہے۔ اس نے اعتراف جرم کر لیا اور یوسفؑ کی پاکدامنی کی گواہی دی۔ مقدمہ ختم ہوا یوسف کی فتح ہوئی۔ اس طویل سازش میں کنعان کا غریب الوطن غلام اور برسوں کا زندانی کامیاب ہوا، جبکہ عزیز مصر، اس کی بیگم اور بڑے بڑے خاندانوں کی بیگمات ناکام ہو گئے اور حق سربلند ہوا۔

۵۲۔ حضرت یوسفؑ نے یہ بات اس وقت کہی ہو گی جب شاہی دربار میں فیصلہ آپؑ کے حق میں ہوا ہو گا۔ میں نے زندان سے آزاد ہونے کو قبول نہیں کیا اور اپنے اوپر عائد الزام کی تحقیقات کی شرط لگائی تاکہ حقیقت کھل کر سامنے آ جائے اور عزیز جان لے کہ میں نے درپردہ اس کی ناموس کے بارے میں کوئی خیانت نہیں کی اور دنیا والے بھی یہ جان لیں کہ مکر و فریب پر مبنی کوئی سازش کامیابی سے ہمکنار نہیں ہوتی۔

۵۴۔ گفتگو کے بعد بادشاہ کو اندازہ ہو گیا کہ حضرت یوسف (ع) نفس کی پاکیزگی اور کردار کی بلندی کے ساتھ فہم و فراست کے لحاظ سے ایک مشیر کے منصب سے بالاتر ہیں۔ اس لیے ان کو امور مملکت کا مالک بنا دیا۔

۵۶۔ اللہ جب کسی کو اقتدار دینا چاہتا ہے تو اس کے سامنے کوئی چیز رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ بھائیوں نے کنویں میں ڈالا، اللہ نے عزیز مصر کے گھر پہنچایا، لوگوں نے انہیں زندان میں ڈالا، اللہ نے ان کو تخت سلطنت پر بٹھایا۔

۵۸۔ واقعے میں چند کڑیاں مذکور نہیں ہیں جو قرائن سے ذہن میں آ جاتی ہیں۔ تعبیر خواب کے مطابق سات سال غلے کی فراوانی رہی۔ اس کے بعد قحط سالی شروع ہو گئی اور حضرت یوسفؑ کے حسن تدبیر کی وجہ سے صرف مصر میں غلہ کی فراوانی تھی اور قریبی ہمسایہ لوگ غلہ خریدنے مصر آتے تھے۔ چنانچہ برادران یوسف بھی غلہ خریدنے مصر آ گئے اور حضرت یوسفؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضرت یوسفؑ نے انہیں پہچان لیا، لیکن وہ یوسف کو نہیں پہچان سکے۔ کیونکہ جسے وہ کنویں میں ڈال آئے تھے اس کے بارے میں یہ تصور نہیں ہو سکتا تھا کہ وہ خزائن الارض کا مختار کل بن چکا ہے۔

ائْتُوْنِيْ بِاَخٍ لَّكُمْ مِّنْ اَبِيْكُمْ ۚ اَلَا
تَرَوْنَ اَنِّيْٓ اُوْفِي الْكَيْلَ وَاَنَا خَيْرُ
الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۵۹﴾
فَاِنْ لَّمْ تَاْتُوْنِيْ بِهٖ فَلَا كَيْلَ لَكُمْ
عِنْدِيْ وَلَا تَقْرَبُوْنِ ﴿۶۰﴾
قَالُوْا سَنُرَاوِدُ عَنْهُ اَبَاهُ وَاِنَّا
لَفٰعِلُوْنَ ﴿۶۱﴾
وَقَالَ لِفِتْيٰنِهِ اجْعَلُوْا بِضَاعَتَهُمْ
فِيْ رِحَالِهِمْ لَعَلَّهُمْ يَعْرِفُوْنَهَآ اِذَا
انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمْ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۲﴾
فَلَمَّا رَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْهِمْ قَالُوْا يٰٓاَبَانَا
مُنِعَ مِنَّا الْكَيْلُ فَاَرْسِلْ مَعَنَآ
اَخَانَا نَكْتَلْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ﴿۶۳﴾
قَالَ هَلْ اٰمَنُكُمْ عَلَيْهِ اِلَّا كَمَآ
اَمِنْتُكُمْ عَلٰٓى اَخِيْهِ مِنْ قَبْلُ ؕ
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۪ وَّهُوَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾
وَلَمَّا فَتَحُوْا مَتَاعَهُمْ وَجَدُوْا
بِضَاعَتَهُمْ رُدَّتْ اِلَيْهِمْ ؕ قَالُوْا
يٰٓاَبَانَا مَا نَبْغِيْ ؕ هٰذِهٖ بِضَاعَتُنَا
رُدَّتْ اِلَيْنَا ۚ وَنَمِيْرُ اَهْلَنَا وَ
نَحْفَظُ اَخَانَا وَنَزْدَادُ كَيْلَ بَعِيْرٍ ؕ

باپ کی طرف سے اپنے ایک (سوتیلے) بھائی کو میرے پاس لانا، کیا تم نہیں دیکھتے کہ میں پورا ناپتا ہوں اور بہترین مہمان نواز ہوں؟

۶۰۔ پس اگر تم اس بھائی کو نہ لاؤ گے تو میرے پاس سے نہ تو تمہیں کوئی غلہ ملے گا اور نہ ہی تم میرے نزدیک آنا۔☆

۶۱۔ انہوں نے کہا: ہم اس کے والد سے اسے طلب کریں گے اور ہم ایسا کر کے رہیں گے۔

۶۲۔ اور یوسف نے اپنے خدمتگاروں سے کہا: ان کی پونجی (جو غلے کی قیمت تھی) انہی کے سامان میں رکھ دو تا کہ جب وہ پلٹ کر اپنے اہل وعیال کی طرف جائیں تو اسے پہچان لیں، اس طرح ممکن ہے وہ واپس آ جائیں۔☆

۶۳۔ پھر جب وہ اپنے والد کے پاس واپس گئے تو کہنے لگے: اے ہمارے ابا! ہمارے لیے غلے کی بندش ہو گئی لہٰذا آپ ہمارے بھائی کو ہمارے ساتھ بھیج دیجیے تا کہ ہم غلہ حاصل کریں اور بے شک ہم بھائی کی حفاظت کریں گے۔☆

۶۴۔ یعقوب بولے: کیا میں اس کے بارے میں تم پر اسی طرح اعتماد کروں جس طرح اس سے پہلے اس کے بھائی (یوسف) کے بارے میں کیا تھا؟ اللہ بہترین محافظ ہے اور وہ سب سے بہترین رحم کرنے والا ہے۔☆

۶۵۔ اور جب انہوں نے اپنا سامان کھولا تو دیکھا ان کی پونجی انہیں واپس کر دی گئی کہنے لگے: اے ہمارے ابا! ہمیں اور کیا چاہیے؟ دیکھئے! ہماری یہ پونجی ہمیں واپس کر دی گئی ہے اور ہم اپنے اہل وعیال کے لیے غلہ لائیں گے اور اپنے بھائی کی حفاظت بھی کریں گے اور ایک اونٹ کا

۶۰۔ ممکن ہے کہ حضرت یوسفؑ نے ان کے ساتھ اس طرح بات چلائی ہو کہ بنیامین کا ذکر آئے۔ بنیامین کو اپنے پاس لانے کے لیے حضرت یوسف (ع) نے کئی طریقے استعمال کیے۔ غلہ پورا دیا، بہترین مہمان نوازی کی، آئندہ غلہ نہ دینے کی دھمکی دی اور غلہ کی قیمت واپس کی۔

۶۲۔ اس زمانے میں معاملات مال کے بدلے مال کی بنیاد پر ہوتے تھے۔ حضرت یوسفؑ نے ان کا مال غلّے کے ساتھ واپس کر دیا۔

۶۳۔۶۴ سیاق آیت سے مفہوم ہوتا ہے کہ بیٹوں نے سب سے پہلے حضرت یعقوب کو آیندہ غلہ کی بندش کی خبر سنائی اور بنیامین کو آیندہ ان کے ہمراہ مصر بھیجنے پر اصرار کیا۔ حضرت یعقوب نے ان کو یاد دلایا کہ تم نے یوسف کے ساتھ جو سلوک کیا ہے اس سے تم پر اعتماد ختم ہوا ہے اگرچہ یوسف کا بہترین محافظ اللہ ہے لیکن تم نے اپنی بداعتمادی ظاہر کر دی ہے۔

۶۵۔ جب دیکھا کہ یوسفؑ نے غلہ کی قیمت بھی واپس کی ہے تو یہ بات مزید باعث اطمینان ہو گئی کہ ایسے مہربان شخص کے پاس بنیامین کو لے کر جانے میں کوئی باک نہیں ہے۔ اس سے اولاد یعقوب کے مؤقف میں تقویت آ گئی اور انہوں نے اپنے مؤقف کی حمایت میں مزید چند تاکیدی باتوں کا اضافہ کیا۔ اول یہ کہ بنیامین کے بھیجنے سے اہل وعیال کے لیے غلہ مل جائے گا۔ دوم یہ کہ ایسے شخص کے پاس جانے میں ہمیں تحفظ ہے۔ سوم یہ کہ بنیامین کے جانے سے ایک بار شتر کا اضافہ ہو جائے گا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسفؑ غلہ کی تقسیم ایک شتر کے حساب سے کرتے تھے اور راشتنگ کا نظام نافذ تھا۔ چہارم یہ کہ بنیامین کے جانے سے اعتماد بحال ہو گا اور ان سب چیزوں کا حصول آسان ہو جائے گا۔

ذٰلِكَ كَيْلٌ يَّسِيْرٌ ﴿٦٥﴾

قَالَ لَنْ اُرْسِلَهٗ مَعَكُمْ حَتّٰى

تُؤْتُوْنِ مَوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ لَتَاْتُنَّنِيْ بِهٖٓ

اِلَّآ اَنْ يُّحَاطَ بِكُمْ ۚ فَلَمَّآ اٰتَوْهُ

مَوْثِقَهُمْ قَالَ اللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ

وَكِيْلٌ ﴿٦٦﴾

وَقَالَ يٰبَنِيَّ لَا تَدْخُلُوْا مِنْۢ بَابٍ

وَّاحِدٍ وَّادْخُلُوْا مِنْ اَبْوَابٍ

مُّتَفَرِّقَةٍ ۭ وَمَآ اُغْنِيْ عَنْكُمْ مِّنَ

اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ ۭ اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا

لِلّٰهِ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۚ وَعَلَيْهِ

فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿٦٧﴾

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ

اَبُوْهُمْ ۭ مَا كَانَ يُغْنِيْ عَنْهُمْ

مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِيْ

نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰىهَا ۭ وَاِنَّهٗ لَذُوْ

عِلْمٍ لِّمَا عَلَّمْنٰهُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ

النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٦٨﴾ ع ۸ ۱۱ ۲

وَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰي يُوْسُفَ اٰوٰٓى

اِلَيْهِ اَخَاهُ قَالَ اِنِّيْٓ اَنَا اَخُوْكَ

فَلَا تَبْتَىِٕسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٦٩﴾

فَلَمَّا جَهَّزَهُمْ بِجَهَازِهِمْ جَعَلَ

السِّقَايَةَ فِيْ رَحْلِ اَخِيْهِ ثُمَّ اَذَّنَ

بوجھ غلہ زیادہ لائیں گے اور وہ غلہ آسانی سے (حاصل) ہو جائے گا۔☆

۶۶۔ (یعقوب نے) کہا: میں اسے ہرگز تمہارے ساتھ نہیں بھیجوں گا جب تک کہ تم اللہ کے ساتھ عہد نہ کرو کہ تم اسے میرے پاس ضرور واپس لاؤ گے مگر یہ کہ تم (کسی مشکل میں) گھیر لیے جاؤ پھر جب انہوں نے اپنا عہد دے دیا تو یعقوب نے کہا: ہم جو بات کر رہے ہیں اس پر اللہ ضامن ہے۔☆

۶۷۔اور یعقوب نے کہا: بیٹو! تم سب ایک ہی دروازے سے داخل نہ ہونا بلکہ الگ الگ دروازوں سے داخل ہونا اور میں اللہ کے مقابلے میں تمہارے کچھ بھی کام نہیں آ سکتا، حکم صرف اللہ ہی کا چلتا ہے، اسی پر میں نے بھروسا کیا اور بھروسا کرنے والوں کو اسی پر بھروسا کرنا چاہیے۔☆

۶۸۔اور جب وہ داخل ہوئے جہاں سے ان کے والد نے انہیں حکم دیا تھا تو کوئی انہیں اللہ سے بچانے والا نہ تھا مگر یہ کہ یعقوب کے دل میں ایک خواہش تھی جسے انہوں نے پورا کر دیا اور یعقوب یقیناً صاحب علم تھے اس لیے کہ ہم نے انہیں علم دیا تھا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۶۹۔اور جب یہ لوگ یوسف کے ہاں داخل ہوئے تو یوسف نے اپنے بھائی کو اپنے پاس جگہ دی۔ کہا: بے شک میں ہی تیرا بھائی ہوں پس ان لوگوں کے سلوک پر ملال نہ کرنا۔

۷۰۔پھر جب (یوسف نے) ان کا سامان تیار کر لیا تو اپنے بھائی کے سامان میں پیالہ رکھ دیا پھر کسی پکارنے والے نے

۶۶۔ یہ عہد و میثاق ان باتوں کے بارے میں ہے جو انسان کے دائرۂ اختیار میں ہیں جیسا کہ ان لوگوں نے جان بوجھ کر یوسفؑ کے ساتھ کیا تھا۔ اگر بامر مجبوری اس کی خلاف ورزی ہو گئی تو قابل درگزر ہو گا کیونکہ اس زمانے میں کنعان سے مصر کا سفر کرنا خطرے سے خالی نہ تھا اور سفر بھی دراز تھا۔عہد و پیمان ملنے کے بعد حضرت یعقوبؑ نے اللہ پر توکل کا اظہار کیا۔ کیونکہ توکل کا مطلب اسباب وعلل سے بے نیازی نہیں ہے بلکہ توکل کا مطلب یہ ہے کہ صرف اسباب وعلل کافی نہیں ہیں بلکہ ان کے ماوراء ارادۂ الٰہی درکار ہوتا ہے۔ وہی قابل بھروسہ ہے۔

۶۷۔ان ہدایات کے پیچھے کون سے عوامل اور مقاصد کارفرما تھے اس کی طرف آیت میں کوئی اشارہ نہیں ہے۔ممکن ہے کہ نظر بد سے بچنا مقصود ہو یا یہ کہ کسی حادثے کی صورت میں باپ (یعقوب) کو کچھ اور بیٹوں سے بچھڑنا نہ پڑے۔

۶۸۔ممکن ہے خواہش جو پوری ہو گئی، یہ ہو کہ وہ خطرہ ٹل گیا جو ایک دروازے سے داخل ہونے کی صورت میں سب کو لاحق ہو سکتا تھا۔

۷۰۔ اپنے بھائی کے سامان میں پیالہ رکھنا حضرت یوسفؑ کی طرف سے ایک تدبیر و حیلہ تھا جو غالباً دونوں برادران نے مل کر بنایا تھا اور بنیامین وقتی خفت اٹھانے کے لیے تیار ہو گئے تھے۔

انہیں سارق کہنا چونکہ پہلے سے بنیامین کے ساتھ طے تھا اس لیے کوئی حرج نہیں ہے۔ ثانیاً یہ کہ پیالہ عمداً رکھنے کے راز سے یہ آواز دینے والا واقف ہی نہ ہو گا، لہٰذا ممکن ہے کہ آواز دینے والا ان کو فی الواقع چور گمان کرتا ہو۔

مُؤَذِّنٌ اَيَّتُهَا الْعِيْرُ اِنَّكُمْ لَسٰرِقُوْنَ ۷۰
قَالُوْا وَ اَقْبَلُوْا عَلَيْهِمْ مَّاذَا
تَفْقِدُوْنَ ۷۱
قَالُوْا نَفْقِدُ صُوَاعَ الْمَلِكِ وَ لِمَنْ
جَآءَ بِهٖ حِمْلُ بَعِيْرٍ وَّ اَنَا بِهٖ زَعِيْمٌ ۷۲
قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ عَلِمْتُمْ مَّا جِئْنَا
لِنُفْسِدَ فِي الْاَرْضِ وَ مَا كُنَّا
سٰرِقِيْنَ ۷۳
قَالُوْا فَمَا جَزَآؤُهٗۤ اِنْ كُنْتُمْ
كٰذِبِيْنَ ۷۴
قَالُوْا جَزَآؤُهٗ مَنْ وُّجِدَ فِيْ رَحْلِهٖ
فَهُوَ جَزَآؤُهٗ ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِي
الظّٰلِمِيْنَ ۷۵
فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ قَبْلَ وِعَآءِ
اَخِيْهِ ثُمَّ اسْتَخْرَجَهَا مِنْ وِّعَآءِ
اَخِيْهِ ؕ كَذٰلِكَ كِدْنَا لِيُوْسُفَ ؕ مَا
كَانَ لِيَاْخُذَ اَخَاهُ فِيْ دِيْنِ الْمَلِكِ
اِلَّاۤ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ؕ نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ
مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَ فَوْقَ كُلِّ ذِيْ
عِلْمٍ عَلِيْمٌ ۷۶
قَالُوْۤا اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ
مِنْ قَبْلُ ۚ فَاَسَرَّهَا يُوْسُفُ فِيْ
نَفْسِهٖ وَ لَمْ يُبْدِهَا لَهُمْ ۚ قَالَ

آواز دی: اے قافلے والو! تم چور ہو۔☆

۷۱۔ وہ ان کی طرف متوجہ ہوئے اور بولے: تمہاری کیا چیز کھو گئی ہے؟

۷۲۔ کہنے لگے: بادشاہ کا پیالہ کھو گیا ہے اور جو اسے پیش کر دے اس کے لیے ایک بار شتر (انعام) ہے اور میں اس کا ضامن ہوں۔

۷۳۔ قافلے والوں نے کہا: اللہ کی قسم تم لوگوں کو بھی علم ہے کہ ہم اس سرزمین میں فساد کرنے نہیں آئے اور نہ ہی ہم چور ہیں۔☆

۷۴۔ انہوں نے کہا: اگر تم جھوٹے ثابت ہوئے تو اس کی سزا کیا ہونی چاہیے؟

۷۵۔ کہنے لگے: اس کی سزا یہ ہے کہ جس کے سامان میں (مسروقہ مال) پایا جائے وہی اس کی سزا میں رکھ لیا جائے، ہم تو ظلم کرنے والوں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں۔☆

۷۶۔ پھر یوسف نے اپنے بھائی کے تھیلے سے پہلے ان کے تھیلوں کو (دیکھنا) شروع کیا پھر اسے اپنے بھائی کے تھیلے سے نکالا، اس طرح ہم نے یوسف کے لیے تدبیر کی ورنہ وہ شاہی قانون کے تحت اپنے بھائی کو نہیں لے سکتے تھے مگر یہ کہ اللہ کی مشیت ہو، جس کے ہم چاہتے ہیں درجات بلند کرتے ہیں اور ہر صاحب علم سے بالاتر ایک بہت بڑی دانا ذات ہے۔☆

۷۷۔ (برادران یوسف نے) کہا: اگر اس نے چوری کی ہے (تو نئی بات نہیں) اس کے بھائی (یوسف) نے بھی تو پہلے چوری کی تھی، پس یوسف نے اس بات کو دل میں سہ لیا اور اسے ان پر ظاہر نہ کیا (البتہ

۷۳۔ قافلہ والوں کے لب و لہجے سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسفؑ کے گرد پیش کے لوگوں کو اس بات کا علم ہوا تھا کہ یہ لوگ کس خاندان سے تعلق رکھتے ہیں۔ چنانچہ قافلہ والے ان کی اس شناخت پر تکیہ کر کے بات کر رہے ہیں کہ تمہیں خود علم ہے کہ ہم زمین مصر میں فساد کرنے نہیں آئے۔

۷۵۔ پہلے سے طے شدہ بہانے کے تحت پوچھا جاتا ہے کہ اگر تم چور ثابت ہوئے تو اس کی کیا سزا ہو گی؟ حضرت یوسفؑ کو علم تھا کہ اس کا کیا جواب آنے والا ہے۔ کیونکہ شریعت ابراہیمی میں چور کی سزا یہ تھی کہ صاحب مال چور کو اپنا غلام بنا لے۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت یوسفؑ نے بھائیوں کی بہترین مہمان نوازی کی اور کھانے کے لیے دسترخوان کو یوں ترتیب دیا کہ دو دو بھائی مل کر کھائیں۔ بنیامین تنہا رہ گئے جس پر وہ یوسفؑ کو یاد کر کے روئے تو حضرت یوسفؑ نے ان کو اپنے دسترخوان پر جگہ دی اور کہا: میں تیرا بھائی ہوں۔ اس طرح دو دو بھائیوں کے لیے ایک ایک کمرہ تیار کیا۔ بنیامین پھر تنہا رہ گئے۔ حضرت یوسف (ع) نے بنیامین کو اپنے کمرے میں جگہ دی اور تخلیہ ہونے پر پورا راز کھول دیا اور کہا: میں تیرا بھائی ہوں۔

۷۶۔ تدبیر پر نہایت ہوشیاری سے عمل کیا جا رہا ہے۔ حضرت یوسفؑ کو علم ہے کہ پیالہ اپنے بھائی کے تھیلے میں ہے، مگر تلاشی کی ابتدا دوسرے بھائیوں کے تھیلوں سے کرتے ہیں تاکہ کسی سوچی سمجھی تدبیر کا کہیں شائبہ نہ ہو جائے۔ اس تدبیر کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ حضرت یوسفؑ کے پاس اپنے بھائی کو اپنے پاس رکھنے کا اور کوئی بہانہ نہ تھا۔ کیونکہ حضرت یوسفؑ کے لیے درست ہی نہ تھا کہ وہ شاہی قانون کے مطابق عمل کریں۔ وہ پیغمبر ہیں، الٰہی قانون پر ہی عمل کریں گے۔ اگرچہ یہاں بنیامین حقیقتاً چور نہیں ہیں، لہٰذا سزا بھی حقیقی نہیں تھی۔ تاہم ظاہری طور پر بھی ایک رسول کے لیے ممکن نہ تھا کہ وہ الٰہی قانون کو چھوڑ کر شاہی قانون پر عمل کرے۔ رہا یہ سوال کہ حضرت یوسف (ع) کے حکومت میں داخل ہوتے ہوئے شاہی قانون کس طرح نافذ تھا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ قوانین کا نفاذ اور تبدیلی نظام ہمیشہ تدریجی ہوا کرتی ہے۔ ابتدا میں رسول اسلام (ص) کے لیے بھی ممکن نہ تھا کہ بہ یک جنبش قلم تمام جاہلی

اَنْتُمْ شَرٌّ مَّكَانًا ۚ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَصِفُوْنَ ﴿۷۷﴾

اتنا ضرور) کہا: تم لوگ برے ہو (نہ کہ ہم دونوں) اور جو بات تم بیان کر رہے ہو اسے اللہ بہتر جانتا ہے۔☆

قَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الْعَزِيْزُ اِنَّ لَهٗٓ اَبًا شَيْخًا كَبِيْرًا فَخُذْ اَحَدَنَا مَكَانَهٗ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۷۸﴾

۷۸۔ وہ کہنے لگے: اے عزیز! اس کا باپ بہت سن رسیدہ ہو چکا ہے پس آپ اس کی جگہ ہم میں سے کسی کو رکھ لیں ہمیں آپ نیکی کرنے والے نظر آتے ہیں۔

قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اَنْ نَّاْخُذَ اِلَّا مَنْ وَّجَدْنَا مَتَاعَنَا عِنْدَهٗٓ ۙ اِنَّآ اِذًا لَّظٰلِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ ع

۷۹۔ کہا: پناہ بخدا! جس کے ہاں سے ہمارا سامان ہمیں ملا ہے اس کے علاوہ ہم کسی اور کو پکڑیں؟ اگر ہم ایسا کریں تو زیادتی کرنے والوں میں ہوں گے۔☆

فَلَمَّا اسْتَيْـَٔسُوْا مِنْهُ خَلَصُوْا نَجِيًّا ۭ قَالَ كَبِيْرُهُمْ اَلَمْ تَعْلَمُوْٓا اَنَّ اَبَاكُمْ قَدْ اَخَذَ عَلَيْكُمْ مَّوْثِقًا مِّنَ اللّٰهِ وَمِنْ قَبْلُ مَا فَرَّطْتُّمْ فِيْ يُوْسُفَ ۚ فَلَنْ اَبْرَحَ الْاَرْضَ حَتّٰى يَاْذَنَ لِيْٓ اَبِيْٓ اَوْ يَحْكُمَ اللّٰهُ لِيْ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸۰﴾

۸۰۔ پھر جب وہ اس سے مایوس ہوگئے تو الگ ہو کر مشورہ کرنے لگے، ان کے بڑے نے کہا: کیا تمہیں نہیں معلوم کہ تمہارے والد نے تم سے اللہ کا عہد لیا ہے اور اس سے پہلے بھی یوسف کے بارے میں تقصیر کر چکے ہو؟ لہٰذا میں تو اس سرزمین سے ہلنے والا نہیں ہوں جب تک میرے والد مجھے اجازت نہ دیں یا اللہ میرے بارے میں کوئی فیصلہ نہ کرے اور وہ بہترین فیصلہ کرنے والا ہے۔☆

اِرْجِعُوْٓا اِلٰٓى اَبِيْكُمْ فَقُوْلُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّ ابْنَكَ سَرَقَ ۚ وَمَا شَهِدْنَآ اِلَّا بِمَا عَلِمْنَا وَمَا كُنَّا لِلْغَيْبِ حٰفِظِيْنَ ﴿۸۱﴾

۸۱۔ تم اپنے والد کے پاس جاؤ اور ان سے کہو: اے ہمارے ابا جان! آپ کے بیٹے نے چوری کی ہے اور ہمیں جو علم ہوا اس کی ہم نے گواہی دے دی ہے اور غیب کے ہم ذمہ دار نہیں ہیں۔

وَسْـَٔلِ الْقَرْيَةَ الَّتِيْ كُنَّا فِيْهَا وَالْعِيْرَ الَّتِيْٓ اَقْبَلْنَا فِيْهَا ۭ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۸۲﴾

۸۲۔ اور اس بستی (والوں) سے پوچھیے جس میں ہم ٹھہرے تھے اور اس قافلے سے پوچھیے جس میں ہم آئے ہیں اور (یقین جانیے) ہم بالکل سچے ہیں۔

قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ

۸۳۔ (یعقوب نے) کہا: بلکہ تم نے خود اپنی طرف سے ایک بات بنائی ہے پس بہترین

قوانین ختم کر کے اسلامی قوانین نافذ کریں۔

۷۷۔ ہنوز ان کے دلوں میں یوسفؑ اور بنیامین کے خلاف حسد کی آگ بجھی نہیں تھی۔ لہٰذا پہلے تو کہ دیا: ہم اولاد یعقوب چور نہیں ہیں۔ جب پیمانہ بنیامین کے تھیلے سے نکلا تو بنیامین اور یوسفؑ کو اپنے سے الگ شمار کیا اور کہا اس کے بھائی نے بھی چوری کی تھی۔

۷۸۔ یہاں حضرت یوسفؑ کو عزیز کہا گیا ہے۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ حضرت یوسفؑ مصر میں ایک ایسے منصب پر فائز تھے جسے مصری اصطلاح میں عزیز کہتے تھے جو تقریباً سرکار کے قریب المعنی ہے۔ ان آیات میں ایک جگہ الملک کا ذکر آیا ہے اور یوسفؑ کے لیے عزیز کہا گیا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یوسف الملک بادشاہ تو نہیں تھے، اس کے بعد کا منصب حضرت یوسفؑ کے پاس تھا جسے عزیز کہتے تھے۔

۷۹۔ حضرت یوسفؑ بنیامین کو چور نہیں کہتے، بلکہ یہ تعبیر اختیار کرتے ہیں: جس کے ہاں سے ہمارا سامان ملا ہے، اسے چھوڑ کر کسی اور کو پکڑ نا ظلم ہے۔ اس عمل کو توریہ کہتے ہیں جو مصلحتاً امر واقع کو چھپانے اور صریحاً جھوٹ نہ بولنے سے عبارت ہے۔ مثلاً غیر مستحق آپ سے پیسے مانگے تو آپ توریۃً کہیں گے: میرا ہاتھ خالی ہے۔ اس سے سائل سمجھے گا کہ آپ کے پاس پیسے نہیں ہیں، جب کہ آپ اپنے ہاتھ کا قصد کر رہے ہیں جو واقعاً اس وقت خالی ہے۔ ایسا کرنا عند الضرورۃ درست ہے۔ روایت ہے کہ یوسفؑ اپنی پھوپھی کے ہاں رہتے تھے۔ حضرت یعقوبؑ نے اپنے ہاں بلانا چاہا تو انہوں نے یوسفؑ کی کمر میں ایک کمر بند باندھ دیا پھر چوری کا الزام دے کر اپنے ہاں روک لیا۔

۸۰۔ اولاد یعقوبؑ میں بڑا بیٹا نسبتاً ذمہ دار معلوم ہوتا ہے۔ ممکن ہے شروع میں بھی اسی نے کہا ہو کہ یوسفؑ کو قتل نہ کرو، اسے کنویں میں ڈال دو۔ حضرت یعقوبؑ کو علم تھا کہ یوسفؑ زندہ ہیں بلکہ یہ بھی اشارہ دیا کہ یوسفؑ، بنیامین اور بڑا بیٹا سب ایک ساتھ واپس آئیں گے۔

۸۳۔ اس مرتبہ جو واقعہ پیش آیا ہے، اگرچہ اسے ان لوگوں نے خود نہیں بنایا تھا، لیکن یہ واقعہ اس زیادتی کا نتیجہ تھا جو ان لوگوں نے یوسفؑ کے بارے میں کی تھی۔ اس لیے ان کو اس واقعہ کا بھی

اَمْرًا ؕ فَصَبْرٌ جَمِیْلٌ ؕ عَسَی
اللّٰهُ اَنْ یَّاْتِیَنِیْ بِهِمْ جَمِیْعًا ؕ اِنَّهٗ
هُوَ الْعَلِیْمُ الْحَكِیْمُ ﴿۸۳﴾
وَتَوَلّٰی عَنْهُمْ وَقَالَ یٰۤاَسَفٰی عَلٰی
یُوْسُفَ وَابْیَضَّتْ عَیْنٰهُ مِنَ
الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِیْمٌ ﴿۸۴﴾
قَالُوْا تَاللّٰهِ تَفْتَؤُا تَذْكُرُ یُوْسُفَ
حَتّٰی تَكُوْنَ حَرَضًا اَوْ تَكُوْنَ مِنَ
الْهٰلِكِیْنَ ﴿۸۵﴾
قَالَ اِنَّمَاۤ اَشْكُوْا بَثِّیْ وَحُزْنِیْۤ
اِلَی اللّٰهِ وَاَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾
یٰبَنِیَّ اذْهَبُوْا فَتَحَسَّسُوْا مِنْ
یُّوْسُفَ وَاَخِیْهِ وَلَا تَایْـَٔسُوْا مِنْ
رَّوْحِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا یَایْـَٔسُ مِنْ رَّوْحِ
اللّٰهِ اِلَّا الْقَوْمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۷﴾
فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلَیْهِ قَالُوْا یٰۤاَیُّهَا
الْعَزِیْزُ مَسَّنَا وَاَهْلَنَا الضُّرُّ وَجِئْنَا
بِبِضَاعَةٍ مُّزْجٰىةٍ فَاَوْفِ لَنَا
الْكَیْلَ وَتَصَدَّقْ عَلَیْنَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
یَجْزِی الْمُتَصَدِّقِیْنَ ﴿۸۸﴾
قَالَ هَلْ عَلِمْتُمْ مَّا فَعَلْتُمْ
بِیُوْسُفَ وَاَخِیْهِ اِذْ اَنْتُمْ جٰهِلُوْنَ ﴿۸۹﴾

صبر کروں گا امید ہے کہ اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے، یقیناً وہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔☆

۸۴۔اور یعقوب نے ان سے منہ پھیر لیا اور کہا ہائے یوسف اوران کی آنکھیں (روتے روتے) غم سے سفید پڑ گئیں اور وہ گھٹے جا رہے تھے۔☆

۸۵۔ (بیٹوں نے) کہا: قسم بخدا ! یوسف کو برابر یاد کرتے کرتے آپ جان بلب ہو جائیں گے یا جان دے دیں گے۔

۸۶۔ یعقوب نے کہا: میں اپنا اضطراب اور غم صرف اللہ کے سامنے پیش کر رہا ہوں اوراللہ کی جانب سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔☆

۸۷۔ اے میرے بیٹو! جاؤ یوسف اور اس کے بھائی کو تلاش کرو اور اللہ کے فیض سے مایوس نہ ہونا کیونکہ اللہ کے فیض سے تو صرف کافر لوگ مایوس ہوتے ہیں۔☆

۸۸۔ پھر جب وہ یوسف کے ہاں داخل ہوئے تو کہنے لگے: اے عزیز ! ہم اور ہمارے اہل وعیال سخت تکلیف میں ہیں اور ہم نہایت ناچیز پونجی لے کر آئے ہیں پس آپ ہمیں پورا غلہ دیجیے اور ہمیں خیرات (بھی) دیجیے، اللہ خیرات دینے والوں کو یقیناً اجر عطا کرنے والا ہے۔

۸۹۔یوسف نے کہا: کیا تم جانتے ہو کہ جب تم نادان تھے تو تم نے یوسف اور اس کے بھائی کے ساتھ کیا سلوک کیا؟☆

ذمہ دار ٹھہرایا گیا۔ پھر حضرت یعقوبؑ کے لیے یہ بات بھی قابل قبول نہ تھی کہ بنیامین جیسا نیک سیرت فرزند چوری کا مرتکب ہوسکتا ہے۔

حضرت یعقوبؑ کے اس جملے سے ''امید ہے اللہ ان سب کو میرے پاس لے آئے'' معلوم ہوتا ہے کہ آپؑ کو علم تھا کہ یوسفؑ زندہ ہیں، بلکہ یہ بھی اشارہ دیا کہ یوسفؑ، بنیامین اور بڑا لڑکا سب ایک ساتھ واپس آنے والے ہیں اور یوسفؑ کا خواب پورا ہونے والا ہے۔

۸۴۔صبر جمیل کے باوجود یعقوبؑ کا نابینائی کی حد تک رونا بتاتا ہے کہ اظہار حزن اور گریہ کرنا صبر کے منافی نہیں ہے۔ بقول بعض اہل قلم: یہ اشک فشانی، کمالات نبوت کے ذرا بھی منافی نہیں ہے، جیسا کہ آج کل کے بعض نافہموں نے لکھ دیا ہے، بلکہ یہ مزید شفقت اور رقت قلب کی علامت ہے۔حضرت یوسفؑ تو خیر جوان تھے، ہمارے حضور انورؐ تو اپنے فرزند ابراہیم کی وفات پر آنسوؤں کے ساتھ روئے ہیں، جو ابھی شیر خوار تھے۔(دریابادی) صبر کے منافی یہ ہے کہ اس فیصلہ کو پسند نہ کیا جائے اور جزع فزع اس لیے ہو کہ یہ فیصلہ کیوں ہوا۔

۸۶۔ یہ شکوہ اگر کسی اور سے کروں تو بے صبری کہلائے۔ میں تو اس ذات کے سامنے اپنے دل کی حالت کھول کر بیان کرتا ہوں جس سے میری ساری امیدیں وابستہ ہیں۔ عبد معبود کی بارگاہ میں جب اپنا احوال واقعی بیان کرتا ہے تو عین بندگی ہوتی ہے، یہی باتیں اگر غیر خدا سے کی جائیں تو بے صبری ہوتی ہے۔ اسی لیے حضرت یعقوبؑ فرماتے ہیں: میں تو اپنے غم و اندوہ کا اظہار کسی اور سے نہیں صرف اپنے رب سے کرتا ہوں، جس سے میری ساری امیدیں وابستہ ہیں اور اس سے میں مایوس نہیں ہوں، اس علم کی وجہ سے جو تمہارے پاس نہیں میرے پاس ہے۔

۸۷۔حضرت یعقوبؑ، حضرت یوسفؑ اور بنیامین کے یکجا موجود ہونے کی طرف اشارہ کر رہے ہیں اور ساتھ یہ درس بھی دے رہے ہیں کہ مومن اللہ کی رحمت سے مایوس نہیں ہوتا۔ کیونکہ اللہ سے مایوس ہونے کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ اس کی قدرت و طاقت محدود ہے اور یہ کفر ہے۔

۸۹۔اس قسم کا طرز خطاب ان لوگوں کے ساتھ اختیار کیا جاتا ہے جن کو ان کی غلط کاریوں کی سرزنش کرنا مقصود ہو۔ حضرت یوسفؑ نے ابتدائے کلام

قَالُوْٓا ءَاِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ ؕ قَالَ
اَنَا يُوْسُفُ وَهٰذَآ اَخِيْ ۫ قَدْ مَنَّ
اللّٰهُ عَلَيْنَا ؕ اِنَّهٗ مَنْ يَّتَّقِ وَ
يَصْبِرْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۹۰﴾
قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا
وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۱﴾
قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ ؕ
يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ ۫ وَهُوَ اَرْحَمُ
الرّٰحِمِيْنَ ﴿۹۲﴾
اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ
عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ
وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۹۳﴾ ع
وَلَمَّا فَصَلَتِ الْعِيْرُ قَالَ اَبُوْهُمْ
اِنِّيْ لَاَجِدُ رِيْحَ يُوْسُفَ لَوْلَآ اَنْ
تُفَنِّدُوْنِ ﴿۹۴﴾
قَالُوْا تَاللّٰهِ اِنَّكَ لَفِيْ ضَلٰلِكَ
الْقَدِيْمِ ﴿۹۵﴾
فَلَمَّآ اَنْ جَآءَ الْبَشِيْرُ اَلْقٰىهُ عَلٰى
وَجْهِهٖ فَارْتَدَّ بَصِيْرًا ۚ قَالَ اَلَمْ
اَقُلْ لَّكُمْ ۚ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ مِنَ اللّٰهِ مَا
لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾
قَالُوْا يٰٓاَبَانَا اسْتَغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَآ اِنَّا

۹۰۔ وہ کہنے لگے: کیا واقعی آپ یوسف ہیں؟ کہا: میں یوسف ہوں اور یہ میرا بھائی ہے، اللہ نے ہم پر احسان کیا ہے، اگر کوئی تقویٰ اختیار کرے اور صبر کرے تو اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔☆

۹۱۔ انہوں نے کہا: قسم بخدا! اللہ نے آپ کو ہم پر فضیلت دی ہے اور ہم ہی خطا کار تھے۔

۹۲۔ یوسف نے کہا: آج تم پر کوئی عتاب نہیں ہوگا، اللہ تمہیں معاف کر دے گا اور وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے☆

۹۳۔ یہ میرا کرتا لے جاؤ پھر اسے میرے والد کے چہرے پر ڈال دو تو ان کی بصارت لوٹ آئے گی اور تم اپنے تمام اہل وعیال کو میرے پاس لے آنا۔☆

۹۴۔ اور جب یہ قافلہ (مصر کی سرزمین سے) دور ہوا تو ان کے باپ نے کہا: اگر تم مجھے بہکا ہوا نہ سمجھو تو یقیناً مجھے یوسف کی خوشبو آ رہی ہے۔☆

۹۵۔ لوگوں نے کہا: قسم بخدا! آپ اپنے اسی پرانے خبط میں (مبتلا) ہیں۔

۹۶۔ پھر جب بشارت دینے والا آیا تو اس نے یوسف کا کرتا یعقوب کے چہرے پر ڈال دیا تو وہ دفعتاً بینا ہو گئے، کہنے لگے: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کی طرف سے وہ باتیں جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے؟☆

۹۷۔ بیٹوں نے کہا: اے ہمارے ابا! ہمارے گناہوں کی مغفرت کے لیے دعا کیجیے، ہم

میں سرزنش کا لہجہ اختیار کیا لیکن معاً اس کی توجیہ بھی بیان فرمائی کہ یہ کام تم لوگوں نے نادانی میں کیا تھا۔

۹۰۔ بھائیوں نے جب یوسفؑ کو پہچان لیا تو ان کے ذہنوں میں اپنی بدسلوکی اور یوسفؑ کے حسن سلوک کا تصور گھومنا شروع ہوا ہوگا اور ان دونوں سلوکوں میں موجود نمایاں فرق نے ان کو مزید شرمندہ کیا ہوگا۔ اس جگہ حضرت یوسفؑ نے ان عوامل کا ذکر کیا جن کی وجہ سے ان کو کامیابی حاصل ہوئی اور وہ ہیں صبر اور تقویٰ۔ چنانچہ قرآن کی دیگر متعدد آیات میں صبر و تقویٰ کو مشکلات سے نکلنے کا ذریعہ بتایا ہے۔

۹۲۔ بھائیوں نے جرم کا اعتراف کیا تو صاحب فضیلت حضرت یوسفؑ نے اپنے فضل کا ثبوت فراہم کیا۔ چنانچہ اس اعتراف کے جواب میں فرمایا: لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ۔ آج تم پر کوئی عتاب نہیں ہوگا۔ رسول اکرمؐ نے بھی فتح مکہ کے موقع پر اپنے جانی دشمنوں سے درگزر فرماتے ہوئے یہی جملہ دہرایا: لاتثریب علیکم الیوم۔

۹۳۔ حضرت یوسفؑ جانتے تھے کہ بھائیوں نے خون آلود قمیص والد کے سامنے پیش کی تھی، جس نے والد کو غمگین کیا تھا، سو آج قمیص کے ذریعے ہی ان کو خوشخبری دینا چاہتے تھے۔ چنانچہ روایت میں آیا ہے کہ حضرت یوسفؑ نے فرمایا: میری یہ قمیص وہی شخص میرے والد کے پاس لے جائے جس نے میری خون آلود قمیص والد کے سامنے پیش کی تھی تاکہ جس نے میرے والد کو غمگین کیا وہی انہیں خوشخبری بھی دے۔

۹۴۔ ممکن ہے یہ خوشبو حسی قوت شامہ سے نہیں، بلکہ مشام ماورائے حس سے درک کی ہو جو انبیاء کے لیے بعید نہیں ہے۔

۹۶۔ بصارت یعقوبؑ کا عود کر آنا عام طبیعی دستور کے مطابق نہیں ہو سکتا، کیونکہ طبیعی طور پر علاج کے بغیر ممکن نہیں ہے اور یوسفؑ کا کرتا منہ پر ڈالا جانا آنکھوں کی بصارت کے لیے طبیعی علاج ہرگز نہیں ہے، نہ اس فرط مسرت سے بصارت واپس آ سکتی ہے، بلکہ یہ صرف اعجاز کی صورت ہے جس سے حضرت یوسفؑ اور حضرت یعقوبؑ آگاہ تھے۔

۹۷۔ اولاد یعقوبؑ خطا کار سہی، لیکن خاندان نبوت کے افراد ہیں اور ابراہیم خلیل اللہ (ع) کے پڑپوتے ہیں۔ آداب بندگی سے واقف ہیں کہ

كُنَّا خٰطِـِٕيْنَ ﴿۹۷﴾
قَالَ سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّيْ ؕ
اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۹۸﴾
فَلَمَّا دَخَلُوْا عَلٰى يُوْسُفَ اٰوٰۤى
اِلَيْهِ اَبَوَيْهِ وَقَالَ ادْخُلُوْا مِصْرَ
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ﴿۹۹﴾
وَرَفَعَ اَبَوَيْهِ عَلَى الْعَرْشِ وَ
خَرُّوْا لَهٗ سُجَّدًا ۚ وَ قَالَ يٰۤاَبَتِ
هٰذَا تَاْوِيْلُ رُءْيَايَ مِنْ قَبْلُ ۫ قَدْ
جَعَلَهَا رَبِّيْ حَقًّا ؕ وَقَدْ اَحْسَنَ بِيْۤ
اِذْ اَخْرَجَنِيْ مِنَ السِّجْنِ
وَجَآءَ بِكُمْ مِّنَ الْبَدْوِ مِنْۢ بَعْدِ اَنْ
نَّزَغَ الشَّيْطٰنُ بَيْنِيْ وَبَيْنَ
اِخْوَتِيْ ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَطِيْفٌ لِّمَا
يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۰۰﴾
رَبِّ قَدْ اٰتَيْتَنِيْ مِنَ الْمُلْكِ وَ
عَلَّمْتَنِيْ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۚ
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۫ اَنْتَ
وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ
مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۱﴾
ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ
اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ
اِذْ اَجْمَعُوْۤا اَمْرَهُمْ وَ هُمْ

ہی خطا کار تھے۔☆

۹۸۔ (یعقوب نے) کہا: عنقریب میں تمہارے لیے اپنے رب سے مغفرت کی دعا کروں گا، وہ یقیناً بڑا بخشنے والا، مہربان ہے

۹۹۔ جب یہ لوگ یوسف کے پاس پہنچے تو یوسف نے اپنے والدین کو اپنے ساتھ بٹھایا اور کہا: اللہ نے چاہا تو امن کے ساتھ مصر میں داخل ہو جایئے۔☆

۱۰۰۔ اور یوسف نے اپنے والدین کو تخت پر بٹھایا اور وہ سب ان کے آگے سجدے میں گر پڑے اور یوسف نے کہا: اے ابا جان! یہی میرے اس خواب کی تعبیر ہے جو میں نے پہلے دیکھا تھا، بتحقیق میرے رب نے اسے سچ کر دکھایا اور اس نے سچ مچ مجھ پر احسان کیا جب مجھے زندان سے نکالا بعد اس کے کہ شیطان نے میرے اور میرے بھائیوں کے درمیان فساد ڈالا آپ کو صحرا سے (یہاں) لے آیا، یقیناً میرا رب جو چاہتا ہے اسے تدبیر خفی سے انجام دیتا ہے، یقیناً وہی بڑا دانا، حکمت والا ہے۔☆

۱۰۱۔ اے میرے رب! تو نے مجھے اقتدار کا ایک حصہ عنایت فرمایا اور ہر بات کے انجام کا علم دیا، آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا میں بھی میرا سرپرست ہے اور آخرت میں بھی، مجھے (دنیا سے) مسلمان اٹھالے اور نیک بندوں میں شامل فرما۔☆

۱۰۲۔ یہ غیب کی خبروں کا حصہ ہیں جنہیں ہم آپ کی طرف وحی کر رہے ہیں وگرنہ آپ اس وقت ان کے پاس موجود نہ تھے جب وہ اپنا عزم پختہ کر کے سازش کر رہے

اپنے گناہوں کی مغفرت کے لیے، رسول خدا، اپنے والد بزگوار کی طرف رجوع کرتے ہیں اور اللہ سے طلب عفو کے لیے انہیں وسیلہ بناتے ہیں۔

۹۸۔ حضرت یعقوبؑ بالفور دعا نہیں فرماتے، بلکہ عنقریب دعا کرنے کا وعدہ فرماتے ہیں۔

۹۹۔ برسوں کی جدائی اور یوسفؑ پر ایک زندگی گریہ و زاری کے بعد یہ ملاقات کس قدر رقت آمیز ہوئی ہو گی۔ مصر میں داخل ہو جایئے سے ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت یوسفؑ اپنے والد بزرگوار کے استقبال کے لیے مصر یا شہر کی حدود سے نکل آئے تھے۔ اس طرح آلوسیؒ کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ یوسف اپنے والدین کے گلے لپٹے۔ چنانچہ اس استقبال کا ذکر توریت میں بھی ملتا ہے۔

۱۰۰۔ حضرت یوسفؑ نے والدین کو تخت پر بٹھایا۔ تخت سے مراد تخت حکومت لیا جائے تو اس سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ یوسفؑ مصر کے تخت نشین بادشاہ بن گئے تھے، لیکن ممکن ہے تخت شاہی نہ ہو، کیونکہ قرآن یوسفؑ کو عزیز کہتا ہے اور ساتھ بادشاہ کا بھی ذکر آتا ہے۔ تاریخ نے بھی مصری بادشاہوں کے سلسلے میں یوسفؑ کا ذکر نہیں کیا ہے۔

سجدے سے مراد ایک قسم کی تعظیم ہے، جو ذرا زمین کی طرف جھک کر بجا لائی جاتی تھی۔ یہ زمین پر پیشانی رکھنے والا سجدہ نہیں ہے۔

۱۰۱۔ حضرت یوسف (ع) اپنے رب کی بارگاہ میں یہ مناجات عین اس وقت کر رہے ہیں، جب ان کے بھائی سامنے موجود ہیں، جو کل ان کی جان کے دشمن تھے۔ آج یوسفؑ اپنی کامیابی پر فخر و مباہات کرنے کی بجائے اپنے رب کا شکر بجالا رہے ہیں۔

۱۰۲۔ قصۂ یوسفؑ کے بارے میں یہ سارے حقائق وحی پر مبنی ہیں ورنہ مکہ جیسے ماحول میں زندگی گزارنے والے کسی شخص کے پاس کسی قسم کے تاریخی ذرائع نہ تھے۔

ممکن ہے کہ کوئی یہ سوال اٹھائے کہ ان حقائق کو بائبل اور دوسری کتب کے ذریعے حاصل کیا گیا ہو گا۔ جواب یہ ہے کہ قدیم کتابوں مثلاً بائبل اور تلمود کا قرآن کے ساتھ موازنہ کیا جائے تو ان کتابوں میں اس قصے کے صرف واقعاتی پہلو ملیں گے، وہ بھی بہت اختلاف کے ساتھ۔ ان میں اس کے روحانی اور رسالتی پہلو کا سرے سے کوئی ذکر نہیں ہے۔

يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَمَآ اَكْثَرُ النَّاسِ وَلَوْ حَرَصْتَ
بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۰۳﴾
وَمَا تَسْـَٔلُهُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ؕ اِنْ
هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۴﴾ ع ۱۱ ۵
وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِى السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ
عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
وَمَا يُؤْمِنُ اَكْثَرُهُمْ بِاللّٰهِ اِلَّا وَ
هُمْ مُّشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۶﴾
اَفَاَمِنُوْٓا اَنْ تَاْتِيَهُمْ غَاشِيَةٌ مِّنْ
عَذَابِ اللّٰهِ اَوْ تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ
بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۰۷﴾
قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِىْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ ق ۱۲ ۱۰
عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَ مَنِ اتَّبَعَنِىْ ؕ
وَسُبْحٰنَ اللّٰهِ وَ مَآ اَنَا مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۰۸﴾
وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا
نُّوْحِىْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى ؕ
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَلَدَارُ
الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ اتَّقَوْا ؕ اَفَلَا

تھے۔☆

۱۰۳۔اور آپ کتنے ہی خواہش مند کیوں نہ ہوں ان لوگوں میں سے اکثر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔☆

۱۰۴۔اور (حالانکہ) آپ اس بات پر ان سے کوئی اجرت بھی نہیں مانگتے اور یہ (قرآن) تو عالمین کے لیے بس ایک نصیحت ہے۔

۱۰۵۔ اور آسمانوں اور زمین میں کتنی ہی نشانیاں ہیں جن پر سے یہ لوگ بغیر اعتنا کے گزر جاتے ہیں۔

۱۰۶۔ ان میں سے اکثر لوگ اللہ پر ایمان لائے بھی ہیں تو اس کے ساتھ شرک بھی کرتے ہیں۔

۱۰۷۔کیا یہ لوگ اس بات سے بے فکر ہیں کہ اللہ کی طرف سے کوئی عذاب انہیں گھیر لے یا ناگہاں قیامت کی گھڑی آ جائے اور انہیں خبر تک نہ ہو؟☆

۱۰۸۔کہہ دیجیے: یہی میرا راستہ ہے، میں اور میرے پیروکار، پوری بصیرت کے ساتھ اللہ کی طرف دعوت دیتے ہیں اور پاکیزہ ہے اللہ اور میں شرک کرنے والوں میں سے نہیں ہوں۔☆

۱۰۹۔اور آپ سے پہلے ہم ان بستیوں میں صرف مردوں ہی کو بھیجتے رہے ہیں جن کی طرف ہم وحی بھیجتے تھے، تو کیا یہ لوگ روئے زمین پر چل پھر کر نہیں دیکھتے کہ ان سے پہلے والوں کا انجام کیا ہوا؟ اور اہل تقویٰ کے لیے تو آخرت کا گھر ہی بہتر

۱۰۳۔ یہودیوں نے رسول اکرمؐ کی نبوت کی آزمائش کے لیے سوال کیا تھا کہ اس نبی کا حال بتایئے جس کا بیٹا شام سے مصر لے جایا گیا۔اس پر پورا واقعہ بیان کرنے پر توقع کی جا سکتی تھی کہ اس معجزے کو دیکھ کر وہ ایمان لے آئیں گے، لیکن اس جگہ اللہ فرماتا ہے: خواہ آپ کتنا ہی چاہیں یہ لوگ اب بھی ایمان لانے والے نہیں ہیں، کیونکہ ان کا ایمان نہ لانا اس لیے نہیں کہ یہاں کوئی معقول دلیل موجود نہیں، نہ ہی ان کے سوال کا یہ مطلب ہے کہ وہ حق جوئی کر رہے ہیں بلکہ وہ تو بہانہ جوئی کر رہے ہیں۔

۱۰۷۔ ایمان اور شرک کے مراتب ہیں۔ بہت سے لوگوں کا ایمان شرک کے ساتھ آمیختہ ہوتا ہے۔ حدیث نبوی ہے: اِنَّ الشِّرْكَ اَخْفٰى مِنْ دَبِيبِ النَّمْلِ۔ (وسائل الشیعۃ ۱۶: ۲۵۴) تمہارے اندر شرک چیونٹی کی چال سے بھی زیادہ پوشیدہ طور پر موجود ہے۔

۱۰۸۔ اس دعوت کا خاصہ عَلٰى بَصِيْرَةٍ ہے۔ یعنی اس کی بنیاد یقین وبصیرت پر ہے، لہٰذا پیروکاروں میں جو لوگ عَلٰى بَصِيْرَةٍ کے درجہ پر فائز ہیں، وہ اس دعوت میں شریک ہیں۔ واضح رہے تبلیغ اور دعوت اصولی اور ابتدائی طور پر رسول اللہؐ کی ذمہ داری ہے۔ اس مرحلے میں رسول (ص) کے ساتھ کوئی شریک نہیں ہے، البتہ سورۂ برائت کی تبلیغ کے سلسلہ میں ایک موقع ایسا آیا کہ رسول اللہؐ خود تبلیغ کا کام انجام نہیں دے سکتے تھے، اس لیے حضرت علی علیہ السلام کو رجل منك کے عنوان سے رسول اسلامؐ کے بعد مَنِ اتَّبَعَنِىْ کی منزل پر فائز کر دیا اور سورۃ برائت کی ابتدائی تبلیغ فرمائی۔ رسول اللہؐ کی طرف سے تبلیغ عمل میں آنے کے بعد ہر وہ ہستی جو عَلٰى بَصِيْرَةٍ کے مقام پر فائز ہو دعوت الی اللہ کی ذمہ داری انجام دے سکتی ہے۔ لہٰذا دعوت الی اللہ کے دو ارکان ہیں: اتباع رسولؐ اور بصیرت و یقین۔ چنانچہ حاکم حسکانی نے شواہد التنزیل ۱: ۲۸۵ میں، شہاب الدین شافعی نے توضیح الدلائل قلمی نسخہ ص ۱۶۱ میں اور کلینی نے کافی میں اس روایت کا ذکر کیا ہے کہ مَنِ اتَّبَعَنِىْ سے مراد حضرت علیؑ ہیں۔

دعوت الی اللہ کے پیچھے اگر یقین محکم جیسی طاقت نہیں ہے تو مشکلات اور صبر شکن مصائب کا انسان مقابلہ نہیں کر سکتا۔ مشکلات اس قدر سنگین اور مصائب وآلام اتنے طویل ہوتے ہیں اور داعیان

تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۰۹﴾
حَتّٰٓى اِذَا اسْتَيْـَٔسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْٓا
اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا ۙ
فَنُجِّيَ مَنْ نَّشَآءُ ؕ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُنَا
عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۱۰﴾
لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ
لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ؕ مَا كَانَ حَدِيْثًا
يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ
بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ
ع ۱۴ هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

سُوْرَةُ الرَّعْدِ مَدَنِيَّةٌ ۴۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓمّٓرٰ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ ؕ وَالَّذِيْٓ
اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ الْحَقُّ وَلٰكِنَّ
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۱﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ رَفَعَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ
عَمَدٍ تَرَوْنَهَا ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
الْعَرْشِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَ
الْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ
مُّسَمًّى ؕ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ يُفَصِّلُ
الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ بِلِقَآءِ رَبِّكُمْ
تُوْقِنُوْنَ ﴿۲﴾
وَهُوَ الَّذِيْ مَدَّ الْاَرْضَ وَجَعَلَ

ہے، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

۱۱۰۔ یہاں تک کہ جب انبیاء (لوگوں سے) مایوس ہو گئے اور لوگ بھی یہ خیال کرنے لگے کہ ان سے جھوٹ بولا گیا تھا تو پیغمبروں کے لیے ہماری نصرت پہنچ گئی، اس کے بعد جسے ہم نے چاہا اسے نجات مل گئی اور مجرموں سے تو ہمارا عذاب ٹالا نہیں جا سکتا۔☆

۱۱۱۔ تحقیق ان (رسولوں) کے قصوں میں عقل رکھنے والوں کے لیے عبرت ہے، یہ (قرآن) گھڑی ہوئی باتیں نہیں بلکہ اس سے پہلے آئے ہوئے کلام کی تصدیق ہے اور ہر چیز کی تفصیل (بتانے والا) ہے اور ایمان لانے والوں کے لیے ہدایت و رحمت ہے۔

سورۂ رعد۔ مدنی۔ آیات ۴۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف لام میم را، یہ کتاب کی آیات ہیں اور جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔☆

۲۔ اللہ وہ ذات ہے جس نے آسمانوں کو تمہیں نظر آنے والے ستونوں کے بغیر بلند کیا پھر اس نے عرش پر سلطنت استوار کی اور سورج اور چاند کو مسخر کیا، ان میں سے ہر ایک مقررہ مدت کے لیے چل رہا ہے، وہی امور کی تدبیر کرتا ہے وہی نشانیوں کو تفصیل سے بیان کرتا ہے شاید تم اپنے رب کی ملاقات کا یقین کرو۔☆

۳۔ اور وہی ہے جس نے زمین کو پھیلایا اور اس میں پہاڑ اور دریا بنائے اور ہر طرح

الی الحق کو اس حد تک ستایا جاتا ہے کہ وقت کا رسول اور اس کے ساتھی چیخ اٹھتے ہیں کہ آخر اللہ کی نصرت کب آئے گی؟ (بقرۃ:۲۱۴)۔

۱۱۰۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسکین قلب اور فتح و نصرت کے لیے اللہ کی سنت جاریہ کا ذکر ہے۔ دعوت الی اللہ کے لیے یقین و برہان جیسی مضبوط اور محکم اساس اس لیے درکار ہوتی ہے کہ یہ کام کوئی ایسا آسان کھیل نہیں کہ ہر شخص اسے انجام دے سکے اور تھوڑی سی مشقت پر اس ذمہ داری سے عہدہ برآ ہو سکے۔

سورۂ رعد

اپنے مضامین و اسلوب خطاب کی روشنی میں اس سورت کا مکی ہونا واضح ہے۔ اگرچہ بعض روایات اور بعض مصاحف میں اس سورت کو مدنی کہا گیا ہے۔ سورہ رعد باقی مکی سورتوں کی طرح بیشتر توحید، رسالت اور معاد پر گفتگو کرتا ہے، لیکن اس سورہ میں جو طرز کلام اور آہنگ سخن و طریقہ استدلال اختیار کیا گیا ہے وہ باقی سورتوں سے منفرد ہے کہ ایک ہی موضوع پر کئی بار گفتگو ہوتی ہے لیکن ہر مرتبہ انداز سخن جدید اور طرز استدلال نرالا ہے۔

۱۔ رسول اللہؐ کی رسالت کی حقانیت کے اثبات سے سورت کا افتتاح ہو رہا ہے کہ اس کتاب یعنی قرآن کے مضامین خود گواہ ہیں کہ یہ مبنی برحق ہیں۔ اس قسم کی آیات کسی بشر کی ساختہ و بافتہ نہیں ہو سکتیں۔ اس بات کو زندہ ضمیر کا مالک انسان سمجھ سکتا ہے اور سمجھ لیتا بھی ہے اور ایمان لاتا ہے، لیکن اکثر اس حقیقت کو نہیں مانتے۔

۲۔ اس آیہ شریفہ میں چند ایسے شواہد کا ذکر ہے جن سے پتہ چلتا ہے کہ اس کائنات کی تخلیق کے پیچھے ایک شعور اور ارادہ قائم ہے۔ آسمانوں کو نامرئی اور غیر محسوس ستونوں پر قائم کیا۔ یعنی ستونوں کی نفی نہیں ہے، بلکہ رویت کی نفی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ آسمان غیر مرئی ستونوں پر قائم ہیں۔ اب تک کی فہم کے مطابق یہ ستون جاذبہ و دافعہ کا تعادل ہے۔ اجرام فلکی دو چیزوں پر مشتمل ہیں: ایک ان کا حجم مادی اور دوسری ان کی حرکت۔ حرکت کی وجہ سے دفع و فرار از مرکز، وجود میں آتا ہے اور

فِيۡهَا رَوَاسِىَ وَاَنۡهٰرًا ؕ وَمِنۡ كُلِّ
الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيۡهَا زَوۡجَيۡنِ اثۡنَيۡنِ
يُغۡشِى الَّيۡلَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ۝۳
وَفِى الۡاَرۡضِ قِطَعٌ مُّتَجٰوِرٰتٌ وَّ
جَنّٰتٌ مِّنۡ اَعۡنَابٍ وَّزَرۡعٌ وَّنَخِيۡلٌ
صِنۡوَانٌ وَّغَيۡرُ صِنۡوَانٍ يُّسۡقٰى
بِمَآءٍ وَّاحِدٍ ۫ وَنُفَضِّلُ بَعۡضَهَا
عَلٰى بَعۡضٍ فِى الۡاُكُلِ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّعۡقِلُوۡنَ ۝۴
وَاِنۡ تَعۡجَبۡ فَعَجَبٌ قَوۡلُهُمۡ ءَاِذَا
كُنَّا تُرٰبًا ءَاِنَّا لَفِىۡ خَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ؕ
اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا بِرَبِّهِمۡ ۚ وَ
اُولٰٓئِكَ الۡاَغۡلٰلُ فِىۡۤ اَعۡنَاقِهِمۡ ۚ وَ
اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ هُمۡ فِيۡهَا
خٰلِدُوۡنَ ۝۵
وَيَسۡتَعۡجِلُوۡنَكَ بِالسَّيِّئَةِ قَبۡلَ
الۡحَسَنَةِ وَقَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهِمُ
الۡمَثُلٰتُ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوۡ مَغۡفِرَةٍ
لِّلنَّاسِ عَلٰى ظُلۡمِهِمۡ ۚ وَاِنَّ رَبَّكَ
لَشَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ۝۶
وَيَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَوۡلَاۤ اُنۡزِلَ
عَلَيۡهِ اٰيَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ ؕ اِنَّمَاۤ اَنۡتَ

اجرام کی وجہ سے جذب و کشش وجود میں آتی ہے۔ان دونوں میں تعادل وہ غیر مرئی ستون ہیں جن پر اجرام فلکی قائم ہیں۔ لہٰذا اب تک کی انسانی فہم کے مطابق یہ تعادل وہ غیر مرئی ستون ہیں جن پر آسمان قائم ہے، لہٰذا آسمان سے مراد اجرام فلکی ہی ہو سکتے ہیں۔

۴۔ زمین کے قطعات ایک دوسرے سے متصل ہوتے ہیں۔ یہ سب قطعات نہ صرف جغرافیائی اعتبار سے ایک دوسرے سے متصل ہیں، بلکہ جن عناصر پر مشتمل ہیں ان میں بھی یہ ایک دوسرے کے قریب اور متشابہ ہیں۔

۵۔ جو انسان ابتدا میں مٹی سے، پھر نطفہ سے، پھر خون کے لوتھڑے سے، پھر گوشت کی بوٹی سے پیدا کیا گیا ہے، اس کے بارے میں یہ کہنا کس قدر تعجب خیز ہے کہ اسے دوبارہ مٹی سے کیسے پیدا کیا جائے گا۔ گویا وہ یہ مانتے ہیں کہ پہلی بار انسان مٹی سے پیدا ہوا ہے، لیکن یہ انسان مٹی ہو جاتا ہے تو دوبارہ مٹی سے انسان پیدا نہیں ہو سکتا۔ تعجب یہاں ہے کہ دوبارہ کیوں نہیں ہو سکتا؟ یہ خدائے عادل وحکیم کا انکار ہے کہ اگر معاد نہیں ہے تو اللہ نہ عادل رہتا ہے، نہ حکیم۔ یہ عقیدہ ایک قسم کی فکری بے مائیگی ہے، وہ مغلول الفکر اور اسیر تقلید ہیں۔ آزادانہ غور وفکر نہیں کر سکتے۔

۷۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اکرمؐ نے اپنے ہاتھ سینے پر رکھ کر فرمایا:انا المنذر و لکل قوم هاد و اوما بیده الی منکب علیؑ و قال: انت الهادی یا علی بك یهتدی المهتدون۔ یعنی المنذر میں ہوں ہر قوم کا ایک ہادی ہوتا ہے۔ پھر اپنا دست مبارک علیؑ کے کندھے پر رکھ کر فرمایا: اے علیؑ! وہ ہادی آپؑ ہیں۔ آپؑ کے ذریعے ہدایت پانے والے ہدایت حاصل کریں گے۔ اس حدیث کو حضرت ابن عباس، ابوہریرہ، ابو برزہ اسلمی، جابر بن عبد اللہ انصاری، ابوفردہ سلمی، یعلی بن مرہ، عبد اللہ بن مسعود اور سعد بن معاذ نے روایت کیا ہے۔ ملاحظہ ہو المستدرك ۱۲۹:۳، تفسیر کبیر، تفسیر طبری، روح البیان وغیرہ۔ ابن طاؤس فرماتے ہیں: محمد بن عباس نے اس حدیث کو ۵۰ طرق سے نقل کیا ہے۔

کے پھلوں کے دو جوڑے بنائے، وہی رات سے دن کو ڈھانپ دیتا ہے، غور و فکر کرنے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔

۴۔اور زمین میں باہم متصل ٹکڑے ہیں اور انگوروں کے باغات ہیں نیز کھیتیاں اور کھجور کے درخت ہیں جن میں سے کچھ دوہرے تنے کے ہوتے ہیں اور کچھ دوہرے نہیں ہوتے، سب کو ایک ہی پانی سے سیراب کیا جاتا ہے لیکن پھلوں میں (لذت میں) ہم بعض کو بعض سے بہتر بناتے ہیں، عقل سے کام لینے والوں کے لیے یقیناً ان چیزوں میں نشانیاں ہیں۔☆

۵۔اور اگر آپ کو تعجب ہوتا ہے تو ان (کفار) کی یہ بات تعجب خیز ہے کہ جب ہم خاک ہو جائیں گے تو کیا ہم نئی پیدائش میں ہوں گے؟ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کے منکر ہو گئے ہیں اور یہی وہ لوگ ہیں جن کی گردنوں میں طوق پڑے ہوئے ہیں اور یہی جہنم والے ہیں جس میں یہ ہمیشہ رہیں گے۔☆

۶۔اور یہ لوگ آپ سے بھلائی سے پہلے برائی میں عجلت چاہتے ہیں جب کہ ان سے پہلے عذاب کے واقعات پیش آ چکے ہیں اور آپ کا پروردگار ظلم و زیادتی کے باوجود لوگوں سے یقیناً درگزر کرنے والا ہے اور آپ کا رب یقیناً سخت عذاب دینے والا (بھی) ہے۔

۷۔اور جنہوں نے کفر اختیار کیا ہے وہ کہتے ہیں: اس شخص پر اپنے رب کی طرف سے کوئی نشانی نازل کیوں نہیں ہوتی؟ آپ

ع مُنۡذِرٌ وَّلِكُلِّ قَوۡمٍ هَادٍ ۝۷

تو محض تنبیہ کرنے والے ہیں اور ہر قوم کا ایک رہنما ہوا کرتا ہے۔☆

اَللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تَحۡمِلُ كُلُّ اُنۡثٰى وَمَا

۸۔اللہ ہی جانتا ہے کہ ہر مادہ (مونث) کیا

تَغِيۡضُ الۡاَرۡحَامُ وَمَا تَزۡدَادُ ؕ وَ

اٹھائے ہوئے ہے اور ارحام کیا گھٹاتے

كُلُّ شَىۡءٍ عِنۡدَهٗ بِمِقۡدَارٍ ۝۸

اور کیا بڑھاتے ہیں اور اس کے ہاں ہر چیز

عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡكَبِيۡرُ

کی ایک (معین) مقدار ہے۔☆

الۡمُتَعَالِ ۝۹

۹۔ (وہ) پوشیدہ اور ظاہر چیزوں کا جاننے

سَوَآءٌ مِّنۡكُمۡ مَّنۡ اَسَرَّ الۡقَوۡلَ وَ

والا بزرگ برتر ہے۔

مَنۡ جَهَرَ بِهٖ وَمَنۡ هُوَ مُسۡتَخۡفٍۢ

۱۰۔تم میں سے کوئی آہستہ بات کرے یا آواز

بِالَّيۡلِ وَسَارِبٌۢ بِالنَّهَارِ ۝۱۰

سے اور کوئی پردہ شب میں چھپا ہوا ہو یا

لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۡۢ بَيۡنِ يَدَيۡهِ وَمِنۡ

دن کی روشنی میں (سرعام) چل رہا ہو

خَلۡفِهٖ يَحۡفَظُوۡنَهٗ مِنۡ اَمۡرِ اللّٰهِ ؕ

(اس کے لیے) برابر ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوۡمٍ حَتّٰى

۱۱۔ہر شخص کے آگے اور پیچھے یکے بعد دیگرے

يُغَيِّرُوۡا مَا بِاَنۡفُسِهِمۡ ؕ وَاِذَآ اَرَادَ

آنے والے پہرے دار (فرشتے) مقرر

اللّٰهُ بِقَوۡمٍ سُوۡٓءًا فَلَا مَرَدَّ لَهٗ ۚ وَمَا

ہیں جو بحکم خدا اس کی حفاظت کرتے ہیں،

لَهُمۡ مِّنۡ دُوۡنِهٖ مِنۡ وَّالٍ ۝۱۱

اللہ کسی قوم کا حال یقیناً اس وقت تک نہیں

هُوَ الَّذِىۡ يُرِيۡكُمُ الۡبَرۡقَ خَوۡفًا وَّ

بدلتا جب تک وہ خود اپنی حالت کو نہ بدلے

طَمَعًا وَّيُنۡشِئُ السَّحَابَ الثِّقَالَ ۝۱۲ ع

اور جب اللہ کسی قوم کو برے حال سے

وَيُسَبِّحُ الرَّعۡدُ بِحَمۡدِهٖ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ مِنۡ

دوچار کرنے کا ارادہ کر لے تو اس کے

خِيۡفَتِهٖ ۚ وَيُرۡسِلُ الصَّوَاعِقَ

ٹلنے کی کوئی صورت نہیں ہوتی اور نہ ہی

فَيُصِيۡبُ بِهَا مَنۡ يَّشَآءُ وَهُمۡ

اللہ کے سوا ان کا کوئی مددگار ہوتا ہے۔☆

يُجَادِلُوۡنَ فِى اللّٰهِ ۚ وَهُوَ شَدِيۡدُ

۱۲۔وہی ہے جو تمہیں ڈرانے اور امید دلانے

الۡمِحَالِ ۝۱۳

کے لیے بجلی کی چمک دکھاتا ہے اور بھاری

لَهٗ دَعۡوَةُ الۡحَقِّ ؕ وَالَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ

بادلوں کو پیدا کرتا ہے۔

۱۳۔اور (بجلی کی) گرج اس کی ثنا کے ساتھ اور فرشتے اس کے خوف سے (لرزتے ہوئے) تسبیح کرتے ہیں اور وہی بجلیوں کو روانہ کرتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے گراتا ہے جب وہ اللہ کے بارے میں الجھ رہے ہوتے ہیں اور وہ سخت طاقت والا ہے۔

۱۴۔صرف اللہ کو پکارنا برحق ہے اور وہ اللہ کو چھوڑ کر جنہیں پکارتے ہیں وہ انہیں کوئی

۸۔ مادرائے رحم میں تخم مادر اور جرثومہ پدر کے جفت ہونے سے نطفہ ٹھہرتا ہے اور مرد کے ایک مکعب سینٹی میٹر نطفہ میں ایک سو ملین جرثومے موجود ہوتے ہیں۔ ان میں سے کچھ y اور کچھ x ہوتے ہیں، جبکہ عورت کے تخم میں صرف x ہوتے ہیں۔ اگر باپ کا y ماں کے x کے ساتھ جفت ہو جائے تو لڑکا پیدا ہو گا اور اگر باپ کا x ماں کے x کے ساتھ جفت ہو تو لڑکی پیدا ہو گی۔ لیکن: ☆ یہ بات صرف اللہ جانتا ہے کہ ان سو ملین جرثوموں میں سے کون سا جرثومہ تخم مادر میں داخل ہونے میں کامیاب ہو گا۔ ☆اللہ ہی کے علم میں ہے کہ آنے والا بچہ ان ایک سو ملین خاصیتوں میں سے کس خاصیت کا حامل ہے، چونکہ ان ایک سو ملین جرثوموں میں سے ہر ایک کی خاصیت جدا ہے۔ ☆ وہ کون سا محرک ہے جس کے تحت یہ جاندار اس تخم کی طرف دوڑتے ہیں اور اس میں داخل ہونے کی کوشش کرتے ہیں؟ ☆ انسان تو جانداروں کی کائنات میں ہر مادہ کو جاننے سے قاصر ہے، یہ کیسے جان سکتا ہے کہ ہر مادہ کیا اٹھانے والی ہے؟ اگر رحم میں تخلیق کی تکمیل کے بعد انسان کو کچھ علم حاصل ہوا ہے تو یہ اعتراض وارد نہیں ہوتا کہ رحم کا حال تو انسان بھی جاننے لگا ہے۔

۱۱۔ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ: اصل میں جماعۃ معقبۃ ہے۔ یعنی فرشتوں کی ایک جماعت ہے جن کے ذریعے انسان کی محافظت کا ذمہ اللہ نے لیا ہے، لیکن انسان کو اس کے اپنے اعمال و حرکات کے اثرات سے بچانے کا ذمہ نہیں لیا۔ اس میں تو انسان کا اپنا عمل تقدیر ساز ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ: حالات میں تغیر کی دو صورتیں ممکن ہیں: ☆اصلاح احوال کی صورت میں دوام نعمت۔ اس صورت کے بارے میں یہ آیت ایک ضابطہ قائم کرتی ہے کہ جب تک اصلاح احوال موجود ہے، اس صورت میں اللہ کوئی تبدیلی نہیں لائے گا، جب تک لوگ خود تبدیلی نہ لائیں۔ ☆فساد احوال کی صورت میں زوال نعمت۔ متعدد آیات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ظلم کا نتیجہ ہلاکت اور گناہوں کا نتیجہ ذلت و خواری ہے۔ تاہم یہ لطف خداوندی ہے کہ اس نتیجہ کو لازمی قرار نہیں دیا بلکہ بعض حالات میں درگزر فرماتا ہے: وَ لَوۡ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلۡمِهِمۡ مَّا تَرَكَ عَلَيۡهَا

مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَسْتَجِيْبُوْنَ لَهُمْ
بِشَيْءٍ اِلَّا كَبَاسِطِ كَفَّيْهِ اِلَى الْمَآءِ
لِيَبْلُغَ فَاهُ وَمَا هُوَ بِبَالِغِهٖ ؕ وَمَا
دُعَآءُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۱۴﴾
وَ لِلّٰهِ يَسْجُدُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّظِلٰلُهُمْ
بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ﴿۱۵﴾
قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
قُلِ اللّٰهُ ؕ قُلْ اَفَاتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖۤ
اَوْلِيَآءَ لَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ
نَفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي
الْاَعْمٰى وَ الْبَصِيْرُ ۙ اَمْ هَلْ
تَسْتَوِي الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ ۚ اَمْ
جَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ خَلَقُوْا
كَخَلْقِهٖ فَتَشَابَهَ الْخَلْقُ عَلَيْهِمْ ؕ
قُلِ اللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُوَ
الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿۱۶﴾
اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَسَالَتْ
اَوْدِيَةٌۢ بِقَدَرِهَا فَاحْتَمَلَ السَّيْلُ
زَبَدًا رَّابِيًا ؕ وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ فِي
النَّارِ ابْتِغَآءَ حِلْيَةٍ اَوْ مَتَاعٍ زَبَدٌ
مِّثْلُهٗ ؕ كَذٰلِكَ يَضْرِبُ اللّٰهُ
الْحَقَّ وَالْبَاطِلَ ؕ فَاَمَّا الزَّبَدُ

جواب نہیں دے سکتے، ایسے ہی جیسے کوئی شخص اپنے دونوں ہاتھ پانی کی طرف پھیلائے ہوئے ہو کہ پانی (ازخود) اس کے منہ تک پہنچ جائے حالانکہ وہ اس تک پہنچنے والا نہیں ہے اور کافروں کی دعا (اسی طرح) محض بے سود ہی ہے۔

۱۵۔ اور آسمانوں اور زمین میں بسنے والے سب بشوق یا بزور اور ان کے سائے بھی صبح وشام اللہ ہی کے لیے سربسجود ہیں۔☆

۱۶۔ ان سے پوچھیے: آسمانوں اور زمین کا پروردگار کون ہے؟ کہہ دیجیے: اللہ ہے، کہہ دیں: تو پھر کیا تم نے اللہ کے سوا ایسوں کو اپنا اولیاء بنایا ہے جو اپنے نفع و نقصان کے بھی مالک نہیں ہیں؟ کہہ دیجیے: کیا بینا اور نابینا برابر ہو سکتے ہیں؟ کیا تاریکی اور روشنی برابر ہو سکتی ہیں؟ جنہیں ان لوگوں نے اللہ کا شریک بنایا ہے کیا انہوں نے اللہ کی خلقت کی طرح کچھ خلق کیا ہے جس کی وجہ سے پیدائش کا مسئلہ ان پر مشتبہ ہو گیا ہو؟ کہہ دیجیے: ہر چیز کا خالق صرف اللہ ہے اور وہ یکتا، بڑا غالب آنے والا ہے۔☆

۱۷۔ اللہ نے آسمانوں سے پانی برسایا پھر نالے اپنی گنجائش کے مطابق بہنے لگے پھر سیلاب نے پھولے ہوئے جھاگ کو اٹھایا اور ان (دھاتوں) پر بھی ایسے ہی جھاگ اٹھتے ہیں جنہیں لوگ زیور اور سامان بنانے کے لیے آگ میں تپاتے ہیں، اس طرح اللہ حق و باطل کی مثال بیان کرتا ہے، پھر

مِنْ دَآبَّةٍ. (نحل: ۶۱) اگر اللہ لوگوں کا ان کے ظلم پر مؤاخذہ فرماتا تو روئے زمین پر کوئی جاندار نہ چھوڑتا۔

۱۵۔ علامہ طباطبائیؒ اس آیت کے ذیل میں فرماتے ہیں: وہ اجتماعی اعمال جو کسی معنوی مقاصد کے لیے انجام دیے جاتے ہیں، مثلاً صدر نشین ریاست کے لیے جھک جانا، انکسار کے لیے سجدہ کرنا اپنے آپ کو کسی جلالت کے سامنے حقیر ظاہر کرنے کے لیے، ان معانی میں جو الفاظ استعمال ہوتے ہیں، وہ جیسا کہ ان اعمال کے لیے بولے جاتے ہیں، ان مقاصد واغراض کے لیے بھی بولے جاتے ہیں جن کے لیے یہ اعمال انجام دیے جاتے ہیں۔ چنانچہ جھک جانے کو رکوع کہتے ہیں، انکسار کو بھی رکوع کہتے ہیں اور جس طرح پیشانی زمین پر رکھنے کو سجدہ کہتے ہیں، اسی طرح کسی کی جلالت کے سامنے حقیر ظاہر کرنے کو بھی سجدہ کہتے ہیں۔ ایسا اس مناسبت کی وجہ سے ہے کہ حقیقتاً ان اعمال کی ظاہری شکل و صورت مطلوب نہیں ہوتی، بلکہ ان کے اغراض ومقاصد مطلوب ہوتے ہیں۔ اس بیان کے مطابق پیشانی زمین پر رکھنا بھی سجدہ ہے جو انسان سے صادر ہوتا ہے اور کسی کی جلالت کے سامنے اظہار حقارت کرنے کو بھی سجدہ کہتے ہیں جو دوسری موجودات سے صادر ہوتا ہے۔

۱۶۔ توحید خالقیت سے توحید ولایت و ربوبیت پر استدلال ہے، کیونکہ یہ بت پرست اللہ ہی کو زمین و آسمان کا مالک سمجھتے تھے۔ ان کو ربوبیت کی توحید کی طرف بلاتے ہوئے فرمایا: اگر ایسا ہے تو تم ایسوں کو اپنا ولی اور حاکم کیوں بناتے ہو جو خود اپنے نفع ونقصان کے بھی مالک نہیں ہیں۔ اللہ کے ساتھ ربوبیت میں کسی اور کا شریک نہ ہونا ایسا واضح ہے جیسے نابینا اور بینا میں اور نور وظلمت میں فرق واضح ہے۔ لہٰذا ہر چشم بینا اور نور بصیرت رکھنے والا توحید کا قائل ہو جائے گا اور ہر بینائی سے محروم اور تاریکی میں رہنے والا شخص نور توحید سے بھی محروم ہوگا۔

۱۷۔ جھاگ پانی کو ڈھانپ دیتا ہے۔ وقتی طور پر صرف جھاگ نظر آتا ہے اور وہی بظاہر اچھل کود کرتا ہے اور پانی کا حیات بخش ذخیرہ اس جھاگ کے نیچے موجود ہے جو نظر نہیں آتا۔ اسی طرح دھات کو تپا کر کارآمد بنایا جاتا ہے تو میل کچیل اوپر آتا ہے اور صرف وہی نظر آتا ہے۔ باطل بھی اس جھاگ اور خس وخاشاک کی مانند وقتی اچھل

فَيَذۡهَبُ جُفَآءً ۚ وَاَمَّا مَا يَنۡفَعُ
النَّاسَ فَيَمۡكُثُ فِى الۡاَرۡضِ ؕ
كَذٰلِكَ يَضۡرِبُ اللّٰهُ الۡاَمۡثَالَ ؕ ﴿۱۷﴾
لِلَّذِيۡنَ اسۡتَجَابُوۡا لِرَبِّهِمُ
الۡحُسۡنٰى ؕ وَالَّذِيۡنَ لَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا
لَهٗ لَوۡ اَنَّ لَهُمۡ مَّا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا
وَّمِثۡلَهٗ مَعَهٗ لَافۡتَدَوۡا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ
لَهُمۡ سُوۡٓءُ الۡحِسَابِ ۙ وَمَاۡوٰىهُمۡ
جَهَنَّمُ ؕ وَبِئۡسَ الۡمِهَادُ ﴿۱۸﴾
اَفَمَنۡ يَّعۡلَمُ اَنَّمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡكَ مِنۡ
رَّبِّكَ الۡحَقُّ كَمَنۡ هُوَ اَعۡمٰى ؕ اِنَّمَا
يَتَذَكَّرُ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ۙ ﴿۱۹﴾
الَّذِيۡنَ يُوۡفُوۡنَ بِعَهۡدِ اللّٰهِ وَلَا
يَنۡقُضُوۡنَ الۡمِيۡثَاقَ ۙ ﴿۲۰﴾
وَالَّذِيۡنَ يَصِلُوۡنَ مَاۤ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ
اَنۡ يُّوۡصَلَ وَيَخۡشَوۡنَ رَبَّهُمۡ
وَيَخَافُوۡنَ سُوۡٓءَ الۡحِسَابِ ﴿۲۱﴾
وَالَّذِيۡنَ صَبَرُوا ابۡتِغَآءَ وَجۡهِ
رَبِّهِمۡ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاَنۡفَقُوۡا
مِمَّا رَزَقۡنٰهُمۡ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً وَّ
يَدۡرَءُوۡنَ بِالۡحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ
اُولٰٓئِكَ لَهُمۡ عُقۡبَى الدَّارِ ۙ ﴿۲۲﴾
جَنّٰتُ عَدۡنٍ يَّدۡخُلُوۡنَهَا وَمَنۡ

وقف لازم — النصف ۲۰۲۴

جو جھاگ ہے وہ تو ناکارہ ہو کر ناپید ہو جاتی ہے اور جو چیز لوگوں کے فائدے کی ہے وہ زمین میں ٹھہر جاتی ہے، اللہ اسی طرح مثالیں پیش کرتا ہے۔☆

۱۸۔ جنہوں نے اپنے رب کی دعوت مان لی ان کے لیے بہتری ہے اور جنہوں نے اس کی دعوت قبول نہیں کی وہ اگر ان سب چیزوں کے مالک بن جائیں جو زمین میں ہیں اور اتنی دولت مزید بھی ساتھ ہو تو وہ (آخرت میں) ان سب کو (اپنی نجات کے لیے) فدیہ دے دیں، ایسے لوگوں کا برا حساب ہوگا اور جہنم ان کا ٹھکانا ہوگا اور وہ برا ٹھکانا ہے۔☆

۱۹۔ کیا جو شخص یہ جانتا ہے کہ جو کچھ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر نازل کیا گیا ہے وہ برحق ہے، اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو نابینا ہے؟ نصیحت تو بس عقل والے ہی قبول کرتے ہیں۔☆

۲۰۔ جو اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں اور پیمان کو نہیں توڑتے۔☆

۲۱۔ اور اللہ نے جن رشتوں کو قائم رکھنے کا حکم دیا ہے انہیں قائم رکھتے ہیں اور اپنے رب کا خوف رکھتے ہیں اور برے حساب سے بھی خائف رہتے ہیں۔☆

۲۲۔ اور جو لوگ اپنے رب کی خوشنودی کی خاطر صبر کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو روزی ہم نے انہیں دی ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ طور پر خرچ کرتے ہیں اور نیکی کے ذریعے برائی کو دور کرتے ہیں آخرت کا گھر ایسے ہی لوگوں کے لیے ہے۔☆

۲۳۔ (یعنی) ایسی دائمی جنتیں ہیں جن میں وہ

کود کرتا ہے۔ بصیرت رکھنے والے، باطل کی وقتی ہنگامہ خیزی اور شورش سے متاثر نہیں ہوتے، بلکہ وہ حق کے ظہور کا انتظار کرتے ہیں۔

۱۸۔ حقیقی قدروں کا مالک وہ ہے جو دعوت الٰہی کو قبول کر لے اور اصلی قیمت اس عاقبت حسنیٰ کو حاصل ہے جو اللہ کے پاس ہے. جو لوگ اس حسنیٰ سے محروم ہوں گے وہ اس محرومیت کی تلافی نہیں کر سکیں گے۔ اس جہاں میں قابل فہم تلافی اس طرح ہو سکتی ہے کہ ایک شخص پوری دنیا کا مالک ہو اور مزید اتنی دولت اسے میسر آئے، وہ ان سب کو فدیہ دے کر تلافی کرنا چاہے تو بھی ممکن نہ ہوگا۔ عاقبت حسنیٰ سے محروم لوگوں کا برا حساب ہوگا۔ یہاں برے حساب سے مراد انسان کی بہ نسبت برا ہوگا کہ اس سے پورا حساب لیا جائے گا۔ کسی معاملہ میں عفو اور درگزر نہ ہوگا۔ ورنہ یہ حساب اللہ کی بہ نسبت عدل و انصاف پر مبنی ہے اس میں کوئی برائی نہیں ہے۔ یعنی اپنے گناہوں کا حساب ان گنہگاروں کو برا لگے گا، جبکہ عاقبت حسنیٰ والوں سے ہلکا حساب لیا جائے گا۔

۱۹۔ اس آیہ شریفہ میں علم کو عقل کے ساتھ اور جہل کو نابینائی کے ساتھ مقرون کیا گیا ہے کہ فرمایا: علم رکھنے والا نابینا کی طرح نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ علم عقل ہے اور عقل رکھنے والے ہی نصیحت قبول کرتے ہیں۔ اسلام کی حقانیت کی ایک واضح دلیل یہ ہے کہ اسلام عقل پر تکیہ کرتا ہے اور عقل واقع کی نشاندہی کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور جو مذہب حق پر مبنی ہوتا ہے، وہ ان ذرائع کو اہمیت دیتا ہے جو حق اور واقع کی نشاندہی کرتے ہیں۔

۲۰ تا ۲۲۔ حضرت امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے کہ یہ آیت آل محمد علیہم السلام کی صلہ رحمی کے سلسلے میں نازل ہوئی ہے اور یہ خود تیرے رشتہ داروں کے بارے میں بھی ہے۔ ایسا نہ ہو کہ تم آیت کو ایک ہی مصداق میں بند کرو۔ (الکافی ۲:۵۶)

ان آیات میں صاحبان عقل کے سات اوصاف بیان فرمائے ہیں: ☆ وہ اللہ کے عہد کو پورا کرتے ہیں۔ ☆ وہ صلہ رحمی کرتے ہیں۔ ☆ وہ اپنے رب اور یوم حساب کا خوف رکھتے ہیں۔ ☆ وہ اللہ کی خوشنودی کے لیے صبر کرتے ہیں۔ ☆ وہ نماز قائم کرتے ہیں۔ ☆ وہ راہ خدا میں خرچ کرتے ہیں۔ ☆ وہ نیکی کے ذریعے برائیوں کو دور کرتے ہیں۔

۲۳۔۲۴ آخرت کا گھر وہ دائمی جنت ہو گی جس میں

صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَ
ذُرِّيّٰتِهِمْ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ
عَلَيْهِمْ مِّنْ كُلِّ بَابٍ ﴿۲۳﴾
سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ
فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۲۴﴾
وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْ
بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَ يَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ
اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي
الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ
وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾
اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَيَقْدِرُ ۭ وَ فَرِحُوْا بِالْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۭ وَ مَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا فِي
الْاٰخِرَةِ اِلَّا مَتَاعٌ ﴿۲۶﴾
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ
عَلَيْهِ اٰيَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّ اللّٰهَ
يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَ يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ
اَنَابَ ﴿۲۷﴾
اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ تَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ
بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ
تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾
اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
طُوْبٰى لَهُمْ وَحُسْنُ مَاٰبٍ ﴿۲۹﴾

خود بھی داخل ہوں گے اور ان کے آبا اور ان کی بیویوں اور اولاد میں سے جو نیک ہوں گے وہ بھی اور فرشتے ہر دروازے سے ان کے پاس آئیں گے۔☆

۲۴۔ (اور کہیں گے) تم پر سلامتی ہو یہ تمہارے صبر کا صلہ ہے، پس عاقبت کا گھر کیا ہی عمدہ گھر ہے۔☆

۲۵۔اور جو لوگ اللہ کے عہد کو مضبوط باندھ لینے کے بعد توڑ دیتے ہیں اور اللہ نے جن رشتوں کو جوڑنے کا حکم دیا ہے انہیں منقطع کر دیتے ہیں اور زمین میں فساد پھیلاتے ہیں ایسے ہی لوگوں پر لعنت ہے اور ان کے لیے ٹھکانا بھی برا ہوگا۔☆

۲۶۔اللہ جس کی چاہے روزی بڑھاتا ہے اور گھٹاتا ہے اور لوگ دنیاوی زندگی پر خوش ہیں جب کہ دنیاوی زندگی آخرت کے مقابلے میں ایک (عارضی) سامان ہے۔

۲۷۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ کہتے ہیں: اس (رسول) پر اپنے رب کی طرف سے کوئی معجزہ کیوں نازل نہیں ہوتا؟ کہ دیجئے: اللہ جسے چاہے گمراہ کر دیتا ہے اور جو (اللہ کی طرف) رجوع کرتا ہے اپنی طرف اس کی رہنمائی فرماتا ہے۔☆

۲۸۔(یہ لوگ ہیں) جو ایمان لائے ہیں اور ان کے دل یادِ خدا سے مطمئن ہو جاتے ہیں اور یاد رکھو! یادِ خدا سے دلوں کو اطمینان ملتا ہے۔☆

۲۹۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال انجام دیے ان کی نیک نصیبی ہے اور ان کے لیے بہترین ٹھکانا ہے۔

وہ اپنے تمام صالح اور نیک رشتہ داروں کے ساتھ رہیں گے۔ اگرچہ آیت میں باپ دادا، بیویوں اور اولاد کا ذکر ہے، لیکن ان تین رشتوں کے ذکر میں تمام رشتہ دار آ گئے، کیونکہ آباء میں باپ دادا آ گئے۔ ازواج یعنی باپ دادا کی ازواج میں اولاد کی مائیں آ گئیں۔ ذریات میں بھائی بہن اور ان کی اولاد شامل ہو گئی۔ اس طرح نہایت مختصر الفاظ میں انسان کے خاندان کے اہم ترین افراد کا ذکر آ گیا۔

سابق الذکر اوصاف میں سے فرشتے صرف صبر کا ذکر اس لیے کریں گے کہ باقی تمام اعمال کے لیے صبر درکار ہوتا ہے۔ صبر کے بغیر نہ اطاعت ہو سکتی ہے، نہ معصیت سے اجتناب۔

۲۵۔ صاحبانِ عقل کے مقابلے میں دنیا پرستوں کا ذکر آیا ہے جو عقل سے کام نہیں لیتے اور جو نیک اعمال صاحبانِ عقل انجام دیتے ہیں، یہ لوگ اس کے خلاف حرکتوں کے مرتکب ہوتے ہیں۔ چنانچہ وہ وفائے عہد کی جگہ عہد شکنی کرتے ہیں۔ ان رشتوں کو قطع کرتے ہیں جنہیں جوڑنے کا حکم ہے اور وہ خوف خدا، خوف عاقبت، صبر و استقامت اور اقامہ نماز، راہ خدا میں انفاق اور نیکی کے ذریعے برائی کو دور کرنے کی جگہ فساد پھیلاتے ہیں۔ مذکورہ اعمال کے مقابلے میں فساد فی الارض کے ذکر سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ ان اعمال میں اصلاح فی الارض مضمر ہے۔

۲۷۔ ان کا ایمان نہ لانا معجزات کے فقدان کی وجہ سے نہیں ہے بلکہ توجہ الی اللہ نہ ہونے کی وجہ سے ہے، جس کی وجہ سے اللہ ان کو ان کے حال پر چھوڑ دیتا ہے تو وہ گمراہ ہو جاتے ہیں۔

۲۸۔انسان کے وجود کے اندر ایک اور انسان ہے جسے ہم ضمیر، وجدان، قلب اور فطرت کے ناموں سے یاد کرتے ہیں۔ ہمارا داخلی انسان یعنی ہمارا ضمیر اور وجدان کبھی کوئی خلاف ورزی نہیں کرتا۔ لیکن ظاہری انسان جب کبھی جرائم کا ارتکاب کرتا ہے تو داخلی انسان سرزنش اور محاسبہ کرتا ہے، جسے ہم ضمیر کی ملامت کہتے ہیں۔ اس صورت میں ان دونوں انسانوں میں داخلی جنگ چھڑ جاتی ہے اور انسان اضطراب کا شکار ہو جاتا ہے۔ اگر ظاہری انسان داخلی انسان کے تقاضوں کے مطابق عمل کرتا ہے تو داخلی ہم آہنگی اور آشتی سے انسان کو سکون ملتا ہے۔ ذکر خدا فطری تقاضوں کے عین مطابق ہونے اور ضمیر، وجدان سے ہم آہنگ ہونے کی وجہ سے سکون حاصل ہوتا ہے۔

كَذٰلِكَ اَرۡسَلۡنٰكَ فِيۡۤ اُمَّةٍ
قَدۡ خَلَتۡ مِنۡ قَبۡلِهَاۤ اُمَمٌ لِّتَتۡلُوَا
عَلَيۡهِمُ الَّذِىۡۤ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ وَهُمۡ
يَكۡفُرُوۡنَ بِالرَّحۡمٰنِ ؕ قُلۡ هُوَ رَبِّىۡ
لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَلَيۡهِ تَوَكَّلۡتُ
وَاِلَيۡهِ مَتَابِ ﴿۳۰﴾
وَلَوۡ اَنَّ قُرۡاٰنًا سُيِّرَتۡ بِهِ الۡجِبَالُ
اَوۡ قُطِّعَتۡ بِهِ الۡاَرۡضُ اَوۡ كُلِّمَ
بِهِ الۡمَوۡتٰى ؕ بَلۡ لِّلّٰهِ الۡاَمۡرُ جَمِيۡعًا ؕ
اَفَلَمۡ يَايۡـَٔسِ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اَنۡ لَّوۡ
يَشَآءُ اللّٰهُ لَهَدَى النَّاسَ جَمِيۡعًا ؕ
وَلَا يَزَالُ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا تُصِيۡبُهُمۡ
بِمَا صَنَعُوۡا قَارِعَةٌ اَوۡ تَحُلُّ
قَرِيۡبًا مِّنۡ دَارِهِمۡ حَتّٰى يَاۡتِىَ وَعۡدُ
ع ۴ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخۡلِفُ الۡمِيۡعَادَ ﴿۳۱﴾
وَلَقَدِ اسۡتُهۡزِئَ بِرُسُلٍ مِّنۡ
قَبۡلِكَ فَاَمۡلَيۡتُ لِلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا
ثُمَّ اَخَذۡتُهُمۡ ۫ فَكَيۡفَ كَانَ
عِقَابِ ﴿۳۲﴾
اَفَمَنۡ هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفۡسٍۢ بِمَا
كَسَبَتۡ ۚ وَجَعَلُوۡا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ ؕ
قُلۡ سَمُّوۡهُمۡ ؕ اَمۡ تُنَبِّـُٔوۡنَهٗ بِمَا لَا
يَعۡلَمُ فِى الۡاَرۡضِ اَمۡ بِظَاهِرٍ مِّنَ

۳۰۔ (اے رسول) اسی طرح ہم نے آپ کو ایسی قوم میں بھیجا ہے جس سے پہلے بہت سی قومیں گزر چکی ہیں تا کہ آپ ان پر اس (کتاب) کی تلاوت کریں جس کی ہم نے آپ کی طرف وحی کی ہے جبکہ یہ لوگ خدائے رحمٰن کو نہیں مانتے، کہہ دیجیے: وہی میرا رب ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اسی پر میں نے بھروسا کیا ہے اور اسی کی طرف میرا رجوع ہے۔☆

۳۱۔ اگر کوئی قرآن ایسا ہوتا جس سے پہاڑ چل پڑتے یا زمین پھٹ جاتی یا مردے کلام کرتے (تو بھی یہ لوگ ایمان نہ لاتے) بلکہ یہ سارے امور اللہ کے ہاتھ میں ہیں، کیا اہل ایمان پر یہ بات واضح نہیں ہوئی کہ اگر اللہ چاہتا تو تمام انسانوں کو ہدایت دے دیتا اور ان کافروں پر ان کے اپنے کردار کی وجہ سے آفت آتی رہے گی یا ان کے گھروں کے قریب (مصیبت) آتی رہے گی یہاں تک کہ اللہ کا وعدہ آ پہنچے، یقیناً اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔☆

۳۲۔ اور آپ سے پہلے بھی رسولوں کا مذاق اڑایا گیا ہے پھر میں نے ان کافروں کو ڈھیل دی پھر میں نے انہیں گرفت میں لے لیا (تو دیکھ لو) عذاب کیسا شدید تھا۔☆

۳۳۔ کیا وہ اللہ جو ہر نفس کے عمل پر کڑی نظر رکھتا ہے (بے حس بتوں کی طرح ہو سکتا ہے جنہیں) ان لوگوں نے اللہ کا شریک بنا رکھا ہے؟ کہہ دیجیے: ان کے نام (اور اوصاف) بیان کرو (جیسے اللہ کے اسمائے حسنیٰ ہیں)، کیا تم اللہ کو ایسی خبر دینا چاہتے ہو جسے وہ اس زمین میں نہیں جانتا یا یہ محض ایک کھوکھلی بات ہے؟

۳۰۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کا مبعوث ہونا کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔ آپ سے پہلے بھی ایسی قومیں گزری ہیں جن میں ہم نے رسول بھیجے۔ آپ کی ذمہ داری یہ ہے کہ جو آپ کی طرف وحی ہوئی ہے اس کی تبلیغ کریں، اگرچہ وہ خدائے رحمٰن کو نہیں مانتے۔ لفظ رحمٰن کے ذکر سے اس مطلب کی طرف اشارہ مقصود ہے کہ وہ رحمت کے منکر ہیں جس میں دین و دنیا دونوں کی سعادت مضمر ہے۔

۳۱۔ سلسلہ کلام معجزہ کے مطالبے کے بارے میں ہے کہ یہ لوگ معجزوں سے ایمان لانے والے نہیں ہیں۔ روئے سخن اہل ایمان کی طرف ہے، جو یہ خواہش رکھتے تھے کہ کفار کے بار بار مطالبوں پر مذکورہ معجزات کا ظہور ہو جاتا تو یہ لوگ ایمان لے آتے اور ان لوگوں کو شبہات پھیلانے کا موقع نہ ملتا۔ جواباً اہل ایمان سے فرمایا جا رہا ہے: ایسا نہیں ہے کہ ان کی ہدایت معجزات کے ساتھ مربوط ہے اور وہ ایمان لانے کے لیے آمادہ ہوں۔ اگر ایمان و ہدایت کے لیے معجزہ ہی کارفرما ہوتا تو سابقہ انبیاء کے معجزات کو جادو کہہ کر مسترد نہ کیا جاتا۔ دوسرے جملے میں فرمایا: اہل ایمان پر یہ بات واضح ہونی چاہیے کہ اگر اللہ چاہتا تو سب کو مجبوراً ایمان لانا پڑتا۔ مگر اس ایمان کی کیا قیمت ہے۔ اللہ اس ہدایت کو طاقت کے ذریعے مسلط نہیں فرماتا۔ اللہ لوگوں کو ہدایت اور ضلالت کے درمیان کھڑا کرتا ہے۔ جو چاہے ہدایت اختیار کرے اور جو چاہے ضلالت کی راہ لے۔ تیسرے جملے میں فرمایا: ان پر عذاب نازل ہونے والا ہے۔ واضح رہے کہ مکہ میں نازل ہونے والے اس سورہ میں ایک طرف تو مسلمانوں کو یہ خبر دی جا رہی ہے کہ یہ لوگ ایمان لانے والے نہیں ہیں دوسری طرف یہ خوشخبری سنائی جا رہی ہے کہ ان پر عذاب نازل ہونے والا ہے اور اللہ کا وعدہ فتح بھی پورا ہونے والا ہے۔

۳۲۔ تاریخ انبیاء اور سنت الٰہی کا ذکر ہے کہ منکرین نے ہمیشہ انبیاء کی طرف سے آنے والے عذاب کا مذاق اڑایا اور اللہ تعالیٰ کی سنت یہ رہی ہے کہ ان منکرین کی تمام تر اہانتوں کے باوجود ان کو مہلت دی جاتی اور عذاب نازل کرنے میں عجلت سے کام نہیں لیا جاتا۔ منکرین کو مزید موقع دیا جاتا کہ راہ راست پر آئیں۔ نہ آنے کی صورت میں ان کے جرم و عذاب میں اضافہ ہو جاتا۔

الْقَوْلِ ؕ بَلْ زُيِّنَ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مَكْرُهُمْ وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ ؕ
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ
هَادٍ ﴿۳۳﴾
لَهُمْ عَذَابٌ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ
لَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَقُّ ۚ وَ مَا
لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۳۴﴾
مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اُكُلُهَا
دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا ؕ تِلْكَ عُقْبَى الَّذِيْنَ
اتَّقَوْا ۖ وَّعُقْبَى الْكٰفِرِيْنَ النَّارُ ﴿۳۵﴾
وَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَفْرَحُوْنَ
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمِنَ الْاَحْزَابِ
مَنْ يُّنْكِرُ بَعْضَهٗ ؕ قُلْ اِنَّمَآ
اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ وَلَآ اُشْرِكَ
بِهٖ ؕ اِلَيْهِ اَدْعُوْا وَاِلَيْهِ مَاٰبِ ﴿۳۶﴾
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ حُكْمًا عَرَبِيًّا ؕ
وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ مَا
جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ مَا لَكَ مِنَ
اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا وَاقٍ ﴿۳۷﴾ ع
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ وَ
جَعَلْنَا لَهُمْ اَزْوَاجًا وَّذُرِّيَّةً ؕ وَمَا
كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا

بلکہ دراصل کافروں کے لیے ان کی مکاری زیبا بنا دی گئی ہے اور ان کے لیے ہدایت کا راستہ مسدود ہے، حقیقت یہ ہے کہ اللہ جسے گمراہ کر دے اسے ہدایت دینے والا کوئی نہیں۔

۳۴۔ ان کے لیے دنیا کی زندگی میں بھی عذاب ہے اور آخرت کا عذاب تو زیادہ مشقت والا ہے اور انہیں اللہ کے عذاب سے بچانے والا بھی کوئی نہیں ہے۔

۳۵۔ اہل تقویٰ سے جس جنت کا وعدہ کیا گیا ہے اس کی شان ایسی ہے کہ اس کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، اس کے میوے اور اس کا سایہ دائمی ہیں، یہ ہے اہل تقویٰ کی عاقبت اور کافروں کا انجام تو آتش ہے۔☆

۳۶۔ اور جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ آپ کی طرف نازل ہونے والی کتاب سے خوش ہیں اور بعض فرقے ایسے ہیں جو اس کی بعض باتوں کو نہیں مانتے، کہہ دیجیے: مجھے تو صرف یہ حکم ملا ہے کہ میں اللہ کی بندگی کروں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ بناؤں، میں اسی کی طرف دعوت دیتا ہوں اور اسی کی طرف مجھے رجوع کرنا ہے۔☆

۳۷۔ اور اسی طرح ہم نے اس قرآن کو عربی میں ایک دستور بنا کر نازل کیا ہے اور اگر آپ نے علم آ جانے کے بعد بھی لوگوں کی خواہشات کی پیروی کی تو اللہ کے مقابلے میں آپ کو نہ کوئی حامی ملے گا اور نہ کوئی بچانے والا۔

۳۸۔ بتحقیق ہم نے آپ سے پہلے بھی بہت سے رسول بھیجے اور انہیں ہم نے ازواج اور اولاد سے بھی نوازا اور کسی رسول کو یہ اختیار نہیں کہ وہ اللہ کی اجازت کے بغیر

۳۵۔ اس آیت میں اہل کفر کے مقابلے میں اہل ایمان کا نہیں بلکہ اہل تقویٰ کا ذکر ہے۔ اس میں یہ لطیف اشارہ ملتا ہے کہ نیک عاقبت کے لیے صرف ایمان کافی نہیں بلکہ عمل صالح اور تقویٰ کی بھی ضرورت ہے۔ سایہ سے مراد ممکن ہے وہ فضا ہو جو جنت میں قائم ہے، جس میں نہ تو دھوپ کی تپش ہے، نہ سردی۔

۳۶۔ رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حقانیت پر ایک دلیل یہ ہے کہ اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ میں سے وہ لوگ جو حق کے طالب ہوتے ہیں بخوشی اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں۔ وہ اپنے گمشدہ کو اس قرآن میں پا کر خوش ہو جاتے ہیں۔ قابل توجہ بات یہ ہے کہ یہ نہیں فرمایا کہ اہل کتاب اس قرآن پر ایمان لاتے ہیں، بلکہ فرمایا: وہ اس کتاب سے خوش ہوتے ہیں۔ یعنی وہ جس رسول کی آمد کے منتظر تھے، اس کے آنے سے خوش ہوتے ہیں۔ چنانچہ ابتدائے بعثت میں بہت سے اہل کتاب ایمان لائے۔

۳۸۔ ایک عامیانہ اعتراض کا جواب ہے جو رسول کریمؐ کے انسانی پہلو پر کیا جاتا تھا کہ یہ کیسا رسول ہے جو بیوی اور بچے رکھتا ہے۔ اللہ کے نمایندے کو خواہشات سے کیا تعلق ہو سکتا ہے؟ جواب میں فرمایا: اللہ کی یہ سنت رہی ہے کہ وہ اپنے انبیاء علیہم السلام کو انسانی تقاضوں کے دائرے میں رکھتا ہے تاکہ تمام انسانوں کے لیے نمونہ عمل بن جائیں اور قولاً و عملاً حجت پوری ہو جائے۔

دوسرا اعتراض یہ تھا کہ سابقہ انبیاء کے واضح معجزات تھے، آپ کون سا معجزہ لے کر آئے ہیں؟ جواب میں فرمایا: لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ۔ سابقہ امتوں کے لیے محسوس معجزات کی ضرورت تھی، وہ عقلی بلوغ کو نہیں پہنچے تھے۔ اب انسان فکری بلوغت کو پہنچ گیا ہے۔ اس لیے محسوس معجزات کی جگہ معقول معجزات کی ضرورت ہے۔ سابقہ ادوار کی شریعتیں محدود تھیں، اس لیے محسوس معجزات دکھائے تو مشاہدہ کرنے والوں تک محدود رہے۔ نبی آخر زماںؐ کی شریعت دائمی ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ معجزہ بھی دائمی ہو۔ لہٰذا دور موسیٰ (ع) کا دستور، دور عیسیٰ (ع) سے جدا ہے۔ دور نوح (ع) کا دستور تو اور جدا ہے کہ یہاں تو انسان ابتدائی دور میں محسوس معجزوں کے بھی اہل نہ تھے، اس لیے ان کو غرق کر دیا۔ دور ختم المرسلینؐ ان سب سے جدا ہے۔

بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ لِكُلِّ اَجَلٍ كِتَابٌ ﴿۳۸﴾
يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ ۚ
وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ﴿۳۹﴾
وَاِنْ مَّا نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ
نَعِدُهُمْ اَوْ نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ
الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ ﴿۴۰﴾
اَوَ لَمْ يَرَوْا اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ
نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ وَ اللّٰهُ
يَحْكُمُ لَا مُعَقِّبَ لِحُكْمِهٖ ؕ وَ
هُوَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۴۱﴾
وَقَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَلِلّٰهِ
الْمَكْرُ جَمِيْعًا ؕ يَعْلَمُ مَا تَكْسِبُ
كُلُّ نَفْسٍ ؕ وَسَيَعْلَمُ الْكُفّٰرُ
لِمَنْ عُقْبَى الدَّارِ ﴿۴۲﴾
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَسْتَ
مُرْسَلًا ؕ قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا
بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ ۙ وَمَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ
الْكِتٰبِ ﴿۴۳﴾ ع

سُوْرَةُ اِبْرٰهِيْمَ مَكِّيَّةٌ ۵۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓرٰ ۟ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ
لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ ۙ بِاِذْنِ رَبِّهِمْ اِلٰى صِرَاطِ

کوئی نشانی لے آئے، ہر زمانے کے لیے ایک دستور ہوتا ہے۔☆

۳۹۔ اللہ جسے چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے قائم رکھتا ہے اور اسی کے پاس ام الکتاب ہے۔☆

۴۰۔ اور جو وعدے ہم ان سے کر رہے ہیں خواہ ان کا کچھ حصہ ہم آپ کو (زندگی میں) دکھا دیں یا ہم آپ کو اٹھا لیں بہرحال آپ کے ذمے صرف پیغام پہنچانا اور ہمارے ذمے حساب لینا ہے۔

۴۱۔ کیا ان لوگوں کو نظر نہیں آتا کہ ہم زمین کا رخ کرتے ہیں تو اس کو اطراف سے کم کرتے چلے آتے ہیں؟ اللہ حکم صادر فرماتا ہے اس کے حکم کو پس پشت ڈالنے والا کوئی نہیں اور وہ جلد حساب لینے والا ہے۔

۴۲۔ اور بیشک ان سے پہلے والوں نے بھی مکاریاں کی ہیں لیکن تمام تر تدبیریں اللہ کے ہاتھ میں ہیں، وہ ہر نفس کے عمل سے باخبر ہے اور کافروں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ عاقبت کا مسکن کس کے لیے ہے۔

۴۳۔ اور کافر کہتے ہیں: کہ آپ رسول نہیں ہیں، کہہ دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لیے اللہ اور وہ جس کے پاس کتاب کا علم ہے کافی ہیں۔☆

سورۃ ابراہیم۔ مکی۔ آیات ۵۲

بنام خدائے رحمٰن ورحیم

۱۔ الف لام را، یہ ایک ایسی کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل کیا تاکہ آپ لوگوں کو انکے رب کے اذن سے اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لائیں، غالب آنے والے قابل ستائش اللہ کے راستے

۳۹۔ کائناتی نظام میں اللہ تعالیٰ کے دو فیصلے ہوتے ہیں: ایک فیصلہ اٹل، حتمی اور ناقابل تغیر اور دوسرا فیصلہ قابل تغیر ہوتا ہے۔ اگر اللہ کے حتمی فیصلے نہ ہوتے تو اس کائنات کی کسی چیز پر بھروسا نہ ہوتا۔ مثلاً فصل اگنا حتمی نہ ہوتا تو کوئی کاشت نہ کرتا اور اگر فیصلوں میں لچک نہ ہوتی تو انسان مجبور ہوتا اور اپنے کردار و اعمال کا اس پر کوئی اثر مترتب نہ ہوتا۔ حدیث میں آیا ہے: لا یرد القضاء الا الدعاء و لا یزید فی العمر الا البر(بحار الانوار ۹۰: ۳۰۰) اللہ کے فیصلے کو صرف دعا روک سکتی ہے اور نیکی ہی سے عمر دراز ہو سکتی ہے۔

البتہ یہ بات ذہن میں رہے کہ اللہ کا فیصلہ ایسے نہیں بدلتا جیسے ہمارا فیصلہ بدلتا ہے۔ ہمارا فیصلہ تو اس وقت بدلتا ہے جب کوئی نئی بات سامنے آ جاتی ہے جو پہلے معلوم نہ تھی، بلکہ اللہ تعالیٰ کو تمام فیصلوں کا یکساں علم ہوتا ہے: وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ (رعد: ۳۹) تمام فیصلوں کا منبع و سرچشمہ اس کے پاس ہے۔ تمام قابل تغیر اور ناقابل تغیر فیصلوں کا علم اس کے پاس ہے۔ یعنی اللہ کے پاس ایک قانون کلی ہے جس کے تحت فیصلے بدلتے ہیں۔ یہی مسئلہ بدا ہے، جس کی تفصیل ہم نے مقدمہ تفسیر قرآن میں ذکر کی ہے۔

۴۳۔ جب کافروں کا یہ مطالبہ کہ قرآن کے علاوہ کوئی معجزہ دکھاؤ، مسترد ہو گیا تو کہنے لگے: پھر تو آپؐ پیغمبر نہیں ہیں۔ جواب میں فرمایا: میرے حق میں گواہی کے لیے اللہ کافی ہے جس نے ایک معجزانہ کلام میری رسالت کی گواہی کے لیے نازل فرمایا اور وہ ذات بھی گواہی کے لیے کافی ہے جس کے پاس عِلْمُ الْكِتٰبِ ہے۔

شواهد التنزیل حسکانی، مناقب مغازلی، تفسیر ثعلبی، ابن بطریق کی کتاب العمدۃ میں آیا ہے کہ مَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔

آلوسی اپنی تفسیر روح المعانی میں محمد بن الحنفیہ اور حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی اس روایت کا

الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿۱﴾
اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ؕ وَوَيْلٌ لِّلْكٰفِرِيْنَ مِنْ
عَذَابٍ شَدِيْدِ ۙ﴿۲﴾
الَّذِيْنَ يَسْتَحِبُّوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
عَلَى الْاٰخِرَةِ وَ يَصُدُّوْنَ عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَيَبْغُوْنَهَا عِوَجًا ؕ
اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۳﴾
وَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا
بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ ؕ فَيُضِلُّ
اللّٰهُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ
هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۴﴾
وَ لَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اَنْ
اَخْرِجْ قَوْمَكَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ ۙ وَ ذَكِّرْهُمْ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ ؕ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
شَكُوْرٍ ﴿۵﴾
وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهِ اذْكُرُوْا
نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ اَنْجٰىكُمْ
مِّنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ
الْعَذَابِ وَ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ
وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ؕ وَ فِيْ
ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ

ذکر کرتے ہیں کہ اس آیت میں مَنْ عِنْدَهٗ عِلْمُ الْكِتٰبِ سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ پھر کہتے ہیں: مجھے اپنی زندگی کی قسم! علیؑ کے پاس علم الکتاب ہے۔ لیکن اس آیت سے علیؑ مراد نہیں ہیں۔

سورۂ ابراہیم

یہ سورہ بھی باقی مکی سورتوں کی طرح اصول عقائد پر زیادہ زور دیتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورہ بھی ان دنوں میں نازل ہو رہا تھا جب کفار قریش کی طرف سے ظلم انتہا کو پہنچ گیا تھا۔ کیونکہ اس سورہ میں ان مشکلات کا ذکر ہے جو انبیاء علیہم السلام کو پیش آئیں۔ اس سورہ میں سرکشوں کے برے انجام اور انبیاء کی فتح و نصرت کا ذکر ہے

۱۔ قرآن ضلالت کی تاریکیوں سے ہدایت کے نور کی طرف لے جانے والی کتاب ہے۔ وہ نور خدائے ذوالجلال کا راستہ ہے۔ اس قرآن کی اہمیت کا کیا کہنا کہ یہ انسان کو ابدی راستے کے لیے نور کا کام دیتا ہے اور کل کائنات کے مالک کے دربار تک پہنچنے کا ذریعہ ہے۔

۴۔ اللہ تعالیٰ سامان ہدایت میں کسی قسم کا ابہام اور اتمام حجت میں کسی قسم کا نقص نہیں چھوڑتا۔ چنانچہ اس آیت میں فرمایا: ہم نے تمام رسولوں کو انہی کی قوم کی زبان میں بھیجا ہے تاکہ بات وضاحت کے ساتھ سمجھا سکیں اور ہدایت کی زبان میں کسی قسم کی پیچیدگی اور ابہام نہ رہے۔

۵۔ ایّامِ اللہ سے مراد تاریخ انسانیت کے وہ ایام ہو سکتے ہیں جن میں درسہائے عبرت اور صبر و شکر کے مواقع موجود ہیں۔ مثلاً فرعون کی غلامی اور اس کے ظلم و ستم کے ایام، صبر و تحمل کے ہیں اور فرعون سے نجات کے ایام، شکر کے ہیں۔ ان ایام میں ایسی نشانیاں موجود ہیں کہ یہ واقعات مکافات کے ایک جامع قانون کے تحت رونما ہوتے ہیں، جن کے پیچھے ایک شعور و ارادہ حاکم ہے اور وہ ارادہ، مشیت الٰہی ہے۔ اس لیے ان نشانیوں کا ادراک صبر و شکر کرنے والے ہی کر سکتے ہیں۔

کی طرف۔ ☆

۲۔ جس اللہ کی ملکیت میں آسمانوں اور زمین کی تمام موجودات ہیں اور کافروں کے لیے عذاب شدید کی تباہی ہے۔

۳۔ جو آخرت کے مقابلے میں دنیاوی زندگی سے محبت کرتے ہیں اور راہ خدا سے روکتے ہیں اور اس میں انحراف لانا چاہتے ہیں یہ لوگ گمراہی میں دور تک چلے گئے ہیں۔

۴۔ ہم نے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اسی قوم کی زبان میں تاکہ وہ انہیں وضاحت سے بات سمجھا سکے پھر اس کے بعد اللہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔ ☆

۵۔ اور بتحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر بھیجا (اور حکم دیا) کہ اپنی قوم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لاؤ اور انہیں ایام خدا یاد دلاؤ، ہر صبر و شکر کرنے والے کے لیے یقیناً ان میں نشانیاں ہیں۔ ☆

۶۔ اور (یاد کیجیے) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اللہ نے تمہیں جس نعمت سے نوازا ہے اسے یاد کرو جب اس نے تمہیں فرعونیوں سے نجات بخشی، وہ تمہیں بدترین عذاب دیتے تھے اور تمہارے بیٹوں کو ذبح کرتے اور تمہاری بیٹیوں کو زندہ چھوڑتے تھے اور اس میں تمہارے رب کی طرف سے بڑا

عَظِيْمٌ ۝۶ ع

وَاِذْ تَاَذَّنَ رَبُّكُمْ لَئِنْ شَكَرْتُمْ
لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ
عَذَابِيْ لَشَدِيْدٌ ۝۷
وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنْ تَكْفُرُوْٓا اَنْتُمْ
وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ فَاِنَّ اللّٰهَ
لَغَنِيٌّ حَمِيْدٌ ۝۸
اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ مِنْ
ع قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ ۛ وَ
الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۛ لَا يَعْلَمُهُمْ
اِلَّا اللّٰهُ ۭ جَاۗءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ
اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ
اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا
لئ تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝۹
قَالَتْ رُسُلُهُمْ اَفِي اللّٰهِ شَكٌّ
فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ
ذُنُوْبِكُمْ وَيُؤَخِّرَكُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ
مُّسَمًّى ۭ قَالُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ
مِّثْلُنَا ۭ تُرِيْدُوْنَ اَنْ تَصُدُّوْنَا عَمَّا
كَانَ يَعْبُدُ اٰبَاۗؤُنَا فَاْتُوْنَا
بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۰

امتحان تھا۔☆

۷۔اور (اے مسلمانو! یاد کرو) جب تمہارے پروردگار نے خبردار کیا کہ اگر تم شکر کرو تو میں تمہیں ضرور زیادہ دوں گا اور اگر ناشکری کرو تو میرا عذاب یقیناً سخت ہے۔☆

۸۔اور موسیٰ نے کہا: اگر تم اور زمین میں بسنے والے سب ناشکری کریں تو بھی اللہ یقیناً بے نیاز، لائق حمد ہے۔☆

۹۔کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو تم سے پہلے گزر چکے ہیں (مثلاً) نوح، عاد اور ثمود کی قوم اور جو ان کے بعد آئے جن کا علم صرف اللہ کے پاس ہے؟ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل لے کر آئے تو انہوں نے اپنے ہاتھ ان کے منہ پر رکھ دیے اور کہنے لگے: ہم تو اس رسالت کے منکر ہیں جس کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو اور جس چیز کی طرف تم ہمیں بلا رہے ہو اس میں ہم شبہ انگیز شک میں ہیں۔☆

۱۰۔ان کے رسولوں نے کہا: کیا (تمہیں) اس اللہ کے بارے میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا خالق ہے؟ وہ تمہیں اس لیے دعوت دیتا ہے تاکہ تمہارے گناہ بخش دے اور ایک معین مدت تک تمہیں مہلت دے، وہ کہنے لگے: تم تو ہم جیسے بشر ہو تم ہمیں ان معبودوں سے روکنا چاہتے ہو جن کی ہمارے باپ دادا پوجا کرتے تھے، پس اگر کوئی کھلی دلیل ہے تو ہمارے پاس لے آؤ۔☆

۷۔شکر کی صورت میں زیادہ کے وعدے کو تاکیدی لفظوں لام اور نون تاکید کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔اس سے یہ بات مترشح ہوتی ہے کہ شکر کی صورت میں اضافہ و فراوانی اللہ کا ایک لازمی قانون ہے، جو خود اپنی جگہ ایک رحمت ہے۔جبکہ ناشکری کی صورت میں عذاب کے لیے تاکیدی الفاظ اختیار نہیں فرمائے۔اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کفرانِ نعمت کی صورت میں عذاب ایک لازمی قانون نہیں ہے اور یہاں عفو کے لیے گنجائش ہے۔اسی لیے لَاَزِيْدَنَّكُمْ فرمایا، لاعذبنکم نہیں فرمایا۔نعمتوں پر شکر کرنا ایک صحیح طرز فکر، متوازن سوچ اور اعلیٰ قدروں کا مالک ہونے کی دلیل ہے۔ایسے لوگ نعمتوں کی قدر دانی کرتے ہیں۔

امام صادق (ع) سے روایت ہے: شُكْرُ النِّعْمَةِ اجْتِنَابُ الْمَحَارِمِ وَ تَمَامُ الشُّكْرِ قَوْلُ الرَّجُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔حرام چیزوں سے اجتناب ہی نعمت کا شکر ہے اور شکر اس وقت پورا ہو جاتا ہے، جب بندہ کہدے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ۔

۸۔حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم کو اس نکتے سے بھی آگاہ کیا کہ اللہ تمہارے شکر کا محتاج نہیں ہے۔شکر کا فائدہ اللہ کو نہیں خود تمہیں پہنچتا ہے اور ناشکری سے اللہ کو نہیں خود تمہیں ضرر پہنچ جاتا ہے۔اللہ ہر صورت میں قابل ستائش ہے خواہ تم اس کی حمد کرو یا نہ کرو۔

۹۔بظاہر حضرت موسیٰ (ع) کا سلسلہ کلام جاری ہے اور اپنی قوم سے اَیام اللہ کا تفصیلی ذکر فرما رہے ہیں اور نوح عاد اور ثمود کی اقوام کا ذکر بعنوان مثال آیا ہے، جن کی تاریخ اور تفصیلی علم صرف اللہ کے پاس ہے۔ان اقوام نے اپنے پیغمبران علیہم السلام کا اس طرح مقابلہ کیا کہ انبیاءؑ کو آزادی سے بات کرنے کا موقع نہیں دیتے تھے۔

۱۰۔دعوت انبیاء درحقیقت اللہ کی رحمت کی طرف دعوت ہے: يَدْعُوْكُمْ لِيَغْفِرَ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ (ابراہیم: ۱۰) وہ تمہیں اس لیے دعوت دیتا ہے تاکہ وہ تمہارے گناہ بخش دے۔

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ اِلَّا
بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ؕ وَمَا كَانَ
لَنَآ اَنْ نَّاْتِيَكُمْ بِسُلْطٰنٍ اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۱﴾
وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ
هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ
اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ
ع ۱۴ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ
لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ
لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا ؕ فَاَوْحٰٓى
اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۳﴾ لا
وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ
بَعْدِهِمْ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ
مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾
وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ
عَنِيْدٍ ﴿۱۵﴾ لا
مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ
صَدِيْدٍ ﴿۱۶﴾ لا
يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ
وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا

۱۱۔ ان کے رسولوں نے ان سے کہا: بیشک ہم تم جیسے بشر ہیں لیکن اللہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے احسان کرتا ہے اور ہمارے اختیار میں نہیں کہ ہم تمہارے سامنے کوئی دلیل (معجزہ) اذن خدا کے بغیر پیش کریں اور مومنوں کو اللہ پر ہی توکل کرنا چاہیے۔☆

۱۲۔ اور ہم اللہ پر توکل کیوں نہ کریں جب کہ اس نے ہمارے راستے ہمیں دکھا دیے ہیں، (منکرو) جو اذیتیں تم ہمیں دے رہے ہو اس پر ہم ضرور صبر کریں گے اور توکل کرنے والوں کو اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے۔☆

۱۳۔ اور کافروں نے اپنے رسولوں سے کہا: ہم تمہیں اپنی سرزمین سے ضرور نکال دیں گے یا بہرصورت تمہیں ہمارے دین میں واپس آنا ہوگا، اس وقت ان کے رب نے ان پر وحی کی کہ ہم ان ظالموں کو ضرور ہلاک کر دیں گے۔☆

۱۴۔ اور ان کے بعد اس سرزمین میں ہم ضرور تمہیں آباد کریں گے، یہ (خوشخبری) اس کے لیے ہے جو میرے حضور کھڑے ہونے (کے دن) سے ڈرتا ہو اور اسے میرے وعدہ عذاب کا خوف بھی ہو۔

۱۵۔ اور انبیاء نے فتح و نصرت مانگی تو ہر سرکش دشمن نامراد ہو کر رہ گیا۔☆

۱۶۔ اس کے بعد جہنم ہے اور وہاں اسے پیپ کا پانی پلایا جائے گا۔☆

۱۷۔ جسے وہ گھونٹ گھونٹ پیے گا مگر وہ اسے نہایت ناگوار گزرے گا، اسے ہر طرف سے موت آئے گی مگر وہ مرنے نہ پائے

اللہ کے ہاں مدت کا تعین قوموں کے اوصاف کے ساتھ مشروط ہوتا ہے۔ ایک اچھی قوم اگر اپنے اندر بگاڑ پیدا کرے تو اس کی مہلت عمل اٹھا دی جاتی ہے اور اسے تباہ کر دیا جاتا ہے اور ایک بگڑی ہوئی قوم اگر اپنے برے اوصاف کو اچھے اوصاف میں بدل لے تو اس کی مہلت عمل بڑھا دی جاتی ہے۔ (تفہیم القرآن)

بدا یہی ہے جس کے تمام مفسرین قائل ہیں۔

۱۱۔ مشرکین بشر ہونے کو رسالت کے منافی سمجھتے تھے۔ کسی انسان پر اللہ کا احسان ہوتا ہے تو کوتاہ بین لوگ اللہ کے احسان کی عظمت کو نہیں دیکھتے، بلکہ انسان کے بشر ہونے کی حیثیت پر نگاہ رکھتے ہیں۔

۱۲۔ حق کی ہدایت و رہنمائی اور اسے پہچاننے کے بعد اس پر توکل اور بھروسا کرنا ایک قدرتی امر ہوتا ہے۔ بھروسا اس وقت نہیں ہوتا جب معرفت اور یقین میں استحکام نہ ہو اور تردد کا شکار ہو۔ معرفت کے بعد اس کا عاشق اس کی راہ میں صبر و تحمل کرتا ہے، خواہ اس راہ میں جتنی اذیتیں دی جائیں اور اس کی قیمت کچھ بھی ادا کرنی پڑے۔

۱۳۔ کافر لوگ جب انبیاء کا منطقی مقابلہ کرنے سے عاجز آ جاتے تو طاقت کی منطق استعمال کرتے تھے۔ اہل حق کو وطن سے بے وطن کرتے اور مذہب چھوڑنے پر مجبور کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ صبر آزما سنگین مراحل کامیابی کے ساتھ طے کرنے کے بعد فتح کی نوید سنائی جاتی ہے: لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ ان ظالموں کو ہم ضرور ہلاک کرنے والے ہیں۔ اگلی آیت میں فرمایا: انبیاء نے جب فتح و نصرت مانگی تو ہر سرکش دشمن نامراد ہو کر رہ گیا۔

۱۵ تا ۱۷۔ یہ آیات مکہ میں اس وقت نازل ہو رہی ہیں کہ جب رسول اسلامؐ اور آپؐ پر ایمان لانے والے نہایت بے بسی میں تھے اور مشرکین مکہ کی طرف سے ملنے والی اذیتیں برداشت کر رہے تھے۔ ان میں مسلمانوں کو تاریخ انبیاء اور سنت الٰہی کی روشنی میں یہ نوید سنائی جا رہی ہے کہ مکہ کے مشرکین خواہ کتنے جبار ہوں، نامراد رہیں گے اور کامیابی مسلمانوں کی ہے۔

هُوَ بِمَيِّتٍ ۭ وَمِنْ وَّرَآىِٕهٖ عَذَابٌ
غَلِيْظٌ ۝۱۷
مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ
اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِۨ اشْتَدَّتْ بِهِ
الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ لَا
يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰي شَيْءٍ ۭ
ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ ۝۱۸
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۭ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ
وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝۱۹ۙ
وَّمَا ذٰلِكَ عَلَي اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ۝۲۰
وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ
الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا
كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ
مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ
شَيْءٍ ۭ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ
لَهَدَيْنٰكُمْ ۭ سَوَاۗءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ
اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ ۝۲۱ ع ۱۴ ۱۵
وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ
اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ
وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ ۭ وَمَا كَانَ
لِيَ عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّآ اَنْ
دَعَوْتُكُمْ فَاسْتَجَبْتُمْ لِيْ ۚ فَلَا

گا اور اس کے پیچھے (مزید) سنگین عذاب ہوگا۔☆

۱۸۔ جن لوگوں نے اپنے رب کا انکار کیا ہے ان کے اعمال کی مثال اس راکھ کی سی ہے جسے آندھی کے دن تیز ہوا نے اڑا دیا ہو، وہ اپنے اعمال کا کچھ بھی (پھل) حاصل نہ کر سکیں گے، یہی تو بہت گہری گمراہی ہے۔☆

۱۹۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے؟ اگر وہ چاہے تو تمہیں تباہ کر دے اور (تمہاری جگہ) نئی مخلوق لے آئے۔☆

۲۰۔ اور یہ اللہ کے لیے کوئی مشکل کام نہیں ہے۔

۲۱۔ اور سب اللہ کے سامنے پیش ہوں گے تو کمزور لوگ ان لوگوں سے جو (دنیا میں) بڑے بنتے تھے کہیں گے: ہم تمہارے تابع تھے تو کیا تم اللہ کے عذاب کا کچھ حصہ ہم سے ہٹا سکتے ہو؟ وہ کہیں گے: اگر اللہ نے ہمارے لیے کوئی راستہ چھوڑ دیا ہوتا تو ہم تمہیں بھی بتا دیتے، ہمارے لیے یکساں ہے کہ ہم فریاد کریں یا صبر کریں، ہمارے لیے فریاد کا کوئی راستہ نہیں۔☆

۲۲۔ اور (قیامت کے دن) جب فیصلہ ہو چکے گا تو شیطان کہ اٹھے گا: اللہ نے تمہارے ساتھ یقیناً سچا وعدہ کیا تھا اور میں نے تم سے وعدہ کیا پھر وعدہ خلافی کی اور میرا تم پر کوئی زور نہیں چلتا تھا۔ مگر یہ کہ میں نے تمہیں صرف دعوت دی اور تم نے میرا کہنا مان لیا۔ پس اب تم مجھے

۱۸۔ مشرکین کے اعمال حبط ہیں اور جن اعمال پر انہیں ناز تھا کل قیامت کے دن اس سے انہیں کوئی فائدہ نہیں ملے گا۔ عین ضرورت و احتیاج کے وقت ہوا میں خاکستر کی طرح ناپید ہو جائیں گے۔

۱۹۔ اگر یہ دنیا صرف کافروں جیسی مخلوقات میں منحصر ہو جاتی تو آسمانوں اور زمین کی خلقت بے مقصد ہو جاتی۔ آسمانوں اور زمین کی حقانیت اس بات کی متقاضی ہے کہ جو لوگ اس کائناتی فطرت کے تقاضوں کے مطابق نہیں چلتے وہ نابود ہو جائیں اور ان کی جگہ نئی مخلوق آ جائے۔

۲۱۔ بروز قیامت ظالم، مفاد پرست اور ان کے پیروکار اور شیطان سب اللہ کے حضور پیش ہوں گے تو حقائق سامنے آ چکے ہوں گے۔ عذاب الٰہی کا جب مشاہدہ کریں گے تو پیروکار اپنی دنیاوی عادت کے مطابق آخرت میں بھی انہی رؤساء کی طرف رجوع کریں گے اور دنیا میں ان کی پیروی کو ذریعہ نجات تصور کر کے کہیں گے: ہم تمہارے تابع تھے کیا تم اللہ کے عذاب کا کچھ حصہ ہم سے ہٹا سکتے ہو۔ جبکہ یہ تابعیت اور اطاعت نہ صرف ذریعہ نجات نہیں ہے بلکہ ہلاکت ہے۔
دنیا میں کمزور لوگ ہمیشہ طفیلی سوچ رکھتے تھے۔ وہ اپنے عقائد و افکار میں آزاد نہ تھے، وہ آنکھیں بند کر کے اپنے بڑوں کی پیروی کرتے تھے۔ وہ آخرت میں بھی دنیاوی عادت کے مطابق پھر انہی کی طرف رجوع کریں گے۔

۲۲۔ جب بروز قیامت جابروں اور ان کے پیروکاروں کے خلاف فیصلہ سنایا جائے گا تو اس وقت شیطان اپنے پیروکاروں سے کہے گا: اللہ نے تمہیں جنت اور نعمتوں کا وعدہ دیا تھا جسے اللہ نے اپنے بندوں کے لیے پورا کر دیا اور انہیں جنت کی نعمتوں سے سرفراز فرمایا اور میں نے تمہیں وعدہ دیا تھا کہ قیامت کو حساب کتاب نہیں ہوگا اور بتوں سے سعادتیں مل جاتی ہیں۔ ان وعدوں کی میں نے خلاف ورزی کی۔ میرا تم پر کوئی زور نہیں چلتا تھا۔ یعنی تم پر میری بالادستی قائم نہ تھی کہ میری اطاعت کرنے پر مجبور ہو جاتے۔ نہ طاقت کی بالادستی تھی نہ دلیل و برہان کی، میں نے تمہارا ہاتھ پکڑ کر گمراہی کی طرف نہیں دھکیلا۔ میں نے صرف حق کی دعوت کے مقابلے میں باطل کی دعوت تمہارے سامنے رکھ دی۔ اسے مان لینے یا رد کرنے کے اختیارات تمہارے پاس تھے۔ لہٰذا اب اس

تَلُوْمُوْنِيْ وَلُوْمُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ مَآ
اَنَا بِمُصْرِخِكُمْ وَمَآ اَنْتُمْ
بِمُصْرِخِيَّ ۭ اِنِّىْ كَفَرْتُ بِمَآ
اَشْرَكْتُمُوْنِ مِنْ قَبْلُ ۭ اِنَّ
الظّٰلِمِيْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۲۲
وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ
رَبِّهِمْ ۭ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۲۳
اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا
كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ
اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ۲۴
تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ
وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ
لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۲۵
وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ كَشَجَرَةٍ
خَبِيْثَةِۨ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ
الْاَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۲۶
يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ
الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي
الْاٰخِرَةِ ۚ وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ۙ
ع ۴ ۱۲ وَيَفْعَلُ اللّٰهُ مَا يَشَاۗءُ ۲۷
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ بَدَّلُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ

ملامت نہ کرو بلکہ خود کو ملامت کرو (آج) نہ تو میں تمہاری فریاد رسی کرسکتا ہوں اور نہ تم میری فریاد رسی کر سکتے ہو، پہلے تم مجھے اللہ کا شریک بناتے تھے میں (اب) یقیناً اس سے بیزار ہوں، ظالموں کے لیے تو یقیناً دردناک عذاب ہے۔☆

۲۳۔ اور جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اپنے رب کی اجازت سے وہ ان جنتوں میں داخل کیے جائیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی وہ ہمیشہ ان میں رہیں گے، وہاں (آپس میں) ان کی تحیت سلام ہوگی۔☆

۲۴۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے کیسی مثال پیش کی ہے کہ کلمہ طیبہ شجرہ طیبہ کی مانند ہے جس کی جڑ مضبوط گڑی ہوئی ہے اور اس کی شاخیں آسمان تک پہنچی ہوئی ہیں؟☆

۲۵۔ وہ اپنے رب کے حکم سے ہر وقت پھل دے رہا ہے اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں اس لیے دیتا ہے تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔☆

۲۶۔ اور کلمہ خبیثہ کی مثال اس شجرہ خبیثہ کی سی ہے جو زمین کی سطح سے اکھاڑ پھینکا گیا ہو اور اس کے لیے کوئی ثبات نہ ہو۔☆

۲۷۔ اللہ ایمان والوں کو دنیاوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی قول ثابت پر قائم رکھتا ہے اور ظالموں کو گمراہ کر دیتا ہے اور اللہ اپنی مشیت کے مطابق عمل کرتا ہے۔☆

۲۸۔ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جنہوں نے اللہ کی نعمت کو ناشکری سے بدل

انجام کی ذمہ داری تم پر عائد ہوتی ہے۔ یہ ہیں شیطان کے طعنے، جو اس کے پیروکار اس وقت سنیں گے جب وقت ہاتھ سے نکل گیا ہوگا اور فیصلہ الٰہی ہو چکا ہوگا۔ ان کے پاس ان طعنوں کا کوئی جواب نہ ہوگا۔

۲۳۔ گمراہوں اور شیطان کے پیروکاروں کے آپس میں ہونے والے طعن و تشنیع اور برائت و بیزاری پر مشتمل مکالمے کا ذکر کرنے کے بعد اہل جنت کے ماحول کا ذکر آیا کہ وہ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ کس محبت کی فضا میں ملتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے کو حیات جاودانی اور امن و سلامتی کی دعائیں دیتے ہیں۔

۲۴۔ ۲۵ كَلِمَةً طَيِّبَةً کا لفظی ترجمہ 'پاکیزہ بات' ہے۔ اس سے مراد وہ پاکیزہ موقف و اعتقاد ہے جس کا اظہار قول و عمل سے ہوتا ہے۔ وہ موقف جو انبیاء و رسل نے اللہ کی طرف سے پیش کیا ہے، وہ پاکیزہ نظام زندگی و دستور حیات ہے جو اللہ نے اپنے رسولوں کے ذریعے انسانیت کے لیے عنایت فرمایا ہے، جس کا نقطہ آغاز و محکم اساس کلمہ توحید ہے۔ اس آیت میں درج ذیل نکات قابل توجہ ہیں:
☆حق کی جڑیں مضبوط اور شاخیں بارآور ہوتی ہیں: اَصْلُهَا ثَابِتٌ ۔☆حق کی افادیت زندگی کے تمام گوشوں پر محیط ہے: تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍ.
☆ ایمان و عقیدہ جڑ اور اعمال صالحہ شاخیں ہیں۔

۲۶۔ كَلِمَةٍ خَبِيْثَةٍ ، كَلِمَةً طَيِّبَةً کے مقابلے میں ہے۔ یعنی کلمہ حق کے مقابلے میں آنے والا کلمہ باطل، صحیح عقائد کے مقابلے میں آنے والے فاسد عقائد، مبنی بر حقیقت نظام حیات کے مقابلے میں آنے والا فاسد نظام، کلمہ حق کی استواری اور دوام اور کلمہ باطل کی بے ثباتی سب پر واضح ہے۔ چنانچہ وہ کلمہ جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بلند کیا، اس کی گونج آج تک پوری طاقت کے ساتھ موجود ہے۔ اس کے مقابلے میں آنے والے ہزاروں نمرود و نمرودیوں کے نام صرف صفحہ تاریخ میں چند سیاہ حرفوں میں باقی ہیں۔

۲۷۔ جن لوگوں نے ایمان قبول کیا اور اپنے آپ کو شجرہ طیبہ جیسے عظیم اور پائیدار درخت کے ساتھ پیوست کیا اور اپنے آپ کو اللہ کی عنایتوں کا سزاوار اور اہل ثابت کر دیا ہے، ایسے مومنوں کو اللہ دنیا میں ثابت قدمی بخشتا ہے کہ مشکلات و مصائب ان کو متزلزل نہ کر سکیں۔

كُفْرًا وَّاَحَلُّوْا قَوْمَهُمْ دَارَ الْبَوَارِ ﴿۲۸﴾
جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۭ وَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿۲۹﴾
وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلُّوْا
عَنْ سَبِيْلِهٖ ۭ قُلْ تَمَتَّعُوْا فَاِنَّ
مَصِيْرَكُمْ اِلَى النَّارِ ﴿۳۰﴾
قُلْ لِّعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُقِيْمُوا
الصَّلٰوةَ وَيُنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا
وَّعَلَانِيَةً مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا
بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خِلٰلٌ ﴿۳۱﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً
فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا
لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ
فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ
الْاَنْهٰرَ ﴿۳۲﴾ۚ
وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ
دَاۗىِٕبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ
النَّهَارَ ﴿۳۳﴾ۚ
وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۭ وَ
اِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ لَا
تُحْصُوْهَا ۭ اِنَّ الْاِنْسَانَ
ع ۱۷ لَظَلُوْمٌ كَفَّارٌ ﴿۳۴﴾ع
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ

دیا اور اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر میں اتار دیا؟

۲۹۔ وہ جہنم ہے جس میں وہ جھلس جائیں گے جو بدترین ٹھکانا ہے۔

۳۰۔ اور انہوں نے اللہ کے لیے کچھ ہمسر بنا لیے تاکہ راہ خدا سے (لوگوں کو) گمراہ کریں، ان سے کہہ دیجیے: (کچھ دن) لطف اٹھالو آخر کار تمہارا ٹھکانا آتش ہے۔

۳۱۔ میرے ایمان والے بندوں سے کہ دیجیے: نماز قائم کریں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ طور پر خرچ کریں، اس دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ سودا ہوگا اور نہ دوستی کام آئے گی۔☆

۳۲۔ اللہ ہی نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے تمہاری روزی کے لیے پھل پیدا کیے اور کشتیوں کو تمہارے لیے مسخر کیا تاکہ اس کے حکم سے سمندر میں چلیں اور دریاؤں کو بھی تمہارے لیے مسخر کیا۔

۳۳۔ اور اسی نے ہمیشہ چلتے رہنے والے سورج اور چاند کو تمہارے لیے مسخر کیا اور رات اور دن کو بھی تمہارے لیے مسخر بنایا۔

۳۴۔ اور اسی نے تمہیں ہر اس چیز میں سے دیا جو تم نے اس سے مانگی اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کا شمار کرنا چاہو تو شمار نہ کر سکو گے، انسان یقیناً بڑا ہی بے انصاف، ناشکرا ہے۔☆

۳۵۔ اور (وہ وقت یاد کیجیے) جب ابراہیم نے دعا کی: پروردگارا! اس شہر کو پر امن

۳۱۔ عبادی: یہ تعبیر کس قدر شیریں اور کس قدر اللہ نے اپنے بندوں کو عزت و شرف سے نوازا ہے۔ کفار اور مشرکین کو اپنی درگاہ سے دھتکارنے کے بعد رحمت و شفقت کے لہجے میں اپنے مؤمن بندوں کی طرف کلام کا رخ فرمایا ہے: میرے مؤمن بندوں سے کہہ دیجیے کہ وہ نماز قائم کریں تاکہ معراج مؤمن کی منزل کو پہنچ جائیں اور اللہ کی عطا کردہ روزی کو اللہ کی راہ میں خرچ کریں۔ پوشیدہ طور پر خرچ کریں، جہاں لینے والوں کے وقار کے تحفظ کا مسئلہ ہو، محتاجوں کی انسانی کرامت اور دینے والوں کے اخلاص عمل کو ریاکاری سے بچانے کا مسئلہ ہو۔ علانیہ طور پر خرچ کریں، جہاں انفاق فی سبیل اللہ کے عمل کو نمونہ عمل بنانا اور معاشرے میں اس سوچ کو عام کرنا مقصود ہو۔

۳۴۔ ہر وہ چیز تمہیں دے دی گئی جس کا تم نے سوال کیا۔ یہ سوال ہماری فطرت کی طرف سے تھا یا انسانی ارتقاء اور زندگی کی بقا کے تقاضوں کی طرف سے؟ ہماری ضرورتوں کی طرف سے تھا یا ہماری خواہشات کی طرف سے؟ بہرحال اللہ تعالیٰ نے صرف ضرورت کی حد تک نعمتیں عنایت نہیں فرمائیں۔ کیونکہ ضرورت تو صرف دانہ گندم یا جو سے پوری ہو جاتی ہے۔ اس کے باوجود مختلف دانوں، طرح طرح کے میووں اور سینکڑوں غذائی اشیاء کی فراہمی اس بات کی دلیل ہے کہ اللہ نے ہر وہ نعمت عطا کی ہے جس کا انسان تصور بھی نہیں کر سکتا۔ اللہ کی غیر محدود نعمتوں کو محدود انسان شمار نہیں کر سکتا، کیونکہ انسان کے لیے ان نعمتوں کا احاطہ کرنا مشکل ہے اور وہ ان کا شمار نہیں کر سکتا بلکہ وہ ان نعمتوں سے غفلت برتتا ہے اور ان پر توجہ ہی نہیں ہوتی۔ سچ مچ انسان بڑا ہی ناانصاف اور ناشکرا ہے۔

رہی زبانی سوال کی بات تو اللہ کی درگاہ سے کوئی دعا رد نہیں ہوتی۔ جو دعائیں بظاہر قبول نہیں ہوتیں اس کی چند ایک وجوہات ہیں: ☆ وہ دعا سرے سے دعا ہی نہیں ہوتی بلکہ صرف زبان ہلائی جاتی ہے۔ ☆ دعا کا قبول ہونا سائل کے مفاد میں نہیں ہوتا۔ ☆ ایسے گناہوں کا ارتکاب کیا ہو جو قبول دعا کے لیے رکاوٹ ہیں: واغفرلی الذنوب التی تحبس الدعاء۔ (دعائے کمیل)

هٰذَا الْبَلَدَ اٰمِنًا وَّاجْنُبْنِيْ وَبَنِيَّ
اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ﴿۳۵﴾
رَبِّ اِنَّهُنَّ اَضْلَلْنَ كَثِيْرًا مِّنَ
النَّاسِ ۚ فَمَنْ تَبِعَنِيْ فَاِنَّهٗ مِنِّيْ ۚ
وَمَنْ عَصَانِيْ فَاِنَّكَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۳۶﴾
رَبَّنَآ اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ
بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ
الْمُحَرَّمِ ۙ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ
فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ
اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ
لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۷﴾
رَبَّنَآ اِنَّكَ تَعْلَمُ مَا نُخْفِيْ وَمَا
نُعْلِنُ ۭ وَمَا يَخْفٰى عَلَى اللّٰهِ مِنْ
شَيْءٍ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ﴿۳۸﴾
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى
الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ ۭ اِنَّ
رَبِّيْ لَسَمِيْعُ الدُّعَاۗءِ ﴿۳۹﴾
رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَ
مِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۣ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَاۗءِ ﴿۴۰﴾
رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ
ع ۶ ۱۸ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ﴿۴۱﴾ ع
وَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ غَافِلًا عَمَّا

بنا اور مجھے اور میری اولاد کو بت پرستی سے بچا۔

۳۶۔ پروردگارا! ان بتوں نے بہت سے لوگوں کو گمراہ کر رکھا ہے پس جو شخص میری پیروی کرے وہ میرا ہے اور جو میری نافرمانی کرے تو تو یقیناً بڑا معاف کرنے والا، مہربان ہے۔

۳۷۔ اے ہمارے پروردگار! میں نے اپنی اولاد میں سے بعض کو تیرے محترم گھر کے نزدیک ایک بنجر وادی میں بسایا، اے ہمارے پروردگار! تاکہ یہ نماز قائم کریں لہٰذا تو کچھ لوگوں کے دل ان کی طرف مائل کر دے اور انہیں پھلوں کا رزق عطا فرما تاکہ یہ شکرگزار بنیں۔☆

۳۸۔ ہمارے رب! جو کچھ ہم پوشیدہ رکھتے ہیں اور جو کچھ ہم ظاہر کرتے ہیں تو اسے جانتا ہے، اللہ سے کوئی چیز نہ تو زمین میں چھپ سکتی ہے اور نہ آسمان میں۔

۳۹۔ ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے عالم پیری میں مجھے اسماعیل اور اسحٰق عنایت کیے، میرا رب تو یقیناً دعاؤں کا سننے والا ہے۔☆

۴۰۔ پروردگار مجھے نماز قائم کرنے والا بنا اور میری اولاد میں سے بھی، اے ہمارے پروردگار اور میری دعا قبول فرما۔☆

۴۱۔ اے ہمارے رب مجھے اور میرے والدین اور ایمان والوں کو بروز حساب مغفرت سے نواز۔☆

۴۲۔ اور ظالم جو کچھ کر رہے ہیں آپ اس سے اللہ کو غافل تصور نہ کریں، اللہ نے

۳۷۔ یہ دعا حضرت ابراہیم (ع) نے اس وقت کی جب آپؑ نے بیت اللہ تعمیر فرمایا تھا، یعنی اپنی زندگی کے آخری حصے میں۔ چونکہ حضرت اسماعیل و اسحاق، آپ علیہ السلام کے عالم پیری میں پیدا ہوئے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَهَبَ لِيْ عَلَى الْكِبَرِ اِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اور بیت اللہ کی تعمیر حضرت اسماعیلؑ کی جوانی کے وقت عمل میں آئی۔

لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ: کیا نماز قائم کرنے کے لیے بے آب و گیاہ خشک بیابان کی ضرورت تھی؟ حضرت علیؑ اس کا جواب ارشاد فرماتے ہیں: وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ يَخْتَبِرُ عِبَيْدَهُ بِاَنْوَاعِ الشَّدَائِدِ. (اصول الکافی ۴:۱۹۸) اللہ اپنے بندوں کو مختلف اقسام کی سختیوں کے ذریعے آزماتا ہے۔

فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ: لوگوں کے دلوں کو ان کی طرف مائل کر دے۔ دینی قیادت کے لیے ہر دلعزیزی ہی بنیاد ہے۔ چونکہ مذہبی قیادت کی حکومت گردنوں پر نہیں دلوں پر ہوتی ہے۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ رائے عامہ کو دینی معاشرے میں کس قدر اہمیت حاصل ہے۔

۳۹۔ توریت کے مطابق حضرت اسماعیلؑ کی ولادت کے وقت حضرت ابرہیمؑ ۸۴ سال کی عمر کو پہنچ گئے تھے اور حضرت اسحٰق (ع) کی ولادت کے وقت آپ کی عمر ۱۰۰ سال تھی۔ پیرانہ سالی میں اولاد نرینہ بڑی نعمت ہے اور خصوصا جب وہ دعا اور تمناؤں سے ملی ہو۔

اقامہ صلوٰۃ یعنی معاشرے میں نماز کا رواج قائم کرنا انبیاء اور ائمہ علیہم السلام کا فرض اولین بھی ہے اور ان کی دعا و تمنا بھی۔ چنانچہ فرزند خلیل حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت میں ہم کہتے ہیں اشهد انك قد اقمت الصلوة۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے نماز قائم کی۔

۴۱۔ اس آیت سے حضرت ابراہیم (ع) کے والدین کا ایمان قطعی طور پر ثابت ہو جاتا ہے، کیونکہ یہ دعا حضرت اسماعیل و اسحاق علیہما السلام کی ولادت کے بعد عالم پیری میں کی تھی۔ اس وقت حضرت ابراہیمؑ کے والدین یقیناً وفات پا چکے تھے۔

قابل توجہ بات یہ ہے کہ آزر کے لیے اب کا لفظ استعمال ہوا ہے جو حقیقی باپ اور چچا دونوں کے لیے استعمال ہوتا ہے، جبکہ والد صرف حقیقی باپ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس آیت میں والدین کا لفظ استعمال ہوا ہے، اس کے باوجود لوگ اب سے مراد حقیقی باپ لیتے ہیں اور والد سے مراد آدم

يَعْمَلُ الظّٰلِمُوْنَ ۬ؕ اِنَّمَا يُؤَخِّرُهُمْ
لِيَوْمٍ تَشْخَصُ فِيْهِ الْاَبْصَارُ ۴۲
مُهْطِعِيْنَ مُقْنِعِيْ رُءُوْسِهِمْ لَا
يَرْتَدُّ اِلَيْهِمْ طَرْفُهُمْ ۚ وَاَفْـِٕدَتُهُمْ
هَوَآءٌ ۴۳
وَ اَنْذِرِ النَّاسَ يَوْمَ يَاْتِيْهِمُ
الْعَذَابُ فَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
رَبَّنَآ اَخِّرْنَآ اِلٰٓى اَجَلٍ قَرِيْبٍ ۙ
نُّجِبْ دَعْوَتَكَ وَ نَتَّبِعِ الرُّسُلَ ؕ
اَوَلَمْ تَكُوْنُوْٓا اَقْسَمْتُمْ مِّنْ قَبْلُ
مَا لَكُمْ مِّنْ زَوَالٍ ۴۴
وَّ سَكَنْتُمْ فِيْ مَسٰكِنِ الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ وَتَبَيَّنَ لَكُمْ
كَيْفَ فَعَلْنَا بِهِمْ وَضَرَبْنَا لَكُمُ
الْاَمْثَالَ ۴۵
وَقَدْ مَكَرُوْا مَكْرَهُمْ وَعِنْدَ اللّٰهِ
مَكْرُهُمْ ؕ وَاِنْ كَانَ مَكْرُهُمْ
لِتَزُوْلَ مِنْهُ الْجِبَالُ ۴۶
فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ
رُسُلَهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۴۷
يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَ
السَّمٰوٰتُ وَ بَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
الْقَهَّارِ ۴۸

بیشک انہیں اس دن تک مہلت دے رکھی ہے جس دن آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔

۴۳۔ وہ سر اٹھائے دوڑ رہے ہوں گے، ان کی نگاہیں خود ان کی طرف بھی لوٹ نہیں رہی ہوں گی اور ان کے دل (خوف کی وجہ سے) کھوکھلے ہو چکے ہوں گے۔☆

۴۴۔ اور لوگوں کو اس دن کے بارے میں تنبیہ کیجیے جس دن ان پر عذاب آئے گا تو ظالم لوگ کہیں گے: ہمارے رب ہمیں تھوڑی مدت کے لیے ڈھیل دے دے۔ اب ہم تیری دعوت پر لبیک کہیں گے اور رسولوں کی اتباع کریں گے، (انہیں جواب ملے گا) کیا اس سے پہلے تم قسمیں نہیں کھاتے تھے کہ تمہارے لیے کسی قسم کا زوال و فنا نہیں ہے؟☆

۴۵۔ حالانکہ تم ان لوگوں کے گھروں میں آباد تھے جو اپنے آپ پر ظلم کرتے تھے اور تم پر یہ بات واضح ہو چکی تھی کہ ہم نے ان کے ساتھ کیا کیا اور تمہارے لیے مثالیں بھی بیان کی تھیں۔☆

۴۶۔ اور انہوں نے اپنی مکاریاں کیں اور ان کی مکاریاں اللہ کے سامنے تھیں اگرچہ ان کی مکاریاں ایسی تھیں کہ جن سے پہاڑ بھی ٹل جائیں۔☆

۴۷۔ پس آپ ہرگز یہ خیال نہ کریں کہ اللہ اپنے رسولوں سے وعدہ خلافی کرے گا، اللہ یقیناً بڑا غالب آنے والا، انتقام لینے والا ہے۔

۴۸۔ یہ (انتقام) اس دن ہوگا جب یہ زمین کسی اور زمین سے بدل دی جائے گی اور آسمان بھی اور سب خدائے واحد و قہار کے سامنے پیش ہوں گے۔☆

یا نوح علیہا السلام لیتے ہیں۔ کچھ لوگ کہتے ہیں: یہاں والدی نہیں ولدی ہے، یعنی میرے دو بیٹوں کو بخش دے۔ ان ھذا الشیٔ عجاب۔

۴۲۔ ظالم اور جابر لوگوں کو دنیا میں ہر قسم کے ظلم و بربریت کرنے اور ناز و نعم میں زندگی گزارنے کی جو کھلی چھٹی ملی ہوئی ہے، اس سے ذہنوں میں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ ان ظالموں کا ہاتھ روکنے والا کوئی نہیں ہے؟ جواب میں فرمایا: اللہ ان کے ظلم سے غافل نہیں ہے بلکہ اس نے ان کو قیامت کے دن سخت ترین عذاب کے لیے مہلت دے رکھی ہے۔

۴۴۔ یہاں روزِ عذاب سے مراد عذاب دنیا ہے جیسے قوم عاد و ثمود پر نازل ہوا۔ اس پر اَخِّرْنَآ یعنی تاخیر کرو، کچھ مدت کے لیے ڈھیل دے دو، قرینہ ہے۔ اگر قیامت کے روز کے لیے ہوتا تو تاخیر کا لفظ استعمال نہ ہوتا، بلکہ اس کے لیے تو رَدّ کا لفظ استعمال ہوا ہے۔

۴۵۔ تم انہی ظالموں کی جگہ رہائش پذیر ہو۔ ان کی تباہی کے بعد ان کی جگہ تم آباد ہو اور اس بات کا بھی تمہیں علم ہو گیا کہ ظالم لوگ کیسے ہلاک و نابود ہو گئے اور ہم نے ان کے ساتھ کیا کیا اور ہم نے ان ہلاکتوں اور ان ظالموں کے انجام کی مثالیں دے کر تمہیں بھی برے انجام سے خبردار کیا مگر تم نے کوئی عبرت حاصل نہ کی۔

۴۶۔ دعوت انبیاء (ع) کے خلاف ان کی مکاریاں کچھ کم نہ تھیں، لیکن اللہ ان کی مکاریوں سے آگاہ تھا۔ اس لیے ان کی ساری مکاریاں خواہ کتنی ہی طاقتور کیوں نہ ہوں اکارت جاتی ہیں، خواہ ان کی مکاریوں میں پہاڑوں کو ہٹانے کی طاقت ہو تو بھی یہ اللہ کے سامنے ہیں۔ ان کی یہ ساری مکاریاں بے اثر رہی ہیں۔

۴۸ تا ۵۰۔ یعنی قیامت کے دن اس زمین و آسمان کا موجودہ نظام درگوں ہو جائے گا اور موجودہ نظام عالم بدل جائے گا۔ چنانچہ ایک جرثومہ جس نظام زندگی کے تحت زندہ رہتا ہے، وہ جب بدل جاتا ہے اور عالم نطفہ میں داخل ہوتا ہے تو زندگی کے طور و طریقے اور لوازم و قوانین بدل جاتے ہیں۔ نطفہ جب جنین بنتا ہے نیز جب جنین شکم مادر سے اس دنیا میں قدم رکھتا ہے تو زندگی کے لوازم و قوانین بدل جاتے ہیں۔ عالم آخرت کا نظام اگرچہ طبیعی ہے، مگر وہ مختلف نظام طبیعت

وَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ يَوْمَئِذٍ
مُّقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۴۹﴾
سَرَابِيْلُهُمْ مِّنْ قَطِرَانٍ وَّتَغْشٰى
وُجُوْهَهُمُ النَّارُ ﴿۵۰﴾
لِيَجْزِيَ اللّٰهُ كُلَّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ
اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۵۱﴾
هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ وَلِيُنْذَرُوْا بِهٖ وَ
لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ
وَّلِيَذَّكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۵۲﴾ ع ۱۱/۱۹

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ ۹۹ ۱۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
الٓرٰ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ وَقُرْاٰنٍ
مُّبِيْنٍ ﴿۱﴾
الجزء ۱۴ رُبَمَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ كَانُوْا
مُسْلِمِيْنَ ﴿۲﴾
ذَرْهُمْ يَاْكُلُوْا وَيَتَمَتَّعُوْا وَيُلْهِهِمُ
الْاَمَلُ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾
وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا وَلَهَا
كِتَابٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴﴾
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا
يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۵﴾
وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْ نُزِّلَ عَلَيْهِ
الذِّكْرُ اِنَّكَ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۶﴾

ہے۔اس نظام میں یہ زمین کسی اور زمین میں بدل جائے گی۔اس نظام طبیعت میں مجرم لوگ زنجیروں میں جکڑے ہوئے ہوں گے۔ ان کے جسم پر گندھک یا تارکول جیسا آتش گیر مادہ بطور لباس ہوگا اور ان کے جسم پر آگ چھائی ہوئی ہوگی۔ اس کے باوجود وہ زندہ رہیں گے۔

۵۲۔ یہ قرآن پوری انسانیت کے لیے ایک پیغام رکھتا ہے۔ یہ پیغام تین چیزوں پر مشتمل ہے: ☆لوگوں کی تنبیہ۔خطرات میں گھرے ہوئے اس انسان کے لیے سب سے زیادہ ضرورت تنبیہ کی ہے۔ ☆توحید یعنی ایک خدا کی پرستش کرنا، ایک خدا کی حاکمیت قبول کرنا اور ایک ہی قانون ساز کو تسلیم کرنا۔ ☆عقل سلیم کو سوچنے اور حقائق کا کھوج لگانے کی دعوت۔

سورہ حجر

اس سورہ میں قوم ثمود، قوم حجر کا ذکر آیا ہے، اس لیے سورہ کا نام حجر ہے ۔ بعض آیات کے مضمون سے اندازہ ہوتا ہے کہ یہ سورہ اوائل بعثت میں نازل ہوا ہے۔

۱۔ اس سورہ مبارکہ کے تعارفی جملے ہیں کہ یہ سورہ کتاب الٰہی اور صریح البیان قرآن کی آیات پر مشتمل ہے۔ بعض کے نزدیک کتاب سے مراد لوح محفوظ ہے۔

۲۔ اس آیت میں کفر پر قائم رہنے والوں کے لیے تہدید اور ایمان لانے کی تشویق بھی ہے اور اس استہزاء کا بھی اشارہ ہے جس کا کافر سامنا کریں گے۔

۳۔ ان کافروں پر حجت پوری ہوگئی اور یہ قابل ہدایت نہیں ہیں، انہیں اپنی حالت پر چھوڑ دیجئے۔ ان کی زندگی کا مقصد خوردونوش ہے اور وہ آرزوؤں میں مگن ہیں۔ حضرت علیؑ فرماتے ہیں:اَلَا اِنَّ اَخْوَفَ مَا يُخَافُ عَلَيْكُمْ خَصْلَتَانِ اتِّبَاعُ الْهَوَى وَ طُولُ الْاَمَلِ اَمَّا اتِّبَاعُ الْهَوَى فَيَصُدُّ عَنِ الْحَقِّ وَ طُولُ الْاَمَلِ يُنْسِي الْآخِرَةَ۔ (وسائل الشیعۃ۲: ۴۳۸) مجھے تمہارے بارے میں دو چیزوں کا خوف ہے:خواہشات کی پیروی اور لمبی آرزوئیں. خواہشات کی پیروی حق سے باز رکھتی ہے اور لمبی آرزو آخرت کو بھلا دیتی ہے۔

۵۔ ہر قوم کا ایک صحیفہ عمل ہوتا ہے جس میں اس قوم کی مدت حیات درج ہوتی ہے۔ مہلت برائے عمل اور عمل کے مطابق اجل کی بنیاد پر۔

۴۹۔ اس دن آپ مجرموں کو ایک ساتھ زنجیروں میں جکڑا ہوا دیکھیں گے۔☆

۵۰۔ ان کے لباس گندھک کے ہوں گے اور آگ ان کے چہروں پر چھائی ہوئی ہوگی۔☆

۵۱۔ تاکہ اللہ ہر نفس کو اس کے عمل کی جزا دے، اللہ یقیناً بہت جلد حساب کرنے والا ہے۔

۵۲۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لیے ایک پیغام ہے تاکہ اس کے ذریعے لوگوں کی تنبیہ کی جائے اور وہ جان لیں کہ معبود تو بس وہ ایک ہی ہے نیز عقل والے نصیحت حاصل کریں۔☆

سورۃ حجر۔ مکی ۔ آیات ۹۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف لام را، یہ کتاب اور قرآن مبین کی آیات ہیں۔

۲۔ ایک وقت ایسا ہوگا کہ کافر لوگ آرزو کریں گے کہ کاش وہ مسلمان ہوتے۔

۳۔ انہیں چھوڑ دیجئے کہ وہ کھائیں اور مزے کریں اور (طویل) آرزوئیں انہیں غافل بنا دیں کہ عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔☆

۴۔ اور ہم نے کسی بستی کو ہلاکت میں نہیں ڈالا مگر یہ کہ اس کے لیے ایک معینہ مدت لکھی ہوئی تھی۔

۵۔ کوئی قوم اپنی معینہ مدت سے نہ آگے نکل سکتی ہے اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔☆

۶۔ اور (کافر لوگ) کہتے ہیں: اے وہ شخص جس پر ذکر نازل کیا گیا ہے یقیناً تو مجنون ہے۔

لَوْ مَا تَأْتِيْنَا بِالْمَلٰٓئِكَةِ اِنْ كُنْتَ
مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۷
مَا نُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ اِلَّا بِالْحَقِّ وَمَا
كَانُوْٓا اِذًا مُّنْظَرِيْنَ ۸
اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ
لَحٰفِظُوْنَ ۹
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِيْ شِيَعِ
الْاَوَّلِيْنَ ۱۰
وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا
بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۱۱
كَذٰلِكَ نَسْلُكُهٗ فِيْ قُلُوْبِ
الْمُجْرِمِيْنَ ۱۲
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَقَدْ خَلَتْ سُنَّةُ
الْاَوَّلِيْنَ ۱۳
وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ
فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ ۱۴
لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ
نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ ۱۵ ع ۱۵ ۱
وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّ
زَيَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِيْنَ ۱۶
وَحَفِظْنٰهَا مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ
رَّجِيْمٍ ۱۷
اِلَّا مَنِ اسْتَرَقَ السَّمْعَ فَاَتْبَعَهٗ

۷۔ اگر تو سچا ہے تو ہمارے سامنے فرشتوں کو کیوں نہیں لاتا؟☆

۸۔ (کہہ دیجیے) ہم فرشتوں کو صرف (فیصلہ کن) حق کے ساتھ ہی نازل کرتے ہیں اور پھر کافروں کو مہلت نہیں دیتے۔☆

۹۔ اس ذکر کو یقیناً ہم ہی نے اتارا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔☆

۱۰۔ اور بتحقیق ہم نے آپ سے پہلے بھی گزشتہ قوموں میں رسول بھیجے ہیں۔

۱۱۔ اور ان کے پاس کوئی رسول ایسا نہیں آیا جس کا انہوں نے استہزاء نہ کیا ہو۔

۱۲۔ اسی طرح ہم اس ذکر کو مجرموں کے دلوں میں سے گزارتے ہیں،

۱۳۔ کہ وہ اس (رسول) پر ایمان نہیں لائیں گے اور بے شک پہلوں کی روش بھی یہی رہی ہے۔

۱۴۔ اور اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں اور وہ روز روشن میں اس پر چڑھتے چلے جائیں۔☆

۱۵۔ تو یہی کہیں گے: ہماری آنکھوں کو یقیناً مدہوش کیا گیا بلکہ ہم پر جادو کیا گیا ہے۔☆

۱۶۔ اور بتحقیق ہم نے آسمانوں میں نمایاں ستارے بنا دیے اور دیکھنے والوں کے لیے انہیں زیبائی بخشی۔

۱۷۔ اور ہم نے ہر شیطان مردود سے انہیں محفوظ کر دیا ہے۔

۱۸۔ ہاں اگر کوئی چوری چھپے سننے کی کوشش کرے تو ایک چمکتا ہوا شعلہ اس کا پیچھا

۸۔۷ تقریباً اکثر رسولوں سے ان کی امتوں نے یہی مطالبہ کیا کہ وہ اپنے دعوائے نبوت کی تصدیق کے لیے فرشتوں کو حاضر کریں۔ جبکہ فرشتوں کا نزول امتحان کے لیے نہیں، بلکہ نتیجۂ امتحان کے موقع پر ہوتا ہے۔

۹۔ اس آیت میں پورے تاکیدی لفظوں کے ساتھ متکلم کی تین ضمیریں اِنَّا، نَحْنُ، نَزَّلْنَا لا کر فرمایا: اس ذکر کو ہم نے خود نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی محافظت کریں گے۔ چنانچہ آج اس محافظت کو ہم واضح طور پر دیکھ رہے ہیں کہ آسمانی کتابوں میں صرف قرآن مجید لفظ بہ لفظ محفوظ ہے، بلکہ طرز و طریقۂ تحریر تک میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ یہ قرآن مسلمانوں کے ہاتھوں یداً بید اور نسلاً بعد نسلٍ تواتر کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے۔ بالکل اسی طرح جس طرح جنگ احد یا فتح مکہ کا واقعہ تواتر کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے۔

۱۴۔ ۱۵ اگر فرشتوں کو حاضر کرنے سے زیادہ مؤثر یہ قدم اٹھائیں کہ ہم ان کو آسمان کی طرف اٹھا کر لے جائیں اور عجائب آسمانی کا بچشم خود مشاہدہ کرائیں تو بھی یہ ایمان نہیں لائیں گے اور اسے جادو قرار دیں گے۔ چنانچہ پہلے خلا نورد نے کہا بھی: ایسا لگ رہا تھا کہ ہماری آنکھوں پر جادو کیا گیا ہے۔

۱۸۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ انسان نے فضا میں قدم رکھ کر دیکھ لیا ہے کہ آسمان میں ایسے اسرار موجود نہیں ہیں جو چرائے جا سکیں۔ مفسرین نے اس سوال کے جواب میں آیت کی تاویل کی ہے، جبکہ تاویل کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب آیت کا مفہوم کسی امر مسلم سے متصادم ہو۔ یہاں ایسا نہیں ہے کیونکہ انسان نے جس فضا کو تسخیر کیا ہے کائنات کی فضائے بیکراں میں اس کی قطعاً کوئی اہمیت نہیں ہے۔ سورۂ ملک: ۵ میں فرمایا: ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے آراستہ کیا اور انہیں شیطان کو مارنے کا ذریعہ بنایا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جن ستاروں کے شہاب سے شیطان کو مارا جاتا ہے ان سے مراد ہماری ارضی فضا کے شہاب نہیں ہو سکتے جو درحقیقت وہ آسمانی پتھر ہیں جو ہر روز اوسطاً دس کھرب کی تعداد میں ہوتے ہیں۔ ان میں سے دو کروڑ زمین کی فضا میں داخل ہوتے ہیں۔ تیز رفتاری سے زمین کی طرف آنے کی وجہ سے وہ شعلۂ آتش بن جاتے ہیں اور ہوائی غلاف سے ٹکرانے پر ہم انہیں آتشیں

شِهَابٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۸﴾

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ مَّوْزُوْنٍ ﴿۱۹﴾

وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ وَمَنْ لَّسْتُمْ لَهٗ بِرٰزِقِيْنَ ﴿۲۰﴾

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ ۫ وَمَا نُنَزِّلُهٗۤ اِلَّا بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۲۱﴾

وَاَرْسَلْنَا الرِّيٰحَ لَوَاقِحَ فَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَسْقَيْنٰكُمُوْهُ ۚ وَمَاۤ اَنْتُمْ لَهٗ بِخٰزِنِيْنَ ﴿۲۲﴾

وَاِنَّا لَنَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَنَحْنُ الْوٰرِثُوْنَ ﴿۲۳﴾

وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنْكُمْ وَلَقَدْ عَلِمْنَا الْمُسْتَاْخِرِيْنَ ﴿۲۴﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَحْشُرُهُمْ ؕ اِنَّهٗ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵﴾ ع ۲/۲

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۶﴾

وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ ﴿۲۷﴾

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا مِّنْ صَلْصَالٍ مِّنْ

کرتا ہے۔☆

۱۹۔ اور زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں پہاڑ گاڑ دیے اور ہم نے زمین میں معینہ مقدار کی ہر چیز اگائی۔☆

۲۰۔ اور ہم نے تمہارے لیے زمین میں سامان زیست فراہم کیا اور ان مخلوقات کے لیے بھی جن کی روزی تمہارے ذمے نہیں ہے۔☆

۲۱۔ اور کوئی چیز ایسی نہیں جس کے خزانے ہمارے پاس نہ ہوں پھر ہم اسے مناسب مقدار کے ساتھ نازل کرتے ہیں۔☆

۲۲۔ اور ہم نے باردار کنندہ ہوائیں چلائیں پھر ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے تمہیں سیراب کیا (ورنہ) تم اسے جمع نہیں رکھ سکتے تھے۔☆

۲۳۔ اور بے شک ہم ہی زندہ کرتے اور مارتے ہیں اور ہم ہی وارث ہیں۔

۲۴۔ اور بتحقیق ہم تم میں سے اگلوں کو بھی جانتے ہیں اور پچھلوں کو بھی جانتے ہیں۔☆

۲۵۔ اور آپ کا رب ہی ان سب کو (ایک جگہ) جمع کرے گا، بے شک وہ بڑا حکمت والا، علم والا ہے۔

۲۶۔ بتحقیق ہم نے انسان کو سڑے ہوئے گارے سے تیار شدہ خشک مٹی سے پیدا کیا۔☆

۲۷۔ اور اس سے پہلے ہم لو (گرم ہوا) سے جنوں کو پیدا کر چکے تھے۔☆

۲۸۔ اور (وہ موقع یاد رکھو) جب آپ کے رب نے فرشتوں سے کہا: میں سڑے ہوئے گارے سے تیار شدہ خشک مٹی سے ایک

گولے کی طرح مشاہدہ کرتے ہیں۔ مزید وضاحت کے لیے تفسیر کا مطالعہ فرمائیں۔

۱۹۔ زمین سے اگنے والی تمام چیزیں موزوں و معین مقدار میں ہیں اور ان کے وجود اور نشو و نما کا دار و مدار عناصر کے توازن میں ہے۔

۲۰۔ اس زمین میں جیسا کہ انسانوں کے لیے سامان حیات فراہم کیا گیا ہے، ایسے ہی ان جانداروں پرندوں، چرندوں اور بری و بحری حیوانات کے لیے بھی سامان زیست فراہم کیے گئے ہیں، جن کی روزی کسی غیر اللہ کے ذمے نہیں ہے۔

۲۱۔ خزانۂ قدرت سے مرحلۂ خلقت میں آنے کو نزول سے تعبیر فرمایا۔ یہ نزول اندھی بانٹ نہیں ہے بلکہ بِقَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ایک مقررہ حد، ایک معین دستور اور ایک حکیمانہ تقدیر کے مطابق ہے۔ آج کے انسان کے لیے اس بات کے سمجھنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی کہ اللہ کے خزانوں سے نزول کیسے ہوتا ہے۔ کہکشاؤں اور دیگر آفاق عالم سے آنے والی شعاعوں کے زمین پر نمودار ہونے والی چیزوں پر بنیادی اثرات ہیں، بلکہ یہاں کے لیے خام میٹریل وہاں سے نازل ہوتا ہے، جس کے بعد یہاں انسان، حیوان، درخت، میوے وغیرہ وجود میں آتے ہیں۔ اگر زمین کو اس نزول سے الگ کیا جائے تو یہاں ایک پتہ بھی سبز نہ ہو۔

۲۲۔ اس آیت میں ایک اہم رازِ قدرت کی طرف اشارہ ہے کہ بعض درختوں اور نباتات کو بارآوری کی ضرورت ہے اور یہ بارآوری ہواؤں کے ذریعے انجام پاتی ہے۔

۲۶۔ اس میں صراحت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو براہِ راست خاکی عناصر سے بنایا ہے۔ اس آیت سے ارتقاء انواع ثابت نہیں ہوتا، البتہ تخلیقِ آدم (ع) کے مراحل کا عندیہ ملتا ہے۔

۲۷۔ جن ایک مخفی مخلوق ہے جو آتشیں ہوا نَارِ السَّمُوْمِ سے تخلیق ہوئی اور کرۂ ارض ابتدا میں آتشیں گیس سے عبارت تھا۔ ممکن ہے اسی سے جن کی تخلیق ہوئی ہو۔

۲۸۔۲۹ بَشَرٌ: البَشَرَةُ و البَشَرُ انسان کی ظاہری جلد کو کہتے ہیں۔ بشرة الارض زمین سے نمایاں ہونے والی نبات کو کہتے ہیں (صحاح)۔ لہٰذا بَشَرٌ ظہور کے معنی میں ہے اور جن پوشیدہ اور مخفی کے معنی میں۔ نَفْخ کسی چیز کے اندر ہوا بھرنے کو کہتے ہیں۔ یہ بات اپنی جگہ ثابت ہے اور ہم آیندہ تفصیلاً ذکر کریں گے کہ روح غیر مادی چیز ہے، لہٰذا یہاں نفخ سے

حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۲۸﴾
فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ
رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿۲۹﴾
فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿۳۰﴾
اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اَبٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مَعَ
السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۱﴾
قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا لَكَ اَلَّا تَكُوْنَ
مَعَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۳۲﴾
قَالَ لَمْ اَكُنْ لِّاَسْجُدَ لِبَشَرٍ خَلَقْتَهٗ
مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ ﴿۳۳﴾
قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ رَجِيْمٌ ﴿۳۴﴾
وَّاِنَّ عَلَيْكَ اللَّعْنَةَ اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۳۵﴾
قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْٓ اِلٰى يَوْمِ
يُبْعَثُوْنَ ﴿۳۶﴾
قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿۳۷﴾
اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿۳۸﴾
قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ لَاُزَيِّنَنَّ
لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۳۹﴾
اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾
قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ مُسْتَقِيْمٌ ﴿۴۱﴾
اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ
سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

بشر پیدا کر رہا ہوں۔☆
۲۹۔ پھر جب میں اس کی تخلیق مکمل کر لوں اور اس میں اپنی روح میں سے پھونک دوں تو تم سب اس کے آگے سجدہ ریز ہو جاؤ۔☆
۳۰۔ پس تمام کے تمام فرشتوں نے سجدہ کر لیا،
۳۱۔ سوائے ابلیس کے کہ اس نے سجدہ کرنے والوں میں شامل ہونے سے انکار کر دیا۔
۳۲۔ اللہ نے فرمایا: اے ابلیس! تجھے کیا ہوا کہ تو سجدہ کرنے والوں میں شامل نہ ہوا؟
۳۳۔ کہا: میں ایسے بشر کو سجدہ کرنے کا نہیں ہوں جسے تو نے سڑے ہوئے گارے سے تیار شدہ خشک مٹی سے پیدا کیا ہے۔
۳۴۔ اللہ نے فرمایا: نکل جا! اس مقام سے کیونکہ تو مردود ہو چکا ہے۔☆
۳۵۔ اور تجھ پر تا روز قیامت لعنت ہو گئی۔☆
۳۶۔ کہا: پروردگارا! پھر مجھے لوگوں کے اٹھائے جانے کے دن (قیامت) تک مہلت دے دے۔☆
۳۷۔ فرمایا: تو مہلت ملنے والوں میں سے ہے
۳۸۔ معین وقت کے دن تک۔☆
۳۹۔ (ابلیس نے) کہا: میرے رب! چونکہ تو نے مجھے بہکایا ہے (لہٰذا) میں بھی زمین میں ان کے لیے (باطل کو) ضرور آراستہ کر کے دکھاؤں گا اور سب کو ضرور بالضرور بہکاؤں گا۔☆
۴۰۔ ان میں سے سوائے تیرے مخلص بندوں کے۔
۴۱۔ اللہ نے فرمایا: یہی راستہ ہے جو سیدھا مجھ تک پہنچتا ہے۔
۴۲۔ جو میرے بندے ہیں ان پر یقیناً تیری بالادستی نہ ہوگی سوائے ان بہکے ہوئے

مراد جسم مادی سے روح کا تعلق ہے۔ یہ تعلق ارادہ خدا سے وجود میں آیا ہے۔ اسی ارادے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اس روح کو اپنی طرف نسبت دی ہے۔ اس طرح ہم روح کو الٰہی توانائی کہہ سکتے ہیں۔
۳۴ تا ۳۸۔ ابلیس کو اپنی درگاہ سے راندہ کرنے کے بعد فرمایا: تا روز قیامت تجھ پر لعنت ہے۔ شاید ابلیس نے ”تا روز قیامت“ سے یہ مفہوم اخذ کیا ہو کہ اسے قیامت تک انسان سے واسطہ پڑنے کا امکان ہے۔ یہاں سے اس نے اللہ سے مہلت مانگی۔ یہ مہلت قیامت تک کے لیے مانگی تھی، مگر ایک معلوم وقت تک کے لیے مہلت دے دی گئی۔ ابلیس کو مہلت دینے پر یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ ابلیس کو مہلت اور موقع دے کر قدرت نے اسباب ضلالت فراہم کیے۔ جواب یہ ہے کہ اولاً ابلیس کو انسانوں پر اتنا تسلط حاصل نہیں ہے کہ لوگوں کو گمراہ ہونے پر مجبور کرے۔ وہ صرف سبز باغ دکھا سکتا ہے۔ ثانیاً اللہ نے اگر ابلیس کو مہلت دی ہے اور گمراہی پھیلانے کا موقع دیا ہے تو اس کے مقابلے میں رشد و ہدایت کے بھی بہت سے اسباب فراہم کیے ہیں۔ اللہ نے انسان کو توحید کی فطرت پر پیدا کیا ہے۔ اس کی جبلت میں حق کی معرفت کی استعداد ودیعت فرمائی ہے۔ اللہ نے نفس انسانی کو نیک و بد کی سمجھ دی ہے۔ انبیاء بھیجے ہیں۔ ملائکہ بھی انسان کو راہ راست پر ڈالنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ان دونوں مواقع کی موجودگی میں امتحان و آزمائش ہو سکتی ہے۔ اگر معاملات یکطرفہ ہوتے تو امتحان نامعقول اور ثواب و عقاب کا نظام ممکن نہ ہوتا۔ اس لیے انسان کو خیر و شر کے درمیان کھڑا کیا گیا ہے کہ وہ اپنے اختیار سے جسے چاہے انتخاب کرے۔
۳۹۔ ابلیس نے اپنے بہکانے کی نسبت اللہ کی طرف دی اور اللہ تعالیٰ نے ابلیس کی بات کو رد بھی نہیں فرمایا۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ ہی نے ابلیس کو گمراہ کیا ہے۔ یہاں یہ سوال پیدا ہوتا ہے اللہ نے اسے گمراہ کیا ہے، خود نہیں ہوا۔ جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو گمراہ کیا، لیکن گمراہی اس نافرمانی کے لازمی نتیجہ کے طور پر ہے جو ابلیس سے سرزد ہوئی نیز اللہ کی طرف گمراہی کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے اس کو اپنے حال پر چھوڑ دیا ہے اور جس سے اللہ اپنی رحمت کا ہاتھ اٹھاتا ہے اور اپنے حال پر چھوڑ دیتا ہے وہ گمراہی کی اتھاہ گہرائیوں

الْغٰوِيْنَ ﴿۴۲﴾
وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۳﴾
لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ لِكُلِّ بَابٍ
ع ۲ ۱۹ ۲ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ﴿۴۴﴾
اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۵﴾
اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ﴿۴۶﴾
وَنَزَعْنَا مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ
غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۷﴾
لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ
مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ﴿۴۸﴾
نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ
الرَّحِيْمُ ﴿۴۹﴾
وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ﴿۵۰﴾
وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ﴿۵۱﴾
اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ
اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ﴿۵۲﴾
قَالُوْا لَا تَوْجَلْ اِنَّا نُبَشِّرُكَ
بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿۵۳﴾
قَالَ اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ
الْكِبَرُ فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ﴿۵۴﴾
قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ
الْقٰنِطِيْنَ ﴿۵۵﴾
قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ

میں گر جاتا ہے۔ اللہ کے خالص بندے وہ ہیں کہ جنہیں خود اللہ نے خالص بنایا ہے اور اللہ ہر کسی کو خالص نہیں بناتا، بلکہ ان لوگوں کو خالص بناتا ہے جنہوں نے اپنی ذات کو اللہ کے لیے خالص بنایا ہو۔ یعنی ذات کو بلا شرکت غیرے صرف اللہ کی بندگی کے لیے خالص کیا ہو۔

۴۳۔۴۴ جہنم شیطان کے پیروکاروں کی وعدہ گاہ ہے۔ شیطان کے پیروکاروں کے لیے ایک ہی سطح کا عذاب نہ ہوگا، بلکہ ہر مجرم کو اس کے جرم کے مطابق جہنم میں جگہ دی جائے گی۔ ممکن ہے مجرمین کے سات گروہ بنتے ہوں، اس لیے جہنم کے سات طبقات ہوں، ہر طبقہ کو دروازہ کہا گیا ہو۔ چنانچہ تفسیر درالمنثور جلد ۴ صفحہ ۱۸۶ میں آیا ہے کہ ابن مردویہ نے حضرت ابوذرؓ سے پیغمبر اکرم (ص) کی یہ روایت بیان کی ہے: جہنم کا ایک دروازہ ایسا ہے جس میں وہی لوگ داخل ہوں گے جنہوں نے میرے اہل بیت (ع) کے حق میں مجھے اذیت دی اور میرے بعد ان کے خون بہائے۔

۴۵۔ اَلْمُتَّقِيْنَ: (وق ی) تقویٰ کا ترجمہ عموماً پرہیزگار، اگر فعل امر کی شکل میں آئے تو خوف کرو کے ساتھ کیا جاتا ہے۔ اگرچہ یہ تقویٰ کا لازمہ ضرور ہے لیکن ترجمہ نہیں ہے۔ یہ لفظ و ق ی وَقَی سے ہے، جس کے معنی محافظت اور بچانے کے ہیں۔ لہٰذا تقویٰ کے اصل معنی نفس کو ہر اس چیز سے بچانے کے ہیں جس سے گزند پہنچنے کا اندیشہ ہو۔ تقویٰ کی لغوی تشریح کی روشنی میں تقویٰ کا شرعی اصطلاح میں مفہوم یہ بنتا ہے: اسلام نے زندگی کے لیے جو اصول متعین کیے ہیں، ان کے دائرے میں رہنا اور جن چیزوں کو گناہ اور پلیدی قرار دیا ہے، ان سے اپنے آپ کو بچانا۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: اللہ سے تقویٰ کرنے کی وجہ سے اللہ نے اپنے دوستوں کو اپنی حمایت میں لیا ہے اور محرمات میں مبتلا ہونے سے بچایا ہے اور خوف خدا کو دلوں میں جاگزیں کیا ہے۔

۴۹۔ کس قدر رحمت و شفقت ہے اس آواز میں: میرے بندوں کو بتا دو۔ بتا دو میں غفور ہوں۔ بتا دو میں رحیم ہوں کس قدر شیریں ہے یہ خطاب میرے بندوں کو بتا دو، کس قدر مہر و محبت ہے اس لہجے میں، کسی قدر امید افزا ہے۔ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔ میں نہایت درگزر کرنے والا، مہربان ہوں۔ گنہگاروں کے لیے سرمایہ امید و رجا ہے یہ جملہ: میں درگزر کرنے والا ہوں۔

لوگوں کے جو تیری پیروی کریں۔

۴۳۔ ان سب کی وعدہ گاہ جہنم ہے۔☆

۴۴۔ جس کے سات دروازے ہیں ہر دروازے کے لیے ان کا ایک حصہ مخصوص کر دیا گیا ہے۔☆

۴۵۔ (ادھر) اہل تقویٰ یقیناً باغوں اور چشموں میں ہوں گے۔☆

۴۶۔ (ان سے کہا جائے گا) سلامتی و امن کے ساتھ ان میں داخل ہو جاؤ۔

۴۷۔ اور ان کے دلوں میں جو کینہ ہوگا ہم نکال دیں گے وہ برادرانہ طور پر تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔

۴۸۔ جہاں نہ انہیں کوئی تکلیف پہنچے گی نہ انہیں وہاں سے نکالا جائے گا۔

۴۹۔ (اے رسول) میرے بندوں کو بتا دو کہ میں بڑا درگزر کرنے والا، مہربان ہوں۔☆

۵۰۔ اور یہ کہ میرا عذاب بھی یقیناً بڑا دردناک عذاب ہے۔

۵۱۔ اور انہیں ابراہیم کے مہمانوں کا حال بھی سنا دو۔

۵۲۔ جب وہ ابراہیم کے ہاں داخل ہوئے تو انہوں نے کہا: سلام! ابراہیم نے کہا: ہم تم سے خوفزدہ ہیں۔☆

۵۳۔ کہنے لگے: آپ خوف نہ کریں ہم آپ کو ایک دانا لڑکے کی خوشخبری دیتے ہیں۔

۵۴۔ کہا: کیا تم مجھے اس وقت خوشخبری دیتے ہو جب بڑھاپے نے مجھے گرفت میں لے لیا ہے؟ کس بات کی خوشخبری دیتے ہو؟

۵۵۔ کہنے لگے: ہم نے آپ کو سچی خوشخبری دی ہے آپ مایوس نہ ہوں۔

۵۶۔ ابراہیم بولے: اپنے رب کی رحمت سے

إِلَّا الضَّآلُّونَ ﴿۵۶﴾

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ أَيُّهَا الْمُرْسَلُونَ ﴿۵۷﴾

قَالُوا إِنَّا أُرْسِلْنَا إِلَىٰ قَوْمٍ مُّجْرِمِينَ ﴿۵۸﴾

إِلَّا آلَ لُوطٍ ۖ إِنَّا لَمُنَجُّوهُمْ أَجْمَعِينَ ﴿۵۹﴾

إِلَّا امْرَأَتَهُ قَدَّرْنَا ۙ إِنَّهَا لَمِنَ الْغَابِرِينَ ﴿۶۰﴾ ع ۴/۱۲

فَلَمَّا جَاءَ آلَ لُوطٍ الْمُرْسَلُونَ ﴿۶۱﴾

قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنكَرُونَ ﴿۶۲﴾

قَالُوا بَلْ جِئْنَاكَ بِمَا كَانُوا فِيهِ يَمْتَرُونَ ﴿۶۳﴾

وَأَتَيْنَاكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّا لَصَادِقُونَ ﴿۶۴﴾

فَأَسْرِ بِأَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ اللَّيْلِ وَاتَّبِعْ أَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنكُمْ أَحَدٌ وَامْضُوا حَيْثُ تُؤْمَرُونَ ﴿۶۵﴾

وَقَضَيْنَا إِلَيْهِ ذَٰلِكَ الْأَمْرَ أَنَّ دَابِرَ هَٰؤُلَاءِ مَقْطُوعٌ مُّصْبِحِينَ ﴿۶۶﴾

وَجَاءَ أَهْلُ الْمَدِينَةِ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿۶۷﴾

قَالَ إِنَّ هَٰؤُلَاءِ ضَيْفِي فَلَا تَفْضَحُونِ ﴿۶۸﴾

وَاتَّقُوا اللَّهَ وَلَا تُخْزُونِ ﴿۶۹﴾

تو صرف گمراہ لوگ ہی مایوس ہوتے ہیں۔☆

۵۷۔ پھر فرمایا: اے فرستادگان! تمہاری مہم کیا ہے؟

۵۸۔ کہنے لگے: ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں۔

۵۹۔ مگر آل لوط کہ ان سب کو ہم ضرور بچا لیں گے۔

۶۰۔ البتہ ان کی بیوی کے بارے میں ہم نے یہ طے کیا ہے کہ وہ ضرور پیچھے رہ جانے والوں میں ہوگی۔

۶۱۔ جب یہ فرستادگان آل لوط کے ہاں آئے۔

۶۲۔ تو لوط نے کہا: تم تو ناآشنا لوگ ہو۔

۶۳۔ کہنے لگے: ہم آپ کے پاس وہی چیز لے کر آئے ہیں جس کے بارے میں لوگ شک کر رہے تھے۔

۶۴۔ اور ہم تو آپ کے پاس امر حق لے کر آئے ہیں اور ہم بالکل سچے ہیں۔

۶۵۔ لہٰذا آپ اپنے گھر والوں کو لے کر رات کے کسی حصے میں یہاں سے چلے جائیں اور آپ ان کے پیچھے چلیں اور آپ میں سے کوئی شخص مڑ کر نہ دیکھے اور جدھر جانے کا حکم دیا گیا ہے ادھر چلے جائیں۔☆

۶۶۔ اور ہم نے لوط کو اپنا فیصلہ پہنچا دیا کہ صبح ہوتے ہی ان کی جڑ کاٹ دی جائے گی۔

۶۷۔ ادھر شہر کے لوگ خوشیاں مناتے (لوط کے گھر) آئے۔☆

۶۸۔ لوط نے کہا: بلا شبہ یہ میرے مہمان ہیں لہٰذا تم مجھے رسوا نہ کرو۔☆

۶۹۔ اور اللہ سے ڈرو اور مجھے بدنام نہ کرو۔☆

۵۶۔ اس کے بعد عذاب الٰہی کی بھی خبر دے دو تاکہ لوگ خوف و امید کے درمیان رہیں، ورنہ اگر وہ یاس و ناامیدی میں رہیں تو گمراہ ہو جاتے ہیں نیز اگر یہودیوں کی طرح صرف امیدوں اور آرزوؤں میں رہیں تو بھی گمراہ ہو جاتے ہیں۔

۶۵۔ حضرت لوط (ع) کے اہل بیت، اللہ کے نزدیک اس قدر عزیز ہیں کہ حضرت لوط (ع) کو ان کے پیچھے چلنے کا حکم ملتا ہے کہ ان کی محافظت یقینی ہو جائے۔ کیونکہ آنے والے واقعہ کا علم تو صرف حضرت لوط (ع) کو ہے، دوسروں کو یا تو علم نہیں ہے، اگر ہو تو بھی ایک نبی کی طرح قطعی علم نہیں ہوتا۔ اس لیے ممکن ہے تساہل برتیں اور پیچھے رہ جائیں۔ مڑ کر نہ دیکھنے کا حکم ممکن ہے اس لیے ہو کہ نازل ہونے والا عذاب دیکھنے نہ پائیں، کیونکہ وہ عذاب اس قدر شدید تھا کہ اس کے دیکھنے کا بھی انسان متحمل نہیں ہو سکتا تھا۔

۶۷ تا ۷۱۔ ترتیب آیات واقعہ کی ترتیب کے مطابق اس لیے نہیں ہے کہ قرآن اپنی غرض بیان کے مطابق واقعات بیان کرتا ہے۔

قوم لوط کے بارے میں تلمود میں کچھ ایسے واقعات ملتے ہیں جن سے آیت کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے۔ لکھتے ہیں: کوئی مسافر ان علاقوں سے بخیریت نہ گزر سکتا تھا اور کوئی غریب ان بستیوں سے روٹی کا ٹکڑا نہ پا سکتا تھا۔ بارہا ایسا ہوا کہ باہر کا آدمی ان کے علاقے میں پہنچ کر فاقوں سے مر جاتا اور یہ اس کے کپڑے اتار کر برہنہ دفن کر دیتے۔

اس طرح اس قوم کا یہ معمول تھا کہ مسافروں کو لوٹ لیا جائے یا ان سے اپنی ہوس پوری کریں۔ حضرت لوط کے مہمانوں کے ساتھ یہی کچھ ہو رہا تھا۔ چنانچہ قوم لوط کی اس بات سے ان کے اخلاق کی پستی کا اندازہ ہوتا ہے، جو انہوں نے حضرت لوط سے کہا: ہم نے تمہیں ساری دنیا کے لوگوں کی پذیرائی سے منع نہیں کیا تھا۔ گویا کہ مہمانوں کی پزیرائی ان کے اخلاق میں جرم سمجھی جاتی تھی۔ چنانچہ خوبصورت لڑکوں کو دیکھ کر خوشیاں منانے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لوگ کس قدر اخلاقی پستی میں مبتلا تھے۔ چنانچہ حضرت لوط ان کو جائز طریقے سے خواہشات پوری کرنے کی پیشکش کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

قَالُوْٓا اَوَلَمْ نَنْهَكَ عَنِ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۰﴾
قَالَ هٰٓؤُلَآءِ بَنٰتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ
فٰعِلِيْنَ ﴿۷۱﴾
لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِيْ سَكْرَتِهِمْ
يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُشْرِقِيْنَ ﴿۷۳﴾
فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا
عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۷۴﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِيْنَ ﴿۷۵﴾
وَاِنَّهَا لَبِسَبِيْلٍ مُّقِيْمٍ ﴿۷۶﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾
وَاِنْ كَانَ اَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ
لَظٰلِمِيْنَ ﴿۷۸﴾
فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ وَاِنَّهُمَا ع ۵ ۱۹
لَبِاِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿۷۹﴾
وَلَقَدْ كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ
الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۸۰﴾
وَاٰتَيْنٰهُمْ اٰيٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا
مُعْرِضِيْنَ ﴿۸۱﴾
وَكَانُوْا يَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا
اٰمِنِيْنَ ﴿۸۲﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ مُصْبِحِيْنَ ﴿۸۳﴾

۷۰۔ کہنے لگے: کیا ہم نے تمہیں ساری دنیا کے لوگوں (کی پذیرائی) سے منع نہیں کیا تھا؟☆

۷۱۔ لوط نے کہا: یہ میری بیٹیاں ہیں اگر تم کچھ کرنا ہی چاہتے ہو۔☆

۷۲۔ (اے رسول) آپ کی زندگی کی قسم! یقیناً وہ بدمستی میں مدہوش تھے۔☆

۷۳۔ پھر سورج نکلتے وقت انہیں خوفناک آواز نے گرفت میں لے لیا۔

۷۴۔ پھر ہم نے اس بستی کو تہ و بالا کر کے رکھ دیا اور ہم نے ان پر کنکریلے پتھر برسائے۔

۷۵۔ اس واقعہ میں صاحبان فراست کے لیے نشانیاں ہیں۔☆

۷۶۔ اور یہ بستی زیر استعمال گزرگاہ میں (آج بھی) موجود ہے۔☆

۷۷۔ اس میں ایمان والوں کے لیے یقیناً نشانی ہے۔

۷۸۔ اور ایکہ والے یقیناً بڑے ظالم تھے۔☆

۷۹۔ تو ہم نے ان سے انتقام لیا اور یہ دونوں بستیاں ایک کھلی شاہراہ پر واقع ہیں۔

۸۰۔ اور تحقیق حجر کے باشندوں نے بھی رسولوں کی تکذیب کی۔☆

۸۱۔ اور ہم نے انہیں اپنی نشانیاں دکھائیں لیکن وہ ان سے منہ پھیرتے تھے۔

۸۲۔ اور وہ پہاڑوں کو تراش کر پر امن مکانات بناتے تھے۔

۸۳۔ اور انہیں صبح کے وقت ایک خوفناک آواز نے گرفت میں لے لیا۔

۷۲۔ ابن عباس کہتے ہیں: اللہ نے محمدؐ سے افضل کسی کو پیدا نہیں کیا۔ یہی وجہ ہے کہ اللہ نے صرف آپ کی زندگی کی قسم کھائی ہے۔

۷۵۔ متوسمین: (و س م) التوسم کے معنی آثار و قرائن سے کسی چیز کی حقیقت معلوم کرنے کے ہیں اور اسے علم ذکاوت و فراست اور فطانت بھی کہا جاتا ہے۔

۷۶۔ سبیل مقیم غیر متروک راستے کو کہتے ہیں۔ قوم لوط کی تباہ شدہ بستی آباد گزرگاہ میں آج بھی موجود ہے۔ مکہ سے شام جاتے ہوئے راستے میں یہ تباہ شدہ علاقہ آج بھی قابل دید ہے۔ بعض جغرافیہ دانوں کے مطابق یہاں اس درجہ ویرانی پائی جاتی ہے جس کی نظیر روئے زمین پر کہیں اور نہیں دیکھی گئی۔

۷۸۔ بعض روایات کے مطابق حضرت شعیبؑ دو قوموں مدین اور ایکہ کی طرف مبعوث ہوئے اور بعض کتابوں کے مطابق ایکہ تبوک کا قدیم نام تھا اور بعض فرنگی مورخین کے مطابق ایکہ اور مدین ایک ہی بستی کے دو نام ہیں۔

۸۰۔ حضرت صالحؑ ثمود کی طرف مبعوث ہوئے۔ ثمود کے دارالحکومت کا نام الحجر تھا۔ مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو: اعراف آیت ۷۴۔ پہاڑوں کے شکم کے اندر محفوظ ترین گھروں میں ہی ان کو ایک دھماکے کی آواز نے تباہ کر دیا اور ان کے محفوظ ترین مکان ان کی حفاظت نہ کر سکے۔

۸۵۔ تخلیق کائنات ایک واہمہ اور خیال نہیں ہے، نہ ہی عبث اور بے مقصد وجود ہے، بلکہ اس کی تخلیق کے سامنے ایک حکمت، ایک مقصد اور ایک دستور ہے۔ اگر یہ کائنات ایک عبث اور فضول کے طور پر وجود میں آ گئی ہوتی تو اسے بے مقصد ختم ہونا چاہیے۔ ایسا نہیں ہے، بلکہ روز قیامت آنے والا ہے۔ وہاں اس کائنات کی تخلیق کا نتیجہ سامنے آئے گا۔ لہٰذا اے رسولؐ! آپ ان کی طرف سے ہونے والے استہزاء اور آزار سے خوبصورتی کے ساتھ درگزر فرمائیں۔ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ایسا خوبصورت درگزر جس میں سرزنش اور غم و غصے کا اظہار نہ ہو۔ آپؐ کا پروردگار خلاق ہے۔ پورا تسلط رکھتا ہے۔ علیم ہے، ان کے اعمال پر نظر رکھتا ہے کہ وہ ایسی ذات کی گرفت سے چھٹ کر کہاں جائیں گے جو طاقت بھی رکھتی ہے اور علم بھی۔ کیونکہ کسی کمزور اور کسی ناداں سے تو ممکن ہے راہ فرار مل جائے مگر اللہ سے نہیں۔

فَمَآ اَغۡنٰی عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا
يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۸۴﴾
وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ وَ
مَا بَيۡنَهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ
لَاٰتِيَةٌ فَاصۡفَحِ الصَّفۡحَ الۡجَمِيۡلَ ﴿۸۵﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الۡخَلّٰقُ الۡعَلِيۡمُ ﴿۸۶﴾
وَلَقَدۡ اٰتَيۡنٰكَ سَبۡعًا مِّنَ الۡمَثَانِىۡ وَ
الۡقُرۡاٰنَ الۡعَظِيۡمَ ﴿۸۷﴾
لَا تَمُدَّنَّ عَيۡنَيۡكَ اِلٰى مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ
اَزۡوَاجًا مِّنۡهُمۡ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ
وَاخۡفِضۡ جَنَاحَكَ لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۸۸﴾
وَقُلۡ اِنِّىۡۤ اَنَا النَّذِيۡرُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۸۹﴾ ۚ
كَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَى الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ ﴿۹۰﴾ ۙ
الَّذِيۡنَ جَعَلُوا الۡقُرۡاٰنَ عِضِيۡنَ ﴿۹۱﴾
فَوَرَبِّكَ لَنَسۡـَٔلَنَّهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۹۲﴾ ۙ
عَمَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۳﴾
فَاصۡدَعۡ بِمَا تُؤۡمَرُ وَاَعۡرِضۡ عَنِ
الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿۹۴﴾
اِنَّا كَفَيۡنٰكَ الۡمُسۡتَهۡزِءِيۡنَ ﴿۹۵﴾ ۙ
الَّذِيۡنَ يَجۡعَلُوۡنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ
فَسَوۡفَ يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۶﴾
وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّكَ يَضِيۡقُ صَدۡرُكَ
بِمَا يَقُوۡلُوۡنَ ﴿۹۷﴾ ۙ

۸۴۔ پس جو وہ کیا کرتے تھے ان کے کام نہ آیا۔
۸۵۔ اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان موجودات کو برحق پیدا کیا ہے اور قیامت یقیناً آنے والی ہے لہٰذا (اے رسول) ان سے باوقار انداز میں درگزر کریں۔☆
۸۶۔ یقیناً آپ کا رب خالق اور بڑا دانا ہے۔
۸۷۔ اور بتحقیق ہم نے آپ کو (بار بار) دہرائی جانے والی سات (آیات) اور عظیم قرآن عطا کیا ہے۔☆
۸۸۔ (اے رسول) آپ اس سامان عیش کی طرف ہرگز نگاہ نہ اٹھائیں جو ہم نے ان (کافروں) میں سے مختلف جماعتوں کو دے رکھا ہے اور نہ ہی ان کے حال پر رنجیدہ خاطر ہوں اور آپ مومنوں کے ساتھ تواضع سے پیش آئیں۔☆
۸۹۔ اور کہہ دیجیے: میں تو صریحاً تنبیہ کرنے والا ہوں۔
۹۰۔ جیسا (عذاب) ہم نے دھڑے بندی کرنے والوں پر نازل کیا تھا۔☆
۹۱۔ جنہوں نے قرآن کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا تھا۔
۹۲۔ پس آپ کے رب کی قسم ہم ان سب سے ضرور پوچھیں گے۔
۹۳۔ ان اعمال کی بابت جو وہ کیا کرتے تھے۔
۹۴۔ آپ کو جس چیز کا حکم ملا ہے اس کا واشگاف الفاظ میں اعلان کریں اور مشرکین کی اعتنا نہ کریں۔☆
۹۵۔ آپ کے واسطے ان تمسخر کرنے والوں سے نپٹنے کے لیے یقیناً ہم کافی ہیں۔
۹۶۔ جو اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود بنا لیتے ہیں عنقریب انہیں (اپنے انجام کا) علم ہو جائے گا۔
۹۷۔ اور بتحقیق ہمیں علم ہے کہ یہ جو کچھ کہہ رہے ہیں اس سے آپ یقیناً دل تنگ ہو رہے ہیں۔

۸۷۔ السبع المثانی سے مراد سورۃ فاتحہ ہے جو سات آیات پر مشتمل ہے۔ چنانچہ آئمہ اہل بیتؑ سے مروی متعدد روایات میں اس بات کی تصریح موجود ہے کہ السبع المثانی سے مراد سورہ فاتحہ ہے اور بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک آیت، بلکہ سب سے افضل آیت ہے۔ اس طرح سورہ فاتحہ قرآن کا ہم پلہ قرار پاتا ہے۔
چنانچہ صحیح بخاری میں مرفوع روایت موجود ہے کہ السبع المثانی سے مراد سورۂ فاتحہ ہے۔ اکثر مفسرین کا بھی یہی موقف ہے۔ چنانچہ اصحاب میں سے ابو سعید خدری، عبد اللہ بن مسعود، ابن عباس، ابی بن کعب اور ابو ہریرہ کا بھی یہی موقف ہے۔ آیت کا سیاق بتاتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب آپؐ مکہ میں نہایت نامساعد حالات سے دوچار تھے۔ یہ آیت آپؐ کی تسلی کے لیے نازل ہوئی کہ مصائب خواہ کتنے ہی گھمبیر کیوں نہ ہوں وہ السبع المثانی اور قرآن کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہیں۔
۸۸۔ آداب پیمبری بیان ہوتے ہیں کہ نہ کافروں کے مال و دولت پر اپنی توجہ مرکوز کریں، نہ ہی ان کی ضلالت پر تاسف کریں۔ آپؐ کے لیے قابل توجہ اور آپؐ کی عنایتوں کے مستحق اہل ایمان ہیں۔
۹۰۔ ولید بن مغیرہ نے حج کے دنوں میں سولہ افراد کو مکہ کی طرف آنے والے راستوں میں تقسیم کر کے بھیجا کہ کوئی شخص رسول اللہؐ کے پاس پہنچنے نہ پائے اور ایمان نہ لائے۔ ان میں سے بعض کہتے تھے قرآن جادو ہے، بعض کہتے تھے قرآن صرف داستانیں ہے اور کچھ کہتے تھے قرآن خود ساختہ ہے۔ چنانچہ ان لوگوں پر ایسا عذاب نازل ہوا کہ بدترین حالت میں مر گئے۔ (مجمع البیان)
حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے روایت ہے کہ اَلۡمُقۡتَسِمِيۡنَ سے مراد قریش ہیں۔
۹۴۔ نہایت نامساعد حالات میں تبلیغ رسالت کو ایک فیصلہ کن مرحلے میں داخل کرنے کا حکم مل رہا ہے جس کے بعد رسول کریمؐ نے اعلانیہ طور پر تبلیغ شروع فرمائی جبکہ قریش کی طرف سے تمسخر و استہزاء کا ایک طوفان بدتمیزی برپا تھا۔
۹۷۔ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کی دلجوئی فرماتا ہے کہ ہمیں علم ہے کہ آپ ان کافروں کی باتوں سے

فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ
السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾
ع ۶/۶ وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿۹۹﴾

۱۶ سُوْرَةُ النَّحْلِ مَكِّيَّةٌ ۱۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ
سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۱﴾
يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اَنْ اَنْذِرُوْۤا
اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿۲﴾
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ؕ
تَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۳﴾
خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ
خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴﴾
وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَكُمْ فِيْهَا
دِفْءٌ وَّمَنَافِعُ وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۵﴾
وَلَكُمْ فِيْهَا جَمَالٌ حِيْنَ
تُرِيْحُوْنَ وَحِيْنَ تَسْرَحُوْنَ ﴿۶﴾
وَتَحْمِلُ اَثْقَالَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَّمْ
تَكُوْنُوْا بٰلِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ ؕ
اِنَّ رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۷﴾
وَّالْخَيْلَ وَالْبِغَالَ وَالْحَمِيْرَ
لِتَرْكَبُوْهَا وَزِيْنَةً ؕ وَيَخْلُقُ مَا

۹۸۔ پس آپ اپنے رب کی ثنا کے ساتھ تسبیح کریں اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔☆
۹۹۔ اور اپنے رب کی عبادت کریں یہاں تک کہ آپ کو یقین (موت) آ جائے۔

سورۂ نحل۔ مکی۔ آیات ۱۲۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اللہ کا امر آ گیا پس تم اس میں عجلت نہ کرو وہ پاک اور بالاتر ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔
۲۔ وہ اپنے حکم سے فرشتوں کو روح کے ساتھ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے نازل کرتا ہے (اس حکم کے ساتھ) کہ انہیں تنبیہ کرو کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں لہٰذا تم میری مخالفت سے بچو۔
۳۔ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے اور جو شرک یہ لوگ کرتے ہیں اللہ اس سے بالاتر ہے۔
۴۔ اس نے انسان کو ایک بوند سے پیدا کیا پھر وہ یکا یک کھلا جھگڑالو بن گیا۔☆
۵۔ اور اس نے مویشیوں کو پیدا کیا جن میں تمہارے لیے گرم پوشاک اور فوائد ہیں اور ان میں سے تم کھاتے بھی ہو۔
۶۔ اور ان میں تمہارے لیے رونق بھی ہے اور جب تم انہیں شام کو واپس لاتے ہو اور صبح کو چرنے کے لیے بھیجتے ہو۔☆
۷۔ اور وہ تمہارے بوجھ اٹھا کر ایسے علاقوں تک لے جاتے ہیں جہاں تم جانفشانی کے بغیر نہیں پہنچ سکتے تھے، تمہارا رب یقیناً بڑا شفیق، مہربان ہے۔
۸۔ اور (اس نے) گھوڑے خچر اور گدھے بھی (اس لیے پیدا کیے) تاکہ تم ان پر سوار ہو اور تمہارے لیے زینت بنیں، ابھی

دل تنگ ہو رہے ہیں۔ رسول اللہؐ آگاہ ہیں کہ ہر بات اللہ کے علم میں ہے، لیکن محض تسلی اور اظہار شفقت کے لیے فرمایا: ہمیں علم ہے۔ یعنی ہم آپؐ کے حامی ہیں اور اپنے مقصد کی راہ میں جن مصیبتوں اور ذہنی پریشانیوں سے دوچار ہیں ہم ان سے آگاہ ہیں۔

۹۸۔ کفار کی طرف سے پہنچنے والی اذیتوں کا مقابلہ کرنے کے لیے تسبیح و سجود سے تقویت حاصل کرو۔ یعنی نمازیں پڑھا کرو۔ جس نے اس دل و جان کو خلق کیا ہے، اس سے یہ جان زیادہ مانوس ہے۔ اس انس کے کیف و سرور کے عالم میں دنیا کی مصیبتیں اور مشقتیں آسان ہو جاتی ہیں۔

سورۂ نحل

اس سورہ میں نحل (شہد کی مکھی) کا ذکر آیا ہے اسی مناسبت سے اسے سورہ نحل کہتے ہیں۔

بعض آیات سے پتہ چلتا ہے کہ یہ سورہ اس وقت نازل ہوا جب کفار مکہ کی طرف سے ظلم و ستم اپنی انتہا کو پہنچ چکا تھا۔ دیگر سورہ ہائے مکّی کی طرح یہ سورہ بھی الٰہیات، وحی معاد، جیسے موضوعات پر زیادہ توجہ دیتا ہے۔ معاملات کے بارے میں بھی احکام ملتے ہیں۔ اللہ کی طرف سے عطا کردہ نعمتوں کا اس سورہ میں کثرت سے ذکر ملتا ہے، یہاں تک کہ اسے سورۃ النعم (نعمات کا سورہ) بھی کہا جاتا ہے۔

۴۔ باوجودیکہ انسان کو ایک نطفے جیسی حقیر بوند سے پیدا کیا ہے، اس کی سرکشی اور گستاخی کا یہ حال ہے کہ وہ اللہ سے جھگڑنے لگتا ہے، کہاں نطفہ اور کہاں اللہ کا مقابلہ۔ حضرت علیؑ اس انسان کے بارے میں فرماتے ہیں: اَوَّلُهٗ نُطْفَةٌ وَ آخِرُهٗ جِيفَةٌ (وسائل الشیعۃ ۱:۳۳۴) یہ انسان آغاز میں ایک نطفہ اور انجام میں ایک بدبودار لاش ہے۔

۶۔ چوپائے انسان کے لیے مسخر ہیں، یعنی ان کی غرض تخلیق انسان ہے۔ دیہی زندگی ہو یا تمدن یافتہ، کوئی بھی ان چوپاؤں سے بے نیاز نہیں ہے۔

۸۔ سواری میں کام آنے والے حیوانات کے دو مقاصد بیان فرمائے: ایک یہ کہ سواری کے کام آئے اور دوسرا یہ کہ زینت کا کام دے۔ اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ انسان کے جمالیاتی ذوق کی تسکین کو اللہ تعالیٰ نے اہمیت دی ہے وَيَخْلُقُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ اور ابھی بہت سی چیزیں پیدا کرے گا جن کا تمہیں علم نہیں۔ موجودہ دور کی ایجادات عصر نزول قرآن کے لوگوں کیلیے مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

لَا تَعْلَمُوْنَ ⑧
وَعَلَى اللّٰهِ قَصْدُ السَّبِيْلِ وَمِنْهَا
جَآئِرٌ ؕ وَلَوْ شَآءَ لَهَدٰىكُمْ
اَجْمَعِيْنَ ⑨ ع
هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ
تُسِيْمُوْنَ ⑩
يُنْۢبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَ
الزَّيْتُوْنَ وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَ
مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً
لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ⑪
وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۙ وَ
الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ
مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ⑫ۙ
وَمَا ذَرَاَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ
مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّذَّكَّرُوْنَ ⑬
وَهُوَ الَّذِيْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا
مِنْهُ لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا
مِنْهُ حِلْيَةً تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى
الْفُلْكَ مَوَاخِرَ فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ⑭

اور بھی بہت سی چیزیں پیدا کرے گا جن کا تمہیں علم نہیں ہے۔☆

۹۔اور سیدھا راستہ (دکھانا) اللہ کے ذمے ہے اور بعض راستے ٹیڑھے بھی ہیں اور اگر وہ چاہتا تو تم سب کو ہدایت کرتا۔☆

۱۰۔وہی ہے جس نے آسمان سے پانی برسایا جس سے تمہیں پینے کو ملتا ہے اور اس سے درخت اگتے ہیں جن میں تم جانور چراتے ہو۔☆

۱۱۔جس سے وہ تمہارے لیے کھیتیاں، زیتون کھجور، انگور اور ہر قسم کے پھل اگاتا ہے، غور وفکر سے کام لینے والوں کے لیے ان چیزوں میں یقیناً نشانی ہے۔☆

۱۲۔اور اس نے تمہارے لیے رات اور دن اور سورج اور چاند کو مسخر کیا ہے اور ستارے بھی اس کے حکم سے مسخر ہیں، عقل سے کام لینے والوں کے لیے ان چیزوں میں یقیناً نشانیاں ہیں۔☆

۱۳۔اور تمہارے لیے زمین میں رنگ برنگ کی جو مختلف چیزیں اگائی ہیں نصیحت حاصل کرنے والوں کے لیے ان میں یقیناً نشانی ہے۔☆

۱۴۔اور اسی نے (تمہارے لیے) سمندر کو مسخر کیا تاکہ تم اس سے تازہ گوشت کھاؤ اور اس سے زینت کی وہ چیزیں نکالو جنہیں تم پہنتے ہو اور آپ دیکھتے ہیں کہ کشتی سمندر کو چیرتی ہوئی چلی جاتی ہے تاکہ تم اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو اور شاید تم شکر گزار بنو۔

تھیں اور آئندہ ہونے والی ایجادات ہمارے لیے مَالَا تَعْلَمُوْنَ ہیں۔اس طرح ہر نسل کے لیے آیت کا خطاب مَالَا تَعْلَمُوْنَ زندہ رہے گا۔

۹۔ مادی نعمتوں کے ذکر کے بعد روحانی نعمت کا ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے پر لازم قرار دیا ہے کہ سیدھا راستہ دکھایا جائے. چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فطرت اور شریعت دونوں کے ذریعے انسان کی ہدایت کا سامان فراہم فرمایا۔ فطرت کے ذریعے خود انسان کے وجود، اس کی ساخت و بافت میں ہدایت ودیعت فرمائی: رَبُّنَا الَّذِیْٓ اَعْطٰی کُلَّ شَیْءٍ خَلْقَهٗ ثُمَّ هَدٰی۔ (طٰہٰ:۵۰) ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی خلقت دے دی، پھر ہدایت فرمائی۔ اِنَّا هَدَیْنٰهُ السَّبِیْلَ اِمَّا شَاكِرًا وَّاِمَّا كَفُوْرًا۔ (دہر:۳) ہم نے اسے راستہ بتایا پھر یا تو وہ شکر گزار ہو یا کافر۔ چنانچہ امتحان اور استحقاق کے لیے ضروری تھا کہ انسان خود مختار ہو۔ اگر جبری ہدایت منشائے خداوندی میں ہوتی تو سب کی ہدایت ہو جاتی۔ مگر اس جبری ہدایت کی قیمت کچھ نہ ہوتی۔ جیسے بے حس پتھر، جسے آپ جہاں چاہیں رکھ دیں یا ایک گدھا جسے جہاں چاہیں باندھیں۔

۱۰ تا ۱۲۔ مذکورہ پھلوں کی فراہمی اہل فکر کو بتاتی ہے کہ یہ اندھے اتفاق اور ناداں بے شعور طبیعت کا کام نہیں ہے بلکہ ان چیزوں کی فراہمی کے پیچھے ایک شعور ایک ارادہ کارفرما ہے، ورنہ آسمان سے برسنے والا پانی انسان اور روئے زمین پر موجود باقی چیزوں کے لیے مفید و مناسب نہ ہوتا۔ زمین سے اگنے والی چیزوں کا انسان اور باقی جانوروں کے مزاج اور طبیعت کے عین مطابق اور مفید ہونا بھی ضروری نہ تھا۔ لہٰذا ان مختلف چیزوں کا ایک دوسرے کے لیے ضروری ہونا اور باہم موافق طبع ہونا بتاتا ہے کہ ان چیزوں کی تخلیق کے پیچھے ایک حکیمانہ ذہن کارفرما ہے ۔ کھیتی کی افادیت اور زیتون، کھجور اور انگور کے انسانی جسم کی ساخت و بافت کے ساتھ نہایت سازگار ہونے کی وجہ سے ممکن ہے ان کا خاص طور پر ذکر کیا ہو۔

۱۳۔ یہاں وجود اور وحدانیت خدا پر تین دلائل دیے گئے ہیں: پہلی دلیل نباتات سے۔ یہ اہل فکر کے لیے ہے۔ دوسری دلیل فلکیات سے۔ یہ اہل عقل کے لیے ہے۔ تیسری دلیل موجودات ارضی کی اقسام وانواع سے۔ یہ اہل نصیحت کے لیے ہے.

۱۵۔ قرآن متعدد آیات میں اس بات کو بڑی وضاحت

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ
تَمِيْدَ بِكُمْ وَ اَنْهٰرًا وَّ سُبُلًا
لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿۱۵﴾
وَعَلٰمٰتٍ ؕ وَ بِالنَّجْمِ هُمْ
يَهْتَدُوْنَ ﴿۱۶﴾
اَفَمَنْ يَّخْلُقُ كَمَنْ لَّا يَخْلُقُ ؕ
اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۷﴾
وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۸﴾
وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَ مَا
تُعْلِنُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَالَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا
يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ ﴿۲۰﴾ ؕ
اَمْوَاتٌ غَيْرُ اَحْيَآءٍ ۚ وَ مَا
يَشْعُرُوْنَ ۙ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۲۱﴾ ع ۲ ۱۲ ۸
اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَالَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ قُلُوْبُهُمْ
مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾
لَا جَرَمَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ
وَ مَا يُعْلِنُوْنَ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ
الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ
قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ ۙ

۱۵۔ اور اس نے زمین میں پہاڑوں کو گاڑ دیا تا کہ زمین تمہیں لے کر ڈگمگا نہ جائے اور نہریں جاری کیں اور راستے بنائے تا کہ تم راہ پاتے رہو۔☆

۱۶۔ اور علامتیں بھی (بنائیں) اور ستاروں سے بھی لوگ راستہ معلوم کر لیتے ہیں۔

۱۷۔ کیا وہ جو پیدا کرتا ہے اس جیسا ہے جو پیدا نہیں کرتا؟ کیا تم غور نہیں کرتے؟☆

۱۸۔ اور اگر تم اللہ کی نعمتوں کو شمار کرنے لگو تو انہیں شمار نہ کر سکو گے، اللہ یقیناً بڑا درگزر کرنے والا، مہربان ہے۔☆

۱۹۔ اور اللہ سب سے باخبر ہے جو تم پوشیدہ رکھتے ہو اور جو ظاہر کرتے ہو۔☆

۲۰۔ اور اللہ کو چھوڑ کر جنہیں یہ لوگ پکارتے ہیں وہ کسی چیز کو خلق نہیں کر سکتے بلکہ خود مخلوق ہیں۔

۲۱۔ وہ زندہ نہیں مردہ ہیں اور انہیں اتنا بھی معلوم نہیں کہ کب اٹھائے جائیں گے۔

۲۲۔ تمہارا معبود بس ایک ہی معبود ہے لیکن جو آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے دل (قبول حق کے لیے) منکر ہیں اور وہ تکبر کر رہے ہیں۔☆

۲۳۔ یہ حقیقت ہے کہ وہ جو کچھ پوشیدہ رکھتے ہیں اور جو کچھ ظاہر کرتے ہیں اللہ اسے جانتا ہے، وہ تکبر کرنے والوں کو یقیناً پسند نہیں کرتا۔

۲۴۔ جب ان سے کہا جاتا ہے: تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے؟ تو کہتے ہیں: داستانہائے پارینہ۔

سے بیان فرماتا ہے کہ پہاڑ کی تخلیق کا اہم فائدہ یہ ہے کہ اس سے زمین میں اضطرابی حالت ختم ہوجاتی ہے۔ ممکن ہے یہ اس بات کی طرف اشارہ ہو کہ زمین کے اندرون طبقات میں موجود لاوا آتش فشانی کے ذریعہ سطح زمین پر آتا ہے اور پہاڑ بن جاتا ہے، ورنہ زیر زمین موجود لاوا اور آتشیں مواد سے زمین ڈھلک جاتی اور ڈگمگانے لگتی۔ دوسرا اہم فائدہ پہاڑوں سے بہنے والے پانی سے وجود میں آنے والی نہریں ہیں جن سے نشیبی علاقے سیراب ہو جاتے ہیں۔ پہاڑوں کے بارے میں مزید تشریح کے لیے ملاحظہ فرمائیں سورہ نبا آیت ۷۔

۱۷۔ ایک واضح حقیقت اور ایک نہایت سادہ سی بات، جسے ہر کوئی سمجھ سکتا ہے، یہ ہے کہ جو خلق کرتا ہے، وہ اس کی طرح تو نہیں ہوسکتا جو خلق نہیں کرتا۔ خطاب مشرکوں سے ہے کہ تم ایسی واضح باتیں بھی نہیں سمجھ سکتے، اللہ اور بتوں کے ایک جیسے اختیارات کے قائل ہو۔

۱۸۔ اللہ کی بے پایاں نعمتوں کا احاطہ یہ انسان نہیں کر سکتا۔ یہ غافل انسان تو ان نعمتوں میں سے موٹی موٹی نعمتوں کی طرف صرف اس وقت متوجہ ہوتا ہے جب اس سے یہ نعمت چھن جاتی ہے۔ اس کے باوجود اللہ غفور و رحیم ہے، اللہ کا غفران اور درگزر دیکھیے کہ انسان ان بے شمار نعمتوں میں مالا مال رہنے کے باوجود اللہ کے حق میں اس قدر گستاخ اور نافرمان ہوتا ہے کہ کبھی تو اللہ کے وجود ہی کا منکر ہو جاتا ہے، پھر بھی اللہ درگزر فرماتا ہے اور رحم کا یہ عالم ہے کہ ایسے ناشکرے انسان کو بھی برابر نعمتوں کی ارزانی فرماتا رہتا ہے۔

۱۹۔ اللہ ان مشرکین کے حال سے بے خبر ہونے کی بنیاد پر تو نعمتیں فراہم نہیں کرتا، بلکہ وہ ان کے دلوں کی بات سے بھی واقف ہے نیز ربوبیت کے لائق تو صرف وہ ذات ہے جو خالق ہے، منعم ہے اور انسان کے اندرونی حالات پر علم و آگہی رکھتی ہے۔ جبکہ جن بتوں کی یہ لوگ پرستش کرتے ہیں نہ تو وہ خالق ہیں، بلکہ وہ خود مخلوق ہیں۔ نہ منعم ہیں نہ ان کو انسان کے حالات پر آگہی ہے۔

۲۲۔ اللہ کی وحدانیت پر ایمان اور آخرت پر ایمان باہم مربوط معلوم ہوتے ہیں۔ یعنی جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتا اور جزا و سزا کے نظام کا قائل نہیں ہے اس کے لیے اللہ کا وجود اور اس کائنات کی تخلیق ناقابل فہم ہو جاتے ہیں۔

لِيَحْمِلُوْٓا اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ
الْقِيٰمَةِ ۙ وَ مِنْ اَوْزَارِ الَّذِيْنَ
يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۭ اَلَا سَاۗءَ
ع ۹ مَا يَزِرُوْنَ ۝۲۵
قَدْ مَكَرَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَاَتَى
اللّٰهُ بُنْيَانَهُمْ مِّنَ الْقَوَاعِدِ فَخَرَّ
عَلَيْهِمُ السَّقْفُ مِنْ فَوْقِهِمْ وَاَتٰىهُمُ
الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۲۶
ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُخْزِيْهِمْ وَيَقُوْلُ
اَيْنَ شُرَكَاۗءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ
تُشَاۗقُّوْنَ فِيْهِمْ ۭ قَالَ الَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْعِلْمَ اِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ
وَالسُّوْۗءَ عَلَي الْكٰفِرِيْنَ ۝۲۷ۙ
الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰۗىِٕكَةُ ظَالِمِيْٓ
اَنْفُسِهِمْ ۠ فَاَلْقَوُا السَّلَمَ مَا كُنَّا
نَعْمَلُ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ بَلٰٓى اِنَّ اللّٰهَ
عَلِيْمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۲۸
فَادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَا ۭ فَلَبِئْسَ مَثْوَى الْمُتَكَبِّرِيْنَ ۝۲۹
وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا مَاذَآ اَنْزَلَ
رَبُّكُمْ ۭ قَالُوْا خَيْرًا ۭ لِلَّذِيْنَ
اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ
وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ۭ وَلَنِعْمَ دَارُ

۲۵۔ (گویا) یہ لوگ قیامت کے دن اپنا سارا بوجھ اور کچھ ان کا بوجھ بھی اٹھانا چاہتے ہیں جنہیں وہ نادانی میں گمراہ کرتے ہیں دیکھو! کتنا برا بوجھ ہے جو یہ اٹھا رہے ہیں۔☆

۲۶۔ ان سے پہلے لوگوں نے مکاریاں کی ہیں لیکن اللہ نے ان کی عمارت کو بنیاد سے اکھاڑ دیا، پس اوپر سے چھت ان پر آ گری اور انہیں وہاں سے عذاب نے آ لیا جہاں سے انہیں توقع نہ تھی۔☆

۲۷۔ پھر اللہ انہیں قیامت کے دن رسوا کرے گا اور (ان سے) کہے گا: کہاں ہیں میرے وہ شریک جن کے بارے میں تم جھگڑتے تھے؟ (اس وقت) صاحبان علم کہیں گے: آج کافروں کے لیے یقیناً رسوائی اور برائی ہے۔

۲۸۔ فرشتے جن کی روحیں اس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ اپنے نفس پر ظلم کر رہے ہوں تب وہ کافر تسلیم کا اظہار کریں گے (اور کہیں گے) ہم تو کوئی برا کام نہیں کرتے تھے، ہاں! جو کچھ تم کیا کرتے تھے اللہ یقیناً اسے خوب جانتا ہے۔☆

۲۹۔ پس اب جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ جہاں تم ہمیشہ رہو گے، تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا نہایت برا ہے۔☆

۳۰۔ اور متقین سے پوچھا جاتا ہے: تمہارے رب نے کیا نازل کیا ہے؟ وہ کہتے ہیں: بہترین چیز، نیکی کرنے والوں کے لیے اس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور آخرت کا گھر تو بہترین ہے ہی اور اہل تقویٰ کے لیے

۲۵۔ خود گمراہ ہونے کے ساتھ یہ لوگ دوسروں کی گمراہی کے لیے سبب بن جاتے ہیں۔ اس طرح یہ لوگ اپنے گناہوں کے بوجھ کے علاوہ دوسروں کے گناہوں کا بھی بوجھ اٹھا رہے ہیں۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے: من سن سنة سيئة كان عليه وزرها و وزر من عمل بها۔ (بحار الانوار ۱۷: ۲۰۴) جو ایک برے کام کو رواج دیتا ہے، اس پر اس برائی کا بوجھ ہے اور اس پر عمل کرنے والوں کا بوجھ بھی اسی پر ہوگا۔

۲۶۔ اسلامی تحریک کے خلاف کفر کی مکاریاں اور سازشیں قدیم سے اسی طرح رہی ہیں جس طرح آج مشرکین مکہ کی طرف سے ہو رہی ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ ان کی سازشیں خود ان کے خلاف کر دیتا ہے۔ چنانچہ دینی تحریکوں کے خلاف جو عمارت انہوں نے کھڑی کی تھی، یہی عمارت ان کی ہلاکت کا سبب بن گئی۔ اس آیت میں رسول اللہؐ کے لیے نوید فتح ہے اور فتح کی نوعیت کی طرف بھی اشارہ ہو گیا۔ چنانچہ ان مشرکین نے اسلام کے خلاف جو جنگیں لڑیں، وہی جنگیں ان کی تباہی کا سبب بن گئیں۔

۲۷۔ روز قیامت جب مشرکین عالم شہود میں آ گئے ہوں گے، ان پر ان کے شرک کا بطلان عیاں ہو گیا ہو گا، اس وقت اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ سوال ہو گا: کہاں ہیں وہ شریک جن کے بارے میں اہل توحید سے جھگڑتے تھے۔ ظاہر ہے مشرکین کے پاس اس کا کوئی جواب نہیں ہو گا۔

۲۸۔ ۲۹ ان کفار کا ذکر جاری ہے جو دینی تحریک کے خلاف سازشیں کرتے تھے۔ ان کی جان کنی کے وقت کی بات ہے، ابھی زندگی کی چند رمقیں باقی ہیں کہ حقیقت ان پر کھل گئی، حق و باطل کا راز منکشف ہو گیا۔ البتہ فرصت ان کے ہاتھ سے نکل چکی ہے۔ جان کنی سے پہلے نہ توبہ کی، نہ کفر چھوڑا۔ اس وقت وہ سر تسلیم خم کرتے ہیں، لیکن اب اس تسلیم و اطاعت کا کوئی فائدہ نہیں اور دنیا سے جانے سے پہلے ہی جہنم میں داخل ہونے کا حکم مل جاتا ہے۔

۳۰۔ قرآن کو داستان پارینہ کہنے والوں کے مقابلے میں اہل تقویٰ ہیں جو قرآن کو خیر محض جانتے ہیں۔ کفار کی پروپیگنڈا مہم کے جواب کے لیے اہل تقویٰ میدان عمل میں ہوتے ہیں اور لوگوں کو صحیح صورت حال سے آگاہ کرتے ہیں اور یہ نکتہ بھی سمجھاتے ہیں کہ اس قرآن میں خیر الدنیا و

الْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۳۰﴾

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ
كَذٰلِكَ يَجْزِي اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۳۱﴾
الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ
طَيِّبِيْنَ ۙ يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ
ادْخُلُوا الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ﴿۳۲﴾
هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ
الْمَلٰٓئِكَةُ اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ
كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ
وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ﴿۳۳﴾
فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا
وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ع﴿۳۴﴾ ع ۴ ۱۰
وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ
مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ
وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ
مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ
اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ﴿۳۵﴾
وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ

یہ کتنا اچھا گھر ہے۔☆

۳۱۔ یہ لوگ دائمی جنت میں داخل ہوں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، وہاں ان کے لیے جو چاہیں گے موجود ہو گا۔ اللہ اہل تقویٰ کو ایسا اجر دیتا ہے۔

۳۲۔ جن کی روحیں فرشتے پاکیزہ حالت میں قبض کرتے ہیں (اور انہیں) کہتے ہیں: تم پر سلام ہو! اپنے (نیک) اعمال کی جزا میں جنت میں داخل ہو جاؤ۔☆

۳۳۔ کیا یہ لوگ اس بات کے منتظر ہیں کہ فرشتے (ان کی جان کنی کے لیے) ان کے پاس آئیں یا آپ کے رب کا فیصلہ آئے؟ ان سے پہلوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا، اللہ نے ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ یہ خود اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہیں۔☆

۳۴۔ آخرکار انہیں ان کے برے اعمال کی سزائیں ملیں اور جس چیز کا یہ لوگ مذاق اڑاتے تھے اسی نے انہیں گھیر لیا۔

۳۵۔ اور مشرکین کہتے ہیں: اگر اللہ چاہتا تو ہم اور ہمارے باپ دادا اس کے علاوہ کسی اور چیز کی پرستش نہ کرتے اور نہ اس کے حکم کے بغیر کسی چیز کو حرام قرار دیتے، ان سے پہلے کے لوگوں نے بھی ایسا ہی کیا تھا، تو کیا رسولوں پر واضح انداز میں تبلیغ کے سوا کوئی اور ذمہ داری ہے؟☆

۳۶۔ اور بتحقیق ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا ہے کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت کی بندگی سے اجتناب کرو، پھر ان

الآخرہ ہے۔

۳۲۔ اس کے مقابلے میں اہل تقویٰ کو حالت احتضار میں جنت میں داخل ہونے کا حکم مل جاتا ہے۔ چنانچہ اس جگہ ایک درس آموز روایت کا خلاصہ ذکر کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

ابو بصیر سے مروی ہے کہ میرا ایک ہمسایہ مے نوشی کی محفلیں جماتا تھا۔ میں نے ہر چند نصیحتیں کیں لیکن وہ باز نہیں آیا۔ ایک دن اس نے کہا اگر آپ اپنے مولا (امام جعفر صادقؑ) سے میرا تعارف کرادیں تو ممکن ہے آپؑ کے ذریعے اللہ مجھے بچا لے۔ میں جب امامؑ کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس شخص کا حال بیان کیا تو آپؑ نے فرمایا: اس سے کہنا جعفر بن محمد (ع) کہتے ہیں تو اس مے نوشی کو ترک کرے تو میں اللہ کے حضور تیرے لیے جنت کا ضامن بنتا ہوں۔ واپس جا کر میں نے یہ پیغام اس کو سنایا تو وہ رویا اور چلا گیا۔ کچھ دنوں بعد اس نے مجھے بلایا تو دیکھا کہ وہ اپنے گھر کے عقب میں عریاں بیٹھا ہے۔ وہ بولا: اے ابو بصیر میں نے اپنے گھر سے سب کچھ نکال دیا ہے اور میرا یہ حال ہو گیا۔ کچھ دنوں کے بعد وہ بیمار ہو گیا اور احتضار کا وقت آ گیا۔ اس پر غشی طاری ہوئی، ہوش میں آیا تو کہنے لگا: اے ابو بصیر! قد وفی صاحبك لنا۔ آپ کے مولا نے میرے ساتھ اپنا وعدہ پورا کیا۔ پھر اس کی روح پرواز کر گئی۔ چنانچہ حج کے موقع پر جب میں نے امام (ع) کے گھر میں داخل ہونے کی اجازت مانگی تو مجھے دیکھتے ہی مولا نے فرمایا: اے ابو بصیر قد وفینا صاحبك ہم نے تمہارے ساتھی کے ساتھ اپنا وعدہ پورا کر دیا۔ (اصول الکافی ۱: ۴۷۴)

۳۳۔ اس دین توحید کو سمجھانے کا جو بھی طریقہ ہو سکتا تھا وہ اختیار کیا گیا۔ نہ منطق میں کمی ہے، نہ استدلال میں نقص، نہ ہی حجت و برہان میں ضعف ہے۔ یہ لوگ پھر کس چیز کے انتظار میں ہیں؟ کیا یہ فرشتہ موت کے انتظار میں ہیں کہ حالت نزع میں حقیقت حال ان پر منکشف ہو جائے یا یہ نزول عذاب کے منتظر ہیں۔

۳۵۔ مشرکین کا ایک طرز فکر یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں اگر اللہ یہ چاہتا کہ اس کے سوا کسی کی پرستش نہ کی جائے تو ہم اللہ کے سوا کسی کی پرستش نہ کر پاتے، جبکہ اب ہم یہ کام کر رہے ہیں۔ لہٰذا اللہ نے اس کام سے ہم کو نہیں روکا۔ جواب میں فرمایا: اللہ

فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ
مَّنْ حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا
فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ
عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۶﴾
اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ
لَا يَهْدِيْ مَنْ يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ
نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۷﴾
وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ
لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ؕ بَلٰى
وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ۙ
لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَ
لِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ كَانُوْا
كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾
اِنَّمَا قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَاۤ اَرَدْنٰهُ اَنْ
نَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ ع
وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا
ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ فِي الدُّنْيَا
حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ
لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ۙ
الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ
يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۴۲﴾
وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا

میں سے بعض کو اللہ نے ہدایت دی اور بعض کے ساتھ ضلالت پیوست ہوگئی، لہٰذا تم لوگ زمین پر چل پھر کر دیکھو کہ تکذیب کرنے والوں کا کیا انجام ہوا تھا۔

۳۷۔ اگر آپ کو ان کی ہدایت کی شدید خواہش ہو بھی تو اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا جنہیں وہ ضلالت میں ڈال چکا ہو اور نہ ہی کوئی ان کی مدد کرنے والا ہوگا۔☆

۳۸۔ اور یہ لوگ اللہ کی سخت قسمیں کھا کر کہتے ہیں: جو مر جاتا ہے اسے اللہ زندہ کر کے نہیں اٹھائے گا، کیوں نہیں (اٹھائے گا)؟ یہ ایک ایسا برحق وعدہ ہے جو اللہ کے ذمے ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۳۹۔ تاکہ اللہ ان کے لیے وہ بات واضح طور پر بیان کرے جس میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں اور کافر لوگ بھی جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے۔

۴۰۔ جب ہم کسی چیز کا ارادہ کر لیتے ہیں تو بے شک ہمیں اس سے یہی کہنا ہوتا ہے: ہو جا! پس وہ ہو جاتی ہے۔☆

۴۱۔ اور جنہوں نے ظلم کا نشانہ بننے کے بعد اللہ کے لیے ہجرت کی انہیں ہم دنیا ہی میں ضرور اچھا مقام دیں گے اور آخرت کا اجر تو بہت بڑا ہے، اگر وہ جانتے ہوتے۔☆

۴۲۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے صبر کیا اور جو اپنے رب پر بھروسا کرتے ہیں۔

۴۳۔ اور ہم نے آپ سے قبل صرف مردان (حق) رسول بنا کر بھیجے ہیں جن پر ہم

نے اپنے رسولوں کے ذریعے تشریعی طور پر روکا ہے، البتہ اللہ نے اس سلسلے میں طاقت اور جبر استعمال نہیں کیا۔

۳۷۔ اگرچہ رسولؐ کی شفقت ہے کہ آپؐ لوگوں کی ہدایت کے متمنی ہوتے تھے، لیکن ہدایت و ضلالت کا ایک کلیہ ہے جس کے تحت جو ہدایت کی اہلیت رکھتا ہے وہ ہدایت پاتا ہے، جو اس کی اہلیت نہیں رکھتا اللہ اسے ہدایت نہیں دیتا اور اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ جسے اللہ اس کے حال پر چھوڑ دیتا ہے وہ ضلالت کی اتھاہ گہرائیوں میں گر جاتا ہے۔

۳۸۔ حیات بعد الموت، تخلیق، تکلیف اور آزمائش کا عقلی لازمہ ہے۔ اگر جرم و سزا کا کوئی دن نہ ہوتا تو مؤمن و کافر، ظالم اور مظلوم میں کوئی فرق نہ ہوتا۔ کیا جس نے انسانیت کے خون سے ہولی کھیلی ہو، اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس نے انسانیت کی خدمت کی ہے۔ اگر ان دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے تو یہ زندگی ایک عبث اور کھلونا ہونا لازم آتا ہے۔

۴۰۔ اللہ تعالیٰ کے دو ارادے ہیں: ایک ارادہ تشریعی، یعنی وہ قانون اور شریعت سازی کے ذریعہ لوگوں سے چاہتا ہے کہ وہ اس قانون کی پابندی کریں۔ اللہ کے اس ارادے کی اطاعت بھی ہو سکتی ہے اور نافرمانی بھی۔ دوسرا ارادۂ تکوینی۔ یہ عالم خلق و ایجاد سے مربوط ارادہ ہے۔ یہاں اللہ کا ارادہ فوراً نافذ العمل ہوتا ہے، بلکہ یہاں ارادہ اور ایجاد دو چیزیں نہیں ہیں، بلکہ اللہ کا ارادہ اور خلقت ایک ہیں۔ چنانچہ کن ایک تعبیر ہے، ورنہ ارادہ اور مراد میں کاف و نون کی بھی ضرورت نہیں ہے۔

۴۱۔ فی سبیل اللہ ہجرت کے اچھے اثرات مترتب ہوتے ہیں۔ ایک طرف سے دنیا میں اچھا مقام ملتا ہے اور آخرت کا اجر تو قابل وصف و بیان نہیں ہے۔

۴۳۔۴۴ اللہ تعالیٰ نے جب بھی اہل ارض کی طرف کسی رسول کو بھیجا ہے تو انہی آدمیوں کو وحی دے کر بھیجا ہے جن کے پاس اگر کوئی طاقت تھی تو وہ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ کی طاقت تھی۔ یعنی دلیل و منطق کی طاقت۔ ان کو مافوق البشر طاقت کی اجازت دے کر نہیں بھیجا کہ اس طاقت کے ذریعے وہ لوگوں کو ایمان لانے پر مجبور کریں۔ اگر اللہ کی سنت اس قسم کی طاقت استعمال کرنے کی ہوتی تو آج کے مشرک یہ کہہ سکتے تھے کہ اگر اللہ چاہتا تو ہم اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کر سکتے۔ اس بارے میں یہ حکم ہوا کہ گزشتہ انبیاء کے بارے

نُوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ
اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۴۳﴾
بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ
الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ
اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۴﴾ النصف
اَفَاَمِنَ الَّذِيْنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ
يَّخْسِفَ اللّٰهُ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ
يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا
يَشْعُرُوْنَ ﴿۴۵﴾
اَوْ يَاْخُذَهُمْ فِيْ تَقَلُّبِهِمْ فَمَا هُمْ
بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۴۶﴾
اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ ؕ فَاِنَّ
رَبَّكُمْ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۴۷﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ
شَيْءٍ يَّتَفَيَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ
الشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَ هُمْ
دٰخِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ وَهُمْ
لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۴۹﴾
يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ وَ
يَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ﴿۵۰﴾ السجدة ع ۱۳
وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ

وحی بھیجا کرتے ہیں، اگر تم لوگ نہیں جانتے ہو تو اہل ذکر سے پوچھ لو۔☆

۴۴۔(جنہیں) دلائل اور کتاب دے کر بھیجا تھا اور (اے رسول) آپ پر (بھی) ہم نے ذکر اس لیے نازل کیا ہے تاکہ آپ لوگوں کو وہ باتیں کھول کر بتا دیں جو ان کے لیے نازل کی گئی ہیں اور شاید وہ (ان میں) غور کریں۔☆

۴۵۔جو بدترین مکاریاں کرتے ہیں کیا وہ اس بات سے بے خوف ہیں کہ اللہ انہیں زمین میں دھنسا دے یا ان پر ایسی جگہ سے عذاب آئے کہ جہاں سے انہیں خبر ہی نہ ہو؟☆

۴۶۔ یا انہیں آتے جاتے ہوئے (عذاب الٰہی) پکڑ لے؟ پس وہ اللہ کو عاجز تو کر نہیں سکتے۔☆

۴۷۔ یا انہیں خوف میں رکھ کر گرفت میں لیا جائے؟ پس تمہارا رب یقیناً بڑا شفقت کرنے والا، مہربان ہے۔☆

۴۸۔کیا انہوں نے اللہ کی مخلوقات میں ایسی چیز نہیں دیکھی جس کے سائے دائیں اور بائیں طرف سے عاجز ہو کر اللہ کو سجدہ کرتے ہوئے جھکتے ہیں؟

۴۹۔ اور آسمانوں اور زمین میں ہر متحرک مخلوق اور فرشتے سب اللہ کے لیے سجدہ کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔☆

۵۰۔وہ اپنے رب سے جو ان پر بالادستی رکھتا ہے ڈرتے ہیں اور انہیں جو حکم دیا جاتا ہے اس کی تعمیل کرتے ہیں۔☆

۵۱۔اور اللہ نے فرمایا: تم دو معبود نہ بنایا کرو،

میں اگر تم جاننا چاہتے ہو تو اہل ذکر سے پوچھ لو۔ اگرچہ فَسْـَٔلُوْٓا کا خطاب مشرکین سے ہے، لیکن تفسیری قاعدے کے تحت لفظ کا عموم دیکھا جاتا ہے اور حکم صرف شان نزول کے ساتھ مخصوص نہیں کیا جاتا، اس طرح یہ آیت ہر نہ جاننے والے کے لیے، جاننے والوں سے سوال کرنے کے بارے میں ہے۔ چنانچہ حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ اہل ذکر سے مراد اہل قرآن ہیں۔ حضرت امام علی رضا (ع) سے روایت ہے: نَحْنُ اَهْلُ الذِّكْرِ وَ نَحْنُ الْمَسْئُوْلُوْنَ۔(اصول الکافی ۱:۲۱۰) ہم اہل الذکر ہیں اور ہم سے سوال کیا جانا چاہیے۔ غیر امامیہ مصادر کے لیے ملاحظہ ہو احقاق الحق ۳:۴۸۲۔

۴۵ تا ۴۷۔ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایذاء پہنچانے کے لیے بدترین سازشیں کرنے والے یہ خیال نہیں کرتے کہ اللہ ان کو کسی زمینی آفت میں مبتلا کر دے۔ ان پر نزول عذاب کے لیے کسی خاص وقت مقام اور ذریعے کی ضرورت نہیں ہے۔ بیٹھے بیٹھے زمین میں دھنس سکتے ہیں، غیر متوقع جگہ سے عذاب آ سکتا ہے، جیسا کہ جنگ بدر میں بالکل غیر متوقع جگہ سے ان پر عذاب آیا۔ یا کسی تجارت وغیرہ کے سفر میں جاتے آتے ہوئے عذاب آ سکتا ہے کچھ نہ ہوا اور اللہ نے شفقت و رحمت سے کام لیا تو خوف و ہراس میں مبتلا کیا جا سکتا ہے۔ دوسری تشریح کے مطابق اللہ نے اگر رحم کیا تو مال و دولت کو گھٹا کر تم کو کم سے کم سزا دے سکتا ہے۔

۴۹۔ دَآبَّةٍ رینگنے اور چلنے والے جانداروں کو کہتے ہیں۔ آیت سے معلوم ہوا کہ آسمانوں میں فرشتوں کے علاوہ چلنے والے جاندار ہیں، جو اللہ کے لیے سجدہ کرتے ہیں۔ یہ مخلوق فرشتوں کے علاوہ اس لیے ہے کہ فرشتوں کا الگ ذکر ہوا ہے۔ یہ چلنے والی مخلوق اور فرشتے اللہ کے لیے سجدہ کرنے سے تکبر نہیں کرتے اور اپنے رب کا خوف دل میں رکھتے ہیں۔

۵۰۔ مِّنْ فَوْقِهِمْ یعنی وہ رب جو ان پر فوقیت اور بالا دستی رکھتا ہے۔ اس جگہ غیر امامیہ علمائے سلف کا یہ موقف رہا ہے کہ اللہ کے لیے مکان ہے۔ وہ اس آیت سے یوں استدلال کرتے ہیں کہ اللہ کے لیے بالانشینی ثابت ہے۔ چنانچہ علامہ شام قاسمی نے محاسن التاویل میں، علامہ ذہبی نے کتاب العلو میں، ابن قیم نے الحیوش الاسلامیۃ میں اور

اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ
فَارْهَبُوْنِ ﴿۵۱﴾
وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَهُ
الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿۵۲﴾
وَمَا بِكُمْ مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ
اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿۵۳﴾ ۚ
ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا
فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۴﴾ ۙ
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۫
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۵﴾
وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا
مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ
عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿۵۶﴾
وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ ۙ
وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ
وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۵۸﴾ ۚ
يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا
بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ
يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ مَا
يَحْكُمُوْنَ ﴿۵۹﴾
لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ
السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ

معبود تو بس ایک ہی ہے پس تم صرف مجھ ہی سے ڈرتے رہو۔
۵۲۔ اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی ملکیت ہے اور دائمی اطاعت صرف اسی کے لیے ہے تو کیا تم اللہ کے سوا دوسروں سے ڈرتے ہو؟
۵۳۔ اور تمہیں جو بھی نعمت حاصل ہو وہ اللہ کی طرف سے ہے پھر جب تمہیں کوئی تکلیف پہنچ جاتی ہے تو تم اس کے حضور زاری کرتے ہو۔☆
۵۴۔ پھر جب اللہ تم سے تکلیف دور کر دیتا ہے تو تم میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شریک ٹھہرانے لگتے ہیں۔☆
۵۵۔ اس طرح وہ ان نعمتوں کی ناشکری کرنا چاہتے ہیں جو ہم نے انہیں دے رکھی ہیں سو ابھی تم مزے کر لو، عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔
۵۶۔ اور یہ لوگ ہمارے دیے ہوئے رزق میں سے ان کے لیے حصے مقرر کرتے ہیں جنہیں یہ جانتے بوجھتے تک نہیں، اللہ کی قسم اس افترا کے بارے میں تم سے ضرور پوچھا جائے گا۔☆
۵۷۔ اور انہوں نے اللہ کے لیے بیٹیاں قرار دے رکھی ہیں جس سے وہ پاک و منزہ ہے اور (یہ لوگ) اپنے لیے وہ (اختیار کرتے ہیں) جو یہ خود پسند کرتے ہیں (یعنی لڑکے)۔☆
۵۸۔ اور جب ان میں سے کسی کو بیٹی کی خبر دی جاتی ہے تو مارے غصے کے اس کا منہ سیاہ ہو جاتا ہے۔☆
۵۹۔ اس بری خبر کی وجہ سے وہ لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے (اور سوچتا ہے) کیا اسے ذلت کے ساتھ زندہ رہنے دے یا اسے زیر خاک دبا دے؟ دیکھو! کتنا برا فیصلہ ہے جو یہ کر رہے ہیں؟☆
۶۰۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے لیے بری صفات ہیں اور اللہ کے لیے تو اعلیٰ صفات ہیں اور وہ بڑا غالب آنے والا،

حکیم ابن رشد نے مناھج الدولۃ میں طویل بحث کی ہے اور سب کی رائے سے ثابت کیا ہے کہ اللہ اوپر ہے۔ چنانچہ اس کی تفصیل مقدمہ میں مذکور ہے۔
۵۳۔۵۴۔ بیرونی عوامل سے انسان اپنے فطری تقاضوں سے انحراف کرتا ہے۔ مثلاً علم دوستی، جمالیات پرستی اور احسان کرنے کا جذبہ بالاتفاق انسان کے فطری امور ہیں، اس کے باوجود برے ماحول اور بری تربیت کی وجہ سے انسان ان فطری تقاضوں کو پس پشت ڈال دیتا ہے۔ اسی طرح خدا پرستی بھی انسانی فطرت میں رچی بسی ہوئی ہے، لیکن بیرونی عوامل کی وجہ سے وہ اس فطری تقاضے سے منحرف ہو جاتا ہے۔ جب انسان کسی مشکل میں مبتلا ہو جاتا ہے، بیرونی عوامل کا دباؤ ہٹ جاتا ہے اور انسان اپنی فطرت سلیم کے ساتھ سرگوشی کرنے لگتا ہے تو فطرت بنیادی طور پر اپنے خالق سے مانوس ہے، اسے فوراً پکارتا ہے اور صرف اسی سے لو لگاتا ہے۔ جب مصیبت ٹل جاتی ہے تو پھر بیرونی عوامل کے دباؤ میں آتا ہے اور دیگر مشرکین کی طرح یہ بھی اللہ کو بھول جاتا ہے اور شرک کرنے لگتا ہے۔
۵۶۔ وہ ایسی چیزوں کے لیے نیاز و بھینٹ چڑھاتے ہیں جن کے بارے میں انہیں کوئی علم حاصل نہیں ہے کہ ان چیزوں کو بھی خدائی امور میں مداخلت کا حق ہے یا ان چیزوں کا اللہ کی سلطنت میں حصہ اور شراکت ہے، بلکہ اپنے ظن و تخمین کے مطابق ان بتوں کے سامنے اپنے نذرانے پیش کرتے ہیں۔
۵۷ تا ۵۹۔ عرب جاہلیت کے مشرکین فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دیتے تھے اور جب اپنی بیٹیوں کو زندہ درگور کرتے تھے تو کہتے تھے: الحقوا البنات بالبنات۔ ان بیٹیوں کو ان بیٹیوں سے ملا دو۔ خود مشرکین لڑکیوں کو عار و ننگ تصور کرتے تھے اور انہیں اقتصادی طور پر بھی بوجھ تصور کرتے اور قحط کے خوف سے مار ڈالتے تھے۔ اس ماحول میں مبعوث ہونے والے رسولؐ اپنی بیٹی کو اپنے وجود کا ٹکڑا قرار دیتے ہیں: اِنَّ فَاطِمَةَ بَضْعَةٌ مِنِّي۔ (وسائل الشیعۃ ۲۰: ۶۷)
۶۰۔ ایمان بالآخرہ وہ محرک ہے جو انسان کو برے اعمال سے روکتا ہے اور نیک اعمال کی ترغیب دیتا ہے، کیونکہ عقاب و ثواب پر ایمان سے انسان اپنی زندگی کو اچھے اعمال سے سدھارتا ہے اور اس دنیا میں جتنے جرائم اور مظالم موجود ہیں وہ ایمان بالآخرہ نہ ہونے یا اس پر ایمان کمزور ہونے کی وجہ سے ہیں۔

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۶۰﴾ ع ۱۳

حکمت والا ہے۔☆

وَ لَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ
بِظُلْمِهِمْ مَّا تَرَكَ عَلَيْهَا مِنْ دَآبَّةٍ
وَّلٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ
مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ لَا
يَسْتَاْخِرُوْنَ سَاعَةً وَّ لَا
يَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿۶۱﴾

۶۱۔اور اگر لوگوں کے ظلم کی وجہ سے اللہ ان کا مواخذہ کرتا تو روئے زمین پر کسی چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا، لیکن اللہ انہیں ایک مقررہ وقت تک مہلت دیتا ہے پس جب ان کا مقررہ وقت آجاتا ہے تو وہ نہ گھڑی بھر کے لیے پیچھے ہو سکتے ہیں اور نہ آگے بڑھ سکتے ہیں۔☆

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ مَا يَكْرَهُوْنَ
وَتَصِفُ اَلْسِنَتُهُمُ الْكَذِبَ اَنَّ
لَهُمُ الْحُسْنٰى ؕ لَا جَرَمَ اَنَّ لَهُمُ
النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿۶۲﴾

۶۲۔اور یہ لوگ وہ چیزیں اللہ کے لیے قرار دیتے ہیں جو خود (اپنے لیے) پسند نہیں کرتے اور ان کی زبانیں جھوٹ کہتی ہیں کہ ان کے لیے بھلائی ہے جب کہ ان کے لیے یقیناً جہنم کی آگ ہے اور یہ لوگ سب سے پہلے پہنچائے جائیں گے۔☆

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰٓى اُمَمٍ مِّنْ
قَبْلِكَ فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ
اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾

۶۳۔ اللہ کی قسم! آپ سے پہلے بہت سی امتوں کی طرف ہم نے (رسولوں کو) بھیجا لیکن شیطان نے ان کے اعمال انہیں آراستہ کر کے دکھائے پس آج وہی ان لوگوں کا سرپرست ہے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا
لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَ
هُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۶۴﴾

۶۴۔ اور ہم نے صرف اس لیے آپ پر کتاب نازل کی ہے تا کہ آپ وہ باتیں ان کے لیے واضح طور پر بیان کریں جن میں یہ لوگ اختلاف کر رہے ہیں اور ایمان لانے والوں کیلیے ہدایت اور رحمت ثابت ہوں۔☆

وَاللّٰهُ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا
بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ فِىْ
ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۶۵﴾ ع ۱۴

۶۵۔اور اللہ نے آسمان سے پانی برسایا پھر اس سے زمین کو زندہ کیا اس کے مردہ ہونے کے بعد، سننے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانی ہے۔☆

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ
نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ

۶۶۔ اور تمہارے لیے مویشیوں میں یقیناً ایک سبق ہے، ان کے شکم میں موجود گوبر

۶۱۔کرۂ زمین میں کون سا خطہ ہے جہاں پر ہر گھڑی بدترین جرائم کا ارتکاب نہ ہوتا ہو؟ انسانیت کا خون نہ ہوتا ہو؟ عصمتیں نہ لٹتی ہوں اور احکام الٰہی اور انسانی قدریں پامال نہ ہوتی ہوں۔ ان جرائم کا فوری مؤاخذہ کیا جاتا تو کوئی ظالم نہ بچتا۔ ظالموں کے نہ ہونے کے باعث مظلوم بھی نہ ہوتے، انصاف کی بھی ضرورت نہ ہوتی، ہدایت کی ضرورت بھی نہ ہوتی۔ نتیجۃً زمین کی پشت پر کوئی زندہ نہ رہتا، اگر دَآبَّةٍ سے مراد انسان لیا جائے اور اگر دَآبَّةٍ سے مراد تمام جاندار لیے جائیں تو کہا جا سکتا ہے کہ تمام حیوانات انسان کے لیے مسخر تھے۔ جب انسان نہیں تو حیوان کا وجود بھی بے معنی ہو جائے گا۔ لیکن اللہ تعالیٰ ان تمام جرائم کے باوجود اپنی حکمت کے مطابق ان کو ایک مقررہ مدت تک مہلت دیتا ہے۔ یہ مہلت توبہ کرنے والوں کے لیے رحمت اور مجرموں کے لیے مزید عقوبت کا موجب ہے۔ اس آیت کی ایک تفسیر یہ بھی ہو سکتی ہے: کسی چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑنے سے مراد ظالم ہے۔ یعنی کسی ظالم کو نہ چھوڑتا۔ اس سے یہ سوال ختم ہوا کہ دابۃ میں تو بے گناہ بھی شامل ہیں، ان کو کس جرم میں ختم کیا جاتا۔

۶۲۔ بیٹیاں جو خود انہیں ناپسند ہیں وہ اللہ کے لیے قرار دیتے ہیں اور اللہ کی ذات کے خلاف نہایت گستاخی اور جسارت کرتے ہیں پھر ساتھ یہ جھوٹ بھی زبانوں پر لاتے ہیں کہ اگر محمدؐ سچے ہیں اور آخرت بھی موجود ہے تو جنت ہمارے لیے ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس بات کے جواب میں فرمایا یہ لوگ جہنم کی طرف سب سے پہلے پہنچائے جائیں گے۔

۶۴۔ جو لوگ حقیقت امر سے ناواقف ہوتے ہیں وہ اختلاف کرتے ہیں اور اس اختلاف کو صرف وہ شخص ختم کر سکتا ہے جو حقیقت امر سے واقف ہو۔ حقیقت اور امر واقع کے بیان کے بعد جو لوگ اس بیان پر ایمان لاتے ہیں، ان کے لیے یہ بیان ہدایت اور رحمت بن جاتا ہے۔

۶۵۔ایک زمین کئی سالوں کی خشک سالی سے بنجر ہو گئی ہے اور اس میں دراڑیں پڑ گئیں اور زندگی کے آثار مٹ گئے۔ لیکن جب دو تین بار بارشیں ہوتی ہیں تو زندگی کے چشمے پھوٹ پڑتے ہیں اور سرسبز کھیتیاں لہرانے لگتی ہیں۔ زمین پر حشرات اور فضا میں پرندوں کی چہل پہل ہوتی ہے۔ حیات بعد الموت کا یہ نظارہ ہمیشہ ہمارے سامنے ہوتا ہے۔ اس میں گوش شنوا رکھنے والوں کے لیے معاد جسمانی پر ایک واضح نشانی ہے کیونکہ نباتات و حیوانات

بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا
سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾
وَمِنْ ثَمَرٰتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ
تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا
حَسَنًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾
وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ
اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ
الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾
ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ
فَاسْلُكِيْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ
يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ
مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۶۹﴾
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ ۟ وَ
مِنْكُمْ مَّنْ يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ
الْعُمُرِ لِكَيْ لَا يَعْلَمَ بَعْدَ عِلْمٍ
شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ﴿۷۰﴾ ع ۱۵/۹
وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى بَعْضٍ فِي
الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا
بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ

اور خون کے درمیان سے ہم تمہیں خالص دودھ پلاتے ہیں جو پینے والوں کے لیے خوشگوار ہے۔☆

۶۷۔ اور کھجور اور انگور کے پھلوں سے تم نشے کی چیزیں بناتے ہو اور پاک رزق بھی بنا لیتے ہو، عقل سے کام لینے والوں کے لیے اس میں ایک نشانی ہے۔☆

۶۸۔ اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی پر وحی کی کہ پہاڑوں اور درختوں اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں گھر (چھتے) بنائے۔☆

۶۹۔ پھر ہر (قسم کے) پھل (کا رس) چوس لے اور اپنے پروردگار کی طرف سے تسخیر کردہ راہوں پر چلتی جائے، ان مکھیوں کے شکم سے مختلف رنگوں کا مشروب نکلتا ہے جس میں لوگوں کے لیے شفا ہے، غور و فکر کرنے والوں کے لیے اس میں ایک نشانی ہے۔☆

۷۰۔ اور اللہ نے تمہیں پیدا کیا پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے اور تم میں سے کوئی نکمی ترین عمر کو پہنچا دیا جاتا ہے تاکہ وہ جاننے کے بعد کچھ نہ جانے، اللہ یقیناً بڑا جاننے والا، قدرت والا ہے۔☆

۷۱۔ اور اللہ نے تم میں سے بعض کو بعض پر رزق میں فضیلت دی ہے، پھر جنہیں فضیلت دی گئی ہے وہ اپنا رزق اپنے غلاموں کو دینے والے نہیں ہیں کہ دونوں اس رزق میں برابر ہو جائیں، کیا (پھر بھی)

حیاتیاتی رشتہ میں دونوں برادر ہیں، جو صرف شکل و اثر میں باہم مختلف ہیں۔

۶۶۔ جانور کی اوجھڑی کے اندر جو کچھ ہوتا ہے اسے فرث کہتے ہیں۔ آج کے ماہرین کے مطابق بھی دودھ کی یہی ترکیب ہے۔ دودھ نہ صاف شدہ خون ہے نہ ہضم شدہ غذا، بلکہ فرث سے بالاتر اور خون سے نیچے کی ایک چیز ہے۔

۶۷۔ یہاں مسکر کا ذکر رزق حسن کے مقابلے میں آنے کی وجہ سے اس کا ناپاک ہونا ثابت ہو جاتا ہے۔

۶۸۔ ۶۹۔ i۔ مکھیوں کا گھر (چھتا) معماری کا ایک حیرت انگیز شاہکار ہے، کیونکہ مسدس شکل میں کوئی کونہ بیکار نہیں جاتا ii۔ پھولوں کی جڑوں میں موجود شکر کا خاص مادہ چوستی ہیں۔ تعجب یہ ہے کہ اس سے پھلوں پر بہت ہی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں iii۔ غذا کی تلاش میں نکلنے والی مکھی کو غذا کا ذخیرہ کہیں نظر آئے تو چھتے میں واپس آتی ہے اور ایک خاص قسم کے رقص کے ذریعہ دائرہ بناتی ہے اور اس دائرے کو مخصوص زاویے سے کاٹتی ہے جس سے دوسری مکھیوں کو پتہ چلتا ہے کہ غذا کس سمت میں اور کتنے فاصلہ پر ہے۔ iv۔ انسانی آنکھ میں دو عدسے ہوتے ہیں، جبکہ شہد کی مکھی کی ہر آنکھ میں چھ ہزار عدسے ہوتے ہیں، جن کی مدد سے وہ باریک سے باریک جراثیم اور گرد و غبار کو دیکھ سکتی ہے۔ یہ ہیں وہ راہیں جو اللہ نے ان کے لیے تسخیر کی ہیں۔ v۔ اگر کوئی مکھی گندگی پر بیٹھ چکی ہو تو دربان اسے چھتے کے باہر روک دیتا ہے اور ملکہ اس کو قتل کر دیتی ہے۔ قدرت نے ان مکھیوں کو مختلف مواد کا تجزیہ کرنے کی ایسی صلاحیت دے رکھی ہے کہ انسان بڑی بڑی لیبارٹریوں میں ہی ایسا کر سکتے ہیں۔ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ۔

۷۰۔ انسان کی بے بسی اس بات کی علامت ہے کہ کسی طاقت کے ہاتھ میں اس کی باگ ڈور ہے۔ چنانچہ وہی انسان کو خلق فرماتا ہے، وہی مارتا ہے اور وہ انسان جو علم کی وجہ سے دوسروں پر برتری رکھتا ہے، اس پر پیرانہ سالی کا ایک ایسا وقت بھی آتا ہے کہ وہ جسمانی اور دماغی طاقت سے محروم ہو جاتا ہے۔ وہ شخص جسے اپنے علم و ہنر پر ناز تھا، آج بڑھاپے کی وجہ سے اسے اپنی ناک کی چھینک کا بھی علم نہیں ہوتا کہ اسے صاف کرے۔ حقیقی علم و قدرت کا مالک اللہ ہے۔ دوسروں میں جو جزئی علم و قدرت

أَفَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ أَنْفُسِكُمْ
أَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ
أَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّ
رَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ
أَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ وَبِنِعْمَتِ
اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا
يَمْلِكُ لَهُمْ رِزْقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضِ شَيْئًا وَّلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۷۳﴾
فَلَا تَضْرِبُوْا لِلّٰهِ الْأَمْثَالَ ؕ إِنَّ اللّٰهَ
يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۷۴﴾
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا عَبْدًا مَّمْلُوْكًا لَّا
يَقْدِرُ عَلٰى شَيْءٍ وَّمَنْ رَّزَقْنٰهُ مِنَّا
رِزْقًا حَسَنًا فَهُوَ يُنْفِقُ مِنْهُ سِرًّا
وَّجَهْرًا ؕ هَلْ يَسْتَوٗنَ ؕ اَلْحَمْدُ
لِلّٰهِ ؕ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۷۵﴾
وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيْنِ
أَحَدُهُمَا أَبْكَمُ لَا يَقْدِرُ عَلٰى
شَيْءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوْلٰىهُ ۙ أَيْنَمَا
يُوَجِّهْهُّ لَا يَأْتِ بِخَيْرٍ ؕ هَلْ
يَسْتَوِيْ هُوَ ۙ وَمَنْ يَّأْمُرُ بِالْعَدْلِ ۙ
ع ۱۶ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۶﴾

یہ لوگ اللہ کی نعمت سے انکار کرتے ہیں؟☆
۷۲۔ اور اللہ نے تمہارے لیے تمہاری جنس سے بیویاں بنائیں اور اس نے تمہاری ان بیویوں سے تمہیں بیٹے اور پوتے عطا کیے اور تمہیں پاکیزہ چیزیں عطا کیں تو کیا یہ لوگ باطل پر ایمان لائیں گے اور اللہ کی نعمت کا انکار کریں گے؟☆
۷۳۔ اور اللہ کو چھوڑ کر یہ لوگ ایسوں کی پوجا کرتے ہیں جنہیں نہ آسمانوں سے کوئی رزق دینے کا اختیار ہے اور نہ زمین سے اور نہ ہی وہ اس کام کو انجام دے سکتے ہیں۔☆
۷۴۔ پس اللہ کے لیے مثالیں نہ دیا کرو، (ان چیزوں کو) یقیناً اللہ بہتر جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔☆
۷۵۔ اللہ ایک غلام کی مثال بیان فرماتا ہے جو دوسرے کا مملوک ہے اور خود کسی چیز پر قادر نہیں اور دوسرا (وہ شخص) جسے ہم نے اپنی طرف سے اچھا رزق دے رکھا ہے پس وہ اس رزق میں سے پوشیدہ و علانیہ طور پر خرچ کرتا ہے، کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆
۷۶۔ اور اللہ دو (اور) مردوں کی مثال دیتا ہے، ان میں سے ایک گونگا ہے جو کسی چیز پر بھی قادر نہیں ہے بلکہ وہ اپنے آقا پر بوجھ بنا ہوا ہے، وہ اسے جہاں بھی بھیجے کوئی بھلائی نہیں لاتا، کیا یہ اس شخص کے برابر ہو سکتا ہے جو انصاف کا حکم دیتا ہے اور خود صراط مستقیم پر قائم ہے؟☆

ہوتی ہے وہ اللہ کی عطا کردہ اور عارضی ہے۔
۷۱۔ تم آقا اور غلام کے درمیان لحاظ مراتب کے پابند ہو۔ تم اپنے غلاموں اور نوکروں کو اتنا مال و اختیار نہیں دیتے ہو کہ وہ تمہارے برابر ہو جائیں۔ پس یہ بات جو تم خود اپنے لیے پسند نہیں کرتے ہو اللہ کے لیے کیسے پسند کرتے ہو۔
۷۲۔ اللہ تمہیں ازواج اور اولاد جیسی نعمتیں عطا فرماتا ہے اور پاکیزہ ارزاق کی فراوانی کرتا ہے اور تم ایسی چیزوں پر ایمان رکھتے ہو جو باطل ہیں، جن کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ ایسے لوگوں سے اولاد مانگتے ہو، حاجات کی برآوری چاہتے ہو جو بے بنیاد اور بے حقیقت اوہام کے سوا کچھ نہیں ہیں اور جس کے ہاتھ میں یہ سب کچھ ہے اس کے دروازے پر دستک نہیں دیتے۔
۷۳۔ یہ لوگ حقیقی رازق کو چھوڑ کر ایسے بے شعور بتوں کی پرستش کرتے ہیں جن میں سرے سے رزق دینے کی صلاحیت ہی نہیں ہے۔ دنیا کے بادشاہوں تک رسائی حاصل کرنے کے لیے جنہیں وسیلہ بنایا جاتا ہے ان میں شعور ہوتا ہے۔ اگر دنیا کے بادشاہوں تک رسائی کے لیے پتھر کے بت دروازوں پر نصب کیے جائیں تو یہ ایک مضحکہ ہوگا۔
۷۴۔۷۵ یعنی اللہ کے لیے اپنے محسوسات کی روشنی میں مثالیں نہ دیا کرو اور یہ مت کہو کہ اللہ کی بیٹیاں اور بیٹے ہیں اور اللہ کی بارگاہ میں رسائی حاصل کرنے کے لیے بتوں کا وسیلہ اختیار کرنا پڑتا ہے، تم صفات خدا کو نہیں جانتے ہو۔ اس باب میں صحیح مثال یہ ہے کہ مملوک اور مالک برابر نہیں ہوتے، مملوک بے بس ہوتا ہے اور مالک صاحب اختیار ہوتا ہے۔ جب ایک مجازی مالک اور مملوک برابر نہیں ہو سکتے تو حقیقی مالک اور مملوک کیسے برابر ہو سکتے ہیں؟
۷۶۔ اس آیت میں اس بات کی مزید وضاحت ہے کہ اللہ اور ان کے خودساختہ معبودوں کے درمیان فرق یہ بھی ہے کہ ایک غلام جو اپنی زندگی کا بوجھ بھی خود نہیں اٹھا سکتا، نہ کسی کی بات سن سکتا ہے، نہ خود بات کر سکتا ہے، نہ ہی کسی قسم کے کام میں آتا ہے، جبکہ اس کا آقا خود بھی راہ راست پر ہے اور دوسروں کو عدل و انصاف کی دعوت دیتا ہے، جب ایک غلام جو ہر اعتبار سے بے بس اور بیسود ہے، اس آقا کے برابر نہیں ہو سکتا جو معاشرے کے لیے رہنما کی حیثیت رکھتا ہے تو اللہ اور یہ جامد بے حس پتھر کیسے برابر ہو سکتے ہیں۔

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ
الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۷۷﴾
وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ بُطُوْنِ
اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ
وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَ
الْاَفْـِٕدَةَ ۙ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾
اَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ
فِیْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا
اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ
يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۷۹﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ
سَكَنًا وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنْ جُلُوْدِ
الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ
ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ
اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ
اَثَاثًا وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿۸۰﴾
وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا
وَّجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّ
جَعَلَ لَكُمْ سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ
الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ تَقِيْكُمْ
بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ

۷۷۔ اور آسمانوں اور زمین کا غیب اللہ کے لیے (خاص) ہے اور قیامت کا معاملہ تو ایسا ہے جیسے آنکھ کا جھپکنا بلکہ اس سے بھی قریب تر، یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆
۷۸۔ اور اللہ نے تمہیں تمہاری ماؤں کے شکموں سے اس حال میں نکالا کہ تم کچھ نہیں جانتے تھے اور اس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے کہ شاید تم شکر کرو۔☆
۷۹۔ کیا انہوں نے ان پرندوں کو نہیں دیکھا جو فضائے آسمان میں مسخر ہیں؟ اللہ کے سوا انہیں کسی نے تھام نہیں رکھا، ایمان والوں کے لیے یقیناً ان میں نشانیاں ہیں☆
۸۰۔ اور اللہ نے تمہارے گھروں کو تمہارے لیے سکون کی جگہ بنایا ہے اور اس نے جانوروں کی کھالوں سے تمہارے لیے ایسے گھر بنائے جنہیں تم سفر کے دن اور حضر کے دن ہلکا محسوس کرتے ہو اور ان (جانوروں مثلاً بھیڑ) کی اون اور (اونٹ کی) پشم اور (بکرے کے) بالوں سے گھر کا سامان اور ایک مدت تک کے لیے (تمہارے) استعمال کی چیزیں بنائیں۔☆
۸۱۔ اور اللہ نے تمہارے لیے اپنی پیدا کردہ چیزوں سے سائے بنائے اور پہاڑوں میں تمہارے لیے پناہ گاہیں بنائیں اور تمہارے لیے ایسی پوشاکیں بنائیں جو تمہیں گرمی سے بچائیں اور ایسی پوشاکیں جو تمہیں جنگ سے بچائیں، اس طرح اللہ تم پر اپنی

۷۷۔ قیامت پر اللہ کی مالکانہ گرفت ہے۔ اس کے آنے میں کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہے۔ صرف ارادے کی دیر ہے، جب اللہ کا ارادہ ہوگا، چشم زدن یا اس سے بھی کم وقت میں قیامت برپا ہوگی۔
۷۸۔ تمام جانداروں میں انسان کا بچہ زیادہ بے بس اور بے خبر ہوتا ہے۔ بے بس اتنا کہ اپنا سر اپنی گردن پر بھی نہیں سنبھال سکتا اور بے خبر بھی اتنا کہ ایک عرصہ تک اپنی ماں کو بھی نہیں پہچان سکتا، لیکن اس کے باوجود انسان اس قدر ارتقا پذیر ہے کہ یہی بے بس اور بے خبر انسان تمام حیوانات کو تسخیر کرتا ہے۔
۷۹۔ اس فضائے بیکراں میں معلق پرندے بھی اللہ کی نشانیاں ہیں، اگرچہ اس کرۂ ارض کو فضا میں معلق رکھنا اور اس کی پشت پر موجودات کو ٹھہرانا خود اپنی جگہ اللہ کی قابل توجہ نشانیاں ہیں، تاہم اس کرے کی فضا میں پرندوں کا معلق نظر آنا زیادہ محسوس نشانی ہے کہ کشش ثقل کے باوجود ہوا میں محو پرواز پرندوں کو اللہ ہی نے اپنے نظام فطرت کے تحت تھام رکھا ہے۔
۸۰۔ گھر سکون اور امن و حفاظت کی جگہ ہے، اسلام گھر کی چار دیواری کو تقدس اور تحفظ دیتا ہے کہ بلا اجازت گھر میں داخل ہونا، گھر کا تجسس کرنا جائز نہیں۔ یہاں تک کہ جنگ میں بھی کسی کے گھر کے اندر داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ کسی حکومت یا فرد کو یہ حق حاصل نہیں کہ کسی گھر کے مکینوں کے امن و سکون کے خلاف قدم اٹھائے۔
۸۱۔ غروب آفتاب کے بعد خود زمین کا سایہ، درخت پہاڑ دیواروں کے سائے انسانی زندگی کے لیے نہایت ہی اہم کردار ادا کرتے ہیں کہ اگر یہ سائے نہ ہوتے تو تپتی زمین پر زندگی کا باقی رہنا ممکن نہ ہوتا۔ گرم ترین علاقوں میں مسافر کے لیے گرمی سے بچنے کے لیے غار بہترین جگہ ہے۔ پوشاکوں کے بارے میں گرمی سے بچانے کا ذکر کیا۔ سردی سے بچانے کا ذکر ممکن ہے اس لیے نہ کیا ہو کہ جو لباس انسان کو گرمی سے بچاتا ہے وہی سردی سے بھی بچاتا ہے۔ آپس کی جنگوں میں انسان کو تحفظ دینے والی پوشاک سے مراد زرہ ہے۔ اتمام نعمت کے بارے میں قابل توجہ بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انسانی ضرورت کے لیے کسی چیز میں کمی نہیں چھوڑی ہے۔ انسانی تحفظ کے لیے مکان، سایہ، لباس، غار، زرہ وغیرہ فراہم فرمائے۔ یعنی اس پہلو میں

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۸۲﴾

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۳﴾ ع ۱۰

وَيَوْمَ نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۸۴﴾

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿۸۵﴾

وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۸۶﴾ ع

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨالسَّلَمَ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾

وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى

نعمتیں پوری کرتا ہے شاید تم فرمانبردار بن جاؤ۔☆

۸۲۔ پھر اگر یہ لوگ منہ موڑتے ہیں تو (اے رسول) آپ کی ذمے داری تو صرف واضح انداز میں تبلیغ کرنا ہے۔

۸۳۔ یہ لوگ اللہ کی نعمت کو پہچان لیتے ہیں پھر اس کا انکار کرتے ہیں اور ان میں سے اکثر تو کافر ہیں۔

۸۴۔ اور اس روز ہم ہر امت میں سے ایک گواہ اٹھائیں گے پھر کافروں کو نہ تو اجازت دی جائے گی اور نہ ہی ان سے اپنے عتاب کو دور کرنے کے لیے کہا جائے گا۔

۸۵۔ اور جب ظالم لوگ عذاب کو دیکھ لیں گے تو نہ ان کے عذاب میں تخفیف ہوگی اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔☆

۸۶۔ اور جنہوں نے شرک کیا ہے جب وہ اپنے ٹھہرائے ہوئے شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے: اے ہمارے پروردگار! یہ ہمارے وہی شریک ہیں جنہیں ہم تیرے بجائے پکارتے تھے تو وہ (شرکاء) اس بات کو مسترد کر دیں گے (اور کہیں گے) بے شک تم جھوٹے ہو۔

۸۷۔ اور اس دن وہ اللہ کے آگے سر تسلیم خم کر دیں گے اور ان کی افترا پردازیاں ناپید ہو جائیں گی۔

۸۸۔ جنہوں نے کفر کیا اور (لوگوں کو) راہ خدا سے روکا ان کے لیے ہم عذاب پر عذاب کا اضافہ کریں گے اس فساد کے عوض جو یہ پھیلاتے رہے۔☆

۸۹۔ اور (انہیں اس دن سے آگاہ کیجیے) جس روز ہم ہر امت میں سے ایک ایک گواہ خود انہی میں سے اٹھائیں گے اور آپ کو ان لوگوں پر گواہ بنا کر لے آئیں گے اور ہم نے آپ پر یہ کتاب ہر چیز کو بڑی وضاحت سے بیان کرنے والی اور

اللہ نے نعمت پوری فرمائی ۔ اس طرح انسانی ضروت اور خواہش کے دیگر پہلوؤں میں کوئی نقص نہیں چھوڑا۔

۸۵۔ مشاہدۂ عذاب کا مرحلہ آنے سے پہلے، یعنی دنیا میں تو اس بات کی گنجائش ہے کہ عذاب میں تخفیف ہو یا مہلت مل جائے۔ لیکن جب اللہ کا فیصلہ نافذ ہو چکا ہوگا اور عذاب کے مشاہدے کی نوبت آ گئی ہوگی تو پھر نہ تخفیف ہو سکتی ہے، نہ ہی مہلت مل سکتی ہے۔ اسی سورہ کی آیت ۲۹ میں اس بات کا ذکر آ گیا کہ مشاہدۂ عذاب کا مرحلہ جان کنی کے وقت آ جاتا ہے۔

۸۸۔ وہ کافر جو کفر اختیار کرنے کے ساتھ دوسروں کو راہ خدا سے روکتے بھی تھے، دوہرے جرم کے مرتکب ہیں۔ ایک کفر اور دوسرا دوسروں کو روکنا۔ اسی اعتبار سے ان کا عذاب بھی دوگنا ہوگا۔

۸۹۔ اللہ اپنی قدرت کاملہ کے باوجود اصول وضوابط کے مطابق گواہ پیش فرماتا ہے۔ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ سے مراد ہر جماعت اور ہر صدی ہے۔ سورۂ بقرہ کی آیت ۱۴۳ کے مطابق رسول اکرمؐ گواہوں پر گواہ ہیں۔ اس لیے ہم اس آیت سے بھی یہی سمجھیں گے کہ هٰٓؤُلَآءِ کا اشارہ گواہوں کی طرف ہے۔ اس طرح آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے کہ ہم ہر امت میں سے ایک گواہ خود انہیں میں سے اٹھائیں گے اور آپ کو ان (گواہوں) پر گواہ بنا کر لے آئیں گے اور سورہ زمر کی آیت ۶۹ سے بھی ثابت ہوتا ہے کہ پیغمبروں کے علاوہ بھی گواہ ہوتے ہیں۔ لہٰذا کوئی عصر گواہ اور حجت سے خالی نہ ہوگا۔ اس شاہد میں دو باتوں کا ہونا ضروری ہے: ایک یہ کہ وہ خطا نہ کرتا ہو، ورنہ بقول رازی: ”اس کے لیے بھی گواہ کی ضرورت ہوگی اور اس کا سلسلہ کہیں بھی نہ رکے گا، لہٰذا ہر زمانے میں ایسے افراد موجود ہونے چاہئیں جن کی گفتار حجت ہو۔“ (تفسیر فخر الدین رازی ۳۰: ۹۸) فخر الدین رازی نے امت کو معصوم از خطا اور شاہد قرار دے کر اس سوال کا جواب دینے کی کوشش کی ہے۔ لیکن یہ جواب اس لیے درست نہیں کہ اجماع امت اعمال امت پر ناظر کیسے ہو سکتا ہے۔ اس صورت میں آیت کی ترکیب یہ بنتی ہے: و یوم نبعث فی کل امۃ اجماعھا۔ اجماع قابل بعثت نہیں ہے، لہٰذا تسلیم کرنا پڑے گا کہ ہر امت میں ایسی ہستیاں موجود رہتی ہیں جو معصوم ہیں اور اعمال امت پر ناظر ہیں۔

وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾

مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت بنا کر نازل کی ہے۔☆

اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ ذِي الْقُرْبٰى وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۹۰﴾

۹۰۔ یقیناً اللہ عدل اور احسان اور قرابتداروں کو (ان کا حق) دینے کا حکم دیتا ہے اور بے حیائی اور برائی اور زیادتی سے منع کرتا ہے۔ وہ تمہیں نصیحت کرتا ہے شاید تم نصیحت قبول کرو۔☆

وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ كَفِيْلًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۹۱﴾

۹۱۔ اور جب تم عہد کرو تو اللہ سے عہد کو پورا کرو اور قسموں کو پختہ کرنے کے بعد نہ توڑو جب کہ تم اللہ کو اپنا ضامن بنا چکے ہو، جو کچھ تم کرتے ہو یقیناً اللہ اسے جانتا ہے۔

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ۭ تَتَّخِذُوْنَ اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ۭ اِنَّمَا يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ۭ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۹۲﴾

۹۲۔ اور تم اس عورت کی طرح نہ ہونا جس نے پوری طاقت سے سوت کاتنے کے بعد اسے تار تار کر ڈالا، تم اپنی قسموں کو آپس میں فساد کا ذریعہ بناتے ہو تاکہ ایک قوم دوسری قوم سے بڑھ جائے، اس بات کے ذریعے اللہ یقیناً تمہیں آزماتا ہے اور قیامت کے دن تمہیں وہ بات کھول کر ضرور بتا دے گا جس میں تم اختلاف کرتے رہے۔☆

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَلَتُسْـَٔـلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾

۹۳۔ اور اگر اللہ چاہتا تو تمہیں ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اس کے بارے میں تم سے ضرور پوچھا جائے گا۔☆

وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ دَخَلًۢا بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْۗءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ عَنْ

۹۴۔ اور تم اپنی قسموں کو اپنے درمیان فساد کا ذریعہ نہ بناؤ کہ قدم جم جانے کے بعد اکھڑ جائیں اور راہ خدا سے روکنے کی پاداش

۹۰۔ عدل کے بارے میں سورۂ مائدہ آیت ۸ میں تشریح ملاحظہ فرمائیں۔ اس آیت میں جہاں عدل و انصاف کا حکم ہے وہاں احسان کا بھی حکم ہے۔ عدل یہ ہے کہ کسی نے آپ پر ظلم کیا ہے تو اس کا بدلہ لیں۔ احسان یہ ہے کہ معذرت کرنے کی صورت میں اس کو معاف کر دیں۔ عدل یہ ہے کہ مقروض سے قرض وصول کریں، جبکہ احسان یہ ہے کہ مقروض کے نادار ہونے کی صورت میں اسے معاف کر دیں۔ عدل سے معاشرے میں امن قائم ہوتا ہے تو احسان سے حلاوت اور شیرینی پیدا ہوتی ہے۔ ظلم کے مارے لوگوں کو جہاں عدل کی ضرورت ہوتی ہے، وہاں حالات و گردش ایام کے مارے لوگوں کو احسان کی ضرورت ہے۔

۹۲۔ کوئی قوم کسی دوسری قوم سے ایک معاہدہ کرتی ہے تو اس معاہدے کی پابندی کرنا ایک انسانی و اخلاقی فریضہ ہے اور اس کی خلاف ورزی کرنا جائز نہیں ہے، خواہ دوسرا فریق مسلم ہو یا غیر مسلم، ہدایت یافتہ ہو یا گمراہ۔ وفائے عہد چونکہ ایک انسانی مسئلہ ہے، لہذا فریق مخالف کو نہیں دیکھا جاتا کہ وہ کون ہے، بلکہ معاہدہ دیکھا جاتا ہے کہ کیا ہے۔ یہ آیت ان لوگوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے جو اپنے حریف کو گمراہ خیال کر کے اس کے ساتھ عہد شکنی، کذب و افترا اور بہتان تراشی کرتے ہیں۔ یہاں مسئلہ یہ ہے کہ کوئی فریق حق پر ہی ہو اور اس کا فریق مقابل باطل ہی ہو تو بھی عہد شکنی، مکر و فریب کرنا ایسا جرم ہے جس کے بارے میں بروز قیامت سوال ہو گا اور الٰہی امتحان میں ناکام ثابت ہو گا۔

۹۳۔ اپنے مذہب کا پرچار کرنے والوں سے خطاب ہے کہ اگر دوسرے مذاہب کو طاقت کے ذریعے مٹا کر لوگوں کو ایک ہی مذہب پر لانا مقصود ہوتا تو یہ کام اللہ کے لیے نہایت آسان تھا۔ اس کے لیے اللہ کو ایسے ناجائز ہتھکنڈے استعمال کرنے والے نادانوں سے مدد لینے کی کوئی ضرورت نہیں تھی، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لیے ایک ایسا غیر جبری نظام قائم فرمایا ہے کہ جس کے تحت کچھ لوگ اپنے اختیار سے ضلالت کی طرف جاتے ہیں تو اللہ طاقت کے ذریعے نہیں روکتا، انہیں جانے دیتا ہے۔ اسی مطلب کو اللہ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ، جسے چاہتا ہے گمراہ کر دیتا ہے، کی تعبیر سے بیان فرماتا ہے۔ واضح رہے کہ ناجائز ذرائع سے حق کا پرچار کرنا خود اپنی جگہ حق کی پامالی ہے۔ جب عہد شکنی

سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَ لَكُمْ عَذَابٌ
عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾
وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ
اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾
مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ
بَاقٍ ؕ وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا
اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾
مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى
وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً
طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ
بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾
فَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ
مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾
اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾
اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ
ع ۱۲ ۱۹ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ ع
وَاِذَا بَدَّلْنَآ اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ
اَعْلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ
مُفْتَرٍ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾

میں تمہیں عذاب چکھنا پڑے اور (ایسا کیا تو) تمہارے لیے بڑا عذاب ہے۔☆

۹۵۔ اور اللہ کے عہد کو تم قلیل معاوضے میں نہ بیچو، اگر تم جان لو تو تمہارے لیے صرف وہی بہتر ہے جو اللہ کے پاس ہے۔

۹۶۔ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے اور جن لوگوں نے صبر کیا ہے ان کے بہترین اعمال کی جزا میں ہم انہیں اجر ضرور دیں گے۔☆

۹۷۔ جو نیک عمل کرے خواہ مرد ہو یا عورت بشرطیکہ وہ مومن ہو تو ہم اسے پاکیزہ زندگی ضرور عطا کریں گے اور ان کے بہترین اعمال کی جزا میں ہم انہیں اجر (بھی) ضرور دیں گے۔☆

۹۸۔ پس جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو راندہ درگاہ شیطان سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں۔☆

۹۹۔ شیطان کو یقیناً ان لوگوں پر کوئی بالادستی حاصل نہ ہو گی جو ایمان لائے ہیں اور اپنے رب پر توکل کرتے ہیں۔

۱۰۰۔ اس کی بالادستی تو صرف ان لوگوں پر ہے جو اسے اپنا سرپرست بناتے ہیں اور جو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔☆

۱۰۱۔ اور جب ہم ایک آیت کو کسی اور آیت سے بدلتے ہیں تو اللہ بہتر جانتا ہے کہ کیا نازل کرے، یہ لوگ کہتے ہیں: تم تو بس خود ہی گھڑ لاتے ہو، درحقیقت ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔☆

اور مکر و فریب، بہتان تراشی جیسی باطل اور غیر انسانی اقدار کا ارتکاب کیا جاتا ہے تو حق کس قدر کا نام ہے جسے یہ نادان زندہ کرنا چاہتا ہے۔

۹۴۔ یعنی تمہاری بدعہدی دیکھ کر لوگ اسلام سے برگشتہ ہو جائیں گے جس کی ذمہ داری تم پر عائد ہو گی۔ چنانچہ بعض نومسلم افراد نے کہا ہے: اللہ کا شکر ہے کہ میں مسلمانوں سے متعارف ہونے سے پہلے اسلام سے آشنا ہوا ہوں، ورنہ مسلمانوں کے کردار دیکھ کر اسلام سے متنفر ہو جاتا۔

۹۶۔ عہد الٰہی کے مقابلے میں دنیا کی بڑی سے بڑی چیز بھی قلیل معاوضہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ دنیا کی ہر چیز فنا پذیر اور وقتی ہے اور اللہ کے پاس جو کچھ ہے وہ دائمی اور غیر فانی ہے اور ان فنا پذیر چیزوں کو دوام بخشنے کا واحد ذریعہ یہ ہے کہ انہیں عنداللہ موجود خزانے میں پس انداز کیا جائے۔

اللہ کی اطاعت کے لیے بالعموم اور ایفائے عہد کے لیے بالخصوص صبر کی ضرورت ہے اور صبر سے عمل کی قدر و قیمت میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس لیے صبر کرنے والوں کے عمل کو احسن قرار دیا ہے۔

۹۷۔ جی ہاں! قبول عمل کے لیے مومن ہونا شرط ہے: وَمَنْ يَّكْفُرْ بِالْاِيْمَانِ فَقَدْ حَبِطَ عَمَلُهٗ (مائدۃ: ۵) ”جو ایمان کا منکر ہے اس کا عمل رائیگاں جاتا ہے“ کیونکہ عمل کا اچھا ہونا کافی نہیں ہے، بلکہ عمل کنندہ کا حسن ایمانی بھی شرط ہے۔ ایمان سے عمل کی قدر و قیمت بنتی ہے، نیک کردار مومن کو پاکیزہ زندگی میسر آتی ہے، چنانچہ غریب پرور انسان کو مساکین کی دادرسی میں جو لذت حاصل ہوتی ہے وہ غریبوں کا خون چوسنے والوں کو کبھی نصیب نہیں ہوتی۔

۹۸۔ توجہ رکھنی چاہیے کہ تلاوت قرآن کے وقت شیطان انسان کو شکوک و شبہات میں مبتلا کر سکتا ہے. مثلاً یہ درآمد شدہ نظریات سے متصادم ہے، جدید تجرباتی علوم سائنس سے ہم آہنگ نہیں ہے وغیرہ۔

۱۰۰۔ اللہ کی پناہ میں وہ شخص جائے گا جس پر شیطان کی بالادستی نہیں ہے۔ کیونکہ وہ مؤمن ہے اور اللہ پر توکل کرتا ہے، یعنی اللہ کی پناہ میں جاتا ہے اور جو ایمان اور توکل رکھتا ہے، وہ شیطان پر بھروسا نہیں کرے گا۔ شیطان کا زور ان لوگوں پر چلتا ہے جو اس کی بالادستی اور سرپرستی کو قبول کریں اور شیطان کی سرپرستی میں آنے والے مؤمن نہیں مشرک ہوتے ہیں۔

۱۰۱۔ آیت سے یہاں آیات الاحکام مراد ہیں۔ وقتی

قُلْ نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ
بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا
يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِيْ
يُلْحِدُوْنَ اِلَيْهِ اَعْجَمِيٌّ وَّهٰذَا
لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۰۳﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ لَا
يَهْدِيْهِمُ اللّٰهُ وَ لَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿۱۰۴﴾
اِنَّمَا يَفْتَرِي الْكَذِبَ الَّذِيْنَ لَا
يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ وَ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا
مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ
بِالْاِيْمَانِ وَ لٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ
بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ
مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
عَلَى الْاٰخِرَةِ ۙ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۰۷﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۚ

۱۰۲۔ کہہ دیجیے: اسے روح القدس نے آپ کے رب کی طرف سے برحق نازل کیا ہے تاکہ ایمان لانے والوں کو ثابت (قدم) رکھے اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور بشارت (ثابت) ہو۔☆

۱۰۳۔ اور بتحقیق ہمیں علم ہے کہ یہ لوگ (آپ کے بارے میں) کہتے ہیں: اس شخص کو ایک انسان سکھاتا ہے، حالانکہ جس شخص کی طرف یہ نسبت دیتے ہیں اس کی زبان عجمی ہے اور یہ (قرآن) تو واضح عربی زبان ہے۔

۱۰۴۔ جو لوگ اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے، یقیناً اللہ ان کی ہدایت نہیں کرتا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۰۵۔ جھوٹ تو صرف وہی لوگ افترا کرتے ہیں جو اللہ کی نشانیوں پر ایمان نہیں لاتے اور یہی لوگ جھوٹے ہیں۔

۱۰۶۔ جو شخص اپنے ایمان کے بعد اللہ کا انکار کرے (اس کے لیے سخت عذاب ہے) بجز اس شخص کے جسے مجبور کیا گیا ہو اور اس کا دل ایمان سے مطمئن ہو (تو کوئی حرج نہیں) لیکن جنہوں نے دل کھول کر کفر اختیار کیا ہو تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لیے بڑا عذاب ہے۔☆

۱۰۷۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو پسند کیا ہے اور اللہ کافروں کی ہدایت نہیں کرتا۔☆

۱۰۸۔ یہ وہی لوگ ہیں جن کے دلوں اور کانوں اور آنکھوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے

مصلحت ختم ہونے پر بعض احکام اٹھائے جاتے ہیں اسے نسخ کہا جاتا ہے۔

۱۰۲۔ ان نادان لوگوں سے کہہ دیجیے کہ قرآن کسی انسان کا ساختہ نہیں ہے، بلکہ روح القدس (پاکیزہ فرشتے) نے بتدریج نازل کیا ہے۔ یہاں وحی لانے والے فرشتے جبرئیل کا نام نہیں لیا اور اس امکان کو رد کرنے کے لیے کہ اس سے کوئی غلطی اور فریب کاری صادر ہو سکتی ہے، اسے روح الامین بھی کہتے ہیں۔

احکام بتدریج نازل کرنے اور مصالح عباد کے ساتھ احکام کو تبدیل و تنسیخ کرنے سے اہل ایمان کی ثابت قدمی اور ایمان میں پختگی آ جاتی ہے، کیونکہ احکام کو وقت کے تقاضوں کے مطابق کرنے سے انسان مطمئن ہوتا ہے کہ قانون گزار کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔ اگر ایسا قانون بنائے جو وقت کے تقاضوں کے خلاف ہو تو ایمان میں کمزوری آ جاتی ہے۔ اس کے علاوہ تدریج و تنسیخ سے مسلمان ایک تابناک مستقبل اور ایک عظیم کامیابی کے انتظار میں رہتے ہیں، جو ایک مشن کی کامیابی کے لیے کلیدی حیثیت کا حامل ہے۔

۱۰۶۔ یہ آیت عمار، صہیب، بلال اور خباب کے بارے میں نازل ہوئی جن کو مکہ میں اذیتیں دی گئیں۔ عمار کے والد یاسر اور والدہ قتل ہو گئے اور عمار نے وہ کچھ کہہ دیا جو کفار ان سے کہلوانا چاہتے تھے۔ کچھ لوگوں نے کہنا شروع کیا کہ عمار کافر ہو گیا: یہ سن کر رسول اکرمؐ نے فرمایا: ان عمارا ملیء ایمانا من قرنه الی قدمه و اختلط الایمان بلحمه و دمه۔ یعنی عمار سر تا پا ایمان سے سرشار ہے۔ ایمان اس کے گوشت و خون میں رچا بسا ہوا ہے۔ عمار روتے ہوئے رسول کریمؐ کی خدمت میں آئے تو آپؐ نے فرمایا: ان عادوا لك فعد لهم اگر وہ پھر ایسا کرے تو تو بھی دوبارہ ایسا کہہ دینا۔ (بحار الانوار ۱۹: ۳۵)

تنگ نظر مخالفین کی طرف سے نظریے و عقیدے کی آزادی سلب کرنے کی صورت میں تقیہ کی نوبت آتی ہے، ایسے حالات میں اپنے عقیدے پر قائم رہ کر اپنا بچاؤ کرنا ایک انسانی حق ہے۔ عارو ننگ ان لوگوں کے لیے ہے جو دوسروں کو تقیہ کرنے پر مجبور کرتے ہیں۔

۱۰۷ تا ۱۰۹۔ تمام قوانین میں بغاوت کی سزا سنگین ہوتی ہے کیونکہ بغاوت ایک سنگین جرم ہے، خصوصاً

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿۱۰۸﴾

اور یہی لوگ غافل ہیں۔☆

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۰۹﴾

۱۰۹۔ لازماً آخرت میں یہی لوگ خسارے میں رہیں گے۔☆

ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۴

۱۱۰۔ پھر آپ کا پروردگار یقیناً ان لوگوں کے لیے جنہوں نے آزمائش میں مبتلا ہونے کے بعد ہجرت کی پھر جہاد کیا اور صبر سے کام لیا ان باتوں کے بعد آپ کا رب یقیناً بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

۱۱۱۔ اس دن ہر شخص اپنی صفائی کی حجتیں قائم کرتے ہوئے پیش ہوگا اور ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ اٰمِنَةً مُّطْمَئِنَّةً يَّاْتِيْهَا رِزْقُهَا رَغَدًا مِّنْ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتْ بِاَنْعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ الْجُوْعِ وَالْخَوْفِ بِمَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ﴿۱۱۲﴾

۱۱۲۔ اور اللہ ایسی بستی کی مثال دیتا ہے جو امن سکون سے تھی، ہر طرف سے اس کا وافر رزق اسے پہنچ رہا تھا، پھر اس نے اللہ کی نعمات کی ناشکری شروع کی تو اللہ نے ان کی حرکتوں کی وجہ سے انہیں بھوک اور خوف کا ذائقہ چکھا دیا۔☆

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْهُمْ فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۱۳﴾

۱۱۳۔ اور بتحقیق ان کے پاس خود انہی میں سے ایک رسول آیا تو انہوں نے اسے جھٹلایا پس انہیں عذاب نے اس حال میں آ لیا کہ وہ ظالم تھے۔

فَكُلُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ۖ وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

۱۱۴۔ پس جو حلال اور پاکیزہ رزق اللہ نے تمہیں دیا ہے اسے کھاؤ اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم اس کی بندگی کرتے ہو۔

اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ

۱۱۵۔ اس نے تو تم پر صرف مردار اور خون اور سور کا گوشت اور اس چیز کو جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو حرام کر دیا ہے، پس اگر

عہد و پیمان کے بعد ہو تو۔ ان آیات میں اسلام سے بغاوت کرنے والوں کے لیے کئی ایک سزاؤں کا ذکر ہے: ۱۔ ان کے لیے عظیم عذاب ہے ۲۔ ان کو اللہ ہدایت سے نہیں نوازتا ۳۔ ان کے دلوں پر اللہ مہر لگا دیتا ہے۔ آیت میں مہر لگانے کا سبب، آخرت کے مقابلے میں ان کی حب دنیا کو قرار دیا ہے۔ اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ دنیا پرستی سے انسان کے شعور و ادراک پر پردہ پڑ جاتا ہے۔

۱۱۰۔ سلسلہ کلام ان لوگوں کے بارے میں جاری ہے جو راہ ایمان میں ظلم و ستم سے دوچار ہوئے اور اس جان لیوا آزمائش میں کامیاب ہوئے اور اپنے ایمان پر قائم رہے اور ہجرت اختیار کی۔ ممکن ہے حبشہ کی ہجرت کی طرف اشارہ ہو یا بعد میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں ہونے والی ہجرت کی طرف اشارہ ہو۔ ان تمام مراحل کے بعد یعنی آزمائش میں استقامت، راہ خدا میں مہاجرت، جہاد فی سبیل اللہ اور مشکلات میں صبر اختیار کرے تو اگر کوئی کوتاہی ان سے سرزد ہو جائے تو اللہ بڑا معاف فرمانے والا مہربان ہے۔

۱۱۱۔ بروز قیامت نفسانفسی کے عالم میں انسان کو صرف اپنے نفس کی فکر لاحق ہو گی اور بارگاہ الٰہی میں حساب کے لیے جب پیش ہو گا اور بداعمالیوں کے بارے میں پوچھا جائے گا تو عذر پیش کرنے اور حیل و حجت میں مصروف ہو گا۔ چونکہ جرم خود منصف کے سامنے سرزد ہوا ہے، اس لیے اس کی معذرت اور حجت قبول نہ ہو گی۔ تاہم اس پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ نیکی کے اجر میں کمی نہ ہو گی، زیادہ ہو سکتا ہے اور بدی کے بدلہ زیادہ نہ ہو گا، کمی ہو سکتی ہے۔

۱۱۲۔ ابن عباس کی روایت کے مطابق اس بستی سے مراد مکہ ہے۔ بظاہر مکہ میں دعوت ابراہیمؑ کے بعد یہ دو باتیں موجود تھیں: امن اور رزق کی فراوانی۔ حرم کعبہ کی وجہ سے امن حاصل تھا اور حاجیوں کے باعث ہر سال ہر طرف سے رزق کی فراوانی ہوتی تھی۔ مگر ان لوگوں نے اس نعمت کی قدر دانی نہیں کی تو ان پر قحط اور خوف کا تسلط ہو گیا۔

۱۱۵۔۱۱۶ خطاب اس مرتبہ مسلمانوں سے ہے کہ تم پر جو حرام قرار دیا ہے وہ مردار، خون، سور کا گوشت اور وہ جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو۔ ان کے علاوہ جن چیزوں کو تم حرام و حلال قرار دیتے ہو یہ اللہ پر افترا ہے۔ واضح رہے قانون سازی

وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ
اللّٰهِ بِهٖ ۚ فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا
عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾
وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا تَصِفُ اَلْسِنَتُكُمُ
الْكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ وَّهٰذَا حَرَامٌ
لِّتَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ ؕ اِنَّ
الَّذِيْنَ يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
لَا يُفْلِحُوْنَ ﴿۱۱۶﴾ؕ
مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۪ وَّ لَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿۱۱۷﴾
وَعَلَى الَّذِيْنَ هَادُوْا حَرَّمْنَا مَا
قَصَصْنَا عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ ۚ وَمَا
ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
يَظْلِمُوْنَ ﴿۱۱۸﴾
ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِيْنَ عَمِلُوا السُّوْٓءَ
بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ
وَاَصْلَحُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ مِنْۢ بَعْدِهَا
لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع ۱۵ ۹ ۲۱
اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ
حَنِيْفًا ؕ وَلَمْ يَكُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۰﴾ۙ
شَاكِرًا لِّاَنْعُمِهٖ ؕ اِجْتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ
اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۱۲۱﴾
وَاٰتَيْنٰهُ فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى

کوئی مجبور ہوتا ہے نہ (قانون کا) باغی ہو کر اور نہ (ضرورت سے) تجاوز کا مرتکب ہو کر تو اللہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۱۶۔ اور جن چیزوں پر تمہاری زبانیں جھوٹے احکام لگاتی ہیں ان کے بارے میں نہ کہو یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے جس کا نتیجہ یہ ہو کہ تم اللہ پر جھوٹ افترا کرو، جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھتے ہیں وہ یقیناً فلاح نہیں پاتے۔☆

۱۱۷۔ چند روزہ کیف ہے اور پھر ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۱۱۸۔ اور جنہوں نے یہودیت اختیار کی ہے ان پر وہی چیزیں ہم نے حرام کر دیں جن کا ذکر پہلے ہم آپ سے کر چکے ہیں اور ہم نے تو ان پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔

۱۱۹۔ پھر بے شک آپ کا رب ان کے لیے جنہوں نے نادانی میں برا عمل کیا پھر اس کے بعد توبہ کر لی اور اصلاح کر لی تو یقیناً اس کے بعد آپ کا پروردگار بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

۱۲۰۔ ابراہیم (اپنی ذات میں) ایک امت تھے اللہ کے فرمانبردار اور (اللہ کی طرف) یکسو ہونے والے تھے اور وہ مشرکین میں سے نہ تھے۔☆

۱۲۱۔ (وہ) اللہ کی نعمتوں کے شکر گزار تھے، اللہ نے انہیں برگزیدہ کیا اور صراط مستقیم کی طرف ان کی ہدایت کی۔☆

۱۲۲۔ اور ہم نے دنیا میں انہیں بھلائی دی

اللہ کی حاکمیت اعلیٰ کا حصہ ہے۔ لہٰذا اس میں مداخلت اللہ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت ہے۔

۱۱۹۔ یہاں جہالت سے مراد حقیقت گناہ اور اس کے ارتکاب کے برے اثرات سے ناآشنائی ہو سکتی ہے، ورنہ بغیر کسی کوتاہی کے گناہ کا علم ہی نہ ہو تو یہ سرے سے گناہ نہیں ہے۔ توبہ کے بعد اصلاح کا ذکر اس لیے آیا کہ اصلاح توبہ کا لازمی نتیجہ ہے، کیونکہ توبہ برے اعمال سے برگشتہ ہونے کو کہتے ہیں اور برے اعمال کو چھوڑنے کا مطلب اصلاح ہے۔

۱۲۰ تا ۱۲۲۔ حضرت ابراہیمؑ دنیائے کفر کے مقابلے میں ایک ملت کی مانند تھے اور ایک امت کی طرح طاقتور رہے۔ آپؑ نے ایک امت کی طرح قیام کیا، ایک امت کی طرح وقت کے طاغوت کا مقابلہ کیا، طاغوت پر فتح حاصل کی اور ایک امت کی طرح انسانیت کی تاریخ کا رخ بدلا۔ وہ اللہ کے فرمانبردار تھے حضرت ابراہیمؑ کو یہ طاقت اللہ کی اطاعت اور طاقت کے سرچشمہ سے گہرے ربط کی وجہ سے ملی۔

یکسو ہونے والا: وہ تمام غیر اللہ سے منقطع ہو کر یکسوئی کے ساتھ صرف اللہ کی طرف متوجہ رہتے تھے اور اسی پر تکیہ کرتے تھے۔ غیر اللہ سے منقطع ہونے کی صورت میں ہی اللہ پر کامل بھروسا ہو سکتا ہے اور اگر کوئی غیر اللہ پر بھروسا کرتا ہے تو اللہ اس کو اسی غیر اللہ پر چھوڑتا ہے۔ ابراہیمؑ کے عقائد اور کردار میں شرک اور غیر اللہ کی طرف توجہ کرنے کا شائبہ تک نہ تھا۔ اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والے تھے۔ مقام شکر پر فائز ہونا حضرت ابراہیم (ع) جیسے خلیل الرحمٰن کے لیے بھی اہم ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شکر نعمت قولاً و عملاً کس قدر عند اللہ قابل قدر عمل ہے۔

درج بالا اوصاف کے حامل ہونے پر حضرت ابراہیم (ع) کو ان عنایتوں سے نوازا گیا: i۔ ان کو برگزیدہ کیا ii۔ ان کو صراط مستقیم کی رہنمائی کی iii۔ دنیا میں بھی ان کو حسنات سے نوازا اور آخرت میں بھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ نیک اعمال کے اثرات اس زندگی پر بھی مترتب ہوتے ہیں۔

۱۲۵۔ دعوت الی الحق دو بنیادوں پر استوار ہے: ایک حکمت اور دوسری موعظہ حسنہ۔ حکمت یعنی حقائق کا صحیح ادراک۔ لہٰذا حکمت کے ساتھ دعوت دینے سے مراد دعوت کا وہ اسلوب ہو سکتا ہے جس سے مخاطب پر حقائق آشکار ہونے میں کوئی

الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۲۳﴾
ثُمَّ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ اَنِ اتَّبِعْ مِلَّةَ
اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ
الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۱۲۴﴾
اِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ
اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ
لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا
كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۱۲۵﴾
اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ
وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ
بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ
اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ
وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۱۲۶﴾
وَاِنْ عَاقَبْتُمْ فَعَاقِبُوْا بِمِثْلِ مَا
عُوْقِبْتُمْ بِهٖ ؕ وَلَئِنْ صَبَرْتُمْ
لَهُوَ خَيْرٌ لِّلصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۲۷﴾
وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَ
لَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ
ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿۱۲۸﴾
اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ
هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ﴿۱۲۹﴾ ع ۱۶

سُوْرَةُ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مَكِّيَّةٌ ۱۱۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اور آخرت میں وہ صالحین میں سے ہیں۔☆

۱۲۳۔ (اے رسول) پھر ہم نے آپ کی طرف وحی کی کہ یکسوئی کے ساتھ ملت ابراہیمی کی پیروی کریں اور ابراہیم مشرکین میں سے نہ تھے۔

۱۲۴۔ سبت (کا احترام) ان لوگوں پر لازم کیا گیا تھا جنہوں نے اس بارے میں اختلاف کیا اور آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں یہ لوگ اختلاف کرتے تھے۔

۱۲۵۔ (اے رسول) حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ اپنے پروردگار کی راہ کی طرف دعوت دیں اور ان سے بہتر انداز میں بحث کریں، یقیناً آپ کا رب بہتر جانتا ہے کہ کون اس کی راہ سے بھٹک گیا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو بھی خوب جانتا ہے۔☆

۱۲۶۔ اور اگر تم بدلہ لینا چاہو تو اسی قدر بدلہ لو جس قدر تمہارے ساتھ زیادتی ہوئی ہے اور اگر تم نے صبر کیا تو یہ صبر کرنے والوں کے حق میں بہتر ہے۔

۱۲۷۔ اور آپ صبر کریں اور آپ کا صبر صرف اللہ کی مدد سے ہے اور ان (مشرکین) کے بارے میں حزن نہ کریں اور نہ ہی ان کی مکاریوں سے تنگ ہوں۔

۱۲۸۔ اللہ یقیناً تقویٰ اختیار کرنے والوں اور نیک عمل کرنے والوں کے ساتھ ہے۔

سورۂ اسراء۔ مکی۔ آیات ۱۱۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

دشواری پیش نہ آئے۔ دعوت کو حکیمانہ بنانے کے لیے ضروری ہے کہ مخاطب کی ذہنی و فکری صلاحیت، نفسیاتی حالت، اس کے عقائد و نظریات اور ماحول و عادات کو مدنظر رکھا جائے۔ موقع و محل اور مقتضی حال کے مطابق بات کی جائے کہ مخاطب کو کون سی دلیل متاثر کر سکتی ہے اور اس بات پر بھی توجہ ہو کہ ہر بات ہر جگہ نہیں کہی جاتی بلکہ ہر حق بات ہر جگہ نہیں کہی جاتی۔ جیسا کہ ہر دوائی سے ہر مرض کا علاج نہیں کیا جاتا بلکہ ہر صحیح علاج بھی ہر مریض کے لیے مناسب نہیں۔ اگر مریض کا معدہ اس دوائی کو ہضم کرنے کے قابل نہ ہو۔ جیسا کہ رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبلیغ اسلام میں تدریجی حکمت عملی اختیار فرمائی اور شروع میں صرف قولوا لَآ اِلٰہ اِلا اللّٰہ تفلحوا پر اکتفا فرمایا۔ چونکہ یہ حکیمانہ تقاضوں کے منافی تھا کہ نظام شریعت کے تمام احکام بہ یک وقت تبلیغ اور نافذ کیے جاتے۔

اَلْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ: موعظہ کے ساتھ حسنہ کی قید سے معلوم ہوا کہ موعظہ غیر حسنہ بھی ہوتا ہے۔ لہٰذا اس دعوت میں ہر قسم کا موعظہ درکار نہیں ہے۔ مثلاً وہ موعظہ جس میں واعظ اپنی بڑائی دکھانا چاہتا ہے، مخاطب کو حقیر سمجھتا ہے یا صرف سرزنش پر اکتفا کرتا ہے۔ موعظہ حسنہ کے لیے سب سے پہلے خود واعظ کا اس موعظہ کا پابند ہونا ضروری ہے، ورنہ اس کا موعظہ موثر نہ ہوگا، بلکہ ایسا کرنا قابل سرزنش ہے۔

سورہ بنی اسرائیل

اس سورہ کا نام بنی اسرائیل مشہور ہے اور اسے سورہ الاسراء بھی کہتے ہیں۔ مشہور روایات کے مطابق اس سورہ کی تمام آیات مکہ میں نازل ہوئی ہیں، البتہ بعض روایات میں کچھ آیات کے بارے میں آیا ہے کہ مدینہ میں نازل ہوئیں ہیں۔ اس سورہ کی ابتدائی آیات یعنی آیت معراج سے معلوم ہوتا ہے کہ سورہ، معراج کے موقع پر نازل ہوا ہے اور یہ بات بھی تقریباً تسلیم شدہ ہے کہ معراج کا واقعہ ہجرت سے ایک سال قبل پیش آیا تھا۔ لہٰذا یہ سورہ ہجرت سے ایک سال قبل نازل ہوا ہے۔

اس سورہ کے مضامین مکی المزاج ہیں، جو اکثر توحید، نفی شرک اور معاد پر مشتمل ہیں۔ اس کے علاوہ اس سورہ میں بعض ایسی اخلاقی قدروں کے احیا کا ذکر ہے جن کو زمان جاہلیت میں پامال کیا جاتا تھا۔ مثلاً احترام والدین، تکبر سے اجتناب۔ کچھ اقتصادی اصول کا بھی ذکر ملتا ہے، مثلاً فضول خرچی کی ممانعت، اسراف اور بخل کے درمیان

الجزء ۱۵ سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا

مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ
الْاَقْصَا الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ
مِنْ اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ①
وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ
هُدًی لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا
مِنْ دُوْنِیْ وَكِیْلًا ؕ ②
ذُرِّیَّةَ مَنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوْحٍ ؕ اِنَّهٗ
كَانَ عَبْدًا شَكُوْرًا ③
وَقَضَیْنَآ اِلٰی بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ فِی
الْكِتٰبِ لَتُفْسِدُنَّ فِی الْاَرْضِ
مَرَّتَیْنِ وَلَتَعْلُنَّ عُلُوًّا كَبِیْرًا ④
فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ اُوْلٰىهُمَا بَعَثْنَا
عَلَیْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِیْ بَاْسٍ
شَدِیْدٍ فَجَاسُوْا خِلٰلَ الدِّیَارِ ؕ
وَكَانَ وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ⑤
ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ الْكَرَّةَ عَلَیْهِمْ وَ
اَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ
وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِیْرًا ⑥
اِنْ اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ
لِاَنْفُسِكُمْ ۫ وَاِنْ اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ
فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ لِیَسُوْٓءٗا
وُجُوْهَكُمْ وَلِیَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ

۱۔ پاک ہے وہ جو ایک رات اپنے بندے کو مسجد الحرام سے اس مسجد اقصیٰ تک لے گیا جس کے گرد و پیش میں ہم نے برکتیں رکھیں تاکہ ہم انہیں اپنی کچھ نشانیاں دکھائیں، یقیناً وہ خوب سننے والا، دیکھنے والا ہے۔☆

۲۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی اور اس (کتاب) کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت قرار دیا کہ میرے علاوہ کسی کو کارساز نہ بناؤ۔

۳۔ اے ان لوگوں کی اولاد جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا! نوح یقیناً بڑے شکر گزار بندے تھے۔

۴۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں آگاہ کر دیا تھا کہ تم زمین میں دو مرتبہ ضرور فساد برپا کرو گے اور ضرور بڑی طغیانی دکھاؤ گے۔☆

۵۔ پس جب دونوں میں سے پہلے وعدے کا وقت آیا تو ہم نے اپنے زبردست طاقتور جنگجو بندوں کو تم پر مسلط کیا پھر وہ گھر گھر گھس گئے اور یہ پورا ہونے والا وعدہ تھا۔☆

۶۔ پھر دوسری بار ہم نے تمہیں ان پر غالب کر دیا اور اموال اور اولاد سے تمہاری مدد کی اور تمہاری تعداد بڑھا دی۔☆

۷۔ اگر تم نے نیکی کی تو اپنے لیے نیکی کی اور اگر تم نے برائی کی تو بھی اپنے حق میں کی پھر جب دوسرے وعدے کا وقت آیا (تو ہم نے ایسے دشمنوں کو مسلط کیا) وہ تمہارے چہرے بدنما کر دیں اور مسجد (اقصیٰ) میں اس طرح داخل ہو جائیں جس طرح اس

اعتدال کی صورت اختیار کرنے کا حکم۔ ناپ تول میں خیانت کی ممانعت وغیرہ۔

۱۔ رسول کریمؐ کو معراج پر لے جانے کا مقصد یہ ہے کہ اللہ اپنے حبیب کو اپنی نشانیاں اس طرح دکھانا چاہتا ہے کہ ایمان بالغیب کے ساتھ ایمان بالشہود کی منزل پر بھی فائز ہو جائیں۔ واضح رہے کہ شہود سے مراد سمعی و بصری ذرائع نہیں ہیں جن میں غلطی کا کوئی امکان رہتا ہو، بلکہ اس شہود سے مراد عقل و شعور، ضمیر، وجدان اور اپنے پورے وجود کے ساتھ مشاہدہ کرنا ہے جسے قرآن دل کا مشاہدہ قرار دیتا ہے: مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰی جو کچھ مشاہدہ میں آیا دل نے اسے رد نہیں کیا۔ بالفاظ دیگر اس مشاہدے میں قلب کو مرکزی حیثیت حاصل تھی اور نگاہ رسولؐ کی ایک جامع تعریف اس آیت میں آ گئی: مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی نگاہ رسولؐ نہ تو (حقائق سے) ایک طرف ہٹی، نہ ہی اس نے حد سے تجاوز کیا۔ یعنی اس نگاہ نے حقائق کا کما حقہ مشاہدہ کیا۔ اس بیان کے بعد اس اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں رہتی کہ معراج عالم خواب میں تھی یا بیداری میں۔ کیونکہ رسول اکرمؐ کو جس بیداری کی حالت میں آسمانی ملکوت کی سیر کرائی گئی، ایسی بیداری تو حضرت ابراہیمؑ کے سوا کسی نبی مرسل کو نصیب نہیں ہوئی۔

نیز ہمیں غیر زمانی حقائق کا ادراک کرنے کے لیے اپنے محدود زمانی و مکانی دائرے میں نہیں سوچنا چاہیے۔ چنانچہ الکسس کارل کے مطابق افراد کو زمان و مکان میں محدود سمجھنا ایک مفروضہ ہے اور آئین سٹائن کے نظریہ اضافت کے مطابق زمان و مکان ہر جگہ یکساں نہیں۔ کہتے ہیں کہ اگر کوئی چیز نور کی رفتار سے سفر کرے تو اس کے دس منٹ ہمارے سینکڑوں سالوں کے برابر ہوں گے۔ لہٰذا معراج کے بارے میں ہمارے نظام شمسی میں موجود رکاوٹوں کا ذکر اور ان کا جواب ایک غیر ضروری بحث ہے۔

۴۔ قرآن کے اس بیان کی تصدیق توریت و انجیل کی متعدد تنبیہات سے ہوتی ہے جن میں بنی اسرائیل سے کہا گیا تھا کہ تمہاری بدکاری اور فسق و فجور کی پاداش میں تمہارے شہر ویران کر دیے جائیں گے اور تمہاری لاشیں پرندوں اور درندوں کی خوراک ہوں گی۔

۵۔ یہ طاقتور جنگجو کون لوگ تھے؟ اس میں بہت اختلاف ہے۔ ممکن ہے اس سے مراد بابل کا بادشاہ بخت نصر ہو جس نے یروشلم اور ہیکل سلیمانی تک

كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّ
لِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا تَتْبِيْرًا ۝۷
عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ يَّرْحَمَكُمْ ۚ وَاِنْ
عُدْتُّمْ عُدْنَا ۘ وَجَعَلْنَا جَهَنَّمَ
لِلْكٰفِرِيْنَ حَصِيْرًا ۝۸
اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ
اَقْوَمُ وَيُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ
يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا
كَبِيْرًا ۝۹
وَّاَنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۱۰
وَيَدْعُ الْاِنْسَانُ بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ
بِالْخَيْرِ ۭ وَكَانَ الْاِنْسَانُ عَجُوْلًا ۝۱۱
وَجَعَلْنَا الَّيْلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيْنِ
فَمَحَوْنَآ اٰيَةَ الَّيْلِ وَجَعَلْنَآ اٰيَةَ
النَّهَارِ مُبْصِرَةً لِّتَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ
رَّبِّكُمْ وَلِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ
وَالْحِسَابَ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ فَصَّلْنٰهُ
تَفْصِيْلًا ۝۱۲
وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰۗىِٕرَهٗ فِيْ
عُنُقِهٖ ۭ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۝۱۳
اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۭ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ

میں پہلی مرتبہ داخل ہوئے تھے اور جس جس چیز پر ان کا زور چلے اسے بالکل تباہ کر دیں۔☆

۸۔امید ہے کہ تمہارا پروردگار تم پر رحم کرے گا اور اگر تم نے (شرارت) دہرائی تو ہم بھی (اسی روش کو) دہرائیں گے اور ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے قید خانہ بنا رکھا ہے۔☆

۹۔یہ قرآن یقیناً اس راہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھی ہے اور ان مومنین کو جو نیک اعمال بجالاتے ہیں یہ بشارت دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔

۱۰۔اور یہ کہ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں لاتے ان کے لیے ہم نے ایک دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۱۱۔اور انسان کو جس طرح خیر مانگنا چاہیے اسی انداز سے شر مانگتا ہے اور انسان بڑا جلد باز ہے۔☆

۱۲۔اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا ہے پھر ہم نے رات کی نشانی کو ماند کر دیا اور دن کی نشانی کو روشن کر دیا تا کہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو اور سالوں کا شمار اور حساب معلوم کر سکو اور ہم نے ہر چیز کو پوری تفصیل سے بیان کر دیا ہے۔

۱۳۔اور ہم نے ہر انسان کا عمل اس کے گلے میں لٹکا رکھا ہے اور قیامت کے دن ہم اس کے لیے ایک کتاب پیش کریں گے جسے وہ کھلا ہوا پائے گا۔☆

۱۴۔پڑھ اپنا نامۂ اعمال! آج اپنے حساب

کو زمین کے برابر کر دیا تھا۔

۶۔ممکن ہے اس آیت کا اشارہ بابل سے رہائی کے بعد کے واقعات کی طرف ہو۔ چنانچہ ایرانی بادشاہ کورش نے بابل فتح کیا اور اسرائیلیوں کو وطن واپس جانے کی اجازت مل گئی۔ حضرت عزیرؑ نے یہودی مذہب کی تجدید کی اور توریت کو از سر نو مرتب کیا۔

۷۔خطاب اگرچہ بنی اسرائیل سے ہے تاہم یہ ایک کلیہ ہے کہ نیکی کے مثبت اثرات سب سے پہلے نیکی کرنے والے پر مرتب ہوتے ہیں، اسی طرح برائی کے منفی اثرات برائی کا ارتکاب کرنے والے پر مرتب ہوتے ہیں۔

حضرت حذیفہ کی ایک روایت کے مطابق فساد اول سے مراد بخت نصر کا حملہ اور فساد دوم سے مراد رومیوں کا حملہ ہے۔ رومیوں کا حملہ سنہ ۷۰ء میں یروشلم پر ہوا، جس میں ایک لاکھ تینتیس ہزار افراد مارے گئے۔

۸۔ اللہ کی رحمت میں دریغ نہیں ہے، صرف اس رحمت کے لیے اہل ہونا شرط ہے۔ اگر بنی اسرائیل توبہ و انابت کے ساتھ اپنے آپ کو رحمت خدا کا اہل بنا دیں تو اللہ ان پر رحم کرے گا۔ وہ ارحم الراحمین ہے، لیکن جہاں اللہ ارحم الراحمین ہے وہ شدید الانتقام بھی ہے کہ اگر تم نے پھر وہی سرکشی وہی نافرمانی وہی ظلم و بربریت کی روش اختیار کی تو ہم بھی وہی سلوک اختیار کریں گے کہ تم پھر قتل و اسیری اور ذلت و خواری سے دوچار ہو گے۔ ہمارے معاصر یہود انسان سوز جرائم کے ارتکاب کی پرانی روش پر گامزن ہیں۔ عُدْتُّمْ کا مرحلہ آ گیا ہے اور انشاء اللہ عنقریب وعدۂ اُخریٰ کے مطابق عُدْنَا کا مرحلہ آنے والا ہے۔

۱۱۔ انسان کی عجلت پسندی عزت کی جگہ ذلت، کامیابی کی جگہ ناکامی اور خیر کی جگہ شر کی طرف لیے جاتی ہے۔ چنانچہ انسان کی بیشتر ناکامیوں کا سبب یہی عجلت پسندی ہے۔ عجلت پسندی کا مغلوب انسان زمینی حقائق کی جگہ ذہنی آرزوؤں پر چلتا ہے اور ناکام ہو جاتا ہے۔

۱۳۔ انسان کا عمل بطور انرجی اڑ جاتا ہے۔ اس لیے اس کو طائر کہا ہے۔ (قاموس قرآن)

۱۴۔ ہر انسان کی سعادت و شقاوت، کامیابی و ناکامی نیز اچھی عاقبت یا برے انجام کا دار و مدار اس کے اپنے عمل پر ہے۔ وہ اپنے عمل کے ہاتھوں اسیر ہے اور اپنے عمل ہی کے ذریعے آزاد ہو سکتا ہے۔ وہ خیر و شر کے دروازے اپنے عمل کی چابی سے کھول سکتا ہے۔ قیامت کے دن اس کے اعمال

عَلَيْكَ حَسِيْبًا ﴿١٤﴾

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيْهَا ۭ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۭ وَمَا كُنَّا مُعَذِّبِيْنَ حَتّٰى نَبْعَثَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾

وَاِذَآ اَرَدْنَآ اَنْ نُّهْلِكَ قَرْيَةً اَمَرْنَا مُتْرَفِيْهَا فَفَسَقُوْا فِيْهَا فَحَقَّ عَلَيْهَا الْقَوْلُ فَدَمَّرْنٰهَا تَدْمِيْرًا ﴿١٦﴾

وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنَ الْقُرُوْنِ مِنْۢ بَعْدِ نُوْحٍ ۭ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا بَصِيْرًا ﴿١٧﴾

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا نَشَاۗءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ﴿١٨﴾

وَمَنْ اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰۗىِٕكَ كَانَ سَعْيُهُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿١٩﴾

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَاۗءِ وَهٰٓؤُلَاۗءِ مِنْ عَطَاۗءِ رَبِّكَ ۭ وَمَا كَانَ عَطَاۗءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ﴿٢٠﴾

اُنْظُرْ كَيْفَ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى

کے لیے تو خود ہی کافی ہے۔☆

۱۵۔ جو ہدایت حاصل کرتا ہے وہ اپنے لیے ہدایت حاصل کرتا ہے اور جو گمراہ ہوتا ہے وہ اپنے ہی خلاف گمراہ ہوتا ہے اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھاتا اور جب تک ہم کسی رسول کو مبعوث نہ کریں عذاب دینے والے نہیں ہیں۔

۱۶۔ اور جب ہم کسی بستی کو ہلاکت میں ڈالنا چاہتے ہیں تو اس کے عیش پرستوں کو حکم دیتے ہیں تو وہ اس بستی میں فسق و فجور کا ارتکاب کرتے ہیں، تب اس بستی پر فیصلہ عذاب لازم ہو جاتا ہے پھر ہم اسے پوری طرح تباہ کر دیتے ہیں۔☆

۱۷۔ اور نوح کے بعد کتنی نسلوں کو ہم نے ہلاکت میں ڈال دیا اور آپ کا رب ہی اپنے بندوں کے گناہوں پر آگاہی رکھنے، نگاہ رکھنے کے لیے کافی ہے۔☆

۱۸۔ جو شخص عجلت پسند ہے تو ہم جسے جو چاہیں اس دنیا میں اسے جلد دیتے ہیں پھر ہم نے اس کے لیے جہنم کو مقرر کیا ہے جس میں وہ مذموم اور راندہ درگاہ ہو کر بھسم ہو جائے گا۔☆

۱۹۔ اور جو شخص آخرت کا طالب ہے اور اس کے لیے جتنی سعی درکار ہے وہ اتنی سعی کرتا ہے اور وہ مومن بھی ہے تو ایسے لوگوں کی سعی مقبول ہو گی۔☆

۲۰۔ ہم (دنیا میں) ان کی بھی اور ان کی بھی آپ کے پروردگار کے عطیے سے مدد کرتے ہیں اور آپ کے پروردگار کا عطیہ (کسی کے لیے بھی) ممنوع نہیں ہے۔☆

۲۱۔ دیکھ لیجیے: ہم نے کس طرح ان میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور آخرت

کھلی کتاب کی شکل میں اس کے سامنے رکھ دیے جائیں گے۔

۱۶۔ قرآن کے مطابق ہر قوم کی تباہی اس کے مراعات یافتہ طبقہ مترفین کی طرف سے آتی ہے، وہ تمام تر وسائل اور سہولیات کو اپنا حق تصور کرتے ہیں اور محروم طبقہ کے حقوق کو پامال کرتے ہیں۔ یہاں سے بقائے باہمی کا توازن بگڑ جاتا ہے اور قومیں ہلاکت کا شکار ہوتی ہیں۔

۱۷۔ تاریخ عالم کا آغاز نوح (ع) کے بعد ہوا۔ اس دور میں انسان نے تمدن میں قدم رکھا، انحراف آیا، شریعت بنی اور سرکشیاں ہوئیں۔ اس لیے ہلاکتیں بھی نوح (ع) کے بعد کی نسلوں میں آئیں۔

۱۸۔ ۱۹ یہ اس شخص کا ذکر ہے جو صرف طالب دنیا ہو اور آخرت پر ایمان نہ رکھتا ہو۔ ایسے شخص کے لیے فرمایا: جو شخص عجلت پسند ہو ہم بھی عجلت سے دے دیتے ہیں۔ یعنی ہم اس کے لیے دنیا کی نعمتوں میں فراوانی کرتے ہیں، نادان اس فراوانی نعمت کو دیکھ کر اسے کامیابی تصور کرتے ہیں، جبکہ درحقیقت یہ اس کے لیے نقمت اور عذاب کا پیش خیمہ ہے۔ لیکن اگر کوئی آخرت کے لیے کھیتی کے عنوان سے طالب دنیا ہو تو یہ مذموم نہیں ہے بلکہ دنیا سعادت اخروی کے لیے بہترین ذریعہ ہے۔ انبیاء، صلحاء اور متقین نے اسی دنیاوی زندگی سے عند اللہ مقام بنایا ہے۔ چنانچہ دوسرے جملے میں فرمایا: اور جو شخص طالب آخرت ہو، اس کے لیے مطلوبہ سعی بھی کرتا ہو تو اس کی سعی کی قدردانی ہو گی۔ ظاہر ہے یہ سعی اسی دنیاوی زندگی میں کرنا ہے۔ البتہ اس سعی کے ساتھ ایمان کا ہونا شرط ہے۔ اگر ایمان باللہ اور ایمان بالآخرہ نہ ہو تو سعی بھی وجود میں نہ آئے گی۔

۲۰۔ چنانچہ یہ بات ہمارے مشاہدے میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کا تکوینی نظام نہایت غیر جانبدار ہے۔ پانی، خاک، ہوا اور دھوپ وغیرہ سے مؤمن اور کافر دونوں یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

۲۱۔ دنیا میں محنت اور کوشش کی بنا پر بعض کو بعض پر فوقیت حاصل ہے۔ جو زیادہ محنت کرتا ہے اس کے پاس زیادہ مال و دولت ہوتی ہے۔ اسی سے آخرت کا حال بھی قابل فہم ہو جاتا ہے کہ وہاں بھی سعی اور کوشش یعنی عمل کے ذریعے بعض کو فوقیت حاصل ہو گی۔ مگر دنیا میں جو مال و جاہ میں فضیلت حاصل ہوا کرتی ہے، اس سے آخرت کی فضیلت بہت زیادہ بڑی ہے۔ دنیا کا مال و دولت، جاہ و سلطنت

بَعْضٍ ؕ وَلَلْاٰخِرَةُ اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ﴿۲۱﴾

لَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقْعُدَ مَذْمُوْمًا مَّخْذُوْلًا ﴿۲۲﴾ ع ۲/۱۲/۲

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾

وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ؕ ﴿۲۴﴾

رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾

وَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ وَلَا تُبَذِّرْ تَبْذِيْرًا ﴿۲۶﴾

اِنَّ الْمُبَذِّرِيْنَ كَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّيٰطِيْنِ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوْرًا ﴿۲۷﴾

وَاِمَّا تُعْرِضَنَّ عَنْهُمُ ابْتِغَآءَ رَحْمَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ تَرْجُوْهَا فَقُلْ لَّهُمْ قَوْلًا مَّيْسُوْرًا ﴿۲۸﴾

ناپائیدار اور آخرت کے درجات و فضیلت ابدی اور دائمی ہیں۔

۲۲۔ اس کائنات کے سرچشمہ قوت کے ساتھ کسی ایسی چیز کو سرچشمہ طاقت قرار دیا جائے جس کی کوئی حقیقت نہ ہو تو یہاں دو باتیں اس کے لازمہ کے طور پر سامنے آتی ہیں: ۱۔ یہ عمل خود اپنی جگہ ایک قابل مذمت ہے کہ ایک لاشیء کو خدائے قہار کے ساتھ شریک ٹھہرایا جائے ۲۔ طاقت و قوت اور سرچشمہ فیض سے محرومی کا بھی سبب بنے گا۔ کیونکہ جب وہ ایک لاشیء کو سرچشمہ فیض قرار دیتا ہے تو اس کا لازمی نتیجہ محرومیت اور بے یار و مددگار رہنا ہے۔

۲۳۔۲۴ جس طرح والدین بڑھاپے میں اولاد کے احسان کے محتاج ہوتے ہیں، اولاد کو بھی خرد سالی میں والدین کی توجہ کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے۔ اللہ نے اس ضرورت کو فطرت کے ذریعے پورا کیا اور والدین کے دل میں اولاد کی محبت اس طرح ودیعت فرمائی کہ وہ اولاد کو جان سے عزیز سمجھتے ہیں، جبکہ والدین پر احسان کو توحید کے بعد اہم ترین فریضہ قرار دیا، کیونکہ انسان فطرتاً آنے والی نسل کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اولاد والدین کو فراموش کرتی ہے۔ حضرت امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے: اَدْنَی الْعُقُوقِ اُفٍّ وَ لَو عَلِمَ اللّٰهُ عَزَّوَجَلَّ شَيْئاً اَهْوَنَ مِنْهُ لَنَهَى عَنْهُ۔ (اصول الکافی ۲:۳۴۸) کم ترین نافرمانی اف کرنا ہے۔ اگر اس سے بھی کمتر بات ہوتی تو اللہ اس سے بھی منع فرماتا۔

۲۶۔ ابن مردویہ، بزاز، ابویعلی اور ابو حاتم نے ابوسعید خدری سے اور ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کی ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہؐ نے فدک حضرت فاطمہ (س) کے حوالے کر دیا۔ (درمنثور ۴:۳۲۰)۔ حضرت امام زین العابدین (ع) نے ایک شامی کے سوال کے جواب میں فرمایا ذا القربی ہم ہیں (درمنثور ۴: ۳۱۸)

۲۷۔ اسراف اور تبذیر میں فرق یہ ہے کہ اگر خرچ کرنا بنیادی طور پر درست ہو، مگر ضرورت سے زیادہ خرچ کیا جائے تو یہ اسراف ہے اور اگر خرچ کرنا سرے سے درست ہی نہ ہو تو یہ تبذیر ہے، جیسے کتے اور بلی کو شوقیہ پالنا وغیرہ۔

مال اطاعت الٰہی کا بہترین ذریعہ ہے، اس ذریعے کا اتلاف تبذیر ہے اور شیطان کا بنیادی ہدف ذرائع کا اتلاف ہے، لہٰذا وہ لوگ جو ذرائع کو بے مقصد چیزوں پر خرچ کر کے تلف کر دیتے ہیں وہ

تو درجات کے اعتبار سے زیادہ بڑی اور فضیلت کے اعتبار سے بھی زیادہ بڑی ہے۔☆

۲۲۔ اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بنا ورنہ تو مذموم اور بے یار و مددگار ہو کر بیٹھ جائے گا۔☆

۲۳۔ اور آپ کے پروردگار نے فیصلہ کر دیا ہے کہ تم اس کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو اور والدین کے ساتھ نیکی کرو، اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمہارے پاس ہوں اور بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو انہیں اف تک نہ کہنا اور انہیں نہ جھڑکنا بلکہ ان سے عزت و تکریم کے ساتھ بات کرنا۔☆

۲۴۔ اور مہر و محبت کے ساتھ ان کے آگے انکساری کا پہلو جھکائے رکھو اور دعا کرو: پروردگارا! ان پر رحم فرما جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں (شفقت سے) پالا تھا۔☆

۲۵۔ جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اس پر تمہارا پروردگار زیادہ باخبر ہے، اگر تم صالح ہوئے تو وہ پلٹ کر آنے والوں کے لیے یقیناً بڑا معاف کرنے والا ہے۔

۲۶۔ اور قریب ترین رشتہ دار کو اس کا حق دیا کرو اور مساکین اور مسافروں کو بھی اور فضول خرچی نہ کیا کرو۔☆

۲۷۔ فضول خرچی کرنے والے یقیناً شیاطین کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے۔☆

۲۸۔ اور اگر آپ اپنے پروردگار کی رحمت کی تلاش میں جس کی آپ کو امید بھی ہو ان لوگوں کی طرف توجہ نہ کر سکیں تو ان سے نرمی کے ساتھ بات کریں۔

وَلَا تَجْعَلْ يَدَكَ مَغْلُوْلَةً اِلٰى
عُنُقِكَ وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ
فَتَقْعُدَ مَلُوْمًا مَّحْسُوْرًا ﴿٢٩﴾
اِنَّ رَبَّكَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ
وَيَقْدِرُ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا
ع ٢ ٨ ٣ بَصِيْرًا ﴿٣٠﴾
وَلَا تَقْتُلُوْٓا اَوْلَادَكُمْ خَشْيَةَ
اِمْلَاقٍ ۭ نَحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَاِيَّاكُمْ ۭ
اِنَّ قَتْلَهُمْ كَانَ خِطْاً كَبِيْرًا ﴿٣١﴾
وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنٰٓى اِنَّهٗ كَانَ
فَاحِشَةً ۭ وَسَاۗءَ سَبِيْلًا ﴿٣٢﴾
وَلَا تَقْتُلُوا النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ
اِلَّا بِالْحَقِّ ۭ وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا
فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِيِّهٖ سُلْطٰنًا فَلَا
يُسْرِفْ فِّي الْقَتْلِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ
مَنْصُوْرًا ﴿٣٣﴾
وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ الْيَتِيْمِ اِلَّا بِالَّتِيْ
هِىَ اَحْسَنُ حَتّٰى يَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۚ
وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ
مَسْـُٔوْلًا ﴿٣٤﴾
وَاَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا
بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ۭ ذٰلِكَ
خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ﴿٣٥﴾

۲۹۔ اور نہ تو آپ اپنا ہاتھ اپنی گردن سے باندھ کر رکھیں اور نہ ہی اسے بالکل کھلا چھوڑ دیں، ورنہ آپ ملامت کا نشانہ اور تہی دست ہو جائیں گے۔☆

۳۰۔ یقیناً آپ کا رب جس کے لیے چاہتا ہے روزی فراخ اور تنگ کر دیتا ہے، وہ اپنے بندوں کے بارے میں یقیناً نہایت باخبر، نگاہ رکھنے والا ہے۔

۳۱۔ اور تم اپنی اولاد کو تنگ دستی کے خوف سے قتل نہ کیا کرو، ہم انہیں رزق دیں گے اور تمہیں بھی، ان کا قتل یقیناً بہت بڑا گناہ ہے۔☆

۳۲۔ اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ، یقیناً یہ بڑی بے حیائی ہے اور بہت برا راستہ ہے۔☆

۳۳۔ اور جس جان کا مارنا اللہ نے حرام کیا ہے تم اسے قتل نہ کرو مگر حق کے ساتھ اور جو شخص مظلوم مارا جائے تو ہم نے اس کے ولی کو (قصاص کا) اختیار دیا ہے، پس اسے بھی قتل میں حد سے تجاوز نہیں کرنا چاہیے، یقیناً نصرت اسی کی ہو گی۔☆

۳۴۔ اور تم یتیم کے مال کے قریب نہ جاؤ مگر اس طریقے سے جس میں بہتری ہو یہاں تک کہ وہ اپنے سن بلوغ کو پہنچ جائے اور عہد کو پورا کرو، یقیناً عہد کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

۳۵۔ اور تم ناپتے وقت پیمانے کو پورا کر کے دو اور جب تول کر دو تو ترازو سیدھی رکھو، بھلائی اسی میں ہے اور انجام بھی اسی کا زیادہ بہتر ہے۔

عمل میں شیطان کے بھائی قرار پاتے ہیں۔

۲۹۔ ہاتھ باندھنا بخل اور کھلا چھوڑنا فضول خرچی کی طرف اشارہ ہے۔

۳۱۔ یہ آیت واضح طور پر ان اقتصادی اصولوں کو بے بنیاد قرار دے رہی ہے جن کے تحت قدیم زمانے سے آج تک نسل کی افزائش کو اقتصادی بدحالی کا سبب قرار دیا جاتا ہے۔ محسوس پرست لوگ ہمیشہ محسوسات کو پیمانہ بناتے ہیں۔ وہ اس بات کی توجیہ کرنے سے قاصر ہیں کہ ہر متنفس اپنا رزق لے کر آتا ہے۔ وہ اس نکتے کو سمجھ نہیں سکتے کہ گھر میں مہمان زیادہ آنے سے اور سخاوت کرنے سے رزق میں فراوانی کیسے آتی ہے اور آبادی بڑھنے سے معاشی وسائل میں اضافہ کیسے ہوتا ہے؟ اگر وہ اپنے محسوس پیمانے ہی کو معیار قرار دیں تو بھی یہ بات محسوس میں آئی ہوئی ہے کہ مختلف ملکوں کی آبادی میں جتنا اضافہ ہوا ہے، اس سے کہیں زیادہ ان کے معاشی ذرائع میں اضافہ ہوا ہے۔ ایسے لوگوں کو افزائش نسل روکنے کی بجائے قدرت کی فیاضی پر توجہ دینا چاہیے، جو سورج کی صرف ایک منٹ کی تابش سے کرہ ارض کے تمام بسنے والوں کے لیے ایک سال کی ضرورت کی انرجی فراہم کرتی ہے، جس کی عطا کردہ دماغی صلاحیت میں سے صرف چند فیصد استعمال میں لائی جاتی ہے۔ جس کی وسیع و عریض زمین میں سے صرف کچھ حصے سے فائدہ اٹھایا جاتا ہے۔ جس کے عنایت کردہ سمندر اور بارش کے پانی کے کچھ فیصد سے استفادہ کیا جاتا ہے۔

۳۲۔ زنا ان تمام اقدار کو درہم برہم کر دیتا ہے جن پر خاندان کی تشکیل کا دارومدار ہے۔ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کا کوئی ذمہ دار ہوتا ہے اور نہ ہی عورت کی عزت و آبرو کا کوئی مقام باقی رہتا ہے۔

۳۳۔ اللہ کی دی ہوئی زندگی کا ختم کرنا بڑا جرم ہے۔ جو شخص ناحق مارا جائے تو اس کے وارث کو اختیار حاصل ہے کہ وہ قصاص لے، مگر خود نہیں بلکہ حاکم شرع کے ذریعے یا دیت لے کر قصاص معاف کرے۔ حکومت کو قصاص لینے یا معاف کرنے کا حق نہیں ہے اور قتل میں اسراف نہ کرنے کا مطلب یہ ہے کہ وارث کو صرف قاتل سے قصاص لینے کا حق ہے، دیگر عزیزوں سے نہیں۔ ایک کے بدلے صرف ایک مارا جائے گا، زیادہ نہیں۔ مگر انسانی

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ۭ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰۗىِٕكَ كَانَ عَنْهُ مَسْـُٔوْلًا ۝۳۶

۳۶۔اور اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہیں ہے کیونکہ کان اور آنکھ اور دل ان سب سے باز پرس ہو گی۔☆

وَلَا تَمْشِ فِي الْاَرْضِ مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنْ تَخْرِقَ الْاَرْضَ وَلَنْ تَبْلُغَ الْجِبَالَ طُوْلًا ۝۳۷

۳۷۔ اور زمین پر اکڑ کر نہ چلو، بلاشبہ نہ تم زمین کو پھاڑ سکتے ہو نہ ہی بلندی کے لحاظ سے پہاڑوں تک پہنچ سکتے ہو۔☆

كُلُّ ذٰلِكَ كَانَ سَيِّئُهٗ عِنْدَ رَبِّكَ مَكْرُوْهًا ۝۳۸

۳۸۔ ان سب کی برائی آپ کے رب کے نزدیک ناپسندیدہ ہے۔☆

ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰٓى اِلَيْكَ رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ ۭ وَلَا تَجْعَلْ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلْقٰى فِيْ جَهَنَّمَ مَلُوْمًا مَّدْحُوْرًا ۝۳۹

۳۹۔ یہ حکمت کی وہ باتیں ہیں جو آپ کے پروردگار نے آپ کی طرف وحی کی ہیں اور اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بناؤ ورنہ ملامت کا نشانہ اور راندہ درگاہ بنا کر جہنم میں ڈال دیے جاؤ گے۔☆

اَفَاَصْفٰىكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ مِنَ الْمَلٰۗىِٕكَةِ اِنَاثًا ۭ اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ قَوْلًا عَظِيْمًا ۝۴۰ ع

۴۰۔(اے مشرکین) کیا تمہارے رب نے تم کو بیٹوں کے لیے چن لیا اور خود فرشتوں کو بیٹیاں بنا لیا، بتحقیق تم لوگ بہت بڑی (گستاخی کی) بات کرتے ہو۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا ۭ وَمَا يَزِيْدُهُمْ اِلَّا نُفُوْرًا ۝۴۱

۴۱۔اور ہم نے اس قرآن میں (دلائل کو) مختلف انداز میں بیان کیا ہے تا کہ یہ لوگ سمجھ لیں مگر وہ مزید دور جا رہے ہیں۔☆

قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا ۝۴۲

۴۲۔ کہہ دیجیے: اگر اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بھی ہوتے جیسا کہ یہ لوگ کہہ رہے ہیں تو وہ مالک عرش تک پہنچنے کے لیے راستہ تلاش کرتے۔☆

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ۝۴۳

۴۳۔ پاکیزہ اور بالاتر ہے وہ ان باتوں سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔

حقوق کا پرچار کرنے والے اپنی قوم کے ایک فرد کا قصاص دوسری پوری قوم سے لیتے ہیں۔

۳۶۔ بنیادی اسلامی عقائد کے لیے ضروری ہے کہ انہیں علمی دلائل سے سمجھا جائے۔ اس طرح اوہام پرستی کا خاتمہ ہو گا۔ اسی طرح قضاوت، شہادت، اخلاقیات اور احکام کے مآخذ کیلیے بھی علم ضروری ہے یا کوئی ایسی دلیل ہو جسکے دلیل ہونے کا علم ہو۔ حقوق کی پامالی، کدورتیں، اختلافات اور غلط فیصلے اکثر علم کے بغیر عمل سے وقوع پذیر ہوتے ہیں۔

۳۷۔۳۸ تکبر کرنے والا عموماً اپنی چال میں اپنی بڑائی کا مظاہرہ کرتا ہے۔ چنانچہ بردباری کا اظہار بھی چال کے ذریعے ہوتا ہے۔ نفسیاتی اعتبار سے تکبر انسان کی شخصیت میں احساس خلا کے تدارک کی ناکام کوشش ہے، جس طرح نیم خواندہ شخص اپنے علمی خلا کو القاب کے ذریعے پر کرنا چاہتا ہے۔ چونکہ تکبر کا تعلق دوسروں سے بھی ہے یعنی متکبر شخص دوسروں کو زیر اور اپنے آپ کو دوسروں سے اونچا دکھانا چاہتا ہے، اس لیے تکبر ایک ایسی بیماری ہے جس کے منفی اثرات معاشرے پر مرتب ہوتے ہیں۔ لوگ تکبر کرنے والوں سے متنفر ہوتے ہیں جس سے باہمی مودت و محبت متاثر ہوتی ہے۔

۳۹۔ اگرچہ خطاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے ہے۔ لیکن اصل مخاطب ہر انسان ہے۔ قرآن مجید اس قسم کا طرز خطاب اس وقت اختیار کرتا ہے جب موضوع اہمیت کا حامل ہو۔ جیسے کوئی شخص اپنے غلاموں کو ایک اہم ترین حکم دینا چاہتا ہے تو وہ اپنے عزیز بیٹے کو خطاب کر کے کہدے کہ اس پر عمل نہ کرنے کی صورت میں تیرا انجام اچھا نہ ہوگا تو غلاموں کو اندازہ ہو جاتا ہے کہ موضوع کس قدر اہمیت کا حامل ہے۔

۴۱۔ قرآن نے اپنی تعلیمات کے بارے میں کوئی ابہام نہیں چھوڑا ہے۔ مشرکین اگر توحید کو نہیں مانتے تو یہ اس لیے نہیں کہ دلیل میں قوت نہیں ہے، بلکہ یہ ان مشرکین کے عناد کی وجہ سے ہے کہ وہ ان دلائل سے متاثر ہونے کی بجائے مزید متنفر ہو جاتے ہیں۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس صورت میں دلائل قائم کرنے کا کیا فائدہ؟ جواب یہ ہے کہ اگرچہ ان دلائل سے چند معاندین کی نفرت میں اضافہ ہوگا مگر ان دلائل سے ہدایت لینے والے تا قیامت ہدایت لیتے رہیں گے اور معاندین پر حجت پوری ہو جائے گی۔

۴۲۔ اس کائنات میں دوسرے خداؤں کا بھی دخل

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَ
الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ وَاِنْ مِّنْ
شَیْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا
تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ
حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾
وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ
وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۙ﴿۴۵﴾
وَّجَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ
يَّفْقَهُوْهُ وَفِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِذَا
ذَكَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ وَحْدَهٗ
وَلَّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾
نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَسْتَمِعُوْنَ
بِهٖٓ اِذْ يَسْتَمِعُوْنَ اِلَيْكَ وَاِذْ هُمْ
نَجْوٰٓى اِذْ يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ
تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۴۷﴾
اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ الْاَمْثَالَ
فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَبِيْلًا ﴿۴۸﴾
وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا
ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا ﴿۴۹﴾
قُلْ كُوْنُوْا حِجَارَةً اَوْ حَدِيْدًا ﴿۵۰﴾
اَوْ خَلْقًا مِّمَّا يَكْبُرُ فِیْ صُدُوْرِكُمْ ۚ
فَسَيَقُوْلُوْنَ مَنْ يُّعِيْدُنَا ؕ قُلِ الَّذِیْ

۴۴۔ساتوں آسمان اورزمین اور ان میں جو موجودات ہیں سب اس کی تسبیح کرتے ہیں اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی ثنا میں تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو، اللہ یقیناً نہایت بردبار، معاف کرنے والا ہے۔☆

۴۵۔اور جب آپ قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور آخرت پر ایمان نہ لانے والوں کے درمیان ایک نامرئی پردہ حائل کر دیتے ہیں۔

۴۶۔ اور ہم ان کے دلوں پر پردے ڈال دیتے ہیں کہ وہ کچھ سمجھ ہی نہ سکیں اور ان کے کانوں میں سنگینی کر دیتے ہیں اور جب آپ قرآن میں اپنے یکتا رب کا ذکر کرتے ہیں تو وہ نفرت سے اپنی پیٹھ پھیر لیتے ہیں۔☆

۴۷۔ ہم خوب جانتے ہیں کہ جب یہ لوگ آپ کی طرف کان لگا کر سنتے ہیں تو کیا سنتے ہیں اور جب یہ لوگ سرگوشیاں کرتے ہیں تو یہ ظالم کہتے ہیں: تم (لوگ) تو ایک سحرزدہ آدمی کی پیروی کرتے ہو۔

۴۸۔ دیکھ لیں! ان لوگوں نے آپ کے بارے میں کس طرح کی مثالیں بنائی ہیں پس یہ گمراہ ہو چکے ہیں چنانچہ یہ کوئی راستہ نہیں پا سکتے۔☆

۴۹۔ اور وہ کہتے ہیں: کیا جب ہم ہڈیاں اور ریزہ ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم نئے سرے سے پیدا کر کے اٹھائے جائیں گے؟

۵۰۔ کہہ دیجیے: تم خواہ پتھر ہو جاؤ یا لوہا۔☆

۵۱۔ یا کوئی ایسی مخلوق جو تمہارے خیال میں بڑی ہو (پھر بھی تمہیں اٹھایا جائے گا) پس وہ پوچھیں گے: ہمیں دوبارہ کون واپس

ہوتا تو ان خداؤں کے ارادوں میں تصادم ہوتا اور نظم کائنات درہم برہم ہو جاتا۔ بعض مفسرین کی رائے کے مطابق اس آیت کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: تو وہ مالک عرش کے مقابلے میں آنے کی کوشش کرتے

۴۴۔تسبیح تنزیہ الٰہی بیان کرنے کو کہتے ہیں کہ اس کی ذات ہر نقص وعیب سے پاک ہے اور کائنات کی ہر چیز تسبیح کرتی ہے۔ تسبیح ارادے کے ساتھ تنزیہ کرنے کو کہتے ہیں۔ اس لیے آیت سے یہ بات بھی ضمناً ثابت ہو جاتی ہے کہ کائنات کی ہر چیز میں شعور ہے۔ قرآن میں ہدہد اور چیونٹی کے شعور کا ذکر ملتا ہے۔ سورۂ انبیاء آیت ۷۹ اور سورۃ ص آیت ۱۸ میں پہاڑوں کی تسبیح کا ذکر ہے۔ انسان اور باقی موجودات کے درجات شعور میں نمایاں فرق کی وجہ سے انسان اس شعور کا ادراک نہیں کر سکتا جو اپنے سے مختلف درجہ میں ہوتا ہے۔ لہٰذا ہر شے کی تسبیح سے زبان حال کو مراد لینا آیت کی ظاہری دلالت کے ساتھ سازگار نہیں ہے کہ قرآن کہے ان کی تسبیح کو تم سمجھتے نہیں اور ہم کہیں: ہم نے سمجھ لیا ہے اور اس سے مراد زبان حال ہے۔

۴۶۔ یہ آیت مکہ کے ان مشرکین کے بارے میں نازل ہوئی ہے، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رات کو تلاوت قرآن کرتے تھے اور خانہ کعبہ کے پاس نماز ادا فرماتے تھے تو وہ ان کو اذیت دیتے اور ان کو پتھر مارتے اور اسلام کی طرف لوگوں کو دعوت دینے میں حائل ہوتے تھے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے لطف وکرم فرمایا اور تلاوت قرآن کے وقت وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اذیت نہیں دے سکتے تھے۔ (مجمع البیان)

۴۷۔ابوسفیان، ابوجہل اور اخنس بن شریق رات کے وقت رسول اللہؐ کے گھر کے گرد ایک دوسرے سے بے خبر آپ کی تلاوت قرآن سنا کرتے تھے۔ جب وہ آپس میں باتیں کرتے تو کوئی کہتا: یہ دیوانہ ہے کوئی کہتا: یہ کاہن ہے اور کوئی کہتا: یہ شاطر ہے۔ اس سلسلے میں یہ آیت نازل ہوئی۔

۴۹ تا ۵۱۔مشرکین کہتے تھے: یہ کیسے ممکن ہے کہ انسان مر کر ہڈی اور خاک ہونے کے بعد دوبارہ زندہ ہو جائے؟ بوسیدہ ہڈی اور خاک، حیات سے بہت دور ہے۔ ان سے فرمایا: خاک کو تو حیات کے ساتھ ربط ہے۔ تم ایسی چیز فرض کرو جو تمہاری نظر

فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ فَسَيُنْغِضُوْنَ
اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى
هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ۝۵۱
يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ
وَتَظُنُّوْنَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ۝۵۲ ع ۵/۱۲/۵
وَقُلْ لِّعِبَادِيْ يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ
اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَنْزَغُ
بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ لِلْاِنْسَانِ
عَدُوًّا مُّبِيْنًا ۝۵۳
رَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ
يَرْحَمْكُمْ اَوْ اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ۝۵۴
وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ
النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا دَاوٗدَ
زَبُوْرًا ۝۵۵
قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ
فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَ
لَا تَحْوِيْلًا ۝۵۶
اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ يَبْتَغُوْنَ
اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ
وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ
عَذَابَهٗ ۭ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ

لائے گا؟ کہہ دیجیے: وہی جس نے تمہیں پہلی بار پیدا کیا، پس وہ آپ کے آگے سر ہلائیں گے اور کہیں گے: یہ کب ہو گا؟ کہہ دیجیے: ہو سکتا ہے وہ (وقت) قریب ہو۔☆

۵۲۔ جس دن وہ تمہیں بلائے گا تو تم اس کی ثنا کرتے ہوئے تعمیل کرو گے اور (اس وقت) تمہارا یہ گمان ہو گا کہ تم (دنیا میں) تھوڑی دیر رہ چکے ہو۔☆

۵۳۔ اور میرے بندوں سے کہہ دیجیے: وہ بات کرو جو بہترین ہو کیونکہ شیطان ان میں فساد ڈلواتا ہے، بتحقیق شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے۔☆

۵۴۔ تمہارا رب تمہارے حال سے زیادہ باخبر ہے، اگر وہ چاہے تو تم پر رحم کرے اور اگر چاہے تو تمہیں عذاب دے اور (اے رسول) ہم نے آپ کو ان کا ضامن بنا کر نہیں بھیجا۔☆

۵۵۔ اور (اے رسول) آپ کا رب آسمانوں اور زمین کی موجودات کو بہتر جانتا ہے اور بتحقیق ہم نے انبیاء میں سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے اور داؤد کو ہم نے زبور عطا کی ہے۔☆

۵۶۔ کہہ دیجیے: جنہیں تم اللہ کے سوا (اپنا معبود) سمجھتے ہو انہیں پکارو، پس وہ تم سے نہ کسی تکلیف کو دور کر سکتے ہیں اور نہ (ہی اسے) بدل سکتے ہیں۔

۵۷۔ جن (معبودوں) کو یہ پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب تک رسائی کے لیے وسیلہ تلاش کر رہے ہیں کہ ان میں کون زیادہ قریب ہو جائے اور وہ اس کی رحمت کی امید رکھتے ہیں اور اس کے عذاب سے خائف بھی، کیونکہ آپ کے رب کا عذاب

میں حیات سے بہت دور ہے۔ مثلاً پتھر اور لوہا جن میں روئیدگی کی صلاحیت نہیں ہے۔ اللہ ان کو بھی دوبارہ زندگی دے سکتا ہے۔ اس کا ایک عام فہم اور منطقی جواب یہ دیتا ہے کہ اس خاک کو دوبارہ زندگی وہی دے گا جس نے پہلی بار تم کو عدم سے وجود بخشا ہے۔ جو ایجاد پر قادر ہے، وہ اعادہ پر بھی قادر ہے۔

۵۲۔ منکرین معاد سے خطاب ہے: منکرو! جب قیامت کے دن تمہیں قبروں سے اٹھنے کے لیے کہا جائے گا تو اس وقت تمہارے پاس سوائے حمد و ستائش الٰہی کے کوئی جواب نہ ہو گا۔ قیامت کی ابدی زندگی کو سامنے دیکھ کر دنیوی زندگی کو تم نہایت حقیر سمجھو گے۔

۵۳۔ خوش گفتاری کا اپنا اثر ہے۔ ایک مناسب اور برمحل جملہ انسان کی تقدیر بدل کر رکھ سکتا ہے اور ایک نامناسب جملہ ایک بڑے فساد کا پیش خیمہ بن سکتا ہے۔ اچھی گفتگو سے محبت بڑھتی ہے اور بدکلامی سے دشمنی پیدا ہو جاتی ہے۔ آیت کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ شیطان انسانوں میں بدکلامی کے ذریعے فساد کا بیج بوتا ہے۔

۵۴۔ کسی کو گمراہ اور جہنمی قرار دینا یا کسی کو جنتی قرار دینا تمہارے دائرہ علم میں نہیں ہے۔ ممکن ہے جسے تم گمراہ سمجھتے ہو اس کا انجام ایمان پر ہو اور جسے تم بڑا مؤمن سمجھتے ہو اس کا انجام برا ہو، لہٰذا رحم اور عذاب اللہ کے علم اور مشیت کے ساتھ مربوط ہے۔

۵۵۔ مشرکین مکہ کے اس سوال کا جواب معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کو نبوت دینے کے لیے عبد اللہ کا یتیم ہی مل گیا۔ بھلا سابقہ انبیاء کہاں اور یہ یتیم کہاں۔ فرمایا: اللہ کی نگاہ پوری کائنات پر ہے، جب کسی پر اللہ کی نگاہ انتخاب پڑتی ہے تو انبیاء کو اسی بنیاد پر فضیلت دیتا ہے۔ یہاں حسن گفتار میں حضرت داود علیہ السلام کو فضیلت دی کہ ان کی تسبیح سے جمادات بھی متاثر ہوتے تھے اور پہاڑ بھی ان کے ساتھ تسبیح پڑھتے تھے۔

۵۷۔ جن کو یہ مشرکین وسیلہ بنا کر پکارتے ہیں وہ خود قرب الٰہی حاصل کرنے کے لیے ایسا وسیلہ تلاش کرتے ہیں جو اللہ کے زیادہ قریب ہو۔ قرب الٰہی حاصل کرنے کے لیے وسیلہ تلاش کرنا درست ہے۔ دیکھنا یہ ہے کہ کون سا وسیلہ اقرب ہے۔ جہاں عبادت اور انفاق وسیلہ ہیں وہاں جن ذوات مقدسہ نے عبادت کی رہنمائی کی ہے وہ بھی وسیلہ ہیں۔

مَحْذُوْرًا ﴿۵۷﴾

وَاِنْ مِّنْ قَرْیَةٍ اِلَّا نَحْنُ مُهْلِكُوْهَا قَبْلَ یَوْمِ الْقِیٰمَةِ اَوْ مُعَذِّبُوْهَا عَذَابًا شَدِیْدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ﴿۵۸﴾

وَمَا مَنَعَنَاۤ اَنْ نُّرْسِلَ بِالْاٰیٰتِ اِلَّاۤ اَنْ كَذَّبَ بِهَا الْاَوَّلُوْنَ ؕ وَاٰتَیْنَا ثَمُوْدَ النَّاقَةَ مُبْصِرَةً فَظَلَمُوْا بِهَا ؕ وَمَا نُرْسِلُ بِالْاٰیٰتِ اِلَّا تَخْوِیْفًا ﴿۵۹﴾

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْیَا الَّتِیْۤ اَرَیْنٰكَ اِلَّا فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ فِی الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا یَزِیْدُهُمْ اِلَّا طُغْیَانًا كَبِیْرًا ﴿۶۰﴾ ع ۶/۲

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْۤا اِلَّاۤ اِبْلِیْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ خَلَقْتَ طِیْنًا ﴿۶۱﴾

قَالَ اَرَءَیْتَكَ هٰذَا الَّذِیْ كَرَّمْتَ عَلَیَّ ۫ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّیَّتَهٗۤ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۶۲﴾

قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ مِنْهُمْ

یقیناً ڈرنے کی چیز ہے۔☆

۵۸۔اور کوئی بستی ایسی نہیں جسے ہم قیامت کے دن سے پہلے ہلاک نہ کریں یا سخت عذاب میں مبتلا نہ کریں، یہ بات کتاب (تقدیر) میں لکھی جا چکی ہے۔☆

۵۹۔اور نشانیاں بھیجنے سے ہمارے لیے کوئی مانع نہیں ہے سوائے اس کے کہ اس سے پہلے کے لوگوں نے اسے جھٹلایا ہے اور (مثلاً) ثمود کو ہم نے اونٹنی کی کھلی نشانی دی تو انہوں نے اس کے ساتھ ظلم کیا اور ہم ڈرانے کے لیے ہی نشانیاں بھیجتے ہیں۔☆

۶۰۔اور (اے رسول وہ وقت یاد کریں) جب ہم نے آپ سے کہا تھا کہ آپ کے رب نے لوگوں کو گھیر رکھا ہے اور جو خواب ہم نے آپ کو دکھلایا ہے اور وہ درخت جسے قرآن میں ملعون ٹھہرایا گیا ہے اسے ہم نے صرف لوگوں کی آزمائش قرار دیا اور ہم انہیں ڈراتے ہیں مگر یہ تو ان کی بڑی سرکشی میں اضافے کا سبب بنتا جاتا ہے۔☆

۶۱۔اور (یاد کریں) جب ہم نے فرشتوں سے کہا: آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، اس نے کہا: کیا میں اسے سجدہ کروں جسے تو نے مٹی سے پیدا کیا ہے؟

۶۲۔ پھر کہا: مجھے بتاؤ! یہی ہے وہ جسے تو نے مجھ پر فضیلت دی ہے؟ اگر تو نے مجھے قیامت کے دن تک مہلت دے دی تو قلیل تعداد کے سوا میں اس کی سب اولاد کی جڑیں ضرور کاٹ دوں گا۔

۶۳۔(اللہ تعالیٰ نے) فرمایا: دور ہو جا! ان

وسیلہ اقرب وہ ہے جس کی نشاندہی خود اللہ نے کی ہو۔

۵۸۔یعنی کوئی بستی ایسی نہ ہوگی جو اللہ کے عادلانہ قانون، قانون مکافات کی زد میں نہ آئے اور وہ ہلاکت یا عذاب شدید کی صورت میں وقوع پذیر ہوگا۔ہلاکت کو عذاب کے مقابلے میں ذکر کرنے کا مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ ہلاکت سے مراد طبعی موت ہے۔وہ ہلاکت نہیں ہے جو عذاب کی صورت میں آتی ہے۔اس لیے بعض کی یہ رائے ہے کہ ہلاکت (طبعی موت) اچھی بستیوں کے لیے ہے اور عذاب بری بستیوں کے لیے۔لیکن ہوسکتا ہے ہلاکت اور عذاب مکافات عمل کی دو صورتیں ہوں۔

فِی الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا: اس عالم ہستی کو اللہ تعالیٰ نے جس قانون اور دستور پر قائم کر رکھا ہے اس دستور کو لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ، کبھی كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ کہا ہے۔یعنی اس کائنات میں جو کچھ رونما ہوتا ہے وہ اس قانون اور اس تقدیر کے مطابق ہوتا ہے جس پر اس کائنات کا نظام قائم ہے، جو اللہ کے اس حتمی فیصلے سے عبارت ہے کہ ہر علت پر معلول کا ترتب ضروری ہے

۵۹۔کفار کی طرف سے تجویز شدہ معجزہ اس وقت دکھایا جاتا ہے جب ان کو تباہ کرنا مقصود ہو۔مکہ کے کفار کی طرف سے معجزہ کا مطالبہ درحقیقت اپنی تباہی کا مطالبہ تھا، جیسا کہ قوم ثمود کو معجزہ ناقہ دکھا کر تباہ کر دیا گیا، جبکہ مشیت الٰہی یہ رہی ہے کہ ان کو سمجھنے کی مہلت دی جائے۔

۶۰۔قرآن نے جن سلسلوں کو لعنت کا نشانہ بنایا ہے وہ تین ہیں: اہل کتاب، مشرکین اور منافقین۔رسولؐ کے خواب میں جس ملعون سلسلہ کو مسلمانوں کے لیے آزمائش قرار دیا گیا ہے، وہ اہل کتاب اور مشرکین نہیں ہو سکتے، کیونکہ یہ دونوں اسلام کے کھلے دشمن ہیں اور جن کی دشمنی کھلی ہوئی ہے وہ آزمائش نہیں ہوتے۔آزمائش وہ لوگ ہوتے ہیں جو حق کا لبادہ اوڑھے ہوتے ہیں یعنی منافقین۔ چنانچہ احادیث میں متعدد طرق سے وارد ہوا ہے کہ رسول اللہؐ نے خواب میں دیکھا کہ بندر آپؐ کے منبر پر اچھل کود کر رہے ہیں، جس کے بعد آپؐ بہت کم ہنسے۔چنانچہ حضرت سہل بن سعد، یعلی بن مرہ، سعید بن المسیب اور حضرت عائشہ کی روایت ہے کہ شجرہ ملعونہ سے مراد بنی امیہ ہیں۔ (درمنثور۔تفسیر کبیر رازی۔تفسیر قرطبی)

فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً
مَّوْفُوْرًا ﴿٦٣﴾
وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ مِنْهُمْ
بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ بِخَيْلِكَ
وَرَجِلِكَ وَشَارِكْهُمْ فِي الْاَمْوَالِ
وَالْاَوْلَادِ وَعِدْهُمْ ؕ وَمَا
يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿٦٤﴾
اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ
سُلْطٰنٌ ۚ وَكَفٰى بِرَبِّكَ وَكِيْلًا ﴿٦٥﴾
رَبُّكُمُ الَّذِيْ يُزْجِيْ لَكُمُ
الْفُلْكَ فِي الْبَحْرِ لِتَبْتَغُوْا مِنْ
فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا ﴿٦٦﴾
وَاِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِي الْبَحْرِ ضَلَّ
مَنْ تَدْعُوْنَ اِلَّآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا
نَجّٰىكُمْ اِلَى الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ ؕ وَ
كَانَ الْاِنْسَانُ كَفُوْرًا ﴿٦٧﴾
اَفَاَمِنْتُمْ اَنْ يَّخْسِفَ بِكُمْ جَانِبَ
الْبَرِّ اَوْ يُرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا
ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ وَكِيْلًا ﴿٦٨﴾
اَمْ اَمِنْتُمْ اَنْ يُّعِيْدَكُمْ فِيْهِ تَارَةً
اُخْرٰى فَيُرْسِلَ عَلَيْكُمْ قَاصِفًا
مِّنَ الرِّيْحِ فَيُغْرِقَكُمْ بِمَا
كَفَرْتُمْ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوْا لَكُمْ

میں سے جو کوئی تیری پیروی کرے گا تو تم سب کے لیے جہنم کی سزا ہی یقیناً مکمل سزا ہے۔

۶۴۔ اور ان میں سے تو جس جس کو اپنی آواز سے لغزش سے دوچار کر سکتا ہے کر اور اپنے سواروں اور پیادوں کے ساتھ ان پر چڑھائی کر دے اور ان کے اموال اور اولاد میں ان کا شریک بن جا اور انہیں (جھوٹے) وعدوں میں لگا رکھ اور شیطان سوائے دھوکے کے انہیں اور کوئی وعدہ نہیں دیتا۔☆

۶۵۔ میرے بندوں پر تیری کوئی بالادستی نہیں ہے اور آپ کا پروردگار ہی ضمانت کے لیے کافی ہے۔☆

۶۶۔ تمہارا پروردگار وہ ہے جو سمندر میں تمہارے لیے کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اس کا فضل (روزی) تلاش کرو، اللہ تم پر یقیناً نہایت مہربان ہے۔

۶۷۔ اور جب سمندر میں تمہیں کوئی حادثہ پیش آتا ہے تو سوائے اللہ کے جن جن کو تم پکارتے تھے وہ سب ناپید ہو جاتے ہیں پھر جب اللہ تمہیں خشکی کی طرف نجات دیتا ہے تو تم منہ موڑنے لگتے ہو اور انسان بڑا ہی ناشکرا ثابت ہوا ہے۔

۶۸۔ تو کیا تم اس بات سے خائف نہیں ہو کہ اللہ تمہیں خشکی کی طرف زمین میں دھنسا دے یا تم پر پتھر برسانے والی آندھی چلا دے، پھر تم اپنے لیے کوئی ضامن نہیں پاؤ گے۔☆

۶۹۔ آیا تمہیں اس بات کا خوف نہیں کہ اللہ تمہیں دوبارہ سمندر کی طرف لے جائے پھر تم پر تیز ہوا چلا دے پھر تمہارے کفر کی پاداش میں تمہیں غرق کر دے؟ پھر تمہیں اپنے لیے اس بات پر ہمارا پیچھا

امامیہ طرق سے زرارہ، حمران، محمد بن مسلم، معروف بن خربوذ، جعفی، قاسم بن سلیمان، یونس بن عبد الرحمٰن اور عبد الرحیم قیصر نے ائمہ اہل بیتؑ سے روایت کی ہے کہ شجرہ ملعونہ سے مراد بنی امیہ ہیں۔

۶۴۔ ایک جنگ ایک معرکہ جس میں ایک طرف شیطان اپنی سوار اور پیادہ فوج اور ساز و آواز کے ساتھ اولاد آدم پر حملہ آور ہے۔ اس حملے میں شیطان درج ذیل وسائل حرب بروئے کار لاتا ہے:

۱۔ آواز: حق کے مقابلے میں، ہر اس آواز کے ذریعے جس سے انسانی عقل مغلوب ہو جاتی ہے، ہر اٹھنے والی آواز کو جاذب، پرکشش بنانا اور اس پر آج کے ذرائع ابلاغ شاہد ہیں کہ سمعی ذرائع سے شیاطین کس قدر گمراہ کن افکار پھلاتے ہیں۔

۲۔ طاقت کا استعمال: وہ اپنے کارندوں کے ذریعے لوگوں کے عقل و حواس پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ بالکل ایک گرم معرکہ کی طرح جس میں دشمن اپنے سوار اور پیدل فوج دونوں کو جھونک دیتا ہے۔ ۳۔ اقتصادی حربے: اصولی طور پر انسان اپنے فائدے کے لیے مال کماتا ہے اور اولاد پالتا ہے، مگر جب انسان شیطان کے حملے کی زد میں آتا ہے تو اس سے شیطان زیادہ فائدہ اٹھاتا ہے۔ چنانچہ آج کے شیطانی معاشروں میں مال کا اکثر حصہ غیر انسانی امور پر خرچ ہوتا ہے۔

۴۔ نفسیاتی حربے: دلفریب وعدوں کے ذریعے انسان کو فریب دینا شیاطین کا خطرناک ترین ہتھیار ہے۔ وہ انسان سے دولتمندی جاہ و ریاست اور بالادستی کے پرکشش وعدے کرتے ہیں اور انسان سے احساس گناہ سلب کر کے گناہ کو ناچیز بنا کر پیش کرتے ہیں۔ کبھی گناہ کے بعد توبہ کا فریب دے کر گناہ کے ارتکاب پر، کبھی غلط توجیہات سے گناہ کا ارتکاب کرنے پر اکساتے ہیں۔

۶۵۔ یعنی شیاطین کے حربوں کے مقابلے میں مومن کے پاس عبودیت و بندگی کا اسلحہ موجود ہوتا ہے۔ یعنی جس قدر انسان اللہ کے نزدیک ہوتا ہے شیطان سے دور ہوتا ہے۔ اللہ کے نزدیک ہونے کا راستہ اس کی بندگی ہے۔

۶۸۔ ۶۹ انسان کا ملاً اللہ کے قبضہ قدرت میں ہے۔ دریا میں ہو یا خشکی میں، اس کے لیے اللہ کی گرفت سے بچ نکلنا ممکن نہیں ہے۔ خشکی میں اگر وہ زمین میں دھنس جائے اور آندھی میں گھر جائے اور سمندر کی لہروں میں پھنس جائے تو اللہ کے علاوہ اسے بچانے والا کوئی نہیں ہے، کیونکہ ان تمام چیزوں پر

عَلَيْنَا بِهٖ تَبِيْعًا ﴿٦٩﴾

وَلَقَدْ كَرَّمْنَا بَنِيْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰهُمْ
فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ
الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ
مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا ﴿٧٠﴾ ع

يَوْمَ نَدْعُوْا كُلَّ اُنَاسٍۢ بِاِمَامِهِمْ ۚ
فَمَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ فَاُولٰٓئِكَ
يَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَلَا يُظْلَمُوْنَ
فَتِيْلًا ﴿٧١﴾

وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي
الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٧٢﴾

وَاِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ
الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ
عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ
خَلِيْلًا ﴿٧٣﴾

وَلَوْلَآ اَنْ ثَبَّتْنٰكَ لَقَدْ كِدْتَّ
تَرْكَنُ اِلَيْهِمْ شَيْـًٔا قَلِيْلًا ﴿٧٤﴾

اِذًا لَّاَذَقْنٰكَ ضِعْفَ الْحَيٰوةِ وَ
ضِعْفَ الْمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ
عَلَيْنَا نَصِيْرًا ﴿٧٥﴾

وَاِنْ كَادُوْا لَيَسْتَفِزُّوْنَكَ مِنَ
الْاَرْضِ لِيُخْرِجُوْكَ مِنْهَا وَاِذًا
لَّا يَلْبَثُوْنَ خِلٰفَكَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٧٦﴾

کرنے والا کوئی نہ ملے گا۔☆

۷۰۔ اور بتحقیق ہم نے اولاد آدم کو عزت و تکریم سے نوازا اور ہم نے انہیں خشکی اور سمندر میں سواری دی اور انہیں پاکیزہ چیزوں سے روزی عطا کی اور اپنی بہت سی مخلوقات پر انہیں بڑی فضیلت دی۔☆

۷۱۔ قیامت کے دن ہم ہر گروہ کو اس کے پیشوا کے ساتھ بلائیں گے پھر جن کا نامہ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا پس وہ اپنا نامہ اعمال پڑھیں گے اور ان پر ذرہ برابر ظلم نہ ہوگا۔☆

۷۲۔ اور جو شخص اس دنیا میں اندھا رہا وہ آخرت میں بھی اندھا ہی رہے گا بلکہ (اندھے سے بھی) زیادہ گمراہ ہوگا۔☆

۷۳۔ اور (اے رسول) یہ لوگ آپ کو اس وحی سے منحرف کرنے کی کوشش کر رہے تھے جو ہم نے آپ کی طرف بھیجی ہے تاکہ آپ (وحی سے ہٹ کر) کوئی اور بات گھڑ کر ہماری طرف منسوب کریں اس صورت میں وہ ضرور آپ کو دوست بنا لیتے۔

۷۴۔ اور اگر ہم آپ کو ثابت قدم نہ رکھتے تو بلاشبہ آپ کچھ نہ کچھ ان کی طرف مائل ہو جاتے۔☆

۷۵۔ اس صورت میں ہم آپ کو زندگی میں بھی دوہرا عذاب اور آخرت میں بھی دوہرا عذاب چکھا دیتے پھر آپ ہمارے مقابلے میں کوئی مددگار نہ پاتے۔

۷۶۔ اور قریب تھا کہ یہ لوگ آپ کے قدم اس سرزمین سے اکھاڑ دیں تاکہ آپ کو یہاں سے نکال دیں اور اگر یہ ایسا کریں گے تو آپ کے بعد یہ زیادہ دیر یہاں نہیں ٹھہر سکیں گے۔☆

اللہ کی حکومت ہے اور اللہ کی حکومت سے فرار ممکن نہیں ہے۔

۷۰۔ انسان کو عزت و تکریم سے اس طرح سے نوازا گیا ہے کہ اللہ نے کائنات کی ہر چیز کو انسان کے لیے مسخر کیا ہے، جبکہ انسان کو کسی اور مخلوق کے لیے مسخر نہیں کیا نیز انسان میں ارتقائی صلاحیت ودیعت فرمائی، دوسری مخلوقات میں نہیں۔ چنانچہ جانور آج ایٹمی دور میں بھی اسی طرح چرتے ہیں جس طرح وہ تخلیق کے ابتدائی دور میں چرتے تھے۔

۷۱۔۷۲ اس آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہر زمانے میں امام حق اور امام باطل دونوں موجود ہوتے ہیں۔ جہاں باطل کی طرف دعوت دینے والے امام شیطان اور اس کے ہمنوا ہوتے ہیں، وہاں حق کی طرف دعوت دے کر لوگوں پر حجت پوری کرنے والے امام کا وجود بھی ضروری ہے۔ چنانچہ امام حق کے ساتھ محشور ہونے والوں کو ان کا نامہ اعمال سیدھے ہاتھ میں دیا جائے گا۔ انتخاب امام اور حق کی پیروی کے مسئلے میں جو لوگ دنیا میں اندھے ہوں گے وہ آخرت میں بھی اندھے رہیں گے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: کیا تم اللہ کی حمد و ثنا بجا نہیں لاتے کہ جب قیامت کے دن اللہ ہر قوم کو اس شخص کے ساتھ بلائے گا جس کی پیشوائی اس نے قبول کی ہوگی تو ہمیں رسول اللہؐ کے ساتھ پکارے گا تو تم ہماری پناہ میں آؤ گے؟ تمہارا کیا خیال ہے کہ تم کدھر لے جائے جاؤ گے؟ رب کعبہ کی قسم! جنت کی طرف۔ اس جملہ کو امامؑ نے تین مرتبہ دہرایا۔ (مجمع البیان)

۷۴۔ یہ آیت عصمت رسولؐ پر دلالت کرتی ہے کیونکہ فرمایا: اگر اللہ رسولؐ کو ثابت قدم نہ رکھتا تو بعید نہ تھا کہ ان کی طرف کچھ نہ کچھ جھک جاتے۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ اب چونکہ اللہ نے آپ کو ثابت قدم رکھا ہے تو ان کی طرف جھکنا بعید ہے۔

۷۶۔ قرآن کی یہ پیشین گوئی چند سالوں کے اندر صحیح ثابت ہوگئی۔ چنانچہ اس سورے کے نزول کے صرف ایک سال کے بعد رسول کریمؐ کو مکہ سے نکل جانے پر مجبور کیا گیا اور ابھی آٹھ سال کا عرصہ نہیں گزرا تھا کہ آپ فاتحانہ مکہ میں داخل ہوئے اور اس کے بعد ایک مختصر عرصہ میں جزیرہ عرب مشرکین سے پاک ہوگیا۔

سُنَّةَ مَنْ قَدْ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنْ
ع ٨ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا تَحْوِيْلًا ﴿٧٧﴾
اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ اِلٰى
غَسَقِ الَّيْلِ وَقُرْاٰنَ الْفَجْرِ ؕ اِنَّ
قُرْاٰنَ الْفَجْرِ كَانَ مَشْهُوْدًا ﴿٧٨﴾
وَمِنَ الَّيْلِ فَتَهَجَّدْ بِهٖ نَافِلَةً لَّكَ ۖ
عَسٰٓى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا
مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾
وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ
صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ
صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ
سُلْطٰنًا نَّصِيْرًا ﴿٨٠﴾
وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ
اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ﴿٨١﴾
وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ
وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ
الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿٨٢﴾
وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ
اَعْرَضَ وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ
الشَّرُّ كَانَ يَـُٔوْسًا ﴿٨٣﴾
قُلْ كُلٌّ يَّعْمَلُ عَلٰى شَاكِلَتِهٖ ؕ
فَرَبُّكُمْ اَعْلَمُ بِمَنْ هُوَ اَهْدٰى
ع ٩ سَبِيْلًا ﴿٨٤﴾

۷۷۔ یہ ہمارا دستور ہے جو ان تمام رسولوں کے ساتھ رہا ہے جنہیں ہم نے آپ سے پہلے بھیجا تھا اور آپ ہمارے دستور میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔

۷۸۔ زوال آفتاب سے لے کر رات کے اندھیرے تک (ظہر، عصر، مغرب و عشاء کی) نماز قائم کرو اور فجر کی نماز بھی کیونکہ فجر کی نماز (ملائکہ کے) حضور کا وقت ہے۔☆

۷۹۔ اور رات کا کچھ حصہ قرآن کے ساتھ بیداری میں گزارو، یہ ایک زائد (عمل) صرف آپ کے لیے ہے، امید ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقام محمود پر فائز کرے گا۔☆

۸۰۔ اور یوں کہیے: پروردگارا! تو مجھے (ہر مرحلہ میں) سچائی کے ساتھ داخل کر اور سچائی کے ساتھ (اس سے) نکال اور اپنے ہاں سے مجھے ایک قوت عطا فرما جو مددگار ثابت ہو۔

۸۱۔ اور کہہ دیجیے: حق آ گیا اور باطل مٹ گیا، باطل کو تو یقیناً مٹنا ہی تھا۔☆

۸۲۔ اور ہم قرآن میں سے ایسی چیز نازل کرتے ہیں جو مومنین کے لیے تو شفا اور رحمت ہے لیکن ظالموں کے لیے تو صرف خسارے میں اضافہ کرتی ہے۔☆

۸۳۔ اور جب ہم انسان کو نعمتوں سے نوازتے ہیں تو وہ روگردانی کرتا ہے اور اپنی کروٹ پھیر لیتا ہے اور جب اس پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ مایوس ہو جاتا ہے۔

۸۴۔ کہہ دیجیے: ہر شخص اپنے مزاج و طبیعت کے مطابق عمل کرتا ہے، پس تمہارا رب بہتر علم رکھتا ہے کہ کون بہترین راہ ہدایت پر ہے۔☆

۷۸۔ یعنی زوال آفتاب سے لے کر رات کی تاریکی تک چار نمازوں کا وقت ہے۔ چنانچہ حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت کی گئی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: لِدُلُوْكِ الشَّمْسِ یعنی زوال آفتاب غَسَقِ الَّيْلِ یعنی نصف شب تک یہ چار نمازیں ہیں جن کے اوقات کا رسول اللہؐ نے تعین فرمایا اور قُرْاٰنَ الْفَجْرِ سے مراد صبح کی نماز ہے۔

نماز فجر کے بارے میں فرمایا: صبح کی نماز مشاہدہ میں آتی ہے۔ حدیث میں آیا ہے کہ نماز صبح کو مشہود اس لیے کہا ہے کہ تَشْهَدُهُ مَلَائِكَةُ اللَّيْلِ وَ مَلَائِكَةُ النَّهَارِ۔ رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔ (الکافی ۳:۲۸۳)

فقہ جعفری کے مطابق اوقات نماز اس طرح ہیں کہ زوال کی ابتدا ظہر کے ساتھ مخصوص ہے اور دن کا آخری حصہ عصر کے ساتھ مخصوص اور درمیانی وقت دونوں میں مشترک ہے نیز غروب کی ابتدا مغرب کے ساتھ مخصوص اور نصف شب کا آخری حصہ عشاء کے ساتھ مخصوص ہے اور درمیانی وقت دونوں میں مشترک ہے۔

۷۹۔ تہجد نیند توڑنے کے معنوں میں ہے۔ یعنی رات کے آخری حصے میں نماز پڑھنے کو تہجد کہتے ہیں۔ نافلہ کے معنی ہیں فرض سے زائد یعنی یہ نماز پانچ نمازوں سے زائد ہے۔

حدیث میں آیا ہے: تین چیزیں مؤمن کے لیے باعث افتخار اور دنیا و آخرت کی زینت ہیں۔ آخر شب کی نماز، لوگوں کے مال سے بے نیازی اور آل محمدؐ میں سے امام کی ولایت میں اطاعت۔ (الکافی ۸:۲۳۴)

۸۱۔ یہ اعلان مکی زندگی کے نہایت سنگین مظالم کے سائے میں ہو رہا ہے، جب ان مظالم سے تنگ آ کر کچھ مسلمان حبشہ کی طرف ہجرت کرنے پر مجبور ہوئے اور بظاہر کامیابی کے آثار نظر نہیں آ رہے تھے۔ زیادہ عرصہ نہیں گزرا کہ اسی مکہ میں حضورؐ بتوں پر ضرب لگا رہے تھے اور اسی آیت کی تلاوت کر رہے تھے: وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ۔

۸۲۔ قرآن پہلے اخلاقی بیماریوں کو شفا دیتا اور انسانی نفس کو جلا بخشتا ہے نیز رذائل سے پاک کر دیتا ہے، اس کے بعد انسان کو رحمت الٰہی کا اہل بنا دیتا ہے اور اس اہلیت کے نہ ہونے کی وجہ سے یہی قرآن ظالم لوگوں کے لیے رحمت کی جگہ خسارے کا سبب بن جاتا ہے۔

۸۴۔ ہر شخص اپنے مزاج و طبیعت کے مطابق کام کرتا

وَ يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الرُّوْحِ ؕ قُلِ
الرُّوْحُ مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ وَمَآ اُوْتِيْتُمْ
مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾
وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ
اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ
عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾
اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّ فَضْلَهٗ
كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾
قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ
الْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا
الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ
بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ﴿۸۸﴾
وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا
الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۫ فَاَبٰٓى
اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾
وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ
لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾
اَوْ تَكُوْنَ لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ
عِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا
تَفْجِيْرًا ﴿۹۱﴾
اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ
عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ
وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ﴿۹۲﴾

۸۵۔ اور لوگ آپ سے روح کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: روح میرے رب کے امر سے متعلق (ایک راز) ہے اور تمہیں تو بہت کم علم دیا گیا ہے۔☆

۸۶۔ اور اگر ہم چاہیں تو ہم نے جو کچھ آپ کی طرف وحی کی ہے وہ سب سلب کر لیں، پھر آپ کو ہمارے مقابلے میں کوئی حمایتی نہیں ملے گا۔☆

۸۷۔ سوائے آپ کے رب کی رحمت کے، آپ پر یقیناً اس کا بڑا فضل ہے۔

۸۸۔ کہہ دیجیے: اگر انسان اور جن سب مل کر اس قرآن کی مثل لانے کی کوشش کریں تو وہ اس کی مثل لا نہیں سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کا ہاتھ بٹائیں۔

۸۹۔ اور بتحقیق ہم نے اس قرآن میں ہر مضمون کو لوگوں کے لیے مختلف انداز میں بیان کیا ہے لیکن اکثر لوگ کفر پر ڈٹ گئے۔

۹۰۔ اور کہنے لگے: ہم آپ پر ایمان نہیں لاتے جب تک آپ ہمارے لیے زمین کو شگافتہ کر کے ایک چشمہ جاری نہ کریں۔

۹۱۔ یا آپ کے لیے کھجوروں اور انگوروں کا ایسا باغ ہو جس کے درمیان آپ نہریں جاری کریں۔

۹۲۔ یا آپ آسمان کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہم پر گرا دیں جیسا کہ خود آپ کا زعم ہے یا خود اللہ اور فرشتوں کو سامنے لے آئیں۔

ہے، اسے بدلنا اگرچہ مشکل ہے، تاہم ناممکن نہیں ہے۔ انسانی جین (gene) میں وہ بنیادی نقشہ ہوتا ہے جس پر آگے چل کر اس کی شخصیت کی عمارت استوار ہوتی ہے۔ آگے جو کچھ بننا ہے، وہ اس جین میں کمپیوٹر کے ایک کوڈ کی طرح ملفوف ہوتا ہے۔

۸۵۔ روح: اس حقیقت کا نام ہے جس سے حیات کی بنیاد پڑتی ہے۔ اسی سے علم اور ہدایت کو بھی روح کہتے جن سے حیات مزید فعال ہو جاتی ہے۔ چنانچہ قرآن اور وحی کو روح کہا گیا ہے۔
سوال حقیقت حیات سے ہے، جو ابھی تک انسان کے لیے ایک سربستہ راز ہے۔
جواب میں اس راز سے پردہ نہیں اٹھایا، بلکہ اجمالاً فرمایا کہ یہ عالم امری سے متعلق ہے۔ ممکن ہے عالم خلقی کی باتیں قابل وصف و بیان ہوں، کیونکہ یہ علل واسباب کے تحت ہوتے ہیں جب کہ عالم امری، کن فیکونی ہوتا ہے۔ اس کی علت بس ارادہ الٰہی ہے۔
تاہم سائنسدانوں کو اس سلسلے میں کچھ پیشرفت حاصل ہوئی ہے۔ چنانچہ ۲۶ مارچ، ۲۰۰۰ء کو ایک عظیم انکشاف کا اہم ترین دن قرار دیا گیا او دعویٰ کیا گیا کہ اس روز سینہ کائنات میں پوشیدہ ایک راز، رازِ حیات سے پردہ اٹھ گیا اور انسانی D.N.A میں موجود تین ارب سالموں کی منظم ترتیب کے ذریعے جینیاتی کوڈ کا معمہ حل ہو گیا۔ اس انکشاف سے یہ بات واضح ہو گئی کہ تمام زندہ موجودات کے لیے جبلتی ہدایات اللہ تعالیٰ نے خلیات (cells) کے مرکزی حصے D.N.A میں ودیعت فرمائی ہیں جو تین ارب چھوٹے سالموں پر مشتمل ہے اور حیات کا راز انہی سالموں اور ان کی منظم ترتیب میں پوشیدہ ہے۔ تفصیل کے لیے ہماری تفسیر کا مطالعہ فرمائیں۔

۸۶۔ ربط کلام اس طرح ہو سکتا ہے کہ تمہیں تو بہت کم علم دیا گیا ہے اور اے رسولؐ آپ کو وحی کے ذریعے جو کچھ دیا گیا ہے اس پر بھی آپ کی گرفت نہیں ہے۔ ہم اگر چاہیں تو جو کچھ آپ کو وحی کے ذریعے علم دیا گیا ہے وہ سب سلب کر سکتے ہیں اور اگر ہم سلب کرنے پر آئیں تو ہمارے مقابلے میں کوئی حمایتی نہیں ملے گا کہ سلب کرنے نہ دے۔
اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ صرف آپ کے پروردگار کی رحمت ہے جو اس جگہ آپ کے کام آ سکتی ہے۔ عملاً نہ اللہ اس علم کو آپؐ سے سلب کرے گا، نہ آپؐ

اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ
زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى فِي السَّمَآءِ ۭ
وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ
عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ۭ قُلْ سُبْحَانَ
رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا
رَّسُوْلًا ﴿٩٣﴾ ع
وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ
جَاۗءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا
اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿٩٤﴾
قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ مَلٰۗىِٕكَةٌ
يَّمْشُوْنَ مُطْمَىِٕنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا
عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا ﴿٩٥﴾
قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ وَ
بَيْنَكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرًۢا
بَصِيْرًا ﴿٩٦﴾
وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ
يُّضْلِلْ فَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ اَوْلِيَاۗءَ مِنْ
دُوْنِهٖ ۭ وَنَحْشُرُهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
عَلٰي وُجُوْهِهِمْ عُمْيًا وَّبُكْمًا وَّ
صُمًّا ۭ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ۭ كُلَّمَا
خَبَتْ زِدْنٰهُمْ سَعِيْرًا ﴿٩٧﴾ النصف
ذٰلِكَ جَزَاۗؤُهُمْ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا
بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّ

۹۳۔ یا آپ کے لیے سونے کا ایک گھر ہو یا آپ آسمان پر چڑھ جائیں اور ہم آپ کے چڑھنے کو بھی نہیں مانیں گے جب تک آپ ہمارے لیے ایسی کتاب اپنے ساتھ اتار نہ لائیں جسے ہم پڑھیں، کہہ دیجیے: پاک ہے میرا رب، میں تو صرف پیغام پہنچانے والا انسان ہوں۔☆

۹۴۔ اور جب لوگوں کے پاس ہدایت آ گئی تو اس پر ایمان لانے میں اور کوئی چیز مانع نہیں ہوئی سوائے اس کے کہ وہ کہتے تھے: کیا اللہ نے ایک بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے؟

۹۵۔ کہہ دیجیے: اگر زمین میں فرشتے اطمینان سے چلتے پھرتے بس رہے ہوتے تو ہم آسمان سے ایک فرشتے کو رسول بنا کر ان پر نازل کرتے۔☆

۹۶۔ کہہ دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان گواہی کے لیے اللہ کافی ہے، وہی اپنے بندوں کا حال یقیناً خوب جانتا اور دیکھتا ہے۔☆

۹۷۔ اور ہدایت یافتہ وہ ہے جس کی اللہ ہدایت کرے اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو آپ اللہ کے سوا ان کا کوئی کارساز نہیں پائیں گے اور قیامت کے دن ہم انہیں اوندھے منہ اندھے اور گونگے اور بہرے بنا کر اٹھائیں گے، ان کا ٹھکانا جہنم ہو گا، جب آگ فرو ہونے لگے گی تو ہم اسے ان پر اور بھڑکائیں گے۔☆

۹۸۔ یہ ان کے لیے اس بات کا بدلہ ہے کہ انہوں نے ہماری نشانیوں کا انکار کیا اور کہا: کیا جب ہم ہڈیاں اور خاک ہو

کو رحمت رب کے سوا کسی اور حمایتی کی ضرورت ہے۔
اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا: آپ پر یقیناً اللہ کا بڑا فضل ہے جس پر اللہ کا بڑا فضل ہے، اس سے یہ فضل سلب نہیں ہو سکتا۔

۹۳۔ پیغام لانے والے انسان کی ذمہ داری دلیل و حجت کے ساتھ پیغام پہنچانا ہے، نہ یہ کہ شعبدہ بازوں کی طرح ہر ایک کے مطالبے پر روزانہ معجزات کا مظاہرہ کرتا رہے۔

۹۴۔۹۵ بے علم لوگوں کے لیے یہ بات قابل فہم نہیں ہے کہ انسان اللہ کا نمایندہ کیسے ہو سکتا ہے، خاص کر بت پرستوں کا تو عقیدہ ہی انکار نبوت پر مبنی ہے۔ ان کے خیال میں نبوت اور انسان ناقابل جمع ہیں۔ وہ انسان کے مقام والا سے بے خبر ہیں۔ انہیں علم نہیں کہ اس کائنات میں انسان اشرف مخلوقات کے مقام اور معلم ملائکہ کی منزلت پر فائز ہے۔
جواب میں فرمایا: زمین جس طرح انسان کے لیے نہایت سازگار جگہ ہے، اسی طرح اگر فرشتے بھی یہاں اسی سازگاری اور اطمینان سے رہ رہے ہوتے تو ہم ان کی طرف کسی فرشتے کو رسول بنا کر بھیجتے۔ اب یہاں انسان نہایت سازگاری کے ساتھ رہ رہا ہے، اس لیے ان انسانوں کے لیے انسان ہی رہنما اور مشعل راہ بن سکتا ہے، کیونکہ ہدایت کا تعلق قول و فعل دونوں سے ہے۔ ہادی اگر عمل میں شریک نہیں ہے تو تعلیم و تربیت کے اصولوں کی تطبیق اور سیرت و کردار کی مثال کون پیش کرے گا۔ چنانچہ اسی مطلب کو اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (احزاب:۲۱)

۹۶۔ حجت پوری ہو گئی، دلیل و برہان میں کوئی کمی نہیں رہی حق کی دعوت دلیل کے ساتھ ان تک پہنچا دی گئی، لیکن وہ حق کے واضح ہونے کے باوجود اپنے عناد اور ہٹ دھرمی پر قائم ہیں تو کہہ دیجیے: اس معاملے کو اپنے مالک حقیقی کے پاس لے جاتے ہیں، وہی میرے اور تمہارے درمیان فیصلہ کرے گا، چونکہ وہ میرے اعمال اور تمہارے عناد، سب کا شاہد اور گواہ ہے۔

۹۷۔ حقیقی ہدایت وہی ہے جو ہدایت کے سرچشمہ اللہ کی جانب سے ہو اور جو اس سرچشمہ سے فیض حاصل کرتا ہے وہی فیضیاب ہے اور جسے اللہ ہدایت سے محروم کر دے تو وہ گمراہی کی اتھاہ گہرائی میں منہ کے بل گرنے لگے گا تو کون ہے جو اس کا ہاتھ پکڑ لے۔ واضح رہے اللہ کسی کو از خود گمراہی میں نہیں ڈالتا، بلکہ جو لوگ اللہ کی ہدایت کو قبول نہیں کرتے اور اللہ کی رحمت کے لیے اپنے اندر ظرفیت پیدا

رُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا
جَدِيْدًا ﴿۹۸﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنْ
يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ وَجَعَلَ لَهُمْ اَجَلًا
لَّا رَيْبَ فِيْهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوْنَ اِلَّا
كُفُوْرًا ﴿۹۹﴾
قُلْ لَّوْ اَنْتُمْ تَمْلِكُوْنَ خَزَآئِنَ
رَحْمَةِ رَبِّیْٓ اِذًا لَّاَمْسَكْتُمْ
خَشْيَةَ الْاِنْفَاقِ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ
ع ۱۱ قَتُوْرًا ﴿۱۰۰﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى تِسْعَ اٰيٰتٍ
بَيِّنٰتٍ فَسْـَٔلْ بَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِذْ
جَآءَهُمْ فَقَالَ لَهٗ فِرْعَوْنُ اِنِّیْ
لَاَظُنُّكَ يٰمُوْسٰى مَسْحُوْرًا ﴿۱۰۱﴾
قَالَ لَقَدْ عَلِمْتَ مَآ اَنْزَلَ هٰٓؤُلَآءِ
اِلَّا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
بَصَآئِرَ ۚ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ يٰفِرْعَوْنُ
مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾
فَاَرَادَ اَنْ يَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ
الْاَرْضِ فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ
جَمِيْعًا ﴿۱۰۳﴾
وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْٓ اِسْرَآءِيْلَ

جائیں گے تو کیا پھر ہم نئے سرے سے خلق کر کے اٹھائے جائیں گے؟

۹۹۔ کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو خلق کیا ہے وہ ان جیسوں کو پیدا کرنے پر قادر ہے؟ اور اس نے ان کے لیے ایک وقت مقرر کر رکھا ہے جس کے آنے میں کوئی شک نہیں لیکن ظالم لوگ انکار پر تلے ہوئے ہیں۔☆

۱۰۰۔ کہہ دیجیے: اگر تم میرے رب کی رحمت کے خزانوں پر اختیار رکھتے تو تم خرچ کے خوف سے انہیں روک لیتے اور انسان بہت (تنگ دل) واقع ہوا ہے۔☆

۱۰۱۔ اور بتحقیق ہم نے موسیٰ کو نو (۹) واضح نشانیاں دی تھیں یہ بات خود بنی اسرائیل سے پوچھ لیجیے، جب موسیٰ ان کے پاس آئے تو فرعون نے ان (موسیٰ) سے کہا: اے موسیٰ! میرا خیال ہے کہ تم سحرزدہ ہو گئے ہو۔☆

۱۰۲۔ موسیٰ نے کہا: (اے فرعون دل میں) تو یقیناً جانتا ہے کہ ان نشانیوں کو آسمانوں اور زمین کے پروردگار نے ہی بصیرت افروز بنا کر نازل کیا ہے اور اے فرعون! میرا خیال ہے کہ تو ہلاک ہو جائے گا۔

۱۰۳۔ پس فرعون نے ارادہ کر لیا تھا کہ انہیں زمین سے ہٹا دے مگر ہم نے اسے اور اس کے ساتھیوں کو ایک ہی ساتھ غرق کر دیا۔

۱۰۴۔ اور اس کے بعد ہم نے بنی اسرائیل سے کہا: تم اس سرزمین میں سکونت اختیار

نہیں کرتے، ان سے اللہ اپنی رحمت روک لیتا ہے۔ اس صورت کا لازمی نتیجہ گمراہی ہے۔

۹۹۔ منکرین قیامت کے جواب میں فرمایا: جس ذات نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ ان کے مثل بنانے پر قادر ہے۔ چنانچہ دوسری جگہ فرمایا: لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ ۔(المومن: ۵۷) یعنی آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا انسانوں کے خلق کرنے سے زیادہ بڑا کام ہے۔ آسمانوں اور زمین میں ہمیشہ شکست و ریخت اور تجدید خلق کا سلسلہ جاری ہے: كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ۔ وہ ہر روز کرشمہ سازی میں مصروف ہے۔ مشرکین کے لیے جو نا قابل فہم بات تھی وہ جسم کا اعادۂ خلق ہے۔ اس لیے فرمایا: اس جسم کی مثل بنانے پر اللہ قادر ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عین یہی جسم دوبارہ پیدا نہیں کیا جائے گا۔ چونکہ یہ جسم تو دنیا میں ہر سات سال بعد بدل کر کاربن کی صورت میں فضا میں منحل ہوتا رہتا ہے اور ہر سات سال بعد اللہ تعالیٰ قدیم جسم کی مثل خلق فرماتا رہتا ہے اور نفس کے اعتبار سے عیناً وہی انسان ہوگا جو دنیا میں ہے چونکہ نفس کے لیے فنا نہیں۔

۱۰۰۔ لوگوں پر بخل و کنجوسی کی خصلت جب غالب آ جاتی ہے تو وہ کسی کو کشائش میں نہیں دیکھ سکتے۔ کسی پر اللہ کا فضل و رحمت ہو جائے تو جل مرتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو اگر اللہ کے ختم نہ ہونے والے خزانوں کا مالک بنایا جائے تو بھی وہ خرچ نہیں کر پائیں گے۔ یہ اشارہ ان مشرکین کی طرف ہے جو صرف از راہ حسد و بخالت رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کو تسلیم نہیں کرتے تھے۔ چنانچہ ابوجہل نے کئی بار اس بات کا اظہار کیا کہ محمدؐ لوگوں پر افترا نہیں باندھتا، وہ اللہ پر افترا کیسے باندھ سکتا ہے۔ تاہم ہمارے لیے ممکن نہیں کہ ہم محمدؐ کی نبوت کو قبول کر کے اس کی برتری قبول کریں۔

۱۰۱۔ مکہ کے مشرکین کو معجزات کے مطالبے کا جواب دیا جا رہا ہے کہ جو لوگ ایمان کی خاطر نہیں صرف بہانہ جوئی کے لیے معجزات کا مطالبہ کرتے ہیں وہ معجزوں سے بھی ایمان نہیں لائیں گے۔ جیسا کہ فرعون کی مثال سامنے ہے اور بنی اسرائیل سے اس کی تصدیق لے سکتے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف سے ایک دو نہیں نو (۹) معجزے دکھانے کے بعد ایمان لانے کی جگہ حضرت موسیٰ کو سحر زدہ قرار دیا۔ اگرچہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے معجزے نو سے زیادہ ہیں لیکن یہاں ان معجزوں

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ
الْاٰخِرَةِ جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ﴿١٠٤﴾
وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَ
وقف لازم مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿١٠٥﴾
وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ
عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ﴿١٠٦﴾
قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا
يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ
سُجَّدًا ﴿١٠٧﴾۩
وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ كَانَ
وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا ﴿١٠٨﴾
وَيَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَ
السجدة يَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا ﴿١٠٩﴾۩
قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ
اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ
الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَ
لَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ
سَبِيْلًا ﴿١١٠﴾
وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ
يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ
وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ

کرو پھر جب آخرت کا وعدہ آ جائے گا تو ہم تم سب کو ایک ساتھ لے آئیں گے۔

۱۰۵۔ اور اس قرآن کو ہم نے حق کے ساتھ نازل کیا ہے اور اسی حق کے ساتھ یہ نازل ہوا ہے اور (اے رسول) ہم نے آپ کو صرف بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔

۱۰۶۔ اور قرآن کو ہم نے جدا جدا رکھا ہے تاکہ آپ اسے ٹھہر ٹھہر کر لوگوں کو پڑھ کر سنائیں اور ہم نے اسے بتدریج نازل کیا ہے۔ ☆

۱۰۷۔ کہہ دیجیے: تم خواہ اس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، اس سے پہلے جنہیں علم دیا گیا ہے جب یہ پڑھ کر انہیں سنایا جاتا ہے تو یقیناً وہ ٹھوڑیوں کے بل سجدے میں گر پڑتے ہیں۔ ☆

۱۰۸۔ اور کہتے ہیں: پاک ہے ہمارا پروردگار اور ہمارے پروردگار کا وعدہ پورا ہوا۔ ☆

۱۰۹۔ اور وہ ٹھوڑیوں کے بل گرتے ہیں اور روتے جاتے ہیں اور اللہ ان کا خشوع مزید بڑھا دیتا ہے۔

۱۱۰۔ کہہ دیجیے: اللہ کہہ کر پکارو یا رحمٰن کہہ کر پکارو، جس نام سے بھی پکارو اس کے سب نام اچھے ہیں اور آپ اپنی نماز نہ بلند آواز سے پڑھیں، نہ بہت آہستہ بلکہ درمیانی راستہ اختیار کریں۔ ☆

۱۱۱۔ اور کہہ دیجیے: ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے نہ کسی کو بیٹا بنایا اور نہ اس کی بادشاہی میں کوئی شریک ہے اور نہ وہ ناتواں ہے کہ کوئی اس کی سرپرستی کرے

کا ذکر ہے جو فرعون کو حجت تمام کرنے کے لیے پیش کیے۔

۱۰۶۔ تاکہ لوگوں کو اس کے سمجھنے اور اس پر عمل کرنے میں آسانی ہو اور تدریجی عمل سے لوگوں میں اس دستور کو قبول کرنے اور اس پر عمل کرنے کی استعداد پیدا کرنے کا موقع ملتا رہے تاکہ علم کے ساتھ عمل اور تعلیم کے ساتھ تربیت کا سلسلہ جاری رہے۔ ورنہ بنی اسرائیل کو توریت دفعتاً دی گئی تو اسے سنوانے کے لیے پہاڑوں کو سر پر اٹھانا پڑا۔

۱۰۷۔ قرآن پیغام فطرت ہے۔ فطرت سلیمہ رکھنے والے قرآنی آیات کو سن کے بے ساختہ ٹھوڑیوں کے بل گر پڑتے ہیں۔ یہ لوگ نہ صرف آیات الٰہی سن کر سجدہ کرتے ہیں بلکہ بے ساختہ سجدہ ریز ہوتے ہیں۔ ان کے پاس جو علم ہے وہ ان کو ایسا کرنے پر آمادہ کرتا ہے۔ ان کے اعضا و جوارح سجدہ ریز ہوتے ہیں تو ان کے دل میں بھی خشوع آجاتا ہے اور فرط جذبات سے گریہ کرتے ہیں۔

۱۰۸۔ یعنی تمہارے ایمان نہ لانے سے قرآن کی حقانیت پر کوئی حرف نہیں آتا۔ قرآن کے انسانی فطرت و ضمیر کی آواز ہونے کے ثبوت کے لیے یہ بات کافی ہے کہ اس آواز کو پاک فطرت والوں کی طرف سے پذیرائی ملی ہے۔

۱۱۰۔ مشرکین اللہ کے لفظ سے مانوس تھے، مگر رحمٰن کے لفظ سے مانوس نہ تھے۔ جب رسالتمآب یا اللہ یا رحمٰن کہتے تو مشرکین نے کہنا شروع کیا کہ یہ ہمیں توحید کی دعوت دیتا ہے خود دو خداؤں کو پکارتا ہے۔ اس آیت میں فرمایا کہ دونوں لفظوں کا مقصد و مراد ایک ہی ذات ہے۔ دوسرے جملے میں فرمایا: نماز نہ زیادہ بلند آواز سے پڑھو، نہ بہت پست آواز سے، بلکہ آواز میں اعتدال رکھو۔ امام جعفر صادق (ع) سے منقول ہے: اَلْجَهْرُ بِهَا رَفْعُ الصَّوْتِ وَ التَّخَافُتُ مَا لَمْ تُسْمِعْ نَفْسَكَ وَ اقْرَأْ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ۔ (وسائل الشیعۃ ۶:۹۸) جھر بہت زیادہ بلند آواز کو کہتے ہیں اور اخفات یہ ہے کہ خود بھی نہ سن سکو۔ ان دونوں کے درمیان اعتدال سے پڑھو۔ یعنی جہری نمازوں کو زیادہ بلند آواز سے نہ پڑھو اور اخفاتی نمازوں کو اتنی پست آواز میں نہ پڑھو کہ تم خود بھی نہ سن سکو اور صرف لبوں کی جنبش رہ جائے۔

۱۱۱۔ ایک روایت میں حضرت امام جعفر صادق (ع) نے فرمایا: اللہ اکبر من کل شیء کہنا اور مفہوم لینا کہ اللہ ہر چیز سے بڑا ہے، غلط تصور ہے کیونکہ

ع ۱۱ تَكْبِيرًا ﴿٥﴾	اور اس کی بڑائی کما حقہ بیان کرو۔☆
۱۸ سُوْرَةُ الْكَهْفِ مَكِّيَّةٌ ۱۱۰	**سورۂ کہف ۔ مکی ۔ آیات ۱۱۰**
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	**بنام خدائے رحمٰن رحیم**
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰى عَبْدِهِ	۱۔ثنائے کامل اس اللہ کے لیے ہے جس نے اپنے بندے پر کتاب نازل کی اور اس
الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ﴿١﴾	میں کسی قسم کی کجی نہیں رکھی۔☆
قَيِّمًا لِّيُنْذِرَ بَاْسًا شَدِيْدًا مِّنْ	۲۔نہایت مستحکم ہے تا کہ اس کی طرف سے
لَّدُنْهُ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ	آنے والے شدید عذاب سے خبردار کرے
يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا	اور ان مومنین کو بشارت دے جو نیک عمل
حَسَنًا ﴿٢﴾	کرتے ہیں کہ ان کے لیے بہتر اجر ہے۔
مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ﴿٣﴾	۳۔جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔
وَّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ	۴۔اور انہیں تنبیہ کرے جو کہتے ہیں کہ اللہ
وَلَدًا ﴿٤﴾	نے کسی کو بیٹا بنا لیا ہے۔☆
مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآئِهِمْ ؕ	۵۔ اس بات کا علم نہ انہیں ہے اور نہ ان
كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ	کے باپ دادا کو، یہ بڑی (جسارت کی)
اَفْوَاهِهِمْ ؕ اِنْ يَّقُوْلُوْنَ اِلَّا	بات ہے جو ان کے منہ سے نکلتی ہے، یہ
كَذِبًا ﴿٥﴾	تو محض جھوٹ بولتے ہیں۔☆
فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى	۶۔ پس اگر یہ لوگ اس (قرآنی) مضمون
اٰثَارِهِمْ اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا	پر ایمان نہ لائے تو ان کی وجہ سے شاید
الْحَدِيْثِ اَسَفًا ﴿٦﴾	آپ اس رنج میں اپنی جان سے ہاتھ
اِنَّا جَعَلْنَا مَا عَلَى الْاَرْضِ زِيْنَةً	دھو بیٹھیں۔☆
لَّهَا لِنَبْلُوَهُمْ اَيُّهُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ﴿٧﴾	۷۔روئے زمین پر جو کچھ موجود ہے اسے ہم
وَاِنَّا لَجٰعِلُوْنَ مَا عَلَيْهَا صَعِيْدًا	نے زمین کے لیے زینت بنایا تا کہ ہم
جُرُزًا ﴿٨﴾	انہیں آزمائیں کہ ان میں سب سے اچھا
	عمل کرنے والا کون ہے۔☆
	۸۔ اور اس پر جو کچھ ہے اسے ہم (کبھی)
	بنجر زمین بنانے والے ہیں۔☆

اس میں اللہ کا دیگر موجودات سے موازنہ کیا گیا ہے بلکہ اس کا مطلب یہ ہے: اللہ اکبر من ان یوصف۔ اللہ وصف و بیان کی حد سے بڑا ہے۔ (الکافی ۱:۱۱۷)

سورۂ کہف

۱۔۲ قرآن ایک دستور حیات ہے جو انسانی فطرت کے تقاضوں کے عین مطابق ہے۔ قرآنی تعلیمات میں کوئی ناہم آہنگی عوج نہیں ہے۔ اس لیے یہ دستور حیات ہونے کے لحاظ سے قیم ہے۔ یعنی ایک نہایت استوار دستور حیات ہے جو بندوں کے نظام زندگی کا محافظ ہے۔

۴۔۵ اللہ تعالیٰ کو جسم و جسمانی قرار دینا اور اللہ کے لیے وہ چیزیں ثابت کرنا جو جسم و جسمانی ہونے کی صورت میں حاصل ہو سکتی ہیں، شان الٰہی میں گستاخی ہے، جس پر اللہ تعالیٰ کی گرفت بھی سخت ہوتی ہے. چنانچہ بنی اسرائیل نے جب یہ مطالبہ کیا کہ ہمیں اللہ علانیہ طور پر دکھا دے تو ان پر بجلی گری. اس آیت میں خاص طور پر ذکر کیا ہے کہ جو لوگ اللہ کی اولاد ہونے کے قائل ہیں ان کی خصوصی طور پر تنبیہ ہو گی، کیونکہ یہ کہنا کہ اللہ کے لیے اولاد ہے، اس کو اللہ نے بڑی جسارت سے تعبیر فرمایا ہے۔

۶۔ لوگوں کے عدم ایمان اور اللہ کے پیغام حق کو پزیرائی نہ ملنے پر جو رنج و غم رسول اللہ کو درپیش ہوتا تھا اس رنج و غم کی سنگینی کا اندازہ اس آیت سے ہوتا ہے کہ رب العالمین کو یہ کہنا پڑا کہ آپ اس حد تک ان کے عدم ایمان کی وجہ سے غم و اندوہ میں اپنے آپ کو مبتلا نہ کیجیے کہ اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھیں۔

۷۔ ہم نے زمین کو پرکشش بنایا۔ اس میں ایسی دلفریب چیزیں پیدا کیں جن سے ہم انسان کی آزمائش کریں گے۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: وَ نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَ الْخَيْرِ یعنی ہم تمہیں خیر و شر سے آزمائیں گے۔ کیا اس پر موجود پرکشش چیزوں سے رب کی رضا حاصل کی جاتی ہے؟ یا ان چیزوں کو اللہ کی خوشنودی کے خلاف استعمال کیا جاتا ہے؟

۸۔ سطح زمین پر موجود عارضی زیب و زینت ایک وقت ختم ہو کر یہ زمین ایک چٹیل میدان میں بدل جائے گی تو اس وقت پتہ چلے گا کہ زمین کی زندگی میں عیش و عشرت محض ایک آزمائش تھی۔

۹۔ اصحاب کہف کو چند سو سال سلائے رکھنا اللہ کی عظیم نشانیوں میں کوئی انوکھی بات نہیں، نہ ہی قدرت خدا کے لیے یہ کوئی مشکل کام ہے۔ کہف

اَمْ حَسِبْتَ اَنَّ اَصْحٰبَ الْكَهْفِ
وَالرَّقِيْمِ ۙ كَانُوْا مِنْ اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝٩
اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى الْكَهْفِ
فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّ
هَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝١٠
فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ
سِنِيْنَ عَدَدًا ۝١١ۙ
ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ الْحِزْبَيْنِ
ع ١٢ ١٣ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝١٢ۚ
نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ۭ
اِنَّهُمْ فِتْيَةٌ اٰمَنُوْا بِرَبِّهِمْ وَ
زِدْنٰهُمْ هُدًى ۝١٣ۖ
وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ اِذْ قَامُوْا
فَقَالُوْا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ لَنْ نَّدْعُوَا مِنْ دُوْنِهٖٓ اِلٰهًا
لَّقَدْ قُلْنَآ اِذًا شَطَطًا ۝١٤
هٰٓؤُلَاۗءِ قَوْمُنَا اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ
اٰلِهَةً ۭ لَوْلَا يَاْتُوْنَ عَلَيْهِمْ
بِسُلْطٰنٍۢ بَيِّنٍ ۭ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ
افْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا ۝١٥
وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ
اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ
يَنْشُرْ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِّنْ رَّحْمَتِهٖ وَ

وسیع غار کے معنوں میں ہے او رقیم بمعنی مرقوم ہے۔ جیسے قتیل بمعنی مقتول آتا ہے۔ اس سے مراد وہ لوح ہے جس پر اصحاب کہف کے نام ونسب اور مختصر واقعہ درج تھا۔ اس لیے انہیں اَصْحٰبَ الْكَهْفِ وَالرَّقِيْمِ کہا گیا۔

۱۳۔ اس واقعہ کی متعدد روایات ہیں۔ سب سے قدیم روایت سریانی روایت ہے کہ جو تقریباً ۴۷۴ء میں اس واقعے کے تیس چالیس سال بعد ایک شامی پادری نے زبانی روایت کی بنیاد پر لکھی۔ بعد کی یونانی اور لاطینی روایتوں کا بھی ماخذ یہی سریانی روایت رہی ہے اور اسلامی مورخین کی روایت سریانی سے مختلف نہیں ہے۔ سریانی روایت کا خلاصہ یہ ہے:

رومی حکمران دقیانوس یا تھیوڈوسیس متوفی ۲۵۱ء کے دور میں بت پرستی کا مذہب رائج تھا۔ وہ مسیح علیہ السلام کے پیروؤں پر سخت ظلم وستم روا رکھتا تھا۔ سات جوانوں نے اپنے دین کو بچانے کے لیے ہجرت کی اور راستے میں ایک کتا ان کے ساتھ ہو لیا۔ ان کی کوشش کے باوجود وہ کتا ان سے الگ نہ ہوا۔ جس شہر سے یہ ہجرت واقع ہوئی، وہ اکثر مورخین کے بقول شہر افسوس یا افسس تھا جو موجودہ ترکی کے شہر ازمیر سے ۲۰ میل کے فاصلے پر موجود تھا۔ یہ شہر ایشیائے کوچک میں بت پرستی کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ وہ ایک بڑے گہرے غار میں چھپ گئے اور کتا اس غار کے دہانے پر بیٹھ گیا۔ پیدل سفر کی وجہ سے تھک گئے تھے، فورا سو گئے۔ یہ واقعہ تقریباً ۲۵۱ عیسوی کو پیش آیا اور قیصر تھیوڈوسیس کے عہد ۴۴۷ء میں بیدار ہوئے۔ اس طرح اصحاب کہف کے خواب کی مدت ۱۹۷ سال بنتی ہے۔

جب وہ قیصر تھیوڈوسیس کے عہد میں بیدار ہوئے تو اس وقت رومی سلطنت مسیحیت اختیار کر چکی تھی۔ بیدار ہوکر آپس میں ایک دوسرے سے پوچھا ہم کتنی دیر سوئے ہوں گے؟ کسی نے کہا دن بھر۔ کسی نے کہا دن کا کچھ حصہ۔ اس کے بعد انہوں نے اپنے ایک ساتھی کو چاندی کے چند سکے دے کر کھانا لانے کے لیے شہر بھیجا۔ جب وہ شہر پہنچا تو حیرت زدہ ہو گیا کہ ہر چیز بدلی ہوئی ہے، سب لوگ مسیحی ہو گئے ہیں اور بت پرستی کرنے والا کوئی باقی نہیں رہا۔ ایک دوکان سے روٹی خریدی، دوکاندار کو چاندی کا ایک سکہ دیا جس پر قیصر تھیوڈوسیس کی تصویر تھی تو وہ اس سے پوچھنے لگے کہ وہ دفینہ کہاں

۹۔ کیا آپ یہ خیال کرتے ہیں کہ غار اور کتبے والے ہماری قابل تعجب نشانیوں میں سے تھے؟ ☆

۱۰۔ جب ان جوانوں نے غار میں پناہ لی تو کہنے لگے: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اپنی بارگاہ سے رحمت عنایت فرما اور ہمیں ہمارے اقدام میں کامیابی عطا فرما۔

۱۱۔ پھر کئی سالوں تک غار میں ہم نے ان کے کانوں پر (نیند کا) پردہ ڈال دیا۔

۱۲۔ پھر ہم نے انہیں اٹھایا تا کہ ہم دیکھ لیں کہ ان دو جماعتوں میں سے کون ان کی مدت قیام کا بہتر شمار کرتی ہے۔

۱۳۔ ہم آپ کو ان کا حقیقی واقعہ سناتے ہیں، وہ کئی جوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لے آئے تھے اور ہم نے انہیں مزید ہدایت دی۔ ☆

۱۴۔ اور جب وہ اٹھ کھڑے ہوئے تو ہم نے ان کے دلوں کو مضبوط کیا پس انہوں نے کہا: ہمارا رب تو وہ ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب ہے، ہم اس کے سوا کسی اور معبود کو ہرگز نہیں پکاریں گے، (اگر ہم ایسا کریں) تو ہماری یہ بالکل نامعقول بات ہوگی۔

۱۵۔ ہماری اس قوم نے تو اللہ کے سوا اوروں کو معبود بنایا ہے، یہ ان کے معبود ہونے پر کوئی واضح دلیل کیوں نہیں لائے؟ پس اللہ پر جھوٹ بہتان باندھنے والوں سے بڑھ کر ظالم کون ہوسکتا ہے؟

۱۶۔ اور جب تم نے مشرکین اور اللہ کے سوا ان کے معبودوں سے کنارہ کشی اختیار کی ہے تو غار میں چل کر پناہ لو، تمہارا رب تمہارے لیے اپنی رحمت پھیلا دے گا اور تمہارے

يُهَيِّئْ لَكُمْ مِّنْ اَمْرِكُمْ مِّرْفَقًا ⑯
وَتَرَى الشَّمْسَ اِذَا طَلَعَتْ تَّزٰوَرُ
عَنْ كَهْفِهِمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَاِذَا
غَرَبَتْ تَّقْرِضُهُمْ ذَاتَ الشِّمَالِ
وَهُمْ فِيْ فَجْوَةٍ مِّنْهُ ؕ ذٰلِكَ مِنْ
اٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ
الْمُهْتَدِ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَنْ
تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرْشِدًا ⑰ ع ۲ ۱۲
وَتَحْسَبُهُمْ اَيْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۚ وَّ
نُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْيَمِيْنِ وَذَاتَ
الشِّمَالِ ۚ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ
بِالْوَصِيْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَيْهِمْ
لَوَلَّيْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ
مِنْهُمْ رُعْبًا ⑱
وَكَذٰلِكَ بَعَثْنٰهُمْ لِيَتَسَآءَلُوْا
بَيْنَهُمْ ؕ قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ كَمْ
لَبِثْتُمْ ؕ قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ
بَعْضَ يَوْمٍ ؕ قَالُوْا رَبُّكُمْ اَعْلَمُ
بِمَا لَبِثْتُمْ ؕ فَابْعَثُوْٓا اَحَدَكُمْ
بِوَرِقِكُمْ هٰذِهٖٓ اِلَى الْمَدِيْنَةِ
فَلْيَنْظُرْ اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا
فَلْيَاْتِكُمْ بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ
وَلَا يُشْعِرَنَّ بِكُمْ اَحَدًا ⑲

تصفح القرآن باعتبار عدد الحروف ہجّی الثاء بعد الیاء من النصف الاول و اللام الثانیۃ من النصف الاخیر ۱۲

معاملات میں تمہارے لیے آسانی فراہم کرے گا۔

۱۷۔ اور آپ دیکھتے ہیں کہ جب سورج طلوع ہوتا ہے تو ان کے غار سے داہنی طرف سمٹ جاتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو ان سے بائیں طرف کترا جاتا ہے اور وہ غار کی کشادہ جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ایک ہے، جسے اللہ ہدایت کرے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جسے اللہ گمراہ کر دے اس کے لیے آپ سرپرست و رہنما نہ پائیں گے۔☆

۱۸۔ اور آپ خیال کریں گے کہ یہ بیدار ہیں حالانکہ وہ سو رہے ہیں اور ہم انہیں دائیں اور بائیں کروٹ بدلاتے رہتے ہیں اور ان کا کتا غار کے دہانے پر دونوں ٹانگیں پھیلائے ہوئے ہے اگر آپ انہیں جھانک کر دیکھیں تو ان سے ضرور الٹے پاؤں بھاگ نکلیں اور ان کی دہشت آپ کو گھیر لے۔☆

۱۹۔ اسی انداز سے ہم نے انہیں بیدار کیا تاکہ یہ آپس میں پوچھ گچھ کر لیں، چنانچہ ان میں سے ایک نے پوچھا: تم لوگ یہاں کتنی دیر رہے ہو؟ انہوں نے کہا: ایک دن یا اس سے بھی کم، انہوں نے کہا: تمہارا پروردگار بہتر جانتا ہے کہ تم کتنی مدت رہے ہو پس تم اپنے میں سے ایک کو اپنے اس سکے کے ساتھ شہر بھیجو اور وہ دیکھے کہ کون سا کھانا سب سے ستھرا ہے پھر وہاں سے کچھ کھانا لے آئے اور اسے چاہیے کہ وہ ہوشیاری سے جائے اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے۔☆

ہے جہاں سے تم یہ سکہ لائے ہو؟ کیونکہ قیصر تھیوڈوسیس کو مرے ہوئے مدت گزر چکی ہے۔ یہ سن کر وہ حیران رہ گیا اور کہا کل ہی تو میں اور میرے ساتھی اس شہر سے بھاگے تھے اور غار میں پناہ لی تھی کہ دقیانوس (تھیوڈوسیس) کے ظلم سے بچے رہیں۔ اس کی باتیں سن کر لوگ اس غار تک پہنچ گئے اور خود بادشاہ بھی ان سے ملا۔

۱۷۔ اس غار کا محل وقوع بیان ہو رہا ہے کہ سورج سے کس جانب واقع تھا۔ فرمایا: وہ اس غار کے تنگ دھانے پر نہیں کشادہ جگہ پر موجود تھے اور دھوپ کی ان تک رسائی نہیں ہوتی تھی یا اس لیے کہ غار کا رخ شمال کی جانب تھا اور کسی موسم میں بھی غار کے اندر دھوپ نہیں پہنچتی تھی یا اس لیے کہ اصحاب کہف غار کے دہانے سے اندر کی طرف کشادہ جگہ پر تھے اور سورج کی کرنیں ان تک نہیں پہنچ پاتی تھیں، اگرچہ غار کا رخ جنوب کی طرف تھا۔ آیت میں ان دونوں باتوں کے لیے گنجائش موجود ہے۔ اگر غار میں داخل ہونے کے اعتبار سے دائیں اور بائیں کہا جا رہا ہے تو غار کا رخ شمال کی طرف ہوگا اور اگر خارج ہونے کے اعتبار سے ہے تو غار کا رخ جنوب کی طرف ہوگا۔

۱۸۔ ان کو کروٹ بدلتے دیکھ کر یہ خیال گزرنا قرین قیاس ہے کہ یہ بیدار ہیں، حالانکہ وہ محو خواب ہیں اور ہو سکتا ہے کہ ان کی آنکھیں کھلی ہوں، دیکھنے والے یہ خیال کریں کہ یہ لوگ بیدار بھی ہیں اور بیداروں کی سی حرکتیں بھی نہیں کر رہے ہیں۔ اس صورت حال کو دیکھ کر ایک خوفناک تصور ذہن میں آئے گا اور انسان وہاں سے بھاگنے میں ہی اپنی سلامتی تصور کرے گا۔ واضح رہے کہ بہت سے مقامات پر قرآن کا یہ طرز خطاب رہا ہے کہ ایک مطلب کو عام لوگوں کے لیے بیان کیا جاتا ہے لیکن خطاب اپنے رسولؐ سے کیا جاتا ہے۔

۱۹۔ وہ کفر کی طاقت سے مایوس ہو کر بھاگ گئے تھے اور دل میں یہ حسرت لیے گھر بار چھوڑ دیا کہ وہ دن کب آئے گا کہ باطل مٹ چکا ہوگا اور بت پرستی ختم ہو گئی ہوگی اور توحید پرستی عام ہو گئی ہو۔ اللہ نے ان کو اتنی مدت سلا دیا کہ وہ دن دیکھ پائیں کہ باطل مٹ چکا ہے اور حق کا بول بالا ہے۔

اَيُّهَآ اَزْكٰى طَعَامًا: صرف روحانی غذا کی پاکیزگی نہیں، بلکہ جسمانی غذا کی طہارت و پاکیزگی

اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ
يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ
مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿٢٠﴾
وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا
اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا
رَيْبَ فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ
اَمْرَهُمْ فَقَالُوا ابْنُوْا عَلَيْهِمْ
بُنْيَانًا ۗ رَبُّهُمْ اَعْلَمُ بِهِمْ ۗ قَالَ
الَّذِيْنَ غَلَبُوْا عَلٰٓى اَمْرِهِمْ
لَنَتَّخِذَنَّ عَلَيْهِمْ مَّسْجِدًا ﴿٢١﴾
سَيَقُوْلُوْنَ ثَلٰثَةٌ رَّابِعُهُمْ كَلْبُهُمْ ۚ
وَيَقُوْلُوْنَ خَمْسَةٌ سَادِسُهُمْ
كَلْبُهُمْ رَجْمًۢا بِالْغَيْبِ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ
سَبْعَةٌ وَّثَامِنُهُمْ كَلْبُهُمْ ۗ قُلْ
رَّبِّيْٓ اَعْلَمُ بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ
اِلَّا قَلِيْلٌ ۬ فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا
مِرَآءً ظَاهِرًا ۪ وَّلَا تَسْتَفْتِ
فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ﴿٢٢﴾ ع ٢ ١٥
وَلَا تَقُوْلَنَّ لِشَايْءٍ اِنِّيْ فَاعِلٌ
ذٰلِكَ غَدًا ﴿٢٣﴾
اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ
اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّهْدِيَنِ
رَبِّيْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ﴿٢٤﴾

۲۰۔ کیونکہ اگر وہ تم پر غالب آ گئے تو وہ تمہیں سنگسار کر دیں گے یا اپنے مذہب میں پلٹائیں گے اور اگر ایسا ہوا تو تم ہرگز فلاح نہیں پاؤ گے۔

۲۱۔ اور اس طرح ہم نے (لوگوں کو) ان سے باخبر کر دیا تا کہ وہ جان لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت (کے آنے) میں کوئی شبہ نہیں، یہ اس وقت کی بات ہے جب لوگ ان کے بارے میں جھگڑ رہے تھے تو کچھ نے کہا: ان (کے غار) پر عمارت بنا دو، ان کا رب ہی ان کا حال بہتر جانتا ہے، جنہوں نے ان کے بارے میں غلبہ حاصل کیا وہ کہنے لگے: ہم ان کے غار پر ضرور ایک مسجد بناتے ہیں۔☆

۲۲۔ کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ تین ہیں، چوتھا ان کا کتا ہے اور کچھ کہیں گے کہ وہ پانچ ہیں چھٹا ان کا کتا ہے، یہ سب دیکھے بغیر اندازے لگا رہے ہیں اور کچھ کہیں گے: وہ سات ہیں اور آٹھواں ان کا کتا ہے، کہہ دیجیے: میرا رب ان کی تعداد کو بہتر جانتا ہے ان کے بارے میں کم ہی لوگ جانتے ہیں لہٰذا آپ ان کے بارے میں سطحی گفتگو کے علاوہ کوئی بحث نہ کریں اور نہ ہی ان کے بارے میں ان میں سے کسی سے کچھ دریافت کریں۔☆

۲۳۔ اور آپ کسی کام کے بارے میں ہرگز یہ نہ کہیں کہ میں اسے کل کروں گا،☆

۲۴۔ مگر یہ کہ اللہ چاہے اور اگر آپ بھول جائیں تو اپنے پروردگار کو یاد کریں اور کہہ دیجیے: امید ہے میرا رب اس سے قریب تر حقیقت کی طرف میری رہنمائی فرمائے گا۔☆

بھی اسی قدر اہمیت کی حامل ہے۔ درحقیقت باطنی طہارت و ظاہری طہارت میں گہرا ربط ہے۔ اسی طرح دعا کی قبولیت کے لیے بھی غذا کی پاکیزگی اور حلال ہونے کو بڑا دخل ہے۔

۲۱۔ سریانی روایت میں آیا ہے کہ اس وقت مسیحیوں میں قیامت اور اخروی زندگی کے بارے میں بحث چھڑی ہوئی تھی اور منکرین قیامت کے مقابلے میں مؤمنین کے دلائل کمزور تھے۔ عین اس وقت اصحاب کہف کی بیداری کا واقعہ پیش آیا تو قیامت پر ایمان رکھنے والوں کو ایک سند مل گئی اور حیات بعد الموت ان کے لیے ناقابل فہم مسئلہ نہ رہا۔

ممکن ہے یہ نزاع قیامت کے بارے میں ہو۔ جو لوگ اس واقعہ کو قیامت کی دلیل نہیں سمجھتے تھے ان کا یہ کہنا تھا کہ اس غار پر دیوار چن دینا چاہیے اور جو لوگ اس واقعہ کو دلیل آخرت سمجھتے تھے، ان کا یہ کہنا تھا کہ اس پر مسجد تعمیر کرنی چاہیے۔

۲۲۔ نزول قرآن کے وقت عیسائیوں میں اصحاب کہف کے بارے میں مختلف باتیں پھیلی ہوئی تھیں ان میں سے کسی ایک پر کوئی سند نہیں ہوتی تھی، صرف ظن و تخمین پر مبنی باتیں تھیں۔ اصحاب کہف کی تعداد کے بارے میں جن اقوال کا ذکر فرمایا، ان میں سے صرف آخری قول کی تردید نہ کرنے سے یہ گمان ہوتا ہے کہ یہی تعداد صحیح ہے۔ تعداد اتنی اہم بات نہیں ہے، اس لیے حضور کو حکم ہوا کہ نہ تو تعداد پر بحث کریں، نہ اس کے بارے میں کسی سے سوال کریں۔ اس سلسلے میں اہمیت کا حامل وہ سبق ہے جو اس واقعہ سے ملتا ہے۔

۲۳۔ اصل فعل و عمل کی نسبت بندے کی طرف بھی ہو سکتی ہے، اس میں کوئی کلام نہیں ہے۔ چنانچہ قرآن نے متعدد مقامات پر اعمال کو انسانوں کی طرف نسبت دی ہے۔ یہاں بات استقلال کی ہو رہی ہے کہ کسی عمل کو بطور استقلال اپنی طرف نسبت نہ دو۔ اس کائنات میں اذن و مشیت الٰہی کے بغیر کوئی پتا نہیں ہل سکتا۔ البتہ یہ بات ذہن نشین رہے کہ اذن و مشیت الٰہی امور تکوینی سے متعلق ہیں، امور تشریعی سے نہیں۔

۲۴۔ دوسرے جملے میں فرمایا کہ اگر آپ بھول جائیں تو اپنے رب کو یاد کریں۔ یہاں خطاب اگرچہ اپنے حبیب سے ہے، لیکن ان لوگوں کو سمجھانا مقصود ہے جن کے لیے یہ قرآن دستور حیات ہے، سر دلبران در حدیث دیگران۔

وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ
سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا ﴿٢٥﴾
قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ لَهٗ غَیْبُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ بِهٖ وَ
اَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ
وَّلِیٍّ ۫ وَّلَا یُشْرِكُ فِیْ حُكْمِهٖٓ
اَحَدًا ﴿٢٦﴾
وَاتْلُ مَآ اُوْحِیَ اِلَیْكَ مِنْ كِتَابِ
رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚ وَلَنْ
تَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿٢٧﴾
وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِیْنَ
یَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِیِّ
یُرِیْدُوْنَ وَجْهَهٗ ۚ وَلَا تَعْدُ عَیْنٰكَ
عَنْهُمْ ۚ تُرِیْدُ زِیْنَةَ الْحَیٰوةِ
الدُّنْیَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا
قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ
وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿٢٨﴾
وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ ۟ فَمَنْ شَآءَ
فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَكْفُرْ ۙ اِنَّآ
اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِیْنَ نَارًا ۙ اَحَاطَ
بِهِمْ سُرَادِقُهَا ؕ وَاِنْ یَّسْتَغِیْثُوْا
یُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ یَشْوِی
الْوُجُوْهَ ؕ بِئْسَ الشَّرَابُ ؕ وَسَآءَتْ

۲۵۔ اور وہ اپنے غار میں تین سو سال تک رہے اور نو کا اضافہ کیا۔☆

۲۶۔ آپ کہہ دیجیے: ان کے قیام کی مدت اللہ بہتر جانتا ہے، آسمانوں اور زمین کی غیبی باتیں صرف وہی جانتا ہے، وہ کیا خوب دیکھنے والا اور کیا خوب سننے والا ہے، اس کے سوا ان کا کوئی سرپرست نہیں اور نہ ہی وہ کسی کو اپنی حکومت میں شریک کرتا ہے۔

۲۷۔ (اے رسول) آپکے پروردگار کی کتاب کے ذریعے جو کچھ آپ کی طرف وحی کی گئی ہے اسے پڑھ کر سنا دیں کوئی اس کے کلمات کو بدلنے والا نہیں ہے اور نہ ہی آپ اس کے سوا کوئی پناہ کی جگہ پائیں گے۔

۲۸۔ اور (اے رسول) اپنے آپ کو ان لوگوں کی معیت میں محدود رکھیں جو صبح وشام اپنے رب کو پکارتے اور اس کی خوشنودی چاہتے ہیں اور اپنی نگاہیں ان سے نہ پھیریں، کیا آپ دنیاوی زندگی کی آرائش کے خواہشمند ہیں؟ اور آپ اس شخص کی اطاعت نہ کریں جس کے دل کو ہم نے اپنے ذکر سے غافل کر دیا ہے اور جو اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے اور اس کا معاملہ حد سے گزرا ہوا ہے۔☆

۲۹۔ اور کہہ دیجیے: حق تمہارے پروردگار کی طرف سے ہے، پس جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے، ہم نے ظالموں کے لیے یقیناً ایسی آگ تیار کر رکھی ہے جس کی قناتیں انہیں گھیرے میں لے رہی ہوں گی اور اگر وہ فریاد کریں تو ایسے پانی سے ان کی داد رسی ہو گی جو پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہوگا ان کے چہروں کو بھون ڈالے گا بدترین مشروب اور بدترین

۲۵۔ اصحاب کہف قیصر روم تھیوڈوسیس کے عہد سلطنت میں تقریباً ۴۴۵ء میں بیدار ہوئے اور بقول بعضے یہ واقعہ قیصر دقیانوس کے عہد ۲۴۹۔۲۵۱ میں پیش آیا۔ اس طرح ان کے خواب کی مدت ۱۹۷ سال بنتی ہے۔ جبکہ قرآن یہ مدت ۳۰۹ سال بتاتا ہے۔ اس کے دو جواب ہیں۔ اصل تحقیق کے مطابق اصحاب کہف کا واقعہ قیصر روم طراجان کے عہد سلطنت ۹۸۔۱۱۷ء میں پیش آیا، نہ کہ قیصر دقیانوس ۲۵۱ء کے عہد میں، جیسا کہ بعض مسیحی راوایات میں آیا ہے اور نہ دقیانوس ۳۰۵ء کے عہد میں جیسا کہ بعض دیگر مسلم و غیر مسلم روایات میں آیا ہے اور یہ بات مسلم ہے کہ اصحاب کہف قیصر تھیوڈوسیس کے عہد میں بیدار ہوئے جس کی سلطنت ۴۰۸ء سے ۴۵۰ء تک رہی۔ لہذا اگر ہم ۴۲۱ سے ۳۰۹ منفی کریں تو طراجان کا عہد حکومت ۱۱۲ء نکل آتا ہے۔ بعض مستشرقین سریانی روایت کو بنیاد بنا کر قرآنی روایت کو مطعون کرنے کی کوشش کرتے ہیں، حالانکہ سریانی روایت اصحاب کہف کی بیداری کے چالیس سال بعد لکھی گئی جو بیداری کے حالات کے بارے میں کسی قدر قابل اعتماد ہو سکتی ہے، لیکن ان کی ہجرت کا واقعہ کب پیش آیا؟ اس کے بارے میں سریانی روایت بالکل قابل اعتماد نہیں ہے، کیونکہ واقعہ اس روایت سے صدیوں پہلے پیش آیا تھا۔ دوسرا جواب یہ ہے کہ مدت بیان کرنے کا یہ قول لوگوں کے قول کا بیان ہے نہ کہ اللہ تعالیٰ کا اپنا قول، کیونکہ بعد میں اللہ فرماتا ہے کہ ان سے کہہ دیجیے اللہ بہتر جانتا ہے کہ وہ کتنی مدت سوئے۔ چنانچہ حضرت عبداللہ بن عباس نے بھی یہی کہا ہے کہ یہ اللہ کا اپنا قول نہیں، لوگوں کے قول کا بیان ہے۔

۲۸۔ شان نزول کے بارے میں منقول ہے کہ اشراف قریش کی طرف سے یہ دباؤ تھا کہ رسولؐ نادار و مسکین مؤمنین کو اپنی بارگاہ سے دور کر دیں۔ ممکن ہے کہ آیت نادار و مسکین مؤمنین کی دل جوئی کے لیے ہو یا ممکن ہے خود رسول اللہؐ کی دل جوئی کے لیے ہو، کیونکہ آپ کو قدرتاً یہ آرزو رہتی تھی کہ رؤسائے قریش اگر ایمان لے آتے تو رونق اسلام میں نمایاں اضافہ ہو جاتا۔

۲۹۔ حق کے واضح ہونے اور حجت پوری ہونے کے بعد ایمان اور کفر اختیار کرنا خود بندے کے دائرہ اختیار میں ہوتا ہے۔

مُرْتَفَقًا ﴿٢٩﴾

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
اِنَّا لَا نُضِیْعُ اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ﴿٣٠﴾
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ
مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا
مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّ یَلْبَسُوْنَ
ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ سُنْدُسٍ وَّ
اِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَی
الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَ
حَسُنَتْ مُرْتَفَقًا ﴿٣١﴾ ع ٤ ١٢
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا رَّجُلَیْنِ
جَعَلْنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَیْنِ مِنْ
اَعْنَابٍ وَّ حَفَفْنٰهُمَا بِنَخْلٍ
وَّ جَعَلْنَا بَیْنَهُمَا زَرْعًا ﴿٣٢﴾
كِلْتَا الْجَنَّتَیْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا وَلَمْ
تَظْلِمْ مِّنْهُ شَیْـًٔا ۙ وَّ فَجَّرْنَا
خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿٣٣﴾
وَّ كَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ لِصَاحِبِهٖ وَ
هُوَ یُحَاوِرُهٗٓ اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا
وَّ اَعَزُّ نَفَرًا ﴿٣٤﴾
وَ دَخَلَ جَنَّتَهٗ وَ هُوَ ظَالِمٌ
لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ
هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿٣٥﴾

ٹھکانا ہے۔☆

۳۰۔ جو ایمان لاتے ہیں اور نیک اعمال بجا لاتے ہیں تو ہم نیک اعمال بجالانے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔☆

۳۱۔ ان کے لیے دائمی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ سونے کے کنگنوں سے مزین ہوں گے اور باریک ریشم اور اطلس کے سبز کپڑوں میں ملبوس مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے، بہترین ثواب ہے اور خوبصورت منزل۔☆

۳۲۔ اور (اے رسول) ان سے دو آدمیوں کی ایک مثال بیان کریں جن میں سے ایک کو ہم نے انگور کے دو باغ عطا کیے اور ان کے گرد کھجور کے درختوں کی باڑھ لگا دی اور دونوں کے درمیان کھیتی بنائی تھی۔☆

۳۳۔ دونوں باغوں نے خوب پھل دیا اور ذرا بھی کمی نہ کی اور ان کے درمیان ہم نے نہر جاری کی۔

۳۴۔ اور اسے پھل ملتا رہتا تھا، پس باتیں کرتے ہوئے اس نے اپنے ساتھی سے کہا: میں تم سے زیادہ مالدار ہوں اور افرادی قوت میں بھی زیادہ معزز ہوں۔☆

۳۵۔ اور وہ اپنے نفس پر ظلم کرتا ہوا اپنے باغ میں داخل ہوا، کہنے لگا: میں نہیں سمجھتا کہ یہ باغ کبھی فنا ہو جائے گا۔

۳۰۔ ۳۱ سونے کے کنگن، حلہ ابریشم، اطلس کے لباس، یہ سب جنت کی شاہانہ زندگی کی طرف اشارہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ عالم آخرت، عالم دنیا سے مختلف ہے۔ وہاں کا طرز زندگی اللہ تعالیٰ ہمارے محسوسات کی روشنی میں سمجھاتا ہے، ورنہ عالم آخرت کے حقائق اس عالم ناسوت والوں کے لیے قابل فہم و ادراک نہیں ہیں۔ واضح رہے کہ ان دو آیات سے یہ بات واضح ہے کہ یہ ثواب ان کے لیے ہے جن کے پاس ایمان کے ساتھ عمل صالح ہے۔ اس لیے فرمایا: ہم نیک عمل بجا لانے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتے۔ اس سے واضح ہوا ہے کہ اگر ایمان کے ساتھ عمل صالح نہ ہو تو اس کا کوئی اجر ہی نہیں ہوتا کہ ضائع کا سوال پیدا ہو جائے، بلکہ اس پر ایمان ہی صادق نہیں آتا۔

۳۲۔ آیت میں ایک نادار اور ایک سرمایہ دار میں مکالمے کی مثال پیش کی گئی ہے۔ سرمایہ دار کا طرز تفکر یہ ہے: ☆ وہ مال و اولاد کی فراوانی کو ہی انسان کی منزل مقصود قرار دیتا ہے اور وہ صرف مادی اقدار کو جانتا ہے: اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا وَّ اَعَزُّ نَفَرًا۔ ☆ دولت میں مدہوش انسان عاقبت کی فکر نہیں کرتا۔ وہ اپنی خوشحالی کو دائمی تصور کرتا ہے: مَآ اَظُنُّ اَنْ تَبِیْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا۔ ☆ مراعات کا عادی انسان خود کو آخرت کی تمام مراعات کا بھی حقدار سمجھتا ہے: لَاَجِدَنَّ خَیْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا۔ جبکہ مؤمن کا موقف یہ ہے: ☆ ایمان انسان کا سب سے بڑا سرمایہ ہے۔ خالق کی معرفت حاصل کرنے والا ہی عالی قدروں کا مالک ہے: اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ۔ ☆ مال و دولت میسر آنے کی صورت میں مؤمن ناز و غرور کی جگہ اس کو اللہ کی عطا کردہ نعمت تصور کرتا ہے: مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ☆ مؤمن مال و اولاد کی قلت پر شاکر رہتا ہے اور اللہ کی رحمتوں کی امید رکھتا ہے: فَعَسٰى رَبِّیْٓ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا مِّنْ جَنَّتِكَ۔ ☆ مؤمن اس مال و دولت کی ناپائیداری پر نگاہ رکھتا ہے اور عاقبت اندیش ہوتا ہے: وَیُرْسِلَ عَلَیْهَا حُسْبَانًا۔ آخر میں مؤمن کو اس ناعاقبت اندیش سرمایہ دار کی ندامت اور برے انجام کا مشاہدہ کرنے کا موقع مل جاتا ہے: وَاُحِیْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ یُقَلِّبُ كَفَّیْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِیْهَا۔

۳۴۔ یہ ملحد اپنے مؤمن رفیق سے کہتا ہے کہ اگر میں برحق نہ ہوتا تو میں مال و اولاد کی فراوانی میں تجھ

وَّمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ
رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّیْ لَاَجِدَنَّ خَیْرًا
مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾
قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗٓ
اَكَفَرْتَ بِالَّذِیْ خَلَقَكَ مِنْ
تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ
رَجُلًا ﴿۳۷﴾
لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّیْ وَلَآ اُشْرِكُ
بِرَبِّیْٓ اَحَدًا ﴿۳۸﴾
وَلَوْلَآ اِذْ دَخَلْتَ جَنَّتَكَ قُلْتَ
مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ اِنْ
تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنْكَ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿۳۹﴾
فَعَسٰى رَبِّیْٓ اَنْ یُّؤْتِیَنِ خَیْرًا مِّنْ
جَنَّتِكَ وَیُرْسِلَ عَلَیْهَا حُسْبَانًا
مِّنَ السَّمَآءِ فَتُصْبِحَ صَعِیْدًا زَلَقًا ﴿۴۰﴾
اَوْ یُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ
تَسْتَطِیْعَ لَهٗ طَلَبًا ﴿۴۱﴾
وَاُحِیْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ یُقَلِّبُ
كَفَّیْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِیْهَا وَهِیَ
خَاوِیَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَیَقُوْلُ
یٰلَیْتَنِیْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّیْٓ اَحَدًا ﴿۴۲﴾
وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ یَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ
دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿۴۳﴾

۳۶۔ اور میں خیال نہیں کرتا کہ قیامت آنے والی ہے اور اگر مجھے میرے رب کے حضور پلٹا دیا گیا تو میں ضرور اس سے بھی اچھی جگہ پاؤں گا۔☆

۳۷۔ اس سے گفتگو کرتے ہوئے اس کے ساتھی نے کہا: کیا تو اس اللہ کا انکار کرتا ہے جس نے تجھے مٹی سے پھر نطفے سے پیدا کیا پھر تجھے ایک معتدل مرد بنایا؟☆

۳۸۔ لیکن میرا رب تو اللہ ہی ہے اور میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔☆

۳۹۔ اور جب تو اپنے باغ میں داخل ہوا تو کیوں نہیں کہا: ما شآء اللہ لا قوۃ الا باللہ؟ (ہوتا وہی ہے جو اللہ کو منظور ہے طاقت کا سرچشمہ صرف اللہ ہے) اگر تو مجھے مال اور اولاد میں اپنے سے کمتر سمجھتا ہے،☆

۴۰۔ تو بعید نہیں کہ میرا پروردگار مجھے تیرے باغ سے بہتر عنایت فرمائے اور تیرے باغ پر آسمان سے آفت بھیج دے اور وہ صاف میدان بن جائے۔☆

۴۱۔ یا اس کا پانی نیچے اتر جائے پھر تو اسے طلب بھی نہ کر سکے۔☆

۴۲۔ چنانچہ اس کے پھلوں کو (آفت نے) گھیر لیا پس وہ اپنے باغ کو اپنی چھتوں پر گرا پڑا دیکھ کر اس سرمائے پر کف افسوس ملتا رہ گیا جو اس نے اس باغ پر لگایا تھا اور کہنے لگا: اے کاش! میں اپنے پروردگار کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا۔☆

۴۳۔ اور (ہوا بھی یہی ہے کہ) اللہ کے سوا کوئی جماعت اس کے لیے مددگار ثابت نہ ہوئی اور نہ ہی وہ بدلہ لے سکا۔☆

سے بہتر نہ ہوتا۔ تقریباً تمام دنیاداروں کا طرز فکر یہی ہے کہ مال و دولت کی قدر و قیمت ایمان و تقویٰ سے زیادہ سمجھتے ہیں۔

۳۶۔ مراعات کا عادی انسان جس طرح دنیا میں تمام مراعات کو اپنا حق تصور کرتا ہے اسی طرح آخرت کی مراعات کو بھی اپنا حق تصور کرتا ہے اور کہتا ہے کہ میں اگرچہ آخرت پر ایمان نہیں رکھتا لیکن اگر کوئی قیامت ہے تو میرا حال وہاں اس دنیا سے بھی بہتر ہوگا۔

۳۷۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا یہ جاگیردار عقیدۃً مشرک، منکر قیامت اور منکر خدا تھا؟ یا وہ عقیدۃً ایسا نہ تھا بلکہ وہ دولت میں بدمست ہونے کی وجہ سے اس قسم کے کردار کا مالک تھا جو ایک منکر خدا اور منکر قیامت اختیار کرتا ہے۔ دوسری صورت کے لیے دو قرینے موجود ہیں: اول یہ کہ یہ شخص قیامت کے امکان کا اظہار کرتا ہے۔ دوم یہ کہ یہ شخص وَلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى رَبِّیْ میں رَبِّیْ کا فقرہ استعمال کرتا ہے۔ اس سے عندیہ ملتا ہے کہ وہ عقیدۃً منکر خدا نہیں تھا بلکہ وہ عملاً اس مالک حقیقی کو نہیں اپنے آپ کو مالک سمجھتا تھا اور اس دولت کو عنایت الٰہی نہیں اپنے ہنر اور مہارت کا نتیجہ سمجھتا ہے۔

۳۸۔ اس سرمایہ دار کے مقابلے میں مؤمن اپنا مؤقف بیان کرتا ہے کہ مؤمن اللہ ہی کو اپنا رب اور مالک مانتا ہے یعنی عقیدۃً و عملاً اللہ کو ہی مالک سمجھتا ہے اور مال و دولت کو اپنی مہارت کا مرہون نہیں مانتا۔

۳۹ تا ۴۳۔ دولت کے بارے میں مؤمن اپنا مؤقف بیان کرتا ہے۔ مال دولت کے حصول میں انسان کو استقلال حاصل نہیں ہے، اس میں مشیت الٰہی کو بھی دخل ہے۔ مال دولت کا جب مشاہدہ ہوگا تو یہ مؤقف اختیار کرنا چاہیے: مَاشَآءَ اللّٰهُ ۔ ہوتا وہی ہے جو اللہ چاہتا ہے اور طاقت و قوت کا سرچشمہ صرف اللہ ہے: لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۔

جاگیر دار کی سرمایہ دارانہ مادی سوچ کے مقابلے میں مؤمن اپنا مؤقف نہایت مہذب اور منطقی انداز میں پیش کرتا ہے۔ جاگیردار نے فخریہ اور غیر مہذب انداز میں کہا تھا کہ میں تم سے زیادہ مالدار ہوں اور افرادی طاقت میں تم سے برتر ہوں۔ مؤمن نے جواب میں کہا: تجھے ایک ناپائیدار جاگیر پر ناز ہے، جبکہ مجھے اس جاگیر پر ناز ہے جو میرے رب کے پاس محفوظ ہے۔ گو کہ تمہاری قدروں کے مطابق میں مال و اولاد میں تم سے کمتر ضرور ہوں لیکن الٰہی قدروں کے مطابق جس جاگیر کا میں مالک

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ
خَيْرٌ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ﴿٤٤﴾ ع ٧
وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا
كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ
بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ
هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ
اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ مُّقْتَدِرًا ﴿٤٥﴾
اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ
عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا ﴿٤٦﴾
وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى
الْاَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ
نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿٤٧﴾ ج
وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ
جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ
مَرَّةٍ ۭ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ
لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿٤٨﴾
وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى
الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَ
يَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا
الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا
كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا مَا
عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ

بننے والا ہوں وہ تیری ناپائیدار جاگیر سے بہتر ہے۔ تیری جاگیر آسمانی اور زمین آفت کی زد میں ہے۔ ہوسکتا ہے آسمان سے تیری جاگیر پر آفت آ گرے اور زمین خشک ہو جائے۔ چنانچہ اس کے باغ کی ناپائیداری کا وقت آ گیا اور اس کا باغ تباہ ہو گیا۔ اس کے دماغ سے دولت و جاگیر کا غرور اتر گیا تو حقائق کا فہم شروع ہو گیا اور کہنے لگا: کاش میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراتا اور اس دولت پر تکیہ کرنے کی جگہ اپنے رب پر تکیہ کرتا۔

۴۴۔ یہاں سے یعنی اس واقعہ یا مثال سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ کل کائنات میں اقتدار اعلیٰ اللہ کے پاس ہے۔ لِلّٰهِ الْحَقِّ سے یہ بات واضح کرنا مقصود ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اقتدار اعلیٰ ایک امر واقع اور حق و حقیقت پر مبنی ہے اور اس کے مقابلے میں آنے والی ہر چیز ایک سراب اور دھوکہ ہے۔ اگر کسی کو مال و دولت مل گئی ہے تو اس دولت کے حصول کے لیے درمیان آنے والے علل و اسباب سب اللہ کی طرف سے ہیں۔ ان علل و اسباب میں اللہ نے خاصیت ودیعت فرمائی ہے۔ اس طرح ہر ذرّے پر اللہ کی ولایت اور حاکمیت قائم ہے۔ اگر ان علل و اسباب سے ان کی خاصیتیں سلب ہو جائیں تو کوئی طاقت نہیں جو ان کو یہ سلب شدہ خاصیت واپس دلا دے۔

۴۶۔ اگر انسان مال و دولت کو ایک مقدس مقصد کے لیے ذریعہ نہ بنائے اور خود اسی کو مقصد قرار دے تو یہ صرف چند روزہ دنیوی زندگی کے لیے ایک عارضی زیب و زینت ہے، جبکہ نیکیاں ہمیشہ باقی رہنے والی ہیں۔

شیعہ و سنی مآخذ میں کثرت سے یہ روایت ملتی ہے کہ باقیات صالحات سے مراد تسبیحات اربعہ سبحان اللہ و الحمد للہ و لا الہ الا اللہ و اللہ اکبر ہیں۔ بعض دیگر روایات کے مطابق اس سے مراد نماز ہے۔ درحقیقت ان روایات میں باقیات صالحات کے اہم مصادیق کا ذکر ہے۔

۴۹۔ جو کچھ ان لوگوں نے کیا تھا وہ ان کو اپنے سامنے حاضر پائیں گے۔ یعنی خود عمل کو حاضر پائیں گے۔ پہلے بھی ذکر ہوا ہے کہ انسان کا عمل جب ایک بار وجود میں آتا ہے تو مٹتا نہیں ہے۔ ممکن ہے قیامت کے دن اسی عمل کو دکھایا جائے اور انسان کو اس حال میں دکھایا جائے کہ وہ یہ عمل انجام دے رہا ہے، جس میں ہر چھوٹی اور بڑی حرکت نظر آئے

۴۴۔ یہاں سے عیاں ہوا کہ اقتدار تو خدائے برحق کے لیے مختص ہے، اس کا انعام بہتر ہے اور اسی کا دیا ہوا انجام اچھا ہے۔☆

۴۵۔ اور ان کے لیے دنیاوی زندگی کی یہ مثال پیش کریں: یہ زندگی اس پانی کی طرح ہے جسے ہم نے آسمان سے برسایا جس سے زمین کی روئیدگی گھنی ہوگئی پھر وہ ریزہ ریزہ ہوگئی، ہوائیں اسے اڑاتی ہیں اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

۴۶۔ مال اور اولاد دنیاوی زندگی کی زینت ہیں اور ہمیشہ باقی رہنے والی نیکیاں آپ کے پروردگار کے نزدیک ثواب کے لحاظ سے اور امید کے اعتبار سے بھی بہترین ہیں۔☆

۴۷۔ اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور زمین کو آپ صاف میدان دیکھیں گے اور سب کو ہم جمع کریں گے اور ان میں سے کسی ایک کو بھی نہیں چھوڑیں گے۔

۴۸۔ اور وہ صف در صف تیرے رب کے حضور پیش کیے جائیں گے (تو اللہ تعالیٰ ان سے فرمائے گا) تم اسی طرح ہمارے پاس آ گئے ہو جیسا کہ ہم نے پہلی بار تمہیں خلق کیا تھا، بلکہ تمہیں تو گمان تھا کہ ہم نے تمہارے لیے وعدے کا کوئی وقت مقرر نہیں کیا ہے۔

۴۹۔ اور نامۂ اعمال (سامنے) رکھ دیا جائے گا، اس وقت آپ دیکھیں گے کہ مجرمین اس کے مندرجات کو دیکھ کر ڈر رہے ہیں اور یہ کہہ رہے ہیں: ہائے ہماری رسوائی! یہ کیسا نامۂ اعمال ہے؟ اس نے کسی چھوٹی اور بڑی بات کو نہیں چھوڑا (بلکہ) سب کو درج کر لیا ہے اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ ان سب کو حاضر پائیں گے اور آپ کا

ع ٦ ٥ ١٨ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿٤٩﴾

رب تو کسی پر ظلم نہیں کرتا۔☆

وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوْنَهٗ وَذُرِّيَّتَهٗٓ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِيْ وَهُمْ لَكُمْ عَدُوٌّ ؕ بِئْسَ لِلظّٰلِمِيْنَ بَدَلًا ﴿٥٠﴾

۵۰۔ اور (یہ بات بھی) یاد کریں جب ہم نے فرشتوں سے کہا: آدم کو سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے، وہ جنات میں سے تھا، پس وہ اپنے رب کی اطاعت سے خارج ہو گیا، تو کیا تم لوگ میرے سوا اسے اور اس کی نسل کو اپنا سرپرست بناؤ گے حالانکہ وہ تمہارے دشمن ہیں؟ یہ ظالموں کے لیے برا بدل ہے۔☆

مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ خَلْقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَا خَلْقَ اَنْفُسِهِمْ ۪ وَمَا كُنْتُ مُتَّخِذَ الْمُضِلِّيْنَ عَضُدًا ﴿٥١﴾

۵۱۔ میں نے انہیں آسمانوں اور زمین کی تخلیق کا مشاہدہ نہیں کرایا اور نہ خود ان کی اپنی تخلیق کا اور میں کسی گمراہ کرنے والے کو اپنا مددگار بنانے والا نہیں ہوں۔☆

وَيَوْمَ يَقُوْلُ نَادُوْا شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ مَّوْبِقًا ﴿٥٢﴾

۵۲۔ اور جس دن اللہ فرمائے گا: انہیں بلاؤ جنہیں تم نے میرا شریک ٹھہرایا تھا تو وہ انہیں بلائیں گے لیکن وہ انہیں جواب نہیں دیں گے اور ہم ان کے درمیان ہلاکت کی ایک جگہ بنا دیں گے۔

وَرَاَ الْمُجْرِمُوْنَ النَّارَ فَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ مُّوَاقِعُوْهَا وَلَمْ يَجِدُوْا عَنْهَا مَصْرِفًا ﴿٥٣﴾ ع ١٩

۵۳۔ اور مجرمین اس دن آتش جہنم کا مشاہدہ کریں گے اور سمجھ جائیں گے کہ انہیں اس میں گرنا ہے اور وہ اس سے بچنے کا کوئی راستہ نہیں پائیں گے۔

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لِلنَّاسِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَكَانَ الْاِنْسَانُ اَكْثَرَ شَيْءٍ جَدَلًا ﴿٥٤﴾

۵۴۔ اور بتحقیق ہم نے اس قرآن میں انسانوں کے لیے ہر مضمون کو مختلف انداز میں بیان کیا ہے مگر انسان بڑا ہی جھگڑالو (ثابت ہوا) ہے۔

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰى وَيَسْتَغْفِرُوْا رَبَّهُمْ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمْ سُنَّةُ الْاَوَّلِيْنَ اَوْ يَاْتِيَهُمُ الْعَذَابُ

۵۵۔ اور جب ان کے پاس ہدایت آ گئی تھی تو ایمان لانے اور اپنے پروردگار سے معافی طلب کرنے سے لوگوں کو کسی چیز نے نہیں روکا سوائے اس کے کہ ان کے ساتھ بھی وہی کچھ ہو جائے جو ان سے پہلوں کے

گی اور ان کے جرائم کے عین مطابق سزا دی جائے گی۔ نہ اس کتاب کے مندرجات میں زیادتی ہو گی، نہ اس کے مطابق سزا دینے میں۔

۵۰۔ ابلیس جنات میں سے ہونے کی وجہ سے انسان کی طرح اپنے ارادے میں خود مختار ہے۔ وہ نیکی بھی کر سکتا ہے اور برائی بھی۔ اسی لیے اس نے اطاعت الٰہی سے سرکشی کی۔

۵۱۔ مَآ اَشْهَدْتُّهُمْ میں هُمْ کی ضمیر اگر ابلیس اور اس کی اولاد کی طرف جاتی ہے تو آیت کا مطلب یہ بنتا ہے: ہم نے ابلیس اور اس کی اولاد کو کائنات کی خلقت کے وقت حاضر نہیں کیا تھا کہ ابلیس کا بھی تدبیر کائنات میں کوئی حصہ ہو، کیونکہ جب تخلیق کا مشاہدہ نہیں ہے تو ابلیس اور اس کی اولاد کو اس بارے میں علم نہیں ہے اور جب علم نہیں ہے تو علم کے بغیر تدبیر کیسے کر سکتے ہیں۔ علم کے بغیر شفاعت بھی نہیں ہو سکتی۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے جہاں شفاعت کا ذکر کیا ہے، غالباً وہاں علم کا بھی ذکر آیا ہے۔

یہاں سوال پیدا ہو سکتا ہے کہ کیا اللہ کو کسی کو بازو بنانے کی ضرورت پیش آتی ہے؟ جواب یہ ہے کہ اللہ کائنات کے نظام کے لیے ذرائع استعمال فرماتا ہے، احتیاج کی بنیاد پر نہیں حکمت کی بنیاد پر۔ حضرت علی علیہ السلام سے جب کہا گیا کہ آپؑ کی حکومت کی مصلحت اس میں ہے کہ فی الحال معاویہ کو معزول نہ کیا جائے تو آپؑ نے فرمایا: میں ظلم و جور کے ذریعے عدل قائم نہیں کروں گا۔ پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

ایک نہایت قابل توجہ مطلب یہ ہے کہ اکثر یہ مسئلہ ہماری دینی زندگی میں پیش آتا ہے کہ ہم ایک کار خیر کے لیے دانستہ یا نادانستہ طور پر گناہ کا ارتکاب کرتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں ثواب کے حصول کی راہ میں گناہ کا بوجھ اٹھاتے ہیں۔ ایک مسجد، مدرسہ، امام بارگاہ یا مجلس قائم کرنے کے سلسلے میں کسی مؤمن کی غیبت یا کسی کی اہانت کرتے ہیں یا کسی کا حق مارتے ہیں، اس سے اس بات کا انکشاف ہوتا ہے کہ ہم اس کار خیر کو اللہ کی رضا جوئی کے لیے نہیں کر رہے تھے، ورنہ اس کار خیر کے ذریعے اللہ کو ناراض نہ کرتے۔ فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ۔

۵۵۔ یہ لوگ سابقہ امتوں کی روش پر چلتے ہیں۔ یعنی عذاب آنے تک ایمان نہیں لاتے۔ جبکہ عذاب آنے کے بعد کا ایمان ان کے لیے فائدہ مند نہیں ہے۔ اس طرح یہ لوگ ایسے ایمان کے لیے آمادہ

قُبُلًا ﴿٥٥﴾

وَ مَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِیْنَ اِلَّا مُبَشِّرِیْنَ وَمُنْذِرِیْنَ ۚ وَ یُجَادِلُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِالْبَاطِلِ لِیُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ وَ اتَّخَذُوْٓا اٰیٰتِیْ وَمَآ اُنْذِرُوْا هُزُوًا ﴿٥٦﴾

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰیٰتِ رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِیَ مَا قَدَّمَتْ یَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَ فِیْٓ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَ اِنْ تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ یَّهْتَدُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿٥٧﴾

وَ رَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ یُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ الْعَذَابَ ؕ بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ یَّجِدُوْا مِنْ دُوْنِهٖ مَوْىِٕلًا ﴿٥٨﴾

وَتِلْكَ الْقُرٰٓى اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَ جَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ مَّوْعِدًا ﴿٥٩﴾ ع ٨ ٢٠

وَ اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ اَوْ اَمْضِیَ حُقُبًا ﴿٦٠﴾

فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ بَیْنِهِمَا نَسِیَا

ساتھ ہوا یا ان کے سامنے عذاب آ جائے۔☆

۵۶۔ اور ہم پیغمبروں کو صرف اس لیے بھیجتے ہیں کہ وہ بشارت دیں اور تنبیہ کریں اور کفار باطل باتوں کے ساتھ جھگڑا کرتے ہیں تاکہ وہ اس طرح حق بات کو مسترد کر دیں، انہوں نے میری آیات کو اور ان باتوں کو جن کے ذریعے انہیں تنبیہ کی گئی تھی مذاق بنا لیا۔

۵۷۔ اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جسے اس کے رب کی آیات کے ذریعے نصیحت کی گئی تو اس نے ان سے منہ پھیر لیا اور جو ان گناہوں کو بھول گیا جنہیں وہ اپنے ہاتھوں آگے بھیج چکا تھا؟ ہم نے ان لوگوں کے دلوں پر یقیناً پردے ڈال دیے ہیں تاکہ وہ سمجھ ہی نہ سکیں اور ان کے کانوں کو سنگین کر دیا ہے (تاکہ وہ سن نہ سکیں) اور اب اگر آپ انہیں ہدایت کی طرف بلائیں بھی تو یہ کبھی راہ راست پر نہیں آئیں گے۔☆

۵۸۔ اور آپ کا پروردگار بڑا بخشنے والا، رحمت کا مالک ہے، اگر وہ ان کی حرکات پر انہیں گرفت میں لینا چاہتا تو انہیں جلد ہی عذاب دے دیتا لیکن ان کے لیے وعدے کا وقت مقرر ہے، وہ (اس سے بچنے کے لیے) اس کے سوا کوئی پناہ گاہ ہرگز نہیں پائیں گے۔☆

۵۹۔ اور ان بستیوں کو ہم نے اس وقت ہلاکت میں ڈال دیا جب انہوں نے ظلم کیا اور ہم نے ان کی ہلاکت کے لیے بھی ایک وقت مقرر کر رکھا تھا۔☆

۶۰۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب موسیٰ نے اپنے جوان سے کہا: جب تک میں دونوں سمندروں کے سنگم پر نہ پہنچوں اپنا سفر جاری رکھوں گا خواہ برسوں چلتا رہوں۔☆

۶۱۔ جب وہ ان دونوں کے سنگم پر پہنچ گئے

ہیں جو ان کے لیے مفید نہیں ہے۔ اس قسم کا ایمان تو فرعون بھی غرق ہوتے وقت لایا تھا۔

۵۷۔ وہ اپنے جرائم کی وجہ سے ایمان کی اہلیت کھو بیٹھے ہیں جس کی بنا پر اللہ نے ان کو ان کے حال پر چھوڑ رکھا ہے۔ جن کو اللہ اپنی رحمت سے محروم کرے ان میں پھر شنوائی رہتی ہے نہ سمجھنے کے لیے ان کی عقل و فکر کام کرتی ہے۔

۵۸۔ یہ اللہ کی غفاریت اور رحمت ہے کہ وہ مجرموں کو پکڑنے میں جلد بازی سے کام نہیں لیتا بلکہ باز آنے کے لیے انھیں مواقع فراہم کرتا ہے۔

۵۹۔ مجرموں کو مہلت دینا کوئی نئی بات نہیں ہے بلکہ یہ تمام امتوں کے بارے میں خدا کی دائمی روش ہے۔

۶۰۔ اللہ تعالیٰ کے اس مرئی اور ظاہری نظام کے پس پردہ ایک نامرئی اور باطنی نظام بھی موجود ہے۔ ظاہری اور مرئی نظام اس باطنی نظام کے تابع ہے۔ ظاہر بین لوگ جو صرف محسوسات پر ایمان رکھتے ہیں اس ظاہری نظام کی ناہمواری کو دیکھ کر یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ اس نظام کے پیچھے کوئی شعور کام نہیں کر رہا۔ اس قصے کو بیان کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اس باطنی اور نامرئی نظام کی ایک جھلک دکھائی جائے۔

اسلامی روایت کے مطابق یہ واقعہ حضرت موسیٰ بن عمران (ع) کے ساتھ پیش آیا۔ ممکن ہے اللہ تعالیٰ اپنے اولوالعزم نبی کو اس باطنی نظام سے آگاہ کرنا چاہتا تھا کہ اس ظاہری دنیا میں پیش آنے والے حادثات کے پیچھے کون سی حکمتیں کارفرما ہیں۔ جیسا کہ حضرت رسول اکرمؐ کو معراج میں عالم ملکوت کی سیر کرائی تاکہ اللہ کی بڑی نشانیوں کا مشاہدہ کریں۔ یعنی ان راز ہائے قدرت سے آگاہی حاصل کریں جو اس عالم ناسوت کے پردے کے پیچھے پوشیدہ ہیں۔ یہ واقعہ کہاں پیش آیا اس پر کوئی دلیل ہمارے پاس نہیں ہے۔ ممکن ہے مدین میں زندگی کے دوران پیش آیا ہو اور ممکن ہے کہ مصر میں پیش آیا ہو۔

۶۱۔ مَجْمَعَ الْبَحْرَیْنِ: دونوں دریاؤں کے سنگم۔ بعض کے نزدیک بحر ازرق اور بحر ابیض، جہاں دریائے نیل کی دو شاخیں آپس میں ملتی ہیں، وہ مقام مراد ہے جو موجودہ شہر خرطوم کے نزدیک ہے اور بعض کے نزدیک یہ خلیج فارس اور بحر روم کا سنگم ہے۔ لیکن یہ سب باتیں ظن و گمان اور اندازے کے سوا کچھ نہیں۔

حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ
سَرَبًا ﴿٦١﴾
فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ لِفَتٰىهُ اٰتِنَا
غَدَآءَنَا ۫ لَقَدْ لَقِيْنَا مِنْ سَفَرِنَا
هٰذَا نَصَبًا ﴿٦٢﴾
قَالَ اَرَءَيْتَ اِذْ اَوَيْنَآ اِلَى
الصَّخْرَةِ فَاِنِّيْ نَسِيْتُ الْحُوْتَ ۫
وَمَآ اَنْسٰنِيْهُ اِلَّا الشَّيْطٰنُ اَنْ
اَذْكُرَهٗ ۚ وَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ فِي الْبَحْرِ ۖ
عَجَبًا ﴿٦٣﴾
قَالَ ذٰلِكَ مَا كُنَّا نَبْغِ ۚ فَارْتَدَّا
عَلٰٓى اٰثَارِهِمَا قَصَصًا ﴿٦٤﴾
فَوَجَدَا عَبْدًا مِّنْ عِبَادِنَآ اٰتَيْنٰهُ
رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا وَعَلَّمْنٰهُ مِنْ
لَّدُنَّا عِلْمًا ﴿٦٥﴾
قَالَ لَهٗ مُوْسٰى هَلْ اَتَّبِعُكَ عَلٰٓى
اَنْ تُعَلِّمَنِ مِمَّا عُلِّمْتَ رُشْدًا ﴿٦٦﴾
قَالَ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ
صَبْرًا ﴿٦٧﴾
وَكَيْفَ تَصْبِرُ عَلٰى مَا لَمْ تُحِطْ
بِهٖ خُبْرًا ﴿٦٨﴾
قَالَ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ صَابِرًا
وَّلَآ اَعْصِيْ لَكَ اَمْرًا ﴿٦٩﴾

تو وہ دونوں اپنی مچھلی بھول گئے تو اس مچھلی نے چیر کر سمندر میں اپنا راستہ بنا لیا۔☆

۶۲۔ جب وہ دونوں آگے نکل گئے تو موسیٰ نے اپنے جوان سے کہا: ہمارا کھانا لاؤ ہم اس سفر سے تھک گئے۔

۶۳۔ جوان نے کہا: بھلا آپ نے دیکھا کہ جب ہم چٹان کے پاس ٹھہرے تھے تو میں مچھلی وہیں بھول گیا؟ اور مجھے شیطان کے سوا کوئی نہیں بھلا سکتا کہ میں اسے یاد کروں اور اس مچھلی نے تو عجیب طریقے سے سمندر میں اپنی راہ بنائی۔☆

۶۴۔ موسیٰ نے کہا: یہی تو ہے جس کی ہمیں تلاش تھی، چنانچہ وہ اپنے قدموں کے نشان دیکھتے ہوئے واپس ہوئے۔

۶۵۔ وہاں ان دونوں نے ہمارے بندوں میں سے ایک بندے (خضر) کو پایا جسے ہم نے اپنے پاس سے رحمت عطا کی تھی اور اپنی طرف سے علم سکھایا تھا۔☆

۶۶۔ موسیٰ نے اس سے کہا: کیا میں آپ کے پیچھے چل سکتا ہوں تاکہ آپ مجھے وہ مفید علم سکھائیں جو آپ کو سکھایا گیا ہے؟☆

۶۷۔ اس نے جواب دیا، آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے۔

۶۸۔ اور اس بات پر بھلا آپ کیسے صبر کر سکتے ہیں جو آپ کے احاطہ علم میں نہیں ہے؟☆

۶۹۔ موسیٰ نے کہا: انشاء اللہ آپ مجھے صابر پائیں گے اور میں آپ کے کسی حکم کی نافرمانی نہیں کروں گا۔☆

۶۳۔ حضرت موسیٰ (ع) کو یہ بتایا گیا تھا کہ وہ معلم دو دریاؤں کے سنگم پر ملیں گے، جہاں سے مچھلی دریا میں چلی جائے گی۔ اس بات کی تفسیر کہیں نہیں ملتی کہ وہ جوان اس حیرت انگیز واقعے کو کیسے بھول گئے۔ حضرت موسیٰ (ع) واپس آتے ہیں اور اسی سنگم پر وہ بندۂ خدا سے ملتے ہیں۔

۶۵۔ جس عبد خدا سے حضرت موسیٰؑ کو تعلیم حاصل کرنا تھی، وہ اسلامی روایات کے مطابق حضرت خضر علیہ السلام ہیں جو حضرت موسیٰؑ کے معاصر نبی تھے۔ بعض روایات کے مطابق آپ ابھی تک زندہ ہیں۔

اٰتَيْنٰهُ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا: جسے اللہ نے اپنی رحمت سے نوازا ہے۔ رحمت سے مراد قرآنی اصطلاح میں نبوت ہوتی ہے۔ چنانچہ حضرت نوح (ع) نے اپنی نبوت کے بارے میں فرمایا: وَ اٰتٰنِيْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِهٖ۔ (ہود: ۲۸)

۶۶۔ تعلیم کے ذکر سے پہلے اتباع کا ذکر بتلاتا ہے کہ شاگرد کے لیے استاد کی اتباع اور پیروی کرنا بنیادی بات ہے اور ساتھ شاگردی کے آداب میں اتباع کو اولیت حاصل ہے۔ شاید اسی لیے اتباع کا ذکر پہلے اور تعلیم کا ذکر بعد میں آ گیا۔

۶۸۔ انجام کا علم نہ ہو تو صبر نہیں آتا۔ لہٰذا صبر کا علم سے گہرا ربط ہے۔ اگر شفا کے حصول کا علم نہ ہو تو معالجے کی تلخی قابل تحمل نہیں ہوتی۔ حدیث میں آیا ہے: وَ مَنْ عَرَفَ قَدْرَ الصَّبْرِ لَا يَصْبِرُ عَمَّا مِنْهُ الصَّبْرُ۔ (مستدرك الوسائل ۲: ۴۲۷) اگر صبر کی قدر و قیمت کا علم ہو جائے تو جس سے صبر کرنا ہوتا ہے، اس پر صبر نہ کرنے پر صبر نہ آتا۔

۶۹۔ یہ ایک عزم و ارادے کا اظہار ہے اور حالات کا سامنا کرنے سے پہلے یہ اظہار اپنی جگہ سچا ہے۔ یہ عہد و پیمان حضرت موسیٰ (ع) نے اس اعتبار سے دیا ہے کہ اللہ کے حکم سے جس استاد سے علم حاصل کرنا ہے، وہ یقیناً خلاف شرع کا ارتکاب نہیں کرے گا۔ بعد میں جب خلاف ورزی سرزد ہوئی، اسے حضرت موسیٰ (ع) اپنے عہد کی خلاف ورزی تصور نہیں کرتے تھے، جبکہ وہ حضرت خضر (ع) کی خلاف ورزی پر برہم تھے۔ بادی الرائے میں اس برہمی کو خلاف ورزی تصور نہیں کرنا چاہیے۔ چنانچہ حضرت خضر (ع) کی طرف سے توجہ دلانے پر انہوں نے معذرت کی۔

قَالَ فَاِنِ اتَّبَعْتَنِيْ فَلَا تَسْـَٔلْنِيْ
عَنْ شَيْءٍ حَتّٰٓى اُحْدِثَ لَكَ مِنْهُ
ع ۹ ۱۱ ۲۱ ذِكْرًا ﴿۷۰﴾
فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا رَكِبَا فِي
السَّفِيْنَةِ خَرَقَهَا ؕ قَالَ اَخَرَقْتَهَا
لِتُغْرِقَ اَهْلَهَا ۚ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا
اِمْرًا ﴿۷۱﴾
قَالَ اَلَمْ اَقُلْ اِنَّكَ لَنْ تَسْتَطِيْعَ
مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۲﴾
قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا
تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ﴿۷۳﴾
فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا
فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ
بِغَيْرِ نَفْسٍ ؕ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا
نُّكْرًا ﴿۷۴﴾
الجزء ۱۶ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكَ اِنَّكَ لَنْ
تَسْتَطِيْعَ مَعِيَ صَبْرًا ﴿۷۵﴾
قَالَ اِنْ سَاَلْتُكَ عَنْ شَيْءٍ بَعْدَهَا
فَلَا تُصٰحِبْنِيْ ۚ قَدْ بَلَغْتَ مِنْ
لَّدُنِّيْ عُذْرًا ﴿۷۶﴾
فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَآ اَتَيَآ اَهْلَ
قَرْيَةِ ۨ اسْتَطْعَمَآ اَهْلَهَا فَاَبَوْا
اَنْ يُّضَيِّفُوْهُمَا فَوَجَدَا فِيْهَا

۷۰۔ اس نے کہا: اگر آپ میرے پیچھے چلنا چاہتے ہیں تو آپ اس وقت تک کوئی بات مجھ سے نہیں پوچھیں گے جب تک میں خود اس کے بارے میں آپ سے ذکر نہ کروں۔☆

۷۱۔ چنانچہ دونوں چل پڑے یہاں تک کہ جب وہ ایک کشتی میں سوار ہوئے تو اس نے کشتی میں شگاف ڈال دیا، موسیٰ نے کہا: کیا آپ نے اس میں شگاف اس لیے ڈالا ہے کہ سب کشتی والوں کو غرق کر دیں؟ یہ آپ نے بڑا ہی نامناسب اقدام کیا ہے☆

۷۲۔ اس نے کہا: کیا میں نے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہیں کر سکیں گے؟

۷۳۔ موسیٰ نے کہا: مجھ سے جو بھول ہوئی ہے اس پر آپ میرا مؤاخذہ نہ کریں اور میرے اس معاملے میں مجھے سختی میں نہ ڈالیں.☆

۷۴۔ پھر روانہ ہوئے یہاں تک کہ وہ دونوں ایک لڑکے سے ملے تو اس نے لڑکے کو قتل کر دیا، موسیٰ نے کہا: کیا آپ نے ایک بے گناہ کو بغیر قصاص کے مار ڈالا؟ یہ تو آپ نے واقعی برا کام کیا۔☆

۷۵۔ اس نے کہا: کیا میں نے آپ سے نہیں کہا تھا کہ آپ میرے ساتھ صبر نہ کر سکیں گے؟

۷۶۔ موسیٰ نے کہا: اگر اس کے بعد میں نے آپ سے کسی بات پر سوال کیا تو آپ مجھے اپنے ساتھ نہ رکھیں میری طرف سے آپ یقیناً عذر کی حد تک پہنچ چکے ہیں۔

۷۷۔ پھر دونوں چلے یہاں تک کہ جب وہ دونوں ایک بستی والوں کے ہاں پہنچ گئے تو ان سے کھانا طلب کیا مگر انہوں نے ان کی پذیرائی سے انکار کر دیا، پھر ان دونوں

۷۰۔ یعنی کوئی بھی حادثہ یا مسئلہ پیش آتا ہے تو اس کے انجام کا انتظار کرنا ہو گا۔ اگر اس حادثہ اور مسئلہ کی کوئی توجیہ آپ کی سمجھ میں نہ آئے تو لب اعتراض نہ کھولنا۔

۷۱۔ اس سلسلہ تعلیم کا پہلا سبق شروع ہوتا ہے۔ حضرت خضرؑ سے ایسا عمل سرزد ہوتا ہے جو عقل و ضمیر کے لیے قابل قبول نہیں ہے۔ اس واقعے کی ظاہری صورت یہ ہے کہ یہ کشتی چند مسکینوں کا واحد ذریعۂ معاش تھی اور وہ بھی حادثے کی نذر ہو گئی۔ ظاہر بین نگاہوں کے لیے یہ ناقابل فہم ہے کہ ان مسکینوں کا ذریعۂ معاش بھی چھن جائے، جبکہ اس واقعہ کا باطنی پہلو یہ ہے کہ اس حادثے کی وجہ سے ان کا ذریعہ معاش بچ جاتا ہے۔

۷۳۔ یہاں بھول بقول بعض مفسرین ترک کے معنوں میں ہے۔ یعنی میں نے جو عہد آپ کے ساتھ کیا تھا اس پر عمل کرنا ترک ہوا، اس پر معذرت چاہتا ہوں۔ یہ نامناسب اور غیر ضروری عمل سرزد ہوتے دیکھ کر بادی النظر میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا ردعمل ظاہر ہونا اور برہم ہونا فطری ہے۔

۷۴۔ اس سلسلہ تعلیم کا دوسرا درس شروع ہوا۔ اس مرتبہ پہلے سے زیادہ قابل سرزنش اور ناقابل تحمل جرم سرزد ہوتے ہوئے دیکھا۔ ایک بیگناہ پاکیزہ جان کا قتل۔ اس مرتبہ بھی حضرت موسیٰ (ع) صبر نہ کر سکے۔ ان کا وجدان، ضمیر اور جذبہ اس عہد پر غالب آ گیا جو حضرت خضرؑ سے کر رکھا تھا۔ اس واقعہ کا ظاہری پہلو یہ ہے کہ والدین کا اکلوتا بیٹا مارا جائے، جبکہ باطنی پہلو والدین کے حق میں ہے۔

۷۷۔ سلسلہ تعلیم کا تیسرا سبق شروع ہوتا ہے۔ اس مرتبہ درس کی نوعیت اور اس کے مضمون میں تبدیلی آ گئی۔ پہلے سبق میں وہ مضامین پڑھائے گئے جو بظاہر ناانصافی اور زیادتی دکھائی دیتے ہیں، جبکہ اس مرتبہ وہ مضمون پڑھایا جا رہا ہے جس میں ایک ایسا عمل ہے، جس میں کوئی حکمت اور فلسفہ بظاہر دکھائی نہیں دیتا۔ دونوں کو بھوک کا سامنا ہے۔ گاؤں والے کنجوس ہیں۔ بجائے اس کے کہ کوئی ایسا عمل انجام دیا جائے جس سے بھوک کا علاج ہو جائے، ایک ایسا عمل شروع ہو گیا جس کا بظاہر کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اس مرتبہ حضرت موسیٰ (ع) کے اعتراض کا محرک جذبات نہیں، خواہش نفسی ہے اور حکمت عملی کے فقدان کا احساس ہے۔ بظاہر اس کام کی انجام دہی میں کوئی فائدہ نظر نہیں آتا تھا، لیکن باطن

جِدَارًا يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّنۡقَضَّ
فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوۡ شِئۡتَ
لَتَّخَذۡتَ عَلَيۡهِ اَجۡرًا ﴿۷۷﴾
قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنِكَ ۚ
سَاُنَبِّئُكَ بِتَاۡوِيۡلِ مَا لَمۡ تَسۡطِعۡ
عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿۷۸﴾
اَمَّا السَّفِيۡنَةُ فَكَانَتۡ لِمَسٰكِيۡنَ
يَعۡمَلُوۡنَ فِى الۡبَحۡرِ فَاَرَدۡتُّ اَنۡ
اَعِيۡبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمۡ مَّلِكٌ
يَّاۡخُذُ كُلَّ سَفِيۡنَةٍ غَصۡبًا ﴿۷۹﴾
وَاَمَّا الۡغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤۡمِنَيۡنِ
فَخَشِيۡنَاۤ اَنۡ يُّرۡهِقَهُمَا طُغۡيَانًا وَّ
كُفۡرًا ﴿۸۰﴾ ۚ
فَاَرَدۡنَاۤ اَنۡ يُّبۡدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيۡرًا
مِّنۡهُ زَكٰوةً وَّاَقۡرَبَ رُحۡمًا ﴿۸۱﴾
وَاَمَّا الۡجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيۡنِ
يَتِيۡمَيۡنِ فِى الۡمَدِيۡنَةِ وَكَانَ تَحۡتَهٗ
كَنۡزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوۡهُمَا صَالِحًا ۚ
فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنۡ يَّبۡلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَ
يَسۡتَخۡرِجَا كَنۡزَهُمَا ۖ رَحۡمَةً مِّنۡ
رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلۡتُهٗ عَنۡ اَمۡرِىۡ ؕ
ذٰلِكَ تَاۡوِيۡلُ مَا لَمۡ تَسۡطِعۡ عَّلَيۡهِ
صَبۡرًا ﴿۸۲﴾ ع ۱۰ ۱۲

نے وہاں ایک دیوار دیکھی جو گرنے والی تھی پس اس نے اسے سیدھا کر دیا، موسیٰ نے کہا: اگر آپ چاہتے تو اس کی اجرت لے سکتے تھے۔☆

۷۸۔ انہوں نے کہا: (بس) یہی میری اور آپ کی جدائی کا لمحہ ہے، اب میں آپ کو ان باتوں کی تاویل بتا دیتا ہوں جن پر آپ صبر نہ کر سکے۔☆

۷۹۔ وہ کشتی چند غریب لوگوں کی تھی جو سمندر میں محنت کرتے تھے، میں نے چاہا کہ اسے عیب دار بنا دوں کیونکہ ان کے پیچھے ایک بادشاہ تھا جو ہر (سالم) کشتی کو جبراً چھین لیتا تھا۔

۸۰۔ اور لڑکے (کا مسئلہ یہ تھا کہ اس) کے والدین مؤمن تھے اور ہمیں اندیشہ ہوا کہ لڑکا انہیں سرکشی اور کفر میں مبتلا کر دے گا.

۸۱۔ پس ہم نے چاہا کہ ان کا رب انہیں اس کے بدلے ایسا فرزند دے جو پاکیزگی میں اس سے بہتر اور محبت میں اس سے بڑھ کر ہو۔

۸۲۔ اور (رہی) دیوار تو وہ اسی شہر کے دو یتیم لڑکوں کی تھی اور اس کے نیچے ان دونوں کا خزانہ موجود تھا اور ان کا باپ نیک شخص تھا، لہٰذا آپ کے رب نے چاہا کہ یہ دونوں اپنی جوانی کو پہنچ جائیں اور آپ کے رب کی رحمت سے اپنا خزانہ نکالیں اور یہ میں نے اپنی جانب سے نہیں کیا، یہ ہے ان باتوں کی تاویل جن پر آپ صبر نہ کر سکے۔☆

میں ایک صالح شخص نے اپنے یتیم بچوں کے لیے جو خزانہ محفوظ کر لیا تھا اسے بچانا مقصود تھا۔

۷۸۔ اس تحقیقی و تدریسی سفر کا جاری رکھنا اب ممکن نہیں ہے، جسے حضرت موسیٰ (ع) نے دوسرے سبق کے دوران ہی سمجھ لیا تھا۔

لیکن جدائی سے پہلے ان واقعات سے پردہ اٹھاؤں جن پر تجھے اور ہر چشم ظاہر بین کو اعتراض تھا اور ان میں مضمر ان رازوں کا انکشاف کروں جو نظام حیات کی بہتری کے لیے ضروری ہیں۔

۸۲۔ یہ وہ حقائق ہیں جن پر چشم ظاہر بین کو صبر نہیں آتا۔ یہاں یہ نکتہ قابل توجہ ہے کہ کشتی میں سوراخ کرنا اور لڑکے کو قتل کرنا حضرت خضرؑ کا عمل نہ ہو بلکہ اللہ کے نظام تکوینی میں رونما ہونے والے واقعات کو تمثیلی طور پر پیش کیا گیا ہو اور ان حقائق کو حضرت خضرؑ کے عمل کی صورت میں دکھایا گیا ہو جو کہ درحقیقت اللہ کی طرف سے تھا۔

تاویل کے بارے میں مقدمہ میں بھی بحث ہو گئی ہے کہ ہر واقعہ اور فعل کی تاویل وہ مرکزی نکتہ ہے جس پر فعل کی مصلحت اور اس کی افادیت کا انحصار ہے۔ وہی اس کا محرک اور جواز بنتا ہے۔

حضرت موسیٰ (ع) کو اس طرح نظام کائنات کے پوشیدہ رازوں کا مطالعہ کرانا مقصود ہے۔ البتہ اس فرق کے ساتھ کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو جس مرتبہ کا ملکوتی مطالعہ کرایا، موسیٰ (ع) کو اس سے کم تر درجے کا مطالعہ کرایا۔ چنانچہ اس درس سے حضرت موسیٰ (ع) نے یہ سیکھا کہ اس کائنات میں رونما ہونے والے وہ واقعات جن کی ہم کوئی مثبت توجیہ نہیں کر سکتے، ان کے پیچھے ایک حکمت پوشیدہ ہے جو اس کائنات کے بہتر نظام کے لیے ضروری ہے۔ چنانچہ یہ ہمارے روز کا مشاہدہ ہے کہ ایک شخص کا اکلوتا بچہ مر جاتا ہے۔ کسی غریب مسکین کی جمع پونجی ضائع ہو جاتی ہے۔ کسی شخص کی دولت میں بے تحاشا اضافہ ہو جاتا۔ ایک ظالم کے پاس طاقت اور ایک مظلوم کے پاس کوئی چارہ کار نہیں ہوتا وغیرہ وغیرہ اور اس کی توجیہ اور مصلحت عام لوگوں کی فہم سے خارج ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نظام تکوینی میں رونما ہونے والے اس قسم کے حالات اور حادثات کے پیچھے جو اسرار و رموز پوشیدہ ہیں، ان سے اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں کو آگاہ فرماتا ہے۔

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ؕ
قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا ﴿۸۳﴾ ؕ
اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ
مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ﴿۸۴﴾ ۙ
فَاَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۵﴾
حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ
وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ
وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ؕ قُلْنَا يٰذَا
الْقَرْنَيْنِ اِمَّاۤ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّاۤ اَنْ
تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا ﴿۸۶﴾
قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ
ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا
نُّكْرًا ﴿۸۷﴾
وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ
جَزَآءَ ۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ
اَمْرِنَا يُسْرًا ﴿۸۸﴾ ؕ
ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۸۹﴾
حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ
وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰى قَوْمٍ لَّمْ
نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا ﴿۹۰﴾ ۙ
كَذٰلِكَ ؕ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ
خُبْرًا ﴿۹۱﴾
ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا ﴿۹۲﴾

۸۳۔ اور لوگ آپ سے ذوالقرنین کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: جلد ہی اس کا کچھ ذکر تمہیں سناؤں گا۔☆

۸۴۔ بے شک ہم نے اسے زمین میں اقتدار عطا کیا اور ہم نے ہر شے کے (مطلوبہ) وسائل بھی اسے فراہم کیے۔

۸۵۔ چنانچہ پھر وہ راہ پر ہو لیا۔

۸۶۔ یہاں تک کہ جب وہ سورج کے غروب ہونے کی جگہ پہنچا تو اس نے سورج کو سیاہ رنگ کے پانی میں غروب ہوتے دیکھا اور اس کے پاس اس نے ایک قوم کو پایا، ہم نے کہا: اے ذوالقرنین! انہیں سزا دو یا ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرو (تمہیں اختیار ہے)۔☆

۸۷۔ ذوالقرنین نے کہا: جو ظلم کا ارتکاب کرے گا عنقریب ہم اسے سزا دیں گے پھر جب وہ اپنے پروردگار کی طرف پلٹایا جائے گا تو وہ اسے برا عذاب دے گا۔

۸۸۔ لیکن جو ایمان لائے گا اور نیک عمل کرے گا تو اسے بہت اچھا اجر ملے گا اور ہم بھی اپنے معاملات میں اس سے نرمی کے ساتھ بات کریں گے۔

۸۹۔ پھر وہ راہ پر ہو لیا۔

۹۰۔ یہاں تک کہ جب وہ طلوع آفتاب کی جگہ پہنچا تو دیکھا کہ سورج ایک ایسی قوم پر طلوع ہو رہا ہے جن کے لیے ہم نے آفتاب سے بچنے کی کوئی آڑ نہیں رکھی۔☆

۹۱۔ اسی طرح (کا حال تھا) اور جو کچھ اس کے پاس تھا ہمیں اس کی مکمل خبر تھی۔

۹۲۔ پھر وہ راہ پر ہو لیا۔

۸۳۔ ذوالقرنین، دو سینگوں والا کی وجہ تسمیہ میں یہ بات زیادہ قرین قیاس ہے کہ خسرو نے سیڈیا اور فارس دونوں بادشاہتوں کو فتح کر لیا، اس لیے دو سینگوں والا لقب ہو گیا اور سینگ اس زمانے میں طاقت کی نشانی ہو سکتی ہے۔ المیزان کے مطابق خسرو کا مجسمہ ماضی قریب میں مرغاب جنوب ایران میں دریافت ہوا، اس میں اس کے تاج میں دو سینگ بھی ابھرے ہوئے نظر آتے ہیں جس سے معلوم ہوا کہ اس بادشاہ کو ذوالقرنین کیوں کہا گیا۔
یہودیوں کے ہاں جس عالمی فرماں روا کو ذوالقرنین کے نام سے شہرت حاصل تھی وہ ایران کے فرماں روا خسرو یا سائرس ہی ہو سکتے ہیں، کیونکہ جب ۵۳۹ ق م خسرو نے بابل فتح کیا تو اس نے بابل میں اسیر یہودیوں کو اپنے ملک واپس جانے کی اجازت دے دی، جس کی وجہ سے یہودی دوبارہ اپنے وطن میں آباد ہوئے اور اسی خسرو نے یہودیوں کو ہیکل سلیمانی دوبارہ تعمیر کرنے کی اجازت دے دی جو یہودیوں کی تاریخ میں اہم ترین واقعہ ہے۔ لہٰذا زیادہ امکان یہی ہے کہ ذوالقرنین سے مراد خسرو ہی ہے۔
مشہور یہ ہے کہ ذوالقرنین سے مراد سکندر اعظم مقدونی متوفی ۳۲۳ ق م ہے، جو قرآن کے سیاق کلام کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتا، کیونکہ سکندر اعظم موحد نہ تھا، نہ ہی اس نے کوئی بند باندھا ہے۔
کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ذوالقرنین سے مراد ایرانی بادشاہ کورش کبیر متوفی ۵۳۹ ق م ہے۔ بعض محققین کے مطابق یہی قرین قیاس ہے۔

۸۶۔ جب آفتاب غروب ہو رہا تھا تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ سیاہ گدلے پانی میں ڈوب رہا ہے۔ بعض اہل قلم کے مطابق ذوالقرنین کے کورش ہونے کی صورت میں اس پانی سے مراد ایشیائے کوچک کا مغربی ساحل ہو سکتا ہے اور سکندر اعظم ہونے کی صورت میں جنوبی یوگوسلاویہ کی بڑی جھیل ہو سکتی ہے، جس کا پانی گدلا اور سیاہی مائل ہے یا سواحل افریقہ ہو سکتے ہیں۔ ہمارے پاس ان میں سے کسی پر قطعی دلیل موجود نہیں ہے۔

۹۰۔ یعنی مشرق کی انتہائی سمت، جہاں تمدن کا سرے سے فقدان تھا، وہ مکان و لباس وغیرہ سے ناآشنا تھے۔ ایک گمان یہ ہے کہ یہ علاقہ بلخ کا ہو سکتا ہے جو کہ کورش کے دائرہ حکومت کی مشرق کی طرف آخری حد ہے۔

حَتّٰۤی اِذَا بَلَغَ بَیۡنَ السَّدَّیۡنِ وَجَدَ
مِنۡ دُوۡنِہِمَا قَوۡمًا ۙ لَّا یَکَادُوۡنَ
یَفۡقَہُوۡنَ قَوۡلًا ﴿۹۳﴾
قَالُوۡا یٰذَا الۡقَرۡنَیۡنِ اِنَّ یَاۡجُوۡجَ
وَ مَاۡجُوۡجَ مُفۡسِدُوۡنَ فِی الۡاَرۡضِ
فَہَلۡ نَجۡعَلُ لَکَ خَرۡجًا عَلٰۤی اَنۡ
تَجۡعَلَ بَیۡنَنَا وَ بَیۡنَہُمۡ سَدًّا ﴿۹۴﴾
قَالَ مَا مَکَّنِّیۡ فِیۡہِ رَبِّیۡ خَیۡرٌ
فَاَعِیۡنُوۡنِیۡ بِقُوَّۃٍ اَجۡعَلۡ بَیۡنَکُمۡ وَ
بَیۡنَہُمۡ رَدۡمًا ﴿۹۵﴾ۙ
اٰتُوۡنِیۡ زُبَرَ الۡحَدِیۡدِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا
سَاوٰی بَیۡنَ الصَّدَفَیۡنِ قَالَ
انۡفُخُوۡا ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَعَلَہٗ نَارًا ۙ
قَالَ اٰتُوۡنِیۡۤ اُفۡرِغۡ عَلَیۡہِ قِطۡرًا ﴿۹۶﴾ؕ
فَمَا اسۡطَاعُوۡۤا اَنۡ یَّظۡہَرُوۡہُ وَ مَا
اسۡتَطَاعُوۡا لَہٗ نَقۡبًا ﴿۹۷﴾
قَالَ ہٰذَا رَحۡمَۃٌ مِّنۡ رَّبِّیۡ ۚ فَاِذَا جَآءَ
وَعۡدُ رَبِّیۡ جَعَلَہٗ دَکَّآءَ ۚ وَ کَانَ
وَعۡدُ رَبِّیۡ حَقًّا ﴿۹۸﴾ؕ
وَ تَرَکۡنَا بَعۡضَہُمۡ یَوۡمَئِذٍ یَّمُوۡجُ
فِیۡ بَعۡضٍ وَّ نُفِخَ فِی الصُّوۡرِ فَجَمَعۡنٰہُمۡ
جَمۡعًا ﴿۹۹﴾ۙ
وَّ عَرَضۡنَا جَہَنَّمَ یَوۡمَئِذٍ

۹۳۔ یہاں تک کہ جب وہ دو پہاڑوں کے درمیان پہنچا تو اسے ان دونوں پہاڑوں کے اس طرف ایک ایسی قوم ملی جو کوئی بات سمجھنے کے قابل نہ تھی۔☆

۹۴۔ لوگوں نے کہا: اے ذوالقرنین! یاجوج اور ماجوج یقیناً اس سرزمین کے فسادی ہیں کیا ہم آپ کے لیے کچھ سامان کا انتظام کریں تاکہ آپ ہمارے اور ان کے درمیان ایک بند باندھ دیں؟☆

۹۵۔ ذوالقرنین نے کہا: جو طاقت میرے رب نے مجھے عنایت فرمائی ہے وہ بہتر ہے، لہٰذا تم محنت کے ذریعے میری مدد کرو میں تمہارے اور ان کے درمیان بند باندھ دوں گا۔☆

۹۶۔ تم مجھے لوہے کی چادریں لا کر دو، یہاں تک کہ جب اس نے دونوں پہاڑوں کی درمیانی فضا کو برابر کر دیا تو اس نے لوگوں سے کہا: آگ پھونکو یہاں تک کہ جب اسے بالکل آگ بنا دیا تو اس نے کہا: اب میرے پاس تانبا لے آؤ تاکہ میں اس (دیوار) پر انڈیلوں۔☆

۹۷۔ اس کے بعد وہ نہ اس پر چڑھ سکیں اور نہ ہی اس میں نقب لگا سکیں۔

۹۸۔ ذوالقرنین نے کہا: یہ میرے رب کی طرف سے رحمت ہے لہٰذا جب میرے رب کے وعدے کا وقت آئے گا تو وہ اسے زمین بوس کر دے گا اور میرے رب کا وعدہ برحق ہے۔☆

۹۹۔ اور اس دن ہم انہیں ایسے حال میں چھوڑ دیں گے کہ وہ ایک دوسرے کے ساتھ گتھم گتھا ہو جائیں گے اور صور میں پھونک ماری جائے گی پھر ہم سب کو ایک ساتھ جمع کریں گے۔

۱۰۰۔ اور اس دن ہم جہنم کو کافروں کے سامنے

۹۳۔ مشرق اور مغرب کی طرف فوج کشی کے بعد یہ تیسری فوج کشی ہے۔ تاریخی شواہد سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ فوج کشی شمال کی طرف تھی جہاں ایک وحشی قوم بستی تھی جو کسی زبان کے ذریعے بھی افہام و تفہیم کے قابل نہ تھی۔

بَیۡنَ السَّدَّیۡنِ: دو پہاڑوں کے درمیان۔ عام خیال یہ ہے کہ یہ دو پہاڑ بحر خزر اور بحر اسود کے درمیان واقع ہیں جو کیشیا کے پہاڑی سلسلوں پر قابل تطبیق ہے۔ درمنثور میں ابن عباس سے روایت ہے کہ سدین یعنی دو پہاڑوں سے مراد ارمینیا اور آذربائیجان ہے۔ ممکن ہے روایت کا اشارہ ان دو پہاڑوں کے محل وقوع کی طرف ہو کہ یہ سدین ان علاقوں میں ہے۔

۹۴۔ یہ بند بعض کے بقول قفقاز کے علاقہ داغستان میں دربند اور داریال کے درمیان موجود ہے جو ۵۰ میل لمبا اور ۲۹ فٹ اونچا ہے اور بعض کے نزدیک یہ بند اس دربند میں ہے جو علاقہ وسط ایشیاء کے مشرقی حصے میں بخارا سے کوئی ۱۵۰ میل جنوب مشرق میں واقع ہے۔

یاجوج و ماجوج کون ہیں: ایک رائے یہ ہے کہ یہ وہی قوم ہے جسے تاتاری منگولی وغیرہ ناموں سے یاد کیا جاتا ہے، جو قدیم زمانے سے یورپ اور ایشیا کی متمدن قوموں پر حملے کرتے رہے ہیں۔ بائبل میں ان کو حضرت نوح (ع) کے فرزند یافث کی نسل میں قرار دیا گیا ہے۔ (پیدائش باب ۱۰) چنانچہ بحار الانوار ۶: ۲۹۸ اور علل الشرائع میں بھی ایک روایت میں یاجوج و ماجوج کو یافث کی نسل قرار دیا گیا ہے اور حزقی ایل صحیفے باب ۳۸ میں بھی ان کا ذکر ملتا ہے۔

۹۵۔ یعنی تم مجھے افرادی قوت فراہم کرو۔

۹۶۔ بَیۡنَ الصَّدَفَیۡنِ یعنی دونوں پہاڑوں کے سروں کے درمیانی حصہ کو لوہے کے ٹکڑوں سے پر کر کے پہاڑوں کے برابر کر دیا۔ پھر اس دیوار پر پگھلا ہوا لوہا یا سیسہ ڈالنے سے وہ درہ ایسا بند ہو گیا کہ یاجوج و ماجوج اسے توڑ کر دوسری آبادیوں کی طرف نہیں آ سکے۔

۹۸۔ اس وعدے سے مراد قیامت کے قریب یاجوج و ماجوج کا خروج ہو سکتا ہے۔ چنانچہ یہ حضرت امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کی علامتوں میں سے ایک ہے۔ یعنی دیوار اگرچہ مضبوط ہے لیکن میرے رب کا وعدہ آنے پر یہ مضبوط دیوار بھی ریزہ

لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضًا ﴿۱۰۰﴾
الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ
عَنْ ذِكْرِيْ وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
سَمْعًا ﴿۱۰۱﴾ ع ۱۶/۲
اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ
يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ؕ
اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ
نُزُلًا ﴿۱۰۲﴾
قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ
اَعْمَالًا ﴿۱۰۳﴾ ؕ
اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ
يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ﴿۱۰۴﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا
نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ﴿۱۰۵﴾
ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا
وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا ﴿۱۰۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ
نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ ؕ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا
حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾

ریزہ ہو جائے گی۔

۱۰۱۔ جن کا عقل و شعور غفلت و جہالت کے پردے میں ہے، وہ حرف حق کو سننے کی صلاحیت نہیں رکھتے کیونکہ وہ حق سے کراہت اور نفرت کرتے ہیں اور ان کا باطل سے مانوس ذہن حق کو دیکھ کر وحشت زدہ ہو جاتا ہے۔

۱۰۲۔ اللہ کی جگہ مِنْ دُوْنِيْٓ بندوں کو سرپرست بنا لینا شرک ہے۔ یعنی جہاں اللہ تعالیٰ کی بندگی اور عبادت ہونی چاہیے، وہاں بندوں کی پرستش ہو جائے تو یہ شرک ہے۔ عِبَادِيْ (میرے بندوں) سے مراد فرشتے، جن اور نیک انسان ہو سکتے ہیں، جن کی یہ مشرکین پوجا کرتے ہیں۔

۱۰۳۔۱۰۴ سب سے زیادہ ناقابل تلافی خسارے میں وہ لوگ ہیں جو مرکب ضلالت میں ہیں۔ مرکب ضلالت کا مطلب یہ ہے کہ ایک تو وہ خود ضلالت میں ہیں، دوسرا یہ کہ وہ اپنی اس ضلالت کو درست کام سمجھتے ہیں۔ اس قسم کی گمراہی زیادہ خطرناک اور ہدایت سے دور ہوتی ہے۔ یہ بالکل جہل مرکب کی طرح ہے کہ ایک شخص ایک مطلب کو نہیں جانتا اور اپنے اس نہ جاننے کو بھی نہیں جانتا۔ ایسا شخص جاننے کی کوشش کبھی نہیں کرے گا۔ اس لیے اس گمراہی کو سب سے زیادہ نامراد قرار دیا ہے۔ چاہے وہ خوارج کی طرح عبادات بجا لائیں، نواصب کی طرح کلام اللہ کی تلاوت کریں، اہل شرک کی طرح بے جان چیزوں کی پوجا کریں، یہ سب اعمال جن کو وہ کار خیر سمجھ کر بجا لا رہے ہیں، عبث ثابت ہوں گے اور ثواب و نجات کے لیے ان کی تمام کوششیں رائیگاں جائیں گی۔

۱۰۵۔ ۱۰۶ جو لوگ بدترین خسارے میں ہیں، ان کے بارے میں بیان جاری ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو آیات الٰہی اور آخرت کا انکار کرتے تھے۔ آیات الٰہی میں آفاق و انفس کے ساتھ رسالت و نبوت بھی شامل ہیں جن کے یہ لوگ منکر ہیں۔ یعنی جو مطلوب تھا وہ کیا نہیں اور جو کیا وہ مطلوب نہ تھا۔ اس لیے حبط ہونا قدرتی بات ہے اور جب حبط ہو گا تو قدروں کے ترازو میں ان اعمال کا کوئی وزن نہ ہو گا۔

۱۰۷۔ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ: فردوس ایسے باغ کو کہتے ہیں جس میں گھنے درخت ہوں اور غالب درخت انگور کے ہوں۔

پیش کریں گے۔

۱۰۱۔ جن کی نگاہیں ہماری یاد سے پردے میں پڑی ہوئی تھیں اور وہ کچھ سن بھی نہیں سکتے تھے۔☆

۱۰۲۔ کیا کافر یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو سرپرست بنائیں گے؟ ہم نے جہنم کو کافروں کے لیے مہمان سرا بنا کر تیار رکھا ہے۔☆

۱۰۳۔ کہہ دیجیے: کیا ہم تمہیں بتا دیں کہ اعمال کے اعتبار سے سب سے نامراد کون لوگ ہیں؟☆

۱۰۴۔ جن کی سعی دنیاوی زندگی میں لاحاصل رہی جب کہ وہ یہ سمجھے بیٹھے ہیں کہ وہ درست کام کر رہے ہیں۔☆

۱۰۵۔ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار کی نشانیوں اور اللہ کے حضور جانے کا انکار کیا جس سے ان کے اعمال برباد ہو گئے لہٰذا ہم قیامت کے دن ان کے (اعمال کے) لیے کوئی وزن قائم نہیں کریں گے۔☆

۱۰۶۔ ان کے کفر کرنے اور ہماری آیات اور رسولوں کا استہزاء کرنے کی وجہ سے ان کی سزا یہی جہنم ہے۔☆

۱۰۷۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال بجا لائے ہیں ان کی میزبانی کے لیے یقیناً جنت الفردوس ہے۔☆

۱۰۸۔ جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے، وہاں سے کہیں اور جانا پسند نہیں کریں گے۔

قُلۡ لَّوۡ كَانَ الۡبَحۡرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ
رَبِّىۡ لَنَفِدَ الۡبَحۡرُ قَبۡلَ اَنۡ تَنۡفَدَ
كَلِمٰتُ رَبِّىۡ وَلَوۡ جِئۡنَا بِمِثۡلِهٖ
مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾

۱۰۹۔ کہہ دیجیے: میرے پروردگار کے کلمات (لکھنے) کے لیے اگر سمندر روشنائی بن جائیں تو سمندر ختم ہو جائیں گے لیکن میرے رب کے کلمات ختم نہیں ہوں گے اگرچہ ہم اتنے ہی مزید (سمندر) سے کمک رسانی کریں۔☆

قُلۡ اِنَّمَاۤ اَنَا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ يُوۡحٰٓى
اِلَىَّ اَنَّمَاۤ اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنۡ
كَانَ يَرۡجُوۡا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلۡيَعۡمَلۡ
عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشۡرِكۡ بِعِبَادَةِ
رَبِّهٖۤ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع ۱۲/۶/۳

۱۱۰۔ کہہ دیجیے: میں تم ہی جیسا ایک انسان ہوں مگر میری طرف وحی آتی ہے کہ تمہارا معبود تو بس ایک ہی ہے لہٰذا جو اللہ کے حضور جانے کا امیدوار ہے اسے چاہیے کہ وہ نیک عمل کرے اور اپنے رب کی عبادت میں کسی دوسرے کو شریک نہ ٹھہرائے۔☆

سورۃ مریم ۔ مکی ۔ آیات ۹۸

بنام خدائے رحمٰن و رحیم

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾

۱۔ کاف، ہا، یا، عین، صاد۔

ذِكۡرُ رَحۡمَتِ رَبِّكَ عَبۡدَهٗ
زَكَرِيَّا ﴿۲﴾

۲۔ یہ اس رحمت کا ذکر ہے جو آپ کے رب نے اپنے بندے زکریا پر کی تھی۔☆

اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَآءً خَفِيًّا ﴿۳﴾

۳۔ جب انہوں نے اپنے رب کو دھیمی آواز میں پکارا۔☆

قَالَ رَبِّ اِنِّىۡ وَهَنَ الۡعَظۡمُ مِنِّىۡ وَ
اشۡتَعَلَ الرَّاۡسُ شَيۡبًا وَّلَمۡ اَكُنۡۢ
بِدُعَآئِكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿۴﴾

۴۔ عرض کی: پروردگارا! میری ہڈیاں کمزور ہو گئی ہیں اور بڑھاپے کی وجہ سے سر کے سفید بال چمکنے لگے ہیں اور اے میرے رب! میں تجھ سے مانگ کر کبھی ناکام نہیں رہا۔☆

وَاِنِّىۡ خِفۡتُ الۡمَوَالِىَ مِنۡ وَّرَآءِىۡ
وَكَانَتِ امۡرَاَتِىۡ عَاقِرًا فَهَبۡ لِىۡ
مِنۡ لَّدُنۡكَ وَلِيًّا ﴿۵﴾

۵۔ اور میں اپنے بعد اپنے رشتہ داروں سے ڈرتا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے پس تو مجھے اپنے پاس سے ایک وارث عطا فرما۔

يَّرِثُنِىۡ وَيَرِثُ مِنۡ اٰلِ يَعۡقُوۡبَ ۖ وَ
اجۡعَلۡهُ رَبِّ رَضِيًّا ﴿۶﴾

۶۔ جو میرا وارث بنے اور آل یعقوب کا وارث بنے اور میرے پروردگار! اسے (اپنا) پسندیدہ بنا۔

۱۰۹۔ کلمہ بشری استعمال میں اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی معنی پر دلالت کرے۔ اللہ تعالیٰ کے کلمات وہ ارادہ اور وہ تخلیق و ایجاد ہیں جو اپنے خالق اور موجد کی نشاندہی کریں، وہ فیوض ہیں جو ہمیشہ جاری رہتے ہیں: كُلَّ يَوۡمٍ هُوَ فِىۡ شَاۡنٍ۔ فیض خدا، تخلیق خدا لامحدود ہے۔ ان لامحدود کلمات کا احاطہ کرنا کسی محدود کے بس میں نہیں ہے، خواہ وہ محدود کتنا ہی عظیم اور وسیع کیوں نہ ہو۔

۱۱۰۔ کہہ دیجیے: میں تم جیسا انسان ہوں۔ مِّثۡلُكُمۡ ہوں۔ جسمانی طور پر تم جیسا ہوں، ظاہر بین لوگوں کے لیے تم جیسا ہوں، تمہاری طرح مادی وسائل کو استعمال میں لاتا ہوں، کھاتا اور پیتا ہوں، سوتا ہوں، ازدواج کرتا ہوں اور اولاد رکھتا ہوں۔ تم مجھے دیگر انسانوں کی طرح چلتے، اٹھتے، بیٹھتے اور بات کرتے ہوئے دیکھ سکتے ہو۔ ایک نامرئی وجود نہیں ہوں لیکن يُوۡحٰٓى اِلَىَّ مجھ پر وحی ہوتی ہے۔ میرے جس وجود پر وحی ہوتی ہے وہ تم جیسا نہیں ہے۔ یعنی میرا دل تمہارے دل کی طرح نہیں ہے۔ میرا دل مخزن راز خدا ہے نَزَّلَهٗ عَلٰى قَلۡبِكَ میری نگاہ بھی تمہاری نگاہوں کی طرح نہیں۔ مَا زَاغَ الۡبَصَرُ وَ مَا طَغٰى۔ (نجم: ۱۷)

سورۂ مریم

۲۔ اس آیت میں اس بات پر روشنی ڈالی جا رہی ہے کہ اللہ اپنے صالح بندوں کی خواہش کس طرح پوری کرتا ہے۔ اگر بندہ خلوص دل سے اللہ سے اپنی ساری امیدیں وابستہ کرتا ہے تو ظاہری وسائل کے فقدان کے باوجود اللہ تعالیٰ اسباب پیدا کرتا ہے۔ حضرت زکریاؑ خود بڑھاپے میں ہیں اور ان کی زوجہ پہلے ہی بانجھ ہیں۔

۳۔ اس سے آداب دعا کا ایک اہم پہلو معلوم ہوا کہ اللہ کو دھیمی آواز میں پکارنا چاہیے۔

۴۔۵ وَلِيًّا سے مراد اولاد ہے۔ چنانچہ سورۂ آل عمران آیت ۳۸ میں ہے کہ حضرت زکریا (ع) نے فرمایا: رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۔ پروردگار مجھے اپنی عنایت سے صالح اولاد عطا فرما۔

يَّرِثُنِىۡ: جو میرا وارث بنے۔ خِفۡتُ الۡمَوَالِىَ میں مَوالی سے مراد سب کے نزدیک چچا اور چچا زاد ہیں، جو اولاد نہ ہونے کی صورت میں وارث بنتے ہیں۔ جن کے وارث بننے کا حضرت زکریا (ع) کو خوف تھا۔ ظاہر ہے یہ خوف نبوت کے وارث بننے کا نہ تھا، بلکہ نااہل لوگوں کے وارث بننے کا خوف تھا۔ نااہل لوگ نبوت کے وارث نہیں بن سکتے۔

يٰزَكَرِيَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اِسۡمُهٗ
يَحۡيٰى ۙ لَمۡ نَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ قَبۡلُ
سَمِيًّا ۝۷
قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوۡنُ لِىۡ غُلٰمٌ
وَّكَانَتِ امۡرَاَتِىۡ عَاقِرًا وَّقَدۡ
بَلَغۡتُ مِنَ الۡكِبَرِ عِتِيًّا ۝۸
قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَىَّ
هَيِّنٌ وَّقَدۡ خَلَقۡتُكَ مِنۡ قَبۡلُ وَ
لَمۡ تَكُ شَيۡـًٔا ۝۹
قَالَ رَبِّ اجۡعَلۡ لِّىۡۤ اٰيَةً ؕ قَالَ
اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ
لَيَالٍ سَوِيًّا ۝۱۰
فَخَرَجَ عَلٰى قَوۡمِهٖ مِنَ الۡمِحۡرَابِ
فَاَوۡحٰۤى اِلَيۡهِمۡ اَنۡ سَبِّحُوۡا بُكۡرَةً
وَّعَشِيًّا ۝۱۱
يٰيَحۡيٰى خُذِ الۡكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ؕ
وَاٰتَيۡنٰهُ الۡحُكۡمَ صَبِيًّا ۝۱۲
وَّحَنَانًا مِّنۡ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ؕ وَكَانَ
تَقِيًّا ۝۱۳
وَّبَرًّا بِوَالِدَيۡهِ وَلَمۡ يَكُنۡ جَبَّارًا
عَصِيًّا ۝۱۴
وَسَلٰمٌ عَلَيۡهِ يَوۡمَ وُلِدَ وَ يَوۡمَ
يَمُوۡتُ وَيَوۡمَ يُبۡعَثُ حَيًّا ۝۱۵ ع ۱۵

۷۔(جواب ملا) اے زکریا! ہم آپ کو ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کا نام یحییٰ ہے، اس سے پہلے ہم نے کسی کو اس کا ہمنام نہیں بنایا۔☆

۸۔عرض کی: پروردگارا! میرے ہاں بیٹا کس طرح ہوگا جب کہ میری بیوی بانجھ ہے اور میں بھی بڑھاپے کی انتہا کو پہنچ چکا ہوں؟☆

۹۔فرمایا: اسی طرح ہوگا، آپ کے پروردگار کا ارشاد ہے: یہ تو میرے لیے آسان ہے، چنانچہ اس سے پہلے خود آپ کو بھی تو میں نے پیدا کیا جب کہ آپ کوئی چیز نہ تھے۔☆

۱۰۔کہا: اے پروردگار! میرے لیے کوئی نشانی مقرر فرما، فرمایا: آپ کی نشانی یہ ہے کہ آپ تندرست ہوتے ہوئے بھی (کامل) تین راتوں تک لوگوں سے بات نہ کر سکیں گے۔

۱۱۔پھر وہ محراب سے نکل کر اپنی قوم کے پاس آئے اور ان سے اشارتاً کہا: صبح و شام اللہ کی تسبیح کرتے رہو۔

۱۲۔اے یحییٰ! کتاب (خدا) کو محکم تھام لو اور ہم نے انہیں بچپن ہی سے حکمت عطا کی تھی۔☆

۱۳۔اور اپنے ہاں سے مہر و پاکیزگی دی تھی اور وہ پرہیزگار تھے۔

۱۴۔اور وہ اپنے والدین کے ساتھ نیکی کرنے والے تھے اور سرکش و نافرمان نہیں تھے۔

۱۵۔اور سلام ہو ان پر جس دن وہ پیدا ہوئے اور جس دن انہوں نے وفات پائی اور جس دن انہیں زندہ کر کے اٹھایا جائے گا۔☆

اس سے ثابت ہوا کہ انبیاء (ع) کے متروکات کے بھی وارث ہوتے ہیں۔ اس سے حضرت زہراء سلام اللہ علیہا کا موقف قرآن کے مطابق ثابت ہوتا ہے اور مقابلے میں پیش کی جانے والی روایت قرآن کی صراحت کے خلاف جاتی ہے۔

۷۔یَحۡیٰی یا یوحنا، یہ نام ان کے خاندان میں اس سے پہلے کسی کا نہ تھا۔ بعض نے سَمِیًّا سے مراد مثل و نظیر لیا ہے کہ حضرت یحییٰ (ع) سے پہلے ایسی کوئی مثال نہیں تھی، لیکن پہلے معنی کو زیادہ ترجیح حاصل ہے۔

۸۔بڑھاپے کی وجہ سے طاقت تولید ختم ہونے اور بیوی کے بانجھ ہونے کی صورت میں اولاد کی خوشخبری باعث تعجب ہے اور اس جملے میں اسی تعجب کا اظہار ہے یا ممکن ہے ایمان کے باوجود برائے اطمینان یہ سوال اٹھایا ہو۔

۹۔بوڑھے باپ اور بانجھ عورت سے اولاد پیدا کرنا اللہ کا تخلیقی عمل ہے اور اللہ کا تخلیقی عمل ایک ارادے پر موقوف ہے، لہٰذا اللہ کے لیے کوئی بھی کام مشکل اور آسان نہیں ہوتا۔ سب کام اس کے لیے یکساں آسان ہیں۔

۱۲۔بچپن میں ان کو حکمت عنایت ہوئی سے مراد عقل و فہم بھی ہو سکتے ہیں اور نبوت بھی۔ یہ بات بعید از قیاس نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے منتخب بندوں کو ابتدائے طفولیت ہی میں الٰہی منصب سے نوازے۔ اس کے دیگر شواہد اور نظیریں بھی موجود ہیں۔

☆۔حضرت یحییٰ کے (ع) کے عہد کا بادشاہ ہیرود اپنے بھائی کی بیوی پر فریفتہ ہو گیا تھا۔ حضرت یحییٰ اس بات پر ہیرود کی ملامت کرتے تھے۔ اس پر ہیرود نے ان کو گرفتار کیا۔ بعد میں اس فاحشہ عورت کی خواہش پر حضرت یحییٰ (ع) کا سر قلم کر کے ایک تھال میں رکھ کر اس کو نذر کیا۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کا سر مبارک بھی تھال میں رکھ کر یزید کو پیش کیا جانا تھا۔ اس شباہت کی بنا پر امام حسین علیہ السلام یحییٰ کو یاد کر کے گریہ فرمایا کرتے تھے۔

۱۵۔نہایت اہمیت کے حامل تین مراحل میں سے پہلا مرحلہ دنیاوی زندگی میں قدم رکھنا اور اس کی سلامتی ہے۔ دوسرا مرحلہ عالم آخرت کے لیے سفر کی ابتدا ہے، یعنی وفات کا دن اور تیسرا مرحلہ قیامت کا دن ہے۔ ان تین مرحلوں کے لیے سلامتی کا پیغام ہے۔ حضرت یحییٰ علیہ السلام کے واقعہ کے بیان کے بعد حضرت عیسیٰ (ع) کے واقعے کا بیان ہے، کیونکہ دونوں کی ولادت معجزانہ طریقے سے ہوئی ہے اور دونوں کو عالم طفولیت میں الٰہی منصب ملا ہے۔

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مَرۡيَمَ ۘ اِذِ
انۡتَبَذَتۡ مِنۡ اَهۡلِهَا مَكَانًا
شَرۡقِيًّا ۙ﴿۱۶﴾
فَاتَّخَذَتۡ مِنۡ دُوۡنِهِمۡ حِجَابًا ۖ
فَاَرۡسَلۡنَاۤ اِلَيۡهَا رُوۡحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا
بَشَرًا سَوِيًّا ﴿۱۷﴾
قَالَتۡ اِنِّىۡۤ اَعُوۡذُ بِالرَّحۡمٰنِ مِنۡكَ
اِنۡ كُنۡتَ تَقِيًّا ﴿۱۸﴾
قَالَ اِنَّمَاۤ اَنَا رَسُوۡلُ رَبِّكِ ۖ
لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ﴿۱۹﴾
قَالَتۡ اَنّٰى يَكُوۡنُ لِىۡ غُلٰمٌ وَّلَمۡ
ع ۲ يَمۡسَسۡنِىۡ بَشَرٌ وَّلَمۡ اَكُ بَغِيًّا ﴿۲۰﴾
قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَىَّ
هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجۡعَلَهٗۤ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَ
رَحۡمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمۡرًا مَّقۡضِيًّا ﴿۲۱﴾
فَحَمَلَتۡهُ فَانۡتَبَذَتۡ بِهٖ مَكَانًا
قَصِيًّا ﴿۲۲﴾
فَاَجَآءَهَا الۡمَخَاضُ اِلٰى جِذۡعِ
النَّخۡلَةِ ۚ قَالَتۡ يٰلَيۡتَنِىۡ مِتُّ قَبۡلَ
هٰذَا وَكُنۡتُ نَسۡيًا مَّنۡسِيًّا ﴿۲۳﴾
فَنَادٰىهَا مِنۡ تَحۡتِهَاۤ اَلَّا تَحۡزَنِىۡ قَدۡ
جَعَلَ رَبُّكِ تَحۡتَكِ سَرِيًّا ﴿۲۴﴾
وَهُزِّىۡۤ اِلَيۡكِ بِجِذۡعِ النَّخۡلَةِ

۱۶۔ اور (اے رسول!) اس کتاب میں مریم کا ذکر کیجیے جب وہ اپنے گھر والوں سے الگ ہو کر مشرق کی جانب گئی تھیں۔☆

۱۷۔ پھر انہوں نے ان سے پردہ اختیار کیا تھا پس ہم نے ان کی طرف اپنا فرشتہ بھیجا، پس وہ ان کے سامنے مکمل انسان کی شکل میں ظاہر ہوا۔

۱۸۔ مریم نے کہا: اگر تو پرہیزگار ہے تو میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ مانگتی ہوں۔

۱۹۔ اس نے کہا: میں تو بس آپ کے پروردگار کا پیغام رساں ہوں تاکہ آپ کو پاکیزہ بیٹا دوں۔☆

۲۰۔ مریم نے کہا: میرے ہاں بیٹا کیسے ہو گا؟ مجھے کسی بشر نے چھوا تک نہیں ہے اور میں کوئی بدکردار بھی نہیں ہوں۔

۲۱۔ فرشتے نے کہا: اسی طرح ہو گا، آپ کے پروردگار نے فرمایا: یہ تو میرے لیے آسان ہے اور یہ اس لیے ہے کہ ہم اس لڑکے کو لوگوں کے لیے نشانی قرار دیں اور ہماری طرف سے رحمت ثابت ہو اور یہ کام طے شدہ ہے۔☆

۲۲۔ اور مریم اس بچے سے حاملہ ہو گئیں اور وہ اسے لے کر دور مقام پر چلی گئیں۔

۲۳۔ پھر زچگی کا درد انہیں کھجور کے تنے کی طرف لے آیا، کہنے لگیں: اے کاش! میں اس سے پہلے مر گئی ہوتی اور صفحہ فراموشی میں کھو چکی ہوتی۔☆

۲۴۔ فرشتے نے مریم کے پائین پا سے آواز دی: غم نہ کیجیے! آپ کے پروردگار نے آپ کے قدموں میں ایک نہر جاری کی ہے۔☆

۲۵۔ اور کھجور کے تنے کو ہلائیں کہ آپ پر تازہ

۱۶۔ حضرت مریمؑ شہر ناصرہ میں قیام پذیر تھیں۔ زمانہ حمل میں آپ بیت اللحم کی طرف منتقل ہو گئیں۔ کون تسلیم کرے گا کہ بغیر باپ کے حمل ٹھہر گیا اور آنے والی تہمتوں کا میں کس طرح مقابلہ کر سکوں گی؟ صرف دردزہ کی وجہ سے نہیں شرمساری کی وجہ سے آبادی سے دور بیابان میں نکل گئیں اور کھجور کے ایک خشک درخت کے سائے میں پناہ لی۔

۱۹۔ رَسُوۡلُ رَبِّكِ: آپ کے رب کا رسول ہوں۔ یعنی ایک کام کے لیے آپ کے رب کا فرستادہ ہوں۔ یہ ایک ایسا واقعہ ہے جس سے ثابت ہو رہا ہے کہ غیر نبی پر بھی جبرئیل کا نزول ہوتا ہے اور اللہ غیر نبی پر بھی اپنا رسول بھیجتا ہے۔

۲۱۔ غیر مانوس طریقہ تولید سے ایک بچے کی معجزانہ ولادت میں کیا حکمت پوشیدہ ہے؟ اس طرف اشارہ ہے: اس میں ایک تو یہ کہ الٰہی قدرت کاملہ کی ایک نشانی ہے کہ وہ اپنے ارادے میں کسی خاص طریقے کا محتاج نہیں ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ اس مولود کے ذریعے اللہ اپنی رحمت کا جلوہ دکھانا چاہتا ہے کہ یہ مولود، مریضوں کی شفایابی کے لیے محتاج معاشرے اور مجبور و مقہور انسانیت کے لیے رحمت الٰہی کا ایک مظہر ہو گا۔ یہ اللہ کا ایک اٹل فیصلہ تھا۔

۲۳۔ ایک باعفت و باغیرت دوشیزہ کے ہاں بن شوہر بچہ پیدا ہو جائے تو اس کا یہی حال ہونا چاہیے جس کا اظہار حضرت مریم (س) کر رہی ہیں۔ یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب حضرت مریم (س) کو علم تھا کہ یہ بچہ اللہ کی طرف سے معجزانہ طور پر پیدا ہو رہا ہے تو انہیں گھبرانا نہیں چاہیے تھا بلکہ اللہ پر بھروسا کر کے مطمئن ہونا چاہیے تھا۔ اس کا جواب حضرت امام صادق (ع) سے مروی روایت میں ملتا ہے جس میں آپ (ع) نے اس پریشانی کی وجہ بیان فرمائی ہے: لانها لم ترفی قومها رشيدا ذا فراسة ينزهها عنا السوء۔ (بحار الانوار ۱۴: ۲۲۶) یعنی کیونکہ مریم (س) سمجھتی تھیں کہ ان کی قوم میں کوئی فہم و فراست کا مالک شخص نہیں ہے جو مریم (س) کو اس بدنامی سے بچا لے۔

۲۴۔ پائنتی سے مریم (س) کو پکارا۔ پکارنے والا کون تھا؟ اکثر کے نزدیک جبرئیل یا فرشتے تھے۔ بعض کے نزدیک حضرت عیسیٰ (ع) تھے۔ اس پر قرینہ مِنۡ تَحۡتِهَاۤ (پائنتی سے) کو قرار دیتے ہیں کہ اس وقت حضرت مریم (س) کی پائنتی میں نومولود حضرت

تُسٰقِطۡ عَلَيۡكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿۲۵﴾
فَكُلِىۡ وَاشۡرَبِىۡ وَقَرِّىۡ عَيۡنًا ۚ فَاِمَّا
تَرَيِنَّ مِنَ الۡبَشَرِ اَحَدًا ۙ فَقُوۡلِىۡۤ اِنِّىۡ
نَذَرۡتُ لِلرَّحۡمٰنِ صَوۡمًا فَلَنۡ
اُكَلِّمَ الۡيَوۡمَ اِنۡسِيًّا ۚ ﴿۲۶﴾
فَاَتَتۡ بِهٖ قَوۡمَهَا تَحۡمِلُهٗ ؕ قَالُوۡا
يٰمَرۡيَمُ لَقَدۡ جِئۡتِ شَيۡـًٔا فَرِيًّا ﴿۲۷﴾
يٰۤاُخۡتَ هٰرُوۡنَ مَا كَانَ اَبُوۡكِ امۡرَاَ
سَوۡءٍ وَّمَا كَانَتۡ اُمُّكِ بَغِيًّا ۖ ﴿۲۸﴾
فَاَشَارَتۡ اِلَيۡهِ ؕ قَالُوۡا كَيۡفَ
نُكَلِّمُ مَنۡ كَانَ فِى الۡمَهۡدِ صَبِيًّا ﴿۲۹﴾
قَالَ اِنِّىۡ عَبۡدُ اللّٰهِ ۖ اٰتٰنِىَ الۡكِتٰبَ
وَجَعَلَنِىۡ نَبِيًّا ۙ ﴿۳۰﴾
وَّجَعَلَنِىۡ مُبٰرَكًا اَيۡنَ مَا كُنۡتُ ۖ
وَاَوۡصٰنِىۡ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ
مَا دُمۡتُ حَيًّا ۖ ﴿۳۱﴾
وَّبَرًّا بِوَالِدَتِىۡ ۫ وَلَمۡ يَجۡعَلۡنِىۡ
جَبَّارًا شَقِيًّا ﴿۳۲﴾
وَالسَّلٰمُ عَلَىَّ يَوۡمَ وُلِدۡتُّ وَيَوۡمَ
اَمُوۡتُ وَيَوۡمَ اُبۡعَثُ حَيًّا ﴿۳۳﴾
ذٰلِكَ عِيۡسَى ابۡنُ مَرۡيَمَ ۚ قَوۡلَ
الۡحَقِّ الَّذِىۡ فِيۡهِ يَمۡتَرُوۡنَ ﴿۳۴﴾
مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنۡ يَّتَّخِذَ مِنۡ وَّلَدٍ ۙ

کھجوریں گریں گی۔☆
۲۶۔ پس آپ کھائیں اور پئیں اور آنکھیں ٹھنڈی کریں اور اگر کوئی آدمی نظر آئے تو کہدیں: میں نے رحمٰن کے لیے روزے کی نذر مانی ہے اس لیے آج میں کسی آدمی سے بات نہیں کروں گی۔☆
۲۷۔ پھر وہ اس بچے کو اٹھا کر اپنی قوم کے پاس لے آئیں، لوگوں نے کہا: اے مریم! تو نے بہت غضب کی حرکت کی۔☆
۲۸۔ اے ہارون کی بہن! نہ تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ ہی تیری ماں بدکردار تھی۔☆
۲۹۔ پس مریم نے بچے کی طرف اشارہ کیا لوگ کہنے لگے: ہم اس سے کیسے بات کریں جو بچہ ابھی گہوارے میں ہے؟☆
۳۰۔ بچے نے کہا: میں اللہ کا بندہ ہوں اس نے مجھے کتاب دی ہے اور مجھے نبی بنایا ہے۔☆
۳۱۔ اور میں جہاں بھی رہوں مجھے بابرکت بنایا ہے اور زندگی بھر نماز اور زکوٰۃ کی پابندی کا حکم دیا ہے۔
۳۲۔ اور اپنی والدہ کے ساتھ بہتر سلوک کرنے والا قرار دیا ہے اور اس نے مجھے سرکش اور شقی نہیں بنایا۔
۳۳۔ اور سلام ہو مجھ پر جس روز میں پیدا ہوا اور جس روز میں وفات پاؤں گا اور جس روز زندہ کر کے اٹھایا جاؤں گا۔
۳۴۔ یہ ہیں عیسیٰ بن مریم، (اور یہ ہے) وہ حق بات جس میں لوگ شبہ کر رہے ہیں۔☆
۳۵۔ اللہ کے شایان شان نہیں کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے، وہ (ایسی باتوں سے) پاک ہے،

عیسیٰ (ع) تھے۔ لیکن یہ بات ثابت نہیں ہے کہ عیسیٰ (ع) نے اس مرحلے میں کوئی کلام کیا ہے۔
۲۵۔ کھجور کے تنے کو ہلانے کے حکم میں اس بات کی تصریح ہے کہ اگر کوئی عمل انسان خود انجام دے سکتا ہے تو اللہ اسے خود انسان پر چھوڑ دیتا ہے۔
۲۶۔ یہاں سے اصل پریشانی کے حل کا بیان شروع ہو گیا ہے کہ بچے کے بارے میں نہ آپ کو پریشانی ہوگی اور نہ بولنے کی ضرورت پیش آئے گی۔ آپ چپ کا روزہ رکھ لیں، مسئلے کا حل ہمارے ذمے ہے۔ واضح رہے اس زمانے کی شریعت میں چپ کا روزہ رکھنے کا شرعی جواز تھا جبکہ اسلامی شریعت میں یہ حکم منسوخ ہے۔
۲۷۔ توقع کے مطابق قوم کے افراد نے اس معاملے کو بہت بڑی فضیحت قرار دیا۔
۲۸۔ حضرت مریم (س) ہارون کے خاندان سے تعلق رکھتی تھیں، اس لیے ممکن ہے اخت ہارون کہا گیا ہو۔
۲۹۔ حضرت مریم (س) کو یقین تھا کہ بچہ خود ماں کی طہارت کی گواہی دے گا۔ یہ یقین یا تو سابقہ تجربے سے آیا، اگر پاکیزگی سے بات کرنے والے حضرت عیسیٰ (ع) تھے یا فرشتوں کے کہنے پر یقین آیا ہوگا۔ یہ بات زیادہ قرین واقع نظر آتی ہے کہ جہاں چپ کا روزہ رکھنے کا حکم آیا ہے وہاں اس بات کی یقین دہانی ہوئی ہو گی کہ بچہ خود گواہی دے گا۔
کچھ لوگ کان کو ماضی بعید کے معنوں میں لے جا کر یہ ترجمہ کرتے ہیں کہ ہم اس سے کیا بات کریں جو کل کا بچہ ہے۔ جبکہ کَانَ یہاں ثبت کے معنوں میں ہے جیسے آیت ۱۸ میں اِنۡ كُنۡتَ تَقِيًّا میں ہے۔
۳۰۔ یہ نہیں فرمایا کہ میں پاکیزہ طور پر پیدا ہوا ہوں بلکہ اس سے کہیں بالاتر فرمایا کہ میں نبوت کے مقام پر فائز ہو کر آ رہا ہوں اور مجھے کتاب عنایت ہوئی ہے۔
۳۴۔ عیسیٰؑ کے بارے میں حق پر مبنی واقعہ یہ ہے کہ وہ عبد خدا ہیں۔ وہ اللہ کے رسول ہیں۔ ان کو کتاب دی گئی۔ نہ کہ وہ فرزند خدا ہیں جیسا کہ عیسائیوں کا نظریہ ہے۔ نہ ان کی ولادت باطہارت میں شک ہے جیسا کہ یہود کی طرف سے الزام ہے۔
۳۵۔ اللہ اور باقی کائنات کا تعلق کن فیکونی والا ہے۔ یعنی خلق و ایجاد ہے، نہ تولید۔

سُبۡحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمۡرًا فَاِنَّمَا
يَقُوۡلُ لَهٗ كُنۡ فَيَكُوۡنُ ﴿۳۵﴾
وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ فَاعۡبُدُوۡهُ ؕ
هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿۳۶﴾
فَاخۡتَلَفَ الۡاَحۡزَابُ مِنۡۢ بَيۡنِهِمۡ ۚ
فَوَيۡلٌ لِّلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ مَّشۡهَدِ
يَوۡمٍ عَظِيۡمٍ ﴿۳۷﴾
اَسۡمِعۡ بِهِمۡ وَاَبۡصِرۡ ۙ يَوۡمَ يَاۡتُوۡنَنَا
لٰكِنِ الظّٰلِمُوۡنَ الۡيَوۡمَ فِىۡ ضَلٰلٍ
مُّبِيۡنٍ ﴿۳۸﴾
وَاَنۡذِرۡهُمۡ يَوۡمَ الۡحَسۡرَةِ اِذۡ قُضِىَ
الۡاَمۡرُ ۘ وَهُمۡ فِىۡ غَفۡلَةٍ وَّهُمۡ لَا
يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۳۹﴾
اِنَّا نَحۡنُ نَرِثُ الۡاَرۡضَ وَمَنۡ عَلَيۡهَا
وَاِلَيۡنَا يُرۡجَعُوۡنَ ﴿۴۰﴾ ع
وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِبۡرٰهِيۡمَ ۘ اِنَّهٗ
كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ﴿۴۱﴾
اِذۡ قَالَ لِاَبِيۡهِ يٰۤاَبَتِ لِمَ تَعۡبُدُ مَا
لَا يَسۡمَعُ وَلَا يُبۡصِرُ وَلَا يُغۡنِىۡ
عَنۡكَ شَيۡـًٔا ﴿۴۲﴾
يٰۤاَبَتِ اِنِّىۡ قَدۡ جَآءَنِىۡ مِنَ الۡعِلۡمِ مَا
لَمۡ يَاۡتِكَ فَاتَّبِعۡنِىۡۤ اَهۡدِكَ
صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾

جب وہ کسی امر کا ارادہ کر لیتا ہے تو بس اس سے فرماتا ہے: ہو جا سو وہ ہو جاتا ہے۔☆

۳۶۔ اور یقیناً اللہ ہی میرا رب ہے اور تمہارا رب ہے پس اس کی بندگی کرو، یہی راہ راست ہے۔☆

۳۷۔ مگر (مختلف) فرقوں نے باہم اختلاف کیا پس تباہی ان کافروں کے لیے ہو گی بڑے دن کے حاضر ہونے سے۔☆

۳۸۔ جس دن وہ ہمارے سامنے ہوں گے تو اس وقت کیا خوب سننے والے اور کیا خوب دیکھنے والے ہوں گے لیکن آج یہ ظالم لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔☆

۳۹۔ اور (اے رسول) انہیں حسرت کے دن سے ڈرایئے جب قطعی فیصلہ کر دیا جائے گا اور یہ لوگ غفلت میں پڑے ہیں اور یہ ایمان نہیں لاتے۔☆

۴۰۔ اور ہم ہی زمین کے اور جو کچھ اس پر ہے سب کے وارث ہوں گے پھر وہ ہماری طرف لوٹائے جائیں گے۔

۴۱۔ اور اس کتاب میں ابراہیم کا ذکر کیجیے، یقیناً وہ بڑے سچے نبی تھے۔☆

۴۲۔ جب انہوں نے اپنے باپ (چچا) سے کہا: اے ابا! آپ اسے کیوں پوجتے ہیں جو نہ سننے کی اہلیت رکھتا ہے اور نہ دیکھنے کی اور نہ ہی آپ کو کسی چیز سے بے نیاز کرتا ہے۔☆

۴۳۔ اے ابا! بتحقیق میرے پاس وہ علم آیا ہے جو آپ کے پاس نہیں آیا پس آپ میری بات مانیں، میں آپ کو سیدھی راہ دکھاؤں گا۔☆

۳۶۔ اس آیہ مبارکہ میں فرمایا: چونکہ اللہ ہی رب ہے لہٰذا اسی کی عبادت کرو۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ عبادت صرف رب کی ہوتی ہے۔ اسی لیے ہم نے عبادت کی یہ تعریف اختیار کی ہے: کسی کی تعظیم اس عنوان سے کی جائے کہ وہ رب اور خالق ہے۔ لہٰذا اگر کسی کی تعظیم رب اور خالق کے عنوان سے نہ ہو تو یہ تعظیم عبادت اور شرک نہیں ہے۔

۳۷۔ مسیحی فرقوں کے آپس کے اختلافات کا ذکر ہے۔ کلیسا کی تاریخ نزاعات و اختلافات سے پر ہے۔ چنانچہ سب سے پہلے یہ اختلاف رونما ہوا کہ حضرت مسیح اللہ ہیں یا رسول۔ ایک نظریہ تو یہ تھا کہ مسیح اللہ کے رسول ہیں۔ دوسرا یہ کہ رسول ضرور ہیں لیکن ایک خاص مقام ہے۔ تیسرا یہ کہ مسیح اللہ کے بیٹے اور مخلوق ہیں۔ چوتھا یہ کہ اللہ کے بیٹے ہیں، مخلوق نہیں ہیں، باپ کی طرح قدیم ہیں۔ اس کے بعد روح القدس کے بارے میں ایک اور اختلاف پیدا ہوا۔ کچھ نے کہا روح القدس کو بھی خدا کا درجہ حاصل ہے۔ کچھ منکر ہو گئے۔ سن ۳۸۱ عیسوی میں قسطنطنیہ میں ایک فیصلے کے تحت روح القدس کو خدا کے درجے پر فائز کیا گیا اور تثلیث کے نظریے کو آخری شکل دے دی گئی۔ اس کے بعد حضرت مسیح کے انسانی، خدائی، ملکوتی، لاہوتی اور ناسوتی پہلوؤں پر اختلافات رونما ہوئے۔

۳۸۔ دنیا میں ان کی بصارت و سماعت پر مفادات، خواہشات اور آرزوؤں کے تہ در تہ پردے پڑے ہوئے ہوتے ہیں۔ قیامت کے دن یہ تمام پردے ہٹ جائیں گے اور ہر چیز کما حقہ نظر آئے گی۔

۳۹۔ حسرت کا دن کفار اور مشرکین کے لیے نہایت المناک ہو گا۔ انسان کو روز قیامت کی حسرت سے بچنے کی فکر کرنی چاہیے۔

۴۱۔ ابراہیم (ع) اپنے ایمان بالتوحید میں سچائی کے اس مقام پر فائز تھے کہ ان کے ذہن و خیال میں بھی غیر اللہ کے لیے کوئی گنجائش نہ تھی۔ اس لیے وہ وقت کے طاغوت کے مقابلے میں تنہا ڈٹ گئے۔

۴۲۔ سماعت اور بصارت تو ناتواں حیوانوں میں بھی ہوتی ہیں۔ تم ایسی چیز کی پوجا کرتے ہو جو ان ناتواں حیوانوں سے بھی گئے گزرے ہیں۔

۴۳۔ علم ہی کو قیادت اور رہنمائی کا حق ملتا ہے اور علم والوں کی پیروی کی جاتی ہے، ورنہ جاہل بقول امیر المؤمنین علی (ع) یا زیادتی کرتا ہے یا کوتاہی۔

يٰۤاَبَتِ لَا تَعۡبُدِ الشَّيۡطٰنَ ؕ اِنَّ
الشَّيۡطٰنَ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ عَصِيًّا ﴿۴۴﴾
يٰۤاَبَتِ اِنِّيۡۤ اَخَافُ اَنۡ يَّمَسَّكَ
عَذَابٌ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ فَتَكُوۡنَ
لِلشَّيۡطٰنِ وَلِيًّا ﴿۴۵﴾
قَالَ اَرَاغِبٌ اَنۡتَ عَنۡ اٰلِهَتِيۡ
يٰۤاِبۡرٰهِيۡمُ ۚ لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهِ
لَاَرۡجُمَنَّكَ وَاهۡجُرۡنِيۡ مَلِيًّا ﴿۴۶﴾
قَالَ سَلٰمٌ عَلَيۡكَ ۚ سَاَسۡتَغۡفِرُ لَكَ
رَبِّيۡ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِيۡ حَفِيًّا ﴿۴۷﴾
وَاَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ
دُوۡنِ اللّٰهِ وَاَدۡعُوۡا رَبِّيۡ ۖ عَسٰۤى اَلَّاۤ
اَكُوۡنَ بِدُعَآءِ رَبِّيۡ شَقِيًّا ﴿۴۸﴾
فَلَمَّا اعۡتَزَلَهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُوۡنَ
مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَ
يَعۡقُوۡبَ ؕ وَكُلًّا جَعَلۡنَا نَبِيًّا ﴿۴۹﴾
وَوَهَبۡنَا لَهُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا
لَهُمۡ لِسَانَ صِدۡقٍ عَلِيًّا ﴿۵۰﴾ ع ۲ ۶
وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مُوۡسٰۤى ۫ اِنَّهٗ
كَانَ مُخۡلَصًا وَّكَانَ رَسُوۡلًا نَّبِيًّا ﴿۵۱﴾
وَنَادَيۡنٰهُ مِنۡ جَانِبِ الطُّوۡرِ
الۡاَيۡمَنِ وَقَرَّبۡنٰهُ نَجِيًّا ﴿۵۲﴾
وَوَهَبۡنَا لَهٗ مِنۡ رَّحۡمَتِنَاۤ اَخَاهُ

۴۴۔ شیطان کی عبادت سے مراد اطاعت ہے۔ یہاں شیطان کی اطاعت سے منع کیا گیا ہے۔

۴۶۔ منکر کے پاس جب منطق نہیں ہوتی تو طاقت کے استعمال پر اتر آتا ہے، لیکن جس کے پاس منطق ہوتی ہے وہ اس دھمکی کے جواب میں سلام پیش کرتا ہے اور مغفرت طلب کرتا ہے۔

اٰلِهَتِيۡ الٰہ کی جمع ہے۔ وہ اپنے بہت سے معبودوں کا ذکر کرتا ہے۔ چنانچہ کلدانی مذہب میں ان کے معبودوں کے پانچ ہزار تک ناموں کے کتبوں کا انکشاف ہوا ہے۔

وَاهۡجُرۡنِيۡ مَلِيًّا: آزر نے حضرت ابراہیم (ع) کو اپنے پاس سے ایک طویل مدت یا ہمیشہ کے لیے دور ہونے کو کہا۔ اس سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ حضرت ابراہیم (ع) آزر کے پاس ہوتے تھے۔ اس سے اس بات کو تقویت ملتی ہے جو کہتے ہیں کہ حضرت ابراہیم (ع) کے والد اس وقت زندہ نہیں تھے۔

۴۷۔ واضح رہے حضرت ابراہیم (ع) نے ابتدائے دعوت میں آزر کے لیے استغفار کی۔ یہ استغفار ایک مدت تک کے لیے تھی۔ جس میں حضرت ابراہیم (ع) نے ساستغفر کا وعدہ کیا تھا۔ چنانچہ دعوت حضرت ابراہیم (ع) کے ابتدائی دنوں کے بعد جب حضرت ابراہیم (ع) پر واضح ہو گیا تھا کہ آزر اللہ کا دشمن ہے تو اس سے بیزاری اختیار کی۔ حضرت ابراہیم (ع) اپنی آخری زندگی میں اپنے والدین کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں:

رَبَّنَا اغۡفِرۡ لِيۡ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ يَوۡمَ يَقُوۡمُ الۡحِسَابُ ۔ (ابراہیم: ۴۱) اس سے معلوم ہوا کہ آزر حضرت ابراہیم (ع) کے والد نہیں ہیں۔ آزر تو اللہ کا دشمن تھا۔ اس سے بیزاری ہوئی تھی۔ اب آخری عمر میں اس کے لیے طلب مغفرت کیسے ممکن ہے۔

۴۹۔ آپ نے ترک وطن کر کے ملک شام کی طرف ہجرت فرمائی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں صالح اولاد سے نوازا اور ان کی اولاد میں نبوت کا سلسلہ جاری رکھا۔

۵۰۔ لسان صدق سے مراد ثنائے جمیل ہے جس میں سچائی کے سوا کسی اور بات کا شائبہ نہ ہو۔ چنانچہ آج دنیا کے تمام ادیان، یہود، مسیح اور اسلام سب آپ کی تجلیل کرتے ہیں۔

۵۱۔ مُخۡلَصًا: خالص برگزیدہ ۔ اس کے وجود، کردار، افکار میں غیر اللہ کے لیے کوئی جگہ نہ ہو۔ وہ خالص اللہ کے لیے زندہ رہتے ہیں اور اللہ کے لیے کام کرتے ہیں۔

۴۴۔ اے ابا! شیطان کی پوجا نہ کریں کیونکہ شیطان تو خدائے رحمٰن کا نافرمان ہے۔☆

۴۵۔ اے ابا! مجھے خوف ہے کہ خدائے رحمٰن کا عذاب آپ کو گرفت میں لے لے، ایسا ہوا تو آپ شیطان کے دوست بن جائیں گے۔

۴۶۔ اس نے کہا: اے ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے برگشتہ ہو گیا ہے؟ اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے ضرور سنگسار کروں گا اور تو ایک مدت کے لیے مجھ سے دور ہو جا.☆

۴۷۔ ابراہیم نے کہا: آپ پر سلام ہو! میں آپ کے لیے اپنے رب سے مغفرت طلب کروں گا یقیناً وہ مجھ پر نہایت مہربان ہے.☆

۴۸۔ اور میں تم لوگوں سے نیز اللہ کے سوا جنہیں تم پکارتے ہو ان سے علیحدہ ہو جاتا ہوں اور میں اپنے پروردگار ہی کو پکاروں گا، مجھے امید ہے کہ میں اپنے رب سے مانگ کر کبھی ناکام نہیں رہوں گا۔

۴۹۔ پھر جب ابراہیم ان لوگوں سے اور اللہ کے سوا جنہیں یہ لوگ پوجتے تھے ان سے کنارہ کش ہوئے تو ہم نے انہیں اسحاق اور یعقوب عطا کیے اور سب کو ہم نے نبی بنایا۔☆

۵۰۔ اور ہم نے انہیں اپنی رحمت سے بھی نوازا اور انہیں اعلیٰ درجے کا ذکر جمیل بھی عطا کیا۔☆

۵۱۔ اور اس کتاب میں موسیٰ کا ذکر کیجیے، وہ یقیناً برگزیدہ نبی مرسل تھے۔☆

۵۲۔ اور ہم نے انہیں طور کی داہنی جانب سے پکارا اور راز دار بنانے کے لیے انہیں قربت عطا کی۔

۵۳۔ اور ان کے بھائی ہارون کو ہم نے اپنی رحمت سے نبی بنا کر (بطور معاون) انہیں

هٰرُوۡنَ نَبِيًّا ۚ﴿۵۳﴾
وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِسۡمٰعِيۡلَ ۚ اِنَّهٗ
كَانَ صَادِقَ الۡوَعۡدِ وَكَانَ رَسُوۡلًا
نَّبِيًّا ۚ﴿۵۴﴾
وَكَانَ يَاۡمُرُ اَهۡلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَ
الزَّكٰوةِ ۖ وَكَانَ عِنۡدَ رَبِّهٖ مَرۡضِيًّا ۚ﴿۵۵﴾
وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِدۡرِيۡسَ ۚ اِنَّهٗ
كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ۙ﴿۵۶﴾
وَّرَفَعۡنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ۚ﴿۵۷﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰهُ عَلَيۡهِمۡ مِّنَ
النَّبِيّٖنَ مِنۡ ذُرِّيَّةِ اٰدَمَ ۗ وَمِمَّنۡ حَمَلۡنَا
مَعَ نُوۡحٍ ۖ وَّمِنۡ ذُرِّيَّةِ اِبۡرٰهِيۡمَ وَ
اِسۡرَآءِيۡلَ ۖ وَمِمَّنۡ هَدَيۡنَا وَاجۡتَبَيۡنَا ؕ
اِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا
سُجَّدًا وَّبُكِيًّا ۩﴿۵۸﴾
فَخَلَفَ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ خَلۡفٌ
اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ
فَسَوۡفَ يَلۡقَوۡنَ غَيًّا ۙ﴿۵۹﴾
اِلَّا مَنۡ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا
فَاُولٰٓئِكَ يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ وَلَا
يُظۡلَمُوۡنَ شَيۡـًٔا ۙ﴿۶۰﴾
جَنّٰتِ عَدۡنِ ِۨالَّتِىۡ وَعَدَ الرَّحۡمٰنُ
عِبَادَهٗ بِالۡغَيۡبِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ وَعۡدُهٗ

عطا کیا۔

۵۴۔ اور اس کتاب میں اسماعیل کا (بھی) ذکر کیجیے، وہ یقیناً وعدے کے سچے اور نبی مرسل تھے۔☆

۵۵۔ وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکوۃ کا حکم دیتے تھے اور وہ اپنے رب کے نزدیک پسندیدہ تھے۔☆

۵۶۔ اور اس کتاب میں ادریس کا (بھی) ذکر کیجیے، وہ یقیناً راستگو نبی تھے۔☆

۵۷۔ اور ہم نے انہیں اعلیٰ مقام پر اٹھایا۔

۵۸۔ یہ وہ انبیاء ہیں جن پر اللہ نے انعام فرمایا جو اولاد آدم میں سے ہیں اور ان میں سے جنہیں ہم نے نوح کے ساتھ کشتی میں اٹھایا اور ابراہیم و اسرائیل کی اولاد میں سے اور ان لوگوں میں سے جنہیں ہم نے ہدایت دی اور برگزیدہ کیا، جب ان پر رحمٰن کی آیات کی تلاوت کی جاتی تو وہ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑتے۔☆

۵۹۔ پھر ان کے بعد ایسے ناخلف ان کے جانشین ہوئے جنہوں نے نماز کو ضائع کیا اور خواہشات کے پیچھے چل پڑے پس وہ عنقریب ہلاکت سے دوچار ہوں گے۔☆

۶۰۔ مگر جو توبہ کریں، ایمان لائیں اور نیک اعمال بجالائیں تو وہ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کچھ بھی ظلم نہ ہوگا۔☆

۶۱۔ ایسی جاودانی بہشت (میں) جس کا اللہ نے اپنے بندوں سے غیبی وعدہ فرمایا ہے،

۵۴۔ یہ اسماعیل بن ابراہیم علیہما السلام کے علاوہ ہیں۔ یہ اسماعیل بن حزقیل علیہما السلام ہیں۔ ان کے بارے میں تفسیر البرہان میں اس آیت کے ذیل میں متعدد روایات ہیں۔

۵۵۔ اپنے اہل خانہ کو نماز و زکوۃ کا حکم دینا اخلاق انبیاء میں سے ہے۔ چنانچہ دوسری جگہ فرمایا: قُوۡۤا اَنۡفُسَكُمۡ وَاَهۡلِيۡكُمۡ نَارًا (تحریم: ۶) اپنے آپ کو اور اپنے اہل خانہ کو آتش سے بچاؤ۔

۵۶۔ حضرت ادریس، حضرت نوح علیہما السلام کے اجداد میں سے تھے اور بنی اسرائیل کے انبیاء میں سے نہ تھے۔ اس لیے اسرائیلی تاریخ میں ان کا ذکر نہیں ملتا۔ ان کا نسب اس طرح بیان ہوا ہے: ادریس بن یارد بن مہلائیل بن قینان بن انوش بن شیث۔ کہتے ہیں ان کا عبرانی نام خنوخ ہے۔ یونانی ان کو ارمیس کہتے ہیں۔ مصری ان کو ہرمس کہتے ہیں۔ قرآن نے ان کو ادریس کے نام سے یاد کیا ہے۔ توریت میں قابیل کے فرزند حنوك کا ذکر آتا ہے۔ ممکن ہے وہ یہی حضرت ادریسؑ ہوں۔ کیونکہ اس میں یہ ذکر بھی ہے کہ ان کو خدا نے اٹھا لیا۔

۵۸۔ تاریخ انسانیت کی انسان ساز ہستیوں کا ذکر تین سلسلوں میں آیا: آدم، نوح اور ابراہیم علیہم السلام۔ یہ وہ ہستیاں ہیں جن پر اللہ نے اپنی نعمتیں پوری کر دیں اور پوری انسانیت کے لیے ہدایت کی روشنی کا منبع یہی تھے۔

۵۹۔ انبیاء، صلحاء اور اوصیاء سب کو ناخلف لوگوں سے واسطہ پڑا ہے۔ جنہوں نے ان کی آنکھ بند ہوتے ہی بگاڑ شروع کر دیا اور اس سلسلے کا اولین زینہ نماز کا ضیاع ہے جو مؤمن کا اپنے رب کے ساتھ تعلق قائم رکھنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ جس کے ضیاع کے بعد اس امت کا زوال شروع ہو جاتا ہے۔

۶۰۔ ان انحرافیوں پر رحمت خدا کا دروازہ بند نہیں ہو گا اگر یہ لوگ انحراف کے بعد تَابَ، اللہ کی طرف واپس آ جائیں۔ چونکہ یہ لوگ انحراف کی وجہ سے اللہ سے منہ موڑ چکے تھے۔☆

اٰمَنَ اپنے ایمان کی نئے سرے سے تجدید کریں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان انحرافیوں کا ایمان بھی مخدوش ہو گیا تھا۔

۶۱۔ عَدۡنِ دائمی قیام گاہ کو کہتے ہیں۔ وہ ایسی جنت میں داخل ہوں گے جس میں انہیں ہمیشہ رہنا ہے۔

مَاۡتِيًّا ﴿۶۱﴾

لَا يَسۡمَعُوۡنَ فِيۡهَا لَغۡوًا اِلَّا سَلٰمًا ؕ وَ لَهُمۡ رِزۡقُهُمۡ فِيۡهَا بُكۡرَةً وَّعَشِيًّا ﴿۶۲﴾

تِلۡكَ الۡجَنَّةُ الَّتِىۡ نُوۡرِثُ مِنۡ عِبَادِنَا مَنۡ كَانَ تَقِيًّا ﴿۶۳﴾

وَمَا نَتَنَزَّلُ اِلَّا بِاَمۡرِ رَبِّكَ ۚ لَهٗ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡنَا وَمَا خَلۡفَنَا وَمَا بَيۡنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿۶۴﴾

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا فَاعۡبُدۡهُ وَاصۡطَبِرۡ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلۡ تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ ع ۷

وَيَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوۡفَ اُخۡرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾

اَوَلَا يَذۡكُرُ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ قَبۡلُ وَلَمۡ يَكُ شَيۡـًٔا ﴿۶۷﴾

فَوَرَبِّكَ لَنَحۡشُرَنَّهُمۡ وَالشَّيٰطِيۡنَ ثُمَّ لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ حَوۡلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿۶۸﴾ ج

ثُمَّ لَنَنۡزِعَنَّ مِنۡ كُلِّ شِيۡعَةٍ اَيُّهُمۡ اَشَدُّ عَلَى الرَّحۡمٰنِ عِتِيًّا ﴿۶۹﴾ ج

ثُمَّ لَنَحۡنُ اَعۡلَمُ بِالَّذِيۡنَ هُمۡ اَوۡلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾

وَاِنۡ مِّنۡكُمۡ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ

یقیناً اس کا وعدہ آنے والا ہے۔☆

۶۲۔ وہاں وہ بیہودہ باتیں نہیں سنیں گے سوائے سلام کے اور وہاں انہیں صبح و شام رزق ملا کرے گا۔☆

۶۳۔ یہ وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے متقین کو بنائیں گے۔

۶۴۔ اور ہم (فرشتے) آپ کے پروردگار کے حکم کے بغیر نہیں اتر سکتے، جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب اسی کا ہے اور آپ کا پروردگار بھولنے والا نہیں ہے۔☆

۶۵۔ وہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا رب ہے لہٰذا اسی کی عبادت کرو اور اسی کی بندگی پر ثابت قدم رہو، کیا اس کا کوئی ہمنام تمہارے علم میں ہے؟☆

۶۶۔ اور انسان کہتا ہے: جب میں مر جاؤں گا تو کیا میں زندہ کر کے نکالا جاؤں گا؟☆

۶۷۔ کیا اس انسان کو یاد نہیں کہ ہم نے اسے پہلے اس وقت پیدا کیا، جب وہ کچھ بھی نہ تھا؟

۶۸۔ آپ کے رب کی قسم! پھر ہم ان سب کو اور شیاطین کو ضرور جمع کریں گے پھر ہم انہیں جہنم کے گرد گھٹنوں کے بل ضرور حاضر کریں گے۔

۶۹۔ پھر ہم ہر فرقے میں سے ہر اس شخص کو جدا کر دیں گے جو رحمٰن کے مقابلے میں زیادہ سرکش تھا۔☆

۷۰۔ پھر (یہ بات) ہم بہتر جانتے ہیں کہ جہنم میں جھلسنے کا زیادہ سزاوار ان میں سے کون ہے۔

۷۱۔ اور تم میں سے کوئی ایسا نہیں ہوگا جو جہنم پر وارد نہ ہو، یہ حتمی فیصلہ آپ کے رب

۶۲۔ جنت میں لغویات کا وجود نہ ہوگا۔ یہاں امن و سکون، کیف و سرور اور رضائے رب کے سائے میں ہر خواہش پوری ہوگی تو فضا سلام ہی سلام کی ہوگی۔ صبح و شام رزق میسر آنے کا مطلب یا تو یہ ہو سکتا ہے کہ رزق انہیں بغیر کسی تعطل کے ہمیشہ ملتا رہے گا یا اس سے ہم یہ سمجھ سکتے ہیں کہ جنت کی زندگی میں سورج چاند نہ بھی ہوں، تاہم صبح و شام کے اوقات ہوں گے۔

۶۴۔ روایت ہے کہ وحی کے آنے میں تاخیر پر حضورؐ نے جبرئیل سے سوال کیا تو جبرئیل کا یہ جواب تھا: ہم اللہ کے حکم سے ہی نازل ہو سکتے ہیں۔

۶۵۔ وہی آسمانوں اور زمین کا رب ہے۔ اس کا کوئی ہمنام نہیں ہے۔ یعنی اللہ کے علاوہ کسی کے لیے بھی یہ نام شایان نہیں ہے کہ آسمانوں اور زمین کا ایک ہی رب ہے۔

۶۶۔ سطحی اذہان میں سوال آتا ہے کہ انسان کے خاک ہونے اور بکھرنے کے بعد اور بھی دیگر حیوانات کی غذا بننے کے بعد کس طرح دوبارہ وہی جسم اور وہی انسان زندہ ہو سکتا ہے؟ جواب یہ ہے: دنیوی زندگی میں بھی انسانی جسم ہمیشہ تحلیل ہوتا رہتا ہے۔ اربوں Cell روزانہ جل کر خاکستر ہو جاتے ہیں اور کاربن کی شکل میں ہوا میں تحلیل ہو جاتے ہیں۔ ان کی جگہ نئے Cell بنتے ہیں۔ اس طرح چھ سالوں میں انسان کا پورا مادی جسم بدل جاتا ہے، جبکہ انسان نہیں بدلتا۔

۶۹۔ اس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ میدان قیامت میں لوگ گروہ گروہ ہوں گے۔ کیونکہ ہر شخص اپنے آقا کے ساتھ محشور ہوگا۔ ہر جماعت میں مختلف لوگ ہو سکتے ہیں۔ ان میں کچھ لوگ سرکش ہوں گے اور کچھ لوگ سرکش نہیں ہوں گے۔

۷۱۔ بعض روایات کے مطابق اس سے مراد حضور اور مشاہدہ ہے جیسا کہ آیت ۶۸ میں مذکور ہے اور بعض دوسری روایات کے مطابق داخل ہونا مراد ہے۔ لیکن مؤمنین کے لیے اس آتش میں ٹھنڈک اور سلامتی ہوگی جیسے حضرت ابراہیم (ع) کے لیے آتش نمرود تھی نیز یہ بات بھی بعید نہیں کہ اس سے مراد صراط ہو جو آتش جہنم پر سے گزرتی ہے اور یہ بھی روایت میں ہے کہ مؤمن کو جنت میں جانے سے پہلے ایک بار جہنم دکھا دی جائے گی اور کافر کو جہنم جانے سے پہلے ایک بار جنت دکھا دی جائے گی تاکہ مؤمن جنت کی نعمتوں کی قدر کرے اور کافر کے عذاب میں اضافہ ہو۔

عَلٰى رَبِّكَ حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا ﴿۷۱﴾
ثُمَّ نُنَجِّى الَّذِيۡنَ اتَّقَوۡا وَّنَذَرُ
الظّٰلِمِيۡنَ فِيۡهَا جِثِيًّا ﴿۷۲﴾
وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ
الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا ۙ اَىُّ
الۡفَرِيۡقَيۡنِ خَيۡرٌ مَّقَامًا وَّاَحۡسَنُ
نَدِيًّا ﴿۷۳﴾
وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا قَبۡلَهُمۡ مِّنۡ قَرۡنٍ
هُمۡ اَحۡسَنُ اَثَاثًا وَّرِءۡيًا ﴿۷۴﴾
قُلۡ مَنۡ كَانَ فِى الضَّلٰلَةِ فَلۡيَمۡدُدۡ لَهُ
الرَّحۡمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰۤى اِذَا رَاَوۡا مَا
يُوۡعَدُوۡنَ اِمَّا الۡعَذَابَ وَاِمَّا
السَّاعَةَ ؕ فَسَيَعۡلَمُوۡنَ مَنۡ هُوَ شَرٌّ
مَّكَانًا وَّاَضۡعَفُ جُنۡدًا ﴿۷۵﴾
وَيَزِيۡدُ اللّٰهُ الَّذِيۡنَ اهۡتَدَوۡا هُدًى ؕ
وَالۡبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيۡرٌ عِنۡدَ
رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيۡرٌ مَّرَدًّا ﴿۷۶﴾
اَفَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ
لَاُوۡتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ؕ ﴿۷۷﴾
اَطَّلَعَ الۡغَيۡبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنۡدَ
الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ؕ ﴿۷۸﴾
كَلَّا ؕ سَنَكۡتُبُ مَا يَقُوۡلُ وَنَمُدُّ لَهٗ
مِنَ الۡعَذَابِ مَدًّا ؕ ﴿۷۹﴾

کے ذمے ہے۔☆
۷۲۔ پھر اہل تقویٰ کو نجات دیں گے اور ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل پڑا چھوڑ دیں گے۔
۷۳۔ اور جب انہیں ہماری صریح آیات سنائی جاتی ہیں تو کفار اہل ایمان سے کہتے ہیں: دونوں فریقوں میں سے کون بہتر مقام پر (فائز) ہے اور کس کی محفلیں زیادہ بارونق ہیں؟☆
۷۴۔ اور ہم ان سے پہلے کتنی ایسی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں جو سامان زندگی اور نمود میں اس سے کہیں بہتر تھیں۔☆
۷۵۔ کہہ دیجیے: جو شخص گمراہی میں ہے اسے خدائے رحمٰن لمبی مہلت دیتا ہے لیکن جب وہ اس کا مشاہدہ کریں گے جس کا وعدہ ہوا تھا، خواہ وہ عذاب ہو یا قیامت تو اس وقت انہیں معلوم ہوگا کہ کس کا مقام زیادہ برا ہے اور کس کا لاؤ لشکر زیادہ کمزور ہے۔☆
۷۶۔ اور جو لوگ ہدایت یافتہ ہیں اللہ ان کی ہدایت میں اضافہ فرماتا ہے اور آپ کے پروردگار کے نزدیک باقی رہنے والی نیکیاں ثواب کے لحاظ سے بہتر ہیں اور انجام کے لحاظ سے بھی بہتر ہیں۔☆
۷۷۔ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو ہماری آیات کا انکار کرتا ہے اور کہتا ہے: مجھے مال اور اولاد کی عطا ضرور بالضرور جاری رہے گی؟
۷۸۔ کیا اس نے غیب کی اطلاع حاصل کی ہے یا خدائے رحمٰن سے کوئی عہد لے رکھا ہے؟
۷۹۔ ہرگز نہیں، جو کچھ یہ کہتا ہے ہم اسے لکھ لیں گے اور ہم اس کے عذاب میں مزید اضافہ کر دیں گے۔☆

۷۳۔ چشم ظاہر بین اور سطحی ذہن رکھنے والے مال و دولت اور جاہ و سلطنت کو حقائق کے لیے بنیاد بناتے ہیں۔ جب یہ دولت اور اقتدار والے تاریخ کا حصہ بنتے ہیں تو تاریخ کے نزدیک مادی قدروں کو اہمیت نہیں ملتی۔ آج تاریخ انسانیت پر ہارون (ع) کی سلطنت ہے، قارون کی نہیں اور آج بلال حبشی کا صفحہ تاریخ تابناک ہے، ابوجہل کا نہیں۔
۷۴۔ جو چند روزہ اللہ نے تمہیں ڈھیل دی ہے اسے اپنے حق میں اللہ کی طرف سے رعایت سمجھتے ہو، ان چند دنوں کے بعد تمہاری ہلاکت کا وقت آئے گا تو تم تاریخ کا حصہ بن جاؤ گے اور تمہارے نام سے نفرت و مذلت کا تعفن پھیلے گا جب کہ عمار و بلال تابناک تاریخ کی جبین پر فخر و مباہات کی علامت بن جائیں گے۔
۷۵۔ وہ جس ڈھیل کو اپنے حق میں اللہ کا اکرام سمجھتے ہیں، درحقیقت سرکشوں کے خلاف سب سے بڑی سزا یہی ڈھیل ہے۔ چنانچہ سورہ آل عمران کی آیت ۱۷۸ میں فرمایا: وَلَا يَحۡسَبَنَّ الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اَنَّمَا نُمۡلِىۡ لَهُمۡ خَيۡرٌ لِّاَنۡفُسِهِمۡ ؕ اِنَّمَا نُمۡلِىۡ لَهُمۡ لِيَزۡدَادُوۡۤا اِثۡمًا جب وعدہ الٰہی کا وقت آئے گا تو معلوم ہوگا کس کا مقام برا ہے۔
وعدہ الٰہی کے دو مرحلوں کا ذکر آیا ہے: اِمَّا الۡعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ۔ پہلا مرحلہ عذاب کا ہے۔ یعنی قیامت سے پہلے جب ان پر عذاب الٰہی ہوگا۔ گویا کہ وہ اس دنیا میں بھی ذلت و خواری سے دوچار ہوں گے اور مسلمانوں سے شکست کھا رہے ہوں گے، اس وقت انہیں معلوم ہوگا کہ کس کا مقام برا ہے۔ چشم جہاں نے ان کی ذلت و خواری کا مشاہدہ میدان بدر سے کرنا شروع کیا۔ دوسرا مرحلہ قیامت کا ہے، جب قیامت کے دن ابدی ذلت و رسوائی کے ساتھ عذاب جہنم کا مشاہدہ کریں گے تو معلوم ہوگا کہ کس کا مقام برا ہے۔
۷۶۔ روایت ہے کہ حضرت امام جعفر صادق (ع) سے باقیات الصالحات کے بارے میں سوال ہوا تو آپ نے فرمایا: هی الصلوة فحافظوا علیها۔ یہ نماز ہے، اس کی حفاظت کرو۔ (مستدرک الوسائل ۳: ۱۹)
دوسری روایت میں آیا ہے کہ باقیات الصالحات مؤمن کا یہ کہنا ہے: سبحان اللّٰہ و الحمد للّٰہ و لا الہ الا اللّٰہ و اللّٰہ اکبر۔ (حوالہ سابق ۵: ۳۲۷)
واضح رہے کہ یہ احادیث باقیات الصالحات کے اہم مصادیق کی نشاندہی کرتی ہیں۔
۷۹۔ سَنَكۡتُبُ مَا يَقُوۡلُ : اللہ کی طرف سے ضبط

وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوۡلُ وَيَاۡتِيۡنَا فَرۡدًا ﴿۸۰﴾

وَاتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوۡنُوۡا لَهُمۡ عِزًّا ﴿۸۱﴾

كَلَّا ؕ سَيَكۡفُرُوۡنَ بِعِبَادَتِهِمۡ وَ يَكُوۡنُوۡنَ عَلَيۡهِمۡ ضِدًّا ﴿۸۲﴾ ع ۵ ۱۷ ۸

اَلَمۡ تَرَ اَنَّاۤ اَرۡسَلۡنَا الشَّيٰطِيۡنَ عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ تَؤُزُّهُمۡ اَزًّا ﴿۸۳﴾

فَلَا تَعۡجَلۡ عَلَيۡهِمۡ ؕ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمۡ عَدًّا ﴿۸۴﴾

يَوۡمَ نَحۡشُرُ الۡمُتَّقِيۡنَ اِلَى الرَّحۡمٰنِ وَفۡدًا ﴿۸۵﴾

وَّنَسُوۡقُ الۡمُجۡرِمِيۡنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرۡدًا ﴿۸۶﴾ وقف لازم

لَا يَمۡلِكُوۡنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنۡدَ الرَّحۡمٰنِ عَهۡدًا ﴿۸۷﴾ وقف لازم

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحۡمٰنُ وَلَدًا ﴿۸۸﴾

لَقَدۡ جِئۡتُمۡ شَيۡـًٔا اِدًّا ﴿۸۹﴾

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ مِنۡهُ وَتَنۡشَقُّ الۡاَرۡضُ وَتَخِرُّ الۡجِبَالُ هَدًّا ﴿۹۰﴾

اَنۡ دَعَوۡا لِلرَّحۡمٰنِ وَلَدًا ﴿۹۱﴾

وَمَا يَنۡۢبَغِىۡ لِلرَّحۡمٰنِ اَنۡ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ﴿۹۲﴾

۸۰۔ اور جو کچھ وہ کہتا ہے اس کے ہم مالک بن جائیں گے اور وہ ہمارے پاس اکیلا حاضر ہوگا۔☆

۸۱۔ اورانہوں نے اللہ کے سوا دوسرے معبود بنالیے ہیں تا کہ ان کے لیے باعث تقویت بنیں۔☆

۸۲۔ ہرگز نہیں، (کل) یہ سب ان کی عبادت ہی سے انکار کریں گے اور ان کے سخت مخالف ہوں گے۔

۸۳۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ ہم نے شیاطین کو کفار پر مسلط کر رکھا ہے جو انہیں اکساتے رہتے ہیں؟☆

۸۴۔ پس آپ ان پر (عذاب کے لیے) عجلت نہ کریں، ہم ان کی گنتی یقیناً پوری کریں گے۔

۸۵۔ اس روز ہم متقین کو خدائے رحمٰن کے پاس مہمانوں کی طرح جمع کریں گے۔☆

۸۶۔ اور مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے جانوروں کی طرح ہانک کر لے جائیں گے۔

۸۷۔ کسی کو شفاعت کا اختیار نہ ہوگا سوائے اس کے جس نے رحمٰن سے عہد لیا ہو۔☆

۸۸۔ اور وہ کہتے ہیں: رحمٰن نے کسی کو فرزند بنا لیا ہے۔

۸۹۔ بتحقیق تم بہت سخت بیہودہ بات (زبان پر) لائے ہو۔

۹۰۔ قریب ہے کہ اس سے آسمان پھٹ جائیں اور زمین شق ہو جائے اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر جائیں۔

۹۱۔ اس بات پر کہ انہوں نے رحمٰن کے لیے فرزند (کی موجودگی) کا الزام لگایا ہے۔☆

۹۲۔ اور رحمٰن کے شایان شان نہیں کہ وہ کسی کو بیٹا بنائے۔☆

تحریر میں لانے کا مطلب یہ ہے کہ مجرم کا جرم علم خدا میں ثبت ہو جاتا ہے اور جو علم خدا میں ثبت ہو جائے اس میں بھول چوک ممکن نہیں ہے۔ جیسا کہ کسی مطلب کو ضبط تحریر میں لانے سے بھول چوک اور اشتباہ کا امکان کم ہو جاتا ہے۔

۸۰۔ نَرِثُهٗ: یعنی کافروں کا یہ تمسخر اور ان کے کفر کی باتیں ان کے مرنے کے بعد ان کے لیے وبال جان بن کر باقی رہیں گی اور ہمارے پاس وہ اکیلا پہنچ جائے گا۔ جن کو اس نے خدا کے ساتھ شریک مانا تھا، ان میں سے کوئی بھی اس کے ساتھ نہ ہوگا۔

۸۱۔ مشرکین جن چیزوں کی پوجا کرتے تھے اور ان سے جو مقاصد حاصل کرنا چاہتے تھے، وہ تقویت ہے۔ وہ ان معبودوں سے اپنی دنیاوی زندگی کے لیے تقویت چاہتے تھے۔ مشرکین آخرت پر ایمان نہیں رکھتے تھے، لہٰذا وہ ان معبودوں کو اپنی دنیاوی مفادات کے حصول کا ذریعہ سمجھتے تھے۔ جواب میں فرمایا: جس یوم آخرت کے تم منکر ہو، وہ دن ضرور آئے گا اور اس دن تمہارے یہ معبود نہ صرف تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکیں گے، بلکہ تمہارے خلاف ہوں گے۔

۸۳۔ اَرۡسَلۡنَا یعنی ہم نے چھوڑ رکھا ہے کہ شیاطین کافروں کو جرائم کے ارتکاب پر اکساتے رہیں۔ ورنہ اللہ اپنے بندوں کو شیطان کے شر سے بچاتا ہے۔

۸۵۔ اہل تقویٰ کے لیے اس آیت میں دو بشارتیں ہیں: ایک یہ کہ انہیں رحمٰن کے پاس لے جایا جائے گا۔ اس ذات کی بارگاہ میں جمع ہوں گے جو رحمٰن ہے۔ رحمٰن کے جوار میں مقام پانا ناقابل وصف و بیان نعمت ہے۔ دوسری بشارت وَفۡدًا ہے، جو مہمان کی حیثیت سے رحمٰن کی بارگاہ میں جائیں گے۔

۸۷۔ شفاعت کرنے کے مجاز صرف وہ لوگ ہیں جن کا اللہ کے ساتھ ایک خاص عہد ہے۔ یعنی جو ہستیاں اس عہد الٰہی کے تحمل کے لیے اہل ہیں وہی شفاعت کرنے کی مجاز ہیں۔

۹۱۔۹۲ اللہ کے لیے بیٹا ہونے کا تصور نہ صرف یہ کہ شان باری میں گستاخی ہے بلکہ تصور الوہیت کے سراسر منافی ہے کیونکہ کائنات میں موجود تمام چیزوں کا اللہ کے ساتھ عبد و معبود، مالک و مملوک اور خالق و مخلوق کا تعلق ہے تو ان مملوکوں میں سے کسی ایک کو اللہ کا ٹکڑا اور حصہ قرار دینا مقام معبود کے منافی اور گستاخی ہے اور اس قدر سنگین گستاخی ہے کہ کائنات کا ضمیر اسے برداشت نہیں کر سکتا۔

اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ﴿۹۳﴾
لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ﴿۹۴﴾
وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ﴿۹۵﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ﴿۹۶﴾
فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ
الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿۹۷﴾
وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ
هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ
تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿۹۸﴾

النصف ۴۱۵

سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ ۱۳۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

طٰهٰ ﴿۱﴾
مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى ﴿۲﴾
اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۳﴾
تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ
وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿۴﴾
اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ﴿۵﴾
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ﴿۶﴾
وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ
السِّرَّ وَاَخْفَى ﴿۷﴾

۹۳۔ جو کوئی آسمانوں اور زمین میں ہے وہ اس رحمٰن کے حضور صرف بندے کی حیثیت سے پیش ہو گا۔☆

۹۴۔ بتحقیق اس نے ان سب کا احاطہ کر رکھا ہے اور انہیں شمار کر رکھا ہے۔☆

۹۵۔ اور قیامت کے دن ہر ایک کو اس کے سامنے تنہا حاضر ہونا ہے۔

۹۶۔ جو لوگ ایمان لائے ہیں اور نیک اعمال بجا لائے ہیں ان کے لیے رحمٰن عنقریب دلوں میں محبت پیدا کرے گا۔☆

۹۷۔ (اے رسول) پس ہم نے یہ قرآن آپ کی زبان میں یقیناً آسان کیا ہے تاکہ آپ اس سے صاحبان تقویٰ کو بشارت دیں اور جھگڑالو قوم کی تنبیہ کریں۔

۹۸۔ اور ہم نے ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہلاک کیا ہے۔ کیا آج آپ کہیں بھی ان میں سے کسی ایک کا نشان پاتے ہیں یا ان کی کوئی آہٹ سنتے ہیں؟

سورۃ طٰہٰ ۔ مکی ۔ آیات ۱۳۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ طا، ہا۔☆

۲۔ ہم نے یہ قرآن آپ پر اس لیے نازل نہیں کیا ہے کہ آپ مشقت میں پڑ جائیں۔☆

۳۔ بلکہ یہ تو خوف رکھنے والوں کے لیے صرف ایک یاد دہانی ہے۔☆

۴۔ یہ اس کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین اور بلند آسمانوں کو بنایا ہے۔

۵۔ وہ رحمٰن جس نے عرش پر اقتدار قائم کیا۔☆

۶۔ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اور جو کچھ ان کے درمیان اور جو کچھ زمین کی تہ میں ہے سب کا وہی مالک ہے۔

۷۔ اور اگر آپ پکار کر بات کریں تو وہ رازوں کو بلکہ اس سے زیادہ مخفی باتوں کو بھی یقیناً جانتا ہے۔

۹۳۔ کائنات کی تمام موجودات بلا استثناء اللہ کی بندگی میں ہیں۔ موجودات میں کوئی ایسا وجود نہیں ہے جس کی اللہ کے ساتھ بندگی کے علاوہ کوئی نسبت ہو۔ رسول اللہ اور ولی اللہ کے لیے رسالت اور ولایت کی نسبت ہے، تو پہلے بندگی کی نسبت ہے۔ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّداً عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔

۹۴۔ اَحْصٰىهُمْ یعنی کائنات کی تمام موجودات اللہ کی بندگی میں ہونے کے اعتبار سے اللہ کی مملوک اور مالک کے قبضے میں ہیں، جس سے نکلنے کی کوئی صورت نہیں ہے اور گھیرے اور احاطے میں رکھنے کا مطلب یہی ہے کہ وہ اللہ کی بندگی کے گھیرے سے نہیں نکل سکتیں۔

وَعَدَّهُمْ اور یہ امکان بھی نہیں ہے کہ کوئی اللہ کی نظر سے اوجھل ہو جائے۔ ہر موجود اللہ کی کتاب تکوین میں شمار شدہ اور ثبت شدہ ہے۔

۹۶۔ کائنات میں کوئی فرد اللہ کی بندگی سے بالاتر نہیں، البتہ اس بندگی میں مراتب ضرور ہیں۔ جب بندہ ایمان و عمل صالح کے ایک خاص مقام پر فائز ہو جاتا ہے تو اللہ کے نزدیک قرب و منزلت کے علاوہ اس کے لیے اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں ایک مقام پیدا فرما دیتا ہے۔

ابن مردویہ اور دیلمی نے حضرت براء سے اور طبرانی اور ابن مردویہ نے حضرت ابن عباس سے روایت کی ہے کہ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی (الدر المنثور ۴:۵۱۲)

سورۂ طٰہٰ

۱۔ امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہما السلام سے روایت ہے کہ طٰہٰ اور یٰسٓ رسول کریمؐ کے اسمائے مبارکہ ہیں۔

۲۔۳ آپ پر قرآن نازل کرنے کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ آپ لوگوں کو ایمان پر آمادہ کرنے کے لیے ناقابل برداشت مشقت اٹھائیں۔ یہ تو ان لوگوں کے لیے یاددہانی ہے جن کے دلوں میں خوف خدا ہے۔

۵۔ غیر امامیہ کے علمائے سلف کا یہ مؤقف رہا ہے کہ اللہ عرش پر ہے اور اللہ کے وزن سے عرش سے چرچراہٹ کی آواز آتی ہے۔ جبکہ امامیہ کا ہمیشہ یہ مؤقف رہا ہے کہ اللہ مکان کا محتاج نہیں ہے۔ روایت ہے کہ اس آیت کے بارے میں سوال کے جواب میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا: جس نے اللہ کو کسی شے میں یا کسی شے پر قرار دیا اس نے شرک کا ارتکاب کیا۔

اَللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الۡاَسۡمَآءُ
الۡحُسۡنٰى ۝۸
وَهَلۡ اَتٰىكَ حَدِيۡثُ مُوۡسٰى ۝۹
اِذۡ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهۡلِهِ امۡكُثُوۡۤا اِنِّىۡۤ
اٰنَسۡتُ نَارًا لَّعَلِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ مِّنۡهَا
بِقَبَسٍ اَوۡ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ۝۱۰
فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا نُوۡدِىَ يٰمُوۡسٰى ۝۱۱
اِنِّىۡۤ اَنَا رَبُّكَ فَاخۡلَعۡ نَعۡلَيۡكَ ۚ
اِنَّكَ بِالۡوَادِ الۡمُقَدَّسِ طُوًى ۝۱۲
وَاَنَا اخۡتَرۡتُكَ فَاسۡتَمِعۡ لِمَا
يُوۡحٰى ۝۱۳
اِنَّنِىۡۤ اَنَا اللّٰهُ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنَا فَاعۡبُدۡنِىۡ ۙ
وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكۡرِىۡ ۝۱۴
اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخۡفِيۡهَا
لِتُجۡزٰى كُلُّ نَفۡسٍۢ بِمَا تَسۡعٰى ۝۱۵
فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنۡهَا مَنۡ لَّا يُؤۡمِنُ
بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرۡدٰى ۝۱۶
وَمَا تِلۡكَ بِيَمِيۡنِكَ يٰمُوۡسٰى ۝۱۷
قَالَ هِىَ عَصَاىَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيۡهَا وَ
اَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِىۡ وَلِىَ فِيۡهَا
مَاٰرِبُ اُخۡرٰى ۝۱۸
قَالَ اَلۡقِهَا يٰمُوۡسٰى ۝۱۹
فَاَلۡقٰىهَا فَاِذَا هِىَ حَيَّةٌ تَسۡعٰى ۝۲۰

۸۔ اللہ وہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، بہترین نام اسی کے ہیں۔☆
۹۔ اور کیا آپ تک موسیٰ کی خبر پہنچی ہے؟
۱۰۔ جب انہوں نے ایک آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا: ٹھہر جاؤ! میں نے کوئی آگ دیکھی ہے، شاید میں اس میں سے تمہارے لیے کوئی انگارے لے آؤں یا آگ پر پہنچ کر راستے کا پتہ کرلوں۔☆
۱۱۔ پھر جب وہ آگ کے پاس پہنچے تو آواز آئی: اے موسیٰ! ☆
۱۲۔ میں ہی آپ کا رب ہوں، پس اپنی جوتیاں اتار دیں، تحقیق آپ طویٰ کی مقدس وادی میں ہیں۔☆
۱۳۔ اور میں نے آپ کو منتخب کرلیا ہے لہٰذا جو وحی کی جا رہی ہے اسے سنیں۔
۱۴۔ میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، پس صرف میری بندگی کرو اور میری یاد کے لیے نماز قائم کریں۔☆
۱۵۔ قیامت یقیناً آنے والی ہے، میں اسے پوشیدہ رکھوں گا تاکہ ہر فرد کو اس کی سعی کے مطابق جزا ملے۔
۱۶۔ پس جو شخص قیامت پر ایمان نہیں رکھتا اور اپنی خواہشات کی پیروی کرتا ہے کہیں وہ آپ کو اس راہ سے نہ روک دے، ایسا ہوا تو آپ ہلاک ہو جائیں گے۔
۱۷۔ اور اے موسیٰ! یہ آپ کے داہنے ہاتھ میں کیا ہے؟
۱۸۔ موسیٰ نے کہا: یہ میرا عصا ہے، اس پر میں ٹیک لگاتا ہوں اور اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں اور میرے لیے اس میں کئی اور مفادات بھی ہیں۔
۱۹۔ فرمایا: اے موسیٰ! اسے پھینکیں۔
۲۰۔ پس موسیٰ نے اسے پھینکا تو وہ یکا یک سانپ بن کر دوڑنے لگا۔☆

۸۔ پرستش کے جتنے بھی محرکات ہیں وہ سب اللہ تعالیٰ میں موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور پر کوئی لفظ دلالت کرتا ہے تو وہ کماحقہ نہیں ہوتا۔ مثلاً اگر کسی کو عالم کہا جائے تو عالم اس شخص پر کماحقہ دلالت نہیں کرتا۔ کیونکہ جو علم اس عالم کے پاس ہے وہ عارضی اور ناقص ہے۔ نہ اس کا ذاتی ہے بلکہ کسی کا دیا ہوا ہے، نہ وہ تمام معلومات کا علم رکھتا ہے، جبکہ اللہ تعالیٰ کا علم کسی کا دیا ہوا نہیں بلکہ ذاتی ہے اور وہ تمام معلومات کا علم رکھتا ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی قدرت اور حیات ذاتی اور کامل ہے، عارضی اور ناقص نہیں ہے۔ لہٰذا علم، حیات، قدرت وغیرہ میں جو بھی جمال و کمال قابل تصور ہے، وہ سب اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے۔ جیسا کہ ہم علیم، قدیر، حی و قادر کے اسماء سے اللہ کو یاد کرتے ہیں۔

۱۰۔ حضرت موسیٰ (ع) چند سال مدین میں گزارنے کے بعد اپنی زوجہ کے ہمراہ مصر واپس جاتے ہوئے جزیرہ نمائے سینا سے گزر رہے تھے، رات کی تاریکی میں راستہ بھولنے کا خطرہ تھا اور سردی بھی تھی۔ آگ دیکھ کر خیال آیا دونوں مسئلے حل ہو جائیں گے. نزدیک پہنچے تو دو جہاں کا مسئلہ حل ہو گیا۔

۱۱۔ نُوۡدِیَ یٰمُوۡسٰی: اس ندا کو حضرت موسیٰ (ع) نے پہچان لیا کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے۔ کیونکہ اس آواز کو حضرت موسیٰ (ع) نے عام ظاہری حواس سے نہیں سنا کہ شک کی گنجائش باقی رہ جائے بلکہ اپنے باطنی حواس سے سنا جس میں شک کی گنجائش نہیں رہ جاتی

۱۲۔ جوتے اتارنے کا حکم اس بقعہ مبارکہ کے تقدس کی وجہ سے ہے جس کو اللہ نے حضرت موسیٰ سے ہمکلام ہونے کے لیے منتخب کیا۔ یہیں سے جوتے اتارنا یہودیوں کی تہذیب و آداب کا حصہ بن گیا۔

۱۴۔ ابتدائے وحی میں اللہ نے تاکیدی لفظوں میں فرمایا: میں ہی اللہ ہوں۔ تاکہ موسیٰ (ع) وحی وصول کرنے کے لیے یقین کے مرحلے میں آ جائیں۔
جبکہ رسالتمآب ؐ پر وحی کی ابتدا ہوئی تو اِنَّنِیۡۤ اَنَا اللّٰہُ کہنے کی ضرورت پیش نہیں آئی اور اِقۡرَاۡ کا حکم براہ راست وصول فرمایا۔ آخری جملے میں فرمایا نماز قائم کرو میری یاد کے لیے۔ اللہ کی یاد سے غافل نہ رہنے کا بہترین ذریعہ نماز ہے۔

۲۰۔ ہم نے پہلے بھی لکھا ہے کہ معجزات عام طبیعیاتی قوانین کی دفعات کے تحت رونما نہیں ہوتے، نہ

قَالَ خُذۡهَا وَلَا تَخَفۡ ۫ سَنُعِيۡدُهَا
سِيۡرَتَهَا الۡاُوۡلٰى ﴿۲۱﴾
وَاضۡمُمۡ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ
تَخۡرُجۡ بَيۡضَآءَ مِنۡ غَيۡرِ سُوۡٓءٍ اٰيَةً
اُخۡرٰى ﴿۲۲﴾
لِنُرِيَكَ مِنۡ اٰيٰتِنَا الۡكُبۡرَى ﴿۲۳﴾ ع ۱۴
اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۲۴﴾
قَالَ رَبِّ اشۡرَحۡ لِىۡ صَدۡرِىۡ ﴿۲۵﴾
وَيَسِّرۡ لِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿۲۶﴾
وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِىۡ ﴿۲۷﴾
يَفۡقَهُوۡا قَوۡلِىۡ ﴿۲۸﴾
وَاجۡعَلۡ لِّىۡ وَزِيۡرًا مِّنۡ اَهۡلِىۡ ﴿۲۹﴾
هٰرُوۡنَ اَخِى ﴿۳۰﴾
اشۡدُدۡ بِهٖۤ اَزۡرِىۡ ﴿۳۱﴾
وَاَشۡرِكۡهُ فِىۡۤ اَمۡرِىۡ ﴿۳۲﴾
كَىۡ نُسَبِّحَكَ كَثِيۡرًا ﴿۳۳﴾
وَّنَذۡكُرَكَ كَثِيۡرًا ﴿۳۴﴾
اِنَّكَ كُنۡتَ بِنَا بَصِيۡرًا ﴿۳۵﴾
قَالَ قَدۡ اُوۡتِيۡتَ سُؤۡلَكَ
يٰمُوۡسٰى ﴿۳۶﴾
وَلَقَدۡ مَنَنَّا عَلَيۡكَ مَرَّةً اُخۡرٰٓى ﴿۳۷﴾
اِذۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوۡحٰٓى ﴿۳۸﴾
اَنِ اقۡذِفِيۡهِ فِى التَّابُوۡتِ فَاقۡذِفِيۡهِ

۲۱۔ اللہ نے فرمایا: اسے پکڑ لیں اور ڈریں نہیں، ہم اسے اس کی پہلی حالت پر پلٹا دیں گے۔☆

۲۲۔ اور اپنا ہاتھ اپنی بغل میں رکھیے تو وہ بغیر کسی عیب کے چمکتا ہوا نکلے گا، یہ دوسری نشانی ہے۔☆

۲۳۔ (یہ اس لیے) کہ ہم تمہیں اپنی بڑی نشانیاں دکھا دیں۔

۲۴۔ اب آپ فرعون کی طرف جائیں کہ وہ سرکش ہو گیا ہے۔☆

۲۵۔ موسیٰ نے کہا: میرے پروردگار! میرا سینہ کشادہ فرما،

۲۶۔ اور میرے کام کو میرے لیے آسان کر دے،

۲۷۔ اور میری زبان کی گرہ کھول دے،☆

۲۸۔ تاکہ وہ میری بات سمجھ جائیں۔

۲۹۔ اور میرے کنبے میں سے میرا ایک وزیر بنا دے۔☆

۳۰۔ میرے بھائی ہارون کو۔

۳۱۔ اسے میرا پشت پناہ بنا دے،

۳۲۔ اور اسے میرے امر (رسالت) میں شریک بنا دے،

۳۳۔ تاکہ ہم تیری خوب تسبیح کریں،

۳۴۔ اور تجھے کثرت سے یاد کریں۔

۳۵۔ یقیناً تو ہی ہمارے حال پر خوب نظر رکھنے والا ہے۔

۳۶۔ فرمایا: اے موسیٰ! یقیناً آپ کو آپ کی مراد دے دی گئی۔

۳۷۔ اور بتحقیق ہم نے ایک مرتبہ پھر آپ پر احسان کیا۔

۳۸۔ جب ہم نے آپ کی والدہ کی طرف اس بات کا الہام کیا جو بات الہام کے ذریعے کی جانا تھی۔☆

۳۹۔ (وہ یہ) کہ اس (بچے) کو صندوق میں

ہی بغیر علل و اسباب کے وقوع پذیر ہوتے ہیں، بلکہ معجزات کے اپنے علل و اسباب ہوتے ہیں۔ مگر یہ دوسروں کے لیے قابل تسخیر نہیں ہوتے۔

۲۱۔ حضرت موسیٰ (ع) سانپ کو دیکھ کر ڈر گئے۔ کیا یہ خوف ایک طبعی امر ہے؟ بعض خوف اور خشیۃ میں فرق کے قائل ہیں کہ غیر خدا سے خشیۃ انبیاء کے لیے روا نہیں، جبکہ خوف میں کوئی حرج نہیں ہے۔ بعض دیگر لوگ کہتے ہیں کہ اگر حادثہ مخلوق کی طرف سے ہو جیسے آتش نمرود، تو نہ ڈرنا کمال ہے اور امر اگر خالق کی طرف سے ہو تو ڈرنا کمال ہے۔ بہرحال اس قسم کے خوف کا مطلب شر سے بچنے کی کوشش کا نام ہے۔ حضرت موسیٰ (ع) بادی النظر میں اس سانپ کو شر سمجھے تھے۔

۲۲۔ ید بیضاء حضرت موسیٰ (ع) کے لیے دوسرا عظیم معجزہ ہے۔ ہاتھ کی سفیدی اور چمک برص کی بیماری کی وجہ سے نہیں تھی جیسا کہ توریت کا کہنا ہے، بلکہ یہ ایک معجزہ تھا جو عصا کے اژدھا بننے کی سطح کا تھا۔ برص عیب ہوتا ہے نہ کہ معجزہ۔

۲۴۔ رسالت کا حکم ملنا شروع ہو جاتا ہے۔ زمانے کی بڑی طاقت سرکش فرعون کی طرف جانے کا حکم نہایت سنگین حکم ہے، چونکہ حضرت موسیٰ (ع) کا معاصر فرعون بڑا جابر اور متکبر تھا۔

۲۷۔ اس آیت اور دوسری متعدد آیتوں سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) کو بولنے میں دقت پیش آتی تھی۔ اس لیے درخواست ہوئی کہ ہارون کو شریک نبوت کیا جائے۔ هُوَ اَفۡصَحُ مِنِّىۡ لِسَانًا۔ وہ مجھ سے زیادہ فصیح اللسان ہے۔

۲۹۔ ابن مردویہ، خطیب اور ابن عساکر نے حضرت اسماء بنت عمیسؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہؐ نے بھی حضرت علیؑ کے بارے میں ہو بہو یہی دعا کی۔ (الدر المنثور ۴: ۵۲۸) مگر اس طباعت میں اسم علیؑ کو حذف کیا گیا ہے!!۔

۳۸۔ وحی سے مراد الہام ہے یعنی مادر موسیٰ (ع) کے دل میں یہ بات ڈال دی کہ فرعون کو اس بچے کا علم ہونے سے پہلے دریا کے ذریعے فرعون کے محلات تک پہنچایا جائے۔ مسیحی روایات کے مطابق حضرت موسیٰ (ع) کے والد عمران کا گھر لب دریا تھا۔ والدہ موسیٰ (ع) نے سوچا کہ فرعون کے محلات کی خواتین جس وقت دریا کی سیر کے لیے آتی ہیں اس وقت دریا کے حوالے کیا جائے تاکہ خواتین کو اس خوبصورت بچے پر ترس آئے۔

فِی الۡیَمِّ فَلۡیُلۡقِہِ الۡیَمُّ بِالسَّاحِلِ
یَاۡخُذۡہُ عَدُوٌّ لِّیۡ وَعَدُوٌّ لَّہٗ ؕ وَ
اَلۡقَیۡتُ عَلَیۡکَ مَحَبَّۃً مِّنِّیۡ ۚ وَ
لِتُصۡنَعَ عَلٰی عَیۡنِیۡ ﴿۳۹﴾
اِذۡ تَمۡشِیۡۤ اُخۡتُکَ فَتَقُوۡلُ ہَلۡ
اَدُلُّکُمۡ عَلٰی مَنۡ یَّکۡفُلُہٗ ؕ
فَرَجَعۡنٰکَ اِلٰۤی اُمِّکَ کَیۡ تَقَرَّ
عَیۡنُہَا وَلَا تَحۡزَنَ ؕ وَقَتَلۡتَ
نَفۡسًا فَنَجَّیۡنٰکَ مِنَ الۡغَمِّ وَ
فَتَنّٰکَ فُتُوۡنًا ۟ فَلَبِثۡتَ سِنِیۡنَ
فِیۡۤ اَہۡلِ مَدۡیَنَ ۙ ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰی
قَدَرٍ یّٰمُوۡسٰی ﴿۴۰﴾
وَاصۡطَنَعۡتُکَ لِنَفۡسِیۡ ﴿۴۱﴾ۚ
اِذۡہَبۡ اَنۡتَ وَاَخُوۡکَ بِاٰیٰتِیۡ وَلَا
تَنِیَا فِیۡ ذِکۡرِیۡ ﴿۴۲﴾ۚ
اِذۡہَبَاۤ اِلٰی فِرۡعَوۡنَ اِنَّہٗ طَغٰی ﴿۴۳﴾ۚ
فَقُوۡلَا لَہٗ قَوۡلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّہٗ یَتَذَکَّرُ
اَوۡ یَخۡشٰی ﴿۴۴﴾
قَالَا رَبَّنَاۤ اِنَّنَا نَخَافُ اَنۡ یَّفۡرُطَ
عَلَیۡنَاۤ اَوۡ اَنۡ یَّطۡغٰی ﴿۴۵﴾
قَالَ لَا تَخَافَاۤ اِنَّنِیۡ مَعَکُمَاۤ اَسۡمَعُ
وَاَرٰی ﴿۴۶﴾
فَاۡتِیٰہُ فَقُوۡلَاۤ اِنَّا رَسُوۡلَا رَبِّکَ

رکھ دیں پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دیں تو دریا اسے ساحل پر ڈال دے گا (تو) میرا اور اس کا دشمن اسے اٹھا لے گا اور میں نے آپ پر اپنی طرف سے محبت ڈال دی تاکہ آپ میرے سامنے پرورش پائیں۔

۴۰۔ (وہ وقت یاد کرو) جب آپ کی بہن (فرعون کے پاس) گئیں اور کہنے لگیں: کیا میں تمہیں ایسا شخص بتا دوں جو اس بچے کی پرورش کرے؟ اس طرح ہم نے آپ کو آپ کی ماں کے پاس پہنچا دیا تاکہ ان کی آنکھ ٹھنڈی ہو جائے اور وہ رنجیدہ نہ ہوں اور آپ نے ایک شخص کو قتل کیا پس ہم نے آپ کو غم سے نجات دی اور ہم نے آپ کی خوب آزمائش کی، پھر سالوں تک آپ مدین والوں کے ہاں مقیم رہے پھر اے موسیٰ! اب عین مقرر وقت پر آ گئے ہیں۔☆

۴۱۔ اور میں نے آپ کو اپنے لیے اختیار کیا ہے۔☆

۴۲۔ لہٰذا آپ اور آپ کا بھائی میری آیات لے کر جائیں اور دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا۔☆

۴۳۔ دونوں فرعون کے پاس جائیں کہ وہ سرکش ہو گیا ہے۔

۴۴۔ پس دونوں اس سے نرم لہجے میں بات کرنا شاید وہ نصیحت مان لے یا ڈر جائے۔☆

۴۵۔ دونوں نے کہا: اے ہمارے پروردگار! ہمیں خوف ہے کہ وہ ہم پر زیادتی کرے گا یا مزید سرکش ہو جائے گا۔☆

۴۶۔ فرمایا: آپ دونوں خوف نہ کریں میں آپ دونوں کے ساتھ ہوں اور (دونوں کی بات) سن رہا ہوں اور دیکھ رہا ہوں۔

۴۷۔ دونوں اس کے پاس جائیں اور کہیں: ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں

۴۰۔ جب بچے کو دریائے نیل کے حوالے کر دیا گیا تو مادر موسیٰ نے اپنی ایک بیٹی کو تجسس کے لیے بھیجا۔ موسیٰ (ع) کی بہن قصر فرعون کے گرد چکر لگاتی رہی۔ فرعون کا آدمی بچے کو دودھ پلانے والی دائی کی تلاش میں نکلا تو ہارون کی بہن نے کہا: کیا میں ایک خاندان کی نشاندہی کروں جو اس بچے کو دودھ پلائے؟ اس طرح بچہ ماں کی گود میں واپس آ گیا۔

فَرَجَعۡنٰکَ اِلٰۤی اُمِّکَ: ماں کی ممتا دوبارہ دلانا ایک عظیم احسان ہے۔

کَیۡ تَقَرَّ عَیۡنُہَا: ماں کو اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک واپس دلانا بھی ایک عظیم احسان ہے۔

وَقَتَلۡتَ نَفۡسًا: قبطی کے قتل کی وجہ سے حضرت موسیٰ (ع) کو فرعون کی حکومت سے خوف لاحق تھا، اللہ نے اس سے نجات دلائی۔ پھر مدین میں چند سال گزارنے کے بعد آج اس مقام پر ہو۔

ثُمَّ جِئۡتَ عَلٰی قَدَرٍ یّٰمُوۡسٰی: جس دن کا قدرت نے تیری رسالت کے لیے تعین کیا تھا، اسی مقررہ وقت پر تم یہاں آ گئے ہو اے موسیٰ!

۴۱۔ یہ فرمانا کہ میں نے تجھے اپنے لیے منتخب کیا ہے، عند اللہ حضرت موسیٰ (ع) کی منزلت اور رتبہ بتاتا ہے۔

۴۲۔ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام جب اللہ کی طرف سے معجزاتی اسلحہ سے مسلح ہوئے تو فرمایا: میرے یہ معجزات فرعون کے پاس لے جاؤ۔

وَلَا تَنِیَا فِیۡ ذِکۡرِیۡ: ذکر خدا کی طاقت سے کبھی بھی غافل نہ ہونا، اگرچہ معجزات موسیٰ (ع) عظیم ہیں، تاہم اس کی پشت پر ذکر خدا اس سے بھی زیادہ عظیم طاقت ہے۔

۴۴۔ تبلیغ وارشاد میں طرز گفتگو کو بنیادی حیثیت حاصل ہوتی ہے، اس میں یہ نکتہ بھی پنہاں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کی تبلیغ کے لیے بھی وسائل کے استعمال کا حکم دیا ہے۔ اگرچہ فرعون سرکش ہو گیا ہے تاہم گفتگو میں پھر بھی نرمی ہو کیونکہ انداز کلام میں اگر شیرینی نہیں ہے تو مضمون کلام خواہ کتنا ہی منطقی اور معقول کیوں نہ ہو، موثر نہیں ہوتا۔

۴۵۔ اِنَّنَا نَخَافُ: یہاں ذات و جان کا خوف نہیں ہے، بلکہ یہاں خوف دعوت کی کامیابی اور پیشرفت کے بارے میں ہے کہ کہیں دعوت کی راہ میں فرعون کی سرکشی اور زیادتی حائل نہ ہو جائے۔

فَاَرۡسِلۡ مَعَنَا بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ ۬ؕ وَلَا
تُعَذِّبۡهُمۡ ؕ قَدۡ جِئۡنٰكَ بِاٰیَةٍ مِّنۡ
رَّبِّكَ ؕ وَالسَّلٰمُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ
الۡهُدٰی ﴿۴۷﴾
اِنَّا قَدۡ اُوۡحِیَ اِلَیۡنَاۤ اَنَّ الۡعَذَابَ
عَلٰی مَنۡ كَذَّبَ وَتَوَلّٰی ﴿۴۸﴾
قَالَ فَمَنۡ رَّبُّكُمَا یٰمُوۡسٰی ﴿۴۹﴾
قَالَ رَبُّنَا الَّذِیۡۤ اَعۡطٰی كُلَّ شَیۡءٍ
خَلۡقَهٗ ثُمَّ هَدٰی ﴿۵۰﴾
قَالَ فَمَا بَالُ الۡقُرُوۡنِ الۡاُوۡلٰی ﴿۵۱﴾
قَالَ عِلۡمُهَا عِنۡدَ رَبِّیۡ فِیۡ كِتٰبٍ ۚ
لَا یَضِلُّ رَبِّیۡ وَلَا یَنۡسَی ﴿۵۲﴾
الَّذِیۡ جَعَلَ لَكُمُ الۡاَرۡضَ مَهۡدًا وَّ
سَلَكَ لَكُمۡ فِیۡهَا سُبُلًا وَّاَنۡزَلَ
مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ؕ فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖۤ
اَزۡوَاجًا مِّنۡ نَّبَاتٍ شَتّٰی ﴿۵۳﴾
كُلُوۡا وَارۡعَوۡا اَنۡعَامَكُمۡ ؕ اِنَّ فِیۡ
ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی النُّهٰی ﴿۵۴﴾ ع ۲ ۱۱
مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِیۡهَا نُعِیۡدُكُمۡ
وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰی ﴿۵۵﴾
وَلَقَدۡ اَرَیۡنٰهُ اٰیٰتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ
وَاَبٰی ﴿۵۶﴾
قَالَ اَجِئۡتَنَا لِتُخۡرِجَنَا مِنۡ اَرۡضِنَا

پس بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ جانے دے اوران پر سختیاں نہ کر، بلاشبہ ہم تیرے رب کی طرف سے نشانی لے کر تیرے پاس آئے ہیں اور سلام ہو اس پر جو ہدایت کی پیروی کرے۔☆

۴۸۔ ہماری طرف یقیناً وحی کی گئی ہے کہ عذاب اس شخص کے لیے معین ہے جو تکذیب کرے اور منہ موڑے۔

۴۹۔ فرعون نے کہا: اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟☆

۵۰۔ موسیٰ نے کہا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی خلقت بخشی پھر ہدایت دی۔☆

۵۱۔ فرعون بولا: پھر گزشتہ نسلوں کا کیا بنا؟☆

۵۲۔ موسیٰ نے کہا: ان کا علم میرے رب کے پاس ایک کتاب میں ہے، میرا رب نہ چوکتا ہے نہ بھولتا ہے۔☆

۵۳۔ جس نے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ بنایا اور اس میں تمہارے لیے راستے بنائے اور آسمانوں سے پانی برسایا پھر اس سے ہم نے مختلف نباتات کے جوڑے اگائے۔

۵۴۔ تم بھی کھاؤ اور اپنے جانوروں کو بھی چراؤ، صاحبان علم کے لیے اس میں یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں۔

۵۵۔ اسی زمین سے ہم نے تمہیں پیدا کیا ہے اور اسی میں ہم تمہیں لوٹائیں گے اور اسی سے تمہیں دوبارہ نکالیں گے۔

۵۶۔ اور بتحقیق ہم نے فرعون کو ساری نشانیاں دکھا دیں سو اس نے پھر بھی تکذیب کی اور انکار کیا۔

۵۷۔ فرعون نے کہا: اے موسیٰ! کیا تم اپنے جادو کے زور سے ہمیں ہماری سرزمین سے

۴۷۔ رَسُوۡلَا رَبِّكَ: اس میں صراحت موجود ہے کہ حضرت ہارون (ع) شریک رسالت تھے۔

فَاَرۡسِلۡ مَعَنَا بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ: فرعون بنی اسرائیل سے بیگار لیتا تھا اور مصری معاشرے میں بنی اسرائیل نسلی تعصب کا شکار رہتے تھے۔ اس لیے بنی اسرائیل کو اس ذلت آمیز زندگی سے نکالنا حضرت موسیٰ (ع) کی ذمہ داری بن گئی تھی۔ لوگوں کو اس دنیا میں عزت کی زندگی دینا انبیاء کی ذمہ داری ہے۔

۴۹۔ فرعون کو مصر میں سورج دیوتا کا مظہر سمجھا جاتا تھا اور جس طرح سورج ان کا سب سے بڑا معبود تھا خود فرعون بھی معبود کا درجہ رکھتا تھا کیونکہ ان کے عقیدے کے مطابق فرعون کی پرستش عین سورج کی پرستش سمجھی جاتی تھی۔

فرعون کا سوال: تم دونوں کا رب کون ہے؟ بتاتا ہے کہ موسیٰ (ع) اور فرعون میں بنیادی اختلاف رب پر ہے۔

۵۰۔ حضرت موسیٰ (ع) نے جواب میں فرمایا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر چیز کو اس کی خلقت عطا کی اور تخلیق کے بعد اسے اپنے حال پر نہیں چھوڑا بلکہ اس کے زندہ رہنے کے طور طریقوں کی ہدایت (تکوینی) اور جن باتوں پر ان موجودات کی بقا و ارتقا موقوف ہے، ان کی سوجھ بھی ان میں ودیعت فرمائی۔ جو سوجھ بوجھ خلقت کے ہمراہ ودیعت ہوئی ہے، وہ تکوینی اور فطری ہے اور جو خلقت کی تکمیل کے بعد ہدایت ملے گی وہ تشریعی ہے۔ اس آیت کے اطلاق میں دونوں ہدایتیں شامل ہیں۔

۵۱۔۵۲ فرعون نے کہا: اگر رب کی یہی تعریف ہے جو تم بیان کر رہے ہو تو ہمارے آبا و اجداد کے بارے میں کیا کہتے ہو، کیا وہ سب گمراہ تھے؟ ان کے پاس کوئی عقل و فہم نہیں تھی کہ انہوں نے نسلاً بعد نسلٍ رب کے بارے میں وہی تصور اختیار کیے رکھا جو آج ہم رکھتے ہیں۔ اگر وہ گمراہ تھے تو تم بتا سکتے ہو کہ وہ کس حال میں ہیں؟

حضرت موسیٰ (ع) نے جواب میں فرمایا: ان کے اعمال کا پورا حساب میرے پروردگار کے ہاں محفوظ ہے۔ جہاں بھول چوک کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔

۵۷۔ حضرت موسیٰ (ع) کی دعوت سے فرعون کی سلطنت کو خطرہ اس لیے لاحق ہو گیا تھا کہ فرعون اپنے آپ کو سورج دیوتا کا مظہر اور نمائندہ سمجھتا تھا جسے اس کے زعم میں حکومت کرنے کا حق حاصل تھا۔ حضرت موسیٰ (ع) نے جب یہ اعلان فرمایا:

بِسِحۡرِكَ يٰمُوۡسٰى ﴿۵۷﴾
فَلَنَاۡتِيَنَّكَ بِسِحۡرٍ مِّثۡلِهٖ فَاجۡعَلۡ
بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكَ مَوۡعِدًا لَّا نُخۡلِفُهٗ
نَحۡنُ وَلَاۤ اَنۡتَ مَكَانًا سُوًى ﴿۵۸﴾
قَالَ مَوۡعِدُكُمۡ يَوۡمُ الزِّيۡنَةِ وَاَنۡ
يُّحۡشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿۵۹﴾
فَتَوَلّٰى فِرۡعَوۡنُ فَجَمَعَ كَيۡدَهٗ ثُمَّ
اَتٰى ﴿۶۰﴾
قَالَ لَهُمۡ مُّوۡسٰى وَيۡلَكُمۡ لَا
تَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسۡحِتَكُمۡ
بِعَذَابٍ ۚ وَقَدۡ خَابَ مَنِ افۡتَرٰى ﴿۶۱﴾
فَتَنَازَعُوۡۤا اَمۡرَهُمۡ بَيۡنَهُمۡ وَ
اَسَرُّوا النَّجۡوٰى ﴿۶۲﴾
قَالُوۡۤا اِنۡ هٰذٰنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيۡدٰنِ
اَنۡ يُّخۡرِجٰكُمۡ مِّنۡ اَرۡضِكُمۡ
بِسِحۡرِهِمَا وَيَذۡهَبَا بِطَرِيۡقَتِكُمُ
الۡمُثۡلٰى ﴿۶۳﴾
فَاَجۡمِعُوۡا كَيۡدَكُمۡ ثُمَّ ائۡتُوۡا
صَفًّا ۚ وَقَدۡ اَفۡلَحَ الۡيَوۡمَ مَنِ
اسۡتَعۡلٰى ﴿۶۴﴾
قَالُوۡا يٰمُوۡسٰۤى اِمَّاۤ اَنۡ تُلۡقِىَ وَاِمَّاۤ
اَنۡ نَّكُوۡنَ اَوَّلَ مَنۡ اَلۡقٰى ﴿۶۵﴾
قَالَ بَلۡ اَلۡقُوۡا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمۡ وَ

میں اللہ کا نمائندہ ہوں تو فرعون کی حکومت غیر قانونی ہو جاتی تھی۔ اس لیے اس نے کہا: یہ اپنے جادو سے ہمیں اپنے ملک سے نکالنا چاہتا ہے۔ جبکہ جادو سے کوئی کسی ملک کو فتح نہیں کر سکتا۔

۵۹۔ يَوۡمُ الزِّيۡنَةِ: وقت اور دن کی پیشکش حضرت موسیٰ (ع) کی طرف سے ہو رہی ہے۔ قومی تہوار کا دن جس میں پوری قوم اپنی زیب و زینت کے ساتھ جمع ہوتی ہے اور جشن کے دن کا وقت بھی تعین کر دیا کہ ضُحًی کا ہو، یعنی جب دن چڑھ جائے۔

۶۰۔ پورے ملک سے جادوگروں کو میلے کے دن جمع کیا اور عوام کو بھی جمع کیا تا کہ جادوگروں کے عظیم کرتب سے عصائے موسیٰ (ع) کا رعب ختم ہو جائے۔

۶۱۔ جب وہ پوری قوت کے ساتھ میدان میں اتر آئے تو حضرت موسیٰ (ع) نے ان کو نصیحت کی کہ اللہ پر بہتان مت باندھو، اللہ کے معجزے کو جادو مت کہو، اللہ کی دعوت کی غلط تشریح نہ کرو اور یہ کہ اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو کائنات کا مدبر نہ مانو۔ اس افتراء اور بہتان کا نتیجہ تمہاری ہلاکت ہوگا اور تمہاری ساری امیدیں خاک میں مل جائیں گی۔

۶۲۔۶۳ حضرت موسیٰ (ع) کے مواعظ کے یا ان کے للکارنے کے نتیجے میں فرعونیوں کے درمیان جھگڑا شروع ہو گیا کہ موسیٰ (ع) کا مقابلہ کیا جائے یا نہیں۔ ان لوگوں نے آپس کے مشورے کو چھپا کر ایسے نعرے بنا لیے جن سے وہ لوگوں کے جذبات ابھارنا چاہتے تھے کہ موسیٰ (ع) حکومت و اقتدار پر قابض ہونا، تمہیں اس ملک سے بے دخل کرنا اور تمہارے مثالی طور طریقے کا خاتمہ چاہتے ہیں، لہذا تم اپنی تدبیر کو مزید مستحکم کرو، کیونکہ آج فیصلہ کن دن ہے۔

۶۴۔ سیاق کلام سے اندازہ ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) کے ساتھ مقابلے کے موضوع پر اختلاف تھا اور مقابلے کے لیے ساحروں ہی کو بنیادی حیثیت حاصل تھی۔ لہذا امکان یہی ہے کہ ساحروں میں یا ساحروں اور درباریوں میں اختلاف تھا۔

وَقَدۡ اَفۡلَحَ الۡيَوۡمَ مَنِ اسۡتَعۡلٰى: فرعون اس مقابلے کو فیصلہ کن قرار دے رہا ہے کہ جو آج جیت جائے گا، کامیابی اسی کا مقدر ہے۔

۶۶۔ حضرت موسیٰ (ع) نے ساحروں کو پہل کرنے کے لیے کہا تا کہ باطل اپنی طاقت کا بھرپور مظاہرہ کرے۔ اس طرح حق باطل کو جب اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے کی مہلت دیتا ہے اور باطل اس مہلت میں اچھل کود کرتا ہے تو چشم ظاہر بین انجام

نکالنے ہمارے پاس آئے ہو؟☆

۵۸۔ پس ہم بھی تمہارے مقابلے میں ایسا ہی جادو پیش کریں گے، لہٰذا ہمارے اور اپنے درمیان ایک وقت جس کی نہ ہم خلاف ورزی کریں اور نہ تم، صاف میدان مقرر کر لو۔

۵۹۔ موسیٰ نے کہا: تمہارے ساتھ جشن کے دن وعدہ ہے اور یہ کہ دن چڑھے لوگ جمع کیے جائیں۔☆

۶۰۔ پس فرعون نے پلٹ کر اپنی ساری مکاریوں کو یکجا کیا پھر (مقابلے میں) آ گیا۔☆

۶۱۔ موسیٰ نے ان سے کہا: تم پر تباہی ہو! تم اللہ پر جھوٹ بہتان نہ باندھو وگرنہ اللہ تمہیں ایک عذاب سے نابود کرے گا اور جس نے بھی بہتان باندھا وہ نامراد رہا۔☆

۶۲۔ پھر انہوں نے اپنے معاملے میں آپس میں اختلاف کیا اور (باہمی) مشورے کو خفیہ رکھا۔☆

۶۳۔ وہ کہنے لگے: یہ دونوں تو بس جادوگر ہیں، دونوں چاہتے ہیں کہ اپنے جادو کے زور سے تمہیں تمہاری اس سرزمین سے نکال باہر کریں اور دونوں تمہارے اس مثالی مذہب کا خاتمہ کر دیں۔☆

۶۴۔ لہٰذا اپنی ساری تدبیریں یکجا کرو پھر قطار باندھ کر میدان میں آؤ اور آج جو جیت جائے گا وہی فلاح پائے گا۔☆

۶۵۔ (جادوگروں نے) کہا: اے موسیٰ! تم پھینکو گے یا پہلے ہم پھینکیں؟

۶۶۔ موسیٰ نے کہا: بلکہ تم پھینکو، اتنے میں ان کی رسیاں اور لاٹھیاں ان کے جادو کی

عِصِيُّهُمۡ يُخَيَّلُ اِلَيۡهِ مِنۡ
سِحۡرِهِمۡ اَنَّهَا تَسۡعٰى ﴿۶۶﴾
فَاَوۡجَسَ فِىۡ نَفۡسِهٖ خِيۡفَةً مُّوۡسٰى ﴿۶۷﴾
قُلۡنَا لَا تَخَفۡ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰى ﴿۶۸﴾
وَاَلۡقِ مَا فِىۡ يَمِيۡنِكَ تَلۡقَفۡ مَا
صَنَعُوۡا ؕ اِنَّمَا صَنَعُوۡا كَيۡدُ سٰحِرٍ ؕ
وَلَا يُفۡلِحُ السّٰحِرُ حَيۡثُ اَتٰى ﴿۶۹﴾
فَاُلۡقِىَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوۡۤا اٰمَنَّا
بِرَبِّ هٰرُوۡنَ وَمُوۡسٰى ﴿۷۰﴾
قَالَ اٰمَنۡتُمۡ لَهٗ قَبۡلَ اَنۡ اٰذَنَ لَـكُمۡ ؕ
اِنَّهٗ لَكَبِيۡرُكُمُ الَّذِىۡ عَلَّمَكُمُ
السِّحۡرَ ۚ فَلَاُقَطِّعَنَّ اَيۡدِيَكُمۡ وَ
اَرۡجُلَكُمۡ مِّنۡ خِلَافٍ وَّ
لَاُوصَلِّبَنَّكُمۡ فِىۡ جُذُوۡعِ النَّخۡلِ ۫
وَلَتَعۡلَمُنَّ اَيُّنَاۤ اَشَدُّ عَذَابًا وَّ
اَبۡقٰى ﴿۷۱﴾
قَالُوۡا لَنۡ نُّؤۡثِرَكَ عَلٰى مَا جَآءَنَا
مِنَ الۡبَيِّنٰتِ وَ الَّذِىۡ فَطَرَنَا
فَاقۡضِ مَاۤ اَنۡتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا
تَقۡضِىۡ هٰذِهِ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا ؕ ﴿۷۲﴾
اِنَّاۤ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغۡفِرَ لَنَا خَطٰيٰنَا وَ
مَاۤ اَكۡرَهۡتَنَا عَلَيۡهِ مِنَ السِّحۡرِ ؕ
وَاللّٰهُ خَيۡرٌ وَّاَبۡقٰى ﴿۷۳﴾

وجہ سے موسیٰ کو دوڑتی محسوس ہوئیں۔☆
۶۷۔ پس موسیٰ نے اپنے اندر خوف محسوس کیا۔☆
۶۸۔ ہم نے کہا: خوف نہ کر یقیناً آپ ہی غالب آنے والے ہیں۔☆
۶۹۔ اور جو کچھ آپ کے دائیں ہاتھ میں ہے اسے پھینک دیں کہ جو کچھ انہوں نے بنایا ہے یہ ان سب کو نگل جائے گا، یہ لوگ جو کچھ بنا لائے ہیں وہ فقط جادوگر کا فریب ہے اور جادوگر جہاں بھی ہو کامیاب نہیں ہوسکتا۔☆
۷۰۔ پھر جادوگر سجدے میں گر پڑے اور کہنے لگے: ہم ہارون اور موسیٰ کے پروردگار پر ایمان لے آئے۔☆
۷۱۔ فرعون بولا: تم اس پر ایمان لے آئے قبل اس کے کہ میں تمہیں اجازت دوں، یہ یقیناً تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا اب میں تمہارے ہاتھ اور پاؤں مخالف سمت سے کٹوا دوں گا اور کھجور کے تنوں پر تمہیں یقیناً سولی چڑھوا دوں گا پھر تمہیں ضرور معلوم ہو جائے گا کہ ہم میں سے سخت اور دیرپا عذاب دینے والا کون ہے☆
۷۲۔ (جادوگروں) نے کہا: جو دلائل ہمارے پاس پہنچ چکے ہیں ان پر اور جس نے ہمیں خلق کیا ہے اس پر ہم تجھے مقدم نہیں رکھیں گے لہٰذا اب تو نے جو فیصلہ کرنا ہے کر ڈال، تو بس اس دنیا کی زندگی کا خاتمہ کرسکتا ہے۔☆
۷۳۔ ہم اپنے پروردگار پر ایمان لائے ہیں تاکہ وہ ہمارے گناہوں کو معاف کر دے اور جس جادوگری پر تم نے ہمیں مجبور کیا تھا اسے بھی معاف کر دے اور اللہ سب سے بہتر اور سب سے زیادہ باقی رہنے والا ہے۔☆

کا انتظار کیے بغیر اس باطل کو کامیابی تصور کرتی ہے۔ چنانچہ باطل نے اپنی کاذب طاقت کا مظاہرہ کیا اور حضرت موسیٰ (ع) کے جواب کا انتظار کیے بغیر اس باطل کو کامیابی تصور کیا گیا۔ خیال میں آیا کہ ان کی لاٹھیاں اور رسیاں سانپ بن کر دوڑ رہی ہیں جبکہ حقیقت میں ان لاٹھیوں اور رسیوں میں روح نہیں آئی تھی۔ لیکن جادو کا مطلب یہی ہے ایک غیر واقعی چیز کو واقعی دکھایا جائے۔

۶۷۔ حضرت موسیٰ (ع) کا خوف یہ تھا کہ کہیں اس بھرپور جادو کو دیکھ کر لوگ برگشتہ ہو کر گمراہ نہ ہو جائیں۔

۶۸۔ اسی بنا پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت آئی خوف نہ کریں آپ ہی کو بالادستی حاصل رہے گی۔

۶۹۔ ان لاٹھیوں اور رسیوں کا نگل جانا ہمارے محسوس اور مانوس مادی علل و اسباب کی رو سے تو قابل فہم نہیں ہے، البتہ اُن ناقابل تسخیر علل و اسباب سے اس کی توجیہ ہوسکتی ہے جن پر اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی گرفت ہے اور اسی کو معجزہ کہتے ہیں۔

۷۰۔ انہیں یقین حاصل ہو گیا کہ حضرت موسیٰ (ع) نے عصا کے ذریعے جو کام انجام دیا ہے وہ جادو نہیں ہے کیونکہ جادو کے ماہرین اس راز کو جانتے تھے جس سے جادو کا عمل انجام دیا جاتا ہے۔

۷۱۔ ”میری اجازت سے پہلے“ کا یہ مطلب نہیں نکلتا کہ اجازت کے بعد ایمان لانے میں کوئی حرج نہ تھا۔ ممکن ہے مطلب یہ ہو کہ میرا موقف سننے سے پہلے۔ چنانچہ وہ اپنا موقف بتا دیتا ہے کہ یہ تمہاری اور موسیٰ (ع) کی ملی بھگت ہے بلکہ موسیٰ تمہارا استاد ہے جس سے تم نے جادو سیکھ لیا ہے۔ یہ ایک نعرہ تھا جس سے رائے عامہ کو اپنے خلاف اور موسیٰ (ع) کے حق میں جانے سے روکنا چاہتا تھا، ورنہ سب ہی کو معلوم تھا کہ یہ جادوگر موسیٰ (ع) کے شاگرد نہیں ہیں۔

۷۲۔ جن کے قلب و وجدان پر مفادات کے پردے پڑے ہوئے تھے اور فرعون کی طاغوتی طاقت کی قسم کھا کر حضرت موسیٰ (ع) کو زیر کرنے کی باتیں کرتے تھے، آج حقائق سے پردہ اٹھ جانے کے بعد یہی لوگ فرعون کی طاغوتیت کو اعتنا میں نہیں لاتے اور نہایت دلیری سے کہہ رہے ہیں: جو فیصلہ کرنا ہے کر ڈال۔

ایمان و یقین کی منزل پر آنے کے بعد دنیا کی زندگی حقیر نظر آنے لگتی ہے اور حقائق کے وسیع صفحات کھل جاتے ہیں۔

اِنَّهٗ مَنۡ يَّاۡتِ رَبَّهٗ مُجۡرِمًا فَاِنَّ لَهٗ
جَهَنَّمَ ؕ لَا يَمُوۡتُ فِيۡهَا وَلَا
يَحۡيٰى ﴿۷۵﴾
وَمَنۡ يَّاۡتِهٖ مُؤۡمِنًا قَدۡ عَمِلَ
الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ
الۡعُلٰى ﴿۷۶﴾ ۙ
جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا
الۡاَنۡهٰرُ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ؕ وَذٰلِكَ
جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَكّٰى ﴿۷۷﴾ ع ۲ ۴۲ ۱۲
وَلَقَدۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى ۙ اَنۡ
اَسۡرِ بِعِبَادِىۡ فَاضۡرِبۡ لَهُمۡ
طَرِيۡقًا فِى الۡبَحۡرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ
دَرَكًا وَّلَا تَخۡشٰى ﴿۷۸﴾
فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ بِجُنُوۡدِهٖ
فَغَشِيَهُمۡ مِّنَ الۡيَمِّ مَا غَشِيَهُمۡ ﴿۷۹﴾
وَاَضَلَّ فِرۡعَوۡنُ قَوۡمَهٗ وَمَا
هَدٰى ﴿۸۰﴾
يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ قَدۡ اَنۡجَيۡنٰكُمۡ مِّنۡ
عَدُوِّكُمۡ وَوٰعَدۡنٰكُمۡ جَانِبَ
الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنَ وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكُمُ
الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى ﴿۸۱﴾
كُلُوۡا مِنۡ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقۡنٰكُمۡ وَلَا
تَطۡغَوۡا فِيۡهِ فَيَحِلَّ عَلَيۡكُمۡ

۷۴۔ بے شک جو مجرم بن کر اپنے رب کے پاس آئے گا اس کے لیے یقیناً جہنم ہے جس میں وہ نہ مرے گا اور نہ جیے گا۔☆

۷۵۔ اور جو مومن بن کر اس کے پاس حاضر ہوگا جب کہ وہ نیک اعمال بھی بجا لا چکا ہو تو ایسے لوگوں کے لیے بلند درجات ہیں۔☆

۷۶۔ دائمی باغات جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہی پاکیزہ رہنے والے کی جزا ہے۔☆

۷۷۔ اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ میرے بندوں کو لے کر رات کے وقت چل پڑیں پھر ان کے لیے سمندر میں خشک راستہ بنا دیں، آپ کو (فرعون کی طرف سے) نہ پکڑے جانے کا خطرہ ہو گا اور نہ ہی (غرق کا) خوف۔☆

۷۸۔ پھر فرعون نے اپنے لشکر کے ساتھ ان کا تعاقب کیا اور پھر سمندر ان پر ایسا چھایا کہ جس طرح چھا جانا چاہیے تھا۔☆

۷۹۔ اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کر دیا اور ہدایت کے لیے کوئی گنجائش نہیں چھوڑی۔

۸۰۔ اے بنی اسرائیل! تمہارے دشمن سے یقیناً ہم نے تمہیں نجات دی اور تمہیں طور کی دائیں جانب وعدہ دیا اور ہم نے تم پر من وسلویٰ نازل کیا۔

۸۱۔ جو پاکیزہ رزق ہم نے تمہیں دیا ہے اس میں سے کھاؤ اور اس میں سرکشی نہ کرو ورنہ تم پر میرا غضب نازل ہوگا اور

۷۳ تا ۷۶ ایمان و یقین کی منزل پر فائز ہونے کے بعد جن الٰہی قدروں کا ان ساحروں نے اعلان کیا ہے وہ نہایت قابل توجہ ہیں:
۱۔ ایمان کے دائرے میں داخل ہونے کے بعد کفر کی حالت کے گزشتہ تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔
۲۔ فرعون نے ان ساحروں کو حضرت موسیٰ (ع) کے مقابلے کے لیے مجبور کیا تھا، ممکن ہے یہ جبر اس وقت عمل میں آیا ہو جب حضرت موسیٰ (ع) کا موعظہ سننے کے بعد فرعونیوں میں اختلاف پیدا ہو گیا تھا۔ ۳ یقین کی منزل پر فائز ہونے پر ان کے لیے واضح ہو گیا کہ فرعون کے مقابلے میں جو اللہ کے پاس ہے وہ ابدی اور دائمی ہے۔ ۴ جو مجرم بن کر اپنے رب کی بارگاہ میں پہنچے گا اسے زندگی کی لذت ملے گی، نہ موت کی راحت۔ ۵ ایمان کے ساتھ عمل صالح ہو تو نجات ہے۔ ۶ جنت عدن کی زندگی دائمی اور ابدی ہے۔

۷۷۔ سمندر میں خشک راستہ بنا لینے میں ان لوگوں کا جواب موجود ہے جو اس معجزے کی توجیہ ہمارے محسوس اور مانوس عُلل و اسباب کی روشنی میں کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہوا کے طوفان یا مد و جزر سے راستہ بن گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ ہوا سے یا مد و جزر سے راستہ بننے کی صورت میں نہ راستہ خشک ہوتا ہے، نہ ہی پانی دونوں طرف بڑے ٹیلوں کی طرح ہوتا ہے اور نہ ہی عصا مارنے سے راستہ بننے کا کوئی تعلق ہو سکتا ہے۔

۷۸۔ جس دریا کو بنی اسرائیل نے فلسطین جانے کے لیے عبور کیا اور فرعون جس میں غرق ہوا وہ دریائے نیل نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ دریائے نیل جہاں سے اسرائیلیوں نے سفر شروع کیا، وہاں سے مغرب کی طرف واقع تھا، جبکہ بنی اسرائیل مشرق میں فلسطین کی طرف سفر کر رہے تھے، بلکہ اس دریا سے مراد بحر احمر ہی ہو سکتا ہے جسے عبور کر کے وہ صحرائے سینا پہنچ گئے۔

۸۱۔ هَوٰی: اوپر سے نیچے گرنا۔ خواہشات کو بھی هَوٰی کہتے ہیں، چونکہ یہ بھی انسان کو اپنی منزلت سے گرا دیتی ہیں۔ رزق حلال ہی طیب و پاکیزہ ہے، اس کے کھانے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے بلکہ حکم ہے۔ وَلَا تَطۡغَوۡا فِيۡهِ: البتہ حد سے تجاوز کرنے کی صورت میں یہ غضب الٰہی کا باعث بن جاتا ہے۔ حد سے تجاوز کے ضمن میں ان نعمتوں کو گناہ کے ارتکاب کا ذریعہ بنانا ہے اور کم سے کم تجاوز پرخوری اور اسراف

غَضَبِیۡ ۚ وَ مَنۡ یَّحۡلِلۡ عَلَیۡہِ
غَضَبِیۡ فَقَدۡ هَوٰی ﴿۸۱﴾
وَ اِنِّیۡ لَغَفَّارٌ لِّمَنۡ تَابَ وَ اٰمَنَ
وَ عَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهۡتَدٰی ﴿۸۲﴾
وَ مَاۤ اَعۡجَلَکَ عَنۡ قَوۡمِکَ یٰمُوۡسٰی ﴿۸۳﴾
قَالَ هُمۡ اُولَآءِ عَلٰۤی اَثَرِیۡ وَ عَجِلۡتُ
اِلَیۡکَ رَبِّ لِتَرۡضٰی ﴿۸۴﴾
قَالَ فَاِنَّا قَدۡ فَتَنَّا قَوۡمَکَ مِنۡۢ
بَعۡدِکَ وَ اَضَلَّهُمُ السَّامِرِیُّ ﴿۸۵﴾
فَرَجَعَ مُوۡسٰۤی اِلٰی قَوۡمِهٖ
غَضۡبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ یٰقَوۡمِ اَلَمۡ
یَعِدۡکُمۡ رَبُّکُمۡ وَعۡدًا حَسَنًا ۬ؕ
اَفَطَالَ عَلَیۡکُمُ الۡعَهۡدُ اَمۡ اَرَدۡتُّمۡ
اَنۡ یَّحِلَّ عَلَیۡکُمۡ غَضَبٌ مِّنۡ
رَّبِّکُمۡ فَاَخۡلَفۡتُمۡ مَّوۡعِدِیۡ ﴿۸۶﴾
قَالُوۡا مَاۤ اَخۡلَفۡنَا مَوۡعِدَکَ
بِمَلۡکِنَا وَ لٰکِنَّا حُمِّلۡنَاۤ اَوۡزَارًا مِّنۡ
زِیۡنَةِ الۡقَوۡمِ فَقَذَفۡنٰهَا فَکَذٰلِکَ
اَلۡقَی السَّامِرِیُّ ﴿۸۷﴾ۙ
فَاَخۡرَجَ لَهُمۡ عِجۡلًا جَسَدًا لَّهٗ
خُوَارٌ فَقَالُوۡا هٰذَاۤ اِلٰهُکُمۡ وَ اِلٰهُ
مُوۡسٰی ۬ فَنَسِیَ ﴿۸۸﴾ؕ
اَفَلَا یَرَوۡنَ اَلَّا یَرۡجِعُ اِلَیۡهِمۡ

جس پر میرا غضب نازل ہوا یقیناً وہ ہلاک ہو گیا۔☆

۸۲۔البتہ جو توبہ کرے اور ایمان لائے اور نیک عمل انجام دے پھر راہ راست پر چلے تو میں اسے خوب بخشنے والا ہوں۔☆

۸۳۔اور (فرمایا) اے موسیٰ! آپ نے اپنی قوم سے پہلے (آنے میں) جلدی کیوں کی؟

۸۴۔موسیٰ نے عرض کیا: وہ میرے پیچھے آ رہے ہیں اور میرے رب! میں نے تیری طرف (آنے میں) جلدی اس لیے کی کہ تو خوش ہو جائے۔☆

۸۵۔فرمایا: پس آپ کے بعد آپ کی قوم کو ہم نے آزمائش میں ڈالا ہے اور سامری نے انہیں گمراہ کر دیا ہے۔☆

۸۶۔چنانچہ موسیٰ غصے اور حزن کی حالت میں اپنی قوم کی طرف پلٹے، بولے: اے میری قوم! کیا تمہارے رب نے تم سے اچھا وعدہ نہیں کیا تھا؟ کیا مدت تمہارے لیے لمبی ہو گئی تھی؟ یا تم نے یہ چاہا کہ تمہارے رب کا غصہ تم پر آ کر رہے؟ اسی لیے تم نے میرے ساتھ وعدہ خلافی کی؟

۸۷۔انہوں نے کہا: ہم نے آپ سے وعدہ خلافی اپنے اختیار سے نہیں کی بلکہ ہوا یہ کہ ہم پر قوم کے زیورات کا بوجھ لادا گیا تھا تو ہم نے اسے پھینک دیا اور سامری نے بھی اس طرح ڈال دیا۔☆

۸۸۔اور ان کے لیے ایک بچھڑے کا قالب بنا کر نکالا جس میں گائے کی سی آواز تھی پھر وہ بولے: یہ ہے تمہارا معبود اور موسیٰ کا معبود پھر وہ بھول گیا۔

۸۹۔کیا وہ یہ نہیں دیکھتے کہ یہ (بچھڑا) ان کی کسی بات کا جواب تک نہیں دے سکتا

ہے اور کم سے کم غضب الٰہی پر خور کی صحت پر پڑنے والے اثرات ہو سکتے ہیں۔

۸۲۔مغفرت کے لیے چار مراحل طے کرنا پڑتے ہیں: اول گناہوں سے توبہ، دوم اللہ اور آخرت کے ثواب پر ایمان لانا، سوم عمل صالح بجا لانا اور چہارم راہ راست پر قائم رہنا۔توبہ کے بعد ضروری ہے کہ پھر انحراف کا شکار نہ ہو۔

۸۳۔۸۴ جب حضرت موسیٰ (ع) کو اپنی قوم سے ستر (۷۰) سرداروں کو منتخب کر کے کوہ طور پر حاضر ہونے کا حکم ملا تو حضرت موسیٰ (ع) دوسرے نقبائے قوم سے پہلے کوہ طور پر پہنچ گئے۔

حضرت موسیٰ (ع) نے جواب میں عرض کیا: یہ عجلت تیری رضا جوئی کے لیے تھی۔تجھ سے مناجات کی حلاوت، تجھ سے راز و نیاز کے کیف و سرور اور تیری قربت کی چاشنی نے مجھے عجلت پر مجبور کر دیا۔

۸۵۔اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ (ع) کو چالیس دن گزارنے کے بعد خبر دی کہ ان کی قوم آزمائش میں گمراہ ہو گئی ہے۔ فَتَنَّا قَوۡمَکَ: اللہ تعالیٰ کی حکمت کا تقاضا ہے کہ لوگوں کے ایمان کا امتحان کیا جائے تاکہ لوگوں کے ایمان کی حقیقت عملاً ظاہر ہو جائے۔

۸۷۔سامری کسی قبیلہ، مقام یا نسل کی طرف نسبت ہو سکتی ہے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دور میں ایک قوم سمیر کے نام سے مشہور تھی۔ممکن ہے اس قوم سے تعلق رکھنے والے مصر میں آباد ہوئے ہوں جو سامری کہلاتے ہوں اور ممکن ہے سمرون نامی شخص کی اولاد ہوں، جیسے صاحب تفسیر من ھدی القرآن لکھتے ہیں: سامری سمرون کی اولاد میں سے تھا اور اس کے باپ کا نام یشاکر تھا جو یعقوب (ع) کی اولاد میں سے تھا۔

سامری سے مراد ہو سکتا ہے سامری العقیدہ ہو۔ اگرچہ حضرت موسیٰ (ع) کے زمانے میں گوسالہ پرست کو سامری نہیں کہتے تھے تاہم حضرت موسیٰ (ع) سے کئی صدیوں بعد ایک نسل پیدا ہوئی تھی جو گوسالہ پرستی میں شہرت رکھتی تھی۔ اس گوسالہ پرست قوم کو سامری کہتے تھے۔قرآن نے گوسالہ پرست شخص کے لیے وہی نام دیا ہو جو نزول قرآن کے وقت یہودیوں میں رائج تھا، اگرچہ حضرت موسیٰ (ع) کے زمانے میں یہ نام رائج نہ تھا، بہرحال مستشرقین کا یہ بہتان نہایت ہی بیہودہ اور بے بنیاد ہے کہ سامری کے نام سے شہرت پانے والی قوم

قَوۡلًا ۙ وَّلَا يَمۡلِكُ لَهُمۡ ضَرًّا وَّلَا
نَفۡعًا ﴿۸۹﴾ ع ۴ ۱۳
وَلَقَدۡ قَالَ لَهُمۡ هٰرُوۡنُ مِنۡ قَبۡلُ
يٰقَوۡمِ اِنَّمَا فُتِنۡتُمۡ بِهٖ ۚ وَاِنَّ رَبَّكُمُ
الرَّحۡمٰنُ فَاتَّبِعُوۡنِىۡ وَاَطِيۡعُوۡۤا
اَمۡرِىۡ ﴿۹۰﴾
قَالُوۡا لَنۡ نَّبۡرَحَ عَلَيۡهِ عٰكِفِيۡنَ
حَتّٰى يَرۡجِعَ اِلَيۡنَا مُوۡسٰى ﴿۹۱﴾
قَالَ يٰهٰرُوۡنُ مَا مَنَعَكَ اِذۡ
رَاَيۡتَهُمۡ ضَلُّوۡۤا ﴿۹۲﴾
اَلَّا تَتَّبِعَنِ ؕ اَفَعَصَيۡتَ اَمۡرِىۡ ﴿۹۳﴾
قَالَ يَبۡنَؤُمَّ لَا تَاۡخُذۡ بِلِحۡيَتِىۡ وَلَا
بِرَاۡسِىۡ ۚ اِنِّىۡ خَشِيۡتُ اَنۡ تَقُوۡلَ
فَرَّقۡتَ بَيۡنَ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ وَلَمۡ
تَرۡقُبۡ قَوۡلِىۡ ﴿۹۴﴾
قَالَ فَمَا خَطۡبُكَ يٰسَامِرِىُّ ﴿۹۵﴾
قَالَ بَصُرۡتُ بِمَا لَمۡ يَبۡصُرُوۡا بِهٖ
فَقَبَضۡتُ قَبۡضَةً مِّنۡ اَثَرِ الرَّسُوۡلِ
فَنَبَذۡتُهَا وَكَذٰلِكَ سَوَّلَتۡ
لِىۡ نَفۡسِىۡ ﴿۹۶﴾
قَالَ فَاذۡهَبۡ فَاِنَّ لَكَ فِى الۡحَيٰوةِ
اَنۡ تَقُوۡلَ لَا مِسَاسَ ۖ وَاِنَّ لَكَ
مَوۡعِدًا لَّنۡ تُخۡلَفَهٗ ۚ وَانۡظُرۡ اِلٰٓى

اور وہ نہ ان کے کسی نفع اور نہ کسی نقصان کا اختیار رکھتا ہے۔

۹۰۔اور ہارون نے ان سے پہلے کہہ دیا تھا: اے میری قوم! بے شک تم اس کی وجہ سے آزمائش میں پڑ گئے ہو جب کہ تمہارا پروردگار تو رحمٰن ہے لہٰذا تم میری پیروی کرو اور میرے حکم کی اطاعت کرو۔☆

۹۱۔وہ کہنے لگے: ہم موسیٰ کے ہمارے پاس واپس آنے تک برابر اسی کی پرستش میں منہمک رہیں گے۔☆

۹۲۔موسیٰ نے کہا: اے ہارون! جب آپ دیکھ رہے تھے کہ یہ لوگ گمراہ ہو رہے ہیں

۹۳۔تو میری پیروی کرنے سے آپ کو کس چیز نے روکا؟ کیا آپ نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟

۹۴۔ہارون نے جواب دیا: اے ماں جائے! میری داڑھی اور سر کے بال نہ پکڑیں، مجھے تو اس بات کا خوف تھا کہ کہیں آپ یہ نہ کہیں کہ تو نے بنی اسرائیل میں تفرقہ ڈال دیا اور میری بات کا انتظار نہ کیا۔☆

۹۵۔کہا: اے سامری! تیرا مدعا کیا ہے؟

۹۶۔اس نے کہا: میں نے ایسی چیز کا مشاہدہ کیا جس کا دوسروں نے مشاہدہ نہیں کیا پس میں نے فرستادہ خدا کے نقش قدم سے ایک مٹھی (بھر خاک) اٹھا لی پھر میں نے اسے (بچھڑے کے قالب میں) ڈال دیا اور میرے نفس نے یہ بات میرے لیے بھلی بنا دی۔☆

۹۷۔موسیٰ نے کہا: دور ہو جا (تیری سزا یہ ہے کہ) تجھے زندگی بھر یہ کہتے رہنا ہو گا مجھے ہاتھ نہ لگانا اور تیرے لیے ایک وقت مقرر ہے جو تجھ سے ٹلنے والا نہیں ہے اور

حضرت موسیٰ (ع) سے صدیوں بعد وجود میں آئی ہے۔قرآن کے مصنف نے لاعلمی میں اسے حضرت موسیٰ (ع) کا معاصر بتایا ہے۔

۹۰۔ بائبل کے نزدیک گوسالہ پرستی کا جرم حضرت ہارون (ع) سے سرزد ہوا تھا۔قرآن نے حضرت ہارون (ع) کو اس ناکردہ گناہ سے بری الذمہ قرار دیا۔لیکن آج بھی مستشرقین کا یہ اصرار ہے کہ گوسالہ پرستی جیسے مشرکانہ جرم کا ارتکاب ان کے نبی ہارون (ع) ہی نے کیا تھا۔
جبکہ قرآن کے مطابق گوسالہ پرستی پر قوم موسیٰ (ع) کی بڑی اکثریت نے اتفاق کیا، حضرت ہارون (ع) کے ساتھ صرف ایک چھوٹی جماعت حق پر قائم رہی اور اکثریت کی طرف سے اس چھوٹی سی جماعت پر تشدد ہوتا تھا۔سورہ اعراف آیت ۱۵۰ میں ذکر ہو چکا ہے کہ یہ تشدد قتل کے اقدام تک پہنچ گیا تھا۔

۹۱۔حضرت موسیٰ (ع) کے وصیؑ کی نصیحت کو ٹھکرا دیا البتہ فیصلے کے لیے حضرت موسیٰ (ع) کی واپسی تک کے انتظار کا بھی اظہار ہوا۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر وقت کے رسول واپس نہ آتے تو ساری امت گوسالہ پرست ہو جاتی اور اجماع امت کو اس پر دلیل کے طور پر پیش کرتے۔

۹۴۔معلوم ہوتا ہے حضرت موسیٰ (ع) نے حضرت ہارون (ع) کو سر اور داڑھی سے پکڑ کر مارنا چاہا۔چنانچہ سورہ اعراف آیت ۱۵۰ میں آیا ہے: وَاَخَذَ بِرَاۡسِ اَخِيۡهِ يَجُرُّهٗۤ اِلَيۡهِ اور اپنے بھائی کو سر کے بالوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا۔

۹۶۔سامری نے خود یہ بات بھی گھڑ لی تھی کہ رسول کے قدموں کی مٹی کی یہ کرامت تھی کہ گوسالہ میں یہ آواز آ گئی۔ممکن ہے رسول سے مراد خود حضرت موسیٰ (ع) ہوں یا جبرئیل، جبکہ گوسالہ کی ساخت اس طرح تھی کہ اس سے ہوا گزرتی تو آواز نکلتی تھی۔

۹۷۔یعنی اسے معاشرے سے اس طرح جدا کر دیا گیا کہ وہ خود اس کا اعلان کرتا پھرے: خبردار مجھے چھونا نہیں۔ممکن ہے اسے ایسی بیماری میں مبتلا کر دیا گیا ہو جس سے وہ اچھوت بن کر رہ گیا ہو۔بعض روایات میں آیا ہے کہ وہ حضرت موسیٰ (ع) کی بد دعا سے کوڑھ کی بیماری میں مبتلا ہو گیا تھا جس کی وجہ سے وہ ہر قریب آنے والے کو مطلع کرتا رہتا تھا کہ میں ناپاک ہوں، مجھے چھونا نہیں۔

اِلٰهُكَ الَّذِیْ ظَلْتَ عَلَیْهِ
عَاكِفًا ؕ لَّنُحَرِّقَنَّهٗ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهٗ
فِی الْیَمِّ نَسْفًا ﴿۹۷﴾
اِنَّمَاۤ اِلٰهُكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ؕ وَسِعَ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ﴿۹۸﴾
كَذٰلِكَ نَقُصُّ عَلَیْكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ مَا قَدْ
سَبَقَ ۚ وَقَدْ اٰتَیْنٰكَ مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا ﴿۹۹﴾ۖ
مَنْ اَعْرَضَ عَنْهُ فَاِنَّهٗ یَحْمِلُ
یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وِزْرًا ﴿۱۰۰﴾ۙ
خٰلِدِیْنَ فِیْهِ ؕ وَسَآءَ لَهُمْ یَوْمَ
الْقِیٰمَةِ حِمْلًا ﴿۱۰۱﴾ۙ
یَّوْمَ یُنْفَخُ فِی الصُّوْرِ وَ نَحْشُرُ
الْمُجْرِمِیْنَ یَوْمَىٕذٍ زُرْقًا ﴿۱۰۲﴾ۚ
یَّتَخَافَتُوْنَ بَیْنَهُمْ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا
عَشْرًا ﴿۱۰۳﴾
نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَقُوْلُوْنَ اِذْ یَقُوْلُ
اَمْثَلُهُمْ طَرِیْقَةً اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا
ع ۱۵ یَوْمًا ﴿۱۰۴﴾
وَیَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْجِبَالِ فَقُلْ
یَنْسِفُهَا رَبِّیْ نَسْفًا ﴿۱۰۵﴾ۙ
فَیَذَرُهَا قَاعًا صَفْصَفًا ﴿۱۰۶﴾ۙ
لَّا تَرٰی فِیْهَا عِوَجًا وَّلَاۤ اَمْتًا ﴿۱۰۷﴾ؕ
یَوْمَىٕذٍ یَّتَّبِعُوْنَ الدَّاعِیَ لَا

تو اپنے اس معبود کو دیکھ جس (کی پوجا) میں تو منہمک تھا، ہم اسے ضرور جلا ڈالیں گے پھر اس (کی راکھ) کو اڑا کر دریا میں ضرور بکھیر دیں گے۔☆

۹۸۔ حقیق تمہارا معبود تو وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے، اس کا علم ہر چیز پر محیط ہے۔☆

۹۹۔ (اے رسول) اسی طرح ہم آپ سے گزشتگان کی خبریں بیان کرتے ہیں اور ہم نے آپ کو اپنے ہاں سے ایک نصیحت عطا کی ہے۔☆

۱۰۰۔ جو اس سے منہ موڑے گا پس بروز قیامت وہ یقیناً ایک بوجھ اٹھائے گا۔☆

۱۰۱۔ جس میں یہ لوگ ہمیشہ مبتلا رہیں گے اور قیامت کے دن یہ ان کے لیے بدترین بوجھ ہوگا۔☆

۱۰۲۔ اس دن صور میں پھونک ماری جائے گی اور ہم مجرموں کو جمع کریں گے (خوف کے مارے) اس روز جن کی آنکھیں بےنور ہو جائیں گی۔☆

۱۰۳۔ (اس وقت) وہ آپس میں دھیمے دھیمے کہیں گے (دنیا میں) تم صرف دس دن رہے ہو گے۔☆

۱۰۴۔ ہم خوب جانتے ہیں جو باتیں یہ کرتے ہیں جب ان میں سے زیادہ صائب الرائے کا یہ کہنا ہوگا کہ تم تو صرف ایک دن رہے ہو۔☆

۱۰۵۔ اور یہ لوگ ان پہاڑوں کے بارے میں آپ سے پوچھتے ہیں پس آپ کہہ دیجیے: میرا رب انہیں اڑا کر بکھیر دے گا۔☆

۱۰۶۔ پھر اسے ہموار میدان بنا کر چھوڑے گا۔☆

۱۰۷۔ نہ آپ اس میں کوئی ناہمواری دیکھیں گے نہ بلندی۔☆

۱۰۸۔ اس دن لوگ منادی کے پیچھے دوڑیں

۹۸۔ یعنی معبود وہ ہوتا ہے جو اپنی معبودیت میں یکتا ہو۔ اس کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ جب کسی معبودیت میں شرکت آ جائے تو وہ باطل ہے۔

۹۹۔ گزشتہ قوموں کی سرگزشت میں آنے والی قوموں کے لیے درسہائے عبرت ہوتے ہیں جن سے بہت کچھ سیکھا جا سکتا ہے۔

مِنْ لَّدُنَّا ذِكْرًا: ذکر سے مراد قرآن مجید ہے اور ممکن ہے حوادث و واقعات کو ذکر کہا ہو چونکہ ان میں انسان کے لیے عبرتوں، اخلاقیات اور احکام وغیرہ پر مشتمل نصائح موجود ہیں۔

۱۰۰۔ ۱۰۱ جس نے بھی اس ذکر سے، یعنی ان عبرتوں سے منہ موڑ لیا اس نے اپنی پشت پر گناہوں کا بوجھ اٹھا لیا۔ یہ بوجھ اس قسم کا ہوگا جو اس کی پشت پر ہمیشہ سوار رہے گا۔

۱۰۲۔ قیامت کے دن تمام مخلوقات کو جمع کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو قدم اٹھایا جائے گا اسے صور میں پھونکنے سے تعبیر کیا ہے جو ہمارے لیے قریب الفہم ہے اور مجرموں کو نابینائی کی حالت میں اٹھایا جائے گا۔

۱۰۳۔ ۱۰۴ قیامت کی حقیقی اور ابدی زندگی کا مشاہدہ کرنے کے بعد دنیاوی عارضی زندگی کی بے مائیگی سامنے آ جائے گی اور اس پوری زندگی کو صرف دس دن تصور کریں گے اور جو زیادہ صائب الرائے ہوگا، جسے آخرت کی ابدی زندگی کا صحیح ادراک ہو گا وہ اس کے مقابلے میں دنیاوی زندگی کو ایک دن شمار کرے گا اور اگر حیات برزخی ہوئی تو عالم برزخ کے بارے میں بھی ان کا یہی خیال ہوگا کہ تھوڑے دن گزارے ہیں۔ یعنی آخرت کی حقیقی زندگی سامنے آنے کے بعد دوسری زندگیوں کی بے وقعتی سامنے آئے گی۔

۱۰۵ تا ۱۰۷۔ سوال ہوا کہ روز قیامت پہاڑوں کی کیا صورت ہوگی؟ جواب میں فرمایا پہاڑ نابود ہو جائیں گے اور اس کرۂ ارض کی عمر اختتام کو پہنچے گی اور اس کی موجودہ کیفیت تبدیل ہو کر پورا کرہ ارض ایک ہموار میدان بن جائے گا۔

۱۰۸۔ قیامت کے دن لوگ پکارنے والے کی ایسی اتباع کریں گے جس میں کسی قسم کی کوتاہی یا انحراف نہ ہوگا۔ چونکہ روز قیامت یوم حساب ہے اور حکم صرف اللہ کا چلے گا۔ دنیا کی طرح آزاد نہیں ہیں کہ کوئی سرکشی کر سکے، حتیٰ کہ اونچی آواز میں بات بھی نہیں کر سکیں گے۔

عِوَجَ لَهٗ ۚ وَخَشَعَتِ الۡاَصۡوَاتُ
لِلرَّحۡمٰنِ فَلَا تَسۡمَعُ اِلَّا هَمۡسًا ﴿۱۰۸﴾
يَوۡمَئِذٍ لَّا تَنۡفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنۡ
اَذِنَ لَهُ الرَّحۡمٰنُ وَرَضِيَ لَهٗ
قَوۡلًا ﴿۱۰۹﴾
يَعۡلَمُ مَا بَيۡنَ اَيۡدِيۡهِمۡ وَمَا
خَلۡفَهُمۡ وَلَا يُحِيۡطُوۡنَ بِهٖ عِلۡمًا ﴿۱۱۰﴾
وَعَنَتِ الۡوُجُوۡهُ لِلۡحَىِّ الۡقَيُّوۡمِ ؕ وَ
قَدۡ خَابَ مَنۡ حَمَلَ ظُلۡمًا ﴿۱۱۱﴾
وَمَنۡ يَّعۡمَلۡ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ
مُؤۡمِنٌ فَلَا يَخٰفُ ظُلۡمًا وَّلَا
هَضۡمًا ﴿۱۱۲﴾
وَكَذٰلِكَ اَنۡزَلۡنٰهُ قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا وَّ
صَرَّفۡنَا فِيۡهِ مِنَ الۡوَعِيۡدِ
لَعَلَّهُمۡ يَتَّقُوۡنَ اَوۡ يُحۡدِثُ لَهُمۡ
ذِكۡرًا ﴿۱۱۳﴾
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ ۚ وَلَا
تَعۡجَلۡ بِالۡقُرۡاٰنِ مِنۡ قَبۡلِ اَنۡ
يُّقۡضٰۤى اِلَيۡكَ وَحۡيُهٗ ۫ وَقُلۡ رَّبِّ
زِدۡنِىۡ عِلۡمًا ﴿۱۱۴﴾
وَلَقَدۡ عَهِدۡنَاۤ اِلٰۤى اٰدَمَ مِنۡ قَبۡلُ
فَنَسِىَ وَلَمۡ نَجِدۡ لَهٗ عَزۡمًا ﴿۱۱۵﴾ ع ۶ ۱۵
وَاِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِكَةِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ

گے جس میں کوئی انحراف نہ ہوگا اور رحمٰن کے سامنے آوازیں دب جائیں گی، پس آپ آہٹ کے سوا کچھ نہ سنیں گے۔☆

۱۰۹۔ اس روز شفاعت کسی کو فائدہ نہ دے گی سوائے اس کے جسے رحمٰن اجازت دے اور اس کی بات کو پسند کرے۔☆

۱۱۰۔ اور وہ لوگوں کے سامنے اور پیچھے کی سب باتیں جانتا ہے اور وہ کسی کے احاطہ علم میں نہیں آ سکتا۔☆

۱۱۱۔ سب چہرے اس حی اور قیوم کے سامنے جھکے ہوئے ہوں گے اور جو کوئی ظلم کا بوجھ اٹھائے گا وہ نامراد ہوگا۔

۱۱۲۔ اور جو نیک اعمال بجالائے اور وہ مومن بھی ہو تو اسے نہ ظلم کا خوف ہوگا اور نہ حق تلفی کا۔☆

۱۱۳۔ اور اسی طرح ہم نے یہ قرآن عربی میں نازل کیا اور اس میں مختلف انداز میں تنبیہیں بیان کی ہیں کہ شاید وہ پرہیزگار بن جائیں یا (قرآن) ان کے لیے کوئی نصیحت وجود میں لائے۔

۱۱۴۔ پس وہ بادشاہ حقیقی اللہ برتر ہے اور آپ پر ہونے والی اس کی وحی کی تکمیل سے پہلے قرآن پڑھنے میں عجلت نہ کریں اور کہہ دیا کریں: پروردگارا میرے علم میں اضافہ فرما۔☆

۱۱۵۔ اور بتحقیق ہم نے اس سے پہلے آدم سے عہد لیا تھا لیکن وہ بھول گئے اور ہم نے ان میں عزم نہیں پایا۔☆

۱۱۶۔ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا: آدم کے لیے سجدہ کرو تو سب نے سجدہ کیا سوائے

۱۰۹۔ قیامت کے دن ہر مجرم کو اپنے جرم کی سزا ملے گی۔ یہاں اللہ کی عدالت میں عدل وانصاف کے ساتھ ہونے والے فیصلے کے سامنے کوئی رکاوٹ نہیں ہوگی، لہٰذا کسی کی شفاعت فائدہ مند نہیں ہوگی۔ یہاں دو حالتوں کی استثناء ہے: اِلَّا مَنۡ اَذِنَ لَهُ الرَّحۡمٰنُ. قیامت کے دن اذن خدا کے بغیر کوئی بات تک نہیں کر سکے گا کیونکہ روز قیامت صرف اللہ کی حاکمیت ہوگی۔ علل و اسباب کی تاثیر ختم ہو جائے گی جیسا کہ دنیا میں ہے۔ وَرَضِيَ لَهٗ قَوۡلًا۔ دنیا میں اللہ اس شخص کی بات پسند کرتا ہے جو اس کے عمل کے عین مطابق ہو اور اس کا عمل اس کے قول کے خلاف نہ ہو۔ آخرت میں بھی اللہ کی مزاج شناس ہستیاں ہوں گی جو صرف اللہ کی مرضی کے مطابق شفاعت کریں گی۔

۱۱۰۔ متعدد آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ شفاعت کا تعلق علم سے ہے۔ یعنی اعمال عباد کا علم ہو تو شفاعت کے لیے گنجائش بنتی ہے اور دنیا میں جو لوگ بندوں کے اعمال پر شاہد ہیں ان کو اللہ اعمال عباد پر آگاہ کرتا ہے۔ اس لیے قیامت کے دن ان کو شفاعت کا حق مل سکتا ہے۔

۱۱۲۔ وَهُوَ مُؤۡمِنٌ: نیکیاں ایمان کے ساتھ ہوں تو نیکیاں رہتی ہیں، غیر مؤمن سے صادر ہونے والا کام نیکی نہیں ہوسکتا اور اگر غیر مؤمن کوئی نیکی انجام دیتا ہے تو اسکا عمل کفر کی وجہ سے حبط ہو جاتا ہے۔

۱۱۴۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ سورہ رسالت کے ابتدائی زمانے میں نازل ہوا ہے کہ رسول کریمؐ کو وحی وصول کرنے اور قرآن اخذ کرنے کے آداب وطریقے بیان فرماتا ہے: دوران نزول وحی قرآن کو پڑھنے کی جلدی نہ کریں۔ اِنَّ عَلَيۡنَا جَمۡعَهٗ وَقُرۡاٰنَهٗ (قیامۃ: ۱۷) اسے محفوظ کرنا اور پڑھوانا ہمارے ذمے ہے اور سورہ اعلیٰ میں فرمایا: سَنُقۡرِئُكَ فَلَا تَنۡسٰٓى ۔ ہم آپ کو پڑھوا دیں گے تو آپ نہیں بھولیں گے۔ اس آیت میں فرمایا: وحی کی تکمیل سے پہلے قرآن پڑھنے کی کوشش کی جگہ مزید علم کی خواہش ہونی چاہیے۔

۱۱۵۔ آدمؑ سے جو لغزش سرزد ہوئی تھی وہ جان بوجھ کر نہ تھی بلکہ بھول کی وجہ سے سرزد ہوئی تھی اور بھول عزم میں مضبوطی نہ ہونے کی وجہ سے سرزد ہوئی تھی۔ کیونکہ عزم اور بھول میں ربط ہے۔ کسی کام کے بارے میں عزم کمزور ہوتا ہے تو وہ کام بھول جاتا ہے۔

فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِیۡسَ ؕ اَبٰی ﴿۱۱۶﴾

ابلیس کے، اس نے انکار کیا۔

۱۱۷۔ پھر ہم نے کہا: اے آدم! یہ آپ اور آپ کی زوجہ کا دشمن ہے، کہیں یہ آپ دونوں کو جنت سے نکال نہ دے پھر آپ مشقت میں پڑ جائیں گے۔☆

فَقُلۡنَا یٰۤاٰدَمُ اِنَّ ہٰذَا عَدُوٌّ لَّکَ وَ لِزَوۡجِکَ فَلَا یُخۡرِجَنَّکُمَا مِنَ الۡجَنَّۃِ فَتَشۡقٰی ﴿۱۱۷﴾

۱۱۸۔ یقیناً اس جنت میں آپ نہ تو بھوکے رہیں گے اور نہ ننگے۔☆

اِنَّ لَکَ اَلَّا تَجُوۡعَ فِیۡہَا وَ لَا تَعۡرٰی ﴿۱۱۸﴾

۱۱۹۔ اور یقیناً اس میں آپ نہ تو پیاسے رہیں گے اور نہ دھوپ کھائیں گے۔☆

وَ اَنَّکَ لَا تَظۡمَؤُا فِیۡہَا وَ لَا تَضۡحٰی ﴿۱۱۹﴾

۱۲۰۔ پھر شیطان نے ان کے دل میں وسوسہ ڈالا اور کہا: اے آدم! کیا میں تمہیں ہمیشگی کے درخت اور لازوال سلطنت کے بارے میں بتاؤں؟

فَوَسۡوَسَ اِلَیۡہِ الشَّیۡطٰنُ قَالَ یٰۤاٰدَمُ ہَلۡ اَدُلُّکَ عَلٰی شَجَرَۃِ الۡخُلۡدِ وَ مُلۡکٍ لَّا یَبۡلٰی ﴿۱۲۰﴾

۱۲۱۔ چنانچہ دونوں نے اس میں سے کھایا تو دونوں کے لیے ان کے ستر کھل گئے اور دونوں نے اپنے اوپر جنت کے پتے گانٹھنے شروع کر دیے اور آدم نے اپنے رب کے حکم میں کوتاہی کی تو غلطی میں رہ گئے۔☆

فَاَکَلَا مِنۡہَا فَبَدَتۡ لَہُمَا سَوۡاٰتُہُمَا وَ طَفِقَا یَخۡصِفٰنِ عَلَیۡہِمَا مِنۡ وَّرَقِ الۡجَنَّۃِ ۟ وَ عَصٰۤی اٰدَمُ رَبَّہٗ فَغَوٰی ﴿۱۲۱﴾

۱۲۲۔ پھر ان کے پروردگار نے انہیں برگزیدہ کیا اور ان کی توبہ قبول کی اور ہدایت دی۔☆

ثُمَّ اجۡتَبٰہُ رَبُّہٗ فَتَابَ عَلَیۡہِ وَ ہَدٰی ﴿۱۲۲﴾

۱۲۳۔ فرمایا: یہاں سے دونوں اکٹھے اتر جاؤ ایک دوسرے کے دشمن ہو کر پھر میری طرف سے تمہارے پاس کوئی ہدایت آئے تو جو میری ہدایت کی اتباع کرے گا وہ نہ گمراہ ہو گا اور نہ شقی۔

قَالَ اہۡبِطَا مِنۡہَا جَمِیۡعًا ۚ بَعۡضُکُمۡ لِبَعۡضٍ عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا یَاۡتِیَنَّکُمۡ مِّنِّیۡ ہُدًی ۙ فَمَنِ اتَّبَعَ ہُدَایَ فَلَا یَضِلُّ وَ لَا یَشۡقٰی ﴿۱۲۳﴾

۱۲۴۔ اور جو میرے ذکر سے منہ موڑے گا اسے یقیناً ایک تنگ زندگی نصیب ہو گی اور بروز قیامت ہم اسے اندھا محشور کریں گے۔☆

وَ مَنۡ اَعۡرَضَ عَنۡ ذِکۡرِیۡ فَاِنَّ لَہٗ مَعِیۡشَۃً ضَنۡکًا وَّ نَحۡشُرُہٗ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ اَعۡمٰی ﴿۱۲۴﴾

۱۱۷۔ یعنی آدم وحوا کو پہلے آگاہ کر دیا گیا تھا کہ ایسا نہ ہو کہ تم دونوں کو جنت سے نکال دیا جائے۔

۱۱۸۔ اس جنت کا محل وقوع جہاں بھی ہو اس کے یہ اوصاف تھے۔ وہاں خوراک و پوشاک کی کوئی کمی نہیں تھی۔ اس سے ایک نکتہ سمجھنے کا موقع ملتا ہے کہ شجرہ ممنوعہ کھانے سے پہلے حضرت آدمؑ کے جسم پر لباس موجود تھا۔ لہذا یہ توجیہ درست ثابت نہیں ہوتی کہ درخت کا پھل کھانے سے حضرت آدمؑ کو اپنی برہنگی کا احساس ہوا، بلکہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ درخت کا پھل کھانے سے جنت کا لباس اتر گیا۔

۱۱۹۔ آدم کی نفسیات میں جو کمزوریاں تھیں ابلیس نے ان کے ذریعے حملہ کیا۔ حب بقا انسان کی کمزوری ہے۔ انسان قدرتی طور پر بقا کو پسند کرتا ہے اور موت کو ناپسند کرتا ہے۔ اسی طرح سلطنت و اقتدار کو بھی، پھر سلطنت بھی ایسی جسے زوال نہ ہو۔ اس قسم کی خواہشات کے راستے سے شیطان انسان میں وسوسہ پیدا کرتا ہے۔

۱۲۱۔ اس درخت کا پھل کھانے سے حضرت آدمؑ کے جنتی لباس اتر گئے یا چھین لیے گئے؟ تفصیل کا ہمیں علم نہیں ہے، البتہ پھل کھانے اور لباس کے اترنے میں کوئی گہرا ربط ضرور تھا۔

وَعَصٰۤی اٰدَمُ رَبَّہٗ: ایک حکم تکوینی کی نافرمانی تھی جسے حکم ارشادی کہتے ہیں جس طرح طبیب حضرات مضر صحت چیزوں سے پرہیز کے لیے کہتے ہیں۔ کوئی اس کی خلاف ورزی کرتا ہے تو قدرتی اثر اس پر مترتب ہوتا ہے۔

۱۲۲۔ حضرت آدم (ع) کو زمین پر بھیجنے کے بعد نبوت سے سرفراز کیا اور مکلّف بنایا۔ ان کی رہنمائی فرمائی، اللہ کی مرضی کے حصول کی رہنمائی، آیندہ کے لیے نوع انسانی کی نسل کو چلانے کی رہنمائی، زندگی کے لوازمات کی رہنمائی۔ لفظ ھُدٰی مطلق ہے۔ ہر قسم کی رہنمائی کو شامل کرتا ہے۔

۱۲۴۔ جو قلب ذکر خدا سے معطر نہ ہو اسے زندگی کا لطف نہیں آتا۔ یہ قلب اپنے خالق سے بہت مانوس ہوتا ہے اس سے جدائی کی صورت میں اسے سکون نہیں ملتا خواہ دنیا کی ساری دولت اور حکومت اس کو میسر آ جائے۔ اس سے یہ نکتہ بھی سمجھ میں آ جاتا ہے کہ انسان صرف اس دنیا کی زندگی کے لیے پیدا نہیں ہوا، کیونکہ اس دنیا کی ریل پیل سے اس کا جی نہیں بھرتا، بلکہ وہ مزید بے سکون ہو جاتا ہے۔ اگر یہ انسان صرف اسی زندگی کے لیے پیدا ہوا

قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى وَ
قَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا ﴿۱۲۵﴾
قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ
وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ﴿۱۲۶﴾
وَكَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ اَسْرَفَ وَلَمْ
يُؤْمِنْۢ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ ؕ وَلَعَذَابُ
الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰى ﴿۱۲۷﴾
اَفَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا
قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ
مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّاُولِي النُّهٰى ﴿۱۲۸﴾ ع ۷ ۱۲
وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ
لَكَانَ لِزَامًا وَّاَجَلٌ مُّسَمًّى ﴿۱۲۹﴾
فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ
وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ اٰنَآئِ الَّيْلِ
فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ لَعَلَّكَ
تَرْضٰى ﴿۱۳۰﴾
وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ اِلٰى مَا
مَتَّعْنَا بِهٖٓ اَزْوَاجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ لِنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَ
رِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۳۱﴾
وَاْمُرْ اَهْلَكَ بِالصَّلٰوةِ وَاصْطَبِرْ

۱۲۵۔ وہ کہے گا: پروردگارا! تو نے مجھے اندھا کر کے کیوں اٹھایا حالانکہ میں تو بینا تھا؟
۱۲۶۔ جواب ملے گا: ایسا ہی ہے! ہماری نشانیاں تیرے پاس آئی تھیں تو نے انہیں بھلا دیا تھا اور آج تو بھی اسی طرح بھلایا جا رہا ہے۔☆
۱۲۷۔ اور ہم حد سے تجاوز کرنے والوں اور اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان نہ لانے والوں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں اور آخرت کا عذاب تو زیادہ شدید اور تادیر باقی رہنے والا ہے۔☆
۱۲۸۔ کیا انہوں نے اس بات سے کوئی ہدایت حاصل نہیں کی کہ ان سے پہلے بہت سی نسلوں کو ہم نے ہلاک کر دیا جن کی بستیوں میں آج یہ لوگ چل پھر رہے ہیں؟ اس بات میں یقیناً ہوشمندوں کے لیے نشانیاں ہیں۔☆
۱۲۹۔ اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک بات طے نہ ہو چکی ہوتی اور ایک مدت کا تعین نہ ہو چکا ہوتا تو (عذاب کا نزول) لازمی تھا۔☆
۱۳۰۔ لہٰذا جو کچھ یہ لوگ کہتے ہیں اس پر صبر کریں اور طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب سے پہلے اپنے پروردگار کی ثنا کی تسبیح کریں اور کچھ اوقات شب میں اور دن کے اطراف میں بھی اس کی تسبیح کیا کریں تاکہ آپ خوش رہیں۔☆
۱۳۱۔ اور (اے رسول) دنیاوی زندگی کی اس رونق کی طرف اپنی نگاہیں اٹھا کر بھی نہ دیکھیں جو ہم نے آزمانے کے لیے ان میں سے مختلف لوگوں کو دے رکھی ہے اور آپ کے رب کا دیا ہوا رزق بہتر اور زیادہ دیرپا ہے۔☆
۱۳۲۔ اور اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دیں اور خود بھی اس پر ثابت قدم رہیں، ہم

ہوتا تو اسی دنیا کی چیزوں سے اسے اس طرح سکون ملنا چاہیے تھا جس طرح مچھلی کو پانی میں سکون ملتا ہے۔
۱۲۵ تا ۱۲۷۔ ایک ضابطہ کلی کا بیان ہے کہ جس طرح مذکورہ شخص کو اندھا ہو کر اللہ کی بارگاہ میں جانا پڑے گا اسی طرح ہر حد سے تجاوز کرنے والے کی سزا بھی یہی ہو گی۔ جیسے اس دار دنیا میں اللہ کو فراموش کیا ہے، ویسے اللہ بھی دار آخرت میں اسے فراموش کرے گا۔
۱۲۸۔ گزشتہ اقوام کی سرگزشت میں دروس عبرت موجود ہیں، جن کے تباہ شدہ محلات سے لوگوں کا گزر ہوتا رہتا ہے۔ چنانچہ اہل مکہ احقاف یمن جاتے ہوئے قوم عاد کے تباہ شدہ تمدن، شام جاتے ہوئے قوم ثمود کی تباہ شدہ تہذیب اور فلسطین جاتے ہوئے قوم لوط کی تباہ حالی کا مشاہدہ کرتے رہتے تھے۔
۱۲۹۔ جب اللہ تعالیٰ کی حکمت میں مجرم کو فوری سزا دینا نہیں ہے تو ان مجرموں کے بارے میں بھی فوری سزا کی توقع نہ رکھو بلکہ صبر سے کام لو۔
۱۳۰۔ لَعَلَّكَ تَرْضٰى: قلب کی رضایت اللہ کی تسبیح و تمجید میں ہے۔ قلب و ضمیر کی غذا ذکر خدا ہے اس سے انسان کو جو کیف و سرور نصیب ہوتا ہے وہ کسی اور غذا میں نہیں ہے۔
۱۳۱۔ دنیاوی زندگی کی رونق اور آسائشیں اس قابل نہیں ہیں کہ آپ کی نگاہ میں ان کے لیے کوئی وقعت ہو۔ یہ خیال نہ ہو کہ ان پر اللہ کی طرف سے فیاضی ہو رہی ہے اور مسلمانوں کو محروم رکھا جا رہا ہے بلکہ یہ آسائشیں ان کے لیے آزمائش ہیں، جو ان کے لیے باعث عذاب و موجب ہلاکت ہوں گی۔ اس کے مقابلے میں جو رزق آپ کو حاصل ہے یعنی ایمان کی حلاوت اور ذکر خدا کی دولت بہتر اور پائیدار ہے۔
۱۳۲۔ جیسے انسان اپنی ذات کا ذمہ دار ہے کہ نماز پڑھے اور تقویٰ اختیار کرے، اسی طرح اپنے اہل و عیال کا بھی ذمہ دار ہے کہ ان کو نماز کے لیے آمادہ کرے۔ حضرت اسماعیل (ع) کے بارے میں فرمایا: وَكَانَ يَاْمُرُ اَهْلَهٗ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ (مریم: ۵۵) وہ اپنے گھر والوں کو نماز کا حکم دیتے تھے۔ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ اَهْلِيْكُمْ نَارًا۔ (تحریم: ۶) اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل و عیال کو آتش سے بچا

عَلَيْهَا ؕ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ؕ نَحْنُ
نَرْزُقُكَ ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلتَّقْوٰى ﴿۱۳۲﴾
وَقَالُوْا لَوْلَا يَاْتِيْنَا بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي
الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۳۳﴾
وَلَوْ اَنَّآ اَهْلَكْنٰهُمْ بِعَذَابٍ مِّنْ
قَبْلِهٖ لَقَالُوْا رَبَّنَا لَوْ لَآ اَرْسَلْتَ
اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ اٰيٰتِكَ مِنْ قَبْلِ
اَنْ نَّذِلَّ وَنَخْزٰى ﴿۱۳۴﴾
قُلْ كُلٌّ مُّتَرَبِّصٌ فَتَرَبَّصُوْا ۚ
فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ اَصْحٰبُ
الصِّرَاطِ السَّوِيِّ وَ مَنِ
ع ١٧ اهْتَدٰى ﴿۱۳۵﴾ ع

الجزء ١٧

٢١ سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ مَكِّيَّةٌ ١١٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ
فِيْ غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۱﴾ ع
مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ
اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ يَلْعَبُوْنَ ﴿۲﴾
لَاهِيَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا
النَّجْوَى ۖ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ
هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ
السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۳﴾

آپ سے کوئی رزق نہیں مانگتے بلکہ ہم آپ کو رزق دیتے ہیں اور انجام (اہل) تقویٰ ہی کے لیے ہے۔☆

۱۳۳۔ اور لوگ کہتے ہیں: یہ اپنے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں لاتے؟ کیا ان کے پاس اگلی کتابوں میں سے واضح ثبوت نہیں آیا؟☆

۱۳۴۔ اور اگر ہم (نزول قرآن سے) پہلے ہی انہیں عذاب سے ہلاک کر دیتے تو یہ ضرور کہتے: ہمارے پروردگار! تو نے ہماری طرف کسی رسول کو کیوں نہیں بھیجا کہ ذلت و رسوائی سے پہلے ہی ہم تیری آیات کی اتباع کر لیتے؟☆

۱۳۵۔ کہہ دیجیے: سب انتظار میں ہیں لہٰذا تم بھی انتظار کرو پھر عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ راہ راست پر چلنے والے کون ہیں اور ہدایت پانے والے کون ہیں۔

سورۃ انبیاء ۔ مکی ۔ آیات ۱۱۲۔

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ لوگوں کے لیے ان کے حساب کا وقت قریب آ گیا ہے جب کہ وہ غفلت میں منہ پھیرے ہوئے ہیں۔☆

۲۔ ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے جو بھی تازہ نصیحت آتی ہے یہ لوگ اسے کھیلتے ہوئے سنتے ہیں۔☆

۳۔ ان کے دل لہویات میں مصروف ہوتے ہیں اور ظالم آپس کی سرگوشیاں چھپاتے ہیں کہ یہ شخص بھی تم جیسا بشر ہے، تو کیا تم لوگ دانستہ طور پر جادو کے چکر میں آتے ہو؟

لو۔

۱۳۳۔ معجزے کا مطلب صرف طاقت کا اظہار نہیں بلکہ اس کا مطلب حجت تمام کرنا ہے۔ اگر حجت پوری ہو چکی ہو تو معجزے کے بارے میں ہر مطالبے کو درخور اعتنا نہیں سمجھا جاتا۔ سابقہ کتابوں میں واضح ثبوت یہی ہے کہ سابقہ امتوں نے حجت تمام ہونے کے بعد بھی معجزے طلب کیے تو جب وہ معجزے دکھائے گئے، وہ پھر بھی ایمان نہ لائے تو ان پر فوری عذاب نازل ہوا۔

۱۳۴۔ اگر ان پر حجت پوری ہونے سے پہلے ہم ان پر عذاب کرتے تو حجت اور دلیل ان کے پاس ہوتی اور یہ کہتے: اگر آپ کی طرف سے کوئی رسول آتا تو ہم ضرور اس کی اتباع کرتے۔

سورہ انبیاء

۱۔ ایک نظریہ یہ ہے کہ حیاتِ برزخی سب کے لیے نہیں ہے بلکہ مقرب بارگاہ، صالحین اور شہداء کے لیے ہے یا بہت بڑے مجرموں کے لیے برزخ میں عذاب کی زندگی ہے۔ باقی افراد کے لیے برزخی زندگی نہیں ہے۔ اس نظریے کے مطابق روز قیامت اور روز حساب نہایت قریب ہے کہ جیسے انسان کو موت آتی ہے، قیامت برپا ہوگی تو ایسے محسوس ہوگا گویا دوسرے لمحے میں قیامت برپا ہو گئی۔ چنانچہ پیغمبر اکرم (ص) سے روایت ہے: فان احدکم اذا مات فقد قامت قیامته۔ (ارشاد القلوب ا: ۱۸) تم میں سے جب کوئی مر جاتا ہے تو اس کی قیامت فوری قائم ہو جاتی ہے۔

حیات برزخی سب کے لیے ہونے کی صورت میں قیامت کو اس لیے قریب کہا گیا کہ ہر روز گزرنے کے ساتھ ساتھ قیامت نزدیک ہوتی جاتی ہے۔

۲۔ کھیلتے ہوئے سنتے ہیں یعنی یہ سنجیدہ نہیں ہوتے کہ نصیحت ان کے دلوں میں اتر جائے اور ان کے دل چونکہ لہویات میں مصروف ہوتے ہیں اس لیے صرف حق کے لیے ان کے دل میں جگہ نہیں ہوتی۔

قُلْ رَبِّيْ يَعْلَمُ الْقَوْلَ فِي السَّمَآءِ
وَالْاَرْضِ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ۝۴
بَلْ قَالُوْٓا اَضْغَاثُ اَحْلَامٍۭ بَلِ
افْتَرٰىهُ بَلْ هُوَ شَاعِرٌ ۚ فَلْيَاْتِنَا
بِاٰيَةٍ كَمَآ اُرْسِلَ الْاَوَّلُوْنَ ۝۵
مَآ اٰمَنَتْ قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْيَةٍ
اَهْلَكْنٰهَا ۚ اَفَهُمْ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶
وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا
نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ
الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۝۷
وَمَا جَعَلْنٰهُمْ جَسَدًا لَّا يَاْكُلُوْنَ
الطَّعَامَ وَمَا كَانُوْا خٰلِدِيْنَ ۝۸
ثُمَّ صَدَقْنٰهُمُ الْوَعْدَ فَاَنْجَيْنٰهُمْ وَ
مَنْ نَّشَآءُ وَاَهْلَكْنَا الْمُسْرِفِيْنَ ۝۹
لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ كِتٰبًا فِيْهِ
ع ۱ ذِكْرُكُمْ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۱۰
وَكَمْ قَصَمْنَا مِنْ قَرْيَةٍ كَانَتْ
ظَالِمَةً وَّاَنْشَاْنَا بَعْدَهَا قَوْمًا
اٰخَرِيْنَ ۝۱۱
فَلَمَّآ اَحَسُّوْا بَاْسَنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا
يَرْكُضُوْنَ ۝۱۲
لَا تَرْكُضُوْا وَارْجِعُوْٓا اِلٰى مَآ

۴۔ رسول نے کہا: میرا پروردگار ہر وہ بات جانتا ہے جو آسمان و زمین میں ہے اور وہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

۵۔ بلکہ وہ کہتے ہیں: یہ (قرآن) تو پریشان خوابوں کا ایک مجموعہ ہے بلکہ یہ اس کا خود ساختہ ہے بلکہ یہ تو شاعر ہے ورنہ یہ کوئی معجزہ پیش کرے جیسے پہلے انبیاء (معجزوں کے ساتھ) بھیجے گئے تھے۔☆

۶۔ ان سے پہلے جس بستی کو بھی ہم نے ہلاک کیا وہ ایمان نہیں لائی، تو کیا یہ لوگ ایمان لائیں گے؟

۷۔ اور ہم نے آپ سے پہلے بھی مردان (حق) ہی کی طرف وحی بھیجی ہے، اگر تم لوگ نہیں جانتے ہو تو اہل ذکر سے پوچھ لو۔☆

۸۔ اور ہم نے انہیں ایسے جسم نہیں بنایا جو کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ ہی وہ ہمیشہ (زندہ) رہنے والے تھے۔☆

۹۔ پھر ہم نے ان کے ساتھ وعدہ پورا کیا پس ہم نے انہیں اور جنہیں ہم نے چاہا بچا لیا اور تجاوز کرنے والوں کو ہلاک کر دیا۔

۱۰۔ بتحقیق ہم نے تمہاری طرف ایک ایسی کتاب نازل کی ہے جس میں تمہاری نصیحت ہے تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟☆

۱۱۔ اور ہم نے کتنی ظالم بستیوں کو درہم برہم کر کے رکھ دیا اور ان کے بعد دوسری قوم کو پیدا کیا۔

۱۲۔ پس جب انہوں نے ہمارے عذاب کو محسوس کیا تب وہ وہاں سے بھاگنے لگے۔

۱۳۔ بھاگو نہیں، اپنی عیش پرستی میں اور اپنے

۵۔ مشرکین نبوت کو تسلیم ہی نہیں کرتے، وہ سابقہ انبیاء کو بھی نہیں مانتے تو یہاں پر کیسے کہہ دیا کہ سابقہ انبیاء کی مانند معجزے پیش کرو؟
جواب یہ ہے کہ مشرکین کا موقف اگرچہ یہ تھا کہ نبوت کا سرے سے وجود نہیں ہوتا، تاہم اگر کوئی وجود ہوتا ہے تو سابقہ انبیاء کی طرح تو ہونا چاہیے۔ آپ کے پاس تو اتنا معجزہ بھی نہیں ہے۔
اگلی آیت میں جواب فرمایا: سابقہ امتوں کو معجزات دیے مگر وہ ایمان نہیں لائے تو کیا تم ایمان لاؤ گے؟ معجزہ تلاش حق کے لیے دلیل و حجت مانگنے والوں کو دکھایا جاتا ہے۔ حق سے فرار کا بہانہ تلاش کرنے والوں کو اتمام حجت کے بعد ہر مطالبے پر معجزہ پیش نہیں کیا جاتا۔

۷۔ نبوت اور انسان کو دو متضاد چیزیں سمجھنے والوں سے خطاب ہے کہ تاریخ انبیاء کا مطالعہ خود نہیں کر سکتے تو اہل مطالعہ سے پوچھو کہ سابقہ انبیاء انسان تھے یا کوئی اور مخلوق۔ وہ سب مردان حق تھے، انسان تھے، البتہ ان کی روحیں تمہاری طرح نہ تھیں وہ وحی الٰہی کے لیے اہل تھیں۔ یہی ان میں اور باقی افراد بشر میں فرق ہے اور یہ فرق بنیادی ہے۔

۸۔ انبیاء کے جسم ہوتے تھے۔ وہ لوگوں کے ساتھ میل جول رکھتے تھے اور ہم نے ایسا کوئی زندہ جسم نہیں بنایا جس میں دو چیزیں نہ ہوں: ایک یہ کہ وہ زندہ جسم طعام کھانے والا نہ ہو اور دوسری یہ کہ وہ زندہ جسم ہمیشہ رہنے والا ہو اور اس کے لیے موت نہ ہو۔

۱۰۔ اس قرآن میں کسی اور مخلوق کا ذکر نہیں ہے جسے تم اجنبی اور بیگانہ تصور کرو، بلکہ اس میں خود تمہارا ذکر ہے اور تمہارے فائدے کی باتیں ہیں۔ وہ تمہارے لیے دستور حیات و راہ نجات ہے۔

اُتْرِفْتُمْ فِيْهِ وَمَسٰكِنِكُمْ	گھروں کی طرف لوٹ جاؤ، شاید تم سے
لَعَلَّكُمْ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۳﴾	پوچھا جائے۔
قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۱۴﴾	۱۴۔ کہنے لگے: ہائے ہماری تباہی! بے شک ہم لوگ ظالم تھے۔
فَمَا زَالَتْ تِّلْكَ دَعْوٰىهُمْ حَتّٰى	۱۵۔ اور وہ فریاد کر رہے ہیں یہاں تک کہ
جَعَلْنٰهُمْ حَصِيْدًا خٰمِدِيْنَ ﴿۱۵﴾	ہم نے انہیں (جڑوں سے) کاٹ کر
وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا	خاموش کر دیا۔
بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۱۶﴾	۱۶۔ اور ہم نے اس آسمان اور زمین اور جو
لَوْ اَرَدْنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ لَهْوًا	کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کو بیہودہ
لَّاتَّخَذْنٰهُ مِنْ لَّدُنَّآ ۖ اِنْ كُنَّا	خلق نہیں کیا۔☆
فٰعِلِيْنَ ﴿۱۷﴾	۱۷۔ اگر ہم کھیل کا ارادہ کرتے تو ہم اسے
بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَى الْبَاطِلِ	اپنے پاس سے بنا لیتے اگر ہم (ایسا)
فَيَدْمَغُهٗ فَاِذَا هُوَ زَاهِقٌ ۭ وَلَكُمُ	کرنے والے ہوتے (تو تمہیں خلق کرنے
الْوَيْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ﴿۱۸﴾	کی کیا ضرورت تھی)۔☆
وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ	۱۸۔ بلکہ ہم باطل پر حق کی چوٹ لگاتے ہیں
وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ	جو اس کا سر کچل دیتا ہے اور باطل مٹ
عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾	جاتا ہے اور تم پر تباہی ہو ان باتوں کی وجہ
يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ	سے جو تم بناتے ہو۔☆
لَا يَفْتُرُوْنَ ﴿۲۰﴾	۱۹۔ اور آسمانوں اور زمین میں موجود مخلوقات
اَمِ اتَّخَذُوْٓا اٰلِهَةً مِّنَ الْاَرْضِ	اسی کی ہیں اور جو اس کے پاس ہیں وہ
هُمْ يُنْشِرُوْنَ ﴿۲۱﴾	اللہ کی عبادت سے نہ تو تکبر کرتے ہیں اور
لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ	نہ ہی اکتاتے ہیں۔
لَفَسَدَتَا ۚ فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ	۲۰۔ وہ شب و روز تسبیح کرتے ہیں، تساہل نہیں
الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۲۲﴾	برتتے۔
	۲۱۔ کیا انہوں نے زمین سے ایسے معبود بنا
	رکھے ہیں جو انہیں زندہ کرتے ہوں؟
	۲۲۔ اگر آسمان و زمین میں اللہ کے سوا معبود
	ہوتے تو دونوں (کے نظام) درہم برہم
	ہو جاتے، پس پاک ہے اللہ، پروردگار
	عرش ان باتوں سے جو یہ بناتے ہیں۔☆

۱۶۔ لہو و لعب ایک خیالی اور وہمی دل جوئی ہے جس کا کوئی معقول اور مفید نتیجہ نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ لہویات سے کیا فائدہ اٹھا سکتا ہے، وہ نہ تنہائی سے تنگ ہوتا ہے نہ اسے کسی دل جوئی کی ضرورت ہے۔ دوسری آیت میں فرمایا: اگر بفرض محال کسی دل جوئی کی ضرورت ہوتی تو اللہ یہ کام اپنے وجود سے لے سکتا تھا، اتنی بڑی کائنات بنانے کی ضرورت نہ تھی۔ بتانا یہ مقصود ہے کہ اس کائنات کو عبث نہیں، بلکہ ایک مقصد کے لیے بنایا ہے۔ اگر کوئی آخرت نہیں، حساب کتاب نہیں، جنت و نار نہیں، دوسرے لفظوں میں کوئی ارتقائی سفر نہیں تو دنیا ایک کھیل ہو جائے گی اور انسان ایک بے مقصد کیڑا، ایک نامعقول کھلونا بن جائے گا، جس کو بلاوجہ دکھ درد دیا گیا اور مصائب سہ کر آخر میں خاک ہو گیا۔ اللہ تعالیٰ ایسی عبث کاری سے پاک و منزہ ہے۔

۱۸۔ حق اسے کہتے ہیں جو ثبات رکھتا ہو اور جو ثبات نہیں رکھتا وہ باطل ہے۔ مثلاً آپ کی بات امر واقع کے مطابق ہے تو واقع کو حق اور آپ کی بات کو سچ کہتے ہیں۔ اگر آپ کی بات امر واقع کے مطابق نہیں ہے تو آپ کی بات کو جھوٹ اور غیر واقع کو باطل کہتے ہیں۔ لہٰذا حق اور باطل وجود و عدم کی طرح ہے۔ حق وجود کا نام ہے اور باطل نابودی کا نام ہے۔

۲۲۔ آیت، معبود کی وحدت پر دلیل قائم کرتی ہے۔ اگر اس کائنات میں ایک سے زیادہ معبود و مدبر ہوتے تو ذاتاً ایک دوسرے سے مختلف ہوتے۔ ذات میں مختلف ہونے سے تدبیر میں بھی اختلاف لازم آتا ہے۔ تدبیر میں اختلاف سے نظام درہم برہم ہو جاتا ہے، لہٰذا نظام کی وحدت نظام دہندہ کی وحدت کی دلیل ہے۔ قانون کی وحدت قانون ساز کی وحدت کا واضح ثبوت ہے۔

واضح رہے مشرکین غیر اللہ کی عبادت اس بنیاد پر کرتے تھے کہ تدبیر کائنات میں ان کا حصہ اور دخل ہے اس طرح معبود اور مدبر ایک ہی ذات کے لیے دو تعبیریں ہیں۔

لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَ هُمْ
يُسْـَٔلُوْنَ ﴿٢٣﴾
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً ؕ قُلْ
هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ ۚ هٰذَا ذِكْرُ مَنْ
مَّعِيَ وَ ذِكْرُ مَنْ قَبْلِيْ ؕ بَلْ
اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۙ الْحَقَّ
فَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٢٤﴾
وَ مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ
رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْۤ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَاۤ اِلٰهَ
اِلَّاۤ اَنَا فَاعْبُدُوْنِ ﴿٢٥﴾
وَ قَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا
سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ ۙ﴿٢٦﴾
لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَ هُمْ بِاَمْرِهٖ
يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٧﴾
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَ مَا
خَلْفَهُمْ وَ لَا يَشْفَعُوْنَ ۙ اِلَّا لِمَنِ
ارْتَضٰى وَ هُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ
مُشْفِقُوْنَ ﴿٢٨﴾
وَ مَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْۤ اِلٰهٌ مِّنْ
دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ ؕ
كَذٰلِكَ نَجْزِي الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾ ع ٢ ١٩ ٢
اَوَ لَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّ
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا

۲۳۔ وہ جو کام کرتا ہے اس کی پرسش نہیں ہو گی اور جو کام یہ لوگ کرتے ہیں اس کی ان سے پرسش ہو گی۔☆

۲۴۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا معبود بنا لیے ہیں؟ کہہ دیجیے: تم اپنی دلیل پیش کرو، یہ میرے ساتھ والوں کی کتاب اور مجھ سے پہلے والوں کی کتاب ہے، (ان میں کسی غیر اللہ کا ذکر نہیں) بلکہ اکثر لوگ حق کو جانتے نہیں اس لیے (اس سے) منہ موڑ لیتے ہیں۔☆

۲۵۔ اور ہم نے آپ سے پہلے جو بھی رسول بھیجا ہے اس کی طرف یہی وحی کی ہے، بتحقیق میرے سوا کوئی معبود نہیں پس تم صرف میری عبادت کرو۔☆

۲۶۔ اور وہ کہتے ہیں: اللہ نے بیٹا بنایا ہے، وہ پاک ہے (ایسی باتوں سے) بلکہ یہ تو اللہ کے محترم بندے ہیں۔☆

۲۷۔ وہ تو اللہ (کے حکم) سے پہلے بات (بھی) نہیں کرتے اور اسی کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔

۲۸۔ اللہ ان باتوں کو جانتا ہے جو ان کے روبرو اور جو ان کے پس پردہ ہیں اور وہ فقط ان لوگوں کی شفاعت کر سکتے ہیں جن سے اللہ راضی ہے اور وہ اللہ کی ہیبت سے ہراساں رہتے ہیں۔☆

۲۹۔ اور ان میں سے جو کوئی یہ کہدے کہ اللہ کے علاوہ میں بھی معبود ہوں تو ہم اسے جہنم کی سزا دیتے ہیں، چنانچہ ظالموں کو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں۔

۳۰۔ کیا کفار اس بات پر توجہ نہیں دیتے کہ یہ آسمان اور زمین باہم ملے ہوئے تھے پھر

۲۳۔ کسی کے عمل میں غلطی کا امکان ہو تو اس پر سوال ہوتا ہے کہ یہ کام تم نے کیسے انجام دیا؟ اللہ کی طرف سے کسی قسم کی غلطی کا امکان نہ ہونے کی وجہ سے اس کا ہر عمل مصلحت و حکمت پر مشتمل ہوتا ہے، لہٰذا اللہ پر یہ سوال نہیں ہوتا کہ یہ عمل اللہ نے کیسے انجام دیا؟

۲۴۔ جو لوگ اللہ کے علاوہ معبود بناتے ہیں۔ ان سے مطالبہ ہے کہ اپنے مدعی پر دلیل پیش کرو۔ کوئی بھی دعویٰ بغیر دلیل کے قابل قبول نہیں ہے۔ غیر اللہ کو معبود بنانے والوں کے پاس نہ صرف دلیل نہیں ہے بلکہ دلیل ان کے خلاف قائم ہے اور تمام آسمانی کتابوں میں اللہ کے علاوہ کسی معبود کا ذکر نہیں ہے۔ اس آیت میں ذکر سے مراد کتاب ہے۔

۲۵۔ تمام انبیاء کی دعوت کا مرکزی نکتہ ایک معبود کی بندگی کرنا ہے، ایک معبود کی عبادت کی دعوت کا مطلب ایک امر واقعی کی طرف دعوت ہے کہ امر واقع یہ ہے کہ اس کائنات کا سرچشمۂ فیض صرف اللہ ہے اور مالک حقیقی صرف اللہ ہے۔ لہٰذا عبادت اس کی ہو جس کے پاس سب کچھ ہے۔

۲۶۔ بت پرستوں کا عقیدہ ہے کہ فرشتے اللہ کے فرزند ہیں۔ اس آیت میں ولدیت کی نفی فرمائی اور عبودیت کو ثابت فرمایا اور بندگی کی ایک اہم خصوصیت کا ذکر فرمایا کہ وہ حکم خدا کے منتظر رہتے ہیں۔ حکم خدا سے پہلے کوئی بات نہیں کرتے اور جب حکم خدا مل جاتا ہے تو اس پر عمل کرنے میں تامل نہیں کرتے۔

۲۸۔ شفاعت ان کو ملے گی جن سے اللہ راضی ہے۔ شرک ایسی چیز ہے کہ اس کا ارتکاب کرنے والے سے اللہ راضی نہیں ہو سکتا، لہٰذا مشرک کو شفاعت ملنے کا امکان نہیں ہے۔

۳۰۔ رتق کے معنی یکجا ہونا اور فتق کے معنی جدا ہونا ہیں۔ آیت کا ظاہری مفہوم یہ ہے کہ جن عناصر سے اجرام ارضی و سماوی وجود میں آئے ہیں، ان سب کا مادہ اصلیہ ایک تھا۔ ممکن ہے یہ مادہ ابتدا میں سحابی شکل میں ہو جس کو قرآن نے دخان (دھواں) کہا ہے اور بعد میں یہ اجرام سماوی و ارضی میں منقسم ہو کر جدا ہو گیا ہو۔ یہ رتق و فتق کے ایک مصداق کا ذکر ہے۔

امام باقر (ع) کی ایک حدیث میں اس آیت کے یہ معنی کرتے ہیں کہ شروع میں آسمان اور زمین بند تھے، اللہ نے ان دونوں کو کھول دیا تو آسمان سے بارش ہوئی اور زمین سے پیداوار نیز اس امکان کا

فَفَتَقْنٰهُمَا ؕ وَ جَعَلْنَا مِنَ الْمَآءِ كُلَّ
شَیْءٍ حَیٍّ ؕ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ﴿۳۰﴾
وَ جَعَلْنَا فِی الْاَرْضِ رَوَاسِیَ اَنْ
تَمِیْدَ بِهِمْ ۪ وَ جَعَلْنَا فِیْهَا فِجَاجًا
سُبُلًا لَّعَلَّهُمْ یَهْتَدُوْنَ ﴿۳۱﴾
وَ جَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوْظًا ۚۖ
وَّ هُمْ عَنْ اٰیٰتِهَا مُعْرِضُوْنَ ﴿۳۲﴾
وَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ الَّیْلَ وَ النَّهَارَ
وَ الشَّمْسَ وَ الْقَمَرَ ؕ كُلٌّ فِیْ فَلَكٍ
یَّسْبَحُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَ مَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ
الْخُلْدَ ؕ اَفَاْىِٕنْ مِّتَّ فَهُمُ
الْخٰلِدُوْنَ ﴿۳۴﴾
كُلُّ نَفْسٍ ذَآىِٕقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَ
نَبْلُوْكُمْ بِالشَّرِّ وَ الْخَیْرِ فِتْنَةً ؕ
وَ اِلَیْنَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَ اِذَا رَاٰكَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اِنْ
یَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا
الَّذِیْ یَذْكُرُ اٰلِهَتَكُمْ ۚ وَ هُمْ
بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ
كٰفِرُوْنَ ﴿۳۶﴾
خُلِقَ الْاِنْسَانُ مِنْ عَجَلٍ ؕ سَاُورِیْكُمْ
اٰیٰتِیْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۳۷﴾

ہم نے انہیں جدا کر دیا ہے اور تمام جاندار چیزوں کو ہم نے پانی سے بنایا ہے؟ تو کیا (پھر بھی) وہ ایمان نہیں لائیں گے؟☆

۳۱۔ اور ہم نے زمین میں پہاڑ بنا دیے تا کہ وہ لوگوں کو متزلزل نہ کرے اور ہم نے اس میں کشادہ راستے بنائے کہ لوگ راہ پائیں۔

۳۲۔ اور ہم نے آسمان کو ایک محفوظ چھت بنا دیا اور اس کے باوجود وہ اس کی نشانیوں سے منہ موڑتے ہیں۔

۳۳۔ اور اسی نے شب و روز اور آفتاب و ماہتاب پیدا کیے، یہ سب کسی نہ کسی فلک میں تیر رہے ہیں۔☆

۳۴۔ ہم نے آپ سے پہلے بھی کسی انسان کو حیات جاودانی نہیں دی تو کیا اگر آپ انتقال کر جائیں تو یہ لوگ ہمیشہ رہیں گے؟☆

۳۵۔ ہر نفس کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے اور ہم امتحان کے طور پر برائی اور بھلائی کے ذریعے تمہیں مبتلا کرتے ہیں اور تم پلٹ کر ہماری ہی طرف آؤ گے۔☆

۳۶۔ اور کافر جب بھی آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ کا بس استہزاء کرتے ہیں (اور کہتے ہیں) کیا یہ وہی شخص ہے جو تمہارے معبودوں کا (برے الفاظ میں) ذکر کرتا ہے؟ حالانکہ وہ خود رحمٰن کے ذکر کے منکر ہیں۔☆

۳۷۔ انسان عجلت پسند خلق ہوا ہے، عنقریب میں تمہیں اپنی نشانیاں دکھاؤں گا پس تم جلد بازی نہ کرو۔

بھی اظہار کیا جاتا ہے کہ کائنات کی ابتدا ایک نقطہ سے ہوئی جس کے پھیلنے سے تمام اجرام سماوی وجود میں آ گئے اور پھیلنے کا سلسلہ جاری ہے۔ کہتے ہیں فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اس نظریے پر قرینہ ہے، چونکہ فطر شگافتہ کرنے کو کہتے ہیں۔

یہ بات تو اب سب کے لیے واضح ہو گئی ہے کہ ہر جاندار کے تخلیقی عناصر میں پانی کا عنصر غالب ہوتا ہے۔ پانی حیات کے وجود و بقا دونوں کے لیے بنیاد ہے۔

۳۳۔ یعنی کل کے کل اجرام فلکی اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں۔ یہاں سکوت و سکون کہیں نظر نہیں آتا۔ ہر چیز گردش میں ہے۔

۳۴۔ مشرکین اپنے آپ کو یہ تسلی دیتے تھے کہ جب محمدؐ اس دنیا سے رخصت ہو جائیں گے تو ہم اور ہمارے معبود کو اس شخص سے تحفظ ملے گا۔ جواب میں فرمایا: محمدؐ دنیا سے رخصت ہو جائیں تو تمہیں حیات جاودانی نہیں ملے گی، تم نے بھی مرنا اور نابود ہونا ہے۔ لہٰذا تم محمدؐ کے بعد کسی کامیابی کی امید نہ رکھو۔ ہوسکتا ہے تم پہلے مر جاؤ۔

۳۵۔ نفس ذات کو کہتے ہیں۔ جیسے ہم کہتے ہیں: بنفس نفیس آیا، یعنی بذات خود آیا۔ پھر ذات انسان کے لیے استعمال ہونے لگا، جیسے فرمایا: هُوَ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ ۔ (اعراف: ۱۸۹) پھر روح کے معنوں میں استعمال ہونے لگا۔ اسی سے خون کے لیے نفس کا استعمال ہونے لگا۔ چنانچہ کہا جاتا ہے نفس سائلہ اچھلنے والا خون۔ موت، جسم کی روح سے جدائی کا نام ہے۔ خود روح کے لیے موت نہیں ہے۔

خیر کے ذریعے آزمائش، شر کے ذریعے آزمائش سے زیادہ مشکل ہوتی ہے۔ غربت شر ہے۔ اس میں ممکن ہے کہ انسان کامیاب رہے، لیکن دولت خیر ہے، اس آزمائش میں کامیاب رہنا زیادہ مشکل ہے۔ اسی طرح محکوم ہونا بہتر ہے، شاید انسان صبر کرے۔ لیکن حاکم ہونا خیر ہے، اس میں کامیابی بہت کم نظر آتی ہے۔

۳۶۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مشرکین کے

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٣٨﴾

۳۸۔ اور وہ کہتے ہیں: اگر آپ سچے ہیں تو بتائیں یہ (عذاب کا) وعدہ کب پورا ہوگا؟

لَوْ يَعْلَمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا حِيْنَ لَا يَكُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْهِهِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُهُوْرِهِمْ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٣٩﴾

۳۹۔ کاش! کفار کو اس وقت کا علم ہو جاتا جب وہ آتش جہنم کو نہ اپنے چہروں سے اور نہ ہی اپنی پشتوں سے ہٹا سکیں گے اور نہ ہی ان کی کوئی مدد کی جائے گی۔

بَلْ تَاْتِيْهِمْ بَغْتَةً فَتَبْهَتُهُمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ رَدَّهَا وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٤٠﴾

۴۰۔ بلکہ یہ (قیامت کا ہولناک عذاب) ان پر اچانک آئے گا تو انہیں بدحواس کر دے گا پھر انہیں نہ اسے ہٹانے کی استطاعت ہوگی اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔

وَلَقَدِ اسْتُهْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِكَ فَحَاقَ بِالَّذِيْنَ سَخِرُوْا مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٤١﴾ ع ۲

۴۱۔ اور بتحقیق آپ سے پہلے بھی رسولوں کا استہزا ہوتا رہا ہے مگر ان استہزا کرنے والوں کو اسی عذاب نے آ گھیرا جس کا وہ استہزا کیا کرتے تھے۔☆

قُلْ مَنْ يَّكْلَؤُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ هُمْ عَنْ ذِكْرِ رَبِّهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٤٢﴾

۴۲۔ کہہ دیجیے: رات اور دن میں رحمٰن سے تمہیں کون بچائے گا؟ بلکہ یہ لوگ تو اپنے رب کے ذکر سے منہ موڑے ہوئے ہیں☆

اَمْ لَهُمْ اٰلِهَةٌ تَمْنَعُهُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِهِمْ وَلَا هُمْ مِّنَّا يُصْحَبُوْنَ ﴿٤٣﴾

۴۳۔ کیا ہمارے علاوہ بھی ان کے معبود ہیں جو انہیں بچا لیں؟ وہ تو خود اپنی مدد کی بھی استطاعت نہیں رکھتے اور نہ ہی ہماری طرف سے ان کا ساتھ دیا جائے گا۔

بَلْ مَتَّعْنَا هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى طَالَ عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا يَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِي الْاَرْضَ نَنْقُصُهَا مِنْ اَطْرَافِهَا ؕ اَفَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿٤٤﴾

۴۴۔ بلکہ ہم تو انہیں اور ان کے آبا کو سامان زیست دیتے رہے یہاں تک کہ ان پر عرصہ دراز گزر گیا تو کیا یہ لوگ دیکھتے نہیں ہیں کہ ہم عرصہ زمین ہر طرف سے تنگ کر رہے ہیں؟ تو کیا (پھر بھی) یہ لوگ غالب آنے والے ہیں۔☆

قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُكُمْ بِالْوَحْيِ ۫ وَ

۴۵۔ کہہ دیجیے: میں وحی کی بنا پر تمہیں تنبیہ

معبودوں کی برائی نہیں کرتے تھے۔ صرف یہ فرماتے تھے کہ تمہارے معبود تمہیں نہ فائدہ دے سکتے ہیں نہ ضرر پہنچا سکتے ہیں. اس کا مشرکین برا مانتے تھے.

۴۱۔ استہزاء اور تمسخر ایک غیر انسانی جرم ہے اور احترام آدمیت کے منافی ہے۔ اس میں دوسرے کی تحقیر اور اپنے تکبر کا مظاہرہ ہوتا ہے۔ اس لیے ایسے لوگوں کو ایک ایسا دن دیکھنا ہوگا جس میں خود ان کے ساتھ یہی تمسخرانہ اور تحقیر آمیز سلوک کیا جائے گا۔

۴۲۔ الکلاء ۃ کے معنی حفظ کے ہیں: اگر اللہ ان کو عذاب دینا چاہے تو اللہ کے عذاب سے ان کو کون بچائے گا؟ جس اللہ سے انہیں پناہ ملنی تھی، اس سے تو یہ منہ موڑے ہوئے ہیں اور ساری توقعات ان بتوں سے وابستہ کیے ہوئے ہیں جو خود اپنی ذات کو بھی نہیں بچا سکتے۔

۴۴۔ ان مشرکوں کو ہم نے زندگی گزارنے کی ایک مدت تک ڈھیل دے رکھی تھی۔ یہ اس لیے نہیں تھا کہ ان کو ہم سے کوئی بچانے والا تھا، بلکہ ہم نے خود ان کو اور ان کے آبا و اجداد کو لمبی مدت تک ڈھیل دے رکھی ہے۔ اب ان کی مدت مہلت ختم ہو رہی ہے۔ کیا ان کو نظر نہیں آتا کہ ان پر زمین تنگ ہو رہی ہے اور ہر طرف سے ان پر دائرہ تنگ ہو رہا ہے؟ تو کیا ایسے آثار نظر آتے ہیں کہ یہ لوگ غالب آ جائیں؟ نہیں بلکہ ان کے مغلوب ہونے کے آثار نظر آ رہے ہیں۔ اس آیت کی جو تفسیر دیگر مفسرین نے کی ہے وہ اس سورہ کے مکی ہونے کے اعتبار سے مربوط نہیں ہے۔

لَا يَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا
يُنْذَرُوْنَ ﴿۴۵﴾
وَ لَئِنْ مَّسَّتْهُمْ نَفْحَةٌ مِّنْ
عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُوْلُنَّ يٰوَيْلَنَآ اِنَّا
كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۴۶﴾
وَ نَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ
الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَ
اِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ
اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَ كَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ﴿۴۷﴾
وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسٰى وَ هٰرُوْنَ
الْفُرْقَانَ وَ ضِيَآءً وَّ ذِكْرًا
لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾ ۙ
الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَ
هُمْ مِّنَ السَّاعَةِ مُشْفِقُوْنَ ﴿۴۹﴾
وَ هٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ
ع ۳ اَفَاَنْتُمْ لَهٗ مُنْكِرُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع
وَ لَقَدْ اٰتَيْنَآ اِبْرٰهِيْمَ رُشْدَهٗ مِنْ
قَبْلُ وَ كُنَّا بِهٖ عٰلِمِيْنَ ﴿۵۱﴾ ۚ
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَ قَوْمِهٖ مَا هٰذِهِ
التَّمَاثِيْلُ الَّتِيْۤ اَنْتُمْ لَهَا عٰكِفُوْنَ ﴿۵۲﴾
قَالُوْا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا لَهَا عٰبِدِيْنَ ﴿۵۳﴾
قَالَ لَقَدْ كُنْتُمْ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ
فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۵۴﴾

کر رہا ہوں مگر جب بہروں کو تنبیہ کی جائے تو (کسی) پکار کو نہیں سنتے۔☆

۴۶۔ اور اگر انہیں آپ کے پروردگار کا تھوڑا سا عذاب بھی چھو جائے تو وہ ضرور کہنے لگ جائیں گے: ہائے ہماری تباہی! ہم یقیناً ظالم تھے۔

۴۷۔ اور ہم قیامت کے دن عدل کا ترازو قائم کریں گے پھر کسی شخص پر ذرہ برابر ظلم نہ ہوگا اور اگر رائی کے دانے برابر بھی (کسی کا عمل) ہوا تو ہم اسے اس کے لیے حاضر کر دیں گے اور حساب کرنے کے لیے ہم ہی کافی ہیں۔☆

۴۸۔ اور بتحقیق ہم نے موسیٰ اور ہارون کو فرقان اور ایک روشنی اور ان متقین کے لیے نصیحت عطا کی۔

۴۹۔ جو بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے رہے اور قیامت سے بھی خوف کھاتے ہیں.

۵۰۔ اور یہ (قرآن) ایک مبارک ذکر ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے، کیا تم اس کے بھی منکر ہو؟☆

۵۱۔ اور بتحقیق ہم نے ابراہیم کو پہلے ہی سے کامل عقل عطا کی اور ہم اس کے حال سے باخبر تھے۔☆

۵۲۔ جب انہوں نے اپنے باپ (چچا) اور اپنی قوم سے کہا: یہ مورتیاں کیا ہیں جن کے گرد تم جمے رہتے ہو؟☆

۵۳۔ کہنے لگے: ہم نے اپنے باپ دادا کو ان کی پوجا کرتے پایا ہے۔

۵۴۔ ابراہیم نے کہا: یقیناً تم خود اور تمہارے باپ دادا بھی واضح گمراہی میں مبتلا ہیں۔

۴۵۔ وحی اگر کسی پر اثر پذیر نہیں ہے تو اس لیے نہیں کہ پیغام وحی میں مضمون نہیں ہے بلکہ سننے والوں میں اہلیت نہیں ہے کہ اس پیغام سے اثر لیں۔

۴۷۔ روز قیامت جو ترازو نصب ہوگا اس کی حقیقت ہمارے لیے قابل درک نہیں ہے۔ وہ دنیوی ترازو کی مانند یقیناً نہیں ہے بلکہ کوئی ایسی میزان ہے جس سے خود انسان کو اپنے عمل کا وزن یعنی اس کی قیمت معلوم ہو جائے گی۔

۵۰۔ یہ قرآن پوری انسانیت کے لیے بابرکت ہے اس قرآن نے انسانیت کو تہذیب سکھائی، تمدن دیا، دنیا کو زندگی کا سلیقہ سکھایا، دستور حیات دیا، جس سے کافر بھی مستفید ہوئے۔

۵۱۔ اللہ کسی کو اپنی عنایتوں سے بلا استحقاق نہیں نوازتا بلکہ حکمت و انصاف اور اہلیت کی بنیاد پر عنایت فرماتا ہے۔ اسی سلسلے میں فرمایا: حضرت ابراہیم (ع) کی اہلیت سے ہم آگاہ تھے۔ اس لیے ان کو ہم نے رشد سے نوازا۔ رشد واضح حقیقت کو کہتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں گمراہی ہے۔

۵۲۔ حضرت ابراہیمؑ نے ان بتوں کی حقیقت کے بارے میں سوال کیا۔ اس کا صحیح جواب تو یہ تھا کہ یہ بت ایک جامد بے جان پتھر ہیں، لیکن مشرکین بتوں کی حقیقت کی طرف نہیں جاتے تھے، کیونکہ ان بتوں کی حقیقت تو سب پر عیاں ہے۔ اس لیے وہ اس کی پرستش کی وجہ بیان کرنے کی طرف گئے اور اس پر بھی سوائے اندھی تقلید کے کوئی جواب نہ تھا۔

قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا بِالْحَقِّ اَمْ اَنْتَ مِنَ
اللّٰعِبِيْنَ ﴿۵۵﴾
قَالَ بَلْ رَّبُّكُمْ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ الَّذِيْ فَطَرَهُنَّ ۖ وَاَنَا
عَلٰى ذٰلِكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۵۶﴾
وَتَاللّٰهِ لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ بَعْدَ
اَنْ تُوَلُّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾
فَجَعَلَهُمْ جُذٰذًا اِلَّا كَبِيْرًا لَّهُمْ
لَعَلَّهُمْ اِلَيْهِ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۸﴾
قَالُوْا مَنْ فَعَلَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَآ اِنَّهٗ
لَمِنَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۹﴾
قَالُوْا سَمِعْنَا فَتًى يَّذْكُرُهُمْ
يُقَالُ لَهٗٓ اِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۰﴾
قَالُوْا فَاْتُوْا بِهٖ عَلٰٓى اَعْيُنِ النَّاسِ
لَعَلَّهُمْ يَشْهَدُوْنَ ﴿۶۱﴾
قَالُوْٓا ءَاَنْتَ فَعَلْتَ هٰذَا بِاٰلِهَتِنَا
يٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۶۲﴾
قَالَ بَلْ فَعَلَهٗ ۖ كَبِيْرُهُمْ هٰذَا
فَسْـَٔلُوْهُمْ اِنْ كَانُوْا يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۳﴾
فَرَجَعُوْٓا اِلٰٓى اَنْفُسِهِمْ فَقَالُوْٓا
اِنَّكُمْ اَنْتُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۶۴﴾
ثُمَّ نُكِسُوْا عَلٰى رُءُوْسِهِمْ ۚ لَقَدْ
عَلِمْتَ مَا هٰٓؤُلَآءِ يَنْطِقُوْنَ ﴿۶۵﴾

۵۵۔ وہ کہنے لگے: کیا آپ ہمارے پاس حق لے کر آئے ہیں یا بیہودہ گوئی کر رہے ہیں؟ ☆

۵۶۔ ابراہیم نے کہا: بلکہ تمہارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے جس نے ان سب کو پیدا کیا اور میں اس بات کے گواہوں میں سے ہوں۔ ☆

۵۷۔ اور اللہ کی قسم! جب تم یہاں سے پیٹھ پھیر کر چلے جاؤ گے تو میں تمہارے ان بتوں کی خبر لینے کی تدبیر ضرور سوچوں گا۔

۵۸۔ چنانچہ ابراہیم نے ان بتوں کو ریزہ ریزہ کر دیا سوائے ان کے بڑے (بت) کے تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ ☆

۵۹۔ وہ کہنے لگے: جس نے ہمارے معبودوں کا یہ حال کیا ہے یقیناً وہ ظالموں میں سے ہے۔

۶۰۔ کچھ نے کہا: ہم نے ایک جوان کو ان بتوں کا (برے الفاظ میں) ذکر کرتے ہوئے سنا ہے جسے ابراہیم کہتے ہیں۔ ☆

۶۱۔ کہنے لگے: اسے سب کے سامنے پیش کرو تاکہ لوگ اسے دیکھ لیں۔ ☆

۶۲۔ کہا: اے ابراہیم! کیا ہمارے معبودوں کا یہ حال تم نے کیا ہے؟

۶۳۔ ابراہیم نے کہا: بلکہ ان کے اس بڑے (بت) نے ایسا کیا ہے سو ان سے پوچھ لو اگر یہ بولتے ہوں۔ ☆

۶۴۔ (یہ سن کر) وہ اپنے ضمیر کی طرف پلٹے اور کہنے لگے: حقیقتاً تم خود ہی ظالم ہو۔

۶۵۔ پھر وہ اپنے سروں کے بل اوندھے ہو گئے اور (ابراہیم سے کہا): تم جانتے ہو یہ نہیں بولتے۔ ☆

۵۵۔ ہر اندھی تقلید کرنے والا حق کو کھیل اور عبث خیال کرتا ہے اور اپنے باطل نظریے پر نظر ثانی کرنے کے لیے آمادہ نہیں ہوتا۔

۵۶۔ مشرکین کے عقیدے کی رد ہے۔ ان کا یہ عقیدہ تھا کہ آسمانوں اور زمین کا رب اور ہے اور ہمارا رب اور ہے۔ ان کا یہ عقیدہ بھی تھا کہ اللہ صرف خالق ہے، ارباب دوسرے ہیں، ان دونوں نظریوں کی رد میں فرمایا: خالقیت اور ربوبیت میں تفریق نہیں ہے۔ جو خالق ہے وہی رب ہے۔ آسمانوں اور زمین کے رب اور انسانوں کے رب میں بھی تفریق نہیں ہے۔

۵۸۔ تاریخ کی پہلی بت شکنی۔ ایک عظیم سلطنت میں صرف ایک موحد ہے جو پوری قوم کے معبودوں کو ریزہ ریزہ کر دیتا ہے اور بت کی تاریخ میں یہ پہلے بت ہیں جو ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں۔ مشرکین کی تاریخ میں یہ پہلا واقعہ ہے جس میں ان کے معبود ایک اکیلے شخص کے ہاتھوں ریزہ ریزہ ہو جاتے ہیں۔ اِلَّا كَبِيْرًا، بڑے بت کو اس لیے چھوڑا کہ ان کے معبود نہ صرف یہ کہ اپنے آپ کو بچا نہیں سکتے، بلکہ یہ بھی نہیں بتا سکتے کہ کس نے دوسرے بتوں کو ریزہ ریزہ کیا ہے تاکہ بت پرستوں کی منطق بھی ریزہ ریزہ ہو جائے۔

۶۰۔ فَتًى، عمر کے لحاظ سے جواں سال کو کہتے ہیں اور جو نعمت و مردانگی میں اونچا مقام رکھتا ہو اسے بھی فتی کہتے ہیں۔ حضرت ابراہیمؑ دونوں لحاظ سے فتی تھے۔ جواں سال اور جواں ہمت تھے۔ حضرت ابراہیمؑ کے بت شکن عظیم فرزند علی مرتضیٰ (ع) کے بارے میں فرمایا گیا: لَا فَتٰى اِلَّا عَلِيٌّ۔ (الکافی ۸: ۱۱۰) فتوّت و مردانگی صرف انہیں میں منحصر ہے۔

۶۱۔ حضرت ابراہیمؑ کا مقصد یہی تھا کہ سب لوگوں کے سامنے یہ مسئلہ چھڑ جائے تاکہ ان بتوں کی بے بسی سب کے سامنے عیاں ہو جائے۔

۶۳۔ ان بتوں کی بے بسی کو ظاہر کرنے اور بت پرستی کو باطل ثابت کرنے کے لیے دلیل کے طور پر ایک مفروضہ سامنے رکھا کہ ان چھوٹے بتوں کو بڑے بت نے توڑا ہے۔ حضرت ابراہیم (ع) جھوٹ نہیں بول رہے تھے بلکہ ایک مفروضہ قائم کر رہے ہیں کہ تمہارے معبود سے اگر کوئی کام بن سکتا ہے تو دوسرے بتوں کو اسی نے توڑا ہے۔ خود ان سے پوچھ لو اگر یہ بول سکتے ہیں۔ بت

قَالَ اَفَتَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا
لَا يَنْفَعُكُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يَضُرُّكُمْ ﴿٦٦﴾
اُفٍّ لَّكُمْ وَلِمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٧﴾
قَالُوْا حَرِّقُوْهُ وَانْصُرُوْٓا اٰلِهَتَكُمْ
اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ﴿٦٨﴾
قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى
اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾
وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ
الْاَخْسَرِيْنَ ﴿٧٠﴾
وَنَجَّيْنٰهُ وَلُوْطًا اِلَى الْاَرْضِ
الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا لِلْعٰلَمِيْنَ ﴿٧١﴾
وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ ؕ وَيَعْقُوْبَ
نَافِلَةً ؕ وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ ﴿٧٢﴾
وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا
وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ
وَاِقَامَ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ۚ
وَكَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ ﴿٧٣﴾
وَلُوْطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا وَّ
نَجَّيْنٰهُ مِنَ الْقَرْيَةِ الَّتِيْ كَانَتْ
تَّعْمَلُ الْخَبٰٓئِثَ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ
سَوْءٍ فٰسِقِيْنَ ﴿٧٤﴾
وَاَدْخَلْنٰهُ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهٗ مِنَ

۶۶۔ ابراہیم نے کہا: تو پھر تم اللہ کو چھوڑ کر انہیں کیوں پوجتے ہو جو تمہیں نہ فائدہ پہنچا سکتے ہیں اور نہ نقصان؟☆

۶۷۔ تف ہو تم پر اور ان (معبودوں) پر جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پوجتے ہو، کیا تم عقل نہیں رکھتے؟

۶۸۔ وہ کہنے لگے: اگر تمہیں کچھ کرنا ہے تو اسے جلا دو اور اپنے خداؤں کی نصرت کرو۔

۶۹۔ ہم نے کہا: اے آگ! ٹھنڈی ہو جا اور ابراہیم کے لیے سلامتی بن جا۔☆

۷۰۔ اور انہوں نے ابراہیم کے ساتھ اپنا حربہ استعمال کیا اور ہم نے خود انہیں ناکام بنا دیا۔

۷۱۔ اور ہم ابراہیم اور لوط کو بچا کر اس سرزمین کی طرف لے گئے جسے ہم نے عالمین کے لیے بابرکت بنایا ہے۔☆

۷۲۔ اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب بطور عطیہ دیے اور ہم نے ہر ایک کو صالح بنایا۔☆

۷۳۔ اور ہم نے انہیں پیشوا بنایا جو ہمارے حکم کے مطابق رہنمائی کرتے تھے اور ہم نے نیک عمل کی انجام دہی اور قیام نماز اور ادائیگی زکوۃ کے لیے ان کی طرف وحی کی اور وہ ہمارے عبادت گزار تھے۔

۷۴۔ اور لوط کو ہم نے حکمت اور علم عطا کیا اور ہم نے انہیں اس بستی کے شر سے نجات دی جہاں کے لوگ بے حیائی کا ارتکاب کرتے تھے، یقیناً وہ برائی والے اور بدکار قوم تھی۔

۷۵۔ اور ہم نے انہیں (لوط کو) اپنی رحمت میں داخل کیا وہ یقیناً صالحین میں سے

پرستوں کو علم تھا کہ نہ یہ بول سکتے ہیں، نہ توڑ سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ نکلا کہ یہ بے بس معبود نہ کچھ بگاڑ سکتے ہیں نہ کچھ فائدہ دے سکتے ہیں۔

۶۵۔ ضمیر کی اس آواز کے برعکس ان لوگوں نے الٹا سوچنا شروع کیا اور ابراہیم (ع) کو ملزم قرار دیتے ہوئے کہنے لگے: ابراہیم تجھے خود علم ہے یہ نہیں بول سکتے، لہذا تم نے ہی توڑا ہے۔

۶۶۔ اگر یہ بول بھی نہیں سکتے اور دیگر بتوں کے ریزہ ریزہ کرنے والے کا بھی نہیں بتا سکتے تو تم ایسی بے بس چیز کی پوجا کیوں کرتے ہو۔

۶۹۔ جس ذات نے ان تمام اشیاء کو وجود دیا اور ان کو مختلف خاصیتیں عنایت فرمائیں، اس کی قدرت میں ہے کہ ان اشیاء سے ان کی خاصیتیں سلب کر لے۔ ہم نے اس سے پہلے بھی معجزوں کے بارے میں کہا ہے کہ معجزے بلا علت و اسباب رونما نہیں ہوتے۔ البتہ ان کے پیچھے جو علت و سبب ہے وہ ہمارے لیے ناقابل تسخیر ہے۔ آتش کو سوزش دینا اور اس سے اس سوزش کو سلب کرنا خالق آتش کے ہاتھ میں ہے۔ جس ذات کے حکم کُنْ سے لامحدود کائنات وجود میں آئی ہے، یٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا سے ایک آتش پر کُنْ کے اثر کے بارے میں سوال نامعقول بات ہے۔

روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے آتش نمرود میں جاتے ہوئے یہ دعا پڑھی تھی: یا احد یا احد یا صمد یا صمد یا من لم یلد و لم یولد و لم یکن له کفوا احد۔ (الکافی ۸: ۳۶۸)

روایت میں یہ بھی آیا ہے کہ جبرئیل نے حضرت ابراہیمؑ سے اس وقت پوچھا کوئی حاجت ہے؟ تو فرمایا: اما الیك فلا مگر آپ سے کوئی حاجت نہیں (مستدرك الوسائل ۳: ۳۰۳) اللہ پر کامل ایمان و بھروسا رکھنے کا یہ نتیجہ ہوتا ہے کہ جبرئیل جیسے مقتدر فرشتے کو بھی اہمیت میں نہیں لاتے۔

۷۱۔ قوم ابراہیمؑ میں سے صرف حضرت لوطؑ ایمان لے آئے جو آپ کے بھانجے تھے۔ وہ سرزمین جو عالمین کے لیے بابرکت بنائی گئی ہے، سرزمین شام ہے۔ واضح رہے بلاد شام لبنان، فلسطین، اردن اور سوریا کے علاقوں کو کہتے ہیں۔ یہ علاقہ دو ہزار برس تک انبیاء علیہم السلام کا علاقہ رہا ہے۔

۷۲۔ یعنی بیٹے اسحاق کے بعد پوتا یعقوب ایک عطیۂ الٰہی تھا جو دونوں نبوت کی منزلت پر فائز رہے۔

الصّٰلِحِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع ۵

وَ نُوْحًا اِذْ نَادٰى مِنْ قَبْلُ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَنَجَّيْنٰهُ وَ اَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾

وَ نَصَرْنٰهُ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمَ سَوْءٍ فَاَغْرَقْنٰهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿۷۷﴾

وَ دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي الْحَرْثِ اِذْ نَفَشَتْ فِيْهِ غَنَمُ الْقَوْمِ ۚ وَ كُنَّا لِحُكْمِهِمْ شٰهِدِيْنَ ﴿۷۸﴾

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَ كُلًّا اٰتَيْنَا حُكْمًا وَّ عِلْمًا ۫ وَّ سَخَّرْنَا مَعَ دَاوٗدَ الْجِبَالَ يُسَبِّحْنَ وَ الطَّيْرَ ؕ وَ كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۷۹﴾

وَ عَلَّمْنٰهُ صَنْعَةَ لَبُوْسٍ لَّكُمْ لِتُحْصِنَكُمْ مِّنْۢ بَاْسِكُمْ ۚ فَهَلْ اَنْتُمْ شٰكِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

وَ لِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ عَاصِفَةً تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖۤ اِلَى الْاَرْضِ الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ؕ وَ كُنَّا بِكُلِّ شَيْءٍ عٰلِمِيْنَ ﴿۸۱﴾

وَ مِنَ الشَّيٰطِيْنِ مَنْ يَّغُوْصُوْنَ لَهٗ وَ يَعْمَلُوْنَ عَمَلًا دُوْنَ ذٰلِكَ ۚ وَ

تھے۔

۷۶۔ اور نوح کو بھی (ہم نے نوزا) جب انہوں نے ابراہیم سے پہلے (ہمیں) پکارا تو ہم نے ان کی دعا قبول کی، پس انہیں اور ان کے گھر والوں کو بڑی پریشانی سے نجات دی۔

۷۷۔ اور اس قوم کے مقابلے میں ان کی مدد کی جو ہماری نشانیوں کی تکذیب کرتی تھی، یقیناً وہ برے لوگ تھے چنانچہ ہم نے ان سب کو غرق کر دیا۔

۷۸۔ اور داؤد و سلیمان کو بھی (نوازا) جب وہ دونوں ایک کھیت کے بارے میں فیصلہ کر رہے تھے جس میں رات کے وقت لوگوں کی بکریاں بکھر گئی تھیں اور ہم ان کے فیصلے کا مشاہدہ کر رہے تھے۔☆

۷۹۔ تو ہم نے سلیمان کو اس کا فیصلہ سمجھا دیا اور ہم نے دونوں کو حکمت اور علم عطا کیا اور ہم نے پہاڑوں اور پرندوں کو داؤد کے لیے مسخر کیا جو ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے اور ایسا کرنے والے ہم ہی تھے۔☆

۸۰۔ اور ہم نے تمہارے لیے انہیں زرہ سازی کی صنعت سکھائی تاکہ تمہاری لڑائی میں وہ تمہارا بچاؤ کرے تو کیا تم شکر گزار ہو؟☆

۸۱۔ اور سلیمان کے لیے تیز ہوا کو (مسخر کیا) جو ان کے حکم سے اس سرزمین تک چلتی تھی جسے ہم نے بابرکت بنایا تھا اور ہم ہر چیز کا علم رکھنے والے ہیں۔☆

۸۲۔ اور شیاطین میں سے کچھ (کو مسخر بنایا) جو ان کے لیے غوطے لگاتے تھے اور اس کے علاوہ دیگر کام بھی کرتے تھے اور ہم ان

حدیث میں آیا ہے: ولد الولد نافلة (بحار الانوار ۱۲: ۱۰۳) بیٹے کا بیٹا (پوتا) نافلة کہلاتا ہے۔ نافلة یعنی عطیہ۔

۷۸۔ اس آیت کے شان نزول میں روایت ہے کہ ایک شخص کے کھیت میں دوسرے شخص کی بکریاں رات کے وقت گھس گئی تھیں۔ حضرت داؤد (ع) نے فیصلہ دیا کہ بکریاں کھیت والے کو دے دی جائیں۔ حضرت سلیمان نے فیصلہ دیا کہ بکریوں سے اس وقت تک کھیت والا فائدہ اٹھائے جب تک بکریوں والا اس کھیت کو اسی حالت میں تیار کر کے نہ دے۔

روایت کے مطابق یہ عملی فیصلہ نہیں تھا کہ دونوں میں اختلاف آ جائے بلکہ فیصلہ تو حضرت داود کا ہی ہونا چاہیے جو وقت کے حجت ہیں بلکہ حضرت سلیمان کا فہم و ذکاوت دیکھنا مقصود تھا چنانچہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: دونوں نے کوئی فیصلہ نہیں کیا، بلکہ دونوں آپس میں مشاورت کر رہے تھے تو اللہ نے سلیمانؑ کو سمجھا دیا۔ (الفقیہ ۳: ۱۰۰ باب الحکم)

۷۹۔ حضرت داؤدؑ کی خوش الحانی میں یہ معجزہ بھی تھا کہ ان کے ساتھ پہاڑ اور پرندے تسبیح پڑھتے تھے۔ کچھ حضرات اس کی تاویل کرتے ہیں کہ حضرت داؤدؑ کی سریلی آواز سے پہاڑ گونج اٹھتے تھے، پرندے ٹھہر جاتے تھے۔ یہ تاویل ظاہر آیت کے خلاف ہے۔ سریلی آواز کا پہاڑ میں گونجنا حضرت داؤدؑ کے ساتھ مخصوص نہیں ہے۔ ہر اونچی آواز کی گونج پہاڑوں میں سنائی دیتی ہے، اس کو سَخَّرْنَا ''ہم نے پہاڑ کو داؤدؑ کے لیے مسخر کر دیا'' کہنا درست نہیں۔

۸۰۔ آثار قدیمہ کی تحقیقات کے مطابق بھی حضرت داؤدؑ کے زمانے میں ہی زرہ سازی کی صنعت شروع ہو گئی تھی۔

۸۱۔ ممکن ہے حضرت سلیمانؑ کے لیے تسخیر ہوا، جہاز رانی میں ہوئی ہو، کیونکہ اس زمانے میں بحری جہاز کا انحصار صرف ہوا پر تھا اور ممکن ہے کہ وہ دوش ہوا پر سفر کرتے ہوں۔

۸۲۔ تسخیر جنات کی طرف اشارہ ہے۔ شیاطین کو حضرت سلیمان کے لیے مسخر کرنے کے بعد ان شیطانوں کی نگہبانی خود خداوند عالم کرتا تھا کہ وہ حضرتؑ کے حسب منشا کام کریں، سرکشی اور فساد پیدا نہ کریں۔

كُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٨٢﴾

سب کی نگہبانی کرتے تھے۔☆

وَاَيُّوْبَ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ

۸۳۔اور ایوب کو بھی (اپنی رحمت سے نوازا) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا: مجھے

الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿٨٣﴾

(بیماری سے) تکلیف ہو رہی ہے اور تو ارحم الراحمین ہے۔☆

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ فَكَشَفْنَا مَا بِهٖ مِنْ

۸۴۔تو ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ان کی تکلیف ان سے دور کر دی اور انہیں ان کے

ضُرٍّ وَّاٰتَيْنٰهُ اَهْلَهٗ وَمِثْلَهُمْ

اہل وعیال عطا کیے اور اپنی رحمت سے ان کے ساتھ اتنے مزید بھی جو عبادت گزاروں

مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنْ عِنْدِنَا

کے لیے ایک نصیحت ہے۔

وَذِكْرٰى لِلْعٰبِدِيْنَ ﴿٨٤﴾

۸۵۔اور اسماعیل اور ادریس اور ذوالکفل کو

وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِدْرِيْسَ وَذَا الْكِفْلِ ؕ

بھی (اپنی رحمت سے نوازا) یہ سب صبر

كُلٌّ مِّنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿٨٥﴾

کرنے والوں میں سے تھے۔☆

وَاَدْخَلْنٰهُمْ فِيْ رَحْمَتِنَا ؕ اِنَّهُمْ

۸۶۔اور ہم نے انہیں اپنی رحمت میں داخل کیا، یقیناً یہ صالحین میں سے تھے۔

مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٦﴾

۸۷۔ اور ذوالنون کو بھی (اپنی رحمت سے

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا

نوازا) جب وہ غصے میں چل دیے اور

فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى

خیال کرنے لگے کہ ہم ان پر سختی نہیں

فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

کریں گے، چنانچہ وہ اندھیروں میں

سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ

پکارنے لگے: تیرے سوا کوئی معبود نہیں،

الظّٰلِمِيْنَ ﴿٨٧﴾

تو پاک ہے، یقیناً میں ہی زیادتی کرنے والوں میں سے ہوں۔☆

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّيْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ؕ

۸۸۔ پھر ہم نے ان کی دعا قبول کی اور ہم نے انہیں غم سے نجات دی اور ایمان والوں

وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨٨﴾

کو ہم اسی طرح نجات دیتے ہیں۔

وَزَكَرِيَّآ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ رَبِّ لَا

۸۹۔ اور زکریا کو بھی (رحمتوں سے نوازا) جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا: میرے

تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ

پروردگار! مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو بہترین

الْوٰرِثِيْنَ ﴿٨٩﴾

وارث ہے۔☆

فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۖ وَوَهَبْنَا لَهٗ يَحْيٰى

۹۰۔پس ہم نے ان کی دعا قبول کی اور انہیں یحییٰ عطا کیے اور ان کی بیوی کو ان کے لیے

وَاَصْلَحْنَا لَهٗ زَوْجَهٗ ؕ اِنَّهُمْ

نیک بنا دیا، یہ لوگ کارہائے خیر میں سبقت

۸۳۔حضرت ایوبؑ بنی اسرائیل کے ایک جلیل القدر پیغمبر تھے۔ آپؑ تقریباً نویں صدی قبل مسیح میں مبعوث ہوئے۔ آپ کو مال و اولاد اور بیماری کی کڑی آزمائشوں سے گزارا گیا اور آپ صابر و شاکر ثابت ہوئے۔

۸۵۔حضرت ذوالکفل کے بارے میں قدیم و جدید مورخین و مفسرین میں اختلاف ہے کہ یہ پیغمبر کون ہیں۔ بعض حضرات کا خیال ہے کہ یہ حزقیل پیغمبر ہیں جن کا ذکر بائیبل میں صحیفہ حزقی ایل میں ملتا ہے۔ ہماری روایات میں آیا ہے کہ حضرت ذوالکفل (ع) حضرت سلیمان کے بعد مبعوث ہوئے۔

۸۷۔ ذوالنون حضرت یونسؑ کا لقب ہے۔ یعنی مچھلی والے، وہ اپنی قوم کی نافرمانی کی وجہ سے قوم سے ناراض ہو کر چلے گئے۔ ان کو مچھلی نے نگل لیا۔ اللہ نے ان کو نجات دی۔ یہ نجات کوتاہی کے اعتراف اور تسبیح کی وجہ سے دے دی گئی۔ پھر تمام اہل ایمان کے لیے نوید سنائی کہ ان کو بھی اسی طرح غم سے نجات مل جایا کرے گی۔ اگر مؤمن، یونس (ع) کی طرح صدق دل سے اللہ کو پکارے تو اللہ بھی اس کو اسی طرح نجات دے گا جس طرح یونسؑ کو نجات دی ہے۔

۸۹۔تنہا نہ چھوڑ یعنی بے اولاد نہ چھوڑ۔

۹۰۔اللہ کی بارگاہ میں دعا کرنے کے دو سبب ہوتے ہیں: اس کی خوشنودی کا شوق اور اس کی ناراضی کا خوف۔ خوف و امید کے درمیان میں رہ کر ہی بندگی کرنا مستحسن ہے۔

كَانُوْا يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ
وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ؕ وَكَانُوْا
لَنَا خٰشِعِيْنَ ﴿۹۰﴾
وَالَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا
فِيْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ
اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۹۱﴾
اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّ
اَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ﴿۹۲﴾
وَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ ؕ كُلٌّ
ع ۱۸ ۶ اِلَيْنَا رٰجِعُوْنَ ﴿۹۳﴾
فَمَنْ يَّعْمَلْ مِنَ الصّٰلِحٰتِ وَهُوَ
مُؤْمِنٌ فَلَا كُفْرَانَ لِسَعْيِهٖ ۚ وَاِنَّا
لَهٗ كٰتِبُوْنَ ﴿۹۴﴾
وَحَرٰمٌ عَلٰى قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَآ
اَنَّهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۹۵﴾
حَتّٰٓى اِذَا فُتِحَتْ يَاْجُوْجُ وَ
مَاْجُوْجُ وَهُمْ مِّنْ كُلِّ حَدَبٍ
يَّنْسِلُوْنَ ﴿۹۶﴾
وَاقْتَرَبَ الْوَعْدُ الْحَقُّ فَاِذَا هِيَ
شَاخِصَةٌ اَبْصَارُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ
يٰوَيْلَنَا قَدْ كُنَّا فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا
بَلْ كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿۹۷﴾
اِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

کرتے تھے اور شوق و خوف (دونوں حالتوں) میں ہمیں پکارتے تھے اور ہمارے لیے خشوع کرنے والے تھے۔☆

۹۱۔ اور اس خاتون کو بھی (نوازا) جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی اس لیے ہم نے ان میں اپنی روح میں سے پھونک دیا اور انہیں اور ان کے بیٹے (عیسیٰ) کو تمام اہل عالم کے لیے ایک نشانی بنا دیا۔☆

۹۲۔ یہ تمہاری امت یقیناً امت واحدہ ہے اور میں تمہارا رب ہوں لہٰذا تم صرف میری عبادت کرو۔☆

۹۳۔ لیکن انہوں نے اپنے (دینی) معاملات میں تفرقہ ڈال دیا۔ آخرکار سب نے ہماری طرف رجوع کرنا ہے۔

۹۴۔ پس جو نیک اعمال بجالائے اور وہ مومن ہو تو اس کی کوشش کی ناقدری نہ ہوگی اور ہم (اس کے اعمال) اس کے لیے لکھ رہے ہیں۔☆

۹۵۔ اور جس بستی کو ہم نے ہلاک کیا ہے اس کے (مکینوں) کے لیے ممکن نہیں کہ وہ (دوبارہ) لوٹ کر آئیں۔☆

۹۶۔ یہاں تک کہ جب یاجوج و ماجوج (کا راستہ) کھول دیا جائے گا تو وہ ہر بلندی سے نکل پڑیں گے۔☆

۹۷۔ اور برحق وعدہ قریب آنے لگے گا تو کفار کی آنکھیں یکا یک کھلی رہ جائیں گی، (وہ کہیں گے) ہائے ہماری تباہی! ہم واقعی اس سے غافل تھے، بلکہ ہم تو ظالم تھے۔☆

۹۸۔ بتحقیق تم اور تمہارے وہ معبود جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پوجتے تھے جہنم کا ایندھن ہیں

۹۱۔ انسانی تخلیق کے لیے پہلے نطفہ، پھر اس میں روح پھونکنا ہوتی ہے۔ حضرت عیسیٰ (ع) کی ولادت قانون فطرت کے دائرے سے خارج نہ تھی۔ صرف یہ کہ حمل اور نفخ روح دو الگ مرحلوں میں نہیں ہوا جو عام طور پر ہوتا ہے، بلکہ یہ کام ایک ہی مرحلے میں ہو گیا یعنی نفخ روح کے ساتھ ساتھ۔

۹۲۔ تمام انسانوں کا رب ایک ہے تو لازماً سب انسان ایک ہی امت ہیں۔ سب اللہ کے بندے ہیں اور تمام انبیاء اسی ایک رب کی طرف بلانے آئے ہیں۔ لیکن لوگوں نے اس ایک پیغام کو اپنی اپنی خواہشات و مفادات کے تحت کچھ بڑھا کر کچھ گھٹا کر مختلف فرقے بنا دیئے۔

۹۴۔ عمل کو ایمان سے قیمت ملتی ہے۔ اگر ایمان نہیں تو بے ایمان کے اعمال حبط ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ ایمان کے بغیر عمل کو قیمت نہیں ملتی، اسی طرح عمل کے بغیر ایمان کو وجود نہیں ملتا۔

۹۵۔ جس بستی کو ہم نے ہلاک کیا ہو، ان کے لیے واپسی ممکن نہیں۔ اس پورے سفر میں واپسی ممکن نہیں۔ نہ شکم مادر سے صلب پدر کی طرف، نہ روئے زمین سے شکم مادر کی طرف، نہ قبر سے روئے زمین کی طرف پلٹ سکتے ہیں۔

۹۶۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یاجوج و ماجوج ایسی درندگی کی علامت ہیں جو کسی انسانی و اخلاقی قدروں کو نہیں جانتے۔ وہ ہر طرف سے پرامن لوگوں پر حملہ کریں گے، بلکہ یہ اشارہ بھی ملتا ہے کہ وہ اونچی جگہوں سے حملہ آور ہوں گے۔ چنانچہ روایت میں آیا ہے کہ قیامت کے نزدیک ہونے کی علامات میں سے ایک خروج دجال و یاجوج و ماجوج ہے۔

۹۷۔ قیامت کا دہشت ناک منظر دیکھنے کے بعد کافر پہلے تو یہ کہیں گے کہ ہم نے خیال نہیں کیا تھا کہ قیامت اس قدر خوفناک ہے۔ بعد میں متوجہ ہو جائیں گے کہ انبیاء نے ساری صورت حال بیان کی تھی۔ لیکن ہم نے ان کی بات تسلیم نہ کر کے اپنے اوپر ظلم کیا ہے۔

۹۸۔ اس سے مراد وہ معبود ہیں جو عقل و شعور نہیں رکھتے اور خود بھی غیر اللہ کو معبود بنانے میں ملوث نہیں ہیں۔ کیونکہ عربی زبان میں ما صاحب عقل کے لیے استعمال نہیں ہوتا، لہذا یہ اعتراض وارد نہیں ہوتا کہ اس میں حضرت عیسیٰؑ و ملائکہ بھی شامل ہیں جن کی لوگ پرستش کرتے ہیں۔

حَصَبُ جَهَنَّمَ ؕ اَنْتُمْ لَهَا وٰرِدُوْنَ ﴿۹۸﴾
لَوْ كَانَ هٰٓؤُلَآءِ اٰلِهَةً مَّا وَرَدُوْهَا ؕ
وَكُلٌّ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۹۹﴾
لَهُمْ فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّهُمْ فِيْهَا لَا
يَسْمَعُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى ۙ
اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ ۙ
لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا ۚ وَهُمْ فِيْ
مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۲﴾ ۚ
لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَ
تَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ هٰذَا يَوْمُكُمُ
الَّذِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾
يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ
لِلْكُتُبِ ؕ كَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ
خَلْقٍ نُّعِيْدُهٗ ؕ وَعْدًا عَلَيْنَا ؕ اِنَّا
كُنَّا فٰعِلِيْنَ ﴿۱۰۴﴾
وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْۢ بَعْدِ
الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا
عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
اِنَّ فِيْ هٰذَا لَبَلٰغًا لِّقَوْمٍ عٰبِدِيْنَ ﴿۱۰۶﴾ ؕ
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً
لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۰۷﴾
قُلْ اِنَّمَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ

جہاں تمہیں داخل ہونا ہے۔☆

۹۹۔ اگر یہ معبود ہوتے تو جہنم میں داخل نہ ہوتے اور اب سب کو اسی میں ہمیشہ رہنا ہے۔

۱۰۰۔ جہنم میں ان کا شور ہوگا اور وہ اس میں کچھ نہ سن سکیں گے۔

۱۰۱۔ جن کے حق میں ہماری طرف سے پہلے ہی (جنت کی) خوشخبری مل چکی ہے وہ اس آتش سے دور ہوں گے۔

۱۰۲۔ جہاں وہ اس کی آہٹ تک نہ سنیں گے اور وہ ہمیشہ ان چیزوں میں رہیں گے جو ان کی خواہشات کے مطابق ہوں گی۔

۱۰۳۔ انہیں قیامت کے بڑے خوفناک حالات بھی خوفزدہ نہیں کریں گے اور فرشتے انہیں لینے آئیں گے (اور کہیں گے) یہ تمہارا وہی دن ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔☆

۱۰۴۔ اس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جس طرح طومار میں اوراق لپیٹتے ہیں، جس طرح ہم نے خلقت کی ابتدا کی تھی، اسے ہم پھر دہرائیں گے، یہ وعدہ ہمارے ذمے ہے جسے ہم ہی پورا کرنے والے ہیں۔☆

۱۰۵۔ اور ہم نے زبور میں ذکر کے بعد لکھ دیا ہے کہ زمین کے وارث ہمارے نیک بندے ہوں گے۔☆

۱۰۶۔ اس (بات) میں بندگی کرنے والوں کے لیے یقیناً ایک آگاہی ہے۔

۱۰۷۔ اور (اے رسول) ہم نے آپ کو بس عالمین کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔☆

۱۰۸۔ کہہ دیجیے: میرے پاس وحی آئی ہے کہ تمہارا معبود بس ایک ہی معبود ہے، تو کیا

۱۰۳۔ قیامت کی اس عظیم ہولناک حالت میں ان لوگوں کو کوئی غم نہ ہوگا جن کو اللہ نے پہلے وعدۂ نجات دے دیا ہے۔ فرشتے انہیں خوش آمدید کہیں گے اور کہیں گے: هٰذَا يَوْمُكُمُ آج تمہارا دن ہے۔ وہی دن جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔

۱۰۴۔ یعنی جس حالت سے ہم نے آسمان کی خلقت کی ابتدا کی تھی اسی حالت کو دہرائیں گے۔ یعنی اس وسیع و عریض آسمان کو طومار میں اوراق کی طرح لپیٹ لیں گے۔ جس سے ساری کتابت نظروں سے اوجھل ہو جائے گی۔ اسی طرح آسمان بھی غائب ہو جائے گا اور آسمان کی خلقت سے پہلے کی حالت کا اعادہ ہو جائے گا: لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا کی حالت میں آ جائے گا۔ اس آیت کی دوسری تفسیر یہ ہو سکتی ہے کہ موجودہ آسمان کے لپیٹ لینے کے بعد ہم ایک نیا عالم اور جدید کائنات پیدا کریں گے۔ یعنی جس طرح موجودہ آسمان کے لپیٹ لینے کے بعد ہم ایک نیا عالم اور جدید کائنات پیدا کریں گے۔ اس طرح ہم اس کا اعادہ کریں گے اور جدید کائنات بنائیں گے۔ یہ تفسیر لفظ اعادہ کے ساتھ قرین حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

۱۰۵۔ دنیا میں ہر شخص موجودہ صورت حال سے نالاں ہے، کوئی مالی فقر میں مبتلا ہے تو کوئی روحانی محرومیت سے دوچار ہے۔ اس لیے ہر شخص کا ضمیر اور وجدان ایک عدل و انصاف اور امن و آشتی پر مبنی نظام کا طالب ہے۔ ظاہر ہے جس چیز کا سرے سے کوئی وجود نہ ہو انسانی ضمیر اسے طلب نہیں کرتا۔ اگر پانی کا وجود نہ ہوتا تو اس کی کسی کو طلب بھی نہ ہوتی۔ لہٰذا انسانی ضمیر کی طلب اس بات کی دلیل ہے کہ انسانیت کو ایک ایسا نظام ملنے والا ہے جس میں اللہ کے نیک بندے ہی زمین کے وارث ہوں گے اور زمین عدل و انصاف سے اس طرح پر ہو جائے گی جس طرح یہ ظلم و جور سے پر ہو گئی تھی۔

دنیا کو ہے اس مہدیؑ برحق کی ضرورت
ہو جس کی نگہ زلزلہ عالم افکار

۱۰۷۔ اہل عالم کو اپنے اللہ کی طرف سے ایک ایسا دستور حیات پیش فرمایا جس میں زندگی کے ہر قدم کی رہنمائی ہے، دارین کی سعادت ہے۔ اس نے دنیا کو تہذیب سکھائی، تمدن کی راہ کھولی، اس نے زندگی کا سلیقہ سکھایا، انسانیت کو امن کا درس دیا، انسان کو اس کی قدریں سمجھا دیں، انسان کو انسانی

إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ۚ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ﴿۳۴﴾
الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ اَصَابَهُمْ
وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ
عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَاَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَالْمُعْتَرَّ ۚ
كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾
لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَلَا دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى مِنْكُمْ ۚ
كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ۚ وَبَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾
اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْا ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ﴿۳۹﴾
الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ۚ
وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ
يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًا ۚ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾
اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ ۚ
وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾
وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿۴۲﴾
وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿۴۳﴾
وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾
فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَاۤ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ
فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِىْ فِى الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾
وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۚ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾
وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَىَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾
قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾
فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾
وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِىْۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾
وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِىٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِىْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ
فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۚ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾
لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِىْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۚ
وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِىْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾
وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۚ
وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾
وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِىْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾
اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ۚ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ۚ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِىْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾
وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْۤا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ۚ
وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾
لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾
ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِىَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ۚ
اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ ۚ
وَاَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ
وَاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ۚ
اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾
لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۚ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيْدُ ﴿۶۴﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِى الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِىْ فِى الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ
وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۵﴾
وَهُوَ الَّذِىْۤ اَحْيَاكُمْ ۚ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ۚ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾
لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ۚ
اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۶۷﴾
وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۶۸﴾
اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿۶۹﴾
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۗ اِنَّ ذٰلِكَ فِىْ كِتٰبٍ ۗ
اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۷۰﴾
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهٖ عِلْمٌ ۗ
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ﴿۷۱﴾
وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ تَعْرِفُ فِىْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۗ
يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۗ قُلْ اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمُ ۗ
اَلنَّارُ ۗ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۗ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۷۲﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ۗ
اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّلَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ۗ
وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ۗ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾
مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۗ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾
اَللّٰهُ يَصْطَفِىْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۗ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾
وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ۗ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ۗ
مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ۗ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِىْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ۗ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۷۸﴾

عظمت واپس دلا دی اور یہ عالمین کے لیے رحمت بن کر آیا۔

۱۰۹۔ اٰذَنْتُكُمْ عَلٰى سَوَآءٍ: تمہیں حقائق سے یکساں طور پر آگاہ کر دیا ہے۔ تبلیغ احکام میں تفریق سے کام نہیں لیا گیا کہ کچھ کو پورے حقائق سے آگاہ کیا ہو اور کچھ سے پوشیدہ رکھا ہو۔ سَوَآءٍ کے معنی ''نہایت صاف'' یا ''علی الاعلان'' کرنا اشتباہ ہے۔

وَاِنْ اَدْرِیْۤ: اللہ کی دعوت کو مسترد کرنے کی صورت میں تمہیں گرفت میں لینے کا وقت قریب ہے یا دور، اس کا میں اظہار نہیں کر سکتا۔

۱۱۲۔ پہلے جملے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے رب کی طرف متوجہ ہوتے ہیں اور اپنے حق کا فیصلہ دینے کی درخواست کرتے ہیں۔ بعد میں لوگوں کی طرف رخ کرتے ہیں اور اللہ کی رحمانیت کے حوالے سے بات کرتے ہیں: ہمارے مہربان رب سے مدد لی جاتی ہے۔ وہ تمہارے مقابلے ہماری مدد کرے گا۔

سورہ حج

۲۔ قیامت کے موقع پر، وہ ماں جو جان سے بھی زیادہ عزیز لاڈلے بچے کو دودھ پلا رہی ہو گی، اس بچے سے بھی غافل ہو جائے گی۔

۳۔ جو لوگ اللہ کے بارے میں کج بحثی کرتے ہیں وہ جہالت کی بنیاد پر ایسا کرتے ہیں۔ کیونکہ اللہ کے بارے میں بحث پوری کائنات کے بارے میں بحث ہے، جس پر انسان کا احاطہ علم ناممکن ہے۔ لہذا کوئی یہ دعویٰ نہیں کر سکتا کہ میں نے پوری کائنات کو چھان مارا ہے کہیں اللہ نظر نہیں آیا۔ جب کہ اللہ کے وجود کے لیے ایسا نہیں ہے۔ آثار و نشانیوں سے اس کی معرفت ہو جاتی ہے۔ مثلاً ایک گھڑی گھر میں گم ہو جاتی ہے تو یہ کہنے کے لیے کہ گھڑی گھر میں نہیں ہے، پورا گھر چھان مارنا پڑتا ہے۔ لیکن یہ کہنے کے لیے کہ گھڑی گھر میں ہے، آثار کا حوالہ دیا جا سکتا ہے۔ مثلاً گھڑی کی آواز آ رہی ہو تو ثبوت کے لیے کافی ہے کہ گھڑی گھر میں موجود ہے۔ اسی طرح اللہ کے وجود کے اثبات کے لیے کائنات کو چھان مارنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آثار سے ثابت ہو جاتا ہے۔

تم تسلیم کرتے ہو؟

۱۰۹۔ پھر اگر انہوں نے منہ موڑ لیا تو کہ دیجئے: ہم نے تمہیں یکساں طور پر آگاہ کر دیا ہے اور جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا ہے وہ قریب ہے یا دور، یہ میں نہیں جانتا۔☆

۱۱۰۔ اور وہ بلند آواز سے کہی جانے والی باتوں کو بھی یقیناً جانتا ہے اور انہیں بھی جانتا ہے جنہیں تم پوشیدہ رکھتے ہو۔

۱۱۱۔ اور میں نہیں جانتا شاید اس (عذاب کی تاخیر) میں تمہاری آزمائش ہے اور ایک مدت تک سامان زیست ہے۔

۱۱۲۔ رسول نے کہا: میرے پروردگار تو ہی حق کا فیصلہ فرما اور تم جو باتیں بناتے ہو اس کے مقابلے میں ہمارے مہربان رب سے ہی مدد مانگی جاتی ہے۔☆

سورۂ حج ۔ مدنی۔ آیات: ۷۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے لوگو! اپنے پروردگار سے ڈرو کیونکہ قیامت کا زلزلہ بڑی (خوفناک) چیز ہے۔

۲۔ جس دن تم اسے دیکھو گے ہر دودھ پلانے والی (ماں) اپنے شیر خوار کو بھول جائے گی اور تمام حاملہ عورتیں اپنا حمل گرا بیٹھیں گی اور تم لوگوں کو نشے کی حالت میں دیکھو گے، حالانکہ وہ نشے میں نہ ہوں گے بلکہ اللہ کا عذاب بڑا شدید ہو گا۔☆

۳۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو لاعلمی کے باوجود اللہ کے بارے میں کج بحثیاں کرتے ہیں اور ہر سرکش شیطان کی پیروی کرتے ہیں۔☆

كُتِبَ عَلَيْهِ اَنَّهٗ مَنْ تَوَلَّاهُ فَاَنَّهٗ
يُضِلُّهٗ وَيَهْدِيْهِ اِلٰى عَذَابِ
السَّعِيْرِ ۝٤
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ
الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ
تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ
عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّ
غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ؕ
وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَآءُ اِلٰٓى
اَجَلٍ مُّسَمًّى ثُمَّ نُخْرِجُكُمْ
طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ۚ وَ
مِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى وَمِنْكُمْ مَّنْ
يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَيْلَا يَعْلَمَ
مِنْۢ بَعْدِ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ وَتَرَى
الْاَرْضَ هَامِدَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا
الْمَآءَ اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ وَاَنْۢبَتَتْ
مِنْ كُلِّ زَوْجٍۭ بَهِيْجٍ ۝٥
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّهٗ يُحْيِ
الْمَوْتٰى وَاَنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝٦
وَّاَنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا ۙ وَ
اَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ۝٧
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي اللّٰهِ
بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ

۴۔ جب کہ اس شیطان کے بارے میں یہ لکھا گیا ہے کہ جو اسے دوست بنائے گا اسے وہ گمراہ کرے گا اور جہنم کے عذاب کی طرف اس کی رہنمائی کرے گا۔

۵۔ اے لوگو! اگر تمہیں موت کے بعد زندگی کے بارے میں شبہ ہے تو سوچو ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفہ سے پھر خون کے لوتھڑے سے پھر گوشت کی تخلیق شدہ اور غیر تخلیق شدہ بوٹی سے تاکہ ہم (اس حقیقت کو) تم پر واضح کریں اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک مقررہ وقت تک رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں پھر تمہیں ایک طفل کی شکل میں نکال لاتے ہیں تاکہ پھر تم جوانی کو پہنچ جاؤ اور تم میں سے کوئی فوت ہو جاتا ہے اور کوئی تم میں سے نکمی عمر کو پہنچا دیا جاتا ہے تاکہ وہ جاننے کے بعد بھی کچھ نہ جانے اور تم دیکھتے ہو کہ زمین خشک ہوتی ہے لیکن جب ہم اس پر پانی برساتے ہیں تو یہ جنبش میں آ جاتی ہے اور ابھرنے لگتی ہے اور مختلف اقسام کی پر رونق چیزیں اگاتی ہے۔☆

۶۔ یہ سب اس لیے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے اور وہی مردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۷۔ اور یہ کہ قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی شک نہیں اور یہ کہ اللہ ان سب کو اٹھائے گا جو قبروں میں ہیں۔☆

۸۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے بارے میں بغیر کسی علم اور ہدایت اور

۵۔ جو لوگ بروز قیامت دوبارہ زندہ ہونے کو ناممکن تصور کرتے ہیں ان سے خطاب ہے کہ جو ذات تمہیں پہلی بار مٹی سے پیدا کرنے پر قادر ہے وہی ذات تمہیں اس مٹی سے دوبارہ اٹھانے پر بھی قادر ہے۔ اس نے پہلی بار جب انسان کو مٹی سے خلق فرمایا تو اس میں منتشر عناصر کو ایک جگہ جمع کیا۔ چنانچہ مٹی کے یہ عناصر کرہ ارض کے گوشہ و کنار سے سمٹ کر انسان کی غذا بن گئے۔ گندم کسی علاقے سے، پھل کسی علاقے سے، گوشت کسی علاقے سے، پانی پہاڑوں کی چوٹیوں سے، غرض یہ بکھرے ہوئے عناصر سمٹ کر انسان کے دسترخوان پر آئے جن سے انسانی تخلیق کے لیے مواد فراہم ہوا۔ غذا، نطفہ، لوتھڑا، گوشت کی بوٹی پھر ایک کامل انسان۔ وہی ذات اس انسان کے بکھرے ہوئے عناصر کو دوبارہ جمع کر کے اسے زندگی دے سکتی ہے۔ دوسری بات مردہ زمین کی ہے کہ جس پر پانی پڑنے سے یہ متحرک ہو جاتی ہے، پھر اس کے اندر نباتی حیات پیدا ہو جاتی ہے۔ اس طرح تم حیات بعد از موت کا منظر روز مشاہدہ کرتے ہو، پھر بھی تمہیں اس بات میں شک ہے کہ اللہ مردے کو کس طرح دوبارہ زندہ کرے گا؟

مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّغَيْرِ مُخَلَّقَةٍ: مفسرین اور مترجمین نے مُّخَلَّقَةٍ کا ترجمہ پوری اور غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ کا ترجمہ ادھوری سے کیا ہے، جو بظاہر درست نہیں، کیونکہ مُّخَلَّقَةٍ اور غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ اس مُّضْغَةٍ کی صفت ہے جس سے انسان خلق ہو رہا ہے، ادھوری سے خلق نہیں ہوتا۔
جدید تحقیقات سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ مضغۃ کی دو ذمہ داریاں ہیں: ایک بچے کے اعضاء کی ساخت اور دوسرے اس کی حفاظت۔ مخلقۃ کی ذمہ داری اعضاء کی ساخت ہے، جب کہ مضغۃ غیر مخلقۃ کا کام اس کی حفاظت اور غذا کا انتظام کرنا ہے۔ چنانچہ ظلمات ثلاث میں بند اس نازک مخلوق کے لیے کشش جہت سے غذا بہم پہنچائی جاتی ہے۔

۶۔ یعنی اللہ ایک حقیقت واقعیہ ہے کسی کی ذہنی اختراع نہیں ہے بلکہ تمام حق و حقیقت کا سرچشمہ اللہ ہے، اللہ کا حق ہونا کسی کی طرف سے عطا شدہ نہیں ہے۔ وہ بذات خود حق ہے۔

۷۔ اللہ کے حق ہونے کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ خلقت کائنات کا ایک معقول انجام ہے، وہ حیات بعد الموت ہے۔ اگر مرنے کے بعد کوئی زندگی نہ ہوتی

مُّنِيْرٍ ۙ﴿۸﴾

ثَانِيَ عِطْفِهٖ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ؕ لَهٗ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّنُذِيْقُهٗ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۹﴾
ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ يَدٰكَ وَاَنَّ اللّٰهَ
ع ۸ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۱۰﴾ ع
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّعْبُدُ اللّٰهَ عَلٰى
حَرْفٍ ۚ فَاِنْ اَصَابَهٗ
خَيْرُ ۨ اطْمَاَنَّ بِهٖ ۚ وَاِنْ اَصَابَتْهُ
فِتْنَةُ ۨ انْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ ۚ
خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ
الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۱﴾
يَدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَضُرُّهٗ
وَمَا لَا يَنْفَعُهٗ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ
الْبَعِيْدُ ﴿۱۲﴾ ج
يَدْعُوْا لَمَنْ ضَرُّهٗۤ اَقْرَبُ مِنْ
نَّفْعِهٖ ؕ لَبِئْسَ الْمَوْلٰى وَلَبِئْسَ
الْعَشِيْرُ ﴿۱۳﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ
مَا يُرِيْدُ ﴿۱۴﴾
مَنْ كَانَ يَظُنُّ اَنْ لَّنْ يَّنْصُرَهُ اللّٰهُ

روشن کتاب کے کج بحثیاں کرتے ہیں۔

۹۔ تاکہ متکبرانہ انداز میں لوگوں کو راہ خدا سے گمراہ کریں، اس کے لیے دنیا میں خواری ہے اور قیامت کے روز ہم اسے آگ کا عذاب چکھائیں گے۔☆

۱۰۔ یہ سب تیرے اپنے دونوں ہاتھوں سے آگے بھیجے ہوئے کی وجہ سے ہے ورنہ اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۱۱۔ اور لوگوں میں کوئی ایسا بھی ہے جو اللہ کی یکطرفہ بندگی کرتا ہے، اگر اسے کوئی فائدہ پہنچے تو مطمئن ہو جاتا ہے اور اگر اسے کوئی مصیبت پہنچے تو منہ کے بل الٹ جاتا ہے، اس نے دنیا میں بھی خسارہ اٹھایا اور آخرت میں بھی، یہی کھلا نقصان ہے۔☆

۱۲۔ یہ اللہ کے سوا ایسی چیز کو پکارتا ہے جو اسے نہ ضرر دے سکتی ہے اور نہ اسے فائدہ دے سکتی ہے، یہی تو بڑی کھلی گمراہی ہے۔☆

۱۳۔ وہ ایسی چیز کو پکارتا ہے جس کا ضرر اس کے فائدے سے زیادہ قریب ہے، کتنا برا ہے اس کا سرپرست اور اس کا رفیق بھی کتنا برا ہے۔☆

۱۴۔ اللہ ایمان لانے والوں اور نیک اعمال بجا لانے والوں کو یقیناً ایسے باغات میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، اللہ جس چیز کا ارادہ کر لیتا ہے اسے یقیناً کر گزرتا ہے۔

۱۵۔ جو یہ گمان کرتا ہے کہ اللہ دنیا و آخرت میں رسول کی مدد نہیں کرے گا (اب رسول

تو دنیا کی یہ زندگی عبث اور بے معنی ہو کر رہ جاتی ہے۔

۹۔ ثَانِيَ عِطْفِهٖ کا لفظی ترجمہ شانہ پھیرنے والا ہے اَلثَّنْيُ: پھیرنا۔ العِطف یعنی الجانب، شانہ پہلو۔ یہ جملہ تکبر کرنے اور اکڑنے والے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ظلّام: صیغہ مبالغہ کبھی پیشہ بیان کرنے کے لیے آتا ہے۔ جیسے نجّار، تمّار۔ بعض فرماتے ہیں: اگر اللہ کافر اور ظالم کو عذاب دینے کی جگہ مؤمنوں اور پاکیزہ لوگوں کے برابر رکھتا تو یہ بہت بڑا ظلم ہوتا۔ اس لیے فرمایا: اللہ ظلّام بہت ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۱۱۔ یک طرفہ بندگی۔ یعنی صرف ایک صورت میں بندگی کرتے ہیں۔ وہ آسودگی کی صورت ہے کہ اگر نعمتیں فراواں ہو جائیں، دین کی طرف سے آسائشیں مل جائیں تو دینداری کرتے ہیں۔ فی الواقع وہ اپنی دنیا کے لیے دینداری کرتے ہیں۔ چنانچہ اگر دینداری میں اس کو دنیا نہ ملے اور قربانی دینا پڑے تو فوراً منقلب ہو جاتے ہیں اور دینداری چھوڑ دیتے ہیں۔ اس قسم کے لوگوں کا انجام یہ ہوگا: نہ دنیا ملی، نہ دین ہاتھ میں رہا۔ دونوں جہانوں کا خسارہ اٹھایا۔

۱۲۔۱۳ پہلی آیت میں فرمایا: ان کے معبود نہ ضرر دے سکتے ہیں نہ فائدہ۔ دوسری آیت میں فرمایا: ان کا ضرر فائدہ سے زیادہ قریب ہے۔ یعنی ضرر زیادہ ہے۔ جواب یہ ہے کہ خود بے جان بت نہ ضرر دے سکتے ہیں نہ فائدہ۔ ان دونوں باتوں کی ان میں صلاحیت نہیں ہے۔ جبکہ دوسری آیت کا مطمح نظر یہ ہے کہ خود بتوں سے قطع نظر، بتوں کی پرستش میں ضرر ہے۔ لہٰذا پہلی آیت کی نظر خود بتوں کی طرف ہے۔ دوسری آیت کی نظر پرستش کی طرف ہے۔

۱۵۔ يَّنْصُرَهُ کی ضمیر رسول اللہ (ص) کی طرف جاتی ہے تو اس آیت کا مطلب وہی بنتا ہے جو ترجمے میں اختیار کیا گیا اور اگر یہ ضمیر مَنْ کی طرف جاتی ہے تو مطلب یہ بنتا ہے: جو شخص یہ گمان کرتا ہے کہ اللہ اس کی مدد نہیں کرے گا وہ اپنے آپ کے ساتھ جو چاہے کرے، یہاں تک کہ اگر رسی کے ساتھ لٹک کر خودکشی کرے تو کیا اس کا غصہ ٹھنڈا ہو جائے گا؟

فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَلْيَمْدُدْ بِسَبَبٍ
اِلَى السَّمَآءِ ثُمَّ لْيَقْطَعْ فَلْيَنْظُرْ
هَلْ يُذْهِبَنَّ كَيْدُهٗ مَا يَغِيْظُ ﴿۱۵﴾
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنٰهُ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ۙ
وَّاَنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يُّرِيْدُ ﴿۱۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَ
الصّٰبِـُٔوْنَ وَالنَّصٰرٰى وَالْمَجُوْسَ
وَالَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا ۖ اِنَّ اللّٰهَ يَفْصِلُ
بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ
شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۱۷﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَسْجُدُ لَهٗ مَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ وَ
الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَ
الْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَالدَّوَاۗبُّ وَ
كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ ۭ وَكَثِيْرٌ حَقَّ
عَلَيْهِ الْعَذَابُ ۭ وَمَنْ يُّهِنِ اللّٰهُ
فَمَا لَهٗ مِنْ مُّكْرِمٍ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
يَفْعَلُ مَا يَشَاۗءُ ﴿۱۸﴾
هٰذٰنِ خَصْمٰنِ اخْتَصَمُوْا فِيْ
رَبِّهِمْ ۡ فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ
لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ
فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ ﴿۱۹﴾
يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ

کی کامیابی سے تنگ ہے) تو اسے چاہیے کہ ایک رسی اوپر کی طرف باندھے پھر اپنا گلا گھونٹ لے پھر دیکھے کہ کیا اس کا یہ حربہ اس کے غصے کو دور کر دیتا ہے؟☆

۱۶۔ اور اسی طرح ہم نے قرآن کو واضح آیات کی صورت میں نازل کیا اور اللہ جس کے لیے ارادہ کرتا ہے اسے ہدایت دیتا ہے۔

۱۷۔ یقیناً ایمان لانے والوں، یہودیوں، صابیوں، نصرانیوں، مجوسیوں اور مشرکوں کے درمیان اللہ قیامت کے دن فیصلہ کرے گا، یقیناً اللہ ہر چیز پر گواہ ہے۔☆

۱۸۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے نیز سورج، چاند، ستارے، پہاڑ، درخت، جانور اور بہت سے انسان اللہ کے لیے سجدہ کرتے ہیں اور بہت سے لوگ جن پر عذاب حتمی ہو گیا ہے اور جسے اللہ خوار کرے اسے عزت دینے والا کوئی نہیں، یقیناً اللہ جو چاہتا ہے کر گزرتا ہے۔☆

۱۹۔ ان دونوں فریقوں نے اپنے رب کے بارے میں اختلاف کیا ہے، پس جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے آتشیں لباس آمادہ ہے، ان کے سروں کے اوپر کھولتا ہوا پانی ڈالا جائے گا۔☆

۲۰۔ جس سے ان کے پیٹ میں جو کچھ ہے

۱۷۔ ایمان والوں سے مراد مسلمان ہیں۔ ھادو سے مراد یہود ہیں، جو حضرت موسیٰ (ع) کی شریعت کے تابع ہیں۔ ان کی کتاب توریت ہے۔ بخت نصر بابل کے بادشاہ نے یہود پر فتح حاصل کی اور توریت کو جلا دیا۔ بعد میں از روئے حفظ ایک نئی توریت بنا لی گئی۔ نصاریٰ حضرت مسیح کے پیروکاروں کو کہتے ہیں۔ صابئین کا مذہب حضرت یحییٰ (ع) سے منسوب ہے۔ مجوس یعنی زرتشت کے ماننے والے۔ ان کی مقدس کتاب کو اوسنا کہتے ہیں۔ عناصر کو تقدس دیتے ہیں، خصوصاً آتش کو۔ وہ روشنی اور تاریکی دو خداؤں کو مانتے ہیں۔ مشرکین سے مراد غیر اہل کتاب مشرک ہیں۔ اگرچہ بعض اہل کتاب شرک میں ملوث ہیں۔
ان مختلف ادیان کے درمیان دنیا میں فیصلہ نہیں ہو گا۔ ان میں سے کون حق پر ہے اور کون ناحق ہے، اس کا فیصلہ قیامت کے دن ہو گا۔

۱۸۔ یعنی کائنات میں موجود تمام مخلوقات خواہ انسانوں کی طرح صاحب عقل ہوں یا جمادات و نباتات کی طرح بے عقل ہوں، اللہ کے سامنے سجدہ ریز ہوتی ہیں۔ اس کارواں میں پوری کائنات شامل ہے اور تمام موجودات اپنے خالق کے حضور سجدہ ریز ہیں، سوائے اس انسان کے۔ یہاں انسانوں میں بہت سے لوگ اس قافلے میں شامل نہیں ہیں۔ اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ۔ (احزاب: ۷۲)

۱۹۔ دونوں فریق ہمیشہ ایک دوسرے کے مقابلے میں صف آراء ہیں۔ حق اور باطل ایمان اور کفر پوری انسانیت کی تاریخ میں برسرپیکار ہیں۔ اگرچہ باطل کی شاخیں بے شمار ہیں، تاہم سب اہل باطل اپنے کفر میں متحد ہیں: الکفر ملة واحدة۔
تفسیر درمنثور میں آیا ہے کہ یہ آیت بدر کے اسلامی مجاہدین حمزہ و عبیدہ بن حارث اور علی علیہ السلام نیز کفار کے عتبہ و شیبہ اور ولید بن عتبہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور یہ بات صحاح میں منقول ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: انا اول من یجثو بین یدی الرحمن للخصومة یوم القیامة۔ (صحیح بخاری ۹: ۳۷۴ ح ۴۶۲۶، بحار الانوار ۱۹: ۳۱۲) میں وہ پہلا شخص ہوں گا جو حق طلبی کے لیے قیامت کے روز اللہ کے سامنے دوزانو ہو گا۔

وَالْجُلُوْدُ ﴿۲۰﴾
وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ﴿۲۱﴾
كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا
مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا ۠ وَذُوْقُوْا
ع ۲ ۱۲ ۹ عَذَابَ الْحَرِيْقِ ﴿۲۲﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا
مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ؕ وَ
لِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۲۳﴾
وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ ۚ
وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ﴿۲۴﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَيَصُدُّوْنَ عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ الَّذِيْ
جَعَلْنٰهُ لِلنَّاسِ سَوَآءَ ۨ الْعَاكِفُ
فِيْهِ وَالْبَادِ ؕ وَمَنْ يُّرِدْ فِيْهِ بِاِلْحَادٍ
ع ۲ ۱۰ بِظُلْمٍ نُّذِقْهُ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۲۵﴾
وَاِذْ بَوَّاْنَا لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ
اَنْ لَّا تُشْرِكْ بِيْ شَيْـًٔا وَّ
طَهِّرْ بَيْتِيَ لِلطَّآئِفِيْنَ وَالْقَآئِمِيْنَ
وَالرُّكَّعِ السُّجُوْدِ ﴿۲۶﴾
وَاَذِّنْ فِي النَّاسِ بِالْحَجِّ يَاْتُوْكَ
رِجَالًا وَّعَلٰى كُلِّ ضَامِرٍ يَّاْتِيْنَ

اور کھالیں گل جائیں گے۔
۲۱۔اور ان (کو مارنے) کے لیے لوہے کے ہتھوڑے ہوں گے۔
۲۲۔جب وہ رنج کی وجہ سے جہنم سے نکلنے کی کوشش کریں گے تو پھر اسی میں پلٹا دیے جائیں گے اور (کہا جائے گا) جلنے کا عذاب چکھو۔
۲۳۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے ہیں اللہ یقیناً انہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہوں گی، سونے کے کنگنوں اور موتیوں سے ان کی آرائش کی جائے گی اور ان جنتوں میں ان کے لباس ریشم کے ہوں گے۔☆
۲۴۔اور انہیں پاکیزہ گفتار کی طرف ہدایت دی گئی اور انہیں لائق ستائش (خدا) کی راہ دکھائی گئی ہے۔☆
۲۵۔جو لوگ کافر ہوئے اور راہ خدا میں رکاوٹ ڈال رہے ہیں اور اس مسجد الحرام کی راہ میں بھی جسے ہم نے سب لوگوں کے لیے بنایا ہے اور جس میں مقامی لوگ اور باہر سے آنے والے سب برابر ہیں اور جو اس میں زیادتی کے ساتھ کجروی کا ارادہ کرے اسے ہم ایک دردناک عذاب چکھائیں گے۔☆
۲۶۔ اور (وہ وقت یاد کرو) جب ہم نے ابراہیم کے لیے خانہ کعبہ کو مستقر بنایا (اور آگاہ کیا) کہ میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناؤ اور میرے گھر کو طواف کرنے والوں اور قیام کرنے والوں اور رکوع اور سجود کرنے والوں کے لیے پاک رکھو۔☆
۲۷۔اور لوگوں میں حج کے لیے اعلان کرو کہ لوگ آپ کے پاس دور دراز راستوں سے

۲۳۔یعنی جنت میں دنیاوی تصورات کے مطابق شاہانہ زندگی ہوگی۔ چنانچہ سونے کے کنگن بادشاہوں کے استعمال میں ہوتے تھے۔
۲۴۔ پاکیزہ باطن سے ہی پاکیزہ گفتار وجود میں آتی ہے۔ آخرت میں اہل جنت کے باطن پاکیزہ ہوں گے، گفتار بھی پاکیزہ ہوگی۔ چنانچہ دنیا میں پاکیزہ ہستیوں کے پاکیزہ کلام ہمارے لیے رہنما اصول ہوتے ہیں۔
۲۵۔مسجد الحرام تمام مسلمانوں کے لیے وقف ہے۔ اس میں عبادت سے منع کرنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ اس حق میں مقامی باشندے اور دیگر علاقوں سے آنے والے سب برابر ہیں۔
۲۶۔یعنی اسی شریعت اور قانون کو رواج دو جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خالص عبادت کی جا سکے، جس میں شرک کا شائبہ نہ ہو اور ساتھ ہی اس عبادت کے اہم ارکان کا ذکر فرمایا جو طواف، قیام، رکوع اور سجود سے عبارت ہیں۔
۲۷۔ وَاَذِّنْ: بیت اللہ کی تطہیر کے حکم کے بعد لوگوں میں حج کے اعلان کا حکم دیا جا رہا ہے۔ مخاطب حضرت ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ ان کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم مل رہا ہے کہ حج کا آغاز کرو۔ اس کے بعد اس اعلان ابراہیمی کے اثرات بیان فرمائے کہ لوگ قیامت تک پیدل چل کر کمزور اونٹوں تک کے ذریعے سفر طے کر کے آپ کی آواز پر لبیک کہیں گے۔ چنانچہ آج حج میں لاکھوں کا مجمع اسی اذان ابراہیمی کے نتیجے میں ہے۔

مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِيْقٍ ﴿٢٧﴾
لِّيَشْهَدُوْا مَنَافِعَ لَهُمْ وَ يَذْكُرُوا
اسْمَ اللّٰهِ فِيْٓ اَيَّامٍ مَّعْلُوْمٰتٍ
عَلٰى مَا رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ
الْاَنْعَامِ ۚ فَكُلُوْا مِنْهَا وَ اَطْعِمُوا
الْبَآئِسَ الْفَقِيْرَ ﴿٢٨﴾
ثُمَّ لْيَقْضُوْا تَفَثَهُمْ وَلْيُوْفُوْا
نُذُوْرَهُمْ وَ لْيَطَّوَّفُوْا بِالْبَيْتِ
الْعَتِيْقِ ﴿٢٩﴾
ذٰلِكَ ۗ وَ مَنْ يُّعَظِّمْ حُرُمٰتِ اللّٰهِ
فَهُوَ خَيْرٌ لَّهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ؕ وَ اُحِلَّتْ
لَكُمُ الْاَنْعَامُ اِلَّا مَا يُتْلٰى
عَلَيْكُمْ فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ
الْاَوْثَانِ وَاجْتَنِبُوْا قَوْلَ الزُّوْرِ ﴿٣٠﴾
حُنَفَآءَ لِلّٰهِ غَيْرَ مُشْرِكِيْنَ بِهٖ ؕ وَ
مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَكَاَنَّمَا خَرَّ مِنَ
السَّمَآءِ فَتَخْطَفُهُ الطَّيْرُ اَوْ تَهْوِيْ
بِهِ الرِّيْحُ فِيْ مَكَانٍ سَحِيْقٍ ﴿٣١﴾
ذٰلِكَ ۗ وَ مَنْ يُّعَظِّمْ شَعَآئِرَ اللّٰهِ
فَاِنَّهَا مِنْ تَقْوَى الْقُلُوْبِ ﴿٣٢﴾
لَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى
ثُمَّ مَحِلُّهَآ اِلَى الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ ﴿٣٣﴾ ع ١١
وَ لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا

پیدل چل کر اور کمزور اونٹوں پر سوار ہو کر آئیں۔☆

۲۸۔ تاکہ وہ ان فوائد کا مشاہدہ کریں جو انہیں حاصل ہیں اور خاص دنوں میں اللہ کا نام لو ان جانوروں پر جو اللہ نے انہیں عنایت کیے ہیں، پس ان سے تم لوگ خود بھی کھاؤ اور مفلوک الحال ضرورتمندوں کو بھی کھلاؤ۔☆

۲۹۔ پھر وہ اپنا میل کچیل دور کریں اور اپنی نذریں پوری کریں اور اللہ کے قدیم گھر کا طواف کریں۔☆

۳۰۔ بات یہ ہے کہ جو کوئی اللہ کی قائم کردہ حرمتوں کی عظمت کا پاس کرے تو اس کے رب کے نزدیک اس میں اس کی بہتری ہے اور تم لوگوں کے لیے مویشی حلال کر دیے گئے ہیں سوائے ان کے جن کے بارے میں تمہیں بتایا جائے گا، پس تم لوگ بتوں کی پلیدی سے اجتناب کرو اور جھوٹی باتوں سے پرہیز کرو۔

۳۱۔ صرف (ایک) اللہ کی طرف یکسو ہو کر، کسی کو اس کا شریک بنائے بغیر اور جو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتا ہے تو وہ ایسا ہے گویا آسمان سے گر گیا پھر یا تو اسے پرندے اچک لیں یا اسے ہوا اڑا کر کسی دور جگہ پھینک دے۔☆

۳۲۔ بات یہ ہے کہ جو شعائر اللہ کا احترام کرتا ہے تو یہ دلوں کا تقویٰ ہے۔☆

۳۳۔ اس (قربانی کے جانور) سے ایک معین مدت تک فائدہ اٹھانا تمہارے لیے (جائز) ہے، پھر اس کا (ذبح ہونے کا) مقام قدیم خانہ کعبہ کے پاس ہے۔

۳۴۔ اور ہر امت کے لیے ہم نے قربانی

۲۸۔ اطراف عالم سے جمع ہونے والے حجاج ان روحانی و مادی فوائد کا مشاہدہ کرتے ہیں جن سے ان کے دین اور دنیا پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ یہاں آ کر حاجی اس انسان ساز تاریخ کے مختلف ادوار کی یادگاروں کا مشاہدہ کرتے ہیں جن سے اس تاریخ کے بانی حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام اور ہاجرہ گزرے ہیں۔ بے آب و گیاہ بیابان میں بچوں کا چھوڑنا، پانی کی تلاش میں حضرت ہاجرہ کا پریشان حال ہونا، بیٹے کو قربانی کے لیے اللہ کی بارگاہ میں پیش کرنا، اسلامی تاریخ میں بت شکن کے وارث کی بت شکنی، فتح مکہ، تعمیر بیت اللہ وغیرہ۔

دنیوی فوائد کے اعتبار سے حج کرنے سے مالی وسعت آ جاتی ہے۔ ایک اسلامی اجتماع میں شرکت سے فکری وسعت اور سوچ میں آفاقیت آ جاتی ہے۔ اسلامی ثقافت اور تجارت میں فروغ سے دنیاوی مفادات حاصل ہو جاتے ہیں۔

۲۹۔ دوران حج کی پابندیاں قربانی کے بعد ختم ہو جاتی ہیں۔ آپ احرام کھول لیں، حجامت کرائیں، نہا دھو کر میل کچیل دور کریں۔ صرف عورتیں ابھی حرام ہیں۔ طواف النساء کے بعد عورتیں بھی حلال ہو جائیں گی۔

وَ لْيَطَّوَّفُوْا: طواف کریں۔ اس طواف سے طواف الزیارۃ مراد لیا جاتا ہے۔ ائمہ اہل بیت علیہم السلام کے نزدیک اس طواف سے مراد طواف نساء ہے جو طواف الزیارۃ کے بعد بجا لایا جاتا ہے، فقہ جعفریہ کے مطابق طواف نساء سے پہلے عورتیں حلال نہیں ہوتیں۔ (الکافی ۴: ۵۱۳ باب طواف النساء)

۳۱۔ اس مثال سے معلوم ہوا کہ شرک سے انسان کا انسانی تشخص ختم ہو جاتا ہے۔ جیسا کہ آسمان سے گرنے والے کے جسم کے پرخچے اڑ جاتے ہیں اور پرندے اس کے جسم کے ٹکڑے اچک کر لے جاتے ہیں۔ یعنی ایک مردار کی طرح ہو جاتا ہے۔

۳۲۔ شعائر یعنی وہ چیزیں جو اطاعت الٰہی کے لیے علامات ہیں۔ جیسے صفا، مروہ اور قربانی کے اونٹ وغیرہ۔ تقویٰ وہ ہے جس کا محرک دل میں ہو، یعنی عشق الٰہی سے سرشار دل ہی تقویٰ کا محرک ہو سکتا ہے۔

لِّيَذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلٰى مَا
رَزَقَهُمْ مِّنْۢ بَهِيْمَةِ الْاَنْعَامِ ؕ
فَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَلَهٗۤ اَسْلِمُوْا ؕ
وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۙ﴿۳۴﴾
الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ
قُلُوْبُهُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ عَلٰى مَاۤ
اَصَابَهُمْ وَالْمُقِيْمِي الصَّلٰوةِ ۙ وَمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَالْبُدْنَ جَعَلْنٰهَا لَكُمْ مِّنْ شَعَآئِرِ
اللّٰهِ لَكُمْ فِيْهَا خَيْرٌ ۖ فَاذْكُرُوا
اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا صَوَآفَّ ۚ فَاِذَا
وَجَبَتْ جُنُوْبُهَا فَكُلُوْا مِنْهَا وَ
اَطْعِمُوا الْقَانِعَ وَ الْمُعْتَرَّ ؕ
كَذٰلِكَ سَخَّرْنٰهَا لَكُمْ لَعَلَّكُمْ
تَشْكُرُوْنَ ﴿۳۶﴾
لَنْ يَّنَالَ اللّٰهَ لُحُوْمُهَا وَ لَا
دِمَآؤُهَا وَلٰكِنْ يَّنَالُهُ التَّقْوٰى
مِنْكُمْ ؕ كَذٰلِكَ سَخَّرَهَا لَكُمْ
لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ ؕ وَ
بَشِّرِ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۷﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُدٰفِعُ عَنِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ اِنَّ
اللّٰهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ خَوَّانٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۸﴾
اُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ

کا ایک دستور مقرر کیا ہے تاکہ وہ ان جانوروں پر اللہ کا نام لیں جو اس نے انہیں عطا کیے ہیں، پس تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے پس اسی کے آگے سر تسلیم خم کرو اور (اے رسول) عاجزی کرنے والوں کو خوشخبری سنا دیجیے۔☆

۳۵۔ جن کا یہ حال ہے کہ جب اللہ کا نام لیا جاتا ہے تو ان کے دل کانپنے لگتے ہیں اور وہ مصیبت پر صبر کرنے والے ہوتے ہیں اور نماز قائم کرنے والے ہوتے ہیں اور جو رزق ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔

۳۶۔ اور قربانی کے اونٹ جنہیں ہم نے تم لوگوں کے لیے شعائر اللہ میں سے قرار دیا ہے اس میں تمہارے لیے بھلائی ہے، پس اسے کھڑا کر کے اس پر اللہ کا نام لو پھر جب یہ پہلو پر گر پڑے تو اس میں سے خود بھی کھاؤ اور سوال کرنے والے اور سوال نہ کرنے والے فقیر کو کھلاؤ، یوں ہم نے انہیں تمہارے لیے مسخر کیا ہے تاکہ تم شکر کرو۔☆

۳۷۔ نہ اس کا گوشت اللہ کو پہنچتا ہے اور نہ اس کا خون بلکہ اس تک تمہارا تقویٰ پہنچتا ہے، اسی طرح اللہ نے انہیں تمہارے لیے مسخر کیا ہے تاکہ اللہ کی عطا کردہ ہدایت پر تم اس کی بڑائی کا اظہار کرو اور (اے رسول) آپ نیکی کرنے والوں کو بشارت دیں۔☆

۳۸۔ اللہ ایمان والوں کا یقیناً دفاع کرتا ہے اور اللہ کسی قسم کے خیانت کار ناشکرے کو یقیناً پسند نہیں کرتا۔☆

۳۹۔ جن لوگوں پر جنگ مسلط کی جائے انہیں

۳۴۔ تم پہلی امت نہیں ہو جس کو یہ حکم مل رہا ہے۔ سب امتوں کے لیے ہم نے قربانی کا دستور دیا ہے کیونکہ تم سب کا معبود ایک ہے۔ اس کے آگے سر تسلیم خم کرنا ہے۔

۳۶۔ قربانی کے اونٹ کے بارے میں فرمایا: جَعَلْنٰهَا ہم نے ان کو شعائر اللہ قرار دیا۔ اس سے معلوم ہوا کوئی چیز شعائر اللہ میں اس وقت شامل ہوتی ہے، جب اللہ اسے شعائر اللہ قرار دے۔

صَوَآفَّ: صفوں میں کھڑے اونٹوں پر اللہ کا نام لو۔ یہ اونٹوں کے نحر سے متعلق ہے کہ اونٹ باندھ کر کھڑی حالت میں نحر کیا جاتا ہے۔

الْقَانِعَ: گوشت کا ایک حصہ اس فقیر کو دے دیں جو قانع ہے۔ یعنی جو کچھ اسے دیا جاتا ہے، اسے قبول کرتا ہے۔ الْمُعْتَرَّ وہ ہے جو آپ کے پاس سوال کے لیے آتا ہے۔ کچھ حصہ المعتر یعنی سائل کو دیں۔

۳۷۔ جیسا کہ مشرکوں کا عقیدہ تھا کہ بھینٹ چڑھا کر خون کو کعبے کی دیواروں پر ملنے سے قربانی کا خون اور گوشت اللہ کو پہنچ جاتا ہے۔

۳۸۔ اہل ایمان کا دفاع اللہ تعالیٰ نے اپنے ذمے لیا ہے، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ مسلمان بھی بنی اسرائیل کی طرح اپنے رسولؐ سے کہیں: آپ اور آپ کا رب لڑائی کریں، ہم یہاں بیٹھے ہیں، بلکہ اللہ ان ایمان والوں کا دفاع کرتا ہے جو اللہ اور رسولؐ کے دستور پر عمل کرتے ہیں اور دشمن کے مقابلے کے لیے اپنی پوری توانائیاں صرف کرتے ہیں۔

۳۹۔ اس آیت اور اس طرح کی دیگر متعدد آیات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسلامی جنگیں صرف دفاعی حیثیت کی تھیں۔ چنانچہ اس آیت میں فرمایا کہ جہاد کا اذن ان لوگوں کے لیے ہے جن پر جنگ مسلط کی گئی اور جو مظلوم واقع ہوئے اور وہ گھروں سے صرف اس جرم میں نکالے گئے کہ وہ کہتے تھے کہ ہمارا رب اللہ ہے۔

بعض روایات میں آیا ہے کہ یہ آیت پہلی آیت ہے جس میں قتال کا حکم آیا ہے اور اسی لیے بعض مفسرین کہتے ہیں کہ یہ آیت مدنی ہے، چونکہ جہاد کا حکم مدینے میں آیا تھا۔

ظُلِمُوْا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ
لَقَدِيْرُ ۙ﴿۳۹﴾
الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ
حَقٍّ اِلَّاۤ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا
دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ
لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ
وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ
كَثِيْرًا ؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۴۰﴾
اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ
اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَ
اَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ
الْمُنْكَرِ ؕ وَلِلّٰهِ عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿۴۱﴾
وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ
قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ۙ﴿۴۲﴾
وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ۙ﴿۴۳﴾
وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى
فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ
اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۴﴾
فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَ
هِىَ ظَالِمَةٌ فَهِىَ خَاوِيَةٌ عَلٰى
عُرُوْشِهَا وَ بِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّ
قَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿۴۵﴾

(جنگ کی) اجازت دی گئی ہے کیونکہ وہ مظلوم واقع ہوئے اور اللہ ان کی مدد کرنے پر یقیناً قدرت رکھتا ہے۔☆

۴۰۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے گھروں سے ناحق نکالے گئے ہیں، محض اس جرم میں کہ وہ یہ کہتے تھے: ہمارا پروردگار اللہ ہے اور اگر اللہ لوگوں کو ایک دوسرے کے ذریعے سے روکے نہ رکھتا تو راہبوں کی کوٹھریوں اور گرجوں اور عبادت گاہوں اور مساجد کو جن میں کثرت سے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے منہدم کر دیا جاتا اور اللہ اس کی ضرور مدد فرمائے گا جو اس کی مدد کرے گا، اللہ یقیناً بڑا طاقتور اور بڑا غالب آنے والا ہے۔☆

۴۱۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم انہیں زمین میں اقتدار دیں تو وہ نماز قائم کریں گے اور زکوۃ ادا کریں گے اور نیکی کا حکم دیں گے اور برائی سے منع کریں گے اور تمام امور کا انجام اللہ کے ہاتھ میں ہے۔☆

۴۲۔ اگر لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو ان سے پہلے بھی تکذیب کی قوم نوح نے اور قوم عاد اور ثمود نے،

۴۳۔ اور قوم ابراہیم اور قوم لوط نے،

۴۴۔ اور مدین والوں نے بھی، اور موسیٰ کی بھی تکذیب کی گئی ہے پس میں نے کفار کو پہلے مہلت دی پھر میں نے انہیں گرفت میں لے لیا پھر (دیکھ لو) میرا عذاب کیسا سخت ہے؟

۴۵۔ پھر (قابل فکر ہے) کتنی ہی بستیاں ان کے ظلم کی وجہ سے ہم نے تباہ کیں اور وہ اپنی چھتوں پر گری پڑی ہیں اور کتنے کنویں اور اونچے قصر بیکار پڑے ہیں۔

۴۰۔ اللہ تعالیٰ اپنی حکمت تکوینی کے تحت کسی ایک قوم یا گروہ کو اتنی طاقت نہیں دیتا کہ وہ دوسری تمام قوموں سے جینے کا حق سلب کر لے۔ اگر ایسا ہوتا تو کسی کی عبادت گاہ تک محفوظ نہ رہتی بلکہ اللہ نے سب کو کسی نہ کسی طاقت کے ذریعے لگام دے رکھی ہے۔

۴۱۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے قانونی حکومت وہ ہے جو اقتدار حاصل ہونے پر تین چیزوں کو اپنا شعار بنائے: اقامہ نماز، زکوۃ کی ادائیگی اور اصلاح معاشرہ۔ اقامہ نماز کے ذریعے اللہ سے بندگی کا رشتہ قائم ہوتا ہے اور ادائے زکوۃ کے ذریعے غریبوں اور ناداروں کی کفالت حکومت کی ذمہ داری ہے۔ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کے ذریعے عدل و انصاف قائم کرنا اسلامی حکومت کی ذمہ داری ہے۔

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِيْ فِي الصُّدُوْرِ ﴿۴۶﴾

۴۶۔ کیا یہ لوگ زمین پر چلتے پھرتے نہیں ہیں کہ ان کے دل سمجھنے والے یا ان کے کان سننے والے ہو جاتے؟ حقیقتاً آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں بلکہ وہ دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہوتے ہیں۔☆

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿۴۷﴾

۴۷۔ اور یہ لوگ آپ سے عذاب جلدی طلب کر رہے ہیں اور اللہ اپنے وعدے کے خلاف ہرگز نہیں کرتا اور آپ کے پروردگار کے ہاں کا ایک دن تمہارے شمار کے مطابق یقیناً ہزار برس کی طرح ہے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿۴۸﴾ ع ۶/۱۳

۴۸۔ اور بہت سی بستیاں ایسی ہیں جنہیں مہلت دیتا رہا ہوں جب کہ وہ ظلم کرنے والی تھیں، پھر میں نے انہیں گرفت میں لیا اور میری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے۔

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَآ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۴۹﴾

۴۹۔ کہہ دیجیے: اے لوگو! میں تو تمہارے لیے صرف صریح تنبیہ کرنے والا ہوں۔

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۵۰﴾

۵۰۔ پس جو لوگ ایمان لاتے ہیں اور نیک اعمال انجام دیتے ہیں ان کے لیے مغفرت اور عزت کی روزی ہے۔

وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۵۱﴾

۵۱۔ اور جو لوگ ہماری آیات کے خلاف سعی کرتے ہیں کہ (ہم کو) مغلوب کریں وہ اہل جہنم ہیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ

۵۲۔ اور (اے رسول) آپ سے پہلے ہم نے نہ کوئی رسول بھیجا اور نہ نبی مگر جب اس نے (کامیابی کی) تمنا کی تو شیطان نے اس کی آرزو میں خلل اندازی کی لیکن اللہ شیطان کے خلل کو نابود کرتا ہے، پھر اللہ اپنی آیات کو محکم کرتا ہے اور اللہ بڑا

۴۶۔ واضح رہے کہ قرآن ادب و محاورہ کی زبان میں بات کرتا ہے، چنانچہ وہ اسی محاورہ کے تحت خود اپنی ذات کے لیے دو ہاتھوں کا ذکر کرتا ہے بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَاۗءُ (مائدہ:۶۴) اللہ کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں، وہ جیسے چاہتا ہے انفاق کرتا ہے۔ اسی طرح یہ بھی محاورہ ہے کہ بات میرے دل میں ہے، یہ راز میرے سینے میں ہے اور سینہ بہ سینہ بھی ایک محاورہ ہے، ورنہ نہ تو اللہ کے لیے دو ہاتھ ہیں، نہ ہی سوچنے کا کام دل سے لیا جاتا ہے اور نہ راز سینے میں ہوتے ہیں، یہ سب سامنی اعتبار سے دماغ کا کام ہے، مگر محاورۃً دل کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

۵۲۔ غیر امامیہ کے مصادر میں روایت کی گئی ہے: نبی اکرمؐ کے دل میں بات آ گئی کہ کاش قرآن میں کوئی ایسی آیت نازل ہو جائے جس سے کفار قریش کی نفرت دور ہو۔ ایک دن آپؐ قریش کی ایک بڑی مجلس میں تشریف فرما تھے۔ آپ پر سورہ نجم نازل ہوا: اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ۝ اس جگہ آپؐ کی زبان سے یہ عبارت جاری ہوئی: تلك الغرانيق العلى وان شفاعتهن لترتجى۔ (تحفة الأحوذی ج ۳ ص۱۴۷ کتاب السفر باب ما جاء فی السجدة فی النجم) ”یہ بلند مرتبہ دیویاں ہیں ان کی شفاعت کی ضرور امید کی جاتی ہے۔“ یہ حدیث غرانیق کے نام سے مشہور ہے۔ حافظ حدیث ابن حجر اس حدیث کو صحیح تسلیم کرتے ہیں اور کہتے ہیں: ”...مگر اسناد کی کثرت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس کی کوئی اصل ضرور ہے۔“ اس کے ساتھ ایک طریق سے بسند صحیح بھی نقل ہوئی ہے۔ ملاحظہ ہو شرح صحیح البخاری۔

ابو بکر جصاص زمخشری اور ابن جریر جیسی قد آور علمی شخصیات اس روایت کو صحیح تسلیم کرتی ہیں۔ چنانچہ رشدی نے اپنی شیطانی کتاب میں اسی قسم کی روایات کو اساس بنا کر رسول اسلامؐ کی شان میں گستاخی کی ہے۔

جبکہ سورہ نجم بعثت کے ابتدائی سالوں میں نازل ہوا ہے اور سورہ حجر کے مدنی ہونے کی صورت میں تو واضح ہے کہ ہجرت کے بعد نازل ہوا اور اگر مکی فرض کر لیا جائے تو واقعہ معراج کے بعد نازل ہوا ہے، کیونکہ اس روایت میں سورہ بنی اسرائیل کی ایک آیت کے نزول کا بھی ذکر ہے نیز سورہ نجم

حَكِيْمٌ ﴿۵۲﴾

لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً
لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
وَّ الْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ اِنَّ
الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾
وَّ لِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ
لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۵۴﴾
وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ
مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ
يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿۵۵﴾
اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ
بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۵۶﴾
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا
ع ۶ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿۵۷﴾
وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ
اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ
خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۵۸﴾
لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ
وَ اِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿۵۹﴾

دانا، حکمت والا ہے۔☆

۵۳۔ تا کہ شیطان کی خلل اندازی کو ان لوگوں کے لیے آزمائش قرار دے جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دل جامد ہیں اور ظالم لوگ یقیناً بہت گہرے عناد میں مبتلا ہیں۔☆

۵۴۔ اور اس لیے بھی ہے کہ جنہیں علم دیا گیا ہے وہ جان لیں کہ یہ آپ کے پروردگار کی طرف سے حق ہے، پس وہ اس پر ایمان لے آئیں اور اللہ کے سامنے ان کے دل نرم ہو جائیں اور اللہ ایمان والوں کو یقیناً راہ راست کی ہدایت کرتا ہے۔☆

۵۵۔ اور کافر لوگ تو اس کی طرف سے ہمیشہ اسی شک میں مبتلا رہیں گے یہاں تک کہ ان پر یکا یک قیامت آ جائے گی یا نامراد دن کا عذاب ان پر آ جائے گا۔

۵۶۔ اس روز بادشاہی صرف اللہ ہی کی ہو گی، وہی ان کے درمیان فیصلہ کرے گا، لہٰذا جو لوگ ایمان لے آئے اور نیک اعمال بجا لائے وہ نعمتوں والی جنتوں میں ہوں گے۔

۵۷۔ اور جو کافر ہوئے اور ہماری آیات کی تکذیب کرتے رہے پس ان کے لیے ذلت آمیز عذاب ہو گا۔

۵۸۔ اور جنہوں نے راہ خدا میں ہجرت اختیار کی پھر وہ مارے گئے یا مر گئے انہیں اللہ یقیناً اچھی روزی سے ضرور نوازے گا اور رزق دینے والوں میں یقیناً اللہ ہی بہترین ہے۔☆

۵۹۔ وہ ایسی جگہ میں انہیں ضرور داخل فرمائے گا جسے وہ پسند کریں گے اور اللہ یقیناً بڑا دانا، بڑا بردبار ہے۔☆

کی پوری عبارت بتوں کی مذمت میں ہے۔ درمیان میں انہی بتوں کے حق میں کوئی جملہ آ جائے تو اس تضاد بیانی سے مشرکین کیسے متاثر ہو سکتے ہیں؟ بہرحال اس روایت کے باطل ہونے پر دیگر بہت سے شواہد موجود ہیں۔ اسی لیے امامیہ کے ساتھ بہت سے غیر امامیہ محدثین نے اس روایت کو عصمت رسولؐ کے منافی قرار دے کر رد کیا ہے۔ اس بے اساس روایت کو مستشرقین نے اپنی اسلام دشمنی کے اظہار کے لیے اساس قرار دیا اور اسے اچھالنے میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی۔ حالانکہ یہ روایت، تاریخ نزول قرآن، متن اور سند کے اعتبار سے قابل توجہ ہی نہیں ہے۔

۵۳۔ شیطان کو خلل اندازی سے اللہ نے قانون کے ذریعے تو روکا ہے، لیکن طاقت کے ذریعے نہیں روکا۔ اسی طرح ظالم کو قانون کے ذریعے روکا ہے، طاقت کے ذریعے نہیں روکا۔ فرعونوں، نمرودوں کو مہلت مل جاتی ہے۔ اسلامی تاریخ میں بنی امیہ اور بنی عباس کے ظلم و ناانصافیوں کو بھی مہلت ملی۔ یہ مہلت کیوں ملتی ہے؟ اللہ فرماتا ہے: اس مہلت سے وہ لوگ فاش ہو جاتے ہیں، جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جن کے دلوں میں حق پذیری کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔ چنانچہ اس امتحان کے نتیجے میں فاش ہونے والوں کا تسلسل آج بھی جاری ہے اور بنی امیہ، خاص کر یزید کے حامیوں کی کمی نہیں ہے۔

۵۴۔ کڑی آزمائش کے طویل ہونے سے وہ لوگ چھن کر سامنے آتے ہیں جنہیں ان آزمائشوں میں موجود مصلحتوں کا علم ہے اور ظلم و بربریت کے طویل ہونے سے ان کا ایمان متزلزل نہیں ہوا۔ بلکہ ان کے دل مزید نرم ہوتے ہیں۔

۵۸ تا ۶۲۔ ان آیات میں ربط اس طرح ہے:

i۔ جو راہ خدا میں ہجرت کرتے ہیں اور مارے جاتے ہیں یا فوت ہو جاتے ہیں، ان کو اللہ رزق حسن عنایت فرماتا ہے۔ ii بنا برایں یہ بات سنت الٰہی کے مطابق ہے کہ بدلہ لینے کے بعد ظالم اور مظلوم برابر ہو گئے۔ لیکن ظالم اس مظلوم پر پھر ظلم اور زیادتی کرے ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ تو اللہ تعالیٰ اس مظلوم کی مدد کرے گا۔ یعنی مظلوم کی طرف سے

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا
عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ
لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ
غَفُوْرٌ ﴿۶۰﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ
وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ
سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۶۱﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ هُوَ الْبَاطِلُ وَ
اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۶۲﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
مَآءً ۖ فَتُصْبِحُ الْاَرْضُ مُخْضَرَّةً ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ﴿۶۳﴾
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۶۴﴾ ع ۱۵
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي
الْاَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ
بِاَمْرِهٖ ؕ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ
عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۵﴾
وَهُوَ الَّذِيْٓ اَحْيَاكُمْ ۖ ثُمَّ
يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ اِنَّ
الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ ﴿۶۶﴾

۶۰۔ یہ بات اپنی جگہ درست ہے لیکن اگر کوئی شخص اتنا ہی بدلہ لے جتنا سخت برتاؤ اس کے ساتھ کیا گیا تھا پھر اس پر زیادتی بھی کی جائے تو اللہ اس کی ضرور مدد فرمائے گا، بتحقیق اللہ بڑا درگزر کرنے والا معاف کرنے والا ہے۔☆

۶۱۔ ایسا اس لیے ہے کہ اللہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور یہ کہ اللہ بڑا سننے والا، دیکھنے والا ہے۔☆

۶۲۔ یہ اس لیے ہے کہ اللہ ہی برحق ہے اور اس کے سوا جنہیں یہ پکارتے ہیں وہ سب باطل ہیں اور یہ کہ اللہ بڑا برتر ہے۔☆

۶۳۔ کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا تو (اس سے) زمین سرسبز ہو جاتی ہے؟ اللہ یقیناً بڑا مہربان، بڑا باخبر ہے۔☆

۶۴۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اسی کا ہے اور اللہ ہی بے نیاز اور لائق ستائش ہے۔☆

۶۵۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے تمہارے لیے زمین کی ہر چیز کو مسخر کر دیا ہے اور وہ کشتی بھی جو سمندر میں بحکم خدا چلتی ہے اور اسی نے آسمان کو تھام رکھا ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر وہ زمین پر گرنے نہ پائے، یقیناً اللہ لوگوں پر بڑا مہربان، رحم کرنے والا ہے۔☆

۶۶۔ اور اسی نے تمہیں حیات عطا کی پھر وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر وہی تمہیں زندہ کرے گا، انسان تو یقیناً بڑا ہی ناشکرا ہے۔☆

انتقام لینا جائز تھا، ظالم کو دوبارہ زیادتی کرنے کا حق نہیں پہنچتا۔ iii وہ اس لیے کہ اللہ کی یہ بھی سنت ہے کہ اللہ ظلم کو عدل سے اور ناانصافی کو انصاف سے ایسے بدلتا ہے جیسے رات کو دن سے بدلتا ہے۔ iv یہ سب اس لیے کہ اس کائنات میں صرف اللہ کی ذات ہی حقیقت ہے۔ یعنی حقیقی اختیار اور تصرف کا حق صرف اللہ کو حاصل ہے اور جن غیر اللہ کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ باطل ہیں۔

۶۳۔ لطیف کا معنی مہربان لیا جائے تو مطلب بنتا ہے کہ یہ اللہ کی رحمت و مہربانی ہے کہ زمین کی سرسبزی سے نہ صرف انسانوں کی تمام ضروریات کو پورا کیا بلکہ انسانوں کے رزق کی تسکین کا بھی سامان فراہم فرمایا۔ اگر لطیف کے معنی باریک بین لیا جائے تو مطلب یہ بنتا ہے: زمین کو سرسبز کر کے انسان کی ہر چھوٹی بڑی ضرورت کو پورا کیا، جن چھوٹی باتوں کی ابھی تک انسانوں کو آگاہی بھی نہیں ہے۔

۶۴۔ آسمان اور زمین اس کی ملکیت ہیں۔ اس کے لیے آسمان سے پانی نازل کرنا اور زمین کو سرسبز کرنا اپنی ملکیت میں تصرف ہے۔ یہ ملکیت کسی احتیاج اور ضرورت کے تحت نہیں ہے۔ چونکہ ہر مالک اپنے مملوک کا محتاج ہوتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے مملوک کا محتاج نہیں ہے۔ اسی لیے آیت کے اختتام میں فرمایا اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِيُّ یعنی اللہ بے نیاز ہے۔

۶۵۔ آسمان سے مراد وہ سب اجرام فلکی ہو سکتے ہیں جو فضاؤں میں معلق ہیں۔ اِلَّا بِاِذْنِهٖ میں ممکن ہے وہ اجرام مراد ہوں جو روزانہ لاکھوں کی تعداد میں زمین کی طرف آتے ہیں، فضا میں پاش پاش ہو جاتے ہیں اور ان کے ذرات زمین پر گرتے ہیں۔

۶۶۔ انسان کو زندگی عنایت فرما کر ارتقا کا موقع فراہم کیا۔ پھر موت آنے کے بعد دوبارہ زندگی عنایت فرمائے گا۔ یہ زندگی ابدی زندگی ہو گی۔ پہلی مختصر زندگی سے دوسری ابدی زندگی کو سنوارنا انسان کے لیے بہت آسان تھا۔ لیکن یہ انسان بڑا ہی ناشکرا ثابت ہوا۔

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ
نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ
وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى
هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٦٧﴾
وَاِنْ جٰدَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ ﴿٦٨﴾
اَللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا
كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٦٩﴾
اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ فِيْ
كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿٧٠﴾
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَمْ
يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا وَّمَا لَيْسَ لَهُمْ
بِهٖ عِلْمٌ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
نَّصِيْرٍ ﴿٧١﴾
وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ
تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا
الْمُنْكَرَ ؕ يَكَادُوْنَ يَسْطُوْنَ
بِالَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ؕ قُلْ
اَفَاُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ
اَلنَّارُ ؕ وَعَدَهَا اللّٰهُ الَّذِيْنَ
ع ٩ ٨ ١٢ كَفَرُوْا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿٧٢﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ

٦٧۔ ہر امت کے لیے ہم نے قربانی کا ایک دستور مقرر کیا ہے جس پر وہ چلتی ہے لہٰذا وہ اس معاملے میں آپ سے جھگڑا نہ کریں اور آپ اپنے پروردگار کی طرف دعوت دیں، آپ یقیناً راہ راست پر ہیں۔☆

٦٨۔ اور اگر یہ لوگ آپ سے جھگڑا کریں تو کہہ دیجیے: جو کچھ تم کر رہے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے۔

٦٩۔ اللہ بروز قیامت تمہارے درمیان ان چیزوں کا فیصلہ کرے گا جن میں تم اختلاف کرتے رہے ہو۔

٧٠۔ کیا آپ کو علم نہیں کہ جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے اللہ ان سب کو جانتا ہے؟ یہ سب یقیناً ایک کتاب میں درج ہیں، یہ اللہ کے لیے یقیناً نہایت آسان ہے۔

٧١۔ اور یہ لوگ اللہ کے علاوہ ایسی چیزوں کی بندگی کرتے ہیں جن کی نہ اس نے کوئی دلیل نازل کی ہے نہ اس کے بارے میں یہ کوئی علم رکھتے ہیں اور ظالموں کا تو کوئی مددگار نہیں ہے۔☆

٧٢۔ اور جب انہیں ہماری صریح آیات پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو آپ کافروں کے چہروں پر انکار کے آثار دیکھتے ہیں اور جو لوگ ہماری آیات پڑھ کر انہیں سناتے ہیں یہ ان پر حملہ کرنے کے قریب ہوتے ہیں، کہہ دیجیے: کیا میں تمہیں اس سے بھی بری چیز کی خبر دوں؟ وہ آگ ہے جس کا اللہ نے کفار سے وعدہ کر رکھا ہے اور وہ برا ٹھکانا ہے۔☆

٧٣۔ اے لوگو! ایک مثال دی جاتی ہے،

٦٧۔ مشرکین قربانی کے بارے میں یہ قیاس کیا کرتے تھے کہ مسلمان جو خود مارتے ہیں اس کو کھاتے ہیں، جو خدا مارتا ہے اسے نہیں کھاتے۔ یعنی مردار۔

اس آیت کا ایک ترجمہ یہ بھی ہوسکتا ہے: ہر امت کے لیے ہم نے ایک طریقہ عبادت مقرر کیا ہے. ان کافروں کو یہ حق حاصل نہیں کہ آپؐ نے جو طریقہ عبادت پیش کیا ہے اس میں جھگڑا کریں کیونکہ آپ نے جو طریقہ پیش کیا ہے وہ کوئی انوکھی چیز نہیں ہے۔ ہر امت کے لیے ایک طریقہ عبادت ہوا کرتا ہے۔

٧١۔ کسی عقیدے کو اختیار یا رد کرنے کے لیے دلیل ہونی چاہیے۔ اگر کسی وجہ سے دلیل قائم نہیں ہو سکتی تو اس پر علم ہو تو بھی عقیدہ رکھنا درست ہے۔ کسی موقف کی سند اور تائید کے لیے دلیل اور علم نہ ہو تو کوئی اور سند نہیں جو اس مؤقف کی حمایت کرے۔

٧٢۔ تقریباً ہر گمراہ کا یہی مزاج ہوتا ہے۔ جب اسے حق کی بات سمجھانے کی کوشش کی جاتی ہے تو اس کا رویہ وہی ہوتا ہے، جس کا اس آیت میں ذکر ہے۔ آیات الٰہی کی تلاوت سے یہ کفار جس آتش حسد میں جلتے ہیں، اس سے بدتر تو ان کے لیے جہنم کی آگ ہے۔ اس لیے یہ لوگ دنیا و آخرت دونوں میں جلنے والے ہیں۔

فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَنْ يَّخْلُقُوْا ذُبَابًا وَّ
لَوِ اجْتَمَعُوْا لَهٗ ؕ وَاِنْ يَّسْلُبْهُمُ
الذُّبَابُ شَيْـًٔا لَّا يَسْتَنْقِذُوْهُ مِنْهُ ؕ
ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوْبُ ﴿۷۳﴾
مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۷۴﴾
اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا
وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ
بَصِيْرٌ ﴿۷۵﴾ ع
يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ
وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ﴿۷۶﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا
وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ
لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۷۷﴾ السجدة
وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ
اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى
الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ
اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ
الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِىْ هٰذَا
لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ
وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚ
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ

اسے سنو: اللہ کے سوا جن معبودوں کو تم پکارتے ہو وہ ایک مکھی بنانے پر بھی ہرگز قادر نہیں ہیں خواہ اس کام کے لیے وہ سب جمع ہو جائیں، اور اگر مکھی ان سے کوئی چیز چھین لے تو یہ اس سے اسے چھڑا بھی نہیں سکتے، طالب اور مطلوب دونوں ناتواں ہیں۔☆

۷۴۔ لوگوں نے اللہ کی ویسی قدر نہیں کی جیسی قدر کرنی چاہیے تھی، اللہ یقیناً بڑا طاقت رکھنے والا، غالب آنے والا ہے۔☆

۷۵۔ اللہ فرشتوں اور انسانوں میں سے پیغام پہنچانے والے منتخب کرتا ہے اللہ یقیناً خوب سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے۔

۷۶۔ جو ان کے سامنے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے اسے سب کا علم ہے اور سب معاملات کی برگشت اللہ ہی کی طرف ہے۔

۷۷۔ اے ایمان والو! رکوع کرو اور سجدہ کرو اور اپنے پروردگار کی عبادت کرو نیز نیک عمل انجام دو، امید ہے کہ (اس طرح) تم فلاح پا جاؤ۔☆

۷۸۔ اور راہ خدا میں ایسے جہاد کرو جیسے جہاد کرنے کا حق ہے، اس نے تمہیں منتخب کیا ہے اور دین کے معاملے میں تمہیں کسی مشکل سے دوچار نہیں کیا، یہ تمہارے باپ ابراہیم کا دین ہے۔ اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا اس (قرآن) سے پہلے اور اس (قرآن) میں بھی تاکہ یہ رسول تم پر گواہ رہے اور تم لوگوں پر گواہ رہو، لہٰذا نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ

۷۳۔ مدد طلب کرنے والے خود بے بس ہیں اور جس سے مدد طلب کی جاتی ہے اس کی بے بسی کا یہ عالم ہے کہ کمزور ترین مخلوق مکھی کے سامنے بھی بے بس ہے۔ اس طرح ان کا حال یہ ہے کہ خود بھی کمزور ہیں اور ان کی امیدوں کا مرکز بھی کمزور ہے۔

۷۴۔ اللہ تعالیٰ کی سب سے زیادہ ناقدری یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے مقابلے میں ایک مخلوق کو اپنا رب بنا لیتے ہیں اور اس سے امیدیں وابستہ کرتے ہیں۔

۷۷۔ فلاح و نجات کے اسباب، رکوع و سجود اور ہر قدم پر اللہ کی بندگی کے دستور پر چلنے اور نیک عمل انجام دینے میں منحصر ہیں۔ یعنی ایمان کے بعد جن چیزوں پر ایمان لایا ہے، ان پر عمل کرنے میں نجات ہے۔

۷۸۔ خطاب اہل ایمان کی ایک جماعت سے ہے کہ ان کو اللہ نے چند باتوں سے نوازا ہے: i ان کو اللہ نے راہ خدا میں جہاد کے لیے منتخب کیا ہے۔ ii ان کو ایک سہل اور آسان شریعت عنایت فرمائی ہے جس میں کوئی دشواری نہیں ہے۔ واضح رہے کہ نفی حرج، ایک ضابطہ ہے جس کی رو سے حرج (غیر معمولی مشقت) پر مشتمل کوئی حکم شریعت میں موجود نہیں ہے اور اگر کسی غیر حرجی حکم پر معروضی طور پر حرج لازم آئے تو اس حکم کی نفی ہو جاتی ہے۔ مثلاً وضو کے لیے پانی استعمال کرنے میں اگر حرج ہے یعنی غیر معمولی مشقت برداشت کرنا پڑے تو وضو کا حکم اٹھ جاتا ہے اور اس کی جگہ تیمم کا حکم آتا ہے۔ نفی حرج اس امت پر اللہ کی رحمت ہے۔ iii تمام انبیاء کے پیروکار مسلم کہلاتے ہیں۔ ابراہیمی، موسوی، مسیحی اور محمدی نہیں کہلاتے۔ حالانکہ سیاق آیت سے واضح ہے کہ اس الٰہی پیغام کے تمام ماننے والوں کے لیے حضرت ابراہیمؑ کے زمانے سے مسلم نام رکھا گیا ہے۔ هُوَ سَمّٰىكُمُ اور اجْتَبٰىكُمْ کے مخاطبین کے بارے میں مولانا مودودی کا سہو قلم اور تضاد بیانی قابل مطالعہ ہے۔

یہ خطاب مؤمنین کی ایک برگزیدہ جماعت کے لیے ہونے پر قرائن موجود ہیں۔ وہ ہیں: اجْتَبٰىكُمْ اللہ نے تمہیں منتخب کیا ہے۔ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ تمہارے باپ ابراہیم۔ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ اور تم لوگوں پر گواہ رہو۔ ظاہر ہے کہ سب لوگوں میں یہ باتیں نہیں پائی جاتیں۔ یہ ایسا ہے کہ جیسا کہ بنی اسرائیل سے خطاب میں فرمایا: وَ جَعَلَكُمْ

وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ
فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ﴿۴۰﴾ ع ۱۷

الجزء ۱۸

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ ۱۱۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۱﴾
الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ
خٰشِعُوْنَ ۙ﴿۲﴾
وَ الَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ
مُعْرِضُوْنَ ۙ﴿۳﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ۙ﴿۴﴾
وَ الَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ
حٰفِظُوْنَ ۙ﴿۵﴾
اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ۚ﴿۶﴾
فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْعٰدُوْنَ ۚ﴿۷﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ
رٰعُوْنَ ۙ﴿۸﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ
يُحَافِظُوْنَ ۘ﴿۹﴾ وقف لازم
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾
الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ ؕ هُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۱﴾

کے ساتھ متمسک رہو، وہی تمہارا مولا ہے سو وہ بہترین مولا اور بہترین مددگار ہے۔☆

سورہ مؤمنون ۔ مکی ۔ آیات ۱۱۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ وہ ایمان والے یقیناً فلاح پا گئے ☆
۲۔ جو اپنی نماز میں خشوع کرنے والے ہیں،
۳۔ اور جو لغویات سے منہ موڑنے والے ہیں،
۴۔ اور جو زکوۃ کا عمل انجام دینے والے ہیں،
۵۔ اور جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں،
۶۔ سوائے اپنی بیویوں اور ان کنیزوں کے جو ان کی ملکیت ہوتی ہیں کیونکہ ان پر کوئی ملامت نہیں ہے۔☆
۷۔ لہٰذا جو ان کے علاوہ اوروں کے طالب ہو جائیں تو وہ زیادتی کرنے والے ہوں گے۔
۸۔ اور وہ جو اپنی امانتوں اور معاہدوں کا پاس رکھنے والے ہیں،
۹۔ اور جو اپنی نمازوں کی محافظت کرنے والے ہیں،
۱۰۔ یہی لوگ وارث ہوں گے،
۱۱۔ جو (جنت) فردوس کی میراث پائیں گے جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

مُلُوْکًا. (مائدہ:۲۰) ظاہر ہے سب کو بادشاہ نہیں بنایا۔

سورہ مؤمنون

۱۔ فلاح و کامیابی کے لیے ایمان شرط ہے۔ ایمان دل سے باور کرنے اور یقین حاصل کرنے کا نام ہے۔ اگر صرف عدم انکار ہو تو اسے اسلام کہتے ہیں، جس پر صرف ظاہری احکام اسلام مرتب ہوتے ہیں مثلاً حلیت ذبیحہ و مناکحہ وغیرہ۔ ایمان کے بعد فلاح کے لیے دوسری شرط نماز میں خشوع و انکساری ہے۔ واضح رہے کہ نماز خشوع قلب کے ساتھ قبول ہو گی اور نماز کی قبولیت پر ثواب و رضائے رب مترتب ہوتی ہے۔ اگر قبول نہ ہو تو ثواب نہیں ہے۔ نماز بجالانے کی وجہ سے عذاب بھی نہیں ہے۔ تیسری شرط لغویات سے اجتناب ہے۔ لغو اس عمل کو کہتے ہیں جس کا فائدہ نہ دنیا کے لیے ہو اور نہ آخرت کے لیے۔ چوتھی شرط زکوۃ کا ادا کرنا ہے۔ واضح رہے کہ ہر قسم کے مال کا انفاق زکوۃ ہے، آگے اس کی اصطلاحات مختلف ہیں۔ مثلاً خمس، فطرہ، عشر وغیرہ۔ پانچویں شرط پاکدامنی و عفت ہے۔ چھٹی شرط امانتوں کی ادائیگی اور معاہدوں کی پابندی ہے۔ واضح رہے کہ یہ دونوں باتیں اسلام کے نزدیک انسانی حقوق میں شامل ہیں۔ فریق مقابل خواہ مسلم ہو یا غیر مسلم، اس کے معاملے میں امانت کی ادائیگی اور معاہدوں کی پاسداری لازمی ہے۔ ساتویں شرط نمازوں کی محافظت ہے۔ یعنی نماز کے اوقات اور حدود کی محافظت۔ ایسے لوگ جنت فردوس کے مالک و وارث ہوں گے۔ حدیث نبویؐ ہے کہ تم میں سے کوئی ایسا نہیں جس کے لیے دو مقام نہ ہوں: ایک جنت میں اور ایک جہنم میں۔ پس اگر کوئی جہنم جاتا ہے تو جنت میں اس کے مقام کے وارث اہل جنت ہوں گے۔ یعنی اپنے اعمال کی جزا میں جو مقام ملے گا یہ اس کے علاوہ ہے اور بغیر زحمت کے اللہ کی طرف سے عنایۃً مل رہا ہے۔ اس لیے اس کو وراثت سے تعبیر فرمایا ہے۔

۶۔ اس آیت سے لوگ حرمت متعہ پر استدلال کرتے ہیں کہ متعہ والی عورت نہ تو ازواج کے حکم میں شامل ہے اور نہ لونڈی کے حکم میں ہے۔ جبکہ اسی آیت سے یہ ثابت ہے کہ متعہ والی عورت ازواج میں شامل ہے۔ کیونکہ یہ آیت بالاتفاق مکی ہے اور متعہ دور مکی میں بالاتفاق جائز اور مشروع تھا۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ
مِّنْ طِيْنٍ ﴿۱۲﴾
ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ
مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾
ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا
الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا
الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ
لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ
فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿۱۵﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿۱۶﴾
وَ لَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ
طَرَآئِقَ ۫ وَ مَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ
غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾
وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ
فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۫ وَ اِنَّا عَلٰى
ذَهَابٍۭ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾
فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ
وَّاَعْنَابٍ ۙ لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ
كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ
تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَ صِبْغٍ
لِّلْاٰكِلِيْنَ ﴿۲۰﴾

۱۲۔اور تحقیق ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے بنایا۔
۱۳۔پھر ہم نے اسے ایک محفوظ جگہ پر نطفہ بنا دیا۔☆
۱۴۔پھر ہم نے نطفے کو لوتھڑا بنایا پھر لوتھڑے کو بوٹی کی شکل دی پھر بوٹی سے ہڈیاں بنا دیں پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا پھر ہم نے اسے ایک دوسری مخلوق بنا دیا، پس بابرکت ہے وہ اللہ جو سب سے بہترین خالق ہے☆
۱۵۔پھر اس کے بعد تم بلاشبہ مر جاتے ہو۔
۱۶۔ پھر تمہیں قیامت کے دن یقیناً اٹھایا جائے گا۔
۱۷۔ اور تحقیق ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنائے ہیں اور ہم تخلیقی کارناموں سے غافل نہیں ہیں۔☆
۱۸۔اور ہم نے آسمان سے ایک خاص مقدار میں پانی برسایا پھر اسے زمین میں ہم نے ٹھہرایا اور ہم یقیناً اسے ناپید کرنے پر بھی قادر ہیں۔☆
۱۹۔پھر ہم نے اس سے تمہارے لیے کھجوروں اور انگور کے باغات پیدا کیے جن میں تمہارے لیے بہت سے پھل ہیں اور ان میں سے تم کھاتے بھی ہو۔
۲۰۔اور اس درخت کو بھی پیدا کیا جو طور سینا سے نکلتا ہے اور کھانے والوں کے لیے تیل اور سالن لے کر اگتا ہے۔☆

غیر امامیہ کا اس بات میں اختلاف ہے کہ متعہ کی حرمت کا حکم خیبر کے موقع پر آیا تھا یا فتح مکہ کے سال۔ لہٰذا اس آیت کے نزول کے موقع پر جب متعہ جائز تھا تو متعہ والی عورت لونڈی یقیناً نہیں تھی، لہذا ازواج میں یقیناً شامل تھی۔ بعض اہل قلم کا قانونِ متعہ پر اعتراض قابل مطالعہ ہے جو فی الحقیقت اس کے مقننین پر اعتراض ہے۔

۱۳۔ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً: پھر ہم نے اس مٹی کو نطفہ بنا دیا۔ اس وقت تک کی معلومات کے مطابق نطفہ نصف سیل (Cell) کا نام ہے جو جرثومہ پدر اور تخم مادر سے عبارت ہے۔ آیت کے سیاق سے ظاہر ہوتا ہے کہ جب جرثومہ پدر تخم مادر کے ساتھ مل جاتا ہے تو نطفہ وجود میں آتا ہے۔ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ اس نطفے کو ایسے مستقر میں رکھ دیا جو مکین یعنی طاقتور ہے۔ جو اس نطفے کو تحفظ دے سکتا اور اس کی پرورش کر سکتا ہے۔ یہ طاقتور جگہ رحم مادر ہے۔

۱۴۔ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ: حیات وشعور کا مالک بنا دیا۔ حیات اس کائنات کی پراسرار مخلوق اور اپنے خالق کی خلاقیت کی سب سے بڑی نشانی ہے۔

۱۷۔ سات آسمان کی جگہ سات راستوں کا ذکر قابل توجہ ہے۔ کیا آسمان راستوں سے عبارت ہے یا کیا آسمانوں کی تعداد کے مطابق سات راستے ہیں۔ دونوں صورتوں میں معلوم ہوا زمین پر اللہ کی تدبیر پر مشتمل احکام سات آسمانوں یا سات راستوں سے آتے ہیں۔ اسی لیے آیت کے آخر میں فرمایا: ہم تخلیقی عمل سے غافل نہیں ہیں۔ اس جملے کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: ہم مخلوقات سے غافل نہیں ہیں کہ خلق کرنے کے بعد ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیں۔

۱۸۔ ممکن ہے اس آیت میں اس بات کی طرف اشارہ ہو کہ اہل ارض کے لیے ایسا وقت بھی آ سکتا ہے کہ وہ پانی کی قلت کا شکار ہو جائیں۔ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ۔ پھر اس پانی کو ہم نے زمین میں ٹھہرایا۔ اس سے واضح ہوا کہ قرآن نے چودہ صدیوں پہلے یہ بات واضح کر دی تھی کہ زیر زمین آبی ذخائر کا تعلق بارشوں سے ہے۔ جبکہ انسان کو بہت بعد میں اس حقیقت کا علم ہوا۔

۲۰۔ ان درختوں کا خاص طور پر ذکر، ممکن ہے ان کی افادیت کی وجہ سے ہو اور ممکن ہے کہ اس لیے بھی ہو کہ یہ درخت سینکڑوں بلکہ ہزاروں سال تک پھل دیتے رہتے ہیں۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۲۱﴾

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ۭ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۲۳﴾

فَقَالَ الْمَلَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يُرِيْدُ اَنْ يَّتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰۗىِٕكَةً ۚ مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِيْٓ اٰبَاۗىِٕنَا الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَاِذَا جَاۗءَ اَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَاَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ وَلَا تُخَاطِبْنِيْ فِي الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۚ اِنَّهُمْ مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۷﴾

۲۱۔اور تمہارے لیے جانوروں میں یقیناً ایک درس عبرت ہے، ان کے شکم سے ہم تمہیں (دودھ) پلاتے ہیں اور ان میں تمہارے لیے (دیگر) بہت سے فوائد ہیں اور ان میں سے کچھ کو تم کھاتے بھی ہو۔☆

۲۲۔ اور ان جانوروں پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔☆

۲۳۔اور تحقیق ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا، پس نوح نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی بندگی کرو، اس کے سوا تمہارا کوئی معبود نہیں ہے کیا تم بچتے نہیں ہو؟

۲۴۔تو ان کی قوم کے کافر سرداروں نے کہا: یہ تو بس تم جیسا بشر ہے، جو تم پر اپنی بڑائی چاہتا ہے اور اگر اللہ چاہتا تو فرشتے نازل کرتا، ہم نے اپنے پہلے باپ دادا سے یہ بات کبھی نہیں سنی۔☆

۲۵۔بس یہ ایک ایسا شخص ہے جس پر جنون کا عارضہ ہوا ہے لہٰذا کچھ دیر انتظار کرو۔

۲۶۔ نوح نے کہا: اے میرے پروردگار! انہوں نے جو میری تکذیب کی ہے ان پر تو میری مدد فرما۔

۲۷۔پس ہم نے نوح کی طرف وحی کی (اور کہا) ہماری نگرانی میں اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بناؤ، پھر جب ہمارا حکم آ جائے اور تنور ابلنا شروع کر دے تو ہر قسم کے (جانوروں کے) جوڑوں میں سے دو دو سوار کرو اور اپنے گھر والوں کو بھی، ان میں سے سوائے ان لوگوں کے جن کے بارے میں پہلے فیصلہ صادر ہو چکا ہے اور (اے نوح) ان ظالموں کے بارے میں مجھ سے کوئی بات نہ کرنا کہ یہ اب یقیناً غرق ہونے والے ہیں۔☆

۲۱۔حیوانات انسان کے لیے مسخر ہیں۔جیسا کہ کائنات کی تمام مادی اشیاء انسان کی خدمت کے لیے مسخر ہیں۔ چنانچہ حیوانات سے انسان دودھ، گوشت، اون، سواری وغیرہ کے فوائد حاصل کرتے ہیں۔

۲۲۔ پانی کی سنگینی، کشتی کی خفت اور ہوا کی روانی، ان تین چیزوں کی ہم آہنگی سے پانی پر کشتی رانی ممکن ہوئی۔ان عناصر کا باہمی ربط بتاتا ہے کہ اس کی تخلیق کے پیچھے ایک باشعور ذات کا ارادہ کارفرما ہے۔

۲۴۔وہ اس دعوت کو ذاتی مفاد پر محمول کرتے ہیں کہ حضرت نوح (ع) ان پر اپنی بالادستی قائم کرنا چاہتے ہیں، کیونکہ وہ اس دعوت کو اپنی ظرفیت کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔

۲۷۔نوح (ع) کو کشتی بنانے کا حکم دیا کہ طوفان سے نجات اللہ کی طرف سے ہو گی، مگر ہاتھ پر ہاتھ دھرنے والوں کے لیے نہیں، اس کے لیے اپنے ممکنہ وسائل کو بروئے کار لانے کی کوشش شرط ہے۔

فَارَ التَّنُّوْرُ: آتش کی جگہ سے پانی کا ابلنا خود ایک معجزہ ہے۔

مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ: جوڑوں میں سے دو، دو تاکہ نسلوں کو تحفظ اور بقا ملے۔ اس سے معلوم ہوا انسان کے کام آنے والے جانوروں کو تحفظ دینا چاہیے۔ حدیث میں آیا ہے: حرمة مال المسلم كحرمة دمه۔ (عوالی اللآلی ۳: ۴۷۳) مسلمان کے مال کو وہی تحفظ حاصل ہے جو اس کے خون کو ہے۔

فَاِذَا اسْتَوَيْتَ اَنْتَ وَمَنْ مَّعَكَ
عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
نَجّٰىنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۸﴾
وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا
وَّاَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ﴿۲۹﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا
لَمُبْتَلِيْنَ ﴿۳۰﴾
ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا
اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾ ع
فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ
اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ
غَيْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع ۲
وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ
اَتْرَفْنٰهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ مَا
هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا
تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَيَشْرَبُ مِمَّا
تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ
اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾
اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ
تُرَابًا وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾
هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾

۲۸۔اور جب آپ اور آپ کے ساتھی کشتی پر سوار ہو جائیں تو کہیں: ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے ہمیں ظالموں سے نجات دلا دی۔
۲۹۔اور کہیں: پروردگارا! ہمیں بابرکت جگہ اتارنا اور تو بہترین جگہ دینے والا ہے۔
۳۰۔اس (واقعے) میں یقیناً نشانیاں ہیں اور ہم آزمائش کر گزریں گے۔
۳۱۔پھر ان کے بعد ہم نے ایک اور قوم کو پیدا کیا۔☆
۳۲۔پھر خود انہی میں سے ایک رسول ان میں مبعوث کیا، (جس کی دعوت یہ تھی کہ لوگو) اللہ کی بندگی کرو تمہارے لیے اس کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے کیا تم بچنا نہیں چاہتے؟
۳۳۔اور ان کی قوم کے کافر سرداروں نے جو آخرت کی ملاقات کی تکذیب کرتے تھے اور جنہیں ہم نے دنیاوی زندگی میں آسائش فراہم کر رکھی تھی کہا: یہ تو بس تم جیسا بشر ہے، وہی کھاتا ہے جو تم کھاتے ہو اور وہی پیتا ہے جو تم پیتے ہو۔
۳۴۔اور اگر تم نے اپنے جیسے کسی بشر کی اطاعت کی تو بے شک تم خسارے میں رہو گے۔☆
۳۵۔کیا وہ تم سے وعدہ کرتا ہے کہ جب تم مر جاؤ گے اور تم خاک اور ہڈی ہو جاؤ گے تب تم نکالے جاؤ گے؟
۳۶۔جس بات کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے بعید ہی بعید ہے۔

۳۱۔اس قوم سے مراد قوم عاد ہی ہو سکتی ہے۔ چنانچہ سورۂ اعراف آیت ۶۹ میں عاد کے بارے میں فرمایا: وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ ۔
۳۴۔ مراعات یافتہ لوگ ہمیشہ تمام مراعات کو اپنا فطری حق تصور کرتے ہیں۔ لہٰذا ان مراعات کے منافی ہر فکر کو رد کرنے میں یہ لوگ پیش پیش ہوتے تھے۔ دوسری بات وہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ انسان الٰہی رسالت کا اہل نہیں ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ جو شخص اس رسالت کا مدعی ہے وہ کوئی نرالی مخلوق تو ہے نہیں کہ ہمارے اور اللہ کے درمیان واسطہ بن جائے۔ اس کے پاس وہی وسائل ہیں جو ہمارے پاس ہیں۔ اس کے پاس کان ہیں تو ہمارے پاس بھی کان ہیں۔ وہ وحی کو سن لیتا ہے، ہم کیوں نہیں سنتے۔ حتیٰ کہ اس کی ضروریات زندگی بھی ہماری طرح ہیں، جیسے ہم کھاتے پیتے ہیں یہ رسول بھی کھاتا پیتا ہے۔
قرآن نے متعدد مقامات پر اس کا جواب دیا ہے۔ سورہ انعام آیت ۹ میں فرمایا: وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّلَلَبَسْنَا عَلَيْهِمْ مَّا يَلْبِسُوْنَ ۔ اگر ہم اس رسول کو فرشتہ قرار دیتے تو مردانہ شکل میں قرار دیتے اور ہم انہیں اسی شبہ میں مبتلا کرتے جس میں وہ اب ہیں۔ کیونکہ اس فرشتہ رسول کو بھی نمونہ عمل بننا پڑتا کہ لوگ اس کی اطاعت کریں۔ اس طرح ساری بشری خصوصیات اس فرشتے میں موجود ہوتیں تو اس صورت میں تم نے پھر یہی کہنا تھا: یہ تو ہم جیسا بشر ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَ
نَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
كَذِبًا وَّمَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۸﴾
قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۳۹﴾
قَالَ عَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ
نٰدِمِيْنَ ﴿۴۰﴾
فَاَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ
فَجَعَلْنٰهُمْ غُثَآءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾
ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا
اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾
مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا
يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾
ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ كُلَّمَا
جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ
فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا
وَّجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ فَبُعْدًا
لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۴۴﴾
ثُمَّ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى وَ اَخَاهُ
هٰرُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۵﴾
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا
وَكَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ﴿۴۶﴾

۳۷۔ بس یہی دنیاوی زندگی ہے جس میں ہمیں مرنا اور جینا ہے اور ہم اٹھائے نہیں جائیں گے۔

۳۸۔ یہ تو بس ایسا آدمی ہے جو اللہ پر جھوٹی نسبت دیتا ہے اور ہم اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

۳۹۔ عرض کیا: پروردگارا! ان لوگوں کی تکذیب پر میری نصرت فرما۔

۴۰۔ اللہ نے فرمایا: تھوڑے وقت میں یہ لوگ پشیمان ہو جائیں گے۔

۴۱۔ چنانچہ (وعدہ) حق کے مطابق زوردار آواز نے انہیں گرفت میں لے لیا تو ہم نے انہیں خس و خاشاک بنا کر رکھ دیا، پس (رحمت حق سے) دور ہو یہ ظالم قوم۔☆

۴۲۔ پھر ان کے بعد ہم نے اور قومیں پیدا کیں۔☆

۴۳۔ کوئی امت اپنے مقررہ وقت سے نہ آگے جا سکتی ہے اور نہ پیچھے رہ سکتی ہے۔☆

۴۴۔ پھر ہم نے یکے بعد دیگرے برابر اپنے رسول بھیجے، جب بھی کسی امت کے پاس اس کا رسول آتا تو وہ اس کی تکذیب کرتی تو ہم بھی ایک کے بعد دوسرے کو ہلاک کرتے رہے اور ہم نے انہیں افسانے بنا دیا، (رحمت حق سے) دور ہوں جو ایمان نہیں لاتے۔☆

۴۵۔ پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجا۔

۴۶۔ فرعون اور ان کے درباریوں کی طرف مگر انہوں نے تکبر کیا اور وہ بڑے متکبر لوگ تھے۔

۴۱۔ بِالْحَقِّ یعنی وعدہ حق کے مطابق ان کو اور ان کی رہائش گاہوں کو خس و خاشاک میں تبدیل کر دیا۔

غُثَآءً: انہیں خس و خاشاک میں تبدیل کر دیا۔ غثاء اس خس و خاشاک کو کہتے ہیں جسے سیلابی پانی بہا کر لے جاتا ہے۔

۴۲۔ ان قوموں اور رسولوں کا صراحتاً ذکر نہیں آیا اور قرینہ سے ظاہر ہے کہ حضرت نوح (ع) کے بعد کے انبیاء اور قوموں سے مراد قوم ہود (ع) اور قوم صالح (ع) وغیرہ ہیں۔

۴۳۔ افراد کی طرح قوموں کی بھی عمریں معین ہوتی ہیں اور یہ قومیں خود اپنی زندگی کا تعین اپنے کردار کے ذریعے کرتی ہیں۔ پس ان کے اپنے کردار پر مترتب ہونے والی عمر نہ کوئی بڑھا سکتا ہے، نہ گھٹا سکتا ہے۔

۴۴۔ حضرت نوح اور حضرت موسیٰ علیہما السلام کے درمیان آنے والے متواتر انبیاء کا اجمالی ذکر ہے کہ ان سب انبیاء اور ان کی قوموں کے ساتھ سنت الٰہی یکساں رہی ہے۔ چونکہ ان سب قوموں نے رسولوں کی تکذیب کی اور اللہ نے ان پر حجت پوری کرنے کے بعد ان کو ایسے تباہ کیا کہ اب ان کی صرف عبرت آموز داستانیں ہی رہ گئی ہیں۔ اَحَادِیْثَ، اُحْدُوْثَۃٌ کی جمع ہے۔ یعنی داستانیں۔

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا
وَقَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ﴿۴۷﴾
فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ
الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ
يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾
وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً
وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّ
مَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾ ع ۲ ۱۸ ۳
يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَ
اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
عَلِيْمٌ ﴿۵۱﴾
وَاِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً
وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾
فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ زُبُرًا ؕ
كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ﴿۵۳﴾
فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۵۴﴾
اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ
مَّالٍ وَّبَنِيْنَ ﴿۵۵﴾
نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ؕ بَلْ لَّا
يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ
مُّشْفِقُوْنَ ﴿۵۷﴾

۴۷۔ اور کہنے لگے: کیا ہم اپنے جیسے دو آدمیوں پر ایمان لے آئیں جب کہ ان کی قوم ہماری تابعدار ہے؟☆

۴۸۔ پھر انہوں نے دونوں کی تکذیب کی، (نتیجے کے طور پر) وہ ہلاک ہونے والوں میں شامل ہو گئے۔

۴۹۔ اور ہم نے موسیٰ کو اس امید پر کتاب دی کہ وہ (لوگ) اس سے رہنمائی حاصل کر لیں گے۔

۵۰۔ اور ابن مریم اور ان کی والدہ کو ہم نے ایک نشانی بنایا اور انہیں ہم نے ایک بلند مقام پر جگہ دی جہاں اطمینان تھا اور چشمے پھوٹتے تھے۔☆

۵۱۔ اے پیغمبرو! پاکیزہ چیزیں کھاؤ اور عمل صالح بجالاؤ، جو عمل تم کرتے ہو میں اسے خوب جاننے والا ہوں۔☆

۵۲۔ اور تمہاری یہ امت یقیناً امت واحدہ ہے اور میں تمہارا پروردگار ہوں لہٰذا مجھ ہی سے ڈرو۔

۵۳۔ مگر لوگوں نے اپنے (دینی) معاملات میں تفرقہ ڈال کر اسے ٹکڑے ٹکڑے کر دیا اور اب ہر فرقہ اپنے پاس موجود (نظریات) پر خوش ہے۔☆

۵۴۔ انہیں ایک مدت تک اپنی غفلت میں پڑا رہنے دیجیے۔☆

۵۵۔ کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ ہم مال اور اولاد سے جو انہیں مالا مال کرتے ہیں،☆

۵۶۔ تو ہم انہیں تیزی سے بھلائی پہنچا رہے ہیں؟ نہیں بلکہ یہ لوگ سمجھتے نہیں ہیں۔

۵۷۔ (حقیقت یہ ہے کہ) جو لوگ اپنے رب کے خوف سے ہراساں ہیں،☆

۴۷۔ عٰبِدُوْنَ: یہاں رام اور مطیع و فرمانبردار کے معنوں میں ہے۔ اس سے یہ مفہوم بھی نکلتا ہے کہ کسی کی اطاعت کرنا بھی عبادت ہے۔

۵۰۔ رَبْوَةٍ سطح مرتفع کو کہتے ہیں۔ یہ علم نہیں ہو سکا کہ یہ کون سی جگہ ہے۔ بعض کے نزدیک مرتلہ ہے، بعض کے نزدیک دمشق اور مسیحی روایات کے مطابق اس سے مراد مصر ہے، جس کی طرف حضرت مریم (س) نے حضرت عیسیٰ (ع) کی ولادت کے بعد ملک شام کے حاکم ہیرودیس کے خوف سے ہجرت کی تھی۔

۵۱۔ پاکیزہ چیزیں اور عمل صالح بجا لانے میں گہرا ربط ہے۔ پاکیزہ اور حلال چیزیں کھانے سے ضمیر بیدار، نفس پاک اور شفاف رہتا ہے، جس سے عمل صالح بجا لانے میں کوئی دقت پیش نہیں آتی بلکہ پاکیزہ نفس، عمل صالح بجا لانے پر انسان کو آمادہ کرتا ہے اور ذکر خدا سے اس کو سکون ملتا ہے۔

۵۳۔ یعنی اللہ نے تو متواتر انبیاء بھیج کر، تمام انسانوں کو ایک ہی خدا اور ایک ہی دین کی طرف دعوت دے کر، سب کو ایک امت بنایا تھا، مگر لوگ مختلف فرقوں میں بٹ گئے اور ہر فرقہ اپنے مذہب و دین پر خوش ہے۔

۵۴۔ فَذَرْهُمْ یعنی ان کو اپنی غفلت میں چھوڑ دو۔ یہ سب سے بڑی سزا ہے کہ اللہ نے ان سے اپنی رحمت کا ہاتھ اٹھا لیا۔ اسی لیے مؤمن کو ہمیشہ یہ دعا کرنی چاہیے، جو امام صادق (ع) سے منقول ہے: رَبِّ لَا تَكِلْنِي إِلَى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ أَبَداً۔ (الکافی ۲:۵۸۱) پروردگارا! مجھے ایک لمحے کے لیے بھی میرے حال پر نہ چھوڑ۔

۵۵۔ ان کا یہ گمان درست نہیں ہے کہ جن کو اللہ نے مال و دولت اور مہلت دے رکھی ہے، یہ ان کے لیے بہتر ہے۔ انہیں اس بات کا ادراک نہیں کہ یہ مہلت و دولت ان کے لیے ایک امتحان ہے اور موجب عذاب۔

۵۷۔ خدا ایسی ذات نہیں جس سے خوف آ جائے، وہ تو ارحم الراحمین، غفور الرحیم ہے، بلکہ خوف کا مطلب یہ ہے کہ اللہ کے عدل سے خوف آ جائے اور عدل سے خوف، ہمیشہ خلاف ورزی کی صورت میں آتا ہے۔ لہٰذا مطلب یہ ہے کہ خلاف ورزی کرنے والوں کو عدل خداوندی سے خوف کھانا چاہیے۔

وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾
وَ الَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ
وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾
اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَ
هُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿۶۱﴾
وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا
وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ
لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۲﴾
بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَ
لَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا
عٰمِلُوْنَ ﴿۶۳﴾
حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ
بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿۶۴﴾
لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۫ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا
تُنْصَرُوْنَ ﴿۶۵﴾
قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ
فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ
تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾
مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا
تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾

۵۸۔ اور جو اپنے رب کی نشانیوں پر ایمان لاتے ہیں،

۵۹۔ اور جو اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں بناتے،

۶۰۔ اور جو کچھ وہ دیتے ہیں اس حال میں دیتے ہیں کہ ان کے دل اس بات سے لرز رہے ہوتے ہیں کہ انہیں اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

۶۱۔ یہی لوگ ہیں جو نیکی کی طرف تیزی سے بڑھتے ہیں اور یہی لوگ نیکی میں سبقت لے جانے والے ہیں۔☆

۶۲۔ اور ہم کسی شخص پر اس کی قوت سے زیادہ ذمہ داری نہیں ڈالتے اور ہمارے پاس وہ کتاب ہے جو حقیقت بیان کرتی ہے اور ان پر ظلم نہیں کیا جاتا۔☆

۶۳۔ مگر ان (کافروں) کے دل اس بات سے غافل ہیں اور اس کے علاوہ ان کے دیگر اعمال بھی ہیں جن کے یہ لوگ مرتکب ہوتے رہتے ہیں۔☆

۶۴۔ حتیٰ کہ جب ہم ان کے عیش پرستوں کو عذاب کے ذریعے گرفت میں لیں گے تو وہ اس وقت چلا اٹھیں گے۔☆

۶۵۔ آج مت چلاؤ! تمہیں ہم سے یقیناً کوئی مدد نہیں ملے گی۔

۶۶۔ میری آیات تم پر تلاوت کی جاتی تھیں تو اس وقت تم الٹے پاؤں پھر جاتے تھے۔

۶۷۔ تکبر کرتے ہوئے، افسانہ گوئی کرتے ہوئے، بیہودہ گوئی کرتے تھے۔☆

۶۱۔ ربط کلام یہ ہے کہ جن کو ہم نے دنیا میں مال و دولت دے کر مہلت دے رکھی ہے، یہ ان کے لیے بھلائی کا باعث نہیں ہے۔ بھلائی میں سبقت لے جانے والے لوگ وہ ہیں جو اللہ کی نشانیوں پر ایمان لاتے ہیں، شرک کا ارتکاب نہیں کرتے، اللہ نے جو ان پر فضل کیا ہے اس میں فیاضی کرتے ہیں اور خوف خدا دل میں رکھتے ہیں۔ یعنی یہ لوگ اللہ کی رضایت کے لیے نیک اعمال انجام دیتے ہوئے دل میں خوف رکھتے ہیں کہ نہ معلوم میرا یہ عمل صحیح ہے، قبول درگاہ ہے۔ حقیقی بندگی یہی ہے کہ اس کی بندگی کر کے اپنے اس عمل کو ہیچ سمجھے اور بندگی کا حق ادا نہ ہونے پر استغفار کرے۔ چنانچہ انبیاء اور ائمہ علیہم السلام کا استغفار کرنا اسی نوعیت کا ہوتا ہے۔

۶۲۔ اللہ تعالیٰ خود اس انسان کا خالق ہے، وہی اس کی طاقت و قابلیت سے خوب واقف ہے۔ اسی کے مطابق اس پر ذمہ داری ڈالتا ہے اور اس کی استطاعت سے زیادہ اس پر ذمہ داری نہیں ڈالتا۔ اگر کسی حکم میں کوئی ایسا امر عارض ہو گیا جو مکلف کی طاقت سے باہر ہے تو اس حکم کی نفی ہو جاتی ہے. مثلاً حکم تو ہے اٹھ کر نماز پڑھنے کا، لیکن اٹھنا ممکن نہ ہونے کی صورت میں کھڑے ہو کر نماز پڑھنے کا حکم اٹھ جاتا ہے اور بیٹھ کر نماز پڑھنا کافی ہے۔ اس کے بعد فرمایا: ہمارے پاس تمام اعمال کے لیے ایک ایسی کتاب ہے جس میں اعمال درج ہو جاتے ہیں اور کسی کا کوئی عمل ضائع نہیں ہوتا۔

۶۳۔ یعنی کافروں کے دل مِّنْ هٰذَا مذکورہ نیک عمل سے غافل ہیں اور نیک اعمال کی جگہ وہ دیگر اعمال زشت کے مرتکب ہوتے ہیں۔

۶۴۔ حق و حقیقت سے زیادہ تر وہ لوگ غافل رہتے ہیں جو دنیا کے ناز و نعمت کے تاریک پردوں کے پیچھے زندگی گزارتے ہیں۔

۶۷۔ مُسْتَكْبِرِيْنَ بِهٖ میں بِهٖ کا مرجع النکوص ہے۔ بعض کے نزدیک قرآن ہے، یعنی قرآن سے سرکشی کرتے ہوئے۔ سٰمِرًا: رات

اَفَلَمْ يَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ
جَآءَهُمْ مَّا لَمْ يَاْتِ اٰبَآءَهُمُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۶۸﴾
اَمْ لَمْ يَعْرِفُوْا رَسُوْلَهُمْ فَهُمْ لَهٗ
مُنْكِرُوْنَ ﴿۶۹﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ بَلْ جَآءَهُمْ
بِالْحَقِّ وَاَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ
كٰرِهُوْنَ ﴿۷۰﴾
وَلَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ
لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ وَ
مَنْ فِيْهِنَّ ؕ بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ
فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۷۱﴾
اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ
خَيْرٌ ۚ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۷۲﴾
وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ
مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۷۳﴾
وَاِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
عَنِ الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾
وَلَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَكَشَفْنَا مَا بِهِمْ
مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ
يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾
وَلَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا
اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا

۶۸۔ کیا انہوں نے اس کلام پر غور نہیں کیا یا ان لوگوں کے پاس کوئی ایسی بات آئی ہے جو ان کے پہلے باپ دادا کے پاس نہیں آئی تھی؟
۶۹۔ یا انہوں نے اپنے رسول کو پہچانا ہی نہیں جس کی وجہ سے وہ اس کے منکر ہو گئے ہیں؟
۷۰۔ یا وہ یہ کہتے ہیں: وہ مجنون ہے؟ نہیں بلکہ وہ ان لوگوں کے پاس حق لے کر آئے ہیں لیکن ان میں سے اکثر لوگ حق کو ناپسند کرتے ہیں۔
۷۱۔ اور اگر حق ان لوگوں کی خواہشات کے مطابق چلتا تو آسمان اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے سب تباہ ہو جاتے، بلکہ ہم تو ان کے پاس خود ان کی اپنی نصیحت لائے ہیں اور وہ اپنی نصیحت سے منہ موڑتے ہیں۔☆
۷۲۔ یا (کیا) آپ ان سے کوئی خراج مانگتے ہیں؟ (ہرگز نہیں کیونکہ) آپ کے رب کا دیا ہوا سب سے بہتر ہے اور وہی بہترین رازق ہے۔☆
۷۳۔ اور آپ تو انہیں یقیناً صراط مستقیم کی دعوت دیتے ہیں۔
۷۴۔ اور جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے یقیناً وہ راستے سے منحرف ہو جاتے ہیں۔
۷۵۔ اور اگر ہم ان پر رحم کر دیں اور انہیں جو تکلیف لاحق ہے اسے دور کر بھی دیں پھر بھی یہ لوگ اپنی سرکشی میں برابر بہکتے جائیں گے۔
۷۶۔ اور بتحقیق ہم نے تو انہیں اپنے عذاب کی گرفت میں لے لیا تھا لیکن پھر بھی انہوں نے اپنے رب سے نہ عاجزی کا

کو خوش گپی کرنا۔
۷۱۔ لوگوں کی خواہشات ایک دوسرے کے ساتھ متصادم ہوتی ہیں اور تصادم کا نتیجہ فساد ہے، جبکہ حق سب کے لیے یکساں ہوتا ہے جس میں کوئی تصادم نہیں ہے۔ لہٰذا حق کبھی خواہشات کے تابع نہیں ہوسکتا۔ دوسرے لفظوں میں دین حق فطرت کے عین مطابق ہوتا ہے۔ حق اگر خواہشات کے تابع ہو جائے تو فطرت کو چھوڑنا پڑے گا اور فطرت کو چھوڑنے میں آسمانوں اور زمین کی تباہی ہے۔ درحقیقت یہ فرض محال ہے، چونکہ حق کے لیے ممکن ہی نہیں کہ لوگوں کی خواہشات کی پیروی کرے۔ لوگوں کی خواہشات یہ ہیں کہ ایک رب کی جگہ کئی ارباب ہوں اور ایک معبود کی جگہ کئی معبود ہوں۔ حق امر واقع کو کہتے ہیں اور امر واقع میں رب اور معبود ایک ہے، کئی ہو نہیں سکتے۔ اگر بفرض محال ہو جائیں تو عالم تباہ ہو جائے: لَوْ كَانَ فِيْهِمَآ اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا۔ (الانبیاء:۲۲)
۷۲۔ خراج اصل میں زمین کے لگان کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ یہ آپؐ کی نبوت کی صداقت پر ایک دلیل ہے کہ آپؐ نہ صرف اس تبلیغ پر لوگوں سے کوئی خراج نہیں مانگتے بلکہ آپؐ نے اپنی ساری دولت اس راہ میں خرچ کر دی۔
۷۶۔ اس عذاب سے مراد بعض روایات کے مطابق وہ شکست و خواری ہے جو جنگ بدر میں مشرکین کو پیش آئی۔ بعض دیگر روایات کے مطابق یہ عذاب وہ قحط سالی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بددعا سے مکہ والوں کو پیش آئی جس میں وہ جانوروں کی کھال اور مردار کھانے پر مجبور ہو گئے تھے۔

يَتَضَرَّعُوْنَ ﴿۷۶﴾
حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا
عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ
ع مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۷﴾
وَهُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ
الْاَبْصَارَ وَ الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا
تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۸﴾
وَهُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ وَ
اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۷۹﴾
وَهُوَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَلَهُ
اخْتِلَافُ الَّيْلِ وَ النَّهَارِ ؕ اَفَلَا
تَعْقِلُوْنَ ﴿۸۰﴾
بَلْ قَالُوْا مِثْلَ مَا قَالَ الْاَوَّلُوْنَ ﴿۸۱﴾
قَالُوْٓا ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّ
عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿۸۲﴾
لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا هٰذَا
مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾
قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾
سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا
تَذَكَّرُوْنَ ﴿۸۵﴾
قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ

اظہار کیا نہ زاری کی۔☆

۷۷۔ یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر شدید عذاب کا ایک دروازہ کھول دیا تو پھر ان کی امیدیں ٹوٹ گئیں۔☆

۷۸۔ اور اللہ وہی ہے جس نے تمہارے لیے کان اور آنکھیں اور دل بنائے لیکن تم پھر بھی کم شکر گزار ہو۔☆

۷۹۔ اور اللہ وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پیدا کیا اور اسی کی طرف تم سب کو جمع کیا جانا ہے۔☆

۸۰۔ اور وہی ہے جو زندگی دیتا ہے اور موت بھی اور اسی کے قبضہ قدرت میں شب و روز کا آنا جانا ہے تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟☆

۸۱۔ لیکن یہ لوگ وہی بات کر رہے ہیں جو ان سے پہلے والے کرتے رہے۔☆

۸۲۔ وہ کہتے تھے: کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی ہو جائیں گے اور ہڈی (رہ جائے گی) تو کیا ہم اٹھائے جائیں گے؟

۸۳۔ یہی وعدہ یقیناً ہم سے اور ہم سے پہلے ہمارے باپ دادا سے بھی ہوتا رہا ہے یہ تو صرف قصہ ہائے پارینہ ہیں۔

۸۴۔ کہہ دیجیے: یہ زمین اور جو اس پر (آباد) ہیں کس کی ہے اور اگر تم جانتے ہو؟ (تو بتاؤ)۔

۸۵۔ وہ کہیں گے: اللہ کی ہے، کہہ دیجیے: تو پھر تم سوچتے کیوں نہیں ہو؟☆

۸۶۔ کہہ دیجیے: سات آسمانوں اور عرش

۷۷۔ جن کا بھروسا اس کائنات کے سرچشمہ قوت پر نہیں ہوتا ان کے لیے ہر حادثہ باعث یاس و ناامیدی ہوتا ہے اور اس ناامیدی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ ہر جرم کے ارتکاب کے لیے آمادہ ہوتے ہیں۔
مُبْلِسُوْنَ: ناامید ہونا۔ دل شکستہ ہونا۔ اسی سے شیطان کا نام ابلیس ہے، چونکہ وہ حق سے ناامید ہے۔

۷۸۔ آنکھ، کان اور دل انسان کو اس لیے دیے گئے تھے کہ ان سے انسانی کام لیں اور حیوانات کو بھی یہ چیزیں دی گئیں کہ ان سے وہ حیوانی کام لیں۔ لیکن یہ ناشکرا انسان ان سے انسانی کام لینے کی جگہ حیوانی کام لیتا ہے اور ان کو صرف اپنی خواہشات نفسانی کو پورا کرنے کے لیے استعمال میں لاتا ہے، مگر حق کی طرف جانے کے لیے انہیں استعمال نہیں کرتا۔

۷۹۔ مشرکین جو اللہ کی خالقیت، مالکیت اور ربوبیت کے معترف تھے ان سے سوال ہے کہ اگر اللہ زمین اور اہل زمین کا مالک ہے، آسمانوں اور عرش عظیم کا رب ہے اور ہر شے پر اس کی مالکیت اور حاکمیت ہے تو وہ حیات بعد الموت پر قادر کیوں نہیں ہے؟ تمہیں کس چیز سے دھوکہ ہوا ہے؟ اللہ کی کس کمزوری سے دھوکہ ہو گیا کہ اللہ دوبارہ زندہ کرنے پر قادر نہیں؟

۸۰۔ زندگی اور موت لیل و نہار کی آمد و رفت اس کے قبضہ قدرت میں ہے تو کیا اس کے لیے دوبارہ زندگی دینا مشکل امر ہے؟

۸۱۔ اندھی تقلید کی بنا پر وہ آخرت کے منکر ہیں، ورنہ جن اصولوں کو وہ مانتے ہیں ان کی روشنی میں اس سے انکار کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

۸۵۔ اللہ کے زمین کا مالک ہونے کے مشرکین قائل تھے، چونکہ اللہ زمین کا خالق ہے اور خالق مالک ہوتا ہے۔ اس نظریہ کے تحت اللہ کا رب ہونا لازم آتا ہے چونکہ ربوبیت اور مالکیت لازم و ملزوم ہیں، بلکہ رب کہتے ہی مالک کو ہیں اور حقیقتاً خالق ہی مالک ہوتا ہے۔ اس کے بعد وہ عارضی مالک ہوتا ہے جسے خالق مالک بنائے۔

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۸۶﴾
سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۸۷﴾
قُلْ مَنْۢ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ
وَّهُوَ يُجِيْرُ وَلَا يُجَارُ عَلَيْهِ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۸﴾
سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ قُلْ فَاَنّٰى
تُسْحَرُوْنَ ﴿۸۹﴾
بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِالْحَقِّ وَ اِنَّهُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ﴿۹۰﴾
مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ
مِنْ اِلٰهٍ ۚ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا
خَلَقَ وَ لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۹۱﴾
عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۹۲﴾ ع ۵
قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا
يُوْعَدُوْنَ ﴿۹۳﴾
رَبِّ فَلَا تَجْعَلْنِيْ فِي الْقَوْمِ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۹۴﴾
وَاِنَّا عَلٰٓى اَنْ نُّرِيَكَ مَا نَعِدُهُمْ
لَقٰدِرُوْنَ ﴿۹۵﴾
اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ
نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾

عظیم کا مالک کون ہے؟
۸۷۔ وہ کہیں گے: اللہ ہے، کہہ دیجیے: تو پھر تم بچتے کیوں نہیں ہو؟ ☆
۸۸۔ کہہ دیجیے: وہ کون ہے جس کے قبضے میں ہر چیز کی بادشاہی ہے؟ اور وہ کون ہے جو پناہ دیتا ہے لیکن اس کے مقابلے میں کوئی پناہ نہیں دے سکتا، اگر تم جانتے ہو؟ (تو بتاؤ)۔
۸۹۔ وہ کہیں گے: اللہ، کہہ دیجیے: تو پھر تمہاری یہ خبطی کہاں سے ہے؟
۹۰۔ بلکہ ہم حق کو ان کے سامنے لے آئے ہیں اور یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں۔
۹۱۔ اللہ نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور نہ ہی اس کے ساتھ کوئی اور معبود ہے، اگر ایسا ہوتا تو ہر معبود اپنی مخلوقات کو لے کر جدا ہو جاتا اور ایک دوسرے پر چڑھائی کر دیتا، اللہ پاک ہے ان چیزوں سے جو یہ لوگ بیان کرتے ہیں۔ ☆
۹۲۔ وہ غیب و شہود کا علم رکھتا ہے پس وہ منزہ ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔
۹۳۔ (اے رسول) کہہ دیجیے: میرے پروردگار! اگر تو وہ عذاب مجھے دکھا دے جس کا ان کے ساتھ وعدہ کیا گیا ہے،
۹۴۔ تو میرے پروردگار! مجھے اس ظالم قوم کے ساتھ شامل نہ کرنا۔
۹۵۔ اور جس (عذاب) کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے ہم اسے آپ کو دکھانے کی یقیناً طاقت رکھتے ہیں۔ ☆
۹۶۔ آپ برائی کو احسن برتاؤ کے ذریعے دور کریں، ہم خوب جانتے ہیں جو باتیں یہ لوگ بنا رہے ہیں۔ ☆

۸۷۔ اس سے بظاہر معلوم ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے معاصر مشرکین اللہ تعالیٰ کو آسمانوں اور عرش کا رب تسلیم کرتے تھے۔ وہ زمین میں اللہ کو رب نہیں مانتے تھے۔
۹۱۔ کائنات کے نظام میں وحدت، اس کو نظام بخشنے والے کی وحدانیت پر دلیل ہے۔ اگر اس کائنات کا نظام بنانے اور چلانے والے متعدد ہوتے تو ہر خالق اپنا الگ نظام بنا لیتا اور وہ دیگر نظاموں کے ساتھ سازگار نہ ہوتا۔ ارضی نظام آسمانی نظام کے ساتھ، حیوانات نباتات کے ساتھ، پانی ہوا کے ساتھ سازگار نہ ہوتا۔ پس نظام کائنات میں ہم آہنگی و سازگاری اس بات پر واضح دلیل ہے کہ اس کائنات کو ایک ہی ذات نے نظام بخشا ہے۔
اللہ کی وحدت پر دوسری دلیل یہ ہے کہ اگر نظام دہندہ متعدد ہوتے تو مختلف ذاتوں سے مختلف چیزیں وجود میں آتیں۔ کائنات کے موجودہ نظاموں میں ایک نظام دوسرے نظام پر فوقیت رکھتا ہے۔ مثلاً انسانی نظام ارضی نظام کے تحت ہے، تو اگر ایک خدا کے نظام کو دوسرے خدا کے نظام پر فوقیت مل جائے تو ماتحت نظام خود بخود باطل ہو جائے گا اور اپنا وجود برقرار نہیں رکھ سکے گا۔
كُلُّ اِلٰهٍۢ بِمَا خَلَقَ سے معلوم ہوا کہ معبود خالق ہوتا ہے۔ خلق اور معبودیت قابل تفریق نہیں ہے، خالق کوئی ہو اور معبود کوئی اور اسی طرح خلق اور تدبیر بھی قابل تفریق نہیں ہے کہ خلق کوئی کرے اور تدبیر کوئی اور، کیونکہ تدبیر ایک مسلسل تخلیق سے عبارت ہے۔ جو دانے کا سینہ چاک کر کے زمین کو سرسبز بنا دیتا ہے، وہی روزی دیتا ہے۔
۹۵۔ چنانچہ جنگ بدر میں اس عذاب کا دکھانا شروع ہوا۔
۹۶۔ مکی زندگی میں دعوت کا یہی اسلوب اختیار کرنے کا حکم تھا۔ بعد میں جب اسلام کی دعوت میں طاقت آ گئی تو مقابلہ بالمثل بھی جائز ہو گیا۔

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ هَمَزٰتِ
الشَّيٰطِيْنِ ﴿۹۷﴾
وَاَعُوْذُبِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ﴿۹۸﴾
حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ
قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ﴿۹۹﴾
لَعَلِّيْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ
كَلَّا ؕ اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ وَ
مِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ
يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
فَاِذَا نُفِخَ فِى الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ
بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾
فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۰۲﴾
وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ
الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِىْ
جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ﴿۱۰۳﴾ ع
تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا
كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾
اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِىْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ
فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾
قَالُوْا رَبَّنَا غَلَبَتْ عَلَيْنَا شِقْوَتُنَا وَ
كُنَّا قَوْمًا ضَآلِّيْنَ ﴿۱۰۶﴾
رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا

۹۷۔ اور کہہ دیجیے: اے میرے پروردگار! میں شیطانی وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔☆

۹۸۔ اور اے پروردگار! میں ان کے میرے سامنے آنے سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں۔

۹۹۔ (یہ غفلت میں پڑے ہیں) یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کو موت آ لے گی تو وہ کہے گا: اے پروردگار! مجھے واپس دنیا میں بھیج دے،

۱۰۰۔ جس دنیا کو چھوڑ کر آیا ہوں شاید اس میں عمل صالح بجا لاؤں، ہرگز نہیں، یہ تو وہ جملہ ہے جسے وہ کہہ دے گا اور ان کے پیچھے اٹھائے جانے کے دن تک ایک برزخ حائل ہے۔☆

۱۰۱۔ پھر جب صور میں پھونک ماری جائے گی تو ان میں اس دن نہ کوئی رشتہ داری رہے گی اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے۔☆

۱۰۲۔ پس جن کے پلڑے بھاری ہوں گے وہی نجات پانے والے ہیں۔☆

۱۰۳۔ اور جن کے پلڑے ہلکے ہوں گے وہ وہی لوگ ہوں گے جنہوں نے اپنے آپ کو خسارے میں ڈال دیا ہو اور وہ ہمیشہ جہنم میں رہیں گے۔

۱۰۴۔ جہنم کی آگ ان کے چہروں کو جھلسا دے گی اور اس میں ان کی شکلیں بگڑی ہوئی ہوں گی۔

۱۰۵۔ کیا تم وہی نہیں ہو کہ جب میری آیات تمہیں سنائی جاتیں تو تم انہیں جھٹلاتے تھے؟

۱۰۶۔ وہ کہیں گے: ہمارے پروردگار! ہماری بدبختی ہم پر غالب آ گئی تھی اور ہم گمراہ لوگ تھے۔

۱۰۷۔ اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس جگہ سے نکال دے، اگر ہم نے پھر وہی (جرائم)

۹۷۔ هَمَزٰتِ: الھمز کے اصل معنی کسی چیز کو دبا کر نچوڑنے کے ہیں اور اسی سے عیب گوئی کرنے کے معنی میں استعمال ہونے لگا۔

۱۰۰۔ ارتقائی سفر میں واپسی ممکن نہیں ہوتی۔ جس طرح انسان عالم جنین سے عالم نطفہ کی طرف واپس نہیں آ سکتا، اسی طرح عالم برزخ سے بھی واپسی ممکن نہیں ہے۔ برزخ، قبر سے لے کر قیامت تک کے عرصے کا نام ہے۔ برزخ دو چیزوں کے درمیان حد فاصل کو کہتے ہیں۔ حدیث میں آیا ہے: القبر روضة من رياض الجنة او حفرة من حفر النار (الخرائج ۱:۱۷۲) قبر جنت کے باغات میں سے ایک باغ ہوگی یا آتش کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا۔ وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ: اس آیت میں فرمایا: موت اور قیامت کے درمیان ایک برزخ یعنی حد فاصل ہے۔ لیکن اس حد فاصل میں زندگی بھی ہے۔ اس کی صراحت نہیں ہے، البتہ شہیدوں کی حیات برزخی کے بارے میں صراحت موجود ہے۔ حیات برزخی کی نوعیت بھی ہمارے لیے معلوم نہیں ہے، چونکہ یہ حیات، دنیوی حیات کی طرح ہرگز نہیں۔ ہمارے نزدیک حیات برزخی مؤمن خالص اور کافر خالص کے لیے موجود ہے۔ باقی انسانوں کے لیے قبر کے سوال کے بعد حیات برزخی نہیں ہے۔ بعض اہل تحقیق نے برزخی زندگی کو عالم خواب کے ساتھ تشبیہ دی ہے کہ کچھ کو بہت شیریں خواب آتا ہے اور بعض کو ڈراونا خواب اور بعض کو کوئی خواب نہیں آتا۔

۱۰۱۔ یہ دوسرا صور ہے جس کے پھونکنے سے سب زندہ ہو جائیں گے۔ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ . ان میں کوئی رشتہ داری نہیں رہے گی۔ رشتہ داری اور خاندان کی تشکیل، دنیوی اجتماعی زندگی کے لیے ضروری تھی۔ آخرت میں اس قسم کے سارے رشتے ٹوٹ جائیں گے اور ہر شخص کو انفرادی طور پر اللہ کو حساب دینا ہوگا۔ حدیث میں آیا ہے: كل نسب و صهر ينقطع يوم القيامة الا نسبي و صهري (الدرالمنثور، کنز العمال حدیث ۳۱۹۱۵) ہر نسب اور رشتہ قیامت کے دن ختم ہو جائے گا، سوائے میرے نسب اور رشتے کے۔

وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ: نہ ایک دوسرے کا حال پوچھیں گے۔ چونکہ ہر ایک کو اپنی فکر ہوگی۔

۱۰۲۔ ایک دوسرے کا حال پوچھنے کی حالت میں اس لیے نہیں ہوں گے کہ ہر ایک کو اپنے اعمال کا وزن دیکھنا ہوگا۔ اس ترازو پر نظریں جمی ہوئی

ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾

قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا

وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى

اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَكُنْتُمْ مِّنْهُمْ

تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾

اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا

اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

قٰلَ كَمْ لَبِثْتُمْ فِي الْاَرْضِ عَدَدَ

سِنِيْنَ ﴿۱۱۲﴾

قَالُوْا لَبِثْنَا يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ

فَسْـَٔلِ الْعَآدِّيْنَ ﴿۱۱۳﴾

قٰلَ اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا لَّوْ اَنَّكُمْ

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۱۴﴾

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا

وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾

وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا

بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ

رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾

کیے تو ہم لوگ ظالم ہوں گے۔

۱۰۸۔ اللہ فرمائے گا: خوار ہو کر اسی میں پڑے رہو اور مجھ سے بات نہ کرو۔

۱۰۹۔ میرے بندوں میں سے کچھ لوگ یقیناً یہ دعا کرتے تھے: اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لائے ہیں پس ہمیں معاف فرما اور ہم پر رحم فرما اور تو سب سے بہتر رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۱۰۔ تو تم نے ان کا مذاق اڑایا یہاں تک کہ انہوں نے تمہیں ہماری یاد سے غافل کر دیا اور تم ان پر ہنستے تھے۔

۱۱۱۔ آج میں نے ان کے صبر کا انہیں یہ بدلہ دیا کہ وہی لوگ کامیاب ہیں۔

۱۱۲۔ اللہ پوچھے گا: تم زمین میں کتنے سال رہے ہو؟☆

۱۱۳۔ وہ کہیں گے: ایک روز یا روز کا ایک حصہ (ہم وہاں) ٹھہرے ہیں، پس شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے۔

۱۱۴۔ فرمایا: تم وہاں تھوڑا ہی (عرصہ) ٹھہرے ہو، کاش کہ تم (اس وقت) جانتے۔☆

۱۱۵۔ کیا تم نے یہ خیال کیا تھا کہ ہم نے تمہیں عبث خلق کیا ہے اور تم ہماری طرف پلٹائے نہیں جاؤ گے؟☆

۱۱۶۔ پس بلند و برتر ہے اللہ جو بادشاہ حقیقی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ عرش کریم کا مالک ہے۔

۱۱۷۔ اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل بھی نہیں ہے تو اس کا حساب اس کے پروردگار کے پاس ہے اور کافر یقیناً فلاح نہیں پا سکتے۔

ہوں گی، جس سے آنے والی ابدی زندگی کی تقدیر بننا ہے۔

۱۰۹۔ کلمہ حق پر قائم یہ جماعت دنیا میں ہمیشہ دنیاداروں کی طرف سے تمسخر کا نشانہ بنتی رہی ہے اور جو علم وعقیدہ اس جماعت کے پاس ہوتا ہے دنیادار اسے علم شمار نہیں کرتے۔

۱۱۲۔ فِي الْاَرْضِ: زمین میں۔ کیا اس سے مراد روئے زمین کی زندگی ہے یا زیر زمین برزخ کی زندگی۔ دو نظریے ہیں۔ میرے نزدیک روئے زمین کی زندگی زیادہ قرین قیاس ہے۔ چونکہ برزخ کی زندگی عذاب کی زندگی ہوگی، وہ ان کے لیے تھوڑی نہ ہوگی اور عذاب کی زندگی کے بارے میں سوال نہ ہوگا، بلکہ جرائم کی زندگی کے بارے میں سوال ہوگا۔

۱۱۴۔ دنیا میں ہادیان برحق تم سے کہتے رہے کہ یہ دنیا ایک عارضی منزل، بلکہ ایک گزرگاہ ہے۔ اس عارضی منزل سے اپنی دائمی منزل کے لیے فائدہ اٹھاؤ۔ اس صورت میں دنیاوی زندگی بہت اہم اور قیمتی بن جاتی ہے۔ یہ وہی دنیا ہے جس سے صالحین نے اللہ کے نزدیک اپنا مقام بنایا، مرتبے حاصل کیے۔ دوسرے لفظوں میں یہ دنیا قرب الٰہی اور حیات اخروی کے لیے ذریعہ اور زینہ بن جائے تو نہ صرف اس کی مذمت نہیں ہے، بلکہ اس کی فضیلت ہے۔ یہاں دانائے راز مولائے متقیان علی علیہ السلام سے روایت ہے: یہ دنیا اس شخص کے لیے سچائی کا گھر ہے جو اس کو راست گو سمجھے۔ عافیت کا گھر ہے جو اس دنیا کو سمجھے۔ تونگری کا گھر ہے جو یہاں سے زاد راہ حاصل کرے، نصیحت کا گھر ہے جو اس سے نصیحت حاصل کرے۔ یہ دنیا اللہ کے دوستوں کی مسجد، اللہ کے فرشتوں کی عبادت گاہ، اللہ کی وحی اترنے کی جگہ اور اولیاء اللہ کی تجارت گاہ ہے، جس سے ان حضرات نے رحمت کی کمائی کی اور جنت کا منافع حاصل کیا۔ (نہج البلاغۃ) اس دنیاوی زندگی کی مذمت اس وقت ہوتی ہے جب یہ خود مقصد بن جائے۔ بالکل پانی اور کشتی کی طرح کہ پانی اگر کشتی کے نیچے رہے تو پار کرنے کے لیے بہترین ذریعہ ہے اور یہی پانی اگر کشتی کے اندر آجائے تو کشتی کو غرق کر دیتا ہے۔

۱۱۵۔ جیسا کہ آج کا مادی انسان یہی نظریہ رکھتا ہے کہ یہ انسان ایک لایعنی وجود اور نیچر (nature) کے ہاتھوں ایک کھلونا ہے۔ وہ اسے بلاوجہ دکھ درد دیتی اور مصائب میں مبتلا رکھتی ہے اور نتیجہ لاحاصل۔

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ
خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ع

۱۱۸۔ اور کہہ دیجیے: اے میرے پروردگار! معاف فرما اور رحم فرما اور تو سب سے بہترین رحم کرنے والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَفَرَضْنٰهَا وَاَنْزَلْنَا ۲۴ سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ ۶۴

سورہ نور۔ مدنی۔ آیات ۶۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

فِيْهَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ
تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱﴾

۱۔ یہ ایک سورہ ہے جسے ہم نے نازل کیا اور اسے فرض کیا اور اس میں صریح آیات کو نازل کیا تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔☆

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ
وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ۖ وَّلَا
تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ
اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ
الْاٰخِرِ ۚ وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا
طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲﴾

۲۔ زنا کار عورت اور زنا کار مرد میں سے ہر ایک کو سو کوڑے مارو اور دین خدا کے معاملے میں تمہیں ان پر ترس نہیں آنا چاہیے اگر تم اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو اور ان کی سزا کے وقت مومنین کی ایک جماعت موجود رہے۔☆

اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ
مُشْرِكَةً ۖ وَّالزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ
اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ وَحُرِّمَ
ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾

۳۔ زانی صرف زانیہ یا مشرکہ سے نکاح کرے گا اور زانیہ صرف زانی یا مشرک سے نکاح کرے گی اور مومنوں پر یہ حرام کیا گیا ہے۔☆

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ
لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ
فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا
تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ وَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴﴾

۴۔ اور جو لوگ پاک دامن عورتوں پر بدکاری کی تہمت لگائیں پھر اس پر چار گواہ نہ لائیں پس انہیں اسّی (۸۰) کوڑے مارو اور ان کی گواہی ہرگز قبول نہ کرو اور یہی فاسق لوگ ہیں۔☆

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ

۵۔ سوائے ان لوگوں کے جو اس کے بعد توبہ کر لیں اور اصلاح کر لیں، اس صورت

اس کے مقابلے میں آخرت پر ایمان رکھنے والا اس زندگی کو عبث اور نیچر (nature) کے ہاتھوں کھلونا تصور نہیں کرتا۔ اس کی زندگی کا ہر لمحہ نہایت قیمتی ہے۔ اس طرح رجوع الی اللہ کا تصور انسانی زندگی کو مقصدیت سے ہمکنار کرتا ہے۔

سورۂ نور

۱۔ وَفَرَضْنٰهَا: اس سورت میں متعدد اہم احکام کا ذکر ہے۔ اس لیے ان احکام کے نفاذ کے لیے یہ سورہ نازل کیا جا رہا ہے۔

۲۔ زنا یہ ہے کہ انسان ایسی عورت سے بغیر عقد یا ملکیت یا شبہ کے ہمبستری کرے جو اس پر حرام ہو۔ زنا کا ثبوت اقرار اور گواہی کے ذریعہ ممکن ہے۔ اقرار اگر چار مرتبہ کیا جائے تو اس پر حد جاری ہو گی۔ اس سے کمتر اقرار پر حد جاری نہیں ہو گی۔ گواہ کے لیے ضروری ہے کہ چار مرد یا تین مرد اور دو عورتیں یا دو مرد اور چار عورتیں اس طرح گواہی دیں کہ انہوں نے بچشم خود ملزم کو ایک ہی جگہ اور ایک ہی وقت میں زنا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ زانی پر حد جاری کرنے کے سلسلے میں مجرم کے ساتھ ہمدردی کا مظاہرہ کرنا قانون پر پختہ یقین کے منافی ہے اور جس طرح مجرم نے سرعام جرم کا ارتکاب کیا ہے، چنانچہ چار افراد کو مشاہدے کا موقع ملا، اسی طرح اس کو سزا بھی سرعام دینی چاہیے۔

۳۔ اس آیت کی تفسیر میں تین نظریے ہیں: ایک یہ کہ یہ حکم نہیں بلکہ ان کی حالت واقعی کا بیان ہے کہ برے لوگ برے لوگوں کے ساتھ تعلق جوڑتے ہیں۔ دوسرا یہ کہ اگر زانی مرد اور عورت زنا کے ارتکاب سے باز نہ آئیں اور ان پر حد جاری ہو گئی ہو اور انہوں نے توبہ نہ کی ہو تو ان کے ساتھ نکاح کرنا حرام ہے۔ تیسرا یہ کہ نکاح سے مراد یہاں عقد نہیں بلکہ ہمبستری ہے۔ اس صورت میں آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے: زانی مرد زنا نہیں کرتا مگر زانی عورت یا مشرکہ کے ساتھ اور زانی عورت زنا نہیں کرتی، مگر زانی مرد یا مشرک کے ساتھ۔

۴۔ جو شخص پاکدامن عورتوں پر زنا کا الزام لگائے وہ یا تو چار گواہوں سے اپنا الزام ثابت کرے، ورنہ اسے اسّی (۸۰) کوڑے لگائے جائیں گے تاکہ بلا ثبوت لوگوں کی عزت و آبرو کے ساتھ کھیلنے کی جرات نہ کرے۔ کسی مرد پر بلا ثبوت الزام لگانے کا

اَصْلَحُوْا ۚ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝۵
وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ
يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ
فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ
بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۶
وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ
كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝۷
وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ
اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ
الْكٰذِبِيْنَ ۝۸
وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ
اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹
وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ ع
اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ
مِّنْكُمْ ۭ لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ۭ
بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ۭ لِكُلِّ امْرِئٍ
مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ
وَالَّذِيْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ
عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۱
لَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ ظَنَّ
الْمُؤْمِنُوْنَ وَالْمُؤْمِنٰتُ بِاَنْفُسِهِمْ

میں اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۶۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں پر زنا کی تہمت لگائیں اور ان کے پاس خود ان کے سوا کوئی گواہ نہ ہو تو ان میں سے ایک شخص کی شہادت یہ ہے کہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ وہ سچا ہے۔

۷۔ اور پانچویں بار کہے کہ اگر وہ جھوٹا ہے تو اس پر اللہ کی لعنت ہو۔

۸۔ اور عورت سے سزا اس صورت میں ٹل سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر گواہی دے کہ یہ شخص جھوٹا ہے۔☆

۹۔ اور پانچویں مرتبہ کہے کہ مجھ پر اللہ کا غضب ہو اگر وہ سچا ہے۔☆

۱۰۔ اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو تمہیں اس سے خلاصی نہ ملتی) اور یہ کہ اللہ بڑا توبہ قبول کرنے والا، حکمت والا ہے۔

۱۱۔ جو لوگ بہتان باندھ لائے وہ یقیناً تمہارا ہی ایک دھڑا ہے، اسے اپنے لیے برا نہ سمجھنا بلکہ وہ تمہارے لیے اچھا ہے، ان میں سے جس نے جتنا گناہ کمایا اس کے لیے اتنا ہی حصہ ہے اور ان میں سے جس نے بڑا حصہ لیا ہے اس کے لیے بڑا عذاب ہے۔☆

۱۲۔ جب تم نے یہ بات سنی تھی تو مومن مردوں اور مومنہ عورتوں نے اپنے دلوں

بھی یہی حکم ہے۔

۸۔ ۹ عورت سے حد کی سزا اس طرح ٹل سکتی ہے کہ وہ چار بار اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ مرد جھوٹا ہے۔ پانچویں بار کہے اگر مرد سچا ہے تو مجھ پر اللہ کا غضب ہو۔ اسے فقہی اصطلاح میں لعان کہتے ہیں، جس سے میاں بیوی ہمیشہ کے لیے جدا ہو جاتے ہیں۔

۱۱۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غزوہ بنی مصطلق سے واپس تشریف لا رہے تھے۔ اس غزوہ میں حضرت ام المؤمنین ہمراہ تھیں جو قافلہ سے پیچھے رہ گئیں۔ صفوان بن معطل نے، جو قافلے سے پیچھے چل رہے تھے، انہیں دیکھا اور اپنے اونٹ پر بٹھا کر قافلہ تک پہنچایا۔ اس واقعہ کو منافقین کے سرکردہ عبد اللہ بن ابی اور کچھ سادہ لوح مسلمانوں نے اچھالا اور حضرت ام المؤمنین کا دامن داغدار کرنے کی کوشش کی۔ اس الزام کو اللہ تعالیٰ نے افک سے تعبیر فرمایا۔ افک بات کو الٹ دینے اور حقیقت کے خلاف کچھ کہہ دینے کے معنوں میں ہے۔ قرآن میں اس لفظ کا استعمال بذات خود اللہ کی طرف سے اس الزام کی تردید ہے۔ بعد کی چند آیات بھی اسی الزام کی تردید میں نازل ہوئیں۔

واضح رہے کہ ان آیات کے نزول سے قبل یہ الزام گناہ کبیرہ تھا، لیکن ان آیات کے نزول کے بعد بھی اگر کوئی یہ الزام عائد کرے تو اس سے اللہ کی تکذیب لازم آتی ہے۔ (معاذ اللہ)

عُصْبَةٌ: گروہ کو کہتے ہیں جو باہم مربوط ہوتا ہے۔ بقول بعض دس سے چالیس افراد پر مشتمل ہو تو عُصبہ کہا جاتا ہے۔

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ: برا اس لیے نہیں سمجھنا چاہیے کہ اس قسم کے واقعات سے کچھ لوگوں کی دل کی خباثت فاش ہو جاتی ہے۔ وہ لوگ اسلامی معاشرے میں مزید فساد نہیں پھیلا سکتے، کیونکہ وہ اس واقعہ سے پہچانے گئے ہوتے ہیں۔

یہ ام المؤمنین کون تھیں؟ غیر امامیہ روایات میں یہ حضرت عائشہ تھیں۔ امامیہ کی روایات میں یہ حضرت ماریہ قبطیہ تھیں۔ صاحب تفسیر المیزان کو دونوں روایات میں تأمل ہے۔

خَيْرًا ۙ وَّ قَالُوْا هٰذَآ اِفْكٌ
مُّبِيْنٌ ﴿۱۲﴾
لَوْلَا جَآءُوْ عَلَيْهِ بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ
فَاِذْ لَمْ يَاْتُوْا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنْدَ
اللّٰهِ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۳﴾
وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَ
رَحْمَتُهٗ فِي الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ
لَمَسَّكُمْ فِيْ مَآ اَفَضْتُمْ فِيْهِ
عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۴﴾ ۚ
اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَ تَقُوْلُوْنَ
بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ
عِلْمٌ وَّ تَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا ۖ وَّ هُوَ
عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾
وَ لَوْ لَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْهُ قُلْتُمْ مَّا
يَكُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَكَلَّمَ بِهٰذَا ۖ
سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾
يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ
اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾ ۚ
وَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۱۸﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ
الْفَاحِشَةُ فِي الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِي الدُّنْيَا وَ

میں نیک گمان کیوں نہ کیا اور کیوں نہیں کہا کہ یہ صریح بہتان ہے؟☆

۱۳۔ وہ لوگ اس بات پر چار گواہ کیوں نہ لائے؟ اب چونکہ وہ گواہ نہیں لائے ہیں لہٰذا وہ اللہ کے نزدیک جھوٹے ہیں۔

۱۴۔ اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جن باتوں کا تم نے چرچا کیا تھا ان کے سبب تم پر بڑا عذاب آ جاتا۔

۱۵۔ جب تم اس جھوٹی خبر کو اپنی زبانوں پر لیتے جا رہے تھے اور تم اپنے منہ سے وہ کچھ کہہ رہے تھے جس کا تمہیں کوئی علم نہ تھا اور تم اسے ایک معمولی بات خیال کر رہے تھے جب کہ اللہ کے نزدیک وہ بڑی بات ہے۔☆

۱۶۔ جب تم نے یہ بات سنی تھی تو کیوں نہ کہا: ہمیں ایسی بات نہیں کہنی چاہیے تھی؟ خدایا تو پاک ہے، یہ بہت بڑا بہتان ہے۔☆

۱۷۔ اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ اگر تم مومن ہو تو آیندہ کبھی بھی ایسے کام کا اعادہ نہ کرنا۔

۱۸۔ اور اللہ آیات تمہارے لیے بیان کرتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۱۹۔ جو لوگ چاہتے ہیں کہ اہل ایمان کے درمیان بے حیائی پھیلے، ان کے لیے دنیا

۱۲۔ اس سے اسلامی تربیت کا ایک اہم اصول سامنے آتا ہے کہ کسی مؤمن کے بارے میں کوئی ناشائستہ الزام سننے میں آئے تو حکم یہ ہے کہ اس کی تصدیق نہ کی جائے بلکہ اس مؤمن کے بارے میں حسن ظن رکھا جائے اور اسے ایک بہتان قرار دیا جائے۔

۱۵۔ اول تو کسی مؤمن کے خلاف بہتان لگانا گناہ ہے جب کہ یہاں ناروا نسبت کا تعلق ام المؤمنین سے ہے اور اس سے خود رسول خدا (ص) کا دل آزردہ ہوتا ہے۔

مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ: ثبوت اور علم کے بغیر کسی کی طرف کوئی الزام عائد کرنا اسلامی شریعت میں ایک جرم ہے کیونکہ اس سے مؤمن کا وقار مجروح ہوتا ہے۔

۱۶۔ ظاہر ہے ان آیات کے نزول کے بعد بھی اگر کوئی ایسا الزام لگائے تو یہ سراسر ایمان باللہ کے خلاف ہے نیز اس قسم کے بہتان کی مطلق ممانعت آ گئی۔ یہ قرآنی ادب اور اسلامی تعلیمات کا اہم حصہ ہے کہ انسانی قدروں کی پاسداری کی جائے، کیونکہ انسان کو اللہ نے عزت و تکریم سے نوازا ہے اور احترام آدمیت کے خلاف ہر قدم ممنوع ہے۔

۱۹۔ بے حیائی پھیلنے کی دو صورتیں ہو سکتی ہیں: ایک یہ کہ خود فحش پھیلے اور دوسری یہ کہ فحش کا الزام اور بہتان عام ہو جائے۔ دونوں چیزوں سے مسلم معاشرے پر برے اثرات مترتب ہوتے ہیں اور ساتھ بہتان عائد کرنا مقام انسان کے خلاف ہے اور کسی مؤمن کے وقار کو مجروح کرنا خود بڑا جرم ہے۔

الْاٰخِرَةِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ
وَاَنَّ اللّٰهَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۰ ۸ النصف
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّبِعُوْا
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ؕ وَمَنْ يَّتَّبِعْ
خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ فَاِنَّهٗ يَاْمُرُ
بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ وَلَوْلَا
فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ مَا
زَكٰى مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّلٰكِنَّ
اللّٰهَ يُزَكِّيْ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ
عَلِيْمٌ ﴿۲۱﴾
وَلَا يَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَ
السَّعَةِ اَنْ يُّؤْتُوْۤا اُولِي الْقُرْبٰى وَ
الْمَسٰكِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۖ وَلْيَعْفُوْا وَلْيَصْفَحُوْا ؕ اَلَا
تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۲﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ
الْغٰفِلٰتِ الْمُؤْمِنٰتِ لُعِنُوْا فِي
الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۪ وَلَهُمْ عَذَابٌ
عَظِيْمٌ ﴿۲۳﴾ لا
يَّوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ وَ

اور آخرت میں دردناک عذاب ہے، اللہ یقیناً جانتا ہے مگر تم نہیں جانتے۔☆

۲۰۔اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو تم پر فوری عذاب آ جاتا) اور یہ کہ اللہ بڑا شفیق، مہربان ہے۔

۲۱۔ اے ایمان والو! شیطان کے نقش قدم پر نہ چلنا اور جو شخص شیطان کے نقش قدم پر چلے گا تو وہ بے حیائی اور برائی کا حکم دے گا اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے ایک شخص بھی کبھی پاک نہ ہوتا مگر اللہ جسے چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے اور اللہ خوب سننے، جاننے والا ہے۔☆

۲۲۔تم میں سے جو لوگ احسان کرنے والے اور (مال و دولت میں) وسعت والے ہیں وہ قریبی رشتہ داروں، مسکینوں اور فی سبیل اللہ ہجرت کرنے والوں کو کچھ دینے سے دریغ نہ کریں اور انہیں عفو و درگزر سے کام لینا چاہیے۔ کیا تم خود یہ پسند نہیں کرتے کہ اللہ تمہیں معاف کرے اور اللہ غفور، رحیم ہے۔☆

۲۳۔جو لوگ بے خبر پاک دامن مومنہ عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں ان پر دنیا و آخرت میں لعنت ہے اور ان کے لیے عذاب عظیم ہے۔☆

۲۴۔اس دن ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ

۲۱۔ اللہ جسے چاہتا ہے پاک کر دیتا ہے۔ اللہ کی چاہت اندھی بانٹ نہیں ہوتی۔ جو اس تزکیہ کا اہل ہو گا، اللہ اسے پاکیزہ کرے گا اور اہلیت توبہ اور استغفار سے آ سکتی ہے۔ یہ اللہ کا فضل و رحمت ہے کہ وہ توبہ قبول فرماتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں آیا ہے: التائب من الذنب کمن لا ذنب له۔ (الکافی ۲:۴۳۵) گناہ سے توبہ کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جس کا کوئی گناہ نہیں۔

۲۲۔ غیر امامیہ کے مصادر میں آیا ہے کہ یہ آیت مسطح بن اثاثہ کے بارے میں نازل ہوئی جو واقعہ افک میں ملوث تھا اور حضرت ابوبکر نے اس کی کمک بند کی تھی۔ حضرت ابن عباس کی روایت میں آیا ہے کہ صحابہ کی ایک جماعت کے بارے میں نازل ہوئی جنہوں نے اس واقعہ کے بعد اس شخص کی کمک روک دی تھی جس نے اس الزام تراشی میں حصہ لیا تھا۔

وَلَا يَاْتَلِ: دریغ نہ کریں۔ الایتلاء کوتاہی نہ کرنے، ترک کرنے کے معنوں میں ہے۔

آیت سے جو حکم استنباط ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ مال و دولت والے کسی محتاج کی کمک کرتے ہیں اور اس محتاج سے کوئی غلطی سرزد ہوتی ہے تو اپنی کمک بند نہ کریں اور اس کی غلطی سے درگزر کریں۔ اس سلسلے میں اپنے آپ کو ترازو بنائیں۔ تم پر اللہ تعالیٰ کی بے شمار مہربانیاں ہوتی ہیں اور تم سے اللہ کے حق میں ہمیشہ کوتاہیاں سرزد ہوتی رہتی ہیں، اس کے باوجود اللہ اپنی مہربانیاں بند نہیں فرماتا۔ اگر تمہیں اللہ کی طرف سے معافی پسند ہے تو تم بھی معاف کرو: تخلقوا باخلاق اللّٰه. (بحار الانوار ۵۸:۱۲۹) اپنے اندر الٰہی اخلاق پیدا کرو۔

یہاں نجف اشرف کے ایک بزرگ مرجع تقلید کا اخلاق قابل تقلید ہے: نماز جماعت سے فارغ ہوتے ہی ایک سائل نے آپ سے کمک مانگی۔ آپ نے فرمایا: میرے پاس تجھے دینے کے لیے کچھ نہیں ہے۔ اس پر سائل نے آیۃ اللہ کے منہ پر تھوک دیا۔ آیۃ اللہ کھڑے ہوئے اور اپنے مقتدی نمازیوں سے چندہ مانگا اور سائل کی کمک کی۔

۲۳۔ اگرچہ یہ آیت واقعہ افک پر نازل ہوئی ہے مگر اس کا حکم عام ہے ہر اس شخص کے لیے جو پاکدامن عورتوں پر تہمت لگاتا ہے۔

اَيْدِيْهِمْ وَاَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾
يَوْمَئِذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ
الْحَقَّ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ
الْمُبِيْنُ ﴿۲۵﴾
اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَالْخَبِيْثُوْنَ
لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِيْنَ
وَالطَّيِّبُوْنَ لِلطَّيِّبٰتِ ۚ اُولٰٓئِكَ
مُبَرَّءُوْنَ مِمَّا يَقُوْلُوْنَ ۬ لَهُمْ
ع ۲ ۹ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۲۶﴾ ع
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا
بُيُوْتًا غَيْرَ بُيُوْتِكُمْ حَتّٰى
تَسْتَاْنِسُوْا وَتُسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَهْلِهَا ۬
ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ لَعَلَّكُمْ
تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۷﴾
فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا
تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ وَ
اِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا
هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۬ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
عَلِيْمٌ ﴿۲۸﴾
لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَدْخُلُوْا
بُيُوْتًا غَيْرَ مَسْكُوْنَةٍ فِيْهَا مَتَاعٌ
لَّكُمْ ۬ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا

اوران کے پاؤں ان سب اعمال کی گواہی دیں گے جو یہ کرتے رہے ہیں۔☆

۲۵۔اس دن اللہ ان کا حقیقی بدلہ پورا کرے گا اور وہ جان لیں گے کہ اللہ ہی حق ہے (اور حق کا) ظاہر کرنے والا ہے۔☆

۲۶۔خبیث عورتیں خبیث مردوں کے لیے اور خبیث مرد خبیث عورتوں کے لیے ہیں اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کے لیے اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کے لیے ہیں، یہ ان باتوں سے پاک ہیں جو لوگ بناتے ہیں، ان کے لیے مغفرت اور باعزت روزی ہے۔☆

۲۷۔اے ایمان والو! اپنے گھروں کے علاوہ دوسروں کے گھروں میں داخل نہ ہونا جب تک اجازت نہ لے لو اور گھر والوں پر سلام نہ کر لو، یہ تمہارے لیے بہتر ہے شاید تم نصیحت حاصل کرو۔☆

۲۸۔ اور اگر تم اس گھر میں کسی کو موجود نہ پاؤ تو بغیر اجازت کے اس میں داخل نہ ہونا اور اگر تم سے لوٹ جانے کے لیے کہا جائے تو لوٹ جاؤ، اسی میں تمہاری پاکیزگی ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب آگاہی رکھتا ہے۔☆

۲۹۔البتہ ایسے گھروں میں داخل ہونے میں کوئی حرج نہیں جن میں کوئی رہائش پذیر نہ ہو اور ان میں تمہارا کوئی سامان ہو اور اللہ وہ سب کچھ جانتا ہے جو کچھ تم ظاہر

۲۴۔ زبان سے جو گناہ سرزد ہوا ہے، اس کی گواہی زبان دے گی۔ ہاتھ سے جو جرم سرزد ہوا ہے، اس کی گواہی ہاتھ دیں گے۔ پاؤں سے جو گناہ سرزد ہوا ہے اس کی گواہی پاؤں دیں گے۔ ممکن ہے جرم سرزد ہونے کے وقت کے اعضاء کو پیش کیا جائے اور وہ گواہی دیں گے۔ لہٰذا یہ سوال پیدا نہ ہو گا کہ انسانی اعضا تو تحلیل کے ذریعے بدلتے رہتے ہیں، ان میں سے کون سے اعضا گواہی دیں گے؟

۲۵۔ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ: اللہ وہ حق ہے جو کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ چشم حق بین کے لیے اللہ اس کائنات میں سب سے زیادہ ظاہر اور واضح ہے۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: هو الله الحق المبين احق و ابين مما ترى العيون. (نهج البلاغة) اللہ ہی حق مبین ہے۔ جن چیزوں کو آنکھیں دیکھتی ہیں، ان سے بھی زیادہ حق اور زیادہ آشکار ہے۔

۲۶۔ یعنی خبیث اور طیب کا آپس میں کوئی جوڑ نہیں ہے نہ طبیعت وخصلت میں، نہ کردار وسیرت میں۔

۲۷۔ اسلام ہی نے گھر کی چار دیواری کو امن اور تقدس دیا اور قانون کے ذریعے گھر کو سکون اور اطمینان کی جگہ بنا دیا۔ انسان اپنے گھر میں پوری آزادی کے ساتھ رہے۔ کسی اجنبی کو یہ حق حاصل نہیں کہ اس کی خلوت میں مداخلت کرے، جب تک اجازت نہ لے اور سلام نہ کرے، تاکہ برائی کو پنپنے کا موقع ہی نہ ملے، کسی کی ناموس پر ایسی نامناسب حالت میں نظر نہ پڑے اور برے خیالات ذہن میں پیدا نہ ہوں جو آگے چل کر بے عصمتی کا سبب بن جایا کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں اللہ نے تَسْتَاْنِسُوْا کی تعبیر اختیار فرمائی جس کے معنی ہیں مانوسیت پیدا کرنا، یعنی پہلے مانوسیت کی فضا قائم کرو کہ اہل خانہ آپ کے استقبال کے لیے آمادہ ہو جائیں، پھر داخل ہو جاؤ۔

۲۸۔ اس بات کا برا مت مانو، کیونکہ لوگوں کے پاس ایک معقول عذر ہوتا ہے جو آپ سے پوشیدہ ہے اور عذر قبول کرنا چاہیے۔

تَكْتُمُوْنَ ﴿۳۰﴾

قُلْ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ يَغُضُّوْا مِنْ اَبْصَارِهِمْ وَيَحْفَظُوْا فُرُوْجَهُمْ ؕ ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ﴿۳۰﴾

وَقُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَيَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَلْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ وَلَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اٰبَآئِهِنَّ اَوْ اٰبَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اَبْنَآئِهِنَّ اَوْ اَبْنَآءِ بُعُوْلَتِهِنَّ اَوْ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اِخْوَانِهِنَّ اَوْ بَنِيْٓ اَخَوٰتِهِنَّ اَوْ نِسَآئِهِنَّ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيْنَ غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفْلِ الَّذِيْنَ لَمْ يَظْهَرُوْا عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ ۖ وَلَا يَضْرِبْنَ بِاَرْجُلِهِنَّ لِيُعْلَمَ مَا يُخْفِيْنَ مِنْ زِيْنَتِهِنَّ ؕ وَتُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ جَمِيْعًا اَيُّهَ الْمُؤْمِنُوْنَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ﴿۳۱﴾

وَاَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَ

کرتے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو۔

۳۰۔ آپ مومن مردوں سے کہہ دیجیے: وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھا کریں اور اپنی شرمگاہوں کو بچا کر رکھیں، یہ ان کے لیے پاکیزگی کا باعث ہے، اللہ کو ان کے اعمال کا یقیناً خوب علم ہے۔☆

۳۱۔ اور مومنہ عورتوں سے بھی کہہ دیجیے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کو بچائے رکھیں اور اپنی زیبائش (کی جگہوں) کو ظاہر نہ کریں سوائے اس کے جو اس میں سے خود ظاہر ہو اور اپنے گریبانوں پر اپنی اوڑھنیاں ڈالے رکھیں اور اپنی زیبائش کو ظاہر نہ ہونے دیں سوائے اپنے شوہروں، آباء، شوہر کے آباء، اپنے بیٹوں، شوہروں کے بیٹوں، اپنے بھائیوں، بھائیوں کے بیٹوں، بہنوں کے بیٹوں، اپنی (ہم صنف) عورتوں، اپنی کنیزوں، ایسے خادموں جو عورت کی خواہش نہ رکھتے ہوں اور ان بچوں کے جو عورتوں کے پردوں کی باتوں سے واقف نہ ہوں، اور مومن عورتوں کو چاہیے کہ (چلتے ہوئے) اپنے پاؤں زور سے نہ رکھیں کہ جس سے ان کی پوشیدہ زینت ظاہر ہو جائے اور اے مومنو! سب مل کر اللہ کے حضور توبہ کرو، امید ہے کہ تم فلاح پاؤ گے۔☆

۳۲۔ اور تم میں سے جو لوگ بے نکاح ہوں اور تمہارے غلاموں اور کنیزوں میں سے

۳۰۔ مرد اور عورت کے درمیان فطرتاً ایک کشش ہوتی ہے جو نوع انسانی کی بقا کے لیے ضروری ہے اور خطرناک بھی۔ اسلام نے اس خواہش کو فطری اور پر امن طریقہ سے پورا کرنے کی تاکید کی ہے، جب کہ اس سے پھیلنے والی خرابیوں کی راہ روکنے کی بھی چارہ جوئی کی ہے۔ چنانچہ قدرتاً یہ خواہش انسان میں رکھی اور قانوناً اس کو لگام دی۔ یہ لگام نگاہ سے شروع ہوتی ہے، کیونکہ فساد کی ابتدا بھی نگاہ سے ہوتی ہے۔ ایک نگاہ، ایک تبسم پھر باہمی گفتگو، پھر بے تکلفی، پھر....

۳۱۔ عورتوں کے لیے بھی یہی حکم ہے کہ وہ غیر مردوں کی طرف عمداً نہ دیکھیں۔ چنانچہ حضرت ام سلمہ و حضرت میمونہ کا واقعہ مشہور ہے کہ جب ابن ام مکتوم رسول اللہ (ص) کی خدمت میں داخل ہوئے تو آپؐ نے دونوں سے فرمایا: پردہ کرو۔ بیبیوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ (ص)! کیا وہ اندھے نہیں ہیں؟ وہ نہ ہمیں دیکھیں گے، نہ پہچانیں گے۔ فرمایا: کیا تم دونوں بھی اندھی ہو؟ کیا تم دونوں انہیں نہیں دیکھ سکتیں؟

اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا۔ سوائے اس کے جو ظاہر ہے۔ احادیث کے مطابق چہرہ اور دونوں ہاتھ کلائیوں تک اور دونوں قدم مراد ہیں، اگر کوئی دوسری روایت اس کے معارض نہ ہو۔ وَلْيَضْرِبْنَ اور اپنی اوڑھنیاں اپنے سینوں پر ڈالے رکھیں۔ دور جاہلیت میں عورتیں اپنے سینوں کو کھلا رکھتی تھیں۔ اس آیت میں یہ حکم آیا کہ جس چادر سے عورتیں اپنے سروں کو چھپاتی ہیں ان سے سینوں کو بھی چھپائیں۔ رہا چہرے کا مسئلہ کہ اس کا چھپانا واجب ہے یا نہیں تو یہ اس آیت سے ثابت نہیں ہوتا، مگر یہ کہ مَا ظَهَرَ مِنْهَا کی تفسیری روایات کو قبول کیا جائے۔

یہ بات فقہاء پر موقوف ہے کہ وہ روایات و سیرت سے کیا حکم ثابت کرتے ہیں۔ ان مردوں سے پردہ کرنے کی ضرورت نہیں جن میں جنسی رغبت نہیں ہے اور ان بچوں سے بھی جن کی جنسی رغبت ابھی بیدار نہیں ہوئی۔

۳۲۔ اَیِّم: بے عورت مرد اور بے مرد عورت کو کہتے ہیں۔ الصّٰلِحِيْنَ: جواز دواج کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ شادی کرنے اور گھر بسانے سے فقر و تنگدستی دور کرنے کا وعدہ فرمایا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا کرم ہے کہ اس پر بھروسہ کیا جائے تو جیسے خرچ بڑھتا ہے، آمدنی بڑھ جاتی ہے۔ حدیث میں آیا ہے:

الصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ
اِمَآئِكُمْ ؕ اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ
يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ
وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿۳۲﴾
وَلْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ
نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ
فَضْلِهٖ ؕ وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ
مِمَّا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ
اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا ۖ
وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ
اٰتٰىكُمْ ؕ وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ
عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا
لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَ
مَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ
مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ﴿۳۳﴾
وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ
وَّمَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ
وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۳۴﴾ ع
اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا
مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ
اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ

جو صالح ہوں ان کے نکاح کر دو، اگر وہ نادار ہوں تو اللہ اپنے فضل سے انہیں غنی کر دے گا اور اللہ بڑی وسعت والا، علم والا ہے۔☆

۳۳۔ جو لوگ نکاح کا امکان نہ پائیں انہیں عفت اختیار کرنی چاہیے یہاں تک کہ اللہ اپنے فضل سے انہیں خوشحال کر دے اور تمہارے غلاموں میں سے جو مکاتبت کی خواہش رکھتے ہوں ان سے مکاتبت کر لو۔ اگر تمہیں معلوم ہو کہ ان میں کوئی خیر ہے اور انہیں اس مال میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے دے دو اور تمہاری جوان لونڈیاں اگر پاکدامن رہنا چاہتی ہوں تو انہیں دنیاوی زندگی کے متاع کے لیے بدکاری پر مجبور نہ کرو اور اگر کوئی انہیں مجبور کر دے تو ان کی اس مجبوری کے بعد یقیناً اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۳۴۔ اور بتحقیق ہم نے تمہاری طرف واضح کرنے والی آیات نازل کی ہیں اور تم سے پہلے گزرنے والوں کی مثالیں بھی اور تقویٰ رکھنے والوں کے لیے موعظہ بھی (نازل کیا ہے)۔

۳۵۔ اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اس کے نور کی مثال ایسی ہے گویا ایک طاق ہے، اس میں ایک چراغ رکھا ہوا ہے، چراغ شیشے کے فانوس میں ہے، فانوس گویا موتی کا چمکتا ہوا تارا ہے جو زیتون

من ترک التزویج مخافة العیلة فقد اساء ظنه بالله عز و جل (الکافی ۵: ۳۳۰) جو تنگدستی کے خوف سے شادی نہ کرے اس نے اللہ کے ساتھ بدگمانی کی ہے۔

۳۳۔ مکاتب: اس غلام کو کہتے ہیں جو اپنے مالک سے معاہدہ کر لیتا ہے کہ ایک معین رقم ادا کرنے پر وہ آزاد ہو جائے گا۔ اگر کسی وجہ سے مکاتبت کے بعد غلام رقم ادا کرنے سے عاجز رہ جائے تو زکوٰۃ سہم وفی الرقاب سے یہ رقم ادا کی جائے گی۔

وَلَا تُكْرِهُوْا: جاہلیت کے زمانے میں لوگ لونڈیاں اس غرض سے خریدتے تھے کہ ان لونڈیوں کو بدکاری پر مجبور کر کے ان کو کمائی کا ذریعہ بنائیں۔

۳۵۔ ہم اس عالم ناسوت میں اشیاء کو ان کی اضداد سے پہچانتے ہیں۔ اگر تاریکی نہ ہوتی تو ہم نور سے ناواقف ہوتے، اگر تری نہ ہوتی تو خشکی ہمارے لیے ناقابل فہم ہوتی۔

اللہ تعالیٰ کے لیے کوئی ضد نہیں ہے۔ وہ ظہور محض اور نور ہے، جس کے مقابلے میں کوئی تاریکی نہیں ہے۔ وہ اگر ہم سے پوشیدہ ہے تو شدت ظہور اور فرط نور کی وجہ سے ہے، کسی تاریکی یا حائل کی وجہ سے نہیں، جیسا کہ دعاؤں میں آیا ہے: یا باطناً فی ظهوره۔ اس طرح نور کی حقیقت یہ ہے کہ وہ بذات خود ظاہر ہوتا ہے اور دوسروں کو ظاہر کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ آسمانوں اور زمین کا نور ہے، کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کل کائنات میں بذات خود ظاہر و آشکار ہے، وہ کسی پردۂ خفا میں نہیں ہے۔ چونکہ جب ہر چیز کا ظہور اللہ کی طرف سے ہے تو خود اللہ کا ظہور سب سے زیادہ عیاں ہوگا۔ اگر کسی کے لیے عیاں نہیں تو یہ اس کی اپنی نااہلی ہے۔

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ: یہ چراغ شیشے کے فانوس میں ہے۔ اس میں دو باتیں ہیں: ایک یہ کہ شیشے کے فانوس کی وجہ سے یہ روشنی ہر سو پھیلتی ہے۔ دوسری یہ کہ نور فانوس میں ہے۔ کسی آندھی سے متاثر نہیں ہوتا: يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ بِاَفْوَاهِهِمْ وَ يَاْبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُّتِمَّ نُوْرَهٗ ....(توبہ:۳۲)

يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ: اس نور کا تعلق اس درخت سے ہے، جو نہ شرقی ہے نہ غربی۔ شرقی اور غربی

يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ
زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ
يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ
تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ
يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَ
يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَ
اللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ۙ﴿۳۵﴾
فِىْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَ
يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ ۙ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا
بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۙ﴿۳۶﴾
رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا
بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَ
اِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ يَخَافُوْنَ يَوْمًا
تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَ
الْاَبْصَارُ ۙ﴿۳۷﴾
لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ
يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ
يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۸﴾
وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ
كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ
الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ
يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّ وَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ
فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ سَرِيْعُ

کی یہ تفسیر کی گئی ہے کہ یہ درخت نہ تو مغربی جانب ہے کہ مشرق کی دھوپ نہ پڑے، نہ مشرقی جانب ہے کہ مغرب کی دھوپ نہ پڑے۔ یہ درخت سارا دن روشنی لیتا رہتا ہے، جس کی وجہ سے اس سے نکلنے والا تیل بہتر روشنی دیتا ہے۔

وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ: اگرچہ آگ نہ چھوئے۔ اس مثال سے ذہن اس طرف نہ جائے کہ یہ نور آگ سے پیدا ہونے والی شعاع کی طرح ہے۔

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ: یہ نور فانوس میں ہونے، فانوس کا موتی کے چمکتے ہوئے ستارہ کی طرح ہونے اور ایک خاص منفرد درخت سے ہونے کی وجہ سے اس کا نور کئی گنا زیادہ ہو جاتا ہے۔

يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ: یعنی ایمان کا نور جو اللہ کی طرف سے ہے، ان لوگوں کے دلوں کو منور کرتا ہے، جنہیں اللہ چاہتا ہے۔ اللہ کی چاہت اندھی بانٹ نہیں بلکہ اللہ ان لوگوں کو منور کرنا چاہے گا جو اس کے اہل ہیں۔

۳۶۔ اس نور خدا سے منور افراد ایسے گھروں میں ہیں جن کی قدر و منزلت باذن خدا بلند ہے، کیونکہ ان گھروں میں ذکر خدا ہوتا ہے۔ مردویہ نے انس بن مالک اور بریدہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہؐ نے اس آیت کی تلاوت فرمائی تو ایک شخص نے سوال کیا: یارسول اللہؐ! کون سے گھر مراد ہیں؟ آپؐ نے فرمایا: انبیاء کے گھر۔ یہ سن کر حضرت ابوبکر کھڑے ہوئے اور پوچھنے لگے: یا رسول اللہؐ! کیا علیؑ اور فاطمہؑ کا گھر انہی گھروں میں سے ہے؟ آپؐ نے فرمایا: ہاں! ان سے بھی افضل ہے۔ (الدر المنثور ۵: ۹۱)

۳۷۔ حدیث میں آیا ہے کہ جو لوگ نماز کے وقت تجارت چھوڑ کر نماز کے لیے جاتے ہیں وہ ان لوگوں سے زیادہ اجر و ثواب حاصل کرتے ہیں جو تجارت نہیں کرتے۔

۳۸۔ بہترین اعمال یعنی نیکیوں کی جزا دس گنا ہے۔ وَ يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ، اللہ اپنے فضل سے مزید بھی عطا کرے گا۔ یعنی دس گنا سے بھی مزید، استحقاق کی بنیاد پر نہیں، اللہ تعالیٰ کی طرف سے تفضل کی بنیاد پر۔ اس تفضل کی کسی حد بندی کا ذکر نہیں ہے، بلکہ یہ تفضل بغیر حساب ہوگا، یعنی بے پایاں ہوگا۔

کے مبارک درخت سے روشن کیا جاتا ہے جو نہ شرقی ہے اور نہ غربی، اس کا تیل روشنی دیتا ہے خواہ آگ اسے نہ چھوئے، یہ نور بالائے نور ہے، اللہ جسے چاہے اپنے نور کی راہ دکھاتا ہے اور اللہ لوگوں کے لیے مثالیں بھی بیان فرماتا ہے اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۳۶۔ (ہدایت پانے والے) ایسے گھروں میں ہیں جن کی تعظیم کا اللہ نے اذن دیا ہے اور ان میں اس کا نام لینے کا بھی، وہ ان گھروں میں صبح و شام اللہ کی تسبیح کرتے ہیں۔☆

۳۷۔ ایسے لوگ جنہیں تجارت اور خرید و فروخت، ذکر خدا اور قیام نماز اور ادائیگی زکوٰۃ سے غافل نہیں کرتیں وہ اس دن سے خوف کھاتے ہیں جس میں قلب و نظر منقلب ہو جاتے ہیں۔☆

۳۸۔ تاکہ اللہ انہیں ان کے بہترین اعمال کی جزا دے اور اپنے فضل سے انہیں مزید بھی عطا کرے اور اللہ جسے چاہتا ہے بے حساب دے دیتا ہے۔☆

۳۹۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں ان کے اعمال ایسے ہیں جیسے ایک چٹیل میدان میں سراب، جسے پیاسا پانی خیال کرتا ہے مگر جب وہاں پہنچتا ہے تو اسے کچھ نہیں پاتا بلکہ اللہ کو اپنے پاس پاتا ہے تو اللہ اس کا حساب پورا کر دیتا ہے اور اللہ بہت جلد

الْحِسَابِ ﴿۳۹﴾

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ ع ۵

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ تَسْبِيْحَهٗ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۴۱﴾

وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۴۲﴾

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ يَّشَآءُ ؕ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾

يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾

حساب کرنے والا ہے۔

۴۰۔ یا ان کی مثال اس تاریکی کی طرح ہے جو گہرے سمندر میں ہو جس پر ایک موج چھائی ہوئی ہو اس پر ایک اور موج ہو اور اس کے اوپر بادل، تہ بہ تہ اندھیرے ہی اندھیرے ہوں، جب انسان اپنا ہاتھ نکالے تو وہ اسے نظر نہ آئے اور جسے اللہ نور نہ دے تو اس کے لیے کوئی نور نہیں۔☆

۴۱۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ جو مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور پر پھیلائے ہوئے پرندے بھی؟ ان میں سے ہر ایک کو اپنی نماز اور تسبیح کا علم ہے اور اللہ کو ان کے اعمال کا بخوبی علم ہے۔☆

۴۲۔ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ ہی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

۴۳۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ اللہ ہی بادلوں کو چلاتا ہے پھر اسے باہم جوڑ دیتا ہے پھر اسے تہ بہ تہ کر دیتا ہے؟ پھر آپ بارش کے قطروں کو دیکھتے ہیں کہ بادل کے درمیان سے نکل رہے ہیں اور آسمان سے پہاڑوں (جیسے بادلوں) سے اولے نازل کرتا ہے پھر جس پر چاہتا ہے اسے برسا دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اسے ہٹا دیتا ہے، قریب ہے کہ اس کی بجلی کی چمک نگاہوں کو ختم کر دے۔☆

۴۴۔ اللہ شب و روز کو بدلتا رہتا ہے جس میں صاحبان بصیرت کے لیے یقیناً عبرت ہے۔

۴۰۔ جو لوگ نور ایمان سے منور ہوتے ہیں، ان کے بارے میں فرمایا: وہ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ہیں۔ ان کے مقابلے میں جو لوگ اس نور الٰہی سے محروم ہوتے ہیں، وہ ظلمت در ظلمت ہوتے ہیں۔ کیونکہ نور کا واحد سرچشمہ اللہ کی ذات ہے۔ جسے اللہ نور نہ دے اس کو نور دینے والا کوئی نہ ہوگا۔

۴۱۔ اس کائنات میں صرف انسان نہیں ہر چیز اللہ کی تسبیح میں مشغول ہے، آسمان و زمین کی موجودات کو اپنی تسبیح کا شعور اور علم ہے۔ کنکریاں حضورؐ کے ہاتھ میں اور پہاڑ داؤدؑ کی ہمراہی میں تسبیح پڑھتے تھے۔

كُلٌّ قَدْ عَلِمَ: ہر ایک کو اپنی نماز اور تسبیح کا علم ہے۔ اس جملے سے واضح ہوا کہ ان تمام چیزوں کی طرف سے تسبیح و نماز علم اور شعور سے صادر ہوتی ہیں۔ لہٰذا یہ کہنا کہ تسبیح و نماز سے مراد ان اشیاء کی تخلیق میں کارفرما حکمت اور احتیاج ہے، آیت کی تصریح کے خلاف ہے۔

۴۳۔ یہاں آسمان سے مراد بلندی ہے اور پہاڑ سے مراد ابر میں موجود وافر مقدار کی برف ہے۔ کسی چیز کی کثرت کو پہاڑ کہنا محاورہ ہے اور سردی سے جمے ہوئے بادل پہاڑوں کی طرح ہوتے ہیں، ممکن ہے انہی بادلوں کو آسمان کا پہاڑ کہا گیا ہے۔ چنانچہ یہ بات مشاہدے میں بھی آ گئی ہے کہ بادل جب اوپر کی طرف اٹھتے ہیں تو ان کی چوٹیوں پر برف کی ایک تہ جمی ہوئی ہوتی ہے۔ حدیث رسولؐ میں آیا ہے: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ جَعَلَ السَّحَابَ غَرَابِيلَ لِلْمَطَرِ هِيَ تُذِيبُ الْبَرَدَ حَتّٰى يَصِيرَ مَاءً لِكَيْ لَا يُضِرَّ بِهِ شَيْئاً يُصِيبُهُ۔ (الکافی ۸: ۲۳۹)

اللہ تعالیٰ نے بادل کو باران کے لیے چھلنی بنایا ہے جو برف کو پگھلا دیتا ہے کہ پانی ہو جائے تاکہ کسی چیز پر لگ جائے تو اسے ضرر نہ پہنچے۔

وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى اَرْبَعٍ ۭ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۴۵

۴۵۔ اور اللہ نے زمین پر چلنے والے ہر جاندار کو پانی سے خلق فرمایا پس ان میں سے کوئی اپنے پیٹ کے بل چلتا ہے اور کوئی دو ٹانگوں پر چلتا ہے اور کوئی چار ٹانگوں پر، اللہ جو کچھ چاہتا ہے پیدا کرتا ہے، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۴۵۔ یہ بات مسلمات میں سے ہوگئی ہے کہ ہر جاندار کی تخلیق میں اصل پانی ہے، خواہ ہم نطفہ مراد لیں خواہ پروٹوپلازم مراد لیں جس کا غالب حصہ پانی ہی ہوتا ہے۔

لَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ ۭ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۴۶

۴۶۔ بتحقیق ہم نے حقیقت بیان کرنے والی آیات نازل کیں اور اللہ جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی رہنمائی فرماتا ہے۔☆

۴۶۔ قرآن حقیقت بیان کرنے والی آیات پر مشتمل ہے، جس میں انسان کے لیے ایک جامع دستور حیات ہے۔ اس دستور حیات کی ہدایت صرف اللہ کی طرف سے ملتی ہے۔ بندے کو اس ہدایت کا اہل بننا ہوتا ہے۔

وَيَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوْلِ وَاَطَعْنَا ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۭ وَمَآ اُولٰۗىِٕكَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ ۝۴۷

۴۷۔ اور یہ لوگ کہتے ہیں: ہم اللہ پر اور رسول پر ایمان لائے اور ہم نے اطاعت بھی کی پھر اس کے بعد ان میں سے ایک گروہ پھر جاتا ہے، یہ لوگ مومن ہی نہیں ہیں۔☆

۴۷۔ جب دعوائے ایمان کی نوبت آئے تو کسی سے پیچھے نہیں رہتے، لیکن اطاعت اور عمل کی نوبت آئے تو سب سے پیچھے رہتے ہیں۔ ایسے لوگ سرے سے مؤمن نہیں ہیں۔ اگر ان کے دلوں میں ایمان ہوتا تو اس کے آثار ان کے کردار میں نظر آتے۔

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝۴۸

۴۸۔ اور جب انہیں اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان فیصلہ کر دے تو ان میں سے ایک فریق منہ پھیر لیتا ہے۔☆

۴۸۔ مقدموں کے فیصلے کے لیے اللہ اور رسولؐ کی طرف بلانے سے واضح مراد اسلامی قانون ہے، جس کا ماخذ قرآن و حدیث ہے۔ اسلامی قانون سے روگردانی خدا اور رسولؐ سے روگردانی ہے۔

وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ۝۴۹

۴۹۔ اور اگر حق ان کے موافق ہو تو فرمانبردار بن کر رسول کی طرف آ جاتے ہیں۔☆

۴۹۔ جو لوگ صرف اپنے مفاد کی خاطر اسلامی شریعت کا سہارا لیتے ہیں وہ درحقیقت شریعت کی اطاعت نہیں، بلکہ اپنے مفاد کی پیروی کرتے ہیں۔

اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ۭ بَلْ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝۵۰

۵۰۔ کیا ان کے دلوں میں بیماری ہے یا انہیں کوئی شبہ یا ڈر ہے کہ کہیں اللہ اور اس کا رسول ان کے ساتھ ظلم نہ کریں؟ (نہیں) بلکہ یہ لوگ خود ظالم ہیں۔☆

۵۰۔ جو لوگ احکام شریعت پر عمل نہیں کرتے، ان کے دلوں میں یا تو سرے سے ایمان نہیں ہے یا وہ اللہ اور اس کے رسولؐ کے بارے میں تذبذب میں ہیں یا وہ اللہ و رسولؐ سے انصاف کی توقع نہیں رکھتے۔ ان تینوں صورتوں میں یہ نادان خود اپنے آپ پر ظلم کر رہے ہیں۔

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا

۵۱۔ جب مومنوں کو اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلایا جاتا ہے تاکہ وہ ان کے درمیان

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ
اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا ؕ وَ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵۱﴾
وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ
اللّٰهَ وَ يَتَّقْهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الْفَآئِزُوْنَ ﴿۵۲﴾
وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا
تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾
قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ
وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ
تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ وَ مَا عَلَى
الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾
وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي
الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِهِمْ ۪ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ
الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ مِّنْۢ
بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ لَا
يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ بَعْدَ
ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۵۵﴾

فیصلہ کریں تو مومنوں کا قول تو بس یہ ہوتا ہے کہ وہ کہیں: ہم نے سن لیا اور اطاعت کی اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۵۲۔ اور جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے اور اللہ سے ڈرتا اور اس (کی نافرمانی) سے بچتا ہے تو ایسے ہی لوگ کامیاب ہوں گے۔

۵۳۔ اور یہ لوگ اللہ کی کڑی قسمیں کھاتے ہیں کہ اگر آپ انہیں حکم دیں تو وہ ضرور نکل کھڑے ہوں گے، ان سے کہہ دیجیے: تم قسمیں نہ کھاؤ، اچھی اطاعت (قسم سے بہتر) ہے، بتحقیق اللہ کو تمہارے اعمال کا خوب علم ہے۔ ☆

۵۴۔ کہہ دیجیے: اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اگر تم نے منہ موڑ لیا تو سمجھ لو کہ جو بار رسول پر رکھا گیا ہے اس کے وہ ذمے دار ہیں اور جو بار تم پر رکھا گیا ہے اس کے تم ذمے دار ہو اور اگر تم ان کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے اور رسول کی ذمے داری تو صرف یہ ہے کہ واضح انداز میں تبلیغ کریں۔ ☆

۵۵۔ تم میں سے جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اور نیک اعمال بجا لائے ہیں اللہ نے ان سے وعدہ کر رکھا ہے کہ انہیں زمین میں اس طرح جانشین ضرور بنائے گا جس طرح ان سے پہلوں کو جانشین بنایا اور جس دین کو اللہ نے ان کے لیے پسندیدہ بنایا ہے اسے پائدار ضرور بنائے گا اور انہیں خوف کے بعد امن ضرور فراہم کرے گا، وہ میری بندگی کریں اور میرے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں اور اس کے بعد بھی جو لوگ کفر اختیار کریں گے پس وہی فاسق ہیں۔ ☆

۵۳۔ یہ لوگ آپ کو یقین دلانے کے لیے کڑی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اگر آپ حکم دیں تو ہم جنگ کے لیے ضرور نکل کھڑے ہوں گے۔ ایسے لوگوں سے فرمایا: قسمیں مت کھاؤ۔ طَاعَةٌ مَّعْرُوْفَةٌ جنگ میں نکلنا ایک کھلی اطاعت ہے۔ وقت آنے پر معلوم ہو جائے گا۔ یا یہ معنی ہیں: تمہاری اطاعت کا حال معلوم ہے۔ تیسرے معنی یہ کیے گئے ہیں: یہ ایک واجب اطاعت ہے قسم کی ضرورت نہیں ہے۔

۵۴۔ اگر تم نے رسول کی اطاعت نہ کی تو اس میں رسول کو قطعاً کوئی نقصان نہیں ہے۔ کیونکہ رسولؐ پر تمہاری ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔ صرف واضح انداز میں تبلیغ کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔

۵۵۔ خلافت سے مراد صرف غلبہ اور اقتدار نہیں ہے، جیسا کہ بعض لوگ کہتے ہیں، بلکہ جس خلافت کا اس آیت میں وعدہ دیا جا رہا ہے وہ درج ذیل اصولوں پر قائم ہے۔ i ایمان۔ ii عمل صالح iii۔ ان کے پسندیدہ دین کی پائداری۔ iv خوف کے بعد امن۔ v شرک سے پاک خالص اللہ کی بندگی۔ لہذا ہر منصف اس آیت سے یہ نتیجہ اخذ کرے گا کہ اس آیت میں ان لوگوں کی بات ہو رہی ہے جن کے اقتدار کے سائے میں دین کو استحکام ملے گا۔ واضح رہے حکومت کا استحکام اور ہے اور دین کا استحکام اور ہے، بلکہ مسلمانوں کا استحکام اور ہے اور اسلام کا استحکام اور ہے۔ ممکن ہے کسی دور میں اسلام کے زرین اصولوں کے استحکام کے لیے جنگ لڑی جا رہی ہو، مسلمانوں میں بے چینی ہو، لیکن اسلام کو تحفظ مل رہا ہو۔ چنانچہ یہ بھی ممکن ہے کہ مسلمانوں کی حکومت کو تو استحکام ہو لیکن اسلامی اصول پامال ہو رہے ہوں اور دین کی تمکین و استحکام، اس کے نظام عدل و انصاف کا قیام، ہر قسم کے ظلم و زیادتی کو جڑ سے اکھاڑ دینا اور ہر قسم کے شرک سے پاک اللہ کی بندگی ہے اور ظہور مہدی (عج) کے بعد ہی یہ وعدہ پورا ہو سکتا ہے۔

وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ
اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ
تُرْحَمُوْنَ ﴿۵۶﴾
لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ ۚ
وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ ؕ وَ لَبِئْسَ
الْمَصِيْرُ ﴿۵۷﴾ ع ۱۳
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِيَسْتَاْذِنْكُمُ
الَّذِيْنَ مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ وَ الَّذِيْنَ
لَمْ يَبْلُغُوا الْحُلُمَ مِنْكُمْ ثَلٰثَ
مَرّٰتٍ ؕ مِنْ قَبْلِ صَلٰوةِ الْفَجْرِ
وَحِيْنَ تَضَعُوْنَ ثِيَابَكُمْ مِّنَ
الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ صَلٰوةِ
الْعِشَآءِ ثٰلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ
لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ
بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ
بَعْضُكُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ
يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ ؕ وَ اللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۸﴾
وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ
الْحُلُمَ فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ
اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ وَ اللّٰهُ عَلِيْمٌ

۵۶۔ اور نماز قائم کرو اور زکوۃ دیا کرو اور رسول کی اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔☆

۵۷۔ آپ یہ خیال نہ کریں کہ کافر لوگ زمین میں (ہمیں) عاجز بنا دیں گے اور ان کا ٹھکانا جہنم ہوگا جو بدترین ٹھکانا ہے۔☆

۵۸۔ اے ایمان والو! ضروری ہے کہ تمہارے مملوک اور وہ بچے جو ابھی بلوغ کی حد کو نہیں پہنچے ہیں تین اوقات میں تم سے اجازت لے کر آیا کریں، فجر کی نماز سے پہلے اور دوپہر کو جب تم کپڑے اتار کر رکھ دیتے ہو اور عشاء کی نماز کے بعد، یہ تین اوقات تمہارے پردے کے ہیں، ان کے بعد ایک دوسرے کے پاس بار بار آنے میں نہ تم پر کوئی حرج ہے اور نہ ان پر، اللہ اس طرح تمہارے لیے نشانیاں کھول کر بیان فرماتا ہے اور اللہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔☆

۵۹۔ اور جب تمہارے بچے بلوغ کو پہنچ جائیں تو انہیں چاہیے کہ وہ اجازت لیا کریں جس طرح پہلے (ان کے بڑے) لوگ اجازت لیا کرتے تھے، اس طرح اللہ اپنی آیات تمہارے لیے بیان کرتا ہے

۵۶۔ اللہ کی رحمت کے شامل حال ہونے کے لیے نماز، زکوۃ اور اطاعت رسول شرط ہے۔ یہاں تین رابطوں کا ذکر ہے۔ نماز سے اللہ کے ساتھ، زکوۃ سے لوگوں کے ساتھ اور اطاعت رسول سے زمین پر اللہ کی حکومت کے ساتھ۔ ان تین رابطوں کے استوار ہونے کے بعد بندہ قابل رحمت بنتا ہے۔

۵۷۔ یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایک خوش خبری ہے کہ کافر آپ کا راستہ نہیں روک سکیں گے بلکہ وہ نابود ہو کر جہنم رسید ہو جائیں گے۔

۵۸۔ جب یہ حکم آیا کہ لوگوں کے گھروں میں اجازت کے بغیر داخل نہ ہوں، تو اس میں کچھ حالات استثنائی ہیں، جن کا اس آیت میں ذکر ہے۔ وہ حالات یہ ہیں: ۱۔ گھر کے غلام۔ ۲ نابالغ بچے۔ یہ دونوں گھر میں طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ ہیں جو بار بار تمہارے پاس آتے رہتے ہیں۔ انہیں ہر بار اجازت لینے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ تین اوقات تمہارے تخلیے کے ہوتے ہیں، ان میں یہ دونوں بھی اجازت کے بغیر تمہارے پاس داخل نہ ہوں۔ ثٰلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ: العورۃ اصل میں عار سے مشتق ہے۔ مقام ستر کے کھلنے سے عار محسوس ہوتا ہے اور بے ستر ہونا عار و ننگ ہے۔ اس لیے عورت کو عورت کہتے ہیں۔

حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾

وَالْقَوَاعِدُ مِنَ النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا
يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ عَلَيْهِنَّ
جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ
مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَ اَنْ
يَّسْتَعْفِفْنَ خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ
سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾
لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّ لَا عَلَى
الْمَرِيْضِ حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى
اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ
اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ اَوْ
بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
اَعْمَامِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ
بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ
خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗٓ
اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ
جُنَاحٌ اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ
فَاِذَا دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى
اَنْفُسِكُمْ تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ
لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۱﴾ ع ۸ ۱۴

اور اللہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔

۶۰۔ اور جو عورتیں (ضعیف العمری کی وجہ سے) خانہ نشین ہو گئی ہوں اور نکاح کی توقع نہ رکھتی ہوں ان کے لیے اپنے (حجاب کے) کپڑے اتار دینے میں کوئی حرج نہیں ہے بشرطیکہ زینت کی نمائش کرنے والیاں نہ ہوں تاہم عفت کا پاس رکھنا ان کے حق میں بہتر ہے اور اللہ بڑا سننے والا، خوب جاننے والا ہے۔☆

۶۱۔ اندھے پر کوئی حرج نہیں ہے اور نہ لنگڑے پر کوئی حرج ہے اور نہ مریض پر کوئی حرج ہے اور نہ خود تم پر اس بات میں کوئی حرج ہے کہ تم اپنے گھروں سے کھاؤ یا اپنے باپ کے گھروں سے یا اپنی بڑی ماؤں (نانی دادی) کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا ان کے گھروں سے جن گھروں کی چابیاں تمہارے اختیار میں ہوں یا اپنے دوستوں کے گھروں سے، اس میں بھی کوئی حرج نہیں کہ تم مل کر کھاؤ یا جدا جدا اور جب تم کسی گھر میں داخل ہو تو اپنے آپ پر سلام کیا کرو اللہ کی طرف سے بابرکت اور پاکیزہ تحیت کے طور پر، اس طرح اللہ اپنی نشانیاں تمہارے لیے کھول کر بیان فرماتا ہے، شاید تم عقل سے کام لو۔☆

۶۰۔ یعنی وہ ضعیف العمر عورتیں جن کی خواہشات ختم ہو چکی ہوں اور ان کو دیکھنے سے مردوں کی خواہشات بیدار نہ ہوتی ہوں، ان کے لیے پردہ نہ کرنے میں کوئی حرج نہیں تاہم پردہ کرنا ان کے وقار کے لیے بہتر ہے۔

۶۱۔ اسلام سے پہلے اہل مدینہ نابینا اور معذور افراد کے ساتھ کھانا نہیں کھاتے تھے۔ اس آیت میں ان کے ساتھ کھانا کھانے کا حکم دیا۔ بُيُوْتِكُمْ اپنے گھروں سے مراد ان کی اپنی اولاد کے گھر ہیں اور دیگر گھروں سے صرف بقدر ضرورت بغیر اجازت کے کھا سکتے ہیں۔

فَسَلِّمُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ: جب کسی گھر میں داخل ہو تو اپنے آپ پر سلام کرو۔ اس سے مراد ہے اپنے ہم نوع اور برادران دینی پر سلام کرو جو فی الحقیقت خود تمہارا حصہ ہیں۔ پھر جب گھر والوں کو سلام کرو گے تو وہ جواب میں تمہیں سلام کریں گے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ تم خود اپنے لیے سلام کر رہے ہو نیز یہ سلام اللہ کی طرف سے تحیت اور مبارک ہے۔ حدیث کے مطابق مؤمن کی ایک دوسرے کے بارے میں دعا بھلائی میں اضافہ اور پاکیزہ روزی کا سبب بنتی ہے۔

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ
وَرَسُوْلِهٖ وَاِذَا كَانُوْا مَعَهٗ عَلٰٓى اَمْرٍ
جَامِعٍ لَّمْ يَذْهَبُوْا حَتّٰى
يَسْتَاْذِنُوْهُ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَاْذِنُوْنَكَ
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ
رَسُوْلِهٖ ۚ فَاِذَا اسْتَاْذَنُوْكَ لِبَعْضِ
شَاْنِهِمْ فَاْذَنْ لِّمَنْ شِئْتَ مِنْهُمْ
وَ اسْتَغْفِرْ لَهُمُ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۶۲﴾
لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ
كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ
اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ
لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ
عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ
يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾
اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ
عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ
فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ
ع ۱۵ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾

سُوْرَةُ الْفُرْقَانِ مَكِّيَّةٌ ۷۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبٰرَكَ الَّذِىْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى

۶۲۔ مومن تو بس وہ لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں اور جب وہ کسی اجتماعی معاملے میں رسول اللہ کے ساتھ ہوں تو ان کی اجازت کے بغیر نہیں ملتے، جو لوگ آپ سے اجازت مانگ رہے ہیں یہ یقیناً وہی لوگ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہیں لہٰذا جب یہ لوگ اپنے کسی کام کے لیے آپ سے اجازت مانگیں تو ان میں سے جسے آپ چاہیں اجازت دے دیں اور ایسے لوگوں کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں، بے شک اللہ بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

۶۳۔ تمہارے درمیان رسول کے پکارنے کو اس طرح نہ سمجھو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کو پکارتے ہو، تم میں سے جو دوسروں کی آڑ میں کھسک جاتے ہیں اللہ انہیں جانتا ہے، جو لوگ حکم رسول کی مخالفت کرتے ہیں انہیں اس بات کا خوف لاحق رہنا چاہیے کہ مبادا وہ کسی فتنے میں مبتلا ہو جائیں یا ان پر کوئی دردناک عذاب آ جائے۔☆

۶۴۔ متوجہ رہو! آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اللہ کا ہے اللہ جانتا ہے تم جس حال میں ہو اور جس دن انہیں اس کی طرف پلٹا دیا جائے گا تو وہ انہیں بتائے گا کہ وہ کیا کرتے رہے ہیں اور اللہ کو ہر چیز کا خوب علم ہے۔

سورہ فرقان ۔ مکی ۔ آیات ۷۷

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے

۶۲۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول کریمؐ اجتماعی مسائل کو باہمی مشورے کے ساتھ طے فرماتے تھے اور وحی کا ذریعہ ہونے کے باوجود لوگوں کو اعتماد میں لیتے تھے اور جو لوگ رسولؐ پر قلبی ایمان رکھتے تھے وہ ان آداب کا احترام کرتے تھے اور رسولؐ کی مجلس کو چھوڑنا پسند نہیں کرتے تھے اور حقیقی مؤمن اجازت کے بغیر اس مجلس کو نہیں چھوڑتے تھے، جبکہ منافق دوسروں کی آڑ میں کھسک جاتے تھے۔

۶۳۔ دُعَآءَ الرَّسُوْلِ کا مطلب رسولؐ کو پکارنا بھی ہو سکتا ہے اور رسولؐ کا پکارنا بھی ۔ پہلی صورت میں اس کے یہ معنی بنتے ہیں کہ جیسے تم آپس میں ایک دوسرے کو نام لے کر پکارتے ہو رسولؐ کو اس طرح یا محمدؐ کہہ کر مت پکارو۔ رسولؐ خود تواضع ضرور فرماتے ہیں لیکن امت کو رسالت کی منزلت و مقام کا لحاظ رکھنا چاہیے۔

دوسری صورت میں یہ معنی بنتے ہیں: رسولؐ کے بلانے کو عام آدمیوں کے بلانے کی طرح نہ سمجھو۔ رسولؐ کا بلانا اللہ کا بلانا ہے۔ اسی لیے رسولؐ کے بلانے پر فوری لبیک کہنا ایمان کا تقاضا ہے۔ اگر کوئی رسولؐ کے بلانے پر لبیک نہ کہے تو اس کا یہ مطلب نکلتا ہے کہ وہ رسولؐ کو دل سے نہیں مانتا۔ اسی وجہ سے اگر نماز کی حالت میں بھی ہو تو رسولؐ کے بلانے پر فوری لبیک کہنا فرض ہے، جبکہ بعض حضرات نے رسولؐ کے بلانے پر کھانے کو ترک نہیں کیا تھا اور کھاتے رہے، رسولؐ کی آواز پر لبیک نہیں کہی۔ یہاں تک کہ رسول اللہؐ نے بددعا دی: لا اشبع اللہ بطنہ۔ خدا اس کے شکم کو سیر نہ کرے۔ (صحیح مسلم باب من لعنہ النبی ۱۶: ۱۳۳ ح ۶۵۸۰)

يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات میں جن لوگوں نے رسول کے حکم کی مخالفت کی ہے، وہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد یا تو فتنے میں مبتلا ہوں گے یا عذاب الیم میں اور اس جملے میں عَنْ اَمْرِهٖ قرینہ ہے کہ دُعَآءَ الرَّسُوْلِ سے مراد رسولؐ کا حکم ہے۔ اس آیت کا تیسرا مطلب یہ لیا جاتا ہے: رسولؐ کی دعا، عام آدمی کی دعا نہ سمجھو۔ یعنی رسولؐ کی بددعا کو دوسروں کی بددعا کی طرح نہ سمجھو۔ اس لیے کہ آپؐ کی دعا قبول ہوتی ہے۔ اس لیے نبی کی بددعا مت لو تم ہلاک ہو جاؤ گے۔ اس تفسیر کے مطابق وہ توجیہ قرآن کے خلاف ہو جائے گی جس میں کہا جاتا ہے کہ رسولؐ کسی پر لعنت یا سبّ کریں یا بددعا

عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ
نَذِيْرَا ۙ﴿۱﴾
الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ
يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ
كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿۲﴾
وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً لَّا
يَخْلُقُوْنَ شَيْـًٔا وَّهُمْ يُخْلَقُوْنَ
وَلَا يَمْلِكُوْنَ لِاَنْفُسِهِمْ ضَرًّا وَّ
لَا نَفْعًا وَّلَا يَمْلِكُوْنَ مَوْتًا وَّلَا
حَيٰوةً وَّلَا نُشُوْرًا ﴿۳﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّآ
اِفْكُ ِۨافْتَرٰىهُ وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ
قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۚ فَقَدْ جَآءُوْ ظُلْمًا
وَّزُوْرًا ۚ﴿۴﴾
وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ
اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً
وَّاَصِيْلًا ﴿۵﴾
قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ يَعْلَمُ السِّرَّ فِي
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ كَانَ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۶﴾
وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ
الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ ۭ لَوْ

پر فرقان نازل فرمایا تا کہ وہ سارے جہاں والوں کے لیے انتباہ کرنے والا ہو۔☆

۲۔ جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور جس نے کسی کو بیٹا نہیں بنایا اور جس کی بادشاہی میں کوئی شریک نہیں ہے اور جس نے ہر چیز کو خلق فرمایا پھر ہر ایک کو اپنے اندازے میں مقدر فرمایا۔☆

۳۔ لوگوں نے اللہ کو چھوڑ کر ایسے معبود بنا لیے جو کسی چیز کو خلق نہیں کر سکتے بلکہ خود مخلوق ہیں اور وہ اپنے لیے بھی کسی نفع اور نقصان کا اختیار نہیں رکھتے اور وہ نہ موت کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ حیات کا اور نہ ہی اٹھائے جانے کا۔

۴۔ اور کفار کہتے ہیں: یہ قرآن ایک خود ساختہ چیز ہے جسے اس شخص نے خود گھڑ لیا ہے اور دوسرے لوگوں نے اس کام میں اس کی مدد کی ہے، (ایسی باتیں کر کے) یہ لوگ ظلم اور جھوٹ کے مرتکب ہوئے ہیں۔

۵۔ اور کہتے ہیں: (یہ قرآن) پرانے لوگوں کی داستانیں ہیں جو اس شخص نے لکھوا رکھی ہیں اور جو صبح و شام اسے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں۔☆

۶۔ کہہ دیجیے: اسے تو اس اللہ نے نازل کیا ہے جو آسمانوں اور زمین کا راز جانتا ہے، بے شک وہ بڑا غفور رحیم ہے۔

۷۔ اور وہ کہتے ہیں: یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا پھرتا ہے؟

دیں تو وہ اس کے لیے اجر و رحمت بن جاتی ہے۔ یعنی رسولؐ اس پر لعنت کر رہے ہیں، وہ لعنت رحمت میں تبدیل ہو جائے گی۔ ملاحظہ ہو صحیح مسلم جلد دوم باب من لعنہٗ النبی

سورۂ فرقان

۱۔ اس آیت میں مستشرقین کے اس الزام کی رد ہے کہ محمدؐ شروع میں صرف مکہ اور اس کے گرد و پیش والوں کی طرف مبعوث ہونے کے مدعی تھے، بعد میں محمد (ص) نے اپنی دعوت کو وسعت دی، جبکہ مکہ میں نازل ہونے والی اس سورت میں اعلان ہوتا ہے کہ یہ رسولؐ سارے جہانوں کی تنبیہ کے لیے آیا ہے۔

۲۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت صرف اللہ کے پاس ہے۔ وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ اس سلطنت میں کوئی شریک نہیں ہے۔ جب کہ مشرکین تدبیر و سلطنت میں دوسروں کو شریک بناتے تھے کہ خلق تو خدا نے کیا ہے لیکن خلق کے بعد تدبیر کے اختیارات غیر اللہ کے پاس ہیں۔

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا: ہر چیز کی تخلیق اور تقدیر اللہ کے ہاتھ میں ہے۔ تقدیر، تخلیق سے جدا عمل نہیں ہے۔ اسی طرح تدبیر تقدیر سے جدا عمل نہیں ہے۔

فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا: اس جملے کا حق ادا کرنے والا ترجمہ مشکل ہے۔ ہر چیز کی تخلیق کے بعد اس کی بقا و ارتقا کا پیمانہ متعین کیا۔ یعنی اس کی تخلیق کے وقت ہی اس کی بقا و ارتقا کے لیے ضروری ہدایات اس میں ودیعت فرمائیں۔ ہر ایک کی بقا و ارتقا کے عمل و اسباب کا تعین فرمایا اور فیزیکلی قانون وضع فرمایا۔ جس کو تقدیر کہتے ہیں۔ اس طرح ہر چیز کے لیے ایک تقدیر متعین ہے۔ یعنی ہر چیز پہلے سے تنظیم شدہ قانون کے تحت چل رہی ہے۔

۵۔ کہ تو دیا کہ دوسرے لوگوں نے اس قرآن کو گھڑنے میں مدد دی ہے، لیکن ان کی نشاندہی نہیں کر سکتے تھے۔ صرف چند آزاد کردہ غلاموں کا نام لیتے تھے جن کا مبلغ علم سب کے سامنے تھا

لَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ
نَذِيْرًا ۙ﴿۷﴾
اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ
جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ
اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا مَّسْحُوْرًا ﴿۸﴾
اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ
الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
ع ۱ ۹ ۱۲ سَبِيْلًا ﴿۹﴾
تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ جَعَلَ لَكَ خَيْرًا
مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ لَّكَ قُصُوْرًا ﴿۱۰﴾
بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ ۫ وَاَعْتَدْنَا
لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ سَعِيْرًا ﴿۱۱﴾ ج
اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ سَمِعُوْا
لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ﴿۱۲﴾
وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا
مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ﴿۱۳﴾ ط
لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّ
ادْعُوْا ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾
قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ
الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ كَانَتْ لَهُمْ
جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿۱۵﴾
لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ

اس پر کوئی فرشتہ کیوں نازل نہیں ہوتا؟ تاکہ اس کے ساتھ تنبیہ کر دیا کرے۔☆

۸۔ یا اس کے لیے کوئی خزانہ نازل کر دیا جاتا یا اس کا کوئی باغ ہوتا جس سے وہ کھا لیا کرتا اور ظالم لوگ (اہل ایمان سے) کہتے ہیں: تم تو ایک سحر زدہ شخص کی پیروی کرتے ہو۔☆

۹۔ دیکھیے! یہ لوگ آپ کے بارے میں کیسی باتیں بنا رہے ہیں، پس یہ ایسے گمراہ ہو گئے ہیں کہ ان کے لیے راہ پانا ممکن نہیں ہے۔

۱۰۔ بابرکت ہے وہ ذات کہ اگر وہ چاہے تو آپ کے لیے اس سے بہتر ایسے باغات بنا دے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں اور آپ کے لیے بڑے بڑے محل بنا دے۔☆

۱۱۔ بلکہ (حقیقت یہ ہے کہ) انہوں نے قیامت کو جھٹلایا اور جو قیامت کو جھٹلائے اس کے لیے ہم نے جہنم تیار کر رکھی ہے۔☆

۱۲۔ جب وہ (جہنم) دور سے انہیں دیکھے گی تو یہ لوگ غضب سے اس کا بپھرنا اور دھاڑنا سنیں گے۔

۱۳۔ اور جب انہیں جکڑ کر جہنم کی کسی تنگ جگہ میں ڈال دیا جائے گا تو وہاں وہ موت کو پکاریں گے۔

۱۴۔ (تو ان سے کہا جائے گا) آج ایک موت کو نہ پکارو بلکہ بہت سی اموات کو پکارو۔

۱۵۔ کہہ دیجیے: کیا یہ مصیبت بہتر ہے یا دائمی جنت جس کا اہل تقویٰ سے وعدہ کیا گیا ہے، جو ان کے لیے جزا اور ٹھکانا ہے۔

۱۶۔ وہاں ان کے لیے ہر وہ چیز جسے وہ چاہیں گے موجود ہو گی جس میں وہ ہمیشہ رہیں

اور دشمن کے الزام کے الفاظ: ”یہ قرآن پرانے لوگوں کی داستانیں ہیں جنہیں اس شخص نے لکھ رکھا ہے“، اس بات کا ایک ثبوت چھوڑ گئے کہ قرآن کی زندگی میں بھی ضبط تحریر میں لایا جاتا تھا اور اس کی تدوین کا انتظام شروع سے کیا جا رہا تھا۔ اس میں ان لوگوں کی رد ہے جو کہتے ہیں قرآن عہد رسالت میں مدوّن نہ تھا۔

۷۔۸ ان کا یہ کہنا تھا کہ اللہ کی طرف سے جو رسول آئے وہ بشر نہیں ہو سکتا۔ ان کے خیال میں مادی وجود اللہ کی نمائندگی نہیں کر سکتا۔ اسی لیے وہ فرشتوں کو اللہ تک پہنچنے کا وسیلہ قرار دیتے تھے اور ان کی پرستش کرتے تھے۔ اسی لیے ان کے نزدیک کھانا اور لوگوں کے درمیان چلنا پھرنا رسالت کے منافی ہے۔ ان کا یہ کہنا تھا کہ اگر کوئی بشر رسول ہوتا ہے تو اس صورت میں ممکن ہے کہ ایک فرشتہ اس رسول کے ساتھ ہونا چاہیے تاکہ اس فرشتے کے ذریعے غیب کے ساتھ اتصال ممکن ہو یا اگر کسی بشر کو رسول بنانا ہی تھا تو خزانوں اور جاگیروں کا مالک ہوتا۔ یہ کیسا رسول ہے جو عام لوگوں کی طرح زندگی گزارتا ہے۔ اسے چاہیے زمین پر بسنے والوں سے الگ پرتعیش زندگی گزارنے والا ہو، جبکہ رسول، اللہ کی طرف سے ہدایت دینے کے لیے آتے ہیں۔ وہ زندگی بھی ایسی گزارتے ہیں جو دوسروں کے لیے مثال ہو، تاکہ ان کی زندگی و سیرت بھی باعث ہدایت ہو۔

۱۰۔ اگر مشیت الٰہی متقاضی ہوتی تو تمہارے تصور سے زیادہ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ باغات اور قصور فراہم کرتا۔

۱۱۔ انکار رسالت کی اصل وجہ وہ باتیں نہیں ہیں جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔ بنیادی وجہ آخرت کا انکار ہے کیونکہ مجرم عدالت اور حساب سے کتراتا ہے۔ انکار نبوت کی اصل وجہ معاد کا انکار ہے۔ جب ان کے نزدیک یوم حساب نہیں ہے، عذاب و ثواب نہیں ہے، جنت و نار نہیں ہے تو قانون، شریعت، رسالت بے معنی ہو جاتی ہیں۔

كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿١٦﴾

گے، یہ لازمی وعدہ آپ کے پروردگار کے ذمے ہے۔☆

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ
اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ
ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿١٧﴾

۱۷۔ اور اس دن اللہ، ان لوگوں کو اور اللہ کو چھوڑ کر جن معبودوں کی یہ لوگ پوجا کرتے تھے ان کو (بھی) جمع کرے گا اور پھر فرمائے گا: کیا تم نے میرے ان بندوں کو گمراہ کیا تھا یا یہ خود گمراہ ہوئے تھے؟☆

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ
لَنَآ اَنْ نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ
اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ مَّتَّعْتَهُمْ
وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ وَ
كَانُوْا قَوْمًۢا بُوْرًا ﴿١٨﴾

۱۸۔ وہ کہیں گے: پاک ہے تیری ذات ہمیں تو حق ہی نہیں پہنچتا کہ ہم تیرے سوا کسی کو اپنا ولی بنائیں لیکن تو نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو نعمتیں عطا فرمائیں یہاں تک کہ یہ لوگ (تیری) یاد کو بھول گئے اور یہ ہلاکت میں پڑنے والے لوگ تھے۔☆

فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ
فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا وَّلَا
نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ
نُذِقْهُ عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾

۱۹۔ پس انہوں (تمہارے معبودوں) نے تمہاری باتوں کو جھٹلایا لہٰذا آج تم نہ تو عذاب کو ٹال سکتے ہو اور نہ ہی کوئی مدد حاصل کر سکتے ہو اور تم میں سے جو بھی ظلم کرے گا ہم اسے بڑا عذاب چکھا دیں گے۔

وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ
اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ
فِي الْاَسْوَاقِ ۭ وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ
لِبَعْضٍ فِتْنَةً ۭ اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ
رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿٢٠﴾ ع ٢ ١١ ١٧

۲۰۔ اور ہم نے آپ سے پہلے جو بھی رسول بھیجے تھے وہ سب کھانا کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے اور ہم نے تمہیں ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنا دیا کیا تم صبر کرتے ہو؟ اور آپ کا پروردگار تو خوب دیکھنے والا ہے۔☆

الجزء ١٩ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْ
لَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰۗىِٕكَةُ اَوْ نَرٰى
رَبَّنَا ۭ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ
وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِيْرًا ﴿٢١﴾

۲۱۔ اور جو لوگ ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے وہ کہتے ہیں: ہم پر فرشتے کیوں نازل نہیں کیے گئے یا ہم اپنے رب کو کیوں نہیں دیکھ لیتے؟ یہ لوگ اپنے خیال میں خود کو بہت بڑا سمجھ رہے ہیں اور بڑی حد تک سرکش ہو گئے ہیں۔☆

۱۶۔ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا: یعنی ایسا وعدہ جس کی جوابدہی ہوتی ہے۔ اللہ کسی کے سامنے جوابدہ نہیں ہے۔ لَا يُسْـَٔلُ عَمَّا يَفْعَلُ وَهُمْ يُسْـَٔلُوْنَ (الانبیاء: ۲۳) ”وہ جو کرتا ہے اس کے بارے میں پوچھا نہیں جاتا البتہ لوگوں سے پوچھا جائے گا۔“ بعض چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے خود اپنی ذات پر لازم قرار دیا ہے جیسا کہ فرمایا: كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (انعام: ۵۴) ”تمہارے رب نے رحمت کو اپنے اوپر واجب قرار دیا ہے۔“ یہاں بھی ایسا ہی ہے کہ اللہ نے خود لازم قرار دیا ہے، کیونکہ وعدہ خلافی قبیح ہے اور اللہ سے قبیح عمل صادر نہیں ہو سکتا۔

۱۷۔۱۸ جن غیر اللہ کی مشرکین پوجا کرتے تھے، ان سے جب قیامت کے دن سوال ہو گا کہ کیا تم نے ان کو گمراہ کیا تھا؟ تو ان کا یہ جواب ہو گا یہ لوگ دنیا کی ناز و نعمت کی وجہ سے گمراہ ہوئے۔ واضح رہے کہ جب لوگ ہدایت الٰہی کو قبول نہیں کرتے اور ناقابل ہدایت ہو جاتے ہیں تو اللہ ان کو دنیا کی نعمت اور ڈھیل دے کر عذاب کا مستحق ٹھہراتا ہے۔ یہ اللہ کی طرف سے سب سے بڑی سزا ہے۔

۲۰۔ انبیاء کو انسانی طور طریقوں کے مطابق کھانا کھانے اور بازاروں میں چلنے والے بنانے میں دوسری حکمتوں کے ساتھ یہ حکمت بھی کارفرما ہے کہ ایک آزمائش ہے جس سے پاک طینت لوگوں اور خواہش پرست لوگوں میں فرق واضح ہوتا ہے۔

۲۱۔ کافروں کا اللہ پر اعتراض ہے کہ اس نے جو رسول بھیجے وہ درست نہ تھے، فرشتوں کو بھیجنا چاہیے تھا اور ایمان بالغیب کی دعوت بھی درست نہ تھی، اسے خود ظاہر ہو کر سامنے آنا چاہیے تا کہ سب لوگ اسے دیکھ لیں اور ایمان لے آئیں۔ جواب میں فرمایا: ان لوگوں نے اپنے آپ کو بڑی چیز سمجھ رکھا ہے کہ اللہ پر اعتراض کرنے لگ گئے اور سرکشی یہاں تک پہنچ گئی کہ اللہ کا عمل انہیں پسند نہیں۔

يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿٢٢﴾ وَقَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ﴿٢٣﴾ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّاَحْسَنُ مَقِيْلًا ﴿٢٤﴾ وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ﴿٢٥﴾ اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ ِالْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ﴿٢٦﴾ وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِى اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿٢٧﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿٢٨﴾ لَقَدْ اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِىْ ؕ وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿٢٩﴾ وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿٣٠﴾ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِىٍّ

۲۲۔ جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے تو ان مجرموں کے لیے مسرت کا دن نہ ہوگا اور وہ (فرشتے) کہیں گے: (تمہارے لیے مسرت) حرام ممنوع ہے۔☆

۲۳۔ پھر ہم ان کے کیے ہوئے عمل کی طرف توجہ کریں گے اور ان کے کیے ہوئے عمل کو اڑتی ہوئی خاک بنا دیں گے۔☆

۲۴۔ اہل جنت اس دن بہترین ٹھکانے اور بہترین سکون کی جگہ میں ہوں گے۔

۲۵۔ اور اس دن آسمان ایک بادل کے ذریعے پھٹ جائے گا اور فرشتے لگاتار نازل کیے جائیں گے۔☆

۲۶۔ اس دن سچی بادشاہی صرف خدائے رحمٰن کی ہوگی اور کفار کے لیے وہ بہت مشکل دن ہوگا۔

۲۷۔ اور اس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو کاٹے گا اور کہے گا: کاش میں نے رسول کے ساتھ راستہ اختیار کیا ہوتا۔

۲۸۔ ہائے تباہی! کاش میں نے فلاں کو دوست نہ بنایا ہوتا۔

۲۹۔ اس نے مجھے نصیحت سے گمراہ کر دیا جب کہ میرے پاس نصیحت آ چکی تھی اور انسان کے لیے شیطان بڑا ہی دغا باز ہے۔☆

۳۰۔ اور رسول کہیں گے: اے میرے پروردگار! میری قوم نے اس قرآن کو واقعی ترک کر دیا تھا۔☆

۳۱۔ اور اس طرح ہم نے ہر نبی کے لیے مجرمین میں سے بعض کو دشمن بنایا ہے اور

۲۲۔ اگر يَقُوْلُوْنَ کو مجرمین کے ساتھ مربوط کیا جائے تو اس آیت کا ترجمہ یہ بنے گا: وہ (مجرمین) کہیں گے: (ہمارے لیے) مسرت حرام ممنوع ہے۔

۲۳۔ مشرک ایک مجرم ہے اس میں کوئی حُسن نہیں ہے۔ عمل کرنے والا مجرم ہے تو اس کے عمل میں کوئی حسن نہیں آئے گا۔ لہٰذا جس شخص میں ایمان نہیں اس میں کوئی حسن نہیں۔ نتیجتاً اس کے عمل میں بھی کوئی حسن نہ ہوگا۔

هَبَآءً: ان ذروں کو کہتے ہیں جو روشندانوں سے آنے والی سورج کی روشنی میں غبار کی طرح نظر آتے ہیں۔

۲۵۔ آسمان پھٹ جائے گا۔ یعنی آسمان کے راستے کھل جائیں گے اور بادل کے سائبانوں میں فرشتے زمین پر اتریں گے۔

۲۹۔ ایسا اکثر ہوتا ہے اور تاریخ اسلام میں بھی ہوا ہے کہ اچھے خاصے دینداروں کو مفاد پرستوں نے گمراہ کیا اور اپنے ناجائز عمل کی توجیہ کر کے اپنے آپ کو اور دوسروں کو جھوٹی تسلی دیتے رہے۔

۳۰۔ قیامت کے روز جہاں گمراہ لوگ اپنے کیے پر نادم ہوں گے، وہاں رسول بھی اللہ کی بارگاہ میں ان مجرموں کے جرم سے متعلق جو بنیادی مسئلہ اٹھائیں گے، وہ ہے قرآن کو ترک کرنا اور جو دستور حیات آپؐ نے انسانوں کے لیے عنایت فرمایا تھا اسے ان لوگوں نے قابل اعتنا نہ سمجھا اور اس کی جگہ انسان کے خود ساختہ دستور حیات پر عمل کرنے اور اس کے مطابق فیصلے کرنے کو قابل فخر سمجھا۔

۳۱۔ ہماری سنت (روش) اس طرح نہیں ہے کہ ادھر انبیاء کی طرف سے حق کی دعوت آ گئی ادھر لوگ اس کی طرف جوق در جوق آ جاتے ہوں بلکہ اس دعوت کے سامنے دشمنوں کی بہت بڑی رکاوٹ حائل ہوگی اور مشکلات وصعوبات کے حوصلہ شکن سلسلوں کو پھلانگنا پڑے گا۔ اگر یہ کوئی آسان کام ہوتا تو سب یہ کام کرتے اور حق و باطل میں تمیز ختم ہو جاتی۔ البتہ استقامت اور ثابت قدمی دکھانے کے بعد آخر میں اللہ کی نصرت آ جاتی ہے۔

عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ وَكَفٰى
بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿۳۱﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ
ع ۴ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ
كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ فُؤَادَكَ وَ
رَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿۳۲﴾
وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ
بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ﴿۳۳﴾ؕ
اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ عَلٰى
وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ
ع ۲ ۱۴ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿۳۴﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَجَعَلْنَا
مَعَهٗۤ اَخَاهُ هٰرُوْنَ وَزِيْرًا ﴿۳۵﴾ۚ
فَقُلْنَا اذْهَبَاۤ اِلَى الْقَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا
بِاٰيٰتِنَا ؕ فَدَمَّرْنٰهُمْ تَدْمِيْرًا ﴿۳۶﴾ؕ
وَقَوْمَ نُوْحٍ لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ
اَغْرَقْنٰهُمْ وَجَعَلْنٰهُمْ لِلنَّاسِ
اٰيَةً ؕ وَاَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا
اَلِيْمًا ﴿۳۷﴾ۚ
وَّ عَادًا وَّثَمُوْدَا۠ وَاَصْحٰبَ
الرَّسِّ وَقُرُوْنًۢا بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿۳۸﴾
وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا
تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿۳۹﴾

ہدایت اور مدد دینے کے لیے آپ کا پروردگار کافی ہے۔☆

۳۲۔اور کفار کہتے ہیں: اس (شخص) پر قرآن یکبارگی نازل کیوں نہیں ہوا؟ (بات یہ ہے کہ) اس طرح (آہستہ اس لیے اتارا) تاکہ اس سے ہم آپ کے قلب کو تقویت دیں اور ہم نے اسے ٹھہر ٹھہر کر پڑھ کر سنایا ہے۔☆

۳۳۔اور یہ لوگ جب بھی آپ کے پاس کوئی مثال لے کر آئیں تو ہم جواب میں آپ کو حق کی بات اور بہترین وضاحت سے نوازتے ہیں۔☆

۳۴۔ یہ وہ لوگ ہیں جو اوندھے منہ جہنم کی طرف دھکیلے جائیں گے، ان کا ٹھکانا بہت برا ہے اور وہ راہ حق سے بہت ہی دور ہو گئے ہیں۔

۳۵۔اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو کتاب عنایت فرمائی اور ان کے بھائی ہارون کو مددگار بنا کر ان کے ساتھ کر دیا۔☆

۳۶۔ پھر ہم نے کہا: تم دونوں اس قوم کی طرف جاؤ جنہوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی ہے، چنانچہ ہم نے انہیں تباہ و برباد کر دیا۔☆

۳۷۔ اور جب قوم نوح نے رسولوں کی تکذیب کی تو ہم نے انہیں غرق کر دیا اور انہیں لوگوں کے لیے نشان (عبرت) بنا دیا اور ہم نے ظالموں کے لیے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۳۸۔اور یہی (حشر) عاد اور ثمود اور اصحاب الرس کا بھی ہوا ہے اور ان کے درمیان بہت سی امتوں کا بھی۔☆

۳۹۔ اور ان میں سے ہر ایک کو ہم نے مثالوں سے سمجھایا اور (آخر میں) سب کو بالکل ہی تباہ کر دیا۔

۳۲۔قرآن کو دفعتاً نہیں تدریجاً نازل کرنے کی بنیادی وجہ یہ بتائی کہ اس کے ذریعے اللہ رسولؐ کے دل کو ثبات دیتا رہا۔ رسولؐ کے دل کی کمزوری سے کوئی عدم ثبات کا خطرہ نہ تھا، بلکہ جس جاہلی معاشرے کی تربیت کرنا تھی اس کے لیے وقت درکار تھا۔ دفعتاً کتاب پڑھانے سے یہ مسئلہ حل نہ ہوتا۔ اس عظیم انقلاب کی جڑوں کو مضبوط کرنے کے لیے فطرت سے ہم آہنگ تدریجی قدم اٹھانا ضروری تھا۔

۳۳۔ مَثَل: دلیل و حجت کے طور پر ایسی مثالیں اور نظیریں پیش کرتے ہیں جن سے آپ کی نبوت کو مخدوش کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن ہم ان مثالوں کو ان کے لیے حجت اور دلیل بننے نہیں دیتے، اس کی ایسی احسن تفسیر بیان کرتے ہیں، جس سے ان کا مدعیٰ باطل ہو جاتا ہے۔

۳۵۔۳۶ آیت کا رخ کلام یہ ہے کہ ہم نے جس رسول کو تمہاری طرف بھیجا ہے وہ کوئی انوکھا معاملہ نہیں ہے۔ اس سے پہلے بھی ہم نے موسیٰ (ع) کو کتاب دے کر بھیجا ہے اور ہارون (ع) کو ہم نے موسیٰ (ع) کے لیے وزیر بنایا ہے۔ تمہاری طرح ان لوگوں نے تکذیب کی تو ہم نے ان کو تباہ کر دیا۔ ہم تم کو بھی تباہ کر سکتے ہیں۔

اس کے بعد کی آیات میں قوم نوح کے غرق ہونے اور عاد و ثمود کی تباہی کا ذکر اس بات کو واضح کرنے کے لیے ہے کہ گزشتہ انبیاء کی تاریخ میں جو کچھ ہوا ہے، وہ تمہارے ساتھ بھی ہو سکتا ہے۔

۳۸۔ نہج البلاغۃ میں آیا ہے: اَیْنَ اَصْحَابُ مَدَائِنِ الرَّسِّ الَّذِیْنَ قَتَلُوا النَّبِیِّیْنَ۔ رس کے شہروں کے باشندے کہاں ہیں، جنہوں نے انبیاء کو قتل کیا۔

اس فرمان سے معلوم ہوتا ہے یہاں کئی شہر آباد تھے۔ تفسیر صافی میں قمی سے نقل کیا ہے: رس آذربائیجان کے ایک علاقے کی نہر کا نام ہے۔ محمد عبدہ کے مطابق یہ وہی نہر ہے جسے آج کل نہر ارس کہتے ہیں۔

وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ
اُمْطِرَتْ مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ
يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ بَلْ كَانُوْا
لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ۝٤٠
وَاِذَا رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا
هُزُوًا ؕ اَهٰذَا الَّذِيْ بَعَثَ اللّٰهُ
رَسُوْلًا ۝٤١
اِنْ كَادَ لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْلَآ اَنْ
صَبَرْنَا عَلَيْهَا ؕ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ
حِيْنَ يَرَوْنَ الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ
سَبِيْلًا ۝٤٢
اَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ
اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ۝٤٣
اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ
يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ
اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ
ع ۴ ۱۰ ۲ سَبِيْلًا ۝٤٤
اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ
مَدَّ الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ
سَاكِنًا ۚ ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ
دَلِيْلًا ۝٤٥
ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝٤٦
وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا

۴۰۔ اور تحقیق یہ لوگ اس بستی سے گزر چکے ہیں جس پر بدترین بارش برسائی گئی تھی تو کیا انہوں نے اس کا حال نہ دیکھا ہوگا؟ بلکہ (اس کے باوجود) یہ دوبارہ اٹھائے جانے کی توقع ہی نہیں رکھتے۔☆

۴۱۔ اور جب یہ لوگ آپ کو دیکھتے ہیں تو آپ کا مذاق ہی اڑاتے ہیں (اور کہتے ہیں) کیا یہی وہ شخص ہے جسے اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے؟☆

۴۲۔ اگر ہم اپنے معبودوں پر ثابت قدم نہ رہتے تو اس (شخص) نے تو ہمیں ان سے گمراہ ہی کر دیا ہوتا اور جب یہ لوگ عذاب کا مشاہدہ کریں گے تو اس وقت انہیں پتہ چلے گا کہ (صحیح راستے سے) گمراہ کون ہے؟

۴۳۔ کیا آپ نے اس (شخص) کو دیکھا جس نے اپنی خواہشات کو اپنا معبود بنا رکھا ہے؟ کیا آپ اس شخص کے ضامن بن سکتے ہیں؟☆

۴۴۔ یا کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر سننے یا سمجھنے کے لیے تیار ہیں؟ (نہیں) یہ لوگ تو محض جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔☆

۴۵۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کا پروردگار سائے کو کس طرح پھیلاتا ہے؟ اگر وہ چاہتا تو اسے ساکن بنا دیتا، پھر ہم نے سورج کو سائے (کے وجود) پر دلیل بنا دیا۔☆

۴۶۔ پھر ہم تھوڑا تھوڑا کر کے اسے اپنی طرف سمیٹ لیتے ہیں۔

۴۷۔ اور وہ وہی ہے جس نے تمہارے لیے

۴۰۔ اس بستی سے مراد قوم لوط کی بستی ہے اور بارش سے مراد پتھروں کی بارش ہے۔ حجاز والے شام جاتے ہوئے قوم لوط کے تباہ شدہ علاقوں سے گزرتے تھے۔

۴۱۔ ایک طرف یہ (نعوذ باللہ) رسول کا مذاق اڑاتے ہیں اور ان کو حقیر قرار دینے کی کوشش کرتے ہیں اور ساتھ یہ اعتراف بھی کرتے ہیں کہ رسولؐ نے جو دعوت شروع کی ہے اس کا مقابلہ صبر آزما ہے۔

۴۳۔ یعنی حق پر نفسانی خواہش کو مقدم رکھنے والا درحقیقت اپنی خواہشات کا بندہ ہے اور خواہشات کو اپنا معبود بنانا اور نفس پرستی جس قدر خطرناک ہے اس کا اندازہ اس آیت کے آخری جملے سے ہوتا ہے: اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا۔ کیا آپ ایسے شخص کا ذمہ لے سکتے ہیں؟

۴۴۔ چونکہ حیوانات کی غرض تخلیق انسان کے لیے ان کا مسخر ہونا ہے اور یہ غرض حیوانات سے انجام پاتی ہے، جبکہ سرکش انسان اپنی غرض تخلیق کے منافی عمل کرتا ہے، اس لیے انسان جانوروں سے بھی زیادہ گمراہ ہے۔

۴۵۔ سورج سائے کے وجود پر دلیل اس لیے ہے کہ سائے کا پھیلنا اور سکڑنا سورج کی مختلف حالتوں سے مربوط ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نظام تخلیق میں جامعیت کی طرف اشارہ ہے کہ اس نظام میں جہاں دھوپ کا اہم کردار ہے، بلکہ دھوپ ہی سے زندگی ہے، وہاں بعض اوقات اس حیات آفرین دھوپ سے بچنا بھی پڑتا ہے۔ اس کے لیے سایہ کی پناہ فراہم فرمائی۔ سایہ کی فراہمی کے لیے اجسام کو سایہ دار بنایا، ورنہ اجسام شفاف ہوتے تو سایہ وجود میں نہ آتا۔

وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّ جَعَلَ النَّهَارَ
نُشُوْرًا ﴿۴۷﴾
وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًا
بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ
السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾
لِّنُحْيِيَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا
خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ كَثِيْرًا ﴿۴۹﴾
وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ لِيَذَّكَّرُوْا ۖ
فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۵۰﴾
وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ قَرْيَةٍ
نَّذِيْرًا ﴿۵۱﴾
فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَجَاهِدْهُمْ
بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿۵۲﴾
وَهُوَ الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا
عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ
وَجَعَلَ بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا
مَّحْجُوْرًا ﴿۵۳﴾
وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا
فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ۭ وَكَانَ
رَبُّكَ قَدِيْرًا ﴿۵۴﴾
وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا
يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ۭ وَكَانَ
الْكَافِرُ عَلٰي رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿۵۵﴾

رات کو پردہ اور نیند کو سکون اور دن کو مشقت کے لیے بنایا۔☆
۴۸۔ اور وہی تو ہے جو ہواؤں کو خوشخبری کے طور پر اپنی رحمت کے آگے آگے بھیجتا ہے اور ہم نے آسمان سے پاک کرنے والا پانی برسایا ہے۔☆
۴۹۔ تاکہ ہم اس کے ذریعے مردہ دیس کو زندگی بخشیں اور اس سے اپنی مخلوقات میں سے بہت سے چوپاؤں اور انسانوں کو سیراب کریں۔
۵۰۔ اور بتحقیق ہم نے اس (پانی) کو مختلف طریقوں سے ان کے درمیان پھرایا ہے تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں مگر اکثر لوگ انکار کے علاوہ کوئی بات قبول نہیں کرتے۔
۵۱۔ اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک تنبیہ کرنے والا مبعوث کرتے۔☆
۵۲۔ لہٰذا آپ کفار کی بات ہرگز نہ مانیں اور اس قرآن کے ذریعے ان کے ساتھ بڑے پیمانے پر جہاد کریں۔
۵۳۔ اور اسی نے دو دریاؤں کو مخلوط کیا ہے، ایک شیریں مزیدار اور دوسرا کھارا کڑوا ہے اور اس نے دونوں کے درمیان ایک حد فاصل اور مضبوط رکاوٹ بنادی ہے۔☆
۵۴۔ اور وہی ہے جس نے پانی سے بشر کو پیدا کیا پھر اس کو نسب اور سسرال بنایا اور آپ کا پروردگار بڑی طاقت والا ہے۔☆
۵۵۔ اور یہ لوگ اللہ کو چھوڑ کر ایسی چیزوں کی بندگی کرتے ہیں جو نہ تو انہیں نفع پہنچا سکتی ہیں اور نہ ضرر اور کافر اپنے رب کے مقابلے میں (دوسرے کافروں کی) پشت پناہی کرتا ہے۔

۴۷۔ دن رات کی گردش میں یہ حکمت ہے کہ رات کو انسان نیند میں آرام کر کے چارج ہو جاتا ہے اس طرح دن کو اپنی دنیا و آخرت کے لیے بہتر فعالیت کر سکتا ہے۔
۴۸۔ پانی زمین کے میل کچیل اور بہت سی مضر صحت چیزوں کو صاف و پاک کر دیتا ہے۔ فقہی اعتبار سے خالص پانی نجس چیزوں کو پاک کرتا ہے۔
۵۰۔ صَرَّفْنٰهُ: ہم نے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کیا ہے، یعنی ہم نے اس پانی کو ان (لوگوں) کے درمیان گھمایا پھرایا تاکہ ہر ایک کو اپنی ضرورت کا پانی میسر آ جائے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ پانی کو بخار، بادل اور ہوا کے ذریعے اور نہروں اور دریاؤں کو جاری کر کے مختلف علاقوں میں پھراتا ہے۔
۵۱۔ لیکن ہم نے ہر بستی میں تنبیہ کرنے والا رسول نہیں بھیجا۔ ان تمام رسولوں کی جگہ صرف آپ کو مبعوث کیا۔ چونکہ صرف آپؐ کی وجہ سے ہم تمام بستیوں کی طرف رسول بھیجنے سے بے نیاز ہو جاتے ہیں۔ اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی عظمت اور آفاقیت واضح ہو جاتی ہے۔
۵۳۔ دریا کا میٹھا پانی جب سمندر میں گرتا ہے تو دریا سمندر کے تلخ پانی کے درمیان اپنی شیرینی قائم رکھتا ہے۔ قدرت کا کرشمہ ہے کہ یہ دونوں پانی وزن میں مختلف ہونے کی وجہ سے آپس میں مخلوط نہیں ہوتے۔
۵۴۔ ایک ہی بوند سے دو مختلف مخلوقات، نسب اور سسرال، مرد اور عورت وجود میں آتے ہیں، جن کی اصل ایک ہے، نوع ایک ہے اور دونوں کا تعلق ایک بنیاد یعنی انسانیت سے ہے، مگر خصوصیات مختلف، نفسیاتی اور جسمانی تقاضے مختلف ہیں۔ اس کے باوجود ایک دوسرے سے متصادم نہیں بلکہ ایک دوسرے کے ساتھ منسلک ہیں۔ ایک دوسرے کے لیے پرکشش ہیں۔ آپس میں اعتدال برقرار ہے۔

وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ
نَذِيْرًا ﴿٥٦﴾
قُلْ مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ
اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ
سَبِيْلًا ﴿٥٧﴾
وَ تَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا
يَمُوْتُ وَ سَبِّحْ بِحَمْدِهٖ ؕ وَ كَفٰى بِهٖ
بِذُنُوْبِ عِبَادِهٖ خَبِيْرَا ﴿٥٨﴾ ۚ ع
الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ
مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ
اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ۛ
اَلرَّحْمٰنُ فَسْـَٔلْ بِهٖ خَبِيْرًا ﴿٥٩﴾
وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ
قَالُوْا وَ مَا الرَّحْمٰنُ ۗ اَنَسْجُدُ لِمَا
تَاْمُرُنَا وَ زَادَهُمْ نُفُوْرًا ﴿٦٠﴾ ع السجدة ٧ ٥ ١٢ ٣
تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَآءِ
بُرُوْجًا وَّ جَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّ
قَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿٦١﴾
وَ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الَّيْلَ وَ النَّهَارَ
خِلْفَةً لِّمَنْ اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ
اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿٦٢﴾
وَ عِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ
عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا وَّ اِذَا

۵۶۔اور (اے رسول) ہم نے آپ کو صرف بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے۔

۵۷۔ کہہ دیجیے: اس کام پر میں تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا مگر یہ (چاہتا ہوں) کہ جو شخص چاہے وہ اپنے رب کا راستہ اختیار کر لے۔☆

۵۸۔ اور (اے رسول) اس اللہ پر توکل کیجیے جو زندہ ہے اور اس کے لیے کوئی موت نہیں ہے اور اس کی ثناء کے ساتھ تسبیح کیجیے اور اپنے بندوں کے گناہوں سے مطلع ہونے کے لیے بس وہ خود ہی کافی ہے۔☆

۵۹۔جس نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے (سب کو) چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر اقتدار قائم کیا، وہ نہایت رحم کرنے والا ہے لہٰذا اس کے بارے میں کسی باخبر سے دریافت کرو۔☆

۶۰۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رحمٰن کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں: رحمٰن کیا ہوتا ہے؟ کیا ہم اسے سجدہ کریں جس کے لیے تو کہہ دے؟ پھر ان کی نفرت میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔

۶۱۔ بابرکت ہے وہ ذات جس نے آسمان میں ستارے بنائے اور اس میں ایک چراغ اور روشن چاند بنایا۔☆

۶۲۔ اور وہی ہے جس نے ایک دوسرے کی جگہ لینے والے شب و روز بنائے، اس شخص کے لیے جو نصیحت لینا اور شکر ادا کرنا چاہتا ہے۔☆

۶۳۔ اور رحمٰن کے بندے وہ ہیں جو زمین پر (فروتنی سے) دبے پاؤں چلتے ہیں اور

۵۷۔تبلیغ رسالت پر تم سے اجرت نہیں مانگتا۔ بس میری اجرت یہ ہے کہ تم اپنی خودمختاری کے ساتھ آزادانہ طور پر مَنْ شَآءَ کی بنیاد پر اپنے رب کا راستہ اختیار کرو۔ اگر اجر مانگتا ہوں تو اپنے لیے نہیں بلکہ تمہارے لیے۔ تمہاری بھلائی اور تمہاری نجات میرا اجر رسالت ہے۔ واضح رہے رب کا راستہ دکھانے والے ہادیان برحق قریبی کی محبت بھی خود انسانوں کی بھلائی کے لیے چاہتے ہیں۔

۵۸۔ جو ذات ہمیشہ زندہ ہے اسی پر بھروسا کر کے انسان اپنی شخصیت کے اندر قوت پیدا کر سکتا ہے۔ توکل اس وقت صادق آتا ہے جب وہ اسی ذات کی تسبیح کرے اور گناہ کی صورت میں اس کو حاضر و ناظر سمجھے۔

۵۹۔سب سے پہلے تو خود رحمٰن سے زیادہ کوئی ذات باخبر نہیں ہے۔ اس کے بعد وہ ہستیاں باخبر ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ نے باخبر رکھا ہے۔

۶۱۔ بروج یعنی ستارے، جو آسمان پر چمکتے ہیں۔ برج ظہور کے معنوں میں بیشتر استعمال ہوتا ہے۔ اسی سے عورتوں کی زیب و زینت ظاہر کرنے کو تبرج کہتے ہیں۔ لہٰذا چونکہ آسمان میں سب سے زیادہ ظہور ستاروں کو حاصل ہے، اسی لیے بروج سے مراد ستارے لینا لغت قرآن کے زیادہ موافق ہے۔

۶۲۔ زمین کی گردش کی موجودہ رفتار ایک ہزار میل فی گھنٹہ کی جگہ ایک سو میل فی گھنٹہ ہوتی تو دن اور رات دس گنا لمبے ہو جاتے اور گرمیوں میں دن کو تمام نباتات جل جاتیں اور سردیوں میں رات کو جم جاتیں۔

۶۳۔چال انسان کی شخصیت کی ترجمانی کرتی ہے۔ ایک مطمئن ضمیر کے مالک اور ایک فکری اعتدال رکھنے والے کی چال میں اور شخصیت میں خلا رکھنے والے کی چال میں فرق ہوتا ہے۔ کیونکہ اللہ کی بندگی کرنے والوں کی شخصیت میں خلا نہیں ہوتا اور نہ ہی وہ جاہلوں کے ساتھ الجھتے ہیں۔ اگر کوئی بدتہذیبی کرتا ہے تو اللہ کی بندگی کرنے والا اپنی تہذیب کا مظاہرہ سلام کے ساتھ کر کے گزر جاتا ہے۔

خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ قَالُوْا سَلٰمًا ﴿٦٣﴾

جب جاہل ان سے گفتگو کریں تو کہتے ہیں: سلام۔☆

وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّ قِيَامًا ﴿٦٤﴾

۶۴۔اور جو اپنے پروردگار کے حضور سجدے اور قیام کی حالت میں رات گزارتے ہیں۔☆

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ۖ

۶۵۔ اور جو یوں التجا کرتے ہیں: ہمارے رب! ہمیں عذاب جہنم سے بچا، بے شک اس کا عذاب تو بڑی تباہی ہے۔

اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّ مُقَامًا ﴿٦٦﴾

۶۶۔ بے شک جہنم تو بدترین ٹھکانا اور مقام ہے۔

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا وَ لَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ قَوَامًا ﴿٦٧﴾

۶۷۔اور یہ لوگ جب خرچ کرتے ہیں تو نہ اسراف کرتے ہیں اور نہ بخل کرتے ہیں بلکہ ان کے درمیان اعتدال رکھتے ہیں۔☆

وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿٦٨﴾

۶۸۔اور یہ لوگ اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود بنا کر نہیں پکارتے اور جس جان کو اللہ نے حرام کیا ہے اسے قتل نہیں کرتے مگر جائز طریقہ سے اور زنا کا ارتکاب (بھی) نہیں کرتے اور جو ایسا کام کرے گا وہ اپنے گناہ میں مبتلا ہو گا۔

يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ يَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ۖ

۶۹۔قیامت کے دن اس کا عذاب دوگنا ہو جائے گا اور اسے اس عذاب میں ذلت کے ساتھ ہمیشہ رہنا ہو گا۔☆

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾

۷۰۔مگر جنہوں نے توبہ کی اور ایمان لائے اور نیک عمل انجام دیا تو اللہ ان کی برائیوں کو نیکیوں میں بدل دیتا ہے اور اللہ تو بڑا غفور رحیم ہے۔☆

وَمَنْ تَابَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ مَتَابًا ﴿٧١﴾

۷۱۔ اور جو توبہ کرتا ہے اور نیک عمل انجام دیتا ہے تو وہ اللہ کی طرف حقیقی طور پر رجوع کرتا ہے۔

وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ وَاِذَا

۷۲۔اور (عباد الرحمٰن وہ ہیں) جو لوگ جھوٹی گواہی نہیں دیتے اور جب بیہودہ باتوں سے ان کا گزر ہوتا ہے تو شریفانہ انداز

۶۴۔ رات نماز کے لیے مناسب وقت ہے۔ اس میں سکون و سکوت حاصل ہوتا ہے۔ عبادت گزار، نظروں سے پوشیدہ ریاکاری سے دور ہوتا ہے۔ جبکہ دن جہاد، تحصیل علم، حصول معاش جیسی عبادات کے لیے موزوں ہے۔

۶۷۔ نہ وہ اسراف کرتے ہیں اور نہ ہی کنجوسی کرتے ہیں۔ اسراف طاقت کا ضیاع اور کنجوسی طاقت کا جمود ہے۔ اسلام فردی ملکیت کا قائل ہے، لیکن اس ملکیت میں نہ ضیاع کی اجازت دیتا ہے، نہ جمود کی، بلکہ ان دونوں کے درمیان ایک اعتدال کی سفارش کرتا ہے۔ ائمہ اہل بیت علیہم السلام کی احادیث میں اس اعتدال کو دو برائیوں کے درمیان ایک نیکی قرار دیا۔ چنانچہ روایت ہے کہ امام محمد باقر علیہ السلام نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے فرمایا: یا بنی عَلَیْكَ بِالْحَسَنَةِ بَیْنَ السَّیِّئَتَیْنِ۔ (بحار الانوار ۶۸: ۲۱۶) بیٹا تم دو برائیوں کے درمیان ایک نیکی اختیار کرو۔ پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

۶۹۔ممکن ہے مراد یہ ہو کہ جن لوگوں نے شرک کے ساتھ قتل بھی کیا ہو اور زنا بھی، وہ جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ چونکہ زنا اور قتل اگرچہ گناہ کبیرہ ہے، لیکن ان کی وجہ سے جہنم میں ہمیشہ نہیں رہیں گے۔

۷۰۔توبہ کرنے سے نیکی کو فروغ ملتا ہے۔ توبہ کرنے سے انسان کے اندر کا محرک بدل جاتا ہے۔ توبہ سے پہلے گناہ کا محرک فعال ہوتا ہے اور توبہ کے بعد نیکی کا محرک فعال ہو جاتا ہے۔ توبہ اس کیمیکل تبدیلی کی طرح ہے جس میں ایک تعفن دار غلاظت میوہ شیریں میں بدل جاتی ہے۔

۷۲۔ جھوٹی شہادت دینے میں حقوق کا ضیاع ہے اور ظلم کی کمک۔ جب مؤمن کا گزر کسی لغویات اور بیہودگی سے ہو جائے تو اپنا دامن بچا کر شریفانہ طریقے سے اس سے گزر جاتا ہے جیسے کسی متعفن مردار کے پاس سے گزر جاتا ہے۔

مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾
وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ
لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾
وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ
اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ
اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾
اُولٰٓئِكَ يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا
صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ فِيْهَا تَحِيَّةً وَّ
سَلٰمًا ﴿٧٥﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا
وَّمُقَامًا ﴿٧٦﴾
قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا
دُعَآؤُكُمْ ۚ فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ
يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾ ع ١

٢٦ سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ مَكِّيَّةٌ ٢٢٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

طٰسٓمّٓ ﴿١﴾
تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾
لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا
مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾
اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ
اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ لَهَا
خٰضِعِيْنَ ﴿٤﴾

سے گزر جاتے ہیں۔☆

۷۳۔ اور وہ لوگ جنہیں ان کے رب کی آیات کے ذریعے نصیحت کی جائے تو وہ اس پر اندھے اور بہرے بن کر نہیں گرتے.

۷۴۔ اور جو دعا کرتے ہیں: اے ہمارے پروردگار! ہمیں ہماری ازواج اور ہماری اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا دے۔☆

۷۵۔ ایسے لوگوں کو ان کے صبر کے صلے میں اونچے محل ملیں گے اور وہاں ان کا استقبال تحیت اور سلام سے ہوگا۔☆

۷۶۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، بہت ہی عمدہ ٹھکانا اور مقام ہے۔

۷۷۔ کہہ دیجیے: اگر تمہاری دعائیں نہ ہوتیں تو میرا رب تمہاری پرواہ ہی نہ کرتا، اب تم نے تکذیب کی ہے اس لیے (سزا) لازمی ہوگی۔☆

سورہ شعراء۔ مکی۔ آیات ۲۲۷

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ طا، سین، میم

۲۔ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں۔

۳۔ شاید اس رنج سے کہ یہ لوگ ایمان نہیں لاتے آپ اپنی جان کھو دیں گے۔

۴۔ اگر ہم چاہیں تو ان پر آسمان سے ایسی نشانیاں نازل کر دیں جس کے آگے ان کی گردنیں جھک جائیں۔☆

۷۴۔ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا: یعنی ہمیں پرہیزگاروں کا ہراول دستہ بنا دے کہ ہم آنے والوں کے لیے تقویٰ کی مثال بن جائیں، جیسا کہ حکم ہے: فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ (بقرہ:۱۴۸) نیک کاموں میں سبقت حاصل کرو۔

۷۵۔ گزشتہ آیات میں اللہ کے بندوں کے یہ اوصاف بیان ہوئے: ۱۔ چال میں اعتدال ۲۔ جاہلوں سے سلام کے علاوہ نہ الجھنا ۳۔ رات کو عبادت کرنا ۴۔ عذاب سے نجات کی دعا کرنا ۵۔ خرچ میں اعتدال اپنانا ۶۔ شرک سے اجتناب کرنا ۷۔ قتل کا ارتکاب نہ کرنا ۸۔ زنا کا ارتکاب نہ کرنا ۹۔ جھوٹی گواہی نہ دینا ۱۰۔ لغو اور بیہودہ کاموں سے شریفانہ انداز سے گزر جانا ۱۱۔ آیات الٰہی سے نصیحت حاصل کرنا ۱۲۔ صالح اولاد اور اپنے لیے، تقویٰ و پرہیزگاری میں رہبرانہ کردار ادا کرنے کی توفیق کی دعا کرنا۔

۷۷۔ یعنی تم تکذیب کے مرتکب ہو چکے ہو اگر تمہاری دعائیں نہ ہوتیں تو اللہ تمہاری پرواہ نہ کرتا۔ نجات کے لیے واحد ذریعہ دعا ہے۔ اگر دعا نہیں ہے تو تمہارا کوئی وزن نہیں ہے۔ بندگی سے انسان کو قدر و قیمت ملتی ہے اور دعا کے ذریعے بندگی مل جاتی ہے۔

اس آیت کے دوسرے معنی یہ کیے ہیں کہ اگر تمہاری عبادت نہ ہوتی تو تمہارا رب تمہاری پرواہ نہ کرتا۔ تیسرے معنی یہ کیے ہیں: اگر تمہارے رب کی طرف سے دعوت الی الحق نہ ہوتی تو تمہاری پرواہ نہ کرتا، اب تم نے تکذیب کر کے اس دعوت کو ٹھکرا دیا ہے، لہٰذا اب تمہاری کوئی قیمت نہیں رہی۔ یہ تیسرے معنی مذکورہ آیت کے ساتھ زیادہ مربوط ہیں۔

سورہ شعراء

۴۔ ایسا کرنا اللہ کے لیے مشکل نہیں ہے، لیکن اللہ کو جبری ایمان منظور نہیں ہے، نہ ہی جبری ایمان کی کوئی قیمت ہے۔ جبری ایمان تو فرعون نے بھی قبول کیا تھا۔ جب غرق ہو رہا تو کہا تھا: میں ایمان لاتا ہوں اس اللہ پر جس پر بنی اسرائیل ایمان لائے. اللہ کو جبری ایمان اس لیے قبول نہیں ہے، کیونکہ ایمان وہ ہے جس میں ذات الٰہی کی معرفت حاصل کرنے کے بعد اس کی محبت دل میں اتر جائے پھر اسے قبول کرے۔

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ
مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۝۵
فَقَدْ كَذَّبُوْا فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا
كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۶
اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا
فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝۷
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ
اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸
ع ۵ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۹
وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ
الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۙ۝۱۰
قَوْمَ فِرْعَوْنَ ؕ اَلَا يَتَّقُوْنَ ۝۱۱
قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ اَنْ
يُّكَذِّبُوْنِ ۙ۝۱۲
وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ وَلَا يَنْطَلِقُ
لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى هٰرُوْنَ ۝۱۳
وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْۢبٌ فَاَخَافُ اَنْ
يَّقْتُلُوْنِ ۚ۝۱۴
قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا
مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ۝۱۵
فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ
رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ۝۱۶
اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ؕ۝۱۷

۵۔ اوران کے پاس رحمٰن کی طرف سے جو بھی تازہ نصیحت آتی ہے تو یہ اس سے منہ موڑ لیتے ہیں۔☆
۶۔ یہ تکذیب کر بیٹھے ہیں تو جس چیز کا یہ لوگ مذاق اڑاتے تھے اب عنقریب اس کی خبریں آنے والی ہیں۔
۷۔ کیا انہوں نے کبھی زمین کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اس میں کتنی وافر مقدار میں ہر قسم کی نفیس نباتات اگائی ہیں؟☆
۸۔ اس میں یقیناً ایک نشانی ضرور ہے مگر ان میں سے اکثر نہیں مانتے۔
۹۔ اور یقیناً آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے ولا، رحم کرنے والا ہے۔
۱۰۔ اور (وہ وقت یاد کریں) جب آپ کے رب نے موسیٰ کو پکارا (اور کہا) کہ آپ ظالم لوگوں کے پاس جائیں،
۱۱۔ (یعنی) فرعون کی قوم کے پاس، کیا وہ ڈرتے نہیں؟
۱۲۔ موسیٰ نے عرض کی: پروردگارا! مجھے اس بات کا خوف ہے کہ وہ میری تکذیب کریں گے۔
۱۳۔ اور میرا سینہ تنگ ہو رہا ہے اور میری زبان نہیں چلتی سو تو ہارون کو (پیغام) بھیج (کہ میرا ساتھ دیں)۔☆
۱۴۔ اوران لوگوں کے لیے میرے ذمے ایک جرم (کا دعویٰ) بھی ہے لہٰذا مجھے خوف ہے کہ وہ مجھے قتل کر دیں گے۔
۱۵۔ فرمایا: ہرگز نہیں! آپ دونوں ہماری نشانیاں لے کر جائیں کہ ہم آپ کے ساتھ سنتے رہیں گے۔
۱۶۔ آپ دونوں فرعون کے پاس جائیں اور (اس سے) کہیں: ہم رب العالمین کے رسول ہیں،☆
۱۷۔ کہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج دے۔☆

۵۔ نصیحت بھی ایسی ذات کی طرف سے آئی ہو جو رحمان ہے، پھر بھی منہ موڑ لیں، یہ بہت بڑی بدنصیبی ہے۔
۷۔ ہر قسم کی نفیس نباتات کا اگانا، جہاں اللہ کی خلاقیت پر دلالت کرتا ہے، وہاں اللہ کی ربوبیت پر بھی دلالت کرتا ہے کہ کائنات کی تدبیر اسی کے ہاتھ میں ہے۔
۱۳۔ ضیق صدر، زبان کی کندی، خوف تکذیب، وہ تین باتیں ہیں جن کی وجہ سے موسیٰ (ع) نے ہارون (ع) کو بھی اپنے ساتھ شریک رسالت کرنے کی درخواست کی اور ساتھ اس واقعے کی طرف اشارہ کیا جس میں حضرت موسیٰ (ع) نے آل فرعون کے ایک شخص کو قتل کیا تھا اور اس خدشے کا اظہار کیا کہ وہ مجھے دعوت دینے کا موقع ملنے سے پہلے ہی قتل کر دیں گے۔ اللہ نے فرمایا: آپؑ کو کوئی خوف لاحق نہیں ہونا چاہیے۔ آپؑ کو بچانے والی ذات مَعَكُمْ آپؑ کے ساتھ ہے اور آپؑ کے درمیان ہونے والی گفتگو سن رہی ہے۔ یعنی آپؑ اللہ کے تحفظ میں ہوں گے۔
۱۶۔ اِنَّا رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ: اِنَّا جمع اور رَسُوْلُ مفرد! اس کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ چونکہ دونوں کی رسالت بھی ایک اور بھائی ہونے کی وجہ سے یک جان دو قالب تھے۔
۱۷۔ فرعون نے بنی اسرائیل کو صدیوں تک غلام بنائے رکھا تھا۔ اس لیے حضرت موسیٰ (ع) کا بنیادی مقصد بنی اسرائیل کو فرعون کی اسارت سے نجات دلانا تھا۔

قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ فِيْنَا وَلِيْدًا وَّ
لَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ سِنِيْنَ ﴿۱۸﴾
وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ فَعَلْتَ وَ
اَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۱۹﴾
قَالَ فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّ اَنَا مِنَ
الضَّآلِّيْنَ ﴿۲۰﴾
فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ
فَوَهَبَ لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ
مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۱﴾
وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا عَلَيَّ اَنْ
عَبَّدْتَّ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۲﴾
قَالَ فِرْعَوْنُ وَ مَا رَبُّ
الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۳﴾
قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ
مُّوْقِنِيْنَ ﴿۲۴﴾
قَالَ لِمَنْ حَوْلَهٗٓ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿۲۵﴾
قَالَ رَبُّكُمْ وَ رَبُّ اٰبَآئِكُمُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۶﴾
قَالَ اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْٓ اُرْسِلَ
اِلَيْكُمْ لَمَجْنُوْنٌ ﴿۲۷﴾
قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَ
مَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۲۸﴾

۱۸۔ فرعون نے کہا: کیا ہم نے تجھے بچپن میں اپنے ہاں نہیں پالا؟ اور تو نے اپنی عمر کے کئی سال ہمارے ہاں بسر کیے۔☆
۱۹۔ اور تو کر گیا اپنی وہ کرتوت جو کر گیا اور تو ناشکروں میں سے ہے۔☆
۲۰۔ موسیٰ نے کہا: ہاں اس وقت وہ حرکت مجھ سے سرزد ہوگئی تھی اور میں خطاکاروں میں سے تھا۔☆
۲۱۔ اسی لیے جب میں نے تم لوگوں سے خوف محسوس کیا تو میں نے تم سے گریز کیا پھر میرے رب نے مجھے حکمت عنایت فرمائی اور مجھے رسولوں میں سے قرار دیا۔☆
۲۲۔ اور تم مجھ پر اس بات کا احسان جتاتے ہو کہ تم نے بنی اسرائیل کو غلام بنائے رکھا ہے؟ (یہ تو غلامی تھی احسان نہیں تھا)۔☆
۲۳۔ فرعون نے کہا: اور رب العالمین کیا ہے؟
۲۴۔ موسیٰ نے کہا: آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کا رب، اگر تم یقین کرنے والے ہو۔
۲۵۔ فرعون نے اپنے اردگرد کے درباریوں سے کہا: کیا تم سنتے نہیں ہو؟ ☆
۲۶۔ موسیٰ نے کہا: وہ تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا پروردگار ہے۔☆
۲۷۔ فرعون نے (لوگوں سے) کہا: جو رسول تمہاری طرف بھیجا گیا ہے وہ دیوانہ ہے۔
۲۸۔ موسیٰ نے کہا: وہ مشرق و مغرب اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کا پروردگار ہے، اگر تم عقل رکھتے ہو۔☆

۱۸ تا ۲۲۔ فرعون نے حضرت موسیٰ (ع) کی رسالت پر دو اعتراض اٹھائے: اول یہ کہ ہم نے تجھے پالا پوسا ہے۔ دوم یہ کہ تو نے ہم کو اس کا صلہ یہ دیا کہ ہمارا بندہ تو نے قتل کیا۔
حضرت موسیٰ نے (ع) جواب میں پہلی بات کے بارے میں کہا کہ وہ قتل عمد نہ تھا بلکہ ایک سہو تھا جو مجھ سے صادر ہوا۔ لیکن دوسری بات کا جواب دیتے ہوئے الزام خود فرعون پر عائد کیا کہ تیرے گھر میں پرورش پانے کی نوبت خود تیرے ظلم و ستم کی وجہ سے آئی کہ میری والدہ نے تیرے ہی خوف سے مجھے دریا میں ڈال دیا تھا، ورنہ میں اپنے ہی گھر میں پرورش پاتا۔
۲۵ تا ۲۸۔ حضرت موسیٰ (ع) کا جواب فرعونیوں کے مسلمات کے خلاف تھا۔ انہوں نے اس سے پہلے کوئی ایسی بات کسی سے نہ سنی تھی اور رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ان کی ثقافت میں غیر مانوس لفظ تھا۔ چونکہ وہ عالمین کے لیے ایک نہیں، کئی ارباب کے قائل تھے۔ اس لیے فرعون نے تعجب سے پوچھا: وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ۔ رب العالمین کیا ہوتا ہے؟ جب حضرت موسیٰ (ع) نے رب العالمین کی تعریف کی کہ وہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، سب کا رب ہے، تو یہ بھی ان کے لیے ایک اجنبی اور غیر معقول بات تھی۔ اس لیے تمسخر کے لہجے میں اپنے درباریوں سے کہا: سنتے ہو کہ یہ کیا نامعقول بات کہہ رہا ہے؟ اس پر حضرت موسیٰ (ع) نے مزید کہا: وہ رب تمہارے اور تمہارے آباواجداد کا رب ہے۔ یہ جملہ فرعون کی بادشاہت کی قانونی حیثیت کے خلاف ایک چیلنج تھا۔ چونکہ وہ اپنے آپ کو اقتدار کے رب یعنی سورج کا نمائندہ سمجھتا تھا جس کو زمین میں اقتدار کا حق ہے۔ جب حضرت موسیٰ (ع) نے کہا: میں رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ کا رسول ہوں تو یہ اس کے اقتدار کے خلاف ایک چیلنج بن گیا۔ اس لیے اس نے کہا: اگر تو نے میرے سوا کسی کو معبود بنایا تو تجھے زندان میں ڈال دوں گا۔

قَالَ لَئِنِ اتَّخَذْتَ اِلٰهًا غَيْرِيْ لَاَجْعَلَنَّكَ مِنَ الْمَسْجُوْنِيْنَ ﴿٢٩﴾

۲۹۔فرعون نے کہا: اگر تم نے میرے علاوہ کسی اور کو معبود بنایا تو میں تمہیں قیدیوں میں شامل کروں گا۔☆

قَالَ اَوَلَوْ جِئْتُكَ بِشَيْءٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٠﴾

۳۰۔موسیٰ نے کہا: اگر میں تیرے پاس واضح چیز (معجزہ) لے آؤں تو؟☆

قَالَ فَاْتِ بِهٖٓ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿٣١﴾

۳۱۔فرعون نے کہا: اگر تم سچے ہو تو اسے لے آؤ۔

فَاَلْقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ ثُعْبَانٌ مُّبِيْنٌ ﴿٣٢﴾

۳۲۔پس موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا تو وہ دفعتاً نمایاں اژدھا بن گیا۔

وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا هِيَ بَيْضَآءُ لِلنّٰظِرِيْنَ ﴿٣٣﴾ ع ٢ ٤ ٢

۳۳۔اور (گریبان سے) اپنا ہاتھ نکالا تو وہ تمام ناظرین کے لیے چمک رہا تھا۔

قَالَ لِلْمَلَاِ حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾

۳۴۔فرعون نے اپنے گردوپیش کے درباریوں سے کہا: یقیناً یہ شخص بڑا ماہر جادوگر ہے۔

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾

۳۵۔وہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو کے ذریعے تمہیں تمہاری سرزمین سے نکال باہر کرے تو اب تم کیا مشورہ دیتے ہو؟☆

قَالُوْٓا اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾

۳۶۔وہ کہنے لگے: اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دو اور شہروں میں ہرکارے بھیج دو

يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾

۳۷۔کہ وہ تمام ماہر جادوگروں کو تمہارے پاس لے آئیں۔

فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٣٨﴾

۳۸۔چنانچہ مقررہ دن کے مقررہ وقت پر جادوگر جمع کر لیے گئے۔☆

وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾

۳۹۔اور لوگوں سے کہا گیا کیا تم جمع ہو جاؤ گے؟☆

لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ اِنْ

۴۰۔شاید ہم جادوگروں کے پیچھے چلیں اگر

۲۹۔حضرت موسیٰ (ع) لفظ رَب استعمال کرتے ہیں، فرعون جواب میں لفظ الٰہ معبود استعمال کرتا ہے۔ یہ اس لیے کہ رَب ہی معبود ہوتا ہے۔

۳۰۔اس بات سے فرعون کو پریشانی لاحق ہوئی۔ وہ سرعام اس چیلنج کو رد نہیں کر سکتا تھا۔

۳۵۔جب حضرت موسیٰ (ع) کے دو عظیم معجزے دیکھے تو فرعون بدحواس ہو گیا اور اپنی فرعونیت کے باوجود اپنے درباریوں کی طرف رجوع کیا۔ رعونت کو چھوڑ کر مشورہ طلب کیا۔ مشورہ یہ ملا کہ اس کے مقابلے میں جادو کر کے ہی اس معجزے کو باطل قرار دے سکتے ہیں۔

حضرت موسیٰ (ع) کا فرعون سے یہ مطالبہ تھا کہ ہمیں مصر کی سرزمین سے نکلنے اور اپنے وطن واپس جانے کی اجازت دو۔ فرعون یہ کہتا ہے کہ موسیٰ (ع) ہم کو مصر کی سرزمین سے نکالنا چاہتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب حضرت موسیٰ (ع) نے کہا: اس کائنات کا ایک ہی رب ہے، اس کا میں نمائندہ ہوں تو فرعون کی بادشاہت کی قانونی حیثیت ختم ہو جاتی، کیونکہ وہ اپنے آپ کو سورج دیوتا کا نمائندہ ہونے کی حیثیت سے بادشاہ ہونے کا حقدار سمجھتا تھا اور سورج ان کے مذہب میں اقتدار کا رَبّ تھا۔

۳۸۔مقررہ دن سے مراد فرعونیوں کے تہوار کا دن تھا۔ بغوی نے حضرت ابن عباس کا قول نقل کیا ہے کہ اتفاق سے وہ دن نوروز اور شنبہ کا دن تھا۔ (تفسیر مظہری) بنا بر صحت روایت حضرت موسیٰ (ع) کی فتح کا دن نوروز کا دن تھا۔

۳۹۔اس آیت سے اندازہ ہوتا ہے کہ لوگوں کے جذبات کو کس طرح ابھارا گیا ہوگا اور سرکاری اعلان عام اور پروپیگنڈہ کے ذریعے اس روز کو عظیم سے عظیم تر بنانے کی کوشش کی گئی ہوگی، کیونکہ ان کے زعم میں یہ روز ان کی فتح کا روز تھا۔

كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۰﴾
فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا
لِفِرْعَوْنَ اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا
نَحْنُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۴۱﴾
قَالَ نَعَمْ وَ اِنَّكُمْ اِذًا لَّمِنَ
الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۲﴾
قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى اَلْقُوْا مَآ
اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿۴۳﴾
فَاَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَ
قَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ اِنَّا لَنَحْنُ
الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾
فَاَلْقٰى مُوْسٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ
تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾
فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾
قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾
رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾
قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ
اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ عَلَّمَكُمُ
السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۗ
لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ
مِّنْ خِلَافٍ وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۹﴾
قَالُوْا لَا ضَيْرَ ۚ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا

یہ لوگ غالب رہیں۔

۴۱۔ جب جادوگر آ گئے تو فرعون سے کہنے لگے: اگر ہم غالب رہے تو ہمارے لیے کوئی صلہ بھی ہوگا؟

۴۲۔ فرعون نے کہا: ہاں! اور اس صورت میں تو تم مقربین میں سے ہو جاؤ گے۔

۴۳۔ موسیٰ نے ان سے کہا: تمہیں جو پھینکنا ہے پھینکو۔ ☆

۴۴۔ انہوں نے اپنی رسیاں اور لاٹھیاں ڈال دیں اور کہنے لگے: فرعون کے جاہ و جلال کی قسم بے شک ہم ہی غالب آئیں گے۔

۴۵۔ پھر موسیٰ نے اپنا عصا ڈال دیا تو اس نے دفعتاً ان کے سارے خود ساختہ دھندے کو نگل لیا۔ ☆

۴۶۔ اس پر تمام جادوگر سجدے میں گر پڑے۔

۴۷۔ کہنے لگے: ہم عالمین کے پروردگار پر ایمان لے آئے،

۴۸۔ موسیٰ اور ہارون کے رب پر۔ ☆

۴۹۔ فرعون نے کہا: میری اجازت سے پہلے تم موسیٰ کو مان گئے؟ یقیناً یہ (موسیٰ) تمہارا بڑا ہے جس نے تمہیں جادو سکھایا ہے ابھی تمہیں (تمہارا انجام) معلوم ہو جائے گا، میں تمہارے ہاتھ اور تمہارے پاؤں مخالف سمتوں سے ضرور کٹوا دوں گا اور تم سب کو ضرور سولی پر لٹکا دوں گا۔ ☆

۵۰۔ وہ بولے کوئی حرج نہیں ہم اپنے رب

۴۳۔ اس تعبیر سے معلوم ہوتا ہے کہ موسیٰ (ع) ان کے جادو کو قابل اعتنا نہیں سمجھتے تھے۔ لہذا پورے اطمینان و سکون کے ساتھ کہا: پھینکو جو تمہیں پھینکنا ہے۔

۴۵۔ اَلْقف تیزی سے نگل لینا۔ یَاْفِكُ الْاَفْك حقیقت کو خیال میں بدل دینا۔ اس سے معلوم ہوا کہ جادو کسی حقیقت پر مبنی نہیں ہوتا۔

جادوگروں کی توقع کے خلاف، اس جادو کو جس پر پوری مملکت کی مہارت صرف ہوئی اور پوری شہنشاہی طاقت لگائی گئی، یکدم ایک عصا نے ہڑپ کر لیا۔

۴۸۔ حالانکہ وہ فرعون سے انعام واکرام کی توقع لے کر آئے تھے۔ حق کے مشاہدے نے ان کے وجود میں انقلاب پیدا کیا، جب کہ جادوگر ان کے ہاں معاشرے کے اہم افراد تھے۔ یعنی عبادت گاہوں کے کاہنوں کو یہ ذمہ داری سونپی گئی تھی۔ جادوگروں کے ایمان سے یہ بات غلط ثابت ہو جاتی ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) صرف بنی اسرائیل کی طرف مبعوث ہوئے تھے۔

۴۹۔ جب عبادت گاہوں کے کاہنوں کی طرف سے ایمان کا اعلان ہوا تو فرعون کی شہنشاہیت کی قانونی حیثیت مشکوک ہوگئی، کیونکہ وہ اپنے آپ کو سورج دیوتا کا شرعی اور قانونی نمائندہ تصور کرتا تھا، اس لیے اس کا بوکھلا جانا قدرتی امر تھا۔

میری اجازت سے پہلے ایمان کیوں لائے۔ موسیٰ تمہارا بڑا جادوگر ہے، جس نے تمہیں جادو سکھایا۔ یہ دونوں باتیں رائے عامہ کو گمراہ کرنے کے لیے ہیں، ورنہ کسے نہیں معلوم کہ یہ جادوگر حضرت موسیٰ (ع) کے شاگرد نہیں تھے۔ ان کا تعلق موسیٰ (ع) سے نہیں خود فرعون سے تھا۔ نہ وہ ایمان کی اجازت دینے والے تھے، نہ ہی حضرت موسیٰ (ع) اور جادوگروں میں کوئی سابقہ ربط رہا تھا۔

۵۰۔ یعنی کوئی پرواہ نہیں، خواہ ہاتھ پاؤں کٹ جائیں یا سولی چڑھ جائیں یا شہید ہو جائیں، ہم تو اپنے رب کے پاس لوٹ کر جائیں گے۔ رب کے پاس جانے میں کیا پرواہ ہے؟ بلکہ یہ عاشقان حقیقت کے لیے باعث خوشی ہے۔

مُنْقَلِبُوْنَ ﴿۵۰﴾

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ

ع ۲ ۱۸ ۷ اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۱﴾

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ

بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۵۲﴾

فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي الْمَدَآئِنِ

حٰشِرِيْنَ ﴿۵۳﴾

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿۵۴﴾

وَاِنَّهُمْ لَنَا لَغَآئِظُوْنَ ﴿۵۵﴾

وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿۵۶﴾

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّ

عُيُوْنٍ ﴿۵۷﴾

وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿۵۸﴾

كَذٰلِكَ وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾

فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿۶۰﴾

فَلَمَّا تَرَآءَا الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ

مُوْسٰٓى اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿۶۱﴾

قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ

سَيَهْدِيْنِ ﴿۶۲﴾

فَاَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى اَنِ اضْرِبْ

بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ فَانْفَلَقَ فَكَانَ

كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ الْعَظِيْمِ ﴿۶۳﴾

وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِيْنَ ﴿۶۴﴾

کے حضور لوٹ جائیں گے،☆

۵۱۔ ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا کیونکہ ہم سب سے پہلے ایمان لائے ہیں۔☆

۵۲۔اور ہم نے موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو لے کر رات کو نکل پڑیں یقیناً آپ کا تعاقب کیا جائے گا۔☆

۵۳۔(ادھر) فرعون نے شہروں میں ہرکارے بھیج دیے،

۵۴۔(ان کے ساتھ یہ کہلا بھیجا) کہ بے شک یہ لوگ چھوٹی سی جماعت ہیں۔☆

۵۵۔اور انہوں نے ہمیں بہت غصہ دلایا ہے.

۵۶۔اور اب ہم سب پوری طرح مستعد ہیں.

۵۷۔چنانچہ ہم نے انہیں باغوں اور چشموں سے نکال دیا ہے۔

۵۸۔اور خزانوں اور بہترین رہائش گاہوں سے بھی۔

۵۹۔ اس طرح ہم نے بنی اسرائیل کو ان کا وارث بنا دیا۔☆

۶۰۔ چنانچہ صبح ہوتے ہی (فرعون کے) لوگ ان کے تعاقب میں نکل پڑے۔

۶۱۔جب دونوں گروہ ایک دوسرے کو دکھائی دینے لگے تو موسیٰ کے ساتھیوں نے کہا: ہم تو پکڑے جانے والے ہیں۔☆

۶۲۔موسیٰ نے کہا: ہرگز نہیں! میرا پروردگار یقیناً میرے ساتھ ہے، وہ مجھے راستہ دکھا دے گا۔☆

۶۳۔ پھر ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی اپنا عصا سمندر پر ماریں چنانچہ دریا پھٹ گیا اور اس کا ہر حصہ عظیم پہاڑ کی طرح ہو گیا۔☆

۶۴۔ اور وہاں ہم نے دوسرے گروہ کو بھی نزدیک کر دیا،

۵۱۔ اَوَّلُ الْمُؤْمِنِيْنَ: اول مؤمنین ہونے کی وجہ سے ایثار و ایمان کی مثال قائم ہو جاتی ہے۔ جس کو آنے والی نسلیں مشعل راہ بناتی ہیں۔

۵۲۔اس واقعہ کے بعد سے لے کر بنی اسرائیل کے خروج تک کے عرصہ کا یہاں ذکر نہیں ہے۔ اس کا ذکر سورہ اعراف میں آ گیا ہے۔

۵۴۔یعنی بنی اسرائیل کی پوری قوم فرعون کے لشکر کے مقابلے میں چھوٹی جماعت تھی۔ اس سے یہ روایت قرین واقع معلوم نہیں ہوتی جس میں کہا گیا ہے کہ بنی اسرائیل کی تعداد چھ لاکھ سے زائد تھی۔

۵۹۔فرعونیوں کو ان کے باغات اور چشموں سے نکالنے کے بعد بنی اسرائیل کو ''ان جیسی'' چیزوں کا وارث بنایا، خود ''انہی'' چیزوں کا نہیں، کیونکہ فرعون کے غرق آب ہونے کے بعد بنی اسرائیل مصر واپس نہیں گئے۔

۶۱۔ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰٓى: حضرت موسیٰ کے صحابیوں نے کہا: ہم تو پکڑے جانے والے ہیں۔ ظاہری صورت حال دیکھ کر ہر ظاہر بین کا یہی خیال ہو سکتا تھا کہ ہم فرعونی لشکر کی زد میں آنے والے ہیں۔ صرف راز دان کو علم تھا کہ کون کس کی زد میں آنے والا ہے۔

۶۲۔ اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ: میرا رب میرے ساتھ ہے۔ ابتدائے رسالت میں اللہ کا وعدہ تھا۔ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ (طٰہٰ:۴۶) میں تم دونوں کے ساتھ ہوں۔ حضرت موسیٰ (ع) کو اسی خاص معیت پر بھروسہ تھا کہ اس مشکل سے نکلنے کا راستہ وہی بتا دے گا۔

۶۳۔ ہر حصے کا پہاڑ کی طرح ہونا اس بات کی دلیل ہے کہ یہ واقعہ کوئی معمول کا مد و جزر نہیں تھا بلکہ ایک واضح معجزہ تھا جس کی توجیہ عام طبیعیاتی دفعات کے مطابق کرنا بڑی غلطی ہے۔

وَ اَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ ع ٨

وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَ قَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾

قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾

قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾

اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾

قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾

فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْۤ اِلَّا رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾

الَّذِيْ خَلَقَنِيْ فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾

وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾

٦٥۔ پھر ہم نے موسیٰ اور ان کے تمام ساتھیوں کو بچا لیا۔

٦٦۔ اس کے بعد دوسروں کو غرق کر دیا۔

٦٧۔ اس واقعے میں ایک نشانی ہے پھر بھی ان میں سے اکثر ایمان نہیں لائے۔☆

٦٨۔ اور یقیناً آپ کا پروردگار ہی بڑا غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

٦٩۔ اور انہیں ابراہیم کا واقعہ (بھی) سنا دیجئے: ☆

٧٠۔ انہوں نے اپنے باپ (چچا) اور اپنی قوم سے کہا: تم کس چیز کو پوجتے ہو؟

٧١۔ انہوں نے جواب دیا: ہم بتوں کو پوجتے ہیں اور اس پر ہم قائم رہتے ہیں۔

٧٢۔ ابراہیم نے کہا: جب تم انہیں پکارتے ہو تو کیا یہ تمہاری سنتے ہیں؟ ☆

٧٣۔ یا تمہیں فائدہ یا ضرر دیتے ہیں؟

٧٤۔ انہوں نے کہا: (نہیں) بلکہ ہم نے تو اپنے باپ دادا کو ایسا کرتے پایا ہے۔

٧٥۔ ابراہیم نے کہا: کیا تم نے ان کی حالت دیکھی ہے جنہیں تم پوجتے ہو؟

٧٦۔ تم اور تمہارے گزشتہ باپ دادا بھی (پوجتے رہے ہیں)۔

٧٧۔ یقیناً یہ سب میرے دشمن ہیں سوائے رب العالمین کے، ☆

٧٨۔ جس نے مجھے پیدا کیا پھر وہی مجھے ہدایت دیتا ہے، ☆

٧٩۔ اور وہی مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے،

٨٠۔ اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہی مجھے شفا دیتا ہے۔☆

٦٧۔ یعنی بنی اسرائیل کی نجات اور فرعون کے غرق ہونے کا درس آموز واقعہ پیش آنے کے باوجود لوگ ایمان نہیں لائے۔ اس قصے سے یہ باور کرانا مقصود ہو سکتا ہے کہ جن لوگوں نے ایمان نہیں لانا، وہ معجزوں سے بھی ایمان نہیں لاتے۔ اگر ایسا ہوتا تو موسیٰ (ع) نے سب سے زیادہ اور عظیم معجزے دکھائے تھے۔ اس کے باوجود اکثر اپنے کفر پر ڈٹے رہے۔

٦٩۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا قصہ پوری اہمیت کے ساتھ اس لیے بیان کیا جاتا ہے کہ قریش اپنے آپ کو حضرت ابراہیمؑ کے پیرو کہتے تھے۔ اس لیے اس بات کی طرف متوجہ کرانا ضروری تھا کہ حضرت ابراہیمؑ نے جو دین پیش کیا ہے وہ توحید کا دین ہے، وہی دین، جو آج رسول اللہؐ پیش کر رہے ہیں۔

٧٢۔ معبود کے پاس کم از کم اتنی قوت سماعت تو ہو جتنی اس پوجنے والے کے پاس ہے۔ اس کے بعد وہ اپنے مریدوں کے لیے کچھ کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے، وہ دوسری بات ہے۔

٧٧۔ یہ بت جن کی تم پوجا کرتے ہو، میرے دشمن ہیں، میری دعوت کی راہ میں رکاوٹ ہیں اور دشمنوں کی طرح میرے لیے سدراہ ہیں۔ اسی طرح یہ بت ان کی پوجا کرنے والوں کے لیے بھی سد راہ ہیں، اس لیے ان کے بھی دشمن ہیں، ورنہ یہ بت جمادات ہیں۔ یہ نہ دوست بن سکتے ہیں، نہ دشمن۔

٧٨۔ حضرت ابراہیمؑ اپنے رب کے ساتھ اپنا رابطہ بیان کرتے ہیں کہ اس کے ہاتھ میں میری خلقت و ہدایت ہے، میرا رزق و شفا ہے، میری حیات و موت ہے، میری امیدوں کا آخری مرکز وہی ہے کہ وہ مجھے معاف کر دے۔ معصوم ہونے کے باوجود اپنے رب کی عظمت کے سامنے اپنے آپ کو قصوروار سمجھنا ہی بندگی ہے۔

٨٠۔ جب میں مریض ہوتا ہوں۔ بیماری کو اپنی طرف نسبت دی اور شفا کو اللہ کی طرف۔ کیونکہ بیماری کے علل و اسباب انسان کے اپنے پیدا کردہ ہوتے ہیں۔

وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾

۸۱۔ اور وہی مجھے موت دے گا پھر مجھے زندگی عطا کرے گا۔

وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾

۸۲۔ اور میں اسی سے امید رکھتا ہوں کہ روز قیامت میری خطاؤں سے درگزر فرمائے گا۔☆

رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾

۸۳۔ پروردگارا! مجھے حکمت عطا کر اور صالحین میں شامل فرما۔

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾

۸۴۔ اور آنے والوں میں مجھے حقیقی ذکر جمیل عطا فرما۔☆

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾

۸۵۔ اور مجھے نعمتوں والی جنت کے وارثوں میں قرار دے۔

وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾

۸۶۔ اور میرے باپ (چچا) کو بخش دے کیونکہ وہ گمراہوں میں سے ہے۔

وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾

۸۷۔ اور مجھے اس روز رسوا نہ کرنا جب لوگ (دوبارہ) اٹھائے جائیں گے۔☆

يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿٨٨﴾

۸۸۔ اس روز نہ مال کچھ فائدہ دے گا اور نہ اولاد۔

اِلَّا مَنْ اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٩﴾

۸۹۔ سوائے اس کے جو اللہ کے حضور قلب سلیم لے کر آئے۔☆

وَاُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٩٠﴾

۹۰۔ اس روز جنت پرہیزگاروں کے نزدیک لائی جائے گی۔☆

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِلْغٰوِيْنَ ﴿٩١﴾

۹۱۔ اور جہنم گمراہوں کے لیے ظاہر کی جائے گی۔☆

وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٩٢﴾

۹۲۔ پھر ان سے پوچھا جائے گا: تمہارے وہ معبود کہاں ہیں؟

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿٩٣﴾

۹۳۔ اللہ کو چھوڑ کر (جنہیں تم پوجتے تھے) کیا وہ تمہاری مدد کر رہے ہیں یا خود کو بچا سکتے ہیں؟

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿٩٤﴾

۹۴۔ چنانچہ یہ خود اور گمراہ لوگ منہ کے بل جہنم میں گرا دیے جائیں گے۔

وَجُنُوْدُ اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿٩٥﴾

۹۵۔ اور سارے ابلیسی لشکر سمیت۔

۸۲۔ معصومین (ع) کا استغفار کرنا نافرمانی کی وجہ سے نہیں، بلکہ وہ اپنی اطاعت اور عبادت کو اللہ کی عظمتوں اور نعمتوں کے مقابلے میں ہیچ سمجھتے ہیں۔ خواہ وہ کتنی عبادت بجا لائیں، پھر بھی کوتاہی سمجھتے ہیں۔ وہ اس بات پر استغفار کرتے ہیں کہ بندگی کا حق ادا نہ ہوا۔ چنانچہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے کہ ما عبدناك حق عبادتك (بحار الانوار ۲۳:۶۸) ہم نے تیری اس طرح بندگی نہیں کی کہ بندگی کا حق ادا ہو جائے۔

۸۴۔ یہ اپنی دعوت کے تسلسل کے لیے دعا ہے۔ جس لسان صدق کی ابتدا انہوں نے خود کی تھی اس کا سلسلہ ان کی نسلوں میں بھی جاری و ساری رہا۔

دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا: آنے والوں میں میرے لیے سچی زبان عطا کر۔ سچی زبان توحید کی دعوت کی زبان ہے۔ علامہ بدخشی نے مفتاح النجاۃ میں امرتسری نے ارجح المطالب صفحہ ۷۱ میں، کشفی نے مناقب مرتضوی صفحہ ۵۵ میں روایت بیان کی ہے کہ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کی شان میں ہے۔

۸۷۔ حضرت ابراہیمؑ کو قیامت کی ہولناکی کا صحیح ادراک ہے۔ ابو الانبیاء ہونے کے باوجود اللہ کے حضور کس انداز سے عاجزی کرتے ہیں۔ فرزند خلیل حضرت امام زین العابدینؑ کی دعا میں ہے: وَ لَا تُخْزِنِي يَوْمَ تَبْعَثُنِي لِلِقَائِكَ وَ لَا تَفْضَحْنِي بَيْنَ يَدَيْ اَوْلِيَائِكَ۔ (صحیفہ سجادیہ) تو جس دن مجھے اپنی ملاقات کے لیے اٹھائے گا تو مجھے رسوا نہ کر اور اپنے دوستوں کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کر۔ ہم نے پہلے کئی بار بتایا انبیاء و ائمہ علیہم السلام کا استغفار، آداب بندگی کا حصہ ہے۔ عصمت کے باوجود اعتراف کرتے ہیں کہ بندگی کا حق ادا نہ ہوا۔

۸۹۔ قیامت کے دن صرف اس قلب کی قدر ہوگی جس میں غیر اللہ کا شائبہ نہ ہو، جو ہر قسم کے شرک و ہوس پرستی سے محفوظ ہو۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: هُوَ الْقَلْبُ الَّذِي سَلِمَ مِنْ حُبِّ الدُّنْيَا۔ (مستدرك الوسائل ۱۲: ۴۰) قلب سلیم وہ دل ہے جو حب دنیا سے سالم ہو۔

دوسری روایت میں آیا ہے: ...الَّذِي يَلْقَى رَبَّهُ وَ لَيْسَ فِيهِ اَحَدٌ سِوَاهُ۔ (بحار الانوار ۶۷: ۲۳۹) اپنے رب سے ملاقات کرے تو اس کے دل میں رَبّ کے سوا کوئی نہ ہو۔

۹۰۔ ۹۱۔ عالم آخرت میں زمان و مکان کا وہ تصور

قَالُوْا وَهُمْ فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٩٦﴾
تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٧﴾
اِذْ نُسَوِّيْكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾
وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿٩٩﴾
فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِيْنَ ﴿١٠٠﴾
وَلَا صَدِيْقٍ حَمِيْمٍ ﴿١٠١﴾
فَلَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَكُوْنَ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٢﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ
اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٠٣﴾
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٠٤﴾ ع ۵ ۹
كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوْحِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٠٥﴾
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ نُوْحٌ اَلَا
تَتَّقُوْنَ ﴿١٠٦﴾
اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿١٠٧﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٠٨﴾
وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ
اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٩﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١١٠﴾
قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لَكَ وَاتَّبَعَكَ
الْاَرْذَلُوْنَ ﴿١١١﴾
قَالَ وَمَا عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿١١٢﴾

نہ ہو گا جو عالم دنیا میں ہے۔ ”جنت کا نزدیک کرنا“ بتاتا ہے کہ وہاں مسافتوں کا وہ مفہوم نہ ہو گا جو یہاں ہے۔ جہنم کے بارے میں فرمایا: ”ظاہر کر دی جائے گی“ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ جہنم کسی فاصلے پر نہیں ہے۔

۹۶۔ جھگڑا اور خصومت ناکامی کا لازمی نتیجہ ہے چنانچہ جہنم والوں کے باہمی جھگڑوں کو ایک ضرب المثل کے طور پر بیان فرماتا ہے: تخاصم اهل النار جبکہ ادھر جنت والے آپس میں سلام سلام کہہ رہے ہوں گے۔

۹۸۔ قیامت کے دن ان پر یہ راز کھلے گا۔ تدبیر کائنات میں کسی غیر اللہ کو رب العالمین کا مقام دینا صریح گمراہی تھی۔

۱۰۲۔ حدیث میں آیا ہے کہ الناس نیام فاذا ماتوا انتبهوا (بحارالانوار ۴: ۴۳) لوگ خواب غفلت میں پڑے ہوتے ہیں، جب مر جاتے ہیں تو بیدار ہوتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں آنکھیں بند ہونے پر آنکھیں کھلتی ہیں۔ تب آرزو کریں گے کہ ایک مرتبہ پھر موقع مل جائے تو ہم مومن بن جائیں۔

۱۰۹۔ امانتداری کا ثبوت یہ ہے کہ میرا اس دعوت کے ساتھ کوئی مفاد وابستہ نہیں ہے۔ میرے مفادات رب العالمین کے ساتھ ہیں۔

۱۱۱۔ ادنیٰ درجے سے مراد مادی اور مالی اعتبار سے ہے، کیونکہ فقیر اور نادار لوگ ہمیشہ دعوت انبیاء پر لبیک کہنے میں پہل کرتے ہیں۔ جن کے دلوں پر مال و دولت کا پردہ اور خواہشات کی میل کچیل نہیں ہوتی وہی دعوت انبیاء قبول کرتے ہیں، جبکہ خوشحال لوگ ہمیشہ اس دعوت کے مخالف رہے ہیں۔ کیونکہ انبیاء کی دعوت عدل کی دعوت ہے اور مجرم لوگ عدل کے حق میں نہیں ہوتے۔ اس لیے اس دعوت پر لبیک، نادار لوگ کہتے ہیں یا نوجوان لوگ، جنہوں نے ابھی مفادات کے میدان میں قدم نہیں رکھا ہوتا۔

۹۶۔ اور وہ اس میں جھگڑتے ہوئے کہیں گے: ☆
۹۷۔ قسم بخدا! ہم تو صریح گمراہی میں تھے۔
۹۸۔ جب ہم تمہیں رب العالمین کے برابر درجہ دیتے تھے۔ ☆
۹۹۔ اور ہمیں تو ان مجرموں نے گمراہ کیا ہے۔
۱۰۰۔ (آج) ہمارے لیے نہ تو کوئی شفاعت کرنے والا ہے،
۱۰۱۔ اور نہ کوئی سچا دوست ہے۔
۱۰۲۔ کاش! ہمیں ایک مرتبہ پھر پلٹنے کا موقع مل جاتا تو ہم مومنین میں سے ہوتے۔ ☆
۱۰۳۔ یقیناً اس میں ایک نشانی ہے لیکن ان میں اکثر ایمان نہیں لاتے۔
۱۰۴۔ اور یقیناً آپ کا پروردگار ہی غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔
۱۰۵۔ نوح کی قوم نے بھی پیغمبروں کی تکذیب کی۔
۱۰۶۔ جب ان کی برادری کے نوح نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے ہو؟
۱۰۷۔ میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں،
۱۰۸۔ لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔
۱۰۹۔ اور اس کام پر میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔ ☆
۱۱۰۔ لہٰذا تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔
۱۱۱۔ انہوں نے کہا: ہم تم پر کیسے ایمان لے آئیں جب کہ ادنیٰ درجے کے لوگ تمہارے پیروکار ہیں۔ ☆
۱۱۲۔ نوح نے کہا: مجھے علم نہیں وہ کیا کرتے رہے ہیں۔

اِنْ حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰى رَبِّيْ لَوْ
تَشْعُرُوْنَ ﴿۱۱۳﴾
وَمَآ اَنَا بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۴﴾
اِنْ اَنَا اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۱۵﴾
قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰنُوْحُ
لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿۱۱۶﴾
النصف قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿۱۱۷﴾
فَافْتَحْ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا
وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۸﴾
فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ فِي الْفُلْكِ
الْمَشْحُوْنِ ﴿۱۱۹﴾
ثُمَّ اَغْرَقْنَا بَعْدُ الْبٰقِيْنَ ﴿۱۲۰﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ
اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾
ع ١٥ ٦ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۲۲﴾
كَذَّبَتْ عَادُ ِۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ هُوْدٌ اَلَا
تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾
اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۲۵﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۲۶﴾
وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ
اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۲۷﴾

۱۱۳۔ ان کا حساب تو صرف میرے رب کے ذمے ہے، کاش تم اسے سمجھتے۔☆
۱۱۴۔ اور میں مومنوں کو دھتکار نہیں سکتا۔☆
۱۱۵۔ میں تو صرف صاف اور صریح انداز میں تنبیہ کرنے والا ہوں۔
۱۱۶۔ ان لوگوں نے کہا: اے نوح! اگر تم باز نہ آئے تو تمہیں ضرور سنگسار کر دیا جائے گا۔
۱۱۷۔ نوح نے کہا: اے میرے پروردگار! بتحقیق میری قوم نے میری تکذیب کی ہے۔
۱۱۸۔ پس تو ہی میرے اور ان کے درمیان حتمی فیصلہ فرما اور مجھے اور جو میرے ساتھ مؤمنین ہیں ان کو نجات دے۔☆
۱۱۹۔ چنانچہ ہم نے انہیں اور جو ان کے ہمراہ بھری کشتی میں سوار تھے سب کو بچا لیا۔
۱۲۰۔ اس کے بعد ہم نے باقی سب کو غرق کر دیا۔
۱۲۱۔ یقیناً اس میں بھی ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے۔
۱۲۲۔ اور یقیناً آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔
۱۲۳۔ قوم عاد نے پیغمبروں کی تکذیب کی۔☆
۱۲۴۔ جب ان کی برادری کے ہود نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟
۱۲۵۔ میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔☆
۱۲۶۔ لہٰذا اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔
۱۲۷۔ اور اس کام پر میں تم سے اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔

۱۱۳۔ بعض نے کہا ہے: کافروں کا مقصد یہ کہنا تھا کہ یہ لوگ پیشے کے ساتھ کردار میں بھی کمتر درجے کے لوگ ہیں۔ اس توجیہ سے آیات میں ربط معلوم ہو جاتا ہے کہ حضرت نوح (ع) نے فرمایا: ایمان لانے سے پہلے وہ کیا کرتے رہے، اس کا مجھے علم نہیں ہے۔ ان کا حساب اللہ کے پاس ہے۔ یعنی ایمان سے ان کے سابقہ تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔
۱۱۴۔ ایمان لانے کے بعد رسولؐ اور رسولؐ کا رب اپنی درگاہ سے کسی کو نہیں دھتکارتے۔
۱۱۸۔ افتح یعنی فیصلہ کن حکم کے ذریعے حقیقت کا چہرہ کھول دے۔
وَمَنْ مَّعِيَ: جو میری معیت میں ہیں۔ قرآن انبیاء (ع) کے ساتھیوں کو معیت کے ساتھ تعبیر فرماتا ہے۔ جو ہر قدم پر ساتھ دینے کے معنوں میں ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ ہر قدم پر ساتھ ہوتا ہے تو کہتے ہیں: اِنَّ مَعِيَ رَبِّيْ سَيَهْدِيْنِ (شعراء:۶۲) میرا رب میرے ساتھ ہے، میری رہنمائی کرے گا۔ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا (توبہ: ۴۰) اللہ ہمارے ساتھ ہے۔ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗۤ (الفتح: ۲۹) محمد اللہ کے رسول اور ان کی معیت میں جو لوگ ہیں وہ کفار پر سخت گیر اور آپس میں مہربان ہیں۔ یعنی ان لوگوں کا ذکر ہے جو ہر قدم پر ساتھ دیتے ہیں۔ مزید تشریح کے لیے الفتح: ۲۹ ملاحظہ فرمائیں۔
۱۲۳۔ عاد: اس قوم کے سردار کا نام تھا۔ اب عاد کہکر قوم عاد مراد لیا جاتا ہے۔ یہ قوم عربوں کی قدیم ترین قوم ہے۔ جزیرۃ العرب میں ایک تمدن و تہذیب کی مالک قوم گزری ہے۔ انبیاء کی تکذیب کی وجہ سے اس قوم کو ایک آندھی سے نابود کر دیا گیا۔
۱۲۵۔ امین ہونا اور لوگوں سے کسی قسم کی اجرت نہ مانگنا تمام انبیاء علیہم السلام کی خصوصیت ہے جو کہ انبیاء کی نبوت کا لازمی امر ہے۔ چونکہ ان کا حقیقی مقصد لوگوں کو حق کی معرفت اور حق کا قرب حاصل کرانا ہے، اس میں امین اور بے لاگ ہونا ضروری

اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً
تَعْبَثُوْنَ ﴿١٢٨﴾
وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ
تَخْلُدُوْنَ ﴿١٢٩﴾
وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ﴿١٣٠﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٣١﴾
وَاتَّقُوا الَّذِيْٓ اَمَدَّكُمْ بِمَا
تَعْلَمُوْنَ ﴿١٣٢﴾
اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ وَّبَنِيْنَ ﴿١٣٣﴾
وَجَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٣٤﴾
اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ
يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣٥﴾
قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ
لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿١٣٦﴾
اِنْ هٰذَآ اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣٧﴾
وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾
ع ١٨ ١١ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ صٰلِحٌ اَلَا
تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾

۱۲۸۔ کیا تم ہر اونچی جگہ پر ایک بے سود یادگار بناتے ہو؟ ☆
۱۲۹۔ اور تم بڑے محلات بناتے ہو گویا تم نے ہمیشہ رہنا ہے۔ ☆
۱۳۰۔ اور جب تم (کسی پر) حملہ کرتے ہو تو نہایت جابرانہ انداز میں حملہ آور ہوتے ہو۔ ☆
۱۳۱۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔
۱۳۲۔ نیز اس سے ڈرو جس نے ان چیزوں سے تمہاری مدد کی جن کا تمہیں (بخوبی) علم ہے۔
۱۳۳۔ اس نے تمہیں جانوروں اور اولاد سے نوازا۔
۱۳۴۔ نیز باغات اور چشموں سے مالا مال کر دیا۔
۱۳۵۔ بلاشبہ مجھے تمہارے بارے میں ایک بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے۔
۱۳۶۔ انہوں نے کہا: تم نصیحت کرو یا نہ کرو ہمارے لیے یکساں ہے۔ ☆
۱۳۷۔ یہ تو بس پرانے لوگوں کی عادات ہیں۔ ☆
۱۳۸۔ اور ہمیں عذاب نہیں دیا جائے گا۔ ☆
۱۳۹۔ (اس طرح) انہوں نے ہود کو جھٹلایا تو ہم نے انہیں ہلاکت میں ڈال دیا، یقیناً اس میں بھی ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہ تھے۔
۱۴۰۔ اور بتحقیق آپ کا پروردگار ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔
۱۴۱۔ (قوم) ثمود نے بھی رسولوں کو جھٹلایا۔
۱۴۲۔ جب ان کی برادری کے صالح نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟

ہے۔
۱۲۸۔ اونچی جگہوں پر یادگاریں صرف اپنی شان و شوکت دکھانے اور نام و نمود کے لیے تعمیر کرنا، جس کا کوئی مصرف نہ ہو وقت اور دولت کا ضیاع ہے۔
۱۲۹۔ ضرورت کا گھر بنانے میں کوئی حرج نہیں بلکہ روایت میں آیا ہے کہ گھر تنگ نہیں وسیع ہونا چاہیے مگر تم گھروں کو اس طرح مزین اور شاندار بناتے ہو گویا تمہیں اس دنیا میں ہمیشہ رہنا ہے۔
۱۳۰۔ جب کسی کمزور پر چڑھائی کرتے ہو تو نہایت جابر بن کر تمام انسانی قدروں کو پامال کرتے ہو۔ آج کل کی استعماری طاقتیں بھی ہو بہو یہی کرتی ہیں جو اپنے ملکوں میں لایعنی قسم کی عظیم یادگاریں بناتی ہیں اور جب کسی کمزور قوم پر ہاتھ ڈالتی ہیں تو تمام انسانی اور اخلاقی قدروں کو پامال کرتی ہیں۔ دوسری طرف انسانی حقوق کا نہیں، حیوانات کے حقوق کے تحفظ کا مظاہرہ کرتی ہیں۔
۱۳۶۔ جب لوگ اللہ کے پیغام کو بے اثر قرار دیتے ہیں اور اثر پزیری کا امکان ختم ہو جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے ساتھ دو کاموں میں سے ایک کام انجام دے گا: یا تو ان پر فوری عذاب نازل کرے گا یا ان کو اپنی حالت پر چھوڑ دے گا اور ڈھیل دے گا۔ واضح رہے ڈھیل دینا بدتر عذاب کا پیش خیمہ ہے۔
۱۳۷۔ اس قسم کی باتیں پہلے بھی بہت سے لوگ کرتے رہے ہیں۔ یہ تمہاری بات کوئی نئی نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوا اس قوم کی طرف متعدد پیغمبران آئے ہیں۔ چنانچہ كَذَّبَتْ عَادُ الْمُرْسَلِيْنَ سے بھی یہ ظاہر ہوتا ہے، اس قوم کی طرف ایک نہیں کئی رسول بھیجے گئے ہیں۔
۱۳۸۔ ہم پر عذاب نہیں آئے گا۔ کافر ناامید ہوتا ہے یا باطل پر یقین اور اس سے امید رکھتا ہے۔ جبکہ مؤمن کی علامت یہ ہے کہ وہ خوف و رجا، بیم و امید کے درمیان مستعد اور ہوشیار رہتا ہے۔

اِنِّیْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِیْنٌ ﴿۱۴۳﴾	۱۴۳۔ میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۴۴﴾	۱۴۴۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو.
وَمَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِیَ اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ﴿۱۴۵﴾	۱۴۵۔ اور اس بات پر میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے.
اَتُتْرَكُوْنَ فِیْ مَا هٰهُنَاۤ اٰمِنِیْنَ ﴿۱۴۶﴾	۱۴۶۔ کیا تم لوگ یہاں پر موجود چیزوں (نعمتوں) میں یوں ہی بے فکر چھوڑ دیے جاؤ گے؟
فِیْ جَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ﴿۱۴۷﴾	۱۴۷۔ باغوں اور چشموں میں،☆
وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا هَضِیْمٌ ﴿۱۴۸﴾	۱۴۸۔ اور کھیتیوں اور کھجوروں میں جن کے نرم خوشے ہیں،
وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا فٰرِهِیْنَ ﴿۱۴۹﴾	۱۴۹۔ اور تم پہاڑوں کو بڑی مہارت سے تراش کر گھر بناتے ہو۔☆
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿۱۵۰﴾	۱۵۰۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو.
وَلَا تُطِیْعُوْۤا اَمْرَ الْمُسْرِفِیْنَ ﴿۱۵۱﴾	۱۵۱۔ اور حد سے تجاوز کرنے والوں کے حکم کی اطاعت نہ کرو۔
الَّذِیْنَ یُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ وَلَا یُصْلِحُوْنَ ﴿۱۵۲﴾	۱۵۲۔ جو زمین میں فساد پھیلاتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے۔
قَالُوْۤا اِنَّمَاۤ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِیْنَ ﴿۱۵۳﴾	۱۵۳۔ لوگوں نے کہا: تم تو بلاشبہ سحر زدہ آدمی ہو۔
مَاۤ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۖ فَاْتِ بِاٰیَةٍ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِیْنَ ﴿۱۵۴﴾	۱۵۴۔ اور تم ہم جیسے بشر کے سوا اور کچھ نہیں ہو، پس اگر تم سچے ہو تو کوئی نشانی (معجزہ) پیش کرو۔
قَالَ هٰذِهٖ نَاقَةٌ لَّهَا شِرْبٌ وَّلَكُمْ شِرْبُ یَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿۱۵۵﴾	۱۵۵۔ صالح نے کہا: یہ ایک اونٹنی ہے، ایک مقررہ دن اس کے پانی پینے کی باری ہو گی اور ایک مقررہ دن تمہارے پانی پینے کی باری ہو گی۔☆
وَلَا تَمَسُّوْهَا بِسُوْٓءٍ فَیَاْخُذَكُمْ عَذَابُ یَوْمٍ عَظِیْمٍ ﴿۱۵۶﴾	۱۵۶۔ اور اسے بری نیت سے نہ چھونا ورنہ ایک بڑے (ہولناک) دن کا عذاب تمہیں گرفت میں لے لے گا۔
فَعَقَرُوْهَا فَاَصْبَحُوْا نٰدِمِیْنَ ﴿۱۵۷﴾	۱۵۷۔ تو انہوں نے اونٹنی کی کونچیں کاٹ ڈالیں پھر وہ ندامت میں مبتلا ہوئے.☆
فَاَخَذَهُمُ الْعَذَابُ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ	۱۵۸۔ چنانچہ عذاب نے انہیں گرفت میں

۱۴۶۔ اور کیا تم خیال کرتے ہو کہ کوئی حساب کتاب نہ ہوگا؟ اور جن گناہوں اور کفرانِ نعمت کا تم ارتکاب کر رہے ہو ان پر کوئی باز پرس نہ ہوگی؟ آخر تمہیں باغات، چشموں، لہلہاتے کھیتوں اور کھجور کے باغات میں رہنے کی جو مہلت دی جاتی ہے، ان نعمتوں سے ہر جرم کا ارتکاب کرتے ہو، تو کیا بعد میں تم سے حساب لینے والا کوئی نہ ہوگا؟

۱۴۹۔ قوم ثمود کی ان تراشیدہ عمارتوں کے آثار آج بھی نمایاں طور پر مدینے اور تبوک کے درمیان العلاء اور الحجر کے مقامات پر موجود ہیں۔

۱۵۵۔ یعنی ایک پورا دن صرف یہ ایک اونٹنی کنویں سے پانی پیئے گی اور ایک دن تم اور تمہارے جانور پانی پئیں گے۔ یہ بات ان کے لیے ایک امتحان تھی کیونکہ عرب کے صحراؤں میں پانی کی کمیابی ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس تقسیم کو برداشت کرنا ان کے لیے ناقابل تحمل تھا اور ان کی سرکشی بڑھ گئی تھی، اس لیے ان کو ایسی آزمائش میں مبتلا کیا گیا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ انہوں نے ناقہ صالح کو قتل کیا اور عذاب الٰہی کے مستحق قرار پائے۔

۱۵۷۔ ناقہ صالح کو تو صرف ایک شخص نے قتل کیا تھا۔ نسبت پوری قوم کی طرف دی جا رہی ہے؟ اس کا جواب حضرت علی علیہ السلام سے مروی ایک فرمان میں ہے: رضایت اور نارضایت سے جماعت تشکیل پاتی ہے۔ صرف ایک شخص نے ناقہ صالح کی کونچیں کاٹی تھیں، لیکن عذاب پوری قوم پر نازل ہوا، کیونکہ پوری قوم اس جرم پر راضی تھی۔ اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا عَقَرَ نَاقَةَ صَالِحٍ رَجُلٌ وَاحِدٌ فَاَصَابَهُمُ اللّٰهُ بِعَذَابِهٖ بِالرِّضَا بِالْفِعْلِ۔ (مستدرك الوسائل ۱۲: ۱۹۳)

لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ
مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۵۸﴾
وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۵۹﴾ ع ۸ ۱۹ ۱۲
كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطِ ِۨالْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۶۰﴾
اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ لُوْطٌ اَلَا
تَتَّقُوْنَ ﴿۱۶۱﴾
اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۶۲﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۶۳﴾
وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ
اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۴﴾
اَتَاْتُوْنَ الذُّكْرَانَ مِنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶۵﴾
وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ
مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ
عٰدُوْنَ ﴿۱۶۶﴾
قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ يٰلُوْطُ
لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُخْرَجِيْنَ ﴿۱۶۷﴾
قَالَ اِنِّيْ لِعَمَلِكُمْ مِّنَ
الْقَالِيْنَ ﴿۱۶۸﴾
رَبِّ نَجِّنِيْ وَاَهْلِيْ مِمَّا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶۹﴾
فَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗۤ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۷۰﴾
اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۷۱﴾
ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۷۲﴾
وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ

لے لیا، یقیناً اس میں ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر ایمان نہیں لاتے۔
۱۵۹۔ اور بے شک آپ کا پروردگار ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔
۱۶۰۔ قوم لوط نے (بھی) رسولوں کی تکذیب کی۔
۱۶۱۔ جب ان کی برادری کے لوط نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟
۱۶۲۔ میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔
۱۶۳۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔
۱۶۴۔ اور میں اس کام پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا میرا اجر تو بس رب العالمین پر ہے۔
۱۶۵۔ کیا ساری دنیا میں سے تم (شہوت رانی کے لیے) مردوں کے پاس ہی جاتے ہو؟ ☆
۱۶۶۔ اور تمہارے رب نے جو بیویاں تمہارے لیے خلق کی ہیں انہیں چھوڑ دیتے ہو؟ بلکہ تم تو حد سے تجاوز کرنے والی قوم ہو۔ ☆
۱۶۷۔ وہ کہنے لگے: اے لوط! اگر تو باز نہ آیا تو تجھے بھی ضرور نکال دیا جائے گا۔ ☆
۱۶۸۔ لوط نے کہا: میں تمہارے اس کردار کے سخت دشمنوں میں سے ہوں۔ ☆
۱۶۹۔ پروردگارا! مجھے اور میرے گھر والوں کو ان کے (برے) کردار سے نجات عطا فرما.
۱۷۰۔ چنانچہ ہم نے انہیں اور ان کے تمام اہل خانہ کو نجات دی۔
۱۷۱۔ سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہنے والوں میں رہ گئی۔ ☆
۱۷۲۔ پھر ہم نے باقی سب کو تباہ کر کے رکھ دیا۔ ☆
۱۷۳۔ اور ان پر ہم نے بارش برسائی، پس

۱۶۵۔ یعنی پوری دنیا میں تم اس بد عادت میں مبتلا ہو۔ دوسری آیت سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ سب سے پہلے قوم لوط نے ہی اس بدفعلی کا رواج ڈالا ہے فرمایا: مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ (الاعراف:۸۰) تم سے پہلے دنیا میں کسی نے اس کا ارتکاب نہیں کیا۔
۱۶۶۔ قوم لوط جنسی انحراف کی مجرم تھی جو فطرت سے انحراف ہے۔ فطرت نے مرد و زن میں جنسی کشش ودیعت فرمائی ہے جس پر نوع انسانی کا وجود و بقا موقوف ہے۔ لہٰذا حیات انسان کی مجرم قوم کو صفحہ ہستی سے مٹنا چاہیے تھا اور مٹا دی گئی۔
۱۶۷۔ کیونکہ حضرت لوطؑ یہاں کے باشندے نہ تھے وہ حضرت ابراہیمؑ کے ہمراہ اپنا وطن چھوڑ کر یہاں آ گئے اور مبعوث برسالت ہوئے۔
۱۶۸۔ لوطؑ نے اس کردار سے نفرت کا اظہار کیا اور اس جگہ سے نکالے جانے کو قبول کیا۔ چنانچہ دوسری آیت میں ذکر ہے کہ اپنے اور اپنے اہل بیت کے لیے نجات کی دعا کی، کیونکہ اس بستی میں اور کوئی ایمان نہیں لایا تھا۔ چنانچہ دوسری جگہ فرمایا: فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ (الذاریات:۳۶) اور وہاں ہم نے مسلمانوں کا صرف ایک گھر پایا۔
۱۷۱۔ یہ ان کی زوجہ تھی جو قوم لوط کے ساتھ ان کے عمل بد میں تعاون کرتی تھی۔
۱۷۲۔ کہا جاتا ہے کہ بحر میت کی تہ میں کئی شہر مدفون ہیں جن میں قوم لوط آباد تھی۔

مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۳﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ
اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷۴﴾
ع ۱۲ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۷۵﴾ ع
كَذَّبَ اَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۶﴾ ۚ
اِذْ قَالَ لَهُمْ شُعَيْبٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۷۷﴾ ۚ
اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۷۸﴾ ۙ
فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۱۷۹﴾ ۚ
وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ
اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۰﴾ ؕ
اَوْفُوا الْكَيْلَ وَلَا تَكُوْنُوْا مِنَ
الْمُخْسِرِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ ۚ
وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ﴿۱۸۲﴾ ۚ
وَلَا تَبْخَسُوا النَّاسَ اَشْيَآءَهُمْ وَ
لَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ﴿۱۸۳﴾ ۚ
وَاتَّقُوا الَّذِيْ خَلَقَكُمْ وَالْجِبِلَّةَ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۸۴﴾ ؕ
قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿۱۸۵﴾ ۙ
وَمَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا وَاِنْ
نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿۱۸۶﴾ ۚ
فَاَسْقِطْ عَلَيْنَا كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ
اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿۱۸۷﴾ ؕ
قَالَ رَبِّيْٓ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸۸﴾

تنبیہ شدہ لوگوں پر یہ بہت بری بارش تھی۔

۱۷۴۔ یقیناً اس میں ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ ایمان لانے والے نہیں۔☆

۱۷۵۔ اور یقیناً آپ کا رب ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

۱۷۶۔ ایکہ والوں نے بھی رسولوں کی تکذیب کی۔☆

۱۷۷۔ جب شعیب نے ان سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟

۱۷۸۔ میں تمہارے لیے ایک امانتدار رسول ہوں۔

۱۷۹۔ پس اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو۔

۱۸۰۔ اور اس کام پر میں تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا، میرا اجر تو صرف رب العالمین پر ہے۔

۱۸۱۔ تم پیمانہ پورا بھرو اور نقصان پہنچانے والوں میں سے نہ ہونا۔

۱۸۲۔ اور سیدھی ترازو سے تولا کرو۔

۱۸۳۔ اور لوگوں کو ان کی چیزیں کم کر کے نہ دیا کرو اور زمین میں فساد پھیلاتے مت پھرو۔☆

۱۸۴۔ اور اس اللہ سے ڈرو جس نے تمہیں اور گزشتہ نسلوں کو پیدا کیا ہے

۱۸۵۔ انہوں نے کہا: تم تو بس سحر زدہ ہو۔

۱۸۶۔ اور تم تو بس ہم جیسے انسان ہو نیز ہمارا خیال ہے کہ تم جھوٹے ہو۔

۱۸۷۔ پس تم سچے ہو تو آسمان کا کوئی ٹکڑا ہم پر گرا دو۔

۱۸۸۔ شعیب نے کہا: میرا پروردگار تمہارے اعمال سے خوب واقف ہے۔

۱۷۴۔ یعنی جن کو ایمان کی توفیق حاصل نہیں ہے وہ اس وضاحت کے ساتھ دکھائے جانے والے معجزے کے بعد بھی ایمان نہیں لاتے۔

۱۷۶۔ سورہ الحجر میں ایکہ کا ذکر آ چکا ہے۔ اس جگہ کا دوسرا نام مدین ہے۔ یہ حجاز اور فلسطین کے درمیان تھی۔ ایکہ گھنے درخت کو کہا جاتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مدین ایسے درختوں سے ڈھکا ہوا تھا۔

۱۸۳۔ مدین تجارتی قافلوں کی گزرگاہ پر آباد تھا۔ اس لیے ناپ تول میں خیانت نہ کرنے کے حکم کا خاص طور پر ذکر کیا گیا ہے۔

مدین، حجاز اور شام کے درمیان تجارت کی ایک اہم منڈی تھی۔ اس لیے یہاں سے تجارتی قافلوں کا گزر ہوتا تھا۔ حجاز والے شام سے آنے والی اشیاء اور شام والے حجاز سے آنے والی اشیاء خریدتے ہوں گے اور اس سلسلے میں جو خلاف ورزیاں سرزد ہوا کرتی تھیں، ان کے لیے حکم ہوا اول پیمانہ پورا بھرو، دوم سیدھی ترازو سے تولا کرو، سوم دھوکہ دہی سے باز آجاؤ کہ لوگوں کو مطلوبہ چیز کی جگہ ناقص چیز دے کر نقصان میں نہ ڈالو۔ ہوسکتا ہے کہ ایک پیمانے کے اعتبار سے پورا ہو اور وزن کے اعتبار سے بھی درست ہو لیکن مال ناقص ہو۔ اس کے لیے لَا تَبْخَسُوا فرمایا۔ چہارم یہ کہ زمین میں فساد نہ پھیلایا کرو۔ تجارت میں اعتدال سے تجاوز کرنا دوسروں کی مجبوری سے فائدہ اٹھانا، فساد فی الارض ہے۔ اس جگہ وَلَا تَعْثَوْا فِي الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ اقتصادی انحرافات سے زمین میں فساد پھیلتا ہے۔ صدق اللہ العلی العظیم۔ آج کے استحصالیوں نے اقتصادی ذرائع سے زمین کو فساد سے پر کیا ہے۔

فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَهُمْ عَذَابُ يَوْمِ
الظُّلَّةِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَذَابَ يَوْمٍ
عَظِيْمٍ ﴿۱۸۹﴾
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ
اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۰﴾
ع ۱۰ ۱۲ ۱۴ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۹۱﴾
وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۹۲﴾
نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ﴿۱۹۳﴾
عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ
الْمُنْذِرِيْنَ ﴿۱۹۴﴾
بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹۵﴾
وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۹۶﴾
اَوَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ اٰيَةً اَنْ يَّعْلَمَهٗ
عُلَمٰٓؤُا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۱۹۷﴾
وَلَوْ نَزَّلْنٰهُ عَلٰى بَعْضِ
الْاَعْجَمِيْنَ ﴿۱۹۸﴾
فَقَرَاَهٗ عَلَيْهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ مُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۹۹﴾
كَذٰلِكَ سَلَكْنٰهُ فِيْ قُلُوْبِ
الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۰۰﴾
لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ
الْاَلِيْمَ ﴿۲۰۱﴾
فَيَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا
يَشْعُرُوْنَ ﴿۲۰۲﴾

۱۸۹۔ انہوں نے شعیب کو جھٹلا ہی دیا، چنانچہ سائبان والے دن کے عذاب نے انہیں گرفت میں لے لیا، بے شک وہ بہت بڑے (ہولناک) دن کا عذاب تھا۔☆

۱۹۰۔ اس میں یقیناً ایک نشانی ہے لیکن ان میں سے اکثر ایمان لانے والے نہ تھے۔

۱۹۱۔ اور یقیناً آپ کا پروردگار ہی بڑا غالب آنے والا، بڑا رحم کرنے والا ہے۔

۱۹۲۔ اور بتحقیق یہ (قرآن) رب العالمین کا نازل کیا ہوا ہے۔

۱۹۳۔ جسے روح الامین نے اتارا،

۱۹۴۔ آپ کے قلب پر تا کہ آپ تنبیہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں،☆

۱۹۵۔ صاف عربی زبان میں۔

۱۹۶۔ اور اس (قرآن) کا ذکر (انبیائے) ماسلف کی کتب میں بھی ہے۔

۱۹۷۔ کیا یہ قرآن ان کے لیے ایک نشانی (معجزہ) نہیں ہے کہ اس بات کو بنی اسرائیل کے علماء جانتے ہیں۔☆

۱۹۸۔ اور اگر ہم اس قرآن کو کسی غیر عربی پر نازل کرتے،☆

۱۹۹۔ اور وہ اسے پڑھ کر انہیں سنا دیتا تب بھی یہ اس پر ایمان نہ لاتے۔☆

۲۰۰۔ اس طرح (کے دلائل دے کر) ہم نے اس قرآن کو ان مجرموں کے دلوں میں سے گزارا ہے۔☆

۲۰۱۔ پھر بھی وہ اس پر ایمان نہیں لائیں گے جب تک دردناک عذاب دیکھ نہ لیں۔☆

۲۰۲۔ پس یہ عذاب ناگہاں اور بے خبری میں ان پر واقع ہوگا۔

۱۸۹۔ یہاں الظُّلَّةِ سائبان کا عذاب کہا۔ سورہ ہود میں الصَّيْحَةُ ہولناک آواز کہا اور الاعراف میں الرَّجْفَةُ زلزلہ کہا ہے۔ عین ممکن ہے کہ سائبان یعنی بادل سے بجلی گری ہو جس سے ہولناک آواز پیدا ہوئی ہو اور ساتھ زمین پر بجلی گرنے سے زلزلہ بھی آیا ہو۔

۱۹۴۔ قلب سے مراد عضو صنوبری نہیں جو سینے کے بائیں جانب دھڑکتا ہے، بلکہ مراد نفس کے اندر موجود وہ مرکزی قوت ہے جو حقیقت میں شعور، ارادے اور ادراک کا مرکز ہے۔ چنانچہ حضورؐ وحی کو ظاہری حواس سے نہیں لیتے تھے۔ یہ حواس تو دوسروں کے پاس بھی ہیں۔ اس کے باوجود وحی کے نزول کے وقت لوگ بیٹھے ہوتے تھے، وہ نہ کوئی آواز سنتے تھے، نہ کسی کو دیکھ لیتے تھے، بلکہ رسولؐ وحی کا اس طرح ادارک کرتے تھے، جس طرح اپنے وجود کا ادراک کرتے ہیں۔ اسی لیے وحی کے ادراک میں کسی قسم کے شبہ اور غلطی کا امکان نہیں ہے۔ جب کہ حواس کے ذریعے جو ادراک ہوتا ہے، غیر رسول کے لیے اس میں اشتباہ کا امکان رہتا ہے۔ چنانچہ بعض لوگوں نے حواس کے چھ سو اشتباہات گنے ہیں۔

۱۹۷۔ سورۂ بقرہ آیت ۸۹ میں ذکر آ گیا کہ بنی اسرائیل کے علماء، رسول آخر زمان (ص) کی آمد کے منتظر تھے اور ان کے تمام اوصاف سے باخبر تھے۔

۱۹۸۔۱۹۹ اس آیت کی ایک تفسیر یہ ہو سکتی ہے کہ اگر ہم قرآن کو عربی کی بجائے کسی اور زبان میں نازل کرتے اور تمہیں پڑھ کر سناتے تو تم نے اس پر یہ کہکر ایمان نہیں لانا تھا کہ یہ باتیں ہماری سمجھ میں نہیں آتیں۔

دوسری تفسیر یہ ہو سکتی ہے کہ ہم نے قرآن کو عربی زبان میں عربی بولنے والے شخص پر نازل کیا تو تم نے کہا کہ یہ اس نے خود تصنیف کیا ہے۔ لیکن اگر ہم یہ قرآن عربی زبان میں کسی غیر عرب پر نازل کرتے اور وہ تم کو پڑھ کر سناتا تو بھی تم یہ کہکر ایمان لانے سے انکار کرتے کہ یہ صریح جادو ہے کیونکہ غیر عرب عربی زبان میں بات کر رہا ہے۔

۲۰۰۔۲۰۱ چونکہ ان کے دلوں میں قرآن جاگزیں نہیں ہو رہا ہے بلکہ وہ ایک کان سے سن کر دوسرے کان سے نکال دیتے ہیں تو ان کے جرم کی پاداش میں ہم نے یہ توفیق ان سے سلب کر لی ہے۔

فَيَقُوْلُوْا هَلْ نَحْنُ مُنْظَرُوْنَ ﴿٢٠٣﴾
اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٢٠٤﴾
اَفَرَءَيْتَ اِنْ مَّتَّعْنٰهُمْ سِنِيْنَ ﴿٢٠٥﴾
ثُمَّ جَآءَهُمْ مَّا كَانُوْا
يُوْعَدُوْنَ ﴿٢٠٦﴾
مَآ اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
يُمَتَّعُوْنَ ﴿٢٠٧﴾
وَمَآ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ اِلَّا لَهَا
مُنْذِرُوْنَ ﴿٢٠٨﴾ ع
ذِكْرٰى ۛ وَمَا كُنَّا ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٠٩﴾
وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢١٠﴾
وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا
يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿٢١١﴾
اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ﴿٢١٢﴾
فَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَكُوْنَ
مِنَ الْمُعَذَّبِيْنَ ﴿٢١٣﴾ ج
وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ ﴿٢١٤﴾
وَاخْفِضْ جَنَاحَكَ لِمَنِ اتَّبَعَكَ
مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢١٥﴾ ج
فَاِنْ عَصَوْكَ فَقُلْ اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ
مِّمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٢١٦﴾ ج
وَتَوَكَّلْ عَلَى الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٢١٧﴾
الَّذِيْ يَرٰىكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿٢١٨﴾

۲۰۳۔ تو وہ کہیں گے: کیا ہمیں مہلت مل سکے گی؟
۲۰۴۔ کیا یہ لوگ ہمارے عذاب کے لیے عجلت کر رہے ہیں؟
۲۰۵۔ یہ تو بتلاؤ کہ اگر ہم انہیں برسوں سامان زندگی دیتے رہیں،
۲۰۶۔ پھر ان پر وہ عذاب آ جائے جس کا ان کے ساتھ وعدہ ہوا تھا،
۲۰۷۔ تو وہ (سامان زندگی) ان کے کسی کام نہ آئے گا جو انہیں دیا گیا تھا۔
۲۰۸۔ اور ہم نے کسی بستی کو ہلاک نہیں کیا مگر یہ کہ اس بستی کو تنبیہ کرنے والے تھے۔
۲۰۹۔ یاددہانی کے لیے، اور ہم کبھی بھی ظالم نہ تھے۔
۲۱۰۔ اور اس قرآن کو شیاطین نے نہیں اتارا
۲۱۱۔ اور نہ یہ کام ان سے کوئی مناسبت رکھتا ہے اور نہ ہی وہ استطاعت رکھتے ہیں۔☆
۲۱۲۔ وہ تو یقیناً (وحی کے) سننے سے بھی دور رکھے گئے ہیں۔☆
۲۱۳۔ پس آپ اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکاریں ورنہ آپ بھی عذاب پانے والوں میں شامل ہو جائیں گے۔
۲۱۴۔ اور اپنے قریب ترین رشتے داروں کو تنبیہ کیجیے۔☆
۲۱۵۔ اور مومنین میں سے جو آپ کی پیروی کریں ان کے ساتھ تواضع سے پیش آئیں۔☆
۲۱۶۔ اگر وہ آپ کی نافرمانی کریں تو ان سے کہہ دیجیے کہ میں تمہارے کردار سے بیزار ہوں۔
۲۱۷۔ اور بڑے غالب آنے والے مہربان پر بھروسہ رکھیں۔
۲۱۸۔ جو آپ کو اس وقت دیکھ رہا ہوتا ہے جب آپ (نماز کے لیے) اٹھتے ہیں۔

۲۱۰ تا ۲۱۲ مشرکین کا الزام تھا کہ یہ قرآن محمدؐ پر ایک جن نازل کرتا ہے۔ جواب میں فرمایا: مَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ۔ نہ قرآن اور جن میں کوئی مناسبت ہے کہ یہ قرآن جنوں سے صادر ہو جائے۔ کیا ممکن ہے کہ ایک گدھے سے حکمت کی باتیں صادر ہو جائیں۔ ۲ وَ مَا يَسْتَطِيْعُوْنَ۔ اس بات کا امکان بھی نہیں ہے، جنات کے دائرہ قدرت سے بیرون ہے۔ ۳ وہ تو وحی سننے کی بھی اہلیت نہیں رکھتے۔ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ۔

۲۱۳۔ اللہ کے سوا کسی دوسرے معبود کا وجود اگرچہ ایک ایسا مفروضہ ہے جو بذات خود محال ہے، پھر بھی مسئلہ کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے فرض محال بھی کیا جاتا ہے۔

۲۱۴۔ متعدد راویوں نے یہ واقعہ خود حضرت علی علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ دعوت ذوالعشیرہ کے موقع پر رسول اللہؐ نے اپنے قبیلے کے عزیزوں سے فرمایا: اے اولاد عبد المطلب! قسم بخدا میں نہیں جانتا کہ عربوں میں سے کسی نے اس چیز سے کوئی بہتر چیز پیش کی ہو جو میں پیش کر رہا ہوں۔ میں دنیا و آخرت دونوں کی بہتری پیش کر رہا ہوں۔ اللہ نے مجھے یہی حکم دیا ہے کہ میں تمہیں دعوت دوں۔ تم میں سے کون ہے جو اس معاملہ میں میرا ساتھ دے؟ حضرت علیؑ فرماتے ہیں: میں نے عرض کیا: ”میں آپ کا ساتھ دوں گا“ حالانکہ میں عمر میں سب سے چھوٹا تھا اس وقت لوگ ہنستے ہوئے چلے گئے۔ (الدرالمنثور) بعض روایات میں آیا ہے کہ حضورؐ نے فرمایا: اے علی! تو میرا وارث، میرا وزیر اور میرے بعد میرا خلیفہ ہے۔ (معالم التنزیل ۴:۲۷۸۔ تفسیر طبری ۱۹:۷۴۔ السنن الکبریٰ ۹:۷۔ سنن نسائی ۶:۲۴۸۔ مختلف الفاظ کے ساتھ تفسیر مظہری ۸:۳۷۰)

۲۱۵۔ یہ حکم رشتہ داروں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، عام مومنین کے لیے ہے۔ جو بھی ایمان لائے اس کے ساتھ تواضع کے ساتھ پیش آئیں۔ اسلامی قیادت کا اپنی رعیت کے ساتھ حاکم و محکوم کا نہیں، تواضع اور محبت کا رشتہ ہوتا ہے۔

وَتَقَلُّبَكَ فِي السّٰجِدِيْنَ ﴿٢١٩﴾
اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿٢٢٠﴾
هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ
الشَّيٰطِيْنُ ﴿٢٢١﴾
تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ﴿٢٢٢﴾
يُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ
كٰذِبُوْنَ ﴿٢٢٣﴾
وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوٗنَ ﴿٢٢٤﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ
يَّهِيْمُوْنَ ﴿٢٢٥﴾
وَ اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا
لَا يَفْعَلُوْنَ ﴿٢٢٦﴾
اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
وَذَكَرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا وَّانْتَصَرُوْا
مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا ؕ وَسَيَعْلَمُ
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اَيَّ مُنْقَلَبٍ
يَّنْقَلِبُوْنَ ﴿٢٢٧﴾ ع ١١ ١٥

﴿٢٧ سُوْرَةُ النَّمْلِ مَكِّيَّةٌ ٩٣﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

طٰسٓ ۚ تِلْكَ اٰيٰتُ الْقُرْاٰنِ وَ
كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ﴿١﴾
هُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢﴾
الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

۲۱۹۔ اور سجدہ کرنے والوں میں آپ کی نشست و برخاست کو بھی۔☆

۲۲۰۔ وہ یقیناً بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔

۲۲۱۔ کیا میں تمہیں خبر دوں کہ شیاطین کس پر اترتے ہیں؟

۲۲۲۔ ہر جھوٹے بدکار پر اترتے ہیں۔☆

۲۲۳۔ وہ کان لگائے رکھتے ہیں اوران میں اکثر جھوٹے ہیں۔

۲۲۴۔ اور شاعروں کی پیروی تو گمراہ لوگ کرتے ہیں۔☆

۲۲۵۔ کیا آپ نہیں دیکھتے کہ یہ لوگ ہر وادی میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔

۲۲۶۔ اور جو کہتے ہیں اسے کرتے نہیں۔

۲۲۷۔ سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے اور کثرت سے اللہ کو یاد کریں اور مظلوم واقع ہونے کے بعد انتقام لیں اور ظالموں کو عنقریب معلوم ہو جائے گا کہ وہ کس انجام کو پلٹ کر جائیں گے۔

سورہ نمل۔ مکی۔ آیات ۹۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ طا، سین، یہ قرآن اور کتاب مبین کی آیات ہیں۔

۲۔ مومنین کے لیے ہدایت و بشارت ہیں۔☆

۳۔ جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے

۲۱۹۔ بعثت کے ابتدائی دنوں کی بات معلوم ہو رہی ہے۔ آپ (ص) کو اللہ کی طرف سے تائید و حوصلہ دیا جا رہا ہے کہ آپؐ اپنی تبلیغ رسالت میں اللہ پر توکل کریں، اللہ آپ کو دیکھ رہا ہے، خواہ آپؐ اکیلے ہوں یا سجدہ گزاروں میں ہوں۔ بعض روایات کے مطابق اس سے مراد یہ ہے کہ آپؐ کو اللہ اس وقت بھی دیکھ رہا تھا جب آپ کا نور ساجدین کے اصلاب میں پشت در پشت منتقل ہو رہا تھا۔

۲۲۲۔ شیاطین اور جھوٹے بدکار، میں مناسبت قائم ہے، اس لیے شیطان ایسے لوگوں پر اترتے ہیں۔

۲۲۴۔ ان شاعروں کا ذکر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہجو کرتے تھے اور قرآن کا مقابلہ کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان شاعروں کی دو باتیں یہاں مذکور ہیں: ۱۔ وہ ہر وادی میں بھٹکتے پھرتے ہیں۔ یعنی جس موضوع پر بات کرتے ہیں حق اور حقیقت سے بھٹکی ہوئی باتیں کرتے ہیں۔ ۲۔ ان کے گفتار و کردار میں تضاد پایا جاتا ہے۔ ایک تخیلاتی دنیا میں گم ہوتے ہیں۔ یہ مذمت شاعروں کی ہے، شعر کی نہیں ہے۔ البتہ شعر کے مضامین اگر ایمان، عمل صالح، ذکر خدا، مظلوم کی فریادرسی پر مشتمل ہوں تو اس میں مذمت نہیں ہے۔

سورہ نمل

۲۔ چونکہ اس قرآن سے فائدہ اٹھانے والے اہل ایمان ہی ہوتے ہیں، لہٰذا یہ قرآن انہی کو ہدایت اور انہی کو بشارت دیتا ہے۔

۳۔ عقیدہ آخرت دنیوی زندگی کو معقولیت بخشتا اور خواہشات کو لگام دیتا ہے، جبکہ آخرت پر ایمان نہ رکھنے والوں کے لیے یہی زندگی سب کچھ ہے اور انہیں کسی جوابدہی کا خوف نہیں ہے۔ اس لیے ان کی خواہشات کو لگام نہیں لگتی، جس کے نتیجے میں ان سے اطمینان و سکون سلب ہو جاتا ہے۔

الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ
يُوْقِنُوْنَ ۝٣
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
زَيَّنَّا لَهُمْ اَعْمَالَهُمْ فَهُمْ
يَعْمَهُوْنَ ۝٤
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْعَذَابِ وَ
هُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ الْاَخْسَرُوْنَ ۝٥
وَاِنَّكَ لَتُلَقَّى الْقُرْاٰنَ مِنْ لَّدُنْ
حَكِيْمٍ عَلِيْمٍ ۝٦
اِذْ قَالَ مُوْسٰى لِاَهْلِهٖٓ اِنِّيْٓ
اٰنَسْتُ نَارًا ؕ سَاٰتِيْكُمْ مِّنْهَا
بِخَبَرٍ اَوْ اٰتِيْكُمْ بِشِهَابٍ قَبَسٍ
لَّعَلَّكُمْ تَصْطَلُوْنَ ۝٧
فَلَمَّا جَآءَهَا نُوْدِيَ اَنْۢ بُوْرِكَ
مَنْ فِي النَّارِ وَمَنْ حَوْلَهَا ؕ وَ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝٨
يٰمُوْسٰٓى اِنَّهٗٓ اَنَا اللّٰهُ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۝٩
وَاَلْقِ عَصَاكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهَا
تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَآنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّ
لَمْ يُعَقِّبْ ؕ يٰمُوْسٰى لَا تَخَفْ ۫
اِنِّيْ لَا يَخَافُ لَدَيَّ الْمُرْسَلُوْنَ ۝١٠
اِلَّا مَنْ ظَلَمَ ثُمَّ بَدَّلَ حُسْنًۢا بَعْدَ

ہیں اور آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔☆

۴۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے یقیناً ان کے لیے ہم نے ان کے افعال خوشنما بنا دیے ہیں پس وہ سرگرداں پھرتے ہیں۔

۵۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے لیے برا عذاب ہے اور آخرت میں یہی سب سے زیادہ خسارے میں ہوں گے۔

۶۔ اور (اے رسول) یہ قرآن آپ کو یقیناً ایک حکیم، دانا کی طرف سے دیا جا رہا ہے۔☆

۷۔ (اس وقت کا ذکر کرو) جب موسیٰ نے اپنے گھر والوں سے کہا: میں نے ایک آگ دیکھی ہے، میں جلد ہی اس میں سے کوئی خبر لے کر تمہارے پاس آتا ہوں یا انگارا سلگا کر تمہارے پاس لاتا ہوں تا کہ تم تاپو۔☆

۸۔ جب موسیٰ آگ کے پاس پہنچے تو ندا دی گئی: بابرکت ہو وہ (جس کا جلوہ) آگ کے اندر ہے اور (بابرکت ہو) وہ جو اس کے پاس ہے اور پاکیزہ ہے سارے جہاں کا پروردگار اللہ۔☆

۹۔ اے موسیٰ! یقیناً میں ہی غالب آنے والا، حکمت والا اللہ ہوں۔☆

۱۰۔ اور آپ اپنا عصا پھینک دیں، جب موسیٰ نے دیکھا کہ عصا سانپ کی طرح جنبش میں آ گیا ہے پیٹھ پھیر کر پلٹے اور پیچھے مڑ کر (بھی) نہ دیکھا (ندا آئی) اے موسیٰ! ڈریے نہیں، بے شک میرے حضور مرسلین ڈرا نہیں کرتے۔

۱۱۔ البتہ جس نے ظلم کا ارتکاب کیا ہو پھر برائی کے بعد اسے نیکی میں بدل دیا ہو تو یقیناً

۶۔ ابتدائے بعثت میں حضور (ص) کو جن حوصلہ شکن مشکلات کا سامنا تھا ان کے تناظر میں اس آیت کی تلاوت کی جائے تو بات سمجھ میں آتی ہے کہ یہ قرآن ایک حکیم و علیم ذات کی طرف سے ہے۔ آپ (ص) کو مشکلات کا سامنا کرنے کا جو حکم دیا جا رہا ہے اس میں علم کی کمی کا خدشہ ہے، نہ حکمت کے فقدان کا خوف ہے۔

۷۔ حضرت موسیٰ (ع) مَدیَن میں چند سال گزار کر واپس جاتے ہوئے صحرائے سینا سے گزر رہے تھے کہ یہ واقعہ پیش آیا۔

۸۔ بُوْرِكَ مَنْ فِي النَّارِ بابرکت ہے وہ جو آگ کے اندر ہے۔ یعنی بابرکت ہے وہ جس کا جلوہ آگ کے اندر ہے۔ وَمَنْ حَوْلَهَا بابرکت ہے وہ جو اس آگ کے گرد و پیش میں ہے، یعنی حضرت موسیٰ (ع)۔ یعنی وہ ذات جو ندا دے رہی ہے اور وہ جو یہ ندا سن رہا ہے، دونوں بابرکت ہیں۔ البتہ اللہ کی ذات بذات خود بابرکت ہے اور حضرت موسیٰ (ع) اللہ کی طرف سے بابرکت ہو گئے ہیں۔ واضح رہے یہ روشنی بظاہر دیکھنے میں آگ نظر آتی تھی، حضرت موسیٰ (ع) نے بھی اسے آگ تصور کیا تھا، اس لیے اسے آگ کہا، ورنہ درحقیقت یہ نار نہیں، نور تھا۔

سُبْحٰنَ اللّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ سے اس وہم و گمان کا ازالہ ہو جاتا ہے کہ اللہ آگ میں یا درخت میں حلول ہو گیا ہے۔ (پاک و منزہ ہے وہ ذات ہر احتیاج سے)۔

۹۔ وحی کو انبیاء عام ذرائع، مثلاً سمعی و بصری ذرائع، جن میں اشتباہ اور شک کے لئے گنجائش رہتی ہو، سے وصول نہیں کرتے، بلکہ اپنے پورے وجود کے ساتھ وصول کرتے ہیں اور جس طرح اپنے وجود کا ادراک ناقابل شک و تردید ہوتا ہے، اسی طرح وحی بھی ناقابل شک و تردید ہوتی ہے۔

سُوْٓءٍ فَاِنِّيْ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿١١﴾
وَاَدْخِلْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ
تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ ۫
فِيْ تِسْعِ اٰيٰتٍ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَقَوْمِهٖ ؕ
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿١٢﴾
فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ اٰيٰتُنَا مُبْصِرَةً
قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١٣﴾
وَجَحَدُوْا بِهَا وَ اسْتَيْقَنَتْهَآ
اَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَّ عُلُوًّا ؕ
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الْمُفْسِدِيْنَ ﴿١٤﴾ ع ١٤/١٢
وَ لَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ وَ سُلَيْمٰنَ
عِلْمًا ۚ وَقَالَا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
فَضَّلَنَا عَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٥﴾
وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ وَقَالَ
يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ
وَاُوْتِيْنَا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ؕ اِنَّ هٰذَا
لَهُوَ الْفَضْلُ الْمُبِيْنُ ﴿١٦﴾
وَحُشِرَ لِسُلَيْمٰنَ جُنُوْدُهٗ مِنَ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَالطَّيْرِ فَهُمْ
يُوْزَعُوْنَ ﴿١٧﴾
حَتّٰٓى اِذَآ اَتَوْا عَلٰى وَادِ النَّمْلِ ۙ

میں بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہوں.☆
۱۲۔ اور اپنا ہاتھ تو اپنے گریبان میں ڈالیے بغیر کسی عیب کے چمکتا ہوا نکلے گا، یہ ان نو نشانیوں میں سے ہے جنہیں لے کر فرعون اور اس کی قوم کی طرف (آپ کو جانا ہے) بے شک وہ بڑے فاسق لوگ ہیں۔
۱۳۔ جب ہماری نشانیاں نمایاں ہو کر ان کے پاس آئیں تو انہوں نے کہا: یہ تو صریح جادو ہے۔
۱۴۔ وہ ان نشانیوں کے منکر ہوئے حالانکہ ان کے دلوں کو یقین آ گیا تھا، ایسا انہوں نے ظلم اور غرور کی وجہ سے کیا، پس اب دیکھ لو کہ ان مفسدوں کا کیا انجام ہوا۔☆
۱۵۔ اور بتحقیق ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم دیا اور ان دونوں نے کہا: ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے ہمیں اپنے بہت سے مومن بندوں پر فضیلت عنایت فرمائی۔
۱۶۔ اور سلیمان داؤد کے وارث بنے اور بولے: اے لوگو! ہمیں پرندوں کی بولی کی تعلیم دی گئی ہے اور ہمیں سب طرح کی چیزیں عنایت ہوئی ہیں، بے شک یہ تو ایک نمایاں فضل ہے۔☆
۱۷۔ اور سلیمان کے لیے جنوں اور انسانوں اور پرندوں کے لشکر جمع کیے گئے اور ان کی جماعت بندی کی جاتی تھی۔☆
۱۸۔ یہاں تک کہ جب وہ چیونٹیوں کی وادی

۱۱۔ مرسلین میرے حضور ڈرا نہیں کرتے کا مفہوم یہ ہو سکتا ہے کہ غیر مرسلین ڈر سکتے ہیں۔ غیر مرسلین میں سے وہ لوگ جو اہل توبہ ہیں اور گناہوں سے پاک ہو جاتے ہیں وہ بھی اللہ کا قرب حاصل کر سکتے ہیں اور ان کے لیے بھی امن حاصل ہو سکتا ہے۔
۱۴۔ حضرت موسیٰ (ع) کے معجزات دیکھنے کے بعد حضرت موسیٰ (ع) کے رسول برحق ہونے میں کس کا شک و شبہ باقی رہ سکتا ہے؟ لیکن خواہش پرستی، سرکشی اور حق والوں کے ساتھ عناد کی وجہ سے وہ حق کو قبول نہیں کر پاتے تھے۔
۱۶۔ حیوانات اور پرندوں میں بھی افہام و تفہیم کے ذرائع ہوتے ہیں۔ یہی ذرائع ان کی بولی ہیں جسے آج لوگ اندازوں سے سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں، لیکن حضرت سلیمان (ع) ظن اور اندازے سے نہیں، بلکہ ان کی بولی کو اسی طرح سمجھتے تھے جس طرح انسان کی بولی سمجھی جاتی ہے۔ چنانچہ قرآن میں ھدھد اور چیونٹی کی گفتگو وغیرہ کا ذکر ہے۔ دوسرے لفظوں میں یہ بات طبیعیاتی قانون کی عام دفعات کے تحت نہیں ہے، جیسا کہ کچھ لوگ اسے سائنسی تناظر میں سمجھنے کی کوشش کرتے ہیں۔
۱۷۔ اس آیت کی نص صریح کے مطابق حضرت سلیمانؑ کے لیے جنات مسخر تھے، بلکہ ان کے لیے جن و انس کے ساتھ پرندے بھی مسخر تھے۔ لہٰذا اس امر میں کسی قسم کی تاویل قرآن کی معنوی تحریف ہو گی۔
۱۸۔ انبیاء علیہم السلام کی روح میں وہ لطافت موجود ہوتی ہے جس سے وہ وحی الٰہی کا ادراک کرتے ہیں۔ اس لیے چیونٹی کا کلام سننا کوئی انہونی بات نہیں ہے۔ تعجب اس بات پر ہونا چاہیے کہ چیونٹی کے ادراک میں یہ بات آ گئی کہ یہ لوگ حضرت سلیمانؑ اور ان کا لشکر ہیں اور وہ غیر ارادی طور پر انہیں کچل ڈالیں گے۔

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا
مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ
سُلَيْمٰنُ وَ جُنُوْدُهٗ ۙ وَ هُمْ
لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿١٨﴾
فَتَبَسَّمَ ضَاحِكًا مِّنْ قَوْلِهَا وَ قَالَ
رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ
نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ
عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا
تَرْضٰىهُ وَ اَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ
عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿١٩﴾
وَ تَفَقَّدَ الطَّيْرَ فَقَالَ مَا لِيَ لَاۤ اَرَى
الْهُدْهُدَ ۫ اَمْ كَانَ مِنَ الْغَآئِبِيْنَ ﴿٢٠﴾
لَاُعَذِّبَنَّهٗ عَذَابًا شَدِيْدًا اَوْ
لَاَاذْبَحَنَّهٗۤ اَوْ لَيَاْتِيَنِّيْ بِسُلْطٰنٍ
مُّبِيْنٍ ﴿٢١﴾
فَمَكَثَ غَيْرَ بَعِيْدٍ فَقَالَ
اَحَطْتُّ بِمَا لَمْ تُحِطْ بِهٖ وَ جِئْتُكَ
مِنْ سَبَاٍ بِنَبَاٍ يَّقِيْنٍ ﴿٢٢﴾
اِنِّيْ وَجَدْتُّ امْرَاَةً تَمْلِكُهُمْ وَ
اُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ وَّ لَهَا عَرْشٌ
عَظِيْمٌ ﴿٢٣﴾
وَجَدْتُّهَا وَ قَوْمَهَا يَسْجُدُوْنَ
لِلشَّمْسِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ زَيَّنَ

میں پہنچے تو ایک چیونٹی نے کہا: اے چیونٹیو! اپنے اپنے گھروں میں گھس جاؤ، کہیں سلیمان اور ان کا لشکر تمہیں کچل نہ ڈالے اور انہیں پتہ بھی نہ چلے۔☆

۱۹۔ اس کی باتیں سن کر سلیمان ہنستے ہوئے مسکرائے اور کہنے لگے: پروردگارا مجھے توفیق دے کہ میں تیری ان نعمتوں کا شکر بجا لاؤں جن سے تو نے مجھے اور میرے والدین کو نوازا ہے اور یہ کہ میں ایسا صالح عمل انجام دوں جو تجھے پسند آئے اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے صالح بندوں میں داخل فرما۔☆

۲۰۔ سلیمان نے پرندوں کا معائنہ کیا تو کہا: کیا بات ہے کہ مجھے ہُدہُد نظر نہیں آ رہا؟ کیا وہ غائب ہو گیا ہے؟☆

۲۱۔ میں اسے ضرور سخت ترین سزا دوں گا یا میں اسے ذبح کر دوں گا مگر یہ کہ میرے پاس کوئی واضح عذر پیش کرے۔

۲۲۔ زیادہ دیر نہیں گزری تھی کہ اس نے (حاضر ہو کر) کہا: مجھے اس چیز کا علم ہوا ہے جو آپ کو معلوم نہیں اور ملک سبا سے آپ کے لیے ایک یقینی خبر لے کر آیا ہوں.

۲۳۔ میں نے ایک عورت دیکھی جو ان پر حکمران ہے اور اسے ہر قسم کی چیزیں دی گئیں ہیں اور اس کا عظیم الشان تخت ہے.☆

۲۴۔ میں نے دیکھا کہ وہ اور اس کی قوم اللہ کو چھوڑ کر سورج کو سجدہ کرتے ہیں اور شیطان نے ان کے اعمال ان کے لیے

۱۹۔ ترتیب کلام سے یہ نتیجہ اخذ کرنا بعید نہ ہو گا کہ شکر اور قدردانی کی قدروں کا مالک ہونے کے بعد وہ عمل صالح بجا لانا ممکن ہوتا ہے جس میں اللہ کی رضامندی ہے اور صالح بندوں میں داخل ہونا صرف عمل سے ممکن نہیں ہے، بلکہ اللہ کی رحمت سے ممکن ہے: بِرَحْمَتِكَ۔

۲۰۔ لشکر سلیمانؑ میں مسخر ایک خاص ہدہد کا ذکر ہو سکتا ہے کہ جس کا غائب ہونا حضرت سلیمانؑ کے لیے اہمیت کا حامل تھا۔

۲۳۔ ملک سبا وہی ہے جسے آج کل یمن کہا جاتا ہے۔ یہ ملک اس زمانے میں اپنی زرخیزی اور تجارت کی وجہ سے نہایت دولت مند ملک شمار ہوتا تھا اور اپنے وقت کے عظیم تمدن کا حامل تھا۔ وَّلَهَا عَرْشٌ عَظِيْمٌ سے اس ملک کے تمدن کی عظمت کا اندازہ ہوتا ہے۔ وَاُوْتِيَتْ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسے اس زمانے کی تمام آسائشیں حاصل تھیں۔ کچھ لوگوں کے لیے یہ بات قابل فہم نہیں ہے کہ ہدہد جیسے ایک پرندے میں یہ شعور موجود ہو کہ وہ اس ملک کی خصوصیات اور مذہب وغیرہ کو سمجھے اور بیان کرے۔

حیوانات کی شعوری دنیا کا مطالعہ کرنے والے جانتے ہیں کہ بعض حیوانات میں بعض باتوں کا شعور وادراک انسانوں سے زیادہ ہے۔ قرآن کی معنوی تحریف کے مرتکب ہونے والوں کے نزدیک مادی سائنسدان اللہ سے زیادہ قابل اعتماد ہیں!! آخر یہ لوگ ایسے اللہ کو ماننے کی زحمت کیوں کرتے ہیں جس کی باتوں پر یقین نہیں آتا؟!! چنانچہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ ایک ہدہد کے لیے ایسا شعور و ادراک ممکن نہیں، پس ہدہد حضرت سلیمانؑ کے لشکر کے ایک جرنیل کا نام تھا۔

لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ
عَنِ السَّبِيْلِ فَهُمْ لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٢٤﴾
اَلَّا يَسْجُدُوْا لِلّٰهِ الَّذِيْ يُخْرِجُ
الْخَبْءَ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَ يَعْلَمُ مَا تُخْفُوْنَ وَ مَا
تُعْلِنُوْنَ ﴿٢٥﴾
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِيْمِ ﴿٢٦﴾ السجدة
قَالَ سَنَنْظُرُ اَصَدَقْتَ اَمْ
كُنْتَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿٢٧﴾
اِذْهَبْ بِّكِتٰبِيْ هٰذَا فَاَلْقِهْ
اِلَيْهِمْ ثُمَّ تَوَلَّ عَنْهُمْ فَانْظُرْ
مَاذَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٢٨﴾
قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اِنِّيْٓ اُلْقِيَ اِلَيَّ
كِتٰبٌ كَرِيْمٌ ﴿٢٩﴾
اِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿٣٠﴾
اَلَّا تَعْلُوْا عَلَيَّ وَاْتُوْنِيْ
مُسْلِمِيْنَ ﴿٣١﴾ ع ٢ ١٧
قَالَتْ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَفْتُوْنِيْ فِيْٓ
اَمْرِيْ ۚ مَا كُنْتُ قَاطِعَةً اَمْرًا
حَتّٰى تَشْهَدُوْنِ ﴿٣٢﴾
قَالُوْا نَحْنُ اُولُوْا قُوَّةٍ وَّاُولُوْا

خوشنما بنا رکھے ہیں اور اس طرح ان کے لیے راہ خدا کو مسدود کر دیا ہے، پس وہ ہدایت نہیں پاتے۔☆

۲۵۔ کیا وہ اللہ کے لیے سجدہ نہیں کرتے جو آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ چیزیں نکالتا ہے اور وہ تمہارے پوشیدہ اور ظاہری اعمال کو جانتا ہے؟☆

۲۶۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

۲۷۔ سلیمان نے کہا: ہم ابھی دیکھ لیتے ہیں کیا تو نے سچ کہا ہے یا تو جھوٹوں میں سے ہے۔

۲۸۔ میرا یہ خط لے جا اور اسے ان لوگوں کے پاس ڈال دے پھر ان سے ہٹ جا اور دیکھ کہ وہ کیا جواب دیتے ہیں۔

۲۹۔ ملکہ نے کہا: اے دربار والو! میری طرف ایک محترم خط ڈالا گیا ہے۔

۳۰۔ یہ سلیمان کی جانب سے ہے اور وہ یہ ہے: خدائے رحمٰن رحیم کے نام سے

۳۱۔ تم میرے مقابلے میں بڑائی مت کرو اور فرمانبردار ہو کر میرے پاس چلے آؤ۔☆

۳۲۔ ملکہ نے کہا: اے اہل دربار! میرے اس معاملے میں مجھے رائے دو، میں تمہاری غیر موجودگی میں کسی معاملے کا فیصلہ نہیں کیا کرتی۔☆

۳۳۔ انہوں نے کہا: ہم طاقتور اور شدید

۲۴۔ قرآن کی تائید عرب کی قدیم تاریخ سے ہوتی ہے کہ سبا کی قوم آفتاب پرستی کے مذہب پر قائم تھی۔

۲۵۔ الْخَبْءَ: پوشیدہ۔ اللہ آسمان اور زمین کے شکم میں پوشیدہ چیزیں نکالتا ہے۔ سورج کی شعاعوں میں پوشیدہ کرنوں سے زمین میں رعنائیاں نکالتا ہے اور زمین کے شکم میں پوشیدہ چیزوں کو نکال کر انسان کے دسترخوان پر طرح طرح کے میوے اور کھانے سجاتا ہے۔

۳۱۔ یہ خط اپنے انداز ارسال، انداز کلام اور مضمون کے اعتبار سے غیر معمولی حیثیت کا حامل تھا۔ انداز ارسال: ایک پرندے کے ذریعے۔ انداز کلام: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سے شروع ہوتا ہے جو اس معاشرے کی ثقافت سے بالکل مختلف اور ناآشنا انداز کلام ہے۔ مضمون میں ایک دعوت ہے کہ ایک قانونی حکومت کے مقابلے میں ایک باطل نظام کو بڑائی اور سرکشی کرنے کا حق حاصل نہیں ہے۔ لہٰذا فرماں بردار یا مسلم ہو کر میرے سامنے حاضر ہو جاؤ۔ یہاں حضرت سلیمان (ع) کا فرماں بردار ہونے میں دونوں باتیں پائی جاتی ہیں: فرماں برداری بھی اور اسلام بھی۔

۳۲۔ شہنشاہی نظام ہونے کے باوجود وہ استبدادی نہ تھا، بلکہ سربراہان مملکت اپنے فیصلے باہمی مشورے سے طے کیا کرتے تھے۔

بَاْسٍ شَدِيْدٍ ۙ وَّالْاَمْرُ اِلَيْكِ
فَانْظُرِيْ مَاذَا تَاْمُرِيْنَ ﴿٣٣﴾
قَالَتْ اِنَّ الْمُلُوْكَ اِذَا دَخَلُوْا
قَرْيَةً اَفْسَدُوْهَا وَ جَعَلُوْٓا
اَعِزَّةَ اَهْلِهَآ اَذِلَّةً ۚ وَكَذٰلِكَ
يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٤﴾
وَاِنِّيْ مُرْسِلَةٌ اِلَيْهِمْ بِهَدِيَّةٍ
فَنٰظِرَةٌۢ بِمَ يَرْجِعُ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣٥﴾
فَلَمَّا جَآءَ سُلَيْمٰنَ قَالَ
اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ ۫ فَمَآ اٰتٰىنِيَ اللّٰهُ
خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ بَلْ اَنْتُمْ
بِهَدِيَّتِكُمْ تَفْرَحُوْنَ ﴿٣٦﴾
اِرْجِعْ اِلَيْهِمْ فَلَنَاْتِيَنَّهُمْ بِجُنُوْدٍ
لَّا قِبَلَ لَهُمْ بِهَا وَلَنُخْرِجَنَّهُمْ مِّنْهَآ
اَذِلَّةً وَّهُمْ صٰغِرُوْنَ ﴿٣٧﴾
قَالَ يٰٓاَيُّهَا الْمَلَؤُا اَيُّكُمْ يَاْتِيْنِيْ
بِعَرْشِهَا قَبْلَ اَنْ يَّاْتُوْنِيْ
مُسْلِمِيْنَ ﴿٣٨﴾
قَالَ عِفْرِيْتٌ مِّنَ الْجِنِّ اَنَا اٰتِيْكَ
بِهٖ قَبْلَ اَنْ تَقُوْمَ مِنْ مَّقَامِكَ ۚ وَ
اِنِّيْ عَلَيْهِ لَقَوِيٌّ اَمِيْنٌ ﴿٣٩﴾
قَالَ الَّذِيْ عِنْدَهٗ عِلْمٌ مِّنَ
الْكِتٰبِ اَنَا اٰتِيْكَ بِهٖ قَبْلَ اَنْ يَّرْتَدَّ

جنگجو ہیں تاہم فیصلہ آپ کے ہاتھ میں ہے، آپ دیکھ لیں کہ آپ کو کیا حکم کرنا چاہیے۔

۳۴۔ ملکہ نے کہا: بادشاہ جب کسی بستی میں داخل ہوتے ہیں تو اسے تباہ کرتے ہیں اور اس کے عزت داروں کو ذلیل کرتے ہیں اور یہ لوگ بھی اسی طرح کریں گے۔☆

۳۵۔ اور میں ان کی طرف ایک ہدیہ بھیج دیتی ہوں اور دیکھتی ہوں کہ ایلچی کیا (جواب) لے کر واپس آتے ہیں۔☆

۳۶۔ پس جب وہ سلیمان کے پاس پہنچا تو انہوں نے کہا: کیا تم مال سے میری مدد کرنا چاہتے ہو؟ جو کچھ اللہ نے مجھے دے رکھا ہے وہ اس سے بہتر ہے جو اس نے تمہیں دے رکھا ہے جب کہ تمہیں اپنے ہدیے پر بڑا ناز ہے۔☆

۳۷۔ (اے ایلچی) تو انہیں کی طرف واپس پلٹ جا، ہم ان کے پاس ایسے لشکر لے کر ضرور آئیں گے جن کا وہ مقابلہ نہیں کر سکیں گے اور ہم انہیں وہاں سے ذلت کے ساتھ ضرور نکال دیں گے اور وہ خوار بھی ہوں گے۔

۳۸۔ سلیمان نے کہا: اے اہل دربار! تم میں سے کون ہے جو ملکہ کا تخت میرے پاس لے آئے قبل اس کے کہ وہ فرمانبردار ہو کر میرے پاس آئیں؟☆

۳۹۔ جنوں میں سے ایک عیار نے کہا: میں اسے آپ کے پاس حاضر کر دیتا ہوں قبل اس کے کہ آپ اپنی جگہ سے اٹھیں اور میں یہ کام انجام دینے کی طاقت رکھتا ہوں، امین بھی ہوں۔☆

۴۰۔ جس کے پاس کتاب میں سے کچھ علم تھا وہ کہنے لگا: میں آپ کی پلک جھپکنے سے

۳۴۔ فاتح قوم جب فتح کے نشے میں چور ہوتی ہے تو اپنی زیر نگیں قوم کی حرمت و عزت کو لوٹ لیتی ہے۔ البتہ اسلامی فاتحوں کے بارے میں گوستاف لوبون اپنی کتاب حضارۃ العرب میں لکھتے ہیں: چشم تاریخ نے عربوں کی طرح کسی انصاف پسند اور رحمدل فاتح کو نہیں دیکھا۔

۳۵۔ یعنی اگر وہ اس ہدیے سے نرم پڑ جائے تو وہ مال و دولت کا ہی بندہ ہوگا اور اس سے اسی بنیاد پر نپٹیں گے، وگرنہ مسئلہ ایمان وعقیدہ کا ہوگا، جس کے سامنے مال ومنال کی کوئی حیثیت نہیں ہوگی۔

۳۶۔ حضرت سلیمانؑ نے ان کے تحائف بڑی حقارت کے ساتھ واپس کیے تو ملکہ سبا پر یہ بات واضح ہو گئی کہ یہ مسئلہ کشور کشائی اور مال و دولت کا نہیں ہے۔

۳۸۔ حضرت سلیمانؑ کا یہ سوال بتاتا ہے کہ ان کے درباریوں میں ایسے لوگ موجود تھے جو اس قسم کے کارنامے انجام دے سکتے تھے۔

۳۹۔ بیت المقدس سے ملک سبا کا فاصلہ ڈیڑھ ہزار میل سے کم نہ تھا۔ کسی بشری طاقت کے لیے ممکن نہ تھا کہ چند گھنٹوں میں یہ کام انجام دے، لہٰذا جن سے مراد کوئی بشر نہیں، جیسا کہ بعض عقلیت پسند لکھتے ہیں۔

۴۰۔ یہ سوال اٹھایا جاتا ہے کہ پلک جھپکنے کی دیر میں کیسے ممکن ہوا کہ کوئی ڈیڑھ ہزار میل کے فاصلے سے یہ تخت حاضر کرے؟ ایسا تو آج کے جوہری دور میں بھی ممکن نہیں ہے۔ یہ سوال اللہ کی کُن فیکونی طاقت کے حوالے سے ہی نہیں بلکہ سائنسی نقطہ نظر سے بھی درست نہیں ہے، کیونکہ بقول آئن سٹائن: ”انسان کو مکان و زمان میں محدود سمجھنا ایک مفروضہ ہے“ نیز نظریہ اضافت کے لحاظ سے زمان ہر جگہ یکساں نہیں ہے۔ روشنی کی رفتار سے سفر کرنے والے کے دس منٹ ساکن لوگوں کے سینکڑوں سالوں کے برابر ہوتے ہیں، جیسا کہ مسئلہ معراج کی بحث میں ہم نے بیان کیا ہے، لیکن ہم اس مسئلے کی توجیہ نظریہ اضافت وغیرہ سے نہیں کرتے۔ قرآن کی صراحت موجود ہے کہ یہ قدرت جس شخص کے پاس تھی اس کی بنیاد علم تھا اور اس

اِلَيْكَ طَرْفُكَ ؕ فَلَمَّا رَاٰهُ
مُسْتَقِرًّا عِنْدَهٗ قَالَ هٰذَا مِنْ
فَضْلِ رَبِّيْ ۫ لِيَبْلُوَنِيْٓ ءَاَشْكُرُ
اَمْ اَكْفُرُ ؕ وَمَنْ شَكَرَ فَاِنَّمَا
يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ
رَبِّيْ غَنِيٌّ كَرِيْمٌ ﴿٤٠﴾
قَالَ نَكِّرُوْا لَهَا عَرْشَهَا نَنْظُرْ
اَتَهْتَدِيْٓ اَمْ تَكُوْنُ مِنَ الَّذِيْنَ
لَا يَهْتَدُوْنَ ﴿٤١﴾
فَلَمَّا جَآءَتْ قِيْلَ اَهٰكَذَا
عَرْشُكِ ؕ قَالَتْ كَاَنَّهٗ هُوَ ۚ وَ
اُوْتِيْنَا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهَا وَكُنَّا
مُسْلِمِيْنَ ﴿٤٢﴾
وَصَدَّهَا مَا كَانَتْ تَّعْبُدُ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ ؕ اِنَّهَا كَانَتْ مِنْ قَوْمٍ
كٰفِرِيْنَ ﴿٤٣﴾
قِيْلَ لَهَا ادْخُلِي الصَّرْحَ ۚ فَلَمَّا
رَاَتْهُ حَسِبَتْهُ لُجَّةً وَّكَشَفَتْ عَنْ
سَاقَيْهَا ؕ قَالَ اِنَّهٗ صَرْحٌ مُّمَرَّدٌ
مِّنْ قَوَارِيْرَ ؕ قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ
ظَلَمْتُ نَفْسِيْ وَاَسْلَمْتُ مَعَ
سُلَيْمٰنَ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٤﴾ ع ٢ ١١
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَآ اِلٰى ثَمُوْدَ اَخَاهُمْ

علم کا مأخذ الکتاب تھا۔ اگرچہ ہم کو اس علم اور الکتاب کی نوعیت کا علم نہیں ہے، تاہم اس آیت میں علم کی طاقت کی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ اس شخص نے اپنے دعویٰ کو جامۂ عمل پہناتے ہوئے چشم زدن میں اس عظیم تخت کو حاضر کر دیا۔ اس علمی کارنامے کو حضرت سلیمان (ع) نے اللہ کا فضل قرار دیا، تخت کے حصول کو نہیں۔ انسان کو اب تک دور سے آواز اور تصاویر چشم زدن میں حاضر کرنے کا طریقہ آ گیا ہے۔ اجسام کو حاضر کرنے کا طریقہ ابھی نہیں آیا۔ آیت سے معلوم ہوا کہ اس علم کا وجود ہے جس سے اجسام کو دور سے چشم زدن میں حاضر کرنا ممکن ہے۔

۴۱۔ یہ جانچنا کہ سمجھ جاتی ہے کہ یہ اسی کا تخت ہے یا نہیں، ممکن ہے مقصد یہ ہو کہ وہ اس معجزے کو نبوت کی دلیل سمجھتی ہے یا نہیں؟

۴۲۔ یعنی ہمیں حضرت سلیمانؑ کی حقانیت اور رسالت کا پہلے ہی سے علم ہو چکا تھا اور ہم اس معجزے کو دیکھنے سے پہلے اسلام قبول کر چکے تھے۔

۴۳۔ حضرت سلیمان (ع) کی شان و شوکت حکومت و اقتدار کے باوجود آپ (ع) کے تواضع اور اخلاص کی پہلے ہی ملکہ معترف ہو چکی تھی۔ اب غیر اللہ کی پرستش ترک کرنے کے لیے حضرت سلیمان (ع) کا ایک حکم کافی رہا اور کفر کا مذہب ترک کر کے توحید کے زمرے میں داخل ہو گئی۔

۴۴۔ قصر سلیمانی کا صحن شفاف شیشوں سے بنا ہوا تھا اور نیچے پانی کا تالاب تھا یا دیکھنے میں پانی کی طرح نظر آ رہا تھا، اس لیے ملکہ نے اپنی پنڈلیاں کھول دیں۔ جب معلوم ہوا کہ یہ شیشہ ہے تو حضرت سلیمانؑ کی قوت و سلطنت کو دیکھ کر صرف حضرت سلیمانؑ کے ہی نہیں، بلکہ حضرت سلیمانؑ کی معیت میں اللہ کے سامنے سر تسلیم خم کیا۔

۴۵۔ حضرت صالح (ع) کی دعوت کے نتیجے میں دو فریق بن گئے۔ ایک ایمان لانے والوں کا، دوسرا انکار کرنے والوں کا۔ جیسا کہ دعوت حق کے نتیجے میں حق و باطل کا ہمیشہ آمنا سامنا ہوتا رہا ہے، چنانچہ مکہ میں یہی کچھ ہو رہا تھا۔

پہلے اسے آپ کے پاس حاضر کر دیتا ہوں، جب سلیمان نے تخت کو اپنے پاس نصب شدہ دیکھا تو کہا: یہ میرے پروردگار کا فضل ہے تاکہ وہ مجھے آزمائے کہ میں شکر کرتا ہوں یا کفران اور جو کوئی شکر کرتا ہے وہ خود اپنے فائدے کے لیے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو میرا پروردگار یقیناً بے نیاز اور صاحب کرم ہے۔☆

۴۱۔ سلیمان نے کہا: ملکہ کے تخت کو اس کے لیے انجانا بنا دو، ہم دیکھیں کیا وہ شناخت کر لیتی ہے یا شناخت نہ کرنے والوں میں سے ہوتی ہے۔☆

۴۲۔ جب ملکہ حاضر ہوئی تو (اس سے) کہا گیا: کیا آپ کا تخت ایسا ہی ہے؟ ملکہ نے کہا: گویا یہ تو وہی ہے، ہمیں اس سے پہلے معلوم ہو چکا ہے اور ہم فرمانبردار ہو چکے ہیں۔☆

۴۳۔ اور سلیمان نے اسے غیر اللہ کی پرستش سے روک دیا کیونکہ پہلے وہ کافروں میں سے تھی۔☆

۴۴۔ ملکہ سے کہا گیا: محل میں داخل ہو جایئے، جب اس نے محل کو دیکھا تو خیال کیا کہ وہاں گہرا پانی ہے اور اس نے اپنی پنڈلیاں کھول دیں، سلیمان نے کہا: یہ شیشے سے مرصع محل ہے، ملکہ نے کہا: پروردگارا! میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا اور اب میں سلیمان کے ساتھ رب العالمین اللہ پر ایمان لاتی ہوں۔☆

۴۵۔ اور ہم نے (قوم) ثمود کی طرف ان کی

صٰلِحًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ فَاِذَا هُمْ
فَرِيْقٰنِ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۴۵﴾
قَالَ يٰقَوْمِ لِمَ تَسْتَعْجِلُوْنَ
بِالسَّيِّئَةِ قَبْلَ الْحَسَنَةِ ۚ لَوْلَا
تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ
تُرْحَمُوْنَ ﴿۴۶﴾
قَالُوا اطَّيَّرْنَا بِكَ وَبِمَنْ مَّعَكَ ؕ
قَالَ طٰٓئِرُكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ بَلْ اَنْتُمْ
قَوْمٌ تُفْتَنُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ
رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا
يُصْلِحُوْنَ ﴿۴۸﴾
قَالُوْا تَقَاسَمُوْا بِاللّٰهِ لَنُبَيِّتَنَّهٗ وَ
اَهْلَهٗ ثُمَّ لَنَقُوْلَنَّ لِوَلِيِّهٖ مَا
شَهِدْنَا مَهْلِكَ اَهْلِهٖ وَاِنَّا
لَصٰدِقُوْنَ ﴿۴۹﴾
وَمَكَرُوْا مَكْرًا وَّمَكَرْنَا مَكْرًا وَّ
هُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۵۰﴾
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
مَكْرِهِمْ ۙ اَنَّا دَمَّرْنٰهُمْ وَقَوْمَهُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۵۱﴾
فَتِلْكَ بُيُوْتُهُمْ خَاوِيَةً ۢ بِمَا
ظَلَمُوْا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ

برادری کے صالح کو (یہ پیغام دے کر) بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو تو وہ دو فریق بن کر جھگڑنے لگے۔☆

۴۶۔صالح نے کہا: اے میری قوم! نیکی سے پہلے برائی کے لیے کیوں عجلت کرتے ہو؟ تم اللہ سے معافی کیوں طلب نہیں کرتے تا کہ تم پر رحم کیا جائے؟☆

۴۷۔ وہ کہنے لگے: تم اور تمہارے ساتھی ہمارے لیے بدشگونی کا سبب ہیں، صالح نے کہا: تمہاری بدشگونی اللہ کے پاس ہے بلکہ تم لوگ آزمائے جا رہے ہو۔☆

۴۸۔ اور اس شہر میں نو دھڑے باز تھے جو زمین میں فساد برپا کرتے تھے اور اصلاح کا کوئی کام نہیں کرتے تھے۔

۴۹۔ انہوں نے کہا: آپس میں اللہ کی قسم کھاؤ کہ ہم رات کے وقت صالح اور ان کے گھر والوں پر ضرور شب خون ماریں گے پھر ان کے وارث سے یہی کہیں گے کہ ہم ان کے گھر والوں کی ہلاکت کے موقع پر موجود ہی نہ تھے اور ہم سچے ہیں.☆

۵۰۔ اور انہوں نے مکارانہ چال چلی تو ہم نے ایسی حکیمانہ تدبیریں کیں کہ انہیں خبر تک نہ ہوئی۔☆

۵۱۔ پس دیکھ لو! ان کی مکاری کا کیا انجام ہوا، ہم نے انہیں اور ان کی پوری قوم کو نابود کر دیا۔

۵۲۔پس ان کے یہ گھر ان کے ظلم کے نتیجے میں ویران پڑے ہیں، اس میں علم رکھنے

۴۶۔اللہ سے رحمت طلب کرنے کی بجائے عذاب طلب کرتے ہو؟ نادانو! اللہ سے تمہیں مغفرت طلب کرنی چاہیے تھی۔

۴۷۔مشرکوں کا یہ عام تصور تھا کہ جب بھی ان کے بتوں کے خلاف دعوت دینے والے انبیاء آتے ہیں تو (نعوذ باللہ) نحوست لے کر آتے ہیں کیونکہ ان کی دعوت سے ان کے معبود ناراض ہو جاتے ہیں۔

۴۹۔اسی قسم کی سازش تھی جو مکہ والے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف کر رہے تھے۔ سازش یہ طے پائی کہ (ہجرت کے موقع پر) حضور (ص) کو قتل کرنے کے لیے تمام قبائل مل کر حملہ کریں گے تا کہ بنی ہاشم کسی ایک قبیلہ پر الزام عائد نہ کر سکیں اور سب سے انتقام بھی نہ لے سکیں۔

۵۰۔ان کی چال یہ تھی کہ تمام قبائل مل کر شبخون ماریں اور صالح (ع) کا کام تمام کر دیں۔ اللہ کی تدبیر یہ تھی کہ اس شبخون کی نوبت آنے سے پہلے ان سب کو ہلاک کر دیا جائے۔ چنانچہ عین ممکن ہے کہ عذاب اسی رات کو آ گیا ہو جس رات انہوں نے شبخون مارنا تھا۔ تاریخ کے اس درس کا ذکر مکہ کے مشرکین کی تنبیہ کے لیے ہے کہ ان کا بھی حشر سنت تاریخ سے مختلف نہ ہوگا۔

يَّعْلَمُوْنَ ﴿۵۲﴾
وَاَنْجَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا
يَتَّقُوْنَ ﴿۵۳﴾
وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَتَاْتُوْنَ
الْفَاحِشَةَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ﴿۵۴﴾
اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ شَهْوَةً
مِّنْ دُوْنِ النِّسَآءِ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ
تَجْهَلُوْنَ ﴿۵۵﴾
فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ
قَالُوْٓا اَخْرِجُوْٓا اٰلَ لُوْطٍ مِّنْ
قَرْيَتِكُمْ ۚ اِنَّهُمْ اُنَاسٌ
يَّتَطَهَّرُوْنَ ﴿۵۶﴾
فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ
قَدَّرْنٰهَا مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۵۷﴾
وَاَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ مَّطَرًا ۚ فَسَآءَ
ع ۴ ۱۴ ۱۹ مَطَرُ الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۵۸﴾ ع
قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسَلٰمٌ عَلٰى عِبَادِهِ
الَّذِيْنَ اصْطَفٰى ؕ آٰللّٰهُ خَيْرٌ اَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾ ؕ
الجزء ۲۰ اَمَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ
اَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ
فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ حَدَآئِقَ ذَاتَ بَهْجَةٍ ۚ
مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْۢبِتُوْا شَجَرَهَا ؕ

والوں کے لیے ایک نشانی ہے۔
۵۳۔ اور ہم نے ایمان والوں کو نجات دی اور وہی تقویٰ والے تھے۔
۵۴۔ اور لوط (کا وہ وقت یاد کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم بدکاری کا ارتکاب کرتے ہو؟ حالانکہ تم دیکھ رہے ہوتے ہو۔☆
۵۵۔ کیا تم عورتوں کو چھوڑ کر شہوت پرستی کے لیے مردوں کا رخ کرتے ہو؟ بلکہ تم تو جاہل قوم ہو۔☆
۵۶۔ تو ان کی قوم کا بس یہی جواب تھا کہ وہ کہیں لوط کے گھر والوں کو اپنی بستی سے نکال دو یہ لوگ بڑے پاکباز بنتے ہیں۔☆
۵۷۔ تو ہم نے لوط اور ان کے گھر والوں کو بچالیا سوائے لوط کی بیوی کے، ہم نے اس کا مقدر یہ بنایا تھا کہ وہ پیچھے رہ جائے۔☆
۵۸۔ اور ہم نے ان پر ایک بارش برسائی جو ان کے لیے بہت ہی بری بارش تھی جنہیں تنبیہ کی گئی تھی۔
۵۹۔ کہہ دیجیے: ثنائے کامل ہے اللہ کے لیے اور سلام ہو اس کے برگزیدہ بندوں پر، کیا اللہ بہتر ہے یا وہ جنہیں یہ شریک ٹھہراتے ہیں؟☆
۶۰۔ (شریک بہتر ہیں) یا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور آسمان سے تمہارے لیے پانی برسایا؟ پھر ہم نے اس سے پررونق باغات اگائے، ان درختوں کا اگانا تمہارے بس میں نہ تھا،

۵۴۔ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ: جب تک بدکاری کرتے ہو تو اس طرح کرتے ہو کہ ایک دوسرے کو دیکھ رہے ہوتے ہو۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: وَتَاْتُوْنَ فِيْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ (عنکبوت:۲۹) تم اپنی محفلوں میں برائی کا ارتکاب کرتے ہو۔
۵۵۔ انجام بد سے بے خبر اس فحاشی کا ارتکاب کرتے ہو۔ واضح رہے وقتی سرمستی انسان کو انجام بد سے غافل کر دیتی ہے۔
۵۶۔ وہ اس بدکاری سے اجتناب کرنے کو طنز میں بدل دیتے تھے اور پاکبازی ان کے ہاں معیوب چیز تھی۔ آج کل کی مغربی تہذیب کی طرح کہ پاکبازی کو قدامت پرستی اور فکری پسماندگی کی علامت سمجھتے ہیں۔
۵۷۔ حضرت لوط (ع) کو یہ بتا دیا گیا تھا کہ وہ اپنی بیوی کو اپنے ساتھ نہ لے جائیں، کیونکہ اسے بھی قوم لوط کے ساتھ تباہ ہونا ہے۔
۵۹۔ اللہ کے برگزیدہ بندوں پر سلام۔ اس کے مصداق اول انبیاء علیہم السلام ہیں۔ ان کے بعد جنہیں اللہ نے برگزیدہ کیا ہے، ان پر بھی سلام ہے۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ هُمْ قَوْمٌ
يَّعْدِلُوْنَ ﴿۶۰﴾

تو کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ بلکہ یہ لوگ تو منحرف قوم ہیں۔

۶۱۔ (یہ بت بہتر ہیں) یا وہ جس نے زمین کو جائے قرار بنایا اور اس کے بیچ میں نہریں بنائیں اور اس کے لیے پہاڑ بنائے اور دو سمندروں کے درمیان ایک آڑ بنائی؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

اَمَّنْ جَعَلَ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّ جَعَلَ
خِلٰلَهَآ اَنْهٰرًا وَّ جَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ
وَ جَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا ؕ
ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا
يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾

۶۲۔ یا وہ بہتر ہے جو مضطرب کی فریاد سنتا ہے جب وہ اسے پکارتا ہے اور اس کی تکلیف دور کرتا ہے اور تمہیں زمین میں جانشین بناتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ تم لوگ بہت کم نصیحت حاصل کرتے ہو۔☆

اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ
وَ يَكْشِفُ السُّوْٓءَ وَ يَجْعَلُكُمْ
خُلَفَآءَ الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ
قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾

۶۳۔ یا وہ بہتر ہے جو خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں تمہاری رہنمائی کرتا ہے اور کون ہے جو ہواؤں کو خوشخبری کے طور پر اپنی رحمت کے آگے آگے بھیجتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ اللہ بالاتر ہے ان چیزوں سے جنہیں یہ شریک ٹھہراتے ہیں۔☆

اَمَّنْ يَّهْدِيْكُمْ فِيْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَ
الْبَحْرِ وَ مَنْ يُّرْسِلُ الرِّيٰحَ بُشْرًا
بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ
اللّٰهِ ؕ تَعٰلَى اللّٰهُ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۳﴾

۶۴۔ یا وہ بہتر ہے جو خلقت کی ابتدا کرتا ہے پھر اسے دہراتا ہے اور کون تمہیں آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ کہہ دیجیے: اپنی دلیل پیش کرو اگر تم لوگ سچے ہو۔☆

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَ
مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَ
الْاَرْضِ ؕ ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ
هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿۶۴﴾

۶۵۔ کہہ دیجیے: جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، وہ غیب کی باتیں نہیں جانتے سوائے اللہ کے اور نہ انہیں یہ علم ہے کہ کب اٹھائے جائیں گے۔☆

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَ مَا
يَشْعُرُوْنَ اَيَّانَ يُبْعَثُوْنَ ﴿۶۵﴾

۶۱۔ دونوں سمندر اپنے کیمیکل مواد اور نمک کی وجہ سے جو پانی میں حل ہو گئے ہیں، ایک دوسرے سے مخلوط نہیں ہوتے، جیسے تیل اور پانی۔ ان آیات میں نفی شرک پر استدلال ہے کہ کیا تخلیق کائنات کے بعد تدبیر کے عظیم کارنامہ حکیمانہ منصوبہ بندی میں اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود شریک ہے؟ واضح رہے مشرکین اللہ کو زمین کا رب نہیں مانتے تھے۔ اس آیت میں زمین کی تدبیر کا ذکر ہے۔

۶۲۔ جب تم بے بس ہوتے ہو تو اللہ کو پکارتے ہو کیونکہ تمہاری جبلت میں اللہ کا تصور موجود ہے۔ وہ مصیبت کے وقت ہی تمہیں یاد آتا ہے۔ وہی ذات تمہارا معبود ہے جس نے زمین میں تمہارے فائدے کی ہر چیز تمہارے اختیار میں رکھی ہے۔ اس طرح اس نے مجموعی طور پر انسان کو زمین میں خلافت عطا کی ہے۔

۶۳۔ خشکی اور سمندر کی تاریکیوں میں سفر کے دوران اللہ نے انسان کی رہنمائی کا انتظام ستاروں سے کیا ہے تاکہ منزل کا تعین ہو۔

۶۴۔ جو ذات نقش اول پر قادر ہے وہ نقش دوم پر زیادہ قادر ہے اور جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے وہی تمہارا معبود ہے۔

ان آیات میں ایک نکتے پر توجہ مرکوز ہے۔ وہ نکتہ یہ ہے کہ معبود وہ ہوتا ہے جس کے ہاتھ میں اس کائنات کی تدبیر ہے۔ پھر سوال اٹھایا گیا کہ بتاؤ تدبیر کائنات کس کے ہاتھ میں ہے؟ کون آسمان سے پانی برساتا ہے؟ کس نے زمین کو جائے قرار بنایا؟ کون ہے جو مضطرب کی فریاد سنتا ہے؟ کون تم کو آسمان اور زمین سے رزق دیتا ہے؟ یہ سب تدبیر کائنات سے متعلق سوالات ہیں۔ جب یہ سب تدبیریں اللہ کے ہاتھ میں ہیں تو صرف اسی کی بندگی کرو۔

۶۵۔ بذات خود غیب صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ یہاں اس کے ساتھ کوئی غیب نہیں جانتا۔ اس کے بعد اگر کوئی غیب جانتا ہے تو بذات خود نہیں، اللہ تعالیٰ کے بتانے پر جانتا ہے۔ لہٰذا غیب کا مصدر صرف

بَلِ ادّٰرَكَ عِلْمُهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ ۚ بَلْ هُمْ فِي شَكٍّ مِّنْهَا ۚ بَلْ هُمْ مِّنْهَا عَمُوْنَ ﴿٦٦﴾ ع ۸

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا ءَاِذَا كُنَّا تُرٰبًا وَّاٰبَآؤُنَآ اَىِٕنَّا لَمُخْرَجُوْنَ ﴿٦٧﴾

لَقَدْ وُعِدْنَا هٰذَا نَحْنُ وَاٰبَآؤُنَا مِنْ قَبْلُ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٦٨﴾

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿٦٩﴾

وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُنْ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ﴿٧٠﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٧١﴾

قُلْ عَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ رَدِفَ لَكُمْ بَعْضُ الَّذِيْ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿٧٢﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٤﴾

وَمَا مِنْ غَآئِبَةٍ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ﴿٧٥﴾

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰى بَنِيْٓ

اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

۶۸۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ رسول اسلامؐ نے آخرت کا تصور قائم کر کے کوئی انوکھا کام نہیں کیا بلکہ یہ عقیدہ خود مشرکین کے اعتراف کے مطابق تمام سابقہ انبیاء بیان کرتے آئے ہیں۔ اس تصور کو رد کرنے کا مشرکین یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ یہ وعدہ اگر حق ہے اور قیامت آنے والی ہے تو ابھی تک آئی کیوں نہیں؟

۶۹۔ سیر فی الارض سے تمہیں یہ نظر آئے گا کہ ان قوموں کا انجام کیسا رہا جنہوں نے قیامت کا انکار کیا تھا۔ ان کا انجام دیکھ کر ان سے سبق لو اور انکار آخرت کے جرم کے مرتکب نہ بنو۔

۷۰۔آپؐ کی رنجیدگی ان لوگوں کی خاطر ہے جو آپؐ کے خلاف مکاریاں کرتے ہیں۔ یہ رسولؐ کی وسعت قلبی ہے نیز عالمین کے لیے رحمت ہونے کی دلیل ہے، ورنہ خود اپنے خلاف مکاریاں کرنے والوں کے ساتھ نفرت ہوا کرتی ہے۔

۷۲۔اس عذاب سے مراد دنیاوی عذاب ہوسکتا ہے جو ان کے پس پشت پہنچ چکا ہے اور وہ جنگ بدر میں ان کی ذلت آمیز شکست سے شروع ہو جاتا ہے۔

مجرمین پر عذاب نازل کرنے میں خدا عجلت سے کام نہیں لیتا، جبکہ مجرمین خود اس عدم عجلت کو قیامت کے برحق نہ ہونے کی دلیل ٹھہراتے ہیں۔ عذاب کا مستحق ہونے کے باوجود عذاب میں عجلت سے کام نہ لینا اللہ کی طرف سے ایک آزمائش ہے جس سے ان کے جرم میں اضافہ ہوتا ہے۔

عذاب میں تاخیر اس وجہ سے تو نہیں ہے کہ اللہ کو مجرمین کے جرم پر علم حاصل ہونے میں وقت لگتا ہے، اللہ تو جرم کے واقع ہونے سے پہلے جانتا ہے کہ کون کس جرم کا ارتکاب کرنے والا ہے۔

۷۶۔حضرت عیسیٰ (ع)، روح القدس اور اللہ (اقنوم ثلاثہ) اور حضرت عیسیٰ (ع) کے سولی چڑھنے میں ان کے اختلاف کے بارے میں قرآن فیصلہ کن مؤقف بیان کرتا ہے۔

۶۶۔ بلکہ آخرت کے بارے میں ان کا علم ماند پڑ گیا ہے، بلکہ وہ اس کے بارے میں شک میں ہیں بلکہ یہ اس کے بارے میں اندھے ہیں۔

۶۷۔اور کفار کہتے ہیں: جب ہم اور ہمارے باپ دادا خاک ہو چکے ہوں گے تو کیا ہمیں (قبروں سے) نکالا جائے گا؟

۶۸۔ اس قسم کا وعدہ پہلے بھی ہم سے اور ہمارے باپ دادا سے ہوتا رہا ہے یہ تو قصہ ہائے پارینہ کے سوا کچھ نہیں۔☆

۶۹۔ کہہ دیجیے: زمین میں چل پھر کر دیکھ لو کہ مجرموں کا کیا انجام ہوا ہے۔☆

۷۰۔ اور (اے رسول) ان (کے حال) پر رنجیدہ نہ ہوں اور نہ ہی ان کی مکاریوں پر دل تنگ ہوں۔☆

۷۱۔ اور وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو یہ وعدہ آخر کب پورا ہوگا؟

۷۲۔ کہہ دیجیے: ممکن ہے جن بعض باتوں کے لیے تم عجلت چاہ رہے ہو وہ تمہارے پس پشت پہنچ چکی ہوں۔☆

۷۳۔ اور بتحقیق آپ کا پروردگار لوگوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے لیکن اکثر لوگ شکر نہیں کرتے۔

۷۴۔ اور جو کچھ ان کے سینوں میں پوشیدہ ہے اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں بتحقیق آپ کا پروردگار اسے خوب جانتا ہے۔

۷۵۔اور آسمان اور زمین میں کوئی ایسی پوشیدہ بات نہیں ہے جو کتاب مبین میں نہ ہو۔

۷۶۔ بے شک یہ قرآن بنی اسرائیل کو اکثر

اِسْرَآءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ
يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۷۶﴾
وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۷۷﴾
اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ بَيْنَهُمْ بِحُكْمِهٖ ۚ
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ﴿۷۸﴾
فَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّكَ
عَلَى الْحَقِّ الْمُبِيْنِ ﴿۷۹﴾
اِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰى وَلَا تُسْمِعُ
الصُّمَّ الدُّعَاۗءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِيْنَ ﴿۸۰﴾
وَمَآ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْيِ عَنْ
ضَلٰلَتِهِمْ ۭ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ
يُّؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۸۱﴾
وَاِذَا وَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ اَخْرَجْنَا
لَهُمْ دَاۗبَّةً مِّنَ الْاَرْضِ
تُكَلِّمُهُمْ ۙ اَنَّ النَّاسَ كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا
ع ۲/۱۶ لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۸۲﴾
وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ
فَوْجًا مِّمَّنْ يُّكَذِّبُ بِاٰيٰتِنَا فَهُمْ
يُوْزَعُوْنَ ﴿۸۳﴾
حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْ قَالَ اَكَذَّبْتُمْ
بِاٰيٰتِيْ وَلَمْ تُحِيْطُوْا بِهَا عِلْمًا اَمَّا
ذَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾
وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ بِمَا ظَلَمُوْا

وہ باتیں بیان کر دیتا ہے جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں۔☆
۷۷۔ اور یہ اہل ایمان کے لیے یقیناً ہدایت اور رحمت ہے۔
۷۸۔ یقیناً آپ کا رب اپنے حکم سے ان کے درمیان فیصلہ کر دیتا ہے اور وہی بڑا غالب آنے والا، بڑا علم رکھنے والا ہے۔
۷۹۔ لہٰذا آپ اللہ پر بھروسا کریں، یقیناً آپ صریح حق پر ہیں۔☆
۸۰۔ آپ نہ مردوں کو سنا سکتے ہیں نہ ہی بہروں کو اپنی دعوت سنا سکتے ہیں جب وہ پیٹھ پھیر کر جا رہے ہوں۔☆
۸۱۔ اور نہ ہی آپ اندھوں کو ان کی گمراہی سے بچا کر راستہ دکھا سکتے ہیں، آپ ان لوگوں تک اپنی آواز پہنچا سکتے ہیں جو ہماری آیات پر ایمان لاتے ہیں اور پھر فرمانبردار بن جاتے ہیں۔
۸۲۔ اور جب ان پر وعدہ (عذاب) پورا ہونے والا ہو گا تو ہم ان کے لیے زمین سے ایک چلنے پھرنے والا نکالیں گے جو ان سے کلام کرے گا کہ درحقیقت لوگ ہماری آیات پر یقین نہیں کرتے تھے۔☆
۸۳۔ اور جس روز ہم ہر امت میں سے ایک ایک جماعت کو جمع کریں گے جو ہماری آیات کو جھٹلایا کرتی تھیں پھر انہیں روک دیا جائے گا۔☆
۸۴۔ جب سب آ جائیں گے تو (اللہ) فرمائے گا: کیا تم نے میری آیات کو جھٹلا دیا تھا؟ جب کہ ابھی تم انہیں اپنے احاطہ علم میں بھی نہیں لائے تھے اور تم کیا کچھ کرتے تھے؟
۸۵۔ اور ان کے ظلم کی وجہ سے بات ان کے

۷۹۔ استقامت کے لیے دو بنیادوں کا ذکر ہے: ایک یہ کہ اس کائنات کی طاقت کے سرچشمہ اللہ پر اپنا بھروسہ قائم رکھو۔ دوم یہ کہ آپ صریح حق پر ہیں۔ حق کو دوام حاصل ہے اور باطل زوال پذیر ہے۔
۸۰۔ جن مردوں میں سننے اور سمجھنے کی صلاحیت ہی نہ ہو آپ ان کو اپنے حق کا پیغام کیسے سنا سکتے ہیں۔ یہ استعارہ ہے ان زندوں کے لیے جو قوت فہم و ادراک سے محروم ہیں۔
۸۲۔ دابۃ الارض: لسان العرب میں آیا ہے: و کل ماش علی الارض دابۃ۔ ہر زمین پر چلنے والے کو دابۃ کہتے ہیں۔ خود قرآن میں بھی انسان کو دابۃ میں شامل کیا گیا ہے: وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا (ہود:۶) زمین پر چلنے پھرنے والا کوئی ایسا نہیں ہے جس کا رزق اللہ کے ذمے نہ ہو۔
تفسیر مظہری ۹:۵۰ میں آیا ہے: بغوی نے لکھا ہے کہ حضرت علی (علیہ السلام) نے فرمایا وہ دابۃ ایسا دابۃ نہ ہو گا جس کی دم ہو، بلکہ وہ داڑھی والا دابۃ ہو گا۔ آپؑ کا اس کلام سے اس طرف اشارہ ہے کہ وہ آدمی ہو گا (چوپایہ نہ ہو گا)، لہٰذا یہ زمین پر چلنے پھرنے والا جو لوگوں سے بات کرے گا، جسے زمین سے نکالا جائے گا، کوئی انسان ہے جسے زمین سے دوبارہ زندہ کیا جائے گا، جیسا کہ بعض امامی روایات میں آیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام کی ذات کی طرف اشارہ ہے۔ قرآن اس مطلب کو صراحت کے ساتھ بیان کرنا نہیں چاہتا اور اجمال میں رکھنا چاہتا ہے۔ بہرحال یہ اس وقت کی بات ہے جب عذاب کا آنا یقینی ہو جائے گا اور توبہ کا دروازہ بند ہو جائے گا۔ اس وقت یہ دابۃ الارض اللہ کی طرف سے اعلان کرے گا۔
۸۳۔ آیت کے سیاق سے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ قیامت سے قبل کا واقعہ ہے، کیونکہ قیامت کے دن سب کو جمع کیا جائے گا۔ وَحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا۔ (کہف: ۴۷) جب کہ اس آیت میں ہر امت میں سے ایک ایک جماعت کو جمع کرنے کا ذکر ہے۔ اس لیے جب اس آیت کو قیامت کے دن پر محمول کیا جاتا ہے تو لوگوں کو مطلب سمجھ میں نہیں آتا اور ترجمہ میں تحریف کرنا پڑتی ہے۔

فَهُمْ لَا يَنْطِقُوْنَ ﴿۸۵﴾

اَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا الَّيْلَ لِيَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۸۶﴾

وَيَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَفَزِعَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ ؕ وَكُلٌّ اَتَوْهُ دٰخِرِيْنَ ﴿۸۷﴾

وَتَرَى الْجِبَالَ تَحْسَبُهَا جَامِدَةً وَّهِيَ تَمُرُّ مَرَّ السَّحَابِ ؕ صُنْعَ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ ؕ اِنَّهٗ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۸۸﴾

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ مِّنْهَا ۚ وَهُمْ مِّنْ فَزَعٍ يَّوْمَئِذٍ اٰمِنُوْنَ ﴿۸۹﴾

وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَكُبَّتْ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ ؕ هَلْ تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۰﴾

اِنَّمَآ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ رَبَّ هٰذِهِ الْبَلْدَةِ الَّذِيْ حَرَّمَهَا وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ۫ وَّاُمِرْتُ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۹۱﴾ۙ

خلاف پوری ہو کر رہے گی اور وہ بول نہیں سکیں گے۔☆

۸۶۔ کیا انہوں نے یہ نہیں دیکھا کہ ہم نے رات اس لیے بنائی کہ وہ اس میں سکون حاصل کریں اور دن کو روشن بنایا؟ ایمان لانے والوں کے لیے اس میں یقیناً نشانیاں ہیں۔

۸۷۔ اور جس روز صور میں پھونک ماری جائے گی تو آسمانوں اور زمین کی تمام موجودات خوفزدہ ہو جائیں گی سوائے ان لوگوں کے جنہیں اللہ چاہے اور سب نہایت عاجزی کے ساتھ اس کے حضور پیش ہوں گے۔☆

۸۸۔ اور آپ پہاڑوں کو دیکھتے ہیں تو سمجھتے ہیں کہ یہ ایک جگہ ساکن ہیں جب کہ (اس وقت) یہ بادلوں کی طرح چل رہے ہوں گے، یہ سب اس اللہ کی صنعت ہے جس نے ہر چیز کو پختگی سے بنایا ہے، وہ تمہارے اعمال سے یقیناً خوب باخبر ہے۔☆

۸۹۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا اسے اس سے بہتر اجر ملے گا اور وہ اس دن کی ہولناکی سے امن میں ہوں گے۔☆

۹۰۔ اور جو شخص برائی لے کر آئے گا پس انہیں اوندھے منہ آگ میں پھینک دیا جائے گا، کیا تمہیں اپنے کیے کے علاوہ کوئی اور جزا مل سکتی ہے؟

۹۱۔ (اے رسول! آپ یہ کہیں) مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں اس شہر (مکہ) کے رب کی بندگی کروں جس نے اسے محترم بنایا اور ہر چیز اسی کی ملکیت ہے اور مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں فرمانبرداروں میں سے رہوں۔☆

۸۵۔ وَوَقَعَ الْقَوْلُ عَلَيْهِمْ: ان ظالموں کے خلاف جو قول و قرار اللہ کی طرف سے طے تھا، وہ آج وقوع پذیر ہو گیا۔ اب یہ معذرت تک نہیں کر سکتے۔

۸۷۔ ممکن ہے یہ دوسرا صور ہو جس سے سب زندہ ہو جاتے ہیں اور اللہ کے حضور حساب کے لیے پیش ہوں گے۔ ممکن ہے پہلا صور ہو چونکہ آیت میں پہاڑوں کے اڑنے کا ذکر ہے جو پہلے صور سے متعلق ہے۔ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ سے معلوم ہوا کہ کچھ لوگ ہوں گے جو اس فزع اکبر بڑے خوفناک دن میں بھی خوفزدہ نہیں ہوں گے۔

۸۸۔ یعنی قیامت کے دن پہاڑ بادل کی طرح ہوا میں بکھر جائیں گے، جنہیں آج آپ جامد و ساکن دیکھ رہے ہیں۔ یہ اللہ کی حکیمانہ صنعت گری اور تخلیق کا کرشمہ ہے، جس سے عمل و جزا میں ربط قائم رکھا گیا ہے یا اس تخریب کو اللہ تعالیٰ کی حکیمانہ صنعت گری کا حصہ قرار دینا چاہیے کہ اس تخریب کے بعد ایک نئی کائنات کی تعمیر ہو گی۔

۸۹۔ شواھد التنزیل میں آیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: الحسنة حبنا اهل البيت و السيئة بغضنا۔ نیکی (حسنة) ہم اہل بیت کی محبت ہے اور برائی (سیئة) ہم اہل بیت کے ساتھ عداوت ہے۔

۹۱۔ رَبَّ مکہ کی تعبیر مکہ کی منزلت بیان کرنے کے لیے ہے، ورنہ وہ صرف مکہ کا رب نہیں وَلَهٗ كُلُّ شَيْءٍ ہر چیز اس کی ملکیت ہے۔

وَاَنْ اَتْلُوَا الْقُرْاٰنَ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰى
فَاِنَّمَا يَهْتَدِيْ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ ضَلَّ
فَقُلْ اِنَّمَآ اَنَا مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ﴿٩٢﴾
وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ سَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ
فَتَعْرِفُوْنَهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ بِغَافِلٍ
عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٩٣﴾ ع ۱۰

﴿٢٨ سُوْرَةُ الْقَصَصِ مَكِّيَّةٌ ٨٨﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
طٰسٓمّٓ ﴿١﴾
تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾
نَتْلُوْا عَلَيْكَ مِنْ نَّبَاِ مُوْسٰى وَ
فِرْعَوْنَ بِالْحَقِّ لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٣﴾
اِنَّ فِرْعَوْنَ عَلَا فِي الْاَرْضِ وَ
جَعَلَ اَهْلَهَا شِيَعًا يَّسْتَضْعِفُ
طَآئِفَةً مِّنْهُمْ يُذَبِّحُ اَبْنَآءَهُمْ
وَيَسْتَحْيٖ نِسَآءَهُمْ ؕ اِنَّهٗ كَانَ
مِنَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿٤﴾
وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ
اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَ
نَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّ نَجْعَلَهُمُ
الْوٰرِثِيْنَ ﴿٥﴾
وَنُمَكِّنَ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَنُرِيَ
فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا

۹۲۔ اور یہ کہ میں قرآن پڑھ کر سناؤں اس کے بعد جو ہدایت اختیار کرے گا وہ اپنے لیے ہدایت اختیار کرے گا اور جو گمراہی میں چلا جائے اسے کہہ دیجیے: میں تو بس تنبیہ کرنے والا ہوں۔

۹۳۔ اور کہہ دیجیے: ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے، عنقریب وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے گا تو تم انہیں پہچان لوگے اور آپ کا پروردگار تمہارے اعمال سے غافل نہیں ہے۔☆

سورۂ قصص ۔ مکی ۔ آیات ۸۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ طا، سین، میم۔

۲۔ یہ کتاب مبین کی آیات ہیں۔

۳۔ ہم آپ کو موسیٰ اور فرعون کا واقعہ اہل ایمان کے لیے حقیقت کے مطابق سناتے ہیں۔

۴۔ فرعون نے زمین میں سر اٹھا رکھا تھا اور اس کے باسیوں کو گروہوں میں تقسیم کر دیا تھا، ان میں سے ایک گروہ کو اس نے بے بس کر رکھا تھا، وہ ان کے بیٹوں کو ذبح کرتا اور ان کی بیٹیوں کو زندہ چھوڑتا تھا اور وہ یقیناً فسادیوں میں سے تھا۔

۵۔ اور ہم یہ ارادہ رکھتے ہیں کہ جنہیں زمین میں بے بس کر دیا گیا ہے ہم ان پر احسان کریں اور ہم انہیں پیشوا بنائیں اور ہم انہی کو وارث بنائیں۔☆

۶۔ اور ہم زمین میں انہیں اقتدار دیں اور ان کے ذریعے ہم فرعون اور ہامان اور ان کے لشکروں کو وہ کچھ دکھا دیں جس کا انہیں

۹۳۔ ان حتمی آیات کے دکھانے کے بعد پھر مہلت ختم ہو جاتی ہے۔ فَتَعْرِفُوْنَهَا اس وقت ان آیات کی معرفت ہو جائے گی۔ اس معرفت کا انہیں کوئی فائدہ نہ ہوگا، چونکہ پردہ ہٹ جانے کے بعد عمل کا وقت گزر چکا ہوگا۔ صرف حساب کا دن ہوگا۔

سورہ قصص

بائبل کے مطابق فرعون بنی اسرائیل کا مخالف اس لیے ہوا کہ وہ بنی اسرائیل کی بڑھتی ہوئی آبادی سے گھبرا گیا اور اسے یہ اندیشہ ہوا کہ اگر جنگ چھڑ جائے تو یہ لوگ ہمارے دشمنوں سے مل کر ہم سے لڑیں گے۔ اس لیے بنی اسرائیل کے نوزائیدہ بچوں کو قتل کرنے اور لڑکیوں کو زندہ چھوڑنے کا حکم دیا گیا۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ نجومیوں نے پیشگوئی کی کہ بنی اسرائیل میں ایک شخص پیدا ہوگا جو فرعون کی حکومت کا خاتمہ کر دے گا۔ مگر اس روایت کا اصل مأخذ اسرائیلی روایات ہیں۔

۵۔ اس آیت کے ائمہ اہل البیت علیہم السلام پر منطبق ہونے کے سلسلے میں روایات بکثرت موجود ہیں۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے: لتعطفن الدنیا علینا بعد شماسها عطف الضروس علی ولدها۔ (نہج البلاغۃ) یہ دنیا اپنی منہ زوری دکھانے کے بعد پھر ہماری طرف جھکے گی، جس طرح سرکش اونٹنی اپنے بچوں کی طرف جھکتی ہے۔ اس کے بعد حضرت (ع) نے اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

۶۔ جس طرح فرعون کسی شخص کا نام نہیں بلکہ شاہی لقب تھا، اسی طرح ہامان بھی کوئی سرکاری لقب ہی تھا۔ تاریخ سے اتنا تو بہرحال ثابت ہے کہ مصر کے بڑے دیوتا کا نام آمن (Amon) تھا۔ اس کے بڑے پجاری کے اختیارات بادشاہ سے بس کچھ ہی کم ہوتے تھے۔ بعید نہیں کہ اس بڑے پجاری کا سرکاری لقب عربی تلفظ میں ھامان ہو۔ عبری اور عربی میں تلفظ کے فرق کی بے شمار مثالیں موجود ہیں۔ مثلاً عبری تلفظ عمرام، موشی اور یسوع کا عربی تلفظ عمران، موسیٰ اور عیسیٰ ہیں۔ لہٰذا یہ الزام بالکل

مِنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَحْذَرُوْنَ ۝۶

وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ وَلَا تَخَافِىْ وَلَا تَحْزَنِىْ ۚ اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ وَجَاعِلُوْهُ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝۷

فَالْتَقَطَهٗٓ اٰلُ فِرْعَوْنَ لِيَكُوْنَ لَهُمْ عَدُوًّا وَّحَزَنًا ۗ اِنَّ فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَجُنُوْدَهُمَا كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ ۝۸

وَقَالَتِ امْرَاَتُ فِرْعَوْنَ قُرَّتُ عَيْنٍ لِّىْ وَلَكَ ۗ لَا تَقْتُلُوْهُ ۖ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۹

وَاَصْبَحَ فُؤَادُ اُمِّ مُوْسٰى فٰرِغًا ۗ اِنْ كَادَتْ لَتُبْدِىْ بِهٖ لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰى قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۱۰

وَقَالَتْ لِاُخْتِهٖ قُصِّيْهِ ۖ فَبَصُرَتْ بِهٖ عَنْ جُنُبٍ وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۱۱

وَحَرَّمْنَا عَلَيْهِ الْمَرَاضِعَ مِنْ قَبْلُ فَقَالَتْ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰٓى

ڈر تھا۔☆

۷۔ اور ہم نے مادر موسیٰ کی طرف وحی بھیجی کہ انہیں دودھ پلائیں اور جب ان کے بارے میں خوف محسوس کریں تو انہیں دریا میں ڈال دیں اور بالکل خوف اور رنج نہ کریں، ہم انہیں آپ کی طرف پلٹانے والے اور انہیں پیغمبروں میں سے بنانے والے ہیں۔☆

۸۔ چنانچہ آل فرعون نے انہیں اٹھا لیا تا کہ وہ ان کے لیے دشمن اور باعث رنج بن جائیں، یقیناً فرعون اور ہامان اور ان دونوں کے لشکر والے خطا کار تھے۔☆

۹۔ اور فرعون کی عورت نے کہا: یہ (بچہ) تو میری اور تیری آنکھوں کی ٹھنڈک ہے، اسے قتل نہ کرو، ممکن ہے یہ ہمارے لیے مفید ثابت ہو یا ہم اسے بیٹا بنا لیں اور وہ (انجام سے) بے خبر تھے۔☆

۱۰۔ اور ادھر مادر موسیٰ کا دل بے قرار ہو گیا، قریب تھا کہ وہ یہ راز فاش کر دیتیں اگر ہم نے ان کے دل کو مضبوط نہ کیا ہوتا، تا کہ وہ ایمان رکھنے والوں میں سے ہو جائیں۔

۱۱۔ اور مادر موسیٰ نے ان کی بہن سے کہا: اس کے پیچھے پیچھے چلی جا تو وہ موسیٰ کو دور سے دیکھتی رہیں کہ دشمنوں کو (اس کا) پتہ نہ چلے۔☆

۱۲۔ اور ہم نے موسیٰ پر دائیوں کا دودھ پہلے سے حرام کر دیا تھا، چنانچہ موسیٰ کی بہن نے

بے بنیاد ہے کہ ہامان نام کا مصر میں کوئی شخص تھا ہی نہیں۔ یہ تو کسی ایرانی بادشاہ کے ایک امیر، درباری کا نام ہے اور قرآن نے غلطی سے ہامان کو مصری دیوتا قرار دیا ہے۔ (نعوذ باللہ)

۷۔ مادر موسیٰ (ع) سے خطاب ہے کہ جب تک خطرہ نہ ہو بچے کو دودھ پلاتی رہو۔ جب خطرہ لاحق ہو جائے تو ایک تابوت میں رکھ کر دریا میں ڈال دو۔ کیونکہ تلمود کے مطابق فرعون نے جاسوس عورتیں چھوڑ رکھی تھیں جو بنی اسرائیل کے گھروں میں اپنے ساتھ چھوٹے بچے لے جاتی تھیں اور ان بچوں کو رلا دیتی تھیں تا کہ اگر کوئی بچہ چھپایا ہوا ہے تو وہ آواز کو سن کر روئے اور یوں اس بچے کو حاصل کر کے قتل کروا دیں۔

۸۔ آل فرعون نے موسیٰ (ع) کو اس لیے اٹھایا تھا کہ ان کے لیے مفید ثابت ہو یا اسے بیٹا بنا لیں لیکن ہوا یہ کہ فرعون کے لیے جانی دشمن اور باعث رنج بن گیا تو گویا وہ اپنے لیے ایک دشمن اور باعث رنج کو اٹھا رہے تھے: كَانُوْا خٰطِـِٕيْنَ وہ اٹھانے میں خطا کار نہ تھے بلکہ موسیٰ (ع) کو دشمن اور باعث رنج بنانے میں خطا کار تھے۔

۹۔ بائبل کا بیان ہے کہ یہ عورت فرعون کی بیٹی تھی لیکن قرآن نے اس کی اصلاح کی کہ یہ فرعون کی بیٹی نہیں بیوی تھی۔

۱۱۔ چنانچہ اس بچی نے بڑی ہوشیاری اور فراست سے اپنے بھائی کے ساتھ ساتھ لب دریا پیچھا کیا اور اس بات کا پتہ لگانے میں کامیاب ہو گئی کہ وہ فرعون کے محل میں پہنچ گیا ہے۔

۱۲۔ یعنی جو دایہ بھی دودھ پلانے کے لیے بلائی جاتی تھی بچہ اس کی چھاتی سے دودھ نہیں پیتا تھا۔ ہوشیار بہن محل کے آس پاس اپنے بھائی کے حالات پر نظر رکھے ہوئے تھی۔ جب پتہ چلا کہ بچہ کسی دایہ کا دودھ نہیں پی رہا تو بہن محل پہنچ گئی اور بولی: میں ایک شائستہ دایہ تلاش کر سکتی ہوں جو اس کو بڑے پیار سے پالے گی۔ اس طرح موسیٰ (ع) اپنی ماں کی گود میں پہنچ گئے اور خود دشمن کی طرف سے ان کو تحفظ مل گیا۔

اَهْلِ بَيْتٍ يَّكْفُلُوْنَهٗ لَكُمْ وَ
هُمْ لَهٗ نٰصِحُوْنَ ﴿۱۲﴾
فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَيْ تَقَرَّ عَيْنُهَا وَلَا
تَحْزَنَ وَلِتَعْلَمَ اَنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ
وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۳﴾ ع ۲
وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَاسْتَوٰٓى اٰتَيْنٰهُ
حُكْمًا وَّعِلْمًا ؕ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى
الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۴﴾
وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ عَلٰى حِيْنِ غَفْلَةٍ
مِّنْ اَهْلِهَا فَوَجَدَ فِيْهَا رَجُلَيْنِ
يَقْتَتِلٰنِ ۚ هٰذَا مِنْ شِيْعَتِهٖ وَهٰذَا
مِنْ عَدُوِّهٖ ۚ فَاسْتَغَاثَهُ الَّذِىْ مِنْ
شِيْعَتِهٖ عَلَى الَّذِىْ مِنْ عَدُوِّهٖ ۙ
فَوَكَزَهٗ مُوْسٰى فَقَضٰى عَلَيْهِ ۫
قَالَ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ ؕ اِنَّهٗ
عَدُوٌّ مُّضِلٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾
قَالَ رَبِّ اِنِّىْ ظَلَمْتُ نَفْسِىْ
فَاغْفِرْ لِىْ فَغَفَرَ لَهٗ ؕ اِنَّهٗ هُوَ
الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶﴾
قَالَ رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَىَّ فَلَنْ
اَكُوْنَ ظَهِيْرًا لِّلْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۷﴾
فَاَصْبَحَ فِى الْمَدِيْنَةِ خَآئِفًا
يَّتَرَقَّبُ فَاِذَا الَّذِى اسْتَنْصَرَهٗ

کہا: کیا میں تمہیں ایک ایسے گھرانے کا پتہ بتا دوں جو اس بچے کو تمہارے لیے پالیں اور وہ اس کے خیر خواہ بھی ہوں؟ ☆

۱۳۔ (اس طرح) ہم نے موسیٰ کو ان کی ماں کے پاس واپس پہنچا دیا تا کہ ماں کی آنکھ ٹھنڈی ہو جائے اور غم نہ کرے اور یہ جان لے کہ اللہ کا وعدہ سچا ہوتا ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

۱۴۔ اور جب موسیٰ رشد کو پہنچ کر تنومند ہو گئے تو ہم نے انہیں حکمت اور علم عطا کیا اور ہم نیکی کرنے والوں کو اسی طرح جزا دیتے ہیں۔ ☆

۱۵۔ اور موسیٰ شہر میں اس وقت داخل ہوئے جب شہر والے بے خبر تھے، پس وہاں دو آدمیوں کو لڑتے پایا، ایک ان کی قوم میں سے تھا اور دوسرا ان کے دشمنوں میں سے تھا تو جو ان کی قوم میں سے تھا اس نے اپنے دشمن کے مقابلے کے لیے موسیٰ کو مدد کے لیے پکارا تو موسیٰ نے اس (دوسرے) کو گھونسا مارا اور اس کا کام تمام کر دیا، پھر موسیٰ نے کہا: یہ تو شیطان کا کام ہو گیا، بے شک وہ صریح گمراہ کن دشمن ہے۔ ☆

۱۶۔ کہا: پروردگارا! میں نے اپنے نفس پر ظلم کیا پس مجھے معاف فرما، چنانچہ اللہ نے انہیں معاف کر دیا۔ یقیناً وہ بڑا معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۱۷۔ موسیٰ نے کہا: میرے رب! جس نعمت سے تو نے مجھے نوازا ہے اس کے باعث میں آئندہ کبھی بھی مجرموں کا پشت پناہ نہیں بنوں گا۔ ☆

۱۸۔ موسیٰ صبح کے وقت شہر میں ڈرتے ہوئے اور خطرہ بھانپنے کی حالت میں تھے، اچانک

۱۴۔ رشد عقلی کے ساتھ طاقت بدنی اور صحت جسمانی بھی اس بار نبوت کو اٹھانے کے لیے ضروری معلوم ہوتی ہیں۔

۱۵۔ فرعون کا قصر لب دریا شہر سے فاصلے پر تھا۔ وہاں سے حضرت موسیٰ (ع) شہر میں داخل ہوئے۔ حِيْنِ غَفْلَةٍ جب شہر کے لوگ گھروں میں تھے۔ صبح یا رات کا وقت ہونے کی وجہ سے وہ گھروں سے باہر کے حالات سے باخبر نہ تھے۔ دیکھا دو شخص آپس میں لڑ رہے ہیں۔ ایک حضرت موسیٰ (ع) کا شیعہ تھا، دوسرا حضرت موسیٰ (ع) کا دشمن۔ حضرت موسیٰ (ع) نے قبطی کو گھونسا مارا۔ گھونسے سے عام حالات میں آدمی نہیں مرتا، لیکن قبطی ایک گھونسے سے مر گیا۔ اس لیے حضرت موسیٰ (ع) کو پریشانی لاحق ہو گئی۔ بنا بر ایں حضرت موسیٰ (ع) نے قبطی کو عمداً نہیں مارا جیسا کہ بائبل کہتی ہے۔ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ یعنی یہ لڑائی شیطان کا کام تھا، جس کے نتیجے میں حضرت موسیٰ (ع) کو مداخلت کرنا پڑی اور قبطی کے قتل کی نوبت آئی۔ یہ قتل غیر مناسب وقت میں واقع ہوا اور حضرت موسیٰ (ع) کے لیے ایک آزمائش ہو گئی اور منشأ خداوندی کے مطابق حضرت موسیٰ (ع) کو اس آزمائشی مرحلے سے گزرنا تھا۔

۱۷۔ مجرمین کا اشارہ فرعون اور قوم فرعون کی طرف ہے جہاں حضرت موسیٰ (ع) ان کے نظام کا بظاہر حصہ بنے ہوئے تھے۔

بِالْاَمْسِ يَسْتَصْرِخُهٗ ؕ قَالَ لَهٗ
مُوْسٰٓى اِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُّبِيْنٌ ﴿١٨﴾
فَلَمَّآ اَنْ اَرَادَ اَنْ يَّبْطِشَ بِالَّذِيْ
هُوَ عَدُوٌّ لَّهُمَا ۙ قَالَ يٰمُوْسٰٓى
اَتُرِيْدُ اَنْ تَقْتُلَنِيْ كَمَا قَتَلْتَ
نَفْسًۢا بِالْاَمْسِ ۖ اِنْ تُرِيْدُ اِلَّآ اَنْ
تَكُوْنَ جَبَّارًا فِي الْاَرْضِ وَمَا
تُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مِنَ
الْمُصْلِحِيْنَ ﴿١٩﴾
وَجَآءَ رَجُلٌ مِّنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ
يَسْعٰى ۘ قَالَ يٰمُوْسٰٓى اِنَّ الْمَلَاَ
يَاْتَمِرُوْنَ بِكَ لِيَقْتُلُوْكَ فَاخْرُجْ
اِنِّيْ لَكَ مِنَ النّٰصِحِيْنَ ﴿٢٠﴾
فَخَرَجَ مِنْهَا خَآئِفًا يَّتَرَقَّبُ ۘ
قَالَ رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ
ع ٢ ٨ ٥ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢١﴾
وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَآءَ مَدْيَنَ قَالَ
عَسٰى رَبِّيْٓ اَنْ يَّهْدِيَنِيْ سَوَآءَ
السَّبِيْلِ ﴿٢٢﴾
وَلَمَّا وَرَدَ مَآءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ
اُمَّةً مِّنَ النَّاسِ يَسْقُوْنَ ۖ وَوَجَدَ
مِنْ دُوْنِهِمُ امْرَاَتَيْنِ تَذُوْدٰنِ ۚ
قَالَ مَا خَطْبُكُمَا ؕ قَالَتَا لَا نَسْقِيْ

دیکھا کہ جس نے کل مدد مانگی تھی وہ آج پھر اس (موسیٰ) سے فریاد کر رہا ہے، موسیٰ نے اس سے کہا: تو یقیناً صریح گمراہ شخص ہے۔☆

۱۹۔ جب موسیٰ نے اس شخص پر ہاتھ ڈالنا چاہا جو ان دونوں کا دشمن تھا تو اس نے کہا: اے موسیٰ! کیا تم مجھے بھی اسی طرح قتل کر دینا چاہتے ہو جس طرح کل تم نے ایک شخص کو قتل کر دیا تھا؟ کیا تم زمین میں جابر بننا چاہتے ہو اور اصلاح کرنا نہیں چاہتے؟☆

۲۰۔ شہر کے پرلے کنارے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا، کہنے لگا: اے موسیٰ! دربار والے تیرے قتل کے مشورے کر رہے ہیں، پس (یہاں سے) نکل جا میں تیرے خیر خواہوں میں سے ہوں۔☆

۲۱۔ چنانچہ موسیٰ ڈرتے ہوئے خطرہ بھانپتے ہوئے وہاں سے نکلے، کہنے لگے: اے میرے پروردگار! مجھے قوم ظالمین سے بچا۔

۲۲۔ اور جب موسیٰ نے مدین کا رخ کیا تو کہا: امید ہے میرا پروردگار مجھے سیدھے راستے کی ہدایت فرمائے گا۔☆

۲۳۔ اور جب وہ مدین کے پانی پر پہنچے تو انہوں نے دیکھا لوگوں کی ایک جماعت (اپنے جانوروں کو) پانی پلا رہی ہے اور دیکھا ان کے علاوہ دو عورتیں (اپنے جانور) روکے ہوئے کھڑی ہیں، موسیٰ نے کہا: آپ دونوں کا کیا مسئلہ ہے؟ وہ دونوں بولیں: جب تک یہ چرواہے (اپنے جانوروں

۱۸۔ تم ایسے لوگوں سے لڑتے ہو جس کا نتیجہ ظلم اور زیادتی کے سوا کچھ نہ ہوگا۔

۱۹۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ روز کے قتل کی خبر شہر میں پھیل گئی تھی اور یہ پکارنے والا اسرائیلی نہیں ہو سکتا، کیونکہ حضرت موسیٰ (ع) اسرائیلی پر نہیں قبطی پر حملہ کرنا چاہتے تھے اور قبطی ہی عَدُوٌّ لَّهُمَا یعنی ان دونوں (موسیٰ اور اسرائیلی) کا دشمن تھا۔ اسرائیلی دونوں کا دشمن نہیں تھا وہ صرف قبطی کا دشمن تھا۔

۲۰۔ فرعون کا قصر شہر کے کنارے واقع تھا۔ وہاں شاہی دربار میں یہ طے ہوا تھا کہ موسیٰ (ع) کو اس قبطی کے قتل کے جرم میں قتل کیا جائے۔

۲۲۔ مَدْیَنْ کا علاقہ فرعون کی سلطنت میں شامل نہ تھا۔ حضرت موسیٰ (ع) کی دعا یہ تھی کہ مَدْیَنْ پہنچنے کے لیے سیدھے راستے کی رہنمائی فرما، چونکہ حضرت موسیٰ (ع) اس طرف کبھی نہیں آئے۔ لہٰذا راستے کا کوئی تجربہ نہ تھا۔

۲۳۔ اس زمانے میں مصر کا قریب ترین آزاد علاقہ مدین ہی تھا۔ یہ جگہ آج کل البدع کے نام سے مشہور ہے جو خلیج عقبہ کے مغربی ساحل پر واقع ہے۔ ان دو عورتوں نے کھڑی اور منتظر رہنے کی وجہ یہ بتائی کہ ہم عورتیں ہیں اور مرد چرواہوں کے ساتھ مزاحمت نہیں کر سکتیں۔ گھر میں ایک بوڑھا باپ ہے اور کوئی مرد نہیں۔ مجبوراً انتظار کرنا پڑتا ہے کہ یہ لوگ اپنے جانوروں کو پانی پلائیں۔ ان کے بوڑھے باپ کے بارے میں اختلاف رائے ہے کہ یہ حضرت شعیب علیہ السلام نبی تھے یا کوئی اور بزرگوار۔ آئمہ اہل البیت علیہم السلام کی روایات کے مطابق یہ بزرگوار حضرت شعیب علیہ السلام ہی تھے۔

حَتّٰى يُصْدِرَ الرِّعَآءُ ۖ وَاَبُوْنَا
شَيْخٌ كَبِيْرٌ ﴿٢٣﴾
فَسَقٰى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلّٰٓى اِلَى الظِّلِّ
فَقَالَ رَبِّ اِنِّىْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَىَّ
مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ﴿٢٤﴾
فَجَآءَتْهُ اِحْدٰىهُمَا تَمْشِىْ عَلَى
اسْتِحْيَآءٍ ۖ قَالَتْ اِنَّ اَبِىْ يَدْعُوْكَ
لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا ۭ
فَلَمَّا جَآءَهٗ وَقَصَّ عَلَيْهِ
الْقَصَصَ ۙ قَالَ لَا تَخَفْ ۡ نَجَوْتَ
مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿٢٥﴾
قَالَتْ اِحْدٰىهُمَا يٰٓاَبَتِ اسْتَاْجِرْهُ ۖ
اِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَاْجَرْتَ الْقَوِىُّ
الْاَمِيْنُ ﴿٢٦﴾
قَالَ اِنِّىْٓ اُرِيْدُ اَنْ اُنْكِحَكَ
اِحْدَى ابْنَتَىَّ هٰتَيْنِ عَلٰٓى اَنْ
تَاْجُرَنِىْ ثَمٰنِىَ حِجَجٍ ۚ فَاِنْ
اَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ ۚ وَ
مَآ اُرِيْدُ اَنْ اَشُقَّ عَلَيْكَ ۭ
سَتَجِدُنِىْٓ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ مِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿٢٧﴾
قَالَ ذٰلِكَ بَيْنِىْ وَبَيْنَكَ ۭ اَيَّمَا
الْاَجَلَيْنِ قَضَيْتُ فَلَا عُدْوَانَ

کو لے کر) واپس نہ پلٹ جائیں ہم پانی نہیں پلا سکتیں اور ہمارے والد بڑی عمر کے بوڑھے ہیں۔☆

۲۴۔ موسیٰ نے ان دونوں (کے جانوروں) کو پانی پلایا پھر سائے کی طرف ہٹ گئے اور کہا: پالنے والے! جو خیر بھی تو مجھ پر نازل فرمائے میں اس کا محتاج ہوں۔☆

۲۵۔ پھر ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک حیا کے ساتھ چلتی ہوئی موسیٰ کے پاس آئی اور کہنے لگی: میرے والد آپ کو بلاتے ہیں تاکہ آپ نے ہمارے جانوروں کو جو پانی پلایا ہے اس کی اجرت آپ کو دیں، جب موسیٰ ان کے پاس آئے اور اپنا سارا قصہ انہیں سنایا تو وہ کہنے لگے: خوف نہ کرو، تم اب ظالموں سے بچ چکے ہو۔☆

۲۶۔ ان دونوں میں سے ایک لڑکی نے کہا: اے ابا! اسے نوکر رکھ لیجیے کیونکہ جسے آپ نوکر رکھنا چاہیں ان میں سب سے بہتر وہ ہے جو طاقتور، امانتدار ہو۔☆

۲۷۔ (شعیب نے) کہا: میں چاہتا ہوں کہ اپنی ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح اس شرط پر تمہارے ساتھ کروں کہ تم آٹھ سال میری نوکری کرو اور اگر تم دس (سال) پورے کرو تو یہ تمہاری طرف سے (احسان) ہے اور میں تمہیں تکلیف میں ڈالنا نہیں چاہتا، انشاء اللہ تم مجھے صالحین میں پاؤ گے۔☆

۲۸۔ موسیٰ نے کہا: یہ میرے اور آپ کے درمیان وعدہ ہے، میں ان دونوں میں سے جو بھی مدت پوری کروں مجھ پر کوئی زیادتی نہیں ہے اور جو کچھ ہم کہہ رہے ہیں اس

۲۴۔ طویل سفر طے کرنے میں کافی وقت لگ گیا ہو گا اس لیے گرسنگی کی حالت میں ہونا قدرتی بات ہے۔ روایات کے مطابق جس خیر کی محتاجی کا اشارہ ہے وہ طعام ہے۔

۲۵۔ شرم و حیا، عورت کی زینت ہے۔ یہاں حضرت موسیٰ (ع) درخت کے سائے میں اکیلے تھے۔ اس اکیلے مرد کے نزدیک آنے میں شرم و حیا کرنا ایک پاکیزہ ماحول کی پلی بچی کے لیے قدرتی بات ہے۔ ظالموں سے نجات کی نوید جس لہجے میں سنائی جا رہی تھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک نبی کی زبان سے سنائی جا رہی ہے۔

۲۶۔ قوت کا اندازہ چاہ سے پانی نکالتے وقت کر لیا تھا اور امانت کا مشاہدہ ان کے ہمراہ گھر آتے ہوئے کیا تھا کیونکہ حضرت موسیٰ (ع) نے خاتون کے پیچھے چلنے سے پرہیز کیا تاکہ ان پر نگاہ نہ پڑے۔

۲۷۔ ممکن ہے اس میں یہ حکمت پوشیدہ ہو کہ آٹھ یا دس سال تک حضرت موسیٰ (ع) کے لیے مدین میں رہنا ضروری تھا اور اس عرصے کے بعد مصر کی حکومت میں تبدیلی کے باعث مصر جانا ممکن ہو جائے گا۔ رہا یہ سوال کہ آٹھ سال کی ملازمت حق مہر کے طور پر تھی یا اس قسم کی شرط عائد کرنا درست ہے یا نہیں وغیرہ تو یہ غیر ضروری سوال ہے۔ کیونکہ اس آیت کا مقصد فقہی مسئلہ بیان کرنا نہیں ہے جو اس سے حکم شرعی کا استنباط کیا جائے۔

۲۸۔ احادیث میں آیا ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) نے دس سال پورے کیے۔

عَلَيَّ وَاللّٰهُ عَلٰى مَا نَقُوْلُ وَكِيْلٌ ﴿٢٨﴾ ع ٢/٦

فَلَمَّا قَضٰى مُوْسَى الْاَجَلَ وَسَارَ
بِاَهْلِهٖٓ اٰنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ
نَارًا ۚ قَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ
اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا
بِخَبَرٍ اَوْ جَذْوَةٍ مِّنَ النَّارِ لَعَلَّكُمْ
تَصْطَلُوْنَ ﴿٢٩﴾
فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ مِنْ شَاطِئِ الْوَادِ
الْاَيْمَنِ فِي الْبُقْعَةِ الْمُبٰرَكَةِ مِنَ
الشَّجَرَةِ اَنْ يّٰمُوْسٰٓى اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ
رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٣٠﴾
وَاَنْ اَلْقِ عَصَاكَ ۭ فَلَمَّا رَاٰهَا
تَهْتَزُّ كَاَنَّهَا جَاۗنٌّ وَّلّٰى مُدْبِرًا وَّ
لَمْ يُعَقِّبْ ۭ يٰمُوْسٰٓى اَقْبِلْ وَلَا
تَخَفْ ۣ اِنَّكَ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ﴿٣١﴾
اُسْلُكْ يَدَكَ فِيْ جَيْبِكَ
تَخْرُجْ بَيْضَاۗءَ مِنْ غَيْرِ سُوْۗءٍ ۣ وَّ
اضْمُمْ اِلَيْكَ جَنَاحَكَ مِنَ
الرَّهْبِ فَذٰنِكَ بُرْهَانٰنِ مِنْ
رَّبِّكَ اِلٰى فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ ۭ
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٣٢﴾
قَالَ رَبِّ اِنِّيْ قَتَلْتُ مِنْهُمْ نَفْسًا
فَاَخَافُ اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿٣٣﴾

پر اللہ کارساز ہے۔☆

۲۹۔ پھر جب موسیٰ نے مدت پوری کر دی اور وہ اپنے اہل کو لے کر چل دیے تو کوہ طور کی طرف سے ایک آگ دکھائی دی، وہ اپنے اہل سے کہنے لگے: ٹھہرو! میں نے ایک آگ دیکھی ہے، شاید وہاں سے میں کوئی خبر لاؤں یا آگ کا انگارا لے آؤں تا کہ تم تاپ سکو۔☆

۳۰۔ پھر جب موسیٰ وہاں پہنچے تو وادی کے دائیں کنارے سے ایک مبارک مقام میں درخت سے ندا آئی: اے موسیٰ! میں ہی عالمین کا پروردگار اللہ ہوں۔☆

۳۱۔ اور اپنا عصا پھینک دیجیے، پھر جب موسیٰ نے عصا کو سانپ کی طرح حرکت کرتے دیکھا تو پیٹھ پھیر کر پلٹے اور پیچھے مڑ کر بھی نہ دیکھا، (ہم نے کہا) اے موسیٰ! آگے آیئے اور خوف نہ کیجیے، یقیناً آپ محفوظ ہیں۔☆

۳۲۔ (اے موسیٰ) اپنا ہاتھ گریبان میں ڈال دیجیے وہ بغیر کسی عیب کے چمکدار ہو کر نکلے گا اور خوف سے بچنے کے لیے اپنے بازو کو اپنی طرف سمیٹ لیجیے، یہ دو معجزے آپ کے پروردگار کی طرف سے فرعون اور اس کے اہل دربار کے لیے ہیں، بتحقیق وہ بڑے فاسق لوگ ہیں۔☆

۳۳۔ موسیٰ نے عرض کیا: پروردگارا! میں نے ان کا ایک آدمی قتل کیا ہے، لہذا میں ڈرتا ہوں کہ وہ مجھے قتل نہ کر دیں۔

۲۹۔ بظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) واپس مصر جاتے ہوئے یہاں سے گزر رہے تھے۔

۳۰۔ اس سے بابرکت مقام کیا ہو سکتا ہے جس مقام کو اللہ نے اپنے کلام کے لیے منتخب کیا، اسی وجہ سے حضرت موسیٰ (ع) کو یہاں جوتے اتار کر آنے کا حکم ہوا۔

یہ درخت جس سے حضرت موسیٰ نے اللہ کا کلام سنا اللہ اور موسیٰ (ع) کے درمیان ایک حجاب تھا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ اپنے رسولوں سے تین طریقوں سے کلام کرتا ہے: وحی، پس حجاب، پیام رساں کے ذریعے۔ ان تین قسموں میں سے یہ درخت حجاب بن سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام کی ابتدا اِنِّيْٓ اَنَا اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ میں ہی عالمین کا رب ہوں سے کی کہ اس سارے جہاں میں ایک ہی رب ہے۔ ایک ہی مالک، ایک ہی معبود ہے۔

۳۱۔ اژدھے سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا خوف بتاتا ہے کہ معجزہ فعل خدا ہے، ورنہ حضرت موسیٰ (ع) کو اپنے معجزے سے خوف نہ آتا۔

آج یہ بات مسلم ہے کہ تمام مادی موجودات کا ابتدائی خمیر اور عناصر اولیہ ایک ہے۔ ان عناصر کی ترکیب و ترتیب مختلف ہونے سے چیزیں مختلف ہو جاتی ہیں۔ لہٰذا عصا اور اژدھے کے عناصر ایک ہیں۔ اللہ اپنی قدرت کن فیکونی سے ان عناصر کی ترتیب بدل سکتا ہے اور عصا سے اژدھا اور اژدھے سے عصا بنا سکتا ہے۔ اس سے یہ بات جو ہم نے پہلے بھی لکھی ہے، واضح ہو جاتی ہے کہ معجزہ عام طبیعیاتی دفعات کے مطابق نہ سہی، لیکن قانون فطرت کے دائرے میں وقوع پذیر ہوتا ہے۔ فرق یہ ہے کہ معجزے کے علل و اسباب تمام انسانوں کے لیے قابل تسخیر نہیں ہیں۔

۳۲۔ خوف سے بچنے کے لیے بازو سمیٹ لینے کا حکم ہے۔ اس عمل سے اللہ تعالیٰ دل سے خوف نکالے گا۔ یہ حضرت موسیٰ (ع) کے ساتھ ید بیضا کی طرح ایک خاص عنایت ہے۔ اس کی دیگر توجیہات سیاق آیت کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتیں۔

وَاَخِیْ هٰرُوْنُ هُوَ اَفْصَحُ مِنِّیْ
لِسَانًا فَاَرْسِلْهُ مَعِیَ رِدْاً
یُّصَدِّقُنِیْٓ ۫ اِنِّیْٓ اَخَافُ اَنْ
یُّكَذِّبُوْنِ ﴿۳۴﴾
قَالَ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیْكَ
وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطٰنًا فَلَا
یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا ۚ بِاٰیٰتِنَآ ۚ اَنْتُمَا وَ
مَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغٰلِبُوْنَ ﴿۳۵﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمْ مُّوْسٰی بِاٰیٰتِنَا بَیِّنٰتٍ
قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّفْتَرًی
وَّمَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْٓ اٰبَآىِٕنَا
الْاَوَّلِیْنَ ﴿۳۶﴾
وَقَالَ مُوْسٰی رَبِّیْٓ اَعْلَمُ بِمَنْ
جَآءَ بِالْهُدٰی مِنْ عِنْدِهٖ وَمَنْ
تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ ۭ اِنَّهٗ
لَا یُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۳۷﴾
وَقَالَ فِرْعَوْنُ یٰٓاَیُّهَا الْمَلَاُ مَا
عَلِمْتُ لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرِیْ ۚ
فَاَوْقِدْ لِیْ یٰهَامٰنُ عَلَی الطِّیْنِ
فَاجْعَلْ لِّیْ صَرْحًا لَّعَلِّیْٓ اَطَّلِعُ
اِلٰٓی اِلٰهِ مُوْسٰی ۙ وَاِنِّیْ لَاَظُنُّهٗ مِنَ
الْكٰذِبِیْنَ ﴿۳۸﴾
وَاسْتَكْبَرَ هُوَ وَجُنُوْدُهٗ فِی الْاَرْضِ

معانقة ١١

۳۴۔ اور میرے بھائی ہارون کی زبان مجھ سے زیادہ فصیح ہے لہٰذا اسے میرے ساتھ مددگار بنا کر بھیج کہ وہ میری تصدیق کرے کیونکہ مجھے خوف ہے کہ لوگ میری تکذیب کریں گے۔☆

۳۵۔ فرمایا: ہم آپ کے بھائی کے ذریعے آپ کے بازو مضبوط کریں گے اور ہم آپ دونوں کو غلبہ دیں گے اور ہماری نشانیوں (معجزات) کی وجہ سے وہ آپ تک نہیں پہنچ پائیں گے، آپ دونوں اور آپ کے پیروکاروں کا ہی غلبہ ہوگا۔☆

۳۶۔ پھر جب موسیٰ ہماری واضح نشانیاں لے کر ان کے پاس پہنچے تو وہ کہنے لگے: یہ تو بس گھڑا ہوا جادو ہے اور ہم نے اپنے اگلے باپ داداؤں سے ایسی باتیں کبھی نہیں سنیں۔☆

۳۷۔ اور موسیٰ نے کہا: میرا پروردگار اسے جانتا ہے جو اس کے پاس سے ہدایت لے کر آیا ہے اور یہ بھی جانتا ہے کہ آخرت کا گھر کس کے لیے ہے، بے شک ظالم فلاح نہیں پاتے۔☆

۳۸۔ اور فرعون نے کہا: اے درباریو! میں تمہارے لیے اپنے سوا کسی معبود کو نہیں جانتا، اے ہامان! میرے لیے گارے کو آگ لگا (کر اینٹ بنا دے) پھر میرے لیے ایک اونچا محل بنا دے تاکہ میں موسیٰ کے خدا کو (جھانک کر) دیکھوں اور میرا تو خیال ہے کہ موسیٰ جھوٹا ہے۔☆

۳۹۔ چنانچہ فرعون اور اس کے لشکر نے زمین

۳۴۔ حضرت موسیٰ (ع) اللہ تعالیٰ سے اس تاریخ ساز جہاد میں قدم رکھنے کے لیے معاون کی درخواست کر رہے ہیں، جو ان کی رسالت کی سب سے پہلے تصدیق کرنے والا ہو۔ حضرت موسیٰ (ع) حضرت ہارونؑ کے ذریعے نصرت اور تصدیق کے خواہشمند تھے۔ حضرت ہارونؑ کے ذریعے موسیٰ (ع) کی اور حضرت علی (ع) کے ذریعے حضرت محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی نصرت و تصدیق میں کتنی زیادہ شباہت ہے؟

۳۵۔ سُلْطٰنًا کا ترجمہ غلبہ ہی ہو سکتا ہے۔ یعنی معجزات کے ذریعے دلیل و حجت کا غلبہ۔ چونکہ فَلَا یَصِلُوْنَ اِلَیْكُمَا وہ آپ تک نہیں پہنچ پائیں گے، کو سلطان کا نتیجہ اور بِاٰیٰتِنَآ کو اس غلبے کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

۳۶۔ فرعون اور اس کی قوم ان تعلیمات سے بالکل ناآشنا تھی جو حضرت موسیٰ (ع) پیش کر رہے تھے۔ مثلاً حضرت موسیٰ (ع) نے جب کہا: میں رب العالمین کا رسول ہوں تو فرعون نے تعجب سے پوچھا تھا: وَ مَا رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ، رب العالمین کیا ہوتا ہے۔

۳۷۔ حضرت موسیٰ (ع) نے جواب میں فرمایا: اگر میں جھوٹا ہوں تو میرا انجام برا ہوگا، چونکہ اس صورت میں میں ظالم بنوں گا اور ظالم فلاح نہیں پاتے اور اگر تم ظالم ہو تو تمہارا انجام برا ہوگا۔

۳۸۔ یہ حضرت موسیٰ (ع) کے خلاف فرعون کا ایک طنز ہو سکتا ہے: دیکھوں موسیٰ (ع) کا خدا اوپر کس جگہ بیٹھا ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس سے لوگوں کو دھوکہ دینا مقصود ہو کہ موسیٰ (ع) کا خدا اگر آسمان میں نظر نہیں آتا تو اس کا وجود ہی نہیں۔ جیسا کہ روسی خلابازوں نے بھی یہی کہا تھا: ہمیں آسمان میں کہیں خدا نظر نہیں آیا۔ گویا وہ اس نظام شمسی کے ایک سیارے کے محدود علاقے کو کل کائنات تصور کرتے ہیں اور خدا کو ایک جسم فرض کرتے ہیں۔ فرعون نے یہ بات صرف دعوت موسیٰ (ع) کا مذاق اڑانے کے لیے کہی اور اس غرض کے تحت کوئی عمارت نہیں بنوائی۔ اس آیت میں مصر میں پختہ اینٹیں بنانے کے رواج کی طرف اشارہ ہے۔ چنانچہ شاہی عمارتیں وہ اینٹوں سے ہی بناتے تھے۔

بِغَيْرِ الْحَقِّ وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ اِلَيْنَا
لَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۳۹﴾
فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي
الْيَمِّ ۚ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾
وَجَعَلْنٰهُمْ اَىِٕمَّةً يَّدْعُوْنَ اِلَى
النَّارِ ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾
وَاَتْبَعْنٰهُمْ فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا لَعْنَةً ۚ وَ
يَوْمَ الْقِيٰمَةِ هُمْ مِّنَ الْمَقْبُوْحِيْنَ ﴿۴۲﴾ ع ۴/۱۴
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِ
مَآ اَهْلَكْنَا الْقُرُوْنَ الْاُوْلٰى
بَصَآىِٕرَ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً
لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۳﴾
وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الْغَرْبِيِّ اِذْ
قَضَيْنَآ اِلٰى مُوْسَى الْاَمْرَ وَمَا
كُنْتَ مِنَ الشّٰهِدِيْنَ ﴿۴۴﴾
وَلٰكِنَّآ اَنْشَاْنَا قُرُوْنًا فَتَطَاوَلَ
عَلَيْهِمُ الْعُمُرُ ۚ وَمَا كُنْتَ ثَاوِيًا
فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ تَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا
وَلٰكِنَّا كُنَّا مُرْسِلِيْنَ ﴿۴۵﴾
وَمَا كُنْتَ بِجَانِبِ الطُّوْرِ اِذْ نَادَيْنَا
وَلٰكِنْ رَّحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ
قَوْمًا مَّآ اَتٰىهُمْ مِّنْ نَّذِيْرٍ

میں ناحق تکبر کیا اور یہ خیال کیا کہ وہ ہماری طرف پلٹائے نہیں جائیں گے۔
۴۰۔ تو ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو گرفت میں لے لیا اور انہیں دریا میں پھینک دیا، پس دیکھ لو ظالموں کا انجام کیا ہوا۔
۴۱۔ اور ہم نے انہیں ایسے رہنما بنایا جو آتش کی طرف بلاتے ہیں اور قیامت کے دن ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔☆
۴۲۔ اور ہم نے اس دنیا میں ان کے پیچھے لعنت لگا دی ہے اور قیامت کے دن یہ قبیح (چہرہ والے) ہوں گے۔
۴۳۔ اور تحقیق ہم نے پہلی امتوں کو ہلاک کرنے کے بعد لوگوں کے لیے بصیرتوں اور ہدایت و رحمت (کا سرچشمہ) بنا کر موسیٰ کو کتاب دی، شاید لوگ نصیحت حاصل کریں۔☆
۴۴۔ اور آپ اس وقت (طور کے) مغربی جانب موجود نہ تھے جب ہم نے موسیٰ کی طرف حکم بھیجا اور آپ مشاہدہ کرنے والوں میں سے نہ تھے۔☆
۴۵۔ لیکن ہم نے کئی امتوں کو پیدا کیا پھر ان پر طویل مدت گزر گئی اور نہ آپ اہل مدین میں سے تھے کہ انہیں ہماری آیات سنا رہے ہوتے لیکن ہم ہی (ان تمام خبروں کے) بھیجنے والے ہیں۔☆
۴۶۔ اور آپ طور کے کنارے پر موجود نہ تھے جب ہم نے ندا دی تھی بلکہ (آپ کا رسول بنانا) آپ کے پروردگار کی رحمت ہے تاکہ آپ اس قوم کو تنبیہ کریں جن

۴۱۔ جَعَلْنٰهُمْ: جب کسی ناقابل ہدایت انسان کو اس کے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے تو قرآن اس کے لیے یہ تعبیر اختیار فرماتا ہے: ''ہم نے اس کو گمراہ کیا۔'' یہاں بھی یہی صورت ہے کہ فرعون لوگوں کو گمراہ کر کے جہنم کی طرف لے جانے کے لیے رہنما بنا ہوا ہے۔ اللہ نے رسولوں اور معجزوں کے ذریعے اسے راہ راست پر لانے کی کوشش کی۔ جب وہ نہیں مانا تو اللہ نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا اور اس کا حال یہ تھا کہ وہ لوگوں کو جہنم کی طرف لے جا رہا تھا۔ چونکہ فرعون کفر و سرکشی کی ایک روایت قائم کر گیا اس لیے جب تک اس روایت کا سلسلہ جاری رہے گا، اس پر لعنت کا تسلسل بھی قائم رہے گا۔
۴۳۔ سابق انبیاء علیہم السلام کی تعلیمات سے سرکشی کے نتیجے میں پچھلی نسلیں جب تباہ ہو گئیں تو ہم نے موسیٰ کو کتاب دے کر آنے والی نسلوں کے لیے ہدایت کا ایک جدید سلسلہ شروع کیا ہے۔
۴۴۔ مکہ والوں کے حسی مشاہدے کے مطابق آپؐ اس وقت موجود نہ تھے جب اللہ طور کی مغربی جانب موسیٰ (ع) کو شریعت دے رہا تھا۔ اس کے باوجود آپؐ قرآن کے ذریعے موسیٰ (ع) کے حالات اس طرح بیان کر رہے ہیں جیسا کہ آپؐ وہاں موجود تھے۔ واضح رہے یہ جگہ حجاز کی مغربی جانب واقع ہے۔
۴۵۔ آپؐ حسی طور پر مَدیَن میں مقیم نہ تھے، قرآن کے ذریعے وہاں کی خبریں ہم آپؐ کی طرف بھیج رہے ہیں جو آپ کی نبوت کی ایک دلیل ہے۔
۴۶۔ مشرکین مکہ کی معلومات کے مطابق آپؐ ان تمام مقامات پر موجود نہ تھے اور ان پر طویل مدت بھی گزر گئی تھی اور مکہ کی ان پڑھ قوم میں ان واقعات کا علم حاصل کرنے کا کوئی ذریعہ بھی نہیں تھا، پس اگر یہ قرآن وحی الٰہی نہیں ہے تو کون سا ذریعہ ممکن ہو سکتا ہے؟ اگر کوئی ذریعہ موجود ہوتا تو آج کے مستشرقین سے کہیں زیادہ مکہ کے مشرکین کو اس کی ضرورت تھی۔ وہ اسے برملا کر دیتے اور جنگ کرنے کی نوبت نہ آتی۔
عربوں میں حضرت ہود، صالح، شعیب اور اسماعیل علیہم السلام کے بعد سینکڑوں سالوں سے کوئی نبی نہیں آیا۔ البتہ باہر کے انبیاء کی دعوتیں پہنچتی رہیں اور حجت تمام ہوتی رہی۔

مِّنْ قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ
يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۶﴾
وَلَوْلَآ اَنْ تُصِيْبَهُمْ مُّصِيْبَةٌۢ بِمَا
قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَيَقُوْلُوْا رَبَّنَا لَوْلَآ
اَرْسَلْتَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا فَنَتَّبِعَ
اٰيٰتِكَ وَنَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۷﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ مِنْ عِنْدِنَا
قَالُوْا لَوْلَآ اُوْتِيَ مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ
مُوْسٰى ؕ اَوَلَمْ يَكْفُرُوْا بِمَآ اُوْتِيَ
مُوْسٰى مِنْ قَبْلُ ۚ قَالُوْا سِحْرٰنِ
تَظٰهَرَا ۫ وَقَالُوْٓا اِنَّا بِكُلٍّ
كٰفِرُوْنَ ﴿۴۸﴾
قُلْ فَاْتُوْا بِكِتٰبٍ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ هُوَ
اَهْدٰى مِنْهُمَآ اَتَّبِعْهُ اِنْ كُنْتُمْ
صٰدِقِيْنَ ﴿۴۹﴾
فَاِنْ لَّمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَكَ فَاعْلَمْ
اَنَّمَا يَتَّبِعُوْنَ اَهْوَآءَهُمْ ؕ وَمَنْ
اَضَلُّ مِمَّنِ اتَّبَعَ هَوٰىهُ بِغَيْرِ
هُدًى مِّنَ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
ع ۵ ۸ الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۰﴾
وَلَقَدْ وَصَّلْنَا لَهُمُ الْقَوْلَ
لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۱﴾
اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِهٖ

کے ہاں آپ سے پہلے کوئی تنبیہ کرنے والا نہیں آیا شاید وہ نصیحت حاصل کریں.☆

۴۷۔اور ایسا نہ ہو کہ اپنے ہاتھوں آگے بھیجی ہوئی حرکتوں کی وجہ سے اگر ان پر کوئی مصیبت نازل ہو جائے تو وہ یہ کہنے لگیں: ہمارے رب! تو نے ہماری طرف رسول کیوں نہ بھیجا کہ ہم تیری آیات کی اتباع کرتے اور ایمان لانے والوں میں شامل ہو جاتے ۔☆

۴۸۔ پھر جب ہماری طرف سے حق ان کے پاس آ گیا تو وہ کہنے لگے: جیسی (نشانی) موسیٰ کو دی گئی تھی ایسی (نشانی) انہیں کیوں نہیں دی گئی؟ کیا انہوں نے اس کا انکار نہیں کیا جو قبل ازیں موسیٰ کو دیا گیا تھا؟ انہوں نے کہا: یہ دونوں ایک دوسرے کی مدد کرنے والے جادوگر ہیں اور کہا: ہم ان سب کے منکر ہیں۔☆

۴۹۔ کہہ دیجیے: پس اگر تم سچے ہو تو تم بھی اللہ کی طرف سے کوئی ایسی کتاب لے آؤ جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت بخش ہو، میں اس کی اتباع کروں گا۔☆

۵۰۔پس اگر وہ آپ کی یہ بات نہیں مانتے تو آپ سمجھ لیں کہ یہ لوگ بس اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں اور اللہ کی طرف سے کسی ہدایت کے بغیر اپنی خواہشات کی پیروی کرنے والے سے بڑھ کر گمراہ کون ہو گا؟ اللہ ظالموں کو یقیناً ہدایت نہیں کرتا۔☆

۵۱۔ اور بتحقیق ہم نے ان کے لیے (ہدایت کی) باتیں مسلسل بیان کیں شاید یہ لوگ نصیحت حاصل کریں۔☆

۵۲۔جنہیں ہم نے اس سے پہلے کتاب دی

۴۷۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے رسولوں کا سلسلہ جاری رکھا اور ان کے ذریعے پیغام حق لوگوں تک پہنچتا رہا۔ اگر کسی رسول کا پیغام لوگوں تک پہنچ سکتا ہے اور تعلیمات کو محو نہ کیا گیا ہو اور شریعت میں کسی قسم کی تبدیلی کی بھی ضرورت نہ ہو تو اللہ تعالیٰ نیا نبی مبعوث نہیں فرماتا۔

۴۸۔اسی لیے حضرت موسیٰ (ع) کی تاریخ کو اللہ بڑے اہتمام کے ساتھ بیان فرماتا ہے کہ ان کی طرف سے عظیم معجزوں کے باوجود قوم فرعون ایمان نہ لائی۔ تاریخ انبیاء شاہد ہے کہ معاندین کبھی بھی معجزوں کو دیکھ کر ایمان نہیں لائے۔

۴۹۔مشرکین اللہ کے وجود کو تو مانتے تھے مگر توریت وقرآن کو نہیں مانتے تھے۔ اس بنیاد پر فرمایا کہ اگر توریت وقرآن کو نہیں مانتے تو کوئی ایسی کتاب پیش کرو جو ان دونوں سے زیادہ ہدایت بخشنے والی ہو۔

۵۰۔ اگر وہ آپ کی بات نہیں مانتے ہیں تو اس لیے نہیں کہ آپ کی دعوت میں یا آپ کی طرف سے دلیل میں کوئی کمزوری ہے۔ ان کے نہ ماننے کی اصل وجہ یہ ہے کہ وہ تلاش حق میں نہیں ہیں۔ اس میں ان کی خواہش پرستی رکاوٹ ہے۔ یہ خواہش پرستی ہے جس کی وجہ سے نہ کوئی دلیل مؤثر ہوتی ہے، نہ معجزہ کارگر ثابت ہوتا ہے۔

۵۱۔ ہم نے ان مشرکین کی ہدایت کے لیے رہنمائی کا ایک مربوط تسلسل قائم کیا ہے جو آیات، سورتوں وعدوں عبرتوں اور تاریخ کے اسباق پر مشتمل ہے۔

۵۲۔ یہ آیت ان حبشی عیسائیوں کے بارے میں نازل ہوئی جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت کی خبر سن کر بغرض تحقیق مکہ آئے اور جنہوں نے آپؐ سے ملاقات کی اور سوالات کیے نیز قرآن کی تلاوت سنی۔ چنانچہ ان کی آنکھوں میں آنسو آ گئے اور انہوں نے اسلام قبول کر لیا۔

النصف

هُمْ بِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾
وَاِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖٓ اِنَّهُ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّنَآ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلِهٖ
مُسْلِمِيْنَ ﴿۵۳﴾
اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ
بِمَا صَبَرُوْا وَيَدْرَءُوْنَ
بِالْحَسَنَةِ السَّيِّئَةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
يُنْفِقُوْنَ ﴿۵۴﴾
وَاِذَا سَمِعُوا اللَّغْوَ اَعْرَضُوْا عَنْهُ وَ
قَالُوْا لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ۫
سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ ۫ لَا نَبْتَغِي
الْجٰهِلِيْنَ ﴿۵۵﴾
اِنَّكَ لَا تَهْدِيْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَ
لٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ
اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِيْنَ ﴿۵۶﴾
وَقَالُوْٓا اِنْ نَّتَّبِعِ الْهُدٰى مَعَكَ
نُتَخَطَّفْ مِنْ اَرْضِنَا ؕ اَوَلَمْ
نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى
اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا
مِّنْ لَّدُنَّا وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَكَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍۭ بَطِرَتْ
مَعِيْشَتَهَا ۚ فَتِلْكَ مَسٰكِنُهُمْ لَمْ

تھی وہ اس پر ایمان رکھتے ہیں۔☆
۵۳۔ اور جب ان پر (یہ قرآن) پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لے آئے، یقیناً یہ ہمارے پروردگار کی طرف سے برحق ہے، ہم تو اس سے پہلے بھی فرمانبردار تھے۔☆
۵۴۔ انہیں ان کے صبر کے صلے میں دوبار اجر دیا جائے گا اور یہ لوگ برائی کو نیکی کے ذریعے دور کر دیتے ہیں اور ہم نے جو روزی انہیں دی ہے اس سے (راہ خدا میں) خرچ کرتے ہیں۔☆
۵۵۔ اور جب وہ بیہودہ بات سنتے ہیں تو اس سے منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: ہمارے اعمال ہمارے لیے اور تمہارے اعمال تمہارے لیے، تم پر سلام ہو ہم جاہلوں کو پسند نہیں کرتے۔☆
۵۶۔ (اے رسول) جسے آپ چاہتے ہیں اسے ہدایت نہیں کر سکتے لیکن اللہ جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو خوب جانتا ہے۔☆
۵۷۔ اور کہتے ہیں: اگر ہم آپ کی معیت میں ہدایت اختیار کریں تو ہم اپنی زمین سے اچک لیے جائیں گے، کیا ہم نے ایک پرامن حرم ان کے اختیار میں نہیں رکھا جس کی طرف ہر چیز کے ثمرات کھنچے چلے آتے ہیں؟ یہ رزق ہماری طرف سے عطا کے طور پر ہے لیکن ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆
۵۸۔ اور کتنی ہی ایسی بستیوں کو ہم نے تباہ کر دیا جن کے باشندے اپنی معیشت پر نازاں تھے؟ ان کے بعد ان کے مکانات

۵۳۔یعنی یہ وہی رسول آخر الزمان (ص) ہیں جن پر ہم پہلے سے ایمان رکھتے تھے۔
۵۴۔ایک اجر اپنی کتاب پر ایمان لانے کا اور ایک اجر قرآن پر ایمان لانے کا۔
۵۵۔اہل ایمان کا یہی وطیرہ ہے کہ جاہلوں سے الجھنے اور بدکلامی کا جواب دینے کی بجائے مہذب انداز میں سلام کر کے گزر جاتے ہیں۔
۵۶۔غیر امامیہ مصادر میں آیا ہے کہ یہ آیت حضرت ابو طالب علیہ السلام کے عدم ایمان کے بارے میں نازل ہوئی۔ اس کے راوی ابن عباس اور ابو ہریرہ ہیں۔ یہ دونوں واقعہ کے راوی نہیں بن سکتے، کیونکہ ابن عباس ہجرت سے تین سال قبل پیدا ہوئے۔ حضرت ابو طالبؑ کی وفات کے وقت وہ شیر خوار تھے اور ابو ہریرہ ہجرت کے سات سال بعد ایمان لائے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایمان ابو طالبؑ کا مسئلہ بنی امیہ نے صرف حضرت علی علیہ السلام کی تنقیص کے لیے اٹھایا، ورنہ اس سے پہلے ایمان ابو طالبؑ ایک مسلمہ بات تھی۔ چنانچہ معاویہ نے ایک مرتبہ حضرت عقیل سے طنزاً کہا: آپ کا چچا ابولہب جہنم میں کس جگہ ہے؟ حضرت عقیل نے فی البدیہ کہا: اذا دخلت النار تجده علی یمینك مفروشا عمتك ام جمیل۔ جب تم خود جہنم میں جاؤ گے تو اپنی دائیں جانب اپنی پھوپھی ام جمیل کے ساتھ اسے دیکھ لو گے۔ اگر ابوطالب کا مسلمان نہ ہونا اس وقت مسلم ہوتا تو معاویہ طنز وتحقیر میں باپ کو چھوڑ کر چچا کا ذکر نہ کرتا۔
۵۷۔ان کا ایمان نہ لانا اس لیے نہ تھا کہ انہیں یقین نہیں آتا تھا، بلکہ ان کے خیال میں ان کے دنیوی مفادات کو خطرہ لاحق تھا جس کی وجہ سے وہ ایمان نہیں لاتے تھے۔ کیونکہ قریش کو علاقے میں اپنے مشرکانہ عقائد کی وجہ سے بڑا مقام حاصل تھا۔ پیری مریدی کے مفادات کو چھوڑ کر حق کی طرف آنا آسان کام نہیں ہے۔ ان کے جواب میں فرمایا: حالانکہ جن نعمتوں سے یہ مالا مال ہیں، وہ اسی اللہ کی طرف سے ہیں اور انہیں اسی اللہ کے گھر نے امن وامان کی زندگی دی ہے۔
۵۸۔وہ بعض مفادات کی خاطر ایمان نہیں لا رہے تھے، جبکہ تاریخی حقائق کے مطابق ایمان نہ لانا ہی ان کے مفادات کے منافی تھا۔

تُسْكَنْ مِّنْۢ بَعْدِهِمْ اِلَّا قَلِيْلًا ؕ وَ
كُنَّا نَحْنُ الْوٰرِثِيْنَ ﴿۵۸﴾
وَمَا كَانَ رَبُّكَ مُهْلِكَ الْقُرٰى
حَتّٰى يَبْعَثَ فِيْۤ اُمِّهَا رَسُوْلًا
يَّتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِنَا ۚ وَمَا كُنَّا
مُهْلِكِي الْقُرٰۤى اِلَّا وَاَهْلُهَا
ظٰلِمُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَمَاۤ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ
ع ۷ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۰﴾
اَفَمَنْ وَّعَدْنٰهُ وَعْدًا حَسَنًا فَهُوَ
لَاقِيْهِ كَمَنْ مَّتَّعْنٰهُ مَتَاعَ الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ثُمَّ هُوَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ
الْمُحْضَرِيْنَ ﴿۶۱﴾
وَيَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ
شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ
تَزْعُمُوْنَ ﴿۶۲﴾
قَالَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ رَبَّنَا
هٰۤؤُلَآءِ الَّذِيْنَ اَغْوَيْنَا ۚ اَغْوَيْنٰهُمْ
كَمَا غَوَيْنَا ۚ تَبَرَّاْنَاۤ اِلَيْكَ ۖ مَا
كَانُوْۤا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ﴿۶۳﴾
وَقِيْلَ ادْعُوْا شُرَكَآءَكُمْ
فَدَعَوْهُمْ فَلَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهُمْ وَ

آباد ہی نہیں ہوئے مگر بہت کم اور ہم ہی تو وارث تھے۔☆

۵۹۔اور آپ کا رب ان بستیوں کو تباہ کرنے والا نہ تھا جب تک ان کے مرکز میں ایک رسول نہ بھیج دے جو انہیں ہماری آیات پڑھ کر سنائے اور ہم بستیوں کو تباہ کرنے والے نہ تھے مگر یہ کہ وہاں کے باشندے ظالم ہوئے۔☆

۶۰۔ اور جو کچھ بھی تمہیں دیا گیا ہے وہ اس دنیاوی زندگی کا سامان اور اس کی زینت ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ (اس سے) زیادہ بہتر اور پائیدار ہے، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟☆

۶۱۔کیا وہ شخص جسے ہم نے بہترین وعدہ دیا ہے اور وہ اس (وعدے) کو پا لینے والا ہے اس شخص کی طرح ہوسکتا ہے جسے ہم نے صرف دنیاوی زندگی کا سامان فراہم کر دیا ہے؟ پھر وہ قیامت کے دن پیش کیے جانے والوں میں سے ہوگا

۶۲۔اور جس دن اللہ انہیں پکارے گا اور کہے گا: کہاں ہیں وہ جنہیں تم میرا شریک گمان کرتے تھے؟☆

۶۳۔ جن پر (اللہ کا) فیصلہ حتمی ہو چکا ہوگا وہ کہیں گے: ہمارے پروردگار! یہی لوگ ہیں جنہیں ہم نے گمراہ کیا، جس طرح ہم خود گمراہ ہوئے تھے اسی طرح ہم نے انہیں گمراہ کیا تھا، (اب) ہم تیری طرف متوجہ ہو کر ان سے بیزار ہوتے ہیں کہ وہ ہماری پوجا نہیں کیا کرتے تھے۔

۶۴۔ اور (ان سے) کہا جائے گا: اپنے شریکوں کو بلاؤ تو یہ انہیں پکاریں گے لیکن

۵۹۔تباہی ان دو عوامل کی وجہ سے آتی ہے: رسول کا انکار اور ظلم کا ارتکاب۔
مکہ کے مشرکین کی طرف اشارہ ہے کہ ان پر عذاب نازل ہونے کی تمام شرائط موجود ہیں۔ان کے صدر مقام مکہ میں رسولؐ مبعوث ہوئے۔ اس رسولؐ کی طرف سے آیات الٰہی کی تلاوت بھی ہو رہی ہے اور اہل مکہ اس رسول پر ظلم کا پہاڑ توڑ رہے ہیں۔ صدر مقام میں رسول اس لیے بھیجے جاتے ہیں کہ صدر مقام پر مترتب ہونے والے اثرات دیگر مقامات پر پھیل جاتے ہیں۔ اس لیے بڑے بڑے انبیاء انسانی تہذیب وتمدن کے بڑے بڑے مراکز میں مبعوث ہوئے ہیں۔

۶۰۔عقل کا تقاضا یہ ہے کہ بڑے مفادات کے لیے چھوٹے مفادات کی اور لمبی آسائش کے لیے مختصر آسائش کی قربانی دی جائے اور عمر بھر کے آرام کے لیے وقتی درد و الم پر صبر کیا جائے۔ پھر یہ دین تم سے یہ مطالبہ بھی تو نہیں کرتا کہ تم ترک دنیا کرو، اس دین پر ایمان لا کر فقیر ومحتاج بن جاؤ۔

۶۲۔ لوگوں کو گمراہ وہ لوگ کرتے ہیں جو خود گمراہ ہوتے ہیں۔ انجام کار ایک دوسرے سے بیزاری ہوتی ہے: مَا كَانُوْۤا اِيَّانَا يَعْبُدُوْنَ ۔وہ خود اپنی خواہشات کی پرستش کرتے تھے۔ہماری پرستش نہیں کرتے تھے۔

رَاَوُا الْعَذَابَ ۚ لَوْ اَنَّهُمْ كَانُوْا
يَهْتَدُوْنَ ﴿۶۴﴾
وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ مَاذَآ
اَجَبْتُمُ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۶۵﴾
فَعَمِيَتْ عَلَيْهِمُ الْاَنْۢبَآءُ يَوْمَئِذٍ
فَهُمْ لَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۶۶﴾
فَاَمَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا
فَعَسٰٓى اَنْ يَّكُوْنَ مِنَ
الْمُفْلِحِيْنَ ﴿۶۷﴾
وَ رَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ؕ
مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۸﴾
وَ رَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ
صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۶۹﴾
وَهُوَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ لَهُ الْحَمْدُ
فِى الْاُوْلٰى وَ الْاٰخِرَةِ ۫ وَلَهُ
الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۷۰﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ
الَّيْلَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ
اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِضِيَآءٍ ؕ
اَفَلَا تَسْمَعُوْنَ ﴿۷۱﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْكُمُ
النَّهَارَ سَرْمَدًا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَنْ

وہ انہیں جواب نہیں دیں گے اور وہ عذاب کو بھی دیکھ رہے ہوں گے، (اس وقت تمنا کریں گے) کاش وہ ہدایت پر ہوتے۔

۶۵۔ اور اس دن اللہ انہیں ندا دے گا اور فرمائے گا: تم نے پیغمبروں کو کیا جواب دیا تھا؟

۶۶۔ تو ان کو ان باتوں کا پتہ نہیں چلے گا (جن سے رسولوں کو جواب دیا ہے) اور اس دن وہ ایک دوسرے سے پوچھ بھی نہ سکیں گے۔☆

۶۷۔ لیکن جو توبہ کرے، ایمان لائے اور نیک عمل بجالائے تو امید ہے کہ وہ نجات پانے والوں میں سے ہو جائے گا۔

۶۸۔ اور آپ کا پروردگار جسے چاہتا ہے خلق کرتا ہے اور منتخب کرتا ہے، انہیں انتخاب کرنے کا کوئی حق نہیں ہے، اللہ پاک بلند و برتر ہے اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔☆

۶۹۔ اور آپ کا پروردگار وہ سب باتیں جانتا ہے جنہیں ان کے سینے پوشیدہ رکھتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں۔

۷۰۔ اور وہی تو اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، ثنائے کامل اسی کے لیے ہے، دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور حکومت اسی کے ہاتھ میں ہے اور اسی کی طرف تم پلٹائے جاؤ گے۔☆

۷۱۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ کہ اگر اللہ قیامت تک تم پر ہمیشہ کے لیے رات مسلط کر دے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہیں روشنی لا دے؟ کیا تم سنتے نہیں ہو؟☆

۷۲۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ کہ اگر قیامت تک اللہ تم پر ہمیشہ کے لیے دن کو مسلط کر دے تو اللہ کے سوا کون سا معبود ہے جو تمہیں

۶۲۔ قیامت کے دن جب منکروں سے سوال ہوگا کہ تم نے پیغمبروں کی دعوت کا کیا جواب دیا ہے تو ان سے کوئی جواب نہیں بن پڑے گا۔ یہاں تک کہ وہ ایک دوسرے سے پوچھ بھی نہیں سکیں گے۔

۶۸۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب ہے کہ یہ مشرکین آپ کے رب کے اقتدار اعلیٰ میں مداخلت کرتے ہیں جبکہ خلق و اختیار اللہ کے ساتھ مخصوص ہے۔ جس طرح خلق میں کوئی اس کا شریک نہیں ہے، اسی طرح اختیار و انتخاب میں بھی اس کا کوئی شریک نہیں ہے۔ یہ مشرکین اپنے لیے وسیلہ (بت) کو خود اختیار کرتے ہیں۔ یہ اللہ کے اقتدار اعلیٰ میں مداخلت ہے۔ لہٰذا جس طرح تخلیق میں کوئی شریک نہیں ہے، تشریع و قانون سازی میں بھی کوئی شریک نہیں ہے۔

مولانا مودودی اس جگہ لکھتے ہیں: اپنے پیدا کیے ہوئے انسانوں، فرشتوں، جنوں اور دوسرے بندوں میں سے ہم خود جس کو چاہتے ہیں اوصاف، صلاحیتیں اور طاقتیں بخشتے ہیں اور جو کام جس سے لینا چاہتے ہیں لیتے ہیں۔ یہ اختیارات آخر ان مشرکین کو کیسے اور کہاں سے مل گئے؟

۷۰۔ ذاتاً لائق حمد و ثنا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ اللہ کے علاوہ دوسروں کے پاس جو کچھ ہے وہ ان کا ذاتی نہیں ہے، بلکہ اللہ کا دیا ہوا ہے۔ لہٰذا نہ اللہ سے پہلے کوئی کسی کمال کا مالک ہے، نہ بعد میں۔

وَلَهُ الْحُكْمُ: فرماں روائی کا حق بھی اللہ کو حاصل ہے۔ مقام تکوین میں ہو یا مقام تشریع میں، صرف اس کا حکم نافذ ہوگا۔

۷۱۔ اگر اللہ کے علاوہ تمہارے معبودوں کے ہاتھ میں اس کائنات کی تدبیر ہے تو اس جاری نظام میں موجود لیل و نہار میں اپنے تدبیری عمل کا چھوٹا سا مظاہرہ کر کے دکھائیں اور رات کا سلسلہ اگر جاری رہے تو دن لانا اگر ممکن نہیں ہے تو تھوڑی سی روشنی ہی لا کر اپنی قدرت نمائی کریں۔ سب کو معلوم ہے کہ اللہ کے علاوہ یہ کام کوئی نہیں کر سکتا تو پھر غیر اللہ کے پاس کون سی تدبیر ہے؟

اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ يَاْتِيْكُمْ بِلَيْلٍ
تَسْكُنُوْنَ فِيْهِ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٧٢﴾
وَمِنْ رَّحْمَتِهٖ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ وَ
النَّهَارَ لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ
فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾
وَ يَوْمَ يُنَادِيْهِمْ فَيَقُوْلُ اَيْنَ
شُرَكَآءِيَ الَّذِيْنَ كُنْتُمْ
تَزْعُمُوْنَ ﴿٧٤﴾
وَنَزَعْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا فَقُلْنَا
هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ فَعَلِمُوْٓا اَنَّ
الْحَقَّ لِلّٰهِ وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا
ع ١٥ ١٠ يَفْتَرُوْنَ ﴿٧٥﴾
اِنَّ قَارُوْنَ كَانَ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰى
فَبَغٰى عَلَيْهِمْ ۪ وَاٰتَيْنٰهُ مِنَ
الْكُنُوْزِ مَآ اِنَّ مَفَاتِحَهٗ لَتَنُوْٓاُ
بِالْعُصْبَةِ اُولِي الْقُوَّةِ ۗ اِذْ قَالَ لَهٗ
قَوْمُهٗ لَا تَفْرَحْ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ
الْفَرِحِيْنَ ﴿٧٦﴾
وَ ابْتَغِ فِيْمَآ اٰتٰىكَ اللّٰهُ الدَّارَ
الْاٰخِرَةَ وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ
الدُّنْيَا وَاَحْسِنْ كَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ
اِلَيْكَ وَ لَا تَبْغِ الْفَسَادَ فِي
الْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ

رات لا دے جس میں تم سکون حاصل کرو؟ کیا تم (چشم بصیرت سے) دیکھتے نہیں ہو؟
۷۳۔ اور یہ اللہ کی رحمت ہی تو ہے کہ اس نے تمہارے لیے رات اور دن کو (یکے بعد دیگرے) بنایا تا کہ تم (رات میں) سکون حاصل کر سکو اور (دن میں) اللہ کا فضل (روزی) تلاش کرو اور شاید کہ تم شکر بجا لاؤ۔☆
۷۴۔ اور جس دن اللہ انہیں ندا دے گا اور فرمائے گا: کہاں ہیں وہ جنہیں تم میرا شریک گمان کرتے تھے؟
۷۵۔ اور ہم ہر امت سے ایک گواہ نکال لائیں گے پھر ہم (مشرکین سے) کہیں گے: اپنی دلیل پیش کرو، (اس وقت) انہیں علم ہو جائے گا کہ حق بات اللہ کی تھی اور جو جھوٹ باندھتے تھے وہ سب ناپید ہو جائیں گے۔☆
۷۶۔ بے شک قارون کا تعلق موسیٰ کی قوم سے تھا پھر وہ ان سے سرکش ہو گیا اور ہم نے قارون کو اس قدر خزانے دیے کہ ان کی کنجیاں ایک طاقتور جماعت کے لیے بھی بارگراں تھیں، جب اس کی قوم نے اس سے کہا: اترا نا مت یقیناً اللہ اترانے والوں کو دوست نہیں رکھتا، ☆
۷۷۔ اور جو (مال) اللہ نے تجھے دیا ہے اس سے آخرت کا گھر حاصل کر، البتہ دنیا سے بھی اپنا حصہ فراموش نہ کر اور احسان کر جس طرح اللہ نے تیرے ساتھ احسان کیا ہے اور زمین میں فساد پھیلنے کی خواہش نہ کر

۷۳۔ دن اور رات کے بارے میں انسان غور نہیں کرتے کہ دن کی روشنی حیات بخش اور رات کی تاریکی سکون بخش ہونے کے باوجود یہ دونوں اگر یکے بعد دیگرے نہ آتے، بلکہ ہمیشہ دن ہوتا یا ہمیشہ رات ہوتی تو اس کرہ ارض پر زندگی مفقود ہوتی۔ یعنی اگر اللہ اس نظام کو زندگی کے لیے مناسب اور مربوط نہ بناتا تو کون ہے جو اسے مربوط بنائے؟

۷۵۔ ہر امت سے ایک گواہ پیش کیا جائے گا۔ یہ گواہ ایسے ہوں گے جن کی گواہی کے بعد کسی قسم کی دلیل کارگر ثابت نہ ہو گی۔ اس گواہی کے بعد اللہ تعالیٰ کی حقانیت بھی واضح ہو جائے گی۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس گواہی کی نوعیت وہ نہ ہو گی جو ہماری دنیا میں متعارف ہے۔ گواہ کے بارے میں پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ گواہ وہ ہستی بن سکتی ہے جو اعمال کا مشاہدہ کرے۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ گواہ وہ ہو گا جس کی گواہی کے بعد حقائق آشکار اور اللہ کی حقانیت روشن ہو جائے گی۔

۷۶۔ قارون کا تعلق بنی اسرائیل سے تھا۔ اس نے اپنی قوم سے غداری کی اور وہ فرعون سے جا ملا اور اس کا مقرب بن گیا، یہاں تک کہ حضرت موسیٰ (ع) کی مخالفت میں فرعون اور ہامان کے بعد وہ سب سے آگے تھا۔ بائبل میں اس کا نام قاروح آیا ہے اور اسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا چچا زاد بھائی قرار دیا گیا ہے۔

بائبل نے قارون کی دولت کے بارے میں لکھا ہے کہ اس کی کنجیاں تین سو خچروں کا بوجھ بن جاتی تھیں۔ قرآن نے اس کی تصحیح کی اور فرمایا: اس کے خزانوں کی کنجیاں ایک طاقتور جماعت کے لیے بارگراں تھیں۔ مال کے بارے میں ادیان کا موقف ایک جیسا ہے کہ مال خود مقصد نہیں ہوتا بلکہ مال ایک ذریعہ اور ایک مقدس مقصد کے لیے وسیلہ ہے۔ وہ مقدس مقصد جہاں آخرت ہے، وہاں حیات دنیوی کی جائز ضروریات کی فراہمی بھی ہے: وَلَا تَنْسَ نَصِيْبَكَ مِنَ الدُّنْيَا ....

الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۷۷﴾

یقیناً اللہ فسادیوں کو پسند نہیں کرتا۔

قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ عِنْدِيْ ؕ اَوَلَمْ يَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَهْلَكَ مِنْ قَبْلِهٖ مِنَ الْقُرُوْنِ مَنْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُ قُوَّةً وَّ اَكْثَرُ جَمْعًا ؕ وَلَا يُسْـَٔلُ عَنْ ذُنُوْبِهِمُ الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۷۸﴾

۷۸۔ قارون نے کہا: یہ سب مجھے اس مہارت کی بنا پر ملا ہے جو مجھے حاصل ہے، کیا اسے معلوم نہیں ہے کہ اللہ نے اس سے پہلے بہت سی ایسی امتوں کو ہلاکت میں ڈال دیا جو اس سے زیادہ طاقت اور جمعیت رکھتی تھیں اور مجرموں سے تو ان کے گناہ کے بارے میں پوچھا ہی نہیں جائے گا۔☆

فَخَرَجَ عَلٰى قَوْمِهٖ فِيْ زِيْنَتِهٖ ؕ قَالَ الَّذِيْنَ يُرِيْدُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا يٰلَيْتَ لَنَا مِثْلَ مَآ اُوْتِيَ قَارُوْنُ ۙ اِنَّهٗ لَذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۷۹﴾

۷۹۔ (ایک روز) قارون بڑی آرائش کے ساتھ اپنی قوم کے سامنے نکلا تو دنیا پسند لوگوں نے کہا: اے کاش! ہمارے لیے بھی وہی کچھ ہوتا جو قارون کو دیا گیا ہے، بے شک یہ تو بڑا ہی قسمت والا ہے۔☆

وَ قَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ وَيْلَكُمْ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّمَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۚ وَلَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الصّٰبِرُوْنَ ﴿۸۰﴾

۸۰۔ اور جنہیں علم دیا گیا تھا وہ کہنے لگے: تم پر تباہی ہو! اللہ کے پاس جو ثواب ہے وہ ایمان لانے والوں اور نیک عمل انجام دینے والوں کے لیے اس سے کہیں بہتر ہے اور وہ صرف صبر کرنے والے ہی حاصل کریں گے۔☆

فَخَسَفْنَا بِهٖ وَبِدَارِهِ الْاَرْضَ ۫ فَمَا كَانَ لَهٗ مِنْ فِئَةٍ يَّنْصُرُوْنَهٗ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُنْتَصِرِيْنَ ﴿۸۱﴾

۸۱۔ پھر ہم نے قارون اور اس کے گھر کو زمین میں دھنسا دیا تو اللہ کے مقابلے میں کوئی جماعت اس کی نصرت کے لیے موجود نہ تھی اور نہ ہی وہ بدلہ لینے والوں میں سے تھا۔☆

وَاَصْبَحَ الَّذِيْنَ تَمَنَّوْا مَكَانَهٗ بِالْاَمْسِ يَقُوْلُوْنَ وَيْكَاَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ ۚ لَوْلَآ اَنْ مَّنَّ اللّٰهُ

۸۲۔ اور جو لوگ کل اس کی منزلت کی تمنا کر رہے تھے وہ کہنے لگے: دیکھتے نہیں ہو! اللہ اپنے بندوں میں سے جس کی چاہتا ہے روزی کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے، اگر اللہ

۷۸۔ یہ مال و دولت میری اپنی مہارت اور ہنر مندی کا نتیجہ ہے۔ اس میں کسی غیبی طاقت کا کوئی دخل نہیں۔ مادی انسان کی سوچ قدیم ایام سے یہی رہی ہے کہ جو عقل و فکر، مہارت، ہنر اور دولت اس کے پاس ہے وہ کسی کی عطا کردہ نہیں، بلکہ اس نے خود یہ چیزیں اپنے لیے بنائی ہیں۔

۷۹۔ سطحی سوچ رکھنے والے اور رازِ حیات سے ناواقف لوگ دنیا کے مال و منال کو ہی خوش قسمتی سمجھتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو ہمارے معاشرے میں خوشحال لوگ کہتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے سامنے صرف دنیاوی زندگی ہے۔

۸۰۔ جبکہ رازِ حیات کا علم رکھنے والے لوگ سمجھتے ہیں کہ مال و منال خوش قسمتی نہیں ہے، نہ ایسے لوگ خوشحال ہوتے ہیں، بلکہ دولت مند لوگ بے چین اور بے سکون ہوتے ہیں۔ دنیا پر آخرت کو ترجیح وہ لوگ دے سکتے ہیں جو اپنی خواہشات پر تسلط رکھتے ہوں اور وہ صبر والے ہی سمجھ سکتے ہیں۔

وَلَا يُلَقّٰىهَآ میں ضمیر ثواب کی طرف ہے۔ ثواب مثوبۃ کے معنی میں ہے یا اس کلمۃ کی طرف ہے جو اہل علم نے کہا ہے وہ کلمہ ثَوَابُ اللّٰهِ خَيْرٌ ہے۔

۸۱۔ قارون کا اپنے گھر اور مال دولت سمیت زندہ درگور ہونے کا ذکر توریت میں بھی ملتا ہے۔ (گنتی ۱۶:۲۰)

۸۲۔ وَيْكَاَنَّ: بعض کہتے ہیں کہ یہ وَيْلَكَ ہے، اس پر اَنَّ داخل ہوا ہے۔ اس کے معنی اَلَمْ تَرَ کے ہیں۔ بعض کے نزدیک وَیْ تہدید کے معنوں میں ہے، بعض کے نزدیک یہ لفظ وَيْلَكَ کے معنوں میں ہے۔

عَلَيْنَا لَخَسَفَ بِنَا ؕ وَيْكَاَنَّهٗ
لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۲﴾ ع ۱۱
تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا لِلَّذِيْنَ
لَا يُرِيْدُوْنَ عُلُوًّا فِي الْاَرْضِ وَلَا
فَسَادًا ؕ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿۸۳﴾
مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ خَيْرٌ
مِّنْهَا ۚ وَمَنْ جَآءَ بِالسَّيِّئَةِ فَلَا
يُجْزَى الَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ اِلَّا
مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۸۴﴾
اِنَّ الَّذِيْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ
لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ قُلْ رَّبِّيْٓ
اَعْلَمُ مَنْ جَآءَ بِالْهُدٰى وَمَنْ هُوَ
فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۸۵﴾
وَمَا كُنْتَ تَرْجُوْٓا اَنْ يُّلْقٰٓى اِلَيْكَ
الْكِتٰبُ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ فَلَا
تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۸۶﴾
وَلَا يَصُدُّنَّكَ عَنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ بَعْدَ اِذْ
اُنْزِلَتْ اِلَيْكَ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ وَلَا
تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۸۷﴾ ع
وَلَا تَدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۘ لَآ اِلٰهَ وقف لازم
اِلَّا هُوَ ؕ كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا
وَجْهَهٗ ؕ لَهُ الْحُكْمُ وَاِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۸﴾ ع الجزء ۲۰

ہم پر احسان نہ کرتا تو ہمیں بھی دھنسا دیتا، دیکھتے نہیں ہو! کافر فلاح نہیں پا سکتے۔☆

۸۳۔ آخرت کا گھر ہم ان لوگوں کے لیے بنا دیتے ہیں جو زمین میں بالادستی اور فساد پھیلانا نہیں چاہتے اور (نیک) انجام تو تقویٰ والوں کے لیے ہے۔

۸۴۔ جو شخص نیکی لے کر آئے گا اسے اس سے بہتر (اجر) ملے گا اور جو کوئی برائی لائے گا تو برے کام کرنے والوں کو صرف وہی بدلہ ملے گا جو وہ کرتے رہے ہیں۔☆

۸۵۔ (اے رسول) جس نے آپ پر قرآن (کے احکام کو) فرض کیا ہے وہ یقیناً آپ کو بازگشت تک پہنچانے والا ہے، کہہ دیجیے: میرا رب اسے خوب جانتا ہے جو ہدایت لے کر آیا ہے اور اسے بھی جو واضح گمراہی میں ہے۔☆

۸۶۔ اور آپ کو یہ امید نہ تھی کہ آپ پر یہ کتاب نازل کی جائے گی مگر آپ کے رب کی رحمت سے لہٰذا آپ کافروں کے پشت پناہ ہرگز نہ بنیں۔☆

۸۷۔ جب یہ آیات آپ کی طرف نازل ہو چکی ہیں تو کہیں یہ آپ کو اللہ کی آیات (کی تبلیغ) سے روک نہ دیں اور آپ اپنے رب کی طرف دعوت دیں اور آپ مشرکین میں ہرگز شامل نہ ہوں۔

۸۸۔ اور اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو نہ پکارو، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چیز فنا ہونے والی ہے سوائے اس کی ذات کے، حکومت کا حق اسی کو حاصل ہے اور اسی کی طرف تم سب پلٹائے جاؤ گے۔☆

۸۴۔ اسی آیت کے ذیل میں حدیث ہے: ویل لمن غلبت آحادہ أعشارہ (وسائل الشیعۃ ۱۶:۱۰۳) حسرت اس شخص کے لیے جس کی اکائیاں (برائی) اس کی دہائیوں (نیکیوں) پر غالب آ جائیں۔

۸۵۔ یہ آیت مکہ سے ہجرت کے موقع پر اس وقت نازل ہوئی جب حضورؐ کو وطن یاد آیا کہ جس ذات نے آپؐ پر تبلیغ قرآن کو فرض اور لازم قرار دیا ہے وہ آپ کو دوبارہ اس جگہ (مکہ) فاتحانہ انداز میں واپس کرنے والی ہے، جہاں سے آپ کو نکلنا پڑ رہا ہے۔ یہ پیش گوئی قلیل مدت میں درست ثابت ہوئی اور رسول کریم (ص) فاتحانہ انداز میں مکہ واپس آئے۔

۸۶۔ یعنی اگر رحمت رب آپؐ کے شامل حال نہ ہوتی تو آپؐ یہ امید تک نہیں کر سکتے تھے کہ یہ قرآن آپؐ پر نازل کیا جائے گا۔ ظاہر ہے اللہ کی رحمت سے ہٹ کر نبوت مل سکتی ہے، نہ قرآن نازل ہو سکتا ہے۔

تعجب ہے کہ بعض اہل قلم نے اس بات کے اثبات کے لیے کئی صفحات لکھ ڈالے کہ حضورؐ کو پہلے نبوت ملنے کی امید تک نہ تھی اور آپؐ نے اس کا کبھی سوچا بھی نہ تھا، بلکہ آپؐ وحی نازل ہونے کے بعد بھی شک میں رہے کہ یہ میرے ساتھ کیا ہو رہا ہے؟ ورقہ بن نوفل نے اس بات کی طرف توجہ دلا دی کہ آپؐ نبوت پر فائز ہو رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اللہ نے ایسے شخص سے رابطہ فرمایا جس کو اتنا بھی علم نہ تھا، جتنا ایک دوسرے شخص ورقہ بن نوفل کو تھا۔ ہم نے یہ بات کئی بار لکھی ہے کہ وحی کا تعلق صرف حواس ظاہری سے نہیں ہوتا۔ انبیاء وحی کو اپنے پورے وجود کے ساتھ حاصل کرتے ہیں، جس میں شک و تردید کی گنجائش نہیں ہوتی۔ جس قدر انہیں اپنے وجود پر یقین ہوتا ہے اسی قدر یقین سے وحی وصول کرتے ہیں۔

۸۸۔ وجھہ، ذاتہ، الوجہ سے ذات مراد لی جاتی ہے۔ جیسے وجہ النہار سے مراد خود دن لیا جاتا ہے۔ ذات خدا بنفسہ موجود ہے اور غیر خدا بنفسہ موجود نہیں ہے، بلکہ بارادۂ خدا موجود ہے۔ لہٰذا جب تک ارادۂ خدا موجود ہے، سب موجود ہیں اور جس آن ارادۂ خدا نہ ہو گا سب کی ہستی نابود ہو جائے گی۔

سورہ عنکبوت

۲۔ ایمان صرف ایک لفظ امنا کے تلفظ سے عبارت نہیں ہے بلکہ ایک نظام اور دستور حیات کو اپنانے اور اسے اپنانے کی راہ میں پیش آنے والی تمام مشکلات ومصائب کا مجاہدانہ مقابلہ کرنے نیز کردار و امانت کا نام ہے۔ اس ایمان کی کوئی قیمت نہیں جس کا انسان کے کردار پر کوئی اثر نہ ہو۔ اگر ایمان کا رتبہ اتنا ارزاں ہوتا کہ لب ہلانے سے حاصل ہو جاتا تو صادق و کاذب کی تمیز نہ ہوتی، مجاہد اور فراری میں کوئی فرق نہ ہوتا، ایمان کے لیے قربانی دینے والوں اور ایمان کے نام پر مفاد حاصل کرنے والوں میں بھی کوئی امتیاز نہ ہوتا۔

۳۔ آزمائش اور امتحان اللہ تعالیٰ کا دائمی قانون ہے جو تمام امتوں میں جاری رہا ہے۔ اللہ کو تو قدیم سے علم ہے کہ کون سچا اور کون جھوٹا ہے۔ لیکن امتحان کے ذریعے اللہ کا علم ظہور پذیر ہوتا ہے، علم کے مرحلے سے عمل کے مرحلے میں آ جاتا ہے اور عمل سے استحقاق کا مرحلہ آتا ہے۔ یعنی نیک عمل سے ثواب اور بدعمل سے عذاب کا مستحق ہونے کا مرحلہ آتا ہے۔

۵: لِقَآءَ اللّٰهِ سے مراد اللہ کے سامنے حساب کے لیے حاضر ہونا ہے، جہاں وہ تمام حجاب ہٹ جائیں گے جو دنیا میں اس کی آنکھوں کے سامنے تھے اور حقائق روشن ہو کر سامنے آئیں گے۔

۶۔ جہاد سے خود تمہیں ارتقا حاصل ہوتا ہے اور تمہارے ایمان کی صداقت ثابت ہو جاتی ہے ورنہ خدا تمہارے جہاد کا محتاج تو نہیں ہے۔

۷۔ ایمان کفر کا اور عمل صالح گناہوں کا کفارہ ہے۔ جیسا کہ حدیث میں ہے: صلوۃ اللیل کفارۃ لما اجترح بالنھار۔ (بحار الانوار ۸۴:۱۳۶) رات کی نمازیں دن کے گناہوں کا کفارہ ہیں۔

۸۔ اگرچہ اللہ کی بندگی کے بعد اولاد پر سب سے بڑا حق والدین کے ساتھ نیکی ہے، تاہم اللہ کے مقابلے میں والدین کو بھی نظر انداز کرنا ہوگا کیونکہ لا طاعۃ لمخلوق فی معصیۃ الخالق۔ (الفقیہ ۲:۶۲۱) خالق کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں ہے۔

۲۹ سُوْرَةُ الْعَنْكَبُوْتِ مَكِّيَّةٌ ۶۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ ①

اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْٓا اَنْ
يَّقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ ②

وَلَقَدْ فَتَنَّا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
فَلَيَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ
لَيَعْلَمَنَّ الْكٰذِبِيْنَ ③

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ
السَّيِّاٰتِ اَنْ يَّسْبِقُوْنَا ؕ سَآءَ مَا
يَحْكُمُوْنَ ④

مَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ اللّٰهِ فَاِنَّ
اَجَلَ اللّٰهِ لَاٰتٍ ؕ وَهُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ⑤

وَمَنْ جَاهَدَ فَاِنَّمَا يُجَاهِدُ لِنَفْسِهٖ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ⑥

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَنُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَ
لَنَجْزِيَنَّهُمْ اَحْسَنَ الَّذِيْ كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ⑦

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ
حُسْنًا ؕ وَاِنْ جَاهَدٰكَ لِتُشْرِكَ
بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا

سورہ عنکبوت۔ مکی۔ آیات ۶۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف، لام، میم۔

۲۔ کیا لوگوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ وہ صرف اتنا کہنے سے چھوڑ دیے جائیں گے کہ ہم ایمان لائے اور یہ کہ وہ آزمائے نہیں جائیں گے؟☆

۳۔ اور تحقیق ہم ان سے پہلوں کو بھی آزما چکے ہیں کیونکہ اللہ کو بہرحال یہ واضح کرنا ہے کہ کون سچے ہیں اور یہ بھی ضرور واضح کرنا ہے کہ کون جھوٹے ہیں۔☆

۴۔ برائی کے مرتکب افراد کیا یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ ہم سے بچ نکلیں گے؟ کتنا برا فیصلہ ہے جو یہ کر رہے ہیں۔

۵۔ جو اللہ کے حضور پہنچنے کی امید رکھتا ہے تو (وہ باخبر رہے کہ) اللہ کا مقرر کردہ وقت یقیناً آنے ہی والا ہے اور وہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۶۔ اور جو شخص جفاکشی کرتا ہے تو وہ صرف اپنے فائدے کے لیے جفاکشی کرتا ہے، اللہ تو یقیناً سارے عالمین سے بے نیاز ہے۔☆

۷۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے ہم ان سے ان کی برائیاں ضرور دور کر دیں گے اور انہیں ان کے بہترین اعمال کا صلہ بھی ضرور دیں گے۔☆

۸۔ اور ہم نے انسان کو اپنے والدین کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کا حکم دیا ہے، اگر تیرے ماں باپ میرے ساتھ شرک کرنے پر تجھ سے الجھ جائیں جس کا تجھے کوئی علم نہ ہو تو ان دونوں کا کہنا نہ ماننا، تم سب

تُطِعْهُمَا ؕ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ
فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸
وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَنُدْخِلَنَّهُمْ فِی الصّٰلِحِیْنَ ۝۹
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ
فَاِذَاۤ اُوْذِیَ فِی اللّٰهِ جَعَلَ فِتْنَةَ
النَّاسِ كَعَذَابِ اللّٰهِ ؕ وَلَىِٕنْ جَآءَ
نَصْرٌ مِّنْ رَّبِّكَ لَیَقُوْلُنَّ اِنَّا كُنَّا
مَعَكُمْ ؕ اَوَلَیْسَ اللّٰهُ بِاَعْلَمَ بِمَا
فِیْ صُدُوْرِ الْعٰلَمِیْنَ ۝۱۰
وَلَیَعْلَمَنَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ
لَیَعْلَمَنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ ۝۱۱
وَقَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا
اتَّبِعُوْا سَبِیْلَنَا وَلْنَحْمِلْ
خَطٰیٰكُمْ ؕ وَمَا هُمْ بِحٰمِلِیْنَ مِنْ
خَطٰیٰهُمْ مِّنْ شَیْءٍ ؕ اِنَّهُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ۝۱۲
وَلَیَحْمِلُنَّ اَثْقَالَهُمْ وَاَثْقَالًا مَّعَ
اَثْقَالِهِمْ ۫ وَلَیُسْـَٔلُنَّ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ
ع ۱۳/۱۳ عَمَّا كَانُوْا یَفْتَرُوْنَ ۝۱۳
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰی قَوْمِهٖ
فَلَبِثَ فِیْهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا
خَمْسِیْنَ عَامًا ؕ فَاَخَذَهُمُ

کی بازگشت میری طرف ہے، پھر میں تمہیں بتا دوں گا تم کیا کرتے رہے ہو؟☆

۹۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے انہیں ہم بہر صورت صالحین میں شامل کریں گے۔

۱۰۔ اور لوگوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو کہتے تو ہیں: ہم اللہ پر ایمان لائے لیکن جب اللہ کی راہ میں اذیت پہنچتی ہے تو لوگوں کی طرف سے پہنچنے والی اذیت کو عذاب الٰہی کی مانند تصور کرتے ہیں اور اگر آپ کے پروردگار کی طرف سے مدد پہنچ جائے تو وہ ضرور کہتے ہیں: ہم تو تمہارے ساتھ تھے، کیا اللہ کو اہل عالم کے دلوں کا حال خوب معلوم نہیں ہے؟☆

۱۱۔ اور اللہ نے یہ ضرور واضح کرنا ہے کہ ایمان والے کون ہیں اور یہ بھی ضرور واضح کرنا ہے کہ منافق کون ہیں؟☆

۱۲۔ اور کفار اہل ایمان سے کہتے ہیں: ہمارے طریقے پر چلو تو تمہارے گناہ ہم اٹھا لیں گے حالانکہ وہ ان گناہوں میں سے کچھ بھی اٹھانے والے نہیں ہیں، بے شک یہ لوگ جھوٹے ہیں۔☆

۱۳۔ البتہ یہ لوگ اپنے بوجھ ضرور اٹھائیں گے اور اپنے بوجھوں کے ساتھ مزید بوجھ بھی اور قیامت کے دن ان سے ضرور پرسش ہوگی اس بہتان کے بارے میں جو وہ باندھتے رہے ہیں۔

۱۴۔ اور بتحقیق ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ ان کے درمیان پچاس سال کم ایک ہزار سال رہے، پھر طوفان نے انہیں اس حال میں اپنی گرفت میں

۱۰۔ امن و آسائش کے دنوں میں ایمان کا اعلان کرتے ہیں، لیکن ایمان کی راہ میں جب تکلیف اٹھانی پڑے تو یہ سوچنے لگتے ہیں کہ ایمان نہ بھی لاتے تو اللہ کا عذاب، کیا اس عذاب سے بڑا ہوتا؟ اور فتح و نصرت آنے کی صورت میں اپنی وفاداری کا ڈنکا بجاتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایسے لوگوں کو دھوکہ دے رہے ہیں جو ان کے دلوں کے حال سے ناواقف ہیں۔ مکہ میں فتح و نصرت کا کوئی مرحلہ ابھی نہیں آیا تھا۔ ممکن ہے یہ آیت مدنی ہو، مگر یہ کہ نَصْرٌ سے مراد ہر قسم کی کامیابی لیا جائے، لیکن مکہ میں اِنَّا كُنَّا مَعَكُمْ ہم تمہارے ساتھ ہیں، کا مرحلہ تو نہیں آیا تھا۔ اس میں یہ توجیہ بعید معلوم ہوتی ہے کہ اس سے مراد امکان وقوع ہے، تحقق نہیں ہے۔ یعنی یہ بتانا مقصود ہے کہ آئندہ ایسا ہو سکتا ہے۔

۱۱۔ اگر یہ سورہ مکمل کی تسلیم کیا جائے تو اس سے ثابت ہو جاتا ہے کہ منافقت مکی دور سے شروع ہو چکی تھی۔ لیکن یہ بات بعید معلوم ہوتی ہے کہ مکے میں منافقت شروع ہوگئی ہو کہ زبان سے اسلام کا اظہار ہو اور دل میں کفر چھپا ہوا ہو، مگر یہ کہ منافقت سے ضعیف الایمان مراد لیے جائیں جو تھوڑی سی تکلیف پہنچنے پر عقیدہ بدل دیتے ہیں۔

۱۲۔ کیونکہ سزا اسے ملے گی جس نے جرم کیا ہے اور جس نے جرم کرنے پر اکسایا ہے تو اسے بھی سزا ملے گی۔ لیکن یہ ممکن نہیں ہے کہ جرم کوئی کرے سزا کسی کو ملے۔ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰی.

۱۴۔ توریت میں آیا ہے: ' طوفان کے بعد حضرت نوح (ع) ساڑھے تین سو برس زندہ رہے اور حضرت نوح (ع) کی ساری عمر ساڑھے نو سو برس کی تھی۔' یہ بات بعید از قیاس بھی نہیں ہے، کیونکہ حضرت نوح (ع) کے زمانے کے لوگ عام طور پر طویل العمر ہوتے تھے اور سات سو سال عمر گزارنا تو معمول تھا، کیونکہ وہ سو فیصد نیچر کے ساتھ ہم آہنگ زندگی بسر کرتے تھے۔

الطُّوْفَانُ وَهُمْ ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۴﴾
فَاَنْجَيْنٰهُ وَاَصْحٰبَ السَّفِيْنَةِ
وَجَعَلْنٰهَآ اٰيَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۵﴾
وَاِبْرٰهِيْمَ اِذْ قَالَ لِقَوْمِهِ اعْبُدُوا
اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۶﴾
اِنَّمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْثَانًا
وَّتَخْلُقُوْنَ اِفْكًا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ
تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَا
يَمْلِكُوْنَ لَكُمْ رِزْقًا فَابْتَغُوْا
عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَ
اشْكُرُوْا لَهٗ ؕ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾
وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ
مِّنْ قَبْلِكُمْ ؕ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۸﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا كَيْفَ يُبْدِئُ اللّٰهُ
الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى
اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۱۹﴾
قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا
كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ثُمَّ اللّٰهُ يُنْشِئُ
النَّشْاَةَ الْاٰخِرَةَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۰﴾ ج
يُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ وَيَرْحَمُ مَنْ

لیا کہ وہ ظلم کا ارتکاب کر رہے تھے۔☆

۱۵۔ پھر ہم نے نوح اور کشتی والوں کو نجات دی اور اس کشتی کو اہل عالم کے لیے نشانی بنا دیا۔

۱۶۔ اور ابراہیم کو بھی (بھیجا) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو، اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔

۱۷۔ تم تو اللہ کو چھوڑ کر بس بتوں کو پوجتے ہو اور جھوٹ گھڑ لیتے ہو، اللہ کے سوا تم جن کی پوجا کرتے ہو وہ تمہیں رزق دینے کا اختیار نہیں رکھتے، لہٰذا تم اللہ کے ہاں سے رزق طلب کرو اور اسی کی بندگی کرو اور اسی کا شکر ادا کرو، تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔☆

۱۸۔ اور اگر تم تکذیب کرو تو تم سے پہلے کی امتوں نے بھی تکذیب کی ہے اور رسول کی ذمے داری بس یہی ہے کہ واضح انداز میں تبلیغ کرے۔

۱۹۔ کیا انہوں نے (کبھی) غور نہیں کیا کہ اللہ خلقت کی ابتدا کیسے کرتا ہے پھر اس کا اعادہ کرتا ہے، یقیناً اللہ کے لیے یہ آسان ہے۔☆

۲۰۔ کہہ دیجیے: تم زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ (اللہ نے) خلقت کی ابتدا کیسے کی پھر اللہ دوسری خلقت پیدا کرے گا، یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۲۱۔ وہ جسے چاہتا ہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہتا ہے رحم فرماتا ہے اور تم اسی کی طرف

۱۷۔ بت کے متعلق ساری باتیں خود تمہاری گھڑی ہوئی ہیں۔ نہ تو یہ بت تمہارا خالق ہے، نہ تمہارا رازق ہے۔ تم اس واہمے سے نہیں، حقیقت سے وابستہ ہو جاؤ۔ مشرکین جن بتوں کی پوجا کرتے تھے وہ فرشتوں اور جنوں کی شبیہ تھے۔ وہ ان شبیہوں کی پوجا اس لیے کرتے تھے کہ وہ فرشتے اور جنات خوش ہو جائیں جن کے ہاتھ میں ان کا رزق ہے۔ فرمایا: ان بتوں کے ہاتھ میں تمہاری روزی نہیں ہے: فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ. تم اللہ کے ہاں سے رزق طلب کرو جو تمہارا حقیقی رازق ہے۔ لہٰذا رازق ہونے کے اعتبار سے بھی بندگی اللہ کی ہونی چاہیے اور شکر بھی اسی رازق کا ادا کرنا چاہیے۔

۱۹۔ دعوت فکر ہے کہ یہ واقعہ روز تمہارے سامنے پیش آتا رہتا ہے کہ اللہ ایک شئ کو عدم سے وجود میں لے آتا ہے، پھر وہ شئ اپنی مثل پیدا کرتی ہے۔ تولید مثل کا یہ عمل تمام حیوانات اور نباتات میں جاری رہتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے پہلے دانہ گندم سے گندم کی خلقت کی ابتدا کی۔ اس کے بعد اعادۂ خلق کا یہ سلسلہ جاری ہے۔ جب یہ عمل تمہارے روز کا مشاہدہ ہے تو خود تمہارے اعادہ خلق میں اللہ کو کون سی دشواری ہو گی؟

۲۰۔ سیر فی الارض سے احساس و شعور بیدار ہو جاتا ہے۔ مانوس مناظر سے شاید آنکھ نہ کھلے، لیکن جدید مناظر سے آنکھیں کھل سکتی ہیں، پھر سیر فی الارض سے کرۂ ارض کے مختلف گوشوں سے ابتدائے خلقت کے بارے میں معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ چنانچہ کھدائیوں سے کچھ ابتدائی معلومات حاصل ہو رہی ہیں۔ آیندہ نسلوں کو مزید معلومات حاصل ہونے کے بعد اگر راز حیات منکشف نہ بھی ہو لیکن عین ممکن ہے کہ اعادۂ حیات کا مسئلہ سائنسی طور پر بھی حل ہو جائے۔

زمین میں چل پھر کر ارضیاتی سطحی مطالعہ کیا جائے تو ابتدائے خلقت کا راز منکشف ہو جائے گا۔ نشأۃ اولیٰ کا مسئلہ حل ہونے پر نشأۃ اخریٰ بھی قابل فہم ہو جائے گا۔

يَّشَآءُ ۚ وَاِلَيْهِ تُقْلَبُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي الْاَرْضِ
وَلَا فِي السَّمَآءِ ۫ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ
ع ۲ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۲۲﴾
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَلِقَآئِهٖٓ
اُولٰٓئِكَ يَئِسُوْا مِنْ رَّحْمَتِيْ وَ
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۲۳﴾
فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ
قَالُوا اقْتُلُوْهُ اَوْ حَرِّقُوْهُ فَاَنْجٰىهُ
اللّٰهُ مِنَ النَّارِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَقَالَ اِنَّمَا اتَّخَذْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اَوْثَانًا ۙ مَّوَدَّةَ بَيْنِكُمْ فِي الْحَيٰوةِ
الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُ
بَعْضُكُمْ بِبَعْضٍ وَّيَلْعَنُ
بَعْضُكُمْ بَعْضًا ۫ وَّمَاْوٰىكُمُ
النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۲۵﴾
وقف لازم فَاٰمَنَ لَهٗ لُوْطٌ ۘ وَقَالَ اِنِّيْ
مُهَاجِرٌ اِلٰى رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۶﴾
وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَ
جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِ النُّبُوَّةَ وَالْكِتٰبَ
وَاٰتَيْنٰهُ اَجْرَهٗ فِي الدُّنْيَا ۚ وَاِنَّهٗ

لوٹائے جاؤ گے۔

۲۲۔ اور تم اللہ کو نہ زمین میں عاجز بنا سکتے ہو اور نہ آسمان میں اور اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی کارساز ہوگا اور نہ مددگار۔

۲۳۔ اور جنہوں نے اللہ کی آیات اور اس کی ملاقات کا انکار کیا وہ میری رحمت سے ناامید ہو چکے ہیں اور انہی کے لیے دردناک عذاب ہے۔☆

۲۴۔ تو اس (ابراہیم) کی قوم کا صرف یہ جواب تھا کہ وہ کہیں: انہیں قتل کر ڈالو یا جلا دو لیکن اللہ نے انہیں آگ سے بچا لیا، ایمان والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔☆

۲۵۔ اور ابراہیم نے کہا: تم صرف اس لیے اللہ کو چھوڑ کر بتوں کو لیے بیٹھے ہو کہ تمہارے درمیان دنیاوی زندگی کے تعلقات ہیں پھر قیامت کے دن تم ایک دوسرے کا انکار کرو گے اور ایک دوسرے پر لعنت بھیجو گے اور جہنم تمہارا ٹھکانا ہوگا اور تمہارا کوئی مددگار بھی نہ ہوگا۔☆

۲۶۔ اس وقت لوط ان پر ایمان لے آئے اور کہنے لگے میں اپنے رب کی طرف ہجرت کرتا ہوں، یقیناً وہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے☆

۲۷۔ اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب عنایت کیے اور ان کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھ دی اور انہیں دنیا ہی میں اجر دے دیا اور آخرت میں وہ صالحین میں

۲۳۔ جب وہ اللہ کے حضور جانے اور جنت و آخرت کے منکر ہیں تو ان کے لیے رحمت الٰہی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

۲۴۔ حضرت ابراہیم (ع) کی دعوت الی الحق کے مقابلے میں اس طاغوت کے پاس منطقی جواب نہیں تھا۔ بنابریں طاقت کی زبان استعمال کرتے ہوئے ان کو قتل کرنے یا آگ میں ڈالنے کا فیصلہ کیا تو حضرت ابراہیمؑ کے پاس اس سے بچنے کے مادی وسائل نہ تھے۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان کی مدد کی اور آگ کو گلزار میں تبدیل کر دیا۔ یہ اللہ کی سنت جاریہ ہے کہ جہاں اس کے بندے مادی وسائل نہ رکھتے ہوں اور دشمن پوری طاقت کے ساتھ مقابلے میں آ جائے تو اللہ کی مدد معجزے کے طور پر آ جاتی ہے اور اگر بندوں کے پاس مادی وسائل اور طاقت موجود ہو اور وہ دشمن کا مقابلہ نہ کر سکیں تو اللہ کی مدد نہیں آتی۔ دوسری قابل توجہ بات یہ ہے کہ نمرود والے اس عظیم معجزے کے مشاہدے کے بعد بھی ایمان نہیں لائے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کل کے مادہ پرست بھی محسوس معجزوں کے باوجود ایمان نہیں لائے۔

۲۵۔ آپس کے تعلقات اور برادری کی بندش ہی سبب ہے کہ تم اپنی برادری کے رسم و رواج سے باہر سوچتے نہیں ہو۔ اگر برادری کی بندش سے آزاد ہو جاتے تو حق بات تمہاری سمجھ میں آ جاتی۔ لیکن قیامت کے دن تم ایک دوسرے کے منکر اور دشمن بن جاؤ گے اور ایک دوسرے پر لعنت کرو گے۔

۲۶۔ آگ سے نجات کے بعد حضرت ابراہیمؑ کی یہ تقریر سن کر صرف حضرت لوط (ع) نے، جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے، حضرت ابراہیم (ع) کی نبوت و رسالت کی تائید کی اور ان کے ساتھ کلدان (عراق) سے ہجرت کر کے ماورائے اردن چلے گئے۔

۲۷۔ چنانچہ نمرود کا تخت و تاج مٹ گیا، لیکن نمرود کے ہاتھوں اسیر اور بے بس وہی ابراہیم (ع) چار

فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۲۷﴾
وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اِنَّكُمْ
لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا
مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۸﴾
اَىِٕنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ
وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ وَتَاْتُوْنَ فِيْ
نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ فَمَا كَانَ
جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّآ اَنْ قَالُوا ائْتِنَا
بِعَذَابِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۹﴾
قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ عَلَى الْقَوْمِ
الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۳۰﴾ ع ۲ ۸ ۱۵
وَلَمَّا جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِيْمَ
بِالْبُشْرٰى ۙ قَالُوْٓا اِنَّا مُهْلِكُوْٓا
اَهْلِ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ ۚ اِنَّ اَهْلَهَا
كَانُوْا ظٰلِمِيْنَ ﴿۳۱﴾
قَالَ اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا ؕ قَالُوْا نَحْنُ
اَعْلَمُ بِمَنْ فِيْهَا ۫ لَنُنَجِّيَنَّهٗ وَ
اَهْلَهٗٓ اِلَّا امْرَاَتَهٗ ۖ كَانَتْ مِنَ
الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۲﴾
وَلَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا لُوْطًا
سِيْٓءَ بِهِمْ وَضَاقَ بِهِمْ ذَرْعًا وَّ
قَالُوْا لَا تَخَفْ وَلَا تَحْزَنْ ۫ اِنَّا

سے ہوں گے۔☆
۲۸۔اور لوط کو بھی (رسول بنایا) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: بلاشبہ تم اس بے حیائی کا ارتکاب کرتے ہو جس کا تم سے پہلے اہل عالم میں سے کسی نے بھی ارتکاب نہیں کیا۔☆
۲۹۔کیا تم (شہوت رانی کے لیے) مردوں کے پاس جاتے ہو اور رہزنی کرتے ہو اور اپنی محافل میں برے کام کرتے ہو؟ پس ان کی قوم کا جواب صرف یہ تھا کہ وہ کہیں: ہم پر اللہ کا عذاب لے آؤ اگر تم سچے ہو۔☆
۳۰۔لوط نے کہا: پروردگارا! ان مفسدوں کے خلاف میری مدد فرما۔
۳۱۔ اور جب ہمارے فرستادہ (فرشتے) ابراہیم کے پاس بشارت لے کر پہنچے تو کہنے لگے: ہم اس بستی کے باسیوں کو ہلاک کرنے والے ہیں، یہاں کے باشندے یقیناً بڑے ظالم ہیں۔☆
۳۲۔ابراہیم نے کہا: اس بستی میں تو لوط بھی ہیں، وہ بولے ہم بہتر جانتے ہیں یہاں کون لوگ ہیں، ہم انہیں اور ان کے اہل کو ضرور بچائیں گے سوائے ان کی بیوی کے، جو پیچھے رہنے والوں میں ہوگی۔☆
۳۳۔ اور جب ہمارے فرستادے لوط کے پاس آئے تو لوط ان کی وجہ سے پریشان اور دل تنگ ہوئے تو فرشتوں نے کہا: خوف نہ کریں نہ ہی محزون ہوں، ہم آپ اور آپ کے گھر والوں کو بچانے والے

ہزار برس سے تمام ادیان سماوی کی امامت کر رہے ہیں۔
۲۸۔یعنی قوم لوط سے پہلے دنیا اس حرکت بد سے آشنا نہ تھی یا دنیا میں کسی قوم میں یہ بدفعلی اس قدر نہیں پھیلی جیسے اس قوم میں پھیلی ہے۔
۲۹۔قوم لوط کی بستی چونکہ شام جانے والے قافلوں کے راستے میں واقع تھی، وہ ان قافلوں پر رہزنی کرتے تھے اور اپنی بدکاریاں پوشیدہ طور پر نہیں کرتے تھے، بلکہ اس کے لیے محفلیں جماتے تھے۔ جیسا کہ آج پکچر گیلری، سینما، میوزک ہال وغیرہ میں بھی منکرات بجا لائے جاتے ہیں۔
۳۱۔فرشتے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئے اور اسحاق و یعقوب علیہما السلام کی ولادت کی بشارت دی، پھر بتایا ہمیں قوم لوط کی تباہی کے لیے بھیجا گیا ہے۔
هٰذِهِ الْقَرْيَةِ: چونکہ قوم لوط کی بستی شہر سدوم حضرت ابراہیمؑ کی بستی ارض مقدس کے نزدیک تھی۔
۳۲۔حضرت ابراہیمؑ قوم لوط پر عذاب نازل کرنے کے حق میں نہ تھے اور اِنَّ فِيْهَا لُوْطًا کہنے کا مطلب یہ ہے کہ جس قوم میں لوط موجود ہے اس پر عذاب نہ کر۔ جیسا کہ سورہ ہود میں فرمایا: يُجَادِلُنَا فِيْ قَوْمِ لُوْطٍ ۔ ابراہیم قوم لوط کے بارے میں ہم سے بحث کرتے تھے۔
لیکن اللہ کا فیصلہ حتمی تھا۔

مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ اِلَّا امْرَاَتَكَ
كَانَتْ مِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿۳۳﴾
اِنَّا مُنْزِلُوْنَ عَلٰٓى اَهْلِ هٰذِهِ
الْقَرْيَةِ رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا
يَفْسُقُوْنَ ﴿۳۴﴾
وَلَقَدْ تَّرَكْنَا مِنْهَآ اٰيَةًۢ بَيِّنَةً
لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَاِلٰى مَدْيَنَ اَخَاهُمْ شُعَيْبًا ۙ
فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَارْجُوا
الْيَوْمَ الْاٰخِرَ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ
مُفْسِدِيْنَ ﴿۳۶﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاَخَذَتْهُمُ الرَّجْفَةُ
فَاَصْبَحُوْا فِىْ دَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ ﴿۳۷﴾
وَعَادًا وَّثَمُوْدَا۟ وَقَدْ تَّبَيَّنَ لَكُمْ
مِّنْ مَّسٰكِنِهِمْ ۫ وَزَيَّنَ لَهُمُ
الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَصَدَّهُمْ عَنِ
السَّبِيْلِ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ ﴿۳۸﴾ۙ
وَقَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ ۫
وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ
فَاسْتَكْبَرُوْا فِى الْاَرْضِ وَمَا
كَانُوْا سٰبِقِيْنَ ﴿۳۹﴾ۚ
فَكُلًّا اَخَذْنَا بِذَنْۢبِهٖ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ
اَرْسَلْنَا عَلَيْهِ حَاصِبًا ۚ وَمِنْهُمْ

ہیں سوائے آپ کی بیوی کے جو پیچھے رہنے والوں میں ہوگی۔☆

۳۴۔ بے شک ہم اس بستی میں رہنے والوں پر آسمان سے آفت نازل کرنے والے ہیں اس بدعملی کی وجہ سے جس کا وہ ارتکاب کیا کرتے تھے۔

۳۵۔ اور تحقیق ہم نے عقل سے کام لینے والوں کے لیے اس بستی میں ایک واضح نشانی چھوڑی ہے۔☆

۳۶۔ اور (ہم نے) مدین کی طرف ان کی برادری کے شعیب (کو بھیجا) تو انہوں نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی بندگی کرو اور روز آخرت کی امید رکھو اور زمین میں فساد برپا نہ کرو۔

۳۷۔ پس انہوں نے شعیب کی تکذیب کی تو انہیں زلزلے نے گرفت میں لے لیا پس وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے۔☆

۳۸۔ اور عاد و ثمود کو (بھی ہلاک کیا) اور تحقیق ان کے مکانوں سے تمہارے لیے یہ بات واضح ہوگئی اور شیطان نے ان کے لیے ان کے اعمال کو آراستہ کیا اور انہیں راہ (راست) سے روکے رکھا حالانکہ وہ ہوش مند تھے۔☆

۳۹۔ اور قارون و فرعون اور ہامان کو (بھی ہم نے ہلاک کیا) اور تحقیق موسیٰ واضح دلائل لے کر ان کے پاس آئے تھے پھر بھی انہوں نے زمین میں تکبر کیا لیکن وہ (ہماری گرفت سے) نکل نہ سکے۔

۴۰۔ پس ان سب کو ان کے گناہ کی وجہ سے ہم نے گرفت میں لیا پھر ان میں سے کچھ

۳۳۔ یہ فرشتے حسین و جمیل جوانوں کی شکل میں آئے تھے اور حضرت لوط کو اپنی قوم کی بدکاری کی وجہ سے خوف لاحق ہوا کہ مہمانوں کی اہانت نہ ہو۔ چنانچہ واقعہ کا باقی حصہ سورہ ہود اور الحجر میں آیا ہے کہ ان لڑکوں کو دیکھ کر لوگوں نے حضرت لوط (ع) کے گھر پر ہجوم کیا اور ان مہمانوں کو ان کے حوالے کرنے کے لیے کہا۔

۳۵۔ یہ تصور مسلمہ شمار کیا جاتا ہے کہ ایک ہولناک زلزلے کے نتیجے میں شہر سدوم دھنس گیا اور اس جگہ بحیرہ مردار وجود میں آیا، جسے بحر لوط بھی کہا جاتا ہے۔ یہ نشانی آج بھی واضح طور پر دکھائی دیتی ہے۔ میں نے ۲۰۰۱ء میں بحیرہ مردار کا معائنہ کیا ہے۔ موجودہ اردن اور فلسطین کے درمیان واقع اس علاقے پر آج بھی موت کے آثار چھائے ہوئے ہیں۔

۳۷۔ سورہ ہود میں فرمایا: اس قوم کو خوفناک آواز نے ہلاک کیا ہے۔ ممکن ہے خوفناک دھماکے سے شدید زلزلے کے ساتھ خوفناک آواز بھی نکلی ہو۔

۳۸۔ وَكَانُوْا مُسْتَبْصِرِيْنَ: وہ ہوش مند تھے۔ اس جملے کی دو تفسیریں ہیں: ایک یہ کہ یہ قوم راہ راست سے منحرف ہونے سے پہلے دین فطرت دین توحید پر تھی۔ دوسری تفسیر یہ کی جاتی ہے کہ یہ لوگ شیطان کے ہتھے اس لیے نہیں چڑھے کہ یہ نادان لوگ تھے، بلکہ یہ خاصے عقل و خرد کے مالک تھے۔

پہلے بھی ذکر ہو چکا ہے کہ آج جن مقامات کو احقاف، یمن اور حضر موت کہتے ہیں، یہاں قوم عاد آباد تھی اور شمال حجاز میں رابغ سے لے کر عقبہ تک اور خیبر سے لے کر تبوک تک کے تمام علاقوں میں قوم ثمود آباد تھی۔

۴۰۔ چنانچہ گناہوں کی سزا کے طور پر قوم عاد پر پتھر برسائے، قوم ثمود کو دھماکے سے تباہ کیا، قارون کو زمین میں دھنسا دیا اور فرعون کو غرق کر دیا۔

یہ سزائیں خود ان کے کرتوتوں کے لازمی نتائج کے طور پر وقوع پذیر ہوئیں۔ ان سزاؤں کا یہ مطلب نہیں کہ اللہ نے ان پر ظلم کیا ہو۔ یہاں اہل مکہ کو یہ بتانا مقصود ہے کہ تم تاریخ کے اس مکافات عمل سے مستثنیٰ نہیں ہو۔ تمہارے ساتھ بھی یہی کچھ ہونے

مَّنْ اَخَذَتْهُ الصَّيْحَةُ ۚ وَمِنْهُمْ
مَّنْ خَسَفْنَا بِهِ الْاَرْضَ ۚ وَمِنْهُمْ
مَّنْ اَغْرَقْنَا ۚ وَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿۴۰﴾
مَثَلُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ
اَوْلِيَآءَ كَمَثَلِ الْعَنْكَبُوْتِ ۚ
اِتَّخَذَتْ بَيْتًا ۭ وَاِنَّ اَوْهَنَ
الْبُيُوْتِ لَبَيْتُ الْعَنْكَبُوْتِ ۘ لَوْ
كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾
اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ
مِنْ شَيْءٍ ۭ وَهُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ﴿۴۲﴾
وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ ۚ
وَمَا يَعْقِلُهَآ اِلَّا الْعٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾
خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
بِالْحَقِّ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً
لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۴۴﴾ ع ۱۴/۱۲
اُتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ الجزء ۲۱
وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ۭ اِنَّ الصَّلٰوةَ
تَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَاۗءِ وَالْمُنْكَرِ ۭ وَ
لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا
تَصْنَعُوْنَ ﴿۴۵﴾

پر تو ہم نے پتھر برسائے اور کچھ کو چنگھاڑ نے گرفت میں لیا اور کچھ کو ہم نے زمین میں دھنسا دیا اور کچھ کو ہم نے غرق کر دیا اور اللہ ان پر ظلم کرنے والا نہیں تھا مگر یہ لوگ خود اپنے آپ پر ظلم کر رہے تھے۔☆

۴۱۔ جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر دوسروں کو اپنا ولی بنایا ہے ان کی مثال اس مکڑی کی سی ہے جو اپنا گھر بناتی ہے اور گھروں میں سب سے کمزور یقیناً مکڑی کا گھر ہے اگر یہ لوگ جانتے ہوتے۔☆

۴۲۔ یہ لوگ اللہ کے علاوہ جس چیز کو پکارتے ہیں اللہ کو یقیناً اس کا علم ہے اور وہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

۴۳۔ اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں مگر ان کو علم رکھنے والے لوگ ہی سمجھ سکتے ہیں۔☆

۴۴۔ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے، اس میں ایمان والوں کے لیے یقیناً ایک نشانی ہے۔

۴۵۔ (اے نبی) آپ کی طرف کتاب کی جو وحی کی گئی ہے اس کی تلاوت کریں اور نماز قائم کریں، یقیناً نماز بے حیائی اور برائی سے روکتی ہے اور اللہ کا ذکر سب سے بڑی چیز ہے اور تم جو کرتے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے۔☆

والا ہے۔

۴۱۔ اس کائنات میں قوت کا سرچشمہ اللہ کی ذات ہے۔ اگر کسی کے پاس کوئی طاقت موجود ہے تو اسی سرچشمے سے متصل اور اسی طاقت کے ذیل میں واقع ہونے کی وجہ سے ہو سکتی ہے۔ اگر کوئی اس سلسلے سے باہر چلا جاتا ہے تو اس کی بے ثباتی اور ناتوانی مکڑی کے جالے کی طرح ہے، جو معمولی چوٹ کا بھی مقابلہ نہیں کر سکتا۔

۴۳۔ عام سطحی ذہن ان مثالوں میں مشبہ بہ (جس کی تشبیہ دی گئی ہے) کی طرف جاتا ہے۔ وہ عظیم ہے تو تمثیل عظیم، وہ حقیر ہے تو تمثیل حقیر ہے۔ جب کہ اہل علم کا ذہن وجہ شبہ کی طرف جاتا ہے۔ مکڑی کی مثال میں عامۃ الناس کا ذہن مکڑی کی طرف اور اہل علم کا ذہن ناپائیداری کی طرف جاتا ہے، جس سے اس مثال کی لطافت سمجھ میں آتی ہے۔

۴۵۔ دن میں پانچ مرتبہ اللہ کی بارگاہ میں جانے والا شخص اپنے آپ کو ہمیشہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر پاتا ہے اور اللہ کی بارگاہ میں بیٹھ کر بے حیائی اور برائی کا ارتکاب نہیں کر سکتا۔ البتہ ارتکاب گناہ ناممکن نہیں، ارتکاب کرنا ممکن رہ جاتا ہے۔ مگر جس کے دل میں یہ شعور بیدار ہو کہ وہ اللہ تعالیٰ کے حضور میں ہے وہ جرم کے ارتکاب سے شرماتا اور ڈرتا ہے۔ نماز نمازی کے ضمیر کو بیدار رکھتی ہے جس سے گناہ کا احساس بھی زندہ رہتا ہے۔ رہا یہ سوال کہ پھر بہت سے نمازی بدعمل کیوں ہوتے ہیں؟ اس کا جواب یہ ہے کہ نماز برائیوں سے روکنے کے لیے علت تامہ نہیں ہے، مقتضی ہے۔ مثلاً دوستی کسی کی حمایت کے لیے مقتضی ہے، علت تامہ نہیں۔ ممکن ہے دیگر تقاضوں سے متصادم باتوں کی وجہ سے دوستی کے تقاضے پورے نہ ہوں۔ پھر نماز اگر صرف عادت کے طور پر پڑھی جائے، ضمیر اور وجدان نماز نہ پڑھے تو ایسی نمازوں کے اثرات بھی کمزور ہوتے ہیں۔

لَذِكْرُ اللّٰهِ اَكْبَرُ: نماز اللہ کا ذکر ہے اور ذکر خدا فحشاء و منکر کو دور کرنے سے بڑا ہے یا تمام اعمال سے بڑا ہے یا قابل وصف و بیان سے بڑا ہے۔

وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا
بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۖ اِلَّا الَّذِيْنَ
ظَلَمُوْا مِنْهُمْ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِيْٓ
اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَ
اِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ
مُسْلِمُوْنَ ﴿۴۶﴾
وَكَذٰلِكَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ ۭ
فَالَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يُؤْمِنُوْنَ
بِهٖ ۚ وَمِنْ هٰٓؤُلَاۗءِ مَنْ يُّؤْمِنُ بِهٖ ۭ وَ
مَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الْكٰفِرُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَمَا كُنْتَ تَتْلُوْا مِنْ قَبْلِهٖ مِنْ
كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا
لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۴۸﴾
بَلْ هُوَ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ فِيْ صُدُوْرِ
الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ ۭ وَمَا يَجْحَدُ
بِاٰيٰتِنَآ اِلَّا الظّٰلِمُوْنَ ﴿۴۹﴾
وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ
رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَ
اِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۵۰﴾
اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ
الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۱﴾ ع
قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ

۴۶۔ اور تم اہل کتاب سے مناظرہ نہ کرو مگر بہتر طریقے سے سوائے ان لوگوں کے جو ان میں سے ظلم کے مرتکب ہوئے ہیں اور کہدو کہ ہم اس (کتاب) پر ایمان لائے ہیں جو ہماری طرف نازل کی گئی ہے اور اس (کتاب) پر بھی جو تمہاری طرف نازل کی گئی ہے اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اسی کے فرمانبردار ہیں۔☆

۴۷۔ اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف کتاب نازل کی ہے، پس جنہیں ہم نے کتاب دی ہے وہ اس پر ایمان لاتے ہیں اور ان لوگوں میں سے بھی بعض اس پر ایمان لے آئے ہیں اور صرف کفار ہی ہماری آیات کا انکار کرتے ہیں۔

۴۸۔ اور (اے نبی) آپ اس (قرآن) سے پہلے کوئی کتاب نہیں پڑھتے تھے اور نہ ہی اسے اپنے ہاتھ سے لکھتے تھے، اگر ایسا ہوتا تو اہل باطل شبہ کر سکتے تھے۔☆

۴۹۔ بلکہ یہ روشن نشانیاں ان کے سینوں میں ہیں جنہیں علم دیا گیا ہے اور ہماری آیات کا انکار وہی کرتے ہیں جو ظالم ہیں۔

۵۰۔ اور لوگ کہتے ہیں: اس شخص پر اس کے رب کی طرف سے نشانیاں کیوں نہیں اتاری گئیں؟ کہہ دیجیے: نشانیاں تو بس اللہ کے پاس ہیں اور میں تو صرف واضح طور پر تنبیہ کرنے والا ہوں۔☆

۵۱۔ کیا ان کے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے آپ پر کتاب نازل کی ہے جو انہیں سنائی جاتی ہے؟ ایمان لانے والوں کے لیے یقیناً اس (کتاب) میں رحمت اور نصیحت ہے۔

۵۲۔ کہہ دیجیے: میرے اور تمہارے درمیان

۴۶۔ اس آیت میں اصول مناظرہ بیان فرمایا ہے کہ کسی سے اگر مناظرہ کرنا ہو تو اختلافی مسائل کو پیش کرنے کی بجائے فریقین میں مشترکات کو زیر بحث لانا چاہیے۔ ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہے۔ پھر اس بات پر بحث ہو کہ اس قدر مشترک پر کون سا فریق قائم ہے۔

۴۸۔ اگر مشرکین نے کبھی حضور کو پڑھتے اور لکھتے دیکھ لیا ہوتا تو انہیں شکوک وشبہات پیدا کرنے کا بہانہ مل جاتا کہ یہ قرآن وحی نہیں ہے بلکہ دوسری کتابوں سے ماخوذ ہے۔ واضح رہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سیاہی کی لکیروں کو نہیں پڑھتے تھے جو انسانوں کی کھینچی ہوئی ہیں، کیونکہ آپ کا علم ان سے ماوراء تھا۔ وہ لوح محفوظ کی تحریریں پڑھ کر آئے تھے۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ ان تحریروں کو بھی پڑھ اور لکھ سکتے تھے۔ قرآن میں امکان اور صلاحیت کی نفی نہیں ہے، بلکہ وقوع کی نفی ہے کہ آپ ان کتابوں کے محتاج نہ تھے، لہٰذا ان کو پڑھنے کا کبھی اتفاق نہیں ہوا، نہ یہ کہ پڑھنے سے معذور تھے۔ معاندین اسلام، رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بارے میں اصرار کرتے ہیں کہ وہ پڑھتے اور لکھتے تھے، جبکہ حضور اگر لکھتے اور پڑھتے ہوتے تو مکے کے ناخواندہ معاشرے میں یہ بات نمایاں طور پر سب کو معلوم ہوتی اور آج کل کے معاندین کی بہ نسبت مکہ کے معاندین کو اس الزام کی زیادہ ضرورت تھی۔

۵۰۔ نشانیاں یعنی معجزے۔ منکرین یہ خیال کرتے تھے کہ جو بھی دعوائے نبوت کرتا ہے اس کے ہاتھ میں ساری غیبی طاقت موجود ہوا کرتی ہے۔ اس آیت میں فرمایا: یہ غیبی طاقت اللہ کے پاس ہے۔ دوسری آیت ۵۱ میں فرمایا: کیا معجزہ کے لیے یہ کتاب کافی نہیں ہے، یعنی قرآن۔ باقی انبیاء کو جو معجزات دیے گئے ہیں وہ ان لوگوں تک محدود تھے جنہوں نے مشاہدہ کیا ہے۔ یعنی وہ محدود اور حسی معجزات تھے۔ لیکن قرآن کریم ایک ابدی معجزہ ہے اور کسی زمانے میں محدود نہیں ہے اور یہ عقلی

شَهِيْدًا ۚ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ
وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ ۙ اُولٰۗىِٕكَ هُمُ
الْخٰسِرُوْنَ ۝۵۲
وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَلَوْلَا
اَجَلٌ مُّسَمًّى لَّجَاۗءَهُمُ
الْعَذَابُ ۭ وَلَيَاْتِيَنَّهُمْ بَغْتَةً
وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ۝۵۳
يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ۭ وَاِنَّ
جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝۵۴ۙ
يَوْمَ يَغْشٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ فَوْقِهِمْ
وَمِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ وَيَقُوْلُ
ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۵۵
يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ اَرْضِيْ
وَاسِعَةٌ فَاِيَّايَ فَاعْبُدُوْنِ ۝۵۶
كُلُّ نَفْسٍ ذَاۗىِٕقَةُ الْمَوْتِ ۣ
ثُمَّ اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۝۵۷
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَنُبَوِّئَنَّهُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ غُرَفًا
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَا ۭ نِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝۵۸ۚ
الَّذِيْنَ صَبَرُوْا وَعَلٰي رَبِّهِمْ
يَتَوَكَّلُوْنَ ۝۵۹

گواہی کے لیے اللہ کافی ہے، وہ ان سب چیزوں کو جانتا ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہیں اور جو لوگ باطل پر ایمان لائے اور اللہ کے منکر ہوئے وہی خسارے میں ہیں۔☆

۵۳۔ اور یہ لوگ آپ سے عذاب میں عجلت چاہتے ہیں اور اگر ایک وقت مقرر نہ ہوتا تو ان پر عذاب آ چکا ہوتا اور وہ (عذاب) ان پر اچانک ایسے حال میں آ کر رہے گا کہ انہیں خبر تک نہ ہو گی۔☆

۵۴۔ یہ لوگ آپ سے عذاب میں عجلت چاہتے ہیں حالانکہ دوزخ کفار کو گھیرے میں لے چکی ہے۔

۵۵۔ اس دن عذاب انہیں ان کے اوپر سے اور ان کے پاؤں کے نیچے سے گھیر لے گا اور (اللہ) کہے گا: اب ذائقہ چکھو ان کاموں کا جو تم کیا کرتے تھے۔

۵۶۔ اے میرے مومن بندو! میری زمین یقیناً وسیع ہے پس صرف میری عبادت کیا کرو۔☆

۵۷۔ ہر نفس کو موت (کا ذائقہ) چکھنا ہے پھر تم ہماری طرف پلٹائے جاؤ گے۔☆

۵۸۔ اور جو لوگ ایمان لائیں اور نیک کام کریں ہم انہیں جنت کے بلند و بالا محلات میں جگہ دیں گے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جہاں وہ ہمیشہ رہیں گے، عمل کرنے والوں کے لیے کیا ہی اچھا اجر ہے.

۵۹۔ جنہوں نے صبر کیا اور اپنے رب پر بھروسا کرتے ہیں۔☆

اور علمی معجزہ ہے جو انسان کو اس کی عقلی اور فکری بلوغت کے بعد دیا گیا ہے۔

۵۲۔ رسول (ص) کی رسالت پر اللہ کی گواہی یہ ہے کہ اللہ نے قرآن جیسا کلام نازل کر کے اس رسالت کی حقانیت پر گواہی دی ہے۔ وہ یہ نہیں کہ سکتے کہ قرآن کلام اللہ نہیں ہے، چونکہ قرآن نے بارہا چیلنج کیا ہے کہ اگر یہ کلام اللہ نہیں ہے تو اس جیسا کلام پیش کرو۔

۵۳۔ یہ لوگ آپؐ سے یہ مطالبہ بار بار کر رہے ہیں کہ اگر آپؐ سچے ہیں تو وہ عذاب لے آئیں جس کی ہمیں دھمکی دی جاتی ہیں۔ جواب میں فرمایا: اگر حکمت الٰہی کے تحت اس عذاب کا وقت مقرر نہ ہوتا اور عدل الٰہی کے تحت تم کو مہلت دینا ضروری نہ ہوتا تو اس عذاب کے آنے میں دیر نہ لگتی۔

۵۶۔ اگر وطن اللہ کی بندگی میں آڑے آئے اور کسی وطن میں اللہ کی بندگی ممکن نہ ہو تو اللہ کی بندگی کے مقابلے میں وطن کی کوئی اہمیت نہیں ہے۔ لہٰذا خدا کی بندگی ہمیشہ وطنیت اور قومیت پر مقدم ہوا کرتی ہے۔

۵۷۔ وطن چھوڑنے اور ایمان لانے سے موت کے مسئلے پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ ہر جاندار کے لیے موت مقدر ہے۔ دیکھنا یہ چاہیے کہ موت کے بعد نجات کس بات میں ہے۔ لہٰذا اس زندگی کے بارے میں زیادہ نہ سوچو کہ اسے ہر صورت میں ختم ہونا ہے، بلکہ اس زندگی کے بارے میں سوچو جو باقی رہنے والی ہے۔

۵۹۔ نیک اعمال دو ستونوں پر قائم ہو سکتے ہیں: صبر و استقامت اور اللہ پر بھروسہ۔ صبر انسان کو مشکلات کے مقابلے میں چٹان کی طرح مضبوط بناتا ہے، توکل اطمینان دلاتا ہے۔ صبر دشمن کی سازشوں کو حقیر دکھاتا ہے، توکل انجام بخیر ہونے کی امید دلاتا ہے۔ صبر دشمن کی حشمت کو نظر انداز کرتا ہے، توکل کو اللہ کی حشمت و قوت نظر آتی ہے۔ صبر ایک عظیم طاقت ہے، توکل اس طاقت کا سرچشمہ ہے۔

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اَللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿۶۰﴾

۶۰۔ اور بہت سے جانور ایسے ہیں جو اپنا رزق اٹھائے نہیں پھرتے، اللہ ہی انہیں رزق دیتا ہے اور تمہیں بھی اور وہ بڑا سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۶۰۔ ہجرت کی صورت میں یہ نہ سوچو کہ کاروبار گھر بار چھوڑنے کے بعد پردیس میں کہاں سے کھائیں گے؟ اس سلسلے میں ان پرندوں سے سبق سیکھو جو اپنا رزق ذخیرہ نہیں کرتے۔ اللہ ہر روز کی روزی ان کو عنایت فرماتا ہے۔ ہجرت کر کے جہاں اور جس جگہ جاؤ گے وہاں اللہ روزی پہنچا دے گا۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۱﴾

۶۱۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا اور سورج اور چاند کو کس نے مسخر کیا تو ضرور کہیں گے: اللہ نے، تو پھر یہ کہاں الٹے جا رہے ہیں؟☆

۶۱۔ سوال مشرکین سے ہے کہ اگر آسمانوں اور زمین کا خالق اور سورج اور چاند کو مسخر کرنے والی اللہ کی ذات ہے تو معلوم ہوا کہ تدبیر کائنات کے لیے جو تخلیق و تسخیر چاہیے وہ کسی اور کے پاس نہیں ہے۔

اَللّٰهُ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ۚ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۲﴾

۶۲۔ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے، اللہ یقیناً ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔

۶۲۔ اللہ اپنے بندوں میں سے جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے، اللہ یقیناً ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ نَّزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِ مَوْتِهَا لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ۚ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع ۴ ۲

۶۳۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں کہ آسمان سے پانی کس نے نازل کیا اور اس کے ذریعے زمین کو مردہ ہونے کے بعد کس نے زندہ کر دیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، کہہ دیجیے: الحمد للّٰہ، البتہ اکثر لوگ نہیں سمجھتے۔☆

۶۳۔ اسی طرح اگر اللہ بارش برساتا ہے اور وہ زمین کو آباد کرتا ہے تو تمہارے معبود کس پانی اور کس زمین سے تمہیں روزی فراہم کرتے ہیں؟

وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ ۚ وَاِنَّ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ لَهِيَ الْحَيَوَانُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۴﴾ وقف لازم

۶۴۔ اور دنیاوی زندگی تو جی بہلانے اور کھیل کے سوا کچھ نہیں اور آخرت کا گھر ہی زندگی ہے، اگر انہیں کچھ علم ہوتا۔☆

۶۴۔ دنیا کی وہ زندگی جو مرضی رب کے خلاف اختیار کی جاتی ہے وہ بے مقصد زندگی ہے اور خود انسان بھی اس صورت میں نیچر (Nature) کے ہاتھوں ایک کھلونا بن جاتا ہے یعنی اس کا مشقت اٹھانا، بیمار ہونا اور مر جانا سب بے مقصد ہو کر رہ جاتے ہیں۔ اس کے تمام کاموں کی مقصدیت ایک کھیل سے زیادہ نہیں ہوتی۔ البتہ اگر یہ دنیاوی زندگی آخرت کے لیے مرضی رب کے ساتھ گزار دی جائے تو اس زندگی کا ہر لمحہ نہایت قیمتی بن جاتا ہے۔ یہاں تک کہ اس زندگی کا ایک ایک لمحہ آخرت کی زندگی کے کھربوں سالوں کے لیے تقدیر ساز ثابت ہو سکتا ہے۔

لَهِيَ الْحَيَوَانُ: آخرت کی زندگی ہی زندگی ہے۔ اس حقیقی اور دائمی زندگی کو بعض اہل تحقیق کے مطابق قرآن نے ایک ہزار سات سو آیات میں بیان فرمایا ہے۔ یعنی قرآن کا ایک تہائی حصہ اس زندگی کو باور کرانے کے لیے ہے۔

فَاِذَا رَكِبُوْا فِی الْفُلْكِ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ اِذَا هُمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۵﴾ لا

۶۵۔ وہ جب کشتی پر سوار ہوتے ہیں تو اللہ کو خلوص کے ساتھ پکارتے ہیں پھر جب وہ انہیں نجات دے کر خشکی تک پہنچا دیتا ہے تو وہ شرک کرنے لگتے ہیں۔☆

۶۵۔ اگر تمہارے معبود سمندروں میں تمہاری فریاد کو نہیں پہنچ جاتے تو خشکی میں تمہاری کون سی مدد کر سکیں گے؟

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ۚ وَلِيَتَمَتَّعُوْا ۟ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۶۶﴾

۶۶۔ تاکہ ہم نے جو انہیں (نجات) بخشی ہے اس کی ناشکری کریں اور مزے لوٹیں لہٰذا عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

یہ ہیں مشرکین کے عقائد میں تضادات اور فکری اضطراب کہ ان کا موقف خود ان کے نظریات کو باطل ثابت کرتا ہے۔

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا جَعَلْنَا حَرَمًا

۶۷۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے ایک پرامن حرم بنا دیا ہے جب کہ لوگ ان

۶۷۔ عرب جاہلیت کی اس بدامنی میں ایک امن کی

اٰمِنًا ۭ وَّيُتَخَطَّفُ النَّاسُ مِنْ
حَوْلِهِمْ ۭ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ
وَبِنِعْمَةِ اللّٰهِ يَكْفُرُوْنَ ۝۶۷
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى
اللّٰهِ كَذِبًا اَوْ كَذَّبَ بِالْحَقِّ لَمَّا
جَاۗءَهٗ ۭ اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى
لِّلْكٰفِرِيْنَ ۝۶۸
وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ
سُبُلَنَا ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَمَعَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۶۹ ع

۳۰ سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ ۶۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝۱
غُلِبَتِ الرُّوْمُ ۝۲
فِيْٓ اَدْنَى الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ
غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ ۝۳
فِيْ بِضْعِ سِنِيْنَ ۭ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ
قَبْلُ وَمِنْۢ بَعْدُ ۭ وَيَوْمَىِٕذٍ يَّفْرَحُ
الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۴
بِنَصْرِ اللّٰهِ ۭ يَنْصُرُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَ
هُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۵
وَعْدَ اللّٰهِ ۭ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَ
لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۶
يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ

کے گردونواح سے اچک لیے جاتے تھے؟ کیا یہ لوگ باطل پر ایمان لاتے ہیں اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں۔☆

۶۸۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے اور جب حق اس کے سامنے آ چکا ہو تو اس کی تکذیب کرے؟ کیا جہنم میں کفار کے لیے ٹھکانا نہیں ہے؟

۶۹۔ اور جو ہماری راہ میں جہاد کرتے ہیں ہم انہیں ضرور اپنے راستے کی ہدایت کریں گے اور بتحقیق اللہ نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔☆

سورۃ روم ۔ مکی ۔ آیات ۶۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف ، لام ، میم۔

۲۔ رومی مغلوب ہو گئے،☆

۳۔ قریبی ملک میں اور وہ مغلوب ہونے کے بعد عنقریب غالب ہو جائیں گے،☆

۴۔ چند سالوں میں، پہلے بھی اور بعد میں بھی اختیار کل اللہ کو حاصل ہے، اہل ایمان اس روز خوشیاں منائیں گے،☆

۵۔ اللہ کی مدد پر، اللہ جسے چاہتا ہے نصرت عطا فرماتا ہے اور وہ غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

۶۔ یہ اللہ کا وعدہ ہے، اللہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

۷۔ لوگ تو دنیا کی ظاہری زندگی کے بارے

جگہ (مکہ) تمہارے لیے کس نے بنائی؟ یہ امن کی جگہ اللہ نے بنائی پھر بھی یہ لوگ اس کی قدردانی نہیں کرتے۔

۶۹۔ پہلے ہم راہ خدا میں جہاد کریں پھر اللہ سے مشکل کشائی کی امید رکھیں۔ لہٰذا ہمیں پہل کرنا ہوگی، پھر ہم اللہ کی ہدایت کے اہل ہوں گے۔ یہ درست نہیں ہے کہ اللہ سے توقع وابستہ کر کے ہاتھ پر ہاتھ دھر کے بیٹھ جائیں تا کہ وہ ہمیں مفت میں ہدایت دے۔ یہ اللہ تعالیٰ کی سنت جاریہ ہے کہ اللہ پہل نہیں کرتا۔ کیونکہ اگر اللہ پہل کرے تو بلا استحقاق سب کو دے یا بعض کو بلاوجہ دے بعض کو بلا وجہ نہ دے یہ سب اللہ کی حکمت اور عدالت کے منافی ہے۔

سورہ روم

۲۔ روم سے مراد قدیم ”رومن ایمپائر“ کا وہ مشرقی حصہ ہے جو ۳۹۵ء میں اس سے کٹ کر خود ایک الگ سلطنت بن گیا۔ مسیحیوں کے قبضے میں یہ سلطنت ۱۴۵۴ء تک رہی۔ اس کے بعد ترکوں کے قبضے میں آ گئی۔ اس کا دارالحکومت استنبول یا قسطنطنیہ تھا اور اسی کا قدیم نام ”جدید روم“ بھی ہے۔ شام، فلسطین اور ایشیائے کوچک کے علاقے سب اسی میں شامل تھے۔ (دریابادی)

رومیوں پر ایرانیوں کا غلبہ ۶۱۵ء میں پورا ہوا، جو تقریباً ۶ سال قبل از ہجرت ہے۔ یہی اس آیت کے نزول کا زمانہ ہے۔ مشرکین مکہ ایرانی مجوسیوں کے غلبے پر خوش تھے، کیونکہ مجوسی بھی توحید، وحی اور نبوت کے قائل نہ تھے، اس وجہ سے وہ مشرکین کے قریب المذہب سمجھے جاتے تھے۔ جبکہ رومی عیسائی وحی و رسالت کے ماننے والے اور مسلمانوں کے قریب المذہب تھے۔

۳۔۴ قرآن کا ایک عظیم زندہ معجزہ ہے کہ رومیوں کی شکست کی خبر کے ساتھ چند سالوں میں ایرانیوں پر رومیوں کے غالب آنے کی پیشگوئی فرما دی اور مدت کا تعین بھی لفظ بِضْع کے ساتھ فرمایا، کیونکہ لفظ بِضْع کا اطلاق تین سے دس تک کی مقدار پر ہوتا ہے جو ۶۲۴ء میں پوری ہو گئی اور رومیوں کو ایرانیوں پر فتح مل گئی۔ اسی سال جنگ بدر میں مسلمانوں کو عظیم فتح حاصل ہوئی۔

الدُّنْيَا ۚ وَهُمْ عَنِ الْاٰخِرَةِ هُمْ
غٰفِلُوْنَ ۝۷

میں جانتے ہیں اور آخرت سے غافل ہیں۔

اَوَلَمْ يَتَفَكَّرُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ ۭ
مَا خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ
وَمَا بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ
مُّسَمًّى ۭ وَاِنَّ كَثِيْرًا مِّنَ النَّاسِ
بِلِقَاۗئِ رَبِّهِمْ لَكٰفِرُوْنَ ۝۸

۸۔ کیا انہوں نے اپنے (دل کے) اندر یہ غور و فکر نہیں کیا کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کو برحق اور معینہ مدت کے لیے خلق کیا ہے؟ اور لوگوں میں یقیناً بہت سے ایسے ہیں جو اپنے رب کی ملاقات کے منکر ہیں۔☆

اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ كَانُوْٓا اَشَدَّ مِنْهُمْ
قُوَّةً وَّاَثَارُوا الْاَرْضَ وَعَمَرُوْهَآ
اَكْثَرَ مِمَّا عَمَرُوْهَا وَجَاۗءَتْهُمْ
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ فَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ۝۹

۹۔ کیا یہ لوگ زمین میں چلے پھرے نہیں ہیں کہ دیکھ لیتے کہ ان سے پہلوں کا کیا انجام ہوا؟ جب کہ وہ قوت میں ان سے زیادہ تھے انہوں نے زمین کو تہ و بالا کیا (بویا جوتا) اور انہوں نے زمین کو ان سے کہیں زیادہ آباد کر رکھا تھا جتنا انہوں نے زمین کو آباد کر رکھا ہے اور ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل لے کر آئے، پس اللہ تو ان پر ظلم نہیں کرتا بلکہ یہ لوگ خود اپنے آپ پر ظلم کرتے ہیں۔☆

ثُمَّ كَانَ عَاقِبَةَ الَّذِيْنَ اَسَاۗءُوا
السُّوْٓآٰى اَنْ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَكَانُوْا
بِهَا يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۱۰ ع

۱۰۔ پھر جنہوں نے برا کیا ان کا انجام بھی برا ہوا کیونکہ انہوں نے اللہ کی نشانیوں کی تکذیب کی تھی اور وہ ان کا مذاق اڑاتے تھے۔

اَللّٰهُ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ ثُمَّ
اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱

۱۱۔ اللہ خلقت کی ابتدا فرماتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ فرماتا ہے پھر تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔☆

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ
الْمُجْرِمُوْنَ ۝۱۲

۱۲۔ اور جس روز قیامت برپا ہو گی مجرمین ناامید ہوں گے۔☆

وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَاۗىِٕهِمْ

۱۳۔ اور ان کے بنائے ہوئے شریکوں میں

۸۔ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ: کیا وہ اپنے اندر، یعنی اپنے دل میں نہیں سوچتے کہ اس کائنات کو عبث اور لغو نہیں، ایک مقصد و حکمت کے تحت بنایا ہے اور ایک مدت معین کے لیے خلق کیا ہے۔ اس معین مدت کے بعد آخرت کا عالم شروع ہو گا۔ بعض نے فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ کے معنی یہ کیے ہیں: کیا انہوں نے اپنے وجود کے بارے میں فکر نہیں کیا۔ لیکن یہ معنی سیاق آیت کے خلاف ہے۔ اگرچہ اپنی جگہ یہ بات بھی درست ہے کہ انسان خود اپنے بارے میں فکر کرے تو سمجھ جاتا ہے کہ اس انسان کو اللہ نے اس دنیاوی زندگی کے لیے نہیں بنایا۔ اگر ایسا ہوتا تو جس قدر اس زندگی کی آسائشیں اسے مل جاتیں اسی قدر اسے زیادہ سکون مل جاتا، جبکہ ایسا نہیں ہے، بلکہ جس قدر کسی کے پاس یہ دنیا زیادہ آتی ہے وہ زیادہ بے سکون ہو جاتا ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کائنات کی اصل منزل دنیوی زندگی نہیں ہے۔

۹۔ اَثَارُ کے معنی تہ و بالا کرنے کے ہیں جو آباد کاری کے لیے کیا جاتا ہے۔ زمین کو تہ و بالا کرنے میں زراعت بھی شامل ہے نیز کان کنی اور نہریں بنانا بھی۔

۱۱۔ اللہ کے لیے جب خلقت کی ابتدا مشکل نہیں ہے تو اس کا اعادہ کیسے مشکل ہو گا۔ اعادہ تو ابتدا سے زیادہ آسان ہے۔

۱۲۔ قیامت کے دن جب حقائق سامنے آئیں گے، پھر مشرکین اپنے جرائم پر نظر ڈالیں گے تو نتیجہ یاس و ناامیدی ہو گا۔

شُفَعٰٓؤُا وَ كَانُوْا بِشُرَكَآىِٕهِمْ
كٰفِرِيْنَ ﴿۱۳﴾
وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يَوْمَىِٕذٍ
يَّتَفَرَّقُوْنَ ﴿۱۴﴾
فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ فَهُمْ فِيْ رَوْضَةٍ
يُّحْبَرُوْنَ ﴿۱۵﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَ
لِقَآءِ الْاٰخِرَةِ فَاُولٰٓئِكَ فِي
الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿۱۶﴾
فَسُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَ
حِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ﴿۱۷﴾
وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ ﴿۱۸﴾
يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ
مَوْتِهَا ؕ وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ﴿۱۹﴾ ع ۲ ۹ ۵
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ
ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ ﴿۲۰﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ
اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا
اِلَيْهَا وَ جَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّ
رَحْمَةً ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ

سے کوئی ان کا سفارشی نہ ہوگا اور وہ اپنے شریکوں کے منکر ہو جائیں گے۔

۱۴۔ اور جس دن قیامت برپا ہوگی اس دن لوگ گروہوں میں تقسیم ہو جائیں گے۔☆

۱۵۔ پھر جنہوں نے ایمان قبول کیا اور نیک اعمال انجام دیے وہ جنت میں خوشحال ہوں گے۔

۱۶۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری نشانیوں اور آخرت کی ملاقات کی تکذیب کی وہ عذاب میں پیش کیے جائیں گے۔

۱۷۔ پس اللہ کی ذات پاک و منزہ ہے جب تم شام کرتے ہو اور جب تم صبح کرتے ہو۔☆

۱۸۔ ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے آسمانوں اور زمین میں تیسرے پہر کو اور جب تم ظہر کرو (اللہ کی حمد کرو)۔☆

۱۹۔ اور وہ زندہ کو مردے سے نکالتا ہے اور مردے کو زندہ سے نکالتا ہے اور زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرتا ہے اور اسی طرح تم بھی نکالے جاؤ گے۔☆

۲۰۔ اور یہ اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہیں مٹی سے بنایا پھر تم انسان ہو کر (زمین میں) پھیل رہے ہو۔☆

۲۱۔ اور یہ اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ اس نے تمہارے لیے تمہاری ہی جنس سے ازواج پیدا کیے تاکہ تم ان سے سکون حاصل کرو اور اس نے تمہارے مابین محبت اور مہربانی پیدا کی، غور و فکر کرنے والوں کے

۱۴۔ قیامت کے دن دنیا کی ساری بندشیں ٹوٹ جائیں گی، یہاں ایمان و کفر کی بنیاد پر تقسیم بندی ہوگی۔ ایمان والے جنت میں خوشحال و شاداں ہوں گے اور کفر والے عذاب میں ہوں گے۔

۱۷۔ یہ آیات اوقات نماز کے لیے صریح نہیں ہیں۔ اولاً سبحان اللہ کو سبحوا اللہ کے معنی میں لینا خلاف ظاہر ہے۔ ثانیاً ان آیات میں چار اوقات کا ذکر ہے، جبکہ نماز کے پانچ اوقات ہیں۔

۱۸۔ اللہ کی تسبیح و تمجید کا اوقات کے ساتھ ربط ہے۔ یعنی اللہ کے اس کائناتی نظام میں صبح و شام اور روز و شب کی تبدیلیوں کے ساتھ اس بات کا شعور بیدار ہونا چاہیے کہ ایک پاک و منزہ ذات کے ارادے سے یہ مناظر بدل رہے ہیں۔

۱۹۔ بے جان مادے سے جاندار، حیوانات اور نباتات پیدا ہوتے ہوئے ہم روز دیکھتے ہیں۔ اس ذات کے لیے مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرنا کوئی انوکھی بات نہیں ہے۔

۲۰۔ بے جان عناصر ارضی سے ایک عقل و شعور کا مالک پیدا کرنا کیا اللہ کی قدرت کاملہ کی دلیل نہیں ہے کہ وہ انسانوں کے مرنے کے بعد بھی ایسا کر سکتا ہے۔

۲۱۔ اول تو زن و مرد کی تخلیق میں توازن روز اول سے لے کر آج تک برقرار ہے۔ نہ عورتوں کے لیے مردوں کی قلت پیش آتی ہے اور نہ مردوں کے لیے عورتوں کی قلت۔ ثانیاً اللہ تعالیٰ نے ان دونوں میں ایک دوسرے کے لیے کشش ودیعت فرمائی کہ ایک کو دوسرے سے سکون مل جائے۔ سوم یہ کہ ان دونوں میں حاکم اور محکوم کا نہیں، محبت و شفقت کا رابطہ قائم کیا۔ دونوں احترام آدمیت میں مساوی ہیں۔

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِكُمْ
وَاَلْوَانِكُمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ
لِّلْعٰلِمِيْنَ ﴿۲۲﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖ مَنَامُكُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ
وَابْتِغَآؤُكُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّسْمَعُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖ يُرِيْكُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّ
طَمَعًا وَّيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
فَيُحْيٖ بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ
فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ تَقُوْمَ السَّمَآءُ وَ
الْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ ؕ ثُمَّ اِذَا دَعَاكُمْ
دَعْوَةً ۖ مِّنَ الْاَرْضِ ۖ اِذَآ اَنْتُمْ
تَخْرُجُوْنَ ﴿۲۵﴾
وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ﴿۲۶﴾
وَهُوَ الَّذِيْ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ
يُعِيْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ ؕ وَلَهُ
الْمَثَلُ الْاَعْلٰى فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۷﴾ ع
ضَرَبَ لَكُمْ مَّثَلًا مِّنْ

لیے یقیناً ان میں نشانیاں ہیں۔☆
۲۲۔ اور آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا مختلف ہونا بھی اس کی نشانیوں میں سے ہے، علم رکھنے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔☆
۲۳۔ اور تمہارا رات میں سو جانا اور دن میں اس کا فضل (رزق) تلاش کرنا اس کی نشانیوں میں سے ہے، (دلائل کو توجہ سے) سننے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔☆
۲۴۔ اور خوف اور طمع کے ساتھ تمہیں بجلی کی چمک دکھانا اور زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کرنے کے لیے آسمان سے پانی برسانا بھی اس کی نشانیوں میں سے ہے، عقل سے کام لینے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔
۲۵۔ اور یہ بھی اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ آسمان اور زمین اس کے حکم سے قائم ہیں، پھر جب وہ تمہیں زمین سے ایک بار پکارے گا تو تم یکا یک نکل آؤ گے۔☆
۲۶۔ اور آسمانوں اور زمین میں جو کچھ بھی ہے اسی کا ہے اور سب اسی کے تابع فرمان ہیں۔☆
۲۷۔ اور وہی خلقت کی ابتدا کرتا ہے پھر وہی اس کا اعادہ کرتا ہے اور یہ اس کے لیے زیادہ آسان ہے اور آسمانوں اور زمین میں اس کے لیے اعلیٰ شان و منزلت ہے اور وہ غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆
۲۸۔ وہ تمہارے لیے خود تمہاری ایک مثال

۲۲۔ اسی لب و دہن اور چند محدود حروف سے نہ ختم ہونے والے الفاظ بنتے جاتے ہیں اور لاکھوں زبانیں وجود میں آتی ہیں۔
۲۳۔ نیند اللہ کی واضح نشانی ہے جس سے انسان کو وہ طاقت واپس مل جاتی ہے جو دن میں زندگی کی دوڑ دھوپ میں خرچ ہوگئی تھی۔ اگر انسان کی تخلیق ایک باشعور و باارادہ ہستی کی طرف سے نہ ہوئی ہوتی تو اندھے بے شعور مادے کو نیند کے ذریعے انسان کو ہمیشہ مستعد رکھنے کی کیا ضرورت تھی۔
نیند ایک نعمت ہے۔ اس زندگی کا گزارنا کوئی آسان کام نہیں۔ دنیا ہمیشہ آپ کی خواہش کے مطابق نہیں چلتی۔ پریشانی اور ذہنی تناؤ اس زندگی کا حصہ ہیں۔ جوئے شیر و تیشہ و سنگ گراں ہے زندگی۔ دوسری طرف دن بھر کی جفاکشی اور محنت کے بعد آپ کے اعصاب تھک جاتے ہیں۔ نیند ایک ایسی نعمت ہے جس میں انسان تمام پریشانیوں سے بے خبر سو جاتا ہے، خستہ اعصاب کو سکون ملتا ہے اور بدن کی صلاحیتیں دوبارہ تازہ دم ہو جاتی ہیں۔
۲۵۔ آسمان اور زمین امر خدا سے قائم ہیں۔ یعنی یہ دونوں اپنے وجود کو برقرار رکھنے کے لیے ہر آن اللہ کے حکم کے محتاج ہیں۔ اگر ایک لمحے کے لیے بھی اللہ اپنا امر اٹھا لے تو ان کا وجود صفحہ ہستی سے مٹ جائے۔
۲۶۔ اللہ اس کائنات کا حقیقی مالک ہے اور کائنات اللہ کی مملوک ہے۔ اپنے وجود میں بھی وہ اپنے مالک کی محتاج ہے اور اپنی بقاء میں بھی محتاج ہے۔ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ، وہ بلحاظ تکوین تابع فرماں ہے۔
۲۷۔ اللہ کے لیے کوئی کام کسی دوسرے کام سے مشکل نہیں ہوتا کہ آسانی کا تصور آجائے۔ یہ تعبیر بشری فہم کے مطابق اختیار کی گئی ہے کہ جہاں نقش اول مشکل ہوتا ہے، نقش دوم آسان تر ہوتا ہے۔ وَلَهُ الْمَثَلُ الْاَعْلٰى اللہ کی لامحدود قدرت، حیات، علم، مالکیت، عظمت اور جود و سخا کے چھوٹے چھوٹے اور محدود نمونے آسمانوں اور زمین میں موجود ہیں۔ یہاں موجود محدود حیات اللہ کی لامحدود حیات کا نمونہ ہے اور انسانی ضمیر کے اندر جو عدالت ہے وہ اللہ کی بڑی عدالت گاہ کا نمونہ ہے وغیرہ وغیرہ۔ و فی کل شی لہ آیۃ تدل علی انہ واحد۔
۲۸۔ مشرکین اللہ کو مالک تسلیم کرتے ہیں، اس کے

أَنفُسِكُمْ ۖ هَل لَّكُم مِّن مَّا
مَلَكَتْ أَيْمَانُكُم مِّن شُرَكَاءَ فِي مَا
رَزَقْنَاكُمْ فَأَنتُمْ فِيهِ سَوَاءٌ
تَخَافُونَهُمْ كَخِيفَتِكُمْ أَنفُسَكُمْ ۖ
كَذَٰلِكَ نُفَصِّلُ الْآيَاتِ لِقَوْمٍ
يَعْقِلُونَ ﴿٢٨﴾
بَلِ اتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا
أَهْوَاءَهُم بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ فَمَن
يَهْدِي مَنْ أَضَلَّ اللَّهُ ۖ وَمَا لَهُم
مِّن نَّاصِرِينَ ﴿٢٩﴾
فَأَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّينِ حَنِيفًا ۚ
فِطْرَتَ اللَّهِ الَّتِي فَطَرَ النَّاسَ
عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيلَ لِخَلْقِ اللَّهِ ۚ
ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٣٠﴾
مُنِيبِينَ إِلَيْهِ وَاتَّقُوهُ وَأَقِيمُوا
الصَّلَاةَ وَلَا تَكُونُوا مِنَ
الْمُشْرِكِينَ ﴿٣١﴾
مِنَ الَّذِينَ فَرَّقُوا دِينَهُمْ وَكَانُوا
شِيَعًا ۖ كُلُّ حِزْبٍ بِمَا لَدَيْهِمْ
فَرِحُونَ ﴿٣٢﴾
وَإِذَا مَسَّ النَّاسَ ضُرٌّ دَعَوْا
رَبَّهُم مُّنِيبِينَ إِلَيْهِ ثُمَّ إِذَا

دیتا ہے، جن غلاموں کے تم مالک ہو کیا وہ اس رزق میں تمہارے شریک ہیں جو ہم نے تمہیں دیا ہے؟ پھر وہ اس میں (تمہارے) برابر ہو جائیں اور تم ان سے اس طرح ڈرنے لگو جس طرح تم (آزاد) لوگ خود ایک دوسرے سے ڈرتے ہو؟ عقل رکھنے والوں کے لیے ہم اس طرح نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں۔☆

۲۹۔ مگر ظالم لوگ نادانی میں اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں پس جسے اللہ گمراہ کردے اسے کون ہدایت دے سکتا ہے؟ اور ان کا کوئی مددگار نہ ہوگا۔

۳۰۔ پس (اے نبی) یکسو ہو کر اپنا رخ دین (خدا) کی طرف مرکوز رکھیں، (یعنی) اللہ کی اس فطرت کی طرف جس پر اس نے سب انسانوں کو پیدا کیا ہے، اللہ کی تخلیق میں تبدیلی نہیں ہے، یہی محکم دین ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۳۱۔ اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے اور اس سے ڈرو اور نماز قائم کرو اور مشرکین میں سے نہ ہونا۔☆

۳۲۔ جنہوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی اور جو گروہوں میں بٹ گئے، ہر فرقہ اس پر خوش ہے جو اس کے پاس ہے۔☆

۳۳۔ اور جب لوگوں کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اس کی طرف رجوع کرتے ہوئے اپنے رب کو پکارتے ہیں پھر جب وہ انہیں اپنی رحمت کا مزہ چکھاتا ہے تو ان میں سے ایک

بعد کسی مملوک کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہیں۔ اس مثال میں یہ وضاحت ہے کہ تم اللہ کے دیے ہوئے مال میں اپنے مملوک غلام کو شریک کرنے کے لیے آمادہ نہیں ہو، لیکن یہ بات کس قدر نامعقول ہے کہ اللہ کے مملوک اور مخلوق کو اللہ کا شریک ٹھہراتے ہو۔

۳۰۔ جس نے خلق فرمایا اسی نے اس مخلوق کے لیے نظام حیات (دین) مرحمت فرمایا: لہٰذا جس طرح کائنات کا نظام باہمی ہم آہنگی پر قائم ہے، اسی طرح دین اور فطرت میں بھی کاملاً ہم آہنگی ہے، بلکہ دین انسانی خمیر سے عبارت ہے۔ جیسے کھانا پینا فطری تقاضا ہے، اسی طرح دینداری بھی انسانی فطرت کا بنیادی تقاضا ہے۔ فطرت و شریعت کی یہ وحدت دین قیم ہے۔ دین، انسانی جبلت سے قابل تفریق نہیں ہے۔

واضح رہے دین کے فطری ہونے کا مطلب یہ کہ انسان اپنی فطرت سے دینی کلیات کو سمجھ سکتا ہے، جیسے توحید، لیکن اس فطری تقاضے پر عمل کرنے کے لیے تفصیل کا جاننا پیغمبروں کی آمد پر موقوف ہے۔
(استفادہ از قاموس قرآن)

۳۱۔۳۲ ہر انحراف کو چھوڑ کر اللہ کی طرف رجوع کرو اور تقویٰ اختیار کرو۔ نماز قائم کرو۔ مشرکین میں شامل نہ ہو۔ ان دو آیات میں یہ احکام آئے ہیں، اس میں خطاب رسول اللہؐ سے ہے، لیکن حکم میں سب شامل ہیں:

۱۔ دین فطرت کی طرف اپنی توجہ مرکوز رکھو۔
۲۔ اللہ کی طرف ہر مرحلے میں رجوع کرو۔
۳۔ تقویٰ اختیار کرو۔
۴۔ نماز قائم کرو۔
۵۔ مشرکین میں شامل نہ ہوں۔

۶۔ اور جنہوں نے اپنے دین میں پھوٹ ڈالی ہے ان میں بھی شامل نہ ہوں، کیونکہ شرک ہوس پرستی کی وجہ سے وجود میں آتا ہے اور خواہشات کی بنیاد پر جو چیز قائم ہوگی، اس میں اختلاف ضرور آئے گا، چونکہ لوگوں کی خواہشات مختلف ہوتی ہیں۔

اَذَاقَهُمْ مِّنْهُ رَحْمَةً اِذَا فَرِيْقٌ
مِّنْهُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۳﴾
لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا ۟
فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۴﴾
اَمْ اَنْزَلْنَا عَلَيْهِمْ سُلْطٰنًا فَهُوَ
يَتَكَلَّمُ بِمَا كَانُوْا بِهٖ يُشْرِكُوْنَ ﴿۳۵﴾
وَاِذَآ اَذَقْنَا النَّاسَ رَحْمَةً فَرِحُوْا بِهَا ؕ
وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ
اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ ﴿۳۶﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ الرِّزْقَ
لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾
فَاٰتِ ذَا الْقُرْبٰى حَقَّهٗ وَالْمِسْكِيْنَ
وَابْنَ السَّبِيْلِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ
يُرِيْدُوْنَ وَجْهَ اللّٰهِ ۫ وَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَمَآ اٰتَيْتُمْ مِّنْ رِّبًا لِّيَرْبُوَا۟ فِيْٓ اَمْوَالِ
النَّاسِ فَلَا يَرْبُوْا عِنْدَ اللّٰهِ ۚ وَمَآ
اٰتَيْتُمْ مِّنْ زَكٰوةٍ تُرِيْدُوْنَ وَجْهَ
اللّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُضْعِفُوْنَ ﴿۳۹﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ
ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ هَلْ
مِنْ شُرَكَآئِكُمْ مَّنْ يَّفْعَلُ مِنْ

فرقہ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتا ہے۔

۳۴۔ تاکہ جو ہم نے انہیں بخشا ہے اس کی ناشکری کریں، پس اب مزے اڑاؤ، عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا۔☆

۳۵۔ کیا ہم نے ان پر کوئی ایسی دلیل نازل کی ہے جو اس شرک کی شہادت دے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔☆

۳۶۔ اور جب ہم لوگوں کو کسی رحمت کا ذائقہ چکھاتے ہیں تو وہ اس پر خوش ہو جاتے ہیں اور جب ان کے برے اعمال کے سبب ان پر کوئی مصیبت آتی ہے تو وہ مایوس ہونے لگتے ہیں۔☆

۳۷۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے؟ مومنین کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔

۳۸۔ پس تم قریبی رشتہ داروں کو اور مسکین اور مسافر کو ان کا حق دے دو، یہ ان لوگوں کے لیے بہتر ہے جو اللہ کی رضامندی چاہتے ہیں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔☆

۳۹۔ اور جو سود تم لوگوں کے اموال میں افزائش کے لیے دیتے ہو وہ اللہ کے نزدیک افزائش نہیں پاتا اور جو زکوۃ تم اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے دیتے ہو پس ایسے لوگ ہی (اپنا مال) دوچند کرنے والے ہیں۔☆

۴۰۔ اللہ ہی نے تمہیں پیدا کیا پھر تمہیں رزق دیا وہی تمہیں موت دیتا ہے پھر وہی تمہیں زندہ کرے گا، کیا تمہارے شریکوں میں سے کوئی ہے جو ان میں سے کوئی کام کر

۳۴۔ لِيَكْفُرُوْا: لام برائے بیان عاقبت ہے۔ یعنی شرک کا نتیجہ یہ ہے کہ وہ کفر اختیار کرتے ہیں۔ بعض کے نزدیک یہ لام امر غائب کے لیے ہے۔ اس صورت میں ترجمہ یہ بنتا ہے: ... ناشکری کرو اور مزے اڑاؤ۔ یہ تہدید کی صورت بنتی ہے۔

۳۵۔ دلیل کا واحد مصدر اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔ سنت رسولؐ اگر دلیل ہے تو اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى کی بنیاد پر ہے۔ یہ بات اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اعلیٰ سے مربوط ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل شدہ حکم کے بغیر بندہ جو عمل خود سے انجام دیتا ہے اور اسے اللہ کی طرف منسوب کرتا ہے تو یہ بات اللہ تعالیٰ کی حاکمیت اعلیٰ میں مداخلت ہے۔

۳۶۔ جو شخص بھی ایک محکم اور استوار موقف پر قائم نہیں ہے وہ بدلتے حالات کی رو میں تنکے کی طرح بہ جاتا ہے۔ خوشحالی پر اترانا اور گردش ایام میں ناامیدی کی تاریکی میں ڈوب جانا بے موقف انسان کا شیوہ ہو سکتا ہے، جبکہ اللہ پر پختہ یقین رکھنے والے لوگ جبل راسخ کی طرح ہوتے ہیں اور وہ سخت آندھیوں سے نہیں ہلتے۔

۳۸۔ آیت کے مکی ہونے کے لحاظ سے دیکھا جائے تو 'قرابتداروں کا حق دے دو' سے مراد ہر قسم کا احسان ہے اور اگر اسے مدنی مان لیا جائے تو اس سے مراد خمس ہو سکتا ہے۔ سیاق آیت سے عندیہ ملتا ہے کہ قرابتداروں، مساکین اور مسافروں کے لیے کوئی حق معین ہو چکا تھا جس کے بارے میں اس آیت میں حکم ہوا: 'وہ حق دے دو'۔

۳۹۔ اپنے کاروبار میں سہولت اور دولت میں اضافے کے لیے بااثر لوگوں کو تم جو مال و تحائف پیش کرتے ہو اس سے سرمائے میں اضافہ نہیں ہوتا۔ سرمائے میں اضافہ کی بہتر صورت یہ ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ کرو۔ اس سے تمہاری دولت بڑھے گی۔ ربا سے مراد یہاں اصطلاحی 'سود' نہیں ہے، بلکہ ہر قسم کا اضافہ مقصود ہے اور نہ ہی زکوٰۃ سے مراد اصطلاحی زکوٰۃ ہے، بلکہ ہر قسم کا صدقہ مراد ہے۔

۴۰۔ مشرکین اللہ کو خالق تسلیم کرتے ہیں، رازق تسلیم نہیں کرتے۔ وہ اپنے معبودوں میں سے بعض کو رزق کا ذمہ دار سمجھتے ہیں۔ اس آیت میں خلق

ذٰلِكُمْ مِّنْ شَيْءٍ ۭ سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝۴۰ ع
ظَهَرَ الْفَسَادُ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا
كَسَبَتْ اَيْدِي النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ
بَعْضَ الَّذِيْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ ۝۴۱
قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلُ ۭ
كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّشْرِكِيْنَ ۝۴۲
فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ الْقَيِّمِ مِنْ
قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ
اللّٰهِ يَوْمَىِٕذٍ يَّصَّدَّعُوْنَ ۝۴۳
مَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۚ وَمَنْ عَمِلَ
صَالِحًا فَلِاَنْفُسِهِمْ يَمْهَدُوْنَ ۝۴۴
لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ مِنْ فَضْلِهٖ ۭ اِنَّهٗ
لَا يُحِبُّ الْكٰفِرِيْنَ ۝۴۵
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ يُّرْسِلَ الرِّيَاحَ
مُبَشِّرٰتٍ وَّلِيُذِيْقَكُمْ مِّنْ
رَّحْمَتِهٖ وَلِتَجْرِيَ الْفُلْكُ
بِاَمْرِهٖ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۴۶
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ رُسُلًا

کے ساتھ رزق کا بھی ذکر اس لیے کیا ہے کہ رزق بھی تخلیق مسلسل کا نام ہے۔ لہٰذا رازق خالق سے جدا نہیں ہوسکتا۔

۴۱۔ ممکن ہے اشارہ ایران و روم کے درمیان جنگ کی طرف ہو۔ اس وقت کی جنگوں میں سمندری بیڑا بھی استعمال میں لایا جاتا تھا۔ دراصل لوگوں کے اپنے اعمال یعنی ظلم واستحصال کی وجہ سے فساد برپا ہوتے ہیں۔

۴۳۔ يَّصَّدَّعُوْنَ: قیامت کے دن لوگ پھوٹ کا شکار ہوں گے۔ کچھ جنت میں، کچھ جہنم میں جائیں گے۔ یا اس پھوٹ سے مراد ایک دوسرے سے جدا ہونا یا فرار کرنا ہے۔

۴۴۔ اس آیت میں قابل ذکر نکتہ یہ ہے کہ یہاں کفر و ایمان کا مقابلہ نہیں ہے، بلکہ کفر اور عمل صالح کا مقابلہ ہے۔ اس سے یہ بات نہایت واضح ہو جاتی ہے کہ ایمان عمل صالح سے عبارت ہے، چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: الایمان عمل کلہ (الکافی ۲:۳۳) ایمان مکمل طور پر عمل ہی سے عبارت ہے۔

۴۵۔ اپنے فضل سے جزا دے۔ یعنی جزا اور ثواب اللہ کے فضل و کرم کی وجہ سے ملتا ہے، ورنہ ہم اس کے مملوک اور مخلوق ہیں، جو بھی ہم عمل کریں اس سے اللہ کی نعمتوں کا حق ادا نہیں ہوتا، چہ جائیکہ کسی اجر و ثواب کے مستحق ہو جائیں۔

۴۶۔ ہوا میں موجود خدا کی نشانیوں کی طرف اشارہ ہے: ☆ ہوا کے چلنے سے انسان میں بشاشت آجاتی ہے اور ہوا اپنے ساتھ بارش کی نوید بھی لے کر آتی ہے۔ ☆ ہوا رحمت خداوندی سے بہرہ مند کر دیتی ہے۔ زمین سے ہر قسم کی نعمت بارش کی وجہ سے نمودار ہوتی ہے۔ ☆ ہوا کشتیوں کو بھی چلاتی ہے۔ ☆ اسی ہوا اور کشتی کے ذریعے لوگ اللہ کا فضل یعنی روزی تلاش کرنے کے لیے سفر کرتے ہیں۔

۴۷۔ یہ اس وقت کی بات ہے کہ جب انبیاء علیہم السلام کی تکذیب کی جاتی تھی اور انبیاء کے ساتھ ایک چھوٹی سی جماعت حق پر قائم تھی۔ طاقتور باطل کے مقابلے میں یہ بے سروسامان جماعت صرف اللہ کی نصرت کی امید میں استقامت دکھاتی تھی۔ ایسے مؤمنین کی نصرت اللہ کے ذمے ہے۔

سکے؟ پاک ہے اور بالاتر ہے وہ ذات اس شرک سے جو یہ کرتے ہیں۔ ☆

۴۱۔ لوگوں کے اپنے اعمال کے باعث خشکی اور سمندر میں فساد برپا ہو گیا تاکہ انہیں ان کے بعض اعمال کا ذائقہ چکھایا جائے، شاید یہ لوگ باز آجائیں۔ ☆

۴۲۔ کہہ دیجیے: زمین میں چل پھر کر دیکھ لو گزرے ہوئے لوگوں کا کیا انجام ہوا؟ ان میں سے اکثر مشرک تھے۔

۴۳۔ لہٰذا آپ اپنا رخ محکم دین کی طرف مرکوز رکھیں قبل اس کے کہ وہ دن آجائے جس کے اللہ کی طرف سے ٹلنے کی کوئی صورت نہیں ہے، اس دن لوگ پھوٹ کا شکار ہوں گے۔ ☆

۴۴۔ جس نے کفر کیا اس کے کفر کا ضرر اسی کے لیے ہے اور جنہوں نے نیک عمل کیا وہ اپنے لیے ہی راہ سدھارتے ہیں، ☆

۴۵۔ تاکہ اللہ ایمان لانے والوں اور نیک اعمال انجام دینے والوں کو اپنے فضل سے جزا دے، بے شک وہ کافروں کو پسند نہیں کرتا۔ ☆

۴۶۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ہے کہ وہ ہواؤں کو بشارت دہندہ بنا کر بھیجتا ہے تاکہ تمہیں اپنی رحمت کا ذائقہ چکھائے اور کشتیاں اس کے حکم سے چلیں اور تم اس کا فضل تلاش کرو اور شاید تم شکر کرو۔ ☆

۴۷۔ اور بتحقیق ہم نے آپ سے پہلے بھی پیغمبروں کو ان کی اپنی اپنی قوم کی طرف

اِلٰی قَوْمِهِمْ فَجَآءُوْهُمْ بِالْبَیِّنٰتِ	بھیجا ہے، سو وہ ان کے پاس واضح دلائل
فَانْتَقَمْنَا مِنَ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا ؕ	لے کر آئے، پھر جنہوں نے جرم کیا ان
وَكَانَ حَقًّا عَلَیْنَا نَصْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۴۷﴾	سے ہم نے بدلہ لیا اور مومنین کی مدد کرنا
اَللّٰهُ الَّذِیْ یُرْسِلُ الرِّیٰحَ فَتُثِیْرُ	ہمارے ذمے ہے۔☆
سَحَابًا فَیَبْسُطُهٗ فِی السَّمَآءِ كَیْفَ	۴۸۔ اللہ ہی ہواؤں کو چلاتا ہے تو وہ بادل
یَشَآءُ وَیَجْعَلُهٗ كِسَفًا فَتَرَی	کو ابھارتی ہیں پھر اسے جیسے اللہ چاہتا ہے
الْوَدْقَ یَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ فَاِذَاۤ	آسمان پر پھیلاتا ہے پھر اسے ٹکڑوں کا انبوہ
اَصَابَ بِهٖ مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖۤ اِذَا	بنا دیتا ہے پھر آپ دیکھتے ہیں کہ اس کے بیچ
هُمْ یَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۸﴾ ۚ	میں سے بارش نکلنے لگتی ہے پھر اس (بارش)
وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ یُّنَزَّلَ	کو اپنے بندوں میں سے جس پر وہ چاہتا
عَلَیْهِمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمُبْلِسِیْنَ ﴿۴۹﴾	ہے برسا دیتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں۔☆
فَانْظُرْ اِلٰۤی اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ	۴۹۔ جب کہ اس بارش کے ان پر برسنے سے
كَیْفَ یُحْیِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ	پہلے وہ ناامید ہو رہے تھے۔
اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْیِ الْمَوْتٰی ۚ وَهُوَ عَلٰی	۵۰۔ اللہ کی رحمت کے اثرات کا نظارہ کرو کہ
كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ﴿۵۰﴾	وہ زمین کو کس طرح زندہ کر دیتا ہے اس
وَلَىِٕنْ اَرْسَلْنَا رِیْحًا فَرَاَوْهُ مُصْفَرًّا	کے مردہ ہونے کے بعد، یقیناً وہی مردوں
لَّظَلُّوْا مِنْۢ بَعْدِهٖ یَكْفُرُوْنَ ﴿۵۱﴾	کو بھی زندہ کرنے والا ہے اور وہ ہر چیز
فَاِنَّكَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی وَلَا تُسْمِعُ	پر قادر ہے۔☆
الصُّمَّ الدُّعَآءَ اِذَا وَلَّوْا مُدْبِرِیْنَ ﴿۵۲﴾	۵۱۔ اور اگر ہم ایسی ہوا بھیجیں جس سے وہ
وَمَاۤ اَنْتَ بِهٰدِ الْعُمْیِ عَنْ	کھیتی کو زرد ہوتے دیکھ لیں تو وہ اس کے
ضَلٰلَتِهِمْ ؕ اِنْ تُسْمِعُ اِلَّا مَنْ	بعد ناشکری کرنے لگتے ہیں۔☆
ع ۵ ۱۲ ۸ یُّؤْمِنُ بِاٰیٰتِنَا فَهُمْ مُّسْلِمُوْنَ ﴿۵۳﴾ ع	۵۲۔ آپ یقیناً مردوں کو نہیں سنا سکتے اور
اَللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ	نہ ان بہروں کو (اپنی) پکار سنا سکتے ہیں جب
	کہ وہ پشت پھیرے جا رہے ہوں۔☆
	۵۳۔ اور نہ ہی آپ اندھوں کو ان کی گمراہی
	سے نکال کر ہدایت دے سکتے ہیں، آپ
	صرف انہیں سنا سکتے ہیں جو ہماری نشانیوں
	پر ایمان لاتے ہیں اور فرمانبردار ہیں۔
	۵۴۔ اللہ وہ ہے جس نے کمزور حالت سے

۴۸۔ ہواؤں سے مزید یہ کام بھی لیے جاتے ہیں: ☆ یہ بادلوں کو آسمان پر اٹھاتی ہیں۔☆ پھر آسمان میں انہیں پھیلا دیتی ہیں۔☆ پھر انہیں ٹکڑوں میں تقسیم کرتی ہیں، پھر بارش کے قطرے مختلف علاقوں میں گرتے ہیں۔

۵۰۔ یہ قرآن کا طرز استدلال ہے، جس میں دلیل کے عناصر مشاہدات و محسوسات سے لیے جاتے ہیں، کیونکہ انسان کے مشاہدے میں یہ بات ہے کہ بارش سے مردہ زمین میں جان آ جاتی ہے، بنابرایں یہ نتیجہ اخذ کرنا مشکل نہیں کہ وہی خالق اسے بھی دوبارہ زندہ کرے گا۔: وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰی فَلَوْلَا تَذَكَّرُوْنَ ۔(واقعہ:۶۲) تم پہلی پیدائش کو جان چکے ہو، پھر تم عبرت حاصل کیوں نہیں کرتے؟

۵۱۔ پچھلی نعمتوں کو فراموش کرتے ہیں۔ یہ لوگ اللہ کی مشروط بندگی کرتے ہیں۔ یعنی بشرط خوشحالی اللہ کی بندگی کرتے ہیں۔

۵۲۔ یعنی جو لوگ ہدایت کے اہل نہیں ہیں، انہیں آپ بزور ہدایت نہیں دے سکتے۔ جیسا کہ اللہ ارحم الراحمین ہے۔ لیکن اگر کوئی رحمت خدا کے لیے اہل نہیں ہے تو اللہ کی رحمت اس کے شامل حال نہیں ہو سکتی۔

۵۴۔ اور انسان جو نہایت کمزور جرثومہ، کمزور بوند، کمزور جنین اور کمزور شیر خوار بچہ تھا، بعد میں کچھ طاقت و قوت کا مالک بن جاتا ہے، جس میں یہ نادان انسان اپنے ماضی اور مستقبل سے غافل ہوتا ہے، اتنے میں پھر ضعیفی اسے آ لیتی ہے۔

ضُعْفٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ
ضُعْفٍ قُوَّةً ثُمَّ جَعَلَ مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ
ضُعْفًا وَّشَيْبَةً ؕ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۚ
وَهُوَ الْعَلِيْمُ الْقَدِيْرُ ﴿۵۴﴾
وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُقْسِمُ
الْمُجْرِمُوْنَ ۙ مَا لَبِثُوْا غَيْرَ
سَاعَةٍ ؕ كَذٰلِكَ كَانُوْا يُؤْفَكُوْنَ ﴿۵۵﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ
وَالْاِيْمَانَ لَقَدْ لَبِثْتُمْ فِيْ كِتٰبِ
اللّٰهِ اِلٰى يَوْمِ الْبَعْثِ ۚ فَهٰذَا يَوْمُ
الْبَعْثِ وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ
لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۵۶﴾
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا
مَعْذِرَتُهُمْ وَلَا هُمْ يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا
الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ؕ وَلَئِنْ
جِئْتَهُمْ بِاٰيَةٍ لَّيَقُوْلَنَّ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا مُبْطِلُوْنَ ﴿۵۸﴾
كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ
الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۹﴾
فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ
وَّ لَا يَسْتَخِفَّنَّكَ الَّذِيْنَ
لَا يُوْقِنُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۹

قرء حفص بضم الضاد وفتحها في الثلاثة لكن الضم بخناره ۱۲

تمہاری تخلیق (شروع) کی پھر کمزوری کے بعد قوت بخشی پھر قوت کے بعد کمزور اور بوڑھا کر دیا، وہ جو چاہتا ہے پیدا کرتا ہے اور وہ بڑا جاننے والا صاحب قدرت ہے۔☆

۵۵۔ اور جس روز قیامت برپا ہو گی مجرمین قسم کھائیں گے کہ وہ (دنیا میں) گھڑی بھر سے زیادہ نہیں رہے، وہ اسی طرح الٹے چلتے رہتے تھے۔☆

۵۶۔ اور جنہیں علم اور ایمان دیا گیا تھا وہ کہیں گے: نوشتہ خدا کے مطابق یقیناً تم قیامت تک رہے ہو اور یہی قیامت کا دن ہے لیکن تم جانتے نہیں تھے۔☆

۵۷۔ پس اس دن ظالموں کو ان کی معذرت کوئی فائدہ نہ دے گی اور نہ ان سے معافی مانگنے کے لیے کہا جائے گا۔

۵۸۔ اور بتحقیق ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں ہر طرح کی مثال بیان کی ہے اور اگر آپ ان کے سامنے کوئی نشانی پیش کر بھی دیں تو کفار ضرور کہیں گے: تم تو صرف باطل پر ہو۔☆

۵۹۔ اس طرح اللہ ان لوگوں کے دلوں پر مہر لگا دیتا ہے جو علم نہیں رکھتے۔☆

۶۰۔ پس (اے نبی) آپ صبر کریں، یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے اور جو لوگ یقین نہیں رکھتے وہ آپ کو سبک نہ پائیں۔☆

۵۵۔۵۶ اہل علم و ایمان دنیاوی زندگی کے مراحل سے آگاہ ہوتے ہیں کہ یہ ایک سفر ہے اور منزل ان کے سامنے ہوتی ہے۔ اسی طرح وہ مرنے کے بعد کے مراحل سے بھی آگاہ ہوتے ہیں، جبکہ جو لوگ علم و ایمان سے محروم ہیں، وہ اس زندگی کے مراحل اور منازل سے بے خبر ہوتے ہیں اور مرنے کے بعد کے مراحل سے بھی بے خبر ہوتے ہیں۔ قیامت برپا ہوتے ہی دنیاوی زندگی جو اس نے عیش و عشرت اور لاپرواہی میں گزاری ہے، ایک گھڑی سے زیادہ معلوم نہیں ہو گی۔

ان آیات سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ کچھ لوگ ایسے ہیں جن کو حیات برزخی حاصل نہیں تھی، وہ یہ خیال کریں گے کہ مرنے کے بعد فوراً اٹھائے گئے ہیں۔ جیسا کہ سورہ یٰسٓ میں فرمایا: مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ہم کو ہماری خواب گاہوں سے کس نے اٹھایا۔

جبکہ اہل علم و ایمان کو حیات برزخی حاصل تھی۔ ان کو اس مدت کا اندازہ ہے جو ان کی موت اور قیامت کے درمیان گزری ہے۔ اس لیے یہ اہل علم و ایمان دوسروں سے کہیں گے: وَلٰكِنَّكُمْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ لیکن تم جانتے نہیں تھے۔

۵۸۔ حالانکہ قرآن نے مختلف اسالیب میں واضح الفاظ اور محسوس و مشاہداتی مثالوں کے ساتھ ان پر حجت پوری کی ہے۔

۵۹۔ جب اللہ کسی کو ناقابل ہدایت دیکھ کر اس سے ہاتھ اٹھاتا ہے اور اس کو اپنے حال پر چھوڑتا ہے تو اللہ کے علاوہ کوئی اور اسے ہدایت نہیں دے سکتا۔ اسی مطلب کو "مہر لگا دیتا ہے" کی تعبیر سے بیان فرماتا ہے۔

۶۰۔ یعنی آپ کو دشمن ایسا سبک نہ پائیں کہ آپ ان کی دھمکیوں، ان کے طعنوں، تمسخروں سے بے حوصلہ ہو جائیں، بلکہ دشمن کی تمام تر سازشوں کے مقابلے آپ کے عزم و ارادے میں مزید مضبوطی آنی چاہیے واضح رہے کہ یہ کوئی حکم تشریعی نہیں ہے، بلکہ امر تکوینی ہے، جو حتماً وقوع پذیر ہو گا۔

۳۱ سُوْرَةُ لُقْمٰن مَكِّيَّةٌ ۳۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۝۱

تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ۝۲

هُدًى وَّرَحْمَةً لِّلْمُحْسِنِيْنَ ۝۳

الَّذِيْنَ يُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوْنَ

الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ

يُوْقِنُوْنَ ۝۴

اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۵

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِيْ لَهْوَ

الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

بِغَيْرِ عِلْمٍ ۖ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ؕ

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۶

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا وَلّٰى

مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا كَاَنَّ

فِيْٓ اُذُنَيْهِ وَقْرًا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ

اَلِيْمٍ ۝۷

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

لَهُمْ جَنّٰتُ النَّعِيْمِ ۝۸

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ؕ

وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۹

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا

سورہ لقمان ۔ مکی ۔ آیات ۳۴

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔الف ، لام ، میم۔

۲۔ یہ حکمت بھری کتاب کی آیات ہیں۔

۳۔نیکوکاروں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے،

۴۔جو نماز قائم کرتے ہیں اور زکوۃ ادا کرتے ہیں اور وہی تو آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔

۵۔یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں۔

۶۔اور انسانوں میں کچھ ایسے بھی ہیں جو بیہودہ کلام خریدتے ہیں تا کہ نادانی میں (لوگوں کو) راہ خدا سے گمراہ کریں اور اس (راہ) کا مذاق اڑائیں، ایسے لوگوں کے لیے ذلت میں ڈالنے والا عذاب ہوگا۔☆

۷۔اور جب اسے ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو وہ تکبر کے ساتھ اس طرح منہ موڑ لیتا ہے جیسے اس نے سنا ہی نہ ہو، گویا اس کے دونوں کان بہرے ہیں، پس اسے دردناک عذاب کی بشارت دے دیں۔☆

۸۔جو لوگ ایمان لائیں اور نیک اعمال انجام دیں ان کے لیے نعمت والے باغات ہوں گے،

۹۔جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے یہ اللہ کا سچا وعدہ ہے اور وہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

۱۰۔اس نے آسمانوں کو ایسے ستونوں کے بغیر پیدا کیا جو تمہیں نظر آئیں اور اس نے زمین

سورہ لقمان

۶۔ اس آیت کے شان نزول میں مروی ہے کہ نضر بن حارث تاجر تھا اور فارس (ایران) کے علاقوں میں سفر کرتا تھا اور وہاں کی داستانوں پر مشتمل کتب خرید کر لاتا اور انہیں قریش والوں کو سنایا کرتا اور کہتا تھا: محمد (ص) تمہیں عاد و ثمود کی داستانیں سناتا ہے اور میں تمہیں رستم و اسفندیار اور بادشاہوں کی داستانیں سناتا ہوں۔ چنانچہ لوگ قرآن کی جگہ یہ داستانیں سنا کرتے تھے۔ (مجمع البیان)

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے: غناوہ گناہ ہے جس پر اللہ نے جہنم کی سزا رکھی ہے، پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی، حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے اس آیت کے ذیل میں فرمایا: غنا بھی لَهْوَ الْحَدِيْثِ میں شامل ہے۔ حضرت امام رضا علیہ السلام سے بھی یہی مروی ہے۔ (المیزان)

۷۔ یعنی جو لوگ لَهْوَ الْحَدِيْثِ یعنی غنا جیسے گناہ کبیرہ کے مرتکب ہوتے ہیں ان کو اگر اللہ کی آیات پڑھ کر سنا دی جائیں تو وہ بڑی نخوت کے ساتھ منہ موڑ لیتے ہیں۔ (صدق الخالق) تمسخر کرنے والے متکبرین کی نخوت توڑنے کے لیے از راہ تمسخر فرمایا: ان کو دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجیے۔

۱۰۔ زَوْجٍ كَرِيْمٍ : یعنی نفیس جوڑے۔ اس سلسلے میں اب تک جو حقیقت سامنے آئی ہے، وہ یہ ہے کہ ہر نبات نر و مادہ خلیوں پر مشتمل ہے۔ یہ دونوں یا تو کبھی ایک پھول میں ہوتے ہیں اور کبھی ایک میں نر دوسرے میں مادہ، کبھی ایک شاخ میں نر اور دوسری میں مادہ، کبھی ایک درخت میں نر اور دوسرے میں مادہ۔ جب تک کسی ذریعے سے ان دونوں میں ملاپ نہ ہو وہ درخت پھل نہیں دیتا۔

نامرئی ستونوں کے بارے میں سورہ رعد آیت ۲ کا حاشیہ ملاحظہ فرمائیں۔

وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ
تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ
دَآبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَاۗءِ مَاۗءً
فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ
كَرِيْمٍ ⑩
هٰذَا خَلْقُ اللّٰهِ فَاَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقَ
الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ۭ بَلِ الظّٰلِمُوْنَ
فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ⑪ ع
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ اَنِ
اشْكُرْ لِلّٰهِ ۭ وَمَنْ يَّشْكُرْ فَاِنَّمَا
يَشْكُرُ لِنَفْسِهٖ ۚ وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ
اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑫
وَاِذْ قَالَ لُقْمٰنُ لِابْنِهٖ وَهُوَ
يَعِظُهٗ يٰبُنَيَّ لَا تُشْرِكْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّ
الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيْمٌ ⑬
وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ ۚ
حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ وَهْنًا عَلٰي وَهْنٍ وَّ
فِصٰلُهٗ فِيْ عَامَيْنِ اَنِ اشْكُرْ لِيْ وَ
لِوَالِدَيْكَ ۭ اِلَيَّ الْمَصِيْرُ ⑭
وَاِنْ جَاهَدٰكَ عَلٰٓي اَنْ تُشْرِكَ بِيْ
مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا
تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا
مَعْرُوْفًا ۡ وَّاتَّبِعْ سَبِيْلَ مَنْ اَنَابَ

میں پہاڑ گاڑ دیے تاکہ وہ تمہیں لے کر ڈگمگا نہ جائے اور اس میں ہر قسم کے جانور پھیلا دیے اور ہم نے آسمان سے پانی برسایا پھر ہم نے اس (زمین) میں ہر قسم کے نفیس جوڑے اگائے۔☆

۱۱۔ یہ ہے اللہ کی تخلیق، اب ذرا مجھے دکھاؤ اللہ کے سوا دوسروں نے کیا پیدا کیا ہے، بلکہ ظالم لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔☆

۱۲۔اور بتحقیق ہم نے لقمان کو حکمت سے نوازا کہ اللہ کا شکر کریں اور جو شکر کرتا ہے وہ اپنے (فائدے کے) لیے شکر کرتا ہے اور جو ناشکری کرتا ہے تو اللہ یقیناً بے نیاز، لائق ستائش ہے۔☆

۱۳۔اور جب لقمان نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا: اے بیٹا! اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا، یقیناً شرک بہت بڑا ظلم ہے۔

۱۴۔اور ہم نے انسان کو اس کے والدین کے بارے میں نصیحت کی، اس کی ماں نے کمزوری پر کمزوری سہ کر اسے (پیٹ میں) اٹھایا اور اس کے دودھ چھڑانے کی مدت دو سال ہے (نصیحت یہ کہ) میرا شکر بجا لاؤ اور اپنے والدین کا بھی (شکر ادا کرو آخر میں) بازگشت میری طرف ہے۔☆

۱۵۔ اور اگر وہ دونوں تجھ پر دباؤ ڈالیں کہ تو میرے ساتھ کسی ایسے کو شریک قرار دے جس کا تجھے علم نہیں ہے تو ان کی بات نہ ماننا، البتہ دنیا میں ان کے ساتھ اچھا برتاؤ رکھنا اور اس کی راہ کی پیروی کرنا جس نے

۱۱۔خلق وتدبیر ایک ہی ذات سے مربوط ہیں۔ یہ نہیں ہوسکتا کہ خلق کوئی کرے، تدبیر کوئی اور کرے۔ مشرکین سے خطاب ہے کہ سابقہ آیت میں مذکور ساری چیزیں اللہ کی تخلیق ہیں، مجھے دکھاؤ اللہ کے سوا دوسروں نے کیا پیدا کیا ہے؟ جب سب مانتے ہیں کہ پیدا تو صرف اللہ کرتا ہے تو ماننا پڑے گا کہ پھر تدبیر بھی صرف اللہ ہی کرتا ہے۔ پس غیر اللہ کے پاس کیا لینے جاتے ہو؟

۱۲۔لقمان کے بارے میں اکثریت کی رائے یہ ہے کہ وہ ایک عبد صالح اور حکیم تھے۔ بعض روایات کے مطابق حبشی تھے اور سیاہ قوم سے تعلق رکھتے تھے۔ بعض کے نزدیک ان کا تعلق مصر سے تھا اور بعض کہتے ہیں کہ ان کا تعلق قوم عاد سے تھا جو حضرت ہود(ع) کے ساتھ بچ نکلنے والوں میں شامل تھے۔ عرب لوگ لقمان کی حکمت کے معترف تھے۔ اس لیے انہیں بتایا جا رہا ہے کہ عقیدہ توحید کوئی نئی فکر نہیں ہے، بلکہ قدیم ایام میں لقمان حکیم بھی عقیدہ توحید کے داعی تھے۔

۱۴۔اس بات کا پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ والدین کو اولاد پر احسان کرنے کا ذکر نہیں فرمایا، کیونکہ یہ بات والدین کی فطرت میں ودیعت ہے کہ والدین اولاد کو جان سے عزیز رکھتے ہیں، جبکہ اولاد کو جانے والی نسل یعنی والدین پر احسان کے حکم کی ضرورت ہے۔ چنانچہ یہ بات اللہ نے شریعت میں رکھی ہے۔ والدین کی شکرگزاری کو اللہ کی شکرگزاری کے ساتھ ذکر کرنے سے والدین کے احترام اور ان کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔

یہ اللہ کی رحمت ہے کہ وہ اپنے بندوں پر مہربان ہے کہ بڑھاپے کی ناتوانی میں ان کی اس حد تک سفارش فرماتا ہے کہ اسے اپنی ذات کے بعد دوسرے درجے پر رکھتا ہے۔ ماں کو زیادہ خصوصیت کے ساتھ اہمیت دینے کے لیے اولاد کو یاد دلایا جاتا ہے کہ اس نے تمہیں اپنے شکم میں ناتوانی کے ساتھ اٹھائے رکھا۔ پھر دو سال تک تمہیں دودھ پلایا۔ پس والدہ کے اس احسان کو فراموش نہ کرو۔

بچے کو دو سال تک دودھ پلایا جاتا ہے۔ اس سے زیادہ دودھ پلانا جائز نہیں ہے اور انہی دو سالوں کے اندر باقی شرائط کے ساتھ دودھ پلایا جائے تو رضاعت سے حرمت ثابت ہو جائے گی۔

اِلَیَّ ۚ ثُمَّ اِلَیَّ مَرْجِعُكُمْ
فَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾
یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ
مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ
فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ
بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۶﴾
یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ
بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ عَنِ الْمُنْكَرِ
وَاصْبِرْ عَلٰی مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ
ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۱۷﴾ ۚ
وَلَا تُصَعِّرْ خَدَّكَ لِلنَّاسِ وَلَا
تَمْشِ فِی الْاَرْضِ مَرَحًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
لَا یُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرٍ ﴿۱۸﴾ ۚ
وَاقْصِدْ فِیْ مَشْیِكَ وَاغْضُضْ
مِنْ صَوْتِكَ ؕ اِنَّ اَنْكَرَ
ع ۲ ۸ ۱۱ الْاَصْوَاتِ لَصَوْتُ الْحَمِیْرِ ﴿۱۹﴾ ع
اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِی
السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ
عَلَیْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً ؕ
وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یُّجَادِلُ فِی اللّٰهِ
بِغَیْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًی وَّلَا كِتٰبٍ
مُّنِیْرٍ ﴿۲۰﴾
وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ

میری طرف رجوع کیا ہے، پھر تمہاری بازگشت میری طرف ہے، پھر میں تمہیں بتا دوں گا کہ تم کیا عمل کرتے رہے ہو۔☆

۱۶۔اے میرے بیٹے! اگر رائی کے دانے کے برابر بھی کوئی (اچھی یا بری) چیز کسی پتھر کے اندر یا آسمانوں میں یا زمین میں ہو تو اللہ اسے یقیناً نکال لائے گا یقیناً اللہ بڑا باریک بین، خوب باخبر ہے۔☆

۱۷۔اے میرے بیٹے! نماز قائم کرو اور نیکی کا حکم دو اور بدی سے منع کرو اور جو مصیبت تجھے پیش آئے اس پر صبر کرو، یہ معاملات میں عزم راسخ (کی علامت) ہے۔

۱۸۔ اور لوگوں سے (غرور و تکبر سے) رخ نہ پھیرا کرو اور زمین پر اکڑ کر نہ چلا کرو، اللہ کسی اترانے والے خود پسند کو یقیناً دوست نہیں رکھتا۔☆

۱۹۔ اور اپنی چال میں اعتدال رکھو اور اپنی آواز نیچی رکھ، یقیناً آوازوں میں سب سے بری گدھے کی آواز ہوتی ہے۔☆

۲۰۔کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ نے تمہارے لیے مسخر کیا ہے اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں کامل کر دی ہیں اور (اس کے باوجود) کچھ لوگ اللہ کے بارے میں بحث کرتے ہیں حالانکہ ان کے پاس نہ علم ہے اور نہ ہدایت اور نہ کوئی روشن کتاب۔☆

۲۱۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے: جو اللہ نے نازل کیا ہے اس کی پیروی کرو تو وہ

۱۵۔والدین خواہ مشرک ہی کیوں نہ ہوں، اسلام کے نزدیک احترام آدمیت اور مقام انسانیت میں پھر بھی اہمیت کے حامل ہیں۔عقیدے میں ان کی بات نہ ماننے کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ ان کے ساتھ برتاؤ میں کوئی فرق آ جائے۔عقیدے سے ہٹ کر بھی انسان کا خصوصاً والدین کا ایک انسانی مقام ہوتا ہے۔

۱۶۔یعنی اللہ سے کائنات کے کسی گوشے میں کوئی شے پوشیدہ نہیں ہے۔

۱۸۔تکبر و نخوت اور زمین پر اکڑ کر چلنا نفسیاتی بیماری کی علامت ہے، یعنی جس شخص کی شخصیت میں خلا ہو وہ اسے تکبر کے ذریعے پر کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

۱۹۔نہ اکڑ کر چلو، نہ ہی ایسی حقیرانہ چال چلو جو وقار کے خلاف ہو، بلکہ اپنی چال کو اعتدال پر رکھو۔آواز کا دھیما رکھنا اپنی شخصیت پر اعتماد کی علامت اور آداب کے مطابق ہے۔

۲۰۔تسخیر کا مطلب ہے کسی چیز کو تابع ارادہ بنا دینا۔ آسمان میں موجود سورج، چاند اور ستارے ہماری زندگی کے لیے ضروری سامان فراہم کرتے ہیں۔ اسی طرح زمین ایک مہرباں ماں کی طرح ہمیں اپنی گود میں پالتی ہے۔ظاہری نعمتیں جیسے اعضائے بدن صحت وغیرہ، باطنی نعمتیں جیسے عقل و ارادہ، وجدانیات وغیرہ، کتنی نعمتیں خود ہمارے اپنے وجود میں ہیں جن کا ہمیں علم نہیں ہے۔قرآن کا یہ مؤقف ہے کہ کسی بھی مؤقف کے لیے خود مؤقف والے کے پاس علم ہونا چاہیے۔اگر ایسا نہیں ہے تو کسی ہدایت کنندہ کی طرف سے ہدایت ہونی چاہیے یا آسمانی کتابوں میں سے کوئی کتاب ہونی چاہیے. ان دلائل میں سے ایک دلیل بھی نہ ہو اور صرف اندھی تقلید ہو تو وہ مؤقف قابل اعتنا نہیں ہے۔

قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا عَلَيْهِ
اٰبَآءَنَا ؕ اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ
يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿۲۱﴾
وَمَنْ يُّسْلِمْ وَجْهَهٗۤ اِلَى اللّٰهِ وَهُوَ
مُحْسِنٌ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ
الْوُثْقٰى ؕ وَاِلَى اللّٰهِ عَاقِبَةُ
الْاُمُوْرِ ﴿۲۲﴾
وَمَنْ كَفَرَ فَلَا يَحْزُنْكَ كُفْرُهٗ ؕ
اِلَيْنَا مَرْجِعُهُمْ فَنُنَبِّئُهُمْ بِمَا
عَمِلُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ﴿۲۳﴾
نُمَتِّعُهُمْ قَلِيْلًا ثُمَّ نَضْطَرُّهُمْ
اِلٰى عَذَابٍ غَلِيْظٍ ﴿۲۴﴾
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ
قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ بَلْ اَكْثَرُهُمْ
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾
لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾
وَلَوْ اَنَّ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ
اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ
سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمٰتُ
اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۷﴾

کہتے ہیں: ہم تو اس چیز کی پیروی کریں گے جس پر ہم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے، خواہ شیطان ان (کے بڑوں) کو بھڑکتی آگ کے عذاب کی طرف بلاتا رہا ہو۔

۲۲۔ اور جو شخص اپنے آپ کو اللہ کے حوالے کر دے اور وہ نیکوکار بھی ہو تو اس نے مضبوط رسی کو تھام لیا اور سب امور کا انجام اللہ ہی کی طرف ہے۔☆

۲۳۔ اور جو کفر کرتا ہے اس کا کفر آپ کو محزون نہ کرے، انہیں پلٹ کر ہماری طرف آنا ہے پھر ہم انہیں بتائیں گے کہ وہ کیا کرتے رہے ہیں یقیناً اللہ ہر وہ بات خوب جانتا ہے جو سینوں میں ہے۔☆

۲۴۔ ہم انہیں (دنیا میں) تھوڑا مزہ لینے کا موقع دیں گے پھر انہیں مجبور کر کے شدید عذاب کی طرف لے آئیں گے۔

۲۵۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں: آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ہے؟ تو یہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، :الحمد للّٰہ بلکہ ان میں سے اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۲۶۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے اللہ کی ملکیت ہے، وہ اللہ یقیناً بے نیاز، لائق ستائش ہے۔☆

۲۷۔ اور اگر زمین کے تمام درخت قلم بن جائیں اور سمندر کے ساتھ مزید سات سمندر مل (کر سیاہی بن) جائیں تب بھی اللہ کے کلمات ختم نہ ہوں گے، یقیناً اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۲۲۔ وَجْهَهٗۤ: ای ذاته و نفسه۔ وجہ سے ذات مراد لینا قرآنی اصطلاح ہے۔ جیسا کہ فرمایا: كُلُّ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ ۔ ای ذاته۔ اپنی ذات کو اللہ کے حوالے کرنے کا مطلب یہ ہے کہ یہ ذات اللہ کی ملکیت ہے اور ملکیت مالک کے حوالے ہوتی ہے اور اگر مالک کے علاوہ دوسرے تصرفات میں آئے تو یہ انحراف اور بغاوت ہے۔ چنانچہ مالک کے حوالے کر کے اس کے دائرۂ ملکیت میں نیک کام کیا جائے تو ہر قسم کے انحراف سے بچنے کے لیے مضبوط رسی اس کے ہاتھ میں آ گئی۔

۲۳۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر تسلی کے لیے ہے۔ فرمایا: کفار کے کفر سے آپ محزون نہ ہوں یہ خود اپنے آپ کو شدید عذاب کے سپرد کر رہے ہیں۔

۲۵۔ مشرکین جب اللہ تعالیٰ کو اس کائنات کا خالق تسلیم کرتے ہیں تو انہیں ماننا پڑے گا کہ اس کائنات کا مدبر بھی اللہ ہے۔ کیونکہ تدبیر تخلیق سے جدا عمل نہیں ہے، بلکہ تدبیر تخلیق مسلسل کا دوسرا نام ہے۔

۲۶۔ اللہ کائنات کا مالک بھی ہے اور کائنات سے بے نیاز بھی ہے۔ دوسرے مالک اپنے مملوک کے محتاج ہوتے ہیں، لیکن اللہ اپنی بے احتیاجی کے ساتھ مالک ہے۔ یہی حقیقی مالک ہے۔

۲۷۔ انسان کے مشاہداتی امور کی روشنی میں، محسوساتی دنیا میں بسنے والوں کے لیے ایک مفروضہ اور ایک مثال ہے۔ کلمات خدا یعنی کلمہ کن کے نتیجے میں وجود میں آنے والی چیزوں کی ایک اجمالی فہرست تیار کرنا بھی ان درختوں سے بننے والے قلموں اور ان سمندروں سے بننے والی سیاہیوں کے بس میں نہیں ہے، چہ جائیکہ ان کلمات کا احاطہ ہو سکے۔ کیونکہ محدود کے لیے لامحدود کا احاطہ کرنا ممکن ہی نہیں ہے۔ یہ سارے سمندر سیاہی بن جائیں تو خود سمندری موجودات کی فہرست تیار کرنے کے لیے بھی ناکافی ہوگا۔

مَا خَلْقُكُمْ وَلَا بَعْثُكُمْ اِلَّا
كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ
بَصِيْرٌ ﴿۲۸﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ
وَ يُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَسَخَّرَ
الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ۙ كُلٌّ يَّجْرِيْۤ
اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى وَّاَنَّ اللّٰهَ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۹﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَاَنَّ مَا
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهِ الْبَاطِلُ ۙ وَاَنَّ
ع ۱۱ ۱۲ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۳۰﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ الْفُلْكَ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ
بِنِعْمَتِ اللّٰهِ لِيُرِيَكُمْ مِّنْ اٰيٰتِهٖ ؕ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
شَكُوْرٍ ﴿۳۱﴾
وَ اِذَا غَشِيَهُمْ مَّوْجٌ كَالظُّلَلِ
دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۚ
فَلَمَّا نَجّٰىهُمْ اِلَى الْبَرِّ فَمِنْهُمْ
مُّقْتَصِدٌ ؕ وَمَا يَجْحَدُ بِاٰيٰتِنَاۤ اِلَّا
كُلُّ خَتَّارٍ كَفُوْرٍ ﴿۳۲﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ وَاخْشَوْا
يَوْمًا لَّا يَجْزِيْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ ۫ وَ
لَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ

۲۸۔ اللہ کے لیے تم سب کا پیدا کرنا پھر دوبارہ اٹھانا ایک جان (کے پیدا کرنے اور پھر اٹھانے) کی طرح ہے، یقیناً اللہ خوب سننے والا، دیکھنے والا ہے۔☆

۲۹۔ کیا تم نہیں دیکھتے کہ اللہ رات کو دن اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور اسی نے سورج اور چاند کو مسخر کیا ہے؟ سب ایک مقررہ وقت تک چل رہے ہیں اور تحقیق اللہ تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۳۰۔ یہ اس لیے کہ اللہ (کی ذات) ہی برحق ہے اور اس کے سوا جنہیں وہ پکارتے ہیں سب باطل ہیں اور اللہ ہی برتر و بزرگ ہے۔☆

۳۱۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ کشتی سمندر میں اللہ کی نعمت سے چلتی ہے تاکہ وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھائے، تمام صبر اور شکر کرنے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔

۳۲۔ اور جب ان پر (سمندر کی) موج سائبان کی طرح چھا جاتی ہے تو وہ عقیدے کو اسی کے لیے خالص کر کے اللہ کو پکارتے ہیں پھر جب وہ انہیں نجات دے کر خشکی پر پہنچا دیتا ہے تو ان میں سے کچھ اعتدال پر قائم رہتے ہیں اور ہماری نشانیوں کا وہی انکار کرتا ہے جو بدعہد ناشکرا ہے۔☆

۳۳۔ اے لوگو! اپنے پروردگار (کے غضب) سے بچو اور اس دن کا خوف کرو جس دن نہ باپ اپنے بیٹے کے اور نہ بیٹا اپنے باپ

۲۸۔ اللہ کے ایک ارادے سے مخلوق وجود میں آ جاتی ہے، خواہ وہ مخلوق ایک ہو یا ایک کھرب۔ لہٰذا اللہ کے لیے خلق اور اعادۂ خلق، کثرت یا قلت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ سب یکساں طور پر آسان ہیں۔

۲۹۔ اس کائنات کی تدبیر کے سلسلے میں چند ایک شعبوں کا ذکر ہے۔ اس میں سے ایک شعبہ دن رات کا ایک دوسرے میں داخل کرنے کا عمل ہے کہ مختلف موسموں میں رات کا کچھ حصہ دن میں اور دن کا کچھ حصہ رات میں داخل کیا جاتا ہے، جس سے مختلف موسم وجود میں آتے ہیں۔

۳۰۔ اللہ کی ذات ہی برحق ہے۔ کسی شے کے ثبوت، وجود اور اس کی واقعی اور نفس الامری حالت کو حق کہتے ہیں۔ صرف اللہ کی ذات ہے جو علی الاطلاق حق ہے، جو بذات خود موجود ہے۔ اس کا وجود کسی اعتبار اور کسی شرط کے ساتھ مقید نہیں ہے۔ جب کہ باقی موجودات اللہ کے وجود کا سایہ ہیں، مشروط اور مقید وجود ہیں اور غیر اللہ اگر ارادہ الٰہی کے ساتھ مربوط ہے تو اس کو ایک وجود ظلی حاصل ہوگا، ورنہ وہ باطل اور نیستی محض ہے۔

۳۲۔ جب انسان کے دل و دماغ سے دنیاوی خواہشات کا پردہ ہٹ جاتا ہے اور انسان کو صرف اپنی فطرت کے ساتھ سرگوشی کرنے کا موقع ملتا ہے تو اس وقت اس فطرت کو اس کے خالق کے علاوہ کوئی سہارا نظر نہیں آتا، لیکن جب خطرہ ٹل جاتا ہے تو کچھ تو اس درس کو یاد رکھتے ہیں اور کچھ لوگ پھر خواہشات کی اتھاہ گہرائیوں میں چلے جاتے ہیں۔

۳۳۔ قیامت کی ہولناکی کی یہ صورت ہوگی کہ نہ صرف باپ بیٹے کے لیے اور بیٹا باپ کے لیے کچھ نہ کر سکے گا، بلکہ یہ دونوں ایک دوسرے سے بھاگیں گے۔

شَيْءٍ ۚ إِنَّ وَعْدَ اللَّهِ حَقٌّ فَلَا
تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيَاةُ الدُّنْيَا ۖ وَلَا
يَغُرَّنَّكُمْ بِاللَّهِ الْغَرُورُ ﴿٣٣﴾
إِنَّ اللَّهَ عِنْدَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَ
يُنَزِّلُ الْغَيْثَ ۚ وَيَعْلَمُ مَا فِي
الْأَرْحَامِ ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا
تَكْسِبُ غَدًا ۖ وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ
بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ ۚ إِنَّ اللَّهَ
ع ۱۲ عَلِيمٌ خَبِيرٌ ﴿٣٤﴾

سُوْرَةُ السَّجْدَة مَكِّيَّة ۳۰ ﴿۳۲﴾

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
الٓمٓ ﴿١﴾
تَنْزِيلُ الْكِتَابِ لَا رَيْبَ فِيهِ مِنْ
رَّبِّ الْعَالَمِينَ ﴿٢﴾
أَمْ يَقُولُونَ افْتَرَاهُ ۚ بَلْ هُوَ الْحَقُّ
مِنْ رَّبِّكَ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّا أَتَاهُم
مِّن نَّذِيرٍ مِّن قَبْلِكَ لَعَلَّهُمْ
يَهْتَدُونَ ﴿٣﴾
اللَّهُ الَّذِي خَلَقَ السَّمَاوَاتِ
وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي سِتَّةِ
أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۖ
مَا لَكُم مِّن دُونِهِ مِن وَلِيٍّ وَلَا
شَفِيعٍ ۚ أَفَلَا تَتَذَكَّرُونَ ﴿٤﴾

کے کچھ کام آئے گا، اللہ کا وعدہ یقیناً سچا ہے لہٰذا دنیا کی یہ زندگی تمہیں دھوکہ نہ دے اور دھوکے باز تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکے میں نہ رکھے۔☆

۳۴۔ قیامت کا علم یقیناً اللہ ہی کے پاس ہے اور وہی بارش برساتا ہے اور وہی جانتا ہے جو کچھ رحموں میں ہے اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ وہ کل کیا کمانے والا ہے اور نہ کوئی یہ جانتا ہے کہ کس سرزمین میں اسے موت آئے گی، یقیناً اللہ خوب جاننے والا، بڑا باخبر ہے۔☆

سورۃ سجدہ۔ مکی۔ آیات ۳۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ الف، لام، میم۔

۲۔ ایسی کتاب کا نازل کرنا جس میں شبہ کی کوئی گنجائش نہیں ہے رب العالمین کی طرف سے (ہی ممکن) ہے۔

۳۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس (رسول) نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ آپ کے رب کی طرف سے برحق ہے تاکہ آپ ایسی قوم کو تنبیہ کریں جس کے پاس آپ سے پہلے کوئی تنبیہ کرنے والا نہیں آیا، شاید وہ ہدایت حاصل کر لیں۔☆

۴۔ اللہ وہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کو چھ دنوں میں پیدا کیا پھر عرش پر متمکن ہو گیا، اس کے سوا تمہارا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ شفاعت کرنے والا، کیا تم نصیحت نہیں لیتے؟☆

۳۴۔ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ: جو کچھ رحموں میں ہے، صرف اللہ جانتا ہے۔ یہاں سوال کرتے ہیں کہ انسان بھی جاننے لگے ہیں کہ ماؤں کے رحموں میں کیا ہے، لڑکا ہے یا لڑکی؟ جواب یہ ہے کہ اول تو انسان بچے کی تخلیق مکمل ہونے کے بعد جانتا ہے۔ بچے کے پیدا ہونے کے بعد تو سب جانتے ہیں، لیکن انسان یہ نہیں جانتا کہ چار سو ملین جرثومۂ پدر میں سے کون سا جرثومہ ہے جو تخم مادر کے ساتھ جفت ہو گیا اور کس خاصیت کا جرثومہ ہے۔ چونکہ چار سو ملین جرثوموں میں سے ہر ایک اپنی جدا خاصیت رکھتا ہے۔ ثانیاً انسان صرف بچے کے مادی وجود کو جانتا ہے، اس کی حقیقت کو نہیں جانتا کہ کس خاصیت اور صلاحیت کا بچہ ہے۔ مزید تشریح کے لیے سورہ رعد آیت ۸ ملاحظہ فرمائیں۔

اپنی علمی پیشرفت اور تسخیر طبیعیت کے غرور کے باجود انسان کو یہ نہیں معلوم کہ کل کیا کچھ پیش آنے والا ہے اور یہ بھی نہیں معلوم کہ اسے موت کب اور کہاں آئے گی۔ کئی پردوں اور تاریکیوں کے پیچھے کھڑا انسان اللہ کی قدرت اور علم کے بارے میں سوال اٹھاتا ہے کہ وہ مردوں کو کس طرح زندہ کرے گا؟

سورہ سجدہ

۳۔ یعنی ان کے پاس ایک طویل مدت سے کوئی تنبیہ کرنے والا نہیں آیا۔ عربوں میں سب سے پہلے حضرت ہود اور حضرت صالح علیہما السلام مبعوث ہوئے، پھر حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام مبعوث ہوئے اور ان میں آخری نبی حضرت شعیبؑ ہمارے نبیؐ سے دو ہزار سال پہلے مبعوث ہوئے۔ اس عرصے میں کوئی نبی مبعوث نہیں ہوا، لیکن ان میں ان انبیاء کا پیغام پہنچانے والے اور خدا کی حجت پوری کرنے والے موحدین ہمیشہ رہے ہیں۔

۴۔ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ: اللہ تعالیٰ پھر عرش پر متمکن ہو گیا۔ واضح رہے عرش اللہ تعالیٰ کے مقام تدبیر کا نام ہے۔ اس لیے آسمانوں کی تخلیق کے بعد عرش کا ذکر آتا ہے اور ہمیشہ عرش کے ذکر کے بعد کائنات کی تدبیر سے متعلق امور کا ذکر ہوتا ہے۔ چنانچہ اس آیت میں عرش کے ذکر کے بعد اللہ کی ولایت اور شفاعت کا ذکر ہے۔ اگلی آیت میں يُدَبِّرُ الْأَمْرَ تدبیر امور کا ذکر ہے۔

يُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى
الْاَرْضِ ثُمَّ يَعْرُجُ اِلَيْهِ فِيْ يَوْمٍ
كَانَ مِقْدَارُهٗٓ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا
تَعُدُّوْنَ ۝۵
ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَ الشَّهَادَةِ
الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ۝۶
الَّذِيْٓ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ وَ بَدَاَ
خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِيْنٍ ۝۷
ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ
مَّهِيْنٍ ۝۸
ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ فِيْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ
وَ جَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ
الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۹
وَ قَالُوْٓا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ
ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ؕ بَلْ هُمْ
بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ۝۱۰
قُلْ يَتَوَفّٰىكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ
الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
ع ۱۱ ۱۲ تُرْجَعُوْنَ ۝۱۱
وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الْمُجْرِمُوْنَ
نَاكِسُوْا رُءُوْسِهِمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ
رَبَّنَآ اَبْصَرْنَا وَ سَمِعْنَا فَارْجِعْنَا
نَعْمَلْ صَالِحًا اِنَّا مُوْقِنُوْنَ ۝۱۲

۵۔ وہ آسمان سے زمین تک امور کی تدبیر کرتا ہے پھر یہ امر ایک ایسے دن میں اللہ کی بارگاہ میں اوپر کی طرف جاتا ہے جس کی مقدار تمہارے شمار کے مطابق ایک ہزار سال ہے۔☆

۶۔ وہی جو غیب و شہود کا جاننے والا ہے جو بڑا غالب آنے والا، رحیم ہے۔

۷۔ جس نے ہر اس چیز کو جو اس نے بنائی بہترین بنایا اور انسان کی تخلیق مٹی سے شروع کی۔☆

۸۔ پھر اس کی نسل کو حقیر پانی کے نچوڑ سے پیدا کیا۔☆

۹۔ پھر اسے معتدل بنایا اور اس میں اپنی روح میں سے پھونک دیا اور تمہارے لیے کان، آنکھیں اور دل بنائے، تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو۔☆

۱۰۔ اور وہ کہتے ہیں: جب ہم زمین میں ناپید ہو جائیں گے تو کیا ہم نئی خلقت میں آئیں گے؟ بلکہ یہ لوگ تو اپنے رب کے حضور جانے کے منکر ہیں۔

۱۱۔ کہہ دیجیے: موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر کیا گیا ہے تمہاری روحیں قبض کرتا ہے پھر تم اپنے رب کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔☆

۱۲۔ اور کاش! آپ وہ وقت دیکھ لیتے جب کافر اپنے رب کے سامنے سر جھکائے ہوئے ہوں گے (اور کہہ رہے ہوں گے) ہمارے پروردگار! ہم نے دیکھ لیا اور سن لیا پس ہمیں (ایک بار دنیا میں) واپس بھیج دے تاکہ ہم نیک عمل بجالائیں کیونکہ ہمیں یقین آ گیا ہے۔

۵۔ نظریہ اضافت کی رو سے بھی زمانہ یکساں نہیں ہے۔ جو چیز غیر مادی ہو وہ غیر زمانی بھی ہوتی ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ بھی زمانی نہیں ہے۔ حدیث میں آیا ہے: كَانَ وَ لَمْ يَزَلْ حَيًّا بِلَا كَيْفٍ وَ لَمْ يَكُنْ لَهُ كَانَ. (الکافی ۱:۸۸) وہ اس وقت بھی بغیر کسی کیفیت کے زندہ موجود تھا جب کہ اس کے لیے ''تھا'' بھی نہ تھا۔ یعنی زمانہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے ہے۔ اگر اللہ کے غیر زمانی افعال کی ارضی زمانے پر تطبیق کی جائے تو اللہ کا ایک روز یہاں کے ایک ہزار سال کے برابر ہو جائے۔ یہ ایک مثال ہے۔

۷۔ انسان کی تخلیق میں خاکی عناصر ہی استعمال ہوئے ہیں اور یہ نہیں معلوم کہ ابتدائی خلیے (Cell) کو زندگی دینے میں اسے کن مراحل سے گزارا گیا۔ اَحْسَنَ كُلَّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ: اللہ نے جس چیز کو بھی بنایا بہتر اور خیر بنایا۔ لہٰذا ہر چیز میں اللہ کی طرف سے خیر ہی خیر ہے۔ اگر شر آتا ہے تو بندے کی طرف سے آتا ہے کہ بندے نے اس خیر کو شر سے بدل دیا۔ دوسرے لفظوں میں کوئی بھی چیز مطلق خیر و شر نہیں ہے بلکہ خیر شر اضافی و نسبی ہیں۔ یہ انسان ہے کہ خیر کو شر بناتا ہے۔

۸۔ یعنی انسان کی خلقت کی ابتدا تو مٹی سے ہوئی لیکن اس کی نسلوں کے تسلسل کو سلالہ کے ذریعے جاری رکھا۔ یعنی طین سے ابتدا ہوئی سلالہ سے نسل انسانی کو آگے بڑھایا۔ سلالہ نچوڑ کے معنوں میں ہے۔ اس کا بظاہر مطلب یہ نکلتا ہے کہ انسانی تخلیق کی بنیاد تو ارضی عناصر مٹی ہیں، لیکن اس مٹی کی نسل کو آگے بڑھانے کے لیے ایک خاص قسم کے پانی سے کام لیا گیا۔

۹۔ یہ بات اگرچہ مسلّم ہے کہ مردہ مادے سے حیات پیدا نہیں ہوتی۔ حیات، حیات ہی سے پیدا ہو سکتی ہے، تاہم حیات مادے کی گود میں پرورش پاتی ہے۔

۱۱۔ یعنی موت کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ تم زمین میں ناپید ہو جاؤ گے، بلکہ موت یہ ہے کہ فرشتہ موت تمہارے پورے وجود کو وصول کرے گا۔ یعنی جس کو ''میں''، ''تم'' اور ''ہم'' کہا جاتا ہے وہ بغیر کسی کمی بیشی کے اپنے فرشتوں کے ذریعے وصول کریں گے۔ واضح رہے کہ انسان کا مادی جسم تو دنیا میں بھی ہر چھ سال بعد مکمل طور پر بدلتا رہتا ہے۔ اس کے باوجود انسان کی ''خودی'' نہیں بدلتی۔ انسانی جسم جن خلیوں پر مشتمل ہے، ان خلیوں

وَلَوْ شِئْنَا لَاٰتَيْنَا كُلَّ نَفْسٍ هُدٰىهَا
وَلٰكِنْ حَقَّ الْقَوْلُ مِنِّيْ لَاَمْلَـَٔنَّ
جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ
اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳﴾
فَذُوْقُوْا بِمَا نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ
هٰذَا ۚ اِنَّا نَسِيْنٰكُمْ وَذُوْقُوْا عَذَابَ
الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾
اِنَّمَا يُؤْمِنُ بِاٰيٰتِنَا الَّذِيْنَ اِذَا
ذُكِّرُوْا بِهَا خَرُّوْا سُجَّدًا وَّ
سَبَّحُوْا بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَهُمْ
لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ السجدة الواجبة
تَتَجَافٰى جُنُوْبُهُمْ عَنِ الْمَضَاجِعِ
يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۫ وَّمِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۱۶﴾
فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ
مِّنْ قُرَّةِ اَعْيُنٍ ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا
يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۷﴾
اَفَمَنْ كَانَ مُؤْمِنًا كَمَنْ كَانَ
فَاسِقًا ۭ لَا يَسْتَوٗنَ ﴿۱۸﴾ وقف غفران
اَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
فَلَهُمْ جَنّٰتُ الْمَاْوٰى ۭ نُزُلًۢا بِمَا
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَاَمَّا الَّذِيْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰىهُمُ

۱۳۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہر شخص کو اس کی ہدایت دے دیتے لیکن میری طرف سے فیصلہ حتمی ہو چکا ہے کہ میں دوزخ کو جنوں اور انسانوں سے ضرور بھر دوں گا۔☆

۱۴۔ پس اب اس بات کا ذائقہ چکھو کہ تم نے اپنے اس دن کی ملاقات کو فراموش کر دیا تھا، ہم نے بھی تمہیں فراموش کر دیا ہے اور اب تم اپنے ان اعمال کی پاداش میں ہمیشگی کا عذاب چکھتے رہو جو تم کیا کرتے تھے۔

۱۵۔ ہماری آیات پر صرف وہ لوگ ایمان لاتے ہیں جب انہیں یہ آیات سمجھا دی جاتی ہیں تو سجدے میں گر پڑتے ہیں اور اپنے رب کی ثناء کے ساتھ اس کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔

۱۶۔ (رات کو) ان کے پہلو بستروں سے الگ رہتے ہیں، وہ اپنے رب کو خوف اور امید کے ساتھ پکارتے ہیں اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں.

۱۷۔ اور کوئی شخص نہیں جانتا کہ ان کے اعمال کے صلے میں ان کی آنکھوں کی ٹھنڈک کا کیا کیا سامان پردہ غیب میں موجود ہے۔☆

۱۸۔ بھلا جو مومن ہو وہ فاسق کی طرح ہو سکتا ہے؟ یہ دونوں برابر نہیں ہو سکتے۔☆

۱۹۔ مگر جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے ان کے لیے جنتوں کی قیام گاہیں ہیں، یہ ضیافت ان اعمال کا صلہ ہے جو وہ انجام دیا کرتے تھے۔

۲۰۔ لیکن جنہوں نے نافرمانی کی ان کی جائے

کی بھی عمریں ہوتی ہیں۔ ہر روز انسان کے کھربوں خلیے جل کر راکھ ہو جاتے ہیں۔ ان کی جگہ خون تازہ خلیے تعمیر کرتا ہے۔ اس طرح ہر چھ سال بعد انسان کا پورا مادی وجود بدل جاتا ہے، لیکن اس کی خودی نہیں بدلتی۔

۱۳۔ یعنی اگر اللہ کی مشیت یہ ہوتی کہ ہر شخص کو اس کی مطلوبہ ہدایت میسر آجائے تو ایسا کر سکتا تھا مگر اس صورت میں وہ ہدایت اختیاری نہیں اجباری ہوتی، جس کی کوئی قیمت نہیں ہے۔ اگر اللہ کو اجباری ہدایت قبول ہوتی تو سارا نظام خلقت بے مقصد ہو جاتا اور اس صورت میں سب کو بلا استحقاق جنت میں داخل کرنا ہوتا۔ لیکن جبری ایمان قبول نہ ہونے اور انسان کو خود مختار بنانے کا قدرتی نتیجہ یہ ہے کہ کچھ لوگ ایمان لاتے ہیں اور کچھ ایمان نہیں لاتے۔ جو ایمان نہیں لاتے انہیں جہنم میں جانا ہوتا ہے۔

۱۶۔ جب لوگ سو رہے ہوتے ہیں، اس وقت یہ لوگ عبادت اور دعا میں مشغول ہوتے ہیں۔ یہ لوگ بندگی کا سلیقہ رکھتے ہیں۔ وہ یہ ہے کہ دل میں اللہ کا خوف رکھیں، بے پرواہ نہ ہوں، بلکہ خوف و امید کے درمیان رہیں۔ امید کی وجہ سے عبادت کرتے ہیں، خوف کی وجہ سے محرمات سے پرہیز کرتے ہیں۔ آداب بندگی کا اہم پہلو یہ ہے کہ مؤمن رات کو عابد، دن کو شیر دل ہوتے ہیں۔ فیاضی کرتے ہیں: وَّمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ۔

۱۷۔ رسول خداؐ سے روایت ہے: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے وہ ثواب آمادہ کر رکھا ہے جسے نہ کسی آنکھ نے دیکھا ہوگا اور نہ کسی نے اس کا تصور کیا ہوگا۔ (مستدرک الوسائل ۶:۶۲)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: ہر کار نیک کا ثواب قرآن میں بیان ہوا ہے سوائے تہجد کے۔ اس کے ثواب کی عظمت کی وجہ سے اس کے ثواب کا ذکر نہیں فرمایا۔

۱۸۔ واحدی، الدر المنثور اور الکشاف میں آیا ہے کہ یہ آیت حضرت علی علیہ السلام کے ایمان اور ولید بن عقبہ کے فسق کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ الکشاف ۳: ۵۲۵ میں آیا ہے کہ حضرت امام حسن علیہ السلام نے ولید سے فرمایا: تو علی (ع) کو دشنام کیسے دے رہا ہے، جب کہ علی (ع) کو اللہ نے دس آیات میں مؤمن اور تجھے فاسق کہا ہے۔

النَّارُ ؕ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا
مِنْهَآ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَ قِيْلَ لَهُمْ
ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ
تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۰﴾
وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنَ الْعَذَابِ
الْاَدْنٰى دُوْنَ الْعَذَابِ الْاَكْبَرِ
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ رَبِّهٖ
ثُمَّ اَعْرَضَ عَنْهَا ؕ اِنَّا مِنَ
الْمُجْرِمِيْنَ مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ ع ۲ ۱۱ ۱۵
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ فَلَا تَكُنْ
فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآئِهٖ وَجَعَلْنٰهُ
هُدًى لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۲۳﴾ ع
وَجَعَلْنَا مِنْهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ
بِاَمْرِنَا لَمَّا صَبَرُوْا ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا
يُوْقِنُوْنَ ﴿۲۴﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ يَفْصِلُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ
الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۲۵﴾
اَوَلَمْ يَهْدِ لَهُمْ كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ
قَبْلِهِمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ يَمْشُوْنَ فِيْ
مَسٰكِنِهِمْ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ ؕ
اَفَلَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۲۶﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا نَسُوْقُ الْمَآءَ اِلَى

بازگشت آتش ہے، جب بھی وہ اس سے نکلنا چاہیں گے اس میں لوٹا دیے جائیں گے اور ان سے کہا جائے گا: اس آتش کا عذاب چکھو جس کی تم تکذیب کرتے تھے۔

۲۱۔ اور ہم انہیں بڑے عذاب کے علاوہ کمتر عذاب کا ذائقہ بھی ضرور چکھائیں گے، شاید وہ باز آ جائیں۔☆

۲۲۔ اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جسے اس کے رب کی نشانیاں سمجھا دی گئی ہوں پھر وہ ان سے منہ موڑ لے؟ ہم مجرموں سے ضرور بدلہ لینے والے ہیں۔☆

۲۳۔ اور تحقیق ہم نے موسیٰ کو کتاب دی ہے لہٰذا آپ اس (قرآن) کے ملنے میں کسی شبہے میں نہ رہیں اور ہم نے اس کتاب کو بنی اسرائیل کے لیے ہدایت (کا ذریعہ) بنایا۔☆

۲۴۔ اور جب انہوں نے صبر کیا اور وہ ہماری آیات پر یقین رکھے ہوئے تھے تو ہم نے ان میں سے کچھ لوگوں کو امام بنایا جو ہمارے حکم سے ہدایت کرتے ہیں۔☆

۲۵۔ یقیناً آپ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ سنا دے گا جن میں یہ لوگ اختلاف کرتے رہے ہیں۔

۲۶۔ کیا انہیں اس بات سے ہدایت نہیں ملی کہ ہم نے ان سے پہلے بہت سی قوموں کو ہلاک کر دیا ہے جن کی قیام گاہوں میں یہ لوگ چلتے پھرتے ہیں، تحقیق اس میں نشانیاں ہیں، تو کیا یہ لوگ سنتے نہیں؟

۲۷۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم بنجر

۲۱۔ احادیث کے مطابق کمتر عذاب سے مراد دنیاوی مصائب، بیماریاں اور سختیاں ہیں جو کافر کے لیے عذاب اور مؤمن کے لیے تزکیہ و طہارت کی موجب ہیں۔

۲۲ دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: اور اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جس کی اپنے رب کی آیات کے ذریعے نصیحت کی گئی ہو۔

انبیاء ہر مطالبے پر معجزہ پیش نہیں کرتے، کیونکہ اگر معجزات کے بعد بھی ایمان نہ لائیں تو اللہ فوری انتقام لیتا ہے۔ اس آیت میں اسی بات کی طرف اشارہ ہے کہ آیات الٰہی کے ذریعے حجت پوری ہو گئی ہو، پھر انکار کیا جائے تو انتقام الٰہی کی نوبت آ جاتی ہے۔

۲۳۔ یہ قرآن کا طرز خطاب ہے کہ جسے بہت زیادہ اہمیت دینا مقصود ہو وہاں خطاب براہ راست رسول (ص) سے ہوتا ہے اور بتانا دوسروں کو مقصود ہوتا ہے۔ لِّقَآئِهٖ میں ضمیر الْكِتٰبَ کی طرف ہے اور لِقَاء تَلَقِّی کے معنوں میں ہے، جیسے كِتٰبًا يَّلْقٰهُ مَنْشُوْرًا میں ہے۔ یعنی ہم نے جیسے موسیٰ (ع) کو کتاب دی ہے، آپ کو بھی کتاب دی ہے۔ لہٰذا آپ کو اس کتاب (قرآن) کے ملنے میں کوئی شبہ نہیں ہونا چاہیے۔ حضرت موسیٰ (ع) کا ذکر اس لیے ہوا کہ رسالتمآب (ص) کے ساتھ آپؐ کی بہت سی خصوصیات ایک جیسی ہیں۔

۲۴۔ ہر امت میں ایک گروہ کو امامت کا عہدہ صبر و یقین کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔ علم کی وجہ سے صبر اور یقین کی وجہ سے عصمت وجود میں آتی ہے۔ انبیاء علیہم السلام اس لیے معصوم ہوتے ہیں کہ وہ یقین کے اعلیٰ مراتب پر فائز ہوتے ہیں اور عصمت کے مقام پر فائز ہونے کے بعد امامت کی منزل پر فائز ہو جاتے ہیں۔

الْاَرْضِ الْجُرُزِ فَنُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا
تَاْكُلُ مِنْهُ اَنْعَامُهُمْ وَاَنْفُسُهُمْ ؕ
اَفَلَا يُبْصِرُوْنَ ﴿۲۷﴾
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْفَتْحُ اِنْ
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۲۸﴾
قُلْ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا يَنْفَعُ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْٓا اِيْمَانُهُمْ وَلَا هُمْ
يُنْظَرُوْنَ ﴿۲۹﴾
فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَانْتَظِرْ اِنَّهُمْ
مُّنْتَظِرُوْنَ ﴿۳۰﴾ ع ۲ ۸ ۱۲
سُوْرَةُ الْاَحْزَابِ مَدَنِيَّةٌ ۷۳
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تُطِعِ
الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ﴿۱﴾
وَّاتَّبِعْ مَا يُوْحٰٓى اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۲﴾
وَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
وَكِيْلًا ﴿۳﴾
مَا جَعَلَ اللّٰهُ لِرَجُلٍ مِّنْ قَلْبَيْنِ فِيْ
جَوْفِهٖ ۚ وَمَا جَعَلَ اَزْوَاجَكُمُ الّٰٓـِٔيْ
تُظٰهِرُوْنَ مِنْهُنَّ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ وَمَا
جَعَلَ اَدْعِيَآءَكُمْ اَبْنَآءَكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ

زمینوں کی طرف پانی روانہ کرتے ہیں پھر اس سے کھیتی پیدا کرتے ہیں جس سے ان کے جانور بھی کھاتے ہیں اور خود بھی، تو کیا یہ دیکھتے نہیں ہیں؟

۲۸۔ اور یہ لوگ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو (بتاؤ) یہ فیصلہ کب ہوگا؟

۲۹۔ کہہ دیجیے: فیصلے کے دن کفار کو ان کا ایمان لانا فائدہ نہ دے گا اور نہ ہی انہیں مہلت دی جائے گی۔☆

۳۰۔ ان سے منہ پھیر لیں اور انتظار کریں، یقیناً یہ بھی انتظار کر رہے ہیں۔☆

سورہ احزاب ۔ مدنی ۔ آیات ۷۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔اے نبی اللہ سے ڈریں اور کفار اور منافقین کی اطاعت نہ کریں، اللہ یقیناً بڑا جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۲۔اور آپ کے پروردگار کی طرف سے آپ کی طرف جو وحی کی جاتی ہے اس کی اتباع کریں، اللہ تمہارے اعمال سے یقیناً خوب باخبر ہے۔

۳۔ اور اللہ پر توکل کریں اور ضامن بننے کے لیے اللہ کافی ہے۔

۴۔اللہ نے کسی شخص کے پہلو میں دو دل نہیں رکھے ہیں اور تمہاری ازواج کو جنہیں تم لوگ ماں کہہ بیٹھتے ہو ان کو اللہ نے تمہاری مائیں نہیں بنایا اور نہ ہی تمہارے منہ بولے بیٹوں کو تمہارے (حقیقی) بیٹے بنایا، یہ سب

۲۹۔ یَوْمَ الْفَتْحِ سے مراد بعض نے یوم بدر اور بعض نے فتح مکہ لیا ہے، لیکن سیاق آیت کے مطابق اس سے مراد یوم قیامت ہے۔

۳۰۔کافروں کی طرف سے تکذیب و توہین اس قابل نہیں ہے کہ آپؐ ان چیزوں کو درخور اعتنا سمجھیں۔ آپؐ کو اپنی فتح و نصرت اور کافروں کی رسوائی کا انتظار کرنا چاہیے۔

سورہ احزاب

۱۔مجمع البیان اور الدر المنثور میں آیا ہے کہ قریش کے چند افراد ابوسفیان کی سرکردگی میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے امان لے کر مدینہ آئے اور مدینہ کے منافقین بھی ان کے ساتھ ہم آواز ہوئے اور بولے: اے محمدؐ! آپ ہمارے معبودوں کو کچھ نہ کہیں۔ ہم آپؐ کے رب کو کچھ نہیں کہیں گے۔ رسول اللہؐ پر یہ بات شاق گزری ۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔

۴۔دل ایک، موقف بھی ایک، دستور زندگی بھی ایک. ایک انسان بیک وقت دو موقف اختیار نہیں کر سکتا۔ ایمان کے ساتھ نفاق اور کفر کے ساتھ اسلام جمع نہیں ہو سکتا۔

جاہلیت میں لوگ اپنی عورت سے اگر یہ کہتے: تیری پیٹھ میرے لیے میری ماں کی پیٹھ جیسی ہے، تو اسے طلاق شمار کرتے تھے اور ایسا کرنے والے پر عورت ماں کی طرح حرام ہو جاتی تھی۔ اسلام نے اس جاہلی قانون کو ختم کر کے قانون ظہار بنایا جس کے تحت شوہر کفارہ دے کر بیوی کو اپنے نکاح میں رکھ سکتا ہے۔ اسی طرح اسلام نے جاہلیت کی ایک اور رسم کو بھی ختم کیا جس کے تحت منہ بولے بیٹے کو حقیقی بیٹوں کی طرح وارث بنایا جاتا تھا۔ یہ رسم اس موقع پر باطل ہوئی جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زید بن حارثہ کی مطلقہ حضرت زینبؓ سے عقد فرمایا۔ چونکہ زید بن حارثہ کو حضورؐ نے مکی زندگی میں اپنا بیٹا بنا لیا تھا، اس لیے منافقین اور کمزور ایمان والے مسلمانوں نے یہ کہنا شروع کر دیا: محمدؐ ہمارے لیے تو حرام کرتے ہیں، لیکن خود اپنی بہو سے شادی کرتے ہیں۔

قَوْلَكُمْ بِاَفْوَاهِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ يَقُوْلُ
الْحَقَّ وَهُوَ يَهْدِي السَّبِيْلَ ۝۴
اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ
عِنْدَ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ لَّمْ تَعْلَمُوْٓا
اٰبَآءَهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ فِي الدِّيْنِ
وَمَوَالِيْكُمْ ۚ وَلَيْسَ عَلَيْكُمْ
جُنَاحٌ فِيْمَآ اَخْطَاْتُمْ بِهٖ ۙ وَلٰكِنْ مَّا
تَعَمَّدَتْ قُلُوْبُكُمْ ۚ وَكَانَ اللّٰهُ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۵
اَلنَّبِيُّ اَوْلٰى بِالْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ
اَنْفُسِهِمْ وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ ۚ
وَاُولُوا الْاَرْحَامِ بَعْضُهُمْ اَوْلٰى
بِبَعْضٍ فِيْ كِتٰبِ اللّٰهِ مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُهٰجِرِيْنَ اِلَّآ اَنْ
تَفْعَلُوْٓا اِلٰٓى اَوْلِيٰٓئِكُمْ مَّعْرُوْفًا ۚ
كَانَ ذٰلِكَ فِي الْكِتٰبِ مَسْطُوْرًا ۝۶
وَاِذْ اَخَذْنَا مِنَ النَّبِيّٖنَ مِيْثَاقَهُمْ وَ
مِنْكَ وَمِنْ نُّوْحٍ وَّاِبْرٰهِيْمَ
وَمُوْسٰى وَعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ ۠
وَاَخَذْنَا مِنْهُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۙ۝۷
لِّيَسْـَٔلَ الصّٰدِقِيْنَ عَنْ صِدْقِهِمْ ۚ
وَاَعَدَّ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۝۸
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوْا نِعْمَةَ

تمہارے منہ کی باتیں ہیں اور اللہ حق بات کہتا اور (سیدھا) راستہ دکھاتا ہے۔☆

۵۔منہ بولے بیٹوں کو ان کے باپوں کے نام سے پکارو اللہ کے نزدیک یہی قرین انصاف ہے، پھر اگر تم ان کے باپوں کو نہیں جانتے تو یہ تمہارے دینی بھائی اور دوست ہیں اور جو تم سے غلطی سے سرزد ہو جائے اس میں تم پر کوئی گناہ نہیں ہے، البتہ اس بات پر (گناہ ضرور ہے) جسے تمہارے دل جان بوجھ کر انجام دیں اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، رحیم ہے۔

۶۔نبی مومنین کی جانوں پر خود ان سے زیادہ حق تصرف رکھتا ہے اور نبی کی ازواج ان کی مائیں ہیں اور کتاب اللہ کی رو سے رشتے دار آپس میں مومنین اور مہاجرین سے زیادہ حقدار ہیں مگر یہ کہ تم اپنے دوستوں پر احسان کرنا چاہو، یہ حکم کتاب میں لکھا ہوا ہے۔☆

۷۔اور (یاد کرو) جب ہم نے انبیاء سے عہد لیا اور آپ سے بھی اور نوح سے بھی اور ابراہیم، موسیٰ اور عیسیٰ بن مریم سے بھی اور ان سب سے ہم نے پختہ عہد لیا۔☆

۸۔تاکہ سچ کہنے والوں سے ان کی سچائی کے بارے میں دریافت کرے اور کفار کے لیے اس نے دردناک عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۹۔اے ایمان والو! اللہ کی وہ نعمت یاد کرو

۶۔اس آیت میں تین اہم نکات بیان ہوئے ہیں:
الف: نبی کی ولایت مطلقہ یعنی نبیؐ اپنی امت کے ہر فرد سے زیادہ اولیٰ بالتصرف ہیں یعنی جو اختیارات مومنین کو خود اپنے اوپر حاصل نہیں ہیں وہ نبیؐ کو حاصل ہیں، قانونی طور پر بھی اور جسمانی لحاظ سے بھی کہ اگر نبیؐ کا حکم ہو تو اپنی جان کو خطرے میں ڈالنا واجب ہے، جبکہ یہ اختیار از خود نہیں ہے۔
ب: وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ: ازواج نبیؐ مومنین کے لیے قابل احترام اور حرمت نکاح کے لحاظ سے ماں کی طرح ہیں۔ البتہ نگاہ کرنے اور اولاد سے نکاح کرنے میں ماں کی طرح نہیں ہیں۔
ج۔ ابتدا میں مہاجرت اور مواخاۃ کے ذریعے توارث کا ایک وقتی قانون نافذ تھا، اس آیت کے ذریعے اسے منسوخ کر دیا گیا اور بتایا گیا کہ میراث میں رشتہ دار زیادہ حقدار ہیں۔ باپ اور اس کی اولاد اُولُوا الْاَرْحَامِ کے مصداق اول ہیں اور میراث میں طبقہ اولیٰ میں ہیں۔ حضرت زہراء سلام اللہ علیہا نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی میراث کے بارے میں اسی آیت سے استدلال فرمایا۔
اِلَّآ اَنْ تَفْعَلُوْٓا: اپنے دوستوں پر احسان سے مراد وصیت ہے۔ وصیت کی صورت میں ارحام کے بغیر حصہ دار بن جاتے ہیں، مگر صرف ایک تہائی میں۔
۷۔ اللہ تعالیٰ نے تمام انبیاء سے بالعموم اور اولوالعزم انبیاء سے بالخصوص ایک پختہ عہد لیا ہے۔ اس عہد سے کون سا عہد مراد ہے۔ اس آیت میں اس کی وضاحت نہیں ہے، تاہم یہ معلوم ہے کہ یہ عہد انبیاء علیہم السلام کی رسالت سے متعلق ہے۔ عہد و میثاق لے کر چھوڑا نہیں جاتا، بلکہ اس عہد کو پورا کر کے اپنے آپ کو سچا ثابت کرنے والوں سے سوال ہو گا، جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: وَلَنَسْـَٔلَنَّ الْمُرْسَلِيْنَ
۹۔اس آیت اور اس کے بعد کی چند آیات میں جنگ خندق اور غزوہ بنی قریظہ کے واقعات کی طرف اشارہ ہے، جس لشکر نے مدینہ پر چڑھائی کی تھی وہ قریش قبیلہ غطفان اور یہود کا لشکر تھا۔ اس لشکر نے مدینہ کو محاصرے میں لیے لیا۔ محاصرے کو تقریباً ایک مہینہ ہوا تھا، سرد ترین موسم میں ایک سرد ترین آندھی چلی جس سے دشمن کے پاؤں اکھڑ گئے اور نظر نہ آنے والے لشکر سے مراد فرشتے ہی ہو سکتے ہیں۔

اللّٰهِ عَلَيْكُمْ اِذْ جَآءَتْكُمْ جُنُوْدٌ
فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا وَّجُنُوْدًا
لَّمْ تَرَوْهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرًا ۚ﴿۹﴾
اِذْ جَآءُوْكُمْ مِّنْ فَوْقِكُمْ وَمِنْ
اَسْفَلَ مِنْكُمْ وَاِذْ زَاغَتِ
الْاَبْصَارُ وَ بَلَغَتِ الْقُلُوْبُ
الْحَنَاجِرَ وَتَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ الظُّنُوْنَا ﴿۱۰﴾
هُنَالِكَ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ وَزُلْزِلُوْا
زِلْزَالًا شَدِيْدًا ﴿۱۱﴾
وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ فِيْ
قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا اللّٰهُ
وَرَسُوْلُهٗۤ اِلَّا غُرُوْرًا ﴿۱۲﴾
وَاِذْ قَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ يٰۤاَهْلَ
يَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَكُمْ فَارْجِعُوْا ۚ
وَيَسْتَاْذِنُ فَرِيْقٌ مِّنْهُمُ النَّبِيَّ
يَقُوْلُوْنَ اِنَّ بُيُوْتَنَا عَوْرَةٌ ۛؕ وَمَا هِيَ
بِعَوْرَةٍ ۛۚ اِنْ يُّرِيْدُوْنَ اِلَّا فِرَارًا ﴿۱۳﴾
وَلَوْ دُخِلَتْ عَلَيْهِمْ مِّنْ اَقْطَارِهَا
ثُمَّ سُئِلُوا الْفِتْنَةَ لَاٰتَوْهَا وَمَا
تَلَبَّثُوْا بِهَاۤ اِلَّا يَسِيْرًا ﴿۱۴﴾
وَلَقَدْ كَانُوْا عَاهَدُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ
لَا يُوَلُّوْنَ الْاَدْبَارَ ؕ وَكَانَ عَهْدُ

جو اس نے تم پر کی جب لشکر تم پر چڑھ آئے تو ہم نے ان پر آندھی بھیجی اور تمہیں نظر نہ آنے والے لشکر بھیجے اور جو کچھ تم کر رہے تھے اللہ اسے خوب دیکھ رہا تھا۔☆

۱۰۔ جب وہ تمہارے اوپر اور نیچے سے تم پر چڑھ آئے اور جب آنکھیں پتھرا گئیں اور (مارے دہشت کے) دل (کلیجے) منہ کو آ گئے اور تم لوگ اللہ کے بارے میں طرح طرح کے گمان کرنے لگے۔☆

۱۱۔ اس وقت مومنین خوب آزمائے گئے اور انہیں پوری شدت سے ہلا کر رکھ دیا گیا۔

۱۲۔ اور جب منافقین اور دلوں میں بیماری رکھنے والے کہہ رہے تھے: اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے جو وعدہ کیا تھا وہ فریب کے سوا کچھ نہ تھا۔☆

۱۳۔ اور جب ان میں سے ایک گروہ کہنے لگا: اے یثرب والو! تمہارے لیے یہاں ٹھہرنے کی کوئی گنجائش نہیں ہے پس لوٹ جاؤ اور ان میں سے ایک گروہ نبی سے اجازت طلب کر رہا تھا یہ کہتے ہوئے: ہمارے گھر کھلے پڑے ہیں حالانکہ وہ کھلے نہیں تھے، وہ صرف بھاگنا چاہتے تھے۔☆

۱۴۔ اور اگر (دشمن) ان پر شہر کے اطراف سے گھس آتے پھر انہیں اس فتنے کی طرف دعوت دی جاتی تو وہ اس میں پڑ جاتے اور اس میں صرف تھوڑا ہی توقف کرتے۔☆

۱۵۔ حالانکہ پہلے یہ لوگ اللہ سے عہد کر چکے تھے کہ پیٹھ نہیں پھیریں گے اور اللہ کے ساتھ ہونے والے عہد کے بارے میں

۱۰۔ اوپر سے یعنی مدینے کی مشرقی جانب سے آنے والے بنی قریظہ کے یہود تھے اور نیچے سے یعنی مغرب کی جانب سے آنے والے قریش اور ان کے ہم نوا تھے۔ اس وقت منافقین اور کمزور ایمان والے کہنے لگے: اب اسلام مٹ جائے گا۔ کفار کی طرف سے ۱۵ ہزار افراد پر مشتمل لشکر نے مدینے پر حملہ کر دیا اور مدینے کا محاصرہ ہوا۔ لشکر اسلام نے سلمان فارسیؓ کے مشورے سے خندق کھود لی۔ عمرو بن عبدود نے خندق پھلانگ کر مبارزہ طلبی کی۔ علی بن ابی طالب علیہ السلام کے علاوہ کوئی مقابلہ کے لیے تیار نہ ہوا۔ علیؑ نے ایک وار میں عمرو کو قتل کیا تو لشکر کفر فرار ہو گیا۔

۱۲۔ یعنی یہ وعدہ صرف فریب ہے کہ مسلمانوں کو اللہ کی طرف سے فتح و نصرت حاصل ہو گی۔ اس بات کے کہنے میں منافقین کے ساتھ کچھ ضعیف الایمان لوگ بھی شامل تھے۔ لہٰذا اس بات کو تسلیم کر لینا چاہیے کہ قرآن کی تصریح کے مطابق رسول اللہؐ کے ہم عصروں میں تین گروہ تھے: پختہ ایمان والے، کمزور ایمان والے اور منافقین۔ چنانچہ ان تینوں کا ان آیات میں صراحت کے ساتھ ذکر ملتا ہے۔

۱۳۔ ان منافقین اور کمزور ایمان والوں کا یہ کہنا تھا کہ اب یثرب یعنی مدینے میں اسلام کے دامن میں ٹھہرنے کا موقع نہیں رہا۔ فَارْجِعُوْا اپنی پرانی جاہلیت کی طرف واپس جانا چاہیے۔ محاذ چھوڑ کر جانے کو ارجعوا واپس جاؤ، نہیں کہتے بلکہ فرار کہتے ہیں۔ فرار کا ذکر آگے آ رہا ہے۔ ان میں سے کچھ لوگ اپنے گھروں کی حفاظت کا بہانہ بنا کر جنگ میں شرکت سے اجتناب کرنا چاہتے تھے۔

۱۴۔ جبکہ اگر دشمن انہیں مسلمانوں کے خلاف لڑنے کی دعوت دیتے تو وہ اس دعوت پر لبیک کہنے میں تاخیر نہ کرتے۔

اللّٰهِ مَسْـُٔوْلًا ﴿۱۵﴾
قُلْ لَّنْ یَّنْفَعَكُمُ الْفِرَارُ اِنْ
فَرَرْتُمْ مِّنَ الْمَوْتِ اَوِ الْقَتْلِ وَ
اِذًا لَّا تُمَتَّعُوْنَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۶﴾
قُلْ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَعْصِمُكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
اِنْ اَرَادَ بِكُمْ سُوْٓءًا اَوْ اَرَادَ بِكُمْ
رَحْمَةً ؕ وَلَا یَجِدُوْنَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ وَلِیًّا وَّلَا نَصِیْرًا ﴿۱۷﴾
قَدْ یَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِیْنَ مِنْكُمْ
وَالْقَآىِٕلِیْنَ لِاِخْوَانِهِمْ هَلُمَّ اِلَیْنَا ۚ
وَلَا یَاْتُوْنَ الْبَاْسَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۸﴾
اَشِحَّةً عَلَیْكُمْ ۚ فَاِذَا جَآءَ
الْخَوْفُ رَاَیْتَهُمْ یَنْظُرُوْنَ اِلَیْكَ
تَدُوْرُ اَعْیُنُهُمْ كَالَّذِیْ یُغْشٰی
عَلَیْهِ مِنَ الْمَوْتِ ۚ فَاِذَا ذَهَبَ
الْخَوْفُ سَلَقُوْكُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ
اَشِحَّةً عَلَی الْخَیْرِ ؕ اُولٰٓىِٕكَ لَمْ
یُؤْمِنُوْا فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ ؕ وَ
كَانَ ذٰلِكَ عَلَی اللّٰهِ یَسِیْرًا ﴿۱۹﴾
یَحْسَبُوْنَ الْاَحْزَابَ لَمْ یَذْهَبُوْا ۚ
وَاِنْ یَّاْتِ الْاَحْزَابُ یَوَدُّوْا لَوْ
اَنَّهُمْ بَادُوْنَ فِی الْاَعْرَابِ یَسْاَلُوْنَ
عَنْ اَنْۢبَآىِٕكُمْ ؕ وَلَوْ كَانُوْا فِیْكُمْ مَّا

باز پرس ہوگی۔☆

۱۶۔ کہہ دیجیے: اگر تم لوگ موت یا قتل سے فرار چاہتے ہو تو یہ فرار تمہیں فائدہ نہ دے گا اور (زندگی کی) لذت کم ہی حاصل کر سکو گے۔

۱۷۔ کہہ دیجیے: اللہ سے تمہیں کون بچا سکتا ہے اگر وہ تمہیں نقصان پہنچانا چاہے؟ یا تم پر رحمت کرنا چاہے (تو کون روک سکتا ہے؟) اور یہ لوگ اللہ کے سوا کسی کو نہ ولی پائیں گے اور نہ مددگار۔

۱۸۔ اللہ تم میں سے رکاوٹیں ڈالنے والوں کو خوب جانتا ہے اور ان کو جو اپنے بھائیوں سے کہتے ہیں: ہماری طرف آؤ اور جو جنگ میں کبھی کبھار ہی شرکت کرتے ہیں۔☆

۱۹۔ تم سے دریغ رکھتے ہیں چنانچہ جب خوف کا وقت آ جائے تو آپ انہیں دیکھیں گے کہ وہ آنکھیں پھیرتے ہوئے ایسے آپ کی طرف دیکھ رہے ہیں جیسے کسی مرنے والے پر غشی طاری ہو رہی ہو، پھر جب خوف ٹل جاتا ہے تو وہ مفاد کی حرص میں چرب زبانی کے ساتھ تم پر بڑھ چڑھ کر بولیں گے، یہ لوگ ایمان نہیں لائے اس لیے اللہ نے ان کے اعمال حبط کر دیے اور یہ اللہ کے لیے (بہت) آسان ہے۔☆

۲۰۔ یہ خیال کر رہے ہیں کہ (ابھی) فوجیں گئی نہیں ہیں اور اگر وہ پھر حملہ کریں تو یہ آرزو کریں گے کہ کاش! صحرا میں دیہاتوں میں جا بسیں اور تمہاری خبریں پوچھتے رہیں، اگر وہ تمہارے درمیان ہوتے تو لڑائی میں

۱۵۔ یعنی جنگ احد میں فرار کے بعد عہد لیا گیا تھا کہ آیندہ فرار نہیں ہوں گے۔ لیکن ان لوگوں نے بدعہدی کی۔ واضح رہے جنگ احد میں منافقین نے شرکت نہیں کی تھی، فرار ہونے والے لوگ ضعیف الایمان تھے۔

۱۸۔ تمہارے درمیان موجود ان منافقین اور ضعیف الایمان لوگوں کی ان باتوں سے اللہ واقف ہے، جو کہتے ہیں: چھوڑ دو اس دین و مذہب کی باتوں کو اور ہماری طرح عافیت کی راہ اختیار کرو۔

۱۹۔ ان لوگوں نے اگر اچھے اعمال انجام دیے ہیں تو بھی ان کے اعمال حبط ہو گئے، کیونکہ ان کے اعمال میں اچھائی ہو تو بھی خود ان لوگوں میں کوئی اچھائی نہیں ہے۔ نہ حسن ایمان، نہ حسن نیت۔

اَشِحَّةً عَلَیْكُمْ: تمہارا ساتھ دینے میں بخل سے کام لیتے ہیں۔ نہ جان کی قربانی دیتے ہیں، نہ مال کی۔ البتہ کامیابی کی صورت میں مالی مفادات حاصل کرنے اور غنیمت میں حصہ جتانے کے لیے چرب زبانی کے ساتھ بولیں گے۔ اسلامی تاریخ ایسے لوگوں سے بھری پڑی ہے کہ جن لوگوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جہاد میں ایک کافر کو بھی نہیں مارا، بعد میں اسلام کے پھلنے اور پھیلنے کے بعد انہی لوگوں نے سب سے زیادہ مفادات حاصل کیے۔

فَاَحْبَطَ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ: منافقین کا کوئی عمل، ابتدا ہی سے عمل تصور نہیں ہوتا کہ بعد میں حبط ہو جائے۔ یہ ان مسلمانوں کا ذکر ہے جن کا عمل جنگ سے فرار نہ ہونے کی صورت میں قبول ہونا تھا۔

ع ۱۲/۱۸ قُتِلُوْٓا اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۲۰﴾

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُسْوَةٌ
حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ یَرْجُوا اللّٰهَ وَالْیَوْمَ
الْاٰخِرَ وَذَكَرَ اللّٰهَ كَثِیْرًا ﴿۲۱﴾
وَلَمَّا رَاَ الْمُؤْمِنُوْنَ الْاَحْزَابَ ۙ
قَالُوْا هٰذَا مَا وَعَدَنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ
وَصَدَقَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ ۫ وَمَا
زَادَهُمْ اِلَّاۤ اِیْمَانًا وَّتَسْلِیْمًا ﴿۲۲﴾
مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا
عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَیْهِ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ
قَضٰی نَحْبَهٗ وَمِنْهُمْ مَّنْ
یَّنْتَظِرُ ۫ وَمَا بَدَّلُوْا تَبْدِیْلًا ﴿۲۳﴾
لِیَجْزِیَ اللّٰهُ الصّٰدِقِیْنَ بِصِدْقِهِمْ
وَیُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِیْنَ اِنْ شَآءَ اَوْ
یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ﴿۲۴﴾
وَرَدَّ اللّٰهُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا بِغَیْظِهِمْ
لَمْ یَنَالُوْا خَیْرًا ؕ وَكَفَی اللّٰهُ
الْمُؤْمِنِیْنَ الْقِتَالَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
قَوِیًّا عَزِیْزًا ﴿۲۵﴾
وَاَنْزَلَ الَّذِیْنَ ظَاهَرُوْهُمْ مِّنْ
اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ صَیَاصِیْهِمْ
وَقَذَفَ فِیْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ

کم ہی حصہ لیتے۔

۲۱۔ تحقیق تمہارے لیے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ ہے، ہر اس شخص کے لیے جو اللہ اور روز آخرت کی امید رکھتا ہو اور کثرت سے اللہ کا ذکر کرتا ہو۔☆

۲۲۔ اور جب مومنوں نے لشکر دیکھے تو کہنے لگے: یہ وہی ہے جس کا اللہ اور اس کے رسول نے ہم سے وعدہ کیا تھا اور اللہ اور اس کے رسول نے سچ کہا تھا اور اس واقعے نے ان کے ایمان اور تسلیم میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔☆

۲۳۔ مومنین میں ایسے لوگ موجود ہیں جنہوں نے اللہ سے کیے ہوئے عہد کو سچا کر دکھایا، ان میں سے بعض نے اپنی ذمے داری کو پورا کیا اور ان میں سے بعض انتظار کر رہے ہیں اور وہ ذرا بھی نہیں بدلے۔☆

۲۴۔ تاکہ اللہ سچوں کو ان کی سچائی کی جزا دے اور چاہے تو منافقین کو عذاب دے یا ان کی توبہ قبول کرے، اللہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا، رحیم ہے۔

۲۵۔ اللہ نے کفار کو اس حال میں پھیر دیا کہ وہ غصے میں (جل رہے) تھے، وہ کوئی فائدہ بھی حاصل نہ کر سکے، لڑائی میں مومنین کے لیے اللہ ہی کافی ہے اور اللہ بڑا طاقت والا، غالب آنے والا ہے۔

۲۶۔ اور اہل کتاب میں سے جن لوگوں نے ان (حملہ آوروں) کا ساتھ دیا اللہ نے انہیں ان کے قلعوں سے اتار دیا اور ان کے دلوں میں (تمہارا) رعب ڈال دیا کہ

۲۱۔ اس جنگ میں کوئی ایسی مشقت نہ تھی جو دوسروں نے اٹھائی ہو اور رسول اللہ (ص) نے نہ اٹھائی ہو۔ خندق کھودنے میں، محاصرے کے دوران بھوک اور پیاس اور سردی کی تکلیفیں اٹھانے میں، جہاد کے تمام مراحل میں رسول اللہؐ ایک بہترین نمونہ تھے۔ لہٰذا رسولؐ نمونہ ہیں جہاد کے لیے، نمونہ ہیں مشقت اٹھانے میں، نمونہ ہیں مساوات میں کہ عام رعایا کے برابر مشقت اٹھائی، نمونہ ہیں میدان جنگ میں استقامت کا، نمونہ ہیں دوسروں کے برابر بھوک اور پیاس کی تکلیفیں اٹھانے میں۔

۲۲۔ راسخ الایمان مؤمنین کا ذکر ہے، جب ان مؤمنین نے لشکر احزاب کو دیکھا تو مؤمنین کو دی گئی فتح و نصرت کی نوید یاد آ گئی اور ان کے ایمان میں اضافہ ہوا، جبکہ منافقین اور ضعیف الایمان لوگوں کی اللہ پر بدگمانی میں اضافہ ہوا۔

۲۳۔ عہد شکن لوگوں کے مقابلے میں عہد میں سچوں، بدل جانے والوں کے مقابلے میں نہ بدلنے والوں کا ذکر ہے۔ شواھد التنزیل میں آیا ہے: حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: فینا نزلت یہ آیت ہماری شان میں نازل ہوئی ہے۔ اس جنگ میں حضرت علی علیہ السلام نے عمرو بن عبدود کو قتل کیا، جسے رسول اللہؐ نے مؤمن اور مشرک کا نہیں، ایمان اور شرک کا مقابلہ قرار دیا۔ برز الایمان کلہ الی الشرک کلہ۔ (شرح نہج البلاغۃ ۱۳: ۲۶۲)

۲۶۔ غزوۂ بنی قریظہ کی طرف اشارہ ہے کہ بنی قریظہ کے یہودیوں کا مسلمانوں کے ساتھ معاہدہ تھا۔ اس کے باوجود ان لوگوں نے جنگ احزاب میں مشرکین کی حمایت اور کمک کی تھی۔ جنگ خندق کی فتح کے بعد حکم خدا سے رسول اللہؐ نے بنی قریظہ کا محاصرہ کیا، پچیس راتوں کے بعد بنی قریظہ کے یہودیوں نے ہتھیار ڈال دیے۔ معلوم ہوا کہ انہوں نے مسلمانوں پر حملہ کرنے کے لیے بہت بڑا اسلحہ ذخیرہ کر رکھا تھا یا اس سے پہلے ان یہودیوں نے مسلمانوں کے ساتھ عہد شکنی کی تھی اور مشرکین کے ساتھ لڑائی میں حصہ لیا تھا۔ تیسری بات یہ ہے کہ بنی قینقاع کے یہودیوں کو عبد اللہ بن ابی (منافق) کے حلیف ہونے کی بنیاد پر اس کے کہنے پر چھوڑ دیا گیا تو یہ یہودی خیبر اور دیگر علاقوں میں جا کر مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے لگے۔ اس لیے ان یہودیوں کو قتل کرنا لازمی ہو گیا تھا۔

فَرِيْقًا تَقْتُلُوْنَ وَتَاْسِرُوْنَ
فَرِيْقًا ﴿٢٦﴾
وَاَوْرَثَكُمْ اَرْضَهُمْ وَدِيَارَهُمْ
وَاَمْوَالَهُمْ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا ؕ
ع ٢ ١٩ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿٢٧﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ اِنْ
كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا
وَزِيْنَتَهَا فَتَعَالَيْنَ اُمَتِّعْكُنَّ
وَاُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿٢٨﴾
وَاِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَ
الدَّارَ الْاٰخِرَةَ فَاِنَّ اللّٰهَ اَعَدَّ
لِلْمُحْسِنٰتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿٢٩﴾
يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ مَنْ يَّاْتِ مِنْكُنَّ
بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ يُّضٰعَفْ لَهَا
الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرًا ﴿٣٠﴾
الجزء ٢٢ وَمَنْ يَّقْنُتْ مِنْكُنَّ لِلّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
وَتَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَاۤ اَجْرَهَا
مَرَّتَيْنِ ۙ وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا ﴿٣١﴾
يٰنِسَآءَ النَّبِيِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ
النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ
بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِيْ فِيْ قَلْبِهٖ
مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ﴿٣٢﴾

تم ان میں سے ایک گروہ کو قتل کرنے لگے اور ایک گروہ کو تم نے قیدی بنا لیا۔☆

۲۷۔ اور اس نے تمہیں ان کی زمین اور ان کے گھروں اور ان کے اموال اور ان کی ان زمینوں کا جن پر تم نے قدم بھی نہیں رکھا وارث بنایا اور اللہ ہر چیز پر خوب قدرت رکھتا ہے۔☆

۲۸۔ اے نبی! اپنی ازواج سے کہہ دیجیے: اگر تم دنیاوی زندگی اور اس کی آسائش کی خواہاں ہو تو آؤ میں تمہیں کچھ مال دے کر شائستہ طریقے سے رخصت کر دوں۔☆

۲۹۔ لیکن اگر تم اللہ اور اس کے رسول اور منزل آخرت کی خواہاں ہو تو تم میں سے جو نیکی کرنے والی ہیں ان کے لیے اللہ نے یقیناً اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے۔☆

۳۰۔ اے نبی کی بیویو! تم میں سے جو کوئی صریح بے حیائی کی مرتکب ہو جائے اسے دگنا عذاب دیا جائے گا اور یہ بات اللہ کے لیے آسان ہے۔☆

۳۱۔ اور تم میں سے جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گی اور نیک عمل انجام دے گی اسے ہم اس کا دگنا ثواب دیں گے اور ہم نے اس کے لیے عزت کا رزق مہیا کر رکھا ہے۔

۳۲۔ اے نبی کی بیویو! تم دوسری عورتوں کی طرح نہیں ہو اگر تم تقوی رکھتی ہو تو نرم لہجے میں باتیں نہ کرنا، کہیں وہ شخص لالچ میں نہ پڑ جائے جس کے دل میں بیماری ہے اور معمول کے مطابق باتیں کیا کرو۔☆

۲۷۔ وَاَرْضًا لَّمْ تَطَئُوْهَا: یعنی وہ زمین جسے مسلمانوں نے بغیر جنگ کے فتح کیا۔ بعض کے نزدیک یہ خیبر کی سرزمین ہے۔ سیاق آیت کے مطابق یہ بنی قریظہ کی جائداد کا ذکر ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس جائداد کو انصار میں تقسیم کیا، چونکہ یہ جائداد بغیر جنگ کے حاصل ہوئی تھی، جو آنحضرت کی ملکیت تھی۔

۲۸۔۲۹۔ صحیح مسلم میں ہے: ایک روز حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے، انہوں نے دیکھا کہ آپؐ کی ازواج آپؐ کے گرد بیٹھی ہیں اور آپؐ خاموش ہیں۔ آپؐ نے حضرت عمر سے فرمایا: یہ مجھ سے خرچہ مانگ رہی ہیں۔ اس پر دونوں نے اپنی اپنی بیٹیوں کو ڈانٹ دیا اور کہا تم رسول اللہؐ سے وہ چیز مانگتی ہو جو آپؐ کے پاس نہیں ہے۔ واحدی کی حضرت ابن عباس سے روایت کے مطابق یہ جھگڑا حضرت حفصہ نے آنحضرتؐ کے ساتھ کیا تھا۔ حضرت عمر کو ثالث بنایا گیا تو حفصہ نے حضورؐ سے کہا: لا تقل الا حقا۔ صرف حق بات کہنا۔ جس پر حضرت عمر حفصہ پر برہم ہو گئے تھے۔

۳۰۔ یعنی اس خیال میں نہ رہنا کہ نبی کی زوجہ ہونے کی وجہ سے ہم کسی گناہ میں نہیں پکڑی جائیں گی۔ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ میں رسول اللہ (ص) کو اذیت دینا، غیبت کرنا، بہتان تراشی وغیرہ شامل ہیں۔

۳۲۔ الٰہی قدروں کے تحت تقویٰ کے ترازو میں ہر شخص کا وزن کیا جاتا ہے۔ رسول کریمؐ کی ازواج بھی عام عورتوں کی طرح نہیں ہیں۔ اگر تقویٰ اختیار کرتیں اور رسول کی زوجیت کا حق ادا کرتیں. اس آیت سے چند نکات مترشح ہوتے ہیں: اول یہ کہ نامحرم مردوں سے بات کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ دوم یہ کہ کسی فساد میں پڑنے کے لیے اشارے پہلے عورتوں کی طرف سے ملتے ہیں۔ سوم یہ کہ اپنی عصمت کے تحفظ کے لیے بنیادی کردار عورت کو ادا کرنا ہے۔

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ
تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ
الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ
لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ
الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾
وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ
اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ
لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ ع
اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ
وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْقٰنِتِيْنَ
وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ
وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ
وَالْخٰشِعٰتِ وَالْمُتَصَدِّقِيْنَ
وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ
وَالصّٰٓئِمٰتِ وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ
وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ كَثِيْرًا
وَّالذّٰكِرٰتِ ۙ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّ
اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۳۵﴾
وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا
قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗۤ اَمْرًا اَنْ
يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ
اَمْرِهِمْ ؕ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ

۳۳۔ اور اپنے گھروں میں جم کر بیٹھی رہو اور قدیم جاہلیت کی طرح اپنے آپ کو نمایاں کرتی نہ پھرو نیز نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو، اللہ کا ارادہ بس یہی ہے ہر طرح کی ناپاکی کو اہل بیت! آپ سے دور رکھے اور آپ کو ایسے پاکیزہ رکھے جیسے پاکیزہ رکھنے کا حق ہے۔☆

۳۴۔ اور اللہ کی ان آیات اور حکمت کو یاد رکھو جن کی تمہارے گھروں میں تلاوت ہوتی ہے، اللہ یقیناً بڑا باریک بین، خوب باخبر ہے۔

۳۵۔ یقیناً مسلم مرد اور مسلم عورتیں، مومن مرد اور مومنہ عورتیں، اطاعت گزار مرد اور اطاعت گزار عورتیں، راستگو مرد اور راستگو عورتیں، صابر مرد اور صابرہ عورتیں، فروتنی کرنے والے مرد اور فروتن عورتیں، صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں، روزہ دار مرد اور روزہ دار عورتیں، اپنی عفت کے محافظ مرد اور عفت کی محافظہ عورتیں نیز اللہ کا بکثرت ذکر کرنے والے مرد اور اللہ کا ذکر کرنے والی عورتیں وہ ہیں جن کے لیے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم مہیا کر رکھا ہے۔

۳۶۔ اور کسی مؤمن اور مومنہ کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی معاملے میں فیصلہ کریں تو انہیں اپنے معاملے کا اختیار حاصل رہے اور جس نے اللہ اور

۳۳۔ ایک ہی آیت میں ازواج رسولؐ کے لیے تنبیہ کا لہجہ ہے، لیکن اہل بیت اطہارؑ کے لیے تطہیر کا مژدہ۔ انداز تخاطب میں یہ واضح فرق اہل خرد کے لیے دعوت فکر ہے۔ یہاں یُرِیْدُ اللّٰہُ سے ارادہ تشریعی نہیں، بلکہ ارادہ تکوینی مراد ہے۔ یعنی یہاں اہل بیتؑ کو پاکیزہ رہنے کا حکم (تشریعی) نہیں دیا جا رہا کیونکہ پاکیزہ رہنے کا حکم تو سب لوگوں کے لیے عام ہے، بلکہ یہاں اہل بیتؑ کی طہارت کے بارے میں اللہ کے ارادہ تکوینی کا اعلان ہے کہ اللہ نے انہیں پاکیزہ بنا دیا ہے۔ جس طرح اللہ تعالیٰ انبیاء کو نبوت کا حکم تشریعی نہیں دیتا، بلکہ انہیں عملاً (تکویناً) نبی بنا دیتا ہے، اسی طرح یہاں اہل بیتؑ کو پاکیزہ رہنے کا حکم (تشریعی) نہیں دیا جا رہا بلکہ ان کی طہارت (تکوینی) کا اعلان ہو رہا ہے۔ رہا یہ سوال کہ اہل بیتؑ کو اللہ نے تکویناً پاکیزہ بنا دیا ہے تو پھر اس میں خود ان کا کیا کمال؟ تو جواب یہ ہے کہ اولاً: یہی سوال انبیاء کے بارے میں بھی ہو سکتا ہے کہ اللہ نے انہیں نبی بنایا تو اس میں خود ان کا کیا کمال؟ ثانیاً: اہل بیتؑ کا کمال یہ ہے کہ کائنات میں صرف اہل بیتؑ ہی ارادہ الٰہی کے اہل ثابت ہوئے۔ دوسرا سوال یہ ہے کہ اہل بیتؑ سے مراد کون ہیں؟ جواب یہ ہے کہ یہاں ہم قرآن کی تشریح کے لیے سنت رسولؐ کا سہارا لیں گے، وگرنہ بقول بعضے، قرآن اس کشتی کی مانند رہ جاتا ہے جس کا ناخدا نہ ہو۔ چنانچہ یہاں ائمہ اہل بیتؑ کے اجماع کے علاوہ صحیح المسلم باب فضائل اہل بیت النبی ۲: ۳۶۱ طبع حلبی مصر، صحیح الترمذی ۵: ۳۱، مسند احمد بن حنبل ۱: ۳۳۰ ط مصر، المستدرک للحاکم ۳: ۱۳۳، احکام القرآن جصاص ۵: ۲۳۰ ط قاہرہ، دیگر بیسیوں مصادر میں ہے کہ رسول اللہؐ نے تصریح فرمائی ہے کہ اس آیت میں اہل بیت (ع) سے مراد علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام ہیں۔ اس حدیث کو اہل سنت نے چالیس طُرُق سے اور شیعہ نے کم سے کم تیس طُرُق سے روایت کیا ہے۔ مجموعاً ستر (۷۰) طُرُق سے رسولؐ کی یہ حدیث ہم تک پہنچی ہے۔ بہت کم احادیث ہیں جو اس حد تک تواتر سے روایت کی گئی ہوں۔

عورت کی بیرون خانہ سرگرمیوں کے جواز میں بڑی دلیل جو پیش کی جاتی ہے، وہ یہ ہے کہ حضرت عائشہ نے جنگ جمل میں حصہ لیا تھا۔ لیکن یہ استدلال جو

وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا
مُّبِيْنًا ﴿۳۶﴾
وَاِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِيْٓ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ
وَاَنْعَمْتَ عَلَيْهِ اَمْسِكْ عَلَيْكَ
زَوْجَكَ وَاتَّقِ اللّٰهَ وَتُخْفِيْ فِيْ
نَفْسِكَ مَا اللّٰهُ مُبْدِيْهِ وَتَخْشَى
النَّاسَ ۚ وَاللّٰهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰىهُ ؕ
فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا
زَوَّجْنٰكَهَا لِكَيْ لَا يَكُوْنَ عَلَى
الْمُؤْمِنِيْنَ حَرَجٌ فِيْٓ اَزْوَاجِ
اَدْعِيَآئِهِمْ اِذَا قَضَوْا مِنْهُنَّ
وَطَرًا ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ مَفْعُوْلًا ﴿۳۷﴾
مَا كَانَ عَلَى النَّبِيِّ مِنْ حَرَجٍ فِيْمَا
فَرَضَ اللّٰهُ لَهٗ ؕ سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ
خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ؕ وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ
قَدَرًا مَّقْدُوْرَا ﴿۳۸﴾
الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ
وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا
اللّٰهَ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ﴿۳۹﴾
مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ
رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ
خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ
شَيْءٍ عَلِيْمًا ﴿۴۰﴾ ع ۵ ۲

اس کے رسول کی نافرمانی کی وہ صریح گمراہی میں مبتلا ہو گیا۔☆

۳۷۔اور (اے رسول یاد کریں وہ وقت) جب آپ اس شخص سے جس پر اللہ نے اور آپ نے احسان کیا تھا، کہ رہے تھے: اپنی زوجہ کو نہ چھوڑو اور اللہ سے ڈرو اور وہ بات آپ اپنے دل میں چھپائے ہوئے تھے جسے اللہ ظاہر کرنا چاہتا ہے اور آپ لوگوں سے ڈر رہے تھے حالانکہ اللہ زیادہ حقدار ہے کہ آپ اس سے ڈریں، پھر جب زید نے اس (خاتون) سے اپنی حاجت پوری کر لی تو ہم نے اس خاتون کا نکاح آپ سے کر دیا تا کہ مومنوں پر اپنے منہ بولے بیٹوں کی بیویوں (سے شادی کرنے) کے بارے میں کوئی حرج نہ رہے جب کہ وہ ان سے اپنی حاجت پوری کر چکے ہوں اور اللہ کا حکم نافذ ہو کر ہی رہے گا۔☆

۳۸۔نبی کے لیے اس (عمل کے انجام دینے) میں کوئی مضائقہ نہیں ہے جو اللہ نے ان کے لیے مقرر کیا ہے، جو (انبیاء) پہلے گزر چکے ہیں ان کے لیے بھی اللہ کی سنت یہی رہی ہے اور اللہ کا حکم حقیقی انداز سے طے شدہ ہوتا ہے۔☆

۳۹۔(وہ انبیاء) جو اللہ کے پیغامات پہنچاتے ہیں اور اسی سے ڈرتے ہیں اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے اور محاسبے کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔☆

۴۰۔محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں ہاں وہ اللہ کے رسول اور خاتم النبیّین ہیں اور اللہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے۔☆

لوگ پیش کرتے ہیں انہیں شاید معلوم نہیں کہ خود حضرت عائشہ کا اپنا خیال اس باب میں کیا تھا۔ عبداللہ ابن احمد بن حنبل نے زوائد الزھد میں اور ابن المنذر ابن ابی شیبہ اور ابن سعد نے اپنی کتابوں میں مسروق کی روایت نقل کی ہے: حضرت جب تلاوت کرتی ہوئی اس آیت: وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ پر پہنچتی تھیں تو بے اختیار رو پڑتی تھیں یہاں تک کہ ان کا دوپٹہ بھیگ جاتا تھا، کیونکہ اس پر اپنی وہ غلطی یاد آجاتی تھی جو ان سے جنگ جمل میں ہوئی تھی۔ (تفہیم القرآن)

۳۶۔اللہ اور رسولؐ کے حکم کے خلاف فتویٰ دینے کو اجتہادی اختلاف قرار دینا اور یہ کہنا کہ رسول (ص) بھی ایک مجتہد ہیں نیز نص صریح کے مقابلے میں اجتہاد کرنا، اس آیت کی رو سے ضلال مبین ہے۔

۳۷۔زید بن حارثہ (رسول کریمؐ کے آزاد کردہ غلام) کا عقد زینب بنت جحش سے ہوا جو رسول اللہؐ کی پھوپھی امیہ بنت عبد المطلب کی صاحبزادی تھیں۔ سماجی اعتبار سے یہ رشتہ نہایت نامناسب سمجھا جاتا تھا۔ زید کی زینب کے ساتھ شادی کامیاب نہ رہی اور طلاق ہو گئی تو رسول اللہ (ص) زینب کو اپنے حبالہ عقد میں لے آئے۔ اس پر منافقین اور ضعیف الایمان لوگوں نے چہ میگوئیاں شروع کیں۔ جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

۳۸۔ فِيْمَا فَرَضَ اللّٰهُ: الفرض۔التعیین والاسھام، ای فیما عین و قسم لہ۔ فرض، تعیین اور حصہ مقرر کرنے کے معنوں میں ہے۔ اس کا مطلب مباح کرنا ہوا۔ یعنی جو چیز اللہ نے اپنے نبی کے لیے مباح کی ہے، اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہے. گزشتہ انبیاء میں ایسی مثالیں موجود ہیں، ان کی بھی متعدد ازواج موجود تھیں۔

۳۹۔ چونکہ انبیاء کو علم ہے کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی چیز مؤثر فی الوجود نہیں ہے۔

۴۰۔اس اعتراض کا جواب آ گیا کہ محمدؐ نے اپنی بہو سے شادی کی ہے۔ چونکہ محمد تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، تو کوئی بیٹا نہیں ہے کہ اس کی زوجہ بہو ہو جائے۔ وہ رسولؐ ہیں، ان کا ہر عمل دوسروں کے لیے حجت ہے۔
نسب کے اعتبار سے باپ نہیں۔ رسولؐ ولایت کے نقطہ نظر سے روحانی باپ تھے۔ چنانچہ حدیث

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ
ذِكْرًا كَثِيْرًا ﴿٤١﴾
وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٤٢﴾
هُوَ الَّذِيْ يُصَلِّيْ عَلَيْكُمْ وَ
مَلٰٓئِكَتُهٗ لِيُخْرِجَكُمْ مِّنَ
الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَكَانَ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَحِيْمًا ﴿٤٣﴾
تَحِيَّتُهُمْ يَوْمَ يَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَ
اَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِيْمًا ﴿٤٤﴾
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا
وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٤٥﴾
وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا
مُّنِيْرًا ﴿٤٦﴾
وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ
اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿٤٧﴾
وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ
وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ؕ وَ
كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿٤٨﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَكَحْتُمُ
الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ
اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَيْهِنَّ مِنْ
عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ فَمَتِّعُوْهُنَّ
وَسَرِّحُوْهُنَّ سَرَاحًا جَمِيْلًا ﴿٤٩﴾

میں آیا ہے کہ آپؐ نے فرمایا: انا و علی ابوا هذه الامة. (بحار الانوار ۱۶:۹۵) میں اور علیؑ اس امت کے باپ ہیں۔

۴۱۔ رسول کریمؐ نے فرمایا: من اعطی لساناً ذاکرا فقد اعطی خیر الدنیا و الآخرة۔ (الکافی ۲:۴۹۸) جس کو ذکر خدا کرنے والی زبان عنایت ہوئی، اس کو دنیا و آخرت کی بھلائی مل گئی۔ ذکر ہی وہ واحد عبادت ہے جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے قرآن میں متعدد جگہوں پر کَثِیْرًا کا لفظ استعمال کیا ہے۔ احادیث میں آیا ہے کہ ذکر کے لیے کوئی حد متعین نہیں ہے۔

۴۳۔ صلوٰۃ کی نسبت اللہ کی طرف ہو تو رحمت، فرشتوں کی طرف ہو تو استغفار اور لوگوں کی طرف ہو تو دعا کے معنوں میں استعمال ہوا ہے۔

۴۵۔ شَاهِدًا: روز قیامت رسول اللہؐ اعمال امت کے گواہ کے طور پر حاضر ہوں گے۔

مُبَشِّرًا: مؤمنین کو نجات اور جنت کی بشارت دینے والے ہیں۔

نَذِيْرًا: منکرین کے لیے غضب الٰہی کی تنبیہ کرنے والے ہیں۔

۴۶۔ دَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ: اللہ کی طرف جو دعوت رسول اللہؐ دے رہے ہیں اس کے پیچھے اذن خدا ہونے کی وجہ سے یہ خود اللہ کی دعوت ہے۔

سِرَاجًا مُّنِيْرًا: اندھیروں میں ایسا چراغ ہیں جو ہر ایک کی دست رسی میں ہے۔

۴۷۔ فضل و کرم اس ثواب کے علاوہ ہے جو عمل کے مقابلے میں ملتا ہے۔ اس فضل و کرم کا ذکر مطلق ہوا ہے، لہٰذا دنیا اور آخرت دونوں شامل ہیں۔

۴۸۔ دَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ: یعنی مشرکین اور منافقین کی طرف سے آپ کو جو اذیت پہنچ رہی ہے تو یہ مسئلہ اللہ پر چھوڑ دیجیے۔ اس میں فتح و نصرت کی ایک نوید ہے۔

۴۹۔ صرف عقد نکاح ہوا ہو اور ہمبستری سے پہلے طلاق ہو گئی ہو تو عدت نہیں ہے۔ فَمَتِّعُوْهُنَّ ''ان کو کچھ مال دو'' یہ اس صورت میں ہے جب عقد نکاح کے موقع پر مہر مقرر نہ ہوا ہو اور اگر نکاح کے موقع پر مہر کا تقرر ہو گیا ہو تو اس کا حکم سورہ بقرہ کی آیت ۲۳۷ میں بیان ہو چکا کہ نصف مہر دینا ہو گا۔

۴۱۔ اے ایمان والو! اللہ کو بہت کثرت سے یاد کیا کرو۔☆

۴۲۔ اور صبح و شام اس کی تسبیح کیا کرو۔

۴۳۔ وہی تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی (دعا کرتے ہیں) تاکہ تمہیں تاریکیوں سے روشنی کی طرف نکال لائے اور وہ مومنوں کے بارے میں بڑا مہربان ہے۔☆

۴۴۔ جس روز وہ اس سے ملیں گے ان کی تحیت سلام ہو گی اور اللہ نے ان کے لیے باعزت اجر مہیا کر رکھا ہے۔

۴۵۔ اے نبی! ہم نے آپ کو گواہ اور بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے،☆

۴۶۔ اور اس (اللہ) کے اذن سے اللہ کی طرف دعوت دینے والا اور روشن چراغ بنا کر۔☆

۴۷۔ اور مومنین کو یہ بشارت دیجیے کہ ان کے لیے اللہ کی طرف سے بڑا فضل ہو گا۔☆

۴۸۔ اور آپ کافروں اور منافقوں کی باتوں میں نہ آئیں اور ان کی اذیت رسانی پر توجہ نہ دیا کریں اور اللہ پر بھروسہ رکھیں اور ضمانت کے لیے اللہ کافی ہے۔☆

۴۹۔ اے مومنو! جب تم مومنات سے نکاح کرو اور پھر ہاتھ لگانے سے پہلے انہیں طلاق دے دو تو تمہیں کوئی حق نہیں پہنچتا کہ انہیں عدت میں بٹھاؤ، لہٰذا انہیں کچھ مال دو اور شائستہ انداز میں انہیں رخصت کرو۔☆

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَحْلَلْنَا لَكَ
اَزْوَاجَكَ الّٰتِيْٓ اٰتَيْتَ اُجُوْرَهُنَّ
وَمَا مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ مِمَّآ اَفَآءَ
اللّٰهُ عَلَيْكَ وَبَنٰتِ عَمِّكَ وَبَنٰتِ
عَمّٰتِكَ وَبَنٰتِ خَالِكَ وَبَنٰتِ
خٰلٰتِكَ الّٰتِيْ هَاجَرْنَ مَعَكَ ۫
وَامْرَاَةً مُّؤْمِنَةً اِنْ وَّهَبَتْ
نَفْسَهَا لِلنَّبِيِّ اِنْ اَرَادَ النَّبِيُّ اَنْ
يَّسْتَنْكِحَهَا ۗ خَالِصَةً لَّكَ مِنْ
دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ قَدْ عَلِمْنَا مَا
فَرَضْنَا عَلَيْهِمْ فِيْٓ اَزْوَاجِهِمْ وَ
مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ لِكَيْلَا
يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ
غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝۵۰
تُرْجِيْ مَنْ تَشَآءُ مِنْهُنَّ وَتُــــْٔوِيْٓ
اِلَيْكَ مَنْ تَشَآءُ ۭ وَمَنِ ابْتَغَيْتَ
مِمَّنْ عَزَلْتَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكَ ۭ
ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَنْ تَقَرَّ اَعْيُنُهُنَّ وَلَا
يَحْزَنَّ وَيَرْضَيْنَ بِمَآ اٰتَيْتَهُنَّ
كُلُّهُنَّ ۭ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِيْ
قُلُوْبِكُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا
حَلِيْمًا ۝۵۱
لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْۢ بَعْدُ وَلَآ

۵۰۔ اے نبی! ہم نے آپ کے لیے آپ کی وہ بیویاں حلال کی ہیں جن کے مہر آپ نے دے دیے ہیں اور وہ لونڈیاں بھی جو اللہ نے (بغیر جنگ کے) آپ کو عطا کی ہیں نیز آپ کے چچا کی بیٹیاں اور آپ کی پھوپھیوں کی بیٹیاں اور آپ کے ماموں کی بیٹیاں اور آپ کی خالاؤں کی بیٹیاں جنہوں نے آپ کے ساتھ ہجرت کی ہے (سب حلال ہیں) اور وہ مومنہ عورت جو اپنے آپ کو نبی کے لیے ہبہ کرے اور اگر نبی بھی اس سے نکاح کرنا چاہیں، (یہ اجازت) صرف آپ کے لیے ہے مومنوں کے لیے نہیں، ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے مومنوں پر ان کی بیویوں اور کنیزوں کے بارے میں کیا (حق مہر) معین کیا ہے (آپ کو یہ رعایت اس لیے حاصل ہے) تاکہ آپ پر کسی قسم کا مضائقہ نہ ہو اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، مہربان ہے۔☆

۵۱۔ آپ ان بیویوں میں سے جسے چاہیں علیحدہ رکھیں اور جسے چاہیں اپنے پاس رکھیں اور جسے آپ نے علیحدہ کر دیا ہو اسے آپ پھر اپنے پاس بلانا چاہتے ہوں تو اس میں آپ پر کوئی مضائقہ نہیں ہے، یہ اس لیے ہے کہ اس میں زیادہ توقع ہے کہ ان کی آنکھیں ٹھنڈی رہیں اور وہ رنجیدہ نہ ہوں اور جو کچھ بھی آپ انہیں دیں وہ سب اسی پر راضی ہوں اور جو کچھ تمہارے دلوں میں ہے اللہ اسے جانتا ہے اور اللہ بڑا جاننے والا، بردبار ہے۔☆

۵۲۔ اس کے بعد آپ کے لیے دوسری عورتیں حلال نہیں ہیں اور نہ اس بات

۵۰۔اس اعتراض کہ مؤمنین کے لیے تو صرف چار بیویوں کی اجازت ہے اور رسولؐ خود چار سے زائد بیویاں رکھ رہے ہیں، کا جواب یہ ہے کہ اولاً: جس اللہ نے عام مومنین کے لیے چار کی حد بندی کی ہے، اسی اللہ نے اپنے رسولؐ کے لیے یہ حد بندی نہیں رکھی۔ ثانیاً: رسول اللہؐ چونکہ مقام عصمت پر فائز ہیں اس لیے دوسرے بشری تقاضوں کی حد بندی یہاں رسول اللہؐ کے لیے نہیں ہے۔

یہ بھی رسول اللہؐ کی خصوصیات میں سے ایک ہے کہ کوئی خاتون اپنے آپ کو رسول اللہؐ کے لیے بلا مہر ہبہ کر دے اور رسولؐ بھی قبول کریں تو وہ عورت آپ کی بیوی بن جائے گی۔

لِكَيْلَا يَكُوْنَ عَلَيْكَ حَرَجٌ: اس جملے کا مفہوم یہ ہے: ہم نے آپؐ کو مؤمنین سے زیادہ ازواج کی اجازت اس لیے دی ہے کہ آپؐ کو کوئی تنگی نہ ہو۔ یعنی رسالت کی ذمہ داریوں کی تکمیل میں کوئی تنگی نہ ہو۔ ان ازواج سے آپ کو دو سہولتیں میسر آئیں۔ اول یہ کہ ان ازواج کے ذریعے مختلف قبائل کی ہمدردیاں حاصل فرمائیں اور بہت سے خاندانی اور قبائلی عداوتیں ختم ہو گئیں۔ دوم یہ کہ ان ازواج کے ذریعے بہت سی نسوانی تربیت جو دوسری صورت میں نہیں ہو سکتی تھی، آسان ہو گئی۔ چنانچہ ازواج کے ذریعے تعلیمات اسلامی کا ایک قابل توجہ حصہ نسوانی معاشرے میں آسانی سے پہنچ گیا۔ اگر خواہشات کی بنیاد پر ہوتیں تو ان ازواج میں ایک کے سوا خواتین سن رسیدہ معمر نہ ہوتیں۔ بعض ازواج سے تو صرف نکاح ہوا اور بس۔

۵۱۔اس آیت کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ کو ازواج کی بہت سی الجھنوں سے آزاد کر دیا کہ آپؐ جس طرح چاہیں اپنی ازواج کے ساتھ برتاؤ کریں۔ لیکن روایات کے مطابق حضورؐ نے اس اختیار کے باوجود سب کے ساتھ یکساں برتاؤ کیا۔

۵۲۔ مِنْۢ بَعْدُ: کی دو تفسیریں ہیں۔: اول یہ کہ جن عورتوں کا آیت ۵۰ میں ذکر آیا ہے، ان کے بعد

اَنْ تَبَدَّلَ بِهِنَّ مِنْ اَزْوَاجٍ وَّلَوْ
اَعْجَبَكَ حُسْنُهُنَّ اِلَّا مَا
مَلَكَتْ يَمِيْنُكَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى
ع ٦ كُلِّ شَيْءٍ رَّقِيْبًا ۝۵۲
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا
بُيُوْتَ النَّبِيِّ اِلَّاۤ اَنْ يُّؤْذَنَ لَكُمْ
اِلٰى طَعَامٍ غَيْرَ نٰظِرِيْنَ اِنٰىهُ ۙ وَ
لٰكِنْ اِذَا دُعِيْتُمْ فَادْخُلُوْا فَاِذَا
طَعِمْتُمْ فَانْتَشِرُوْا وَ لَا
مُسْتَاْنِسِيْنَ لِحَدِيْثٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكُمْ
كَانَ يُؤْذِي النَّبِيَّ فَيَسْتَحْيٖ مِنْكُمْ ۫
وَاللّٰهُ لَا يَسْتَحْيٖ مِنَ الْحَقِّ ؕ وَاِذَا
سَاَلْتُمُوْهُنَّ مَتَاعًا فَسْـَٔلُوْهُنَّ
مِنْ وَّرَآءِ حِجَابٍ ؕ ذٰلِكُمْ اَطْهَرُ
لِقُلُوْبِكُمْ وَقُلُوْبِهِنَّ ؕ وَمَا كَانَ
لَكُمْ اَنْ تُؤْذُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَاۤ اَنْ
تَنْكِحُوْۤا اَزْوَاجَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖۤ اَبَدًا ؕ
اِنَّ ذٰلِكُمْ كَانَ عِنْدَ اللّٰهِ عَظِيْمًا ۝۵۳
اِنْ تُبْدُوْا شَيْـًٔا اَوْ تُخْفُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ
كَانَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمًا ۝۵۴
لَا جُنَاحَ عَلَيْهِنَّ فِيْۤ اٰبَآئِهِنَّ وَلَاۤ
اَبْنَآئِهِنَّ وَلَاۤ اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآءِ
اِخْوَانِهِنَّ وَلَاۤ اَبْنَآءِ اَخَوٰتِهِنَّ وَلَا

دوسری عورتیں آپ کے لیے حرام ہیں۔ دوم یہ کہ جب آپ کی ازواج اس بات پر راضی ہیں کہ آپؐ ان کے ساتھ جو چاہیں برتاؤ کریں، اس کے بعد آپؐ کے لیے حلال نہیں ہے کہ ان میں سے کسی کو طلاق دیں اور اس کی جگہ کسی اور سے شادی کریں۔

۵۳۔ اسلامی آداب وتہذیب رائج ہونے سے پہلے عربوں کے ہاں گھروں میں بلا اجازت داخل ہونے کا رواج عام تھا۔ اس آیت میں شروع میں یہ حکم آیا کہ نبی کے گھروں میں بلا اجازت داخل نہ ہوں۔ بعد میں سورۂ نور میں تمام مسلمانوں کے گھروں میں جانے کے لیے اجازت لینا لازمی قرار دیا گیا۔ دوسری بری عادت ان میں یہ تھی کہ انہیں کسی کے ہاں جانا ہوتا تو کھانے کے وقت پہنچ جاتے یا کھانے کے وقت تک بیٹھے رہتے۔ ادھر صاحب خانہ نہ تو انہیں اٹھا سکتا، نہ اس کی مالی حالت ایسی ہوتی کہ اچانک آنے والوں کو کھانا کھلائے۔ اس رسم بد سے نجات دلانے کے لیے حکم ہوا کہ کسی کے گھر کھانے کے وقت دعوت کے بغیر نہ جایا کریں۔ تیسری بری عادت یہ تھی کہ کھانے پر دعوت دی جائے تو کھانے کے بعد اٹھتے نہیں تھے۔ اس بارے میں حکم ہوا کہ کھانا کھا چکو تو اٹھ جایا کریں۔ چوتھی بات: ازواج رسولؐ کے لیے یہ حکم آیا کہ وہ غیر محرم مردوں کے سامنے نہ آئیں اور مردوں نے بھی کوئی چیز طلب کرنی ہو تو پردے کے پیچھے سے طلب کریں۔ پانچویں بات: طلحہ بن عبید اللہ صحابی نے کہا تھا: محمدؐ ہمارے بعد ہماری عورتوں سے شادی کرتے ہیں، ہم بھی ان کے بعد ان کی زوجات سے شادی کریں گے۔ اس صحابی کے قول سے رسول اللہؐ کو اذیت ہوئی۔

اگر رسول اللہؐ کی ازواج سے رسولؐ کی حیات کے بعد شادی ممنوع نہ ہوتی تو لوگ رسولؐ کے بعد ازواج رسول سے شادی کر کے اپنا مقام بنانے اور سیاسی مقاصد حال کرنے کی کوشش کرتے جس سے اختلاف بڑھ جاتا اور رسولؐ کی اہانت ہوتی۔ چنانچہ لوگوں نے ازواج رسول سے اپنے سیاسی مفادات حاصل کرنے کی کوشش کی۔

کی اجازت ہے کہ ان بیویوں کو بدل لیں خواہ ان (دوسری) عورتوں کا حسن آپ کو کتنا ہی پسند ہو سوائے ان (کنیز) عورتوں کے جو آپ کی ملکیت میں ہوں اور اللہ ہر چیز پر نگران ہے۔☆

۵۳۔ اے ایمان والو! نبی کے گھروں میں داخل نہ ہونا مگر یہ کہ تمہیں کھانے کے لیے اجازت دی جائے اور نہ ہی پکنے کا انتظار کرو، لیکن جب دعوت دے دی جائے تو داخل ہو جاؤ اور جب کھانا کھا چکو تو منتشر ہو جاؤ اور باتوں میں لگے بیٹھے نہ رہو، یہ بات نبی کو تکلیف پہنچاتی ہے مگر وہ تمہارا لحاظ کرتے ہیں لیکن اللہ حق بات کرنے سے نہیں شرماتا اور جب تمہیں نبی کی بیویوں سے کچھ مانگنا ہو تو پردے کے پیچھے سے مانگا کرو، یہ تمہارے اور ان کے دلوں کی پاکیزگی کے لیے زیادہ بہتر طریقہ ہے تمہیں یہ حق نہیں کہ اللہ کے رسول کو اذیت دو اور ان کی ازواج سے ان کے بعد کبھی بھی نکاح نہ کرو، بتحقیق یہ اللہ کے نزدیک بہت بڑا گناہ ہے۔☆

۵۴۔ تم کسی بات کو خواہ چھپاؤ یا ظاہر کرو اللہ تو یقیناً ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔

۵۵۔ (رسول کی) ازواج پر کوئی مضائقہ نہیں اپنے باپوں، اپنے بیٹوں، اپنے بھائیوں، اپنے بھتیجوں، اپنے بھانجوں، اپنی مسلم

نِسَآءِهِنَّ وَلَا مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُنَّ ۚ وَاتَّقِيْنَ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
كَانَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدًا ﴿۵۵﴾
اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى
النَّبِيِّ ؕ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا
عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ﴿۵۶﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ
لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ
اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ﴿۵۷﴾
وَالَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتِ بِغَيْرِ مَا اكْتَسَبُوْا فَقَدِ
احْتَمَلُوْا بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ﴿۵۸﴾ ع ۴
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ وَ
بَنٰتِكَ وَنِسَآءِ الْمُؤْمِنِيْنَ يُدْنِيْنَ
عَلَيْهِنَّ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ ؕ ذٰلِكَ
اَدْنٰٓى اَنْ يُّعْرَفْنَ فَلَا يُؤْذَيْنَ ؕ وَ
كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۵۹﴾
لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ
فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْمُرْجِفُوْنَ
فِي الْمَدِيْنَةِ لَنُغْرِيَنَّكَ بِهِمْ ثُمَّ
لَا يُجَاوِرُوْنَكَ فِيْهَآ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۰﴾ سلقة ١٢
مَّلْعُوْنِيْنَ ۚ اَيْنَمَا ثُقِفُوْٓا اُخِذُوْا
وَقُتِّلُوْا تَقْتِيْلًا ﴿۶۱﴾

خواتین اور کنیزوں سے (پردہ نہ کرنے میں) اور اللہ کا خوف کریں، اللہ یقیناً ہر چیز پر گواہ ہے۔

۵۶۔ اللہ اور اس کے فرشتے یقیناً نبی پر درود بھیجتے ہیں، اے ایمان والو! تم بھی ان پر درود و سلام بھیجو جیسے سلام بھیجنے کا حق ہے۔☆

۵۷۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دیتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں اللہ نے لعنت کی ہے اور اس نے ان کے لیے ذلت آمیز عذاب تیار کر رکھا ہے۔

۵۸۔ اور جو لوگ مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو ناکردہ (گناہ) پر اذیت دیتے ہیں پس انہوں نے بہتان اور صریح گناہ کا بوجھ اٹھایا ہے۔

۵۹۔ اے نبی! اپنی ازواج اور اپنی بیٹیوں اور مومنین کی عورتوں سے کہہ دیجیے: وہ اپنی چادریں تھوڑی نیچی کر لیا کریں، یہ امران کی شناخت کے لیے (احتیاط کے) قریب تر ہو گا پھر کوئی انہیں اذیت نہ دے گا اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، مہربان ہے۔☆

۶۰۔ اگر منافقین اور وہ لوگ جن کے دلوں میں بیماری ہے اور جو مدینہ میں افواہیں پھیلاتے ہیں اپنی حرکتوں سے باز نہ آئے تو ہم آپ کو ان کے خلاف اٹھائیں گے پھر وہ اس شہر میں آپ کے جوار میں تھوڑے دن ہی رہ پائیں گے۔☆

۶۱۔ یہ لعنت کے سزاوار ہوں گے، وہ جہاں پائے جائیں گے پکڑے جائیں گے اور بری طرح سے مارے جائیں گے۔

۵۶۔ جب یہ آیت نازل ہوئی تو متعدد اصحاب نے حضورؐ سے سوال کیا کہ آپؐ پر درود بھیجنے کا طریقہ کیا ہے؟ اس کے جواب میں حضورؐ نے درود کے لیے جو الفاظ سکھائے ہیں ان کو درج ذیل اصحاب نے تھوڑے فرق کے ساتھ نقل کیا ہے:

اللّٰھم صلی علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم و بارك علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انك حمید مجید۔

۱۔ ابن عباس سے ابن جریر نے روایت کی ہے۔ ۲۔ کعب بن عجرہ سے بخاری، مسلم اور نسائی نے روایت کی ہے۔ ۳۔ ابو سعید خدری سے بخاری، نسائی اور ابن ماجہ نے۔ ۴۔ ابو ہریرہ سے نسائی نے۔ ۵۔ بریدۃ الخزاعی سے احمد بن حنبل و ابن مردویہ نے۔ ۶۔ طلحہ سے ابن جریر نے۔ ۷۔ ابو مسعود سے مسلم، نسائی وغیرہ نے۔ ۸۔ ابو حمید ساعدی سے بخاری، مسلم، نسائی وغیرہ نے روایت کی ہے۔ صرف اس روایت میں آل کی جگہ ازواج و ذریت کا لفظ موجود ہے۔ ذریت اور آل کو ہم معنی تسلیم کیا جائے تو یہ روایت دوسری روایتوں کے مطابق ہو جاتی ہے۔ ۹۔ ابو خارجہ سے نسائی اور احمد بن حنبل نے۔ ۱۰۔ انس سے ابن مردویہ نے۔ ۱۱۔ ابن مسعود سے ابن مردویہ نے روایت کی ہے۔

جو لوگ آل محمدؐ سے مراد ہر مؤمن کو لیتے ہیں وہ یہ استدلال کرتے ہیں کہ قرآن میں آل فرعون اس کے ماننے والوں کے لیے استعمال ہوا ہے۔ نہ معلوم ان کو آل فرعون کیوں یاد آتے ہیں، جبکہ ان احادیث میں آل ابراہیمؑ کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے: اے اللہ درود بھیج محمدؐ پر اور آل محمدؐ پر جیسا کہ تو نے ابراہیم اور آل ابراہیمؑ پر درود بھیجا ہے، تو تحقیق اس بات پر ہونی چاہیے کہ آل ابراہیم (ع) سے مراد کون ہیں؟ قرآن فرماتا ہے: فَقَدْ اٰتَيْنَآ اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ (نساء:۵۴) ہم نے آل ابراہیم (ع) کو کتاب و حکمت عنایت کی۔ چونکہ کتاب و حکمت ابراہیمؑ کی ذریت کو عنایت ہوئی ہے، لہٰذا یہاں بھی آل سے مراد ذریت ہے۔ ثانیاً: اگر آل سے مراد ہر مؤمن ہے تو انہیں درود بھیجتے ہوئے آل کے ذکر سے کترانا نہیں چاہیے۔ جبکہ یہ حضرات صلی اللہ علیہ وسلم لکھتے اور کہتے ہیں اور آل کا ذکر نہیں کرتے۔ ثالثاً اگر آل سے مراد ہر مؤمن ہے تو پھر اصحاب و ازواج

سُنَّةَ اللّٰهِ فِي الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلُ ۚ
وَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ﴿٦٢﴾
يَسْـَٔلُكَ النَّاسُ عَنِ السَّاعَةِ ۭ قُلْ اِنَّمَا
عِلْمُهَا عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَمَا يُدْرِيْكَ
لَعَلَّ السَّاعَةَ تَكُوْنُ قَرِيْبًا ﴿٦٣﴾
اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِيْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ
سَعِيْرًا ﴿٦٤﴾
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۚ لَا يَجِدُوْنَ
وَلِيًّا وَّلَا نَصِيْرًا ﴿٦٥﴾ ۚ
يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ
يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا
الرَّسُوْلَا ﴿٦٦﴾
وَقَالُوْا رَبَّنَآ اِنَّآ اَطَعْنَا سَادَتَنَا
وَكُبَرَآءَنَا فَاَضَلُّوْنَا السَّبِيْلَا ﴿٦٧﴾
رَبَّنَآ اٰتِهِمْ ضِعْفَيْنِ مِنَ الْعَذَابِ
وَالْعَنْهُمْ لَعْنًا كَبِيْرًا ﴿٦٨﴾ ع ۸ ۱۵
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا
كَالَّذِيْنَ اٰذَوْا مُوْسٰى فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ مِمَّا
قَالُوْا ۭ وَكَانَ عِنْدَ اللّٰهِ وَجِيْهًا ﴿٦٩﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا ﴿٧٠﴾
يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ
ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَ

کے الگ ذکر کی کیا ضرورت ہے، جبکہ وہ بھی اہل ایمان کے ضمن میں آتے ہیں؟

۵۹۔ جلباب اس بڑی چادر کو کہتے ہیں جس سے سارا بدن چھپ جاتا ہے۔ یُدْنِیْنَ۔ اس لفظ کے بعد اِلیٰ آ جائے تو قریب کے معنی بنتے ہیں اور اگر اس کے بعد عَلٰی آ جائے تو ارخاء لٹکانے کے معنی بنتے ہیں۔ جیسے اس آیت میں ہے: وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا (الانسان:۱۴)۔ لہٰذا آیات کا مفہوم یہ بنتا ہے کہ چادر کا ایک حصہ لٹکا دیا کرو۔ مِنْ جَلَابِيْبِهِنَّ میں مِنْ تبعیض کے لیے ہے۔ یہاں سے ہم چادر کا ایک حصہ سمجھ لیتے ہیں۔ سورہ نور میں فرمایا: اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر ڈالے رکھیں۔ ان دونوں آیات سے جو بات سامنے آتی ہے، وہ یہ ہے کہ نہ گریبان کھلے رکھیں، نہ سر کے بال کھلے رکھیں، بلکہ چادروں کو نیچے رکھیں کہ کنیزوں کی طرح مبتذل نہ ہوں بلکہ باوقار نظر آئیں۔

اس چادر کو نیچی کرنے کے حکم کا مطلب کیا چہرہ چھپانا ہے؟ یا سر پیشانی گردن اور سینہ کو چھپانا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔ بہرحال اس حجاب سے جو نتیجہ مطلوب ہے، وہ یہ ہے کہ اس سے ان خواتین کی شناخت ہو جائے جو وقار و شرافت اور عفت و پاکیزگی کی مالک ہیں اور مدینے کے اوباش ان کے بارے میں جسارت نہ کریں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پردے سے عورت کے وقار میں اضافہ ہوتا ہے اور ان کی طرف بری نگاہیں نہیں اٹھتیں۔ حجاب عفت کی پہچان اور عورت کا وقار ہے۔

۶۰۔ تین قسم کے آدمیوں کا ذکر ہے: منافقین، بیمار دل والے یعنی ضعیف الایمان لوگ اور افواہیں پھیلانے والے۔ بعض کا یہ کہنا کہ یہ تمام اوصاف منافقین ہی کے ہیں، قرآن کے ظاہری مفہوم کے خلاف ہے۔

۶۹۔ رسول کو اذیت دینے والوں کو ایمان والے کہنے کا مطلب یہ ہے: اے ایمان کے دعویدارو! اپنے ایمان کے تقاضے پورے کرو۔ فَبَرَّاَهُ اللّٰهُ پھر اللہ نے انہیں بری کیا سے معلوم ہوتا ہے یہ ایذا بہتان تراشی کی صورت میں تھی۔ حضرت زینب کے ساتھ شادی اور مال کی تقسیم کے بارے میں بعض لوگوں سے یہ جرم سرزد ہوا تھا۔

۷۰۔ تقویٰ اور قول سدید یعنی درست اور سنجیدہ باتوں کا لازمی نتیجہ اعمال کی اصلاح اور کردار کی تعمیر ہے۔ چونکہ اس صورت میں اس کا کردار جھوٹ

۶۲۔ جو پہلے گزر چکے ہیں ان کے لیے بھی اللہ کا یہی دستور رہا ہے اور اللہ کے دستور میں آپ کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔

۶۳۔ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے: اس کا علم صرف اللہ کے پاس ہے اور تجھے کیا خبر شاید قیامت قریب ہو؟

۶۴۔ بلاشبہ اللہ نے کافروں پر لعنت کی ہے اور ان کے لیے بھڑکتی آگ تیار کر رکھی ہے،

۶۵۔ جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے، وہ نہ کوئی حامی پائیں گے اور نہ مددگار۔

۶۶۔ اس دن ان کے چہرے آگ میں الٹائے پلٹائے جائیں گے، وہ کہیں گے: اے کاش! ہم نے اللہ کی اطاعت اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی۔

۶۷۔ اور وہ کہیں گے: ہمارے پروردگار! ہم نے اپنے سرداروں اور بڑوں کی اطاعت کی تھی پس انہوں نے ہمیں گمراہ کر دیا۔

۶۸۔ ہمارے پروردگار! تو انہیں دگنا عذاب دے اور ان پر بڑی لعنت بھیج۔

۶۹۔ اے ایمان والو! ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے موسیٰ کو اذیت دی تھی پھر اللہ نے ان کے الزام سے انہیں بری ثابت کیا اور وہ اللہ کے نزدیک آبرو والے تھے۔☆

۷۰۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سیدھی (مبنی برحق) باتیں کیا کرو۔☆

۷۱۔ اللہ تمہارے اعمال کی اصلاح فرمائے گا اور تمہارے گناہ معاف فرمائے گا اور جس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت

رَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ﴿٧١﴾
اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ
فَاَبَيْنَ اَنْ يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ
مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ ؕ اِنَّهٗ كَانَ
ظَلُوْمًا جَهُوْلًا ﴿٧٢﴾
لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ
وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ وَ
يَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا
رَّحِيْمًا ﴿٧٣﴾ ع ٢

سُوْرَةُ سَبَاٍ مَكِّيَّةٌ ٥٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي
الْاٰخِرَةِ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ الْخَبِيْرُ ﴿١﴾
يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا
يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ
وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ؕ وَهُوَ الرَّحِيْمُ
الْغَفُوْرُ ﴿٢﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَاْتِيْنَا
السَّاعَةُ ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتَاْتِيَنَّكُمْ ۙ
عٰلِمِ الْغَيْبِ ۚ لَا يَعْزُبُ عَنْهُ

کی پس اس نے عظیم کامیابی حاصل کی۔

۷۲۔ ہم نے اس امانت کو آسمانوں اور زمین اور پہاڑوں کے سامنے پیش کیا تو ان سب نے اسے اٹھانے سے انکار کیا اور وہ اس سے ڈر گئے لیکن انسان نے اسے اٹھا لیا، انسان یقیناً بڑا ظالم اور نادان ہے۔☆

۷۳۔ تا کہ (نتیجے میں) اللہ منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرکہ عورتوں کو عذاب دے اور اللہ مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو معاف کرے اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحیم ہے۔

سورہ سبا۔ مکی۔ آیات ۵۴

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ثنائے کامل اس اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کا مالک ہے اور آخرت میں بھی ثنائے کامل اسی کے لیے ہے اور وہ بڑا حکمت والا، خوب باخبر ہے۔

۲۔ جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور جو کچھ اس سے نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے سب کو اللہ جانتا ہے اور وہی رحیم غفور ہے۔☆

۳۔ اور کفار کہتے ہیں: قیامت ہم پر نہیں آئے گی، کہہ دیجیے: میرے عالم الغیب رب کی قسم وہ تم پر ضرور آ کر رہے گی، آسمانوں اور زمین میں ذرہ برابر بھی (کوئی چیز) اس

بہتان، غیبت، لغویات اور شر انگیزی سے پاک ہو گا۔

۷۲۔ اس بار امانت کو اٹھانے کی صلاحیت صرف انسان کے پاس تھی، کیونکہ انسان ہی ارادہ، معرفت اور اختیار کا مالک ہے۔ جو اپنے ارادے کا مالک ہے وہی امتحان کے میدان میں قدم رکھ سکتا ہے اور جو امتحان کے میدان میں قدم رکھ سکتا ہے اس کے لیے کامیابی و ناکامی کا تصور ہوتا ہے۔ چنانچہ جو علم کی اہلیت رکھتا ہے، لیکن علم نہیں رکھتا ہے تو اس کو جاہل کہا جا سکتا ہے اور جو عدل وانصاف پر قائم رہنے کی اہلیت رکھتا ہے اور عدل پر قائم نہ رہے اس کو ظالم کہا جا سکتا ہے اور مسلوب الارادہ پہاڑ کو نہ ظالم کہا جا سکتا ہے، نہ ہی جاہل۔ انسان چونکہ اپنے ارادے کا خود مالک ہے، لہٰذا وہ اس ارادے کو مثبت سمت میں لے جا سکتا ہے اور منفی سمت کی طرف بھی۔ اس سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ اس امانت سے کیا مراد ہے۔ یہ امانت وہ چیز ہے جس کے اٹھانے کے نتیجے میں انسان ظالم اور جاہل ہو سکتا ہے اور وہ مکلّف (خدا کی طرف سے خیر و شر کا ذمہ دار) قرار پاتا ہے۔ چنانچہ آسمانوں، زمین اور پہاڑوں میں سے صرف انسان ہی مکلّف (ذمہ داری کا حامل) ہے نیز اس کے بعد کی آیت کا سیاق بھی یہ بتاتا ہے کہ اس امانت کے نتیجے میں منافقین کو عذاب میں مبتلا کیا جائے گا اور مومنین کو اللہ اپنی رحمت سے نوازے گا۔ واضح رہے اس ذمہ داری میں توحید و رسالت کے بعد محبت اہل بیتؑ سرفہرست ہے۔ جیسا کہ متواتر احادیث سے ثابت ہے۔

سورۂ سبا

۲۔ زمین کے اندر جو چیزیں جاتی ہیں ان میں سے کچھ تو عام مشاہدے میں آتی ہیں اور کچھ سائنسی مشاہدے میں آتی ہیں۔ یہی حال زمین سے نکلنے والی چیزوں کا ہے کہ ابھی بشر کو علم نہیں کہ کیا چیزیں آسمان سے زمین میں داخل ہوتی اور نکلتی ہیں۔ بشر کو کیا معلوم، کون سی آہ، کون سی دعا، کون سی عبادت اور کون سی روح آسمان کی طرف عروج کرتی ہے اور کون سا حکم یا فیصلہ آسمان سے نازل ہوتا ہے؟

مِثْقَالُ ذَرَّةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي
الْاَرْضِ وَلَآ اَصْغَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ
اَكْبَرُ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۳﴾
لِّيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ
رِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿۴﴾
وَالَّذِيْنَ سَعَوْ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ
اُولٰۗىِٕكَ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ
اَلِيْمٌ ﴿۵﴾
وَيَرَى الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ الَّذِيْٓ
اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ هُوَ الْحَقَّ ۙ
وَيَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطِ الْعَزِيْزِ
الْحَمِيْدِ ﴿۶﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا هَلْ نَدُلُّكُمْ
عَلٰي رَجُلٍ يُّنَبِّئُكُمْ اِذَا مُزِّقْتُمْ
كُلَّ مُمَزَّقٍ ۙ اِنَّكُمْ لَفِيْ خَلْقٍ
جَدِيْدٍ ۚ﴿۷﴾
اَفْتَرٰى عَلَي اللّٰهِ كَذِبًا اَمْ بِهٖ جِنَّةٌ ۭ
بَلِ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ فِي
الْعَذَابِ وَالضَّلٰلِ الْبَعِيْدِ ﴿۸﴾
اَفَلَمْ يَرَوْا اِلٰى مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
وَمَا خَلْفَهُمْ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَ
الْاَرْضِ ۭ اِنْ نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ

سے پوشیدہ نہیں ہے اور نہ ذرے سے چھوٹی چیز اور نہ اس سے بڑی مگر یہ کہ سب کچھ کتاب مبین میں ثبت ہے۔☆

۴۔ تاکہ اللہ ایمان لانے والوں اور نیک عمل انجام دینے والوں کو جزا دے، یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے مغفرت اور رزق کریم ہے۔☆

۵۔ اور جنہوں نے ہماری آیات کے بارے میں کوشش کی کہ (ہم کو) مغلوب کریں ان کے لیے بلا کا دردناک عذاب ہے۔☆

۶۔ اور جنہیں علم دیا گیا ہے وہ خوب جانتے ہیں کہ آپ کے رب کی طرف سے آپ پر جو کچھ نازل کیا گیا ہے وہ حق ہے اور وہ بڑے غالب آنے والے اور قابل ستائش (اللہ) کی راہ کی طرف ہدایت کرتا ہے۔

۷۔ اور کفار کہتے ہیں: کیا ہم تمہیں ایک ایسے آدمی کا پتہ بتائیں جو تمہیں یہ خبر دیتا ہے کہ جب تم مکمل طور پر پارہ پارہ ہو جاؤ گے تو بلاشبہ تم نئی خلقت پاؤ گے؟☆

۸۔ اس نے اللہ پر جھوٹ بہتان باندھا ہے یا اسے جنون لاحق ہے؟ (نہیں) بلکہ (بات یہ ہے کہ) جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ لوگ عذاب میں اور گہری گمراہی میں مبتلا ہیں۔☆

۹۔ کیا انہوں نے اپنے آگے اور پیچھے محیط آسمان اور زمین کو نہیں دیکھا؟ اگر ہم چاہیں تو انہیں زمین میں دھنسا دیں یا

۳۔ جو لوگ حیات اخروی کے اس لیے منکر تھے کہ جب انسان کے اجزا بکھر جائیں گے تو اللہ ان کو دوبارہ کیسے جمع کرے گا؟ جواب میں فرمایا: خواہ ذرات سے چھوٹے اجزا میں بکھر جائیں، اللہ کے علم سے پوشیدہ نہیں ہیں۔ سورہ واقعہ میں فرمایا: وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى ، النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى کا تو تمہیں علم ہے۔ تمہاری تخلیق کے لیے جن ارضی عناصر کو بروئے کار لایا گیا ہے وہ بھی دنیا کے اطراف میں منتشر اجزاء تھے جو تمہارے دسترخوان پر جمع ہوئے، جن سے تمہارا خون بنا، نطفہ بنا، پھر تمہاری تخلیق ہوئی۔

۴۔ ۵ قیامت کی حقانیت عقل وفطرت کے مطابق ہے۔ ہر شخص کا ضمیر یہ چاہتا ہے کہ ظالم کو اس کے ظلم کا اور نیکی کرنے والے کو اس کی نیکی کا بدلہ ملے. یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ انسانی ضمیر ایک غیر موجود چیز کی خواہش نہیں کرتا، جیسا کہ انسان کا مزاج بھی غیر موجود چیز کی خواہش نہیں کرتا۔ چنانچہ پیاس دلیل ہے کہ اسے بجھانے والی شے موجود ہے اور یہ بات بھی مسلم ہے کہ دنیا میں نیکی اور بدی کا بدلہ نہیں ملتا بلکہ یہاں تو بدی کے ارتکاب کرنے والے پھلتے پھولتے ہیں۔ لہٰذا قیامت کے وجود پر انسان کا ضمیر اور وجدان گواہی دیتا ہے۔

۷۔۸ از راہ تمسخر یہ بات کرتے تھے کہ اس شخص کا مسئلہ دو حال سے خالی نہیں ہے۔ یا تو یہ جان بوجھ کر اللہ پر بہتان باندھتا ہے کہ قیامت ہے یا یہ شخص دیوانہ ہے۔ (نعوذ باللہ) اہل مکہ بخوبی جانتے تھے کہ دیوانہ والی بات درست نہیں ہے، لہٰذا وہ جھوٹ والی بات پر زور دیتے تھے۔ اگرچہ اہل مکہ کو معلوم تھا کہ آپؐ نے کبھی جھوٹ نہیں بولا۔

الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ عَلَيْهِمْ كِسَفًا
مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ
ع ۹ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝۹
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضْلًا ؕ يٰجِبَالُ
اَوِّبِيْ مَعَهٗ وَالطَّيْرَ ۚ وَاَلَنَّا لَهُ
الْحَدِيْدَ ۝۱۰ۙ
اَنِ اعْمَلْ سٰبِغٰتٍ وَّقَدِّرْ فِي
السَّرْدِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّيْ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۱۱
وَلِسُلَيْمٰنَ الرِّيْحَ غُدُوُّهَا
شَهْرٌ وَّرَوَاحُهَا شَهْرٌ ۚ وَاَسَلْنَا
لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ ؕ وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ
يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَ
مَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ اَمْرِنَا نُذِقْهُ
مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ۝۱۲
يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ
وَتَمَاثِيْلَ وَ جِفَانٍ كَالْجَوَابِ
وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ
دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ
الشَّكُوْرُ ۝۱۳
فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا
دَلَّهُمْ عَلٰى مَوْتِهٖۤ اِلَّا دَآبَّةُ
الْاَرْضِ تَاْكُلُ مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا

آسمان سے ان پر ٹکڑے برسا دیں یقیناً اس میں اللہ کی طرف رجوع کرنے والے ہر بندے کے لیے نشانی ہے۔

۱۰۔اور تحقیق ہم نے داؤد کو اپنی طرف سے فضیلت دی، (اور ہم نے کہا) اے پہاڑو! اس کے ساتھ (تسبیح پڑھتے ہوئے) خوش الحانی کرو اور پرندوں کو بھی (یہی حکم دیا) اور ہم نے لوہے کو ان کے لیے نرم کر دیا☆

۱۱۔کہ تم زرہیں بناؤ اور ان کے حلقوں کو باہم مناسب رکھو اور تم سب نیک عمل کرو تحقیق جو کچھ تم کرتے ہو میں اسے دیکھتا ہوں.☆

۱۲۔اور سلیمان کے لیے (ہم نے) ہوا (کو مسخر کر دیا)، صبح کے وقت اس کا چلنا ایک ماہ کا راستہ اور شام کے وقت کا چلنا بھی ایک ماہ کا راستہ (ہوتا) اور ہم نے اس کے لیے تانبے کا چشمہ بہا دیا اور جنوں میں سے بعض ایسے تھے جو اپنے رب کی اجازت سے سلیمان کے آگے کام کرتے تھے اور ان میں سے جو ہمارے حکم سے انحراف کرتا ہم اسے بھڑکتی ہوئی آگ کے عذاب کا ذائقہ چکھاتے۔☆

۱۳۔سلیمان جو چاہتے یہ جنات ان کے لیے بنا دیتے تھے، بڑی مقدس عمارات، مجسمے، حوض جیسے پیالے اور زمین میں گڑی ہوئی دیگیں، اے آل داؤد! شکر ادا کرو اور میرے بندوں میں شکر کرنے والے کم ہیں۔☆

۱۴۔پھر جب ہم نے سلیمان کی موت کا فیصلہ کیا تو ان جنات کو سلیمان کی موت کی بات کسی نے نہ بتائی سوائے زمین پر چلنے والی (دیمک) کے جو ان کے عصا کو کھا رہی تھی،

۱۰۔حضرت داؤد (ع) کے ساتھ خوش الحانی کرنے کا حکم صریح طور پر بتاتا ہے کہ پہاڑ اور پرندے بھی ایک قسم کا شعور رکھتے ہیں۔ البتہ یہ حضرت داؤد (ع) کا معجزہ ہے کہ ان کی خوش الحانی اس قدر موثر تھی کہ پہاڑ کے شعور تک ان کی رسائی ہوتی تھی۔

۱۱۔اور یہ بات آثار قدیمہ کی تحقیقات سے بھی ثابت ہو گئی ہے کہ زرہ سازی کی صنعت حضرت داؤد (ع) کے زمانے میں رائج ہو گئی تھی۔

۱۲۔سورۂ انبیاء آیت ۱۸ میں بھی اس بات کا ذکر آ گیا ہے کہ حضرت سلیمانؑ کے لیے ہوا مسخر تھی۔ بعض روایات میں بھی آیا ہے کہ حضرت سلیمان (ع) صبح کو ایک ماہ کی مسافت اور شام کو ایک ماہ کی مسافت ہوا کے ذریعہ طے کرتے تھے۔ کیا ان کی کرسی کو ہوا اٹھاتی تھی یا بحری جہاز کے ذریعہ یہ مسافت طے ہوتی تھی؟ (کیونکہ اس زمانے میں جہاز رانی کا انحصار ہوا پر تھا) اس بارے میں کوئی واضح جواب اور دلیل ہمارے پاس نہیں۔ ممکن ہے کہ بحری جہاز کے لیے ہوا کو حضرت سلیمان (ع) نے تسخیر کیا ہو۔ ''تسخیر جن'' کے مسئلہ میں قرآن کی صراحت قابل تاویل نہیں ہے کہ اس سے مراد کو ہستانی انسان لیا جائے بلکہ وہ جن ہی تھے جنہیں اللہ نے حضرت سلیمانؑ کے لیے مسخر فرمایا تھا۔

وَ اَسَلْنَا لَهٗ عَيْنَ الْقِطْرِ: ممکن ہے حضرت سلیمان (ع) کے زمانے میں تانبہ پگھلانے کی صنعت بڑے پیمانے پر رائج ہو گئی ہو، جسے چشمے سے تعبیر کیا گیا۔ بعض مفسرین لکھتے ہیں کہ حضرت کے لیے پگھلا ہوا تانبے کا چشمہ پھوٹ نکلا۔

۱۳۔تمثال سے مراد جانداروں کا مجسمہ نہیں بلکہ روایات کے مطابق وہ درختوں کی تمثال بناتے تھے۔ شیخ انصاری مکاسب محرمہ میں فرماتے ہیں: جانداروں کا مجسمہ بنانا بلا اختلاف حرام ہے۔

وَقُدُوْرٍ رّٰسِيٰتٍ: دیگیں گڑی ہوئی اس لیے ہوتی ہوں گی کہ وہ اتنی بڑی ہوتی تھیں کہ انہیں منتقل نہیں کیا جا سکتا تھا۔ ممکن ہے ان میں افواج کے لیے کھانا پکتا ہو۔

۱۴۔اس واقعے کو بیان کرنے کا مقصد یہ بتانا ہے

خَرَّتَبَيَّنَتِ الْجِنُّ اَنْ لَّوْ كَانُوْا
يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا فِي
الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾
لَقَدْ كَانَ لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ
جَنَّتٰنِ عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۭ
كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوْا
لَهٗ ۭ بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ وَّرَبٌّ غَفُوْرٌ ﴿۱۵﴾
فَاَعْرَضُوْا فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ
سَيْلَ الْعَرِمِ وَبَدَّلْنٰهُمْ بِجَنَّتَيْهِمْ
جَنَّتَيْنِ ذَوَاتَيْ اُكُلٍ خَمْطٍ وَّاَثْلٍ
وَّشَيْءٍ مِّنْ سِدْرٍ قَلِيْلٍ ﴿۱۶﴾
ذٰلِكَ جَزَيْنٰهُمْ بِمَا كَفَرُوْا ۭ وَ
هَلْ نُجٰزِيْٓ اِلَّا الْكَفُوْرَ ﴿۱۷﴾
وَجَعَلْنَا بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ الْقُرَى
الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً وَّ
قَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ۭ سِيْرُوْا فِيْهَا
لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿۱۸﴾
فَقَالُوْا رَبَّنَا بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا
وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فَجَعَلْنٰهُمْ
اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ مُمَزَّقٍ ۭ
اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ
شَكُوْرٍ ﴿۱۹﴾
وَلَقَدْ صَدَّقَ عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ

کہ جنات غیب کا علم نہیں رکھتے جیسا کہ مشرکین مکہ کا عقیدہ تھا: وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَخَلَقَهُمْ ۔ (انعام: ۱۰۰) اور انہوں نے جنوں کو اللہ کا شریک قرار دیا حالانکہ ان کو اللہ نے پیدا کیا ہے۔

۱۵۔ سبا سے مراد وہ علاقہ ہے جسے آج ہم یمن کہتے ہیں۔ کسی زمانے میں یہ نہایت سرسبز تھا اور یہاں ہر طرف باغات نظر آتے تھے۔

۱۶۔ ابن عباس اور قدیم کتبات کے مطابق عَرِم سد (بند) کو کہتے ہیں۔ یہ بند تاریخ میں سد مآرب کے نام سے مشہور ہے۔ مآرب اس زمانے میں یمن کا دارالسلطنت تھا۔ لہٰذا سیل العرم اس سیلاب کو کہا گیا ہے جو کسی بند کے ٹوٹنے سے آیا تھا۔ چنانچہ اس سیلاب سے یمن کا سارا علاقہ تباہ ہو گیا۔ اس زمانے کے سبا والوں نے ایک عظیم سد بنایا تھا جس سے آب پاشی کا بہترین نظام وجود میں آیا اور سارا علاقہ سرسبز ہو گیا تھا۔ سیلاب کی تباہی کے بعد وہاں جھاڑیاں اگتی تھیں۔

۱۷۔ کفران نعمت کی سزا کبھی دنیا میں سلب نعمت اور آخرت میں عذاب کی صورت میں ملتی ہے۔

۱۸۔ برکت والی بستیوں سے مراد بلاد شام ہی ہو سکتے ہیں۔ قرآن ان علاقوں کا ہمیشہ ذکر برکت والے کے نام سے کرتا ہے۔ اس صورت میں آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے کہ ہم نے یمن اور شام کے درمیان ایسی کھلی یا شاہراہ پر واقع بستیاں بسائیں اور سفر کی ایسی منزلیں مقرر کیں کہ پورا سفر امن کا سفر رہے۔

۱۹۔ اس ناشکری پر مشتمل مطالبے کے نتیجے میں ان کو اللہ نے ایسا منتشر کیا کہ ان کی تباہی آنے والی نسلوں کے لیے ضرب المثل بن گئی۔ تفرقوا ایادی سبا۔
ممکن ہے وہ ناشکری کی زبان حال سے کہ رہے ہوں، ورنہ سفر کی منزلوں کو لمبا کرنے کا مطالبہ ممکن ہے شعوری طور پر نہ کیا ہو۔ والعلم عند اللہ۔

۲۰۔ شیطان نے کہا: میں اولاد آدم کو گمراہ کروں گا سوائے مخلص بندوں کے۔

پھر جب سلیمان زمین پر گرے تو جنوں پر بات واضح ہو گئی کہ اگر وہ غیب جانتے ہوتے تو ذلت کے اس عذاب میں مبتلا نہ رہتے۔☆

۱۵۔ تحقیق (اہل) سبا کے لیے ان کی آبادی میں ایک نشانی تھی، (یعنی) دو باغ دائیں اور بائیں تھے، اپنے رب کے رزق سے کھاؤ اور اس کا شکر ادا کرو، ایک پاکیزہ شہر (ہے) اور بڑا بخشنے والا پروردگار۔☆

۱۶۔ پس انہوں نے منہ پھیر لیا تو ہم نے ان پر بند کا سیلاب بھیج دیا اور ان دو باغوں کے عوض ہم نے انہیں دو ایسے باغات دیے جن میں بدمزہ پھل اور کچھ جھاؤ کے درخت اور تھوڑے سے بیر تھے۔☆

۱۷۔ ان کی ناشکری کے سبب ہم نے انہیں یہ سزا دی اور کیا (ایسی) سزا ناشکروں کے علاوہ ہم کسی اور کو دیتے ہیں؟☆

۱۸۔ اور ہم نے ان کے اور جن بستیوں کو ہم نے برکت سے نوازا تھا، کے درمیان چند کھلی بستیاں بسا دیں اور ان میں سفر کی منزلیں متعین کیں، ان میں راتوں اور دنوں میں امن کے ساتھ سفر کیا کرو۔☆

۱۹۔ پس انہوں نے کہا: ہمارے پروردگار! ہمارے سفر کی منزلوں کو لمبا کر دے اور انہوں نے اپنے آپ پر ظلم کیا چنانچہ ہم نے بھی انہیں افسانے بنا دیا اور انہیں مکمل طور پر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا، یقیناً اس (واقعہ) میں ہر صبر اور شکر کرنے والے کے لیے نشانیاں ہیں۔☆

۲۰۔ اور تحقیق ابلیس نے ان کے بارے میں اپنا گمان درست پایا اور انہوں نے اس

ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا فَرِيْقًا مِّنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۲۰﴾
وَمَا كَانَ لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ
اِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ
مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ
ع ۲ ۱۴ ۸ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿۲۱﴾ ع
قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي
السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا
لَهُمْ فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ
مِنْهُمْ مِّنْ ظَهِيْرٍ ﴿۲۲﴾
وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا لِمَنْ
اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰۤى اِذَا فُزِّعَ عَنْ
قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ
قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿۲۳﴾
قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّاۤ اَوْ
اِيَّاكُمْ لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾
قُلْ لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّاۤ اَجْرَمْنَا
وَلَا نُسْـَٔلُ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۵﴾
قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا ثُمَّ يَفْتَحُ
بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ

کی پیروی کی سوائے مومنوں کی ایک جماعت کے۔☆

۲۱۔اور ابلیس کو ان پر کوئی بالادستی حاصل نہ تھی مگر ہم یہ جاننا چاہتے تھے کہ آخرت کا ماننے والا کون ہے اور ان میں سے کون اس بارے میں شک میں ہے اور آپ کا رب ہر چیز پر نگہبان ہے۔☆

۲۲۔کہہ دیجیے: جنہیں تم اللہ کے سوا (معبود) سمجھتے ہو انہیں پکارو، وہ ذرہ بھر چیز کے مالک نہیں ہیں نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں اور نہ ہی ان دونوں میں ان کی شرکت ہے اور نہ ان میں سے اس کا کوئی مددگار ہے۔

۲۳۔اور اللہ کے نزدیک کسی کے لیے شفاعت فائدہ مند نہیں سوائے اس کے جس کے حق میں اللہ نے اجازت دی ہو، یہاں تک کہ جب ان کے دلوں سے پریشانی دور ہوگی تو وہ کہیں گے: تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ وہ کہیں گے: حق فرمایا ہے اور وہی برتر، بزرگ ہے۔☆

۲۴۔ان سے پوچھیے: تمہیں آسمانوں اور زمین سے رزق کون دیتا ہے؟ کہہ دیجیے: اللہ، تو ہم اور تم میں سے کوئی ایک ہدایت پر یا صریح گمراہی میں ہے۔☆

۲۵۔ کہہ دیجیے: ہمارے گناہوں کی تم سے پرسش نہیں ہوگی اور نہ ہی تمہارے اعمال کے بارے میں ہم سے سوال ہوگا۔

۲۶۔ کہہ دیجیے: ہمارا رب ہمیں جمع کرے گا پھر ہمارے درمیان حق پر مبنی فیصلہ فرمائے

۲۱۔ جہاں اللہ تعالیٰ نے ہدایت کے لیے بہت سے اسباب فراہم فرمائے ہیں، جیسے ضمیر، عقل، فرشتے اور انبیاء علیہم السلام، وہاں گمراہی کی طرف دعوت دینے والوں کو بھی نہیں روکا جیسے خواہشات، شیاطین جن اور شیاطین انس وغیرہ۔ ان دونوں راستوں کے درمیان انسان کو کھڑا کیا گیا تاکہ ایمان اور شک والوں میں امتیاز ہو جائے۔

۲۳۔مشرکین اپنے معبودوں کو اللہ کے ہاں شفاعت کنندہ سمجھتے تھے۔ مشرکین کے ہاں شفاعت سے مراد دنیاوی معاملات میں سفارش ہے۔ آخرت کے وہ منکر تھے۔ لہٰذا آیت کا موضوع دنیا میں شفاعت ہے۔ اس سلسلے میں فرمایا: دنیا میں بھی شفاعت کی کوئی ذات بذات خود حقدار نہیں ہے، جب تک مالک حقیقی کی طرف سے عنایت نہ ہو۔ یعنی فرشتے سفارش ضرور کر سکتے ہیں، لیکن ہر بات میں، ہر کسی کے لیے نہیں، بلکہ اس کے حق میں شفاعت کر سکتے ہیں جس کے لیے اذن مل جائے۔ فرشتوں کو بذات خود شفاعت کا حق ہونا دور کی بات ہے، بلکہ یہ خود امر خدا کے انتظار میں پریشان حال ہوتے ہیں کہ کیا حکم ملنے والا ہے، حکم خدا آنے پر ان کے دلوں کی پریشانی دور ہو جاتی ہے اور ایک دوسرے سے اس حکم کی نوعیت پوچھتے ہیں۔

۲۴۔واضح دلیل پیش کرنے کے بعد رسول اللہؐ کی زبان سے فرماتا ہے: تمہارا موقف اور ہمارا موقف باہم متضاد ہیں۔ یہ دونوں صحیح نہیں ہو سکتے اور دونوں باطل بھی نہیں ہو سکتے یعنی رازق اللہ ہے یا تمہارے معبود، یہ دونوں نظریے باطل نہیں ہو سکتے۔ مشرکین کا نظریہ باطل ہونے پر دلیل موجود ہے کہ خود مشرکین اللہ کو خالق مانتے ہیں، پس انہیں اللہ کو رازق بھی ماننا پڑے گا۔ چونکہ رزق دینا بھی تخلیق ہے۔

الْعَلِيْمُ ﴿٢٦﴾
قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ اَلْحَقْتُمْ بِهٖ
شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ﴿٢٧﴾
وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ
بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ
النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨﴾
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ
كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٩﴾
قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا
تَسْتَاْخِرُوْنَ عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا
تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٣٠﴾ ع
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ
بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِيْ بَيْنَ
يَدَيْهِ ؕ وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ
مَوْقُوْفُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۖۚ يَرْجِعُ
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضِ ِۨالْقَوْلَ ۚ يَقُوْلُ
الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ
اسْتَكْبَرُوْا لَوْلَآ اَنْتُمْ لَكُنَّا
مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣١﴾
قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا
لِلَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْٓا اَنَحْنُ
صَدَدْنٰكُمْ عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ

النصف ع ٢

گا اور وہ بڑا فیصلہ کرنے والا، دانا ہے۔

۲۷۔ کہہ دیجیے: مجھے وہ تو دکھاؤ جنہیں تم نے شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملا رکھا ہے، ہرگز نہیں، بلکہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا صرف اللہ ہے۔☆

۲۸۔ اور ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے فقط بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۲۹۔ اور یہ کہتے ہیں: اگر تم لوگ سچے ہو (تو بتاؤ قیامت کے) وعدے کا دن کب آنے والا ہے؟☆

۳۰۔ کہہ دیجیے: تم سے ایک دن کا وعدہ ہے جس سے تم نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکو گے اور نہ آگے بڑھ سکو گے۔☆

۳۱۔ اور کفار کہتے ہیں: ہم اس قرآن پر ہرگز ایمان نہ لائیں گے اور نہ (ان کتابوں پر) جو اس سے پہلے ہیں اور کاش آپ ان کا وہ حال دیکھ لیتے جب یہ ظالم اپنے رب کے سامنے کھڑے کیے جائیں گے اور ایک دوسرے پر الزام عائد کر رہے ہوں گے، (چنانچہ) جو لوگ دبے ہوئے ہوتے تھے وہ بڑا بننے والوں سے کہیں گے: اگر تم نہ ہوتے تو ہم مومن ہوتے۔☆

۳۲۔ اور بڑا بننے والے دبے رہنے والوں سے کہیں گے: ہدایت تمہارے پاس آ جانے کے بعد کیا ہم نے تمہیں اس سے روکا تھا؟

۲۷۔ یعنی ان شریکوں کا حدود اربعہ تو بیان کرو کہ ان میں میری حکومت میں شریک ہونے کی صلاحیت کہاں سے آ گئی؟ ان بے جان بتوں میں یہ صلاحیت ہے یا اللہ کی تابع فرمان مخلوق فرشتوں میں؟

۲۸۔ مکہ میں نازل ہونے والی یہ آیت مستشرقین کے اس اعتراض کا دندان شکن جواب ہے جو کہتے ہیں کہ محمدؐ کا خیال شروع میں یہ تھا کہ وہ صرف اہل مکہ اور گرد و پیش کی چند بستیوں کی طرف مبعوث ہوئے ہیں۔ بعد میں غیر متوقع کامیابی دیکھ کر پہلے یہ دعویٰ شروع کیا کہ میں پورے جزیرۃ العرب کی طرف مبعوث ہوا ہوں اور بعد میں دعویٰ کیا کہ پورے عالم کی طرف مبعوث ہوا ہوں۔

۲۹۔ ۳۰ اللہ تعالیٰ کا کائناتی نظام تمہارے مطالبوں سے نہیں بدلتا۔ قیامت کے لیے اس نظام کے تحت ایک وقت مقرر ہے۔ اس سے ایک لمحہ کے لیے تقدیم و تاخیر نہیں ہو سکتی۔ یہ بات ہم سب کے مشاہدے میں ہے کہ اللہ تعالیٰ کے وضع کردہ مقررہ نظام میں تبدیلی نہیں آ سکتی۔ مثلاً جس لمحے میں سورج نے طلوع کرنا ہے، اسی مقررہ وقت پر اربوں سال سے طلوع کر رہا ہے۔

۳۱۔ جن لیڈروں، سرداروں اور مذہبی رہنماؤں کی باتیں یہ لوگ دنیا میں آنکھیں بند کر کے مان لیتے تھے، وہ لوگ آخرت میں حقیقت کا مشاہدہ کریں گے۔ دنیا میں تو وہ ان کے سامنے لب کشائی نہیں کرتے تھے، لیکن آخرت میں ساری ذمہ داری ان پر ڈالیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم مؤمن ہوتے۔

۳۲۔ یعنی خود تم نے اپنی آزادی کو فروخت کیا تھا۔ تم ذہنی طور پر غلام تھے اور تم اپنی مرضی سے گمراہی میں چلے گئے ورنہ تم تک حق کی دعوت پہنچ گئی تھی۔

جَآءَكُمْ بَلْ كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾

(نہیں) بلکہ تم خود ہی مجرم ہو۔☆

وَقَالَ الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۳﴾

۳۳۔اور کمزور لوگ بڑا بننے والوں سے کہیں گے: بلکہ یہ رات دن کی چالیں تھیں جب تم ہمیں اللہ سے کفر کرنے اور اس کے لیے ہمسر بنانے کے لیے کہتے تھے، جب وہ عذاب کو دیکھ لیں گے تو دل میں ندامت لیے بیٹھیں گے اور ہم کفار کی گردنوں میں طوق ڈالیں گے، کیا ان کو اس کے سوا کوئی بدلہ ملے گا جس کے یہ مرتکب ہوا کرتے تھے۔☆

وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۴﴾

۳۴۔اور ہم نے کسی بستی کی طرف کسی تنبیہ کرنے والے کو نہیں بھیجا مگر یہ کہ وہاں کے مراعات یافتہ لوگ کہتے تھے: جو پیغام تم لے کر آئے ہو ہم اسے نہیں مانتے۔☆

وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿۳۵﴾

۳۵۔اور کہتے تھے: ہم اموال اور اولاد میں بڑھ کر ہیں ہم پر عذاب نہیں ہوگا۔

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع

۳۶۔ کہہ دیجیے: میرا رب جس کے لیے چاہتا ہے رزق فراوان اور تنگ کر دیتا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ۪ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ اٰمِنُوْنَ ﴿۳۷﴾

۳۷۔اور تمہارے اموال و اولاد ایسے نہیں جو تمہیں ہماری قربت میں درجہ دلائیں سوائے اس کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرے، پس ان کے اعمال کا دگنا ثواب ہے اور وہ سکون کے ساتھ بالا خانوں میں ہوں گے۔☆

وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ

۳۸۔ اور جو لوگ ہماری آیات کے بارے میں سعی کرتے ہیں کہ (ہم کو) مغلوب

۳۳۔دبے ہوئے لوگ کہیں گے: تمہارے شب و روز کی فریب کاریوں کی وجہ سے ہی ہم گمراہ ہوئے تھے اور ہماری بے شعوری سے تم نے فائدہ اٹھا کر ہمیں دھوکہ دیا۔

۳۴۔خوش حالی اور ناز و نعمت کی فراوانی سے قدریں بدل جاتی ہیں اور دلوں کو زنگ لگ جاتا ہے۔ دولت انسان کو بے نیازی کے ایک غلط احساس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ پھر وہ باغی ہو جاتا ہے: اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓى ۙ اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ (علق: ۶۔ ۷) پھر انبیاء علیہم السلام کی دعوت اور اس مراعات یافتہ طبقے کے مفادات میں ٹکراؤ ہے۔ انبیاء (ع) مال کو وسیلہ سمجھتے ہیں، یہ لوگ اپنی منزل سمجھتے ہیں۔ انبیاء (ع) عدل و انصاف کی دعوت دیتے ہیں، یہ لوگ استحصال کو اپنا حق سمجھتے ہیں وغیرہ وغیرہ۔

۳۶۔ رزق کی فزونی مؤمن کے لیے نعمت اور کافر کے لیے عذاب کا باعث ہے۔ لہٰذا اللہ اس مؤمن کے رزق کی فراوانی چاہے گا جو فزونی نعمت کے امتحان میں کامیابی حاصل کرے گا اور اگر کامیابی کی امید نہ ہو تو اللہ اس پر رحم فرماتے ہوئے اسے نعمت کی فزونی سے محروم رکھے گا۔ البتہ وہ کافر پر یہ رحم نہیں کرے گا اور اسے نعمتوں سے مالا مال کرے گا تاکہ اس کے عذاب میں اضافہ ہو۔

۳۷۔ اِلَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا کے استثنا سے معلوم ہوا کہ مؤمن ایمان کے سائے میں ہی مال و اولاد کے ذریعے قرب الٰہی حاصل کر لیتا ہے، مال کو فی سبیل اللہ خرچ کر کے اور اولاد کی صحیح تربیت کر کے۔ ایسی صورت میں اس کو دوگنا ثواب ملے گا۔ اول تو اس لیے کہ ایک نیکی کے بدلے میں دس نیکیاں مل جاتی ہیں، دوم یہ کہ اولاد کے اعمال صالحہ میں سے والدین کو بھی حصہ ملتا رہے گا۔

اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٨﴾

قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٣٩﴾

وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾

فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿٤٢﴾

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٣﴾

کریں یہ لوگ عذاب میں حاضر کیے جائیں گے۔

۳۹۔ کہہ دیجیے: میرا رب اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے فراوانی اور تنگی سے رزق دیتا ہے اور جو کچھ تم خرچ کرتے ہو اس کی جگہ وہ اور دیتا ہے اور وہ سب سے بہتر رزق دینے والا ہے۔☆

۴۰۔ اور جس دن وہ ان سب لوگوں کو جمع کرے گا پھر فرشتوں سے پوچھے گا: کیا یہ لوگ تمہاری پرستش کرتے تھے؟☆

۴۱۔ وہ کہیں گے: پاک ہے تیری ذات، تو ہی ہمارا آقا ہے نہ کہ وہ، بلکہ وہ تو جنات کی پرستش کرتے تھے اور ان کی اکثریت انہی کو مانتی ہے۔

۴۲۔ لہٰذا آج تم میں سے کوئی ایک دوسرے کو نفع اور نقصان پہنچانے کا اختیار نہیں رکھتا اور ظالموں سے ہم کہہ دیں گے: اب چکھو اس جہنم کا عذاب جس کی تم تکذیب کرتے تھے۔

۴۳۔ اور جب ان پر ہماری واضح آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو کہتے ہیں: یہ شخص تو تمہیں تمہارے باپ دادا کے معبودوں سے روکنا چاہتا ہے اور کہتے ہیں: یہ (قرآن) تو محض ایک خود ساختہ جھوٹ ہے اور کفار (کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ ان) کے پاس جب بھی حق آیا تو کہنے لگے: بے شک یہ تو کھلا جادو ہے۔

۳۹۔ یعنی راہ خدا میں خرچ کرنا درحقیقت خرچ نہیں ہے بلکہ یہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ ایک نہایت منافع بخش معاملہ ہے کہ دنیا میں بھی اس کی جگہ اللہ مزید دیتا ہے اور آخرت میں بھی ثواب عطا فرماتا ہے۔ رسول کریم (ص) سے روایت ہے: من ایقن بالخلف سخت نفسه بالنفقة (الکافی ۴:۴۳) ''جو مزید ملنے پر یقین رکھتا ہے وہ خرچ کرنے میں سخاوت سے کام لیتا ہے۔'' حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: اذا املقتم فتاجروا اللّٰه بالصدقة (وسائل الشیعة ۹:۳۷۲) ''اگر تنگدست ہو جاؤ تو صدقہ دے کر اللہ کے ساتھ سودا کرو۔''

۴۰۔ یعنی فرشتے مشرکین کی عبادت کو تسلیم نہیں کرتے تھے، جنات قبول کرتے تھے۔ واضح رہے مشرکین تین قسم کے لوگوں کی عبادت کرتے تھے: فرشتوں، جنات اور مقدس انسانوں کی۔ فرشتوں کی عبادت اس لیے کرتے تھے کہ وہ ان سے مفادات کی طمع رکھتے تھے۔ جنات کی عبادت ان کے شر سے بچنے کے لیے کرتے تھے۔ ممکن ہے ''ہماری نہیں جنات کی عبادت کرتے ہیں'' سے مراد یہ ہو کہ بظاہر یہ ہماری عبادت کرتے تھے لیکن اس گمراہی پر ان کو جنات نے اکسایا تھا تو عبادت جنات کی ہوگئی۔

وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا
وَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ
نَّذِيْرٍ ؕ﴿۴۴﴾
وَكَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا
بَلَغُوْا مِعْشَارَ مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا
رُسُلِيْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ ع
قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ اَنْ
تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ
تَتَفَكَّرُوْا ۛ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ
جِنَّةٍ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ
يَدَيْ عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾
قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ اَجْرٍ
فَهُوَ لَكُمْ ؕ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى
اللّٰهِ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿۴۷﴾
قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَقْذِفُ بِالْحَقِّ ۚ
عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ﴿۴۸﴾
قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَمَا يُبْدِئُ الْبَاطِلُ
وَمَا يُعِيْدُ ﴿۴۹﴾
قُلْ اِنْ ضَلَلْتُ فَاِنَّمَآ اَضِلُّ عَلٰى
نَفْسِيْ ۚ وَاِنِ اهْتَدَيْتُ فَبِمَا يُوْحِيْٓ
اِلَيَّ رَبِّيْ ؕ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ قَرِيْبٌ ﴿۵۰﴾
وَلَوْ تَرٰٓى اِذْ فَزِعُوْا فَلَا فَوْتَ
وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ۙ﴿۵۱﴾

۴۴۔ اور نہ تو ہم نے پہلے انہیں کتابیں دی تھیں جنہیں یہ پڑھتے ہوں اور نہ ہی آپ سے پہلے ہم نے ان کی طرف کوئی تنبیہ کرنے والا بھیجا ہے۔☆

۴۵۔ اوران سے پہلے لوگوں نے بھی تکذیب کی تھی اور جو کچھ ہم نے انہیں دیا تھا یہ اس کے دسویں حصے کو بھی نہیں پہنچے مگر جب انہوں نے میرے رسولوں کی تکذیب کی تو (دیکھ لیا) میرا عذاب کتنا سخت تھا۔☆

۴۶۔ کہہ دیجیے: میں تمہیں ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں کہ تم اللہ کے لیے اٹھ کھڑے ہو ایک ایک اور دو دو کر کے پھر سوچو کہ تمہارے ساتھی میں جنون کی کوئی بات نہیں ہے، وہ تو تمہیں ایک شدید عذاب سے پہلے خبردار کرنے والا ہے۔☆

۴۷۔ کہہ دیجیے: جو اجر (رسالت) میں نے تم سے مانگا ہے وہ خود تمہارے ہی لیے ہے، میرا اجر تو اللہ کے ذمے ہے اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے۔☆

۴۸۔ کہہ دیجیے: میرا رب یقیناً حق نازل فرماتا ہے اور وہ غیب کی باتوں کا خوب جاننے والا ہے۔

۴۹۔ کہہ دیجیے: حق آ گیا اور باطل نہ تو پہلی بار ایجاد کر سکتا ہے اور نہ ہی دوبارہ پلٹا سکتا ہے۔☆

۵۰۔ کہہ دیجیے: اگر میں گمراہ ہو گیا ہوں تو اس گمراہی کا نقصان خود مجھے ہی ہے اور اگر میں ہدایت یافتہ ہوں تو یہ اس وحی کی بنا پر ہے جو میرے رب کی طرف سے مجھ پر ہوتی ہے، اللہ یقیناً بڑا سننے والا قریب ہے۔

۵۱۔ اور کاش! آپ دیکھ لیتے کہ جب یہ پریشان حال ہوں گے تو بچ نہ سکیں گے اور نزدیک ہی سے پکڑ لیے جائیں گے۔

۴۴۔ ان کا انکار کسی علم اور سند کی بنیاد پر نہیں ہے کیونکہ منکرین ناخواندہ لوگ ہیں۔ انہیں کتاب ملی ہے اور نہ ان کی طرف نبی مبعوث ہوئے، البتہ سابقہ انبیاء کا پیغام ان تک پہنچ گیا تھا، مگر یہ لوگ اسے نہیں مانتے تھے۔

۴۵۔ یعنی پچھلی قوموں کو جو ثروت و سلطنت دی گئی تھی مکہ والوں کے پاس اس کا عشر عشیر بھی نہیں ہے۔ وہ قوت و سلطنت کے باوجود نابود ہو گئے تو مکہ والوں کی کیا حیثیت ہے؟

۴۶۔ جو لوگ رسول اکرم (ص) کو مجنون کہتے ہیں، انہیں اللہ ایک بات کی نصیحت فرماتا ہے۔ وہ نصیحت یہ ہے کہ صحیح طرز تفکر اور طریقہ تعقل اختیار کرو، یعنی تم اپنے معاشرتی، ذہنی اور فکری عوامل سے الگ ہو کر تنہائی میں سوچ لو یا دو دو کر کے باہمی مذاکرات اور تبادلہ افکار کے ذریعے سوچنے کی عادت ڈالو اور دیکھو میں نے تمہارے درمیان چالیس سال تک زندگی گزاری ہے۔ کسی مرحلے پر تم نے مجھے عقل و خرد میں نہ صرف خفیف نہیں پایا بلکہ مشکل حالات میں میری عقل و خرد سے تم نے فائدہ اٹھایا ہے۔

۴۷۔ جو صلہ میں نے تم سے مانگا ہے وہ خود تمہارے لیے ہے۔ اس سے ایک تو یہ مطلب واضح ہوا کہ حضورؐ نے امت سے اجر رسالت طلب فرمایا ہے۔ دوسرا یہ کہ اس اجر میں رسول اللہؐ کا ذاتی مفاد نہیں ہے، بلکہ خود امت کا مفاد ہے۔ جبکہ جو اجر رسول اللہؐ کے لیے ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے پاس ہے۔ اس وضاحت سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف سے اجر رسالت طلب کرنا ثابت ہوا جو اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ (یونس: ۷۲) میرا اجر تو صرف اللہ کے ذمے ہے، کے منافی بھی نہیں ہے۔

۴۹۔ حق آنے کے بعد باطل بے اثر ہو گیا کہ نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا۔ کرنا دھرنا زندگی کی علامت ہے۔ باطل جو عدم سے عبارت ہے، بے اثر ہے۔

وَ قَالُوْۤا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَ اَنّٰى لَهُمُ
التَّنَاوُشُ مِنْ مَّكَانٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾
وَّ قَدْ كَفَرُوْا بِهٖ مِنْ قَبْلُ ۚ
وَ يَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ مَّكَانٍۭ
بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾
وَ حِيْلَ بَيْنَهُمْ وَ بَيْنَ مَا يَشْتَهُوْنَ
كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ قَبْلُ ؕ
اِنَّهُمْ كَانُوْا فِيْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾ ع ۱۴

سُوْرَةُ فَاطِرٍ ۳۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا
اُولِيْۤ اَجْنِحَةٍ مَّثْنٰى وَ ثُلٰثَ وَ
رُبٰعَ ؕ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ مَا يَشَآءُ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱﴾
مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ
فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَ مَا يُمْسِكْ ۙ
فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَ هُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲﴾
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ
عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ
اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ
وَ الْاَرْضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى

۵۲۔ (اب) وہ کہیں گے: ہم قیامت پر ایمان لے آئے لیکن اب وہ اتنی دور نکلی ہوئی چیز کو کہاں پا سکیں گے؟
۵۳۔ اور اس سے پہلے بھی وہ اس کا انکار کر چکے تھے اور انہوں نے بن دیکھے دور ہی دور سے (گمان کے) تیر چلائے تھے۔
۵۴۔ اور اب ان کے اور ان کی مطلوبہ اشیاء کے درمیان پردے حائل کر دیے گئے ہیں جیسا کہ پہلے بھی ان کے ہم خیال لوگوں کے ساتھ (یہی) کیا گیا تھا، یقیناً وہ شبہ انگیز شک میں مبتلا تھے۔

سورۃ فاطر۔ مکی۔ آیات ۴۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ثنائے کامل اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں اور زمین کا ایجاد کرنے والا نیز فرشتوں کو پیام رساں بنانے والا ہے جن کے دو دو، تین تین اور چار چار پر ہیں، وہ جیسے چاہتا ہے مخلوقات میں اضافہ فرماتا ہے، یقیناً اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔☆
۲۔ لوگوں کے لیے جو رحمت (کا دروازہ) اللہ کھولے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے وہ بند کر دے اسے اللہ کے بعد کوئی کھولنے والا نہیں اور وہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆
۳۔ اے لوگو! اللہ کے تم پر جو احسانات ہیں انہیں یاد کرو، کیا اللہ کے سوا کوئی اور خالق ہے جو آسمان اور زمین سے تمہیں رزق دے؟ اس کے سوا کوئی معبود نہیں پس تم

سورہ فاطر

۱۔ فرشتے امور تکوینی میں اللہ کے کارندے ہوتے ہیں۔ مختلف فرشتوں کے ذمے مختلف امور کی انجام دہی ہوتی ہے۔ فرشتوں کے لیے پروں کا ذکر صرف فرشتوں کی سرعت انتقال کو سمجھانے کے لیے ایک تصور ہے، ورنہ فرشتے مادی مخلوقات نہیں ہیں یا ممکن ہے بقول بعض اہل تحقیق پروں سے مراد فرشتوں کے مراتب اور ان کی ذمہ داریاں ہوں۔ بعض فرشتوں کے ذمے ایک کام ہے، بعض دیگر کے ذمے دو کام ہیں۔ ان ذمہ داریوں کو جناح سے تعبیر کیا گیا ہو۔ چنانچہ يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ اس پر قرینہ ہو سکتا ہے۔
يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ: تخلیق کا عمل ختم نہیں ہوا، کیونکہ سرچشمہ فیض سے فیض منقطع نہیں ہو سکتا۔ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ۔ (رحمٰن:۲۹) وہ ہر روز کرشمہ سازی کرتا ہے۔
۲۔ اسی لیے مؤمن صرف اسی سے امید رکھتا ہے۔ اسی کے در پر دستک دیتا ہے اور اسی سے خوف کھاتا ہے۔ حضرت امام حسین علیہ السلام سے دعائے عرفہ میں منقول ہے: جس نے تجھے پایا اس نے کیا کھویا اور جس نے تجھے کھویا اس نے کیا پایا؟ ما ذا وجد من فقدك و ما الذى فقد من وجدك۔ (بحار الانوار ۵۹: ۲۲۶)
وَ هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ: وہ غالب آنے والا بالادست ہے۔ اس کے قبضہ قدرت میں سب چیز ہے۔ وہ حکمت والا ہے۔ اپنی حکمت کے تحت وہ کسی کو دیتا ہے اور کسی کو نہیں دیتا ہے۔
۳۔ هَلْ مِنْ خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ: ہے کوئی خالق سوائے اللہ کے جو تمہیں روزی دے۔ اس سے یہ بات مزید واضح ہو جاتی ہے کہ خالق ہی رازق ہے۔ خالقیت اور رازقیت میں تفریق ممکن نہیں ہے۔ ہم قرآن کے ساتھ اس بات کا مکرر ذکر کرتے چلیں کہ رازقیت تخلیق مسلسل سے عبارت ہے۔ خالق ہی دانے کا سینہ چاک کر کے روزی دیتا ہے۔

تُؤْفَكُوْنَ ۝٣

کہاں الٹے پھرے جا رہے ہو؟☆

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَتْ

۴۔ اور اگر یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے

رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

ہیں تو آپ سے پہلے بھی رسولوں کی

تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝٤

تکذیب ہوئی ہے اور تمام امور کی بازگشت

اللہ ہی کی طرف ہے۔☆

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا

۵۔ اے لوگو! اللہ کا وعدہ یقیناً سچا ہے لہٰذا

تَغُرَّنَّكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۪ وَلَا

دنیا کی زندگی تمہیں دھوکے میں نہ ڈالے اور

يَغُرَّنَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ۝٥

نہ ہی وہ دغاباز (شیطان) اللہ کے بارے

میں تمہیں فریب دینے پائے۔☆

اِنَّ الشَّيْطٰنَ لَكُمْ عَدُوٌّ

۶۔ شیطان یقیناً تمہارا دشمن ہے پس تم اسے

فَاتَّخِذُوْهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدْعُوْا

دشمن سمجھو، بے شک وہ اپنے گروہ کو صرف

حِزْبَهٗ لِيَكُوْنُوْا مِنْ اَصْحٰبِ

اس لیے دعوت دیتا ہے تاکہ وہ لوگ اہل

السَّعِيْرِ ۝٦

جہنم میں شامل ہو جائیں۔☆

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ عَذَابٌ

۷۔ جنہوں نے کفر کیا ان کے لیے شدید

شَدِيْدٌ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

عذاب ہے اور جو ایمان لائے اور نیک

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّ اَجْرٌ

اعمال کرتے رہے ان کے لیے مغفرت اور

ع ۱ ۱۳ كَبِيْرٌ ۝٧ ع

بڑا اجر ہے۔

اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ

۸۔ بھلا وہ شخص جس کے لیے اس کا برا عمل

حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ

خوشنما بنا دیا گیا ہو اور وہ اسے اچھا سمجھنے

وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۫ فَلَا تَذْهَبْ

لگا ہو (ہدایت یافتہ شخص کی طرح ہو سکتا ہے؟)

نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

بے شک اللہ جسے چاہتا ہے گمراہی میں ڈال

عَلِيْمٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝٨

دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے

لہٰذا ان لوگوں پر افسوس میں آپ کی جان

نہ چلی جائے، یہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً

اللہ کو اس کا خوب علم ہے۔☆

وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ

۹۔ اور اللہ ہی ہواؤں کو بھیجتا ہے تو وہ بادل

سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى بَلَدٍ مَّيِّتٍ

کو اٹھاتی ہیں پھر ہم اسے ایک اجاڑ شہر

فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ

کی طرف لے جاتے ہیں پھر ہم اس سے

زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کر دیتے

۴۔ ان کا جھٹلانا رسول برحق نہ ہونے کی علامت نہیں ہے۔ جو لوگ حق کو بارگراں سمجھتے ہیں، وہ حق والوں کو جھٹلاتے رہے ہیں۔

۵۔ ابدی زندگی کا وعدہ برحق ہے۔ اس کے مقابلے میں دنیوی زندگی ایک سراب سے زیادہ نہیں ہے۔ اگر کوئی ابدی زندگی کے مقابلے میں دنیا کی چند روزہ زندگی کو ترجیح دینے کے لیے آمادہ کرے تو اس سے بڑا فریب کار کوئی نہیں ہے۔

۶۔ انسان کو اتنا شعور ہونا چاہیے کہ دوست اور دشمن میں تمیز کر سکے۔ حیوانات بھی اپنے دشمن سے بخوبی آگاہ ہوتے ہیں اور اس سے بھاگتے ہیں۔ لہٰذا تم بھی اپنے دشمن شیطان کو دشمن سمجھو۔

۸۔ احساس گناہ کا فقدان سب سے بڑا گناہ ہے، چہ جائیکہ برائی کو اچھائی سمجھا جائے۔ اسی بنیاد پر اللہ تعالیٰ اہل افراد کو ہدایت سے نوازتا ہے اور نااہل کو ہدایت نہیں دیتا اور اللہ کی طرف سے ہدایت نہ ملنے کی صورت میں ضلالت کے سوا کوئی راستہ نہیں ہوتا۔ ایسے لوگوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ اپنے رسولؐ سے فرماتا ہے کہ ان کی گمراہی پر اپنی جان گھلانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ان میں ہدایت کی اہلیت نہیں ہے۔

۹۔ مری ہوئی زمین کو زندہ ہوتے ہوئے روز دیکھتے ہیں، اس کے باوجود یہ لوگ مرے ہوئے انسانوں کا دوبارہ زندہ ہونا بعید از امکان سمجھتے ہیں۔

مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝۹
مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ
جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ
الطَّيِّبُ وَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ
يَرْفَعُهٗ ؕ وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ
السَّيِّاٰتِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ؕ
وَمَكْرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ يَبُوْرُ ۝۱۰
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ
نُّطْفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمْ اَزْوَاجًا ؕ وَ
مَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا
بِعِلْمِهٖ ؕ وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّ
لَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ اِلَّا فِيْ
كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۱۱
وَمَا يَسْتَوِي الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا عَذْبٌ
فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا مِلْحٌ
اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ لَحْمًا
طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً
تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ
مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَ
لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝۱۲
يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَ يُوْلِجُ
النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۙ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ ۖ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ

ہیں، اسی طرح (روز قیامت) اٹھنا ہوگا۔☆

۱۰۔ جو شخص عزت کا خواہاں ہے تو (وہ جان لے کہ) عزت ساری اللہ کے لیے ہے، پاکیزہ کلمات اسی کی طرف اوپر چلے جاتے ہیں اور نیک عمل اسے بلند کر دیتا ہے اور جو لوگ بری مکاریاں کرتے ہیں ان کے لیے سخت عذاب ہے اور ایسے لوگوں کا مکر نابود ہو جائے گا۔☆

۱۱۔ اور اللہ نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر تمہیں جوڑا بنا دیا اور کوئی عورت نہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ بچہ جنتی ہے مگر اللہ کے علم کے ساتھ اور نہ کسی زیادہ عمر والے کو عمر دی جاتی ہے اور نہ ہی اس کی عمر میں کمی کی جاتی ہے مگر یہ کہ کتاب میں (ثبت) ہے، یقیناً یہ سب کچھ اللہ کے لیے آسان ہے۔☆

۱۲۔ اور دو سمندر برابر نہیں ہوتے: ایک شیریں، پیاس بجھانے والا، پینے میں خوشگوار اور دوسرا کھارا کڑوا اور ہر ایک سے تم تازہ گوشت کھاتے ہو اور زیورات نکال کر پہنتے ہو اور تم ان کشتیوں کو دیکھتے ہو جو پانی کو چیرتی چلی جاتی ہیں تاکہ تم اللہ کا فضل تلاش کرو اور شاید تم شکرگزار بن جاؤ۔☆

۱۳۔ وہ رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور سورج اور چاند کو مسخر کیا ہے، ان میں سے ہر ایک مقررہ وقت تک چلتا رہے گا، یہی اللہ

۱۰۔ عزت بنیادی طور پر صرف اللہ کے لیے ہے، اس کے بعد جسے اللہ عزت دے، وہی باعزت ہوگا اور اللہ کے ہاں سے عزت پانے کا راستہ پاکیزہ کردار و گفتار ہے۔ یعنی ایمان اور عقیدے کے ساتھ عمل صالح اور نیک کردار سے ہی انسان عزت کا رتبہ حاصل کر سکتا ہے۔ اس ایمان و عقیدے کی کوئی قیمت نہیں ہے، جس کا کردار پر کوئی اثر نہ ہو۔ اَلْكَلِمُ الطَّيِّبُ سے مراد عقائد و نظریات سے متعلق پاکیزہ تعبیر اور وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ سے اعمال کی قبولیت مراد ہو سکتی ہیں۔

۱۱۔ اللہ کے ہاں لوح محفوظ میں پہلے سے یہ ساری باتیں لکھی ہوئی ہیں کہ کس کی کیا عمر ہوگی؟ اسے تقدیر کہتے ہیں۔ واضح رہے کہ تقدیر کا مطلب نظام اور قانون ہے۔ اللہ کے ہاں ہر کام ایک نظام کے تحت انجام پاتا ہے۔ اگر تقدیر نہ ہوتی تو بدنظمی و اندھیر نگری ہوتی۔ تقدیر کا مطلب جبر نہیں ہے، بلکہ تقدیر کا مطلب اختیار و انتخاب ہے۔ اگر کسی شخص کے لیے ایک تقدیر ہوتی تو جبر ہوتا۔ جبکہ ایسا نہیں ہے، بلکہ ہر ایک شخص کو بہت سے مقدرات میں سے ایک کا انتخاب کرنا ہوتا ہے، چنانچہ حضرت علی (ع) ایک ایسی دیوار سے ہٹ گئے جو گرنے والی تھی تو لوگوں نے کہا: کیا آپؑ تقدیر خدا سے بھاگ رہے ہیں؟ فرمایا: افر من قدر اللّٰہ بقدر اللّٰہ۔ (شرح نہج البلاغۃ ۸:۲۹۸) میں اللہ کی تقدیر سے اللہ ہی کی تقدیر کی طرف بھاگ رہا ہوں۔ البتہ اللہ کے علم میں ہے کہ انسان اپنے ارادہ و اختیار سے کون سا راستہ اختیار کرنے والا ہے اور کن حالات سے دوچار رہے گا اور کون سے اسباب و علل کے انتخاب کے تحت کیا عمر پانے والا ہے۔

۱۲۔ یہ دونوں پانی برابر تو نہیں ہو سکتے، تاہم ان دونوں سے بعض فوائد یکساں طور پر حاصل کیے جا سکتے ہیں: تازہ گوشت، زیورات اور کشتی رانی۔ مؤمن اور مشرک برابر نہیں ہو سکتے، تاہم معاشرتی امور میں دونوں سے یکساں استفادہ کرنا درست ہے۔

۱۳۔ اس آیت و دیگر آیات سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ اس نظام شمسی کے لیے ایک عمر متعین ہے، یہ نظام ابدی نہیں ہے۔ اسی طرح تمام ستارگان بھی ابدی نہیں ہیں۔ کہتے ہیں سورج سے ہر سیکنڈ میں چار ملین ٹن انرجی خرچ ہو کر کم ہو رہی ہے اور ایک وقت ایسا آئے گا جب اس کی تمام انرجی ختم ہو جائے گی۔

مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ
الْمُلْكُ ؕ وَالَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ
دُوْنِهٖ مَا يَمْلِكُوْنَ مِنْ قِطْمِيْرٍ ؕ ﴿۱۳﴾
اِنْ تَدْعُوْهُمْ لَا يَسْمَعُوْا دُعَآءَكُمْ ۚ
وَلَوْ سَمِعُوْا مَا اسْتَجَابُوْا لَكُمْ ؕ
وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَكْفُرُوْنَ بِشِرْكِكُمْ ؕ
وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ﴿۱۴﴾ ع ۲
يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَى
اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۱۵﴾
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ
جَدِيْدٍ ۙ ﴿۱۶﴾
وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ ﴿۱۷﴾
وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَ
اِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا لَا يُحْمَلْ
مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا
تُنْذِرُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ
بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ
تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى
اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۸﴾
وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ ﴿۱۹﴾
وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوْرُ ۙ ﴿۲۰﴾
وَلَا الظِّلُّ وَلَا الْحَرُوْرُ ۚ ﴿۲۱﴾
وَمَا يَسْتَوِي الْاَحْيَآءُ وَلَا

تمہارا رب ہے، سلطنت اسی کی ہے اور اس کے علاوہ جنہیں تم پکارتے ہو وہ کھجور کی گٹھلی کے چھلکے (کے برابر کسی چیز) کے مالک نہیں ہیں۔

۱۴۔ اگر تم انہیں پکارو تو وہ تمہاری پکار سن نہیں سکتے اور اگر سن بھی لیں تو تمہیں جواب نہیں دے سکتے اور قیامت کے دن وہ تمہارے اس شرک کا انکار کریں گے اور (خدائے) باخبر کی طرح تجھے کوئی خبر نہیں دے سکتا۔☆

۱۵۔ اے لوگو! تم اللہ کے محتاج ہو اور اللہ تو بے نیاز، لائق ستائش ہے۔☆

۱۶۔ اگر وہ چاہے تو تمہیں نابود کر دے اور نئی خلقت لے آئے۔☆

۱۷۔ اور ایسا کرنا اللہ کے لیے مشکل تو نہیں۔

۱۸۔ اور کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا اور اگر کوئی (گناہوں کے) بھاری بوجھ والا اپنا بوجھ اٹھانے کے لیے کسی کو پکارے گا تو اس سے کچھ بھی نہیں اٹھایا جائے گا خواہ وہ قرابتدار ہی کیوں نہ ہو، آپ تو صرف انہیں ڈرا سکتے ہیں جو بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو پاکیزگی اختیار کرتا ہے تو وہ صرف اپنے لیے ہی پاکیزگی اختیار کرتا ہے اور اللہ ہی کی طرف پلٹنا ہے۔☆

۱۹۔ اور نابینا اور بینا برابر نہیں ہو سکتے،

۲۰۔ اور نہ ہی اندھیرا اور نہ روشنی،

۲۱۔ اور نہ سایہ اور نہ دھوپ،

۲۲۔ اور نہ ہی زندے اور نہ ہی مردے یکساں

۱۴۔ جو ذات رات اور دن کو چلاتی اور سورج چاند کو مسخر کرتی ہے اور ان کے لیے ایک مدت معین کرتی ہے، وہی تمہارا رب ہے۔ تدبیر کائنات اسی کے ہاتھ میں ہے اور اللہ کے علاوہ جن کو تم پکارتے ہو وہ اس کائنات میں کسی حقیر چیز کے بھی مالک نہیں ہیں، تو تم اس ذات کو چھوڑ کر جس کے پاس سب کچھ ہے، ان کی طرف جاتے ہو جن کے پاس کچھ بھی نہیں ہے۔ وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثْلُ خَبِيْرٍ ۔ خطاب رسول اللہ (ص) سے ہے کہ اس امر واقعہ پر آپ کو اللہ کی طرح کوئی خبر نہیں دے سکتا۔

۱۵۔۱۶ اللہ کی ذات بے نیاز ہے، اپنی ذات وصفات میں، اپنی معبودیت میں۔ وہ تمام مخلوقات سے بے نیاز ہے۔ وہ تمہاری جگہ دوسری مخلوق پیدا کر سکتی ہے، جبکہ تم اللہ کے محتاج ہو، اپنے وجود میں، اپنی بقاء میں، تم مجسم محتاج ہو اور اللہ غنی بالذات ہے۔

۱۸۔ یہ نظام عدل الٰہی کا ایک مسلمہ اصول ہے کہ ہر شخص اپنے اعمال کا خود ذمہ دار اور اپنے کیے کا خود جواب دہ ہے۔ اگر کوئی شخص کسی سے یہ کہے کہ تم میری ذمہ داری پر یہ کام کرو، اگر یہ گناہ ہوا تو تمہارا بار گناہ میں اٹھاؤں گا، تو یہ ایک صریح جھوٹ ہے۔ قیامت کے دن نہایت قریبی رشتہ دار بھی اس کا کوئی بوجھ نہیں اٹھائے گا بلکہ اس دن انسان اپنے والدین اور اولاد کو دیکھ کر دور بھاگ جائے گا تاکہ وہ کہیں کسی حق کا مطالبہ نہ کریں۔

۲۲۔ جس میں بینائی نہ ہو، جو روشنی سے آشنا ہی نہ ہو، جس میں زندگی کے آثار موجود نہ ہوں اور جو قبر میں مدفون بے جان لاش کی طرح ہو، اسے آپ کیا سمجھائیں گے؟ سمجھانے والے میں کوئی نقص نہیں، لیکن سمجھنے والے میں اہلیت نہیں ہے۔

الْاَمْوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يُسْمِعُ مَنْ
يَّشَآءُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِي
الْقُبُوْرِ ﴿٢٢﴾
اِنْ اَنْتَ اِلَّا نَذِيْرٌ ﴿٢٣﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّ
نَذِيْرًا ؕ وَاِنْ مِّنْ اُمَّةٍ اِلَّا خَلَا فِيْهَا
نَذِيْرٌ ﴿٢٤﴾
وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ وَبِالْكِتٰبِ
الْمُنِيْرِ ﴿٢٥﴾
ثُمَّ اَخَذْتُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
ع ٢ ١٥ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿٢٦﴾ ع
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا
اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌ
بِيْضٌ وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا
وَغَرَابِيْبُ سُوْدٌ ﴿٢٧﴾
وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ وَالْاَنْعَامِ
مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ اِنَّمَا
يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ
اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿٢٨﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ

ہوسکتے ہیں، بے شک اللہ جسے چاہتا ہے سنواتا ہے اور آپ قبروں میں مدفون لوگوں کو تو نہیں سنا سکتے۔☆

۲۳۔آپ تو صرف تنبیہ کرنے والے ہیں۔

۲۴۔ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے اور کوئی امت ایسی نہیں گزری جس میں کوئی متنبہ کرنے والا نہ آیا ہو۔☆

۲۵۔اور اگر یہ لوگ آپ کی تکذیب کرتے ہیں تو ان سے پہلے والوں نے بھی تکذیب کی ہے، ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل اور صحیفے اور روشن کتاب لے کر آئے تھے۔

۲۶۔پھر جنہوں نے کفر کیا میں نے انہیں گرفت میں لے لیا پھر (دیکھا) میرا عذاب کیسا سخت تھا؟

۲۷۔کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے پانی برسایا پھر ہم نے اس سے مختلف رنگوں کے پھل نکالے؟ اور پہاڑوں میں مختلف رنگوں کی سفید سرخ گھاٹیاں پائی جاتی ہیں اور کچھ گہری سیاہ ہیں۔

۲۸۔اور اسی طرح انسانوں اور جانوروں اور مویشیوں میں بھی رنگ پائے جاتے ہیں، اللہ کے بندوں میں سے صرف اہل علم ہی اس سے ڈرتے ہیں، بے شک اللہ بڑا غالب آنے والا، معاف کرنے والا ہے۔☆

۲۹۔بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور ہم

۲۴۔کوئی امت ایسی نہیں گزری جس میں کوئی متنبہ کرنے والا نہ آیا ہو۔ اس جملے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ کوئی امت ایسی نہیں گزری کہ اس امت میں سے کوئی متنبہ کرنے والا نہ آیا ہو۔ اس سے یہ بات سمجھنے میں آسان ہو جائے گی کہ ہر امت کی من حیث المجموع تنبیہ ہو گئی ہے۔ اس کے لیے ہر قوم میں الگ الگ انبیاء نہیں بھیجے گئے، بلکہ انبیاء کا پیغام اس قوم تک پہنچ گیا یا گزشتہ انبیاء کی رسالت کے آثار نسلوں تک باقی ہیں۔ مثلاً حضرت نوح (ع) کی رسالت کے آثار نسلوں تک باقی رہے تو یہ کہنا درست ہے کہ ان تمام نسلوں کی تنبیہ ہو گئی، یعنی ان پر حجت پوری ہو گئی۔ البتہ یہ ممکن ہے کہ ہر فرد تک یہ پیغام نہ پہنچے۔ اس صورت میں اس شخص کو قرآنی اصطلاح میں مستضعف کہتے ہیں۔ ان کا مؤاخذہ نہیں ہو گا، چونکہ ان پر حجت پوری نہیں ہوئی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ بت پرستی، توحید پرستی کا ایک انحرافی مسلک ہے۔ لہٰذا جہاں بت پرستی ہے وہاں توحید پرستی تھی اور وہاں کوئی نبی مبعوث تھا۔ چنانچہ امریکہ کا انکشاف کرنے والے کہتے ہیں: وہاں آفتاب پرستی کے لیے عبادت خانہ تھا۔ تازہ آنے والوں کو شروع میں وہ آفتاب کی اولاد سمجھتے تھے۔ (قاموس قرآن)

۲۸۔ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ: رنگوں، طبیعتوں، خاصیتوں اور مزاج کا اختلاف خالق کی صناعیت اور حسن تدبیر کی دلیل ہے۔

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ: صرف اہل علم اللہ سے ڈرتے ہیں۔ علم سے ہی جمالیاتی ذوق بیدار ہوتا ہے۔ کائنات کی رنگا رنگ رعنائیوں کو دیکھ کر عالم اس کے خالق کی خلاقیت اور صنعت گری کی معرفت سے سرشار ہو جاتا ہے۔ علم کی وجہ سے پردے ہٹ جاتے ہیں۔ پردے ہٹ جانے سے حقیقت کا چہرہ نمایاں ہو جاتا ہے اور حقیقت کے منکشف ہونے کے بعد انسان خطرات کو بھانپ لیتا ہے۔ بالکل اس شخص کی طرح جو قانون اور جرم و سزا سے آشنا ہو، وہ قانون کے عدل سے خوف کھاتا ہے۔ خدا سے ڈرنے کا مطلب اس کے عدل سے ڈرنا ہے، ورنہ وہ خود ارحم الراحمین ہے۔

حدیث میں آیا ہے: يَعْنِي بِالْعُلَمَاءِ مَنْ صَدَّقَ فِعْلُهُ قَوْلَهُ وَ مَنْ لَمْ يُصَدِّقْ فِعْلُهُ قَوْلَهُ فَلَيْسَ بِعَالِمٍ (الکافی ۱: ۳۶) علماء سے مراد وہ ہیں جن کا عمل ان کے قول کی تصدیق کرے۔ پس جن کا عمل ان کے قول کی تصدیق نہ کرے وہ عالم نہیں ہیں۔

اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا
رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ
تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ﴿۲۹﴾
لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ
مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿۳۰﴾
وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ
الْكِتٰبِ هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ
يَدَيْهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ
بَصِيْرٌ ﴿۳۱﴾
ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا
مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ
لِّنَفْسِهٖ ۚ وَ مِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَ
مِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ
ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ﴿۳۲﴾
جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ
فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ
وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ ﴿۳۳﴾
وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَذْهَبَ
عَنَّا الْحَزَنَ ؕ اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ
شَكُوْرُ ۙ﴿۳۴﴾
الَّذِيْٓ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ
فَضْلِهٖ ۚ لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا نَصَبٌ وَّ
لَا يَمَسُّنَا فِيْهَا لُغُوْبٌ ﴿۳۵﴾

نے جو رزق انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں، وہ ایسی تجارت کے ساتھ امید لگائے ہوئے ہیں جس میں ہرگز خسارہ نہ ہوگا۔☆

۳۰۔ تاکہ اللہ ان کا پورا اجر انہیں دے بلکہ اپنے فضل سے مزید بھی عطا فرمائے، یقیناً اللہ بڑا معاف کرنے والا، قدردان ہے۔

۳۱۔ اور ہم نے جو کتاب آپ کی طرف وحی کی ہے وہی برحق ہے، یہ ان کتابوں کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے آئی ہیں، یقیناً اللہ اپنے بندوں سے خوب باخبر، ان پر نظر رکھنے والا ہے۔

۳۲۔ پھر ہم نے اس کتاب کا وارث انہیں بنایا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں سے برگزیدہ کیا ہے پس ان میں سے کچھ اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہیں اور کچھ میانہ رو ہیں اور کچھ اللہ کے اذن سے نیکیوں میں سبقت لے جانے والے ہیں یہی تو بڑا فضل ہے☆

۳۳۔ وہ دائمی جنتیں ہیں جن میں یہ داخل ہوں گے، وہاں انہیں سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے اور وہاں ان کا لباس ریشمی ہوگا۔

۳۴۔ اور وہ کہیں گے: ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے ہم سے غم کو دور کیا، یقیناً ہمارا رب بڑا معاف کرنے والا قدردان ہے۔☆

۳۵۔ جس نے اپنے فضل سے ہمیں دائمی اقامت کی جگہ میں ٹھہرایا جہاں ہمیں نہ کوئی مشقت اور نہ تھکاوٹ لاحق ہوگی۔☆

۲۹۔ ایسی تجارت جس میں منافع کی ضمانت دی گئی ہے۔ راہ خدا میں مال خرچ کرنا ایسی سرمایہ کاری ہے جس کا نفع بخش ہونا یقینی ہے۔ دنیوی تجارت میں، سرمائے میں خوبی ہو تو زیادہ منافع ملتا ہے، اللہ کے ساتھ تجارت میں سرمایہ کار میں خوبی ہو تو منافع یقینی ہے۔ اس لیے اس سرمایہ کار کے بارے میں فرمایا: یہ سرمایہ کار کتاب اللہ کی تلاوت اور نماز قائم کرتا ہو۔

۳۲۔ جن لوگوں کو کتاب اس لیے دی گئی کہ وہ ان کے لیے دستور زندگی ہو، وہ تین گروہوں میں منقسم ہو گئے: ایک گروہ نے اس دستور زندگی سے انحراف کیا اور اس سعادت ابدی سے اپنے آپ کو محروم کر کے اپنے نفس پر ظلم کیا۔ اللہ کی طرف سے اس برگزیدہ قوم میں شامل کرنے کے باوجود یہ لوگ عملاً منحرف ہو کر اس سے نکل جاتے ہیں۔ دوسرا گروہ وہ لوگ ہیں جو اس برگزیدہ قوم سے بالکل منحرف بھی نہیں ہوتا اور اس کا حق بھی پورا ادا نہیں کرتا۔ تیسرا گروہ، وہ لوگ ہیں جو وارث کتاب ہونے کا حق ادا کرتے ہیں اور یہی لوگ وارث کتاب ٹھہرتے ہیں۔ ائمہ اہل بیتؑ سے روایت ہے کہ اس کا مصداق آل رسولؐ ہیں۔

روایت ہے امام محمد باقر علیہ السلام سے کہ اس آیت کے بارے میں پوچھا گیا تو آپؑ نے فرمایا: السَّابِقُ بِالْخَيْرَاتِ الْاِمَامُ وَ الْمُقْتَصِدُ الْعَارِفُ لِلْاِمَامِ وَ الظَّالِمُ لِنَفْسِهِ الَّذِيْ لَا يَعْرِفُ الْاِمَامَ. (الکافی ۱: ۲۱۴) نیکیوں میں سبقت لے جانے والے امام ہیں، میانہ رو والے امام کی معرفت رکھنے والے ہیں اور ظالم وہ ہیں جو امام کی معرفت نہیں رکھتے۔

۳۴۔ آیت میں الحزن سے مقصود یا تو دنیا کا حزن و ملال ہے یا اپنی نجات کے بارے میں حزن و ملال تھا، جو جنت میں پہنچنے سے دور ہو گیا۔

۳۵۔ یہ دائمی اقامت گاہ اپنے کسی عمل کے عوض نہیں بلکہ اللہ کے فضل و کرم کی وجہ سے میسر آئی۔ جنت چونکہ امتحان و آزمائش کا مقام نہیں ہے، اس لیے وہاں کسی قسم کی تکلیف نہ ہوگی۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ۚ لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ فَيَمُوْتُوْا وَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا ۭ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ كُلَّ كَفُوْرٍ ۝۳۶ وَهُمْ يَصْطَرِخُوْنَ فِيْهَا ۚ رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا نَعْمَلْ صَالِحًا غَيْرَ الَّذِيْ كُنَّا نَعْمَلُ ۭ اَوَلَمْ نُعَمِّرْكُمْ مَّا يَتَذَكَّرُ فِيْهِ مَنْ تَذَكَّرَ وَجَاۗءَكُمُ النَّذِيْرُ ۭ فَذُوْقُوْا فَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ نَّصِيْرٍ ۝۳۷ ع ۲۱ ۱۲ اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيْبِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝۳۸ هُوَ الَّذِيْ جَعَلَكُمْ خَلٰۗىِٕفَ فِي الْاَرْضِ ۭ فَمَنْ كَفَرَ فَعَلَيْهِ كُفْرُهٗ ۭ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِلَّا مَقْتًا ۚ وَلَا يَزِيْدُ الْكٰفِرِيْنَ كُفْرُهُمْ اِلَّا خَسَارًا ۝۳۹ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَاۗءَكُمُ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ

۳۶۔ اور جنہوں نے کفر اختیار کیا ان کے لیے جہنم کی آتش ہے، نہ تو ان کی قضا آئے گی کہ مر جائیں اور نہ ہی ان کے عذاب جہنم میں تخفیف کی جائے گی، ہر کفر کرنے والے کو ہم اسی طرح سزا دیا کرتے ہیں۔☆

۳۷۔ اور وہ جہنم میں چلا کر کہیں گے: اے ہمارے پروردگار! ہمیں اس جگہ سے نکال، ہم نیک عمل کریں گے برخلاف ان کاموں کے جو ہم (پہلے) کرتے رہے ہیں، (جواب ملے گا) کیا ہم نے تمہیں اتنی عمر نہیں دی جس میں نصیحت حاصل کرنے والا نصیحت حاصل کر سکتا تھا؟ جب کہ تمہارے پاس تنبیہ کرنے والا بھی آیا تھا، اب ذائقہ چکھو کہ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔☆

۳۸۔ یقیناً اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کا جاننے والا ہے اور وہ ان باتوں کو بھی خوب جانتا ہے جو سینوں میں (مخفی) ہیں۔

۳۹۔ اسی نے تمہیں زمین میں جانشین بنایا، پس جو کفر کرتا ہے اس کے کفر کا نقصان اسی کو ہے اور کفار کے لیے ان کا کفران کے رب کے نزدیک صرف غضب میں اضافہ کرتا ہے اور کفار کے لیے ان کا کفر صرف ان کے خسارے میں اضافے کا موجب بنتا ہے۔☆

۴۰۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ ان شریکوں کے بارے میں جنہیں تم اللہ کو چھوڑ کر پکارتے ہو؟ مجھے دکھلاؤ! انہوں نے زمین سے کیا پیدا کیا؟ یا کیا آسمانوں میں ان کی شرکت ہے؟ یا ہم نے انہیں کوئی کتاب دی ہے

۳۶۔ سوال یہ پیدا کرتے ہیں: کافر کو ہمیشہ کا عذاب دینا ظلم نہیں، کیونکہ اس نے صرف ستر، اسی (۷۰، ۸۰) سال جرم کیا ہے؟ جواب یہ ہے کہ انسان کے اچھے برے اعمال اس کے جسم کے حصے ہوتے ہیں جو انرجی کی شکل میں اس کے جسم سے نکل جاتے ہیں۔ یہ انرجی ہمیشہ باقی رہتی ہے۔ ایک ذرہ بھی نابود نہیں ہوتا۔ آخرت میں یہ انرجی انسان کی طرف لوٹ آتی ہے، پھر انسان کے وہی اعضاء دوبارہ تشکیل پاتے ہیں جن سے یہ اچھے برے اعمال صادر ہوئے تھے۔ لہٰذا اعمال ابدی ہیں، خواہ اچھے ہوں یا برے۔ (استفادہ از قاموس قرآن)

۳۷۔ عذاب کے مشاہدے کے بعد ایک بار دنیا کی طرف مراجعت کی تمنا ایک قدرتی امر ہے۔ یہ بات قابل توجہ ہے کہ کافر عفو الٰہی کی تمنا نہیں کرتے بلکہ دنیا میں واپس بھیجنے کی تمنا کرتے ہیں، کیونکہ انہیں اس بات کا علم ہو گیا ہوتا ہے کہ عفو کا وقت گزر چکا ہے۔ چونکہ ایمان و عمل ہی ذریعہ نجات تھے، لہٰذا اب وہ دنیا میں واپس جا کر اس ذریعے کو حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

۳۹۔ پوری انسانیت یعنی نوع انسانی سے خطاب ہے کہ اللہ نے تمہیں گزشتہ نسلوں کی جگہ جانشین بنایا یا زمین میں تمہیں اللہ کی طرف سے تصرفات کے عارضی مجاز ہونے کی حیثیت سے جانشین بنایا ہے، ورنہ حقیقی مالکیت کا حق تو صرف اسی ذات کو حاصل ہے۔ اس آیت میں وقت کے مشرکین کی رد میں فرمایا: نسلوں کا سلسلہ جاری رکھنا جہاں تدبیر سے مربوط ہے، وہاں تخلیق سے بھی مربوط ہے۔ اس طرح اس آیت میں یہ نکتہ بیان کیا گیا ہے کہ تدبیر اور تخلیق ناقابل تفریق ہیں۔

۴۰۔ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا: مجھے دکھلاؤ تمہارے شریکوں نے کیا پیدا کیا؟ اس آیت میں بھی وہی نکتہ بیان کیا ہے کہ اگر تمہارے شریک اس کائنات کی تدبیر میں کوئی کردار رکھتے ہیں تو تدبیر کے لیے تخلیق مسلسل چاہیے۔ بتاؤ تمہارے شریکوں نے کیا خلق کیا ہے؟ اور اگر یہ کام نہ کر سکو تو کوئی سند پیش کرو کہ ان شریکوں کا تدبیر میں کوئی حصہ ہے۔

كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ اِنْ
يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا
غُرُوْرًا ﴿۴۰﴾
اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَآ
اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ
بَعْدِهٖ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾
وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ
لَئِنْ جَاۗءَهُمْ نَذِيْرٌ لَّيَكُوْنُنَّ
اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ
فَلَمَّا جَاۗءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ
اِلَّا نُفُوْرًا ﴿۴۲﴾ ۙ
اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ
السَّيِّئِ ۭ وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ
اِلَّا بِاَهْلِهٖ ۭ فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا
سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ فَلَنْ تَجِدَ
لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ
لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿۴۳﴾
اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ وَكَانُوْٓا اَشَدَّ
مِنْهُمْ قُوَّةً ۭ وَمَا كَانَ اللّٰهُ
لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ

جس کی بنا پر یہ کوئی دلیل رکھتے ہوں؟ (نہیں) بلکہ یہ ظالم لوگ ایک دوسرے کو محض فریب کی خاطر وعدے دیتے ہیں.☆

۴۱۔اللہ آسمانوں اور زمین کو یقیناً تھامے رکھتا ہے کہ یہ اپنی جگہ چھوڑ نہ جائیں، اگر یہ اپنی جگہ چھوڑ جائیں تو اللہ کے بعد انہیں کوئی تھامنے والا نہیں ہے، یقیناً اللہ بڑا بردبار، بخشنے والا ہے۔☆

۴۲۔اور یہ لوگ اللہ کی پکی قسمیں کھا کر کہتے ہیں کہ اگر ان کے پاس کوئی تنبیہ کرنے والا آتا تو وہ ہر قوم سے بڑھ کر ہدایت یافتہ ہوجاتے، لیکن جب ایک متنبہ کرنے والا ان کے پاس آیا تو ان کی نفرت میں صرف اضافہ ہوا۔☆

۴۳۔یہ زمین میں تکبر اور بری چالوں کا نتیجہ ہے، حالانکہ بری چال کا وبال اس کے چلنے والے پر ہی پڑتا ہے، تو کیا یہ لوگ اس دستور (الٰہی) کے منتظر ہیں جو پچھلی قوموں کے ساتھ رہا؟ لہٰذا آپ اللہ کے دستور میں کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے اور نہ آپ اللہ کے دستور میں کوئی انحراف پائیں گے۔☆

۴۴۔کیا یہ لوگ زمین میں چل پھر کر نہیں دیکھتے کہ ان لوگوں کا کیا انجام ہوا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟ جب کہ وہ ان سے زیادہ طاقتور تھے، اللہ کو آسمانوں اور زمین میں کوئی شے عاجز نہیں کرسکتی، وہ یقیناً بڑا

۴۱۔کائنات کی اس بیکراں فضا میں موجود اجرام کو ایک غیر مرئی کڑی میں اسی نے مربوط رکھا ہے۔ یہ کڑی اگر ٹوٹ جائے (جس کی سائنسدان پیشگوئی کرتے ہیں) تو کوئی طاقت ایسی نہیں ہے جو اس کائنات کو سنبھالے اور ان کڑیوں کو دوبارہ جوڑ دے۔ جس ذات نے اس کائنات کو خلق کیا ہے وہی اس کائنات کو قائم رکھ سکتی ہے۔ لہٰذا مشرکین کا یہ نظریہ کسی بنیاد پر قائم نہیں ہے کہ تدبیر کائنات میں ان کے معبودوں کا کوئی کردار ہے۔

۴۲۔بعض مصادر میں آیا ہے کہ قریش نے جب سنا یہود و نصاریٰ نے اپنے رسولوں کی تکذیب کی ہے تو کہا: اگر ہمارے پاس کوئی رسول آتا تو ہم ان سے بہتر اس کی پذیرائی کرتے۔ جب وہ رسول آیا تو اس رسول سے ان کی نفرت زیادہ تھی۔

۴۳۔ سنة اللہ سے مراد قانون الٰہی ہے، جو مجرمین کے لیے ہے۔ اس میں نہ کوئی تبدیلی آئے گی کہ سزا کی جگہ انعام دیا جائے، نہ کوئی تحویل ہوگی کہ مجرم قوم کی جگہ دوسری قوم کو سزا ملے، بلکہ اللہ کا قانون اٹل ہے اور اس قانون کی زد میں صرف مجرم ہی آئیں گے۔

وَ لَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ: اس آیہ شریفہ میں مشرکین کی بری چال کے ذکر کے بعد ایک اصول ارشاد فرمایا: بری چالیں خود چال چلنے والے کو ہی لے ڈوبتی ہیں۔ ہر عمل اور ہر چال کا ایک قدرتی نتیجہ ہوتا ہے۔ اس میں دیر ہے، اندھیر نہیں ہے۔

حدیث میں آیا ہے: خمسة فی کتاب اللہ تعالیٰ من کن فیه کن علیه قیل و ما هی یا رسول اللہ قال:النکث و المکر و البغی و الخداع و الظلم (معدن الجواهر ص۴۸) پانچ چیزیں اگر کسی میں ہوں تو اس کے خلاف ثابت ہوں گی ۔ پوچھا گیا یا رسول اللہؐ وہ پانچ چیزیں کیا ہیں؟ فرمایا: عہد شکنی، مکر، بغاوت، دھوکہ اور ظلم۔

وَلَا فِي الْاَرْضِ ۚ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا
قَدِيْرًا ﴿۴۴﴾
وَلَوْ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا
مَا تَرَكَ عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّ
لٰكِنْ يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ
مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ
اللّٰهَ كَانَ بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿۴۵﴾ ع ۱۲

سُوْرَةُ يٰسٓ ۳۶ مَكِّيَّةٌ ۸۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ ﴿۱﴾
وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾
اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳﴾
عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴﴾
تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿۵﴾
لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ
فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿۶﴾
لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۷﴾
اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا
فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ
مُّقْمَحُوْنَ ﴿۸﴾
وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ
مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ

علم رکھنے والا، بڑی قدرت رکھنے والا ہے۔
۴۵۔ اور اگر اللہ لوگوں کو ان کی حرکات کی پاداش میں اپنی گرفت میں لے لیتا تو وہ روئے زمین پر کسی چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا لیکن وہ ایک مقررہ وقت تک مہلت دیتا ہے چنانچہ جب ان کا مقررہ وقت آ جائے گا تو اللہ اپنے بندوں پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔☆

سورہ یٰسٓ ۔ مکی ۔ آیات ۸۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ یا، سین ۔
۲۔ قسم ہے قرآن حکیم کی☆
۳۔ کہ آپ یقیناً رسولوں میں سے ہیں،
۴۔ راہ راست پر ہیں۔
۵۔ (یہ قرآن) غالب آنے والے مہربان کا نازل کردہ ہے،
۶۔ تاکہ آپ ایک ایسی قوم کو تنبیہ کریں جس کے باپ دادا کو تنبیہ نہیں کی گئی تھی لہٰذا وہ غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔☆
۷۔ بتحقیق ان میں سے اکثر پر اللہ کا فیصلہ حتمی ہو چکا ہے پس اب وہ ایمان نہیں لائیں گے۔☆
۸۔ ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال رکھے ہیں اور وہ ٹھوڑیوں تک (پھنسے ہوئے) ہیں اسی لیے ان کے سر اوپر کی طرف الٹے ہوئے ہیں۔
۹۔ اور ہم نے ان کے آگے دیوار کھڑی کی ہے اور ان کے پیچھے بھی دیوار کھڑی کی ہے اور ہم نے انہیں ڈھانک دیا ہے لہٰذا

۴۵۔ یعنی مجرم اور ظالم لوگوں میں سے کسی چلنے پھرنے والے کو نہ چھوڑتا۔ اس سے یہ سوال ختم ہوا کہ دَآبَّۃٍ میں تو بیگناہ لوگ بھی شامل ہیں، ان کو کیسے تباہ کیا جاتا؟

سورہ یٰسٓ

اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ قَلْباً وَ قَلْبُ الْقُرْآنِ يٰسٓ۔ ہر چیز کا ایک دل ہوتا ہے اور قرآن کا دل سورۂ یاسین ہے۔ (حدیث نبویؐ ۔ مستدرك الوسائل ۴: ۳۲۴)

حدیث میں آیا ہے: سُورَةُ يس تُدْعَى فِي التَّوْرَاةِ الْمُعِمَّةَ قِيلَ: وَ مَا الْمُعِمَّةُ؟ قال ص تَعُمُّ صَاحِبَهَا خَيْرَ الدُّنْيَا وَ الْآخِرَةِ۔ (مستدرك الوسائل ۴: ۳۲۲) رسول اللہؐ نے فرمایا: ایک سورہ ہے جسے توریت میں المعمّۃ کہتے ہیں۔ پوچھا گیا: المعمّۃ کیا ہے؟ فرمایا: جس کے پاس سورہ (یٰسٓ) ہو گا اس کے پاس دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی ہو گی۔

دیگر حدیث میں آیا ہے: عَلِّمُوا اَوْلَادَكُمْ يس فَاِنَّهَا رَيْحَانَةُ الْقُرْآنِ. (مستدرك الوسائل ۴: ۳۲۵) اپنی اولاد کو سورۂ یٰسٓ کی تعلیم دو، یہ قرآن کا گلدستہ ہے۔

۲۔ قرآن کے ساتھ قسم کھانے کا مطلب یہی بنتا ہے کہ قرآن رسول کریمؐ کی رسالت کی دلیل ہے۔

۶۔ رسولؐ کے معاصر لوگوں کے قریبی آبا و اجداد کو تنبیہ کرنے والا کوئی قریبی عرب رسول نہیں بھیجا گیا اور چونکہ رسول کریمؐ کو پوری انسانیت کی طرف بھیجا گیا ہے، اس لیے اس سے مراد پانچ سو سال کا وہ وقفہ لینا مناسب ہے جس میں کوئی رسول مبعوث نہیں ہوا۔

سوال یہ پیدا ہو سکتا ہے کہ سورہ فاطر میں فرمایا: کوئی امت ایسی نہ گزری جس میں کوئی نذیر تنبیہ کرنے والا نہ آیا ہو۔ یہاں فرمایا: مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ ان کے باپ دادا کو تنبیہ نہیں کی گئی۔ جواب یہ ہے کہ اللہ نے یہ نہیں فرمایا: ما ارسلنا الیھم نذیراً۔ ہم نے ان کی طرف کسی تنبیہ کرنے والے کو نہیں بھیجا کہ اعتراض درست ہو جائے، بلکہ فرمایا: مَّآ اُنْذِرَ، ان کو تنبیہ نہیں کی گئی۔ تنبیہ نہ ہونا، نبی نہ ہونے کی وجہ سے نہیں، بلکہ ان کی تعلیمات میں تحریف اور خود لوگوں کی طرف سے رکاوٹ ڈالنے کی وجہ سے تنبیہ نہیں ہوئی، ورنہ ان کی طرف حضرت ابراہیم، اسماعیل، ہود، صالح اور شعیب علیہم السلام مبعوث ہوئے۔

۷۔ یعنی ان کے بارے میں اللہ کا فیصلہ اٹل ہو گیا کہ وہ ایمان لانے والے نہیں ہیں۔

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝۹

وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝۱۱

اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝۱۲ ع

وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَاۗءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝۱۳ ج

اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝۱۴

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝۱۵

قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝۱۶

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۱۷

قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ

وقف غفران ۱۴ ۱۸

وقف لازم

وہ کچھ دیکھ نہیں پاتے۔

۱۰۔ اور ان کے لیے یکساں ہے کہ آپ انہیں تنبیہ کریں یا نہ کریں وہ (ہر حالت میں) ایمان نہیں لائیں گے۔☆

۱۱۔ آپ تو صرف اسے تنبیہ کر سکتے ہیں جو اس ذکر کی اتباع کرے اور بن دیکھے رحمٰن کا خوف رکھے، ایسے شخص کو مغفرت اور اجر کریم کی بشارت دے دیں۔

۱۲۔ ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ وہ آگے بھیج چکے ہیں اور جو آثار پیچھے چھوڑ جاتے ہیں سب کو ہم لکھتے ہیں اور ہر چیز کو ہم نے ایک امام مبین میں جمع کر دیا ہے۔☆

۱۳۔ اور ان کے لیے بستی والوں کو مثال کے طور پر پیش کرو جب ان کے پاس پیغمبر آئے۔☆

۱۴۔ جب ہم نے ان کی طرف دو پیغمبر بھیجے تو انہوں نے دونوں کی تکذیب کی پھر ہم نے تیسرے سے (انہیں) تقویت بخشی تو انہوں نے کہا: ہم تو تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں۔☆

۱۵۔ بستی والوں نے کہا: تم تو صرف ہم جیسے بشر ہو اور خدائے رحمٰن نے کوئی چیز نازل نہیں کی ہے، تم تو محض جھوٹ بولتے ہو۔

۱۶۔ رسولوں نے کہا: ہمارا رب جانتا ہے کہ ہم تمہاری طرف ہی بھیجے گئے ہیں۔

۱۷۔ اور ہم پر تو فقط واضح طور پر پیغام پہنچانا (فرض) ہے اور بس۔

۱۸۔ (بستی والوں نے) کہا: ہم تمہیں اپنے لیے برا شگون سمجھتے ہیں، اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کر دیں گے اور ہماری طرف سے تمہیں دردناک عذاب

۱۰۔ کچھ لوگ کہتے ہیں جب اللہ نے فرمایا کہ وہ ایمان نہیں لائیں گے تو پھر ان کا ایمان لانا ناممکن ہو جائے گا، دوسری طرف ان کو ایمان لانے کا حکم ہوتا ہے۔ اس سے یہ لازم آتا ہے کہ ناممکن بات کا حکم دینا معقول اور درست ہے۔ جواب یہ ہے کہ اللہ کو علم ہے کہ وہ ایمان لانے پر قادر ہوتے ہوئے ایمان نہیں لائیں گے، یعنی علم خدا کی وجہ سے وہ ایمان نہ لانے پر مجبور نہیں ہوتے۔ لہٰذا ان کے لیے ایمان لانا ناممکن نہیں ہوتا۔

۱۲۔ ''آگے بھیجا ہے'' سے مراد وہ اعمال ہیں جو انسان اپنی زندگی میں بجا لاتا ہے اور آثار سے مراد وہ صدقات جاریہ ہیں جو انسان کے مرنے کے بعد بھی جاری رہتے ہیں۔ مثلاً مسجد، مدرسہ اور شفاخانہ کی بنیاد ڈالنا یا کسی ایسے فساد کی بنیاد ڈالنا جو اس کے مرنے کے بعد بھی جاری رہے۔ یعنی مرنے کے بعد ان کے ثواب وعذاب میں اضافہ ہوتا رہے گا۔

اِمَامٍ مُّبِيْنٍ: قرآن میں اس کے کئی عنوان ہیں: مثلاً لوح محفوظ، ام الکتاب، الکتاب المبین، امام مبین۔ البتہ ان میں امام مبین کے بارے میں احادیث میں آیا ہے کہ حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا: انا و اللّٰہ الامام المبین ابین الحق من الباطل ورثتہ من رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ و سلم (ینابیع المودۃ ط استنبول۔ بحار الانوار ۳۵: ۴۲۷، تفسیر قمی) قسم بخدا میں ہی امام مبین ہوں۔ حق کو باطل سے جدا کر کے بیان کرنے والا میں ہوں، جسے میں نے رسول اللہ (ص) سے وراثت میں لیا ہے۔

علامہ طباطبائیؒ فرماتے ہیں: حدیث کے صحیح ہونے کی صورت میں یہ بطن و اشارات قرآن میں سے ہے، تفسیر نہیں ہے۔

میں کہتا ہوں: حدیث صحیح ہونے کی صورت میں یہ امام مبین کی تعبیر سے مربوط ہے کہ میں حق و باطل بیان کرنے والا امام ہوں۔ کُلَّ شَیْءٍ سے مربوط نہیں ہے۔ اشتراک لفظی سے اشتباہ نہ ہو۔

۱۳۔ ۱۴ اس واقعہ کو بیان کرنے کی غرض انبیاء اور سابقہ امتوں کی تاریخ اور منکرین کا انجام بتانا

اَلِيْمٌ ﴿۱۸﴾
قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَىِٕنْ
ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ
مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ رَجُلٌ
يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا
الْمُرْسَلِيْنَ ۙ﴿۲۰﴾
اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ
مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾
الجزء ۲۳ وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَ
اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾
ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنْ
يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ
شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾
اِنِّيْۤ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾
اِنِّيْۤ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾
قِيْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ يٰلَيْتَ
قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ۙ﴿۲۶﴾
بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ
الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾
وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ
جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا
مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾

ضرور پہنچے گا۔

۱۹۔ رسولوں نے کہا: تمہاری بدشگونی خود تمہارے ساتھ ہے، کیا یہ (بدشگونی) اس لیے ہے کہ تمہیں نصیحت کی گئی ہے؟ بلکہ تم حد سے تجاوز کرنے والے ہو۔☆

۲۰۔ شہر کے دور ترین گوشے سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا، بولا: اے میری قوم! ان رسولوں کی پیروی کرو۔☆

۲۱۔ ان کی اتباع کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے اور وہ راہ راست پر ہیں۔

۲۲۔ اور میں کیوں نہ اس ذات کی بندگی کروں جس نے مجھے پیدا کیا ہے اور جس کی طرف تم سب کو پلٹ کر جانا ہے۔

۲۳۔ کیا میں اس ذات کے علاوہ کسی کو معبود بناؤں؟ جب کہ اگر خدائے رحمٰن مجھے ضرر پہنچانے کا ارادہ کرلے تو ان کی شفاعت مجھے کوئی فائدہ نہیں دے سکتی اور نہ وہ مجھے چھڑا سکتے ہیں۔

۲۴۔ تب تو میں صریح گمراہی میں مبتلا ہو جاؤں گا۔

۲۵۔ میں تو تمہارے پروردگار پر ایمان لے آیا ہوں لہٰذا میری بات سن لو۔

۲۶۔ اس سے کہہ دیا گیا: جنت میں داخل ہو جاؤ، اس نے کہا: کاش! میری قوم کو اس بات کا علم ہو جاتا،☆

۲۷۔ کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا اور مجھے عزت والوں میں شامل کیا ہے۔☆

۲۸۔ اور اس کے بعد اس کی قوم پر ہم نے آسمان سے کوئی لشکر نہیں اتارا اور نہ ہم کوئی لشکر اتارنے والے تھے۔

ہے۔ اس بستی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ شام کا شہر انطاکیہ ہے۔ لیکن جو روایات اس سلسلے میں مذکور ہیں وہ سیاق آیت کے مطابق نہیں ہیں۔

۱۹۔ بدشگونی لوگوں کے توہمات کی پیدا کردہ ہے اور اس کا حقیقت کے ساتھ کوئی ربط نہیں ہے۔ اس کی بڑی دلیل یہ ہے کہ مختلف اقوام میں بدشگونی کے توہمات مختلف اور متضاد ہوتے ہیں۔ مثلاً کوے کا کائیں کائیں کرنا عربوں میں جدائی کی علامت ہے، جبکہ ہمارے ہاں یہی علامت وصال کی ہے اور کہا جاتا ہے کہ کوا بولے تو مہمان آنے والا ہوتا ہے۔ حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام سے روایت ہے: وَ الطِّيَرَةُ لَيْسَتْ بِحَقٍّ (شرح نهج البلاغة ۱۹: ۳۷۲) بدشگونی حق پر مبنی نہیں ہے۔

۲۰۔ الدر المنثور میں آیا ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: صدیقین تین ہیں: حبیب نجار مؤمن آل یاسین، حزقیل مؤمن آل فرعون اور علی بن ابی طالبؑ جو ان سب سے افضل ہیں۔

بخاری نے اپنی تاریخ میں بھی اس روایت کا ذکر کیا ہے۔ ان روایات کے مطابق جس شخص نے یہ منطقی استدلال کیا وہ حبیب نجار تھا۔ ان کے استدلال کا خلاصہ یہ ہے کہ اطاعت اس رہنما کی ہونی چاہیے جس میں دو باتیں ہوں: اول یہ کہ جس بات کی طرف وہ دعوت دے رہا ہے اس میں اس کا اپنا کوئی مادی مفاد نہ ہو۔ دوم یہ کہ خود ہدایت پر ہو۔ آیت ۲۲ میں بتایا کہ عبادت اس کی ہونی چاہیے جس میں دو باتیں موجود ہوں: اول یہ کہ وہ خالق ہو، دوم یہ کہ اس کے حضور پلٹ کر جانا ہو۔

۲۶۔ ۲۷ سیاق آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں نے اس مؤمن کو قتل کیا اور قتل ہوتے ہی فرشتوں نے اسے جنت میں داخل ہونے کا حکم دیا۔ بظاہر یہ عالم برزخ کی جنت ہے۔ جنت خلد میں تو قیامت کے بعد داخل ہو سکے گا۔

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا
هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾
وقف غفران يٰحَسْرَةً عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ
رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٠﴾
اَلَمْ يَرَوْا كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ
مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ
لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٣١﴾
وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا
ع ٢ مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٢﴾
وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ
اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا
فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿٣٣﴾
وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ
وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ
الْعُيُوْنِ ﴿٣٤﴾
لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ
اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٣٥﴾
سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا
مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ
وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾
وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الَّيْلُ ۚ نَسْلَخُ مِنْهُ
النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ ﴿٣٧﴾
وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ

۲۹۔ وہ تو محض ایک ہی چیخ تھی پس وہ یکا یک بجھ کر رہ گئے۔

۳۰۔ ہائے افسوس! ان بندوں پر جن کے پاس جو بھی رسول آیا اس کے ساتھ انہوں نے تمسخر کیا۔

۳۱۔ کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ان سے پہلے کتنی قوموں کو ہم نے ہلاک کر دیا؟ اب وہ ان کی طرف لوٹ کر نہیں آئیں گے۔

۳۲۔ اور ان سب کو ہمارے روبرو حاضر کیا جائے گا۔

۳۳۔ اور مردہ زمین ان کے لیے ایک نشانی ہے جسے ہم نے زندہ کیا اور اس سے غلہ نکالا جس سے یہ کھاتے ہیں۔

۳۴۔ اور ہم نے اس (زمین) میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ بنائے اور ہم نے اس (زمین) میں کچھ چشمے جاری کیے۔

۳۵۔ تاکہ وہ اس کے پھلوں سے اور اپنے ہاتھ کی کمائی سے کھائیں، تو کیا یہ شکر نہیں کرتے؟☆

۳۶۔ پاک ہے وہ ذات جس نے تمام جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جنہیں یہ جانتے ہی نہیں۔☆

۳۷۔ اور رات بھی ان کے لیے ایک نشانی ہے جس سے ہم دن کو کھینچ لیتے ہیں تو ان پر اندھیرا چھا جاتا ہے۔☆

۳۸۔ اور سورج اپنے مقررہ ٹھکانے کی طرف چلا جا رہا ہے، یہ بڑے غالب آنے والے

۳۵۔ اس کا دوسرا ترجمہ یہ کیا گیا ہے: جو ان کے اپنے ہاتھوں کا پیدا کیا ہوا نہیں ہے۔ یعنی یہ سب اللہ کا دیا ہوا ہے۔ ان کے اپنے ہاتھوں کے بنے ہوئے نہیں ہیں۔

۳۶۔ ساری کائنات زوجیت کے نظام پر قائم ہے۔ انسان کو عالم نباتات اور عالم انفس میں زوجیت کا نظام نافذ ہونے کا علم تو قدیم سے ہی ہے اور عالم مجہولات میں بھی یہی نظام نافذ ہے۔ یعنی جہاں انسان کی علمی رسائی نہیں ہوتی، وہاں بھی زوجیت کا نظام ہے۔ چنانچہ کل تک انسان کے علم میں یہ نہیں تھا کہ ایٹم کیا چیز ہے؟ آج انسان کو جب ایٹم کا پتہ چلا تو علم ہوا کہ اس میں بھی زوجیت کا اصول کارفرما ہے۔ چنانچہ دوسری جگہ ارشاد فرمایا: وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ ۔ (ذاریات: ۴۹) یعنی کائنات کی ہر چیز میں زوجیت ہے۔ عناصر کی زوجیت کے بغیر کوئی ترکیب وجود میں نہیں آتی اور اس کائنات کی رنگا رنگی انہی عناصر میں ازدواج و ترکیب کی کرشمہ سازی ہے۔

۳۷۔ دن اور رات کا آنا جانا ایک طرف نظام کائنات کا نتیجہ ہے جو اجرام کی گردش پر قائم ہے، دوسری طرف زمین پر انسان، حیوانات اور نباتات کا وجود اسی گردش اور اس کے نتیجے میں وجود میں آنے والے روز و شب کا مرہون منت ہے۔

۳۸۔ جب یونانی نظریات مسلمانوں میں منتقل ہو گئے تو بطلیموس کا یہ نظریہ بھی مسلمانوں کے ہاں رائج ہوا کہ زمین مرکز ہے اور سورج چاند اور دیگر سیارے زمین کے گرد گھومتے ہیں۔ جب بطلیموسی نظریہ باطل ثابت ہوا اور معلوم ہوا کہ زمین نہیں بلکہ سورج مرکز ہے اور اپنی جگہ ساکن ہے، باقی سیارے سورج کے گرد گھومتے ہیں تو الحادی نظریہ رکھنے والوں اور اسلام دشمنوں نے نعرہ لگانا شروع کیا کہ جدید حقائق کے سامنے قرآن کا نظریہ بھی باطل ثابت ہو گیا، کیونکہ جدید انکشافات سے معلوم ہوا کہ سورج مرکز ہے اور باقی سیارے گھومتے ہیں جبکہ قرآن کہتا ہے: وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ سورج گھومتا ہے۔ لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ سورج مرکز ہونے کے باوجود اپنی فیملی کے افراد (سیاروں) کے ساتھ

ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿٣٨﴾
وَالْقَمَرَ قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ
كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِيْمِ ﴿٣٩﴾
لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ
تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ
النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ ﴿٤٠﴾
وَاٰيَةٌ لَّهُمْ اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي
الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿٤١﴾
وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا
يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾
وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ
لَهُمْ وَلَا هُمْ يُنْقَذُوْنَ ﴿٤٣﴾
اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَيْنَ
اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ
تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾
وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ
اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾
وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ
اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ
اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ
اَطْعَمَهٗٓ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾

اپنے مدار میں گھومتا ہے، لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا اپنے مقررہ ٹھکانے کی طرف۔ ماہرین فلکیات کے مطابق سورج کی کئی حرکتیں ہیں، محوری انتقالی حرکات کے علاوہ اپنی کہکشاں کے ساتھ حرکت کرتا ہے، جس کا یہ سورج حصہ ہے۔ اپنی حرکت انتقالی میں ۱۹ کلومیٹر فی سیکنڈ کے حساب سے حرکت کر رہا ہے۔ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا میں لام بمعنی الیٰ ہوسکتا ہے۔ یعنی یہ سورج اپنے ٹھکانے تک یعنی اپنے خاتمہ تک حرکت کرتا رہے گا۔ چنانچہ سورج سے چار ملین ٹن انرجی فی سیکنڈ کم ہو رہی ہے۔ تاہم یہ سورج کئی ملین سال تک زندہ رہ سکتا ہے۔

۳۹۔ چاند سورج میں سے ہر ایک کو ایک معین راستے پر لگا دیا گیا ہے اور وہ اس سے آگے پیچھے نہیں ہو سکتے۔

۴۰۔ سورج اور چاند کے مدار جدا ہیں اور ہر ایک کو اپنے مدار میں پابند رکھا گیا ہے۔ نہ سورج چاند کے مدار میں آ سکتا ہے، نہ ہی چاند سورج کے مدار میں داخل ہوسکتا ہے۔ چاند زمین کے گرد ایک مختصر مدار میں گھوم رہا ہے، جبکہ سورج اپنے ایک وسیع مدار میں گھومتا ہے۔ لہٰذا سورج اور چاند کے مدار میں بہت زیادہ فرق ہے۔ اس لیے فرمایا: سورج کے لیے سزاوار نہیں ہے کہ وہ اپنے تابع سیارات میں سے ایک سیارہ (زمین) کے تابع چاند کے مدار میں آ جائے۔ یعنی اپنے تابع کے تابع کے مدار میں آ جائے۔

۴۱۔ بھری کشتی میں ہم نے تمہاری اولاد کو سوار کیا۔ صرف اظہار مہر و شفقت کے لیے اولاد کا ذکر کیا ہے۔

۴۲۔ مِّنْ مِّثْلِهٖ میں وہ تمام ذرائع حمل و نقل آ گئے جنہیں انسان اللہ کی عطا کردہ صلاحیت اور فراست سے ایجاد کرتا ہے۔

۴۵۔ سامنے کا عذاب ممکن ہے دنیا میں ملنے والا عذاب ہو اور پیچھے کا عذاب آخرت کا عذاب ہو۔

۴۷۔ دولت مندوں کا ہمیشہ یہ بہانہ رہا ہے کہ جب تم (غریبوں) کو اللہ نے روزی نہیں دی تو ہم کیوں دیں؟

دانا کی تقدیر ہے۔☆

۳۹۔ اور چاند کے لیے ہم نے منزلیں مقرر کی ہیں یہاں تک کہ وہ کھجور کی پرانی شاخ کی طرح لوٹ جاتا ہے۔☆

۴۰۔ نہ سورج کے لیے سزاوار ہے کہ وہ چاند کو پکڑ لے اور نہ ہی رات دن پر سبقت لے سکتی ہے اور وہ سب ایک ایک مدار میں تیر رہے ہیں۔☆

۴۱۔ اور یہ بھی ان کے لیے ایک نشانی ہے کہ ہم نے ان کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں سوار کیا۔☆

۴۲۔ اور ہم نے ان کے لیے اس (کشتی) جیسی اور (سواریاں) بنائیں جن پر یہ سوار ہوتے ہیں۔☆

۴۳۔ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں پھر ان کے لیے نہ کوئی فریاد رس ہوگا اور نہ ہی وہ بچائے جائیں گے۔

۴۴۔ مگر ہماری طرف سے رحمت ہے اور (جس سے) انہیں ایک وقت تک متاع (حیات) مل جاتی ہے۔

۴۵۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ اس (گناہ) سے بچو جو تمہارے سامنے ہے اور اس (عذاب) سے جو تمہارے پیچھے آنے والا ہے شاید تم پر رحم کیا جائے۔☆

۴۶۔ اور ان کے رب کی نشانیوں میں سے جو بھی نشانی ان کے پاس آتی ہے وہ اس سے منہ موڑ لیتے ہیں۔

۴۷۔ اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ جو رزق تمہیں اللہ نے عنایت کیا ہے اس سے کچھ (راہ خدا میں) خرچ کرو تو کفار مومنین سے کہتے ہیں: کیا ہم اسے کھلائیں جسے اگر اللہ چاہتا تو خود کھلا دیتا؟ تم تو بس صریح گمراہی میں مبتلا ہو۔☆

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾

۴۸۔ اور وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو (تو بتاؤ) یہ وعدہ (قیامت) کب (پورا) ہو گا؟

مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾

۴۹۔ (درحقیقت) یہ ایک ایسی چیخ کے منتظر ہیں جو انہیں اس حالت میں گرفت میں لے گی جب یہ لوگ آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے۔☆

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع ۲ ۱۳ ۲

۵۰۔ پھر نہ تو وہ وصیت کر پائیں گے اور نہ ہی اپنے گھر والوں کی طرف واپس جا سکیں گے

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ وقف لازم وقف ممنوع

۵۱۔ اور جب صور میں پھونک ماری جائے گی تو وہ اپنی قبروں سے اپنے رب کی طرف دوڑ پڑیں گے۔☆

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾

۵۲۔ کہیں گے: ہائے ہماری تباہی! ہماری خوابگاہوں سے ہمیں کس نے اٹھایا؟ یہ وہی بات ہے جس کا خدائے رحمٰن نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا۔☆

اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾

۵۳۔ وہ تو صرف ایک چیخ ہو گی پھر سب کے سب ہمارے سامنے حاضر کیے جائیں گے.

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾

۵۴۔ اس روز کسی پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا اور تمہیں بس وہی بدلہ دیا جائے گا جیسا تم عمل کرتے رہے ہو۔

اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ ع

۵۵۔ آج اہل جنت یقیناً کیف و سرور کے ساتھ مشغلے میں ہوں گے۔

هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾

۵۶۔ وہ اور ان کی ازواج سایوں میں مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے۔

لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾

۵۷۔ وہاں ان کے لیے میوے اور ان کی مطلوبہ چیزیں موجود ہوں گی۔

سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾

۵۸۔ مہربان رب کی طرف سے سلام کہا جائے گا۔☆

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾

۵۹۔ اے مجرمو! آج تم الگ ہو جاؤ۔☆

۴۹۔ قیامت ایسی نہیں ہو گی کہ تدریجاً آ جائے، بلکہ یہ دفعتاً ایسے وقت میں آئے گی، جب لوگ اپنے دنیوی امور میں الجھ رہے ہوں گے۔ اپنی محفلوں میں بیٹھے ادھر ادھر کی باتیں کر رہے ہوں گے، اچانک صور پھونکا جائے گا اور اللہ کی لافانی ذات کے علاوہ سب اس صور سے ہلاک ہو جائیں گے۔ اسے نفخة الاولیٰ کہتے ہیں۔

۵۱۔ یہ نفخة الثانیة دوسرا صور ہے۔ اس صور سے سب زندہ ہو جائیں گے۔ دیکھیں گے کوئی جائے فرار نہیں ہے سوائے رب العالمین کے۔ اسی کی طرف دوڑنے پر مجبور ہوں گے۔

۵۲۔ ممکن ہے قیامت کی ہولناک صورتحال کے مقابلے میں قبر کو خوابگاہ سے تعبیر کیا ہو، کیونکہ کافر عالم برزخ میں بھی عذاب میں مبتلا ہوتا ہے۔ ایک نظریے کے مطابق حیات برزخی صرف قبر میں نکیرین کے سوال تک محدود ہے، پھر قیامت تک نیند کی حالت طاری رہے گی۔ چنانچہ امام صادق (ع) سے روایت ہے: وَ مَا بَيْنَ الْمَوْتِ وَ الْبَعْثِ اِلَّا كَنَوْمَةٍ نِمْتَهَا ثُمَّ اسْتَيْقَظْتَ مِنْهَا۔ (اصول الکافی ۲:۱۳۴) یعنی موت اور قیامت کے درمیان کی مدت ایک نیند کی مانند ہے کہ جس کے بعد تو بیدار ہو جائے۔ تحقیق کے مطابق شہداء اور اللہ کے نہایت مقرب بندوں کے لیے عالم برزخ میں زندگی اور نعمتیں موجود ہیں۔ اسی طرح جو بڑے سرکش اور مجرم لوگ ہیں، ان کے لیے عالم برزخ میں زندگی اور عذاب ہے۔ باقی لوگ بعد از موت قبر میں صرف نکیرین کے سوال کے لیے زندہ کیے جائیں گے۔ اس کے بعد قیامت تک ان کے لیے زندگی نہ ہو گی۔

۵۸۔ جنت کی سب سے بڑی نعمت جس سے انسان کیف و سرور کی انتہا کو پہنچ جاتا ہے، اللہ کی خوشنودی ہے: وَ رِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ اَكْبَرُ . (توبة:۷۲) جب جنت والوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی طرف سے سلام آئے گا تو اہل جنت کے لیے کیف و سرور کی حالت وصف و بیان کی حدود سے خارج ہو گی۔

۵۹۔ دنیا میں تم مومنوں کی صفوں میں داخل ہو کر اپنے کفر و نفاق پر پردہ ڈال سکتے تھے، لیکن آج تمہیں الگ ہونا پڑے گا۔

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ
لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ
عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ۙ﴿٦٠﴾
وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ ط وقف غفران
مُّسْتَقِيْمٌ ﴿٦١﴾
وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ
اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ﴿٦٢﴾
هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿٦٣﴾
اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ
تَكْفُرُوْنَ ﴿٦٤﴾
اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَ
تُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَ تَشْهَدُ
اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿٦٥﴾
وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ
فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى
يُبْصِرُوْنَ ﴿٦٦﴾
وَ لَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى
مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا وَّ
لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿٦٧﴾ ع ٢
وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِي
الْخَلْقِ ط اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٦٨﴾
وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ
لَهٗ ط اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ

٦٠۔ اے اولاد آدم! کیا ہم نے تم سے عہد نہیں لیا تھا کہ تم شیطان کی پرستش نہ کرنا؟ بے شک وہ تمہارا کھلا دشمن ہے۔☆

٦١۔ اور یہ کہ میری بندگی کرنا، یہی سیدھا راستہ ہے۔

٦٢۔ اور بتحقیق اس نے تم میں سے بہت سی مخلوق کو گمراہ کر دیا ہے، تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟

٦٣۔ یہ وہی جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔

٦٤۔ آج اس جہنم میں جھلس جاؤ اس کفر کے بدلے میں جو تم کیا کرتے تھے۔

٦٥۔ آج ہم ان کے منہ پر مہر لگا دیتے ہیں اور ان کے ہاتھ ہم سے بولیں گے اور ان کے پاؤں گواہی دیں گے اس کے بارے میں جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں۔☆

٦٦۔ اور اگر ہم چاہیں تو ان کی آنکھوں کو مٹا دیں پھر یہ راستے کی طرف لپک بھی جائیں تو کہاں سے راستہ دیکھ سکیں گے؟

٦٧۔ اور اگر ہم چاہیں تو انہیں ان ہی کی جگہ پر اس طرح مسخ کر دیں کہ نہ آگے جانے کی استطاعت ہوگی اور نہ پیچھے پلٹ سکیں گے۔

٦٨۔ اور جسے ہم لمبی زندگی دیتے ہیں اسے خلقت میں اوندھا کر دیتے ہیں، کیا وہ عقل سے کام نہیں لیتے؟☆

٦٩۔ اور ہم نے اس (رسول) کو شعر نہیں سکھایا اور نہ ہی یہ اس کے لیے شایان شان ہے، یہ تو بس ایک نصیحت (کی کتاب) اور روشن

٦٠۔ اس عہد سے مراد وہ عہد ہو سکتا ہے جو اللہ نے ہر انسان کی فطرت و جبلت میں رکھا ہے۔ جیسا کہ سورۂ الشمس آیت ٨ میں فرمایا: فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا۔ نفس انسانی میں فسق و فجور اور تقویٰ کی سمجھ ودیعت فرمائی ہے۔

٦٥۔ ہر عضو اس عمل کے بارے میں گواہی دے گا جو اس سے متعلق ہے۔ اس آیت میں بطور مثال ہاتھوں اور پیروں کا ذکر ہے۔ دوسری آیات میں آنکھوں، کانوں، دل اور کھال کا بھی ذکر آتا ہے، جو گواہی دیں گے۔

٦٦۔ اگر اللہ چاہے تو ان کی آنکھوں سے بصارت اور پیروں سے چلنے کی طاقت سلب کر لے، تو اس وقت انہیں معلوم ہو جاتا کہ ان کے پاس چارۂ کار کیا ہے۔

٦٨۔ روز کا مشاہدہ ہے کہ ایک نہایت طاقتور انسان عمر ڈھلتے ہی کس قدر ضعیف و ناتواں اور بے بس ہو جاتا ہے۔ اس سے پہلے وہ طفولیت میں بھی ناتواں بے بس تھا۔ جو اللہ ناتواں کو توانا اور توانا کو ناتواں بنا سکتا ہے، وہ مردوں کو دوبارہ زندہ بھی کر سکتا ہے۔

٦٩۔ شعر رسول کے شایان شان نہیں ہے۔ چونکہ شعر میں خود مضمون سے زیادہ تخیلات اور وزن و قافیہ کو دخل ہوتا ہے۔ اس طرح شعر بیان واقع کے سلسلے میں حقائق سے دور اور فریب سے نزدیک ہوتا ہے۔ چنانچہ یہ بات اپنی جگہ مسلم ہے کہ امر واقع بیان کرنے کے لیے برہان سے استفادہ کیا جاتا ہے اور برہان یقینیات پر مشتمل ہوتا ہے۔ سامعین کو قائل کرنے کے لیے خطاب سے استفادہ کیا جاتا ہے اور خطاب سامعین کے مسلمات پر مشتمل ہوتا ہے اور لوگوں کے جذبات کو ابھارنے کے لیے شعر سے استفادہ کیا جاتا ہے اور اشعار خیالیات پر مشتمل ہوتے ہیں۔ اس طرح برہان یقینیات پر، خطاب مسلمات پر اور شعر تخیلات پر مشتمل ہوتا ہے۔

مُّبِيْنٌ ﴿٦٩﴾

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا

عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا

مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾

وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَ

مِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ

لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ ع ق

مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ

نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٧﴾

وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ ؕ

قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ

رَمِيْمٌ ﴿٧٨﴾

قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ

مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمُ ۙ﴿٧٩﴾

قرآن ہے،☆

۷۰۔ تاکہ جو زندہ ہیں انہیں تنبیہ کرے اور کافروں کے خلاف حتمی فیصلہ ہوجائے.☆

۷۱۔ کیا یہ لوگ نہیں دیکھتے کہ ہم نے اپنے دست قدرت سے بنائی ہوئی چیزوں میں سے ان کے لیے مویشی پیدا کیے چنانچہ اب یہ ان کے مالک ہیں؟☆

۷۲۔ اور ہم نے انہیں ان کے لیے مسخر کر دیا چنانچہ کچھ پر یہ سوار ہوتے ہیں اور کچھ کو کھاتے ہیں۔

۷۳۔ اور ان میں ان کے لیے دیگر فوائد اور مشروبات ہیں تو کیا یہ شکر ادا نہیں کرتے؟

۷۴۔ اور انہوں نے اللہ کے سوا اوروں کو معبود بنالیا ہے کہ شاید انہیں مدد مل سکے۔

۷۵۔ (حالانکہ) وہ (نہ صرف) ان کی مدد نہیں کر سکتے اور وہ الٹے ان معبودوں کے (تحفظ کے) لیے آمادہ لشکر ہیں۔☆

۷۶۔ لہٰذا ان کی باتیں آپ کو رنجیدہ نہ کریں، ہم سب باتیں جانتے ہیں جو یہ چھپاتے ہیں اور جو ظاہر کرتے ہیں۔

۷۷۔ کیا انسان یہ نہیں دیکھتا کہ ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیا ہے اتنے میں وہ کھلا جھگڑالو بن گیا؟☆

۷۸۔ پھر وہ ہمارے لیے مثالیں دینے لگتا ہے اور اپنی خلقت بھول جاتا ہے اور کہنے لگتا ہے: ان ہڈیوں کو خاک ہونے کے بعد کون زندہ کرے گا؟

۷۹۔ کہہ دیجیے: انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے انہیں پہلی بار پیدا کیا تھا اور وہ ہر قسم کی تخلیق کو خوب جانتا ہے۔☆

۷۰۔ یہ قرآن ایسے لوگوں کو نصیحت کرتا ہے جن میں زندگی کے آثار موجود ہوں۔ گوش شنوا، چشم بینا، قلب دانا رکھتے ہوں اور کافروں کے بارے میں حجت پوری ہونے کے بعد بھی کفر پر ثابت قدم رہنے پر ان کے خلاف اللہ تعالیٰ کا فیصلہ اٹل اور حتمی ہو جائے۔

۷۱۔ اَیۡدِیۡنَاۤ سے مراد شرکت کی نفی ہے۔ یعنی صرف ہم نے ہی اپنی قدرت کاملہ سے خلق کیا ہے۔ فَهُمۡ لَهَا مٰلِكُوۡنَ: اس جملے سے فردی ملکیت ثابت ہے۔ اگرچہ حقیقی مالک اللہ کی ذات ہے، لیکن اللہ کی طرف سے انسان کو ملکیت یعنی فائدے کا حق اس شرط کے تحت دیا گیا ہے کہ اس سے دوسروں کی حق تلفی نہ ہوتی ہو۔

اَیۡدِیۡنَاۤ ، ہاتھوں سے مراد قدرت ہے اور یَدْ کہکر قدرت مراد لینا ایک محاورہ ہے۔

۷۵۔ وہ اپنے معبودوں سے توقع بھی کیا رکھیں، جو خود اپنے آپ کو تحفظ دینے پر قادر نہیں ہیں، ان کے یہ معبود اپنی پوجا کرنے والوں کو کیا تحفظ دیں گے۔ الٹا یہ اپنے معبودوں کو تحفظ دیتے ہیں۔ یعنی ان کے یہ معبود اپنی بقاء کے لیے اپنے عبادت گزاروں کے محتاج ہیں، وہ ان کی کیا مدد کریں گے۔

۷۷۔ یعنی ایک حقیر بوند سے پیدا ہونے والا انسان رب العالمین کے مقابلے میں کھڑا ہو جاتا ہے۔ تعجب کی بات ہے کہ انسان اللہ کے بارے میں تو یہ سوال پیش کرتا ہے کہ اللہ خاک شدہ ہڈیوں کو دوبارہ کس طرح زندہ کرے گا؟ جبکہ اس نے اپنی پہلی خلقت کو سامنے نہیں رکھا، جو اسے دوبارہ زندہ کرنے سے کہیں زیادہ پیچیدہ ہے اور یہ نہیں سوچا کہ انسان کچھ بھی نہ تھا تو اللہ نے انہی خاک کے ذروں سے اس انسان کو کس طرح پیدا کیا۔

۷۹۔ بِكُلِّ خَلۡقٍ: تخلیق کی ابتدا ہو یا اعادہ تخلیق ہو، راز خلقت کے مالک کو کسی قسم کی تخلیق میں کوئی مشکل پیش نہیں آئے گی۔

الَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ
الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ
تُوْقِدُوْنَ ﴿۸۰﴾
اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یَّخْلُقَ
مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰی ۚ وَهُوَ الْخَلّٰقُ
الْعَلِیْمُ ﴿۸۱﴾
اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَیْـًٔا اَنْ
یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ﴿۸۲﴾
فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ
شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۳﴾

سُوْرَةُ الصّٰفّٰتِ مَكِّیَّةٌ ﴿۱۸۲﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿۱﴾
فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ﴿۲﴾
فَالتّٰلِیٰتِ ذِكْرًا ﴿۳﴾
اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ﴿۴﴾
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
بَیْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ﴿۵﴾
اِنَّا زَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِزِیْنَةِ
الْكَوَاكِبِ ﴿۶﴾
وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَیْطٰنٍ مَّارِدٍ ﴿۷﴾
لَا یَسَّمَّعُوْنَ اِلَی الْمَلَاِ الْاَعْلٰی

۸۰۔ وہی ہے جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی پھر تم اس سے آگ سلگاتے ہو۔☆

۸۱۔ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے، آیا وہ اس بات پر قادر نہیں ہے کہ ان جیسوں کو پیدا کرے؟ کیوں نہیں! وہ تو بڑا خالق، دانا ہے۔

۸۲۔ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کر لیتا ہے تو بس اس کا امر یہ ہوتا ہے کہ اسے یہ کہے: ہو جا پس وہ ہو جاتی ہے۔☆

۸۳۔ پس پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں ہر چیز کی سلطنت ہے اور اسی کی طرف تم پلٹائے جانے والے ہو۔☆

سورہ صافات ۔ مکی ۔ آیات ۱۸۲

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے پوری طرح صف باندھنے والوں کی،☆

۲۔ پھر بطور کامل جھڑکی دینے والوں کی،☆

۳۔ پھر ذکر کی تلاوت کرنے والوں کی،☆

۴۔ یقیناً تمہارا معبود ایک ہی ہے۔☆

۵۔ جو آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا پروردگار اور مشرقوں کا پروردگار ہے۔

۶۔ ہم نے آسمان دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا،☆

۷۔ اور ہر سرکش شیطان سے بچاؤ کا ذریعہ بھی،

۸۔ کہ وہ عالم بالا کی طرف کان نہ لگا سکیں اور ہر طرف سے ان پر (انگارے) پھینکے

۸۰۔ درخت کی ٹہنی جب سبز ہو تو اس میں پانی موجود ہوتا ہے اور عین اس پانی کے اندر سے آتش نکالنا کیا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ وہ مردہ چیز سے زندگی پیدا کر سکتا ہے؟ واضح رہے ہر سبز درخت میں آتش موجود ہے۔ ان درختوں کی ٹہنیوں کی رگڑ سے آتش پیدا ہوتی ہے اور جنگلوں کو آگ لگ جاتی ہے۔

۸۲۔ جب اللہ کسی چیز کو وجود میں لانے کا ارادہ کرتا ہے تو وہ چیز فوراً وجود میں آ جاتی ہے۔ اس چیز کے وجود میں آنے کے لیے ارادہ الٰہی کافی ہے۔ اس کے علاوہ کسی چیز کی ضرورت نہیں ہوتی، یہاں تک کہ لفظ کن کی بھی۔ کیونکہ ایجاد سے پہلے کوئی مخاطب ہی نہیں ہوتا جس سے کن کا خطاب کیا جائے۔ بنابریں کن انسان کو سمجھانے کے لیے ایک لفظی تعبیر ہے جو عالم ایجاد کی باتوں کو تمثیلی تعبیر کے بغیر سمجھنے سے قاصر ہے۔ امیر المؤمنین (ع) سے منقول ہے: یقول لما اراد کونه کن فیکون لا بصوت یقرع و لا نداء یسمع و انما کلامه سبحانه فعل منه۔ (اعلام الدین: ۵۹) یعنی جب اللہ کن فرماتا ہے تو کسی آواز کے ذریعے ایسا نہیں کرتا بلکہ اللہ کا کلام اس کا فعل ہے۔ بتانا یہ مقصود ہے کہ اللہ کے خلق و ایجاد میں صرف ایک ارادہ کافی ہوتا ہے، لہٰذا اعادۂ خلق کے بارے میں یہ سوال سرے سے نامعقول ہے کہ اللہ خاک شدہ ہڈیوں کو دوبارہ کیسے زندہ کرے گا۔

۸۳۔ ہر شے کی سلطنت سے مراد یہ ہے کہ اس کی حقیقی ملکیت اللہ کے ہاتھ میں ہے اور اللہ اس پر ہر قسم کا تصرف کر سکتا ہے، اسے وجود میں لا سکتا ہے، ختم کر سکتا ہے اور دوبارہ زندہ کر سکتا ہے۔

سورۂ صٰفّٰت

۱ تا ۴۔ قسم ان فرشتوں کی جو صف بستہ عبادت میں کھڑے ہیں اور ان فرشتوں کی قسم جو شیاطین کو دور بھگا دیتے ہیں اور ان فرشتوں کی قسم جو وحی کی تلاوت کرتے ہیں کہ تمہارا معبود ایک ہی ہے۔ یعنی عالم بالا، عالم ارضی اور ان دونوں کے درمیان جو نظام قائم ہیں وہ صرف ایک ہی معبود کی نشاندہی کرتے ہیں۔

۶۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جو ستارے اور کہکشائیں انسان کے مشاہدے میں آتی ہیں وہ سب سات آسمانوں میں سے صرف پہلے آسمان السماء الدنیا سے متعلق ہیں، بلکہ پہلے آسمان

وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿٨﴾	جاتے ہیں۔
دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿٩﴾	۹۔ دھتکارے جاتے ہیں اور ان پر دائمی عذاب ہے۔
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ	۱۰۔مگران میں سے جو کسی بات کو اچک لے
فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ﴿١٠﴾	تو ایک تیز شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔☆
فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ	۱۱۔تو ان سے پوچھ لیجیے کہ کیا ان کا پیدا کرنا
خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ	مشکل ہے یا وہ جنہیں ہم نے (ان کے
لَّازِبٍ ﴿١١﴾	علاوہ) خلق کیا ہے؟ ہم نے انہیں لیسدار
بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿١٢﴾	گارے سے پیدا کیا۔
وَاِذَا ذُكِّرُوْا لَا يَذْكُرُوْنَ ﴿١٣﴾	۱۲۔ بلکہ آپ تعجب کر رہے ہیں اور یہ لوگ
وَاِذَا رَاَوْا اٰيَةً يَّسْتَسْخِرُوْنَ ﴿١٤﴾	تمسخر کرتے ہیں۔
وَقَالُوْٓا اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ	۱۳۔ اور جب انہیں نصیحت کی جاتی ہے تو
مُّبِيْنٌ ﴿١٥﴾	نصیحت نہیں مانتے۔
ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا	۱۴۔ اور جب کوئی نشانی دیکھتے ہیں تو اس
ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ﴿١٦﴾	کا مذاق اڑاتے ہیں۔
اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿١٧﴾	۱۵۔اور کہتے ہیں: یہ تو ایک کھلا جادو ہے۔☆
قُلْ نَعَمْ وَاَنْتُمْ دَاخِرُوْنَ ﴿١٨﴾	۱۶۔ کیا جب ہم مر چکیں گے اور خاک اور
فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمْ	ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم (دوبارہ)
يَنْظُرُوْنَ ﴿١٩﴾	اٹھائے جائیں گے؟
وَقَالُوْا يٰوَيْلَنَا هٰذَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿٢٠﴾	۱۷۔کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی (اٹھائے
هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ	جائیں گے)؟
تُكَذِّبُوْنَ ﴿٢١﴾	۱۸۔ کہہ دیجیے: ہاں اور تم ذلیل کر کے (اٹھائے
اُحْشُرُوا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا وَ	جاؤ گے)۔
اَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٢٢﴾	۱۹۔ وہ تو بس ایک جھڑکی ہو گی پھر وہ اپنی
	آنکھوں سے دیکھیں گے،
	۲۰۔ اور کہیں گے: ہائے ہماری تباہی! یہ تو
	یوم جزا ہے۔
	۲۱۔ یہ فیصلے کا وہ دن ہے جس کی تم تکذیب
	کرتے تھے۔
	۲۲۔گھیر لاؤ ظلم کا ارتکاب کرنے والوں کو اور
	ان کے ہم جنسوں کو اور انہیں جن کی یہ پوجا
	کیا کرتے تھے،☆

کے بارے میں بھی انسانی مشاہدات اور معلومات نہایت محدود ہیں، جبکہ آسمان اول کا جو حصہ انسانی مشاہدے میں آیا ہے اس کی وسعت کا یہ عالم ہے کہ بعض کہکشاؤں سے روشنی اربوں سالوں سے چلی آ رہی ہے لیکن ابھی ہم تک نہیں پہنچی۔ یاد رہے کہ روشنی کی رفتار ایک لاکھ چھیاسی ہزار دو سو چوراسی میل فی سیکنڈ ہے۔

۱۰۔ سورہ حجر آیت ۱۸ میں شہاب ثاقب کے بارے میں پہلے ذکر ہو چکا ہے۔ اس سلسلے میں قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ عربوں میں کہانت کا بڑا چرچا تھا اور کاہنوں سے غیب کی خبریں معلوم کرنے کا رواج عام تھا۔ کاہنوں کا یہ دعویٰ تھا کہ جن اور شیاطین ان کو یہ خبریں بتاتے ہیں۔ مشرکین نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر بھی کاہن ہونے کا الزام لگایا جیسا کہ سورہ شعراء میں اس کی رد آئی ہے: وَمَا تَنَزَّلَتْ بِهِ الشَّيٰطِيْنُ ○ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهُمْ وَمَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ○ اِنَّهُمْ عَنِ السَّمْعِ لَمَعْزُوْلُوْنَ ○ اوراس قرآن کو شیاطین نے نہیں اتارا اور نہ یہ کام ان سے مناسبت رکھتا ہے اور نہ ہی وہ استطاعت رکھتے ہیں۔ وہ (وحی) سننے سے دور رکھے گئے ہیں۔

۱۵۔ مشرکین کا یہ کہنا کہ یہ جادو ہے، اس بات کا ثبوت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن کے علاوہ بھی معجزے دکھائے ہیں، مثلاً شق القمر وغیرہ، جو عام بشری طاقت سے باہر ہیں۔

۲۲۔ اَزْوَاجَهُمْ سے مراد ان کے ہم جرم لوگ ہو سکتے ہیں جو شیاطین پر بھی صادق آتا ہے اور ہم نشینوں پر بھی۔

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰى
صِرَاطِ الْجَحِيْمِ ﴿٢٣﴾
وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿٢٤﴾
مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿٢٥﴾
بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾
وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ
يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾
قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ
الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾
قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾
وَمَا كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ
بَلْ كُنْتُمْ قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿٣٠﴾
فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَا ۖ اِنَّا
لَذَآئِقُوْنَ ﴿٣١﴾
فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا غٰوِيْنَ ﴿٣٢﴾
فَاِنَّهُمْ يَوْمَئِذٍ فِى الْعَذَابِ
مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾
اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا
اللّٰهُ ۙ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٣٥﴾
وَيَقُوْلُوْنَ اَئِنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا
لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿٣٦﴾
بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ وَصَدَّقَ

۲۳۔ اللہ کو چھوڑ کر۔ پھر انہیں جہنم کے راستے کی طرف ہانکو۔
۲۴۔ انہیں روکو، ان سے پوچھا جائے گا۔☆
۲۵۔ تمہیں ہوا کیا ہے کہ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے؟☆
۲۶۔ بلکہ آج تو وہ گردنیں جھکائے (کھڑے) ہیں۔
۲۷۔ اور وہ ایک دوسرے کی طرف رخ کر کے باہم سوال کرتے ہیں۔☆
۲۸۔ کہتے ہیں: تم ہمارے پاس طاقت سے آتے تھے۔☆
۲۹۔ وہ کہیں گے: بلکہ تم خود ایمان لانے والے نہ تھے،
۳۰۔ ورنہ ہمارا تم پر کوئی زور نہ تھا بلکہ تم خود سرکش لوگ تھے۔
۳۱۔ پس ہمارے بارے میں ہمارے رب کا فیصلہ حتمی ہو گیا، اب ہم (عذاب) چکھیں گے۔
۳۲۔ پس ہم نے تمہیں گمراہ کیا جب کہ ہم خود بھی گمراہ تھے۔
۳۳۔ تو اس دن وہ سب کے سب عذاب میں شریک ہوں گے۔☆
۳۴۔ ہم مجرموں کے ساتھ یقیناً ایسا ہی کیا کرتے ہیں۔
۳۵۔ جب ان سے کہا جاتا تھا: اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو یہ تکبر کرتے تھے،
۳۶۔ اور کہتے تھے: کیا ہم ایک دیوانے شاعر کی خاطر اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں؟
۳۷۔ (نہیں) بلکہ وہ حق لے کر آئے ہیں اور

۲۴۔ اگرچہ آیت کفار کے بارے میں نازل ہوئی ہے لیکن اس میں وہ سب لوگ شامل ہیں جن سے قیامت کے دن حساب لیا جائے گا۔
حدیث ہے: قیامت کے دن انسان کا کوئی قدم آگے نہیں بڑھے گا، جب تک اس سے چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ ہو: ۱۔ اس کی عمر کے بارے میں کہ کہاں گزاری؟ ۲۔ اس کی جوانی کے بارے میں کہ اسے کس چیز میں ختم کر دیا؟ ۳۔ اس کے مال کے بارے میں کہ اسے کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ ۴۔ ہم اہل بیتؑ کی محبت کے بارے میں۔ (امالی طوسی)
نہج البلاغہ میں مذکور ہے: اتَّقُوا اللّٰهَ فِي عِبَادِهِ وَ بِلَادِهِ فَاِنَّكُمْ مَسْئُولُونَ حَتّٰى عَنِ الْبِقَاعِ وَ الْبَهَائِمِ۔ (نہج البلاغۃ ص ۴۴۲ خ ۱۶۷) اللہ کے بندوں اور اس کی سرزمینوں کے بارے میں تقویٰ اختیار کرو، کیونکہ تم سے زمین کے ٹکڑوں اور چوپایوں کے بارے میں بھی پوچھا جائے گا۔
۲۵۔ دنیا میں تو تم مؤمنین کے خلاف ملت واحدہ بن کر ایک دوسرے کی کمک کرتے تھے، لیکن آج ایک دوسرے کی مدد کے لیے آگے کیوں نہیں آتے؟
۲۷۔ اس سے آگے کی چند آیات میں اہل جہنم کے باہمی جھگڑے کا ذکر ہے، کیونکہ شکست خوردہ لوگ شکست کے بعد ایک دوسرے سے لڑتے ہیں اور شکست کی ذمہ داری ایک دوسرے پر ڈالتے ہیں۔
۲۸۔ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ: یمین سیاق آیت کے مطابق یہاں طاقت کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ قیامت کے روز اہل جہنم اپنے سرداروں سے کہیں گے: تم نے طاقت کے ذریعے ہمیں گمراہ کیا تو سردار کہیں گے: ہمیں تم پر مکمل تسلط نہیں تھا، تم خود ایمان لا سکتے تھے۔
۳۳۔ پیر و مرشد بھی، مرید بھی، گمراہ کرنے اور گمراہ ہونے والے بھی، سب عذاب میں شریک ہوں گے۔ پیر کا یہ عذر نہیں سنا جائے گا کہ مرید خود ایمان لانا نہیں چاہتا تھا اور مرید کا یہ عذر نہیں سنا جائے گا کہ اسے پیر نے مجبور کیا۔

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۳۷﴾	اس نے رسولوں کی تصدیق کی ہے۔
اِنَّكُمْ لَذَآئِقُوا الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿۳۸﴾	۳۸۔ بتحقیق تم دردناک عذاب چکھنے والے ہو۔
وَمَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ	۳۹۔ اور تمہیں صرف اس کی جزا ملے گی جو
تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۹﴾	تم کرتے تھے۔
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۴۰﴾	۴۰۔ سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے۔
اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۴۱﴾	۴۱۔ ان کے لیے ایک معین رزق ہے، ☆
فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۴۲﴾	۴۲۔ (ہر قسم کے) میوے اور وہ احترام
فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۴۳﴾	کے ساتھ ہوں گے
عَلٰى سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۴۴﴾	۴۳۔ نعمتوں والی جنت میں۔
يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ مِّنْ	۴۴۔ وہ تختوں پر ایک دوسرے کے سامنے
مَّعِيْنٍ ﴿۴۵﴾	بیٹھے ہوں گے۔
بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۴۶﴾	۴۵۔ بہتی شراب کے جام ان میں پھرائے
لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا	جائیں گے، ☆
يُنْزَفُوْنَ ﴿۴۷﴾	۴۶۔ جو چمکتی ہو گی، پینے والوں کے لیے
وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ	لذیذ ہو گی،
عِيْنٌ ﴿۴۸﴾	۴۷۔ جس میں نہ سر درد ہو گا اور نہ ہی اس
كَاَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿۴۹﴾	سے ان کی عقل زائل ہو گی۔ ☆
فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	۴۸۔ اور ان کے پاس نگاہ نیچے رکھنے والی
يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿۵۰﴾	بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی۔ ☆
قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ اِنِّيْ كَانَ لِيْ	۴۹۔ گویا کہ وہ محفوظ انڈے ہیں۔ ☆
قَرِيْنٌ ﴿۵۱﴾	۵۰۔ پھر وہ آمنے سامنے بیٹھ کر آپس میں
يَّقُوْلُ اَئِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِيْنَ ﴿۵۲﴾	باتیں کریں گے۔ ☆
ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا	۵۱۔ ان میں سے ایک کہنے والا کہے گا: میرا
	ایک ہم نشین تھا، ☆
	۵۲۔ جو (مجھ سے) کہتا تھا: کیا تم (قیامت
	کی) تصدیق کرنے والوں میں سے ہو؟
	۵۳۔ بھلا جب ہم مر چکیں گے اور مٹی اور
	ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہمیں جزا ملے

۴۱۔ رِزْقٌ مَّعْلُوْمٌ کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ ان کا رزق دوسروں کے رزق سے مختلف متعین ہو گا۔

۴۵۔ جس پیالے میں شراب موجود ہو، عربی میں اسے کأس کہتے ہیں اور جس میں شراب نہ ہو اسے قدح کہتے ہیں۔ لہٰذا لفظ کأس (ساغر یا جام) کہنے سے شراب خود ذہن میں آتی ہے۔

۴۷۔ صرف اسم میں مشترک ہے۔ اس زندگی کے لوگوں کو سمجھانے کے لیے شراب کہا گیا ہے، ورنہ حقیقت میں وہ دنیوی شراب نہیں ہے۔ جنت کی شراب میں وہ منفی خاصیتیں نہیں ہیں جو دنیا کی شراب میں ہیں۔

۴۸۔ عورتوں کی بنیادی خصوصیت کا ذکر ہے کہ ان کی نگاہیں صرف اپنے شوہروں کے لیے اٹھتی ہیں، یعنی عفت کا تصور جنت میں بایں معنی ہو گا کہ یہ عورتیں اپنے شوہروں کو بہت چاہتی ہوں گی۔

۴۹۔ عربوں میں یہ محاورہ ہے۔ وہ گوری عورت کو حسن و جمال اور صفائی میں انڈے کے ساتھ تشبیہ دیتے ہیں۔

۵۰۔ احباب کی محفل میں بیٹھنے کا جو لطف ہو گا اہل جنت اس سے بھی محظوظ ہوں گے۔

۵۱۔ یعنی اہل جنت باہمی گفتگو میں مصروف ہوں گے۔ اسی دوران ایک جنتی مومن اپنی دنیاوی زندگی کا تذکرہ کرتے ہوئے اپنے اس کافر ساتھی کا ذکر چھیڑے گا جو اس بات پر اس کا مذاق اڑاتا تھا کہ وہ (مؤمن) قیامت اور حیات بعد از ممات کا معتقد تھا۔ پھر کہے گا: کیا آپ اس شخص کو دیکھنا چاہتے ہیں؟ چنانچہ اس شخص کو جہنم کے وسط میں دیکھ کر جنتی بول اٹھے گا: اللہ کی قسم تو مجھے ہلاک کرنے ہی والا تھا۔ اگر اللہ کی رحمت شامل حال نہ ہوتی تو میرا حشر بھی تیرے جیسا ہوتا۔ اس سے یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ آخرت میں زمان و مکان کا وہ تصور نہ ہو گا جو دنیا میں ہے۔ ورنہ کوئی انسان یہ سوال کر سکتا ہے کہ جہنم جنت کے اس قدر نزدیک ہے کہ ایک دوسرے کو دیکھ سکیں گے۔

إِنَّا لَمَدِينُونَ ﴿٥٣﴾
قَالَ هَلْ أَنتُم مُّطَّلِعُونَ ﴿٥٤﴾
فَاطَّلَعَ فَرَآهُ فِي سَوَاءِ الْجَحِيمِ ﴿٥٥﴾
قَالَ تَاللَّهِ إِن كِدتَّ لَتُرْدِينِ ﴿٥٦﴾
وَلَوْلَا نِعْمَةُ رَبِّي لَكُنتُ مِنَ
الْمُحْضَرِينَ ﴿٥٧﴾
أَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِينَ ﴿٥٨﴾
إِلَّا مَوْتَتَنَا الْأُولَىٰ وَمَا نَحْنُ
بِمُعَذَّبِينَ ﴿٥٩﴾
إِنَّ هَٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿٦٠﴾
لِمِثْلِ هَٰذَا فَلْيَعْمَلِ الْعَامِلُونَ ﴿٦١﴾
أَذَٰلِكَ خَيْرٌ نُّزُلًا أَمْ شَجَرَةُ
الزَّقُّومِ ﴿٦٢﴾
إِنَّا جَعَلْنَاهَا فِتْنَةً لِّلظَّالِمِينَ ﴿٦٣﴾
إِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِي أَصْلِ
الْجَحِيمِ ﴿٦٤﴾
طَلْعُهَا كَأَنَّهُ رُءُوسُ الشَّيَاطِينِ ﴿٦٥﴾
فَإِنَّهُمْ لَآكِلُونَ مِنْهَا فَمَالِئُونَ
مِنْهَا الْبُطُونَ ﴿٦٦﴾
ثُمَّ إِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ
حَمِيمٍ ﴿٦٧﴾
ثُمَّ إِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَإِلَى
الْجَحِيمِ ﴿٦٨﴾

گی؟

۵۴۔ ارشاد ہوگا: کیا تم دیکھنا چاہتے ہو؟

۵۵۔ پھر اس نے جھانکا تو اسے وسط جہنم میں دیکھے گا۔

۵۶۔ کہے گا: قسم بخدا قریب تھا کہ تو مجھے بھی ہلاک کر دے۔

۵۷۔ اور اگر میرے رب کی نعمت نہ ہوتی تو میں بھی (عذاب میں) حاضر کیے جانے والوں میں ہوتا۔

۵۸۔ کیا اب ہمیں نہیں مرنا؟

۵۹۔ ہماری پہلی موت کے بعد ہمیں کوئی اور عذاب نہ ہوگا؟☆

۶۰۔ یقیناً یہ عظیم کامیابی ہے۔☆

۶۱۔ عمل کرنے والوں کو ایسی ہی کامیابی کے لیے عمل کرنا چاہیے۔☆

۶۲۔ کیا یہ مہمانی اچھی ہے یا زقوم کا درخت؟

۶۳۔ ہم نے اسے ظالموں کے لیے ایک آزمائش بنا دیا ہے۔☆

۶۴۔ یہ ایسا درخت ہے جو جہنم کی تہ سے نکلتا ہے۔

۶۵۔ اس کے خوشے شیاطین کے سروں جیسے ہیں۔☆

۶۶۔ پھر وہ اس میں سے کھائیں گے اور اس سے پیٹ بھریں گے۔☆

۶۷۔ پھر ان کے لیے اس پر کھولتا ہوا پانی ملا دیا جائے گا۔

۶۸۔ پھر ان کا ٹھکانا بہر صورت جہنم ہوگا۔

۵۹۔ پہلی موت سے مراد وہ موت ہے جس نے دنیاوی زندگی کا خاتمہ کر دیا تھا۔ اس کے بعد آخرت کی زندگی کا دائمی ہونا اسلامی تعلیمات میں ایک مسلمہ امر ہے۔ قرآن اس حقیقت کو خلود کے ساتھ یاد فرماتا ہے اور کبھی اس لفظ کے ساتھ لفظ ابداً بھی استعمال ہوا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: انما خلقتم للبقاء لا للفناء۔ (غرر الحکم: ۱۱۳ ح ۲۲۹۱) تم ہمیشہ رہنے کے لیے پیدا کیے گئے ہو، فنا کے لیے نہیں۔ یوں جنت والے جنت میں اور جہنم والے جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ البتہ کچھ لوگ ایسے بھی ہوں گے جو ایک مدت تک جہنم میں سزا کاٹنے کے بعد جنت میں ہمیشہ رہیں گے۔

۶۰۔ کامیابی کی عظمت اس کے دوام کی مدت سے معلوم ہوتی ہے۔ اگر وہ مدت لامحدود اور ابدی ہو تو اس صورت میں اس کامیابی کی عظمت بھی لامحدود ہوگی۔

۶۱۔ ہر صاحب عقل کے لیے ایک اہم دعوت ہے کہ اگر مسئلہ ایک مدت سے مربوط ہو تو انسان کہہ سکتا ہے کہ اسے بہرحال گزار لیں گے۔ لیکن اگر مسئلہ دائمی ہو تو اس سے بے اعتنائی برتنا نہایت بیوقوفی ہوگی۔ انسان اگر فطرتاً کامیابی کے لیے مشقت اٹھاتا ہے تو اسے اس عظیم کامیابی اور اس دائمی زندگی کے لیے محنت اور مشقت اٹھانا چاہیے۔

۶۳۔ آزمائش اس طرح کہ اسے سن کر کون اس کی تصدیق کرتا ہے اور کون تکذیب۔ اس کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: ہم نے اسے ظالموں کے لیے ایک عذاب بنا دیا ہے۔ اس صورت میں فتنہ سے مراد عذاب ہوگا۔

۶۵۔ اگرچہ شیطان کے سروں کو کسی نے دیکھا نہیں کہ ان کے ساتھ تشبیہ دی جائے، تاہم لوگوں کے ذہنوں میں شیطان کے بارے میں یہ خیال مسلمہ ہے کہ وہ کریہ المنظر ہوتے ہیں، جبکہ فرشتے نہایت حسین و جمیل۔ اس لیے یہ تشبیہ درست ہے۔

۶۶۔ اس سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ عذاب کے کئی مراحل ہیں۔ چنانچہ پہلے ان کا پیٹ زقوم کے پھل سے بھر دیا جائے گا، پھر انہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا، پھر جہنم میں ان کا ٹھکانا ہوگا۔

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ﴿٦٩﴾
فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ﴿٧٠﴾
وَ لَقَدْ ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿٧١﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ﴿٧٢﴾
فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الْمُنْذَرِيْنَ ﴿٧٣﴾
ع ٢ ٥٢ ٦ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٧٤﴾ ع
وَلَقَدْ نَادٰىنَا نُوْحٌ فَلَنِعْمَ
الْمُجِيْبُوْنَ ﴿٧٥﴾ ۚ
وَنَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ
الْعَظِيْمِ ﴿٧٦﴾ ۚ
وَجَعَلْنَا ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿٧٧﴾ ۚ
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٧٨﴾ ۚ
سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٩﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿٨٠﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾
ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾
وقف لازم وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾
اِذْ جَآءَ رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾
اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَاذَا
تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ ع
اَئِفْكًا اٰلِهَةً دُوْنَ اللّٰهِ

۶۹۔ بلا شبہ انہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہ پایا۔
۷۰۔ پھر وہ ان کے نقش قدم پر دوڑ پڑے۔
۷۱۔ اور تحقیق ان سے پہلے اگلوں کی اکثریت گمراہ ہو چکی ہے۔
۷۲۔ اور ہم نے ان میں تنبیہ کرنے والے (رسول) بھیجے تھے۔
۷۳۔ پھر دیکھو کہ تنبیہ شدگان کا کیا انجام ہوا،
۷۴۔ سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے۔
۷۵۔ اور نوح نے ہمیں پکارا تو دیکھا کہ ہم کیسے بہترین جواب دینے والے ہیں۔
۷۶۔ اور ہم نے انہیں اور ان کے گھر والوں کو عظیم مصیبت سے بچایا۔
۷۷۔ اور ان کی نسل کو ہم نے باقی رہنے والوں میں رکھا۔☆
۷۸۔ اور ہم نے آنے والوں میں ان کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔
۷۹۔ تمام عالمین میں نوح پر سلام ہو۔☆
۸۰۔ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔
۸۱۔ بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔
۸۲۔ پھر ہم نے دوسروں کو غرق کر دیا۔
۸۳۔ اور ابراہیم یقیناً نوح کے پیروکاروں میں سے تھے۔☆
۸۴۔ جب وہ اپنے رب کی بارگاہ میں قلب سلیم لے کر آئے۔☆
۸۵۔ جب انہوں نے اپنے باپ (چچا) اور قوم سے کہا: تم کس کی پوجا کرتے ہو؟
۸۶۔ کیا اللہ کو چھوڑ کر گھڑے ہوئے معبودوں

۷۷۔ چنانچہ طوفان نوح کے بعد نوح (ع) کی اولاد ہی باقی رہی۔ اس لیے حضرت آدم کے بعد نوح علیہما السلام کو دوسرا ابو البشر کہتے ہیں۔
۷۹۔ تمام اہل عالم میں نوح پر سلام کو ہم نے باقی رکھا۔ حضرت نوح (ع) ہی نے شرک کے خلاف ایک ہزار سال تک جہاد کیا۔ اس طرح روئے زمین میں شرک کے خلاف پہلے مجاہد حضرت نوح علیہ السلام ہیں۔ آج نوح (ع) کا ذکر خیر پوری دنیا میں ہے۔
۸۳۔ شرک کے خلاف جہاد کرنے میں حضرت نوح (ع) کی پیروی حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کی۔ حضرت نوح، حضرت آدم علیہما السلام کے بعد ابو البشر ٹھہرے اور حضرت ابراہیمؑ ابوالانبیاء ٹھہرے۔ اس سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ اپنے پیشرو کے مشن کو آگے چلانے والا اس کا شیعہ کہلاتا ہے۔ دوسری خاصیت یہ ہے کہ اس مشن کے جاری رکھنے والے کے قلب میں غیر اللہ کا شائبہ نہ ہو۔
روایت میں آیا ہے: امام زین العابدین علیہ السلام کے دروازے پر کچھ لوگوں نے دستک دی۔ خادمہ سے فرمایا: دیکھو کون لوگ ہیں۔ کہا: آپ کے شیعہ ہیں تو آپؑ ان کے استقبال کے لیے ایسے لپکے کہ گرنے والے تھے۔ جب ان پر نظر پڑی تو فرمایا: كَذَبُوا فَاَيْنَ السِّمْتُ فِي الْوُجُوهِ اَيْنَ اَثَرُ الْعِبَادَةِ اَيْنَ سِيمَاءُ السُّجُودِ، اِنَّمَا شِيعَتُنَا يُعْرَفُونَ بِعِبَادَتِهِمْ... (مستدك الوسائل ۴: ۴۶۸) جھوٹ بولا۔ کہاں ہے رونق چہروں پر؟ کہاں ہے عبادت کی علامت؟ کہاں ہے سجدوں کی نشانی؟ ہمارے شیعہ اپنی عبادات سے پہچانے جاتے ہیں۔
اس کے بعد حضرت ابراہیمؑ کے اس تاریخی جہاد کا ذکر ہے جو انہوں نے شرک کے خلاف شروع فرمایا۔ واضح رہے بت شکن کے پیروکار بت شکن ہوتے ہیں۔
۸۴۔ قلب سلیم یعنی وہ دل جس میں غیر اللہ کے لیے کوئی جگہ نہ ہو۔ چنانچہ حضرت ابراہیم (ع) نے اس کا مظاہرہ اس وقت کیا جب آپ کو آتش نمرود میں ڈالنے کے لیے منجنیق پر آویزاں کیا گیا تھا۔ اس وقت جبرئیل نے آپؑ سے پوچھا تھا: کوئی حاجت ہے؟ آپؑ نے فرمایا: اما الیک فلا. حاجت ہے، مگر تجھ سے نہیں۔

تُرِيْدُوْنَ ﴿۸۶﴾
فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۷﴾
فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿۸۸﴾
فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿۸۹﴾
فَتَوَلَّوْا عَنْهُ مُدْبِرِيْنَ ﴿۹۰﴾
فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمْ فَقَالَ اَلَا
تَاْكُلُوْنَ ﴿۹۱﴾
مَا لَكُمْ لَا تَنْطِقُوْنَ ﴿۹۲﴾
فَرَاغَ عَلَيْهِمْ ضَرْبًا بِالْيَمِيْنِ ﴿۹۳﴾
فَاَقْبَلُوْٓا اِلَيْهِ يَزِفُّوْنَ ﴿۹۴﴾
قَالَ اَتَعْبُدُوْنَ مَا تَنْحِتُوْنَ ﴿۹۵﴾
وَاللّٰهُ خَلَقَكُمْ وَمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾
قَالُوا ابْنُوْا لَهٗ بُنْيَانًا فَاَلْقُوْهُ فِي
الْجَحِيْمِ ﴿۹۷﴾
فَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ
الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۹۸﴾
وَقَالَ اِنِّيْ ذَاهِبٌ اِلٰى رَبِّيْ
سَيَهْدِيْنِ ﴿۹۹﴾
رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۰۰﴾
فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ ﴿۱۰۱﴾
فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ
اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ
فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى ؕ قَالَ يٰٓاَبَتِ

کو چاہتے ہو؟
۸۷۔ پروردگار عالم کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟
۸۸۔ پھر انہوں نے ستاروں پر ایک نظر ڈالی،
۸۹۔ اور کہا: میں تو بیمار ہوں۔☆
۹۰۔ چنانچہ وہ لوگ انہیں پیچھے چھوڑ گئے۔
۹۱۔ پھر وہ ان کے معبودوں میں جا گھسے اور کہنے لگے: تم کھاتے کیوں نہیں ہو؟☆
۹۲۔ تمہیں کیا ہوا ہے کہ تم بولتے نہیں ہو؟
۹۳۔ پھر انہیں پوری طاقت سے مارنے لگے☆
۹۴۔ تو لوگ دوڑتے ہوئے ان کے پاس آئے۔
۹۵۔ ابراہیم نے کہا: کیا تم اسے پوجتے ہو جسے تم خود تراشتے ہو؟☆
۹۶۔ حالانکہ خود تمہیں اور جو کچھ تم بناتے ہو (سب کو) اللہ نے پیدا کیا ہے۔
۹۷۔ انہوں نے کہا: اس کے لیے ایک عمارت تیار کرو پھر اسے آگ کے ڈھیر میں پھینک دو۔
۹۸۔ پس انہوں نے اس کے خلاف ایک چال چلنے کا ارادہ کیا لیکن ہم نے انہیں زیر کر دیا۔☆
۹۹۔ اور ابراہیم نے کہا: میں اپنے رب کی طرف جا رہا ہوں وہ مجھے راستہ دکھائے گا☆
۱۰۰۔ اے میرے پروردگار! مجھے صالحین میں سے (اولاد) عطا کر۔☆
۱۰۱۔ چنانچہ ہم نے انہیں ایک بردبار بیٹے کی بشارت دی۔
۱۰۲۔ پھر جب وہ ان کے ساتھ کام کاج کی عمر کو پہنچا تو کہا: اے بیٹا! میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں، پس دیکھ لو تمہاری کیا رائے ہے، اس نے

۸۹۔ ستاروں کی طرف ایک نگاہ کر کے فرمایا: میں مریض ہوں۔ قوم کے سالانہ میلے میں عدم شرکت کے لیے یہ عذر پیش فرمایا۔ ستاروں کی طرف دیکھنے کا مقصد قرآن نے بیان نہیں فرمایا۔ تاہم ستارہ پرستوں کا یہ گمان عام تھا کہ بیماری کسی ستارے کے طلوع سے مربوط ہوتی ہے۔ رہا یہ فرمانا کہ میں مریض ہوں تو اس بات پر کوئی دلیل قائم نہیں ہے کہ آپ مریض نہ تھے۔ عین ممکن ہے کہ میلے کے وقت آپؑ کی طبیعت ناساز ہو۔ لہٰذا یہ کہنا کہ حضرت ابراہیم (ع) نے یہاں مصلحتاً جھوٹ بولا، بلا دلیل بات ہے۔
۹۱۔ بت پرست اپنے بتوں کے سامنے کھانے کی چیزیں رکھتے تھے۔ حضرت ابراہیمؑ نے بغرض استدلال ان بتوں سے خطاب فرمایا کہ تم کھاتے کیوں نہیں اور بات کیوں نہیں کرتے؟ ورنہ جامد اور بے شعور چیزوں سے خطاب معقول نہیں ہوتا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ لوگ بتوں کے سامنے کھانے کی چیزیں رکھتے تھے۔
۹۳۔ منطقی انداز میں ان بتوں کی حقیقت واضح کرنے کے بعد پوری قوت سے ان بتوں کو پاش پاش کیا۔ اس طرح انسانی تاریخ میں شجاعت و دلیری کا عظیم مظاہرہ کرتے ہوئے بت شکنی کی تاریخ رقم فرمائی۔
۹۵۔ خود تراشیدہ کو معبود بناتے ہو۔ جن بتوں کی اپنی شکل وصورت تمہارے تراشنے سے بنی ہو، وہ تمہاری زندگی میں کون سے نقوش چھوڑیں گے؟
۹۸۔ اس موضوع پر حاشیہ سورۂ انبیاء آیت ۶۹ میں ملاحظہ ہو۔
۹۹ ترک وطن کر کے کاملاً اللہ پر بھروسہ کر کے ہجرت کر رہے ہیں۔ اس طرح حضرت ابراہیم (ع) پہلے مہاجر ہیں جنہوں نے راہ خدا میں ہجرت فرمائی۔
۱۰۰۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ہجرت کے وقت حضرت ابراہیم (ع) کی کوئی اولاد نہ تھی۔

افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ ۫ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ
شَآءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ ﴿۱۰۲﴾
فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ ﴿۱۰۳﴾ ع
وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ ﴿۱۰۴﴾ لا
قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا ۚ اِنَّا كَذٰلِكَ
نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۰۵﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْبَلٰٓؤُا الْمُبِيْنُ ﴿۱۰۶﴾
وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۰۷﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ ط
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾
وَبَشَّرْنٰهُ بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾
وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَ
مِنْ ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ
لِّنَفْسِهٖ مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ ع ۲ ۳۹ ۷
وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ ع
وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا مِنَ الْكَرْبِ
الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ ع
وَنَصَرْنٰهُمْ فَكَانُوْا هُمُ
الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ ع
وَاٰتَيْنٰهُمَا الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ ع

کہا: اے ابا جان آپ کو جو حکم ملا ہے اسے انجام دیں، اللہ نے چاہا تو آپ مجھے صبر کرنے والوں میں پائیں گے۔

۱۰۳۔ پس جب دونوں نے (حکم خدا کو) تسلیم کیا اور اسے ماتھے کے بل لٹا دیا،☆

۱۰۴۔ تو ہم نے ندا دی: اے ابراہیم!

۱۰۵۔ تو نے خواب سچ کر دکھایا، بے شک ہم نیکوکاروں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

۱۰۶۔ یقیناً یہ ایک نمایاں امتحان تھا۔

۱۰۷۔ اور ہم نے ایک عظیم قربانی سے اس کا فدیہ دیا۔☆

۱۰۸۔ اور ہم نے آنے والوں میں ان کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔

۱۰۹۔ ابراہیم پر سلام ہو۔

۱۱۰۔ ہم نیکوکاروں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔

۱۱۱۔ یقیناً وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔

۱۱۲۔ اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق کی بشارت دی کہ وہ صالحین میں سے نبی ہوں گے۔☆

۱۱۳۔ اور ہم نے ان پر اور اسحاق پر برکات نازل کیں اور ان دونوں کی اولاد میں نیکی کرنے والا بھی ہے اور اپنے نفس پر صریح ظلم کرنے والا بھی ہے۔

۱۱۴۔ اور بتحقیق موسیٰ اور ہارون پر ہم نے احسان کیا۔

۱۱۵۔ اور ان دونوں کو اور ان دونوں کی قوم کو عظیم مصیبت سے ہم نے نجات دی۔

۱۱۶۔ اور ہم نے ان کی مدد کی تو وہی غالب آنے والے ہو گئے۔

۱۱۷۔ اور ہم نے ان دونوں کو روشن کتاب دی۔

۱۰۳۔ انبیاء کا خواب وحی کا درجہ رکھتا ہے اور وحی ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔ اسی لیے حضرت ابراہیم کو اس بات میں کوئی تردد نہیں ہوا کہ اپنے لخت جگر کو اپنے ہاتھ سے ذبح کرنے کا حکم مل رہا ہے اور حضرت اسماعیل (ع) کے جواب اِفْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ خواب میں ذبح اسماعیلؑ کا حکم ملا تھا۔

۱۰۷۔ ہم نے ایک عظیم ذبیحہ سے ابراہیمؑ کے فرزند کا فدیہ دیا۔ بظاہر عظیم تو وہ فرزند تھے جن کا فدیہ دیا گیا ہے، لیکن قرآن اس ذبیحہ کو عظیم قرار دے رہا ہے۔ خصال صدوق میں آیا ہے کہ قیامت تک ہونے والی منیٰ کی قربانیاں اسماعیل (ع) کا فدیہ ہیں۔ (بحار الانوار) عیون الاخبار الرضا میں آیا ہے: حج کے علاوہ ہر قربانی اسماعیلؑ کا فدیہ ہے۔ اس روایت کے مطابق سید الشہداء علیہ السلام کی قربانی اس کا عظیم مصداق قرار پاتی ہے۔

۱۱۲۔ اس عظیم قربانی کے ذکر کے بعد حضرت اسحاقؑ کا ذکر اس بات کی دلیل ہے کہ اس سے پہلے جس فرزند کی قربانی کا ذکر ہوا وہ حضرت اسماعیل (ع) تھے۔ پس یہ نظریہ درست ثابت نہیں ہوتا کہ وہ حضرت اسحاق (ع) تھے۔

مسلمانوں کی روایات میں حضرت اسحاق علیہ السلام کے ذبیح اللہ ہونے کا اصل مصدر کعب احبار ہے۔ یہ یہودی حضرت عمر کے زمانے میں مسلمان ہوا اور دربار خلافت میں مقام حاصل کیا اور یہودی روایات سنایا کرتا تھا۔ خود حضرت عمر بھی ان روایات کو سنا کرتے تھے۔ اس یہودی کو سرکار کی طرف سے رسمیت ملنے پر دوسرے بھی اس شخص کی روایات سننے اور نقل کرنے لگے۔ اس طرح اسرائیلیات کو اسلامی روایات میں داخل ہونے کا موقع میسر آیا۔

وَهَدَيْنٰهُمَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾
سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲۱﴾
اِنَّهُمَا مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۲۲﴾
وَاِنَّ اِلْيَاسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۲۳﴾
اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖٓ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۱۲۴﴾
اَتَدْعُوْنَ بَعْلًا وَّتَذَرُوْنَ اَحْسَنَ
الْخَالِقِيْنَ ﴿۱۲۵﴾
اللّٰهَ رَبَّكُمْ وَرَبَّ اٰبَآئِكُمُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۲۶﴾
فَكَذَّبُوْهُ فَاِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۲۷﴾
اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۲۸﴾
وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۲۹﴾
سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿۱۳۰﴾
اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۳۱﴾
اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۳۲﴾
وَاِنَّ لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۳۳﴾
اِذْ نَجَّيْنٰهُ وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿۱۳۴﴾
اِلَّا عَجُوْزًا فِي الْغٰبِرِيْنَ ﴿۱۳۵﴾
ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿۱۳۶﴾
وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ
مُّصْبِحِيْنَ ﴿۱۳۷﴾

۱۱۸۔ اور ان دونوں کو سیدھا راستہ ہم نے دکھایا۔
۱۱۹۔ اور ہم نے آنے والوں میں ان دونوں کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔
۱۲۰۔ موسیٰ اور ہارون پر سلام ہو۔
۱۲۱۔ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔
۱۲۲۔ یہ دونوں ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔
۱۲۳۔ اور الیاس بھی یقیناً پیغمبروں میں سے تھے۔☆
۱۲۴۔ جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم اپنا بچاؤ نہیں کرتے؟
۱۲۵۔ کیا تم بعل کو پکارتے ہو اور سب سے بہتر خلق کرنے والے کو چھوڑ دیتے ہو؟☆
۱۲۶۔ اللہ ہی تمہارا اور تمہارے پہلے باپ دادا کا پروردگار ہے۔
۱۲۷۔ تو انہوں نے ان کی تکذیب کی پس وہ حاضر کیے جائیں گے،
۱۲۸۔ سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے،
۱۲۹۔ اور ہم نے آنے والوں میں ان کے لیے (ذکر جمیل) باقی رکھا۔
۱۳۰۔ آل یاسین پر سلام ہو۔☆
۱۳۱۔ ہم نیکی کرنے والوں کو ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔
۱۳۲۔ بے شک وہ ہمارے مومن بندوں میں سے تھے۔☆
۱۳۳۔ اور لوط بھی یقیناً پیغمبروں میں سے تھے
۱۳۴۔ جب ہم نے انہیں اور ان کے سب گھر والوں کو نجات دی۔
۱۳۵۔ سوائے ایک بڑھیا کے جو پیچھے رہ جانے والوں میں سے تھی۔☆
۱۳۶۔ پھر ہم نے سب کو ہلاک کر دیا۔
۱۳۷۔ اور تم دن کو بھی ان (بستیوں) سے گزرتے رہتے ہو،☆

۱۲۳۔ حضرت الیاس علیہ السلام انبیائے بنی اسرائیل میں سے تھے اور حضرت سلیمان علیہ السلام کے بعد مبعوث ہوئے۔ جب بنی اسرائیل میں بت پرستی عام ہونا شروع ہو گئی تو حضرت الیاسؑ نے اس بت پرستی کے خلاف قیام کیا، مگر جو بت پرستی بنی اسرائیل کے بادشاہوں کے گھروں سے شروع ہوئی تھی، ختم نہیں ہوئی۔
۱۲۵۔ بعل کے معنی بلندی کے ہیں۔ اسی سے اس درخت کو بعل کہتے ہیں جو بلند ہو گیا ہو اور اپنی جڑوں کے ذریعے پانی جذب کرتا ہو۔ باب زکوٰۃ میں ہے:... اذا کانت سیحاً او بعلاً العشر (حدیث) اسی سے سردار اور مالک کو بھی بعل کہتے ہیں۔ اسی لیے شوہر کو بھی بعل کہتے ہیں۔ قدیم بت پرستوں نے اپنے ایک خاص بت کو بعل کا نام دیا تھا۔ خصوصاً لبنان، شام اور فلسطین کے علاقوں میں بعل پرستی عام تھی۔ ممکن ہے لبنان کا قدیم شہر بعلبك اسی بت سے منسوب ہو۔ بعل بت کو اور بلك جائے اجتماع، یعنی شہر کو کہتے ہیں۔ چنانچہ مکے کو قرآن میں بکہ بھی کہا گیا ہے۔
۱۳۰۔ آل یٰسین سے مراد آل محمدؐ ہیں۔ ملاحظہ ہو صواعق محرقہ باب ۱۱۔
۱۳۲۔ حضرت الیاس (ع) کو یہودیوں نے ان کی زندگی میں تکذیب کی اذیت پہنچائی، لیکن زندگی کے بعد انہیں ضرورت سے زیادہ ماننے لگے اور یہ عقیدہ عام ہو گیا کہ انہیں زندہ آسمان پر اٹھا لیا گیا ہے، پھر وہ دنیا میں دوبارہ آئیں گے۔
۱۳۵۔ یہ حضرت لوط علیہ السلام کی بیوی ہے جو ایک رسول کی بیوی ہونے کے باوجود اپنے شوہر کو چھوڑ کر اپنی قوم کا ساتھ دینے کو ترجیح دے رہی تھی۔ چنانچہ قوم کے ساتھ ہلاک ہو گئی۔
۱۳۷۔۱۳۸ اہل مکہ شام اور فلسطین جاتے ہوئے قوم لوط کے تباہ شدہ علاقوں سے گزرا کرتے تھے۔

ع ٢ ٢٥ ٨ وَبِالَّيۡلِ ؕ اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۱۳۸﴾

وَاِنَّ يُوۡنُسَ لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۱۳۹﴾ ؕ

اِذۡ اَبَقَ اِلَى الۡفُلۡكِ الۡمَشۡحُوۡنِ ﴿۱۴۰﴾ ۙ

فَسَاهَمَ فَكَانَ مِنَ الۡمُدۡحَضِيۡنَ ﴿۱۴۱﴾ ۚ

فَالۡتَقَمَهُ الۡحُوۡتُ وَهُوَ مُلِيۡمٌ ﴿۱۴۲﴾

فَلَوۡلَاۤ اَنَّهٗ كَانَ مِنَ الۡمُسَبِّحِيۡنَ ﴿۱۴۳﴾ ۙ

لَلَبِثَ فِىۡ بَطۡنِهٖۤ اِلٰى يَوۡمِ

الصف يُبۡعَثُوۡنَ ﴿۱۴۴﴾ ۚ

فَنَبَذۡنٰهُ بِالۡعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيۡمٌ ﴿۱۴۵﴾ ۚ

وَاَنۡۢبَتۡنَا عَلَيۡهِ شَجَرَةً مِّنۡ

يَّقۡطِيۡنٍ ﴿۱۴۶﴾ ۚ

وَاَرۡسَلۡنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلۡفٍ اَوۡ

يَزِيۡدُوۡنَ ﴿۱۴۷﴾ ۚ

فَاٰمَنُوۡا فَمَتَّعۡنٰهُمۡ اِلٰى حِيۡنٍ ﴿۱۴۸﴾ ؕ

فَاسۡتَفۡتِهِمۡ اَلِرَبِّكَ الۡبَنَاتُ وَلَهُمُ

الۡبَنُوۡنَ ﴿۱۴۹﴾ ۙ

اَمۡ خَلَقۡنَا الۡمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمۡ

شٰهِدُوۡنَ ﴿۱۵۰﴾

اَلَاۤ اِنَّهُمۡ مِّنۡ اِفۡكِهِمۡ

لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۱۵۱﴾ ۙ

وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۱۵۲﴾

اَصۡطَفَى الۡبَنَاتِ عَلَى الۡبَنِيۡنَ ﴿۱۵۳﴾ ؕ

مَا لَكُمۡ ۟ كَيۡفَ تَحۡكُمُوۡنَ ﴿۱۵۴﴾

۱۳۸۔ اور رات کو بھی، تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟ ☆

۱۳۹۔ اور یونس بھی یقیناً پیغمبروں میں سے تھے۔

۱۴۰۔ جب وہ بھری ہوئی کشتی کی طرف بھاگے۔ ☆

۱۴۱۔ پھر قرعہ ڈالا تو وہ مات کھانے والوں میں سے ہوئے۔ ☆

۱۴۲۔ پھر مچھلی نے انہیں نگل لیا اور وہ (اپنے آپ کو) ملامت کر رہے تھے۔ ☆

۱۴۳۔ پھر اگر وہ تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے، ☆

۱۴۴۔ تو قیامت تک اس مچھلی کے پیٹ میں رہ جاتے۔

۱۴۵۔ اور ہم نے بیمار حالت میں انہیں چٹیل میدان میں پھینک دیا۔ ☆

۱۴۶۔ اور ہم نے ان پر کدو کی بیل اگائی۔ ☆

۱۴۷۔ اور ہم نے انہیں ایک لاکھ یا اس سے زائد لوگوں کی طرف بھیجا۔

۱۴۸۔ پھر وہ ایمان لے آئے تو ہم نے ایک وقت تک انہیں متاع حیات سے نوازا۔ ☆

۱۴۹۔ پس آپ ان سے پوچھیں: کیا تمہارے رب کے لیے تو بیٹیاں ہوں اور ان کے لیے بیٹے ہوں؟ ☆

۱۵۰۔ کیا ہم نے فرشتوں کو جب مؤنث بنایا تو وہ دیکھ رہے تھے؟ ☆

۱۵۱۔ آگاہ رہو! یہ لوگ اپنی طرف سے گھڑ کر کہتے ہیں،

۱۵۲۔ کہ اللہ نے اولاد پیدا کی اور یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں۔

۱۵۳۔ کیا اللہ نے بیٹوں کی جگہ بیٹیوں کو پسند کیا؟

۱۵۴۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم کیسے فیصلے کرتے ہو؟

۱۴۰۔ اَبَقَ: غلام کا اپنے آقا سے بھاگ جانے کو اباق کہتے ہیں. چونکہ حضرت یونس نے اپنی قوم کو چھوڑنے میں جلدی کی تھی، اس لیے ان کو اَبَقَ کے لفظ سے یاد کیا گیا۔ لفظ مشحون سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت یونسؑ جس کشتی پر سوار تھے، اس پر گنجائش سے زیادہ افراد بیٹھے ہوئے تھے۔

۱۴۱۔ تمام مسافرین کو غرق ہونے کا خطرہ لاحق ہوا تو قرعہ ڈالا گیا کہ جس کا نام قرعہ میں نکلے اسے پانی میں پھینک دیا جائے۔ چنانچہ قرعہ حضرت یونسؑ کے نام نکل آیا اور انہیں سمندر میں پھینک دیا گیا۔

۱۴۲۔ ایک مچھلی نے انہیں نگل لیا اور وہ اپنی قوم کو جلدی ترک کرنے کی وجہ سے ملامت زدہ تھے۔

۱۴۳۔ اس تسبیح کا ذکر سورۂ انبیاء آیت ۸۷ میں آیا ہے: فَنَادٰى فِى الظُّلُمٰتِ اَنۡ لَّاۤ اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَكَ ۖ اِنِّىۡ كُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِيۡنَ ۔

۱۴۵۔ چنانچہ مچھلی نے اللہ کے حکم سے حضرت یونس (ع) کو ایک بے آب و گیاہ ساحل پر اگل دیا۔

۱۴۶۔ يَّقۡطِيۡنٍ ایسے درخت کو کہتے ہیں جو تنے پر کھڑا نہ ہو اور بیل کی شکل میں ہو۔ جیسے کدو، خربوزہ وغیرہ۔ بعض مفسرین تصریح کرتے ہیں کہ يَّقۡطِيۡنٍ سے مراد کدو ہے۔ یہ درخت حضرت یونسؑ کے لیے سائے اور کھانے پینے کا کام دیتا تھا۔

۱۴۸۔ حضرت یونسؑ ان واقعات کے بعد جب اپنی قوم کی طرف واپس آ گئے تو دیکھا کہ جو قوم ان کی ہجرت کے وقت بت پرست تھی، وہ آج خدا پرست بن گئی ہے۔ تفصیل سورۂ یونس میں ملاحظہ فرمائیں۔

۱۴۹۔ مشرکین مکہ کا یہ عقیدہ تھا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں جب کہ یہی مشرکین بیٹیوں کو اپنے لیے عار و ننگ سمجھتے تھے۔ خود ان کے عقیدے کے مطابق یہ سوال اٹھایا گیا کہ اللہ کے لیے بیٹیاں اور تمہارے لیے بیٹے؟

۱۵۰۔ اس عقیدے کا مدرک کیا ہے؟ اس کے دو مدارک قابل تصور ہیں: یا خود ان لوگوں نے مشاہدہ کیا ہو۔ یہ اس صورت میں ممکن ہے کہ اللہ نے ان کے سامنے فرشتوں کو بیٹیاں خلق کیا ہو۔ دوسری صورت یہ ہو سکتی ہے کہ خود اللہ نے فرمایا ہو کہ ان کو میں نے بیٹیاں خلق کیا ہے۔ یہ اس صورت

میں ممکن ہے کہ ان پر اللہ کی طرف سے کوئی کتاب نازل ہوئی ہو۔

۱۵۸۔ وہ فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں قرار دیتے تھے اور جنوں کو ان کی مائیں۔ اس طرح نسب سے مراد ہر نسبت لی جا سکتی ہے۔

۱۶۴۔ یعنی اللہ کی اولاد ہونا تو دور کی بات ہے ہم تو اپنے مقررہ رتبے سے ایک ذرہ برابر بھی آگے نہیں جا سکتے۔

چونکہ فرشتے انسانوں کی طرح نہیں ہیں بلکہ انہیں جس کام کے لیے اللہ نے متعین کیا ہے اسی پر کاربند رہتے ہیں۔ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ (تحریم:۶) عصیان و نافرمانی کی یہاں کوئی گنجائش نہیں ہے۔

۱۶۵۔ ہم اللہ کے احکام کے انتظار میں صف بستہ رہتے ہیں کہ تدبیر عالم کے بارے میں جو بھی حکم صادر ہوتا ہے اس کی فوری تعمیل ہو جاتی ہے۔

۱۷۱۔ وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا: کلمۃ یعنی اللہ کا حتمی فیصلہ اور یقینی وعدہ۔ اللہ تعالیٰ جب اپنے رسولوں کو ایک مقصد اور ایک منزل کا تعین کر کے اس کی طرف روانہ فرماتا ہے تو اس وقت اس بات کا فیصلہ بھی ہو چکا ہوتا ہے کہ مرسلین اپنے مشن میں کامیاب رہیں گے۔ اللہ ناکام ہونے والے مشن کی طرف نہیں بھیجتا۔ البتہ مرسلین کو اس کامیابی کے لیے انتہائی مشکلات کا مقابلہ کرنا ہوتا ہے۔ اللہ کے اس فیصلے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ بلا زحمت چشم زدن میں کامیابی مل جایا کرے گی۔

۱۷۳۔ غالب ہونے کا مطلب وہ نہیں جو وقتی نگاہ سے دیکھنے والے کو نظر آتا ہے کہ فرعون و نمرود کو جو بالادستی حاصل ہے وہ ابراہیم و موسیٰ علیہما السلام کو حاصل نہیں ہے۔ یزید کی وسیع حکومت قائم ہو جاتی ہے لیکن اس کے مقابلے میں حضرت امام حسین (ع) اور مدینے کے مہاجرین و انصار بے بس ہیں اور آج استعماری قوتوں کو بالادستی حاصل ہے اور حق کے ماننے والے تہی دست ہیں، بلکہ غالب آنے سے مراد یہ ہے کہ آج نمرود و فرعون کی طاقت خاک میں مل گئی، لیکن کرہ ارض پر ابراہیم و موسیٰ علیہما السلام زندہ ہیں۔ ابوجہل تاریخ کی تاریک تہوں میں دفن ہو گیا مگر عبداللہ کے یتیم کا بول بالا ہے۔ یزید کا نام داخل دشنام ہے جبکہ حسینؑ کا نام فاتحین میں سرفہرست ہے۔

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۱۵۵﴾

اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵۶﴾

فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۵۷﴾

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾

اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾

فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾

اِلَّا مَنْ هُوَ صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾

وَمَا مِنَّآ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾

وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾

وَاِنَّا لَنَحْنُ الْمُسَبِّحُوْنَ ﴿۱۶۶﴾

وَاِنْ كَانُوْا لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۱۶۷﴾

لَوْ اَنَّ عِنْدَنَا ذِكْرًا مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶۸﴾

لَكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۹﴾

فَكَفَرُوْا بِهٖ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۷۰﴾

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۷۱﴾

اِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُوْرُوْنَ ﴿۱۷۲﴾

وَاِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾

۱۵۵۔ کیا تم غور نہیں کرتے؟

۱۵۶۔ یا تمہارے پاس کوئی واضح دلیل ہے؟

۱۵۷۔ پس اپنی کتاب پیش کرو اگر تم سچے ہو.

۱۵۸۔ اور انہوں نے اللہ میں اور جنوں میں رشتہ بنا رکھا ہے، حالانکہ جنات کو علم ہے کہ وہ (اللہ کے سامنے) حاضر کیے جائیں گے۔☆

۱۵۹۔ اللہ ان کے ہر بیان سے پاک ہے،

۱۶۰۔ سوائے اللہ کے مخلص بندوں کے (جو ایسی بات منسوب نہیں کرتے)۔

۱۶۱۔ پس یقیناً تم اور جنہیں تم پوجتے ہو،

۱۶۲۔ سب مل کر اللہ کے خلاف (کسی کو) بہکا نہیں سکتے،

۱۶۳۔ سوائے اس کے جو جہنم میں جھلسنے والا ہے۔

۱۶۴۔ اور (ملائکہ کہتے ہیں) ہم میں سے ہر ایک کے لیے مقام مقرر ہے،☆

۱۶۵۔ اور ہم ہی صف بستہ رہتے ہیں،☆

۱۶۶۔ اور ہم ہی تسبیح کرنے والے ہیں۔

۱۶۷۔ اور یہ لوگ کہا تو کرتے تھے:

۱۶۸۔ اگر ہمارے پاس اگلوں سے کوئی نصیحت آ جاتی،

۱۶۹۔ تو ہم اللہ کے مخلص بندے ہوتے۔

۱۷۰۔ لیکن (اب) اس کا انکار کیا لہٰذا عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

۱۷۱۔ اور تحقیق ہمارے بندگان مرسل سے ہمارا یہ وعدہ ہو چکا ہے۔☆

۱۷۲۔ یقیناً وہ مدد کیے جانے والے ہیں،

۱۷۳۔ اور یقیناً ہمارا لشکر ہی غالب آ کر رہے گا۔☆

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٤﴾
وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٥﴾
اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٧٦﴾
فَاِذَا نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ
الْمُنْذَرِيْنَ ﴿١٧٧﴾
وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿١٧٨﴾
وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿١٧٩﴾
سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا
يَصِفُوْنَ ﴿١٨٠﴾
وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٨١﴾
ع ٥ ٩ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٨٢﴾

﴿٣٨ سُوْرَةُ صٓ مَكِّيَّةٌ ٨٨﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِي الذِّكْرِ ﴿١﴾
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّ
شِقَاقٍ ﴿٢﴾
كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ
فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿٣﴾
وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ
مِّنْهُمْ ۫ وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا
سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿٤﴾
اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ اِنَّ
هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ ﴿٥﴾

۱۷۴۔ لہٰذا آپ ایک مدت تک ان سے منہ پھیر لیں۔

۱۷۵۔ اور انہیں دیکھتے رہیں کہ عنقریب یہ خود بھی دیکھ لیں گے۔☆

۱۷۶۔ کیا یہ ہمارے عذاب میں عجلت چاہ رہے ہیں؟

۱۷۷۔ پس جب یہ (عذاب) ان کے دالان میں اترے گا تو تنبیہ شدگان کی صبح بہت بری ہو گی۔

۱۷۸۔ اور آپ ایک مدت تک ان سے منہ پھیر لیں۔

۱۷۹۔ اور دیکھتے رہیں عنقریب یہ خود بھی دیکھ لیں گے۔

۱۸۰۔ آپ کا رب جو عزت کا مالک ہے ان باتوں سے پاک ہے جو یہ بیان کرتے ہیں.

۱۸۱۔ اور پیغمبروں پر سلام ہو۔

۱۸۲۔ اور ثنائے کامل اس اللہ کے لیے ہے جو عالمین کا پروردگار ہے۔

سورہ ص۔ مکی ۔ آیات ۸۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ صاد، قسم ہے اس قرآن کی جو نصیحت والا ہے۔

۲۔ مگر جنہوں نے (اس کا) انکار کیا وہ غرور اور مخالفت میں ہیں۔

۳۔ ان سے پہلے ہم کتنی قوموں کو ہلاک کر چکے ہیں پھر (جب ہلاکت کا وقت آیا تو) فریاد کرنے لگے مگر وہ بچنے کا وقت نہیں تھا۔

۴۔ اور انہوں نے اس بات پر تعجب کیا کہ خود انہی میں سے کوئی تنبیہ کرنے والا آیا اور کفار کہتے ہیں: یہ جھوٹا جادوگر ہے.☆

۵۔ کیا اس نے بہت سے معبودوں کی جگہ صرف ایک معبود بنا لیا؟ یہ تو یقیناً بڑی عجیب چیز ہے۔☆

۱۷۵۔ اور چشم عالم نے دیکھ لیا کہ اس آیت کے نزول کے چند سال بعد رسول اسلامؐ فاتح بن کر مکے میں داخل ہو گئے اور یہ لوگ یا تو نابود ہو گئے یا اگر موجود تھے تو طلقاء (آزاد شدہ) کے طور پر زندہ رہے اور انہیں کچھ بیت المال سے مل بھی جاتا تھا تو مؤلفۃ القلوب کی مد سے۔ یوں وہ اسلام کی طرف سے خیرات کھاتے رہے۔

سورہ صٓ

اس سورہ کی ابتدائی آیات کے شان نزول میں روایت ہے کہ ابوجہل اور ابوسفیان کی معیت میں قریش کی ایک جماعت حضرت ابوطالبؑ کے پاس آئی اور کہنے لگی: ہم آپ سے انصاف کی بات کرنے آئے ہیں۔ آپ کا بھتیجا ہمیں ہمارے دین پر چھوڑے اور ہمارے خداؤں کو کچھ نہ کہے تو ہم بھی اس کو اس کے دین پر چھوڑ دیتے ہیں۔ حضرت ابوطالبؑ نے رسول اللہ (ص) سے ان کی باتوں کا ذکر کیا تو آپؐ نے جواب میں فرمایا: کیا وہ ایک کلمہ کہنے کے لیے تیار ہیں؟ جس کی بدولت وہ عربوں پر حکمرانی کریں اور ان کی گردنیں ان کے سامنے جھک جائیں؟ وہ کہنے لگے: اگر ایک کلمہ سے عربوں پر حکمرانی کرنے کا موقع ملتا ہے تو ہم کہہ لیں گے۔ وہ کون سا کلمہ ہے؟ آپؐ نے فرمایا: لا الہ الا اللہ۔ پس یہ سن کر وہ سب اٹھ کر چلے گئے اور وہی باتیں کیں جو اس سورے کی ابتدا میں مذکور ہیں۔

۴۔ جس پر اس شخص کا جادو چل جاتا ہے، وہ کسی نقصان کی پرواہ نہیں کرتا۔ تمام مفادات حتیٰ کہ وطن سے بھی ہاتھ اٹھا لیتا ہے۔

۵۔ بے شمار معبودوں کی جگہ صرف ایک معبود؟ کیسی عجیب بات ہے۔ زندگی کی ہر ضرورت کے لیے الگ الگ معبود ہوا کرتا ہے۔ تمام ضروریات کے لیے صرف ایک معبود ہماری ثقافت میں ایک نامانوس لفظ ہے۔ واضح رہے مشرکین زندگی کے ہر شعبے کے لیے ایک معبود سے اپنی توقعات وابستہ رکھتے اور اس کی پوجا کرتے تھے۔

وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓى اٰلِهَتِكُمْ ۚ اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ يُّرَادُ ۚ ٦

٦۔ اور ان میں سے قوم کے سرکردہ لوگ یہ کہتے ہوئے چل پڑے: چلتے رہو اور اپنے معبودوں پر قائم رہو، اس چیز میں یقیناً کوئی غرض ہے۔☆

مَا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِي الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ ۚ اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۚ ٧

٧۔ ہم نے کبھی یہ بات کسی پچھلے مذہب سے بھی نہیں سنی، یہ تو صرف ایک من گھڑت (بات) ہے۔☆

ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۭ ٨

٨۔ کیا ہمارے درمیان اسی پر یہ ذکر نازل کیا گیا؟ درحقیقت یہ لوگ میرے ذکر پر شک کر رہے ہیں بلکہ ابھی تو انہوں نے عذاب چکھا ہی نہیں ہے۔☆

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَاۗىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۚ ٩

٩۔ کیا ان کے پاس تیرے غالب آنے والے فیاض رب کی رحمت کے خزانے ہیں؟

اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۡ فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ١٠

١٠۔ یا آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب پر ان کی حکومت ہے؟ (اگر ایسا ہے) تو (آسمان کے) راستوں پر چڑھ دیکھیں۔☆

جُنْدٌ مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ١١

١١۔ یہ لشکروں میں سے ایک چھوٹا لشکر ہے جو اسی جگہ شکست کھانے والا ہے۔☆

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ۙ ١٢

١٢۔ ان سے پہلے نوح اور عاد کی قوم اور میخوں والے فرعون نے تکذیب کی تھی۔☆

وَثَمُوْدُ وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْــَٔيْكَةِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ الْاَحْزَابُ ١٣

١٣۔ اور ثمود اور لوط کی قوم اور ایکہ والوں نے بھی اور یہ ہیں وہ بڑا لشکر۔

اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ١٤

١٤۔ ان میں سے ہر ایک نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرا عذاب لازم ہو گیا۔

وَمَا يَنْظُرُ هٰٓؤُلَاۗءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا مِنْ فَوَاقٍ ١٥

١٥۔ اور یہ لوگ صرف ایک چیخ کے منتظر ہیں جس کے ساتھ کوئی مہلت نہیں ہو گی۔☆

٦۔ رسول خداؐ کی طرف سے کلمۂ توحید کی پیش کش سن کر یہ لوگ یہ کہتے ہوئے اٹھ گئے: یہ تو کچھ عزائم رکھتا ہے۔ یہ خود ہم پر حکمرانی کرنا چاہتا ہے۔ کلمہ توحید کی دعوت کا مطلب یہ ہے کہ ہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تابع فرماں ہو جائیں۔

٧۔ یعنی اس دعوت کی کوئی بنیاد پچھلے ادیان میں بھی نہیں ملتی کہ صرف ایک ہی خدا پر اکتفا کرو۔

٨۔ فِيْ شَكٍّ مِّنْ ذِكْرِيْ: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ انہیں میرے ذکر کے بارے میں شک ہے، ورنہ خود محمد (ص) کو یہ لوگ اس سے پہلے امین کہتے تھے۔

١٠۔ خدا کی طرف سے عہدہ دینا خدا ہی کا کام ہے۔ ان کو کب اختیار دیا گیا کہ نبوت کس کو دی جائے اور کس کو نہ دی جائے؟ اگر ان لوگوں کا بس چلتا تو یہ آسمانی راستوں پر چڑھ کر یہ کوشش کرتے کہ جس کو ہم نبوت دینا چاہتے ہیں اس پر وحی نہ ہو۔

١١۔ آسمانی راستوں پر اس وقت یہ کیا چڑھیں گے؟ یہ لوگ تو ایک دن اسی جگہ یعنی مکے میں شکست کھانے والا چھوٹا سا لشکر ثابت ہوں گے۔ واضح رہے کہ قرآن اس وقت مشرکین مکہ کو جند مھزوم شکست خوردہ لشکر کہہ رہا ہے، جبکہ مسلمان نہایت اقلیت میں تھے اور دشمن اکثریت میں اور طاقتور تھا۔

١٢۔ یعنی نہایت طاقتور یا میخوں کے ذریعے عذاب دینے والا۔

١٥۔ فَوَاقٍ: رجوع اور تھوڑی سی مہلت کو کہتے ہیں۔ یعنی ان مشرکین کے خاتمہ کے لیے ایک ہی صیحہ یعنی کڑکا کافی ہے۔ پھر انہیں مہلت نہیں ملے گی۔

وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ
يَوْمِ الْحِسَابِ ⑯
اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ
عَبْدَنَا دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ
اَوَّابٌ ⑰
اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ
بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ⑱
وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ⑲
وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ
وَفَصْلَ الْخِطَابِ ⑳
وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ وقف لازم
تَسَوَّرُوا الْمِحْرَابَ ㉑
اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ مِنْهُمْ
قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى
بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا
بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى
سَوَآءِ الصِّرَاطِ ㉒
اِنَّ هٰذَآ اَخِيْ ۫ لَهٗ تِسْعٌ وَّتِسْعُوْنَ
نَعْجَةً وَّلِيَ نَعْجَةٌ وَّاحِدَةٌ ۫ فَقَالَ
اَكْفِلْنِيْهَا وَعَزَّنِيْ فِي
الْخِطَابِ ㉓
قَالَ لَقَدْ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ
نَعْجَتِكَ اِلٰى نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ كَثِيْرًا

۱۶۔ اور وہ (از روئے تمسخر) کہتے ہیں: اے ہمارے رب! ہمارا (عذاب کا) حصہ ہمیں حساب کے دن سے پہلے دے دے۔☆
۱۷۔ (اے رسول) جو یہ کہتے ہیں اس پر صبر کیجیے اور (ان سے) ہمارے بندے داؤد کا قصہ بیان کیجیے جو طاقت کے مالک اور (اللہ کی طرف) بار بار رجوع کرنے والے تھے۔☆
۱۸۔ ہم نے ان کے لیے پہاڑوں کو مسخر کیا تھا، یہ صبح وشام ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے۔
۱۹۔ اور پرندوں کو بھی (مسخر کیا)، یہ سب اکٹھے ہوکر ان کی طرف رجوع کرنے والے تھے☆
۲۰۔ اور ہم نے ان کی سلطنت مستحکم کر دی اور انہیں حکمت عطا کی اور فیصلہ کن گفتار (کی صلاحیت) دے دی۔☆
۲۱۔ اور کیا آپ کے پاس مقدمے والوں کی خبر پہنچی ہے جب وہ دیوار پھاند کر محراب میں داخل ہوئے؟
۲۲۔ جب وہ داؤد کے پاس آئے تو وہ ان سے گھبرا گئے، انہوں نے کہا: خوف نہ کیجیے، ہم نزاع کے دو فریق ہیں، ہم میں سے ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے لہٰذا آپ ہمارے درمیان برحق فیصلہ کیجیے اور بے انصافی نہ کیجیے اور ہمیں سیدھا راستہ دکھا دیجیے۔☆
۲۳۔ یہ میرا بھائی ہے، اس کے پاس ننانوے دنبیاں ہیں اور میرے پاس صرف ایک دنبی ہے، یہ کہتا ہے کہ اسے میرے حوالے کرو اور گفتگو میں مجھ پر دباؤ ڈالتا ہے۔
۲۴۔ داؤد کہنے لگے: تیری دنبی اپنی دنبیوں کے ساتھ ملانے کا مطالبہ کرکے یقیناً یہ تجھ پر ظلم کرتا ہے اور اکثر شریک ایک دوسرے

۱۶۔ وہ نبی سے ازراہ تمسخر کہتے ہیں: یوم الحساب کے عذاب سے ہمیں کیا ڈراتے ہو، جو معلوم نہیں کب آنے والا ہے۔ تو اگر سچا ہے تو یوم الحساب والا عذاب، جو ہم پر آنے والا ہے، وہ فوری آ جائے۔
۱۷۔ طاقت کے مالک سے مراد ممکن ہے جسمانی طاقت ہو۔ جیسا کہ طاغوت کے مقابلے میں آپ نے اپنی طاقت کا مظاہرہ کیا اور ممکن ہے روحانی طاقت مراد ہو۔
ذَا الْاَيْدِ: یعنی قوت والا۔ وہ روحانی اور جسمانی قوت کے مالک تھے۔
اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ: بار بار رجوع سے مراد عبادت ہے۔ چنانچہ احادیث میں آیا ہے کہ حضرت داؤدؑ سب سے زیادہ عبادت گزار تھے۔
۱۹۔ اس موضوع کی تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورہ انبیاء آیت ۷۹۔
۲۰۔ یعنی گفتگو میں پیچیدگی نہیں ہوتی تھی۔ دو ٹوک الفاظ میں بات کرتے تھے۔ بعض نے کہا ہے: فَصْلَ الْخِطَابِ سے مراد زبور ہے۔ حکمت حقائق کا فہم اور ادراک کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔
۲۲۔ حضرت داؤدؑ کی خلوت گاہ میں دیوار پھاند کر دو افراد پہنچے تو حضرت داؤد (ع) کا گھبرانا قدرتی بات تھی۔
۲۴۔ فیصلہ سنانے کے بعد حضرت داؤد (ع) فوراً سمجھ گئے کہ یہ کسی نزاع کا مسئلہ نہ تھا، بلکہ میری آزمائش کے لیے ایک ڈرامائی صورت تھی جو فرشتوں نے صرف مجھے آزمانے کے لیے پیش کی تھی۔ اگر یہ خطا کسی حقیقی نزاع کی قضاوت کے بارے میں ہوتی تو سچ مچ قابل سرزنش تھی، لیکن یہ تو ایک تمثیلی نزاع کے بارے میں تھی۔ وہ خطا جو حضرت داؤد (ع) سے سرزد ہوئی، کیا تھی؟ اس بارے میں روایات اور مفسرین میں بہت اختلاف ہے۔ حضرت امام رضا علیہ السلام سے مروی ایک روایت کے مطابق ان کی خطا یہ تھی کہ ان کو خیال ہوا کہ شاید ان سے زیادہ علم رکھنے والا کوئی نہیں ہے۔ اس پر حضرت داؤدؑ کی آزمائش کے لیے دو فرشتے آئے۔

مِّنَ الْخُلَطَآءِ لَيَبْغِيْ بَعْضُهُمْ عَلٰى
بَعْضٍ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ وَقَلِيْلٌ مَّا هُمْ ؕ وَظَنَّ
دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ
وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿٢٤﴾
فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا
لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾
يٰدَاوٗدُ اِنَّا جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى
الْاَرْضِ فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ
بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى فَيُضِلَّكَ
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ
يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ
عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ
الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾ ع ٢ ١٢
وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ وَالْاَرْضَ وَمَا
بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ ظَنُّ الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنَ النَّارِ ؕ ﴿٢٧﴾
اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِى
الْاَرْضِ ۫ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ
كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾
كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ

پر زیادتی کرتے ہیں سوائے ان لوگوں کے جو ایمان رکھتے ہیں اور نیک اعمال بجالاتے ہیں اور ایسے لوگ تھوڑے ہوتے ہیں، پھر داؤد کو خیال آیا کہ ہم نے انہیں آزمایا ہے چنانچہ انہوں نے اپنے رب سے معافی مانگی اور عاجزی کرتے ہوئے جھک گئے اور (اللہ کی طرف) رجوع کیا۔☆

۲۵۔ پس ہم نے ان کی اس بات کو معاف کیا اور یقیناً ہمارے نزدیک ان کے لیے تقرب اور بہتر بازگشت ہے۔

۲۶۔ اے داؤد! ہم نے آپ کو زمین میں خلیفہ بنایا ہے لہٰذا لوگوں میں حق کے ساتھ فیصلہ کریں اور خواہش کی پیروی نہ کریں، وہ آپ کو اللہ کی راہ سے ہٹا دے گی، جو اللہ کی راہ سے بھٹکتے ہیں ان کے لیے یوم حساب فراموش کرنے پر یقیناً سخت عذاب ہوگا۔☆

۲۷۔ اور ہم نے آسمان اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے کو بے مقصد پیدا نہیں کیا، یہ کفار کا گمان ہے، ایسے کافروں کے لیے آتش جہنم کی تباہی ہے۔

۲۸۔ کیا ہم ایمان لانے اور اعمال صالح بجا لانے والوں کو زمین میں فساد پھیلانے والوں کی طرح قرار دیں یا اہل تقویٰ کو بدکاروں کی طرح قرار دیں؟☆

۲۹۔ یہ ایک ایسی بابرکت کتاب ہے جو ہم نے آپ کی طرف نازل کی ہے تاکہ لوگ

حضرت داؤدؑ نے مدعی کا بیان سنتے ہی اس کے حق میں فیصلہ دے دیا اور مدعی سے گواہ طلب نہ کیا۔ یہ عمل اللہ کو پسند نہ آیا۔

بعض حضرات جو روایت نقل کرتے ہیں کہ حضرت داؤدؑ اوریا کی بیوی پر عاشق ہوگئے اور اوریا کو جنگ میں بھیج کر مروایا، پھر اس سے شادی کی، ایک نبی پر صریح بہتان ہے۔ اس روایت کے بارے میں حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: جو یہ روایت بیان کرے، میں اسے ایک سو ساٹھ کوڑے ماروں گا، جو انبیاء پر بہتان تراشی کی سزا ہے۔ (زبدۃ التفاسیر ۶: ۲۳)

۲۶۔ یعنی زمین پر اللہ کا خلیفہ۔ جو بھی ہستی زمین پر اللہ کا خلیفہ ہے، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ اپنے میں اللہ کا اخلاق پیدا کرے۔ اس میں سب سے پہلا فریضہ لوگوں کے درمیان برحق فیصلہ کرنا ہے۔ یعنی لوگوں کو انصاف فراہم کرنا اللہ کے نمایندوں کا سب سے پہلا فریضہ ہے۔

وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى: انصاف کی فراہمی میں سب سے بڑی رکاوٹ خواہشات کی پیروی کرنا ہے۔ ایک خواہش پرست جج انصاف نہیں دے سکتا۔

۲۸۔ اگر ان قدروں کو تسلیم نہ کیا جائے اور نیکی بجا لانے والا برائی کا ارتکاب کرنے والے کے برابر ہو جائے اور اصلاح کا داعی مفسدوں کے مساوی ہو جائے تو کائنات کا پورا نظام عبث ہو کر رہ جاتا ہے اور انسان ایک کھلونا بن جاتا ہے۔ یہ تصور بذات خود انسانیت کی توہین ہے۔

آیت میں اس بات کی صراحت موجود ہے: یہ کام اللہ سے صادر نہ ہوگا کہ صالح اور فسادی، متقی اور بدکار ایک جیسے ہوں۔ کیونکہ ہر عاقل سمجھ لیتا ہے کہ ایسا کرنا اپنی جگہ ایک قبیح عمل ہے۔ یعنی شریعت سے ہٹ کر اپنی جگہ یہ قبیح ہے۔ جو شریعت کو نہیں مانتا وہ بھی اسے قبیح سمجھتا ہے۔ اسے قبح عقلی کہتے ہیں۔ آیت کی صراحت یہ ہے کہ اللہ اس قسم کے قبیح عمل کا ارتکاب نہیں کرتا۔ ایسا کرنا عدل کے خلاف ہے اور اللہ عادل ہے۔

لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ اُولُوا
الْاَلْبَابِ ﴿۲۹﴾
وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ سُلَيْمٰنَ ۭ نِعْمَ
الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۳۰﴾
اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ
الْجِيَادُ ﴿۳۱﴾
فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ حُبَّ الْخَيْرِ
عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى تَوَارَتْ
بِالْحِجَابِ ﴿۳۲﴾
رُدُّوْهَا عَلَيَّ ۭ فَطَفِقَ مَسْحًۢا
بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿۳۳﴾
وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰي
كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿۳۴﴾
قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ
مُلْكًا لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ
بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۳۵﴾
فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ تَجْرِيْ بِاَمْرِهٖ
رُخَاۗءً حَيْثُ اَصَابَ ﴿۳۶﴾
وَالشَّيٰطِيْنَ كُلَّ بَنَّاۗءٍ وَّغَوَّاصٍ ﴿۳۷﴾
وَّاٰخَرِيْنَ مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ ﴿۳۸﴾
هٰذَا عَطَاۗؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ
بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۳۹﴾
وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا لَزُلْفٰى وَحُسْنَ

اس کی آیات میں تدبر کریں اور صاحبان عقل اس سے نصیحت حاصل کریں۔

۳۰۔ اور ہم نے داؤد کو سلیمان عطا کیا جو بہترین بندے اور (اللہ کی طرف) خوب رجوع کرنے والے تھے۔

۳۱۔ جب شام کے وقت انہیں عمدہ تیز رفتار گھوڑے پیش کیے گئے،☆

۳۲۔ تو انہوں نے کہا: میں نے (گھوڑوں کے ساتھ ایسے) محبت کی جیسے خیر سے محبت کی جاتی ہے اور اپنے رب کے ذکر سے غافل ہو گیا یہاں تک کہ پردے میں چھپ گیا۔☆

۳۳۔ (بولے) انہیں میرے پاس واپس لے آؤ، پھر ان کی ٹانگوں اور گردنوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔☆

۳۴۔ اور ہم نے سلیمان کو آزمایا اور ان کے تخت پر ایک جسد ڈال دیا پھر انہوں نے (اپنے رب کی طرف) رجوع کیا۔☆

۳۵۔ کہا: میرے رب! مجھے معاف کر دے اور مجھے ایسی بادشاہی عطا کر جو میرے بعد کسی کے شایان شان نہ ہو، یقیناً تو بڑا عطا کرنے والا ہے۔

۳۶۔ پھر ہم نے ہوا کو ان کے لیے مسخر کر دیا، جدھر وہ جانا چاہتے ان کے حکم سے نرمی کے ساتھ اسی طرف چل پڑتی تھی۔☆

۳۷۔ اور ہر قسم کے معمار اور غوطہ خور شیاطین کو بھی (مسخر کیا)۔

۳۸۔ اور دوسروں کو بھی جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے تھے۔☆

۳۹۔ یہ ہماری عنایت ہے جس پر چاہو احسان کرو اور جس کو چاہو روک دو، اس کا کوئی حساب نہیں ہو گا۔☆

۴۰۔ اور ان کے لیے ہمارے ہاں یقیناً قرب

۳۱ تا ۳۳۔ سیاق آیت کے قریب تر معنی یہ ہیں کہ حضرت سلیمانؑ کو بندگانِ خدا میں ممتاز مقام حاصل تھا، کیونکہ وہ اللہ کی طرف خوب رجوع کرنے والے تھے۔ چنانچہ جب سدھائے ہوئے تیز رفتار گھوڑے پیش کیے گئے جو راہ خدا میں جہاد کے لیے آمادہ کیے گئے تھے تو ذکر خدا سے غافل ہو گئے۔ روایات کے مطابق اول وقت نکل گیا۔ یہاں تک کہ جب گھوڑوں کی دوڑ کرائی اور وہ نگاہ سے دور ہو گئے تو حضرت سلیمانؑ نے حکم دیا کہ گھوڑے ان کے پاس واپس لائے جائیں۔ پھر از روئے محبت ان گھوڑوں کی گردنوں اور پنڈلیوں پر ہاتھ پھیرنے لگے۔ یعنی انبیاء دنیا کی عمدہ چیزوں سے اگر محبت کرتے ہیں تو محض برائے خدا محبت کرتے ہیں۔ عمدہ گھوڑوں پر بھی رضائے الٰہی کی خواہش کے بغیر فریفتہ نہیں ہوتے۔

ممکن ہے توارت الصافنات بالحجاب مراد ہو، چنانچہ رُدُّوْهَا عَلَيَّ اس پر قرینہ ہے۔ اکثر مفسرین توارت الشمس مراد لیتے ہیں، جبکہ شمس پہلے مذکور نہیں ہے۔ صرف العشی کو قرینہ قرار دیتے ہیں جو ضعیف قرینہ ہے۔

۳۴۔ یہ بے روح جسد حضرت سلیمانؑ کے لیے کس طرح امتحان تھا؟ اس کی تفصیل معلوم نہیں ہے۔ روایات کے الفاظ و عبارات متضاد اور بعض اوقات غیر معقول ہیں۔ بعض لوگ اس جسد سے ان کے ولی عہد رَحبعام کو مراد لیتے ہیں جو ان کے بعد حکومت چلانے میں بری طرح ناکام ہو گیا۔ یہ سیاق آیت سے کسی طرح بھی ہم آہنگ نہیں ہے۔

۳۶۔ حضرت سلیمانؑ کے لیے تسخیر ہوا کے بارے میں حاشیہ سورہ انبیاء آیت ۸۱ میں گزر چکا ہے۔ البتہ یہاں اس ہوا کے بارے میں فرمایا گیا کہ یہ نرمی سے چلتی تھی۔ نرمی سے مراد یہ ہے کہ ہوا حضرت سلیمانؑ کے لیے مسخر اور ان کے اختیار میں ہوتی تھی، ورنہ اپنی جگہ ہوا تیز چلتی تھی۔ جیسا کہ سورہ انبیاء آیت ۸۱ میں فرمایا کہ یہ ہوا عاصفہ (تیز رفتار) تھی۔

۳۸۔ بعض شیاطین یعنی جنوں کو تعمیراتی امور اور غوطہ زنی پر مامور کیا گیا تھا اور بعض جنات جو فرمانبردار نہیں ہوئے تھے، پابند سلاسل کیے گئے تھے۔

۳۹۔ آیت سے یہ مفہوم ظاہر ہوتا ہے: شیاطین کو آپ

مَاٰبٍ ﴿۴۰﴾ ع

وَاذْكُرْ عَبْدَنَآ اَيُّوْبَ ۘ اِذْ نَادٰى رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّ عَذَابٍ ﴿۴۱﴾

اُرْكُضْ بِرِجْلِكَ ۚ هٰذَا مُغْتَسَلٌۢ بَارِدٌ وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾

وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اَهْلَهٗ وَ مِثْلَهُمْ مَّعَهُمْ رَحْمَةً مِّنَّا وَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۴۳﴾

وَخُذْ بِيَدِكَ ضِغْثًا فَاضْرِبْ بِّهٖ وَلَا تَحْنَثْ ۭ اِنَّا وَجَدْنٰهُ صَابِرًا ۭ نِعْمَ الْعَبْدُ ۭ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۴۴﴾

وَاذْكُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ اُولِي الْاَيْدِيْ وَ الْاَبْصَارِ ﴿۴۵﴾

اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى الدَّارِ ۚ ﴿۴۶﴾

وَ اِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ ۭ ﴿۴۷﴾

وَاذْكُرْ اِسْمٰعِيْلَ وَ الْيَسَعَ وَ ذَا الْكِفْلِ ۭ وَكُلٌّ مِّنَ الْاَخْيَارِ ﴿۴۸﴾

هٰذَا ذِكْرٌ ۭ وَاِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ لا

کے لیے مسخر کر دیا گیا۔ یہ اللہ کی ایک عنایت ہے۔ اب آپ ان شیاطین میں سے جسے چھوڑنا چاہیں یا اپنے پاس روکے رکھنا چاہیں، آپ کو اختیار ہے۔ اس بارے میں آپ سے پوچھا نہیں جائے گا۔

۴۱۔ شیاطین کی طرف سے عذاب اور تکلیف یہ تھی کہ شیطان کی یہ کوشش تھی کہ حضرت ایوبؑ سات سالہ بیماری کے نتیجے میں اللہ سے بدظن ہو جائیں۔ شیطان طرح طرح کے وسوسے ذہن میں ڈالتا تھا۔ اللہ کا برگزیدہ بندہ ہونے کی وجہ سے انہیں معلوم ہوتا تھا کہ یہ وسوسہ شیطان کی طرف سے ہے۔

۴۲۔ جب حضرت ایوبؑ کی آزمائش ختم ہوئی تو پاؤں زمین پر مارنے کا حکم ہوا۔ چنانچہ پاؤں زمین پر مارتے ہی چشمہ پھوٹا جس سے پانی پی کر اور نہا کر شفایابی ہوئی۔

۴۳۔ جنہوں نے انہیں چھوڑ دیا تھا وہ سب پلٹ آئے اور مزید اولاد عنایت ہوئی۔

۴۴۔ روایت کے مطابق حضرت ایوبؑ اپنی زوجہ کے کسی عمل پر برہم ہوئے اور قسم کھائی کہ اسے سو کوڑے ماریں گے۔ بعد میں جب وہ بے گناہ ثابت ہوئی تو پریشان ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ حکم ہوا کہ سوتنکوں والا ایک گچھا اسے مارو کہ تمہاری قسم بھی پوری ہو جائے اور اسے تکلیف بھی نہ ہو۔ یہ حکم حدود و تعزیرات کے لیے نظیر و نمونہ نہیں بنتا، بلکہ متعلقہ شخص کے بے گناہ ہونے کی صورت میں قانون کے ظاہری تحفظ کی صورت سے مختص ہے۔

۴۵۔ اُولِي الْاَيْدِيْ: طاقت والے۔ روایات کے مطابق اللہ کی عبادت بجا لانے میں طاقت اور قوت والے تھے۔ وَالْاَبْصَارِ بصیرت کی وجہ سے ان کو نبوت اور امامت کی منزل پر فائز کیا۔

۴۶۔ جس خصوصی امتیاز کی وجہ سے ہم نے ان کو برگزیدہ کیا وہ امتیاز یہ تھا کہ ان کے دل میں آخرت کی یاد تازہ رہتی تھی۔

۴۸۔ حضرت الیسع جنہیں عیسائی کتب میں الیشع کہا گیا ہے، حضرت الیاس علیہ السلام کے جانشین تھے اور دریائے اردن کے کنارے کسی مقام کے رہنے والے تھے۔ آپ نے بنی اسرائیل میں بت پرستی کے خلاف جہاد کیا۔

اور نیک انجام ہے۔

۴۱۔ اور ہمارے بندے ایوب کا ذکر کیجیے جب انہوں نے اپنے رب کو پکارا: شیطان نے مجھے تکلیف اور اذیت دی ہے۔☆

۴۲۔ (ہم نے کہا) اپنا پاؤں ماریں، یہ ہے ٹھنڈا پانی نہانے اور پینے کے لیے۔☆

۴۳۔ ہم نے انہیں اہل و عیال دیے اور ان کے ساتھ اتنے مزید دیے اپنی طرف سے رحمت اور عقل والوں کے لیے نصیحت کے طور پر۔☆

۴۴۔ (ہم نے کہا) اپنے ہاتھ میں ایک گچھا تھام لیں اور اسی سے ماریں اور قسم نہ توڑیں، ہم نے انہیں صابر پایا، وہ بہترین بندے تھے، بے شک وہ (اپنے رب کی طرف) رجوع کرنے والے تھے۔☆

۴۵۔ اور ہمارے بندوں ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کو یاد کیجیے جو طاقت اور بصیرت والے تھے۔☆

۴۶۔ ہم نے انہیں ایک خاص صفت کی بنا پر مخلص بنایا (وہ) دار (آخرت) کا ذکر ہے۔☆

۴۷۔ اور وہ ہمارے نزدیک یقیناً برگزیدہ نیک افراد میں سے تھے۔

۴۸۔ اور (اے رسول) اسماعیل اور یسع اور ذوالکفل کو یاد کیجیے، یہ سب نیک لوگوں میں سے ہیں۔☆

۴۹۔ یہ ایک نصیحت ہے اور تقویٰ والوں کے لیے یقیناً اچھا ٹھکانا ہے۔

جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ
الْاَبْوَابُ ﴿٥٠﴾
مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ
كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿٥١﴾
وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ
اَتْرَابٌ ﴿٥٢﴾
هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿٥٣﴾
اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿٥٤﴾
هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِيْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ﴿٥٥﴾
جَهَنَّمَ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ
الْمِهَادُ ﴿٥٦﴾
هٰذَا ۙ فَلْيَذُوْقُوْهُ حَمِيْمٌ وَّغَسَّاقٌ ﴿٥٧﴾
وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ﴿٥٨﴾
هٰذَا فَوْجٌ مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا
مَرْحَبًا بِهِمْ ؕ اِنَّهُمْ صَالُوا
النَّارِ ﴿٥٩﴾
قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۫ لَا مَرْحَبًا بِكُمْ ؕ
اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ لَنَا ۚ فَبِئْسَ
الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾
قَالُوْا رَبَّنَا مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ
عَذَابًا ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾
وَقَالُوْا مَا لَنَا لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا
نَعُدُّهُمْ مِّنَ الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ ؕ

۵۰۔ وہ دائمی جنتیں ہیں جن کے دروازے ان کے لیے کھلے ہوں گے۔☆
۵۱۔ ان میں وہ تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے اور بہت سے میوے اور مشروبات طلب کر رہے ہوں گے۔
۵۲۔ اور ان کے پاس نگاہیں نیچے رکھنے والی ہم عمر (بیویاں) ہوں گی۔☆
۵۳۔ یہ وہ بات ہے جس کا روز حساب کے لیے تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔
۵۴۔ یقیناً یہ ہمارا وہ رزق ہے جو ختم ہونے والا نہیں ہے۔☆
۵۵۔ یہ تو (اہل تقویٰ کے لیے) ہے اور سرکشوں کے لیے بدترین ٹھکانا ہے۔
۵۶۔ (یعنی) جہنم جس میں وہ جھلس جائیں گے، پس وہ بدترین بچھونا ہے۔
۵۷۔ یہ ہے کھولتا ہوا پانی اور پیپ جس کا ذائقہ وہ چکھیں،☆
۵۸۔ اور اس قسم کی مزید بہت سی چیزوں کا۔
۵۹۔ یہ ایک جماعت تمہارے ساتھ (جہنم میں) گھسنے والی ہے، ان کے لیے کوئی خیر مقدم نہیں ہے، یہ یقیناً آگ میں جھلسنے والے ہیں۔☆
۶۰۔ وہ کہیں گے: تمہارے لیے کوئی خیر مقدم نہیں ہے بلکہ تم ہی تو یہ (مصیبت) ہمارے لیے لائے ہو، پس کیسی بدترین جگہ ہے۔
۶۱۔ وہ کہیں گے: ہمارے پروردگارا! جس نے ہمیں اس انجام سے دوچار کیا ہے اسے آگ میں دگنا عذاب دے۔
۶۲۔ اور وہ کہیں گے: کیا بات ہے ہمیں وہ لوگ نظر نہیں آتے جنہیں ہم برے افراد میں شمار کرتے تھے؟☆

۵۰۔ ان کے دائمی جنت میں داخل ہونے کے لیے انتظار یا کسی کی اجازت کی ضرورت نہ ہوگی۔ ان کے لیے جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہوں گے۔
۵۲۔ یعنی اپنے شوہروں کے ہم سن بیویاں ہوں گی جو صرف اپنے شوہروں کی خوشنودی پر انحصار کرنے والی ہوں گی۔
۵۴۔ جنت میں رزق ختم ہونے کا تصور نہیں ہے۔ جنت کی زندگی کا تصور وہ نہ ہوگا جو دنیوی زندگی کا ہے۔ وہاں کا زمان و مکان اور پیمانے بالکل مختلف ہوں گے جو ہمارے لیے قابل تصور نہیں ہیں۔ شکم مادر میں جنین جس طرز زندگی سے آشنا ہے اس کے لیے دنیا کی طرز زندگی ناقابل تصور ہے۔
۵۷۔ غَسَّاقٌ کے ایک معنی پیپ کے ہیں۔ اہل لغت نے اس کے دوسرے معنی کا بھی ذکر کیا ہے یعنی انتہائی سرد۔ آیت کی ترکیب اس طرح ہے: هذا حميم و غساق فليذوقوه۔ یہاں غساق پیپ کے معنوں میں قرین مناسبت ہے۔
۵۹۔ اہل جہنم کے سردار جب اپنے مریدوں کے ایک ٹولے کو جہنم میں داخل ہوتا ہوا دیکھیں گے تو وہ اس ٹولے سے کہیں گے: تم پر خدا کی مار۔ وہ ٹولہ اپنے سرداروں سے کہے گا: خدا کی مار تم پر ہو۔ تم ہی نے تو ہمیں یہاں پہنچایا ہے۔
۶۲۔ جنہیں ہم دنیا میں حقیر اور نہایت گئے گزرے سمجھتے تھے وہ یہاں جہنم میں نظر نہیں آتے۔ یہاں تو صرف ہم اور ہمارے بڑے لوگ ہی موجود ہیں۔

اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ زَاغَتْ
عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾
اِنَّ ذٰلِكَ لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ
ع ٤ ١٣ النَّارِ ﴿٦٤﴾
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ
اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٦٥﴾
رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٦٦﴾
قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ﴿٦٧﴾
اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿٦٨﴾
مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَاِ
الْاَعْلٰٓى اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٦٩﴾
اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ اَنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ
مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾
اِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ
بَشَرًا مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾
فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ فِيْهِ مِنْ
رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿٧٢﴾
فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ
اَجْمَعُوْنَ ﴿٧٣﴾
اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ
الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾
قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ اَنْ

٦٣۔ کیا ہم یونہی ان کا مذاق اڑایا کرتے تھے یا اب (ہماری) آنکھیں انہیں نہیں دیکھ پاتیں؟

٦٤۔ یہ جہنمیوں کے باہمی جھگڑے کی حتمی بات ہے۔☆

٦٥۔ آپ کہہ دیجیے: میں تو صرف تنبیہ کرنے والا ہوں اور کوئی معبود نہیں سوائے اللہ کے جو واحد، قہار ہے۔☆

٦٦۔ وہ آسمان و زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا مالک ہے، وہ بڑا غالب آنے والا، بڑا معاف کرنے والا ہے۔

٦٧۔ کہہ دیجیے: یہ ایک بڑی خبر ہے،☆

٦٨۔ جس سے تم منہ پھیرتے ہو۔

٦٩۔ مجھے عالم بالا کا علم نہ تھا جب وہ (فرشتے) بحث کر رہے تھے۔☆

٧٠۔ میری طرف وحی محض اس لیے ہوتی ہے کہ میں نمایاں طور پر فقط تنبیہ کرنے والا ہوں۔

٧١۔ جب آپ کے رب نے فرشتوں سے فرمایا: میں مٹی سے ایک بشر بنانے والا ہوں۔

٧٢۔ پس جب میں اسے درست بنا لوں اور اس میں اپنی روح میں سے پھونک دوں تو اس کے لیے سجدے میں گر پڑنا۔

٧٣۔ چنانچہ تمام کے تمام فرشتوں نے سجدہ کیا،

٧٤۔ سوائے ابلیس کے جو اکڑ بیٹھا اور کافروں میں سے ہو گیا۔

٧٥۔ فرمایا: اے ابلیس! جسے میں نے اپنے دونوں ہاتھوں سے بنایا ہے اسے سجدہ کرنے

٦٤۔ جہنمیوں کا جھگڑا ایک حقیقت ہے۔ یہ ایک واضح سی بات ہے کہ ہر شکست خوردہ جماعت اپنی شکست اور رسوائی کے بعد آپس میں جھگڑتی ہے اور کامیابی حاصل کرنے والے آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ چنانچہ جنت والے آپس میں سلام سلام کر رہے ہوں گے اور جہنم والے آپس میں جھگڑ رہے ہوں گے۔

٦٥۔ آیت کا مرکزی نکتہ یہ ہے: معبود صرف اللہ ہے۔ اس زمانے کے مخاطب مشرکین کا یہ عقیدہ تھا کہ معبود صرف اللہ نہیں ہے اور بھی معبود ہیں۔ ان کے نزدیک معبود وہ ہوتا ہے جو کائنات کی تدبیر میں حصہ دار ہے۔ دوسرے لفظوں میں معبود وہ ہوتا ہے جو رَب کے مقام پر فائز ہے۔ رَب وہ ہوتا ہے جو کائنات کی تدبیر کرے۔ ان کی رد میں فرمایا: آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان جو کچھ ہے، سب کا رَب اللہ ہے، جو غالب آنے والا ہو کر بھی غفار ہے۔ قرآن تکراراً اس بات کی طرف انسانوں کی توجہ مبذول کراتا ہے کہ رَب وہ ہے جو خالق ہے۔ خلق اور تدبیر میں تفریق ممکن نہیں ہے۔

٦٧۔ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ سے مراد بعض کے نزدیک سابقہ آیات کا مضمون ہے، بعض کے نزدیک اس سے مراد قرآن ہے۔

٦٩۔ یعنی میرا واحد ذریعہ علم وحی ہے۔ اگر وحی نہ ہوتی تو مجھے عالم بالا کا علم نہ ہوتا کہ وہاں کس میں کس بات پر جھگڑا ہو رہا ہے۔ اس جھگڑے سے مراد ابلیس کا اللہ تعالیٰ کے ساتھ وہ جھگڑا ہے جس کا ذکر اگلی آیات میں آ رہا ہے۔

٧٥۔ بعض لوگوں نے اس آیت سے یہ مفہوم نکالا ہے کہ کچھ ہستیاں ایسی تھیں جن کا شمار عالین میں ہوتا ہے اور وہ سجدہ کرنے پر مامور نہ تھے۔

یَدَیَّ: میرے دونوں ہاتھ۔ یہاں ہاتھوں سے مراد قوت ہے اور ہاتھ کو طاقت کے معنوں میں استعمال کرنا ایک محاورہ ہے۔

تَسْجُدَ لِمَا خَلَقْتُ بِيَدَيَّ ؕ
اَسْتَكْبَرْتَ اَمْ كُنْتَ مِنَ
الْعَالِيْنَ ﴿٧٥﴾
قَالَ اَنَا خَيْرٌ مِّنْهُ ؕ خَلَقْتَنِيْ مِنْ
نَّارٍ وَّخَلَقْتَهٗ مِنْ طِيْنٍ ﴿٧٦﴾
قَالَ فَاخْرُجْ مِنْهَا فَاِنَّكَ
رَجِيْمٌ ﴿٧٧﴾ ۚ
وَّاِنَّ عَلَيْكَ لَعْنَتِيْۤ اِلٰى يَوْمِ
الدِّيْنِ ﴿٧٨﴾
قَالَ رَبِّ فَاَنْظِرْنِيْۤ اِلٰى يَوْمِ
يُبْعَثُوْنَ ﴿٧٩﴾
قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾ ۙ
اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾
قَالَ فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ
اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾ ۙ
اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾
قَالَ فَالْحَقُّ ۫ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾ ۚ
لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ
تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٥﴾
قُلْ مَاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّ
مَاۤ اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾
وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾ ع ١٤ ٥

سے تجھے کس چیز نے روکا؟ کیا تو نے تکبر کیا ہے یا تو اونچے درجے والوں میں سے ہے؟☆

۷۶۔اس نے کہا: میں اس سے بہتر ہوں، مجھے تو نے آگ سے پیدا کیا ہے اور اسے مٹی سے بنایا ہے۔

۷۷۔فرمایا: پس نکل جا یہاں سے کہ تو یقیناً مردود ہے۔☆

۷۸۔اور یوم جزا تک تم پر میری لعنت ہے۔☆

۷۹۔ اس نے کہا: میرے رب! پس (ان لوگوں کے) اٹھائے جانے کے روز تک مجھے مہلت دے۔☆

۸۰۔فرمایا: تو مہلت ملنے والوں میں سے ہے،☆

۸۱۔معین وقت کے دن تک۔

۸۲۔ کہنے لگا: مجھے تیری عزت کی قسم! میں ان سب کو بہکا دوں گا۔☆

۸۳۔ ان میں سے سوائے تیرے خالص بندوں کے۔

۸۴۔فرمایا: حق تو یہ ہے اور میں حق بات ہی کرتا ہوں

۸۵۔ کہ میں تجھ سے اور ان میں سے تیری پیروی کرنے والوں سے جہنم کو ضرور پر کر دوں گا۔

۸۶۔ کہہ دیجیے: میں تم لوگوں سے اس بات کا اجر نہیں مانگتا اور نہ ہی میں بناوٹ والوں میں سے ہوں۔☆

۸۷۔ یہ تو عالمین کے لیے صرف نصیحت ہے۔

۸۸۔اور تمہیں اس کا علم ایک مدت کے بعد ہو گا۔☆

۷۷۔ رَجِيْمٌ کے لغوی معنی راندہ شدہ کے ہیں۔ مِنْهَا یعنی اس جگہ سے جہاں آدمؑ کے لیے سجدے کا حکم ہوا تھا۔

۷۸۔ یوم جزا تک لعنت۔ یعنی رحمت سے دوری۔ یوم جزا کے بعد عذاب شدید ہو گا۔

۷۹۔اٹھائے جانے تک۔یعنی قیامت تک مجھے مہلت دے۔

۸۰۔ابلیس کو مہلت مل گئی۔اس طرح جن وانس میں گمراہ کرنے والوں کو مہلت مل جاتی ہے تاکہ نظام یک طرفہ نہ ہو۔ایک طرف مجرم کے عذاب میں اضافہ ہو، دوسری طرف مکلف کا امتحان و آزمائش بحال رہے۔اگر گمراہ کرنے والوں کی جڑ کاٹ دی جائے اور انسان میں موجود خواہشات نفسانی کو ختم کر دیا جائے اور صرف فطرت سلیمہ، عقل سلیم، فرشتوں اور ہادیان برحق ہی کو موقع دیا جائے تو یہ نظام یک طرفہ ہو جاتا ہے۔ آزمائش و امتحان معقول نہ رہتا، چونکہ اس سے انسان خودمختار نہ رہتا۔ فافهم ذلك۔

۸۲۔ برگزیدہ اور خالص بندوں کو بھی شیطان بہکانے کی کوشش کرے گا۔مگر وہ اس کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے۔

۸۶۔ نہ تو تم سے کسی دنیاوی مفاد کا طالب ہوں، نہ ہی کسی تصنع کا عادی ہوں کہ اپنی بڑائی دکھانے کے لیے وحی کا دعویٰ کروں۔ میری زندگی کا کوئی گوشہ تم سے پوشیدہ نہیں ہے۔تمہیں معلوم ہے کہ میں کس مزاج کا مالک ہوں۔

۸۸۔ میں جو کچھ کہہ رہا ہوں، چند سالوں کے اندر وہ بات پوری ہوتے ہوئے تم خود دیکھ لو گے۔

﴿٣٩ سُوْرَةُ الزُّمَرِ مَكِّيَّةٌ ٧٥﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ①

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ②

اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ③

لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ④

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ⑤

خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ

سورۃ زمر۔ مکی۔ آیات ۷۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔اس کتاب کا نزول بڑے غالب آنے والے اور حکمت والے اللہ کی طرف سے ہے۔

۲۔ہم نے آپ کی طرف یہ کتاب برحق نازل کی ہے لہٰذا آپ دین کو اسی کے لیے خالص کر کے صرف اللہ کی عبادت کریں۔☆

۳۔آگاہ رہو! خالص دین صرف اللہ کے لیے ہے اور جنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر اوروں کو سرپرست بنایا ہے (ان کا کہنا ہے کہ) ہم انہیں صرف اس لیے پوجتے ہیں کہ وہ ہمیں اللہ کا مقرب بنا دیں، اللہ ان کے درمیان یقیناً ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں، اللہ جھوٹے منکر کو یقیناً ہدایت نہیں کرتا ہے۔☆

۴۔اگر اللہ کسی کو اپنا بیٹا بنانا چاہتا تو اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا منتخب کر لیتا، وہ پاکیزہ ہے اور وہ اللہ یکتا، غالب ہے۔☆

۵۔اسی نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے، وہی رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر لپیٹتا ہے اور اس نے سورج اور چاند کو مسخر کیا ہے، یہ سب ایک مقررہ وقت تک چلتے رہیں گے، آگاہ رہو! وہی بڑا غالب آنے والا معاف کرنے والا ہے۔

۶۔اسی نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا پھر اس سے اس کا جوڑا بنایا اور اسی نے تمہارے لیے چوپاؤں میں سے آٹھ

سورہ زمر

۲۔اس آیت میں دین کو اللہ کے لیے خالص کرتے ہوئے اللہ کی عبادت کرنے کا حکم ہے۔ خالص سے مراد یہ ہے کہ دین بے شائبہ اور شفاف ہو نیز اللہ کے دین کو اختیار کرنے کا واحد مقصد خود ذات الٰہی اور اس سے عشق و محبت ہو اور اس میں غیر اللہ کا کوئی شائبہ نہ ہو جو ایک مشکل کام ہے۔ دینداری آسان ہے، لیکن اس کو بے شائبہ اور شفاف بنانا مشکل ہے۔ امیر المؤمنین (ع) سے روایت ہے: تَصْفِيَةُ الْعَمَلِ اَشَدُّ مِنَ الْعَمَلِ۔ (الکافی ۸: ۲۲) عمل کو صاف و شفاف بنانا خود عمل سے زیادہ مشکل ہے۔

۳۔مشرکین کا نظریہ یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمارے وہم و خیال سے بالاتر ہے۔ لہٰذا اس کی براہ راست عبادت نہیں ہو سکتی، اس لیے ہم اس کی عبادت اس کی مقرب ہستیوں کے ذریعے بجا لاتے ہیں، جن کے ہاتھ میں اللہ تعالیٰ نے تدبیر کائنات کا کام سونپ رکھا ہے۔ وہ مقرب ہستیاں فرشتے، جن اور مقدس انسان ہیں اور یہ بت ان مقدس ہستیوں کی شبیہ ہیں، وہ خود نہیں۔ لیکن جاہل لوگ ان شبیہوں کو ذوات مقدسہ خیال کرتے ہیں۔ یہ ہے خلاصہ مشرکین کے عقائد کا۔ (ماخوذ از المیزان)

۴۔اگر بفرض محال اللہ کا کوئی بیٹا ہے تو اس کا مطلب یہ بنتا ہے کہ وہ اللہ کا حصہ ہے جو اس سے جدا ہوا ہے۔ یہ ناممکن ہے۔ لہٰذا اگر اللہ کسی کو اپنا بیٹا بناتا تو اپنی مخلوق میں سے کسی کو بیٹا بنا لیتا۔ لیکن جب وہ مخلوق ہے تو بیٹا نہیں ہو سکتا۔ رہا یہ سوال اگر حقیقی بیٹا نہیں ہو سکتا تو کسی کو اعزازی بیٹا بنایا جائے تو کیا حرج ہے؟ جواب یہ ہے: اعزازی بیٹے کو باپ کے ساتھ بہت سے امور میں شریک بنایا جائے تو اعزازی ہو گا، جیسے ملکیت، تدبیر سلطنت وغیرہ میں۔ یہ بھی شرک کی ایک صورت ہے۔

۶۔یکے بعد دیگرے تخلیقی مراحل سے مراد نطفہ، پھر لوتھڑا، پھر گوشت کا ٹکڑا اور پھر خلق آخر ہے۔ ظلمات ثلاث (تین پردوں) سے مراد شکم مادر، رحم اور مشیمہ (وہ جھلی جس میں بچہ محفوظ ہوتا ہے) ہیں۔

الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ
فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ
خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ
رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ۝٦
اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ
عَنْكُمْ ۚ وَلَا يَرْضٰى لِعِبَادِهِ
الْكُفْرَ ۚ وَاِنْ تَشْكُرُوْا يَرْضَهُ
لَكُمْ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ
اُخْرٰى ؕ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ
مَّرْجِعُكُمْ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ۝٧
وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ
مُنِيْبًا اِلَيْهِ ثُمَّ اِذَا خَوَّلَهٗ نِعْمَةً مِّنْهُ
نَسِيَ مَا كَانَ يَدْعُوْۤا اِلَيْهِ مِنْ قَبْلُ
وَجَعَلَ لِلّٰهِ اَنْدَادًا لِّيُضِلَّ عَنْ
سَبِيْلِهٖ ؕ قُلْ تَمَتَّعْ بِكُفْرِكَ
قَلِيْلًا ۖ اِنَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ النَّارِ ۝٨
اَمَّنْ هُوَ قَانِتٌ اٰنَآءَ الَّيْلِ سَاجِدًا وَّ
قَآئِمًا يَّحْذَرُ الْاٰخِرَةَ وَيَرْجُوْا
رَحْمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلْ هَلْ يَسْتَوِي
الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ وَالَّذِيْنَ لَا

جوڑے بنائے، وہی تمہیں تمہاری ماؤں کے شکموں میں تین تاریکیوں میں ایک خلقت کے بعد دوسری خلقت دیتا ہے، یہی اللہ تمہارا پروردگار ہے، اسی کی بادشاہی ہے اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں پھرے جاتے ہو؟☆

۷۔ اگر تم کفر کرو تو یقیناً اللہ تم سے بے نیاز ہے اور وہ اپنے بندوں کے لیے کفر پسند نہیں کرتا اور اگر تم شکر کرو تو وہ اسے تمہارے لیے پسند کرے گا اور کوئی بوجھ اٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا پھر تمہیں اپنے رب کی بارگاہ کی طرف لوٹنا ہے پھر وہ تمہیں بتا دے گا کہ تم کیا کرتے رہے ہو، یقیناً وہ دلوں کا حال خوب جاننے والا ہے.☆

۸۔ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اپنے رب کی طرف رجوع کر کے اسے پکارتا ہے، پھر جب وہ اسے اپنی طرف سے کوئی نعمت دیتا ہے تو جسے پہلے پکارتا تھا اسے بھول جاتا ہے اور اللہ کے لیے شریک بنانے لگتا ہے تا کہ اس کی راہ سے (دوسروں کو) گمراہ کر دے، کہہ دیجیے: اپنے کفر سے تھوڑا سا لطف اندوز ہو جا، یقیناً تو جہنمیوں میں سے ہے۔☆

۹۔ (مشرک بہتر ہے) یا وہ شخص جو رات کی گھڑیوں میں سجدے اور قیام کی حالت میں عبادت کرتا ہے، آخرت سے ڈرتا ہے اور اپنے رب کی رحمت سے امید لگائے رکھتا ہے، کہہ دیجیے: کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے یکساں ہو سکتے ہیں؟ بے شک

۷۔ اگر تم کفران نعمت کرو تو اس سے اللہ کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا، البتہ اللہ کو یہ پسند نہیں ہے۔ اسی طرح اگر تم شکر کرو تو اس سے اللہ کو کوئی فائدہ نہیں ملتا، البتہ یہ اللہ کو پسند ہے۔ اس کی مثال استاد شاگرد کی طرح ہے کہ اگر شاگرد محنت نہ کرے تو اس سے استاد کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا، البتہ استاد کو یہ عمل پسند نہیں ہوتا اور اگر وہ محنت کرتا ہے تو استاد کو کوئی فائدہ نہیں ملتا، البتہ استاد اسے پسند کرتا ہے۔ لہٰذا مذکورہ کردار سے خود بندہ متاثر ہوتا ہے، اللہ نہیں۔

۸۔ اضطراری حالت میں اس کی فطرت بیدار ہو جاتی ہے، غیر فطری دباؤ ہٹ جاتا ہے اور انسان اپنی فطرت سلیمہ سے سرگوشی کرتا ہے تو وہاں اسے صرف اللہ ہی نظر آتا ہے، پھر اسی کو پکارتا ہے۔ جب اضطراری حالت ختم ہو جاتی ہے تو معاشرتی عادات و رسوم، خواہشات اور مفادات کی طرف سے غیر فطری دباؤ شروع ہو جاتا ہے۔

۹۔ کیا یہ شخص جو آسودہ ہوتے ہی کفر اختیار کرتا ہے اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو راتوں کی تنہائی کے اوقات میں اللہ کی عبادت کرتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ خوف و رجاء اور امید و بیم میں رہتا ہے نیز آخرت کے روز حساب سے خائف اور رحمت الٰہی سے امیدیں وابستہ کیے رہتا ہے؟ اگر ان دونوں میں فرق نہ ہوتا تو علم رکھنے والوں اور علم نہ رکھنے والوں میں بھی فرق نہ ہوتا۔ کیونکہ اللہ کی بندگی راز زندگی سے آگہی سے مربوط ہے، جو راز حیات کو نہیں جانتا وہ اپنی عقل سے کام نہیں لے سکتا اور جو عقل سے کام نہیں لیتا وہ اپنی زندگی کو معقولیت نہیں دے سکتا۔

اس آیت سے عالم کی یہ تعریف سامنے آتی ہے: عالم وہ ہے جو ابتدا اور آخر شب میں عبادت کرتا ہے۔ قیامت کا خوف اور رحمت الٰہی کی امید رکھتا ہے، خواہ اصطلاح میں وہ ان پڑھ ہی کیوں نہ ہو اور جاہل وہ ہے جس میں یہ اوصاف موجود نہ ہوں، خواہ اصطلاح میں اسے سب سے بڑا علامہ سمجھا جاتا ہو۔

يَعْلَمُوْنَ ۭ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا
الْاَلْبَابِ ۝٩ ع ١٥
قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا
رَبَّكُمْ ۭ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ
الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَاَرْضُ اللّٰهِ
وَاسِعَةٌ ۭ اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ
اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝١٠
قُلْ اِنِّىْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ
مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۝١١ۙ
وَاُمِرْتُ لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ
الْمُسْلِمِيْنَ ۝١٢
قُلْ اِنِّىْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ
عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝١٣
قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ مُخْلِصًا لَّهٗ دِيْنِيْ ۝١٤ۙ
فَاعْبُدُوْا مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ۭ قُلْ
اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ
اَلَا ذٰلِكَ هُوَ الْخُسْرَانُ
الْمُبِيْنُ ۝١٥
لَهُمْ مِّنْ فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَ
مِنْ تَحْتِهِمْ ظُلَلٌ ۭ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ
اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ۭ يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ۝١٦
وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا الطَّاغُوْتَ اَنْ

نصیحت تو صرف عقل والے ہی قبول کرتے ہیں۔☆

۱۰۔ کہہ دیجیے: اے میرے مومن بندو! اپنے رب سے ڈرو، جو اس دنیا میں نیکی کرتے ہیں ان کے لیے بھلائی ہے اور اللہ کی زمین بہت وسیع ہے، یقیناً بے شمار ثواب تو صرف صبر کرنے والوں ہی کو ملے گا۔☆

۱۱۔ کہہ دیجیے: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں دین کو اس کے لیے خالص کر کے اللہ کی بندگی کروں۔☆

۱۲۔ اور مجھے یہ حکم بھی ملا ہے کہ میں سب سے پہلا مسلم بنوں۔☆

۱۳۔ کہہ دیجیے: اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں۔

۱۴۔ کہہ دیجیے: میں اللہ ہی کی بندگی کرتا ہوں اپنے دین کو اس کے لیے خالص رکھتے ہوئے۔

۱۵۔ پس تم اللہ کے علاوہ جس جس کی بندگی کرنا چاہو کرتے رہو، کہہ دیجیے: گھاٹے میں تو یقیناً وہ لوگ ہیں جو قیامت کے دن خود کو اور اپنے عیال کو گھاٹے میں ڈال دیں، خبردار! یہی کھلا گھاٹا ہے۔☆

۱۶۔ ان کے لیے ان کے اوپر آگ کے سائبان اور ان کے نیچے بھی شعلے ہوں گے، یہ وہ بات ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے، پس اے میرے بندو! مجھ سے ڈرو۔☆

۱۷۔ اور جن لوگوں نے طاغوت کی بندگی سے اجتناب کیا اور اللہ کی طرف رجوع کیا ان

۱۰۔ تقویٰ کے نتائج و آثار کا ذکر ہے: جو لوگ اس دنیا میں نیکی بجا لائیں گے ان کے لیے حسنۃ ہے یعنی نیکی کا بدلہ نیکی ہے، دنیا و آخرت دونوں کی بھلائی. حسنۃ کے اطلاق کے اعتبار سے وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ کوئی سرزمین نیکی اختیار کرنے کے لیے مساعد نہیں ہے تو ہجرت کرو اور صبر کی طاقت سے استفادہ کرو۔ یعنی اگر انسان ایک جگہ اللہ کی بندگی نہیں کر سکتا تو دوسری جگہ جائے جہاں بندگی کر سکتا ہے۔

۱۱۔ ۱۲ جس بات کی طرف میں لوگوں کو دعوت دیتا ہوں، پابند ہوں کہ اس پر سب سے پہلے خود عمل کروں اور جو حکم مجھ پر اللہ کی طرف سے نازل ہوتا ہے اسے سب سے پہلے تسلیم کرنے کا بھی پابند ہوں۔

۱۵۔ جب تم حقیقی معبود کی بندگی نہیں کرتے تو پھر جس کی چاہو بندگی کرو۔ جہاں خزانہ ہے وہاں تلاش وجستجو کے لیے آمادہ نہیں ہو، پھر جہاں چاہو اپنا سر مارو۔ سرمایہ محنت جہاں چاہو لگاؤ، خسارہ ہی خسارہ ہوگا۔ نہ صرف خود ڈوبے گا بلکہ اپنے اہل وعیال کو بھی لے ڈوبے گا۔ سب سے بڑا خسارہ وہ شخص اٹھائے گا جس نے اپنی زندگی کے سودے میں خسارہ اٹھایا ہو۔

۱۶۔ یعنی وہ آگ میں گھرے ہوئے ہوں گے۔ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ: یعنی شرک وہ بات ہے جس میں ملوث ہونے سے اللہ اپنے بندوں کو خبردار کرتا ہے۔

يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى اللّٰهِ لَهُمُ
الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ۙ﴿۱۷﴾
الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ
فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا
الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾
اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ
اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِي النَّارِ ﴿۱۹﴾ ۚ
لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ
غُرَفٌ مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ؕ وَعْدَ
اللّٰهِ ؕ لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿۲۰﴾
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ
مَآءً فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ
يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ
ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ
يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
ع ۲ ۱۲ ۱۶ لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۲۱﴾ ع
اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ
لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ
فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ
اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۲﴾
اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ الْحَدِيْثِ كِتٰبًا

کے لیے خوشخبری ہے، پس آپ میرے ان بندوں کو بشارت دے دیجیے،

۱۸۔ جو بات کو سنا کرتے ہیں اور اس میں سے بہتر کی پیروی کرتے ہیں، یہی وہ لوگ ہیں جنہیں اللہ نے ہدایت دی ہے اور یہی صاحبان عقل ہیں۔☆

۱۹۔ بھلا جس شخص پر عذاب کا فیصلہ حتمی ہو گیا ہو کیا آپ اسے بچا سکتے ہیں جو آگ میں گر چکا ہو؟☆

۲۰۔ لیکن جو اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں ان کے لیے بالا خانے ہیں جن کے اوپر (مزید) بالا خانے بنے ہوئے ہیں جن کے نیچے نہریں بہ رہی ہیں، یہ اللہ کا وعدہ ہے اور اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔

۲۱۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ آسمان سے پانی نازل کرتا ہے پھر چشمے بنا کر اسے زمین میں جاری کرتا ہے پھر اس سے رنگ برنگی فصلیں اگاتا ہے، پھر وہ خشک ہو جاتی ہیں تو تم دیکھتے ہو کہ وہ زرد پڑ گئی ہیں پھر وہ اسے بھوسہ بنا دیتا ہے؟ عقل والوں کے لیے یقیناً اس میں نصیحت ہے۔☆

۲۲۔ کیا وہ شخص جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہو اور جسے اپنے رب کی طرف سے روشنی ملی ہو (سخت دل والوں کی طرح ہو سکتا ہے؟)، پس تباہی ہے ان لوگوں کے لیے جن کے دل ذکر خدا سے سخت ہو جاتے ہیں، یہ لوگ صریح گمراہی میں ہیں۔☆

۲۳۔ اللہ نے ایسی کتاب کی شکل میں بہترین

۱۸۔ ان بندوں کو بشارت دو جو يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ بات سن لیتے ہیں۔ یعنی تحقیق و جستجو میں ہوتے ہیں۔ پھر اس بات کو عقل و خرد کے پیمانے پر تولتے اور حق و باطل میں تمیز کرتے ہیں، بلکہ حسن اور احسن میں بھی تمیز کرتے ہیں۔ اس قسم کی تحقیق و جستجو کا شعور رکھنے والے لوگ ہدایت یافتہ ہوں گے اور صاحبان عقل بھی۔

۱۹۔ ایک شخص کفر و شرک پر ڈٹ جاتا ہے۔ توحید کی طرف آنے کا کوئی امکان نہیں ہے۔ ایسے شخص کے بارے میں اللہ کا بھی فیصلہ اٹل ہو جاتا ہے۔ پھر اسے آگ سے کوئی نہیں بچا سکتا۔

۲۱۔ یہ لوگ لہلہاتے کھیتوں پر خزاں آتے روز دیکھتے ہیں، ہر سو اور ہر چیز میں ناپائیداری کا روز مشاہدہ کرتے ہیں، پھر بھی لوگ عقل سے کام نہیں لیتے، عبرت حاصل نہیں کرتے اور اس چند روزہ ناپائیدار زندگی پر فریفتہ ہو جاتے ہیں۔

۲۲۔ جس کا سینہ قبول حق کے لیے آمادہ ہو، اللہ کی طرف سے نیک توفیقات اس کے شامل حال ہو جاتی ہیں۔ قبول حق کے لیے اس کے قلب میں گنجائش پیدا ہو جاتی ہے، یعنی باتیں سمجھ میں آنا اور تاریکی چھٹنا شروع ہو جاتی ہے اور فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ اس نور کی وجہ سے بہت سے پردے ہٹ جاتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں قبول حق کے لیے کوئی آمادگی نہیں ہے، یعنی ان کے دلوں پر نصیحت کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔

مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ ۖ تَقْشَعِرُّ مِنْهُ
جُلُودُ الَّذِينَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ ۚ
ثُمَّ تَلِينُ جُلُودُهُمْ وَقُلُوبُهُمْ
إِلَىٰ ذِكْرِ اللَّهِ ۚ ذَٰلِكَ هُدَى اللَّهِ
يَهْدِي بِهِ مَن يَشَاءُ ۚ وَمَن يُضْلِلِ
اللَّهُ فَمَا لَهُ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾
أَفَمَن يَتَّقِي بِوَجْهِهِ سُوءَ الْعَذَابِ
يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ وَقِيلَ لِلظَّالِمِينَ
ذُوقُوا مَا كُنتُمْ تَكْسِبُونَ ﴿٢٤﴾
كَذَّبَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ فَأَتَاهُمُ
الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ لَا يَشْعُرُونَ ﴿٢٥﴾
فَأَذَاقَهُمُ اللَّهُ الْخِزْيَ فِي الْحَيَاةِ
الدُّنْيَا ۖ وَلَعَذَابُ الْآخِرَةِ أَكْبَرُ ۚ
لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ﴿٢٦﴾
وَلَقَدْ ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِي هَٰذَا
الْقُرْآنِ مِن كُلِّ مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ
يَتَذَكَّرُونَ ﴿٢٧﴾
قُرْآنًا عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ
لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿٢٨﴾
ضَرَبَ اللَّهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ
شُرَكَاءُ مُتَشَاكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا
لِّرَجُلٍ ۚ هَلْ يَسْتَوِيَانِ مَثَلًا ۚ
الْحَمْدُ لِلَّهِ ۚ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا

وقف لازم

کلام نازل فرمایا ہے جس کی آیات باہم مشابہ اور مکرر ہیں جس سے اپنے رب سے ڈرنے والوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں پھران کی جلدیں اور دل نرم ہو کر ذکر خدا کی طرف متوجہ ہو جاتے ہیں، یہی اللہ کی ہدایت ہے وہ جسے چاہتا ہے اس سے ہدایت دیتا ہے اور جسے اللہ گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں ہے۔☆

۲۴۔ کیا وہ شخص جو قیامت کے دن برے عذاب سے بچنے کے لیے اپنے منہ کو سپر بناتا ہے (وہ امن پانے والوں کی طرح ہوسکتا ہے؟) اور ظالموں سے کہا جائے گا: چکھو اس کا ذائقہ جو تم کماتے تھے۔

۲۵۔ ان سے پہلوں نے تکذیب کی تو ان پر ایسی جگہ سے عذاب آیا جہاں سے وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔

۲۶۔ پھر اللہ نے انہیں دنیاوی زندگی میں رسوائی کا ذائقہ چکھا دیا اور آخرت کا عذاب تو بہت بڑا ہے، اے کاش! وہ جان لیتے۔

۲۷۔ اور ہم نے اس قرآن میں لوگوں کے لیے ہر طرح کی مثالیں دی ہیں شاید وہ نصیحت حاصل کریں۔☆

۲۸۔ ایسا قرآن جو عربی ہے، جس میں کوئی عیب نہیں ہے تاکہ یہ تقویٰ اختیار کریں۔☆

۲۹۔ اللہ ایک شخص (غلام) کی مثال بیان فرماتا ہے جس (کی ملکیت) میں کئی بدخو (مالکان) شریک ہیں اور ایک (دوسرا) مرد (غلام) ہے جس کا صرف ایک ہی آقا ہے، کیا یہ دونوں برابر ہو سکتے ہیں؟ الحمد للہ،

۲۳۔ مُتَشَابِهًا: اول سے لے کر آخر تک قرآن کے مختلف موضوعات کے مضامین باہم مربوط اور ایک دوسرے کے مشابہ ہیں، منافی اور متضاد نہیں ہیں۔

مَّثَانِيَ: اس کے مضامین دھرائے گئے ہیں تاکہ قرآنی مطالب ذہنوں میں راسخ ہو جائیں۔ کسی بھی مطلب کو ذہن میں راسخ کرنے کے لیے دھرانے کو جو اہمیت حاصل ہے وہ کسی سے پوشیدہ نہیں ہے۔ اس لیے تعلیم و تربیت میں دھرائی کو بہت اہمیت دی جاتی ہے۔

تَقْشَعِرُّ: جن کے دل خوف خدا سے معمور ہوتے ہیں، وہ جب قرآنی آیات سنتے ہیں تو ان کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔ پھر اس کے اثرات شعور و وجدان پر مترتب ہوتے ہیں اور دل میں سکون و آرام آتا ہے۔ جن کے دل خوف خدا کی نعمت سے محروم ہیں، وہ غنا کی طرز کے اشعار سن کر وجد میں آتے ہیں اور قرآن سے ان کے دل دور بھاگتے ہیں۔

۲۷۔ قرآن میں اپنے مطالب لوگوں کے اذہان میں راسخ کرنے کے لیے اللہ تعالیٰ نے تمام طرز بیان استعمال فرمائے ہیں: دھرائی، مثالوں، محسوسات اور مسلمات کے ذریعے مطالب بیان ہوئے ہیں، خصوصاً مثالوں سے زیادہ کام لیا گیا ہے، کیونکہ ایک فکری مطلب کو محسوس چیز کی شکل میں لانے سے مطلب واضح ہو جاتا ہے اور انسان محسوسات سے زیادہ مانوس ہوتے ہیں۔

۲۸۔ قرآن عربی زبان میں ہے اور جس رسولؐ پر قرآن نازل ہوا ہے، وہ عربی ہے اور جس قوم پر اس دعوت کی بنیاد رکھی ہے، وہ قوم عربی ہے۔ وہ قوم اس دعوت کو عالمین تک پہنچانے کے لیے اساس قرار پاتی ہے، نہ یہ کہ دین اسی قوم تک محدود رہ جائے۔

يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۹﴾

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ﴿۳۰﴾

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ

ع ۳ ۱۰ ۱۷ تَخْتَصِمُوْنَ ﴿۳۱﴾ ع

الجزء ۲۴ فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ

وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ

فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾

وَالَّذِيْ جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ

ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ ع

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ

عَمِلُوْا وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ

بِاَحْسَنِ الَّذِيْ كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ ؕ وَ

يُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖ ؕ وَ

مَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۶﴾ ع

وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ ؕ

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِي انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ

قُلْ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ

اللّٰهِ اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ

بلکہ ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔

۳۰۔ (اے رسول) یقیناً آپ کو بھی انتقال کرنا ہے اور انہیں بھی یقیناً مرنا ہے۔☆

۳۱۔ پھر قیامت کے دن تم سب اپنے رب کے سامنے مقدمہ پیش کرو گے۔☆

۳۲۔ پس اس شخص سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا اور جب سچائی اس کے پاس آئی تو اسے جھٹلا دیا؟ کیا کفار کے لیے جہنم میں ٹھکانا نہیں ہے؟

۳۳۔ اور جو شخص سچائی لے کر آیا اور جس نے اس کی تصدیق کی وہی لوگ اہل تقویٰ ہیں۔☆

۳۴۔ ان کے لیے جو کچھ وہ چاہیں ان کے پروردگار کے پاس ہے، نیکی کرنے والوں کی یہی جزا ہے۔

۳۵۔ تاکہ اللہ ان کے بدترین اعمال کو مٹا دے اور جو بہترین اعمال انہوں نے انجام دیے ہیں انہیں ان کا اجر عطا کرے۔

۳۶۔ کیا اللہ اپنے بندے کے لیے کافی نہیں ہے؟ اور یہ لوگ آپ کو اس (اللہ) کے علاوہ دوسروں سے ڈراتے ہیں جب کہ اللہ جسے گمراہ کر دے اسے راہ دکھانے والا کوئی نہیں ہے۔☆

۳۷۔ اور جس کی اللہ رہنمائی کرے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا، کیا اللہ بڑا غالب آنے والا، انتقام لینے والا نہیں ہے؟☆

۳۸۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں: آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا؟ تو وہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، کہہ دیجیے: اللہ کے سوا جنہیں تم پکارتے ہو ان کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے؟ اگر اللہ مجھے کوئی تکلیف پہنچانا چاہے تو کیا یہ معبود اس کی اس تکلیف

۳۰۔ اس دنیا میں ہمیشہ رہنے کے لیے کوئی نہیں آیا۔ رسولؐ بھی اس سے مستثنیٰ نہیں ہیں۔ اس میں دو نکات کی طرف اشارہ ہے: اول رسول اللہؐ کے اس دنیا سے جانے سے یہ مشن ختم نہیں ہوگا، جیسا کہ مشرکین اس انتظار میں ہیں۔ دوم اس دنیا سے جانے کے بعد مشرک مؤمن ظالم مظلوم کا مقدمہ اللہ کے حضور پیش ہوگا۔

۳۱۔ قیامت کے دن اللہ کے سامنے ہر مظلوم اپنا مقدمہ پیش کرے گا۔ چنانچہ صحیح بخاری میں حضرت علی علیہ السلام کا یہ قول منقول ہے: انا اول من یجثو بین یدی الرحمن للخصومة یوم القیامة۔ (صحیح البخاری، کتاب المغازی ۸: ۲۵) سب سے پہلے میں اللہ کے حضور اپنا مقدمہ پیش کروں گا۔

۳۳۔ قرطبی، آلوسی اور سیوطی نے اپنی تفاسیر نیز ابن مغازلی اور گنجی نے اپنی مناقب میں یہ روایت بیان کی ہے: الذی جاء بالصدق سے مراد پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں اور صدق بہ سے مراد علی علیہ السلام ہیں۔

۳۶۔ مکہ کے کفار حضورؐ کو خوف دلاتے تھے کہ تم نے ہمارے مقدس معبودوں کو برا کہا ہے، سو ہمارے معبود تمہیں اس کی سزا ضرور دیں گے۔

۳۷۔ اللہ کی عنایت اندھی بانٹ نہیں ہوتی، بلکہ جو شخص جس چیز کا اہل ہوتا ہے، اللہ اسے وہی عطا فرماتا ہے۔ اللہ کسی کو ہدایت سے تب نوازتا ہے جب وہ اس کا اہل ہو۔

پہلے بھی کئی بار ذکر ہو چکا ہے کہ اللہ کسی کو گمراہ کرتا ہے، کا مطلب یہ نہیں ہے کہ ابتداءً اللہ ایسا کرتا ہے، بلکہ اللہ کی طرف گمراہ کرنے کی نسبت اس بنا پر ہے کہ جو لوگ کفر پر ڈٹ جاتے ہیں ان کو اللہ ہدایت نہیں دیتا۔ ان سے اللہ ہاتھ اٹھا لیتا ہے۔ جسے اللہ ہدایت نہ دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ لہٰذا اللہ کی طرف سے ہدایت نہ دینے کا لازمی نتیجہ گمراہی ہے۔ اسی وجہ سے گمراہی کو اللہ کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

چنانچہ اس کے بعد اللہ کو ذِی انْتِقَامٍ کہنا دلیل ہے کہ اللہ کی طرف سے ہدایت نہ دینے پر گمراہ ہو جانا اس کافر کے کفر پر ڈٹ جانے کا بدلہ، یعنی اس کا لازمی نتیجہ ہے۔

۳۸۔ اگر تم مشرکین اللہ ہی کو خالق تسلیم کرتے ہو تو

كٰشِفٰتُ ضُرِّهٖۤ اَوْ اَرَادَنِیْ
بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ مُمْسِكٰتُ
رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ ؕ عَلَیْهِ
یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾
قُلْ یٰقَوْمِ اعْمَلُوْا عَلٰی مَكَانَتِكُمْ
اِنِّیْ عَامِلٌ ۚ فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾
مَنْ یَّاْتِیْهِ عَذَابٌ یُّخْزِیْهِ وَیَحِلُّ
عَلَیْهِ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ ﴿۴۰﴾
اِنَّاۤ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ لِلنَّاسِ
بِالْحَقِّ ۚ فَمَنِ اهْتَدٰی فَلِنَفْسِهٖ ۚ وَ
مَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ۚ وَمَاۤ
اَنْتَ عَلَیْهِمْ بِوَكِیْلٍ ﴿۴۱﴾ ع ۴
اَللّٰهُ یَتَوَفَّی الْاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِهَا
وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِهَا ۚ
فَیُمْسِكُ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْهَا الْمَوْتَ
وَیُرْسِلُ الْاُخْرٰۤی اِلٰۤی اَجَلٍ
مُّسَمًّی ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ
لِّقَوْمٍ یَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۴۲﴾
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ ؕ
قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا یَمْلِكُوْنَ شَیْـًٔا وَّ
لَا یَعْقِلُوْنَ ﴿۴۳﴾
قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِیْعًا ؕ لَهٗ
مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ

کو دور کر سکتے ہیں؟ یا (اگر) اللہ مجھ پر مہربانی کرنا چاہے تو کیا یہ اس کی مہربانی کو روک سکتے ہیں؟ کہہ دیجیے: میرے لیے اللہ ہی کافی ہے، بھروسا رکھنے والے اسی پر بھروسا رکھتے ہیں۔☆

۳۹۔ کہہ دیجیے: اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کیے جاؤ، میں بھی عمل کر رہا ہوں، پس عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا،

۴۰۔ کہ کس پر وہ عذاب آئے گا جو اسے رسوا کرے گا اور کس پر دائمی عذاب نازل ہونے والا ہے۔

۴۱۔ ہم نے آپ پر یہ کتاب انسانوں کے لیے برحق نازل کی ہے لہٰذا جو ہدایت حاصل کرتا ہے وہ اپنے لیے حاصل کرتا ہے اور جو گمراہ ہوتا ہے وہ اپنا ہی نقصان کرتا ہے اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

۴۲۔ موت کے وقت اللہ روحوں کو قبض کرتا ہے اور جو ابھی نہیں مرا اس کی (روح) نیند میں (قبض کر لیتا ہے) پھر وہ جس کی موت کا فیصلہ کر چکا ہوتا ہے اسے روک رکھتا ہے اور دوسری کو ایک وقت تک کے لیے چھوڑ دیتا ہے، فکر کرنے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔☆

۴۳۔ کیا انہوں نے اللہ کے سوا اوروں کو شفیع بنا لیا ہے؟ کہہ دیجیے: خواہ وہ کسی چیز کا اختیار نہ رکھتے ہوں اور نہ ہی کچھ سمجھتے ہوں (تب بھی شفیع بنیں گے)؟

۴۴۔ کہہ دیجیے: ساری شفاعت اللہ کے اختیار میں ہے آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اسی

تمہاری ان دیویوں کے لیے کیا کام رہ جاتا ہے۔ کیونکہ اس کائنات میں جو کچھ موجود ہے وہ سب اللہ کا پیدا کردہ ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ تمہاری یہ دیویاں اس کائنات کی موجودات میں سے نہ کسی چیز کو روک سکتی ہیں، نہ کسی تکلیف کو دور کر سکتی ہیں۔

هَلْ هُنَّ: اشارہ بتوں کی طرف ہے۔ مشرکین میں سے عوام کا عقیدہ یہ ہے کہ یہ بت سب کچھ کر سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ مشرکین میں سے خواص کا عقیدہ یہ تھا کہ یہ بت ان کے حقیقی معبودوں کی شبیہ ہیں اور ان بتوں کو صرف قبلہ کی حیثیت حاصل ہے، مگر عوام رفتہ رفتہ خود ان بتوں کو ہی معبود سمجھنے لگے۔ اسی لیے آیت میں اشارہ بھی بتوں کی طرف کیا گیا۔

۴۲۔ نیند ایک قسم کی موت ہے۔ یعنی انسان کی مختلف قوتوں کا تعطل ہے نیز اس بات کی دلیل ہے کہ روح جسم سے ہٹ کر ایک الگ چیز ہے۔ روح عالم خواب میں جدا ہو کر عالم تجرد میں آتی ہے اور عالم تجرد میں آنے سے روح غیر زمانی ہو جاتی ہے۔ یعنی زمانے کی قید و بند سے آزاد ہو جاتی ہے پھر اس کے لیے ماضی و مستقبل برابر ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ وہ آئندہ کی چیزوں کو حاضر پاتی ہے۔ اس سے یہ بات سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے کہ انسان خواب میں آنے والے ان واقعات کو کیسے دیکھ لیتا ہے جو ابھی وقوع پذیر نہیں ہوئے۔

۴۴۔ شفاعت کا اختیار اللہ کے پاس ہے۔ وہ جسے چاہے شفاعت کی اجازت دے۔ مَا مِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ۔ (یونس: ۳) یعنی اس کے اذن سے پہلے کوئی شفاعت نہیں کر سکتا۔ معلوم ہوا کہ اس کی اجازت سے شفاعت ہو سکے گی۔

ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۴۴﴾

کی ہے پھر تم اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔☆

وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖٓ اِذَا هُمْ يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿۴۵﴾

۴۵۔ اور جب صرف اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو آخرت پر ایمان نہ رکھنے والوں کے دل متنفر ہو جاتے ہیں اور جب اللہ کے سوا اوروں کا ذکر کیا جاتا ہے تو وہ خوش ہو جاتے ہیں۔☆

قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾

۴۶۔ کہہ دیجیے: اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے خالق، پوشیدہ اور ظاہری باتوں کے جاننے والے! تو ہی اپنے بندوں کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں وہ اختلاف کر رہے ہیں۔☆

وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾

۴۷۔ اور اگر ظالموں کے پاس وہ سب (دولت) موجود ہو جو زمین میں ہے اور اتنی مزید بھی ہو تو قیامت کے دن برے عذاب سے بچنے کے لیے وہ اسے فدیہ میں دینے کے لیے آمادہ ہو جائیں گے اور اللہ کی طرف سے وہ امر ان پر ظاہر ہو کر رہے گا جس کا انہوں نے خیال بھی نہیں کیا تھا۔☆

وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾

۴۸۔ اور ان کی بری کمائی بھی ان پر ظاہر ہو جائے گی اور جس بات کی وہ ہنسی اڑاتے تھے وہ انہیں گھیر لے گی۔☆

فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰي عِلْمٍ ۭ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۹﴾

۴۹۔ جب انسان کو کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے، پھر جب ہم اپنی طرف سے اسے نعمت سے نوازتے ہیں تو کہتا ہے: یہ تو مجھے صرف علم کی بنا پر ملی ہے، نہیں بلکہ یہ ایک آزمائش ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔☆

قَدْ قَالَهَا الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَمَآ

۵۰۔ ان سے پہلے (لوگ) بھی یہی کہا کرتے

۴۵۔ اس آیت میں مشرکین اور آخرت پر ایمان نہ رکھنے والوں کی علامت بیان ہوئی ہے کہ صرف اللہ کے ذکر سے ان کے دل کڑھنے لگ جاتے ہیں اور جب غیر اللہ کا ذکر ہو تو ان کے چہروں پر بشاشت آ جاتی ہے۔ یہ آیت ان لوگوں کے لیے لمحہ فکریہ ہے جو اپنی محافل میں ذکر خدا کو پسند نہیں کرتے۔

۴۶۔ یہ لوگ ذکر خدا کو پسند نہیں کرتے۔ قُلِ اے رسول! تو اس طرح ذکر خدا کر: تو کائنات کا خالق ہے۔ غیب و شہود کا جاننے والا تو ہی ہے۔ آخری اور اٹل فیصلہ سنانے والا بھی تو ہی ہے۔ اس ذات کے ذکر کو پسند نہ کرنے والے لوگ کل اٹل فیصلے کے دن اللہ کو کیسے منہ دکھائیں گے؟

۴۷۔ وَبَدَا لَهُمْ: مشرکین چونکہ آخرت کو نہیں مانتے تھے، اس لیے عذاب آخرت کے بارے میں ان کا تصور نہایت سطحی تھا اور عذاب الٰہی کا سامنا کریں گے تو ایسی صورت سامنے آئے گی جو ان لوگوں کے وہم و گمان میں بھی نہ تھی۔

۴۸۔ وہ دنیا میں ہادیان برحق کی طرف سے آخرت کے عذاب کی باتیں سنتے تو اس کا مزاح اڑاتے تھے، لیکن آج ان کے اپنے گناہ خود ظاہر ہو کر ان کے سامنے آئیں گے۔

۴۹۔ وہ اس نعمت کو اپنی ذاتی مہارت کا نتیجہ تصور کرتا ہے یا وہ یہ تصور کرتا ہے کہ وہ اس نعمت کا اہل اور مستحق ہے، حالانکہ یہ نعمت اس کے لیے ایک آزمائش ہے، کیونکہ اللہ اپنے نیک بندوں کو مصائب میں مبتلا کر کے آزماتا ہے اور وہ کامیاب نکل آتے ہیں، جبکہ نافرمان بندوں کو دولت و نعمت دے کر آزماتا ہے اور یہ دولت اور نعمت ہی ان کے لیے باعث عذاب بن جاتی ہے۔

اَغْنٰى عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۵۰﴾
فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ؕ وَ
الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ هٰٓؤُلَآءِ
سَيُصِيْبُهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا ۙ
وَمَا هُمْ بِمُعْجِزِيْنَ ﴿۵۱﴾
اَوَلَمْ يَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَبْسُطُ
الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ ؕ اِنَّ فِيْ
ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿۵۲﴾ ع ۶
قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى
اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ
اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ
اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ﴿۵۳﴾
وَاَنِيْبُوْٓا اِلٰى رَبِّكُمْ وَاَسْلِمُوْا لَهٗ
مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ ثُمَّ
لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿۵۴﴾
وَاتَّبِعُوْٓا اَحْسَنَ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ
مِّنْ رَّبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
يَّاْتِيَكُمُ الْعَذَابُ بَغْتَةً وَّاَنْتُمْ
لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۵۵﴾
اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰى مَا
فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ وَاِنْ كُنْتُ
لَمِنَ السّٰخِرِيْنَ ﴿۵۶﴾
اَوْ تَقُوْلَ لَوْ اَنَّ اللّٰهَ هَدٰىنِيْ

تھے تو جو کچھ وہ کرتے تھے ان کے کسی کام نہ آیا۔

۵۱۔ پس ان پر ان کے برے اعمال کے وبال پڑ گئے اور ان میں سے جنہوں نے ظلم کیا ہے عنقریب ان پر بھی ان کے برے اعمال کے وبال پڑنے والے ہیں اور وہ (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکتے۔

۵۲۔ کیا انہیں معلوم نہیں کہ اللہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق کشادہ اور تنگ کر دیتا ہے؟ ایمان لانے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔☆

۵۳۔ کہہ دیجیے: اے میرے بندو! جنہوں نے اپنی جانوں پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہونا، یقیناً اللہ تمام گناہوں کو معاف فرماتا ہے، وہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا، مہربان ہے۔☆

۵۴۔ اور اپنے رب کی طرف پلٹ آؤ اور اس کے فرمانبردار بن جاؤ قبل اس کے کہ تم پر عذاب آ جائے، پھر تمہاری مدد نہیں کی جائے گی۔☆

۵۵۔ اور تمہارے رب کی طرف سے تم پر جو بہترین (کتاب) نازل ہوئی ہے اس کی پیروی کرو قبل اس کے کہ تم پر ناگہاں عذاب آ جائے اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔☆

۵۶۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ کوئی شخص یہ کہے: افسوس ہے اس کوتاہی پر جو میں نے اللہ کے حق میں کی اور میں تو مذاق اڑانے والوں میں سے تھا۔

۵۷۔ یا وہ کہے: اگر اللہ میری ہدایت کرتا تو

۵۲۔ یہ بات درست ہے کہ رزق کا حصول اس کے علل و اسباب کے ساتھ مربوط ہے، لیکن اول تو اللہ تعالیٰ مسبب الاسباب ہے، ان علل و اسباب کے پیچھے ارادۂ الٰہی کارفرما ہوتا ہے۔ ثانیاً: ان علل و اسباب کو باہم مربوط کر کے ان کی کڑیوں کو صحیح طریقے سے ملایا جائے تو نتیجہ ملتا ہے۔ ورنہ ایک شخص بہت محنت کرتا ہے، لیکن نتیجہ حاصل نہیں ہوتا کیونکہ ان مطلوبہ کڑیوں کو ملانے والا بھی ارادۂ الٰہی ہے۔

۵۳۔ یہ محبت بھرا خطاب تمام انسانوں سے ہے۔ یہاں ارتکاب جرم کے بعد اللہ کی طرف پلٹنے (توبہ کرنے) کی بات ہے، وگرنہ جرم کے ارتکاب کے ساتھ عفو اور درگزر نامعقول بات ہے کہ قوم جرم کا ارتکاب جاری رکھے اور ساتھ معافی بھی جاری رہے۔ البتہ یہ بات ذہن میں رہے کہ جرم کا ارتکاب ممکن ہونے کی صورت میں بندہ توبہ کرے تو تمام گناہ بخشے جائیں گے، خواہ شرک ہو یا غیر شرک اور اگر جرم کے ارتکاب کا امکان ختم ہو جائے، یعنی موت آ جائے تو اس صورت میں اللہ مشرک کو معاف نہیں کرتا۔ شرک کے علاوہ باقی گناہ پھر بھی معاف ہو سکتے ہیں: اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ ۔ (نساء: ۴۸) اللہ شرک کو نہیں بخشتا، اس سے کمتر (گناہوں) کو جس کے لیے چاہے بخش دیتا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے مروی ہے کہ قرآن میں اس آیت سے وسیع تر کوئی آیت نہیں ہے۔ ممکن ہے وسعت سے مراد یہ ہو کہ یہ آیت سب بندوں اور سب گناہوں کو شامل ہے۔

۵۴۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ سابقہ آیت کا تعلق توبہ کرنے کی صورت سے ہے۔

۵۵۔ بہترین یہ ہے کہ جس میں انسان کی نجات اور دارین کی سعادت ہے، جبکہ جن باتوں سے اجتناب کرنے کے لیے کہا گیا ہے، وہ انسان کے لیے بدترین ہیں۔

لَكُنْتُ مِنَ الْمُتَّقِيْنَ ﴿۵۷﴾

اَوْ تَقُوْلَ حِيْنَ تَرَى الْعَذَابَ لَوْ اَنَّ

لِيْ كَرَّةً فَاَكُوْنَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۸﴾

بَلٰى قَدْ جَآءَتْكَ اٰيٰتِيْ

فَكَذَّبْتَ بِهَا وَاسْتَكْبَرْتَ

وَكُنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۹﴾

وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ تَرَى الَّذِيْنَ كَذَبُوْا

عَلَى اللّٰهِ وُجُوْهُهُمْ مُّسْوَدَّةٌ ؕ

اَلَيْسَ فِيْ جَهَنَّمَ مَثْوًى

لِّلْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۰﴾

وَيُنَجِّي اللّٰهُ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا

بِمَفَازَتِهِمْ ۫ لَا يَمَسُّهُمُ السُّوْٓءُ

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۶۱﴾

اَللّٰهُ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۫ وَّهُوَ عَلٰى

كُلِّ شَيْءٍ وَّكِيْلٌ ﴿۶۲﴾

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۶۳﴾ ع ۶ ۱۲

قُلْ اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَاْمُرُوْٓنِّيْٓ اَعْبُدُ اَيُّهَا

الْجٰهِلُوْنَ ﴿۶۴﴾

وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ

مِنْ قَبْلِكَ ۚ لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ

عَمَلُكَ وَلَتَكُوْنَنَّ مِنَ

میں متقین میں سے ہو جاتا۔

۵۸۔ یا عذاب دیکھ کر یہ کہے: اگر مجھے واپس (دنیا میں) جانے کا موقع ملتا تو میں نیکی کرنے والوں میں سے ہو جاتا۔☆

۵۹۔ (جواب ملے گا) کیوں نہیں! میری آیات تجھ تک پہنچیں مگر تو نے انہیں جھٹلایا اور تکبر کیا اور تو کافروں میں سے تھا۔

۶۰۔ اور جنہوں نے اللہ کی نسبت جھوٹ بولا قیامت کے دن آپ ان کے چہرے سیاہ دیکھیں گے، کیا تکبر کرنے والوں کا ٹھکانا جہنم میں نہیں ہے؟

۶۱۔ اور اہل تقویٰ کو ان کی کامیابی کے سبب اللہ نجات دے گا، انہیں نہ کوئی تکلیف پہنچے گی اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔

۶۲۔ اللہ ہر چیز کا خالق ہے اور وہ ہر چیز کا نگہبان ہے۔☆

۶۳۔ آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اسی کی ملکیت ہیں اور جنہوں نے اللہ کی آیات کا انکار کیا وہی نقصان اٹھانے والے ہیں۔☆

۶۴۔ کہہ دیجیے: اے نادانو! کیا تم مجھے کہتے ہو کہ میں غیر اللہ کی بندگی کروں؟☆

۶۵۔ اور بتحقیق آپ کی طرف اور آپ سے پہلے انبیاء کی طرف یہی وحی بھیجی گئی ہے کہ اگر تم نے شرک کیا تو تمہارا عمل ضرور حبط ہو جائے گا اور تم ضرور نقصان اٹھانے

۵۸۔ عذاب کے مشاہدے کے بعد یہ خواہش ہر مجرم کو دامن گیر ہو گی کہ مجھے ایک بار موقع دیا جائے۔ لیکن اس سفر میں برگشت نہیں ہے۔ دنیا سے شکم مادر، اور صلب پدر کی طرف برگشت ممکن نہیں ہے۔

۶۲۔ قرآنی تعلیمات میں یہ بات ایک مسلمہ امر ہے کہ خلق و تدبیر دو مختلف امور نہیں، جیسا کہ مشرکین نے خیال کر رکھا ہے کہ خالق تو اللہ ہے، لیکن امور کائنات کی تدبیر شریکوں کے ہاتھوں میں ہے۔ اس آیت میں اسی بات کو واضح لفظوں میں بیان فرمایا ہے کہ جہاں اللہ ہر شے کا خالق ہے، وہاں وہ ہر شے کا وکیل ہے۔ یعنی ہر شے اس کے سپرد ہے۔

۶۳۔ اسی مسلمہ حقیقت کے تحت فرمایا: زمین و آسمان کی کنجیاں اسی کے پاس ہیں۔ بنا بر این یہ قدرتی بات ہے کہ مشرکین جو غیر اللہ کی طرف رجوع کرتے ہیں خسارے میں ہیں۔ کیونکہ یہ لوگ اس ذات کو چھوڑتے ہیں جس کے پاس سب کچھ ہے اور ایسوں کے پاس جاتے ہیں جن کے پاس کچھ بھی نہیں۔

۶۴۔ غیر اللہ کی بندگی کرنا اور اس سے لو لگانا جہالت کا نتیجہ ہے۔ کیونکہ جہالت کی وجہ سے واقع اور حقیقت کا پتہ نہیں چلتا۔ جب واقع کا علم نہ ہو گا تو جاہل ظن و گمان کے پیچھے چلنا شروع کرتا ہے۔ حضرت علی علیہ السلام کے فرمان کے مطابق: جاہل یا زیادتی کرتا ہے یا کوتاہی۔ لہٰذا جاہل زیادتی اور کوتاہی کے درمیانی گرداب میں پھنس جاتا ہے۔

۶۵۔ اس قانون سے کوئی شخص بالاتر نہیں ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم معصوم ہیں۔ رسولؐ سے شرک سرزد نہیں ہوتا، تاہم یہاں یہ فرض کیا جا رہا ہے کہ اگر شرک کا عمل آپؐ سے سرزد ہو جائے تو آپؐ کا عمل حبط ہو جائے گا۔ یہ اس طرح ہے، جیسا کہ فرمایا: قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ. (زخرف:۸۱) کہہ دیجیے (اللہ کے لیے بیٹا ہونا محال ہے تاہم) اگر اللہ کا کوئی بیٹا ہوتا تو میں سب سے پہلے اس کی عبادت کرتا۔

الْخٰسِرِيْنَ ﴿۶۵﴾
بَلِ اللّٰهَ فَاعْبُدْ وَكُنْ مِّنَ
الشّٰكِرِيْنَ ﴿۶۶﴾
وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ۖ
وَالْاَرْضُ جَمِيْعًا قَبْضَتُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ
وَالسَّمٰوٰتُ مَطْوِيّٰتٌۢ بِيَمِيْنِهٖ ؕ
سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۶۷﴾
وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَصَعِقَ مَنْ فِي
السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ اِلَّا مَنْ
شَآءَ اللّٰهُ ؕ ثُمَّ نُفِخَ فِيْهِ اُخْرٰى
فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ ﴿۶۸﴾
وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا وَ
وُضِعَ الْكِتٰبُ وَجِايْٓءَ بِالنَّبِيّٖنَ
وَالشُّهَدَآءِ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَ
هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۶۹﴾
وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ وَهُوَ
اَعْلَمُ بِمَا يَفْعَلُوْنَ ﴿۷۰﴾ ع
وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى جَهَنَّمَ
زُمَرًا ؕ حَتّٰٓى اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ
اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ
يَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ يَتْلُوْنَ
عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ رَبِّكُمْ وَيُنْذِرُوْنَكُمْ
لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا ؕ قَالُوْا بَلٰى وَ

والوں میں سے ہو جاؤ گے۔☆
۶۶۔ بلکہ اللہ ہی کی عبادت کرو اور شکر گزاروں میں سے ہو جاؤ۔
۶۷۔ اور ان لوگوں نے اللہ کی قدر شناسی نہ کی جیسا کہ اس کی قدر کرنے کا حق ہے اور قیامت کے دن پوری زمین اس کے قبضہ قدرت میں ہوگی اور آسمان اس کے دست قدرت میں لپٹے ہوئے ہوں گے، وہ پاک اور بالاتر ہے اس شرک سے جو یہ کرتے ہیں۔☆
۶۸۔ اور (جب) صور میں پھونک ماری جائے گی تو جو آسمانوں اور زمین میں ہیں سب بیہوش ہو جائیں گے مگر جنہیں اللہ چاہے پھر دوبارہ اس میں پھونک ماری جائے گی تو اتنے میں وہ سب کھڑے ہو کر دیکھنے لگیں گے۔☆
۶۹۔ اور زمین اپنے رب کے نور سے چمک جائے گی اور (اعمال کی) کتاب رکھ دی جائے گی اور پیغمبروں اور گواہوں کو حاضر کیا جائے گا اور ان کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کیا جائے گا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆
۷۰۔ اور ہر شخص نے جو عمل کیا ہے اسے اس کا پورا بدلہ دیا جائے گا اور اللہ ان کے اعمال سے خوب واقف ہے۔
۷۱۔ اور کفار گروہ در گروہ جہنم کی طرف ہانکے جائیں گے، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے تو اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور جہنم کے کارندے ان سے کہیں گے: کیا تمہارے پاس تم میں سے پیغمبر نہیں آئے تھے، جو تمہارے رب کی آیات تمہیں سناتے اور اس دن کے پیش آنے کے بارے میں تمہیں متنبہ کرتے؟

۶۷۔ اللہ کی ناقدری کا یہ عالم کہ کسی نے اللہ کی بیٹیاں بنا لیں، کسی نے اس کے لیے بیٹے اور بعض نے اللہ کے لیے ہاتھ، پاؤں، چہرہ اور اعضا و جوارح بنا لیے جو انسان کے لیے ہیں. تعالیٰ اللہ عما یصفون. اس ناقدری کی وجہ سے وہ آخرت اور یوم الحساب کے منکر ہیں، جس دن کل کائنات اللہ کے قبضہ قدرت میں ہوگی۔ دنیا میں کل کائنات اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے، لیکن قیامت کے دن اس کا بھرپور اظہار ہوگا۔
۶۸۔ اس آیت میں دو مرتبہ صور پھونکنے کا ذکر ہے۔ پہلے صور سے سب مر جائیں گے، صَعِقَ کے معنی تو بیہوشی کے ہیں لیکن اس کی تفسیر موت سے کی جاتی ہے۔ اِلَّا مَنْ شَآءَ اللّٰهُ مگر جنہیں اللہ چاہے، وہ نہیں مریں گے۔ اس سلسلے میں مفسرین کے متعدد اقوال نقل ہوئے ہیں۔ ممکن ہے کہ چند ذوات پہلے صور میں زندہ رہیں، اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وہ مریں گی نہیں۔ دوسرے صور سے سب زندہ ہو جائیں گے۔
فَاِذَا هُمْ قِيَامٌ يَّنْظُرُوْنَ کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: اتنے میں وہ سب کھڑے ہو کر (حکم خدا) کا انتظار کرنے لگیں گے۔
۶۹۔ قیامت کے دن زمین نور پروردگار سے چمک اٹھے گی۔ بعض مفسرین اس سے مراد عدل و انصاف لیتے ہیں۔ لیکن علامہ طباطبائی کے نزدیک اس سے مراد پردوں کا ہٹنا اور حقائق کا عیاں ہونا ہے۔
سورۂ بقرہ آیت ۱۴۳ کے حاشیے میں ذکر ہوا ہے کہ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے منقول ہے: و لایکون الشهداء علی الناس الا الائمة و الرسل۔ (بحار الانوار ۲۳: ۳۵۱) لوگوں پر گواہ صرف ائمہ اور انبیاء مرسل ہو سکتے ہیں۔ اللہ کی بارگاہ میں قیامت کے دن قائم ہونے والی عدالت گاہ کا ذکر ہے، جس میں رب العالمین خود ہر چیز سے آگاہ ہونے کے باوجود گواہ طلب کرے گا اور گواہی کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ وہاں انسان کو صرف اس کا عمل کام دے گا اور گواہ بھی عقائد کی روشنی میں انجام پانے والے عمل ہی کی گواہی دیں گے۔ واضح رہے کہ ائمہ اہل بیت علیہم السلام کے نزدیک جیسا کہ منکر

لٰكِنْ حَقَّتْ كَلِمَةُ الْعَذَابِ عَلَى
الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۱﴾
قِيْلَ ادْخُلُوْٓا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى
الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۷۲﴾
وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ اِلَى
الْجَنَّةِ زُمَرًا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَاۗءُوْهَا
وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ
خَزَنَتُهَا سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ
فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ ﴿۷۳﴾
وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ صَدَقَنَا
وَعْدَهٗ وَاَوْرَثَنَا الْاَرْضَ نَتَبَوَّاُ
مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ نَشَاۗءُ ۚ فَنِعْمَ
اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ﴿۷۴﴾
وَتَرَى الْمَلٰۗىِٕكَةَ حَاۗفِّيْنَ مِنْ
حَوْلِ الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ
رَبِّهِمْ ۚ وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ
وَقِيْلَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۵﴾ ع ۵

سُوْرَةُ الْمُؤْمِنِ مَكِّيَّةٌ ۸۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ﴿۱﴾
تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ
الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾

وہ کہیں گے: ہاں (کیوں نہیں!) لیکن (اب) کفار کے حق میں عذاب کا فیصلہ حتمی ہو چکا ہے۔

۷۲۔ کہا جائے گا: جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ جس میں تمہیں ہمیشہ رہنا ہے، پس تکبر کرنے والوں کا کتنا برا ٹھکانا ہے۔

۷۳۔ اور جو لوگ اپنے رب سے ڈرتے رہے ہیں انہیں گروہ در گروہ جنت کی طرف چلایا جائے گا یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچ جائیں گے اور اس کے دروازے کھول دیے جائیں گے اور جنت کے منتظمین ان سے کہیں گے: تم پر سلام ہو۔ تم بہت خوب رہے، اب ہمیشہ کے لیے اس میں داخل ہو جاؤ۔

۷۴۔ اور وہ کہیں گے: ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جس نے ہمارے ساتھ اپنا وعدہ سچ کر دکھایا اور ہمیں اس سرزمین کا وارث بنایا کہ جنت میں ہم جہاں چاہیں جگہ بنا سکیں، پس عمل کرنے والوں کا اجر کتنا اچھا ہے۔☆

۷۵۔ اور آپ فرشتوں کو عرش کے گرد حلقہ باندھے ہوئے اپنے رب کی ثنا کے ساتھ تسبیح کرتے ہوئے دیکھیں گے اور لوگوں کے درمیان برحق فیصلہ ہو چکا ہوگا اور کہا جائے گا: ثنائے کامل اللہ رب العالمین کے لیے ہے۔☆

سورہ مومن ۔ مکی ۔ آیات ۸۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ حا، میم۔

۲۔ اس کتاب کی تنزیل بڑے غالب آنے والے، دانا اللہ کی طرف سے ہے،☆

کے کردار کی کوئی قدر نہ ہوگی، ان عقائد کی بھی کوئی قدر نہ ہوگی جن کا کردار پر کوئی اثر نہ ہو۔ اگلی آیتوں میں اس بات کا ذکر ہے کہ اللہ کی عدالت سے فارغ ہونے کے بعد گروہ در گروہ اہل جہنم، جہنم کی طرف اور اہل جنت، جنت کی طرف چلائے جائیں گے۔

۷۴۔ ارض سے مراد ارض جنت ہے، یعنی حمد و ستائش اس ذات کے لیے ہے، جس نے ہمیں جنت کی سرزمین کا وارث بنایا کہ ہم جہاں چاہیں قیام کریں۔ اس سے معلوم ہوا کہ جنت میں مؤمن کو ایک وسیع سلطنت مل جائے گی، جس میں مختلف مقامات ہوں گے، جہاں چاہے قیام کرے۔

۷۵۔ جب آسمانوں کو لپیٹ لیا جائے گا تو اس وقت عرش الٰہی اور اس کے گرد موجود فرشتے نظر آئیں گے۔ عرش اس مقام ربوبیت کو کہتے ہیں جہاں سے تدبیر کائنات سے متعلق اوامر صادر ہوتے ہیں اور عرش کے گرد وہ فرشتے ہیں جو ان اوامر کو نافذ کرتے ہیں۔ اس طرح آیت کا ظاہری مفہوم یہ بنتا ہے کہ جب آسمانوں کو لپیٹ لیا جائے گا تو اس وقت اوامر الٰہی اور اس کے نافذ کرنے والے ہی نظر آئیں گے۔

وَ قُضِيَ بَيْنَهُمْ: اس وقت جن کے درمیان فیصلہ کرنا تھا ان میں فیصلہ بھی ہو چکا ہوگا۔ قُضِيَ کو ماضی کے معنوں میں لینا مناسب ہے۔

سورہ مؤمن

۲۔۳ ان دو آیات میں اللہ کے بعض اسمائے مبارکہ کا ذکر ہے: الْعَزِيْزِ، بڑا غالب آنے والا، جو کسی حال میں بھی عاجز نہیں ہے۔ الْعَلِيْمِ، بڑا علم رکھنے والا۔ کائنات میں کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں ہے۔ غَافِرِ الذَّنْۢبِ، قدرت کے باوجود گناہوں سے درگزر کرنے والا۔ قَابِلِ التَّوْبِ، گناہ اور جرم کتنا ہی سنگین کیوں نہ ہو توبہ کرنے کی صورت میں وہ قبول کرنے والا ہے۔ شَدِيْدِ الْعِقَابِ، جو لوگ جرم کے ارتکاب کے بعد توبہ بھی نہیں کرتے، ان کے لیے اس کا عذاب بھی سخت ہے۔ ذِي الطَّوْلِ بڑی عنایتوں والا۔

غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَ قَابِلِ التَّوْبِ
شَدِيْدِ الْعِقَابِ ۙ ذِى الطَّوْلِ ؕ لَاۤ
اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ۝۳
مَا يُجَادِلُ فِىْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ اِلَّا الَّذِيْنَ
كَفَرُوْا فَلَا يَغْرُرْكَ تَقَلُّبُهُمْ فِى
الْبِلَادِ ۝۴
كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ
الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ۪ وَ
هَمَّتْ كُلُّ اُمَّةٍۢ بِرَسُوْلِهِمْ
لِيَاْخُذُوْهُ وَجٰدَلُوْا بِالْبَاطِلِ
لِيُدْحِضُوْا بِهِ الْحَقَّ فَاَخَذْتُهُمْ ۫
فَكَيْفَ كَانَ عِقَابِ ۝۵
وَكَذٰلِكَ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ عَلَى
الَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ۝۶
اَلَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَ مَنْ
حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَ
يُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَ يَسْتَغْفِرُوْنَ
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ
شَىْءٍ رَّحْمَةً وَّ عِلْمًا فَاغْفِرْ
لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ
وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ۝۷
رَبَّنَا وَاَدْخِلْهُمْ جَنّٰتِ عَدْنِ ِالَّتِىْ
وَعَدْتَّهُمْ وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ

وقف لازم وقف النبی ﷺ

۴۔ دنیا کے ممالک میں ان کی رفت و آمد اور ان کا دندناتے پھرنا نیز ان کی پرتعیش زندگی، اس مہلت کا نتیجہ ہے جو اللہ تعالیٰ مجرموں کو سزا کے طور پر دیتا ہے کہ وہ اپنے جرم میں مزید اضافہ کریں اور ان کے عذاب میں اضافہ ہو جائے۔

۵۔ آیات کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیتیں اس وقت نازل ہو رہی تھیں، جب کفار مکہ حضورؐ کے خلاف جھگڑے اور بحثیں کر رہے تھے اور ہر طرف سے الزامات لگائے جا رہے تھے نیز آپؐ کو قتل کرنے کی سازش میں بھی مصروف تھے. ان حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے سابقہ امتوں کی مثل پیش کی جا رہی ہے کہ ہر امت نے اپنے رسول کو پکڑنے کی کوشش کی، لیکن وہ اس میں نہ صرف کامیاب نہیں ہوئے، بلکہ وہ اللہ کی گرفت میں آ گئے اور ان کا خاتمہ عذاب الٰہی پر ہوا۔

۶۔ جس طرح سابقہ امتوں میں تکذیب کرنے والوں، مجادلہ اور جھگڑا کرنے والوں اور اپنے رسول کو قتل کرنے کی سازش کرنے والوں کو اللہ نے اپنی گرفت میں لے لیا، كَذٰلِكَ اسی طرح آپؐ کی قوم میں سے بھی ایسے لوگوں پر اللہ کا فیصلہ اٹل ہو چکا۔ حَقَّتْ كَلِمَتُ رَبِّكَ ایک اٹل فیصلے کی خبر ہے کہ ان کا بھی وہی انجام ہوگا۔

۷۔ حاملین عرش، اللہ کے مقرب فرشتے ہیں جو اہل ایمان کے لیے طلب مغفرت کرتے ہیں۔ اس سے اول تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ایمان والے زمین سے زیادہ آسمان میں پہچانے جاتے ہیں۔ دوم یہ کہ ایمان ہی وہ رشتہ ہے جس سے عرش والے فرش والوں سے محبت کرتے ہیں اور ان کے لیے دعا کرتے ہیں۔

۸۔ ان آیات میں حاملین عرش کی دعا کے مضامین کا ذکر ہے کہ وہ مغفرت، عذاب جہنم سے نجات، اور جنت عدن میں داخل ہونے کے لیے دعا کرتے ہیں نیز مؤمنین کے نیک آبا و اجداد، ازواج اور اولاد کے لیے بھی دعا کرتے ہیں۔ یعنی اگر کسی مؤمن کا درجہ ایمان بلند ہو اور اس کے باپ، دادا، ازواج اور اولاد صالح ہوں، لیکن ایمان کے اس درجہ پر فائز نہ ہوں تو فرشتے ان کی بھی مغفرت کے لیے دعا کرتے ہیں۔ اس سے معلوم ہوا نیک اور صالح لوگوں کو نسب بھی فائدہ دیتا ہے۔

۳۔ جو گناہ معاف کرنے والا اور توبہ قبول کرنے والا، شدید عذاب دینے والا اور بڑے فضل والا ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہے۔☆

۴۔ اللہ کی آیات کے بارے میں صرف کفار ہی جھگڑتے ہیں لہٰذا ان کا شہروں میں چلنا پھرنا آپ کو دھوکے میں نہ رکھے۔☆

۵۔ ان سے پہلے نوح کی قوم اور ان کے بعد کے گروہوں نے بھی (انبیاء کی) تکذیب کی ہے اور ہر امت نے اپنے رسول کو گرفتار کرنے کا عزم کیا اور باطل ذرائع سے جھگڑتے رہے تاکہ اس سے حق کو زائل کر دیں تو میں نے انہیں اپنی گرفت میں لیا پس (دیکھ لو) میرا عذاب کیسا تھا۔☆

۶۔ اور اسی طرح کفار کے بارے میں آپ کے پروردگار کا یہ فیصلہ حتمی ہے کہ وہ اہل دوزخ ہیں۔☆

۷۔ جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہوئے ہیں اور جو (فرشتے) اس کے اردگرد ہیں سب اپنے رب کی ثناء کے ساتھ تسبیح کر رہے ہیں اور اس پر ایمان لائے ہیں اور ایمان والوں کے لیے مغفرت طلب کرتے ہیں، ہمارے پروردگار! تیری رحمت اور علم ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے پس ان لوگوں کو بخش دے جنہوں نے توبہ کی ہے اور تیرے راستے کی پیروی کی ہے اور انہیں عذاب جہنم سے بچا لے۔☆

۸۔ ہمارے پروردگار! انہیں ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں داخل فرما جن کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور ان کے باپ دادا اور ان

وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ؕ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۸
وَقِهِمُ السَّيِّاٰتِ ؕ وَمَنْ تَقِ السَّيِّاٰتِ
يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمْتَهٗ ؕ وَذٰلِكَ هُوَ
ع ۹ ۲ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۹
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُنَادَوْنَ
لَمَقْتُ اللّٰهِ اَكْبَرُ مِنْ مَّقْتِكُمْ
اَنْفُسَكُمْ اِذْ تُدْعَوْنَ اِلَى الْاِيْمَانِ
فَتَكْفُرُوْنَ ۱۰
قَالُوْا رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَ
اَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا
بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ
سَبِيْلٍ ۱۱
ذٰلِكُمْ بِاَنَّهٗٓ اِذَا دُعِيَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ
كَفَرْتُمْ ۚ وَاِنْ يُّشْرَكْ بِهٖ
تُؤْمِنُوْا ؕ فَالْحُكْمُ لِلّٰهِ الْعَلِيِّ
الْكَبِيْرِ ۱۲
هُوَ الَّذِيْ يُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ وَيُنَزِّلُ
لَكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ رِزْقًا ؕ وَمَا
يَتَذَكَّرُ اِلَّا مَنْ يُّنِيْبُ ۱۳
فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَ
لَوْ كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۱۴
رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ

کی ازواج اوران کی اولاد میں سے جو نیک ہوں انہیں بھی، تو یقیناً بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۹۔اورانہیں برائیوں سے بچا اور جسے تو نے اس روز برائیوں سے بچالیااس پرتو نے رحم فرمایا اور یہی تو بڑی کامیابی ہے۔☆

۱۰۔جنہوں نے کفر اختیار کیا بلاشبہ انہیں پکار کر کہا جائے گا: (آج) جتنا تم اپنے آپ سے بیزار ہو رہے ہو اللہ اس سے زیادہ تم سے اس وقت بیزار تھا جب تمہیں ایمان کی طرف دعوت دی جاتی تھی اور تم کفر کرتے تھے۔☆

۱۱۔ وہ کہیں گے: اے ہمارے پروردگار! تو نے ہمیں دو مرتبہ موت اور دو مرتبہ زندگی دی ہے،اب ہم اپنے گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں تو کیا نکلنے کی کوئی راہ ہے؟☆

۱۲۔ایسا اس لیے ہوا کہ جب خدائے واحد کی طرف دعوت دی جاتی تھی تو تم انکار کرتے تھے اور اگر اس کے ساتھ شریک ٹھہرایا جاتا تو تم مان لیتے تھے، پس (آج) فیصلہ برتر، بزرگ اللہ کے پاس ہے۔

۱۳۔ وہ وہی ہے جو تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے اور آسمان سے تمہارے لیے رزق نازل فرماتا ہے اور نصیحت تو صرف وہی حاصل کرتا ہے جو (اس کی طرف) رجوع کرتا ہے۔☆

۱۴۔پس دین کو صرف اس کے لیے خالص کر کے اللہ ہی کو پکارو اگرچہ کفار کو برا لگے۔

۱۵۔وہ بلند درجات کا مالک اور صاحب عرش

۹۔یعنی اہل عرش مؤمنین کے لیے ان باتوں کی دعا کرتے ہیں جن سے مؤمنین کو عظیم کامیابی حاصل ہو سکے۔

وہ ہیں اور قیامت کی ہولناکیاں۔ جہاں انسان کے سارے راز فاش ہو جائیں گے۔ اہل محشر کے سامنے رسوا ہو جائیں گے۔ اپنی سیاہ کاریاں دیکھ کر حساب، پھر عذاب کا خوف۔ اس قسم کی برائیوں یا برائیوں کے نتائج سے بچانے کی دعا کرتے ہیں۔

۱۰۔ قیامت کے دن کافروں کو اپنے کفر کا نتیجہ نظر آئے گا تو وہ بڑی ندامت کے ساتھ اپنے جرائم پر اپنے آپ کو کوستے ہوں گے۔ اس وقت ندا آئے گی: آج اپنے جرائم دیکھ کر جتنا تم اپنے آپ سے بیزار ہو رہے ہو، اس سے زیادہ اللہ تم سے بیزار ہو رہا تھا، جب اللہ تمہیں اپنی طرف بلا رہا تھا اور تم کفر اختیار کر کے اللہ سے منہ موڑتے تھے۔اللہ ہادیان برحق کے ذریعے تم پر اپنی رحمتوں کا دروازہ کھول رہا تھا، تم ان کا مزاح اڑا رہے تھے۔

۱۱۔بعض کے نزدیک پہلی موت وہ ہے جو دنیا میں آتی ہے، پھر برزخی زندگی پہلا احیاء ہے، پھر برزخی زندگی کو دوسری موت دی جاتی ہے، پھر قیامت کی زندگی دوسرا احیاء ہے۔بعض کے نزدیک پہلی موت وہ ہے جو اس زندگی سے پہلے تھی: وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا۔ پھر پہلی زندگی دنیوی زندگی ہے۔ دوسری موت وہ ہے جو دنیوی زندگی کا خاتمہ کرے اور دوسری حیات قیامت کی زندگی ہے۔جب قیامت کے دن دوسری بار زندہ کر دیے جائیں گے تو یہ لوگ اقرار کریں گے کہ وہ دن سچ مچ آ گیا جس کی انبیاء نے خبر دی تھی۔

۱۳۔ پہلے بھی متعدد آیات میں اس بات کا ذکر آیا ہے کہ روزی کے بیشتر اسباب آسمان سے نازل ہوتے ہیں۔مثلاً ہوا، دھوپ، بارش اور بجلی وغیرہ۔

يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ
يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ
التَّلَاقِ ۙ﴿۱۵﴾
يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى
اللّٰهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ؕ لِمَنِ الْمُلْكُ
الْيَوْمَ ؕ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾
اَلْيَوْمَ تُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا
كَسَبَتْ ؕ لَا ظُلْمَ الْيَوْمَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۷﴾
وَاَنْذِرْهُمْ يَوْمَ الْاٰزِفَةِ اِذِ الْقُلُوْبُ
لَدَى الْحَنَاجِرِ كٰظِمِيْنَ ؕ مَا
لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ حَمِيْمٍ وَّلَا شَفِيْعٍ
يُّطَاعُ ﴿۱۸﴾
يَعْلَمُ خَآئِنَةَ الْاَعْيُنِ وَمَا
تُخْفِي الصُّدُوْرُ ﴿۱۹﴾
وَاللّٰهُ يَقْضِيْ بِالْحَقِّ ؕ وَالَّذِيْنَ
يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِهٖ لَا يَقْضُوْنَ
بِشَيْءٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ
الْبَصِيْرُ ﴿۲۰﴾ ع ۲ ۱۱ ۷
اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِيْنَ كَانُوْا مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْا
هُمْ اَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي

ہے، وہ اپنے بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اپنے حکم سے روح نازل فرماتا ہے تاکہ وہ ملاقات کے دن کے بارے میں متنبہ کرے۔☆

۱۶۔ اس دن وہ سب (قبروں سے) نکل پڑیں گے، اللہ سے ان کی کوئی چیز پوشیدہ نہ رہے گی، (اس روز پوچھا جائے گا) آج کس کی بادشاہت ہے؟ (جواب ملے گا) خدائے واحد، قہار کی۔☆

۱۷۔ آج ہر شخص کو اس کے عمل کا بدلہ دیا جائے گا، آج ظلم نہیں ہوگا، اللہ یقیناً جلد حساب لینے والا ہے۔☆

۱۸۔ انہیں قریب الوقوع دن کے بارے میں متنبہ کیجیے، جب دل حلق تک آ رہے ہوں گے، غم سے گھٹ گھٹ جائیں گے، ظالموں کے لیے نہ کوئی دوست ہوگا اور نہ ہی کوئی ایسا سفارشی جس کی بات سنی جائے۔☆

۱۹۔ اللہ نگاہوں کی خیانت اور جو کچھ سینوں میں پوشیدہ ہے سے واقف ہے۔

۲۰۔ اور اللہ برحق فیصلہ کرتا ہے اور اللہ کے سوا جنہیں یہ لوگ پکارتے ہیں وہ کسی چیز کا فیصلہ کرنے کے (اہل) نہیں ہیں، یقیناً اللہ ہی خوب سننے والا، دیکھنے والا ہے۔☆

۲۱۔ کیا یہ لوگ زمین پر چلے پھرے نہیں ہیں تاکہ وہ ان لوگوں کا انجام دیکھ لیتے جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟ وہ طاقت اور زمین پر اپنے آثار چھوڑنے میں ان سے کہیں زیادہ زبردست تھے، پس اللہ نے ان کے

۱۵۔ روح سے مراد وحی اور نبوت ہے۔ اللہ نے اپنی حکیمانہ مشیت کے مطابق اپنے بندوں میں سے جس پر چاہا وحی نازل کی۔ اللہ کی مشیت اندھی بانٹ نہیں ہے، بلکہ جو اہل ہے، اس پر وحی نازل ہوتی ہے۔

۱۶۔ دنیا چونکہ دارالامتحان تھی، اس لیے وہاں انسانوں کو خودمختار چھوڑ دیا گیا تھا۔ سو وہ وہاں اپنی بادشاہی کا ڈنکا بجاتے تھے۔ آج روز حساب ہے۔ بتاؤ آج کس کی بادشاہی ہے؟ حقیقی بادشاہ تو وہ ہے جس کے قبضۂ قدرت میں یوم الحساب ہے۔

۱۷۔ قیامت کے روز ہر شخص کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے گا۔ آج ظلم نہیں ہوگا۔ اللہ کی ذات بے نیاز ہے، ظلم کر کے وہ اپنی کون سی ضرورت پوری کرے گا نیز وہ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ہے، بہ یک وقت سب کا حساب ہوگا، اس اعتبار سے بھی ظلم سرزد ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔

۱۸۔ اَلْاٰزِفَةِ، یعنی قریب آنے والا۔ قیامت کو يَوْمَ الْاٰزِفَةِ کہتے ہیں، کیونکہ وہ روز بروز قریب آتی جا رہی ہے۔

۲۰۔ چونکہ تمام فیصلے اسی کے پاس ہیں، چونکہ خالق وہی رازق وہی، تدبیر اسی کی، تشریع اسی کی طرف سے، قانون اسی نے دیا ہے، لہٰذا فیصلہ بھی وہی کرے گے۔ غیر اللہ کے پاس مندرجہ بالا چیزوں میں سے ایک بھی نہیں ہے، وہ کس چیز کا فیصلہ کریں گے۔

۲۱۔ اسلام سے قبل کی تہذیب وتمدن اور گزشتہ جابروں کی قوت وسلطنت کے آثار کا مطالعہ کرنے کی ترغیب ہے، جن کے آثار اب تک کھنڈرات کی شکل میں موجود ہیں۔

الْاَرْضِ فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ؕ
وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ وَّاقٍ ﴿۲۱﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ
رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَكَفَرُوْا
فَاَخَذَهُمُ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ قَوِيٌّ شَدِيْدُ
الْعِقَابِ ﴿۲۲﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَا وَ
سُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۳﴾
اِلٰى فِرْعَوْنَ وَهَامٰنَ وَقَارُوْنَ
فَقَالُوْا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۲۴﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ مِنْ عِنْدِنَا
قَالُوا اقْتُلُوْٓا اَبْنَآءَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مَعَهٗ وَاسْتَحْيُوْا نِسَآءَهُمْ ؕ وَمَا
كَيْدُ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۲۵﴾
وَقَالَ فِرْعَوْنُ ذَرُوْنِيْٓ اَقْتُلْ
مُوْسٰى وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ ۚ اِنِّيْٓ اَخَافُ
اَنْ يُّبَدِّلَ دِيْنَكُمْ اَوْ اَنْ يُّظْهِرَ فِي
الْاَرْضِ الْفَسَادَ ﴿۲۶﴾
وَقَالَ مُوْسٰٓى اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَ
رَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ
ع ۸ بِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۲۷﴾ ع
وَقَالَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ ۚ مِّنْ اٰلِ
فِرْعَوْنَ يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗٓ اَتَقْتُلُوْنَ

گناہوں کی وجہ سے انہیں گرفت میں لے لیا اور انہیں اللہ سے بچانے والا کوئی نہ تھا۔☆

۲۲۔ یہ اس لیے کہ ان کے پیغمبر واضح دلائل لے کر ان کے پاس آتے تھے لیکن انہوں نے انکار کر دیا، پھر اللہ نے انہیں گرفت میں لے لیا، اللہ یقیناً بڑا طاقتور، عذاب دینے میں سخت ہے۔

۲۳۔ اور بتحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیوں اور واضح دلائل کے ساتھ بھیجا،

۲۴۔ فرعون اور ہامان اور قارون کی طرف تو ان لوگوں نے کہا: یہ تو بہت جھوٹا جادوگر ہے۔

۲۵۔ پس جب انہوں نے ہماری طرف سے ان لوگوں کو حق پہنچایا تو وہ کہنے لگے: جو اس کے ساتھ ایمان لے آئیں، ان کے بیٹوں کو قتل کر دو اور ان کی بیٹیوں کو زندہ رہنے دو (مگر) کافروں کی چال اکارت ہی جاتی ہے۔☆

۲۶۔ اور فرعون نے کہا: مجھے چھوڑو کہ میں موسیٰ کو قتل کروں اور وہ اپنے رب کو پکارے مجھے ڈر ہے کہ وہ تمہارا دین بدل ڈالے گا یا زمین میں فساد برپا کرے گا۔☆

۲۷۔ اور موسیٰ نے کہا: میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ مانگتا ہوں ہر اس تکبر کرنے والے سے جو یوم حساب پر ایمان نہیں لاتا۔☆

۲۸۔ اور آل فرعون میں سے ایک مومن جو اپنا ایمان چھپائے ہوئے تھا کہنے لگا: کیا تم ایسے شخص کو قتل کرنا چاہتے ہو جو کہتا ہے

۲۵۔ حضرت موسیٰؑ پر ایمان لانے والے بنی اسرائیل تھے، لیکن دشمن کا ہر حربہ اس وقت ناکام ہو جاتا ہے جب اہل حق صبر و استقامت سے کام لیں۔

۲۶۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) کے حیرت انگیز معجزات دیکھ کر فرعون کے درباریوں میں اس قسم کی سوچ موجود تھی کہ موسیٰ (ع) اپنے دعویٰ میں سچے ہو سکتے ہیں، لہٰذا ان کے خلاف انتہائی قدم اٹھانے میں تأمل سے کام لینا چاہیے۔ اس لیے جب پہلی بار حضرت موسیٰ (ع) نے اژدھے اور ید بیضا کا معجزہ دکھایا تو درباریوں نے کہا: اَرْجِهْ وَاَخَاهُ (شعراء: ۳۶) اسے اور اس کے بھائی کو مہلت دے دو۔ اس جگہ فرعون کا یہ کہنا: مجھے چھوڑو میں موسیٰ (ع) کو قتل کروں، قرینہ بنتا ہے کہ کچھ لوگ موسیٰ (ع) کے قتل کے حق میں نہ تھے۔ چنانچہ اگلی آیت میں اس مؤمن کا ذکر بھی آ گیا جو حضرت موسیٰ (ع) کے قتل کے حق میں نہ تھے۔

۲۷۔ طاغوت اور متکبر کی دھمکیوں کے مقابلے میں اللہ کی پناہ سب سے بڑی طاقت ہے۔ فرعون کے تکبر کا اندازہ اس جملے سے ہوتا ہے: وَلْيَدْعُ رَبَّهٗ وہ اپنے رب کو پکارے۔ یعنی میں دیکھتا ہوں اس کا رب اسے کیسے بچاتا ہے۔

۲۸۔ جابروں اور تنگ نظروں سے خطرہ لاحق ہونے کی صورت میں حق کا چھپانا جابروں کے لیے باعث ننگ و عار ہے، حق چھپانے والے کے لیے نہیں۔ جیسا کہ نظریہ خلق قرآن کے بارے میں بنی عباس کے تنگ نظر جابروں کے سامنے علماء کو اپنا نظریہ چھپانا پڑا تھا۔ چنانچہ مؤمن آل فرعون اپنی تقریر میں حق کو برملا ظاہر نہیں کرتے، بلکہ بظاہر تردد کا اظہار کرتے ہیں کہ اگر موسیٰ (ع) جھوٹے ہیں تو ان کے جھوٹ کی سزا ضرور ملے گی، تمہیں جلدی کرنے کی ضرورت نہیں ہے اور اگر وہ سچے ہیں تو وہ جس عذاب سے ڈرا رہے ہیں، اس میں سے کچھ تو وقوع پذیر ہو گا۔

رَجُلًا اَنْ يَّقُوْلَ رَبِّيَ اللّٰهُ وَقَدْ
جَآءَكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ مِنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَ
اِنْ يَّكُ كَاذِبًا فَعَلَيْهِ كَذِبُهٗ ۚ وَاِنْ
يَّكُ صَادِقًا يُّصِبْكُمْ بَعْضُ
الَّذِيْ يَعِدُكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ
مَنْ هُوَ مُسْرِفٌ كَذَّابٌ ﴿۲۸﴾
يٰقَوْمِ لَكُمُ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ظٰهِرِيْنَ
فِي الْاَرْضِ ۫ فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْ
بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا ؕ قَالَ فِرْعَوْنُ
مَآ اُرِيْكُمْ اِلَّا مَآ اَرٰى وَمَآ
اَهْدِيْكُمْ اِلَّا سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۲۹﴾
وَقَالَ الَّذِيْٓ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اِنِّيْٓ
اَخَافُ عَلَيْكُمْ مِّثْلَ يَوْمِ
الْاَحْزَابِ ﴿۳۰﴾
مِثْلَ دَاْبِ قَوْمِ نُوْحٍ وَّعَادٍ وَّثَمُوْدَ
وَالَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ؕ وَمَا اللّٰهُ
يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ ﴿۳۱﴾
وَيٰقَوْمِ اِنِّيْٓ اَخَافُ عَلَيْكُمْ يَوْمَ
التَّنَادِ ﴿۳۲﴾
يَوْمَ تُوَلُّوْنَ مُدْبِرِيْنَ ۚ مَا لَكُمْ
مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ وَمَنْ يُّضْلِلِ
اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿۳۳﴾
وَلَقَدْ جَآءَكُمْ يُوْسُفُ مِنْ قَبْلُ

میرا رب اللہ ہے اور تمہارے رب کی طرف سے تمہارے پاس واضح دلائل لے کر آیا ہے؟ اگر وہ جھوٹا ہے تو اس کا جھوٹ خود اس کے خلاف جائے گا اور اگر وہ سچا ہے تو جس (عذاب) کا وہ تم سے وعدہ کر رہا ہے اس میں سے کچھ تو تم پر واقع ہو ہی جائے گا، اللہ یقیناً تجاوز کرنے والے جھوٹے کو ہدایت نہیں دیتا۔☆

۲۹۔ اے میری قوم! آج تمہاری بادشاہت ہے اور ملک میں تم غالب ہو پس اگر ہم پر اللہ کا عذاب آ گیا تو ہماری کون مدد کرے گا؟ فرعون نے کہا: میں تمہیں صرف وہی رائے دوں گا جسے میں صائب سمجھتا ہوں اور میں اسی راستے کی طرف تمہاری رہنمائی کرتا ہوں جو درست ہے۔☆

۳۰۔ اور جو شخص ایمان لایا تھا کہنے لگا: اے میری قوم! مجھے خوف ہے کہ تم پر کہیں وہ دن نہ آئے جیسا (پہلی) امتوں پر آیا تھا،☆

۳۱۔ جیسے قوم نوح اور عاد اور ثمود اور ان کے بعد والی امتوں پر آیا تھا اور اللہ تو بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا۔☆

۳۲۔ اور اے میری قوم! مجھے تمہارے بارے میں فریاد کے دن (قیامت) کا خوف ہے۔☆

۳۳۔ جس دن تم پیٹھ پھیر کر بھاگو گے تمہیں اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا کوئی نہ ہوگا اور جسے اللہ گمراہ کر دے اسے ہدایت دینے والا کوئی نہیں۔

۳۴۔ اور بتحقیق اس سے پہلے یوسف واضح دلائل کے ساتھ تمہارے پاس آئے مگر تمہیں

۲۹۔ آل فرعون کا یہ مؤمن اپنے ایمان کا کھل کر اظہار نہیں کر رہے ہیں، بلکہ فرعون کا خیر خواہ ظاہر کر کے کہتے ہیں: فَمَنْ يَّنْصُرُنَا مِنْ بَاْسِ اللّٰهِ اِنْ جَآءَنَا اگر ہم پر اللہ کا عذاب آ گیا تو ہماری کون مدد کرے گا۔ لیکن اقتدار کے نشے میں بدمست لوگ کبھی اپنے فردا کے بارے میں نہیں سوچتے، نہ ہی کسی ناصح کی نصیحت پر توجہ دیتے ہیں۔ کیونکہ جابر اپنے جبر ہی کو صائب سمجھتا ہے۔

۳۰۔ یہ وہی مؤمن آل فرعون ہے۔ اس مؤمن کے پیغمبرانہ اقوال دیکھ کر بعض لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اس جگہ الَّذِيْٓ اٰمَنَ سے مراد خود حضرت موسیٰ (ع) ہیں۔

۳۱۔ اللہ کو نہ تو بندوں سے کوئی عداوت ہے کہ جذبہ انتقام میں آ کر عذاب دے، نہ تو کوئی ایسا مفاد ہے جو عذاب دینے سے وابستہ ہو، بلکہ یہ عذاب و ثواب اس کے نظام عدل کا لازمی حصہ ہے کہ مؤمن اور کافر، مجرم اور مسلم یکساں نہیں ہو سکتے۔

۳۲۔ يَوْمَ التَّنَادِ: فریاد کا دن، سے مراد روز قیامت ہے، جس میں کافر لوگ مدد کے لیے پکاریں گے مگر کوئی جواب نہیں ملے گا۔

۳۴۔ یوسفؑ نے اپنے دور حکومت میں عدل و انصاف کی ایک لازوال مثال قائم کی۔ خواب کی صحیح تعبیر کے ذریعے تمہیں اور بہت سے انسانوں کو قحط سے بچایا۔ تم نے ان کی نبوت پر شک کیا۔ جب ان کا انتقال ہوا تو تم نے کہا: اب عدل و انصاف کا دور دوبارہ نہیں آ سکتا۔ یعنی جب تمہیں ہدایت مل رہی ہوتی ہے، اس وقت تم اسے ٹھکرا دیتے ہو، لیکن اس ہدایت کے اٹھنے کے بعد تمہیں اس کی قدر و قیمت معلوم ہوتی ہے۔

بِالْبَيِّنٰتِ فَمَا زِلْتُمْ فِيْ شَكٍّ مِّمَّا
جَآءَكُمْ بِهٖ ؕ حَتّٰۤى اِذَا هَلَكَ
قُلْتُمْ لَنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ مِنْۢ بَعْدِهٖ
رَسُوْلًا ؕ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ هُوَ
مُسْرِفٌ مُّرْتَابُ ۚ﴿۳۴﴾
الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْۤ اٰيٰتِ اللّٰهِ بِغَيْرِ
سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ؕ كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ
اللّٰهِ وَعِنْدَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ؕ كَذٰلِكَ
يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ قَلْبِ مُتَكَبِّرٍ
جَبَّارٍ ﴿۳۵﴾
وَقَالَ فِرْعَوْنُ يٰهَامٰنُ ابْنِ لِيْ
صَرْحًا لَّعَلِّيْۤ اَبْلُغُ الْاَسْبَابَ ﴿۳۶﴾
اَسْبَابَ السَّمٰوٰتِ فَاَطَّلِعَ اِلٰۤى
اِلٰهِ مُوْسٰى وَاِنِّيْ لَاَظُنُّهٗ كَاذِبًا ؕ وَ
كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِفِرْعَوْنَ سُوْٓءُ
عَمَلِهٖ وَصُدَّ عَنِ السَّبِيْلِ ؕ وَمَا
ع ۹ كَيْدُ فِرْعَوْنَ اِلَّا فِيْ تَبَابٍ ﴿۳۷﴾
وَقَالَ الَّذِيْۤ اٰمَنَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوْنِ
اَهْدِكُمْ سَبِيْلَ الرَّشَادِ ﴿۳۸﴾
يٰقَوْمِ اِنَّمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا
مَتَاعٌ ۫ وَّاِنَّ الْاٰخِرَةَ هِيَ دَارُ
الْقَرَارِ ﴿۳۹﴾
مَنْ عَمِلَ سَيِّئَةً فَلَا يُجْزٰۤى اِلَّا

اس چیز میں شک ہی رہا جو وہ تمہارے پاس لائے تھے یہاں تک کہ جب ان کا انتقال ہوا تو تم کہنے لگے: ان کے بعد اللہ کوئی پیغمبر مبعوث نہیں کرے گا اس طرح اللہ ان لوگوں کو گمراہ کر دیتا ہے جو تجاوز کرنے والے، شک کرنے والے ہوتے ہیں۔☆

۳۵۔ جو اللہ کی آیات میں جھگڑا کرتے ہیں بغیر ایسی دلیل کے جو اللہ کی طرف سے ان کے پاس آئی ہو (ان کی) یہ بات اللہ اور ایمان لانے والوں کے نزدیک نہایت ناپسندیدہ ہے، اسی طرح ہر متکبر، سرکش کے دل پر اللہ مہر لگا دیتا ہے۔☆

۳۶۔ اور فرعون نے کہا: اے ہامان! میرے لیے ایک بلند عمارت بناؤ، شاید میں راستوں تک رسائی حاصل کر لوں،

۳۷۔ آسمانوں کے راستوں تک، پھر میں موسیٰ کے خدا کو دیکھ لوں اور میرا گمان یہ ہے کہ موسیٰ جھوٹا ہے، اس طرح فرعون کے لیے اس کی بدعملی کو خوشنما بنا دیا گیا اور وہ راہ راست سے روک دیا گیا اور فرعون کی چال تو صرف گھاٹے میں ہے۔☆

۳۸۔ اور جو شخص ایمان لایا تھا بولا: اے میری قوم! میری اتباع کرو، میں تمہیں صحیح راستہ دکھاتا ہوں۔☆

۳۹۔ اے میری قوم! یہ دنیاوی زندگی تو صرف تھوڑی دیر کی لذت ہے اور آخرت یقیناً دائمی قیام گاہ ہے۔

۴۰۔ جو برائی کا ارتکاب کرے گا اسے اتنا ہی

۳۵۔ مہر لگانے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ مُسْرِفٌ یعنی حد سے تجاوز کرنے والے تھے۔ مُّرْتَابٌ یعنی شک کرنے والے تھے۔ يُجَادِلُوْنَ یعنی دلیل وسند کے بغیر حق کے بارے میں کج بحثی کرنے والے تھے۔ ان تین خصلتوں کی وجہ سے وہ اس قابل نہ رہے کہ اللہ ان کو اپنی رحمت کے دائرے میں رکھے۔

۳۷۔ اس موضوع سے متعلق حاشیہ سورۂ القصص آیت ۳۸ میں گزر چکا ہے۔

فرعون اس مؤمن کے منطقی استدلال کا جواب تو نہ دے سکا، البتہ ایک تمسخر کے طور پر کہہ دیا ہوگا: موسیٰ (ع) کا خدا زمین پر تو ہے نہیں، آسمان میں دیکھتا ہوں۔ بعض کا خیال ہے کہ فرعون موسیٰ (ع) کا خدا تلاش کرنے کے لیے ایک رصد گاہ بنانا چاہتا تھا تاکہ اپنی قوم کو دھوکہ دے سکے کہ موسیٰ کا کوئی خدا نہیں ہے۔

۳۸۔ یہ مؤمن فرعون کی غیر منطقی باتوں کو اہمیت میں لائے بغیر اپنے پیغمبرانہ فرامین کو جاری رکھتے ہیں اور دنیا کی بے ثباتی اور آخرت کی دائمی زندگی میں موازنہ پیش کر کے ضمیروں کو بیدار کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

مؤمن آل فرعون نے جب بیباکی کے ساتھ حق گوئی کا مظاہرہ کیا تو فرعون کی طرف سے ردعمل کے طور پر اس کے خلاف بہت کچھ ہو سکتا تھا، مگر اس مؤمن نے اپنا معاملہ جب اللہ کے سپرد کیا تو اللہ ارحم الراحمین نے اسے اپنی رحمت کے دامن میں جگہ دی۔

۴۰۔ ایک اہم نکتے کی وضاحت ہو گئی۔ وہ یہ کہ گناہ کی مناسبت سے سزا مل جائے گی، لیکن نیکی کے ثواب کے لیے کوئی حد متعین نہیں ہے۔ یہاں جو ثواب ملے گا، اسے وصف و حساب میں نہیں لایا جا سکتا نیز اس بات کی بھی وضاحت ہو گئی کہ عمل و ایمان کے اعتبار سے مرد اور عورت برابر ہیں۔ ان میں سے ہر ایک کو اپنے عمل کے مطابق جزا و سزا ملے گی۔ یوں اس جاہلی موقف کو مسترد کر دیا کہ عورت ناپاک جنس ہے۔

مِثْلَهَا ۚ وَمَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ
ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ
يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ يُرْزَقُوْنَ فِيْهَا
بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۴۰﴾
وَيٰقَوْمِ مَا لِيْٓ اَدْعُوْكُمْ اِلَى
النَّجٰوةِ وَتَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَى النَّارِ ﴿۴۱﴾
تَدْعُوْنَنِيْ لِاَكْفُرَ بِاللّٰهِ وَاُشْرِكَ
بِهٖ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ ۡ وَّاَنَا
اَدْعُوْكُمْ اِلَى الْعَزِيْزِ الْغَفَّارِ ﴿۴۲﴾
لَا جَرَمَ اَنَّمَا تَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ لَيْسَ
لَهٗ دَعْوَةٌ فِي الدُّنْيَا وَلَا فِي الْاٰخِرَةِ
وَاَنَّ مَرَدَّنَآ اِلَى اللّٰهِ وَ اَنَّ
الْمُسْرِفِيْنَ هُمْ اَصْحٰبُ النَّارِ ﴿۴۳﴾
فَسَتَذْكُرُوْنَ مَآ اَقُوْلُ لَكُمْ ۭ وَ
اُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ
بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿۴۴﴾
فَوَقٰىهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا
وَحَاقَ بِاٰلِ فِرْعَوْنَ سُوْۗءُ
الْعَذَابِ ﴿۴۵﴾
اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّ
عَشِيًّا ۚ وَ يَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ ۣ
اَدْخِلُوْٓا اٰلَ فِرْعَوْنَ اَشَدَّ
الْعَذَابِ ﴿۴۶﴾

بدلہ ملے گا اور جو نیکی کرے گا وہ مرد ہو یا عورت اگر صاحب ایمان بھی ہو تو ایسے لوگ جنت میں داخل ہوں گے جس میں انہیں بے شمار رزق ملے گا۔☆

۴۱۔ اور اے میری قوم! آخر مجھے ہوا کیا ہے کہ میں تمہیں نجات کی طرف بلاتا ہوں اور تم مجھے آتش کی طرف بلاتے ہو؟

۴۲۔ تم مجھے دعوت دیتے ہو کہ میں اللہ کے ساتھ کفر کروں اور اسے اللہ کا شریک قرار دوں جس کا مجھے علم ہی نہیں ہے اور میں تمہیں بڑے غالب آنے والے، بخشنے والے اللہ کی طرف بلاتا ہوں۔☆

۴۳۔ حقیقت یہ ہے کہ جس چیز کی طرف تم مجھے دعوت دیتے ہو اس کی نہ دنیا میں کوئی دعوت ہے اور نہ آخرت میں اور ہماری بازگشت یقیناً اللہ کی طرف ہے اور حد سے تجاوز کرنے والے تو یقیناً جہنمی ہیں۔☆

۴۴۔ جو بات (آج) میں تم سے کہہ رہا ہوں (کل) تم اسے ضرور یاد کرو گے اور میں اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کرتا ہوں، بے شک اللہ بندوں پر خوب نگاہ کرنے والا ہے۔

۴۵۔ پس اللہ نے اس (مومن) کو ان کی بری چالوں سے بچایا اور آل فرعون کو برے عذاب نے گھیر لیا۔☆

۴۶۔ وہ لوگ صبح وشام آتش جہنم کے سامنے پیش کیے جائیں گے اور جس دن قیامت برپا ہوگی (تو حکم ہوگا) آل فرعون کو سخت ترین عذاب میں داخل کرو۔☆

۴۲۔ مؤمن آل فرعون اپنے مؤقف اور مشرکین کے مؤقف میں موازنہ کر رہے ہیں کہ میں تمہیں آتش جہنم سے نجات کی طرف بلاتا ہوں۔ تم مجھے آتش کی طرف بلا رہے ہو۔ تمہارے مؤقف پر کوئی دلیل نہیں ہے کہ ثابت کرے کہ خدا کا کوئی شریک کار ہے، جبکہ میرے مؤقف پر دلیل ہے، جس کی وجہ سے مجھے علم حاصل ہے کہ جس کی طرف میں تمہیں دعوت دے رہا ہوں وہ عزیز اور غفار ہے۔

۴۳۔ اپنے مؤقف پر دلیل پیش کر رہے ہیں کہ جس شرک کی طرف تم بلا رہے ہو، اس کی طرف سے نہ کوئی رسول آیا ہے، نہ کوئی کتاب نازل ہوئی، نہ کوئی معجزات پیش کیے گئے ہیں۔ لہٰذا تمہارے شریکوں کی طرف سے نہ دنیا کے لیے کوئی دعوت ہے کہ ان کی طرف سے کوئی دستور حیات دیا گیا ہو، نہ آخرت کے لیے کوئی دعوت ہے کہ ابدی زندگی کے لیے سعادت کا کوئی پیغام دیا گیا ہو۔

۴۵۔ اس مؤمن نے اپنا معاملہ اللہ کے سپرد کیا تو اللہ نے اسے فرعونیوں کی بری چال سے بچا لیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ فرعونیوں نے اس مؤمن کے خلاف کوئی قدم اٹھایا ہے، جسے اللہ نے ناکام بنا دیا۔

۴۶۔ برزخ میں شہیدوں اور بلند درجات والے مؤمنوں اور سنگین جرائم کے مرتکب کافروں کے لیے برزخی زندگی ہوگی۔ اس آیت سے یہی ثبوت ملتا ہے کہ آل فرعون کو برزخی زندگی میں صبح وشام دوزخ کی آگ کے سامنے پیش کیا جاتا ہے اور قیامت آنے پر انہیں شدید عذاب دیا جائے گا۔

وَاِذْ يَتَحَآجُّوْنَ فِي النَّارِ فَيَقُوْلُ
الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا
كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ
مُّغْنُوْنَ عَنَّا نَصِيْبًا مِّنَ النَّارِ ﴿۴۷﴾
قَالَ الَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُلٌّ
فِيْهَآ ۙ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَمَ بَيْنَ
الْعِبَادِ ﴿۴۸﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ فِي النَّارِ لِخَزَنَةِ
جَهَنَّمَ ادْعُوْا رَبَّكُمْ يُخَفِّفْ عَنَّا
يَوْمًا مِّنَ الْعَذَابِ ﴿۴۹﴾
قَالُوْٓا اَوَلَمْ تَكُ تَاْتِيْكُمْ
رُسُلُكُمْ بِالْبَيِّنٰتِ ۭ قَالُوْا بَلٰى ۭ
قَالُوْا فَادْعُوْا ۚ وَمَا دُعٰٓؤُا
ع ۱۳ الْكٰفِرِيْنَ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ ﴿۵۰﴾ ع
اِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُوْمُ
الْاَشْهَادُ ﴿۵۱﴾
يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظّٰلِمِيْنَ مَعْذِرَتُهُمْ
وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْۗءُ الدَّارِ ﴿۵۲﴾
وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْهُدٰى وَ
اَوْرَثْنَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ الْكِتٰبَ ﴿۵۳﴾
هُدًى وَّذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿۵۴﴾
فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ

۴۷۔ اور جب وہ جہنم میں جھگڑیں گے تو کمزور درجے کے لوگ بڑا بننے والوں سے کہیں گے: ہم تو تمہارے تابع تھے، تو کیا تم ہم سے آتش کا کچھ حصہ دور کر سکتے ہو؟ ☆

۴۸۔ بڑا بننے والے کہیں گے: ہم سب اس (آتش) میں ہیں، اللہ تو بندوں کے درمیان یقیناً فیصلہ کر چکا ہے۔

۴۹۔ اور جو لوگ آتش جہنم میں ہوں گے وہ جہنم کے کارندوں سے کہیں گے: اپنے پروردگار سے درخواست کرو کہ ہم سے ایک دن کے لیے عذاب میں تخفیف کرے۔

۵۰۔ وہ کہیں گے: کیا تمہارے پیغمبر واضح دلائل لے کر تمہارے پاس نہیں آئے تھے؟ وہ کہیں گے: کیوں نہیں، تو وہ کہیں گے: پس درخواست کرتے رہو اور کفار کی درخواست بے نتیجہ ہی رہے گی۔ ☆

۵۱۔ ہم اپنے رسولوں اور ایمان لانے والوں کی دنیاوی زندگی میں بھی مدد کرتے رہیں گے اور اس روز بھی جب گواہ کھڑے ہوں گے۔ ☆

۵۲۔ اس روز ظالموں کو ان کی معذرت فائدہ نہیں دے گی اور ان پر لعنت پڑے گی اور ان کے لیے بدترین ٹھکانا ہوگا۔ ☆

۵۳۔ اور بتحقیق ہم نے موسیٰ کو ہدایت دی اور بنی اسرائیل کو ہم نے اس کتاب کا وارث بنایا، ☆

۵۴۔ جو صاحبان عقل کے لیے ہدایت اور نصیحت تھی۔

۵۵۔ پس آپ صبر کریں، یقیناً اللہ کا وعدہ

۴۷۔ انہیں معلوم ہے کہ وہ نہیں بچا سکتے۔ یہ بات صرف انہیں مزید خوار کرنے کے لیے یا دل کی بھڑاس نکالنے کے لیے کہہ رہے ہوں گے۔ یا ممکن ہے دنیا میں ان سرداروں کے آگے ہاتھ پھیلانے کی عادت راسخ ہو گئی تھی، اس کے تحت آخرت میں بھی ان کے آگے ہاتھ پھیلاتے ہوں۔

۵۰۔ یعنی اگر تم پر انبیاء کی طرف سے حجت پوری ہو گئی تھی تو آج تمہاری دعا کی شنوائی نہ ہوگی۔

۵۱۔ اس موضوع پر حاشیہ سورہ صافات آیت ۱۷۳ پر ملاحظہ فرمائیں۔

۵۲۔ یا تو یہ لوگ معذرت پیش کر ہی نہ سکیں گے یا ان کی معذرت قبول نہ ہوگی۔ معذرت کا قبول ہونا ایک قسم کی رحمت ہے۔ یہ لوگ رحمت الٰہی سے دور ہوں گے۔

۵۳۔ اس جگہ حضرت موسیٰ (ع) کا ذکر اس لحاظ سے ہے: ہم نے موسیٰ (ع) کو فرعون کے مقابلے کے لیے مامور کیا تو انہیں کامیاب بنانا ہمارے ذمے تھا۔ چنانچہ موسیٰ (ع) کو ہم نے کامیاب بنایا اور بنی اسرائیل کو ہم نے کتاب کا وارث بنایا۔ اس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ایک لطیف اشارہ ہے: جس ذات نے موسیٰ (ع) کو فرعون کے مقابلے میں کامیابی عنایت کی ہے، وہ آپ کو بھی کامیابی عنایت کرے گا۔

وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ
رَبِّكَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿۵۵﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِ اللّٰهِ
بِغَيْرِ سُلْطٰنٍ اَتٰىهُمْ ۙ اِنْ فِيْ
صُدُوْرِهِمْ اِلَّا كِبْرٌ مَّا هُمْ
بِبَالِغِيْهِ ۚ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ
السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ﴿۵۶﴾
لَخَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
اَكْبَرُ مِنْ خَلْقِ النَّاسِ وَلٰكِنَّ
اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۵۷﴾
وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۙ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَلَا
الْمُسِيْۗءُ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾
اِنَّ السَّاعَةَ لَاٰتِيَةٌ لَّا رَيْبَ فِيْهَا
وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ
لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۹﴾
وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْٓ
اَسْتَجِبْ لَكُمْ ۭ اِنَّ الَّذِيْنَ
يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ
سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۶
اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ
لِتَسْكُنُوْا فِيْهِ وَالنَّهَارَ مُبْصِرًا ۭ اِنَّ
اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

برحق ہے اور اپنے گناہ کے لیے استغفار کریں اور صبح و شام اپنے رب کی ثناء کے ساتھ تسبیح کریں۔☆

۵۶۔ بے شک جو لوگ اللہ کی آیات کے بارے میں جھگڑتے ہیں بغیر کسی دلیل کے جو ان کے پاس آئی ہو، ان کے دلوں میں بڑائی کے سوا کچھ نہیں، وہ اس (بڑائی) تک نہیں پہنچ پائیں گے، لہٰذا آپ اللہ کی پناہ مانگیں، وہ یقیناً خوب سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

۵۷۔ آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا انسانوں کے خلق کرنے سے زیادہ بڑا کام ہے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔☆

۵۸۔ اور نابینا اور بینا برابر نہیں ہو سکتے نیز نہ ہی ایماندار اور عمل صالح بجالانے والے اور بدکار، تم لوگ بہت کم نصیحت قبول کرتے ہو۔

۵۹۔ قیامت یقیناً آنے والی ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے۔

۶۰۔ اور تمہارا پروردگار فرماتا ہے: مجھے پکارو، میں تمہاری دعائیں قبول کروں گا، جو لوگ از راہ تکبر میری عبادت سے منہ موڑتے ہیں یقیناً وہ ذلیل ہو کر عنقریب جہنم میں داخل ہوں گے۔☆

۶۱۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے رات بنائی کہ تم اس میں آرام کرو اور دن کو روشن بنایا، اللہ لوگوں پر بڑا فضل کرنے والا ہے

۵۵۔ حضرت موسیٰ (ع) کی تاریخ بیان کرنے کے بعد نتیجہ اخذ کرتے ہوئے فرمایا: جب طاغوتوں کا انجام آپ نے دیکھ لیا تو درپیش مشکلات کے لیے صبر سے کام لیں۔ ہم اپنے رسولوں اور اہل ایمان کی مدد کرنے والے ہیں۔ وَّاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ اپنے گناہ کے لیے استغفار کر۔ یعنی اپنے قصور کے لیے تلافی طلب کر۔ واضح رہے، ہر ایک کا قصور اس کے مقام کے مطابق ہوتا ہے۔ غیر معصوم کا قصور یہ ہے کہ امر مولا کی مخالفت کرے۔ معصوم کا قصور یہ احساس ہے کہ بندگی کا حق ادا نہ ہوا۔ چنانچہ معرفت الٰہی میں مستغرق ہونے کے باوجود یہ احساس ہے: ما عرفناك حق معرفتك۔ (بحار الانوار ۶۸:۲۳) چنانچہ نبی اور رسول یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔ اس کا برگزیدہ ہوں کہ مجھے اپنی رسالت کے لیے منتخب فرمایا ہے۔ لیکن کسی نبی نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ میں نے بندگی کا حق ادا کیا ہے۔ اس آیت میں وعدۂ نصرت کے بعد استغفار کا حکم اس بات کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے کہ آپ کی تحریک میں کچھ افراد کی وجہ سے جو قصور ہے، اس کی تلافی کر۔ چونکہ غفران کے ایک معنی تلافی کے ہیں۔

۵۷۔ کفار حیات بعد از موت کو بعید از امکان سمجھتے تھے۔ اسی سلسلہ میں فرمایا کہ اس وسیع و عریض کائنات کا بنانا، انسانوں کے بنانے سے بہت بڑا کام ہے۔ جس ذات نے اس عظیم کائنات کو بنایا ہے، اس کے لیے انسان کو دوبارہ زندہ کرنا کوئی مشکل نہیں ہے۔

۶۰۔ آیت کا سیاق بتلاتا ہے کہ دعا کرنا عین عبادت ہے اور جو لوگ تکبر کے باعث اللہ کی عبادت نہیں کرتے، وہ خوار ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے نیز اس آیت میں ایک حکم اور ایک وعدہ ہے۔ اُدْعُوْنِيْٓ دعا کا حکم ہے اور اَسْتَجِبْ لَكُمْ اجابت دعا کا وعدہ ہے۔ لہٰذا کوئی اس حکم کی تعمیل کرے اور حقیقی معنوں میں دعا کا عمل انجام دے تو اللہ وعدہ خلافی نہیں کرتا۔ اس کی دعا ضرور قبول ہوگی۔ چنانچہ دعاؤں میں یہ جملہ ملتا ہے: اللهم انی قد دعوتك كما امرتني فاستجب لي كما وعدتني۔ اے اللہ میں نے تیرے حکم کی تعمیل میں دعا کی ہے، لہٰذا تو اپنا وعدہ پورا کرتے ہوئے میری دعا قبول فرما۔ اس موضوع پر مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورہ بقرہ: ۱۸۶۔

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۶۱﴾

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ خَالِقُ كُلِّ شَيْءٍ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُؤْفَكُوْنَ ﴿۶۲﴾

كَذٰلِكَ يُؤْفَكُ الَّذِيْنَ كَانُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۶۳﴾

اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ قَرَارًا وَّالسَّمَآءَ بِنَآءً وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ۚ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۴﴾

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ فَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۵﴾

قُلْ اِنِّيْ نُهِيْتُ اَنْ اَعْبُدَ الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ لَمَّا جَآءَنِيَ الْبَيِّنٰتُ مِنْ رَّبِّيْ ۫ وَاُمِرْتُ اَنْ اُسْلِمَ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶۶﴾

هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ يُخْرِجُكُمْ طِفْلًا ثُمَّ لِتَبْلُغُوْٓا اَشُدَّكُمْ ثُمَّ لِتَكُوْنُوْا شُيُوْخًا ۚ وَمِنْكُمْ مَّنْ يُّتَوَفّٰى مِنْ قَبْلُ وَلِتَبْلُغُوْٓا اَجَلًا مُّسَمًّى وَّلَعَلَّكُمْ

لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے۔

۶۲۔ یہی اللہ تمہارا رب ہے جو ہر چیز کا خالق ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، پھر تم کہاں بھٹک رہے ہو؟

۶۳۔ اسی طرح وہ لوگ بھی بھٹکتے رہے جو اللہ کی آیات کا انکار کرتے تھے۔

۶۴۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو جائے قرار اور آسمان کو عمارت بنایا اور اسی نے تمہاری صورت بنائی تو بہترین صورت بنائی اور تمہیں پاکیزہ رزق دیا، یہی اللہ تمہارا رب ہے، پس بابرکت ہے وہ اللہ جو عالمین کا رب ہے۔☆

۶۵۔ وہی زندہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں لہٰذا تم دین کو اس کے لیے خالص کر کے اسی کو پکارو، ثنائے کامل ہے اس اللہ کے لیے جو عالمین کا پروردگار ہے۔☆

۶۶۔ کہہ دیجیے: مجھے اس بات سے روک دیا گیا ہے کہ میں ان کی عبادت کروں جنہیں تم اللہ کے علاوہ پکارتے ہو جب کہ میرے پاس میرے رب کی طرف سے واضح دلائل آ چکے ہیں اور مجھے یہ حکم ہوا ہے کہ میں رب العالمین کا تابع فرمان رہوں۔☆

۶۷۔ وہ وہی ہے جس نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا پھر نطفے سے پھر لوتھڑے سے پھر تمہیں بچے کی صورت میں پیدا کرتا ہے پھر (تمہاری نشو و نما کرتا ہے) تاکہ تم اپنی جوانی کو پہنچ جاؤ پھر (تمہیں مزید زندگی دیتا ہے) تاکہ تم بڑھاپے کو پہنچ پاؤ اور تم میں سے کوئی تو پہلے ہی مر جاتا ہے اور (بعض کو مہلت ملتی ہے) تاکہ تم اپنے مقررہ وقت کو پہنچ جاؤ

۶۴۔ آیت میں دو باتوں کی طرف اشارہ ہے۔ ایک یہ کہ اللہ نے زمین کو اس طرح بنایا کہ انسانی زندگی کے لیے بہترین جائے قرار بن جائے اور آسمان کا گنبد اس طرح بنایا کہ انسان زمین پر آسمانی آفتوں سے محفوظ رہے۔ دوسری بات یہ کہ خود انسان کی تصویر کشی اس طرح کی کہ وہ کائنات کی ہر چیز کو مسخر کر سکے نیز اللہ نے انسان کی صورت بنائی تو بڑی ہی عمدہ بنائی کہ ہر شے انسان کے لیے مسخر ہو اور انسان کسی کے لیے مسخر نہ ہو۔ پھر فرمایا: وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ اور تمہیں پاکیزہ رزق دیا۔ پھر فرمایا: ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ ، یہی اللہ تمہارا رب ہے، جس نے تمہاری صورت بنائی اور تم کو رزق دیا۔ وہی تمہارا رب ہے۔ اس سے رب کی تعریف نکل آئی۔

۶۵۔ پکارنا اسی کو چاہیے جو ہمیشہ زندہ ہو، نہ وہ غافل ہو، نہ اسے نیند آتی ہو۔ ہر زندہ کی زندگی اللہ کی طرف سے ہے، لیکن اللہ بذات خود زندہ ہے۔ یعنی اللہ خود حیات سے عبارت ہے۔ خود حیات کے بارے میں یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ وہ کہاں سے آئی۔ چار کا وجود ہے یا نہیں؟ سوال پیدا ہوتا ہے۔ لیکن چار ہے، تو یہ سوال پیدا نہیں ہوتا کہ اس کے اندر جفت کہاں سے آیا؟ کیونکہ جب چار ہے تو وہ بذات خود جفت ہے۔

۶۶۔ دلیل کے بغیر نہ کوئی بات مانی جاتی ہے، نہ رد ہو سکتی ہے اور دلیل آنے کے بعد وہ بات ترک نہیں ہو سکتی۔

۶۷۔ یعنی کوئی تو اپنی طبعی عمر پوری کر لیتا ہے اور کوئی طبعی عمر پوری کرنے سے پہلے مر جاتا ہے۔ مقررہ وقت وہ ہوتا ہے جس میں تغیر و تبدل کا امکان نہیں ہوتا، خواہ کتنی لمبی عمر کیوں نہ گزاری جائے۔ مقررہ وقت تک تم کو زندگی اس لیے دی جاتی ہے کہ تم اپنے انسانی مقام پر فائز ہونے کے لحاظ سے عقل سے کام لو، بصورت دیگر تمہاری اور جانوروں کی زندگی میں کیا فرق رہ جائے گا؟

تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾
هُوَ الَّذِیْ یُحْیٖ وَ یُمِیْتُ ۚ فَاِذَا
قَضٰۤی اَمْرًا فَاِنَّمَا یَقُوْلُ لَهٗ كُنْ
ع فَیَكُوْنُ ﴿۶۸﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِیْنَ یُجَادِلُوْنَ فِیْۤ
اٰیٰتِ اللّٰهِ ؕ اَنّٰى یُصْرَفُوْنَ ﴿۶۹﴾ۚ
الَّذِیْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَ بِمَاۤ
اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ۚ فَسَوْفَ
یَعْلَمُوْنَ ﴿۷۰﴾ۙ
اِذِ الْاَغْلٰلُ فِیْۤ اَعْنَاقِهِمْ
وَ السَّلٰسِلُ ؕ یُسْحَبُوْنَ ﴿۷۱﴾ۙ
فِی الْحَمِیْمِ ۙ ثُمَّ فِی النَّارِ
یُسْجَرُوْنَ ﴿۷۲﴾ۚ
ثُمَّ قِیْلَ لَهُمْ اَیْنَ مَا كُنْتُمْ
تُشْرِكُوْنَ ﴿۷۳﴾ۙ
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا بَلْ
لَمْ نَكُنْ نَّدْعُوْا مِنْ قَبْلُ شَیْـًٔا ؕ
كَذٰلِكَ یُضِلُّ اللّٰهُ الْكٰفِرِیْنَ ﴿۷۴﴾
ذٰلِكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَفْرَحُوْنَ فِی
الْاَرْضِ بِغَیْرِ الْحَقِّ وَ بِمَا كُنْتُمْ
تَمْرَحُوْنَ ﴿۷۵﴾ۚ
اُدْخُلُوْۤا اَبْوَابَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ
فِیْهَا ۚ فَبِئْسَ مَثْوَى

اور تا کہ تم عقل سے کام لو۔☆

۶۸۔ وہی تو ہے جو زندگی دیتا ہے اور وہی موت بھی دیتا ہے پھر جب وہ کسی امر کا فیصلہ کر لیتا ہے تو اس سے صرف یہ کہتا ہے: ہو جا! پس وہ ہو جاتا ہے۔☆

۶۹۔ کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو اللہ کی آیات کے بارے میں جھگڑتے ہیں؟ یہ لوگ کہاں پھرے جاتے ہیں؟

۷۰۔ جنہوں نے اس کتاب کی اور جو کچھ ہم نے پیغمبروں کو دے کر بھیجا ہے اس کی تکذیب کی ہے، انہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔☆

۷۱۔ جب طوق اور زنجیریں ان کی گردنوں میں ہوں گی، گھسیٹے جا رہے ہوں گے،

۷۲۔ کھولتے پانی کی طرف، پھر آگ میں جھونک دیے جائیں گے۔

۷۳۔ پھر ان سے پوچھا جائے گا: کہاں ہیں وہ جنہیں تم شریک ٹھہراتے تھے،

۷۴۔ اللہ کو چھوڑ کر؟ وہ کہیں گے: وہ تو ہم سے ناپید ہو گئے بلکہ ہم تو پہلے کسی چیز کو پکارتے ہی نہیں تھے، اسی طرح کفار کو اللہ گمراہ کر دیتا ہے۔☆

۷۵۔ یہ (انجام) اس لیے ہوا کہ تم زمین میں حق کے برخلاف (باطل پر) خوش ہوتے تھے اور اس کا بدلہ ہے کہ تم اترایا کرتے تھے۔☆

۷۶۔ جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ جس میں تم ہمیشہ رہو گے، تکبر کرنے والوں

۶۸۔ جب زندگی اور موت اللہ کے ہاتھ میں ہے اور جب کسی چیز کی ایجاد کے لیے صرف اللہ کا ایک فیصلہ کافی ہے تو اس کے لیے اعادۂ حیات میں کون سی رکاوٹ پیش آئے گی۔

۷۰۔ اس کتاب سے مراد قرآن ہی ہو سکتا ہے۔ قرآن کی تکذیب کے انجام سے عنقریب آگاہ ہو جائیں گے، جب وہ جہنم کے عذاب میں مبتلا ہوں گے۔

۷۴۔ جو لوگ دنیا میں غیر اللہ کو پکارتے اور اوہام پرستی میں مبتلا تھے، کل قیامت کے دن انہیں پتہ چل جائے گا کہ یہ غیر اللہ اپنا وجود تک نہیں رکھتے تھے۔ اب ان کی سمجھ میں آئے گا کہ ہم دنیا میں ایک لا شیء کی پرستش کیا کرتے تھے۔

۷۵۔ فَرَحَ خوش ہونا اور مَرَحَ حد سے زیادہ خوش ہونا۔ فَرَحَ اور وہ خوشی مذموم ہے جو آخرت کا انکار یا اسے فراموش کر کے صرف دنیا کی آسائشوں پر منائی جائے یا اہل حق کے خلاف از راہ تمسخر خوش ہوا جائے۔ ورنہ اللہ کی نعمتوں پر خوش ہونے میں نہ صرف کوئی حرج نہیں، بلکہ یہ خوشی اللہ کو پسند ہے۔ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَ بِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا (یونس: ۵۸)۔ کہہ دیجیے یہ اللہ کے فضل اور اس کی رحمت سے ہے، پس انہیں چاہیے اس پر خوشی منائیں۔ جبکہ فَرَحَ اترانے کی مطلق ممانعت ہے، کیونکہ اترانے کی کوئی صورت مستحسن نہیں ہے۔

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿۶۷﴾
فَاصْبِرْ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَاِمَّا
نُرِيَنَّكَ بَعْضَ الَّذِيْ نَعِدُهُمْ اَوْ
نَتَوَفَّيَنَّكَ فَاِلَيْنَا يُرْجَعُوْنَ ﴿۷۷﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ
مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ
وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ ؕ
وَمَا كَانَ لِرَسُوْلٍ اَنْ يَّاْتِيَ بِاٰيَةٍ اِلَّا
بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ فَاِذَا جَآءَ اَمْرُ اللّٰهِ
قُضِيَ بِالْحَقِّ وَخَسِرَ هُنَالِكَ
ع ۱۳ الْمُبْطِلُوْنَ ﴿۷۸﴾
اَللّٰهُ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَنْعَامَ
لِتَرْكَبُوْا مِنْهَا وَمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۹﴾
وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَلِتَبْلُغُوْا عَلَيْهَا
حَاجَةً فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَعَلَيْهَا وَ
عَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ﴿۸۰﴾
وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ ۫ فَاَيَّ اٰيٰتِ اللّٰهِ
تُنْكِرُوْنَ ﴿۸۱﴾
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا
كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِهِمْ ؕ كَانُوْٓا اَكْثَرَ مِنْهُمْ وَاَشَدَّ
قُوَّةً وَّاٰثَارًا فِي الْاَرْضِ فَمَآ اَغْنٰى
عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۸۲﴾

کا کتنا برا ٹھکانا ہے۔

۷۷۔ پس آپ صبر کریں، یقیناً اللہ کا وعدہ سچا ہے، اب انہیں ہم نے جو وعدہ (عذاب) دیا ہے اس میں سے کچھ حصہ ہم آپ کو (زندگی ہی میں) دکھا دیں یا آپ کو دنیا سے اٹھا لیں، بہرحال انہیں ہماری طرف پلٹ کر آنا ہے۔☆

۷۸۔ اور تحقیق ہم نے آپ سے پہلے بہت سے رسول بھیجے ہیں، ان میں سے بعض کے حالات ہم نے آپ سے بیان کیے ہیں اور بعض کے حالات آپ سے بیان نہیں کیے اور کسی پیغمبر کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ اللہ کے اذن کے بغیر کوئی معجزہ پیش کرے، پھر جب اللہ کا حکم آ گیا تو حق کے ساتھ فیصلہ کر دیا گیا اور اس طرح اہل باطل خسارے میں پڑ گئے۔☆

۷۹۔ اللہ ہی ہے جس نے تمہارے لیے چوپائے بنائے تاکہ تم ان میں سے بعض پر سواری کرو اور بعض کا گوشت کھاؤ۔☆

۸۰۔ اور تمہارے لیے ان میں منفعت ہے اور تاکہ تمہارے دلوں میں (کہیں جانے کی) حاجت ہو تو ان پر (سوار ہو کر) پہنچ جاؤ نیز ان پر اور کشتیوں پر تم سوار کیے جاتے ہو۔

۸۱۔ اور وہ تمہیں اپنی نشانیاں دکھاتا ہے پس تم اس کی کن کن نشانیوں کا انکار کرو گے۔☆

۸۲۔ کیا وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ انہیں ان لوگوں کا انجام نظر آتا جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں؟ وہ تعداد میں ان سے کہیں زیادہ تھے نیز طاقت اور زمین میں (اپنے) آثار چھوڑنے میں بھی ان سے زیادہ تھے، (اس کے باوجود) جو کچھ انہوں نے کیا وہ ان کے کچھ بھی کام نہ آیا۔☆

۷۷۔ آپؐ صبر کریں، چونکہ ان کافروں کے لیے جو وعدۂ عذاب ہے وہ پورا ہو کر رہنا ہے۔ خواہ اس عذاب کا کچھ حصہ آپؐ کی زندگی میں ان پر آئے یا آپؐ کی زندگی میں یہ عذاب آنے سے پہلے ہم آپؐ کو اس دنیا سے اٹھا لیں۔ اس کا مفہوم یہ نکلتا ہے، عذاب تو ان پر بہرحال آنا ہے، آپؐ کی زندگی کے بعد ہی سہی۔

۷۸۔ معجزہ یعنی فیصلہ کن اقدام۔ امت کی طرف سے مطالبے پر معجزہ دکھانے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ فیصلہ کن اقدام کیا جائے۔ یعنی ان کے مطالبے کے مطابق معجزہ دکھانے کے بعد اگر ایمان نہ لائیں تو فوری طور پر تباہی آ جائے۔ لہٰذا معجزے کا مطالبہ کرنے والے خود اپنی تباہی کا مطالبہ کر رہے ہوتے ہیں، جبکہ اللہ تعالیٰ کی حکمت یہ ہے کہ ہنوز انہیں ڈھیل دی جائے۔

۷۹۔ اللہ نے حیوانات کو انسان کے لیے مسخر بنایا ہے۔ چنانچہ انسان حیوانات پر سواری کرتا ہے، باربرداری کا کام لیتا ہے، ان سے دودھ گوشت حاصل کرتا ہے، ان کی کھال بال اون اور گوبر تک سے فائدہ اٹھاتا ہے۔ جس انسان کو اللہ تعالیٰ نے ان حیوانات کا مخدوم بنایا ہے، وہ الٹا حیوانات کو مخدوم بنا لیتا ہے اور گاؤ پرستی جیسی حیوان پرستی اختیار کر کے اپنی انسانی اقدار کو پامال کرتا ہے۔ قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ (عبس: ۱۷)۔ مردہ باد یہ انسان۔ کس قدر ناشکرا ہے!

۸۱۔ توحید و آخرت پر موجود نشانیوں کے باوجود تم اور کس نشانی کی توقع رکھتے ہو۔

۸۲۔ قرآن درس عبرت حاصل کرنے کے لیے ارضی مطالعہ کو نہایت اہمیت دیتا ہے، جس سے طاغوتوں اور ظالموں کے انجام کا بخوبی علم ہوتا ہے۔ اسی سورہ میں آیت ۲۱ ملاحظہ فرمائیں۔ وہی مضمون یہاں دوبارہ بیان فرمایا ہے۔

فَلَمَّا جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ
فَرِحُوْا بِمَا عِنْدَهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ
وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ
يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۸۳﴾
فَلَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ
وَحْدَهٗ وَكَفَرْنَا بِمَا كُنَّا بِهٖ
مُشْرِكِيْنَ ﴿۸۴﴾ فَلَمْ يَكُ يَنْفَعُهُمْ
اِيْمَانُهُمْ لَمَّا رَاَوْا بَاْسَنَا ؕ سُنَّتَ
اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ فِيْ عِبَادِهٖ ۚ
وَخَسِرَ هُنَالِكَ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۸۵﴾ ع ۱۴

﴿۴۱ سُوْرَةُ حٰمٓ السَّجْدَةِ مَكِّيَّةٌ ۵۴﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ﴿۱﴾ ج
تَنْزِيْلٌ مِّنَ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ﴿۲﴾ ج
كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا
لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾ لا
بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۚ فَاَعْرَضَ
اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ﴿۴﴾
وَقَالُوْا قُلُوْبُنَا فِيْٓ اَكِنَّةٍ مِّمَّا
تَدْعُوْنَآ اِلَيْهِ وَفِيْٓ اٰذَانِنَا وَقْرٌ وَّمِنْۢ
بَيْنِنَا وَبَيْنِكَ حِجَابٌ فَاعْمَلْ
اِنَّنَا عٰمِلُوْنَ ﴿۵﴾
قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى

۸۳۔ پھر جب ان کے پیغمبر واضح دلائل کے ساتھ ان کے پاس آئے تو وہ اس علم پر نازاں تھے جو ان کے پاس تھا، پھر انہیں اس چیز نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اڑاتے تھے۔☆

۸۴۔ پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب دیکھ لیا تو کہنے لگے: ہم خدائے واحد پر ایمان لاتے ہیں اور جسے ہم اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے تھے اس کا انکار کرتے ہیں۔☆

۸۵۔ لیکن ہمارا عذاب دیکھ لینے کے بعد ان کا ایمان ان کے لیے فائدہ مند نہیں رہے گا، یہ اللہ کی سنت ہے جو اس کے بندوں میں چلی آ رہی ہے اور اس وقت کفار خسارے میں پڑ گئے۔☆

سورہ حٰمٓ سجدہ ۔ مکی ۔ آیات ۵۴

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ حا، میم۔

۲۔ خدائے رحمٰن رحیم کی نازل کردہ (کتاب) ہے۔

۳۔ ایسی کتاب جس کی آیات کھول کر بیان کی گئی ہیں، ایک عربی (زبان کا) قرآن علم رکھنے والوں کے لیے،☆

۴۔ بشارت دیتا ہے اور تنبیہ بھی کرتا ہے لیکن ان میں سے اکثر نے منہ پھیر لیا ہے پس وہ سنتے نہیں ہیں۔

۵۔ اور وہ کہتے ہیں: جس چیز کی طرف تو ہمیں بلاتا ہے اس کے لیے ہمارے دل غلاف میں ہیں اور ہمارے کانوں میں بھاری پن (بہرا پن) ہے اور ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان پردہ حائل ہے، پس تم اپنا کام کرو، ہم اپنا کام کرتے ہیں۔

۶۔ کہہ دیجیے: میں بھی تم جیسا آدمی ہوں،

۸۳۔ علوم انبیاء (ع) کے مقابلے میں وہ اپنے دنیاوی علوم اور مفروضوں پر ناز کرتے ہیں۔ يَعْلَمُوْنَ ظَاهِرًا مِّنَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ (روم:۷) آج بھی ہم یہی مشاہدہ کرتے ہیں کہ سائنسی باتیں خواہ ابھی تھیوری کے مرحلے میں ہی کیوں نہ ہوں، لوگوں میں علوم انبیاء سے زیادہ قابل توجہ ہوتی ہیں، بلکہ دینی علوم کا مزاح اڑاتی ہیں۔

۸۴۔ ۸۵ جب عذاب کا مشاہدہ ہو گا تو سارے پردے ہٹ چکے ہوں گے۔ حقائق سامنے آ گئے ہوں گے۔ اس وقت ایمان لے آنا ایک قہری امر ہے۔ اس قہری ایمان کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ تمام بندوں کے لیے بلا استثنا اللہ کا دستور یہ ہے کہ موت سامنے آنے اور عذاب کا مشاہدہ کرنے کے بعد نہ تو توبہ قبول ہو گی، نہ ایمان کا کوئی فائدہ ہو گا۔

حٰمٓ سجدہ

۳۔ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جس کی آیات واضح ہیں۔ اس میں کوئی پیچیدگی نہیں ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ قرآن عربی زبان میں ہے۔ لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ۔ یعنی یہ قرآن ایسی قوم کے لیے ہے جو اس کے معانی کا علم رکھتی ہے۔ خواہ عرب ہو یا غیر عرب۔ چونکہ قرآن کے معانی پر علم حاصل کرنے کے لیے عرب ہونا ضروری نہیں ہے۔ یہ اس صورت میں ہے، اگر ہم يَّعْلَمُوْنَ کے بعد معانیہ کو مفعول تصور کریں اور اگر ہم يَّعْلَمُوْنَ کو متروک المفعول تصور کرتے ہیں تو آیت کا یہ مطلب بنتا ہے: یہ قرآن ان لوگوں کے لیے ہے جو علم رکھتے ہیں۔ اس صورت میں مطلق علم مراد ہو گا۔ یعنی قرآن سے استفادہ وہی لوگ کریں گے جو علم و آگہی رکھتے ہیں۔

اِلَیَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ فَاسْتَقِیْمُوْٓا اِلَیْهِ وَاسْتَغْفِرُوْهُ ؕ وَوَیْلٌ لِّلْمُشْرِكِیْنَ ۙ﴿۶﴾

میری طرف وحی ہوتی ہے کہ ایک اللہ ہی تمہارا معبود ہے لہٰذا تم اس کی طرف سیدھے رہو اور اسی سے مغفرت مانگو اور تباہی ہے ان مشرکین کے لیے،

الَّذِیْنَ لَا یُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَةِ هُمْ كٰفِرُوْنَ ﴿۷﴾

۷۔ جو زکوٰۃ نہیں دیتے اور جو آخرت کا انکار کرتے ہیں۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۸﴾ ع ۱۵/۸

۸۔ لیکن جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالح بجالائے یقیناً ان کے لیے نہ ختم ہونے والا ثواب ہے۔

قُلْ اَئِنَّكُمْ لَتَكْفُرُوْنَ بِالَّذِیْ خَلَقَ الْاَرْضَ فِیْ یَوْمَیْنِ وَتَجْعَلُوْنَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ ۚ﴿۹﴾

۹۔ کہہ دیجیے: کیا تم اس ذات کا انکار کرتے ہو اور اس کے لیے مدمقابل قرار دیتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا؟ وہی تو عالمین کا پروردگار ہے۔

وَجَعَلَ فِیْهَا رَوَاسِیَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِیْهَا وَقَدَّرَ فِیْهَآ اَقْوَاتَهَا فِیْٓ اَرْبَعَةِ اَیَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِیْنَ ﴿۱۰﴾

۱۰۔ اور اسی نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے اور اس میں برکات رکھ دیں اور اس میں چار دنوں میں حاجتمندوں کی ضروریات کے برابر سامان خوراک مقرر کیا۔☆

ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ وَهِیَ دُخَانٌ فَقَالَ لَهَا وَلِلْاَرْضِ ائْتِیَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا ؕ قَالَتَآ اَتَیْنَا طَآئِعِیْنَ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ پھر وہ آسمان کی طرف متوجہ ہوا جو اس وقت دھواں تھا پھر آسمان اور زمین سے کہا: دونوں آجاؤ خواہ خوشی سے یا کراہت سے، ان دونوں نے کہا: ہم بخوشی آ گئے۔☆

فَقَضٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوَاتٍ فِیْ یَوْمَیْنِ وَاَوْحٰى فِیْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا ؕ وَزَیَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْیَا بِمَصَابِیْحَ ۖۚ وَحِفْظًا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ ﴿۱۲﴾

۱۲۔ پھر انہیں دو دنوں میں سات آسمان بنا دیے اور ہر آسمان میں اس کا حکم پہنچا دیا اور ہم نے آسمان دنیا کو چراغوں سے آراستہ کیا اور محفوظ بھی بنایا، یہ سب بڑے غالب آنے والے، دانا کی تقدیر سازی ہے۔☆

۱۰۔ مفسرین اس آیت کو قرآن کے اس مسلمہ اصول پر تطبیق کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ اللہ نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ ان کے درمیان ہے، چھ دنوں میں پیدا کیا اور ان آیات کے مطابق دن چھ نہیں آٹھ دن بنتے ہیں۔ اس لیے مختلف توجیہات و تاویلات کا سہارا لیتے ہیں۔ حالانکہ یہ آیت اس بات سے مربوط نہیں ہے کہ آسمان اور زمین کتنے دنوں میں پیدا کیے گئے۔ اگرچہ زمین اور آسمانوں کی تخلیق کے چار دنوں کا ذکر ہے، باقی کا ذکر نہیں ہے۔ کیونکہ پوری کائنات کے پیدا کرنے میں جو چھ دن لگے ہیں، وہ آسمان زمین اور انسان اور ان میں موجود اشیاء سب کے بارے میں ہے۔ جبکہ اس آیت میں و ما بینھما کا ذکر نہیں ہے اور اس کی جگہ زمین کی تخلیق کے بعد کے مراحل کے چار ایام کا ذکر ہے، جن کا تخلیق کے چھ دنوں سے ربط نہیں ہے، بلکہ زمین کی تخلیق کے بعد اس میں بسنے والوں کے لیے اسے قابل سکونت بنانے کا ذکر ہے۔

۱۱۔ دھوئیں سے مراد وہ منتشر مادہ ہو سکتا ہے جو کائنات کی تخلیق سے پہلے فضا میں ایک غبار کی طرح پھیلا ہوا تھا۔ ممکن ہے یہ مادہ وہی ہو جس کو آج کل کے سائنسدان سحابیے (Nebula) کہتے ہیں۔ تاہم ان سائنسی نظریات پر، جو اکثر تھیوری کے مراحل میں ہوتے ہیں، قرآنی حقائق کا انطباق کرنا درست نہیں ہے۔ زمین و آسمان کا فرمانبردار ہو کر آنا کن کے جواب میں فیکون کی طرح اللہ کے ارادے کے حتمی نفاذ کا ذکر ہے۔

۱۲۔ کائنات کے بنانے میں جو دن صرف ہوئے ہیں ان سے مراد ہمارے یہاں کے دن نہیں ہو سکتے، کیونکہ زمانہ، تخلیق کائنات کے بعد وجود میں آیا ہے۔

''دنیا کے آسمان کو چراغوں سے آراستہ کیا ہے'' فرمانے سے یہ بات درست معلوم ہوتی ہے کہ جس قدر تارے اور کہکشائیں انسان کے لیے قابل ادراک ہیں، وہ سب آسمان اول سے متعلق

ہیں۔ دیگر آسمانوں کے بارے میں اب تک ہمارے علم میں کچھ بھی نہیں ہے۔ آسمان اول کو ان ستاروں سے مزین کیا اور محفوظ بھی کیا۔ چنانچہ ہم نے پہلے بھی ذکر کیا ہے کہ شہاب ثاقب سے مراد آسمان اول کے ستارے ہیں، جن میں راز ہائے قدرت محفوظ ہیں۔

وَاَوْحٰى فِيْ كُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَهَا سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر آسمان کا اپنا اپنا نظام ہے، جیسا کہ آسمان اول کو جو ہمارے مشاہدے میں ہے، ستاروں سے مزین کیا۔ باقی آسمانوں کے بارے میں نہیں فرمایا کہ ان میں کس قسم کا نظام نافذ ہے۔ ممکن ہے ان آسمانوں میں زمان و مکان کا وہ تصور موجود نہ ہو جو ہمارے لیے قابل فہم ہے۔

۱۳۔ اگر یہ لوگ ان تعلیمات سے منہ پھیر لیتے ہیں جو قرآن پیش کرتا ہے۔ یعنی خدائے واحد کی بندگی سے ہر قسم کے شرک کی نفی اور دوسری زندگی میں اللہ کے سامنے حساب کے لیے حاضر ہونا وغیرہ سے، تو ان کا حشر وہی ہوگا جو عاد و ثمود کا ہوا ہے۔

۱۴۔ عاد و ثمود کی طرف رسول آئے۔ ان کے سامنے اور پیچھے سے۔ یعنی ایک رسول کے بعد دوسرے رسول آئے۔ دوسرے معنی یہ ہو سکتے ہیں: رسولوں نے ہر پہلو سے پیغام پہنچایا۔ کسی پہلو کو تشنہ نہیں رکھا۔ مشرکین رسولوں کے منکر تھے ان کا یہ موقف تھا کہ اللہ نے کسی بشر کو رسول نہیں بنایا، نہ ہی بشر اس قابل ہے کہ وہ اللہ کی نمایندگی کرے۔ یہ کام اللہ فرشتوں سے لے سکتا تھا۔ چونکہ کوئی فرشتہ رسول بن کر نہیں آیا، اس لیے اللہ نے کسی رسول کو مبعوث نہیں کیا۔

۱۶۔ وہ دن منحوس نہیں تھے۔ اگر ایسا ہوتا تو وہ دن سب کے لیے منحوس ہو جاتے، بلکہ ان دنوں میں عذاب آنے کی وجہ سے یہ دن قوم عاد کے لیے منحوس ہو گئے۔

فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُكُمْ صٰعِقَةً مِّثْلَ صٰعِقَةِ عَادٍ وَّثَمُوْدَ ﴿۱۳﴾

۱۳۔ اگر یہ منہ پھیر لیں تو کہہ دیجیے: میں نے تمہیں ایسی بجلی سے ڈرایا ہے جیسی بجلی قوم عاد و ثمود پر آئی تھی۔☆

اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ قَالُوْا لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۱۴﴾

۱۴۔ جب ان کے پاس پیغمبر آ گئے تھے ان کے سامنے اور پیچھے سے کہ اللہ کے سوا کسی کی بندگی نہ کرو تو وہ کہنے لگے: اگر ہمارا پروردگار چاہتا تو فرشتے نازل کرتا پس جس پیغام کے ساتھ تم بھیجے گئے ہو ہم اسے نہیں مانتے۔☆

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً ؕ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً ؕ وَكَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۱۵﴾

۱۵۔ مگر عاد نے زمین میں ناحق تکبر کیا اور کہا: ہم سے بڑھ کر طاقتور کون ہے؟ کیا انہوں نے دیکھا نہیں کہ جس اللہ نے انہیں پیدا کیا ہے وہ ان سے زیادہ طاقتور ہے؟ (اس طرح) وہ ہماری آیات کا انکار کرتے تھے.

فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَخْزٰى وَهُمْ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۶﴾

۱۶۔ تو ہم نے منحوس ایام میں ان پر طوفانی ہوا چلا دی تا کہ ہم دنیاوی زندگی ہی میں انہیں رسوائی کا عذاب چکھا دیں اور آخرت کا عذاب تو زیادہ رسوا کن ہے اور ان کی مدد بھی نہیں کی جائے گی۔☆

وَاَمَّا ثَمُوْدُ فَهَدَيْنٰهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى فَاَخَذَتْهُمْ صٰعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۷﴾

۱۷۔ اور (ادھر) ثمود کو تو ہم نے راہ راست دکھا دی تھی مگر انہوں نے ہدایت کی جگہ اندھا رہنے کو پسند کیا تو انہیں ان کے اعمال کے سبب ذلت آمیز عذاب کی بجلی نے گرفت میں لے لیا۔

وَنَجَّيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا

۱۸۔ اور ہم نے انہیں بچا لیا جو ایمان لے

ع ۲ ۱۲ يَتَّقُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع	آتے تھے اور تقویٰ اختیار کرتے تھے۔
وَيَوْمَ يُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰهِ اِلَى	۱۹۔اور جس دن اللہ کے دشمن جہنم کی طرف
النَّارِ فَهُمْ يُوْزَعُوْنَ ﴿۱۹﴾	چلائے جائیں گے تو انہیں روک لیا جائے
حَتّٰٓى اِذَا مَا جَآءُوْهَا شَهِدَ عَلَيْهِمْ	گا۔
سَمْعُهُمْ وَاَبْصَارُهُمْ وَجُلُوْدُهُمْ	۲۰۔ یہاں تک کہ جب سب وہاں پہنچ جائیں
بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۰﴾	گے تو ان کے کان اور ان کی آنکھیں اور
وَقَالُوْا لِجُلُوْدِهِمْ لِمَ شَهِدْتُّمْ	ان کی کھالیں ان کے خلاف گواہی دیں گی
عَلَيْنَا ؕ قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰهُ الَّذِيْٓ	کہ وہ کیا کچھ کرتے رہے ہیں۔☆
اَنْطَقَ كُلَّ شَيْءٍ وَّهُوَ خَلَقَكُمْ	۲۱۔ تو وہ اپنی کھالوں سے کہیں گے: تم نے
اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۱﴾	ہمارے خلاف گواہی کیوں دی؟ وہ جواب
وَمَا كُنْتُمْ تَسْتَتِرُوْنَ اَنْ يَّشْهَدَ	دیں گی: اسی اللہ نے ہمیں گویائی دی ہے
عَلَيْكُمْ سَمْعُكُمْ وَلَآ اَبْصَارُكُمْ	جس نے ہر چیز کو گویائی دی اور اسی نے
وَلَا جُلُوْدُكُمْ وَلٰكِنْ ظَنَنْتُمْ اَنَّ	تمہیں پہلی بار پیدا کیا اور تم اسی کی
اللّٰهَ لَا يَعْلَمُ كَثِيْرًا مِّمَّا	طرف پلٹائے جاؤ گے۔☆
تَعْمَلُوْنَ ﴿۲۲﴾	۲۲۔ اور تم (گناہ کے وقت) اپنے کان کی
وَذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ	گواہی سے اپنے آپ کو چھپا نہیں سکتے
بِرَبِّكُمْ اَرْدٰىكُمْ فَاَصْبَحْتُمْ مِّنَ	تھے اور نہ اپنی آنکھوں اور نہ اپنی کھالوں
الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾	کی (گواہی سے) بلکہ تمہارا گمان یہ تھا
فَاِنْ يَّصْبِرُوْا فَالنَّارُ مَثْوًى	کہ اللہ کو تمہارے بہت سے اعمال کی خبر
لَّهُمْ ۚ وَاِنْ يَّسْتَعْتِبُوْا فَمَا هُمْ	نہیں ہے۔☆
مِّنَ الْمُعْتَبِيْنَ ﴿۲۴﴾	۲۳۔ اور یہ تمہارا گمان تھا، جو گمان تم اپنے
وَقَيَّضْنَا لَهُمْ قُرَنَآءَ فَزَيَّنُوْا	پروردگار کے بارے میں رکھتے تھے اسی نے
لَهُمْ مَّا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ	تمہیں ہلاک کر دیا اور تم خسارہ اٹھانے
	والوں میں ہو گئے۔☆
	۲۴۔ پس اگر وہ صبر کریں تو بھی ان کا ٹھکانا
	آتش ہے اور اگر وہ معذرت کریں تو ان
	کا عذر قبول نہیں کیا جائے گا۔
	۲۵۔ اور ہم نے ان کے ساتھ ایسے ہم نشین
	لگا دیے تھے جو انہیں ان کے اگلے اور پچھلے

۲۰۔ جس جسم کے ساتھ دنیا میں جرم کیا ہے اسی جسم کے ساتھ اٹھایا جائے گا۔ وہی سیل (cell) اکٹھے کر دیے جائیں گے، جن سے دنیا میں اس کا جسم مرکب تھا۔ اگرچہ دنیا میں انسان کا جسم بدلتا رہتا ہے، تاہم اللہ کے لیے یہ کام دشوار نہیں کہ جس جسم کے ساتھ جرم سرزد ہوا ہے، وہی جسم حاضر کیا جائے۔ کوئی جرم جوانی میں سرزد ہوا ہے تو اس جسم سے، بڑھاپے میں سرزد ہوا ہے تو اس جسم سے گواہی لی جائے، چونکہ اس کی ہر حرکت اس کے جسم کے ہر سیل (cell) کے کوڈ میں ملفوف ہو گی۔

۲۱۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ قیامت کے دن ہر وہ چیز بول اٹھے گی جس سے انسانی عمل کا ربط ہے نیز یہ بات بھی معلوم ہوئی کہ ہر چیز اپنی جگہ شعور رکھتی ہے، خواہ دنیا میں ہم ان کے شعور کا شعور نہیں رکھتے۔ يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا (زلزال:۴) اس دن زمین اپنی سرگزشت سنا دے گی۔

۲۲۔ یہ غافل انسان اس بات کی طرف متوجہ نہیں کہ اس کی ہر حرکت ہر سو اور ہر جانب سے زیر نظر ہے۔ اول تو خود اللہ تعالیٰ براہ راست اس کی شہ رگ سے بھی زیادہ نزدیک ہے، اس کے ہر عمل کی نگرانی کر رہا ہے۔ پھر زمین کی نظر بھی اس کی ہر حرکت پر جمی ہوئی ہے۔ قیامت کے دن زمین بھی گواہی دے گی، اس کے علاوہ دوسرے گواہان بھی۔

۲۳۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا: مؤمن کو چاہیے کہ اس طرح اللہ کا خوف رکھے گویا کہ وہ آتش کے دھانے پر ہے اور اس طرح امید رکھے کہ گویا وہ اہل جنت میں سے ہے، پھر آیہ ذٰلِكُمْ ظَنُّكُمُ الَّذِيْ ظَنَنْتُمْ بِرَبِّكُمْ کی تلاوت فرمائی اور فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَ جَلَّ عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِهٖ اِنْ خَيْرًا فَخَيْرًا وَ اِنْ شَرًّا فَشَرًّا۔ یعنی اللہ اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہے، اچھا گمان ہو تو اچھا برتاؤ ہو گا اور برا گمان ہو تو برا برتاؤ۔ (الکافی ۸: ۳۰۲۔ مجمع البیان)

وَحَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ
خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ الْجِنِّ
وَالْاِنْسِ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا
ع ۲ ۱۷ خٰسِرِيْنَ ﴿۲۵﴾ ع
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَسْمَعُوْا
لِهٰذَا الْقُرْاٰنِ وَالْغَوْا فِيْهِ
لَعَلَّكُمْ تَغْلِبُوْنَ ﴿۲۶﴾
فَلَنُذِيْقَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَذَابًا
شَدِيْدًا ۙ وَّلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ
كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۷﴾
ذٰلِكَ جَزَآءُ اَعْدَآءِ اللّٰهِ النَّارُ ۚ
لَهُمْ فِيْهَا دَارُ الْخُلْدِ ؕ جَزَآءًۢ بِمَا
كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَجْحَدُوْنَ ﴿۲۸﴾
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا رَبَّنَآ اَرِنَا
الَّذَيْنِ اَضَلّٰنَا مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ
نَجْعَلْهُمَا تَحْتَ اَقْدَامِنَا لِيَكُوْنَا
مِنَ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿۲۹﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ
اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ
اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَ
اَبْشِرُوْا بِالْجَنَّةِ الَّتِيْ كُنْتُمْ
تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۰﴾
نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا

اعمال کو خوشنما بنا کر دکھاتے تھے اور ان پر بھی وہی فیصلہ حتمی ہو گیا جو ان سے پہلے جنوں اور انسانوں کی امتوں پر لازم ہو چکا تھا، وہ یقیناً خسارے میں تھے۔

۲۶۔ اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ کہتے ہیں: اس قرآن کو نہ سنا کرو اور اس میں شور مچا دیا کرو تا کہ تم غالب آ جاؤ۔☆

۲۷۔ پس ہم کفار کو ضرور بالضرور سخت عذاب چکھائیں گے اور انہیں ان کے برے اعمال کی بدترین سزا ضرور دیں گے۔

۲۸۔ یہی آتش دشمنان خدا کی سزا ہے۔ اس میں ان کے لیے ہمیشہ کا گھر ہے، یہ اس بات کی سزا ہے کہ وہ ہماری آیات کا انکار کرتے تھے۔

۲۹۔ اور کفار کہیں گے: اے ہمارے پروردگار! جنوں اور انسانوں میں سے جنہوں نے ہمیں گمراہ کیا تھا دونوں کو ہمیں دکھا دے تا کہ ہم انہیں پاؤں تلے روند ڈالیں تا کہ وہ خوار ہوں۔☆

۳۰۔ جو کہتے ہیں: ہمارا پروردگار اللہ ہے پھر ثابت قدم رہتے ہیں ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں (اور ان سے کہتے ہیں) نہ خوف کرو نہ غم کرو اور اس جنت کی خوشی مناؤ جس کا تم سے وعدہ کیا تھا۔☆

۳۱۔ ہم دنیا کی زندگی میں بھی تمہارے رفیق

۲۶۔ جس کسی کے پاس عقل و منطق نہ ہوگی وہ دوسرے کا کلام، اس کی دلیل و مؤقف کو سننا گوارا نہیں کرے گا۔ کفار مکہ کے پاس قرآن کا مقابلہ کرنے کے لیے کوئی منطقی دلیل نہ تھی۔ سو وہ یہ کوشش کرتے تھے کہ قرآن کو ہرگز نہ سنیں۔

۲۹۔ دنیا میں جن فریب کار شیاطین انس و جن کے دھوکے میں رہے، قیامت کے دن پتہ چلے گا کہ ان رہنماؤں نے ان کو کہاں پہنچایا ہے۔ ہمارے بعض معاصر لوگ اپنے سادہ لوح معتقدین کو خون مسلم سے ان مہینوں میں اپنے ہاتھ رنگین کرنے پر آمادہ کرتے رہے، جن حرمت کے مہینوں میں جاہلیت کے لوگ بھی انسان کے خون میں ہاتھ نہیں ڈالتے تھے۔

۳۰۔ یہ بلا انحراف تا دم مرگ ایمان پر قائم رہنے والوں کا ذکر ہے۔ حدیث نبوی میں آیا ہے کہ رَبُّنَا اللّٰہُ کہنے والے بہت ہیں مگر بعد میں اکثر کافر ہو جاتے ہیں۔

قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ: اللہ کی ربوبیت کا اقرار نفی شرک ہے۔ نفی شرک کا مطلب تکوین و تشریع میں اللہ کے اقتدار اعلیٰ کو تسلیم کرنا ہے۔

ثُمَّ اسْتَقَامُوْا: اللہ کی ربوبیت اور اس کے تقاضوں پر تا دم مرگ استقامت کے ساتھ، یعنی بغیر انحراف کے قائم رہنا ہے۔ استقامت والوں میں سے مرتد اور منافق خارج ہو ہی گئے، ساتھ وہ لوگ بھی خارج ہو گئے جو حدیث کے الفاظ کے مطابق ما احدثوا بعدك میں شامل ہیں۔

تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ: فرشتے ایسے لوگوں پر حالت نزع میں نازل ہوں گے اور جنت کی بشارت دیں گے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سورہ نحل آیت ۳۲ اور قبر سے اٹھنے کے وقت بشارت دیں گے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سورۃ الانبیاء آیت ۱۰۳۔

۳۱۔ دنیا میں فرشتے اس مؤمن کو شیاطین سے بچاتے رہے اور آخرت میں پیش آنے والے ہولناک مراحل میں نجات اور جنت کی خوشخبری دیتے جائیں گے۔

وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا
تَشْتَهِيْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيْهَا مَا
تَدَّعُوْنَ ﴿۳۱﴾
نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ ﴿۳۲﴾ ع ۱۸
وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَى
اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِيْ
مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۳۳﴾
وَلَا تَسْتَوِي الْحَسَنَةُ وَلَا
السَّيِّئَةُ ۭ اِدْفَعْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ
فَاِذَا الَّذِيْ بَيْنَكَ وَبَيْنَهٗ عَدَاوَةٌ
كَاَنَّهٗ وَلِيٌّ حَمِيْمٌ ﴿۳۴﴾
وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا الَّذِيْنَ صَبَرُوْا ۚ
وَمَا يُلَقّٰىهَآ اِلَّا ذُوْ حَظٍّ عَظِيْمٍ ﴿۳۵﴾
وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ
فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ
الْعَلِيْمُ ﴿۳۶﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهِ الَّيْلُ وَالنَّهَارُ
وَالشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۭ لَا تَسْجُدُوْا
لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ وَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ
الَّذِيْ خَلَقَهُنَّ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ
تَعْبُدُوْنَ ﴿۳۷﴾ السجدة الاولى ۹
فَاِنِ اسْتَكْبَرُوْا فَالَّذِيْنَ عِنْدَ رَبِّكَ
يُسَبِّحُوْنَ لَهٗ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُمْ

تھے اور آخرت میں بھی (تمہارے ساتھی ہیں) اور یہاں تمہارے لیے تمہاری من پسند چیزیں موجود ہیں اور جو چیز تم طلب کرو گے وہ تمہارے لیے اس میں موجود ہوگی،☆

۳۲۔اس ذات کی طرف سے ضیافت کے طور پر جو بڑا بخشنے والا رحیم ہے۔

۳۳۔اور اس شخص کی بات سے زیادہ کس کی بات اچھی ہوسکتی ہے جس نے اللہ کی طرف بلایا اور نیک عمل کیا اور کہا: میں مسلمانوں میں سے ہوں ☆

۳۴۔اور نیکی اور بدی برابر نہیں ہوسکتے، آپ (بدی کو) بہترین نیکی سے دفع کریں تو آپ دیکھ لیں گے کہ آپ کے ساتھ جس کی عداوت تھی وہ گویا نہایت قریبی دوست بن گیا ہے۔☆

۳۵۔اور یہ (خصلت) صرف صبر کرنے والوں کو ملتی ہے اور یہ صفت صرف انہیں ملتی ہے جو بڑے نصیب والے ہیں۔☆

۳۶۔اور اگر آپ شیطان کی طرف سے کوئی وسوسہ محسوس کریں تو اللہ کی پناہ مانگیں وہ یقیناً خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

۳۷۔ اور رات اور دن اور سورج اور چاند اس کی نشانیوں میں سے ہیں، تم نہ تو سورج کو سجدہ کرو اور نہ ہی چاند کو بلکہ اللہ کو سجدہ کرو جس نے ان سب کو پیدا کیا ہے، اگر تم صرف اللہ کی بندگی کرتے ہو۔

۳۸۔ پس اگر یہ لوگ تکبر کرتے ہیں تو جو (فرشتے) آپ کے پروردگار کے پاس ہیں وہ رات اور دن اسی کی تسبیح کرتے ہیں

۳۳۔ انسان اپنی زندگی میں جو بھی باتیں کرتا ہے ان میں سب سے بہترین باتیں وہ ہیں جو دعوت الی اللہ کے سلسلے میں کی جائیں۔ حدیث میں آیا ہے لئن یھدی اللہ بك رجلا واحدا خیر لك من الدنیا و ما فیھا۔ (منیۃ المرید ۱۰۱) اللہ تیرے ذریعے ایک آدمی کی بھی ہدایت کرے، یہ تیرے لیے دنیا اور جو کچھ اس میں ہے، سب سے بہتر ہے۔ چونکہ ایسا ہوسکتا ہے کہ ایک شخص خود نیک نہیں ہے اور نیکی پر خود عمل نہیں کرتا، کسی ذاتی مفاد کی خاطر اللہ کی طرف دعوت دے تو اس دعوت میں کوئی ثواب نہیں ہے، بلکہ خود بھی عمل صالح کرنے والا ہو۔ کبھی ممکن ہے آدمی نیک ہو، ہمیشہ نیکی کرتا ہے، لیکن وہ مسلمان نہیں ہے، اسے بھی کوئی اجر نہیں ملے گا۔ لہٰذا اس دعوت کو قیمت ملنے کے لیے ضروری ہے کہ خود دعوت دینے والا قیمت رکھتا ہو۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ اپنے مسلمان ہونے کا اعلان کرے قَالَ اِنَّنِيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

۳۴۔ سابقہ آیت میں دعوت الی الحق کو بہترین گفتار قرار دینے کے بعد اس دعوت کو مؤثر بنانے کے لیے بہترین ذریعے کی نشاندہی فرمائی اور وہ یہ ہے کہ برائی کو نیکی سے دفع کرنا، جہالت کو علم اور بردباری سے، بداخلاقی کو حسن اخلاق سے، گستاخی کو عفو و درگزر سے، غرض بدسلوکی کو احسان سے دفع کرنا چاہیے۔ ہر انسان اپنی فطرت سے یہ سمجھ سکتا ہے کہ نیکی اور بدی یکساں نہیں۔ ان کے اثرات بھی یکساں نہیں ہوتے۔ نیکی کا اولین اثر یہ ہوگا کہ تمہارا جانی دشمن تمہارا جگری دوست بن جائے گا۔

۳۵۔ برائی کے مقابلے میں احسان کرنا ہر شخص کے بس کا روگ نہیں۔ یہ کام وہ شخص کرسکتا ہے جسے اپنے نفس پر پورا کنٹرول ہو اور جو صبر و حوصلے کے اعلیٰ مقام پر فائز ہو۔ کمال انسانی میں بڑے نصیب والے ہی ایسا کر سکتے ہیں۔

۳۶۔ کوئی کمینگی کا مظاہرہ کرے تو مدمقابل کو اکسانے کا شیطان کو ایک سنہرا موقع ملتا ہے۔ چنانچہ شیطان کہتا ہے کہ اس کمینے کو سبق سکھانا چاہیے اور اینٹ کا جواب پتھر سے دینا چاہیے وغیرہ۔

لَا يَسْـَٔمُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنَّكَ تَرَى الْاَرْضَ
خَاشِعَةً فَاِذَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْهَا الْمَآءَ
اهْتَزَّتْ وَرَبَتْ ؕ اِنَّ الَّذِيْٓ
اَحْيَاهَا لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ؕ اِنَّهٗ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۳۹﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُلْحِدُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا لَا
يَخْفَوْنَ عَلَيْنَا ؕ اَفَمَنْ يُّلْقٰى فِي
النَّارِ خَيْرٌ اَمْ مَّنْ يَّاْتِيْٓ اٰمِنًا يَّوْمَ
الْقِيٰمَةِ ؕ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ ۙ اِنَّهٗ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ﴿۴۰﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِالذِّكْرِ لَمَّا
جَآءَهُمْ ۚ وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ﴿۴۱﴾ ۙ
لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَ
لَا مِنْ خَلْفِهٖ ؕ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ
حَمِيْدٍ ﴿۴۲﴾
مَا يُقَالُ لَكَ اِلَّا مَا قَدْ قِيْلَ
لِلرُّسُلِ مِنْ قَبْلِكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
لَذُوْ مَغْفِرَةٍ وَّذُوْ عِقَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۴۳﴾
وَلَوْ جَعَلْنٰهُ قُرْاٰنًا اَعْجَمِيًّا لَّقَالُوْا
لَوْلَا فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ ؕ ءَاَعْجَمِيٌّ
وَّعَرَبِيٌّ ؕ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
هُدًى وَّشِفَآءٌ ؕ وَالَّذِيْنَ لَا

قرء حفص بتسهيل الهمزة الثانية ۱۲

اور تھکتے نہیں ہیں۔

۳۹۔ اور اس کی نشانیوں میں سے ایک یہ ہے کہ آپ زمین کو جمود کی حالت میں دیکھتے ہیں اور جب ہم اس پر پانی برسائیں تو وہ یکا یک جنبش میں آتی ہے اور پھلنے پھولنے لگتی ہے، تو جس نے زمین کو زندہ کیا وہی یقیناً مردوں کو زندہ کرنے والا ہے، وہ یقیناً ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۴۰۔ جو لوگ ہماری آیات میں ہیرا پھیری کرتے ہیں وہ ہم سے پوشیدہ نہیں ہیں کیا وہ شخص جو جہنم میں ڈالا جائے بہتر ہے یا وہ جو قیامت کے دن امن کے ساتھ حاضر ہوگا؟ تم جو چاہو کرتے رہو، جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اسے یقیناً خوب دیکھنے والا ہے۔☆

۴۱۔ جو لوگ اس ذکر کا انکار کرتے ہیں جب وہ ان کے پاس آ جائے، حالانکہ یہ معزز کتاب ہے۔

۴۲۔ باطل نہ اس کے سامنے سے آ سکتا ہے اور نہ پیچھے سے، یہ حکمت والے اور لائق ستائش کی نازل کردہ ہے۔☆

۴۳۔ آپ سے وہی کچھ کہا جا رہا ہے جو آپ سے پہلے رسولوں سے کہا گیا ہے، آپ کا رب یقیناً مغفرت والا اور دردناک عذاب دینے والا ہے۔

۴۴۔ اور اگر ہم اس قرآن کو عجمی زبان میں قرار دیتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیات کو کھول کر بیان کیوں نہیں کیا گیا؟ (کتاب) عجمی اور (نبی) عربی؟ کہہ دیجیے: یہ کتاب ایمان لانے والوں کے لیے ہدایت اور شفا ہے اور جو ایمان نہیں لاتے

یہاں اگر ایسا جذباتی ہیجان آ جائے تو اللہ کی پناہ ڈھونڈنی چاہیے کہ وہی انسان کو شیطان کی اشتعال انگیزی سے محفوظ رکھ سکتا ہے۔

۳۹۔ یہ روز کا مشاہدہ ہے کہ مردہ زمین میں پانی پڑنے سے جان آ جاتی ہے اور سرسبز و شاداب ہو جاتی ہے۔ غافل انسان اسے روز کا معمول سمجھتا ہے، جبکہ یہ اس قادر مطلق کا کرشمہ ہے۔

۴۰۔ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ: تم جو چاہو کرو۔ یہ اس صورت کا بیان ہے جس میں اللہ تعالیٰ بندے کو اپنے حال پر چھوڑ دیتا ہے اور جس کو اللہ اپنے حال پر چھوڑ دے اس سے زیادہ بدنصیب کوئی نہیں ہے۔

۴۲۔ قرآن مجید کسی ایک، دو موضوع پر مشتمل کتاب نہیں ہے، بلکہ یہ حقائق کا بحر بیکراں ہے۔ اس میں اخلاق، عقائد، احکام، قانون، تہذیب و تمدن اور معاشرت و معیشت اور سیاست سے متعلق حقائق کا بیان ہے۔ کسی باطل قوت کے لیے ممکن نہیں کہ وہ ان حقائق میں سے کسی ایک حقیقت کو غلط ثابت کرے، خواہ قرآن پر اس کا یہ حملہ براہ راست ہو یا کسی سازش اور مکر و حیلہ کے ذریعے سے۔ یہ قرآن انسانیت کے لیے ایک دستور حیات اور اسلام کی حقانیت کے لیے ایک معجزہ ہے۔ ممکن نہیں اس معجزے کو کوئی باطل قوت بے اثر بنا دے اور اس کی معجزاتی حیثیت کو ختم کر دے۔ تاریخ انبیاء میں کسی معجزے کو کوئی طاقت گزند نہیں پہنچا سکی، خواہ فرعون و نمرود جیسے بڑے طاغوت ہی کیوں نہ ہوں۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو جاتی ہے کہ تمام انبیاء کے سردار خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا عظیم معجزہ قرآن یقیناً ہر قسم کی تحریف سے محفوظ رہا ہے اور رہے گا۔ جب دیگر انبیاء کے وقتی معجزے محفوظ اور غالب رہے ہیں تو ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یہ ابدی معجزہ کسی تحریف کنندہ کی زد میں کیسے آ سکتا ہے۔

۴۴۔ یہ قرآن اہل ایمان کے لیے ہدایت و شفا ہے، جبکہ یہی قرآن ان منکروں کے خلاف ایک حجت ہے جن کے لیے یہ قرآن دور سے آنے والی آواز کی طرح ہے جو سنائی دیتی ہے، لیکن سمجھ میں نہیں آتی۔

يُؤۡمِنُوۡنَ فِىۡۤ اٰذَانِهِمۡ وَقۡرٌ وَّهُوَ
عَلَيۡهِمۡ عَمًى ؕ اُولٰٓئِكَ يُنَادَوۡنَ
ع ۵ ۱۲ ۱۹ مِنۡ مَّكَانٍۢ بَعِيۡدٍ ﴿۴۴﴾
وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ
فَاخۡتُلِفَ فِيۡهِ ؕ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ
سَبَقَتۡ مِنۡ رَّبِّكَ لَقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ ؕ
وَاِنَّهُمۡ لَفِىۡ شَكٍّ مِّنۡهُ مُرِيۡبٍ ﴿۴۵﴾
مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ
اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ؕ وَمَا رَبُّكَ
بِظَلَّامٍ لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿۴۶﴾
الجزء ۲۵ اِلَيۡهِ يُرَدُّ عِلۡمُ السَّاعَةِ ؕ وَمَا
تَخۡرُجُ مِنۡ ثَمَرٰتٍ مِّنۡ اَكۡمَامِهَا
وَمَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا
بِعِلۡمِهٖ ؕ وَيَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ اَيۡنَ
شُرَكَآءِىۡ ؕ قَالُوۡۤا اٰذَنّٰكَ ۙ مَا مِنَّا مِنۡ
شَهِيۡدٍ ۚ ﴿۴۷﴾
وَضَلَّ عَنۡهُمۡ مَّا كَانُوۡا يَدۡعُوۡنَ
مِنۡ قَبۡلُ وَظَنُّوۡا مَا لَهُمۡ مِّنۡ
مَّحِيۡصٍ ﴿۴۸﴾
لَا يَسۡـَٔمُ الۡاِنۡسَانُ مِنۡ دُعَآءِ
الۡخَيۡرِ ۫ وَاِنۡ مَّسَّهُ الشَّرُّ فَيَـُٔوۡسٌ
قَنُوۡطٌ ﴿۴۹﴾
وَلَئِنۡ اَذَقۡنٰهُ رَحۡمَةً مِّنَّا مِنۡۢ بَعۡدِ ضَرَّآءَ

ان کے کانوں میں بھاری پن (بہرا پن) ہے اور وہ ان کے لیے اندھا پن ہے، وہ ایسے ہیں جیسے انہیں دور سے پکارا جاتا ہو۔☆

۴۵۔ اور ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں بھی اختلاف کیا گیا اور اگر آپ کے رب کی بات پہلے طے نہ ہوئی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا اور وہ اس (قرآن) کے بارے میں شبہ پیدا کرنے والے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

۴۶۔ جو نیک عمل کرتا ہے وہ اپنے لیے ہی کرتا ہے اور جو برا کام کرتا ہے خود اپنے ہی خلاف کرتا ہے اور آپ کا پروردگار تو بندوں پر قطعاً ظلم کرنے والا نہیں ہے۔

۴۷۔ قیامت کا علم اللہ کی طرف پلٹا دیا جاتا ہے، اس کے علم کے بغیر نہ کوئی پھل اپنے شگوفوں سے نکلتا ہے اور نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور نہ جنتی ہے اور جس دن وہ انہیں پکارے گا: کہاں ہیں میرے شریک؟ تو وہ کہیں گے: ہم آپ سے اظہار کر چکے ہیں کہ ہم میں سے کوئی بھی گواہی دینے والا نہیں ہے۔☆

۴۸۔ اور جنہیں وہ پہلے پکارتے تھے وہ ان سے ناپید ہو جائیں گے اور وہ سمجھ جائیں گے کہ ان کے لیے کوئی خلاصی نہیں ہے۔

۴۹۔ انسان آسودگی مانگ مانگ کر تو تھکتا نہیں لیکن جب کوئی آفت آجاتی ہے تو مایوس ہوتا ہے اور آس توڑ بیٹھتا ہے۔☆

۵۰۔ اور اگر تکلیف پہنچنے کے بعد ہم اسے اپنی رحمت کی لذت چکھائیں تو ضرور کہتا ہے:

۴۷۔ قیامت کب برپا ہوگی؟ اس کا علم صرف اللہ تعالیٰ کو ہی ہے۔ کسی نبی مرسل کو علم ہے، نہ کسی مقرب فرشتے کو۔ مشرکین کا عقیدہ تھا کہ ان کے معبود ان کو رزق اور اولاد دیتے ہیں۔ ان کی رد میں فرمایا: اللہ کے علم کے بغیر نہ کوئی پھل اپنے شگوفوں سے نکلتا ہے، نہ کوئی مادہ حاملہ ہوتی ہے۔ اس آیت میں ایک اس علم کا ذکر ہے جو اللہ تعالیٰ سے مختص ہے۔ یعنی قیامت کا علم۔ دوسرا اللہ تعالیٰ کے احاطہ علمی کا ذکر ہے، جو ہر چیز کو شامل ہے۔ تیسرا اللہ کی ربوبیت و تدبیر کا ذکر ہے جو ہر چیز کو شامل ہے۔

وَيَوۡمَ يُنَادِيۡهِمۡ: یعنی قیامت کے دن مشرکین کو پکارے گا: کہاں ہیں تمہارے وہ معبود جنہیں تم نے میرا شریک بنایا تھا؟ مشرکین جواب دیں گے: ہم اس سے پہلے بھی اظہار کر چکے ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس سے پہلے بھی ان سے یہی سوال ہوا تھا۔ ممکن ہے یہ سوال قبر میں نکیرین کی طرف سے ہو چکا ہو۔

۴۹۔ دُعَآءِ الۡخَيۡرِ: یعنی اپنی خواہش کی چیزیں مانگ کر انسان نہیں تھکتا اور نہ ہی وہ کبھی دنیا کی بھلائی سے سیر ہوتا ہے اور جب اس پر کوئی آفت آ جاتی ہے تو وہ بہت جلد مایوسی کا شکار ہوتا ہے۔

۵۰۔ جب آفت کا وقت گزر جاتا ہے اور نعمتیں پھر سے لوٹ آتی ہیں تو وہ اپنے آپ کو اس کا حقدار سمجھتا ہے۔ قیامت پر اول تو اس کا ایمان ہی نہیں ہوتا۔ چنانچہ وہ کہتا ہے: اگر قیامت برحق ہے تو میں وہاں بھی عیاشی کروں گا۔ یہ دنیا میں مراعات کا عادی ہے، لہٰذا خیال کرتا ہے کہ آخرت کی مراعات بھی اسی کے لیے ہوں گی۔

مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ وَمَآ اَظُنُّ
السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ
اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ
فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا
عَمِلُوْا وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ
عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝۵۰
وَاِذَآ اَنْعَمْنَا عَلَى الْاِنْسَانِ اَعْرَضَ
وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ
فَذُوْ دُعَآءٍ عَرِيْضٍ ۝۵۱
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
ثُمَّ كَفَرْتُمْ بِهٖ مَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ
هُوَ فِيْ شِقَاقٍ بَعِيْدٍ ۝۵۲
سَنُرِيْهِمْ اٰيٰتِنَا فِي الْاٰفَاقِ وَفِيْٓ
اَنْفُسِهِمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُ
الْحَقُّ ؕ اَوَلَمْ يَكْفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۵۳
اَلَآ اِنَّهُمْ فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْ لِّقَآءِ
رَبِّهِمْ ؕ اَلَآ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ
ع ۶ مُّحِيْطٌ ۝۵۴

سُوْرَةُ الشُّوْرٰى مَكِّيَّةٌ ۵۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ۝۱

عٓسٓقٓ ۝۲

یہ تو میرا حق تھا اور میں گمان نہیں کرتا کہ قیامت آنے والی ہے اور اگر میں اپنے رب کی طرف پلٹایا بھی گیا تو میرے لیے اللہ کے ہاں یقیناً بھلائی ہے، (حالانکہ) کفار کو ان کے اعمال کے بارے میں ہم ضرور بتائیں گے وہ کیا کچھ کرتے رہے ہیں اور انہیں بدترین عذاب چکھائیں گے۔☆

۵۱۔ اور جب ہم انسان کو نعمت سے نوازتے ہیں تو وہ منہ پھیرتا اور اکڑ جاتا ہے اور جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو وہ لمبی دعائیں کرنے لگتا ہے۔

۵۲۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ کہ اگر (یہ قرآن) اللہ کی طرف سے ہو، پھر تم اس سے انکار کرو تو اس شخص سے بڑھ کر گمراہ اور کون ہوگا جو اس (کی مخالفت) میں دور تک نکل گیا ہو؟

۵۳۔ ہم عنقریب انہیں اپنی نشانیاں آفاق عالم میں بھی دکھائیں گے اور خود ان کی ذات میں بھی یہاں تک کہ ان پر واضح ہو جائے کہ یقیناً وہی (اللہ) حق ہے، کیا آپ کے پروردگار کا یہ وصف کافی نہیں ہے کہ وہ ہر چیز پر خوب شاہد ہے؟☆

۵۴۔ آگاہ رہو! بے شک یہ لوگ اپنے رب کی ملاقات کے بارے میں شک میں ہیں، آگاہ رہو! یقیناً وہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے۔

سورہ شوریٰ۔ مکی۔ آیات ۵۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ حا، میم۔☆

۲۔ عین، سین، قاف۔☆

۵۳۔ آفاق سے فتوحات اور انفس سے خود مشرکین کی سرنگونی کو مراد لیا جاتا ہے۔ یہ سوال کہ فتوحات حق کی دلیل نہیں ہے، باطل طاقتیں بھی فتوحات کر لیتی ہیں، درست نہیں ہے۔ کیونکہ یہاں صرف فتوحات دلیل نہیں ہیں، بلکہ ان فتوحات کا قرآن کی پیشگوئی کے مطابق حاصل ہونا دلیل ہے۔ قرآن ان فتوحات کی مکی زندگی میں اس وقت خبر دے رہا ہے، جب وہاں ان فتوحات کے کوئی امکانات نظر نہیں آ رہے تھے۔

دوسری تفسیر یہ ہے: آفاق سے کائنات میں موجود نشانیاں اور انفس سے خود انسان کے وجود کے اندر موجود آیات کو مراد لیا گیا ہے۔ چنانچہ علمی ترقی کے ساتھ ساتھ آفاق و انفس میں پنہاں رازہائے قدرت سے روز بروز پردے اٹھتے جا رہے ہیں اور یہ سلسلہ حق کے نکل کر سامنے آنے تک جاری رہے گا۔

پہلی تفسیر کے مطابق اَنَّهُ الْحَقُّ سے قرآن مراد ہے۔ دوسری تفسیر کے مطابق اَنَّهُ قرآن بھی ہو سکتا ہے اور اللہ بھی۔

۵۴۔ اللہ سے فرار کا راستہ نہیں ہے، کیونکہ کل کائنات اللہ تعالیٰ کے حصار کے احاطے کے اندر ہے۔ لہٰذا ہر مکلف کو ہر صورت میں اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہونا ہے۔

سورہ شوریٰ

۱۔۲ یہ حروف مقطعات پانچ حروف پر مشتمل ہیں اور دو آیتیں شمار ہوتے ہیں، جبکہ كٓهٰيٰعٓصٓ بھی پانچ حروف پر مشتمل ہے، صرف ایک آیت شمار ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حروف مقطعات کے اندر مضامین ہیں، جن کی وجہ سے یہ مختلف صورتیں سامنے آتی ہیں۔

كَذٰلِكَ يُوْحِيْۤ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ
مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ۝۳
لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝۴
تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْ
فَوْقِهِنَّ وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ
بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ
فِي الْاَرْضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ
الرَّحِيْمُ ۝۵
وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ
اَوْلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيْظٌ عَلَيْهِمْ ۖ وَمَاۤ
اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝۶
وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَاۤ اِلَيْكَ قُرْاٰنًا
عَرَبِيًّا لِّتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ
حَوْلَهَا وَتُنْذِرَ يَوْمَ الْجَمْعِ لَا رَيْبَ
فِيْهِ ؕ فَرِيْقٌ فِي الْجَنَّةِ وَفَرِيْقٌ فِي
السَّعِيْرِ ۝۷
وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمْ اُمَّةً
وَّاحِدَةً وَّلٰكِنْ يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ
فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوْنَ مَا لَهُمْ
مِّنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ۝۸
اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِهٖۤ اَوْلِيَآءَ ۚ

۳۔ اسی طرح آپ کی طرف اور آپ سے پہلوں کی طرف بڑا غالب آنے والا، حکمت والا اللہ وحی بھیجتا رہا ہے۔

۴۔ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اسی کی ملکیت ہے اور وہ عالی مرتبہ، عظیم ہے۔

۵۔ قریب ہے کہ آسمان ان کے اوپر سے پھٹ پڑیں اور فرشتے اپنے پروردگار کی ثناء کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور اہل زمین کے لیے استغفار کرتے ہیں، آگاہ رہو! اللہ ہی بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۶۔ اور جنہوں نے اللہ کے سوا دوسروں کو سرپرست بنایا ہے اللہ ہی ان (کے اعمال) پر نگہبان ہے اور آپ ان کے ذمہ دار نہیں ہیں۔

۷۔ اور اسی طرح ہم نے آپ کی طرف عربی قرآن بھیجا ہے تاکہ آپ مکہ اور اس کے گرد و پیش میں رہنے والوں کو تنبیہ کریں اور اجتماع (قیامت) کے دن بارے میں بھی (تنبیہ کریں) جس میں کوئی شبہ نہیں ہے، (اس روز) ایک گروہ کو جنت جانا ہے اور دوسرے گروہ کو جہنم جانا ہے۔☆

۸۔ اور اگر اللہ چاہتا تو ان سب کو ایک ہی امت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے اور ظالموں کے لیے نہ کوئی سرپرست ہے اور نہ مددگار۔☆

۹۔ کیا انہوں نے اللہ کے علاوہ سرپرست

۵۔ شان خداوندی میں مشرکین کی جسارت ایسی ہے جس سے آسمان پھٹ جائے، لیکن اس آسمان کے نیچے اہل ایمان بھی رہتے ہیں، جن کے لیے فرشتے دعا کر رہے ہوتے ہیں۔ ان صاحبان ایمان کے وجود سے زمین والوں کو امان حاصل ہے۔ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ سے مراد مؤمنین ہی ہو سکتے ہیں۔ مشرکین کے لیے فرشتے طلب مغفرت نہیں کر سکتے۔

۷۔ اُمَّ الْقُرٰی یعنی بستیوں کے مرکز سے مراد مکہ ہے۔ آیت کے سیاق سے مستشرقین نے یہ عندیہ لینے کی کوشش کی ہے کہ شروع میں محمدؐ صرف مکہ اور گرد و پیش کے علاقوں تک اپنی دعوت کو محدود رکھنے کا ارادہ رکھتے تھے!! اس کا جواب ہم پہلے بھی دے چکے ہیں کہ اول تو اسلامی دعوت تدریجاً عمل میں آتی رہی ہے، یعنی رسولؐ نے پہلے اپنے قریبی رشتہ داروں کو، پھر ام القری والوں کو پھر گرد و پیش والوں کو، پھر سارے جہاں کے رہنے والوں کو دعوت دی۔ چنانچہ مکہ ہی میں نازل ہونے والے سورہ الفرقان میں فرمایا: تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا۔ (فرقان: ۱) یعنی پاک ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر قرآن اتارا تاکہ وہ سارے جہاں کے لیے تنبیہ ہو نیز مکی سورۂ صٓ آیت ۸۷ میں فرمایا: اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔ مکی سورہ القلم آیت ۵۲ میں فرمایا: وَ مَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ نیز مکی سورہ التکویر آیت ۲۷ میں فرمایا: اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ۔

۸۔ اگر اللہ چاہتا تو کسی نبی کو مبعوث نہ فرماتا۔ اس صورت میں سب لوگ کافر رہتے اور ایک ہی امت۔ لیکن اللہ نے ایسا نہ چاہا، پیغمبروں کو مبعوث فرمایا نتیجتاً لوگ کفر و ایمان میں بٹ گئے۔ دوسری تفسیر یہ ہے: اگر اللہ چاہتا تو سب ایمان لے آتے اور لوگ ایمان پر امت واحدہ بن جاتے۔ مگر اللہ نے ایسا نہ چاہا۔ کیونکہ سب کو ایمان پر متحد کرنے کے لیے جبر استعمال کرنا پڑتا۔ اللہ نے یہ چاہا کہ لوگوں کو اختیار و انتخاب میں آزادی دی جائے۔ ہدایت کا راستہ دکھایا جائے۔ اس پر چلنے اور نہ چلنے کا فیصلہ خود انسان خود مختارانہ طریقے سے کرے۔ اگر جبر سے کام لینا تھا تو انبیاء

فَاللّٰهُ هُوَ الْوَلِيُّ وَهُوَ يُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۞ ع ۱/۲
وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ
فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ
رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْهِ
اُنِيْبُ ۞
فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ
جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا
وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ
يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ۭ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۞
لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ
يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيَقْدِرُ ۭ
اِنَّهٗ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۞
شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ
نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ وَمَا
وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى
وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا
تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى
الْمُشْرِكِيْنَ مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ
اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ وَ
يَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ ۞
وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا

بنا لیے ہیں؟ پس سرپرست تو صرف اللہ ہے اور وہی مردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہی ہر چیز پر قادر ہے۔

۱۰۔ اور تم جس بات میں اختلاف کرتے ہو اس کا فیصلہ اللہ کی طرف سے ہوگا وہی میرا پروردگار ہے، اسی پر میں نے بھروسا کیا اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

۱۱۔ (وہی) آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، اسی نے خود تمہاری جنس سے تمہارے لیے ازواج بنائے اور چوپایوں کے بھی جوڑے بنائے، اس طرح سے وہ تمہاری افزائش کرتا ہے، اس جیسی کوئی چیز نہیں ہے اور وہ خوب سننے والا، دیکھنے والا ہے۔

۱۲۔ آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اس کی ملکیت ہیں وہ جس کے لیے چاہتا ہے رزق میں کشادگی اور تنگی دیتا ہے، وہ یقیناً ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔

۱۳۔ اس نے تمہارے لیے دین کا وہی دستور معین کیا جس کا اس نے نوح کو حکم دیا تھا اور جس کی ہم نے آپ کی طرف وحی بھیجی ہے اور جس کا ہم نے ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ کو حکم دیا تھا کہ اس دین کو قائم رکھنا اور اس میں تفرقہ نہ ڈالنا، مشرکین کو وہ بات ناگوار گزری ہے جس کی طرف آپ انہیں دعوت دیتے ہیں، اللہ جسے چاہتا ہے اپنا برگزیدہ بنا لیتا ہے اور جو اس کی طرف رجوع کرتا ہے اسی کو اپنی طرف راستہ دکھاتا ہے۔ ☆

۱۴۔ اور یہ لوگ اپنے پاس علم آنے کے بعد صرف آپس کی سرکشی کی وجہ سے تفرقے

کو مبعوث کرنے کی ضرورت نہ تھی۔ اس کے لیے اللہ کا ایک ارادہ تکوینی کافی تھا، جس سے سب انسان قہراً مؤمن بن جاتے۔

۱۳۔ مشرکین اپنے معبودوں کو رازق سمجھتے تھے۔ ان کی رد میں فرمایا: آسمانوں اور زمین کی کنجیاں اللہ کے پاس ہیں۔ ان خزانوں سے رزق دینے کا اختیار صرف اللہ تعالیٰ کو حاصل ہے۔ کسی کو رزق میں کشادگی اور کسی کو تنگی، یعنی نپا تلا رزق اس علم کی بنیاد پر دیتا ہے، جو صرف اللہ کے پاس ہے۔

دین پر عمل کرنے کے طریقے کو شریعت کہا جاتا ہے۔ ہر دور کی شریعت کے مختلف ہونے کے باوجود شریعت دین سے مختلف چیز نہیں ہے۔ جیسا کہ دین اور شریعت میں موجود فرق کو سمجھنے میں کچھ لوگوں کو دشواری پیش آئی ہے۔ اللہ کے دین واحد پر عمل کرنے کے لیے ہر دور میں مختلف طریقے نافذ رہے۔ اولین طریقہ تو فطری تقاضے ہیں۔ جب انسان نے فطری راہوں سے انحراف شروع کیا تو قانون سازی کے ذریعے انسان کو واپس اس کے فطری تقاضوں کی طرف لانے کے لیے شریعت کا آغاز حضرت نوح (ع) کے زمانے سے ہوا۔ اس کے بعد اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ جو شریعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر وحی ہوئی، اس کا ذکر آیا۔ پھر حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہم السلام کا ذکر آیا۔ یہ پانچ اولوالعزم صاحبان شریعت انبیاء ہیں۔

اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ: اَنْ تفسیری ہے۔ یعنی دین کا جو دستور نوح (ع) سے شروع ہوا اور نبی خاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ختم ہوا، ان شریعتوں کے ذریعے دین قائم رکھا جائے۔ لہٰذا دین کا اقامہ شریعت کے ذریعے ہو سکتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں عقائد کا تحفظ عمل سے ہو سکتا ہے۔

وَلَا تَتَفَرَّقُوْا: تفرقہ نہ ڈالنا۔ اس میں اقامہ دین کے لیے قانون پر عمل کرنے میں اختلاف و تفرقے کا شکار نہ ہونے کا حکم ہے۔

۱۴۔ علم کے آنے سے پہلے جو اختلاف پیدا ہوا، اسے ختم کرنے کے لیے علم آ گیا۔ علم کے آنے اور حجت پوری ہونے کے بعد جو اختلاف رونما ہوا ہے، اس کے جوابدہ اختلاف کرنے والے خود ہیں۔

جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَ
لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى
اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيْنَهُمْ ؕ وَ
اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ
بَعْدِهِمْ لَفِىْ شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيْبٍ ﴿۱۴﴾
فَلِذٰلِكَ فَادْعُ ۚ وَ اسْتَقِمْ كَمَآ
اُمِرْتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ۚ
وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ
كِتٰبٍ ۚ وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ
بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ ؕ لَنَآ
اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ ؕ لَا حُجَّةَ
بَيْنَنَا وَ بَيْنَكُمْ ؕ اَللّٰهُ يَجْمَعُ
بَيْنَنَا ۚ وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾
وَالَّذِيْنَ يُحَآجُّوْنَ فِى اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ
مَا اسْتُجِيْبَ لَهٗ حُجَّتُهُمْ دَاحِضَةٌ
عِنْدَ رَبِّهِمْ وَ عَلَيْهِمْ غَضَبٌ وَّ
لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ﴿۱۶﴾
اَللّٰهُ الَّذِىْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ
وَالْمِيْزَانَ ؕ وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّ
السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾
يَسْتَعْجِلُ بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ
بِهَا ۚ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ
مِنْهَا ۙ وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ

کا شکار ہوئے اور اگر آپ کے پروردگار کی طرف سے ایک مقررہ وقت تک کے لیے بات طے نہ ہو چکی ہوتی تو ان کے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا اور جو لوگ ان کے بعد کتاب کے وارث ہوئے وہ اس کے بارے میں شبہ انگیز شک میں ہیں۔☆

۱۵۔ لہٰذا آپ اس کے لیے دعوت دیں اور جیسے آپ کو حکم ملا ہے ثابت قدم رہیں اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں اور کہہ دیجیے: اللہ نے جو کتاب نازل کی ہے میں اس پر ایمان لایا اور مجھے حکم ملا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں، اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے، ہمارے اعمال ہمارے لیے اور تمہارے اعمال تمہارے لیے ہیں، ہمارے اور تمہارے درمیان کوئی بحث نہیں، اللہ ہی ہمیں (ایک جگہ) جمع کرے گا اور بازگشت بھی اسی کی طرف ہے۔☆

۱۶۔ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں جھگڑتے ہیں بعد اس کے کہ اسے مان لیا گیا ہے، ان کے پروردگار کے نزدیک ان کی دلیل باطل ہے اور ان پر غضب ہے اور ان کے لیے سخت ترین عذاب ہے۔☆

۱۷۔ اللہ وہی ہے جس نے برحق کتاب اور میزان نازل کیا اور آپ کو کیا معلوم کہ شاید قیامت نزدیک آ گئی ہو۔

۱۸۔ جو لوگ اس (قیامت) پر ایمان نہیں رکھتے وہ اس کے بارے میں جلدی مچا رہے ہیں اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ اس سے ڈرتے ہیں اور جانتے ہیں کہ قیامت یقیناً برحق ہے، آگاہ رہو! جو قیامت کے

۱۵۔ اسلامی قیادت کے لیے پہلی لازمی چیز استقامت ہے، دوسری چیز لوگوں کی خواہشات کی پیروی ترک کر کے ان کے حقوق کا تحفظ کرنا ہے۔ عدل و انصاف میں یہ دونوں باتیں، یعنی خواہشات کی نفی اور حقوق کا تحفظ، مضمر ہیں۔

وَقُلْ اٰمَنْتُ: تمام شریعتوں پر، جو آسمانی کتابوں کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہوئی ہیں، یکساں ایمان کا حکم ہے۔

وَاُمِرْتُ لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ تمہارے درمیان عدل و انصاف قائم رکھوں، جو اس شریعت کے ڈھانچے کا ستون ہے۔

اَللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ: یہ شریعتیں اس ذات کی طرف سے ہیں، جو ہم سب کا رب ہے۔ لہٰذا انہیں چاہیے کہ ان سب شریعتوں کو تسلیم کریں۔

لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ: ان تمام شریعتوں پر ایمان لانے سے فائدہ خود تمہارا ہے، کیونکہ تمہارے اعمال خود تمہارے لیے فائدہ مند ہیں۔

لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا: جب سب شریعتیں اللہ کی طرف سے ہیں تو نزاع اور جھگڑے کے لیے کوئی گنجائش نہیں ہے۔

۱۶۔ اللہ کو یا اس کے دین کو مان لینے کے بعد منکرین کی دلیل مسترد ہے۔ ''مان لینے کے بعد'' سے مراد بعض مفسرین کے نزدیک فطرت سلیمہ کی طرف سے مان لینا ہے۔ یعنی جب بہت سے لوگوں نے اپنی فطرت سلیمہ کے تقاضوں کے مطابق اللہ کو یا اس کے دین کو تسلیم کیا ہے تو فطرت سلیمہ کے خلاف کوئی دلیل قابل توجہ نہیں ہے۔ اس آیت کی دوسری تفسیر یہ کی گئی ہے: اللہ کی دعوت کو قبول کرنے کے بعد جو لوگ ان دعوت قبول کرنے والوں سے جھگڑتے ہیں، ان کی دلیل و حجت قبول نہیں ہے۔ یہ تفسیر اگرچہ اپنی جگہ درست ہے، لیکن بظاہر توضیح واضح دکھائی دیتا ہے، مگر اینکہ یہ کہا جائے کہ جن لوگوں نے اسلام کی حقانیت کی پہچان کے بعد اسے تسلیم کر لیا ہے، ان کے خلاف کوئی دلیل کارگر ثابت نہ ہو گی۔

اِنَّ الَّذِیْنَ یُمَارُوْنَ فِی السَّاعَةِ لَفِیْ
ضَلٰلٍۢ بَعِیْدٍ ﴿۱۸﴾
اَللّٰهُ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ
یَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾ ع ۲
مَنْ كَانَ یُرِیْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ
نَزِدْ لَهٗ فِیْ حَرْثِهٖ ۚ وَمَنْ كَانَ یُرِیْدُ
حَرْثَ الدُّنْیَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِی
الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِیْبٍ ﴿۲۰﴾
اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ
الدِّیْنِ مَا لَمْ یَاْذَنْۢ بِهِ اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا
كَلِمَةُ الْفَصْلِ لَقُضِیَ بَیْنَهُمْ ؕ وَ
اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ ﴿۲۱﴾
تَرَی الظّٰلِمِیْنَ مُشْفِقِیْنَ مِمَّا كَسَبُوْا
وَهُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمْ ؕ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِیْ رَوْضٰتِ
الْجَنّٰتِ ۚ لَهُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ عِنْدَ
رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ
الْكَبِیْرُ ﴿۲۲﴾
ذٰلِكَ الَّذِیْ یُبَشِّرُ اللّٰهُ عِبَادَهُ
الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ؕ
قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَیْهِ اَجْرًا اِلَّا
الْمَوَدَّةَ فِی الْقُرْبٰی ؕ وَمَنْ یَّقْتَرِفْ
حَسَنَةً نَّزِدْ لَهٗ فِیْهَا حُسْنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ

بارے میں جھگڑتے ہیں، وہ یقیناً گمراہی میں دور نکل گئے ہیں۔

۱۹۔ اللہ اپنے بندوں پر مہربان ہے، وہ جسے چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور وہی بڑا طاقت والا، بڑا غالب آنے والا ہے۔☆

۲۰۔ جو شخص آخرت کی کھیتی کا خواہاں ہو ہم اس کی کھیتی میں اضافہ کرتے ہیں اور جو دنیا کی کھیتی کا خواہاں ہو ہم اسے دنیا میں سے (کچھ) دے دیتے ہیں اور آخرت میں اس کا کچھ حصہ نہ ہوگا۔☆

۲۱۔ کیا ان کے پاس ایسے شریک ہیں جنہوں نے ان کے دین کا ایسا دستور فراہم کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی؟ اور اگر فیصلہ کن وعدہ نہ ہوتا تو ان کے درمیان فیصلہ ہو چکا ہوتا اور ظالموں کے لیے یقیناً دردناک عذاب ہے۔

۲۲۔ آپ ظالموں کو اپنے اعمال کے سبب ڈرتے ہوئے دیکھیں گے اور وہ ان پر واقع ہونے والا ہے اور جو لوگ ایمان لے آئے ہیں اور نیک اعمال بجا لائے ہیں وہ جنت کے گلستانوں میں ہوں گے، ان کے لیے ان کے پروردگار کے پاس جو وہ چاہیں گے موجود ہوگا، یہی بڑا فضل ہے۔

۲۳۔ یہ وہ بات ہے جس کی اللہ اپنے ان بندوں کو خوشخبری دیتا ہے جو ایمان لاتے ہیں اور اعمال صالح بجا لاتے ہیں، کہہ دیجیے: میں اس (تبلیغ رسالت) پر تم سے کوئی اجرت نہیں مانگتا سوائے قریب ترین رشتہ داروں کی محبت کے اور جو کوئی نیکی کمائے ہم اس کے لیے اس نیکی میں اچھا اضافہ

۱۹۔ لَطِیْفٌۢ بِعِبَادِهٖ: یعنی اپنے بندوں کی باریک ترین باتوں کا بھی وہ مہر و محبت سے خیال رکھنے والا ہے۔ اللہ کی مہربانی کا یہی خاصہ ہے کہ اس کی مہربانی بندے کی باریک ترین ضروریات سے آگہی کے مطابق ہے۔

۲۰۔ اس آیت میں قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے طالب دنیا سے کہا: اسے آخرت میں کچھ نہ ملے گا۔ لیکن طالب آخرت سے نہیں کہا کہ اسے دنیا میں کچھ نہیں ملے گا۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: اِنَّ الْمَالَ وَ الْبَنِیْنَ حَرْثُ الدُّنْیَا وَ الْعَمَلَ الصَّالِحَ حَرْثُ الْآخِرَةِ وَ قَدْ یَجْمَعُهُمَا اللّٰهُ لِاَقْوَامٍ۔ (الکافی ۵:۵۷) یعنی مال اور اولاد دنیا کی کھیتی ہیں اور نیک اعمال آخرت کی اور کبھی بعض لوگوں کے لیے اللہ دونوں عنایت فرماتا ہے۔

۲۳۔ فریقین کے مصادر میں یہ روایت ہے کہ جب یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہؐ سے پوچھا گیا کہ آپ کے وہ قرابتدار کون ہیں جن کی محبت ہم پر واجب ہو گئی ہے؟ فرمایا: علی، فاطمہ، حسن اور حسین علیہم السلام ہیں۔ درج ذیل اصحاب رسولؐ اس کے راوی ہیں: ابن عباس، جابر بن عبد اللہ، ابی امامہ باهلی، علی ابی الطفیل ابو دیلم اور هبیرة۔ ان اصحاب سے امام احمد، طبری، طبرانی، واحدی اور نسائی وغیرہ نے روایت کی ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو الغدیر ۲: ۲۱۸، ۲: ۲۵۲۔ قربیٰ سے رسول اللہؐ کے زیادہ قریبی رشتہ دار مراد ہیں۔ جناب مولانا مودودی صاحب کو چند اعتراضات ہیں: اول: سورۂ شوریٰ مکی ہے اور اس وقت تک حضرت علی و فاطمہ علیہا السلام کی شادی تک نہ ہوئی تھی۔ جواب: اول تو بعض روایات کے مطابق یہ آیت مدنی ہے۔ چنانچہ قرطبی و نیشاپوری اور خازن نے اپنی تفسیروں میں، شوکانی نے فتح القدیر: ۵۱۰ میں حضرت ابن عباس اور قتادہ سے صریحاً نقل کیا ہے کہ سورہ شوریٰ مکی ہے، سوائے چار آیتوں کے، جن میں پہلی آیت قُلْ لَّاۤ اَسْـَٔلُكُمْ ... ہے۔ دوم یہ کہ مصادیق کا عند نزول القرآن موجود ہونا ضروری نہیں ہے۔ مثلاً وَالَّذِیْنَ مَعَهٗۤ اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ کے لیے ضروری نہیں کہ اس آیت کے تمام مصادیق عند نزول القرآن موجود ہوں۔

غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ﴿۲۴﴾
اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ
كَذِبًا ۚ فَاِنۡ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخۡتِمۡ عَلٰى
قَلۡبِكَ ؕ وَيَمۡحُ اللّٰهُ الۡبَاطِلَ وَ
يُحِقُّ الۡحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ
بِذَاتِ الصُّدُوۡرِ ﴿۲۵﴾
وَهُوَ الَّذِىۡ يَقۡبَلُ التَّوۡبَةَ عَنۡ
عِبَادِهٖ وَيَعۡفُوۡا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَ
يَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۲۶﴾ۙ
وَ يَسۡتَجِيۡبُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَيَزِيۡدُهُمۡ مِّنۡ
فَضۡلِهٖ ؕ وَالۡكٰفِرُوۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ
شَدِيۡدٌ ﴿۲۷﴾
وَلَوۡ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزۡقَ لِعِبَادِهٖ
لَبَغَوۡا فِى الۡاَرۡضِ وَلٰكِنۡ يُّنَزِّلُ
بِقَدَرٍ مَّا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيۡرٌۢ
بَصِيۡرٌ ﴿۲۸﴾
وَهُوَ الَّذِىۡ يُنَزِّلُ الۡغَيۡثَ مِنۡۢ بَعۡدِ
مَا قَنَطُوۡا وَيَنۡشُرُ رَحۡمَتَهٗ ؕ وَ
هُوَ الۡوَلِىُّ الۡحَمِيۡدُ ﴿۲۹﴾
وَمِنۡ اٰيٰتِهٖ خَلۡقُ السَّمٰوٰتِ وَ
الۡاَرۡضِ وَمَا بَثَّ فِيۡهِمَا مِنۡ
دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰى جَمۡعِهِمۡ اِذَا

کرتے ہیں، اللہ یقیناً بڑا بخشنے والا، قدردان ہے۔☆

۲۴۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں (رسول نے) اللہ پر جھوٹ بہتاھن باندھا ہے؟ پس اگر اللہ چاہے تو آپ کے دل پر مہر لگادے اور اللہ باطل کو نابود کر دیتا ہے اور اپنے فرامین کے ذریعے حق کو پائیداری بخشتا ہے، وہ سینوں کی (پوشیدہ) باتوں سے یقیناً خوب واقف ہے۔

۲۵۔ اور وہ وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور گناہوں کو معاف کرتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اس کا علم رکھتا ہے۔

۲۶۔ اور ایمان لانے والوں اور اعمال صالح بجا لانے والوں کی دعا قبول کرتا ہے اور اپنے فضل سے انہیں اور زیادہ دیتا ہے اور کفار کے لیے سخت ترین عذاب ہے۔

۲۷۔ اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لیے رزق میں فراوانی کر دیتا تو وہ زمین میں سرکش ہو جاتے لیکن اللہ جو چاہتا ہے وہ ایک مقدار سے نازل کرتا ہے، وہ اپنے بندوں سے خوب باخبر، نگاہ رکھنے والا ہے۔☆

۲۸۔ اور وہ وہی ہے جو ان کے ناامید ہو جانے کے بعد مینہ برساتا ہے اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے اور وہی کارساز، قابل ستائش ہے۔

۲۹۔ اور آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور وہ جاندار جو اس نے ان دونوں میں پھیلا رکھے ہیں اس کی نشانیوں میں سے ہیں اور وہ جب چاہے انہیں جمع کرنے پر خوب

دوسرا اعتراض: رسول اللہؐ کے رشتہ دار بہت تھے صرف عبدالمطلب کی اولاد کی محبت کیوں؟

جواب: یہ اعتراض قرآن پر آتا ہے۔ (معاذ اللہ) چونکہ قرآن نے قریبی رشتہ نہیں بلکہ قریبیٰ (قریب ترین رشتہ داروں) سے محبت کے لیے کہا۔

تیسرا اعتراض: جو ان کے نزدیک سب سے اہم ہے، یہ ہے کہ اس کار عظیم پر یہ اجر مانگنا کہ تم میرے رشتہ داروں سے محبت کرو، اتنی گری ہوئی بات ہے کہ کوئی ذوق سلیم اس کا تصور بھی نہیں کر سکتا۔

جواب: اول تو ہم اصحاب و تابعین، مورخین اور مفسرین کی لمبی فہرست پیش کر سکتے ہیں جن کے ذوق سلیم نے اس کا تصور ہی نہیں، بلکہ اس کو تسلیم کیا ہے۔ دوم یہ کہ آپ کے ذوق کے خلاف ہوتا رہے، لیکن انبیاءؑ کے ذوق کے خلاف نہیں ہے۔ حضرت ابراہیمؑ امتحانات الٰہی میں کامیاب ہونے کی پاداش میں اپنی اولاد کے لیے امامت کی تمنا کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں: فَاجۡعَلۡ اَفۡـِٕدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهۡوِىۡۤ اِلَيۡهِمۡ ۔ (ابراھیم: ۳۷) اے اللہ لوگوں کے دلوں میں ان کی محبت پیدا فرما۔

سوم: یہ کہ آنحضورؐ کی رحلت کے بعد واقعات اور تاریخی حقائق یعنی اہل بیت رسولؐ پر ڈھائے جانے والے مظالم، حق تلفیوں وغیرہ سے بھی اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ اور اللہ کے رسولؐ نے محبت ذوالقربیٰ کیوں لازم قرار دی۔

آخر میں لکھتے ہیں اس تقریر کے مخاطب اہل ایمان نہیں، کفار مکہ ہیں۔ کفار حضورؐ کے اس کام کی کون سی قدر کر رہے تھے کہ ان سے اجر رسالت مانگیں۔ وہ الٹا اسے جرم سمجھ رہے تھے۔

جواب: اولاً تو اس تقریر کے مخاطب اہل ایمان ہیں، جس پر خود سیاق آیت شاہد ہے کہ اہل ایمان کو بشارت دیتے ہوئے اجر رسالت کا ذکر آیا ہے۔

ثانیاً: آپ کا یہ تبصرہ اس تفسیر پر زیادہ منطبق ہوتا ہے جس کے مطابق اس سے وہ رشتہ داری مراد ہے جو حضورؐ کو کفار قریش سے تھی۔ کیونکہ خود ان کے بقول کفار حضورؐ کے اس کام کو خدمت نہیں جرم سمجھ رہے تھے تو اس جرم کے عوض حضورؐ قریش سے رشتہ داروں کی محبت کی اجرت مانگ رہے ہیں؟ ان تعجب فعجب قولھم۔

۲۷۔ دولت اور بے نیازی کا احساس انسان سے تواضع و فروتنی کو سلب کرتا ہے: اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لَيَطۡغٰۤى اَنۡ رَّاٰهُ اسۡتَغۡنٰى ۔ (علق: ۶۔۷) انسان سرکش ہو جاتا

يَشَآءُ قَدِيْرٌ ﴿۲۹﴾ ع

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا
كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ
كَثِيْرٍ ﴿۳۰﴾

وَمَآ اَنْتُمْ بِمُعْجِزِيْنَ فِي
الْاَرْضِ ۚ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ
مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿۳۱﴾

وَمِنْ اٰيٰتِهِ الْجَوَارِ فِي الْبَحْرِ
كَالْاَعْلَامِ ﴿۳۲﴾

اِنْ يَّشَاْ يُسْكِنِ الرِّيْحَ فَيَظْلَلْنَ
رَوَاكِدَ عَلٰى ظَهْرِهٖ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿۳۳﴾

اَوْ يُوْبِقْهُنَّ بِمَا كَسَبُوْا وَيَعْفُ
عَنْ كَثِيْرٍ ﴿۳۴﴾

وَّيَعْلَمَ الَّذِيْنَ يُجَادِلُوْنَ فِيْٓ اٰيٰتِنَا ۭ
مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿۳۵﴾

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ
الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ
وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ
يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۳۶﴾

وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا غَضِبُوْا هُمْ
يَغْفِرُوْنَ ﴿۳۷﴾

ہے جب وہ خود کو بے نیاز سمجھنے لگتا ہے نیز دولت سے انسان میں موجود خواہشات کا درندہ بیدار ہو جاتا ہے، پھر بہت کم لوگ اس درندے کو کنٹرول میں رکھ سکتے ہیں۔

۲۹۔ اس آیت میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ زندگی دوسرے ستاروں میں بھی پائی جاتی ہے۔

۳۰۔ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ سے مراد معصیت ہے اور خطاب ان لوگوں سے ہے جو معصیت کا ارتکاب کرتے ہیں، خواہ وہ مسلم ہوں یا کافر۔ معصوم اور غیر مکلّف اس میں شامل نہیں ہیں، کیونکہ ان سے معصیت سرزد نہیں ہوتی، اس لیے ان پر جو مصیبت آتی ہے وہ ان کے اعمال کی وجہ سے نہیں ہے۔ دوسرے لوگوں کے بارے میں فرمایا: جو آفت تم پر آتی ہے وہ خود تمہارے برے اعمال کا لازمہ ہے۔ اس آیت اور دیگر متعدد آیات سے معلوم ہوتا ہے کہ انسانی اعمال و کردار اور کائنات پر حاکم نظام فطرت میں ایک گہرا ربط ہے: اِنَّ اللّٰهَ لَا يُغَيِّرُ مَا بِقَوْمٍ حَتّٰى يُغَيِّرُوْا مَا بِاَنْفُسِهِمْ ۔(رعد:۱۱) اسی طرح فرمایا: وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَاتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۔(اعراف:۹۶) اگر بستیوں والے ایمان لے آتے اور تقویٰ اختیار کرتے تو ہم ان پر آسمان اور زمین سے برکتیں کھول دیتے۔ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ اور بہت سی معصیتوں سے درگزر فرماتا ہے۔ چنانچہ سورہ نحل میں فرمایا: اگر لوگوں کو ان کے ظلم کے سبب اللہ گرفت میں لیتا تو روئے زمین پر کوئی ذی روح باقی نہ چھوڑتا۔ یہ کہنا کہ اس آیت کے مخاطبین مشرکین مکہ ہیں، لہٰذا یہ آیت ان کے ساتھ مختص ہے، ناقابل توجہ بات ہے۔ کیونکہ العبرۃ بعموم اللفظ لا بخصوص السبب۔ فہم قرآن میں لفظ کی عمومیت دیکھی جاتی ہے، سبب نزول نہیں دیکھا جاتا۔

۳۷۔ کبائر کی وضاحت کے لیے ملاحظہ ہو: كَبٰٓئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ ۔ (نساء:۳۱) حضرت امام باقر علیہ السلام سے روایت ہے: مَنْ مَلَكَ نَفْسَهُ اِذَا رَغِبَ وَ اِذَا رَهِبَ وَ اِذَا اشْتَهٰى وَ اِذَا غَضِبَ حَرَّمَ اللّٰهُ جَسَدَهُ عَلَى النَّارِ۔(الفقیہ۴: ۴۰۰۔ نور الثقلین) جو شخص اپنے آپ کو رغبت، خواہشات، خوف اور غصے کے وقت قابو میں رکھتا ہے، اس کے جسم کو اللہ جہنم کی آگ پر حرام کر دیتا ہے۔

قادر ہے۔☆

۳۰۔ اور تم پر جو مصیبت آتی ہے وہ خود تمہارے اپنے ہاتھوں کی کمائی سے آتی ہے اور وہ بہت سی باتوں سے درگزر کرتا ہے۔☆

۳۱۔ اور تم زمین میں (اللہ کو) عاجز تو نہیں کر سکتے، اللہ کے سوا تمہارا نہ کوئی کارساز ہے اور نہ مددگار۔

۳۲۔ اور سمندر میں پہاڑوں جیسے جہاز اس کی نشانیوں میں سے ہے۔

۳۳۔ اگر اللہ چاہے تو ہوا کو ساکن کر دے تو یہ سطح سمندر پر کھڑے رہ جائیں، ہر صبر کرنے والے شکرگزار کے لیے اس میں نشانیاں ہیں۔

۳۴۔ یا انہیں ان کے اعمال کے سبب تباہ کر دے اور وہ بہت سے لوگوں سے درگزر کرتا ہے،

۳۵۔ تاکہ ہماری آیات میں جھگڑنے والوں کو علم ہو جائے کہ ان کے لیے جائے پناہ نہیں ہے۔

۳۶۔ پس جو کچھ تمہیں دیا گیا ہے وہ دنیاوی زندگی کا سامان ہے اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ بہترین اور زیادہ پائیدار ہے ان لوگوں کے لیے جو ایمان لاتے اور اپنے پروردگار پر بھروسا کرتے ہیں،

۳۷۔ اور جو بڑے بڑے گناہوں اور بے حیائی کی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں اور جب انہیں غصہ آئے تو معاف کر دیتے ہیں۔☆

وَالَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَ
اَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۪ وَاَمْرُهُمْ
شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۪ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
يُنْفِقُوْنَ ﴿۳۸﴾
وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ
يَنْتَصِرُوْنَ ﴿۳۹﴾
وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ
فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى
اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۰﴾
وَلَمَنِ انْتَصَرَ بَعْدَ ظُلْمِهٖ
فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾
اِنَّمَا السَّبِيْلُ عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ
النَّاسَ وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ
بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ
اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾
وَلَمَنْ صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ
لَمِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ ع ۴۵
وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ وَّلِيٍّ
مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَتَرَى الظّٰلِمِيْنَ لَمَّا
رَاَوُا الْعَذَابَ يَقُوْلُوْنَ هَلْ اِلٰى
مَرَدٍّ مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۴﴾
وَتَرٰىهُمْ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا
خٰشِعِيْنَ مِنَ الذُّلِّ يَنْظُرُوْنَ مِنْ

۳۸۔ اور جو اپنے پروردگار کو لبیک کہتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور اپنے معاملات باہمی مشاورت سے انجام دیتے ہیں اور ہم نے جو رزق انہیں دیا ہے اس میں سے خرچ کرتے ہیں۔☆

۳۹۔ اور جب ان پر زیادتی سے ظلم کیا جاتا ہے تو وہ اس کا بدلہ لیتے ہیں۔☆

۴۰۔ اور برائی کا بدلہ اسی طرح کی برائی سے لینا (جائز) ہے، پھر کوئی درگزر کرے اور اصلاح کرے تو اس کا اجر اللہ پر ہے، اللہ یقیناً ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔☆

۴۱۔ اور جو شخص مظلوم ہونے کے بعد بدلہ لے پس ایسے لوگوں پر ملامت کا کوئی راستہ نہیں ہے۔

۴۲۔ ملامت تو بس ان لوگوں پر ہے جو لوگوں پر ظلم کرتے ہیں اور ملک میں ناحق زیادتی کرتے ہیں ایسے لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۴۳۔ البتہ جس نے صبر کیا اور درگزر کیا تو یہ معاملات میں عزم راسخ (کی علامت) ہے۔☆

۴۴۔ اور جسے اللہ گمراہ کر دے تو اس کے بعد اس کے لیے کوئی کارساز نہیں ہے اور آپ ظالموں کو دیکھیں گے کہ جب وہ عذاب کا مشاہدہ کریں گے تو کہیں گے: کیا واپس جانے کا کوئی راستہ ہے؟

۴۵۔ اور آپ دیکھیں گے کہ جب وہ جہنم کے سامنے لائے جائیں گے تو ذلت کی وجہ سے جھکے ہوئے نظریں چرا کر دیکھ رہے ہوں

۳۸۔ اجتماعی امور میں دوسروں کے تجربات اور بہت سی عقلوں سے فائدہ اٹھانے کا نام مشورہ ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے منقول ہے: لَا ظَهِيْرَ كَالْمُشَاوَرَةِ۔ (وسائل الشیعۃ ۱۲:۴۰) باہمی مشاورت جیسا کوئی پشت پناہ نہیں ہے۔ مشورہ ان امور میں لیا جاتا ہے جو بقول مولانا شبیر احمد عثمانی قرآن و سنت میں منصوص نہ ہوں۔ جو چیز منصوص ہو، اس میں رائے و مشورہ کی گنجائش نہیں اور یہ غیر معقول ہو گا کہ خدا و رسول کوئی حکم دیں اور لوگ مشورہ کر کے اس کے خلاف فیصلہ دیں۔ وَاَمْرُهُمْ اپنے معاملات، سے معلوم ہوا کہ مشاورت ان اجتماعی امور سے متعلق ہے جو حکم شریعت سے متصادم نہیں ہیں اور جو قرآن و سنت میں منصوص ہے، وہ اَمْرُهُمْ نہیں ہو گا، بلکہ امر من اللہ ہو گا۔ چنانچہ سورہ احزاب آیت ۳۶ میں اللہ کے فیصلے کے بعد کسی اختیار کی نفی فرمائی: اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ۔

۳۹۔ ظالم اور جابر کے مقابلے میں مؤمن چٹان کی طرح مضبوط ہوتا ہے۔ وہ کسی ظالم سے دبتا ہے اور نہ کسی جابر کے سامنے ہتھیار ڈالتا ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ وہ غالب آنے پر مغلوب اور کمزور آدمی کی غلطیوں سے درگزر کرتا ہے اور ندامت کا اظہار کرنے والے کی معذرت قبول کرتا ہے۔

۴۰۔ اس آیت اور بعد کی چند آیتوں میں بدلہ لینے کے ضوابط کا ذکر ہے۔ پہلا یہ کہ جتنی برائی ہوئی ہے اس کے بدلے میں اتنی ہی برائی کی جائے (زیادہ کا حق نہیں)۔ دوسرا یہ کہ اگرچہ بدلہ لینا جائز ہے، تاہم بعض مواقع پر معاف کر دینا زیادہ بہتر ہے۔ تیسرا یہ کہ جائز بدلہ لینے کے سلسلے میں جو عمل انجام دیا جاتا ہے اس پر کوئی گرفت نہیں ہے اور دیت ہے نہ قصاص۔

۴۳۔ گزشتہ آیات میں ایمان والوں کے چند ایک اوصاف کا ذکر ہوا: توکل بر خدا۔ گناہان کبیرہ سے پرہیز۔ غصہ کی صورت میں معافی دینا۔ نماز قائم کرنا۔ اپنے معاملات میں مشاورت کرنا۔ انفاق کرنا۔ ظلم کا بدلہ لینا۔ مظلوم واقع ہونے کے بعد درگزر کرنا۔ ان میں سے بعض اوصاف واجبات میں سے ہیں، بعض مستحبات، بعض صرف جائز ہونے کی حد تک ہیں، جیسے بدلہ لینا۔

۴۵۔ عذاب اس قدر ہولناک ہو گا کہ وہ اس پر پوری

طَرْفٍ خَفِيٍّ ۬ وَقَالَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا
اِنَّ الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ فِيْ عَذَابٍ
مُّقِيْمٍ ﴿۴۵﴾
وَمَا كَانَ لَهُمْ مِّنْ اَوْلِيَآءَ
يَنْصُرُوْنَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ وَمَنْ
يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۶﴾
اِسْتَجِيْبُوْا لِرَبِّكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ
يَّاْتِيَ يَوْمٌ لَّا مَرَدَّ لَهٗ مِنَ اللّٰهِ ؕ مَا
لَكُمْ مِّنْ مَّلْجَاٍ يَّوْمَئِذٍ وَّمَا لَكُمْ
مِّنْ نَّكِيْرٍ ﴿۴۷﴾
فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَمَآ اَرْسَلْنٰكَ
عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا ؕ اِنْ عَلَيْكَ اِلَّا
الْبَلٰغُ ؕ وَاِنَّآ اِذَآ اَذَقْنَا الْاِنْسَانَ
مِنَّا رَحْمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنْ تُصِبْهُمْ
سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ فَاِنَّ
الْاِنْسَانَ كَفُوْرٌ ﴿۴۸﴾
لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ
اِنَاثًا وَّيَهَبُ لِمَنْ يَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾
اَوْ يُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ
وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا ؕ اِنَّهٗ

گے اور (اس وقت) ایمان لانے والے کہیں گے: خسارہ اٹھانے والے یقیناً وہ ہیں جنہوں نے آج قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے گھر والوں کو خسارے میں ڈالا، آگاہ رہو! ظالم لوگ یقیناً دائمی عذاب میں رہیں گے۔☆

۴۶۔ اور اللہ کے سوا ان کے ایسے سرپرست نہ ہوں گے جو ان کی مدد کریں اور جسے اللہ گمراہ کر دے پس اس کے لیے کوئی راہ نہیں ہے۔

۴۷۔ اپنے پروردگار کو لبیک کہو اس سے پہلے کہ اللہ کی جانب سے وہ دن آ جائے جس کے ٹلنے کا کوئی امکان نہیں، اس دن تمہارے لیے نہ کوئی پناہ گاہ ہو گی اور نہ ہی انکار کی کوئی گنجائش ہو گی۔☆

۴۸۔ پھر اگر یہ منہ پھیر لیں تو ہم نے آپ کو ان پر نگہبان بنا کر تو نہیں بھیجا، آپ کے ذمے تو صرف پہنچا دینا ہے اور جب ہم انسان کو اپنی رحمت کا ذائقہ چکھاتے ہیں تو اس سے خوش ہو جاتا ہے اور اگر ان کے اپنے بھیجے ہوئے اعمال کی وجہ سے انہیں کوئی تکلیف پہنچتی ہے تو اس وقت یہ انسان یقیناً ناشکرا ہو جاتا ہے۔☆

۴۹۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی صرف اللہ کے لیے ہے، وہ جو چاہتا ہے خلق فرماتا ہے، جسے چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے اور جسے چاہتا ہے نرینہ اولاد عطا کرتا ہے۔☆

۵۰۔ یا (جسے چاہے) بیٹے اور بیٹیاں دونوں دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے بانجھ بنا دیتا ہے

نگاہ بھی نہیں ڈال سکیں گے۔ اس حال میں مؤمنین کا یہ احساس نہایت لذت بخش ہو گا جس کا وہ ان لفظوں میں اظہار کریں گے: جن لوگوں نے آج کے دن کا خسارہ اٹھایا، وہ بہت بڑا خسارہ ہے۔ ہم اس سے محفوظ رہے۔

۴۷۔ اس آیت کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: اپنے پروردگار کو لبیک کہو قبل اس کے کہ وہ دن آ جائے جس کے اللہ کی طرف سے ٹلنے کا کوئی امکان نہیں۔ اگر ہم مِنَ اللّٰهِ کو يَوْمٌ سے مربوط قرار دیں تو پہلا ترجمہ درست ہے۔ اگر مِنَ اللّٰهِ کو مَرَدَّ سے مربوط قرار دیں تو دوسرا ترجمہ درست ہے۔ کافروں کے بارے میں اللہ کا فیصلہ حتمی اور اٹل ہوتا ہے، اس لیے اس کے ٹلنے کی کوئی صورت نہیں ہے۔

۴۸۔ رسولؐ کے ذمے صرف حکم خدا کی تبلیغ ہے اور اس حکم کو قبولوانا رسولؐ کی ذمہ داری نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کوئی بات طاقت اور جبر کے ذریعے مسلط نہیں کی جاتی۔ اگر ایسا ہوتا تو انبیاء کی ضرورت نہ رہتی، اس کے لیے اللہ کی طرف سے ایک تکوینی اشارہ کُن کافی تھا۔

انبیاء کو دل اور ضمیر سے کام ہے۔ جس کا دل صحت مند اور ضمیر زندہ ہو، وہ اس خدائی آواز کو پہچان لیتا ہے اور مریض دل اور مردہ ضمیر والوں پر حجت پوری ہونے کے بعد ان کو اپنے حال پر چھوڑ دیا جاتا ہے۔ اس صورت میں وہ محسوس پرست ہوتا ہے، اس کی خوشی وغم کا مدار سامنے کی حالت پر ہوتا ہے، نہ گزشتہ کی قدر، نہ آئندہ کی فکر۔

۴۹۔ اولاد نرینہ ہو یا لڑکی، اس کا عطا کنندہ اللہ ہے. اگر انسان کو یہ قدرت حاصل ہے کہ وہ پدر کے Y کو ماں کے X کے ساتھ جفت کر کے لڑکا اور پدر کے X کو ماں کے X کے ساتھ جفت کر کے لڑکی کے پیدا ہونے کے لیے فضا سازگار بنا لیتا ہے تو اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ اولاد دینے والا ہے۔ اس انسان کو نطفہ پدر، تخم مادر میں سے کسی ایک کے بنانے پر قدرت نہیں ہے۔ صرف راز قدرت کے سمجھنے کی صورت میں اس سے استفادہ کی بات ہے۔ جیسے قدیم سے لوگوں نے تجربہ کیا ہے کہ بعض غذاؤں اور دواؤں کے استعمال کی وجہ سے لڑکی یا لڑکا کے پیدا ہونے میں مدد ملتی ہے۔

عَلِيْمٌ قَدِيْرٌ ۝٥٠

وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا
وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ
يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا
يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ۝٥١
وَ كَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا
مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا
الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ
جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ
مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝٥٢ لا
صِرَاطِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَهٗ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ
ع ٥ ٦ اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝٥٣ ع

سُوْرَةُ الزُّخْرُفِ مَكِّيَّةٌ ٨٩

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ق ٥ حٰمٓ ۝١

وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝٢ ۙ
اِنَّا جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ
تَعْقِلُوْنَ ۝٣ ۚ
وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ لَدَيْنَا لَعَلِيٌّ
حَكِيْمٌ ۝٤ ؕ
اَفَنَضْرِبُ عَنْكُمُ الذِّكْرَ صَفْحًا

وہ یقیناً بڑا جاننے والا، قدرت والا ہے۔
۵۱۔اور کسی بشر میں یہ صلاحیت نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے ماسوائے وحی کے یا پردے کے پیچھے سے یا یہ کہ کوئی پیام رساں بھیجے پس وہ اس کے حکم سے جو چاہے وحی کرے، بے شک وہ بلند مرتبہ، حکمت والا ہے۔☆
۵۲۔اور اسی طرح ہم نے اپنے امر میں سے ایک روح آپ کی طرف وحی کی ہے، آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب کیا ہے اور نہ ہی ایمان کو (جانتے تھے) لیکن ہم نے اسے روشنی بنا دیا جس سے ہم اپنے بندوں میں سے جسے چاہتے ہیں ہدایت دیتے ہیں اور آپ تو یقیناً سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کر رہے ہیں،☆
۵۳۔اس اللہ کے راستے کی طرف جو آسمانوں اور زمین کی سب چیزوں کا مالک ہے، آگاہ رہو! تمام معاملات اللہ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں۔

سورۃ زخرف ۔ مکی ۔ آیات ۸۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔حا، میم۔
۲۔اس روشن کتاب کی قسم۔
۳۔ہم نے اس (قرآن) کو عربی قرآن بنایا ہے تا کہ تم سمجھ لو۔☆
۴۔اور بلاشبہ یہ مرکزی کتاب (لوح محفوظ) میں ہمارے پاس برتر، پرحکمت ہے۔☆
۵۔کیا ہم اس ذکر (قرآن) کو محض اس لیے تم سے پھیر دیں کہ تم حد سے گزرے ہوئے

۵۱۔ وحی کے تین طریقوں کا ذکر ہے۔ وحی یا تو براہ راست رسول کے قلب پر نازل ہوتی ہے یا یہ کہ پردے کے پیچھے سے وحی ہوتی ہے، جیسا کہ حضرت موسیٰ (ع) پر درخت کے پردے میں وحی ہوئی یا یہ کہ فرشتے کے ذریعے ہوتی ہے۔ ان ذرائع کے علاوہ روبرو ہو کر بات نہیں ہوتی، کیونکہ اللہ کسی محسوس شکل میں نہیں آ سکتا۔ حدیث میں آیا ہے کہ آپؐ پر غشی اس وقت طاری ہوتی تھی جب براہ راست آپؐ کے قلب پر وحی نازل ہوتی تھی، ورنہ جبرئیل ایک خادم کی طرح آپ کے سامنے بیٹھ جاتے۔

۵۲۔ مِّنْ اَمْرِنَا عالم امری اور کن فکانی کے حتمی اور اٹل فیصلے کی طرف سے روحاً ایک حیات بخش قرآن کو آپؐ کی طرف وحی کیا۔ اس کتاب کے مندرجات اور ایمان کی تفصیل آپؐ اللہ تعالیٰ سے قطع نظر بذات خود نہیں جانتے تھے۔ جو کچھ آپؐ جانتے ہیں، وہ اللہ کی طرف سے وحی ہے۔ واضح رہے چالیس سال کے بعد اعلان رسالت سے بہت پہلے آپؐ نبوت پر فائز تھے اور وحی کا تعلق نبوت سے ہے۔ اعلان رسالت اور نبوت میں فرق بیان کیے بغیر یہ کہنا کہ حضورؐ نبوت سے پہلے کچھ جانتے ہی نہ تھے اور نبوت سے مراد وہ اعلان رسالت لیتے ہیں، غیر ذمہ دارانہ بات ہے۔

سورۂ زخرف

۳۔ تا کہ تم مخاطبین اول سمجھ سکو۔ چونکہ قرآن کے مخاطبین اول عرب لوگ ہیں۔ پہلے مرحلے میں انہیں سمجھانا مقصود ہے۔ مخاطبین اول پر واجب ہے کہ وہ اس قرآنی پیغام کو دوسری قوموں تک پہنچائیں: وَاُوْحِيَ اِلَيَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ. (انعام: ۱۹) اُنْذِرَكُم مخاطبین اول اور مَنْۢ بَلَغَ دوسری قومیں ہیں۔

۴۔ اُمِّ الْكِتٰبِ سے مراد اکثر کے نزدیک لوح محفوظ ہے۔ چنانچہ سورہ بروج آیات ۲۱۔۲۲ میں فرمایا: بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ○ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ۔ بلکہ یہ وہ قرآن مجید ہے جو لوح محفوظ میں ہے۔ آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے: یہ قرآن ہمارے نزدیک لوح محفوظ میں بلند پایہ اور حکمت آمیز ہے۔ یعنی لوح محفوظ میں جہاں کل کائنات کا دستور ثبت ہے، وہاں قرآن کا درجہ بلند ہے۔ کیونکہ اس میں انسان کی سعادت کے لیے ایک جامع دستور حیات موجود ہے۔

اَنْ كُنْتُمْ قَوْمًا مُّسْرِفِيْنَ ۝۵

وَكَمْ اَرْسَلْنَا مِنْ نَّبِيٍّ فِي الْاَوَّلِيْنَ ۝۶

وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝۷

فَاَهْلَكْنَآ اَشَدَّ مِنْهُمْ بَطْشًا وَّمَضٰى مَثَلُ الْاَوَّلِيْنَ ۝۸

وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ خَلَقَهُنَّ الْعَزِيْزُ الْعَلِيْمُ ۝۹

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا وَّجَعَلَ لَكُمْ فِيْهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝۱۰

وَالَّذِيْ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ بِقَدَرٍ ۚ فَاَنْشَرْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ۚ كَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝۱۱

وَالَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الْفُلْكِ وَالْاَنْعَامِ مَا تَرْكَبُوْنَ ۝۱۲

لِتَسْتَوٗا عَلٰى ظُهُوْرِهٖ ثُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ اِذَا اسْتَوَيْتُمْ عَلَيْهِ وَتَقُوْلُوْا سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝۱۳

لوگ ہو؟

۶۔اور پہلے لوگوں میں ہم نے بہت سے نبی بھیجے ہیں۔

۷۔اور کوئی نبی ان کے پاس نہیں آتا تھا مگر یہ کہ یہ لوگ اس کا مذاق اڑاتے تھے۔

۸۔ پس ہم نے ان سے زیادہ طاقتوروں کو ہلاک کر دیا اور پچھلی قوموں کی سنت نافذ ہو گئی۔☆

۹۔اور اگر آپ ان سے پوچھیں: آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا ؟ تو یہ ضرور کہیں گے: بڑے غالب آنے والے، علیم نے انہیں پیدا کیا ہے،☆

۱۰۔جس نے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ بنایا اور اس میں تمہارے لیے راستے بنائے تاکہ تم راہ پا سکو۔☆

۱۱۔اور جس نے آسمان سے پانی ایک مقدار میں نازل کیا جس سے ہم نے مردہ شہر کو زندہ کر دیا، تم بھی اسی طرح (قبروں سے) نکالے جاؤ گے۔☆

۱۲۔اور جس نے تمام اقسام کے جوڑے پیدا کیے اور تمہارے لیے کشتیاں اور جانور آمادہ کیے جن پر تم سوار ہوتے ہو،☆

۱۳۔ تاکہ تم ان کی پشت پر بیٹھو پھر جب تم اس پر درست بیٹھ جاؤ تو اپنے پروردگار کی نعمت یاد کرو اور کہو: پاک ہے وہ جس نے اسے ہمارے لیے مسخر کیا ورنہ ہم اسے قابو میں نہیں لا سکتے تھے۔☆

۸۔ اس آیت کا دوسرا ترجمہ یہ کیا گیا ہے: ”پچھلی قوموں کی مثال گزر چکی ہے۔“ لیکن قرآنی اصطلاح میں مَضٰی کا لفظ نافذ ہونے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

۹۔ قرآن کریم میں اس بات کا مکرر ذکر آیا ہے کہ مشرکین اللہ ہی کو آسمانوں اور زمین کا خالق سمجھتے تھے اور اللہ کو عزیز و علیم بھی سمجھتے تھے۔ مشرکین کے اس اقرار کے بعد آیات ۱۰ تا ۱۳ میں تخلیق کے ان مراحل کا ذکر فرمایا جو تدبیر سے مربوط ہیں۔ آیات قرآنی کے ساتھ ہم نے بھی اس بات کا مکرر ذکر کیا کہ تخلیق اور تدبیر میں تفریق مشرکوں کا مذہب ہے، جسے قرآن نے متعدد آیات میں رد فرمایا ہے۔

۱۰۔ زمین کو اس آیت میں گہوارے سے تعبیر فرمایا گیا ہے، جس میں بچے کو ہر قسم کی آسائش فراہم ہوتی ہے۔ فضائے عالم زندگی کے لیے نہایت ناسازگار ہے۔ اس ناسازگار فضا میں معلق زمین کی داخلی صورت یہ ہے کہ اس کا شکم آتش سے پر ہے اور بیرونی صورت یہ ہے کہ جس فضا میں یہ کرہ سال بھر کی مسافت طے کرتا ہے، وہ ساری فضا زندگی کے لیے نامساعد ہے۔ اس ناسازگار فضا میں کرۂ ارض کو زندگی کا گہوارہ بنانے کے لیے قدرت کو چار دن لگے تھے۔

۱۱۔ بارش کا پانی زمین کے جن مختلف علاقوں کے لیے خاص مقدار میں تقسیم کیا گیا ہے، اسے کوئی طاقت نہیں بدل سکتی۔ وہی طاقت جس نے زمین کو روئیدگی دی، وہی تمہیں اسی زمین سے دوبارہ اٹھائے گی۔

۱۲۔ اس آیت میں اَلْاَزْوَاجَ سے مراد بعض کے نزدیک مختلف اقسام ہیں، جیسے انسان، حیوان، درخت وغیرہ۔ بعض کے نزدیک اس سے مراد اللہ کے علاوہ تمام اقسام کے جوڑے ہیں، جیسے اوپر نیچے، دائیں بائیں، سفید سیاہ، مرد عورت۔

۱۳۔۱۴ دوران سفر تین چیزوں کا مؤمن کی نظر میں رہنا ضروری ہے: اولاً اس رب کا شکر جس نے تمام موجودات میں صرف انسان کے لیے دیگر اشیاء کو مسخر کیا۔ ثانیاً: اس آخری سفر کو بھی ذہن میں رکھنا چاہیے جس میں اس نے اپنے رب کی بارگاہ میں جوابدہی کے لیے حاضری دینا ہے۔ ثالثاً جب سوار ہو تو دو چیزوں کا ذکر کرنا چاہیے: ایک اللہ کی نعمتوں کا تُمَّ تَذْكُرُوْا نِعْمَةَ رَبِّكُمْ ۔ دوسرا اللہ کی تسبیح سُبْحٰنَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا ۔

وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ﴿۱۴﴾

۱۴۔اور ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔☆

وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ؕ اِنَّ

۱۵۔اور ان لوگوں نے اللہ کے بندوں میں سے (کچھ کو) اللہ کا جز (اولاد) بنا دیا، یہ انسان یقیناً کھلا ناشکرا ہے۔☆

ع ۱۵ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۵﴾

۱۶۔کیا اللہ نے اپنی مخلوقات میں سے (اپنے لیے) بیٹیاں بنا لیں اور تمہیں بیٹوں کے لیے منتخب کیا؟

اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّ

۱۷۔حالانکہ جب ان میں سے کسی ایک کو بھی اس (بیٹی) کا مژدہ سنایا جاتا ہے جو اس نے خدائے رحمٰن کی طرف منسوب کی تھی تو اندر ہی اندر غصے سے پیچ و تاب کھا کر اس کا چہرہ سیاہ ہو جاتا ہے۔☆

اَصْفٰىكُمْ بِالْبَنِيْنَ ﴿۱۶﴾

۱۸۔کیا وہ جو زیور (ناز و نعم) میں پلتی ہے اور جھگڑے میں (اپنا) مدعا واضح نہیں کر سکتی (اللہ کے حصے میں ہے)؟☆

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِمَا ضَرَبَ

۱۹۔اور انہوں نے فرشتوں کو جو اللہ کے بندے ہیں عورتیں قرار دے دیا، کیا انہوں نے ان کو خلق ہوتے ہوئے دیکھا تھا؟ عنقریب ان کی گواہی لکھی جائے گی اور ان سے پوچھا جائے گا۔

لِلرَّحْمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجْهُهٗ

۲۰۔اور وہ کہتے ہیں: اگر خدائے رحمٰن چاہتا تو ہم ان (فرشتوں) کی پوجا نہ کرتے، انہیں اس کا کوئی علم نہیں یہ تو صرف اندازے لگاتے ہیں۔☆

مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ ﴿۱۷﴾

۲۱۔کیا ہم نے انہیں اس (قرآن) سے پہلے کوئی دستاویز دی ہے جس سے اب یہ تمسک کرتے ہیں؟

اَوَمَنْ يُّنَشَّؤُا فِى الْحِلْيَةِ وَهُوَ فِى

۲۲۔(نہیں) بلکہ یہ کہتے ہیں: ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک رسم پر پایا اور ہم انہی کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔

الْخِصَامِ غَيْرُ مُبِيْنٍ ﴿۱۸﴾

۲۳۔اور اسی طرح ہم نے آپ سے پہلے کسی بستی کی طرف کوئی تنبیہ کرنے والا نہیں بھیجا

وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ الَّذِيْنَ

هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ؕ

اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ ؕ سَتُكْتَبُ

شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ ﴿۱۹﴾

وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا

عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ

عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ﴿۲۰﴾

اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ كِتٰبًا مِّنْ قَبْلِهٖ فَهُمْ بِهٖ

مُسْتَمْسِكُوْنَ ﴿۲۱﴾

بَلْ قَالُوْٓا اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى

اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ

مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۲﴾

وَكَذٰلِكَ مَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِىْ

۱۵۔بندوں کو اللہ کا جز قرار دینے سے مراد اولاد ہے۔ ان لوگوں نے اللہ کے بعض بندوں کو اللہ کی اولاد قرار دیا، کیونکہ اولاد باپ کا حصہ اور اس کے وجود کا ایک جز ہوتی ہے، جو اس سے الگ ہو کر وجود میں آتی ہے۔

۱۷۔مشرکین کا عقیدہ یہ تھا کہ فرشتے اللہ کی بیٹیاں ہیں۔ان بیٹیوں تک رسائی حاصل کرنے کے لیے وہ عورتوں کی شکل کے بت بناتے تھے اور پھر اولاد میں وہ بیٹیاں، جنہیں وہ اپنے لیے عار و ننگ سمجھتے تھے، اللہ کے حصے میں رکھتے تھے اور جن بیٹوں پر یہ لوگ فخر کرتے انہیں وہ اپنے حصے میں رکھتے تھے۔

۱۸۔یعنی جو اولادیں نرم و نازک اور تمہارے زعم میں تمہاری زندگی پر بوجھ ہیں اور دشمنوں کے مقابلے میں بات تک نہیں کر سکتیں اور زیوروں میں پلتی ہیں، ان کو اللہ کے حصے میں ڈال دیں۔ یہاں سے عورتوں کے لیے سونے کے زیورات استعمال کرنے کا جواز بھی معلوم ہوا۔

۲۰۔ یہی نظریہ جبر ہے کہ کسی چیز کے وجود کو اس کے جواز کے لیے دلیل بنا کر پیش کیا جائے۔ ان کا استدلال اس طرح ہے: اگر اللہ کا ارادہ اور منشا یہ تھی کہ ہم بتوں کی پوجا نہ کریں تو ہمارے لیے بتوں کی پوجا کرنا ممکن ہی نہ ہوتا، کیونکہ اللہ کے ارادے کو کوئی رد کر نہیں سکتا، لیکن ہم بتوں کی پوجا کر رہے ہیں، اس سے ثابت ہوا اللہ بتوں کے پوجنے کو چاہتا ہے۔ اس قسم کا استدلال تقدیر کا ایک غلط مفہوم لینے والے بھی کرتے ہیں: تقدیر میں ایسا ہی تھا۔ ہم کیسے تقدیر کے خلاف کر سکتے ہیں۔جب کہ اس استدلال میں اللہ کے ارادہ تکوینی اور تشریعی میں خلط کیا ہے۔ اللہ جب خود کسی کو وجود میں لانا چاہتا ہے تو اسے کوئی روک نہیں سکتا۔لیکن اگر اللہ انسان سے چاہے کہ وہ اس عمل کو بجا لائے تو وہ مخلوق اس کو بجا لاتی بھی ہے، نہیں بھی لاتی۔ اس ارادے کو تشریعی کہتے ہیں۔اللہ نے انسان سے چاہا کہ بت پرستی نہ کرے، لیکن انسان بت پرستی کرتا بھی ہے، نہیں بھی کرتا۔

۲۳۔ کیونکہ اسلام کے عدل و انصاف سے وہ سرمایہ دار ہی متاثر ہوتے ہیں جو ظلم و ناانصافی سے دولت جمع کرتے ہیں۔دوسری بات یہ ہے کہ مال و دولت سے انسان کی خواہشات بیدار ہو جاتی ہیں جن پر ہر قسم کی اخلاقی پابندی ان خواہش پرستوں کے لیے ناقابل تحمل ہوتی ہے۔

قَرْيَةٍ مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ
مُتْرَفُوْهَآ ۙ اِنَّا وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا عَلٰٓى
اُمَّةٍ وَّ اِنَّا عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ
مُّقْتَدُوْنَ ﴿۲۳﴾
قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا
وَجَدْتُّمْ عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا
بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۲۴﴾
فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ
كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۵﴾ ع
وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ
اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا تَعْبُدُوْنَ ﴿۲۶﴾ ۙ
اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ سَيَهْدِيْنِ ﴿۲۷﴾
وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً فِيْ عَقِبِهٖ
لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۸﴾
بَلْ مَتَّعْتُ هٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَهُمْ
حَتّٰى جَآءَهُمُ الْحَقُّ وَرَسُوْلٌ
مُّبِيْنٌ ﴿۲۹﴾
وَلَمَّا جَآءَهُمُ الْحَقُّ قَالُوْا هٰذَا
سِحْرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿۳۰﴾
وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰى
رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ ﴿۳۱﴾
اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَتَ رَبِّكَ ؕ
نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ

مگر یہ کہ وہاں کے عیش پرستوں نے کہا: ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک رسم پر پایا اور ہم انہی کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔☆

۲۴۔ (ان کے نبی نے) کہا: خواہ میں اس سے بہتر ہدایت لے کر آؤں جس پر تم نے اپنے باپ دادا کو پایا ہے؟ وہ کہنے لگے: جو کچھ دے کر تم بھیجے گئے ہو ہم اسے نہیں مانتے۔

۲۵۔ چنانچہ ہم نے ان سے انتقام لیا اور دیکھ لو تکذیب کرنے والوں کا کیا انجام ہوا۔

۲۶۔ اور جب ابراہیم نے اپنے باپ (چچا) اور اپنی قوم سے کہا: جنہیں تم پوجتے ہو ان سے میں یقیناً بیزار ہوں۔

۲۷۔ سوائے اپنے رب کے جس نے مجھے پیدا کیا، یقیناً وہی مجھے سیدھا راستہ دکھائے گا۔

۲۸۔ اور اللہ نے اس (توحید پرستی) کو ابراہیم کی نسل میں کلمہ باقیہ قرار دیا تاکہ وہ (اللہ کی طرف) رجوع کریں۔☆

۲۹۔ (ان کافروں کو فوری ہلاک نہیں کیا) بلکہ میں نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو متاع حیات دی یہاں تک کہ ان کے پاس حق اور واشگاف بیان کرنے والا رسول آ گیا۔

۳۰۔ اور جب حق ان کے پاس آیا تو کہنے لگے: یہ تو جادو ہے، ہم اسے نہیں مانتے۔

۳۱۔ اور کہتے ہیں: یہ قرآن دونوں بستیوں میں سے کسی بڑے آدمی پر کیوں نازل نہیں کیا گیا؟☆

۳۲۔ کیا آپ کے پروردگار کی رحمت یہ لوگ تقسیم کرتے ہیں؟ جب کہ دنیاوی زندگی کی معیشت کو ان کے درمیان ہم نے تقسیم

۲۸۔ وَجَعَلَهَا میں ضمیر برائۃ کی طرف جاتی ہے، جو اِنَّنِيْ بَرَآءٌ میں مذکور ہے۔ یعنی برائت از مشرکین کی تحریک جو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے شروع فرمائی ہے، اسے اللہ تعالیٰ نے اولاد ابراہیم میں کلمہ باقیہ قرار دے کر اولاد ابراہیم کے ذریعے ابدیت بخشی ہے۔ چنانچہ جب برائت از مشرکین کی یہ تحریک فرزند ابراہیمؑ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دست مبارک سے ایک ابدی مرحلے میں داخل ہو گئی، حضرت خلیلؑ کے ایک بت شکن فرزند حضرت علی علیہ السلام نے ۹ ھ کو حج اکبر کے موقع پر برائت از مشرکین کا اعلان فرمایا۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو سورہ توبہ آیت ۳) آیت سے ظاہر ہوتا ہے کہ اولاد ابراہیم میں برائت از مشرکین یعنی توحید کی یہ تحریک قیامت تک باقی رہے گی۔

لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ: تاکہ لوگ شرک چھوڑ کر توحید کی طرف، غیر اللہ کو چھوڑ کر اللہ کی طرف رجوع کریں۔ چنانچہ آج روئے زمین پر جتنے بھی توحید پرست لوگ ہیں، وہ ابراہیمؑ اور اس کی آل کی اس تحریک کا نتیجہ ہیں۔

۳۱۔ یعنی مکہ اور طائف کے کسی رئیس قبیلہ کو اس عہدے کے لیے منتخب کرتا۔ اللہ کو اپنا نمائندہ بنانے کے لیے عبد اللہ کا یتیم ملا، جس کے پاس نہ دولت تھی، نہ کسی قبیلے کی سرداری۔

۳۲۔ جواب میں فرمایا: تیرے رب کی رحمت کی تقسیم کا اختیار ان کو کس نے دیا؟ ہم نے اس سے کمتر چیز، یعنی ان کا ذریعہ حیات، روزی بھی کسی کے اختیار میں نہیں دی۔ نہ ہی بندوں کے درمیان جو تفاوت درجات رکھتے ہیں، کوئی مخدوم اور کوئی خادم ہے، وہ بھی ہم نے کسی کے ہاتھ میں نہیں دیا تو نبوت جیسے الٰہی منصب کو ان کے قائم کردہ معیار کے مطابق کیسے تقسیم کر سکتے ہیں۔

فِي الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ
فَوۡقَ بَعۡضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَتَّخِذَ بَعۡضُهُمۡ
بَعۡضًا سُخۡرِيًّا ؕ وَرَحۡمَتُ رَبِّكَ
خَيۡرٌ مِّمَّا يَجۡمَعُوۡنَ ﴿۳۲﴾
وَلَوۡلَاۤ اَنۡ يَّكُوۡنَ النَّاسُ اُمَّةً
وَّاحِدَةً لَّجَعَلۡنَا لِمَنۡ يَّكۡفُرُ
بِالرَّحۡمٰنِ لِبُيُوۡتِهِمۡ سُقُفًا مِّنۡ فِضَّةٍ
وَّمَعَارِجَ عَلَيۡهَا يَظۡهَرُوۡنَ ﴿۳۳﴾
وَلِبُيُوۡتِهِمۡ اَبۡوَابًا وَّسُرُرًا عَلَيۡهَا
يَتَّكِـُٔوۡنَ ﴿۳۴﴾
وَزُخۡرُفًا ؕ وَاِنۡ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا
مَتَاعُ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا ؕ وَالۡاٰخِرَةُ
ع ۲ عِنۡدَ رَبِّكَ لِلۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۳۵﴾
وَمَنۡ يَّعۡشُ عَنۡ ذِكۡرِ الرَّحۡمٰنِ
نُقَيِّضۡ لَهٗ شَيۡطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيۡنٌ ﴿۳۶﴾
وَاِنَّهُمۡ لَيَصُدُّوۡنَهُمۡ عَنِ السَّبِيۡلِ
وَيَحۡسَبُوۡنَ اَنَّهُمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ﴿۳۷﴾
حَتّٰۤى اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيۡتَ بَيۡنِىۡ وَ
بَيۡنَكَ بُعۡدَ الۡمَشۡرِقَيۡنِ فَبِئۡسَ
الۡقَرِيۡنُ ﴿۳۸﴾
وَلَنۡ يَّنۡفَعَكُمُ الۡيَوۡمَ اِذۡ ظَّلَمۡتُمۡ
اَنَّكُمۡ فِى الۡعَذَابِ مُشۡتَرِكُوۡنَ ﴿۳۹﴾
اَفَاَنۡتَ تُسۡمِعُ الصُّمَّ اَوۡ تَهۡدِى

کیا ہے اور ہم ہی نے ان میں سے ایک کو دوسرے پر درجات میں فوقیت دی ہے تا کہ ایک دوسرے سے کام لے اور آپ کے پروردگار کی رحمت اس چیز سے بہتر ہے جسے یہ لوگ جمع کرتے ہیں۔☆

۳۳۔اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ (کافر) لوگ سب ایک ہی جماعت (میں مجتمع) ہو جائیں گے تو ہم خدائے رحمٰن کے منکروں کے گھروں کی چھتوں اور سیڑھیوں کو جن پر وہ چڑھتے ہیں چاندی سے،

۳۴۔ اور ان کے گھروں کے دروازوں اور ان تختوں کو جن پر وہ تکیہ لگاتے ہیں،☆

۳۵۔(چاندی) اور سونے سے بنا دیتے اور یہ سب دنیاوی متاع حیات ہے اور آخرت آپ کے پروردگار کے ہاں اہل تقویٰ کے لیے ہے۔

۳۶۔اور جو بھی رحمٰن کے ذکر سے پہلو تہی کرتا ہے ہم اس پر ایک شیطان مقرر کر دیتے ہیں تو وہی اس کا ساتھی ہو جاتا ہے۔☆

۳۷۔اور وہ (شیاطین) انہیں راہ (حق) سے روکتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ وہ راہ راست پر ہیں۔☆

۳۸۔ جب یہ شخص ہمارے پاس آئے گا تو کہے گا: اے کاش! میرے درمیان اور تیرے درمیان دو مشرقوں کا فاصلہ ہوتا، تو بہت برا ساتھی ہے۔☆

۳۹۔اور جب تم ظلم کر چکے تو آج (ندامت) تمہیں فائدہ نہیں دے گی، عذاب میں یقیناً تم سب شریک ہو۔

۴۰۔کیا آپ بہروں کو سنا سکتے ہیں یا اندھے

۳۴۔جس مال و دولت کی فراوانی کو نادان لوگ باعث خوشحالی سمجھتے ہیں، وہ حقیقت میں ایک بدحالی ہے۔ دنیا میں اس سے امن و سکون چھن جاتا ہے اور وسائل کی فراوانی کی وجہ سے اس کی حیوانی خواہشات بیدار ہو جاتی ہیں۔ وہ خواہشات کا بندہ ہو جاتا ہے۔ پھر وہ نہ خواہشات کو سیر کر سکتا ہے، نہ روک سکتا ہے۔ اس طرح زندگی اندر سے دوزخ بن جاتی ہے۔ اس آیت میں ارشاد ہوتا ہے کہ اگر ان مالداروں کی ظاہری شان و شوکت دیکھ کر سب لوگوں کے کفر اختیار کرنے کا خطرہ نہ ہوتا تو ہم کفار کو اس دوزخ میں مزید دھکیل دیتے اور ان کو سونے چاندی کے گھر عطا کرتے۔

۳۶۔ ایک گناہ دوسرے گناہ اور ایک جرم دوسرے جرم کے ارتکاب کے لیے زینہ بنتا ہے۔ ایک بار کسی جرم کے مرتکب ہونے سے شیطان کے دام میں آسانی سے پھنس جاتا ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ بھی اسے شیطان کے دام میں چھوڑ دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے سب سے بڑی سزا یہ ہے کہ اللہ اس سے ہاتھ اٹھا لے اور اسے اپنے حال پر چھوڑ دے۔ اس صورت میں اسے راہ حق دکھانے والا کوئی نہ ہو گا۔ پوری طرح شیطان کے دام میں پھنس جائے گا۔

نُقَيِّضۡ کی نسبت اللہ کی طرف اس طرح ہے کہ اللہ نے اسے اس کے جرم کی پاداش میں اپنے حال پر چھوڑ دیا تو وہ شیطان کے زیر تسلط چلا گیا۔

۳۷۔ اس طرح وہ ضلالت مرکبہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ضلالت کی اتھاہ گہرائی میں یہ سمجھ رہے ہیں کہ وہی راہ راست پر ہیں۔ اس ضلالت مرکبہ کی وجہ سے وہ حق کی جستجو کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔

۳۸۔ اللہ کی بارگاہ میں پہنچنے پر پتہ چلے گا کہ وہ کس دام میں مبتلا رہا ہے۔

بُعۡدَ الۡمَشۡرِقَيۡنِ میں دو مشرقوں سے مراد مشرق و مغرب ہے۔ جیسے والد اور والدہ کے لیے والدین کہتے ہیں۔

الْعُمْيَ وَمَنْ كَانَ فِيْ
ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۴۰﴾
فَاِمَّا نَذْهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنْهُمْ
مُّنْتَقِمُوْنَ ﴿۴۱﴾
اَوْ نُرِيَنَّكَ الَّذِيْ وَعَدْنٰهُمْ فَاِنَّا
عَلَيْهِمْ مُّقْتَدِرُوْنَ ﴿۴۲﴾
فَاسْتَمْسِكْ بِالَّذِيْٓ اُوْحِيَ اِلَيْكَ ۚ
اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۴۳﴾
وَاِنَّهٗ لَذِكْرٌ لَّكَ وَلِقَوْمِكَ ۚ وَ
سَوْفَ تُسْـَٔلُوْنَ ﴿۴۴﴾
وَسْـَٔلْ مَنْ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ
رُّسُلِنَآ اَجَعَلْنَا مِنْ دُوْنِ
ع الرَّحْمٰنِ اٰلِهَةً يُّعْبَدُوْنَ ﴿۴۵﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا مُوْسٰى بِاٰيٰتِنَآ اِلٰى
فِرْعَوْنَ وَمَلَا۟ئِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ
رَسُوْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۶﴾
فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِاٰيٰتِنَآ اِذَا هُمْ مِّنْهَا
يَضْحَكُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَمَا نُرِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ اِلَّا هِيَ
اَكْبَرُ مِنْ اُخْتِهَا ۫ وَاَخَذْنٰهُمْ
بِالْعَذَابِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۴۸﴾
وَقَالُوْا يٰٓاَيُّهَ السّٰحِرُ ادْعُ لَنَا
رَبَّكَ بِمَا عَهِدَ عِنْدَكَ ۚ اِنَّنَا

کو یا اسے جو واضح گمراہی میں ہے راستہ دکھا سکتے ہیں؟

۴۱۔ پس اگر ہم آپ کو اٹھا بھی لیں تو یقیناً ہم ان سے انتقام لینے والے ہیں۔☆

۴۲۔ یا (آپ کی زندگی میں) آپ کو وہ (عذاب) دکھا دیں جس کا ہم نے ان سے وعدہ کیا ہے، یقیناً ہم ان پر قدرت رکھنے والے ہیں

۴۳۔ پس آپ کی طرف جو وحی کی گئی ہے اس سے تمسک کریں، آپ یقیناً سیدھے راستے پر ہیں۔☆

۴۴۔ اور یہ (قرآن) آپ کے اور آپ کی قوم کے لیے ایک نصیحت ہے اور عنقریب تم سب سے سوال کیا جائے گا۔☆

۴۵۔ اور جو پیغمبر ہم نے آپ سے پہلے بھیجے ہیں ان سے پوچھ لیجیے: کیا ہم نے خدائے رحمٰن کے علاوہ معبود بنائے تھے کہ ان کی بندگی کی جائے؟☆

۴۶۔ اور ہم نے موسیٰ کو اپنی نشانیاں دے کر فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف بھیجا، پس موسیٰ نے کہا: میں رب العالمین کا رسول ہوں۔

۴۷۔ پس جب وہ ہماری نشانیاں لے کر ان کے پاس آئے تو وہ ان نشانیوں پر ہنسنے لگے۔☆

۴۸۔ اور جو نشانی ہم انہیں دکھاتے تھے وہ پہلی سے بڑی ہوتی اور ہم نے انہیں عذاب میں پکڑ لیا کہ شاید وہ باز آ جائیں۔☆

۴۹۔ اور (عذاب دیکھ کر) کہنے لگے: اے جادوگر! تیرے پروردگار نے تیرے نزدیک تجھ سے جو عہد کر رکھا ہے اس کے مطابق ہمارے

۴۱۔ مکہ کے کفار اس تحریک کو الٰہی نہیں بلکہ صرف رسول کریمؐ کی ذات سے مربوط سمجھتے تھے۔ ان کا خیال تھا کہ یہ شخص اگر ختم ہو جائے تو تحریک بھی خود بخود ختم ہو جائے گی۔ کفار کی اس غلط فہمی کو دور کرتے ہوئے حضورؐ سے فرمایا: ہمیں ان کافروں کو سزا دینا ہے، خواہ ہم آپ کو اس دنیا سے اٹھائیں یا آپ کو ان کا انجام دکھا دیں۔

۴۳۔ ان تمام شدائد کا حل اس میں ہے کہ آپؐ وحی کے ذریعے ملنے والی تعلیمات کے ساتھ متمسک رہیں۔ وحی آپ کے لیے نہایت مضبوط پشتیبان ہے۔ دوسری طاقت یہ ہے کہ آپ صراط مستقیم پر ہیں، جو حق ہے۔ حق کو ثبات ہے اور باطل نے مٹ جانا ہے۔

۴۴۔ یہ قرآن آپؐ اور آپؐ کی قوم کے لیے ذکر ہے۔ ایک تفسیر یہ ہے: یہ قرآن آپؐ اور آپؐ کی قوم کے لیے ذکر خدا کا ذریعہ ہے۔ دوسری تفسیر میں ذکر سے مراد شرف لیا ہے۔ یعنی یہ قرآن آپؐ اور آپؐ کی قوم کے لیے ایک شرف ہے

۴۵۔ سابقہ انبیاء سے پوچھنے کا مطلب یہ ہے کہ ان انبیاء نے جو تعلیمات چھوڑی ہیں، ان میں تلاش کرو۔ روایات اہل بیت علیہم السلام میں آیا ہے کہ شب معراج رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے تمام انبیاء جمع کیے گئے، پھر ان سے سوال کرنے کا حکم ہوا۔ (الاحتجاج)

۴۷۔۴۸ ان نشانیوں سے مراد ہے: جادوگروں کا مقابلہ، شدید قحط، طوفان کے ذریعے بستیوں اور کھیتوں کی تباہی، ٹڈی دل کا تباہ کن حملہ، جوؤں اور سسریوں کا بے تحاشا پھیلنا، ملک کے گوشہ و کنار میں مینڈکوں کا سیلاب، نہروں، چشموں اور کنوؤں کے پانی کا خون میں تبدیل ہو جانا۔ ہر بار فرعون یہ وعدہ کرتا کہ اگر یہ بلا آپؑ کی دعا سے ٹل جائے تو ہم ایمان لائیں گے۔ لیکن بلا ٹلنے پر وہ عہد شکنی کرتا تھا۔

لَمُهۡتَدُوۡنَ ﴿۴۹﴾

لیے دعا کر، ہم یقیناً ہدایت یافتہ ہو جائیں گے۔

فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ الۡعَذَابَ اِذَا هُمۡ يَنۡكُثُوۡنَ ﴿۵۰﴾

۵۰۔ پھر جب ہم نے عذاب کو ان سے دور کر دیا تو وہ عہد شکنی کرنے لگے۔

وَنَادٰى فِرۡعَوۡنُ فِىۡ قَوۡمِهٖ قَالَ يٰقَوۡمِ اَلَيۡسَ لِىۡ مُلۡكُ مِصۡرَ وَهٰذِهِ الۡاَنۡهٰرُ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِىۡ‌ۚ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۵۱﴾

۵۱۔ اور فرعون نے اپنی قوم سے پکار کر کہا: اے میری قوم! کیا مصر کی سلطنت میرے لیے نہیں ہے، اور یہ نہریں جو میرے (محلات کے) نیچے بہ رہی ہیں؟ کیا تم دیکھتے نہیں ہو؟

اَمۡ اَنَا خَيۡرٌ مِّنۡ هٰذَا الَّذِىۡ هُوَ مَهِيۡنٌ ۙ وَّلَا يَكَادُ يُبِيۡنُ ﴿۵۲﴾

۵۲۔ کیا میں اس شخص سے بہتر نہیں ہوں جو بے توقیر ہے اور صاف بات بھی نہیں کر سکتا؟☆

فَلَوۡلَاۤ اُلۡقِىَ عَلَيۡهِ اَسۡوِرَةٌ مِّنۡ ذَهَبٍ اَوۡ جَآءَ مَعَهُ الۡمَلٰٓئِكَةُ مُقۡتَرِنِيۡنَ ﴿۵۳﴾

۵۳۔ تو اس پر سونے کے کنگن کیوں نہیں اتارے گئے یا فرشتے اس کے ساتھ یکے بعد دیگرے کیوں نہیں آئے؟☆

فَاسۡتَخَفَّ قَوۡمَهٗ فَاَطَاعُوۡهُ‌ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمًا فٰسِقِيۡنَ ﴿۵۴﴾

۵۴۔ چونکہ اس نے اپنی قوم کو بے وقعت کر دیا اور انہوں نے اس کی اطاعت کی، وہ یقیناً فاسق لوگ تھے۔☆

فَلَمَّاۤ اٰسَفُوۡنَا انۡتَقَمۡنَا مِنۡهُمۡ فَاَغۡرَقۡنٰهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۵۵﴾

۵۵۔ پس جب انہوں نے ہمیں غصہ دلایا تو ہم نے ان سے انتقام لیا پھر ان سب کو غرق کر دیا۔

ع ۱۱ فَجَعَلۡنٰهُمۡ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلۡاٰخِرِيۡنَ ﴿۵۶﴾

۵۶۔ پھر ہم نے انہیں قصہ پارینہ اور بعد (میں آنے) والوں کے لیے نشان عبرت بنا دیا،

وَلَمَّا ضُرِبَ ابۡنُ مَرۡيَمَ مَثَلًا اِذَا قَوۡمُكَ مِنۡهُ يَصِدُّوۡنَ ﴿۵۷﴾

۵۷۔ اور جب ابن مریم کی مثال دی گئی تو آپ کی قوم نے اس پر شور مچایا۔☆

وَقَالُوۡۤا ءَاٰلِهَتُنَا خَيۡرٌ اَمۡ هُوَ‌ؕ مَا ضَرَبُوۡهُ لَكَ اِلَّا جَدَلًا‌ؕ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ خَصِمُوۡنَ ﴿۵۸﴾

۵۸۔ اور کہنے لگے: کیا ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ (عیسیٰ)؟ انہوں نے عیسیٰ کی مثال صرف برائے بحث بیان کی ہے بلکہ یہ لوگ تو جھگڑالو ہیں۔☆

اِنۡ هُوَ اِلَّا عَبۡدٌ اَنۡعَمۡنَا عَلَيۡهِ وَ

۵۹۔ وہ تو بس ہمارے بندے ہیں جن پر ہم نے انعام کیا اور ہم نے انہیں بنی اسرائیل

۵۲۔ اس کے پاس نہ دولت ہے، نہ حشمت، نہ عزت و جلالت۔ وہ اپنا مدعا بھی کھول کر بیان نہیں کر سکتا۔ یہ لکنت کی طرف اشارہ ہو سکتا ہے جو حضرت موسیٰ (ع) کی زبان میں بچپن سے تھی۔ فرعون کو یہ معلوم نہیں ہوا ہو گا کہ اب حضرت موسیٰ (ع) کی زبان میں وہ لکنت نہیں ہے۔ بار نبوت اٹھاتے وقت جناب موسیٰ (ع) نے اللہ سے دعا کی تھی کہ اللہ آپؑ کی زبان کی گرہ کھول دے: وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِىۡ ۔ (طٰہٰ: ۲۷)

۵۳۔ کہتے ہیں قدیم زمانے میں وزیروں اور شاہی نمائندوں کو دربار کی طرف سے خلعت کے طور پر سونے کا کنگن دیا جاتا تھا اور سپاہیوں کا ایک دستہ بھی اس کے ہمراہ ہو لیتا تھا۔ فرعون ”مکہ“ والوں کے اعتراض کی مانند یہی بات کر رہا ہے کہ یہ رسول، اللہ کا کیسا نمائندہ ہے جس کے ہاتھ میں خشک لاٹھی ہے اور بدن پر کھردرا کپڑا ہے۔

۵۴۔ فرعون نے اپنی قوم کو بے وقعت کر دیا۔ جابر لوگ ہمیشہ اپنی رعیت سے ان کی انسانی قدریں چھین کر انہیں بے وقعت کر دیتے ہیں۔ جب قوم کی کوئی حیثیت باقی نہیں رہتی تو پھر یہ قوم جابر طاقتوں کی غلام بن جاتی ہے۔ چنانچہ اس آیت میں اسی نکتہ کو بیان فرمایا: فرعون نے اپنی قوم کو جب بے حیثیت کر دیا تو قوم نے فرعون کی اطاعت کی۔ اسی نکتے کی طرف حضرت امام حسین علیہ السلام نے یزید کی اطاعت کرنے والوں کے لیے اشارہ فرمایا: ان لم یکن لکم دین ... فکونوا احراراً فی دنیاکم۔ (بحار الانوار ۴۵: ۵۰) اگر تمہارا کوئی دین نہیں ہے، تو تم اپنی دنیا میں تو آزاد رہو۔ (بے وقعت نہ بنو)

۵۷ تا ۵۹۔ ان آیات کے شان نزول میں روایت ہے کہ حضورؐ نے ایک بار مسجد میں اہل مکہ کو بتوں کی پرستش کے بارے میں سورۃ الانبیاء کی یہ آیت سنائی: اِنَّكُمۡ وَمَا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ‌ؕ اَنۡتُمۡ لَهَا وٰرِدُوۡنَ ۔ تم اور اللہ کے علاوہ وہ معبود جن کی تم پرستش کرتے ہو، جہنم کا ایندھن ہیں اور تم اس میں داخل ہو گے۔ اس پر عبد اللہ ابن الزبعری نامی شخص نے کہا: مسیحی عیسیٰ بن مریم (ع) کو خدا کا بیٹا قرار دے کر اس کی پرستش کرتے ہیں تو کیا برا ہے کہ ہم بھی عیسیٰؑ کے ساتھ ہوں؟ اس پر مجمع سے قہقہہ بلند ہوا۔ آنے والی آیات میں سلسلہ کلام جاری ہے۔ پھر اس اعتراض کا جواب بھی آئے گا۔

جَعَلْنٰهُ مَثَلًا لِّبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿۵۹﴾

۵۹۔ بنی اسرائیل کے لیے نمونہ بنا دیا۔ یعنی قدرت الٰہی کا نمونہ بنا دیا۔ وہ مردوں کو زندہ کرتے، مادر زاد اندھوں کو بینائی دیتے۔ وہ مٹی کا پرندہ بناتے اس میں روح پھونکتے، وہ پرندہ زندہ ہو جاتا۔

وَلَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنَا مِنْكُمْ مَّلٰٓئِكَةً فِي الْاَرْضِ يَخْلُفُوْنَ ﴿۶۰﴾

۶۰۔ اس آیت کی ایک تفسیر وہی ہے، جس کے تحت متن کا ترجمہ ہے۔ بنا بر این مِنْكُمْ میں مِن بدل کے لیے ہے، یعنی تمہاری جگہ۔ دوسری تفسیر یہ ہے کہ اگر ہم چاہتے تو تم میں سے فرشتہ صفت لوگ پیدا کرتے جو ایک دوسرے کے جانشین ہوتے۔ وہ ظاہر میں بشر، لیکن وہ پاکیزگی میں، باطن میں فرشتوں کی طرح ہوتے۔ سیاق آیت کے مطابق پہلی تفسیر درست ہے۔ کیونکہ لَوْ نَشَآءُ اگر ہم چاہتے کا مطلب یہ ہے کہ ہم نے نہیں چاہا زمین پر تمہاری جگہ فرشتے ہوں۔ دوسری تفسیر میں یہ بات درست نہیں بیٹھتی، اگر ہم چاہتے تو زمین میں فرشتہ صفت بشر پیدا کرتے، لیکن ہم نے نہیں چاہا اور ایسا انسان پیدا نہیں کیا۔

وَاِنَّهٗ لَعِلْمٌ لِّلسَّاعَةِ فَلَا تَمْتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوْنِ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾

۶۱۔ حضرت عیسیٰؑ قیامت کی سچائی کی ایک دلیل ہیں۔ جو ذات عیسیٰؑ کو بغیر باپ کے پیدا کر سکتی ہے اور حضرت عیسیٰؑ کے ذریعے مردوں کو زندہ کر سکتی ہے، وہ ذات قیامت کے دن سب کو زندہ کر سکتی ہے۔

وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيْطٰنُ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۲﴾

۶۲۔ یہاں سے کفار مکہ کے اعتراض کا جواب شروع ہوتا ہے کہ عیسیٰؑ نے یہ نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کا بیٹا ہوں، تم میری عبادت کرو۔ عیسیٰؑ کی دعوت کا محور تو توحید اور یکتا پرستی تھا۔

وَلَمَّا جَآءَ عِيْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ قَالَ قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿۶۳﴾

۶۳۔ اس اختلاف میں ایک گروہ نے ان پر ناروا الزام عائد کیا اور ایک گروہ نے ان کو اللہ کا بیٹا بنا دیا۔ ایک روایت میں رسول کریمؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو عیسیٰؑ کا مثل قرار دیا کہ ایک گروہ ان کے بغض میں اور ایک گروہ ان کے بارے میں غلو کے باعث ہلاک ہو جائے گا۔ (مناقب حافظ ابن مردویہ)

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ۭ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۴﴾

۶۴۔ یہاں سے کفار مکہ کے اعتراض کا جواب شروع ہوتا ہے کہ عیسیٰؑ نے یہ نہیں کہا تھا کہ میں اللہ کا بیٹا ہوں، تم میری عبادت کرو۔ عیسیٰؑ کی دعوت کا محور تو توحید اور یکتا پرستی تھا۔

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ يَوْمٍ اَلِيْمٍ ﴿۶۵﴾

۶۵۔ اس اختلاف میں ایک گروہ نے ان پر ناروا الزام عائد کیا اور ایک گروہ نے ان کو اللہ کا بیٹا بنا دیا۔ ایک روایت میں رسول کریمؐ نے حضرت علی علیہ السلام کو عیسیٰؑ کا مثل قرار دیا کہ ایک گروہ ان کے بغض میں اور ایک گروہ ان کے بارے میں غلو کے باعث ہلاک ہو جائے گا۔ (مناقب حافظ ابن مردویہ)

هَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾

۶۶۔ کیا یہ لوگ صرف قیامت کے منتظر ہیں کہ وہ ان پر اچانک آ پڑے اور انہیں خبر بھی نہ ہو؟

اَلْاَخِلَّآءُ يَوْمَىِٕذٍۢ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِيْنَ ﴿۶۷﴾ ع ۶ ۱۱ ۱۲

۶۷۔ جو لوگ دنیا میں معصیت کار لوگوں کو اپنا دوست بناتے ہیں، کل قیامت کے دن یہ لوگ دشمن ہو جائیں گے۔ کل صرف وہ دوست کام آئیں گے جو متقی ہیں۔ لہٰذا سمجھداری کا تقاضا ہے کہ دنیا میں متقی لوگوں کی دوستی اختیار کی جائے۔

يٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ تَحْزَنُوْنَ ﴿۶۸﴾ ع

۶۸۔ (پرہیزگاروں سے کہا جائے گا) اے میرے بندو! آج تمہارے لیے کوئی خوف نہیں ہے اور نہ ہی تم غمگین ہو گے۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاٰيٰتِنَا وَكَانُوْا
مُسْلِمِيْنَ ﴿۶۹﴾
اُدْخُلُوا الْجَنَّةَ اَنْتُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ
تُحْبَرُوْنَ ﴿۷۰﴾
يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِصِحَافٍ مِّنْ ذَهَبٍ
وَّاَكْوَابٍ ۚ وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ
الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ
فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۷۱﴾
وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِيْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا
بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۷۲﴾
لَكُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ كَثِيْرَةٌ مِّنْهَا
تَاْكُلُوْنَ ﴿۷۳﴾
اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ عَذَابِ جَهَنَّمَ
خٰلِدُوْنَ ﴿۷۴﴾
لَا يُفَتَّرُ عَنْهُمْ وَهُمْ فِيْهِ
مُبْلِسُوْنَ ﴿۷۵﴾
وَمَا ظَلَمْنٰهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا هُمُ
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۷۶﴾
وَنَادَوْا يٰمٰلِكُ لِيَقْضِ عَلَيْنَا
رَبُّكَ ؕ قَالَ اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾
لَقَدْ جِئْنٰكُمْ بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ
اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾
اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾

۶۹۔(یہ وہی ہوں گے) جو ہماری آیات پر ایمان لائے اور وہ مسلمان تھے۔

۷۰۔(انہیں حکم ملے گا) تم اور تمہاری ازواج خوشی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ۔

۷۱۔ان کے سامنے سونے کے تھال اور جام پھرائے جائیں گے اور اس میں ہر وہ چیز موجود ہوگی جس کی نفس خواہش کرے اور جس سے نگاہیں لذت حاصل کریں اور تم اس میں ہمیشہ رہو گے۔☆

۷۲۔اور یہ وہ جنت ہے جس کا تمہیں وارث بنا دیا گیا ہے ان اعمال کے صلے میں جو تم کرتے رہے ہو۔

۷۳۔اس میں تمہارے لیے بہت سے میوے ہیں جنہیں تم کھاؤ گے۔

۷۴۔جو لوگ مجرم ہیں یقیناً وہ ہمیشہ جہنم کے عذاب میں رہیں گے۔

۷۵۔ان سے (عذاب میں) تخفیف نہ ہو گی اور وہ اس میں مایوس پڑے رہیں گے۔

۷۶۔اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی ظالم تھے۔

۷۷۔اور وہ پکاریں گے: اے مالک (پہریدار) تیرا پروردگار ہمیں ختم ہی کر دے تو وہ کہے گا: بے شک تمہیں یہیں پڑے رہنا ہے۔☆

۷۸۔بتحقیق ہم تمہارے پاس حق لے کر آئے تھے لیکن تم میں سے اکثر حق سے کراہت کرنے والے ہیں۔

۷۹۔کیا انہوں نے کسی بات کا پختہ عزم کر رکھا ہے؟ (اگر ایسا ہے) تو ہم بھی مضبوط ارادہ کرنے والے ہیں۔☆

۷۱۔جس طرح ایک جنین کے لیے عالم دنیا اور اس کی چیزیں قابل فہم نہیں ہیں اسی طرح دنیا والوں کے لیے عالم آخرت اور اس کی چیزیں قابل فہم نہیں۔ اس لیے اللہ تعالیٰ دنیا کی چیزوں کا ذکر کر کے فرماتا ہے کہ جنت میں باغات، نہریں، حوریں اور میوے ہوں گے۔ کیونکہ عالم دنیا کا انسان صرف انہی چیزوں کو سمجھ سکتا ہے۔ یہ بالکل ایسا ہے جیسے اللہ اپنی قدرت کو ہاتھ سے تعبیر کرتا ہے کیونکہ انسان کے لیے مانوس تعبیر یہی ہے۔ اس آیت میں جنت کی نعمتوں کی جامع تعریف موجود ہے۔

تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ: جس کی نفس خواہش کرے. جو بھی انسانی نفس کے دائرے میں آئے، وہ موجود ہوگا۔ خواہ اس کا تعلق لذتوں سے ہو یا آوازوں یا خوشبوؤں یا دیگر محسوسات سے ہو یا ان کی کیفیت سے ہو۔ اگر یہ خواہش ہو کہ جنت کی لذتوں میں تکرار نہ ہو، ہر مرتبہ نئی لذت ہو تو بھی میسر ہو گی۔

وَتَلَذُّ الْاَعْيُنُ: نگاہیں لذت حاصل کریں۔ اس میں بصری نعمتوں کا ذکر آیا۔ اس میں سرفہرست جمالیات ہیں۔ خوبصورت چہرے، حسین مناظر، زیب و زینت کی چیزیں۔ ان دو لفظوں میں قابل تصور تمام نعمتوں کی ایک جامع تعریف آ گئی، تاہم عالم جنت میں انسانی خواہشات اور جمالیات ہمارے لیے قابل فہم نہیں ہیں۔ اشتہا اور لذت کی تعبیر انسان کو کسی حد تک مطلب کے نزدیک کر دیتی ہے۔

۷۷۔ مالک سے مراد جہنم کا داروغہ ہے اور جواب داروغہ ہی کی طرف سے ہوگا۔

۷۹۔کفار مکہ کی ان سازشوں کی طرف اشارہ ہے جو وہ رسول اللہؐ کے خلاف اپنی خفیہ نشستوں میں کرتے رہتے تھے۔

اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ
وَ نَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى وَ رُسُلُنَا
لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾
قُلْ اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖ فَاَنَا
اَوَّلُ الْعٰبِدِيْنَ ﴿۸۱﴾
سُبْحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۸۲﴾
فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَ يَلْعَبُوْا
حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ
يُوْعَدُوْنَ ﴿۸۳﴾
وَهُوَ الَّذِيْ فِي السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِي
الْاَرْضِ اِلٰهٌ ؕ وَهُوَ الْحَكِيْمُ
الْعَلِيْمُ ﴿۸۴﴾
وَتَبٰرَكَ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ
وَعِنْدَهٗ عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ
تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾
وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ
دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾
وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ
لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ۚ فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾
وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا

۸۰۔ کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم ان کی راز کی باتیں اور سرگوشیاں نہیں سنتے؟ ہاں! اور ہمارے فرستادہ (فرشتے) ان کے پاس ہی لکھ رہے ہیں۔☆

۸۱۔ کہہ دیجیے: اگر رحمٰن کی کوئی اولاد ہوتی تو میں سب سے پہلے (اس کی) عبادت کرنے والا ہوتا۔☆

۸۲۔ آسمانوں اور زمین کا رب، عرش کا رب، پاکیزہ ہے ان باتوں سے جو یہ لوگ بیان کر رہے ہیں۔☆

۸۳۔ پس انہیں بیہودہ باتوں میں مگن اور کھیل میں مشغول رہنے دیجئے یہاں تک کہ وہ اپنے اس دن کو پائیں جس کا ان سے وعدہ کیا گیا ہے۔

۸۴۔ اور وہ وہی ہے جو آسمان میں بھی معبود ہے اور زمین میں بھی معبود ہے اور وہ بڑا حکمت والا، خوب جاننے والا ہے۔☆

۸۵۔ اور بابرکت ہے وہ جس کے لیے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے سب کی بادشاہی ہے اور اسی کے پاس قیامت کا علم ہے اور تم سب اسی کی طرف پلٹائے جاؤ گے۔

۸۶۔ اور اللہ کے سوا جنہیں یہ لوگ پکارتے ہیں وہ شفاعت کا کچھ اختیار نہیں رکھتے سوائے ان کے جو علم رکھتے ہوئے حق کی گواہی دیں۔

۸۷۔ اور اگر آپ ان سے پوچھیں: انہیں کس نے خلق کیا ہے؟ تو یہ ضرور کہیں گے: اللہ نے، پھر کہاں الٹے جا رہے ہیں۔

۸۸۔ اور (اللہ جانتا ہے) رسول کے اس قول کو: اے پروردگار! یہ ایسے لوگ ہیں جو

۸۰۔ اللہ کے فرستادہ فرشتے انسان کی ہر حرکت اور ہر بات کو ریکارڈ کر رہے ہیں تاکہ کل قیامت کے دن یہ خود اپنے اعمال کا مشاہدہ کرے۔ چنانچہ قیامت کے دن جب انسان ان اعمال کا مشاہدہ کرے گا تو کہے گا: ہائے ندامت! یہ کیسا نامہ اعمال ہے۔ اس نے کسی چھوٹی بڑی بات کو نہیں چھوڑا۔ سب کو درج کر لیا ہے۔ (کہف: ۴۹)

۸۱۔ ایک ناممکن چیز کو ممکن فرض کر لینے کے بعد اس کی نفی کرنا مقصود ہے کہ اگرچہ اللہ کے لیے اولاد کا ہونا محال ہے تاہم بفرض محال اگر اس کی اولاد ہوتی تو سب سے پہلے میں اس کی عبادت کرنے والا ہوتا۔ اب جو میری طرف سے انکار ہے، وہ حقیقت میں اللہ کی اولاد نہ ہونے کی وجہ سے ہے، نہ کہ کسی ضد کی وجہ سے۔

۸۲۔ آسمانوں اور زمین کے رب کے بعد عرش کے رب کا ذکر بتلاتا ہے کہ ان دونوں کی ربوبیت میں فرق ہے۔ چنانچہ آسمانوں اور زمین کا مقام تخلیق میں رب ہے اور عرش کا مقام تدبیر میں رب ہے اور اللہ رب الخلق و التدبیر ہے۔ واضح رہے کہ عرش اللہ تعالیٰ کے مقام تدبیر کا نام ہے۔

۸۴۔ آسمان کے فرشتوں اور زمین کے بتوں کو معبود بنانے والوں نیز زمین و آسمان کے لیے الگ الگ خدا قرار دینے والوں کے لیے جواب ہے کہ آسمان اور زمین میں ایک ہی معبود کی خدائی ہے۔

وقف لازم	يُؤْمِنُوْنَ ﴿۸۸﴾
	فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَ قُلْ سَلٰمٌ ؕ
ع ۳	فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۹﴾ ع
	﴿۴۴ سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ ۵۹﴾
	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لع	حٰمٓ ﴿۱﴾
	وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿۲﴾
	اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ اِنَّا
	كُنَّا مُنْذِرِيْنَ ﴿۳﴾
	فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ ﴿۴﴾ لا
	اَمْرًا مِّنْ عِنْدِنَا ؕ اِنَّا كُنَّا
	مُرْسِلِيْنَ ﴿۵﴾ ج
	رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ
	الْعَلِيْمُ ﴿۶﴾ لا
	رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
وقف لازم	بَيْنَهُمَا ۘ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿۷﴾
	لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ؕ
	رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸﴾
	بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ يَّلْعَبُوْنَ ﴿۹﴾
	فَارْتَقِبْ يَوْمَ تَاْتِي السَّمَآءُ بِدُخَانٍ
	مُّبِيْنٍ ﴿۱۰﴾ لا
	يَّغْشَى النَّاسَ ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۱﴾
	رَبَّنَا اكْشِفْ عَنَّا الْعَذَابَ اِنَّا

ایمان نہیں لاتے۔

۸۹۔ پس ان سے درگزر کیجیے اور سلام کہہ دیجیے کہ عنقریب یہ جان لیں گے۔☆

سورہ دخان ۔ مکی ۔ آیات ۵۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ حا، میم ۔

۲۔ اس روشن کتاب کی قسم ۔

۳۔ ہم نے اسے ایک بابرکت رات میں نازل کیا ہے، یقیناً ہم ہی تنبیہ کرنے والے ہیں۔☆

۴۔ اس رات میں ہر حکیمانہ امر کی تفصیل وضع کی جاتی ہے ۔☆

۵۔ ایسا امر جو ہمارے ہاں سے صادر ہوتا ہے (کیونکہ) ہمیں رسول بھیجنا مقصود تھا۔

۶۔ (رسول کا بھیجنا) آپ کے پروردگار کی طرف سے رحمت کے طور پر، وہ یقیناً خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔

۷۔ وہ آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کا پروردگار ہے اگر تم یقین رکھنے والے ہو۔

۸۔ اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہی زندگی اور موت دیتا ہے، وہی تمہارا رب ہے اور تمہارے پہلے باپ دادا کا رب ہے۔

۹۔ لیکن یہ لوگ شک میں پڑے کھیل رہے ہیں۔

۱۰۔ پس آپ اس دن کا انتظار کریں جب آسمان نمایاں دھواں لے کر آئے گا،☆

۱۱۔ جو لوگوں پر چھا جائے گا، یہ عذاب دردناک ہوگا۔

۱۲۔ (وہ فریاد کریں گے) ہمارے پروردگار! ہم سے یہ عذاب ٹال دے، ہم ایمان

۸۹۔ یعنی کفار کی طرف سے سخت مزاحمت اور گستاخی کے مقابلے میں حق کے داعی کا لہجہ سلام کا ہو۔ ساتھ ہی برے انجام کی طرف اتمام حجت کے طور پر ایک اشارہ بھی ہے: فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۔ انہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔
سلام کے مفہوم میں مفسرین میں اختلاف ہے۔ بعض کے نزدیک یہ امن و آشتی کا سلام ہے جو حکم قتال سے پہلے جائز و رائج تھا اور بعض کے نزدیک باہمی لاتعلقی کا سلام ہے۔

سورہ دخان

۳۔ مبارک رات سے مراد ماہ رمضان المبارک کی وہ رات ہے جو قدر کی رات سے موسوم ہے، جیسا کہ سورۃ القدر میں فرمایا: ہم نے اس قرآن کو قدر کی رات میں اتارا۔ سورہ بقرہ میں فرمایا: رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن اتارا گیا۔ شب قدر میں قرآن نازل ہونے سے مراد کیا ہے؟ کہ اس رات قرآن کا نزول شروع ہوا؟ یا اس رات پورا قرآن حاملین وحی کے حوالے کیا گیا یا اس رات کو قرآن بیت المعمور میں نازل ہوا؟ یا اس رات کو پورا قرآن قلب رسولؐ پر ایک ساتھ نازل ہوا، پھر ۲۳ سالوں تک تدریجاً بھی نازل ہوتا رہا؟ اس بارے میں نظریات مختلف ہیں۔ و العلم عند اللّٰہ ۔

۴۔ اس آیت سے اور سورۃ القدر کی آیت: تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۔ اس رات ملائکہ اور روح الامین اپنے رب کے اذن سے ہر بات کا حکم لے کر نازل ہوتے ہیں، سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ کے ملکوتی نظام میں ایک رات ایسی ہے، جس میں وہ تمام امور کے فیصلے صادر کرتا ہے۔

۱۰۔ امامیہ و غیر امامیہ مصادر میں یہ روایت مستند طرق سے منقول ہے کہ یہ دھواں قیامت کے زمانے کا ہے۔ غیر امامیہ مآخذ میں آیا ہے کہ قیامت کی علامات میں سورج کا مغرب سے طلوع ہونا، دھواں، دابۃ الارض، یاجوج و ماجوج کا خروج، عیسیٰؑ کا نزول، عدن سے آگ کا نکلنا اور جزیرۃ العرب میں زمین کا دھنسنا شامل ہیں۔ امامیہ مآخذ میں ان علامات کے علاوہ سفیانی اور دجال کے خروج اور امام مہدی علیہ السلام کے ظہور کا اضافہ ہے۔

مُؤْمِنُوْنَ ﴿۱۲﴾
اَنّٰى لَهُمُ الذِّكْرٰى وَقَدْ جَآءَهُمْ
رَسُوْلٌ مُّبِيْنٌ ﴿۱۳﴾
ثُمَّ تَوَلَّوْا عَنْهُ وَقَالُوْا مُعَلَّمٌ
مَّجْنُوْنٌ ﴿۱۴﴾ وقف لازم
اِنَّا كَاشِفُوا الْعَذَابِ قَلِيْلًا اِنَّكُمْ
عَآئِدُوْنَ ﴿۱۵﴾ وقف لازم
يَوْمَ نَبْطِشُ الْبَطْشَةَ الْكُبْرٰى ۚ اِنَّا
مُنْتَقِمُوْنَ ﴿۱۶﴾
وَلَقَدْ فَتَنَّا قَبْلَهُمْ قَوْمَ فِرْعَوْنَ
وَجَآءَهُمْ رَسُوْلٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۷﴾
اَنْ اَدُّوْٓا اِلَيَّ عِبَادَ اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ
رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ﴿۱۸﴾
وَّاَنْ لَّا تَعْلُوْا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّيْٓ
اٰتِيْكُمْ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿۱۹﴾ ۚ
وَاِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ اَنْ
تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾
وَاِنْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِيْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾
فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ
مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾ الثالثة
فَاَسْرِ بِعِبَادِيْ لَيْلًا اِنَّكُمْ
مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ

لاتے ہیں۔

۱۳۔ ان کے لیے نصیحت کہاں سودمند ہے جب کہ ان کے پاس واضح بیان کرنے والا رسول آیا تھا؟

۱۴۔ پھر انہوں نے اس سے منہ پھیر لیا اور کہا: یہ تو تربیت یافتہ دیوانہ ہے۔☆

۱۵۔ ہم تھوڑا سا عذاب ہٹا دیتے ہیں، تم یقیناً وہی کچھ کرو گے جو پہلے کیا کرتے تھے۔

۱۶۔ جس دن ہم بڑی کاری ضرب لگائیں گے ہم (اس دن) انتقام لینے والے ہیں۔☆

۱۷۔ اور تحقیق ان سے پہلے ہم نے فرعون کی قوم کو آزمائش میں ڈالا اور ان کے پاس ایک معزز رسول آیا۔☆

۱۸۔ (اس رسول نے کہا) کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کر دو، میں تمہارے لیے امانتدار رسول ہوں۔☆

۱۹۔ اور اللہ کے مقابلے میں برتری دکھانے کی کوشش نہ کرو، میں تمہارے پاس واضح دلیل لے کر آیا ہوں۔

۲۰۔ اور میں اپنے رب اور تمہارے رب کی پناہ میں آ گیا ہوں (اس بات سے) کہ تم مجھے سنگسار کرو۔☆

۲۱۔ اور اگر تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو مجھ سے دور رہو۔

۲۲۔ پس موسیٰ نے اپنے رب کو پکارا کہ یہ مجرم لوگ ہیں۔

۲۳۔ (اللہ نے فرمایا) پس میرے بندوں کو لے کر رات کو چل پڑیں، یقیناً تم لوگوں کا پیچھا کیا جائے گا۔

۲۴۔ اور سمندر کو شگافتہ چھوڑ دیجئے ان کے

۱۴۔ حالانکہ دیوانے کی تربیت نہیں ہو سکتی۔ ان مشرکین کو اپنے عائد کردہ الزام کے مضمون کی بھی خبر نہیں کہ ہم کیا الزام لگا رہے ہیں۔ آج مستشرقین بھی یہی الزام عائد کرتے ہیں کہ یہ قرآن کسی اور کا سکھایا پڑھایا ہوا ہے۔ فرق یہ ہے کہ قرآن کے اعجازی پہلو کی یہ لوگ توجیہ کرتے ہوئے کہتے ہیں: محمدؐ نابغہ تھے اور مشرکین کہتے تھے محمدؐ پڑھایا سکھایا ہوا دیوانہ ہے۔ جبکہ دیوانے کو سکھایا پڑھایا نہیں جا سکتا۔ نابغہ ہیں تو دیگر نابغہ افراد بھی ایسا کلام پیش کر سکتے ہیں۔

۱۶۔ یہ انتقام قیامت کا ذکر نہیں، بلکہ قیامت سے پہلے یوم دخان (دھوئیں والے دن) کا ذکر ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ منافقوں اور کافروں کو قیامت سے پہلے بھی ایک ضرب اور انتقام کے دن کا سامنا کرنا ہوگا۔

۱۷۔ ۱۸ قوم فرعون کی آزمائش حضرت موسیٰ (ع) کے توسط سے ہوئی اور موسیٰ کا مدعا (ع) یہ تھا کہ بنی اسرائیل کو میرے حوالے کر دو۔ اَدُّوْٓا حوالے کرو کے معنی میں زیادہ مناسب ہے۔

عِبَادَ اللّٰهِ سے مراد بنی اسرائیل ہیں۔ اس لفظ میں بنی اسرائیل کے ساتھ اللہ کی طرف سے مہربانی کا اظہار ہے، چونکہ وہ فرعون کی طرف سے عذاب میں تھے۔

۲۰۔ تَرْجُمُوْنِ: الرجم سنگسار کرنے کو کہتے ہیں۔ حضرت نوح علیہ السلام سے اس کی قوم نے کہا: اگر باز نہ آئے تو تمہیں سنگسار کر دیا جائے گا: لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ۔ (شعراء: ۱۱۶) حضرت ابراہیم علیہ السلام سے آذر نے کہا: اگر باز نہ آئے لَاَرْجُمَنَّكَ میں تجھے سنگسار کر دوں گا۔ (مریم: ۴۶) یہاں الرجم سے الزام لگانے کے معنی مراد لینا خلاف ظاہر ہے۔ چونکہ وہ تہمت اور الزام لگاتے رہے۔ اس کے لیے عُذْتُ پناہ میں آ گیا ہوں، کی سیاق سے مناسبت نہیں ہے۔

۲۴۔ یعنی دریا کے اس شگاف کو اپنے عصا کے ذریعے دوبارہ پہلی حالت میں لانے کی کوشش نہ کر۔ جیسا وہ شگاف سے پہلے تھا، اسی حالت میں رہنے دو، تاکہ فرعون اور اس کا لشکر اس راستے سے داخل ہو جائے، پھر دریا پہلی حالت میں آئے گا اور فرعون اپنے لشکر سمیت غرق ہو جائے گا۔

جُنۡدٌ مُّغۡرَقُوۡنَ ﴿۲۴﴾

لشکری یقیناً غرق ہونے والے ہیں۔☆

كَمۡ تَرَكُوۡا مِنۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍ ﴿۲۵﴾

۲۵۔ وہ لوگ کتنے ہی باغات اور چشمے چھوڑ گئے،

وَّزُرُوۡعٍ وَّمَقَامٍ كَرِيۡمٍ ﴿۲۶﴾

۲۶۔ اور کھیتیاں اور عمدہ محلات،

وَّنَعۡمَةٍ كَانُوۡا فِيۡهَا فٰكِهِيۡنَ ﴿۲۷﴾

۲۷۔ اور نعمتیں جن میں وہ مزے لیتے تھے،

كَذٰلِكَ ۫ وَاَوۡرَثۡنٰهَا قَوۡمًا اٰخَرِيۡنَ ﴿۲۸﴾

۲۸۔ (یہ قصہ) اسی طرح واقع ہوا اور ہم نے دوسروں کو ان چیزوں کا وارث بنا دیا۔☆

فَمَا بَكَتۡ عَلَيۡهِمُ السَّمَآءُ وَالۡاَرۡضُ وَمَا كَانُوۡا مُنۡظَرِيۡنَ ﴿۲۹﴾ ع

۲۹۔ پھر نہ آسمان و زمین نے ان پر گریہ کیا اور نہ ہی وہ مہلت ملنے والوں میں سے تھے۔☆

وَلَقَدۡ نَجَّيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ مِنَ الۡعَذَابِ الۡمُهِيۡنِ ﴿۳۰﴾

۳۰۔ اور بتحقیق ہم نے بنی اسرائیل کو ذلت آمیز عذاب سے نجات دی،

مِنۡ فِرۡعَوۡنَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَالِيًا مِّنَ الۡمُسۡرِفِيۡنَ ﴿۳۱﴾

۳۱۔ (یعنی) فرعون سے، جو حد سے تجاوز کرنے والوں میں بہت اونچا چلا گیا تھا۔

وَلَقَدِ اخۡتَرۡنٰهُمۡ عَلٰى عِلۡمٍ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۳۲﴾ ج

۳۲۔ اور بتحقیق ہم نے انہیں (بنی اسرائیل کو) اپنے علم کی بنیاد پر اہل عالم پر فوقیت بخشی۔☆

وَاٰتَيۡنٰهُمۡ مِّنَ الۡاٰيٰتِ مَا فِيۡهِ بَلٰٓؤٌا مُّبِيۡنٌ ﴿۳۳﴾

۳۳۔ اور ہم نے انہیں ایسی نشانیاں دیں جن میں صریح امتحان تھا۔☆

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۳۴﴾

۳۴۔ یہ لوگ ضرور کہیں گے:

اِنۡ هِىَ اِلَّا مَوۡتَتُنَا الۡاُوۡلٰى وَمَا نَحۡنُ بِمُنۡشَرِيۡنَ ﴿۳۵﴾

۳۵۔ کہ یہ صرف ہماری پہلی موت ہے پھر ہم اٹھائے نہیں جائیں گے۔☆

فَاۡتُوۡا بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۳۶﴾

۳۶۔ پس اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو (دوبارہ زندہ کر کے) پیش کرو۔

اَهُمۡ خَيۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ ؕ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ ۫ اِنَّهُمۡ

۳۷۔ کیا یہ لوگ بہتر ہیں یا تبع کی قوم اور ان سے پہلے کے لوگ؟ انہیں ہم نے ہلاک

۲۸۔ دوسروں کو وارث بنانا: اس سے آل فرعون کے بعد کے لوگ ہی مراد ہو سکتے ہیں۔ یہ کہنا کہ اس سے مراد بنی اسرائیل ہیں، کیونکہ وہ واپس مصر گئے اور آل فرعون کے وارث بنے، درست معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ بنی اسرائیل کی واپسی کے شواہد نہیں ملتے۔

۲۹۔ فرعون اور آل فرعون جب اقتدار پر تھے تو سب ان کے قصیدہ خواں تھے اور جب وہ غرق ہو گئے تو نہ چشم فلک نے گریہ کیا، نہ روئے زمین پر کسی نے آنسو بہایا، بلکہ بہت سے لوگوں نے اطمینان کا سانس لیا۔ روایت میں آیا ہے کہ حضرت یحییٰ اور حضرت امام حسین علیہما السلام کی شہادت پر آسمان نے چالیس دن تک گریہ کیا۔ (مجمع البیان)

تفسیر درالمنثور میں آیا ہے کہ جب حضرت یحییٰ (ع) شہید ہوئے تو آسمان سرخ ہو گیا اور خون کے قطرے گرے اور جب [حضرت] حسین بن علی [علیہما السلام] شہید ہوئے تو آسمان سرخ ہو گیا۔

۳۲۔ سب سے زیادہ انبیاء بنی اسرائیل میں مبعوث ہوئے۔ عَلٰی عِلۡمٍ، اپنے اس علم کی بنا پر بنی اسرائیل کو دوسری قوموں پر فضیلت دی۔ چونکہ اس وقت زمین پر بسنے والی قوموں میں سب سے زیادہ اس بار امانت کو اٹھانے کے لیے مناسب قوم یہی تھی۔

۳۳۔ کسی فرد یا قوم کو نعمتیں دے کر آزمایا جاتا ہے، کسی سے نعمتیں چھین کر۔ بنی اسرائیل کو دنیا کی تمام قوموں میں سب سے زیادہ معجزات دکھا کر آزمایا گیا۔ ان کے لیے دریا شق ہو گیا۔ من و سلویٰ دیے گئے۔ پہاڑ سے چشمے نکالے گئے۔ فرعون کے ظلم سے نجات دلائی۔ لیکن اس قوم نے ان نعمتوں کی قدر نہ کی۔

۳۵۔ انکار معاد کے بارے میں مشرکین کا نظریہ: وہ کہتے ہیں مَوۡتَتُنَا الۡاُوۡلٰى صرف پہلی موت ہو گی، اس کے بعد کوئی حیات نہیں ہے۔ ممکن ہے مشرکین کا یہ خیال ہو کہ موت کے بعد اگر کوئی حیات ہے تو اس کے بعد پھر ایک اور موت ہے۔ وہ حیات ابدی کا تصور نہیں کر سکتے تھے۔

۳۷۔ قوم تبع کے بارے میں حاشیہ سورہ سبا میں ملاحظہ فرمائیں۔

كَانُوْا مُجْرِمِيْنَ ﴿۳۶﴾

کیا کیونکہ وہ سب مجرم تھے۔☆

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَ

۳۸۔اور ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ

مَا بَيْنَهُمَا لٰعِبِيْنَ ﴿۳۸﴾

ان کے درمیان ہے کو کھیل نہیں بنایا۔☆

مَا خَلَقْنٰهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ

۳۹۔ہم نے ان دونوں کو بس برحق پیدا کیا

اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾

ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ مِيْقَاتُهُمْ

۴۰۔یقیناً فیصلے کا دن ان سب کے لیے طے

اَجْمَعِيْنَ ﴿۴۰﴾

شدہ ہے۔☆

يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْـًٔا

۴۱۔اس دن کوئی قریبی کسی قریبی کے کچھ

وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۱﴾

کام نہ آئے گا اور نہ ہی ان کی مدد کی

جائے گی،☆

اِلَّا مَنْ رَّحِمَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

۴۲۔مگر جس پر اللہ رحم کرے، یقیناً وہ بڑا

الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿۴۲﴾ ع ۲ ۳ ۵

غالب آنے والا، رحم کرنے والا ہے۔

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ﴿۴۳﴾

۴۳۔بے شک زقوم کا درخت،☆

طَعَامُ الْاَثِيْمِ ﴿۴۴﴾ معانقة ۱۴

۴۴۔گنہگار کا کھانا ہے،

كَالْمُهْلِ ۚ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ﴿۴۵﴾

۴۵۔پگھلے ہوئے تانبے کی طرح ہے جو شکموں

میں کھولتا ہے،

كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ﴿۴۶﴾

۴۶۔جس طرح گرم پانی کھولتا ہے۔☆

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ

۴۷۔اسے پکڑ لو اور جہنم کے بیچ تک گھسیٹتے

الْجَحِيْمِ ﴿۴۷﴾

ہوئے لے جاؤ،☆

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ

۴۸۔پھر اس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا

الْحَمِيْمِ ﴿۴۸﴾

عذاب انڈیل دو۔

ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ

۴۹۔چکھ (عذاب) بے شک تو (جہنم کی

الْكَرِيْمُ ﴿۴۹﴾

ضیافت میں) بڑی عزت والا، اکرام والا

ہے۔☆

اِنَّ هٰذَا مَا كُنْتُمْ بِهٖ تَمْتَرُوْنَ ﴿۵۰﴾

۵۰۔یقیناً یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک

کیا کرتے تھے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ﴿۵۱﴾

۵۱۔اہل تقویٰ یقیناً امن کی جگہ میں ہوں

گے۔

۳۸۔یعنی کل کائنات کو ہم نے عبث خلق نہیں کیا۔ اگر اس زندگی کے بعد کوئی اور زندگی نہیں ہے تو یہ ساری کائنات کھلونا بن جاتی ہے، یہاں کی اچھائی برائی کا کوئی نتیجہ نہیں، بولہبی اور بوذری میں کوئی امتیاز نہیں، مظلوم کے خون میں اپنا لقمہ تر کرنے والا اور اپنے خون پسینے سے غریب پروری کرنے والا، دونوں یکساں ہیں۔

۴۰۔ایسا نہ ہوگا۔ يَوْمَ الْفَصْلِ فیصلے کے دن ان تمام باتوں کا نتیجہ سامنے آئے گا۔

۴۱۔اس دن صرف اپنا عمل کام دے گا۔عمل سے ہٹ کر کوئی دوسرا حربہ کارگر ثابت نہ ہوگا۔

۴۳۔ الزَّقُّوْمِ: ایک ایسے پودے کو کہتے ہیں جو نہایت بدمزہ اور بدبودار ہے۔اس کا شیرہ بدن کو لگ جائے تو بدن سوج جاتا ہے۔

۴۴۔اَلْاَثِيْمِ اس شخص کو کہتے ہیں جو ہمیشہ گناہ میں غرق رہتا ہے۔

۴۶۔ الْحَمِيْمِ: کھولتا ہوا پانی اور گہرے دوست کو کہتے ہیں۔ ماء حمیم اور صدیق حمیم ۔ یہاں کھولتا ہوا پانی مراد ہے۔

۴۷۔ فَاعْتِلُوْهُ: عتل۔ پکڑنے، گھسیٹنے کو کہتے ہیں۔

۴۹۔جسمانی عذاب کے ساتھ نفسیاتی عذاب دیا جائے گا۔یعنی جیسے تو دنیا میں اپنے آپ کو صاحب عزت اور طاقتور سمجھتا تھا، آج جہنم میں بھی سب سے زیادہ تیری پزیرائی ہو رہی ہے۔ آتش جہنم کی ضیافت میں تو بڑا معزز ہے۔

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۵۲﴾

۵۲۔ باغوں اور چشموں میں۔

يَّلْبَسُوْنَ مِنْ سُنْدُسٍ وَّاِسْتَبْرَقٍ

۵۳۔ حریر اور دیبا پہنے ہوئے آمنے سامنے

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿۵۳﴾

بیٹھے ہوں گے۔

كَذٰلِكَ ۫ وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ

۵۴۔ اسی طرح (ہو گا) اور ہم انہیں بڑی

عِيْنٍ ﴿۵۴﴾

آنکھوں والی حوروں سے بیاہ دیں گے۔☆

يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِكُلِّ فَاكِهَةٍ

۵۵۔ وہاں وہ اطمینان سے ہر طرح کے

اٰمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾

میوے کی فرمائش کریں گے۔

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا الْمَوْتَ اِلَّا

۵۶۔ وہاں وہ پہلی موت کے سوا کسی اور موت

الْمَوْتَةَ الْاُوْلٰى ۚ وَوَقٰىهُمْ

کا ذائقہ نہیں چکھیں گے اور اللہ انہیں جہنم

عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿۵۶﴾

کے عذاب سے بچا لے گا۔☆

فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكَ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ

۵۷۔ یہ آپ کے پروردگار کے فضل سے ہو

الْعَظِيْمُ ﴿۵۷﴾

گا، یہی تو بڑی کامیابی ہے۔☆

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمْ

۵۸۔ پس ہم نے اس (قرآن) کو آپ کی

يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿۵۸﴾

زبان میں آسان کر دیا تاکہ وہ نصیحت

حاصل کریں۔

ع ۲ ۱۲ فَارْتَقِبْ اِنَّهُمْ مُّرْتَقِبُوْنَ ﴿۵۹﴾ ع

۵۹۔ پس اب آپ بھی منتظر رہیں، یقیناً یہ

بھی منتظر ہیں۔☆

سُوْرَةُ الْجَاثِيَةِ مَكِّيَّةٌ ۴۵ ۳۷

سورہ جاثیہ۔ مکی۔ آیات ۳۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

حٰمٓ ﴿۱﴾ ع

۱۔ حا، میم۔☆

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

۲۔ اس کتاب کا نزول بڑے غالب آنے

الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾

والے، حکمت والے اللہ کی طرف سے ہے۔

اِنَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ

۳۔ آسمانوں اور زمین میں ایمان والوں کے

لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳﴾

لیے نشانیاں ہیں۔☆

وَفِيْ خَلْقِكُمْ وَمَا يَبُثُّ مِنْ

۴۔ اور تمہاری خلقت میں اور ان جانوروں

میں جنہیں اللہ نے پھیلا رکھا ہے یقین

۵۴۔ عِین، عینا کی جمع ہے، جو اعین کی مؤنث ہے۔ بڑی آنکھ کو کہتے ہیں۔

۵۶۔ اس آیت سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ مؤمن کو جنت سے پہلے صرف ایک موت سے واسطہ پڑتا ہے، لہٰذا برزخی زندگی کا وجود یا تو ہے ہی نہیں اور اگر ہے تو وہ موت اس قسم کی نہیں ہے، جو دنیا کی زندگی کو لاحق ہو جاتی ہے۔

یہ آیت سورۂ مؤمن کی آیت ۱۱ کے ساتھ متصادم نہیں ہے، جس میں فرمایا: کفار قیامت کے دن کہیں گے: تو نے ہمیں دو مرتبہ زندگی دی ہے۔ اور یہ آیت مومنین کے بارے میں ہے۔ حیات برزخی کے بارے میں ہمارا موقف ہے کہ مقربین و شہداء کے لیے بغرض انعام و اکرام حیاتِ برزخی ہے اور بڑے مجرموں کے لیے بغرض عذاب و انتقام حیات برزخی ہے۔ ممکن ہے دو موت کا تعلق بڑے مجرموں سے ہو، ان کو دو موت سے دوچار ہونا پڑا۔ ایک دنیاوی زندگی کی موت اور دوسری برزخی زندگی کی موت اور اس آیت میں مذکور ایک ہی موت کا تعلق تمام اہل ایمان سے ہو جو صرف دنیاوی زندگی کی موت سے دوچار ہوئے ہوں۔

۵۷۔ جنت میں داخل ہونا اور عذاب جہنم سے نجات اللہ کا فضل شامل حال ہونے کی بنا پر ہے، وگرنہ بندہ اس کی توفیق کے بغیر نہ کوئی عمل خیر انجام دے سکتا ہے، نہ اس کے اعمال ایسے ہو سکتے ہیں جن سے وہ جنت کی دائمی اور لامحدود نعمتوں کا سزاوار بنے۔

۵۹۔ اگر یہ لوگ اس ہدایت کو قبول نہیں کرتے تو اس کا خمیازہ بھگتنے کے لیے منتظر رہیں۔

سورہ جاثیہ

۱۔۲ کفار مکہ کے اس الزام کو رد کرنے کے لیے کہ قرآن خود محمدؐ کی تصنیف ہے، مکی سورتوں میں عموماً اور حوامیم (جن سورتوں کی ابتدا حٰمٓ سے ہوتی ہے) میں خصوصاً اس بات کو مکرر بیان فرمایا جا رہا ہے کہ یہ قرآن خدائے دانا و حکیم کا نازل کردہ ہے۔

۳ تا ۵ ان آیات سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ اللہ کی نشانیوں سے معرفت خدا حاصل کرنے کے لیے اہلیت درکار ہوتی ہے۔ وہ اہلیت تین چیزوں میں منحصر ہے: ایمان، یقین اور عقل۔

دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝۴
وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَآ اَنْزَلَ
اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ رِّزْقٍ فَاَحْيَا بِهِ
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَتَصْرِيْفِ
الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ۝۵
تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ
بِالْحَقِّ ۚ فَبِاَيِّ حَدِيْثٍۢ بَعْدَ اللّٰهِ وَ
اٰيٰتِهٖ يُؤْمِنُوْنَ ۝۶
وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ ۝۷
يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ
يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ
يَسْمَعْهَا ۚ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ
اَلِيْمٍ ۝۸
وَاِذَا عَلِمَ مِنْ اٰيٰتِنَا شَيْـًٔا ۨ اتَّخَذَهَا
هُزُوًا ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ
مُّهِيْنٌ ۝۹
مِّنْ وَّرَآئِهِمْ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغْنِيْ
عَنْهُمْ مَّا كَسَبُوْا شَيْـًٔا وَّلَا مَا
اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَوْلِيَآءَ ۚ وَ
لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۰
هٰذَا هُدًى ۚ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ
رَبِّهِمْ لَهُمْ عَذَابٌ مِّنْ رِّجْزٍ اَلِيْمٌ ۝۱۱ ع
اَللّٰهُ الَّذِيْ سَخَّرَ لَكُمُ الْبَحْرَ

رکھنے والی قوم کے لیے نشانیاں ہیں۔☆
۵۔ اور رات اور دن کی آمد و رفت میں نیز اس رزق میں جسے اللہ آسمان سے نازل فرماتا ہے پھر زمین کو اس سے زندہ کر دیتا ہے اس کے مردہ ہونے کے بعد اور ہواؤں کے بدلنے میں عقل رکھنے والی قوم کے لیے نشانیاں ہیں۔☆
۶۔ یہ اللہ کی آیات ہیں جنہیں ہم آپ کو برحق سنا رہے ہیں، پھر یہ اللہ اور اس کی آیات کے بعد کس بات پر ایمان لائیں گے؟☆
۷۔ تباہی ہے ہر جھوٹے گنہگار کے لیے،☆
۸۔ وہ اللہ کی آیات کو جو اس کے سامنے پڑھی جاتی ہیں سن تو لیتا ہے پھر تکبر کے ساتھ ضد کرتا ہے گویا اس نے انہیں سنا ہی نہیں، سو اسے دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دیجیے۔
۹۔ اور جب اسے ہماری آیات میں سے کچھ کا پتہ چلتا ہے تو ان کی ہنسی اڑاتا ہے، ایسے لوگوں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔☆
۱۰۔ ان کے پیچھے جہنم ہے اور جو کچھ ان کا کیا دھرا ہے وہ انہیں کچھ بھی فائدہ نہ دے گا اور نہ وہ جنہیں اللہ کے سوا انہوں نے کارساز بنایا تھا اور ان کے لیے تو بڑا عذاب ہے۔☆
۱۱۔ یہ (قرآن) ہدایت ہے اور جو لوگ اپنے پروردگار کی آیات کا انکار کرتے ہیں ان کے لیے دردناک عذاب کی سخت سزا ہوگی۔
۱۲۔ اللہ وہی ہے جس نے تمہارے لیے سمندر

۶۔ آفاق اور انفس میں موجود واضح نشانیوں اور انبیاء علیہم السلام کے ذریعے حجت پوری کرنے پر بھی وہ ایمان نہیں لاتے تو حقائق بیان کرنے کا اور کون سا ذریعہ اور دلیل و حجت کا کون سا اسلوب باقی رہ جاتا ہے کہ انسان اس پر ایمان لائے؟
۷۔ اَفَّاكٍ صیغہ مبالغہ ہے۔ جس کا مشغلہ جھوٹ بولنا ہو اور ساتھ دیگر گناہوں میں غرق ہو۔ ایسے لوگ اللہ کی آیات کے مقابلے میں تکبر کے ساتھ پیش آئیں گے۔ حق تو یہ تھا کہ آیات الٰہی کے سامنے تواضع کے ساتھ پیش آتے، لیکن یہ تکبر کے ساتھ اپنے افکار پر ضد بھی کرتے ہیں۔ اس قسم کے لوگ قابل ہدایت نہیں ہوتے۔
۹۔ اول تو یہ لوگ کوشش کرتے ہیں کہ ہماری آیات ان کی دانست میں ہی نہیں آئیں۔ اگر کسی آیت کی طرف اتفاقاً متوجہ ہو جاتے ہیں تو اس کا مذاق اڑا کر ٹال دیتے ہیں۔ آیات الٰہی کے ساتھ اہانت کرنے والوں کے لیے اہانت آمیز عذاب ہوگا۔
۱۰۔ وراء اَمام کے مقابلے میں سمجھا جائے تو وہی ترجمہ ہوگا جو متن میں اختیار کیا ہے۔ یعنی پیچھے۔ اگر اس لفظ کو موارات سے ماخوذ سمجھا جائے تو اس کے معنی ہوں گے: آدمی کی نظر سے اوجھل ہو، خواہ آگے ہو یا پیچھے۔ اس صورت میں آیت کا ترجمہ یہ بنے گا: ان کی اوٹ میں جہنم ہے، جہاں ان کے وہ اعمال جو غیر اللہ کی قربت کے لیے انجام دیے ہیں، ان کو فائدہ نہیں دیں گے، نہ وہ لوگ ان کو فائدہ دیں گے جن کو ان لوگوں نے ولی بنا رکھا ہے۔ ولی یعنی اپنا آقا بنا رکھا ہے۔

لِتَجۡرِىَ الۡفُلۡكُ فِيۡهِ بِاَمۡرِهٖ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ فَضۡلِهٖ وَلَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُوۡنَ ﴿۱۲﴾

کو مسخر کیا تا کہ اس کے حکم سے اس میں کشتیاں چلیں اور تا کہ تم اس کا فضل تلاش کرو اور شاید تم شکر کرو۔

وَسَخَّرَ لَكُمۡ مَّا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ جَمِيۡعًا مِّنۡهُ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۱۳﴾

۱۳۔ اور جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب کو اس نے اپنی طرف سے تمہارے لیے مسخر کیا، غور کرنے والوں کے لیے یقیناً اس میں نشانیاں ہیں۔

قُلۡ لِّلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا يَغۡفِرُوۡا لِلَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجۡزِىَ قَوۡمًا بِمَا كَانُوۡا يَكۡسِبُوۡنَ ﴿۱۴﴾

۱۴۔ ایمان والوں سے کہہ دیجیے: جو لوگ ایام اللہ پر عقیدہ نہیں رکھتے ان سے درگزر کریں تا کہ اللہ خود اس قوم کو اس کے کیے کا بدلہ دے۔☆

مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفۡسِهٖ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا ۚ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۱۵﴾

۱۵۔ جو نیکی کرتا ہے وہ اپنے لیے کرتا ہے اور جو برائی کا ارتکاب کرتا ہے اس کا وبال اسی پر ہے، پھر تم اپنے پروردگار کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ وَفَضَّلۡنٰهُمۡ عَلَى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۱۶﴾

۱۶۔ اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب، حکمت اور نبوت دی اور ہم نے انہیں پاکیزہ چیزیں عطا کیں اور ہم نے انہیں اہل عالم پر فضیلت دی۔☆

وَاٰتَيۡنٰهُمۡ بَيِّنٰتٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ ۚ فَمَا اخۡتَلَفُوۡۤا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ ۙ بَغۡيًۢا بَيۡنَهُمۡ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقۡضِىۡ بَيۡنَهُمۡ يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ فِيۡمَا كَانُوۡا فِيۡهِ يَخۡتَلِفُوۡنَ ﴿۱۷﴾

۱۷۔ اور ہم نے انہیں امر (دین) کے بارے میں واضح دلائل دیے تو انہوں نے اپنے پاس علم آ جانے کے بعد آپس کی ضد میں آ کر اختلاف کیا، آپ کا پروردگار قیامت کے دن ان کے درمیان ان باتوں کا فیصلہ فرمائے گا جن میں یہ لوگ اختلاف کرتے تھے۔☆

ثُمَّ جَعَلۡنٰكَ عَلٰى شَرِيۡعَةٍ مِّنَ الۡاَمۡرِ فَاتَّبِعۡهَا وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ

۱۸۔ پھر ہم نے آپ کو امر (دین) کے ایک آئین پر قائم کیا، لہٰذا آپ اسی پر چلتے رہیں اور نادانوں کی خواہشات کے پیچھے

۱۴۔ ایام اللہ سے مراد وہ دن ہوتے ہیں جن میں مجرم قوموں کو ملنے والی سزائیں آئندہ نسلوں کو یاد رہتی ہیں۔ چنانچہ دوسری جگہ فرمایا: وَ ذَكِّرۡهُمۡ بِاَيّٰىمِ اللّٰهِ۔

یہ آیت مکی ہے۔ مکہ میں مشرکین مسلمان کا تمسخر اڑاتے اور آئے دن مسلمانوں کی اہانت کرتے تھے اور ساتھ رسول اللہؐ کی بھی اہانت کرتے تھے اور اللہ کی آیات کا مذاق اڑاتے تھے، جس سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوتے تھے۔ اس سلسلے میں رسولؐ کو یہ حکم ہوا کہ مؤمنین سے کہدے کہ وہ مشرکین کی ان اہانتوں سے درگزر کریں اور ان کو اللہ پر چھوڑ دیں، تا کہ اللہ ان سے ان کے کیے کا بدلہ لے۔

۱۶۔ یعنی اس زمانے کی قوموں میں سے بنی اسرائیل ہی کو فضیلت دی اور اس بار امانت اسی قوم کے کندھوں پر رکھا۔

۱۷۔ بنی اسرائیل کو واضح دلائل دیے. مِّنَ الۡاَمۡرِ سے مراد یا تو دین ہے، یعنی دین کے بارے میں دلائل دیے یا اس سے مراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں۔ ممکن ہے مِّنَ الۡاَمۡرِ سے مراد دلائل و معجزات عالم امری، یعنی اللہ کے حتمی فیصلے، یعنی کن فکانی ہو۔ و العلم عند اللہ۔

اخۡتَلَفُوۡا: آپس کی ضد میں آ کر اختلاف کیا۔ مختلف تعصب شعار لوگوں کی تحریر و تقریر سے معلوم ہوتا ہے، اکثر اختلافات کا اصل سرچشمہ ایک دوسرے کی ضد ہے.

۱۸۔ بنی اسرائیل کی نااہلی ثابت ہونے کے بعد اب یہ بار امانت آپ کے کندھوں پر ہے۔ بنی اسرائیل نے شریعت الٰہیہ کو نادانوں کی خواہشات کی نذر کیا تھا، آپ ایسا نہ کریں۔ اس سے معلوم ہوا کہ شریعت الٰہیہ کو سب سے زیادہ ناخواندہ لوگوں کی طرف سے خطرہ لاحق رہتا ہے۔

الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۸﴾
اِنَّهُمْ لَنْ يُّغْنُوْا عَنْكَ مِنَ اللّٰهِ
شَيْـًٔا ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِيْنَ بَعْضُهُمْ
اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ ۚ وَ اللّٰهُ وَلِيُّ
الْمُتَّقِيْنَ ﴿۱۹﴾
هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ
رَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ﴿۲۰﴾
اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ
اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ۙ سَوَآءً مَّحْيَاهُمْ وَ
ع ۱۸ مَمَاتُهُمْ ؕ سَآءَ مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَ خَلَقَ اللّٰهُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ
بِالْحَقِّ وَ لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا
كَسَبَتْ وَ هُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۲﴾
اَفَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ
وَ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ وَّ خَتَمَ
عَلٰى سَمْعِهٖ وَ قَلْبِهٖ وَ جَعَلَ عَلٰى
بَصَرِهٖ غِشٰوَةً ؕ فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ
بَعْدِ اللّٰهِ ؕ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَ قَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا
نَمُوْتُ وَ نَحْيَا وَ مَا يُهْلِكُنَآ اِلَّا
الدَّهْرُ ۚ وَ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ
عِلْمٍ ۚ اِنْ هُمْ اِلَّا يَظُنُّوْنَ ﴿۲۴﴾

۲۱۔ اگر ظالم و مظلوم، خیر و شر اور نیک و بد کا ایک جیسا انجام ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس کائنات پر اقدار کی حکمرانی نہیں اور جہاں اقدار کے لیے کوئی جگہ نہ ہو، وہ کائنات عبث اور بے معنی کھیل ہو کر رہ جائے گی۔

۲۳۔ خواہش نفس کو معبود بنانے کا مطلب یہ ہے کہ اس کا کردار شریعت کی بجائے خواہشات کے تابع ہو اور جہاں شریعت اور خواہش میں تصادم ہو، وہاں اپنی خواہش کو مقدم کرے۔

وَ اَضَلَّهُ اللّٰهُ عَلٰى عِلْمٍ: اس جملے کا دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے۔ اللہ نے (اس گمراہ کے) علم کی بنیاد پر اسے گمراہ کر دیا۔ چنانچہ وہ جان بوجھ کر اللہ کی جگہ اپنی خواہشات کی پرستش کرتا تھا۔

وَّ خَتَمَ عَلٰى سَمْعِهٖ .... اللہ کی طرف سے گمراہ کرنے، مہر لگانے کا کیا مطلب ہے؟ ہم نے مکرر اس بات کی وضاحت کی ہے: کوئی انسان جب قابل ہدایت نہیں ہوتا تو اللہ تعالیٰ اسے اپنے حال پر چھوڑ دیتا ہے۔ جب ہدایت کا سرچشمہ اس سے ہاتھ اٹھا لے تو فَمَنْ يَّهْدِيْهِ مِنْۢ بَعْدِ اللّٰهِ اللہ کے بعد اسے کون ہدایت دے گا۔

۲۴۔ جو لوگ یہ نظریہ رکھتے ہیں کہ یہ زندگی کسی نظام کے تحت نہیں چل رہی کہ کسی خدا کی طرف سے ہم آئے ہوں اور اسی کی طرف پلٹ کر جانا ہو، بلکہ اس زندگی کا خاتمہ گردش ایام کے تحت ہوتا ہے، پھر لوگ نیست و نابود ہو جاتے ہیں اور اس زندگی کے بعد کوئی دوسری زندگی نہیں ہے۔ ان کے پاس اس نظریہ کو اپنانے کے لیے کوئی دلیل نہیں ہوتی، جبکہ دلیل کے بغیر نہ کوئی نظریہ اپنایا جا سکتا ہے، نہ اسے رد کیا جا سکتا ہے اور علم ہی دلیل ہے۔ علم کے سوا ظن و گمان کسی موقف کے لیے دلیل نہیں بن سکتا۔ ان دہریوں کے پاس علم یقیناً نہیں ہے، کیونکہ یہ کہنا کہ اس زندگی کے سوا کوئی زندگی نہیں ہے، پوری کائنات کے بارے میں مکمل علم پر موقوف ہے کہ وہ یہ کہیں: ہم نے پوری کائنات کو ابتدا سے انتہا تک چھان مارا، لیکن کہیں بھی دوسری زندگی کی علامت نظر نہیں آئی، لہٰذا دوسری زندگی نہیں ہے۔ اس طرح کے علم کا دعویٰ وہ نہیں کر سکتے، لہٰذا یہ موقف اختیار نہیں کر سکتے کہ دوسری زندگی نہیں ہے۔

نہ چلیں۔☆

۱۹۔ بلاشبہ یہ لوگ اللہ کے مقابلے میں آپ کے کچھ بھی کام نہیں آئیں گے اور ظالم تو یقیناً ایک دوسرے کے حامی ہوتے ہیں اور اللہ پرہیزگاروں کا حامی ہے۔

۲۰۔ یہ (قرآن) لوگوں کے لیے بصیرت افروز اور یقین رکھنے والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

۲۱۔ برائی کا ارتکاب کرنے والے کیا یہ گمان کرتے ہیں کہ ہم انہیں اور ایمان لانے والوں اور نیک اعمال بجا لانے والوں کو ایک جیسا بنائیں گے کہ ان کا جینا اور مرنا یکساں ہو جائے؟ برا فیصلہ ہے جو یہ لوگ کر رہے ہیں۔☆

۲۲۔ اور اللہ نے آسمانوں اور زمین کو برحق خلق کیا ہے تاکہ ہر شخص کو اس کے کیے کا بدلہ دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔

۲۳۔ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا رکھا ہے اور اللہ نے (اپنے) علم کی بنیاد پر اسے گمراہ کر دیا ہے اور اس کے کان اور دل پر مہر لگا دی ہے اور اس کی آنکھ پر پردہ ڈال دیا ہے؟ پس اللہ کے بعد اب اسے کون ہدایت دے گا؟ کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے؟☆

۲۴۔ اور وہ کہتے ہیں: زندگی تو بس یہی دنیاوی زندگی ہے (جس میں) ہم مرتے ہیں اور جیتے ہیں اور ہمیں صرف زمانہ ہی مارتا ہے اور انہیں اس کا کچھ علم نہیں ہے، وہ صرف ظن سے کام لیتے ہیں۔☆

وَاِذَا تُتۡلٰى عَلَيۡهِمۡ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ مَّا
كَانَ حُجَّتَهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ قَالُوا ائۡتُوۡا
بِاٰبَآئِنَاۤ اِنۡ كُنۡتُمۡ صٰدِقِيۡنَ ﴿۲۵﴾
قُلِ اللّٰهُ يُحۡيِيۡكُمۡ ثُمَّ يُمِيۡتُكُمۡ ثُمَّ
يَجۡمَعُكُمۡ اِلٰى يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ لَا رَيۡبَ
فِيۡهِ وَلٰكِنَّ اَكۡثَرَ النَّاسِ
لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۲۶﴾ ع ۲ ۱۶
وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ
وَيَوۡمَ تَقُوۡمُ السَّاعَةُ يَوۡمَئِذٍ
يَّخۡسَرُ الۡمُبۡطِلُوۡنَ ﴿۲۷﴾
وَتَرٰى كُلَّ اُمَّةٍ جَاثِيَةً ۚ كُلُّ اُمَّةٍ
تُدۡعٰۤى اِلٰى كِتٰبِهَا ؕ اَلۡيَوۡمَ تُجۡزَوۡنَ
مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۸﴾
هٰذَا كِتٰبُنَا يَنۡطِقُ عَلَيۡكُمۡ
بِالۡحَقِّ ؕ اِنَّا كُنَّا نَسۡتَنۡسِخُ مَا كُنۡتُمۡ
تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۹﴾
فَاَمَّا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
فَيُدۡخِلُهُمۡ رَبُّهُمۡ فِىۡ رَحۡمَتِهٖ ؕ
ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۳۰﴾
وَاَمَّا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا ۟ اَفَلَمۡ تَكُنۡ
اٰيٰتِىۡ تُتۡلٰى عَلَيۡكُمۡ فَاسۡتَكۡبَرۡتُمۡ
وَكُنۡتُمۡ قَوۡمًا مُّجۡرِمِيۡنَ ﴿۳۱﴾
وَاِذَا قِيۡلَ اِنَّ وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ

۲۵۔ اور جب ان کے سامنے ہماری آیات پوری وضاحت کے ساتھ پڑھی جاتی ہیں تو ان کی حجت صرف یہی ہوتی ہے کہ وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو ہمارے باپ دادا کو (زندہ کر کے) لے آؤ۔

۲۶۔ کہہ دیجیے: اللہ ہی تمہیں زندہ کرتا ہے پھر تمہیں مار ڈالتا ہے پھر تمہیں قیامت کے دن جس میں کوئی شبہ نہیں جمع کرے گا لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

۲۷۔ اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہت اللہ کے لیے ہے اور جس دن قیامت برپا ہو گی اس روز اہل باطل خسارے میں پڑ جائیں گے۔☆

۲۸۔ اور آپ ہر امت کو گھٹنوں کے بل گرا ہوا دیکھیں گے اور ہر ایک امت اپنے نامہ اعمال کی طرف بلائی جائے گی، آج تمہیں ان اعمال کا بدلہ دیا جائے گا جو تم کرتے رہے ہو۔☆

۲۹۔ ہماری یہ کتاب تمہارے بارے میں سچ سچ بیان کر دے گی جو تم کرتے تھے، ہم اسے لکھواتے رہتے تھے۔☆

۳۰۔ پھر جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالح بجالائے انہیں ان کا رب اپنی رحمت میں داخل کرے گا، یہی تو نمایاں کامیابی ہے۔

۳۱۔ اور جنہوں نے کفر کیا (ان سے کہا جائے گا) کیا میری آیات تمہیں سنائی نہیں جاتی تھیں؟ پھر تم نے تکبر کیا اور تم مجرم قوم تھے۔

۳۲۔ اور جب (تم سے) کہا جاتا تھا کہ یقیناً

۲۷۔ اگر بفرض محال قیامت کی کوئی حقیقت نہ ہو تو اس کے قائل لوگوں کے لیے کل کوئی ندامت یا کوئی خسارہ نہیں ہو گا، لیکن اگر قیامت کا دن ثابت ہوا تو اس دن باطل پرست لوگ ہی خسارے میں ہوں گے۔

۲۸۔ اس آیت سے معلوم ہوا کہ انسان کے دو نامہ اعمال ہوں گے: ایک انفرادی نامہ عمل اور ایک اجتماعی نامہ عمل۔ یعنی ان اعمال کا جدا حساب ہو گا جن کے ارتکاب میں ساری قوم ملوث ہے۔ جرم تو ایک یزید سے سرزد ہوتا ہے، لیکن ایک قوم ایسی ہے جو اس عمل پر خوش ہے۔ خود کش حملوں سے خون مسلم کی ارزانی چند لوگ کرتے ہیں، لیکن جو لوگ فتویٰ دیتے اور ان کی پشت پر ہوتے ہیں یا اس عمل پر خوش ہوتے ہیں، وہ سب اس جرم میں شامل ہیں۔ یہ جرم اس امت کے نامہ عمل میں درج ہو گا۔ جیسا کہ ہم حضرت سید الشہداء امام حسین علیہ السلام کی زیارت میں پڑھتے ہیں: لَعَنَ اللّٰهُ اُمَّةً سَمِعَتْ بِذٰلِكَ فَرَضِيَتْ بِهٖ۔ (التهذیب ۶: ۱۱۳) وہ قوم بھی رحمت خدا سے دور ہو جس نے آپ کے قتل کی خبر سنی اور خوش ہوئی۔ چنانچہ ہر امت کی ایک جدا سرنوشت ہے۔ مَا تَسۡبِقُ مِنۡ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَ مَا يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ۔ (مومنون: ۴۳) کوئی امت اپنے مقررہ وقت سے آگے جا سکتی ہے نہ وہ پیچھے رہ سکتی ہے۔ قیامت کے روز ہر امت سے ایک گواہ بھی اٹھایا جائے گا۔ (نحل: ۸۹)

۲۹۔ اس کائنات کا حقیقی رازداں ہی جانتا ہے کہ اس نسخہ برداری کی کیا صورت ہو گی۔ ممکن ہے کہ اس عمل کے وقت انسانی جسم میں موجود ہر ذرے سے یہ کام لیا جائے۔ اس کی بہت سی صورتیں اب تک انسان کے علم میں بھی آ چکی ہیں۔ بہرحال یہ نسخہ برداری اس قدر دقیق ہو گی کہ دوسری جگہ فرمایا: لَا يُغَادِرُ صَغِيۡرَةً وَّلَا كَبِيۡرَةً اِلَّاۤ اَحۡصٰهَا (کہف: ۴۹) کوئی بھی چھوٹا اور بڑا عمل ایسا نہ ہو گا جو اس میں ثبت نہ ہو۔

۳۲۔ قیامت کا انکار کرنے والوں کی یہ نسبت اس پر شک کرنے والے اگرچہ منطقی طرز فکر کے نزدیک ہیں، تاہم وہ یقینی دلائل و شواہد کو نظرانداز کرتے ہیں۔ اس لیے نتیجہ دونوں کا ایک ہی ہو گا۔

وَّالسَّاعَةُ لَا رَيْبَ فِيْهَا قُلْتُمْ مَّا
نَدْرِيْ مَا السَّاعَةُ ۙ اِنْ نَّظُنُّ اِلَّا
ظَنًّا وَّمَا نَحْنُ بِمُسْتَيْقِنِيْنَ ﴿۳۲﴾
وَبَدَا لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ
بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۳﴾
وَقِيْلَ الْيَوْمَ نَنْسٰىكُمْ كَمَا
نَسِيْتُمْ لِقَآءَ يَوْمِكُمْ هٰذَا وَ
مَاْوٰىكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُمْ مِّنْ
نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۴﴾
ذٰلِكُمْ بِاَنَّكُمُ اتَّخَذْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ
هُزُوًا وَّغَرَّتْكُمُ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۚ
فَالْيَوْمَ لَا يُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ
يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿۳۵﴾
فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ
الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۶﴾
وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ
ع ۴ ۱۱ ۲ الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۷﴾ ع

الجزء ۲۶ ۴۶ سُوْرَةُ الْاَحْقَاف مَكِّيَّةٌ ۳۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

حٰمٓ ﴿۱﴾ ج
تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ
الْحَكِيْمِ ﴿۲﴾
مَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا

اللہ کا وعدہ سچا ہے اور قیامت میں کوئی شک نہیں ہے تو تم کہتے تھے: ہم نہیں جانتے قیامت کیا ہے، ہمیں گمان سا ہوتا ہے اور ہم یقین کرنے والے نہیں ہیں۔☆

۳۳۔ اور ان پر اپنے اعمال کی برائیاں ظاہر ہوگئیں اور جس چیز کی وہ ہنسی اڑاتے تھے اس نے انہیں گھیر لیا۔☆

۳۴۔ اور کہا جائے گا: آج ہم تمہیں اسی طرح بھلا دیتے ہیں جس طرح تم نے اپنے اس دن کے آنے کو بھلا دیا تھا اور تمہارا ٹھکانا جہنم ہے اور کوئی تمہارا مددگار نہیں ہے۔☆

۳۵۔ یہ (سزا) اس لیے ہے کہ تم نے اللہ کی آیات کو مذاق بنایا تھا اور دنیاوی زندگی نے تمہیں دھوکے میں ڈال رکھا تھا، پس آج کے دن نہ تو یہ اس (جہنم) سے نکالے جائیں گے اور نہ ان کی معذرت قبول کی جائے گی۔☆

۳۶۔ پس ثنائے کامل اس اللہ کے لیے ہے جو آسمانوں کا رب اور زمین کا رب ہے، عالمین کا رب ہے۔☆

۳۷۔ اور آسمانوں اور زمین میں بڑائی اسی کے لیے ہے اور وہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

سورہ احقاف۔ مکی۔ آیات ۳۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ حا، میم۔

۲۔ اس کتاب کا نزول بڑے غالب آنے والے، حکمت والے اللہ کی طرف سے ہے۔

۳۔ ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کو برحق اور ایک

۳۳۔ مجرم جب جرم کا ارتکاب کر رہا ہوتا ہے تو اس کو اپنے جرم کا اندازہ نہیں ہوتا، لیکن جب مکافات عمل کا وقت آتا ہے تو اس وقت اس کی برائی کھل کر سامنے آتی ہے کہ وہ کس درجے کا جرم تھا۔

۳۴۔ قیامت کے دن اللہ کی طرف سے بھلا دینے کا مطلب یہ ہے: اللہ ان کو قیامت کی ہولناک حالت پر چھوڑ دے گا، جیسا کہ ان لوگوں نے روز قیامت کے بارے میں ہر ایمان و عمل کو ترک کیا تھا۔

۳۵۔ جہنم ان کا ٹھکانا اس لیے بنا کہ وہ آیات الٰہی کا مذاق اڑاتے تھے۔ دنیا کی زندگی کو سب کچھ سمجھتے تھے۔ آج وہ آتش جہنم میں ہمیشہ رہیں گے۔ ان کا عذر قبول نہ ہوگا۔

يُسْتَعْتَبُوْنَ، الاستعتاب عذر طلبی کو کہتے ہیں۔

۳۶۔ اس آیت میں مشرکین کی رد ہے کہ آسمانوں کا رب اور زمین کا رب اور نہیں ہے، بلکہ وہی اللہ آسمانوں اور زمین، پھر عالمین کا رب ہے۔

۳۷۔ الْكِبْرِيَآءُ: راغب کے مطابق الترفع عن الانقیاد، کسی کی فرمانبرداری سے بالاتر ہونا ہے۔ اس کی کبریائی اور عظمت کے ساتھ نہ آسمانوں میں کوئی شریک ہے، نہ زمین میں۔ یہ کبریائی صرف اللہ تعالیٰ کے ساتھ مختص ہے۔

سورۂ احقاف

۳۔ یہ کائنات ایک مقصد کے تحت اور ایک خاص مدت تک کے لیے بنی ہے۔ یعنی جس دن اس کائنات کا خاتمہ ہو جائے گا وہ قیامت کا دن ہوگا۔

بَيْنَهُمَآ اِلَّا بِالْحَقِّ وَاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَمَّآ اُنْذِرُوْا مُعْرِضُوْنَ ۝۳

معینہ مدت کے لیے پیدا کیا ہے اور جو لوگ کافر ہو گئے ہیں وہ اس چیز سے منہ موڑے ہوئے ہیں جس کی انہیں تنبیہ کی گئی تھی۔☆

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ؕ ائْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۴

۴۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ جنہیں اللہ کے سوا تم پکارتے ہو، مجھے بھی دکھاؤ انہوں نے زمین کی کون سی چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں میں ان کی شرکت ہے؟ اگر تم سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب یا کوئی باقی ماندہ علمی (ثبوت) میرے سامنے پیش کرو۔☆

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ ۝۵

۵۔ اور اس شخص سے بڑھ کر گمراہ کون ہو گا جو اللہ کے سوا ایسوں کو پکارے جو قیامت تک اسے جواب نہ دے سکیں بلکہ جو ان کے پکارنے تک سے بے خبر ہوں؟☆

وَاِذَا حُشِرَ النَّاسُ كَانُوْا لَهُمْ اَعْدَآءً وَّكَانُوْا بِعِبَادَتِهِمْ كٰفِرِيْنَ ۝۶

۶۔ اور جب لوگ جمع کیے جائیں گے تو وہ ان کے دشمن ہوں گے اور ان کی پرستش سے انکار کریں گے۔☆

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۷

۷۔ اور جب ان کے سامنے ہماری واضح آیات کی تلاوت کی جاتی ہے تو جب حق ان کے پاس آ جاتا ہے تو کفار کہتے ہیں: یہ تو صریح جادو ہے۔☆

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ اِنِ افْتَرَيْتُهٗ فَلَا تَمْلِكُوْنَ لِيْ مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِمَا تُفِيْضُوْنَ فِيْهِ ؕ كَفٰى بِهٖ شَهِيْدًۢا بَيْنِيْ

۸۔ کیا یہ کہتے ہیں: اس نے اسے خود گھڑ لیا ہے؟ کہہ دیجیے: اگر میں نے اسے خود گھڑ لیا ہے تو تم میرے لیے اللہ کی طرف سے (بچاؤ کا) کوئی اختیار نہیں رکھتے، تم اس (قرآن) کے بارے میں جو گفت و شنید کرتے ہو اس سے اللہ خوب باخبر ہے اور میرے درمیان اور تمہارے درمیان اس

۴۔ یہ بات ذہن میں رہے کہ کائنات کو خلق کرنے (تخلیق) اور چلانے (تدبیر) کے دو الگ الگ سرچشمے نہیں ہو سکتے کہ ایک ہستی خلق کرے اور دوسری ہستی تدبیر کرے۔ قرآن نے اس بات کو تکراراً بیان کیا ہے کہ جس نے کائنات کو خلق کیا ہے وہی اس کی تدبیر کر سکتا ہے (چلا سکتا ہے)۔ مشرکین جن ہستیوں اور بتوں کی طرف تدبیر کائنات کی نسبت دیتے تھے، ان سے یہ کہا جا رہا ہے کہ پھر ان کی طرف سے کچھ خلق بھی ہونا چاہیے۔ اگر ایسا ہے تو مجھے دکھاؤ کہ زمین میں انہوں نے کیا پیدا کیا ہے یا آسمان کی تخلیق میں ان کا کیا حصہ ہے۔ انبیائے سابقین کی کسی کتاب یا ان کی تعلیمات سے اس کا ثبوت پیش کرو، اگر تم اپنے دعوے میں سچے ہو۔

۵۔ جن کو یہ پکارتے ہیں، وہ ان کی فریاد کو پہنچنا تو درکنار سرے سے ان کی فریاد سے ہی بے خبر ہوتے ہیں۔

۶۔ یعنی قیامت کے دن مشرکین کے معبود اپنے پکارنے والوں کے دشمن ہوں گے، یعنی جن انبیا اور فرشتوں کو مشرکین نے اپنا معبود بنا لیا تھا، وہ قیامت کے دن ان مشرکین کے دشمن ہوں گے۔ یعنی ان کے خلاف ہوں گے اور ان کی عبادت کا بھی انکار کریں گے، یعنی یہ مؤقف بیان کریں گے کہ ان کی پرستش میں ہمارا کوئی دخل نہیں ہے، یہ خود ذمے دار ہیں۔

۷۔ قرآن کو جادو قرار دینا خود اپنی جگہ اس بات کی دلیل ہے کہ یہ کسی بشر کا کلام نہیں ہو سکتا۔ اس کلام کے مضامین اس کا طرز کلام کسی بشری کلام سے نہیں ملتا، نہ یہ کلام اس دور کے کسی ماحول سے متاثر نظر آتا ہے، نہ اس میں کسی موجودہ ثقافت کی چھاپ نظر آتی ہے۔

۸۔ اگر میں نے اس قرآن کو خود گھڑ کر اللہ کی طرف نسبت دی ہے تو اللہ مجھے اس جرم میں اپنی گرفت میں لے گا۔ اس وقت مجھے اللہ سے کون بچائے گا؟ تم لوگ؟ تمہارے پاس بھی کوئی ایسا اختیار نہیں ہے۔

وَبَيْنَكُمْ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ
الرَّحِيْمُ ۝۸
قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِّنَ الرُّسُلِ وَ
مَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ وَلَا بِكُمْ ۭ
اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ وَمَآ اَنَا
اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝۹
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ
وَكَفَرْتُمْ بِهٖ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ
بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ عَلٰي مِثْلِهٖ فَاٰمَنَ
وَاسْتَكْبَرْتُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
ع الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۰
وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
لَوْ كَانَ خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ۭ وَ
اِذْ لَمْ يَهْتَدُوْا بِهٖ فَسَيَقُوْلُوْنَ هٰذَآ
اِفْكٌ قَدِيْمٌ ۝۱۱
وَمِنْ قَبْلِهٖ كِتٰبُ مُوْسٰٓى اِمَامًا
وَّرَحْمَةً ۭ وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ
لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۣ
وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ۝۱۲
اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ
اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ
لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝۱۳
اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ

پر گواہی کے لیے وہی کافی ہے اور وہی بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

۹۔ کہہ دیجیے: میں رسولوں میں انوکھا (رسول) نہیں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا اور تمہارے ساتھ کیا ہوگا، میں تو صرف اسی کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے اور میں تو صرف واضح طور پر تنبیہ کرنے والا ہوں۔☆

۱۰۔ کہہ دیجیے: یہ تو بتاؤ اگر یہ (قرآن) اللہ کی طرف سے ہو اور تم نے اس سے انکار کیا ہو جب کہ بنی اسرائیل کا ایک گواہ اس جیسی کتاب پر گواہی دے چکا ہے اور پھر وہ ایمان بھی لا چکا ہو اور تم نے تکبر کیا ہو (تو تمہارا کیا بنے گا؟) بیشک اللہ ظالموں کو ہدایت نہیں دیتا۔☆

۱۱۔ جو لوگ کافر ہو گئے وہ ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں: اگر یہ (دین) بہتر ہوتا تو یہ لوگ اس کی طرف جانے میں ہم سے سبقت نہ کر جاتے اور چونکہ انہوں نے اس (قرآن) سے ہدایت نہ پائی اس لیے وہ کہیں گے: یہ تو (وہی) پرانا جھوٹ ہے۔☆

۱۲۔ اور اس سے پہلے موسیٰ کی کتاب رہنما اور رحمت تھی اور یہ (قرآن) ایسی کتاب ہے جو عربی زبان میں (کتاب موسیٰ کی) تصدیق کرنے والی ہے تاکہ ظالموں کو تنبیہ کرے اور نیکی کرنے والوں کو بشارت دے۔

۱۳۔ جنہوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے پھر استقامت دکھائی، ان کے لیے یقیناً نہ کوئی خوف ہے اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔☆

۱۴۔ یہ لوگ جنت والے ہوں گے (جو) ہمیشہ اسی میں رہیں گے ان اعمال کے

۹۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کے منکرین کہتے تھے: یہ کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے، بازاروں میں چلتا ہے۔ یہ اللہ کا رسول ہے تو اس کے ساتھ کوئی فرشتہ کیوں نہیں ہوتا وغیرہ وغیرہ۔ ان کے جواب میں فرمایا: آپ کہہ دیں میں کوئی نرالا رسول نہیں ہوں کہ دنیا میں پہلی بار کوئی انسان رسول بن کر آیا ہو۔ میری طرح کے رسول پہلے اور بھی آئے ہیں، جو کھاتے پیتے تھے۔ کسی رسول کے ساتھ کوئی فرشتہ نہیں آیا کہ اس کی رسالت کا ثبوت فراہم کرتا ہو۔ مَآ اَدْرِيْ مَا يُفْعَلُ بِيْ میں نہیں جانتا کہ میرے ساتھ کیا سلوک کیا جائے گا۔ اس میں بذات خود، وحی سے ہٹ کر علم غیب جاننے کی نفی ہے کہ اگر مجھ پر وحی نازل نہ ہوتی تو میں خود یہ بھی نہیں جان سکتا تھا کہ میرے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ واضح رہے غیب کا علم بذات خود صرف اللہ جانتا ہے اور اللہ کے بعد وہ لوگ علم غیب جانتے ہیں جن کو اللہ غیب کی تعلیم دے۔

۱۰۔ ممکن ہے مکہ میں بنی اسرائیل کا کوئی فرد رہا ہو جس نے قرآن کے کلام اللہ ہونے کی تصدیق کی ہو اور اہل مکہ اس کو جانتے ہوں۔ اگر اس سے مراد عبد اللہ بن سلام ہے جو یہودیوں کے بڑے عالم تھے اور انہوں نے مدینے میں اسلام قبول کیا تھا تو یہ آیت مدنی ہو سکتی ہے، کیونکہ عبد اللہ بن سلام نے مدینے میں اسلام قبول کیا تھا۔

۱۱۔ قریش کے مشرکین اپنے آپ کو خیر و شر کا محور قرار دیتے ہوئے کہتے تھے کہ اگر قرآن کو تسلیم کر لینا اچھا کام ہوتا تو ہم سب سے پہلے اسے مان لیتے۔ چونکہ ہم نے نہیں مانا ہے، لہٰذا یہ خیر نہیں ہے۔ صرف چند نچلے درجے کے لوگوں نے اسے مانا ہے۔

۱۳۔ سورہ حٰمٓ سجدہ میں فرمایا: جنہوں نے کہا: ہمارا رب اللہ ہے، پھر استقامت دکھائی، ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں۔ اس آیت میں فرمایا: ان کے لیے نہ کوئی خوف ہے نہ کوئی غم۔ معلوم ہوا ان پر فرشتے نازل ہوتے ہیں اور ان کو خوف و غم بھی نہیں ہے۔

فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾

صلے میں جو وہ بجا لایا کرتے تھے۔

وَوَصَّيْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَيْهِ اِحْسٰنًا ؕ حَمَلَتْهُ اُمُّهٗ كُرْهًا وَّوَضَعَتْهُ كُرْهًا ؕ وَحَمْلُهٗ وَفِصٰلُهٗ ثَلٰثُوْنَ شَهْرًا ؕ حَتّٰۤى اِذَا بَلَغَ اَشُدَّهٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً ۙ قَالَ رَبِّ اَوْزِعْنِيْۤ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْۤ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾

۱۵۔ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ پر احسان کرنے کا حکم دیا، اس کی ماں نے تکلیف سہ کر اسے پیٹ میں اٹھائے رکھا اور تکلیف اٹھا کر اسے جنا اور اس کے حمل اور دودھ چھڑانے میں تیس ماہ لگ جاتے ہیں، یہاں تک کہ جب وہ رشد کامل کو پہنچا اور چالیس سال کا ہو گیا تو کہنے لگا: پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جس سے تو نے مجھے اور میرے والدین کو نوازا اور یہ کہ میں ایسا نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے اور میری اولاد کو میرے لیے صالح بنا دے، میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور بے شک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔☆

۱۵۔ قرآن کی متعدد آیات میں اولاد کے لیے حکم آیا ہے کہ ماں اور باپ دونوں پر احسان کرنا چاہیے۔ اس آیت میں اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ ماں کا حق زیادہ ہے، کیونکہ ماں نے بڑی مشقتوں کے ساتھ اسے پیٹ میں اٹھائے رکھا، بڑی مشقتوں کے ساتھ اس کو جنا اور دو سال تک اسے دودھ پلایا۔ اس آیت میں باپ کا ذکر ایک بار اور ماں کا ذکر تین بار آیا ہے۔ ایک حدیث میں رسول اکرمؐ نے سائل کے سوال کے جواب میں تین بار ماں کے حق کا ذکر فرمایا: سورہ بقرہ آیت ۲۳۳ میں فرمایا: مائیں اپنی اولاد کو پورے دو سال دودھ پلائیں اور سورہ لقمان آیت ۱۴ میں فرمایا: دودھ چھڑانے کی مدت دو سال ہے۔ اس آیت میں فرمایا: اس کے حمل اور اس کا دودھ چھڑانے کی مدت تیس (۳۰) مہینے ہے۔ تیس مہینوں میں سے چوبیس مہینے رضاعت کے نکال دیے جائیں تو حمل کی مدت چھ مہینے رہ جاتی ہے۔ چنانچہ فقہ جعفری کے مطابق حمل کی کم از کم مدت چھ ماہ ہے۔ ان آیات سے استدلال کر کے حضرت علی علیہ السلام نے مدت حمل چھ ماہ قرار دی تو حضرت عثمان نے اپنا وہ فیصلہ بدل دیا جس میں انہوں نے ایک ایسی عورت کو سنگسار کرنے کا حکم دیا تھا جس کے ہاں شادی کے چھ ماہ بعد صحیح و سالم بچہ پیدا ہوا تھا۔ (صافی۔ ابن کثیر)

۱۶۔ اور ہم نے انسان کو اپنے ماں باپ پر احسان کرنے کا حکم دیا، اس کی ماں نے تکلیف سہ کر اسے پیٹ میں اٹھائے رکھا اور تکلیف اٹھا کر اسے جنا اور اس کے حمل اور دودھ چھڑانے میں تیس ماہ لگ جاتے ہیں، یہاں تک کہ جب وہ رشد کامل کو پہنچا اور چالیس سال کا ہو گیا تو کہنے لگا: پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جس سے تو نے مجھے اور میرے والدین کو نوازا اور یہ کہ میں ایسا نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے اور میری اولاد کو میرے لیے صالح بنا دے، میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اور بے شک میں مسلمانوں میں سے ہوں۔☆

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْهُمْ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّاٰتِهِمْ فِيْۤ اَصْحٰبِ الْجَنَّةِ ؕ وَعْدَ الصِّدْقِ الَّذِيْ كَانُوْا يُوْعَدُوْنَ ﴿۱۶﴾

۱۶۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے بہترین اعمال کو ہم قبول کرتے ہیں اور ان کے گناہوں سے درگزر کرتے ہیں، (یہ) اہل جنت میں شامل ہوں گے اس سچے وعدے کے مطابق جو ان سے کیا جاتا رہا ہے۔

۱۶۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے بہترین اعمال کو ہم قبول کرتے ہیں اور ان کے گناہوں سے درگزر کرتے ہیں، (یہ) اہل جنت میں شامل ہوں گے اس سچے وعدے کے مطابق جو ان سے کیا جاتا رہا ہے۔

وَالَّذِيْ قَالَ لِوَالِدَيْهِ اُفٍّ لَّكُمَآ اَتَعِدٰنِنِيْۤ اَنْ اُخْرَجَ وَقَدْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ مِنْ قَبْلِيْ ۚ وَهُمَا يَسْتَغِيْثٰنِ اللّٰهَ وَيْلَكَ اٰمِنْ ۖ اِنَّ وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ ۚ فَيَقُوْلُ مَا هٰذَاۤ اِلَّاۤ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۷﴾

۱۷۔ اور جس نے اپنے والدین سے کہا: تم دونوں پر اف ہو! کیا تم دونوں مجھے ڈراتے ہو کہ میں (قبر سے) پھر نکالا جاؤں گا؟ جبکہ مجھ سے پہلے بہت سی نسلیں گزر چکی ہیں (ان میں سے کوئی واپس نہیں آیا) اور وہ دونوں اللہ سے فریاد کرتے ہوئے (اولاد سے) کہتے تھے: تیری تباہی ہو! تو مان جا کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے، پھر (بھی) وہ کہتا ہے: یہ تو صرف اگلوں کی فرسودہ کہانیاں ہیں۔☆

۱۷۔ دو کرداروں اور دو مختلف اقدار کے مالکوں کا ذکر ہے۔ اعلیٰ انسانی اقدار کا مالک انسان اپنے والدین اور اپنے پروردگار کے ساتھ اس طرح خوبی سے پیش آتا ہے اور جو انسانی قدروں کا حامل نہیں ہے اس کا کردار اپنے والدین اور اپنے رب کے ساتھ منفی ہوتا ہے۔

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ حَقَّ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ
فِيْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنَ
الْجِنِّ وَالْاِنْسِ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا
خٰسِرِيْنَ ﴿۱۸﴾
وَلِكُلٍّ دَرَجٰتٌ مِّمَّا عَمِلُوْا ۚ وَ
لِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ وَ هُمْ
لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾
وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى
النَّارِ ؕ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ فِيْ
حَيَاتِكُمُ الدُّنْيَا وَاسْتَمْتَعْتُمْ بِهَا ۚ
فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ
بِمَا كُنْتُمْ تَسْتَكْبِرُوْنَ فِي
الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَبِمَا كُنْتُمْ
ع ۲ ۲ تَفْسُقُوْنَ ﴿۲۰﴾
وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ ؕ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ
بِالْاَحْقَافِ وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ
مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖٓ اَلَّا
تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ ؕ اِنِّيْٓ اَخَافُ
عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۲۱﴾
قَالُوْٓا اَجِئْتَنَا لِتَاْفِكَنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا ۚ
فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَآ اِنْ كُنْتَ مِنَ
الصّٰدِقِيْنَ ﴿۲۲﴾
قَالَ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۫ وَ

۱۸۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر فیصلہ حتمی ہو چکا ہے جنوں اور انسانوں کے ان گروہوں کے ساتھ جو ان سے پہلے گزر چکے ہیں بے شک یہ خسارہ اٹھانے والے تھے۔

۱۹۔ اور ہر ایک کے لیے اپنے اپنے اعمال کے مطابق درجات ہیں تا کہ انہیں ان کے اعمال کا (بدلہ) پورا دیا جائے اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔☆

۲۰۔ اور جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے (تو ان سے کہا جائے گا) تم نے اپنی نعمتوں کو دنیاوی زندگی میں ہی برباد کر دیا اور ان سے لطف اندوز ہو چکے، پس آج تمہیں ذلت کے عذاب کی سزا اس لیے دی جائے گی کہ تم زمین میں ناحق تکبر کرتے رہے اور بدکاری کرتے رہے۔☆

۲۱۔ اور (قوم) عاد کے بھائی (ہود) کو یاد کیجیے جب انہوں نے احقاف (کی سرزمین) میں اپنی قوم کو تنبیہ کی اور ان سے پہلے اور بعد میں بھی تنبیہ کرنے والے گزر چکے ہیں کہ اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کرو، مجھے تمہارے بارے میں بڑے دن کے عذاب کا خوف ہے۔☆

۲۲۔ وہ کہنے لگے: کیا تم ہمیں ہمارے معبودوں سے باز رکھنے کے لیے ہمارے پاس آئے ہو؟ اگر تم سچے ہو تو لے آؤ وہ (عذاب) جس سے تم ہمیں ڈرا رہے ہو۔

۲۳۔ انہوں نے کہا: (اس کا) علم تو صرف اللہ ہی کے پاس ہے اور جس پیغام کے

۱۹۔ یعنی مذکورہ بالا دونوں کرداروں کو اپنے کردار کے حساب سے جزا یا سزا دی جائے گی۔ کسی کے ساتھ کوئی زیادتی نہیں ہوگی۔

وَ لِيُوَفِّيَهُمْ اَعْمَالَهُمْ: ان کو ان کے اعمال پورے کر دیے جائیں گے، یعنی ان کو ان کے اعمال بغیر کمی بیشی کے پورے کر کے دے دیے جائیں گے۔ خود اعمال پورے کر کے دینے کا مطلب تو یہ بنتا ہے کہ انسانی اعمال پر اللہ تعالیٰ جزا اور سزا مرتب نہیں کرے گا، بلکہ خود اعمال جزا اور سزا بن کر سامنے آئیں گے، لیکن آیت سے عام مفہوم یہ ہوتا ہے کہ ان اعمال کا بدلہ دیا جائے گا۔ چنانچہ ہم نے ترجمے میں یہی عام مفہوم اختیار کیا ہے۔ تاہم ہم نے پہلے بھی اس نظریے کا ذکر کیا ہے: انسانی عمل ایک مرتبہ وجود میں آتا ہے۔ اس کو دوام ملتا ہے اور انرجی کی شکل میں موجود رہتا ہے۔ عین ممکن ہے قیامت کے دن انسان کو اس کے عمل کا سامنا کرنا پڑے۔ یعنی خود عمل جزا و سزا بن جائے، جیسا کہ اس آیت کا ظاہری معنی ہے۔

۲۰۔ اَذْهَبْتُمْ طَيِّبٰتِكُمْ: تم نے اپنے نعمتوں کو برباد کیا۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے ہر انسان کے لیے وافر نعمتیں مقرر کر رکھی ہیں اور عذاب کا سامان بھی مہیا کر رکھا ہے۔ کل قیامت کے دن جہنمیوں کو آتش جہنم کے سامنے لایا جائے گا، ان سے کہا جائے گا: تم نے اپنے حصے کی نعمتوں کو دنیا کی زندگی میں برباد کر دیا۔ آج تمہارے حصے کا عذاب باقی ہے۔

۲۱۔ احقاف جمع ہے حقف کی۔ حقف ریت کے اس بلند و بالا ڈھیر کو کہتے ہیں جو ہواؤں کی وجہ سے جمع ہوتے ہیں۔ صحرائے عرب کے جنوب مغربی علاقے کو الاحقاف کہتے ہیں۔ آج کل یہ پورا علاقہ غیر آباد ہے۔ ممکن ہے ہزاروں سال قبل یہ علاقہ نہایت سرسبز علاقہ رہا ہو۔ کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ نجد، احساء، حضر موت اور عمان کا درمیانی علاقہ احقاف کا علاقہ تھا۔

أُبَلِّغُكُمْ مَّآ أُرْسِلْتُ بِهٖ وَلٰكِنِّيْٓ
أَرٰىكُمْ قَوْمًا تَجْهَلُوْنَ ﴿۲۳﴾
فَلَمَّا رَأَوْهُ عَارِضًا مُّسْتَقْبِلَ
أَوْدِيَتِهِمْ ۙ قَالُوْا هٰذَا عَارِضٌ
مُّمْطِرُنَا ۭ بَلْ هُوَ مَا اسْتَعْجَلْتُمْ
بِهٖ ۭ رِيْحٌ فِيْهَا عَذَابٌ أَلِيْمٌ ﴿۲۴﴾ ۙ
تُدَمِّرُ كُلَّ شَيْءٍۢ بِأَمْرِ رَبِّهَا
فَأَصْبَحُوْا لَا يُرٰٓى إِلَّا مَسٰكِنُهُمْ ۭ
كَذٰلِكَ نَجْزِي الْقَوْمَ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۲۵﴾
وَلَقَدْ مَكَّنّٰهُمْ فِيْمَآ إِنْ مَّكَّنّٰكُمْ
فِيْهِ وَجَعَلْنَا لَهُمْ سَمْعًا وَّأَبْصَارًا وَّ
أَفْـِٕدَةً ۖ فَمَآ أَغْنٰى عَنْهُمْ
سَمْعُهُمْ وَلَآ أَبْصَارُهُمْ وَلَآ
أَفْـِٕدَتُهُمْ مِّنْ شَيْءٍ إِذْ كَانُوْا
يَجْحَدُوْنَ ۙ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَحَاقَ
ع ۲ ۳ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۲۶﴾ ع
وَلَقَدْ أَهْلَكْنَا مَا حَوْلَكُمْ مِّنَ
الْقُرٰى وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ لَعَلَّهُمْ
يَرْجِعُوْنَ ﴿۲۷﴾
فَلَوْلَا نَصَرَهُمُ الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا
مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قُرْبَانًا اٰلِهَةً ۭ بَلْ
ضَلُّوْا عَنْهُمْ ۚ وَذٰلِكَ إِفْكُهُمْ وَ
مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۸﴾

ساتھ مجھے بھیجا گیا تھا وہ تمہیں پہنچا رہا ہوں لیکن میں دیکھتا ہوں کہ تم ایک نادان قوم ہو۔

۲۴۔ پھر جب انہوں نے عذاب کو بادل کی صورت میں اپنی وادیوں کی طرف آتے ہوئے دیکھا تو کہنے لگے: یہ تو ہمیں بارش دینے والا بادل ہے، (نہیں) بلکہ یہ وہ عذاب ہے جس کی تمہیں عجلت تھی (یعنی) آندھی جس میں ایک دردناک عذاب ہے،☆

۲۵۔ جو اپنے رب کے حکم سے ہر چیز کو تباہ کر دے گی، پھر وہ ایسے ہو گئے کہ ان کے گھروں کے سوا کچھ دکھائی نہ دیتا تھا، مجرم قوم کو ہم اس طرح سزا دیا کرتے ہیں۔

۲۶۔ اور بتحقیق انہیں ہم نے وہ قدرت دی جو قدرت ہم نے تم لوگوں کو نہیں دی اور ہم نے انہیں سماعت اور بصارت اور قلب عطا کیے تو جب انہوں نے اللہ کی آیات کا انکار کیا تو نہ ان کی سماعت نے انہیں کوئی فائدہ دیا اور نہ ہی ان کی بصارت نے اور نہ ان کے قلوب نے اور جس چیز کا وہ مذاق اڑایا کرتے تھے وہ اسی چیز کے نرغے میں آ گئے۔☆

۲۷۔ اور بتحقیق ہم نے تمہارے گرد و پیش کی بستیوں کو تباہ کر دیا اور ہم نے (اپنی) نشانیوں کو بار بار ظاہر کیا تا کہ وہ باز آ جائیں۔☆

۲۸۔ پس انہوں نے قرب الٰہی کے لیے اللہ کے سوا جنہیں اپنا معبود بنا لیا تھا انہوں نے ان کی مدد کیوں نہ کی؟ بلکہ وہ تو ان سے غائب ہو گئے اور یہ ان کا جھوٹ تھا اور وہ بہتان جو وہ گھڑتے تھے۔☆

۲۴۔ العارض بادل کو کہتے ہیں۔ قوم ہود نے جب گہرا بادل آتے دیکھا تو وہ کہنے لگے: یہ بادل ہماری وادی کو سیراب کرنے کے لیے آ رہا ہے۔ لیکن یہ وہ عذاب تھا جس کے بارے میں وہ حضرت ہود (ع) سے کہتے رہتے تھے: اگر آپ سچے ہیں تو وہ عذاب کیوں نہیں آتا جس سے آپ ہمیں ڈرا رہے ہیں۔

۲۶۔ مال و دولت اور وسیع اقتدار کے لحاظ سے احقاف والے مکہ والوں سے کہیں زیادہ مضبوط تھے۔ سماعت اور بصارت عقل کے لیے آلہ کار ہیں اور جب عقل پر خواہشات اور دیگر منفی عوامل غالب آ جاتے ہیں تو یہ آلہ کار اپنے مقاصد کو پورا نہیں کر پاتے۔ آواز تو کانوں میں جاتی ہے اور نقش آنکھوں میں آ جاتا ہے، لیکن ان سے دل یعنی عقل حقائق کو درک نہیں کر پاتی۔

۲۷۔ جن قوموں پر اپنے رسولوں کی تکذیب کی وجہ سے تباہی آئی ہے، وہ تمہارے قریبی علاقوں میں آباد تھیں۔ جزیرۃ العرب کے جنوب میں احقاف اور شمال میں ثمودی قوم آباد تھی۔ سبا کی قوم تمہارے نزدیک یمن میں بستی تھی۔ حضرت شعیبؑ کی قوم مدین میں تمہارے شام جانے کے راستے میں آباد تھی اور قوم لوط بھی۔

وَصَرَّفْنَا الْاٰيٰتِ: ہم نے اپنی نشانیوں کو مختلف شکل میں ظاہر کر کے ان کو راہ راست پر لانے کے لیے ہدایت کا ہر وسیلہ استعمال کیا۔

۲۸۔ جن غیر اللہ کو ان لوگوں نے قرب الٰہی کے لیے وسیلہ بنایا تھا، آج قیامت کی ہولناکیوں میں ان کی مدد کیوں نہیں کی؟ مدد کیا کرتے، وہ تو ناپید ہیں۔

وَذٰلِكَ إِفْكُهُمْ حذف مضاف ہو سکتا ہے۔ یعنی و ذلك وبال افكهم، یہ ان کے بہتان کا برا نتیجہ ہے۔ آج ان کے لیے کوئی مددگار نہیں ہے۔

وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ
يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ ۚ فَلَمَّا
حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا ۚ فَلَمَّا
قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ
مُّنْذِرِيْنَ ﴿۲۹﴾
قَالُوْا يٰقَوْمَنَآ اِنَّا سَمِعْنَا كِتٰبًا
اُنْزِلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا
بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى
طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۳۰﴾
يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا
بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ
وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿۳۱﴾
وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ
بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ
دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ ۭ اُولٰۗىِٕكَ فِيْ ضَلٰلٍ
مُّبِيْنٍ ﴿۳۲﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ
بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓي اَنْ يُّحْيِۦَ
الْمَوْتٰى ۭ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿۳۳﴾
وَيَوْمَ يُعْرَضُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا عَلَى
النَّارِ ۭ اَلَيْسَ هٰذَا بِالْحَقِّ ۭ قَالُوْا

۲۹۔اور (یاد کیجیے) جب ہم نے جنات کے ایک گروہ کو آپ کی طرف متوجہ کیا تا کہ قرآن سنیں، پس جب وہ رسول کے پاس حاضر ہو گئے تو (آپس میں) کہنے لگے: خاموش ہو جاؤ! جب تلاوت ختم ہو گئی تو وہ تنبیہ (ہدایت) کرنے اپنی قوم کی طرف واپس لوٹ گئے۔☆

۳۰۔انہوں نے کہا: اے ہماری قوم! ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے جو اپنے سے پہلی کتابوں کی تصدیق کرنے والی ہے، وہ حق اور راہ راست کی طرف ہدایت کرتی ہے۔☆

۳۱۔ اے ہماری قوم! اللہ کی طرف بلانے والے کی دعوت قبول کرو اور اس پر ایمان لے آؤ کہ اللہ تمہارے گناہوں سے درگزر فرمائے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے بچائے گا۔☆

۳۲۔ اور جو اللہ کی طرف بلانے والے کی دعوت قبول نہیں کرتا وہ زمین میں (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکے گا اور اللہ کے سوا اس کا کوئی سرپرست بھی نہیں ہو گا، یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔

۳۳۔ کیا وہ نہیں دیکھتے کہ جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو خلق فرمایا ہے اور جو ان کے خلق کرنے سے عاجز نہیں آیا وہ اس بات پر بھی قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کر دے؟ ہاں! وہ یقیناً ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۳۴۔اور جس روز کفار آگ کے سامنے لائے جائیں گے (اس وقت ان سے پوچھا جائے گا) کیا یہ برحق نہیں ہے؟ وہ کہیں گے: ہاں! ہمارے پروردگار کی قسم (یہ حق

۲۹۔ان آیات کے شان نزول میں مذکور ہے کہ رسول کریمؐ نے طائف کا سفر اختیار فرمایا کہ شاید کوئی اس دعوت کو قبول کرے، لیکن کسی نے آپؐ کی دعوت قبول نہ کی۔ واپسی کے موقع پر وادی نخلہ کی ایک منزل میں آپؐ نے قیام فرمایا۔ وہاں نماز میں آپؐ نے قرآن کی تلاوت فرمائی۔ جنوں کا ایک گروہ وہاں سے گزر رہا تھا۔ آپؐ کی تلاوت کی آواز سن کر وہ رک گئے اور ایک دوسرے سے کہنے لگے: خاموش رہو۔ تلاوت سننے کے بعد وہ مسلمان ہوئے اور انہوں نے اپنی قوم میں جا کر اسلام کی تبلیغ کا کام شروع کیا۔

۳۰۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جنات ادیان سماوی سے واقف تھے، خاص طور پر دین موسیٰ (ع) سے۔

۳۱۔ اللہ کی طرف بلانے والے سے مراد رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ: ایمان لانے پر کفر کی حالت میں سرزد ہونے والے تمام گناہ بخش دیے جاتے ہیں۔ جیسا کہ دوسری جگہ فرمایا: اِنْ يَّنْتَهُوْا يُغْفَرْ لَهُمْ مَّا قَدْ سَلَفَ ۔ (انفال:۳۸) اگر یہ لوگ (شرک سے) باز آ جائیں تو گزشتہ گناہ معاف کر دے گا۔

۳۳۔ وَلَمْ يَعْيَ: العی عاجز ہونے اور تھک جانے کے معانی بتائے جاتے ہیں۔ ہم نے عاجز ہونے کے معنی مراد لیے ہیں۔ چونکہ مشرکین حیات بعد موت کے امکان کے قائل نہ تھے، یعنی اللہ کو عاجز تصور کرتے تھے۔ جو لوگ العی کو تھکاوٹ کے معنی میں لیتے ہیں، وہ کہتے اس سے یہود کی رد مراد ہے، جو کہتے ہیں: خدا چھ دنوں میں کائنات کی تخلیق کے بعد تھک گیا تھا۔ یہ معنی سیاق آیت کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتے، چونکہ اس آیت میں مشرکین کی رد پر بات ہو رہی ہے، اہل کتاب کے کسی عقیدے کی رد کے درپے نہیں ہے۔

بَلٰى وَرَبِّنَا ؕ قَالَ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ
بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ﴿۳۴﴾
فَاصْبِرْ كَمَا صَبَرَ اُولُوا الْعَزْمِ
مِنَ الرُّسُلِ وَلَا تَسْتَعْجِلْ لَّهُمْ ؕ
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ
لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ ؕ
بَلٰغٌ ۚ فَهَلْ يُهْلَكُ اِلَّا الْقَوْمُ
الْفٰسِقُوْنَ ﴿۳۵﴾ ع

ہے) اللہ فرمائے گا: پھر عذاب چکھو اپنے اس کفر کی پاداش میں جو تم کرتے رہے ہو۔

۳۵۔ پس (اے رسول) صبر کیجیے جس طرح اولو العزم رسولوں نے صبر کیا اور ان کے لیے (طلب عذاب میں) جلدی نہ کیجیے، جس دن یہ اس عذاب کو دیکھیں گے جس کا انہیں خوف دلایا جا رہا ہے تو انہیں یوں محسوس ہوگا گویا (دنیا میں دن کی) ایک گھڑی بھر سے زیادہ نہیں رہے، (یہ ایک) پیغام ہے، پس وہی لوگ ہلاکت میں جائیں گے جو فاسق ہیں۔☆

سورہ محمدؐ۔ مدنی۔ آیات ۳۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ جنہوں نے کفر اختیار کیا اور راہ خدا میں رکاوٹ ڈالی اللہ نے ان کے اعمال حبط کر دیے۔☆

۲۔ اور جو لوگ ایمان لائے اور صالح اعمال بجالائے اور جو کچھ محمدؐ پر نازل کیا گیا ہے اس پر بھی ایمان لائے اور ان کے رب کی طرف سے حق بھی یہی ہے، اللہ نے ان کے گناہ ان سے دور کر دیئے اور ان کے حال کی اصلاح فرمائی۔☆

۳۔ یہ اس لیے ہے کہ کفار نے باطل کی پیروی کی اور ایمان لانے والوں نے اس حق کی اتباع کی جو ان کے پروردگار کی طرف سے ہے، اللہ تعالیٰ اسی طرح لوگوں کے لیے ان کے اوصاف بیان فرماتا ہے۔☆

۴۔ پس جب کفار سے تمہارا سامنا ہو تو (ان کی) گردنیں مارو یہاں تک کہ جب انہیں خوب قتل کر چکو تو (بچنے والوں کو) مضبوطی سے قید کرلو، اس کے بعد احسان رکھ کر یا

سُوْرَةُ مُحَمَّدٍ مَدَنِيَّةٌ ۳۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ﴿۱﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ
اٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ
الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ
سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾
ذٰلِكَ بِاَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوا اتَّبَعُوا
الْبَاطِلَ وَاَنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّبَعُوا
الْحَقَّ مِنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَذٰلِكَ
يَضْرِبُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ اَمْثَالَهُمْ ﴿۳﴾
فَاِذَا لَقِيْتُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
فَضَرْبَ الرِّقَابِ ؕ حَتّٰٓى اِذَآ
اَثْخَنْتُمُوْهُمْ فَشُدُّوا الْوَثَاقَ ۗ

۳۵۔ اگرچہ تمام انبیاء اپنے مقام پر عزم و حوصلہ کے مالک تھے، تاہم جن انبیاء کو شریعت دی گئی ہے، انہیں اولو العزم انبیاء کہتے ہیں۔ وہ حضرت نوح، حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ، حضرت عیسیٰ علیہم السلام اور حضرت خاتم الانبیاء محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔

سورہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

۱۔ سورۂ محمدؐ کی تلاوت کے بارے میں صادق آل محمدؐ سے منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: من اراد ان یعرف حالنا و حال اعدائنا فلیقرأ سورۃ محمد فانہ یراھا آیۃ فینا و آیۃ فی اعدائنا۔ جو ہمارے اور ہمارے دشمنوں کا حال معلوم کرنا چاہے تو اسے سورہ محمدؐ کی تلاوت کرنی چاہیے، وہ اس کی ایک آیت ہماری شان میں اور ایک آیت ہمارے دشمن کے بارے میں پائے گا۔ (روح المعانی۔ الدر المنثور)

۲۔ اس آیت کی ابتدا میں جس ایمان کا ذکر ہے وہ ہر صدق دل سے کلمہ پڑھنے والے پر صادق آ سکتا ہے۔ لیکن بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ جو کچھ محمد پر نازل کیا گیا ہے، اس پر ایمان لانا مشکل امر ہے۔ چونکہ اس ایمان کا تعلق زندگی میں پیش آنے والے ہر مسئلہ کے ساتھ ہے۔ چنانچہ سورہ حشر آیت ۷ میں جنگی غنائم اور کفار سے بغیر جنگ کے ہاتھ آنے والے اموال کی تقسیم کے حکم کے بعد فرمایا: وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۗ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا رسول جو تمہیں دے دیں، وہ لیا کرو اور جس سے روک دیں اس سے رک جایا کرو۔ اس جگہ رسولؐ کے فرمان کی تعمیل کی تاکید سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ مالی معاملات میں مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ پر عمل کرنے اور بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ پر ایمان لانا مشکل امر ہے۔

۳۔ سابقہ دو آیات میں فرمایا: کافروں کی ساری کوششیں لاحاصل ہیں اور مؤمنوں کی کوششیں بارآور ہیں۔ اس آیت میں فرمایا: اس کامیابی و ناکامی کی بنیاد وہ دستور ہے جس کی اتباع طرفین کرتے ہیں۔ کفار باطل کی اتباع کرتے ہیں، جن کا مقدر تباہی و نابودی ہے اور مؤمنین حق کی اتباع کرتے ہیں جن کو ثبات و دوام حاصل ہے۔

۴۔ جو راہ خدا میں شہید ہو جاتے ہیں، ان کے اعمال کے اثرات تادیر جاری رہیں گے اور حبط کی کوئی نوبت نہیں آئے گی۔

جنگی حکمت عملی کے تحت لڑائی میں فتح و شکست کا فیصلہ ہونے سے پہلے قیدی بنانے کی ممانعت ہے،

فَاِمَّا مَنًّۢا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَآءً حَتّٰى
تَضَعَ الْحَرْبُ اَوْزَارَهَا ۚ ذٰلِكَ ۛ
وَلَوْ يَشَآءُ اللّٰهُ لَانْتَصَرَ مِنْهُمْ وَ
لٰكِنْ لِّيَبْلُوَا۟ بَعْضَكُمْ بِبَعْضٍ ۗ
وَالَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَنْ
يُّضِلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٤
سَيَهْدِيْهِمْ وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ ۝٥
وَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ عَرَّفَهَا لَهُمْ ۝٦
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَنْصُرُوا اللّٰهَ
يَنْصُرْكُمْ وَيُثَبِّتْ اَقْدَامَكُمْ ۝٧
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَتَعْسًا لَّهُمْ وَ
اَضَلَّ اَعْمَالَهُمْ ۝٨
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَرِهُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ
فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ ۝٩
اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ
فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ دَمَّرَ اللّٰهُ
عَلَيْهِمْ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ اَمْثَالُهَا ۝١٠
ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ مَوْلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَاَنَّ الْكٰفِرِيْنَ لَا مَوْلٰى لَهُمْ ۝١١ ع
اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۭ وَالَّذِيْنَ

ع وقد يبدأ بقوله ذلك ولكن حسن اتصاله بما قبله ويوقف على ذلك

فدیہ لے کر (چھوڑ دو) تاوقتیکہ لڑائی تھم جائے، حکم یہی ہے اور اگر اللہ چاہتا تو ان سے انتقام لیتا لیکن (اللہ کو یہ منظور ہے کہ) تم میں سے ایک کا امتحان دوسرے کے ذریعے سے لے اور جو لوگ راہ خدا میں شہید کیے جاتے ہیں اللہ ان کے اعمال ہرگز حبط نہیں کرے گا۔☆

۵۔ وہ عنقریب انہیں ہدایت دے گا اور ان کی حالت کی اصلاح فرمائے گا۔☆

۶۔ اور انہیں جنت میں داخل کرے گا جس کی انہیں پہچان کرا دی ہے۔☆

۷۔ اے ایمان والو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ بھی تمہاری مدد کرے گا اور تمہیں ثابت قدم رکھے گا۔☆

۸۔ اور جنہوں نے کفر اختیار کیا ہے ان کے لیے ہلاکت ہے اور (اللہ نے) ان کے اعمال کو برباد کر دیا ہے۔

۹۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے اسے ناپسند کیا جسے اللہ نے نازل کیا پس اللہ نے ان کے اعمال حبط کر دیے۔

۱۰۔ کیا یہ لوگ زمین میں چلتے پھرتے نہیں ہیں کہ وہ دیکھ لیتے کہ ان سے پہلے والوں کا کیا انجام ہوا؟ اللہ نے ان پر تباہی ڈالی اور کفار کا انجام بھی اسی قسم کا ہوگا۔

۱۱۔ یہ اس لیے ہے کہ مومنین کا کارساز اللہ ہے اور کفار کا کوئی کارساز نہیں ہے۔☆

۱۲۔ اللہ ایمان لانے والوں اور صالح اعمال بجا لانے والوں کو یقیناً ایسی جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہتی

ورنہ عین لڑائی کے دوران قیدی بنانا شروع کیا جائے تو اولاً لشکر کی طاقت کا ایک حصہ قیدی بنانے پر صرف ہو جائے گا، اس طرح طاقت کا توازن بگڑ سکتا ہے، ثانیاً چونکہ قیدی بننے کا خطرہ قتل ہونے سے کمتر ہے، اس لیے دشمن کو اس سے نفسیاتی طور پر فائدہ مل سکتا ہے۔ ثالثاً یہ بات جنگی عمل کے بھی منافی ہے کہ دشمن قتل کرے اور ادھر قتل کی جگہ دشمن کو قید کیا جائے۔ اس طرح اسلام کی جنگی حکمت عملی میں یہ بات سامنے آتی ہے کہ لڑائی کے دوران قیدی نہ بناؤ اور لڑائی کے بعد قیدی کو قتل نہ کرو۔ یہ ہدایت اس لیے دی گئی ہے تا کہ وہ فدیہ حاصل کرنے یا غلام حاصل کرنے کے لالچ میں اصل مقصود کو فراموش نہ کریں۔ واضح رہے اسلام کے نزدیک انسان بذات خود آزاد ہے۔ غلامی کی صرف ایک صورت ہے۔ وہ یہ کہ کفر و اسلام کی جنگ میں کافر میدان جنگ میں قیدی بن جائے تو امام کو یہ حق حاصل ہے کہ اسے بلا معاوضہ آزاد کر دے یا فدیہ لے کر آزاد کر دے یا اسے غلام بنائے۔ تفصیل کے لیے ہماری تفسیر کا مطالعہ فرمائیں۔

۵۔ اللہ اپنے بلند درجات کی طرف ان کی رہنمائی فرمائے گا۔

وَيُصْلِحُ بَالَهُمْ : ان کی حالت کو درست کر دے گا۔ اگر کسی سے گناہ سرزد ہوا ہے تو اس کی مغفرت کر کے، اگر دیگر اعمال میں کوتاہی ہے تو اس کی تلافی سے ان شہیدوں کی حالت کو بہتر کر دیا جائے گا۔

۶۔ عَرَّفَهَا لَهُمْ : اس جنت میں داخل کیے جائیں گے جس کی پہلے سے ان کو خوشخبری دے کر ان کے اوصاف بیان کر دیے گئے ہوں گے۔

۷۔ مقام تکلیف میں اللہ پہل نہیں کرتا، بلکہ بندے کا پہل کرنا لازمی ہوتا ہے۔ چنانچہ اس آیت میں فرمایا: پہلے تم اللہ کی مدد کرو اور اپنے اندر اللہ کی نصرت کی قابلیت و اہلیت پیدا کرو تو اللہ تمہاری مدد کرے گا اور مدد کی نوعیت بھی یہ نہ ہوگی کہ اللہ خود دشمنوں کو نابود کر دے گا، بلکہ نصرت کی نوعیت یہ ہوگی کہ یہ کام بھی خود بندوں سے لیا جائے گا۔ یعنی ان کو ثابت قدمی دے کر۔ اللہ چاہے تو خود ہی دشمنوں کو نابود کر سکتا ہے، مگر اللہ اپنے بندوں کو آزمائش کے ذریعہ مرتبہ دینا چاہتا ہے۔

۱۱۔ جنگ احد میں ابوسفیان کا نعرہ یہ تھا: نحن لنا العزى و لا عزى لكم۔ ہمارے لیے عزی ہے تمہارے لیے کوئی عزی نہیں ہے۔ حضورؐ نے فرمایا: اس کے

كَفَرُوْا يَتَمَتَّعُوْنَ وَيَاْكُلُوْنَ كَمَا
تَاْكُلُ الْاَنْعَامُ وَالنَّارُ مَثْوًى
لَّهُمْ ﴿۱۲﴾
وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ هِيَ اَشَدُّ قُوَّةً
مِّنْ قَرْيَتِكَ الَّتِيْٓ اَخْرَجَتْكَ ۚ
اَهْلَكْنٰهُمْ فَلَا نَاصِرَ لَهُمْ ﴿۱۳﴾
اَفَمَنْ كَانَ عَلٰى بَيِّنَةٍ مِّنْ رَّبِّهٖ
كَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ سُوْٓءُ عَمَلِهٖ
وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۴﴾
مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ
فِيْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَيْرِ اٰسِنٍ ۚ
وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ
وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ۚ
وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَ
لَهُمْ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ
مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ كَمَنْ هُوَ
خَالِدٌ فِي النَّارِ وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا
فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ ﴿۱۵﴾
وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّسْتَمِعُ اِلَيْكَ ۚ حَتّٰٓى
اِذَا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِكَ قَالُوْا
لِلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مَاذَا قَالَ
اٰنِفًا ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى
قُلُوْبِهِمْ وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ ﴿۱۶﴾

ہوں گی اور جو لوگ کافر ہو گئے وہ لطف اٹھاتے ہیں اور کھاتے ہیں تو جانوروں کی طرح کھاتے ہیں اور ان کا ٹھکانا جہنم ہے۔☆

۱۳۔ اور بہت سی ایسی بستیاں جو آپ کی اس بستی سے کہیں زیادہ طاقتور تھیں جس (کے رہنے والوں) نے آپ کو نکالا ہے ہم نے انہیں ہلاک کر ڈالا، پس ان کا کوئی مددگار نہ تھا۔

۱۴۔ کیا جو شخص اپنے پروردگار کی طرف سے واضح دلیل پر ہو اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جس کے لیے اس کا برا عمل خوشنما بنا دیا گیا ہو اور جنہوں نے اپنی خواہشات کی پیروی کی ہو؟

۱۵۔ جس جنت کا پرہیزگاروں سے وعدہ کیا گیا ہے اس کی مثال یوں ہے کہ اس میں ایسے پانی کی نہریں ہیں جو (کبھی) بدبودار نہ ہوگا اور ایسے دودھ کی نہریں ہیں جس کا ذائقہ نہیں بدلے گا اور ایسی شراب کی نہریں ہیں جو پینے والوں کے لیے لذت بخش ہوگی اور خالص شہد کی نہریں (بھی) ہیں اور اس میں ان کے لیے ہر قسم کے میوے ہیں اور ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے، کیا یہ اس شخص کی طرح ہو سکتا ہے جو ہمیشہ جہنم میں رہے گا اور جنہیں کھولتا ہوا پانی پلایا جائے گا جو ان کی آنتوں کو کاٹ کر رکھ دے گا۔☆

۱۶۔ ان میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو آپ کو سنتے ہیں لیکن جب آپ کے پاس سے نکل جاتے ہیں تو جنہیں علم دیا گیا ہے ان سے پوچھتے ہیں: اس نے ابھی کیا کہا؟ یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں پر اللہ نے مہر لگا دی ہے اور وہ اپنی خواہشات کی پیروی کرتے ہیں۔☆

جواب میں کہو: اللّٰہ مولانا و لا مولی لکم۔ اللہ ہمارا مولا ہے، تمہارا کوئی مولا نہیں۔(بحار الانوار ۳۰: ۲۳۔ صحیح بخاری، غزوہ احد)۔ اس سورت کی ہر آیت کی تلاوت کے وقت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول فرمان یاد رکھنا چاہیے، جسے ہم نے سورے کی ابتدا میں ذکر کیا ہے۔

۱۲۔ انسان بھی اسی طرح کھانے کا محتاج ہے جس طرح چوپائے۔ فرق مقصد اور ذریعے کا ہے۔ چوپائے کی زندگی کا مقصد کھانا ہے، لیکن انسان کے مقدس مقصد کے لیے کھانا ایک ذریعہ ہے۔ کفار چونکہ زندگی کے اصل مقصد سے عاری ہوتے ہیں، اس لیے ان کے لیے بس کھانا ہی مقصود زندگی ہے۔ بقول سعدی انسان زندہ رہنے کے لیے کھاتا ہے، جبکہ جانور کھانے کے لیے زندہ رہتے ہیں۔ آیت میں یہ بتانا مقصود نہیں ہے کہ کھانے کا کیا طریقہ اختیار کرنا چاہیے، جیسا کہ بعض سادہ فہم لوگوں نے خیال کیا ہے کہ اس سے ضمناً کھڑے ہو کر کھانے کی ممانعت کا بھی اثبات ہوتا ہے، چونکہ جانور کھڑے ہو کر کھاتے ہیں۔

۱۵۔ اہل تقویٰ کے لیے جن نعمتوں کا اس آیت میں ذکر ہوا ہے، ان کے لیے یہ اوصاف بیان ہوئے ہیں: پانی بدبودار نہیں، دودھ میں جو لذت رکھی ہے، وہ بدلے گی نہیں، شراب میں لذت ہی لذت ہے، اس کے منفی خواص نہیں ہیں اور شہد صاف و شفاف ہے۔ ان چار نہروں کے جو اوصاف بیان ہوئے ہیں وہ ایک تعبیر ہے، ان نعمتوں کو سمجھانے کے لیے، ورنہ وہاں کی نعمتوں کی لذت اور صفائی وغیرہ دنیا والوں کے لیے قابل بیان اور قابل ادراک نہیں ہے۔ اس لیے آیت میں یہ نہیں فرمایا کہ خود اس کا وصف اس طرح ہے، بلکہ فرمایا اس کی شان یوں ہے۔ لہٰذا مَثَلُ کو وَصْف کے معنوں میں لینے کی ضرورت نہیں ہے۔

۱۶۔ حضورؐ کی مجلس میں بیٹھنے والوں میں کچھ لوگ مؤمن کچھ منافق اور کچھ ضعیف الایمان ہوتے تھے۔ آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل ایمان میں سے کچھ لوگ اہل علم ہوتے تھے۔ رسول اللہؐ جب خطبہ دیتے تو نہایت فصاحت و بلاغت، صاف اور عام فہم لفظوں میں اپنا مطلب بیان فرماتے تھے۔ چنانچہ آپؐ نے خود فرمایا: اوتیت جوامع الکلم و انا افصح العرب۔ مجھے جوامع الکلم دیا گیا ہے اور میں عربوں میں بھی سب سے زیادہ فصیح ہوں۔

وَالَّذِيْنَ اهْتَدَوْا زَادَهُمْ هُدًى وَّ
اٰتٰىهُمْ تَقْوٰىهُمْ ﴿۱۷﴾
فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا السَّاعَةَ اَنْ
تَاْتِيَهُمْ بَغْتَةً ۚ فَقَدْ جَآءَ
اَشْرَاطُهَا ۚ فَاَنّٰى لَهُمْ اِذَا جَآءَتْهُمْ
ذِكْرٰىهُمْ ﴿۱۸﴾
فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ
وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْۢبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَالْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ
مُتَقَلَّبَكُمْ وَمَثْوٰىكُمْ ﴿۱۹﴾ ع ۲/۸
وَيَقُوْلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْلَا نُزِّلَتْ
سُوْرَةٌ ۚ فَاِذَآ اُنْزِلَتْ سُوْرَةٌ
مُّحْكَمَةٌ وَّذُكِرَ فِيْهَا الْقِتَالُ ۙ
رَاَيْتَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
يَّنْظُرُوْنَ اِلَيْكَ نَظَرَ الْمَغْشِيِّ
عَلَيْهِ مِنَ الْمَوْتِ ؕ فَاَوْلٰى لَهُمْ ﴿۲۰﴾
طَاعَةٌ وَّقَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ ۫ فَاِذَا
عَزَمَ الْاَمْرُ ۫ فَلَوْ صَدَقُوا اللّٰهَ
لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ﴿۲۱﴾
فَهَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ تَوَلَّيْتُمْ اَنْ
تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ وَتُقَطِّعُوْٓا
اَرْحَامَكُمْ ﴿۲۲﴾
اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ

لیکن کچھ لوگ اگرچہ توجہ سے سنتے تھے: يَسْتَمِعُ اِلَيْكَ لیکن ان کی سمجھ میں کوئی بات نہیں آتی تھی۔

۱۷۔ جبکہ کلام رسولؐ کو سمجھنے والے فیض حاصل کرتے ہیں نیز اپنی ہدایت اور تقویٰ میں اضافہ کرتے ہیں۔

۱۸۔ انہی ناقابل ہدایت لوگوں کا ذکر جاری ہے کہ قیامت کی نشانیاں آ چکی ہیں۔ کیا یہ لوگ رسولؐ کے فرمان کو سمجھنے کے لیے قیامت کے منتظر ہیں؟ یعنی رسولؐ جب عذاب کی بات کرتے ہیں تو یہ لوگ نہیں سمجھتے۔ جب خود عذاب ان پر آن پڑے گا تو یہ سمجھ جائیں گے۔

۱۹۔ اشراط علامات کو کہتے ہیں۔ اسی سے شرط اس چیز کو کہتے ہیں جس پر مشروط معلق ہو۔ وہ اس کی علامت بن جاتی ہے۔

خطاب اگرچہ خود رسولؐ سے ہے، لیکن گناہ سے استغفار نہیں، بلکہ تشکیل سیرت کے لیے ہے کہ امت اس پر عمل کرے۔ مزید تشریح کے لیے سورۂ مؤمن آیت ۵۵ ملاحظہ فرمائیں۔

۲۰۔ یعنی مؤمن کی خواہش ہوتی ہے کہ جہاد کا حکم لے کر کوئی سورت نازل ہو جائے تاکہ وہ جہاد کا شرف حاصل کر سکے، جبکہ اہل نفاق کا یہ حال ہے کہ جہاد کا حکم نازل ہو جاتا ہے تو پریشان ہو کر پیغمبرؐ کی طرف ایسے تکتے ہیں جیسے ان پر موت کی غشی طاری ہو گئی ہو۔

۲۱۔ یعنی جس طرح بڑھ چڑھ کر جہاد کے بارے میں چرب زبانی اور اطاعت کا اقرار کرتے ہیں، جہاد کا حتمی فیصلہ ہونے کی صورت میں بھی وہ اپنے اقرار اور عہد پر قائم رہتے تو اس میں ان کی بہتری تھی۔

۲۲۔ بعض مفسرین کے نزدیک تَوَلَّيْتُمْ کا مفہوم ولایت و حکومت میں زیادہ قرین سیاق ہے۔ یعنی اگر یہ حکومت و اقتدار تم کو مل جائے تو تم سے فساد فی الارض اور قطع رحمی کے علاوہ کیا توقع رکھی جا سکتی ہے؟ چنانچہ چشم جہاں نے دیکھ لیا کہ حکومت جب بنی امیہ کے ہاتھ آئی تو انہوں نے نہ کسی چھوٹے پر رحم کیا، نہ کسی بڑے پر اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو بھی جان سے مارتے رہے۔ صدق اللّٰہ العلی العظیم۔

۲۳۔ حکومت کے نشے میں وہ اس قدر اندھے ہو گئے تھے کہ اسی شجرہ کی ایک کڑی (حجاج) نے کہا تھا: من قال لی اتق اللّٰہ ضربت عنقہ۔ جو کوئی مجھ سے کہے کہ اللہ کا خوف کرو، میں اس کی گردن اڑا

۱۷۔ اور جنہوں نے ہدایت حاصل کی اللہ نے ان کی ہدایت میں اضافہ فرمایا اور انہیں ان کا تقویٰ عطا فرمایا۔☆

۱۸۔ کیا یہ لوگ بس قیامت ہی کے منتظر ہیں کہ انہیں اچانک آ لے؟ پس اس کی علامات تو آ چکی ہیں، لہٰذا جب قیامت آ چکے گی تو اس وقت انہیں نصیحت کہاں مفید ہو گی؟☆

۱۹۔ پس جان لو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اپنے گناہ کی معافی مانگو اور مومنین و مومنات کے لیے بھی اور اللہ تمہاری آمد و رفت اور ٹھکانے کو جانتا ہے۔☆

۲۰۔ اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ کہتے ہیں: کوئی (نئی) سورت نازل کیوں نہیں ہوتی؟ (جس میں جہاد کا ذکر ہو) اور جب محکم بیان والی سورت نازل ہو اور اس میں قتال کا ذکر آ جائے تو آپ دیکھتے ہیں کہ جن کے دلوں میں بیماری ہے وہ آپ کی طرف اس طرح دیکھتے ہیں جیسے موت کی بے ہوشی طاری ہو گئی ہو، پس ان کے لیے تباہی ہو۔☆

۲۱۔ ان کی اطاعت اور پسندیدہ گفتار (کا حال معلوم ہے) مگر جب معاملہ حتمی ہو جاتا ہے تو اس وقت (بھی) اگر وہ اللہ کے ساتھ سچے رہتے تو ان کے لیے بہتر ہوتا۔☆

۲۲۔ پھر اگر تم حکمران بن جاؤ تو تم سے توقع کی جا سکتی ہے کہ تم زمین میں فساد برپا کرو گے اور اپنے رشتوں کو توڑ ڈالو گے۔☆

۲۳۔ یہ وہ لوگ ہیں جن پر اللہ نے لعنت کی ہے لہٰذا انہیں بہرا کر دیا اور ان کی آنکھوں

فَاَصَمَّهُمْ وَاَعْمٰٓى اَبْصَارَهُمْ ﴿۲۳﴾

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ﴿۲۴﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ ارْتَدُّوْا عَلٰٓى اَدْبَارِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدَى ۙ الشَّيْطٰنُ سَوَّلَ لَهُمْ ۬ وَاَمْلٰى لَهُمْ ﴿۲۵﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لِلَّذِيْنَ كَرِهُوْا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ سَنُطِيْعُكُمْ فِيْ بَعْضِ الْاَمْرِ ۚ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِسْرَارَهُمْ ﴿۲۶﴾

فَكَيْفَ اِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ ﴿۲۷﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ ع ۲ ۴ اَعْمَالَهُمْ ﴿۲۸﴾

اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَنْ لَّنْ يُّخْرِجَ اللّٰهُ اَضْغَانَهُمْ ﴿۲۹﴾

وَلَوْ نَشَآءُ لَاَرَيْنٰكَهُمْ فَلَعَرَفْتَهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۬ وَلَتَعْرِفَنَّهُمْ فِيْ لَحْنِ الْقَوْلِ ۬ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۰﴾

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ حَتّٰى نَعْلَمَ الْمُجٰهِدِيْنَ مِنْكُمْ وَالصّٰبِرِيْنَ ۙ وَنَبْلُوَا۟ اَخْبَارَكُمْ ﴿۳۱﴾

کو اندھا کر دیا ہے۔☆

۲۴۔ کیا یہ لوگ قرآن میں تدبر نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر تالے لگ گئے ہیں؟☆

۲۵۔ جو لوگ اپنی پیٹھ پر الٹے پھر گئے بعد اس کے کہ ان پر ہدایت واضح ہو چکی تھی، شیطان نے انہیں فریب دیا ہے اور ڈھیل دے رکھی ہے۔☆

۲۶۔ یہ اس لیے ہوا کہ انہوں نے اللہ کی طرف سے نازل کردہ (کتاب) کو ناپسند کرنے والوں سے (خفیہ طور پر) کہا: بعض معاملات میں عنقریب ہم تمہاری پیروی کریں گے اور اللہ ان کی پوشیدہ باتیں جانتا ہے۔☆

۲۷۔ پس اس وقت (ان کا کیا حال ہوگا) جب فرشتے ان کی جان نکالیں گے اور ان کے چہروں اور سرینوں پر ضربیں لگا رہے ہوں گے۔☆

۲۸۔ یہ اس لیے کہ انہوں نے اس بات کی پیروی کی جو اللہ کو ناراض کرتی ہے اور اللہ کی خوشنودی سے بیزاری اختیار کرتے ہیں لہٰذا اللہ نے ان کے اعمال حبط کر دیے،

۲۹۔ جن کے دلوں میں بیماری ہے کیا انہوں نے یہ خیال کر رکھا ہے کہ اللہ ان کے کینوں کو ہرگز ظاہر نہیں کرے گا؟

۳۰۔ اور اگر ہم چاہتے تو ہم آپ کو ان کی نشاندہی کر دیتے پھر آپ انہیں ان کی شکلوں سے پہچان لیتے اور آپ انداز کلام سے ہی انہیں ضرور پہچان لیں گے اور اللہ تمہارے اعمال سے واقف ہے۔☆

۳۱۔ اور ہم تمہیں ضرور آزمائش میں ڈالیں گے یہاں تک کہ ہم تم میں سے جہاد کرنے والوں اور صبر کرنے والوں کی شناخت کر لیں اور تمہارے حالات جانچ لیں۔

دوں گا۔(المنار)

۲۴۔ جہاد فی سبیل اللہ کے بارے میں قرآنی تعلیمات پر ایک نظر سے معلوم ہوتا ہے کہ عند اللہ جہاد کا کیا مقام ہے۔ لیکن ان دل کے اندھوں کو اتنی توفیق بھی نہیں ملتی کہ وہ ان قرآنی حقائق میں تھوڑی دیر کے لیے سوچیں۔

۲۵۔ ان پر حق ظاہر ہونے کے بعد بھی دنیاوی مفاد کی خاطر ان لوگوں نے ارتداد کی راہ اختیار کی۔ ان کے پیچھے اصل محرک شیطان ہے جو دو حربوں سے ان کو بھٹکاتا ہے: یعنی اچھائی برائی میں تمیز سلب کر کے نیز انہیں لمبی لمبی آرزوؤں کا فریفتہ بنا کر۔

۲۶۔ منافقین اور یہودیوں کی باہمی سازش کا ذکر ہے۔ منافقین یہودیوں کے ساتھ جزوی اشتراک عمل کا معاہدہ کرتے ہیں۔ وہ رسول اکرمؐ کی مخالفت اور ان کے خلاف سازش پر اتفاق کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ منافقوں اور یہودیوں کی راہیں الگ ہو جاتی ہیں۔

۲۷۔ اس آیت سے ثابت ہو جاتا ہے کہ کافروں کے لیے برزخ کا عذاب بھی ہے۔

۳۰۔ چنانچہ بہت سے موقعوں پر ان منافقین کے چہرے بے نقاب ہو گئے۔ ان میں سے کچھ کو فاش کیا گیا اور کچھ کو آخر تک فاش نہیں کیا گیا۔ چنانچہ حضرت حذیفہ اس راز کے امین رہے کہ کون کون منافق ہے۔ اس سلسلے میں صحابی رسول سعید خدری کی ایک روایت مشہور ہے: لَحْنِ الْقَوْلِ، انداز کلام سے مراد علی ابن ابی طالب (علیہ السلام) کے ساتھ بغض ہے۔ ہم عہد رسالت میں منافقین کو علی بن ابی طالب کے ساتھ بغض سے پہچانا کرتے تھے۔ ملاحظہ ہو مسند احمد بن حنبل باب الفضائل، تاریخ ذہبی، الاستیعاب وغیرہ۔ یہ روایت ابو سعید خدری کے علاوہ جابر بن عبد اللہ انصاری، عبادہ بن صامت، عبد اللہ بن مسعود سے بھی منقول ہے۔ عبادہ بن صامت روایت کرتے ہیں: ہم اپنی اولاد کو علی بن ابی طالب کی محبت سے جانچتے تھے۔ کوئی بچہ اگر علی سے محبت نہیں کرتا تو ہم سمجھتے کہ یہ بچہ پاکیزہ نہیں ہے لغیر رشدۃ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ وَشَآقُّوا الرَّسُوْلَ مِنْۢ
بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْهُدٰى ۙ لَنْ
يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيُحْبِطُ
اَعْمَالَهُمْ ﴿۳۲﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ
وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْۤا
اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۳﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ
سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ
فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ ﴿۳۴﴾
فَلَا تَهِنُوْا وَتَدْعُوْۤا اِلَى السَّلْمِ ۖ وَ
اَنْتُمُ الْاَعْلَوْنَ ۚ وَاللّٰهُ مَعَكُمْ وَ
لَنْ يَّتِرَكُمْ اَعْمَالَكُمْ ﴿۳۵﴾
اِنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ وَّلَهْوٌ ؕ
وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا يُؤْتِكُمْ
اُجُوْرَكُمْ وَلَا يَسْـَٔلْكُمْ
اَمْوَالَكُمْ ﴿۳۶﴾
اِنْ يَّسْـَٔلْكُمُوْهَا فَيُحْفِكُمْ
تَبْخَلُوْا وَيُخْرِجْ اَضْغَانَكُمْ ﴿۳۷﴾
هٰۤاَنْتُمْ هٰۤؤُلَآءِ تُدْعَوْنَ لِتُنْفِقُوْا
فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ فَمِنْكُمْ مَّنْ
يَّبْخَلُ ۚ وَمَنْ يَّبْخَلْ فَاِنَّمَا يَبْخَلُ

۳۲۔ یقیناً جنہوں نے ان پر ہدایت ظاہر ہونے کے بعد کفر کیا اور (لوگوں کو) راہ خدا سے روکا اور رسول کی مخالفت کی وہ اللہ کا کچھ بھی نہیں بگاڑ سکتے اور اللہ عنقریب ان کے اعمال حبط کر دے گا۔☆

۳۳۔ اے ایمان والو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور اپنے اعمال کو ضائع نہ کرو۔☆

۳۴۔ یقیناً جنہوں نے کفر کیا اور راہ خدا سے روکا پھر کفر کی حالت میں مر گئے تو اللہ انہیں ہرگز نہیں بخشے گا۔

۳۵۔ تم ہمت نہ ہارو اور نہ ہی صلح کی دعوت دو جب کہ تم ہی غالب ہو اور اللہ تمہارے ساتھ ہے اور وہ ہرگز تمہارے اعمال ضائع نہیں کرے گا۔☆

۳۶۔ بے شک دنیاوی زندگی تو بس کھیل اور فضول ہے اور اگر تم ایمان لے آؤ اور تقویٰ اختیار کرو تو اللہ تمہارا اجر تمہیں دے گا اور تم سے تمہارا مال طلب نہیں کرے گا۔

۳۷۔ اگر (تمہارے رسول) تم لوگوں سے مال کا مطالبہ کریں اور پھر تم سے اصرار کریں تو تم بخل کرنے لگو گے اور وہ (بخل) تمہارے کینے نکال باہر کرے گا۔☆

۳۸۔ آگاہ رہو! تم ہی وہ لوگ ہو جنہیں اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی دعوت دی جاتی ہے تو تم میں سے بعض بخل کرتے ہیں

۳۲۔ جن اعمال کو کارخیر سمجھ کر انجام دیا ہو، ان کا بھی کوئی اجر نہیں ہوگا، نہ ہی ان کوششوں کا کوئی ثمر ملے گا جو وہ رسول اللہؐ کے خلاف کرتے رہے۔ یعنی وہ رسولؐ کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے۔

۳۳۔ آیت کا اطلاق اگرچہ ہر اطاعت کو شامل ہے کہ رسول اللہ کسی شخص کو کوئی حکم دیں اور وہ نہ مانے تو اس کے اعمال حبط ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ سورہ الحجرات میں فرمایا: اے ایمان والو! اپنی آواز نبی کی آواز سے اونچی نہ کرو اور نبی کے ساتھ اونچی آواز میں بات نہ کرو، جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ اونچی آواز میں بات کرتے ہو، کہیں تمہارے اعمال حبط ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔ تاہم اس جگہ جہاد کے بارے میں یہ حکم ہے کہ اگر اللہ اور رسولؐ کا حکم جہاد نہ مانو گے تو دیگر اعمال ضائع ہو جائیں گے۔

۳۵۔ صلح کا حکم فریق مخالف کے عزائم سے مربوط ہے۔ فریق مخالف اگر واقعی صلح کے لیے آمادہ ہے تو صلح قبول کرنے کا حکم ہے: وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا۔ اگر وہ صلح پر مائل ہو جائیں تو آپ بھی صلح کر لیں اور اگر فریق مخالف صلح کی آڑ میں مسلمانوں کو دھوکہ دینا چاہتا ہے تو اس صلح کو ٹھکرا دینا چاہیے: وَاِنْ يُّرِيْدُوْۤا اَنْ يَّخْدَعُوْكَ فَاِنَّ حَسْبَكَ اللّٰهُ (انفال: ۶۱۔۶۲) اگر وہ آپ کو دھوکہ دینا چاہتے ہیں تو اللہ آپ کی مدد کے لیے کافی ہے۔

۳۷۔ سابقہ آیت میں فرمایا: تم سے تمہارا مال طلب نہیں کرے گا۔ یعنی سارا مال طلب نہیں کرے گا یا اصرار سے طلب نہیں کرے گا۔ اس آیت میں فرمایا: اگر تم سے سارا مال طلب کیا جائے یا اصرار سے طلب کیا جائے تو تم نہ صرف بخل کرو گے بلکہ مال طلب کرنے پر تمہارے ضمیر فاش ہو جائیں گے۔

۳۸۔ نہ سارا مال نہ اصرار، صرف انفاق کی ترغیب پر بھی بخل کرتے ہو۔

عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ وَاللّٰهُ الْغَنِیُّ وَاَنْتُمُ
الْفُقَرَآءُ ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا یَسْتَبْدِلْ
قَوْمًا غَیْرَكُمْ ۙ ثُمَّ لَا یَكُوْنُوْۤا
ع اَمْثَالَكُمْ ﴿۳۸﴾

﴿۴۸ سُوْرَةُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّةٌ ۲۹﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا ۙ﴿۱﴾
لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ
ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ وَیُتِمَّ نِعْمَتَهٗ
عَلَیْكَ وَ یَهْدِیَكَ صِرَاطًا
مُّسْتَقِیْمًا ۙ﴿۲﴾
وَّیَنْصُرَكَ اللّٰهُ نَصْرًا عَزِیْزًا ﴿۳﴾
هُوَ الَّذِیْۤ اَنْزَلَ السَّكِیْنَةَ فِیْ
قُلُوْبِ الْمُؤْمِنِیْنَ لِیَزْدَادُوْۤا
اِیْمَانًا مَّعَ اِیْمَانِهِمْ ؕ وَ لِلّٰهِ جُنُوْدُ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ
عَلِیْمًا حَكِیْمًا ۙ﴿۴﴾
لِّیُدْخِلَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ
جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِیْنَ فِیْهَا وَیُكَفِّرَ عَنْهُمْ
سَیِّاٰتِهِمْ ؕ وَكَانَ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ
فَوْزًا عَظِیْمًا ۙ﴿۵﴾
وَّ یُعَذِّبَ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ

اور جو بخل کرتا ہے تو وہ خود اپنے آپ سے بخل کرتا ہے اور اللہ تو بے نیاز ہے اور محتاج تم ہی ہو اور اگر تم نے منہ پھیر لیا تو اللہ تمہارے بدلے اور لوگوں کو لے آئے گا پھر وہ تم جیسے نہ ہوں گے۔☆

سورہ فتح ۔ مدنی۔ آیات ۲۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ (اے رسول) ہم نے آپ کو فتح دی، ایک نمایاں فتح۔☆

۲۔ تاکہ اللہ آپ کی (تحریک کی) اگلی اور پچھلی خامیوں کو دور فرمائے اور آپ پر اپنی نعمت پوری کرے اور آپ کو سیدھے راستے کی رہنمائی فرمائے۔☆

۳۔ اور اللہ آپ کو ایسی نصرت عنایت فرمائے جو بڑی غالب آنے والی ہے۔

۴۔ وہی اللہ ہے جس نے مومنین کے دلوں پر سکون نازل کیا تاکہ ان کے ایمان کے ساتھ مزید ایمان کا اضافہ کرے اور آسمانوں اور زمین کے لشکر سب اللہ ہی کے ہیں اور اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۵۔ تاکہ اللہ مومنین اور مومنات کو ایسی جنتوں میں داخل کرے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں اور جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور تاکہ ان کے گناہوں کو ان سے دور کر دے اور اللہ کے نزدیک یہ بڑی کامیابی ہے۔

۶۔ اور (اس لیے بھی کہ) منافق مردوں اور منافق عورتوں کو اور مشرک مردوں اور مشرکہ

سورہ فتح

۱۔ ۶ ہجری ذوالقعدہ کے مہینے میں رسول اللہؐ تقریباً ڈیڑھ ہزار اصحاب کی معیت میں بقصد عمرہ مدینے سے مکے کی طرف روانہ ہوئے۔ اس سے پہلے آپؐ نے اصحاب کرام کو وہ خواب بھی سنایا تھا کہ آپؐ اپنے اصحاب کے ساتھ مکہ تشریف لے جاتے اور عمرہ بجالاتے ہیں۔ ادھر قریش والوں کو یہ پریشانی لاحق ہوئی کہ ایک طرف تو ذوالقعدہ جیسے حرمت کے مہینے میں عمرہ یا حج سے روکنے کا کسی کو حق نہیں ہے۔ دوسری طرف سے اگر مسلمانوں کا اتنا بڑا قافلہ مکے میں داخل ہو گیا تو اس سے قریش کا سارا رعب ختم ہو جائے گا۔ ادھر مسلمانوں کا قافلہ حدیبیہ پہنچ گیا اور قریش کے ساتھ ایلچیوں کا تبادلہ شروع ہوا۔ حضورؐ نے حضرت عثمان کو قریش کے پاس بھیجا کہ ہم جنگ کے لیے نہیں، بلکہ صرف بیت اللہ کی زیارت کے لیے احرام باندھ کر قربانی کے اونٹوں کے ساتھ آئے ہیں۔ اسی دوران خبر اڑی کہ عثمان کو قتل کیا گیا ہے۔ اس سے جنگ کا خطرہ لاحق ہو گیا، جبکہ مسلمان جنگ کے لیے تیار ہو کر نہیں آئے تھے۔ رسول اللہؐ نے اصحاب کو جمع کیا اور جنگ سے فرار نہ کرنے پر سب سے بیعت لی جو بیعت رضوان کے نام سے مشہور ہے۔ بعد میں قتل عثمان کی خبر غلط نکلی۔ قریش نے صلح پر آمادگی ظاہر کی۔ طویل بحث کے بعد درج ذیل شرائط پر حضرت علی(ع) کے دست مبارک سے یہ صلح نامہ لکھا گیا: ☆ دس سال تک جنگ بند رہے گی۔ ☆ قریش کا جو شخص رسول اللہؐ کے پاس بھاگ کر جائے گا اسے واپس کرنا ہوگا اور رسول اللہؐ کے ساتھیوں میں سے جو شخص قریش کے پاس جائے اسے واپس نہ کیا جائے گا۔ ☆ قبائل میں سے کوئی قبیلہ کسی ایک فریق کا حلیف بن کر اس معاہدے میں شامل ہو سکتا ہے۔ ☆ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عمرہ کیے بغیر واپس جائیں گے اور آئندہ سال عمرہ کر سکیں گے۔

اس معاہدے کو قریش نے اپنی فتح سمجھا اور مسلمانوں میں اضطراب پھیل گیا۔ بعض صحابہ کو تو رسول اللہؐ کی رسالت پر شک ہونا شروع ہوا کہ ہم تو قریش کے آدمی واپس کریں، لیکن وہ ہمارے آدمی واپس نہ کریں!!۔ پھر اس خواب کا کیا مطلب تھا

وَالْمُشْرِكِيْنَ وَ الْمُشْرِكٰتِ
الظَّآنِّيْنَ بِاللّٰهِ ظَنَّ السَّوْءِ ؕ
عَلَيْهِمْ دَآئِرَةُ السَّوْءِ ۚ وَغَضِبَ
اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَلَعَنَهُمْ وَاَعَدَّ لَهُمْ
جَهَنَّمَ ؕ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝۶
وَلِلّٰهِ جُنُوْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝۷
اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّ
نَذِيْرًا ۝۸ ۙ
لِّتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ
وَتُوَقِّرُوْهُ ؕ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً
وَّاَصِيْلًا ۝۹
اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ
اللّٰهَ ؕ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ ۚ فَمَنْ
نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ ۚ وَ
مَنْ اَوْفٰى بِمَا عٰهَدَ عَلَيْهُ اللّٰهَ
فَسَيُؤْتِيْهِ اَجْرًا عَظِيْمًا ۝۱۰ ع ۱ ۹
سَيَقُوْلُ لَكَ الْمُخَلَّفُوْنَ مِنَ
الْاَعْرَابِ شَغَلَتْنَآ اَمْوَالُنَا
وَاَهْلُوْنَا فَاسْتَغْفِرْ لَنَا ۚ يَقُوْلُوْنَ
بِاَلْسِنَتِهِمْ مَّا لَيْسَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ ؕ
قُلْ فَمَنْ يَّمْلِكُ لَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ
شَيْـًٔا اِنْ اَرَادَ بِكُمْ ضَرًّا اَوْ

عورتوں کو جو اللہ کے بارے میں بدگمانی کرتے ہیں عذاب میں مبتلا کرے، یہ لوگ گردش بد کا شکار ہوگئے اور ان پر اللہ نے غضب کیا اور ان پر لعنت کی اور ان کے لیے جہنم آمادہ کر رکھی ہے جو بہت برا انجام ہے۔☆

۷۔ اور آسمانوں اور زمین کے لشکر اللہ کے ہیں اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

۸۔ ہم نے آپ کو گواہی دینے والا، بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے،☆

۹۔ تاکہ تم (مسلمان) اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ، اس کی مدد کرو، اس کی تعظیم کرو اور صبح و شام اس کی تسبیح کرو۔

۱۰۔ بتحقیق جو لوگ آپ کی بیعت کر رہے ہیں وہ یقیناً اللہ کی بیعت کر رہے ہیں، اللہ کا ہاتھ ان کے ہاتھ کے اوپر ہے، پس جو عہد شکنی کرتا ہے وہ اپنے ساتھ عہد شکنی کرتا ہے اور جو اس عہد کو پورا کرے جو اس نے اللہ کے ساتھ کر رکھا ہے تو اللہ عنقریب اسے اجر عظیم دے گا۔☆

۱۱۔ صحرانشین جو پیچھے رہ گئے ہیں وہ جلد ہی آپ سے کہیں گے: ہمیں ہمارے اموال اور اہل و عیال نے مشغول رکھا لہٰذا ہمارے لیے مغفرت طلب کیجیے، یہ اپنی زبانوں سے وہ بات کرتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہے، کہہ دیجیے: اگر اللہ تمہیں ضرر پہنچانے کا ارادہ کرلے یا فائدہ پہنچانا چاہے تو کون ہے جو اس کے سامنے تمہارے لیے

جو حضورؐ نے دیکھا تھا؟ صلح حدیبیہ سے واپس جاتے ہوئے راستے میں سورۃ الفتح، فتح و نصرت کی نوید لے کر نازل ہوئی۔ چنانچہ بعد میں سب نے عملاً دیکھ لیا کہ اس معاہدے کی برکت سے اسلام کو ایک باغیانہ تحریک کی حیثیت سے نہیں، بلکہ ایک دین کے طور تسلیم کیا گیا۔ جنگ بندی سے امن کی فضا بحال ہوگئی، جس میں اسلام نے خوب پھلنا پھولنا شروع کیا۔ صرف چند ماہ بعد خیبر فتح ہو گیا اور دو سال کے قلیل عرصے میں ۱۴۰۰ کا یہ لشکر دس ہزار کی تعداد کے ساتھ مکے میں داخل ہو گیا۔

۲۔ یعنی اس صلح سے آپؐ کے لشکر کی اگلی پچھلی کوتاہیوں کی تلافی کر دی گئی اور اس صلح سے فتح و نصرت کے وہ دوازے کھل گئے، جو پچھلے ۱۹ سالوں میں نہ کھل سکے تھے۔ واضح رہے کہ اگرچہ یہاں خطاب رسول اللہؐ سے ہے، لیکن کوتاہی خود رسول اللہؐ سے صادر نہیں ہوئی، بلکہ اس مشن میں شریک لوگوں کی طرف سے وقتاً فوقتاً ہوتی رہی۔

۴۔ مسلمانوں کا قافلہ نہتا ہو کر اس دشمن کے پاس جا رہا ہے جو مسلمانوں کے خون کے پیاسے ہیں اور جنہوں نے ایک سال پہلے مسلمانوں کے خلاف احزاب کی جنگ لڑی تھی۔ اس وقت اللہ نے ان کے دلوں پر سکون نازل کیا۔ ایمان کے درجات ہوتے ہیں اور مختلف حالات میں انسان کے ایمان میں تقویت یا کمزوری آیا کرتی ہے۔

۶۔ منافقین کو یہ گمان تھا کہ اب مسلمان اس خطرناک سفر سے واپس نہیں آ سکیں گے۔

۸۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرآن میں متعدد مقامات پر شاھد کہا ہے۔ یہ گواہی بندوں کے اعمال سے متعلق ہے۔ دنیا میں وہ ان اعمال کے مطابق بشارت اور نظارت کی ذمہ داری اٹھائیں گے۔ آخرت میں ان اعمال کی گواہی دیں گے۔

۱۰۔ یہ بیعت اس بات پر لی گئی تھی کہ میدان جنگ سے راہ فرار اختیار نہیں کریں گے۔ اس بیعت کو الٰہی قرار دے کر اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولؐ کے ہاتھ کو اپنا ہاتھ قرار دیا۔

۱۱۔ مدینے کے اطراف میں رہنے والے ان بدوؤں کا ذکر ہے جن کو رسول اللہؐ نے عمرہ کے لیے ساتھ چلنے کا حکم دیا تھا، لیکن انہوں نے ساتھ نہ چلنے کو ترجیح دی تھی۔

اَرَادَ بِكُمْ نَفْعًا ؕ بَلْ كَانَ اللّٰهُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۱﴾
بَلْ ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ يَّنْقَلِبَ
الرَّسُوْلُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ اِلٰٓى اَهْلِيْهِمْ
اَبَدًا وَّزُيِّنَ ذٰلِكَ فِيْ قُلُوْبِكُمْ وَ
ظَنَنْتُمْ ظَنَّ السَّوْءِ ۖۚ وَكُنْتُمْ قَوْمًا
بُوْرًا ﴿۱۲﴾
وَمَنْ لَّمْ يُؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ فَاِنَّآ
اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَعِيْرًا ﴿۱۳﴾
وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۴﴾
سَيَقُوْلُ الْمُخَلَّفُوْنَ اِذَا انْطَلَقْتُمْ
اِلٰى مَغَانِمَ لِتَاْخُذُوْهَا ذَرُوْنَا
نَتَّبِعْكُمْ ۚ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا
كَلٰمَ اللّٰهِ ؕ قُلْ لَّنْ تَتَّبِعُوْنَا
كَذٰلِكُمْ قَالَ اللّٰهُ مِنْ قَبْلُ ۚ
فَسَيَقُوْلُوْنَ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا ؕ بَلْ
كَانُوْا لَا يَفْقَهُوْنَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۵﴾
قُلْ لِّلْمُخَلَّفِيْنَ مِنَ الْاَعْرَابِ
سَتُدْعَوْنَ اِلٰى قَوْمٍ اُولِيْ بَاْسٍ
شَدِيْدٍ تُقَاتِلُوْنَهُمْ اَوْ يُسْلِمُوْنَ ۚ
فَاِنْ تُطِيْعُوْا يُؤْتِكُمُ اللّٰهُ اَجْرًا

کچھ اختیار رکھتا ہو؟ بلکہ اللہ تو تمہارے اعمال سے خوب باخبر ہے۔☆

۱۲۔ بلکہ تم یہ گمان کرتے تھے کہ پیغمبر اور مومنین اپنے اہل وعیال میں کبھی بھی لوٹ کر نہیں آئیں گے اور یہ بات تمہارے دلوں میں خوشنما بنا دی گئی اور تم نے برا گمان کر رکھا تھا اور تم ہلاک ہونے والی قوم ہو۔☆

۱۳۔ اور جو شخص اللہ اور اس کے رسول پر ایمان نہ لائے ہم نے (ایسے) کفار کے لیے دہکتی آگ تیار کر رکھی ہے۔

۱۴۔ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی صرف اللہ کے لیے ہے، وہ جسے چاہے بخش دیتا ہے اور جسے چاہے عذاب دیتا ہے اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، مہربان ہے۔

۱۵۔ جب تم غنیمتیں لینے چلو گے تو پیچھے رہ جانے والے جلد ہی کہنے لگیں گے: ہمیں بھی اجازت دیجیے کہ آپ کے ساتھ چلیں، وہ اللہ کے کلام کو بدلنا چاہتے ہیں، کہہ دیجیے: اللہ نے پہلے ہی فرمایا تھا کہ تم ہرگز ہمارے ساتھ نہیں جاؤ گے، پھر وہ کہیں گے: نہیں بلکہ تم ہم سے حسد کرتے ہو، (دراصل) یہ لوگ بہت ہی کم سمجھتے ہیں۔☆

۱۶۔ آپ پیچھے رہ جانے والے صحرانشینوں سے کہہ دیجیے: تم عنقریب ایک جنگجو قوم کے مقابلے کے لیے بلائے جاؤ گے، تم یا تو ان سے لڑو گے یا وہ اسلام قبول کریں گے پس اگر تم نے اطاعت کی تو اللہ تمہیں بہتر اجر

۱۲۔ ساتھ نہ چلنے کی وجہ ان کی یہ سوچ تھی کہ اب رسول اللہؐ اور مؤمنین واپس نہیں آ سکیں گے اور یہ خیال انہیں بہت بھلا لگ رہا تھا۔ جس کے دل میں لشکر اسلام کی تباہی کا خیال شیریں ہو وہ مسلمان کیسے ہو سکتا ہے؟

۱۵۔ ایک وقت ایسا آئے گا کہ یہ لوگ مسلمانوں کو آسان فتوحات کی طرف جاتے دیکھ کر ساتھ چلنے کی خواہش کریں گے۔ چنانچہ چند ماہ بعد جنگ خیبر کے موقع پر ان لوگوں نے دیکھا کہ اب تو خطرے کے بغیر آسانی سے فتوحات شروع ہو گئی ہیں اور اموال غنیمت وافر مقدار میں حاصل ہونے کے امکانات بھی روشن ہو گئے ہیں، لہٰذا ہم بھی ساتھ چلتے ہیں۔ لیکن رسول اللہؐ کو پہلے ہی حکم دیا گیا تھا کہ ان کو ساتھ نہیں لے جانا، بلکہ وہ لوگ اس کے زیادہ حقدار ہیں جنہوں نے خطرات کے دنوں میں جہاد میں حصہ لیا ہے۔ یعنی حدیبیہ میں شریک رہے۔

يُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبَدِّلُوْا كَلٰمَ اللّٰهِ: وہ اللہ کے اس کلام کو بدلنا چاہتے ہیں کہ جس میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا تھا کہ خیبر کی جنگ میں صرف حدیبیہ والے شرکت کریں گے یا اس وعدے کو جھٹلانا چاہتے ہیں کہ خیبر کے غنائم صرف حدیبیہ والوں کو ملیں گے۔ بَلْ تَحْسُدُوْنَنَا وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر یہ الزام بھی عائد کریں گے کہ ہماری شرکت کی ممانعت اللہ کی طرف سے نہیں ہے، بلکہ صرف حسد کی بنیاد پر ہمیں شریک ہونے نہیں دیا جا رہا ہے۔

۱۶۔ اس جنگجو قوم سے مراد یقیناً وہ لوگ ہیں جن سے خود رسول اللہؐ نے جنگ لڑی ہے۔ جیسے بقول قتادہ، ثقیف، ہوازن، جنگ موتہ۔ اس پر دلیل یہ ہے کہ آیت کے آخر میں فرمایا: اگر تم (ان آنے والی جنگوں میں) اطاعت کرو تو اجر ملے گا۔ اگر تم نے منہ پھیر لیا تو دردناک عذاب ہو گا۔ یہ تعبیر ان جنگوں کے لیے ہے جو رسول اللہ کی معیت میں لڑی گئی ہیں۔ ثانیاً اگر اس سے بعد از رسولؐ کی جنگیں مراد لی جائیں تو اس سے جنگ کی دعوت دینے والوں کی امامت کا کوئی ربط نہیں بنتا۔ قرآن نے بخت نصر کافر کے بارے میں کہا:

بَعَثْنَا عَلَيْكُمْ عِبَادًا لَّنَآ اُولِيْ بَاْسٍ شَدِيْدٍ۔

حَسَنًا ۚ وَاِنْ تَتَوَلَّوْا كَمَا تَوَلَّيْتُمْ
مِّنْ قَبْلُ يُعَذِّبْكُمْ عَذَابًا
اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾
لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا
عَلَى الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
الْمَرِيْضِ حَرَجٌ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ
مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۚ وَمَنْ يَّتَوَلَّ
يُعَذِّبْهُ عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۱۷﴾ ع
لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ
يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا
فِيْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ
عَلَيْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ﴿۱۸﴾
وَّمَغَانِمَ كَثِيْرَةً يَّاْخُذُوْنَهَا ؕ وَكَانَ
اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ﴿۱۹﴾
وَعَدَكُمُ اللّٰهُ مَغَانِمَ كَثِيْرَةً
تَاْخُذُوْنَهَا فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ وَ
كَفَّ اَيْدِيَ النَّاسِ عَنْكُمْ ۚ
وَلِتَكُوْنَ اٰيَةً لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَ
يَهْدِيَكُمْ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۲۰﴾
وَّاُخْرٰى لَمْ تَقْدِرُوْا عَلَيْهَا قَدْ
اَحَاطَ اللّٰهُ بِهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ
شَيْءٍ قَدِيْرًا ﴿۲۱﴾

الصف ۲ ع ۲

دے گا اور اگر تم نے منہ پھیر لیا جیسا کہ تم نے پہلے منہ پھیرا تھا تو وہ تمہیں شدید دردناک عذاب دے گا۔☆

۱۷۔ (جہاد میں شرکت نہ کرنے میں) اندھے پر کوئی حرج نہیں اور نہ ہی لنگڑے پر کوئی مواخذہ ہے اور نہ ہی بیمار پر کوئی حرج ہے، جو اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتا ہے اللہ اسے ایسی ہی جنتوں میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جو منہ موڑ لے گا اللہ اسے شدید دردناک عذاب دے گا۔

۱۸۔ تحقیق اللہ ان مومنین سے راضی ہو گیا جو درخت کے نیچے آپ کی بیعت کر رہے تھے، پس جو ان کے دلوں میں تھا وہ اللہ کو معلوم ہو گیا، لہٰذا اللہ نے ان پر سکون نازل کیا اور انہیں قریبی فتح عنایت فرمائی۔☆

۱۹۔ اور وہ بہت سی غنیمتیں بھی حاصل کریں گے اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

۲۰۔ اللہ نے تم سے بہت سی غنیموں کا وعدہ فرمایا ہے جنہیں تم حاصل کرو گے پس یہ (فتح) تو اللہ نے تمہیں فوری عنایت کی ہے، اس نے لوگوں کے ہاتھ تم سے روک دیے تاکہ یہ مومنین کے لیے ایک نشانی ہو اور تمہیں راہ راست کی ہدایت دے۔☆

۲۱۔ اور دیگر (غنیمتیں) بھی جن پر تم قادر نہ تھے، وہ اللہ کے احاطہ قدرت میں آ گئیں اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔

(بنی اسرائیل : ۵) ہم نے اپنے جنگجو بندوں کو تم (یہودیوں) پر مسلط کیا تو عِبَادًا لَّنَآ سے مومن ہونا ثابت نہیں ہوتا، تدعون سے امامت کیسے ثابت ہوتی ہے۔

۱۸۔ ان بیعت کرنے والوں کے قلب میں جو جذبہ ایثار و قربانی موجزن تھا، اس بنا پر اللہ نے اپنی رضایت کا اعلان فرمایا۔ چونکہ اصحاب بیعت اس وقت صادق الایمان، رسولؐ کے وفادار اور خلوص کے اعلیٰ درجہ پر فائز تھے، اس لیے وہ اللہ کی رضایت حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے، جس سے بالاتر کوئی کامیابی نہیں ہے۔ درست ہے کہ اللہ کی طرف سے سند خوشنودی عطا ہونے کے بعد اگر کوئی شخص ان سے ناراض ہو یا ان پر زبان طعن دراز کرے تو اس کا مقابلہ ان سے نہیں، بلکہ اللہ سے ہے۔ البتہ یہ بات ذہن میں رہے کہ یہ بیعت جنگ سے فرار نہ کرنے کا ایک عہد تھی۔ اگر بعد میں کسی نے عہد شکنی کی تو اس سے انکشاف ہوتا ہے کہ وہ ان ہستیوں کی صف میں شروع سے شامل ہی نہ تھا جن سے اللہ راضی ہوا ہے۔ چنانچہ بیعت رضوان کی پہلی آیت میں بیعت کے ذکر کے بعد فرمایا: فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا يَنْكُثُ عَلٰى نَفْسِهٖ۔ جو اس عہد کو توڑے گا، اس کی عہد شکنی کا وبال اس کی اپنی ذات پر ہو گا۔ چنانچہ جنگ حنین میں جب لوگ جنگ سے بھاگ گئے تو حضرت ابن عباس کو بیعت رضوان کا حوالہ دے کر بلانا پڑا۔

فَتْحًا قَرِيْبًا: اس قریبی فتح سے مراد فتح خیبر ہے۔

۲۰۔ جن غنیمتوں کا وعدہ ہے، وہ خیبر و دیگر جنگوں کی غنیمتیں ہیں۔ فَعَجَّلَ لَكُمْ هٰذِهٖ۔ یہ کون سی غنیمت تھی جو اللہ نے انہیں فوری عنایت فرمائی؟ بعض کہتے ہیں اس غنیمت سے مراد صلح حدیبیہ ہے، جسے فتح مبین قرار دیا ہے۔ بعض کہتے ہیں فتح خیبر مراد ہے۔ حدیبیہ کے بعد فوری حاصل ہونے کی وجہ سے اسے فوری غنیمت کہا ہے۔

وَلَوْ قٰتَلَكُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوَلَّوُا
الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا يَجِدُوْنَ وَلِيًّا وَّ
لَا نَصِيْرًا ﴿۲۲﴾
سُنَّةَ اللّٰهِ الَّتِيْ قَدْ خَلَتْ مِنْ
قَبْلُ ۚ وَ لَنْ تَجِدَ لِسُنَّةِ اللّٰهِ
تَبْدِيْلًا ﴿۲۳﴾
وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ
وَاَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ
مِنْۢ بَعْدِ اَنْ اَظْفَرَكُمْ عَلَيْهِمْ ؕ
وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرًا ﴿۲۴﴾
هُمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْكُمْ
عَنِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَالْهَدْيَ
مَعْكُوْفًا اَنْ يَّبْلُغَ مَحِلَّهٗ ؕ وَلَوْ
لَا رِجَالٌ مُّؤْمِنُوْنَ وَ نِسَآءٌ
مُّؤْمِنٰتٌ لَّمْ تَعْلَمُوْهُمْ اَنْ
تَطَـُٔوْهُمْ فَتُصِيْبَكُمْ مِّنْهُمْ
مَّعَرَّةٌۢ بِغَيْرِ عِلْمٍ ۚ لِيُدْخِلَ اللّٰهُ
فِيْ رَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۚ لَوْ تَزَيَّلُوْا
لَعَذَّبْنَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ
عَذَابًا اَلِيْمًا ﴿۲۵﴾
اِذْ جَعَلَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ
الْحَمِيَّةَ حَمِيَّةَ الْجَاهِلِيَّةِ فَاَنْزَلَ
اللّٰهُ سَكِيْنَتَهٗ عَلٰى رَسُوْلِهٖ وَعَلَى

۲۲۔ اور اگر کفار تم سے جنگ کرتے تو پیٹھ دکھا کر فرار کرتے، پھر وہ نہ کوئی کارساز پاتے اور نہ مددگار۔☆

۲۳۔ اللہ کے دستور کے مطابق جو پہلے سے رائج ہے اور آپ اللہ کے دستور میں کبھی کوئی تبدیلی نہیں پائیں گے۔☆

۲۴۔ اور وہ وہی ہے جس نے کفار پر تم کو فتحیاب کرنے کے بعد وادی مکہ میں ان کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ ان سے روک دیے اور اللہ تمہارے اعمال پر خوب نظر رکھتا ہے۔☆

۲۵۔ یہی وہ لوگ ہیں جنہوں نے کفر کیا اور تمہیں مسجد الحرام سے روکا اور قربانیوں کو بھی اپنی جگہ (قربان گاہ) تک پہنچنے سے روک دیا اور اگر (مکہ میں) ایسے مومن مرد اور مومنہ عورتیں نہ ہوتیں جنہیں تم نہیں جانتے تھے (اور یہ خطرہ نہ ہوتا) کہ کہیں تم انہیں روند ڈالو اور بے خبری میں ان کی وجہ سے تمہیں بھی ضرر پہنچ جائے (تو اذن جہاد مل جاتا) تاکہ اللہ جسے چاہے اپنی رحمت میں داخل کرے، اگر (کافر اور مسلمان) الگ الگ ہو جاتے تو ان میں سے جو لوگ کافر ہیں انہیں ہم دردناک عذاب دیتے۔☆

۲۶۔ جب کفار نے اپنے دلوں میں تعصب رکھا تعصب بھی جاہلیت کا تو اللہ نے اپنے رسول اور مومنین پر اپنا سکون نازل فرمایا

۲۲۔ اگر جنگ کافروں اور مسلمانوں میں ہو رہی ہے تو اس صورت میں اللہ کی طرف سے فتح کی کوئی ضمانت نہیں ہے۔ یہ مسلمانوں کی مادی و روحانی طاقت پر موقوف ہے۔ اگر جنگ کفر و اسلام میں ہو اور مسلمانوں سے بھی کوئی جنگی خیانت سرزد نہ ہوئی ہو تو اس صورت میں اللہ کی طرف سے فتح کی ضمانت ہے۔

۲۳۔ یہ الٰہی دستور و قانون ہے۔ تمام امتوں کے لیے رائج ہے۔ چنانچہ بدر میں مسلمانوں سے کوئی جنگی خیانت سرزد نہیں ہوئی تو اسلام کے ایک بے سر و سامان چھوٹے سے لشکر کو کفر کی بڑی طاقت پر فتح بھی دے دی گئی۔

۲۴۔ عرب کا قانون تھا کہ ہر شخص کو حج اور عمرہ کے لیے بیت اللہ جانے کا حق ہے اور مسلمہ حق کو صرف اپنی جاہلی حمیت اور تعصب کی بنیاد پر مسلمانوں سے سلب کیا۔ اس کے مقابلے میں مسلمانوں میں ہیجان آنا چاہیے تھا، جس کا نتیجہ اسلام کی مصلحت میں نہ تھا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا سکون نازل فرمایا۔

۲۵۔ یہ تھی وہ مصلحت جس کی وجہ سے حدیبیہ میں اللہ نے جنگ نہ ہونے دی۔ کیونکہ مکے میں بہت سے مسلمان مرد اور عورتیں موجود تھے، جو ہجرت کرنے پر قادر نہ تھے۔ اگر جنگ ہوتی تو نادانستگی میں کفار کے ساتھ یہ مسلمان بھی مارے جاتے۔

الْمُؤْمِنِيْنَ وَ اَلْزَمَهُمْ كَلِمَةَ
التَّقْوٰى وَ كَانُوْٓا اَحَقَّ بِهَا
وَاَهْلَهَا ؕ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ
ع ۲ ۹ ۱۱ عَلِيْمًا ﴿۲۶﴾ ع
لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّءْيَا
بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ
اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِيْنَ ۙ مُحَلِّقِيْنَ
رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِيْنَ ۙ لَا
تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا
فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا
قَرِيْبًا ﴿۲۷﴾
هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ
بِالْهُدٰى وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ
عَلَى الدِّيْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰى بِاللّٰهِ
شَهِيْدًا ﴿۲۸﴾ ؕ
مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ
مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ
بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا
يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۫
سِيْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ
السُّجُوْدِ ؕ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی
التَّوْرٰىةِ ۚۛ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِيْلِ ۚۛ
كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ

اور انہیں تقویٰ کے اصول پر ثابت رکھا اور وہ اس کے زیادہ مستحق اور اہل تھے اور اللہ ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔

۲۷۔ بتحقیق اللہ نے اپنے رسول کے حق پر مبنی خواب کو سچا ثابت کیا کہ اللہ نے چاہا تو تم لوگ اپنے سر تراش کر اور بال کتروا کر امن کے ساتھ بلاخوف مسجد الحرام میں ضرور داخل ہو گے، پس اسے وہ بات معلوم تھی جو تم نہیں جانتے تھے، پس اس نے اس کے علاوہ بھی ایک نزدیکی فتح ممکن بنا دی۔☆

۲۸۔ وہ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ وہ اسے ہر دین پر غالب کر دے اور گواہی دینے کے لیے اللہ ہی کافی ہے۔

۲۹۔ محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت گیر اور آپس میں مہربان ہیں، آپ انہیں رکوع، سجود میں دیکھتے ہیں، وہ اللہ کی طرف سے فضل اور خوشنودی کے طلبگار ہیں سجدوں کے اثرات سے ان کے چہروں پر نشان پڑے ہوئے ہیں، ان کے یہی اوصاف توریت میں بھی ہیں اور انجیل میں بھی ان کے یہی اوصاف ہیں، جیسے ایک کھیتی جس نے (زمین سے) اپنی سوئی نکالی

۲۷۔ جب مسلمان حدیبیہ سے عمرہ کیے بغیر واپس ہو گئے تو ذہنوں میں یہ سوال اٹھنا قدرتی امر تھا کہ پھر اس خواب کا کیا نتیجہ تھا جو حضورؐ نے دیکھا تھا؟ اللہ تعالیٰ نے خود وضاحت فرمائی کہ وہ خواب سچا ہے اور پورا ہونے والا ہے۔

۲۹۔ اس آیت میں رسول اسلامؐ کے ساتھیوں کے پانچ اہم ایسے اوصاف بیان ہوئے ہیں جن کی مثال دوسری آسمانی کتابوں میں بھی ہے۔ رسول اللہؐ کے ہم عصر مسلمانوں میں سے جن ہستیوں میں یہ اوصاف موجود ہوں، ان کے لیے یہ بہت بڑی فضیلت ہے۔ یہ ایسی فضیلت ہے جس کے لیے خود اللہ اجر عظیم کا صریح وعدہ فرما رہا ہے۔ یہ وعدہ ان لوگوں کے لیے ہے جو رسول اللہؐ کی معیّت میں ہیں۔ معیّت اور صحبت میں فرق ہے۔ صحبت ایک جگہ ساتھ پائے جانے کو کہتے ہیں، جبکہ معیّت ایک مشن ایک تحریک میں ہر قدم پر ساتھ دینے کو کہتے ہیں۔ چنانچہ ان ربی یصاحبنی نہیں کہتے بلکہ اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ کہتے ہیں، اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا کہتے ہیں، چونکہ اللہ ہر قدم پر ساتھ ہوتا ہے اور وَطَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِیْنَ مَعَكَ (مزمل:۲۰) اور ایک جماعت جو آپ کے ساتھ ہے۔ قابل توجہ نکتہ یہ ہے کہ سورہ توبہ آیت ۴۰ میں فرمایا: اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰهَ مَعَنَا. اس میں ساتھی کے لیے صاحبہ اور اللہ کے لیے مَعَنَا کہا۔ یعنی رسول اللہؐ کو ایک ساتھی کی صحبت اور اللہ کی معیّت حاصل تھی۔ وہ لوگ جو ہر میدان میں رسولؐ کے ساتھ نہیں رہے اور جنہوں نے میدان جنگ میں ایک کافر کو بھی نہیں مارا نیز جو آپس میں نہایت تند مزاجی سے پیش آئے ہوں، وہ لوگ اس آیت کے مصداق نہیں ہیں۔ اس آیت مبارکہ سے وہ موضوعاً خارج ہیں، جن پر یہ آیت صادق آتی ہے، ان پر طعن، قرآن کی نص صریح کے خلاف ہے۔ اس کا کوئی مسلمان مرتکب نہیں ہوسکتا اور جن پر یہ آیت صادق نہیں آتی ان کو آیت سے خارج سمجھنا طعن نہیں ہے۔ چنانچہ اصحاب افک میں بدری بھی شامل ہیں، جن کی سورہ نور آیت ۲۳ میں بھرپور مذمت ہے۔ ولید بن عتبہ بھی صحابی ہے۔ سورہ حجرات آیت ۶ میں اسے فاسق کہا ہے۔ اس بنا پر وَالَّذِیْنَ مَعَهٗٓ میں معیّت مراد لینا ہوگا، صحبت نہیں۔ اسی لیے اول تو مِنْ برائے تبعیض ہے، چونکہ مِنْ بیانیہ ضمیر پر داخل نہیں ہوتا، ثانیاً اس مِنْ سے ہٹ کر خود قرآنی دیگر آیات اور تاریخی شواہد اس استثنا

فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ
يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ
الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً
وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿۲۹﴾ ع ۴

پھر اسے مضبوط کیا اور وہ موٹی ہو گئی پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہو گئی اور کسانوں کو خوش کرنے لگی تا کہ اس طرح کفار کا جی جلائے، ان میں سے جو لوگ ایمان لائے اور اعمال صالح بجا لائے ان سے اللہ نے مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ کیا ہے۔☆

سورہ ۴۹ سُوْرَةُ الْحُجُرٰتِ مَدَنِيَّةٌ ۱۸

سورہ حجرات۔ مدنی۔ آیات ۱۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُقَدِّمُوْا بَيْنَ
يَدَيِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۱﴾

۱۔ اے ایمان والو! اللہ اور اس کے رسول سے آگے نہ بڑھو اور اللہ سے ڈرو، یقیناً اللہ خوب سننے والا، جاننے والا ہے۔☆

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا
اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِيِّ
وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ
بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ
اَعْمَالُكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَ ﴿۲﴾

۲۔ اے ایمان والو! اپنی آوازیں نبی کی آواز سے بلند نہ کرو اور نبی کے ساتھ اونچی آواز سے بات نہ کرو جس طرح تم آپس میں ایک دوسرے سے اونچی آواز میں بات کرتے ہو کہیں تمہارے اعمال حبط ہو جائیں اور تمہیں خبر بھی نہ ہو۔☆

اِنَّ الَّذِيْنَ يَغُضُّوْنَ اَصْوَاتَهُمْ
عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰى ؕ
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۳﴾

۳۔ جو لوگ اللہ کے رسول کے سامنے دھیمی آواز میں بات کرتے ہیں بلاشبہ یہی وہ لوگ ہیں جن کے دل اللہ نے تقویٰ کے لیے آزما لیے ہیں ان کے لیے مغفرت اور اجر عظیم ہے۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ
الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا
يَعْقِلُوْنَ ﴿۴﴾

۴۔ جو لوگ آپ کو حجروں کے پیچھے سے پکارتے ہیں بلاشبہ ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔☆

وَلَوْ اَنَّهُمْ صَبَرُوْا حَتّٰى تَخْرُجَ

۵۔ اور اگر یہ لوگ صبر کرتے یہاں تک کہ آپ ان کی طرف نکل آتے تو ان کے

پر قطعی شاہد ہیں۔

لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ: تا کہ ان کی نشو ونما کفار کو جلائے۔ جن پر کفار جلتے ہیں ان کی رسول سے معیت ثابت ہوتی ہے۔ نہ مطلق جلنا، بلکہ رسولؐ کی ہر قدم میں معیت کی وجہ سے جلنا۔ ایسا نہیں ہے کہ جو بھی لوگ ان پر جلتے ہوں، وہ کافر ثابت ہو جائیں۔ اصحاب ایک دوسرے پر نہ صرف جلتے تھے، مقاتلہ تک کی نوبت آتی تھی۔ اگر کسی صحابی پر جلنے والا کافر ہوتا ہے تو اس کی زد میں عصر معاویہ سے عصر عمر بن عبد العزیز تک ساری امت آ جاتی ہے۔ اس نکتے کی طرف متوجہ ہو کر مفسر تھانوی نے لکھا ہے: صحابہ پر کافروں کے ذی غیظ ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ جو بھی صحابہ پر ذی غیظ ہو وہ کافر ہے۔

سورہ حجرات

۱۔ رسولؐ خداوند عالم کی طرف سے قانون دہندہ ہے، لہٰذا رسولؐ سے آگے بڑھنے کا مطلب مداخلت فی الدین ہے۔ یعنی اللہ کی حاکمیت میں مداخلت ہے۔ لہٰذا ایمان کا بنیادی تقاضا یہ ہے کہ اپنے اجتہاد پر اللہ اور رسولؐ کے حکم کو مقدم رکھا جائے اور حکم رسولؐ کے خلاف فتویٰ صادر کرنے کا یہ جواز پیش نہ کیا جائے کہ دو مجتہدین میں اختلاف کوئی نئی بات نہیں ہے۔

۲۔ یہ صرف آداب کا حصہ ہی نہیں، بلکہ ایک طرز عمل ہے، جس کا سرا رسولؐ کی رسالت پر ایمان کی نوعیت سے ملتا ہے کہ اللہ کے نزدیک رسولؐ کی یہ عظمت ہے کہ ان کے سامنے اونچی آواز سے بات کرنے سے عمل حبط ہو جاتا ہے۔ جبکہ بعض لوگوں نے رسولؐ کی مجلس میں بیٹھ کر اس قدر شور مچایا کہ رسولؐ کو قوموا عني کہنا پڑا۔ چونکہ رسولؐ کبھی ذاتی حیثیت میں بات نہیں کرتے، بلکہ جو بھی بات کرتے ہیں وہ اللہ کی طرف سے ہوتی ہے۔ لہٰذا رسولؐ کے ساتھ بے اعتنائی، رسالت کے ساتھ بے اعتنائی ہے اور رسالت کے ساتھ بے اعتنائی خود اللہ تعالیٰ کے ساتھ بے اعتنائی ہے۔

۴۔ حالانکہ یہ حرکت بنی تمیم کے ستر افراد پر مشتمل ایک وفد سے سرزد ہوئی، جن کے بارے میں یہ حدیث بیان کی جاتی ہے کہ رسول اللہ نے فرمایا: لا ازال احب بني تميم لثلاث ... میں تین باتوں کی وجہ سے بنی تمیم سے محبت کرتا ہوں ....

۵۔ کچھ غیر مہذب اور مدینے کے اطراف و جوانب سے حضورؐ سے ملاقات کے لیے آنے والے لوگ

اِلَيْهِمْ لَكَانَ خَيْرًا لَّهُمْ ؕ وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝۵
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ جَآءَكُمْ
فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا اَنْ تُصِيْبُوْا
قَوْمًۢا بِجَهَالَةٍ فَتُصْبِحُوْا عَلٰى مَا
فَعَلْتُمْ نٰدِمِيْنَ ۝۶
وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ فِيْكُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ؕ
لَوْ يُطِيْعُكُمْ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنَ الْاَمْرِ
لَعَنِتُّمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ حَبَّبَ
اِلَيْكُمُ الْاِيْمَانَ وَزَيَّنَهٗ فِيْ
قُلُوْبِكُمْ وَكَرَّهَ اِلَيْكُمُ الْكُفْرَ وَ
الْفُسُوْقَ وَالْعِصْيَانَ ؕ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الرّٰشِدُوْنَ ۝۷ۙ
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَنِعْمَةً ؕ وَاللّٰهُ
عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝۸
وَاِنْ طَآئِفَتٰنِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ
اقْتَتَلُوْا فَاَصْلِحُوْا بَيْنَهُمَا ۚ فَاِنْۢ
بَغَتْ اِحْدٰىهُمَا عَلَى الْاُخْرٰى
فَقَاتِلُوا الَّتِيْ تَبْغِيْ حَتّٰى تَفِيْٓءَ اِلٰٓى
اَمْرِ اللّٰهِ ۚ فَاِنْ فَآءَتْ فَاَصْلِحُوْا
بَيْنَهُمَا بِالْعَدْلِ وَاَقْسِطُوْا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۹
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ فَاَصْلِحُوْا

لیے بہتر تھا اور اللہ بڑا مغفرت کرنے والا، خوب رحم کرنے والا ہے۔☆

۶۔ اے ایمان والو! اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تم تحقیق کر لیا کرو، کہیں نادانی میں تم کسی قوم کو نقصان پہنچا دو پھر تمہیں اپنے کیے پر نادم ہونا پڑے۔☆

۷۔ اور تمہیں علم ہونا چاہیے کہ اللہ کے رسول تمہارے درمیان موجود ہیں، اگر بہت سے معاملات میں وہ تمہاری بات مان لیں تو تم خود مشکل میں پڑ جاؤ گے لیکن اللہ تعالیٰ نے ایمان کو تمہارے لیے محبوب بنا دیا اور اسے تمہارے دلوں میں مزین فرمایا اور کفر اور فسق اور نافرمانی کو تمہارے نزدیک ناپسندیدہ بنا دیا، یہی لوگ راہ راست پر ہیں،☆

۸۔ اللہ کی طرف سے فضل اور نعمت کے طور پر اور اللہ خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔

۹۔ اور اگر مومنین کے دو گروہ آپس میں لڑ پڑیں تو ان کے درمیان صلح کرا دو، پھر اگر ان دونوں میں سے ایک دوسرے پر زیادتی کرے تو زیادتی کرنے والے سے لڑو یہاں تک کہ وہ اللہ کے حکم کی طرف لوٹ آئے، پھر اگر وہ لوٹ آئے تو ان کے درمیان عدل کے ساتھ صلح کرا دو اور انصاف کرو، یقیناً اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔☆

۱۰۔ مومنین تو بس آپس میں بھائی بھائی ہیں، لہٰذا تم لوگ اپنے دو بھائیوں کے درمیان

ازواج مطہرات کے حجروں کے باہر سے حضورؐ کو یا محمد اخرج الینا (اے محمد باہر نکلیں) کہہ کر پکارتے تھے۔ جس سے رسول اللہؐ کو اذیت ہوتی تھی۔ ایسے ناشائستہ لوگوں کی سرزنش کے لیے یہ آیت نازل ہوئی۔

۶۔ رسول اللہؐ نے ولید بن عتبہ کو قبیلہ بنی مصطلق سے زکوٰۃ وصول کرنے کے لیے بھیجا۔ یہ ان کے نزدیک پہنچا تو لوگ نمائندہ رسولؐ کے استقبال کے لیے نکلے۔ ولید ڈر گیا اور واپس بھاگ آیا۔ (کیونکہ زمانہ جاہلیت میں ولید اور ان کے درمیان دشمنی تھی) ولید نے رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہو کر کہا: وہ زکوٰۃ دینے سے انکار کرتے ہیں۔ رسول کریمؐ رنجیدہ ہوئے اور آپؐ نے ان کے ساتھ جنگ کرنے کا ارادہ کیا اور بنی مصطلق سے فرمایا: لتنتهن اولا بعثن اليكم رجلاً كنفسي يقاتل مقاتلتكم و ليسبّي ذراريكم، ثم ضرب بيده علي كتف علي رضي الله عنه. (الکشاف ۴: ۳۶۰) تم باز آ جاؤ، ورنہ میں ایسے فرد کو تمہاری طرف روانہ کروں گا جو میرے نفس کی طرح ہے۔ جو تمہارے لڑنے والوں سے لڑے گا اور تمہارے بچوں کو قیدی بنائے گا۔ یہ کہکر (حضرت) علیؑ کے کاندھوں پر ہاتھ رکھا۔ تب یہ آیت نازل ہوئی۔ ولید کو جو رسولؐ کی نمائندگی بھی کرتا تھا، قرآن نے فاسق کہا ہے، تو کیا ہم اس کو بھی وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ میں شامل سمجھیں گے؟ یہی ولید ہے جو حضرت عثمان کی طرف سے کوفے کا گورنر تھا اور اس دوران ایک دفعہ اس نے صبح کی نماز نشے کی حالت میں چار رکعت پڑھا دی اور لوگوں سے کہا: مزید اضافہ کروں؟ اور محراب میں شراب کی قے کی!!

۷۔ کچھ اصحاب کو اس بات پر اصرار تھا کہ بنی مصطلق کے خلاف جنگ کرنا چاہیے، مگر رسول کریمؐ تأمل سے کام لے رہے تھے اور ان کا کہنا نہیں مان رہے تھے۔

۹۔ خطاب ان لوگوں سے ہے جو اس لڑائی میں فریق نہیں۔ ان پر فرض ہے کہ وہ اس لڑائی میں تماش بین نہ بنیں، بلکہ مصالحت اور لڑائی بند کرانے کی کوشش کریں۔ اگر وہ اس کوشش میں ناکام ہو گئے تو ان میں سے زیادتی کرنے والے کے خلاف لڑیں اور جو فریق حق پر ہو اس کا ساتھ دیں۔ باغی کے خلاف لڑائی کا چونکہ اللہ نے حکم دیا ہے، لہٰذا یہ بھی جہاد فی سبیل اللہ ہے۔

۱۰۔ ایمان کا رشتہ ایک آفاقی رشتہ ہے۔ اس آفاقی

بَيْنَ اَخَوَيْكُمْ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۱۰﴾ ع

صلح کرا دو اور اللہ سے ڈرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے۔☆

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَسْخَرْ قَوْمٌ مِّنْ قَوْمٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُوْنُوْا خَيْرًا مِّنْهُمْ وَ لَا نِسَآءٌ مِّنْ نِّسَآءٍ عَسٰۤى اَنْ يَّكُنَّ خَيْرًا مِّنْهُنَّ ۚ وَ لَا تَلْمِزُوْۤا اَنْفُسَكُمْ وَ لَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ ؕ بِئْسَ الِاسْمُ الْفُسُوْقُ بَعْدَ الْاِيْمَانِ ۚ وَ مَنْ لَّمْ يَتُبْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ اے ایمان والو! کوئی قوم کسی قوم سے تمسخر نہ کرے، ہوسکتا ہے کہ وہ لوگ ان سے بہتر ہوں اور نہ ہی عورتیں عورتوں کا (مذاق اڑائیں) ممکن ہے کہ یہ ان سے بہتر ہوں اور آپس میں ایک دوسرے پر عیب نہ لگایا کرو اور ایک دوسرے کو برے القاب سے یاد نہ کیا کرو، ایمان لانے کے بعد برا نام لینا نامناسب ہے اور جو لوگ باز نہیں آتے پس وہی لوگ ظالم ہیں۔☆

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ وَّ لَا تَجَسَّسُوْا وَ لَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا ؕ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ ؕ وَ اتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾

۱۲۔ اے ایمان والو! بہت سے گمانوں سے بچو، بعض گمان یقیناً گناہ ہیں اور تجسس بھی نہ کیا کرو اور تم میں سے کوئی بھی ایک دوسرے کی غیبت نہ کرے، کیا تم میں سے کوئی اس بات کو پسند کرے گا کہ اپنے مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھائے؟ اس سے تو تم نفرت کرتے ہو اور اللہ سے ڈرو، اللہ یقیناً بڑا توبہ قبول کرنے والا، مہربان ہے۔☆

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّ اُنْثٰى وَ جَعَلْنٰكُمْ شُعُوْبًا وَّ قَبَآئِلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ خَبِيْرٌ ﴿۱۳﴾

۱۳۔ اے لوگو! ہم نے تمہیں ایک مرد اور عورت سے پیدا کیا پھر تمہیں قومیں اور قبیلے بنا دیا تا کہ تم ایک دوسرے کو پہچانو، تم میں سب سے زیادہ معزز اللہ کے نزدیک یقیناً وہ ہے جو تم میں سب سے زیادہ پرہیزگار ہے، اللہ یقیناً خوب جاننے والا، باخبر ہے۔☆

رشتے، اخوت سے منسلک ہونے سے ایک عالمی برادری قائم ہو جاتی ہے۔ اگر مسلمان اس عالمی برادری سے فائدہ اٹھاتے تو کرۂ ارض کی تقدیر کچھ اور ہوتی۔ یہ عالمگیریت کا اسلامی تصور ہے جو ایمان پر قائم ہے۔

۱۱۔ اللہ تعالیٰ نے بنی آدم کو تخلیق اور تقنین دونوں میں عزت و تکریم سے نوازا ہے۔ تخلیق میں اس کو اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ اور وَّ صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ بہترین شکل وصورت میں بنایا۔ تقنین میں احترام آدمیت اور ہتک عزت کے بارے میں اسلامی تعلیمات میں ایک مفصل اور جامع قانون بنایا، جس کے تحت ہر وہ عمل اور بات جس سے کسی مسلمان کا وقار مجروح ہوتا ہو، حرام قرار پایا اور ہر وہ فعل اور بات جس سے کسی مسلمان کی عزت و وقار محفوظ ہے، اس کا انجام دینا حتی الوسع واجب قرار پایا۔

۱۲۔ سند اور دلیل کے بغیر کسی قسم کا مؤقف اختیار کرنا درست نہیں ہے۔ ظن و گمان کسی بھی مؤقف کے لیے سند اور دلیل نہیں ہیں۔ کیونکہ ظن و گمان بعض اوقات حقیقت تک رسائی کا ذریعہ نہیں بنتے۔ غیبت گناہ کبیرہ ہے، کیونکہ یہ احترام آدمیت کے خلاف ہے۔ غیبت کی تعریف یہ ہے: کسی کے پیٹھ پیچھے اس کی ایسی برائی بیان کرنا جس سے اس کا راز فاش ہو جاتا ہو۔ اگر یہ برائی اس میں موجود ہو تو یہ غیبت ہے، وگرنہ بہتان ہے جو زیادہ سخت گناہ ہے۔ اسی طرح لوگوں کے راز ٹٹولنا بھی احترام انسانی کے خلاف ہے۔ اللہ نے غیبت کو مرے ہوئے بھائی کا گوشت کھانے سے تشبیہ دی ہے۔ اس میں دو باتیں قدر مشترک ہیں: اول تو یہ عمل ہتک اور بے عزتی کا باعث ہے۔ دوسری بات یہ کہ مردہ اپنی لاش کی بے حرمتی کا دفاع نہیں کر سکتا، غیر موجود شخص بھی اپنی صفائی پیش نہیں کر سکتا۔ یہ عمل نفسیاتی لحاظ سے نہایت عاجز و ناتواں اور بے مایہ ہونے کی علامت ہے۔ سچ فرمایا مولائے متقیانؑ نے: اَلْغِيْبَةُ جُهْدُ الْعَاجِزِ (نہج البلاغۃ ۴۶۱:۵۵۶) غیبت کمزور شخص کی ایک لاحاصل کوشش ہے۔

۱۳۔ انسان کو اللہ نے مختلف قوموں اور برادریوں میں تقسیم کیا۔ یہ تقسیم ایک دوسرے پر فخر جتلانے

قَالَتِ الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ
تُؤْمِنُوْا وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا
وَلَمَّا يَدْخُلِ الْاِيْمَانُ فِيْ
قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ اَعْمَالِكُمْ
شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾
اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ
رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَجٰهَدُوْا
بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ﴿۱۵﴾
قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ بِدِيْنِكُمْ ؕ وَ
اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ﴿۱۶﴾
يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا
تَمُنُّوْا عَلَيَّ اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ
يَمُنُّ عَلَيْكُمْ اَنْ هَدٰىكُمْ
لِلْاِيْمَانِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۱۷﴾
اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾ ع ۲ ۸ ۱۴

۵۰ سُوْرَةُ قٓ مَكِّيَّةٌ ۴۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۴۔ بدوی لوگ کہتے ہیں: ہم ایمان لائے ہیں۔ کہہ دیجیے: تم ایمان نہیں لائے بلکہ تم یوں کہو: ہم اسلام لائے ہیں اور ایمان تو ابھی تک تمہارے دلوں میں داخل ہی نہیں ہوا اور اگر تم اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو تو وہ تمہارے اعمال میں سے کچھ کمی نہیں کرے گا، یقیناً اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۵۔ مومن تو بس وہ ہیں جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لائیں پھر شک نہ کریں اور اللہ کی راہ میں اپنے اموال اور اپنی جانوں سے جہاد کریں، یہی لوگ (دعوائے ایمان میں) سچے ہیں۔☆

۱۶۔ کہہ دیجیے: کیا تم اللہ کو اپنی دینداری کی اطلاع دینا چاہتے ہو؟ جبکہ اللہ تو آسمانوں اور زمین میں موجود ہر چیز سے واقف ہے اور اللہ ہر شے کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۱۷۔ یہ لوگ آپ پر احسان جتاتے ہیں کہ انہوں نے اسلام قبول کیا، کہہ دیجیے: مجھ پر اپنے مسلمان ہونے کا احسان نہ جتاؤ بلکہ اگر تم سچے ہو تو اللہ کا تم پر احسان ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی ہدایت دی۔☆

۱۸۔ یقیناً اللہ آسمانوں اور زمین کی پوشیدہ باتوں کو جانتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔

سورۃ ق ۔ مکی ۔ آیات ۴۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

کے لیے نہیں، بلکہ ایک دوسرے کی شناخت کے لیے ہے۔ اللہ کے نزدیک انسان کی قدر و قیمت رنگ و نسل سے نہیں، بلکہ کردار و اخلاق سے بنتی ہے۔ کیونکہ رنگ و نسل میں اس کے عمل و کردار کا دخل نہیں ہے۔ جو چیز انسان کے دائرہ اختیار میں ہو اس کے مطابق انسان کی قدر بڑھتی گھٹتی ہے اور وہ اللہ کے نزدیک تقویٰ ہے، جس سے انسان کی قیمت بنتی ہے۔

۱۴۔ یہاں ایمان اسلام کے مقابلے میں استعمال ہوا ہے۔ ان دونوں کے معنوں میں فرق ہے۔ کیونکہ اسلام ظاہری طور پر کلمہ شہادتین زبان سے جاری کرنے کا نام ہے، جبکہ ایمان سچے دل سے قبول کرنے کو کہتے ہیں۔ لہٰذا ہر مؤمن مسلمان ہوتا ہے، لیکن ہر مسلمان مؤمن نہیں ہوتا اور جہاں اسلام کا لفظ ایمان کے مقابلے میں استعمال نہ ہوا ہو، وہاں اسلام اسی مفہوم کے لیے ہوتا ہے جس کے لیے ایمان ہے۔ مثلاً اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۔ (آل عمران: ۱۹)

۱۵۔ ایمان کی جامع تعریف آ گئی۔ دل نے جب مان لیا پھر کسی مرحلے میں بھی شک کی نوبت نہ آئی اور مال و جان کی بازی لگائی۔ ایسے لوگ اپنے دعوائے ایمان میں سچے ہیں۔

۱۶۔ ان بدوؤں نے جب اصرار کیا، نہیں ہم سچے دل سے ایمان لا چکے ہیں تو اللہ نے ان کی رد میں فرمایا: کیا تم اپنی دینداری کی اللہ کو خبر دیتے ہو، اللہ تمہارے حال سے خوب واقف ہے۔

۱۷۔ ایمان کو اگر کوئی اپنے لیے باعث نجات سمجھے تو ایمان کی رہنمائی کرنے والے کا اس پر احسان ہے۔ اگر ایمان کا اظہار کر کے کسی کی لیڈری چمکائی تو پھر یہ اس لیڈر پر احسان ہے۔ یہی بات ہر کار خیر کے سبب پر صادق آتی ہے کہ کار خیر کو اپنی عاقبت کے لیے انجام دیا ہے یا لیڈر کی خاطر۔ لوگ اسلام کا احسان جتاتے ہیں کہ ہم نے اسلام قبول کیا ہے۔ اللہ ایمان کی ہدایت پر احسان جتاتا ہے۔ چونکہ ظاہری اسلام سے خود لوگوں کو ظاہری فائدہ ہوتا ہے۔ اس میں احسان جتانے کی کوئی بات نہیں ہے۔ اگر حقیقی احسان ہے تو ایمان میں ہے، جس کا اللہ نے تم پر احسان کیا ہے۔

الٓمّٓ قٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ ۚ ①

بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ
مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا
شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۚ ②

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ
رَجْعٌۢ بَعِيْدٌ ③

قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ
مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ④

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ
فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ⑤

اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ
كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ
فُرُوْجٍ ⑥

وَالْاَرْضَ مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا
رَوَاسِيَ وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ
بَهِيْجٍ ۙ ⑦

تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ
مُّنِيْبٍ ⑧

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا
فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ
الْحَصِيْدِ ۙ ⑨

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ
نَّضِيْدٌ ۙ ⑩

۱۔ قاف، قسم ہے شان والے قرآن کی۔
۲۔ بلکہ انہیں اس بات پر تعجب ہوا کہ خود انہی میں سے ایک تنبیہ کرنے والا ان کے پاس آیا تو کفار کہنے لگے: یہ تو ایک عجیب چیز ہے۔☆
۳۔ کیا جب ہم مر کر مٹی ہو جائیں گے (پھر زندہ کیے جائیں گے؟) یہ واپسی تو بہت بعید بات ہے۔☆
۴۔ زمین ان (کے جسم) میں سے جو کچھ کم کرتی ہے اس کا ہمیں علم ہے اور ہمارے پاس محفوظ رکھنے والی کتاب ہے۔☆
۵۔ بلکہ جب حق ان کے پاس آیا تو انہوں نے اسے جھٹلایا لہٰذا اب وہ ایک الجھن میں مبتلا ہیں۔
۶۔ کیا ان لوگوں نے اپنے اوپر آسمان کی طرف نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے کس طرح بنایا اور مزین کیا؟ اور اس میں کوئی شگاف بھی نہیں ہے۔☆
۷۔ اور اس زمین کو ہم نے پھیلایا اور اس میں ہم نے پہاڑ ڈال دیے اور اس میں ہر قسم کے خوشنما جوڑے ہم نے اگائے،☆
۸۔ تاکہ (اللہ کی طرف) رجوع کرنے والے ہر بندے کے لیے بینائی و نصیحت (کا ذریعہ) بن جائے۔
۹۔ اور ہم نے آسمان سے بابرکت پانی نازل کیا جس سے ہم نے باغات اور کاٹے جانے والے دانے اگائے۔☆
۱۰۔ اور کھجور کے بلند و بالا درخت پیدا کیے جنہیں تہ بہ تہ خوشے لگے ہوتے ہیں۔

سورہ ق

۲۔ مشرکین کسی انسان کے خدا کا رسول ہونے کو نہیں مانتے تھے۔ اس لیے ان کا انکار تعجب کے ساتھ تھا کہ کیسے ہوسکتا ہے ہماری طرح کا انسان اللہ کا فرستادہ ہو جائے۔
۳۔ دوسری تعجب کی بات یہ ہے کہ جب ہم مرنے کے بعد خاک ہو جائیں گے تو دوبارہ زندہ ہو جائیں گے، یہ عقل و فہم سے دور کی بات ہے۔ اگلی آیت میں اس کی رد ہے:
۴۔ اللہ کے علم میں ہے کہ زمین انسان کے جسم کو کھاتی ہے اور خاک کے ذرات میں بدل دیتی ہے. پھر وہ قیامت تک زمین کے اطراف میں دور دور تک پھیل جاتے ہیں۔ اللہ کے علم میں ہے کہ اس جسم کا کون سا ذرہ کس جگہ ہے۔ اس کے جسم کے ذرات کرہ ارض کی محدودیت میں ہیں، اگر پوری کائنات میں پھیل جاتے تو بھی اس کے ذرات اللہ کی اس کتاب سے پوشیدہ نہیں رہ سکتے جس میں ہر چیز محفوظ ہے۔ وہ ان سب ذرات کو اسی طرح جمع کرے گا جس طرح اس نے دنیا کے اطراف سے ذرات کو جمع کر کے انسان کو پیدا کیا۔ کسی ملک سے گندم، ہمالیہ سے پانی، کسی باغ سے پھل اور کسی کھیت سے سبزی جمع کی اور ایک بوند تیار کی۔
۶۔ کرۂ ارض ایک حفاظتی ڈھال میں محفوظ ہے۔ یہ ڈھال سورج سے آنے والی قاتل شعاعوں اور ہر روز زمین کی طرف کروڑوں کی تعداد میں آنے والے آسمانی پتھروں (شہاب ثاقب) کو روک لیتی ہے، جس کی وجہ سے اہل ارض امن و سکون کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں۔ لہٰذا آسمان میں کوئی رخنہ ایسا نہیں جہاں سے آفتیں بلا روک ٹوک زمین کی طرف آ سکیں۔ اگر انسان کی اپنی کرتوتوں کی وجہ سے حلقہ اوزون میں رخنہ پڑ جاتا ہے تو وہ دوسری بات ہے۔
۷۔ بَهِيْجٍ خوشنما کو کہتے ہیں۔ یعنی زمین میں نباتات کے خوشنما جوڑے اور قسمیں اگائیں۔
۹۔ پانی ہی کی برکت سے زمین میں زندگی کی چہل پہل اور شادابی ہے اور اللہ تعالیٰ کے جمال و کمال کے مظاہر پانی کی بدولت روئے زمین پر نظر آتے ہیں۔

رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً
مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾
كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّ
اَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ﴿۱۲﴾ ۙ
وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ
لُوْطٍ ﴿۱۳﴾ ۙ
وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ
كُلٌّ كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ
وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾
اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ
فِيْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ ع ۱۵
وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا
تُوَسْوِسُ بِهٖ نَفْسُهٗ ۚۖ وَنَحْنُ
اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾
اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ عَنِ الْيَمِيْنِ وَ
عَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾
مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ
رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾
وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ ؕ
ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ﴿۱۹﴾
وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ
الْوَعِيْدِ ﴿۲۰﴾
وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ وَّ

۱۱۔ (یہ) بندوں کی روزی کے لیے ہے اور ہم نے اسی سے مردہ زمین کو زندہ کیا، (مردوں کا قبروں سے) نکلنا بھی اسی طرح ہوگا۔

۱۲۔ ان سے پہلے نوح کی قوم اور اصحاب الرس اور ثمود نے تکذیب کی ہے۔

۱۳۔ اور عاد اور فرعون اور برادران لوط نے بھی۔

۱۴۔ اور ایکہ والے اور تبع کی قوم نے بھی، سب نے رسولوں کو جھٹلایا تو میرا عذاب (ان پر) لازم ہوگیا۔

۱۵۔ کیا ہم پہلی بار کی تخلیق سے عاجز آ گئے تھے؟ بلکہ یہ لوگ نئی تخلیق کے بارے میں شک میں پڑے ہوئے ہیں۔☆

۱۶۔ اور بتحقیق انسان کو ہم نے پیدا کیا ہے اور ہم ان وسوسوں کو جانتے ہیں جو اس کے نفس کے اندر اٹھتے ہیں کہ ہم رگ گردن سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں۔☆

۱۷۔ (انہیں وہ وقت یاد دلا دیں) جس وقت (اعمال کو) وصول کرنے والے دو (فرشتے) اس کی دائیں اور بائیں طرف بیٹھے وصول کرتے رہتے ہیں۔☆

۱۸۔ (انسان) کوئی بات زبان سے نہیں نکالتا مگر یہ کہ اس کے پاس ایک نگران تیار ہوتا ہے۔☆

۱۹۔ اور موت کی غشی حقیقت بن کر آ گئی یہ وہی چیز ہے جس سے تو بھاگتا تھا۔

۲۰۔ اور صور پھونک ماری جائے گی (تو کہا جائے گا) یہ وہی دن ہے جس کا خوف دلایا گیا تھا۔

۲۱۔ اور ہر شخص ایک ہانکنے والے (فرشتے) اور

۱۵۔ جس ذات نے اپنی قدرت کاملہ سے اس کائنات کو پیدا کیا، کیا وہ اس قسم کی ایک اور کائنات کو پیدا نہیں کر سکتی؟ کیا وہ اپنی بنائی ہوئی چیز کو توڑ کر دوبارہ نہیں بنا سکتی؟

۱۶۔ قیامت کے منکروں کے لیے ایک لمحہ فکریہ: تم انکار قیامت کر کے حساب و کتاب سے بے فکر رہتے ہو۔ تمہارے اعمال و اقوال کے علاوہ ہم تمہارے دل میں اٹھنے والے وسوسوں تک کو جانتے ہیں۔ ہم تمہاری رگ گردن سے بھی زیادہ نزدیک ہیں۔ یہ ایک محسوس تشبیہ ہے، اس رگ کے ساتھ جس پر انسانی زندگی کا دار و مدار ہے۔ ورنہ اسی رگ گردن میں دوڑنے والے خون کو چلانے والا بھی اللہ ہی ہے۔

۱۷۔ التلقی۔ الاخذ۔ وصول کرنا۔ دو فرشتے انسان کے دائیں اور بائیں جانب ہوتے ہیں جو اس سے صادر ہونے والے تمام اعمال و حرکات کو ثبت اور ضبط کرتے ہیں۔ ان کے پیچھے خود اللہ تعالیٰ کا براہ راست احاطۂ علمی بھی موجود ہے۔

۱۸۔ اللہ تعالیٰ رگ گردن سے بھی زیادہ انسان کے قریب ہے، لیکن اس کے باوجود انسان کے اقوال و اعمال کو درج اور ثبت کرنے کے لیے فرشتے بھی مامور ہیں۔ درج و ثبت کی نوعیت کا علم ہمیں حاصل نہیں ہے، تاہم انہی خاکی ذرات کے ذریعے اقوال و اشکال کو ثبت، محفوظ اور ریکارڈ کرنا انسان کے لیے ممکن ہونا شروع ہو گیا ہے۔ اللہ اور اس کے فرشتوں کے لیے اس بات میں کون سی دشواری پیش آ سکتی ہے؟

۱۹۔ اگر بِالْحَقِّ میں باء کو برائے تعدیہ لیا جائے تو آیت کا ترجمہ یہ ہوگا: سکرات موت اس حق کو لے کر آیا جس سے تو بھاگتا ہے۔ یعنی وہ حق بات جو انبیاء بیان کرتے رہے کہ موت کے بعد اخروی زندگی بھی ہے۔

۲۱۔ بروز قیامت جب انسان کو قبر سے اٹھایا جائے گا تو دو فرشتے اسے اپنی تحویل میں لے لیں گے۔ ایک کی ذمہ داری یہ ہوگی کہ اس کو عدالت کی طرف لے جائے۔ دوسرے کی ذمہ داری یہ ہوگی کہ گواہی دے یا نامہ اعمال پیش کرے۔

شَهِيْدٌ ﴿۲۱﴾

ایک گواہی دینے والے (فرشتے) کے ساتھ آئے گا۔☆

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾

۲۲۔ بے شک تو اس چیز سے غافل تھا چنانچہ ہم نے تجھ سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے لہٰذا آج تیری نگاہ بہت تیز ہے۔☆

وَ قَالَ قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌ ﴿۲۳﴾

۲۳۔ اور اس کا ہم نشین (فرشتہ) کہے گا: جو میرے سپرد تھا وہ حاضر ہے۔☆

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾

۲۴۔ (حکم ہو گا) تم دونوں (فرشتے) ہر عناد رکھنے والے کافر کو جہنم میں ڈال دو۔

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ﴿۲۵﴾

۲۵۔ خیر کو روکنے والے، حد سے تجاوز کرنے والے، شبہے میں رہنے والے کو۔

الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾

۲۶۔ جو اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود بناتا تھا پس تم دونوں اسے سخت عذاب میں ڈال دو۔

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ وَ لٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾

۲۷۔ اس کا ہم نشین (شیطان) کہے گا: ہمارے پروردگار! میں نے اسے گمراہ نہیں کیا تھا بلکہ یہ خود گمراہی میں دور تک چلا گیا تھا۔☆

قَالَ لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَ قَدْ قَدَّمْتُ اِلَيْكُمْ بِالْوَعِيْدِ ﴿۲۸﴾

۲۸۔ اللہ فرمائے گا: میرے سامنے جھگڑا نہ کرو اور میں نے تمہیں پہلے ہی برے انجام سے باخبر کر دیا تھا۔

مَا يُبَدَّلُ الْقَوْلُ لَدَيَّ وَ مَآ اَنَا بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ﴿۲۹﴾ ع ۲ ۱۳ ۱۲

۲۹۔ میرے ہاں بات بدلتی نہیں ہے اور نہ ہی میں اپنے بندوں پر ظلم کرنے والا ہوں۔۔☆

يَوْمَ نَقُوْلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ امْتَلَاْتِ وَ تَقُوْلُ هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ ﴿۳۰﴾

۳۰۔ جس دن ہم جہنم سے پوچھیں گے: کیا تو بھر گئی ہے؟ اور وہ کہے گی: کیا مزید ہے؟☆

وَ اُزْلِفَتِ الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ غَيْرَ بَعِيْدٍ ﴿۳۱﴾

۳۱۔ اور جنت پرہیزگاروں کے لیے قریب کر دی جائے گی، وہ دور نہ ہو گی۔☆

هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ﴿۳۲﴾ ج

۳۲۔ یہ وہی ہے جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ہر اس شخص کے لیے جو توبہ کرنے والا، (حدود الٰہی کی) محافظت کرنے والا ہو،

مَنْ خَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ وَ جَآءَ

۳۳۔ جو بن دیکھے رحمٰن سے ڈرتا ہو اور مکرر

۲۲۔ آج پردہ ہٹا دیا گیا، ورنہ تجھ میں سب کچھ دیکھنے کی دنیا میں بھی صلاحیت تھی مگر خواہشات، مفادات اور آرزوؤں کے تہ در تہ حجابوں نے تجھے اندھیرے میں رکھا تھا۔ جن کی بینائی پر پردہ نہیں پڑا ہوا تھا وہ حق کے جمال سے دنیا میں بھی محظوظ ہوتے رہے۔ حضرت علیؑ سے روایت ہے: وَ اَيْنَ مِمَّا تَرَى الْعُيُوْنُ۔ (نہج البلاغۃ خطبہ ۱۵۵) تیرا وجود ان چیزوں سے بھی زیادہ واضح ہے جن کو آنکھیں دیکھ لیتی ہیں۔

۲۳۔ اکثریت کے نزدیک یہ ساتھی وہی فرشتہ ہے جو دنیا میں اس کے اعمال ثبت کرنے پر مامور تھا۔ یعنی اس کا نامہ اعمال جو میرے سپرد تھا، حاضر ہے۔ دیگر بعض مفسرین کا خیال ہے کہ اس ہم نشین سے مراد شیطان ہے، چونکہ قرآن میں شیطان کو قَرِيْن ہم نشین کہا ہے: نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ (زخرف: ۳۶) اس صورت میں شیطان کہے گا: یہ وہ شخص ہے جو میرے سپرد رہا، آج یہ جہنم کے لیے حاضر ہے۔ اس پر اگلی آیت نمبر ۲۷ شاہد ہے جس میں قَرِين سے مراد یقیناً شیطان ہے۔

۲۷۔ شیطان کہے گا: میں نے اسے مجبور نہیں کیا، یہ خود میرے دام میں آنے کے لیے آمادگی رکھتا تھا سو وہ میرے دام میں پھنس گیا۔

۲۹۔ قَول یعنی اٹل فیصلہ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ (یٰسٓ: ۷) اللہ کا یہ اٹل فیصلہ ہے، جو لوگ کفر کی حالت میں مریں گے ان کے لیے نجات نہیں ہے۔

۳۰۔ یعنی جہنم کی طرف سے مزید جہنمیوں کا مطالبہ ہے۔ جہنم کے ساتھ اللہ کا وعدہ ہے کہ اس کو پر کیا جائے گا۔ جہنم کے ساتھ سوال و جواب ممکن ہے زبان حال کے طور پر ہو اور یہ بھی ممکن ہے کہ عالم آخرت میں ہر چیز شعور رکھتی ہو۔ اس کو عالم دنیا پر قیاس نہیں کرنا چاہیے۔

۳۱۔ یہ نہیں فرمایا کہ اہل تقویٰ کو جنت کے نزدیک کیا جائے گا، بلکہ فرمایا: جنت کو اہل تقویٰ کے نزدیک کیا جائے گا کہ ادھر جنت میں داخل ہونے کا حکم مل گیا، ادھر وہ جنت میں پہنچ گئے۔ عالم آخرت کی بات ہی اور ہے۔ دنیا میں آئن سٹائن کے بقول زمان و مکان اضافی ہے۔ یعنی زمان و مکان ہر ایک کے لیے ایک جیسے نہیں ہیں۔ جو چیز نور کی رفتار سے سفر کرے اس کے چند منٹ زمین پر بسنے والے کی صدیوں کے برابر ہوں گے تو

بِقَلْبٍ مُّنِيْبٍ ﴿۳۳﴾

ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ
الْخُلُوْدِ ﴿۳۴﴾

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَ لَدَيْنَا
مَزِيْدٌ ﴿۳۵﴾

وَ كَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ
قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا
فَنَقَّبُوْا فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ
مَّحِيْصٍ ﴿۳۶﴾

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ
قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَ هُوَ
شَهِيْدٌ ﴿۳۷﴾

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ وَ
مَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ وَّ مَا
مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿۳۸﴾

فَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَ سَبِّحْ
بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَ
قَبْلَ الْغُرُوْبِ ﴿۳۹﴾

وَ مِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَ اَدْبَارَ
السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾

وَ اسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ
قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾

يَّوْمَ يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ

رجوع کرنے والا دل لے کر آیا ہو۔☆

۳۴۔تم اس جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو جاؤ، وہ ہمیشہ رہنے کا دن ہو گا۔☆

۳۵۔وہاں ان کے لیے جو وہ چاہیں گے حاضر ہے اور ہمارے پاس مزید بھی ہے۔☆

۳۶۔ہم نے ان سے پہلے کتنی ایسی قوموں کو ہلاک کیا جو ان سے قوت میں کہیں زیادہ تھیں، پس وہ شہر بہ شہر پھرے، کیا کوئی جائے فرار ہے؟

۳۷۔اس میں ہر صاحب دل کے لیے یقیناً عبرت ہے جو کان لگا کر سنے اور (اس کا دل) حاضر رہے۔☆

۳۸۔اور بتحقیق ہم نے آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان کے درمیان ہے سب کو چھ دنوں میں پیدا کیا اور ہمیں کوئی تھکان محسوس نہیں ہوئی۔☆

۳۹۔جو باتیں یہ کرتے ہیں اس پر آپ صبر کریں اور طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے اپنے رب کی ثنا کے ساتھ تسبیح کریں

۴۰۔اور رات کے وقت بھی اور سجدوں کے بعد بھی اس کی تسبیح کریں۔☆

۴۱۔اور کان لگا کر سنو! جس دن منادی قریب سے پکارے گا،

۴۲۔اس دن لوگ اس چیخ کو حقیقتاً سن لیں گے، وہی (قبروں سے) نکل پڑنے کا دن

قیامت میں زمان و مکان کا وہ تصور نہ ہو گا جو دنیا میں ہے۔

۳۳۔ قلب منیب وہ دل ہے جو ذکر خدا سے معمور ہو۔الانابۃ والنوب رجوع الشیء مرۃ بعد اخری بار بار رجوع کرنے کے معنوں میں ہیں۔

۳۴۔ بِسَلٰمٍ: جنت میں امن و سلامتی ہو گی ۔ کسی قسم کی تکلیف کا وہاں تصور نہ ہو گا ۔

يَوْمُ الْخُلُوْدِ: یعنی جنت کا یوم، دنیا کے یوم کی طرح نہ ہو گا۔ دنیا کے یوم کے لیے زوال و اختتام ہے، لیکن جنت کا یوم ابدی ہے، جس کے لیے کوئی زوال نہیں ہے۔

۳۵۔یعنی جنت کی نعمتیں جنتیوں کی خواہش تک ہی محدود نہیں۔ جن چیزوں کی وہ خواہش تو کیا تصور بھی نہیں کر سکتے، وہ بھی ان کو مل جایا کریں گی۔

۳۷۔صرف حق سے استفادہ کے لیے دو میں سے ایک ہونا چاہیے۔

لَهٗ قَلْبٌ : اس کے پاس دل ہو۔ دل ایک محاورہ ہے جس سے عقل و فکر مراد لی جاتی ہے۔ عقل و فکر سے کام لینے والے خود حق و باطل میں تمیز دے سکتے ہیں ۔

اَلْقَى السَّمْعَ: یا ہادیان برحق سے حق کی باتیں سن کر حق و باطل میں تمیز دیتے ہیں۔

وَ هُوَ شَهِيْدٌ: قبول حق کے لیے اس کی عقل و فکر آمادہ نہ ہو۔ یا ہادیان برحق کی باتیں سنتے وقت اس کا دل حاضر نہ ہو تو صرف آواز کان کے پردوں سے ٹکرانے کی وجہ سے حقائق کا فہم و ادراک ممکن نہیں ہے۔

۳۸۔اللہ کو کائنات خلق کرنے کے لیے ایک ارادے کے سوا کچھ کرنا نہیں پڑتا جو وہ تھک جائے اور بقول بائبل ساتویں دن آرام کرنے کی ضرورت پیش آئے۔

۴۰۔ممکن ہے ”طلوع آفتاب سے پہلے“ سے مراد صبح کی نماز اور ”غروب آفتاب سے پہلے“ سے مراد ظہر اور عصر کی نماز اور ’رات کی تسبیح‘ سے مراد مغرب و عشاء کی نمازیں ہوں اور ”سجدوں سے فارغ ہونے کے بعد سے“ مراد نوافل و تعقیبات ہوں۔ تعقیبات میں تسبیحات پڑھنے کی بہت فضیلت ہے، جو رسول اللہ نے حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کو تعلیم فرمائیں، جو تسبیح فاطمۃ الزہراء (س) سے مشہور ہے، وہ یہ ہے: ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ۔

ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾
اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا
الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾
يَوْمَ تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ
سِرَاعًا ؕ ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا
يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾
نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ
اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِجَبَّارٍ ۣ فَذَكِّرْ
بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع ۱۶ ۱۷

﴿۵۱ سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ مَكِّيَّةٌ ۶۰﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿۱﴾
فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿۲﴾
فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿۳﴾
فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ﴿۴﴾
اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿۵﴾
وَّاِنَّ الدِّيْنَ لَوَاقِعٌ ﴿۶﴾
وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْحُبُكِ ﴿۷﴾
اِنَّكُمْ لَفِيْ قَوْلٍ مُّخْتَلِفٍ ﴿۸﴾
يُّؤْفَكُ عَنْهُ مَنْ اُفِكَ ﴿۹﴾
قُتِلَ الْخَرّٰصُوْنَ ﴿۱۰﴾
الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ غَمْرَةٍ سَاهُوْنَ ﴿۱۱﴾
يَسْـَٔلُوْنَ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۲﴾

ہوگا۔

۴۳۔ یقیناً ہم ہی زندہ کرتے ہیں اور ہم ہی مارتے ہیں اور بازگشت بھی ہماری ہی طرف ہے۔

۴۴۔ اس دن زمین ان پر سے پھٹ جائے گی تو یہ تیزی سے دوڑیں گے، یہ جمع کر لینا ہمارے لیے آسان ہے۔☆

۴۵۔ یہ جو کچھ کہہ رہے ہیں اسے ہم سب سے زیادہ جانتے ہیں اور آپ ان پر زبردستی کرنے والے نہیں ہیں، پس آپ اس قرآن کے ذریعے اس شخص کو نصیحت کریں جو ہمارے عذاب کا خوف رکھتا ہو۔

سورہ ذاریات۔ مکی۔ آیات ۶۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے بکھیر کر اڑانے والی (ہواؤں) کی☆
۲۔ پھر بوجھ اٹھانے والے (بادلوں) کی،
۳۔ پھر سبک رفتاری سے چلنے والی (کشتیوں) کی،
۴۔ پھر امور کو تقسیم کرنے والے فرشتوں کی☆
۵۔ جس بات کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ یقیناً سچ ہے۔
۶۔ اور جزا (کا دن) ضرور واقع ہوگا۔☆
۷۔ قسم ہے راہوں والے آسمان کی،
۸۔ تم لوگ یقیناً متضاد باتوں میں پڑے ہوئے ہو۔☆
۹۔ اس (قرآن) سے وہی برگشتہ ہوتا ہے جسے برگشتہ کیا گیا ہو۔
۱۰۔ بے بنیاد باتیں کرنیوالے مارے جائیں۔☆
۱۱۔ جو جہالت کی وجہ سے غفلت میں پڑے ہوئے ہیں۔
۱۲۔ وہ پوچھتے ہیں: جزا کا دن کب ہوگا؟☆

۴۴۔ یعنی جب زمین پھٹ جائے گی تو لوگ بڑی تیزی کے ساتھ پکارنے والے کو لبیک کہنے کے لیے دوڑیں گے۔ چونکہ وہاں کوئی جائے فرار ہو گی نہیں، زمین کے پھٹنے سے زمین میں دفن ذرات اوپر آ جائیں گے۔ ان ذرات کو جمع کر کے اسی ڈھانچے کو دوبارہ بنانا اللہ کے لیے مشکل نہیں۔

سورہ ذاریات

۱۔ ہوا سے بہت سے درختوں اور نباتات کی باردار ی ہوتی ہے۔ ہوا ہی اوقیانوس سے بخارات کو اٹھاتی ہے، پھر پراگندہ ہو جاتی ہے اور بخارات کو بادلوں کی شکل میں اٹھاتی ہے اور براعظموں کی طرف رواں ہو جاتی ہے۔ یہاں دونوں قطبوں سے آنے والی سرد ہواؤں سے ٹکراتی ہے، جس سے یہ ابر تقسیم ہو جاتے ہیں: فَالْمُقَسِّمٰتِ اَمْرًا ۔لہٰذا ان بادلوں کو تقسیم کرنے والی ہوا ہے، فرشتے نہیں۔

۴۔ اگر مراد فرشتے لیے جائیں تو بہت سے امور کی تقسیم فرشتوں کے ذمے ہے، مثلاً قبض روح کے لیے ملك الموت، صور میں پھونک مارنے کے لیے اسرافیل، وحی نازل کرنے کے لیے جبرئیل۔

۶۔ جو ذات ہوا کے ذریعے لاکھوں ٹن پانی سے لدے ہوئے بادلوں کو اٹھاتی ہے، یہ اسی ذات کی طرف سے اعلان ہے (کسی ناتوان و عاجز کی طرف سے نہیں) کہ جزا و سزا کا دن آنے ہی والا ہے۔

۸۔ کبھی کہتے ہو یہ قرآن محمد کی اپنی تصنیف ہے، کبھی کہتے ہو یہ داستان پارینہ ہے، کبھی کہتے ہو اسے کوئی اور تعلیم دیتا ہے، کبھی کہتے ہو یہ کاہن ہے، کبھی کہتے ہو یہ مجنون ہے، جادوگر ہے، شاعر ہے۔

۱۰۔ صاحبان علم دنیا کے اہم معاملات میں ظن و گمان پر بھروسہ نہیں کرتے۔ مگر یہ (کافر) لوگ حیات اخروی کو صرف چند ایک ایسے مفروضوں کی بنیاد پر رد کرتے ہیں، جن سے ہلکا سا وہم و گمان ہی پیدا ہو سکتا ہے۔ مثلاً یہ وہم کہ جب ہم مٹی بن چکے اور ہماری ہڈیوں کے اجزا خاک بن کر بکھر چکے ہوں گے تو ہم پھر سے کیسے زندہ ہو سکتے ہیں؟ وغیرہ۔

۱۱۔ جہالت کے مراحل ہوتے ہیں: پہلا مرحلہ سہو دوسرا غفلت ہے پھر غمرۃ ہے۔ اس طرح غمرۃ جہالت کا آخری مرحلہ ہے۔

يَوْمَهُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ﴿۱۳﴾
ذُوْقُوْا فِتْنَتَكُمْ ؕ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ
بِهٖ تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۴﴾
اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۱۵﴾
اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ اِنَّهُمْ
كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿۱۶﴾
كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا
يَهْجَعُوْنَ ﴿۱۷﴾
وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿۱۸﴾
وَفِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ
وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۱۹﴾
وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿۲۰﴾
وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۲۱﴾
وَفِي السَّمَآءِ رِزْقُكُمْ وَمَا
تُوْعَدُوْنَ ﴿۲۲﴾
فَوَرَبِّ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ
لَحَقٌّ مِّثْلَ مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿۲۳﴾ ع ۱۸
هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ ضَيْفِ
اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۴﴾ وقف لازم
اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ
سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۲۵﴾ ع
فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ فَجَآءَ بِعِجْلٍ
سَمِيْنٍ ﴿۲۶﴾

۱۳۔ جس دن یہ لوگ آگ پر تپائے جائیں گے۔
۱۴۔ اپنے فتنے (کا مزہ) چکھو، یہ وہی ہے جس کی تمہیں عجلت تھی۔
۱۵۔ (اس روز) اہل تقویٰ یقیناً جنتوں اور چشموں میں ہوں گے۔
۱۶۔ ان کے رب نے جو کچھ انہیں دیا ہے اسے وصول کر رہے ہوں گے، وہ یقیناً اس (دن) سے پہلے نیکی کرنے والے تھے۔
۱۷۔ وہ رات کو کم سویا کرتے تھے،☆
۱۸۔ اور سحر کے اوقات میں استغفار کرتے تھے
۱۹۔ اور ان کے اموال میں سائل اور محروم کے لیے حق ہوتا تھا۔☆
۲۰۔ اور زمین میں اہل یقین کے لیے نشانیاں ہیں۔☆
۲۱۔ اور خود تمہاری ذات میں بھی، تو کیا تم دیکھتے نہیں ہو؟☆
۲۲۔ اور تمہاری روزی آسمان میں ہے اور وہ بھی جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے۔☆
۲۳۔ پس آسمان اور زمین کے پروردگار کی قسم یقیناً وہ اسی طرح برحق ہے جس طرح تم باتیں کر رہے ہو۔
۲۴۔ کیا آپ کے پاس ابراہیم کے معزز مہمانوں کی حکایت پہنچی ہے؟
۲۵۔ جب وہ ان کے ہاں آئے تو کہنے لگے: سلام ہو، ابراہیم نے کہا: سلام ہو! نا آشنا لوگ (معلوم ہوتے ہو)۔
۲۶۔ پھر وہ خاموشی سے اپنے گھر والوں کے پاس گئے اور ایک موٹا بچھڑا لے آئے۔

۱۷۔ وہ رات کا کچھ حصہ عبادت میں گزارتے ہیں۔ آیت کا ترجمہ تو یہ ہے: وہ رات کو کم سوتے ہیں۔ یعنی دوسروں کی بہ نسبت کم سوتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ آیت ہے: قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۝ نِّصْفَهٗٓ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۝ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ۔ (مزمل: ۲-۴) یعنی آدھی رات سے کم یا آدھی رات سے زیادہ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عبادت کے وقت کا سونے کے وقت سے زیادہ ہونا ضروری نہیں ہے اور سحر کے وقت اللہ سے معافی مانگتے ہیں کہ بندگی کا حق ادا نہ ہوا۔ حقیقی بندگی یہی ہے کہ انسان عبادت کرنے کے بعد اسے ناچیز سمجھے اور اللہ کی بارگاہ میں اپنی کوتاہیوں کا اعتراف کرے اور بندگی کا حق ادا نہ ہونے پر معافی مانگے۔ اللہ کے سچے بندے دن رات عبادت کرنے کے بعد محراب میں مار گزیدہ انسان کی طرح کراہتے اور فریاد کرتے ہیں اور کہتے ہیں: آهِ مِنْ قِلَّةِ الزَّادِ وَ طُولِ الطَّرِيقِ۔ (نہج البلاغۃ نصیحت ۷۷ ص ۴۸۰) افسوس! راستہ کتنا لمبا ہے اور زاد راہ کتنا قلیل۔

۱۹۔ عبادت کا مطلب یہ نہیں ہے کہ سائل و محروم بن جائیں، بلکہ عبادت کے ساتھ انسان کو سائل نواز اور محروم نواز بھی ہونا چاہیے۔ یہ حق خمس و زکوٰۃ کے علاوہ ہے جس کا اہل تقویٰ التزام کرتے ہیں۔ یہ آیات مکی ہیں۔ مکہ میں زکوٰۃ ابھی واجب نہیں ہوئی تھی۔

۲۰۔۲۱ یہ کرۂ ارض ایسی فضا میں مصروف گردش ہے جو حیات اور زندگی کے لیے نہایت نامساعد ہے۔ اس نامساعد فضا میں زمین کو زندگی کے قابل بنانے میں سینکڑوں عوامل کے باہمی ربط کو بڑا دخل ہے۔ ان میں اگر ایک عامل مفقود ہو تو یہ کرہ، زندگی کے قابل نہیں رہ سکتا۔ مثلاً زمین کا حجم، سورج سے فاصلہ اور گردش کی سرعت میں سے ایک چیز بھی موجودہ صورت میں نہ ہو تو اس زمین پر کوئی زندہ نہیں رہ سکتا۔ اس طرح زمین کو قابل حیات بنانے میں جن چیزوں کو دخل ہے، ان سب میں اس بات پر ایک دلیل موجود ہے کہ یہ سب اندھے اتفاق کی اندھی بانٹ نہیں ہے، بلکہ ان کے پیچھے ایک باشعور ذہن کارفرما ہے۔

وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ: خود انسان کی اپنی تخلیق میں قدرت کی کتنی واضح نشانیاں موجود ہیں۔ اربوں خلیات کا ایک منظم لشکر اس انسان کو احسن تقویم کی صورت میں بنانے پر مامور ہو جاتا ہے اور جو وراثتی

فَقَرَّبَهٗٓ اِلَيْهِمْ قَالَ اَلَا
تَاْكُلُوْنَ ﴿٢٧﴾
فَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيْفَةً ؕ قَالُوْا لَا
تَخَفْ ؕ وَبَشَّرُوْهُ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾
فَاَقْبَلَتِ امْرَاَتُهٗ فِيْ صَرَّةٍ
فَصَكَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ عَجُوْزٌ
عَقِيْمٌ ﴿٢٩﴾
قَالُوْا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ
هُوَ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ ﴿٣٠﴾
الجزء ٢٦ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا
الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٣١﴾
قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ
مُّجْرِمِيْنَ ۙ﴿٣٢﴾
لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ۙ﴿٣٣﴾
مُّسَوَّمَةً عِنْدَ رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿٣٤﴾
فَاَخْرَجْنَا مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ
الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٣٥﴾ ج
فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ
الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٣٦﴾ ج
وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ
الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٣٧﴾ ط
وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى
فِرْعَوْنَ بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾

۲۷۔ پھر اسے ان کے سامنے رکھا، کہا: آپ کھاتے کیوں نہیں؟☆

۲۸۔ پھر ابراہیم نے ان سے خوف محسوس کیا، کہنے لگے: خوف نہ کیجیے اور انہیں ایک دانا لڑکے کی بشارت دی۔

۲۹۔ تو ان کی زوجہ چلاتی ہوئی آئیں اور اپنا منہ پیٹنے لگیں اور بولیں: (میں تو) ایک بڑھیا (اور ساتھ) بانجھ (بھی ہوں)۔☆

۳۰۔ انہوں نے کہا: تمہارے پروردگار نے اسی طرح فرمایا ہے، وہ یقیناً حکمت والا، خوب جاننے والا ہے۔

۳۱۔ ابراہیم نے کہا: اے اللہ کے بھیجے ہوئے (فرشتو) آپ کی (اصل) مہم کیا ہے؟

۳۲۔ انہوں نے کہا: ہم ایک مجرم قوم کی طرف بھیجے گئے ہیں،

۳۳۔ تاکہ ہم ان پر مٹی کے کنکر برسائیں،☆

۳۴۔ جو حد سے تجاوز کرنے والوں کے لیے آپ کے رب کی طرف سے نشان زدہ ہیں.

۳۵۔ پس وہاں موجود مومنین کو ہم نے نکال لیا۔

۳۶۔ وہاں ہم نے ایک گھر کے علاوہ مسلمانوں کا کوئی گھر نہ پایا۔☆

۳۷۔ اور دردناک عذاب سے ڈرنے والوں کے لیے ہم نے وہاں ایک نشانی چھوڑ دی.☆

۳۸۔ اور موسیٰ (کے قصے) میں بھی (نشانی ہے) جب ہم نے انہیں واضح دلیل کے ساتھ فرعون کی طرف بھیجا۔

درس پہلے خلیے کو پڑھایا گیا ہے وہ ان سب خلیات کو یاد ہے۔ چنانچہ تقسیم کار کی بنیاد پر اس لشکر کا کچھ حصہ آنکھ، کچھ ناک، کچھ اعصاب اور کچھ دماغ وغیرہ بنانے میں مشغول ہو جاتا ہے، جو اس کائنات کا سب سے بڑا عجوبہ ہے اور قدرت کی بڑی نشانی ہے۔

۲۲۔ انسانی زندگی کے لوازم کا اکثر حصہ آسمان سے برف، بارش، دھوپ وغیرہ کی شکل میں نازل ہوتا ہے اور حکم خدا بھی آسمان سے ہی نازل ہوتا ہے۔

۲۷۔ حضرت ابراہیمؑ کا یہ واقعہ اس سے پہلے بھی کئی بار گزر چکا ہے۔

۲۹۔ صَرَّۃٍ چیخ و پکار کو کہتے ہیں۔ صَکَّتْ کے معنی پیٹنے کے ہیں۔ دوسرے معنی لپیٹنے کے ہیں۔ یعنی اس نے اپنا ہاتھ منہ پر لپیٹ لیا۔ روایت ہے کہ حضرت سارہ کی عمر اس وقت نوے سال تھی اور بانجھ تھیں۔ اس سے پہلے اولاد نہیں ہوئی تھی۔ ممکن ہے تعجب اور حیرت کا اظہار کرتے ہوئے اپنا ہاتھ منہ پر لپیٹ لیا ہو۔

۳۴۔ یہ کنکر نشان زدہ تھے کہ کون سا کنکر کس مجرم کو ہلاک کرے گا۔

۳۶۔ پوری قوم میں صرف ایک گھر مسلمان تھا اور وہ حضرت لوط علیہ السلام کا گھر تھا۔ باقی سارا علاقہ کفر اور فسق و فجور میں ڈوبا ہوا تھا۔ اس ایک گھر میں بھی ان کی اہلیہ مسلمان نہ تھی۔ جس شہر میں صرف چند افراد مؤمن ہوں، ان کو بھی وہاں سے نکلنا پڑے، اس شہر کو تباہ ہونا چاہیے۔

۳۷۔ ممکن ہے اس نشانی سے مراد بحیرۂ مردار ہو۔ یعنی قوم لوط کا شہر اس جگہ آباد رہا ہو اور کسی زلزلے کی وجہ سے دھنس کر اس جگہ بحیرہ مردار کا پانی پھیل گیا ہو۔ ۲۰۰۱ء میں بحیرہ مردار دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ جیسے جیسے اس علاقے سے نزدیک ہوتا جاتا ہے، زندگی کے آثار کم نظر آنے لگتے ہیں۔ چنانچہ خود بحیرہ مردار کو اسی لیے مردار کہتے ہیں کہ اس میں آبی حیات ناپید ہے۔

فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ
مَجْنُوْنٌ ﴿۳۹﴾
فَاَخَذْنٰهُ وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي
الْيَمِّ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿۴۰﴾
وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ الرِّيْحَ
الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾
مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا
جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾
وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا
حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۴۳﴾
فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ فَاَخَذَتْهُمُ
الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾
فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا
مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾
وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا
ع ۲ ۱ قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿۴۶﴾
وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّ اِنَّا
لَمُوْسِعُوْنَ ﴿۴۷﴾
وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ
الْمٰهِدُوْنَ ﴿۴۸﴾
وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ
لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾
فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ؕ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ

۳۹۔ تو اس نے اپنی طاقت کے بھروسے پر منہ موڑ لیا اور بولا: جادوگر یا دیوانہ ہے۔

۴۰۔ چنانچہ ہم نے اسے اور اس کے لشکر کو گرفت میں لے لیا اور انہیں دریا میں پھینک دیا اور وہ لائق ملامت تھا۔

۴۱۔ اور عاد میں بھی (نشانی ہے) جب ہم نے ان پر نامبارک آندھی بھیجی۔

۴۲۔ وہ جس چیز پر گرتی تھی اسے بوسیدہ کر کے چھوڑ دیتی تھی۔

۴۳۔ اور ثمود میں بھی (نشانی ہے) جب ان سے کہا گیا: ایک وقت معین تک زندگی کا لطف اٹھا لو۔

۴۴۔ مگر انہوں نے اپنے رب کے حکم سے سرتابی کی تو انہیں کڑک نے گرفت میں لے لیا اور وہ دیکھتے رہ گئے۔

۴۵۔ پھر وہ اٹھ بھی نہ سکے اور نہ ہی وہ بدلہ لے سکے۔

۴۶۔ اور اس سے پہلے نوح کی قوم (بھی ایک نشان عبرت) ہے، یقیناً وہ فاسق لوگ تھے۔

۴۷۔ اور آسمان کو ہم نے قوت سے بنایا اور ہم ہی وسعت دینے والے ہیں۔☆

۴۸۔ اور زمین کو ہم نے فرش بنایا اور ہم کیا خوب بچھانے والے ہیں۔☆

۴۹۔ اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں، شاید کہ تم نصیحت حاصل کرو۔☆

۵۰۔ پس تم اللہ کی طرف بھاگو، تحقیق میں اللہ کی طرف سے تمہیں صریح تنبیہ کرنے

۴۷۔ بِاَیْدٍ: اَیْدٍ طاقت (انرجی) کو کہتے ہیں۔ بعض مؤلفین نے اس خیال کو ترجیح دی ہے کہ اس آیت میں اللہ تعالیٰ یہ فرمانا چاہتا ہے کہ ہم نے آسمان کو انرجی سے بنایا ہے۔ یعنی آسمان بنانے کا ابتدائی مٹیریل انرجی تھا۔ چنانچہ انرجی کے سمٹنے سے مادہ وجود میں آتا ہے اور مادہ کے بکھرنے سے انرجی بن جاتی ہے۔ اس طرح یہ دونوں آپس میں رشتہ دار ہیں اور لَمُوْسِعُوْنَ کے دوسرے معنی یہ کیے جاتے ہیں: ہم وسعت والے ہیں، یعنی ہم طاقت والے ہیں۔
کائنات کو پیدا کر کے اللہ تعالیٰ نے آرام نہیں کیا (جیسا کہ بائبل کہتی ہے) بلکہ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ کے مطابق اس سرچشمہ فیض سے ہمیشہ فیض جاری ہے اور اللہ ایک کائنات بنا کر فارغ نہیں ہوا، بلکہ یہ کائنات بڑی تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے۔

۴۸۔ چنانچہ اس فرش میں ایسے عناصر ودیعت فرمائے ہیں کہ جن میں اس انسان کے لیے زندگی کے رنگ برنگ سامان موجود ہیں۔ یہاں تک کہ بعض اہل قلم نے کرہ ارض کو ''مہربان ماں'' کا نام دیا ہے جس کی مامتا کی وجہ سے ہمیں زندگی کی تمام تر سہولیات میسر ہیں۔

۴۹۔ پہلے بھی ذکر ہوا، ہر چیز زوجیت کے ایک جامع نظام میں موجود ہے۔ قدیم فلاسفہ کہتے تھے: کل شیء موجود مزدوج لہ مھیۃ و وجود۔ ہر شیء ایک ازدواجی وجود کے مرہون ہے۔ ایک ماھیت، دوسرا وجود۔ یعنی ماھیت اور وجود آپس میں جفت ہیں۔ آج کا انسان ہر چیز کو عناصر کے ازدواجی نظام کے مرہون سمجھتا ہے۔ یعنی ہر شیء، عناصر کی ترکیب و ازدواج کے مرہون ہے۔ اگر ان عناصر کو باہمی ارتباط چھوڑنے پر مجبور کیا جائے تو تباہی پھیل جاتی ہے۔

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۵۰﴾

والا ہوں۔

وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۙ﴿۵۱﴾

۵۱۔ اور اللہ کے ساتھ کسی دوسرے کو معبود نہ بناؤ، میں اللہ کی طرف سے تمہیں صریح تنبیہ کرنے والا ہوں۔

كَذٰلِكَ مَآ اَتَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ۙ﴿۵۲﴾

۵۲۔ اسی طرح جو لوگ ان سے پہلے گزرے ہیں ان کے پاس کوئی رسول نہیں آیا مگر اس سے انہوں نے کہا: جادوگر ہے یا دیوانہ۔

اَتَوَاصَوْا بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ۚ﴿۵۳﴾

۵۳۔ کیا ان سب نے ایک دوسرے کو اسی بات کی نصیحت کی ہے؟ (نہیں) بلکہ وہ سرکش قوم ہیں۔

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَآ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾

۵۴۔ پس آپ ان سے رخ پھیر لیں تو آپ پر کوئی ملامت نہ ہوگی۔

وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۵۵﴾

۵۵۔ اور نصیحت کرتے رہیں کیونکہ نصیحت تو مومنین کے لیے یقیناً فائدہ مند ہے۔☆

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ﴿۵۶﴾

۵۶۔ اور میں نے جن و انس کو خلق نہیں کیا مگر یہ کہ وہ میری عبادت کریں۔☆

مَآ اُرِيْدُ مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ يُّطْعِمُوْنِ ﴿۵۷﴾

۵۷۔ میں نہ ان سے کوئی روزی چاہتا ہوں اور نہ ہی میں یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے کھلائیں

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾

۵۸۔ یقیناً اللہ ہی بڑا رزق دینے والا، بڑی پائیدار طاقت والا ہے۔

فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ﴿۵۹﴾

۵۹۔ پس جن لوگوں نے ظلم کیا ہے ان کے حصے میں وہی سزائیں ہیں جو ان کے ہم مشربوں کے حصے میں تھیں، لہٰذا وہ مجھ سے عجلت نہ مچائیں۔

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾ ع ۲/۳

۶۰۔ پس کفار کے لیے تباہی ہے اس روز جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔

سُوْرَةُ الطُّوْرِ مَكِّيَّةٌ ۴۹ ﴿۵۲﴾

سورہ طور۔ مکی۔ آیات ۴۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۵۵۔ پند و نصیحت سنتے رہنے سے دلوں کو زنگ نہیں لگتا۔ دل ہمیشہ ایمان اور یاد خدا کی طاقت سے چارج(charge) ہوتے رہتے ہیں۔ صالحین ہمیشہ پند و نصیحت کی تلاش میں ہوتے ہیں، جبکہ دوسرے لوگ پند و نصیحت سے نفرت کرتے ہیں۔

۵۶۔ عبادت، معرفت کے بعد ممکن ہے۔ جیسا کہ روایات میں آیا ہے کہ انسان کو اللہ نے معرفت کے لیے پیدا کیا ہے اور وہ اس ذات کامل کی معرفت کے بعد اس کی بندگی کرتے ہیں۔ اس صورت میں عبد کے لیے کمال و ارتقا ہے، ورنہ اللہ تعالیٰ کسی عبادت کا محتاج نہیں ہے۔ لہٰذا خلقت کی غرض اسی صاحب کمال کی بندگی کرنے سے پوری ہوتی ہے، نہ کہ کسی اور کی بندگی کرنے سے۔ اللہ نے بندگی کے لیے خلق کیا ہے، یعنی اللہ نے اس انسان کی خلقت کے اندر بندگی کا شعور ودیعت فرمایا ہے: فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ۚ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ۚ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۔(روم: ۳۰) وہ دین قیم جس میں کسی قسم کا انحراف نہیں ہے، عین فطرت ہے۔ اگر اللہ کی بندگی فطری نہ ہوتی تو اس بندگی سے انسان کو سکون حاصل نہ ہوتا۔ جیسا کہ مچھلی اگر پانی میں زندگی کے لیے پیدا نہ ہوتی تو اسے پانی میں سکون نہ ملتا۔ یہاں ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر اللہ کی بندگی فطری ہے تو سب لوگوں کو اس پر چلنا چاہیے، کیونکہ فطرت سب کے لیے یکساں ہے۔ جواب یہ ہے کہ فطری ہونے کا مطلب جبری نہیں ہے۔ مثلاً جمالیات کی حس بھی سب کے نزدیک فطری ہے اور دوسروں پر احسان کرنے کا احساس بھی سب کے نزدیک فطری ہے، اس کے باوجود بہت سے لوگ نہ جمالیاتی ذوق رکھتے ہیں، نہ کمزوروں پر احسان کرتے ہیں، بلکہ اس کے برعکس ان کا خون چوستے ہیں۔

وَالطُّوْرِ ۙ﴿۱﴾
وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ﴿۲﴾
فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ﴿۳﴾
وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ۙ﴿۴﴾
وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ۙ﴿۵﴾
وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ ۙ﴿۶﴾
اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ ۙ﴿۷﴾
مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ﴿۸﴾
يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ﴿۹﴾
وَّتَسِيْرُ الْجِبَالُ سَيْرًا ؕ﴿۱۰﴾
فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ﴿۱۱﴾
الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ يَّلْعَبُوْنَ ۘ﴿۱۲﴾
يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ؕ﴿۱۳﴾
هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾
اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ۚ﴿۱۵﴾
اِصْلَوْهَا فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۶﴾
اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ۙ﴿۱۷﴾
فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ عَذَابَ

وقفۂ لازم

۱۔ قسم ہے طور کی، ☆
۲۔ اور لکھی ہوئی کتاب کی،
۳۔ ایک کشادہ ورق میں، ☆
۴۔ اور بیت معمور (آباد گھر) کی، ☆
۵۔ اور بلند چھت کی، ☆
۶۔ اور موجزن سمندر کی، ☆
۷۔ آپ کے رب کا عذاب ضرور واقع ہونے والا ہے،
۸۔ اسے ٹالنے والا کوئی نہیں ہے۔
۹۔ اس روز آسمان بری طرح تھرتھرائے گا،
۱۰۔ اور پہاڑ پوری طرح چلنے لگیں گے۔ ☆
۱۱۔ پس اس دن تکذیب کرنے والوں کے لیے تباہی ہے،
۱۲۔ جو بیہودگیوں میں کھیل رہے ہیں۔ ☆
۱۳۔ اس دن وہ شدت سے جہنم کی آگ کی طرف دھکیلے جائیں گے۔
۱۴۔ یہ وہی آگ ہے جس کی تم لوگ تکذیب کرتے تھے۔
۱۵۔ (بتاؤ) کیا یہ جادو ہے یا تم دیکھتے نہیں ہو؟
۱۶۔ اب اس میں جھلس جاؤ پھر صبر کرو یا صبر نہ کرو تمہارے لیے یکساں ہے، تمہیں تو بہرحال تمہارے اعمال کی جزائیں دی جائیں گی۔ ☆
۱۷۔ اہل تقویٰ تو یقیناً جنتوں اور نعمتوں میں ہوں گے۔
۱۸۔ ان کے رب نے جو کچھ انہیں عطا کیا ہے اس پر وہ خوش ہوں گے اور ان کا پروردگار انہیں عذاب جہنم سے بچا لے

سورہ طور

۱۔ طور وہ کوہ ہے جہاں سے حضرت موسیٰ (ع) نبوت لے کر لوٹے۔
۳۔ کوہ طور کی مناسبت سے ممکن ہے کہ باریک چمڑے پر لکھی گئی کتاب سے مراد توریت ہو۔
۴۔ احادیث کے مطابق بیت معمور اس گھر کو کہتے ہیں جو کعبہ کے اوپر آسمانوں میں بنا ہوا ہے اور فرشتوں کی جائے عبادت ہے۔ خانہ کعبہ بھی روئے زمین کا پہلا بیت معمور (بنایا گیا گھر) ہے۔
۵۔ اونچی چھت سے مراد آسمان ہے۔ یعنی اس ذات نے ان چیزوں کو عبث نہیں بنایا۔ اس نے جس مقصد کے لیے ان کو خلق کیا ہے اس کے تحت قیامت کا برپا ہونا لازمی ہے اور سرکشوں کے لیے عذاب بھی لازمی ہے۔
۶۔ الْمَسْجُوْرِ کے دوسرے معنی آگ کے ہیں۔ یعنی آگ اور بھاپ میں تبدیل ہونے والے سمندر کی قسم۔ شاید یہی معنی قرین سیاق ہیں۔ چنانچہ روایت میں آیا ہے، حضرت علی علیہ السلام نے ایک یہودی سے پوچھا: تمہاری کتاب میں آگ کی جگہ کون سی ہے۔ اس نے کہا: سمندر۔ آپ نے فرمایا: یہ شخص صحیح کہہ رہا ہے۔ ہماری کتاب میں بھی ہے: وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ (زبدۃ التفاسیر ۶: ۴۸۷) اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا: قسم ہے آتشیں سمندر کی۔
۱۰۔ موجودہ آسمان و زمین اور موجودہ نظام کائنات ایک مرتبہ درہم برہم ہو جائے گا۔ اس کی جگہ اللہ تعالیٰ ایک اور کائنات اور نظام کو ترتیب دے گا۔
۱۲۔ خَوْضٍ قابل مذمت کام میں لگ جانے کے معنوں میں ہے۔ یعنی انبیاء کی دعوت کے مضمرات میں غور کرنے کی بجائے بیہودہ باتوں میں لگے رہتے ہو۔
۱۶۔ صبر اس وقت نتیجہ خیز ہوتا ہے کہ جب کسی بہتر انجام کے لیے اختیار کیا جائے۔ جہنمی جب اپنے انجام کو پہنچ جاتا ہے تو اس صبر کا کوئی انجام نہیں ہوتا۔

الْجَحِيْمِ ﴿١٨﴾

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ
وَزَوَّجْنٰهُمْ بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿٢٠﴾

وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ اتَّبَعَتْهُمْ
ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ
ذُرِّيَّتَهُمْ وَ مَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ
عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ
بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿٢١﴾

وَاَمْدَدْنٰهُمْ بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا
يَشْتَهُوْنَ ﴿٢٢﴾

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ
فِيْهَا وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿٢٣﴾

وَ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ لَّهُمْ
كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿٢٤﴾

وَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ
يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٥﴾

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا
مُشْفِقِيْنَ ﴿٢٦﴾

فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا عَذَابَ
السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾

اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ

گا۔

۱۹۔خوشگواری سے کھاؤ اور پیو ان اعمال کے عوض جو تم کرتے رہے ہو۔

۲۰۔وہ صف میں بچھی ہوئی مسندوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے اور بڑی آنکھوں والی حوروں سے ہم ان کا عقد کر دیں گے۔

۲۱۔اور جو لوگ ایمان لے آئے اور ان کی اولاد نے بھی ایمان میں ان کی پیروی کی ان کی اولاد کو (جنت میں) ہم ان سے ملا دیں گے اور ان کے عمل میں سے ہم کچھ بھی کم نہیں کریں گے، ہر شخص اپنے عمل کا گروی ہے۔☆

۲۲۔اور ہم انہیں پھل اور گوشت جو ان کا جی چاہے فراہم کریں گے۔

۲۳۔ وہاں وہ آپس میں جام پھراتے ہوں گے جس میں نہ بیہودگی ہوگی اور نہ گناہ۔☆

۲۴۔اور ان کے گرد نوعمر خدمت گزار لڑکے ان کے لیے چل پھر رہے ہوں گے گویا وہ چھپائے ہوئے موتی ہوں۔

۲۵۔اور یہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر سوال کریں گے۔

۲۶۔کہیں گے: پہلے ہم اپنے گھر والوں کے درمیان ڈرتے رہتے تھے۔☆

۲۷۔ پس اللہ نے ہم پر احسان کیا اور ہمیں جھلسا دینے والی ہواؤں کے عذاب سے بچا لیا۔

۲۸۔اس سے پہلے ہم اسی کو پکارتے تھے وہ

۲۱۔والدین کے احسانات صرف دنیا تک محدود نہیں ہیں۔ قیامت کے دن بھی وہ اپنی نیک اولاد کی شفاعت کر کے انہیں جنت میں لے جائیں گے۔ جب والدین کو جنت جانے کی اجازت مل جائے گی اور اولاد کو نہیں اور اولاد والدین کے درجے پر فائز نہ ہو بلکہ ان سے کم درجے کی مؤمن ہو، لیکن والدین کی خواہش پر اسے بھی والدین کے درجے میں لایا جائے گا اور والدین کے درجات میں بھی کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔ سورۂ مؤمن آیت ۸ اور سورۂ رعد کی آیت ۲۳ سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر والدین کم درجے کے ہیں تو ان کو اولاد کے درجے پر لایا جائے گا: جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا وَمَنْ صَلَحَ مِنْ اٰبَآئِهِمْ وَاَزْوَاجِهِمْ وَذُرِّيّٰتِهِمْ ... (رعد:۲۳) دائمی جنتوں میں خود بھی داخل ہو جائیں گے اور ان باپ داداؤں، بیویوں اور اولاد میں سے جو نیک ہوں گے، مگر اس کے درجے کے نہیں ہوں گے، یعنی یہ لوگ نیک ہوں گے، مگر اس کے درجے کے نہیں ہوں گے، لیکن اس کی خواہش پر اس کے درجے پر لائے جائیں گے۔ یہ وہ مقام ہے جہاں والدین کو نیک اولاد آخرت میں بھی فائدہ دے گی۔ ہر شخص اپنے عمل کا مرہون ہے۔ یعنی اس کا عمل اچھا ہو تو نتیجہ اچھا اور اگر برا ہو تو نتیجہ بھی برا ہوگا۔ اس اصول کے تحت والدین کا رتبہ کم کر کے اولاد کو نہیں دیا جائے گا، نہ ہی کسی کا عذاب کم کر کے کسی دوسرے پر ڈالا جائے گا۔

۲۳۔ يَتَنَازَعُوْنَ: تنازع کا لفظ جب کأس کے ساتھ ہوگا تو ایک دوسرے سے لینے کے معنوں میں ہوگا۔

۲۶۔احباب کی محفل میں بیٹھ کر اپنے گزرے ہوئے دنوں کے حالات ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہوں گے کہ دنیا میں کیسی زندگی گزاری اور ان مشکل مراحل کو طے کر کے جنت کی ان نعمتوں تک کیوں کر رسائی حاصل ہوگئی؟ جواب یہ ہوگا کہ ہم مال و اولاد کی وجہ سے خوف خدا سے غافل نہیں ہوتے تھے۔ اس ڈر نے آج ہمیں امن دیا ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ ہم آج کے لیے اپنے مہربان پروردگار کی

ع ۱/۲	الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿٢٨﴾ ع
	فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ
	بِكَاهِنٍ وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿٢٩﴾ ط
	اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ نَّتَرَبَّصُ بِهٖ
	رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿٣٠﴾
	قُلْ تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ
	الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿٣١﴾ ط
	اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ
	هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٣٢﴾ ج
	اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ ۚ بَلْ لَّا
	يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ ج
	فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا
	صٰدِقِيْنَ ﴿٣٤﴾ ط
	اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ
	الْخٰلِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ ط
	اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ
	بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿٣٦﴾ ط
	اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ
	الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ ط
	اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ
	فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ بِسُلْطٰنٍ
	مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ ط
	اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ الْبَنُوْنَ ﴿٣٩﴾ ط

یقیناً احسان فرمانے والا، مہربان ہے۔

۲۹۔ لہٰذا آپ نصیحت کرتے جائیں کہ آپ اپنے رب کے فضل سے نہ کاہن ہیں اور نہ مجنون۔☆

۳۰۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں: یہ شاعر ہے، ہم اس کے بارے میں گردش زمانہ (موت) کے منتظر ہیں؟☆

۳۱۔ کہہ دیجیے: انتظار کرو کہ میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں.☆

۳۲۔ کیا ان کی عقلیں انہیں ایسا کرنے کو کہتی ہیں یا یہ سرکش لوگ ہیں؟

۳۳۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں اس (قرآن) کو اس نے خود گھڑ لیا ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ ایمان نہیں لاتے۔

۳۴۔ پس اگر یہ سچے ہیں تو اس جیسا کلام بنا لائیں۔☆

۳۵۔ کیا یہ لوگ بغیر کسی خالق کے پیدا ہوئے ہیں یا خود (اپنے) خالق ہیں؟☆

۳۶۔ یا انہوں نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہے؟ (نہیں) بلکہ یہ یقین نہیں رکھتے۔☆

۳۷۔ کیا ان کے پاس آپ کے رب کے خزانے ہیں یا ان پر ان لوگوں کا تسلط قائم ہے؟

۳۸۔ یا ان کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس (کے ذریعے) سے یہ وہاں (عالم ملکوت) کی باتیں سنتے ہیں؟ (اگر ایسا ہے) تو ان کا سننے والا واضح دلیل پیش کرے۔

۳۹۔ کیا اللہ کے لیے بیٹیاں اور تمہارے لیے بیٹے ہیں؟

بارگاہ میں دعائیں کرتے رہتے تھے۔

۲۹۔ کاھن ظن وتخمین کی بنیاد پر ماضی کی پوشیدہ باتیں بتانے والے کو کہتے ہیں۔ قرآن مجید میں گزشتہ امتوں کے برے انجام کی خبروں سے اپنے عوام کی توجہ ہٹانے کے لیے رسول اللہ (ص) پر کاہن ہونے کا الزام عائد کرتے تھے۔

۳۰۔ مشرکین آپس میں کہا کرتے تھے: اس شخص کی یہ تحریک خدائی تو ہے نہیں، بلکہ صرف اس کی ذات تک محدود ہے۔ اس کے ختم ہونے سے یہ تحریک بھی دم توڑ دے گی۔

۳۱۔ جواب یہ دیا گیا: انتظار کرو کہ تمہاری سازشوں نے دم توڑنا ہے یا ہماری تحریک نے؟ یہ آنے والا وقت ہی بتائے گا۔

۳۴۔ یہ کلام اگر زمین میں بن سکتا ہے تو تم بھی اسی سرزمین میں بستے ہو، پس ایک ایسا کلام بنا کر اپنی بات ثابت کرو۔

۳۵۔ ۳۶ یہ رسولؐ تمہیں ایسی ذات کی بندگی کی طرف دعوت دے رہا ہے، جس نے تمہیں پیدا کیا ہے اور پوری کائنات کو بھی ۔ ہاں! اگر تمہارا کوئی خالق نہیں ہے یا تم خود خالق ارض وسما ہو تو اس صورت میں تم بندگی سے آزاد ہو سکتے ہو۔ اگر ایسا نہیں ہے تو تمہیں اس ذات کی بندگی کرنی ہوگی جس نے تمہیں اور ان سب چیزوں کو خلق کیا ہے۔

ان آیات میں فرمایا: اللہ کی بندگی نہ کرنے کے لیے چند ایک صورتیں قابل تصور ہیں: پہلی صورت یہ ہے کہ تم بغیر خالق کے پیدا ہوئے ہو۔ دوسری صورت یہ ہے کہ تم خود خالق ہو۔ تیسری صورت یہ ہے کہ اللہ کے خزانوں کے خود مالک ہو، اللہ کے پاس کچھ نہ ہو۔ چوتھی صورت یہ ہے کہ عالم بالا میں اللہ کے ہاں کیا فیصلے ہوتے ہیں، ان کو سننے کے لیے تمہارے پاس کوئی ذریعہ موجود ہو، جس سے تم نے سن لیا ہو کہ اللہ معبود نہیں ہے۔ اگر یہ تمام صورتیں ناممکن ہیں تو تمہارے لیے اللہ کی بندگی سے فرار ہونے کے لیے کوئی راستہ نہیں ہے۔

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ
مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٠﴾
اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ
يَكْتُبُوْنَ ﴿٤١﴾
اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ؕ فَالَّذِيْنَ
كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿٤٢﴾
اَمْ لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ
عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٣﴾
وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا
يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ مَّرْكُوْمٌ ﴿٤٤﴾
فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ
الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿٤٥﴾
يَوْمَ لَا يُغْنِيْ عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ
شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٤٦﴾
وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ
ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ
لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٤٧﴾
وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ
بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ
تَقُوْمُ ﴿٤٨﴾ ۙ
وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿٤٩﴾ ع ۲

سُوْرَةُ النَّجْمِ مَكِّيَّةٌ ٦٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۴۰۔ کیا آپ ان سے اجر مانگتے ہیں کہ ان پر تاوان کا بوجھ پڑ رہا ہے؟

۴۱۔ یا ان کے پاس غیب کا علم ہے جسے وہ لکھتے ہوں؟

۴۲۔ کیا یہ لوگ فریب دینا چاہتے ہیں؟ کفار تو خود فریب کا شکار ہو جائیں گے۔☆

۴۳۔ یا ان کا اللہ کے سوا کوئی معبود ہے؟ اللہ اس شرک سے پاک ہے جو یہ کرتے ہیں۔

۴۴۔ اور اگر یہ لوگ آسمان سے (عذاب کا) کوئی ٹکڑا گرتا ہوا دیکھ لیں تو کہیں گے: یہ تو سنگین بادل ہے۔

۴۵۔ پس آپ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ یہ اپنا وہ دن دیکھ لیں جس میں ان کے ہوش اڑ جائیں گے۔☆

۴۶۔ اس دن نہ ان کی تدبیر ان کے کسی کام آئے گی اور نہ ہی ان کی مدد کی جائے گی۔

۴۷۔ اور ظالموں کے لیے اس (عذاب) کے علاوہ بھی یقیناً عذاب ہے لیکن ان میں سے اکثر نہیں جانتے۔☆

۴۸۔ اور آپ اپنے رب کے حکم تک صبر کریں، یقیناً آپ ہماری نگاہوں میں ہیں اور جب آپ اٹھیں تو اپنے رب کی ثنا کے ساتھ تسبیح کریں۔☆

۴۹۔ اور رات کے بعض حصوں میں اور ستاروں کے غروب ہونے کے بعد بھی اپنے رب کی تسبیح کریں۔☆

سورہ نجم ۔ مکی ۔ آیات ۶۲

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۴۲۔ یہ ابتدائے دعوت کے دنوں کی بات ہے جب مسلمان نہایت ہی نامساعد حالات سے دوچار ایک چھوٹی سی بے سر و سامان جماعت پر مشتمل تھے۔ اس وقت کی پیشگوئی ہے کہ مخالفین اس دعوت کو ناکام کرنے کے لیے جو بھی سازش اور تدبیر کریں گے اس کا الٹا اثر انہی کافروں کے خلاف ظاہر ہو گا۔

۴۵۔ سب سے بڑی سزا یہ ہے کہ اللہ کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دے۔ وہ ذات ہاتھ اٹھا لے، جس کے ہاتھ میں سب کچھ ہے۔

۴۷۔ یعنی عذاب آخرت کے علاوہ بھی عذاب ہے۔ لفظ میں عمومیت ہے، یعنی غیر اللہ کی پرستش کرنے والوں کے لیے آخرت کے علاوہ دنیا میں عذاب آ سکتا ہے۔ قبر کا عذاب مراد ہو سکتا ہے، اس عذاب سے مراد مسلمانوں کے ہاتھوں شکست ہو سکتی ہے۔

۴۸۔ جس طرح کسی کو اپنے حال پر چھوڑنا سب سے بڑی سزا ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ فرمانا فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا کہ آپ ہماری حفاظت میں ہیں، سب سے بڑی عنایت ہے۔

۴۹۔ اِدْبَارَ النُّجُوْمِ: جب صبح کی روشنی سے ستارے چھپ جاتے ہیں۔ بعض کے نزدیک اس سے مراد نماز فجر سے پہلے کی دو رکعت ہیں۔

حِيْنَ تَقُوْمُ: جب آپ اٹھیں۔ یعنی رات کو تہجد کے لیے اٹھیں تو تسبیح پڑھیں۔

سورہ نجم

۱۔قسم ہے ستارے کی ۔ اللہ ستاروں کی قسم کھانے کو اہمیت دیتا ہے۔سورۂ واقعہ آیت ۷۵۔۷۶ میں فرمایا:لااقسم بمواقع النجوم وانہ لقسم لو تعلمون عظیم۔ مجھے ستاروں کے مقامات کی قسم ہے اگر تم جانتے ہو تو یہ بڑی قسم ہے۔

۲۔صاحبکم۔صاحب یعنی ساتھی، رفیق۔ایک محاورہ ہے، جہاں کوئی اور رشتہ بتانا منظور نہ ہو تو وہاں صاحبکم کہتے ہیں جیسے ہم 'تمہارا یار' کہتے ہیں۔

۳۔تمہارا رفیق جو باتیں بیان کرتا ہے وہ صرف وحی ہے، اس کی اپنی خواہش کو اس میں کوئی دخل نہیں ہے۔ بھٹکتا بہکتا وہ ہے جس پر ذاتی خواہش حاکم ہو۔ آیت کے اطلاق میں وہ تمام فرامین شامل ہیں جو حضورؐ نے اپنی امت سے بیان فرمائے ہیں۔ اگر وحی اسلوب کلام و معانی میں بطور معجزہ نازل ہوئی ہے تو وہ قرآن ہے، ورنہ سنت رسولؐ ہے۔ چنانچہ رسول اللہؐ کی حیات میں لوگوں نے سنت کی تدوین کی مخالفت کی تو رسول اللہؐ نے فرمایا: اکتبوا فو الذی نفسی بیدہ ما خرج منی الا الحق۔ (سنن الدارمی حدیث ۴۸۴ باب کتابۃ العلم) لکھو! جس ذات کے ہاتھ میں میری جان ہے اس کی قسم! میری زبان سے حق کے سوا کوئی بات نہیں نکلی۔ مگر ستم یہ کہ حدیث کی تدوین پر حکمرانوں کی طرف سے دوسری صدی ہجری تک پابندی رہی۔ البتہ اہل بیتؑ کے پیروکاروں کے ہاں عصر رسولؐ ہی میں حدیث کی تدوین املاء من رسول اللہ (ص) و بخط علی علیہ السلام ہوئی۔ جو کتاب علی کے نام سے مشہور ہے۔ بدقسمتی سے معاندانہ پروپیگنڈوں نے اس خصوصیت کو طعن میں بدلنے کی کوشش کی اور مشہور کیا گیا کہ ان کے ہاں ستر گز کا قرآن الگ ہے۔ معاذ اللہ۔ اس موضوع کی تفصیل کے لیے مصر کے دانشمند عبد الحلیم الجندی کی کتاب الامام الصادق(ع) کا مطالعہ فرمائیں۔

۱۸۔ قلب و نظر کے اتفاق کے ساتھ اللہ کی بڑی نشانیوں کا مشاہدہ کیا۔اللہ کے ملکوتی نظام کی عظمت کا ایسا مشاہدہ کسی اور کے لیے قابل تصور نہیں ہے۔ چنانچہ حضرت ابراہیمؑ کے بارے میں فرمایا: وَكَذٰلِكَ نُرِيٓ اِبْرٰهِيْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ (انعام:۷۵)

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ۙ﴿۱﴾

۱۔قسم ہے ستارے کی جب وہ غروب کرے☆

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰى ۚ﴿۲﴾

۲۔تمہارا رفیق نہ گمراہ ہوا ہے اور نہ بہکا ہے۔☆

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ؕ﴿۳﴾

۳۔ وہ خواہش سے نہیں بولتا۔☆

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۙ﴿۴﴾

۴۔ یہ تو صرف وحی ہوتی ہے جو (اس پر) نازل کی جاتی ہے۔

عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ الْقُوٰى ۙ﴿۵﴾

۵۔شدید قوت والے نے انہیں تعلیم دی ہے

ذُوْ مِرَّةٍ ؕ فَاسْتَوٰى ۙ﴿۶﴾

۶۔ جو صاحب قوت پھر (اپنی شکل میں) سیدھا کھڑا ہوا۔

وَهُوَ بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ؕ﴿۷﴾

۷۔اور جب وہ بلند ترین افق پر تھے۔

ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ۙ﴿۸﴾

۸۔پھر وہ قریب آئے پھر مزید قریب آئے،

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ﴿۹﴾

۹۔ یہاں تک کہ دو کمانوں کے برابر یا اس سے کم (فاصلہ) رہ گیا۔

فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ؕ﴿۱۰﴾

۱۰۔پھر اللہ نے اپنے بندے پر جو وحی بھیجنا تھی وہ وحی بھیجی۔

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ؕ﴿۱۱﴾

۱۱۔ جو کچھ (نظروں نے) دیکھا اسے دل نے نہیں جھٹلایا۔

اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ؕ﴿۱۲﴾

۱۲۔تو کیا جسے انہوں نے (اپنی آنکھوں سے) دیکھا ہے تو تم لوگ (اس کے بارے میں) ان سے جھگڑتے ہو؟

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ﴿۱۳﴾

۱۳۔اور تحقیق انہوں نے پھر ایک مرتبہ اسے دیکھ لیا،

عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى ۚ﴿۱۴﴾

۱۴۔سدرۃ المنتہیٰ کے پاس،

عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ؕ﴿۱۵﴾

۱۵۔جس کے پاس ہی جنت الماویٰ ہے۔

اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۙ﴿۱۶﴾

۱۶۔اس وقت سدرہ پر چھا رہا تھا جو چھا رہا تھا.

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ؕ﴿۱۷﴾

۱۷۔ نگاہ نے نہ انحراف کیا اور نہ تجاوز۔

لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى ؕ﴿۱۸﴾

۱۸۔ تحقیق انہوں نے اپنے رب کی بڑی نشانیوں کا مشاہدہ کیا۔☆

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ۙ﴿۱۹﴾

۱۹۔ بھلا تم لوگوں نے لات اور عزیٰ کو دیکھا ہے؟

وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ؕ﴿۲۰﴾

۲۰۔اور پھر تیسرے منات کو بھی؟

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ؕ﴿۲۱﴾

۲۱۔کیا تمہارے لیے تو بیٹے اور اللہ کے لیے بیٹیاں ہیں؟

تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ؕ﴿۲۲﴾

۲۲۔ یہ تو پھر غیر منصفانہ تقسیم ہے۔

اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ

۲۳۔در اصل یہ تو صرف چند نام ہیں جو تم

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا
مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا
الظَّنَّ وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ
جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ؕ ﴿٢٣﴾
اَمْ لِلْاِنْسَانِ مَا تَمَنّٰى ۖ ﴿٢٤﴾
فَلِلّٰهِ الْاٰخِرَةُ وَالْاُوْلٰى ﴿٢٥﴾
وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا
تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ
اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَ
يَرْضٰى ﴿٢٦﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ
لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ
الْاُنْثٰى ﴿٢٧﴾
وَمَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ ؕ اِنْ
يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ الظَّنَّ
لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ﴿٢٨﴾
فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ
ذِكْرِنَا وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ؕ ﴿٢٩﴾
ذٰلِكَ مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ
رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ
سَبِيْلِهٖ ۪ وَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ
اهْتَدٰى ﴿٣٠﴾
وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

نے اور تمہارے آبا و اجداد نے گھڑ لیے ہیں، اللہ نے تو اس کی کوئی دلیل نازل نہیں کی ہے، یہ لوگ صرف گمان اور خواہشات نفس کی پیروی کرتے ہیں حالانکہ ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے۔

۲۴۔ انسان جو آرزو کرتا ہے کیا وہ اسے مل جاتی ہے؟

۲۵۔ اور دنیا اور آخرت کا مالک تو صرف اللہ ہے۔

۲۶۔ اور آسمانوں میں کتنے ہی ایسے فرشتے ہیں جن کی شفاعت کچھ بھی فائدہ نہیں دیتی مگر اللہ کی اجازت کے بعد جس کے لیے وہ چاہے اور پسند کرے۔☆

۲۷۔ جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کے نام لڑکیوں جیسے رکھتے ہیں۔

۲۸۔ حالانکہ انہیں اس کا کچھ بھی علم نہیں ہے وہ تو صرف گمان کی پیروی کرتے ہیں اور گمان تو حق (تک) پہنچنے کے لیے کچھ کام نہیں دیتا۔☆

۲۹۔ پس آپ اس سے منہ پھیر لیں جو ہمارے ذکر سے منہ پھیرتا ہے اور صرف دنیاوی زندگی کا خواہاں ہے۔☆

۳۰۔ یہی ان کے علم کی انتہا ہے آپ کا پروردگار یقیناً بہتر جانتا ہے کہ اس کے راستے سے کون بھٹک گیا ہے اور اسے بھی خوب جانتا ہے جو ہدایت پر ہے۔☆

۳۱۔ اور جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

ہم نے اسی ابراہیمؑ کو آسمانوں اور زمین کی سلطنت دکھائی تاکہ یقین کرنے والوں میں ہو جائیں۔

۲۶۔ فرشتے اللہ کی بارگاہ میں کتنے ہی مقرب کیوں نہ ہوں، کسی کی شفاعت نہیں کر سکتے، جب تک اللہ کی طرف سے اجازت نہ ہو اور اجازت کے لیے بھی یَرْضٰی پسند یعنی اہلیت شرط ہے۔

۲۸۔ ظن، حق کی جگہ کام نہیں دے سکتا۔ کسی مؤقف کے لیے ظن کو بطور سند پیش نہیں کیا جا سکتا۔ پھر یہ کیسے اسی ظن کی بنیاد پر فرشتوں کو اللہ کی بیٹیاں بنا کر ان سے مرادیں مانگتے ہیں؟

۲۹۔ حق سے نفرت کرنے والے دنیا پرستوں سے دور ہٹ کر اپنی ساری توجہ اس جماعت کے لوگوں کی طرف رکھنی چاہیے جو حق کی بات سننے کے لیے آمادہ ہیں، کیونکہ یہی لوگ اس دعوت کو آگے بڑھائیں گے۔

۳۰۔ جو لوگ صرف دنیوی زندگی کو مقصد حیات سمجھتے ہیں، ان کی علمی سطح جانوروں سے زیادہ نہیں ہے. اسی لیے دعاؤں میں آیا ہے: ... وَ لَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَ لَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا۔ (مستدرك الوسائل ۶:۴۸۵) اے اللہ! ہم کو ایسا نہ بنا دے کہ دنیا ہی ہمارا سب سے بڑا مقصد اور ہمارے علم و آگہی کی انتہا قرار پائے۔

الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا
بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا
بِالْحُسْنٰى ﴿٣١﴾
اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ
وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ
وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ بِكُمْ
اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ
اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ
فَلَا تُزَكُّوْٓا اَنْفُسَكُمْ ؕ هُوَ اَعْلَمُ
ع ۲ بِمَنِ اتَّقٰى ﴿٣٢﴾
اَفَرَءَيْتَ الَّذِيْ تَوَلّٰى ۙ﴿٣٣﴾
وَاَعْطٰى قَلِيْلًا وَّاَكْدٰى ﴿٣٤﴾
اَعِنْدَهٗ عِلْمُ الْغَيْبِ فَهُوَ يَرٰى ﴿٣٥﴾
اَمْ لَمْ يُنَبَّاْ بِمَا فِيْ صُحُفِ
مُوْسٰى ۙ﴿٣٦﴾
وَاِبْرٰهِيْمَ الَّذِيْ وَفّٰٓى ۙ﴿٣٧﴾
اَلَّا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ۙ﴿٣٨﴾
وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا
سَعٰى ۙ﴿٣٩﴾
وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى ۖ﴿٤٠﴾
ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ۙ﴿٤١﴾
وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ۙ﴿٤٢﴾
وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ۙ﴿٤٣﴾

سب اللہ ہی کا ہے تا کہ اللہ برائی کرنے والوں کو ان کے عمل کا بدلہ دے اور نیکی کرنے والوں کو بہترین جزا دے۔

۳۲۔ جو لوگ گناہان کبیرہ اور بے حیائیوں سے اجتناب برتتے ہیں سوائے گناہان صغیرہ کے تو آپ کے پروردگار کی مغفرت کا دائرہ یقیناً بہت وسیع ہے، وہ تم سے خوب آگاہ ہے جب اس نے تمہیں مٹی سے بنایا اور جب تم اپنی ماؤں کے شکم میں ابھی جنین تھے، پس اپنے نفس کی پاکیزگی نہ جتاؤ، اللہ پرہیزگار کو خوب جانتا ہے۔☆

۳۳۔ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جس نے منہ پھیر لیا،

۳۴۔ اور تھوڑا سا دیا اور پھر رک گیا؟☆

۳۵۔ کیا اس کے پاس غیب کا علم ہے وہ دیکھ رہا ہے؟☆

۳۶۔ کیا اسے ان باتوں کی خبر نہیں پہنچی جو موسیٰ کے صحیفوں میں تھیں؟

۳۷۔ اور ابراہیم کے (صحیفوں میں) جس نے (حق اطاعت) پورا کیا؟

۳۸۔ یہ کہ کوئی بوجھ اٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اٹھائے گا۔☆

۳۹۔ اور یہ کہ انسان کو صرف وہی ملتا ہے جس کی وہ سعی کرتا ہے۔☆

۴۰۔ اور یہ کہ اس کی کوشش عنقریب دیکھی جائے گی۔☆

۴۱۔ پھر اسے پورا بدلہ دیا جائے گا،

۴۲۔ اور یہ کہ (منتہائے مقصود) آپ کے رب کے پاس پہنچنا ہے۔

۴۳۔ اور یہ کہ وہ ہنساتا اور وہی رلاتا ہے۔

۳۲۔ اللَّمَمَ گناہ کے قریب جانے کے معنوں میں ہے۔ امام صادق علیہ السلام سے منقول ہے: لمم وہ گناہ ہے جس کے ارتکاب کے بعد انسان استغفار کرتا ہے۔ آیت کا مفہوم یہ بنتا ہے کہ ان چھوٹے گناہوں کے علاوہ اگر انسان بڑے گناہوں سے اجتناب کرتا ہے تو اللہ کی مغفرت کا دائرہ وسیع ہے اور وہ بخش دے گا۔ آیت کے آخر میں فرمایا: اپنی پاکیزگی کے دعوے نہ کرو۔ اگر یہ دعویٰ اللہ کی خاطر ہے تو وہ بہتر جانتا ہے کہ تمہارے دعوے کہاں تک صحیح ہیں۔ اگر اس کا مقصد لوگوں کے سامنے اپنی پاکیزگی کا اظہار کرنا ہے تو یہ خود ستائیشی اور خود بینی بندگی کے سراسر خلاف ہے۔ امیرالمؤمنین (ع) سے منقول ہے: سَيِّئَةٌ تَسُوءُكَ خَيْرٌ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ حَسَنَةٍ تُعْجِبُكَ. (نہج البلاغۃ فصیحت ۴۶ ص ۴۷۷) وہ گناہ جو خود تجھے برا لگے، اللہ کے نزدیک اس نیکی سے بہتر ہے جو تجھے خود پسندی میں مبتلا کر دے۔

۳۴۔ ایک روایت کے مطابق ولید بن مغیرہ کو مشرکین نے اور دوسری روایت کے مطابق حضرت عثمان کو ان کے رشتہ دار عبد اللہ بن سعد نے یہ پیش کش کی کہ اپنے مال کا کچھ حصہ ہمیں دے دیں، ہم آپ کا بار گناہ یا شرک کا عذاب اپنی گردن پر لیتے ہیں۔ اس سلسلے میں معاہدہ ہوا، لیکن کچھ مال دینے کے بعد وہ رک گیا۔ یہ آیت اسی بارے میں نازل ہوئی۔

۳۵۔ کیا اس کو علم غیب کے ذریعے پتہ چلا کہ آخرت کا عذاب مال دے کر کسی اور کے ذمے ڈالا جا سکتا ہے؟

۳۸۔ ہر شخص اپنے عمل و کردار کا خود ذمے دار ہے۔ وہ اسے نہ کسی اور کے ذمے ڈال سکتا ہے، نہ ہی دوسرے شخص کے جرم کی ذمہ داری اپنے اوپر لے سکتا ہے۔

۳۹۔ ہر شخص نے اپنے عمل کا پھل لینا ہے۔ دوسروں کے عمل سے وہ یہ پھل حاصل نہیں کر سکتا، مگر یہ کہ اس عمل میں اس کا بھی حصہ ہو۔ ایصال ثواب کا مطلب یہ ہے کہ جو عمل ایصال ثواب کے لیے کیا جاتا ہے، عمل کرنے والے کو اس کا ثواب مل جاتا ہے اور چونکہ اس نے اس عمل کا ثواب کسی مرحوم کے لیے ہدیہ کیا ہے، لہٰذا اللہ اس کی یہ خواہش پوری کرتے ہوئے اس مرحوم کے لیے بھی ثواب دے گا۔ یہ اللہ کی طرف سے خاص لطف اور فضل ہے۔ چنانچہ اسی خاص لطف و کرم کی بنا پر ایصال ثواب

وَاَنَّهٗ هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿۴۴﴾

۴۴۔ اور یہ کہ وہی مارتا اور وہی جلاتا ہے۔

وَاَنَّهٗ خَلَقَ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ

۴۵۔ اور یہ کہ وہی نر اور مادہ کا جوڑا پیدا کرتا ہے،

وَالْاُنْثٰى ﴿۴۵﴾

مِنْ نُّطْفَةٍ اِذَا تُمْنٰى ﴿۴۶﴾

۴۶۔ ایک نطفے سے جب وہ ٹپکایا جاتا ہے۔

وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ الْاُخْرٰى ﴿۴۷﴾

۴۷۔ اور یہ کہ دوسری زندگی کا پیدا کرنا اس کے ذمے ہے۔☆

وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿۴۸﴾

۴۸۔ اور یہ کہ وہی دولت مند بناتا ہے اور ثابت سرمایہ دیتا ہے۔

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿۴۹﴾

۴۹۔ اور یہ کہ وہی (ستارہ) شعرا کا مالک ہے۔☆

وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ عَادَا الْاُوْلٰى ﴿۵۰﴾

۵۰۔ اور یہ کہ اسی نے عاد اولیٰ کو ہلاک کیا۔

وَثَمُوْدَا فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿۵۱﴾

۵۱۔ اور ثمود کو بھی، پھر کچھ نہ چھوڑا۔

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿۵۲﴾

۵۲۔ اور اس سے پہلے قوم نوح کو (تباہ کیا) کیونکہ وہ یقیناً سب سے زیادہ ظالم اور سرکش تھے۔

وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿۵۳﴾

۵۳۔ اور الٹی ہوئی بستیوں کو گرا دیا۔

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿۵۴﴾

۵۴۔ پھر ان پر چھایا جو چھایا۔

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿۵۵﴾

۵۵۔ پھر تو اپنے رب کی کون سی نعمت پر شک کرتا ہے؟

هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾

۵۶۔ یہ (پیمبر) بھی گزشتہ تنبیہ کرنے والوں کی طرح ایک تنبیہ کرنے والا ہے۔

اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾

۵۷۔ آنے والی (قیامت) قریب آ ہی گئی ہے،

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾

۵۸۔ اللہ کے سوا اسے دور کرنے والا کوئی نہیں۔

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾

۵۹۔ کیا تم اس کلام سے تعجب کرتے ہو؟

وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾

۶۰۔ اور ہنستے ہو اور روتے نہیں ہو؟☆

وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾

۶۱۔ اور تم لغویات میں مگن ہو؟☆

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ السجدة

۶۲۔ پس اللہ کے آگے سجدہ کرو اور اسی کی عبادت کرو۔

سُوْرَةُ الْقَمَرِ مَكِّيَّةٌ ۵۵ سورۃ ۵۴

سورہ قمر۔ مکی۔ آیات ۵۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

ہوسکتا ہے لیکن ایصال عذاب نہیں ہوسکتا۔

۴۰۔ یعنی بروز قیامت اس کو اپنا عمل نظر آئے گا۔

۴۲۔ عَلَيْهِ: اپنے وعدے پر عمل کرنا ضروری ہے اور حکمت خلق و ایجاد کے اعتبار سے بھی ضروری ہے اور انسان کو مکلف بنانے کے اعتبار سے بھی روز حساب کا ہونا لازمی ہے، ورنہ وعدہ خلافی سے خلق و ایجاد عبث ہوتی اور مکلف بنانے پر ظلم لازم آتا۔ یہ خود ارادۂ الٰہی کے تحت اللہ پر لازم اور واجب ہے، کسی برتر قانون کے ماتحت پابند ہونے کی وجہ سے نہیں۔ جیسے كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ. (انعام: ۵۴) تمہارے پروردگار نے رحمت کو اپنے اوپر لازم کیا ہے۔ اس آیت میں لفظ كَتَبَ اور عَلٰى دونوں وجوب لازم پر دلالت کرتے ہیں۔ لہٰذا یہ کہنا: حق تعالیٰ پر کوئی سی بھی چیز واجب نہیں ہے (دریابادی)، صریح قرآن اور خود ارادہ الٰہی کے خلاف ہے اور ساتھ خود محشی و دیگر مفسرین کی تصریحات کے بھی خلاف ہے، جو انہوں نے آیہ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ کے ذیل میں کی ہیں۔

۴۹۔ شعریٰ نامی ستارہ سورج کے بعد سب سے زیادہ چمکدار ستارہ ہے۔ یہ ستارہ سورج سے بیس گنا زیادہ روشن اور زمین سے دس نوری سال کے فاصلے پر ہے۔ اہل مصر اور عربوں میں سے قبیلہ خزاعہ اس ستارے کی پرستش کرتے تھے۔ اس آیت میں فرمایا کہ تمہارا رب شعریٰ نہیں بلکہ تمہارا رب اللہ ہے جو شعریٰ کا بھی رب ہے۔

۶۰۔ اپنے جرائم اور روز آخرت کے تصور سے تمہیں گریہ کرنا چاہیے تھا، لیکن تم اس پر ہنستے ہو۔

۶۱۔ سمد لغویات کو کہتے ہیں۔ السمود غذا کو بھی کہتے ہیں۔

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَ انْشَقَّ
الْقَمَرُ ①
وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا
سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ②
وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ
اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ③
وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ
مُزْدَجَرٌ ۙ ④
حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ
النُّذُرُ ۙ ⑤
فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ الدَّاعِ
اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۙ ⑥
خُشَّعًا اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ
مِنَ الْاَجْدَاثِ كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ
مُّنْتَشِرٌ ۙ ⑦
مُّهْطِعِيْنَ اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ
الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا يَوْمٌ عَسِرٌ ⑧
كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ
فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ
وَّازْدُجِرَ ⑨
فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ
فَانْتَصِرْ ⑩
فَفَتَحْنَآ اَبْوَابَ السَّمَآءِ بِمَآءٍ

وقفہ لازم

۱۔ قیامت قریب آ گئی اور چاند شق ہو گیا۔☆
۲۔ اور (کفار) اگر کوئی نشانی دیکھ لیتے ہیں تو منہ پھیر لیتے ہیں اور کہتے ہیں: یہ تو وہی ہمیشہ کا جادو ہے۔☆
۳۔ انہوں نے تکذیب کی اور اپنی خواہشات کی پیروی کی اور ہر امر استقرار پانے والا ہے۔☆
۴۔ اور بتحقیق ان کے پاس وہ خبریں آ چکی ہیں جو (کفر سے) باز رہنے کے لیے کافی ہیں،
۵۔ (جن میں) حکیمانہ اور مؤثر (باتیں) ہیں لیکن تنبیہیں فائدہ مند نہیں رہیں۔
۶۔ پس آپ بھی ان سے رخ پھیر لیں، جس دن بلانے والا ایک ناپسندیدہ چیز کی طرف بلائے گا۔☆
۷۔ تو وہ آنکھیں نیچی کر کے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں۔☆
۸۔ پکارنے والے کی طرف دوڑتے ہوئے جا رہے ہوں گے، اس وقت کفار کہیں گے: یہ بڑا کٹھن دن ہے۔
۹۔ ان سے پہلے نوح کی قوم نے بھی تکذیب کی تھی، پس انہوں نے ہمارے بندے کی تکذیب کی اور کہنے لگے: دیوانہ ہے اور (جنات کی) جھڑکی کا شکار ہے۔
۱۰۔ پس نوح نے اپنے رب کو پکارا: میں مغلوب ہو گیا ہوں پس تو انتقام لے۔
۱۱۔ پھر ہم نے زوردار بارش سے آسمان کے

سورہ قمر

۱۔ شق قمر کو قرب قیامت کی علامت گردانا گیا ہے، کیونکہ چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا اس بات کی علامت ہے کہ موجودہ نظام درہم برہم ہو سکتا ہے۔ اس نشانی کے مشاہدے کے باوجود لوگ قیامت پر ایمان نہیں رکھتے!!۔

یہ واقعہ ہجرت سے پانچ سال قبل کا ہے: مشرکین نے ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا: ان کنت صادقا فشق لنا القمر فلقتین۔ اگر آپ سچے ہیں تو ہمارے لیے چاند کے دو ٹکڑے کر دیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ان فعلت تؤمنون؟ اگر میں نے ایسا کر دیا تو کیا تم ایمان لاؤ گے؟ لوگوں نے کہا: ہاں! چنانچہ چودھویں کا چاند تھا۔ رسول کریم (ص) نے دعا کی۔ فانشق القمر فلقتین و رسول اللّٰہ (ص) ینادی یا فلان یا فلان اشھدوا۔ چنانچہ چاند دو ٹکڑے ہو گیا تو آپؐ نے فرمایا: اے فلاں، اے فلاں گواہ رہنا۔ (بحار الانوار ۱۷: ۳۴۷) اس واقعہ کو اَحَلّہٗ اصحاب نے روایت کیا ہے۔ بعض کا یہ دعویٰ بھی ہے کہ یہ متواتر ہے۔

ایک سوال یہ پیدا کیا جاتا ہے کہ کیا آسمانی کرات میں شگاف ممکن ہے۔

جواب: نہ صرف ممکن ہے، بلکہ واقع ہوتا رہتا ہے۔ آسمانی پتھر آسمانی کرات کے منتشر اجزاء ہیں۔

دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر قمر شق ہو گیا ہوتا تو اس وقت کی رصدگاہوں میں بہت سے لوگوں کو دکھائی دیتا۔ جواب: روایت کے مطابق چودھویں کا چاند شق ہو گیا تھا۔ اس وقت دوسرے علاقوں میں دکھائی نہیں دیتا تھا۔ جیسا کہ چاند گرہن بعض علاقوں میں دیکھا جاتا ہے، بعض میں نہیں۔

۲۔ سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ، ہمیشہ کا جادو کہنا خود اپنی جگہ ایک دلیل ہے کہ مشرکین نے اس سے پہلے متعدد معجزات کا مشاہدہ کیا ہے۔

۳۔ یعنی معاملے کا ایک انجام ہوتا ہے، جس پر پہنچ کر اس کی اصلی حالت سامنے آ جاتی ہے۔ اگر یہ دین حق پر مبنی نہیں ہے تو کل اپنے انجام کو پہنچ کر فاش ہو جائے گا، ورنہ تم اپنے انجام کو پہنچ کر رسوا ہو جاؤ گے۔

۶۔ ایسی چیز جو ان کے وہم و گمان میں نہ تھی۔ ان کو

مُّنْهَمِرٍ ﴿١١﴾

وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا فَالْتَقَى
الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿١٢﴾

وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ
وَّدُسُرٍ ﴿١٣﴾

تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا ۚ جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ
كُفِرَ ﴿١٤﴾

وَ لَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ
مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٥﴾

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿١٦﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾

كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَ
نُذُرِ ﴿١٨﴾

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا
فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾

تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ
نَخْلٍ مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾

فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿٢١﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
ع ۱ ۲ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾

كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ

دھانے کھول دیے۔

۱۲۔ اور زمین کو شگافتہ کر کے ہم نے چشمے جاری کر دیے تو (دونوں) پانی اس امر پر مل گئے جو مقدر ہو چکا تھا۔

۱۳۔ اور تختوں اور کیلوں والی (کشتی) پر ہم نے نوح کو سوار کیا۔☆

۱۴۔ جو ہماری نگرانی میں چل رہی تھی، یہ بدلہ اس شخص کی وجہ سے تھا جس کی قدر شناسی نہیں کی گئی تھی۔☆

۱۵۔ اور تحقیق اس (کشتی) کو ہم نے ایک نشانی بنا چھوڑا تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے؟

۱۶۔ پس بتاؤ میرا عذاب اور میری تنبیہیں کیسی رہیں؟

۱۷۔ اور تحقیق ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنا دیا ہے تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟☆

۱۸۔ عاد نے تکذیب کی تو بتاؤ میرا عذاب اور میری تنبیہیں کیسی تھیں؟

۱۹۔ ایک مسلسل نحوست کے دن ہم نے ان پر ایک طوفانی ہوا چلائی،☆

۲۰۔ جو لوگوں کو جڑ سے اکھڑے ہوئے کھجور کے تنوں کی طرح اٹھا کر پھینک رہی تھی۔

۲۱۔ پس بتاؤ میرا عذاب اور میری تنبیہیں کیسی تھیں؟

۲۲۔ اور تحقیق ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنا دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے؟

۲۳۔ ثمود نے بھی تنبیہ کرنے والوں کی تکذیب کی،☆

۲۴۔ اور کہنے لگے: کیا ہم اپنوں میں سے ایک بشر کی پیروی کریں؟ تب تو ہم گمراہی

قیامت کے بارے میں بتایا گیا تھا اور وہ اس کے منکر تھے، اس کی نوعیت اور اس کی ہولناکی کا وہ تصور تک نہیں کر سکتے تھے۔

۷۔ بڑی ندامت کے ساتھ آنکھیں خشوع کی حالت میں ہوں گی کہ یہ وہی نئی زندگی ہے جس کے ہم منکر رہے ہیں اور اس کے لیے کوئی تیاری نہیں کی۔

۱۳۔ یعنی اس کشتی پر جو تختوں اور کیلوں سے بنی تھی۔

۱۴۔ تَجْرِیْ بِاَعْیُنِنَا: ہماری نگرانی اور حفاظت میں یہ کشتی چل رہی تھی۔ یہ ایک محاورہ ہے کہ اگر کسی کو یہ کہنا ہے کہ تو اللہ تعالیٰ کی حفاظت میں رہے تو کہتے ہیں: انت بعین اللّٰہ۔

۱۷۔ نصیحت حاصل کرنے اور عبرت پکڑنے کی دعوت کا ایک طریقہ تو یہ ہے کہ لوگوں کو عذاب میں مبتلا کیا جائے اور ان پر بلا نازل کر کے نصیحت حاصل کرنے پر آمادہ کیا جائے۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اس امت پر رحم فرمایا اور نصیحت کے لیے عذاب اور بلا نازل کرنے کی بجائے قرآن کو بطور رحمت و نصیحت نازل کیا۔ اس لیے قوم نوح، قوم عاد، قوم ثمود، قوم صالح اور قوم لوط کو نصیحت دینے کے لیے نازل ہونے والی ہر آفت کے بعد اس بات کا ذکر بار بار آ رہا ہے کہ ہم نے قرآن کو نصیحت کا آسان ذریعہ بنا دیا ہے۔ آسانی کی ایک صورت یہ ہو گئی، دوسری صورت یہ ہے کہ جن باتوں سے انسان نے نصیحت حاصل کرنا ہوتی ہے انہیں نہایت سلیس اور واضح الفاظ میں مختلف انداز بیان میں تکرار کے ساتھ بیان کیا تا کہ آسانی سے لوگ ان نصیحتوں کو ذہن میں اتار لیں۔

۱۹۔ یہ دن قوم عاد کے لیے نحوست کا دن تھا۔ ایسا نہیں ہے کہ اس دن میں نحوست ہے۔ یوم سے مراد زمانے کا ایک حصہ ہے، خواہ کئی دن ہوں، کیونکہ دیگر آیات میں اَیَّامٍ نَّحِسَاتٍ کہا ہے۔ سورہ حاقۃ آیت ۷ میں ان ایام کی تعداد آٹھ بتائی ہے: سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّ ثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا...

۲۳۔ نُذُر مصدر ہے انذار کے معنوں میں اور نَذِیْر کی جمع بھی نُذُر ہے۔ قرآئن سے ہی معلوم ہو سکتا ہے کہ نذر مصدر ہے یا نذیر کی جمع ہے۔

۲۴۔ مشرکین نے ہمیشہ یہ اعتراض اٹھایا کہ بشر اللہ

إِنَّآ إِذًا لَّفِي ضَلَٰلٍ وَسُعُرٍ ﴿٢٤﴾
ءَأُلْقِيَ ٱلذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنۢ بَيْنِنَا بَلْ
هُوَ كَذَّابٌ أَشِرٌ ﴿٢٥﴾
سَيَعْلَمُونَ غَدًا مَّنِ ٱلْكَذَّابُ
ٱلْأَشِرُ ﴿٢٦﴾
إِنَّا مُرْسِلُوا ٱلنَّاقَةِ فِتْنَةً لَّهُمْ
فَٱرْتَقِبْهُمْ وَٱصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾
وَنَبِّئْهُمْ أَنَّ ٱلْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۖ
كُلُّ شِرْبٍ مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾
فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطَىٰ
فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾
فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِي وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾
إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَٰحِدَةً
فَكَانُوا۟ كَهَشِيمِ ٱلْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾
وَلَقَدْ يَسَّرْنَا ٱلْقُرْءَانَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
مِن مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾
كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوطٍۭ بِٱلنُّذُرِ ﴿٣٣﴾
إِنَّآ أَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا إِلَّآ
ءَالَ لُوطٍ ۖ نَّجَّيْنَٰهُم بِسَحَرٍ ﴿٣٤﴾
نِّعْمَةً مِّنْ عِندِنَا ۚ كَذَٰلِكَ
نَجْزِي مَن شَكَرَ ﴿٣٥﴾
وَلَقَدْ أَنذَرَهُم بَطْشَتَنَا
فَتَمَارَوْا۟ بِٱلنُّذُرِ ﴿٣٦﴾

اور دیوانگی میں ہوں گے۔☆
۲۵۔ کیا ہمارے درمیان یہی ایک رہ گیا تھا جس پر یہ ذکر نازل کیا گیا؟ (نہیں) بلکہ یہ بڑا جھوٹا خود پسند ہے۔
۲۶۔ عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا کہ بڑا جھوٹا خود پسند کون ہے۔
۲۷۔ بے شک ہم اونٹنی کو ان کے لیے آزمائش بنا کر بھیجنے والے ہیں، پس ان کا انتظار کیجیے اور صبر کیجیے۔☆
۲۸۔ اور انہیں بتا دو کہ پانی ان کے درمیان تقسیم ہو گا اور ہر ایک اپنی باری پر حاضر ہو گا۔
۲۹۔ پھر انہوں نے اپنے ساتھی کو بلایا اور اسے (ہتھیار) تھمایا پس اس نے (اونٹنی کی) کونچیں کاٹ دیں۔☆
۳۰۔ پس بتاؤ میرا عذاب اور میری تنبیہیں کیسی تھیں؟
۳۱۔ ہم نے ان پر ایک زور دار چنگھاڑ چھوڑ دی تو وہ سب باڑ والے کے بھوسے کی طرح ہو گئے۔
۳۲۔ اور بتحقیق ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنا دیا ہے تو کیا کوئی نصیحت قبول کرنے والا ہے؟
۳۳۔ لوط کی قوم نے بھی تنبیہ کرنے والوں کو جھٹلایا،
۳۴۔ تو ہم نے ان پر پتھر برسانے والی ہوا چلا دی سوائے آل لوط کے جنہیں ہم نے سحر کے وقت بچا لیا،
۳۵۔ اپنی طرف سے فضل کے طور پر، شکر گزاروں کو ہم ایسے ہی جزا دیتے ہیں۔☆
۳۶۔ اور بتحقیق لوط نے ہماری عقوبت سے انہیں ڈرایا مگر وہ ان تنبیہ کرنے والوں سے جھگڑتے رہے۔☆

کا نمایندہ نہیں ہو سکتا۔ اس آیت میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ وہ ایک انسان کی پیروی کو کم عقلی سمجھتے تھے۔ سُعُرٍ کے معنی دیوانگی کے ہیں۔

۲۷۔ وہ فتنہ اور آزمائش یہ تھی کہ قوم سے کہہ دیا گیا کہ ایک دن یہ ناقہ پانی پیئے گی اور ایک دن تم اپنے اور اپنے جانوروں کے لیے پانی لو گے۔

۲۹۔ چنانچہ اس اونٹنی کا خاتمہ کرنے کے لیے اپنی قوم کے ایک فرد کو بلایا اور اس نے اسے مار ڈالا۔

فَتَعَاطَىٰ: کے ایک معنی التناول تھامنے کے ہیں۔ والجرأة علی الشیء کسی امر پر جسارت کرنے کے کو بھی کہتے ہیں۔ ظلم و زیادتی کے معنوں میں بھی آتا ہے: فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ ،انہوں نے اپنے ساتھی کو بلایا قرینہ ہے اس بات پر کہ اس نے تلوار تھام لی۔

۳۱۔ هَشِيمِ: خشک گھاس یا درخت کے خشک تنے جو ٹوٹ کر ریزہ ہو جاتے ہیں۔

الْمُحْتَظِرِ حظیرة کا مالک۔ حظیرة اس باڑ کو کہتے ہیں جس میں جانوروں کو سردیوں میں محفوظ رکھا جاتا ہے اور خشک گھاس کھلائی جاتی ہے۔

۳۵۔ كَذٰلِكَ نَجْزِيْ مَنْ شَكَرَ: شکر گزاری اور قدردانی ایک ایسا قابل ستائش اخلاق ہے جسے اللہ بہت پسند فرماتا ہے اور خود اللہ تعالیٰ کو بھی اس صفت سے متصف کیا جاتا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ (شوری:۲۳) وہ معاف کرنے والا قدردان ہے۔ یہ ایک بہت بلند مرتبہ اخلاق ہے۔ اس لیے اس مرتبے پر بہت کم لوگ فائز ہوتے ہیں: وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ. (سبا:۱۳) میرے بندوں میں کم لوگ شکر گزار ہیں۔

۳۶۔ لوط (ع) نے پہلے ہی قوم کو آنے والی عقوبت سے آگاہ کیا تھا، لیکن وہ اس سے الجھتے رہے۔ یہاں ہم نے النذر کے قرینہ کی وجہ سے النذیر کی جمع کے مطابق ترجمہ کیا ہے۔

وَ لَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ
فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا
عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾
وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ
مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾
فَذُوْقُوْا عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾
وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ
مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ ع ۲
وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ النُّذُرُ ﴿٤١﴾
كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ
عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾
اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ
لَكُمْ بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾
اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ جَمِيْعٌ
مُّنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾
سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ وَ يُوَلُّوْنَ
الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾
بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ
اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿٤٦﴾
اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٤٧﴾ وقف لازم
يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى
وُجُوْهِهِمْ ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾
اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾

۳۷۔اور بتحقیق انہوں نے لوط کے مہمانوں کو قابو کرنا چاہا تو ہم نے ان کی آنکھیں مٹا دیں، لو اب میرے عذاب اور تنبیہوں کو چکھو۔☆

۳۸۔اور بتحقیق صبح سویرے ایک دائمی عذاب ان پر نازل ہوا۔

۳۹۔اب چکھو میرے عذاب اور تنبیہوں کا ذائقہ۔

۴۰۔اور بتحقیق ہم نے اس قرآن کو نصیحت کے لیے آسان بنا دیا ہے، تو کیا ہے کوئی نصیحت قبول کرنے والا؟

۴۱۔اور بتحقیق قوم فرعون کے پاس بھی تنبیہ کرنے والے آئے۔

۴۲۔انہوں نے ہماری تمام نشانیوں کی تکذیب کی تو ہم نے انہیں اس طرح گرفت میں لیا جس طرح ایک غالب آنے والا طاقتور گرفت میں لیتا ہے۔

۴۳۔کیا تمہارے (زمانے کے) کفار ان لوگوں سے بہتر ہیں یا (الہامی) کتب میں تمہارے لیے معافی کا پروانہ لکھا ہوا ہے؟☆

۴۴۔یا یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم ایک فاتح جماعت ہیں؟

۴۵۔(نہیں) یہ جماعت عنقریب شکست کھائے گی اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گی۔☆

۴۶۔ان کے وعدے کا وقت قیامت ہے اور قیامت تو زیادہ ہولناک اور زیادہ تلخ ہے۔

۴۷۔مجرم لوگ یقیناً گمراہی اور عذاب میں ہیں۔

۴۸۔جس دن وہ منہ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے (ان سے کہا جائے گا) چکھو آگ کا ذائقہ۔

۴۹۔ہم نے ہر چیز کو ایک اندازے کے مطابق پیدا کیا ہے۔☆

۳۷۔فرشتے حضرت لوطؑ کے پاس نہایت حسین لڑکوں کی شکل میں آئے۔ قوم لوط نے ان کے گھر پر ہلہ بول دیا اور مہمانوں کو بدکاری کے لیے ان کے حوالہ کرنے کا مطالبہ کیا۔ حضرت لوطؑ کے انکار پر وہ گھر میں گھسنے کی کوشش کرنے لگے تو اللہ نے ان کی بینائی سلب کر لی اور وہ اندھے ہو گئے۔

۴۳۔کفار قریش سے خطاب ہے کہ جرم تمہارا بھی وہی ہے، پس تم کو بھی اس قسم کی سزا ملے گی۔ کیونکہ نہ تم آل فرعون سے بہتر کردار کے حامل ہو اور نہ ہی اللہ کی طرف سے نازل شدہ آسمانی کتابوں میں سے کسی کتاب میں تمہیں امان حاصل ہونے کا کوئی پروانہ موجود ہے اور کیا تم دعویٰ کر سکتے ہو کہ ہم ایک فاتح جماعت ہیں؟ اس کا بھی عنقریب علم ہو جائے گا کہ تم فاتح جماعت نہیں ہو، بلکہ شکست خوردہ جماعت ہو۔ یہ پیشگوئی مکی زندگی کے اس زمانے کی بات ہے جب مسلمان نہایت کم تعداد میں ہر قسم کا ظلم سہ رہے تھے۔ بظاہر ان مظالم سے نکلنے کا کوئی راستہ نظر نہیں آ رہا تھا۔

۴۵۔یہ اس سزا کی نوعیت کی پیشگوئی ہے کہ یہ سزا ایک ہزیمت کی شکل میں دی جائے گی۔ چنانچہ جنگ بدر میں قریش نے ذلت آمیز شکست کھائی تو حضورؐ نے اسی آیت کی تلاوت فرمائی۔

۴۹۔قدر اور تقدیر سے مراد ہے قانون اور نظام۔ ہر شے کی تخلیق اسی قانون اور نظام کے تحت ہے، اندھا دھند نہیں ہے۔ ہر شے کو اس نظام اور تقدیر کے دائرے میں وجود میں آنا، نشو و نما پانا اور پھلنا پھولنا ہے۔ اس تقدیر اور اس نظام میں علل و اسباب کو بڑا دخل ہے۔ بغیر علت و سبب کے نہ تو کوئی چیز از خود وجود میں آتی ہے اور نہ اس میں تبدیلی آ سکتی ہے۔ انسان کو بھی اللہ کی اس وضع کردہ تقدیر یعنی نظام کے تحت چل کر اس میں اپنی تقدیر خود اپنے ہاتھوں سے رقم کرنا ہے۔ لہٰذا تقدیر کا مطلب جبر نہیں، بلکہ نظم ہے اور اس نظم میں انسان کو اپنی قسمت خود بنانی ہے۔ یعنی خود مختاری اور اپنی مرضی کے ساتھ۔

وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ
بِالْبَصَرِ ﴿٥٠﴾
وَلَقَدْ اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ
مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾
وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾
وَكُلُّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾
اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿٥٤﴾
فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ
مُّقْتَدِرٍ ﴿٥٥﴾ ع ۲ ۱۵ ۴

﴿۵۵ سُوْرَةُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِيَّةٌ ۷۸﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلرَّحْمٰنُ ﴿١﴾
عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿٢﴾
خَلَقَ الْاِنْسَانَ ﴿٣﴾
عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾
اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾
وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ يَسْجُدٰنِ ﴿٦﴾
وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ﴿٧﴾
اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿٨﴾
وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ
وَلَا تُخْسِرُوا الْمِيْزَانَ ﴿٩﴾
وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿١٠﴾
فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ

۵۰۔ یعنی وَمَآ اَمْرُنَآ اِلَّا وَاحِدَةٌ اور وہ کلمہ کُن ہے۔ یعنی الا کلمة واحدة۔ یعنی ایک ارادہ کافی ہے۔ یہاں امر سے مراد امر تکوینی ہے، جس کے لیے صرف ایک ارادہ الٰہی کافی ہے۔ نہ اس پر وقت لگتا ہے، نہ وسائل و اسباب۔

۵۳۔ یعنی ان کے نامہ اعمال میں۔

سورہ رحمٰن

۲ تا ۴ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ: قرآن کی تعلیم دی، یعنی جن و انس کو قرآن جیسی عظیم نعمت کی تعلیم سے نوازا، جو نعمت تخلیق سے بھی زیادہ بڑی نعمت ہے۔ اس لیے تخلیق سے پہلے تعلیم قرآن کی نعمت کا ذکر فرمایا:
عَلَّمَهُ الْبَيَانَ: اگر ما فی الضمیر کے اظہار کے لیے بیان، یعنی الفاظ و آواز کی نعمت نہ ہوتی تو خود معانی کو مخاطب کے سامنے پیش کرنا پڑتا جو یا تو ناممکن ہے یا مشکل۔ مثلاً اگر پانی بتانا مقصود ہو تو ہم لفظ پانی کے ذریعے معنی کو آسانی سے پیش کرتے ہیں، ورنہ خود پانی کو سامنے رکھ کر سمجھانا پڑتا۔

۵۔ اللہ نے سورج اور چاند دونوں کو ایک باقاعدہ نظام کا پابند بنایا ہے۔ یہ دونوں سرمو اس کی مخالفت نہیں کر سکتے۔

۶۔ آسمانوں میں موجود عظیم ستاروں سے لے کر زمین میں موجود ایک چھوٹے سے درخت تک سب خدائے عظیم کے سامنے سجدہ ریز ہیں۔ یسجد فعل مستقبل ہے۔ اس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ یہ سجدے قصد و ارادے سے وقتاً فوقتاً بار بار وجود میں آتے رہتے ہیں۔ بعض النَّجْمُ سے مراد نباتات لیتے ہیں جن کے تنے نہیں ہوتے اور شجر کے تنے ہوتے ہیں۔

۹۔ یہ پوری کائنات اعتدال اور توازن پر قائم ہے۔ اگر اس اعتدال سے سرمو بھی انحراف ہو جائے تو یہ اپنا وجود برقرار نہیں رکھ سکتی۔ یہ ہے تکوینی میزان۔ اس کے ساتھ ایک تشریعی میزان بھی ہے۔ انسان کو چاہیے کہ وہ اس میزان میں انحراف نہ کرے ورنہ عدل اجتماعی اور انصاف ناپید ہو جائے گا اور دنیا ظلم و جور سے بھر جائے گی۔

۱۰۔ زمین اور زمین پر موجود تمام نعمتیں انسان کے لیے ہیں اور پھلوں اور دانوں کی سینکڑوں قسمیں فراہم فرما کر یہ ظاہر فرمایا کہ اللہ کا مقصد صرف انسان کو زندہ رکھنا نہیں ہے، اس کے لیے تو صرف

۵۰۔ اور ہمارا حکم بس ایک ہی ہوتا ہے پلک جھپکنے کی طرح۔ ☆

۵۱۔ اور بتحقیق ہم نے تم جیسے بہتیروں کو ہلاک کیا ہے، تو کیا کوئی نصیحت لینے والا ہے؟

۵۲۔ اور جو کچھ انہوں نے کیا ہے سب نامہ اعمال میں درج ہے۔

۵۳۔ اور ہر چھوٹی اور بڑی بات (اس میں) لکھی ہوئی ہے۔ ☆

۵۴۔ اہل تقویٰ یقیناً جنتوں اور نہروں میں ہوں گے۔

۵۵۔ سچی عزت کے مقام پر صاحب اقتدار بادشاہ کی بارگاہ میں۔

سورۃ رحمٰن۔ مدنی۔ آیات ۷۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ رحمٰن نے،

۲۔ قرآن سکھایا۔ ☆

۳۔ اسی نے انسان کو پیدا کیا۔ ☆

۴۔ اسی نے انسان کو بولنا سکھایا۔ ☆

۵۔ سورج اور چاند (مقررہ) حساب کے تحت ہیں۔ ☆

۶۔ اور ستارے اور درخت سجدہ کرتے ہیں۔ ☆

۷۔ اور اسی نے اس آسمان کو بلند کیا اور ترازو قائم کی۔

۸۔ تاکہ تم ترازو (کے ساتھ تولنے) میں تجاوز نہ کرو۔

۹۔ اور انصاف کے ساتھ وزن کو درست رکھو اور تول میں کمی نہ کرو۔ ☆

۱۰۔ اور اسی نے مخلوقات کے لیے اس زمین کو بنایا ہے۔ ☆

۱۱۔ اس میں میوے اور خوشے والے کھجور کے

الْاَكْمَامِ ﴿١١﴾

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ

كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ

نَّارٍ ﴿١٥﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾

رَبُّ الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ

الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾

بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾

يَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾

وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَاٰتُ فِي الْبَحْرِ

كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾

ع ١٥ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾

كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا فَانٍ ﴿٢٦﴾

وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ

وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾

درخت ہیں۔

۱۲۔ اور بھوسے والا اناج خوشبو والے پھول ہیں۔

۱۳۔ پس (اے جن و انس!) تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

۱۴۔ اس نے انسان کو ٹھیکری کی طرح کے خشک گارے سے بنایا۔

۱۵۔ اور جنات کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔

۱۶۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

۱۷۔ وہ دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کا پروردگار ہے۔

۱۸۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

۱۹۔ اسی نے دو سمندروں کو جاری کیا کہ آپس میں مل جائیں،☆

۲۰۔ تاہم ان دونوں کے درمیان ایک آڑ ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے۔☆

۲۱۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

۲۲۔ ان دونوں سمندروں سے موتی اور مونگا نکلتے ہیں۔☆

۲۳۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۲۴۔ اور سمندر میں چلنے والے پہاڑوں کی طرح بلند جہاز اسی کے ہیں۔☆

۲۵۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

۲۶۔ روئے زمین پر موجود ہر چیز فنا ہونے والی ہے۔

۲۷۔ اور صرف آپ کے صاحب عزت و جلال رب کی ذات باقی رہنے والی ہے۔☆

۲۸۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

ایک قسم کا غلہ کافی ہے، بلکہ اس انسان کو نعمتوں سے مالا مال کرنا بھی مقصود ہے۔

۱۳۔ ان نعمتوں میں سے کسی نعمت کو بھی تم نہیں جھٹلا سکتے۔

اٰلَآءِ نعمتوں کے معنی میں ہے اور ایک ترکیب میں استعمال ہوتا ہے، خواہ اسے تکرار کیا جائے یا نہ کیا جائے۔ اگر مختلف تراکیب میں آلاء کا لفظ مختلف معانی کا فائدہ دیتا ہے تو ان آیات کو ان پر قیاس کرنا درست نہیں ہے۔

۱۶۔ کہ اس کائنات میں تم کو بہترین پیرائے میں خلق کیا ہے۔

۱۸۔ اس شروق و غروب میں موجود مصلحتوں کو کیسے جھٹلاؤ گے۔

۱۹۔ درمنثور میں ابن عباس سے روایت ہے کہ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ سے مراد علی و فاطمہ علیہما السلام ہیں، بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ سے حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم اور اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ سے حضرات حسنین علیہما السلام مراد ہیں۔ یہی روایت انس بن مالک، سلمان فارسی، سعید بن جبیر اور سفیان ثوری نے بھی بیان کی ہے۔

۲۰۔ زندگی پر آب شیریں و نمکین کے اثرات کو کیسے جھٹلاؤ گے۔

۲۱۔ اس زینت کو اور روایت کے مطابق اس چراغ ہدایت کو کیسے جھٹلاؤ گے۔

۲۲۔ بعض کہتے ہیں موتی اور مونگے صرف اسی جگہ پیدا ہوتے ہیں، جہاں میٹھا اور کھارا پانی آپس میں ملتے ہیں۔

۲۴۔ قدیم انسانی صنعت میں جہاز سازی اور جہاز رانی ہو یا آج کل کی جدید ٹیکنالوجی، خاص کر کمپیوٹر ٹیکنالوجی، اس کی تخلیقی صلاحیتوں کے مالک لوگوں پر تعجب ہوتا ہے، مگر جس انسان نے کمپیوٹر بنایا ہے اس انسان کے خالق کی صناعیت پر تعجب نہیں ہوتا!؟

۲۵۔ سمندری سفر میں موجود فوائد و منافع کو کیسے جھٹلاؤ گے۔

۲۷۔ روئے زمین کی موجودات سب فانی ہیں، سوائے وجہ رب کے۔ وجہ یعنی ذات چونکہ کسی کی ذات کی پہچان وجہ چہرے سے ہوتی ہے تو ذات کو چہرہ کہنا محاورہ بن گیا۔ چنانچہ مکہ کے مساکین کہا کرتے تھے: این وجہ عربی کریم ینقذنی من الھوان کہاں ہے وہ عربی چہرہ جو مجھے ذلت سے بچائے۔

۲۸۔ رب کی بقا اور تمہارے اعادۂ حیات کے مضمرات

يَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ
شَاْنٍ ﴿۲۹﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾
سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَ الْاِنْسِ اِنِ
اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ
لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾
يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ
نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾
فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً
كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ
وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾
يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ
فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾

کو کیسے جھٹلاؤ گے۔

۲۹۔ آسمان وزمین میں بس وہی بے نیاز ہے اور اس کے سوا کوئی بے نیاز نہیں ہے۔ باقی سب اس کے نیازمند ہیں۔ لہٰذا اس کے دروازے پر دستک دیتے ہیں۔ وہ ہر وقت ایجاد، ابداع، عطا، شفا، عنایت اور فیاضی میں مصروف ہے۔ اس کائنات میں ایک پتہ بھی اس کے اذن کے بغیر نہیں گرتا: وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا ۔ (انعام: ۵۹)

كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَاْنٍ: كُلَّ يَوْمٍ ہر زمانے میں فِيْ شَاْنٍ ایجاد و ابداع میں ہے، کیونکہ اللہ کا ہر عمل ایجاد ہے، لا تکرار فی الوجود۔ اس لیے ہم نے شَاْنٍ کا ترجمہ کرشمہ سازی سے کیا ہے۔ ہر وقت ہر چیز اس کی بارگاہ سے مانگ سکتے ہو۔

۳۱۔ الثَّقَلٰن: یعنی جن و انس اس روئے زمین کی دو گراں قدر اور قابل ذکر مخلوق ہیں۔ ''پوری توجہ دینے والے ہیں'' کا مطلب یہ نہیں کہ اس وقت اللہ مشغول ہے اور اسے فرصت نہیں ہے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس حساب و کتاب کے لیے جو وقت مقرر ہے، وہ عنقریب آنے والا ہے۔

۳۲۔ یہ کم نعمت ہے کہ تم کو روز حساب سے پہلے آگاہ کیا جا رہا ہے۔

۳۳۔ تم اللہ کو حساب دینے سے گریز کرنا اور اللہ کی مملکت سے فرار ہونا چاہو تو تم ایسا نہیں کر سکو گے۔ البتہ اس کام کے لیے سُلطان یعنی غلبہ و تسلط چاہیے۔ کیا تمہارے پاس اللہ کے مقابلے میں وہ سلطنت ہے جس کے سہارے تم بھاگ سکو؟ بعض کے نزدیک اِلَّا بِسُلْطٰنٍ سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ تسخیر طبیعیت (سلطان) کے ذریعے خلائی سفر اور دوسرے کرات کی تسخیر ممکن ہے۔ لیکن اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ سے مراد سات آسمان لیے جائیں تو سات آسمانوں میں نفوذ کا امکان بعید نظر آتا ہے۔ البتہ یہ نظریہ اس وقت درست ہو سکتا ہے جب سات آسمانوں کو اسی نظام شمسی میں تلاش کیا جائے۔ چنانچہ قاموس قرآن کے مؤلف نے کوشش کی ہے۔

۳۵۔ اللہ کی حکومت سے فرار کا کوئی راستہ نہیں ہے۔ اس بات کے شعور و ادراک سے تم اپنی عاقبت تو درست کر سکتے ہو۔

۴۱۔ بعض مجرم ایسے ہوں گے جو حساب کے بغیر ہی جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے کیونکہ وہ چہروں سے پہچانے جائیں گے۔ قیامت کے روز تین قسم کے لوگ ہوں گے: ☆ بلا حساب جنت جانے والے ☆ بلا حساب جہنم جانے والے ☆ حساب کے بعد جنت یا جہنم کا فیصلہ سننے والے۔

۲۹۔ جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں ہے (سب) اسی سے مانگتے ہیں، وہ ہر روز ایک (نئی) کرشمہ سازی میں ہے۔☆

۳۰۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۳۱۔ اے (جن و انس کی) دو باوزن جماعتو! ہم عنقریب تمہاری (جزا و سزا کی) طرف پوری توجہ دینے والے ہیں۔☆

۳۲۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

۳۳۔ اے گروہ جن و انس! اگر تم آسمانوں اور زمین کی سرحدوں سے نکلنے کی استطاعت رکھتے ہو تو نکل جاؤ، تم سلطنت و قہاریت کے بغیر نہیں نکل سکو گے۔☆

۳۴۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۳۵۔ تم دونوں پر آگ کے شعلے اور چنگاریاں چھوڑی جائیں گی، پھر تم کامیاب نہیں رہو گے۔☆

۳۶۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۳۷۔ پس جب آسمان پھٹ جائے گا تو سرخ ہو جائے گا جیسے سرخ چمڑا۔

۳۸۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۳۹۔ پھر اس روز کسی انسان سے اور کسی جن سے اس کے گناہ کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔

۴۰۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۴۱۔ مجرم اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے پھر وہ پیشانیوں اور پیروں سے پکڑے جائیں گے۔☆

۴۲۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆

هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِیْ یُكَذِّبُ بِهَا
الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾
یَطُوْفُوْنَ بَیْنَهَا وَبَیْنَ حَمِیْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ ع ۲ ۱۲
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾
وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾
ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾
فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ﴿۵۰﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾
فِیْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾
مُتَّكِـِٕیْنَ عَلٰی فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ
اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَیْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾
فِیْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ
یَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۵۶﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾
كَاَنَّهُنَّ الْیَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾
هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا
الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾
فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾

۴۳۔ یہ وہی جہنم ہے جسے مجرمین جھٹلاتے تھے۔
۴۴۔ وہ جہنم اور کھولتے ہوئے انتہائی گرم پانی کے درمیان گردش کرتے رہیں گے۔
۴۵۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆
۴۶۔ اور جو شخص اپنے رب کی بارگاہ میں پیش ہونے کا خوف رکھتا ہے اس کے لیے دو باغ ہیں
۴۷۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆
۴۸۔ (یہ دونوں باغ) گھنی شاخوں والے ہوں گے
۴۹۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟☆
۵۰۔ ان دونوں (باغوں) میں دو بہتے ہوئے چشمے ہیں
۵۱۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟
۵۲۔ ان دونوں میں موجود ہر میوے کی دو دو قسمیں ہیں۔☆
۵۳۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟
۵۴۔ وہ ایسے فرشوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جن کے استر ریشم کے ہوں گے اور ان دونوں باغوں کے میوے (ان کی دسترس میں) قریب ہوں گے۔☆
۵۵۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟
۵۶۔ ان میں نگاہیں (اپنے شوہروں تک) محدود رکھنے والی حوریں ہیں جنہیں ان سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے۔☆
۵۷۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟
۵۸۔ گویا وہ یاقوت اور موتی ہیں۔
۵۹۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟
۶۰۔ احسان کا بدلہ احسان کے سوا کیا ہو سکتا ہے؟☆
۶۱۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۴۲۔ سزاؤں سے بچنے کے لیے مجرموں کو یہ تنبیہ ایک نعمت ہے۔
۴۵۔ ان ہولناک مراحل سے نجات حاصل کرنے کا راستہ بتا دینا کتنی بڑی نعمت ہے۔
۴۶۔ یہ دو باغ خصوصیت کے حامل ہیں، ورنہ دیگر آیات میں فرمایا: جنات۔ یعنی بہت سے باغات ہیں۔ اگلی چند آیات میں ان دو باغوں کی نعمتوں کا ذکر ہے۔ یہ خوف مقام رَب سے ہے، اس لیے اس قسم کے خوف کو فضیلت ملی۔ مقام رَب یعنی اللہ کی بارگاہ، جس میں حساب کے لیے بندے کو پیش ہونا ہے۔ وہ بندگی کا حق ادا نہ ہونے پر رَب سے شرمندہ ہے۔ اسی لیے وہ اس بارگاہ میں جانے کا خوف دل میں رکھتا ہے، یہ خوف از عقاب نہیں جس کا روایات میں ذکر ہے۔ عذاب سے خوف کی وجہ سے ہونے والی عبادت غلاموں کی عبادت ہے۔
یعنی یہ جنت ان لوگوں کے لیے ہے، جنہوں نے دنیا میں صرف آرزوؤں کی بنیاد پر بے لگام ہو کر زندگی نہ گزاری ہو، بلکہ ہر عمل اور ہر قدم میں اللہ کی بارگاہ میں جوابدہی کا خوف دل میں رکھتے رہے ہوں۔ جس کا دل خوف خدا کی وجہ سے بیدار ہو، وہ ان درجات کو حاصل کر سکتا ہے۔
۴۷۔ کتنی بڑی نعمتیں جنت میں تمہارے انتظار میں ہیں۔
۴۹۔ اس سے آگے سب ذکر جنت کی نعمتوں کا ہے۔ ان میں سے ہر ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔
۵۲۔ ان قسموں کی تعریف نہیں ہو سکی۔ جو کچھ اس سلسلے میں کہا گیا ہے، وہ صرف ظن وتخمین ہے۔
۵۴۔ جنت کے میوے ہر جگہ ہر وقت جنتیوں کی دست رسی میں ہوں گے۔
۵۶۔ یعنی جنوں کو بھی جنت میں داخل کیا جائے گا۔ جنتی جن کو جو رفیقہ حیات دی جائے گی، اسے اس سے پہلے کسی جن نے نہیں چھوا ہوگا اور انسانوں کے لیے بھی اسی طرح کی نعمتیں ہوں گی۔
۶۰۔ ایک اصول جسے اللہ نے اپنے اوپر لازم گردانا ہے اور دوسروں کے لیے بھی ایک اخلاقی ضابطہ ہے، وہ یہ ہے کہ نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا اور کیا ہو سکتا ہے؟ جو دنیا میں نیکی کرتے ہیں، ان کے لیے آخرت میں نیکی ہے۔

وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ۚ﴿٦٢﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۙ﴿٦٣﴾
مُدْهَآمَّتٰنِ ۚ﴿٦٤﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٦٥﴾
فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ۚ﴿٦٦﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٦٧﴾
فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّ نَخْلٌ وَّ
رُمَّانٌ ۚ﴿٦٨﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٦٩﴾
فِيْهِنَّ خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ۚ﴿٧٠﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٧١﴾
حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ۚ﴿٧٢﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٧٣﴾
لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَ
لَا جَآنٌّ ۚ﴿٧٤﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٧٥﴾
مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّ
عَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ۚ﴿٧٦﴾
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۚ﴿٧٧﴾
تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ
وَالْاِكْرَامِ ۚ﴿٧٨﴾ ع ٢ ٣٢ ١٣

سُوْرَةُ الْوَاقِعَةِ مَكِّيَّةٌ ٩٦

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۶۲۔اور ان دونوں باغوں کے علاوہ دو باغ اور ہیں۔☆

۶۳۔پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۶۴۔ دونوں باغ گھنے سرسبز ہیں۔

۶۵۔پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۶۶۔ ان دونوں باغوں میں دو ابلتے ہوئے چشمے موجود ہیں۔

۶۷۔پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۶۸۔ ان دونوں میں میوے اور کھجوریں اور انار ہیں۔☆

۶۹۔پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۷۰۔ان میں نیک سیرت اور خوبصورت بیویاں ہیں۔

۷۱۔پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۷۲۔ خیموں میں مستور حوریں ہیں۔☆

۷۳۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۷۴۔جنہیں ان سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہو گا اور نہ کسی جن نے۔

۷۵۔پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۷۶۔ وہ سبز قالینوں اور نفیس فرشوں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے۔☆

۷۷۔ پس تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

۷۸۔بابرکت ہے آپ کے پروردگار کا نام جو صاحب جلالت و اکرام ہے۔

سورہ واقعہ۔ مکی۔ آیات ۹۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۶۲۔ دُوْنِهِمَا کا ایک ترجمہ تو وہی ہے، جو ہم نے متن میں اختیار کیا ہے۔ دوسرا ترجمہ یہ ہوسکتا ہے: ”اور ان دونوں باغوں سے کمتر دو باغ اور ہیں۔“ اس صورت میں جنت میں مقرّبین اور عام مؤمنین کے درجات میں فرق بیان کرنا مقصود ہے۔

۶۸۔ تمام میووں کے ذکر کے بعد کھجور اور انار کا خصوصی طور پر ذکر اس بات کی طرف اشارے کے لیے ہے کہ ان دونوں میووں میں ایک خصوصیت ہے۔ اس خصوصیت کو آج کل کے طبی محققین بہتر طریقے سے سمجھنے لگے ہیں۔ انار کے بارے میں ایک حدیث روایت ہوئی ہے: مَا عَلَى وَجْهِ الْاَرْضِ ثَمَرَةٌ كَانَتْ اَحَبَّ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ ص مِنَ الرُّمَّانِ. (الکافی ۶: ۳۵۲) روئے زمین پر رسول خدا (ص) کے لیے انار سے زیادہ پسندیدہ میوہ نہیں ہے۔

دوسری حدیث میں آیا ہے: اَلْفَاكِهَةُ مِائَةٌ وَعِشْرُوْنَ لَوْنًا سَيِّدُهَا الرُّمَّانُ. (الکافی ۶: ۳۵۲) میوؤں کی ایک سو بیس قسمیں ہیں، سب سے اعلیٰ انار ہے۔

۷۲۔ مَّقْصُوْرٰتٌ: اپنی اپنی اقامت گاہوں میں مستور اور محفوظ ہوں گی۔ نہ ان پر کسی غیر کی نگاہ پڑے گی، نہ ان کی نگاہ کسی غیر پر پڑے گی۔ فِي الْخِيَامِ یعنی نہایت عمدہ اقامت گاہیں۔ محاورے میں خیمہ ان اقامت گاہوں کو کہتے تھے جن میں بہترین زندگی والے رہائش اختیار کرتے ہیں۔

۷۶ عَبْقَرِيٍّ: نفیس اعلیٰ چیز کو عبقر کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک اس کپڑے کو کہتے ہیں جس پر نقش و نگار ہوں۔ غیر معمولی خوبیوں کی مالک چیز کی صفت بیان کرنا ہو تو اسے عبقری کہتے ہیں۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۙ﴿۱﴾	۱۔ جب ہونے والا واقعہ ہو چکے گا۔☆
لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۘ﴿۲﴾	۲۔تو اس کے وقوع کو جھٹلانے والا کوئی نہ ہوگا۔☆
خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۙ﴿۳﴾	۳۔وہ تہ و بالا کرنے والا (واقعہ) ہوگا۔☆
اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ رَجًّا ۙ﴿۴﴾	۴۔جب زمین پوری طرح ہلا دی جائے گی،
وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿۵﴾	۵۔اور پہاڑ ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے،
فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۙ﴿۶﴾	۶۔تو یہ منتشر غبار بن کر رہ جائیں گے،
وَّكُنْتُمْ اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ؕ﴿۷﴾	۷۔اور تم تین گروہوں میں بٹ جاؤ گے۔☆
فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ؕ﴿۸﴾	۸۔ رہے داہنے ہاتھ والے تو داہنے ہاتھ والوں کا کیا کہنا۔☆
وَ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۙ مَاۤ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ؕ﴿۹﴾	۹۔اور رہے بائیں ہاتھ والے تو بائیں ہاتھ والوں کا کیا پوچھنا۔☆
وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۙ﴿۱۰﴾	۱۰۔ اور سبقت لے جانے والے تو آگے بڑھنے والے ہی ہیں۔☆
اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ ۚ﴿۱۱﴾	۱۱۔ یہی مقرب لوگ ہیں۔
فِىْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿۱۲﴾	۱۲۔نعمتوں سے مالا مال جنتوں میں ہوں گے۔
ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۙ﴿۱۳﴾	۱۳۔ایک جماعت اگلوں میں سے۔
وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ؕ﴿۱۴﴾	۱۴۔اور تھوڑے لوگ پچھلوں میں سے ہوں گے۔☆
عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۙ﴿۱۵﴾	۱۵۔ جواہر سے مرصع تختوں پر،
مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾	۱۶۔ تکیے لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے۔
يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ مُّخَلَّدُوْنَ ۙ﴿۱۷﴾	۱۷۔ان کے گرد تا ابد رہنے والے لڑکے پھر رہے ہوں گے۔☆
بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ	۱۸۔ (ہاتھوں میں) پیالے اور آفتابے اور
مَّعِيْنٍ ۙ﴿۱۸﴾	صاف شراب کے جام لیے،
لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَ لَا	۱۹۔جس سے انہیں نہ سر کا درد ہوگا اور نہ ان
يُنْزِفُوْنَ ۙ﴿۱۹﴾	کی عقل میں فتور آئے گا،☆

سورہ واقعہ

۱۔۲ جب قیامت واقع ہو چکے گی تو اسے جھٹلانے والا کوئی نہ ہوگا۔ یہ منکرین قیامت کے لیے ایک تہدیدی تعبیر ہے۔

۳۔ یہ ان کی عزت و ذلت کے فیصلہ کا دن ہوگا۔ ذلت کے حقدار لوگ ذلیل و خوار ہو جائیں گے اور عزت کے حقدار معزز و مکرم قرار پائیں گے۔

۷۔ یہ تمام انسانوں کے بارے میں ہے کہ وہ تین گروہوں میں تقسیم ہوں گے۔

۸۔ پہلا گروہ ان لوگوں پر مشتمل ہوگا جنہیں عزت و تکریم کی بنا پر اصحاب میمنہ (دائیں ہاتھ والے) کہا گیا ہے۔ ان کا نامہ اعمال ان کے دائیں ہاتھ میں آئے گا۔

۹۔ دوسرا گروہ ان لوگوں کا ہوگا جن کو نحوست کی بنا پر بائیں ہاتھ والے کہا گیا ہے۔ ان کا نامہ اعمال ان کے بائیں ہاتھ میں آئے گا۔ بعض میمنۃ کو برکت اور مشئمۃ کو نحوست کے معنوں میں لیتے ہیں۔

۱۰ تیسرا گروہ وہ لوگ ہوں گے جو السابقون المقربون سے موسوم ہیں۔ یہ ہر کار خیر کی طرف عموماً اور ایمان کی طرف خصوصاً سبقت لے جانے والے ہیں۔ ان کے واضح مصادیق اور صف اول کے افراد کی حیثیت سے مؤمن آل فرعون (حزقیل) حبیب نجار اور علی ابن ابی طالبؑ کے نام روایات میں ملتے ہیں۔ ملاحظہ ہو الدر المنثور۔ تفسیر ابن کثیر ۴: ۲۸۳ ط مصر ۔ فتح القدیر ۵: ۱۴۸ ط مصر۔

۱۴۔ اَلْاَوَّلِيْنَ سے سابقہ امتوں اور اَلْاٰخِرِيْنَ میں سے امت محمدیؐ کا مراد ہونا اصطلاح قرآن کے قریب ہے۔ یعنی سابقہ امتوں سے اَلسّٰبِقُوْنَ زیادہ ہوں گے اور امت محمدؐ میں سے تھوڑے ہوں گے کیونکہ سابقین مقربین کا ایک بہت بلند درجہ ہے جس میں انبیاء و ائمہ و اوصیاء اور ان کے خواص شامل ہو سکتے ہیں، جو سابقہ امتوں میں زیادہ ہیں اور اس امت میں اس درجے پر فائز لوگ کم ہیں۔

۱۷۔ بعض کے نزدیک یہ لڑکے وہ بچے ہوں گے جن کا کوئی عمل خیر ہے جس کا ثواب مل جائے اور نہ گناہ ہے جس کی سزا مل جائے۔

۱۹۔ شراب جنت میں وہ منفی خصوصیات نہ ہوں گی جو

وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ﴿٢٠﴾
وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٢١﴾
وَحُوْرٌ عِيْنٌ ﴿٢٢﴾
كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ﴿٢٣﴾
جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿٢٤﴾
لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّلَا تَاْثِيْمًا ﴿٢٥﴾
اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿٢٦﴾
وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ﴿٢٧﴾
فِيْ سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ﴿٢٨﴾
وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ﴿٢٩﴾
وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ﴿٣٠﴾
وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ﴿٣١﴾
وَّفَاكِهَةٍ كَثِيْرَةٍ ﴿٣٢﴾
لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ﴿٣٣﴾
وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ﴿٣٤﴾
اِنَّآ اَنْشَاْنٰهُنَّ اِنْشَآءً ﴿٣٥﴾
فَجَعَلْنٰهُنَّ اَبْكَارًا ﴿٣٦﴾
عُرُبًا اَتْرَابًا ﴿٣٧﴾
ع ۱ لِّاَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٣٨﴾
ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٣٩﴾
وَثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ﴿٤٠﴾

۲۰۔ اور طرح طرح کے میوے لیے جنہیں وہ پسند کریں،
۲۱۔ اور پرندوں کا گوشت لیے جس کی وہ خواہش کریں، ☆
۲۲۔ اور خوبصورت آنکھوں والی حوریں ہوں گی،
۲۳۔ جو چھپا کر رکھے گئے موتیوں کی طرح (حسین) ہوں گی۔
۲۴۔ یہ ان اعمال کی جزا ہے جو وہ کرتے رہے ہیں۔
۲۵۔ وہاں وہ نہ بیہودہ کلام سنیں گے اور نہ ہی گناہ کی بات۔
۲۶۔ ہاں! سلام سلام کہنا ہوگا۔☆
۲۷۔ اور داہنے ہاتھ والے تو داہنے والوں کا کیا کہنا،
۲۸۔ وہ بے خار بیریوں میں،
۲۹۔ اور کیلوں کے گچھوں،
۳۰۔ اور لمبے سایوں، ☆
۳۱۔ اور بہتے پانیوں،
۳۲۔ اور فراوان پھلوں میں ہوں گے، ☆
۳۳۔ جو نہ ختم ہوں گے اور نہ ان پر کوئی روک ٹوک ہوگی۔☆
۳۴۔ اور اونچے فرش ہوں گے۔
۳۵۔ ہم نے ان (حوروں) کو ایک انداز تخلیق سے پیدا کیا۔
۳۶۔ پھر ہم نے انہیں باکرہ بنایا۔☆
۳۷۔ ہمسر دوست، ہم عمر بنایا۔
۳۸۔ (یہ سب) داہنے والوں کے لیے۔
۳۹۔ ایک جماعت اگلوں میں سے ہوگی،
۴۰۔ اور ایک جماعت پچھلوں میں سے۔☆

دنیا کی شراب میں ہیں۔

۲۱۔ میووں کے بعد پرندوں کے گوشت کا ذکر اس بات کی طرف اشارہ ہوسکتا ہے کہ ماکولات میں پھلوں کے بعد پرندوں کا گوشت طبع انسانی کے ساتھ باقی جانوروں کے گوشت کے مقابلے میں زیادہ سازگار ہے۔

۲۶۔ بیہودگی، نازیبائی، فحاشی اور گناہ ایک غیر متوازن معاشرے میں رونما ہوتے ہیں۔ اہل جنت ان تمام نازیبائیوں سے پاک ہوں گے۔ وہاں ہر طرف امن وسلامتی کی باتیں ہوں گی۔ جیسا کہ وہ اپنی زندگی میں اس کا نمونہ پیش کرتے تھے۔

۳۰۔ ظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ: لمبے سائے۔ روایت کے مطابق یہ سائے ایسے ہوں گے، جیسے جو طلوع فجر سے طلوع آفتاب کے درمیانی حصے کا سایہ ہوتا ہے: ان اوقات الجنة كغدوات الصيف لا يكون فيه حر ولا برد (بحار الانوار ۸: ۱۰۹) جنت کے اوقات موسم بہار کی صبح سویرے کی طرح ہوں گے۔ نہ گرمی نہ سردی۔

۳۲۔۳۳۔ جنت کے میوے کسی موسم کے ساتھ مخصوص نہیں ہوں گے، نہ ہی وہاں کوئی روک ٹوک ہوگی اور نہ میوے حاصل کرنے کے لیے درختوں پر چڑھنے اترنے کی مانند دیگر زحمتیں ہوں گی۔

۳۶۔ جو ہمیشہ کنواری رہیں گی۔ یہ اسی خاص انداز تخلیق کا خاصہ ہے۔

حدیث میں آیا ہے کہ ایک بوڑھی عورت نے رسول اللہ (ص) سے درخواست کی کہ دعا کیجیے میں جنت میں داخل ہو جاؤں۔ رسول اللہ (ص) نے فرمایا ان الجنة لا يدخلها العجائز۔ جنت میں بوڑھی عورتیں داخل نہیں ہوسکتیں۔ وہ عورت روتے ہوئے چلی گئی۔ آپ (ص) نے فرمایا: اخبروها انها ليست يومئذ بعجوز (زبدة التفاسير ۶: ۵۷۲) اس کو بتا دو کہ اس دن وہ بوڑھی نہ ہوگی۔

۴۰۔ اس سے معلوم ہوا کہ سابقین اولین میں سابقہ امتوں کا حصہ بیشتر ہوگا اور اصحاب یمین میں اس امت کا حصہ بھی سابقہ امتوں جیسا ہوگا۔ واضح رہے قَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ کا تعلق سابقین سے ہے اور ثُلَّةٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ کا تعلق اصحاب یمین سے ہے۔

وَاَصْحٰبُ الشِّمَالِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ
الشِّمَالِ ﴿٤١﴾
فِيْ سَمُوْمٍ وَّحَمِيْمٍ ۙ ﴿٤٢﴾
وَّظِلٍّ مِّنْ يَّحْمُوْمٍ ۙ ﴿٤٣﴾
لَّا بَارِدٍ وَّلَا كَرِيْمٍ ﴿٤٤﴾
اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ
مُتْرَفِيْنَ ۚ ﴿٤٥﴾
وَكَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الْحِنْثِ
الْعَظِيْمِ ۚ ﴿٤٦﴾
وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ ۙ اَئِذَا مِتْنَا وَكُنَّا
تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ ۙ ﴿٤٧﴾
اَوَاٰبَآؤُنَا الْاَوَّلُوْنَ ﴿٤٨﴾
قُلْ اِنَّ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ۙ ﴿٤٩﴾
لَمَجْمُوْعُوْنَ ۙ اِلٰى مِيْقَاتِ يَوْمٍ
مَّعْلُوْمٍ ﴿٥٠﴾
ثُمَّ اِنَّكُمْ اَيُّهَا الضَّآلُّوْنَ
الْمُكَذِّبُوْنَ ۙ ﴿٥١﴾
لَاٰكِلُوْنَ مِنْ شَجَرٍ مِّنْ زَقُّوْمٍ ۙ ﴿٥٢﴾
فَمَالِـُٔوْنَ مِنْهَا الْبُطُوْنَ ۚ ﴿٥٣﴾
فَشٰرِبُوْنَ عَلَيْهِ مِنَ الْحَمِيْمِ ۚ ﴿٥٤﴾
فَشٰرِبُوْنَ شُرْبَ الْهِيْمِ ۭ ﴿٥٥﴾
هٰذَا نُزُلُهُمْ يَوْمَ الدِّيْنِ ۭ ﴿٥٦﴾
نَحْنُ خَلَقْنٰكُمْ فَلَوْ

۴۱۔ رہے بائیں والے تو بائیں والوں کا کیا پوچھنا۔
۴۲۔ وہ جلتی ہوا اور کھولتے پانی میں،
۴۳۔ اور سیاہ دھوئیں کے سائے میں ہوں گے،
۴۴۔ جس میں نہ خنکی ہے اور نہ راحت۔☆
۴۵۔ یہ لوگ اس سے پہلے ناز پروردہ تھے،☆
۴۶۔ اور گناہ عظیم پر اصرار کرتے تھے،☆
۴۷۔ اور کہا کرتے تھے: کیا جب ہم مر جائیں گے اور خاک اور ہڈیاں بن جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ اٹھائے جائیں گے؟
۴۸۔ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی؟
۴۹۔ کہہ دیجیے: اگلے اور پچھلے یقیناً،
۵۰۔ ایک مقررہ دن مقررہ وقت پر جمع کیے جائیں گے۔
۵۱۔ پھر یقیناً تم اے گمراہو! تکذیب کرنے والو!
۵۲۔ زقوم کے درخت میں سے کھانے والے ہو۔☆
۵۳۔ پھر اس سے پیٹ بھرنے والے ہو۔
۵۴۔ پھر اس پر کھولتا ہوا پانی پینے والے ہو۔
۵۵۔ پھر وہ بھی اس طرح پینے والے ہو جیسے پیاسے اونٹ پیتے ہیں۔
۵۶۔ جزا کے دن یہ ان کی ضیافت ہو گی۔☆
۵۷۔ ہم ہی نے تمہیں پیدا کیا ہے، پھر تم

۴۴۔ عام طور پر سائے سے خنکی اور آرام ملتا ہے لیکن اس دوزخی سائے میں نہ خنکی ہو گی نہ راحت۔
وَّلَا كَرِيْمٍ: اہل لغت کہتے ہیں: الکریم صفة لکل ما یرضی و یحمد۔ ہر پسندیدہ قابل ستائش چیز کو کریم کہتے ہیں۔(لسان العرب)
۴۵۔ دولت و نعمت کی فراوانی نے ان کو بدمست کر دیا تھا اور خواہشات کی پیروی نے یاد خدا ان کے دل سے نکال دی تھی۔ وہ شکر نعمت کی جگہ ناز و نعمت کو اپنی مہارت کا نتیجہ قرار دیتے تھے۔
۴۶۔ ایک تو گناہ عظیم اور دوسرا اس پر تکرار کے باعث جرم مزید سخت ہو گا۔ واضح رہے کہ تکرار کی وجہ سے چھوٹا گناہ بھی عظیم ہو جاتا ہے۔ دولت کے نشے میں مدہوش اور گناہان کبیرہ کے ارتکاب مکرر سے اپنے جرم میں مزید اضافہ کرتے ہیں۔
۵۲۔ زقوم کے درخت سے پیٹ بھرنے کی نوبت اس لیے آئے گی کہ پہلے ان پر شدید بھوک مسلط کی جائے گی، جس کی وجہ سے زقوم کا زہریلا درخت کھائیں گے، جس سے ان کی آنتیں ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گی۔ اس کے بعد ان پر پیاس مسلط کی جائے گی جس کی وجہ سے وہ کھولتا ہوا پانی ایسے پئیں گے جیسے ہیام کی بیماری میں مبتلا اونٹ پانی پیتا ہے۔ اس بیماری میں مبتلا اونٹ پانی اس قدر پیتا ہے جس سے وہ مر جاتا ہے۔
۵۶۔ اس میں کافروں کے لیے ایک قسم کا استہزاء اور اہانت ہے، جیسا کہ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ (آل عمران: ۲۱) ان کو دردناک عذاب کی بشارت دے دو میں استہزاء ہے۔

لَا تُصَدِّقُوْنَ ﴿۵۷﴾
تصدیق کیوں نہیں کرتے ؟

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تُمْنُوْنَ ﴿۵۸﴾
۵۸۔ یہ تو بتاؤ کہ جس نطفے کو تم (رحم میں) ڈالتے ہو،

ءَاَنْتُمْ تَخْلُقُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿۵۹﴾
۵۹۔ کیا اس (انسان) کو تم بناتے ہو یا بنانے والے ہم ہیں؟

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ وَمَا نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۶۰﴾
۶۰۔ ہم ہی نے موت کو تمہارے لیے مقدر کر رکھا ہے اور ہم عاجز نہیں ہیں،

عَلٰۤى اَنْ نُّبَدِّلَ اَمْثَالَكُمْ وَنُنْشِئَكُمْ فِيْ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۶۱﴾
۶۱۔ کہ تمہاری شکلوں کو تبدیل کر کے تمہیں ایسی شکلوں میں پیدا کریں جنہیں تم نہیں پہچانتے۔☆

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى فَلَوْ لَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿۶۲﴾
۶۲۔ اور تحقیق پہلی پیدائش کو تم جان چکے ہو، پھر تم عبرت حاصل کیوں نہیں کرتے؟☆

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَحْرُثُوْنَ ﴿۶۳﴾
۶۳۔ یہ تو بتاؤ کہ جو کچھ تم بوتے ہو،

ءَاَنْتُمْ تَزْرَعُوْنَهٗۤ اَمْ نَحْنُ الزّٰرِعُوْنَ ﴿۶۴﴾
۶۴۔ اسے تم اگاتے ہو یا اسے اگانے والے ہم ہیں؟☆

لَوْ نَشَآءُ لَجَعَلْنٰهُ حُطَامًا فَظَلْتُمْ تَفَكَّهُوْنَ ﴿۶۵﴾
۶۵۔ اگر ہم چاہیں تو اسے ریزہ ریزہ کر دیں پھر تم حیرت زدہ، بڑبڑاتے رہ جاؤ،

اِنَّا لَمُغْرَمُوْنَ ﴿۶۶﴾
۶۶۔ کہ ہم پر تو تاوان پڑ گیا،

بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿۶۷﴾
۶۷۔ بلکہ ہم تو محروم رہ گئے۔

اَفَرَءَيْتُمُ الْمَآءَ الَّذِيْ تَشْرَبُوْنَ ﴿۶۸﴾
۶۸۔ یہ تو بتاؤ کہ جو پانی تم پیتے ہو،

ءَاَنْتُمْ اَنْزَلْتُمُوْهُ مِنَ الْمُزْنِ اَمْ نَحْنُ الْمُنْزِلُوْنَ ﴿۶۹﴾
۶۹۔ اسے بادلوں سے تم برساتے ہو یا اس کے برسانے والے ہم ہیں؟☆

لَوْ نَشَآءُ جَعَلْنٰهُ اُجَاجًا فَلَوْ لَا تَشْكُرُوْنَ ﴿۷۰﴾
۷۰۔ اگر ہم چاہیں تو اسے کھارا بنا دیں پھر تم شکر کیوں نہیں کرتے ؟☆

اَفَرَءَيْتُمُ النَّارَ الَّتِيْ تُوْرُوْنَ ﴿۷۱﴾
۷۱۔ یہ تو بتاؤ کہ جو آگ تم سلگاتے ہو،

۶۱۔ ایسی صورت میں یا ایسی حیات میں وہ دوبارہ زندہ کیے جائیں گے، جسے تم اس عالم خاکی میں نہیں جانتے کہ وہ عالم اپنے طریقہ حیات و قوانین زندگی میں اس دنیا سے مختلف ہوگا۔ وہاں رحم مادر کی جگہ خاک کے شکم میں انسان کی شکل سازی ہو گی۔ یہاں ارتقائی مراحل کے لیے زمانہ درکار ہے، وہاں ایک دفعہ صور میں پھونکنا کافی ہوگا۔ تمہیں نہیں معلوم وہاں تمہیں زندہ رہنے کے لیے کس قسم کی غذا، ہوا اور ماحول کی ضرورت ہے اور اس خاک سے کس قسم کے خلیات وجود میں آئیں گے۔

۶۲۔ النَّشْاَةَ الْاُوْلٰى یعنی پہلی پیدائش کے بارے میں تو تم جانتے ہو کہ عالم خاک سے شکلیں بدل کر عالم نبات میں، پھر عالم جرثومہ میں، پھر عالم جنین میں، پھر عالم دنیا میں منتقل ہوتے رہے ہو۔ ہر عالم میں تمہیں آنے والے عالم کے بارے میں کچھ علم نہ تھا اور ہر عالم کا قانون زندگی دوسرے عالم سے مختلف تھا۔ جرثومہ پدر اور تخم مادر کو خلیہ (cell) سازی کے قوانین کا علم نہیں ہے۔ وہ عالم جنین کے حیاتیاتی قوانین سے بے خبر تھے۔ اس طرح تم آنے والے عالم کے بارے میں کچھ نہیں جانتے۔

۶۴۔ جو رزق تم کھاتے ہو اس میں تمہارا عمل دخل صرف اتنا ہے کہ جو بیج ہم نے پیدا کیا ہے تم اسے خاک میں دفن کرتے ہو، جسے ہم نے پیدا کیا ہے۔ اس کے بعد دانے میں روئیدگی تم نے پیدا کی ہے یا ہم نے؟ خاک کے شکم میں دفن شدہ دانے کو زندہ کرنے کے لوازم ہم نے فراہم کیے یا تم نے؟

۶۹۔ سمندر سے ایک خاص مقدار میں بخار کا اٹھانا اور ایک خاص مقدار کی بلندی تک پہنچانا۔ پھر ہوا کے ذریعے اسے چلانا، پھر دوسری طرف سے آنے والی ہواؤں سے ٹکرا کر اس کو بادل بنانا، پھر اس بادل کو پانی کے قطروں میں تبدیل کرنا، پھر ان قطروں کو پھیلا کر زمین کے ایک وسیع علاقے کو سیراب کرنا تمہارا کام ہے یا ہمارا؟

۷۰۔ اگر ہم سمندر کے کھارے پانی کو بھاپ کے ذریعے صاف نہ کرتے اور سمندر کا پانی اپنی تمکینی کے ساتھ فضا میں اٹھتا تو تم کیسے اسے آب شیریں میں بدل سکتے تھے؟

ءَاَنْتُمْ اَنْشَاْتُمْ شَجَرَتَهَآ اَمْ	۷۲۔اس کے درخت کو تم نے پیدا کیا یا اس
نَحْنُ الْمُنْشِـُٔوْنَ ﴿۷۲﴾	کے پیدا کرنے والے ہم ہیں؟☆
نَحْنُ جَعَلْنٰهَا تَذْكِرَةً وَّمَتَاعًا	۷۳۔ہم ہی نے اس (آگ) کو یاددہانی کا
لِّلْمُقْوِيْنَ ﴿۷۳﴾	ذریعہ اور ضرورت مندوں کے لیے سامان
فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۷۴﴾ الواقعة ع ۳ ۱۵	زندگی بنایا۔
فَلَآ اُقْسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُوْمِ ﴿۷۵﴾	۷۴۔پس اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کرو.
وَاِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ	۷۵۔میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے مقامات
عَظِيْمٌ ﴿۷۶﴾	کی۔☆
اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ﴿۷۷﴾	۷۶۔اور اگر تم سمجھو تو یہ یقیناً بہت بڑی قسم
فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ﴿۷۸﴾	ہے☆
لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ﴿۷۹﴾	۷۷۔کہ یہ قرآن جو یقیناً بڑی تکریم والا ہے،
تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۸۰﴾	۷۸۔ایک محفوظ کتاب میں ہے،☆
اَفَبِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَنْتُمْ مُّدْهِنُوْنَ ﴿۸۱﴾	۷۹۔جسے صرف پاکیزہ لوگ ہی چھو سکتے ہیں.☆
وَتَجْعَلُوْنَ رِزْقَكُمْ اَنَّكُمْ	۸۰۔یہ عالمین کے پروردگار کی طرف سے
تُكَذِّبُوْنَ ﴿۸۲﴾	نازل کردہ ہے۔
فَلَوْلَآ اِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُوْمَ ﴿۸۳﴾	۸۱۔کیا تم اس کلام کے ساتھ بے اعتنائی برتتے
وَاَنْتُمْ حِيْنَئِذٍ تَنْظُرُوْنَ ﴿۸۴﴾	ہو؟
وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْكُمْ وَ	۸۲۔اور تم تکذیب کرنے کو ہی اپنا حصہ قرار
لٰكِنْ لَّا تُبْصِرُوْنَ ﴿۸۵﴾	دیتے ہو؟☆
فَلَوْلَآ اِنْ كُنْتُمْ غَيْرَ مَدِيْنِيْنَ ﴿۸۶﴾	۸۳۔پس جب روح حلق تک پہنچ چکی ہوتی
تَرْجِعُوْنَهَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۸۷﴾	ہے،
فَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۸۸﴾	۸۴۔اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو،
فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ ۙ وَّجَنَّتُ	۸۵۔اور (اس وقت) تمہاری نسبت ہم اس
	شخص (مرنے والے) کے زیادہ قریب
	ہوتے ہیں لیکن تم نہیں دیکھ سکتے۔
	۸۶۔پس اگر تم کسی کے زیر اثر نہیں ہو،☆
	۸۷۔اور تم اپنی اس بات میں سچے ہو تو (اس
	نکلی ہوئی روح کو) واپس کیوں نہیں لے
	آتے؟
	۸۸۔پھر اگر وہ (مرنے والا) مقربین میں
	سے ہے
	۸۹۔تو (اس کے لیے) راحت اور خوشبودار

۷۲۔قدیم زمانے میں اہل عرب ہری ٹہنیوں کو آپس میں رگڑ کر آگ پیدا کیا کرتے تھے اور آج بھی بعض قبائل میں یہی طریقہ کار رائج ہے۔

۷۵۔فلکیات کا ایک ادنیٰ طالبعلم بھی جانتا ہے کہ ستاروں کے مقامات کی کیا عظمت ہے۔ کائنات کی اربوں کہکشاؤں میں صرف ہماری کہکشاں، جس میں ہمارا شمسی نظام واقع ہے، کئی ملین ستاروں پر مشتمل ہے۔ کہکشاؤں کے بارے میں نہایت حیرت انگیز انکشافات کا سلسلہ جاری ہے۔ ان کی عظمتوں کا ادراک قوت بشر سے باہر ہے۔

۷۶۔خود خالق جانتا ہے کہ اس قسم کی کیا عظمت ہے اور پھر اس قرآن کی عظمت کو وہ جانتا ہے جس نے اس کو پوشیدہ رازوں کے دیوان میں محفوظ رکھا ہے۔

۷۸۔ وہ لوح محفوظ ہے، جس میں قرآن ہر قسم کے تغیر و تبدل سے محفوظ ہے۔ یعنی نزول قرآن سے پہلے وہاں ثبت اور محفوظ ہے۔

۷۹۔ قرآن کی حقیقتوں تک رسائی پاکیزہ ہستیوں کے لیے ہی ممکن ہے۔ یعنی ایک تو وہ فرشتے جو اسے نازل کرتے ہیں، دیگر وہ ہستیاں جن کے گھروں میں قرآن نازل ہوا ہے اور جن کو اللہ نے پاکیزہ کیا ہے۔ تاہم لفظی اطلاق کے تحت غسل اور وضو کے ذریعے ظاہری طہارت حاصل کرنے والوں کے لیے ''مس'' کی اجازت ہے۔ فقہ جعفری کے مطابق وضو کے بغیر اور جنابت کی حالت میں نیز حیض کے دنوں میں قرآن کی تحریر کو ہاتھ لگانا جائز نہیں ہے۔

۸۲۔ رِزْقَكُمْ: تم تکذیب کو اپنی روزی کا حصہ قرار دیتے ہو۔ دوسرا ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: تم تکذیب کو اپنی غذا بنا لیتے ہو۔ تیسرا ترجمہ حذف مضاف کے تحت اس طرح ہو سکتا ہے: تم رزق کے شکر کی جگہ تکذیب کو رکھتے ہو۔ ای.. تجعلون شکر رزقکم۔ (بحار الانوار ۵۵:۳۱۲)

۸۶۔ اگر تم کسی کے زیر اثر نہیں ہو تو حلق تک پہنچی ہوئی روح کو واپس کیوں نہیں کرتے۔

۸۹۔ حالت احتضار کا ذکر ہے۔ مقرب لوگوں کے بارے میں حضرت امام جعفر صادق (ع) سے منقول ہے کہ روح و ریحان قبر میں اور جنت نعیم آخرت میں ہو گی۔ (بحار الانوار ۶:۲۲۲)

۹۱۔ اور فرشتے اصحاب یمین کا استقبال سلام سے

نَعِيْمٍ ﴿٨٩﴾
وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ اَصْحٰبِ
الْيَمِيْنِ ﴿٩٠﴾
فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ ﴿٩١﴾
وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ الْمُكَذِّبِيْنَ
الضَّآلِّيْنَ ﴿٩٢﴾
فَنُزُلٌ مِّنْ حَمِيْمٍ ﴿٩٣﴾
وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ ﴿٩٤﴾
اِنَّ هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿٩٥﴾
ع ٢٢/١٢ فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿٩٦﴾

پھول اور نعمت بھری جنت ہے۔☆
۹۰۔ اور اگر وہ اصحاب یمین میں سے ہے
۹۱۔ تو (اس سے کہا جائے گا) تجھ پر اصحاب یمین کی طرف سے سلام ہو۔☆
۹۲۔ اور اگر وہ (مرنے والا) تکذیب کرنے والے گمراہوں میں سے ہے،
۹۳۔ تو (اس کے لیے) کھولتے پانی کی ضیافت ہے۔☆
۹۴۔ اور بھڑکتی آگ میں تپایا جانا ہے۔☆
۹۵۔ یہ سب سراسر حق پر مبنی قطعی ہے۔
۹۶۔ پس (اے نبی) اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کیجیے۔

سُوْرَةُ الْحَدِيْدِ مَدَنِيَّةٌ ٢٩

سورہ حدید۔ مدنی۔ آیات ۲۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِيْزُ
الْحَكِيْمُ ﴿١﴾
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ
يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ﴿٢﴾
هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاهِرُ وَ
الْبَاطِنُ ۚ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ﴿٣﴾
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ

۱۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور وہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆
۲۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے، وہی زندگی اور (وہی) موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔
۳۔ وہی اول اور وہی آخر ہے نیز وہی ظاہر اور وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز کا خوب علم رکھنے والا ہے۔☆
۴۔ وہ وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں خلق کیا پھر عرش پر مستقر ہوا

کریں گے۔
۹۳۔ تکذیب کرنے والوں کی آؤ بھگت کھولتے ہوئے پانی سے کی جائے گی۔
۹۴۔ تصلیۃ صَلْیٌ سے ہے۔ تپانا جلانا کہتے ہیں۔ اَصلاہ وَ صَلّاہ القاہ للاحراق ۔ اکثر مترجمین و مفسرین نے مادہ ص ل ی کو و ص ل سے معنی کیا ہے۔ مثلاً و سَیَصْلَوْنَ کو سَیَصِلُوْنَ، وصل سے معنی کیا ہے۔ نُصْلِیْهِم نَاراً، نوصلهم ناراً سے معنی کیا ہے۔ وَ نُصْلِهِ جَهَنَّم کو نُوْصِلُهٗ جَهنم سے معنی کیا ہے، جو اشتباہ ہے۔

سورہ حدید

۱۔ سَبَّحَ لِلّٰهِ: یہاں ماضی کا لفظ استعمال ہوا ہے، جبکہ سورہ جمعہ و تغابن میں مضارع کا صیغہ استعمال ہوا ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارے کے لیے ہو سکتا ہے کہ یہ تسبیح کسی خاص الفاظ کے ساتھ مختص نہیں ہے۔
۳۔ اللہ کا اول ہونا زمانہ کے لحاظ سے نہیں۔ اللہ تعالیٰ زمانے سے ماوراء ہے۔ حدیث میں آیا ہے: کان اللّٰہ و لا شیء غیرہ۔ (الکافی ۱:۱۱۷) اللہ اس وقت بھی تھا، جب اس کے علاوہ کچھ بھی نہ تھا۔ مطلب یہ ہے کہ جب کوئی چیز موجود نہ تھی، اس وقت بھی وہ قادر مطلق موجود تھا۔ و هو ظاهر۔ اس کائنات میں ہر چیز اس کی ضد سے پہچانی جاتی ہے۔ تاریکی کو روشنی سے اور خوبصورتی کو بدصورتی سے۔ اللہ کے لیے کوئی ضد نہیں۔ وہ ایسا نور ہے جس کے مقابلے میں کوئی تاریکی نہیں۔ اس وجہ سے ظاہری حواس کے لیے اس نور کا ادراک ممکن نہیں ۔ اسی سلسلے میں مولائے متقیان سے روایت ہے: و ابین مما تری العیون۔ (نہج البلاغۃ) تیرا وجود نگاہوں میں آنے والی چیزوں سے بھی روشن ہے۔
۴۔ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ: یعنی جو کچھ زمین میں داخل ہوتا ہے۔ باہر سے زمین میں داخل ہونے والا بیج، پانی وغیرہ تو انسانوں کے بھی علم میں ہے۔ ان کے علاوہ جو چیزیں زمین کی تہ میں جا کر انسانوں کے لیے کیا چیزیں نکالتی ہیں؟ ان کا علم اللہ ہی کو ہے۔ یہ تدبیر کائنات سے متعلق جزئیات کا ذکر ہے، جو عرش پر متمکن ہونے کا لازمہ ہے۔ بایں معنی کہ عرش الٰہی اللہ کے مقام تدبیر کا نام ہے۔

اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ ؕ يَعْلَمُ مَا
يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا
وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ
فِيْهَا ؕ وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ؕ
وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝۴
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ
وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝۵
يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ
فِي الَّيْلِ ؕ وَهُوَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ
الصُّدُوْرِ ۝۶
اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَاَنْفِقُوْا مِمَّا
جَعَلَكُمْ مُّسْتَخْلَفِيْنَ فِيْهِ ؕ
فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَاَنْفَقُوْا لَهُمْ
اَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝۷
وَمَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ ۚ وَ
الرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ لِتُؤْمِنُوْا
بِرَبِّكُمْ وَقَدْ اَخَذَ مِيْثَاقَكُمْ اِنْ
كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝۸
هُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ عَلٰى عَبْدِهٖۤ اٰيٰتٍۭ
بَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ
اِلَى النُّوْرِ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ بِكُمْ
لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۝۹
وَمَا لَكُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

اللہ کے علم میں ہے جو کچھ زمین کے اندر جاتا ہے اور جو کچھ اس سے باہر نکلتا ہے اور جو کچھ آسمان سے اترتا ہے اور جو کچھ اس میں چڑھتا ہے، تم جہاں بھی ہو وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔☆

۵۔ آسمانوں اور زمین کی سلطنت اسی کی ہے اور تمام امور اسی کی طرف پلٹا دیے جاتے ہیں۔

۶۔ وہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور وہی دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور وہ سینوں کے راز کو خوب جانتا ہے۔☆

۷۔ اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور اس مال سے خرچ کرو جس میں اللہ نے تمہیں جانشین بنایا ہے، پس تم میں سے جو لوگ ایمان لائیں اور (راہ خدا میں) خرچ کریں ان کے لیے بڑا ثواب ہے۔☆

۸۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ پر ایمان نہیں لاتے؟ جب کہ رسول تمہیں تمہارے رب پر ایمان لانے کی دعوت دے رہا ہے اور وہ تم سے مضبوط عہد لے چکا ہے اگر تم ماننے والے ہو۔☆

۹۔ وہ وہی ہے جو اپنے بندے پر واضح نشانیاں نازل فرماتا ہے تا کہ تمہیں تاریکی سے نکال کر روشنی کی طرف لائے، یقیناً اللہ تم پر نہایت شفقت کرنے والا، مہربان ہے۔

۱۰۔ اور تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم راہ خدا میں

۶۔ دن کو گھٹا کر رات میں داخل فرماتا ہے اور رات کو گھٹا کر دن میں داخل فرماتا ہے۔ اس طرح موسم کی تبدیلیوں میں ایک حکمت و مصلحت مضمر ہے۔

۷۔ خطاب اہل ایمان سے ہے کہ اپنے ایمان میں پختگی پیدا کرو تا کہ اس کے آثار نمایاں ہونا شروع ہو جائیں اور اس مال کو راہ خدا میں خرچ کرو، جس میں اللہ تعالیٰ نے تمہیں اپنا نائب بنایا ہے۔ مالک حقیقی وہی ذات ہے۔ انسان کو اللہ نے جائز مصارف میں مال خدا خرچ کرنے کے لیے اپنا نائب بنایا ہے، ساتھ ہی اللہ کا کتنا بڑا فضل ہے کہ اس مال کے راہ خدا میں خرچ کرنے پر وہ اجر کبیر بھی عطا فرماتا ہے۔ مال اگرچہ اسی ذات کا ہے، لیکن اس نائب نے خیانت نہیں کی، لہٰذا اس بات کا انعام دیا جاتا ہے۔

۸۔ رسول خداؐ براہ راست وحی کے ذریعے تمہیں ایمان کی دعوت دے رہے ہیں، اس کے باوجود تم غیر ایمانی روش اختیار کر رہے ہو۔ واضح رہے یہ خطاب بھی رسولؐ کے گرد و پیش اہل ایمان سے ہے۔ اگر ہم اَخَذَ کا فاعل رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو لیتے ہیں، جیسا کہ مفسر ابن کثیر نے لیا ہے، اس صورت میں میثاق سے مراد وہ بیعت ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام سے لیتے رہے ہیں۔ اس صورت میں مَا لَكُمْ لَا تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ سے مراد عدم اطاعت ہو سکتی ہے۔ یعنی تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی اطاعت نہیں کرتے۔ آخر آیت میں اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ اگر تم مؤمن ہو، اس تفسیر پر قرینہ بن سکتا ہے۔ یعنی رسمی ایمان والوں کو حقیقی ایمان کی دعوت ہے۔ اگر تم مؤمن ہو تو تمہارے ایمان کے اثرات سامنے آنے چاہیں۔ مثلاً انفاق فی سبیل اللہ۔

۱۰۔ فتح سے مراد بعض کے نزدیک مکہ اور بعض کے نزدیک صلح حدیبیہ ہے، جسے قرآن میں فتح مبین کہا ہے۔ اس میں سب سے بلند درجہ ان ہستیوں کا ہے، جنہوں نے مال کے ساتھ جہاد بھی کیا۔ اَنْفَقَ ... قٰتَلَ۔

وَ لِلّٰهِ مِيْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ لَا يَسْتَوِيْ مِنْكُمْ مَّنْ
اَنْفَقَ مِنْ قَبْلِ الْفَتْحِ وَ قٰتَلَ ؕ
اُولٰٓئِكَ اَعْظَمُ دَرَجَةً مِّنَ
الَّذِيْنَ اَنْفَقُوْا مِنْۢ بَعْدُ وَ قٰتَلُوْا ؕ وَ
كُلًّا وَّعَدَ اللّٰهُ الْحُسْنٰى ؕ وَ اللّٰهُ بِمَا
ع ۱۰ تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۰﴾
مَنْ ذَا الَّذِيْ يُقْرِضُ اللّٰهَ قَرْضًا
حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ لَهٗ وَ لَهٗۤ اَجْرٌ
كَرِيْمٌ ﴿۱۱﴾ ع
يَوْمَ تَرَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ الْمُؤْمِنٰتِ
يَسْعٰى نُوْرُهُمْ بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ
وَ بِاَيْمَانِهِمْ بُشْرٰىكُمُ الْيَوْمَ
جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ
الْعَظِيْمُ ﴿۱۲﴾ ع
يَوْمَ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَ الْمُنٰفِقٰتُ
لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ مِنْ
نُّوْرِكُمْ ۚ قِيْلَ ارْجِعُوْا وَرَآءَكُمْ
فَالْتَمِسُوْا نُوْرًا ؕ فَضُرِبَ
بَيْنَهُمْ بِسُوْرٍ لَّهٗ بَابٌ ؕ بَاطِنُهٗ فِيْهِ
الرَّحْمَةُ وَ ظَاهِرُهٗ مِنْ قِبَلِهِ
الْعَذَابُ ﴿۱۳﴾ ؕ

خرچ نہیں کرتے جب کہ آسمانوں اور زمین کی میراث اللہ کے لیے ہے؟ تم میں سے جنہوں نے فتح (مکہ) سے پہلے خرچ کیا اور قتال کیا وہ (دوسروں کے) برابر نہیں ہو سکتے، ان کا درجہ بہت بڑا ہے ان لوگوں سے جنہوں نے بعد میں خرچ کیا اور مقاتلہ کیا، البتہ اللہ تعالیٰ نے ان سب سے اچھائی کا وعدہ کیا ہے اور اللہ تمہارے اعمال سے خوب آگاہ ہے۔☆

۱۱۔ کون ہے جو اللہ کو قرض حسنہ دے تا کہ اللہ اس کے لیے اسے کئی گنا کر دے؟ اور اس کے لیے پسندیدہ اجر ہے۔☆

۱۲۔ قیامت کے دن آپ مومنین اور مومنات کو دیکھیں گے کہ ان کا نور ان کے آگے آگے اور ان کی دائیں جانب دوڑ رہا ہو گا (ان سے کہا جائے گا) آج تمہیں ان جنتوں کی بشارت ہے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جن میں تمہیں ہمیشہ رہنا ہو گا، یہی تو بڑی کامیابی ہے۔☆

۱۳۔ اس دن منافق مرد اور منافق عورتیں مؤمنین سے کہیں گے: ہمارا انتظار کریں تا کہ ہم تمہارے نور سے روشنی حاصل کریں، (مگر) ان سے کہا جائے گا: اپنے پیچھے لوٹ جاؤ اور نور تلاش کرو، پھر ان کے درمیان ایک دیوار بنا دی جائے گی، جس کا ایک دروازہ ہو گا جس کے اندرونی حصے میں رحمت ہو گی اور اس کی بیرونی جانب عذاب ہو گا۔☆

۱۱۔ مالک حقیقی اس سے قرض مانگ رہا ہے جس کے پاس اس کی امانت ہے اور اس کا فضل وکرم، دیکھو کہ اسے کئی گنا بڑھا کر واپس کرے گا اور ساتھ ہی اجر کریم بھی عنایت فرمائے گا۔
بعض اہل تحقیق لکھتے ہیں: آیات و احادیث کی روشنی میں انفاق میں دس اوصاف ہوں تو یہ قرض حسن بنتا ہے: i مال حلال ہو۔ ii عمدہ مال ہو، ردی نہ ہو۔ iii مال کی ضرورت ہو، زندگی کے آخری لمحات میں نہ ہو۔ iv مستحق ترین کو دے دے۔ v اس انفاق کو راز میں رکھے۔ vi دینے کے بعد نہ جتلائے۔ vii برائے خدا ہو، ریاکاری نہ ہو۔ viii۔ مال زیادہ دیا جا رہا ہو تو بھی اس کو تھوڑا سمجھے۔ ix اپنا پسندیدہ مال ہو۔ x اس مال کی خود کو بھی ضرورت ہو۔

۱۲۔ چونکہ مؤمنین کے نامہ اعمال سامنے یا دائیں طرف سے وصول ہوں گے، اس لیے نور بھی اسی جانب ہو گا اور ہر فرد کو اس کے اعمال کے مطابق نور ملے گا۔ معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے روز کافر اور منافق اسی تاریکی میں مبتلا رہیں گے، جس میں وہ دنیا میں مبتلا رہ چکے ہیں۔

۱۳۔ منافقین، مؤمنین سے مدد طلب کریں گے تو ان کو وہ باتیں یاد دلائی جائیں گی جن کی وجہ سے انہیں یہ دن دیکھنا پڑا۔ وہ ہیں: فتنہ پروری، موقع پرستی، شکوک پیدا کرنا اور آرزوؤں کے دھوکے میں آنا۔

يُنَادُوْنَهُمْ اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ؕ
قَالُوْا بَلٰى وَلٰكِنَّكُمْ فَتَنْتُمْ
اَنْفُسَكُمْ وَتَرَبَّصْتُمْ وَارْتَبْتُمْ
وَغَرَّتْكُمُ الْاَمَانِيُّ حَتّٰى جَآءَ اَمْرُ
اللّٰهِ وَغَرَّكُمْ بِاللّٰهِ الْغَرُوْرُ ﴿۱۴﴾
فَالْيَوْمَ لَا يُؤْخَذُ مِنْكُمْ فِدْيَةٌ وَّلَا
مِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ؕ مَاْوٰىكُمُ
النَّارُ ؕ هِيَ مَوْلٰىكُمْ ؕ وَبِئْسَ
الْمَصِيْرُ ﴿۱۵﴾
اَلَمْ يَاْنِ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ تَخْشَعَ
قُلُوْبُهُمْ لِذِكْرِ اللّٰهِ وَمَا نَزَلَ مِنَ
الْحَقِّ ۙ وَلَا يَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ اُوْتُوا
الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلُ فَطَالَ عَلَيْهِمُ
الْاَمَدُ فَقَسَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ وَ
كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۱۶﴾
اِعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ
مَوْتِهَا ؕ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ
لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿۱۷﴾
اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ وَ
اَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ
لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ﴿۱۸﴾
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖٓ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصِّدِّيْقُوْنَ ۖ وَ

۱۴۔ وہ (مؤمنوں کو) پکار کر کہیں گے: کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے؟ کہیں گے: تھے تو سہی! لیکن تم نے اپنے آپ کو فتنے میں ڈالا اور تم (ہمارے لیے حوادث کے) منتظر رہے اور شک کرتے رہے اور تمہیں آرزوؤں نے دھوکے میں رکھا یہاں تک کہ اللہ کا حکم آ گیا اور دھوکے باز (شیطان) تمہیں اللہ کے بارے میں دھوکہ دیتا رہا۔

۱۵۔ پس آج تم سے نہ کوئی فدیہ قبول کیا جائے گا اور نہ ان سے جنہوں نے کفر اختیار کیا، تمہارا ٹھکانا آتش ہے، وہی تمہارے لیے سزاوار ہے اور وہ بہت برا ٹھکانا ہے۔☆

۱۶۔ کیا مومنین کے لیے ابھی وہ وقت نہیں آیا کہ ان کے دل ذکر خدا سے اور نازل ہونے والے حق سے نرم ہو جائیں اور وہ ان لوگوں کی طرح نہ ہو جائیں جنہیں پہلے کتاب دی گئی پھر ایک طویل مدت ان پر گزر گئی تو ان کے دل سخت ہو گئے؟ اور ان میں سے بہت سے لوگ فاسق ہیں۔☆

۱۷۔ جان رکھو! اللہ ہی زمین کو اس کے مردہ ہو جانے کے بعد زندہ کرتا ہے، ہم نے تمہارے لیے نشانیوں کو یقیناً واضح طور پر بیان کیا ہے، شاید تم عقل سے کام لو۔

۱۸۔ یقیناً صدقہ دینے والے مردوں اور صدقہ دینے والی عورتوں نیز ان لوگوں کے لیے جنہوں نے اللہ کو قرض حسنہ دیا ہے کئی گنا کر دیا جائے گا اور ان کے لیے پسندیدہ اجر ہے۔

۱۹۔ اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان رکھتے ہیں وہی اپنے رب کے نزدیک

۱۵۔ هِيَ مَوْلٰىكُمْ : اس آیت میں لفظ مولا یعنی اولی استعمال ہوا ہے۔ مفسرین نے تصریح کی ہے کہ اس آیت میں مَوْلٰىكُمْ سے مراد اولی بکم ہے۔ فخر الدین رازی کے جواب میں یہ آیت اور دیگر شواہد پیش کیے جاتے ہیں کہ انہوں نے کہا تھا: مَفْعَل بمعنی اَفْعَل نہیں آتا۔ یعنی مولا بمعنی اولی نہیں آتا۔

۱۶۔ رسول اللہؐ پر اظہار ایمان کرنے والوں میں سے کچھ لوگوں سے خطاب ہے کہ تمہارے دل ابھی حقیقی ایمان سے سرشار نہیں ہیں اور اللہ کے احکام کی تعمیل میں پس و پیش کرتے ہیں۔ اس آیت کے ذیل میں مولانا مودودی نے درست تشبیہ دی ہے اور کہا ہے: یہود و نصاریٰ تو اپنے انبیاء کے سینکڑوں برس بعد آج تمہیں اس بے حسی اور روح کی مردنی اور اخلاق کی پستی میں مبتلا نظر آ رہے ہیں، کیا تم اتنے گئے گزرے ہو کہ ابھی رسول تمہارے سامنے موجود ہیں، خدا کی کتاب نازل ہو رہی ہے، تمہیں ایمان لائے کچھ زیادہ زمانہ بھی نہیں گزرا ہے اور ابھی سے تمہارا حال وہ ہو رہا ہے جو صدیوں تک خدا کے دین اور اس کی آیت سے کھیلتے رہنے کے بعد یہود و نصاریٰ کا ہوا ہے۔ (تفہیم القرآن)

صحیح مسلم کتاب التفسیر میں آیا ہے کہ ابن مسعود کہا کرتے تھے: ما کان بین اسلامنا و بین ان عاتبنا اللّٰہ بھذہ الایۃ الا اربع سنین۔ ہمارے اسلام قبول کرنے اور اس آیت کے ذریعے ہمارے عتاب کے درمیان صرف چار سال کا فاصلہ تھا۔ کشاف ۴: ۴۷۷ میں آیا ہے: اہل یمامہ کے کچھ لوگوں کو یہ آیت پڑھ کر سنائی تو وہ بہت روئے تو حضرت ابوبکر نے فرمایا شروع میں ہم بھی ایسے تھے۔

ابن مسعود کی روایت کے مطابق اس آیت کو مدنی ماننا پڑے گا، ورنہ صحیح مسلم کی روایت کی صحت پر بحث ہونی چاہیے، چونکہ صحاح میں یہ روایت صرف صحیح مسلم میں ہے۔

۱۹۔ اس کے بعد سچے دل سے ایمان لانے والوں کا ذکر آیا ہے کہ ان کو صدیقین اور شہداء کے ساتھ جگہ ملے گی۔ چنانچہ اسی مضمون کی ایک آیت سورہ نساء آیت ۶۹ میں بھی آئی ہے۔

۲۰۔ دنیا اگر صرف ایک دھوکہ نہ ہوتی اور انسان صرف اسی زندگی کے لیے بنایا گیا ہوتا تو مال و

الشُّهَدَآءُ عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ لَهُمْ
اَجْرُهُمْ وَنُوْرُهُمْ ؕ وَالَّذِيْنَ
كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ اُولٰٓئِكَ
ع ۲ ۱۸ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿۱۹﴾ ع
اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا لَعِبٌ
وَّلَهْوٌ وَّزِيْنَةٌ وَّتَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ
وَتَكَاثُرٌ فِى الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ ؕ
كَمَثَلِ غَيْثٍ اَعْجَبَ الْكُفَّارَ
نَبَاتُهٗ ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا
ثُمَّ يَكُوْنُ حُطَامًا ؕ وَفِى الْاٰخِرَةِ
عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّمَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ
وَرِضْوَانٌ ؕ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا
مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ﴿۲۰﴾
سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ
جَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ
الْاَرْضِ ۙ اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ؕ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ
يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ
ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۱﴾
مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ فِى
الْاَرْضِ وَلَا فِىْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِىْ
كِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا ؕ اِنَّ
ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ﴿۲۲﴾ ع

کامل سچے اور گواہ ہیں، ان کے لیے ان کا اجر اور ان کا نور ہے اور جن لوگوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کی تکذیب کی وہ جہنمی ہیں۔☆

۲۰۔ جان رکھو کہ دنیاوی زندگی صرف کھیل، بیہودگی، آرائش، آپس میں فخر کرنا اور اولاد واموال میں ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش سے عبارت ہے، اس کی مثال اس بارش کی سی ہے جس کی پیداوار (پہلے) کسانوں کو خوش کرتی ہے پھر وہ خشک ہو جاتی ہے پھر دیکھتے ہو کہ وہ کھیتی زرد ہو گئی ہے پھر وہ بھس بن جاتی ہے جب کہ آخرت میں (کفار کے لیے) عذاب شدید اور (مومنین کے لیے) اللہ کی طرف سے مغفرت اور خوشنودی ہے اور دنیا کی زندگی تو سامان فریب ہے۔☆

۲۱۔ ایک دوسرے پر سبقت لے جاؤ اپنے پروردگار کی مغفرت اور اس جنت کی طرف جس کی وسعت آسمان و زمین جتنی ہے اور ان لوگوں کے لیے تیار کی گئی ہے جو اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہیں، یہ اللہ کا فضل ہے اسے وہ جسے چاہے عطا فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔☆

۲۲۔ مصائب میں سے کوئی مصیبت زمین پر اور تم پر نہیں پڑتی مگر یہ کہ اس کے پیدا کرنے سے پہلے وہ ایک کتاب میں لکھی ہوتی ہے، اللہ کے لیے یقیناً یہ نہایت آسان ہے۔☆

متاع دنیا کی فراوانی سے سکون و اطمینان میں اضافہ ہونا چاہیے تھا۔ جبکہ اس دنیا کے مال و متاع میں جس قدر اضافہ ہوتا ہے، اسی حساب سے بے اطمینانی میں اضافہ ہوتا ہے اور سکون چھن جاتا ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ انسان دنیا کے لیے خلق نہیں ہوا ہے۔

دنیاوی زندگی کو ذریعہ آخرت بنایا جائے تو اس کی وہ صفات نہیں ہوں گی جو اس آیت میں بیان کی گئی ہیں، بلکہ حضرت علی علیہ السلام سے اس دنیا کے مثبت پہلو کے بارے میں روایت ہے: اِنَّ الدُّنْيَا ... دَارُ غِنًى لِمَنْ تَزَوَّدَ مِنْهَا وَ دَارُ مَوْعِظَةٍ لِمَنِ اتَّعَظَ بِهَا مَسْجِدُ اَحِبَّاءِ اللّٰهِ وَ مُصَلّٰى مَلَائِكَةِ اللّٰهِ وَ مَهْبِطُ وَحْيِ اللّٰهِ وَ مَتْجَرُ اَوْلِيَاءِ اللّٰهِ... (نہج البلاغۃ فصیحت ۱۲۱، ص ۴۹۴) جو یہاں سے زاد راہ لے جانا چاہتا ہے اس کے لیے یہ دنیا دولت کی جگہ ہے، جو نصیحت حاصل کرنا چاہتا ہے اس کے لیے یہ دنیا نصیحت کی جگہ ہے، یہ دنیا اللہ کے دوستوں کی عبادت گاہ، فرشتوں کی سجدہ گاہ، وحی کی بارگاہ اور اولیاء اللہ کی تجارت گاہ (آخرت کا منافع کمانے کی جگہ) ہے۔

۲۱۔ مغفرت کا عمل خود اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ سبقت لے جانا مغفرت کے اسباب کی طرف ممکن ہے۔ لہٰذا اس آیت میں حکم یہ ہے کہ اعمال صالحہ کی طرف سبقت لے جاؤ۔ اس سے یہ بات بھی واضح ہو گئی اُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا کے بعد عمل صالح کا ذکر نہیں ہے، چونکہ عمل صالح کا ذکر تو شروع میں اِلٰى مَغْفِرَةٍ کے ضمن میں آ گیا ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ اس جنت میں جانا اللہ کے فضل و کرم کے تحت ممکن ہو گا، ورنہ انسان کا عمل خواہ کتنا ہی زیادہ کیوں نہ ہو، دنیوی نعمتوں کے مقابلے میں کچھ بھی نہیں ہے۔ مَنْ يَّشَآءُ یہ فضل صرف اہل ایمان کے ساتھ مختص ہونا اللہ کی مشیت ہے۔

جنت کے زمان و مکان کو ارضی زمان و مکان کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کرنا درست نہ ہو گا۔ ارضی مکینوں کو جنت کی وسعت سمجھانے کے لیے فرمایا: 'جنت کی وسعت آسمانوں کی وسعت کی مانند ہے۔' آسمانوں کی وسعت کا اندازہ اب تک کے انسان کو نہیں ہوا ہے، لہٰذا بعض جنتیوں کی اتنی بڑی سلطنت ہو گی جو ہمارے لیے قابل تصور نہ ہو گی۔

۲۲۔ كِتٰبٍ سے مراد لوح محفوظ ہو سکتی ہے، جس میں پیش آنے والے تمام حوادث ثبت ہیں۔ واضح

لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا
تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ ؕ وَاللّٰهُ
لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُوْرِ ۙ﴿۲۳﴾
الَّذِيْنَ يَبْخَلُوْنَ وَيَاْمُرُوْنَ
النَّاسَ بِالْبُخْلِ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ
اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۴﴾
لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ
وَاَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ
لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ ۚ وَاَنْزَلْنَا
الْحَدِيْدَ فِيْهِ بَاْسٌ شَدِيْدٌ وَّمَنَافِعُ
لِلنَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ وَ
رُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ
ع ۲/۱۹ عَزِيْزٌ ﴿۲۵﴾
وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا وَّاِبْرٰهِيْمَ وَ
جَعَلْنَا فِيْ ذُرِّيَّتِهِمَا النُّبُوَّةَ
وَالْكِتٰبَ فَمِنْهُمْ مُّهْتَدٍ ۚ وَكَثِيْرٌ
مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۲۶﴾
ثُمَّ قَفَّيْنَا عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ بِرُسُلِنَا وَ
قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ
وَاٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَجَعَلْنَا فِيْ
قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّ
رَحْمَةً ؕ وَرَهْبَانِيَّةَ ۟ ابْتَدَعُوْهَا
مَا كَتَبْنٰهَا عَلَيْهِمْ اِلَّا ابْتِغَآءَ

۲۳۔ تاکہ جو چیز تم لوگوں کے ہاتھ سے چلی جائے اس پر تم رنجیدہ نہ ہو اور جو چیز تم لوگوں کو عطا ہو اس پر اترایا نہ کرو، اللہ کسی خود پسند، فخر جتانے والے کو پسند نہیں کرتا☆

۲۴۔ جو خود بخل کرتے ہیں اور لوگوں کو بخل کرنے کا حکم دیتے ہیں اور اگر کوئی روگردانی کرتا ہے تو اللہ یقیناً بڑا بے نیاز، قابل ستائش ہے۔

۲۵۔ بتحقیق ہم نے اپنے رسولوں کو واضح دلائل دے کر بھیجا ہے اور ہم نے ان کے ساتھ کتاب اور میزان نازل کیا ہے تا کہ لوگ عدل قائم کریں اور ہم نے لوہا اتارا جس میں شدید طاقت ہے اور لوگوں کے لیے فائدے ہیں اور تا کہ اللہ معلوم کرے کہ کون بن دیکھے خدا اور اس کے رسولوں کی مدد کرتا ہے، اللہ یقیناً بڑی طاقت والا، غالب آنے والا ہے۔☆

۲۶۔ اور بتحقیق ہم نے نوح اور ابراہیم کو بھیجا اور ان دونوں کی اولاد میں نبوت اور کتاب رکھ دی تو ان میں سے کچھ ہدایت پا گئے اور ان میں سے بہت سے فاسق ہو گئے۔☆

۲۷۔ پھر ان کے بعد ہم نے پے در پے اپنے رسول بھیجے اور ان سب کے بعد عیسیٰ بن مریم کو بھیجا اور انہیں ہم نے انجیل دی اور جنہوں نے ان کی پیروی کی ہم نے ان کے دلوں میں شفقت اور رحم ڈال دیا اور رہبانیت (ترک دنیا) کو تو انہوں نے خود ایجاد کیا، ہم نے تو ان پر رہبانیت کو واجب نہیں کیا تھا سوائے اللہ کی خوشنودی کے

رہے اس سے تقدیر کا جبر لازم نہیں آتا، کیونکہ بطور مثال زید اپنے اختیار و ارادے سے جو کچھ کرنے والا ہے، وہ وہاں ثبت ہے۔ اس کائنات کی خلقت سے پہلے اللہ نے ایک نظام وضع فرمایا ہے۔ اس کے مطابق انسان خودمختار ہے اور خود مختاری کے تحت جو کچھ رونما ہونے والا ہے وہ علم خدا میں ہے۔

۲۳۔ لہٰذا جو کچھ رونما ہونے والا ہے وہ اس عام قانون کے تحت ملنے والی خود مختاری کے مطابق ہے۔ اس نکتہ کو سمجھنے کے بعد نہ نقصان کی صورت میں دل شکنی ہونی چاہیے اور نہ کچھ منافع ملنے پر آپے سے باہر ہو جانا چاہیے۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: الزهد كلمة بين كلمتين من القرآن. قال الله سبحانه لِّكَيْلَا تَأْسَوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوْا بِمَآ اٰتٰىكُمْ فمن لم ياس على الماضى و لم يفرح بالآتى فقد اخذ الزهد بطرفيه. (نهج البلاغة۔ بحار الانوار ۶۷: ۳۲۰) پورا زہد قرآن کے دو کلموں کے درمیان ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: ”جو چیز ہاتھ سے چلی جائے، اس پر رنجیدہ نہ ہو اور جو چیز اللہ تم کو دے دے اس پر اترایا نہ کرے۔“ جو شخص گزشتہ پر رنجیدہ نہ ہو اور آنے والی چیز پر اترایا نہ کرے، اس نے زہد کو دونوں طرف سے پکڑ لیا۔

۲۵۔ اس آیت میں تمام انبیاء کے مبعوث ہونے کی غرض و غایت کا خلاصہ بیان فرمایا ہے کہ ان کو شریعت، آیات بینات، کتابیں اور میزان عنایت ہوئی ہیں تو ان سب کا مقصد یہ ہے کہ لوگوں کو اس قابل بنایا جائے کہ وہ عدل و انصاف قائم کریں اور اس انسانی مسئلہ، یعنی عدل و انصاف کو نافذ کرنے والوں کے ساتھ مزاحمت کرنے والوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اللہ نے لوہا نازل کیا یعنی پیدا کیا، تا کہ وہ قوت بھی فراہم ہو سکے اور عدل قائم کرنے میں رکاوٹ پیدا کرنے والوں کا قلع قمع ہو سکے۔

۲۶۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے اس عہد کو انبیاء علیہم السلام کی اولاد میں ودیعت فرمایا ہے۔ چنانچہ سلسلہ نبوت کو نوح اور ابراہیم علیہما اسلام کی اولاد میں منحصر رکھا۔ مِّنْهُمْ ان میں سے۔ یعنی جن کی طرف انبیاء بھیجے گئے، ان میں سے بعض ہدایت یافتہ ہو گئے اور بہت سے لوگ فاسق ہو گئے۔ بعض کے نزدیک مِّنْهُمْ ذریت کی جانب ہے کہ نبوت بھی اولاد نوح

رِضْوَانِ اللّٰهِ فَمَا رَعَوْهَا حَقَّ
رِعَايَتِهَا ۚ فَاٰتَيْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
مِنْهُمْ اَجْرَهُمْ ۚ وَكَثِيْرٌ مِّنْهُمْ
فٰسِقُوْنَ ﴿۲۷﴾

حصول کے، لیکن انہوں نے اس کی بھی پوری رعایت نہیں کی، پس ان میں سے جنہوں نے ایمان قبول کیا ہم نے ان کا اجر انہیں دیا اور ان میں بہت سے لوگ فاسق ہیں۔☆

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَاٰمِنُوْا
بِرَسُوْلِهٖ يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ
رَّحْمَتِهٖ وَيَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا
تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۲۸﴾

۲۸۔ اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ، اللہ تمہیں اپنی رحمت کا دہرا حصہ دے گا اور تمہیں وہ نور عنایت فرمائے گا جس سے تم راہ طے کر سکو گے اور تمہاری مغفرت بھی کر دے گا اور اللہ بڑا معاف کرنے والا مہربان ہے☆

لِئَلَّا يَعْلَمَ اَهْلُ الْكِتٰبِ اَلَّا
يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَ
اَنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۲۹﴾ ع ۲

۲۹۔ یہ اس لیے کہ اہل کتاب جان لیں کہ اللہ کے فضل میں ان کا کچھ بھی اختیار نہیں ہے اور یہ کہ فضل تو صرف اللہ کے ہاتھ میں ہے، وہ جسے چاہے اسے دے دیتا ہے اور اللہ بڑے فضل والا ہے۔☆

الحزب ۵۸ سُوْرَةُ الْمُجَادِلَةِ مَدَنِيَّةٌ ۲۲

سورہ مجادلہ ۔ مدنی ۔ آیات ۲۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ
فِيْ زَوْجِهَا وَتَشْتَكِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ۖ وَ
اللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ
سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ﴿۱﴾

۱۔ بے شک اللہ نے اس عورت کی بات سن لی جو آپ سے اپنے شوہر کے بارے میں تکرار اور اللہ کے آگے شکایت کر رہی تھی اور اللہ آپ دونوں کی گفتگو سن رہا تھا، اللہ یقیناً بڑا سننے والا، دیکھنے والا ہے۔☆

اَلَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْكُمْ مِّنْ
نِّسَآئِهِمْ مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمْ ؕ اِنْ
اُمَّهٰتُهُمْ اِلَّا الّٰٓئِيْ وَلَدْنَهُمْ ؕ
وَاِنَّهُمْ لَيَقُوْلُوْنَ مُنْكَرًا

۲۔ تم میں سے جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کرتے ہیں (انہیں ماں کہہ بیٹھتے ہیں) وہ ان کی مائیں نہیں ہیں، ان کی مائیں تو صرف وہی ہیں جنہوں نے انہیں جنا ہے اور بلاشبہ یہ لوگ ناپسندیدہ باتیں کرتے ہیں اور جھوٹ

و ابراہیم علیہا السلام میں منحصر رکھی ہے اور ہدایت و گمراہی میں بھی یہی اولاد جو نبوت پر فائز نہ تھی بٹ گئی۔

۲۷۔ رہبانیت مادہ ر ہ ب سے ہے، جو خوف کے معنوں میں ہے، اصطلاحاً ترک دنیا کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ یعنی دنیا پرستی کی وجہ سے خدا سے دوری کے خوف سے تارک الدنیا بن جائے، جبکہ اللہ نے تو اسے اپنی خوشنودی حاصل کرنے کا حکم دیا تھا۔ اس سے معلوم ہوا کہ دنیا کی نعمتوں سے جائز طریقے سے بہرہ مند ہونا خوشنودی رب کے منافی نہیں ہے۔

۲۸۔ ایمان کا ایک درجہ حاصل کرنے والوں سے خطاب ہے کہ ابھی مزید ایمان کی گنجائش باقی ہے۔ اگر تم ایمان پر ایمان کا اضافہ کرو تو اللہ اپنی رحمت پر رحمت کا اضافہ فرمائے گا۔ اسی سے اہل ایمان کو ایمان لانے کی دعوت ہے۔ ایمان میں اضافے کے نتائج ہوتے ہیں۔ ان میں ایک تو یہی درجہ ایمان کے مطابق ثواب کا درجہ بڑھ جائے گا۔ دوسرا روشنی مل جائے گی جس سے حقائق نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ تَمْشُوْنَ، مزید ارتقا ممکن ہو گا، چونکہ روشنی کی وجہ سے راستہ نظر آ رہا ہو گا۔ تیسرا مغفرت ہے: وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۔ ایمان میں اضافے کی وجہ سے نیکیاں زیادہ ہو جائیں گی۔ نیکیوں کی وجہ سے گناہ بخشے جائیں گے۔

۲۹۔ وہ اہل کتاب جو ایمان نہیں لائے، ان کو کوئی اجر نہیں ملے گا۔ اللہ کے فضل و کرم سے مستفیض ہونے کا واحد راستہ ایمان ہے۔ جس کے پاس ایمان کی دولت نہیں ہے، اس کے لیے اللہ کی رحمت میں کوئی حصہ نہیں ملے گا۔ واضح رہے اللہ کی رحمت بڑی وسیع ہے۔ وہ ارحم الراحمین بھی ہے۔ لیکن اگر قبول رحمت کے لیے اہلیت اور ظرفیت نہ ہو تو اللہ کی رحمت اس کے شامل حال نہیں ہوتی۔

روایت میں آیا ہے اہل کتاب کے بارے میں جب یہ آیت نازل ہوئی اُولٰٓئِكَ يُؤْتَوْنَ اَجْرَهُمْ مَّرَّتَيْنِ (قصص: ۵۴) ان کو دو مرتبہ اجر ملیں گے، ایک اپنے نبی پر ایمان لانے کا، دوسرا رسول خاتم (ص) پر ایمان لانے کا تو بعض اہل کتاب نے کہا ہمیں دو اور مسلمانوں کو ایک اجر ملے گا تو یہ آیت نازل ہوئی کہ مسلمان بھی دونوں نبیوں پر ایمان لائے ہیں۔ (مجمع البیان)

مِّنَ الْقَوْلِ وَزُوْرًا ؕ وَ اِنَّ اللّٰهَ
لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ۝۲
وَ الَّذِيْنَ يُظٰهِرُوْنَ مِنْ نِّسَآئِهِمْ
ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا قَالُوْا فَتَحْرِيْرُ
رَقَبَةٍ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ؕ ذٰلِكُمْ
تُوْعَظُوْنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرٌ ۝۳
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ شَهْرَيْنِ
مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ
فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ
مِسْكِيْنًا ؕ ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ
رَسُوْلِهٖ ؕ وَ تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ وَ
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝۴
اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ
كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ الَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِهِمْ وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ ؕ
وَ لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝۵
يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا فَيُنَبِّئُهُمْ
بِمَا عَمِلُوْا ؕ اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ
ع وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۝۶
اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ
وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَا يَكُوْنُ مِنْ
نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا

بولتے ہیں اور اللہ یقیناً بڑا درگزر کرنے والا مغفرت کرنے والا ہے۔☆

۳۔ اور جو لوگ اپنی بیویوں سے ظہار کریں پھر اپنے قول سے پلٹ جائیں انہیں باہمی مقاربت سے پہلے ایک غلام آزاد کرنا چاہیے اس طرح تمہیں نصیحت کی جاتی ہے اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔☆

۴۔ پس جسے غلام نہ ملے وہ باہمی مقاربت سے پہلے متواتر دو مہینے روزے رکھے اور جو ایسا بھی نہ کر سکے وہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، یہ اس لیے ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان رکھو، یہ اللہ کی مقرر کردہ حدود ہیں اور کفار کے لیے دردناک عذاب ہے۔☆

۵۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ یقیناً اس طرح ذلیل کیے جائیں گے جس طرح ان سے پہلوں کو ذلیل کیا گیا ہے اور تحقیق ہم نے واضح نشانیاں نازل کی ہیں اور کفار کے لیے ذلت والا عذاب ہے۔

۶۔ اس دن اللہ ان سب کو اٹھائے گا پھر انہیں بتائے گا کہ وہ کیا کرتے رہے ہیں، وہ اللہ کو بھول گئے ہیں مگر اللہ نے انہیں شمار کر رکھا ہے اور اللہ ہر شے پر گواہ ہے۔☆

۷۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ آسمانوں اور زمین کی ہر چیز کے بارے میں جانتا ہے، کبھی تین آدمیوں کی سرگوشی نہیں ہوتی مگر یہ کہ ان کا چوتھا اللہ ہوتا ہے اور نہ

سورہ مجادلہ

۱۔ انصار کے ایک شخص نے غصے میں آ کر اپنی عورت سے کہا: انت علی کظھر امی ''تو میرے لیے میری ماں کی پیٹھ جیسی ہے۔'' عرب جاہلیت میں اس سے طلاق اور عورت ہمیشہ کے لیے حرام ہو جاتی تھی۔ یہ خاتون رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس مسئلے کے حل کے لیے اصرار کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

۲۔ وہ عورت جس نے اس کو نہیں جنا ہے، وہ اس کی ماں نہیں ہے۔ صرف منہ سے تشبیہ دینے سے کوئی کسی کی ماں نہیں بنتی۔ البتہ ایسا کہنے کو فقہی اصطلاح میں ظہار کہا جاتا ہے۔ فقہ جعفریہ کے مطابق ظہار حرام ہے۔ ظہار کے بعد ظہار کرنے والے پر اس کی بیوی حرام ہو جاتی ہے، البتہ کفارہ دینے پر دوبارہ حلال ہو جاتی ہے۔ ظہار کے باعث عورت کے حرام ہونے کی کچھ شرائط ہیں جو فقہی کتابوں میں مذکور ہیں۔ اگلی آیات میں کفارے کا ذکر ہے۔

۳۔ ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ کے معنی کچھ لوگوں نے تلافی سے کیے ہیں۔ یعنی ظہار کر کے اس کی تلافی کرنا چاہیں۔ بعض دوسرے حضرات نے يَعُوْدُوْنَ سے مراد اعادہ ظہار لیا ہے۔ یعنی جو لوگ مکرر ظہار کریں، وہ کفارہ دیں۔ مذہب اہل بیت علیہم السلام یہ ہے کہ يَعُوْدُوْنَ سے مراد ہے ہمبستری کی طرف عود کرنا چاہیں تو کفارہ دیں۔ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّتَمَآسَّا۔ ''باہمی مقاربت سے پہلے'' کے الفاظ قرینہ ہیں کہ يَعُوْدُوْنَ سے مراد یعودون الی الوطئ ہے۔

۴۔ اگر غلام آزاد کرنا ممکن نہ ہو تو دو ماہ بلا فاصلہ روزے رکھیں گے۔ اگر ایک ماہ مکمل نہیں کیا، درمیان میں ایک دو دن روزے نہ رکھے تو پھر سرے سے روزے رکھنا ہوں گے۔ البتہ اگر ایک ماہ مکمل کر کے دوسرے مہینے کے چند دن روزے رکھ لیے تو سرے سے دوبارہ رکھنا ضروری نہیں ہیں۔ اگر روزے رکھنا بھی ممکن نہ ہوئے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا واجب ہے۔

ذٰلِكَ لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ: اللہ اور رسولؐ پر ایمان رکھنے کے لیے حدود اللہ کی پابندی احکام پر عمل کرنا ہوگا۔ اس آیت سے واضح ہو جاتا ہے کہ عمل ہی ایمان ہے۔

خَمْسَةٍ اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ وَلَآ اَدْنٰى
مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ
اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا
عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ
شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۷
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نُهُوْا عَنِ
النَّجْوٰى ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ لِمَا نُهُوْا عَنْهُ
وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ
وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۡ وَاِذَا
جَاۗءُوْكَ حَيَّوْكَ بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ
بِهِ اللّٰهُ ۙ وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ لَوْ
لَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ بِمَا نَقُوْلُ ۭ
حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ يَصْلَوْنَهَا ۚ
فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۸
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَنَاجَيْتُمْ
فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَ
مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ وَ تَنَاجَوْا
بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ
اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝۹
اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ لِيَحْزُنَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَلَيْسَ بِضَاۗرِّهِمْ
شَيْـــًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ وَعَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۰

پانچ آدمیوں کی مگر یہ کہ ان کا چھٹا اللہ ہوتا ہے اور نہ اس سے کم اور نہ زیادہ مگر وہ جہاں کہیں ہوں اللہ ان کے ساتھ ہوتا ہے، پھر قیامت کے دن وہ انہیں ان کے اعمال سے آگاہ کرے گا، اللہ یقیناً ہر چیز کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۸۔ کیا آپ نے انہیں نہیں دیکھا جنہیں سرگوشی کرنے سے منع کیا گیا تھا؟ جس کام سے انہیں منع کیا گیا تھا وہ پھر اس کا اعادہ کر رہے ہیں اور آپس میں گناہ اور ظلم اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں کرتے ہیں اور جب آپ کے پاس آتے ہیں تو وہ آپ کو اس طریقے سے سلام کرتے ہیں جس طریقے سے اللہ نے آپ پر سلام نہیں کیا ہے اور اپنے آپ سے کہتے ہیں: اللہ ہماری باتوں پر ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا؟ ان کے لیے جہنم کافی ہے جس میں وہ جھلسائے جائیں گے، جو بدترین انجام ہے۔☆

۹۔ اے ایمان والو! جب تم آپس میں سرگوشی کرو تو گناہ اور زیادتی اور رسول کی نافرمانی کی سرگوشیاں نہ کیا کرو بلکہ نیکی اور تقویٰ کی سرگوشیاں کیا کرو اور اس اللہ سے ڈرو جس کے حضور تم جمع کیے جاؤ گے۔☆

۱۰۔ (منافقانہ) سرگوشیاں تو بلاشبہ صرف شیطان ہی کی طرف سے ہوتی ہیں تاکہ مومنین کو رنجیدہ خاطر کرے حالانکہ وہ اذن خدا کے بغیر انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا اور مومنین کو اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے۔☆

۶۔ انسان سے روزانہ کچھ نہ کچھ کوتاہی اور گناہ سرزد ہوتے ہیں، پھر وہ بھول جاتا ہے۔ اکثر کو تو گناہ کا احساس تک نہیں ہوتا۔ لیکن یہ سب اللہ کے ہاں ثبت اور محفوظ ہوتے ہیں۔ قیامت کے دن گناہوں کی ایک لمبی فہرست سامنے آئے گی۔ اعاذنا اللّٰہ من ذلك۔

۷۔ منافقین مسلمانوں کے خلاف خفیہ منصوبے بناتے اور ان میں پھوٹ ڈالنے کے لیے طرح طرح کی افواہیں پھیلاتے تھے۔ ان کی خفیہ سرگوشیوں کو اس آیت کے ذریعہ فاش کیا گیا۔

۸۔ یہود اور منافقین آپس میں سرگوشی کرتے تھے اور مؤمنین کو دیکھ کر آنکھوں سے اشارہ کرتے تھے۔ مؤمنین اس خیال سے فکر مند ہوتے تھے کہ جو لوگ کسی جنگی مہم پر گئے ہوئے ہیں، شاید ان کو کسی جانی نقصان یا شکست وغیرہ سے دوچار ہونا پڑا ہے۔ اس بات کی رسول اللہؐ سے شکایت ہوئی، رسول اللہؐ کی طرف سے منع کرنے کے باوجود وہ لوگ باز نہ آئے تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (مجمع البیان)

یہودی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر السام علیك یا ابالقاسم کہا کرتے تھے۔ یعنی اے ابو القاسم تجھے موت آئے (نعوذ باللہ)۔ ان توہین آمیز الفاظ پر ان پر فوری عذاب نازل نہ ہوا۔ وہ اس بات کو دلیل قرار دیتے تھے کہ آنحضورؐ اللہ کے رسول نہیں ہیں۔ اللہ مجرموں کو جو مہلت دیتا ہے، اس سے وہ یہی خیال کرتے ہیں۔

۹۔ ایسے لوگوں سے خطاب ہے جن پر ''ایمان والے'' کا لفظ صادق آ سکتا ہے کہ وہ اثم و عدوان اور معصیت رسولؐ کے موضوع پر سرگوشی نہ کریں۔ تمہاری سرگوشی کا موضوع نیکی اور تقویٰ ہونا چاہیے۔ ہر قسم کی سرگوشی کے لیے حکم یہ ہے: اذا کنتم ثلاثة فلا یتناجی اثنان دون صاحبهما فان ذلك یحزنه (صحیح مسلم باب تحریم مناجاة الکافی ۲: ۶۶۰) اگر تین افراد ایک جگہ ہوں تو تیسرے ساتھی کو چھوڑ کر دو آدمی سرگوشی نہ کریں، اس سے اس کو دکھ ہوگا۔

۱۰۔ خفیہ سرگوشی ایک پوشیدہ خطرہ ہے اور یہ نظر آنے والی لشکر کشی سے زیادہ خطرناک ہے۔ کیونکہ لشکر کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے، لیکن خفیہ سرگوشیوں کا مقابلہ نہیں ہو سکتا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا قِيْلَ لَكُمْ
تَفَسَّحُوْا فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا
يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ۚ وَ اِذَا قِيْلَ
انْشُزُوْا فَانْشُزُوْا يَرْفَعِ اللّٰهُ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ ۙ وَالَّذِيْنَ
اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۱۱﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَاجَيْتُمُ
الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ
نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ
وَاَطْهَرُ ؕ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۲﴾
ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَيْ
نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ
تَفْعَلُوْا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ
اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ
ع ۲/۲ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۳﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا
غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ مَا هُمْ
مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ وَيَحْلِفُوْنَ
عَلَى الْكَذِبِ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۴﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ

۱۱۔اے ایمان والو! جب تم سے کہا جائے کہ مجلسوں میں کشادگی پیدا کرو تو کشادگی پیدا کر دیا کرو، اللہ تمہیں کشادگی دے گا اور جب تم سے کہا جائے: اٹھ جاؤ تو اٹھ جایا کرو، تم میں سے جو لوگ ایمان لے آئے اور وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا ہے ان کے درجات کو اللہ بلند فرمائے گا اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔☆

۱۲۔اے ایمان والو! جب تم رسول سے سرگوشی کرنا چاہو تو اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقہ دے دیا کرو، یہ بات تمہارے لیے بہتر اور زیادہ پاکیزہ ہے، ہاں اگر صدقہ دینے کے لیے کچھ نہ پاؤ تو اللہ یقیناً بڑا بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

۱۳۔کیا تم اپنی سرگوشیوں سے پہلے صدقہ دینے سے ڈر گئے ہو؟ اب جب تم نے ایسا نہیں کیا اور اللہ نے تمہیں معاف کر دیا تو تم نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کیا کرو اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب آگاہ ہے۔☆

۱۴۔کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو ایسے لوگوں سے دوستی کرتے ہیں جن پر اللہ غضبناک ہوا ہے؟ یہ لوگ نہ تمہارے ہیں اور نہ ان کے اور وہ جان بوجھ کر جھوٹی باتوں پر قسم کھاتے ہیں۔☆

۱۵۔اللہ نے ان کے لیے سخت عذاب مہیا کر

۱۱۔آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگ آداب مجلس سے واقف نہ تھے اور مجلس رسولؐ میں نئے آنے والوں کو جگہ نہیں دیتے تھے۔ اس طرح مجلس رسولؐ میں نہ پہلے سے بیٹھے ہوئے لوگوں کو آداب محفل کا خیال ہوتا تھا کہ بعد میں آنے والوں کو جگہ دیں اور نہ بعد میں آنے والوں میں شائستگی تھی۔ چنانچہ وہ لوگوں کو روندتے ہوئے محفل میں گھس جاتے تھے۔ اس پر آداب محفل پر مشتمل یہ آیت نازل ہوئی کہ اگر گنجائش ہے تو آنے والوں کے لیے کشادگی پیدا کرو، وگرنہ اٹھ جایا کرو اور محفلوں میں حفظ مراتب کا خیال رکھا کرو۔ چنانچہ ایمان اور علم میں امتیاز رکھنے والوں کو اللہ نے درجہ دیا ہے۔ دوسری تشریح یہ ہوسکتی ہے کہ اللہ ایمان اور علم والوں کو درجہ دیتا ہے۔ رسول اللہؐ کے پاس زیادہ دیر تک بیٹھنے سے درجات نہیں ملتے۔ اس آیت سے علم اور صحبت میں امتیاز واضح ہو جاتا ہے، درجہ علم سے بلند ہوتا ہے، صرف ہم نشینی سے نہیں۔

۱۲۔ بقول قتادہ کچھ لوگ (شاید امیر لوگ) بلا وجہ اور صرف اپنی بڑائی دکھانے کے لیے حضورؐ سے خلوت میں بات کرنا چاہتے تھے۔ اس آیت کے ذریعے پابندی عائد کر دی گئی کہ جو آپ سے خلوت میں بات کرنا چاہتا ہے، وہ پہلے صدقہ دے۔ اس پر یہ ریاکارانہ سلسلہ بند ہو گیا۔ صرف حضرت علی علیہ السلام نے صدقہ دے کر حضورؐ سے مسئلہ پوچھا۔ بعد کی آیت کے ذریعے یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ ابن عمرؓ کہتے ہیں: علی (علیہ السلام) کے تین ایسے فضائل ہیں ان میں سے ایک بھی فضیلت مجھے حاصل ہوتی تو بڑی دولت سے میرے لیے بہتر تھی۔ حضرت فاطمہ (س) کے ساتھ تزویج۔ خیبر کے دن علَم دیا جانا اور آیہ نجویٰ۔ (الکشاف ۴:۴۹۴)

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: قرآن میں ایک آیت ہے جس پر میرے سوا نہ کسی نے عمل کیا اور نہ میرے بعد کوئی کر سکے گا۔ (وہ یہی آیہ نجویٰ ہے۔)

۱۳۔ یہ امر استحبابی نہ تھا۔ سیاق کلام سے مفہوم معلوم ہوتا ہے کہ اس امر پر عمل نہ کرنے کی سرزنش ہو رہی ہے۔ ''کیا تم ڈر گئے'' اور ''اللہ نے معاف کر دیا'' قرینہ ہے کہ اس حکم پر عمل نہ کرنا ایک قابل سرزنش کوتاہی تھی۔

۱۴۔ مدینے کے یہودیوں کی طرف اشارہ ہے، جن کے ساتھ منافقین کے دوستانہ تعلقات تھے۔

اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۵﴾

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا
عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَلَهُمْ عَذَابٌ
مُّهِيْنٌ ﴿۱۶﴾

لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ وَلَآ
اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ
اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۱۷﴾

يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا
فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ
وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ؕ اَلَآ
اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿۱۸﴾

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ
فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ
الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ
هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ
اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿۲۰﴾

كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِيْ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿۲۱﴾

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ
الْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ
وَرَسُوْلَهٗ وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ
اَبْنَآءَهُمْ اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ

رکھا ہے، وہ جو کچھ کر رہے ہیں یقیناً وہ برا ہے۔

۱۶۔ انہوں نے اپنی قسموں کو سپر بنا رکھا ہے پھر وہ راہ خدا سے روکتے ہیں، پس ان کے لیے ذلت آمیز عذاب ہے۔☆

۱۷۔ یقیناً اللہ (کے عذاب) سے نہ ان کے اموال انہیں بچائیں گے اور نہ ان کی اولاد، یہ جہنم والے ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے۔

۱۸۔ جس دن اللہ ان سب کو اٹھائے گا تو وہ اسی طرح اللہ کے سامنے قسمیں اٹھائیں گے جس طرح تمہارے سامنے قسمیں اٹھاتے ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ وہ کسی موقف پر ہیں آگاہ رہو! یہ لوگ یقیناً جھوٹے ہیں۔☆

۱۹۔ شیطان نے ان پر قابو پا لیا ہے اور انہیں اللہ کا ذکر بھلا دیا ہے، یہ گروہ شیطان ہیں، آگاہ رہو! شیطان کا گروہ ہی یقیناً خسارے میں ہے۔

۲۰۔ جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے دشمنی کرتے ہیں وہ یقیناً ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔☆

۲۱۔ اللہ نے لکھ دیا ہے: میں اور میرے رسول ہی غالب آ کر رہیں گے، یقیناً اللہ ہی بڑی طاقت والا، غالب آنے والا ہے۔☆

۲۲۔ آپ کبھی ایسے افراد نہیں پائیں گے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھنے والے (بھی) ہوں لیکن اللہ اور اس کے رسول کے دشمنوں سے محبت رکھتے ہوں خواہ وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے یا ان کے بھائی یا

۱۶۔ ان لوگوں نے اپنی قسموں سے دو کام لینے کی کوشش کی: پہلا یہ کہ ان قسموں کو ڈھال بنا کر اور اپنے آپ کو ایمان کے تحفظ میں رکھ کر غیر مسلم ہونے کے خطرات سے بچا لیں۔ دوسرا یہ کہ ان کے منفی کردار کو دیکھ کر لوگ اسلام سے متنفر ہو جائیں۔

۱۸۔ دنیا میں لوگوں کا جو مزاج ہے، قیامت کے دن اسی مزاج کے ساتھ محشور ہوں گے۔ چنانچہ یہ لوگ دنیا میں مسلمانوں کو باور کرانے کے لیے جھوٹی قسمیں کھایا کرتے تھے۔ قیامت کے دن اللہ کے سامنے بھی قسمیں کھائیں گے۔ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ان کی دنیوی عادت گئی نہیں۔ وہ اب بھی یہ خیال کرتے ہیں کہ وہ کسی دلیل اور مضبوط موقف پر قائم ہیں۔

۲۰۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مقابلے میں جو لوگ آئیں گے، تو یہ بات واضح ہے کہ عزت اللہ، اس کے رسولؐ اور مؤمنین کے لیے ہے، تو ان کے مقابلے میں آنے والے ذلیل ہی ہوں گے۔

۲۱۔ كَتَبَ۔ لکھ دیا ہے۔ یہ لفظ ایک اٹل اور حتمی فیصلے کے لیے استعمال ہوا کرتا ہے۔ یہ حق کا غلبہ ہے، باطل پر دلیل و منطق کا غلبہ بھی ہے اور مادی طور پر بھی غلبہ ہوگا۔ باطل کی وقتی اچھل کود دیکھ کر یہ سوال ذہنوں میں آتا ہے کہ اس وقت روئے زمین میں اللہ اور اللہ کے رسول کا کون سا غلبہ ہے؟ جواب یہ ہے کہ تاریخ انبیاء پر ایک نظر ڈالیں، ابراہیمؑ و نمرود، موسیٰؑ و فرعون محمدؐ و ابوجہل میں سے کس کو غلبہ حاصل ہے۔ منطق و دلیل کے اعتبار سے اسلام کا دائرہ سمٹ رہا ہے یا بڑھ رہا ہے؟ مادی غلبے کے اعتبار سے ماضی و مستقبل کے سب حالات کو سامنے رکھا جائے تو ماضی میں اسلام کو غلبہ تھا اور تمام ادیان کی پیشگوئی کے مطابق مستقبل میں بھی اللہ و رسولؐ کا ہی غلبہ ہوگا۔

عَشِيْرَتَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ كَتَبَ فِيْ
قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ
بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ وَيُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا
عَنْهُ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ اَلَآ اِنَّ
ع ۲ ۹ ۲ حِزْبَ اللّٰهِ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۲۲﴾

ان کے خاندان والے ہی کیوں نہ ہوں، یہ وہ لوگ ہیں جن کے دلوں میں اللہ نے ایمان کو ثبت کر دیا ہے اور اس نے اپنی طرف سے ایک روح سے ان کی تائید کی ہے اور وہ انہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہے اور یہ اللہ سے راضی ہیں، یہی لوگ اللہ کی جماعت ہیں، آگاہ رہو! اللہ کی جماعت والے ہی یقیناً کامیاب ہونے والے ہیں۔☆

سورہ حشر۔ مدنی۔ آیات ۲۴۔

سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّةٌ ۲۴ ﴿۵۹﴾

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱﴾

۱۔ آسمانوں اور زمین میں موجود ہر شے نے اللہ کی تسبیح کی ہے اور وہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَخْرَجَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
اَهْلِ الْكِتٰبِ مِنْ دِيَارِهِمْ
لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ مَا ظَنَنْتُمْ اَنْ ق ۱۰ الحشر
يَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْٓا اَنَّهُمْ
مَّانِعَتُهُمْ حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ
يَحْتَسِبُوْا ۗ وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ
الرُّعْبَ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ
بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ
فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۲﴾

۲۔ وہ وہی ہے جس نے اہل کتاب میں سے کافر ہونے والوں کو پہلی ہی بیدخلی مہم میں ان کے گھروں سے نکال دیا، تمہارا گمان نہیں تھا کہ وہ نکل جائیں گے اور وہ یہ سمجھے ہوئے تھے کہ ان کے قلعے انہیں اللہ (کے عذاب) سے بچا لیں گے مگر اللہ (کا عذاب) ان پر ایسی جانب سے آیا جہاں سے وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے اور ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا، وہ اپنے گھروں کو اپنے ہاتھوں اور مومنین کے ہاتھوں سے اجاڑ رہے تھے، پس اے بصیرت رکھنے والو! عبرت حاصل کرو۔☆

وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمُ
الْجَلَآءَ لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ؕ وَلَهُمْ

۳۔ اور اگر اللہ نے ان پر جلاوطنی لکھ نہ دی ہوتی تو انہیں دنیا میں ضرور عذاب دیتا اور

۲۲۔ ایمان باللہ کا ایک لازمہ یہ ہے کہ اللہ کے دشمنوں سے محبت نہیں رکھ سکتے۔ یعنی ایک دل میں دو متضاد محبتیں جمع نہیں ہو سکتیں۔ یہ آیت یا تو ان لوگوں کے حق میں ہے جنہوں نے اپنے ان عزیزوں سے محبت نہیں رکھی جو کفر پر تھے یا ان لوگوں کی سرزنش میں ہے جنہوں نے ایسا نہیں کیا۔ دونوں قسم کے واقعات ملتے ہیں۔

سورہ حشر

اس سورے کے اکثر مطالب غزوہ بنی نضیر کے بارے میں ہیں۔ یہ غزوہ، جنگ احد کے بعد غالباً سنہ ۴ ہجری میں رونما ہوا تھا۔ واقعہ اس طرح پیش آیا کہ بنی نضیر کے یہودیوں اور مسلمانوں کے درمیان ایک معاہدہ طے پایا، لیکن یہودیوں نے اس معاہدے کی خلاف ورزی کی اور وہ اسلام کے خلاف ہر قسم کی گھناؤنی سازشوں میں ہمہ وقت مصروف رہے۔ یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک بار کسی قتل کے خونبہا کے سلسلے میں یہودیوں کے ہاں تشریف لے گئے تو ان لوگوں نے آپؐ کو ایک جگہ بٹھا کر اوپر سے ایک بھاری پتھر گرا کر شہید کرنے کی سازش تیار کی، مگر اللہ تعالیٰ نے بروقت آپؐ کو اطلاع دی۔ آپؐ فوراً وہاں سے اٹھ کر مدینہ تشریف لے گئے اور ان لوگوں کو دس دن کے اندر مدینہ چھوڑنے کا حکم دیا۔ مگر جب انہوں نے یہ حکم نہ مانا تو رسول اللہؐ نے ان کا محاصرہ کیا۔ چند دنوں میں وہ اس شرط پر مدینہ چھوڑنے پر آمادہ ہو گئے کہ اسلحہ کے سوا سارا مال ومتاع ہمراہ لے جائیں۔ چنانچہ مدینے کی سرزمین ان یہودیوں سے پاک ہو گئی۔

۲۔ مَا ظَنَنْتُمْ ، وَظَنُّوْٓا یعنی مسلمانوں کا یہ خیال تھا کہ یہود اپنے مضبوط قلعوں سے نہیں نکلیں گے، چونکہ قلعہ کا فتح کرنا بہت مشکل ہے اور خود یہودیوں کو بھی اپنے قلعوں پر ناز تھا کہ ہمارے قلعہ کو کون فتح کر سکتا ہے۔ لیکن ہوا یہ کہ فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا، اس قلعے پر ایسی جانب سے حملہ ہوا جہاں سے وہ سوچ بھی نہیں سکتے تھے۔ يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ بِاَيْدِيْهِمْ جاتے ہوئے اپنے گھروں کو خود اپنے ہاتھوں سے خراب کر رہے تھے۔

لِاَوَّلِ الْحَشْرِ: یعنی یہ جزیرۃ العرب سے یہودیوں کا پہلا اخراج ہے۔ اگر الحشر کے معنی ایک مجتمع افراد کو نکال دینا کے ہیں تو لِاَوَّلِ الْحَشْرِ کا ایک

فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ۝۳

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۴

مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَآئِمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ۝۵

وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝۶

مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ وَلِذِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَابْنِ السَّبِيْلِ ۙ كَيْ لَا يَكُوْنَ دُوْلَةًۢ بَيْنَ الْاَغْنِيَاۗءِ مِنْكُمْ ۭ وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ ۤ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝۷ۘ

لِلْفُقَرَاۗءِ الْمُهٰجِرِيْنَ الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ يَبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا

آخرت میں تو ان کے لیے ہے ہی جہنم کا عذاب۔

۴۔ یہ اس لیے ہے کہ انہوں نے اللہ اور اس کے رسول سے دشمنی کی اور جو اللہ سے دشمنی کرے تو اللہ یقیناً سخت عذاب دینے والا ہے۔

۵۔ تم لوگوں نے کھجور کے جو درخت کاٹ ڈالے یا انہیں اپنی جڑوں پر قائم رہنے دیا یہ سب اللہ کے حکم سے تھا اور اس لیے بھی تا کہ فاسقین کو رسوا کیا جائے۔☆

۶۔ اور ان کے جس مال (غنیمت) کو اللہ نے اپنے رسول کی آمدنی قرار دیا ہے (اس میں تمہارا کوئی حق نہیں) کیونکہ اس کے لیے نہ تو تم نے گھوڑے دوڑائے اور نہ اونٹ، لیکن اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے غالب کر دیتا ہے اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔☆

۷۔ اللہ نے ان بستی والوں کے مال سے جو کچھ بھی اپنے رسول کی آمدنی قرار دیا ہے وہ اللہ اور رسول اور قریب ترین رشتہ داروں اور یتیموں اور مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے تا کہ وہ مال تمہارے دولت مندوں کے درمیان ہی گردش نہ کرتا رہے اور رسول جو تمہیں دے دیں وہ لے لو اور جس سے روک دیں اس سے رک جاؤ اور اللہ کا خوف کرو، اللہ یقیناً شدید عذاب دینے والا ہے۔☆

۸۔ (یہ مال فیٔ) ان غریب مہاجرین کے لیے بھی ہے جو اپنے گھروں اور اموال سے بے دخل کر دیے گئے جو اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کے طلبگار ہیں نیز اللہ

ترجمہ یہ بھی ہو سکتا ہے: ”پہلے ہی لشکر سازی“۔

۵۔ دوران محاصرہ آبادی کے اطراف میں موجود ان درختوں کو کاٹ دیا گیا جو محاصرے کی راہ میں حائل تھے اور جو حائل نہ تھے ان کو رہنے دیا گیا۔ یہ بات بظاہر اسلامی جنگی پالیسی کے خلاف تھی، اس لیے اس وقت کے منافقین اور یہودیوں نے شور مچایا کہ محمدؐ فساد فی الارض کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ جواب میں فرمایا کہ یہ خدا کے حکم سے تھا۔ اسلام جنگوں میں فصلوں اور نسلوں کو تباہ کرنے کا اس وقت مخالف ہے، جب صرف انتقام جوئی کی خاطر ایسا ہو، لیکن جنگی حکمت عملی میں ایسا کرنا جائز ہے۔

۶۔ گھوڑے اور اونٹ دوڑانے سے مراد جنگ ہے۔ یعنی جو مال بغیر جنگ کے ہاتھ آئے اسے فیٔ کہتے ہیں۔ اس کا حکم جنگی غنیمت سے مختلف ہے۔ اس کا مصرف اگلی آیت میں بیان ہو رہا ہے۔

۷۔ ان بستیوں سے مراد بنی قریظہ، بنی نضیر، فدک، خیبر، عرینہ اور ینبع کے علاقے ہیں۔ پہلا حصہ اللہ اور رسولؐ کا ہے۔ اس حصے کو رسولؐ اپنے اور اپنے اہل وعیال پر خرچ کرتے تھے اور جو بچ جاتا اسے راہ خدا میں خرچ کرتے تھے۔ دوسرا حصہ رسول اللہؐ کے قریبی رشتہ داروں کا ہے۔ حضرت امام زین العابدینؑ سے روایت ہے: یتیموں، مسکینوں اور مسافروں سے مراد ہم اہل بیت (ع) کے یتیم، مسکین اور مسافر ہیں۔ اللہ کے بعد رسولؐ کا حصہ اور ذوالقربیٰ کا حصہ آل رسولؐ کا حق ہے۔ چنانچہ اسی بنیاد پر اللہ کے رسولؐ نے فدک حضرت فاطمہؑ کی ملکیت میں دے دیا تھا۔ مال غنیمت لڑنے والوں میں تقسیم ہوتا ہے۔ جو مال بغیر لڑائی کے ہاتھ آئے اس میں درج بالا تقسیم ضروری ہے، وگرنہ اقتدار وغیرہ کے اثر و رسوخ کی وجہ سے یہ مال چند غیر محتاج لوگوں کے ہاتھوں چلا جائے گا۔ چنانچہ چشم تاریخ نے دیکھ لیا کہ عصر رسولؐ کے بعد بااثر لوگوں کے ترکے میں ملنے والے سونے کو کلہاڑیوں سے تقسیم کیا گیا۔ مَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ خاص کر اس جگہ پر رسولؐ کے فرامین کی تعمیل پر تاکید سے عندیہ ملتا ہے کہ اس جگہ خلاف ورزی کا زیادہ امکان ہے۔ چنانچہ اس حکم کے لفظ میں عمومیت ہے اور رسول کے ہر حکم کو شامل کرتا ہے۔ تاہم اصل محل کلام فیٔ کا مال ہے۔ یہ مال چونکہ رسول کریمؐ کی ملکیت ہے، لہٰذا رسولؐ جو تمہیں دے دیں

وَّ يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ ؕ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿۸﴾
وَ الَّذِيْنَ تَبَوَّؤُ الدَّارَ وَ الْاِيْمَانَ مِنْ
قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ
وَ لَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ
حَاجَةً مِّمَّاۤ اُوْتُوْا وَ يُؤْثِرُوْنَ
عَلٰۤى اَنْفُسِهِمْ وَ لَوْ كَانَ بِهِمْ
خَصَاصَةٌ ؕ وَ مَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ﴿۹﴾
وَ الَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَ لِاِخْوَانِنَا
الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَ لَا
تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا رَبَّنَاۤ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۰﴾ ع ۲
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا يَقُوْلُوْنَ
لِاِخْوَانِهِمُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ
اَهْلِ الْكِتٰبِ لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ
لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ وَ لَا نُطِيْعُ
فِيْكُمْ اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّ اِنْ قُوْتِلْتُمْ
لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ وَ اللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّهُمْ
لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱۱﴾
لَئِنْ اُخْرِجُوْا لَا يَخْرُجُوْنَ
مَعَهُمْ ۚ وَ لَئِنْ قُوْتِلُوْا لَا

اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں، یہی لوگ سچے ہیں۔☆

۹۔اور جو پہلے سے اس گھر (دارالہجرت یعنی مدینہ) میں مقیم اور ایمان پر قائم تھے، وہ اس سے محبت کرتے ہیں جو ہجرت کر کے ان کے پاس آیا ہے اور جو کچھ ان (مہاجرین) کو دے دیا گیا اس سے وہ اپنے دلوں میں کوئی خلش نہیں پاتے اور وہ اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دیتے ہیں اگرچہ وہ خود محتاج ہوں اور جو لوگ اپنے نفس کے بخل سے بچا لیے گئے ہیں پس وہی کامیاب لوگ ہیں۔☆

۱۰۔اور جو ان کے بعد آئے ہیں، کہتے ہیں: ہمارے پروردگار! ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں اور ہمارے دلوں میں ایمان لانے والوں کے لیے کوئی عداوت نہ رکھ، ہمارے رب! تو یقیناً بڑا مہربان، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۱۔کیا آپ نے ان منافقین کو نہیں دیکھا جو اپنے اہل کتاب کافر بھائیوں سے کہتے ہیں: اگر تمہیں نکالا گیا تو ہم بھی تمہارے ساتھ ضرور نکل جائیں گے اور تمہارے بارے میں ہم کبھی بھی کسی کی بات ہرگز نہیں مانیں گے اور اگر تمہارے خلاف جنگ کی جائے تو ہم ضرور بالضرور تمہاری مدد کریں گے لیکن اللہ گواہی دیتا ہے کہ یہ لوگ قطعاً جھوٹے ہیں۔☆

۱۲۔اگر وہ نکالے گئے تو یہ ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے اور اگر ان سے جنگ کی گئی تو

وہ لے لو اور جس مال سے روک دیں، اس سے رک جاؤ۔ لہٰذا یہ بات نہایت ہی واضح ہے کہ رسولؐ نے اپنی زندگی میں اس مال کے بارے میں جو بھی فیصلہ کیا ہے، اس آیت کی روشنی میں اس کے خلاف کرنا جائز نہیں ہے۔

۸۔یعنی فیٔ میں سے مہاجرین کو بھی دیا جائے گا۔ بعض کے نزدیک لِلْمُهٰجِرِيْنَ کا ربط ذی القربیٰ اور اس کے بعد سے ہے۔ اللہ کا نام صرف تبرکاً مذکور ہے۔ اس صورت میں اس کے دو حصے بن جاتے ہیں: ایک حصہ رسول اللہؐ کا دوسرا حصہ مہاجرین کا۔ بعض کے نزدیک لِلْمُهٰجِرِيْنَ یتیموں، مسکینوں اور مسافروں سے مربوط ہے۔ اس صورت میں اس کے تین حصے ہوں گے: ایک رسول اللہؐ کا دوسرا ذوی القربیٰ کا تیسرا مہاجرین کا ہے۔ ائمہ اہل بیت علیہم السلام کا اس مسئلے میں مؤقف یہ ہے کہ لِلْمُهٰجِرِيْنَ کا تعلق سبیل اللہ سے ہے۔ یعنی جو حصہ سبیل اللہ کا ہے، اس کے مصرف کا ذکر ہے۔ چنانچہ رسول اللہؐ کا عمل بھی اس پر شاہد ہے کہ آپ نے اس فیٔ کو تین حصوں میں تقسیم فرمایا: سبیل اللہ کا حصہ، اپنا حصہ، ذوی القربیٰ کا حصہ اور مہاجرین کو سبیل اللہ سے دیا اور انصار کو نہیں دیا، سوائے تین افراد کے جن کو سبیل اللہ سے دیا، ورنہ آیت میں انصار کا حصہ نہیں ہے۔

۹۔اس آیت میں انصار کا ذکر ہے جو مہاجرین کے آنے سے پہلے ایمان پر قائم تھے اور اس مال سے مہاجرین کو حصہ دینے اور انصار کو محروم رکھنے کی وجہ سے دل میں کوئی خلش نہیں رکھتے ہیں۔ وَلَا يَجِدُوْنَ اور وَيُؤْثِرُوْنَ قرینہ ہے کہ انصار کو اس مال میں سے کوئی حصہ نہیں دیا گیا۔ اس آیت میں الَّذِيْنَ ... مبتدا اور يُحِبُّوْنَ خبر ہے۔

۱۰۔ وَالَّذِيْنَ مبتدا اور يَقُوْلُوْنَ خبر ہے۔ ایک مستقل جملہ۔ یہ آیت اور سابقہ آیت دونوں الْمُهٰجِرِيْنَ پر عطف نہیں ہیں، جیسا کہ اکثر نے کہا ہے۔ میں نے بھی سابقہ ترجموں میں یہی اختیار کیا تھا۔ سعودی عرب میں چھپنے والے قرآن کے حاشیے پر درج ہے: امام مالک نے اس آیت سے استدلال کیا ہے: رافضی کو، جو صحابہ کرام پر سب وشتم کرتے ہیں، مال فیٔ میں سے حصہ نہیں ملے گا... جواب یہ ہے کہ سب وشتم کسی مذہب کا حصہ نہیں ہو سکتا۔ اہل بیتؑ کے ماننے والے مہاجرین وانصار کو سابقین فی الایمان سمجھتے ہیں۔ ان کے لیے دعائے مغفرت کرتے ہیں۔ البتہ یہ

يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ
لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ثُمَّ لَا
يُنْصَرُوْنَ ﴿۱۲﴾
لَاَنْتُمْ اَشَدُّ رَهْبَةً فِيْ
صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ﴿۱۳﴾
لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا اِلَّا فِيْ قُرًى
مُّحَصَّنَةٍ اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ
بَاْسُهُمْ بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ تَحْسَبُهُمْ
جَمِيْعًا وَّ قُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ ذٰلِكَ
بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ ﴿۱۴﴾
كَمَثَلِ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا
ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ وَ لَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱۵﴾
كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ
اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ اِنِّيْ
بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ
رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۶﴾
فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ اَنَّهُمَا فِي النَّارِ
خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ وَ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا
الظّٰلِمِيْنَ ﴿۱۷﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ
وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ

یہ ان کی مدد نہیں کریں گے اور اگر یہ ان کی مدد کے لیے آ بھی جائیں تو ضرور پیٹھ پھیر کر بھاگ جائیں گے پھر ان کی مدد نہیں کی جائے گی۔☆

۱۳۔ان کے دلوں میں اللہ سے زیادہ تمہاری ہیبت بیٹھی ہوئی ہے، یہ اس لیے کہ یہ لوگ سمجھتے نہیں ہیں۔☆

۱۴۔یہ سب مل کر تم سے نہیں لڑیں گے مگر قلعہ بند بستیوں یا دیواروں کی آڑ میں سے، ان کی آپس کی لڑائی بھی شدید ہے، آپ انہیں متحد سمجھتے ہیں لیکن ان کے دل منتشر ہیں، یہ اس لیے ہے کہ وہ عقل سے کام لینے والے نہیں ہیں۔☆

۱۵۔ان لوگوں کی طرح جنہوں نے ان سے کچھ ہی مدت پہلے اپنے عمل کا وبال چکھ لیا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے.☆

۱۶۔شیطان کی طرح جب اس نے انسان سے کہا: کافر ہو جا! پھر جب وہ کافر ہو گیا تو کہنے لگا: میں تجھ سے بیزار ہوں، میں تو عالمین کے پروردگار اللہ سے ڈرتا ہوں۔☆

۱۷۔پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوا کہ وہ دونوں جہنمی ہو گئے جس میں (وہ) ہمیشہ رہیں گے اور ظالموں کی یہی سزا ہے۔

۱۸۔اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور ہر شخص کو یہ دیکھنا چاہیے کہ اس نے کل (روز قیامت) کے لیے کیا بھیجا ہے اور اللہ سے

بحث ضرور ہے کہ بعض افراد کو قرآن نے اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ کہکر فاسق کہا ہے تو ان کو وہی نام دیا جاتا ہے جو آپ کو سب کہتا ہے۔ البتہ یہاں ان لوگوں کا مسئلہ واضح ہے جو اہل ایمان سے عداوت رکھتے ہیں اور اپنے علاوہ سب اہل ایمان کو مشرک کہتے ہیں: وہ لَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا (حشر: ۱۰) ”اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کوئی عداوت نہ رکھ“ کی زد میں آتے ہیں۔

۱۱۔ منافقین کی سازشوں اور وعدوں کا ذکر ہے جو انہوں نے یہودیوں کے ساتھ کیے اور کہا: جنگ کی صورت میں تمہارے ساتھ ہم بھی مسلمانوں کے ساتھ لڑیں گے اور جلاوطنی کی صورت میں ہم بھی تمہارے ساتھ جلاوطنی اختیار کریں گے۔

۱۲۔ یہی قرآن کے معجزات میں سے ایک معجزہ ہے کہ اس پیشگوئی کے عین مطابق مدینہ کے منافقین نے جو ایک بڑی تعداد میں تھے، یہودیوں کا ساتھ نہیں دیا۔ یہودی محاصرے میں رہے۔ منافقین نے ان کی کوئی کمک نہ کی۔ یہودی جلاوطن ہوئے، منافقین نے جلاوطنی بھی اختیار نہیں کی۔

۱۳۔ان کے دلوں میں مسلمانوں کی ہیبت زیادہ بیٹھی ہوئی ہے۔ان کو اصولاً اللہ کا خوف کر کے مسلمانوں سے لڑنا نہیں چاہیے تھا۔ یہ ان کی ناسمجھی ہے جس سے ہمیشہ کی زندگی مربوط ہے۔پس اس سے نہیں ڈرتے اور صرف دنیا کی چند روزہ زندگی سے مربوط باتوں سے خوف کھاتے ہیں۔

۱۴۔ بعد میں یہ پیشگوئی بھی پوری ہوئی، منافقین اور یہودیوں نے مل کر مسلمانوں سے لڑائی نہیں کی، یہودی صرف قلعہ بند ہو کر رہ گئے۔

۱۵۔ بنی نضیر سے پہلے ایک اور یہودی قبیلہ بنی قینقاع نے پسپائی اختیار کی تھی۔ ممکن ہے یہ ان لوگوں کی طرف اشارہ ہو۔

۱۶۔منافقین اور اہل کتاب کی مثال شیطان کی طرح رہی ہے جو کفر کرنے پر اکساتا ہے اور کفر اختیار کرنے کے بعد اس سے بیزار ہو جاتا ہے۔ منافقین نے بھی ایسے ہی کیا۔ مسلمانوں کے ساتھ مقابلے پر اکسایا اور بعد میں ان کا ساتھ نہیں دیا۔

۱۸۔ اپنے اعمال کا محاسبہ تقویٰ کے بعد کا مرحلہ ہے، جس میں متقین کو قیامت کے لیے ہمیشہ مستعد اور بیدار رہنے کا حکم ہے کہ اپنے اعمال کا معائنہ

وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا
تَعْمَلُوْنَ ﴿۱۸﴾
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ نَسُوا اللّٰهَ
فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۱۹﴾
لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ وَاَصْحٰبُ
الْجَنَّةِ ؕ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمُ
الْفَآئِزُوْنَ ﴿۲۰﴾
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ
لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ
خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ
نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ
الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا
يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا

ڈرو، جو کچھ تم کرتے ہو، اللہ یقیناً اس سے خوب باخبر ہے۔☆

۱۹۔ اور ان لوگوں کی طرح نہ ہونا جنہوں نے اللہ کو بھلا دیا تو اللہ نے انہیں خود فراموشی میں مبتلا کر دیا، یہی لوگ فاسق ہیں۔☆

۲۰۔ اہل جہنم اور اہل جنت برابر نہیں ہو سکتے، اہل جنت ہی کامیاب ہیں۔☆

۲۱۔ اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ اسے اللہ کے خوف سے جھک کر پاش پاش ہوتا ضرور دیکھتے اور ہم یہ مثالیں لوگوں کے لیے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ شاید وہ فکر کریں۔☆

۲۲۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ غیب و شہود کا جاننے والا ہے، وہی رحمٰن رحیم ہے۔

۲۳۔ وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہی بادشاہ ہے، نہایت پاکیزہ، سلامتی دینے والا، امان دینے والا، نگہبان، بڑا غالب آنے والا، بڑی طاقت والا، کبریائی کا مالک، پاک ہے اللہ اس شرک سے جو یہ لوگ کرتے ہیں۔☆

۲۴۔ وہی اللہ ہی خالق، موجد اور صورتگر ہے جس کے لیے حسین ترین نام ہیں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اس کی تسبیح

کریں کہ قیامت کے دن تو ہر صورت معائنہ کرنا ہے۔ متقی کو چاہیے کہ وہ آج ہی اپنے اعمال کا معائنہ کرے۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ اپنے اعمال کے بارے میں خوش فہمی میں مبتلا ہو۔

۱۹۔ جو لوگ اللہ کو بھول جاتے ہیں ان کے دل اور ان کا وجدان مردہ ہو جاتا ہے اور مردہ دل اپنا نفع و نقصان سمجھنے سے بھی قاصر ہوتا ہے۔ لہٰذا خدا فراموشی کا نتیجہ خود فراموشی نکلتا ہے۔

۲۰۔ اس آیت کا مطلب بظاہر واضح معلوم ہوتا ہے، لیکن یہ آیہ ایک حقیقت سے پردہ اٹھا رہی ہے کہ دنیا والے اپنے مادی پیمانے کے مطابق مؤمن اور فاسق کو ایک جیسا سمجھتے ہیں، بلکہ احیاناً فاسقین، مؤمنین پر اپنی برتری جتاتے ہیں، حالانکہ وہ فی الواقع مذلت و خواری کی ایک کھائی کی طرف جا رہے ہوتے ہیں اور اہل تقویٰ اپنے ارتقائی مراحل طے کرتے ہوئے ہمیشہ کی کامیابی کی طرف جا رہے ہوتے ہیں۔

۲۱۔ پہاڑوں کو اگر اس قرآن کے نازل کرنے والی ذات کی عظمت و کبریائی کا ادراک ہوتا تو وہ احکام قرآن کے تحمل سے عاجز آ جاتے اور خوف خدا سے پاش پاش ہو جاتے، مگر یہ انسان ہے جو عظمت خالق اور خوف قیامت سے غافل ہے۔

۲۳۔ اَلْمَلِكُ: یہ قرآن اس ذات کی طرف سے نازل ہوا ہے جس کے قبضہ قدرت میں سارے جہاں کی بادشاہی ہے۔ اَلْقُدُّوْسُ: جو تمام نقائص سے پاک ہے۔ اَلسَّلٰمُ: جس کی ذات اپنی مخلوقات کو سلامتی دینے والی ہے۔ وہ نہ ان پر ظلم کرے گا، نہ وعدہ خلافی اور نہ ان کا اجر و ثواب ضائع کرے گا۔ اَلْمُؤْمِنُ: امن دینے والا، یعنی ایمان والوں کو اللہ کے قرب میں ہی امن و سکون ملتا ہے۔ اَلْمُهَيْمِنُ جس کو ہر چیز پر بالادستی حاصل ہے۔ اَلْعَزِيْزُ: جو ہر چیز پر غالب آنے والا ہے۔ اَلْجَبَّارُ اپنا حکم نافذ کرنے والا۔ اَلْمُتَكَبِّرُ اپنی کبریائی اور عظمت کا اظہار کرنے والا ہے۔

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ
الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ ع ۲

۶۰ سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۳

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا
عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ
اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا
جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ ۚ يُخْرِجُوْنَ
الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ اَنْ تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ
رَبِّكُمْ ؕ اِنْ كُنْتُمْ خَرَجْتُمْ
جِهَادًا فِيْ سَبِيْلِيْ وَابْتِغَآءَ
مَرْضَاتِيْ ۚ تُسِرُّوْنَ اِلَيْهِمْ
بِالْمَوَدَّةِ ۚ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَآ
اَخْفَيْتُمْ وَمَآ اَعْلَنْتُمْ ؕ وَمَنْ
يَّفْعَلْهُ مِنْكُمْ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ
السَّبِيْلِ ﴿۱﴾
اِنْ يَّثْقَفُوْكُمْ يَكُوْنُوْا لَكُمْ
اَعْدَآءً وَّيَبْسُطُوْٓا اِلَيْكُمْ اَيْدِيَهُمْ
وَاَلْسِنَتَهُمْ بِالسُّوْٓءِ وَوَدُّوْا لَوْ
تَكْفُرُوْنَ ﴿۲﴾
لَنْ تَنْفَعَكُمْ اَرْحَامُكُمْ وَلَآ
اَوْلَادُكُمْ ۚ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۚ يَفْصِلُ
بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

کرتے ہیں اور وہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

سورۃ ممتحنہ ۔ مدنی ۔ آیات ۱۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے ایمان والو! تم میرے اور اپنے دشمنوں کو حامی نہ بناؤ، تم ان کی طرف محبت کا پیغام بھیجتے ہو حالانکہ جو حق تمہارے پاس آیا ہے اس کا وہ انکار کرتے ہیں اور وہ رسول کو اور تمہیں اس جرم میں جلاوطن کرتے ہیں کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان لائے ہو، (ایسا نہ کرو) اگر تم میری راہ میں جہاد کرنے اور میری خوشنودی حاصل کرنے کے لیے نکلے ہو، تم چھپ چھپا کر ان کی طرف محبت کا پیغام بھیجتے ہو؟ حالانکہ جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ ظاہر کرتے ہو ان سب کو میں بہتر جانتا ہوں تم میں سے جو بھی ایسا کرے وہ راہ راست سے بہک گیا۔☆

۲۔ اگر وہ تم پر قابو پا لیں تو وہ تمہارے دشمن ہو جائیں اور برائی کے ساتھ تم پر دست درازی اور زبان درازی کریں اور خواہش کرنے لگیں کہ تم بھی کفر اختیار کرو۔

۳۔ تمہاری قرابتیں اور تمہاری اولاد تمہیں ہرگز کوئی فائدہ نہیں دیں گی، قیامت کے دن اللہ تمہارے درمیان (ان رشتوں کو توڑ کر) جدائی ڈال دے گا اور جو کچھ تم کرتے

سورہ ممتحنہ

۱۔ یہ آیات حاطب بن ابی بلتعہ کے بارے میں نازل ہوئیں، جس نے مشرکین مکہ کو ایک خفیہ خط لکھا جس میں ان کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس عزم سے آگاہ کیا کہ آپؐ مکہ پر چڑھائی کرنا چاہتے ہیں۔ یہ خط ایک عورت کے ہمراہ بھیجا تھا۔ اللہ نے اپنے رسول کو آگاہ کیا۔ آپؐ نے حضرت علی علیہ السلام اور زبیر کو اس کے پیچھے روانہ کیا۔ چنانچہ وہ خط پکڑا گیا۔

جب حاطب سے پوچھا گیا کہ تم نے یہ حرکت کیوں کی؟ تو اس نے کہا: میرے قریبی عزیز مکہ میں ہیں۔ میں چاہتا تھا کہ قریش پر ایک احسان کروں، جس کی وجہ سے میرے اقربا محفوظ رہیں۔ حاطب مہاجرین اور اہل بدر میں سے تھا۔ اس کے باوجود اس سے یہ حرکت سرزد ہوئی اور قرآن نے اس کو گمراہ قرار دیا۔

امامیہ کا مؤقف یہی ہے کہ گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرنے والا مؤمن رہتا ہے۔ قرآن نے بھی اس عمل کے ارتکاب کرنے والے کو کافر یا مرتد نہیں کہا بلکہ فَقَدْ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِيْلِ گمراہ کہا ہے، یعنی یہ عمل راہ راست سے ہٹ کر انجام دیا ہے۔

تعجب کا مقام ہے کہ کچھ حضرات آیت سے تقیہ جائز نہ ہونے پر استدلال کرتے ہیں۔ (دریابادی) حالانکہ یہ مسئلہ نہایت واضح ہے کہ یہ تقیہ کا مقام نہیں ہے۔ تقیہ میں خطرے سے بچنے کے لیے اصل راز چھپایا جاتا ہے: يَكْتُمُ اِيْمَانَهٗ. یہاں لشکر اسلام کو خطرے میں جھونکنے کے لیے راز فاش کیا جا رہا ہے۔ اگر یہی حاطب اپنے ایمان کو چھپا کر اپنی اور اپنے عزیزوں کی جان بچا لیتا تو یہ تقیہ تھا۔ لیکن وہ ایک اہم راز دشمن تک پہنچا کر بہت سی جانوں کو خطرے میں ڈال رہا تھا۔ جسے وحی کے ذریعے بچا لیا گیا۔

۳۔ قصۂ حاطب کی طرف اشارہ ہے کہ جن رشتہ داروں کی خاطر تم نے یہ قدم اٹھایا ہے، وہ قیامت کے دن تمہارے کسی کام نہ آئیں گے۔ وہاں سارے رشتے ٹوٹ جائیں گے۔

بَصِيْرٌ ۝۲

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ
اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ۚ اِذْ قَالُوْا
لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا
تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۫ كَفَرْنَا
بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ
الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى
تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ اِلَّا قَوْلَ
اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ
وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ
شَيْءٍ ؕ رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ
اَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝۳
رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ
كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ
اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝۵
لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْهِمْ اُسْوَةٌ
حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُوا اللّٰهَ وَ
الْيَوْمَ الْاٰخِرَ ؕ وَمَنْ يَّتَوَلَّ فَاِنَّ
ع اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ۝۶ ع
عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَ
بَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ
مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ
رَّحِيْمٌ ۝۷

ہو اللہ اسے خوب دیکھنے والا ہے۔☆

۴۔ تم لوگوں کے لیے ابراہیم اور ان کے ساتھیوں میں بہترین نمونہ ہے جب ان سب نے اپنی قوم سے کہا: ہم تم سے اور اللہ کے سوا جنہیں تم پوجتے ہو ان سب سے بیزار ہیں، ہم نے تمہارے نظریات کا انکار کیا اور ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے بغض و عداوت ظاہر ہو گی جب تک کہ تم اللہ کی وحدانیت پر ایمان نہ لاؤ، البتہ ابراہیم نے اپنے باپ (چچا) سے کہا تھا: میں آپ کے لیے مغفرت ضرور چاہوں گا اور مجھے آپ کے لیے اللہ سے کوئی اختیار نہیں ہے، (ان کی دعا یہ تھی) ہمارے پروردگار! ہم نے تجھ پر بھروسہ کیا اور ہم تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور ہمیں تیری ہی طرف پلٹنا ہے۔☆

۵۔ ہمارے پروردگار! تو ہمیں کفار کی آزمائش میں نہ ڈال اور ہمیں بخش دے ہمارے پروردگار! یقیناً تو ہی بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۶۔ بتحقیق انہی لوگوں میں تمہارے لیے ایک اچھا نمونہ ہے ان کے لیے جو اللہ اور روز آخرت کی امید رکھتے ہیں اور جو کوئی روگردانی کرے تو اللہ یقیناً بے نیاز، قابل ستائش ہے۔

۷۔ ممکن ہے کہ اللہ تمہارے اور ان لوگوں کے درمیان جن سے تم دشمنی کر رہے ہو محبت پیدا کر دے اور اللہ بہت قدرت والا ہے اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۴۔ اپنی مشرک قوم سے تعلق توڑنے کے لیے تمہارے پاس ابراہیم میں اچھا نمونہ موجود ہے۔ البتہ انہوں نے اپنے مشرک باپ (چچا) کے لیے دعائے مغفرت کی ہے جو ان کے ساتھ مخصوص وعدہ کی وجہ سے کی تھی۔ جب ان پر یہ بات واضح ہو گئی کہ وہ اللہ کا دشمن ہے تو انہوں نے بیزاری اختیار کی تھی۔

اہل تحقیق کے مطابق مشرک کے لیے استغفار جائز ہے۔ فَلَمَّا تَبَيَّنَ بات واضح ہونے سے مراد موت ہے جب مشرک اپنے شرک پر مر جاتا ہے اس کے بعد استغفار جائز نہیں۔ لہذا اس آیت کا مطلب اس طرح بنتا ہے: ابراہیم اور ان کے ساتھیوں میں تمہارے لیے نمونہ ہے کہ وہ اپنی مشرک قوم سے بیزاری اختیار کرتے تھے۔

۵۔ یعنی ہمیں کفار کی آزمائش کا ذریعہ نہ بنا کہ ہماری کمزوری کو دیکھ کر کفار اسلام کی حقانیت پر شک کریں۔ واضح رہے کہ دین کی حقانیت پر قائم ہونے والی دلیل و حجت کے پوری ہونے اور نہ ہونے کے ساتھ آزمائش بھی قوی اور کمزور ہو جاتی ہے۔ یعنی حجت پوری ہونے سے آزمائش قوی اور حجت پوری نہ ہونے سے آزمائش کمزور ہو جاتی ہے۔ یہاں تک کہ جب حجت اپنی انتہا کو پہنچ جائے تو آزمائش بھی اپنی آخری منزل پر پہنچ جاتی ہے۔ پھر آزمائش ختم اور عذاب کی نوبت آتی ہے۔ چنانچہ گزشتہ امتوں پر جب حجت انتہا کو پہنچی تو عذاب نازل ہوا۔ جیسا کہ ناقۂ صالح (ع) کے معجزے کے بعد قوم ثمود اور قوم عاد کی ہلاکت ہے۔ چنانچہ ہم نے پہلے بھی اس بات کا ذکر کیا ہے کہ لوگوں کی طرف سے معجزوں کا مطالبہ قبول نہ کرنا ایک رحمت ہے۔ کیونکہ تجویز شدہ اور مطلوبہ معجزہ دکھانے کے بعد پھر مہلت نہیں ملتی، جیسا کہ ناقۂ صالح کے معجزہ کے بعد قوم صالح کو مہلت نہیں ملی۔ اس آیت میں یہ دعا ہے: پروردگار ہمیں کفار کی آزمائش میں اضافہ کا سبب نہ بنا، بلکہ ان پر حجت میں اضافے کا سبب بنا۔ چنانچہ آج کے مسلمان کفار کی آزمائش اور ان کو مہلت ملنے کا سبب بن رہے ہیں۔

۷۔ جب تمہارے آج کے دشمن رشتہ دار مسلمان ہو جائیں گے تو یہ دشمنی محبت میں بدل جائے گی۔

لَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ لَمْ
يُقَاتِلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَلَمْ
يُخْرِجُوْكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ اَنْ
تَبَرُّوْهُمْ وَتُقْسِطُوْٓا اِلَيْهِمْ ؕ اِنَّ
اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝۸
اِنَّمَا يَنْهٰىكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيْنَ
قٰتَلُوْكُمْ فِي الدِّيْنِ وَاَخْرَجُوْكُمْ
مِّنْ دِيَارِكُمْ وَظٰهَرُوْا عَلٰٓى
اِخْرَاجِكُمْ اَنْ تَوَلَّوْهُمْ ۚ وَمَنْ
يَّتَوَلَّهُمْ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ
الظّٰلِمُوْنَ ۝۹
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا جَآءَكُمُ
الْمُؤْمِنٰتُ مُهٰجِرٰتٍ فَامْتَحِنُوْهُنَّ ؕ
اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاِيْمَانِهِنَّ ۚ فَاِنْ
عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا
تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ ؕ لَا هُنَّ
حِلٌّ لَّهُمْ وَلَا هُمْ يَحِلُّوْنَ لَهُنَّ ؕ وَ
اٰتُوْهُمْ مَّآ اَنْفَقُوْا ؕ وَلَا جُنَاحَ
عَلَيْكُمْ اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ اِذَآ
اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اُجُوْرَهُنَّ ؕ وَ
لَا تُمْسِكُوْا بِعِصَمِ الْكَوَافِرِ وَسْـَٔلُوْا
مَآ اَنْفَقْتُمْ وَلْيَسْـَٔلُوْا مَآ اَنْفَقُوْا ؕ
ذٰلِكُمْ حُكْمُ اللّٰهِ ؕ يَحْكُمُ

۸۔ جن لوگوں نے دین کے بارے میں تم سے جنگ نہیں کی اور نہ ہی تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا ہے اللہ تمہیں ان کے ساتھ احسان کرنے اور انصاف کرنے سے نہیں روکتا، اللہ یقیناً انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔☆

۹۔ اللہ تو یقیناً تمہیں ایسے لوگوں سے دوستی کرنے سے روکتا ہے جنہوں نے دین کے معاملے میں تم سے جنگ کی ہے اور تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا ہے اور تمہاری جلاوطنی پر ایک دوسرے کی مدد کی ہے اور جو ان لوگوں سے دوستی کرے گا پس وہی لوگ ظالم ہیں۔

۱۰۔ اے ایمان والو! جب ہجرت کرنے والی مومنہ عورتیں تمہارے پاس آ جائیں تو تم ان کا امتحان کر لیا کرو، اللہ ان کے ایمان کو بہتر جانتا ہے پھر اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ وہ ایماندار ہیں تو انہیں کفار کی طرف واپس نہ بھیجو، نہ وہ ان (کفار) کے لیے حلال ہیں اور نہ وہ (کفار) ان کے لیے حلال ہیں اور جو کچھ انہوں نے خرچ کیا ہے وہ ان (کافر شوہروں) کو ادا کر دو اور جب تم ان عورتوں کے مہر انہیں ادا کر دو تو ان سے نکاح کر لینے میں تم پر کوئی گناہ نہیں اور کافر عورتوں کو اپنے نکاح میں روکے نہ رکھو اور جو کچھ تم نے خرچ کیا ہے مانگ لو اور جو کچھ انہوں نے خرچ کیا ہے وہ (کفار) بھی (تم سے) مانگ لیں، یہ اللہ کا حکم ہے، وہ تمہارے درمیان فیصلہ

۸۔ کافروں سے دوستی کرنا اس صورت میں ممنوع ہے جب مسلمان ان کے ساتھ حالت جنگ میں ہوں۔ اگر یہ کافر ذمّی ہوں یا ان کے ساتھ معاہدہ ہو، یعنی حالت جنگ میں نہ ہوں تو ایسے کافروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنے، رشتہ داری کا لحاظ رکھنے اور ان کے ساتھ انصاف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ کافروں کے ساتھ ہر قسم کی ولایت کا رشتہ قائم کرنا ممنوع ہے۔ نہ ولایت حمایت و نصرت، نہ ولایت وراثت، نہ ولایت اطاعت، نہ ولایت محبت۔

البتہ اگر ان کافروں کے ساتھ حالت جنگ نہیں ہے تو ان سے ولایت محبت دوستی اس حد تک جائز ہے کہ ان پر احسان کیا جائے اور انصاف کے ساتھ برتاؤ کیا جائے۔

اگر کفار سے حالت جنگ میں ہوں تو کسی قسم کی ولایت قائم کرنا ممنوع ہے۔ حتیٰ خود اہل ایمان کے درمیان بھی ولایت نصرت و حمایت قائم نہیں ہوتی جب تک وہ مؤمن ہجرت نہ کرے ملاحظہ ہو (انفال: ۷۲)۔

۱۰۔ صلح حدیبیہ کے بعد کی بات ہے کہ مکے کی بعض خواتین ہجرت کر کے مدینہ آئی تھیں اور ان کے شوہر ان کو واپس لے جانے کے لیے مدینہ آئے تھے اور معاہدے کا حوالہ دے کر ان کی واپسی کا مطالبہ کرتے تھے۔ اس وقت یہ آیت نازل ہوئی کہ ان مسلمان عورتوں کو واپس نہ کیا جائے، کیونکہ معاہدے کا اطلاق ان عورتوں پر نہیں ہوتا، معاہدے میں صرف مردوں کا ذکر ہے۔

ان مسلمان عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے، بشرطیکہ ان کے کافر شوہروں نے جو مہر ادا کیا ہے وہ واپس کریں اور اس کے علاوہ بھی ان عورتوں کو مہر ادا کریں۔ مرد مسلمان ہو تو اس کے لیے جائز نہیں کہ کافر عورت کو اپنے نکاح میں رکھے۔ اس صورت میں ان کافر عورتوں کو جو مہر ادا کیا گیا ہے وہ کفار کی طرف سے واپس مل جانا چاہیے۔

بَيْنَكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ⑩

کرتا ہے اور اللہ بڑا علم والا، حکمت والا ہے۔☆

وَاِنْ فَاتَكُمْ شَيْءٌ مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ اِلَى الْكُفَّارِ فَعَاقَبْتُمْ فَاٰتُوا الَّذِيْنَ ذَهَبَتْ اَزْوَاجُهُمْ مِّثْلَ مَآ اَنْفَقُوْا ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْٓ اَنْتُمْ بِهٖ مُؤْمِنُوْنَ ⑪

۱۱۔ اور اگر تمہاری کوئی بیوی تم سے نکل کر کفار کی طرف چلی جائے پھر تمہاری (غنیمت لینے کی) باری آ جائے تو جن لوگوں کی بیویاں چلی گئیں ہیں (اس غنیمت میں سے) انہیں اتنا مال ادا کرو جتنا ان لوگوں نے خرچ کیا ہے اور اس اللہ سے ڈرو جس پر تم ایمان رکھتے ہو۔☆

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنٰتُ يُبَايِعْنَكَ عَلٰٓى اَنْ لَّا يُشْرِكْنَ بِاللّٰهِ شَيْـًٔا وَّلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِيْنَ وَلَا يَقْتُلْنَ اَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَاْتِيْنَ بِبُهْتَانٍ يَّفْتَرِيْنَهٗ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِيْنَكَ فِيْ مَعْرُوْفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللّٰهَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ⑫

۱۲۔ اے نبی! جب مومنہ عورتیں اس بات پر آپ سے بیعت کرنے آپ کے پاس آئیں کہ وہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہرائیں گی اور نہ چوری کریں گی اور نہ زنا کا ارتکاب کریں گی اور نہ اپنی اولاد کو قتل کریں گی اور نہ اپنے ہاتھ پاؤں کے آگے کوئی بہتان (غیر قانونی اولاد) گھڑ کر (شوہر کے ذمے ڈالنے) لائیں گی اور نیک کاموں میں آپ کی نافرمانی نہیں کریں گی تو ان سے بیعت لے لیں اور ان کے لیے اللہ سے مغفرت طلب کریں، اللہ یقیناً بخشنے والا، مہربان ہے۔☆

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ ⑬ ع

۱۳۔ اے ایمان والو! اس قوم سے دوستی نہ رکھو جس پر اللہ غضبناک ہوا ہے جو آخرت سے اس طرح مایوس ہیں جیسے کفار اہل قبور سے ناامید ہیں۔

النصف ۸ ع ۲

۶۱ سُوْرَةُ الصَّفِّ مَدَنِيَّةٌ ۱۴

سورہ صف ۔ مدنی ۔ آیات ۱۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ

۱۔ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتے ہیں اور وہ بڑا غالب

۱۱۔ فَعَاقَبْتُمْ اگر کافر سے وہ مہر واپس نہ ملے تو تمہاری نوبت آنے پر تم بھی ان کو ادا نہ کرو، بلکہ مسلمان شوہروں کو ادا کرو، جن کی بیویاں دار الکفر میں کفر کی حالت میں رہ گئی ہیں۔ اگر یہ نوبت نہ آئے تو مال غنیمت سے ادائیگی ہو گی۔

۱۲۔ جاہلیت میں عورتیں جن کی مرتکب ہوتی تھیں، اس بیعت میں ان تمام جرائم کے ترک کرنے کا ذکر ہے۔ بہتان سے مراد زنا سے ہونے والی اولاد کو اپنے شوہر کی اولاد قرار دینا ہے۔ بَيْنَ اَيْدِيْهِنَّ وَاَرْجُلِهِنَّ ... اپنے ہاتھ پاؤں کے آگے، سے مراد ایسی اولاد کو شوہر کے سر تھوپنا ہے جو اس کی نہیں ہے۔ روایت ہے: زمان جاہلیت میں بعض عورتیں پھینکے ہوئے بچوں کو اٹھا لاتیں اور اپنے شوہروں سے کہتیں کہ یہ تمہارا بچہ ہے۔

فِيْ مَعْرُوْفٍ: ہر نیک کام کو معروف کہتے ہیں۔ نیکی کو معروف اس لیے کہتے ہیں کہ عقل اس کی خوبی کا اعتراف کرتی ہے۔

روایت میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عورتوں سے بیعت اس طرح لی کہ ایک پیالے کو پانی سے بھر دیا، پھر رسول اللہؐ نے اس میں ہاتھ داخل فرمایا، پھر نکال لیا۔ اس کے بعد عورتوں سے کہا تم اس پیالے میں اپنے ہاتھ داخل کرو۔ (المیزان)

صحیح بخاری میں آیا ہے: رسول اللہؐ نے کبھی کسی نامحرم عورت کے ہاتھ کو مس نہیں کیا۔

الْحَكِيْمُ ①

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ②

كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ③

اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الَّذِيْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِهٖ صَفًّا كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَّرْصُوْصٌ ④

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ لِمَ تُؤْذُوْنَنِيْ وَقَدْ تَّعْلَمُوْنَ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ ؕ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤

وَاِذْ قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ مُّصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَمُبَشِّرًۢا بِرَسُوْلٍ يَّاْتِيْ مِنْۢ بَعْدِي اسْمُهٗٓ اَحْمَدُ ؕ فَلَمَّا جَآءَهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ⑥

وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُوَ يُدْعٰٓى اِلَى الْاِسْلَامِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ⑦

آنے والا، حکمت والا ہے۔

۲۔اے ایمان والو! تم وہ بات کہتے کیوں ہو جو کرتے نہیں ہو؟☆

۳۔اللہ کے نزدیک یہ بات سخت ناپسندیدہ ہے کہ تم وہ بات کہو جو کرتے نہیں ہو۔☆

۴۔ اللہ یقیناً ان لوگوں سے محبت کرتا ہے جو اس کی راہ میں صف بستہ ہوکر اس طرح لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار ہیں۔☆

۵۔ اور (وہ وقت یاد کیجیے) جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا: اے میری قوم! تم مجھے کیوں اذیت دیتے ہو؟ حالانکہ تم جانتے ہو کہ میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں، پس جب وہ ٹیڑھے رہے تو اللہ نے ان کے دلوں کو ٹیڑھا کر دیا اور اللہ فاسق قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

۶۔اور جب عیسیٰ ابن مریم نے کہا: اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا رسول ہوں اور اپنے سے پہلے کی (کتاب) توریت کی تصدیق کرنے والا ہوں اور اپنے بعد آنے والے رسول کی بشارت دینے والا ہوں جن کا نام احمد ہو گا، پس جب وہ ان کے پاس واضح دلائل لے کر آئے تو کہنے لگے: یہ تو کھلا جادو ہے۔☆

۷۔اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہو گا جو اللہ پر جھوٹ بہتان باندھے جب کہ اسے اسلام کی دعوت دی جا رہی ہو؟ اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

سورہ صف

۲۔۳ قول وفعل میں تضاد ایک قسم کا نفاق ہے اور نفاق ایک قسم کی نفسیاتی بیماری ہے۔ معاشرے میں ایسے مریضوں کا وجود اللہ کو سخت ناپسند ہے۔ یہ آیت ان لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی جو رسول اللہؐ سے خواہش کرتے تھے کہ ہمیں بتائیے کہ اللہ کا محبوب ترین عمل کیا ہے؟ جبکہ یہی لوگ جہاد جیسے اللہ کے محبوب ترین عمل سے معرکہ احد میں فرار ہو چکے تھے۔

۴۔رصص چیزوں کے ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے جڑنے کو کہتے ہیں۔ سیسہ کو اسی وجہ سے رصاص کہا ہے۔ یعنی اللہ ایسے لڑنے والوں کو پسند فرماتا ہے جو میدان جہاد میں ڈٹ کر لڑتے ہیں، فرار نہیں ہوتے اور پیٹھ نہیں دکھاتے۔ اس مضبوط دیوار کے لیے فرار یا پیٹھ دکھانے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

۶۔حضرت ابو طالبؑ اور حسّان کے اشعار کے بعد اس بات میں کسی بحث کی گنجائش نہیں رہتی کہ حضورؐ کے اسمائے مبارکہ میں سے ایک اسم احمد ہے۔ اناجیل کی پیشگوئی میں حضرت مسیح (ع) نے اپنی زبان سریانی میں حضورؐ کا نام ذکر کیا ہے، جس کا بعد میں یونانی زبان میں ترجمہ فارقلیط سے کیا گیا ہے، جس کے معانی کا تعین نہیں ہو سکا۔ کبھی اس کا ترجمہ تسلی دہندہ سے کرتے ہیں، کبھی مددگار سے، کبھی شفاعت کنندہ سے، کبھی وکیل سے کرتے ہیں۔ جبکہ اہل تحقیق کے مطابق فارقلیط (periclutos-) محمود، احمد یا محمد یعنی قابل ستائش ہے۔ بعض اہل قلم نے سریانی لفظ تلاش کر لیا ہے، جو انہیں سیرت ابن ہشام میں محمد بن اسحاق کے حوالے سے مل گیا۔ یہ لفظ مُخَمَّنّا ہے، جو محمد کے ہم معنی ہے۔ محمد بن اسحاق متوفی ۷۶۸ھ کے زمانے میں فلسطینی عیسائی سریانی زبان بولتے تھے۔

مسیحی نو مسلم محمد صادق فخر الاسلام نے اپنی کتاب انیس الاسلام میں، میں کیوں مسلمان ہوا؟ کے عنوان کے ذیل میں لکھا ہے: میرے مسیحی استاد نے اس شرط پر کہ میں ان کا نام کسی کو نہ بتاؤں، دو کتابیں ایسی دکھائیں جو رسول اسلام صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے پہلے کی لکھی ہوئی تھیں۔ ان دونوں کتابوں میں فارقلیط کا ترجمہ احمد اور محمد سے کیا ہوا تھا۔ (قاموس قرآن)

يُرِيْدُوْنَ لِيُطْفِـُٔوْا نُوْرَ اللّٰهِ
بِاَفْوَاهِهِمْ وَاللّٰهُ مُتِمُّ نُوْرِهٖ وَلَوْ
كَرِهَ الْكٰفِرُوْنَ ۸
هُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰى
وَدِيْنِ الْحَقِّ لِيُظْهِرَهٗ عَلَى الدِّيْنِ
ع ۹ كُلِّهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُشْرِكُوْنَ ۹
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى
تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ
اَلِيْمٍ ۱۰
تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ
تُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ
بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ
خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۱۱
يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَ يُدْخِلْكُمْ
جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
وَ مَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ
ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۱۲
وَاُخْرٰى تُحِبُّوْنَهَا ؕ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ
وَ فَتْحٌ قَرِيْبٌ ؕ وَ بَشِّرِ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۱۳
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُوْنُوْٓا اَنْصَارَ
اللّٰهِ كَمَا قَالَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ
لِلْحَوَارِيّٖنَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ

۸۔ یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اپنے منہ (کی پھونکوں) سے اللہ کے نور کو بجھا دیں اور اللہ اپنے نور کو پورا کر کے رہے گا خواہ کفار برا مانیں۔☆

۹۔ وہ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اسے تمام ادیان پر غالب کر دے خواہ مشرکین کو ناگوار گزرے۔☆

۱۰۔ اے ایمان والو! کیا میں ایسی تجارت کی طرف تمہاری رہنمائی کروں جو تمہیں دردناک عذاب سے بچائے؟

۱۱۔ (وہ یہ کہ) تم اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لے آؤ اور اپنی جانوں اور اپنے اموال سے راہ خدا میں جہاد کرو، اگر تم جان لو تو تمہارے لیے یہی بہتر ہے۔

۱۲۔ اللہ تمہارے گناہ معاف فرمائے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور ابدی جنتوں میں پاکیزہ مکانات ہوں گے، یہی بڑی کامیابی ہے۔☆

۱۳۔ اور وہ دوسری (بھی) جسے تم پسند کرتے ہو (عنایت کرے گا اور وہ ہے) اللہ کی طرف سے مدد اور جلد حاصل ہونے والی فتح اور مومنین کو (اس کی) بشارت دے دیجیے۔☆

۱۴۔ اے ایمان والو! اللہ کے مددگار بن جاؤ جس طرح عیسیٰ ابن مریم نے حواریوں سے کہا: کون ہے جو راہ خدا میں میرا مددگار بنے؟

۸۔۹ چنانچہ ہمارے معاصر کافروں کے اپنے ملکوں میں اسلام روز بروز ایک طاقت بن کر ابھر رہا ہے۔ مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورہ توبہ۔

۱۲۔ اس تجارت میں جو سرمایہ لگایا جاتا ہے، وہ ایک ناپائیدار وقتی زندگی اور مال ہے جس نے ہر صورت میں ختم ہونا ہے اور اس سے جو نفع حاصل ہوگا وہ دائمی عذاب سے نجات اور ابدی نعمتوں والی جنت میں داخل ہونا ہے۔ اس آیت میں ایمان والوں سے خطاب کر کے فرمایا: اللہ اور رسولؐ پر ایمان لاؤ۔ یعنی جب اس ایمان پر جہاد جیسی دلیل موجود نہ ہو، وہ ایمان نہیں ہے۔

۱۳۔ دوسرا نفع جو اس تجارت سے حاصل کرو گے وہ دنیا میں فتح و کامرانی ہے، جو جہاد کے ذریعے ہی حاصل کر سکو گے۔ یعنی جہاد میں ثواب دارین ہے، آخرت میں نجات اور دنیا میں فتح و نصرت کی کامیاب زندگی۔ اس آیت سے جو مفہوم نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ جس فرد اور قوم میں جہاد بالنفس و المال نہیں ہے، اسے آخرت میں نجات اور دنیا میں کامیاب زندگی حاصل نہیں ہو سکے گی۔ آیت میں جہاد سے پہلے ایمان کی شرط عائد کی اور ایمان باللہ کے ساتھ ایمان بالرسولؐ کی بھی شرط ہے۔ کیونکہ ایمان بالرسولؐ کے بغیر ایمان باللہ ممکن نہیں ہے۔

۱۴۔ اے ایمان والو! انصار اللہ بن جاؤ۔ یہ ایک اعزاز و تکریم ہے کہ انسان خدائے بے نیاز کے انصار بن جائیں۔ یعنی اعلائے کلمہ حق کے لیے ارادہ خدا کے نفاذ کا ذریعہ بن جائیں۔ اس سے بڑی عزت و تکریم کیا ہو سکتی ہے۔

قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ
اللّٰهِ فَاٰمَنَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْۢ بَنِيْٓ
اِسْرَآءِيْلَ وَكَفَرَتْ طَّآئِفَةٌ ۚ
فَاَيَّدْنَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا عَلٰى عَدُوِّهِمْ
ع ۲ فَاَصْبَحُوْا ظٰهِرِيْنَ ﴿۱۴﴾

حواریوں نے کہا: ہم اللہ کے مددگار ہیں، پس بنی اسرائیل کی ایک جماعت تو ایمان لائی اور ایک جماعت نے انکار کیا لھذا ہم نے ایمان لانے والوں کی ان کے دشمنوں کے مقابلے میں مدد کی اور وہ غالب ہو گئے۔☆

سورۃ جمعہ۔ مدنی۔ آیات ۱۱

﴿۶۲ سُوْرَةُ الْجُمُعَةِ مَدَنِيَّةٌ ۱۱﴾

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ
الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ﴿۱﴾

۱۔ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے سب اس اللہ کی تسبیح کرتے ہیں جو بادشاہ نہایت پاکیزہ، بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا
مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَ
يُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ
وَالْحِكْمَةَ ۗ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ
لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲﴾ لا

۲۔ وہی ہے جس نے ناخواندہ لوگوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا جو انہیں اس کی آیات پڑھ کر سناتا ہے اور انہیں پاکیزہ کرتا ہے اور انہیں کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے جب کہ اس سے پہلے یہ لوگ صریح گمراہی میں تھے۔☆

وَّاٰخَرِيْنَ مِنْهُمْ لَمَّا يَلْحَقُوْا
بِهِمْ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۳﴾
ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ﴿۴﴾

۳۔ اور (ان) دوسرے لوگوں کے لیے بھی (مبعوث ہوئے) جو ابھی ان سے نہیں ملے ہیں اور اللہ بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔☆

۴۔ یہ اللہ کا فضل ہے، جسے وہ چاہتا ہے وہ عنایت فرماتا ہے اور اللہ بڑے فضل کا مالک ہے۔☆

مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرٰىةَ ثُمَّ
لَمْ يَحْمِلُوْهَا كَمَثَلِ الْحِمَارِ
يَحْمِلُ اَسْفَارًا ؕ بِئْسَ مَثَلُ الْقَوْمِ
الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

۵۔ ان کی مثال جن پر توریت کا بوجھ ڈال دیا گیا پھر انہوں نے اس بوجھ کو نہیں اٹھایا، اس گدھے کی سی ہے جس پر کتابیں لدی ہوئی ہوں، بہت بری ہے ان لوگوں کی مثال جنہوں نے اللہ کی نشانیوں کو جھٹلا دیا

سورہ جمعہ

۲۔ جس قوم کو یہود اُمّی کہتے ہیں اور اپنے مقابلے میں ناخواندہ اور ذلیل سمجھتے ہیں، اللہ نے اسی قوم سے ایک نبی مبعوث فرمایا اور یہود کو اسی قوم کے ہاتھوں ذلت اٹھانا پڑی۔

فِي الْاُمِّيّٖنَ: ناخواندہ لوگوں میں۔ یعنی اس رسولؐ کو ناخواندہ لوگوں میں سے مبعوث کیا۔ یہ نہیں فرمایا: اِلَی الْاُمِّیِّیْن ناخواندہ لوگوں کی طرف مبعوث کیا۔

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ: یہ رسولؐ لوگوں کو کتاب اللہ کی تعلیم دیتا ہے اور حکمت کی بھی۔ کتاب کی تعلیم سے مراد احکام شریعت، حلال وحرام کی تعلیم ہے۔ حکمت کی تعلیم حقائق تک رسائی حاصل کرنا ہے۔ تمام مشکلات کی بنیاد حقائق تک رسائی نہ ہونا ہے۔ حقائق تک رسائی نہ ہونے کی صورت میں انسان ایک موہوم چیز کے پیچھے اپنی زندگی تلف کر دیتا ہے۔ زندگی ایک سراب کی مانند ہو جاتی ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کام لوگوں کو سراب سے نکالنا ہے۔

۳۔ یعنی رسولؐ کی رسالت اس اُمّی قوم تک محدود نہیں ہے، بلکہ ان کی رسالت قیامت تک آنے والی قوموں کے لیے بھی ہے۔

۴۔ اس فضل سے مراد رسالت ہو سکتی ہے اور ممکن ہے اس سے مراد آنے والی نسلیں ہوں جو اس رسالت کی تعلیم کتاب وحکمت سے فائدہ اٹھانے والی ہیں۔

۵۔ یہود جو عربوں کو بڑی حقارت سے اُمّی (ناخواندہ) کہکر پکارتے ہیں، خود اگر کتاب اٹھائے پھرتے ہیں تو گدھوں کی طرح ہیں، جو بوجھ کے سوا اس سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا رہے ہیں۔

لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝۵

اور اللہ ظالم قوم کی ہدایت نہیں کرتا۔☆

قُلْ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ هَادُوْٓا اِنْ زَعَمْتُمْ اَنَّكُمْ اَوْلِيَآءُ لِلّٰهِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝۶

۶۔ کہہ دیجیے: اے یہودیت اختیار کرنے والو! اگر تمہیں یہ زعم ہے کہ تم اللہ کے چہیتے ہو دوسرے لوگ نہیں تو موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو۔☆

وَلَا يَتَمَنَّوْنَهٗٓ اَبَدًۢا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝۷

۷۔ اور یہ اپنے ہاتھوں آگے بھیجے ہوئے اعمال کے سبب موت کی تمنا ہرگز نہیں کریں گے اور اللہ ظالموں کو خوب جانتا ہے۔

قُلْ اِنَّ الْمَوْتَ الَّذِيْ تَفِرُّوْنَ مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ۝۸ ع

۸۔ کہہ دیجیے: وہ موت جس سے تم یقیناً گریزاں ہو اس کا تمہیں یقیناً سامنا کرنا ہو گا پھر تم غیب و شہود کے جاننے والے کے سامنے پیش کیے جاؤ گے پھر وہ اللہ تمہیں سب بتا دے گا جو کچھ تم کرتے رہے ہو۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝۹

۹۔ اے ایمان والو! جب جمعہ کے دن نماز کے لیے پکارا جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑ پڑو اور خرید و فروخت ترک کر دو، یہی تمہارے حق میں بہتر ہے اگر تم جانتے ہو☆

فَاِذَا قُضِيَتِ الصَّلٰوةُ فَانْتَشِرُوْا فِي الْاَرْضِ وَابْتَغُوْا مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝۱۰

۱۰۔ پھر جب نماز ختم ہو جائے تو (اپنے کاموں کی طرف) زمین میں بکھر جاؤ اور اللہ کا فضل تلاش کرو اور کثرت سے اللہ کو یاد کرو تا کہ تم فلاح پاؤ۔

وَاِذَا رَاَوْا تِجَارَةً اَوْ لَهْوَا ِۨانْفَضُّوْٓا اِلَيْهَا وَتَرَكُوْكَ قَاۗىِٕمًا ۭ قُلْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ اللَّهْوِ وَمِنَ

۱۱۔ اور جب انہوں نے تجارت یا کھیل تماشا ہوتے دیکھا تو اس کی طرف دوڑ پڑے اور آپ کو کھڑے چھوڑ دیا، کہہ دیجیے: جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشے اور تجارت سے کہیں بہتر ہے اور اللہ بہترین رزق دینے

۶۔ یہود اپنے آپ کو اللہ کی برگزیدہ قوم سمجھتے ہیں، قرآن اس بنیاد پر ان سے آرزوئے موت کا مطالبہ کرتا ہے کہ تم اگر اپنے دعوے میں سچے ہو تو اپنے محبوب سے ملنے کی تمنا کرو جس نے تمہیں برگزیدہ بنایا ہے۔ حقیقی ولی اللہ حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں: وَ اللّٰهِ لَابْنُ اَبِي طَالِبٍ آنَسُ بِالْمَوْتِ مِنَ الطِّفْلِ بِثَدْيِ اُمِّهٖ۔ (نہج البلاغۃ خ ۵ ص ۵۴) یعنی قسم بخدا ابو طالب کے فرزند کو موت کے ساتھ اس سے زیادہ انس ہے جو ایک بچے کو اپنی ماں کی چھاتی سے ہوتا ہے۔

۹۔ ندا سے مراد اذان ہے۔ نماز اسلامی نظام کا ایک ریاستی فریضہ ہے۔ اس لیے امامیہ فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ اذان قانونی اسلامی ریاست کی طرف سے ہو تو نماز کے لیے حاضر ہونا واجب عینی ہے، لیکن اگر قانونی ریاست قائم نہ ہو تو نماز جمعہ کے واجب تعیینی یا تخییری ہونے میں اختلاف ہے۔ اکثر فقہاء کا نظریہ یہ ہے کہ جمعہ اور ظہر میں اختیار ہے۔ ظہر کی چار رکعات کی جگہ جمعہ کی نماز دو خطبوں اور دو رکعتوں پر مشتمل ہے۔ دو رکعتوں کی جگہ دو خطبوں کا مطلب یہ ہے کہ خطیب دو رکعتوں میں قبلے کی طرف رخ کرنے کی بجائے لوگوں کی طرف رخ کرے کہ یہاں لوگوں سے سروکار ہے۔ لوگوں تک اسلام کا پیغام پہنچانا اور ان کی تعلیم و تربیت عبادت کا حصہ ہے، لہٰذا خطبے میں کوئی انسان ساز، بامقصد اور تعمیری پیغام نہ ہو یا مقامی زبان میں نہ ہونے کی وجہ سے یہ پیغام قابل فہم نہ ہو تو جمعہ کی افادیت برقرار نہیں رہتی۔

۱۱۔ یہ آیت اس موقف کی صراحت کے ساتھ نفی کرتی ہے کہ اصحاب سے کوئی غلطی سرزد نہیں ہوئی اور اگر ہوئی ہے تو اس کا ذکر نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ان سے صادر ہونے والی غلطی کا ذکر اس قرآن میں کیا ہے جسے قیامت تک پڑھا جانا ہے اور آیت کے اس جملے سے ”جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ کھیل تماشا سے بہتر ہے“ یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ان لوگوں نے کھیل تماشے کو اس چیز پر ترجیح دی تھی جو اللہ کے پاس ہے۔ بعض روایات میں ملتا ہے کہ ہجرت سے پہلے انصار نے مدینے میں بیاضہ کے مقام پر جمعہ قائم کیا اور اس میں ۴۰ افراد نے شرکت کی۔ سورہ جمعہ ۷ ہجری میں

التِّجَارَةِ ؕ وَاللّٰهُ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱﴾ ع ۲

سُوْرَةُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِيَّةٌ ۱۱ ﴿۶۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا جَآءَكَ الْمُنٰفِقُوْنَ قَالُوْا

نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ ۘ وَاللّٰهُ

يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَشْهَدُ

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ ﴿۱﴾ ع

اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً فَصَدُّوْا

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّهُمْ سَآءَ مَا

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲﴾

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا

فَطُبِعَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ فَهُمْ

لَا يَفْقَهُوْنَ ﴿۳﴾

وَ اِذَا رَاَيْتَهُمْ تُعْجِبُكَ

اَجْسَامُهُمْ ؕ وَاِنْ يَّقُوْلُوْا تَسْمَعْ

لِقَوْلِهِمْ ؕ كَاَنَّهُمْ خُشُبٌ مُّسَنَّدَةٌ ؕ

يَحْسَبُوْنَ كُلَّ صَيْحَةٍ عَلَيْهِمْ ؕ

هُمُ الْعَدُوُّ فَاحْذَرْهُمْ ؕ قٰتَلَهُمُ

اللّٰهُ ۚ اَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۴﴾

وَ اِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا

يَسْتَغْفِرْ لَكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ لَوَّوْا

رُءُوْسَهُمْ وَ رَاَيْتَهُمْ يَصُدُّوْنَ

وَهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۵﴾

وقف لازم

نازل ہوا۔ اس زمانے میں رسول اللہؐ کی موجودگی میں نمازیوں کی تعداد کئی گنا زیادہ ہو گئی ہو گی۔ ان میں سے صرف بارہ افراد رسول اللہؐ کے ساتھ رہ گئے، باقی رسول اللہؐ کو چھوڑ کر کھیل تماشے کی طرف لپک گئے۔ چنانچہ صحیح مسلم کتاب الجمعة اور صحیح بخاری میں جابر بن عبد اللہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جمعہ کے روز خطبہ دے رہے تھے۔ شام سے ایک قافلہ پہنچ گیا تو سب لوگ چلے گئے۔ صرف بارہ افراد رہ گئے۔ ملاحظہ ہو صحیح بخاری حدیث ۸۸۴ کتاب الجمعة۔ الفاظ صحیح مسلم کے ہیں۔

اس واقعہ کی سنگینی کا اندازہ اس روایت سے ہوتا ہے جو زمخشری نے اپنی تفسیر ۴: ۵۳۶ میں ذکر کی ہے: اگر سب لوگ چلے جاتے تو وادی میں آگ بھڑک اٹھتی۔

سورہ منافقون

۱۔ عصر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں مدینہ میں منافقین کی ایک خاص تعداد موجود تھی۔ جنگ احد میں ان کی تعداد تین سو تک سامنے آئی۔ یہ لوگ اگرچہ زبان سے رسول کریمؐ کی رسالت کی گواہی دیتے تھے۔ اس آیت میں فرمایا: وہ جھوٹ بولتے ہیں۔ یعنی یہ گواہی کے اعتبار سے تو سچ ہے، لیکن گواہ کے اعتبار سے جھوٹے ہیں کہ وہ اس گواہی کے مضمون کے قائل نہیں ہیں۔

۲۔ کفر کا اظہار کرتے تو مسلمان ان سے لڑتے، یہ قتل ہو جاتے۔ زبان سے اسلام کے اظہار کو ان لوگوں نے صرف ایک ڈھال کے طور پر استعمال کیا ہے۔

۴۔ زمخشری الکشاف میں لکھتے ہیں: عبد اللہ بن ابی ایک جسیم، بلند قد وقامت کا آدمی تھا اور ساتھ بولنے میں بھی بہت تیز تھا۔ قرآن نے ان منافقوں کو بے جان، بے شعور ایسی لکڑی کے ساتھ تشبیہ دی جو کسی دیوار کے ساتھ لگی ہوئی ہے۔ یعنی مجلس میں ایک بے جان بے شعور لکڑی کی طرح دیوار سے ٹیک لگا کر بیٹھتے ہیں۔

والا ہے۔☆

سورہ منافقون ۔ مدنی ۔ آیات ۱۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ منافقین جب آپ کے پاس آتے ہیں تو کہتے ہیں: ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ یقیناً اللہ کے رسول ہیں اور اللہ کو بھی علم ہے کہ آپ یقیناً اس کے رسول ہیں اور اللہ گواہی دیتا ہے یہ منافقین یقیناً جھوٹے ہیں۔☆

۲۔ انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے، پھر وہ (دوسروں کو بھی) اللہ کی راہ سے روکتے ہیں، جو کچھ یہ کرتے ہیں یقیناً برا ہے۔☆

۳۔ یہ اس لیے ہے کہ یہ ایمان لا کر پھر کافر ہو گئے، پس ان کے دلوں پر مہر لگ گئی لہٰذا اب یہ سمجھتے نہیں ہیں۔

۴۔ اور جب آپ انہیں دیکھ لیں تو ان کے جسم آپ کو بھلے معلوم ہوں گے اور جب وہ بولیں تو آپ ان کی باتیں توجہ سے سنتے ہیں (مگر وہ ایسے بے روح ہیں) گویا وہ دیوار سے لگائی گئی لکڑیاں ہیں، ہر آواز کو اپنے خلاف تصور کرتے ہیں، یہی لوگ (بڑے) دشمن ہیں لہٰذا آپ ان سے محتاط رہیں، اللہ انہیں ہلاک کرے یہ کہاں بہکے پھرتے ہیں۔☆

۵۔ اور جب ان سے کہا جائے: آؤ کہ اللہ کا رسول تمہارے لیے مغفرت مانگے تو وہ سر جھٹک دیتے ہیں اور آپ دیکھیں گے کہ وہ تکبر کے سبب آنے سے رک جاتے ہیں۔

سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ اَسْتَغْفَرْتَ لَهُمْ
اَمْ لَمْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ ؕ لَنْ يَّغْفِرَ
اللّٰهُ لَهُمْ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ
الْفٰسِقِيْنَ ۝۶
هُمُ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ لَا تُنْفِقُوْا عَلٰى
مَنْ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ حَتّٰى
يَنْفَضُّوْا ؕ وَلِلّٰهِ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ
لَا يَفْقَهُوْنَ ۝۷
يَقُوْلُوْنَ لَئِنْ رَّجَعْنَاۤ اِلَى الْمَدِيْنَةِ
لَيُخْرِجَنَّ الْاَعَزُّ مِنْهَا الْاَذَلَّ ؕ وَ
لِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ
وَلٰكِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝۸ ع ۵
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ
اَمْوَالُكُمْ وَلَاۤ اَوْلَادُكُمْ عَنْ
ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝۹
وَاَنْفِقُوْا مِنْ مَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ
اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ فَيَقُوْلَ
رَبِّ لَوْلَاۤ اَخَّرْتَنِيْۤ اِلٰۤى اَجَلٍ
قَرِيْبٍ ۙ فَاَصَّدَّقَ وَاَكُنْ مِّنَ
الصّٰلِحِيْنَ ۝۱۰
وَلَنْ يُّؤَخِّرَ اللّٰهُ نَفْسًا اِذَا جَآءَ

۶۔ان کے لیے یکساں ہے خواہ آپ ان کے لیے مغفرت طلب کریں یا نہ کریں، اللہ انہیں ہرگز معاف نہیں کرے گا، اللہ فاسقین کو یقیناً ہدایت نہیں کرتا۔☆

۷۔ یہ وہی لوگ ہیں جو کہتے ہیں: جو لوگ رسول اللہ کے پاس ہیں ان پر خرچ نہ کرنا یہاں تک کہ یہ بکھر جائیں حالانکہ آسمانوں اور زمین کے خزانوں کا مالک اللہ ہی ہے لیکن منافقین سمجھتے نہیں ہیں۔☆

۸۔کہتے ہیں: اگر ہم مدینہ لوٹ کر جائیں تو عزت والا ذلت والے کو وہاں سے ضرور نکال باہر کرے گا، جب کہ عزت تو اللہ، اس کے رسول اور مومنین کے لیے ہے لیکن منافقین نہیں جانتے۔☆

۹۔اے ایمان والو! تمہارے اموال اور تمہاری اولاد ذکر خدا سے تمہیں غافل نہ کر دیں اور جو ایسا کرے گا تو وہ خسارہ اٹھانے والوں میں سے ہوگا۔☆

۱۰۔اور جو رزق ہم نے تمہیں دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرو قبل اس کے کہ تم میں سے کسی کو موت آ جائے پھر وہ کہنے لگے: اے میرے پروردگار! تو نے مجھے تھوڑی سی مہلت کیوں نہ دی تا کہ میں صدقہ دیتا اور میں (بھی) صالحین میں سے ہو جاتا۔☆

۱۱۔اور جب کسی کا مقررہ وقت آ جاتا ہے تو پھر اللہ اسے ہرگز مہلت نہیں دیتا اور جو

۶۔ اس آیت سے یہ تو واضح ہے کہ رسول اللہؐ کا استغفار عام لوگوں کے استغفار کی طرح نہیں ہے۔ رسولؐ کی دعا کو اہمیت نہ دینا نفاق کی علامت ہے۔

۷۔۸غزوہ بنی المصطلق کے موقع پر دشمن کو شکست دینے کے بعد ایک مہاجر اور ایک انصاری میں پانی کے مسئلہ پر تکرار ہوئی اور ہاتھا پائی تک نوبت پہنچ گئی۔اس پر انصار اور مہاجر نے اپنی اپنی قوم کو مدد کے لیے پکارا۔ منافقین کے سربراہ عبد اللہ بن ابی نے اس موقع سے فائدہ اٹھایا اور اوس وخزرج کو پکارا۔ ادھر کچھ مہاجرین بھی اٹھ کھڑے ہوئے۔ چنانچہ رسول اللہؐ کی مداخلت پر معاملہ ختم ہوا۔لیکن اس واقعے کے بعد دیگر منافقین عبد اللہ بن ابی کے پاس جمع ہو گئے تو ابن ابی نے ان سے کہا: خدا کی قسم مدینہ پہنچنے پر ہم میں سے عزت والا ذلیل کو نکال دے گا۔تم لوگ ان پر کوئی مال خرچ نہ کرو تو یہ اپنی بالادستی چھوڑ کر یہاں سے نکل جائیں گے۔ حضرت زید بن ارقم اس مجلس میں موجود تھے، جنہوں نے سارا واقعہ رسول اللہؐ کو سنا دیا۔ اس سلسلے میں زید بن ارقم کی تصدیق میں یہ آیات نازل ہوئیں۔

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ: عزت اللہ، اس کے رسولؐ اور مؤمنین کے لیے ہے۔ حدیث میں آیا ہے: اللہ تعالیٰ نے مؤمن کے ہاتھ اس کے تمام امور سپرد کیے ہیں و لم یفوّض الیہ ان یذلّ نفسہ. مگر اپنے آپ کو ذلیل کرنے کا اختیار نہیں دیا ہے۔(الکافی ۵:۶۳)

۹۔ مال و اولاد اگر تقرب الی اللہ کے لیے ذریعہ بن جائیں تو مال کو قرآن خیر سے تعبیر کرتا ہے اور اولاد باقیات الصالحات بن جاتی ہے۔ اگر یہ دونوں انسان کو اللہ سے دور اور ذکر خدا سے غافل بنا دیں اور انسان اور اس کے رب کے درمیان حائل ہو جائیں تو اس صورت میں مال و اولاد خسارے کا باعث بنتے ہیں۔

۱۰۔ قیامت کے دن شہود عینی کے راستے سے علم ہو جائے گا کہ راہ خدا میں مال خرچ کرنے کا کیا رتبہ ہے۔ اس حقیقت کے انکشاف کے بعد وہ زبان سے اس حسرت کا اظہار کرے گا کہ کاش ایک موقع پھر مل جاتا تو جی بھر کے راہ خدا میں خرچ کرتا۔

اَجَلُهَا ؕ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ⑪ ع ۲ ۱۴

سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ ۱۸ ۶۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي
الْاَرْضِ ۚ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ ۫
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ①
هُوَ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ فَمِنْكُمْ كَافِرٌ وَّ
مِنْكُمْ مُّؤْمِنٌ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
بَصِيْرٌ ②
خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ وَ
صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۚ وَ
اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ③
يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ
يَعْلَمُ مَا تُسِرُّوْنَ وَمَا تُعْلِنُوْنَ ؕ
وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ④
اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَبَؤُا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
مِنْ قَبْلُ ۫ فَذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ وَ
لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ⑤
ذٰلِكَ بِاَنَّهٗ كَانَتْ تَّاْتِيْهِمْ رُسُلُهُمْ
بِالْبَيِّنٰتِ فَقَالُوْٓا اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ۫
فَكَفَرُوْا وَتَوَلَّوْا وَّاسْتَغْنَى اللّٰهُ ؕ
وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ⑥
زَعَمَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ لَّنْ

کچھ تم لوگ کرتے ہو اللہ اس سے خوب باخبر ہے۔

سورۃ تغابن ۔ مدنی ۔ آیات ۱۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے سب اللہ کی تسبیح کرتے ہیں بادشاہی اسی کی ہے اور ثنا بھی اسی کی ہے اور وہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔

۲۔ وہی ہے جس نے تمہیں خلق کیا پھر تم میں سے بعض کافر اور بعض ایمان والے ہیں، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس پر خوب نگاہ رکھتا ہے۔☆

۳۔ اس نے آسمانوں اور زمین کو برحق پیدا کیا ہے اور اس نے تمہاری صورت بنائی تو بہترین صورت بنائی اور اسی کی طرف پلٹنا ہے۔☆

۴۔ آسمانوں اور زمین میں جو کچھ ہے وہ سب کو جانتا ہے اور جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو ان سب کو بھی اللہ جانتا ہے اور جو کچھ سینوں میں ہے اسے بھی اللہ خوب جانتا ہے۔☆

۵۔ کیا تمہارے پاس ان لوگوں کی خبر نہیں پہنچی جو پہلے کافر ہو گئے تھے پھر انہوں نے اپنے اعمال کا وبال چکھ لیا تھا؟ اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

۶۔ یہ اس لیے ہے کہ ان کے پاس ان کے رسول واضح دلائل لے کر آتے تھے تو یہ کہتے تھے: کیا بشر ہماری ہدایت کرتے ہیں؟ لہٰذا انہوں نے کفر اختیار کیا اور منہ پھیر لیا، پھر اللہ بھی ان سے بے پرواہ ہو گیا اور اللہ بڑا بے نیاز، قابل ستائش ہے۔☆

۷۔ کفار کو یہ گمان ہے کہ وہ ہرگز (دوبارہ) اٹھائے نہیں جائیں گے، کہہ دیجیے: ہاں!

سورہ تغابن

۲۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ کفر و ایمان اللہ کی تخلیق ہے بلکہ یہ بتانا مقصود ہے کہ تخلیق کے بعد کفر و ایمان میں منقسم ہونا ایک نتیجہ کے طور پر سامنے آیا۔

۳۔ تخلیق کائنات کے ساتھ انسان کی اچھی تصویر کشی کا خصوصیت سے ذکر ہے کیونکہ اس کائنات میں انسان اللہ کا عظیم معجزہ ہے۔ اس کو اللہ نے تخلیقاً عزت و تکریم سے نوازا ہے۔ کھڑا قد دے کر اس کا سر اونچا کیا۔ پھر طاقت سے نہیں، اطاعت سے خالق کے سامنے جھکنے کا حکم دیا۔ اسے ظاہری اعضاء اور باطنی صلاحیتیں ایسی عطا فرمائیں کہ وہ جمال و کمال میں خلیفۃ اللہ فی الارض کے مرتبے کا اہل ہو گیا اور بہت سے موجودات اس کے لیے مسخر کر دیے گئے اور خود براہ راست اللہ کی عبودیت جیسے مقام کے لیے منتخب ہو گیا۔ اس انسان کے مقام و منزلت کی نشاندہی کے لیے یہ بات کافی ہے کہ قدرت کو خود اس مخلوق پر ناز ہے کہ فرمایا: اس نے تمہاری شکل بنائی اور عمدہ بنائی۔ ملاحظہ ہو سورہ حجرات آیت ۱۱۔

۴۔ جب آسمانوں اور انسانوں کا خالق ہے تو اپنی مخلوق کی کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں ہے۔ پوشیدہ کسی حجاب میں ہوتا ہے، خود حجاب بھی اللہ کی طرف سے شاہد ہو گا۔

۶۔ اَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا ؟: کیا بشر ہماری ہدایت کریں گے؟ جب وہ ہماری طرح بشر ہیں تو کیسے ممکن ہے کہ اس کے پاس کوئی وحی قسم کی چیز آئے، ہمارے پاس نہ آئے۔ قدیم سے لے کر آج تک لوگ ایک مافوق فطرت کی توقع رکھتے ہیں، خود انسان کو اللہ کی طرف سے سفارت کے عہدے پر فائز ہونے کا اہل نہیں سمجھتے۔

يُّبْعَثُوْا ؕ قُلْ بَلٰى وَرَبِّيْ لَتُبْعَثُنَّ
ثُمَّ لَتُنَبَّؤُنَّ بِمَا عَمِلْتُمْ ؕ وَذٰلِكَ
عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ۝۷
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالنُّوْرِ
الَّذِيْٓ اَنْزَلْنَا ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرٌ ۝۸
يَوْمَ يَجْمَعُكُمْ لِيَوْمِ الْجَمْعِ ذٰلِكَ
يَوْمُ التَّغَابُنِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَ
يَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ
وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ ذٰلِكَ
الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝۹
وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ
اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ خٰلِدِيْنَ
فِيْهَا ؕ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ۝۱۰ ع
مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ
اللّٰهِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ
قَلْبَهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝۱۱
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ
فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝۱۲
اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ وَعَلَى اللّٰهِ
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝۱۳

میرے پروردگار کی قسم! تم ضرور اٹھائے جاؤ گے پھر تمہیں (اس کے بارے میں) ضرور بتایا جائے گا جو کچھ تم کرتے رہے ہو اور یہ بات اللہ کیلیے نہایت آسان ہے۔

۸۔ لہٰذا اللہ اور اس کے رسول پر اور اس نور پر جو ہم نے نازل کیا ہے ایمان لے آؤ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اس سے خوب آگاہ ہے۔☆

۹۔ جس روز اللہ اجتماع کے دن تمہیں اکٹھا کر دے گا تو وہ فائدے خسارے کا دن ہو گا اور جو شخص اللہ پر ایمان لائے اور نیک عمل انجام دے اللہ اس کے گناہوں کو اس سے دور کر دے گا اور اسے ایسی جنتوں میں داخل کر دے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ابد تک رہیں گے، یہی بڑی کامیابی ہے۔☆

۱۰۔ جو لوگ کافر ہو گئے اور انہوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی وہی اہل جہنم ہیں جس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔

۱۱۔ مصائب میں سے کوئی مصیبت اللہ کے اذن کے بغیر نازل نہیں ہوتی اور جو اللہ پر ایمان لاتا ہے اللہ اس کے دل کو ہدایت دیتا ہے اور اللہ ہر شے کا خوب علم رکھتا ہے۔☆

۱۲۔ اور اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو، پس اگر تم نے منہ پھیر لیا تو ہمارے رسول کے ذمے تو فقط صاف پیغام پہنچا دینا ہے۔

۱۳۔ اللہ (ہی معبود برحق ہے) اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور مومنین کو اللہ ہی پر توکل کرنا چاہیے۔

۸۔ نور سے مراد قرآن ہے جو خود روشن اور دوسروں کو روشنی دیتا ہے۔

۹۔ التَّغَابُن: غبن کا مفاعلہ ہے۔ شر لے کر خیر چھوڑنے والا۔ مغبون ''خسارہ اٹھانے والا'' ہو گا اور خیر لے کر شر چھوڑنے والا غابن ''خسارہ ڈالنے والا'' ہو گا۔ اگلی آیت میں اس تغابن یعنی اس ہار جیت کی تفصیل بیان ہوئی ہے۔ چنانچہ اس تفسیر کی تائید میں یہ روایت بیان کی جاتی ہے: ہر شخص کے لیے جنت میں ایک درجہ ہے، اگر وہ ایمان لے آتا تو اس پر فائز ہو جاتا اور جہنم میں بھی ہر ایک کے لیے ایک جگہ ہے۔ اگر نافرمانی کرتا تو اس میں داخل ہو جاتا۔ چنانچہ جنت میں نافرمان کی جگہ مؤمن اور مؤمن کے لیے جہنم کی مختص جگہ نافرمان کو دی جائے گی۔ اس طرح وہ ایک دوسرے کو غبن میں ڈالنے والے ہو گئے۔

۱۱۔ اذن سے مراد اذن تکوینی ہے۔ یعنی اللہ سبب و علت کی تاثیر میں رکاوٹ نہیں ڈالتا۔ لہٰذا ممکن ہے کہ گاہے اذن تشریعی نہ ہو، لیکن اذن تکوینی موجود ہو۔ مثلاً ظالم کی چھری مظلوم کی گردن کاٹ رہی ہو تو چھری میں کاٹنے کی صلاحیت اللہ کی ودیعت کردہ تاثیر سے ہے، یہ اذن تکوینی ہے، جبکہ ایسا کرنے کا اذن تشریعی نہیں ہے۔

وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ يَهْدِ قَلْبَهٗ: ایمان باللہ کی وجہ سے انسان کا زنگ زدہ قلب شفاف ہو جاتا ہے اور تاریکی چھٹ جاتی ہے، پھر راستے کھل جاتے ہیں۔ یہی خاصیت تقویٰ کی بھی ہے کہ تقویٰ اختیار کرنے پر فرقان یعنی امتیاز کی صلاحیت مل جاتی ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنَّ مِنْ
اَزْوَاجِكُمْ وَاَوْلَادِكُمْ عَدُوًّا
لَّكُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ ۚ وَاِنْ تَعْفُوْا وَ
تَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾
اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ فِتْنَةٌ ۭ
وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۵﴾
فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا
وَاَطِيْعُوْا وَاَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ۭ
وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ
الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۶﴾
اِنْ تُقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا
يُّضٰعِفْهُ لَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۭ وَ
اللّٰهُ شَكُوْرٌ حَلِيْمٌ ﴿۱۷﴾
ع ۲ ۸ ۱۲ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾

سُوْرَةُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ ۱۲ ﴿۶۵﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاۗءَ
فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا
الْعِدَّةَ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ ۚ لَا
تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا
يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ
مُّبَيِّنَةٍ ۭ وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَ

۱۴۔ اے ایمان والو! تمہاری ازواج اور تمہاری اولاد میں سے بعض یقیناً تمہارے دشمن ہیں لہٰذا ان سے بچتے رہو اور اگر تم معاف کرو اور درگزر کرو اور بخش دو تو اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۱۵۔ تمہارے اموال اور تمہاری اولاد بس آزمائش ہیں اور اللہ کے ہاں ہی اجر عظیم ہے۔☆

۱۶۔ پس جہاں تک ہو سکے اللہ سے ڈرو اور سنو اور اطاعت کرو اور (راہ خدا میں) خرچ کرو تو (یہ تمہاری) اپنی بھلائی کے لیے ہے اور جو لوگ اپنے نفس کے بخل سے محفوظ رہ جائیں تو وہی کامیاب لوگ ہیں۔

۱۷۔ اگر تم اللہ کو قرض حسنہ دو گے تو وہ تمہارے لیے اسے کئی گنا بڑھا دے گا اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ بڑا قدر شناس، بردبار ہے۔

۱۸۔ وہ غیب و شہود کا جاننے والا، بڑا غالب آنے والا، حکمت والا ہے۔

سورۃ طلاق ۔ مدنی ۔ آیات ۱۲

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے نبی! جب تم عورتوں کو طلاق دو تو انہیں ان کی عدت کے لیے طلاق دے دیا کرو اور عدت کا شمار رکھو اور اپنے رب اللہ سے ڈرو، تم انہیں (عدت کے دنوں میں) ان کے گھروں سے نہ نکالو اور نہ ہی وہ عورتیں خود نکل جائیں مگر یہ کہ وہ کسی نمایاں برائی کا ارتکاب کریں اور یہ اللہ کی حدود ہیں اور جس نے اللہ کی حدود سے تجاوز کیا تو

۱۴۔ مؤمن کو اکثر مشکلات اپنے خاندان کے افراد کی طرف سے پیش آتی ہیں کہ کبھی مرد کے لیے بیوی، کبھی بیوی کے لیے مرد اور کبھی والدین کے لیے اولاد، دیانتداری میں رکاوٹ یا خیانت کاری کے لیے معاون بن جاتے ہیں اور دشمن کا کردار ادا کرتے ہیں۔

۱۵۔ مال و اولاد سے محروم ہونے کی صورت کا امتحان نسبتاً آسان ہے، لیکن مال و اولاد کی فراوانی کی صورت میں امتحان میں کامیاب ہونا بہت مشکل ہے۔ ان دونوں میں سے خصوصیت کے ساتھ مال و دولت کے ذریعے امتحان میں کامیابی اور بھی مشکل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مال کو راہ خدا میں خرچ کرنے کی بہت زیادہ فضیلت ہے۔

سورہ طلاق

۱۔ یعنی ایسے زمانے میں طلاق دی جائے جس سے عدت شروع ہو سکے۔ سورہ بقرہ میں بتایا گیا ہے کہ حیض والی مدخولہ عورت کی عدت طلاق کے بعد تین مرتبہ حیض کا آنا ہے۔ لہٰذا عورت کو حالت حیض میں طلاق نہ دی جائے اور اس طہر میں بھی طلاق نہ دی جائے، جس میں شوہر نے اس سے ہمبستری کی ہو۔ اگلی آیت میں بتایا کہ عادل افراد کو گواہ بنا ؤ۔ اس طرح فقہ جعفریہ کا مؤقف ان آیات سے واضح ہو جاتا ہے کہ مذکورہ بالا شرائط صحت طلاق کے لیے ضروری ہیں۔ عدت کے دنوں میں عورت کو نان و نفقہ اور رہائش فراہم کی جائے اور گھر سے نہ نکالا جائے۔ ان آیات میں طلاق کے بارے میں درج ذیل احکام کا ذکر ہے: i طلاق زمانہ طہر میں واقع ہو۔ ii جس طہر میں ہمبستری ہو چکی ہو، اس میں طلاق نہ دی جائے۔ iii عدت کا حساب رکھنا چاہیے کہ حقوق ضائع نہ ہوں۔ iv عدت کے دنوں میں مطلقہ عورت کو گھر سے نہ نکالا جائے۔ v عدت پوری ہونے والی ہو تو شوہر یا تو رجوع کرے یا عدت پوری ہونے پر خوش اسلوبی سے فارغ کرے۔ vi دو عادل گواہوں کے سامنے طلاق دی جائے۔ vii گواہی محض اللہ کی خاطر ہو اور اس میں کمی بیشی نہ کی جائے۔ viii اس ضمن میں فرمایا کہ تقویٰ اختیار کرنے کے دو نتائج سامنے آئیں گے: مشکلات سے چھٹکارا حاصل کرنے کے لیے راہ حل اور رزق میں فراوانی۔ لہٰذا عورت کو طلاق دیتے ہوئے تقویٰ اختیار کرو، اسے

مَنْ يَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰهِ فَقَدْ ظَلَمَ
نَفْسَهٗ ؕ لَا تَدْرِيْ لَعَلَّ اللّٰهَ
يُحْدِثُ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمْرًا ۝۱
فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ
بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ
وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا
الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ؕ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ
كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۙ
وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝۲
وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَ
مَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ
لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝۳
وَالّٰٓـِٔيْ يَئِسْنَ مِنَ الْمَحِيْضِ مِنْ
نِّسَآئِكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ
ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ ۙ وَّالّٰٓـِٔيْ لَمْ يَحِضْنَ ؕ
وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ
يَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ
يَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ اَمْرِهٖ يُسْرًا ۝۴
ذٰلِكَ اَمْرُ اللّٰهِ اَنْزَلَهٗۤ اِلَيْكُمْ ؕ وَ
مَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يُكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَ
يُعْظِمْ لَهٗۤ اَجْرًا ۝۵
اَسْكِنُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ سَكَنْتُمْ

اس نے اپنے ہی نفس پر ظلم کیا، تجھے کیا معلوم اس کے بعد شاید اللہ کوئی صورت پیدا کر دے۔☆

۲۔ پس جب عورتیں اپنی عدت پوری کرنے کو آئیں تو انہیں اچھی طرح سے (اپنے عقد میں) رکھو یا انہیں اچھے طریقے سے علیحدہ کر دو اور اپنوں میں سے دو صاحبان عدل کو گواہ بناؤ اور اللہ کی خاطر درست گواہی دو، یہ وہ باتیں ہیں جن کی تمہیں نصیحت کی جاتی ہے ہر اس شخص کے لیے جو اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اور جو اللہ سے ڈرتا رہے اللہ اس کے لیے (مشکلات سے) نکلنے کا راستہ بنا دیتا ہے،☆

۳۔ اور اسے ایسی جگہ سے رزق دیتا ہے جہاں سے وہ سوچ بھی نہ سکتا ہو اور جو اللہ پر بھروسہ کرتا ہے پس اس کے لیے اللہ کافی ہے، اللہ اپنا حکم پورا کرنے والا ہے، تحقیق اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ مقرر کیا ہے۔

۴۔ تمہاری عورتوں میں سے جو حیض سے ناامید ہو گئی ہیں، (ان کے بارے میں) اگر تمہیں شک ہو جائے (کہ خون کا بند ہونا سن رسیدہ ہونے کی وجہ سے ہے یا کسی اور عارضے کی وجہ سے) تو ان کی عدت تین ماہ ہے اور یہی حکم ان عورتوں کا ہے جنہیں حیض نہ آتا ہو اور حاملہ عورتوں کی عدت ان کا وضع حمل ہے اور جو اللہ سے ڈرتا ہے وہ اس کے معاملے میں آسانی پیدا کر دیتا ہے۔

۵۔ یہ اللہ کا حکم ہے جو اس نے تمہاری طرف نازل کیا ہے اور جو اللہ سے ڈرے گا اللہ اس کی برائیاں اس سے دور کر دے گا اور اس کے لیے اجر کو بڑھا دے گا۔

۶۔ ان عورتوں کو (زمانہ عدت میں) بقدر امکان وہاں سکونت دو جہاں تم رہتے ہو اور

بے بس نہ کرو۔ ix جن عورتوں کے یائسہ ہونے میں شک ہو ان کی عدت تین ماہ ہے۔ x حیض آنے کی عمر میں ہونے کے باوجود حیض نہ آتا ہو تو اس عورت کی عدت بھی تین ماہ ہے۔ xi حاملہ عورتوں کی عدت، وضع حمل تک ہے۔ xii حاملہ عورت کو زمانہ حمل میں نفقہ دیا جائے۔ xiii عورت بچے کو دودھ پلائے تو اجرت دی جائے۔ واضح رہے کہ دودھ عورت کی ملکیت ہے۔ عام حالت میں بھی عورت اس کا معاوضہ لے سکتی ہے، کیونکہ اولاد کا نفقہ باپ پر واجب ہے۔

فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ: میں لِعِدَّتِهِنَّ کا لام وقت بتانے کے لیے ہے، جیسا کہ لام کسی زمانہ بتانے والے لفظ پر داخل ہو تو وقت بیان کرنے کے لیے ہوتا ہے۔ اس آیت سے فقہ جعفریہ کے درج ذیل موقف ثابت ہوتے ہیں۔ i حیض کے دنوں میں طلاق موثر نہیں ہے۔ ii جس طہر میں ہمبستری ہوئی ہے اس میں طلاق موثر نہیں ہے۔ iii ایک ہی مجلس میں تین طلاقیں ہوئی ہوں، ان میں سے صرف ایک طلاق مؤثر ہے، باقی دو طلاقیں مؤثر نہیں ہیں۔ کیونکہ ان تینوں صورتوں میں عدت شروع نہیں ہو سکتی۔ ایک مجلس میں تین طلاقیں ہونے کی صورت میں عدت پہلی طلاق کے لیے ہے، دوسری اور تیسری کی عدت نہیں ہے، لہٰذا ایک ساتھ تین طلاقیں فقہ جعفریہ کے مطابق مؤثر نہیں۔ ابن قیم اور ابن تیمیہ بھی اس طلاق کو غیر مؤثر سمجھتے ہیں۔ امام ابوحنیفہ اس طلاق کو حرام لیکن مؤثر سمجھتے ہیں۔

۲۔ رسول اللہؐ سے روایت ہے: یا اباذر لو ان الناس کلهم اخذوا بهذه الاية لكفتهم۔ (مستدرك الوسائل ۱۱:۲۱۶ باب توكل ۔ سنن ابن ماجه باب الورع. الفاظ مستدرک کے ہیں) ابوذر! اگر سب لوگ اس آیت پر عمل کریں تو ان کو کسی اور چیز کی ضرورت نہیں رہتی۔

مِّنْ وُّجْدِكُمْ وَلَا تُضَآرُّوْهُنَّ
لِتُضَيِّقُوْا عَلَيْهِنَّ ؕ وَاِنْ كُنَّ
اُولَاتِ حَمْلٍ فَاَنْفِقُوْا عَلَيْهِنَّ
حَتّٰى يَضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ۚ فَاِنْ
اَرْضَعْنَ لَكُمْ فَاٰتُوْهُنَّ
اُجُوْرَهُنَّ ۚ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ
بِمَعْرُوْفٍ ۚ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ
فَسَتُرْضِعُ لَهٗۤ اُخْرٰى ۝۶
لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ
قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ
اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا
مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ
ع ۱۷ يُّسْرًا ۝۷
وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ عَتَتْ عَنْ اَمْرِ
رَبِّهَا وَرُسُلِهٖ فَحَاسَبْنٰهَا حِسَابًا
شَدِيْدًا ۙ وَّعَذَّبْنٰهَا عَذَابًا نُّكْرًا ۝۸
فَذَاقَتْ وَبَالَ اَمْرِهَا وَكَانَ
عَاقِبَةُ اَمْرِهَا خُسْرًا ۝۹
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ۙ
ع ۱۸ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِى الْاَلْبَابِ ۚ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۛؕ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ
اِلَيْكُمْ ذِكْرًا ۝۱۰
رَّسُوْلًا يَّتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ

انہیں تنگ کرنے کے لیے تکلیف نہ پہنچاؤ، اگر وہ حاملہ ہوں تو وضع حمل تک انہیں خرچہ دیتے رہو پھر اگر تمہارے کہنے پر وہ دودھ پلائیں تو انہیں (اس کی) اجرت دے دیا کرو اور احسن طریقے سے باہم مشورہ کر لیا کرو اور (اجرت طے کرنے میں) اگر تمہیں آپس میں دشواری پیش آئے تو (ماں کی جگہ) کوئی اور عورت دودھ پلائے گی۔☆

۷۔ وسعت والا اپنی وسعت کے مطابق خرچ کرے اور جس پر اس کے رزق میں تنگی کی گئی ہو اسے چاہیے کہ جتنا اللہ نے اسے دے رکھا ہے اس میں سے خرچ کرے، اللہ کسی کو اس سے زیادہ مکلّف نہیں بناتا جتنا اسے دیا ہے، تنگدستی کے بعد عنقریب اللہ آسانی پیدا کر دے گا۔☆

۸۔ اور ایسی کتنی بستیاں ہیں جنہوں نے اپنے پروردگار اور اس کے رسولوں کے حکم سے سرتابی کی تو ہم نے بھی ان سے سخت حساب لیا اور انہیں برے عذاب میں ڈال دیا۔

۹۔ پھر انہوں نے اپنے اعمال کے وبال کا ذائقہ چکھ لیا اور ان کا انجام خسارے پر منتہی ہوا۔

۱۰۔ ان کے لیے اللہ نے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے، پس اے عقل مند ایماندارو! اللہ سے ڈرو، بے شک اللہ نے تمہاری طرف ایک ذکر نازل کیا ہے۔☆

۱۱۔ ایک ایسا رسول جو تمہیں اللہ کی واضح آیات پڑھ کر سناتا ہے تاکہ وہ ایمان لانے والوں

۶۔ مِّنْ وُّجْدِكُمْ: الوجد، الوسع، الطاقة، یعنی بقدر امکان۔ وَاْتَمِرُوْا بَيْنَكُمْ باہم مشورہ کرو۔ یعنی طلاق اور اولاد ہونے کی صورت میں ماں سے دودھ پلانے اور ماں کو اجرت دینے کے سلسلے میں پیش آنے والی دشواریوں کے ازالے کے لیے باہمی مشورہ کر لیا کرو کہ کہیں والدین کی جدائی کی وجہ سے بچے پر جسمانی اور نفسیاتی منفی اثرات نہ پڑیں۔ وَاِنْ تَعَاسَرْتُمْ عسر و حرج اور غیر معمولی دشواری آنے کی صورت میں ماں کے علاوہ کوئی اور عورت دودھ پلائے۔ اس آیت میں ماں کے دودھ کی تاکید ہے۔ باہمی مشورہ سے ماں کے دودھ پلانے میں حائل مشکلات دور کرو۔ صرف عسر و حرج کی صورت میں دوسری عورت دودھ پلائے۔

۷۔ لِيُنْفِقْ: اس آیت سے یہ بات واضح ہو گئی کہ ہر شخص کی ذمہ داری اس کی استطاعت کے مطابق ہے۔ غریبوں کے لیے اس آیت میں ایک تسلی بھی ہے کہ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا تنگدستی کے بعد اللہ آسانی پیدا کر دے گا۔

۱۰۔۱۱ رَّسُوْلًا سے مراد حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم ہیں۔ اور ذِكْرًا سے مراد بھی رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں۔ یہاں آپ کو رسولؐ اور ذکر دونوں القابات کے ساتھ یاد کیا گیا ہے، چونکہ آپؐ ذکر و نصیحت ہی کے لیے مبعوث ہوئے اور آپؐ کا فرض منصبی نصیحت سے ہی عبارت ہے۔

مُبَيِّنٰتٍ لِّيُخْرِجَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ
عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى
النُّوْرِ ؕ وَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ
صَالِحًا يُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ
تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ
قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ⑪
اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ وَّ
مِنَ الْاَرْضِ مِثْلَهُنَّ ؕ يَتَنَزَّلُ
الْاَمْرُ بَيْنَهُنَّ لِتَعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ قَدْ
ع ۱۸ اَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا ⑫

اور نیک اعمال بجالانے والوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی کی طرف لے آئے اور جو اللہ پر ایمان لے آئے اور نیک عمل کرے اللہ اسے ایسی جنتوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ ابد تک ہمیشہ رہیں گے، اللہ نے ایسے شخص کے لیے بہترین رزق دے رکھا ہے۔☆

۱۲۔ وہی اللہ ہے جس نے سات آسمان بنائے اور انہی کی طرح زمین بھی، اس کا حکم ان کے درمیان اترتا ہے تاکہ تم جان لو کہ اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور یہ کہ اللہ نے بلحاظ علم ہر چیز پر احاطہ کیا ہوا ہے۔☆

سورہ تحریم ۔ مدنی ۔ آیات ۱۲

﴿۶۶ سُوْرَةُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ ۱۲﴾

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَآ اَحَلَّ اللّٰهُ
لَكَ ۚ تَبْتَغِيْ مَرْضَاتَ اَزْوَاجِكَ ؕ
وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ①
قَدْ فَرَضَ اللّٰهُ لَكُمْ تَحِلَّةَ
اَيْمَانِكُمْ ۚ وَاللّٰهُ مَوْلٰىكُمْ ۚ وَهُوَ
الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ②
وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ
اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا ۚ فَلَمَّا نَبَّاَتْ بِهٖ وَ
اَظْهَرَهُ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرَّفَ بَعْضَهٗ
وَاَعْرَضَ عَنْۢ بَعْضٍ ۚ فَلَمَّا نَبَّاَهَا

۱۔اے نبی! جو چیز اللہ نے آپ کے لیے حلال کر دی ہے اسے آپ حرام کیوں ٹھہراتے ہیں؟ آپ اپنی ازواج کی مرضی چاہتے ہیں؟ اور اللہ بڑا بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے۔☆

۲۔اللہ نے تمہارے لیے قسموں کے کھولنے کے واسطے (حکم) مقرر کیا ہے، اللہ ہی تمہارا مولا ہے اور وہی خوب جاننے والا، حکمت والا ہے۔☆

۳۔ اور (یاد کرو) جب نبی نے اپنی بعض ازواج سے راز کی بات کہی تھی پس جب اس نے اس (راز) کو فاش کیا اور اللہ نے نبی کو اس سے آگاہ کیا تو اس سے نبی نے اس کا کچھ حصہ بتا دیا اور کچھ حصہ ٹال دیا پھر

۱۲۔ آسمان کی مانند زمین بھی پیدا کی ہے۔'مانند' کہنا تعدد کی دلیل نہیں ہے۔ممکن ہے اس سے مراد عناصر تخلیق ہوں کہ آسمانوں کو جن عناصر سے بنایا ہے، زمین بھی انہی سے مرکب ہونے میں آسمان کی مانند ہے۔ و اللہ اعلم بالصواب۔

سورہ تحریم

۱۔ قرآن نے اس بات کی صراحت نہیں کی کہ وہ کون سی حلال چیز تھی جسے رسول اللہؐ نے اپنے آپ پر حرام قرار دیا۔البتہ آیت کے سیاق سے اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ چیز بعض ازواج کو ناپسند تھی اور آپؐ کو انہوں نے زچ کیا تو آپؐ نے اس چیز کو ترک کرنے کی قسم کھائی۔ اس سلسلے کی روایات بھی مختلف ہیں۔ اسی طرح اس راز کے بارے میں بھی روایات مختلف ہیں جسے رسولؐ کی ایک زوجہ نے فاش کر دیا۔ البتہ روایات کا اس بات پر اتفاق ہے کہ اس راز کو فاش کرنے والی زوجہ حضرت حفصہ تھیں۔انہوں نے یہ راز حضرت عائشہ کو بتا دیا۔

اس جگہ تو سب نے لکھ دیا: ''اللہ کی حلال کردہ چیز کو حرام کرنے کا اختیار کسی کے پاس نہیں ہے، حتیٰ کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم) بھی اختیار نہیں رکھتے۔''(صلاح الدین یوسف حاشیہ قرآن مطبوعہ سعودیہ) لیکن بہت سی جگہوں پر یہ موقف اختیار کرتے ہیں: رسول اللہؐ کے ساتھ اختلاف ہو سکتا ہے۔ چونکہ ایک مجتہد کا دوسرے مجتہد کے ساتھ اختلاف کوئی نئی بات نہیں ہے۔ (فوشجی شرح تجرید باب الامامۃ) اس بات پر پوری امت کو اتفاق کرنا چاہیے کہ جب رسول اللہ (ص) کو حکم خدا میں تبدیلی کا حق حاصل نہیں ہے تو امت کے کسی فرد کے لیے کس طرح رسول اللہؐ کے خلاف جانا جائز ہو گیا۔

۲۔ تَحِلَّةَ اَيْمَانِكُمْ: قسم کھولنے کا یہ حکم جواز کی حد تک تو پوری امت کے لیے ہے کہ کفارہ دے کر قسم کھول لیں، لیکن رسول اللہؐ نے کفارہ دیا یا نہیں، اختلاف ہے۔

بِهٖ قَالَتْ مَنْ اَنْۢبَاَكَ هٰذَا ؕ قَالَ
نَبَّاَنِيَ الْعَلِيْمُ الْخَبِيْرُ ۝٣
اِنْ تَتُوْبَآ اِلَى اللّٰهِ فَقَدْ صَغَتْ
قُلُوْبُكُمَا ۚ وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ فَاِنَّ
اللّٰهَ هُوَ مَوْلٰىهُ وَجِبْرِيْلُ وَصَالِحُ
الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَعْدَ ذٰلِكَ
ظَهِيْرٌ ۝٤
عَسٰى رَبُّهٗۤ اِنْ طَلَّقَكُنَّ اَنْ يُّبْدِلَهٗۤ
اَزْوَاجًا خَيْرًا مِّنْكُنَّ مُسْلِمٰتٍ
مُّؤْمِنٰتٍ قٰنِتٰتٍ تٰٓئِبٰتٍ عٰبِدٰتٍ
سٰٓئِحٰتٍ ثَيِّبٰتٍ وَّاَبْكَارًا ۝٥
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا قُوْۤا اَنْفُسَكُمْ
وَاَهْلِيْكُمْ نَارًا وَّقُوْدُهَا النَّاسُ
وَالْحِجَارَةُ عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ
شِدَادٌ لَّا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَاۤ اَمَرَهُمْ
وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ ۝٦
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَا تَعْتَذِرُوا
الْيَوْمَ ؕ اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ
تَعْمَلُوْنَ ۝٧ ع ١٩
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا تُوْبُوْۤا اِلَى اللّٰهِ
تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ عَسٰى رَبُّكُمْ اَنْ
يُّكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ
وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ

جب نبی نے اپنی زوجہ کو وہ بات بتا دی تو وہ کہنے لگی: آپ کو یہ کس نے بتایا؟ فرمایا: مجھے (خدائے) علیم وخبیر نے خبر دی ہے۔

۴۔ اگر تم دونوں اللہ کے سامنے توبہ کر لو (تو بہتر ہے) کیونکہ تم دونوں کے دل ٹیڑھے ہو گئے ہیں اور اگر تم نبی کے خلاف ایک دوسرے کی پشت پناہی کرو گی تو اللہ یقیناً اس (رسول) کا مولا ہے اور جبرئیل اور صالح مومنین اور فرشتے بھی اس کے بعد ان کے پشت پناہ ہیں۔☆

۵۔ اگر نبی تمہیں طلاق دے دیں تو بعید نہیں کہ اس کا رب تمہارے بدلے اسے تم سے بہتر بیویاں عطا فرما دے جو مسلمان، ایماندار اطاعت گزار، توبہ کرنے والیاں، عبادت گزار اور روزہ رکھنے والیاں ہوں خواہ شوہر دیدہ ہوں یا کنواری۔☆

۶۔ اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنے اہل وعیال کو اس آگ سے بچاؤ جس کا ایندھن انسان اور پتھر ہوں گے، اس پر تندخو اور سخت مزاج فرشتے مقرر ہیں جو اللہ کے حکم کی نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم انہیں ملتا ہے اسے بجا لاتے ہیں۔☆

۷۔ اے کافرو! آج عذر پیش نہ کرو، جو عمل کرتے رہے ہو بس تمہیں اسی کی سزا ملے گی۔

۸۔ اے ایمان والو! اللہ کے آگے توبہ کرو خالص توبہ، بعید نہیں کہ اللہ تم سے تمہارے گناہ دور کر دے اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کر دے جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں

۴۔ صَغَتْ: (ص غ ی) قرطبی اس لفظ کی تشریح میں لکھتے ہیں: ای زاغت و مالت عن الحق۔ کجی آئی اور حق سے منحرف ہو گئی۔ شاہ ولی اللہ کا ترجمہ ہے: ہر آینہ کج شدہ است دل شما۔ شاہ رفیع الدین کا ترجمہ ہے: کج ہو گئے ہیں دل تمہارے۔

وَاِنْ تَظٰهَرَا عَلَيْهِ: قرطبی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں: ای تظاهرا و تعاونا علی النبی صلی اللہ علیه وسلم بالمعصیة و الایذاء۔ یعنی تَظٰهَرَا کا مطلب یہ ہے کہ اگر تم دونوں نے نبی کی نافرمانی اور اذیت دینے کے لیے ایک دوسرے کی مدد کی۔ شاہ ولی اللہ کا ترجمہ ہے: اگر باہم متفق شوید برنجانیدن پیغمبرؐ۔ مولانا اشرف علی کا ترجمہ ہے: اگر اسی طرح پیغمبر کے مقابلے میں تم دونوں کارروائیاں کرتی رہیں۔

چونکہ رسول اللہ (ص) کو ایذا دینا دل کی بہت بڑی کجی کا نتیجہ ہے، اس لیے آگے دو صورتیں ان کے سامنے رکھ دی گئیں: یا تو اس ایذا سے باز آ جائیں اور اگر وہ اس ایذا پر کمربستہ رہیں تو رسول اللہؐ کے ساتھ اللہ، جبرئیل، صالح مؤمنین اور فرشتوں کے مقابلے میں محاذ آرائی کے لیے آمادہ ہو جائیں۔ لہجہ کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ (ص) کو ایک سنگین مسئلہ درپیش تھا۔

صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ: شواهد التنزیل ۲: ۳۵۲ اور تفسیر ابن کثیر، تفسیر قرطبی، البحر المحیط میں آیا ہے کہ صَالِحُ الْمُؤْمِنِيْنَ علی علیہ السلام ہیں۔ تفسیر البرہان میں اس آیت کے ذیل میں آیا ہے: محمد بن العباس نے اس جگہ پچاس احادیث بیان کی ہیں، پھر ان احادیث میں سے بعض کا ذکر کیا ہے۔ ان کے راویوں میں ابو رافع، عمار یاسر، ابن عباس و غیرہم کا ذکر آتا ہے۔

۵۔ اگر ان سے بہتر خواتین موجود نہ ہوتیں تو یہ تعبیر اختیار نہ کی جاتی اور ان صفات کا بھی ذکر آیا جن میں وہ بہتر ہوتیں۔

۶۔ حضرت ابو بصیر کہتے ہیں: میں نے پوچھا: میں ان کو کیسے بچاؤں؟ (امام علیہ السلام نے) فرمایا: ”امر خدا کا حکم دو اور نہی خدا سے روکو۔ اگر تمہاری اطاعت کی تو تم نے ان کو جہنم سے بچا لیا اور اگر نافرمانی ہوئی تو تم نے اپنا فریضہ ادا کیا۔“ اولاد کے بارے میں یہ حکم ہے کہ سات سال کی ہو جائے تو اسے نماز کی عادت ڈالو۔

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ
النَّبِيَّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۚ نُوْرُهُمْ
يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَ
اغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
قَدِيْرٌ ۝۸
يٰٓاَيُّهَا النَّبِيُّ جَاهِدِ الْكُفَّارَ
وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَاغْلُظْ عَلَيْهِمْ ؕ
وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ
الْمَصِيْرُ ۝۹
ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوا
امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ
كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا
صَالِحَيْنِ فَخَانَتٰهُمَا فَلَمْ يُغْنِيَا
عَنْهُمَا مِنَ اللّٰهِ شَيْـًٔا وَّقِيْلَ ادْخُلَا
النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِيْنَ ۝۱۰
وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا
امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ ۘ اِذْ قَالَتْ رَبِّ
ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ
وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ
وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝۱۱
وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرٰنَ الَّتِيْٓ
اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ

گی، اس دن اللہ نہ اپنے نبی کو رسوا کرے گا اور نہ ہی ان لوگوں کو جو اس کے ساتھ ایمان لائے ہیں، ان کا نور ان کے آگے اور ان کی دائیں طرف دوڑ رہا ہوگا اور وہ دعا کر رہے ہوں گے: اے ہمارے پروردگار! ہمارا نور ہمارے لیے پورا کر دے اور ہم سے درگزر فرما، بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔☆

۹۔ اے نبی! کفار اور منافقین کے خلاف جہاد کیجیے اور ان پر سختی کیجیے، ان کا ٹھکانا جہنم ہے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔

۱۰۔ اللہ نے کفار کے لیے نوح کی بیوی اور لوط کی بیوی کی مثال پیش کی ہے، یہ دونوں ہمارے بندوں میں سے دو صالح بندوں کی زوجیت میں تھیں مگر ان دونوں نے اپنے شوہروں سے خیانت کی تو وہ اللہ کے مقابلے میں ان کے کچھ بھی کام نہ آئے اور انہیں حکم دیا گیا: تم دونوں داخل ہونے والوں کے ساتھ جہنم میں داخل ہو جاؤ۔☆

۱۱۔ اور اللہ نے مومنین کے لیے فرعون کی بیوی کی مثال پیش کی ہے، اس نے دعا کی: اے میرے پروردگار! جنت میں میرے لیے اپنے پاس ایک گھر بنا اور مجھے فرعون اور اس کی حرکت سے بچا اور مجھے ظالموں سے نجات عطا فرما۔

۱۲۔ اور مریم بنت عمران کو بھی (اللہ مثال کے طور پر پیش کرتا ہے) جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی تو ہم نے اس میں اپنی روح میں سے پھونک دیا اور اس نے اپنے رب

۸۔ نَصُوْحًا: صیغہ مبالغہ۔ یعنی خالص ترین توبہ۔ حضرت علیہ السلام سے روایت ہے: توبہ و استغفار کے چھ ستون ہیں: i گزشتہ گناہوں کے لیے ندامت۔ ii عدم اعادہ کا عزم۔ iii وہ تمام فرائض انجام دیں جو چھوٹ گئے ہیں۔ iv لوگوں میں سے کسی کا حق تیرے ذمے نہ ہو۔ v گناہ کے ذریعے تیرے بدن کا جو گوشت بنا ہے، وہ غم و اندوہ سے پگھل کر تازہ گوشت بن جائے۔ vi اپنے کو اطاعت کی تلخی چکھا دے، جیسا کہ گناہ کی لذت چکھ لی تھی۔ (مستدرك الوسائل ۱۲: ۴۰۷ قريب منه فی الكشاف ۴: ۵۶۹)

يَوْمَ لَا يُخْزِي اللّٰهُ: اس روز اللہ اپنے رسولؐ اور اہل ایمان کو رسوا نہیں کرے گا۔ اہل ایمان قیامت کے دن جب منافقین کو تاریکی میں دیکھیں گے تو دعا کریں گے رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا ہمارا نور ہمارے لیے پورا کر دیجیے۔ الکافی ۱: ۱۹ میں آیا ہے: قیامت کے دن ائمہ معصومین (ع) مؤمنین کے آگے اور دائیں طرف ہوں گے اور انہیں جنت تک پہنچائیں گے۔

۱۰۔ ۱۱ زمخشری الکشاف ۴: ۵۷۱ پر اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں: ان دونوں مثالوں میں دونوں ام المؤمنین کی طرف تعریض ہے کہ ان دونوں نے رسول اللہؐ کے خلاف کارروائیاں کیں اور شدید ترین طریقے سے ان دونوں کی تنبیہ ہے: لما فی التمثيل من ذكر الكفر... الى آخر كلماته۔ فليراجع۔

مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ
ع ۲ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ﴿۱۲﴾ ع
الجزء ۲۹ ﴿۶۷ سُوْرَةُ الْمُلْكِ مَكِّيَّةٌ ۳۰﴾
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
تَبٰرَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ ۫ وَهُوَ
عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرُ ۙ﴿۱﴾
الَّذِيْ خَلَقَ الْمَوْتَ وَالْحَيٰوةَ
لِيَبْلُوَكُمْ اَيُّكُمْ اَحْسَنُ عَمَلًا ۭ وَ
هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفُوْرُ ۙ﴿۲﴾
الَّذِيْ خَلَقَ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۭ
مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ
تَفٰوُتٍ ۭ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ
تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ﴿۳﴾
ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ
اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ
حَسِيْرٌ ﴿۴﴾
وَلَقَدْ زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِمَصَابِيْحَ
وَ جَعَلْنٰهَا رُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَ
اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابَ السَّعِيْرِ ﴿۵﴾
وَلِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ عَذَابُ
جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿۶﴾
اِذَآ اُلْقُوْا فِيْهَا سَمِعُوْا لَهَا شَهِيْقًا
وَّهِيَ تَفُوْرُ ۙ﴿۷﴾

کے کلمات اور اس کی کتابوں کی تصدیق کی اور وہ فرمانبرداروں میں سے تھی۔

سورہ ملک ۔ مکی۔ آیات ۳۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ بابرکت ہے وہ ذات جس کے قبضے میں بادشاہی ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

۲۔اس نے موت اور زندگی کو پیدا کیا تا کہ تمہاری آزمائش کرے کہ تم میں سے عمل کے اعتبار سے کون بہتر ہے اور وہ بڑا غالب آنے والا، بخشنے والا ہے۔☆

۳۔اس نے سات آسمانوں کو ایک دوسرے کے اوپر بنایا، تو رحمٰن کی تخلیق میں کوئی بدنظمی نہیں دیکھے گا، ذرا پھر پلٹ کر دیکھو کیا تم کوئی خلل پاتے ہو؟☆

۴۔ پھر پلٹ کر دوبارہ دیکھو تمہاری نگاہ ناکام ہو کر تھک کر تمہاری طرف لوٹ آئے گی.☆

۵۔ اور بے شک ہم نے قریب ترین آسمان کو (ستاروں کے) چراغوں سے آراستہ کیا اور انہیں شیطانوں کے مارنے کا ذریعہ بنایا اور ہم نے ان کے لیے دہکتی آگ کا عذاب تیار کر رکھا ہے،☆

۶۔ اور جنہوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا ہے ان کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور وہ بدترین ٹھکانا ہے۔

۷۔جب وہ اس میں ڈالے جائیں گے تو اس کے بھڑکنے کی ہولناک آواز سنیں گے اور وہ جوش مار رہی ہو گی۔

سورہ ملک

۲۔اس آیت سے بظاہر یہ بات سامنے آتی ہے کہ حسن عمل ہی غرض تخلیق کائنات ہے، لہٰذا جو ہستی حسن عمل کے اعلیٰ ترین مقام پر فائز ہو، وہی غرض تخلیق میں بھی اعلیٰ ترین مقام کی حامل ہو گی۔ اگر یہ نکتہ آپ کی سمجھ میں آ جائے تو آپ یہ فرمان بھی بآسانی سمجھ لیں گے: لولاك لما خلقت الافلاك۔(مناقب ۱:۲۱۶) یعنی (اے محمدؐ! اے مجسمۂ احسن عمل) اگر تو نہ ہوتا تو میں اس کائنات کو خلق نہ کرتا۔

۳۔۴ یعنی رحمٰن کی تخلیق میں تفاوت نہیں ہے۔ بدنظمی نہیں ہے۔ سورج کی دھوپ سے سمندر سے بخار اٹھتا ہے، بادل وجود میں آتے ہیں، ہوا بادل کو چلاتی ہے، خشک علاقوں میں بارش برستی ہے۔ دانے اور میوے اگتے ہیں، دسترخوانوں کی زینت بنتے ہیں، غذا بن جاتے ہیں، پھر خون بن جاتے ہیں۔ یہ خون تحلیل شدہ جسم کی تلافی کر کے اس کا حصہ بن جاتے ہیں۔ پھر تحلیل ہو کر کاربن کی شکل میں کسی درخت کا حصہ بن جاتے ہیں وہ درخت پھل دیتا ہے۔ یہ دورہ پھر شروع ہوتا ہے۔ دیکھو: هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ. کیا اس گردش میں کوئی خلل ہے؟

رحمٰن کی تخلیق کے بارے میں اس آیت اور بعد کی آیت میں بار بار اللہ تعالیٰ کی صناعی کا مطالعہ کرنے کا حکم ہے کہ تلاش کرو، اللہ تعالیٰ کے تخلیقی نظام میں کہیں خلل نظر آتا ہے؟ اپنی تحقیق کو جاری رکھو۔ كَرَّتَيْنِ بار بار تحقیق کرو۔ كَرَّتَيْنِ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ کی طرح ہے۔ صرف دو مرتبہ کے لیے نہیں، بار بار کرنے کے لیے ہے۔ آخرکار تحقیق کنندہ کائنات میں کوئی خلل نہیں پا سکے گا۔

خَاسِئًا: ناکام ہو جانا۔ حسیر تھک جانا۔ یعنی نگاہیں اس کائنات میں خلل تلاش کرنے میں ناکام رہ جائیں گی۔

۵ ۔ یہ بات بھی ہم پہلے ذکر کر چکے ہیں کہ یہی نجوم رجوم شیاطین ہیں۔ ممکن ہے اس صورت میں رجوم شیاطین انہی نجوم کے انفجار سے وجود میں آتے ہوں۔ و اللہ اعلم بالصواب۔

اس آیت سے یہ بات قرین قیاس معلوم ہوتی ہے کہ جو ستارے ہمارے مشاہدے میں آتے ہیں وہ سب آسمان اول سے متعلق ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے

تَكَادُ تَمَيَّزُ مِنَ الْغَيْظِ ؕ كُلَّمَآ
اُلْقِيَ فِيْهَا فَوْجٌ سَاَلَهُمْ خَزَنَتُهَآ
اَلَمْ يَاْتِكُمْ نَذِيْرٌ ۝٨
قَالُوْا بَلٰى قَدْ جَآءَنَا نَذِيْرٌ ۙ
فَكَذَّبْنَا وَقُلْنَا مَا نَزَّلَ اللّٰهُ مِنْ
شَيْءٍ ۖ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ
كَبِيْرٍ ۝٩
وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا
كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝١٠
فَاعْتَرَفُوْا بِذَنْۢبِهِمْ ۚ فَسُحْقًا
لِّاَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ۝١١
اِنَّ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ
لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۝١٢
وَاَسِرُّوْا قَوْلَكُمْ اَوِ اجْهَرُوْا بِهٖ ؕ
اِنَّهٗ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝١٣
اَلَا يَعْلَمُ مَنْ خَلَقَ ؕ وَهُوَ
ع ١٤ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ ۝١٤
هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ
ذَلُوْلًا فَامْشُوْا فِيْ مَنَاكِبِهَا وَكُلُوْا
مِنْ رِّزْقِهٖ ؕ وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ۝١٥
ءَاَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ يَّخْسِفَ
بِكُمُ الْاَرْضَ فَاِذَا هِيَ تَمُوْرُ ۝١٦
اَمْ اَمِنْتُمْ مَّنْ فِي السَّمَآءِ اَنْ

۸۔ قریب ہے کہ شدت غیظ سے پھٹ پڑے جب بھی اس میں کوئی گروہ (کافروں کا) ڈالا جائے گا اس سے جہنم کے کارندے پوچھیں گے: کیا تمہارے پاس کوئی تنبیہ کرنے والا نہیں آیا؟

۹۔ وہ جواب دیں گے: ہاں تنبیہ کرنے والا ہمارے پاس آیا تھا مگر ہم نے (اسے) جھٹلا دیا اور ہم نے کہا: اللہ نے کچھ بھی نازل نہیں کیا ہے، تم لوگ بس ایک بڑی گمراہی میں مبتلا ہو۔

۱۰۔ اور وہ کہیں گے: اگر ہم سنتے یا عقل سے کام لیتے تو ہم جہنمیوں میں نہ ہوتے۔☆

۱۱۔ اس طرح وہ اپنے گناہ کا اعتراف کر لیں گے، پس اہل جہنم کے لیے رحمت خدا سے دوری ہے۔

۱۲۔ جو لوگ غائبانہ اپنے پروردگار کا خوف کرتے ہیں یقیناً ان کے لیے مغفرت اور بڑا اجر ہے۔☆

۱۳۔ اور تم لوگ اپنی باتوں کو چھپاؤ یا ظاہر کرو یقیناً وہ تو سینوں میں موجود رازوں سے خوب واقف ہے۔☆

۱۴۔ کیا جس نے پیدا کیا اس کو علم نہیں؟ حالانکہ وہ باریک بین، بڑا باخبر بھی ہے۔

۱۵۔ وہ وہی ہے جس نے تمہارے لیے زمین کو رام کیا پس اس کے دوش پر چلو اور اس کے رزق میں سے کھاؤ اور اسی کے پاس زندہ ہو کر جانا ہے۔☆

۱۶۔ کیا تم اس بات سے بے خوف ہو کہ آسمان والا تمہیں زمین میں دھنسا دے اور زمین جھولنے لگ جائے؟

۱۷۔ کیا تم اس بات سے بے خوف ہو کہ آسمان والا تم پر پتھر برسانے والی ہوا بھیج

قریب ترین آسمان کو ستاروں سے آراستہ کیا ہے۔ اس کے بعد کے آسمانوں کے بارے میں انسان کو کوئی معلومات نہیں ہیں۔

۱۰۔ یعنی اگر ہم عقل سے کام لیتے اور دعوت انبیاء پر تعصب اور تنگ نظری کی عینک اتار کر غور کرتے تو آج ہمارا یہ حشر نہ ہوتا۔ اس لیے اسلام نے عقل سے کام لینے کی تاکید فرمائی ہے۔ حدیث میں آیا ہے: تفکر ساعة خير من عبادة سنة۔ (مستدرك الوسائل ۱۱: ۱۸۳) ایک گھڑی کے لیے فکر سے کام لینا ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: من كان عاقلا كان له دين و من كان له دين دخل الجنة (الکافی ۱: ۱۱) جو عاقل ہو گا وہ دیندار ہو گا۔ جو دیندار ہو گا وہی جنت میں جائے گا۔

۱۲۔ کفار و منافقین رسول اکرمؐ کے خلاف باتیں کرتے اور اسے راز میں رکھنے کا کہتے تھے، جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔

۱۳۔ اس سلسلے میں فرمایا: کیا جس نے پیدا کیا ہے وہ اپنی مخلوق کے راز ہائے نہاں سے واقف نہ ہو گا۔ واضح رہے کہ خلق ہونے کے بعد انسان اللہ تعالیٰ سے بے نیاز نہیں ہوتا۔ اس انسان کے وجود کو برقرار رکھنے کے لیے ہر لحہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے تخلیقی عمل جاری ہے، تو پھر اللہ کی نگاہ سے کون سی چیز پوشیدہ ہو سکتی ہے؟

۱۵۔ اس زمین کی پشت پر چلتے پھرتے اور رزق خدا سے بہرہ ور ہوتے ہوئے یہ نہ بھولو کہ ایک دن اس کے آگے جوابدہی کے لیے حاضر ہونا ہے۔

ذَلُوْلًا: زمین کو انسانی زندگی کے لیے رام و مسخر بنایا، ورنہ فضائے ارضی سے ذرا ہٹ کر دیکھو تو اندازہ ہو جاتا ہے کہ اللہ نے زمین کو انسان کے لیے مسخر بنانے کی خاطر کیا کیا حیرت انگیز سامان زیست فراہم کیے ہیں۔

۱۷۔ مَّنْ فِي السَّمَآءِ: ”جو آسمان میں ہے“ سے مراد وہ فرشتے ہیں جو تدبیر عالم پر مامور ہیں۔

يُّرْسِلَ عَلَيْكُمْ حَاصِبًا ؕ
فَسَتَعْلَمُوْنَ كَيْفَ نَذِيْرِ ﴿۱۷﴾
وَلَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ
فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿۱۸﴾
اَوَلَمْ يَرَوْا اِلَى الطَّيْرِ فَوْقَهُمْ
صٰٓفّٰتٍ وَّ يَقْبِضْنَ ۛؕ مَا
يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا الرَّحْمٰنُ ؕ اِنَّهٗ
بِكُلِّ شَيْءٍۭ بَصِيْرٌ ﴿۱۹﴾
اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ هُوَ جُنْدٌ لَّكُمْ
يَنْصُرُكُمْ مِّنْ دُوْنِ الرَّحْمٰنِ ؕ
اِنِ الْكٰفِرُوْنَ اِلَّا فِيْ غُرُوْرٍ ﴿۲۰﴾
اَمَّنْ هٰذَا الَّذِيْ يَرْزُقُكُمْ اِنْ
اَمْسَكَ رِزْقَهٗ ۚ بَلْ لَّجُّوْا فِيْ عُتُوٍّ
وَّ نُفُوْرٍ ﴿۲۱﴾
اَفَمَنْ يَّمْشِيْ مُكِبًّا عَلٰى وَجْهِهٖٓ
اَهْدٰٓى اَمَّنْ يَّمْشِيْ سَوِيًّا عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿۲۲﴾
قُلْ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْشَاَكُمْ وَجَعَلَ
لَكُمُ السَّمْعَ وَ الْاَبْصَارَ وَ
الْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۲۳﴾
قُلْ هُوَ الَّذِيْ ذَرَاَكُمْ فِي الْاَرْضِ
وَ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿۲۴﴾
وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ

دے؟ پھر تمہیں معلوم ہوجائے گا کہ میری تنبیہ کیسی تھی۔☆

۱۸۔ اور بتحقیق ان سے پہلے لوگوں نے بھی تکذیب کی تھی تو دیکھ لو میرا عذاب کیسا تھا۔

۱۹۔ کیا یہ لوگ اپنے اوپر پرواز کرنے والے پرندوں کو پر پھیلاتے ہوئے اور سمیٹتے ہوئے نہیں دیکھتے؟ رحمٰن کے سوا انہیں کوئی تھام نہیں سکتا، بتحقیق وہ ہر چیز پر خوب نگاہ رکھنے والا ہے۔☆

۲۰۔ رحمٰن کے سوا تمہارا وہ کون سا لشکر ہے جو تمہاری مدد کر سکے؟ کفار تو بس دھوکے میں ہیں۔

۲۱۔ اگر اللہ اپنی روزی روک دے تو کون ہے جو تمہیں رزق دے مگر یہ لوگ سرکشی اور نفرت پر اڑ گئے ہیں۔☆

۲۲۔ کیا وہ شخص زیادہ ہدایت پر ہے جو اپنے منہ کے بل چلتا ہے یا وہ جو سیدھا سر اٹھائے راہ راست پر چلتا ہے؟☆

۲۳۔ کہہ دیجیے: وہی تو ہے جس نے تمہیں پیدا کیا اور تمہارے لیے کان، آنکھیں اور دل بنائے مگر تم کم ہی شکر کرتے ہو۔☆

۲۴۔ کہہ دیجیے: اللہ ہی تو ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلا دیا اور تم اسی کے روبرو جمع کیے جاؤ گے۔☆

۲۵۔ اور وہ کہتے ہیں: اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ

۱۹۔ ہوا کے دوش پر محو پرواز پرندوں پر ایک نظر ڈالیں کہ پروں کو پھیلانے اور سمیٹنے کے ذریعے کس طرح فضا کو مسخر کرتے ہیں، ان کو یہ قوت رحمٰن نے عنایت کی ہے۔

۲۱۔ اگر اللہ آسمان سے بارش روک دے اور اگر زمین سے روئیدگی کی طاقت سلب کر لے اور دانے کو شگاف کرنے سے روک دے تو کون ہے جو اللہ کی جگہ یہ کام انجام دے۔

۲۲۔ کافر منہ کے بل چل رہا ہے، اسے گرد و پیش کا کوئی علم نہیں۔ آگے آنے والی کھائی کا بھی پتہ نہیں چلتا اس میں گر جاتا ہے۔ جبکہ مؤمن سیدھا تنا ہوا چلتا ہے۔ گرد و پیش سے باخبر ہر خطرے سے بچتا ہوا راہ راست پر نکل جاتا ہے۔

۲۳۔ اللہ نے تمہیں دیکھنے کے لیے آنکھ، سننے کے لیے کان اور سمجھنے کے لیے دل اس لیے نہیں دیے تھے کہ تم اپنا مقصد حیات گم کر بیٹھو۔ باقی موجودات میں تمہیں عقل و شعور سے اس لیے نوازا تھا کہ تم اس ذات کو پہچان لو جس نے تمہیں ان نعمتوں سے نوازا ہے، لیکن تم ایسے ناشکرے ہو کہ اس ذات کے وجود تک کا اعتراف نہیں کرتے ہو۔

۲۴۔ جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا، وہی کل بروز قیامت اللہ کے روبرو جمع کر سکتا ہے۔

۲۵۔ یعنی وہ اس بات کو ناممکن اور نامعقول سمجھتے تھے کہ قیامت کا کوئی دن آنے والا ہے۔

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٥﴾
قُلْ اِنَّمَا الْعِلْمُ عِنْدَ اللّٰهِ ۫ وَاِنَّمَآ
اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٢٦﴾
فَلَمَّا رَاَوْهُ زُلْفَةً سِيْٓـَٔتْ وُجُوْهُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقِيْلَ هٰذَا الَّذِيْ
كُنْتُمْ بِهٖ تَدَّعُوْنَ ﴿٢٧﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَهْلَكَنِيَ اللّٰهُ وَ
مَنْ مَّعِيَ اَوْ رَحِمَنَا ۙ فَمَنْ يُّجِيْرُ
الْكٰفِرِيْنَ مِنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢٨﴾
قُلْ هُوَ الرَّحْمٰنُ اٰمَنَّا بِهٖ وَعَلَيْهِ
تَوَكَّلْنَا ۚ فَسَتَعْلَمُوْنَ مَنْ هُوَ فِيْ
ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٩﴾
قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ
ع ١٢ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿٣٠﴾ ع

سُوْرَةُ الْقَلَمِ مَكِّيَّةٌ ٥٢

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نٓ ۚ وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ ﴿١﴾
مَآ اَنْتَ بِنِعْمَةِ رَبِّكَ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢﴾
وَاِنَّ لَكَ لَاَجْرًا غَيْرَ مَمْنُوْنٍ ﴿٣﴾
وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ﴿٤﴾
فَسَتُبْصِرُ وَيُبْصِرُوْنَ ﴿٥﴾
بِاَيِّكُمُ الْمَفْتُوْنُ ﴿٦﴾
اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ

وعدہ کب پورا ہوگا؟☆

۲۶۔ کہہ دیجیے: علم تو صرف اللہ کے پاس ہے جب کہ میں تو صرف واضح تنبیہ کرنے والا ہوں۔

۲۷۔ پھر جب وہ اس وعدے کو قریب پائیں گے تو کافروں کے چہرے بگڑ جائیں گے اور کہا جائے گا: یہی وہ چیز ہے جسے تم طلب کرتے تھے۔

۲۸۔ کہہ دیجیے: مجھے بتلاؤ کہ اگر اللہ مجھے اور میرے ساتھیوں کو ہلاک کر دے یا ہم پر رحم کرے تو کافروں کو دردناک عذاب سے کون بچائے گا؟☆

۲۹۔ کہہ دیجیے: وہی رحمٰن ہے جس پر ہم ایمان لا چکے ہیں اور اسی پر ہم نے بھروسہ کیا ہے، عنقریب تمہیں معلوم ہو جائے گا کہ کون صریح گمراہی میں ہے۔

۳۰۔ کہہ دیجیے: بتلاؤ کہ اگر تمہارا یہ پانی زمین میں جذب ہو جائے تو کون ہے جو تمہارے لیے آب رواں لے آئے؟☆

سورہ قلم ۔ مکی ۔ آیات ۵۲

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ نون، قسم ہے قلم کی اور اس کی جسے (لکھنے والے) لکھتے ہیں۔☆

۲۔ آپ اپنے رب کے فضل سے دیوانے نہیں ہیں۔

۳۔ اور یقیناً آپ کے لیے بے انتہا اجر ہے۔

۴۔ اور بے شک آپ اخلاق کے عظیم مرتبے پر فائز ہیں۔☆

۵۔ پس عنقریب آپ دیکھ لیں گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے،

۶۔ کہ تم میں سے کسے جنون عارض ہے۔

۷۔ آپ کا رب یقیناً انہیں خوب جانتا ہے

۲۸۔ تم اس چند روزہ زندگی اور موت کے بارے میں سوچتے ہو جبکہ تمہیں اس دائمی عذاب کے بارے میں سوچنا چاہیے جس سے نجات دلانے والا خدائے رحمٰن کے علاوہ کوئی نہیں ہے۔

۳۰۔ اگر زیر زمین موجود سطح آب گرنی شروع ہو جائے اور نیچے چلی جائے تو اسے اوپر لانے کے لیے تمہارے پاس کوئی ذریعہ ہے یا یہ کام صرف اللہ کر سکتا ہے؟ غور کرو۔ پھر تم اس کی بندگی کیوں نہیں کرتے؟

معین بقولے فعیل بمعنی فاعل ہے۔ یعنی سہولت کے ساتھ جاری ہونے والے پانی کو کہتے ہیں مَعَنَ الماء پانی آسانی سے جاری ہوا۔

سورہ قلم

۱۔ معانی کو ایک دوسرے کے ذہن میں منتقل کرنے کی ایک صورت یہ ہو سکتی ہے کہ خود معنی کو مخاطب کے سامنے پیش کیا جائے، لیکن یہ تو کبھی مشکل اور کبھی ناممکن ہوتا ہے۔ اس لیے انسان نے معانی کو الفاظ کے ذریعہ پھر الفاظ کو لکیروں (کتابت) کے ذریعے حاضر کرنے کا طریقہ ایجاد کیا۔ اس ایجاد کی عظمت کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے قلم و کتاب کے ساتھ قسم کھائی کہ قلم ہی کے ذریعے انسان نے تاریخ و تمدن میں قدم رکھا اور قلم ہی کے ذریعہ علوم و افکار محفوظ ہو گئے۔ ممکن ہے اس سے مراد قرآن مجید ہو، جو کاتبان وحی کے ذریعے مکی زندگی میں ضبط تحریر میں لایا جا رہا تھا۔ اس انسان ساز کتاب کو تحریر میں لانے والا مجنون نہیں ہے۔ اس سے خود ان لوگوں کے معیار عقل کا راز کھل جاتا ہے جو ایسے انسان کو مجنون کہتے ہیں۔

۴۔ اچھا اخلاق اعلیٰ نفسیات کا مالک ہونے کی علامت ہے اور فکر و عقل میں اعلیٰ توازن رکھنے والا ہی اعلیٰ نفسیات کا مالک ہوتا ہے۔ خلق عظیم کا مالک ہونے کا مطلب یہ بنتا ہے کہ وہ ذات عقل عظیم کی مالک ہے۔ اس طرح مخلوق اول عقل ہو یا نور محمدؐ، بات ایک ہی ہے۔ دیوانے اس ہستی کو کب درک کر سکتے تھے؟ اگلی آیت میں انہی لوگوں کے بارے میں فرمایا: عنقریب تم بھی دیکھ لو گے اور وہ بھی دیکھ لیں گے کہ تم میں سے دیوانے کون ہیں؟

عَنْ سَبِيْلِهٖ ۠ وَ هُوَ اَعْلَمُ
بِالْمُهْتَدِيْنَ ۝۷
فَلَا تُطِعِ الْمُكَذِّبِيْنَ ۝۸
وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝۹
وَلَا تُطِعْ كُلَّ حَلَّافٍ مَّهِيْنٍ ۝۱۰
هَمَّازٍ مَّشَّآءٍۭ بِنَمِيْمٍ ۝۱۱
مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ۝۱۲
عُتُلٍّۭ بَعْدَ ذٰلِكَ زَنِيْمٍ ۝۱۳
اَنْ كَانَ ذَا مَالٍ وَّبَنِيْنَ ۝۱۴
اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ۝۱۵
سَنَسِمُهٗ عَلَى الْخُرْطُوْمِ ۝۱۶
اِنَّا بَلَوْنٰهُمْ كَمَا بَلَوْنَآ
اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ ۚ اِذْ اَقْسَمُوْا
لَيَصْرِمُنَّهَا مُصْبِحِيْنَ ۝۱۷
وَلَا يَسْتَثْنُوْنَ ۝۱۸
فَطَافَ عَلَيْهَا طَآئِفٌ مِّنْ رَّبِّكَ وَ
هُمْ نَآئِمُوْنَ ۝۱۹
فَاَصْبَحَتْ كَالصَّرِيْمِ ۝۲۰
فَتَنَادَوْا مُصْبِحِيْنَ ۝۲۱
اَنِ اغْدُوْا عَلٰى حَرْثِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ
صٰرِمِيْنَ ۝۲۲
فَانْطَلَقُوْا وَهُمْ يَتَخَافَتُوْنَ ۝۲۳

جو راہ خدا سے بھٹکے ہوئے ہیں اور وہ ہدایت پانے والوں کو بھی خوب جانتا ہے۔

۸۔ لہٰذا آپ تکذیب کرنے والوں کی بات نہ مانیں۔

۹۔ وہ چاہتے ہیں اگر آپ ڈھیلے پڑ جائیں تو وہ بھی ڈھیلے پڑ جائیں۔

۱۰۔ اور آپ کسی بھی زیادہ قسمیں کھانے والے، بے وقار شخص کے کہنے میں نہ آئیں.

۱۱۔ جو عیب جو، چغل خوری میں دوڑ دھوپ کرنے والا،☆

۱۲۔ بھلائی سے روکنے والا، حد سے تجاوز کرنے والا، بدکردار،☆

۱۳۔ بدخو اور ان سب باتوں کے ساتھ بد ذات بھی ہے،☆

۱۴۔ اس بنا پر کہ وہ مال و اولاد کا مالک ہے۔

۱۵۔ جب اسے ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے: یہ تو قصہ ہائے پارینہ ہیں۔

۱۶۔ عنقریب ہم اس کی سونڈ داغیں گے۔☆

۱۷۔ ہم نے انہیں اس طرح آزمایا جس طرح ہم نے باغ والوں کی آزمائش کی تھی، جب انہوں نے قسم کھائی تھی کہ وہ صبح سویرے اس (باغ) کا پھل توڑیں گے.☆

۱۸۔ اور وہ استثنا نہیں کر رہے تھے (انشاءاللہ نہیں کہا)۔☆

۱۹۔ اور آپ کے رب کی طرف سے گھومنے والی (بلا) گھوم گئی اور وہ سو رہے تھے۔☆

۲۰۔ پس وہ (باغ) کٹی ہوئی فصل کی طرح ہو گیا۔☆

۲۱۔ صبح انہوں نے ایک دوسرے کو آوازیں دیں:☆

۲۲۔ اگر تمہیں پھل توڑنا ہے تو اپنی کھیتی کی طرف سویرے ہی چل پڑو۔☆

۲۳۔ چنانچہ وہ چل پڑے اور آپس میں آہستہ آواز میں کہتے جاتے تھے،☆

۱۰ تا ۱۵ ان آیات میں ایسے شخص کے اوصاف بیان کیے گئے ہیں جسے لوگ ان اوصاف سے پہچان لیتے تھے۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ یہ شخص ولید بن مغیرہ ہے۔ تاہم حکم کلی ہے کہ زیادہ قسمیں کھانے والا اپنے وجود میں سچائی کا فقدان محسوس کرتا ہے، قسموں کے ذریعے اس کی تلافی کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے لیے لفظ مَّهِيْنٍ مہانت یعنی بے وقار بتاتا ہے کہ باوقار آدمی زیادہ قسمیں نہیں کھاتا اور ایسے شخص کے کہنے میں بھی نہ آنے کا حکم ہے جو هَمَّازٍ ہے، عیب جو، دوسروں کے عیوب کی کھوج میں لگا رہتا ہے، مَّشَّآءٍ دوڑ دھوپ کرنے والا ہے بِنَمِيْمٍ چغل خوری کے لیے۔ ان الفاظ میں صیغہ مبالغہ استعمال ہوا ہے کہ یہ بری عادتیں اس شخص کا مزاج بن گئی ہیں۔

۱۶۔ یعنی اس کی ناک داغیں گے۔ اس میں اس شخص کی ذلت و رسوائی کی دو باتیں ہیں: اول تو ناک کی جگہ سونڈ کہا ہے جو ایک اہانت ہے۔ دوم ناک انسان کے چہرے کا نمایاں ترین حصہ ہے، اسے داغنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ انتہائی ذلت اٹھائے۔

۱۷ تا ۳۳۔ روایت میں آیا ہے کہ ایک شخص اپنے باغ کا پھل گھر لانے سے پہلے ہر شخص کو اس کا حق ادا کرتا تھا۔ اس کے مرنے کے بعد اولاد میں سے ایک فرزند کے سوا باقی سب نے باپ کی اس روایت کو ترک کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس طرح اس فرزند نے باقیوں کو تنبیہ بھی کی کہ مسکینوں کو کچھ نہ دینے کا فیصلہ نہ کرو، لیکن وہ اپنے فیصلے پر ڈٹے رہے تو اللہ نے راتوں رات سارے باغ تباہ کر دیے۔ مکہ کے مسلمانوں کے لیے ایک درس ہے کہ آج مشرکین چند دنوں کے لیے وسعت کی زندگی اور مسلمان تنگ دستی کی زندگی گزار رہے ہیں، وہ دن دور نہیں جب مشرکین کا مال و دولت تباہ ہو جائے گا اور مسلمان آسودہ ہو جائیں گے۔

۱۸۔ وہ اپنے کاموں کو اللہ کی مشیت کے ساتھ مربوط نہیں کرتے تھے بلکہ انہیں اپنی حسن تدبیر پر ناز تھا۔

اَنْ لَّا يَدْخُلَنَّهَا الْيَوْمَ عَلَيْكُمْ	۲۴۔ کہ یہاں تمہارے پاس آج قطعاً کوئی
مِّسْكِيْنٌ ﴿٢٤﴾	مسکین نہ آنے پائے۔☆
وَّغَدَوْا عَلٰى حَرْدٍ قٰدِرِيْنَ ﴿٢٥﴾	۲۵۔ چنانچہ وہ خود کو (مسکینوں کے) روکنے
	پر قادر سمجھتے ہوئے سویرے پہنچ گئے۔☆
فَلَمَّا رَاَوْهَا قَالُوْٓا اِنَّا لَضَآلُّوْنَ ﴿٢٦﴾	۲۶۔ مگر جب انہوں نے باغ کو دیکھا تو کہا:
	ہم تو راستہ بھول گئے ہیں۔☆
بَلْ نَحْنُ مَحْرُوْمُوْنَ ﴿٢٧﴾	۲۷۔ (نہیں) بلکہ ہم محروم رہ گئے ہیں۔☆
قَالَ اَوْسَطُهُمْ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ لَوْ	۲۸۔ ان میں جو سب سے زیادہ اعتدال پسند
لَا تُسَبِّحُوْنَ ﴿٢٨﴾	تھا کہنے لگا: کیا میں نے تم سے نہیں کہا تھا
	کہ تم تسبیح کیوں نہیں کرتے؟☆
قَالُوْا سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا كُنَّا	۲۹۔ وہ کہنے لگے: پاکیزہ ہے ہمارا پروردگار!
ظٰلِمِيْنَ ﴿٢٩﴾	ہم ہی قصوروار تھے۔☆
فَاَقْبَلَ بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	۳۰۔ پھر وہ آپس میں ایک دوسرے کو ملامت
يَّتَلَاوَمُوْنَ ﴿٣٠﴾	کرنے لگے۔☆
قَالُوْا يٰوَيْلَنَآ اِنَّا كُنَّا طٰغِيْنَ ﴿٣١﴾	۳۱۔ کہنے لگے: ہائے ہماری شامت! ہم سرکش
	ہو گئے تھے۔☆
عَسٰى رَبُّنَآ اَنْ يُّبْدِلَنَا خَيْرًا مِّنْهَآ	۳۲۔ بعید نہیں کہ ہمارا رب ہمیں اس سے
اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا رٰغِبُوْنَ ﴿٣٢﴾	بہتر بدلہ دے، اب ہم اپنے رب ہی کی
	طرف رجوع کرتے ہیں۔☆
كَذٰلِكَ الْعَذَابُ ؕ وَلَعَذَابُ	۳۳۔ عذاب ایسا ہی ہوتا ہے اور آخرت کا
الْاٰخِرَةِ اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا	عذاب تو بہت بڑا ہے، کاش! یہ لوگ جان
يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٣﴾ ع	لیتے۔☆
اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتِ	۳۴۔ پرہیزگاروں کے لیے ان کے رب کے
	پاس یقیناً نعمت بھری جنتیں ہیں۔
النَّعِيْمِ ﴿٣٤﴾	۳۵۔ کیا ہم مسلمانوں کو مجرمین جیسا بنا دیں
اَفَنَجْعَلُ الْمُسْلِمِيْنَ	گے؟☆
كَالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٥﴾	۳۶۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے؟ تم کیسے فیصلے کرتے
مَا لَكُمْ ۟ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿٣٦﴾	ہو؟☆
اَمْ لَكُمْ كِتٰبٌ فِيْهِ تَدْرُسُوْنَ ﴿٣٧﴾	۳۷۔ کیا تمہارے پاس کوئی (آسمانی) کتاب
	ہے جس میں تم پڑھتے ہو؟☆

۲۵۔ حَرْدٍ: روکنا۔ منع کرنا۔ مالداروں کی دولت میں موجود مساکین کا حق ادا نہ کرنے کی صورت میں تباہی آتی ہے۔ البتہ یہ اس صورت میں ہے کہ مساکین کو جو حق مل رہا ہے، اس کے ساتھ ان کی پوری توقعات وابستہ ہونے کے باوجود ان کے آس توڑ دی جائے۔

۳۲۔ روایت میں آیا ہے کہ ان لوگوں نے توبہ کی تو اللہ تعالیٰ نے انہیں پہلے سے بہتر باغات عنایت فرمائے۔ (زبدۃ التفاسیر)

۳۵۔ یہ عدل الٰہی اور ہر عاقل کی سمجھ میں آنے والی قدروں کے خلاف ہے کہ مسلم اور مجرم ایک جیسے ہوں۔ مشرکین کے اس خیال کی رد ہے کہ اگر قیامت ہوئی تو وہاں بھی ہم مسلمانوں سے بہتر حالت میں ہوں گے، جیسا کہ دنیا میں ہماری حالت مسلمانوں سے بہتر ہے۔

۳۶۔ مشرکین مکہ کے اس طنز کا جواب، جس میں وہ کہتے تھے کہ اللہ ان مسلمانوں کو فقر و بدحالی میں رکھ کر خوب سزا دے رہا ہے۔

۳۷۔ تمہارے اعتقادات و نظریات کا مآخذ اور سند کیا ہے؟ کیا کوئی آسمانی سند اور کتاب موجود ہے جس میں تمہاری پسند کے عقائد مذکور ہوں؟ یا اللہ کے ساتھ تمہارا کوئی معاہدہ ہے جس کے تحت تمہیں وہی چیز ملے جس کا تم فیصلہ کر رہے ہو؟ کیا اس خیال پر تمہارے پاس کوئی دلیل ہے؟ اللہ کی طرف سے نازل شدہ کسی کتاب میں اس مطلب کو تم نے پڑھا ہے کہ قیامت کے دن تمہاری پسند کی چیزیں تمہیں میسر آئیں گی؟

اِنَّ لَكُمْ فِيْهِ لَمَا تَخَيَّرُوْنَ ﴿۳۸﴾
۳۸۔ اس میں وہی باتیں ہوں جنہیں تم پسند کرتے ہو،

اَمْ لَكُمْ اَيْمَانٌ عَلَيْنَا بَالِغَةٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۙ اِنَّ لَكُمْ لَمَا تَحْكُمُوْنَ ﴿۳۹﴾
۳۹۔ یا ہمارے ذمے تمہارے لیے قیامت تک کے لیے کوئی عہد و پیمان ہے کہ تمہیں وہی ملے گا جس کو تم مقرر کر دیتے ہو؟

سَلْهُمْ اَيُّهُمْ بِذٰلِكَ زَعِيْمٌ ﴿۴۰﴾
۴۰۔ آپ ان سے پوچھیں: ان میں سے کون اس کا ذمہ دار ہے؟

اَمْ لَهُمْ شُرَكَآءُ ۚ فَلْيَاْتُوْا بِشُرَكَآئِهِمْ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿۴۱﴾
۴۱۔ کیا ان کے شریک ہیں؟ پس اگر وہ سچے ہیں تو اپنے شریکوں کو لے آئیں۔

يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ﴿۴۲﴾
۴۲۔ جس دن مشکل ترین لمحہ آئے گا اور انہیں سجدے کے لیے بلایا جائے گا تو یہ لوگ سجدہ نہ کر سکیں گے۔☆

خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ وَقَدْ كَانُوْا يُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ ﴿۴۳﴾
۴۳۔ ان کی نگاہیں نیچی ہوں گی ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی حالانکہ انہیں سجدے کے لیے اس وقت بھی بلایا جاتا تھا جب یہ لوگ سالم تھے۔

فَذَرْنِيْ وَمَنْ يُّكَذِّبُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ ۭ سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِّنْ حَيْثُ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۴﴾
۴۴۔ پس مجھے اس کلام کی تکذیب کرنے والوں سے نبٹنے دیں، ہم بتدریج انہیں گرفت میں لیں گے اس طرح کہ انہیں خبر ہی نہ ہو۔

وَاُمْلِيْ لَهُمْ ۭ اِنَّ كَيْدِيْ مَتِيْنٌ ﴿۴۵﴾
۴۵۔ اور میں انہیں ڈھیل دوں گا، میری تدبیر یقیناً بہت مضبوط ہے۔☆

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿۴۶﴾
۴۶۔ کیا آپ ان سے اجرت مانگتے ہیں جس کے تاوان تلے یہ لوگ دب جائیں؟☆

اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۴۷﴾
۴۷۔ یا ان کے پاس غیب کا علم ہے جسے یہ لکھتے ہوں؟

فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تَكُنْ
۴۸۔ پس اپنے رب کے حکم تک صبر کریں اور مچھلی والے (یونس) کی طرح نہ ہو جائیں

۴۲۔ يَوْمَ يُكْشَفُ عَنْ سَاقٍ: جب کوئی ہنگامی حالت اور غیر معمولی سختی پیش آتی ہے تو لوگ اس سے نمٹنے کے لیے آمادگی کے طور پر کپڑے سمیٹ لیتے ہیں اور پنڈلی کھول لیتے ہیں۔ چنانچہ غیر معمولی حالت درپیش ہونے کی صورت میں کشف ساق ایک محاورہ بن گیا ہے۔ لہٰذا اس کا ترجمہ پنڈلی کی تجلی سے کرنا، اللہ کا جسم ہونے کے قائل ہونے کے مترادف ہے۔ وَهُمْ سٰلِمُوْنَ قرینہ ہے کہ کشف ساق عدم سالمیت کا محاورہ ہے۔ جیسا کہ سعد بن خالد نے موت نزدیک آنے کی اضطرابی حالت میں یہی تعبیر اختیار کی ہے:

كشفت لهم عن ساقها
وبدا من الشر الصراح
و بدت عقاب الموت
يخفق تحتها الاجل المتاح

صحیح بخاری تفسیر سورہ قلم میں آیا ہے: ”قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنی پنڈلی کھولے گا۔“ روایت کی صحت کا التزام کرنے والے اللہ کے جسم تک جا پہنچتے ہیں۔ پھر الکیف مجھول اس پنڈلی کی حقیقت غیر معلوم کہکر اپنے آپ کو تسلی دیتے ہیں کہ اللہ کی پنڈلی کا انسانوں کی پنڈلی کی طرح ہونا ضروری نہیں ہے۔

وَّيُدْعَوْنَ اِلَى السُّجُوْدِ: یہ حکم طعن و تشنیع کے طور پر ہوگا کہ دنیا میں جب تم سالم تھے، سجدہ نہیں کرتے تھے۔ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ بتاتا ہے کہ یہ حکم تکلیفی نہیں ہے۔ چونکہ غیر ممکن فعل پر حکم نہیں آتا اور آخرت یوم حساب ہے، یوم تکلیف نہیں ہے۔

۴۵۔ یہ اللہ تعالیٰ کی تدبیر کا اہم حصہ ہے کہ فوری عذاب نازل نہیں فرماتا، بلکہ مجرموں کو ڈھیل دی جاتی ہے کہ اگر قابل ہدایت ہیں تو یہ ڈھیل ان کے لیے رحمت ہے، اگر قابل ہدایت نہیں ہیں تو یہ ڈھیل ان کے عذاب میں اضافے کا سبب ہے۔

۴۶۔ نہ آپ ان پر کوئی مالی بوجھ ڈالتے ہیں، نہ ہی ان کے پاس کوئی غیبی حوالہ ہے جس پر تکیہ کر کے وہ اپنے لیے کوئی موقف بنا سکتے ہوں۔

۴۸۔ یعنی حضرت یونس علیہ السلام نے اللہ کا فیصلہ آنے تک صبر سے کام نہیں لیا تو مچھلی کے پیٹ میں جانے کی نوبت آ گئی۔

كَصَاحِبِ الْحُوْتِ ۘ اِذْ نَادٰى وَ
هُوَ مَكْظُوْمٌ ﴿۴۸﴾
لَوْلَاۤ اَنْ تَدٰرَكَهٗ نِعْمَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ
لَنُبِذَ بِالْعَرَآءِ وَهُوَ مَذْمُوْمٌ ﴿۴۹﴾
فَاجْتَبٰىهُ رَبُّهٗ فَجَعَلَهٗ مِنَ
الصّٰلِحِيْنَ ﴿۵۰﴾
وَ اِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا
سَمِعُوا الذِّكْرَ وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ
لَمَجْنُوْنٌ ﴿۵۱﴾
وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۲﴾ ع

جنہوں نے غم سے نڈھال ہو کر (اپنے رب کو) پکارا تھا۔☆

۴۹۔ اگر ان کے رب کی رحمت انہیں سنبھال نہ لیتی تو وہ برے حال میں چٹیل میدان میں پھینک دیے جاتے۔

۵۰۔ مگر اس کے رب نے اسے برگزیدہ فرمایا اور اسے صالحین میں شامل کر لیا۔

۵۱۔ اور کفار جب اس ذکر (قرآن) کو سنتے ہیں تو قریب ہے کہ اپنی نظروں سے آپ کے قدم اکھاڑ دیں اور کہتے ہیں: یہ دیوانہ ضرور ہے۔☆

۵۲۔ اور حالانکہ یہ (قرآن) عالمین کے لیے فقط نصیحت ہے۔

سورۃ حاقہ ۔مکی ۔ آیات ۵۲

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ حتمی وقوع پذیر۔☆

۲۔ وہ حتمی وقوع پذیر کیا ہے؟

۳۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا کہ وہ حتمی وقوع پذیر کیا ہے؟☆

۴۔ ثمود اور عاد نے اس کھڑکا دینے والے واقعے کو جھٹلا دیا تھا۔☆

۵۔ پھر ثمود کو تو اس طغیانی حادثے سے ہلاک کر دیا گیا۔

۶۔ اور عاد کو ایک سرکش طوفانی آندھی سے ہلاک کر دیا گیا۔

۷۔ جسے اس نے مسلسل سات راتوں اور آٹھ دنوں تک ان پر مسلط رکھا، پس آپ ان لوگوں کو وہاں دیکھیے اس طرح پڑے ہوئے

۵۱۔ اگر اللہ کی حمایت آپؐ کے شامل حال نہ ہوتی تو یہ مشرکین اپنی نظر بد سے آپ کو گزند پہنچانے کی کوشش کرتے۔ لیکن وہ اس میں کامیاب نہیں ہوں گے۔ نظر بد کے مؤثر ہونے پر روایت و درایت دونوں دلالت کرتی ہیں۔ چنانچہ مستدرک الوسائل ۱:۴۲۱ اور صحیح بخاری باب الطب حدیث ۵۲۹۹ میں آیا ہے: اَلعَین حقٌ یعنی چشم بد ایک حقیقت ہے نیز روایت ہے: لو سبق شیٔ القدر لسبقه العین۔ (موطا باب الرقیۃ۔ بحار الانوار ۶۰: ۲۶) اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جاتی ہے، وہ چشم بد ہے۔

سورہ حاقہ

مشرکین مکہ نہ صرف قیامت کے منکر تھے بلکہ اسے ناممکن و نامعقول سمجھتے ہوئے اس کا مذاق اڑاتے تھے۔ ایسے منکروں کے لیے یہ اسلوب کلام اختیار کیا گیا کہ جس شد و مد سے وہ اس کے منکر تھے، اسی شد و مد سے اسے پیش کیا جا رہا ہے۔

۱۔ قیامت کی وہ گھڑی جس کے وقوع پذیر ہونے میں کسی قسم کے شک و شبے کی گنجائش نہیں ہے۔

۳۔ اس کی ہولناکیوں کا آپ کو اندازہ نہیں ہے۔ یعنی آپ کے اندازوں سے بھی زیادہ ہولناک ہے۔

۴۔ یہ وہی واقعہ ہے جسے عاد اور ثمود نے جھٹلایا تھا تو اس تکذیب کے نتیجے میں ثمود کو تو حد سے زیادہ سخت ترین واقعہ میں ہلاک کر دیا گیا تھا اور عاد کو ایک طوفانی آندھی نے تباہ کر دیا تھا۔

۷۔ حُسُوْمًا: ایک معنی پے در پے کے ہیں۔ ترجمہ میں لفظ مسلسل اس کا ترجمہ اختیار کیا ہے۔ اس کا دوسرا معنی کاٹنے سے کیا گیا ہے۔ حاسم کاٹنے والے کو کہتے ہیں۔

اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝۷

گویا وہ کھجور کے کھوکھلے تنے ہوں۔☆

فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝۸

۸۔ کیا ان میں سے تجھے کوئی باقی ماندہ نظر آ رہا ہے؟

وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ بِالْخَاطِئَةِ ۝۹

۹۔ اور فرعون اور اس سے پہلے کے لوگوں اور سرنگوں شدہ بستیوں نے بھی اسی غلطی کا ارتکاب کیا تھا۔☆

فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً رَّابِيَةً ۝۱۰

۱۰۔ پھر انہوں نے اپنے رب کے رسول کی نافرمانی کی تو اللہ نے انہیں بڑی سختی کے ساتھ گرفت میں لے لیا۔

اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝۱۱

۱۱۔ جب پانی میں طغیانی آئی تو ہم نے تمہیں کشتی میں سوار کیا۔☆

لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝۱۲

۱۲۔ تاکہ ہم اسے تمہارے لیے یادگار بنا دیں اور سمجھدار کان ہی اسے محفوظ کرتا ہے۔☆

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝۱۳

۱۳۔ پس جب صور میں ایک دفعہ پھونک ماری جائے گی،

وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝۱۴

۱۴۔ اور زمین اور پہاڑ اٹھا لیے جائیں گے تو وہ ایک ہی چوٹ میں ریزہ ریزہ کر دیے جائیں گے،

فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝۱۵

۱۵۔ تو اس روز وقوع پذیر ہونے والا واقعہ پیش آ جائے گا۔

وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝۱۶

۱۶۔ اور آسمان پھٹ جائے گا اور وہ اس روز ڈھیلا پڑ جائے گا،

وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى اَرْجَآئِهَا ۭ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝۱۷

۱۷۔ اور فرشتے اس کے کناروں پر ہوں گے اور اس دن آٹھ فرشتے آپ کے رب کا عرش اپنے اوپر اٹھائے ہوں گے۔☆

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝۱۸

۱۸۔ اس دن تم سب پیش کیے جاؤ گے اور تمہاری کوئی بات پوشیدہ نہ رہے گی۔☆

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ

۱۹۔ پس جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا تو وہ (دوسروں سے) کہے

۹۔ اس سے مراد قوم لوط ہے، جس کا ذکر اس سے پہلے سورہ ہود اور سورہ حجر میں آ چکا ہے۔

۱۱۔ طوفان نوح کا ذکر ہے، جس میں سب غرق ہو گئے، صرف اللہ کے رسولؑ کی اتباع کرنے والے بچ گئے۔

۱۲۔ متعدد طرق سے فریقین کے مصادر میں یہ روایت موجود ہے: و تعیھا اذن واعیة سے مراد حضرت علی علیہ السلام ہیں۔ ملاحظہ ہو تفسیر طبری۔ اسباب النزول واحدی۔ تفسیر کبیر فخر رازی۔ تفسیر قرطبی۔ کنز العمال۔ البحر المحیط۔ تفسیر ابن کثیر۔ روح المعانی وغیرہ۔

۱۷۔ عرش الٰہی سے مراد علم و اقتدار لیا جائے تو اس صورت میں اس (عرش) کے اٹھانے والوں سے مراد وارثین علم الٰہی ہو سکتے ہیں، جن کی تعداد آٹھ ہو گی یا آٹھ صفیں ہوں گی۔ ہمارا موقف یہ ہے کہ عرش تدبیر کائنات سے عبارت ہے۔ یعنی کائنات کی تخلیق کے بعد تدبیر کا مرحلہ آتا ہے۔ اس مرحلے کے لیے عرش کی تعبیر اختیار کی ہے۔ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا۔ (نازعات:۵) میں ذکر ہو گا کہ کچھ مقتدر فرشتے اللہ تعالیٰ کے تدبیری امور کے کارندے ہیں۔ یہی فرشتے حاملان تدبیران الٰہی ہوں تو بعید نہیں ہے۔

۱۸۔ اللہ کی بارگاہ میں حساب کے لیے ہر ایک کو پیش ہونا ہو گا۔ اس مرحلے میں تمام اعمال سامنے لائے جائیں گے۔ اسے نامہ اعمال سے تعبیر کیا جاتا ہے، جس کے بارے میں کہا جائے گا: مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا۔ (کہف:۴۹) یہ کیسی کتاب ہے جس نے چھوٹا بڑا شمار کیے بغیر نہیں چھوڑا۔

۱۹۔ جن کا نامہ اعمال ان کے سیدھے ہاتھ میں دیا جائے گا وہ نجات حاصل کرنے والے ہوں گے۔ کیونکہ وہ دنیا میں اس یوم حساب پر یقین رکھتے تھے اور اپنے اعمال کا محاسبہ کرتے تھے۔

یہ اصحاب یمین میں سے ہو گا، جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا۔ اسے اپنے نامۂ اعمال پر بھرپور اعتماد ہو گا۔ لوگوں کو دعوت دے گا، آؤ! میرے نامہ اعمال کا مطالعہ کرو۔ اس میں کوئی ایسا راز نہ ہو گا، جس کے افشا ہونے کا خطرہ ہو۔ يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ (طارق:۹)۔ وہ رازوں کے افشا ہونے کا دن ہو گا۔

فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ﴿۱۹﴾

گا: لو میرا نامہ عمل پڑھو۔☆

اِنِّيْ ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ

۲۰۔ مجھے تو یقین تھا کہ مجھے اپنے حساب کا

حِسَابِيَهْ ﴿۲۰﴾

سامنا کرنا ہوگا۔☆

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿۲۱﴾

۲۱۔ پس وہ ایک دل پسند زندگی میں ہوگا،☆

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۲۲﴾

۲۲۔ بلند و بالا جنت میں،

قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ﴿۲۳﴾

۲۳۔ جس کے میوے قریب (دسترس میں) ہوں گے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ

۲۴۔ خوشگواری کے ساتھ کھاؤ اور پیو ان

فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ﴿۲۴﴾

اعمال کے صلے میں جنہیں تم گزشتہ زمانے میں بجا لائے۔

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ

۲۵۔ اور جس کا نامہ اعمال اس کے بائیں ہاتھ

فَيَقُوْلُ يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ

میں دیا جائے وہ کہے گا: اے کاش! مجھے میرا

كِتٰبِيَهْ ﴿۲۵﴾

نامہ اعمال نہ دیا جاتا۔☆

وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ﴿۲۶﴾

۲۶۔ اور مجھے معلوم ہی نہ ہوتا کہ میرا حساب کیا ہے۔

يٰلَيْتَهَا كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ﴿۲۷﴾

۲۷۔ کاش! موت میرا کام تمام کر دیتی۔

مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ﴿۲۸﴾

۲۸۔ میرے مال نے مجھے نفع نہ دیا۔

هَلَكَ عَنِّيْ سُلْطٰنِيَهْ ﴿۲۹﴾

۲۹۔ میرا اقتدار نابود ہو گیا۔

خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ﴿۳۰﴾

۳۰۔ (حکم آئے گا کہ) اسے پکڑ لو اور طوق پہناؤ،

ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ﴿۳۱﴾

۳۱۔ پھر اسے جہنم میں تپا دو،

ثُمَّ فِيْ سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ

۳۲۔ پھر ستر ہاتھ لمبی زنجیر میں اسے جکڑ لو۔

ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ﴿۳۲﴾

۳۳۔ یقیناً یہ خدائے عظیم پر ایمان نہیں رکھتا

اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ

تھا۔

الْعَظِيْمِ ﴿۳۳﴾

وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ

۳۴۔ اور نہ ہی مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب

الْمِسْكِيْنِ ﴿۳۴﴾

دیتا تھا۔☆

۲۰۔ یوم الحساب پر میرا جو پختہ عقیدہ تھا، اس کی بنا پر میں نے آج کے دن اللہ کے روبرو حساب دینے کے لیے اپنے آپ کو مستعد رکھا تھا۔

۲۱۔ آج وہ اپنی دل پسند زندگی میں ہوگا۔

۲۵۔ جن کا نامۂ اعمال ان کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، وہ لوگ ہوں گے جو اس یوم حساب پر ایمان نہیں رکھتے تھے۔ یعنی کردار و عمل میں وہ اس دن کو سامنے نہیں رکھتے تھے۔

جب نامۂ اعمال اس کے بائیں ہاتھ میں دیا جائے گا، اس میں اپنی سیاہ کاریوں کو دیکھ کر کہے گا: کاش اسے پڑھنے کا اتفاق ہی نہ ہوتا۔ کاش موت مجھے ختم کر دیتی۔ آج نہ مال کام آیا، نہ دنیا کا اقتدار۔

۳۴۔ یعنی یہ لوگ دو بری صفات کے حامل تھے: کفر اور بخل۔ کفر کے ذریعے یہ لوگ اللہ کے ساتھ تعلق نہیں رکھتے تھے اور بخل کی وجہ سے وہ مخلوق سے لاتعلق تھے اور یہ جملہ ''مسکینوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا تھا'' قابل غور ہے، کیونکہ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انسان کو نہ صرف یہ کہ مسکینوں کا خود خیال رکھنا چاہیے، بلکہ دوسروں کو بھی اس امر کی ترغیب دینی چاہیے۔

فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ ۙ﴿۳۵﴾

۳۵۔لہٰذا آج یہاں اس کا کوئی دوست نہیں ہے۔

وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ ۙ﴿۳۶﴾

۳۶۔اور پیپ کے سوا اس کی کوئی غذا نہیں ہے،

لَّا يَاْكُلُهٗۤ اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ﴿۳۷﴾ ع ۱۵/۲

۳۷۔جسے خطا کاروں کے سوا کوئی نہیں کھائے گا۔

فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۙ﴿۳۸﴾

۳۸۔پس مجھے قسم ہے ان چیزوں کی جو تم دیکھتے ہو،

وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۙ﴿۳۹﴾

۳۹۔اوران کی بھی جنہیں تم نہیں دیکھتے ہو☆

اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۚ﴿۴۰﴾

۴۰۔یقیناً یہ ایک کریم رسول کا قول ہے،

وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۴۱﴾

۴۱۔اور یہ کسی شاعر کا کلام نہیں ہے، تم کم ہی ایمان لاتے ہو۔

وَلَا بِقَوْلِ كَاهِنٍ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ﴿۴۲﴾

۴۲۔اور نہ ہی یہ کسی کاہن کا کلام ہے، تم کم ہی غور کرتے ہو۔

تَنْزِيْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۳﴾

۴۳۔ یہ رب العالمین کی طرف سے نازل کردہ ہے۔

وَلَوْ تَقَوَّلَ عَلَيْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِيْلِ ﴿۴۴﴾

۴۴۔اوراگراس (نبی) نے کوئی تھوڑی بات بھی گھڑ کر ہماری طرف منسوب کی ہوتی،☆

لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْيَمِيْنِ ۙ﴿۴۵﴾

۴۵۔تو ہم اسے دائیں ہاتھ سے پکڑ لیتے،

ثُمَّ لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِيْنَ ۖ﴿۴۶﴾

۴۶۔ پھر اس کی شہ رگ کاٹ دیتے۔

فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِيْنَ ﴿۴۷﴾

۴۷۔پھر تم میں سے کوئی مجھے اس سے روکنے والا نہ ہوتا۔☆

وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۴۸﴾

۴۸۔اور پرہیزگاروں کے لیے یقیناً یہ ایک نصیحت ہے۔

وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾

۴۹۔اور ہم جانتے ہیں کہ تمہارے درمیان کچھ لوگ تکذیب کرنے والے ہیں۔

وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۵۰﴾

۵۰۔ یہ (تکذیب) کفار کے لیے یقیناً (باعث) حسرت ہے۔☆

وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ ﴿۵۱﴾

۵۱۔اور یہ سراسر حق پر مبنی یقینی ہے۔☆

فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ ﴿۵۲﴾ ع ۱۵/۲

۵۲۔پس آپ اپنے عظیم رب کے نام کی تسبیح کریں۔

۳۹۔یعنی پوری کائنات کی قسم! یہ قرآن ایک رسول کریمؐ کا قول ہے جو اللہ کی طرف سے ہے۔ کائنات کی موجودات دو قسم کی ہیں: مشاہداتی اور غیر مشاہداتی اور یہ بھی ایک مسلم سی بات ہے کہ غیر مشاہداتی موجودات کا دائرہ ہمارے مشاہداتی موجودات سے کہیں زیادہ وسیع اور عظیم ہے۔

۴۴۔ تَقَوَّلَ: کسی بات کا گھڑ لینا۔ اس میں اس بات کی وضاحت ہے کہ قرآن میں کوئی کمی بیشی نہیں ہوسکتی۔ اس آیت سے حدیث غرانیق کی تکذیب ہوتی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سورۂ النجم میں اپنی طرف سے ایک آیت کا اضافہ کیا تھا۔ (معاذ اللہ)

۴۷۔یعنی نبی کو اپنی طرف سے کسی کمی و بیشی کا حق حاصل نہیں۔ اگر بالفرض کوئی نبی وَحی میں تصرف کرتا اور اپنی طرف سے بھی کوئی بات گھڑ دیتا تو اللہ اس کو فوری سزا دیتا۔ لیکن اگر کوئی شخص اللہ کا نبی نہ ہو اور جھوٹی نبوت کا دعویٰ کرے تو یہ الگ مسئلہ ہے۔ دیگر کافروں اور مجرموں کی طرح اسے بھی مہلت مل سکتی ہے۔

۵۰۔یعنی اس قرآن کی تکذیب کافروں کے لیے آخرت کے روز موجب حسرت ہوگی کہ انہوں نے کس جرم کا ارتکاب کیا تھا۔

۵۱۔ لَحَقُّ الْيَقِيْنِ: حق الیقین اس مرحلے کا نام ہے جہاں کسی بات پر انتہائی یقین حاصل ہوتا ہے۔ حق واقع کو کہتے ہیں۔ اس کے مقابلے میں باطل آتا ہے، جس کا کوئی واقع نہیں ہوتا۔ ایک سراب سا ہوتا ہے، جس میں واقع ہونے کا گمان ہوتا ہے، اور کبھی امر واقع ہوتا ہے، لیکن یہ واقع لوگوں سے پوشیدہ ہوتا ہے۔ قرآن ایک واقع بھی ہے اور یہ واقع پوشیدہ بھی نہیں ہے۔

۷۰ سُوْرَةُ الْمَعَارِجِ مَكِّيَّةٌ ۴۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَاَلَ سَآئِلٌۢ بِعَذَابٍ وَّاقِعٍ ۙ﴿۱﴾

لِّلْكٰفِرِيْنَ لَيْسَ لَهٗ دَافِعٌ ۙ﴿۲﴾

مِّنَ اللّٰهِ ذِي الْمَعَارِجِ ؕ﴿۳﴾

تَعْرُجُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ اِلَيْهِ فِيْ
يَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ
اَلْفَ سَنَةٍ ۚ﴿۴﴾

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيْلًا ﴿۵﴾

اِنَّهُمْ يَرَوْنَهٗ بَعِيْدًا ۙ﴿۶﴾

وَّنَرٰىهُ قَرِيْبًا ﴿۷﴾

يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ ۙ﴿۸﴾

وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ ۙ﴿۹﴾

وَلَا يَسْـَٔلُ حَمِيْمٌ حَمِيْمًا ۚ﴿۱۰﴾

يُّبَصَّرُوْنَهُمْ ؕ يَوَدُّ الْمُجْرِمُ لَوْ
يَفْتَدِيْ مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ
بِبَنِيْهِ ۙ﴿۱۱﴾

وَصَاحِبَتِهٖ وَاَخِيْهِ ۙ﴿۱۲﴾

وَفَصِيْلَتِهِ الَّتِيْ تُـْٔوِيْهِ ۙ﴿۱۳﴾

وَمَنْ فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا ۙ ثُمَّ
يُنْجِيْهِ ۙ﴿۱۴﴾

كَلَّا ؕ اِنَّهَا لَظٰى ۙ﴿۱۵﴾

نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ۚ﴿۱۶﴾

سورۂ معارج ۔ مکی ۔ آیات ۴۴

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ایک سوال کرنے والے نے عذاب کا سوال کیا جو واقع ہونے ہی والا ہے۔☆

۲۔ کفار کے لیے اسے کوئی ٹالنے والا نہیں ہے،

۳۔ عروج کے مالک اللہ کی طرف سے ہے۔

۴۔ ملائکہ اور روح اس کی طرف اوپر چڑھتے ہیں ایک ایسے دن میں جس کی مقدار پچاس ہزار سال ہے۔☆

۵۔ پس آپ صبر کریں، بہترین صبر۔

۶۔ یہ لوگ یقیناً اس (عذاب) کو دور خیال کرتے ہیں،

۷۔ اور ہم اسے قریب دیکھ رہے ہیں۔

۸۔ اس دن آسمان پگھلی ہوئی دھات کی مانند ہو جائے گا،

۹۔ اور پہاڑ رنگین اون کی طرح ہو جائیں گے

۱۰۔ اور کوئی دوست کسی دوست کو نہیں پوچھے گا،☆

۱۱۔ حالانکہ وہ انہیں دکھائے جائیں گے، مجرم چاہے گا کہ اس دن کے عذاب سے بچنے کے لیے اپنے بیٹوں کو فدیہ میں دے دے،

۱۲۔ اور اپنی زوجہ اور اپنے بھائی کو بھی،

۱۳۔ اور اپنے اس خاندان کو جو اسے پناہ دیتا تھا،

۱۴۔ اور روئے زمین پر بسنے والے سب کو (تاکہ) پھر اپنے آپ کو نجات دلائے۔

۱۵۔ ایسا ہرگز نہ ہوگا کیونکہ وہ تو بھڑکتی ہوئی آگ ہے،

۱۶۔ جو منہ اور سر کی کھال ادھیڑنے والی ہے۔

سورہ معارج

۱۔ امامیہ و غیر امامیہ مصادر میں آیا ہے کہ جب رسول اللہؐ نے غدیر خم کے موقع پر حضرت علیؑ کی ولایت کا اعلان فرمایا تو حارث بن نعمان الفہری نے کہا: محمدؐ جو کچھ کہہ رہا ہے، اگر وہ صحیح ہو تو اے اللہ مجھ پر آسمان سے پتھر برسا دے یا مجھے دردناک عذاب دے۔ یہ کہکر وہ اپنی سواری کی طرف چلا ہی تھا کہ ایک پتھر آسمان سے اس کے سر پر گرا اور اس کے نیچے سے نکل گیا اور وہ مر گیا۔ اس واقعہ کو شمس الدین صنفی نے شرح جامع الصغیر میں، زرقانی نے شرح مواہب اللدنیہ میں، شبلنجی نے نور الابصار میں شربینی نے السراج المنیر میں، ثعلبی نے اپنی تفسیر میں اور حسکانی نے دعاۃ الھداۃ میں نقل کیا ہے۔ تفصیل کے لیے دیکھئے الغدیر ج ۱ ص ۲۸۵۔

۴۔ حضرت امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے: اَلَا فَحَاسِبُوا اَنْفُسَكُمْ قَبْلَ اَنْ تُحَاسَبُوا. فَاِنَّ اَمْكِنَةَ الْقِيَامَةِ خَمْسُونَ مَوْقِفاً كُلُّ مَوْقِفٍ مُقَامُ اَلْفِ سَنَةٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْآيَةَ. (مستدرك الوسائل ۱۲: ۱۵۵۔ المیزان) تمہارا محاسبہ ہونے سے پہلے تم خود اپنا محاسبہ کرو۔ قیامت کے دن پچاس مراحل ہیں۔ ہر مرحلہ تمہارے حساب کے مطابق ہزار سال کے برابر ہوگا۔ پھر اس آیت کی تلاوت فرمائی۔

زمانہ ہر جگہ یکساں نہیں ہوتا۔ قیامت کا زمانہ اپنے عالم کے مطابق ہوگا۔ یہاں ارضی زمانے کے ساتھ ایک تشبیہ دی گئی ہے۔

۱۰۔ اس دن کی ہولناکی کی تصویر ہے کہ اپنے گہرے دوست کی خبر گیری نہیں کرے گا۔ ہر شخص اپنی فکر میں پریشان ہوگا حالانکہ يُّبَصَّرُوْنَهُمْ دوستوں کو دکھائے جانے پر پہچان لے گا۔ دوست کی کیا بات، مجرم تو اس دن یہ چاہے گا کہ سب اس کے فدیہ میں دے دیئے جائیں اور خود بچ جائے، خواہ وہ بیٹا ہو، بیوی ہو، بھائی ہو، اپنے خاندان کے لوگ ہوں، بلکہ ساری دنیا کے لوگ فدیہ میں دے دیے جائیں اور خود بچ جائے۔

تَدْعُوْا مَنْ اَدْبَرَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۷﴾
وَجَمَعَ فَاَوْعٰى ﴿۱۸﴾
اِنَّ الْاِنْسَانَ خُلِقَ هَلُوْعًا ﴿۱۹﴾
اِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ جَزُوْعًا ﴿۲۰﴾
وَّاِذَا مَسَّهُ الْخَيْرُ مَنُوْعًا ﴿۲۱﴾
اِلَّا الْمُصَلِّيْنَ ﴿۲۲﴾
الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ
دَآئِمُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَالَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ
مَّعْلُوْمٌ ﴿۲۴﴾
لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿۲۵﴾
وَالَّذِيْنَ يُصَدِّقُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۲۶﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ عَذَابِ رَبِّهِمْ
مُّشْفِقُوْنَ ﴿۲۷﴾
اِنَّ عَذَابَ رَبِّهِمْ غَيْرُ
مَاْمُوْنٍ ﴿۲۸﴾
وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ
حٰفِظُوْنَ ﴿۲۹﴾
اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ
اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ
مَلُوْمِيْنَ ﴿۳۰﴾
فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ
هُمُ الْعٰدُوْنَ ﴿۳۱﴾

۱۷۔ یہ آتش ہر پیٹھ پھیرنے والے اور منہ موڑنے والے کو پکارے گی،
۱۸۔ اور اسے (بھی) جس نے مال جمع کیا اور بند رکھا۔
۱۹۔ انسان یقیناً کم حوصلہ خلق ہوا ہے۔
۲۰۔ جب اسے تکلیف پہنچتی ہے تو گھبرا اٹھتا ہے،☆
۲۱۔ اور جب اسے آسائش حاصل ہوتی ہے تو بخل کرنے لگتا ہے،
۲۲۔ سوائے نمازگزاروں کے،☆
۲۳۔ جو اپنی نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں،
۲۴۔ اور جن کے اموال میں معین حق ہے،
۲۵۔ سائل اور محروم کے لیے،☆
۲۶۔ اور جو روز جزا کی تصدیق کرتے ہیں،
۲۷۔ اور جو اپنے رب کے عذاب سے ڈرتے ہیں۔
۲۸۔ تحقیق ان کے پروردگار کا عذاب بے خوف ہونے کی چیز نہیں ہے۔
۲۹۔ اور جو لوگ اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرتے ہیں،
۳۰۔ مگر اپنی بیویوں اور لونڈیوں سے پس ان پر کوئی ملامت نہیں ہے۔
۳۱۔ جو لوگ اس کے علاوہ کی خواہش کریں وہ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں،

۲۰۔ تفسیر قمی میں آیا ہے: الشَّرُّ سے مراد فقر و فاقہ ہے، اَلْخَيْرُ سے مراد دولت اور کشادگی ہے۔
۲۲۔ انسان مادی طور پر نہایت کھوکھلا ہے۔ وہ نہ مصیبت برداشت کر سکتا ہے، نہ خوشحالی کی صورت میں توازن برقرار رکھ سکتا ہے۔ مشکلات کے مقابلے میں جلدی ہتھیار ڈال دیتا ہے اور شکست کھا کر زمین بوس ہو جاتا ہے نیز خوشحالی کی صورت میں انسانی قدروں کو بھول جاتا ہے۔ سوائے ان لوگوں کے جن کی شخصیت صرف مادی بنیادوں پر استوار نہیں ہے۔ ان میں سرفہرست نمازی لوگ ہیں۔ نماز شخصیت ساز ہے۔ جس کی شخصیت کی بنیاد اللہ کی عبودیت پر استوار ہو، وہ چٹان سے زیادہ مضبوط ثابت ہوتا ہے۔
۲۵۔ مؤمن حرص، طمع اور بخل جیسے رذائل کے تابع نہیں ہوتا، بلکہ الٰہی و انسانی قدروں کا مالک، آزاد اور طاقتور ہوتا ہے۔ وہ مال کا غلام نہیں، بلکہ مال پر اس کی حکومت چلتی ہے۔ وہ سائل اور محروم کو ان کا حق ادا کرتا ہے۔ حضرت امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے: وَلٰكِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ فَرَضَ فِي اَمْوَالِ الْاَغْنِيَاءِ حُقُوقاً غَيْرَ الزَّكَاةِ فَقَالَ عَزَّ وَ جَلَّ وَ الَّذِيْنَ فِيْٓ اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ مَّعْلُوْمٌ لِّلسَّآئِلِ فَالْحَقُّ الْمَعْلُوْمُ غَيْرُ الزَّكَاةِ. (وسائل الشیعۃ 9: ۴۶) مگر اللہ نے دولت مندوں کے اموال میں زکوٰۃ کے علاوہ بھی حقوق فرض کیے ہیں۔ چنانچہ اللہ عز و جل نے فرمایا: جن کے اموال میں معین حق ہے سائل اور محروم کے لیے۔ حق معلوم زکوٰۃ کے علاوہ ہے۔
دوسری روایت میں آیا ہے: حق معلوم زکوٰۃ کے علاوہ ہے۔ اس سے مراد تمہارا وہ مال ہے، جو چاہو تو ہر جمعہ دے دو، چاہو تو ہر روز دے دو۔ (المیزان) رسول اللہؐ کی حدیث ہے: اعطوا السائل ولو جاء علی فرس۔ (مستدرک الوسائل ۷: ۲۰۳۔ موطا مالک حدیث ۱۵۸۳) سائل کو دے دو، خواہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر آئے۔

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ	۳۲۔اور جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کا پاس
رٰعُوْنَ ﴿۳۲﴾	رکھتے ہیں،☆
وَالَّذِيْنَ هُمْ بِشَهٰدٰتِهِمْ	۳۳۔اور جو اپنی گواہیوں پر قائم رہتے
قَآئِمُوْنَ ﴿۳۳﴾	ہیں،
وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ	۳۴۔ اور جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے
يُحَافِظُوْنَ ﴿۳۴﴾	ہیں،☆
اُولٰٓئِكَ فِيْ جَنّٰتٍ مُّكْرَمُوْنَ ﴿۳۵﴾	۳۵۔جنتوں میں یہی لوگ محترم ہوں گے۔
فَمَالِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا قِبَلَكَ	۳۶۔پھر ان کفار کو کیا ہو گیا ہے کہ آپ کی
مُهْطِعِيْنَ ﴿۳۶﴾	طرف دوڑے چلے آتے ہیں،☆
عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ	۳۷۔دائیں طرف سے اور بائیں طرف سے
عِزِيْنَ ﴿۳۷﴾	گروہ در گروہ ہو کر،
اَيَطْمَعُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ	۳۸۔کیا ان میں سے ہر شخص یہ آرزو رکھتا ہے
يُّدْخَلَ جَنَّةَ نَعِيْمٍ ﴿۳۸﴾	کہ اسے نعمت بھری جنت میں داخل کیا
كَلَّا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّمَّا	جائے؟
يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۹﴾	۳۹۔ ہرگز نہیں! ہم نے انہیں اس چیز سے
فَلَآ اُقْسِمُ بِرَبِّ الْمَشٰرِقِ وَ	پیدا کیا ہے جسے وہ جانتے ہیں۔☆
الْمَغٰرِبِ اِنَّا لَقٰدِرُوْنَ ﴿۴۰﴾	۴۰۔پس میں مشرقوں اور مغربوں کے مالک
عَلٰٓى اَنْ نُّبَدِّلَ خَيْرًا مِّنْهُمْ ۙ وَمَا	کی قسم کھاتا ہوں کہ ہم قادر ہیں۔
نَحْنُ بِمَسْبُوْقِيْنَ ﴿۴۱﴾	۴۱۔ (اس بات پر) کہ ان کی جگہ ان سے
فَذَرْهُمْ يَخُوْضُوْا وَيَلْعَبُوْا	بہتر لوگوں کو لے آئیں اور ہم عاجز نہیں
حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ الَّذِيْ	ہیں۔
يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۲﴾	۴۲۔ پس آپ انہیں بیہودگی اور کھیل میں
يَوْمَ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ	چھوڑ دیں یہاں تک کہ وہ اس دن کا سامنا
	کریں جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے۔
	۴۳۔جس دن وہ قبروں سے دوڑتے ہوئے

۳۲۔ ان آیات کی تشریح کے لیے ملاحظہ ہو سورہ مومنون کی ابتدائی آیات۔

۳۴۔آیت ۲۳ میں فرمایا: اَلَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ دَآئِمُوْنَ۔ جو نماز کی ہمیشہ پابندی کرتے ہیں۔یعنی ان کی کوئی نماز ترک نہیں ہوتی۔ اس آیت میں فرمایا: وَ الَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَاتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ اور جو اپنی نماز کی حفاظت کرتے ہیں۔ یعنی نماز کی شکل و ہیئت میں خلل نہیں آنے دیتے اور ہر عمل اپنی جگہ درست انجام دیتے ہیں۔ اس طرح نماز کے بارے میں دو مقامات پر ذکر آیا ہے کہ مضبوط شخصیت کے مالک وہ لوگ ہوں گے جن کی کوئی نماز ترک نہیں ہوتی اور جن کی نماز میں کوئی خلل واقع نہیں ہوتا۔

۳۶۔ مُهْطِعِيْنَ: یعنی مسرعین۔ دوڑتے ہوئے آنا۔ عزین ٹولیوں میں۔ یعنی یہ لوگ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف دوڑتے ہوئے آتے اور آپؐ کا کلام سن کر تمسخر کرتے تھے: اگر یہ مسلمان لوگ جنت جائیں گے، جیسا کہ محمدؐ کہتے ہیں تو ہم ان سے پہلے جنت جائیں گے۔ (زبدۃ التفاسیر)

۳۹۔ان کو خود معلوم ہے کہ ہم نے انہیں نطفے سے پیدا کر کے انسان بنا دیا ہے۔ کیا یہ لوگ نہیں سوچتے کہ جس نے ہمیں ایک بوند سے انسان بنایا ہے، وہ ہمیں دوبارہ بھی بنا سکتا ہے؟

۴۳۔ وہ قبروں سے تیزی کے ساتھ نکل رہے ہوں گے۔حساب دینے کے لیے اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کے لیے تیزی کے ساتھ قبروں سے ایسے نکل رہے ہوں گے جس طرح انڈوں سے چوزے بڑی تیزی سے نکلتے ہیں۔ قدرت اپنی مخلوقات کو فطرت کی راہ پر لگا دیتی ہے تو اسے تیزی کرنا پڑتی ہے۔ اسے یہ سوچنے کا موقع نہیں ملتا کہ آگے جانا چاہیے یا نہیں جانا چاہیے۔

سِرَاعًا كَاَنَّهُمْ اِلٰى نُصُبٍ
يُّوْفِضُوْنَ ﴿۴۳﴾
خَاشِعَةً اَبْصَارُهُمْ تَرْهَقُهُمْ
ذِلَّةٌ ؕ ذٰلِكَ الْيَوْمُ الَّذِيْ كَانُوْا
ع ۲ ۸ يُوْعَدُوْنَ ﴿۴۴﴾

۷۱ سُوْرَةُ نُوْحٍ مَّكِّيَّةٌ ۲۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اِنَّاۤ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖۤ اَنْ
اَنْذِرْ قَوْمَكَ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِيَهُمْ
عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۱﴾
قَالَ يٰقَوْمِ اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ
مُّبِيْنٌ ﴿۲﴾
اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاتَّقُوْهُ وَ
اَطِيْعُوْنِ ﴿۳﴾
يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَ
يُؤَخِّرْكُمْ اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ
اَجَلَ اللّٰهِ اِذَا جَآءَ لَا يُؤَخَّرُ ۘ لَوْ وقف لازم
كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾
قَالَ رَبِّ اِنِّيْ دَعَوْتُ قَوْمِيْ لَيْلًا
وَّنَهَارًا ﴿۵﴾
فَلَمْ يَزِدْهُمْ دُعَآءِيْۤ اِلَّا
فِرَارًا ﴿۶﴾
وَاِنِّيْ كُلَّمَا دَعَوْتُهُمْ لِتَغْفِرَ لَهُمْ

نکلیں گے گویا وہ کسی نشانی کی طرف بھاگ رہے ہوں۔☆

۴۴۔ان کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی اور ان پر ذلت چھائی ہوئی ہوگی، یہ وہی دن ہے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا تھا۔

سورہ نوح ۔ مکی ۔ آیات ۲۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ہم نے نوح کو ان کی قوم کی طرف بھیجا کہ اپنی قوم کی تنبیہ کریں قبل اس کے کہ ان پر دردناک عذاب آ جائے

۲۔انہوں نے کہا: اے میری قوم! میں تمہیں واضح طور پر تنبیہ کرنے والا ہوں،

۳۔ کہ اللہ کی بندگی کرو اور اس سے ڈرو اور میری اطاعت کرو کہ،☆

۴۔وہ تمہارے گناہوں کو بخش دے گا اور ایک مقررہ وقت تک تمہیں مہلت دے گا، اللہ کا مقرر کردہ وقت جب آ جاتا ہے تو مؤخر نہیں ہوتا، کاش! تم جانتے ہوتے۔☆

۵۔ نوح نے کہا: پروردگار! میں اپنی قوم کو رات دن دعوت دیتا رہا،

۶۔لیکن میری دعوت نے ان کے گریز میں اضافہ ہی کیا،☆

۷۔اور میں نے جب بھی انہیں بلایا تا کہ تو ان کی مغفرت کرے تو انہوں نے اپنے

سورہ نوح

۳۔حضرت نوح (ع) کی رسالت تین اہم ستونوں پر مشتمل تھی: i اُعْبُدُوا اللّٰهَ اللہ کی بندگی کرو۔ ii وَاتَّقُوْهُ خوف خدا کرو۔ یعنی اللہ کے عدل سے خوف اور غضب الٰہی سے بچاؤ۔ iii وَاَطِيْعُوْنِ رسولؐ کی اطاعت۔

۴۔ یعنی اگر اللہ کی بندگی اور تقویٰ اختیار کرو اور رسولؐ کی اطاعت کرو تو اللہ تمہیں حتمی اجل تک مہلت دے گا۔ دوسری صورت میں تمہیں مہلت نہیں ملے گی۔

يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ :ایمان کی وجہ سے گزشتہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں، البتہ آیندہ گناہوں کے جوابدہ ہوں گے۔اس لیے ذنوبکم نہیں کہا، مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ کہا ہے۔تمہارے کچھ گناہ معاف ہو جائیں گے۔

۶۔ جو ذہن قبول حق کی اہلیت نہ رکھتا ہو، اگر اسے حق پیش کیا جائے تو اس کی حق سے نفرت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔شورہ زار زمین میں بیج ڈالنے سے اس کی شورہ زاری میں اضافہ ہو جاتا ہے۔جیسا کہ سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۲ میں فرمایا: وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَ لَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ۔ اور ہم قرآن میں سے ایسی چیز نازل کرتے ہیں جو مؤمنین کے لیے تو شفا اور رحمت ہے، لیکن ظالموں کے لیے تو صرف خسارے میں اضافہ کرتی ہے۔ اس طرح بیک وقت مؤمنین کے لیے شفا و رحمت اور ظالموں کے لیے گھاٹا ہے۔

جَعَلُوْٓا اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ وَ
اسْتَغْشَوْا ثِيَابَهُمْ وَ اَصَرُّوْا وَ
اسْتَكْبَرُوا اسْتِكْبَارًا ۚ﴿۷﴾
ثُمَّ اِنِّيْ دَعَوْتُهُمْ جِهَارًا ۙ﴿۸﴾
ثُمَّ اِنِّيْٓ اَعْلَنْتُ لَهُمْ وَاَسْرَرْتُ
لَهُمْ اِسْرَارًا ۙ﴿۹﴾
فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ؕ اِنَّهٗ
كَانَ غَفَّارًا ۙ﴿۱۰﴾
يُّرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ
مِّدْرَارًا ۙ﴿۱۱﴾
وَّيُمْدِدْكُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ وَ
يَجْعَلْ لَّكُمْ جَنّٰتٍ وَّيَجْعَلْ لَّكُمْ
اَنْهٰرًا ؕ﴿۱۲﴾
مَا لَكُمْ لَا تَرْجُوْنَ لِلّٰهِ وَقَارًا ۚ﴿۱۳﴾
وَقَدْ خَلَقَكُمْ اَطْوَارًا ﴿۱۴﴾
اَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ خَلَقَ اللّٰهُ سَبْعَ
سَمٰوٰتٍ طِبَاقًا ۙ﴿۱۵﴾
وَّجَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ نُوْرًا وَّجَعَلَ
الشَّمْسَ سِرَاجًا ﴿۱۶﴾
وَاللّٰهُ اَنْۢبَتَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ
نَبَاتًا ۙ﴿۱۷﴾
ثُمَّ يُعِيْدُكُمْ فِيْهَا وَيُخْرِجُكُمْ
اِخْرَاجًا ﴿۱۸﴾

کانوں میں اپنی انگلیاں ٹھونس لیں اور اپنے کپڑوں سے (منہ) ڈھانک لیے اور اڑ گئے اور بڑا تکبر کیا۔

۸۔ پھر میں نے انہیں بلند آواز سے بلایا۔

۹۔ پھر میں نے انہیں علانیہ طور پر اور نہایت خفیہ طور پر بھی دعوت دی،

۱۰۔ اور کہا: اپنے پروردگار سے معافی مانگو، وہ یقیناً بڑا معاف کرنے والا ہے۔

۱۱۔ وہ تم پر آسمان سے خوب بارش برسائے گا،☆

۱۲۔ وہ اموال اور اولاد کے ذریعے تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے لیے باغات بنائے گا اور تمہارے لیے نہریں بنائے گا۔☆

۱۳۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے کہ تم اللہ کی عظمت کا عقیدہ نہیں رکھتے؟

۱۴۔ حالانکہ اس نے تمہیں طرح طرح سے خلق کیا۔

۱۵۔ کیا تم نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے سات آسمانوں کو یکے بعد دیگرے کس طرح خلق کیا؟☆

۱۶۔ اور ان میں چاند کو نور اور سورج کو چراغ بنایا؟

۱۷۔ اور اللہ نے زمین سے تمہاری خوب نشو ونما کی۔☆

۱۸۔ پھر تمہیں اسی میں لوٹا دے گا اور (اسی سے) تمہیں باہر نکالے گا۔

۱۱۔ مِّدْرَارًا مفعال کے وزن پر صیغہ مبالغہ ہے۔ یعنی خوب بارش۔

۱۲۔ دینی تعلیمات پر عمل پیرا ہونے کے اثرات صرف آخرت سے مختص نہیں ہیں، بلکہ دنیاوی زندگی پر بھی اس کے مثبت اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ مزید تشریح کے لیے سورۂ اعراف کی آیت ۹۶ ملاحظہ فرمائیں۔

۱۵۔ سات آسمان ایک دوسرے کے اوپر ہیں۔ بعض مؤلفین کا خیال ہے کہ سات آسمان اسی نظام شمسی میں موجود سات طبقاتی فضا ہیں۔ اس پر اس آیت کے بعد کی آیت کو دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں جس میں فرمایا: وَّ جَعَلَ الْقَمَرَ فِيْهِنَّ، ان آسمانوں میں چاند کو نور، سورج کو چراغ بنایا۔ کہتے ہیں اس سے معلوم ہوا کہ چاند اسی نظام شمسی کے لیے نور ہے، دوسری فضاؤں سے تو چاند نظر نہیں آتا۔

میرے نزدیک یہ نظریہ قابل قبول نہیں ہے۔ چونکہ جن طبقات کو مؤلف نے سات آسمان قرار دیا ہے فِيْهِنَّ سے ثابت نہیں کہ چاند فی جمیعھن سب آسمانوں کے لیے نور ہے، بلکہ بعض کے لیے نور ہو تو بھی فِيْهِنَّ کہا جاتا ہے۔ جیسا کہ کہا جاتا ہے: فی المدینۃ عمرو۔ حالانکہ عمرو شہر کے کسی کونے میں ہوتا ہے۔

۱۷۔ اللہ تعالیٰ نے انسان کو نبات سے تعبیر کیا ہے، کیونکہ انسان میں بھی نباتات کی طرح ارضی عناصر پائے جاتے ہیں اور نباتات کی طرح انسان کی حیات زمین سے وابستہ ہے۔

وَ اللّٰهُ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ
بِسَاطًا ﴿۱۹﴾
لِّتَسْلُكُوْا مِنْهَا سُبُلًا فِجَاجًا ﴿۲۰﴾
قَالَ نُوْحٌ رَّبِّ اِنَّهُمْ عَصَوْنِيْ وَ
اتَّبَعُوْا مَنْ لَّمْ يَزِدْهُ مَالُهٗ وَوَلَدُهٗۤ
اِلَّا خَسَارًا ﴿۲۱﴾
وَمَكَرُوْا مَكْرًا كُبَّارًا ﴿۲۲﴾
وَقَالُوْا لَا تَذَرُنَّ اٰلِهَتَكُمْ وَلَا
تَذَرُنَّ وَدًّا وَّ لَا سُوَاعًا ۙ وَّ لَا
يَغُوْثَ وَيَعُوْقَ وَنَسْرًا ﴿۲۳﴾
وَقَدْ اَضَلُّوْا كَثِيْرًا ۚ وَلَا تَزِدِ
الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا ضَلٰلًا ﴿۲۴﴾
مِمَّا خَطِيْٓـٰٔتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا
نَارًا ۙ فَلَمْ يَجِدُوْا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ
اللّٰهِ اَنْصَارًا ﴿۲۵﴾
وَقَالَ نُوْحٌ رَّبِّ لَا تَذَرْ عَلَى
الْاَرْضِ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ دَيَّارًا ﴿۲۶﴾
اِنَّكَ اِنْ تَذَرْهُمْ يُضِلُّوْا
عِبَادَكَ وَلَا يَلِدُوْٓا اِلَّا فَاجِرًا
كَفَّارًا ﴿۲۷﴾
رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ
دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَ
الْمُؤْمِنٰتِ ؕ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا

۱۹۔ اور اللہ نے زمین کو تمہارے لیے ہموار بنایا،☆
۲۰۔ تاکہ تم اس کے کشادہ راستوں پر چلو۔
۲۱۔ نوح نے کہا: پروردگارا! انہوں نے میری نافرمانی کی اور ان لوگوں کی پیروی کی جن کے مال اور اولاد نے ان کے نقصان میں اضافہ ہی کیا۔
۲۲۔ اور ان لوگوں نے بڑی عیاری سے فریب کاری کی،
۲۳۔ اور کہنے لگے: اپنے معبودوں کو ہرگز نہ چھوڑنا اور ود، سواع، یغوث، یعوق اور نسر کو نہ چھوڑنا۔☆
۲۴۔ اور (اس طرح) انہوں نے بہت سوں کو گمراہ کیا اور (پروردگار) تو نے بھی ان ظالموں کی گمراہی میں اضافہ ہی کیا۔
۲۵۔ وہ لوگ اپنی خطاؤں کی وجہ سے غرق کر دیے گئے اور آگ میں داخل کیے گئے، پس انہوں نے اللہ کے سوا کسی کو اپنا مددگار نہیں پایا۔
۲۶۔ اور نوح نے کہا: پروردگارا! روئے زمین پر بسنے والے کفار میں سے ایک کو بھی باقی نہ چھوڑ۔
۲۷۔ اگر تو انہیں چھوڑ دے گا تو وہ یقیناً تیرے بندوں کو گمراہ کریں گے اور یہ لوگ صرف بدکار کافر اولاد ہی پیدا کریں گے۔☆
۲۸۔ پروردگارا! مجھے اور میرے والدین کو اور جو ایمان کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہو اور تمام مومن مردوں اور عورتوں کو معاف فرما اور کافروں کی ہلاکت میں مزید

۱۹۔ زمین کو اللہ نے انسان کے لیے ہموار بنایا تاکہ اس کی پشت پر رفت و آمد میں آسانی ہو جائے۔
۲۳۔ وَدًّا: وَدّ بت کی مورت قوی ہیکل مرد کی شکل میں تھی۔ عبد ود نامور شخص حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھوں مارا گیا۔
سُوَاعًا: اس کی مورتی حسین عورت کی شکل میں تھی۔ قبیلہ هُذیل اس کی پوجا کرتا تھا۔
يَغُوْثَ: اس بت کی مورت بیل اور شیر کی شکل میں ہوتی تھی۔ عبدیغوث نام رائج تھا۔ یمن میں اس کی پوجا ہوتی تھی۔
يَعُوْقَ: یہ بت گھوڑے کی شکل کا تھا۔ یمن میں اس کی بھی پوجا ہوتی تھی۔
نَسْرًا: اس کی شکل پرندہ عقاب کی ہوتی تھی۔
حضرت نوح (ع) کے زمانے سے قبل حضرت آدم (ع) کی اولاد میں سے صالح لوگوں کی یادگار کے طور پر بت بنائے گئے، بعد میں آنے والی نسلوں نے ان کی پوجا شروع کر دی۔
۲۷۔ حضرت نوح علیہ السلام کو وحی کے ذریعے علم تھا کہ ان کے اصلاب میں سے کوئی مؤمن آنے والا نہیں ہے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے حضرت نوحؑ سے فرمایا: اَنَّهٗ لَنْ يُّؤْمِنَ مِنْ قَوْمِكَ اِلَّا مَنْ قَدْ اٰمَنَ ۔(ھود:۳۶) آپؑ کی قوم میں سے جو ایمان لا چکے ہیں، ان کے علاوہ کوئی ایمان نہیں لائے گا۔

النصف ۴۵۲

تَبَارَكَ ﴿۱﴾

سُوْرَةُ الْجِنِّ مَكِّيَّةٌ ۴۰ ﴿۷۲﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ
مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا
عَجَبًا ﴿۱﴾
يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ
نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ﴿۲﴾
وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ
صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ﴿۳﴾
وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ
شَطَطًا ﴿۴﴾
وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ
وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ﴿۵﴾
وَّاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ
يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ
فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ﴿۶﴾
وَّاَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ اَنْ لَّنْ
يَّبْعَثَ اللّٰهُ اَحَدًا ﴿۷﴾
وَّاَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنٰهَا
مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ﴿۸﴾
وَّاَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ
لِلسَّمْعِ ؕ فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْاٰنَ يَجِدْ لَهٗ

اضافہ فرما۔

سورہ جن ۔ مکی ۔ آیات ۲۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کہہ دیجیے: میری طرف وحی کی گئی ہے کہ جنات کی ایک جماعت نے (قرآن) سنا اور کہا: ہم نے ایک عجیب قرآن سنا ہے☆

۲۔ جو راہ راست کی طرف ہدایت کرتا ہے اس لیے ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں اور اب ہم کسی کو ہرگز اپنے رب کا شریک نہیں بنائیں گے۔

۳۔ اور یہ کہ ہمارے پروردگار کی شان بلند ہے اس نے نہ کسی کو زوجہ بنایا اور نہ اولاد،

۴۔ اور یہ کہ ہمارے کم عقل لوگ اللہ کے بارے میں خلاف حق باتیں کرتے ہیں۔☆

۵۔ اور یہ کہ ہمارا خیال تھا کہ انسان اور جن کبھی بھی اللہ کے بارے میں جھوٹ نہیں بول سکتے۔

۶۔ اور یہ کہ بعض انسان بعض جنات سے پناہ طلب کیا کرتے تھے جس نے جنات کی سرکشی مزید بڑھا دی،

۷۔ اور یہ کہ انسانوں نے بھی تم جنات کی طرح گمان کر لیا تھا کہ اللہ کسی کو دوبارہ نہیں اٹھائے گا۔

۸۔ اور یہ کہ ہم نے آسمان کو ٹٹولا تو اسے سخت پہرے داروں اور شہابوں سے بھرا ہوا پایا۔

۹۔ اور یہ کہ پہلے ہم سننے کے لیے آسمان کے مقامات میں بیٹھا کرتے تھے، اب اگر کوئی سننا چاہتا ہے تو وہ ایک شعلے کو اپنی کمین میں

سورہ جن

۱۔ یہ واقعہ بعض کے نزدیک حضورؐ کی طائف سے واپسی پر نخلہ کے مقام پر پیش آیا اور بعض کے نزدیک آپؐ بازار عکاظ تشریف لے جا رہے تھے تو راستے میں جنوں کا ایک گروہ گزر رہا تھا، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرآن پڑھتے سنا تو ایمان لے آئے۔ جن ایک پوشیدہ مخلوق ہے، جسے انسانی حواس درک نہیں کر سکتے، لیکن وہ انسانوں کی طرح مکلف ہیں۔ ان میں مؤمن کافر اور مشرک ہوتے ہیں۔ بعض لوگ جنات کو انسانی اوہام کا نتیجہ قرار دیتے ہیں اور بعض قرآنی تعبیرات کی تاویل و توجیہ کرتے ہیں کہ شیطان و ابلیس سے مراد خود انسان کے اندر موجود منفی طاقت اور خواہشات ہیں، جبکہ یہ باتیں بذات خود اوہام کے سوا کسی دلیل و سند پر مبنی نہیں ہیں۔ قرآن سننے کے بعد جنوں کے موقف میں جو تبدیلیاں آئیں، بعد کی آیات میں ان کا ذکر ہے: ☆ انہیں علم ہوا کہ اللہ وحدہ لا شریک ہے۔☆ نادان جنوں کے باطل نظریات کا علم ہوا۔☆ ان کو یہ بھی علم ہوا کہ انسان اور جن اللہ کے بارے میں جھوٹ بول سکتے ہیں اور لوگوں کو گمراہ کر سکتے ہیں۔

۴۔ اس بات کے بے بنیاد ہونے کا بھی علم ہو گیا کہ عرب جاہلیت میں لوگ جنوں کی پناہ مانگتے تھے۔

۸۔۹ ہم پہلے آسمان کی خبریں سننے کے لیے آسمان میں بیٹھ جاتے تھے، اب شہاب ثاقب ہماری گھات میں ہیں، لہٰذا آسمان کی خبریں نہیں سن سکتے۔ اس سے واضح ہوا کہ اگر شہاب ثاقب سے مراد یہی آسمانی پتھروں والی بارش ہوتی تو لازم آتا ہے کہ رسول کریمؐ کی بعثت سے پہلے آسمان پر ایسے شہاب ثاقب موجود نہ ہوں، جبکہ جن چیزوں کو ہم شہاب ثاقب سمجھ رہے ہیں، وہ شروع سے موجود تھے۔ لہٰذا قرآن کا اشارہ ان آسمانی پتھروں کی طرف نہیں ہے بلکہ یہ شہاب ثاقب آسمانی نجوم سے نکلنے والے شہاب ہو سکتے ہیں، جن کی حقیقت ہم پر واضح نہیں ہے۔ البتہ روایات میں آیا ہے کہ زمان جاہلیت میں بھی شہاب ہوتے تھے، لیکن رسول کریمؐ کی بعثت کے بعد ان شہابوں نے راستہ روکنا شروع کیا یا ان کی تعداد میں اضافہ ہو گیا۔ اس پر مُلِئَتْ (بھرا ہوا) کو قرینہ کہتے ہیں۔ (زبدۃ التفاسیر)

شِهَابًا رَّصَدًا ۙ﴿۹﴾
وَّاَنَّا لَا نَدْرِيْٓ اَشَرٌّ اُرِيْدَ بِمَنْ
فِي الْاَرْضِ اَمْ اَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ
رَشَدًا ﴿۱۰﴾
وَّاَنَّا مِنَّا الصّٰلِحُوْنَ وَمِنَّا دُوْنَ
ذٰلِكَ ؕ كُنَّا طَرَآئِقَ قِدَدًا ﴿۱۱﴾
وَّاَنَّا ظَنَنَّآ اَنْ لَّنْ نُّعْجِزَ اللّٰهَ فِي
الْاَرْضِ وَلَنْ نُّعْجِزَهٗ هَرَبًا ﴿۱۲﴾
وَّاَنَّا لَمَّا سَمِعْنَا الْهُدٰٓى اٰمَنَّا بِهٖ ؕ
فَمَنْ يُّؤْمِنْۢ بِرَبِّهٖ فَلَا يَخَافُ
بَخْسًا وَّلَا رَهَقًا ﴿۱۳﴾
وَّ اَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَ مِنَّا
الْقٰسِطُوْنَ ؕ فَمَنْ اَسْلَمَ فَاُولٰٓئِكَ
تَحَرَّوْا رَشَدًا ﴿۱۴﴾
وَ اَمَّا الْقٰسِطُوْنَ فَكَانُوْا
لِجَهَنَّمَ حَطَبًا ﴿۱۵﴾
وَّاَنْ لَّوِ اسْتَقَامُوْا عَلَى الطَّرِيْقَةِ
لَاَسْقَيْنٰهُمْ مَّآءً غَدَقًا ﴿۱۶﴾
لِّنَفْتِنَهُمْ فِيْهِ ؕ وَمَنْ يُّعْرِضْ عَنْ
ذِكْرِ رَبِّهٖ يَسْلُكْهُ عَذَابًا
صَعَدًا ﴿۱۷﴾
وَّاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ
اللّٰهِ اَحَدًا ﴿۱۸﴾

پاتا ہے۔

۱۰۔ اور یہ کہ ہمیں نہیں معلوم کہ (اس سے) اہل زمین کے ساتھ کسی برائی کا ارادہ کیا گیا ہے یا ان کے رب نے ان کے لیے بھلائی کا ارادہ کیا ہے۔☆

۱۱۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ لوگ صالح ہیں اور کچھ ہم میں دوسری طرح کے ہیں اور ہم مختلف مذاہب میں بٹے ہوئے تھے۔

۱۲۔ اور یہ کہ ہم نے یقین کرلیا ہے کہ ہم زمین میں اللہ کو عاجز نہیں کرسکتے اور نہ بھاگ کر اس کو ہرا سکتے ہیں۔☆

۱۳۔ اور یہ کہ جب ہم نے ہدایت (کی بات) سنی تو ہم اس پر ایمان لے آئے، پس جو شخص بھی اپنے رب پر ایمان لاتا ہے اسے نہ تو نقصان کا خوف ہے اور نہ ظلم کا۔☆

۱۴۔ اور یہ کہ ہم میں سے کچھ مسلمان ہیں اور کچھ ہم میں منحرف ہیں، پس جنہوں نے اسلام اختیار کیا انہوں نے راہ راست اختیار کی۔

۱۵۔ اور جو منحرف ہوگئے وہ جہنم کا ایندھن بن گئے۔

۱۶۔ اور (انہیں یہ بھی سمجھا دیں کہ) اگر یہ لوگ اسی راہ پر ثابت قدم رہتے تو ہم انہیں وافر پانی سے سیراب کرتے،☆

۱۷۔ تاکہ اس میں ہم ان کی آزمائش کریں اور جو شخص اپنے پروردگار کے ذکر سے منہ پھیرے گا وہ اسے سخت عذاب میں مبتلا کرے گا۔

۱۸۔ اور یہ کہ مساجد اللہ کے لیے ہیں، لہٰذا اللہ کے ساتھ کسی کو نہ پکارو۔☆

۱۰۔ ہم ارادہ الٰہی سے باخبر نہیں ہیں کہ وہ اہل ارض کے ساتھ کیا کرنا چاہتا ہے۔ آسمان پر پہرہ بٹھانے کا مقصد ہمیں معلوم نہیں ہے۔

۱۲۔ ظَنّ بمعنی یقین کثرت سے استعمال ہوتا ہے کہ ہم نہ تو آسمانوں کا راستہ نکالنے کے لیے اللہ کا مقابلہ کرسکتے ہیں، نہ ہی اللہ کی مملکت سے فرار ہوسکتے ہیں۔

۱۳۔ ہم جنات نے بھی اس راز کا انکشاف کرلیا کہ ایمان کے بعد نہ کسی خسارے کا خوف رہتا ہے، نہ کسی ذلت کا۔

۱۶۔ رخ کلام مشرکین کی طرف ہوگیا کہ اگر وہ راہ راست پر آجاتے تو ہم ان کو خشک سالی اور قحط سے نکال کر خوشحالی کی آزمائش میں ڈالتے۔

۱۸۔ ائمہ علیہم السلام کی احادیث کے مطابق اَلْمَسٰجِدَ سے مراد اعضائے سجدہ ہیں کہ ان اعضاء پر غیر اللہ کے لیے سجدہ نہ کرو۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: اَلسُّجُوْدُ عَلٰی سَبْعَةِ اَعْظُمٍ اَلْجَبْهَةِ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَالْاِبْهَامَيْنِ وَ تُرْغِمُ بِاَنْفِكَ اِرْغَاماً فَاَمَّا الْفَرْضُ فَهٰذِهِ السَّبْعَةُ وَاَمَّا الْاِرْغَامُ بِالْاَنْفِ فَسُنَّةٌ مِنَ النَّبِيِّ ص (التهذیب ۲: ۹۹)۔ سجدہ سات اعضاء پر ہونا چاہیے۔ پیشانی، دونوں ہاتھوں، دونوں گھٹنوں اور دونوں پاؤں کے انگوٹھوں پر۔ ناک زمین پر لگانا ہوگی۔ یہ سات واجب ہیں۔ ناک زمین پر لگانا سنت نبیؐ ہے۔ حنفی کے نزدیک صرف پیشانی کا سجدہ واجب ہے۔ بعض ناک کو بھی شامل کرتے ہیں (رشحات:۳۷) حنبلی اور مالکی کے نزدیک سات اعضاء پر سجدہ واجب ہے۔ ناک کا زمین پر لگانا مستحب ہے۔ شافعی ایک قول میں صرف پیشانی کا سجدہ صحیح سمجھتے ہیں۔ اسلامی مصادر سے جو ثابت ہوتا ہے، وہ سات اعضاء پر سجدہ واجب ہے۔ ناک کا زمین پر لگانا مستحب ہے۔ صحیح بخاری کتاب الاذان میں ہے: رسول اللہؐ نے فرمایا: امرنا ان نسجد علی سبعة اعظم۔ ہمیں حکم ملا ہے کہ سات اعضا پر سجدہ کریں۔ اس کے بعد پیشانی دونوں ہاتھ دونوں گھٹنوں اور دونوں پاؤں کا ذکر ہے۔

ان احادیث میں سات اعضاء کے لیے تین مختلف تعبیریں ہیں: سبعة اعظم۔ سبعة اطراف۔ سبعة آراب۔ ملاحظہ ہو صحیح مسلم باب اعضاء السجود. ترمذی باب ما جاء فی السجود۔ ان میں ناک کا ذکر نہ ہونا دلیل ہے یہ مستحب ہے، فرض نہیں ہے۔

وَّاَنَّهٗ لَمَّا قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ يَدْعُوْهُ
كَادُوْا يَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِ لِبَدًا ﴿۱۹﴾
قُلْ اِنَّمَآ اَدْعُوْا رَبِّيْ وَلَآ اُشْرِكُ
بِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۰﴾
قُلْ اِنِّيْ لَآ اَمْلِكُ لَكُمْ ضَرًّا وَّلَا
رَشَدًا ﴿۲۱﴾
قُلْ اِنِّيْ لَنْ يُّجِيْرَنِيْ مِنَ اللّٰهِ اَحَدٌ ۙ
وَّلَنْ اَجِدَ مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۲﴾
اِلَّا بَلٰغًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِسٰلٰتِهٖ ؕ وَمَنْ
يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ
جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ﴿۲۳﴾
حَتّٰٓى اِذَا رَاَوْا مَا يُوْعَدُوْنَ
فَسَيَعْلَمُوْنَ مَنْ اَضْعَفُ نَاصِرًا وَّ
اَقَلُّ عَدَدًا ﴿۲۴﴾
قُلْ اِنْ اَدْرِيْٓ اَقَرِيْبٌ مَّا
تُوْعَدُوْنَ اَمْ يَجْعَلُ لَهٗ رَبِّيْٓ
اَمَدًا ﴿۲۵﴾
عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ
اَحَدًا ﴿۲۶﴾
اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ
يَسْلُكُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ
خَلْفِهٖ رَصَدًا ﴿۲۷﴾
لِّيَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا رِسٰلٰتِ

۱۹۔ اور یہ کہ جب اللہ کا بندہ اسے پکارنے کے لیے کھڑا ہوا تو قریب تھا کہ ہجوم اس پر ٹوٹ پڑے۔☆

۲۰۔ کہہ دیجیے: میں تو صرف اپنے رب کو پکارتا ہوں اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتا۔

۲۱۔ کہہ دیجیے: میں تمہارے لیے نہ کسی نقصان کا اختیار رکھتا ہوں اور نہ کسی ہدایت کا۔

۲۲۔ کہہ دیجیے: مجھے اللہ سے کوئی ہرگز نہیں بچا سکتا اور نہ ہرگز اس کے سوا کوئی جائے پناہ پا سکوں گا۔

۲۳۔ (میرا کام تو) صرف اللہ کی بات اور اس کے پیغامات کا پہنچانا ہے اور جو کوئی اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرتا ہے اس کے لیے جہنم کی آگ ہے جس میں وہ ابد تک ہمیشہ رہے گا۔

۲۴۔ (وہ ایمان نہیں لائیں گے) یہاں تک کہ وہ اسے دیکھ لیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے تو انہیں معلوم ہو جائے گا کہ کس کا مددگار زیادہ کمزور ہے اور کس کی جماعت قلت میں ہے۔

۲۵۔ کہہ دیجیے: میں نہیں جانتا کہ جس کا وعدہ تم سے کیا جاتا ہے وہ قریب ہے یا میرا رب اس کے لیے لمبی مدت مقرر فرماتا ہے۔

۲۶۔ وہ غیب کا جاننے والا ہے اور اپنا غیب کسی پر ظاہر نہیں کرتا۔☆

۲۷۔ سوائے اس رسول کے جسے اس نے برگزیدہ کیا ہو، وہ اس کے آگے اور پیچھے نگہبان مقرر کر دیتا ہے۔☆

۲۸۔ تاکہ اسے علم ہو جائے کہ انہوں نے اپنے رب کے پیغامات پہنچائے ہیں اور جو

خاک پر سجدہ: فقہ جعفری کے مطابق سجدہ، خاک پر ہو سکتا ہے یا خاک سے اگنے والی اشیاء پر، جو کھانے اور لباس کی چیزوں اور معادن میں سے نہ ہوں۔

۱۔ اس پر رسول اللہؐ کا عمل شاہد ہے کہ آپ (ص) مٹی پر سجدہ فرمایا کرتے تھے۔ صحیح بخاری کتاب الاذان میں ابوسعید خدری راوی ہیں: کان یسجد فی الماء و الطین حتی رایت اثر الطین فی جبهة۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آب و گل پر سجدہ کرتے تھے کہ میں نے حضورؐ کی پیشانی کو گل آلود دیکھا۔ یہ بارش کے دنوں کی بات ہے جب مسجد نبویؐ کی چھت ٹپک رہی تھی۔

۲۔ رسول اللہؐ الخُمرۃ پر سجدہ کیا کرتے تھے۔ خمرۃ کھجور کی چھال سے بنی ہوئی ہتھیلی کے برابر چھوٹی چٹائی کو کہتے ہیں۔ تلخیص الصحاح میں اور محمد طاہر نے مجمع بحار صفحہ ۳۷۷ میں کہا ہے: الخُمرۃ وہی ہے جس پر آج کل شیعہ سجدہ کرتے ہیں۔ صحیح بخاری کتاب الصلوۃ میں آیا ہے: کان رسول اللّٰہ یصلی علی الخُمرۃ۔ رسول اللہؐ خمرۃ پر سجدہ کیا کرتے تھے نیز ملاحظہ ہو صحیح مسلم باب الصلوۃ علی الخُمرۃ۔

۳۔ رسول اللہؐ کا سجدہ کے بارے میں یہ فرمان ہے کہ تَرِّبْ وَجْهَكَ اپنے چہرے کو خاک آلود کرو۔ ملاحظہ ہو صحیح ترمذی کتاب الصلوۃ۔ مسند احمد باب حدیث ام سلمہ۔

سنت نبویؐ کے مطابق ہر خاک پر سجدہ کرنا بہتر ہے تو جس شہید نے اس سجدے کی خاطر جان دی ہو، اس کی خاک پر سجدہ کرنا یقیناً افضل ہے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے: اِنَّ السُّجُودَ عَلَى تُرْبَةِ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ عليه السلام يَخْرِقُ الْحُجُبَ السَّبْعَ۔ (الوسائل ۵: ۳۱۱ باب استحباب السجود...) حضرت امام حسین علیہ السلام کی تربت پر سجدہ کرنا (قبولیت کے لیے مانع) سات پردوں کو ہٹا دیتا ہے۔

۱۹۔ مشرکین مکہ کی شدت عداوت کا ذکر ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب نماز کے لیے کھڑے ہو جاتے تو وہ آپؐ کے گرد بھیڑ لگاتے اور اذیت دیتے تھے۔

۲۶۔ علم غیب ذاتی طور پر صرف اور صرف اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔ اس آیت میں فرمایا: البتہ رسولوں میں سے جسے ہم برگزیدہ کرتے ہیں، اس پر غیب کا

رَبِّهِمْ وَ اَحَاطَ بِمَا لَدَيْهِمْ
وَاَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عَدَدًا ﴿۲۸﴾ ع ۱۲

سُوْرَةُ الْمُزَّمِّلِ مَكِّيَّةٌ ۲۰ ﴿۷۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰۤاَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ ۙ﴿۱﴾
قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ﴿۲﴾
نِّصْفَهٗۤ اَوِ انْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ﴿۳﴾
اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ
تَرْتِيْلًا ﴿۴﴾
اِنَّا سَنُلْقِيْ عَلَيْكَ قَوْلًا ثَقِيْلًا ﴿۵﴾
اِنَّ نَاشِئَةَ الَّيْلِ هِيَ اَشَدُّ وَطْاً وَّ
اَقْوَمُ قِيْلًا ﴿۶﴾
اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا ﴿۷﴾
وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَ تَبَتَّلْ اِلَيْهِ
تَبْتِيْلًا ﴿۸﴾
رَبُّ الْمَشْرِقِ وَ الْمَغْرِبِ لَاۤ اِلٰهَ
اِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا ﴿۹﴾
وَاصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ
وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ﴿۱۰﴾
وَ ذَرْنِيْ وَالْمُكَذِّبِيْنَ اُولِي النَّعْمَةِ
وَمَهِّلْهُمْ قَلِيْلًا ﴿۱۱﴾
اِنَّ لَدَيْنَاۤ اَنْكَالًا وَّ جَحِيْمًا ۙ﴿۱۲﴾
وَّ طَعَامًا ذَا غُصَّةٍ وَّ عَذَابًا

اظہار کرتے ہیں۔ رسولوں میں انسان اور ملائکہ دونوں شامل ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا برگزیدہ رسول کے پاس بھی علم غیب آ سکتا ہے، مگر یہ اس رسول کا ذاتی علم نہ ہوگا بلکہ اللہ کی طرف سے تعلیم شدہ علم ہوگا۔ تیسرے درجے پر اولیائے کرام ہوں گے جو رسولؐ سے براہ راست تعلیم لیتے ہیں۔

بصائر الدرجات ص ۲۹۳ میں آیا ہے: لا یُعَلِّمُ اللّٰہ محمداً علماً اِلا و امرہ ان یعلّم علیا۔ اللہ تعالیٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کوئی تعلیم نہیں دی مگر یہ کہ حکم دیا کہ یہ علی کو سکھائیں۔ شرجیل نے رسول اللہؐ سے بھی اس قسم کی حدیث بیان کی ہے۔

۲۷۔ یَسْلُكُ مِنْ : اس جملے میں فرمایا کہ جب رسولؐ پر راز ہائے غیب نازل کرنا ہو تو نگہبانوں کے تحفظ میں یہ راز دیا جاتا ہے اور صرف قلب رسولؐ کے تحفظ میں دیا جاتا ہے۔ آگے رسولؐ یہ علم صرف اہل ہستیوں کے سپرد فرماتے ہیں۔

سورہ مزمل

۱۔ حضورؐ کی حالت تزمل اور رسالت کے فرائض کے درمیان کوئی ربط اور واسطہ معلوم ہوتا ہے۔ اگر ہم تزمل بار سنگین کے معنی لیں تو بظاہر ربط معلوم ہو جاتا ہے: اے بار سنگین اٹھانے والے۔ چنانچہ جوہری، ابن اثیر اور بیضاوی نے زمّل کا ایک معنی بوجھ اٹھانے سے کیا ہے۔

۴۔ موجودہ نامساعد حالات اور آیندہ آنے والے سنگین حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے رات کو اٹھ کر عبادت اور قرآن کی تلاوت کرنے کا حکم دیا جا رہا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنے حبیبؐ کو مادی وسائل اور اسلحوں سے نہیں، بلکہ باطنی اور روحانی قوت سے لیس کرنا چاہتا ہے۔

۵۔ رات کو اٹھ کر عبادت و تلاوت کے ذریعے عظیم ملکوتی طاقت سے گہرا ربط قائم کرنے کی ضرورت اس لیے پیش آ رہی ہے کہ آپؐ کے کاندھوں پر ایک سنگین ذمہ داری ڈالی جا رہی ہے۔

۶۔ ایک عظیم ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے لیے رات کی تاریکی اور پرسکون لمحات زیادہ مناسب ہیں جن میں دنیا والوں کے شور و غل سے فارغ یکسو سناٹا میسر آتا ہے اور اپنے خالق سے بہتر اور بیشتر طاقت حاصل کی جا سکتی ہے۔ رات کو روح میں صفائی، عقل کو فراغت، ذہن کو سکون اور ضمیر و وجدان کو مطلوبہ فضا میسر آتی ہے۔

کچھ ان کے پاس ہے اس پر اللہ نے احاطہ کر رکھا ہے اور اس نے ہر چیز کو شمار کر رکھا ہے۔

سورہ مزمل ۔ مکی ۔ آیات ۲۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے کپڑوں میں لپٹنے والے! ☆
۲۔ رات کو اٹھا کیجیے مگر کم،
۳۔ آدھی رات یا اس سے کچھ کم کر لیجیے،
۴۔ یا اس پر کچھ بڑھا دیجئے اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کیجیے۔ ☆
۵۔ عنقریب آپ پر ہم ایک بھاری حکم (کا بوجھ) ڈالنے والے ہیں۔ ☆
۶۔ رات کا اٹھنا ثبات قدم کے اعتبار سے زیادہ محکم اور سنجیدہ کلام کے اعتبار سے زیادہ موزوں ہے۔ ☆
۷۔ دن میں تو آپ کے لیے بہت سی مصروفیات ہیں۔
۸۔ اور اپنے رب کے نام کا ذکر کیجیے اور سب سے بے نیاز ہو کر صرف اسی کی طرف متوجہ ہو جائیے۔
۹۔ وہ مشرق اور مغرب کا رب ہے، اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں لہٰذا اسی کو اپنا ضامن بنا لیجیے۔
۱۰۔ اور جو کچھ یہ لوگ کہہ رہے ہیں اس پر صبر کیجیے اور شائستہ انداز میں ان سے دوری اختیار کیجیے۔ ☆
۱۱۔ ان جھٹلانے والوں اور نعمتوں پر ناز کرنے والوں کو مجھ پر چھوڑ دیجیے اور انہیں تھوڑی مہلت دے دیجیے۔ ☆
۱۲۔ یقیناً ہمارے پاس (ان کے لیے) بیڑیاں ہیں اور سلگتی آگ ہے۔
۱۳۔ اور حلق میں پھنسنے والا کھانا ہے اور دردناک

اَلِيْمًا ﴿١٣﴾
يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَ
كَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ﴿١٤﴾
اِنَّآ اَرْسَلْنَآ اِلَيْكُمْ رَسُوْلًا ۙ
شَاهِدًا عَلَيْكُمْ كَمَآ اَرْسَلْنَآ اِلٰى
فِرْعَوْنَ رَسُوْلًا ﴿١٥﴾
فَعَصٰى فِرْعَوْنُ الرَّسُوْلَ فَاَخَذْنٰهُ
اَخْذًا وَّبِيْلًا ﴿١٦﴾
فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ
يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ﴿١٧﴾
السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌ بِهٖ ؕ كَانَ وَعْدُهٗ
مَفْعُوْلًا ﴿١٨﴾
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ اتَّخَذَ
ع ١٩ ١٣ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿١٩﴾
اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى
مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ وَثُلُثَهٗ وَ
طَآئِفَةٌ مِّنَ الَّذِيْنَ مَعَكَ ؕ وَاللّٰهُ
يُقَدِّرُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ؕ عَلِمَ اَنْ لَّنْ
تُحْصُوْهُ فَتَابَ عَلَيْكُمْ فَاقْرَءُوْا
مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ ؕ عَلِمَ اَنْ
سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى ۙ وَ
اٰخَرُوْنَ يَضْرِبُوْنَ فِي الْاَرْضِ
يَبْتَغُوْنَ مِنْ فَضْلِ اللّٰهِ ۙ

عذاب ہے۔

۱۴۔ جس دن زمین اور پہاڑ کانپنے لگیں گے اور پہاڑ بہتی ریت کی مانند ہو جائیں گے۔

۱۵۔ (اے لوگو) ہم نے تمہاری طرف ایک رسول تم پر گواہ بنا کر بھیجا ہے جس طرح ہم نے فرعون کی طرف ایک رسول بھیجا تھا۔☆

۱۶۔ پھر فرعون نے اس رسول کی نافرمانی کی تو ہم نے اسے سختی سے گرفت میں لے لیا۔

۱۷۔ اگر تم نے انکار کیا تو اس دن سے کیسے بچو گے جو بچوں کو بوڑھا بنا دے گا؟☆

۱۸۔ اور (اس دن) آسمان اس سے پھٹ جائے گا، اللہ کا وعدہ پورا ہو کر رہے گا۔

۱۹۔ یہ ایک نصیحت ہے، پس جو چاہے اپنے رب کی طرف جانے کا راستہ اختیار کر لے۔

۲۰۔ آپ کا پروردگار جانتا ہے کہ آپ دو تہائی رات کے قریب یا آدھی رات یا ایک تہائی رات (تہجد کے لیے) کھڑے رہتے ہیں اور آپ کے ساتھ ایک جماعت بھی (کھڑی رہتی ہے) اور اللہ رات اور دن کا اندازہ رکھتا ہے، اسے علم ہے کہ تم احاطہ نہیں کر سکتے ہو پس اللہ نے تم پر مہربانی کی لہٰذا تم جتنا آسانی سے قرآن پڑھ سکتے ہو پڑھ لیا کرو، اسے علم ہے کہ عنقریب تم میں سے کچھ لوگ مریض ہوں گے اور کچھ لوگ زمین میں اللہ کے فضل (روزی) کی تلاش میں سفر کرتے ہیں اور

۱۰۔ ابتدائے بعثت میں ہر طرف سے توہین آمیز جملے سننے کو ملتے تھے۔ اس پر صبر کرنے اور پر وقار انداز میں ان سے دور رہنے کا حکم ملتا ہے۔ یعنی جاہلیت سے دوری اختیار کرنے میں جمالیاتی کردار ادا ہونا چاہیے کہ جس کے ساتھ انتقام جوئی نہ ہو اور دعوت الی الحق جاری رہے۔

۱۱۔ ان مکذّبین کو مجھ پر چھوڑ دیجیے۔ اس میں رسول کریمؐ کے لیے خوشخبری اور مشرکین کے انجام بد کی پیشگوئی ہے اور ساتھ یہ حکم مل رہا ہے کہ انہیں تھوڑی مہلت دیجیے۔ یعنی رسول کریمؐ کو حکم مل رہا ہے آپؐ مہلت دیں۔ یہ نہیں فرمایا کہ اللہ مہلت دے گا۔ اس میں ایک تقویت اور تسلی ہے کہ آپؐ غالب آنے والے ہیں۔ مہلت دینا آپ کے ہاتھ میں ہے۔

۱۵۔ اس میں اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ جس طرح فرعون پر موسیٰ غالب آیا تھا، اسی طرح ہمارا رسولؐ تم پر غالب آنے والا ہے۔ یہ بات ہوئی دنیا کی کہ تمہیں دنیا میں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے گا۔ شَاهِدًا عَلَيْكُمْ: تم پر گواہ بنا کر۔ اس میں آخرت کی رسوائی کی طرف اشارہ ہے کہ ہمارا رسولؐ دنیا میں تمہیں شکست سے اور آخرت میں رسوائی سے دوچار کرے گا۔

۱۷۔ تم نے کفر اختیار کیا تو دنیا میں فرعونیوں کی طرح سزا بھگتو گے اور آخرت کے دن ایسے مراحل سے گزرنا پڑے گا کہ جس کے نتیجے میں ایک ہی دن میں بچے بوڑھے ہو جائیں گے۔

۲۰۔ شروع میں آدھی رات یا اس سے کمتر یا بیشتر تہجد کا حکم تھا۔ اس آیت میں اصل حکم کو منسوخ کیے بغیر تہجد کے بارے میں تخفیف کی گئی ہے۔ تخفیف کا یہ حکم ممکن ہے مدینہ میں نازل ہوا ہو، کیونکہ اس آیت میں زکوٰۃ اور قتال کا ذکر ہے اور ابتدائے دعوت مکہ میں نہ زکوٰۃ کا حکم نازل ہوا تھا، نہ قتال کا۔ لہٰذا زیادہ امکان اس بات کا ہے کہ اس سورے کا آخری حصہ مدینہ میں نازل ہوا ہے۔ اس تخفیف کی وجوہات بیان فرمائیں کہ انسان مریض ہوتا ہے یا رزق حلال کی تلاش میں نکلتا ہے یا راہ خدا میں قتال میں مصروف ہوتا ہے تو آدھی رات کو عبادت کرنا میسر نہیں ہوتا۔ لہٰذا جس قدر قرآن پڑھنا ممکن ہے، پڑھ لیا کرے۔ انسان جو کچھ آگے

وَاٰخَرُوْنَ يُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ
اللّٰهِ ۣ فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنْهُ ۭ وَ
اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَ
اَقْرِضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا ۭ وَمَا
تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ
تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرًا وَّ
اَعْظَمَ اَجْرًا ۭ وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ ۭ
ع ۲۰ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۲۰

سُوْرَةُ الْمُدَّثِّرِ مَكِّيَّةٌ ۵۶ ۷۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۙ ۱
قُمْ فَاَنْذِرْ ۙ ۲
وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۙ ۳
وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ ۙ ۴
وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۙ ۵
وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ ۙ ۶
وَلِرَبِّكَ فَاصْبِرْ ۙ ۷
فَاِذَا نُقِرَ فِي النَّاقُوْرِ ۙ ۸
فَذٰلِكَ يَوْمَئِذٍ يَّوْمٌ عَسِيْرٌ ۙ ۹
عَلَى الْكٰفِرِيْنَ غَيْرُ يَسِيْرٍ ۱۰
ذَرْنِيْ وَمَنْ خَلَقْتُ وَحِيْدًا ۱۱
وَّجَعَلْتُ لَهٗ مَالًا مَّمْدُوْدًا ۱۲
وَّبَنِيْنَ شُهُوْدًا ۱۳

کچھ راہ خدا میں لڑتے ہیں، لہٰذا آسانی سے جتنا قرآن پڑھ سکتے ہو پڑھ لیا کرو اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو اور اللہ کو قرض حسنہ دو اور جو نیکی تم اپنے لیے آگے بھیجو گے اسے اللہ کے ہاں بہتر اور ثواب میں عظیم تر پاؤ گے اور اللہ سے مغفرت طلب کرو، اللہ یقیناً بڑا بخشنے والا، رحیم ہے۔☆

سورہ مدثر ۔ مکی ۔ آیات ۵۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اے چادر اوڑھنے والے،☆
۲۔ اٹھیے اور تنبیہ کیجیے،☆
۳۔ اور اپنے رب کی کبریائی کا اعلان کیجیے☆
۴۔ اور اپنے لباس کو پاک رکھیے☆
۵۔ اور ناپاکی سے دور رہیے☆
۶۔ اور احسان نہ جتلائیں کہ (اپنے عمل کو) بہت سمجھنے لگ جائیں☆
۷۔ اور اپنے رب کی خاطر صبر کیجیے،☆
۸۔ اور جب صور میں پھونک ماری جائے گی،
۹۔ تو وہ دن ایک مشکل دن ہوگا۔
۱۰۔ وہ کفار پر آسان نہ ہوگا۔
۱۱۔ مجھے اور اس شخص کو (نبٹنے کے لیے) چھوڑ دو جسے میں نے اکیلا پیدا کیا،☆
۱۲۔ اور میں نے اس کے لیے بہت سا مال دیا،☆
۱۳۔ اور حاضر رہنے والے بیٹے بھی،☆

بھیجتا ہے، یعنی راہ خدا میں جو خرچ کرتا ہے، وہ اسے اللہ کے ہاں موجود پائے گا اور آخرت میں انتہائی احتیاج کے وقت اللہ سے وصول کرے گا اور جو پیچھے چھوڑ جائے گا، وہ وارثوں کا مال ہوگا۔ اس کا اسے حساب تو دینا پڑے گا مگر اس کے کام نہ آئے گا۔

سورہ مدثر

۱ تا ۷۔ ان دونوں سورتوں میں حالت تزمل اور حالت تدثر کے بعد قیام کا حکم آتا ہے۔ یعنی عزلت اور خلوت و راحت کا وقت ختم ہوا اور اب قیام کا وقت آ گیا ہے۔ قیام کو جن عناصر و ارکان پر مشتمل ہونا چاہیے، ان کا بھی ذکر آیا۔ وہ ہیں: i۔ انذار و تنبیہ: سب سے پہلے شرک و کفر سے لاحق ہونے والے خطرات سے تنبیہ۔ ii۔ تکبیر: اللہ کی کبریائی کا ذکر ہے کہ وہ اکبر من ان یوصف یعنی وصف و بیان کی حد سے بڑا ہے۔ iii۔ تطہیر: لباس کی تطہیر۔ یعنی تمام مظاہر کی تطہیر۔ iv۔ ھجر: تمام ناپاکیوں سے دوری۔ v۔ عدم امتنان: لوگوں کو نجات کی راہ دکھانے پر احسان جتلا کر اپنے عمل کو کثیر تصور کرنا بندگی کے شایان شان نہیں ہے بلکہ یہ خود پسندی ہے۔ امامیہ مصادر میں حدیث ہے: المن یھدم الصّنیعۃ۔ (الکافی ۴: ۲۲ باب المن) احسان جتلانے سے نیکی برباد ہو جاتی ہے۔ vi۔ صبر: صبر و حوصلہ کے ساتھ رب کو خاطر میں رکھو تو مشکل آسان ہو جائے گی۔

۱۱ تا ۳۰۔ یہ تعبیر عام ہے ہر کافر کے لیے۔ ساتھ اشارہ ہے مکہ کے ایک شخص ولید بن مغیرہ کی طرف جو دولت مند اور کثیر الاولاد تھا۔ ان میں خالد بن ولید زیادہ مشہور ہے۔ اسی نے مشورہ دیا تھا کہ حج کے لیے آنے والوں میں مشہور کرو کہ محمدؐ جادوگر ہیں (نعوذ باللہ)۔ اس سلسلے میں ولید کو حضورؐ کے خلاف موقف تراشنے میں جس کشمکش کا سامنا کرنا پڑا، قرآن نے نہایت وضاحت کے ساتھ اس کی تصویر کشی کی ہے کہ ولید نے کہا تھا: ہم اس شخص کو کاہن، شاعر اور ساحر نہیں کہہ سکتے۔ ابوجہل کے کہنے پر اس نے سوچ کر کہا: اس کو جادوگر کہنا ہی سب سے زیادہ مناسب ہے۔ (نعوذ باللہ)

وَّمَهَّدْتُّ لَهٗ تَمْهِيْدًا ﴿١٤﴾	۱۴۔اور میں نے اس کے لیے (آسائش کی) راہ ہموار کردی، ☆
ثُمَّ يَطْمَعُ اَنْ اَزِيْدَ ﴿١٥﴾	۱۵۔پھر وہ طمع کرنے لگتا ہے کہ میں اور زیادہ دوں۔☆
كَلَّا ؕ اِنَّهٗ كَانَ لِاٰيٰتِنَا عَنِيْدًا ﴿١٦﴾	۱۶۔ہرگز نہیں! وہ یقیناً ہماری آیات سے عناد رکھنے والا ہے۔☆
سَاُرْهِقُهٗ صَعُوْدًا ﴿١٧﴾	۱۷۔میں اسے کٹھن چڑھائی چڑھنے پر مجبور کروں گا۔☆
اِنَّهٗ فَكَّرَ وَقَدَّرَ ﴿١٨﴾	۱۸۔اس نے یقیناً کچھ سوچا اسے (کچھ) سوجھا.
فَقُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿١٩﴾	۱۹۔پس اس پر اللہ کی مار، اسے کیا سوجھی؟☆
ثُمَّ قُتِلَ كَيْفَ قَدَّرَ ﴿٢٠﴾	۲۰۔پھر اس پر اللہ کی مار ہو، اسے کیا سوجھی؟
ثُمَّ نَظَرَ ﴿٢١﴾	۲۱۔پھر اس نے نظر دوڑائی، ☆
ثُمَّ عَبَسَ وَبَسَرَ ﴿٢٢﴾	۲۲۔پھر تیوری چڑھائی اور منہ بگاڑ لیا، ☆
ثُمَّ اَدْبَرَ وَاسْتَكْبَرَ ﴿٢٣﴾	۲۳۔پھر پلٹا اور تکبر کیا، ☆
فَقَالَ اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا سِحْرٌ	۲۴۔پھر کہنے لگا: یہ جادو کے سوا کچھ نہیں ہے
يُّؤْثَرُ ﴿٢٤﴾	جو منقول ہو کر آیا۔☆
اِنْ هٰذَاۤ اِلَّا قَوْلُ الْبَشَرِ ﴿٢٥﴾	۲۵۔یہ تو صرف بشر کا کلام ہے۔☆
سَاُصْلِيْهِ سَقَرَ ﴿٢٦﴾	۲۶۔عنقریب میں اسے آگ (سقر) میں جھلسا دوں گا۔☆
وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا سَقَرُ ﴿٢٧﴾	۲۷۔اور آپ کو کس چیز نے بتایا سقر کیا ہے؟☆
لَا تُبْقِيْ وَلَا تَذَرُ ﴿٢٨﴾	۲۸۔وہ نہ باقی رکھتی ہے نہ چھوڑتی ہے.☆
لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ ﴿٢٩﴾	۲۹۔آدمی کی کھال جھلسا دینے والی ہے۔☆
عَلَيْهَا تِسْعَةَ عَشَرَ ﴿٣٠﴾	۳۰۔اس پر انیس (فرشتے) موکل ہیں۔☆
وَمَا جَعَلْنَاۤ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً ۙ وَّمَا جَعَلْنَا عِدَّتَهُمْ اِلَّا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۙ لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَيَزْدَادَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِيْمَانًا وَّلَا يَرْتَابَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا	۳۱۔اور ہم نے جہنم کا عملہ صرف فرشتوں کو قرار دیا اور ان کی تعداد کو کفار کے لیے آزمائش بنایا تا کہ اہل کتاب کو یقین آ جائے اور ایمان لانے والوں کے ایمان میں اضافہ ہو جائے اور اہل کتاب اور مومنین شک

۱۴۔یعنی اسے مال و اولاد دونوں سے نوازا۔لیکن وہ اس پر بھی راضی نہیں ہے ۔ زیادہ لالچ کے مرض میں مبتلا ہے۔

۱۷۔روایت میں آیا ہے کہ جہنم میں ایک پہاڑ ہے جس پر کافروں کو چڑھنے کا حکم دیا جائے گا۔ وہ چڑھے گا، پھر گر جائے گا، پھر چڑھے گا، پھر گر جائے گا۔

۱۸۔اس نے سوچا کہ قرآن کو کس نام سے رد کیا جائے ۔آخر کار اسے جادو کا نام دینے کا سوجھا۔

۲۴۔جادو کا نام دینے میں اسے تامل تھا کہ محمدؐ کو کبھی جادو سے سروکار نہیں رہا تو یہ توجیہ گھڑ دی کہ کسی سے سیکھا ہے، یعنی درآمد شدہ جادو ہے۔
سِحْرٌ يُّؤْثَرُ ممکن ہے اشارہ بابل کی طرف ہو کہ یہ جادو بابل سے درآمد کیا گیا ہے۔

۲۷۔آپ کیا سمجھیں سَقَر کیا ہے۔ یہ کسی امر کی شدت و اہمیت بتانے کے لیے ایک محاورہ ہے۔

۳۰۔ ۳۱۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ اس آیت کے نزول کے موقع پر ابوجہل نے قریش سے کہا: کیا تم میں سے دس افراد جہنم کے ایک داروغہ کو قابو نہیں کر سکیں گے؟ تو ان میں سے ایک شخص نے کہا سترہ افراد کو تو میں اکیلا قابو کر لوں گا، باقی دو کو تم قابو کر لو۔ اس طرح ۱۹ کی تعداد تمسخر کا موضوع بن گئی اور کفار کے لیے آزمائش بھی۔
موضوع یہی ہے: لِيَسْتَيْقِنَ الَّذِيْنَ اہل کتاب کو اس تعداد سے کس طرح یقین ہو گا؟ ایک سوال باقی رہتا ہے۔ ممکن ہے ان کی کتابوں میں یہ تعداد مذکور ہو۔

الْكِتٰبَ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلِيَقُوْلَ
الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
وَّالْكٰفِرُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰهُ بِهٰذَا
مَثَلًا ۭ كَذٰلِكَ يُضِلُّ اللّٰهُ مَنْ يَّشَاۗءُ وَ
يَهْدِيْ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَمَا يَعْلَمُ جُنُوْدَ
رَبِّكَ اِلَّا هُوَ ۭ وَمَا هِيَ اِلَّا ذِكْرٰى
لِلْبَشَرِ ۝۳۱ ع ۱۵/۲
كَلَّا وَالْقَمَرِ ۙ ۝۳۲
وَالَّيْلِ اِذْ اَدْبَرَ ۙ ۝۳۳
وَالصُّبْحِ اِذَآ اَسْفَرَ ۙ ۝۳۴
اِنَّهَا لَاِحْدَى الْكُبَرِ ۙ ۝۳۵
نَذِيْرًا لِّلْبَشَرِ ۙ ۝۳۶
لِمَنْ شَاۗءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّتَقَدَّمَ اَوْ
يَتَاَخَّرَ ۭ ۝۳۷
كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ۝۳۸
اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ۝۳۹
فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَاۗءَلُوْنَ ۙ ۝۴۰ ع ۱۵/۳
عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۙ ۝۴۱
مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝۴۲
قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ۙ ۝۴۳
وَلَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۙ ۝۴۴
وَكُنَّا نَخُوْضُ مَعَ الْخَاۗىِٕضِيْنَ ۙ ۝۴۵
وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ۙ ۝۴۶

میں نہ رہیں اور جن کے دلوں میں بیماری ہے نیز کفار یہی کہیں: اس بیان سے اللہ کا کیا مقصد ہوسکتا ہے؟ اس طرح اللہ جسے چاہے گمراہ کر دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور تیرے رب کے لشکروں کو خود اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اور یہ (جہنم کا ذکر) انسانوں کے لیے ایک نصیحت ہے۔☆

۳۲۔(ایسا) ہرگز نہیں! (جیسا تم سوچتے ہو) قسم ہے چاند کی،

۳۳۔اور رات کی جب وہ پلٹنے لگتی ہے،

۳۴۔اور صبح کی جب وہ روشن ہو جاتی ہے،

۳۵۔بلاشبہ یہ (آگ) بڑی آفتوں میں سے ایک ہے۔☆

۳۶۔(اس میں) انسانوں کے لیے تنبیہ ہے،

۳۷۔تم میں سے ہر اس شخص کے لیے جو آگے بڑھنا یا پیچھے رہ جانا چاہے۔☆

۳۸۔ہر شخص اپنے عمل کا گروی ہے۔☆

۳۹۔سوائے دائیں والوں کے،

۴۰۔جو جنتوں میں پوچھ رہے ہوں گے،

۴۱۔مجرمین سے۔☆

۴۲۔کس چیز نے تمہیں جہنم میں پہنچایا؟

۴۳۔وہ کہیں گے: ہم نماز گزاروں میں سے نہ تھے،

۴۴۔اور ہم مسکین کو کھلاتے نہیں تھے،☆

۴۵۔اور ہم بیہودہ بکنے والوں کے ساتھ بیہودہ گوئی کرتے تھے،☆

۴۶۔اور ہم روز جزا کو جھٹلاتے تھے۔☆

۳۵۔جہنم اللہ تعالیٰ کی عظیم آیات میں سے ایک آیت ہے یا یہ کہ جہنم اللہ کی طرف سے عظیم ہولناکیوں میں سے ایک ہے۔

۳۷۔یعنی جو اپنے عمل کے ذریعے آگے جائے گا، وہ کامیاب ہو جائے گا اور جو اپنی بدعملی کی وجہ سے پیچھے رہ جائے گا، وہ ہلاک ہو جائے گا۔

امامیہ مصادر میں آیا ہے: مَنْ تَقَدَّمَ اِلَی وَلَایَتِنَا اُخِّرَ عَنْ سَقَرَ وَ مَنْ تَاَخَّرَ عَنَّا تَقَدَّمَ اِلَی سَقَرَ۔ (الکافی: ۱:۴۳۴) جو ہماری ولایت سے نزدیک ہوگا وہ جہنم سے دور اور جو ہم سے دور ہوگا وہ جہنم سے نزدیک ہوگا۔

۳۸۔یعنی ہر شخص اپنے کردار کی قید میں بند ہے۔ انسان کا وہی وزن ہوگا جو اس کے عمل کا ہے، البتہ اصحاب یمین اس قید و بند سے آزاد ہوں گے۔

۴۱۔اہل جنت اور اہل جہنم میں باہمی رابطہ اور مکالمہ ہو سکے گا۔

۴۴ تا ۵۱۔ الخوض: بیہودہ گوئی۔ باطل گفتگو میں مگن رہنا۔ یعنی دین اسلام کے خلاف گفتگو کرنا ان کا پسندیدہ مشغلہ تھا۔

جہنم رسید ہونے کے اسباب میں سے ایک سبب ترک نماز اور دوسرا اہم سبب بھوکوں کا خیال نہ رکھنا ہے۔ ترک نماز کی وجہ سے خالق سے دور اور ترک اطعام کی وجہ سے مخلوق سے دور ہونے کی وجہ سے وہ جہنم کے نزدیک ہو گئے۔ وہ روز جزا کی تکذیب کرتے تھے۔ جب یہ روز آ گیا تو یقین کی منزل بھی آ گئی۔ لیکن آج کا یقین انہیں کوئی فائدہ نہ دے گا۔ جس وقت ان کو یقین فائدہ دے سکتا تھا، اس وقت وہ نصیحتوں سے ایسے بھاگتے تھے، جس طرح شیر کو دیکھ کر جنگلی گدھے بھاگتے ہیں۔

حَتّٰٓى اَتٰىنَا الْيَقِيْنُ ﴿۴۷﴾

۴۷۔ یہاں تک کہ ہمیں موت آ گئی۔☆

فَمَا تَنْفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ ﴿۴۸﴾

۴۸۔ اب سفارش کرنے والوں کی سفارش انہیں کچھ فائدہ نہ دے گی۔☆

فَمَا لَهُمْ عَنِ التَّذْكِرَةِ مُعْرِضِيْنَ ﴿۴۹﴾

۴۹۔انہیں کیا ہوگیا ہے کہ نصیحت سے منہ موڑ رہے ہیں؟☆

كَاَنَّهُمْ حُمُرٌ مُّسْتَنْفِرَةٌ ﴿۵۰﴾

۵۰۔ گویا وہ بدکے ہوئے گدھے ہیں،☆

فَرَّتْ مِنْ قَسْوَرَةٍ ﴿۵۱﴾

۵۱۔جو شیر سے (ڈر کر) بھاگے ہوں۔☆

بَلْ يُرِيْدُ كُلُّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ اَنْ يُّؤْتٰى صُحُفًا مُّنَشَّرَةً ﴿۵۲﴾

۵۲۔ بلکہ ان میں سے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ (اس کے پاس) کھلی ہوئی کتابیں آ جائیں۔☆

كَلَّا بَلْ لَّا يَخَافُوْنَ الْاٰخِرَةَ ﴿۵۳﴾

۵۳۔ ہرگز نہیں! بلکہ انہیں آخرت کا خوف ہی نہیں ہے۔

كَلَّآ اِنَّهٗ تَذْكِرَةٌ ﴿۵۴﴾

۵۴۔ ہرگز نہیں! یہ تو یقیناً ایک نصیحت ہے۔

فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ﴿۵۵﴾

۵۵۔ پس جو چاہے اسے یاد رکھے۔

وَمَا يَذْكُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ۚ هُوَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ﴿۵۶﴾ ع ۲

۵۶۔ وہ یاد اس وقت رکھیں گے جب اللہ چاہے گا، وہی اس لائق ہے کہ اس سے خوف کیا جائے اور وہی بخشنے کا اہل ہے۔☆

سُوْرَةُ الْقِيٰمَةِ مَكِّيَّةٌ ۴۰ ۷۵

سورہ قیامت ۔مکی ۔آیات ۴۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ ﴿۱﴾

۱۔قسم کھاتا ہوں روز قیامت کی۔

وَلَآ اُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ ﴿۲﴾

۲۔قسم کھاتا ہوں ملامت کرنے والے نفس (زندہ ضمیر) کی،☆

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَلَّنْ نَّجْمَعَ عِظَامَهٗ ﴿۳﴾

۳۔کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیوں کو جمع نہیں کریں گے؟

بَلٰى قٰدِرِيْنَ عَلٰٓى اَنْ نُّسَوِّيَ بَنَانَهٗ ﴿۴﴾

۴۔ ہاں! (ضرور کریں گے) ہم تو اس کی انگلیوں کی پور بنانے پر بھی قادر ہیں۔☆

بَلْ يُرِيْدُ الْاِنْسَانُ لِيَفْجُرَ اَمَامَهٗ ﴿۵﴾ ع

۵۔ بلکہ انسان چاہتا ہے کہ مستقبل میں (عمر بھر) برائی کرتا جائے۔

۴۸۔ شَفَاعَةُ الشّٰفِعِيْنَ: انہیں شفاعت کرنے والوں کی شفاعت فائدہ نہیں دے گی۔ اس سے معلوم ہوا قیامت کے روز شافعین بہت سے شفاعت کرنے والے ہوں گے۔

۵۲۔ ان میں سے ہر شخص یہ چاہتا ہے کہ اس پر قرآن کی طرح کی کوئی کتاب نازل ہو جائے۔ یعنی وہ اس قدر منکر ہیں کہ اپنے آپ کو اس مقام کے لیے مناسب سمجھتے ہیں۔ دوسری طرف کہتے ہیں بشر کیسے رسول ہوسکتا ہے۔

۵۶۔ حدیث میں آیا ہے: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: انا اھل ان اتّقٰی فمن اِتّقانِیْ فلم یجعل الٰھا غیری فانا اھل ان اغفر لہ۔ (سنن ترمذی کتاب التفسیر۔ اس کے قریب ہے التوحید قمی میں) میں اس لائق ہوں کہ مجھ سے خوف کیا جائے اور جو مجھ سے خوف کرتا ہے اور میرے علاوہ کسی کو معبود نہیں بناتا، اس کو میں معاف کر دوں گا۔

سورہ قیامت

۲۔ قیامت کے دن انسانی نفس اپنے کیے پر ملامت کرے گا۔ اس لیے نفس لوامہ کی قسم کھائی ہے۔ نفس لوامہ کو ہم ضمیر اور وجدان بھی کہتے ہیں، کیونکہ کسی جرم کے ارتکاب کی صورت میں انسان اپنے ضمیر کی عدالت میں کھڑا ہوتا ہے، جہاں نہ کسی کی سفارش چلتی ہے، نہ کسی کا زور۔ کیونکہ جرم کا ارتکاب اسی ضمیر کے سامنے ہوا ہے جس نے فیصلہ سنانا ہے۔ یہ عدالت آخرت میں قائم ہونے والی عدالت کا ایک چھوٹا نمونہ ہے۔

۴۔ کل کے ملحد اور آج کے نیچر پرستوں (مادہ پرستوں) کا یہ گمان ہے کہ جب ہڈیاں خاک میں دوسری ہڈیوں سے مل جائیں یا کسی جانور کی غذا بن کر اس کی ہڈیوں کا حصہ بن جائیں تو اللہ ان کو کیسے جدا کرے گا؟ جواب میں ایک عام فہم اور محسوس مثال پیش فرمائی کہ جو ذات ایک ہاتھ کی پور پور کو جدا کر کے بنا سکتی ہے، وہ ذات ہڈیوں کے ذرات کو پہچان سکتی ہے۔ ہم یہ کہیں گے: جو ذات ہر شخص کی پوروں کی لکیروں کو جدا جدا بناتی ہے وہ ہر شخص کی ہڈیوں کے ذرات کو بھی پہچان سکتی ہے۔

يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ۝۶
فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ ۝۷
وَخَسَفَ الْقَمَرُ ۝۸
وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ ۝۹
يَقُوْلُ الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ اَيْنَ
الْمَفَرُّ ۝۱۰
كَلَّا لَا وَزَرَ ۝۱۱
اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَئِذِ ِالْمُسْتَقَرُّ ۝۱۲
يُنَبَّؤُا الْاِنْسَانُ يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَ
اَخَّرَ ۝۱۳
بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ۝۱۴
وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ۝۱۵
لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ
بِهٖ ۝۱۶
اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝۱۷
فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ ۝۱۸
ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ ۝۱۹
كَلَّا بَلْ تُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ ۝۲۰
وَتَذَرُوْنَ الْاٰخِرَةَ ۝۲۱
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ ۝۲۲
اِلٰى رَبِّهَا نَاظِرَةٌ ۝۲۳
وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ بَاسِرَةٌ ۝۲۴
تَظُنُّ اَنْ يُّفْعَلَ بِهَا فَاقِرَةٌ ۝۲۵

۶۔ وہ پوچھتا ہے: قیامت کا دن کب آئے گا.
۷۔ پس جب آنکھیں پتھرا جائیں گی،
۸۔ اور چاند بے نور ہو جائے گا،
۹۔ اور سورج اور چاند ملا دیئے جائیں گے،
۱۰۔ تو انسان اس دن کہے گا: بھاگ کر کہاں جاؤں؟
۱۱۔ نہیں! اب کوئی پناہ گاہ نہیں۔
۱۲۔ اس روز ٹھکانا تو صرف تیرے رب کے پاس ہوگا۔
۱۳۔ اس دن انسان کو وہ سب کچھ بتا دیا جائے گا جو وہ آگے بھیج چکا اور پیچھے چھوڑ آیا ہوگا۔☆
۱۴۔ بلکہ انسان اپنے آپ سے خوب آگاہ ہے،☆
۱۵۔ اور خواہ وہ اپنی معذرتیں پیش کرے۔
۱۶۔ (اے نبی) آپ وحی کو جلدی (حفظ) کرنے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں.
۱۷۔ اس کا جمع کرنا اور پڑھوانا یقیناً ہمارے ذمے ہے۔☆
۱۸۔ پس جب ہم اسے پڑھ چکیں تو پھر آپ (بھی) اسی طرح پڑھا کریں۔☆
۱۹۔ پھر اس کی وضاحت ہمارے ذمے ہے☆
۲۰۔ (کیا یہ انکار اس لیے ہے کہ قیامت ناقابل فہم ہے؟) ہرگز نہیں! یہ اس لیے ہے کہ تم دنیا کو پسند کرتے ہو،
۲۱۔ اور آخرت کو چھوڑ دیتے ہو۔
۲۲۔ بہت سے چہرے اس روز شاداب ہوں گے،
۲۳۔ وہ اپنے رب (کی رحمت) کی طرف دیکھ رہے ہوں گے۔☆
۲۴۔ اور بہت سے چہرے اس دن بگڑے ہوئے ہوں گے،
۲۵۔ جو گمان کریں گے کہ ان کے ساتھ کمر توڑ معاملہ ہونے والا ہے۔

۱۳۔ جو کام انسان اپنی زندگی میں انجام دیتا ہے وہ آگے بھیجا جاتا ہے اور جو صدقہ جاریہ یا کوئی گناہ کا دھندا چھوڑ جاتا ہے، وہ پیچھے چھوڑنے میں آتا ہے۔ نیک عمل کا سلسلہ چھوڑ جائے تو اس کا ثواب مرنے کے بعد بھی ملتا رہے گا اور گناہ کا کام چھوڑ جائے تو اس گناہ کے جرم میں مرنے کے بعد بھی شریک رہے گا۔

۱۴۔ انسان اپنے اعمال سے خوب واقف ہے۔ اس کے اعضاء و جوارح تک ان اعمال سے آگاہ ہیں۔ کل وہ سب گواہی دیں گے۔ حدیث میں آیا ہے: اِنَّ السَّرِيرَةَ اِذَا صَلَحَتْ قَوِيَتِ الْعَلَانِيَةُ. (وسائل الشيعة ۱:۶۴۔ الكافي باب الرياء) انسان کا باطن اگر درست ہو جائے تو ظاہر بھی مضبوط رہتا ہے۔
معاذیر: ایک قول کے مطابق معذرۃ کی نہیں معذار کی جمع ہے، جو پردے کو کہتے ہیں۔ بنابرایں ترجمہ اس طرح ہوگا: خواہ پردہ ڈالے رکھے۔

۱۶ تا ۱۹۔ وحی کو حفظ، اس کی تلاوت اور اس کے مطالب کو بیان کرنا اللہ کے ذمے ہے۔ یہ ممکن نہیں ہے کہ رسولؐ کو وحی کی تشخیص میں مشکل پیش آئے کہ یہ اللہ کی طرف سے ہے یا کسی اور کی طرف سے، کیونکہ آپؐ وحی کو ظاہری حواس سے نہیں، اپنے پورے وجود سے اخذ کرتے تھے، جس میں کسی قسم کے شک و تردد کی گنجائش نہیں ہے۔ اسی طرح اس قرآن کی حفاظت بھی اللہ کے ذمے ہے.

۲۳۔ رب کی رحمتوں پر اپنی نگاہ مرکوز کیے ہوئے ہوں گے، ورنہ خدا کو اس طرح نہیں دیکھا جا سکتا جس طرح ہم دنیا میں کسی چیز کو جہت، جسم اور رنگ میں دیکھ سکتے ہیں۔ البتہ اس کے علاوہ کوئی رویت مراد لی جائے، مثلاً قلبی رویت ہو تو اس صورت میں رویت ممکن ہو سکتی ہے۔ بعض کے نزدیک نَاظِرَةٌ کے معنی منتظر ہونے کے ہیں، کہ صرف اللہ کی رحمت کے منتظر ہوں گے۔

كَلَّآ اِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ ﴿٢٦﴾
وَقِيْلَ مَنْ ۜ رَاقٍ ﴿٢٧﴾
وَّظَنَّ اَنَّهُ الْفِرَاقُ ﴿٢٨﴾
وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ ﴿٢٩﴾
ع ۱۷ اِلٰى رَبِّكَ يَوْمَىِٕذِ ِۨالْمَسَاقُ ﴿٣٠﴾
فَلَا صَدَّقَ وَلَا صَلّٰى ﴿٣١﴾
وَلٰكِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿٣٢﴾
ثُمَّ ذَهَبَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ يَتَمَطّٰى ﴿٣٣﴾
اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿٣٤﴾
ثُمَّ اَوْلٰى لَكَ فَاَوْلٰى ﴿٣٥﴾
اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ
سُدًى ﴿٣٦﴾
اَلَمْ يَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِيٍّ
يُّمْنٰى ﴿٣٧﴾
ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰى ﴿٣٨﴾
فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ
وَالْاُنْثٰى ﴿٣٩﴾
اَلَيْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِۦَ
ع ۱۸ الْمَوْتٰى ﴿٤٠﴾

۷۶ سُوْرَةُ الدَّهْرِ مَدَنِيَّةٌ ۳۱

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ حِيْنٌ مِّنَ
الدَّهْرِ لَمْ يَكُنْ شَيْـًٔا مَّذْكُوْرًا ﴿١﴾

۲۶۔ (کیا تم اس دنیا میں ہمیشہ رہو گے؟) ہرگز نہیں! جب جان حلق تک پہنچ جائے گی،
۲۷۔ اور کہا جائے گا: کون ہے (بچانے والا) معالج؟
۲۸۔ اور وہ سمجھ جائے گا کہ اس کی جدائی کا لمحہ آ گیا ہے،
۲۹۔ اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ جائے گی،☆
۳۰۔ تو وہ آپ کے رب کی طرف چلنے کا دن ہوگا۔
۳۱۔ پس اس نے نہ تصدیق کی اور نہ نماز پڑھی
۳۲۔ بلکہ تکذیب کی اور روگردانی کی۔
۳۳۔ پھر اکڑتا ہوا اپنے گھر والوں کی طرف چل دیا۔☆
۳۴۔ تیرے لیے تباہی پر تباہی ہے۔
۳۵۔ پھر تیرے لیے تباہی پر تباہی ہے۔☆
۳۶۔ کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ اسے یونہی چھوڑ دیا جائے گا؟☆
۳۷۔ کیا وہ (رحم میں) ٹپکایا جانے والا منی کا ایک نطفہ نہ تھا؟
۳۸۔ پھر لوتھڑا بنا پھر (اللہ نے) اسے خلق کیا پھر اسے معتدل بنایا۔
۳۹۔ پھر اس سے مرد اور عورت کا جوڑا بنایا۔
۴۰۔ کیا اس ذات کو یہ قدرت حاصل نہیں کہ مرنے والوں کو زندہ کرے؟☆

سورہ دہر۔ مدنی۔ آیات ۳۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کیا زمانے میں انسان پر ایسا وقت آیا ہے جب وہ کوئی قابل ذکر چیز نہ تھا؟☆

۲۹۔ پنڈلی سے پنڈلی جڑ جائے گی۔ یعنی شدتِ بلا پر شدت کا اضافہ ہوگا۔ یعنی فراق دنیا اور آخرت کی ہولناکی مراد ہے۔
۳۳۔ جو شخص آیاتِ قرآنی سن کر اکڑتا ہوا گھر کی طرف چلا گیا، وہ ابوجہل تھا۔
۳۵۔ اصل میں اولاك الله ما تكرهه ہے، (بحار الانوار ۱۹۴:۳۷) اللہ تجھے ایسی بلا سے دوچار کرے جو تجھے پسند نہ ہو۔
۳۶۔ کہ ظالم اپنا ہاتھ مظلوموں کے خون سے رنگین کرے اور مظلوم ظلم سہ کر جان دے۔ دونوں کا ایک جیسا حال ہو اور دونوں کو اپنے اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے۔ ایسا ہونا معقول اور ممکن ہے؟ انسان زمین پر بے مقصد نہیں آیا۔ وہ نیچر کے ہاتھوں کھلونا نہیں ہے کہ بلا مقصد دکھ درد سہ کر مر جائے۔ جس اللہ نے ایک بوند سے اس انسان کو بنایا ہے، وہ اسے دوبارہ اٹھا سکتا ہے۔ یعنی تم ارتقا کے لیے بنائے گئے ہو اور تمہاری آخری منزل لقائے رب ہے۔
۴۰۔ جب ایک بوند سے انسان بنا سکتا ہے تو وہ بوسیدہ ہڈیوں سے کیوں نہیں بنا سکتا۔ جب کہ ہڈیوں اور اس مردہ انسان کی تمام خاصیتیں اس کے D.N.A میں ہوتی ہیں۔ اس بات کا زیادہ امکان ہے کہ مستقبل میں اعادۂ حیات کا راز انسانوں پر منکشف ہو جائے گا۔

سورہ دھر

یہ سورہ جمہور کے نزدیک مدنی ہے۔ حضرت ابن عباس کی ایک روایت میں ہے کہ یہ مکی ہے، حالانکہ خود حضرت ابن عباس کی ایک اور روایت ابن ضریس، ابن مردویہ اور بیہقی نے نقل کی ہے، جس میں صریحاً مذکور ہے کہ یہ سورہ مدنی ہے۔
۱۔ ایک حالت تو وہ تھی جس میں زمانہ بھی موجود نہ تھا۔ حدیث میں آیا ہے: كان الله ولم يكن معه شيء (بحار الانوار ۳۳۳:۵۴) اللہ اس حال میں بھی تھا جب کہ کچھ بھی نہ تھا۔ بعد میں زمانہ وجود میں آیا، لیکن اس طویل زمانے میں انسان موجود نہ تھا۔ اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ انسان کو عدم کے بعد وجود میں لایا گیا ہے۔

إِنَّا خَلَقْنَا الْإِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ
أَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيهِ فَجَعَلْنَاهُ سَمِيعًا
بَصِيرًا ۝٢
إِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيلَ إِمَّا شَاكِرًا
وَّإِمَّا كَفُورًا ۝٣
إِنَّا أَعْتَدْنَا لِلْكَافِرِينَ سَلَاسِلَا
وَأَغْلَالًا وَسَعِيرًا ۝٤
إِنَّ الْأَبْرَارَ يَشْرَبُونَ مِنْ كَأْسٍ
كَانَ مِزَاجُهَا كَافُورًا ۝٥ ۚ
عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ
يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ۝٦
يُوفُونَ بِالنَّذْرِ وَيَخَافُونَ
يَوْمًا كَانَ شَرُّهُ مُسْتَطِيرًا ۝٧
وَيُطْعِمُونَ الطَّعَامَ عَلَىٰ حُبِّهِ
مِسْكِينًا وَيَتِيمًا وَأَسِيرًا ۝٨
إِنَّمَا نُطْعِمُكُمْ لِوَجْهِ اللَّهِ لَا
نُرِيدُ مِنْكُمْ جَزَاءً وَلَا
شُكُورًا ۝٩
إِنَّا نَخَافُ مِنْ رَّبِّنَا يَوْمًا
عَبُوسًا قَمْطَرِيرًا ۝١٠
فَوَقَاهُمُ اللَّهُ شَرَّ ذَٰلِكَ الْيَوْمِ
وَلَقَّاهُمْ نَضْرَةً وَسُرُورًا ۝١١ ۚ
وَجَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوا جَنَّةً

۲۔ ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا کہ اسے آزمائیں، پس ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔☆

۳۔ ہم نے اسے راستے کی ہدایت کر دی خواہ شکر گزار بنے اور خواہ ناشکرا۔☆

۴۔ ہم نے کفار کے لیے زنجیریں اور طوق اور بھڑکتی ہوئی آگ تیار کر رکھی ہے۔

۵۔ نیکی کے مرتبے پر فائز لوگ ایسا مشروب پئیں گے جس میں کافور کی آمیزش ہوگی۔☆

۶۔ یہ ایسا چشمہ ہے جس سے اللہ کے (خاص) بندے پئیں گے اور خود اسے (جیسے چاہیں) جاری کر دیں گے۔☆

۷۔ جو نذر پوری کرتے ہیں اور اس دن سے ڈرتے ہیں جس کی برائی ہر طرف پھیلی ہوئی ہوگی۔

۸۔ اور اپنی خواہش کے باوجود مسکین، یتیم اور اسیر کو کھانا کھلاتے ہیں۔☆

۹۔ (وہ ان سے کہتے ہیں) ہم تمہیں صرف اللہ (کی رضا) کے لیے کھلا رہے ہیں، ہم تم سے نہ تو کوئی معاوضہ چاہتے ہیں اور نہ ہی شکر گزاری۔☆

۱۰۔ ہمیں تو اپنے رب سے اس دن کا خوف ہے جو شدید بدمنظر ہوگا۔

۱۱۔ پس اللہ انہیں اس دن کے شر سے محفوظ رکھے گا اور انہیں شادابی اور مسرت عنایت فرمائے گا۔☆

۱۲۔ اور ان کے صبر کے عوض انہیں جنت اور

۲۔ انسان کو مخلوط نطفہ، یعنی جرثومۂ پدر اور تخم مادر کے اختلاط سے بننے والے ابتدائی خلیہ (Cell) سے وجود میں لایا اور امتحان وارتقاء کی خاطر اسے سمیع و بصیر بنایا گیا۔

۳۔ راہ حق دکھانے کا کام اللہ نے اپنے ذمے لیا۔ اس پر چلنے کا کام انسان کے ذمے ڈال دیا گیا اور اس کو راہ حق پر چلنے پر مجبور نہیں کیا گیا، بلکہ اس کو خود مختاری دے دی گئی۔

۵۔ ۵ سے ۲۲ تک کی آیات اہل بیتؑ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان میں نازل ہوئیں۔

۶۔ ان چشموں کو خود اپنے ہاتھ سے اپنی پسند کے مطابق جاری کریں گے۔

۸۔ عَلٰی حُبِّہٖ: ضمیر طعام کی طرف راجع ہے، جیسا کہ لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰی تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ (آل عمران: ۹۲) کے تحت درجہ اس انفاق کو ملتا ہے جس میں اپنی پسند کی چیز دے دی جائے۔

۹۔ اہل بیت علیہم السلام کی شان میں جو فضائل ان آیات میں بیان ہوئے ہیں، سب اس موقع پر بیان ہوئے، جب اہل بیت علیہم السلام نے ایثار و قربانی کی ایک لازوال مثال قائم کرتے ہوئے مسکینوں، یتیموں اور اسیروں کو کھانا کھلایا۔ اس سے ہمیں ایک درس یہ ملتا ہے کہ اللہ کو غریب پروری کس قدر پسند ہے۔ اسی لیے ائمہ اہل بیت علیہم السلام کی سیرت میں غریب پروری سرفہرست نظر آتی ہے۔ چنانچہ آیہ اِنَّمَا وَلِیُّکُمُ اللّٰہُ... میں اللہ تعالیٰ نے حضرت علی علیہ السلام کی ولایت کا اعلان بھی اسی غریب پروری کے موقع پر کیا ہے اور اس سورہ کی آیت ۲۰ میں یکا یک رسولؐ سے خطاب کر کے فرمایا: ''اور آپ جہاں بھی نگاہ ڈالیں گے، بڑی نعمت اور عظیم سلطنت نظر آئے گی۔'' جنت میں اہل بیت علیہم السلام کی سلطنت کو اللہ نے عظیم فرمایا تو اس سلطنت کی عظمت کا کسی کو کیا اندازہ ہوسکتا ہے، جسے اللہ نے عظیم کہا ہے۔

۱۱۔ دوسری جگہ اہل جنت کے بارے میں فرمایا: تَعْرِفُ فِیْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِیْمِ (مطففین: ۲۴) ان کے چہروں پر نعمت کی شادابی عیاں ہوگی۔

وَّحَرِيْرًا ﴿۱۲﴾

مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا

زَمْهَرِيْرًا ﴿۱۳﴾ۚ

وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ

قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ﴿۱۴﴾

وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ بِاٰنِيَةٍ مِّنْ

فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ

قَوَارِيْرَا ﴿۱۵﴾ۙ

قَوَارِيْرَا مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا

تَقْدِيْرًا ﴿۱۶﴾

وَيُسْقَوْنَ فِيْهَا كَاْسًا كَانَ

مِزَاجُهَا زَنْجَبِيْلًا ﴿۱۷﴾ۚ

عَيْنًا فِيْهَا تُسَمّٰى سَلْسَبِيْلًا ﴿۱۸﴾

وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

مُّخَلَّدُوْنَ ۚ اِذَا رَاَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ

لُؤْلُؤًا مَّنْثُوْرًا ﴿۱۹﴾

وَاِذَا رَاَيْتَ ثَمَّ رَاَيْتَ نَعِيْمًا وَّ

مُلْكًا كَبِيْرًا ﴿۲۰﴾

عٰلِيَهُمْ ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ

وَّاِسْتَبْرَقٌ ۫ وَّحُلُّوْٓا اَسَاوِرَ

مِنْ فِضَّةٍ ۚ وَسَقٰىهُمْ رَبُّهُمْ

شَرَابًا طَهُوْرًا ﴿۲۱﴾

قرء حفص بغیر الالف فی الوصل فیهما و وقف علی الاول بالف و علی الثانی بغیر الالف ۱۲

ریشمی لباس عنایت فرمائے گا۔

۱۳۔ وہ اس (جنت) میں مسندوں پر تکیے لگائے بیٹھے ہوں گے جس میں نہ دھوپ کی گرمی دیکھنے کا اتفاق ہو گا اور نہ سردی کی شدت۔

۱۴۔ اور درخت ان پر سایہ فگن ہوں گے اور پھلوں (کے گچھے) ان کی دسترس میں ہوں گے۔

۱۵۔ اور ان کے لیے چاندی کے برتنوں اور بلوریں پیالوں کے دور چلیں گے۔

۱۶۔ شیشے بھی چاندی کے ہوں گے جنہیں (ساقی نے) ایک مناسب مقدار میں بھرا ہو گا۔

۱۷۔ اور وہاں انہیں ایک ایسا جام پلایا جائے گا جس میں زنجبیل (سونٹھ) کی آمیزش ہو گی۔

۱۸۔ جنت میں ایک ایسے چشمے سے جسے سلسبیل کہا جاتا ہے۔

۱۹۔ اور (خدمت کے لیے) ان کے گرد ایسے لڑکے پھر رہے ہوں گے جو ہمیشہ رہنے والے ہیں، آپ انہیں دیکھیں تو بکھرے ہوئے موتی خیال کریں گے۔

۲۰۔ اور آپ جہاں بھی نگاہ ڈالیں گے بڑی نعمت اور عظیم سلطنت نظر آئے گی۔☆

۲۱۔ ان کے اوپر سبز دیباج اور اطلس کے کپڑے ہوں گے، انہیں چاندی کے کنگن پہنائے جائیں گے اور ان کا پروردگار انہیں پاکیزہ مشروب پلائے گا۔

۲۰۔ یہ عظیم سلطنت اس ایثار و قربانی کے صلے میں مل رہی ہے جس کا مظاہرہ اہل بیت اطہارؑ نے کیا۔ یعنی محرومیت کے عالم میں بھی جود و سخا، ناداری میں بھی دارائی، فقر و تنگدستی میں فیاضی۔ چنانچہ ذات فیاض کو یہ فیاضی پسند آئی۔

فریقین کے مصادر میں یہ روایت متعدد طرق سے حضرت ابن عباس سے منقول ہے کہ یہ آیات اہل بیت اطہار علیہم السلام کی شان میں نازل ہوئیں۔ جب حسنین علیہم السلام بیمار ہوئے تو ان کی شفا کے لیے تین دن روزے رکھنے کی نذر مانی گئی۔ چنانچہ حضرت علی علیہ السلام، حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا اور ان کی خادمہ فضہ نے نذر کے روزے رکھے۔ افطاری کے وقت پہلے دن مسکین، دوسرے دن یتیم اور تیسرے دن قیدی سائل نے سوال کیا۔ آل رسولؐ نے سارا کھانا برائے رضائے خدا انہیں دے دیا، صرف پانی سے افطار کر کے فاقے سے رہے۔ ملاحظہ ہو تفسیر کشاف، الدر المنثور، غایۃ المرام۔

بعض اہل قلم کے لیے یہ بات ناقابل فہم ہے کہ اہل بیتؑ خود بھوکے رہیں اور پانچ افراد کا کھانا صرف ایک مسکین کو دے دیں، جبکہ آیت میں یہ مذکور نہیں ہے کہ سائل صرف ایک شخص تھا۔ چنانچہ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ○ اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ○ (بلد:۱۵۔۱۶) میں اطلاق ہے جو ایک یا ایک سے زیادہ پر صادق آتا ہے۔ ایک روایت میں اس کا جواب یہ ہے کہ اہل بیتؑ کھانے پر بیٹھے تھے، ایک مسکین آیا، ایک تہائی اسے دے دیا، پھر بلا فاصلہ ایک یتیم آیا، دوسرا ایک تہائی اسے دیا دیا۔ اس کے بعد ایک اسیر آیا تو تیسرا ایک تہائی اسے دے دیا۔ (زبدۃ التفاسیر)

ان کا دوسرا اعتراض یہ ہے کہ مدینہ طیبہ میں یہ بات ممکن نہ تھی کہ کوئی قیدی بھیک مانگنے کے لیے نکلتا، کیونکہ قیدی کے لیے طعام و لباس کا انتظام حکومت کے ذمے تھا۔ اس کا جواب وہ خود اسی آیت کے ذیل میں دیتے ہیں: اس آیت میں قیدی سے مراد ہر وہ شخص ہے جو قید میں ہو، خواہ وہ کافر ہو یا مسلمان، خواہ جنگی قیدی ہو یا کسی اور جرم میں قید کیا گیا ہو نیز خواہ اسے قید کی حالت میں کھانا دیا جاتا ہو یا اس سے بھیک منگوائی جاتی ہو۔ (تفہیم القرآن ۶: ۱۸۱)

إِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَآءً وَّكَانَ
سَعْيُكُمْ مَّشْكُوْرًا ﴿٢٢﴾ ع ١٩
إِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ
تَنْزِيْلًا ﴿٢٣﴾ ج
فَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعْ
مِنْهُمْ اٰثِمًا اَوْ كَفُوْرًا ﴿٢٤﴾ ج
وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ بُكْرَةً
وَّاَصِيْلًا ﴿٢٥﴾ ع
وَ مِنَ الَّيْلِ فَاسْجُدْ لَهٗ وَ سَبِّحْهُ
لَيْلًا طَوِيْلًا ﴿٢٦﴾
اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ يُحِبُّوْنَ الْعَاجِلَةَ وَ
يَذَرُوْنَ وَرَآءَهُمْ يَوْمًا
ثَقِيْلًا ﴿٢٧﴾
نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَ شَدَدْنَآ
اَسْرَهُمْ ۚ وَ اِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ
اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿٢٨﴾
اِنَّ هٰذِهٖ تَذْكِرَةٌ ۚ فَمَنْ شَآءَ
اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿٢٩﴾
وَ مَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ
اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا
حَكِيْمًا ﴿٣٠﴾ ج
يُّدْخِلُ مَنْ يَّشَآءُ فِيْ رَحْمَتِهٖ ؕ
وَ الظّٰلِمِيْنَ اَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا

۲۲۔ یقیناً یہ تمہارے لیے جزا ہے اور تمہاری یہ محنت قابل قدر ہے۔
۲۳۔ یقیناً ہم نے ہی آپ پر قرآن نازل کیا ہے جیسا کہ نازل کرنے کا حق ہے۔
۲۴۔ لہٰذا آپ اپنے رب کے حکم پر صبر کریں اور ان میں سے کسی گنہگار یا کافر کی بات نہ مانیں۔☆
۲۵۔ اور صبح وشام اپنے رب کے نام کا ذکر کیا کریں۔
۲۶۔ اور رات کے ایک حصے میں اس کے سامنے سجدہ ریز ہو جایا کریں اور رات کو دیر تک تسبیح کرتے رہا کریں۔☆
۲۷۔ یہ لوگ یقیناً عجلت (دنیا) پسند ہیں اور اپنے پیچھے ایک بہت سنگین دن کو نظر انداز کیے بیٹھے ہیں۔☆
۲۸۔ ہم نے انہیں پیدا کیا اور ان کے جوڑ مضبوط کیے اور جب ہم چاہیں ان کے بدلے ان جیسے اور لوگ لے آئیں۔☆
۲۹۔ یہ ایک نصیحت ہے پس جو چاہے اپنے رب کی طرف جانے کا راستہ اختیار کرے۔☆
۳۰۔ اور تم نہیں چاہتے ہو مگر وہ جو اللہ چاہتا ہے، یقیناً اللہ بڑا علم والا، حکمت والا ہے۔☆
۳۱۔ اللہ جسے چاہتا ہے اپنی رحمت میں داخل کرتا ہے اور اس نے ظالموں کے لیے دردناک

۲۴۔ کہتے ہیں اٰثِمًا گناہگار سے مراد عتبہ اور كَفُوْرًا سے مراد ولید ہے۔ ان کی سرتوڑ کوشش تھی کہ کسی بھی قیمت پر محمدؐ اس مشن کو ترک کر دیں.
۲۶۔ رات کو دیر تک تسبیح کرنے سے مراد تہجد ہے۔
۲۷۔ سطحی سوچ رکھنے والے صرف سامنے کی باتوں کو سمجھ سکتے ہیں اور اپنے مستقبل کو تاریک سے تاریک تر کر دیتے ہیں۔
۲۸۔ دوسرا ترجمہ یہ ہوسکتا ہے: جب ہم چاہیں گے ان کی امثال و اشباہ کو تبدیل کر دیں گے۔ یعنی قیامت کی طرف اشارہ ہے۔
۲۹۔ یہ قرآن ایک نصیحت ہے، جبر نہیں ہے۔ اس نصیحت کے سننے کے بعد جو چاہے اپنے رب کی طرف اور جو چاہے آتش کی طرف جانے کا راستہ اختیار کرے۔
۳۰۔ قطب الدین راوندی نے الخرائج و الجرائح ۱:۴۵۸ میں لکھا ہے: حضرت امام مہدی عجل اللہ فرجہ الشریف نے کامل بن ابراہیم مدنی سے فرمایا: جئت تسأل عن مقالة المفوضة كذبوا بل قلوبنا اوعية لمشية الله عزوجل فاذا شاء شئنا۔ و الله يقول: وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ۔ تو مجھ سے مفوضہ کے نظریہ کے بارے میں پوچھنے آیا ہے۔ وہ جھوٹ بولتے ہیں، بلکہ ہمارے قلوب اللہ کی مشیت کی جگہ ہیں۔ جب اللہ چاہتا ہے تو ہم چاہتے ہیں۔ پھر آیت کی تلاوت فرمائی۔
اس فرمان سے آیت کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے کہ بندے کی مشیت اللہ کی مشیت پر موقوف ہے۔ اذا شاء شئنا جب اللہ چاہتا ہے تو ہم چاہتے ہیں. یعنی ائمہ علیہم السلام کی عصمت ثابت ہوتی ہے۔ ورنہ غیر معصوم کی مشیت کبھی اللہ کی مشیت سے متصادم ہوتی ہے۔

ع	اَلِيْمًا ﴿۲۱﴾
	سُوْرَةُ الْمُرْسَلٰتِ مَكِّيَّةٌ ۵۰ ﴿۷۷﴾
	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
	وَالْمُرْسَلٰتِ عُرْفًا ﴿۱﴾
	فَالْعٰصِفٰتِ عَصْفًا ﴿۲﴾
	وَّالنّٰشِرٰتِ نَشْرًا ﴿۳﴾
	فَالْفٰرِقٰتِ فَرْقًا ﴿۴﴾
	فَالْمُلْقِيٰتِ ذِكْرًا ﴿۵﴾
	عُذْرًا اَوْ نُذْرًا ﴿۶﴾
	اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ ﴿۷﴾
	فَاِذَا النُّجُوْمُ طُمِسَتْ ﴿۸﴾
	وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ ﴿۹﴾
	وَاِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ ﴿۱۰﴾
	وَاِذَا الرُّسُلُ اُقِّتَتْ ﴿۱۱﴾
	لِاَيِّ يَوْمٍ اُجِّلَتْ ﴿۱۲﴾
	لِيَوْمِ الْفَصْلِ ﴿۱۳﴾
	وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الْفَصْلِ ﴿۱۴﴾
	وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۵﴾
	اَلَمْ نُهْلِكِ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۶﴾
	ثُمَّ نُتْبِعُهُمُ الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۷﴾
	كَذٰلِكَ نَفْعَلُ بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿۱۸﴾
	وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۹﴾
	اَلَمْ نَخْلُقْكُّمْ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِيْنٍ ﴿۲۰﴾

عذاب تیار کر رکھا ہے۔

سورہ مرسلات ۔مکی ۔آیات ۵۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔قسم ہے ان (فرشتوں) کی جو مسلسل بھیجے جاتے ہیں،☆

۲۔ پھر تیز رفتاری سے چلنے والے ہیں،☆

۳۔پھر (صحیفوں کو) کھول دینے والے ہیں،

۴۔پھر (حق و باطل کو) جدا کرنے والے ہیں،

۵۔پھر یاد (خدادلوں میں) ڈالنے والے ہیں،

۶۔ حجت تمام کرنے کے لیے ہو یا تنبیہ کے لیے:☆

۷۔جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ یقیناً واقع ہونے والی ہے۔☆

۸۔پس جب ستارے بےنور کر دیے جائیں گے،

۹۔اور جب آسمان میں شگاف ڈال دیا جائے گا

۱۰۔اور جب پہاڑ اڑا دیے جائیں گے،

۱۱۔ اور جب رسولوں کو مقررہ وقت پر لایا جائے گا۔☆

۱۲۔کس دن کے لیے ملتوی رکھا ہوا ہے؟☆

۱۳۔ فیصلے کے دن کے لیے۔

۱۴۔اور آپ کو کس چیز نے بتایا کہ فیصلے کا دن کیا ہے؟

۱۵۔اس دن تکذیب کرنے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔

۱۶۔کیا ہم نے اگلوں کو ہلاک نہیں کیا تھا؟☆

۱۷۔ پھر بعد والوں کو بھی ہم ان کے پیچھے لائیں گے۔

۱۸۔مجرموں کے ساتھ ہم ایسا ہی کرتے ہیں۔

۱۹۔اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔

۲۰۔کیا ہم نے تمہیں حقیر پانی سے خلق نہیں کیا؟☆

سورہ مرسلات

ا تا ۷۔ان آیات میں جو اوصاف بیان ہوئے ہیں، وہ بعض کے نزدیک ہوا اور بعض کے نزدیک فرشتوں کے اوصاف ہیں۔ ہمارے نزدیک یہ اوصاف فرشتوں کے ہیں۔یعنی قسم ہے ان فرشتوں کی جو امر الٰہی لے کر پے در پے نازل ہوتے ہیں اور بڑی تیزی و سرعت کے ساتھ تعمیل کرتے ہیں اور وحی الٰہی پر مشتمل صحیفوں کو پھیلاتے ہیں، جن سے حق و باطل میں فرق اور امتیاز ہو جاتا ہے اور جو رسول کریمؐ پر قرآن کو نازل کرتے ہیں، جس سے عذر اور حجت پوری اور تنبیہ بھی ہو جاتی ہے۔(ان سب فرشتوں کی قسم) جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے وہ ضرور واقع ہو کر رہے گی۔ اس تفسیر کے مطابق قسم اور مضمون میں ربط سمجھ میں آ جاتا ہے۔ گویا فرمانا چاہتا ہے: میرے اس مذکورہ نظام کی قسم قیامت ضرور واقع ہوگی۔ یعنی اس نظام میں روز جزا کا ہونا لازمی ہے، ورنہ یہ پورا نظام عبث ہو جائے گا۔

۱۱۔ رسولوں کو اپنی اپنی امت پر گواہی دینے کے لیے مقررہ وقت، یعنی قیامت کے دن لایا جائے گا۔

۱۲۔ اس دن کی ہولناکی اور عظمت کی طرف اشارہ ہے۔ اسی سے یہ کہنا: و ما ادراك ایک محاورہ ہے کسی امر کی اہمیت بتانے کے لیے۔

۱۶۔ اولین و آخرین، سب کے لیے اللہ کا قانون مکافات ایک ہے۔

۲۰۔حقیر پانی کی تعبیر یہ بتانے کے لیے ہے کہ تم اپنے ماضی پر نظر کرو اور اپنی حیثیت اور قیمت کا اندازہ کرو۔ جیسا کہ امیر المؤمنین علیہ السلام سے روایت ہے: مَا لِابْنِ آدَمَ وَ الْفَخْرِ اَوَّلُهُ نُطْفَةٌ وَ آخِرُهُ جِيفَةٌ۔(نہج البلاغۃ فصیحت ۴۵۴ ص ۵۵۵) اولاد آدم کو فخر سے کیا کام، جس کی ابتدا نطفہ اور انتہا مردار ہے۔

فَجَعَلْنٰهُ فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۙ﴿۲۱﴾
اِلٰى قَدَرٍ مَّعْلُوْمٍ ۙ﴿۲۲﴾
فَقَدَرْنَا ۟ فَنِعْمَ الْقٰدِرُوْنَ ﴿۲۳﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۴﴾
اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ كِفَاتًا ۙ﴿۲۵﴾
اَحْيَآءً وَّاَمْوَاتًا ۙ﴿۲۶﴾
وَّجَعَلْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ شٰمِخٰتٍ وَّ
اَسْقَيْنٰكُمْ مَّآءً فُرَاتًا ؕ﴿۲۷﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۲۸﴾
اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى مَا كُنْتُمْ بِهٖ
تُكَذِّبُوْنَ ۚ﴿۲۹﴾
اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ
شُعَبٍ ۙ﴿۳۰﴾
لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ ؕ﴿۳۱﴾
اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ۚ﴿۳۲﴾
كَاَنَّهٗ جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ؕ﴿۳۳﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۴﴾
هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ ۙ﴿۳۵﴾
وَلَا يُؤْذَنُ لَهُمْ فَيَعْتَذِرُوْنَ ﴿۳۶﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۷﴾
هٰذَا يَوْمُ الْفَصْلِ ۚ جَمَعْنٰكُمْ
وَالْاَوَّلِيْنَ ﴿۳۸﴾
فَاِنْ كَانَ لَكُمْ كَيْدٌ فَكِيْدُوْنِ ﴿۳۹﴾

۲۱۔ پھر ہم نے اسے ایک محفوظ مقام میں ٹھہرائے رکھا۔
۲۲۔ ایک معین مدت تک کے لیے۔☆
۲۳۔ پھر ہم نے ایک انداز سے منظم کیا پھر ہم بہترین انداز سے منظم کرنے والے ہیں
۲۴۔ اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔
۲۵۔ کیا ہم نے زمین کو قرارگاہ نہیں بنایا،☆
۲۶۔ زندوں کے لیے اور مردوں کے لیے،
۲۷۔ اور ہم نے اس میں بلند پہاڑ گاڑ دیے اور ہم نے تمہیں شیرین پانی پلایا۔
۲۸۔ اور اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔
۲۹۔ اب تم لوگ جاؤ اس چیز کی طرف جسے تم جھٹلاتے تھے۔
۳۰۔ چلو اس دھویں کی طرف جو تین شاخوں والا ہے۔☆
۳۱۔ نہ وہ سایہ دار ہے اور نہ آگ کے شعلوں سے بچانے والا ہے۔
۳۲۔ یقیناً یہ دھواں ایسی چنگاریاں اڑائے گا جو محل کے برابر ہیں۔☆
۳۳۔ گویا وہ زرد رنگ کے اونٹ ہیں۔
۳۴۔ اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔
۳۵۔ یہ وہ دن ہے جس میں وہ بول نہیں سکیں گے۔☆
۳۶۔ اور انہیں اجازت نہیں دی جائے گی کہ وہ عذر پیش کریں۔
۳۷۔ اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔
۳۸۔ یہ فیصلے کا دن ہے، ہم نے تمہیں اور پہلوں کو جمع کیا۔
۳۹۔ اب اگر تم حیلہ کر سکتے ہو تو میرے مقابلے میں حیلہ کرو۔☆

۲۲۔ اس کا تعین صرف اللہ کر سکتا ہے کہ بچہ شکم مادر میں کتنی مدت تک رہ سکتا ہے۔
۲۳۔ اس کی تخلیق کی تکمیل کے ساتھ ہم اس کے مقدرات کا بھی تعین کرتے ہیں کہ جسمانی اور نفسیاتی اعتبار سے یہ بچہ کس شخصیت کا مالک بننے والا ہے۔
۲۵۔ کفات کا ایک معنی ظرف کے ہیں۔ اس اعتبار سے یہ معنی بنتے ہیں: کیا ہم نے زمین کو زندہ اور مردہ لوگوں کے لیے ظرف نہیں بنایا؟ اور اس کے ایک معنی حرکت کے بھی ہیں۔ اس صورت میں اس کے یہ معنی بنتے ہیں: کیا ہم نے زمین کو متحرک نہیں بنایا؟ لیکن یہ معنی مراد لینا قرین قیاس نہیں ہے، کیونکہ زمانہ خطاب کے لوگ حرکت ارض سے واقف نہ تھے کہ اس کو مسلمہ امر قرار دے کر ان سے خطاب کیا جائے۔
۳۰۔ یعنی جہنم کا دھواں، جس کی کئی شاخیں ہوں گی۔
۳۲۔ اس آیت میں چنگاریوں کا حجم بتایا گیا ہے، گویا محل کے برابر چنگاریاں اڑیں گی۔ دوسری آیت میں رنگ کی تشبیہ دی کہ یہ چنگاریاں رنگ میں اونٹوں کی طرح ہوں گی۔
۳۵۔ عذاب کے معائنے سے پہلے تو یہ عذر پیش کرتے تھے، لیکن جب عذاب سامنے آ گیا تو قوت گویائی جاتی رہی۔
۳۹۔ دنیا میں تو وہ اللہ کی بندگی سے جان چھڑانے کے لیے حیلے بہانے اور مکاریاں تراشتے تھے، پر اب یہاں عذاب الٰہی سے جان چھڑانے کے لیے کوئی مکاری نہیں چل سکے گی۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۰﴾

۴۰۔اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ ظِلٰلٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿۴۱﴾

۴۱۔تقویٰ اختیار کرنے والے یقیناً سایوں اور چشموں میں ہوں گے۔

وَّفَوَاكِهَ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۴۲﴾

۴۲۔اور ان پھلوں میں جن کی وہ خواہش کریں گے۔

كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۴۳﴾

۴۳۔اب تم اپنے اعمال کے صلے میں خوشگواری کے ساتھ کھاؤ اور پیو۔

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۴۴﴾

۴۴۔ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی صلہ دیتے ہیں۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۵﴾

۴۵۔اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔

كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا قَلِيْلًا اِنَّكُمْ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۴۶﴾

۴۶۔کھاؤ اور تھوڑے دن مزے کرو، یقیناً تم مجرم ہو۔☆

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۷﴾

۴۷۔اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ ارْكَعُوْا لَا يَرْكَعُوْنَ ﴿۴۸﴾

۴۸۔اور جب ان سے کہا جاتا ہے کہ رکوع کرو تو رکوع نہیں کرتے۔

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۴۹﴾

۴۹۔اس دن جھٹلانے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔

فَبِاَيِّ حَدِيْثٍ بَعْدَهٗ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۰﴾

۵۰۔پس اس (قرآن) کے بعد کس کلام پر ایمان لائیں گے؟

سورہ النباء ۔مکی ۔آیات ۴۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

عَمَّ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱﴾

۱۔یہ لوگ کس چیز کے بارے میں باہم سوال کر رہے ہیں؟☆

عَنِ النَّبَاِ الْعَظِيْمِ ﴿۲﴾

۲۔کیا اس عظیم خبر کے بارے میں؟☆

الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ مُخْتَلِفُوْنَ ﴿۳﴾

۳۔جس میں یہ اختلاف کر رہے ہیں؟☆

كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾

۴۔(جیسے مشرکین سوچتے ہیں ایسا) ہرگز نہیں! عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا۔

ثُمَّ كَلَّا سَيَعْلَمُوْنَ ﴿۵﴾

۵۔پھر (کہتا ہوں ایسا) ہرگز نہیں! عنقریب انہیں معلوم ہو جائے گا (کہ قیامت برحق ہے)۔

اَلَمْ نَجْعَلِ الْاَرْضَ مِهٰدًا ﴿۶﴾

۶۔کیا ہم نے زمین کو گہوارہ نہیں بنایا؟☆

وَّالْجِبَالَ اَوْتَادًا ﴿۷﴾

۷۔اور پہاڑوں کو میخیں نہیں بنایا؟☆

۴۶۔ مجرموں کے لیے اللہ کی طرف سے سب سے بڑی سزا یہ ہے کہ ان کو ان کے اپنے حال پر چھوڑ دیا جائے۔ چشم ظاہر بین کے لیے كُلُوْا وَتَمَتَّعُوْا ''کھاؤ اور مزے اڑاؤ'' نہایت پرکشش ہے، لیکن حقیقت میں یہ ان کے لیے بڑی سزا ہے۔

سورہ نباء

۱ تا ۳ ابتدائے بعثت میں نازل ہونے والی آیات میں قرآن قیامت کو سب سے زیادہ اہمیت دے کر بیان کرتا ہے، کیونکہ مشرکین قیامت کے بارے میں چہ میگوئیاں کرتے تھے۔ کبھی ناممکن و محال قرار دیتے، کبھی اسے نامعقول قرار دیتے ہوئے سوال کرتے تھے کہ کیا یہ ممکن ہے کہ گل سڑ کر خاک ہونے کے بعد ہم دوبارہ زندہ ہو جائیں؟ منکروں پر رسولؐ کی ہر خبر گراں گزرتی تھی۔ عیناً یہی حالت کچھ ایسے لوگوں کی بھی تھی جن پر عند اللہ و عند الرسولؐ حضرت علی علیہ السلام کے مقام و منزلت کی ہر حدیث گراں گزرتی تھی۔ چنانچہ امامیہ مصادر میں تواتر سے ثابت ہے کہ اس کے مصداق میں علی علیہ السلام کی ولایت ہے۔ چنانچہ شعراء نے بھی اپنے اشعار میں اسے ایک مسلمہ امر کے طور پر ذکر کیا ہے:

هو النباء العظيم و فلك نوح
و باب الله و انقطع الخطاب

(الصراط المستقيم ۱:۲۵۹)

غیر امامیہ مصادر میں بھی اس کا ذکر ملتا ہے۔ ملاحظہ ہو ابوبکر بن مؤمن شیرازی کی کتاب الاعتقادات میں سدی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا: ولاية علي يتساء لون عنها في قبورهم... علی کی ولایت کے بارے میں ان سے قبروں میں سوال ہو گا۔ ملاحظہ ہو حاشیہ احقاق الحق ۳: ۴۸۵۔

۶۔ زمین کو گہوارہ بنایا اور اسے حرکت کے باوجود پرسکون اور زندگی کے لیے نامساعد فضا میں سامان زیست سے سرشار بنایا۔

۷۔ ارضیاتی ماہرین کے مطابق زمین کی پچاس کلومیٹر کی گہرائی میں درجہ حرارت ۱۵۰۰ سینٹی گریڈ ہے، جہاں پتھر پگھل جاتے ہیں، مگر اوپر کے دباؤ کی وجہ سے سیال نہیں ہوتے۔ ۳۰۰۰ کلومیٹر کی گہرائی سے زمین کا آہنی مرکزی حصہ شروع ہوتا ہے۔ اس

وَّخَلَقْنٰكُمْ اَزْوَاجًا ۙ﴿۸﴾
وَّجَعَلْنَا نَوْمَكُمْ سُبَاتًا ۙ﴿۹﴾
وَّجَعَلْنَا الَّيْلَ لِبَاسًا ۙ﴿۱۰﴾
وَّجَعَلْنَا النَّهَارَ مَعَاشًا ۖ﴿۱۱﴾
وَّبَنَيْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعًا شِدَادًا ۙ﴿۱۲﴾
وَّجَعَلْنَا سِرَاجًا وَّهَّاجًا ۙ﴿۱۳﴾
وَّاَنْزَلْنَا مِنَ الْمُعْصِرٰتِ مَآءً
ثَجَّاجًا ۙ﴿۱۴﴾
لِّنُخْرِجَ بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ۙ﴿۱۵﴾
وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ؕ﴿۱۶﴾
اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ۙ﴿۱۷﴾
يَّوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ
اَفْوَاجًا ۙ﴿۱۸﴾
وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ
اَبْوَابًا ۙ﴿۱۹﴾
وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ
سَرَابًا ؕ﴿۲۰﴾
اِنَّ جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ۙ﴿۲۱﴾
لِّلطّٰغِيْنَ مَاٰبًا ۙ﴿۲۲﴾
لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ۚ﴿۲۳﴾
لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا
شَرَابًا ۙ﴿۲۴﴾
اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ۙ﴿۲۵﴾

۸۔ اور ہم نے تمہیں جوڑا جوڑا پیدا کیا۔
۹۔ اور ہم نے تمہاری نیند کو (باعث) سکون بنایا۔☆
۱۰۔ اور رات کو ہم نے پردہ قرار دیا۔
۱۱۔ اور دن کو ہم نے معاش (کا ذریعہ) بنایا۔
۱۲۔ اور تمہارے اوپر ہم نے سات مضبوط (آسمان) بنائے۔
۱۳۔ اور ہم نے ایک روشن چراغ بنایا۔
۱۴۔ اور بادلوں سے ہم نے موسلا دھار پانی برسایا۔☆
۱۵۔ تاکہ ہم اس سے غلہ اور سبزیاں اگائیں۔
۱۶۔ اور گھنے باغات اگائیں۔
۱۷۔ یقیناً فیصلے کا دن مقرر ہے۔
۱۸۔ اس دن صور میں پھونک ماری جائے گی تو تم لوگ گروہ در گروہ نکل آؤ گے۔☆
۱۹۔ اور آسمان کھول دیے جائیں گے تو دروازے ہی دروازے ہوں گے۔☆
۲۰۔ اور پہاڑ چلا دیے جائیں گے تو وہ سراب ہو جائیں گے۔
۲۱۔ جہنم یقیناً ایک گھات ہے۔
۲۲۔ جو سرکشوں کے لیے ٹھکانا ہے۔
۲۳۔ جس میں وہ مدتوں پڑے رہیں گے۔
۲۴۔ وہاں وہ کسی ٹھنڈک اور مشروب کا ذائقہ نہیں چکھیں گے۔
۲۵۔ سوائے کھولتے ہوئے پانی اور بہتی پیپ کے۔

آہنی مرکز کے اوپر زمین کا ٹائٹل جامد صورت میں ہے۔ اگر پہاڑ نہ ہوتے تو حرکت زمین کی وجہ سے اس کا بیرونی ٹائٹل آہنی مرکز کے اوپر ڈول جاتا۔ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ ۔ یہ پہاڑ ہیں جو اوپر سے سر بفلک ہونے کے ساتھ اس سے کئی گنا زیر زمین جڑیں گاڑے ہوئے ہیں اور بیرونی ٹائٹل کو مرکز کے ساتھ بالکل میخوں اَوْتَادًا کی طرح جوڑ رکھا ہے۔ جل الخالق.

۹۔ سبات معطل کرنے کو کہتے ہیں۔ نیند کی حالت میں انسان کی تمام قوتیں معطل اور جمود کی حالت میں ہوتی ہیں۔ دن کی سرگرمیوں کی وجہ سے صرف شدہ انرجی کو دوبارہ چارج کرنے کے لیے قدرت کی طرف سے یہ نیند ایک عظیم معجزہ ہے۔ دن میں منتشر شدہ انرجی کی بحالی اور واپسی جس ذات کے لیے ممکن ہے، وہ بدن کے منتشر شدہ اجزا کے اعادہ پر بھی قدرت رکھتی ہے۔

۱۴۔ الْمُعْصِرٰتِ: بارش دینے والے بادل کو کہتے ہیں۔ بعض کے نزدیک الْمُعْصِرٰتِ وہ ہوا ہے جو بادلوں پر دباؤ ڈالتی ہے جس سے بارش برستی ہے۔ روایت میں الْمُعْصِرٰتِ بارش دینے کے معنوں میں آیا ہے۔ ملاحظہ ہو تفسیر عیاشی۔
ثجاج اس بارش کو کہتے ہیں جو موسلا دھار ہو۔

۱۸۔ گروہ در گروہ کے بارے میں براء بن عاذب کی ایک روایت ہے، جسے بحار الانوار ۷: ۸۹ میں الکشاف ۴: ۶۸۷ میں ذکر کیا گیا ہے، جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ ان دس (۱۰) گروہوں کے بارے ہے جنہیں قیامت کے دن مختلف شکلوں میں اٹھایا جائے گا۔ ان میں چغل خور، حرام خور، رباخور، غیر عادل قاضی، اپنے اعمال پر ناز کرنے والے، بے عمل علماء، ہمسایوں کو اذیت دینے والے، تکبر و نخوت والے، شہوت پرستی کرنے والے، حکمرانوں کے پاس چغل خوری کرنے والے کا ذکر ملتا ہے۔ تفصیل مذکورہ کتب میں موجود ہے۔

۱۹۔ قیامت برپا ہونے کا مطلب ایک کائناتی انقلاب ہے۔ اس انقلاب کے بعد آسمان کے دروازے کھل جائیں گے اور آسمانوں کی طرف اور جنت میں جانا ممکن ہو جائے گا۔

جَزَآءً وِّفَاقًا ﴿۲۶﴾
اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ
حِسَابًا ﴿۲۷﴾
وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ﴿۲۸﴾
وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ﴿۲۹﴾
فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ اِلَّا
ع ۱ عَذَابًا ﴿۳۰﴾
اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ﴿۳۱﴾
حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ﴿۳۲﴾
وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ﴿۳۳﴾
وَّكَاْسًا دِهَاقًا ﴿۳۴﴾
لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا وَّ لَا
كِذّٰبًا ﴿۳۵﴾
جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ عَطَآءً حِسَابًا ﴿۳۶﴾
رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا
بَيْنَهُمَا الرَّحْمٰنِ لَا يَمْلِكُوْنَ مِنْهُ
خِطَابًا ﴿۳۷﴾
يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا ۙ
لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ
الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾
ذٰلِكَ الْيَوْمُ الْحَقُّ ۚ فَمَنْ شَآءَ
اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا ﴿۳۹﴾
اِنَّآ اَنْذَرْنٰكُمْ عَذَابًا قَرِيْبًا ۖ يَّوْمَ

۲۶۔ یہ (ان کے جرائم کا) موزوں بدلہ ہے۔
۲۷۔ یہ لوگ کسی حساب کی توقع ہی نہیں رکھتے تھے۔
۲۸۔ اور ہماری آیات کو پوری قوت سے جھٹلاتے تھے۔
۲۹۔ اور کتاب میں ہم نے ہر چیز کا احاطہ کر رکھا ہے۔☆
۳۰۔ پس اب چکھو کہ ہم تمہارے عذاب میں اضافہ ہی کرتے جائیں گے۔
۳۱۔ تقویٰ والوں کے لیے یقیناً کامیابی ہے۔☆
۳۲۔ باغات اور انگور ہیں،
۳۳۔ اور نوخیز ہم سن بیویاں ہیں،
۳۴۔ اور چھلکتے جام ہیں۔
۳۵۔ وہ وہاں لغو اور جھوٹی بات نہیں سنیں گے۔☆
۳۶۔ عنایت کے طور پر آپ کے پروردگار کی طرف سے، جو کافی جزا ہوگی،
۳۷۔ جو کچھ آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان میں ہے، سب کے پروردگار رحمٰن کی طرف سے، جس کے سامنے کسی کو بولنے کا اختیار نہیں ہوگا۔
۳۸۔ اس روز روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہوں گے اور کوئی بات نہیں کر سکے گا سوائے اس کے جسے رحمٰن اجازت دے اور جو درست بات کرے۔☆
۳۹۔ یہ ہے وہ برحق روز، پس جو چاہتا ہے وہ اپنے رب کے پاس منزل بنا لے۔☆
۴۰۔ ہم نے تمہیں قریب آنے والے عذاب کے بارے میں تنبیہ کی ہے، اس روز انسان

۲۶۔ یعنی ان کے جرائم کے مطابق ان کو سزا دی جاتی ہے۔ پہلے بھی ذکر ہوا ہے۔ انسان کا عمل انرجی کی شکل میں باقی رہتا ہے۔ کل قیامت کے دن مجسم ہو کر جزا و سزا بن کر سامنے آئے گا۔ لہٰذا جزا اور عمل برابر ہوگا۔ نہ کم نہ زیادہ۔
۲۹۔ ہم ان کی ہر حرکت اور ہر عمل و کردار کو ان کے نامہ اعمال میں ثبت کرتے جا رہے تھے۔
۳۱۔ متقی وہ لوگ ہیں جنہوں نے دنیا میں اس عقیدے کے ساتھ زندگی گزاری کہ انہیں اپنے اعمال کا حساب دینا ہے۔
۳۵۔ بیہودہ گفتگو اور جھوٹ بولنا انسان کے لیے ایک قسم کا عار و ننگ اور بری خصلت ہے۔ جنت کے رہنے والے اعلیٰ قدروں کے مالک ہوں گے۔ وہ اس بری خصلت سے پاک ہوں گے۔
۳۸۔ شفاعت کے لیے دو شرطوں کا ذکر ہے: اول یہ کہ اللہ کی طرف سے اجازت ہو۔ دوم یہ کہ درست بات کرے۔ ممکن ہے اس سے مراد یہ ہو کہ شفاعت کے لیے اہل لوگوں سے شفاعت کی درخواست کرے۔
الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ: اس جگہ الرُّوْحُ سے مراد اہل سنت کی روایت کے مطابق اللہ کے لشکروں میں سے ایک لشکر ہے۔ اہل بیتؑ کی روایت کے مطابق ایک ایسا عظیم المنزلت فرشتہ ہے، جو جبرئیل اور میکائیل سے بھی عظیم تر ہے۔ جو ہمیشہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ہوتا تھا۔ (تفسیر قمی)
۳۹۔ یہ ہے وہ برحق روز جس میں ہمیشہ کی زندگی کا فیصلہ ہونا ہے۔ اگر کوئی عاقل اس سلسلے میں اپنی عقل سے کام لیتا ہے تو اسے چاہیے کہ اس دنیا کی زندگی میں فرصت ہاتھ سے نکل جانے سے پہلے اپنے رب کے پاس اپنا مقام بنا لے۔
۴۰۔ جو کچھ اس نے دنیا میں کیا ہے وہ اسے حاضر پائے گا۔ وہ گناہ کی لذت بھول چکا ہوگا اور حساب دینا باقی ہوگا۔ اپنے نامہ اعمال میں گناہوں کا حجم دیکھ کر وہ کہ اٹھے گا: کاش میں مکلف (ذمہ دار) انسان ہونے کی بجائے مٹی ہوتا۔

يَنْظُرُ الْمَرْءُ مَا قَدَّمَتْ يَدٰهُ وَيَقُوْلُ
ع ۲/۱ الْكٰفِرُ يٰلَيْتَنِيْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿۴۰﴾

سُوْرَةُ النّٰزِعٰتِ مَكِّيَّةٌ ۴۶ ﴿۷۹﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿۱﴾
وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا ﴿۲﴾
وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿۳﴾
فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿۴﴾
وقف لازم فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿۵﴾
يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿۶﴾
تَتْبَعُهَا الرَّادِفَةُ ﴿۷﴾
قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿۸﴾
وقف لازم اَبْصَارُهَا خَاشِعَةٌ ﴿۹﴾
يَقُوْلُوْنَ ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي
الْحَافِرَةِ ﴿۱۰﴾
ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً ﴿۱۱﴾
وقف لازم قَالُوْا تِلْكَ اِذًا كَرَّةٌ خَاسِرَةٌ ﴿۱۲﴾
فَاِنَّمَا هِيَ زَجْرَةٌ وَّاحِدَةٌ ﴿۱۳﴾
فَاِذَا هُمْ بِالسَّاهِرَةِ ﴿۱۴﴾
وقف لازم هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ﴿۱۵﴾
اِذْ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ
طُوًى ﴿۱۶﴾
اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۱۷﴾

ان تمام اعمال کو دیکھ لے گا جو وہ اپنے ہاتھوں آگے بھیج چکا ہے اور کافر کہ اٹھے گا: اے کاش! میں خاک ہوتا۔☆

سورہ نازعات ۔مکی ۔آیات ۴۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔قسم ہے ان (فرشتوں) کی جو گھس کر کھینچ لیتے ہیں۔☆
۲۔اور آسانی سے نکال لیتے ہیں۔☆
۳۔اور تیزی سے لپکتے ہیں۔☆
۴۔ پھر (حکم کی بجا آوری میں) خود سبقت لے جاتے ہیں۔☆
۵۔ پھر امر کی تدبیر کرنے والے ہیں۔☆
۶۔اس روز کانپنے والی کانپے گی۔
۷۔اس کے پیچھے دوسرا (لرزہ) آئے گا۔☆
۸۔کچھ دل اس دن مضطرب ہوں گے۔
۹۔ان کی نگاہیں جھکی ہوئی ہوں گی۔
۱۰۔کہتے ہوں گے: کیا ہم ابتدا کی طرف پھر واپس لائے جائیں گے؟☆
۱۱۔ کیا جب ہم کھوکھلی ہڈیاں ہو چکے ہوں گے (تب بھی)۔☆
۱۲۔ کہتے ہیں: پھر تو یہ واپسی گھاٹے کی ہو گی۔☆
۱۳۔ پس یہ واپسی یقیناً صرف ایک جھڑکی ہو گی۔
۱۴۔ پھر وہ یکا یک میدان (حشر) میں موجود ہوں گے۔☆
۱۵۔کیا موسیٰ کی خبر آپ تک پہنچی؟
۱۶۔ جب ان کے رب نے طویٰ کی مقدس وادی میں انہیں پکارا تھا۔
۱۷۔ (پھر حکم دیا) فرعون کی طرف جائیں بلاشبہ وہ سرکش ہو گیا ہے۔

سورہ نازعات

۱۔۵ کہتے ہیں الف وتاء کے ساتھ فرشتوں کے لیے جمع مؤنث نہیں بنائی جاتی۔ کیونکہ یہ تو مشرکوں کا شعار ہے: لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى (نجم:۲۷) وہ فرشتوں کے نام لڑکیوں جیسے رکھتے ہیں۔ جواب یہ ہے: اصل کلام جماعة الملائکة ہے۔ لفظ جماعة محذوف ہے۔ قرآن میں دوسری جگہوں پر فرشتوں کے لیے الف وتاء کے ساتھ جمع بنائی گئی ہے۔ جیسے لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ (رعد:۱۱) میں یقیناً فرشتے مراد ہیں۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا (صافات:۱) میں بھی اکثر نے کہا ہے کہ فرشتے مراد ہیں۔

یہ پانچ اوصاف ان فرشتوں کے ہیں جن کی مختلف ذمہ داریاں ہیں۔ آیت کے سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے چار اوصاف کے بعد پانچویں وصف یعنی تدبیر امور کی نوبت آتی ہے۔ لہٰذا پہلے چار اوصاف تدبیر امور کائنات کے تمہیدی امور معلوم ہوتے ہیں. تدبیر امور کے سلسلے میں فرشتے اللہ کی طرف سے وحی نازل کرنے میں واسطہ ہوتے ہیں۔ امتوں پر بلا نازل کرنے کے لیے واسطہ ہوتے ہیں۔ قبر میں حساب لینے، قیامت کے دن ثواب وعقاب دینے کے لیے، جہنم کے داروغہ کے طور پر کام کرنے کے لیے ذرائع ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہت سے امور فرشتوں کے ذریعے انجام پاتے ہیں، جن میں حقیقی مدبر تو خود اللہ تعالیٰ ہے، لیکن فرشتے کاتب کے ہاتھ میں قلم کی طرح ہوتے ہیں۔

سیاق سے معلوم ہوتا ہے کہ جس بات پر ان فرشتوں کی قسم کھائی گئی ہے، وہ یہ ہے کہ قیامت ضرور آئے گی۔

۷۔ پہلے جھٹکے سے مراد صور میں پھونکنا ہی ہو سکتا ہے جس سے ہر چیز تباہ ہو جائے گی اور دوسرے جھٹکے سے دوسری دفعہ صور میں پھونکنا مراد ہو سکتا ہے جس کے بعد تمام مردے زندہ ہو جائیں گے۔

۱۰۔ الْحَافِرَةِ: سابقہ چلا ہوا راستہ۔ راستے پر زیادہ چلنے سے زمین نیچے دھنس جاتی ہے اور کھدی ہوئی لگتی ہے۔

۱۱۔ نَّخِرَةً: کھوکھلی۔ اندر سے کھوکھلا ہونے کی وجہ سے اس سے ہوا آواز کے ساتھ گزرتی ہے۔ نخیر آواز کو کہتے ہیں۔

۱۲۔بطور استہزاء کہیں گے: اگر ہمیں دوبارہ زندہ ہونا

فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۸﴾

۱۸۔ پھر اس سے کہہ دیں: کیا تو پاکیزگی اختیار کرنے کے لیے آمادہ ہے؟

وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿۱۹﴾

۱۹۔ اور میں تیرے رب کی طرف تیری رہنمائی کر دوں تاکہ تو خوف کرے۔

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿۲۰﴾

۲۰۔ چنانچہ موسیٰ نے فرعون کو بہت بڑی نشانی دکھائی

فَكَذَّبَ وَعَصٰى ﴿۲۱﴾

۲۱۔ مگر اس نے جھٹلایا اور نافرمانی کی۔

ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿۲۲﴾

۲۲۔ پھر دوڑ دھوپ کرنے کے لیے لوٹ گیا۔

فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿۲۳﴾

۲۳۔ چنانچہ (لوگوں کو) جمع کر کے پکارا۔

فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ الْاَعْلٰى ﴿۲۴﴾

۲۴۔ پھر کہنے لگا: میں ہی تمہارا رب اعلیٰ ہوں۔☆

فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى ﴿۲۵﴾

۲۵۔ پس اللہ نے اسے آخرت اور دنیا کے عذاب میں پکڑ لیا۔

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿۲۶﴾ ع ۱۲

۲۶۔ ڈرنے والے کے لیے یقیناً اس میں عبرت ہے۔

ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ ۭ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾

۲۷۔ کیا تمہارا خلق کرنا زیادہ مشکل ہے یا اس آسمان کا جسے اس نے بنایا ہے؟☆

رَفَعَ سَمْكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾

۲۸۔ اللہ نے اس کی چھت اونچی کی پھر اسے معتدل بنایا۔☆

وَاَغْطَشَ لَيْلَهَا وَاَخْرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾

۲۹۔ اور اس کی رات کو تاریک اور اس کے دن کو روشن کیا۔

وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾

۳۰۔ اور اس کے بعد اس نے زمین کو بچھایا۔☆

اَخْرَجَ مِنْهَا مَآءَهَا وَمَرْعٰىهَا ﴿۳۱﴾

۳۱۔ اس نے زمین سے اس کا پانی اور چارہ نکالا۔

وَالْجِبَالَ اَرْسٰىهَا ﴿۳۲﴾

۳۲۔ اور اس میں پہاڑ گاڑ دیے۔

مَتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۳﴾

۳۳۔ تمہارے اور تمہارے مویشیوں کے لیے سامان زندگی کے طور پر۔

فَاِذَا جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾

۳۴۔ پس جب بہت بڑی آفت آ جائے گی۔☆

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾

۳۵۔ تو اس دن انسان اپنا عمل یاد کرے گا۔☆

وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ

۳۶۔ اور دیکھنے والوں کے لیے جہنم ظاہر کی

پڑا تو ہم بڑے گھاٹے میں ہوں گے۔ ہم نے اس کے لیے کوئی تیاری نہیں کی۔

۲۴۔ فرعون اپنے آپ کو سورج دیوتا کا نمائندہ اور شرعی اور قانونی حکمران تصور کرتا تھا۔ اگرچہ وہ اپنے علاوہ دیگر معبودوں کا قائل تھا، تاہم زمین پر اقتدار اعلیٰ کا مالک اپنے آپ کو تصور کرتا تھا۔

۲۷۔ تم کہتے ہو: ہماری بوسیدہ ہڈیوں کو اللہ کس طرح دوبارہ زندہ کرے گا؟ کیا تم نے کبھی اس بات پر غور کیا ہے کہ عالم بالا کی موجودات کا بنانا اس انسان کو دوبارہ بنانے سے زیادہ مشکل اور سنگین کام تھا؟ لیکن اللہ کے لیے کوئی مشکل نہیں۔

۲۸۔ سمك: چھت کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

۳۰۔ یعنی آسمان کو بلند کرنے، دن رات کے وجود میں آنے کے بعد زمین کا دحو ہوا ۔ دحو بچھانے کو کہتے ہیں۔ جوہری نے صحاح میں کہا: دحو لڑھکنے کو کہتے ہیں۔ راغب نے کہا: اذا لھا عن مقرھا۔ اپنے ٹھکانے سے ہٹا دینے کو کہتے ہیں۔ ہم دحو کو بچھانے کے معنوں میں لیتے ہیں ۔ کرۂ زمین کی تخلیق پہلے ہوئی لیکن بچھانے کا عمل بعد میں ہوا۔ جب آسمان خلق ہوئے تو آسمان سے باقی کرات میں دن اور رات وجود میں آنے لگے ۔ اس کے بعد زمیں کو بچھانا شروع کیا۔ اس سے پہلے زمین ایک آتشیں کرہ تھی۔ آہستہ آہستہ سرد ہونا شروع ہوئی اور مٹی وجود میں آنے لگی۔ جسے دحو کہا گیا ہے یا یہ کہ شروع میں زمین کو سرد کرنے کے لیے پورا کرہ ارض پانی میں ڈوبا ہوا تھا، آہستہ آہستہ خشکی نمودار ہونا شروع ہوئی جسے دحو کہتے ہیں ۔ پھر اس خشکی میں دریا اور چشمے جاری کر دیے، جس سے حیوانوں کے لیے چارہ اور انسانوں کے لیے دانہ وجود میں آیا۔

۳۴۔ الطَّآمَّةُ اس آفت کو کہتے ہیں جو ناقابل تحمل ہوتی ہے۔ اس پر کبریٰ کا تاکیدی لفظ بھی استعمال کیا گیا ہے۔

۳۵۔ جب قیامت کی ناقابل تحمل اور بڑی آفت آ چکی ہوگی تو اس وقت انسان کو اپنا سارا کیا دھرا یاد آ جائے گا۔

يَّرٰى ﴿۳۶﴾
فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾
وَاٰثَرَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾
فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾
وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى
النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾
فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾
يَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ
مُرْسٰىهَا ﴿۴۲﴾
فِيْمَ اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿۴۳﴾
اِلٰى رَبِّكَ مُنْتَهٰىهَا ﴿۴۴﴾
اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿۴۵﴾
كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا
عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿۴۶﴾ ع ۲

۸۰ سُوْرَةُ عَبَسَ مَكِّيَّةٌ ۴۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿۱﴾
اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿۲﴾
وَمَا يُدْرِيْكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰٓى ﴿۳﴾
اَوْ يَذَّكَّرُ فَتَنْفَعَهُ الذِّكْرٰى ﴿۴﴾
اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰى ﴿۵﴾
فَاَنْتَ لَهٗ تَصَدّٰى ﴿۶﴾
وَمَا عَلَيْكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ﴿۷﴾

جائے گی۔
۳۷۔ جس نے سرکشی کی،
۳۸۔ اور دنیاوی زندگی کو ترجیح دی،☆
۳۹۔ اس کا ٹھکانا یقیناً جہنم ہوگا۔
۴۰۔ اور جو شخص اپنے پروردگار کی بارگاہ میں پیش ہونے کا خوف رکھتا ہے اور نفس کو خواہشات سے روکتا ہے،☆
۴۱۔ اس کا ٹھکانا یقیناً جنت ہے۔
۴۲۔ یہ لوگ آپ سے قیامت کے بارے میں سوال کرتے ہیں کہ کب واقع ہوگی؟
۴۳۔ آپ کو کیا کام ہے اس (کی حقیقت) کے بیان سے۔
۴۴۔ اس (کے علم) کی انتہا آپ کے پروردگار کی طرف ہے۔
۴۵۔ آپ تو صرف اسے تنبیہ کرنے والے ہیں جو اس (قیامت) سے ڈرتا ہے۔
۴۶۔ جب وہ اس قیامت کے دن کا سامنا کریں گے، (ایسا لگے گا) گویا وہ (دنیا میں) صرف ایک شام یا ایک صبح ٹھہرے ہیں۔

سورہ عبس۔ مکی۔ آیات ۴۲

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اس نے ترشروئی اختیار کی اور منہ پھیر لیا،☆
۲۔ ایک نابینا کے اس کے پاس آنے پر۔
۳۔ اور آپ کو کون سی چیز بتائے گی شاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا۔
۴۔ یا نصیحت سنتا اور نصیحت اسے فائدہ دیتی۔
۵۔ اور جو (اپنے آپ کو حق سے) بے نیاز سمجھتا ہے،
۶۔ سو آپ اس پر توجہ دے رہے ہیں۔
۷۔ اور اگر وہ پاکیزگی اختیار نہ بھی کرے تو آپ پر کوئی ذمہ داری نہیں۔

۳۸۔ دنیاوی زندگی کو ترجیح دی۔ یعنی جب دنیا اور آخرت میں سے ایک کو اختیار کرنے کی نوبت آئی تو آخرت ٹھکرا کر دنیا کو ترجیح دی۔ ان لوگوں کے لیے ٹھکانا آتش جہنم ہے۔ جہاں دنیا و آخرت میں ٹکراؤ نہیں ہے، وہاں دنیا کو اہمیت دینے کو ترجیح دینا نہیں کہتے۔
۴۰۔ نفس کو ان خواہشات سے روکتا ہے جو مہلک ہیں، ورنہ قانون و شریعت کے دائرے میں رہ کر جائز خواہشات کو پورا کرنا بھی عبادت ہوتی ہے، جیسے ازدواج۔

سورہ عبس

۱۔ اہل سنت کے مصادر میں آیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکے کے چند بڑے سرداروں کو اسلام کی دعوت دینے میں مشغول تھے، اس وقت حضرت ابن ام مکتوم جو نابینا تھے، حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور چند اسلامی تعلیمات بیان کرنے پر اصرار کرنے لگے، رسول اللہؐ نے اس مداخلت کو ناپسند کیا اور آپؐ نے اس سے بے رخی برتی، اس پر یہ سورہ نازل ہوا۔ شیعہ مصادر میں آیا ہے کہ یہ ترشروئی اختیار کرنے والا بنی امیہ کا ایک شخص تھا جو رسول اللہؐ کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اس وقت ابن ام مکتوم آیا تو اس نے منہ چڑایا اور ترشروئی اختیار کی، اس شخص کی مذمت میں یہ آیت نازل ہوئی۔ کچھ لوگ اسے رسول اللہؐ کی غلطی شمار کرتے ہیں (معاذ اللہ)۔ سنی روایات کے مطابق بھی رسول اللہؐ اسکے مخاطب نہیں ہیں، بلکہ ان آیات میں سردلبران در حدیث دیگران کے طور پر اس راز سے پردہ اٹھایا گیا ہے کہ اس عظیم کارواں میں ایک نابینا مؤمن کئی سرداروں سے زیادہ کردار ادا کرسکتا ہے۔ یہی نادار لوگ اس دین کے لیے قربانی پیش کرسکتے ہیں، ورنہ مراعات یافتہ لوگ اس دین کو اپنے مفاد میں استعمال کرتے ہیں۔ اس قسم کا طرز خطاب قرآن میں بہت زیادہ ہے کہ مخاطب رسول کو قرار دیا جاتا ہے جبکہ دوسروں کو سنانا مقصود ہوتا ہے۔ چنانچہ فرمایا: لَئِنْ اَشْرَكْتَ لَيَحْبَطَنَّ عَمَلُكَ (زمر: ۶۵) اے رسولؐ اگر آپ شرک کا ارتکاب کریں تو آپ کا عمل حبط ہو جائے گا۔ اس طرح حقیقی مخاطب رسولؐ نہیں، بلکہ وہ کردار یا وہ سوچ ہے جو دنیا والوں پر حاکم ہے اور جس کے تحت ناداروں کے ساتھ بے اعتنائی برتی جاتی ہے اور تمام تر اہمیت مراعات یافتہ طبقے کو مل جاتی ہے۔

وَاَمَّا مَنْ جَآءَكَ يَسْعٰى ۙ﴿۸﴾	۸۔اور لیکن جو آپ کے پاس دوڑتا ہوا آیا،
وَهُوَ يَخْشٰى ۙ﴿۹﴾	۹۔اور وہ خوف (خدا) بھی رکھتا تھا،
فَاَنْتَ عَنْهُ تَلَهّٰى ۚ﴿۱۰﴾	۱۰۔اس سے تو آپ بے رخی کرتے ہیں۔
كَلَّاۤ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۚ﴿۱۱﴾	۱۱۔ (ایسا درست) ہرگز نہیں! یہ (آیات) یقیناً نصیحت ہیں۔☆
فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۘ﴿۱۲﴾ وقف لازم	۱۲۔پس جو چاہے! انہیں یاد رکھے۔
فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ﴿۱۳﴾	۱۳۔ یہ محترم صحیفوں میں ہیں۔☆
مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ۙ﴿۱۴﴾	۱۴۔ جو بلند مرتبہ، پاکیزہ ہیں۔
بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ۙ﴿۱۵﴾	۱۵۔ یہ ایسے فرشتوں کے ہاتھوں میں ہیں☆
كِرَامٍۭ بَرَرَةٍ ؕ﴿۱۶﴾	۱۶۔ جو عزت والے، نیک ہیں۔
قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَاۤ اَكْفَرَهٗ ؕ﴿۱۷﴾	۱۷۔ ہلاکت میں پڑ جائے یہ انسان، یہ کس قدر ناشکرا ہے۔☆
مِنْ اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ؕ﴿۱۸﴾	۱۸۔ (یہ نہیں سوچتا کہ) اسے اللہ نے کس چیز سے بنایا ہے؟☆
مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ۙ﴿۱۹﴾	۱۹۔ نطفے سے بنایا ہے پھر اس کی تقدیر بنائی،
ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ ۙ﴿۲۰﴾	۲۰۔ پھر اس کے لیے راستہ آسان بنا دیا۔☆
ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ۙ﴿۲۱﴾	۲۱۔ پھر اسے موت سے دوچار کیا پھر اسے قبر میں پہنچا دیا۔☆
ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ؕ﴿۲۲﴾	۲۲۔ پھر جب اللہ چاہے گا اسے اٹھا لے گا۔☆
كَلَّا لَمَّا يَقْضِ مَاۤ اَمَرَهٗ ؕ﴿۲۳﴾	۲۳۔ ہرگز نہیں! اللہ نے جو حکم اسے دیا تھا اس نے اسے پورا نہیں کیا۔
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖۤ ۙ﴿۲۴﴾	۲۴۔ پس انسان کو اپنے طعام کی طرف نظر کرنی چاہیے،☆
اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۙ﴿۲۵﴾	۲۵۔ کہ ہم نے خوب پانی برسایا،
ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۙ﴿۲۶﴾	۲۶۔ پھر ہم نے زمین کو خوب شگافتہ کیا،☆
فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۙ﴿۲۷﴾	۲۷۔ پھر ہم نے اس میں دانے اگائے،
وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۙ﴿۲۸﴾	۲۸۔ نیز انگور اور سبزیاں،
وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۙ﴿۲۹﴾	۲۹۔ اور زیتون اور کھجوریں،
وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۙ﴿۳۰﴾	۳۰۔ اور گھنے باغات،

۱۱۔ اس نصیحت سے مراد قرآن ہے۔

۱۳۔ یعنی یہ قرآن ایسے صحیفوں میں درج ہے جو مکرم ہیں۔ اس آیت سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ قرآن ارضی صحیفوں سے پہلے ملکوتی صحیفوں میں مدون ہو چکا تھا۔

۱۵۔ یہ تدوین ایسے فرشتوں کے ہاتھوں انجام پائی ہے جو عزت والے اور نیک ہیں۔

۱۷ تا ۲۲۔ یہ لفظ اظہار نفرت کے لیے استعمال ہوا ہے جیسے ہم مردہ باد کہتے ہیں۔ اس کے بعد کلمہ تعجب استعمال ہوا ہے کہ انسان کس قدر منکر حق ہے! ایک حقیر بوند سے پیدا ہونے والی یہ مخلوق اپنی تقدیر کی مالک نہیں ہے۔ یعنی بہت سی باتوں میں یہ بے بس ہے۔ اپنے اوصاف وخصلت، موت و حیات اور آفت و مرض وغیرہ میں مقید اور محدود ہونے کے باوجود انکار کی یہ حالت؟ جبکہ اللہ تعالیٰ نے راہ ہدایت کا حصول آسان بنا دیا۔ پھر چند روز روئے زمین پر چلنے پھرنے کے بعد اس قدر بے بس کہ زمین میں دفن ہو جاتا ہے، پھر جواب طلبی کے لیے اٹھایا جاتا ہے۔ اس قدر بے بس انسان اس قدر منکر؟

۱۹۔ خلقت کے بعد تقدیر یعنی ایک نظام میں پابند کر دینے کا عمل انجام پایا۔ اس نظام کے تحت انسان کی رہنمائی بھی اسی فطرت و جبلت میں ودیعت ہوئی جسے اگلی آیت میں بیان فرمایا: ثُمَّ السَّبِيْلَ يَسَّرَهٗ یہ فطرت کا راستہ ہے جو ہر ایک کے لیے میسر ہے۔

۲۴۔ خاک کا سینہ شق کر کے اللہ کس طرح انسان کے لیے طعام کا انتظام فرماتا ہے۔ پہلے اس پر پانی کا چھڑکاؤ کیا جاتا ہے جس سے زمین کی روئیدگی بیدار ہو جاتی ہے اور دانہ شق ہو کر پھلتا پھولتا ہے۔ پھر مختلف دانے اور میوے فراہم ہوتے ہیں۔

۲۶۔ انسان اتنا کر سکتا ہے کہ دانے کو زمین کے اندر پہنچا دے، لیکن زمین کو شق کر کے مختلف پھلوں اور دانوں کا نکالنا اللہ کا کام ہے۔

وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ﴿۳۱﴾
مَّتَاعًا لَّكُمْ وَلِاَنْعَامِكُمْ ﴿۳۲﴾
فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ﴿۳۳﴾
يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ ﴿۳۴﴾
وَاُمِّهٖ وَاَبِيْهِ ﴿۳۵﴾
وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ ﴿۳۶﴾
لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَاْنٌ يُّغْنِيْهِ ﴿۳۷﴾
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ﴿۳۸﴾
ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ﴿۳۹﴾
وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ﴿۴۰﴾
تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿۴۱﴾
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكَفَرَةُ الْفَجَرَةُ ﴿۴۲﴾ ع ۱ ۵

۸۱ سُوْرَةُ التَّكْوِيْرِ مَكِّيَّةٌ ۲۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ ﴿۱﴾
وَاِذَا النُّجُوْمُ انْكَدَرَتْ ﴿۲﴾
وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ ﴿۳﴾
وَاِذَا الْعِشَارُ عُطِّلَتْ ﴿۴﴾
وَاِذَا الْوُحُوْشُ حُشِرَتْ ﴿۵﴾
وَاِذَا الْبِحَارُ سُجِّرَتْ ﴿۶﴾
وَاِذَا النُّفُوْسُ زُوِّجَتْ ﴿۷﴾
وَاِذَا الْمَوْءٗدَةُ سُئِلَتْ ﴿۸﴾

۳۶۔ جو لوگوں کے نزدیک دنیا میں سب سے زیادہ عزیز تھے، جن کی خاطر وہ اللہ کی نافرمانی کرتے اور جن کی محبت میں وہ روز جزا سے غافل ہو جاتے تھے، آج انہیں دیکھ کر وہ بھاگ جاتے ہیں کہ کہیں کسی حق کا مطالبہ نہ کریں، کہیں مدد کے لیے نہ پکاریں یا کہیں اپنے گناہوں کی ذمہ داری اس پر نہ ڈالیں۔

۳۷۔ کسی کو کسی کی فریاد رسی کرنے کا ہوش نہ ہوگا۔ نہ ممتا کی محبت باقی رہے گی، نہ باپ کو بیٹے کے ساتھ ہمدردی رہے گی۔ ہر شخص اپنے اعمال کا نتیجہ دیکھنا چاہے گا کہ آگے انجام کیا ہونے والا ہے۔

۳۸۔ حدیث میں آیا ہے: مَنْ كَثُرَ صَلَاتُهُ بِاللَّيْلِ حَسُنَ وَجْهُهُ بِالنَّهَارِ۔ (الفقیہ ۱: ۴۷۴۔ الکشاف ۴: ۷۰۶) رات کو جس کی نمازیں زیادہ ہوں گی، دن کو اس کا چہرہ پررونق ہوگا۔

۴۰۔ وہی لوگ ہو سکتے ہیں جو دنیا میں خاک آلود چہروں کو تحقیر کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔

سورہ تکویر

۵۔ کیا جانور قیامت کے دن محشور ہوں گے؟ اس موضوع پر کوئی تفصیل موجود نہیں ہے۔ لہٰذا عین ممکن ہے کہ آیت کا اشارہ اس بات کی طرف ہو کہ قیامت برپا ہوتے وقت درندے اپنے ٹھکانوں سے نکل آئیں گے اور ایک دوسرے کو گزند پہنچانا بھول جائیں گے اور اکٹھے ہو جائیں گے اور ممکن ہے وحشی جانور دنیا میں تو ایک دوسرے سے بھاگ جاتے ہیں، لیکن قیامت کی ہولناکی میں کسی اور کا خوف محسوس ہی نہ ہوگا۔ اس آیت سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ جانور بھی محشور ہوں گے۔

۶۔ سمندروں کو آگ لگنا بعید سمجھا جاتا تھا، لیکن پانی جن عناصر سے مرکب ہے وہ قابل سوزش ہے۔ یعنی ہائیڈروجن اور آکسیجن۔ ممکن ہے قیامت کی آتش فشانی سے یہ دو عناصر جدا اور آتش پکڑنے لگ جائیں۔

۷۔ ممکن ہے کہ اس سے مراد جانوں کو جسموں سے جوڑ دینا ہو اور ممکن ہے مراد یہ ہو کہ مؤمن مؤمن سے اور کافر کافر کے ساتھ جوڑ دیے جائیں گے۔ نفوس کو جسموں یا اپنے اپنے ہم خیالوں سے جوڑ دیا جائے گا۔ اصحاب یمین، اصحاب یمین کے ساتھ۔ صالح، صالح کے ساتھ۔ اصحاب شمال، اصحاب شمال کے ساتھ کر دیے جائیں گے۔

۳۱۔ اور میوے اور چارے بھی،
۳۲۔ تمہارے اور تمہارے مویشیوں کے لیے سامان زندگی کے طور پر۔
۳۳۔ پھر جب کان پھاڑ آواز آئے گی،
۳۴۔ تو جس دن آدمی اپنے بھائی سے دور بھاگے گا،
۳۵۔ نیز اپنی ماں اور اپنے باپ سے،
۳۶۔ اور اپنی زوجہ اور اپنی اولاد سے بھی۔ ☆
۳۷۔ ان میں سے ہر شخص کو اس روز ایسا کام درپیش ہوگا جو اسے مشغول کر دے۔ ☆
۳۸۔ کچھ چہرے اس روز چمک رہے ہوں گے۔ ☆
۳۹۔ خنداں و شاداں ہوں گے۔
۴۰۔ اور کچھ چہرے اس روز خاک آلود ہوں گے۔ ☆
۴۱۔ ان پر سیاہی چھائی ہوئی ہوگی۔
۴۲۔ یہی کافر اور فاجر لوگ ہوں گے۔

سورہ تکویر۔ مکی۔ آیات ۲۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ جب سورج لپیٹ دیا جائے گا،
۲۔ اور جب ستارے بے نور ہو جائیں گے،
۳۔ اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے،
۴۔ اور جب حاملہ اونٹنیاں (اپنے حال پر) چھوڑ دی جائیں گی،
۵۔ اور جب وحشی جانور اکٹھے کر دیے جائیں گے، ☆
۶۔ اور جب سمندروں کو جوش میں لایا جائے گا، ☆
۷۔ اور جب جانیں (جسموں سے) جوڑ دی جائیں گی، ☆
۸۔ اور جب زندہ درگور لڑکی سے پوچھا جائے گا

بِاَيِّ ذَنْۢبٍ قُتِلَتْ ۚ ﴿۹﴾
وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۗ ﴿۱۰﴾
وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۗ ﴿۱۱﴾
وَاِذَا الْجَحِيْمُ سُعِّرَتْ ۗ ﴿۱۲﴾
وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۗ ﴿۱۳﴾
عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۗ ﴿۱۴﴾
فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۙ ﴿۱۵﴾
الْجَوَارِ الْكُنَّسِ ۙ ﴿۱۶﴾
وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۙ ﴿۱۷﴾
وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۙ ﴿۱۸﴾
اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ۙ ﴿۱۹﴾
ذِىْ قُوَّةٍ عِنْدَ ذِى الْعَرْشِ
مَكِيْنٍ ۙ ﴿۲۰﴾
مُّطَاعٍ ثَمَّ اَمِيْنٍ ۗ ﴿۲۱﴾
وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ۚ ﴿۲۲﴾
وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ۚ ﴿۲۳﴾
وَمَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۚ ﴿۲۴﴾
وَ مَا هُوَ بِقَوْلِ شَيْطٰنٍ
رَّجِيْمٍ ۙ ﴿۲۵﴾
فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ۗ ﴿۲۶﴾
اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۙ ﴿۲۷﴾
لِمَنْ شَآءَ مِنْكُمْ اَنْ يَّسْتَقِيْمَ ۗ ﴿۲۸﴾
وَمَا تَشَآءُوْنَ اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ

۹۔ کہ وہ کس گناہ میں ماری گئی ؟☆
۱۰۔ اور جب اعمال نامے کھول دیے جائیں گے،
۱۱۔ اور جب آسمان اکھاڑ دیا جائے گا،
۱۲۔ اور جب جہنم بھڑکائی جائے گی،
۱۳۔ اور جب جنت قریب لائی جائے گی،☆
۱۴۔ اس وقت ہر شخص کو معلوم ہو جائے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے۔☆
۱۵۔ نہیں! میں قسم کھاتا ہوں پس پردہ جانے والے ستاروں کی،☆
۱۶۔ جو روانی کے ساتھ چلتے ہیں اور چھپ جاتے ہیں،☆
۱۷۔ اور قسم کھاتا ہوں رات کی جب وہ جانے لگتی ہے،
۱۸۔ اور صبح کی جب وہ پھوٹتی ہے،
۱۹۔ کہ یقیناً یہ (قرآن) معزز فرستادہ کا قول ہے۔☆
۲۰۔ جو قوت کا مالک ہے، صاحب عرش کے ہاں بلند مقام رکھتا ہے۔
۲۱۔ وہاں ان کی اطاعت کی جاتی ہے اور وہ امین ہیں۔
۲۲۔ اور تمہارا رفیق (محمدؐ) دیوانہ نہیں ہے۔
۲۳۔ اور انہوں نے اس (فرشتہ) کو روشن افق پر دیکھا ہے۔☆
۲۴۔ اور وہ غیب (کی باتیں پہنچانے) میں بخیل نہیں ہے۔☆
۲۵۔ اور یہ (قرآن) کسی مردود شیطان کا قول نہیں ہے۔
۲۶۔ پھر تم کدھر جا رہے ہو؟
۲۷۔ یہ تو سارے عالمین کے لیے بس نصیحت ہے،
۲۸۔ تم میں سے ہر اس شخص کے لیے جو سیدھی راہ چلنا چاہتا ہے۔
۲۹۔ اور تم صرف وہی چاہ سکتے ہو جو عالمین

۹۔ اس تعبیر میں انتہائی غضب الٰہی کا اظہار ہے کہ سوال خود بے گناہ بچی سے کیا جائے گا کہ تو کس جرم میں ماری گئی؟ مجرم باپ سے نہیں پوچھا جائیگا: يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَالْاَقْدَامِ ۔(الرحمن:۴۱) یعنی مجرم لوگ اپنے چہروں سے پہچانے جائیں گے۔
۱۳۔ پہلے ذکر ہو چکا ہے: وَّ فُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا (نباء:۱۹) آسمان کے دروازے کھول دیے جائیں گے۔ اس آیت میں فرمایا کہ جنت قریب لائی جائے گی۔ یعنی مسافتیں سمٹ جائیں گی۔ وہاں زمان و مکان کا وہ تصور نہ ہوگا جو اس دنیا میں ہے۔
۱۴۔ جہاں اعمال کی قیمت لگ جائے گی، وہاں انسان کو علم ہو جائے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے۔ اس آیت اور دیگر آیات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ انسان کا خود عمل حاضر ہو جائے گا، پھر اس کی قیمت لگے گی۔
۱۵۔ الْخُنَّسِ: سکڑنا اور چھپ جانے کے معنوں میں ہے۔
۱۶۔ الْجَوَارِ: تیزی سے چلنے والی شئے۔
الْكُنَّسِ: چھپ جانا۔ اشارہ ستاروں کی طرف ہے۔
عَسْعَسَ: رات کے آخری اور ابتدائی حصے میں، جن میں تاریکی کم ہوتی ہے۔
۱۹۔ اس رسول کریمؐ سے مراد جبرئیل علیہ السلام ہیں جو صاحب عرش یعنی اللہ کے نزدیک بڑا مقام رکھتے ہیں اور آسمان میں ان کی بات مانی جاتی ہے۔ یعنی فرشتے ان کے حکم کی تعمیل کرتے ہیں۔ جس کی عالم بالا میں حکومت چلتی ہو اس کو رسول اعظمؐ کی خدمت میں پیغام لے جانے کی ذمہ داری سونپنا رسول اعظمؐ کی عظمت اور کائنات میں اس رسالت کی عظمت کی دلیل ہے۔
۲۳۔ یعنی رسول کریمؐ نے جبرائیلؑ کو روشن افق پر دیکھ لیا ہے۔ ممکن ہے مراد یہ ہو کہ افق اعلیٰ میں جبرئیل کو اپنی مقتدر حیثیت میں دیکھ لیا ہے۔ اس دیکھنے کی حقیقت حسی رویت کی طرح نہیں تھی، بلکہ اس حقیقت کو رسول اکرمؐ نے اپنے پورے وجود کے ساتھ دیکھ لیا جیسا کہ سورۂ نجم میں فرمایا: مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى (نجم: ۱۱) یہاں قلب و بصر دونوں کی متفقہ رویت تھی۔
۲۴۔ انبیاء علیہم السلام اس بات میں معصوم ہیں کہ وہ

رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۹﴾ ع

سُوْرَةُ الْاِنْفِطَارِ مَكِّيَّةٌ ۱۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ ﴿۱﴾

وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ ﴿۲﴾

وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ ﴿۳﴾

وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ ﴿۴﴾

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَ

اَخَّرَتْ ﴿۵﴾

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ

الْكَرِيْمِ ﴿۶﴾

الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ ﴿۷﴾

فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ﴿۸﴾

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ﴿۹﴾

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ﴿۱۰﴾

كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ﴿۱۱﴾

يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿۱۲﴾

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۱۳﴾ ج

وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ﴿۱۴﴾ ج

يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿۱۵﴾

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ﴿۱۶﴾

وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۷﴾

ثُمَّ مَاۤ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ﴿۱۸﴾

غیب کی باتیں چھپا کر نہیں رکھتے۔

سورہ انفطار

۲۔ یعنی اس کائنات کا موجودہ نظم درہم برہم ہو جائے گا اور ایک جدید کائنات کی تعمیر ہوگی۔

۳۔ ممکن ہے سمندروں میں پھوٹ اس آتش گیری کی وجہ سے ہو جس کا ذکر سورہ تکویر میں ہو چکا ہے۔

۵۔ جو اعمال دنیا میں انجام دیے، وہ آگے بھیجے جانے والے ہوں گے اور جو پیچھے چھوڑ آئے ہیں ان میں صدقہ جاریہ کوئی نیک عمل، جو اس کے مرنے کے بعد جاری و ساری رہتا ہے، اس میں اسے مرنے کے بعد بھی ثواب ملتا رہے گا اور اگر کوئی نامشروع کام رائج کر دیا ہے تو اس پر عمل کرنے والوں کے گناہ میں یہ شخص بھی شامل ہوگا۔

۶۔ اس کی لازوال نعمتوں، رحمتوں اور مہربانیوں کے باوجود تجھے کس چیز نے دھوکہ دیا کہ تو اس سے لاپرواہی برتتا ہے، گویا تو اس کا محتاج ہی نہیں ہے اور اس کی نافرمانی کر کے تو اس سے اس قدر دور نکل گیا گویا تو نے اس کے حضور کبھی جانا ہی نہیں ہے۔ تجھے علم ہونا چاہیے تھا کہ تیرا رب وہ ہے کہ جس نے تمہیں ایک بوند سے خلق کیا، پھر تمام اعضا و جوارح کو ایک حیرت انگیز صورت میں درست بنایا، پھر ان اعضا و جوارح کو اعتدال دیا۔ دونوں آنکھوں، دونوں ہاتھوں، دونوں پاؤں، سینکڑوں اعصاب وغیرہ کو ایک اعتدال دیا اور آخر میں ایسی ترکیب دے کر اس تخلیق کی تکمیل کی، تمام موجودات میں اس انسان کو جمالیات میں ایسی شکل وصورت عنایت کی کہ خود خالق کو اس پر ناز ہے۔ چنانچہ فرمایا: لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْۤ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ (تین: ۴)۔ ہم نے اس انسان کو بہترین پیرائے میں خلق کیا۔

صَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ۔ (تغابن: ۳) اس نے تمہاری تصویر بنائی تو بہترین تصویر بنائی۔

۱۲۔ دو فرشتے ہوں گے، ایک اعمال خیر، دوسرا اعمال شر لکھتا رہے گا۔ موت قریب آنے پر نیک مؤمن سے کہیں گے: تجھے خدا جزائے خیر دے تو نے کتنے صالح اعمال ہمیں دکھائے، کتنی باتیں ہمیں سنائیں اور کتنی اچھی محفلوں میں ہمیں بٹھایا۔ آج ہم تیری پسند کے مطابق تیری شفاعت کریں گے۔ اگر نافرمان رہا ہے تو اس سے کہیں گے: خدا تجھے

کا پروردگار اللہ چاہے۔

سورہ انفطار۔ مکی۔ آیات ۱۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ جب آسمان شگافتہ ہو جائے گا۔

۲۔ اور جب ستارے بکھر جائیں گے۔☆

۳۔ اور جب سمندروں میں پھوٹ ڈالی جائے گی۔☆

۴۔ اور جب قبریں اکھیڑ دی جائیں گی۔

۵۔ اس وقت انسان کو معلوم ہو جائے گا کہ اس نے آگے کیا بھیجا تھا اور پیچھے کیا چھوڑا تھا۔☆

۶۔ اے انسان! تجھے کس چیز نے اپنے کریم پروردگار کے بارے میں دھوکے میں رکھا؟☆

۷۔ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے راست بنایا پھر تجھے معتدل بنایا۔

۸۔ اور جس شکل میں چاہا تجھے جوڑ دیا۔

۹۔ ہرگز نہیں! بلکہ تم (روز) جزا کو جھٹلاتے ہو۔

۱۰۔ جب کہ تم پر نگران مقرر ہیں،

۱۱۔ ایسے معزز لکھنے والے،

۱۲۔ جو تمہارے اعمال کو جانتے ہیں۔☆

۱۳۔ نیکی پر فائز لوگ نعمتوں میں ہوں گے۔

۱۴۔ اور بدکار جہنم میں ہوں گے۔

۱۵۔ وہ جزا کے دن اس میں جھلسائے جائیں گے۔

۱۶۔ اور وہ اس سے چھپ نہیں سکیں گے۔

۱۷۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا جزا کا دن کیا ہے؟

۱۸۔ پھر آپ کو کس چیز نے بتایا جزا کا دن کیا ہے؟

يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ
شَيْـًٔا ؕ وَالْاَمْرُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ﴿۱۹﴾ ع ۱۷

سُوْرَةُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ ۳۶ ﴿۸۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ﴿۱﴾
الَّذِيْنَ اِذَا اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ
يَسْتَوْفُوْنَ ﴿۲﴾
وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ
يُخْسِرُوْنَ ﴿۳﴾
اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ
مَّبْعُوْثُوْنَ ﴿۴﴾
لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵﴾
يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾
كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْفُجَّارِ لَفِيْ
سِجِّيْنٍ ﴿۷﴾
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا سِجِّيْنٌ ﴿۸﴾
كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۹﴾
وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۱۰﴾
الَّذِيْنَ يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿۱۱﴾
وَمَا يُكَذِّبُ بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ
اَثِيْمٍ ﴿۱۲﴾
اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ
الْاَوَّلِيْنَ ﴿۱۳﴾

۱۹۔ اس دن کسی کو کسی کے لیے کچھ (کرنے کا) اختیار نہیں ہوگا اور اس دن صرف اللہ کا حکم چلے گا۔

سورہ مطففین۔ مکی۔ آیات ۳۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ناپ تول میں کمی کرنے والوں کے لیے ہلاکت ہے۔☆

۲۔ جب لوگوں سے لیتے ہیں تو پورا تولتے ہیں،

۳۔ اور جب انہیں ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو کم کر دیتے ہیں۔

۴۔ کیا یہ لوگ نہیں سوچتے کہ وہ اٹھائے جائیں گے،☆

۵۔ ایک بڑے دن کے لیے؟

۶۔ اس دن تمام انسان رب العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے۔☆

۷۔ ہرگز نہیں! بدکاروں کا نامہ اعمال سجین میں ہے۔☆

۸۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا سجین کیا ہے؟

۹۔ یہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے۔

۱۰۔ اس روز تکذیب کرنے والوں کے لیے ہلاکت ہے

۱۱۔ جو روز جزا کو جھٹلاتے ہیں۔

۱۲۔ اور اس روز کو تجاوز کار، گناہگار کے سوا کوئی نہیں جھٹلاتا۔☆

۱۳۔ جب اسے ہماری آیات سنائی جاتی ہیں تو وہ کہتا ہے: یہ تو قصہ ہائے پارینہ ہیں۔

نہ بخشے۔ برے اعمال سے تو نے ہمیں کتنی اذیت دی، کتنی بری باتیں تو نے ہمیں سنائیں اور کتنی بری محفلوں میں تو نے ہمیں بٹھایا۔ آج ہم تیری خواہش کے خلاف رب کے سامنے گواہ ہوں گے۔

(المیزان بحوالہ سعد السعود)

سورہ مطففین

۱۔ طفیف، ہلکی چیز کو کہتے ہیں۔ طفیف سے مراد ہے کسی چیز کو ہلکا یا کم کر دینا۔

۴۔ حقوق الناس میں عموماً اور ناپ تول میں خصوصاً اللہ تعالیٰ بڑے اہتمام سے امانتداری کی خلاف ورزی کرنے والوں کی مذمت کرتا ہے اور انہیں دردناک عذاب کی خبر دیتا ہے۔ قوم شعیب پر اسی گناہ میں ملوث ہونے کی وجہ سے عذاب نازل کیا گیا، کیونکہ اس خیانت سے اقتصادی توازن میں خلل آتا ہے جس سے پورا معاشرہ متاثر ہوتا ہے۔ مدینے کے تاجر ناپ تول میں خیانت کرتے تھے جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خَمْسٌ بِخَمْسٍ. پانچ کے بدلے پانچ۔ لوگوں نے عرض کیا: وہ کیا ہے؟ فرمایا: عہد شکنی کی صورت میں دشمن مسلط ہو گا۔ اللہ کا حکم نافذ نہ کرنے کی صورت میں تنگدستی آئے گی۔ زکوٰۃ نہ دینے کی صورت میں بارش کم ہو گی۔ (بحار الانوار ۷۰: ۳۷۰۔ الکشاف ۴: ۷۱۸)

۶۔ اگر ان کو یہ خیال ہوتا کہ کل رب العالمین کے سامنے حساب کے لیے کھڑے ہونا ہے تو اللہ سے شرم کرتے اور کسی پر ظلم نہ کرتے۔

۷۔ بدکاروں کا نامۂ اعمال سجین نامی کتاب میں موجود ہے۔ اسے کس وجہ سے سجین کہا گیا ہے؟ سجین کو سجن (قید خانہ) کے معنوں میں لیا جائے تو ممکن ہے کہ اس نامۂ اعمال میں تمام برائیاں ضبط تحریر میں آنے کی وجہ سے اسے سجین کہا گیا ہو۔

۱۲۔ جرائم کے ارتکاب میں حد سے تجاوز کرنے والے اور گناہگار ہی روز قیامت قائم ہونے والی عدل و انصاف پر مبنی عدالت سے گریز کرتے ہیں اور اپنے آپ کو جھوٹی تسلی دینے کے لیے قیامت کی نشاندہی پر مبنی آیات کا تمسخر کرتے ہیں۔

كَلَّا بَلْ ۜ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا
كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۱۴﴾
كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ
لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿۱۵﴾
ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا الْجَحِيْمِ ﴿۱۶﴾
ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِيْ كُنْتُمْ بِهٖ
تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۷﴾
كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ الْاَبْرَارِ لَفِيْ
عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿۱۹﴾
كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿۲۰﴾
يَّشْهَدُهُ الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۱﴾
اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ﴿۲۲﴾
عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۲۳﴾
تَعْرِفُ فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ
النَّعِيْمِ ﴿۲۴﴾
يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿۲۵﴾
خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ۭ وَفِيْ ذٰلِكَ
فَلْيَتَنَافَسِ الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿۲۶﴾
وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿۲۷﴾
عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿۲۸﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿۲۹﴾

۱۴۔ ہرگز نہیں! بلکہ ان کے اعمال کی وجہ سے ان کے دل زنگ آلود ہو چکے ہیں۔☆

۱۵۔ ہرگز نہیں! اس روز یہ لوگ یقیناً اپنے رب (کی رحمت) سے اوٹ میں ہوں گے.

۱۶۔ پھر وہ یقیناً جہنم میں جھلسیں گے۔

۱۷۔ پھر کہا جائے گا: یہ وہی ہے جسے تم جھٹلاتے تھے۔

۱۸۔ (یہ جھوٹ) ہرگز نہیں! نیکی پر فائز لوگوں کا نامہ اعمال یقیناً علیین میں ہے۔☆

۱۹۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا علیین کیا ہے؟

۲۰۔ یہ ایک لکھی ہوئی کتاب ہے۔☆

۲۱۔ مقرب لوگ اس کا مشاہدہ کرتے ہیں۔

۲۲۔ نیکی پر فائز لوگ یقیناً نعمتوں میں ہوں گے۔

۲۳۔ مسندوں پر بیٹھے نظارہ کر رہے ہوں گے.

۲۴۔ ان کے چہروں سے آپ نعمتوں کی شادابی محسوس کریں گے۔☆

۲۵۔ انہیں سربمہر خالص مشروب پلائے جائیں گے۔

۲۶۔ جس پر مشک کی مہر لگی ہو گی اور سبقت کرنے والوں کو اس امر میں سبقت کرنی چاہیے۔☆

۲۷۔ اس میں تسنیم (کے پانی) کی آمیزش ہو گی،

۲۸۔ اس چشمے کی جس سے مقرب لوگ پئیں گے،

۲۹۔ جنہوں نے جرم کا ارتکاب کیا تھا، وہ مؤمنین کا مذاق اڑاتے تھے۔☆

۱۴۔ رَانَ: رین سے ہے۔ یعنی ان کے دلوں پر زنگ لگ گیا ہے، جس کی وجہ سے قرآنی روشنی ان پر اثر نہیں کرتی، بلکہ گناہ و ثواب کے کاموں میں تمیز بھی نہیں کر سکتے۔ حدیث میں آیا ہے: جب انسان گناہ کرتا ہے تو اس کے دل میں ایک سیاہ دھبہ لگ جاتا ہے۔ اگر توبہ کی، داغ دھل جاتا ہے، اگر استغفار کی تو صاف ہو جاتا ہے۔ اگر گناہ کا سلسلہ جاری رکھا تو رنگ میں اضافہ ہوتا جاتا ہے۔ یہ وہی دین ہے، جو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے۔ (التوحید شیخ صدوق ص ۴۶۵۔ سنن ترمذی کتاب التفسیر حدیث ۳۲۵۷)

۱۵۔ ایک اہل قلم کا یہ ترجمہ: ''اس روز یہ اپنے رب کی دید سے محروم رکھے جائیں گے''، قرآنی نہیں مسلکی ترجمہ ہے۔ چونکہ غیر امامیہ کا موقف یہ ہے کہ قیامت کے دن اللہ کا دیدار ہو جائے گا، مگر یہ کہ دید سے مراد دید قلب ہو۔

۱۸۔ اَلْاَبْرَارِ: ان ہستیوں کو کہتے ہیں جو نیکی کے اعلیٰ ترین مرتبہ پر فائز ہوں۔ اَلْمُقَرَّبُوْنَ ان سے ایک درجہ آگے ہیں۔ سورہ واقعہ میں بیان ہوا وہ سابقون ہیں: وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ اُولٰٓئِكَ الْمُقَرَّبُوْنَ، جن کی تعداد اس امت میں کم ہے۔

۲۰۔ جس طرح بدکاروں کے نامہ اعمال کو سجین کا نام دیا گیا ہے، اسی طرح نیک آدمیوں کے نامہ اعمال کو علیّون کا نام دیا گیا ہے۔ جس طرح ان کا درجہ علیین میں ہے، ان کا نامہ اعمال بھی بلند مقام پر ہے۔ ایک نظریہ کے مطابق مجسم اعمال کے تحت علیّون سے مراد بہشت برین ہے۔ یعنی ابرار کے اعمال نے مجسم ہو کر علیون کی شکل اختیار کی ہے (انرجی مادے میں بدل کر)۔ یہ لکھی ہوئی کتاب ضرور ہے، مگر لکیروں سے نہیں مقرب بندوں کے مشاہدے کی ایک عملی کتاب ہے۔

۲۴۔ چہروں سے نعمتوں کی شادابی اور رونق ہر دیکھنے والے کے لیے محسوس و عیاں ہو گی۔

۲۶۔ اگر کوئی عاقل کسی چیز کے حصول میں دوسروں پر بازی لے جانا چاہتا ہے تو ان نعمتوں کے حصول میں بازی لے جانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

۲۹۔ تفسیر کبیر، کشاف اور شواھد التنزیل میں آیا ہے کہ اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا سے مراد قریش کے منافقین اور الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا سے مراد علی ابن ابی طالب علیہ السلام ہیں۔

وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ يَتَغَامَزُوْنَ ﴿۳۰﴾

۳۰۔ جب وہ ان کے پاس سے گزرتے تو آپس میں آنکھیں مار کر اشارہ کرتے تھے۔

وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿۳۱﴾

۳۱۔ اور جب وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹتے تو اتراتے ہوئے لوٹتے تھے۔

وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿۳۲﴾

۳۲۔ اور جب ان (مومنین) کو دیکھتے تو کہتے تھے: یہ لوگ یقیناً گمراہ ہیں۔

وَمَآ اُرْسِلُوْا عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿۳۳﴾

۳۳۔ حالانکہ وہ ان پر نگران بنا کر تو نہیں بھیجے گئے تھے۔

فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿۳۴﴾

۳۴۔ پس آج اہل ایمان کفار پر ہنس رہے ہیں۔

عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

۳۵۔ مسندوں پر بیٹھے (کفار کا انجام) دیکھ رہے ہیں۔

هَلْ ثُوِّبَ الْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿۳۶﴾ ع ۱ ۸

۳۶۔ کیا کفار کو ان کی حرکتوں کا بدلہ دیا گیا؟

سُوْرَةُ الْاِنْشِقَاق مَكِّيَّةٌ ۲۵ ﴿۸۴﴾

سورہ انشقاق۔ مکی۔ آیات ۲۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بنام خدائے رحمٰن رحیم

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿۱﴾

۱۔ جب آسمان پھٹ جائے گا،☆

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۲﴾

۲۔ اور اپنے پروردگار کے حکم کی تعمیل کرے گا جو اس کا حقدار ہے۔

وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ﴿۳﴾

۳۔ اور جب زمین پھیلا دی جائے گی۔

وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿۴﴾

۴۔ اور جو کچھ اس کے اندر ہے اسے اگل دے گی اور خالی ہو جائے گی،☆

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿۵﴾

۵۔ اور اپنے پروردگار کے حکم کی تعمیل کرے گی جو اس کے لیے سزاوار ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ﴿۶﴾

۶۔ اے انسان! تو مشقت اٹھا کر اپنے رب کی طرف جانے والا ہے، پھر اس سے ملنے والا ہے۔☆

فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ﴿۷﴾

۷۔ پس جس کا نامہ اعمال اس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا،

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ﴿۸﴾

۸۔ اس سے عنقریب ہلکا حساب لیا جائے گا۔

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ﴿۹﴾

۹۔ اور وہ اپنے گھر والوں کی طرف خوشی سے پلٹے گا۔☆

سورہ انشقاق

۱۔ اس آیت کی تفسیر میں باب مدینۃ العلم حضرت مولائے متقیان علی علیہ السلام کا ایک علمی معجزہ نہایت قابل توجہ ہے، جس میں آپ نے دنیائے فلکیات میں پہلی مرتبہ یہ انکشاف کیا جن ستاروں کو ہم آسمان میں دیکھ رہے ہیں، وہ ایک کہکشاں ہے۔ قیامت کے دن یہ ستارے کہکشاں سے جدا ہو جائیں گے اور آسمان پھٹ جائے گا۔ فرمایا: انها تنشق من المجرة۔ (بحار الانوار ۵۵:۸۲) یہ آسمان کہکشاں سے پھٹ جائے گا۔ حضرت علی علیہ السلام سے پہلے کس کو گمان تھا کہ آسمان کہکشاں کا حصہ ہے۔ سورہ انفطار میں اس کی مزید وضاحت ہے، جس میں فرمایا: وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ جب ستارے بکھر جائیں گے۔

۴۔ یعنی زمین اپنے شکم کے اندر موجود تمام اموات کو نکال کر باہر کر دے گی۔

۶۔ اے انسان! تجھے اس کرۂ ارض کی پشت پر عیش و آرام اور پرتعیش زندگی گزارنے کے لیے نہیں بھیجا گیا تھا، نہ ہی لہو و عبث اور کھیل کود کے لیے بھیجا گیا تھا، بلکہ تجھے خلیفۃ اللہ کے منصب پر فائز کر کے بھیجا اور اس فیصلے کے ساتھ کہ تجھے خواہ اپنی زندگی کا سامان فراہم کرنا ہو یا اپنے ارتقائی سفر کا، یعنی اپنی انتہائی منزل (رضائے رب) تک پہنچنا ہو، ہر بات کے لیے تجھے خود محنت و مشقت کرنا ہے۔ اللہ کا یہ فیصلہ ہے کہ وہ از خود مفت میں بلا استحقاق کسی کو کوئی مقام نہیں دے گا۔

۹۔ حساب سے فارغ ہونے اور نجات کا پروانہ ملنے کے بعد اپنے اہل و اولاد سے خوشی کے ساتھ جا ملیں گے۔ ممکن ہے کہ اپنے عزیزوں سے وہ لوگ بھاگیں جن کا حساب نہ ہوا ہو اور ممکن ہے کہ عزیزوں سے بھاگنا صرف بدکاروں سے مخصوص ہو، ورنہ مؤمنین اور علماء اور شہداء تو دوسروں کی شفاعت کریں گے۔

وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ وَرَآءَ ظَهْرِهٖ ۙ﴿۱۰﴾

۱۰۔اور جس کا نامہ اعمال اس کی پشت کے پیچھے سے دیا جائے گا،☆

فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ﴿۱۱﴾

۱۱۔ پس وہ موت کو پکارے گا،

وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ؕ﴿۱۲﴾

۱۲۔اور وہ جہنم میں جھلسے گا۔

اِنَّهٗ كَانَ فِيْۤ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ؕ﴿۱۳﴾

۱۳۔ بلاشبہ یہ اپنے گھر والوں میں خوش رہتا تھا۔☆

اِنَّهٗ ظَنَّ اَنْ لَّنْ يَّحُوْرَ ۚ﴿۱۴﴾

۱۴۔بے شک اس کا یہ گمان تھا کہ اسے لوٹ کر (اللہ کی طرف) جانا ہی نہیں ہے۔

بَلٰۤى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ كَانَ بِهٖ بَصِيْرًا ؕ﴿۱۵﴾ معانقہ ۱

۱۵۔ہاں! اس کا پروردگار یقیناً اس (کے عمل) کو دیکھ رہا تھا۔

فَلَاۤ اُقْسِمُ بِالشَّفَقِ ۙ﴿۱۶﴾

۱۶۔ مجھے قسم ہے شفق کی،☆

وَالَّيْلِ وَمَا وَسَقَ ۙ﴿۱۷﴾

۱۷۔اور رات کی اور اس کی جسے وہ سمیٹ لیتی ہے،☆

وَالْقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ﴿۱۸﴾

۱۸۔اور چاند کی جب وہ کامل ہو جائے،

لَتَرْكَبُنَّ طَبَقًا عَنْ طَبَقٍ ؕ﴿۱۹﴾

۱۹۔تمہیں مرحلہ بہ مرحلہ ضرور گزرنا ہے.☆

فَمَا لَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۙ﴿۲۰﴾

۲۰۔پھر یہ لوگ ایمان کیوں نہیں لاتے ؟

وَاِذَا قُرِئَ عَلَيْهِمُ الْقُرْاٰنُ لَا يَسْجُدُوْنَ ۩﴿۲۱﴾ السجدۃ ۱۲

۲۱۔اور جب انہیں قرآن پڑھ کر سنایا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔

۲۲۔ بلکہ یہ کفار تکذیب کرتے ہیں۔

بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۖ﴿۲۳﴾

۲۳۔اور جو کچھ ان کے دلوں میں ہے اللہ اسے خوب جانتا ہے۔

وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا يُوْعُوْنَ ۚ﴿۲۴﴾

۲۴۔پس انہیں دردناک عذاب کی بشارت دیجیے۔

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ﴿۲۵﴾

۲۵۔سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور صالح اعمال بجالائے، ان کے لیے ختم نہ ہونے والا اجر ہے۔

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۲۵﴾ ع ۱۵

سورہ البروج ۔مکی ۔آیات ۲۲

سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ مَكِّيَّةٌ ۲۲ ﴿۸۵﴾

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۙ﴿۱﴾

۱۔قسم ہے برجوں والے آسمان کی،☆

وَالْيَوْمِ الْمَوْعُوْدِ ۙ﴿۲﴾

۲۔اور اس دن کی جس کا وعدہ کیا گیا ہے،

۱۰۔ بعض آیات میں ہے کہ مجرمین کا نامہ اعمال ان کے بائیں ہاتھ تھما دیا جائے گا، جبکہ اس آیت میں فرمایا کہ ان کا نامہ اعمال ان کے پیچھے سے دیا جائے گا۔ اس کی ایک توجیہ سورہ نساء آیت ۴۷ سے ملتی ہے کہ ان کے چہرے پیچھے کی طرف کیے جائیں گے۔ دوسری توجیہ یہ ہے کہ ان کے ہاتھ پیچھے کی طرف بندھے ہوئے ہوں گے۔

۱۳۔ یہ اپنے گھر والوں میں اس بنا پر بے غم رہتا تھا کہ اسے اللہ کی بارگاہ میں نہیں جانا ہے اور اسی طرح وہ اپنی خوشی کے لیے جرم کا ارتکاب کرتا تھا۔ ورنہ مؤمن بھی اللہ کی نعمتوں پر خوش رہتے ہیں۔ حدیث میں آیا ہے: وَمَا عُبِدَ اللّٰهُ بِشَيْءٍ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ مِنْ اِدْخَالِ السُّرُوْرِ عَلَى الْمُؤْمِنِ (الکافی ۲:۱۸۸) اللہ کی بندگی کے لیے مؤمن کے دل میں خوشی ڈالنے سے زیادہ کوئی چیز اللہ کو پسند نہیں۔

۱۶۔ شَفَق: سورج کے غروب کے وقت جب سورج کی روشنی رات کی تاریکی کے ساتھ مخلوط ہو جاتی ہے تو ایک خفیف سی سرخی چھا جاتی ہے۔ اسے شفق کہتے ہیں۔

۱۷۔ رات کے وقت انسان اپنے گھروں، پرندے اپنے گھونسلوں اور دیگر جانور اپنے بلوں میں چلے جاتے ہیں ۔اسے سمیٹنے سے تعبیر کیا ہے۔

۱۹۔نطفہ، جنین، بچہ، جوان، بوڑھا، قبر، برزخ، حساب، صراط وغیرہ ۔ حدیث میں آیا ہے: لا یزول قدم عبد یوم القیامة حتی یسأل عن اربع عن جسده فیما ابلاه و عن عمره فیما افناه و عن ما له مما اکتسبه و فیما انفقه و عن حبنا اهل البیت۔ (امالی طوسی۔ بحار الانوار ۷: ۲۶۱) قیامت کے دن بندے کا کوئی قدم آگے نہیں بڑھے گا، جب تک چار چیزوں کے بارے میں سوال نہ کیا جائے: جسم کو کس چیز میں استعمال کیا؟ عمر کس چیز میں ختم کی؟ مال کہاں سے کمایا، کہاں خرچ کیا؟ اور ہم اہل بیتؑ کی محبت کے بارے میں۔

عالم خاک سے چلا ہوا یہ انسان کئی مراحل طے کر کے پھر خاک میں چلا جاتا ہے۔ اس عالم میں بھی کئی ایک مراحل سے گزر کر میدان حشر میں پہنچے گا۔ وہاں ہر بات کا حساب نہ جانے کتنے مراحل میں طے کرنا ہوگا۔

سورہ بروج

۱۔ بروج سے قدیم ہیئت کے مطابق آسمان کے ۱۲ بروج کو مراد لینا قطعی درست نہیں ہے۔ قرآن

وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۝۳
قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۝۴
النَّارِ ذَاتِ الْوَقُوْدِ ۝۵
اِذْهُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۝۶
وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ
شُهُوْدٌ ۝۷
وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا
بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۝۸
الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَ
الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
شَهِيْدٌ ۝۹
اِنَّ الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَ
الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ
عَذَابُ جَهَنَّمَ وَ لَهُمْ عَذَابُ
الْحَرِيْقِ ۝۱۰
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ
لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا
الْاَنْهٰرُ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ۝۱۱ آية محصنة ۱۲
اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝۱۲
اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ۝۱۳
وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ۝۱۴
ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ۝۱۵
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ۝۱۶

۳۔اور حاضر ہونے والے کی اور اس (دن) کی جس میں حاضری ہو،
۴۔ خندقوں والے ہلاک کر دیے گئے۔☆
۵۔ وہ آگ تھی جو ایندھن والی ہے،
۶۔جب وہ اس (کے کنارے) پر بیٹھے تھے،
۷۔ اور وہ مومنین کے ساتھ روا رکھے گئے اپنے سلوک کا مشاہدہ کر رہے تھے۔
۸۔اوران (ایمان والوں) سے وہ صرف اس وجہ سے دشمنی رکھتے تھے کہ وہ اس اللہ پر ایمان رکھتے تھے جو بڑا غالب آنے والا، قابل ستائش ہے۔☆
۹۔وہی جس کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور اللہ ہر چیز پر گواہ ہے.☆
۱۰۔جن لوگوں نے مومنین اور مومنات کو اذیت دی پھر توبہ نہیں کی ان کے لیے یقیناً جہنم کا عذاب ہے اوران کے لیے جلنے کا عذاب ہے۔☆
۱۱۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے ان کے لیے ایسی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، یہی بڑی کامیابی ہے۔
۱۲۔آپ کے پروردگار کی پکڑ یقیناً بہت سخت ہے۔☆
۱۳۔یقیناً وہی خلقت کی ابتدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ پیدا کرتا ہے۔
۱۴۔اور وہ بڑا معاف کرنے والا، محبت کرنے والا ہے۔
۱۵۔ بڑی شان والا، عرش کا مالک ہے۔
۱۶۔ وہ جو چاہتا ہے اسے خوب انجام دینے والا ہے۔

بروج کو آسمان میں ستاروں کے مقامات کے معنوں میں استعمال کرتا ہے۔
۴۔یعنی آتشیں خندق بنا کر اس میں مؤمنوں کو جلانے والوں پر ہلاکت ہو۔ یہ اشارہ ہے ایک خاص واقعے کی طرف جو بنا بر روایت تفسیر قمی، یمن کا یہودی بادشاہ حمیری خاندان کا تھا۔ اس کا نام ذونواس تھا۔اس نے نجران پر (جو نصاریٰ کا مرکز تھا) حملہ کیا اور وہاں لوگوں کو یہودیت قبول کرنے کی دعوت دی، مگر انہوں نے اس دعوت کو ٹھکرا دیا اور قتل ہونے کو قبول کیا۔اس ظالم بادشاہ نے لوگوں کو آگ سے بھرے ہوئے گڑھوں میں پھینک دیا۔ اس طرح بیس ہزار افراد کو قتل کیا۔
بعض سیاحوں نے اپنے سفر ناموں میں لکھا ہے کہ نجران کے لوگوں میں اب تک وہ جگہ معروف ہے جہاں اصحاب الاخدود کا واقعہ پیش آیا تھا۔
۸۔ یہ اس زمانے کی بات ہے جب روئے زمین پر عیسیٰ (ع) کا مذہب اپنے صحیح خد و خال میں لوگوں میں رائج تھا۔اسی لیے اللہ نے انہیں مؤمنین کہا ہے.
۹۔ قرآن اس واقعے کو زندہ رکھنا چاہتا ہے، کیونکہ ان کو صرف اس جرم میں جلا دیا گیا کہ وہ اللہ پر ایمان رکھتے تھے۔ ان لوگوں کا اللہ کے ہاں بہت درجہ ہے جو محض برائے خدا اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔
۱۰۔ فَتَنُوا: الفتنہ۔ آزمائش کو بھی کہتے ہیں اور ضلالت اور شرک کے معنوں میں بھی آتا ہے اور اذیت کے معنوں میں بھی۔ جیسا کہ اس آیت میں يُفْتَنُوْنَ عذاب کے معنی میں ہے: يَوْمَ هُمْ عَلَى النَّارِ يُفْتَنُوْنَ ۔ (ذاریات ۱۳) اہل ایمان کو اذیت دینے والوں کے لیے اگرچہ توبہ کا دروازہ کھلا ہے، وہ باز آ جائیں، نجات کا راستہ موجود ہے۔ البتہ توبہ نہ کرنے کی صورت میں جہنم ہی ان لوگوں کا ٹھکانا ہے۔
۱۲۔ جہاں اللہ تعالیٰ کی پکڑ شدید ہے، وہاں وہ گناہگاروں کے لیے غفور بھی ہے۔ نیک افراد کے لیے محبت کرنے والا ہے۔عرش کا مالک یعنی صاحب اقتدار ہے۔ اسے اپنے ارادے پر عمل کرنے میں کوئی دشواری پیش نہیں آتی۔

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾
فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾
بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾
وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾
بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾
فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ع ۱۱

سُوْرَةُ الطَّارِقِ مَكِّيَّةٌ ۸۶ ۱۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ﴿۱﴾
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الطَّارِقُ ﴿۲﴾
النَّجْمُ الثَّاقِبُ ﴿۳﴾
اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾
فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ مِمَّ خُلِقَ ﴿۵﴾
خُلِقَ مِنْ مَّآءٍ دَافِقٍ ﴿۶﴾
يَّخْرُجُ مِنْۢ بَيْنِ الصُّلْبِ وَ
التَّرَآئِبِ ﴿۷﴾
اِنَّهٗ عَلٰى رَجْعِهٖ لَقَادِرٌ ﴿۸﴾
يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ﴿۹﴾
فَمَا لَهٗ مِنْ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍ ﴿۱۰﴾
وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجْعِ ﴿۱۱﴾
وَالْاَرْضِ ذَاتِ الصَّدْعِ ﴿۱۲﴾
اِنَّهٗ لَقَوْلٌ فَصْلٌ ﴿۱۳﴾
وَّمَا هُوَ بِالْهَزْلِ ﴿۱۴﴾

۱۷۔ کیا آپ کے پاس لشکروں کی حکایت پہنچی ہے؟
۱۸۔ فرعون اور ثمود کی؟
۱۹۔ بلکہ کفر اختیار کرنے والے تو تکذیب میں مشغول ہیں۔
۲۰۔ اور اللہ نے ان کے پیچھے سے ان پر احاطہ کیا ہوا ہے۔
۲۱۔ بلکہ یہ قرآن بلند پایہ ہے۔
۲۲۔ لوح محفوظ میں (ثبت) ہے۔

سورہ طارق ۔ مکی ۔ آیات ۱۷

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے آسمان کی اور رات کو چمکنے والے کی۔
۲۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا رات کو چمکنے والا کیا ہے؟
۳۔ وہ روشن ستارہ ہے۔
۴۔ کوئی نفس ایسا نہیں جس پر نگہبان نہ ہو۔☆
۵۔ پس انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے۔
۶۔ وہ اچھلنے والے پانی سے خلق کیا گیا ہے،
۷۔ جو پیٹھ اور سینے کی ہڈیوں سے نکلتا ہے۔☆
۸۔ بے شک اللہ اسے دوبارہ پیدا کرنے پر بھی قادر ہے۔☆
۹۔ اس روز تمام راز فاش ہو جائیں گے۔☆
۱۰۔ لہٰذا انسان کے پاس نہ کوئی قوت ہو گی اور نہ کوئی مددگار ہو گا۔
۱۱۔ قسم ہے بارش برسانے والے آسمان کی،
۱۲۔ اور (دانہ اگانے کے لیے) شق ہونے والی زمین کی،
۱۳۔ یہ (قرآن) یقیناً فیصلہ کن کلام ہے،
۱۴۔ اور یہ ہنسی مذاق نہیں ہے۔

سورہ طارق

۴۔ یعنی اس کے اعمال ثبت کرنے والے ہیں، یا یہ مقصود ہو سکتا ہے کہ اسے ہر حادثے سے بچانے والے فرشتے مؤکل ہیں۔ خصوصاً بچپن کی عمر میں۔ یہ بھی مراد ہو سکتی ہے کہ اس کے نفس کو دوام حاصل ہے۔ یہ نفس وجود میں آنے کے بعد مٹنے والا نہیں ہے۔ شکلیں بدل جاتی ہیں، لیکن خود نفس انسانی کو دوام و بقا حاصل ہے۔ اس کے بعد اگلی آیات میں ان مراحل کا ذکر ہے جن میں انسانی شکلیں تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔

۷۔ آیت کا اشارہ ممکن ہے اس بات کی طرف ہو کہ مرد کے مادہ تولید کو مرد کے صلب (ریڑھ کی ہڈیوں) سے اور عورت کے تخم دان کو ترائب (سینے کی ہڈیوں) سے بنیادی مواد فراہم ہوتے ہیں۔ بعض اہل تحقیق کا نظریہ ہے کہ صلب اور ترائب دونوں کا تعلق مرد سے ہے، چونکہ اچھلنے والا پانی مرد کی طرف سے ہوتا ہے۔ عورت کا تخم تو مقاربت سے پہلے تخم دان سے جدا ہو چکا ہوتا ہے۔ پانچ دن تک انتظار میں رہتا ہے۔ اس اثنا میں مقاربت ہوئی تو حمل ٹھہر سکتا ہے۔ لہٰذا صلب اور ترائب دونوں کو مرد میں تلاش کرنا چاہیے۔ کہتے ہیں ترائب ان ہڈیوں کو کہتے ہیں، جن سے نطفہ گزر کر پیشاب کی تلی میں وارد ہوتا ہے۔ و العلم عند اللّٰہ۔ بہرحال یہ قرآن کا اعلان ہے، جس کی حقیقت کا انکشاف آنے والی نسلیں کریں گی۔

۸۔ جو ذات ریڑھ اور سینے کی ہڈیوں سے نطفہ بنا سکتی ہے، وہ اس انسان کو مٹی کے ذرات سے بھی دوبارہ بنا سکتی ہے۔

۹۔ دنیا میں تو اللہ ستار العیوب ہے، کیونکہ یہ دارالامتحان ہے، لیکن دارالجزاء میں تو بہت سے لوگوں کے راز فاش ہو جائیں گے۔ دنیا میں نیک اور صالح بن کر لوگوں کو دھوکہ دینے والے قیامت کے روز رسوا ہو جائیں گے۔

۱۱۔ الرجع رجوع سے ہے۔ بارش کو رجع اس لیے کہتے ہیں کہ زمین سے اٹھنے والا بخار واپس زمین کی طرف بارش بن کر آتا ہے۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾
وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ﴿۱۶﴾
فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ
رُوَيْدًا ﴿۱۷﴾ ع ۱۱

۸۷ سُوْرَةُ الْاَعْلٰى مَكِّيَّةٌ ۱۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلَى ﴿۱﴾
الَّذِيْ خَلَقَ فَسَوّٰى ﴿۲﴾
وَالَّذِيْ قَدَّرَ فَهَدٰى ﴿۳﴾
وَالَّذِيْ اَخْرَجَ الْمَرْعٰى ﴿۴﴾
فَجَعَلَهٗ غُثَآءً اَحْوٰى ﴿۵﴾
سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ﴿۶﴾
اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ يَعْلَمُ
الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى ﴿۷﴾
وَنُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى ﴿۸﴾
فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى ﴿۹﴾
سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ﴿۱۰﴾
وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ﴿۱۱﴾
الَّذِيْ يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ﴿۱۲﴾
ثُمَّ لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ﴿۱۳﴾
قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى ﴿۱۴﴾
وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى ﴿۱۵﴾
بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۱۶﴾

۱۵۔ بے شک یہ لوگ اپنی چال چل رہے ہیں
۱۶۔ اور میں بھی تدبیر کر رہا ہوں۔
۱۷۔ پس کفار کو مہلت دیں اور کچھ دیر انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیں۔☆

سورہ اعلیٰ ۔ مکی ۔ آیات ۱۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ (اے نبی) اپنے پروردگار اعلیٰ کے نام کی تسبیح کرو
۲۔ جس نے پیدا کیا اور توازن قائم کیا،☆
۳۔ اور جس نے تقدیر بنائی پھر راہ دکھائی۔☆
۴۔ اور جس نے چارہ اگایا،
۵۔ پھر (کچھ دیر بعد) اسے سیاہ خاشاک کر دیا،
۶۔ (عنقریب) ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہیں بھولیں گے،☆
۷۔ مگر جو اللہ چاہے، وہ ظاہر اور پوشیدہ باتوں کو یقیناً جانتا ہے۔
۸۔ اور ہم آپ کے لیے آسان طریقہ فراہم کریں گے۔
۹۔ پس جہاں نصیحت مفید ہو نصیحت کرتے رہو
۱۰۔ جو شخص خوف رکھتا ہے وہ جلد نصیحت قبول کرتا ہے۔
۱۱۔ اور بدبخت اس سے گریز کرتا ہے،
۱۲۔ جو بڑی آگ میں جھلسے گا۔
۱۳۔ پھر اس میں نہ مرے گا اور نہ جیے گا۔
۱۴۔ بتحقیق جس نے پاکیزگی اختیار کی وہ فلاح پا گیا،
۱۵۔ اور اپنے رب کا نام یاد کیا پھر نماز پڑھی۔
۱۶۔ بلکہ تم تو دنیاوی زندگی کو ترجیح دیتے ہو،

۱۷۔ کافر اپنی احمقانہ چال چلتا ہے اور اللہ بھی حکیمانہ چال چل رہا ہے۔ کافروں کی چال اللہ کے دین کے خلاف سازش کاری ہے اور اللہ کی چال ان کو مہلت دینا ہے۔ یہ مہلت کافر کے لیے مہلک ہے۔ ان کو جرم میں اضافے کی مہلت دی جاتی ہے، جو بہت بڑی سزا کا پیش خیمہ ہے۔

سورہ اعلیٰ

۲۔ یعنی تخلیق کے ساتھ توازن اور تناسب قائم کیا۔ چنانچہ اس کائنات میں کوئی شے کسی شے سے متصادم نہیں۔ یہ کائنات حسن و جمال میں ایسی شکل میں ہے کہ اس سے بہتر قابل تصور نہیں۔

۳۔ قَدَّرَ: یعنی تقدیر سازی کی، صرف تخلیق نہیں بلکہ اس کے ساتھ اس کے لیے منصوبہ بندی کی اور ہر مخلوق کے لیے حدود و قیود کا تعین کیا اور اس کی ذات وصفات اور افعال کے لیے ایک قانون اور دستور وضع کیا، جس سے تجاوز کرنا ممکن نہ ہو۔

فَهَدٰى: مخلوق کی آئندہ منصوبہ بندی کے ساتھ اس میں آئندہ اپنی زندگی کو قائم رکھنے کے لیے اصول وضوابط اور لوازم کے حصول کی ہدایت بھی ودیعت فرمائی اور عبودیت و بندگی کے تقاضے بھی اس کی فطرت میں ودیعت فرمائے۔ اسی فطری ہدایت کی بنا پر بچہ ماں کی چھاتی کو پہچان لیتا ہے اور ہر جاندار اپنی روزی کے مقامات کی طرف چل پڑتا ہے۔ یہ ہدایت خلقت کے ماوراء ایک شعور ہے جو اللہ کی نشانی ہے۔

۶۔ قرآن کی حفاظت اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ذمے لی ہے، لہٰذا قرآن کے تحفظ کا اولین مرحلہ یہی ہے کہ جس ہستی کے سینے پر قرآن نازل کیا جا رہا ہے، اس سینے میں وہ حفظ ہو جائے اور عدم نسیان اس کا لازمہ ہے۔ ہم نے کئی بار پہلے بھی اس بات کی وضاحت کی ہے کہ رسول کریم وحی کو اپنے حواس ظاہری کے ذریعے وصول نہیں کرتے تھے، بلکہ آپؐ وحی کو اپنے پورے وجود کے ساتھ وصول فرماتے تھے۔ اپنے وجود کو نہ بھولا جا سکتا ہے، نہ اس میں غلطی سرزد ہو سکتی ہے۔ لہٰذا صحیح بخاری کی وہ روایت صریح قرآن کے خلاف ہے جس میں رسول اللہؐ کی طرف ایک آیت کی فراموشی کی نسبت دی گئی ہے۔ الا ماشاء اللہ کا استثنیٰ صرف اس بات کا اظہار ہے کہ اگر اللہ آپؐ سے اس وحی کو سلب کرنا چاہے تو پھر آپ بھول سکتے ہیں، مگر

وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿۱۷﴾
اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿۱۸﴾
صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿۱۹﴾

۸۸ سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ ۲۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿۱﴾
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿۲﴾
عَامِلَةٌ نَّاصِبَةٌ ﴿۳﴾
تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿۴﴾
تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ﴿۵﴾
لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ
ضَرِيْعٍ ﴿۶﴾
لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ﴿۷﴾
وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ﴿۸﴾
لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ﴿۹﴾
فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ﴿۱۰﴾
لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا لَاغِيَةً ﴿۱۱﴾
فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ﴿۱۲﴾
فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ﴿۱۳﴾
وَّاَكْوَابٌ مَّوْضُوْعَةٌ ﴿۱۴﴾
وَّنَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ ﴿۱۵﴾
وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوْثَةٌ ﴿۱۶﴾
اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ

۱۷۔ حالانکہ آخرت بہترین ہے اور بقا والی ہے۔
۱۸۔ پہلے صحیفوں میں بھی یہ بات (مرقوم) ہے۔☆
۱۹۔ ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔

سورۃ غاشیہ۔ مکی۔ آیات ۲۶۔

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کیا آپ کے پاس (ہر چیز پر) چھا جانے والی (قیامت) کی خبر پہنچی ہے؟☆
۲۔ اس دن کچھ چہرے خوار ہوں گے۔
۳۔ وہ مصیبت سہ کر تھکے ہوئے ہوں گے،
۴۔ دھکتی آگ میں جھلس رہے ہوں گے،
۵۔ وہ سخت کھولتے ہوئے چشمے سے سیراب کیے جائیں گے،
۶۔ خاردار جھاڑی کے سوا ان کے لیے غذا نہ ہوگی،☆
۷۔ جو نہ جسامت بڑھائے نہ بھوک مٹائے۔
۸۔ اس دن کچھ چہرے شاداب ہوں گے۔
۹۔ اپنے عمل پر خوش ہوں گے،☆
۱۰۔ بہشت بریں میں ہوں گے،☆
۱۱۔ وہ وہاں کسی قسم کی بے ہودگی نہیں سنیں گے،☆
۱۲۔ اس میں رواں چشمے ہوں گے۔
۱۳۔ اس میں اونچی مسندیں ہوں گی،
۱۴۔ اور پیالے رکھے ہوں گے،
۱۵۔ اور ترتیب سے رکھے ہوئے تکیے ہوں گے،
۱۶۔ اور نفیس فرش بچھے ہوئے ہوں گے۔
۱۷۔ کیا یہ لوگ اونٹوں کی طرف نہیں دیکھتے

اللہ ایسا نہیں کرے گا۔ چنانچہ سورہ بنی اسرائیل آیت ۸۶۔۸۷ میں فرمایا: وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيْلًا۔ اور اگر ہم چاہیں تو ہم نے جو کچھ آپ کی طرف وحی کی ہے وہ سلب کر لیں، پھر آپ کو ہمارے مقابلے میں کوئی حمایتی نہیں ملے گا۔ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا۔ سوائے آپ کے رب کی رحمت کے، آپ پر اس کا بڑا فضل ہے۔ یعنی اللہ کی رحمت اور فضل کے ہوتے ہوئے یہ وحی سلب نہیں ہو سکتی۔

۱۸۔ صحف اولیٰ کے بارے میں حدیث میں آیا ہے کہ ان کی تعداد ایک سو چار کتب ہیں۔ (المیزان۔ الکشاف ذیل آیہ)

سورہ غاشیہ

۱۔ قیامت ایک ایسا عظیم حادثہ ہے، جس کی زد میں تمام مخلوقات نے آنا ہے۔ اسی لیے اسے غاشیہ یعنی چھا جانے والا کہا گیا ہے۔ اس روز کی اہمیت کے پیش نظر سوالیہ جملہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے خطاب فرمایا۔

۳۔ عَامِلَةٌ: کے ایک معنی یہ کیے گئے ہیں کہ قیامت کے دن کی مصیبتیں اٹھا اٹھا کر تھکے ہوئے ہوں گے۔ دوسرے یہ معنی کیے ہیں کہ دنیا میں اس کے سارے اعمال باطل اور بے سود رہ گئے، سوائے تھکاوٹ کے۔ اس کو آخرت میں کوئی فائدہ نہیں مل رہا ہوگا۔ عمل کے باوجود تھک ہار چکے ہوں گے۔ یعنی مذاہب باطلہ کے پیروکار لوگ۔

۶۔ ضَرِيْعٍ: ایک خاردار جھاڑی ہے جو زہر قاتل ہے۔

۸۔۹ چہرے نَّاعِمَةٌ نعمتوں میں شادابی کے ساتھ ہوں گے اور دنیا میں اپنی محنتوں کا پھل کاٹنے میں لگے ہوں گے۔ کسی نیکی کا دس گنا، کسی کا سات سو گنا کسی کا بلا حساب پھل کاٹ رہے ہوں گے۔ اس طرح وہ اپنے عمل پر خوش ہوں گے۔

۱۰۔ ۱۱ ایسی بلند و بالا جنت میں ہوں گے جس میں مادی نعمتوں کے ساتھ روحانی کیف و سرور ہوگا۔ دنیا کی طرح بیہودہ باتوں کی وجہ سے کسی قسم کی اذیت نہ ہوگی۔

۱۷۔ اونٹ میں جو خاصیتیں ہیں وہ کسی اور جانور میں

خُلِقَتْ ﴿۱۷﴾	کہ وہ کیسے پیدا کیے گئے ہیں؟☆
وَاِلَى السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿۱۸﴾	۱۸۔اور آسمان کی طرف کہ وہ کیسے اٹھایا گیا ہے؟
وَاِلَى الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿۱۹﴾	۱۹۔اور پہاڑوں کی طرف کہ وہ کیسے گاڑ دیے گئے ہیں؟
وَاِلَى الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿۲۰﴾	۲۰۔اور زمین کی طرف کہ وہ کیسے بچھائی گئی ہے؟
فَذَكِّرْ ۗ اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ﴿۲۱﴾	۲۱۔پس آپ نصیحت کرتے رہیں کہ آپ فقط نصیحت کرنے والے ہیں۔
لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ ﴿۲۲﴾	۲۲۔آپ ان پر مسلط نہیں ہیں۔☆
اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَكَفَرَ ﴿۲۳﴾	۲۳۔البتہ جو منہ موڑے گا اور کفر اختیار کرے گا
فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿۲۴﴾	۲۴۔سو اللہ اسے سب سے بڑے عذاب میں مبتلا کرے گا۔
اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿۲۵﴾	۲۵۔انہیں یقیناً ہماری طرف لوٹ کر آنا ہے،
ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿۲۶﴾	۲۶۔پھر ان کا حساب لینا یقیناً ہمارے ذمے ہے۔
﴿۸۹﴾ سُوْرَةُ الْفَجْرِ مَكِّيَّةٌ ۳۰	
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	
وَالْفَجْرِ ﴿۱﴾	۱۔قسم ہے فجر کی،☆
وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿۲﴾	۲۔اور دس راتوں کی،
وَّالشَّفْعِ وَالْوَتْرِ ﴿۳﴾	۳۔اور جفت اور طاق کی،☆
وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿۴﴾	۴۔اور رات کی جب جانے لگے۔
هَلْ فِيْ ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ﴿۵﴾	۵۔یقیناً اس میں صاحب عقل کے لیے قسم ہے۔
اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿۶﴾	۶۔کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے قوم عاد کے ساتھ کیا کیا؟☆
اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿۷﴾	۷۔ستونوں والے ارم کے ساتھ،☆
الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي	۸۔جس کی نظیر کسی ملک میں نہیں بنائی گئی،
الْبِلَادِ ﴿۸﴾	
وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ جَابُوا الصَّخْرَ	۹۔اور قوم ثمود کے ساتھ جنہوں نے وادی
بِالْوَادِ ﴿۹﴾	میں چٹانیں تراشی تھیں،☆

النصف ۴۲۴

نہیں ہیں۔۱۔اس کا گوشت دودھ سواری بار برداری. ۲۔سات سے دس دن تک پیاس برداشت کرتا ہے، بھوک اس سے زیادہ۔۳۔اسے صحرائی کشتی بھی کہتے ہیں۔ایک دن میں طویل مسافت طے کرتا ہے۔ ۴۔تھوڑے سے چارے سے سیر ہوتا ہے۔ ۵۔سخت موسمی حالات کا مقابلہ کر سکتا ہے۔ ۶۔ایسا فرماں بردار کہ ایک بچہ بھی پورا قافلہ قابو کر سکتا ہے.

۲۲۔آپ کی ذمے داری نصیحت کرنا ہے۔ان پر اسلام تھوپنا اور مجبور کرنا آپ کی ذمے داری نہیں ہے۔ عقیدہ و ایمان دل سے مربوط ہے اور دل جبر کے سامنے ہتھیار نہیں ڈالتا۔ لہٰذا یہاں کسی قسم کا جبر نہیں چلے گا۔ ارتقائی سفر جبر سے نہیں، اختیار و ارادے سے طے ہوتا ہے۔ جہاد ان لوگوں کے خلاف ہوتا ہے جو اس آزادی و اختیار اور ارادے کی راہ میں حائل ہوتے ہیں۔

سورہ فجر

۱۔ فجر شگاف کو کہتے ہیں ۔صبح کی روشنی رات کی تاریکی چیرتی ہوئی نکلتی ہے ۔اس لیے اسے فجر کہتے ہیں ۔فجر ایک جدید دن کا آغاز ہے اور زندگی فعال ہو جاتی ہے۔بعض کے نزدیک فجر سے مراد محرم کی پہلی تاریخ ہے ۔دس راتوں سے مراد محرم کے دس دن یا راتیں ہیں۔بعض دیگر کے نزدیک فجر سے مراد عید ضحیٰ ہے اور دس راتوں سے مراد عید سے پہلے کی دس راتیں ہیں.

۳۔ اس میں متعدد اقوال ہیں۔بعض کے نزدیک نمازیں ہیں، جو جفت اور طاق رکعتوں پر مشتمل ہیں۔بعض کے نزدیک تہجد کی دو رکعت شفع اور ایک رکعت وتر کی نماز مراد ہے۔اسی پر اہل بیت اطہار علیہم السلام سے روایات بھی ہیں۔ لہٰذا اس میں یہ سب مراد ہو سکتے ہیں۔

۶۔۷جس قوم عاد کو اللہ نے ہلاکت میں ڈالا، اس کو عاد اولیٰ کہتے ہیں اور عاد ارم بھی، کیونکہ ان کی نسل ارم بن سام بن نوح علیہ السلام سے چلی ہے یا یہ کہ ان کے شہر کا نام ارم تھا۔

دنیا میں اونچے ستونوں والی عمارت پہلی بار اسی قوم نے بنانا شروع کی تھی، اس لیے انہیں ذات العماد (ستونوں والے) کہا گیا۔

۹۔ وادی سے مراد وادی القریٰ ہے۔ اس قوم نے تاریخ میں پہلی بار پہاڑوں کو تراش کر عمارتیں بنائی تھیں۔

وَفِرْعَوْنَ ذِي الْأَوْتَادِ ﴿۱۰﴾

الَّذِينَ طَغَوْا فِي الْبِلَادِ ﴿۱۱﴾

فَأَكْثَرُوا فِيهَا الْفَسَادَ ﴿۱۲﴾

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ﴿۱۳﴾

إِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ﴿۱۴﴾

فَأَمَّا الْإِنسَانُ إِذَا مَا ابْتَلَاهُ رَبُّهُ فَأَكْرَمَهُ وَنَعَّمَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَكْرَمَنِ ﴿۱۵﴾

وَأَمَّا إِذَا مَا ابْتَلَاهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهُ فَيَقُولُ رَبِّي أَهَانَنِ ﴿۱۶﴾

كَلَّا بَل لَّا تُكْرِمُونَ الْيَتِيمَ ﴿۱۷﴾

وَلَا تَحَاضُّونَ عَلَىٰ طَعَامِ الْمِسْكِينِ ﴿۱۸﴾

وَتَأْكُلُونَ التُّرَاثَ أَكْلًا لَّمًّا ﴿۱۹﴾

وَتُحِبُّونَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿۲۰﴾

كَلَّا إِذَا دُكَّتِ الْأَرْضُ دَكًّا دَكًّا ﴿۲۱﴾

وَجَاءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا ﴿۲۲﴾

وَجِيءَ يَوْمَئِذٍ بِجَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ يَتَذَكَّرُ الْإِنسَانُ وَأَنَّىٰ لَهُ الذِّكْرَىٰ ﴿۲۳﴾

يَقُولُ يَا لَيْتَنِي قَدَّمْتُ لِحَيَاتِي ﴿۲۴﴾

۱۰۔ اور میخوں والے فرعون کے ساتھ، ☆

۱۱۔ ان لوگوں نے ملکوں میں سرکشی کی۔

۱۲۔ اور ان میں کثرت سے فساد پھیلایا۔

۱۳۔ پس آپ کے پروردگار نے ان پر عذاب کا کوڑا برسایا۔

۱۴۔ یقیناً آپ کا رب تاک میں ہے۔☆

۱۵۔ مگر جب انسان کو اس کا رب آزماتا ہے پھر اسے عزت دیتا ہے اور اسے نعمتیں عطا فرماتا ہے تو کہتا ہے: میرے رب نے مجھے عزت بخشی ہے۔☆

۱۶۔ اور جب اسے آزماتا ہے اور اس پر روزی تنگ کر دیتا ہے تو وہ کہتا ہے: میرے رب نے میری توہین کی ہے۔☆

۱۷۔ ہرگز نہیں! بلکہ تم خود یتیم کی عزت نہیں کرتے، ☆

۱۸۔ اور نہ ہی مسکین کو کھلانے کی ترغیب دیتے ہو،

۱۹۔ اور میراث کا مال سمیٹ کر کھاتے ہو،

۲۰۔ اور مال کے ساتھ جی بھر کر محبت کرتے ہو۔

۲۱۔ ہرگز نہیں! جب زمین کوٹ کوٹ کر ہموار کی جائے گی،

۲۲۔ اور آپ کے پروردگار (کا حکم) اور فرشتے صف در صف حاضر ہوں گے۔☆

۲۳۔ اور جس دن جہنم حاضر کی جائے گی، اس دن انسان متوجہ ہوگا، لیکن اب متوجہ ہونے کا کیا فائدہ ہوگا؟☆

۲۴۔ کہے گا: کاش! میں نے اپنی اس زندگی کے لیے آگے کچھ بھیجا ہوتا۔

۱۰۔ فرعون کو ''میخوں والا'' اس لیے کہا گیا کہ وہ لوگوں کے ہاتھوں اور پیروں میں میخیں ٹھونک کر عذاب دیتا تھا۔

۱۴۔ المرصاد: گھات کو کہتے ہیں۔ یعنی کسی مجرم کے لیے ممکن نہیں ہے کہ وہ رب کی نگاہ سے بچ نکلے۔ یہ گھات دنیا میں بھی ہے اور آخرت میں بھی۔

۱۵۔ یعنی اللہ کسی کو امتحان میں ڈالنے کے لیے اسے عزت دیتا ہے تو نادان اسے امتحان و آزمائش خیال کرنے کی جگہ یہ تصور کرتا ہے کہ میں اللہ کا چہیتا بن گیا ہوں، اس لیے مجھے اپنی عنایتوں سے نوازا ہے۔ اس طرح وہ غرور میں آ کر سرکش ہو جاتا ہے۔ اگر امتحان کا تصور کرتا تو اس نعمت سے حقوق اللہ و حقوق العباد ادا کرتا۔

۱۶۔ آزمائش کی دوسری صورت یہ ہے کہ اس پر روزی تنگ کر کے دیکھا جاتا ہے کہ یہ صبر کرتا اور اللہ کے فیصلے پر راضی اور شاکر رہتا ہے یا یہ سمجھتا ہے کہ اللہ نے مجھے نظر انداز کیا ہے۔ ان دو آیات سے معلوم ہوا کہ فقر اور تونگری دونوں اللہ کی طرف سے آزمائش ہیں۔ نہ دولت قرب الٰہی کی علامت ہے، نہ تنگدستی اللہ سے دوری کی علامت ہے۔

۱۷۔ یتیم کو سب سے پہلے مہر و محبت کی ضرورت ہے. باپ کا سایہ اٹھنے کے بعد اس کی شخصیت میں جو احساس محرومیت آ گیا ہے اسے پر کرنے کی ضرورت ہے۔ حدیث میں آیا ہے جو شخص یتیم کے سر پر مہربانی کا ہاتھ پھیرے تو قیامت کے دن ہر بال کے مقابلے میں ایک نور عنایت فرمائے گا۔ (الفقیہ ۱:۱۸۔ مسند احمد حدیث ۳۱۱۳۲۔ یہاں نور کی جگہ حسنہ کا ذکر ہے)

۲۲۔ خود اللہ تعالیٰ کا مکان کے دائرے میں محدود ہونا ممکن نہیں، اس لیے اللہ کے لیے لفظ ''آیا'' کی تعبیر درست نہیں ہے۔ لہٰذا لفظ ''حکم'' کو مراد ماننا پڑے گا: ''اللہ کا حکم آیا''۔

۲۳۔ جس طرح اہل جنت کے لیے جنت نزدیک کی جائے گی، اسی طرح جہنم والوں کے لیے بھی جہنم حاضر کی جائے گی۔

فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ
اَحَدٌ ﴿۲۵﴾
وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۲۶﴾
يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿۲۷﴾
ارْجِعِيْٓ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً
مَّرْضِيَّةً ﴿۲۸﴾
فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ ﴿۲۹﴾
وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿۳۰﴾

سُوْرَةُ الْبَلَدِ مَكِّيَّةٌ ۲۰

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۱﴾
وَاَنْتَ حِلٌّۢ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿۲﴾
وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ﴿۳﴾
لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْ كَبَدٍ ﴿۴﴾
اَيَحْسَبُ اَنْ لَّنْ يَّقْدِرَ عَلَيْهِ
اَحَدٌ ﴿۵﴾
يَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ﴿۶﴾
اَيَحْسَبُ اَنْ لَّمْ يَرَهٗٓ اَحَدٌ ﴿۷﴾
اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ عَيْنَيْنِ ﴿۸﴾
وَلِسَانًا وَّشَفَتَيْنِ ﴿۹﴾
وَهَدَيْنٰهُ النَّجْدَيْنِ ﴿۱۰﴾
فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ﴿۱۱﴾
وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ﴿۱۲﴾

۲۵۔ پس اس دن اللہ کے عذاب کی طرح عذاب دینے والا کوئی نہ ہوگا۔
۲۶۔ اور اللہ کی طرح جکڑنے والا کوئی نہ ہو گا۔
۲۷۔ اے نفس مطمئنہ!
۲۸۔ اپنے رب کی طرف پلٹ آ اس حال میں کہ تو اس سے راضی اور وہ تجھ سے راضی ہو۔
۲۹۔ پھر میرے بندوں میں شامل ہو جا۔
۳۰۔ اور میری جنت میں داخل ہو جا۔☆

سورہ بلد۔ مکی۔ آیات ۲۰

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ میں قسم کھاتا ہوں اس شہر (مکہ) کی،
۲۔ جب اس شہر میں آپ کا قیام ہے،☆
۳۔ اور قسم کھاتا ہوں باپ اور اولاد کی،☆
۴۔ بتحقیق ہم نے انسان کو مشقت میں پیدا کیا ہے۔☆
۵۔ کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ اس پر کسی کو اختیار حاصل نہیں ہے؟
۶۔ کہتا ہے: میں نے بہت سا مال برباد کیا۔
۷۔ کیا وہ یہ خیال کرتا ہے کہ کسی نے اس کو نہیں دیکھا؟
۸۔ کیا ہم نے اس کے لیے نہیں بنائیں دو آنکھیں؟
۹۔ اور ایک زبان اور دو ہونٹ؟
۱۰۔ اور ہم نے دونوں راستے (خیر و شر) اسے دکھائے،☆
۱۱۔ مگر اس نے اس گھاٹی میں قدم ہی نہیں رکھا
۱۲۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا کہ یہ گھاٹی کیا ہے؟☆

۳۰۔ روایت کے مطابق ہر مؤمن کو احتضار کی حالت میں پنجتن پاک علیہم السلام نظر آئیں گے اور یہی ندا آئے گی: میرے بندوں! محمد و اہل بیت محمدؐ کے ساتھ شامل ہو جاؤ اور میری جنت میں داخل ہو جاؤ، تو اس وقت اس کے لیے موت سے زیادہ کوئی چیز عزیز نہ ہو گی۔ (الکافی ۳: ۱۲۷) تاہم اس آیت کا صریح ترین مصداق سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام کو قرار دیا گیا ہے۔

سورہ بلد

۲۔ اس آیت کی تین تفسیریں ہیں: الف۔ اس شہر مکہ کی قسم جب آپ اس شہر میں مقیم ہوں۔ حِلٌّ اس صورت میں حلول سے ہوگا۔ ب۔ اگر حِلٌّ کو حلال سے لیا جائے تو اس کی یہ تشریح ہو گی: اس شہر کی قسم جب آپ اس شہر میں لڑائی حلال ہونے کی صورت میں ہوں گے۔ اس صورت میں فتح مکہ کی طرف اشارہ ہے۔ ج۔ اس شہر کی قسم جس میں آپ کی حرمت کو حلال سمجھا جا رہا ہے۔
۳۔ والد اور ولد سے مراد کعبہ کے معمار حضرت ابراہیم و اسماعیل علیہما السلام ہو سکتے ہیں۔
۴۔ کہ دنیا و آخرت دونوں کی کامیابی جفاکشی اور مشقت میں مضمر ہے۔ خود دنیا کی زندگی اللہ نے کسی کے لیے عیش و آرام کے لیے قرار نہیں دی۔ اگر کسی کے بارے میں یہ خیال کیا جائے کہ وہ ہر قسم کے دکھ درد سے دور خوش و خرم زندگی گزارتا ہے تو یہ نہایت سطحی نظر ہے۔ ہوسکتا ہے یہ شخص اندر سے آتش میں جل رہا ہو۔ اگر کسی کا انجام بخیر ہوگا تو بھی مشقت کے نتیجے میں ہوگا اور انجام بخیر آخرت کا انجام ہے۔
۱۰ تا ۱۸۔ سعادت مندی اور خوش نصیبی وہ شخص حاصل کر سکتا ہے جو اللہ کی مذکورہ بالا نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس راہ میں پیش آنے والی دشوار گزار گھاٹیوں کو عبور کرے۔ وہ گھاٹی مال و دولت کی محبت ہے۔ اس مال کو غلام آزاد کرنے پر خرچ کرے۔ اسلام کا انسان کو غلام بنانے کے ساتھ واسطہ پڑا تو اس کے لیے حل پیش کیا اور صرف کفر کے ساتھ جنگ کی صورت میں کافر اسیروں کو غلام بنانے کی صورت باقی رکھی۔ فاقہ کش کو یا رشتہ دار یتیم کو یا مسکین کو کھانا کھلانا بھی نجات کا راستہ ہے۔
قرآن و حدیث سے ناداروں، خاص کر نادار یتیموں

فَكُّ رَقَبَةٍ ﴿۱۳﴾
أَوْ إِطْعَٰمٌ فِي يَوْمٍ ذِي
مَسْغَبَةٍ ﴿۱۴﴾
يَتِيمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ﴿۱۵﴾
أَوْ مِسْكِينًا ذَا مَتْرَبَةٍ ﴿۱۶﴾
ثُمَّ كَانَ مِنَ الَّذِينَ ءَامَنُوا۟ وَتَوَاصَوْا
بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ﴿۱۷﴾
أُو۟لَٰٓئِكَ أَصْحَٰبُ الْمَيْمَنَةِ ﴿۱۸﴾
وَالَّذِينَ كَفَرُوا۟ بِـَٔايَٰتِنَا هُمْ أَصْحَٰبُ
الْمَشْـَٔمَةِ ﴿۱۹﴾
عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۲۰﴾ ع ۱۵

سُورَةُ الشَّمْسِ مَكِّيَّةٌ ۱۵ ﴿۹۱﴾

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ
وَالشَّمْسِ وَضُحَىٰهَا ﴿۱﴾
وَالْقَمَرِ إِذَا تَلَىٰهَا ﴿۲﴾
وَالنَّهَارِ إِذَا جَلَّىٰهَا ﴿۳﴾
وَاللَّيْلِ إِذَا يَغْشَىٰهَا ﴿۴﴾
وَالسَّمَاءِ وَمَا بَنَىٰهَا ﴿۵﴾
وَالْأَرْضِ وَمَا طَحَىٰهَا ﴿۶﴾
وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّىٰهَا ﴿۷﴾
فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَىٰهَا ﴿۸﴾
قَدْ أَفْلَحَ مَن زَكَّىٰهَا ﴿۹﴾
وَقَدْ خَابَ مَن دَسَّىٰهَا ﴿۱۰﴾

کی کمک کا جو اجر اور درجات معلوم ہوتے ہیں، اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ اللہ کے نزدیک یہ عمل سب سے زیادہ پسندیدہ عمل ہے۔

۱۲۔ جو شخص یہ خیال کرتا ہے کہ میں نے بہت سا مال برباد کیا ہے، اس قسم کے لوگوں کے لیے تنبیہ ہے کہ مال خرچ کرنا ایک دشوار گزار گھاٹی ہے۔ ابھی تو اس گھاٹی میں داخل ہی نہیں ہوا اور وہ گھاٹی ہے غلام آزاد کرنا، بھوکے کو کھانا کھلانا، رشتہ دار، یتیم اور مسکین کو کھانا کھلانا۔ ان سب چیزوں کے ساتھ ایمان کے ساتھ صبر و تحمل، مہر و محبت اور شفقت کی تلقین کرنا۔ اس گھاٹی سے گزرنے کے بعد انسان سرخرو ہو سکتا ہے۔

سورہ شمس

۱۔ شمس حیات و زندگی کا منبع ہے۔ کہتے ہیں سورج اہل ارض کے لیے ایک سال کی انرجی ایک منٹ میں فراہم کرتا ہے، اگر زمین والے اس انرجی کو ذخیرہ کر سکیں۔

۲۔ قمر جب چودھویں کا ہوتا ہے تو اس وقت غروب آفتاب کے بعد نکلتا ہے۔ پھر چاند زمین کے تابع ہے اور زمین سورج کے تابع ہے۔ لہٰذا چاند سورج کے تابع ہونے کے اعتبار سے بھی سورج سے پیچھے ہے۔

۶۔ طحی بچھانے کے معنوں میں ہے اور جس نے زمین کو بچھایا، وہ اللہ کی ذات ہے۔

۷ تا ۱۰۔ شمس و قمر لیل و نہار اور ارض و سما کے ساتھ قسم کھانے کے بعد اس نفس کی قسم کھائی جس کی تخلیق کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس میں خیر و شر، پاکیزگی و پلیدی، فسق و فجور اور تقویٰ کی سمجھ ودیعت فرمائی۔ اس نفس کے لیے اچھائی اور برائی کوئی ناشناس چیزیں نہیں ہیں۔ نفس انسانی ان چیزوں سے آشنا ہے۔ اسی لیے نیکی کی طرف بلانے والے اور برائی سے روکنے والے کی آواز پہچان لیتا ہے اور اسے پذیرائی ملتی ہے۔

اس شعور کے مالک نفس انسانی کی قسم! کامیاب ہوا وہ جس نے اس نفس کو پاک رکھا اور نامراد ہوا وہ جس نے اس نفس کے شعور کو دبائے رکھا، یعنی فطرت کی آواز کو دبایا۔

۱۳۔ گردن کو (غلامی سے) چھڑانا، ☆

۱۴۔ یا فاقہ کے روز کھانا کھلانا، ☆

۱۵۔ کسی رشتہ دار یتیم کو، ☆

۱۶۔ یا کسی خاک نشین مسکین کو۔ ☆

۱۷۔ پھر یہ شخص ان لوگوں میں شامل ہوا جو ایمان لائے اور جنہوں نے ایک دوسرے کو صبر کرنے کی نصیحت کی اور شفقت کرنے کی تلقین کی۔ ☆

۱۸۔ (جو اس گھاٹی میں قدم رکھتے ہیں) یہی لوگ دائیں والے ہیں۔ ☆

۱۹۔ اور جنہوں نے ہماری آیات کا انکار کیا وہ بدبخت لوگ ہیں۔

۲۰۔ ان پر ایسی آتش مسلط ہوگی جو ہر طرف سے بند ہے۔

سورہ شمس۔ مکی۔ آیات ۱۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے سورج اور اس کی روشنی کی، ☆

۲۔ اور چاند کی جب وہ اس کے پیچھے آتا ہے،

۳۔ اور دن کی جب وہ آفتاب کو روشن کر دے،

۴۔ اور رات کی جب وہ اسے چھپا لے،

۵۔ اور آسمان کی اور اس کی جس نے اسے بنایا،

۶۔ اور زمین کی اور اس کی جس نے اسے بچھایا، ☆

۷۔ اور نفس کی اور اس کی جس نے اسے معتدل کیا، ☆

۸۔ پھر اس نفس کو اس کی بدکاری اور اس سے بچنے کی سمجھ دی، ☆

۹۔ بتحقیق جس نے اسے پاک رکھا کامیاب ہوا، ☆

۱۰۔ اور جس نے اسے آلودہ کیا نامراد ہوا،

كَذَّبَتۡ ثَمُوۡدُ بِطَغۡوٰىهَاۤ ﴿۱۱﴾

۱۱۔ (قوم) ثمود نے اپنی سرکشی کے باعث تکذیب کی۔

اِذِ انۡۢبَعَثَ اَشۡقٰىهَا ﴿۱۲﴾

۱۲۔ جب ان کا سب سے زیادہ شقی اٹھا،

فَقَالَ لَهُمۡ رَسُوۡلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ وَسُقۡيٰهَا ﴿۱۳﴾

۱۳۔ تو اللہ کے رسول نے ان سے کہا: اللہ کی اونٹنی اور اس کی سیرابی کا خیال رکھو۔

فَكَذَّبُوۡهُ فَعَقَرُوۡهَا ۖ فَدَمۡدَمَ عَلَيۡهِمۡ رَبُّهُمۡ بِذَنۡۢبِهِمۡ فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾

۱۴۔ پھر انہوں نے پیغمبر کو جھٹلایا اور اونٹنی کی کونچیں کاٹ دیں تو ان کے رب نے ان کے گناہ کے سبب ان پر عذاب ڈھایا پھر سب کو (زمین کے) برابر کر دیا۔

وَلَا يَخَافُ عُقۡبٰهَا ﴿۱۵﴾ ع ۱۵/۱۲

۱۵۔ اور اسے اس (عذاب) کے انجام کا کوئی خوف نہیں۔☆

سورہ لیل ۔مکی ۔آیات ۲۱

﴿۹۲ سُوۡرَةُ الَّيۡلِ مَكِّيَّةٌ ۲۱﴾

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

وَالَّيۡلِ اِذَا يَغۡشٰى ﴿۱﴾

۱۔ قسم ہے رات کی جب (دن پر) چھا جائے،

وَالنَّهَارِ اِذَا تَجَلّٰى ﴿۲﴾

۲۔ اور دن کی جب وہ چمک اٹھے،

وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰۤى ﴿۳﴾

۳۔ اور اس کی جس نے نر اور مادہ پیدا کیا،

اِنَّ سَعۡيَكُمۡ لَشَتّٰى ﴿۴﴾

۴۔ تمہاری کوشش یقیناً مختلف ہے۔☆

فَاَمَّا مَنۡ اَعۡطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾

۵۔ پس جس نے (راہ خدا میں) مال دیا اور تقویٰ اختیار کیا،

وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰى ﴿۶﴾

۶۔ اور اچھی بات کی تصدیق کی۔

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡيُسۡرٰى ﴿۷﴾

۷۔ پس ہم اسے جلد ہی آسانی کے اسباب فراہم کریں گے۔☆

وَاَمَّا مَنۡۢ بَخِلَ وَاسۡتَغۡنٰى ﴿۸﴾

۸۔ اور جس نے بخل کیا اور (اللہ سے) بے نیازی برتی،

وَكَذَّبَ بِالۡحُسۡنٰى ﴿۹﴾

۹۔ اور اچھی بات کو جھٹلایا،

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلۡعُسۡرٰى ﴿۱۰﴾

۱۰۔ پس ہم اسے جلد ہی مشکلات کا سامان فراہم کریں گے۔☆

وَمَا يُغۡنِىۡ عَنۡهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰى ﴿۱۱﴾

۱۱۔ اور جب وہ سقوط کرے گا تو اس کا مال اس وقت اس کے کام نہ آئے گا۔

اِنَّ عَلَيۡنَا لَلۡهُدٰى ﴿۱۲﴾

۱۲۔ راستہ دکھانا یقیناً ہماری ذمے داری ہے☆

وَاِنَّ لَنَا لَلۡاٰخِرَةَ وَالۡاُوۡلٰى ﴿۱۳﴾

۱۳۔ اور دنیا اور آخرت کے یقیناً ہم مالک ہیں۔☆

۱۵۔ قوم ثمود کے مطالبے پر حضرت صالح (ع) نے ایک اونٹنی کو بطور معجزہ پیش کیا اور یہ اعلان کیا کہ یہ اونٹنی اپنی مرضی سے چرتی رہے گی اور ہر دوسرے دن سارا پانی اس کے لیے مخصوص ہوگا۔ لیکن اس قوم کے سب سے بدطینت شخص نے اس اونٹنی کو مار ڈالا، جس کے وجہ سے اس قوم پر عذاب نازل ہوا۔

سورہ لیل

۴۔ تمہاری کوششوں کا رخ اور تمہارے اعمال کی جہات مختلف ہیں۔ بعد کی آیات میں ان مختلف جہات کا ذکر آتا ہے۔ وہ ہیں: بخل، سخاوت، نیکی کی تصدیق اور تکذیب۔

۷۔ یعنی جس نے راہ خدا میں مال خرچ کیا، تقویٰ اختیار کیا اور نیکی کی تصدیق کی۔ یعنی اپنی فطرت کے تقاضوں کے خلاف جنگ نہیں کی، بلکہ وہ فطری راہوں پر گامزن رہا، اس کے لیے اللہ آسان راستہ فراہم کرتا ہے۔ وَمَنۡ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجۡعَلۡ لَّهٗ مِنۡ اَمۡرِهٖ يُسۡرًا ۔ (طلاق: ۴)

۱۰۔ جبکہ بخیل اور نیکی کی تکذیب کرنے والے کے لیے اس قسم کے راستے آسان بنا دیں گے جن پر چلنے کے بعد وہ مشکلات میں گھر جائے گا۔ اپنی فطرت کے خلاف ہونے کی وجہ سے اس کے وجود کے اندر ایک جنگ ہو رہی ہوگی، جس کے باعث اسے سکون و آرام نصیب نہ ہوگا: وَمَنۡ اَعۡرَضَ عَنۡ ذِكۡرِىۡ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيۡشَةً ضَنۡكًا (طٰہٰ: ۱۲۴) جو میری یاد سے روگردانی کرے تو بے شک اس کے لیے انتہائی سخت مشکل زندگی ہے۔

۱۲۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے کائنات کی تخلیق سے پہلے ہادیان برحق کا اہتمام کیا ہے۔ اول ما خلق اللہ نوری۔ (حدیث۔ بحار الانوار ۱: ۹۷)

۱۳۔ ہمارے ہاں سے طالب دنیا کو دنیا اور طالب آخرت کو آخرت مل جاتی ہے۔ دیگر آیات قرآنی سے یہ قاعدہ ہاتھ آتا ہے کہ طالب آخرت کے لیے دنیا بھی مل سکتی ہے، لیکن طالب دنیا کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہ ہوگا۔

فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰى ﴿۱۴﴾
لَا يَصْلٰىهَآ اِلَّا الْاَشْقَى ﴿۱۵﴾
الَّذِيْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ﴿۱۶﴾
وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ﴿۱۷﴾
الَّذِيْ يُؤْتِيْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ﴿۱۸﴾
وَمَا لِاَحَدٍ عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ
تُجْزٰٓى ﴿۱۹﴾
اِلَّا ابْتِغَآءَ وَجْهِ رَبِّهِ
الْاَعْلٰى ﴿۲۰﴾
وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ﴿۲۱﴾ ع ۱۷

سُوْرَةُ الضُّحٰى مَكِّيَّةٌ ۱۱ ﴿۹۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالضُّحٰى ﴿۱﴾
وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ﴿۲﴾
مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ﴿۳﴾
وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ﴿۴﴾
وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ
فَتَرْضٰى ﴿۵﴾
اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ﴿۶﴾
وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰى ﴿۷﴾
وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ﴿۸﴾
فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ﴿۹﴾
وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ﴿۱۰﴾

۱۴۔ پس میں نے تمہیں بھڑکتی آگ سے متنبہ کر دیا۔
۱۵۔ اس میں سب سے زیادہ شقی شخص ہی تپے گا،
۱۶۔ جس نے تکذیب کی اور منہ موڑ لیا ہو۔
۱۷۔ اور نہایت پرہیزگار کو اس (آگ) سے بچا لیا جائے گا،
۱۸۔ جو اپنا مال پاکیزگی کے لیے دیتا ہے۔
۱۹۔ اور اس پر کسی کا احسان نہیں جس کا وہ بدلہ اتارنا چاہتا ہو۔
۲۰۔ وہ تو اپنے رب اعلیٰ کی رضا جوئی کے لیے ایسا کرتا ہے۔☆
۲۱۔ اور عنقریب وہ راضی ہو جائے گا۔

سورہ ضحیٰ۔ مکی۔ آیات ۱۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے روز روشن کی،
۲۔ اور رات کی جب (اس کی تاریکی) ساکن ہو جائے،
۳۔ آپ کے رب نے آپ کو نہیں چھوڑا اور نہ ہی وہ ناراض ہوا،☆
۴۔ اور آخرت آپ کے لیے دنیا سے کہیں بہتر ہے۔
۵۔ اور عنقریب آپ کا رب آپ کو اتنا عطا فرمائے گا کہ آپ راضی ہو جائیں گے۔☆
۶۔ کیا اس نے آپ کو یتیم نہیں پایا پھر پناہ دی؟☆
۷۔ اور اس نے آپ کو گمنام پایا تو راستہ دکھایا،☆
۸۔ اور آپ کو تنگ دست پایا تو مالدار کر دیا۔
۹۔ لہٰذا آپ یتیم کی توہین نہ کریں،
۱۰۔ اور سائل کو جھڑکی نہ دیں،☆

۲۰۔ یہ شخص جو صرف اپنے رب کی رضا جوئی کے لیے اپنا مال خرچ کرتا ہے۔ اسے اللہ تعالیٰ اس قدر اکرام و انعام سے نوازے گا کہ وہ خوش ہو جائے گا۔

سورہ ضحیٰ

۳۔ روایت میں ہے کہ کچھ مدت کے لیے نزول وحی کا سلسلہ رک گیا تھا۔ اس کے بعد یہ سورہ نازل ہوا۔ نظام قرآن اور مصلحت وقت کے مطابق یہ وقفہ ضروری تھا۔ اس وقفہ کے بعد یہ مژدہ سنایا:
۵۔ کہ آپ کا رب آپ کو بخشش و عطا سے نوازے گا کہ آپ خوش ہو جائیں۔ عطائے رب کا دنیاوی وعدہ تو دنیا میں چشم جہاں نے پورا ہوتے ہوئے دیکھ لیا اور آخرت میں احادیث کے مطابق شفاعت ہے۔ الدر المنثور ۶: ۶۱۱ میں آیا ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کے گھر داخل ہوئے تو دیکھا فاطمہ (س) چکی سے آٹا پیس رہی ہیں اور اونٹ کے بالوں کی ایک چادر زیب تن ہے۔ جب رسول اللہؐ کی نظر پڑی تو آپؐ نے فرمایا: یا فاطمة تعجلی فتجرعی مرارة الدنیا لنعیم الآخرة غداً. فانزل اللّٰه وَ لَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى۔ اے فاطمہ (س) جلدی کر اور دنیا کی تلخی چکھ لے کل آخرت کی نعمتوں کے لیے، تو اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی۔ الدر المنثور کے اسی صفحہ پر حضرت امام محمد باقر (ع) کا یہ فرمان منقول ہے کہ آپؑ نے فرمایا: قرآن میں سب سے امید افزا آیت یہی ہے۔
۶۔ یہ پناہ چھ سال تک آپ کی والدہ ماجدہ، آٹھ سال تک آپؐ کے جد امجد اور اس کے بعد حضرت ابوطالب کے ذریعے فراہم فرمائی۔
۷۔ ضَآلًّا صرف گمراہی کے لیے استعمال نہیں ہوتا، بلکہ ناواقف اور غافل کے معنوں میں بھی آتا ہے۔ لَا يَضِلُّ رَبِّيْ وَلَا يَنْسَى۔ (طٰہٰ: ۵۲) میرا رب نہ غافل ہوتا ہے، نہ بھولتا ہے۔ اس طرح آیت کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ اسلام کے اس عظیم انقلاب کو کامیاب بنانے کے لیے ہم نے آپ کو راستہ دکھایا۔
۱۰۔ آپؐ خود یتیمی کی تلخی اور محرومیت کے نامساعد حالات سے دوچار رہ چکے ہیں، لہٰذا آپؐ کسی یتیم کی اہانت نہ کریں اور کسی سائل کو جھڑکی نہ دیں۔ خطاب اگرچہ رسولؐ سے ہے، لیکن حکم سب کے

وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ﴿۱۱﴾

سُوْرَةُ الَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ﴿۱﴾

وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ﴿۲﴾

الَّذِيْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ﴿۳﴾

وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ﴿۴﴾

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۵﴾

اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ﴿۶﴾

فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ﴿۷﴾

وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ﴿۸﴾

سُوْرَةُ التِّيْنِ مَكِّيَّةٌ ۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ﴿۱﴾

وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ﴿۲﴾

وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ﴿۳﴾

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿۴﴾

ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سٰفِلِيْنَ ﴿۵﴾

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ﴿۶﴾

فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ﴿۷﴾

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ﴿۸﴾

۱۱۔ اور اپنے رب کی نعمت کو بیان کریں۔

سورہ الم نشرح۔ مکی۔ آیات ۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کیا ہم نے آپ کے لیے آپ کا سینہ کشادہ نہیں کیا؟☆

۲۔ اور ہم نے آپ سے آپ کا بوجھ نہیں اتارا

۳۔ جس نے آپ کی کمر توڑ رکھی تھی؟

۴۔ اور ہم نے آپ کی خاطر آپ کا ذکر بلند کر دیا۔☆

۵۔ البتہ مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔

۶۔ یقیناً مشکل کے ساتھ آسانی ہے۔☆

۷۔ لہٰذا جب آپ فارغ ہو جائیں تو نصب کریں،☆

۸۔ اور اپنے رب کی طرف راغب ہو جائیں.

سورہ تین۔ مکی۔ آیات ۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے انجیر اور زیتون کی☆

۲۔ اور طور سینین کی۔

۳۔ اور اس امن والے شہر کی

۴۔ بتحقیق ہم نے انسان کو بہترین اعتدال میں پیدا کیا،

۵۔ پھر ہم نے اسے پست ترین حالت کی طرف پلٹا دیا۔

۶۔ سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے، پس ان کے لیے بے انتہا اجر ہے۔

۷۔ پس اس کے بعد روز جزا کے بارے میں کون سی چیز تجھے جھٹلانے پر آمادہ کرتی ہے۔

۸۔ کیا اللہ حاکموں میں سب سے بڑا حاکم نہیں ہے؟

لیے عام ہے۔

سورہ الم نشرح

۱۔ شرح صدر: یعنی سینے کو معارف الٰہی و حقائق ملکوتی کے لیے کشادہ کر دینا۔ یعنی ان حقائق کو بذریعہ وحی اس طرح درک کرنا جیسے اپنے وجود کو درک کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد سکون و اطمینان حاصل ہوتا ہے اور کسی شک و تردد کی کوئی گنجائش نہیں رہتی۔

۴۔ آپ کا ذکر زمین اور آسمان میں بلند ہے۔ اللہ کے نام کے ساتھ آپ کے نام کی آواز بھی فضا میں گونجتی رہے گی۔

۶۔ مشکلات کے ساتھ آسانی ہے۔ رسول اللہؐ کے لیے بشارت ہے کہ موجودہ مشکلات آنے والی آسانیوں کا زینہ ہیں۔ مشکل کے ساتھ آسانی ہے کو تکرار کرنے میں یہ نکتہ بیان کیا گیا ہے کہ الْعُسْرِ مشکل الف لام کے ساتھ تکرار ہوا ہے تو دوسرا الْعُسْرِ پہلے الْعُسْرِ کی طرف اشارہ ہوتا ہے اور عُسر ایک ہی رہ جاتا ہے جبکہ يُسْرًا بغیر الف لام کے تکرار ہے، لہٰذا یہ دو ہو جائیں گے۔ اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ ایک عُسر کے نتیجے میں دو آسانیاں آ جائیں گی۔ چنانچہ سنن بیہقی میں آیا ہے کہ رسول کریمؐ ایک روز خوشی کے ساتھ نکلے اور فرمایا: لَنْ يَغْلِبَ عُسْرٌ يُسْرَيْنِ ایک مشکل دو آسانیوں پر غالب نہیں آئے گی۔

۷۔ اس آیت کی تفسیر میں ائمہ اہل بیتؑ سے مروی ہے: فاذا فرغت من اکمال الشریعة فانصب لهم علیا اماما۔ (بحار الانوار ۳۶: ۱۳۴) اے رسولؐ جب آپ (ص) تکمیل شریعت سے فارغ ہو جائیں تو علی (ع) کو امامت کے منصب پر نصب کیجیے۔

سورہ تین

۱۔ گویا انجیر اور زیتون کا انسان کی مادی ساخت و بافت میں کوئی اہم کردار ہے اور طور سینا اور مکہ مکرمہ کا انسان کی روحانی تربیت و ارتقا میں خاص کردار ہے، جن کی قسم کھا کر فرمایا: ہم نے انسان کو بہترین اعتدال میں پیدا کیا۔ اس کائنات میں اللہ کا عظیم معجزہ انسان ہے، جس کی تخلیق پر خود اللہ تعالیٰ کو ناز ہے۔ اس انسان کو انسان بنانے کا مطلب یہ تھا کہ اسے مخلوقات میں سب سے اونچا مقام دیا جائے تاکہ وہ بلندی کی چوٹی کو چھو لے۔ لیکن کبھی یہ انسان اپنا بلند مقام چھوڑ کر پست ترین

گڑھے میں گر جاتا ہے اور حیوانات سے بھی بدتر ہوجاتا ہے۔ البتہ ایمان وعمل صالح کے ذریعے یہ انسان اپنے بلند مقام کا تحفظ کرسکتا ہے۔

سورہ علق

۱۔ اہل ارض پر اللہ کی طرف سے رحمتوں کا نزول شروع ہوا۔ یعنی رحمۃ للعالمین پر ایک عظیم انسان ساز انقلاب کے لیے وحی کا نزول شروع ہوا، جس کی ابتدا اس حکم کے ساتھ ہوئی: اِقْرَاْ پڑھ یعنی لکیروں کی تحریروں کو نہیں، بلکہ کائنات کی کھلی کتاب کو پڑھیے۔ اس پڑھائی کی ابتدا اپنے پروردگار کے نام سے ہو اور اس کتاب کا پہلا باب اس کائنات کے خالق کی خلاقیت کا مطالعہ ہو اور دوسرا باب اس کائنات کا عظیم معجزہ انسان کی خلقت ہو۔ پھر اس انسان کی تعلیم اور اس کے اہم ترین ذریعے قَلَم کے ذکر سے شروع کرنے سے معلوم ہوا کہ اس عظیم رسالت کا عنوان قرائت و کتابت ہے۔ یعنی انسان کی تعلیم و ترقی اور تہذیب و تمدن میں ایک عظیم انقلاب کی بنیاد ہے۔ واضح رہے کہ حضورؐ وحی کو محض ظاہری حواس کے ذریعے سے نہیں بلکہ اپنے پورے وجود کے ساتھ اخذ کرتے تھے، اس لیے قرآن نے اس مطلب کو قلب رسولؐ کے عنوان سے ذکر کیا ہے. چنانچہ ایک جگہ جبرئیل کی رویت کی بابت فرمایا: اس رویت کی تصدیق دل نے کی ہے۔ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى (نجم:۱۱) ”جو کچھ دیکھا تھا اس کی دل نے تکذیب نہیں کی۔“ لہٰذا یہ کہنا کہ رسول کریمؐ نے نزول وحی اور نبوت کی تصدیق حضرت خدیجہ اور ورقہ بن نوفل سے لی ہے، صحیح نہیں ہے۔

۷۔ عام انسان جب دیکھتا ہے کہ وہ لوگوں سے بے نیاز ہے تو اس کے ذہن میں یہ بات بیٹھ جاتی ہے کہ وہ اللہ سے بھی بے نیاز ہے، نتیجتاً طغیانی شروع کرتا ہے۔ حالانکہ اسے اللہ کی بارگاہ میں جانا ہے۔

۱۰۔ پورا سورہ اگر پہلی وحی ہے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نزول وحی سے پہلے نماز علی الاعلان پڑھتے تھے۔ اس سے رسالت سے پہلے آپؐ کی نبوت ثابت ہوتی ہے. روایت میں آیا ہے کہ یہ ابوجہل تھا جو حضورؐ کو نماز پڑھنے سے روکتا تھا۔

۱۵۔ سفع گھسیٹنے کے معنوں میں ہے۔

۱۶۔ انسان پیشانی سے پہچانا جاتا ہے۔ اس لیے خود پیشانی کو جھوٹا کہا ہے۔

﴿۹۶ سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۱۹﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ۚ﴿۱﴾

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ﴿۲﴾

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۙ﴿۳﴾

الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۙ﴿۴﴾

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ؕ﴿۵﴾

كَلَّاۤ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰۤى ۙ﴿۶﴾

اَنْ رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ؕ﴿۷﴾

اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ الرُّجْعٰى ؕ﴿۸﴾

اَرَءَيْتَ الَّذِيْ يَنْهٰى ۙ﴿۹﴾

عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ؕ﴿۱۰﴾

اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى الْهُدٰۤى ۙ﴿۱۱﴾

اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ؕ﴿۱۲﴾

اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ؕ﴿۱۳﴾

اَلَمْ يَعْلَمْ بِاَنَّ اللّٰهَ يَرٰى ؕ﴿۱۴﴾

كَلَّا لَئِنْ لَّمْ يَنْتَهِ ۙ لَنَسْفَعًۢا

بِالنَّاصِيَةِ ۙ﴿۱۵﴾

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ ۚ﴿۱۶﴾

فَلْيَدْعُ نَادِيَهٗ ۙ﴿۱۷﴾

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ ۙ﴿۱۸﴾

السجدة الواجبة ۱۹/۹۶

كَلَّا ؕ لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ

وَاقْتَرِبْ ۩﴿۱۹﴾

سورۃ علق ۔ مکی ۔ آیات ۱۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ (اے رسول) پڑھیے! اپنے پروردگار کے نام سے جس نے خلق کیا۔☆

۲۔ اس نے انسان کو خون کے لوتھڑے سے پیدا کیا۔

۳۔ پڑھیے! اور آپ کا رب بڑا کریم ہے۔

۴۔ جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی۔

۵۔ اس نے انسان کو وہ علم سکھایا جسے وہ نہیں جانتا تھا۔

۶۔ ہرگز نہیں! انسان تو یقیناً سرکشی کرتا ہے۔

۷۔ اس بنا پر کہ وہ اپنے آپ کو بے نیاز خیال کرتا ہے۔☆

۸۔ یقیناً آپ کے رب کی طرف ہی پلٹنا ہے.

۹۔ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا ہے جو روکتا ہے،

۱۰۔ ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہے؟

۱۱۔ کیا آپ نے دیکھا ہے کہ اگر وہ (بندہ) ہدایت پر ہو،

۱۲۔ یا تقویٰ کا حکم دے؟

۱۳۔ کیا آپ نے دیکھا کہ اگر وہ (دوسرا) شخص تکذیب کرتا ہے اور منہ پھیرتا ہے؟

۱۴۔ کیا اسے علم نہیں کہ اللہ دیکھ رہا ہے؟

۱۵۔ ہرگز نہیں! اگر یہ شخص باز نہ آیا تو ہم اسے اسکی پیشانی کے بالوں سے پکڑ کر گھسیٹیں گے.☆

۱۶۔ وہ پیشانی جو جھوٹی، خطاکار ہے۔☆

۱۷۔ پس وہ اپنے ہم نشینوں کو بلا لے۔

۱۸۔ ہم بھی جلد ہی دوزخ کے مؤکلوں کو بلائیں گے۔

۱۹۔ ہرگز نہیں! اس کی اطاعت نہ کریں اور سجدہ کریں اور قرب (الٰہی) حاصل کریں۔

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ ۵ ۹۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝۱

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝۲

لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ

شَهْرٍ ۝۳

تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ

رَبِّهِمْ ۚ مِنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝۴

سَلٰمٌ ۛ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝۵

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ ۸ ۹۸

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ

الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ

حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝۱

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا

مُّطَهَّرَةً ۝۲

فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۝۳

وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۝۴

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ

مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَ

يُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ

وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۝۵

سورہ قدر۔ مکی۔ آیات ۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ہم نے اس (قرآن) کو شب قدر میں نازل کیا۔☆

۲۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا شب قدر کیا ہے؟

۳۔ شب قدر ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔☆

۴۔ فرشتے اور روح اس شب میں اپنے رب کے اذن سے تمام (تعیین شدہ) حکم لے کر نازل ہوتے ہیں۔☆

۵۔ یہ رات طلوع فجر تک سلامتی ہی سلامتی ہے۔

سورہ بینہ۔ مدنی۔ آیات ۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ اہل کتاب اور مشرکین میں سے جو لوگ کافر تھے وہ باز آنے والے نہ تھے جب تک ان کے پاس واضح دلیل نہ آئے۔☆

۲۔ (یعنی) اللہ کی طرف سے ایک رسول جو انہیں پاک صحیفے پڑھ کر سنائے۔

۳۔ ان صحیفوں میں مستحکم تحریریں درج ہیں۔

۴۔ اور جنہیں کتاب دی گئی تھی وہ واضح دلیل آنے کے بعد متفرق ہوگئے۔

۵۔ حالانکہ انہیں تو صرف یہ حکم دیا گیا تھا کہ وہ یکسو ہو کر دین کو اس کے لیے خالص رکھتے ہوئے صرف اللہ کی عبادت کریں اور نماز قائم کریں اور زکوٰۃ ادا کریں اور یہی مستحکم (تحریروں کا) دین ہے۔☆

سورہ قدر

۱۔ یہ وہ شب ہے جس میں قرآن ایک مرتبہ دفعتاً قلب رسولؐ پر نازل ہوا ہے اور شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ (بقرہ: ۱۸۵) سے معلوم ہوا کہ قدر کی رات رمضان کے مہینے میں ہے۔ اس رات کو قدر اس لیے کہا گیا ہے کہ اس رات میں تقدیر سازی اور امر الٰہی کی تقسیم ہوتی ہے۔ امامیہ وغیر امامیہ مصادر میں آیا ہے کہ رسول کریمؐ نے خواب میں بنی امیہ کو اپنے منبر پر چڑھتے ہوئے دیکھا تو یہ سورت نازل ہوئی (الدر المنثور)، جس میں فرمایا: یہ رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ چنانچہ بنی امیہ کی حکومت ہزار ماہ تک رہی۔

۳۔ ایک رات کو تراسی (۸۳) سال سے بہتر قرار دینا اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک احسان ہے اور تراسی (۸۳) سال ایک عمر ہے۔ ہر سال انسان کو عبادت کے لیے ایک رات میں ایک عمر میسر آتی ہے۔

۴۔ فرشتے اور روح الامین زمین پر اللہ کے احکام اور مقدرات کے فیصلے لے کر آتے ہیں۔ الکافی میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ آپؑ نے فرمایا: ۱۹ رمضان کی شب کو تقدیر بنتی ہے، ۲۱ کی شب کو حتمی فیصلہ ہوتا ہے اور ۲۳ کی شب کو نافذ العمل ہوتا ہے۔ الدر المنثور ۶: ۶۳۲، ۶۳۶، ۶۳۷ میں متعدد روایات ہیں کہ شب قدر ۲۳ کی رات ہے۔ اسی کتاب کی ایک روایت میں آیا ہے کہ ۲۱ رمضان کی صبح کو حضورؐ کی پیشانی اور ناک مبارک پر مٹی کے اثرات دیکھے گئے۔ اس سے یہ بھی ضمناً معلوم ہوا کہ سجدہ مٹی پر ہوتا ہے۔

سورہ بینہ

۱۔ مُنْفَكِّيْنَ کا ایک ترجمہ یہ ہو سکتا ہے: متروک ہونے والے۔ اس صورت میں آیت کا مفہوم واضح ہو جاتا ہے: اہل کتاب اور مشرکین کو اپنے حال پر چھوڑنے والے نہیں ہیں، جب تک ایک حجت و بیّنہ (ایک رسول کی شکل میں) ان کے پاس نہ آ جائے۔

۵۔ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ: موصوف محذوف ہے۔ یعنی دین الکتب القیمۃ۔

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ
الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ
جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ
شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۝۶
اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا
الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ
الْبَرِيَّةِ ۝۷ ؕ
جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ
عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ
خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ؕ رَضِيَ اللّٰهُ
عَنْهُمْ وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ ذٰلِكَ لِمَنْ
ع ۲۲ خَشِيَ رَبَّهٗ ۝۸ ع

سُوْرَةُ الزِّلْزَالِ مَدَنِيَّةٌ ۸ ۹۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا ۝۱
وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا ۝۲
وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا ۝۳ ج
يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا ۝۴
بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا ۝۵ ؕ
يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا ۝۶ لا
لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ ۝۷
فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا
يَّرَهٗ ۝۸ ؕ

۶۔ اہل کتاب اور مشرکین میں سے جو لوگ کافر ہو گئے وہ یقیناً جہنم کی آگ میں ہمیشہ رہیں گے، یہی لوگ مخلوقات میں بدترین ہیں۔

۷۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل بجا لائے یقیناً یہی لوگ مخلوقات میں بہترین ہیں۔☆

۸۔ ان کا صلہ ان کے رب کے پاس دائمی باغات ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی اور جن میں وہ ابد تک ہمیشہ رہیں گے، اللہ ان سے راضی ہوا اور وہ اللہ سے راضی ہوئے، یہ سب کچھ اپنے رب سے خوف رکھنے والے کے لیے ہے۔

سورہ زلزال ۔ مدنی ۔ آیات ۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ جب زمین اپنی لرزش سے ہلائی جائے گی،

۲۔ اور زمین اپنا بوجھ نکال دے گی،☆

۳۔ اور انسان کہے گا کہ اسے کیا ہو گیا ہے؟

۴۔ اس دن وہ اپنے حالات بیان کرے گی۔☆

۵۔ کیونکہ آپ کے رب نے اسے ایسا کرنے کا حکم دیا تھا۔☆

۶۔ اس دن لوگ گروہ گروہ ہو کر نکل آئیں گے تا کہ انہیں ان کے اعمال دکھائے جائیں

۷۔ پس جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہو گی وہ اسے دیکھ لے گا۔☆

۷۔ طبری اپنی تفسیر میں، شوکانی فتح القدیر ۵:۵۶۴ ط حلبی، آلوسی روح المعانی میں سیوطی الدرالمنثور میں روایت کرتے ہیں کہ خیر البریہ علیؑ اور ان کے ماننے والے ہیں۔ اصحاب رسولؐ علیؑ کو آتے دیکھ کر کہا کرتے تھے: جاء خیر البریة۔ (الأمالی للطوسی ص۲۵۱) مخلوقات میں سب سے افضل آ گئے۔

سورہ زلزال

۲۔ جو اموات اس کے شکم میں ہیں وہ نکال دے گی۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مراد یہ ہو: انسان کے اچھے اور برے اعمال انرجی کی شکل میں باقی رہتے اور وزن رکھتے ہیں۔ قیامت کے دن زمین اس انرجی (عمل) کو جو اس کے جسم میں پوشیدہ ہے، ظاہر کر دے گی۔

۴۔ زمین اپنی پشت پر بجا لائے جانے والے اعمال کی گواہی دے گی۔ یہ بات متعدد قرآنی شواہد سے واضح ہے کہ شعور و حیات کسی حد تک تمام چیزوں میں ہے، البتہ ہر چیز کا اپنے حساب سے شعور ہے۔ زمین میں اس حد تک شعور ہے کہ اس کی پشت پر کیا ہو رہا ہے اور سب کو اپنے اندر ثبت کر رہی ہے۔ بروز قیامت وحی الٰہی کا ادراک کرے گی اور تمام ثبت شدہ باتیں بتا دے گی۔

۵۔ ایسا کرنے کا زمین کو اللہ نے حکم دیا ہے۔ قرآن کی متعدد آیات سے یہ اشارہ ملتا ہے، جس سے یہ بات سمجھ میں آ جاتی ہے کہ اللہ نے زمین کو گواہی دینے کا حکم دیا تھا۔

۶۔ ۷ ہر ایک اپنے اپنے عمل کا معائنہ کرے گا۔ جزائے عمل تو حساب اور عمل کے معائنے کے بعد ملی گی۔

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کی روایت ہے: اگر یہ شخص جہنمی ہے اور اس نے کار خیر کیا ہے، قیامت کے دن اس کار خیر کو دیکھ کر حسرت کرے گا کہ کیوں یہ کار خیر غیر اللہ کے لیے انجام دیا اور اگر اہل جنت ہے تو کار شر نظر تو آئے گا، مگر اسے معاف کر دیا گیا ہو گا۔ (المیزان)

وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۸

۸۔اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔☆

۸۔ یہ اس صورت میں ہے کہ انسان خیر و شر کو اپنے ساتھ لے کر حساب گاہ تک پہنچ جائے، لیکن اگر کسی کا شر توبہ و استغفار یا دوسری نیکیوں یا شفاعت کی وجہ سے محو ہو گیا ہو یا کار خیر دوسرے جرائم کی وجہ سے حبط ہو گیا ہو تو خیر و شر کو دکھایا نہیں جائے گا۔

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ ۱۱

سورہ عادیات ۔مکی ۔آیات ۱۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۙ ۱

۱۔قسم ہے ان (گھوڑوں) کی جو ہانپتے ہوئے دوڑتے ہیں،☆

فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۙ ۲

۲۔پھر (اپنی) ٹھوکروں سے چنگاریاں اڑاتے ہیں،☆

فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۙ ۳

۳۔پھر صبح سویرے دھاوا بولتے ہیں،

فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ ۴

۴۔پھر اس سے غبار اڑاتے ہیں،☆

فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۙ ۵

۵۔پھر انبوہ (لشکر) میں گھس جاتے ہیں،

اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۚ ۶

۶۔یقیناً انسان اپنے رب کا ناشکرا ہے۔☆

وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۚ ۷

۷۔اور وہ خود اس پر گواہ ہے۔☆

وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۭ ۸

۸۔اور وہ مال کی محبت میں سخت ہے۔☆

اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۙ ۹

۹۔کیا اسے (وہ وقت) معلوم نہیں جب اٹھائے جائیں گے وہ جو قبروں میں ہیں؟

وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ ۱۰

۱۰۔اور جو کچھ دلوں میں ہے اسے ظاہر کر دیا جائے گا؟

اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَىِٕذٍ لَّخَبِيْرٌ ۧ ۱۱

۱۱۔ان کا پروردگار یقیناً اس روز ان کے حال سے خوب باخبر ہوگا۔

۷۔ انسان اپنے آپ کو بہتر جانتا ہے۔ چنانچہ اس کا ضمیر اس کے اعمال کا شاہد عادل ہے۔

۸۔ حب الخیر: یہاں خیر مال کو کہا ہے کہ یہ مال بنیادی طور پر خیر ہے، اگر مال کی محبت انسان پر حاکم نہ ہو۔ مال کی محبت انسان کے انتہائی شعور میں بیٹھی ہوتی ہے۔ حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے: يَنَامُ الرَّجُلُ عَلَى الثُّكْلِ وَ لَا يَنَامُ عَلَى الْحَرَبِ۔ (نہج البلاغۃ نصیحت ۳۰۷ ص ۵۲۹) اولاد کے مرنے پر انسان کو نیند آ جاتی ہے، لیکن مال چھن جانے پر نیند نہیں آتی۔

سُوْرَةُ الْقَارِعَةِ مَكِّيَّةٌ ۱۱

سورہ قارعہ ۔مکی ۔آیات ۱۱

بنام خدائے رحمٰن رحیم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْقَارِعَةُ ۙ ۱

۱۔وہ ہلا دینے والا حادثہ۔☆

مَا الْقَارِعَةُ ۚ ۲

۲۔وہ ہلا دینے والا حادثہ کیا ہے؟

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْقَارِعَةُ ۭ ۳

۳۔اور آپ کو کس چیز نے بتایا ہلا دینے والا حادثہ کیا ہے؟

يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ ۙ ۴

۴۔اس روز لوگ بکھرے ہوئے پروانوں کی طرح ہوں گے۔

وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ

۵۔اور پہاڑ دھنی ہوئی اون کی طرح ہو جائیں

۱۔ الْعٰدِيٰتِ: عَدْو سے ہے، دوڑنے کو کہتے ہیں۔ ضبح دوڑتے وقت ہانپنے کو کہتے ہیں۔

۲۔ الموریات: الایراء چنگاری اور قدح ٹکرانے کو کہتے ہیں۔

۴۔ النقع غبار کو کہتے ہیں۔ اثرن، الاثارۃ اڑانے کو کہتے ہیں۔

۶۔ انسان کے ناشکرا ہونے کی ایک علامت اگلی آیت میں بیان فرمائی کہ وہ مال سے محبت میں بہت آگے نکل جاتا ہے۔ اس سے واضح ہوا راہ خدا میں مال خرچ نہ کرنا، ناشکری کی ایک نمایاں علامت ہے۔

۱۔ ہو سکتا ہے ہلا دینے والی آواز، صور میں پھونکنے سے نکلنے والی آواز ہو اور خود قیامت کے تمام واقعات ہلا دینے والے ہوں گے۔

الْمَنْفُوْشِ ﴿۵﴾

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿۶﴾

فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ﴿۷﴾

وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ﴿۸﴾

فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ﴿۹﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا هِيَهْ ﴿۱۰﴾

نَارٌ حَامِيَةٌ ﴿۱۱﴾ ع ۱/۲۲

سُوْرَةُ التَّكَاثُرِ مَكِّيَّةٌ ۸ ﴿۱۰۲﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْهٰىكُمُ التَّكَاثُرُ ﴿۱﴾

حَتّٰى زُرْتُمُ الْمَقَابِرَ ﴿۲﴾

كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۳﴾

ثُمَّ كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿۴﴾

كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ﴿۵﴾

لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ﴿۶﴾

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ﴿۷﴾

ثُمَّ لَتُسْـَٔلُنَّ يَوْمَئِذٍ عَنِ النَّعِيْمِ ﴿۸﴾ ع ۸/۱۲

سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ ۳ ﴿۱۰۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ ﴿۱﴾

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ﴿۲﴾

اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ وَتَوَاصَوْا

گے۔

۶۔ پس جس کا پلہ بھاری رہے گا،

۷۔ سو وہ من پسند زندگی میں ہوگا۔

۸۔ اور جس کا پلہ ہلکا ہوگا، ☆

۹۔ سو اس کا ٹھکانا ہاویہ ہوگا۔

۱۰۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا ہاویہ کیا ہے؟

۱۱۔ وہ بھڑکتی ہوئی آگ ہے۔

سورہ تکاثر۔ مکی۔ آیات ۸

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ایک دوسرے پر فخر نے تمہیں غافل کر دیا ہے، ☆

۲۔ یہاں تک کہ تم قبروں کے پاس جا پہنچے ہو۔

۳۔ ہرگز نہیں! تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔

۴۔ پھر ہرگز نہیں! تمہیں عنقریب معلوم ہو جائے گا۔

۵۔ ہرگز نہیں! کاش تم یقینی علم رکھتے، ☆

۶۔ تو تم ضرور جہنم کو دیکھ لیتے۔

۷۔ پھر اسے یقین کی آنکھوں سے دیکھ لیتے،

۸۔ پھر اس روز تم سے نعمت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ ☆

سورہ العصر۔ مکی۔ آیات ۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ قسم ہے زمانے کی۔ ☆

۲۔ انسان یقیناً خسارے میں ہے۔

۳۔ سوائے ان لوگوں کے جو ایمان لائے اور نیک اعمال بجا لائے اور جو ایک دوسرے کو حق کی تلقین کرتے ہیں اور صبر کی تلقین

۸۔ یہ وہ شخص ہے جس نے اپنی زندگی میں آخرت کو وزن نہیں دیا۔ اعمال صالحہ اور نیکیوں کو بھی خفیف سمجھا۔ اگر کوئی عمل انجام دیا تو بھی اس عمل کو بے وزن سمجھا اور وہ بندگی وعبودیت کو وزن دینے میں خفت محسوس کرتا تھا۔

سورہ تکاثر

۱۔ مال و دولت اور افرادی قوت میں کثرت سے ایک دوسرے پر فخر ومباہات نے تم کو اصل مقصد سے غافل کر دیا۔ کثرت مباہات کے سلسلے میں تم قبروں تک کے لوگوں کو شمار کرنے قبرستان پہنچ جاتے ہو۔ دوسری تشریح یہ بھی کی گئی ہے: یہاں تک کہ تم قبروں کے دہانے تک پہنچ جاتے ہو۔

۵۔ اگر تمہیں یقین حاصل ہوتا تو ایسا لگتا جیسے جہنم دیکھ رہے ہو یا یہ تم جہنم کو اپنی بصیرت سے دیکھ لیتے۔

۸۔ اہل سنت کے مصادر میں آیا ہے کہ اس آیت میں نعمت سے مراد کھجور اور ٹھنڈا پانی ہے۔ امامیہ مصادر میں آیا ہے: نَعیم سے مراد محمد و آل محمد (ع) کی محبت ہے۔ (الکافی ۶: ۲۸۰)

سورہ عصر

۱۔ انسان زمانے کے ہاتھوں زندگی کا کھیل ہار رہا ہوتا ہے، لہٰذا اس زمانے کی قسم! انسان ہر آن خسارے میں ہے، مگر وہ لوگ جو اپنی اس زندگی کے خسارے کی تلافی ایمان وعمل صالح کے ذریعے کرتے ہیں۔ دوسرے لفظوں میں انسانی زندگی کی قیمت ایمان وعمل صالح کے ذریعے رضائے رب کا حصول ہے۔ یعنی زندگی کی قیمت میں زندگی حاصل کی جائے تو انسان خسارے میں نہیں ہے۔ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً. (نحل ۹۷) جو شخص نیک عمل کرے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت اور وہ مؤمن ہو تو ہم اسے پاکیزہ زندگی دیں گے۔ لہٰذا ایمان وعمل صالح سے زندگی ملتی ہے اور صرف زندگی ہی زندگی کی قیمت بن سکتی ہے۔

بِالصَّبْرِ ﴿۳﴾

سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ ۹

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ ﴿۱﴾

الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ﴿۲﴾

يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗۤ اَخْلَدَهٗ ﴿۳﴾

كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ﴿۴﴾

وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ﴿۵﴾

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ﴿۶﴾

الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ﴿۷﴾

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ﴿۸﴾

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ﴿۹﴾

سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ ۵

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ

بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ﴿۱﴾

اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ

تَضْلِيْلٍ ﴿۲﴾

وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ﴿۳﴾

تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۴﴾

فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿۵﴾

سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ ۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

کرتے ہیں۔

سورہ ہمزہ۔ مکی۔ آیات ۹

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ہر طعنہ دینے والے عیب گو کے لیے ہلاکت ہے۔☆

۲۔ جو مال جمع کرتا ہے اور اسے گنتا رہتا ہے☆

۳۔ جو سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے ہمیشہ کی زندگی دے گا۔

۴۔ ہرگز نہیں! وہ چکنا چور کر دینے والی آگ میں ضرور پھینک دیا جائے گا۔

۵۔ اور آپ کو کس چیز نے بتایا وہ چکنا چور کر دینے والی آگ کیا ہے؟

۶۔ وہ اللہ کی بھڑکائی ہوئی آگ ہے،

۷۔ جو دلوں تک پہنچ جائے گی۔☆

۸۔ بلا شبہ وہ ان پر محیط ہو گی،

۹۔ لمبے لمبے ستونوں میں۔

سورہ فیل۔ مکی۔ آیات ۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ آپ کے رب نے ہاتھی والوں کے ساتھ کیا کیا؟☆

۲۔ کیا اس نے ان کی چال کو بے مقصد نہیں بنا دیا؟

۳۔ اور ان پر دستے دستے پرندے بھیج دیے☆

۴۔ جو ان پر سخت مٹی کے پتھر برسا رہے تھے۔

۵۔ سو اس نے انہیں کھائے ہوئے بھوسے کی مانند کر دیا۔☆

سورہ قریش۔ مکی۔ آیات ۴

بنام خدائے رحمٰن رحیم

سورہ ہمزہ

۱۔ هُمَزَةٍ: الطعن علی غیر بغیر حق۔ کسی کو ناحق طعنہ دینے والا۔

لُمَزَة: عیب گو۔ فعلة کا وزن مبالغہ کے لیے ہوتا ہے۔

وہ شخص جو دوسروں کی عزت و وقار، احترام آدمیت اور انسانی قدروں کو پامال کرتا ہے، خود تباہی میں ہے۔

۲۔ دوسروں کی طعنہ زنی اور عیب گوئی عموماً وہ لوگ کرتے ہیں جو مال و دولت سمیٹنے میں لگے رہتے ہیں اور کہتے ہیں ساری قدریں مال میں ہیں۔

۷۔ حضرت امام محمد باقر (ع) سے روایت ہے: کافر اور مشرکین جہنم میں موجود اہل توحید کو طعنہ دیں گے تمہاری توحید نے تمہیں کیا فائدہ دیا، ہمارے ساتھ جہنم میں ہو۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی رحمت جوش میں آئے گی اور فرشتوں کو شفاعت کرنے کا حکم دے گا، پھر انبیاء کو پھر مؤمنین کو شفاعت کا حکم ملے گا.... الی آخر الحدیث۔ ملاحظہ ہو کتاب الزھد ص ۹۷ مؤلف حسین اہوازی۔

سورہ فیل

۱۔ یمن پر حبشی کے بعد ابرھہ (جو شاہ حبش کا نائب تھا) نے عرب دنیا پر اپنا مذہبی اور تجارتی تسلط قائم کرنے کا منصوبہ بنایا۔ چنانچہ اس نے صنعا میں ایک عظیم الشان کلیسا تعمیر کیا اور قریش کے چند جوانوں پر الزام عائد کیا کہ انہوں نے کلیسا کی بے حرمتی کی ہے۔ اسے بہانہ بنا کر ۵۷۰ء میں ساٹھ ہزار فوجی اور ۱۳ ہاتھی لے کر خانہ کعبہ کو مسمار کرنے کے لیے روانہ ہوا۔ لشکر والے جب مزدلفہ اور منیٰ کے درمیان وادی محسّر میں پہنچ گئے تو بہت سے پرندے اپنی چونچوں اور پنجوں میں سنگ ریزے لیے ہوئے آئے اور اس لشکر پر ایسے سنگریزوں کی بارش کر دی جن سے لشکر والوں کے جسم گلنا شروع ہوئے۔ ابرھہ بھی پرندوں کے حملے سے مر گیا۔

۳۔ ابابیل کسی پرندے کا نام نہیں ہے، بلکہ اس کا مطلب ہے: جھنڈ کے جھنڈ۔

۵۔ العصف: کھیت کے وہ پتے جن کے دانے کھائے گئے ہوں یا دانے کا چھلکا جس کا مغز کھایا گیا ہو۔

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ ①
اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ ②
فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۙ ③
الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۠ ④

۱۰۷ سُوْرَةُ الْمَاعُوْنِ مَكِّيَّةٌ ۷

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُكَذِّبُ ۠ ①
بِالدِّیْنِ ؕ ①
فَذٰلِكَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۙ ②
وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ؕ ③
فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۙ ④
الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ۙ ⑤
الَّذِیْنَ هُمْ یُرَآءُوْنَ ۙ ⑥
وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۧ ⑦

۱۰۸ سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ ۲

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اِنَّاۤ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ ؕ ①
فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ؕ ②
اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ۧ ③

۱۰۹ سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ مَكِّيَّةٌ ۶

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ ①

سورہ قریش

۱۔ قریش کے تجارتی قافلوں کو یہ سہولت حاصل تھی کہ راستے کے تمام قبائل قریش کا بہت احترام کرتے تھے۔ یہ احترام بیت اللہ کے خادم ہونے اور حج کے دنوں میں حاجیوں کی خدمت کرنے کی وجہ سے حاصل تھا۔ ان تمام قبائل سے مانوس ہونے کی وجہ سے ان کو پورے راستے میں امن حاصل رہتا تھا اور وہ ان سے کوئی ٹیکس بھی وصول نہیں کرتے تھے۔ دوسری باتوں کے علاوہ قریش کو جس بیت اللہ کی وجہ سے تجارتی سہولت اور خوش حالی میسر آئی، انہیں اس کے رب کی پرستش کرنا چاہیے تھی۔

سورہ ماعون

۱۔ جو قیامت پر یقین نہیں رکھتا وہ دنیا میں معاشرے کے لیے تعمیری کردار کا مالک نہیں بن سکتا۔ اس کے دل میں یتیم و مسکین کے ساتھ ہمدردی کا جذبہ پیدا نہیں ہو سکتا۔

سورہ کوثر

۱۔ رسول اللہؐ کے فرزند یکے بعد دیگرے جب انتقال کر گئے تو مکہ کے بڑے معاندین جیسے ابوجہل، ابولہب اور عتبہ نے یہ کہنا شروع کیا: محمدؐ اَبتر (لاولد) ہیں۔ جب وہ دنیا سے جائیں گے تو ان کا نام مٹ جائے گا، جس پر یہ سورہ نازل ہوا، جس میں یہ نوید سنائی: ہم نے آپ کو کوثر عطا کی، آپ ابتر نہیں ہیں، بلکہ آپ کا دشمن ہی ابتر ہے۔

کوثر، فوعل کے وزن پر کثرت بیان کرنے کے لیے آتا ہے اور روایات میں کوثر کی تشریح خیر کثیر سے کی گئی ہے۔ اس خیر کثیر کے مصداق کا تعین اگلی آیت: اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ۔ تمہارا دشمن ہی ابتر ہے، سے ہوتا ہے۔ آپؐ کو کوثر عنایت ہوا ہے، چنانچہ آپؐ ابتر نہیں، بلکہ آپؐ کا دشمن ابتر ہے۔ یعنی کوثر سے مراد حضورؐ کے لیے اولاد کثیر ہے، جو حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا سے پھیلی ہے۔ فخر الدین رازی اس آیت کے ذیل میں کہتے ہیں: دیکھو اہل البیتؑ کے کتنے افراد شہید کر دیے گئے، پھر بھی آج دنیا ان کی نسل سے پر ہے اور بنی امیہ کا کوئی قابل ذکر فرد باقی نہیں ہے۔

۱۔ قریش کو مانوس رکھنے کی خاطر،☆
۲۔ انہیں (ان کے ذریعہ معاش) جاڑے اور گرمی کے سفروں سے مانوس رکھنے کی خاطر،
۳۔ چاہیے تھا کہ وہ اس گھر کے رب کی عبادت کریں،
۴۔ جس نے انہیں بھوک میں کھانا کھلایا اور خوف سے انہیں امن دیا۔

سورہ ماعون ۔ مکی ۔ آیات ۷

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کیا آپ نے اس شخص کو دیکھا جو جزا و سزا کو جھٹلاتا ہے؟☆
۲۔ یہ وہی ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے،
۳۔ اور مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتا۔
۴۔ پس ایسے نمازیوں کے لیے ہلاکت ہے
۵۔ جو اپنی نماز سے غافل رہتے ہیں۔
۶۔ جو ریاکاری کرتے ہیں۔
۷۔ اور (ضرورت مندوں کو) معمولی چیزیں بھی دینے سے گریز کرتے ہیں۔

سورہ کوثر ۔ مکی ۔ آیات ۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ بیشک ہم نے ہی آپ کو کوثر عطا فرمایا۔☆
۲۔ لہٰذا آپ اپنے رب کے لیے نماز پڑھیں اور قربانی دیں۔
۳۔ یقیناً آپ کا دشمن ہی بے اولاد رہے گا۔

سورہ کافرون ۔ مکی ۔ آیات ۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کہہ دیجیے: اے کافرو!

لَآ اَعۡبُدُ مَا تَعۡبُدُوۡنَ ۙ﴿۲﴾
وَلَآ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ ۚ﴿۳﴾
وَلَآ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدۡتُّمۡ ۙ﴿۴﴾
وَلَآ اَنۡتُمۡ عٰبِدُوۡنَ مَآ اَعۡبُدُ ؕ﴿۵﴾
لَكُمۡ دِيۡنُكُمۡ وَلِيَ دِيۡنِ ﴿۶﴾

۱۱۰ سُوۡرَةُ النَّصۡرِ مَدَنِيَّةٌ ۳

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ ۙ﴿۱﴾
وَرَاَيۡتَ النَّاسَ يَدۡخُلُوۡنَ فِيۡ دِيۡنِ
اللّٰهِ اَفۡوَاجًا ۙ﴿۲﴾
فَسَبِّحۡ بِحَمۡدِ رَبِّكَ وَاسۡتَغۡفِرۡهُ ؕ اِنَّهٗ
كَانَ تَوَّابًا ﴿۳﴾

۱۱۱ سُوۡرَةُ اللَّهَبِ مَكِّيَّةٌ ۵

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
تَبَّتۡ يَدَاۤ اَبِيۡ لَهَبٍ وَّتَبَّ ؕ﴿۱﴾
مَاۤ اَغۡنٰى عَنۡهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ ؕ﴿۲﴾
سَيَصۡلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ ۚ﴿۳﴾
وَّامۡرَاَتُهٗ ؕ حَمَّالَةَ الۡحَطَبِ ۚ﴿۴﴾
فِيۡ جِيۡدِهَا حَبۡلٌ مِّنۡ مَّسَدٍ ۚ﴿۵﴾

۱۱۲ سُوۡرَةُ الۡاِخۡلَاصِ مَكِّيَّةٌ ۴

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ
قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ﴿۱﴾
اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ﴿۲﴾

۲۔ میں ان (بتوں) کو نہیں پوجتا ہوں جنہیں تم پوجتے ہو۔
۳۔ اور نہ ہی تم اس (اللہ) کی بندگی کرتے ہو جس کی میں بندگی کرتا ہوں۔
۴۔ اور نہ ہی میں ان (بتوں) کی پرستش کرنے والا ہوں جن کی تم پرستش کرتے ہو
۵۔ اور نہ ہی تم اس کی عبادت کرنے والے ہو جس کی میں عبادت کرتا ہوں۔
۶۔ تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین۔

سورہ نصر۔ مدنی۔ آیات ۳

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ جب اللہ کی نصرت اور فتح آ جائے،☆
۲۔ اور آپ لوگوں کو فوج در فوج اللہ کے دین میں داخل ہوتے دیکھ لیں،
۳۔ تو اپنے رب کی ثنا کے ساتھ اس کی تسبیح کریں اور اس سے مغفرت طلب کریں یقیناً وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔

سورہ لہب۔ مکی۔ آیات ۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ ہلاکت میں جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ تباہ ہو جائے۔☆
۲۔ نہ اس کا مال اس کے کام آیا اور نہ اس کی کمائی۔
۳۔ وہ عنقریب بھڑکتی آگ میں جھلسے گا۔
۴۔ اور اس کی بیوی بھی، ایندھن اٹھائے پھرنے والی۔
۵۔ اس کی گردن میں بٹی ہوئی رسی ہے۔

سورہ اخلاص۔ مکی۔ آیات ۴

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کہہ دیجیے: وہ اللہ ایک ہے۔☆
۲۔ اللہ بے نیاز ہے۔

سورہ کافرون

دین، توحید اور خدا پرستی میں کسی قسم کی لچک پیدا کرنے اور سمجھوتہ کرنے کا تصور درست نہیں ہے۔ اگر مخالف اس قسم کی تجویز پیش کرے تو اسے پرزور الفاظ میں مکرراً مسترد کرنا ہوگا۔

سورہ نصر

۱۔ یہ سورہ صلح حدیبیہ کے بعد فتح مکہ سے پہلے نازل ہوا اور اللہ کی طرف سے ملنے والی فتح و نصرت سے مراد فتح مکہ ہے، جس کے بعد لوگ اسلام میں جوق در جوق داخل ہوئے۔

سورہ لہب

۱۔ ابولہب رسول اللہؐ کی دشمنی میں ہر مقام پر پیش پیش رہتا تھا۔ رسول اللہؐ دعوت اسلام کے لیے جاتے تو یہ ان کے پیچھے جاتا اور لوگوں کو آپ کی بات سننے سے روک دیتا۔ ابولہب حضورؐ کا قریبی ہمسایہ تھا۔ اس لیے حضورؐ کو گھر میں بھی چین سے رہنے، نماز پڑھنے یا صحن میں کھانا پکانے نہیں دیتا تھا اور آپؐ پر غلاظت پھینکتا تھا۔ ابولہب کی بیوی ام جمیل (ابوسفیان کی بہن) رات کو آپؐ کے گھر کے دروازے پر خاردار جھاڑیاں پھینک دیا کرتی تھی۔ تبّ کے دوسرے معنی خسارہ کے کیے ہیں۔ اس صورت میں آیت کا ترجمہ یہ ہوگا: خسارے میں جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ خود بھی خسارے میں جائے۔

سورہ اخلاص

۱۔ ادیان سماوی میں بالعموم اور اسلام میں بالخصوص عقیدہ توحید کو اساسی حیثیت حاصل ہے۔ اعتقادات و نظریات اور تعلیمات و عبادات نظریہ توحید پر مبنی ہیں۔ تاریخ انبیاء (ع) میں بالعموم اور تاریخ اسلام میں بالخصوص معرکہ کفر و ایمان کا مرکزی نقطہ نظریہ توحید رہا ہے۔

اَحَدٌ: اس ''ایک'' کے لیے استعمال ہوتا ہے جو کثرت کو قبول نہ کرے اور واحد اس ''ایک'' کے لیے استعمال ہوتا ہے جو کثرت کو قبول کرے۔

الصَّمَدُ: اس ذات کی صفت ہے جس کے سب محتاج ہوں اور وہ کسی کی محتاج نہ ہو۔

سلمان فارسی اور ابن عباس راوی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یا علی مثلك فی امتی مثل قل ھو اللّٰہ احد فی القرآن (امالی صدوق ص۳۳۔ ابن مغازلی و خوارزمی عن نعمان بن

لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۙ ﴿۳﴾
وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ﴿۴﴾

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ ۵ ﴿۱۱۳﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ ﴿۱﴾
مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ ﴿۲﴾
وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ ﴿۳﴾
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۙ ﴿۴﴾
وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ ۶ ﴿۱۱۴﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ ﴿۱﴾
مَلِكِ النَّاسِ ۙ ﴿۲﴾
اِلٰهِ النَّاسِ ۙ ﴿۳﴾
مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ﴿۴﴾
الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ
النَّاسِ ۙ ﴿۵﴾
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ﴿۶﴾

☆☆☆☆☆

۳۔ نہ اس نے کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا۔
۴۔ اور کوئی بھی اس کا ہمسر نہیں ہے۔

سورہ فلق۔ مکی۔ آیات ۵

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کہہ دیجیے: میں صبح کے رب کی پناہ مانگتا ہوں،
۲۔ ہر اس چیز کے شر سے جسے اس نے پیدا کیا، ☆
۳۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب اس کا اندھیرا چھا جائے، ☆
۴۔ اور گرہوں میں پھونکنے والی (جادوگرنی) کے شر سے، ☆
۵۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرنے لگ جائے۔

سورہ ناس۔ مکی۔ آیات ۶

بنام خدائے رحمٰن رحیم

۱۔ کہہ دیجیے: میں پناہ مانگتا ہوں انسانوں کے پروردگار کی،
۲۔ انسانوں کے بادشاہ کی،
۳۔ انسانوں کے معبود کی،
۴۔ پس پردہ رہ کر وسوسہ ڈالنے والے (ابلیس) کے شر سے، ☆
۵۔ جو لوگوں کے دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے،
۶۔ وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔

بشیر) اے علی تیری مثال میری امت میں قرآن میں قل ھو اللہ احد کی طرح ہے۔

سورہ فلق

۲۔ اللہ نے شر خلق نہیں کیا بلکہ جن چیزوں کو خلق کیا ہے ان میں کبھی شر پیدا ہو جاتا ہے۔ اللہ نے تو انسان کو احسن تقویم میں پیدا کیا ہے، مگر کبھی یہ ابلیس سے بھی بدتر ثابت ہو جاتا ہے۔ اس طرح تمام اشیاء میں خیر اور شر کے دونوں پہلو موجود ہیں۔

۳۔ رات کی تاریکی کو اللہ نے انسان کے سکون کے لیے بنایا ہے، لیکن کبھی اس تاریکی سے غلط فائدہ اٹھا کر کچھ لوگ دوسروں کو ضرر پہنچاتے ہیں یا اس شر سے پناہ مانگنا مراد ہو سکتی ہے جو پوشیدہ رہ کر انسان پر حملہ آور ہوتا ہے، جیسے جراثیم سرطان وغیرہ۔ اس صورت میں غَاسِقٍ سے مراد مطلق تاریکی اور پوشیدہ مراد لیا جا سکتا ہے۔

۴۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جادو کا کسی حد تک اثر مرتب ہوتا ہے۔

سورہ ناس

۴۔ وسوسے کے معنی یہ ہیں کہ غیر محسوس طریقے سے کسی کے دل میں بری بات ڈال دی جائے۔ مثلاً شیطان دلوں میں یہ خیال ڈال دیتا ہے کہ چھوٹے گناہ کا مرتکب ہونے میں کوئی مضائقہ نہیں یا یہ کہ فلاں بات سرے سے گناہ ہی نہیں۔ مثلاً لوگوں سے جب یہ کہا جاتا ہے کہ اسلام کے اصولوں پر سختی سے عمل کرنا چاہیے تو عام طور پر لوگ کہتے ہیں کہ اسلام اس قدر سختی نہیں کرتا۔ حالانکہ کسی بھی قانون پر عمل کرنا ضروری نہیں ہے تو وہ سرے سے قانون ہی نہیں رہتا۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اس بات سے بچائے کہ ہم اس کی بارگاہ میں بیٹھ کر اسی کی نافرمانی کریں۔

و نسئل المولی سبحانه ان یهدینا الی صوب الصواب انه هو العزیز الوهاب۔
و کان ختام اعادة النظر و اضافة التحشیة فی لیلة ١٤ من ربیع الاول سنة ١٤٢٧ شهر مولد مفجّر النور و منقذ البشر خاتم الرسل صلی اللّٰه علیه و آله و سلم فی جامعة الکوثر آملاً من الباری عزوجل قبول هذا العمل بجعله خالصاً لوجهه الکریم. فانه لا ینال ذلك الا بفضله.

محسن علی نجفی بن مولانا اخوند حسین جان قدس سرّہ و کدّس برّہ
جامعة الکوثر۔ اسلام آباد


صدق الله العلي العظيم
وصدق رسوله النبي الأمين الكريم

الحافظ القاری علامہ محمد شفیق اللہ اجمل

فاضل اسلامک یونیورسٹی بھیرہ شریف ایم۔او۔ایل (پنجاب)

رجسٹرڈ پروف ریڈر حکومت پنجاب (پاکستان)

جامع مسجد عثمانیہ رضویہ 21-ایبٹ روڈ عثمانیہ کالونی عقب ٹیلی ویژن / ریڈیو اسٹیشن لاہور // موبائل: 0333-4274057

حوالہ نمبر 0032 تاریخ 11-7-2005

مکتبہ جامعہ پریس کی وساطت سے دور الوحی القرآن الکریم (رسم املائی) کا ایک حرف لاہاک پڑھا۔

میں تصدیق کرتا ہوں کہ اس قرآن کریم پاک کو حرف بحرف ابتدا سے انتہا تک کو جید حفاظ کرام کی موجودگی میں پڑھا گیا ہے لہٰذا اب یہ قرآن کریم کی غلطی سے صحیح قرآن کریم کے لحاظ سے ہر قسم کی غلطی سے صحیح ہوگا (ان شاء اللہ)

M. Shafiq

11-7-2005



مقدمہ قرآن کریم

خالی



بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللّٰہ اللّٰہ فی القرآن لا یسبقکم بالعمل به غیرکم۔
قرآن کے بارے میں اللہ سے ڈرتے رہنا، ایسا نہ ہو کہ دوسرے اس
پر عمل کرنے میں تم پر سبقت لے جائیں۔ (حضرت علی علیہ السلام)[1]

آغاز سخن

الٰہیاتی تصور کائنات کے مطابق اللہ تعالیٰ نے انسان کو عبث خلق نہیں فرمایا بلکہ ایک اعلیٰ و ارفع مقصد کے لیے پیدا کیا اور اس مقصد تک پہنچانے کے لیے انسان کو ارتقا و تکامل کے طویل مراحل سے گزارنا بھی سنت الٰہیہ رہی ہے۔ اسی لیے اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کو چھ یوم میں خلق فرمایا اور چار یوم میں اس نے زمین کو انسان کے لیے قابل سکونت بنایا اور وسائل حیات پیدا کیے۔

وَ قَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ؕ سَوَآءً لِّلسَّآئِلِيْنَ ۝[2]

اور اسی نے چار دنوں میں حاجتمندوں کی ضروریات کے مطابق زمین میں سامان خوراک مقرر کیا۔

یہ واضح رہے کہ اللہ تعالیٰ کے یوم ہمارے دنوں سے مختلف ہیں:

وَ اِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ۝[3]

اور آپ کے پروردگار کے ہاں کا ایک دن تمہارے شمار کے مطابق یقیناً ہزار برس کی طرح ہے۔

ہر چند اللہ تعالیٰ کسی مخلوق کو دفعتاً درجہ کمال تک پہنچا سکتا ہے لیکن حکمت الٰہیہ کا تقاضا یہ ہے کہ ارتقا و تکامل کا یہ عمل تدریجاً ہو۔ چنانچہ زمین کو چار مرحلوں میں قابل سکونت بنایا گیا۔

---

[1] نہج البلاغۃ وصیت ۴۷ ص ۷۳۸ [2] ۴۱ فصلت: ۱۰ [3] ۲۲ حج: ۴۷

جب تکامل و ارتقا کے مختلف مراحل سے گزر کر انسان کی مادی ترقی احسن تقویم کی منزل تک پہنچ گئی تو اگلے مرحلے میں وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ...[1] سے انسان کا فکری ارتقا شروع ہوا۔ چنانچہ ابوالبشر حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت کے ساتھ ہی اولاد آدم (ع) کی تعلیم و تربیت کے لیے ابتدائی درسگاہ کھول دی گئی اور نظام حیات کی ابجد سے درس شروع ہو گیا۔

حضرت نوح علیہ السلام کے زمانے میں پہلی بار شریعت کی تدوین ہوئی۔

شَرَعَ لَكُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا[2] — اس نے تمہارے لیے دین کا وہی دستور معین کیا جس کا اس نے نوح کو حکم دیا تھا۔

پھر عصر خلیل علیہ السلام میں ملت اسلامیہ کی داغ بیل ڈالی گئی:

مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ...[3] — یہ تمہارے باپ ابراہیم کا دین ہے، اسی نے تمہارا نام مسلمان رکھا۔

عصر کلیم علیہ السلام میں انسانیت نے ایک اور اہم ارتقائی مرحلہ طے کیا اور امت کلیمی پر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں پوری ہو گئیں۔

ثُمَّ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ تَمَامًا عَلَى الَّذِيْٓ اَحْسَنَ وَتَفْصِيْلًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّ هُدًى وَّ رَحْمَةً ...[4] — پھر ہم نے موسیٰ کو کتاب عنایت کی تاکہ نیکی کرنے والے پر اپنی نعمت پوری کر دیں اور اس میں ہر چیز کی تفصیل بیان ہو اور ہدایت اور رحمت (کا باعث) ہو۔

لیکن عصر کلیم (ع) کے انسان میں شعور و ادراک کا یہ عالم تھا کہ وہ ایک بچھڑے کو خدا ماننے پر آمادہ تھا۔

عصر مسیح علیہ السلام میں انسانیت کی اس تربیت گاہ کو خداوند عالم نے شریعت عیسوی کے ذریعے مزید وسعت دی اور انسانی ترقی کے نصاب میں انجیل کا اضافہ کر کے رحمت و شفقت اور انسان دوستی کی تربیت دی گئی۔

وَ قَفَّيْنَا بِعِيْسَى ابْنِ مَرْيَمَ وَ اٰتَيْنٰهُ الْاِنْجِيْلَ ۙ وَ جَعَلْنَا فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ رَاْفَةً وَّرَحْمَةً[5] — اور ان سب کے بعد عیسیٰ بن مریم کو بھیجا اور انہیں ہم نے انجیل دی اور جنہوں نے ان کی پیروی کی ہم نے ان کے دلوں میں شفقت اور رحم ڈال دی۔

ان ادوار میں انسان ابھی عہد طفولیت میں تھا، لہٰذا اس کی تربیت و تعلیم کے لیے سمعی و بصری ذرائع سے کام لیا گیا اور انہیں ایسے معجزات دکھائے گئے جو محسوسات و مشاہدات سے متعلق تھے۔

---

[1] ۲ بقرہ: ۳۱ [2] ۴۲ شوریٰ ۱۳ [3] ۲۲ حج: ۷۸ [4] ۶ انعام: ۱۵۴ [5] ۵۷ حدید: ۲۷

جب انسان عقل وشعور کے لحاظ سے بلوغت کی منزل کو پہنچ گیا تو اسے محسوس معجزات کی جگہ معقول معجزہ (قرآن) دیا گیا کیونکہ انسان اس قابل ہو گیا تھا کہ اسے ایک جامع ''ضابطۂ حیات'' اور ایک ابدی ''دستور زندگی'' کا امین بنایا جائے۔ چنانچہ قرآن جیسا معجزہ عنایت فرما کر اللہ تعالیٰ نے اس امّت مرحومہ کو اس قابل بنایا کہ وہ اس سرمدی امانت کی حامل بن جائے۔ اس نعمت الٰہی کی معرفت اور اس کی قدردانی کی واحد صورت یہ ہے کہ کلام اللہ کو حتی الامکان سمجھا اور سمجھایا جائے۔

حقیر نے اپنی علمی بے مائیگی اور فکری افلاس کے باوجود اس میدان میں قدم رکھنے کی جرأت اس لیے کی کہ اگرچہ کلام رب الارباب کو اس تراب کے ساتھ کوئی نسبت نہیں، تاہم اس کلام کے مخاطب اور اس پر عمل کرنے کے مکلّف ہم ہی ہیں۔ ثانیاً ہمارے علمائے اعلام اور ائمہ اطہار علیہم السلام کے شاگردوں نے صدر اول سے لے کر آج تک اس عظیم امانت کو ہم تک پہنچانے اور اس کی صحیح تفسیر و مفاہیم سے ہمیں آگاہ کرنے میں ہمیشہ دوسروں پر سبقت حاصل کی ہے۔ ان کے علمی سرچشموں سے چند جرعے حاصل کرنے کی جسارت مجھ جیسا بے علم بھی کر سکتا ہے۔ پھر اس چیونٹی نے مقام سلیمانی کے مطابق نہیں بلکہ اپنی حیثیت کے مطابق نذرانہ پیش کرنا ہے۔

چون عود نبود چوب بید آوردم — روئے سیه و موئے سفید آوردم
گفتی توبه کن که نا امیدی کفراست — بر قول تو رفتم و امید آوردم

نیز یہ قدم اس لیے بھی اٹھایا گیا ہے:

۱۔ قرآن حقائق کا ایک بحر بیکراں ہے۔ ہر طبقہ اور ہر نسل کو اپنی استعداد کے مطابق اس سے استفادہ کرنا چاہیے۔ چنانچہ حضرت امام رضا علیہ السلام سے منقول روایت میں حضرت امام صادق علیہ السلام سے سوال ہوا: کیا وجہ ہے کہ قرآن کو جس قدر بیان اور نشر کیا جاتا ہے نیز اس میں جس قدر غور وفکر کیا جاتا ہے، اسی قدر اس میں مزید تازگی آ جاتی ہے؟ آپ (ع) نے فرمایا:

ان اللّٰه لم یجعله لزمان سدون زمان و لناس دون ناس ـ فهو فی کل زمان جدید وعند کل قوم غض الی یوم القیامة۔[1]

اللہ تعالیٰ نے قرآن کو نہ ایک زمانے کے ساتھ مخصوص فرمایا، نہ کچھ لوگوں کے ساتھ، بلکہ یہ ہر دور میں جدت اور ہر قوم کے لیے قیامت تک تازگی رکھتا ہے۔

۲۔ قرآنی تصریحات کے بارے میں نئی نسل کی طرف سے اٹھنے والے سوالات کے جوابات فراہم کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے۔

۳۔ جدید معاندانہ تحریروں اور الزام تراشیوں کے مقابلے میں مکتب اہل بیت علیہم السلام کا

---

[1] بحار الانوار ۲: ۲۸۰

موقف بیان کرنا بھی ہماری ذمہ داری ہے۔

مجھے اپنی کوتاہیوں کا اعتراف ہے۔ غیر ارادی غلطیوں کا امکان بھی موجود ہے۔ لہٰذا احباب سے درخواست ہے کہ اس سلسلے میں مجھے میری خامیوں سے آگاہ فرمائیں۔

اس ترجمے کی طرف مؤمنین کی اطمینان بخش توجہ کی وجہ سے اس کی جو افادیت سامنے آئی ہے، اس کے پیش نظر ہم نے مقدمہ اور حواشی میں قابل توجہ اضافہ کیا ہے اور کوشش کی ہے کہ مؤمنین کو قرآنی علوم اور تفسیر سے متعلق ضروری معلومات ایک جلد میں میسر آئیں۔

اس سلسلے میں جن احباب نے میرے ساتھ تعاون فرمایا ہے ان کا شکرگزار ہوں۔ خصوصاً جناب محترم سید اظہر علی رضوی صاحب کی مخلصانہ کاوشیں نہ ہوتیں تو کتاب کی فارمیٹنگ اور طباعت میں یہ خوبصورتی ہرگز نہ آتی۔ خداوند عالم ان کی شب و روز کی زحمتیں قبول فرمائے۔ آمین

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

محسن علی بن مولانا اخوند حسین جان رحمۃ اللہ علیہ

اسلام آباد۔ پاکستان

فضائل قرآن

بزبان قرآن۔ بزبان نبی (ص)۔
بزبان وصی (ع) ۔ بزبان زہرا (س)۔
فضائل قرآن در نہج البلاغہ۔قرآن میں اللہ کی تجلی۔مستقبل کے علوم۔
جامع ضابطہ حیات۔تعلیم قرآن۔شفاعت۔زاد آخرت۔بے مانند نصیحت۔
عہد و پیمان قرآن۔عمل بالقرآن میں اغیار کی سبقت۔ ذریعہ نجات۔
قرآن اور اہل قرآن کے ساتھ سلوک۔فضائل تلاوت قرآن۔
اسماء قرآن۔ معانی قرآن ۔ تدبر قرآن۔

خالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بزبان قرآن

قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِيْنٌ ۙ يَّهْدِيْ بِهِ اللّٰهُ مَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَهٗ سُبُلَ السَّلٰمِ وَيُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ بِاِذْنِهٖ وَيَهْدِيْهِمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝[1]

بتحقیق تمہارے پاس اللہ کی جانب سے نور اور روشن کتاب آ چکی ہے جس کے ذریعے اللہ ان لوگوں کو امن وسلامتی کی راہیں دکھاتا ہے جو اس کی رضا کے طالب ہیں اور وہ اپنے اذن سے انہیں ظلمتوں سے نکال کر روشنی کی طرف لاتا ہے اور انہیں راہ راست کی رہنمائی فرماتا ہے۔

اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَهْدِيْ لِلَّتِيْ هِيَ اَقْوَمُ وَ يُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا كَبِيْرًا ۝[2]

یہ قرآن یقیناً اس راہ کی ہدایت کرتا ہے جو بالکل سیدھی ہے اور ان مؤمنین کو جو نیک اعمال بجالاتے ہیں یہ بشارت دیتا ہے کہ ان کے لیے بڑا اجر ہے۔

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ شِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝[3]

اے لوگو! تمہارے پروردگار کی طرف سے یہ قرآن تمہارے پاس نصیحت اور تمہارے دلوں کی بیماری کے لیے شفا اور مؤمنین کے لیے ہدایت ورحمت بن کر آیا ہے۔

وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ ۚ[4]

اور اللہ نے تمہیں جو نعمت عطا کی ہے اسے یاد رکھو اور (یہ بھی) یاد رکھو کہ تمہاری نصیحت کے لیے اس نے تم پر کتاب اور حکمت نازل کی۔

---

[1] ۵ مائدہ: ۱۵-۱۶ [2] ۱۷ بنی اسرائیل: ۹ [3] ۱۰ یونس: ۵۷ [4] ۲ بقرہ: ۲۳۱

هٰذَا بَيَانٌ لِّلنَّاسِ وَ هُدًى وَّ مَوْعِظَةٌ لِّلْمُتَّقِيْنَ ○ [1]

یہ (عام) لوگوں کے لیے ایک واضح بیان ہے اور اہل تقویٰ کے لیے ہدایت و نصیحت ہے۔

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ○ [2]

کہہ دیجیے: اگر انسان اور جن سب مل کر اس قرآن کی مثل لانے کی کوشش کریں تو وہ اس کی مثل نہیں لاسکیں گے، اگرچہ وہ ایک دوسرے کا ہاتھ بٹائیں۔

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ○ [3]

یہ قرآن لوگوں کے لیے بصیرت افروز اور یقین رکھنے والوں کے لیے ہدایت اور رحمت ہے۔

وَ نُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ... [4]

اور ہم قرآن میں سے ایسی چیز نازل کرتے ہیں جو مؤمنین کے لیے شفا اور رحمت ہے۔

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ لِتُخْرِجَ النَّاسَ مِنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ... [5]

یہ ایک ایسی کتاب ہے جسے ہم نے آپ کی طرف نازل کیا تاکہ آپ لوگوں کو اندھیروں سے نکال کر روشنی کی طرف لائیں۔

وَهٰذَا كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ مُبٰرَكٌ ... [6]

اور یہ ایک مبارک کتاب ہے جو ہم نے نازل کی۔

وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ○ [7]

اور ہم نے آپ پر یہ کتاب ہر چیز کو بڑی وضاحت سے بیان کرنے والی اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور بشارت بنا کر نازل کی ہے۔

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۙ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۙ لَّا يَمَسُّهٗٓ اِلَّا الْمُطَهَّرُوْنَ ○ [8]

یہ قرآن یقیناً بڑی تکریم والا ہے، جو ایک محفوظ کتاب میں ہے، جسے صرف پاکیزہ لوگ ہی چھو سکتے ہیں۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ [9]

اگر ہم اس قرآن کو پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ اسے اللہ کے خوف سے جھک کر پاش پاش ہوتا ضرور دیکھتے۔

بزبان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ان هذا القرآن هو النور المبين

بے شک یہ قرآن نمایاں روشنی ہے

---

[1] ۳ آل عمران: ۱۳۸ [2] ۱۷ بنی اسرائیل ۸۸ [3] ۴۵ جاثیہ: ۲۰ [4] ۱۷ بنی اسرائیل: ۸۲
[5] ۱۴ ابراھیم: ۱ [6] ۶ انعام: ۱۵۵ [7] ۱۶ نحل: ۸۹ [8] ۵۶ واقعہ: ۷۷ تا ۷۹ [9] ۵۹ حشر: ۲۱

و الحبل المتين	اور مضبوط رسی ہے
والعروة الوثقى	اور محکم وسیلہ ہے
والدرجة العليا	بلندترین مرتبہ ہے
و الشفاء الاشفى	نہایت مؤثر شفا ہے
و الفضيلة الكبرى	اور سب سے بڑی فضیلت ہے
والسعادة العظمى	اور سب سے بڑی سعادت ہے۔
من استضاء به نوره اللّٰه	جو اس کے ذریعے روشنی طلب کرے اللہ اسے منور کرتا ہے۔
و من اعتقد به فى اموره عصمه اللّٰه	جس نے اپنے امور کو اس سے مربوط کیا اللہ نے اسے محفوظ رکھا
و من تمسك به انقذه اللّٰه	اور جو اس سے متمسک رہا اللہ نے اسے نجات دی
و من لم يفارق احكامه رفعه اللّٰه	اور جس نے اس کے احکام کو نہ چھوڑا اللہ نے اسے عزت دی
و من استشفى به شفاه اللّٰه	اور جس نے قرآن سے شفا طلب کی خدا نے اسے شفا دی
و من آثره على ما سواه هداه اللّٰه	اور جس نے قرآن کو دوسری چیزوں پر ترجیح دی خدا نے اسے ہدایت بخشی
و من طلب الهدى فى غيره اضله اللّٰه	اور جس نے غیر قرآن سے ہدایت چاہی، اللہ نے اسے گمراہ کیا۔
و من جعله شعاره و دثاره اسعده اللّٰه	اور جس نے اسے اپنا شعار اور لازمہ قرار دیا اللہ نے اسے سعادت بخشی
و من جعله امامه الذى يقتدى به	اور جس نے اسے اپنا وہ امام بنایا، جس کی وہ پیروی کرتا ہے
و معوله الذى ينتهى اليه	اور اپنی وہ پناہ گاہ بنایا جسکی طرف وہ رجوع کرتا ہے
اَداه الله الى جنات النعيم و العيش السليم... الخ [1]	تو اللہ تعالیٰ اسے نعمتوں والی جنت اور سکون کی زندگی سے نوازے گا۔

[1] تفسیر الامام العسکری (ع) ص۴۵۰ بحار الانوار۸۹: ۳۱۔ کتاب القرآن

فضل القرآن علی سائر الکلام کفضل اللہ علی خلقہ۔[1]

کلام خدا کو دوسرے کلاموں پر وہی فضیلت حاصل ہے جو خود اللہ تعالیٰ کو اپنی مخلوق پر۔

من قرأ حرفا من کتاب اللّٰہ تعالیٰ فلہ حسنۃ و الحسنۃ بعشر امثالھا، لا اقول الٓمٓ حرف ولکن الف حرف لام حرف و میم حرف۔[2]

جو کتاب اللہ کے ایک حرف کی تلاوت کرے، اسے ایک نیکی کا ثواب دیا جائے گا اور ایک نیکی کا دس گنا ثواب ہوتا ہے۔ میرا مطلب یہ نہیں کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف، لام ایک حرف اور میم ایک حرف ہے۔

بزبان وصی علیہ السلام

مولائے متقیان امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:

ثم انزل علیہ الکتاب نوراً لا تطفأ مصابیحہ و سراجا لا یخبو توقدہ و بحرا لا یدرک قعرہ و منھاجا لا یضل نھجہ و شعاعا لا یظلم ضوئہ و فرقانا لا یخمد برھانہ و تبیانالا تھدم ارکانہ و شفاء لا تخشی اسقامہ و عزا لا تھزم انصارہ

اللہ نے رسول کریم (ص) پر ایک ایسی کتاب نازل فرمائی:
جو ایسا نور ہے جس کی قندیلیں گل نہیں ہوتیں،
ایسا چراغ ہے جس کی لو خاموش نہیں ہوتی،
ایسا دریا ہے جس کی تہ تک رسائی نہیں ہوتی،
ایسا راستہ ہے جس میں راہ پیمائی بے راہ نہیں کرتی،
ایسی کرن ہے جس کی روشنی مدھم نہیں پڑتی،
وہ حق و باطل میں ایسا امتیاز کرنے والا ہے جس کی دلیل کمزور نہیں پڑتی،
ایسا کھول کر بیان کرنے والا ہے جس کے ستون منہدم نہیں کیے جا سکتے،
وہ سراسر شفا ہے جس کے ہوتے ہوئے (روحانی) بیماریوں کا کھٹکا نہیں،
وہ سراسر عزت و غلبہ ہے جس کے یار و مددگار شکست نہیں کھاتے

---

[1] جامع الاخبار۔ تاج الدین الشعیری ص ۴۰۔ بحار الانوار ۸۹:۱۷
البیان فی تفسیر القرآن، الخوئی ص ۱۸۔ السنن الترمذی ۵:۱۸۴۔ القرآن کی جگہ کلام اللہ ہے۔

[2] السنن الترمذی ۵ : ۱۷۵۔ تفسیر القرطبی ۱ : ۷

و حقا لا تخذل اعوانه	وہ سراپاحق ہے جس کے معاون بے یار و مددگار نہیں چھوڑے جاتے۔
فهو معدن الايمان و بحبوحته	وہ ایمان کا معدن اور مرکز ہے۔
و ينا بيع العلم وبحوره	یہ علم کے چشموں اور سمندروں سے عبارت ہے۔
و رياض العدل وغدرانه	اس میں عدل کا چمن اور انصاف کا حوض ہے
و اثا فی الاسلام و بنيانه	اور اسلام کا سنگ بنیاد اور اس کی اساس ہے۔
و اودية الحق و غيطانه	حق کی وادی اور اس کا ہموار میدان ہے۔
وبحر لا ينزفه المستنزفون	وہ ایسا دریا ہے جس سے پانی بھرنے والے اسے ختم نہیں کر سکتے ۔
و عيون لا ينضبها الماتحون	وہ ایسا چشمہ ہے جس سے پانی الچنے والے اسے خشک نہیں کر سکتے۔
و مناهل لا يغيضها الواردون	و ہ ایسا گھاٹ ہے جس پر اترنے والوں سے اس کا پانی گھٹ نہیں سکتا۔
ومنازل لا يضل نهجها المسافرون	وہ ایسی منزل ہے جس کی راہ میں کوئی راہرو بھٹکتا نہیں۔
و اعلام لا يعمى عنها السائرون	وہ ایسا نشان ہے کہ چلنے والوں کی نظر سے اوجھل نہیں ہوتا۔
و آكام لا يجوز عنها القاصدون	وہ ایسا ٹیلہ ہے کہ جس کا قصد کرنے والے اس سے آگے نہیں گزر سکتے۔
جعله الله ريّا لعطش العلماء	اللہ نے اسے علماء کی تشنگی کے لیے سیرابی،
و ربيعا لقلوب الفقهاء	فقیہوں کے دلوں کے لیے بہار،
و محاجّ لطرق الصلحاء	اور نیک لوگوں کی رہگذر کے لیے شاہراہ قرار دیا۔
و دواء ليس بعده داء	یہ ایسی دوا ہے جس سے کوئی مرض باقی نہیں رہتا۔
و نوراً ليس معه ظلمة	ایسا نور ہے جس میں تیرگی کا گزر نہیں ہے۔
و حبلا وثيقاً عروته	ایسی رسی ہے کہ جس کے حلقے مضبوط ہیں ۔
و معقلا منيعاً ذروته	ایسی چوٹی ہے کہ جس کی پناہ گاہ مضبوط ہے۔
وعزاً لمن تولّاه	جو اس سے وابستہ ہو اس کے لیے سرمایہ عزت ہے.

وسلما لمن دخله	جو اس کی حدود میں داخل ہو اس کے لیے پیغام صلح و امن ہے۔
و هدی لمن ائتم به	جو اس کی پیروی کرے اس کے لیے ہدایت ہے۔
وعذراً لمن انتحله	جو اسے اپنی طرف نسبت دے اس کے لیے حجت ہے
وبرهانا لمن تكلم به	جو اس کی رو سے بات کرے اس کے لیے دلیل و برہان ہے۔
وشاهدا لمن خاصم به	جو اس کی بنیاد پر بحث و مناظرہ کرے اس کے لیے گواہ ہے۔
وفلجا لمن حاج به	جو اسے حجت بنا کر پیش کرے اس کے لیے فتح و کامرانی ہے۔
و حاملا لمن حمله	جو اس کا بار اٹھائے یہ اس کا بوجھ بٹانے والا ہے۔
و مطية لمن اعمله	جو اسے اپنا دستور العمل بنائے اس کے لیے وسیلہ راہ ہے۔
وآية لمن توسم	یہ حقیقت شناس کے لیے ایک واضح نشان ہے۔
و جنة لمن استلأم	جو سلاح بند ہو اس کے لیے سپر ہے۔
وعلما لمن وعى	جو فہم رکھتا ہے اس کے لیے علم و دانش ہے۔
و حديثا لمن روى	بیان کرنے والے کے لیے بہترین کلام ہے
وحكما لمن قضى۔ [1]	اور فیصلہ کرنے والے کے لیے قطعی حکم ہے۔

حارث ہمدانی راوی ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو کچھ لوگ ادھر ادھر کی باتوں میں مصروف تھے۔ حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر میں نے یہ واقعہ بیان کیا تو آپ (ع) نے فرمایا: واقعاً لوگوں نے ایسا کرنا شروع کر دیا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں۔ آپ (ع) نے فرمایا:

اما انی سمعت رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه و آله و سلم يقول : ستكون فتن ۔ قلت : و ما المخرج منها؟ قال: كتاب اللّٰه، كتاب اللّٰه	میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ (ص) نے فرمایا: آئندہ فتنے اٹھنے والے ہیں۔ میں نے عرض کی: راہ نجات کیا ہے؟ آپ (ص) نے فرمایا: اللہ کی کتاب۔ اللہ کی کتاب میں

---

[1] نہج البلاغۃ خطبہ ۱۹۶ ص ۵۵۹۔

فيه نبأ ما قبلكم و خبر ما بعدكم، و حكم ما بينكم۔ هو الفصل ليس بالهزل هو الذى من تركه من جبار قصمه الله، و من ابتغى الهدى فى غيره أضله الله فهو حبل الله المتين، و هو الذكر الحكيم، و هو الصراط المستقيم،و هو الذى لا تزيغ به الأهواء، و لا تلتبس به الألسنة، و لا يشبع منه العلماء، و لا يخلق عن كثرة الرد، ولا تنقضي عجائبه. و هو الذى لم ينته الجن اذ سمعته ان قالوا : اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا [3]۔ هو الذي من قال به صدق، و من حكم به عدل، و من عمل به اجر، و من دعا اليه هدى الى صراط مستقيم، خذها اليك يا أعور۔ [4]

تم سے پہلوں اور بعد میں آنے والوں کی خبریں اور تمہارے اختلافات کے فیصلے موجود ہیں۔ یہ حق و باطل کے درمیان امتیاز کرنے والی ہے۔ فضول اور لایعنی باتیں نہیں ۔ یہ وہ کتاب ہے جسے کوئی جابر مسترد کر دے تو خدا اسے ہلاک و نابود کر دے گا۔[1] جو اسے چھوڑ کر کسی اور ذریعے سے ہدایت حاصل کرنے کی کوشش کرے ، اللہ اسے گمراہ کر دے گا ۔ یہ کتاب اللہ کی مضبوط رسی ہے۔ یہ حکمت والی کتاب ہے۔ یہ سیدھا راستہ ہے۔ یہ وہ کتاب ہے کہ مختلف خواہشات اس میں تغیر و تبدیلی نہیں لاسکتیں۔[2] جو زبان قرآن کے ساتھ بات کرے وہ حق و باطل میں اشتباہ نہیں کر سکتی ۔ علماء کا اس سے جی نہیں اکتاتا اور بار بار پڑھنے سے یہ فرسودہ نہیں ہوتی اور اس کے نکتہ ہائے یگانہ بے پایاں ہیں ۔ یہ وہ کتاب ہے جسے سن کر جن یوں بول اٹھے: ہم نے ایک تعجب خیز قرآن سنا۔ یہ وہ کتاب ہے کہ جو اس کی رو سے بات کرے گا، سچ بولے گا۔ جو اس کے مطابق فیصلہ سنائے گا عدل و انصاف کرے گا۔ جو اس پر عمل کرے گا اسے ثواب ملے گا۔جس نے لوگوں کو اس کی طرف دعوت دی اس نے سیدھے راستے کی طرف بلایا۔ اے اعور! اس (حدیث) کو یاد رکھ۔

---

[1] اس جملے سے ثابت ہوتا ہے کہ اس بات کی ضمانت دی گئی ہے کہ جابر لوگ قرآن کے ساتھ وہ سلوک نہیں کر سکتے جو سابقہ کتابہائے آسمانی کے ساتھ ہوا۔ لہٰذا قرآن تحریف سے محفوظ ہے ۔

[2] اس جملے سے بھی صاف ظاہر ہوتا ہے کہ قرآن میں تحریف نہ واقع ہوئی ہے اور نہ ہوسکتی ہے ۔

[3] ۷۲ جن : ۱

[4] سنن الدارمی ۲ : ۵۲۶۔ سنن الترمذی ۵ : ۱۷۲ کچھ فرق کے ساتھ۔ بحار الانوار ۸۹ : ۲۴ لفظی اختلاف کے ساتھ۔ البیان فی تفسیر القرآن (اردو ترجمہ) ص ۱۸۔

بزبان حضرت فاطمة الزهراء سلام اللہ علیہا

زعیم حق لہ فیکم ، و عهد قدمه الیکم، و بقیة استخلفها علیکم کتاب اللّٰہ الناطق، و القران الصادق، و النور الساطع و الضیاء اللامح، بینة بصائره منکشفة سرائره، منجلیة ظواهره، مغتبطة به اشیاعه ، قائد الی الرضوان اتباعه مؤد الی النجاة استماعه، به تنال حجج اللّٰہ المنورة، و عزائمه المفسرة، و محارمه المحذرة، و بیناته الحالیة، و براهینه الکافیه ، و فضائله المندوبة ، و رخصه الموهوبة و شرائعه المکتوبة ..[1]

یہ قرآن تمہارے درمیان حق کا پاسدار ہے ۔ اللہ کا وہ عہد ہے جو تمہارے لیے پیش کیا گیا ہے ۔ وہ جانشین ہے جو تمہارے لیے پیچھے چھوڑا گیا ہے۔ اللہ کی ناطق کتاب اور سچا قرآن ہے ۔ چمکتا نور، روشن چراغ ہے ۔ اس کی بصیرتیں واضح، اس کے اسرار قابل انکشاف، اس کے ظواہر واضح، اس کے پیروکار قابل رشک ہیں۔ اس کی اتباع کرنے والوں کو رضائے حق کی طرف رہنمائی کرنے والا، اس کے سننے والوں کو نجات تک پہنچانے والا، اس سے اللہ کے نورانی دلائل اور اس کے واجب العمل احکام، قابل اجتناب محرمات، واضح دلائل، مکمل براہین، مطلوبہ فضائل، قابل اجازت اعمال اور واجب العمل شریعت تک رسائی ممکن ہے ۔

فضائل قرآن در نہج البلاغہ

نہج البلاغہ میں قرآن مجید کے فضائل اور اس کی قدر و معرفت کے بارے میں انمول خزانے موجود ہیں۔

قرآن میں اللہ کی تجلی

..فتجلی لهم سبحانه فی کتابه من غیر ان یکونوا رأوه بما اراهم من قدرته و خوفهم من سطوته[2]

اللہ تعالیٰ نے لوگوں کے لیے اپنی کتاب (قرآن) میں جلوہ فرمایا تو لوگوں نے اسے دیکھا نہیں مگر قدرت کی ان نشانیوں کے ذریعے، جو اس نے اپنی کتاب میں دکھائیں .....

مستقبل کے علوم

.... آلا ان فیه علم مایأتی و الحدیث عن الماضی و دواء دائکم و نظم ما بینکم۔[3]

اس (قرآن) میں آئندہ کی معلومات گزشتہ کے واقعات،[3] تمہاری بیماریوں کا چارہ اور تمہارے باہمی تعلقات کی شیرازہ بندی ہے۔

---

[1] الاحتجاج للطبرسی ۱: ۹۹ [2] نہج البلاغة خطبہ ۱۴۵ ص ۳۸۷ ۔
[3] انتہائی قابل توجہ بات ہے کہ مستقبل کے لیے "علم" کا لفظ استعمال فرمایا اور ماضی کے لیے "واقعات" کا. [4] حوالہ سابق خطبہ ۱۵۶ ص ۴۱۵

جامع ضابطہ حیات

و اعلموا انه لیس علی احد بعد القران من فاقة و لا لاحد قبل القران من غنی۔[1]

جان لو کہ کسی کو قرآن کے بعد کسی اور لائحہ عمل کی احتیاج باقی نہیں رہتی اور نہ قرآن کے بغیر کسی کی احتیاج پوری ہوسکتی ہے۔

تعلیم قرآن

تعلموا القران، فانه احسن الحدیث و تفقهوا فیه فانه ربیع القلوب و استشفعوا بنوره فانه شفاء الصدور و احسنوا تلاوته فانه انفع القصص۔[2]

قرآن کا علم حاصل کرو کہ وہ بہترین کلام ہے اور اس میں غور وفکر کرو یہ دلوں کی بہار ہے اور اس کے نور سے شفا حاصل کرو کہ وہ سینوں میں چھپی ہوئی بیماریوں کے لیے شفا ہے اور اس کی بہتر تلاوت کرو۔ اس کے واقعات سب واقعات سے زیادہ فائدہ مند ہیں۔

شفاعت

و اعلموا انه شافع مشفع و قائل مصدق و انه من شفع له القران یوم القیامة شفع فیه۔[3]

جان لو کہ قرآن مقبول شفاعت اور تصدیق شدہ کلام کرنے والا ہے ۔ قیامت کے روز جس کی قرآن شفاعت کرے گا وہ اس کے حق میں مانی جائے گی ۔

زاد آخرت

فانه مناد ینادی یوم القیامة الا ان کل حارث مبتلی فی حرثه و عاقبة عمله، غیر حرثة القران، فکونوا من حرثته و اتباعه۔[4]

قیامت کے دن ایک ندا دینے والا پکار کر کہے گا: دیکھو ہر بونے والا اپنی کھیتی اور اپنے اعمال کے نتیجے میں مبتلا ہے سوائے قرآن کی کھیتی بونے والوں کے۔ لہٰذا تم قرآن کی کھیتی بونے والے اور اس کے پیروکار بنو۔

بے مانند نصیحت

و ان اللّٰه سبحانه لم یعظ احداً بمثل هذا القران فانه حبل اللّٰه المتین و سببه الامین و فیه ربیع القلب و ینابیع العلم و ما للقلب جلاء غیره ۔[5]

اللہ سبحانہ نے کسی کو ایسی نصیحت نہیں فرمائی جو اس قرآن کی مانند ہو ۔ کیونکہ یہ اللہ کی مضبوط رسی اور مطمئن وسیلہ ہے اور اس میں دلوں کی بہار اور علوم کے چشمے ہیں اور صرف اس سے قلب کی جلا ہوتی ہے ۔

---

[1] حوالہ سابق خطبہ ۱۷۴ ص ۴۶۱ [2] حوالہ سابق خطبہ ۱۰۸ ص ۳۸۹۔
[3] حوالہ سابق خطبہ ۱۷۴ ص ۴۶۱ [4] حوالہ سابق ص ۴۶۲ [5] حوالہ سابق ص ۴۶۴

عہد و پیمان قرآن

و لن تأخذوا بميثاق الكتاب حتى تعرفوا الذى نقضه... فالتمسوا ذلك من عند اهله۔[1]

تم قرآن کے عہد و پیمان کے ہرگز پابندہ نہ رہ سکو گے جب تک اس کے توڑنے والے کو نہ جان لو۔ جو ہدایت والے ہیں انہی سے ہدایت طلب کرو.

عمل بالقرآن میں اغیار کی سبقت

اللّٰه اللّٰه فى القران لا يسبقكم بالعمل به غيركم۔[2]

قرآن کے بارے میں اللہ سے ڈرو، کہیں دوسرے لوگ اس پر عمل کرنے میں تم پر سبقت نہ لے جائیں.

ذریعۂ نجات

و عليكم بكتاب اللّٰه فانه الحبل المتين و النور المبين و الشفاء النافع و الرّىّ الناقع و العصمة للمتمسّك و النجاة للمتعلق۔[3]

تم کتاب خدا پر عمل کرو۔ وہ ایک مضبوط رسی، روشن نور، نفع بخش شفا، پیاس بجھانے والی سیرابی ہے۔ تمسک کرنے والے کے لیے سامان حفاظت اور وابستہ رہنے والے کے لیے نجات ہے۔

قرآن اور اہل قرآن کے ساتھ سلوک

ياتى على الناس زمان لا يبقى فيهم من القران الا رسمه[4]

و ليس عند اهل ذلك الزمان سلعة ابور من الكتاب اذا تلى حق تلاوته و لا انفق منه اذا حرّف عن مواضعه... فالكتاب يومئذ و اهله منفيان طريدان و صاحبان مصطحبان فى طريق واحد لا يؤويهما مؤو۔

فالكتاب و اهله فى ذلك الزمان فى الناس و ليسا فيهم و معهم و

لوگوں پر ایک ایسا دور آنے والا ہے جب ان میں قرآن کے صرف نقوش باقی رہ جائیں گے۔
اس زمانے کے لوگوں کے نزدیک قرآن سے زیادہ کوئی بے قیمت چیز نہ ہوگی جب اسے اس طرح پیش کیا جائے جیسے پیش کرنے کا حق ہے اور اس قرآن سے زیادہ قیمتی چیز نہیں ہوگی جب کہ اس کی آیتوں کی تحریف کی جائے۔ قرآن اور قرآن والے اس وقت راندہ ہوں گے۔ ایک ہی راہ میں ایک دوسرے کے ساتھ ہوں گے، انہیں کوئی پناہ دینے والا نہ ہوگا۔
وہ بظاہر لوگوں میں ہوں گے مگر ان سے الگ تھلگ، ان کے ساتھ ہوں گے مگر بے تعلق۔ اس

---

[1] حوالہ سابق خطبہ ۱۴۵ ص ۳۹۸ [2] حوالہ سابق، وصیت ۴۷ ص ۴۳۸
[3] حوالہ سابق خطبہ ۱۵۴ ص ۴۰۹ ۔ حال اهل القبور فى القيامة۔ [4] حوالہ سابق ۔کلمات قصار ۳۶۹ ص ۹۲۴

لیسا معهم، لان الضلالة لا توافق الهدیٰ و ان اجتمعا فاجتمع القوم علی الفرقة و افترقوا الجماعة کانهم ائمة الکتاب و لیس الکتاب امامهم (۱)

لیے کہ گمراہی ہدایت سے سازگار نہیں ہوسکتی اگرچہ وہ یک جا ہوں۔ لوگوں نے تفرقہ پردازی پر اتفاق کیا ہے اور جماعت سے کٹ گئے ہیں گویا وہ قرآن کے پیشوا ہیں اور قرآن ان کا پیشوا نہیں۔

فضائل تلاوت قرآن

کس قدر سعادت کا مقام ہے کہ انسان قرآن کے کلمات اپنی زبان پر جاری کرے اور اس میں غور وفکر کرے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی زبان قدرت پر جاری فرمایا۔ ارشاد الٰہی ہے:

فَاقْرَءُوْا مَا تَيَسَّرَ مِنَ الْقُرْاٰنِ [۲]

لہٰذا تم آسانی سے جتنا قرآن پڑھ سکتے ہو پڑھ لیا کرو۔

وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا [۳]

اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کیجئے۔

نیز فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَ اَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا وَّ عَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۙ لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَ يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ... [۴]

بے شک جو لوگ اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور رہم نے جو رزق انہیں دیا ہے اس میں سے پوشیدہ اور علانیہ خرچ کرتے ہیں وہ ایسی تجارت کے ساتھ امید لگائے ہوئے ہیں جس میں ہرگز خسارہ نہ ہوگا تاکہ اللہ ان کا پورا اجر انہیں دے بلکہ اپنے فضل سے مزید بھی عطا فرمائے۔

رسول کریم (ص) سے روایت ہے:

من قرأ حرفا من کتاب اللّٰه تعالیٰ فله به حسنة و الحسنة بعشر امثالها، لا اقول الم حرف و لکن الف حرف و لام حرف و میم حرف۔ [۵]

جو کتاب اللہ کے ایک حرف کی تلاوت کرے، اسے ایک نیکی کا ثواب دیا جائے گا اور ایک نیکی کا دس گنا ثواب ہوتا ہے۔ میرا مطلب یہ نہیں کہ الم ایک حرف ہے بلکہ الف ایک حرف، لام ایک حرف اور میم ایک حرف ہے۔

نیز آپؐ سے روایت ہے:

یاابا ذر علیك بتلاوة القرآن و ذکر

اے ابوذر! تم قرآن کی تلاوت اور ذکر خدا کثرت

۱۔ حوالہ سابق خطبہ ۱۴۵ ص ۳۳۸ ۲۔ ۷۳ مزمل: ۲۰ ۳۔ حوالہ سابق: ۴ ۴۔ ۳۵ فاطر: ۲۹۔۳۰

۵۔ سنن الترمذی ۵: ۱۷۵۔ تفسیر قرطبی ۱: ۷

اللّٰہ کثیراً فانه ذکر لك فی السماء و نور لك فی الارض۔[1]

سے کیا کرو کیونکہ یہ تمہارے لیے آسمان میں شہرت اور زمین میں نورانیت کا باعث ہے۔

حضرت امام باقر علیہ السلام سے مروی ہے کہ رسول اللہ (ص) نے فرمایا:

من قرأ عشر آیات فی لیلة لم یکتب من الغافلین ، و من قرأ خمسین آیة کتب من الذاکرین، و من قرأ مأة آیة کتب من القانتین، و من قرأ مأتی آیة کتب من الخاشعین، و من قرأ ثلثمأة آیة کتب من الفائزین، و من قرأ خمسمأة آیة کتب من المجتهدین، و من قرأ الف آیة کتب له قنطار من تبر۔[2]

جو ایک رات میں دس آیات کی تلاوت کرے اسے غافلین میں شمار نہیں کیا جائے گا اور جو پچاس آیات کی تلاوت کرے اسے ذکر خدا میں مشغول رہنے والوں میں شمار کیا جائے گا اور جو ایک سو آیات کی تلاوت کرے اسے عبادت گزاروں میں شمار کیا جائے گا، جو تین سو آیات کی تلاوت کرے اسے کامیاب لوگوں میں شمار کیا جائے گا اور جو پانچ سو آیات کی تلاوت کرے اسے (راہ خدا میں) جہاد کرنے والوں میں شمار کیا جائے گا اور جو ایک ہزار آیات کی تلاوت کرے گا وہ ایسا ہے جیسے اس نے کثیر مقدار میں سونا راہ خدا میں دیا ہو۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ آپ (ع) نے اپنے جد سے روایت کی ہے:

علیکم بتلاو ة القرآن فان درجات الجنة علی عدد آیات القرآن فاذا کان یوم القیامة یقال لقاری القرآن: اقرأ و ارق فکلما قرأ آیة رقی درجة۔[3]

تم قرآن کی تلاوت ضرور کیا کرو، چونکہ جنت کے درجات قرآنی آیات کی تعداد کے برابر ہیں، جب قیامت کا دن ہوگا قرآن کی تلاوت کرنے والے سے کہا جائے گا: پڑھ اور اپنے درجات میں اضافہ کرتا جا۔ پس جب وہ ایک آیت پڑھتا ہے تو ایک درجہ بلند ہوتا ہے۔

روایت ہے کہ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے سوال کیا گیا کہ کون سا عمل بہترین ہے؟ آپ (ع) نے فرمایا:

الحال المرتحل قلت و ما الحال المرتحل؟ قال فتح القران و ختمه.

بہترین عمل حال مرتحل ہے۔ میں نے عرض کی: حال مرتحل کیا چیز ہے؟ فرمایا: قرآن کا کھولنا اور ختم کرنا.

---

[1] بحار الانوار ۸۹: ۱۹۸ [2] اصول الکافی ۲:۶۱۲ [3] الامالی للصدوق ص ۳۵۹

كلما جاء باوله ارتحل فی آخره۔[1]

جب بھی قرآن کی ابتدا پر آیا، آخر کی طرف روانہ ہوا۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

و البیت الذی یقرأ فیه القران و یذکر اللّٰه عز و جل فیه تکثر برکته و تحضره الملائکة و تهجره الشیاطین و یضیئ لاهل السماء کما یضیئ الکوکب الدری لاهل الارض و البیت الذی لا یقرأ فیه القران و لا یذکر اللّٰه فیه تقلّ برکته و تهجره الملائکة و تحضره الشیاطین ۔[2]

جس گھر میں قرآن کی تلاوت اور ذکر خدا ہوتا ہے اس میں وافر برکتیں ہوتی ہیں، فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور شیاطین بھاگ جاتے ہیں۔ آسمان والوں کے لیے یہ گھر اس طرح چمکتا ہے جیسے زمین والوں کے لیے درخشندہ ستارے اور جس گھر میں قرآن کی تلاوت نہیں ہوتی اور اللہ کا ذکر نہیں ہوتا، اس گھر کی برکت کم ہو جاتی ہے اور وہاں سے فرشتے بھاگ جاتے ہیں اور شیطانوں کی آماجگاہ بن جاتا ہے۔

حضرت سید الشہداء علیہ السلام سے روایت ہے:

من قراء اٰیة من کتاب اللّٰه فی صلاته قائماً یکتب له بکل حرف مأة حسنة ، فان قرأها فی غیر صلاة کتب اللّٰه بکل حرف عشراً، فان استمع القران کان له بکل حرف حسنة ....[3]

جو حالت نماز میں کھڑے ہو کر ایک آیت کی تلاوت کرے، اسے ہر حرف کے عوض سو نیکیوں کا ثواب ملے گا اور غیر نماز کی حالت میں پڑھے تو ہر حرف کے لیے دس نیکیوں کا ثواب ملے گا اور اگر سنے تو ہر حرف کے عوض ایک نیکی کا ثواب ملے گا۔

امیر المؤمنین علیہ السلام سے روایت ہے:

و احسنوا تلاوته فانه انفع القصص ۔[4]

اور اس کی تلاوت بہترین طریقے سے کرو کیونکہ یہ مفید واقعات ہیں۔

اسمآء القرآن

اصطلاحات اور اسماء کا کسی خاص ثقافت اور فکری تشخص میں بڑا دخل ہے۔ اسی وجہ سے قرآن مجید باوجودیکہ عربی زبان میں ہے اور ایک عرب معاشرے میں نازل ہو رہا ہے، اس کے اسماء اور اصطلاحات منفرد ہیں اور دیگر عربی اصطلاحات سے متاثر نہیں ہیں، بلکہ قرآن نے اپنی فکری، علمی اقدار کی خاص نہج کو

---

[1] اصول الکافی ۲: ۶۰۵
[2] حوالہ سابق ۲: ۴۹۸
[3] بحار الانوار ۸۹: ۲۰۱ طبع بیروت
[4] نہج البلاغة خطبہ ۱۰۸ ص ۳۱۶

سامنے رکھ کر اپنی غرض و غایت کے مطابق اسماء اور اصطلاحات مقرر کی ہیں۔ لہٰذا اگر قرآن کو دیوان، سورہ کو قصیدہ اور آیت کو بیت اور قصیدہ کے ناموں سے موسوم کیا جاتا تو قرآن اس وقت کے جاہلی ماحول سے خارج نہ ہوتا۔ لہٰذا جاہلیت سے دور اسلامی ثقافت کی ترویج کے لیے جدید اسماء اور جدید اصطلاحات وضع کی گئیں۔

قرآن: کتاب خدا کے لیے یہ نام خود خداوند عالم نے اپنی کتاب میں اس وقت دیا جب قرآن قلب رسول(ص) پر اترنا شروع ہوا۔

يَاَيُّهَاالْمُزَّمِّلُ ۙ قُمِ الَّيْلَ اِلَّا قَلِيْلًا ۙ نِّصْفَهٗٓ اَوِانْقُصْ مِنْهُ قَلِيْلًا ۙ اَوْ زِدْ عَلَيْهِ وَ رَتِّلِ الْقُرْاٰنَ تَرْتِيْلًا ۙ [1]

اے کپڑا لپیٹنے والے، رات کو اٹھا کیجئے مگر کم، آدھی رات یا اس سے کچھ کم کر لیجیے یا اس پر کچھ بڑھا دیجیے اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کیجیے۔

دوسری جگہ ارشاد فرمایا:

اِنَّهٗ لَقُرْاٰنٌ كَرِيْمٌ ۙ فِيْ كِتٰبٍ مَّكْنُوْنٍ ۙ [2]

یہ قرآن یقیناً بڑی تکریم والا ہے جو ایک محفوظ کتاب میں ہے۔

ذکر: قرآنی اسماء میں سے ایک اسم ذکر ہے۔ ارشاد ہے:

اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَ اِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ [3]

اس ذکر کو یقیناً ہم ہی نے اتارا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔

وَ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ ... [4]

اور (اے رسول) آپ پر (بھی) ہم نے ذکر اس لیے نازل کیا ہے تاکہ آپ لوگوں کو وہ باتیں کھول کر بتا دیں۔

وَهٰذَا ذِكْرٌ مُّبٰرَكٌ اَنْزَلْنٰهُ ؕ [5]

اور یہ قرآن ایک مبارک ذکر ہے جسے ہم نے نازل کیا ہے۔

کتاب: قرآن کے اسماء میں سے ایک مشہور نام کتاب ہے:

ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ [6]

یہ کتاب جس میں شبہے کی کوئی گنجائش نہیں۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ... [7]

(اے رسول) ہم نے یہ کتاب حق کے ساتھ آپ کی طرف نازل کی ہے تاکہ جیسے اللہ نے آپ کو بتایا ہے اسی کے مطابق لوگوں میں فیصلے کریں۔

---

[1] ۷۳ مزمل: ۱ تا ۴ [2] ۵۶ واقعہ: ۷۷۔۷۸ [3] ۱۵ حجر: ۹
[4] ۱۶ نحل: ۴۴ [5] ۲۱ انبیاء: ۵۰ [6] ۲ بقرۃ: ۲ [7] ۴ نساء: ۱۰۵

قرآن کو کتاب کے نام سے موسوم کرنے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ قرآن ایک ایسا دستور الٰہی ہے جو تحریر و کتابت کے ذریعے مدون رہے گا۔

ان کے علاوہ اور بھی اسماء کا ذکر کیا گیا ہے مگر یہ قرآن کے اوصاف ہیں، اسماء نہیں ہیں۔

فرقان: یہ لفظ فَرَقَ سے ماخوذ ہے۔ جیسے خَسَرَ سے خُسْران اور غَفَرَ سے غُفْران ہے۔ یہ مصدر ہے جو فاعل کے معنوں میں آتا ہے جیسے عَدْل بمعنی عادل آتا ہے۔ پس فُرْقان کے معنی نمایاں فرق کرنے والا یعنی حق و باطل کو جدا جدا کر کے ان دونوں کے فرق کو واضح کرنے والا کے ہوں گے۔ جیسا کہ قرآن میں ارشاد الٰہی ہے:

يَاَيُّهَاالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تَتَّقُوا اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّكُمْ فُرْقَانًا [1]

اے ایمان والو! اگر تم اللہ سے ڈرو تو وہ تمہیں (حق و باطل میں) تمیز کرنے کی طاقت عطا فرمائے گا۔

قرآن کو فُرْقان کے نام سے موسوم کرنے کی وجہ خود قرآن ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰي عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرَا [2]

بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر فرقان نازل فرمایا تاکہ وہ سارے جہان والوں کے لیے انتباہ کرنے والا ہو۔

گویا عالمین کو حق و باطل کی پہچان کرا کر اسے تنبیہ کرنے کے لیے قرآن کو فرقان قرار دیا۔ یعنی یہ کتاب حق و باطل، ہدایت و ضلالت، راہ جنت و جہنم، حلال و حرام میں فرق واضح کرتی ہے۔

معانی قرآن

۱۔ جمع: اگر قرآن کو قَرَءَ سے ماخوذ سمجھا جائے تو اس کے معنی جمع کے ہوں گے جیسے عربی میں یہ جملہ بکثرت استعمال ہوتا ہے: قراءت الشیء یعنی جمعته اور قرء الماء فی الحوض یعنی پانی حوض میں جمع ہو گیا۔

ممکن ہے اسے قرآن اس کے معنی کے اعتبار سے کہا گیا ہو کہ یہ شعری رقت، نثری روانی، عقائد احکام، اخلاق، دنیا و آخرت کی سعادتوں اور روحانی و مادی فیوضات کا مجموعہ ہے۔

۲۔ تلاوت: بعض لوگ قرآن کو قَرَءَ سے مشتق سمجھتے ہوئے اس کے معنی ''تلاوت'' لیتے ہیں۔

---

[1] ۸ انفال: ۲۹ [2] ۲۵ فرقان: ۱ [3] ۷۵ قیامت: ۱۸

قرآن بمعنی قراءت وتلاوت خود قرآن میں استعمال ہوا ہے:

اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ○ [1] — اس (قرآن) کا جمع کرنا اور پڑھوانا یقیناً ہمارے ذمے ہے۔

لفظ قرآن کو لفظ جمع کے ساتھ بیان کرنے کی صورت میں دونوں کا ایک ہی معنی نہیں ہوسکتا بلکہ جمعہ کے بعد قرآنہ کا معنی تلاوت ہی ہوسکتا ہے۔

۳۔ حفظ: عربوں میں کتابت رائج نہ ہونے کی وجہ سے لوگ ضروری مطالب حفظ کر لیتے تھے۔ اسی وجہ سے صدر اسلام میں لفظ قرأۃ حفظ کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا تھا۔

۴۔ مقرون: کچھ علماء قرآن کو قرن سے مشتق جانتے ہوئے اس کا معنی مقرون کا لیتے ہیں۔ یعنی اس کی آیات اور سورتیں باہم ساتھ ساتھ اور پیوستہ ہیں، اس لیے اسے قرآن کہا گیا۔ جیسا کہ حج اور عمرہ کو باہم ساتھ ادا کرنے کی وجہ سے اسے حج قِران کہتے ہیں۔

بعض مستشرقین کا کہنا ہے کہ لفظ قرء جو پڑھنے کے معنی میں ہے، اس کی بنیاد سریانی یا عبرانی ہے۔ چونکہ ان زبانوں میں قریانا (Qiryana) پڑھنے کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے، چنانچہ وہ چرچ میں اپنی مقدس کتابوں کی تدریس کو قریانا کہتے ہیں۔

ہمارے نزدیک یہ لفظ خالصتاً عربی ہے اور قرآن قَـرَءَ سے ماخوذ ومشتق ہے۔ یوں لفظ قـرآن ''پڑھنے'' کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔ قرینہ کے لحاظ سے دوسرے معنوں میں کم ہی استعمال میں آتا ہے۔ لہٰذا:

☆ لفظ قرآن قَرَأَ، یَقْرَأُ باب فَتَحَ، یَفْتَحُ کا مصدر ہے۔

☆ اس کے تین مصادر آتے ہیں: قَـرْءٌ، قَرَاءَۃٌ، قُرْاٰنٌ۔ اس اعتبار سے قرآن کے معنی ہوئے: ''پڑھی جانے والی کتاب''۔ چنانچہ اس میں اس بات کی طرف بھی اشارہ ہے کہ یہ کتاب خوب پڑھی جائے گی۔ چنانچہ قرآن دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ہے۔

تدبر قرآن

ارشاد رب العزت ہے:

كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَ لِيَتَذَكَّرَ اُولُوا الْاَلْبَابِ ○ [2] — یہ ایک ایسی بابرکت کتاب ہے جو ہم نے آپ کی طرف نازل کی ہے تاکہ لوگ اس کی آیات میں تدبر کریں اور صاحبان عقل اس سے نصیحت حاصل کریں۔

---

[1] ۷۵ قیامت: ۱۷ [2] ۳۸ ص: ۲۹

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰی قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا○[1]

کیا لوگ قرآن میں تدبر نہیں کرتے یا ان کے دلوں پر تالے لگ گئے ہیں؟

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَ لَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِیْهِ اخْتِلَافًا كَثِیْرًا○[2]

کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے؟ اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو یہ لوگ اس میں بڑا اختلاف پاتے۔

حضرت امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

لقد تجلی اللّٰہ لخلقه فی کلامه و لکنهم لا یبصرون[3]

اللہ تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں تجلی فرمائی ہے لیکن لوگ دیکھ نہیں سکتے۔

---

[1] ۴۷ محمد: ۲۴ [2] ۴ نساء ۸۲ [3] بحار الانوار ۸۹: ۱۰۷

خالی



وَحْی

وحی کا مفہوم۔ فطری الہامات کے پوشیدہ اشارے۔ شیطانی وسوے ۔فرشتوں کو ملنے والا حکم۔ وحی اور الہام میں فرق۔ وحی کی امکانی صورتیں۔ انکار وحی کا ایک انداز۔ وجود روح ۔ ذات انسان۔ صفات انسان ۔ وحی اور روح۔ روح کی حقیقت ۔خود آ گاہی۔ دلیل روح۔ کیا فکر مادی ہے؟ حافظہ ۔ ابتدائی حس۔ حفظ ۔ تذکر (یادآوری) ۔تشخص ۔ مادیت کی سب سے بڑی دلیل۔ مادے کے اوصاف اور فکر۔ ادراک اور روح۔ زمان اور ادراک ۔ سچے خواب۔ وحی کا ادراک۔ تعریف قلب۔ اقسام وحی ۔خواب ۔ جبرئیل۔ براہ راست۔ آغاز وحی۔ مکی و مدنی آیات۔وحی اور خطا ونسیان ۔ داستان غرانیق۔

خالی

وَحْی کا مفہوم

لغت میں وحی نہایت تیزی سے دیے جانے والے اشارے کو کہتے ہیں۔

راغب اصفہانی نے لکھا ہے: اصل الوحی الاشارۃ السریعہ۔

شرعی اصطلاح میں بھی لغوی معنی کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ چنانچہ تعلیمات اسلامی میں وحی نہایت پوشیدہ اور تیز رو اطلاع کو کہتے ہیں ۔ چونکہ اللہ تعالیٰ حس و مشاہدے میں نہیں آ سکتا کہ وہ اپنے رسولوں سے روبرو بات کرے، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے رسولوں سے ہمکلام ہونے کے تین طریقے اپنائے ۔

ارشاد الٰہی ہے:

وَ مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحْيًا اَوْ مِنْ وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ يُرْسِلَ رَسُوْلًا فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِيٌّ حَكِيْمٌ ○ [1]

اور کسی بشر میں یہ صلاحیت نہیں کہ اللہ اس سے بات کرے ماسوائے وحی کے یا پردے کے پیچھے سے یا یہ کہ کوئی پیام رساں بھیجے ، پس وہ اس کے حکم سے جو چاہے وحی کرے، بے شک وہ بلند مرتبہ، حکمت والا ہے۔

اس آیت شریفہ میں اللہ تعالیٰ کے کسی انسان سے ہمکلام ہونے، يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ کی تین صورتیں بیان کی گئی ہیں:

۱۔ کلام بذریعہ وحی ۲۔ کلام پس پردہ ۳۔ کلام بذریعہ قاصد

پہلی صورت میں اللہ تعالیٰ اپنے رسول کے قلب پر اپنا کلام براہ راست نازل فرماتا ہے۔

دوسری صورت میں پردے کے توسط سے، مگر یہاں پردے کو وحی میں کوئی دخل نہیں ہے۔ پس پردہ کلام کرنا بھی وحی ہے، مگر یہ وحی بالحجاب ہے۔ مثلاً درخت کے ذریعے کلام کرنا یا خواب میں حکمِ الٰہی کا ملنا وحی بالحجاب میں شامل ہے۔ بعض نے درخت کے ذریعے کلام کرنے کو براہ راست وحی خیال کیا ہے جو ایک اشتباہ ہے۔ کیونکہ درخت اور خواب اللہ اور بندے کے درمیان حجاب ہیں۔

تیسری صورت میں اللہ تعالیٰ اپنے قاصد (فرشتے) کے ذریعے اپنے بندے سے ہمکلام ہوتا ہے۔ یہ بھی وحی ہے مگر اس میں قاصد کی قید ہے اور اس مرتبہ قاصد کو وحی میں دخل ہے۔ فَيُوْحِيَ بِاِذْنِهٖ یعنی

---

[1] ۴۲ شوریٰ: ۵۱

یہ قاصد بحکم الٰہی وحی پہنچانے کا فریضہ سرانجام دیتا ہے۔

رسول کریم (ص) پر کبھی جبرئیل وحی لے کر نازل ہوتے تھے اور کبھی اللہ تعالیٰ آپ (ص) سے براہ راست ہمکلام ہوتا تھا۔ چنانچہ روایت ہے کہ امام صادق علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ جبرئیل کے نزول کے وقت کیا رسول اللہ (ص) پر غشی طاری ہوتی تھی؟ تو آپ (ع) نے فرمایا: نہیں، بلکہ حضور (ص) پر اس وقت غشی طاری ہوتی تھی جب اللہ تعالیٰ آپؐ سے براہ راست ہمکلام ہوتا تھا۔[1]

بعض قرآنی آیات سے یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ حضور (ص) وحی کو اپنے پورے وجود کے ساتھ سمجھ لیتے تھے، نہ کہ صرف کانوں اور آواز کے ساتھ۔ چنانچہ ارشاد ہے:

نَزَلَ بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ ۝۱۹۳ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝۱۹۴[2]

جسے روح الامین نے اتارا آپ کے قلب پر تاکہ آپ تنبیہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔

اس سے واضح ہوا وحی، قلب رسول (ص) پر نازل ہوتی تھی۔

اس کے علاوہ ارشاد ہوتا ہے:

فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝[3]

پھر اللہ نے اپنے بندے پر جو وحی بھیجنا تھی وہ وحی بھیجی جو کچھ (نظروں نے) دیکھا اسے دل نے نہیں جھٹلایا تو کیا جسے انہوں نے (اپنی آنکھوں سے) دیکھا ہے تم لوگ (اس کے بارے میں) ان سے جھگڑتے ہو؟

لفظ وحی قرآن مجید میں اس کے علاوہ بھی متعدد معنوں میں استعمال ہوا ہے:

۱۔ فطری الہامات کے پوشیدہ اشارے: ارشاد الٰہی ہے:

وَ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ ...[4]

اور ہم نے مادر موسیٰ کی طرف وحی کی کہ انہیں دودھ پلائیں۔

وَ اَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ مِمَّا يَعْرِشُوْنَ ۝[5]

اور آپ کے رب نے شہد کی مکھی پر وحی کی کہ پہاڑوں اور درختوں اور لوگ جو عمارتیں بناتے ہیں ان میں گھر (چھتے) بنائے۔

۲۔ شیطانی وسوسے:

وَ اِنَّ الشَّيٰطِيْنَ لَيُوْحُوْنَ اِلٰٓى اَوْلِيٰٓـئِهِمْ لِيُجَادِلُوْكُمْ ۚ[6]

اور شیاطین اپنے دوستوں کے دلوں میں یقیناً شکوک پیدا کرتے ہیں تاکہ وہ تم سے بحث کریں۔

---

[1] موجز علوم القرآن ص ۱۱۱ داؤد عطار
[2] ۲۶ شعراء: ۱۹۳۔۱۹۴
[3] ۵۳ نجم: ۱۰ تا ۱۲
[4] ۲۸ قصص: ۷
[5] ۱۶ نحل: ۶۸
[6] ۶ انعام: ۱۲۱

۳۔فرشتوں کو ملنے والا حکم:

اِذْ یُوْحِیْ رَبُّکَ اِلَی الْمَلٰٓئِکَۃِ اَنِّیْ مَعَکُمْ ... [1] جب آپ کا رب فرشتوں کو وحی کر رہا تھا کہ یقیناً میں تمہارے ساتھ ہوں۔

الہام اور وحی میں فرق: الہام کسی کے دل میں کوئی بات ڈالنے کو کہتے ہیں۔ یہ لفظ اللہ تعالیٰ کی طرف سے کسی کے دل میں ڈالی جانے والی بات کے لیے مخصوص ہو چکا ہے۔ الہام کا تعلق باطنی شعور سے ہے۔ الہام ایک اشراقی عمل ہے۔ الہام ماہرنفسیات کے دائرہ تجربہ میں آ سکتا ہے جب کہ وحی تجربے میں نہیں آتی اور قابل تجربہ نہیں ہے۔ الہام تحت الشعور میں ہوتا ہے جب کہ وحی شعور میں ہوتی ہے۔ الہام کا مصدر باطنی ہے، جب کہ وحی کا مصدر خارجی ہے۔ الہام کشف معنوی ہے، جب کہ وحی مشاہداتی حقیقت ہے۔ وحی میں کلام وصوت کے ذریعہ مطالب اخذ کیے جاتے ہیں، جب کہ الہام اشراقی لہروں کے ذریعے ذہن کے تصورات میں آنے والے بغیر حروف واصوات کے مطالب ہیں۔

وحی کی امکانی صورتیں: جو لوگ مادیت کی ظلمتوں اور محسوسات کے تنگ دائروں میں رہ کر سوچنے کے عادی ہیں اور ماورائے مادہ کے ذوق سے محروم ہیں، وہ حقیقت وحی کے ادراک سے قاصر ہیں۔ چونکہ وحی عام انسانوں کے لیے نامحسوس ہے، اس لیے یہ لوگ وحی کے منکر ہو گئے۔ حالانکہ ہر روز ہمارے اردگرد سینکڑوں ایسے واقعات رونما ہوتے رہتے ہیں جو محسوسات پر مبنی نہیں ہوتے لیکن انہیں تسلیم کیا جاتا ہے۔

مثلاً بعض جاندار ایسے ہیں جن کے نامرئی اور غیر محسوس ادراکات ہمارے لیے ناقابل فہم ہیں۔ اس سلسلے کی سینکڑوں مثالوں میں سے ہم صرف ایک مثال پیش کرنے پر اکتفا کرتے ہیں: مچھلی کی ایک قسم ایسی ہے کہ جب یہ پانچ سال کی عمر کو پہنچتی ہے تو مصر کے دریائے نیل سے نکل پڑتی ہے اور بحیرہ روم سے ہوتی ہوئی بحرِ اوقیانوس کو عبور کرتی ہے اور دو ہزار میل سے زائد سفر طے کر کے ''برمودا'' کے قریب گہرے سمندروں میں پہنچ جاتی ہے، جہاں امریکہ کے دریاؤں سے آنے والی مچھلیوں میں مل جاتی ہے۔ پھر سمندر کی گہرائی میں اس مقام پر انڈے دیتی ہے جہاں پانی میں نمک کی مقدار ۳۵ % اور گہرائی بارہ سو فٹ ہوتی ہے۔ یہ دو امور انڈوں کے زندہ رہنے کے لیے ضروری ہیں۔ چنانچہ انڈے دینے کے بعد یہ سب مچھلیاں مر جاتی ہیں۔

جب بچے انڈوں سے نکل آتے ہیں تو نہایت قابل تعجب بات یہ ہے کہ وہ بچے جن کی مائیں افریقہ یا یورپ سے آئی ہوں، وہ وہاں جاتے ہیں اور جن کی مائیں امریکہ سے آئی ہوں، وہ امریکہ کے دریاؤں کا رخ کرتے ہیں اور دو ہزار میل سے زائد کا یہ سفر دو سال میں طے کرتے ہیں۔

ان بچوں کو اپنی بن دیکھی ماؤں کے اس وطن کا جو دو ہزار میل سے زیادہ فاصلے پر موجود ہے، کیسے

---

[1] ۸ انفال: ۱۲

پتہ چلا اور کس نے انہیں یہ راہیں دکھائیں ۔ کیا مچھلی کے ان بچوں کا یہ ادراک ہمارے لیے قابل فہم ہے؟[1] اس کے علاوہ بعض جانور ایسے ہیں جو ہائیڈروجن ایٹم کے آدھے حصے میں ہونے والی حرکت سن اور محسوس کر سکتے ہیں ۔

خود انسان میں بھی ایسی لا متناہی قوت پوشیدہ ہے جس کا انسان کو اجمالی علم ہوا ہے ۔ چنانچہ عالمی شہرت یافتہ ماہر نفسیات ''الیکسس کارل'' اپنی کتاب **Man the unknown** میں لکھتا ہے:

زمان و مکان میں افراد کی حد بندی صرف ایک مفروضہ ہے۔[2]

یہ بھی ایک واضح حقیقت ہے کہ انسان میں ایک ایسی طاقت پنہاں ہے جس کے ذریعے سے عام انسان بھی دوسروں سے غیر مرئی اور غیر مادی ارتباط قائم کر سکتا ہے یعنی مادی وسائل اور حواس خمسہ کے بغیر دماغ میں براہ راست ایک مفہوم و مطلب ڈال دیا جاتا ہے۔ اسے دماغی لہروں کا نظریہ (**Brain wave Theory**) کہتے ہیں۔

مادہ پرستوں کو چاہیے کہ وہ اپنے مادے کے دائرے میں رہ کر بات کیا کریں اور صرف مادی چیزوں کے بارے میں ہی اپنا نظریہ بیان کیا کریں۔ انہیں غیر مادی امور میں دخل دینے کا کوئی حق نہیں۔ جب وہ محسوسات کے علاوہ کسی چیز کو تسلیم ہی نہیں کرتے تو غیر محسوسات کے بارے میں کوئی نظریہ نفیاً یا اثباتاً قائم ہی نہیں کر سکتے ۔ یعنی اگر یہ لوگ وحی کو قبول نہیں کرتے تو اس کی نفی بھی نہیں کر سکتے، کیونکہ اگر یہ اس کی نفی کریں گے تو یہ غیر مادی امور میں دخل اندازی ہے جس کے یہ لوگ خود قائل نہیں ہیں۔

انکار وحی کا ایک اور انداز: وحی کا انکار کرنے والے کچھ لوگ اس کی یوں توجیہ کرتے ہیں:

> چونکہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک نابغۂ روزگار تھے جو اپنے دور کے تاریک معاشرے، اس کے انحطاط اور اس میں رائج ظلم و استحصال سے سخت نالاں تھے۔ وہ ہمیشہ یہ سوچتے رہتے تھے کہ اس قوم کو کیسے نجات دلائی جائے جو ذلت و رسوائی کی اتھاہ گہرائیوں میں گری ہوئی ہے ۔ چنانچہ چالیس سال تک وہ اس ظلم اور تاریک معاشرے سے گریزاں اور دور رہے اور الگ تھلگ ایک غار میں بیٹھ کر سوچتے رہے اور مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے رہے۔ محمد(ص) اپنے ان پاکیزہ افکار کو وحی تصور کرتے تھے اور منجانب اللہ سمجھتے تھے اور اپنے خیر خواہ نفس کو جبرئیل کا نام دیتے تھے۔

---

[1] کس قدر فکر انگیز ہے حضرت علی علیہ السلام کا یہ فرمان: یعلم عجیج الوحوش فی الفلوات ... و اختلاف النینان فی البحار الغامرات وہ (اللہ) بیابانوں میں چوپاؤں کے نالے سنتا ہے اور دریاؤں کی اتھاہ گہرائی میں مچھلیوں کی آمد و رفت کو جانتا ہے۔ نہج البلاغۃ خ ۱۹۶ ص ۵۵۵۔

[2] بحوالہ عربی ترجمہ الانسان ذلك المجهول۔

ان میں جو وجود خدا کے بھی منکر ہیں وہ وحی، ثواب، عذاب، جنت اور جہنم کے تصور کو ''مذہبی سیاست'' کا نام دیتے ہیں اور ان تمام تعلیمات کو ''دروغِ مصلحت آمیز'' گردانتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ پرانے زمانے کے لوگ خرافات پسند تھے، اس لیے انبیاء (ع) نے خرافات کو ہی اصلاح کا ذریعہ بنایا۔

جواب: خود قرآن مجید اس تصور کو رد کرتا ہے کہ قرآن غیر خدا کا کلام ہوسکتا ہے:

وَ مَا كَانَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ اَنْ يُّفْتَرٰى مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَ لٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ تَفْصِيْلَ الْكِتٰبِ لَا رَيْبَ فِيْهِ مِنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ وَ ادْعُوْا مَنِ اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ [1]

اور ایسا نہیں ہوسکتا کہ اس قرآن کو اللہ کے سوا کوئی اور اپنی طرف سے بنا لائے بلکہ یہ تو اس سے پہلے جو (کتاب) آ چکی ہے اس کی تصدیق ہے اور تمام (آسمانی) کتابوں کی تفصیل ہے اس میں کوئی شبہ نہیں، رب العالمین کی طرف سے ہے۔ کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو (محمد نے) از خود بنایا ہے؟ کہہ دیجیے: اگر تم (اپنے الزام میں) سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورت بنا لاؤ اور اللہ کو چھوڑ کر جس جس کو بلا سکتے ہو بلا لاؤ۔

ایک اور مقام پر ارشاد ہوتا ہے:

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَ لَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ○ [2]

کہہ دیجیے: اگر انسان اور جن سب مل کر اس قرآن کی مثل لانے کی کوشش کریں تو وہ اس کی مثل لا نہیں سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کا ہاتھ بٹائیں۔

یہ بھی ارشاد ہوا:

وَ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ۪ وَ ادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ [3]

اور اگر تم لوگوں کو اس (کتاب) کے بارے میں شبہ ہو جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے تو اس جیسا کوئی سورہ بنا لاؤ اور اللہ کے علاوہ اپنے حامیوں کو بھی بلا لو، اگر تم سچے ہو۔

نیز ارشاد الٰہی ہوا:

اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَ لَوْ كَانَ مِنْ عِنْدِ غَيْرِ اللّٰهِ لَوَجَدُوْا فِيْهِ اخْتِلَافًا كَثِيْرًا ○ [4]

کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو یہ لوگ اس میں بڑا اختلاف پاتے۔

---

[1] ۱۰ یونس: ۳۷۔ ۳۸ [2] ۱۷ بنی اسرائیل: ۸۸ [3] ۲ بقرہ: ۲۳ [4] ۴ نساء: ۸۲

دوسری قابل توجہ بات یہ ہے کہ اس وقت ہمارے پاس خطبات اور کلام رسول محفوظ ہے اور قرآن بھی ہمارے سامنے ہے۔ دونوں کا اسلوب سخن اور انداز کلام ہمارے سامنے ہے۔ ادب میں ایک ادنیٰ سا مقام رکھنے والا بھی یہ سمجھ سکتا ہے کہ دونوں کلام ایک ہی شخص کے ہیں یا نہیں۔ جب کہ قران مجید اور کلام رسول (ص) میں زمین و آسمان کا فرق ہے۔ دونوں کا اسلوب سخن جدا ہے۔ اگر معاذ اللہ قرآن کلام الٰہی نہ ہوتا اور خود جناب ختمی مرتبت محمد (ص) نے (معاذ اللہ) بنایا ہوتا تو لازماً حضور (ص) کے اسلوب سخن کا عکس قرآن میں بھی نظر آتا۔

وجود روح :وحی چونکہ ایک خالصتاً روحانی مسئلہ ہے اور اس کا تعلق براہ راست روح سے ہے اس لیے افادہ عام کے لیے ہم یہاں وجود روح کے بارے میں قدیم و جدید فلسفیوں کے نظریات کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

ا۔ ذات انسان: اس انسان کا ایک باطنی وجود ہے جسے نفس کہتے ہیں اور یہی نفس انسان کی ذات کی تشکیل کرتا ہے اور یہی اس انسان کا حقیقی، اصلی، ثابت و لاتغیر وجود ہے۔ چنانچہ انسان کے ظاہری وجود، جسم پر ہزاروں تغیرات آتے رہتے ہیں لیکن اس کے ثابت وجود پر کوئی تغیر نہیں آتا اور اس چیز کو ہر انسان درک کر لیتا ہے کہ اس کی ذات اس جسم کے ماوراء کسی اور شئی کا نام ہے۔

الف۔ ہم اپنے اس حقیقی وجود کی طرف جب اشارہ کرتے ہیں تو لفظ ''خود'' کے ساتھ تعبیر کرتے ہیں جب کہ لفظ ''خود'' سے ذات مراد لی جاتی ہے، نہ کہ اعضاء و جوارح۔ یعنی اپنے خارجی اعضاء، سر، شکم، پیر وغیرہ مراد نہیں لیتے اور اعضاء داخلی قلب، جگر وغیرہ بھی مراد نہیں لیتے بلکہ لفظ ''خود'' سے صرف ذات مراد لیتے ہیں جو داخلی و خارجی اعضاء سے ماوراء شے ہے۔

ب۔ انسان سے صادر ہونے والے تمام افعال ذات انسان کی طرف منسوب کیے جاتے ہیں اور کہتے ہیں: میں نے کہا، میں نے مارا، میں نے کھایا، میں نے بات کی۔ ان افعال کو اپنے اعضاء و جوارح کی طرف نسبت نہیں دی جاتی اور یہ نہیں کہتے: میرے ہاتھ نے مارا، میری زبان نے کہا وغیرہ۔

ج۔ ہم نے اگر کسی سے خطاب کرنا ہو یا کسی کی مدح و مذمت کرنی ہو تو ذات انسان کو سامنے رکھتے ہیں، اس کے جسم کو نہیں۔ مثلاً کسی کو مارنے کا حکم دینا ہے تو ہاتھ کو مخاطب نہیں کرتے، کسی کو متنبہ کرنا ہے تو متعلقہ اعضاء کو مخاطب نہیں کرتے بلکہ ذات انسان کو مخاطب کرتے ہیں۔

د۔ انسان اپنے اعضاء سے غافل ہوسکتا ہے لیکن اپنی ذات سے ایک لمحہ کے لیے بھی غافل نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا جن چیزوں سے غافل ہوسکتا ہے وہ بنیادی چیز نہیں ہے اور جس چیز سے غافل نہیں ہوسکتا وہی انسان کی حقیقی ذات ہے۔ دوسرے لفظوں میں غافل اور ہے اور مغفول اور ہے۔ لہٰذا ذات انسان اور ہے اور جسم، جس سے غافل ہوسکتا ہے، اور ہے

۲۔صفات انسان: جسم انسان کے تمام اجزاء تغیر و تبدل کا شکار ہوتے رہتے ہیں اور یہ کہ جسم انسان ہر سات سال میں مکمل بدل جاتا ہے ۔ اس تغیر و تبدل میں جسم میں نمایاں حالات پیدا ہوتے ہیں۔ صحت، مرض، کمزوری، قوت، طفولت، جوانی، بڑھاپا وغیرہ۔

اس کے ساتھ ساتھ ان میں ایسے اوصاف بھی پائے جاتے ہیں جو ثابت اور لا یتغیر ہیں اور خواہ کتنی ہی جسمانی تبدیلیاں آ جائیں ان اوصاف میں ذرہ برابر بھی تبدیلی نہیں آتی ۔ جیسے محبت، عداوت، شجاعت، سخاوت وغیرہ۔

انسان کے جسمانی ارتقا و انحطاط اور روحانی ارتقا و انحطاط میں نمایاں فرق ہے بلکہ یہ دو مختلف خطوط پر چلتے ہیں ۔ انسان جوانی میں جسمانی اعتبار سے ارتقا کے آخری درجہ کمال پر فائز ہوتا ہے، لیکن روحانی طور پر کمزور ہوتا ہے اور اس کے بعد جب بڑھاپا شروع ہوتا ہے تو جسمانی طور پر کمزور ہونا شروع ہو جاتا ہے، لیکن فکری اور عقلی طور پر وہ کمال پر فائز ہو جاتا ہے۔

یہاں سے ان دونوں میں فرق نمایاں ہو جاتا ہے ۔ ایک انحطاط کی طرف جا رہا ہے اور دوسرا کمال کی طرف بڑھ رہا ہے۔

وحی اور روح: سولہویں صدی تک تو مغربی دنیا وحی کی قائل تھی مگر سائنسی ترقی کے بعد وحی کو خرافات میں شمار کرنے لگی اور رفتہ رفتہ وحی کے ساتھ روح کے وجود کی بھی منکر ہو گئی ۔ یوں اس نے وحی اور روح کے انکار کو سائنسی ترقی کا شعار قرار دے دیا۔

لیکن بعد کی تحقیقات کے نتیجے میں وجود روح کے آثار ظاہر ہونے کی وجہ سے نظریہ روح نے دوبارہ قوت حاصل کی اور اس کے ساتھ ہی وحی کا تصور بھی قابل توجہ قرار دیا۔

روح کی حقیقت: روح کی حقیقت اور جسم کے ساتھ اس کے ربط اور تعلق کے بارے میں اب تک کوئی بھی کسی فیصلہ کن نتیجہ تک نہیں پہنچ سکا ۔ پھر بھی علم نفسیات اور فزیالوجی کی تحقیقات اور انکشافات نے بہت سی اہم باتوں سے پردہ ضرور اٹھایا ہے ۔اگرچہ ان تحقیقات کا مطمع نظر جسم و روح میں ربط کا انکشاف کرنا نہیں تھا مگر ان تحقیقات سے بعض حقائق از خود سامنے آئے ہیں۔

اسلامی فلسفے میں روح اور حرکت مادہ کا مسئلہ ملا صدر الدین شیرازی نے کافی حد تک حل کر دیا ہے اور اس کے بارے میں بہت سے پیچیدہ مسائل کو قابل فہم بنا دیا ہے۔ صدر الدین شیرازی سے پہلے حرکت صرف مادے کے اوصاف میں ہی منحصر سمجھی جاتی تھی۔ یعنی مادہ صرف کیفیاتی، کمیاتی، مکانی اور محوری حرکت رکھتا ہے۔ لیکن صدر الدین شیرازی نے حرکت جوہری کا اصول روشناس کراتے ہوئے حقیقت مادہ کی حرکت کو ثابت کر دیا۔ آپ فرماتے ہیں:

جیسا کہ کائنات میں ایک سطحی اور ظاہری محسوس حرکت موجود ہے، اسی طرح

ایک ایسی حرکت بھی موجود ہے جو اس کائنات کی گہرائیوں میں ہے اور محسوس نہیں ہوتی اور یہ کائنات کی جوہری حرکت ہے اور یہ حرکت باقی سب حرکتوں کی اصل او ربنیاد ہے اور اسی حرکت کے نتیجے میں مادی اجسام کی مختلف اقسام وجود میں آتی ہیں۔ روح بھی قانون حرکت کا ایک نتیجہ ہے اور مادہ اس بات پر قادر ہے کہ وہ اپنی آغوش میں ماورائے مادہ کی پرورش کرے۔ درحقیقت مادہ اور غیر مادہ میں کوئی خاص منافات نہیں ہے اور غیر مادہ درحقیقت مادے کی ارتقائی منازل کا ثمر ہے۔

واضح رہے حرکت سے قطع نظر روح مادے کا نتیجہ نہیں، بلکہ حرکت کا نتیجہ ہے اور حرکت مادے اور روح میں رابطہ ہے۔

ملاّ صدر الدین شیرازی کی ان عظیم علمی تحقیقات کے بعد روح وجسم میں ربط قابل فہم ہو جاتا ہے۔

مادہ پرست روح کو مادے کے اجزا کے باہمی ارتباط کا نتیجہ سمجھتے ہیں اور روح کو بھی مادے کی خاصیتیں دینے کی کوشش کرتے ہیں۔

ملا صدر الدین کے مطابق روح ارتقائے مادہ کی آخری منزل کا ثمر ہے۔ لہٰذا روح مادے سے جدا بھی ہے اور یہ دونوں ایک بھی نہیں ہیں، بلکہ روح مادے کے ساتھ مربوط ہونے کے باوجود اپنا مستقل غیر مادی وجود رکھتی ہے۔

روح کے غیر مادی ہونے پر بے شمار دلائل موجود ہیں۔ ہم یہاں ان میں سے صرف ایک ایسی دلیل پیش کرنے پر اکتفا کرتے ہیں جو جدید علم نفسیات کی روشنی میں بھی قابل قبول ہے اور فلسفے کی اصطلاحات کی پیچیدگیوں سے بھی صاف ہے۔

خود آگاہی: یہ بات سب کے لیے ایک واضح حقیقت ہے کہ ہر شخص اپنے آپ کا شعور رکھتا ہے اور جانتا ہے کہ ''میں موجود ہوں'' اور کائنات میں سب سے واضح حقیقت ہر شخص کے لیے اپنی ذات کا وجود ہے۔ یہ ایک ناقابل تردید حقیقت ہے۔ البتہ اس وجود کی تہ تک پہنچنا دوسری بات ہے۔ اس حقیقت کی گہرائیوں کا ادراک کرنے کے لیے تو دلیل اور غور وفکر کی ضرورت ہے۔ مگر اپنی ذات کے وجود کو جاننے کے لیے کسی دلیل کی ضرورت نہیں ہے۔ لہٰذا کبھی کسی کو اس بات پر دلیل قائم کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوئی کہ ''میں موجود ہوں''۔

اب یہ ''خود'' جو ہر شخص کے لیے واضح ہے، اس کی حقیقت کیا ہے؟ کیا یہ مادی ہے یا غیر مادی؟ اس بارے میں دو نظریے پائے جاتے ہیں:

پہلا نظریہ: مادیت۔

دوسرا نظریہ: نظریہ مابعد الطبیعیات۔

پہلا اس حقیقت کو مادی اور دوسرا غیر مادی سمجھتا ہے۔

مادیت کا نظریہ یہ ہے کہ'' خود'' ایک ثابت شے نہیں ہے بلکہ اس میں ہر آن ایک تسلسل سے تبدیلی واقع ہوتی رہتی ہے۔

اس نظریے کے حامی کہتے ہیں: یہ کہنا درست ہے کہ'' میں ہوں اور میں نہیں بھی ہوں''۔ وہ اس کے لیے نہر کی مثال پیش کرتے ہیں کہ نہر کا پانی ہر آن بدلتا رہتا ہے اور ہر لحظہ مختلف پانی سامنے آتا ہے۔ اس کے باوجود نہر ایک ہے، لہٰذا وہ ان مسلسل ادراکات کو جو ایک تسلسل کے ساتھ قائم رہتے ہیں'' خود'' کا نام دیتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ''چونکہ انسان اپنی خودی کا ادراک کرتا ہے'' اس لیے'' میں ہوں'' کہنا درست ہے اور کیونکہ یہ'' خودی'' ہر آن بدلتی رہتی ہے، لہٰذا '' میں نہیں ہوں'' کہنا بھی درست ہے۔

دلیل روح: مابعد الطبیعیاتی نظریہ یہ ہے کہ'' خود'' اس حقیقت کا نام ہے جو تمام حالات میں موجود رہتی ہے اور ناقابل تغیر ہے۔جیسا کہ اس سے پہلے بھی اشارۃً ذکر کیا گیا ہے کہ اب سائنس میں یہ بات مسلم ہے کہ انسانی جسم کے تمام خلیے بدلتے رہتے ہیں، یوں تقریباً چھ سال میں جسم انسانی کے اکثر خلیے تبدیل ہوجاتے ہیں اس طرح ستر (۷۰) سالہ شخص کا جسم اپنی زندگی میں کئی مرتبہ بدل چکا ہوتا ہے لیکن اس سب کے باوجود'' خود'' نہیں بدلتا اور وہ شخص سمجھتا ہے کہ میں وہی ہوں جو آج سے پچاس سال پہلے تھا۔

پس جو بدلتا ہے وہ مادہ ہے یعنی ''جسم''۔

اور جو نہیں بدلتا وہ غیر مادہ ہے یعنی ''روح''۔

کیا فکر مادی ہے؟ مارکس ازم کا ڈائلکٹیکل میٹریل ازم یعنی جدلیاتی مادیت چونکہ ماورائے مادہ کی نفی کرتی ہے اور ہر مادہ کو متحرک اور متغیر سمجھتی ہے، لہٰذا اس کے نزدیک فکر بھی مادہ ہے اور ہر مادہ ہمیشہ حرکت میں ہے اور کسی مادے میں سکون و جمود نہیں ہے۔ گویا مادہ پرستوں کے نزدیک فکر اور سوچ بھی غیر مادی نہیں بلکہ مادی ہے۔ اب دیکھنا یہی ہے کہ کیا فکر مادی ہوسکتی ہے یا نہیں؟ اور اس میں تغیر آتا ہے یا نہیں ؟ یا دوسرے لفظوں میں فکری مفاہیم بدلتے ہیں یا نہیں؟

قدیم فلسفی بعض مفاہیم کو دائمی اور بعض کو غیر دائمی جانتے تھے، جب کہ مارکس ازم کے نزدیک کوئی مفہوم دائمی نہیں ہے۔ حالانکہ خود مارکس ازم بعض مفاہیم کو دوام بخشتا ہے اور دعویٰ کرتا ہے کہ'' مادہ ہمیشہ متحرک ہے اور بدلتا ہے'' تو اس کا لازمہ یہ ہوگا کہ کوئی بھی مفہوم دوسرے آن میں ذہن میں باقی نہیں رہتا۔ لہٰذا ہم کسی بھی گذشتہ واقعہ کا تصور ایک لمحہ بعد ذہن میں محفوظ نہیں رکھ سکتے، بلکہ یہ واقعہ اسی آن میں صادق ہوگا جس میں یہ واقع ہوا ہے۔ مثلاً یہ واقعہ کہ مارکس ایک انقلابی شخصیت تھا، صرف اسی وقت میں صادق ہو سکتا ہے جس میں وہ انقلابی تھا۔ اس طرح گذشتہ واقعات کے بارے میں اعتماد ختم ہو جاتا ہے۔ نتیجتاً تاریخ

کا مفہوم بھی ختم ہو کر رہ جاتا ہے۔

اسلامی نقطہ نگاہ یہ ہے کہ فکر غیر مادی ہے اور مادہ (مغز و اعصاب) فکر کے لیے آلہ کار ہیں۔ اگر فکر مادی ہوتی تو مادہ کے خواص اس میں موجود ہونے چاہئیں جب کہ وہ اس میں نہیں پائے جاتے۔

مثلاً مادہ قابل تقسیم ہے لیکن فکر تقسیم نہیں ہوتی۔ اسی طرح مادے کے اجزا ہو سکتے ہیں، جب کہ فکر کے اجزا نہیں ہوتے۔ اسی طرح مادے کی دیگر خاصیتیں جیسے وزن، جگہ گھیرنا بھی فکر میں نہیں ہوتیں۔

حافظہ: دوسری دلیل یہ ہے کہ فکر یا علم و ادراک مادہ ہو تو ہمیشہ تغیر میں رہے۔ لہٰذا جو چیز ایک سال پہلے ذہن میں آئی تھی اسے اب ختم ہو جانا چاہیے تھا اور اگر فکر و ادراک صرف دماغ ہی سے عبارت ہے تو دماغی سیل (خلیے) بدلتے رہتے ہیں اور ان خلیوں کے بدلنے سے فکر و ادراک کا بدلنا بھی ضروری ہے۔ چونکہ ان خلیوں کے علاوہ یہاں کچھ اور تو ہے نہیں، لہٰذا ایک لمحہ پیشتر فکر میں آنے والی بات دوسرے لمحے میں موجود نہیں ہونی چاہیے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہوتا بلکہ بیسیوں سال کی ہزاروں معلومات انسانی دماغ میں محفوظ رہتی ہیں اور اسے حافظہ کہتے ہیں۔

اگر کسی نے بچپن میں اژدھے کو دیکھا ہے تو سالہا سال گزرنے کے بعد بھی اس کی شکل و صورت اس کے ذہن میں محفوظ رہتی ہے اور ہر مناسب وقت پر وہ اژدھا اسے یاد آتا ہے اور یاد آنے پر اژدھے کی صورت ذہن میں دوبارہ حاضر ہو جاتی ہے جب کہ اس وقت دوبارہ اس نے اژدھے کو دیکھا نہیں ہے۔ دیکھا تو صرف پہلی مرتبہ ہی تھا۔ اب اس کی صورت اور شکل بن دیکھے ہی ذہن میں حاضر ہو جاتی ہے۔

ماہرین نفسیات اس بارے میں کہتے ہیں کہ انسان خارجی عوامل کے تحت اپنے حواس سے کسی ایک شے کا ادراک کرتا ہے اور بعد میں خارجی عوامل کے بغیر عین اسی چیز کو ذہن میں حاضر کر لیتا ہے۔ البتہ اس سلسلے میں اسے چار مرحلوں سے گزرنا پڑتا ہے:

۱۔ **ابتدائی حس:** یعنی پہلے جب ایک شے حواس میں آ جائے تو پھر اسے محفوظ رکھا جا سکتا ہے۔ لہٰذا سب سے پہلے تو خارج سے اپنے حواس کے ذریعے ایک شے کا ادراک ہوتا ہے۔

۲۔ **حفظ:** جو چیز ذہن میں وارد ہو جاتی ہے جب تک عیناً وہی چیز ذہن میں باقی نہ ہو، کسی خارجی عامل کے بغیر اس کا دوبارہ ذہن میں آنا ممکن نہیں ہے۔

۳۔ **تذکر (یاد آوری):** یعنی گذشتہ واقعات کا ذہن میں دوبارہ حاضر کرنا۔

۴۔ **تشخص:** یعنی اس بات کی تشخیص کرنا کہ یہ بات جو اب یاد آئی ہے عیناً وہی بات ہے جو پہلے کسی وقت ذہن میں آئی تھی۔ دوسری مرتبہ یہ بات خارج سے ذہن میں نہیں آئی اور نہ ہی یہ کوئی نیا خیال ہے۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اس بات کے پہلی بار ذہن میں آنے سے لے کر دوسری مرتبہ یاد

آنے تک وہ بات ذہن میں کیسے محفوظ رہتی ہے اور مناسب وقت پر یاد آنے سے پہلے اس کی نگہداری کیسے ہوتی ہے؟

چنانچہ جدلیاتی مادیت کے حامی کہتے ہیں کہ اس وقت وہ دماغ کے کسی ایک خلیے میں اس طرح محفوظ رہتی ہے جس طرح آواز، کیسٹ میں محفوظ ہوتی ہے اور اس کے محفوظ رہنے کی کیفیت معلوم نہیں ہوسکتی مگر جب دماغ کے ان خلیوں میں تحریک ہوتی ہے تو اس وقت پرانی بات دوبارہ ادراک میں آجاتی ہے۔ یعنی یاد آنا دوسرا ادراک ہے، عیناً پہلا ادراک نہیں ہے۔

ہمارا جواب یہ ہے کہ اگر پرانی بات دماغی خلیوں ہی میں محفوظ رہتی ہے تو یہ خلیے تو بدلتے رہتے ہیں۔ جن خلیوں میں یہ بات آئی تھی وہ خلیے اب موجود نہیں ہیں۔ یعنی کیسٹ کی وہ ریل اب موجود نہیں ہے، اس کی جگہ دوسری ریل آ گئی ہے۔ چنانچہ ستر سالہ شخص کا دماغ کئی مرتبہ بدل چکا ہوتا ہے، اس کے باوجود اسے اپنے بچپن کی باتیں کیسے یاد رہتی ہیں اور کہاں محفوظ رہتی ہیں؟

نیز یہ سوال بھی پیدا ہوتا ہے کہ بیرونی عوامل سے تحریک صرف ان خلیوں ہی میں کیوں ہوتی ہے جن میں معلومات محفوظ ہیں۔ یہ تحریک دوسرے خلیات میں کیوں نہیں ہوتی۔

اگر دماغی خلیے نہ بھی بدلیں پھر بھی انسانی دماغ میں اس قدر گنجائش نہیں ہے کہ تمام معلومات اپنے خلیوں میں محفوظ رکھ سکے۔ کیونکہ انسانی دماغ کے خلیوں کی تعداد بارہ ارب سے زائد نہیں ہے، جب کہ سائنسدانوں کا متفقہ فیصلہ ہے کہ انسان اپنے حافظے میں دس لاکھ ارب معلومات محفوظ رکھ سکتا ہے۔ اب بارہ ارب معلومات تو دماغی خلیوں میں سما سکتی ہیں باقی کہاں محفوظ رہتی ہیں؟

واضح رہے کہ سائنسی طور پر یہ بات روز روشن کی طرح واضح اور ثابت ہے کہ چھ سال میں انسانی جسم کے تمام خلیے بدل جاتے ہیں اور نئے خلیے ان کی جگہ لیتے ہیں۔

خود جدلیاتی مادیت کا نقطۂ نظر بھی یہی ہے کہ ''مادہ ہر آن متحرک رہتا ہے''۔ اس کے حامی کہتے ہیں: خلیات بدلتے ضرور ہے مگر دوسرے خلیے ان کی جگہ لیتے ہیں اور ذہنی معلومات دوسرے خلیوں میں منتقل ہو جاتی ہیں جیسا کہ نہر کے بہتے ہوئے پانی میں انسان اپنی صورت برابر دیکھتا رہتا ہے جب کہ جس چیز میں وہ اپنی صورت دیکھ رہا ہوتا ہے وہ ہر آن بدلتی رہتی ہے۔

ہم کہتے ہیں کہ اس بات سے تو خود ڈائلکٹیکی قانون قائم نہیں رہتا، کیونکہ یہ لوگ ذہنی معلومات کے بدلنے کے قائل تھے۔ اب کہتے ہیں کہ پانی میں نظر آنے والی تصویر کی طرح فکر بدلتی نہیں ہے۔

یہ مثال ایک شاعرانہ مثال تو ضرور ہے مگر حقیقت سے اس مثال کا کوئی تعلق نہیں، کیونکہ جاری پانی میں ہم اپنی صورت کو ساکن اس لیے دیکھتے ہیں کہ یہ صورت ہمارے خیالی ادراک میں باقی ہے، ورنہ حقیقت

میں مختلف صورتیں یکے بعد دیگرے بلا فاصلہ دیکھنے میں آتی ہیں اور فاصلہ نہ ہونے کی وجہ سے ہمارا خیال اسے ایک ہی صورت سمجھتا ہے جس طرح پردے پر نمودار ہونے والی فلمی تصاویر ایک ہی صورت کی طرح ہمیں دکھائی دیتی ہیں جب کہ درحقیقت یہ متعدد تصاویر ہوتی ہیں، جن کے یکے بعد دیگرے آنے کی وجہ سے ہم انہیں ایک تصویر سمجھتے ہیں۔

مادیت کی سب سے بڑی دلیل: فکر وادراک کے مادی ہونے کی مارکس ازم کی سب سے بڑی دلیل یہ ہے کہ اگر فکر مادی نہ ہوتی تو دماغ پر پڑنے والے اثرات سے متاثر نہ ہوتی حالانکہ دماغ پر پڑنے والے اثرات فکر کو براہ راست متاثر کرتے ہیں، جن کی وجہ سے دماغی امراض سے حافظہ ختم ہو جاتا ہے۔ جنگوں میں دماغی صدمہ سہنے والے چند افراد جب اپنے وطن واپس پہنچے تو انہوں نے اپنے شہر اور اپنے ماں باپ کو نہیں پہچانا، حتیٰ کہ وہ اپنا نام تک بھول چکے تھے، تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ فکر مادہ ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ فکر اگرچہ غیر مادی ہے اور علم وادراک ماورائے مادہ میں محفوظ ہوتے ہیں مگر یادآوری ایک عمل ہے اور یہ بات اسلامی فلسفے میں واضح ہے کہ روح اپنے عمل میں آلہ واوزار کی محتاج ہے۔ لہٰذا فراموشی خواہ درازی مدت کی وجہ سے ہو یا دماغی خلل کی وجہ سے، اس سے ذہنی معلومات بالکل ختم نہیں ہوتیں بلکہ اپنے آلۂ عمل کے فقدان کی وجہ سے روح ان معلومات کو صفحہ ذہن پر دوبارہ حاضر کرنے سے عاجز ہوتی ہے۔ اس کی دلیل یہ ہے کہ جب دماغی امراض کا علاج معالجہ ہوتا ہے اور آلات کار درست ہو جاتے ہیں تو روح دوبارہ پرانی معلومات کو صفحہ ذہن پر حاضر کر سکتی ہے اور معلومات کا یہ عود کر آنا اسی صورت میں ممکن ہوتا ہے جب پرانی معلومات ذہن میں موجود ہوں۔

جدید ماہرین نفسیات نے بھی اس بات کی تائید کر دی ہے کہ معلومات ذہن سے مٹ نہیں جاتیں بلکہ انہیں دوبارہ ذہن میں حاضر کرنے (یاد کرنے) کی قوت روح سے سلب ہو جاتی ہے۔ چنانچہ متعدد نفسیاتی تجربوں سے ثابت ہوا ہے کہ بعض حالات میں جب روح پر غیر معمولی دباؤ پڑتا ہے تو بہت سے فراموش شدہ واقعات یاد آجاتے ہیں۔

کچھ حضرات نے تو یہ بھی واضح کر دیا ہے کہ انسان کو نزع روح کے وقت زندگی کے تمام واقعات یاد آجاتے ہیں۔

مادے کے اوصاف اور فکر: فکر کے غیر مادی ہونے پر ایک واضح دلیل یہ ہے کہ مثلاً ایک باغ ہے جس کا طول ایک سو میٹر اور عرض بھی ایک سو میٹر ہے اور زید نے اسی باغ کا مشاہدہ کیا۔ مشاہدے کے بعد اس باغ کی تصویر اس کے ذہن میں نقش ہو گئی یعنی زید کی فکر میں باغ موجود ہے۔ باغ کا مادی وجود 100 x 100 میٹر ہے لیکن ذہن میں باغ کا غیر مادی وجود یعنی اس کا علم و ادراک 100 x 100

میٹر نہیں ہے بلکہ اس علم و ادراک کا کوئی طول و عرض نہیں ہے، یعنی مادی نہیں ہے۔

چندروسی دانشور اپنی کتاب ''جدلیاتی مادیت'' میں لکھتے ہیں:

> احساس، ادراک، تصور اور فکر ایسے امور ہیں جنہیں نہ دیکھنا ممکن ہوتا ہے، نہ سونگھنا، نہ چھونا اور نہ ہی ان کی آواز سننا۔ فکر کو ہم کسی زمان و مکان کی حدود میں نہیں دیکھ سکتے۔ نہ اس کا طول و عرض ہوتا ہے اور نہ وزن۔ دوسرے مادی اجسام کی طرح فکر و ادراک میں فزیکل خصوصیات نہیں پائی جاتیں۔

ادراک اور روح: اگر ادراک صرف اعصابی عمل اور خارجی عوامل سے عبارت ہے، بہ الفاظ دیگر ادراک اگر آواز کی اعصاب کے ذریعے دماغ تک رسائی کا نام ہے تو جب بھی اعصاب کے ذریعے آواز دماغ تک پہنچ جائے، ادراک وجود میں آنا چاہیے، حالانکہ ہمیشہ ایسا نہیں ہوتا۔ مثلاً ایک شخص اگر کسی بات میں منہمک ہو تو اسے دیگر آوازوں کا ادراک ہی نہیں ہوتا جب کہ آواز کا ارتعاش اعصاب کے ذریعے دماغ تک پہنچ رہا ہوتا ہے۔ اس کا سبب یہ ہوتا ہے کہ روح متوجہ نہیں ہوتی۔ پس ادراک کرنے والی درحقیقت روح ہوتی ہے جب کہ اعصاب و دماغ فقط ذریعۂ ادراک ہیں۔

زمان اور ادراک: ادراک کے غیر مادی ہونے پر ایک دلیل یہ ہے کہ ادراک زمانے کا محتاج نہیں ہوتا کیونکہ ادراک صفحۂ ذہن پر دوبارہ تکراراً وجود میں آتا ہے اور جو چیز زمانی ہو وہ کبھی تکرار نہیں ہوتی۔ جو وقت درکار ہوتا ہے وہ خود ادراک کے لیے نہیں بلکہ آلۂ ادراک کے لیے درکار ہوتا ہے۔

سچے خواب: خواب میں انسانی روح اپنے طبیعیاتی عمل سے استفادہ کیے بغیر از خود سماعت و بصارت کی قوت رکھتی ہے۔ خواب کی حالت میں انسان کی آنکھیں بند ہوتی ہیں، کانوں سے کوئی آواز نہیں ٹکراتی، اس کے باوجود جو کچھ اس نے خواب میں دیکھا اور سنا وہ سچا ہوتا ہے۔

وحی کا ادراک: رسول کریم (ص) کے لیے وحی کا ادراک ایک وجدانی کیفیت ہے، جس میں شک و تردید، اشتباہ اور غلطی کا شائبہ تک نہیں ہوسکتا، کیونکہ رسول کریم (ص) وحی کو حواس ظاہری مثلاً بصارت و سماعت جیسے جائز الخطاء ذرائع سے نہیں لیتے تھے، اگرچہ رسول کریم (ص) کے ظاہری حواس بھی جائز الخطاء نہیں تھے، تاہم یہ ذرائع تو سب کے پاس موجود ہیں، بلکہ آپ (ص) وحی کو عینی مشاہدے اور محسوسات سے زیادہ واضح طور پر اپنے پورے وجود کے ساتھ درک کرتے تھے، جیسا کہ عام انسان اپنے وجود، اپنے شعور اور اپنے وجدانیات میں شک و تردید کا شکار نہیں ہوتے۔ رسول کریم (ص) کے لیے وحی کا مسئلہ اس سے واضح تر تھا۔ اگرچہ بفرض محال کبھی کبھار کوئی عاقل انسان اپنے وجود کے بارے میں کسی شک و تردید کا شکار ہو بھی سکتا ہو مگر رسول کریم (ص) وحی کے بارے میں کبھی بھی کسی شک و شبہے میں نہیں پڑے۔

چنانچہ ارشاد الٰہی ہے:

نَزَلَ بِهِ الرُّوحُ الْاَمِيْنُ ۝ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ ۝ [1]

جسے روح الامین نے اتارا آپ کے قلب پر تا کہ آپ تنبیہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔

نیز ارشاد ہوا

فَاَوْحٰٓى اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۝ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى ۝ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ۝ [2]

پھر اللہ نے اپنے بندے پر جو وحی بھیجنا تھی وہ وحی بھیجی، جو کچھ (نظروں نے) دیکھا اسے دل نے نہیں جھٹلایا تو کیا جسے انہوں نے (اپنی آنکھوں سے) دیکھا ہے تم لوگ (اس کے بارے میں) ان سے جھگڑتے ہو؟

تعریف قلب: انسان کے اندر مختلف پہلو اور متعدد جہات ہیں اور یہ تمام جہتیں ایک ہی مرکز سے مربوط ہیں۔ حتیٰ کہ عقل بھی انہی جہات میں سے ایک ہے۔ اس کے لیے بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے مرکز سے مربوط رہے۔ اس مرکزی قوت کو قرآن نے قلب کہا ہے۔ قلب یعنی نفس اور روح۔

پس قلب رسولؐ پر وحی نازل ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وحی کا ادراک رسول کریم (ص) علم حضوری کے طور پر اپنے وجود سے کرتے تھے، نہ کہ محسوسات کی طرح صرف حواس خمسہ سے اور نہ ہی معقولات کی طرح صرف عقل سے، بلکہ ان دونوں سے واضح تر اپنے پورے وجود سے وحی کو حاصل کرتے تھے، یعنی رسول کریم (ص) کو جس طرح اپنے وجود کا ادراک ہوتا تھا اس سے بھی واضح اور بیّن طور پر وحی کا ادراک ہوتا تھا۔

حضرت موسیٰ (ع) پر ابتدا میں جب وحی نازل ہو رہی تھی اس وقت حضرت موسیٰ (ع) کو بتایا گیا کہ یہ وحی اللہ کی جانب سے ہے:

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ۝ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا ... [3]

اور میں نے آپ کو منتخب کر لیا ہے لہٰذا جو وحی کی جا رہی ہے اسے سنیں، میں ہی اللہ ہوں میرے سوا کوئی معبود نہیں....

نیز اس بات کو باور کرانے کے لیے کہ وحی اللہ کی طرف سے ہے اور حضرت موسیٰ (ع) کو رسول بنایا جا رہا ہے۔ پہلے خود حضرت موسیٰ (ع) کو دو نشانیاں دکھائی گئیں: عصا کا اژدھا بن جانا اور ید بیضا۔

لیکن حضور ختمی مرتبت (ص) پر ابتدا میں جب وحی نازل ہوئی تو شواہد و آیات کی ضرورت پیش نہ آئی بلکہ اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ کہنے کی بھی ضرورت نہ ہوئی، صرف حکم نازل ہوا:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ ... [4]

پڑھیے! اپنے پروردگار کے نام سے۔

یہ ایک قاعدہ کلیہ ہے کہ بات کرنے والے کو مخاطب اگر نہیں جانتا تو بات کرنے والا پہلے اپنا تعارف

---

[1] ۲۶ شعراء: ۱۹۳۔۱۹۴ [2] ۵۳ نجم: ۱۰ تا ۱۲ [3] ۲۰ طٰہٰ: ۱۳۔۱۴ [4] ۹۶ علق: ۱

کراتا ہے، پھر بات شروع کرتا ہے اور اگر بات کرنے والا مخاطب کے سامنے ہمیشہ حاضر ہے تو تعارف کے بغیر حکم کر دیتا ہے۔

حضرت علی(ع) سے روایت ہے:

وَ لَمْ یَجْمَعْ بَیْتٌ وَاحِدٌ یَوْمَئِذٍ فِی الْاِسْلَامِ غَیْرَ رَسُولِ اللّٰہِ وَ خَدِیجَۃَ وَ اَنَا ثَالِثُھُمَا اَرَی نُورَ الْوَحْیِ وَ الرِّسَالَۃِ وَ اَشُمُّ رِیحَ النُّبُوَّۃِ وَ لَقَدْ سَمِعْتُ رَنَّۃَ الشَّیْطَانِ حِیْنَ نَزَلَ الْوَحْیُ عَلَیْہِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔[1]

اس وقت اسلام کے زیر سایہ ایک گھر میں رسول اللہؐ اور خدیجہ کے علاوہ کوئی نہیں تھا اور میں ان میں تیسرا شخص تھا۔ وحی و رسالت کے نور کا مشاہدہ کرتا اور نبوت و رسالت کی خوشبو سونگھتا تھا۔ میں نے حضور (ص) پر وحی نازل ہوتے وقت شیطان کی چیخ سن لی۔

اقسام وحی: ۱۔ خواب: وحی سچے خواب سے شروع ہو جاتی ہے۔ چنانچہ امیر المؤمنین (ع) سے روایت ہے:

رؤیا الانبیاء وحی۔[2]

انبیاء کے خواب وحی ہیں۔

البتہ قرآن خواب کی صورت میں نازل نہیں ہوا۔

۲۔ جبرئیل: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

ان جبرائیل کان اذا اتی النبی صلی اللّٰہ علیہ و آلہ و سلم لم یدخل علیہ حتی یستأذنہ ، فاذا دخل علیہ قعد بین یدیہ قعدۃ العبد۔[3]

جب جبرائیل رسول اکرمؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو اجازت لے کر داخل ہوتے اور داخل ہونے کے بعد آپ کے سامنے ایسے بیٹھ جاتے جیسے ایک غلام بیٹھتا ہے۔

۳۔ براہ راست: قلب رسالتمآب پر وحی اکثر براہ راست نازل ہوا کرتی تھی اور جب آپ (ص) براہ راست اللہ سے ہمکلام ہوتے تو آپ (ص) کا رنگ متغیر ہو جاتا، آپ پر غشی طاری ہو جاتی اور پسینے میں شرابور ہو جاتے۔ جو لوگ اس وقت حضور (ص) کی خدمت میں حاضر ہوتے، ان پر بھی ایک عجیب سی ہیبت طاری ہو جاتی اور وہ سر جھکائے خاموش بیٹھے رہتے۔

ارشاد الٰہی ہے:

اِنَّا سَنُلْقِیْ عَلَیْكَ قَوْلًا ثَقِیْلًا○[4]

عنقریب آپ پر ہم ایک بھاری حکم (کا بوجھ) ڈالنے والے ہیں۔

نزول وحی کے دوران حضور اکرم (ص) جس حالت استغراق میں ہوتے اس سے دشمنان اسلام، بالخصوص مستشرقین نے آپ (ص) کی رسالت کو مشتبہ بنانے کی ناکام کوشش کی اور کہا کہ حضور (ص) نعوذ باللہ مرگی کی بیماری میں مبتلا تھے اور جب آپ (ص) کو اس بیماری کا دورہ پڑتا تو ہوش اور شعور سے محروم ہو جاتے،

---

[1] نہج البلاغہ خطبہ ۱۹۰ ص ۵۳۴ [2] الامالی للطوسی ص ۳۳۸
[3] بحار الانوار ۱۸: ۲۶۰۔ کمال الدین۔ للشیخ الصدوق ۱: ۸۵ [4] ۷۳ مزمل: ۵

پسینے میں شرابور ہو جاتے اور جب ہوش میں آتے تو اپنے مریدوں سے کہتے کہ مجھ پر وحی نازل ہو رہی تھی اور انہیں کچھ باتیں سنا دیتے تھے۔

و شھد شاھد من اھلھا کے مصداق خود مستشرقین میں سے ایک شخص ان کی اس شرارت کا جواب اس طرح دیتا ہے: چنانچہ سرولیئم میور (Sir William Muir) اپنی کتاب ''حیات محمد'' (Life of Mohammad) میں لکھتے ہیں:

> وحی کی جو کیفیت محمد پر طاری ہو جاتی تھی اس کی غلط توجیہ کرنا علمی اور سائنسی لحاظ سے ایک فاش غلطی ہے کیونکہ جب مرگی کے مرض کا دورہ پڑتا ہے تو اس اثنا میں قوت حافظہ سرے سے کام کرنا چھوڑ دیتی ہے اور مریض کو کچھ یاد نہیں رہتا کہ اس دوران اس پر کیا گزری، کیونکہ اس حالت میں فکر و شعور ماند پڑ جاتے ہیں ۔ یہ وہ باتیں ہیں جو اس مرض کے بارے میں سائنس کی مدد سے معلوم ہوئی ہیں، لیکن ان میں سے کوئی ایک بات بھی رسول کریم (ص) کو اثنائے وحی عارض نہیں ہوتی تھی ، بلکہ اس دوران ان کے پورے حواس بطور احسن کام کرتے تھے اور پھر جو وحی نازل ہوتی تھی اسے اپنے اصحاب کے لیے بیان کرتے تھے۔[1]

آغاز وحی: اس بات میں کسی شک و تردید کی گنجائش نہیں کہ قرآن کا نزول ماہ مبارک رمضان کی شب قدر میں ہوا ہے جیسا کہ خود قرآن میں بیان ہوا ہے:

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ ... [2]

رمضان وہ مہینہ ہے جس میں قرآن نازل کیا گیا۔

لیکن یہاں دو باتیں قابل توجہ ہیں:

۱۔ علمائے امامیہ کا اس بات پر اتفاق ہے کہ رسالتمآب(ص) ماہ رجب میں مبعوث بہ رسالت ہوئے۔ آغاز وحی اور آغاز بعثت مختلف اوقات میں کیسے قابل تصور ہیں؟

اس سوال کا جواب یہ ہے کہ آغاز وحی اور بعثت کا ایک ہی وقت میں ہونا ضروری نہیں، عین ممکن ہے کہ وحی کے نزول کا سلسلہ پہلے شروع ہو چکا ہو اور ابھی مبعوث بہ رسالت نہ ہوئے ہوں. چنانچہ نزول قرآن اور بعثت کے درمیان ایک وقفہ موجود تھا۔ اس دوران آپ (ص) پر وحی نازل ہوتی تھی مگر تبلیغ کا حکم بعد میں ملا ۔ چنانچہ اس آیت کے نزول کے بعد آپ (ص) کو تبلیغ رسالت کا حکم ملا:

---

[1] بحوالہ تاریخ القرآن از محمد حسین علی الصغیر ص ۲۱ [2] ۲ بقرہ: ۱۸۵

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَاَعْرِضْ عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ○[1]

آپ کو جس چیز کا حکم ملا ہے اس کا واشگاف الفاظ میں اعلان کریں اور مشرکین کی اعتنا نہ کریں۔

۲۔ قرآن کا نزول تیئیس (۲۳) سالوں پر محیط ہے تو قرآن کا صرف ایک رات میں نازل ہونے کا مطلب کیا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ قرآن قلب رسول (ص) پر شبِ قدر میں نازل ہوا ہے یعنی رسول کریم (ص) کو علم قرآن بیک وقت دیا گیا۔ البتہ قرآنی آیات کی تبلیغ و ارشاد کے لیے بذریعہ وحی تازہ احکامات مل جایا کرتے تھے۔ ارشاد الٰہی ہے:

وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ○[2]

اور قرآن کو ہم نے جدا جدا کر کے رکھا ہے تا کہ آپ اسے ٹھہر ٹھہر کر لوگوں کو پڑھ کر سنائیں اور ہم نے اسے بتدریج نازل کیا ہے۔

دوسرا جواب یہ ہے کہ شب قدر میں نزول قرآن کا مطلب آغازِ نزول ہے۔ چنانچہ ہر اہم واقعے کا آغاز بھی اہم سمجھا جاتا ہے۔

مکی و مدنی آیات: آیات اور سورتوں کے مکی اور مدنی ہونے کی بنیاد کیا ہے؟ اس بارے میں تین نظریات ہیں:

۱۔ مدینہ پہنچنے سے پہلے نازل شدہ آیات اور سورتیں ''مکی'' ہیں جب کہ مدینہ پہنچنے کے بعد کی آیات اور سورتیں ''مدنی'' ہیں۔

اس نظریے کے مطابق ہجرت سے پہلے نازل شدہ آیات خواہ وہ مکہ میں نازل ہوئی ہوں یا غیر مکہ میں یا اثنائے ہجرت میں مکہ و مدینہ کے درمیان نازل ہوئی ہوں، سب ''مکی'' قرار پائیں گی اور مدینہ پہنچ جانے کے بعد نازل شدہ آیات ''مدنی'' قرار پائیں گی، خواہ مدینہ میں نازل ہوئی ہوں یا سفر میں یا جنگوں میں، حتیٰ کہ فتح مکہ اور حجۃ الوداع کے موقع پر خود مکہ میں نازل شدہ سورتیں بھی ''مدنی'' قرار پائیں گی۔

۲۔ جو آیات و سورتیں مکہ اور اس کے آس پاس (خواہ ہجرت کے بعد) نازل ہوئی ہوں وہ ''مکی'' ہیں اور جو مدینہ اور اس کے آس پاس نازل ہوئی ہوں وہ ''مدنی'' ہیں اور جو ان دونوں شہروں سے دور دوسرے علاقوں میں نازل ہوئی ہیں، وہ نہ ''مکی'' ہیں نہ ''مدنی''۔

۳۔ جن آیات کے مخاطب اہل مکہ ہیں وہ ''مکی'' ہیں اور جن آیات میں مدینہ والوں سے خطاب ہے وہ ''مدنی'' ہیں۔ مکہ میں نازل ہونے والی آیات کا آغاز یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ سے

---

[1] ۱۵ حجر: ۹۴ [2] ۱۷ بنی اسرائیل: ۱۰۶

ہوتا ہے کیونکہ اکثر اہل مکہ کافر تھے، جب کہ مدینہ میں نازل ہونے والی آیات کا آغاز یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سے ہوتا ہے۔ کیونکہ مدینہ والوں میں ایمان والوں کی اکثریت تھی۔

آیات کے مکی و مدنی ہونے کے لیے جو معیار بنائے گئے ان میں مختلف نظریات قائم ہونے سے متعدد آیات کے مکی اور مدنی ہونے میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ بہرحال محققین کے نزدیک پہلا نظریہ صائب اور قریب بہ حقیقت ہے۔

وحی اور خطا و نسیان: جیسا کہ ہم نے پہلے ذکر کیا ہے، وحی کا ادراک رسول کریم (ص) کے لیے ایک ایسی وجدانی کیفیت ہے جس میں کسی شک و تردید اور غلطی و اشتباہ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کیونکہ رسول کریم (ص) عینی مشاہدہ سے بالاتر اپنے پورے وجود کے ساتھ وحی کو درک کرتے تھے۔ اس لحاظ سے رسول کریم (ص) معصوم عن الخطا ہیں۔ اگر کسی صورت بھی غلطی کی گنجائش رہ جاتی تو وحی پر سے بالعموم اور قرآن پر سے بالخصوص اعتماد اٹھ جاتا۔ عدم خطاء کی ضمانت خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں دی ہے۔ ارشاد رب العزت ہے:

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ○ [1] ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہیں بھولیں گے۔

داستان غرانیق: طبری نے اپنی تفسیر اور جلال الدین سیوطی نے اپنی تفسیر درمنثور ۴: ۳۶۶۔ ۳۶۸) میں اور دیگر علمائے اہل سنت نے صحیح السند روایات میں ذکر کیا ہے:

رسول کریم (ص) مشرکین مکہ کے ساتھ کعبہ کے پاس بیٹھے یہ سوچ رہے تھے کہ کاش قرآن میں کوئی ایسا مطلب نازل ہو جائے جس سے قوم میرے نزدیک آ جائے۔ چونکہ رسول اللہ (ص) کو اپنی قوم سے قطعِ تعلقات پر دکھ تھا اور چاہتے تھے کہ قربت کی کوئی صورت نکل آئے۔ اتنے میں سورہ نجم نازل ہوئی۔

آپ (ص) اسے تلاوت فرمانے لگے۔ جب یہاں پہنچے:

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ○ [2] بھلا تم لوگوں نے لات اور عزیٰ کو دیکھا ہے؟ اور

وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ○ پھر تیسرے منات کو بھی۔

تو شیطان نے آپ (ص) کے ذہن میں درج ذیل الفاظ ڈال دیے:

تلك الغرانيق العلى و ان شفاعتهن لترجى۔ ایسے بلند مرتبہ بت ہیں جن کی شفاعت کی امید کی جا سکتی ہے۔

رسول کریم (ص) نے قریش کے سامنے ان کی تلاوت فرمائی۔ بعد میں آپ (ص)

---

(۱) ۸۷ اعلیٰ: ۶ (۲) ۵۳ نجم: ۱۹۔۲۰

نے سجدہ کیا۔ آپ (ص) کے ساتھ مسلمانوں نے بھی سجدہ کیا۔ اس کے ساتھ ہی مشرکین نے بھی سجدہ کیا اور آپ (ص) کی طرف سے اپنے خداؤں کی تعظیم وتکریم پر وہ بہت خوش ہوئے۔ مہاجرین حبشہ تک جب یہ خبر پہنچی تو وہ بھی واپس مکہ چل دیئے۔ جب رات ہوئی تو جبرئیل نازل ہوئے اور سورہ پڑھنے کا حکم ہوا۔ آپ (ص) نے ان دونوں کلمات کی بھی تلاوت کی۔

جبرئیل نے کہا: یہ دونوں کلمات آپ (ص) کہاں سے لے آئے؟ اس پر رسول اللہ (ص) کو سخت ندامت ہوئی کہ اللہ پر کذب و افترا ہو گیا۔ اس پر سورۂ بنی اسرائیل کی یہ آیت نازل ہوئی:

وَ اِنْ كَادُوْا لَيَفْتِنُوْنَكَ عَنِ الَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ لِتَفْتَرِيَ عَلَيْنَا غَيْرَهٗ ۖ وَ اِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ خَلِيْلًا ○ [1]

اور (اے رسول) یہ لوگ آپ کو اس وحی سے منحرف کرنیکی کوشش کر رہے تھے جو ہم نے آپ کی طرف بھیجی ہے تا کہ آپ وحی سے ہٹ کر کوئی اور بات گھڑ کر ہماری طرف منسوب کریں، اس صورت میں وہ ضرور آپ کو دوست بنا لیتے۔

اس سے رسول اللہ (ص) کو بہت زیادہ رنج ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی:

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰٓى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ○ [2]

اور (اے محمد) آپ سے پہلے ہم نے نہ کوئی رسول بھیجا اور نہ نبی مگر جب اس نے (کامیابی کی) تمنا کی تو شیطان نے اس کی اس آرزو میں خلل اندازی کی لیکن اللہ شیطان کے خلل کو نابود کرتا ہے پھر اللہ اپنی آیات کو محکم کرتا ہے اور اللہ بڑا دانا، حکمت والا ہے۔

مزید مطالعہ کے لیے ملاحظہ ہو: تفسیر طبری ۱۷: ۱۳۱۔۱۳۴۔ درمنثور ۴: ۳۶۶۔۳۶۸۔ فتح الباری شرح صحیح بخاری ۸: ۳۳۲

اس خود ساختہ داستان کو دشمنان اسلام، خاص طور سے مستشرقین نے ہاتھوں ہاتھ لیا اور رسالتمآب (ص) کی عصمت کو مخدوش اور دین اسلام کو مطعون کرنے کے لیے اسے خوب اچھالا۔ [3]

حالانکہ یہ داستان عقل و نقل کے اعتبار سے نہایت ہی ناقابل توجہ اور سراسر کذب و بہتان پر مبنی ہے۔ ذیل میں ہم اس کا تنقیدی جائزہ لیتے ہیں:

---

[1] ۱۷ بنی اسرائیل: ۷۳ [2] ۲۲ حج: ۵۲ [3] بروکلمین کی تاریخ، عربی ترجمہ ص ۳۴

۱۔ داستان خود صریحاً قرآن کے خلاف ہے۔ اس سلسلے میں ارشاد فرماتا ہے:

وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ۝ اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ۝[1]

وہ خواہش سے نہیں بولتا۔ یہ تو صرف وحی ہوتی ہے جو (اس پر) نازل کی جاتی ہے۔

نیز ارشاد رب العزت ہے:

اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ ... [2]

جو میرے بندے ہیں ان پر یقیناً تیری (یعنی شیطان کی) بالادستی نہ ہوگی۔

نیز فرمایا:

قُلْ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اُبَدِّلَهٗ مِنْ تِلْقَآئِ نَفْسِيْ ۚ اِنْ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ ۚ [3]

(اے رسول) کہہ دیجیے: مجھے یہ اختیار نہیں کہ میں اپنی طرف سے اسے بدل دوں، میں تو اس وحی کا تابع ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے۔

۲۔ یہ روایت زیادہ تر تابعین سے منقول ہے۔ اصحاب میں سے صرف حضرت ابن عباس کی طرف اس کی نسبت دی گئی ہے اور ابن عباس بھی ہجرت سے صرف تین سال قبل پیدا ہوئے تھے، لہٰذا وہ بھی اس واقعے کے عینی شاہد نہیں ہو سکتے۔

۳۔ یہ عصمت رسول (ص) کے خلاف ہے جو اجماع مسلمین سے ثابت ہے۔

۴۔ آیات کا سیاق وسباق ان کلمات اور اس داستان کے خلاف ہے۔

اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَ الْعُزّٰى ۝ وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ۝ اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ۝ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ۝ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ اَنْتُمْ وَ اٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا مِنْ سُلْطٰنٍ ۭ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ مَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَ لَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنْ رَّبِّهِمُ الْهُدٰى ۝ [5]

بھلا تم لوگوں نے لات اور عزیٰ کو دیکھا ہے؟ اور پھر تیسرے منات کو بھی؟ کیا تمہارے لیے تو بیٹے اور اللہ کے لیے بیٹیاں ہیں؟ یہ تو پھر غیر منصفانہ تقسیم ہے۔[4] دراصل یہ تو صرف چند نام ہیں جو تم نے اور تمہارے آباواجداد نے گھڑ لیے ہیں اللہ نے تو اس کی کوئی دلیل نازل نہیں کی ہے۔ یہ لوگ صرف گمان اور خواہشات نفس کی پیروی کرتے ہیں حالانکہ ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے۔

---

[1] ۵۳ نجم: ۳۔۴ [2] ۱۵ حجر: ۴۲ [3] ۱۰ یونس: ۱۵

[4] یہ اس طرف اشارہ ہے کہ عرب ان بتوں کو تو اللہ کی بیٹیاں قرار دیتے تھے اور اپنی بیٹیوں کو ننگ و عار سمجھ کر زندہ دفن کر دیتے تھے۔

[5] ۵۳ نجم: ۱۹ تا ۲۳

بھلا درج بالا سیاق وسباق کے ربط میں اس عبارت کا کوئی جوڑ ہے کہ ''یہ تو بہت بلند وبالا بت ہیں جن کی شفاعت کی امید کی جاسکتی ہے۔'' حالانکہ ان آیات میں تو ان بتوں کی مذمت موجود ہے۔

تعجب کا مقام ہے کہ ان تمام امور کے باوجود عصمت قرآن اور عصمت رسول (ص) کے منافی اس روایت کو ابن حجر نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب فتح الباری شرح صحیح بخاری کی جلد ۸ص ۳۳۳ پر صحیح تسلیم کیا ہے اور لکھتے ہیں:

> سعید بن جبیر کے سوا باقی جن طریقوں سے یہ روایت آئی ہے وہ یا تو ضعیف ہیں یا منقطع، مگر طریقوں کی کثرت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ اس کی کوئی اصل ہے ضرور۔ علاوہ براین یہ ایک طریقے سے مستقلاً بسند صحیح بھی نقل ہوا ہے.

اسی طرح امام الفقة و التفسیر طبری نے اپنی تفسیر میں سورہ حج آیت ۵۲ کے ذیل میں اس روایت کو تسلیم کیا ہے۔ تعجب کا مقام یہ ہے کہ امام جصاص اور زمخشری نے بھی اسے تسلیم کیا ہے۔ حالانکہ اس روایت کے کذب پر خود اس کے اندر بڑے شواہد موجود ہیں۔

چونکہ روایت کے مطابق سورہ نجم ہجرت حبشہ کے زمانے میں نازل ہوئی۔ ہجرت حبشہ سنہ ۵ نبوی میں واقع ہوئی ہے اور اس روایت میں ذکر ہوا ہے کہ سورہ بنی اسرائیل کی آیت سے رسول اللہ (ص) کی سرزنش کی گئی ہے اور سورہ بنی اسرائیل ظاہر ہے معراج کے موقع پر نازل ہوئی ہے اور معراج نبوت کے گیارہویں سال واقع ہوا ہے اور سورہ حج مدینہ میں نازل ہوئی ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آیات کے نزول کے زمانوں اور داستان غرانیق میں تضادات موجود ہیں

اس خودساختہ داستان نے رشدی جیسے شاتم رسول کے لیے ماخذ فراہم کیا ہے۔ فتنۂ رشدی کے بعد مسلمانوں کو اس ضمن میں سوچنا چاہیے کہ شان رسالت (ص) کے منافی مواد کے بارے میں انہیں متحدہ موقف اختیار کرنا ہوگا اور احادیث کے رد وقبول کے سلسلے میں اس صدی کے مسلمان دماغوں کو سوچنے، تحقیق کرنے اور فیصلہ کرنے کا حق دینا ہوگا، ورنہ رشدی جیسے شاتم رسول کو یاوہ گوئی کا موقع ملتا رہے گا۔

خالی



معجزہ

تعریف ۔ معجزے کی ضرورت۔ قرآن ابدی معجزہ ۔ قرآن کا چیلنج۔
چیلنج کا رخ۔ قرآن کا علمی چیلنج ۔ قرآن کا رسالتی چیلنج۔ قرآن کا تنظیمی چیلنج ۔
قرآن کا دعویٰ۔ بلاغتِ قرآن۔ دعوتِ فکر۔ آفاق میں تفکر و تعقل ۔ آسمانوں کے
بارے میں غور و فکر ۔ طریقہ غور و فکر ۔ قرآن کا طرز استدلال ۔ تعقل اور
جذبات و احساسات کا امتزاج۔ قرآن کا طرز استدلال

خالی



قرآن مجید وہ کلامِ الٰہی ہے جسے رسول خاتم (ص) پر ایک ابدی شریعت کے ساتھ نازل کیا گیا۔ یہ دائمی سعادت کا بشارت دہندہ، ایک احسن نظام کے لیے اساس اور انسانیت کو اس کا کھویا ہوا مقام دلانے کے لیے ایک درس انقلاب ہے۔

قرآن مجید کے لا تعداد پہلو ہیں اور ہر پہلو خود ایک ابدی معجزہ ہے۔ معجزہ کیا ہے اور اس کی ضرورت کیا ہے؟ اس باب میں ہم اس کا جائزہ لیتے ہیں۔

تعریف: معجزے کی یہ تعریف کی گئی ہے:

أن يأتي المدعي لمنصب من المناصب الالهية بما يخرق نواميس الطبيعة، ويعجز عنه غيره، شاهداً على صدق دعوٰه۔[1]

کسی الٰہی منصب کا دعویدار اپنے دعوے کی تصدیق کے لیے قوانین طبیعت کو توڑ کر ایسا عمل انجام دے جس سے دوسرے لوگ عاجز ہوں۔

اس تعریف کے مطابق معجزے کے لیے درج ذیل امور ضروری ہیں، ورنہ وہ معجزہ نہیں ہوگا:

۱۔ یہ عمل الٰہی منصب کا دعویٰ رکھنے والے سے صادر ہو۔ اگر کوئی اور شخص ایسا عمل انجام دیتا ہے جسے جہالت کی وجہ سے دوسرے لوگ انجام نہیں دے سکتے تو یہ معجزہ نہ ہوگا۔

۲۔ معجزہ کے لیے لازم ہے کہ قوانین طبیعت کے مطابق نہ ہو، کیونکہ اگر طبیعی قوانین کے مطابق کوئی عمل سرانجام پاتا ہے تو یہ بھی معجزہ نہ ہوگا۔

۳۔ دوسرے لوگ اس قسم کا عمل سرانجام دینے سے عاجز ہوں۔ لہٰذا اگر کوئی تجربہ فطری قوانین کے تحت طبیعت کو مسخر بنا دے تو یہ معجزہ نہ ہوگا۔ خود قرآن مجید میں ارشاد ہوا ہے کہ زمین و آسمان کی ہر چیز انسان کے لیے مسخر کر دی گئی ہے:

---

[1] البیان فی تفسیر القرآن۔ امام خوئی دام ظلہ ص ۳۳

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ ظَاهِرَةً وَّبَاطِنَةً [1]

کیا تم نے نہیں دیکھا کہ جو کچھ آسمانوں اور جو کچھ زمین میں ہے اللہ نے تمہارے لیے مسخر کیا ہے اور تم پر اپنی ظاہری اور باطنی نعمتیں کامل کر دی ہیں۔

معجزے کی ضرورت: انسانی ہدایت کے لیے رسولوں کا مبعوث ہونا از روئے عقل و نقل ضروری ہے اور جب تک انبیاء کے پاس اپنے دعوے پر شاہد کے طور پر ایک مضبوط اور ٹھوس دلیل نہ ہو لوگ انہیں قبول نہیں کرتے اور اللہ کی طرف سے اتمام حجت بھی نہیں ہوتی۔

چنانچہ جب حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اعلان نبوت فرمایا:

وَ قَالَ مُوْسٰى يٰفِرْعَوْنُ اِنِّيْ رَسُوْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ [2]

اور موسیٰ نے کہا: اے فرعون میں رب العالمین کا رسول ہوں۔

تو فرعون نے دلیل مانگی:

قَالَ اِنْ كُنْتَ جِئْتَ بِاٰيَةٍ فَاْتِ بِهَاۤ اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ○ [3]

(فرعون نے) کہا: اگر تم سچے ہو اور کوئی نشانی لے کر آئے ہو تو اسے پیش کرو۔

ظاہر ہے کہ وہ نشانی اور حجت معجزے کے سوا کچھ اور نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ یہ دلیل اگر عاجز کر دینے والی (معجزہ) نہیں ہے تو اس کا مطلب ہے کہ دوسرے لوگ بھی ایسی ہی دلیل پیش کر سکتے ہیں۔ یوں ہر شخص کے لیے دعویٰ نبوت کرنا آسان ہو جائے گا اور اگر یہ دلیل صرف معجزہ میں منحصر ہو جائے تو جھوٹے دعویداروں کی قلعی کھل جائے گی۔

دوسری طرف ہدایت الٰہیہ اور خدائی دعوت کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ لوگ ان عقائد و نظریات، روایات و عادات اور مذاہب و دیانات کو ترک کر دیں جو اٰبآءً عن جَدٍّ انہیں وراثت میں ملی ہیں اور یہ کوئی آسان کام نہیں کہ کسی کے کہنے پر لوگ مروجہ عادات و رسوم ترک کر کے کوئی اور عمل سرانجام دیں۔

پھر انبیاء علیہم السلام کی طرف سے دعوت جبر و اکراہ کے ساتھ نہیں ہوتی کیونکہ لَاۤ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ [4]، نہ ان جدید نظریات کو طاقت کے ذریعے مسلط کیا جاتا ہے، لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ [5]، بلکہ انبیاء کی دعوت دلیل و منطق کے ساتھ محبت اور ہمدردی پر مبنی ہوتی ہے۔ نبیؐ لوگوں کی ایذا رسانی کے جواب میں انتقام کی بجائے دعائے ہدایت کرتا نظر آتا ہے:

اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون [6] اے اللہ! میری قوم کی ہدایت فرما کہ یہ جانتے نہیں۔

---

[1] ۳۱ لقمان: ۲۰ [2] ۷ اعراف: ۱۰۴ [3] ۷ اعراف: ۱۰۶
[4] ۲ بقرہ: ۲۵۶۔ دین میں کوئی جبر و اکراہ نہیں۔ [5] ۸۸ غاشیہ: ۲۲۔ آپ ان پر مسلط نہیں ہیں۔
[6] منقول ہے کہ کفار قریش کی طرف سے ایذا رسانی پر حضرت رسول اکرم (ص) یہ جملے ارشاد فرماتے تھے۔ بحار الانوار ۳۵: ۱۷۷

چونکہ یہ تو عقائد ونظریات کا معاملہ ہے جو دلوں سے مربوط ہے۔ اگر جسموں پر تسلط ہو بھی جائے تو بھی نظریات دل میں جاگزیں نہیں ہوں گے۔ اس لیے ضروری ہے کہ انبیاءؑ اپنے دعوے کی سچائی کے لیے معجزہ پیش کریں۔

قرآن ابدی معجزہ: قدیم امتیں عقل وفہم کے لحاظ سے اس قابل نہ تھیں کہ انہیں ایک ابدی شریعت کا امین بنایا جائے۔ وہ صرف محسوسات کے ادراک کے قابل تھیں۔ اس لیے وہ لوگ اپنے معبود کو بھی محسوس یعنی بت کی شکل میں لاتے تھے۔ ان کی طرف انبیاء بھیجے گئے تو انہیں جو معجزے دیئے گئے وہ بھی محسوس معجزات تھے۔ عصائے موسیٰ (ع)، ید بیضا، شق دریا اور مردوں کو زندہ کرنا وغیرہ محسوس معجزات تھے۔

انسانیت جب عقل و ادراک کی ارتقائی منازل طے کرتے ہوئے اس قابل ہو گئی کہ ایک ابدی شریعت اور دائمی دستور حیات کی امین بنائی جائے تو اسے جو معجزہ قرآن کی شکل میں دیا گیا، وہ معجزہ بھی ہے، ہدایت و رحمت بھی ہے اور شفا بھی اور ساتھ ایک نظام حیات بھی۔

معجزے کی اہمیت وعظمت دعوے کی اہمیت وعظمت سے مربوط ہے۔ ان دونوں میں تناسب بھی ضروری ہے۔ اگر دعویٰ محدود ہے تو معجزہ بھی محدود ہی ہوگا۔ اگر دعویٰ وقتی ہے تو معجزہ بھی وقتی ہوگا۔ لیکن اگر دعویٰ ابدی ہے تو معجزہ بھی ابدی ہوگا۔

چنانچہ حضرت موسیٰ (ع) کو اپنے دور کا معجزہ دیا گیا۔ یعنی سحر وساحری کا توڑ۔ حضرت عیسیٰ (ع) کو ان کے زمانے کا معجزہ دیا گیا یعنی طب ومسیحائی۔ مگر چونکہ ان کے دعوؤں میں ابدیت نہ تھی، اس لیے ان کا معجزہ بھی انہی کے زمانے تک محدود تھا۔

لیکن رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت و رسالت ایک ابدی اور ہمہ گیر رسالت تھی، اس لیے آپ (ص) کو ایسا معجزہ عطا ہوا جو کسی حد بندی میں محدود نہیں۔ لہٰذا معجزۂ رسول (ص) یعنی قرآن افراد، زمان، مکان اور موضوع کے اعتبار سے جامع، ہمہ گیر اور ابدی ہے۔ دیکھیے:

۱۔ افراد کے اعتبار سے صرف ایک قوم یا ایک گروہ ہی نہیں بلکہ ہر فرد بشر قرآن کا مخاطب ہے اس میں مذہب، زبان اور رنگ ونسل کا کوئی لحاظ نہیں:

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ...[1]	کہہ دیجیے: اے لوگو! میں تم سب کی طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں۔

اور قرآن کہتا ہے:

وَ مَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝[2]	اور (اے محمد) ہم نے آپ کو بس عالمین کے لیے رحمت بنا کر بھیجا ہے۔

---

[1] ۷/ اعراف: ۱۵۸ [2] ۲۱/ انبیاء: ۱۰۷۔

۲۔ زمانے کے اعتبار سے قرآن اپنے نزول کے وقت سے لے کر قیامت تک دستور انسانیت ہے:

وَاُوْحِیَ اِلَیَّ هٰذَا الْقُرْاٰنُ لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْۢ بَلَغَ[1] — اور یہ قرآن میری طرف بذریعہ وحی نازل کیا گیا ہے تاکہ میں تمہیں اور جس تک یہ پیغام پہنچے سب کو تنبیہ کروں۔

۳۔ مکانی اعتبار سے بھی ہر مقام اور خطے کے انسان دعوتِ قرآن کے مخاطب ہیں۔ خواہ وہ مشرق میں ہوں یا مغرب میں، شمال میں ہوں یا جنوب میں، آسمان میں ہوں یا زمین میں اور اس کرہ زمین پر ہوں یا کسی سیارے پر۔ ارشاد ہوا:

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِیْرًا وَّنَذِیْرًا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ[2] — اور ہم نے آپ کو تمام انسانوں کے لیے فقط بشارت دینے والا اور تنبیہ کرنے والا بنا کر بھیجا ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے۔

۴۔ موضوع کے اعتبار سے بھی قرآن انسانی زندگی کے تمام شعبوں پر محیط ایک جامع نظام حیات عطا کرتا ہے:

وَنَزَّلْنَا عَلَیْكَ الْكِتٰبَ تِبْیَانًا لِّكُلِّ شَیْءٍ ...[3] — اور ہم نے آپ پر یہ کتاب ہر چیز کو بڑی وضاحت سے بیان کرنے والی بنا کر نازل کی ہے۔

دوسری جگہ قرآن کہتا ہے:

مَا فَرَّطْنَا فِی الْكِتٰبِ مِنْ شَیْءٍ ...[4] — ہم نے اس کتاب میں کسی چیز کی کمی نہیں چھوڑی۔

لہٰذا جہاں رسول کریم (ص) نے ایک جامع، ابدی اور ہمہ گیر دین کا دعویٰ کیا ہے، وہاں اسی مناسبت سے ایک جامع، ابدی اور ہمہ گیر معجزہ درکار تھا جو آپ (ص) نے پیش فرمایا ہے اور وہ معجزہ ہے قرآن مجید۔

قرآن کا چیلنج: قرآن کے ابدی اور زندہ معجزہ ہونے پر اس سے واضح اور بین ثبوت کیا پیش کیا جا سکتا ہے کہ قرآن کے چیلنج کی آواز پندرہ صدیوں سے علم و ادب اور فکر و نظر کی وسیع فضاؤں میں گونج رہی ہے اور آج تک دنیا کا کوئی نابغہ، مفکر، ادیب اور دانشور اس چیلنج کے سامنے ایک لمحے کے لیے ٹھہرتا ہوا نظر نہیں آیا۔ حتیٰ کہ کسی ملت میں بھی تاب مقاومت نہیں ہوئی۔ قرآن مجید نے اس چیلنج کو بار بار اور مختلف صورتوں میں دھرایا ہے۔

کبھی ارشاد ہوا:

فَلْیَاْتُوْا بِحَدِیْثٍ مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِیْنَ[5] — پس اگر یہ سچے ہیں تو اس جیسا کلام بنا لائیں۔

---

[1] ۶ انعام: ۱۹ [2] ۳۴ سبا: ۲۸ [3] ۱۶ نحل: ۸۹ [4] ۶ انعام: ۳۸ [5] ۵۲ طور: ۳۴

کبھی دس سورتوں کا مطالبہ فرمایا:

قُلْ فَاْتُوْا بِعَشْرِ سُوَرٍ مِّثْلِهٖ مُفْتَرَيٰتٍ ...[1]

کہہ دیجیے: اگر تم سچے ہو تو اس جیسی خود ساختہ دس سورتیں بنا لاؤ۔

کبھی ایک مختصر سورت ہی کی دعوت دی:

اَمْ يَقُوْلُوْنَ افْتَرٰىهُ ؕ قُلْ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّثْلِهٖ ...[2]

کیا یہ لوگ کہتے ہیں کہ اس قرآن کو (محمد نے) از خود بنایا ہے؟ کہہ دیجیے: اگر تم (اپنے الزام میں) سچے ہو تو تم بھی اس طرح کی ایک سورت بنا لاؤ۔

ایک اور مقام پر اس چیلنج کو پھر دہرایا:

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ...[3]

اور اگر تم لوگوں کو اس (کتاب) کے بارے میں شبہ ہو جو ہم نے اپنے بندے پر نازل کی ہے تو اس جیسا کوئی سورہ بنا لاؤ۔

اتنے غیر مبہم الفاظ میں ایسی وضاحت کے ساتھ کسی چیلنج میں اس سے زیادہ زور نہیں دیا جا سکتا۔

چیلنج کا رخ: نہایت قابل توجہ بات یہ ہے کہ قرآن کے چیلنج کا رخ کسی ایک وقت، ایک صنف، ایک جماعت، ایک علاقے یا ایک زمانے کے افراد کی طرف نہیں ہے بلکہ یہ قرآن کی ہی طرح ایک ابدی اور لازوال چیلنج ہے، جس کی گونج قیام قیامت تک باقی رہے گی اور بنی نوع انسان کے تمام افراد اس میں شامل ہیں بلکہ قرآن میں اس بات کی صراحت موجود ہے کہ اگر تم انفرادی طور پر اس قرآن کا مقابلہ نہیں کر سکتے تو بیشک اجتماعی کوشش کر دیکھو اور اللہ کو چھوڑ کر دنیا بھر کی مدد لے لو اور ہو سکے تو جنوں کو بھی اپنے ساتھ شامل کر لو۔

ارشاد فرمایا:

قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓى اَنْ يَّاْتُوْا بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا يَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِيْرًا ○[4]

کہہ دیجیے: اگر انسان اور جن سب مل کر اس قرآن کی مثل لانے کی کوشش کریں تو وہ اس کی مثل لا نہیں سکیں گے اگرچہ وہ ایک دوسرے کا ہاتھ بٹائیں۔

اس کے لیے کوئی تاریخ اور وقت مقرر نہیں بلکہ یہ ایک کھلا چیلنج ہے اور اس کی آواز ہر زمانے کی فضاؤں میں گونجتی اور دعوت مبارزت دیتی رہے گی۔

قرآن کا علمی چیلنج: درج بالا چیلنج کے علاوہ قرآن نے علمی اعتبار سے بھی چیلنج دیا کہ

---

[1] ۱۱ ھود: ۱۳ [2] ۱۰ یونس: ۳۸ [3] ۲ بقرہ: ۲۳ [4] ۱۷ اسراء: ۸۸

دیکھو اس میں ہر شے کا بیان موجود ہے:

وَ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ ...[1]

اور ہم نے آپ پر یہ کتاب ہر چیز کو بڑی وضاحت سے بیان کرنے والی بنا کر نازل کی ہے۔

پھر فرمایا:

وَ لَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ○[2]

اور کوئی خشک وتر ایسا نہیں ہے جو کتاب مبین میں موجود نہ ہو۔

قرآن کا رسالتی چیلنج: قرآن نے حضور گرامی رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات والا صفات کو بھی چیلنج کے طور پر پیش کیا کہ دیکھو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خود اپنی قوم میں زندگی بسر کرتے رہے۔ انہوں نے کسی کے سامنے زانوئے تلمذ تہ نہیں کیا بلکہ مکہ کے معاشرے میں تو کوئی عالم بھی موجود نہ تھا اور تو اور حجاز کبھی علمی مرکز بھی نہیں رہا۔

اس کے باوجود آپ (ص) کا ایک ایسا جامع نظام حیات پیش کرنا جس کی نظیر لانے سے نہ صرف اس زمانے کے لوگ عاجز رہے بلکہ آج تک کوئی ایسا نظام پیش نہ کر سکا اور نہ ہی آپ (ص) کے لائے ہوئے نظام میں کوئی نقص ثابت کر سکا۔ یہ سب کچھ خود ایک کھلا چیلنج ہے اور اسے قرآن یوں بیان کرتا ہے:

قُلْ لَّوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا تَلَوْتُهٗ عَلَيْكُمْ وَ لَاۤ اَدْرٰىكُمْ بِهٖ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ○[3]

کہہ دیجیے: اگر اللہ چاہتا تو میں یہ قرآن تمہیں پڑھ کر نہ سناتا اور نہ ہی اللہ تمہیں اس سے آگاہ کرتا اس سے پہلے میں تمہارے درمیان ایک عمر گزار چکا ہوں، کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے؟

چنانچہ چالیس سال آپ (ص) نے اس قوم میں زندگی بسر کی اور اس عرصے میں آپ (ص) نے نہ کوئی شعر کہا، نہ خطبہ دیا اور نہ کوئی اور غیر معمولی ہنر دکھایا اور پھر دفعتاً قرآن جیسی عظیم کتاب اور اسلام جیسا جامع نظام حیات پیش کر دیا۔ ایسی مثال، جو اس جہاں میں کوئی بھی پیش نہیں کر سکتا۔

قرآن کا تنظیمی چیلنج: رسول کریم (ص) نے یہ قرآن تیئیس سال کی مدت میں پیش فرمایا۔ اس دوران آپ (ص) مختلف حالات سے گزرے۔ مکی دور میں ظلم و تشدد کا مقابلہ کیا اور فاقہ کشی اور تنگدستی سے بھی دوچار رہنا پڑا۔ ایک مدت تک شعب ابی طالب میں پوری دنیا سے منقطع ہو کر زندگی گزاری۔ مدنی زندگی میں قدرے بہتر حالات تھے مگر مختلف جنگوں سے دوچار تھے۔

ان بدلتے ہوئے حالات میں اگر محمد (ص) عربی صرف انسانی اور بشری حیثیت سے یہ قانون دے رہے ہوتے تو یقیناً اس طویل عرصے میں دیے جانے والے قانون کے اجزا اور مختلف شقوں میں اختلاف اور

---

[1] ۱۶ نحل: ۸۹ [2] ۶ انعام: ۵۹ [3] ۱۰ یونس: ۱۶

تضاد آ جاتا۔

اہل دانش و بینش غور کریں پورے قانون اسلام اور بیان قرآن میں کہیں بھی کوئی تضاد نہ ملے گا اور اس بارے میں بھی قرآن کا چیلنج ہے:

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ ؕ وَلَوْ کَانَ مِنْ عِنْدِ غَیْرِ اللّٰہِ لَوَجَدُوْا فِیْہِ اخْتِلَافًا کَثِیْرًا ۝[1]	کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے ؟ اور اگر یہ اللہ کے سوا کسی اور کی طرف سے ہوتا تو یہ لوگ اس میں بڑا اختلاف پاتے۔

بلاغت قرآن: قرآن کی فصاحت و بلاغت کے لیے یہی بات کافی ہے کہ آج تک کوئی اس جیسی ایک سورت بھی نہ بنا سکا۔ جب کہ قرآن عربی زبان میں ہے اور یہ زبان سلاست الفاظ اور جزالت معانی کے اعتبار سے دنیا کی تمام زبانوں سے زیادہ پر مایہ زبان ہے۔

نیز فصاحت و بلاغت کے میدان میں عربوں میں نابغہ افراد کی بھی کوئی کمی نہ تھی اور اس کے ساتھ ساتھ فراغت بھی حاصل تھی۔ مگر اس کے باوجود یہ لوگ ایک چھوٹی سی سورت بنانے سے بھی عاجز تھے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ کلام الٰہی میں ایک لفظ کی جگہ بدلنے سے بھی نہ صرف آیت کے معنی درہم برہم ہو جاتے ہیں بلکہ اس کی طرز اور روح کلام بھی تبدیل ہو جاتی ہے اور یہی بات کلام الٰہی کے معجزہ ہونے کا معیار ہے۔

غیر اللہ کے کلام میں ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ آنے سے ممکن ہے کہ کلام کی فصاحت و بلاغت میں اضافہ ہو جائے اور اس کے طرز کلام اور روح کلام کا وزن بھی متاثر نہ ہو، مگر کلام الٰہی میں ایسا ممکن نہیں ہے کیونکہ یہاں تو فصاحت و بلاغت اپنے عروج پر ہے۔ اس لیے تبدیلی الفاظ سے اس کا معیار گر تو سکتا ہے مگر اونچا نہیں ہو سکتا۔

چنانچہ ایک شخص نے سورۂ حمد کا مقابلہ کرنے کی ایک سعی لاحاصل کی اور اس میں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ سے اللّٰہ نکال کر الرحمٰن رکھ دیا اور کہا اَلْحَمْدُ لِلرَّحْمٰنِ ۔ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کی جگہ کہا رَبِّ الْاَکْوان اور مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ کی بجائے مٰلِكِ الدَّیَّان کہا اور یوں عبارت تشکیل دی:

الحمد للرحمن ۔ رب الاکوان ۔ ملك الدیان ۔ لك العبادة و بك المستعان ۔ اهدنا صراط الایمان ۔

حالانکہ اللّٰہ اسم ذات ہے جو تمام اوصاف کا مجموعہ ہے، لہٰذا حمد کی نسبت اس ذات کی طرف ہوتی ہے جس میں تمام اوصاف موجود ہوں، نہ کہ کسی ایک صفت کی طرف۔ اسی طرح لفظ رب کی اضافت عالمین کی بجائے الاکوان کی طرف درست نہیں، کیونکہ الاکوان، کون کی جمع ہے اور کون وجود و حدوث

---

[1] ۴ نساء: ۸۲

پر دلالت کرتا ہے۔ وجود و حدوث کی طرف لفظ خلق کی اضافت تو درست ہوسکتی ہے، یعنی خالق الاکوان کہنا تو کسی قدر درست ہوسکتا ہے مگر رب الاکوان کہنا کسی طور پر درست نہیں ۔ جب کہ عالمین کی طرف رب کی نسبت میں اتنے اسرار و رموز ہیں جو اس وقت ہمارے دائرہ بیان سے باہر ہیں۔[1]

دعوت فکر: اسلام کی حقانیت پر دیگر ہزاروں دلائل کے علاوہ یہ بات بھی ایک بین دلیل ہے کہ قرآن مجید انسان کو فکر و تدبر، تحقیق و تدقیق اور عقل سے کام لینے کی نہ صرف دعوت دیتا ہے بلکہ اس عمل کو عبادت قرار دیتا ہے اور اسے ترک کرنے والوں کی مذمت کرتا ہے۔

اگر اسلام حق وحقیقت پر مبنی نہ ہوتا تو لوگوں کو فکر و تحقیق سے دور رکھنے کی کوشش کرتا، نہیں تو کم از کم اس عمل کی ترغیب تو نہ دیتا۔ کیونکہ فکر و تعقل سے امر واقع کا انکشاف ہوتا ہے، حقائق سے پردے اٹھ جاتے ہیں اور غلط فہمیاں دور ہو جاتی ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے:

قُلْ سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ...[2]

کہہ دیجیے: تم زمین میں چل پھر کر دیکھ لو کہ خلقت کی ابتدا کیسے ہوئی۔

سِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ دعوت مشاہدہ ہے۔ قرآن اور سائنس دونوں مشاہدے کو معارفِ انسانی کی اساس قرار دیتے ہیں۔

فَانْظُرُوْا : عقل سے کام لو۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ مشاہدات ومحسوسات کی بنیاد پر عقل کو یہ سمجھنے کا موقع ملے گا کہ كَيْفَ بَدَاَ الْخَلْقَ ۔ اللہ نے پہلی بار مخلوق کو کیسے پیدا کیا۔

اس آیت سے ایک حیرت انگیز یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ قرآن اس طرز استدلال کو صحیح قرار دیتا ہے جس میں محسوسات اور مشاہدات پر مبنی عقلی استدلال اور نتیجہ گیری ہو۔ صرف مشاہدہ یا صرف عقلی استدلال سے کسی مفہوم تک رسائی ممکن نہیں ہے۔ چنانچہ اسی مفہوم کو ایک اور آیت میں مزید وضاحت سے بیان کیا گیا:

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ ...[3]

کیا یہ لوگ زمین پر چلتے پھرتے نہیں ہیں کہ ان کے دل سمجھنے والے ہو جاتے؟

اس آیت میں دلوں کے تعقل کو سِيْرُوْا فِي الْاَرْض کا نتیجہ قرار دیا گیا ہے جو کہ نہایت قابل توجہ امر ہے۔

---

[1] تفصیل کے لیے دیکھیے: البیان فی تفسیر القرآن از امام الخوئی ص ۹۵ [2] ۲۹ عنکبوت: ۲۰ [3] ۲۲ ج: ۴۶

آفاق میں تفکر و تعقل

الف۔ نباتات:

فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى طَعَامِهٖۤ ۙ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۙ ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۙ فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا حَبًّا ۙ وَّ عِنَبًا وَّ قَضْبًا ۙ وَّ زَيْتُوْنًا وَّ نَخْلًا ۙ وَّ حَدَآئِقَ غُلْبًا ۙ وَّ فَاكِهَةً وَّ اَبًّا ۙ مَّتَاعًا لَّكُمْ وَ لِاَنْعَامِكُمْ ؕ [1]

پس انسان کو اپنے طعام کی طرف نظر کرنی چاہیے کہ ہم نے خوب پانی برسایا پھر ہم نے زمین کو خوب شگافتہ کیا پھر ہم نے اس میں دانے اگائے نیز انگور اور سبزیاں اور زیتون اور کھجوریں اور گھنے باغات اور میوے اور چارے بھی جو تمہارے لیے اور تمہارے مویشیوں کے لیے سامان زیست ہیں۔

اور

اُنْظُرُوْۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثْمَرَ وَ يَنْعِهٖ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكُمْ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ [2]

ذرا اس کے پھل کو جب وہ پھلتا ہے اور اس کے پکنے کو دیکھو۔ اہل ایمان کے لیے یقیناً ان میں نشانیاں ہیں۔

ان آیات میں نباتات اور میوہ جات کے بارے میں غور و فکر کے لیے درج ذیل مراحل بیان فرمائے گئے ہیں اور ان کا مطالعہ کرنے کی دعوت دی گئی ہے:

۱۔ آبیاری: اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا

۲۔ زمین کی شگافتگی: ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا

۳۔ پودے کی پرورش: فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا

۴۔ پھل کا آنا: اِذَاۤ اَثْمَرَ

۵۔ پھل کی تیاری: وَ يَنْعِهٖ

ب۔ آسمانوں کے بارے میں غور و تعقل:

اَوَلَمْ يَنْظُرُوْا فِيْ مَلَكُوْتِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ شَيْءٍ ... [3]

کیا انہوں نے آسمانوں اور زمین کی سلطنت اور جو چیزیں اللہ نے پیدا کی ہیں ان میں غور نہیں کیا۔

قُلِ انْظُرُوْا مَاذَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ؕ [4]

کہہ دیجیے: آسمانوں اور زمین میں نظر ڈالو کہ ان میں کیا کیا چیزیں ہیں۔

---

[1] ۸۰ عبس: ۲۴ تا ۳۲ [2] ۶ انعام: ۹۹ [3] ۷ اعراف: ۱۸۵ [4] ۱۰ یونس: ۱۰۱

وَ يَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ[1]

اور آسمانوں اور زمین کی خلقت میں غور وفکر کرتے ہیں (اور کہتے ہیں) ہمارے پروردگار! یہ سب کچھ تو نے بے حکمت نہیں بنایا۔

طریقہ غور وفکر:

مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ؕ فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۝ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّ هُوَ حَسِيْرٌ ۝[2]

تو رحمٰن کی تخلیق میں کوئی بے نظمی نہیں دیکھے گا، ذرا پھر پلٹ کر دیکھو کیا تم کوئی خلل پاتے ہو؟ پھر پلٹ کر دوبارہ دیکھو تمہاری نگاہ عاجزانہ طور پر تھک کر لوٹ آئے گی۔

اس آیت میں خداوند عالم نے تحقیق اور غور وفکر کا ایک اہم اصول بیان فرمایا ہے کہ کسی مسئلے کی تہ تک پہنچنے اور اس کے بارے میں نفی یا اثبات کا کوئی نظریہ قائم کرنے کے لیے بار بار اس کو زیر مطالعہ لانا ضروری ہوتا ہے۔ چونکہ تجربے میں ایک مرتبہ کامیاب ہو جانا بھی یہ ثابت نہیں کرتا کہ اس کی تطبیق میں کوئی غلطی سرزد نہیں ہوئی ہو گی ۔ یونہی عقلی دلائل میں بھی غلطی اور لغزش فکری کا امکان برقرار رہتا ہے۔ قرآن نے اپنی دعوت میں انسانوں کو یہ طریقہ بھی بتلایا ہے کہ بار بار غور وفکر کر کے دیکھو تا کہ یقین کے مرحلے تک پہنچو۔

اس کے علاوہ متعدد آیات میں خداوند عالم اپنی دعوت فکر کو درج ذیل الفاظ میں بیان فرماتا ہے:

نظر۔ تدبر۔ تعلم۔ تفقّہ۔ تعقل۔ تیقّن۔

مثال کے طور پر چند آیات پیش کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔

تدبر: اَفَلَا يَتَدَبَّرُوْنَ الْقُرْاٰنَ اَمْ عَلٰى قُلُوْبٍ اَقْفَالُهَا ۝[3]

کیا لوگ قرآن میں تدبر نہیں کرتے یا (ان کے) دلوں پر تالے لگ گئے ہیں؟

تعلّم: قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ[4]

اہل علم کے لیے ہم نے اپنی آیات کھول کر بیان کی ہیں

تفقّہ: قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّفْقَهُوْنَ[5]

ہم نے صاحبان فہم کے لیے آیات کو کھول کر بیان کر دیا ہے۔

تعقّل: كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ[6]

عقل رکھنے والوں کے لیے ہم اس طرح نشانیاں کھول کر بیان کرتے ہیں۔

---

[1] ۳ آل عمران: ۱۹۱ [2] ۶۷ ملک: ۳۔۴ [3] ۴۷ محمد: ۲۴
[4] ۶ انعام: ۹۷ [5] ۶ انعام: ۹۸ [6] ۳۰ روم: ۲۸

تیقّن: قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ [1] — ہم نے تو اہل یقین کے لیے کھول کر نشانیاں بیان کی ہیں۔

قرآن تعقل کو سعادت اور نجات کا ذریعہ قرار دیتا ہے اور فرماتا ہے:

وَقَالُوْا لَوْ كُنَّا نَسْمَعُ اَوْ نَعْقِلُ مَا كُنَّا فِيْٓ اَصْحٰبِ السَّعِيْرِ ○ [2] — اور وہ کہیں گے: اگر ہم سنتے یا عقل سے کام لیتے تو ہم جہنمیوں میں نہ ہوتے۔

اس کے علاوہ بھی قرآن مجید میں متعدد آیات درج ذیل حوالوں سے دعوتِ فکر دیتی ہیں:

عقل:
- اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ [3] — کیا وہ عقل سے کام نہیں لیتے۔
- اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ [4] — اگر تم لوگ عقل رکھتے ہو۔
- لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ [5] — شاید تم عقل سے کام لو۔
- لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ [6] — غور وفکر سے کام لینے والوں کے لیے۔
- لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ [7] — شاید وہ فکر کریں۔

اولوا الالباب (صاحبانِ عقل): اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ اُولُوا الْاَلْبَابِ [8] نصیحت تو بس عقل والے ہی قبول کرتے ہیں۔

اولی النُّھٰی (صاحبانِ عقل): اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّاُولِي النُّهٰى [9] صاحبانِ عقل کے لیے اس میں یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں۔

قرآن کا طرزِ استدلال: قرآن کا موقف یہ ہے کہ ہر نظریے کے لیے دلیل، ہر فکر کے لیے برہان اور ہر عقیدے پر علمی ثبوت فراہم ہونا چاہیے۔ چنانچہ قرآن غیر اسلامی عقائد و نظریات رکھنے والوں سے ایسا ہی مطالبہ کرتا ہے:

قُلْ اَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَرُوْنِيْ مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اِيْتُوْنِيْ بِكِتٰبٍ مِّنْ قَبْلِ هٰذَآ اَوْ اَثٰرَةٍ مِّنْ عِلْمٍ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ○ [10] — کہہ دیجیے: کیا تم نے انہیں (کبھی) دیکھا بھی ہے جنہیں اللہ کے سوا تم پکارتے ہو؟ مجھے بھی دکھاؤ انہوں نے زمین کی کون سی چیز پیدا کی ہے یا آسمانوں میں ان کی شرکت ہے؟ اگر تم سچے ہو تو اس سے پہلے کی کوئی کتاب یا کوئی باقیماندہ علمی (ثبوت) میرے سامنے پیش کرو۔

---

[1] ۲ بقرہ: ۱۱۸ [2] ۶۷ ملک: ۱۰ [3] ۳۶ یٰسین ۶۸
[4] ۲۶ شعراء: ۲۸ [5] ۲۴ نور: ۶۱ [6] ۱۰ یونس: ۲۴
[7] ۷ اعراف: ۱۷۶ [8] ۱۳ رعد: ۱۹ [9] ۲۰ طٰہٰ: ۵۴ و ۱۲۸ [10] ۴۶ احقاف: ۴

قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِّنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوْهُ لَنَا ؕ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ وَ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَخْرُصُوْنَ○[1]

کہہ دیجیے: کیا تمہارے پاس کوئی علم ہے جسے ہمارے سامنے لاسکو؟ تم تو صرف گمان کے پیچھے چلتے ہو اور یہ کہ تم فقط قیاس آرائیاں کرتے ہو۔

قرآن اندھی تقلید کی مذمت کرتا ہے اور مطلب کو قبول یا رد کرنے کے لیے علم کو معیار قرار دیتا ہے۔ ارشاد رب العزت ہے:

وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ ؕ[2]

اور اس کے پیچھے نہ پڑ جس کا تجھے علم نہیں ہے۔

قرآن توحید کا یہ خاصہ بیان کرتا ہے کہ یہ نظریہ دلیل و برہان پر قائم ہے اور دوسرے نظریات رکھنے والوں کو چیلنج کرتا ہے کہ اگر تمہارا دعویٰ سچا ہے تو اس پر دلیل و برہان قائم کرو۔

وَ مَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ...[3]

اور جو اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے جس کی اس کے پاس کوئی دلیل بھی نہیں ہے۔

ءَاِلٰهٌ مَّعَ اللّٰهِ ؕ قُلْ هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ○[4]

کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود بھی ہے؟ کہہ دیجیے: اپنی دلیل پیش کرو اگر تم لوگ سچے ہو۔

قرآن جہاں علم و یقین کو دلیل کی اساس قرار دیتا ہے وہاں غیر علمی اور غیر یقینی چیزوں کو دلیل سمجھنے کو جاہلیت کا وطیرہ قرار دیتا ہے:

يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ؕ[5]
وَ مَا يَتَّبِعُ اَكْثَرُهُمْ اِلَّا ظَنًّا ؕ اِنَّ الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ؕ[6]

وہ ناحق اللہ پر زمانہ جاہلیت والی بدگمانیاں کر رہے تھے. ان میں سے اکثر محض ظن کی پیروی کرتے ہیں جب کہ ظن انسان کو حق (کی ضرورت) سے ذرہ برابر بے نیاز نہیں کرتا۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اجْتَنِبُوْا كَثِيْرًا مِّنَ الظَّنِّ ۫ اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ[7]

اے ایمان والو! بہت سے بدگمانیوں سے بچو۔ بعض بدگمانیاں یقیناً گناہ ہیں۔

اپنے اسی موقف کی بنیاد پر قرآن سطحی فکر کی مذمت کرتا ہے:

اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ سَبِيْلًا○[8]

کیا آپ خیال کرتے ہیں کہ ان میں سے اکثر کچھ سننے یا سمجھنے کے لیے تیار ہیں؟ (نہیں) یہ لوگ جانوروں کی طرح ہیں بلکہ ان سے بھی زیادہ گمراہ ہیں۔

---

[1] ۶ انعام: ۱۴۸ [2] ۱۷ بنی اسرائیل: ۳۶ [3] ۲۳ مومنون: ۱۱۷ [4] ۲۷ نمل: ۶۴
[5] ۳ آل عمران: ۱۵۴ [6] ۱۰ یونس: ۳۶ [7] ۴۹ حجرات: ۱۲ [8] ۲۵ فرقان: ۴۴

رسول اکرم (ص) سے روایت ہے کہ آپ (ص) نے فرمایا:

فکرة ساعة خیرٌ من عبادة سنة۔[1]

کچھ دیر کے لیے غور وفکر کرنا ایک سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے:

لا عبادة کالتفکر فی صنعة اللّٰہ عزوجل۔[2]

اللہ کی مخلوقات پر غور وفکر سے بہتر کوئی عبادت نہیں ہے۔

حضرت امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا:

ان اللّٰہ تبارك و تعالیٰ خصّ عباده، بآیتین من کتابه: ان لا یقولوا حتی یعلموا، و لایردوا ما لم یعلموا۔ قال اللّٰہ عز و جل: اَلَمۡ یُؤۡخَذۡ عَلَیۡهِمۡ مِّیۡثَاقُ الۡکِتٰبِ اَنۡ لَّا یَقُوۡلُوۡا عَلَی اللّٰهِ اِلَّا الۡحَقَّ ....[3] و قال تعالیٰ: بَلۡ کَذَّبُوۡا بِمَا لَمۡ یُحِیۡطُوۡا بِعِلۡمِهٖ وَ لَمَّا یَاۡتِهِمۡ تَاۡوِیۡلُهٗ ؕ ۔[4]

اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں اپنے بندوں کے ساتھ دو آیتیں مخصوص فرمائی ہیں: علم سے پہلے کسی بات کے قائل نہ ہوں اور نہ علم سے پہلے کسی بات کو رد کریں۔ ارشاد الٰہی ہے: کیا ان سے کتاب کا میثاق نہیں لیا گیا تھا کہ وہ اللہ کے بارے میں حق بات کے سوا کچھ بھی نہ کہیں گے۔ دوسری جگہ ارشاد فرمایا: حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے اس چیز کو جھٹلایا جو ان کے احاطہ علم میں نہیں ہے اور ابھی اس کا انجام بھی ان کے سامنے نہیں کھلا۔

عقل اور جذبات و احساس کا امتزاج

ذہنی وقلبی لحاظ سے انسان میں دو پہلو ہوتے ہیں۔ ایک فکری اور دوسرا جذباتی یا احساساتی۔ فکر کا تعلق عقل سے اور احساسات کا تعلق ضمیر اور وجدان سے ہوتا ہے۔ فکر کی منزل حق وحقیقت ہے کہ حق کے متلاشی فکر وعقل سے کام لیتے ہیں، جب کہ احساسات کا ہدف جذبات کو ابھارنا، ذہنی فرحت اور روحانی غذا بہم پہنچانا ہوتا ہے۔ فلسفی اور مفکر عقل کی باتیں کرتے ہیں اور حقائق کو کھول کر سامنے رکھنے کی کوشش کرتے ہیں مگر وہ اس بات کی طرف بالکل متوجہ نہیں ہوتے کہ ان کا کلام کس قدر خشک، پھیکا، پیچیدہ اور تھکا دینے والا ہے۔ جب کہ شعراء سننے والوں کے جذبات اور احساسات کو ابھارنے کی کوشش کرتے ہیں۔ وہ اپنے کلام کی شیرینی سے سامعین کے ذوق سماعت کو محظوظ کرتے ہیں۔ وہ طرح طرح کے استعاروں اور تشبیہات سے ان کے ضمیر اور وجدان کو سیراب کرتے ہیں اور اس بات کی پرواہ نہیں کرتے کہ یہ باتیں حقیت پر مبنی ہیں یا نہیں۔ چنانچہ وہ دوسروں کو رلاتے ہیں خود نہیں روتے، دوسروں کو وجد میں لاتے ہیں خود وجد میں نہیں آتے۔

---

[1] بحار الانوار ۶۱: ۳۲۵
[2] الامالی للطوسی ص ۱۴۶
[3] ۷ اعراف: ۱۶۹
[4] ۱۰ یونس: ۳۹. اصول الکافی ۱: ۴۳

ہر بات کرنے والا ان دونوں میں سے ایک طرز تکلم کو اختیار کرتا ہے بلکہ ایک شخص ایک وقت میں ان دونوں میں سے ایک ہی طرز کو اختیار کر سکتا ہے۔

بوعلی سینا کو دیکھیے جب وہ فکر کی باتیں کرتے ہیں تو بہترین فلسفی ہیں اور بہت سے حقائق کو کھول کر سامنے رکھتے ہیں ۔ جب وہ احساساتی طرز اختیار کرتے ہیں تو تخیلات اور جذبات کی باتیں کرتے ہیں۔ ایک کلام میں بیک وقت حقیقت نمائی اور احساسات کی سیرابی دونوں نہیں پائی جاتیں۔ یہ صرف کلام الٰہی کا معجزہ ہے جس میں یہ دونوں باتیں بیک وقت ملتی ہیں۔ عقل کی آبیاری اور ذوق سماعت کی تسکین ، ایک ہی جملے میں برہان اور عقلی دلیل کے ساتھ کلام میں شیرینی اور بیان میں لطافت بھی موجود ہے۔ ایک ہی عبارت میں عقل وخرد کو بھی جھنجھوڑا ہے اور اس کے ساتھ ہی احساسات و جذبات کو بھی ابھارا ہے ۔ یہ کلام خدا کا معجزہ ہے کہ اس نے ایک ہی لمحے میں عقل اور دل دونوں سے گفتگو کی ہے اور حقائق کے ساتھ ذوق جمالیات کو بھی ملحوظ رکھا ہے۔ مثلاً قرآن جب اسلاف کے واقعات بیان کرتا ہے تو عقل کا حق بھی ادا ہوتا ہے او رقلب کو بھی اپنا حصہ مل جاتا ہے۔

قرآن کے تازہ ترین معجزات

زمین ۔حرکت زمین ۔ زمین خلا میں ۔ زمین، قدرت کا ریکارڈر۔
استخوان ۔ عناصر کی مقدار۔اضافت ۔ نظام زوجیت۔ عالم غیر مرئی۔
تسبیح ایک آفاقی فریضہ۔ صدر المتألہین شیرازی کا نظریہ۔ سائنسی نظریہ۔
فضائے آسمان ۔مواقع نجوم ۔ آسمانوں کی زندہ مخلوقات ۔ کائنات کی
وسعت۔ مخمور آنکھیں ۔ مادہ اولین ۔ نطفۂ امشاج ۔
عفت و پاکدامنی ۔ مضغہ غیر مخلقہ ۔ مضغہ مخلقہ ۔

خالی

زمین

وَ فِی الۡاَرۡضِ اٰیٰتٌ لِّلۡمُوۡقِنِیۡنَ ۙ﴿۲۰﴾ اور زمین میں اہل یقین کے لیے نشانیاں ہیں۔

ماہرین ارضیات (جیالوجسٹ) اپنی سالہاسال کی تحقیقات کی روشنی میں اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ زمین ابتدا میں ایک آتشیں کرہ تھی۔

- اس کے بعد تدریجاً سرد ہونا شروع ہوئی۔
- پھر بارش کا دور شروع ہوا۔
- پھر اس کے بعد سبزہ اگنا شروع ہوا۔

چنانچہ قرآن مجید زمین کے ارتقائی مراحل کو اس طرح بیان کرتا ہے:

ءَاَنۡتُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىهَا ﴿۲۷﴾ رَفَعَ سَمۡكَهَا فَسَوّٰىهَا ﴿۲۸﴾ وَاَغۡطَشَ لَيۡلَهَا وَاَخۡرَجَ ضُحٰىهَا ﴿۲۹﴾ وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ﴿۳۰﴾ اَخۡرَجَ مِنۡهَا مَآءَهَا وَمَرۡعٰىهَا ﴿۳۱﴾

کیا تمہارا خلق کرنا زیادہ مشکل ہے یا اس آسمان کا جسے اس نے بنایا ہے؟ اللہ نے اس کی چھت اونچی کی پھر اسے معتدل بنایا اور اس کی رات کو تاریک اور اس کے دن کو روشن کیا اور اس کے بعد اس نے زمین کو بچھایا، اس نے زمین سے اس کا پانی اور چارہ نکالا۔

اس آیہ مبارکہ سے اس بات کی طرف اشارہ ملتا ہے:

پہلا مرحلہ: رات اور دن کا سلسلہ

دوسرا مرحلہ: دحو الارض (زمین کو حرکت دینا)

تیسرا مرحلہ: سبزہ اگایا جانا

زمین کے ارتقائی مراحل کو دوسری آیت میں اس طرح بیان فرمایا:

قُلۡ اَئِنَّكُمۡ لَتَكۡفُرُوۡنَ بِالَّذِىۡ خَلَقَ الۡاَرۡضَ فِىۡ يَوۡمَيۡنِ وَتَجۡعَلُوۡنَ لَهٗۤ اَنۡدَادًا ؕ ذٰلِكَ رَبُّ

کہہ دیجیے: کیا تم اس ذات کا انکار کرتے ہو اور اس کے لیے مدمقابل قرار دیتے ہو جس نے زمین کو دو دن میں پیدا کیا؟ وہی تو عالمین کا پروردگار ہے اور اسی

---

۱ ۵۱ ذاریات: ۲۰ ۲ ۷۹ نازعات: ۲۷ تا ۳۱

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَجَعَلَ فِيْهَا رَوَاسِيَ مِنْ فَوْقِهَا وَبٰرَكَ فِيْهَا وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا فِيْٓ اَرْبَعَةِ اَيَّامٍ ۭ سَوَاۗءً لِّلسَّاۗىِٕلِيْنَ ۝[1]

نے زمین میں اس کے اوپر پہاڑ بنائے اور اس میں برکات رکھ دیں اور اس میں چاردنوں میں حاجتمندوں کی ضرورت کے برابر سامان خوراک مقرر کیا۔

اس آیت کے مطابق اللہ تعالیٰ نے درج ذیل چیزوں کو ترتیب وار خلق فرمایا:

۱۔ پہلے زمین کو خلق فرمایا

۲۔ اس کے بعد اس میں پہاڑ گاڑ دیے۔

۳۔ اس کے بعد زمین کو قابل سکونت بنایا: بٰرَكَ فِيْهَا ۔

۴۔ زمین پر بسنے والوں کے لیے روزی (قوت) مقرر کی۔

حرکت زمین : اللہ تعالیٰ نے زمین کی تخلیق کے بارے میں بیان کرتے ہوئے ارشاد فرمایا:

وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا ۝[2]

اس کے بعد اس نے زمین کو بچھایا۔

مفسرین نے دحو کا ترجمہ وتفسیر ''بچھانا'' کیا ہے کیونکہ قدماء کے لیے حرکت ارض ایک ناقابل تصور وتوجیہ امر تھا۔

تاج العروس میں دحو کے یہ معنی لکھے ہیں:

دحا السیل بالبطحاء: دحی و المطر الداحی الذی یدحو الحصی عن وجه الارض بنزعه دحی الرمی بقهر۔

یعنی سیلاب نے کنکروں کو دور پھینک دیا۔ اس بارش کو المطر الداحی کہتے ہیں جو کنکروں کو زمین سے اکھاڑ پھینکتی ہے طاقت کے ساتھ دور پھینکنے کو الدحی کہتے ہیں۔

المنجد میں تحریر ہے:

دحی الحجر بیده، رمی بیده۔

دحی الحجر بیده کا معنی ہے کہ اس نے اپنے ہاتھ سے پتھر پھینکا۔

یوں لغت کی رو سے مندرجہ بالا آیت کے معنی یہ ہو سکتے ہیں: اس کے بعد اس نے زمین کو حرکت دے دی۔

البتہ الدَّحْوُ بچھانے کے معنی میں بھی آیا ہے۔ لہٰذا یہ کہنا مشکل ہے کہ یہ آیت حرکت زمین پر صراحتاً دلالت کرتی ہے۔

دوسری جگہ زمین کی حرکت کے بارے میں ایک اور لطیف اشارہ ملتا ہے:

الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ مَهْدًا ... ۝[3]

جس نے تمہارے لیے زمین کو گہوارہ بنایا۔

---

[1] ۴۱ حم سجدہ ۹۔۱۰ [2] ۷۹ نازعات: ۳۰ [3] ۲۰ طٰہٰ: ۵۳

گویا زمین کو گہوارے سے تشبیہ دے کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا گیا کہ زمین انسانوں کے لیے گہوارہ اس لیے ہے کہ اس کی حرکت میں سکون اور گردش میں لذت اور جنبش میں تنوع ہے۔

زمین کی حرکت کو مزید وضاحت کے ساتھ قرآن و سنت میں اس لیے بیان نہیں کیا گیا کہ قرآن ایک ایسے زمانے میں نازل ہو رہا تھا جس میں حرکت زمین کسی اعتبار سے بھی ناقابل فہم بات تھی۔ اگر لوگوں کی فکری سطح سے ہٹ کر کوئی مفہوم بیان کیا جائے تو اصل مقصد کو چھوڑ کر اس بات کو سمجھانے اور اس کا دفاع کرنے اور اس کی توجیہ کرنے میں ہی وقت اور قوت صرف ہو جاتی ہے۔ چنانچہ رسول اکرم(ص) کا ارشاد ہے:

أُمِرْنَا أن نُكلِّمِ الناس على قدر عقولهم۔[1]

ہمیں حکم ہے کہ لوگوں سے ان کی عقل و فہم کے مطابق بات کریں۔

ممکن ہے زمین کو اس کی حرکت کی وجہ سے نہیں بلکہ اس پر بسنے والوں کے لیے آرام دہ اور سکون بخش ہونے کی وجہ سے گہوارہ کہا گیا ہو۔

زمین خلا میں: قرآن مجید جس زمانے میں نازل ہوا، اس وقت زمین کے بارے میں لوگوں کا نظریہ اس حد تک خرافاتی تھا کہ وہ یہ عقیدہ رکھتے تھے کہ زمین کو ایک گائے اپنے سینگ پر اٹھائے ہوئے ہے یا زمین پشتِ نہنگ پر واقع ہے۔ ایسے ماحول میں عام فکر سے ہٹ کر قرآن نے یہ واضح کیا:

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝[2]

اللہ آسمانوں اور زمین کو یقیناً تھامے رکھتا ہے کہ یہ اپنی جگہ چھوڑ نہ جائیں اگر یہ اپنی جگہ چھوڑ جائیں تو اللہ کے بعد انہیں کوئی تھامنے والا نہیں ہے، یقیناً اللہ بڑا بردبار، بخشنے والا ہے۔

اس آیہ مبارکہ میں يُمْسِكُ کا لفظ آیا ہے جس کے معنی تھامنے کے ہیں۔ اسی سلسلے میں حضرت امام علی علیہ السلام سے روایت ہے:

انشأ الارض فامسكها من غير اشتغال و ارساها على غير قرار واقامها بغير قوائم...و حصنها من الاود والاعوجاج و منعها من التهافة والانفراج۔[3]

وہ (اللہ) زمین کو وجود میں لایا اور بغیر اس کام میں الجھے ہوئے اسے برابر تھامے رکھا اور بغیر کسی چیز پر ٹکائے ہوئے اس نے اسے برقرار کیا اور بغیر ستونوں کے اسے قائم کیا، کجی اور جھکاؤ سے اسے محفوظ رکھا اور ٹکڑے ٹکڑے ہو کر گرنے اور بکھرنے سے اسے بچائے رکھا۔

---

[1] اصول الکافی ۸: ۲۶۸ [2] ۳۵ فاطر: ۴۱ [3] نہج البلاغۃ خطبہ ۱۸۴ ص ۴۹۷

قرآن ایک اور مقام پر ارشاد فرماتا ہے:

اَلَمۡ نَجۡعَلِ الۡاَرۡضَ کِفَاتًا ۙ اَحۡیَآءً وَّ اَمۡوَاتًا ۙ[1] — کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کے لیے کِفَات نہیں بنایا۔

تاج العروس میں مرقوم ہے:

کفت الطائر وغیرہ ، یکفت کفتاً و کفاتاً ککتاب و کفیتاً کامیر۔

اسرع فی الطیران۔

کفات سرعت سے پرواز کرنے کو کہتے ہیں۔

صحاح اللغۃ میں لکھا ہے:

عدو کفیت و کفات ای سریع۔ تیزی سے دوڑنے کو کفیت یا کفات کہتے ہیں۔

زمین کی پرواز قدماء کے لیے قابل فہم نہ ہونے کی وجہ سے کِفَات کے معنی انہوں نے ''جمع'' کے لیے اور آیت کا یہ ترجمہ کیا ہے: کیا ہم نے زمین کو زندوں اور مردوں کو سمیٹنے والی نہیں بنایا۔

کفاتاً مصدر ہے یا مفعول مطلق ہے، فعل محذوف ہے یعنی تکفت کفاتا اور کفاتاً بمعنی اسم فاعل بھی آ سکتا ہے۔ اس صورت میں احیاءً و امواتًا حال بنے گا یا مفعول بہ یعنی زندوں اور مردوں کو لے کر پرواز کرنے والی زمین۔

اس تفسیر پر یہ اعتراض ہوسکتا ہے کہ جب کِفَات بمعنی پرواز اس وقت کے لوگوں کے لیے قابل فہم نہیں تھا تو اللہ ایسی بات کیسے کرسکتا ہے جو مخاطبین کے لیے قابل فہم نہ ہو۔

اس کا جواب یہ ہوسکتا ہے کہ القرآن یفسرہ الزمان۔ ہر زمانے میں قرآن کے جدید معانی و مطالب سامنے آتے رہتے ہیں۔ اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں کہ زمان نزول کے لوگوں کے لیے بے معنی ہیں، وہ بھی اپنے زمانے کے مطابق مطالب اخذ کر سکتے ہیں۔

زمین۔ قدرت کا ریکارڈر: قیامت کے دن زمین کی طرف سے انسانی اعمال کی گواہی اور انسان کا ان اعمال کا مشاہدہ کرنے کے بارے میں قرآن مجید ارشاد فرماتا ہے:

یَوۡمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخۡبَارَهَا ۙ بِاَنَّ رَبَّكَ اَوۡحٰی لَهَا ؕ[2] — اس دن وہ (زمین) اپنے حالات بیان کرے گی کیونکہ اس کے رب نے اسے ایسا کرنے کا حکم دیا ہے۔

قدماء کے لیے خود عمل دکھائے جانے کا تصور نا قابل فہم تھا اس لیے انہوں نے ''تجسم اعمال'' کے ساتھ اس کی تاویل کی اور کہا:

---

[1] ۷۷ مرسلات: ۲۵۔۲۶ [2] ۹۹ زلزلۃ: ۴۔۵

فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ ۝ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۝[1]

پس جس نے ذرہ برابر نیکی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا اور جس نے ذرہ برابر برائی کی ہوگی وہ اسے دیکھ لے گا۔

سے مراد ہے کہ عمل کی جزا اور سزا دیکھے گا۔ خود عمل تو دنیا میں ہو چکا، وہ دوبارہ دیکھنے کے قابل نہیں۔ حالانکہ قرآن میں اس آیت سے پہلے صراحتاً کہا گیا ہے:

... لِّيُبَصَّرُوْا اَعْمَالَهُمْ[2]

تاکہ انہیں ان کے اعمال دکھائے جائیں۔

اس صراحت کی بھی وہ تاویل کرتے تھے کہ اعمال مجسم ہو کر سامنے آئیں گے۔

لیکن آج تاویل کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ یہ بات واضح ہو گئی ہے کہ اعمال بصورت انرجی باقی رہتے ہیں اور فضائے زمین سے ناپید نہیں ہوتے، بلکہ فضائے زمین انسانی حرکات و سکنات کو اور اقوال و افعال کو اپنے اندر ضبط اور محفوظ کر لیتی ہے نیز ارشاد الٰہی ہے:

وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ۝[3]

اور جو کچھ انہوں نے کیا تھا وہ ان سب کو حاضر پائیں گے اور آپ کا رب تو کسی پر ظلم نہیں کرتا۔

مفسرین نے یہاں بھی تاویل کی کہ قیامت کے دن انسان کے اعمال مجسم ہو کر سامنے موجود ہوں گے۔ یہ تاویلات اس لیے تھیں کہ علمائے قدیم کے لیے یہ بات ناقابل فہم تھی کہ یہ زمین ایک کتاب کی طرح ہے جس میں خود عمل ثبت ہوتا رہتا ہے:

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ عَتِيْدٌ ۝[4]

(انسان) کوئی بات زبان سے نہیں نکالتا مگر یہ کہ اس کے پاس ایک نگران تیار ہوتا ہے۔

چنانچہ جب انسان اس آفاقی کتاب کا بروز قیامت مشاہدہ کرے گا تو کہے گا:

يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّاۤ اَحْصٰىهَا ۚ[5]

ہائے ندامت! یہ کیسا نامہ اعمال ہے؟ اس نے کسی چھوٹی اور بڑی بات کو نہیں چھوڑا (بلکہ) سب کو درج کر لیا ہے۔

انسان اپنے خود عمل کو قیامت کے دن کیسے دیکھ سکے گا؟ یہ بات قرآن مجید میں بڑے واضح پیرائے میں بیان کی گئی ہے۔ ارشاد ہوتا ہے:

لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ۝[6]

بے شک تو اس چیز سے غافل تھا، چنانچہ ہم نے تجھ سے تیرا پردہ ہٹا دیا ہے، لہٰذا آج تیری نگاہ بہت تیز ہے۔

---

[1] حوالہ سابق: ۷۔۸ [2] حوالہ سابق: ۶ [3] ۱۸ کہف: ۴۹
[4] ۵۰ ق: ۱۸ [5] ۱۸ کہف: ۴۹ [6] ۵۰ ق: ۲۲

تجسم اعمال کی دوسری صورت یہ بھی ہوسکتی ہے کہ سائنسی اعتبار سے جیسا کہ مادہ انرجی میں بدل جاتا ہے اور انرجی مادے میں بدل جایا کرتی ہے، لہٰذا انسانی اعمال اگرچہ آج انرجی ہیں، کل بروز قیامت یہ اعمال مادے کی صورت میں سامنے آئیں گے۔ چنانچہ بعض روایات سے بھی اس بات کا عندیہ ملتا ہے کہ انسانی تسبیح وتمجید جنت میں خشت وخاک کی صورت اختیار کرلے گی۔ جس سے قصور ومحلات تعمیر ہوں گے۔

استخوان: جدید تحقیقات سے معلوم ہوا ہے کہ ہڈیاں اعصاب پر براہ راست اثر انداز ہوتی ہیں اور تولید نسل میں بھی ہڈیوں کا بڑا دخل ہے۔ ہڈیوں میں غذائی مواد کا ایک ذخیرہ موجود ہوتا ہے جس سے جسم ہنگامی ضرورت پوری کرتا ہے۔

معلوم ہوا ہے کہ خون میں موجود سرخ جثیموں سے انسانی جسم میں خون اپنا فعال کردار ادا کرتا ہے، جس کی وجہ سے ہر منٹ میں ۱۸۰ ملیین جثیمے استعمال ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔ ان کی جگہ تازہ دم جثیمے پیدا کرنے کی ذمہ داری ہڈیوں پر عائد ہوتی ہے۔

ہڈیوں سے بہت سے قدیم مسائل کے حل میں مدد لی جاتی ہے۔ سائنسدان مردوں کی ہڈیوں سے ان کی عمریں، مرض، جنس، قد، نژاد، جرم غرض ان کی زندگی اور ماحول وغیرہ کی پوری تاریخ کا مطالعہ کر لیتے ہیں۔

خالق اکبر ہڈیوں کے بارے میں ارشاد فرماتا ہے:

اَ یَحۡسَبُ الۡاِنۡسَانُ اَلَّنۡ نَّجۡمَعَ عِظَامَہٗ ؕ[1]	کیا انسان یہ خیال کرتا ہے کہ ہم اس کی ہڈیوں کو جمع نہیں کریں گے؟
وَ انۡظُرۡ اِلَی الۡعِظَامِ کَیۡفَ نُنۡشِزُہَا ثُمَّ نَکۡسُوۡہَا لَحۡمًا ؕ[2]	پھر ان ہڈیوں کو دیکھو کہ ہم انہیں کس طرح اٹھاتے ہیں، پھر ان پر گوشت چڑھا دیتے ہیں۔

عناصر کی مقدار: کائنات میں موجود عناصر ایک خاص مقدار میں تشکیل پاتے ہیں۔ عناصر کی اپنی ذاتی تشکیل یا دوسرے عناصر کے ساتھ اتحاد دونوں باتیں ایک معینہ مقدار اور ایک آفاقی محکم قانون کے تحت انجام پاتی ہیں۔

عناصر کی تشکیل میں ایک جامع آفاقی نظام کے انکشاف کے بعد سائنسدانوں نے دیکھا کہ مختلف عناصر کے درمیان کچھ کڑیاں غائب ہیں جو موجود ہونی چاہئیں۔ ان کی تلاش ضروری ہے۔ چنانچہ بعد میں عین اسی تسلسل کے مطابق مزید عناصر کا انکشاف ہوا اور تشکیل عناصر کے آفاقی نظام کے تحت کڑیاں مل گئیں۔

چنانچہ شمسی نظام کے تحت مشتری اور مریخ کے درمیان کڑیاں نہیں ملتی تھیں اور سائنسدانوں نے پیشین گوئی کی تھی کہ ان دونوں سیاروں کے درمیان ایک اور سیارہ ہونا چاہیے اور اسے تلاش کرنا چاہیے۔ چنانچہ

---

[1] ۷۵ قیامت: ۳ [2] ۲ بقرہ: ۲۵۹

بعد میں اس سیارے کا انکشاف ہوا اور یہ کڑی بھی مل گئی۔

قرآن مجید نے اس آفاقی نظام اور کائنات کے حسابی قوانین کی طرف کس جامع اور لطیف انداز میں دولفظوں میں ارشارہ فرمایا ہے:

وَ كُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ○[1] اور اس کے ہاں ہر چیز کی ایک مقدار ہے۔

اضافت: نیوٹن کی طرف سے کشش ثقل کے انکشاف کے بعد یہ بات واضح ہوگئی تھی کہ فوق اور تحت مطلق وجود نہیں رکھتے بلکہ یہ دونوں اضافی مفہوم ہیں کہ ایک جگہ کچھ لوگوں کے لیے تحت ہے اور عیناً وہی جگہ کچھ دوسرے لوگوں کے لیے فوق ہے۔

لیکن ایک اور سائنسدان آئن سٹائن نے نظریہ اضافت قائم کر کے یہ بھی ثابت کردیا کہ دنیا میں ہر شے اضافی ہے۔ یہ کائنات یک گونہ نہیں ہے۔ منجملہ زمان بھی مطلق نہیں، بلکہ اضافی ہے۔

وہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی چیز نور کی رفتار سے زیادہ سرعت سے سفر کرے تو اس کا وقت اور سفر نہ کرنے والی دوسری اشیاء کا وقت مختلف ہوگا۔

بعض سائنسدانوں کی تحقیقات کے مطابق اگر کوئی شخص خلائی جہاز میں نور کی رفتار سے سفر کرے توجب اس مسافر کو سفر کرتے ہوئے صرف ۲۹ سال گزریں گے تو زمین والوں کے لیے تین ملین یعنی ۳۰ لاکھ سال گزر چکے ہوں گے۔[2]

اس سلسلے میں قرآن مجید کی یہ آیت ہماری توجہ مرکوز کرتی ہے:

یُدَبِّرُ الْاَمْرَ مِنَ السَّمَآءِ اِلَی الْاَرْضِ ثُمَّ یَعْرُجُ اِلَیْهِ فِیْ یَوْمٍ كَانَ مِقْدَارُهٗۤ اَلْفَ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ○[3]

وہ آسمان سے زمین تک امور کی تدبیر کرتا ہے، پھر یہ امر ایک ایسے دن میں اللہ کی بارگاہ میں اوپر کی طرف جاتا ہے جس کی مقدار تمہارے شمار کے مطابق ایک ہزار سال ہے۔

اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم اس آیت کی تفسیر نظریۂ اضافت سے کر رہے ہیں، بلکہ ایک امکانی صورت اور توجہ کے لیے ہے۔ نظریہ اضافت ایک تھیوری سے زیادہ نہیں ہے۔

نظام زوجیت: نزول قرآن سے پہلے عام خیال یہ تھا کہ زوجیت کا نظام حیوانات اور نباتات میں بھی قائم ہے۔ لیکن قرآن کریم کے انکشاف کے مطابق زوجیت ایک کائناتی نظام ہے اور ہر شے زوجیت پر قائم ہے۔ حتیٰ کہ کائنات کی سب سے چھوٹی مخلوق (ایٹم) بھی اس قانون سے مستثنیٰ نہیں ہے۔ ارشاد الٰہی ہے:

---

[1] ۱۳ رعد: ۸

[2] Martin Gardener Relativity For Million ترجمہ فارسی از محمود مصاحب۔ طبع تہران

[3] ۳۲ سجدہ: ۵

وَ مِنْ كُلِّ شَیْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَیْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ○ [1] — اور ہر چیز کے ہم نے جوڑے بنائے ہیں شاید کہ تم نصیحت حاصل کرو۔

ایک اور آیت میں اللہ نے نظام زوجیت کو تین مختلف عوالم میں تقسیم فرمایا ہے:

۱۔ عالم نباتات
۲۔ عالم انفس
۳۔ عالم مجہولات

ارشاد الٰہی ہے:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ○ [2] — پاک ہے وہ ذات جس نے تمام جوڑے بنائے ان چیزوں سے جنہیں زمین اگاتی ہے اور خود ان سے اور ان چیزوں سے جنہیں یہ جانتے ہی نہیں۔

نظام زوجیت ان چیزوں میں بھی موجود ہے جنہیں انسان جانتے تک نہیں۔ حتیٰ کہ کل کائنات کا جوڑا اینٹی (Anti) کائنات تلاش کیا جا رہا ہے۔

عالم غیر مرئی: یوں تو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ کی تفسیر میں بہت سے عالمین کا ذکر کیا جاتا ہے، لیکن شاید ان سب میں سب سے اہم تقسیم یہ ہو: عالم مرئی اور عالم غیر مرئی (ان دیکھا جہاں)۔

عالم مرئی میں ہر وہ چیز آ جاتی ہے جو طبعی یا مشینی آنکھوں سے دیکھی جا سکتی ہو۔ عالم غیر مرئی تو شاید زیادہ پر اژدھام، بارونق اور زیادہ شور وشغب کا حامل ہوگا۔ ریڈیائی لہروں، کشش کی لہروں، رنگوں اور جراثیم کے علاوہ لاکھوں غیر مرئی موجودات اس کائنات میں موجود ہیں جن کا عشر عشیر بھی انسان کے حیطۂ انکشاف میں نہیں آیا۔ قرآن اس ان دیکھی دنیا کی طرف ایک خفیف اشارہ فرماتا ہے:

فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ۝ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ○ [3] — پس مجھے قسم ہے ان چیزوں کی جو تم دیکھتے ہو اور ان کی بھی جنہیں تم نہیں دیکھتے ہو۔

تسبیح ایک آفاقی فریضہ: ارشاد الٰہی ہے:

وَ اِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ [4] — اور کوئی چیز ایسی نہیں جو اس کی ثنا میں تسبیح نہ کرتی ہو لیکن تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو۔

مفسرین نے یہاں پر ہر شے کی تسبیح سے مراد یہ لیا ہے کہ ان چیزوں کا وجود ذات باری تعالیٰ کے وجود پر دلالت کرتا ہے یا ان کے وجود میں جو حکمت الٰہیہ مضمر ہے، یعنی ہر چیز بزبان حال بتاتی ہے کہ ان

---

[1] ۵۱ ذاریات: ۴۹ [2] ۳۶ یسین: ۳۶ [3] ۶۹ حاقہ: ۳۸۔۳۹ [4] ۱۷ اسراء: ۴۴

حکمت آمیز اشیاء کا خالق ہر نقص وشرک سے پاک ہے۔

مگر یہ تفسیر درج ذیل وجوہ کی بنا پر قابل قبول نہیں ہے:

۱۔ اس آیت میں فرمایا گیا: لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ''تم ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں ہو''۔ لیکن اگر تسبیح سے مراد یہی تکوینی تسبیح ہے تو اسے تو ہم سمجھ بھی رہے ہیں اور بیان بھی کر رہے ہیں۔

۲۔ دوسری جگہ پر ارشاد ہوا ہے کہ یہ اشیاء اپنی دعا و تسبیح کا علم بھی رکھتی ہیں۔ اگر یہ تکوینی تسبیح ہے تو خود اشیاء کو اس کا علم نہیں ہوسکتا۔

ملاحظہ ہو آیت مجیدہ:

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَالطَّيْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَ تَسْبِيْحَهٗ ؕ [1]	کیا آپ نہیں دیکھتے کہ جو مخلوقات آسمانوں اور زمین میں ہیں سب اللہ کی تسبیح کرتی ہیں اور پر پھیلائے ہوئے پرندے بھی؟ ان میں سے ہر ایک کو اپنی نماز اور تسبیح کا علم ہے۔

۳۔ قرآن کریم نے ان میں سے بعض کی تسبیح کے لیے وقت بھی بتایا ہے کہ پہاڑ صبح و شام تسبیح پڑھتے ہیں۔ ارشاد الٰہی ہے:

اِنَّا سَخَّرْنَا الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ وَالْاِشْرَاقِ ○ [2]	ہم نے ان کے لیے پہاڑوں کو مسخر کیا تھا، یہ صبح و شام ان کے ساتھ تسبیح کرتے تھے۔

اگر تسبیح سے مراد تکوینی تسبیح ہے تو اس کا کوئی وقت نہیں ہوتا بلکہ یہ تو غیر ارادی طور پر خود بخود ہوتی رہتی ہے۔ لیکن آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ پہاڑوں کی تسبیح کا وقت بھی مقرر ہے اور معین وقت کی تسبیح کبھی بھی بلاشعور نہیں ہوسکتی ہے۔

صدر المتألہین شیرازی کا نظریہ: اس عظیم فلسفی کا نظریہ اس ضمن میں یہ ہے کہ انسان سے لے کر نباتات و جمادات، ہر شے میں کسی حد تک شعور و ادراک موجود ہے، مگر ایک جیسا نہیں، بلکہ کچھ تفاوت کے ساتھ اور اس کا کلیہ یہ پیش کرتے ہیں کہ موجودات میں جہاں مادیت کا پہلو قوی ہوگا وہاں حیات وشعور کا پہلو کمزور ہوگا اور جہاں مادیت کا پہلو کمزور ہوگا، وہاں حیات وشعور کا پہلو قوی ہوگا۔ اپنے اس نظریے کے لیے وہ مذکورہ بالا آیات سے ہی استدلال کرتے ہیں۔

سائنسی نظریہ: جدید سائنسی تحقیقات بھی اس نتیجے پر پہنچی ہیں کہ پودوں میں بھی شعور و ادراک موجود ہے۔ چنانچہ یہ امر ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ پودوں میں ڈر، خوشی، سرمستی اور دیگر قسم کے شعور موجود

---

[1] ۲۴ نور: ۴۱ [2] ۳۸ ص: ۱۸

ہیں۔ امید کی جاتی ہے کہ مستقبل قریب میں اس سلسلے میں مزید انکشافات ہوں گے۔ یوں قرآن ہر دور میں اپنا تازہ ترین معجزہ پیش کرتا رہے گا۔

فضائے آسمان: قرآن مجید نے فضائے آسمان کی کیفیت اس زمانے میں بتائی جب لوگوں کو ابھی یہ بھی علم نہ تھا کہ اگر انسان اس میں بلند ہو جائے تو کیسے حالات سے دوچار ہوگا۔

لیکن اس صدی کے انسان کو یہ معلوم ہو گیا ہے کہ انسان زمین سے جتنا بلند ہوتا جاتا ہے، ہوا اتنی ہی رقیق سے رقیق تر ہوتی جاتی ہے۔ زیادہ بلندی پر پہنچ جانے کی صورت میں آکسیجن کی کمی کی وجہ سے انسان کے لیے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے۔ اس سے مزید بلند ہونے پر انسان تنگی تنفس سے ہلاک ہوسکتا ہے۔

یہ معلومات حاصل ہونے کے بعد درج ذیل آیت میں قرآن کا پیش کردہ مفہوم واضح ہو کر سامنے آجاتا ہے:

فَمَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ اَنْ يَّهْدِيَهٗ يَشْرَحْ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ۚ وَ مَنْ يُّرِدْ اَنْ يُّضِلَّهٗ يَجْعَلْ صَدْرَهٗ ضَيِّقًا حَرَجًا كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ فِي السَّمَآءِ ؕ [1]

پس جسے اللہ ہدایت بخشنا چاہتا ہے اس کا سینہ اسلام کے لیے کشادہ کر دیتا ہے اور جسے گمراہ کرنے کا ارادہ کرتا ہے اس کے سینے کو ایسا تنگ گھٹا ہوا کر دیتا ہے گویا وہ آسمان کی طرف چڑھ رہا ہو۔

مواقع نجوم: ہم زمین کی محدود مسافتوں کو ناپنے کے لیے میل، فرسخ یا کلومیٹر وغیرہ کو پیمانہ قرار دیتے ہیں۔ لیکن لامتناہی کائنات میں پھیلے ہوئے بے شمار ستاروں اور کہکشاؤں کے فاصلوں کو ناپنے کے لیے ہمارے یہ محدود پیمانے نہایت ناکافی ہیں۔ لہٰذا اس چیز کو پیمانہ قرار دیا گیا جو اب تک کی انسانی معلومات کے مطابق کائنات میں سب سے زیادہ تیز رفتار ہے اور وہ ہے نور کی رفتار۔ نور ایک سیکنڈ میں تین لاکھ کلومیٹر مسافت طے کرتا ہے اور سال میں ساٹھ کھرب ($6x10^{12}$) میل کا فاصلہ طے کرتا ہے۔ اس لیے ساٹھ کھرب میل کو ایک نوری سال کہتے ہیں۔

سورج کا نور ہم تک آٹھ منٹ میں پہنچتا ہے۔ علاوہ ازیں ہم سے نزدیک ترین ستارے کا نور ہم تک چار نوری سالوں میں پہنچتا ہے۔ کچھ ستارے ہم سے تین سو نوری سال کے فاصلے پر واقع ہیں اور کچھ اس سے بھی زیادہ فاصلے پر ہیں۔ اس کے بعد کہکشاؤں کی باری آتی ہے کہ کچھ کہکشائیں ہم سے بیس لاکھ یعنی دو ملین، کچھ دس ملین اور کچھ سو ملین نوری سالوں کے فاصلے پر واقع ہیں۔ اب تک لاکھوں کہکشاں دریافت ہو چکی ہیں اور ہر کہکشاں میں لاکھوں ستارے موجود ہیں۔

ماضی قریب میں ایک ایسی کہکشاں کا انکشاف ہوا ہے جو ہم سے پانچ ہزار ملین نوری سال کے فاصلے پر موجود ہے۔

---

[1] ۶ انعام: ۱۲۵

ارشاد ربانی ہے:

فلا اُقسِمُ بِمَوٰقِعِ النُّجُومِ ۝ وَ اِنَّهٗ لَقَسَمٌ لَّوْ تَعْلَمُوْنَ عَظِيْمٌ ۝[1]

میں قسم کھاتا ہوں ستاروں کے مقامات کی اور اگر تم سمجھو تو یہ یقیناً بہت بڑی قسم ہے۔

خدایا! ہم تیری عظمت اور تیری مخلوقات کی عظمت کو کیا سمجھیں! ہاں! جس حد تک ہم نے سمجھا اور جانا ہے، واقعاً یہ تیری بہت بڑی قسم ہے۔

آسمانوں کی زندہ مخلوقات: اگرچہ سائنسدانوں کو یہ توقع ہے کہ دیگر سیاروں پر زندگی کے آثار موجود ہو سکتے ہیں لیکن آج تک انسان سوائے ظن وتخمین کے کسی آسمانی زندگی کے بارے میں کچھ نہیں جان سکا مگر قرآن نے پوری وضاحت کے ساتھ بتا دیا ہے کہ آسمانوں میں زندہ مخلوقات موجود ہیں:

وَ مِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَثَّ فِيْهِمَا مِنْ دَآبَّةٍ ؕ وَ هُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ ۝[2]

اور آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور وہ جاندار جو اس نے ان دونوں میں پھیلا رکھے ہیں اس کی نشانیوں میں سے ہیں اور وہ جب چاہے انہیں جمع کرنے پر خوب قادر ہے۔

اس آیہ شریفہ میں ان مخلوقات کے آئندہ ایک جگہ جمع ہونے کی پیشین گوئی بھی ہے۔ لہٰذا جب انسان آسمانی مخلوق سے آشنائی پیدا کرے گا اور یہ سب ایک دوسرے کے ساتھ مل بیٹھیں گے تو اس وقت قرآن مجید وَ هُوَ عَلٰى جَمْعِهِمْ اِذَا يَشَآءُ قَدِيْرٌ کے الفاظ میں تازہ ترین معجزہ پیش کر رہا ہوگا۔

کائنات کی وسعت: یہ کائنات متناہی ہے یا لامتناہی۔ یہ ایک الگ بحث ہے، لیکن اب تک انسان نے اس کائنات کی وسعت کے بارے میں جو علم حاصل کیا ہے، وہ اگرچہ حقیقت کائنات کے مقابل تو ہیچ ہے، لیکن پھر بھی اس سے کائنات کا ایک عظیم نقشہ ذہن میں ابھرتا ہے۔ یہاں تک کہ اس وسیع کائنات میں ابھی کئی کہکشائیں ایسی بھی ہیں جن کی روشنی ہم تک نہیں پہنچی۔ یعنی کھربوں سال سے ان کی روشنی مسافت طے کر رہی ہے مگر ابھی تک وہ زمین پر نہیں پہنچ سکی۔

علم فلکیات کا یہ نظریہ اب ماہرین کے ہاں مسلمہ قرار پا چکا ہے کہ یہ کائنات مسلسل پھیل رہی ہے اور کہکشائیں ہم سے دور ہٹ رہی ہیں۔ ۱۹۱۷ء میں جب آئن سٹائن نے اضافت عمومی کی مساوات کا نظریہ پیش کیا تھا تو اس نے ثابت کیا تھا کہ یہ کائنات یا تو سکڑ رہی ہے یا پھیل رہی ہے۔ جب کہ اس سے پہلے کے ماہرین کائنات کو ثابت اور غیر متحرک سمجھتے تھے۔ اس وقت نظریے کو اپنے نظریہ اضافت عمومی کے ساتھ ہم آہنگ کرنے کے لیے آئن سٹائن نے مجبوراً ''مستقل کائنات'' کا نظریہ قائم کیا جو خود اس کے اپنے نظریے

---

[1] ۵۶ واقعہ: ۷۵-۷۶ [2] ۴۲ شوریٰ: ۲۹

سے متصادم تھا۔ چنانچہ بعد میں اس نے خود اعتراف بھی کیا کہ میری زندگی میں یہ سب سے بڑی سائنسی غلطی کا ارتکاب تھا۔ بعد میں یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوگئی کہ کائنات بڑی تیزی کے ساتھ پھیل رہی ہے اور کہکشائیں دور ہٹ رہی ہیں اور مزید یہ انکشاف بھی ہوا کہ کسی کہکشاں کے دور ہٹنے کی رفتار اس فاصلے سے متناسب ہے جو ہمارے اور اس کہکشاں کے درمیان ہے۔

خالق کائنات نے اس کا پہلے ہی یوں اعلان کر رکھا ہے:

وَ السَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّ اِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ○ [1]

اور آسمان کو ہم نے اپنی طاقت سے بنایا اور ہم ہی وسعت دینے والے ہیں۔

گویا:

یہ کائنات ابھی ناتمام ہے شاید
کہ آ رہی ہے مسلسل صدائے کُن فَیَکُون
(اقبال)

مخمور آنکھیں: آسمان کی خلاؤں میں روشنی مختلف رنگوں میں یوں رقص کیا کرتی ہے کہ دیکھنے والا یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی آنکھیں کسی جادو کا شکار ہوگئی ہیں۔

آرتھر کلارک نے اپنی کتاب ''انسان اور خلا'' میں اس موضوع کو بیان کرنے کے لیے ایک باب مخصوص کیا ہے جس میں اس نے خلانوردوں کے بیانات تحریر کیے ہیں کہ جب وہ خلائے بسیط میں پہنچے تو انہوں نے وہ عجب رنگا رنگ، چمک دمک اور اس سے ایک ہم آہنگی دیکھی جو اس سے پہلے کبھی نہ دیکھی تھی اور انہیں محسوس ہوا کہ گویا ان پر نشہ طاری ہوگیا ہے یا ان کے آنکھوں کو جادو کر دیا گیا ہے۔ [2]

اب ذرا اس آیت کا ارشاد سنیے:

وَلَوْ فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا مِّنَ السَّمَآءِ فَظَلُّوْا فِيْهِ يَعْرُجُوْنَ○ لَقَالُوْٓا اِنَّمَا سُكِّرَتْ اَبْصَارُنَا بَلْ نَحْنُ قَوْمٌ مَّسْحُوْرُوْنَ○ [3]

اور اگر ہم ان پر آسمان کا کوئی دروازہ کھول دیں اور وہ روز روشن میں اس پر چڑھتے چلے جائیں تو یہی کہیں گے: ہماری آنکھوں کو یقیناً مدہوش کیا گیا ہے بلکہ ہم پر جادو کیا گیا ہے۔

ہم یہ نہیں کہتے کہ آیت کی تفسیر یہی ہے بلکہ صرف یہ کہنا چاہتے ہیں کہ خلا میں سب سے پہلے خلانورد کے الفاظ وہی تھے جو قرآن نے فرمائے ہیں

مادہ اولین: ارشاد الٰہی ہے:

---

[1] ۵۱ ذاریات: ۴۷ [2] Man and Space by Arthur Clark [3] ۱۵ حجر: ۱۴۔۱۵

وَ هُوَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ وَّ كَانَ عَرْشُهٗ عَلَى الْمَآءِ ...[1]

اور وہی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں بنایا اور اس کا عرش پانی پر تھا۔

عرش خدا کا حاکمیت، تدبیریت کے معنوں میں لیا جانا ہی آیت کے سیاق وسباق سے مناسبت رکھتا ہے۔ یوں عرش خداوندی کے پانی پر ہونے کا مفہوم یہ بنتا ہے کہ آسمانوں اور زمین کی تخلیق کے وقت، جب اللہ آسمانوں اور زمین کو بنا رہا تھا تو اس وقت اس کی حاکمیت وسلطنت پانی پر تھی۔

حضرت علی علیہ السلام سے ایک موقع پر سوال کیا گیا کہ عرشِ الٰہی کتنی مدت پانی پر رہا؟ تو آپ(ع) نے فرمایا:

لو ان الارض من المشرق الی المغرب و من الارض الی السماء حب خردل ثم کلفت علی ضعفك ان تحمله حبة حبة من المشرق الی المغرب حتی أفنیته لکان ربع عشر جزء من سبعین ألفِ جزء من بقاء عرش ربّنا علی السماء قبل ان یخلق الارض و السماء، ثم قال : انما مثلت لك مثالا۔[2]

اگر کرۂ ارض مشرق سے مغرب تک اور زمین سے آسمان تک رائی کے دانوں سے بھر دیا جائے اور پھر تیری ناتوانی کے باوجود تجھے یہ حکم ملے کہ ان دانوں کو ایک ایک کر کے مشرق سے مغرب تک لے جاؤ تو ان دانوں کو ختم کرنے پر جو وقت صرف ہوگا وہ ستر اجزا میں سے دس اجزا کا چوتھائی (اس مدت کا اٹھائیسواں) حصہ ہوگا جو مدت آسمان وزمین کی خلقت سے پہلے ''عرش خدا'' کو پانی پر گزری ہے۔ پھر فرمایا: میں نے تو تمہارے لیے صرف ایک مثال پیش کی ہے۔

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے:

وخلق الشیء الذی جمیع الاشیاء منه و هو الماء الذی خلق الاشیاء منه فجعل نسب کل شی ء الی الماء و لم یجعل للماء نسبا۔[3]

اللہ تعالیٰ نے سب سے پہلے وہ مادہ خلق فرمایا جس سے تمام چیزیں وجود میں آئیں اور وہ پانی ہے جس سے سب چیزوں کو خلق فرمایا۔ اس طرح ہر چیز کی تخلیق پانی سے ہوئی اور پانی کسی چیز سے خلق نہیں ہوا۔

---

[1] ۱۱ھود: ۷
[2] البرھان فی تفسیر القرآن للبحرانی ٤ : ۸۰ ۔ بحار الانوار ۱۰: ۱۲۷ میں مختلف عبارت ہے۔
[3] اصول الکافی ۸ : ۹۴

نطفۂ امشاج: صلب پدر سے رحم مادر کی طرف مادہ منویہ کا سفر خدا شناسی اور خود شناسی کے لیے حیرت انگیز درس ہے۔ یہ امانت عظمیٰ جب صلب پدر سے آمادہ سفر ہوتی ہے تو مختلف غدود کو بڑی تیزی سے یہ پیغام ملتا ہے کہ راستے کو پیشاب کی عفونت وغیرہ کے مضر اثرات سے پاک کیا جائے۔ چنانچہ یہ غدود اپنے چھڑکاؤ کے ذریعے آن واحد میں تمام راستوں کی صفائی کرتے ہیں تاکہ یہ امانت صحیح طور پر اور سلامتی کے ساتھ اپنی منزل پر پہنچ جائے۔

کروڑوں جرثوموں پر مشتمل یہ جماعت رحم میں موجود تخم کے پاس جانے کے لیے ایک دوسرے پر سبقت حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے۔ ان جرثوموں کو معلوم ہے کہ تخم رحم کے آخری سرے پر ایک نلی میں موجود ہے اور ان کا انتظار کر رہا ہے۔ ادھر یہ تخم بھی اپنے تخم دان سے نکل کر اس نلی تک ایک سفر کر کے پہنچ جاتا ہے۔ جرثومے اور تخم دونوں کو معلوم ہے کہ یہ نلی ہی ان کا حجلۂ عروسی ہے۔ تخم کو خلیات کی ایک جماعت کی محافظت میں حجلۂ عروسی میں پہنچایا جاتا ہے۔ جرثوموں کی ایک معتد بہ تعداد تخم کے ساتھ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہونے کی امید میں تخم میں داخل ہونے کی کوشش کرتی ہے۔ انہیں معلوم ہے کہ تخم میں داخل ہونے کے لیے تیز دھار سر کی ضرورت ہے، چنانچہ ایک جرثومہ اپنی نوک سر کے ذریعے تخم میں داخل ہونے میں کامیاب ہو جاتا ہے اور اسی وقت دیگر تمام ناکام جرثوموں کا داخلہ ممنوع قرار پاتا ہے اور انہیں باہر دھکیل دیا جاتا ہے۔ تخم کامیاب جرثومے کو خوش آمدید کہتا ہے اور اس کے ساتھ شادی رچاتا ہے اور اسے اپنے دل میں جگہ دیتا ہے۔ واضح رہے انسان کے جسم میں موجود جسمانی خلیے کا مرکزہ ۴۶ کروموسومز (Chromosomes) پر مشتمل ہوتا ہے جو ایک مستقل سیل (Cell) ہے، لیکن جنسی خلیے کے مرکزہ میں ۲۳ کروموسومز (Chromosomes) ہوتے ہیں جو جسمانی خلیے کا نصف ہیں۔ چنانچہ انسانی تخلیق کے لیے ایک مستقل سیل (نطفہ) تشکیل دینے کے لیے مرد و زن میں سے ہر ایک ۲۳ کروموسومز فراہم کرتے ہیں، جس سے ایک مستقل سیل بہ اصطلاح قرآن نطفہ امشاج (مخلوط نطفہ) وجود میں آتا ہے:

اِنَّا خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ ۖ نَّبْتَلِيْهِ فَجَعَلْنٰهُ سَمِيْعًا بَصِيْرًا ۝[1]

ہم نے انسان کو ایک مخلوط نطفے سے پیدا کیا کہ اسے آزمائیں، پس ہم نے اسے سننے والا، دیکھنے والا بنایا۔

عفت و پاکدامنی: جب ایک جرثومہ تخم میں داخل ہو جاتا ہے اور یہ دونوں رشتہ ازدواج میں منسلک ہو جاتے ہیں تو تخم کی پاکدامنی اور عفت دیکھیے کہ وہ کسی اور جرثومے کو قریب آنے کی اجازت نہیں دیتا اور دوسرے کروڑوں خواستگاروں پر اپنی جاذبیت کا دروازہ بند کر دیتا ہے۔

امشاج کا لفظ جمع ہے اور اس کا مفرد مشج ہے۔ نطفۃ امشاج میں نطفۃ موصوف اور امشاج صفت ہے۔ امشاج جمع ہونے کی صورت میں نطفۃ کو بھی جمع مان لینا پڑے گا کیونکہ عربی گرائمر

---

[1] ۷۶ انسان: ۲

کے تحت مفرد کی صفت مفرد اور جمع کی صفت جمع ہی آتی ہے۔ نطفۃ اس حالت کو کہتے ہیں جس میں ۲۳ پدرانہ اور ۲۳ مادرانہ کروموسومز کا ملاپ اور اختلاط ہو۔

لہٰذا جدید ترین نظریہ اس آیت کے ساتھ صحیح مطابقت رکھتا ہے۔

مضغۂ غیر مخلقہ: ارشاد ربانی ہے:

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ فَاِنَّا خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ تُرَابٍ ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ مِنْ عَلَقَةٍ ثُمَّ مِنْ مُّضْغَةٍ مُّخَلَّقَةٍ وَّ غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ لِّنُبَيِّنَ لَكُمْ ۭ وَنُقِرُّ فِي الْاَرْحَامِ مَا نَشَاۗءُ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ...[1]

اے لوگوں! اگر تمہیں موت کے بعد کی زندگی کے بارے میں شبہ ہے تو (سوچو) ہم نے تمہیں مٹی سے پیدا کیا، پھر نطفہ سے، پھر خون کے لوتھڑے سے، پھر گوشت کی تخلیق شدہ اور غیر تخلیق شدہ بوٹی سے تاکہ ہم (اس حقیقت کو) تم پر واضح کریں اور ہم جس کو چاہتے ہیں ایک مقررہ وقت تک رحموں میں ٹھہرائے رکھتے ہیں۔

دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے:

فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۭ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝[2]

پھر ہم نے لوتھڑے کو بوٹی کی شکل دی۔ پھر ہم نے بوٹی سے ہڈیاں بنادیں، پھر ہڈیوں پر گوشت چڑھایا، پھر ہم نے اسے ایک دوسری مخلوق بنا دیا۔ پس بابرکت ہے وہ اللہ جو سب سے بہترین خالق ہے۔

مندرجہ بالا آیات کے مطابق انسان کے مراحل تخلیق یہ ہیں:

۱۔ تراب	مِّنْ تُرَابٍ
۲۔ نطفۂ امشاج	مِنْ نُّطْفَةٍ اَمْشَاجٍ
۳۔ لوتھڑا (چمٹنے والا)	مِنْ عَلَقَةٍ
۴۔ بوٹی	مِنْ مُّضْغَةٍ
۵۔ ہڈی	فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا
۶۔ گوشت	فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا
۷۔ خلق آخر	ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ

مضغۂ مخلقہ: مفسرین، مترجمین نے مُّخَلَّقَةٍ کا ترجمہ پوری اور غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ کا ترجمہ

---

[1] ۲۲ حج: ۵ [2] ۲۳ مومنون: ۱۴

ادھوری کیا ہے جو بظاہر درست معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ مُّخَلَّقَةٍ اور غَيْرِ مُخَلَّقَةٍ اس مُّضْغَةٍ کی صفت ہے جس سے انسان خلق ہو رہا ہے۔ ادھوری سے تو خلق نہیں ہوا کرتا۔

جدید نظریات سے یہ بات واضح ہو چکی ہے کہ مُضْغَة کی دو ذمہ داریاں ہیں۔ ایک تو بچے کی تخلیق اور دوسرے اس کی حفاظت۔ مضغہ مخلقہ کی ذمہ داری یہ ہے کہ وہ بچے کے اعضاء بنائے، جب کہ مضغہ غیر مخلقہ کا کام یہ ہے کہ وہ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے اور اس کے لیے غذا کا انتظام کرے۔ چنانچہ ظلماتِ ثلاث میں بند اس نازک مخلوق کے لیے شش جہت سے غذا بہم پہنچائی جاتی ہے۔

مُضْغَة کے وسط میں ایک خاص شے ہوتی ہے جس نے آئندہ دماغ اور حرام مغز بننا ہوتا ہے اور اس کے پہلو میں چند قطعے ہوتے ہیں جن سے ریڑھ کی ہڈی تشکیل پاتی ہے۔ پھر پورے جسم کی ہڈیاں بنتی ہیں پھر ان پر گوشت کا لبادہ چڑھایا جاتا ہے۔ فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھا دیا۔ صدق اللّٰہ العلی العظیم۔

جمع قرآن

کتابت اسلام سے پہلے۔ کتابت اسلام کے بعد۔
وسائل کتابت۔ قرآن میں کتابت کا ثبوت۔ کاتبان وحی۔ جمع و تدوین قرآن۔ حفظ قرآن۔ حافظان قرآن کی تربیت ۔ اجتماعی حفظ۔ قوت حافظہ ۔ حافظان قرآن کا مقام۔ نماز اور قرآن۔ تعلیم قرآن۔ دار القراء ۔ عشق قرآن ۔ دقیق نظر۔ تدوین قرآن۔ ترتیب آیات۔ ترتیب آیات و ترتیب نزول۔ ترتیب سورہ ہائے قرآن۔ جمع قرآن در عصر رسول (ص) ۔ فریضہ الٰہی۔ قرآن سے کتابت قرآن کا ثبوت۔ شیوۂ رسول (ص)۔ عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن ۔ اصحاب کا عرضۂ قرآن۔ ختم قرآن۔ جبرئیل کا دورہ قرآن۔ فاتحۃ الکتاب۔ قرآن کا دفعۃً نزول۔ تواتر قرآن۔ وصیت رسول (ص)۔ اصناف سورہ ہائے قرآن ۔ ترتیب آیات کا توقیفی ہونا۔ عصر رسالت میں قرآنی نسخے۔ جمع قرآن بعد از رسول (ص) ۔ چند حقائق ۔ تواتر قرآن اور دو گواہ ۔ زید بن ثابت۔ دیگر قرآنی نسخے ۔ مصحف علی (ع) ۔ وصیت رسول (ص)۔ نسخہ محمدی کی جمع و تدوین۔ اس نسخہ کی افادیت۔ یہ نسخہ امت کو پیش کیا گیا۔ یہ نسخہ کہاں ہے؟ اختلاف قراءت اور نسخہ ۔ یہ نسخہ ربعہ میں۔ تضادات۔ عصر حضرت ابوبکر میں جمع قرآن۔ عصر حضرت عثمان اور قرآن۔ آرمینیا کی جنگ۔ علمائے امت کا فیصلہ۔ کمیٹی کی تشکیل۔ سرکاری مداخلت۔ ایک حرف کا تغیر۔ حضرت عثمان جامع قرآن نہیں ہیں۔
حضرت علی (ع) کا مؤقف ۔ موجودہ قرآن ۔

خالی



کتابت، اسلام سے پہلے: اسلام سے پہلے عرب قوم کتابت اور تحریر و تدریس سے بالکل نابلد تھی۔ چنانچہ اسلام سے پہلے مکہ میں صرف ایک فرد کتابت سے واقف تھا[1] جس کا نام حرب بن امیہ بن عبد الشمس تھا۔ دوران مسافرت اس نے مکہ سے باہر متعدد لوگوں سے کتابت سیکھی۔ ان میں بشر بن عبد الملک صاحب دومة الجندل بھی شامل ہے۔ یہ مکہ میں بھی آیا اور یہاں لوگوں کو کتابت سکھائی۔ چنانچہ ایک شاعر نے اس کے اس عمل کو سراہتے ہوئے کہا:

ولا تجحدوا نعماء بشر علیکم و فقد کان میمون النقیبة ازهرا
اتاکم بخط الجزم حتی حفظتمو من المال ما قد کان شتی مبعثرا[2]

جب حضور (ص) کی بعثت ہوئی تو اس وقت مکہ میں سترہ افراد کتابت جانتے تھے۔

کتابت اسلام کے بعد: کتابت چونکہ حصول علم کا ایک اہم ذریعہ ہے۔ اس اعتبار سے اسلام نے علم اور قلم کو باہم مقرون کیا۔ چنانچہ ابتدائے وحی میں جس چیز کا سب سے پہلے ذکر آیا ہے وہ قرائت، علم اور قلم ہیں:

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۝ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۝[3]

پڑھیے! اور آپ کا رب بڑا کریم ہے جس نے قلم کے ذریعے تعلیم دی۔

حدیث نبوی (ص) میں ہے:

اذ کان یوم القیامة وزن مداد العلماء بدماء الشهداء فیرجح مداد العلماء علی دماء الشهداء۔[4]

قیامت کے دن علماء (کے قلم) کی سیاہی کا وزن شہداء کے خون کے ساتھ کیا جائے گا تو علماء (کے قلم) کی سیاہی شہداء کے خون سے زیادہ وزنی ثابت ہوگی۔

جنگ بدر میں ساٹھ مشرکین قیدی بنے تو رسول اکرم (ص) نے ان قیدیوں میں سے ہر ایک کا فدیہ دس مسلمانوں کو کتابت سکھانا قرار دیا۔ یوں آپ (ص) نے کتابت اور خواندگی کو آزادی کا ہم پلہ قرار دیا۔ اس واقعہ سے اسلامی تمدن کی تشکیل اور اسلام اور علم کے درمیان رشتے کی مضبوطی کا اندازہ ہوتا ہے

---

[1] مناهل العرفان ۱: ۲۵۵ [2] زنجانی۔ تاریخ القرآن ص ۳۱ [3] ۹۶ علق: ۳۔۴ [4] الامالی للصدوق ص ۱۶۸

وسائل کتابت: عصر رسالت میں تدوین کتب اور رسل و رسائل کے لیے درج ذیل اشیاء لکھنے کے لیے استعمال ہوتی تھیں:

۱۔ العسب ۔ کھجور کی چھال
۲۔ لخاف۔ سفید باریک پتھر
۳۔ رقاع ۔ چمڑے کے ٹکڑے
۴۔ کتف۔ بکری کے شانوں کی ہڈی
۵۔ قتب ۔ پالان کی لکڑی
۶۔ شظاظ۔ وہ لکڑی جس سے بورے کا منہ باندھتے ہیں
۷۔ اشار۔ چیرے ہوئے تختے
۸۔ قضیم۔ سفید چمڑا
۹۔ رق۔ پتلا چمڑا
۱۰۔ حریر۔ ریشمی کپڑا
۱۱۔ قراطیس۔ کاغذ

زیادہ تر کتابت کاغذوں اور چمڑوں پر ہوتی تھی۔ چنانچہ رسول اکرم(ص) کی طرف سے جاری شدہ امان نامے اور مختلف حکمرانوں کو لکھے جانے والے خطوط چمڑوں پر لکھے ہوئے ہیں۔ اس زمانے میں چین کاغذ سازی میں سب سے آگے تھا۔ اس کے علاوہ ہندوستان میں بھی کاغذ بنتا تھا جو یمن میں فروخت ہوتا تھا۔ رومی بھی کاغذ بناتے تھے جو شام میں بکتا تھا اور ایرانی بھی کاغذ تیار کرتے تھے۔ یہ عراق میں بھی ملتا تھا۔

زمانہ رسالتمآب(ص) میں مندرجہ بالا اشیاء پر کتابت ہوا کرتی تھی اور ان پر لکھے گئے قرآن کو صحیفہ کہتے تھے اور جب ان مختلف ٹکڑوں کو کتابی شکل میں جمع کیا جاتا تو اسے مصحف کہتے تھے۔

حضرت عثمان کے دور میں غیر سرکاری مصاحف کے جلا دیے جانے والے واقعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس دور میں قرآن کاغذوں پر تحریر کیا جاتا تھا۔

مابین الدفتین: کھال سے بنی ہوئی جلد کو دف کہتے ہیں۔ قدیم زمانے میں اہم دستاویزات ان پر لکھی جاتی تھیں بعد میں کاغذ پر لکھا جانا شروع ہوا اور اسے محفوظ رکھنے کے لیے چمڑے کی دو جلدوں کے درمیان باندھ دیا جاتا تھا۔ ان دونوں جلدوں کو دفتین اور ان میں محفوظ کیے گئے کتابت شدہ موضوع کو مابین دفتین کہا جاتا تھا۔

خود قرآن مجید سے یہ عندیہ ملتا ہے کہ صدر اسلام میں کتابت کے لیے لچکدار اشیاء موجود تھیں۔

چنانچہ ارشاد ہوتا ہے:

يَوْمَ نَطْوِي السَّمَآءَ كَطَيِّ السِّجِلِّ لِلْكُتُبِ[1]

اس دن ہم آسمان کو اس طرح لپیٹ لیں گے جس طرح طومار میں اوراق لپیٹتے ہیں۔

نیز ارشاد فرمایا:

وَ لَوْ نَزَّلْنَا عَلَيْكَ كِتٰبًا فِيْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْهُ ...[2]

اور (اے رسول) اگر ہم کاغذوں پر لکھی ہوئی کوئی کتاب بھی آپ پر نازل کرتے اور یہ لوگ اپنے ہاتھوں سے اسے چھو بھی لیتے۔

مزید فرمایا:

اِنَّا كُنَّا نَسْتَنْسِخُ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ[3]

جو تم کرتے تھے ہم اسے لکھواتے رہتے تھے۔

قرآن میں کتابت قرآن کا ثبوت: یہ بات تواتر سے ثابت ہے کہ جب بھی کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو حضور(ص) کسی کاتب کو بلا لیتے اور لکھنے کا حکم فرماتے اور املاء کرانے کے بعد کاتب سے فرماتے کہ جو کچھ لکھا ہے وہ پڑھ کر سنائے۔ کاتب سنا دیتا۔ اگر کوئی غلطی سرزد ہوئی ہوتی تو آپ(ص) اس کی اصلاح فرما دیتے۔[4]

مشرکین مکہ بھی اس کا اعتراف کرتے ہیں کہ رسول اکرم(ص) لکھوایا کرتے تھے۔ چنانچہ مکہ میں نازل ہونے والی سورہ فرقان میں ارشاد ہوا ہے:

وَ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا[5]

اور کہتے ہیں: (یہ قرآن) پرانے لوگوں کی داستانیں ہیں جو اس شخص نے لکھ رکھی ہیں اور جو صبح وشام اسے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں۔

قرآن مجید میں اس بات کی شہادت بھی ملتی ہے کہ آغاز نزول ہی سے قرآن ضبط تحریر میں آتا رہا ہے. چنانچہ ہجرت سے سات سال قبل نازل ہونے والی سورہ بینہ میں ارشاد ہوتا ہے:

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً[6]

اللہ کی طرف سے ایک رسول جو انہیں پاک صحیفے پڑھ کر سنائے۔

اور سورہ عبس میں خود قرآن کے بارے میں ارشاد ہوا:

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهُ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ[7]

ہرگز نہیں! یہ (آیات) یقیناً نصیحت ہیں۔ پس جو چاہے انہیں یاد رکھے۔ یہ محترم صحیفوں میں ہیں۔ جو بلند مرتبہ پاکیزہ ہیں۔

---

[1] ۲۱ انبیاء: ۱۰۴ [2] ۶ انعام: ۷ [3] ۴۵ جاثیہ: ۲۹ [4] مجمع الزوائد ص ۴۰ [5] ۲۵ فرقان: ۵ [6] ۹۸ بینہ: ۲
[7] ۸۰ عبس: ۱۱ تا ۱۴

مزید فرمایا:

وَالطُّوْرِ ۙ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ۙ — قسم ہے طور کی اور لکھی ہوئی کتاب کی ایک کشادہ ورق میں۔

کاتبان وحی: قرآن مجید ایک درمیانے حجم کی کتاب ہے جو تیئس (۲۳) برسوں میں بتدریج قلب رسول (ص) پر نازل ہوتی رہی۔ بظاہر ایک دو کاتب اس کی کتابت کے لیے کافی تھے، لیکن صاحب تاریخ دمشق نے کاتبان کی تعداد تیئس بتائی ہے۔ بعض مورخین کے ہاں یہ تعداد ۴۳ یا ۴۵ تک بھی پہنچ جاتی ہے۔ ان میں سے سب سے زیادہ حضرت علی (ع) اور مدنی زندگی میں حضرت زید بن ثابت کا نام سننے میں آتا ہے۔

مورخین نے جن ۴۳ یا ۴۵ افراد کے نام کاتبین وحی کے زمرے میں درج کیے ہیں، ان میں سے اکثر کے کاتب وحی ہونے کا ثبوت نہیں ملتا۔

قابل غور بات یہ ہے کہ بعض اصحابؓ جو کتابت و قراءت قرآن میں ید طولیٰ رکھتے تھے اور ان میں سے کچھ کے بارے میں تو یہ بھی ثابت ہے کہ انہوں نے زمان رسول (ص) ہی میں قرآن جمع کر لیا تھا، ان کے نام کاتبین وحی کے فہرست میں نہیں ملتے۔ مثلاً انس بن مالك، منذر بن عمرو، اسيد بن حضر، رافع بن مالك، ابو عبيده بن جراح، سعد بن عبيد اور ابو الدرداء و غيرهم۔

اس کی ایک توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ کاتبان وحی سے مراد وہ حضرات ہیں جو رسول اللہ (ص) کے لیے لکھتے تھے۔ بالفاظ دیگر نسخہ محمدی (ص) کی تدوین کرنے کے لیے لکھتے تھے۔ ہر قرآن لکھنے اور اسے جمع کرنے والے کو کاتب وحی نہیں کہا جاتا تھا۔

ایک کاتب وحی عبداللہ بن سعد بن ابی السرح مرتد ہو گیا تھا۔ یہ ان چھ افراد میں شامل تھا جن کے بارے میں فتح مکہ کے موقع پر رسول اللہ (ص) نے حکم فرمایا تھا کہ انہیں ہر حال میں قتل کر دیا جائے۔ مگر اس کے رضاعی بھائی نے اسے امان دلوا دی۔

کاتب وحی ہونا چونکہ ایک قابل فخر مقام تھا اس لیے کچھ لوگوں نے اپنے دور اقتدار میں اپنا نام بھی اس فہرست میں شامل کروا دیا۔ مثلاً معاویہ نے فتح مکہ کے بعد اسلام قبول کیا، یعنی حضور (ص) کی وفات سے صرف دو سال چھ ماہ قبل وہ مسلمانوں میں شامل ہوا، مگر اس کے باوجود ابن حجر اپنی کتاب الاصابہ میں معاویہ کو کاتبین وحی میں شامل کرتے ہیں اور حضرت علی علیہ السلام کا ذکر تک نہیں کرتے۔ اسی طرح کچھ لوگوں نے یزید، ابوسفیان اور حصین بن نمیر (قاتل امام حسینؑ) کو بھی کاتبین وحی میں شامل کیا ہے۔

جمع و تدوین قرآن: قرآن کی جمع و تدوین نہایت اہمیت کا حامل مسئلہ ہے۔ اس پر سیر حاصل بحث و تحقیق کی ضرورت ہے کہ قرآن قلب رسول (ص) سے امت کی طرف کیسے منتقل ہوا؟ کیونکہ رسالتمآبؐ

---

۱ ۵۲ طور: ۱ تا ۳

کے وصال کے بعد پیش آنے والے سیاسی و اجتماعی حالات نے اس حقیقت کو بھی غیر واضح کر دیا کہ قرآن کی جمع و تدوین کی کیا صورت تھی؟ ذیل میں ہم اس پر قدرے تفصیل سے روشنی ڈالیں گے۔

لفظ جمع کئی معنوں میں استعمال ہوا ہے:

۱۔ لوح قلب میں حفظ کر لینے کو بھی ''جمع'' کہتے ہیں۔ چنانچہ حفاظ قرآن کو جماع القرآن بھی کہا جاتا ہے۔

۲۔ آیات اور سورتوں کو بلحاظ ترتیب نزول کتابت کر کے کتابی شکل میں لانا۔

۳۔ آیات اور سورتوں کو بالترتیب کتابت کر کے کتابی صورت میں مدون کرنا۔

۴۔ متعدد قرائتوں میں سے صرف ایک قراءت پر ہی لوگوں کو متفق رکھنا۔

پہلے معنی کے مطابق قلب رسول اکرم(ص) اور قلوب آل و اصحاب رسول(ص) میں قرآن جمع اور محفوظ تھا۔

دوسرے معنی کے مطابق عصر رسالت(ص) میں جمع کردہ قرآن مختلف صحیفوں میں تحریر تھا۔

تیسرے معنی کے مطابق بھی عصر رسالتمآب(ص) میں قرآن جمع اور مدون ہوا تھا۔

چوتھے معنی کے اعتبار سے قرآن کو عصر حضرت عثمان میں ایک ہی قراءت پر مجتمع کیا گیا۔

اب ان موضوعات پر ہم قدرے تفصیل سے گفتگو کریں گے۔

حفظ قرآن: جمع قرآن بمعنی حفظ، عہد رسالت(ص) میں یقیناً ہوتا رہا ہے اس میں کسی شک و تردید کی گنجائش نہیں اور نہ ہی کسی دلیل و برہان کی ضرورت ہے۔ البتہ ہم یاد دہانی کے لیے چند شواہد کا ذکر کرتے ہیں۔

۱۔ جمع و حفظ قرآن کو اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ذمے لیا ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖؕ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَ قُرْاٰنَهٗۚ[1]

(اے نبی) آپ وحی کو جلدی (حفظ) کرنے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں۔ اس کا جمع کرنا اور پڑھوانا یقیناً ہمارے ذمے ہے۔

علامہ طبرسی نے مجمع البیان میں اس کا مفہوم بیان کرتے ہوئے لکھا ہے:

ان علینا جمعه و قرآنه علیك حتی تحفظه و یمكنك تلاوته فلا تخف فوت شی منه۔[2]

قرآن کا جمع کرنا اور آپ کو پڑھانا ہمارے ذمے ہے تاکہ آپ قرآن کی تلاوت کر سکیں لہٰذا آپ قرآن کے کسی حصے کے رہ جانے کی فکر نہ کریں۔

---

[1] ۷۵ قیامت: ۱۶۔۱۷ [2] تفسیر مجمع البیان للطبرسی ۱۰: ۵۰۴

نیز قرآن میں ارشاد ہوا:

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْاٰنِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يُّقْضٰٓى اِلَيْكَ وَحْيُهٗ ۡ وَقُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا ○ [1]

اور آپ پر ہونے والی اس کی وحی کی تکمیل سے پہلے قرآن پڑھنے میں عجلت نہ کریں اور کہدیا کریں: پروردگارا! میرے علم میں اضافہ فرما۔

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ○ [2]

(عنقریب) ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہیں بھولیں گے۔

حضور (ص) پر جب وحی نازل ہوتی تو آپ (ص) وحی کے مکمل ہونے سے قبل ہی آیت کی تلاوت شروع کر دیتے تا کہ آیت رہ نہ جائے۔ اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت ہوئی کہ ہم آپ کو پڑھائیں گے تو پھر آپ نہیں بھولیں گے۔

۲۔ سینۂ رسول (ص) میں قرآن محفوظ ہونے اور اس کی حفاظت اللہ تعالیٰ کے خود اپنے ذمے لینے کے بعد دوسرا مرحلہ سینۂ رسول سے امت کے سینوں میں اس کی منتقلی کا تھا۔ اس مرحلے میں تحفظ قرآن کو یقینی بنانے کے لیے رسول اسلام (ص) نے متعدد اقدامات فرمائے۔

الف۔ حافظان قرآن کی تربیت: رسالتمآب (ص) نے قرآن مجید کو امت کے سینوں میں منتقل کرنے کے لیے حافظان قرآن کی وسیع پیمانے پر تربیت فرمائی۔

چنانچہ عصر رسالت (ص) میں ہی حافظان قرآن کی تعداد اس قدر زیادہ ہوگئی تھی کہ نام بنام انہیں شمار کرنا ممکن نہیں ہے۔ [3]

بعض محققین کے مطابق عصر رسول (ص) اور اس سے متصل زمانے میں حافظان قرآن کی تعداد دس ہزار تک پہنچ گئی تھی۔

اجتماعی حفظ: جو لوگ پورے قرآن کو حفظ نہیں کر سکتے تھے وہ آپس میں مل کر قرآن کو تقسیم کر لیتے اور ہر فرد چند سورتیں حفظ کر لیتا تھا اور بعد میں مل کر ختم قرآن کرتے تھے۔ [4]

مستشرق بلاشر حفظ قرآن اور جمع قرآن میں اشتباہ کرتے ہوئے کہتا ہے کہ حافظان قرآن کی تعداد سات سے زیادہ نہیں تھی، حالانکہ متعدد روایات سے جامعین قرآن کی تعداد عصر رسالت (ص) میں سات معلوم ہوتی ہے، جب کہ حافظان قران کی تعداد تو حد و شمار سے باہر ہے۔

چنانچہ سن ۴ ہجری میں رسول اللہ (ص) نے قبیلہ بنی عامر کو قرآن کی تعلیم دینے کے لیے اپنے اصحاب میں سے ستر افراد کو روانہ فرمایا تھا جو سب کے سب حافظان قرآن تھے۔ حافظان قرآن کا یہ قافلہ جب بئر معونہ کے مقام پر پہنچا تو کفار نے انہیں گھیر کر سب کو شہید کر دیا۔ اس واقعے سے حضور (ص) کو اس

---

[1] ۲۰ طٰہٰ: ۱۱۴ [2] ۸۷ اعلیٰ: ۶ [3] البیان امام خوئی ص ۲۴۶ [4] دامیار ۔ تاریخ القرآن

قدر صدمہ ہوا کہ آپ(ص) ایک ماہ تک قنوت نماز میں قاتلوں پر نفرین فرماتے رہے۔ یہیں سے نماز میں قنوت بھی سنت قرار پائی۔

اسی سال حضور(ص) نے دس حافظان قرآن کو بنی عضل وقارہ میں قرآن کی تعلیم کے لیے روانہ فرمایا۔ جب یہ لوگ رجیع کے مقام پر پہنچے تو کفار نے انہیں گھیر لیا اور شہید کر دیا۔ اسی طرح غزوہ احد میں چوہتر (۷۴) مسلمان شہید ہوئے جن میں خاصی تعداد حافظان قرآن کی تھی۔

حضرت ابوبکر کے عہد حکومت میں جنگ یمامہ میں ستر (۷۰) حافظان قرآن شہید ہوئے تھے۔ جب کہ ایک اور روایت کے مطابق ان کی تعداد چار سو تھی۔ لیکن ابن کثیر کا خیال ہے کہ یہ تعداد پانچ سو تھی۔[1]

بعض مصادر سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ صفین میں تیس ہزار (۳۰۰۰۰) قاریان قرآن شریک تھے۔[2]

قوت حافظہ: عربوں کی قوت حافظہ اس قدر قوی تھی کہ ساٹھ ستر بند پر مشتمل اشعار دو یا تین مرتبہ سننے کے بعد حفظ کر لیتے تھے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ سادہ، غیر متمدن اور صحرائی زندگی بسر کرتے تھے۔ ان کی زندگیوں میں کوئی پیچیدگی نہیں تھی اور نہ ہی اس سادہ اور باقی دنیا سے منقطع ماحول میں ان کے اذہان میں معلومات کا کوئی اژدھام تھا۔ اس لیے قرآن پاک جیسے پرکشش اور روح پرور کلام کا حفظ کرنا ان کے لیے نہایت آسان کام تھا۔

حافظان قرآن کا مقام: عصر رسالتمآب(ص) میں حافظان قرآن کو ایک ممتاز مقام حاصل تھا۔ چنانچہ اگر جنگ میں کوئی حافظ قرآن شہید ہو جاتا تو سب سے پہلے اسے دفن کیا جاتا تھا۔ امام جماعت کے لیے قراءت قرآن معیار تھا بلکہ اس سے بھی قابل توجہ بات یہ ہے کہ حفظ قرآن کے معیار پر سالار لشکر بنایا جاتا تھا۔

> جب رسول خدا (ص) نے اسامہ بن زید کو امیر لشکر بنایا تو بعض صحابہ نے تعجب کیا اور کہا کہ وہ اس نوعمری میں اس منصب کی اہلیت نہیں رکھتا تو حضور (ص) نے اسامہ کے اس منصب کے اہل ہونے کے اوصاف بیان فرمائے جن میں سے ایک یہ تھا کہ اسامہ کو قرآن کا ایک حصہ حفظ ہے۔[3]

اسی طرح عثمان بن ابی العاص کو قرآن حفظ ہونے کی وجہ سے طائف کا امیر مقرر کیا گیا۔

ب۔ نماز اور قرآن: حضور(ص) نے تحفظ قرآن کو یقینی بنانے کے لیے اور اسے امت کے سینوں میں محفوظ رکھنے کے لیے قراءت قرآن کو نماز کے ساتھ جو کہ دین کا ستون ہے، مربوط فرمایا۔ چنانچہ خود رسالتمآب(ص) نمازوں میں بالعموم اور نماز تہجد کی صرف ایک رکعت میں بالخصوص سورہ بقرہ اور آل عمران

---

[1] فضائل القرآن ص ۹ [2] منقری ۔ صفین ص ۱۸۸ [3] ابن سعد طبقات ۲:۱۳۶ قسم اول

جیسی طویل سورتوں کی تلاوت فرماتے تھے[1]۔ حذیفہ بن یمان کہتے ہیں کہ ایک شب میں نے حضور (ص) کے ساتھ نماز پڑھی تو رسول اللہ (ص) نے سورہ بقرہ سے تلاوت شروع فرمائی۔ پھر سورہ نساء کی تلاوت فرمائی، پھر سورہ آل عمران کی تلاوت فرمائی۔ حضور (ص) نماز میں اس قدر قرآن کی تلاوت فرماتے تھے کہ پاؤں پر ورم آ جاتا تھا[2]

صرف نماز ہی میں نہیں بلکہ رات ہو یا دن جب بھی فرصت میسر ہوتی آپ (ص) قرآن کی تلاوت فرماتے تھے۔ حتیٰ کہ سفر میں بھی اور سواری کی پشت پر بھی تلاوت قرآن فرمایا کرتے۔[3] محاذ جنگ پر بھی آپ (ص) بآواز بلند تلاوت قرآن فرماتے تھے۔[4]

چنانچہ تلاوت قرآن کو سب سے افضل عبادت قرار دیا گیا۔

ج۔ تعلیم قرآن: دعوت اسلامی کے ساتھ ساتھ تعلیم قرآن کا عمل بھی نہایت اہتمام سے شروع ہوا۔ بیعت عقبہ کے بعد حضور (ص) نے مصعب بن عمیر کو مدینہ میں تعلیم قرآن کے لیے معلم قرآن کے طور پر متعین فرمایا۔[5]

بخاری کی روایت کے مطابق مدینہ میں تعلیم قرآن کے لیے سب سے پہلے مصعب بن عمیر اور ابن ام مکتوم مامور ہوئے۔ بعد میں عمار اور بلال کو تعلیم قرآن کے لیے بھیجا گیا۔[6]

مدینہ میں تعلیم قرآن کے عمل کو وسیع پیمانے پر آگے بڑھایا گیا اور معلم اول کے طور پر رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اصحاب کرام کو بذات خود قرآن کی تعلیم دیتے تھے۔

ایک مرتبہ عبداللہ بن مسعود نے کوفہ میں اپنے ساتھیوں سے کہا:

میں نے خود رسول اللہ (ص) سے ستر (۷۰) سورتیں پڑھی ہیں۔[7]

عبداللہ بن عباس کہتے ہیں:

رسول اللہ (ص) ہمیں تشہد کی تعلیم اس طرح دیتے تھے جس طرح قرآن کی تعلیم دیا کرتے تھے۔

ابی بن کعب کہتے ہیں:

میں مسجد میں داخل ہوا تو ایک شخص قرآن پڑھ رہا تھا میں نے اس سے پوچھا:

تمہیں کس نے قرآن پڑھایا؟ اس نے بتایا: خود رسول اللہ (ص) نے۔[8]

شیخ طوسی اپنی کتاب الامالی میں لکھتے ہیں کہ ابن مسعود نے ستر (۷۰) سورتیں خود رسول اللہ (ص) سے تعلیم پائیں اور باقی قرآن حضرت علی علیہ السلام سے۔[9]

---

[1] رامیار۔ تاریخ القرآن [2] صحیح البخاری: باب تہجد [3] و [4] رامیار: تاریخ قرآن ص ۲۲۴ بحوالہ مفتاح کنوز السنة
[5] ابن ہشام السیرة النبویة ۲: ۷۶ [6] زنجانی۔ تاریخ القرآن ص ۴۶ [7] تفسیر طبری ۱: ۲۸
[8] العطار، موجز علوم القرآن [9] الامالی للطوسی ص ۶۰۶۔ بحار الانوار ۸۹: ۷۲

متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ (ص) اپنے شاگردوں کو قرآن پڑھانے کے بعد ان سے سنا بھی کرتے تھے۔ چنانچہ اصحاب، رسول اللہ (ص) کی خدمت میں پورا قرآن بھی ختم کیا کرتے تھے۔

ابن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ (ص) نے مجھ سے فرمایا:

اقرأ عَلَیَّ قال فَفَتَحْتُ سورة النساء ... الی آخر۔ مجھے قرآن پڑھ کر سنا دو پس میں نے سورۂ نساء کو کھولا[1]

اور جب اس آیت پر پہنچا:

فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍۭ بِشَهِيْدٍ وَّ جِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا[2]

اس دن کیا حال ہوگا جب ہم ہر امت سے ایک گواہ لائیں گے اور (اے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کو ان لوگوں پر بطور گواہ پیش کریں گے۔

تو رسول اللہ (ص) کی آنکھیں پرنم ہوگئیں اور فرمایا:

حسبك الآن۔[3] اب بس کرو۔

مسجد رسول (ص) ہمیشہ قاریانِ قرآن سے بھری رہتی تھی۔ یہاں تک کہ حضور (ص) کو کہنا پڑتا کہ لوگو! قرآن آہستہ پڑھو تاکہ آوازوں میں اختلاط پیدا نہ ہو۔

دار القراء: مدینے میں قاریان قرآن کی تعداد میں بکثرت اضافے سے مسجد اور صفہ میں گنجائش نہ رہی تو قاریانِ قرآن مخرمہ کے گھر جمع ہونے لگے۔ چنانچہ اس گھر کا نام ہی دار القراء پڑ گیا۔ یہ تاریخ میں سب سے پہلا دار القراء ہے۔

عبادہ بن ثابت ناقل ہیں کہ جب رسول اللہ (ص) خود تعلیم نہیں دیتے تھے تو ہم میں سے کسی کو حکم فرماتے کہ دور سے آنے والوں کو تعلیم قرآن دیں۔ (۴)

آپ (ص) نے تعلیم قرآن کو اس قدر اہمیت دی کہ عورتوں کے حق مہر بھی قرآن کی ایک یا چند سورتوں کی تعلیم قرار دی جانے لگی تھی۔

عشق قرآن: شاگردان رسول (ص) کے دلوں میں قرآن مجید نے وہ مقام حاصل کر لیا تھا کہ قرآن کی تلاوت جان سے بھی زیادہ عزیز ہوگئی تھی۔ چنانچہ ایک واقعہ اس امر پر شاہد ہے:

ایک جنگ میں ایک مسلمان نے ایک عورت کو اسیر بنایا جس کا شوہر موقعے پر موجود نہ تھا۔ شوہر کو جب پتہ چلا تو اس نے قسم کھائی کہ محمد (ص) کے ساتھیوں سے اس کا بدلہ ضرور لوں گا۔ چنانچہ وہ لشکر رسول (ص) کے تعاقب میں نکلا۔

---

[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن کریم عصر رسالتمآب میں کتابی شکل میں موجود تھا ورنہ ''کھولا'' کا لفظ استعمال نہ ہوتا۔

[2] ۴ نساء: ۴۱ [3] مستدرك الوسائل ۴: ۲۳۸۔ العطار، موجز علوم القرآن ص ۴۶ [4] مسند احمد بن حنبل

ادھر رسول اللہ(ص) کا اپنے ساتھیوں کے ساتھ ایک درے میں رات گزارنے کا ارادہ تھا۔ چنانچہ آپ(ص) نے حضرت عمار اور عباد بن بشر انصاری کو درے کی محافظت سونپی۔ دونوں نے آپس میں یہ طے کیا کہ آدھی رات عباد محافظت کریں گے اور باقی آدھی رات عمار۔ چنانچہ عمار آرام کرنے لگے اور عباد عبادت میں مشغول ہو گئے ۔ وہ کافر مسلمانوں کے تعاقب میں اس درے تک پہنچ گیا۔ اس نے عباد کو نماز کی حالت میں دیکھ کر ایک تیر ان کی طرف پھینکا جو ان کے جسم میں پیوست ہو گیا۔ عباد نے تیر کو جسم سے نکالا اور نماز کو جاری رکھا ۔ اس کافر نے ایک اور تیر پھینکا، وہ بھی ان کے جسم میں پیوست ہو گیا ۔ انہوں نے اسے بھی جسم سے نکالا مگر نماز جاری رکھی۔ جب تیسری بار بھی تیر لگا تو عباد نے جلدی جلدی سے رکوع و سجود کو پورا کیا اور عمار کو بیدار کیا۔ ان کے بیدار ہوتے ہی کافر نے راہ فرار اختیار کی۔ عمار نے اپنے ساتھی کو خون میں لت پت دیکھ کر کہا کہ مجھے شروع میں ہی بیدار کر لیتے۔ عباد نے جواب دیا: میں قرآن کی تلاوت کر رہا تھا اور اسے قطع کرنا میرے لیے ناگوار تھا، لیکن جب تیر پے درپے آنا شروع ہوئے تو میں نے نماز جلدی تمام کی اور آپ کو بیدار کیا۔ خدا کی قسم اگر حکم رسول(ص) کی خلاف ورزی کا خوف اور قوم کی پاسبانی میں کوتاہی کا ڈر نہ ہوتا تو چاہے میری جان چلی جاتی میں سورت کی تلاوت کو قطع نہ کرتا۔[1]

دقیق نظر: عمر بن عامر انصاری راوی ہے کہ حضرت عمر نے اس آیت کی یوں تلاوت کی:

وَ السّٰبِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهٰجِرِيْنَ وَ الْاَنْصَارِ وَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ ....[2]

اس میں انہوں نے الانصار کی راء کو پیش دے دیا اور الذین سے پہلے واؤ کا ذکر نہ کیا تو حضرت زید بن ثابت نے تصحیح کی اور وَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ پڑھا تو حضرت عمر نے کہا: امیر المؤمنین بہتر جانتے ہیں اور کہا ابی بن کعب کو بلایا جائے۔ ابی بن کعب سے دریافت کیا تو انہوں نے واؤ کے ساتھ و الذین پڑھا، تو دونوں نے ایک دوسرے کی ناک کی طرف اشارہ کیا، تو اُبی نے کہا: خدا کی قسم رسول اللہ(ص) نے یہ آیت اس وقت مجھے پڑھائی

---

[1] حیات القلوب ۲:۳۸۹ و رامیار، تاریخ القرآن ص ۲۴۱ [2] ۹ توبہ: ۹۹

جب تو گندم بیچ رہا تھا۔[1]

عصر رسول(ص) کے مؤمنین جب رسول اللہ(ص) سے ایک آیت یا سورہ سنتے تو اسے بار بار پڑھتے، پھر رسول خدا (ص) کی خدمت میں حاضر ہو کر سناتے اور تصدیق کراتے۔ چنانچہ خارجہ بن زید نے اپنے باپ سے روایت کی ہے کہ جب رسول اللہ(ص) مدینہ تشریف لائے تو اس وقت تک میں نے سترہ سورتیں یاد کر لی تھیں۔ میں نے وہ رسول اللہ(ص) کی خدمت میں پڑھیں تو آپ نے تحسین فرمائی۔[2]

تدوین قرآن: کوئی کلام کسی متکلم کی طرف اس وقت منسوب ہوسکتا ہے جب کلمات اور ان کی ترکیب وتنظیم اس کی طرف سے ہو۔ اگر منتشر کلمات کسی طرف سے اور تنظیم وترتیب کسی اور کی جانب سے ہو تو یہ کلام اس کا شمار ہوگا جس نے اسے ترتیب دیا ہوگا۔

اسی طرح قرآن مجید کے کلمات بھی اللہ کی جانب سے ہیں اور ان میں موجود ترتیب وتنظیم بھی اللہ ہی کی طرف سے ہے، بلکہ قرآن کے معجزۂ الٰہی ہونے کا مطلب ہی یہی ہے کہ قرآن کے کلمات اور اس کی ترتیب واسلوب میں وہ ہم آہنگی ہے جو کسی بشر سے صادر ہونا ممکن نہیں۔

لیکن کس قدر مقام افسوس ہے کہ اس کے باوجود غیر شیعہ علماء فرماتے ہیں:

عبداللہ بن مسعود نے کہا: سورہ قارعہ میں العهن کی جگہ الصّوف پڑھ سکتے ہیں۔[3]

اسی طرح وہ حضرت ابوبکر کی طرف نسبت دیتے ہیں کہ انہوں نے کہا:

جاء سكرة الموت بالحق کی جگہ جاء سكرة الحق بالموت پڑھ سکتے ہیں۔[4]

یا

طعام الاثيم کی جگہ طعام الفاجر پڑھا جا سکتا ہے۔[5]

یہاں تک کہ مؤلف کتاب المصنف نے جلد ۱۱ کے ص ۲۱۹ پر یہ تک کہہ دیا کہ بغرض وضاحت کلمات قرآن تبدیل کرنا جائز ہے۔

ترتیب آیات: قرآن کے جمع وترتیب کے چند مراحل ہیں۔ چونکہ قرآن سورہ سورہ نازل نہیں ہوا بلکہ آیہ آیہ نازل ہوا ہے، لہٰذا جمع وترتیب میں پہلے آیات کی ترتیب پر تحقیق کی جانی چاہیے بعد ازاں سورتوں کی ترتیب پر۔

اس بات پر نہایت قابل توجہ دلائل موجود ہیں کہ ترتیب آیات توقیفی ہے یعنی بحکم خدا خود رسول

---

[1] زنجانی۔ تاریخ القرآن ص ۴۳ [2] حوالہ سابق ص ۴۵ [3] ابن قتیبہ۔ تاویل مشکلات القرآن ص ۱۹
[4] تفسیر الطبری ۲۶: ۱۶۰ [5] تفسیر الطبری ۲۶: ۱۰۰

اکرم (ص) کی طرف سے آیات کی ترتیب عمل میں آئی ہے اور یہی ترتیب بہ تواتر ہم تک پہنچی ہے:

۱۔ حضور (ص) کا تبانِ وحی کو صرف آیات کی کتابت کا حکم نہیں دیتے تھے بلکہ ساتھ ہی ترتیب بھی بتا دیتے تھے کہ کس آیت کو کس جگہ لکھنا ہے۔

ابن عباس راوی ہیں:

کان جبرئیل اذا نزل علی النبی بالوحی یقول له ضع هذه الآیة فی سورة کذا فی موضع کذا۔[1]	جب جبرئیل وحی لے کر رسول اللہؐ کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے تو کہتے تھے کہ اس آیت کو فلاں سورہ میں فلاں مقام پر رکھیے۔

ابن عباس ہی سے روایت ہے:

فکان اذا نزل علیه الشیء دعا من کان یکتب فیقول:ضعوا هذه الآیات فی السورة التی فیها کذا و کذا۔[2]	جب حضورؐ پر وحی نازل ہو جاتی تو کاتب کو بلا کر فرماتے: ان آیات کو اس سورے میں رکھا جائے جس میں فلاں فلاں (چیز کا) ذکر ہے۔

ابن عباس اور سدی کے نزدیک سب سے آخری آیت وَاتَّقُوْا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَی اللّٰهِ ....[3] ہے مگر جبرئیلؑ یہ حکم لائے کہ اسے سورۂ بقرہ کی دوسواسّی ویں آیت کے بعد لکھا جائے۔[4]

احمد بن حنبل اپنی مسند میں ایک صحابی سے روایت نقل کرتے ہیں:

> میں رسول خدا (ص) کی خدمت میں بیٹھا تھا کہ حضور (ص) نے اپنی نگاہ اوپر اٹھائی، پھر نگاہ سیدھی کر کے فرمایا: ابھی میرے پاس جبرائیل نازل ہوئے اور یہ حکم سنایا کہ میں آیت اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِیْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی .[5] کو اس سورے کے فلاں مقام پر رکھوں۔ چنانچہ آپ نے اس آیت کو سورۂ نحل میں آیۂ شہادت اور آیہ عہد کے درمیان ثبت کر دیا۔[6]

۲۔ اس بات پر بھی سب کا اتفاق ہے کہ آیہ کی تعیین وتحدید کہ فلاں جملہ ایک مکمل آیہ ہے یا نہیں، توقیفی ہے۔ یعنی رسول کریم (ص) کے ارشاد پر موقوف ہے کہ فلاں عبارت ایک مکمل آیت ہے یا نہیں۔ کسی اجتہاد اور رائے کی یہاں کوئی گنجائش نہیں۔

چنانچہ الٓمّٓ ، حٰمٓ ، الٓمّٓصٓ ، کٓهٰیٰعٓصٓ اور طٰسٓمٓ حروف مقطعات ہیں اور یہ سب مستقل آیت شمار ہوتے ہیں کیونکہ ان کے مستقل آیہ ہونے پر رسول کریم (ص) کی صراحت موجود ہے۔ جب کہ اسی

---

[1] و [2] تاریخ یعقوبی ۲: ۳۶ [3] ۲ بقرہ: ۲۸۱ [4] طبرسی مجمع البیان ۱: ۳۹۴ [5] ۱۶ نحل: ۹۰
[6] مسند احمد بن حنبل ۴: ۲۱۸۔ اسی مضمون سے قریب تر دیگر احادیث مسند احمد جلد اول ص ۵۷۔ ۶۹۔ سنن ابوداؤد ۱: ۲۰۹، مستدرک حاکم ج ۲ ص ۲۲۱ پر ملاحظہ فرمائیں

قسم کے دوسرے حروف مقطعات مثلاً الٓرٰ ، طٰسٓ ، صٓ ، قٓ اور نٓ وغیرہ مستقل آیات نہیں ہیں۔ یہ نص وصراحت رسول (ص) ہے جس کی وجہ سے حٰمٓ ایک مستقل آیت ہے اور الٓرٰ اور طٰسٓ مستقل آیات نہیں ہیں۔ مزید برآں طٰسٓمٓ اور کٓهٰیٰعٓصٓ صرف ایک ایک آیت شمار ہوتی ہے، جب کہ حٰمٓ عٓسٓقٓ دو آیات شمار ہوتی ہیں حالانکہ یہ بھی حروف مقطعات ہی ہیں۔

۳۔ اس بات پر بھی تمام فقہا کا اتفاق ہے کہ نماز میں جس سورے کی بھی تلاوت ہو اسے موجودہ ترتیب کے ساتھ پڑھنا چاہیے۔ اگر یہ ترتیب ملحوظ نہ رکھی جائے تو نماز باطل ہے۔

اگر ترتیب توقیفی نہ ہوتی تو پھر اصولاً یہ مسئلہ اجتہاد پر مبنی ہوتا۔

۴۔ قرآنی سورتوں میں آیات کی تعداد کے بارے میں بھی رسول کریم (ص) کی طرف سے بعض صراحتیں ہم تک پہنچی ہیں۔ مثلا سورۂ فاتحہ کے بارے میں کہ یہ سات آیات پر مشتمل ہے۔ پس عدد آیات توقیفی ہونے کی صورت میں ترتیب کا توقیفی ہونا بھی قرین عقل ہے۔

ترتیب آیات و ترتیب نزول: یہ بات ایک واضح حقیقت ہے کہ موجودہ قرآن میں آیات جس ترتیب سے درج ہیں وہ ترتیب نزولی کے مطابق نہیں ہے کیونکہ:

ترتیب نزولی، وقت نزول کے تقاضوں کے مطابق ہے اور ترتیب قرآن، نظام قرآن کے تقاضوں کے مطابق ہے۔

اس کی وضاحت کے سلسلے میں چند مثالیں پیش کی جاتی ہیں:

۱۔ شروع میں شوہر کی وفات کی صورت میں عورت کے لیے ایک سال کی عدت واجب تھی اور پورا سال شوہر کے گھر سے نکلنا جائز نہ تھا نیز عورت کو شوہر سے میراث میں صرف ایک سال کا خرچہ ہی ملتا تھا۔ اس کا حکم اس طرح نازل ہوا تھا:

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ [1]

اور تم میں سے جو وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں انہیں چاہیے کہ وہ اپنی بیویوں کے بارے میں وصیت کر جائیں کہ ایک سال تک انہیں (نان ونفقہ سے) بہرہ مند رکھا جائے اور گھر سے نہ نکالی جائیں۔

مذکورہ بالا آیت کا حکم اسی سورہ کی اس سے پیشتر آنے والی ایک آیت کے ذریعے منسوخ ہو گیا جس میں ارشاد فرمایا:

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ [2]

اور تم میں سے جو وفات پا جائیں اور بیویاں چھوڑ جائیں تو وہ بیویاں چار ماہ دس دن اپنے آپ کو انتظار میں رکھیں۔

---

[1] ۲ بقرة: ۲۴۰ [2] ۲ بقرة: ۲۳۴

ترتیب نزولی کے مطابق منسوخ پہلے اور ناسخ بعد میں نازل ہوئی ہے، جب کہ موجودہ ترتیب میں ناسخ کا پہلے اور منسوخ کا بعد میں ذکر ہے۔

۲۔ ابن عباس، سدی، جبائی اور بلخی کے مطابق آیہ: اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا [1] کے بعد کوئی فرض حکم نازل نہیں ہوا۔ حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام سے بھی یہی منقول ہے۔ چنانچہ سدی کے الفاظ یہ ہیں:

لم ينزل بعدها حلال و لا حرام [2] اس آیت کے بعد حلال وحرام کا کوئی حکم نازل نہیں ہوا. حالانکہ یہ آیت اب سورہ مائدہ میں درج ہے اور اس کے بعد بے شمار آیات احکام موجود ہیں.

۳۔ آیہ: اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ... [3] صلح حدیبیہ کے بعد اس وقت نازل ہوئی جب مسلمانوں کے لیے حج کرنا ممکن ہوا، جب کہ یہ آیت سورہ بقرہ میں درج ہے جو کہ مدینے میں نازل ہونے والا سب سے پہلا سورہ ہے۔

۴۔ آیہ: وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ... [4] بقولے سب سے آخر میں اتری ہے اور اگر سب سے آخر میں نہیں تو اواخر میں یقیناً ہے، جب کہ اب یہ سورہ بقرہ کی ۲۸۱ ویں آیت ہے۔

ترتیب سورہ ہائے قرآن: گزشتہ صفحات میں یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ قرآن کی آیات کی ترتیب عہد رسالت (ص) میں پایہ تکمیل کو پہنچ چکی تھی اور یہ بات بھی عیاں ہوگئی ہے کہ سورتوں کے نام اور ان کی آیات کی تعداد بھی اسی عہد بابرکت میں طے پا چکی تھی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

و انما كان يعرف انقضاء السورة بنزول بسم اللّٰه الرحمن الرحيم ابتداء لاخرى [5]	کسی سورت کے ختم ہونے کا اس وقت پتہ چلتا تھا جب کسی اور سورت کی ابتدا کے لیے بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم نازل ہو جاتی تھی۔

لیکن اس بات میں اختلاف ہے کہ کیا سورہ ہائے قرآن کی ترتیب توقیفی ہے؟ یعنی خود رسول اللہ (ص) نے بحکم خدا سورتوں کو ترتیب دیا ہے یا عصر رسالت (ص) کے بعد اصحاب نے اپنے اجتہاد سے انہیں مرتب کیا ہے؟

ایک نظریہ تو یہ ہے کہ چونکہ عصر رسالت (ص) میں ہنوز سلسلۂ وحی جاری تھا، اس لیے قرآن کو ایک

---

[1] ۵ مائدہ: ۳۔ آج میں نے تمہارے لیے تمہارا دین کامل کر دیا ہے اور اپنی نعمت تم پر پوری کر دی اور تمہارے لیے اسلام کو بطور دین پسند کر لیا۔
[2] سیوطی ۔ الدرمنثور ۲: ۲۵۹ [3] ۲ بقرۃ: ۱۵۸۔ صفا و مروہ یقیناً اللہ کے شعائر میں سے ہیں۔
[4] ۲ بقرۃ: ۲۸۱ [5] مستدرک الوسائل ۴: ۱۶۵

مصحف کی شکل دینا قبل از وقت تھا۔ اس کام کو بعد از رسالت انجام پانا تھا۔ چنانچہ بعد میں اپنے اپنے سلیقے کے مطابق لوگوں نے سورہ ہائے قرآن کو مرتب کیا۔

اس پر مزید دلیل یہ پیش کی جاتی ہے کہ اصحاب کے پاس متعدد قرآن موجود تھے۔ ہر مصحف کی ترتیب دوسرے مصحف سے مختلف تھی اور کہتے ہیں کہ حضرت علی علیہ السلام کا مصحف ترتیب نزول کے مطابق تھا، جب کہ دیگر اصحاب کے مصاحف اس سے مختلف تھے۔

دوسرا نظریہ یہ ہے کہ قرآن کی موجودہ ترتیب و تدوین خود عہد رسالتمآب (ص) میں مکمل ہوگئی تھی۔ جس طرح آیات کی ترتیب آپ (ص) نے خود اپنی نگرانی میں مقرر فرمائی تھی، اسی طرح سورتوں کی ترتیب کو بھی آپ (ص) نے ہی مقرر فرمایا تھا۔ سید مرتضیٰ علم الھدی متوفی ۴۳۶ ھ فرماتے ہیں:

موجودہ شکل میں قرآن کی جمع آوری عصر رسالت (ص) میں ہی ہوگئی تھی۔

لیکن یہ موقف اختیار کیا جا سکتا ہے کہ ترتیب سورہ ہائے قرآن توقیفی نہیں ہے۔ کیونکہ سورہ ہائے قرآن کی ترتیب اور کسی سورے کے مقدم اور مؤخر ہونے میں نظم قرآن کے ساتھ ربط نہیں ہے۔ اس لیے نماز میں آیات کو موجودہ ترتیب کے ساتھ تلاوت کرنا ضروری ہے، جبکہ سورہ ہائے قرآن کو موجودہ ترتیب کے ساتھ پڑھنا ضروری نہیں ہے۔ چنانچہ کوئی مؤخر سورہ نماز میں مقدم اور مقدم سورہ مؤخر کر کے بھی دوسری رکعت میں پڑھنا درست ہے۔

جمع قرآن در عصر رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: کہا جاتا ہے کہ رسالتمآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں قرآن کتابی شکل میں مدون نہیں تھا، البتہ بعد از رسول (ص) عصر ابی بکر میں زید بن ثابت کی سربراہی میں صرف دو گواہوں کی گواہی کی بنیاد پر جمع ہوا۔

اس نظریے پر ہم بعد میں تحقیقی نظر ڈالیں گے۔ پہلے ہم اس بات کی تحقیق کریں گے کہ کیا عصر رسالت (ص) میں قران کتابی شکل میں مدون تھا؟

اس بات پر بے شمار دلائل موجود ہیں کہ قرآن مجید عصر رسول (ص) میں ہی کتابی شکل میں مدون تھا۔ ہم ان میں سے چند ایک دلائل پیش کرنے پر اکتفا کرتے ہیں۔

۱۔ فریضۂ الٰہی: جس طرح خود رسول کریم (ص) کو لوگوں کے گزند سے بچانے کا کام خداوند عالم نے خود اپنے ذمے لیا اور فرمایا:

وَ اللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ ...[1] اور اللہ آپ کو لوگوں کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

بالکل اسی طرح قرآن کو جمع اور محفوظ کرنا اللہ تعالیٰ نے خود اپنے ذمے لیا اور فرمایا:

---

[1] ۵ مائدہ: ۶۷

لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ ۝ اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ ۝ [1]

(اے رسول) آپ وحی کو جلدی (حفظ) کرنے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دیں۔ اس کا جمع کرنا اور پڑھوانا یقیناً ہمارے ذمے ہے۔

نیز یہ ارشاد الٰہی بھی ہے:

سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰٓى ۝ [2]

(عنقریب) ہم آپ کو پڑھائیں گے پھر آپ نہیں بھولیں گے۔

۲۔ کاتبان وحی: قرآن مجید ایک متوسط حجم کی کتاب ہے جو ۲۳ سالوں میں رسول خدا پر نازل ہوئی۔ بظاہر ایک دو کاتب اس کی کتاب کے لیے کافی تھے مگر بعض مورخین کے ہاں اس کے کاتبوں کی تعداد چالیس تک بیان کی گئی ہے۔

رسول کریم (ص) وحی کو اہتمام کے ساتھ بالالتزام لکھوایا کرتے تھے۔ جو کچھ لکھا جاتا تھا کیا اسے ہر کاتب وحی اپنے ساتھ لے جاتا تھا؟ اور کیا قرآن متعدد کاتبان وحی کے پاس منتشر اور متفرق صورت میں موجود تھا؟ اور کیا رسول اللہ (ص) کے پاس قرآن مدون شکل میں موجود نہ تھا؟ یہ باتیں نہایت بعید از عقل و قیاس ہیں۔

کاتبان وحی سے مراد یہ ہے کہ یہ لوگ رسول اللہ (ص) کے لیے کتابت کیا کرتے تھے۔ ذاتی طور پر اپنے لیے کتابت قرآن کرنے والوں کو کاتبان وحی کا منصب نہیں دیا جاتا۔

زید بن ثابت کہتے ہیں:

كنا حول رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه و آله و سلم نؤلف القرآن من الرقاع. [3]

ہم رسول اللہ کی خدمت میں بیٹھ کر مختلف ٹکڑوں سے قرآن کی جمع و تدوین کیا کرتے تھے۔

چنانچہ یہ قرآن خانہ رسول (ص) میں موجود تھا اور آپ (ص) نے اپنی وفات کے قریب حضرت علی (ع) کو وصیت کرتے ہوئے فرمایا تھا:

يا علي القران خلف فراشي في الصحف و الحرير و القراطيس فخذوه و اجمعوه و لا تضيعوه۔ [4]

اے علی (ع) قرآن میرے بستر کے عقب میں مختلف صحیفوں پر ابریشم اور کاغذوں کی صورت میں موجود ہے۔ پس اسے لے لو اور جمع کر لو اور اسے ضائع نہ ہونے دو۔

ابو عبد اللہ محاسبی کہتے ہیں:

خانہ رسالتمآب (ص) میں کچھ اوراق پائے گئے جن پر قرآن مجید تحریر تھا کسی نے

---

[1] ۷۵ قیامت: ۱۶۔۱۷ [2] ۸۷ اعلیٰ: ۶ [3] حاکم مستدرک ۲: ۳۴۹
[4] بحار الانوار: کتاب القرآن ۸۹: ۴۸۔ تفسیر قمی ۲: ۴۵۱

انہیں جمع کیا اور ایک دھاگے میں سب اوراق کو پرو دیا تا کہ کوئی حصہ ضائع نہ ہو جائے۔[1]

۳۔قرآن سے کتابت قرآن کا ثبوت: مشرکین مکہ کو اس بات کا اعتراف تھا کہ رسول اکرم(ص) کاتبوں سے قرآن لکھوایا کرتے تھے۔ چنانچہ مکہ میں نازل ہونے والے سورۂ فرقان میں ارشاد ہوا:

وَ قَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ بُكْرَةً وَّ اَصِيْلًا ○

اور کہتے ہیں: (یہ قرآن) پرانے لوگوں کی داستانیں ہیں جو اس شخص نے لکھ رکھی ہیں اور جو صبح و شام اسے پڑھ کر سنائی جاتی ہیں۔

دیگر قرآنی آیات سے بھی اس بات کی شہادت مل جاتی ہے کہ آغاز نزول قرآن سے ہی قرآن ضبط تحریر میں آنے لگا تھا۔ چنانچہ ہجرت سے سات سال قبل نازل ہونے والے سورۂ بینہ میں ارشاد ہوتا ہے:

رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ○[2]

اللہ کی طرف سے ایک رسول جو انہیں پاک صحیفے پڑھ کر سنائے۔

اور سورۂ عبس میں فرمایا گیا:

كَلَّآ اِنَّهَا تَذْكِرَةٌ ۚ○ فَمَنْ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۝ فِيْ صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ ۙ○ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ○[3]

ہرگز نہیں! یہ (آیات) یقیناً نصیحت ہیں۔ پس جو چاہے انہیں یاد رکھے۔ یہ محترم صحیفوں میں ہیں جو بلند مرتبہ پاکیزہ ہیں۔

اور سورۂ طور میں ارشاد الٰہی ہے:

وَالطُّوْرِ ۙ○ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ۙ○ فِيْ رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ○[4]

قسم ہے طور کی اور لکھی ہوئی کتاب کی، ایک کشادہ ورق میں۔

قرآن کی کتابت اور تدوین آغاز وحی کے ساتھ ہی مکہ میں ہی شروع ہو جانے پر خود قرآنی شواہد کے علاوہ بے شمار تاریخی شواہد بھی موجود ہیں کہ جب بھی کوئی آیت نازل ہوتی تھی تو حضور(ص) کسی ایک کاتب کو بلا کر لکھنے کا حکم فرماتے۔ چنانچہ املا فرمانے کے بعد کاتب سے فرماتے: ''جو کچھ لکھا ہے وہ پڑھ کر سنا دے''۔ کاتب سنا دیتا۔ اگر کوئی غلطی سرزد ہوئی ہوتی تو حضور(ص) اصلاح فرما دیتے۔[5]

حضرت عمر نے اپنی بہن کے گھر میں دو صحیفے پائے جن پر قرآن لکھا ہوا تھا۔ ان صحیفوں کو کسی سے پڑھوایا اور انہیں سن کر اسلام قبول کیا۔

---

[1] البرہان ۱: ۲۳۸۔ ان راویوں کا شیوہ امانت فی النقل کے خلاف ہے کہ اس ہستی (علی علیہ السلام) کا نام لینا گوارا نہیں کرتے جس نے قرآن کو ضائع ہونے سے بچایا ہے

[2] ۲۵ فرقان: ۵ [3] ۹۸ بینہ: ۲ [4] ۸۰ عبس: ۱۱ تا ۱۴ [5] ۵۲ طور: ۱ تا ۳ [6] مجمع الزوائد

۴۔ شیوۂ رسول: رسول کریم (ص) اپنے ہمراہ ایسے کاتبین رکھتے تھے جو معاہدوں اور قرض وغیرہ کو ضبط تحریر میں لایا کرتے تھے۔ چنانچہ ایک مرتبہ ان کاتبوں کو حکم دیا گیا کہ صلح حدیبیہ سے قبل اسلام قبول کرنے والوں کے اسماء کا اندراج کر کے ایک فہرست مرتب کی جائے تو حضرت معاذ نے ایک ہزار پانچ سو افراد کے نام درج کیے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جب حضور (ص) قرآن مجید سے کم اہمیت والی چیزوں تک کو ضبط تحریر میں لانے اور محفوظ کرنے کا اہتمام فرماتے تھے تو کیا آپ (ص) نے اس ابدی معجزے کی تدوین و کتابت کا انتظام نہیں فرمایا ہوگا۔

۵۔ عصر رسول کے جامعین قرآن: رسول کریم (ص) اور اصحاب کرام کی زندگی کا مطالعہ کرنے والا شخص بخوبی جان سکتا ہے کہ قرآن مجید عصر رسالت مآب (ص) میں ہی جمع ہو چکا تھا۔ ہم ذیل میں عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن پر ایک طائرانہ نظر ڈالتے ہیں:

۱۔ حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام: آپ (ع) نے عہد رسالتؐ میں قرآن اپنے سینے میں حفظ کر لیا تھا اور جمع بھی کیا تھا۔ اس کی تفصیل ہم آئندہ بیان کریں گے۔

۲۔ اُبی بن کعب بن قیس: آپ کا تعلق انصار کے قبیلہ خزرج سے تھا۔ یہ کاتب و حافظ قرآن تھے۔ ان کا لقب سید القراء اور کنیت ابو المنذر تھی۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے:

اما نحن فنقرأ علی قراءۃ اُبی۔[1] — ہم ابی بن کعب کی قراءت کے مطابق قرآن پڑھتے ہیں۔

صحیح بخاری اور الفہرست لابن ندیم میں انہیں عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے۔

۳۔ معاذ بن جبل بن اوس: یہ بھی انصار میں سے تھے اور حضور (ص) نے انہیں یمن میں تعلیم قرآن کے لیے روانہ فرمایا تھا۔ صحیح بخاری اور فہرست میں انہیں بھی عصرِ رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے۔

۴۔ زید بن ثابت: ان کا ہم آئندہ بھی ذکر کریں گے۔ یہ کاتب رسول (ص) تھے اور ان کا یہ قول مشہور ہے:

کنا عند رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ و آلہ وسلم نؤلف القرآن من الرقاع۔[2] — ہم حضور (ص) کی خدمت میں بیٹھ کر مختلف ٹکڑوں سے قرآن جمع کیا کرتے تھے۔

دوسرے مصادر کے علاوہ صحیح بخاری اور الفہرست، الاتقان اور مناھل العرفان میں انہیں عصر

---

[1] اصول الکافی ۲: ۶۳۴ و وسائل الشیعہ ۶: ۱۶۳۔ فَنَقْرَؤُہٗ کے ساتھ [2] سیوطی، الاتقان فی علوم القرآن ۱: ۱۱۵

رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے۔

۵۔ عبد اللّٰہ بن عمر: نسائی نے صحیح سند کے ساتھ عبداللہ بن عمر سے روایت درج کی ہے کہ انہوں نے کہا:

جمعت القرآن فقرأت به كل ليلة، فبلغ النبی صلی الله عليه و آله وسلم فقال: اقرأه فی شهر۔[1]

میں نے قرآن جمع کیا اور ہر رات کو ختم کیا کرتا تھا۔ رسول اللہ کو علم ہوا تو آپ نے فرمایا: ایک ماہ میں ختم کیا کرو۔

۶۔ ابو ایوب انصاری: سیوطی نے الاتقان میں عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں ان کا ذکر کیا ہے۔

۷۔ ابو الدرداء: صحیح بخاری اور الفہرست میں انہیں بھی عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے۔

۸۔ عبادہ بن صامت: سیوطی نے الاتقان میں انہیں عصر رسالت کے جامعین قرآن میں شمار کیا ہے۔

۹۔ ابو زید ثابت بن زید بن النعمان: صحیح بخاری اور الفہرست میں عہد رسول (ص) کے جامعین قرآن میں ان کا ذکر ہے۔

۱۰۔ سعد بن عبید انصاری: انہیں الفہرست میں جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے۔

۱۱۔ عبید بن معاذ یا عتید بن معاذ جزری: الفہرست میں عصر رسالت (ص) کے جامعین قرآن میں ان کا ذکر ہے۔

۱۲۔ مجمع بن جاریہ یا حارثہ: الاتقان اور تاریخ القرآن زنجانی میں انہیں عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے۔

۱۳۔ ام ورقہ بنت عبد اللّٰہ بن حارث: رسول اللہ (ص) اس خاتون کو شہیدہ کہکر پکارتے تھے۔ چنانچہ حضرت عمر کے عہد خلافت میں اس خاتون کو ان کے اپنے غلام اور کنیز نے شہید کر دیا۔ سیوطی نے الاتقان میں انہیں جامعین قرآن میں شمار کیا ہے.

۱۴۔ سالم مولی ابی حذیفہ: زرکشی نے البرہان میں انہیں عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا ہے۔

۱۵۔ عبد اللّٰہ بن مسعود: آپ قرآن کے جلیل القدر معلم ہیں۔ عصر رسول (ص) میں ہی آپ نے قرآن جمع کیا تھا۔[2]

---

[1] حوالہ سابق ۱: ۱۴۴۔ مناہل العرفان ۱: ۲۳۷ [2] البرہان ۱: ۲۳۹

۱۶۔عقبہ بن عامر: آپ کو البرہان میں عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار کیا گیا ہے.

۶۔ جبرائیل کا دورۂ قرآن: امامیہ، غیر امامیہ روایات سے ثابت ہے کہ رسالتمآب (ص) ہر سال جبرئیل کے ساتھ قرآن کی بازخوانی فرمایا کرتے تھے۔ چنانچہ جناب فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا فرماتی ہیں:

سمعنا رسول اللّٰہ یقول: جبرئیل کان یعارضنی بالقرآن فی کل سنة مرة و انه عارضنی به العام مرتین و لا اراه الا و قد حضر اجلی۔[1]

ہم نے رسول اللہ (ص) کو فرماتے سنا کہ جبرئیل ہر سال ایک بار میرے ساتھ قرآن کا دورہ کیا کرتے تھے لیکن اس سال دو مرتبہ کیا ہے۔ اس کی وجہ صرف یہ ہوسکتی ہے کہ میرا وقت وصال قریب ہے۔

صحیح بخاری کے باب فضائل القرآن میں دورۂ قرآن کے بارے میں جناب سیدہ فاطمہ زھراء (س) کی یہی روایت اس طرح منقول ہے:

قال مسروق: عن عائشة عن فاطمة علیها السلام[2]: اسرّ الیّ النبی صلی الله علیه (و آله) و سلم ان جبرئیل یعارضنی بالقرآن کل سنة و انه عارضنی العام مرتین الا حضر اجلی۔[3]

مسروق کہتے ہیں: حضرت عائشہ نے جناب فاطمہ (س) سے روایت کی ہے کہ وہ فرماتی ہیں کہ ایک مرتبہ رسول اللہ (ص) نے مجھ سے سرگوشی کرتے ہوئے فرمایا کہ جبرئیل ہر سال مجھ سے قرآن کا دورہ (باز خوانی) کرتے ہیں مگر اس سال انہوں نے مجھ سے دو بار دورہ کیا ہے۔ اس سے میں سمجھتا ہوں کہ میرا وقت روانگی قریب ہے۔

۷۔ اصحاب کا عرضۂ قرآن: اصحاب رسول (ص) میں سے جو حضرات قراءت قرآن میں ممتاز مقام رکھتے تھے وہ آپ (ص) کی خدمت میں قرآن مجید کا دورہ کیا کرتے تھے اور بازخوانی ہوتی تھی۔ آخری بازخوانی عرضۂ اخیر یا دورہ اخیر کے نام سے مشہور ہے۔

راغب، اُبی بن کعب کا یہ قول نقل کرتا ہے کہ لوگوں نے ان کی قراءت کو اس لیے قبول کیا کہ وہ آخری فرد تھے جنہوں نے رسول اللہ (ص) کی خدمت میں قرآن کی بازخوانی کی۔

ابن عباس کہتے ہیں:

میں رسول خدا (ص) کے آخری کلام اور عمل کو معیار قرار دے کر اسے اختیار کرتا ہوں۔

---

[1] بحار الانوار ۴۳: ۵۱۔ ارشاد القلوب ۱: ۳۳۔ الامالی للصدوق ص ۵۹۵۔ کنز العمال ج ۱۲ حدیث ۳۴۲۱۴

[2] واضح رہے کہ صحیح بخاری میں اٹھائیس (۲۸) مقامات پر جناب سیدہ کے اسم مبارک کے ساتھ "علیہا السلام" درج ہے۔ اسی طرح صحیح بخاری میں متعدد مقامات پر ائمہ اھل بیت کے اسمائے گرامی کے ساتھ بھی "علیہ السلام" درج ہے۔ لہٰذا یہ کہنا کہ صرف شیعہ ایسا کرتے ہیں، جہالت پر مبنی ہے

[3] صحیح بخاری ۴: ۱۹۱۱۔ باب کان جبرائیل یعرض القرآن۔

ابن مسعود کے بارے میں بھی مشہور ہے کہ وہ بھی عرضۂ اخیر میں موجود تھے۔

عرضۂ اخیر کا واضح مطلب یہ نکلتا ہے کہ رسول کریم (ص) نے قرآن کو آخری شکل دے کر اسے امت کے حوالے کیا ہے۔

۸۔ ختم قرآن: اصحاب رسول (ص) میں ایسے افراد کا ذکر متعدد مقامات پر ملتا ہے جنہوں نے حضور (ص) کی خدمت میں قرآن ختم کیا۔ وہ خود انفرادی طور پر پورا قرآن ختم کیا کرتے تھے، جس کے لیے حضور (ص) نے مدت کا بھی تعین فرمایا کہ کتنی مدت میں قرآن کا ختم کرنا مناسب ہے۔ جیسا کہ پہلے بیان ہوا کہ حضور (ص) نے عبداللہ بن عمر سے فرمایا کہ ایک ماہ میں قرآن ختم کیا کرو۔

اس کے علاوہ عصر رسول (ص) کے مؤمنین اجتماعی طور پر بھی ختم قرآن کیا کرتے تھے۔ یعنی قرآن کی سورتوں کو آپس میں تقسیم کرتے اور ہر فرد چند سورے پڑھ لیتا اور یوں ختم قرآن ہو جاتا۔[1]

رسول اللہ (ص) کے حکم پر اصحاب، قرآن کو دس روز یا چھ روز یا کم سے کم پانچ روز میں بھی ختم کیا کرتے تھے۔[2]

اگر قرآن کتابی شکل میں ایک مجموعے کے طور پر لوگوں کے پاس نہ ہوتا تو صرف تلاوت کا ذکر ہو سکتا تھا، ختم قرآن کے الفاظ بے معنی ہوتے۔

رسول اکرم (ص) نے فرمایا:

احب الاعمال الی اللہ الحال المرتحل۔[3] — اللہ کے ہاں سب سے پسندیدہ عمل الحال المرتحل ہے۔

روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام سے بھی ایک بار پوچھا گیا کہ بہترین عمل کیا ہے؟ تو آپ (ع) نے فرمایا: الحال المرتحل۔ اس کی تشریح پوچھی گئی تو فرمایا:

فتح القرآن و ختمہ کلما جاء باوله ارتحل فی آخرہ۔[4] — قرآن کا کھولنا اور ختم کرنا۔ جب بھی قرآن کی ابتدا پر آیا، آخر کی طرف روانہ ہوا۔

شیخ طوسیؒ درج ذیل امور کو عدم تحریف قرآن کی دلیل سمجھتے تھے:

۱۔ ختم قرآن مجید کا ثواب۔

۲۔ قرآن کو ایک رات میں ختم کرنے کی ممانعت۔

۳۔ قرآن کو کم از کم تین روز میں ختم کرنے کی ہدایت۔

علامہ طبرسی لکھتے ہیں:

اصحاب کی ایک جماعت مثلاً عبداللہ بن مسعود، اُبی بن کعب اور دیگر افراد نے

---

[1] رامیار: تاریخ القرآن [2] حوالہ سابق۔ بحوالہ ابن سعد [3] المحجۃ البیضاء ۲: ۲۶۴ [4] اصول الکافی ۲: ۶۰۵

رسول اللہ(ص) کی خدمت میں کئی بار قرآن ختم کیا تھا۔[1]

اس قسم کی متعدد دیگر روایات سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ قرآن عصر رسول (ص) سے ہی کتابی شکل میں مدون تھا، جس کا ایک معین آغاز اور اختتام بھی تھا اور اس کے ختم کرنے کے آداب بھی بیان کیے گئے تھے۔

۹۔ فاتحۃ الکتاب:

- فاتحۃ الکتاب کے معنی ہیں دیباچۂ کتاب یا افتتاحیۂ کتاب۔
- یہ نام عصر رسول(ص) میں ہی اس سورے کے لیے مخصوص ہو گیا تھا۔
- قرآنی سورتوں کے نام خود رسول اللہ(ص) ہی معین فرمایا کرتے تھے۔

مندرجہ بالا امور سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ قرآن عہد رسالت(ص) میں ہی ایک کتابی شکل میں مرتب تھا جس کا ایک افتتاحیہ بھی تھا۔

۱۰۔ لفظ الکتاب کا اطلاق: عہد رسالت(ص) میں قرآن الکتاب کے نام سے موسوم تھا اور خود قرآن مجید میں بھی متعدد مقامات پر اسے الکتاب کہا گیا ہے۔ علاوہ ازیں حدیث شریف میں بھی مجموعۂ قرآن کو الکتاب فرمایا گیا ہے۔

حدیث ثقلین میں، جو شیعہ اور سنی دونوں طرق سے متواتر ثابت ہے، حضور (ص) نے فرمایا:

انی تارك فیكم الثقلین كتاب اللّٰه و عترتی۔ — میں تم میں دو گراں قدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں: ایک اللہ کی کتاب اور دوسری میری عترت۔

یہاں کتاب سے مراد یہی مجموعہ ہے جو اس وقت ہمارے ہاتھوں میں موجود ہے۔

نیز حضور (ص) نے اپنی وفات سے کچھ دیر قبل حضرت علی علیہ السلام سے جو کچھ بیان فرمایا اس کے بارے میں ابو رافع بیان کرتے ہیں:

ان النبی صلی اللّٰه علیه وآله وسلم قال فی مرضه الذی توفی فیه لعلی: یا علی! هذا كتاب اللّٰه خذه الیك۔[2] — رسول اللہ(ص) نے جس مرض میں آپ (ص) کا انتقال ہوا، اس میں علی(ع) سے ارشاد فرمایا: یا علی! یہ اللہ کی کتاب ہے۔ اسے اپنے پاس رکھو۔

یہاں بھی اس مجموعہ قرآن کو ''کتاب'' کہا گیا ہے۔ اس سے بھی یہ بات واضح ہے کہ قرآن عہد رسالت(ص) میں کتابی شکل میں مرتب ہو چکا تھا۔

۱۱۔ قرآن کا دفعۃً نزول: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ آپ(ع) نے

---

[1] طبرسی مجمع البیان ۱: ۱۵ [2] التمہید ۱: ۲۲۷ و بحار الانوار ۴۰: ۱۵۵

فرمایا:

اے مفضل! اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ(ص) کو قرآن ماہ رمضان میں عنایت فرمایا تھا مگر اس کی تبلیغ وقت کی مناسبت پر موقوف تھی۔ رسول کریم(ص) امر و نہی کے مواقع پر قرآن کو بیان فرمایا کرتے تھے۔ جبرئیل صرف اسی مقصد کے لیے نازل ہوا کرتے تھے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: لَا تُحَرِّكْ بِهٖ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهٖ [1] یعنی قرآن کو جلدی پڑھنے کے لیے اپنی زبان کو حرکت نہ دیجیے۔ [2]

ابن عباس بیان کرتے ہیں:

انه انزل فی رمضان لیلة القدر جملة واحدة ثم انزل علی مواقع النجوم رسلا فی الشهور و الایام. [3]

قرآن ماہ رمضان میں دفعتاً نازل ہوا ہے اور اس کے بعد مختلف مواقع پر مہینوں اور دنوں میں بتدریج بھی نازل کیا گیا۔

ان احادیث سے اس نقطۂ نظر کو تقویت ملتی ہے کہ قرآن عصرِ رسول اکرم(ص) میں ایک مجموعہ کی شکل میں موجود تھا۔

۱۲۔ تواتر قرآن: اس بات پر پوری امت کا اجماع ہے کہ یہ قرآن رسول کریم (ص) سے تواتراً نسلاً بعد نسلٍ ہم تک پہنچا ہے۔ تواتر کے لیے ضروری ہے کہ عصر رسول(ص) میں پورا قرآن اصحاب میں سے اتنی تعداد کے پاس موجود ہو جتنی کہ تواتر کے لیے ضروری ہے۔

اس سے اس نظریے کو تقویت ملتی ہے کہ قرآن عصر رسالتمآب(ص) میں جمع ہو چکا تھا۔

۱۳۔ وصیت رسول(ص) اَلقرآنُ خَلفَ فَرَاشِی: رسول کریم (ص) نے حضرت علی علیہ السلام کو یہ وصیت فرمائی تھی کہ قرآن میرے بستر کے عقب میں ہے۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس سلسلے میں مروی ہے:

قال رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم لعلی علیه السلام: یا علی! القرآن خلف فراشی فی المصحف والحریر و القراطیس فخذوه واجمعوه و لا تضیعوه [4]

رسول اللہ (ص) نے حضرت علی علیہ السلام سے ارشاد فرمایا: اے علی! قرآن میرے بستر کے پیچھے مختلف صحیفوں، ریشمی کپڑوں اور کاغذوں پر موجود ہے آپ اسے لے جائیں اور جمع کریں اور ضائع نہ ہونے دیں۔

۱۴۔ اصناف سورہ ہائے قرآن: تفسیر عیاشی میں سعد الاسکاف سے مروی ہے:

سمعت ابا جعفر علیه السلام

میں نے امام محمد باقر علیہ السلام کو یہ فرماتے سنا کہ

---

[1] ۷۵ قیامۃ: ۱۶ [2] بحار الانوار ۸۹: ۳۸ [3] سیوطی اتقان ۱: ۸۳ [4] بحار الانوار ۸۹: ۴۸

یقول: قال رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم: اعطیت الطوال مکان التوراة و اعطیت المئین مکان الانجیل، و اعطیت المثانی مکان الزبور، وفضلت بالمفصل سبع و ستین سورة۔ [2]

رسول اللہ (ص) نے فرمایا: مجھے توریت کی جگہ طوال، انجیل کی جگہ مئین سورتیں اور زبور کی جگہ مثانی عنایت کی گئی ہیں اور مزید مجھے سورہ ہائے مفصل[1] جو کہ ستاسٹھ سورتیں ہیں، عطا کر کے فضیلت دی گئی۔

یہی روایت معمولی فرق کے ساتھ اہل سنت کے ہاں بھی منقول ہے۔

اس روایت سے واضح ہوتا ہے کہ عصر رسول (ص) میں قرآن ایک کتابی شکل میں لوگوں کے ہاتھوں میں موجود تھا جس کے ابواب وفصول یعنی سورتوں کی تفصیل بھی لوگوں کو معلوم تھی۔

۱۵۔ ترتیب آیات کا توقیفی ہونا: یہ بات ہم پہلے ثابت کر چکے ہیں کہ آیات قرآن کی ترتیب توقیفی ہے۔ یعنی خود رسول اکرم (ص) نے بحکم الٰہی آیات قرآن کو اسی موجودہ ترتیب کے مطابق رکھا ہے اور اسی ترتیب سے آیات کو مرتب کرنے کا نام جمع قرآن ہے اور یہی ترتیب تواتر کے ساتھ ہم تک پہنچی ہے۔

انصاف یہ ہے کہ صرف آیات قرآن کی ترتیب توقیفی ہونے سے یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ قرآن عصر رسول (ص) ہی میں مدوّن ہو چکا تھا۔ کیونکہ آیات قرآن کو ترتیب دینا ہی جمع و تدوین قرآن ہے نیز اس کا کوئی مدعی نہیں ہوسکتا کہ آیات قرآن کی ترتیب اجتہادی ہے، موجودہ ترتیب کے علاوہ کسی اور ترتیب سے قرآن کی تلاوت ہوسکتی ہے اور نظم آیات کی موجودہ حیثیت ضروری نہیں ہے۔

۱۶۔ عصر رسالت میں قرآنی نسخے: فضائل قرآن، تلاوت قرآن، آداب تلاوت قرآن، احکام مصحف اور دیگر قرآنی موضوعات کے بارے میں وارد شدہ احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قرآن عصر رسالت میں کتابی شکل میں مدون اور ہر شخص کی دسترس میں تھا۔

الف۔ حضور (ص) نے فرمایا:

تعلموا الکتاب و تعاهدوه و اقتنوه۔ [3]

کتاب اللہ کی تعلیم حاصل کرو، اس کے ساتھ عہد باندھو اور اسے اپنے پاس محفوظ رکھو۔

ب۔ حفظ کرنے کی نسبت قرآن مجید کو دیکھ کر تلاوت کرنے میں زیادہ ثواب ہے۔ اس سلسلے میں امامیہ، غیر امامیہ کی کتب میں بے شمار احادیث موجود ہیں۔

---

[1] طوال پہلی سات طویل سورتوں کو کہتے ہیں۔ مئین سو یا زائد آیات والی سورتوں کو کہا جاتا ہے۔ مثانی وہ سورتیں ہیں جو سو سے کم آیات والی ہوں۔ جب کہ مفصل آخر قرآن کی سورتوں کو کہا جاتا ہے۔

[2] فسیر عیاشی ۱: ۲۵ [3] اعلام الدین ص ۱۰۰۔ اس میں اقتنوا کی جگہ افشو ہے۔

ج۔ خود قرآن کی طرف دیکھنا عبادت ہے۔ حدیث میں آیا ہے:

النظر فی المصحف عبادة[1] مصحف میں دیکھنا عبادت ہے۔

د۔ رسالتمآب (ص) نے مشرکین کے علاقوں میں قرآن مجید ہمراہ لے جانے سے منع فرمایا۔

ان کے علاوہ بیسیوں ایسی احادیث اور احکام موجود ہیں جو عصر رسالت (ص) میں قرآن کے کتابی شکل میں موجود ہونے کی گواہی دیتے ہیں۔

جمع قرآن بعد از رسول (ص): رسالتمآب (ص) کی رحلت کے بعد عصر ابی بکر میں جو جمع قرآن مشہور ہے، اس کے بارے میں ہم ارباب نظر اور صاحبان تحقیق کی خدمت میں چند حقائق پیش کرتے ہیں۔ صرف یقینی دلائل نے ہمیں ان حقائق کو پیش کرنے پر مجبور کیا ہے۔ امید ہے کہ تحقیقی ذوق اور مایۂ علمی رکھنے والے حضرات اس کی قدر کریں گے اور مذہبی تنگ نظری کی بنیاد پر ان حقائق کو مسترد نہیں کریں گے۔

سب سے پہلے ہم وہ مشہور قصہ بیان کرتے ہیں جس کا تذکرہ اسی سلسلے میں کیا جاتا ہے:

کہا جاتا ہے کہ جنگ یمامہ میں متعدد قاریان قرآن کی شہادت کے بعد حضرت عمر نے حضرت ابوبکر سے کہا: اے ابوبکر! اس جنگ میں بہت سے قاریان قرآن شہید ہو گئے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ اگر دیگر جنگوں میں بھی یہی ہوتا رہا تو قرآن کا ایک معتدبہ حصہ ضائع ہو جائے گا۔[2]

چنانچہ حضرت عمر نے ایک بار نہیں بلکہ کئی بار تاکید کی کہ ہمیں قرآن کو جمع کرنا چاہیے۔

خود حضرت ابوبکر کہتے ہیں:

فلم یزل عمر یراجعنی ۔[3] حضرت عمر بار بار مجھ سے کہتے رہے۔

حضرت عمر کے اصرار پر حضرت ابوبکر نے زید بن ثابت انصاری کو بلایا اور ان سے کہا:

انك رجل شابٌ عاقل لانتهمك قد کنت تکتب الوحی لرسول اللّٰه فتتبع القرآن فاجمعه ۔[4] تم عقلمند اور قابل بھروسہ جوان ہو اور تم رسول اللہ (ص) کے لیے وحی لکھا کرتے تھے۔ جاؤ قرآن کی جستجو کرو اور اسے جمع کرو۔

زید نے ایک سوال اٹھایا اور حضرت ابوبکر سے کہا:

کیف تفعلان شیئاً لم یفعله رسول اللّٰه۔[5] آپ وہ کام کیسے کریں گے جسے رسول اللہ (ص) نے انجام نہیں دیا ہے۔[6]

آخرکار زید نے اس امر کی سنگینی کے اظہار کے ساتھ اس ذمہ داری کو قبول کیا۔ ایک

---

[1] مستدرك الوسائل ۹: ۱۵۳ [2] تا [5] بحار الانوار ۸۹: ۷۵

[6] مستشرقین مثلاً نولڈکے (Noldeke) وغیرہ اسی لیے یہ نظریہ قائم کرتے ہیں کہ رسول اللہ (ص) کے زمانے میں قرآن جمع نہیں ہوا تھا اور آپ قوم کو کوئی شے کتابی شکل میں نہیں دے کر گئے تھے۔ کیونکہ اگر قرآن رسول (ص) کے زمانے میں جمع شدہ اور کتابی شکل میں ہوتا تو ضیاع قرآن کا کوئی خطرہ لاحق نہیں ہونا چاہیے تھا۔

پچیس رکنی کمیٹی تشکیل دی اور اعلان کیا کہ جس نے بھی رسول اللہ(ص) سے قرآن کا کچھ حصہ اخذ کیا ہو وہ ہمارے پاس جمع کرائے اور جب تک اس کے قرآن ہونے پر دو گواہ پیش نہ ہوتے ،وہ اسے قرآن کے طور پر قبول نہ کرتے سوائے خزیمہ بن ثابت انصاری کے کہ ان کی پیش کردہ آیتوں کو بلا گواہ قبول کرتے تھے کیونکہ رسول اللہ(ص) نے ان کی ایک گواہی کو دو گواہوں کا مرتبہ دیا تھا۔

اسی اثنا میں حضرت عمر یہ عبارت لے کر آئے:

الشیخ والشیخة اذا زنیا فارجموھا البتة نکالاً من اللّٰہ

زید نے حضرت عمر کی پیش کردہ عبارت کو قرآن کے طور پر تسلیم کرنے سے انکار کر دیا کیونکہ حضرت عمر کے پاس مطلوبہ گواہ موجود نہ تھے۔[1]

اسی طرح زید بن ثابت نے جمع قرآن کا عمل مکمل کیا اور اس نسخے کو ایک صندوق میں یا بالفاظ روایت ایک ''ربعہ'' میں محفوظ کر لیا۔

چند حقائق: مذکورہ بالا واقعہ، جمع قرآن سے متعلقہ اہل سنت کی کتب میں بکثرت پایا جاتا ہے اور اسے ایک مسلمہ حقیقت خیال کیا جاتا ہے۔لیکن اس واقعے کے بارے میں چند حقائق کا ذکر ناگزیر ہے۔

۱۔ تواتر قرآن اور دو گواہ: اس بات پر پوری امت کا اجماع ہے کہ قرآن تواتر سے ثابت ہے اور اگر تواتر سے ثابت نہیں تو قرآن نہیں۔ زید نے دو گواہوں کی بنیاد پر قرآن جمع کیا اور حد یہ ہے کہ بعض آیات کے لیے دو گواہ بھی نہ تھے۔ چنانچہ صرف ایک گواہ کی بنیاد پر ہی بطور قرآن قبول کر لیا۔

دوسری بات جو اس سے لازم آتی ہے وہ ہے تحریف قرآن۔ کیونکہ یہاں بہت سی آیات ہیں جو دو سے زیادہ گواہوں سے ثابت ہیں، لیکن موجودہ قرآن میں ان آیات کا وجود نہیں ہے۔ مثلاً آیہ رجم، سورہ الحفد اور سورہ الخلع وغیرہ۔ پس ان کا شامل نہ کرنا جب کہ یہ بھی دو سے زائد گواہوں سے ثابت ہیں مذکورہ اسلوب کی رو سے تحریف قرآن ہے، جس کی تفصیل ہم تحریف کے موضوع میں بیان کریں گے۔

۲۔ زید بن ثابت: حضرت ابو بکر نے اس تاریخی اور نہایت اہمیت کے حامل کام کی انجام دہی کے لیے حضرت زید کو ہی کیوں منتخب کیا؟ زمانہ رسول (ص) میں جن افراد کو حفظ اور قراءت قرآن میں ایک ممتاز مقام حاصل تھا اور بقول صاحب صحیح بخاری، جن شخصیات کی طرف تعلیم قرآن کے لیے رجوع کرنے کا حکم دیا گیا تھا، وہ عبد اللہ بن مسعود، اُبی بن کعب، معاذ بن جبل اور سالم ہیں۔ ان میں زید کا کوئی ذکر نہیں ہے۔

ابن مسعود کا مقام سب پر واضح تھا۔ اُبی بن کعب کو سید القراء کہتے تھے۔ معاذ بن جبل کو امام

---

[1] سیوطی۔الاتقان فی علوم القرآن ۱: ۱۱۸

العلماء کا لقب ملا تھا۔ حضرت زید گو کتابت وحی میں شہرت رکھتے تھے مگر حفظ و قراءت میں ان کا کوئی مقام نہ تھا۔

ابو وائل کہتے ہیں کہ ابن مسعود نے ہمارے سامنے ایک خطبہ دیا جس میں انہوں نے کہا:

> کیا تم مجھے زید بن ثابت کی قراءت کی پیروی کرنے کو کہتے ہو جب کہ میں نے خود رسول اللہ(ص) کی زبان سے ستر سورتوں سے زائد اخذ کی ہیں۔ اس وقت زید بچوں کے ساتھ پھرتا تھا اور اس کے سر پر دو چوٹیاں ہوتی تھیں۔[1]

البتہ زید میں ایک سب سے بڑی خوبی یہ تھی کہ ہیئت حاکمہ کو ان پر اعتماد تھا۔ چنانچہ اس کا اظہار خود حضرت ابو بکر نے بھی کیا کہ لا نتهمك ہمیں تم پر پورا بھروسہ ہے۔ اس اعتماد کی وجہ یہ تھی کہ زید بن ثابت، انصار کا ایک فرد ہونے کے باوجود سقیفہ میں مہاجرین کے موقف کا حامی تھا۔ چنانچہ انہوں نے بروز سقیفہ اپنا سیاسی موقف ان الفاظ میں بیان کیا:

ان رسول اللّٰه كان من المهاجرين و كنّا انصاره و انما يكون الامام من المهاجرين و نحن انصاره۔[2]

خود رسول اللہ(ص) مہاجرین میں سے تھے اور ہم ان کے انصار تھے اور آج امام بھی مہاجرین میں سے ہوگا اور ہم ان کے انصار ہوں گے۔

شاید اسی سیاسی موقف کا اثر تھا کہ یہ نہایت ثروت مند ہو گئے اور اپنے پیچھے دیگر مال و دولت کے علاوہ ایک لاکھ دینار مالیت کا سونا اور چاندی بھی چھوڑا، جو کلہاڑے سے کاٹ کر تقسیم کیا گیا۔[3]

۳۔ دیگر قرآنی نسخے: سب سے اہم اور قابل توجہ بات یہ ہے کہ ضیاع قرآن کا کوئی خطرہ سرے سے موجود ہی نہ تھا کیونکہ اس وقت قرآن کے متعدد قابل توجہ نسخے امت کے ہاتھوں میں موجود تھے۔ چنانچہ ابن اثیر کہتے ہیں:

> دمشق میں اُبی بن کعب کا مصحف، حمص میں مقداد کا مصحف، کوفہ میں ابن مسعود کا مصحف اور بصرہ میں ابو موسیٰ کا مصحف موجود تھا۔ کچھ لوگوں نے تو اپنے اپنے قرآنی نسخوں کے نام بھی تجویز کیے ہوئے تھے۔ چنانچہ ابن مسعود کے مصحف کو دیباج القرآن اور ابو موسیٰ کے مصحف کو لباب القلوب کہا جاتا تھا۔[4]

ذیل میں ہم ان قرآنی نسخوں (مصاحف) کا تذکرہ کرتے ہیں جو حضرت ابو بکر کے زمانے میں موجود تھے۔

۱۔ مصحف علی علیہ السلام: حضرت علی علیہ السلام سے روایت ہے:

---

[1] سنن نسائی ۳: ۴۳۱۔ المصاحف ص ۱۵ [2] ابن عساکر۔ تہذیب ۵: ۴۴۶
[3] مسعودی مروج الذہب [4] مسعودی مروج الذہب

و لقد كنت اتبعه اتباع الفصيل اثر امه، يرفع لي في كل يوم من اخلاقه علما ويأمرني بالاقتداء به، ولقد كان يجاور في كل سنة بحراء فأراه ولا يراه غيري، ولم يجمع بيت واحد يومئذ في الاسلام غير رسول الله و خديجة و انا ثالثهما ، ارى نور الوحي و الرسالة ، و اشم ريح النبوة، و لقد سمعت رنة الشيطان حين نزل الوحي عليه (ص) فقلت: يا رسول الله ما هذه الرنة؟ فقال: هذا الشيطان قد أيس من عبادته، انك تسمع ما اسمع و ترى ما أرى الا انك لست بنبي و لكنك وزيرٌ و انك لعلى خير۔[1]

اور میں آپ (ص) کے پیچھے یوں لگا رہتا تھا جیسے اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کے پیچھے۔ آپ ہر روز میرے لیے اخلاق حسنہ کے پرچم بلند فرماتے تھے اور مجھے ان کی پیروی کا حکم دیتے تھے اور ہر سال کچھ عرصے کے لیے (غار) حرا میں قیام فرماتے تھے۔ وہاں آپ (ص) کو میرے علاوہ کوئی نہیں دیکھتا تھا اس وقت رسول اللہ (ص) اور (ام المؤمنین) خدیجہ (س) کے گھر کے علاوہ کسی گھر کی چار دیواری میں اسلام نہ تھا اور میں ان میں کا تیسرا تھا۔ میں وحی و رسالت کا نور دیکھتا تھا اور نبوت کی خوشبو سونگھتا تھا۔ جب آپ (ص) پر (پہلے پہل) وحی نازل ہوئی تو میں نے شیطان کی ایک چیخ سنی، جس پر میں نے آپ (ص) سے پوچھا کہ یا رسول اللہ (ص) یہ آواز کیسی ہے؟ تو آپ (ص) نے بتایا: یہ شیطان ہے جو اب اپنے پوجے جانے سے مایوس ہو گیا ہے۔ (اے علی) جو میں سنتا ہوں وہ تم بھی سنتے ہو اور جو میں دیکھتا ہوں وہ تم بھی دیکھتے ہو، فرق بس اتنا ہے کہ تم نبی نہیں ہو، بلکہ میرے وزیر و جانشین ہو اور یقیناً بھلائی کی راہ پر ہو۔

جبیر بن مطعم کہتے ہیں:

قال ابی مطعم بن عدی لنا و نحن صبیان بمكة: الا ترون حب هذا الغلام يعني علياً۔ لمحمد و اتباعه له دون ابيه۔[2]

مکہ میں ہمارے بچپنے کی بات ہے کہ ہمارے والد نے ہم سے کہا: اس بچے (علی) کو دیکھو، اسے محمد (ص) سے کتنی محبت ہے کہ اپنے باپ کو چھوڑ کر ان کی کیسی اتباع کرتا ہے۔

سلیمان بن اعمش راوی ہے:

قال علي: ما نزلت آية الا و انا

حضرت علی (ع) نے فرمایا: کوئی آیت ایسی نہیں اتری

[1] نہج البلاغہ خطبہ ۱۹۰ ص ۵۳۳۔ شرح نہج البلاغۃ ابن ابی الحدید ۱۳: ۱۹۷
[2] شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید۔ ۱۳: ۲۰۰

علمت فیمن نزلت و این نزلت و علی من نزلت، ان ربی وهب لی قلبا عقولا و لسانا طلقاً[1]

مگر یہ کہ مجھے علم ہے کہ کس سلسلے میں اتری اور کہاں اتری اور کس کے بارے میں اتری. یقیناً میرے رب نے مجھے ایک عقلمند دل اور فصیح زبان عنایت فرمائی ہے۔

نیز آپ (ع) نے یہ بھی فرمایا:

سلونی عن کتاب الله فانه لیس من آیة الا وقد عرفت بلیل نزلت ام بنهار أو فی سهل أو فی جبل۔[2]

مجھ سے کتاب اللہ کے بارے میں پوچھ لو کیونکہ کوئی آیت ایسی نہیں کہ جسے میں نہ جانتا ہوں کہ رات کو نازل ہوئی ہے یا دن میں اور میدان میں نازل ہوئی یا پہاڑ پر۔

ابن مسعود کہتے ہیں:

ان القرآن انزل علی سبعة احرف ما منها حرف الا وله ظهر و بطن و ان علی بن ابی طالب عنده علم الظاهر و الباطن۔[3]

قرآن سات حروف (معانی) پر نازل ہوا ہے ان میں سے کوئی حرف ایسا نہیں جس کے لیے ایک ظاہر اور ایک باطن نہ ہو اور علی (ع) کے پاس ان حروف کے ظاہر اور باطن دونوں کا علم موجود ہے۔

وصیت رسول صلی اللہ علیہ و آلہ و سلم: حضرت علی علیہ السلام ہی وہ واحد شخص ہیں جنہیں رسول اکرم (ص) نے قرآن کے بارے میں وصیت فرمائی۔ اگرچہ قرآن عصر رسالت (ص) ہی میں امت کے حوالے ہو چکا تھا اور پورا قرآن امت کے پاس موجود تھا لیکن اس کا محمدی نسخہ بیت مصطفیٰ (ص) میں محفوظ تھا۔ اس نسخے کے وارث علی بن ابی طالب علیہ السلام تھے۔ اسی لیے رسالتمآب (ص) نے مرض الموت میں ارشاد فرمایا:

یا علی هذا کتاب الله خذه الیك، فجمعه علی فی ثوب فمضی الی منزله فلما قبض النبی صلی الله علیه وآله وسلم جلس علی فالفه کما انزل الله و کان به عالماً۔[4]

اے علی! یہ کتاب خدا ہے، اسے اپنے پاس لے جاؤ۔ چنانچہ حضرت علی (ع) اسے ایک کپڑے میں جمع کر کے اپنے گھر لے گئے۔ رسول اللہ (ص) کی وفات کے بعد آپ (ع) نے قرآن کو اس طرح مرتب فرمایا جیسے اللہ نے اسے نازل فرمایا تھا اور آپ (ع) ہی اسے بخوبی جانتے تھے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

قال رسول الله صلی الله علیه و آله

رسول اللہ (ص) نے حضرت علی (ع) سے فرمایا: اے

---

[1] تفسیر العیاشی ۱: ۱۷۔ بحار الانوار ۸۹: ۹۷
[2] تفسیر العیاشی ۲: ۲۸۳
[3] حلیة الاولیاء ابو نعیم الاصبهانی ۱: ۶۵
[4] بحار الانوار ۴۰: ۱۵۵ و ۸۹: ۵۱۔ التمهید ۱: ۲۲۷۔

و سلم لعلی علیه السلام: یا علی! القرآن خلف فراشی فی الصحف و الحریر والقراطیس فخذوه و اجمعوه ولا تضیعوه ۔[1]

علی! قرآن میرے بستر کے پیچھے صحیفوں، ریشمی کپڑوں اور کاغذوں میں موجود ہے، آپ (ع) اسے لے جا کر جمع کر لیں اور ضائع نہ ہونے دیں۔

نسخہ محمدی کی جمع و تدوین: محمد بن سیرین کہتے ہیں کہ جب رسول اللہ(ص) نے رحلت فرمائی تو علی علیہ السلام نے فرمایا:

آلیتُ ان لا آخذ عَلَیّ ردائی الا لصلوٰة جمعة حتی اجمع القرآن. فجمعه۔[2]

میں نے قسم کھا لی ہے کہ میں نماز جمعہ کے علاوہ اپنی عبا زیب تن نہ کروں گا (گھر سے باہر نہ نکلوں گا) جب تک کہ قرآن کو جمع نہ کر لوں۔ چنانچہ انہوں نے اسے جمع فرما لیا۔

ابن ابی الحدید کہتے ہیں:

اتفق الکل علی انه اول من جمعه۔[3]

سب کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن کو سب سے پہلے علی(ع) نے جمع کیا۔

اور زرقانی کہتے ہیں:

واذن لا یضرنا فی هذا البحث ان یقال :ان علیا اول من جمع القرآن بعد رسول الله ۔[4]

اور ہمیں اس امر کو تسلیم کرنے میں کوئی مضائقہ نہیں کہ رسول اللہ (ص) کے بعد سب سے پہلے علی(ع) نے قرآن جمع کیا ہے۔

اس نسخہ کی انفرادیت: عکرمہ کہتے ہیں

لواجتمعت الانس و الجن علی ان یؤلفوه ذلك التالیف ما استطاعوا[5]

اگر جن و انس جمع ہو کر اس طرح قرآن کی جمع و ترتیب کریں تو وہ نہیں کر سکتے۔

ابن جزی کلبی کہتے ہیں:

لو وجد مصحفه علیه السلام لکان فیه علم کثیر۔[6]

اگر مصحف علی علیہ السلام میسر آ جاتا تو ایک علم کثیر ہاتھ آ جاتا۔

ابن سیرین کہتے ہیں:

لو اصبت ذلك الکتاب کان فیه علم۔[7]

اگر یہ کتاب میسر آ جاتی تو اس میں سے علم حاصل ہو جاتا۔

---

[1] تفسیر القمی ۲: ۴۵۱۔ بحار الانوار ۸۹: ۴۸ [2] السیوطی۔ الاتقان ۱: ۵۹ [3] ابن ابی الحدید، شرح نہج البلاغہ ۱ ۲۷
[4] مناهل العرفان ۱: ۲۴۷ [5] السیوطی۔ الاتقان ۱: ۵۹
[6] التسهیل لعلوم التنزیل ۱: ۴ [7] الطبقات الکبری ابو عبد الله البصری ۲: ۳۳۸

شیخ مفید نے کتاب الارشاد میں فرمایا:

ان علیا قدم فی مصحفه المنسوخ علی الناسخ و کتب فیه تاویل بعض الآیات و تفسیرها بالتفصیل۔

حضرت علی (ع) نے اپنے مصحف میں منسوخ کو ناسخ پر مقدم رکھا تھا اور بعض آیات کی تاویل وتفسیر بھی تفصیل سے رقم کی تھی۔

فیض کاشانی نے کتاب الوافی میں لکھا ہے:

حضرت علی(ع) نے قرآن کی تفسیر، شان نزول آیات خود رسول اللہ(ص) کی املا سے لکھی تھیں۔

چنانچہ خود حضرت علی علیہ السلام نے فرمایا:

ولقد جئتهم بالکتاب مشتملا علی التنزیل والتاویل۔[1]

میں ان کے پاس وہ قرآن لایا تھا جو تنزیل اور تاویل دونوں پر مشتمل تھا۔

ان نصوص سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ نسخہ صرف تنزیل پر منحصر نہ تھا، جیسا کہ باقی مصاحف ہیں۔ یعنی صرف قرآن کی آیات پر ہی مشتمل نہ تھا بلکہ اس میں کچھ تفسیر و تاویل بھی تھی۔

یہ نسخہ امت کو پیش کیا گیا: حضرت علی علیہ السلام نے قرآن کو زرد ریشم پر تحریر فرمایا اور ایک اونٹ پر لاد کر مسجد نبوی میں موجود اصحاب کے سامنے پیش کیا اور فرمایا:

قال رسول الله:انی مخلف فیکم ما ان تمسکتم بهما لن تضلوا ، کتاب الله و عترتی اهل بیتی، و هذا الکتاب و انا العترة[2]

رسول اللہ(ص) نے فرمایا تھا کہ میں تم میں دو گرانقدر چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں، ایک اللہ کی کتاب، دوسری میری عترت اہل بیت (ع)۔ لہٰذا یہ ہے کتاب اور میں ہوں عترت۔

جواب ملا: اگر آپ (ع) کے پاس کتاب ہے تو ہمارے پاس بھی کتاب ہے۔ چنانچہ آپ (ع) حجت تمام کر کے واپس تشریف لے گئے۔

کیا یہ ممکن ہے کہ امت کے پاس قرآن کا کوئی نسخہ موجود نہ ہو، اس کے باوجود اصحاب اس نسخہ محمدی کو رد کر دیں؟

اگر قرآن کا کوئی نسخہ امت کے پاس موجود نہ تھا تو اس نسخہ محمدی کو رد کرنا ناقابل فہم ہے اور اگر دیگر قرآنی نسخے موجود تھے تو یہ کہنا کہ قرآن زید بن ثابت نے جمع کیا، ناقابل فہم ہے۔

اگرچہ فی الواقع دونوں صورتوں میں اس نسخہ محمدی کو رد کرنا ایک المیہ ضرور ہے۔ زرقانی کہتے ہیں:

لا ضیر فی هذا البحث ان یقال: ان

اس بحث میں اس بات کے ماننے میں کوئی حرج

---

[1] آلاء الرحمن ۱: ۲۵۷ [2] بحار الانوار ۴۰: ۱۵۵

علیا اول من جمع القرآن بعد رسول اللہ۔[1]

نہیں کہ رسول اللہ (ص) کے بعد سب سے پہلے علی علیہ السلام نے قرآن جمع کیا ہے۔

کس قدر مقام تعجب ہے کہ جس طرح مستشرقین یہ ثابت کرنے کے لیے کہ قرآن زمانہ رسول (ص) میں جمع نہیں ہوا تھا، لفظ جمع، سے جو بعض روایات میں وارد ہوا ہے کہ رسول اللہ (ص) کے زمانے میں قرآن جمع ہوا تھا، حفظ مراد لیتے ہیں۔ یعنی عصر رسول للہ (ص) میں قرآن حفظ ہوا تھا، جمع نہیں ہوا تھا، بالکل اسی طرح بعض علمائے اسلام حضرت علی علیہ السلام کے جمع قرآن کے بارے میں جو روایات میں لفظ جمع آیا ہے اسے حفظ کے معنی میں لیتے ہیں۔ یعنی آپ (ع) نے سینے میں حفظ کر لیا تھا۔[2] تا کہ یہ ثابت ہی نہ ہو سکے کہ حضرت علی علیہ السلام نے قرآن جمع کیا تھا اور اسے رد کیا گیا۔ و لیست ھذہ اول قارورۃ کسرت فی الاسلام، حالانکہ حضرت علی علیہ السلام نے نسخۂ محمدی کی تدوین کے بعد ایک اونٹ پر لاد کر مسجد نبوی میں اسے اصحاب کے سامنے پیش کیا تھا اور اس واقعے کو تمام مؤرخین نے لکھا ہے اور ڈاکٹر آتھر جفری بھی مانتے ہیں کہ علی (ع) نے قرآن کی تدوین فرمائی تھی۔[3]

یہ نسخہ کہاں ہے؟: پوری ذمہ داری کے ساتھ تو کوئی نہیں کہہ سکتا کہ اب حضرت علی علیہ السلام کا مصحف کہاں ہے۔ لیکن ایسے کچھ نسخے محفوظ تھے یا ہیں جن کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ حضرت علی علیہ السلام کے دست مبارک سے تحریر کردہ ہیں۔

ابن ندیم نے اپنی مشہور کتاب الفہرست میں لکھا ہے:

> میں نے اپنے زمانے ۳۷۷ھ میں ابو یعلی حمزہ حسنی کے پاس قرآن کا ایک نسخہ دیکھا جس کے کچھ اوراق موجود نہ تھے۔ یہ قرآن حضرت علی ابن ابی طالب کے دست مبارک کا لکھا ہوا تھا اور یہ اولاد حسن میں پشت در پشت میراث میں چلا آ رہا ہے۔

مقریزی کہتے ہیں:

> ۵۱۶ھ میں فاطمی وزیر مامون بطائحی نے ایک قرآن جو حضرت علی علیہ السلام کے ہاتھ کا لکھا ہوا تھا، جامع عتیق مصر میں محفوظ کر لیا۔[4]
>
> علاوہ ازیں ترکی میں کتابخانہ ایا صوفیہ میں حضرت علی علیہ السلام کے دست مبارک کا لکھا ہوا ایک قرآن دو جلدوں میں موجود ہے۔
>
> نجف اشرف میں روضۂ امیر المؤمنین علیہ السلام میں ایک نسخۂ قرآن آپ کے ہاتھ کا لکھا ہوا موجود تھا جو بعد میں ضائع ہو گیا۔[5]

---

۱ مناھل العرفان ۱: ۲۴۷
۲ ملاحظہ کیجیے مقدمہ تفسیر بیضاوی وغیرہ
۳ مقدمہ المصاحف ص ۵
۴ خطوط مقریزی بحوالہ رامیار تاریخ القرآن ص ۳۷۴۔
۵ حوالہ سابق

جناب زنجانی اپنی کتاب تاریخ القرآن میں لکھتے ہیں:

و رأیت فی شهر ذی الحجة سنة ۱۳۵۳ه فی دار الکتب العلویة فی النجف الأشرف مصحفاً بالخط الکوفی کتب علی آخره: کتبه علی بن ابی طالب فی سنة اربعین من الهجرة، لتشابه ابی و ابو فی رسم الخط الکوفی قد یظن من لا خبرة له انه کتب علی بن ابو طالب بالواو۔

۱۳۵۳ھ کے ماہ ذی الحجة الحرام میں نجف اشرف کے دارالکتب العلویہ میں خط کوفی میں ایک قرآن میں نے دیکھا جس کے آخر میں تحریر تھا کہ اسے ۴۰ھ میں علی ابن ابی طالب نے لکھا۔ کوفی رسم الخط میں ابی اور ابو تقریباً ایک جیسے ہی لکھے جاتے ہیں اس لیے بے خبر لوگ اسے ابوطالب پڑھتے ہیں۔

حضرت علی علیہ السلام کے مصحف کے علاوہ درج ذیل اصحاب کے مصاحف لوگوں کی دسترس میں تھے۔

۲۔ سالم مولیٰ: سالم، ابو حذیفہ کی زوجہ کے آزاد کردہ غلام تھے۔ آپ کا شمار اصحاب صفہ میں ہوتا ہے۔ آپ کا ایک مصحف تھا۔

۳۔ ابو زید قیس بن سکن: مالک بن انس کہتے ہیں کہ انہوں نے رسول خدا (ص) کے زمانے میں ہی قرآن جمع کیا تھا۔

۴۔ معاذ بن جبل: ان کا مصحف شام اور حمص میں شہرت رکھتا تھا۔

۵۔ ام ورقہ بنت عبداللہ: آپ نے بھی عصر رسول (ص) میں ہی قرآن جمع کر لیا تھا۔

۶۔ سعد بن عبید: یہ عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں شمار ہوتے ہیں۔

۷۔ اُبی بن کعب: ان کا لقب سید القراء اور کنیت ابو المنذر ہے۔ اسلام قبول کرنے سے پہلے ان کا شمار علمائے یہود میں ہوتا تھا اور کتب عہدین پر عبور تھا۔ ان کا مصحف سورتوں کی ترتیب کے اعتبار سے دوسرے مصاحف سے مختلف تھا۔

۸۔ عبداللہ بن مسعود: یہ چھٹے شخص تھے جنہوں نے اسلام قبول کیا۔ اسی لیے انہیں سادس ستة یعنی چھ میں سے چھٹا کہتے تھے۔ ان کے مصحف کو نہایت شہرت حاصل تھی۔

۹۔ ابو الدرداء: ان کا شمار بھی عصر رسول (ص) کے جامعین قرآن میں ہوتا ہے۔

۱۰۔ مقداد بن اسود: ان کا قرآن حمص اور شام میں مشہور تھا۔

۱۱۔ ابو موسیٰ اشعری: ان کا مصحف بصرہ میں رائج تھا اور یہ خود بصرہ کے حاکم بھی رہ چکے تھے۔ ان کے

مصحف کولباب القلوب کہا جاتا تھا۔

۱۲۔ حضرت حفصہ بنت عمر: کہتے ہیں کہ حضرت حفصہ لکھنا پڑھنا جانتی تھیں ۔ انہوں نے بحکم رسول خدا (ص) حضرت لیلی بنت عبد اللہ بن عبد شمس سے کتابت سیکھی تھی۔ انہوں نے اپنے لیے ایک مصحف تیار کیا تھا۔ یہ اس مصحف کے علاوہ تھا جسے حضرت ابو بکر نے جمع کرایا تھا اور حضرت عمر کی وفات کے بعد وہ بھی ان کے پاس موجود تھا۔

۱۳۔ حضرت عائشہ بنت ابی بکر: متعدد روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت عائشہ نے بھی اپنے لیے ایک مصحف تیار کرایا تھا اور اس میں کچھ آیات دوسرے مصاحف سے مختلف تھیں۔

۱۴۔ حضرت ام سلمہ : آپ بھی لکھنا پڑھنا جانتی تھیں۔ چنانچہ آپ نے خود اپنے لیے ایک مصحف تیار کیا تھا۔

۱۵۔ زید بن ثابت: ان کا یہ مصحف اس مصحف کے علاوہ تھا جسے حضرت ابو بکر نے جمع کرایا تھا۔ اس بات کو بڑی شہرت حاصل ہے کہ زید رسول کریم (ص) کے حضور آخری دورۂ قرآن میں حاضر تھے۔ لہٰذا ان کا قرآن بھی عرضۂ اخیر میں شامل سمجھا جاتا تھا۔

۱۶۔ مجمع بن جاریہ: کہتے ہیں کہ ان کا بھی اپنا ایک مصحف تھا۔ انہوں نے عہد رسول (ص) میں پورا قرآن حفظ کر لیا تھا۔ صرف دو سورتیں رہ گئیں تھیں جو انہوں نے بعد رسول (ص) حفظ کیں۔

۱۷۔ عقبہ بن عامر: ان کا بھی اپنا مصحف تھا۔ کہا جاتا ہے کہ یہ مصحف چوتھی صدی ہجری تک موجود تھا۔

۱۸۔ عبد اللہ بن عمر: ان کا شمار بھی زمانہ رسول (ص) میں قرآن جمع کرنے والوں میں ہوتا ہے.

۱۹۔ انس بن مالک: ان کا بھی اپنا ایک مصحف تھا۔

یہ ہیں وہ قرآنی نسخے جو عہد رسول (ص) میں جمع کر لیے گئے تھے۔ ان کی موجودگی میں ضیاع قرآن کا سرے سے کوئی خطرہ نہ تھا۔[1]

اختلاف قراءت اور نسخہ: سوال یہ ہے کہ اگر حضرت ابو بکر نے اپنے زمانے میں قرآن کو ضائع ہونے سے بچانے کے لیے زید بن ثابت سے قرآن جمع کروایا تھا تو یہ نسخہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں کیوں نہ تھا؟ کیونکہ بعد میں جب عہدِ عثمان میں قراءت کا اختلاف پیدا ہوا تو اس نسخے کے معاصر دوسرے نسخوں کا ذکر آتا ہے، مگر اس نسخے کا کہیں ذکر تک نہیں ملتا کہ کچھ لوگ اس مصحف کے مطابق بھی قراءت کر رہے ہوں۔ جیسا کہ کہ دمشق میں ابی بن کعب کا مصحف، حمص میں مقداد کا مصحف، کوفہ میں ابن مسعود کا مصحف اور بصرہ میں ابو موسیٰ کا مصحف رائج تھا۔

---

[1] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو تاریخ قرآن ڈاکٹر رامیار

یہ نسخہ ربعہ میں : اگر قرآن کو ضیاع سے بچانا ہی مقصود تھا اور لوگوں کے پاس قرآن محفوظ نہ تھا تو زید بن ثابت کے سرکاری نسخے کو عام کرنا چاہیے تھا، جب کہ تاریخ گواہ ہے کہ یہ نسخہ ایک صندوق میں بند رہا۔ بقول روایات ایک ربعہ میں بند کر دیا گیا۔ صرف حضرت عثمان کے دور میں ایک مرتبہ یہ نسخہ ربعہ سے نکالا گیا۔ یہ نسخہ حضرت ابوبکر کے بعد حضرت عمر کے پاس آیا۔ ان کی وفات کے بعد حضرت حفصہ کے پاس رہا۔ پھران کی وفات کے بعد مروان بن حکم والی مدینہ نے اسے جلا دیا۔[1]

شاید یہ نسخہ تیار کروانے کی اصل وجہ یہ ہو کہ دیگر اصحاب کے علاوہ حضرت علی (ع) کے پاس تو قرآن کا ایک جامع نسخہ موجود تھا، لیکن ہیئت حاکمہ کے پاس کوئی قرآنی نسخہ موجود نہیں تھا۔

اس سرکاری نسخے کے بارے میں مصر کے مشہور مؤلف ڈاکٹر محمد عبداللہ دراز اپنی کتاب مدخل الی القرآن الکریم ص ۳۸ میں لکھتے ہیں:

و لکن رغم قیمة هذا المصحف العظیمة ورغم ما یستحقه من العنایة التی بذلت فی جمعه فان مجرد بقائه محفوظاً بعنایة عند الخلیفتین الاولین اسبغ علیه الطابع الفردی او الشخصی بعض الشیء و لم یصبح وثیقة للبشر کافة ۔[2]

اس نسخے کی بہت بڑی قدر و قیمت اور اس کے جمع کرنے پر صرف ہونے والی توجہ قابل قدر ہونے کے باوجود اس نسخے کا صرف دونوں خلفاء کے پاس محفوظ رہنے سے اس پر ذاتی اور شخصی تأثر کسی حد تک قائم رہا اور تمام لوگوں کے لیے ایک دستاویز کی حیثیت حاصل نہ کر سکا۔

ڈاکٹر محمد عبداللہ کا تبصرہ بالکل درست ہے کہ اس نسخہ کا امت کے ساتھ کوئی ربط نہ رہا اور امت کے پاس اس نسخے کے علاوہ بہت سے نسخہ ہائے قرآن موجود تھے۔

تضادات: حضور (ص) کے بعد قرآن کے بارے میں جو روایات اہل سنت نے اپنی کتب میں بکثرت درج کی ہیں ، ان میں اس قدر تضادات موجود ہیں کہ کسی ایک روایت پر بھی اطمینان نہیں کیا جا سکتا۔ ان تضادات سے آگاہی حاصل کرنے کے لیے کتاب البیان فی تفسیر القرآن کا مطالعہ کافی رہے گا جہاں اس موضوع کو بڑی تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

کہتے ہیں جنگ یمامہ میں چار سو قاریان قرآن شہید ہونے کی وجہ سے ضیاع قرآن کا خطرہ لاحق ہوا۔ تاریخی حقائق کا مطالعہ کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ یمامہ میں تین ہزار قاریان قرآن شریک تھے۔ ان میں سے صرف چار سو کے شہید ہونے سے قرآن کے ضیاع کا خطرہ کیسے لاحق ہوسکتا ہے؟

عصر ابوبکر میں جمع قرآن: بالفاظ دیگر سرکاری نسخہ تیار کرنے کے واقعے سے مستشرقین کو یہ

---

[1] المصاحف ص ۲۱ ۔ ڈاکٹر جفرے مقدمہ المصاحف ص ۵ [2] ڈاکٹر جفرے مقدمہ المصاحف

موقع ملا کہ وہ یہ نظریہ قائم کریں کہ رسول خدا (ص) کی رحلت کے وقت کوئی نسخہ قرآن امت کے ہاتھوں میں موجود نہ تھا، ورنہ حضرت عمر اور حضرت ابو بکر کو ضیاع قرآن کا خوف لاحق نہ ہوتا۔[1]

ہم نے اوپر بیان کیا ہے کہ ضیاع قرآن کے خوف کا کوئی سبب موجود نہ تھا اور نہ ہی سرکاری نسخے نے قرآن کا تحفظ کیا ہے۔ البتہ اس خوف کی کوئی دوسری وجوہ ہوسکتی ہیں یا اس قول کی نسبت ان کی جانب درست نہیں کہ کسی خوف کا اظہار ہوا تھا۔ اس کا بہترین حل یہ ہے کہ زہری کی اس روایت کو غیر معتبر اور دیگر حقائق سے متصادم ہونے کی وجہ سے مسترد کیا جائے۔

چنانچہ جناب صدیق حسن خان اپنی کتاب جمع و تدوین قرآن صفحہ ۴۹ پر لکھتے ہیں:

اس میں کوئی شک نہیں کہ اس کے غیر معتبر ہونے کے جو دلائل دیے جاتے ہیں وہ ایسے نہیں ہیں کہ انہیں بہ یک نظر مسترد کر دیا جائے۔

عصر عثمان اور قرآن: حضرت عثمان کے زمانے میں اسلام کرۂ ارض کے ایک وسیع خطے پر پھیل گیا تھا اور غیر عرب قومیں بھی اسلام میں داخل ہوگئی تھیں۔ دوسری طرف قرآن کی مختلف قرائتیں رائج تھیں اور اس وسیع و عریض مملکت کے ہر شہر اور ہر علاقے میں ایک قراءت رائج ہوگئی تھی۔ قراءت مختلف ہونے کا مطلب تلفظ میں اختلاف ہے۔ مثلاً یَطْهُرْنَ ایک قراءت ہے جس کا معنی ہے ''پاک ہونا'' جب کہ یَطَّهَّرْنَ دوسری قراءت ہے جس کا معنی ہے ''پاک کرنا''۔

آرمینیا کی جنگ: ان دنوں حضرت حذیفہ[2] (صاحب سر رسول(ص)) آذربائیجان میں جنگ آرمینیا میں شریک تھے۔ اس جنگ میں شام اور عراق کے سپاہی لڑ رہے تھے۔ شام والے اُبی بن کعب کی قرائت پر قرآن پڑھتے تھے اور عراق والے ابن مسعود کی قرائت کے مطابق قرآن پڑھتے تھے۔ ہر ایک کو دوسرے کی قرائت اجنبی معلوم ہو رہی تھی۔ حتیٰ کہ اہل شام اور اہل عراق ایک دوسرے کی تکفیر کرنے لگے۔

حضرت حذیفہ اس صورت حال سے خاصے پریشان ہو گئے وہ آذربائیجان سے سیدھے کوفہ آئے اور یہاں موجود اصحاب رسول(ص) سے اس مسئلے کے بارے میں مشورہ کیا۔ تمام اصحاب نے اس بات پر اتفاق کیا کہ قرآن کی ایک ہی قرائت پر لوگوں کو مجتمع کیا جائے۔ صرف عبداللہ بن مسعود نے اختلاف کیا۔[3]

علمائے امت کا فیصلہ: یہ فیصلہ لے کر حضرت حذیفہ مدینہ پہنچے اور گھر جانے سے پہلے حضرت

---

[1] حوالہ سابق

[2] حضرت حذیفہ بن یمان عراقی الاصل تھے اور سابقین فی الاسلام میں آپ کا شمار ہوتا ہے۔ رسالتمآب (ص) کے رکابدار تھے۔ جب حضور (ص) جنگ تبوک سے واپس تشریف لا رہے تھے تو منافقین کی ایک جماعت تاک میں بیٹھی ہوئی تھی کہ رات کی تاریکی سے فائدہ اٹھا کر رسول (ص) خدا کو شہید کیا جائے، مگر اچانک بجلی چمکنے پر رسول خدا (ص) اور حذیفہ نے ان سب کو دیکھ لیا اور پہچان لیا۔ حضور (ص) نے حضرت حذیفہ سے فرمایا کہ اس راز کو کسی پر ظاہر نہ کرنا۔ چنانچہ حذیفہ وہ واحد صحابی تھے جو منافقین کو جانتے تھے اسی لیے انہیں صاحب السر کہا جاتا تھا۔

[3] ابن اثیر الکامل ۳: ۵۵

عثمان کے پاس حاضر ہوکر دہائی دی: میں ہی واحد پیغام لانے والا ہوں۔ میں خبردار کرتا ہوں۔ حضرت عثمان نے پوچھا: بات کیا ہے؟ حضرت حذیفہ نے فرمایا: اے خلیفہ! لوگوں کی فریاد کو پہنچو۔ حضرت عثمان نے پھر پوچھا: کیا واقعہ پیش آیا ہے؟ حضرت حذیفہ نے کہا:

لوگوں نے کلام خدا میں اختلاف کرنا شروع کر دیا ہے۔ مجھے ڈر ہے کہ مسلمانوں کا حشر بھی وہی نہ ہو جو یہود و نصاریٰ کا ہوا ہے۔

ابن اثیر لکھتے ہیں:

فجمع عثمان الصحابة واخبرهم الخبر، فاعظموه، ورأوا جميعا ما رأى حذيفة۔[1]

چنانچہ حضرت عثمان نے اصحاب کو جمع کیا اور انہیں اس خبر سے آگاہ کیا۔ اصحاب نے اس کو بڑا سانحہ قرار دیا اور سب نے حذیفہ کی تائید کی۔

کمیٹی کی تشکیل: چنانچہ اس مقصد کے لیے اصحاب رسول (ص) پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی.

حضرت عثمان نے اس کمیٹی سے کہا:

يا اصحاب محمدٍ اجتمعوا فاكتبوا للناس اماماً۔[2]

اے اصحاب محمد (ص)! متفق طور پر اس امت کے لیے ایک رہنما نسخہ تیار کرو۔

ابتدائی مرحلے میں چار افراد پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی گئی۔

۱۔ زید بن ثابت
۲۔ سعید بن عاص قرشی
۳۔ عبداللہ بن زبیر
۴۔ عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام[3]

زید بن ثابت اس کمیٹی کے سربراہ مقرر ہوئے۔ اس کمیٹی کے ارکان علمی قابلیت کے فقدان کی وجہ سے اس عظیم کام کو سرانجام دینے سے عاجز رہے۔ چنانچہ نئی کمیٹی تشکیل دی گئی اور اس میں درج ذیل افراد کو شامل کیا گیا:

۱۔ أبی بن کعب
۲۔ عبد الله بن عباس
۳۔ انس بن مالك
۴۔ مالك بن ابی عامر
۵۔ کثیر بن افلح
۶۔ مصعب بن سعد
۷۔ عبد اللّٰه بن فطیمه[4]

اس کمیٹی کی سربراہی أبی بن کعب کر رہے تھے۔

ابو العالیه کہتے ہیں:

---

[1] ابن اثیر الکامل ۳: ۵۵ [2] سیوطی الاتقان فی علوم القرآن ۱: ۱۲۰
[3] تحفة الاحوذی شرح جامع الترمذی [4] التمهید ۱: ۲۸۱

انهم جمعوا القرآن من مصحف ابی بن کعب ، فکان رجال یکتبون یملی علیهم ابی بن کعب۔

انہوں نے قرآن کو ابی بن کعب کے مصحف سے جمع کیا۔ چنانچہ ابی بن کعب املا کراتے تھے اور کچھ لوگ لکھتے تھے۔

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

اما نحن فَنَقْرَؤُهٗ علی قراءة اُبی۔[1]

ہم بھی ابی بن کعب کی قراءت کے مطابق (قرآن) پڑھتے ہیں۔

سرکاری مداخلت: امت قرآن کو ایک ہی قراءت پر متحد کرنے کی تحریک حذیفہ کی جانب سے چلی اور اصحاب رسول (ص) نے ان سے اتفاق کیا اوران کی تائید کی ۔حضرت عثمان نے اپنی مرضی کے چار افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنائی تھی جو کام نہ کرسکی ۔ بعد میں اہل افراد سامنے آئے اورانہوں نے اس عظیم کارنامے کو بطور احسن انجام دیا۔اس طرح وَاِنَّالَهٗ لَحٰفِظُوْنَ[2] کا الٰہی وعدہ پورا ہوگیا۔

ایک حرف کا تغیر: چنانچہ حکومت اس سلسلے میں اس حد تک بے دخل ہوگئی تھی کہ ایک حرف کے تغیر وتبدل پر بھی قادر نہ تھی۔

علباء بن احمد سے روایت ہے:

ان عثمان بن عفان لما اراد ان یکتب المصاحف ارادوا ان یلغوا الواو التی فی براءة وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ ... فقال لهم ابی: لتلحقنها اولاضعن سیفی علی عاتقی فالحقوها[4]

حضرت عثمان جب قرآن لکھوا رہے تھے تو سورہ برائت کی آیت وَالَّذِیْنَ یَکْنِزُوْنَ الذَّهَبَ کی واؤ کو حذف کرانا چاہتے تھے مگر اُبی بن کعب[3] نے کہا: یہ واؤ رہے گی ورنہ ہم تلوار اٹھائیں گے چنانچہ اس واؤ کو رہنے دیا۔

بعد میں قرآن مجید کے دیگر نسخوں کو نذر آتش کرنے پر لوگوں نے حضرت عثمان کو طعن وتشنیع کا نشانہ بنایا تو انہوں نے اپنی صفائی پیش کرتے ہوئے خود کو اس عمل میں دوسروں کا تابع بتایا۔ ملاحظہ ہو ان کا یہ قول:

و انما انا فی ذلك تابع لهؤلاء۔[5]

میں تو اس معاملے میں صرف ان لوگوں کا تابع رہا ہوں۔

حضرت عثمان جامع قرآن نہیں ہیں: حارث محاسبی کہتے ہیں:

---

[1] وسائل الشیعة ۶ : ۱۶۳ [2] حجر : ۹ ۱۵

[3] مستشرقین کا یہ اعتراض درست نہیں ہے کہ ابی بن کعب حضرت عمر کے دور میں وفات پا چکے تھے بلکہ تحقیق یہ ہے کہ حضرت عثمان کے زمانے تک زندہ تھے اور آرمینیا کی جنگ میں شریک ہوئے تھے۔

[4] سیوطی در المنثور ۳ : ۴۱۹ [5] تاریخ طبری ۱ : ۲۵۲

المشهور عند الناس ان جامع القرآن عثمان و ليس كذلك، انما حمل عثمان الناس على القراءة بوجه واحد۔[1]

لوگوں میں مشہور ہے کہ عثمان جامع قرآن ہیں حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ عثمان نے تو لوگوں کو صرف ایک ہی قرائت اختیار کرنے پر آمادہ کیا ہے۔

قاضی ابوبکر اپنی کتاب الانتصار میں لکھتے ہیں:

لم يقصد عثمان قصد ابى بكر فى جمع نفس القرآن بين لوحين، وانما قصد جمعهم على القراءات الثابتة المعروفة عن النبى صلى الله عليه وآله وسلم والغاء ما ليس كذلك، و اخذهم بمصحف لا تقديم فيه و لا تاخير و لا تاويل۔[2]

حضرت عثمان نے حضرت ابوبکر کی طرح قرآن کو جمع کرنے کا ارادہ نہیں کیا تھا بلکہ ان کا مقصد صرف یہ تھا کہ لوگوں کو ان قرائتوں پر مجتمع کیا جائے جو رسول کریم (ص) سے ثابت ہیں اور جو ثابت نہیں، انہیں متروک کیا جائے اور لوگوں کو ایسے قرآن پر مجتمع کیا جائے جس میں نہ تقدیم و تاخیر ہو اور نہ تاویل۔

حبیب الرحمٰن صدیقی مقدمہ تفسیر بیضاوی میں فرماتے ہیں:

و ما اشتهر ان جامعه عثمان فهو على ظاهره باطل لانه انما حمل الناس سنة ۳۵ھ القراءة بوجه واحد.[3]

اور یہ جو شہرت ہوئی ہے کہ حضرت عثمان جامع قرآن ہیں، یہ بات بظاہر باطل ہے۔ کیونکہ انہوں نے تو ۳۵ ہجری میں لوگوں کو صرف ایک قرائت اختیار کرنے پر آمادہ کیا تھا۔

حضرت علی علیہ السلام کا موقف: علامہ حلی اپنی کتاب تذکرہ میں لکھتے ہیں:

حضرت عثمان نے حضرت علی (ع) سے بھی منظوری لی تھی۔

حضرت علی علیہ السلام کا یہ فرمان بھی مشہور ہے جو آپ (ع) نے دور عثمان میں لوگوں کو ایک ہی قرآن پر مجتمع کرنے کے عمل کے انجام پانے کے بعد فرمایا:

لا يهاج القرآن بعد اليوم[4]

آج کے بعد قرآن کبھی مضطرب نہ ہوگا۔

ایک اور مقام پر آپ (ع) نے فرمایا:

ان القرآن لا يهاج اليوم ولا يحول۔[5]

آج قرآن کو قرار آ گیا ہے اور یہ ناقابل تغیر ہو گیا ہے۔

---

[1] السیوطی الاتقان فی علوم القرآن ۱: ۱۲۱
[2] حوالہ سابق
[3] مقدمہ تفسیر بیضاوی
[4] طبرسی۔ تفسیر مجمع البیان ۹: ۲۱۸
[5] تمہید ۱: ۲۸۹

حضرت عثمان کے عہد خلافت میں جب لوگوں کو ایک مصحف پر مجتمع کرنے کی مہم چل رہی تھی تو اس وقت جناب طلحہ نے حضرت علی علیہ السلام سے پوچھا کہ آپ (ع) نے رسول اللہ(ص) کی وفات کے بعد جو قرآن جمع کیا تھا، جسے اس قوم نے مسترد کر دیا تھا، کیا آج آپ(ع) اس قرآن کو دوبارہ پیش نہیں کر سکتے؟ آپ(ع) نے اس کا جواب نہ دیا۔ طلحہ نے ہر چند اصرار کیا مگر آپ نے جواب نہ دیا۔ آخر طلحہ نے کہا: اے ابوالحسن(ع) آپ مجھے اس بات کا جواب کیوں نہیں دیتے؟ آپ (ع) نے فرمایا:

اے طلحہ! میں نے جان بوجھ کر جواب نہیں دیا تھا۔ تم خود بتاؤ کہ لوگوں نے جو کچھ لکھا ہے، کیا یہ قرآن نہیں ہے؟ کیا اس میں غیر قرآن بھی ہے؟ طلحہ نے جواب دیا کہ ہاں جو کچھ بھی لکھا گیا ہے یہ سب کا سب ضرور قرآن ہے، تو آپ(ع) نے فرمایا: اگر تم نے اسی قرآن کو لے لیا تو تمہیں آتش جہنم سے نجات مل جائے گی اور جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔ طلحہ نے کہا کہ اگر قرآن یہی ہے تو بس کافی ہے۔[1]

موجودہ قرآن

گزشتہ مباحث سے یہ بات واضح ہوگئی ہے کہ جو قرآن اس وقت امت کے ہاتھوں میں ہے، وہ:

۱۔ نہ حضرت علی علیہ السلام کا جمع کردہ قرآن ہے،

۲۔ نہ عصر ابی بکر میں جمع شدہ قرآن ہے،

۳۔ نہ حضرت عثمان نے کوئی قرآن جمع کیا تھا،

بلکہ اس وقت ہمارے ہاتھوں میں جو قرآن موجود ہے، وہ عصر رسول (ص) کا تدوین شدہ قرآن ہے جو کہ عصر رسالت (ص) میں ہی امت کے ہاتھوں میں موجود تھا اور عصر رسالت (ص) کے بعد وہی قرآن مختلف نسخوں میں امت کے پاس موجود رہا۔ یہ مختلف نسخے، جس طرح ہمارے زمانے میں چند ایک کمپنیوں کی طرف سے طبع شدہ نسخے رائج ہیں اسی طرح چند ایک اہم نسخے مختلف علاقوں میں رائج ہو گئے۔ چنانچہ:

۱۔ ابی بن کعب کا نسخہ دمشق میں
۲۔ مقداد کا نسخہ حمص میں
۳۔ عبداللہ بن مسعود کا نسخہ کوفہ میں
۴۔ ابوموسیٰ کا نسخہ بصرہ میں رائج تھا۔

ان نسخوں کی قراءتیں بھی قدرے مختلف تھیں جو آگے چل کر وجہ نزاع بن گئیں۔ حضرت حذیفہ رضوان اللہ علیہ کی تحریک پر عصر عثمان میں ان تمام نسخوں کو جمع کیا گیا اور ایک قراءت پر مشتمل ایک نسخہ بنا دیا گیا جو اس وقت ہمارے ہاتھوں میں ہے۔

☆☆☆☆☆

---

[1] کتاب سُلیم بن قیس الھلالی ص ۶۵۷ و بحار الانوار ۳۱: ۴۲۶

نسخ

نسخ کی تعریف۔ بداء ۔ اقسام نسخ ۔ نسخ تلاوت۔ نسخ حکم۔ تاویل۔ تفسیر اور تاویل میں فرق۔ کیا تاویل قرآن صرف خدا جانتا ہے ۔ نفاذ اور انطباق۔ شان نزول۔ نسخہ ہائے قرآن ۔ طبع قرآن ۔ نقطہ نگاری ۔ اعراب ۔

قرآن انسان سازی کا ایک دستور ہے اور یہ قانون فطرت ہے کہ ارتقا و تکامل دفعتاً نہیں بلکہ تدریجاً ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا قوانین و احکام قرآن میں بھی تدریج و تغیر ضروری تھا۔ خصوصاً اس انقلابی اصلاح کا آغاز جس قوم سے کیا جا رہا تھا وہ جاہلیت و وحشت کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھی۔ چونکہ ایک متوحش اور غیر مہذب قوم کی اصلاح دفعتاً نہیں ہوسکتی تھی، اس لیے تشریع اسلامی میں نسخ کا ہونا لازمی اور ضروری تھا۔

نسخ کی تعریف: شریعت مقدسہ میں ایک ثابت حکم کو دوسرے حکم کے ذریعے اٹھا لینا۔

اس کی مزید وضاحت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک خاص حکم کو کسی مصلحت کے تحت مقررہ مدت کے لیے نافذ فرماتا ہے، مگر از راہ مصلحت و حکمت اس امر کا اظہار نہیں کرتا کہ یہ حکم ایک خاص معینہ مدت کے لیے محدود ہے۔ بعد میں نسخ کے ذریعے بتایا جاتا ہے کہ اس حکم کی مدت ختم ہوگئی ہے۔

لہٰذا نسخ میں صرف ایک نکتہ قابل توجہ ہے اور وہ یہ کہ پہلے سے یہ نہیں بتایا جاتا کہ یہ حکم صرف ایک خاص مدت کے لیے محدود ہے اور اس نہ بتانے میں بہت سے مصلحتیں ہوتی ہیں۔ اس نہ بتانے کی وجہ سے اس حکم کے دائمی ہونے کا جو تصور لوگوں کے ذہن میں قائم ہوتا ہے، حقیقت میں اس تصور کا نسخ ہے، نہ کہ حکم واقعی کا نسخ۔ پس نسخ کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ اللہ کا نظریہ بدل گیا ہے۔

بداء: جیسا کہ نسخ میں بیان کیا گیا ہے کہ حکم شرعی پہلے ہی سے اللہ کے نزدیک ایک خاص وقت کے لیے مخصوص تھا، لیکن کسی مصلحت کی بنیاد پر اس کا اظہار نہیں ہوا تھا۔ بعد میں نسخ کے ذریعے اظہار ہوا تو لوگوں کے تصور کے مطابق سابقہ حکم اٹھا لیا گیا۔ بالکل اسی طرح بداء بھی یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کا فیصلہ پہلے سے طے ہوتا ہے، لیکن اس فیصلے کا اظہار نہیں کیا جاتا تو لوگوں کے اذہان میں یہ تصور قائم ہوتا ہے کہ یہ فیصلہ ہمیشہ کے لیے ہے۔ بعد میں جب اللہ تعالیٰ پہلے سے طے شدہ فیصلے کا اظہار فرماتا ہے تو لوگوں کو بداء یعنی تبدیلی معلوم ہوتی ہے۔ لہٰذا بداء کسی امر کے بارے میں لوگوں کے تصور کی تبدیلی ہے، نہ کہ واقعی حکم اور فیصلے کی تبدیلی۔ چنانچہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے:

ما بدا للّٰہ فی شیء الا کان فی علمہ قبل ان یبدو لہ۔[1]	اللہ کو کسی شے کے بارے میں بداء نہیں ہوتا مگر یہ کہ اللہ کو اس کا پہلے سے علم ہوتا ہے۔

---

[1] اصول الکافی ۱: ۱۴۸ باب البداء

پس بداء کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ اللہ کا نظریہ بدل گیا ہے۔ بداء اور نسخ میں فرق صرف یہ ہے کہ نسخ تشریعی امور میں ہوتا ہے اور بداء تکوینی امور میں۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

يَمْحُوا اللّٰهُ مَا يَشَآءُ وَ يُثْبِتُ ۚ وَعِنْدَهٗۤ اُمُّ الْكِتٰبِ ○ [1]

اللہ جسے چاہتا ہے مٹا دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے قائم رکھتا ہے اور اسی کے پاس ام الکتاب ہے۔

عقیدۂ بداء سے اللہ تعالیٰ کی طرف جہالت کی نسبت لازم نہیں آتی بلکہ بداء کا مطلب یہ ہے کہ ہر شے اللہ کے قبضۂ قدرت میں ہے، وہ جیسے چاہتا ہے کائنات میں تصرف کرتا ہے۔

یہ یہود کا عقیدہ ہے کہ اللہ بے بس ہے۔ روز ازل اس نے جو فیصلہ کر دیا اسے نہ بدل سکتا ہے نہ اس میں تبدیلی لا سکتا ہے۔ یعنی قضا و قدر کے ذریعے روز ازل جو فیصلہ کر دیا ہے، اس فیصلے کے خلاف اور کوئی قدم نہیں اٹھا سکتا۔ یہود کے اس باطل نظریے کو قرآن نے رد کیا ہے:

وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ ؕ غُلَّتْ اَيْدِيْهِمْ وَ لُعِنُوْا بِمَا قَالُوْا ۘ بَلْ يَدٰهُ مَبْسُوْطَتٰنِ ۙ يُنْفِقُ كَيْفَ يَشَآءُ ؕ ... [2]

اور یہود کہتے ہیں: اللہ کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، خود ان کے ہاتھ باندھے جائیں اور ان پر لعنت ہو اس (گستاخانہ) بات پر بلکہ اللہ کے تو دونوں ہاتھ کھلے ہوئے ہیں وہ جس طرح چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

عقیدہ بداء سے ہی انسان اپنے خالق کی طرف رجوع کرتا ہے کہ وہی عطا و بخشش والا ہے۔ انسان دست سوال دراز کرتا ہے کہ وہ کریم ہے اور پھر اپنی پوری زندگی میں ذات الٰہی سے وابستگی اختیار کرتا ہے۔ اس طرح ایک پر امید زندگی بسر کرتا ہے۔ اگر عقیدہ بداء نہ ہو اور انسان یہ سمجھے کہ تقدیر میں جو لکھا ہے وہی ہو کر رہے گا اور انسان کچھ نہیں جانتا کہ اس کی تقدیر میں کیا لکھا ہے تو وہ یاس و ناامیدی میں مبتلا رہے گا اور پھر اللہ کی بارگاہ میں تضرع اور انکساری کے ساتھ رجوع نہیں کرے گا۔ اسی طرح دعا و صدقات کا فلسفہ بھی بے معنی ہو کر رہ جاتا ہے۔

عقیدہ بداء سے علم خدا اور علم بشر کا فرق بھی سامنے آتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تو ازل سے ہر چیز کو جانتا ہے لیکن بشر کو معلوم نہیں ہوتا کہ اللہ کی مشیت کیا ہے۔ اس لیے بندہ ہمیشہ مشیت الٰہی کا طالب ہوتا ہے اور یہی وجہ ہے کے معصوم (ع) سے روایت ہے:

ما عبد اللّٰه بشیء مثل البداء۔ [3]

اللہ کی پرستش کے لیے بداء سے بہتر کوئی چیز نہیں ہے۔

یہ لفظ بداء صحیح بخاری میں بھی وارد ہوا ہے۔ ابو ہریرہ راوی ہے:

سمع رسول اللّٰه یقول: ان ثلاثة فی

انہوں نے رسول کریم (ص) کو فرماتے سنا کہ بنی

---

[1] ۱۳/ رعد: ۳۹ [2] ۵/ مائدہ: ۶۴ [3] اصول الکافی باب البداء ۱: ۱۴۶

بنی اسرائیل ابرص و اقرع و اعمی بدا لله ان یبتلیهم فبعث الله الیهم ملکاً۔[1]

اسرائیل میں تین شخص ایسے تھے جن میں ایک مبروص، دوسرا اندھا اور تیسرا کوڑھی تھا۔ اللہ تعالیٰ کو بداء ہوا کہ ان کا امتحان لیا جائے۔ چنانچہ اس نے ان کے پاس ایک فرشتہ بھیجا۔

صحیح ترمذی، سنن ابن ماجہ اور مستدرک حاکم میں ہے:

قال رسول الله:لا یرد القضاء الا الدعاء ولا یزید فی العمر الا البر۔

رسول اللہ(ص) نے ارشاد فرمایا کہ قضائے الٰہی کو صرف دعا روک سکتی ہے اور نیکی ہی سے عمر دراز ہوتی ہے۔

حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ خوئی اعلی اللہ مقامہ بداء کی تشریح وتوضیح کے بعد فرماتے ہیں:

و انهم نسبوا الی الشیعة ماهم براءٌ منه ، وانهم لم یحسنوا فی الفهم ولم یحسنوا فی النقد ، ولیتهم اذلم یعرفوا تثبتوا او توقفوا کما تفرضه الامانة فی النقل و کما تقتضیه الحیطة فی الحکم و الورع فی الدین۔[2]

انہوں نے شیعوں کی طرف اس چیز کی نسبت دی ہے جس سے وہ بری الذمہ ہیں۔ انہوں نے نہ تو درست سمجھنے کی کوشش کی اور نہ ہی تنقید کا صحیح اصول اپنایا۔ کاش مطلب واضح نہ ہو سکنے پر یہ لوگ تحقیق سے کام لیتے یا کچھ توقف کرتے (تاکہ حق ان پر واضح ہوجائے)، پھر کسی کا عقیدہ ونظریہ بیان کرنے میں امانت فی النقل کا تقاضا بھی یہی تھا اور یہ بھی ایک مسلمہ امر ہے کہ فیصلے کرنے سے پہلے آگاہی حاصل کرنا اور تقویٰ اختیار کرنا چاہیے (مگر ان لوگوں نے بہتان طرازی میں جلد بازی سے کام لیا)۔

اقسام نسخ: علمائے اہل سنت نے نسخ قرآن کی چند اقسام بیان کی ہیں۔ ذیل میں ہم ان اقسام کا ذکر کریں گے اور ساتھ امامیہ کا نقطۂ نظر بھی بیان کریں گے۔

۱۔ نسخ الحکم والتلاوۃ: یعنی قرآن کی آیت کو بھی اٹھا لیا گیا اور حکم کو بھی۔ بایں معنی کہ بعض آیات قرآن کا حصہ تھیں اور مسلمان ان آیات کو بطور قرآن تلاوت کیا کرتے تھے نیز ان میں ایک شرعی حکم بھی موجود تھا لیکن بعد میں ان آیات کو قرآن سے حذف کر دیا گیا اور حکم بھی منسوخ ہو گیا۔

علامہ زرقانی لکھتے ہیں:

اما نسخ الحکم والتلاوة جمیعاً فقد اجمع علیه القائلون بالنسخ من المسلمین۔[3]

جہاں تک حکم وتلاوت کے نسخ کا مسئلہ ہے تو مسلمانوں میں سے جو لوگ نسخ کے قائل ہیں ان سب نے اس مسئلے میں اجماع کیا ہے۔

---

[1] صحیح بخاری ۲: ۳۶۱ طبع دار الاشاعت کراچی
[2] البیان فی تفسیر القرآن امام الخوئی، ص ۳۸۳
[3] زرقانی، مناهل العرفان فی علوم القرآن ۲: ۱۱

امامیہ کے نزدیک اس قسم کا نسخ باطل ہے اور کتاب خدا اس سے بالاتر ہے کہ اس کی بعض آیات کو قرآن کا حصہ قرار دینے کے بعد حذف کر دیا جائے یا اٹھا لیا جائے ۔ امامیہ کے نزدیک صرف وہ آیات قرآن کا حصہ ہیں جو تواتر سے ثابت ہوں۔

علمائے اہل سنت اس قسم کی کچھ آیات کو بھی قرآن کا حصہ مانتے ہیں جو غیر متواتر احاد روایات کے ذریعے منقول ہیں۔ پھر ان آیات کو موجودہ قرآن میں نہیں پاتے تو نسخ تلاوت کا نظریہ قائم کرتے ہیں اور یہ نظریہ اس لیے قائم کرتے ہیں کہ یہ روایتیں کتب صحاح میں موجود ہیں جنہیں قبول کرنا اہل سنت نے اپنے مذہب میں لازمی قرار دے رکھا ہے۔ چنانچہ صحیح مسلم اور صحیح ابن حبان میں یہ روایت درج ہے کہ حضرت عائشہ نے فرمایا:

كان فيما انزل من القرآن "عشر رضعات معلومات يحرمن" ثم نسخن بخمس معلومات فتوفى رسول الله و هن فيما يقرأ من القرآن ۔[1]

قرآن میں یہ آیت بھی نازل ہوئی تھی کہ" واضح طور پر دس مرتبہ دودھ پلانے والیاں حرام ہو جاتی ہیں" پھر یہ آیت پانچ مرتبہ دودھ پلانے کے حکم سے منسوخ ہو گئی، حالانکہ رسول کریم (ص) کی وفات کے وقت تک یہ آیات قرآن میں تلاوت کی جاتی تھیں ۔

اس روایت سے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ آیت رسول خدا (ص) کی وفات تک قرآن میں موجود تھی اور آپ (ص) کی وفات کے بعد ہی قرآن سے حذف کر دی گئی اور بقول ان حضرات کے ایسا حضرت ابوبکر کے زمانے میں ہوا جیسا کہ مولانا حبیب الرحمٰن صدیقی کاندھلوی مقدمۂ تفسیر بیضاوی میں لکھتے ہیں:

نعم اسقط زمن الصديق مالم يتواتر و نسخت تلاوته۔[2]

ہاں حضرت صدیق کے زمانے میں ان آیات کو حذف کر دیا گیا جو غیر متواتر تھیں اور ان کی تلاوت بھی منسوخ کر دی گئی۔

قابل توجہ ہے کہ حضرت عمرؓ کی طرف نسبت دی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا: القرآن الف الف حرف (الاتقان) قرآن دس لاکھ حروف پر مشتمل ہے۔ جب کہ قرآن مجید کے کل حروف تین لاکھ تئیس ہزار چھ سو اکہتر (۳۲۳۶۷۱) ہیں۔ بنا بر ایں موجودہ قرآن سے چھ لاکھ چھہتر ہزار تین سو انتیس (۶۷۶۳۲۹) حروف غائب ہیں۔

حق تو یہ تھا کہ اس روایت کو حرمت قرآن کے منافی اور قرآنی مسلمات کے خلاف قرار دے کر مسترد کر دیا جاتا مگر مقام افسوس ہے کہ جلال الدین سیوطی نے الاتقان میں بڑی صراحت اور جسارت کے ساتھ لکھ دیا:

---

[1] صحیح مسلم ۲: ۱۰۷۵۔ صحیح ابن حبان ۱۰: ۳۶ [2] ماخوذ از روح المعانی

قد حمل ذلك على ما نسخ رسمه من القرآن ايضاً اذا لموجود لا يبلغ هذا الحد۔

اس روایت کو اس بات پر محمول کیا گیا ہے کہ یہ حصہ قرآن سے منسوخ الرسم ہو گیا ہے کیونکہ موجودہ قرآن میں اس مقدار کے حروف موجود نہیں ہیں۔

کس قدر مقام حیرت ہے کہ قرآن قرآن کا دو تہائی منسوخ الرسم ہو جائے اور صرف ایک تہائی باقی رہ جائے۔

مقام تعجب ہے کہ نسخ تلاوت پر قطعاً کوئی دلیل نہیں ہے۔ جس بات کو دلیل کے طور پر پیش کیا جاتا ہے وہ علمی حلقوں میں مضحکہ ہے۔ کہتے ہیں: آیت رجم صحیح بخاری میں مذکور ہونے کی وجہ سے قرآن کا حصہ ہے۔ آیت رجم چونکہ موجودہ قرآن میں نہیں ہے لہٰذا نسخ تلاوت کے ذریعے اس آیت کو اٹھا لیا گیا۔

تعجب یہ ہے کہ اول خبر واحد سے قرآن ثابت نہیں ہوتا ثانیاً قرآن کا ناسخ قرآن ہوتا ہے۔ حتیٰ کہ خبر واحد متواتر سے قرآن کے منسوخ ہونا واقع ہونے کا کوئی قائل نہیں ہے۔ نسخ تلاوت صرف ایک مفروضہ ہے جس کوئی حقیقت نہیں ہے۔

اسی وجہ سے جدید محققین نسخ تلاوت کو مسترد کرتے ہیں۔ چنانچہ علامہ محمد صدیق الغماری نے نسخ تلاوت کی رد میں ایک مستقل کتاب بنام ذوق الحلاوة ببيان امتناع نسخ التلاوة لکھی ہے۔

شیعہ امامیہ کے نزدیک یہ قرآن کی عظمت کے خلاف بڑی جسارت ہے اور اس نظریے سے تحریف قرآن لازم آتی ہے کہ عصر رسالت (ص) کے بعد قرآن کا کچھ حصہ اس میں سے حذف کر دیا گیا۔

شیعہ امامیہ کے نزدیک قرآن عصر رسالت (ص) میں مدون تھا اور ہر سال قرآن کی بازخوانی ہوتی تھی اور رسول خداؐ کی وفات کے بعد کوئی آیت حذف نہیں کی گئی جب کہ یہ خدا کا وعدہ بھی ہے کہ قرآن کے ساتھ کوئی دست درازی نہیں ہوسکتی۔

صرف امامیہ ہی نہیں بلکہ خود اہل سنت کے ایک معتدبہ گروہ نے بھی اس نظریے کو یہ کہکر رد کر دیا ہے کہ یہ عظمت قرآن کے منافی ہے اور اس سے تحریف قرآن ثابت ہوتی ہے۔

۲۔ نسخ تلاوت: یعنی قرآن سے ایک آیت کو اٹھا لیا جائے مگر حکم باقی رکھا جائے۔ اس قسم کے نسخ کو بھی علمائے شیعہ نے اجماعی طور پر مسترد کیا ہے۔ علمائے شیعہ کا نظریہ ہمیشہ یہ رہا ہے کہ قرآن صرف تواتر کے ذریعے ہی ثابت ہوسکتا ہے۔ خبر واحد سے چونکہ قرآن ثابت ہی نہیں ہوتا، اس لیے نسخ بھی قرآن کے ثبوت پر موقوف ہونے کی وجہ سے ثابت نہیں ہوسکتا۔ کسی آیت کو قرآن کا حصہ تسلیم کرلینے کے بعد خبرواحد کے ذریعے اس کے منسوخ ہونے کا نظریہ عیناً تحریف قرآن کا نظریہ ہے۔

مگر مقام حیرت ہے کہ تقریباً تمام علمائے اہل سنت نے اتفاق کیا ہے کہ نسخ تلاوت واقع ہوا ہے۔ چنانچہ آمدی متوفی ۶۳۱ھ لکھتے ہیں:

اتفق العلماء علی جواز نسخ التلاوۃ دون الحکم۔[1]

تمام علماء کا اس بات پر اجماع ہے کہ حکم کے بغیر صرف تلاوت منسوخ ہوسکتی ہے۔

اس قسم کے نسخ کے لیے وہ ان روایات سے استدلال کرتے ہیں جن کا ذکر تحریف قرآن کے مسئلے میں تفصیل سے ہوا ہے۔ مثلا آیہ رجم اور یہ کہ سورہ احزاب، سورہ بقرہ کے برابر تھی وغیرہ۔[2]

حالانکہ کسی آیت کا منسوخ یا غیر منسوخ ہونا تو بعد کی بات ہے، پہلے تو اس کا جزو قرآن ہونا ثابت ہونا چاہیے اور وہ بھی تواتر سے، خبر واحد کے ذریعے نہیں، خواہ وہ واحد روایت کتنی ہی صحیح السند کیوں نہ ہو۔ پھر اگر آیت جزو قرآن ثابت ہو جائے تو اسے منسوخ قرار دینے کے لیے بھی خبر واحد کافی نہیں، یہ بھی تواتر سے ہونی چاہیے۔

لیکن مقام تعجب ہے کہ غیر امامیہ کے وہ محققین بھی جو نسخ کی پہلی قسم کو مسترد کرتے ہیں، اس قسم کے نسخ کے قائل ہیں، حالانکہ ان دونوں میں کوئی خاص فرق نہیں ہے۔ ان دونوں کے تسلیم کرنے سے تحریف قرآن لازم آتی ہے۔

اور اسی حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ کچھ آیات کو جزو قرآن تسلیم کر کے تلاوت منسوخ کرنا عیناً تحریف قرآن کا نظریہ قرار پاتا ہے۔ اس لیے اہل سنت کے کچھ دانشور اس نظریے کو تقدس قرآن کے خلاف تصور کرتے ہوئے اسے مسترد کرتے ہیں۔[3]

۳۔ نسخ حکم: یعنی آیت برقرار رہے اور اس کا حکم منسوخ ہو جائے تو اسے نسخ حکم کہتے ہیں۔ اس قسم کے نسخ پر تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے۔ بس ایسا ہی نسخ قرآن مجید میں واقع ہوا ہے۔ مثلاً قرآن مجید میں یہ حکم نازل ہوا کہ جب کوئی شخص رسول خدا (ص) سے تخلیہ میں سرگوشی کرنا چاہے تو پہلے صدقہ دے۔ اس سلسلے میں یہ آیت نازل ہوئی:

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَاجَیْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا بَیْنَ یَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ... [4]

اے ایمان والو! جب تم رسول سے سرگوشی کرنا چاہو تو اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقہ دے دیا کرو۔

اس آیت کے نزول کے بعد حضرت علی علیہ السلام نے ایک دینار کے دس درہم لیے۔ ایک ایک درہم صدقہ فرماتے اور رسول کریم (ص) سے سرگوشی کرتے۔ حضرت علی علیہ السلام کے علاوہ کسی اور شخص نے صدقہ دے کر اس آیت پر عمل نہیں کیا۔[5]

اس حکم کے بعد لوگوں کی سرگوشیاں رک گئیں اور کسی نے اس آیت پر عمل نہ کیا سوائے علی علیہ السلام کے۔ آخر کچھ عرصے بعد درج ذیل آیت کے ذریعے صدقہ دینے کا حکم منسوخ ہو گیا اور ساتھ سرزنش بھی ہوئی:

---

[1] الاحکام للآمدی فی اصول الاحکام ۳: ۱۵۴ [2] زرقانی ۔ مناھل العرفان فی علوم القرآن
[3] صبحی صالح۔ مباحث فی علوم القرآن ص ۲۶۵ [4] ۵۸ مجادلۃ: ۱۲ [5] طبری، تفسیر ۲۸: ۱۵ و فتح القدیر ۵: ۱۸۶

ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا بَيْنَ يَدَیْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ؕ فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا وَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ ....[1]

کیا تم اپنی سرگوشیوں سے پہلے صدقہ دینے سے ڈر گئے ہو؟ اب جب تم نے ایسا نہیں کیا اور اللہ نے تمہیں معاف کر دیا تو تم نماز قائم کرو....

قرآن مجید میں متعدد احکام ایسے ہیں جنہیں دوسری قرآنی آیات کے ذریعے منسوخ کیا گیا ہے۔ ناسخ و منسوخ کا جاننا علم القرآن کا اہم ترین باب ہے۔ ہمارے علماء نے اسی موضوع کی اہمیت کے پیش نظر اس پر مستقل کتابیں تصنیف کی ہیں۔

سب سے پہلے اس موضوع پر ابو محمد عبد اللّٰہ بن عبد الرحمن الاصم المسمعی نے رسالة الناسخ و المنسوخ کے نام سے ایک کتاب تحریر کی۔ آپ حضرت امام جعفر صادق (ع) کے شاگرد تھے۔

تاویل: اس کا مشہور مفہوم تو یہ ہے کہ ظاہر کلام سے جو مطلب اذہان میں آتا ہے، اس کے علاوہ کوئی اور دقیق مطلب مراد لیا جائے جو عام لوگوں کی فہم سے بالاتر ہو۔ مثلاً اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا فِي الْاَرْضِ [2] ''کیا وہ زمین میں سیر نہیں کرتے'' کا مطلب یہ لیا جائے۔ اولم ینظروا الی القرآن'' کیا وہ قرآن کو نہیں دیکھتے؟'' وغیرہ۔

تاویل کی یہ تشریح اہل تحقیق کے نزدیک ہرگز درست نہیں ہے، بلکہ تاویل کا مطلب ہے کہ ہر حکم اور عمل کا منطقی محور، جس پر قرآنی احکام و قوانین کا دار و مدار ہوتا ہے۔

جیسے ارشاد الٰہی ہے:

وَ اَوْفُوا الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّ اَحْسَنُ تَاْوِيْلًا ۝ [3]

اور تم ناپتے وقت پیمانے کو پورا کر کے دو اور جب تول کر دو تو ترازو سیدھی رکھو، بھلائی اسی میں ہے اور انجام بھی اسی کا زیادہ بہتر ہے۔

ایک اور مقام پر کچھ اس سے زیادہ واضح طور پر تاویل کا معنی سامنے آتا ہے:

بَلْ كَذَّبُوْا بِمَا لَمْ يُحِيْطُوْا بِعِلْمِهٖ وَ لَمَّا يَاْتِهِمْ تَاْوِيْلُهٗ ؕ ....[4]

حقیقت یہ ہے کہ انہوں نے اس چیز کو جھٹلایا جو ان کے احاطہ علم میں نہیں آئی اور ابھی اس کا انجام بھی ان کے سامنے نہیں کھلا۔

تاویل کی مزید وضاحت حضرت موسیٰ اور حضرت خضر علیہما السلام کے واقعے سے ہو جاتی ہے کہ جب حضرت خضر (ع) نے کشتی میں سوراخ کر دیا، ایک بچے کو قتل کیا اور ایک افتادہ دیوار کو درست کرنا شروع کیا تو حضرت موسیٰ (ع) سے ضبط نہ ہو سکا کیونکہ حضرت موسیٰ (ع) ان اقدامات کے مرکزی نکتے اور ان میں پوشیدہ

---

[1] ۵۸ مجادلة: ۱۳ [2] ۳۰ روم: ۹ [3] ۱۷ اسراء: ۳۵ [4] ۱۰ یونس: ۳۹

اسرار وحکمت سے آگاہ نہ تھے۔ چنانچہ ان اقدامات میں پوشیدہ اسرار اور حکمتوں کے بیان کے بعد ارشاد ہوتا ہے:

ذٰلِكَ تَاْوِيْلُ مَا لَمْ تَسْطِعْ عَّلَيْهِ صَبْرًا ۝ ....[1]

یہ ہے ان باتوں کی تاویل جن پر آپ صبر نہ کر سکے۔

مندرجہ بالا اور دیگر قرآنی استعمالات کے مطابق تاویل کا مطلب نہ ظاہری معنی ہے اور نہ باطنی معنی بلکہ تاویل کا مطلب اللہ کے احکام کے اندر پوشیدہ وہ حکمتیں اور اسرار ہیں جن کا علم صرف اللہ کے پاس ہے یا ان بندگانِ خاص کے پاس ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے خزانۂ غیب کے علوم سے نوازا ہے:

وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ ....[2]

اس کی (حقیقی) تاویل تو صرف خدا اور علم میں راسخ مقام رکھنے والے ہی جانتے ہیں۔

حضرت آیۃ اللہ العظمیٰ خوئی قدس سرہ فرماتے ہیں:

و قد يستعمل التاويل و يراد منه العاقبة وما يؤول اليه الامر و على ذلك جرت الآية الكريمة۔[3]

تاویل سے کبھی انجام اور کسی امر کی بازگشت مراد لی جاتی ہے اور آیۂ شریفہ بھی اس معنی کے مطابق ہے۔

تفسیر اور تاویل میں فرق: کسی آیت میں مقصود الٰہی کی وضاحت کو تفسیر کہتے ہیں[4] اور کسی حکم یا عمل کے مرکزی نکتے اور حکمت کو تاویل کہتے ہیں

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے:

ظهره تنزيله و بطنه تاويله ۔[5]

قرآن کا ظاہری معنی تنزیل اور باطنی معنی تاویل ہے.

کیا تاویل قرآن صرف خدا جانتا ہے؟: اہل سنت کی ایک جماعت اس بات کی قائل ہے کہ تاویل قرآن صرف خدا جانتا ہے۔ جب کہ شیعہ امامیہ اور بعض علمائے اہل سنت کے نزدیک یہ نظریہ درست نہیں ہے۔ ان کے نزدیک قرآن یا اس کا کوئی حصہ ایسا نہیں ہے جو انسانوں کے لیے قابل استفادہ نہ ہو۔ قرآن تو انسان کی ہدایت کے لیے نازل ہوا ہے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن میں تدبر اور غور وفکر کی دعوت دی ہے۔ اگر قرآن کا کچھ حصہ ناقابل فہم ہے تو نہ تو یہ ہدایت کا ذریعہ بن سکتا ہے اور نہ ہی اس میں غور وفکر کی کوئی گنجائش رہتی ہے۔ کوئی کبھی بھی ایسا کلام نہیں کرتا جس کا مطلب خود اس کے علاوہ دوسرا کوئی نہ سمجھ سکے۔ اس سے تو مقصد کلام ہی ختم ہو جاتا ہے۔

آیہ کریمہ:

---

[1] ۱۸ کہف: ۸۲ [2] ۳ آل عمران: ۷ [3] البیان، امام الخوئی ص ۲۲۳
[4] البیان فی تفسیر القرآن ۔ الامام الخوئی۔ اردو ترجمہ ص ۳۹۵ [5] وسائل الشیعۃ ۲۷: ۱۹۶

وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا ...[1]

اس کی (حقیقی) تاویل تو صرف خدا اور علم میں راسخ مقام رکھنے والے ہی جانتے ہیں جو کہتے ہیں: ہم اس پر ایمان لے آئے ہیں۔ یہ سب کچھ ہمارے رب کی طرف سے ہے۔

میں وَالرَّاسِخُونَ فِي الْعِلْمِ کوئی نیا جملہ نہیں ہے بلکہ سابقہ جملے پر عطف ہوا ہے اور آیت کا مطلب یہ بنتا ہے کہ اس کی تاویل اللہ اور راسخون فی العلم کے سوا کوئی نہیں جانتا اور جملہ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ كُلٌّ مِّنْ عِندِ رَبِّنَا جملہ مستانفہ حالیہ ہے۔

اس مفہوم کو تفسیر و ادب عربی کے بہت سے ماہرین نے ادبی شواہد اور قرآنی سیاق و سباق کی روشنی میں اخذ کیا ہے۔[2]

کیونکہ راسخون فی العلم علمِ تاویل کے ساتھ ہی مربوط ہوسکتا ہے۔ آمنا کے لیے رسوخ فی العلم کی ضرورت نہیں ہے۔ مزید برآں ایمان والوں سے تو یہ بھی کہا گیا ہے:

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا آمِنُوا ... [3] اے ایمان والو! سچا ایمان لے آؤ۔

یعنی ایمان میں پختگی نہیں ہے اس لیے نئے سرے سے ایمان لانے کی ضرورت ہے۔

اللہ کی ذات وہ ہے جس نے بہترین کلام کو کتاب متشابہ کی صورت میں نازل فرمایا۔

لیکن اس سے مراد یہ ہے کہ قرآن کے شیریں اسلوب اور اس کے اعجازِ الٰہی ہونے میں ساری آیات باہم مشابہت و مماثلت رکھتی ہیں۔ غیر خدا کا کلام یعنی ادیبوں کے اشعار اور مقالات و خطبات جہاں فصاحت و بلاغت کے شاہکار ہوتے ہیں وہاں ان میں کمزور پہلو اور سرقت شعری و فکری کا عنصر ضرور دکھائی دیتا ہے، مگر قرآن میں اس قسم کا کوئی پہلو نظر نہیں آتا۔ یہ اول سے لے کر آخر تک معجزہ ہے اور اس کے اعجاز میں کہیں فرق نظر نہیں آتا۔ حتیٰ کہ یہ ایک ہی مطلب متعدد مقامات پر پیش کرتے وقت مختلف اسلوبِ کلام اختیار کرتا ہے لیکن یہ نہیں کہا جا سکتا کہ دوسرا اسلوب پہلے سے یا پہلا دوسرے سے کمتر ہے۔ دونوں اسلوب معجزہ اور دونوں فصاحت و بلاغت کا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ اس اعتبار سے پورا قرآن باہم متشابہ ہے۔

دوسری طرف کچھ آیات سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ پورا قرآن محکم ہے۔ ارشاد الٰہی ہے:

كِتَابٌ أُحْكِمَتْ آيَاتُهُ ....[4] یہ وہ کتاب ہے جس کی آیات مستحکم کی گئی ہیں۔

لیکن اس سے مراد یہ ہے کہ آیات کا مجموعہ یعنی قرآن ایک ناقابل خلل دستور ہے اور اس کے قوانین محکم اور مضبوط بنیادوں پر استوار ہیں۔ اس کے افکار کی پختگی، قوانین کے باہمی ارتباط اور نظام کی ہم آہنگی میں کوئی خلل نہیں ہے۔

بعض آیات قرآنی یہ بتاتی ہیں کہ قرآن کی آیات دو قسم کی ہیں: کچھ محکم اور کچھ متشابہ۔ جیسا کہ قرآن میں ارشاد ہے:

هُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ عَلَیۡکَ الۡکِتٰبَ مِنۡهُ اٰیٰتٌ مُّحۡکَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الۡکِتٰبِ وَ اُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ...۔[1]

وہی ذات ہے جس نے آپ پر وہ کتاب نازل فرمائی جس کی بعض آیات محکم (واضح) ہیں، وہی اصل کتاب ہیں اور کچھ متشابہ ہیں۔

اس بات میں شک و شبہے کی گنجائش نہیں کہ قرآن میں چند متشابہ آیات موجود ہیں اور ایسی آیات بہت کم ہیں۔

کچھ لوگوں کا خیال ہے کہ قرآن میں متشابہ آیات نہیں ہیں کیونکہ اگر اس میں متشابہ آیات ہوتیں تو لوگ انہیں نہ سمجھ سکتے۔ اس طرح قرآن سب لوگوں کے لیے سرچشمۂ ہدایت نہیں بن سکتا تھا، جب کہ خود قرآن کہتا ہے:

هٰذَا بَیَانٌ لِّلنَّاسِ وَ هُدًی وَّ مَوۡعِظَةٌ لِّلۡمُتَّقِیۡنَ ○[2]

یہ (عام) لوگوں کے لیے ایک واضح بیان ہے اور اہل تقویٰ کے لیے ہدایت و نصیحت ہے۔

جبکہ کچھ اور لوگوں کا خیال ہے کہ قرآن پورے کا پورا متشابہ ہے اور سب کے لیے قابل فہم نہیں ہے۔

یہ دونوں نظریے ناقابل قبول ہیں۔ کیونکہ قرآن میں متشابہ آیات کا موجود ہونا اس بات کے منافی نہیں کہ قرآن ہدایت کا سرچشمہ ہے، کیونکہ قرآن میں کوئی ایسی آیت موجود نہیں ہے جو کسی طرح بھی قابل فہم نہ ہو۔ متشابہ کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ وہ دوسرے ذرائع کی مدد سے بھی ناقابل فہم ہو۔ بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ آیت از خود قابل فہم نہیں ہے بلکہ دیگر آیات و احادیث کے ذریعے قابل فہم ہے۔[3]

دوسرا نظریہ اس لیے بھی قابل قبول نہیں کہ قرآن نے خود فرمایا ہے:

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوۡنَ الۡقُرۡاٰنَ ....۔[4]

کیا یہ لوگ قرآن میں غور نہیں کرتے۔

اگر قرآن ہمارے لیے ناقابل فہم ہے تو پھر ہم تدبر فی القرآن کیسے کر سکتے ہیں۔

نفاذ اور انطباق: چونکہ قرآن مجید بنی نوع انسان کے لیے ایک ابدی دستور ہے۔ لہٰذا جس طرح دور نزول میں جس امر پر منطبق ہوتا تھا، اسی طرح آئندہ آنے والے اس قسم کے تمام امور پر بھی نافذ و منطبق ہوگا۔ بشرطیکہ زمانۂ نزول کے تمام حالات و شرائط اس امر میں موجود ہوں۔

لہٰذا جو فرائض زمانۂ نزول کے لوگوں پر عائد ہوتے تھے، وہی فرائض آنے والے لوگوں پر بھی عائد ہوں گے۔ زمانۂ نزول وحی میں کسی شخص کی مدح ہوتی ہے تو اس قسم کے اوصاف رکھنے والے تمام افراد پر یہ مدح منطبق ہوگی اور اگر زمانۂ نزول میں کسی کی مذمت ہوئی ہے تو آئندہ بھی اس قسم کے اوصاف رذیلہ رکھنے

---

[1] ۳ آل عمران:۷ [2] ۳ آل عمران: ۱۳۸ [3] مزید تشریح کے لیے ملاحظہ ہو تفسیر آیہ ۷ سورہ آل عمران [4] ۴ نساء ۸۲

---

[1] ۳ آل عمران: ۷ [2] تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو: تفسیر المنار ۳: ۱۶۷۔ تاویل مشکل القرآن وغیرہ
[3] ۴ نساء: ۱۳۶ [4] ۱۱ ہود: ۱

والوں پر اس مذمت کا حکم جاری ہوگا۔

پس شان نزول کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ آیت صرف شان نزول پر ہی منحصر و منجمد ہوگئی ہے۔ اس بات کو مفسرین یوں بیان کرتے ہیں: العبرۃ بعموم اللفظ لا بخصوص السبب۔ لفظ کی عمومیت دیکھی جاتی ہے خواہ سبب خاص کیوں نہ ہو۔

اسی مفہوم کو احادیث معصومین (ع) میں جَری (نفاذ) و انطباق سے تعبیر کیا گیا ہے۔ امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے:

ولو ان الآیة نزلت فی قوم ثم مات اولئك ماتت الآیة لما بقی من القرآن شیء، ولکن القرآن یجری اوله علی آخره ما دامت السمٰوٰت والارض۔[1]	اور اگر کسی قوم و جماعت کے بارے میں ایک آیت نازل ہوتی اور پھر ان لوگوں کے مر جانے پر آیت کی افادیت بھی ختم ہو جاتی تو اس طرح تو قرآن ختم ہو کر رہ جاتا، حالانکہ جب تک آسمان و زمین باقی ہیں، قرآن بھی اول و آخر جاری و نافذ ہے۔

امام جعفر صادق علیہ السلام سے درج ذیل آیت کے بارے میں پوچھا گیا:

وَالَّذِیْنَ یَصِلُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ یُّوْصَلَ ....[2]	اور اللہ نے جن رشتوں کو قائم رکھنے کا حکم دیا ہے انہیں قائم رکھتے ہیں۔

تو آپ (ع) نے فرمایا:

هذه نزلت فی رحم آل محمد صلی الله علیه و آله وسلم وقد تکون فی قرابتك فلا تکونن ممن یقول للشیء انه فی شیء واحد۔[3]	یہ آیت آل محمدؐ کے صلۂ رحم کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ یہ تیرے اقربا کے بارے میں بھی ہوسکتی ہے۔ تو ان لوگوں میں سے نہ ہو جو کہتے ہیں کہ یہ ایک ہی شے میں منحصر ہے۔

شان نزول: قرآن مجید کی آیات مختلف اوقات میں مختلف مناسبتوں سے نازل ہوئی ہیں۔ کچھ آیات کسی سوال کے جواب میں اور کچھ بعض غلط فہمیوں کو دور کرنے کے لیے نازل ہوئیں۔ کچھ کسی اہم واقعے کے سلسلے میں اور کچھ کسی شخصیت یا اشخاص کی مدح یا قدح میں نازل ہوئیں۔ لیکن کچھ آیات ایسی بھی ہیں جو صرف بیان احکام کے لیے نازل ہوئی ہیں۔

قرآن فہمی کے لیے شان نزول کا علم ضروری ہے۔ اگر کسی کلام کے صادر ہونے کے موقعے اور مناسبت کا علم ہو تو اس کلام کے حقیقی مفہوم کو آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے اور اگر کسی کلام کے محل نزول کا علم نہ ہو تو اس کا رخ متعین نہیں کیا جا سکتا۔ اس معاملے میں روایت ہے کہ حضرت علی علیہ السلام سب سے زیادہ

---

[1] البیان فی تفسیر القرآن امام الخوئی، ص ۲۳ [2] ۱۳ رعد: ۲۱ [3] البیان فی تفسیر القرآن۔ امام الخوئی، ص ۲۳

رموز قرآن سے واقف ہیں۔ جیسا کہ وہ خود فرماتے ہیں:

ما نزلت فی القران ایة الا و قد علمت این نزلت و فیمن نزلت و فی ای شیء نزلت و فی سهل نزلت ام فی جبل نزلت۔[1]

قرآن میں کوئی آیت ایسی نہیں ہے مگر یہ کہ میں جانتا ہوں کہاں نازل ہوئی، کس کے بارے میں نازل ہوئی، کس چیز کے بارے میں نازل ہوئی، میدان میں نازل ہوئی یا پہاڑ پر نازل ہوئی۔

روایت ہے کہ ایک اور مقام پر ارشاد فرمایا:

سلونی فو اللّٰه لا تسئلونی عن شیء الا اخبرتکم، و سلونی عن کتاب الله فوالله ما من آیة الا و انا اعلم ابلیل نزلت ام بنهار ام فی سهل ام فی جبل۔[2]

مجھ سے پوچھ لو۔ قسم بخدا تم جس چیز کے بارے میں بھی پوچھو گے میں تمہیں بتاؤں گا اور مجھ سے قرآن کے بارے میں پوچھو۔ بخدا کوئی ایسی آیت نہیں مگر یہ کہ میں اسے جانتا ہوں کہ یہ رات کو نازل ہوئی یا دن میں، میدان میں نازل ہوئی یا پہاڑ پر۔

حضرت علی علیہ السلام نے علم قرآن کو زمان و مکانِ نزول کے ساتھ مربوط فرمایا۔ اس سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ فہم قرآن اس کے بغیر مشکل ہے۔ کیونکہ جس محل و موقعے پر کلام نازل ہوا ہے، اس کا کلام کے مفہوم کے ساتھ ربط ہوتا ہے۔ مزید برآں کلام فہمی میں مخاطَب یا مخاطَبین کے نظریے اور خیالات کا بھی دخل ہوتا ہے۔ مثلاً درج ذیل آیت ہے:

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ ۚ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَّطَّوَّفَ بِهِمَا ...[3]

صفا اور مروہ یقیناً اللہ کے شعائر میں سے ہیں۔ پس جو بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے اس کے لیے ان دونوں کا چکر لگانے میں کوئی حرج نہیں۔

شان نزول سے ہٹ کر آیت کا مطلب سمجھنے کی کوشش کی جائے تو مفہوم یہ معلوم ہوتا کہ صفا اور مروہ کا طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، یعنی ممنوع نہیں، جائز کام ہے۔ اس کلام سے ہرگز یہ مفہوم نہیں لیا جا سکتا کہ صفا و مروہ کے درمیان طواف کرنا واجب اور حج و عمرے کا جزو اور حصہ ہے۔ جب کہ اس آیت کی شان نزول یہ ہے کہ صفا و مروہ کی پہاڑیوں پر زمانۂ جاہلیت میں مشرکوں کے دیوتاؤں کی مورتیاں نصب تھیں اور وہ ان پہاڑیوں میں دوڑ لگاتے اور ان بتوں کو چومتے تھے۔ صدر اول کے مسلمانوں کو یہ خیال گزرا کہ کہیں صفا و مروہ کے درمیان سعی مشرکین کے شعائر میں سے تو نہیں؟ جس پر یہ آیت نازل ہوئی:

صفا اور مروہ یقیناً اللہ کے شعائر میں سے ہیں۔ پس جو بیت اللہ کا حج یا عمرہ کرے اس کے لیے ان دونوں کا چکر لگانے میں کوئی حرج نہیں۔

لہٰذا شان نزول معلوم نہ ہونے کی صورت میں اس طرز خطاب سے صحیح مفہوم کا اخذ کرنا دشوار ہوتا

---

[1] بحار الانوار ۸۹: ۷۹
[2] سعد السعود ص ۲۸۴۔ شواهد التنزیل ۱: ۴۱۔ کچھ فرق کے ساتھ۔ صحیح مسلم
[3] ۲ بقرة: ۱۵۸

ہے۔مگر ایسا بھی نہیں ہے کہ سب قرآنی آیات کے لیے شان نزول کا ہونا ضروری ہو، بلکہ قرآن مجید کا اکثر و بیشتر حصہ ایسا ہے جو کسی واقعے یا حادثے کے سلسلے میں نہیں بلکہ قرآن از خود احکام و قصصِ انبیاء بیان کرتا ہے۔

شان نزول کے سلسلے میں ایک اہم اور قابل توجہ امر یہ ہے کہ قرآنی آیات کی شان نزول کے بارے میں روایات نہایت متضاد ہیں۔ خاص کر اسرائیلیات پر مبنی روایات کی کثرت کی وجہ سے اکثر روایات ناقابل اعتنا ہیں ۔ مفسر اور محقق کے لیے ایسے مقام پر ضروری ہوتا ہے کہ وہ دیکھے کہ کون سی روایت سیاق و سباق آیت کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے۔

نسخہ ہائے قرآن: آسمانی کتب میں سے کسی کتاب کو وہ مقام حاصل نہیں ہوا جو قرآن مجید کو حاصل ہوا ہے۔ گزشتہ چودہ صدیوں میں مسلمانوں نے اپنی تمام تر توجہات قرآن مجید پر مبذول رکھیں۔ چنانچہ اسلامی ممالک کے مختلف شہروں میں ہزاروں مساجد، مکاتب، مدارس، کتب خانے، اور اسلامی مراکز میں اس مقدس کتاب کے ہزاروں قلمی نسخے پائے جاتے ہیں اور اب جب کہ طباعت کے آسان طریقے ایجاد ہو گئے ہیں اور اس کے لاکھوں نسخے طبع ہو رہے ہیں۔ اس کے باوجود مسلمانوں نے ابھی تک ہاتھ سے کتابت قرآن کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔

قرآن کی طباعت: قرآن کا پہلا ایڈیشن سب سے پہلے ۱۵۳۰ء میں اٹلی کے شہر وینس (Venice) میں طبع ہوا، لیکن چرچ کی طرف سے تمام قرآنی نسخے ضبط ہوگئے اور اس کی طباعت پر پابندی عائد ہوگئی ۔ اس کے باجود اس ایڈیشن کا ایک نسخہ ابھی تک وینس کی ایک لائبریری میں محفوظ ہے۔[1]

پھر ۱۶۹۴ء میں جرمنی کے شہر ہمبرگ (Humberg) میں قرآن کا ایک ایڈیشن طبع ہوا۔ اس کے کچھ نسخے دار الکتب العربیہ مصر میں اب تک محفوظ ہیں۔

پھر ۱۷۶۸ء میں جرمنی میں اس کی طباعت ہوئی۔

اس کے بعد ۱۷۹۷ء میں روس کے مسلمانوں نے قرآن کی طباعت کی۔

یورپ میں طبع شدہ قرآنی نسخوں کو مسلمانوں میں مقبولیت حاصل نہ ہوسکی، چنانچہ مسلمانوں نے اپنے قلمی نسخوں ہی سے تلاوت جاری رکھی۔ اس طرح مسلمانوں نے غیروں کی ہر ممکنہ سازش کو ناکام بنا دیا۔

عالم اسلام میں سب سے پہلے ایران میں ۱۲۳۲ھ بمطابق ۱۸۱۷ء میں تبریز میں ایک طبع خانہ قائم کیا گیا جس میں ۱۲۴۳ھ بمطابق ۱۸۲۸ء میں قرآن طبع کیا گیا۔[2]

اس کے بعد ۱۲۶۶ھ میں کلکتہ میں اور بعد ازاں ہندوستان کے متعدد دوسرے شہروں میں قرآن مجید طبع ہونا شروع ہو گیا۔

نقطہ نگاری: شروع میں قرآن مجید کی کتابت نقطوں کے بغیر ہوتی تھی۔ با، تا، ثا اور یا میں کوئی فرق نہیں ہوتا تھا۔ اسی طرح ج، ح اور خ میں بھی کوئی فرق نہیں ہوتا تھا۔

---

[1] روزنامہ جنگ ۶ مارچ ۱۹۸۹ء [2] الخط العربی الاسلامی ص ۱۲۳ بحوالہ التمہید ۱: ۳۵۷

اس لیے صدر اسلام میں قرائت قرآن کے لیے صرف نسخہ ہائے قرآن ہی کافی نہ تھے بلکہ استادوں سے سینہ بہ سینہ حفظ کرنا بھی ضروری تھا۔ مثلاً نبلو کو بے نقطہ ہونے کی وجہ سے چھ طریقوں سے پڑھا جا سکتا تھا:

نَبلو، تَبلو، یَبلو، نَتلو، تَتلو، یَتلو اور اسی طرح نعلم کو بے نقطہ ہونے کی وجہ سے یَعلم، تَعلم اور نَعلم تین طریقوں سے پڑھا جا سکتا تھا۔

اسی وجہ سے قرأتوں میں اختلاف پیدا ہو گیا۔ مثلاً بعض نے سورۂ آل عمران کی ۴۸ ویں آیت میں یعلمه پڑھا اور بعض نے نعلمه۔ اسی طرح سورۂ بقرہ کی ۲۵۹ ویں آیت میں بعض نے نَنشُزُها اور بعض نے تَنشُزُها پڑھا۔

بایں ہمہ عرب اپنے عربی سلیقے سے سمجھ سکتے تھے کہ کہاں کیا پڑھنا ہے۔

لیکن جب اسلامی مملکت میں وسعت کے نتیجے میں عرب و عجم میں اختلاط پیدا ہو گیا تو غیر عربوں کے لیے یہ بات ناممکن تھی کہ بغیر نقاط اور علامات کے اجنبی الفاظ کا صحیح تلفظ کر سکیں۔ چنانچہ عبدالملک بن مروان کے دور حکومت میں حروف پر نقطہ نگاری کا عمل شروع ہو گیا۔ سب سے پہلے یحیی بن یعمر اور نصر بن عاصم نے حروف پر نقطے ڈالے۔[1]

واضح رہے کہ نصر بن عاصم اور یحییٰ بن یعمر دونوں حضرت ابو الاسود دئولی کے شاگرد ہیں جو خود حضرت علی علیہ السلام کے معروف شاگرد تھے۔

اِعراب: عربی زبان میں اِعراب زبر، زیر، پیش بھی کلام فہمی میں بہت مدد دیتے ہیں۔ خود عرب تو اہل زبان ہونے کی بنا پر اپنے فطری سلیقے سے کَتَبَ اور کُتِبَ میں فرق بغیر اِعراب کے بھی سمجھ سکتے ہیں لیکن غیر عرب کے لیے یہ بات ناممکن ہے۔ چنانچہ حضرت ابو الاسود دوئلی نے ہی پہلی بار زبر، زیر اور پیش کے لیے علامات وضع کیں۔ چنانچہ: زبر کے لیے حرف کے اوپر دو نقطے، زیر کے لیے حرف کے نیچے دو نقطے اور پیش کے لیے حرف کے سامنے دو نقطوں سے علامات وضع کیں۔

اکثر ان علامتوں کو سرخ رنگ میں لکھا جاتا تھا جب کہ آیات کو اور الفاظ کے نقاط کو سیاہ روشنائی سے تحریر کیا جاتا تھا۔ اس قسم کے اِعراب والے چند نسخے ابھی تک محفوظ ہیں۔

بعد میں خلیل بن احمد فراہیدی نے اِعراب کی موجودہ شکل وضع کی۔ یعنی زبر کے لیے حرف کے اوپر ایک لکیر، زیر کے لیے حرف کے نیچے ایک لکیر، پیش کے لیے حرف کے اوپر ایک واو، تنوین کے لیے دو لکیریں یا دو واو اور جزم کی علامت کے لیے حرف خ کا سرا علامت کے طور پر استعمال کرتے تھے۔ اس سے خفیف جزم کی طرف اشارہ مقصود تھا۔ بعد میں جزم کے لیے حرف میم کا سرا استعمال ہونے لگا۔ اس سے جزم کے سکون ہونے کی طرف اشارہ مقصود ہے اور شد کے لیے شین کا سرا رمز کے طور پر اپنایا گیا۔

☆☆☆☆☆

---

[1] مناھل العرفان ۱: ۳۹۹

تحریف قرآن
ایک باطل نظریہ

قرآن تحریف ناپذیر معجزہ ہے

قرآن رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی حقانیت پر اللہ کی طرف سے ایک معجزہ ہے:

وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ ۝ لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ ۭ تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ ۝

یہ ایک بالادست کتاب ہے، باطل نہ اس کے سامنے سے آسکتا ہے، نہ پیچھے سے، یہ حکمت والے لائق ستائش (رَبّ) کی نازل کردہ ہے۔ (۴۱ حٰمٓ سجدۃ:۴۱۔۴۲)

یہ بات ممکن نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی نبی کو معجزہ عنایت کرے، پھر وہ معجزہ ناتمام رہ جائے یا اس معجزے کی طرف باطل قوتوں کو اپنا ہاتھ دراز کرنے کا موقع مل جائے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ حضرت موسیٰ (ع) کے معجزات ان کے بیرونی دشمن فرعون اور داخلی دشمن سامری کی دست درازی کی زد میں آجائیں؟ حاشا و کلا۔

روایت اور نظریہ۔ نظریہ تجسیم۔ خیانت۔ نظریہ جبر اور تحریف۔ وہ نظریات جن سے تحریف قرآن لازم آتی ہے۔ دو گواہ۔ آیت رجم۔ احادیث سبعۃ احرف۔ نسخ تلاوت۔



دشمنانِ اسلام نے قدیم زمانے سے اپنی سازشیں اس بات پر مرکوز رکھیں کہ قرآن کو مخدوش اور متنازعہ بنائیں۔ بدقسمتی سے خود امت قرآن کے بعض افراد محض فرقہ وارانہ تعصب کے باعث اس پروپیگنڈے کو ہوا دینے میں دشمنوں کے ہمدوش ہو گئے کہ فلاں فرقہ تحریف قرآن کا قائل ہے۔ یہ نادان اتنا بھی نہیں جانتے کہ وہ اس الزام سے قرآن کو مشکوک بنا رہے ہیں۔ نظریاتی مخالفین سے عناد اور جاہلانہ تعصب کی وجہ سے ان کے فہم و ادراک کی صلاحیت ماند پڑ جاتی ہے۔ حتیٰ کہ اگر ہمارے سارے علماء اپنا اجماعی موقف بیان کریں کہ ہمارے نزدیک تحریف قرآن کا نظریہ سراسر باطل، فرسودہ اور شواذ میں شامل ہے اور ایسے شواذ کسی مسلک و مذہب میں قابل اعتنا نہیں ہوتے، پھر بھی یہ لوگ نہیں مانتے۔ حالانکہ امانت و دیانت کا کوئی شائبہ ہوتا تو اس حد تک بہتان تراشی اور کذب وافترا کا ارتکاب نہ کرتے اور کچھ خوف خدا کرتے۔

ہم ذیل میں اس موضوع سے متعلق کچھ بیان کرنے پر مجبور ہیں۔ اگرچہ بعض باتوں کا تذکرہ خود ہم پر بھی گراں گزرتا ہے، لیکن ایک موقف کو ذہن نشین کرانے کے لیے کبھی مخاطب کو خود اس کے اپنے حالات کی روشنی میں سمجھانا پڑتا ہے۔ ہم ان حضرات سے معذرت چاہتے ہیں جو اس تنگ نظری اور بد دیانتی و خیانت کے مرتکب نہیں ہیں۔

روایت اور نظریہ: کسی مکتب فکر کی کتب میں روایات کا موجود ہونا اس بات کی دلیل نہیں ہے کہ وہ مکتب فکر ان روایات کے مطابق نظریہ قائم کرتا ہے، بلکہ یہ بھی ممکن ہے کہ ایک مکتب فکر کے علمائے سلف نے ایک نظریہ قائم کیا ہو، لیکن بعد کے علماء اس نظریے پر قائم نہ رہے ہوں۔ اس صورت میں انصاف و دیانت کا تقاضا، کیا یہ ہے کہ اس مکتب فکر کو ان کے علمائے سلف کے نظریے کا ذمہ دار ٹھہرایا جائے یا موجودہ موقف کو قبول کیا جائے؟

نظریہ تجسیم: اللہ تعالیٰ کے جسم اور جسمانی ہونے کے سلسلے میں آپ درج ذیل مطالب کا مطالعہ فرمائیں اور فیصلہ کرنے میں جلدی نہ کریں:

☆ صحیح بخاری میں آیا ہے کہ قیامت کے دن اللہ اپنا قدم جہنم میں ڈال دے گا۔[1]

---

[1] صحیح بخاری ۲: ۳۳ طبع مصر ۴۴۷۲ صحیح مسلم ۱: ۱۷۲ طبع لکھنو۔
سعودی عرب کے ایک سکول میں استاد نے شاگرد سے پوچھا: بِمَ تعرف ربك؟ یعنی تم اپنے رب کو کس چیز سے پہچانتے ہو؟ شاگرد بولا: برجلہ المحروق یعنی اس کے جلے ہوئے پاؤں سے۔

☆ امام الحنابله ابن تیمیة کا کہنا ہے: خدا عرش سے آسمان دنیا پر اسی طرح اترتا ہے جس طرح ہم اترتے ہیں۔ پھر خود زینے سے اتر کر کہا: اس طرح!![1]

☆ خدا کی آنکھیں دکھنے لگیں تو ملائکہ نے اللہ کی عیادت کی۔ طوفان نوح پر خدا اس قدر رویا کہ آنکھیں سوجھ گئیں۔ عرش پر خدا بیٹھتا ہے تو اس کے بوجھ سے عرش چرچراتا ہے اور عرش کے چاروں طرف سے خدا کا جسم چار انگل باہر لٹکتا رہتا ہے۔[2]

☆ اللہ کی داڑھی اور علامت مردو زن کے بارے میں نہ پوچھو۔ باقی جس عضو کے بارے میں جو چاہو پوچھو۔[3]

☆ علمائے سلف ان لوگوں کی تکفیر کرتے ہیں جو یہ نہیں جانتے کہ اللہ کہاں ہے اور اللہ کے لیے جگہ کا تعین نہیں کرتے۔[4]

☆ جو شخص یہ نہیں کہتا کہ اللہ زمین میں نہیں، آسمان میں ہے، وہ کافر ہے۔[5]

☆ انس بن مالک سے روایت ہے کہ رسول کریم (ص) نے بارش کو اپنے جسم پر لینے کے لیے لباس ہٹا دیا تو سوال ہونے پر فرمایا: لانه حديث العهد بربه۔ یہ ابھی اپنے رب کے پاس سے آ رہی ہے۔[6]

مولانا شبلی نعمانی ان نظریات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

عقائد میں جس طرح درجہ بدرجہ تغیر ہوتا جاتا ہے، اسے ہم ایک خاص مسئلے کی مثال میں پیش کرتے ہیں:

پہلا درجہ: خدا جسمانی ہے۔ عرش پر متمکن ہے۔ اس کے ہاتھ منہ ہیں۔ خدا نے آنحضرت (ص) کے دوش پر ہاتھ رکھ دیا تو آنحضرت کو (ص) ہاتھوں کی ٹھنڈک محسوس ہوئی۔

دوسرا درجہ: خدا جسمانی ہے۔ اس کے ہاتھ، منہ اور پنڈلی ہیں۔ لیکن یہ سب چیزیں ایسی نہیں جیسی ہماری ہیں۔[7]

اللہ کے جسم اور جسمانی ہونے پر علمائے سلف کے دلائل کا مطالعہ کرنے کے لیے درج ذیل کتب کا مطالعہ فرمائیں جن میں اللہ تعالیٰ کے مجسم ہونے پر بہت سے دلائل قائم کیے گئے ہیں۔

ا۔ كتاب السنة۔ تالیف: امام احمد بن حنبل امام الحنابلة۔ طبع دار ابن القيم السعودية۔

---

[1] رحلة ابن بطوطة ۱: ۴۳ باب بعض المشاهد والمزارات (مكتبة الشاملة) [2] منهاج السنة ۱: ۲۳۸ طبع مصر
[3] الشهرستاني: الملل و النحل ۱: ۴۸ طبع بمبئی [4] الدارمی الرد علی الجهمية ص ۹۶
[5] حوالہ سابق [6] حوالہ سابق ص ۲۰ [7] علم الكلام صفحہ ۱۵ طبع اعظم گڑھ

۲۔ کتاب الابانة۔۔تالیف: ابوالحسن اشعری امام الاشاعرہ ۔طبع حیدر آباد دکن۔
۳۔ الرد علی الجهمیة ۔تالیف: امام احمد بن حنبل اامام الحنابلة۔طبع دار الوعی حلب ۔ شام۔
۴۔ خلق افعال العباد۔ تالیف: محمد بن اسماعیل مؤلف صحیح بخاری ۔
۵۔ کتاب العرش والعلو۔ تالیف: الحافظ شمس الدین الذہبی، امام الحدیث۔مطبع فاروقی دہلی۔ ہندوستان
۶۔ کتاب الرد علی الجهمیة ۔تالیف: الامام عثمان بن سعید الدارمی طبع بریل لیدن۔
۷۔ کتاب التوحید۔ تالیف: الامام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ۔طبع ریاض۔سعودی عرب۔
۸۔ اجتماع الجیوش الاسلامیة ۔ تالیف:ابن قیم الجوزیہ۔طبع مکتبہ ابن تیمیہ۔قاہرہ۔ مصر۔
۹۔ الشریعة ۔ تالیف: ابوبکر محمد بن الحسین الاجری الشافعی۔ طبع دار السلام۔ ریاض۔سعودی عرب۔
۱۰۔ السنة ۔تالیف: احمد بن محمد الخلال البغدادی، شیخ الحنابلۃ۔طبع دمشق۔ شام
۱۱۔ مناهج الدولة ۔تالیف: الحکیم ابن رشد۔

ان کتابوں میں اللہ کے جسمانی ہونے پر دلائل موجود ہیں اور ان کے مؤلفین میں سے بعض ائمۂ مذاہب ہیں ۔بعض امام الحدیث ہیں۔ ان کے علاوہ بہت سی کتب اور بیسیوں روایات موجود ہیں ۔[1]

ائمۂ مذاہب کے اس نظریے کو بنیاد بنایا جائے اور اللہ کے جسمانی نہ ہونے پر اس مذہب کے دیگر سینکڑوں علماء کے نظریات و دلائل کو نظرانداز کیا جائے اور بقول شبلی نعمانی ''عقائد میں درجہ بدرجہ رونما ہونے والے تغیر'' کو اعتنا میں نہ لایا جائے اور اس مذہب کو ''فرقہ مجسمہ'' قرار دے کر اس کے عقیدہ توحید کو مخدوش قرار دیا جائے تو آپ کے پاس اس کا کیا جواب ہے؟ کیا آپ اس عمل کو اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ خلوص قرار دیں گے یا آپ کہیں گے کہ اس شخص نے ہمارے مذہب کے ساتھ عناد اور دشمنی کا مظاہرہ کیا ہے۔

ان اختلافی مسائل کا گہرا مطالعہ رکھنے والے انصاف پسند ہمارے اس موقف کی حمایت کریں گے

---

[1] ان کے علاوہ درج ذیل کتب بھی اللہ کے جسمانی ہونے پر دلائل سے پُر ہیں:
۱۔ ابو یعلی۔ نقص التاویلات ۲۔ ابو نصر۔ الابانة ۳۔عسال۔ السنة ۴۔ ابو بکر عاصم ۔ السنة ۵۔ طبرانی السنة ۶۔حرب السیرجانی ۔الجامع ۷۔حکم بن معبد خزاعی۔الصفات۔

کہ قرآن کے بارے میں اس سے کہیں کمتر مواد کو بعض مکاتب فکر کے حامیوں نے ہمارے (امامیہ کے) خلاف استعمال کیا اور عدم تحریف کے بارے میں ہمارے علمائے سلف و خلف کے اجماعی موقف کو نظرا نداز کیااور شواذ کو ہمارے خلاف دلیل بنایا۔ اگر بفرض محال امامیہ کے بارے میں یہ موقف صحیح ہے تو اس کی زد میں خود اعتراض کنندہ بھی آ جاتا ہے، کیونکہ شواذ تو ہر مذہب میں ہوتے ہیں۔ امام عبد الوہاب شعرانی کو اگر لوگوں کا خوف نہ ہوتا تو وہ ان تمام آیات کو بیان کرتے جو مصحف عثمان سے رہ گئی ہیں:

لو لا ما یسبق للقلوب الضعیفة و وضع الحکمة فی غیر اهلها لبینت جمیع ماسقط من مصحف عثمان۔[1]	اگر یہ خطرہ نہ ہوتا کہ کم فہم لوگ غلط فہمی کا شکار ہو جائیں گے نیز نااہل لوگوں کے ہاتھوں حکمت آ جائے گی تو میں ان سب آیات کو بیان کر دیتا جو مصحف عثمان سے رہ گئی ہیں۔

دیوبند کے صدر المدرسین شیخ الحدیث سید انور شاہ کشمیری کی تحقیق کے مطابق بھی قرآن میں لفظی تحریف واقع ہوگئی ہے۔ بقول ان کے:

والذی تحقق عندی ان التحریف فیه لفظی اما انه عن عمد منهم او لغفلة۔[2]	میرے نزدیک تحقیق شدہ بات یہ ہے کہ قرآن میں تحریف لفظی واقع ہوئی ہے، خواہ عمداً ہو یا غفلت کی بنا پر۔

چنانچہ فیض الباری کے فاضل محشی شیخ الحدیث مولانا محمد بدر عالم استاد الحدیث دیوبند نے اپنے ذیلی حاشیہ البدر الساری میں مندرجہ بالا عبارت پر کوئی تبصرہ نہیں کیا۔

سید محمود آلوسی بغدادی تفسیر روح المعانی کے مقدمہ میں اور شیخ الحدیث حبیب الرحمٰن کاندھلوی صدیقی مقدمہ تفسیر بیضاوی میں لکھتے ہیں:

نعم اسقط زمن الصدیق مالم یتواتر او ما نسخت تلاوته۔	ہاں صدیق (حضرت ابوبکر) کے زمانے میں وہ آیات جو متواتر نہ تھیں یا جن کی تلاوت منسوخ ہو گئی تھی حذف کی گئیں۔

قرآن کے بارے میں مجموعی طور پر مذہب اشعری کے ایک گروہ کا نظریہ دیکھ کر یقین نہیں آتا کہ اس اسلامی فرقے کا ایسا نظریہ بھی ہوسکتا ہے۔ وہ نظریہ اس طرح ہے:

ان القرآن لم ینزل قط علی قلب محمد علیه الصلوة و السلام۔ و ان مانقرأ فی الصلوة و نحفظ فی	اللہ تعالیٰ کا کلام جبرئیل علیہ السلام نے قلب محمد (ص) پر نازل نہیں کیا اور جو چیز ہم نماز میں پڑھتے اور سینے میں (قرآن کے نام سے) محفوظ رکھتے ہیں، ان

[1] کبریت احمر برحاشیة الیواقیت و الجواهر ۱: ۱۳۹۔ طبع مصر
[2] فیض الباری علی صحیح البخاری ۳: ۳۹۵

الصدور لیس هو القران البتة۔[1]

میں سے کوئی چیز کلام اللہ نہیں ہے۔

اسی کتاب میں یہ عبارت بھی آپ پڑھیں گے (جسے ہم بخوشی نقل نہیں کر رہے ہیں):

ولقد اخبرنی علی بن حمزه المرادی الصقلی انه رای بعض الاشعریة یبطح المصحف برجله قال :فاکبرت ذالك وقلت له:ویحك هکذاتصنع بالمصحف و فیه کلام الله تعالیٰ؟فقال:ویلك والله مافیه الاالسخام والسوادواما کلام الله فلا۔

علی ابن حمزہ مرادی نے مجھ سے بیان کیا کہ میں نے مذہب اشعری کے ایک پیروکار کو دیکھا کہ وہ اپنے پاؤں سے قرآن کو ٹھوکر مار رہا تھا۔میں نے اسے بڑی جسارت سمجھ کر اس سے کہا: افسوس ہوتم پر، اس مصحف کے ساتھ یہ سلوک کرتے ہو جب کہ اس میں اللہ کا کلام ہے؟ اس نے کہا: تباہی ہوتم پر، قسم بخدا اس میں کلام خدانہیں بلکہ صرف سیاہ لکیریں ہیں۔

آگے لکھتے ہیں:

و کتب الی ابو المرحی بن رزوار المصری : ان بعض ثقات اهل مصر من طلاب السنن اخبره : ان رجلا من الاشعریة قال له مشافهة: علی من یقول ان الله قال: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ الف لعنة.

اور ابو المرحی بن رزوار مصری نے مجھے لکھا کہ مصر کے بعض ثقہ طالب علموں نے اسے بتایا کہ ایک اشعری نے اس سے بالمشافہ کہا: جوشخص یہ کہے کہ اللہ تعالیٰ نے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ کہا ہے، اس پر ہزار لعنت ہو۔

ہمارا مؤقف یہ ہے کہ اس قسم کے شواذ کی کوئی اہمیت نہیں اور اجماع امت کے خلاف شاذ و نادر اقوال قابل اعتنا نہیں ہیں۔یعنی جس طرح مذہب اشعری کے ماننے والے ایسے اقوال کو اہمیت نہیں دیتے ہم بھی کوئی اہمیت نہیں دیتے۔

امانت: جامعة الازهر کے جلیل القدر استاد الشیخ محمد غزالی کو ان کی امانت اور دیانتداری نے ان لوگوں کے خلاف قلم اٹھانے پر مجبور کیا جو امامیہ پر تحریف قرآن کے قائل ہونے کی جھوٹی تہمت لگا کر غیر شرعی حرکت کا ارتکاب کرتے ہیں۔ وہ لکھتے ہیں:

> مجھے بعض لوگوں پر سخت افسوس ہوتا ہے جو بلا تحقیق بات کر جاتے ہیں اور نتائج کی پرواہ کیے بغیر تہمتیں لگا دیتے ہیں۔ یہ لوگ اپنے مریض اخلاق کے ساتھ اسلام کے فکری میدان میں قدم رکھتے ہیں اور اسلام و امت مسلمہ کے خلاف گستاخی کرتے ہیں۔میں نے ایک محفل میں کسی شخص کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ

---

[1] ابن حزم ۔الفصل فی الملل و النحل ۴:۱۵۹۔طبع مصر

شیعوں کا ایک اور قرآن ہے جو ہمارے معروف قرآن سے مختلف ہے۔ میں نے اس سے کہا: وہ قرآن کہاں ہے؟ عالم اسلام تین براعظموں پر پھیلا ہوا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بعثت سے لے کر آج تک چودہ صدیاں گزر چکی ہیں اور لوگوں کو صرف ایک ہی قرآن کا علم ہے جس کے آغاز و اختتام اور سورہ و آیت کی تعداد تک معلوم ہے۔ پس یہ دوسرا قرآن کہاں ہے؟ اتنے طویل عرصے سے کسی جن و انس کو اس کے کسی نسخے کا علم کیوں نہ ہو سکا؟ یہ بہتان کیوں لگایا جاتا ہے اور یہ پروپیگنڈہ کس کے مفاد کے لیے کیا جاتا ہے؟ اس سے اپنے بھائیوں اور کتاب اللہ کے بارے میں بدگمانیاں پھیلتی ہیں۔ قرآن ایک ہی ہے جو اگر قاہرہ میں چھپتا ہے تو اسے نجف اور تہران میں بھی مقدس سمجھا جاتا ہے... پھر بعض لوگوں پر نیز وحی الٰہی پر ایسے بہتان کیوں باندھے جاتے ہیں؟[1]

شیخ التفسیر دار العلوم دیوبند علامہ شمس الحق اپنی کتاب علوم القرآن میں لکھتے ہیں:

شیعوں کا نظریہ وہی ہے جو سنیوں کا ہے کہ قرآن مکمل طور پر محفوظ ہے جس میں ایک آیت کی کمی و بیشی نہیں ہوئی۔ اس بات کی دلیل کے لیے شیعوں کی متعدد کتب کا حوالہ پیش کرتا ہوں۔[2]

مشہور مفسر علامہ عبد الحق حقانی اپنی معروف تفسیر فتح المنان فی تفسیر القرآن المعروف تفسیر الحقانی کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

آج تک سلف سے لے کر خلف تک کوئی محقق شیعہ بلکہ کوئی اہل اسلام بھی یہ عقیدہ (کہ قرآن میں تحریف ہوئی ہے) نہیں رکھتا۔ چنانچہ شیعہ علماء اس خیال کی برائت اپنی کتب میں بڑی شدو مد سے کرتے ہیں۔[3]

خیانت: حضرت علامہ رحمۃ اللہ کیرانوی اپنی معروف تصنیف اظہار الحق جلد دوم صفحہ ۸۹ تا ۹۰ میں عدم تحریف قرآن کے بارے میں امامیہ کا واضح موقف نقل کرتے ہیں اور امامیہ کے علمائے سلف کے اقوال سے اس موقف کو ثابت کرتے ہیں۔ یہ کتاب قاہرہ، استنبول، مغرب عربی اور کراچی سے متعدد بار چھپ چکی ہے۔ ترکی، فرانسیسی، انگریزی، گجراتی اور اردو زبانوں میں اس کتاب کا ترجمہ ہوا ہے مگر کسی ایڈیشن میں کوئی کمی و بیشی اور خیانت نہیں ہوئی۔ لیکن نہایت افسوس کے ساتھ لکھنا پڑتا ہے کہ سعودی عرب کا معروف ادارہ

---

[1] دفاع عن العقیدۃ و الشریعۃ۔ صفحہ ۲۶۶۔ طبع دار الکتب الحدیثۃ۔ مصر ۱۹۷۵ء
[2] علوم القرآن ۱۳۴ [3] تفسیر حقانی ۱: ۶۳ طبع دیوبند

رئاسة الادارات للبحوث العلمية و الافتاء والدعوة والارشاد (ریاض) کی طرف سے شائع شدہ کتاب اظہار الحق میں انتہائی علمی بد دیانتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈھائی صفحات پر مشتمل وہ متن حذف کر دیا گیا ہے جس میں مؤلف نے ثابت کیا تھا کہ اہل تشیع عدم تحریف قرآن کے قائل ہیں۔

نظریہ جبر اور تحریف: ہمارے شامی دوست سعد رستم ناقل ہیں کہ ایک روز اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے مصری اور مقامی اساتذہ شیعوں کے ایمان بالقرآن پر گفتگو کر رہے تھے اور اس بات کو مسلمہ مان رہے تھے کہ شیعہ اس قرآن پر ایمان نہیں رکھتے۔ یہ حال دیکھ کر مجھے بھی شک ہوا اور میں نے گھر جا کر اپنی ایرانی نژاد شیعہ بیوی سے سوال کیا: کیا شیعہ اس قرآن کو نہیں مانتے؟ میری بیوی کے جواب کا لب و لہجہ دیکھ کر مجھے یقین آیا کہ شیعہ اسی قرآن پر پختہ ایمان رکھتے ہیں۔ دوسرے دن میں نے اساتذہ کے سامنے اس کا ذکر کیا تو انہوں نے اس کی جو توجیہ کی وہ ایک یادگار لطیفہ ہے۔ انہوں نے فرمایا: دراصل شیعہ علماء اپنے عوام پر اس عقیدے کا اظہار نہیں کرتے کہ وہ اس قرآن کو نہیں مانتے، جیسا کہ ہم عقیدۂ جبر کا اپنے عوام کے سامنے اظہار نہیں کرتے۔

اسلامی یونیورسٹی کے اساتذہ کی خدمت میں مؤدبانہ عرض ہے کہ نظریۂ جبر پر آپ کا جبر نہیں چل سکا اور یہ نظریہ خواص کے ساتھ بہت سے عوام تک پہنچا ہوا ہے، البتہ آپ اس کا پرچار نہیں کرتے۔ شاید اس میں آپ اپنی خفت محسوس کرتے ہوں گے۔ اگر امامیہ اس قسم کا عقیدہ رکھتے تو اس پر ہمارا بھی جبر نہ چلتا اور یہ بات کسی نہ کسی طرح اپنے عوام تک پہنچ جاتی۔

چنانچہ حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں:

ما اضمر احد شيئا الا ظهر في فلتات لسانه وصفحات وجهه۔[1]

جس کسی نے بھی کوئی بات دل میں چھپا کر رکھنا چاہی وہ اس کی زبان سے بے ساختہ نکلے ہوئے الفاظ اور چہرے کے آثار سے ضرور نمایاں ہو جاتی ہے۔

وہ نظریات جن سے تحریف قرآن لازم آتی ہے: امامیہ ان نظریات کو مسترد کرتے ہیں، جن سے قرآن کا تحفظ مخدوش ہوتا ہے:

۱۔ **دو گواہ**: یہ بات اہل سنت کے مصادر میں مسلم سمجھی جاتی ہے کہ حضرت ابوبکر کے عہد خلافت میں قرآن زید بن ثابت انصاری کے زیر ادارت صرف دو گواہوں کی شہادت کی بنیاد پر جمع کیا گیا۔ یعنی اگر دو گواہوں نے شہادت دی کہ یہ عبارت قرآن کا حصہ ہے تو اسے قرآن میں شامل کر لیا گیا، بلکہ چند آیات تو صرف حضرت خزیمہ بن ثابت انصاری کی گواہی پر قرآن میں شامل کی گئیں۔

یہاں درج ذیل دلچسپ نکات کا ملاحظہ ضروری ہے:

---

[1] نہج البلاغہ: کلمات قصار: ۲۵

i۔ ثبوت قرآن کے لیے تواتر کے شرط ہونے پر اجماع قائم ہے۔ تواتر کے بغیر قرآن ثابت نہیں ہوتا۔

ii۔ اگر بفرض محال دو گواہوں کی بنیاد پر ہی قرآن ثابت ہوتا ہے تو پھر قرآن میں تحریف خود بخود لازم آجاتی ہے کیونکہ اہل سنت کے مصادر کے مطابق ایسی بہت سی آیات موجود ہیں جن کے قرآن ہونے پر دو سے زائد شہادتیں موجود ہیں مگر اس کے باوجود یہ آیات موجودہ قرآن میں نہیں ہیں مثلاً:

۱۔ آیت رجم: الشیخ و الشیخة اذا زنیا فارجموهما.

درج ذیل جلیل القدر اصحاب اس آیت کو قرآن کا حصہ قرار دیتے ہیں:

۱۔حضرت عمر	(صحیح بخاری ۳: ۶۸ طبع مصر و صحیح مسلم، سنن ابن ماجہ)
۲۔حضرت عائشہ	(سنن ابن ماجہ: ۱۴۱)
۳۔اُبی بن کعب	(الاتقان ۲: ۲۵)
۴۔زید بن ثابت	(الاتقان ۲: ۲۵)

۲۔ آیت مال: انا انزلنا المال لاقام الصلوة وایتاء الزکوة۔

گواہان: ۱۔ابی بن کعب	(الدر المنثور ۶: ۳۷۸)
۲۔زید بن ارقم	(حوالہ سابق)
۳۔ جابر بن عبداللہ	(حوالہ سابق)
۴۔ بریدۃ	(حوالہ سابق)
۵۔ابوموسیٰ اشعری	(صحیح مسلم)
۶۔ابو واقد لیثی	(الاتقان)
۷۔عبداللہ بن مسعود	(محاضرات راغب)

۳۔ آیت رغبت: لا ترغبوا عن آبائکم فانه کفر ان ترغبوا عن آبائکم

گواہان: ۱۔حضرت عمر	(صحیح بخاری)
۲۔عبداللہ بن عباس	(الاتقان)
۳۔زید بن ثابت	(الاتقان)

۴۔ آیت جہاد: ان جاهدوا کما جاهدتم اول مرة۔

گواہان: ۱۔حضرت عمر	(الاتقان ۲: ۲۵)
۲۔عبدالرحمٰن بن عوف	(الاتقان ۲: ۲۵)

۵۔ **سورۃ الخلع**: بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم انا نستعینك ونستغفرك ☆ و نثنی علیك و لا نکفرك ☆ ونخلع ونترك من یفجرك ☆

۶۔ **سورۃ الحفد**: بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ اللھم ایاك نعبد ☆ و لك نصلی و نسجد ☆ و الیك نسعی ونحفد ☆ نرجوا برحمتك ☆ و نخشی عذابك ان عذابك بالکافرین ملحق ☆

ان دوسورتوں کے قرآن کا حصہ ہونے پر درج ذیل اصحاب کی گواہی نقل کی گئی ہے:

گواہان: ۱۔حضرت عمر بن خطاب (الدر المنثور ۶: ۴۲۰)

۲۔حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام (مجمع الزوائد ۷: ۱۵۷)

۳۔حضرت ابی بن کعب (الاتقان ۲: ۶۶)

۴۔حضرت عبداللہ بن عباس (روح المعانی ۱: ۲۵ طبع مصر)

۵۔حضرت ابوموسیٰ اشعری

۲۔احادیث سبعۃ احرف: صحاح اور دیگر کتب میں متعدد احادیث میں کہا گیا ہے کہ رسول اللہ (ص) نے فرمایا: قرآن سات حروف میں نازل ہوا۔ چنانچہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں عبداللہ بن عباس سے روایت ہے کہ رسول اللہ (ص) نے فرمایا:

اقرأنی جبرئیل علی حرف فراجعته فلم ازل استزیده و یزیدنی حتی انتهی الی سبعة احرف۔[1]

مجھے جبرئیل نے قرآن ایک حرف (طریقے) سے پڑھایا، میں اللہ کی طرف رجوع کرتے ہوئے اضافے کی درخواست کرتا گیا یہاں تک کہ سات حرفوں (طریقوں) سے پڑھنے کی اجازت مل گئی۔

احادیث سبعۃ احرف مختلف عبارات میں، صحاح و غیر صحاح میں عبداللہ بن عباس، ابوہریرہ، عبداللہ بن مسعود، ابی بن کعب، عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے مروی ہیں۔ ان روایات کی مختلف تاویلات بھی کی گئی ہیں۔ سب سے زیادہ معروف و مشہور توجیہ یہ ہے: ”قرآنی الفاظ کو قریب المعنی الفاظ میں بدلا جا سکتا ہے۔“ حالانکہ اس طرح قرآن کی معجزانہ ہیئت ترکیبی کا حلیہ تبدیل ہوجاتا ہے اور یہی تحریف ہے۔ مثلاً اس بات کی تصریح کی گئی:

۱۔ اِنِّیْ نَذَرْتُ لِلرَّحْمٰنِ صَوْمًا میں صَوْمًا کی جگہ صمتا پڑھنا جائز ہے۔[2]

۲۔ کُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِیْهِ میں مَّشَوْا کی جگہ سعوا یا مروا پڑھا جا سکتا ہے۔[3]

۳۔ ابوہریرہ کے نزدیک عَلِیْمًا حَكِیْمًا کی جگہ غفوراً رحیما پڑھنے میں کوئی حرج نہیں۔[4]

---

[1] صحیح بخاری باب: انزل القرآن علی سبعة احرف ۴: ۱۹۰۹۔ صحیح مسلم ۱: ۵۶۱

[2] تذکرۃ الحفاظ ۱: ۳۴۰ طبع دکن　[3] الاتقان ۱: ۴۷　[4] حوالہ سابق

۴۔ اَوۡ یَکُوۡنَ لَکَ بَیۡتٌ مِّنۡ زُخۡرُفٍ میں زُخۡرُفٍ کی جگہ ذھـــب پڑھنا درست ہے۔[1]

۵۔ ابن مسعود کے نزدیک العھن کی جگہ الصوف پڑھا جا سکتا ہے۔[2]

۶۔ اِنۡ کَانَتۡ اِلَّا صَیۡحَۃً وَّاحِدَۃً کی جگہ اِلا ذقیة واحدة پڑھا جا سکتا ہے۔[3]

۷۔ ابو ہریرہ کے نزدیک جَآءَتۡ سَکۡرَۃُ الۡمَوۡتِ بِالۡحَقِّ کی جگہ جاءت سکرة الحق بالموت پڑھنا بھی درست ہے۔[4]

۸۔ ابو درداء کی روایت ہے کہ طَعَامُ الۡاَثِیۡمِ کی جگہ طعام الفاجر پڑھا جا سکتا ہے۔[5]

اس نظریے کو قبول کرنے کی صورت میں دو باتیں ناگزیر ہوتی ہیں:

۱۔ تحریف کا وقوع۔

۲۔ تحریف کا جواز۔

پہلی بات یہ کہ جب قرآن سات حرفوں (طریقوں) پر نازل ہوا ہے اور اس وقت ہمارے ہاتھوں میں جو قرآن ہے وہ ایک حرف پر مشتمل ہے تو باقی چھ حرفوں والا قرآن کہاں ہے؟

دوسری بات یہ کہ اگر ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ رکھنا جائز ہے تو اس کا لازمہ یہ ہوا کہ تحریف جائز ہے۔ اسی وجہ سے امامیہ اس بات کو تسلیم نہیں کرتے کہ قرآن سات حرفوں پر نازل ہوا ہے، کیونکہ ایسا کرنے کا حق تو خود رسول اللہ (ص) کو بھی نہیں تھا۔

ارشاد ہے:

قُلۡ مَا یَکُوۡنُ لِیۡۤ اَنۡ اُبَدِّلَہٗ مِنۡ تِلۡقَآیِٔ نَفۡسِیۡ ۚ اِنۡ اَتَّبِعُ اِلَّا مَا یُوۡحٰۤی اِلَیَّ ۚ[6]

کہہ دیجیے: مجھے یہ اختیار نہیں کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں، میں تو اس وحی کا تابع ہوں جو میری طرف بھیجی جاتی ہے۔

تحریف قرآن کے بارے میں اگر امامیہ مصادر میں کوئی روایات موجود ہوں تو بھی امامیہ ان روایات پر مبنی کوئی نظریہ قائم نہیں کرتے بلکہ ان کی توجیہ و تاویل کرتے ہیں۔ اگر تاویل ممکن نہ ہو تو کتاب خدا کے خلاف ہونے کی وجہ سے انہیں مسترد کرتے ہیں۔

لیکن اہل سنت حضرات اپنے مصادر میں موجود تحریف کی روایات کو تسلیم کرتے ہیں۔ اس لیے ان روایات پر مبنی نسخ تلاوت کا نظریہ قائم کرتے ہیں۔ اسی طرح ان روایات کی بنا پر بعض آیات کو قرآن کا حصہ تسلیم کرنے کے بعد ''نسخ تلاوت'' کے نظریہ کے ذریعے اس کی قرآنیت سے ہاتھ اٹھا لیتے ہیں، جب کہ ''نسخ

۱۔ حوالہ سابق ۲۔ تفسیر طبری ۱: ۱۸ ۳۔ تاویل مشکلات القرآن ۱۹ طبع مصر
۴۔ تفسیر الطبری ۱: ۱۸ ۵۔ حوالہ سابق ۲۵: ۱۳۱ ۶۔ ۱۰ یونس: ۱۵

تلاوت'' ثابت نہیں ہے۔

۳۔ نسخ تلاوت۔ اہل سنت کے مصادر میں آیا ہے کہ قرآن کی بہت سی آیات زمان رسول(ص) میں قرآن کا حصہ تھیں ۔ انہ کان قرآن علی عهد رسول اللّٰه ۔مثلاً آیہ رجم، آیہ رضاعت اور آیہ رغبت کے قرآن کا حصہ ہونے کے بارے میں صحیحین میں روایت موجود ہے ۔

طبرانی نے موثق سند سے حضرت عمر سے روایت کی ہے : ''قرآن دس لاکھ ستائیس ہزار حروف پر مشتمل ہے''۔ جب کہ موجودہ قرآن اس مقدار کا ایک تہائی بھی نہیں ہے۔

وہ اس قسم کی بہت سی روایات کو مسترد کرنے کی بجائے موجودہ قرآن میں غیر موجود چیزوں کو قرآن کا حصہ تسلیم کرتے ہیں کیونکہ صحاح ستہ میں مذکور ہونے کی وجہ سے وہ انہیں قبول کرنے پر مجبور ہیں۔ لیکن صحاح کا بھرم رکھنے کے لیے یہ نظریہ قائم کرتے ہیں کہ ان آیات کو نسخ تلاوت کے ذریعے قرآن سے حذف کر دیا گیاہے۔ چنانچہ شیخ الحدیث حبیب الرحمٰن کاندھلوی مقدمہ تفسیر بیضاوی میں لکھتے ہیں :

> حضرت ابوبکر کے زمانے میں وہ آیات جو متواتر نہ تھیں اور جن کی تلاوت منسوخ ہوگئی تھی حذف کر دی گئیں۔

نسخ تلاوت کی کوئی دلیل نہیں ہے۔ اپنی صحاح میں موجود روایات کی بنا پر انہوں نے بہت سی عبارات کو قرآن کا حصہ تسلیم کر لیا، پھر ان سے ہاتھ اٹھانے کے لیے نسخ تلاوت کا جواز پیش کیا۔ اس بارے میں دوسروں کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ ان سے اس ''نسخ تلاوت'' کا مدرک و مأخذ طلب کریں۔ ہم پورے وثوق سے کہتے ہیں کہ ان کے پاس اس کا کوئی مدرک اور سند موجود نہیں ہے۔ کیونکہ اگر یہ نسخ رسول کریم (ص) کے زمانے میں ہوا ہو تو اسے ثابت کرنے کے لیے تواتر کی ضرورت ہے۔ بلکہ بعض ائمہ فقہ جیسے امام شافعی اور امام احمد بن حنبل کے نزدیک تو خبر متواتر سے بھی نسخ قرآن ثابت نہیں ہوسکتا۔ بعض فقہاء خبر متواتر سے نسخ قرآن کو جائز سمجھتے ہیں لیکن اس کے وقوع پذیر ہونے کے قائل نہیں اور خبر واحد کے ذریعے نسخ قرآن کا تو کوئی قائل نہیں ہے۔ لہٰذا نسخ تلاوت پر صحاح میں موجود روایات کے علاوہ کوئی اور دلیل موجود ہی نہیں ہے۔

نکتہ: نسخ تلاوت کی صحت صحاح کی روایت کی صحت پر موقوف ہے۔ جب کہ صحاح کی روایت کی صحت نسخ تلاوت کی صحت پر موقوف ہے۔ لہٰذا نسخ تلاوت کی صحت خود نسخ تلاوت کی صحت پر موقوف ہے، جسے علمی زبان میں دور مصرّح کہتے ہیں جس کا بطلان بدیہی ہے۔

اگر یہ نسخ رسول کریم (ص) کے بعد ہوا ہے تو یہ صریحاً تحریف ہے۔ اس سے واضح طور پر یہ لازم آتا ہے کہ جو لوگ نسخ تلاوت کے قائل ہیں وہ تحریف کے بھی قائل ہیں۔ یعنی ان کے اس نظریے سے، خواہ

وہ نہ بھی چاہیں، تحریف لازم آئے گی۔ اسی لیے بعض معاصر غیر امامیہ علماء بھی نسخ تلاوت کو مسترد کرتے ہیں۔[1]



---

[1] صبحی صالح ۔ علوم القرآن

روایات تحریف کے بارے میں
مذہب امامیہ کا مؤقف

متحرک اجتہاد۔ ناقابل اعتبار روایات۔
وحی منزل اور قرآن۔ تفسیر۔ شان نزول۔ تحریف معنوی۔
قرائت۔ تطبیق ۔ مخالف قرآن احادیث مسترد کرتے ہیں۔
تحریف قرآن ناممکن ہے ۔ اصول وکلیات۔ تدریجی
نزول۔ کتاب فصل الخطاب اور کتاب الفرقان۔

خالی



دیگر مکاتب فکر کی معتبر کتب کی طرح شیعہ کتب میں بھی ایسی روایات موجود ہیں جن میں سے بعض سے بادی النظر میں تحریف کا مفہوم ظاہر ہوتا ہے اور کچھ میں صراحت موجود ہے، مگر شیعہ ان روایات کے تحت نسخ کا نظریہ قائم نہیں کرتے بلکہ ان روایات کی یا تو توجیہ کرتے ہیں کہ ان سے مراد تحریف لفظی نہیں اور اگر قابل توجیہ نہیں ہیں تو ایسی روایات کو مخالف قرآن سمجھ کر یکسر مسترد کرتے ہیں۔

۱۔ متحرک اجتہاد: اہل تشیع کے ہاں اجتہاد کا دروازہ کھلا ہے، لہٰذا ان کی نظر میں متحرک و زندہ اجتہاد کی وجہ سے کوئی کتاب حرف آخر نہیں ہے، بلکہ ہر کتاب، ہر روایت قابل بحث و تحقیق ہے اور تمام اسلامی نصوص تحقیق و تدقیق کے قابل ہیں۔

چنانچہ اصول کافی اگرچہ کتب شیعہ میں سے مشہور کتاب سمجھی جاتی ہے مگر اس میں مختلف احادیث موجود ہیں۔ بعض احادیث اگر کچھ مجتہدین کے نزدیک صحیح السند ہیں تو ضروری نہیں کہ دوسرے مجتہدین کی نظر میں بھی وہ صحیح السند ہوں۔ جو مسلمان صحاح ستہ کی روایات کا صحیح السند ہونا ضروری اور لازمی تصور کرتے ہیں ان کے لیے ممکن ہے کہ صحاح میں کسی روایت کا موجود ہونا اس روایت کے مضمون کا ضمنی اعتراف بن جائے لیکن شیعہ کتب میں اگر کوئی روایت موجود ہے تو اسے مضمون کا ضمنی اعتراف تصور نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ علامہ محمد باقر مجلسیؒ نے اس سلسلے میں سب سے زیادہ روایات نقل کی ہیں۔ اس کے باوجود انہوں نے بحار الانوار میں صریحاً کہا ہے کہ قرآن میں قطعاً کوئی تحریف نہیں ہوئی۔

۲۔ ناقابل اعتبار روایات: تحریف قرآن کے بارے میں اکثر شیعہ روایات ضعیف راویوں سے منقول ہیں۔ چنانچہ ان روایات میں ایک قابل توجہ سلسلہ روایت احمد بن محمد السیاری پر منتہی ہوتا ہے۔ علمائے شیعہ فرماتے ہیں کہ تحریف قرآن سے مربوط تین سو (۳۰۰) روایات احمد بن محمد السیاری سے مربوط ہیں۔

السیاری کون ہے؟ شیعہ کتب رجال میں احمد بن محمد السیاری کے بارے میں درج ذیل الفاظ استعمال ہوئے ہیں:

وہ ضعیف الحدیث، فاسد المذہب، غالی اور منحرف ہے۔[1]

ان روایات تحریف میں یونس بن ظبیان کا نام بھی آتا ہے۔ اس شخص کو علمائے رجال نے ان الفاظ کے ساتھ یاد کیا ہے:

یہ نہایت ضعیف، ناقابل توجہ، غالی، کذاب اور احادیث گھڑنے والا ہے۔[2]

پھر ان میں منخل بن جمیل الاسدی کوفی کا نام بھی آیا ہے جس کے بارے میں علمائے رجال نے لکھا ہے:

وہ فاسد الروایہ، ضعیف، غالی اور منحرف ہے۔[3]

محمد بن حسن بن جمہور بھی ان راویوں میں شامل ہے جس کے بارے میں علمائے رجال فرماتے ہیں:

ضعیف، غالی، فاسد الروایہ، ناقابل توجہ اور فاسد المذہب ہے۔[4]

۳۔ وحی منزل اور قرآن: اکثر روایات میں مضمون حدیث اس طرح ہے: نزلت فی فلاں ھکذا نزلت وغیرہ۔ علماء اور محققین سے یہ حقیقت پوشیدہ نہیں ہے کہ رسول خدا (ص) پر جو کچھ بھی بطریق وحی نازل ہوتا ہے، ان سب کا قرآن ہونا ضروری نہیں ہے۔ لہٰذا اگر روایت یوں کہے: یہ وحی یوں نازل ہوئی یا فلاں ہستی کے بارے میں نازل ہوئی، اس سے یہ تو ثابت ہوتا ہے کہ یہ فرمان الٰہی ہے اور بطور وحی نازل ہوئی ہے، لیکن یہ ثابت نہیں ہوتا کہ یہ قرآن کا حصہ ہے، کیونکہ ہر وحی قرآن نہیں۔ یاد رہے کہ پورا قرآن وحی ہے، لیکن ہر وحی قرآن نہیں۔

شیخ مفید علیہ الرحمہ فرماتے ہیں:

کان ثابتا منزلا و ان لم یکن من جملة کلام اللّٰہ تعالیٰ الذی ھو القرآن المعجز۔[5]	اگرچہ نازل ہوا ہے لیکن وہ کلام اللہ نہیں ہے جو قرآن اور معجزہ ہے۔

شیخ صدوقؒ اپنے اعتقادیہ صفحہ ۸۵ میں ایک حدیث کا مفہوم بتاتے ہوئے فرماتے ہیں:

بل نقول انہ قد نزل من الوحی الذی لیس من قرآن مالو جمع الی القرآن لکان مبلغہ مقدار سبع	یہ وحی کے طور پر نازل ہوئی تھی مگر قرآن کا حصہ نہ تھی۔ اگر ان کو قرآن کے ساتھ جمع کیا جائے تو (مجموعی طور پر) ستر ہزار آیات بن جاتی ہیں۔ اس قسم کی روایات

---

[1] قاموس الرجال ج۱ ص۴۰۳۔ طبع تہران۔ رجال نجاشی ص ۵۸۔ طبع بمبئی۔ نقد الرجال ص۳۲ طبع ایران قدیم۔ معجم رجال الحدیث ج۲ ص ۲۹۔ طبع نجف

[2] نقد الرجال ص ۳۸۱ [3] دراسات فی الحدیث و المحدثین۔ نقد الرجال ص۳۵۴

[4] نقد الرجال ص ۲۹۹۔ رجال نجاشی ص ۲۳۸۔ طبع بمبئی [5] اوائل المقالات ص ۵۵

عشرة الف آیة، (الی ان قال) و مثل بہت ہیں۔ یہ سب وحی تو ہیں مگر قرآن نہیں ہیں۔
هذا كثير كله وحي ليس بقرآن۔

۴۔ تفسیر: احادیث کے بعض الفاظ تفسیر قرآن کی غرض سے (جملہ معترضہ کے طور پر) آیت کے وسط میں درج ہوئے ہیں۔

چنانچہ کافی میں حضرت امام جعفر الصادق (ع) سے یہ آیت اس طرح نقل کی گئی ہے:

وَ اِنْ تَلْوٗۤا اَوْ تُعْرِضُوْا (عما امرتم) فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا [1]

اس آیت میں عماامرتم بغرض تفسیر وتوضیح آیت کے وسط میں مذکور ہے، نہ کہ قرآن کے طور پر۔

۵۔ شان نزول: بعض الفاظ شان نزول کے بیان کے لیے آیت کے وسط میں مذکور ہوئے ہیں جیسے:

يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ [2] (فی علی) وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ [2]۔

چنانچہ حضرت عائشہ سے روایت کی گئی ہے کہ انہوں نے آیہ حافظوا علی الصلوات و الصلوة الوسطی کے ساتھ و صلوة العصر پڑھا ہے۔[3] علمائے اہل سنت تو ایسی روایات سے ان الفاظ کو قرآن کا حصہ تسلیم کر لینے کے بعد توجیہ کرتے ہیں، لیکن علمائے شیعہ انہیں قرآن کا حصہ تسلیم کرنے سے پہلے ہی ان کی توجیہ کرتے ہیں۔

۶۔ تحریف معنوی: روایات میں تحریف کا لفظ صریحاً موجود ہے لیکن ان میں تحریف سے مراد تحریف معنوی ہے۔ تحریف معنوی کا مطلب یہ ہے کہ مفاد پرستوں نے آیات قرآنی کے مطالب کو ان کے حقیقی مفہوم سے ہٹا کر اپنی رائے اور ذاتی یا گروہی خواہشات کے مطابق معنی پر محمول کیا ہے۔ حضرت علی (ع) نے فرمایا:

لا يعرفون الا خطه [4] وہ لوگ قرآن کے صرف خطوط، نقوش کو پہچانتے ہوں گے۔

اس سے واضح ہوجاتا ہے کہ لوگ قرآن میں معنوی تحریف تو کریں گے لیکن الفاظ قرآن محفوظ رہیں گے۔

چنانچہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے:

وكان من نبذهم الكتاب ان اقاموا انہوں نے کتاب خدا کو اس طرح پس پشت ڈال

---

[1] ۴ نساء: ۱۳۵ [2] ۵ مائدہ: ۶۷ [3] درمنثور ۱: ۳۰۴ [4] نہج البلاغۃ خ ۱۴۵ ص ۳۸۸

حروفه و حرفوا حدوده، فهم یروونه ولا یرعونه و الجهال یعجبهم حفظهم للروایة و العلماء یحزنهم ترکهم للرعایة۔[1]

دیا کہ اس کے حروف کی پاسداری تو کی مگر اس کی حدود میں تحریف کی۔ یہ لوگ روایت تو کرتے ہیں مگر رعایت نہیں کرتے نادان لوگ روایت کے تحفظ کو پسند کرتے ہیں اور علماء رعایت کے متروک ہونے سے غمزدہ ہوتے ہیں۔

حضرت علی(ع) سے روایت ہے:

ولیس عند اهل ذلك الزمان سلعة ابور من الکتاب اذا تلی حق تلاوته ولا انفق منه اذا حرف عن مواضعه۔[2]

اس زمانے کے لوگوں کے نزدیک قرآن سے زیادہ کوئی بے قیمت چیز نہ ہوگی جب اسے صحیح طور پڑھا جائے اور قرآن سے زیادہ کوئی چیز مقبول نہ ہوگی جب اسے اپنی جگہ سے ہٹا کر تحریف کی جائے۔

۷۔ قراءت: ان روایات میں بہت سی عبارتوں کا تعلق اختلاف قراءت سے ہے جیسا کہ اصحاب رسولؐ(ص) میں سے حضرت ابی بن کعب، حضرت عبداللہ بن مسعود وغیرہ کی قراءتوں میں اختلاف ہے۔ اس طرح ائمہ اہل بیت علیہم السلام نے بعض قراءتوں میں دوسروں سے اختلاف کیا ہے۔

۸۔ تطبیق: قرآن ایک ابدی دستور حیات ہے۔ بنا بریں قرآن نزول کے وقت جس امر پر منطبق ہوتا تھا، اسی طرح بعد کے ہر اس امر پر بھی جاری و منطبق ہوگا جس میں حال نزول کے حالات و شرائط موجود ہوں۔ اگر زمان نزول میں کسی آیت میں کسی کی مدح ہوئی ہے تو اس قسم کے اوصاف رکھنے والے سب لوگوں پر یہ مدح منطبق ہوگی۔ اگر کسی آیت میں کسی فرد کی مذمت ہوئی ہے تو یہ قدح اس قسم کے تمام اشخاص پر منطبق ہوگی۔ مفسرین یہاں پر ایک قاعدہ کلیہ قائم کرتے ہیں اور کہتے ہیں: العبرة بعموم اللفظ لا بخصوص السبب یعنی شان نزول و سبب نزول پر انحصار نہیں ہوسکتا بلکہ لفظ کے عموم کا لحاظ رکھنا ہوتا ہے۔

اس کے تحت بعض غیر قرآنی الفاظ آیت کی تطبیق کے لحاظ سے قرآنی الفاظ کے ساتھ (توضیح و تبیین کی غرض سے) درج ہوتے ہیں۔ مثلاً بعض روایات میں ہے:

وَسَيَعْلَمُ الَّذِينَ ظَلَمُوٓا (حق آل محمد) اَیَّ مُنْقَلَبٍ يَنْقَلِبُونَ۔[3]

اس آیت کے وسط میں (حق آل محمد) صرف بیان مصداق اور بیان مورد انطباق کی غرض سے مذکور ہے، جزو قرآن ہونے کی وجہ سے نہیں ہے۔

۹۔ مخالف قرآن احادیث مسترد ہیں: اگر کوئی روایت گزشتہ تمام مطالب میں سے کسی ایک پر بھی محمول نہ ہو سکے تو ایسی روایات کو شیعہ اصول حدیث کے مطابق، منافی قرآن و سنت ہونے کی وجہ سے

---

[1] الوافی کتاب الصلوٰۃ ج ۱ ص ۱۸۵۔ طبع قم
[2] نہج البلاغۃ خ ۱۴۵ ص ۳۸۷
[3] ۲۶ شعراء: ۲۲۷

رد کیا جاتا ہے۔ کیونکہ اگر کوئی روایت قرآن کی صریح نص اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ [1] کی مخالف ہے تو اس کی کوئی قیمت اور حیثیت نہیں ہے اور وہ درجہ اعتبار سے بالکل ساقط ہے۔ چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہے:

ان علی کل حق حقیقة و علی کل صواب نوراً فما وافق کتاب اللّٰه فخذوه و ما خالف کتاب اللّٰه فدعوه۔ [2]

ہر حق پر ایک حقیقت اور ہر صائب بات پر ایک روشنی ہوا کرتی ہے۔ پس جو کتاب خدا کے مطابق ہو اسے اخذ کرو، جو کتاب خدا کے مخالف ہو اسے مسترد کرو۔

امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے:

لا تصدق علینا الا ما وافق کتاب اللّٰه و سنة نبیّه (ص)۔ [3]

ہماری صرف ان احادیث کی تصدیق کرو جو کتاب اللہ اور سنت رسول (ص) کے مطابق ہوں۔

امام جعفر صادق (ع) سے روایت ہے:

فما وافق کتاب اللّٰه فخذوه وما خالف کتاب اللّٰه فدعوه۔ [4]

جو کتاب خدا کے مطابق ہو اسے اخذ کرو اور جو اس کے مخالف ہو اسے رد کرو۔

اور مسلک امامت کے آٹھویں تاجدار حضرت امام رضا (ع) نے فرمایا ہے:

اذا کانت الروایات مخالفة للقرآن کذبتها۔ [5]

جو روایات قرآن کریم کی مخالف ہوں میں ان کی تکذیب کرتا ہوں۔

تحریف قرآن ناممکن ہے: قرآن میں تحریف اس لیے ناممکن ہے کہ اس کی معجزاتی ترکیب اپنے اندر کسی قسم کی تحریف کو قبول نہیں کرتی۔ اس سلسلے میں ہم مندرجہ ذیل دلائل پیش کرتے ہیں:

۱۔ اصول وکلیات: گزشتہ امتوں پر نازل شدہ کتب میں تحریف واقع ہونے کے اہم عوامل میں سے ایک عامل یہ تھا کہ آسمانی کتب میں جو دستور حیات دیا گیا تھا وہ حکمرانوں اور مفاد پرستوں کے مفادات کے خلاف ہوتا تھا، لہٰذا کچھ لوگوں نے ان کی مخالفت کی۔ کچھ نے ان حقائق کو چھپانے کی کوشش کی اور کچھ نے تحریف کر ڈالی۔

لیکن خاتم الانبیاء (ص) کے ابدی معجزے قرآن کو تحریف سے محفوظ رکھنے کا انتظام خود اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ اس مقصد کے لیے اللہ نے قرآن میں صرف اصول وکلیات ہی بیان کیے اور تفسیر وتشریح کا کام

---

[1] ۱۵ حجر: ۹۔ اس ذکر کو یقیناً ہم ہی نے اتارا ہے اور ہم ہی اس کے محافظ ہیں۔ [2] اصول الکافی ۱: ۶۹

[3] وسائل الشیعة ۲۷: ۱۲۳

[4] حوالہ سابق ۲۷: ۱۱۹۔ مصنف عبدالرزاق ۶: ۱۱۱ فما وافق کی جگہ ما واطی کے ساتھ۔ تہذیب تاریخ دمشق ۵: ۱۳۷ طبع شام

[5] اصول کافی ۱: ۹۵

سنت پر چھوڑ دیا۔ اسی لیے قرآن میں معاصر لوگوں میں سے کسی کا نام مذکور نہیں۔ نہ برگزیدہ ہستیوں کے نام مذکور ہیں نہ قابل مذمت لوگوں کے نام درج ہیں۔ صرف ابولہب اور اس کی بیوی کی مذمت نام لے کر کی گئی ہے، کیونکہ ابولہب کی کھلی عداوت اور خود حضور (ص) کا رشتہ دار ہونا ایسی باتیں تھیں جن کی وجہ سے اس کا نام صریحاً لیا گیا۔ کیونکہ مستقبل میں رسول (ص) کے خاندان کی طرف سے کسی تحریف کا خطرہ نہیں تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے قرآن کے اصول وکلیات کی تشریح وتوضیح رسول خدا (ص) کے ذمہ کر دی تھی۔ مثلاً آیہ تطہیر میں اہل بیت (ع) کا نام نہیں لیا گیا۔ سنت رسول (ص) نے ایک ایک فرد کا تعارف کرایا۔

آیہ مباہلہ میں بھی اَبْنَآءَنَا اور نِسَآءَنَا سے جو لوگ مراد ہیں ان کی وضاحت سنت رسول (ص) نے کی۔

نیز سورۃ کوثر میں اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ میں یوں نہیں فرمایا: عاص بن وائل او امیة بن الخلف هو الابتر بلکہ رسول (ص) نے گستاخان رسول (ص) کی نشاندہی فرمائی۔

اگر قرآن میں یہ بتا دیا جاتا کہ... الشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ [1] سے کون لوگ مراد ہیں تو بنی امیہ قرآن کے ساتھ کیا کچھ نہ کرتے۔

اسی طرح اِنْ جَآءَكُمْ فَاسِقٌۢ بِنَبَاٍ فَتَبَيَّنُوْٓا [2] میں اس فاسق یعنی ولید بن عتبہ کا ذکر نہیں آیا جو بعد میں کہ ... صبح کی نماز چار رکعت پڑھائی اور محراب میں قے کی۔

اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ [3]
جو لوگ آپ کو حجروں کے پیچھے سے پکارتے ہیں بلاشبہ ان میں سے اکثر عقل نہیں رکھتے۔

میں بھی ان بیوقوفوں کا نام نہیں لیا گیا۔ ایسے تمام موارد میں قرآن کی مراد اور مقصود کا بیان کرنا سنت رسول اللہ (ص) کی ذمہ داری ہے۔ [4]

ہم اس کی کئی مثالیں سنت رسول (ص) سے بھی پیش کر سکتے ہیں۔ یہاں ایک مثال پر اکتفا کرتے ہیں۔ وہ یہ ہے:

اکثر مفسرین اور صحاح نے قرآن کی متعدد آیات کے بارے میں ان روایات کو نہایت شوق سے ذکر کیا ہے جن کے مطابق یہ آیات حضرت ابوطالب کے خلاف نازل ہوئی ہیں۔ مثلاً سورہ برائت آیت ۱۱۳ اور سورہ قصص کی آیت کے بارے میں صحیح بخاری کتاب التفسیر سورۃ القصص میں یہ روایت ملے گی کہ یہ دو آیتیں حضرت ابو طالب کے عدم ایمان کے بارے میں نازل ہوئی ہیں، لیکن المائدہ کی آیت ۵۵ اِنَّمَا وَلِيُّكُمُ

---

[1] ۱۷ اسراء: ۶۰
[2] ۴۹ حجرات: ۶ اگر کوئی فاسق تمہارے پاس کوئی خبر لے کر آئے تو تم تحقیق کر لیا کرو۔
[3] ۴۹ حجرات: ۴
[4] اقتباس از انٹرویو آیۃ اللہ عسکری

اللّٰہ ... کے بارے میں کوئی روایت نہیں ملتی کہ یہ حضرت علی ابن ابی طالب علیہ السلام کی شان میں نازل ہوئی ہے، جب کہ اس حدیث کو بارہ اصحاب رسول (ص) نے روایت کیا ہے۔

اس سلسلے میں تحریف حدیث کی سب سے روشن مثال یہ ہے کہ حدیث غدیر، جسے رسول اللہ (ص) نے ہزاروں کے مجمع میں بیان فرمایا اور نہایت نامساعد حالات کے باوجود یہ حدیث ایک سو دس (۱۱۰) اصحاب رسول (ص) کی روایت سے ہم تک پہنچی ہے، صحاح میں ایسی احادیث کے لیے کوئی جگہ نہیں مل سکی۔

۲۔ تدریجی نزول: قرآن کو ضیاع اور تحریف سے بچانے کے لیے دوسرا انتظام اس کا تدریجی نزول تھا۔ ایک متوسط حجم کی کتاب ۲۳ سالوں کی مدت میں تدریجاً نازل ہوتی رہی اور کتاب بھی ایسی جس کا انداز کلام دوسرے کلاموں سے مختلف ہے اور جس میں روح اور سماعت دونوں کی تسکین کا سامان ہے۔ آیات مختصر، با قافیہ اور مسجع ہیں۔ مثلاً:

وَالضُّحٰى ۙ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ؕ [1]

اور

اَلرَّحْمٰنُ ۙ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ۝ [2]

یہ مختصر اور مقفی آیات حفظ کرنے کے لیے نہایت آسان ہیں۔ اس طرح قرآن کتابت کے ساتھ سینوں میں بھی محفوظ رہا۔

بعد میں مدنی زندگی میں لکھنے پڑھنے کے وسائل فراہم ہوئے تو آیات اور قرآنی سورتیں طولانی ہونا شروع ہو گئیں۔ تدریجی نزول کی وجہ سے یہ بھی ممکن ہوا کہ قرآن نہایت آسانی کے ساتھ امت کے حوالے ہو گیا۔ یعنی جس طرح نزول قرآن تدریجی تھا، اس کی تعلیم اور امت کی طرف اس کی منتقلی بھی تدریجی تھی۔ جس روز نزول کا کام مکمل ہوا، اسی روز قرآن کی امت کی طرف منتقلی بھی مکمل ہوئی۔ چنانچہ جس مرحلے میں امت کی طرف قرآن کی منتقلی مکمل ہوئی اسے عرضہ اخیر (آخری بازخوانی) کہتے ہیں۔

کتاب فصل الخطاب اور کتاب الفرقان: مکتب امامیہ پر عائد الزام کی ایک دلیل یہ پیش کی جاتی ہے کہ ان کے ایک جید عالم نے تحریف قرآن کے اثبات میں ایک مستقل کتاب لکھی ہے اور اس کا نام فصل الخطاب رکھا ہے۔ حقیقت امر یہ ہے:

اولاً: ایسا واقعہ صرف امامیہ کے ہاں پیش نہیں آیا بلکہ مصر کے ایک جید عالم علامہ ابن الخطیب المصری نے ۱۹۴۷ء میں اسی قسم کی ایک کتاب تالیف کی جس میں ضعیف اور نادر روایات جمع کر کے قرآن کی تحریف و تبدیلی اور عدم صحت الفاظ پر بے شمار دلائل پیش کیے۔

اس کتاب کے بارے میں جامعۃ الازہر کے کلیۃ الشریعۃ کے استاد علامہ شیخ محمد مدنی لکھتے ہیں:

---

[1] ۹۳ ضحی: ۱ تا ۳ [2] ۵۵ رحمٰن: ۱ تا ۴

یہ کہنا کہ امامیہ قرآن میں کمی واقع ہونے کے قائل ہیں، معاذ اللہ درست نہیں ہے، بلکہ ان کے ہاں بھی کچھ روایات ایسی ملتی ہیں جیسے ہمارے ہاں ملتی ہیں۔ دونوں فرقوں کے اہل تحقیق اس قسم کی روایات کو مسترد کرتے ہیں۔ چنانچہ شیعہ امامیہ یا زیدیہ میں کوئی تحریف کا قائل نہیں ہے، جیسا کہ اہل سنت کے ہاں بھی کوئی ایسا شخص موجود نہیں ہے۔

ایسی روایات کا مشاہدہ کرنے کے لیے جنہیں ہم مکمل طور پر مسترد کرتے ہیں، علامہ سیوطی کی کتاب الاتقان کا مطالعہ کریں اور ایک مصری صاحب نے تو ۱۹۴۸ء میں ایک کتاب لکھ ڈالی جس کا نام الفرقان رکھا۔ اس مؤلف نے اس کتاب کو غیر معتبر، غیروں کی داخل کردہ اور مردود السند روایات سے پر کیا ہے اور ان روایات کو اہل سنت کے ہی مصادر و مآخذ سے نقل کیا ہے۔ چنانچہ جامعۃ الازہر نے اس کتاب کی ضبطی کا مطالبہ کیا اور اس کتاب کے فاسد اور باطل ہونے پر دلائل قائم کیے۔ چنانچہ حکومت نے اسے منظور کر لیا اور کتاب ضبط ہو گئی۔ مؤلف نے تاوان کے لیے دعویٰ دائر کیا تو عدالت نے اس کا یہ دعویٰ مسترد کر دیا۔ تو کیا اس کتاب کی بنیاد پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ اہل سنت قرآن کے تقدس کے منکر ہیں؟ اور نقص در قرآن کا عقیدہ رکھتے ہیں؟ صرف ایک روایت کی بنا پر؟ یا فلاں شخص کی تالیف کردہ کتاب کی بنا پر؟ شیعہ امامیہ کا حال بھی کچھ اسی طرح ہے۔[1]

ثانیاً: فصل الخطاب میں درج ساری روایات، شیعوں کی نہیں ہیں، بلکہ اس میں اہل سنت کی روایات بھی بکثرت درج ہیں، جنہیں علامہ مرتضیٰ عسکری نے ایک مستقل کتاب میں جدا کر کے واضح کیا ہے کہ کون کون سی روایات امامیہ یعنی شیعہ مصادر سے ہیں اور کون سی غیر امامیہ یعنی اہل سنت مصادر سے۔[2]

ثالثاً: یہ کتاب ان روایات پر مشتمل ہے جو اصول حدیث کے اعتبار سے بے بنیاد اور مردود ہیں۔ علماء امامیہ میں سے کوئی ایسا نہیں جو اسے مستند سمجھے۔ علماء نے اس کو کتب ضالہ میں شمار کیا ہے۔ اس کے راویوں میں:

۱۔ احمد بن محمد السیاری ہے جو کذاب، فاسد العقیدہ اور تناسخ ارواح کا قائل ہے۔ اس کی روایات سب سے زیادہ ہیں۔

۲۔ سہل بن زیاد

---

[1] رسالۃ الاسلام شمارہ ۴، صفحہ ۳۸۲ [2] العسکری: القرآن الکریم و روایات المدرستین ۔ الکتاب الثالث

۳۔ ابراهیم بن اسحاق نهاوندی

۴۔حسین بن حمدان الحضبی

۵۔ ابو سمینه محمد بن علی الکوفی

اور

۶۔ محمد بن سلیمان الدیلمی

جیسے ضعیف و کذاب راوی شامل ہیں۔جن کی روایات کا کوئی علمی وزن نہیں ہے۔اسی لیے فصل الخطاب کے مؤلف کے معاصرین نے اس کتاب کی رد میں کئی ایک کتابیں لکھی ہیں مثلاً :

۱۔علامہ سید محمد حسین شہرستانی نے حفظ الکتاب الشریف عن شبهة القول بالتحریف لکھی۔

۲۔علامہ محقق شیخ محمود تہرانی نے کشف الارتیاب فی ردّ فصل الخطاب لکھی۔

خالی



علوم القرآن

سبقت ۔ خدمات

غریب القرآن۔قراءۃ القرآن۔ آیات الاحکام۔قرآن
کے نقطے۔مجاز القرآن۔تفسیر القرآن۔عصر ائمہ (ع) کی
تفاسیر۔ پہلی صدی کی تفاسیر۔ دوسری صدی کی تفاسیر۔
تیسری صدی کی تفاسیر۔ ناسخ اور منسوخ۔

خالی



ذیل میں ہم اس بات کو متفق علیہ مصادر سے واضح کریں گے کہ قرآن سے متعلق تقریباً تمام علوم کی تدوین وتصنیف میں فرزندان مکتب اہل بیت(ع) کو سبقت حاصل رہی ہے اور مختلف میدانوں میں آغاز انہی کی طرف سے ہوا ہے۔

باب مدینة العلم حضرت علی علیہ السلام نے سب سے پہلے علوم قرآن کی طرف امت قرآن کی رہنمائی فرمائی۔ چنانچہ آپ (ع) نے قرآن سے مربوط ساٹھ علوم کی تشریح فرمائی اور ہر علم کو مثال کے ساتھ بیان فرمایا۔ ان معارف کو کتاب کی شکل میں تدوین کیا گیا ہے۔ چنانچہ علامہ مجلسی نے بحارالانوار کتاب القرآن میں پوری کتاب نقل کی ہے۔ اس کے بعد جتنی کتابیں علوم قرآن پر لکھی گئی ہیں، ان سب کا مأخذ یہی کتاب ہے۔

غریب القرآن: قرآن فہمی کے لیے سب سے پہلے تو مصدر وحی حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی طرف رجوع کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ بعض اوقات خود قرآن سے قرآن فہمی کے لیے مدد مل جاتی ہے۔ یعنی قرآن فہمی کے دو مصادر قرآن وسنت ہیں۔ اس کے بعد کسی لفظ کے لغوی معنی اور کسی محاورے کی تشریح عربوں کے محاورات اور استعمالات سے کی جاتی ہے جب کہ مشکل اور نادر (غریب) الفاظ کے معانی سمجھنے کے لیے عربوں کے اشعار سے مدد لی جاتی ہے۔ اس فن کو غریب القرآن کہا جاتا ہے۔

اس فن کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ قرآن کے نادر الفاظ کے معانی کو سمجھنا خود اہل زبان کے لیے بھی مشکل تھا۔ چنانچہ علامہ سیوطی نے الاتقان میں لکھا ہے کہ حضرت عمر نے آیت کریمہ: وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا [1] کا مفہوم سمجھنے سے عجز کا اظہار کیا نیز وہ اَوْ يَاْخُذَهُمْ عَلٰى تَخَوُّفٍ [2] میں تَخَوُّفٍ کے معنی دوسروں سے پوچھتے تھے۔ [3]

حضرت ابن عباس فرماتے ہیں: فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ کا صحیح مفہوم میرے ذہن میں نہیں آ رہا تھا کہ دو اعرابی ایک کنویں کے سلسلے میں میرے پاس آئے اور ان میں سے ایک نے کہا: انا فطرتھا یعنی اس کنویں کو پہلی بار میں نے کھودا ہے۔ اس کی یہی بات سن کر فَاطِرِ کے معنی سمجھ میں آئے۔

---

[1] ۸۰عبس: ۳۱ [2] ۱۶النحل: ۴۷ [3] مقدمہ مفردات القرآن (اردو) از مولانا محمد عبدہ فیروزپوری۔

غریب القرآن: تالیف حضرت عبداللہ بن عباس (حبر امت)۔ آپ نے قرآن کے نادر اور مشکل الفاظ کے حل کے لیے ایک کتاب لکھی۔ واضح رہے کہ حضرت عبداللہ بن عباس ایک طرف سے تو حضرت علی علیہ السلام کے شاگرد ہیں اور دوسری طرف حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام کے جلیل القدر صحابی ابونصر محمد بن سائب کلبی ان سے غریب القرآن کی روایت نقل کرتے ہیں۔

غریب القرآن: تالیف ابان بن تغلب الجریری (متوفی ۱۴۱ھ)۔ ائمہ اہل بیت (ع) کے نزدیک ان کا بڑا مقام ہے۔ آپ نے حضرت امام زین العابدین، حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہم السلام کا زمانہ پایا۔ حضرت ابن عباس کے بعد آپ اس فن کے پہلے مصنف ہیں۔ چنانچہ اس بات کی علامہ سیوطی نے بغیة الوعاظ میں تصریح کی ہے۔

شیخ الحدیث محمد عبدہ فیروز پوری مفردات القرآن (اردو) کے مقدمہ میں لکھتے ہیں:

غریب القران کے سلسلے میں حضرت ابن عباس کے بعد ابان بن تغلب الجریری متوفی ۱۴۱ھ کا نام لیا جاتا ہے جو قاری و فقیہ ہونے کے علاوہ لغت کے بھی عظیم المرتبت عالم تھے اور علی بن حسین (امام سجاد) اور ابو عبد اللہ (امام صادق علیہم السلام) سے روایت کرتے تھے۔ استاد عطار لکھتے ہیں:... سمع من العرب و الف غریب القرآن و ذکر شوا هده من الشعر۔[1] (یعنی عربوں سے اخذ کیا۔ قرآن کے مشکل الفاظ کے بارے میں کتاب لکھی اور شعر سے شواہد ذکر کیے)

ابان بن تغلب وہ ہیں جن سے امام مسلم اور اصحاب سنن اربعہ نے روایت کی ہے۔ ابان گو تشیع میں غالی تھے یعنی علی (ع) کی تفضیل کے قائل تھے تاہم رافضی نہیں تھے نیز چونکہ روایت میں ثقہ تھے اس بنا پر محدثین نے ان سے روایت کی ہے۔[2]

اس موضوع پر سب سے پہلی کاوش حضرت ابان بن تغلب کی طرف سے عمل میں آئی۔ ابن ندیم اپنی کتاب الفهرست میں لکھتے ہیں:

و له من الکتب، کتاب معانی القرآن لطیف، کتاب القرائات.
کتاب من الاصول فی الروایة علی مذهب الشیعة۔[3]

قرائة القرآن: علم قراءت پر اسلامی تاریخ میں سب سے پہلی کتاب حضرت ابان بن تغلب کی کتاب القراءات ہے۔ جیسا کہ ابن ندیم نے الفهرست میں ذکر کیا ہے۔

حضرت آیۃ اللہ سید حسن صدرؒ اپنی کتاب تاسیس الشیعة لعلوم الاسلام میں لکھتے ہیں:

حافظ ذہبی کا خیال ہے کہ اس موضوع پر سب سے پہلی کتاب ابو عبید قاسم بن سلام کی ہے، حالانکہ سب کے نزدیک ان کی وفات ۲۲۴ھ میں ہوئی ہے اور

---

[1] مقدمة الصحاح [2] مقدمہ مفردات القرآن (اردو) صفحہ ۱۶ معانی القرآن [3] الفہرست ابن الندیم۔ ص ۲۷۶

ابان بن تغلب کی وفات ان سے ۸۳ سال پہلے یعنی ۱۴۱ ہجری میں ہوئی ہے۔
جیسا کہ علامہ سیوطی نے طبقات النحاۃ میں اس بات کی تصریح کی ہے۔
شاید ذہبی کا مقصد یہ ہو کہ اہل سنت میں سے جس شخص نے سب سے پہلے اس موضوع پر کچھ لکھا ہے وہ ابو عبید ہے، ورنہ اس موضوع پر سب سے پہلے لکھنے والا ابان بن تغلب ہے۔ ان کے بعد حمزہ بن حبیب کا نام آتا ہے جو سات مشہور قاریوں میں سے ایک ہیں اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ حمزہ کی وفات ۱۵۸ ھ میں ہوئی ہے۔ بنا بریں حمزہ ابو عبیدہ سے ۶۶ سال پہلے کے ہیں۔[1]

قرائة امیر المؤمنین(ع): تالیف حضرت زید شہید ۱۲۲ ھ۔

کتاب القرائة: تالیف ابو جعفر محمد بن سعدان الضریر متوفی ۲۳۱ ھ۔

کتاب القرائة: تالیف: ابو عثمان بکر بن محمد بن حبیب المازنی متوفی ۲۴۹ ھ۔

آیات الاحکام: قرآن مجید کی جو آیات حلال و حرام اور شرعی احکام سے مربوط ہیں انہیں آیات الاحکام کہتے ہیں۔

قرآن مجید کی تاریخ میں احکام سے مربوط آیات (آیات الاحکام) کو سب سے پہلے مرتب کرنے کا شرف بھی مذہب اہل بیت (ع) کے ایک پیرو کار کو حاصل ہے۔ چنانچہ حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام کے شاگرد جناب ابو نصر محمد بن سائب بن بشر کلبی متوفی ۱۴۶ ہجری کی کتاب احکام القرآن اس موضوع پر سب سے پہلی تصنیف ہے۔ آپ مفسر قرآن بھی ہیں۔ آپ کی تفسیر اس زمانے کی سب سے بڑی مفصل تفسیر ہے جس کا ذکر آگے آئے گا۔

علامہ سیوطی کہتے ہیں: اس موضوع کے سب سے پہلے مصنف امام شافعی ہیں۔ حالانکہ امام شافعی کی ولادت ۱۵۵ ھ میں ابو نصر کلبی کی وفات کے نو سال بعد ہوئی ہے۔

بعض حضرات نے کہا ہے کہ قاسم بن اصبغ بن محمد بن یوسف بیانی قرطبی اندلسی اس موضوع کے سب سے پہلے مصنف ہیں، حالانکہ ان کی ولادت بقول سیوطی ۲۴۷ ھ میں امام شافعی کی وفات کے ۴۳ سال بعد ہوئی ہے۔[2]

تفسیر آیات الاحکام۔ تالیف: ابو الحسن مقاتل بن سلیمان (متوفی ۱۵۰ ھ)۔ وہ امام جعفر صادق (ع) کے صحابی ہیں۔ اس کتاب کا ذکر ابن ندیم نے الفہرست صفحہ ۲۵۴ میں کیا ہے۔ الذریعہ جلد ۴ صفحہ ۲۳۵ میں آقا بزرگ طہرانی نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔

---

[1] تاسیس الشیعة لعلوم الاسلام ص:۳۱۹ [2] الذریعة ۱: ۴۰

ابونصر کلبی کے بعد ان کی کتاب اس موضوع کی دوسری کتاب ہے۔ کیونکہ ان کی وفات امام شافعی کی ولادت سے پانچ سال پہلے ہوئی ہے۔

متشابہ القرآن ۔ تالیف: حمزہ بن حبیب الزیات کوفی متوفی ۱۵۶ھ۔ آپ سات نامور قاریوں میں سے ایک ہیں۔ آپ نے قرائت حضرت امام جعفر صادق (ع) سے سیکھی۔ متشابہ القران کے موضوع پر یہ پہلی کتاب ہے۔[1]

تقسیم القرآن ۔ تالیف: محمد بن سائب کلبی متوفی ۱۴۶ھ۔ آپ حضرت امام محمد باقر اور امام جعفر صادق (ع) کے شاگرد ہیں۔ کتاب کے نام سے اندازہ ہوتا ہے کہ اس کتاب میں قرآنی موضوعات کی تقسیم بندی کی گئی ہوگی۔ اس طرح یہ کتاب بھی اپنے موضوع کی پہلی کتاب ہے۔

قرآن کے نقطے: شروع میں کتابت نقطوں کے بغیر ہوتی تھی۔ اس لیے صدر اسلام میں قرآن پڑھنے کے سلسلے میں صرف قرآنی نسخوں پر اکتفا نہیں کیا جاتا تھا بلکہ زیادہ تر استاد کی رہنمائی کا سہارا لیا جاتا تھا۔

حضرت علی علیہ السلام کے شاگرد حضرت ابوالاسود دؤلی نے سب سے پہلے حروف پر نقطے رکھے۔ ان کی اس عظیم خدمت سے قرآن مجید کے تلفظ میں غلطی کی گنجائش باقی نہ رہی۔

سیوطی نے مطالع السعیدۃ میں اور عبد الواحد ابو الطیب لغوی نے مراتب النحو یین میں اس بات کی تصریح کی ہے کہ ابو الاسود دؤلی ہی نے سب سے پہلے حروف پر نقطے رکھے۔

بعض حضرات کے نزدیک سب سے پہلے ابو الاسود کے شاگرد یحییٰ بن یعمر نے حروف پر نقطے رکھے۔ اگرچہ یحییٰ بن یعمر بھی مذہب اہل بیت (ع) سے تعلق رکھتے تھے تاہم صحیح قول یہ ہے کہ یہ کام سب سے پہلے خود ابو الاسود نے ہی انجام دیا تھا۔

ابو الاسود کے شیعہ ہونے کی تصریح راغب اصفہانی نے المحاضرات میں، حافظ عسقلانی نے الاصابۃ میں، ابوالفرج اصفہانی نے الاغانی میں، یافعی نے مرآۃ الجنان میں، سیوطی نے الطبقات میں، ابن الانباری نے النزھۃ میں اور جاحظ وغیرہ نے کی ہے۔[2]

آل محمد (ص) کے فضائل میں جناب ابو الاسود کے یہ اشعار مشہور ہیں:

امفندی فی حب آل محمد
حجر بفیك فدع ملامك او زد

من لم یکن بحبالهم متمسکا
فلیعترف بولاء من لم یرشد[3]

---

[1] الذریعۃ ۴: ۱۷۳۔ [2] تاسیس الشیعۃ لعلوم الاسلام ص ۴۳ [3] ان اشعار کو زمخشری نے نقل کیا ہے

مجاز القرآن: اس موضوع پر سب سے پہلی کتاب مذہب اہل بیت(ع) کے پیروکار فراء یحییٰ بن زیاد بن عبد اللّٰہ الدیلمی الکوفی (متوفی ۲۰۷ھ) نے لکھی۔ آپ علم نحو میں ایک نہایت ہی بلند مقام رکھتے ہیں۔

الرغیب فی علوم القرآن۔ تالیف: ابوعبداللہ محمد بن عمر واقدی (متوفی ۲۱۷ھ)۔ حضرت علی(ع) کے بعد علوم قرآن پر لکھی جانے والی یہ پہلی کتاب ہے۔[1]

اعراب القرآن۔ تالیف: ابوجعفر محمد بن ابی وسادہ کوفی۔ ان کی وفات حضرت امام جعفر صادق (ع) کی حیات میں ۱۴۸ھ سے قبل ہوئی۔

تفسیر القرآن: کتب آسمانی میں کسی کتاب کو وہ توجہ اور اہمیت حاصل نہیں ہوئی جو قرآن کو حاصل ہے۔ یہ وہ کتاب ہے جو دنیا میں سب سے زیادہ پڑھی جاتی ہے۔ اس کی سب سے زیادہ تفسیر وتشریح کی گئی ہے۔

مکتب اہل بیت (ع) کے فرزندوں کو یہ اعزاز حاصل ہے کہ تفسیر قرآن لکھنے میں سب سے پہلا قدم انہوں نے اٹھایا۔

تفسیر میثم تمار: تالیف میثم بن یحییٰ التمار الکوفی الشہید۔ آپ کی تفسیر کا ماخذ حضرت علی(ع) ہیں۔ آپ کو ۶۰ھ میں ابن مرجانہ کے حکم سے ہاتھ پاؤں اور زبان کاٹ کر سولی پر چڑھایا گیا۔

حضرت میثم تمارؓ نے اپنی تفسیر حضرت ابن عباس کو املا فرمائی۔ بعد میں جب ابن مرجانہ کے ہاتھوں اپنی شہادت کی پیشینگوئی سنائی تو ابن عباس نے اسے کہاوت سمجھ کر ان سے اخذ کردہ تفسیر کو پھاڑنے کا ارادہ کیا۔ تب حضرت میثم نے کہا: جو کچھ آپ نے مجھ سے سنا ہے، اسے اپنے پاس محفوظ رکھیں۔ اگر میری باتیں سچ ثابت ہوئیں تو اس تفسیر سے متمسک رہیں وگرنہ بے شک اسے پھاڑ دیں۔ چنانچہ چند دنوں بعد وہی ہوا جس کی جناب میثم تمار نے پیش گوئی کی تھی۔[2]

تفسیر جبیر: تالیف حضرت سعید بن جبیر شہید۔ تاریخ قرآن میں آپ وہ پہلے مفسر ہیں جنہوں نے باقاعدہ قرآن کی تفسیر تالیف وتصنیف فرمائی۔ آپ حضرت امام زین العابدین (ع) کے جلیل القدر صحابی اور حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ممدوح ہیں۔ چنانچہ علامہ ابوعمرو کشی اپنی کتاب رجال میں حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کرتے ہیں کہ آپ علیہ السلام نے فرمایا:

سعید بن جبیر کان یأتم بعلی بن الحسین و کان علی بن الحسین	سعید بن جبیر، علی ابن الحسین علیہما السلام کی امامت کے قائل تھے اور علی ابن الحسین علیہ السلام ان کی تعریف

[1] الذریعہ ۴: ۲۷۲ [2] الذریعۃ ۴: ۳۱۷

یثنی علیه ۔ کرتے تھے ۔

ابن ندیم نے اپنی کتاب میں آپ کی تفسیر کا ذکر کیا ہے ۔

علامہ سیوطی الاتقان میں قتادہ سے نقل کرتے ہیں کہ انہوں نے کہا:

تابعین میں سب سے زیادہ عالم چار افراد تھے : عطاابن ابی ریاح مناسک و عبادات میں، سعید بن جبیر تفسیر میں، عکرمہ سیرت میں اور حسن حلال و حرام میں۔[1]

آپ کو حجاج نے تشیع کے جرم میں شہید کیا ۔

عصر ائمہ (ع) کی تفاسیر: صدر اسلام سے ہی قرآن کی تفسیر کے سلسلے میں فرزندان مکتب اہل بیت (ع) کی قرآنی خدمات کا اندازہ کرنے کے لیے ذیل میں ہم عصر ائمہ اہل بیت علیہم السلام کی چند اہم تفاسیر کا ذکر کرتے ہیں۔ ان تفاسیر کے مطالعے سے جہاں قرآنی خدمات کا اندازہ ہوتا ہے، وہاں اس بات کا بھی اندازہ ہوتا ہے کہ مذہب اہل بیت علیہم السلام کس قدر تواتر کے ساتھ ہم تک پہنچا ہے۔

پہلی صدی کی تفاسیر:

۱۔ تفسیر علی علیه السلام: شیخ مفید علیہ الرحمہ الارشاد میں فرماتے ہیں:

ان علیا قدم فی مصحفه المنسوخ علی الناسخ و کتب فیه تاویل بعض الآیات و تفسیر ها بالتفصیل۔

حضرت علی علیہ السلام نے اپنے مصحف میں منسوخ کو ناسخ پر مقدم رکھا ہے اور اس میں بعض آیات کی تاویل اور ان کی تفسیر تفصیل کے ساتھ لکھی ہے۔

ابن سیرین کہتے ہیں:

لو اصبت ذلك الكتاب لكان فيه العلم ۔[2] کاش اس کتاب تک رسائی ہوتی تو علم کا خزانہ مل جاتا۔

محمد بن سیرین عکرمہ سے نقل کرتے ہیں:

لو اجتمعت الانس والجن علی ان یؤلفوا هذا التالیف ما استطاعوا۔[3] اگر اس قسم کی کتاب لکھنے کے لیے جن و انس جمع ہو جائیں تو بھی وہ ایسا کرنے پر قادر نہیں ہوں گے ۔

۲۔ تفسیر ابن عباس: حضرت عبداللہ بن عباس حبر امت یعنی ''امت کے بلند پایہ عالم'' کے لقب سے ملقب ہیں۔

۳۔ تفسیر میثم تمار: تالیف میثم بن یحییٰ بن تمار الکوفی شہید (۶۰ ھ) ۔

---

[1] الاتقان فی علوم القرآن ۲: ۱۹۰ [2] الطبقات الکبری ۲: ۳۸۸ [3] الاتقان فی علوم القرآن ۱: ۱۱۷

۴۔ تفسیر جبیر: تالیف حضرت سعید بن جبیر شہید۔

دوسری صدی کی تفاسیر:

۵۔ تفسیر طاؤس: تالیف ابوعبداللہ طاؤس بن کیسان الیمانی (متوفی ۱۰۶ھ)۔ آپ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ احمد بن تیمیہ نے انہیں علم تفسیر میں سب سے زیادہ عالم قرار دیا ہے۔[1] آپ مستجاب الدعوات تھے۔

۶۔ تفسیر عطیہ: تالیف عطیہ عوفی (متوفی ۱۱۴ھ) آپ حضرت امام محمد باقر علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ حضرت ابان بن تغلب ان سے روایت اخذ کرتے ہیں۔

۷ تفسیر جعفی: تالیف جابر جعفی تابعی (متوفی ۱۲۷ ھ) آپ حضرت امام محمد باقر (ع) کے خاص اور نہایت قریبی صحابی ہیں۔

حضرت آیۃ اللہ سید حسن صدر فرماتے ہیں:

و صنف تفسیر القرآن و کتبه عن الامام ابی جعفر الباقر علیه السلام — انہوں نے تفسیر لکھی اور اسے امام محمد باقر علیہ السلام سے اخذ کیا۔

آپ نے لمبی عمر پانے کے بعد ۱۲۷ ھ میں وفات پائی۔

۸۔ تفسیر سدی: تالیف ابومحمد اسماعیل بن عبدالرحمٰن الکوفی القرشی السدی (متوفی ۱۲۷ھ) آپ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ علامہ سیوطی نے الاتقان میں لکھا ہے:

امثل التفاسیر تفسیر اسماعیل السدی۔ — تفسیروں میں سب سے عمدہ تفسیر اسماعیل سدی کی ہے۔

آپ کی تفسیر کے راوی ابراہیم بن حکم بن ظہیر انفزاری ہیں۔

۹۔ تفسیر عدوی: تالیف زید بن اسلم عدوی (متوفی ۱۳۶ھ)۔ شیخ طوسی نے انہیں اصحاب امام جعفر صادق علیہ السلام میں شمار کیا ہے۔

اور ابن ندیم نے اپنی الفہرست میں ان کی متعدد تفاسیر کا ذکر کیا ہے۔

۱۰۔ تفسیر ابن ابی ھند: تالیف داؤد بن دینار سرخسی (متوفی ۱۳۹ھ)۔ آپ حضرت امام باقر علیہ السلام کے صحابی ہیں۔ ابن ندیم نے ان کی تفسیر کا ذکر کیا ہے۔

۱۱۔ تفسیر ابی بصیر: تالیف: ابوبصیر یحییٰ بن قاسم اسدی (متوفی قبل ۱۴۸ھ)۔ آپ حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہما السلام کے معتمد صحابی تھے۔ آپ علمی و فقہی اعتبار سے بلند مقام

---

[1] الاتقان از تاسیس الشیعة ص ۳۲۵

رکھتے تھے۔ ان کی تفسیر کا ذکر نجاشی نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔

۱۲۔ تفسیر ثمالی: حضرت ابوحمزہ ثابت بن دینا رکوفی ثمالی (متوفی ۱۵۰ھ) آپ حضرت امام زین العابدین، حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام صادق علیہم السلام کے خاص صحابی تھے۔ اپنے عہد میں ائمہ اطہار علیہم السلام کے بعد رئیس شیعہ تھے۔

ابن ندیم نے اپنی کتاب الفہرست میں، ثعلبی نے اپنی تفسیر میں نیز نجاشی اور صاحب کشف الظنون نے بھی اس تفسیر کا ذکر کیا ہے۔

۱۳۔ تفسیر مقاتل: تالیف ابوالحسن مقاتل بن سلیمان (متوفی ۱۵۰ھ)۔ وہ حضرت امام جعفر صادق(ع) کے صحابی تھے۔

یافعی نے امام شافعی سے نقل کیا کہ انہوں نے کہا:

ان الناس کلھم عیال مقاتل بن سلیمان فی التفسیر۔[1]

تمام لوگ تفسیر کے سلسلے میں مقاتل بن سلیمان کے خوشہ چین ہیں۔

ان کی دیگر تالیفات یہ ہیں: الناسخ و المنسوخ۔ نوا در التفسیر۔ کتاب الجوابات فی القرآن۔ الآیات المتشابہات و متشابہ القرآن۔

۱۴۔ تفسیر ابی الجارود: تالیف ابوالجارود زیاد بن منذر (متوفی ۱۵۰ھ) یہ مادر زاد نابینا تھے اور حضرت امام زین العابدین، حضرت امام محمد باقر اور حضرت امام جعفر صادق علیہم السلام کے صحابی تھے۔[2]

۱۵۔ تفسیر بطاینی: تالیف علی بن ابی حمزہ سالم بطائنی کوفی۔ وہ امام جعفر صادق علیہ السلام اور امام موسی کاظم علیہ السلام کے صحابی تھے۔ وہ اپنی تفسیر میں ابوبصیر سے روایت اخذ کرتے تھے۔ ان کی تفسیر کا ذکر نجاشی اور الذریعہ نے کیا ہے۔

۱۶۔ تفسیر ہشام کلبی: تالیف ہشام بن محمد بن سائب کلبی۔ ان کے والد متوفی ۱۴۶ھ کی تفسیر کا پہلے ذکر ہو چکا۔ ہشام کی متعدد تفاسیر کا ذکر ابن ندیم نے الفہرست میں اور آقا بزرگ نے الذریعہ میں کیا ہے۔

۱۷۔ تفسیر اسماعیل: تالیف اسماعیل بن زیاد شعیری کوفی۔ شیخ طوسی علیہ الرحمہ نے ان کو اصحاب امام جعفر صادق علیہ السلام میں ذکر کیا ہے۔، ابن ندیم نے ان کی تفسیر کا ذکر کیا ہے۔

۱۸۔ تفسیر الجرحی: تالیف ابو وہیب بن حفص الجریری۔ وہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے ثقہ صحابی تھے۔ ان کی تفسیر کا ذکر الذریعہ نے کیا ہے۔

---

[1] الذریعۃ ۴: ۳۱۶ [2] حوالہ سابق ۴: ۲۵۱

۱۹۔ تفسیر الجوالیقی: تالیف ہشام بن سالم جوالیقی ۔حضرت امام جعفر صادق اورحضرت امام موسی کاظم علیہا السلام کے صحابی ہیں۔نجاشی کے مطابق وہ ثقہ ہیں۔ان کی تفسیر کا ذکرالذریعۃ میں کیا گیا ہے۔

۲۰۔ تفسیر سلولی: تالیف حصین بن مخارق بن عبدالرحمٰن ورقہ ابو جنادہ سلولی متوفی ۲۰۰ ھ ان کے جد اعلیٰ کا نام حبشی تھا اوروہ صحابی رسول(ص) تھے ۔ وہ خود امام جعفر صادق اور امام موسی کاظم علیہا السلام کے صحابی ہیں۔ان کی تفسیر کا ذکرنجاشی اور ابن ندیم دونوں نے کیا ہے۔

۲۱۔ تفسیر ابی روق: تالیف عطیہ بن حارث ہمدانی کوفی تابعی(متوفی ۲۰۰ ھ) ان کی تفسیر کا ذکرابن ندیم،نجاشی اور صاحب الذریعہ نے کیا ہے۔

۲۲۔ تفسیر واقد: تالیف حسن بن واقد (متوفی ۲۰۰ھ) ان کی تفسیر کا ذکرابن ندیم اور صاحب الذریعہ نے کیا ہے۔

۲۳۔ تفسیر الحسین: تالیف حسین بن سعید بن حماد اہوازی کوفی (متوفی ۲۰۰ھ)۔آپ امام رضا اور امام محمد تقی علیہا السلام سے روایت نقل کرتے تھے۔ ابن ندیم نے الفہرست میں ان کی تفسیر کا ذکر کرتے ہوئے ان کی ایک درجن دیگر تصانیف کا ذکر کیا ہے۔

۲۴۔ التنزیل و کتاب التفسیر: تالیف ابوعبداللہ محمد بن خالد بن عبدالرحمٰن برقی ۔وہ امام موسیٰ کاظم ، امام رضا اور امام محمد تقی علیہم السلام کے شاگرد تھے ۔شیخ طوسی نے اپنی الفہرست میں اور علامہ حلی نے اپنی کتاب الخلاصہ میں ان کی تفسیر کا ذکر کیا ہے ۔

۲۵۔ تفسیر منخل: تالیف منخل بن جمیل اسدی کوفی (متوفی ۲۰۰ھ) وہ امام جعفر صادق علیہ السلام کے صحابی تھے۔ ان کی تفسیر کا ذکرنجاشی نے کیا ہے ۔ واضح رہے اسی مقدمہ کے صفحہ ۱۶۶ پر اس کے فاسد الروایۃ ہونے کا ذکر ہو چکا ہے ۔

۲۶۔ تفسیر الصلت: تالیف عبداللّٰہ بن صلت تیمی قمی ۔وہ سنہ ۲۰۰ ھ تک زندہ تھے۔وہ حضرت امام رضا علیہ السلام سے روایت کرتے تھے اورحضرت امام محمد تقی علیہ السلام کے وکیل تھے۔ان کی تفسیر کا ذکرنجاشی اورصاحب الذریعہ نے کیا ہے ۔

۲۷۔ تفسیر اسباط: تالیف ابوالحسن علی بن اسباط بن سالم کوفی (متوفی ۲۰۰ھ) حضرت امام رضا (ع) کے صحابی تھے اورنجاشی ان کے حق میں لکھتے ہیں: کان اوثق الناس و اصدقھم لھجۃ۔[1]

۲۸۔ تفسیر اھل البیت: تالیف ابو الفضل سلمۃ القمی ۔ وہ حضرت امام رضا اورحضرت امام محمد تقی علیہا السلام کے دور کے علماء میں سے تھے۔ان کی تفسیر کا ذکرنجاشی نے کیا ہے۔

---

[1] حوالہ سابق ۴: ۲۴۰

تیسری صدی کی تفاسیر:

۲۹۔ تفسیر یونس: تالیف یونس بن عبدالرحمٰن (متوفی ۲۰۸ھ) انہوں نے صفا و مروہ کے درمیان امام جعفر صادق علیہ السلام کی زیارت کی۔ وہ حضرت امام موسیٰ کاظم اور حضرت امام رضا علیہما السلام سے روایت کرتے تھے۔ وہ نہایت جلیل القدر عالم تھے۔

۳۰۔ تفسیر ہمام: تالیف عبدالرزاق بن ہمام بن نافع حمیری یمانی صنعانی متوفی ۲۱۱ ھ۔ وہ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کے جلیل القدر صحابی اور بلند پایہ عالم تھے۔ ان کی یہ تفسیر مصر کے بعض کتب خانوں میں آج تک محفوظ ہے۔[1]

۳۱۔ تفسیر محبوب: تالیف ابوالحسن بن محبوب سراد (متوفی ۲۲۴ھ)۔ وہ حضرت امام رضااور امام محمد تقی علیہما السلام کے صحابی ہیں اور حضرت امام صادق (ع) کے ساٹھ اصحاب سے روایت اخذ کرتے ہیں۔ آپ نہایت ہی جلیل القدر عالم تھے۔

۳۲۔ تفسیر مہزیار: تالیف ابوالحسن علی بن مہزیار دورقی (متوفی ۲۲۹ ھ)۔ وہ حضرت امام رضا، حضرت امام محمد تقی اور حضرت علی نقی علیہم السلام کے وکیل رہے ہیں۔ ان کی ایک اور تصنیف حروف القرآن بھی ہے۔

۳۳۔ تفسیر دکین: تالیف فضل بن دکین شہید (متوفی ۲۱۹ھ)۔ ان کی تفسیر کا ذکر آیۃ اللہ سید حسن صدر نے اپنی کتاب تاسیس الشیعہ میں کیا ہے۔

۳۴۔ تفسیر فضال: تالیف ابومحمد حسن بن علی بن فضال کوفی (متوفی ۲۲۴ھ)۔ ان کی تفسیر کا ذکر آیۃ اللہ سید حسن صدر اور ابن ندیم نے کیا ہے۔

۳۵۔ تفسیر الفراء: تالیف یحییٰ بن زیاد اقطع بن عبداللہ دیلمی (متوفی ۲۰۷ھ)۔ ان کے والد کا ہاتھ واقعہ فخ میں کٹ گیا تھا اس لیے ان کو اقطع کہتے تھے۔ ان کی تفسیر اور دیگر متعدد تصانیف کا ذکر ابن ندیم نے اپنی کتاب میں کیا ہے۔

۳۶۔ تفسیر العسکری: تالیف ابوعلی حسن بن خالد بن عبدالرحمٰن برقی۔ ابن شہر آشوب اور صاحب الذریعہ نے اس تفسیر کا ذکر تفسیر العسکری کے نام سے اس لیے کیا ہے کہ یہ پوری تفسیر حضرت امام علی نقی (ع) کی املا کردہ ہے۔ حضرت امام علی نقی (ع) کو بھی صاحب عسکر یا عسکری کہتے ہیں۔ یہ تفسیر ایک سو بیس جلدوں پر مشتمل تھی لیکن اس کا کوئی حصہ باقی نہیں رہا۔

ناسخ اور منسوخ: اس نہایت اہمیت کے حامل موضوع پر مذہب اہل بیت (ع) کے فرزندوں نے نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ یہاں ہم بطور نمونہ چند اہم کتابوں کا ذکر کرنے پر اکتفا کرتے ہیں جو اس

---

[1] حوالہ سابق ۴: ۲۵۰

موضوع پر عصر ائمہ اہل بیت علیہم السلام میں تالیف ہوئیں۔

الناسخ و المنسوخ: تالیف حسن بن علی بن فضال فطحی کوفی (متوفی ۲۲۴ھ)۔ نجاشی اور صاحب الذریعہ نے اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔

الناسخ و المنسوخ: تالیف ابوجعفر احمد بن محمد بن عیسی اشعری قمی۔ انہوں نے امام رضا علیہ السلام کی زیارت کی اور حضرت امام علی نقی علیہ السلام کی صحبت کا شرف حاصل کیا۔ اس کتاب کا نجاشی اور صاحب الذریعہ نے ذکر کیا ہے۔

الناسخ و المنسوخ: تالیف حسن بن واقد (متوفی ۲۰۰ھ)۔ اس کتاب کا ذکر ابن ندیم اور صاحب الذریعہ نے کیا ہے۔

الناسخ و المنسوخ: تالیف دارم بن قبیصه بن نهشل تمیمی دارمی۔ وہ امام رضا علیہ السلام کے صحابی تھے۔ اس کتاب کا ذکر نجاشی اور صاحب الذریعة نے کیا ہے۔

الناسخ و المنسوخ: تالیف عبد اللّٰه بن عبد الرحمن الاصم السمعی البصری۔ آپ حضرت امام جعفر صادق (ع) کے صحابی مسمع کردیز سے روایت اخذ کرتے ہیں۔ اس کتاب کا ذکر نجاشی اور صاحب الذریعة نے کیا ہے۔

فہرست سورہ

شمار سورۃ	نام سورۃ	صفحہ نمبر	شمار سورۃ	نام سورۃ	صفحہ نمبر
۱	اَلْفَاتِحَة	۷	۲۵	اَلْفُرْقَان	۴۸۰
۲	اَلْبَقَرَة	۸	۲۶	اَلشُّعَرَآء	۴۹۰
۳	اٰلِ عِمْرٰن	۷۰	۲۷	اَلنَّمْل	۵۰۶
۴	اَلنِّسَآء	۱۰۶	۲۸	اَلْقَصَص	۵۱۹
۵	اَلْمَآئِدَة	۱۴۴	۲۹	اَلْعَنْكَبُوْت	۵۳۴
۶	اَلْاَنْعَام	۱۷۲	۳۰	اَلرُّوْم	۵۴۴
۷	اَلْاَعْرَاف	۲۰۲	۳۱	لُقْمٰن	۵۵۳
۸	اَلْاَنْفَال	۲۳۶	۳۲	اَلسَّجْدَة	۵۵۸
۹	اَلتَّوْبَة	۲۴۹	۳۳	اَلْاَحْزَاب	۵۶۲
۱۰	يُوْنُس	۲۷۴	۳۴	سَبَا	۵۷۵
۱۱	هُوْد	۲۹۲	۳۵	فَاطِر	۵۸۴
۱۲	يُوْسُف	۳۱۱	۳۶	يٰسٓ	۵۹۲
۱۳	اَلرَّعْد	۳۲۹	۳۷	اَلصّٰفّٰت	۶۰۰
۱۴	اِبْرَاهِيْم	۳۳۷	۳۸	صٓ	۶۱۱
۱۵	اَلْحِجْر	۳۴۶	۳۹	اَلزُّمَر	۶۲۰
۱۶	اَلنَّحْل	۳۵۴	۴۰	اَلْمُؤْمِن	۶۳۱
۱۷	بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْل	۳۷۲	۴۱	حٰمٓ السَّجْدَة	۶۴۴
۱۸	اَلْكَهْف	۳۸۹	۴۲	اَلشُّوْرٰى	۶۵۲
۱۹	مَرْيَم	۴۰۵	۴۳	اَلزُّخْرُف	۶۶۱
۲۰	طٰهٰ	۴۱۵	۴۴	اَلدُّخَان	۶۷۱
۲۱	اَلْاَنْبِيَآء	۴۲۹	۴۵	اَلْجَاثِيَة	۶۷۵
۲۲	اَلْحَجّ	۴۴۲	۴۶	اَلْاَحْقَاف	۶۸۰
۲۳	اَلْمُؤْمِنُوْن	۴۵۵	۴۷	مُحَمَّد	۶۸۷
۲۴	اَلنُّوْر	۴۶۷	۴۸	اَلْفَتْح	۶۹۳

شمار سورہ	نام سورہ	صفحہ نمبر
۴۹	الْحُجُرٰت	۶۹۹
۵۰	قٓ	۷۰۲
۵۱	الذّٰرِيٰت	۷۰۷
۵۲	الطُّوْر	۷۱۱
۵۳	النَّجْم	۷۱۵
۵۴	الْقَمَر	۷۱۹
۵۵	الرَّحْمٰن	۷۲۴
۵۶	الْوَاقِعَة	۷۲۸
۵۷	الْحَدِيْد	۷۳۴
۵۸	الْمُجَادَلَة	۷۴۰
۵۹	الْحَشْر	۷۴۵
۶۰	الْمُمْتَحِنَة	۷۵۰
۶۱	الصَّف	۷۵۳
۶۲	الْجُمُعَة	۷۵۶
۶۳	الْمُنٰفِقُوْن	۷۵۸
۶۴	التَّغَابُن	۷۶۰
۶۵	الطَّلَاق	۷۶۲
۶۶	التَّحْرِيْم	۷۶۵
۶۷	الْمُلْك	۷۶۸
۶۸	الْقَلَم	۷۷۱
۶۹	الْحَآقَّة	۷۷۵
۷۰	الْمَعَارِج	۷۷۹
۷۱	نُوْح	۷۸۲
۷۲	الْجِنّ	۷۸۵
۷۳	الْمُزَّمِّل	۷۸۸

شمار سورہ	نام سورہ	صفحہ نمبر
۷۴	الْمُدَّثِّر	۷۹۰
۷۵	الْقِيٰمَة	۷۹۳
۷۶	الدَّهْر	۷۹۵
۷۷	الْمُرْسَلٰت	۷۹۹
۷۸	النَّبَا	۸۰۱
۷۹	النّٰزِعٰت	۸۰۴
۸۰	عَبَسَ	۸۰۶
۸۱	التَّكْوِيْر	۸۰۸
۸۲	الْاِنْفِطَار	۸۱۰
۸۳	الْمُطَفِّفِيْن	۸۱۱
۸۴	الْاِنْشِقَاق	۸۱۳
۸۵	الْبُرُوْج	۸۱۴
۸۶	الطَّارِق	۸۱۶
۸۷	الْاَعْلٰى	۸۱۷
۸۸	الْغَاشِيَة	۸۱۸
۸۹	الْفَجْر	۸۱۹
۹۰	الْبَلَد	۸۲۱
۹۱	الشَّمْس	۸۲۲
۹۲	الَّيْل	۸۲۳
۹۳	الضُّحٰى	۸۲۴
۹۴	الشَّرْح	۸۲۵
۹۵	التِّيْن	۸۲۵
۹۶	الْعَلَق	۸۲۶
۹۷	الْقَدْر	۸۲۷
۹۸	الْبَيِّنَة	۸۲۷

شمار سورہ	نام سورہ	صفحہ نمبر
۹۹	الزِّلْزَال	۸۲۸
۱۰۰	الْعٰدِيٰت	۸۲۹
۱۰۱	الْقَارِعَة	۸۲۹
۱۰۲	التَّكَاثُر	۸۳۰
۱۰۳	الْعَصْر	۸۳۰
۱۰۴	الْهُمَزَة	۸۳۱
۱۰۵	الْفِيْل	۸۳۱
۱۰۶	قُرَيْش	۸۳۱
۱۰۷	الْمَاعُوْن	۸۳۲
۱۰۸	الْكَوْثَر	۸۳۲
۱۰۹	الْكٰفِرُوْن	۸۳۲
۱۱۰	النَّصْر	۸۳۳
۱۱۱	تَبَّتْ	۸۳۳
۱۱۲	الْإِخْلَاص	۸۳۳
۱۱۳	الْفَلَق	۸۳۴
۱۱۴	النَّاس	۸۳۴

فہرست مقدمہ

آغاز سخن ۸۳۹

فضائل قرآن

بزبان قرآن ۸۴۵
بزبان نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۸۴۶
بزبان وصی علیہ السلام ۸۴۸
بزبان حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا ۸۵۲
فضائل قرآن در نہج البلاغہ ۸۵۲
قرآن میں اللہ کی تجلی ۸۵۲
مستقبل کے علوم ۸۵۲
جامع ضابطہ حیات ۸۵۳
تعلیم قرآن ۸۵۳
شفاعت ۸۵۳
زاد آخر ۸۵۳
بے مانند نصیحت ۸۵۳
عہد و پیمان قرآن ۸۵۴
عمل بالقرآن میں اغیار کی سبقت ۸۵۴
ذریعۂ نجات ۸۵۴
قرآن اور اہل قرآن کے ساتھ سلوک ۸۵۴
فضائل تلاوت قرآن ۸۵۵
اسمآء القرآن ۸۵۷
قرآن ۸۵۸
ذکر ۸۵۸
کتاب ۸۵۸
فرقان ۸۵۹
معانی قرآن ۸۵۹
۱۔ جمع ۸۵۹
۲۔ تلاوت ۸۵۹
۳۔ حفظ ۸۶۰
۴۔ مقرون ۸۶۰
تدبر قرآن ۸۶۰

وَحْي

وَحْي کا مفہوم ۸۶۵
۱۔ فطری الہامات کے پوشیدہ اشارے ۸۶۶
۲۔ شیطانی وسوسے ۸۶۶
۳۔ فرشتوں کو ملنے والا حکم ۸۶۷
الہام اور وحی میں فرق ۸۶۷
وحی کی امکانی صورتیں ۸۶۷
انکار وحی کا ایک اور انداز ۸۶۸
وجود روح ۸۷۰
۱۔ ذات انسان ۸۷۰
۲۔ صفات انسان ۸۷۱
وحی اور روح ۸۷۱
روح کی حقیقت ۸۷۱
خود آگاہی ۸۷۲
دلیل روح ۸۷۳

کیا فکر مادی ہے؟ ۸۷۳
حافظہ ۸۷۴
۱۔ ابتدائی حس ۸۷۴
۲۔ حفظ ۸۷۴
۳۔ تذکر (یادآوری) ۸۷۴
۴۔ تشخص ۸۷۴
مادیت کی سب سے بڑی دلیل ۸۷۶
مادے کے اوصاف اور فکر ۸۷۶
ادراک اور روح ۸۷۷
زمان اور ادراک ۸۷۷
سچے خواب ۸۷۷
وحی کا ادراک ۸۷۷
تعریف قلب ۸۷۸
اقسام وحی ۸۷۹
۱۔ خواب ۸۷۹
۲۔ جبرئیل ۸۷۹
۳۔ براہ راست ۸۷۹
آغاز وحی ۸۸۰
مکی و مدنی آیات ۸۸۱
وحی اور خطا و نسیان ۸۸۲
داستان غرانیق ۸۸۲

معجزہ

تعریف ۸۸۹
معجزے کی ضرورت ۸۹۰
قرآن ابدی معجزہ ۸۹۱
قرآن کا چیلنج ۸۹۲
چیلنج کا رخ ۸۹۳
قرآن کا علمی چیلنج ۸۹۳
قرآن کا رسالتی چیلنج ۸۹۴
قرآن کا تنظیمی چیلنج ۸۹۴
بلاغت قرآن ۸۹۵
دعوتِ فکر ۸۹۶
آفاق میں تفکر و تعقل ۸۹۷
الف۔ نباتات ۸۹۷
ب۔ آسمانوں کے بارے میں غور و تعقل ۸۹۷
طریقہ غور و فکر ۸۹۸
قرآن کا طرز استدلال ۸۹۹
عقل اور جذبات و احساس کا امتزاج ۹۰۱

قرآن کے تازہ ترین معجزات

زمین ۹۰۵
حرکت زمین ۸۰۶
زمین خلا میں ۹۰۷
زمین ۔ قدرت کا ریکارڈر ۹۰۸
استخوان ۹۱۰
عناصر کی مقدار ۹۱۰
اضافت ۹۱۱
نظام زوجیت ۹۱۱
عالم غیر مرئی ۹۱۲
تسبیح ایک آفاقی فریضہ ۹۱۲
صدر المتألہین شیرازی کا نظریہ ۹۱۳
سائنسی نظریہ ۹۱۳
فضائے آسمان ۹۱۴
مواقع نجوم ۹۱۴
آسمانوں کی زندہ مخلوقات ۹۱۵
کائنات کی وسعت ۹۱۵
مخمور آنکھیں ۹۱۶
مادہ اولین ۹۱۶
نطفۂ امشاج ۹۱۸
عفت و پاکدامنی ۹۱۸
مضغۂ غیر مخلقہ ۹۱۹
مضغۂ مخلقہ ۹۱۹

جمع قرآن

کتابت، اسلام سے پہلے ۹۲۳
کتابت اسلام کے بعد ۹۲۳

وسائل کتابت ۹۲۴
مابین الدفتین ۹۲۴
قرآن میں کتابت قرآن کا ثبوت ۹۲۵
کاتبان وحی ۹۲۶
جمع و تدوین قرآن ۹۲۶
حفظ قرآن ۹۲۷
الف۔ حافظان قرآن کی تربیت ۹۲۸
اجتماعی حفظ ۹۲۸
قوت حافظہ ۹۲۹
حافظان قرآن کا مقام ۹۲۹
ب۔نماز اور قرآن ۹۲۹
ج۔تعلیم قرآن ۹۳۰
دارالقراء ۹۳۱
عشق قرآن ۹۳۱
دقیق نظر ۹۳۲
تدوین قرآن ۹۳۳
ترتیب آیات ۹۳۴
ترتیب آیات و ترتیب نزول ۹۳۵
ترتیب سورہ ہائے قرآن ۹۳۶
جمع قرآن درعصر
رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۹۳۷
۱۔فریضۂ الٰہی ۹۳۷
۲۔کاتبان وحی ۹۳۸
۳۔قرآن سے کتابت قرآن کا ثبوت ۹۳۹
۴۔شیوۂ رسول ۹۴۰
۵۔عصر رسول کے جامعین قرآن ۹۴۰
۶۔جبریل کا دورۂ قرآن ۹۴۲
۷۔اصحاب کا عرضۂ قرآن ۹۴۲
۸۔ختم قرآن ۹۴۳
۹۔فاتحۃ الکتاب ۹۴۴
۱۰۔لفظ الکتاب کا اطلاق ۹۴۴
۱۱۔قرآن کا دفعۃً نزول ۹۴۴
۱۲۔تواتر قرآن ۹۴۵
۱۳۔وصیتِ رسول (ص) اَلقرآنُ خَلفَ فَرَاشِی ۹۴۵
۱۴۔اصناف سورہ ہائے قرآن ۹۴۵
۱۵۔ترتیب آیات کا توقیفی ہونا ۹۴۶
۱۶۔عصر رسالت میں قرآنی نسخے ۹۴۶
جمع قرآن بعد از رسول (ص) ۹۴۷
چند حقائق ۹۴۸
۱۔تواتر قرآن اور دو گواہ ۹۴۸
۲۔زید بن ثابت ۹۴۸
۳۔دیگر قرآنی نسخے ۹۴۹
۱۔مصحف علی علیہ السلام ۹۴۹
وصیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ۹۵۱
نسخہ محمدی کی جمع و تدوین ۹۵۲
اس نسخہ کی انفرادیت ۹۵۲
یہ نسخہ امت کو پیش کیا گیا ۹۵۳
یہ نسخہ کہاں ہے؟ ۹۵۴
اختلاف قراءت اور نسخہ ۹۵۶
یہ نسخہ ربعہ میں ۹۵۷
تضادات ۹۵۷
عصر ابوبکر میں جمع قرآن ۹۵۷
عصر عثمان اور قرآن ۹۵۸
آرمینیا کی جنگ ۹۵۸
علمائے امت کا فیصلہ ۹۵۸
کمیٹی کی تشکیل ۹۵۹
سرکاری مداخلت ۹۶۰
ایک حرف کا تغیر ۹۶۰
حضرت عثمان جامع قرآن نہیں ہیں ۹۶۰
حضرت علی علیہ السلام کا موقف ۹۶۱
موجودہ قرآن ۹۶۲

نسخ

نسخ کی تعریف ۹۶۵
بداء ۹۶۵

اقسام نسخ ۹۶۷
۱۔ نسخ الحکم والتلاوۃ ۹۶۷
۲۔نسخ تلاوت ۹۶۹
۳۔نسخ حکم ۹۶۹
تاویل ۹۷۰
تفسیر اور تاویل میں فرق ۹۷۱
کیا تاویل قرآن صرف خدا جانتا ہے؟ ۹۷۲
نفاذ اور انطباق ۹۷۴
شان نزول ۹۷۵
نسخہ ہائے قرآن ۹۷۷
قرآن کی طباعت ۹۷۷
نقطہ نگاری ۹۷۷
اِعراب ۹۷۸

تحریف قرآن

روایت اور نظریہ ۹۸۱
نظریہ تجسیم ۹۸۱
امانت ۹۸۵
خیانت ۹۸۶
نظریہ جبر اور تحریف ۹۸۷
وہ نظریات جن سے
تحریف قرآن لازم آتی ہے ۹۸۷

روایات تحریف کے بارے میں مذہب امامیہ کا مؤقف

۱۔متحرک اجتہاد ۹۹۵
۲۔ ناقابل اعتبار روایات ۹۹۵
۳ ۔ وحی منزل اور قرآن ۹۹۶
۴۔تفسیر ۹۹۷
۵۔شان نزول ۹۹۷
۶۔تحریف معنوی ۹۹۷
۷۔قراءت ۹۹۸
۸۔تطبیق ۹۹۸
۹۔مخالف قرآن احادیث مسترد ہیں ۹۹۸
تحریف قرآن ناممکن ہے ۹۹۹
۱۔اصول وکلیات ۹۹۹
۲۔تدریجی نزول ۱۰۰۱

علوم القرآن سبقت ۔خدمات

غریب القرآن ۱۰۰۷
قرائۃ القرآن ۱۰۰۸
آیات الاحکام ۱۰۰۹
قرآن کے نقطے ۱۰۱۰
مجاز القرآن ۱۰۱۱
تفسیر القرآن ۱۰۱۱
عصر ائمہ.(ع) کی تفاسیر ۱۰۱۲
پہلی صدی کی تفاسیر ۱۰۱۲
دوسری صدی کی تفاسیر ۱۰۱۳
تیسری صدی کی تفاسیر ۱۰۱۶
ناسخ اور منسوخ ۱۰۱۶

☆☆☆☆☆

فہرست موضوعی حاشیہ

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
وجود خدا کے دلائل			
خدا جوئی فطرت انسان کا تقاضا	انعام	۶۳-۶۴	۱۸۲
وجود حق تعالی بالذات ہے	قصص	۸۸	۵۳۳
اللہ بذات خود زندہ ہے	مؤمن	۶۵	۶۴۱
اللہ تمام حقائق کا سرچشمہ	حج	۶-۷	۴۴۳
آفاقی نشانیاں	آل عمران	۱۰۵	۱۹۰
آفاقی و انفسی نشانیوں کا ظہور	حٰمٓ سجدہ	۵۳	۶۵۲
قوت شنوائی و بینائی	یونس	۳۱	۲۸۱
نعمات ارضی وسماوی	نحل	۱۰تا۱۲	۳۵۵
ایام اللہ	ابراہیم	۵	۳۳۸
قانون جاذبہ و دافعہ	رعد	۲	۳۲۹
مشاہداتی دلیل	بقرہ	۲۵۸	۶۱
مراحل تخلیق	زمر	۶	۶۲۰
شہد کی مکھی حیرت انگیز دلیل	نحل	۶۹	۳۶۳
معلق نشانیاں	نحل	۷۹	۳۶۵
زمین کی خلقت	نباء	۶	۸۰۱
زمین کا گہوارہ	زخرف	۱۰	۶۶۲
مخلوق کی بے بسی کی انتہا	ہود	۱۰۰	۳۰۸
وجود باری میں شک جہالت کا نتیجہ	حج	۳	۴۴۲
وجود خداوندی مادی نہیں ہے	قصص	۳۸	۵۲۵
صفات ثبوتیہ			
توحید			
توحید، معرکہ کفر و ایمان کا مرکزی نقطہ	اخلاص	۱	۸۳۳
توحید فطری امر ہے	یونس	۲۲	۲۷۸
برہان فطرت	نمل	۶۲	۵۱۵
محسوس دلائل	نمل	۶۱	۵۱۵

برہان نظم	صافات	۴	۶۰۰
	آل عمران	۱۸	۷۳
	یونس	۶۷	۲۸۶
نظم جہاں، توحید کی دلیل	انبیاء	۲۲	۴۳۱
	مؤمنون	۹۱	۴۶۴
یکتا مدبر	نمل	۶۴	۵۱۵
رب وہی ہے جو خالق ہے	صٓ	۶۵	۶۱۸
قرآن، وحدانیت کا ثبوت	ہود	۱۴	۲۹۵
اللہ کا بیٹا ہونا محال ہے	زمر	۴	۶۲۰
برہان تمانع	بنی اسرائیل	۴۲	۳۷۸
توحید اور فطرت	اعراف	۷۰-۷۱	۲۱۳
حقیقی مالک صرف اللہ	فاطر	۳۹	۵۹۰
ہمارے مشاہدات اور توحید	یٰسٓ	۶۶تا۶۸	۵۹۸
اللہ ہی خالق ہے	یٰسٓ	۷۷	۵۹۹
اللہ کی نشانیاں	بقرہ	۱۶۳	۳۸
معبود برحق وہی، جو خالق و رازق ہو	یٰسٓ	۳۲	۲۸۱
اللہ کے لیے اولاد کی نفی	یونس	۹۴	۲۹۰
دعوت کی وحدت رب کی وحدت پر دلیل ہے۔	مؤمنون	۵۳	۴۶۰
ذات الٰہی حق مطلق	لقمان	۳۰	۵۵۷
برہان فطرت	لقمان	۳۲	۵۵۷
برہان نظم	ملک	۳-۴	۷۶۸
وحدت نظام، وحدت معبود کی دلیل	آل عمران	۱۸	۷۳
	انبیاء	۲۲	۴۳۱
اللہ کی اولاد کا عقیدہ، الوہیت کی ضد	مریم	۹۱-۹۲	۴۱۴
تولید مثل کی حقیقت	عنکبوت	۱۹	۵۳۶
توحید خالص کی وضاحت	انعام	۱۶۲-۱۶۳	۲۰۱
فطرت و جبلت انسانی	انعام	۴۱	۱۷۸

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
توسل اور توحید	ہود	۴۱ تا ۴۳	۲۹۹
سورج و چاند کی حرکت	یٰسٓ	۳۹-۴۰	۵۹۶
توحید کی اقسام			
خالقیت اور ربوبیت	زمر	۶۲	۶۲۹
اقتدار اعلیٰ	قصص	۶۸	۵۳۰
	نحل	۱۱۶	۳۷۰
توحید کے تین گواہ	آل عمران	۱۸	۷۳
توحید در عبادت	مؤمنون	۴۷	۴۶۰
مالک و مملوک کا موازنہ	نحل	۷۴	۳۶۴
توحید کے تقاضے	یونس	۱۰۷	۲۹۲
توحید اور انجیل	مائدہ	۷۲	۱۶۲
توحید در حکومت و ولایت	حج	۵۸-۶۲	۴۵۱
	رعد	۱۷	۳۳۲
نظریہ توحید میں لچک کی گنجائش نہیں	کافرون	۱	۸۳۳
اسماء و صفات			
بعض اسماء	مؤمن	۲-۳	۶۳۱
بعض اسماء کے معنی	حشر	۲۳	۷۴۹
اسماء حسنیٰ اور دعا	اعراف	۱۸۰	۲۳۲
صفات کے نمونے	روم	۲۷	۵۴۷
صفات توحیدی	اخلاص	۱	۸۳۳
وحدانیت اور قہاریت کا رابطہ	یوسف	۳۹-۴۰	۳۱۷
بقاء ذات	رحمٰن	۲۷	۷۲۵
نور خداوندی سے مراد	زمر	۶۹	۶۳۰
نور خدا حضرت علیؑ کی نگاہ میں	حدید	۳	۷۳۴
عظمت خالق کی دلیل	بقرہ	۲۶	۱۲
قدرت خدا	بنی اسرائیل	۶۸-۶۹	۳۸۳
مغفرت کی وسعت	نساء	۱۱۰	۱۳۱
اللہ قدرت کا سرچشمہ	ہود	۵۶	۳۰۱
العزیز العلیم	مؤمن	۲-۳	۶۳۱
اللہ ہر چیز پر محیط ہے	حٰمٓ سجدہ	۵۴	۶۵۲
احاطہ علمی	حٰمٓ سجدہ	۴۷	۶۵۱
حکمت الٰہی اور حیات ارضی	اعراف	۱۰	۲۰۳

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
انسان کا ضعف و جہل، دلیل علم و قدرت خدا	نحل	۷۰	۳۶۳
معبود حق اور معبود باطل کا تقابلی جائزہ	نحل	۱۹	۳۵۶
حیات کے اصول	انعام	۱۵۳	۱۹۹
قہاریت	انعام	۶۱	۱۸۲
بے نیازی اور رحمت	انعام	۱۳۳	۱۹۵
فتح و شکست اللہ کے ہاتھ میں	نساء	۷۸	۱۲۴
اللہ اکبر سے مراد	بنی اسرائیل	۱۱۱	۳۸۸
اللہ گواہ ہے	بنی اسرائیل	۹۶	۳۸۶
عظمت خالق کی دلیل	بقرہ	۲۶	۱۲
اللہ سے فرار ممکن نہیں	فجر	۱۴	۸۲۰
عالم وجود کی سب سے واضح ہستی	نور	۲۵	۴۷۱
کبریائی و عظمت	جاثیہ	۳۷	۶۸۰
مقام ربوبیت	زمر	۷۵	۶۳۱
رازقیت، خالقیت کا لازمہ	فاطر	۳	۵۸۴
اللہ محیی و ممیت	فاطر	۹	۵۸۵
اللہ بے نیاز ہے	فاطر	۱۵-۱۶	۵۸۷
ذکر الٰہی و عبادت الٰہی			
تسبیح الٰہی	بنی اسرائیل	۴۴	۳۷۹
اللہ کی بندگی	نمل	۱۹	۵۰۹
کمال مطلق عبادت کا سبب	طٰہٰ	۸	۴۱۶
آسمانی مخلوقات کی عبادت	نحل	۴۹	۳۶۰
حکمت الٰہی			
تخلیق و تدبیر دونوں اللہ کے ہاتھ میں	زخرف	۸۲	۶۷۰
مشیت الٰہی، انسانی اعمال کی نسبت	کہف	۲۳	۳۹۲
نشانیوں سے حصول معرفت کی شرائط	جاثیہ	۳ تا ۵	۶۷۵
کرہ ارض کی خلقت میں کارفرما حکمتیں	بقرہ	۲۲	۱۰

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
گردش زمین کی موجودہ رفتار کی حکمت	فرقان	۶۲	۴۸۸
مجرمین کو مہلت دینے کی حکمت	مؤمن	۴	۶۳۲
حکمت الٰہی اور سنت خداوندی	بقرہ	۷۰	۲۱۴
مشیت الٰہی سے مراد	اعراف	۸۹	۲۱۷
لقاء اللہ سے مراد	عنکبوت	۵	۵۳۴
تاخیر عذاب کی علت	یونس	۵۵	۲۸۴
حق و باطل اور مشیت الٰہی کا ربط	انعام	۱۱۳	۱۹۱
امر تعجیزی کی تشریح	انعام	۱۵۰	۱۹۹
علم غیب کی معرفت	نمل	۶۵	۵۱۵
مالکیت خدا			
ابن اللہ کے تصور کا مالکیت خدا سے تصادم	یونس	۶۸	۲۸۶
ولایت کے معنی	آل عمران	۲۸	۷۵
خزانہ الٰہی سے مراد	انعام	۵۰	۱۸۰
علم خدا			
خدا ہر چیز سے آگاہ	ملک	۱۳	۷۶۹
جنین کی جنس وصفات کا تعین	رعد	۸	۳۳۱
لوح محفوظ	واقعہ	۷۸	۷۳۳
معبود کی ایک شرط، علم	شعراء	۷۲	۴۹۶
موت و قیامت کی تعیین کا علم	لقمان	۳۴	۵۵۸
بیج اور علم خدا	حدید	۴	۷۳۴
بداء	ابراہیم	۱۰	۳۳۹
	رعد	۳۹	۳۳۷
قدرت خدا			
قدرت خدا	حج	۵	۴۴۳
قدرت الٰہی کی نشانیاں	اعراف	۵۷	۲۱۲
	نمل	۲۵	۵۱۰
خدا ہر طاقت کا سرچشمہ	ملک	۱۹-۲۰	۷۷۰

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
پرندوں کے ذریعہ دشمن کی تباہی	فیل	۱	۸۳۱
معبود بے بس نہیں قادر ہونا چاہیے	انبیاء	۶۳	۴۳۶
ید اللہ کا معنی ومفہوم	صٓ	۷۵	۶۱۸
بانجھ عورت کا حاملہ ہونا	آل عمران	۳۸	۷۷
مشیت الٰہی	انعام	۱۴۸	۱۹۸
عزت وذلت اور مشیت الٰہی	آل عمران	۲۶	۷۴
خدا کے علاوہ کوئی بے نیاز نہیں	رحمٰن	۲۹	۷۲۶
عدل الٰہی			
عدل کے تین گواہ	آل عمران	۱۸	۷۳
عدل الٰہی میں امتیازی سلوک نہیں	انعام	۱۵	۱۷۴
نظام عدل الٰہی اور انسان	فاطر	۱۸	۵۸۷
صفات فعلی خداوندی			
تخلیق و تدبیر کائنات کا سرچشمہ	احقاف	۴	۶۸۱
تخلیق کائنات میں تعادل اور حکمت	اعلیٰ	۲	۸۱۷
اللہ کی خالقیت تعجب انگیز ہے	رحمٰن	۲۴	۷۲۵
کائنات اور انسان کی خلقت	مؤمن	۶۴	۶۴۱
خلقت کائنات اللہ کے لیے آسان	ق	۳۸	۷۰۶
کن فیکون کے معنی	آل عمران	۴۷	۷۸
کن فیکون کی کیفیت	یٰسٓ	۸۲	۶۰۰
تخلیق کائنات کی مدت	حٰمٓ سجدہ	۱۰	۶۴۵
کائنات کا پھیلاؤ، فیض الٰہی کا ثبوت	ذاریات	۴۷	۷۱۰
میزان تکوین وتشریع	رحمٰن	۹	۷۲۴
خلقت عالم کے چھے مراحل	اعراف	۵۴	۲۱۱
نفیس جوڑے کی تخلیق	لقمان	۱۰	۵۵۳
خلق اور امر میں فرق	اعراف	۵۴	۲۱۱

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
خلق اور اعادۂ خلق اللہ کے لیے مساوی	لقمان	۲۸	۵۵۷
خاکی عناصر سے انسان کی خلقت	سجدہ	۷	۵۵۹
اہل باطل کی ہلاکت، تخلیق کائنات کا تقاضا	ابراہیم	۱۹	۳۴۱
نطفے سے انسان کی تخلیق	طارق	۷۔۸	۸۱۶
خالقیت کے منافی تصور	یونس	۶۸	۲۸۶
اللہ کی مشیت اور رضامندی میں فرق	انعام	۱۴۹	۱۹۸
حق و باطل اور مشیت خداوندی	انعام	۱۱۳	۱۹۱
مشیت الٰہی اور ظرفیت	اعراف	۱۸۸	۲۳۳
مشیت الٰہی اور ترقی	یوسف	۵۶	۳۲۰
حکمت الٰہی اور نصرت خداوندی	بقرہ	۲۱۴	۴۹
اہلیت کے مطابق ہدایت	انعام	۱۲۵	۱۹۳
نبوت کا عہدہ دینا	صٓ	۱۰	۶۱۲
اذن خداوندی کا مفہوم	آل عمران	۱۶۶	۱۰۰
نشأۂ اولی کے ارتقائی مراحل	واقعہ	۶۲	۷۳۲
کلمة اللہ لامحدود ہیں۔	لقمان	۲۷	۵۵۶
	کہف	۱۰۹	۴۰۵
زمین کی گردش کی رفتار	فرقان	۶۲	۴۸۸
تدبیر کائنات	لقمان	۱۱	۵۵۴
ارادۂ خداوندی کی اقسام	نحل	۴۰	۳۵۹
خدا کی سلطنت	رحمٰن	۳۳	۷۲۶
کائناتی نظام میں اللہ کے دو فیصلے	رعد	۳۹	۳۳۷
لیلۃ القدر میں امور کے فیصلے	دخان	۴	۶۷۱
قیامت سے پہلے انتقام	دخان	۱۶	۶۷۲
مغفرت خداوندی کا دائرہ	زمر	۵۳	۶۲۸
خدا مسبب الاسباب ہے	مریم	۲	۴۰۴
مراحل مغفرت	طٰہٰ	۸۲	۴۲۳
غضب پر مغفرت کی سبقت	حجر	۵۰	۳۵۱
رحمت، اہلیت سے مربوط	اعراف	۹۳	۲۱۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
معبود کی رازقیت	نحل	۷۳	۳۶۴
جہاں مخلوق وہاں روزی	عنکبوت	۶۰	۵۴۳
انسانی آبادی اور معاشی وسائل	بنی اسرائیل	۳۱	۳۷۷
اللہ کی پناہ، ہر مشکل میں کارساز	یوسف	۲۳	۳۱۴
معجزانہ مدد کا وقت	عنکبوت	۲۴	۵۳۷
اللہ کی بالا دستی	نحل	۵۰	۳۶۰
ظاہری اور باطنی نعمتوں کا موازنہ	طٰہٰ	۱۳۱	۴۲۸
عروج و زوال میں سنت الٰہیہ	مائدہ	۲۳	۱۵۱
اثر بخشنے والا سبب بھی کر سکتا ہے	انبیاء	۶۹	۴۳۷

یاد خداوندی

حق تقویٰ	آل عمران	۱۰۲	۸۸
پریشانی کا علاج ذکر خدا	بقرہ	۴۵	۱۵
پرسکون زندگی کا راز ذکر خدا	طٰہٰ	۱۲۴، ۱۳۴	۴۲۷
خدا کی عبادت و ذکر کے فائدے	ہود	۲، ۳	۲۹۳
حبل اللہ سے تمسک نہ رکھنے کے نقصانات	آل عمران	۱۰۳	۸۸
ذکر الٰہی جنت سے بھی بڑی نعمت	توبہ	۷۲	۲۶۳
اللہ کے حضور سجدہ ایک کائناتی عمل	حج	۱۸	۴۴۵
	رحمٰن	۶	۷۲۴
اللہ امیدوں کا مرکز	فاطر	۲	۵۸۴
اللہ سے بیم و امید	حٰمٓ سجدہ	۲۳	۶۴۷
دشمنان خدا سے دوستی کی ممانعت	ممتحنہ	۱	۷۵۰
کائنات سراپا تسبیح خواں	نور	۴۱	۴۷۵
توکل کا نتیجہ	یونس	۷۳	۲۸۷

صفات سلبیہ: شرک

اللہ کا کوئی شریک نہیں	سبا	۲۷	۵۸۰

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
شرک کا معیار	توبہ	۷۴	۲۶۳
توسل شرک نہیں	اعراف	۱۹۰	۲۳۴
غیر اللہ سے استمداد شرک نہیں	حمد	۵	۷
توحید اور تثلیث میں تضاد	نساء	۱۷۱	۱۴۲
گوسالہ پرستی	طٰہٰ	۹۰	۴۲۴
بت پرستی ذہنی اختراع	یوسف	۳۹	۳۱۷
جھوٹے معبود جہنم کے ایندھن	انبیاء	۹۸	۴۴۰
دعوت توحید کو درپیش خطرات	بقرہ	۱۳۳	۳۲
قصد قربت شرط قبولیت عمل	نساء	۱۱۴	۱۳۲
جھوٹے معبود امیدوں کا کمزور مرکز	حج	۷۳	۴۵۴
نفی شرک کی محسوس دلیل	نحل	۷۶	۳۶۴
رؤیت			
جسم وجسمانیت	کہف	۵،۴	۳۸۹
رویت ممکن نہیں	قیامۃ	۲۳	۷۹۴
	انعام	۱۰۳	۱۹۰
	اعراف	۱۴۳	۲۲۴
نظریہ رویت اور عذاب الٰہی	بقرہ	۵۵	۱۶
پنڈلی کھولنے سے مراد	قلم	۴۲	۷۷۴
مکان			
مکان	فجر	۲۲	۸۲۰
مکان خدا اور نظریہ اہل بیتؑ	آل عمران	۵۵	۸۰
مکان خدا اور نظریہ اہل سنت	آل عمران	۵۵	۸۰
اللہ ظلم نہیں کرتا	آل عمران	۱۸۲	۱۰۳
حلول کی نفی	نمل	۸	۵۰۷
قرآن			
کتاب مبین	انعام	۵۹	۱۸۱
اوصاف قرآن	یونس	۵۷	۲۸۴
قرآن توحید کا داعی	یونس	۱۵	۲۷۷
کلام اللہ ہونے کی دلیل	یونس	۳۷	۲۸۲

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قرآن کا منبع علیم وحکیم ہستی	نمل	۶	۵۰۷
کتب سابق کا ناسخ	مائدہ	۴۸	۱۵۶
فلسفہ نزول قرآن	ابراہیم	۱	۳۳۸
شب قدر میں نزول قرآن	قدر	۱	۸۲۷
حکمت نزول تدریجی	فرقان	۳۲	۴۸۵
تدریجی نزول کا مقصد	فرقان	۳۲	۴۵۸
	بنی اسرائیل	۱۰۶	۳۸۸
نزول قرآن وعدم تحریف	حجر	۹	۳۴۷
تدوین قرآن	حمد	۱	۷
مکی دور میں تدوین قرآن	فرقان	۵	۴۸۱
پہلی وحی میں اقرأ سے مراد	علق	۱	۸۲۶
قرآن عربی میں کیوں؟	زخرف	۳	۶۶۱
	شعراء	۱۹۹	۵۰۴
مصحف عثمان میں تحریف کی کوشش	توبہ	۳۴	۲۵۵
قرآن کا اسلوب بیان	حج	۴۶	۴۵۰
	زمر	۲۷	۶۲۴
	سجدہ	۲۳	۵۶۱
طرز استدلال	روم	۵۰	۵۵۱
مضامین کی ہماہنگی	زمر	۲۳	۶۲۴
قرآنی منطق اور کفار کی بیچارگی	حٰمٓ سجدہ	۲۶	۶۴۸
تلاوت کے معنی	بقرہ	۱۵۱	۳۶
اخذ قرآن کے آداب	طٰہٰ	۱۱۴	۴۲۶
قرآنی پیغام	ابراہیم	۵۲	۳۴۶
اسلامی دستور کے محکمات و			
متشابہات	آل عمران	۷	۷۱
متشابہات کا مرجع	آل عمران	۷	۷۱
تأویل کی حقیقت	آل عمران	۷	۷۱
تارکین قرآن سے شکایت	فرقان	۳۰	۴۸۴
مسئلہ جبر اور قرآنی موقف	یونس	۱۰۰	۲۹۱
بِسۡمِ اللّٰہ، جزء سورہ	حمد	۱	۷
حروف مقطعات	بقرہ	۱	۸
سبع مثانی	حجر	۸۷	۳۵۳

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
آیۃ الکرسی کا مفہوم اور فضیلت	بقرہ	۲۵۵	۶۱
سنت اور قرآن میں فرق	نجم	۳	۷۱۶
مشرکین و مستشرقین کے اعتراض کا جواب	دخان	۱۴	۶۷۲
شب قدر میں نزول قرآن سے مراد	دخان	۳	۶۷۱
لفظ سامری کے حوالے سے اعتراض کا جواب	طٰہٰ	۸۷	۴۲۳
قرآن سے مقابلہ ناممکن	انفال	۳۱	۲۴۱
حضورؐ کی تلاوت کے دوران مشرکین کا ردعمل	بنی اسرائیل	۴۷	۳۷۹
رسولؐ کی زندگی، حقانیت قرآن کی دلیل	یونس	۱۶	۲۷۷
قرآنی دلائل کا فائدہ	بنی اسرائیل	۴۱	۳۷۸
ہدایت بخش بیان	نحل	۶۴	۳۶۷
صحف اُولیٰ کی تعداد	اعلیٰ	۱۸	۸۱۸
سورہ یونس کی اہمیت و فضیلت	یونس	۱	۲۷۴
قرآن ابدی معجزہ	عنکبوت	۵۰	۵۴۱
کلام اللہ ہونے کی دلیل	یونس	۳۷۔۳۸	۲۸۲
جنات کی تصنیف نہ ہونے کی دلائل	شعراء	۲۱۰ تا ۲۱۲	۵۰۵
کتاب نصیحت و خیر خواہی	دہر	۲۹	۷۹۸
فطرت سے ہم آہنگ دستور حیات	کہف	۱۔۲	۳۸۹
قرآن ایک ابدی معجزہ	بقرہ	۲۳	۱۱
غاشیہ کی وجہ تسمیہ	غاشیہ	۱	۸۱۸
حروف مقطعات	بقرہ	۱	۸
قرآن شکوک و شبہات سے بالاتر	بقرہ	۲	۸
فی لوح محفوظ سے مراد	زخرف	۴	۶۶۱
حق و باطل کو جدا کرنے والی کتاب	اعراف	۵۲	۲۱۰
تأویل قرآن	اعراف	۵۳	۲۱۰
قرآن کی پیش گوئی	حشر	۱۲	۷۴۸
	آل عمران	۱۰۵	۸۹
لوح محفوظ	فاطر	۱۱	۵۸۶
	واقعہ	۷۸	۷۳۳
فضائل قرآن	یونس	۵۷۔۵۸	۲۸۴
تصنیف نہیں، تنزیل ہے	جاثیہ	۱۔۲	۶۷۵
پاک دلوں پر قرآن کا اثر	بنی اسرائیل	۱۰۷۔۱۰۸	۳۸۸
باعث رحمت و شفاء	بنی اسرائیل	۸۲	۳۸۴
غیب گوئی	بنی اسرائیل	۷۶	۳۸۳
قرآن کے اثر نہ کرنے کی وجہ	مطففین	۱۴	۸۱۲
قرآن سے لوگوں کو دور رکھنے کی سازش	حجر	۹۰	۳۵۳
تکذیب کے باوجود عذاب میں تأخیر کی وجہ	یونس	۴۰۔۴۱	۲۸۲
سبب تکذیب	یونس	۳۹	۲۸۲
قرآن علم رکھنے والوں کے لیے	حٰمٓ سجدہ	۳	۶۴۴
قرآن کے سحر ہونے کا الزام	مدثر	۱۸ تا ۲۴	۷۹۱
قرآن کے توریت کی تصدیق	آل عمران	۵۰	۷۹
منکرین کے خلاف حجت خدا	حٰمٓ سجدہ	۴۴	۶۵۰
کتاب حقیقت	حاقہ	۵۱	۷۷۸
حدیث غرانیق کی تکذیب	حاقہ	۴۴	۷۷۸
قرآن وسیلہ ہدایت	ابراہیم	۱	۳۳۸
قرآن کے ساتھ قسم اٹھانے کی وجہ	یٰسٓ	۲	۵۹۲
انسانیت کے لیے با برکت ہونے کی وجوہات	انبیاء	۵۰	۴۳۵
کلام مافوق بشر	احقاف	۷۔۸	۶۸۱
قرآن، باعث مشقت یا نصیحت؟	طٰہٰ	۲۔۳	۴۱۵
امت قرآنی کے لیے قابل توجہ نکات	بقرہ	۲۵۱	۵۹

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قرآن رسولؐ کا معجزہ	ہود	۱۳	۲۹۴
نورانی کتاب	تغابن	۸	۷۶۱
لازوال برکتوں والی کتاب	انعام	۱۵۵۔۱۵۶	۲۰۰
ہدایت پانے والے لوگ	انعام	۵۱	۱۸۰
قرآن دائمی منشور	انعام	۱۹	۱۷۴
نبوت عامہ			
ارسال رسل کا فلسفہ	نساء	۶۴	۱۲۱
ارسال رسل کا ہدف	حدید	۲۵	۷۳۹
نئے پیغمبر مبعوث کرنے کی حکمت	قصص	۴۷	۵۲۷
لوگوں کو عزت کی زندگی دینا	طٰہٰ	۴۷	۴۱۹
وحی کی واضح انداز میں تبلیغ	رعد	۳۰	۳۳۵
	نور	۵۴	۴۷۷
دعوت انبیاء کا محور	انبیاء	۲۵	۴۳۲
حیات آفرین تعلیمات	انفال	۲۴	۲۳۹
دعوت انبیاء کا مرکزی نکتہ	ہود	۶۱	۳۰۲
طاغوت کے شیطانی حربے	طٰہٰ	۶۲	۴۲۰
انبیاء کی تعلیمات، مبلغ اور منکر کا انجام	یٰسٓ	۱۳۔۲۸	۵۹۳
تکذیب رسل، تکذیب خدا ہے	انعام	۳۳۔۳۴	۱۷۷
اطاعت رسولؐ، اطاعت خدا ہے	نساء	۸۰	۱۲۴
دعوت کے طریقے	قمر	۱۷	۷۲۱
دعوت اور تبلیغ کے اہم عناصر	اعراف	۱۹۹	۲۳۵
رسولؐ سب کے لیے	جمعہ	۳	۷۵۶
نبی مبلغ ہے مقنن نہیں	حاقہ	۴۷	۷۷۸
انبیاء کا دائرہ اختیار	یونس	۴۹	۲۸۳
رہنما کی شرائط	یونس	۳۵	۲۸۱
رسول معصوم یا مجتہد؟	توبہ	۴۳	۲۵۷
انبیاء کا عہد و میثاق	آل عمران	۸۱	۸۴
سیرت انبیاء، درگزر کرنا	یوسف	۹۲	۳۲۶
انبیاء کے ایمان	بقرہ	۲۸۵	۶۹
انبیاء اور علم غیب	اعراف	۱۸۸	۲۳۳

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
تبلیغ رسالت میں انبیاء کا مفاد	یونس	۷۲	۲۸۷
انبیاء کا تصنع سے پاک ہونا	صٓ	۸۶	۶۱۹
غیر نبی پر وحی اترنا	طٰہٰ	۴۱۷	۳۸
ادراک وحی کی کیفیت	اعلیٰ	۶	۸۱۷
نبوت، رحمت حق	قصص	۸۶	۵۳۳
بعثت سے پہلے اجتماعی مقام	ہود	۶۲	۳۰۲
احترام رسولؐ	حجرات	۵	۶۹۹
انسان ہونا منافی رسالت نہیں	ابراہیم	۱۱	۳۴۰
رسول کی زندگی کیسی ہو؟	فرقان	۸	۴۸۲
نبوت اور بشریت متضاد نہیں	انبیاء	۷	۴۳۰
نبی اور عام انسان میں فرق	ہود	۲۸	۲۹۷
	اعراف	۱۸۸	۲۳۳
بشری معاملات نبوت کے منافی نہیں	احقاف	۹	۶۸۲
	انبیاء	۷۔۸	۴۳۰
عام آدمی کی طرح زندگی گزارنے کا فلسفہ	فرقان	۲۰	۴۸۳
فرشتے رسول کیوں نہیں بنے؟	انعام	۹	۱۷۳
علوم انبیاء کے مقابلے میں دنیوی علوم	مؤمن	۸۳	۶۴۴
حصول وحی کے ذرائع	نمل	۹	۵۰۷
اولوالعزم انبیاء	احقاف	۳۵	۶۸۷
عذاب خدا سے دو امان	انفال	۳۴	۲۴۱
فعل رسولؐ، فعل خدا ہے	انفال	۱۷	۲۳۸
وحی تاریخ انبیاء کا ماخذ	قصص	۴۴۔۴۶	۵۲۶
وحی حقیقت پر مبنی ہے	یوسف	۱۰۳	۳۲۸
انتخاب نبی	بنی اسرائیل	۵۵	۳۸۰
الٰہی منصب اور عمر	مریم	۱۲	۴۰۶
رسالت کے اوصاف	اعراف	۶۲	۲۱۲
بار نبوت اور جسمانی صحت	قصص	۱۴	۵۲۱
انبیاء مشیت الٰہی کے تابع	ہود	۳۲۔۳۳	۲۹۸
نبی اور علم غیب	جن	۲۶۔۲۷	۷۸۷
ذمے داری سنبھالنے سے قبل تربیت	بقرہ	۵۱	۱۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
انبیاء سے عہد	احزاب	۷	۵۶۳
امانت اورعدم اجرت، نبوت کالازمی امر	شعراء	۱۲۵	۴۹۹
انبیاء اور ناساز گار حالات	یونس	۷۱تا۷۴	۲۸۶
سب انبیاء برحق،لیکن درجات میں فرق	بقرہ	۲۵۳	۶۰
انبیاء کا خواب	صافات	۱۰۳	۶۰۷
علوم انبیاء کے مقابلے میں سطحی علوم	مؤمن	۸۳	۶۴۴
شعروشاعری اور رسول	یٰسٓ	۶۹	۵۹۸
قیادت کا فقدان شکست کا باعث	انفال	۴۶	۲۴۳
خدا اور رسول، دونوں کی اطاعت	آل عمران	۱۳۲	۹۳
رسالت،فضل الٰہی ہے	جمعہ	۴	۷۵۶
عصمت انبیاء			
عصمت کا باعث	یوسف	۲۴	۳۱۴
نسیان، منافی عصمت	انعام	۶۸	۱۸۳
عصمت،شرط نبوت وامامت	سجدہ	۲۴	۵۶۱
شک سے عصمت	قیامہ	۱۶ تا ۱۹	۷۹۴
سہو ونسیان سے عصمت	یونس	۶۲	۲۸۵
انکار معاد اور انکار نبوت کا ربط	فرقان	۱۱	۴۸۲
الہام اور وحی	مائدہ	۱۱۱	۱۷۰
وحی کے تین طریقے	شوریٰ	۵۱	۶۶۱
دعوت انبیاء پر منفی ردعمل			
خوشحال طبقہ اور دعوت انبیاء	شعراء	۱۱۱	۴۹۸
کفار کا ردعمل	یونس	۲	۲۷۵
انبیاء پر جاہ طلبی کی تہمت	مؤمنون	۲۴	۴۵۷
انبیاء سے ناروا سلوک کا انجام	توبہ	۷۰	۲۶۲
قوموں کا منفی ردعمل	ابراہیم	۹	۳۳۹
کفار کے اعتراضات	تغابن	۶	۷۶۰
بشر ہی رسول کیوں؟	بنی اسرائیل	۹۴-۹۵	۳۸۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
دعوت انبیاء اور مراعات یافتہ طبقہ	اعراف	۶۱-۷۵	۲۱۲
دلائل کے مقابلے میں کفار کی دھمکی	دخان	۲۰	۶۷۲
مشرکین کے نزدیک نبوت کا معیار	زخرف	۳۱-۳۲	۶۶۴
تکذیب انبیا سابقہ امتوں میں	مؤمن	۵-۶	۶۳۲
انبیا پر افترا باندھنے والوں کا انجام	ہود	۲۰ تا ۲۲	۲۹۶
انکار نبوت باعث عذاب	انعام	۳۷	۱۷۸
رسول کی نافرمانی ناقابل معافی جرم	انفال	۲۰-۲۱	۲۳۹
معجزہ			
تمدنی ارتقاء سے ہماہنگ معجزہ	اعراف	۲۰۳	۲۳۵
معجزہ اور قانون تکوین	اعراف	۱۱۷	۲۲۰
وقتی اور دائمی معجزے	بقرہ	۲۳	۱۱
معجزہ اور فطری قوانین	آل عمران	۴۹	۷۹
معجزہ اور جادو میں فرق	یونس	۷۶،۷۷	۲۸۷
غلط توجیہ کا جواز	طٰہٰ	۷۷	۴۲۲
معجزہ کے مقابلے کی سازش	شعراء	۳۵	۴۹۳
چیلنج	یونس	۷۱	۲۸۶
	ہود	۵۴،۵۵	۳۰۱
معجزہ اور مادی علل واسباب	بقرہ	۵۰	۱۵
معجزہ دکھانا یعنی اتمام حجت	انبیاء	۵	۴۳۰
زمانے اور شریعت کے ساتھ معجزے کی ہم آہنگی	رعد	۳۸	۳۳۶
معجزہ طلب کرنے کا مقصد	بنی اسرائیل	۱۰۱	۳۸۷
معجزہ اور فطری خواہش	آل عمران	۴۹	۷۹
معجزے کی کیفیت	قصص	۳۱	۵۲۴
دلیل وحجت کا غلبہ	قصص	۳۵	۵۲۵
نبوت خاصہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم			
رسولؐ کی عظمت	الم نشرح	۴	۸۲۵
رسولؐ کی عظمت	تکویر	۱۹	۸۰۹

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
توریت اور آپؐ کی نبوت	مائدہ	۱۲	۱۴۸
آپؐ کے اوصاف	اعراف	۱۵۷	۲۲۷
رسولؐ اور وحی	نجم	۳	۷۱۶
رسالت کے گواہ	رعد	۴۳	۳۳۷
دعوت ذوالعشیرہ	شعراء	۲۱۴	۵۰۵
آپؐ کی صداقت کی کچھ نشانیاں	یوسف	۷	۳۱۲
آپؐ کے بارے میں انبیاء کے میثاق	آل عمران	۸۱	۸۴
اُمّی اور کامل دستور حیات	اعراف	۱۵۷	۲۲۸
بابرکت اور برتر آئین کا حامل	انعام	۱۵۸	۲۰۰
افسانہ تصدیق ورقہ بن نوفل	قصص	۸۶	۵۳۳
آغاز وحی میں موسیٰ(ع) سے فرق	طٰہٰ	۱۴	۴۱۶
آپؐ کی عہدین سے واقفیت	مائدہ	۱۵	۱۴۹
آپؐ کی نبوت کا ایک گواہ	نساء	۱۶۶	۱۴۲
مزمل	مزمل	۱	۷۸۸
افق اعلیٰ میں جبریل کو دیکھنا	تکویر	۲۳	۸۰۹
جبریل اور رسولؐ کی عظمت	تکویر	۱۹	۸۰۹
رسولؐ پر جاہ پرستی کا الزام	صٓ	۶	۶۱۲
مذاکرات کی ناکامی کا ردعمل	صٓ	۱	۶۱۱
مشرکین کی ایذا رسانی	جن	۱۹	۷۸۷
ایذا رسانی کا حکیمانہ مقابلہ	مزمل	۶	۷۸۸
نامساعد حالات میں بار رسالت کی سنگینی	ہود	۱۲	۲۹۴
ہجرت کا حکم	زمر	۱۰	۶۲۲
اہل ایمان کے لیے رسولؐ کی دلی کیفیت	توبہ	۱۲۸	۲۷۴
قتل رسولؐ کی سازش	نمل	۴۹	۵۱۳
	توبہ	۷۴	۲۶۳
قتل رسولؐ کی سازش	حشر	۲-۴	۷۴۵
حقیقت پر مبنی وحی	یوسف	۱۰۳	۳۲۸
فتح مکہ کی بشارت	قصص	۸۵	۵۳۳
رسولؐ کی امی ہونے کا سبب	عنکبوت	۴۸	۵۴۱
اُمی ہونے سے مراد	عنکبوت	۴۸	۵۴۱
رسولؐ افصح العرب تھے	محمد	۱۶	۶۸۹
رضائے رسولؐ رضائے رب کا وسیلہ	مائدہ	۳۵	۱۵۳
رسولؐ کی آمد، یہودیوں کی ذلت	جمعہ	۲	۷۵۶
رسولؐ اور ازواج	تحریم	۱	۷۶۵
حدیث غرانیق عظمت رسولؐ کے منافی	حج	۵۲	۴۵۰
حدیث غرانیق اور شیعہ سنی موقف	حج	۵۲	۴۵۰
رسولؐ کے بعض اسماء	صف	۶	۷۵۴
بائیس سالہ مظالم کی فہرست	توبہ	۱۳	۲۵۱
جنگ بدر کا پس منظر	انفال	۶_۷	۲۳۷
بدر میں غیبی امداد	انفال	۹تا۱۱	۲۳۷
بدر کا نقشہ	انفال	۴۲	۲۴۳
دشمن کی تعداد اور رسولؐ کا خواب	انفال	۴۳،۴۴	۲۴۳
جنگ بدر	آل عمران	۱۳	۷۲
کفار کا تعاقب	آل عمران	۱۷۴	۱۰۱
تیراندازوں کی بدگمانی	آل عمران	۱۶۱	۹۹
جنگ احد	آل عمران	۱۲۱	۹۲
احد میں اصحاب کی رسولؐ سے بے وفائی	آل عمران	۱۵۳	۹۷
احد کے فراریوں کی تصویر کشی	آل عمران	۱۵۳	۹۷
احد میں خلق عظیم کا مظاہرہ	آل عمران	۱۵۹	۹۹
زینب بن جحش سے عقد	احزاب	۳۷	۵۶۹
غزوہ بنی قریظہ کا پس منظر	احزاب	۲۶	۵۶۶
غزوہ بن نضیر	حشر	۵	۷۴۶
جنگ تبوک	توبہ	۳۸	۲۵۶
صلح حدیبیہ کی ایک شق	ممتحنہ	۱۰	۷۵۲
فتح مکہ کی پیش گوئی	صافات	۱۷۵	۶۱۱
غزوہ حنین	توبہ	۲۵	۲۵۳
غزوہ حنین میں کفار کے مقتولین	توبہ	۲۵	۲۵۳

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
رسولؐ پر اعتراضات کے جوابات	ہود	۲۸، ۲۹، ۳۱	۲۹۷
رسولؐ کی مدد نہ کرنے والوں کی مذمت	توبہ	۴۰	۲۵۶
قوم فرعون اور مشرکین کی مشترکہ خصوصیات	قصص	۴۸	۵۲۷
قبلہ کا مفہوم	یونس	۸۷	۴۸۹
لشکر اسلام تخریب کاری سے محفوظ رہا	توبہ	۴۳	۲۵۷
حضرت موسیٰ (ع) کے ساتھ چند شباہتیں	اعراب	۱۰۳	۲۱۹
رسولؐ کے ساتھ سرگوشی پر صدقہ دینے کا حکم	مجادلہ	۱۲	۷۴۳
رسولؐ سے آگے نہ بڑھنے کا حکم	حجرات	۱	۶۹۹
رسولؐ کے بلانے پر لبیک کہنا	نور	۶۳	۴۸۰
رسولؐ کے ساتھ مؤدبانہ گفتگو کرنے کا حکم	حجرات	۲	۶۹۹
رسولؐ کی محفل کے آداب	نور	۶۲	۴۸۰
مؤاخات	انفال	۷۲	۲۴۸
فلسفہ معراج	بنی اسرائیل	۱	۳۷۳
آپؐ کے خواب کی تعبیر، فتح مکہ	فتح	۲۷	۶۹۸
وصول وحی کے آداب	طٰہٰ	۱۱۴	۴۲۶
اتباع رسولؐ میں تبعیض، ایمان کے منافی	محمد	۲	۶۸۷
کس بناء پر رحمت عالم؟	انبیاء	۱۰۷	۴۴۱
جنگ احد	آل عمران	۱۲۱	۹۲
مخالفت رسولؐ حبط اعمال کا باعث ہے	محمد	۳۳	۶۹۲
یہود و منافقین کا رسولؐ کے خلاف اتحاد	محمد	۲۶	۶۹۱
بیعت رضوان	فتح	۱۰	۶۹۴
انسانیت کے اعمال کا گواہ	فتح	۸	۶۹۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
آپؐ کے بارے میں انبیاء کا میثاق	آل عمران	۸۱	۸۴
صلح حدیبیہ کا پس منظر، شرائط واثرات	فتح	۱	۶۹۳
فتح مکہ کی پیش گوئی	صٓ	۱۱	۶۱۲
آفاقی نبوت کی تدریجی تبلیغ	شوریٰ	۷	۶۵۳
آپؐ کے علم کا مأخذ اور دائرہ	شوریٰ	۵۲	۶۶۱
شدائد کا حل، وحی سے تمسک	زخرف	۴۳	۶۶۶
کفار کی گستاخی کا مسالمت آمیز جواب	زخرف	۸۹	۶۷۱
ہدایت ی کے الٰہی منصب کی آپؐ کی طرف منتقلی	جاثیہ	۱۸	۶۷۷
تبلیغ کے ساتھ انفاق	مؤمنون	۷۲	۴۶۲
آپؐ کی معیت باعث تکریم ہے	شعراء	۱۱۸	۴۹۹
معروضی حالات کے مطابق مخالفین سے برتاؤ	مؤمنون	۹۶	۴۶۴
آفاقی رسالت	فرقان	۵۱	۴۸۷
گزشتہ اقوام کے بارے میں خبر دینا	قصص	۴۴، ۴۶	۵۲۶
رسول اکرمؐ کی رحمت	نمل	۷۰	۵۱۶
رسولؐ کا عزم و ارادہ	توبہ	۴۰	۲۵۵
رسولؐ کی تکذیب	یٰسٓ	۱۳-۱۴	۵۹۳
رسالت محمدی پر اللہ کی گواہی	عنکبوت	۵۲	۵۴۲
رسول اکرمؐ پر بہتان کذب	سبا	۷-۸	۵۷۶
آنحضرتؐ پر صلوات	احزاب	۴۳	۵۷۰
رسولؐ کی ازواج چار سے زیادہ کیوں؟	احزاب	۵۰	۵۷۱
رسولؐ کے خلاف چہ میگوئیاں	سجدہ	۳۷	۵۶۹
شاہد، مبشر، مدثر اور داعی	احزاب	۴۵، ۴۶	۵۷۰
عصر رسولؐ میں مسلمانوں کے گروہ	احزاب	۱۲	۵۶۴
آپؐ گوامی کہنے کی وجوہات	اعراف	۱۵۷	۲۲۷
علم رسولؐ تابع مشیت الٰہی ہے	بنی اسرائیل	۸۶	۳۸۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
آپؐ کی عصمت	بنی اسرائیل	۷۴	۳۸۳
رسالت کی حقانیت	رعد	۱	۳۲۹
آپ پر ناانصافی کی تہمت	نحل	۵۸، ۵۹	۲۶۰
مشکلات میں آپؐ کی دلجوئی	حج	۹۷	۳۵۳
آپؐ اشرف المخلوقات ہیں	حجر	۷۲	۳۵۲
حق پرست اہل کتاب کا ایمان لانا	رعد	۳۶	۳۳۶
اہل کتاب کی آپ پر ایمان لانے کی وجہ	انعام	۲۰، ۲۱	۱۷۵
علیٰ بیّنۃ	ہود	۱۷	۲۹۵
فنا فی اللہ ہونا	یونس	۱۰۵، ۱۰۶	۲۹۲
ادراک وحی کی کیفیت	بقرہ	۲۸۵	۶۹
وحی وصول کرنے کی حقیقت	شعراء	۱۹۴	۵۰۴
ہجو گو شاعروں کی مذمت	شعراء	۲۲۴	۵۰۶
انسانیت سے بے انتہا محبت	کہف	۶	۳۸۹
مشرکین پر غلبہ کی بشارت	مزمل	۱۱، ۱۵	۷۸۹
پہلی وحی پر حضرت موسیٰ (ع) سے موازنہ	طٰہٰ	۱۴	۴۱۶
بیت پر اللہ کی برہان	نساء	۱۷۴	۱۴۳
عالمگیر رسالت	نساء	۱۷۰	۱۴۲
تعلیم کے ذرائع	نساء	۱۱۳	۱۳۲
سکون کا نزول	آل عمران	۱۷۶	۱۰۲
جنگ بدر	آل عمران	۱۲، ۱۳	۷۲
احد میں خلق عظیم کا مظاہرہ	آل عمران	۱۵۹	۹۹
قصص انبیاء			
فلسفہ تاریخ	ہود	۱۲۰	۳۱۱
حضرت آدم علیہ السلام			
سکونت ارضی کے ارتقائی مراحل	بقرہ	۳۲ تا ۳۶	۱۳
ابلیس کا پہلا حربہ	اعراف	۲۷	۲۰۵
شجر ممنوعہ سے استفادہ	طٰہٰ	۱۱۸	۴۲۷
عزم اور بھول میں ربط	طٰہٰ	۱۱۵	۴۲۶
انسانی تاریخ کا پہلا معرکہ	مائدہ	۳۰	۱۵۳
حضرت نوح علیہ السلام			
حضرت نوحؑ کی عمر، مسکن، دعوت	اعراف	۵۹	۲۱۲
دعوت کی اساس	ہود	۲۵	۲۹۶
رسالت کے ستون	نوح	۳	۷۸۲
نوحؑ پر سلام	صافات	۷۹	۶۰۵
منکرین کے اعتراض اور جواب	ہود	۲۸_۳۱	۲۹۷
قوم کی ضد اور ہٹ دھرمی	ہود	۲۳ تا ۳۳	۲۹۸
حضرت نوحؑ کی بد دعا	نوح	۲۷	۷۸۴
کشتی سازی کا حکم	مومنون	۲۷	۴۷۵
طوفان نوح	حاقہ	۱۱	۷۷۶
کشتی نوح	ہود	۳۷_۳۸	۲۹۸
طوفان کے بعد نوحؑ کی عمر	عنکبوت	۱۴	۵۳۵
مقام استقرار کشتی نوحؑ	ہود	۴۵	۳۰۰
حضرت ابراہیم علیہ السلام			
ابراہیمؑ کا قصہ ذکر کرنے کا سبب	شعراء	۶۹	۴۹۶
ابراہیم، نوح کے شیعہ تھے	صافات	۸۳	۶۰۵
ابراہیمؑ اور ستارہ پرست	صافات	۸۹	۶۰۶
حضرت ابراہیمؑ کے کارنامے	بقرہ	۱۲۴	۳۰
آذر کون تھا؟	انعام	۷۵	۱۸۴
ابراہیمؑ کا اپنی مشرک قوم سے برائت	ممتحنہ	۴	۷۵۱
ابراہیمؑ اور نمرود کا مناظرہ	بقرہ	۲۵۸	۶۱
خانہ کعبہ کے معمار اور تاریخ	بقرہ	۱۲۵	۳۰
دعائے حضرت ابراہیمؑ	ابراہیم	۳۷ تا ۴۰	۳۴۴
دعائے خلیلؑ کی عملی اجابت	بقرہ	۱۲۹	۳۱
ذریت ابراہیمی	انعام	۸۶	۱۸۶
اسماعیل ذبح عظیم	صافات	۱۱۲	۶۰۷
ابراہیم اور سارہ کو اولاد کی بشارت	ہود	۷۱	۳۰۴
	ذاریات	۲۹	۷۰۹
حضرت ابراہیم اور عالم ملکوت کا نظارہ	انعام	۷۵	۱۸۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ابراہیمؑ کے اپنی ذات میں امت ہونے کا راز	نحل	۱۲۲	۳۷۱
سچائی کی برتر زبان اور مخلص بندہ	مریم	۴۹۔۵۱	۴۱۰
استقامت کا راز	مریم	۴۱	۴۰۹
خدا پرستی کے اسباب	شعراء	۷۸ تا ۸۰	۴۹۶
بتوں سے دشمنی کی وجہ	شعراء	۷۷	۴۹۶
برائت از مشرکین کی تحریک	زخرف	۲۸	۶۶۴
راہ خدا کا پہلا مہاجر	صافات	۹۹	۶۰۶
مقام ابراہیمؑ سے مراد	آل عمران	۹۷	۸۷
فتوت ابراہیمی سے مراد	انبیاء	۶۰	۴۳۶
بت شکنی کا مقصد	انبیاء	۶۱ تا ۶۳	۴۳۶
حضرت لوط علیہ السلام			
حضرت لوط کا حضرت ابراہیم کی تائید کرنا	عنکبوت	۲۶	۵۳۷
لوطؑ اور قوم لوط	اعراف	۸۰	۲۱۴
قوم لوط پر عذاب	عنکبوت	۳۱۔۳۲	۵۳۸
قوم لوط پر عذاب کی کیفیت	عنکبوت	۳۳،۳۵،۳۷	۵۳۹
قوم لوط کی بدکاریاں	عنکبوت	۲۸،۲۹	۵۳۸
	نمل	۵۴ تا ۵۶	۵۱۴
قوم لوط کی اخلاقی پستی	حجر	۶۷۔۷۱	۳۵۱
نبی کے اہل بیت کی حرمت وحفاظت	حجر	۶۵	۳۵۱
قوم لوط کے عذاب کی ہود تفصیل		۸۲	۳۰۵
اخلاقی مفاسد سے نجات کی دعا	شعراء	۱۶۸	۵۰۲
حضرت یعقوب			
صبر وشکوہ کی حقیقت	یوسف	۸۴۔۸۶	۳۲۵
بصارت کا عود کر آنا	یوسف	۹۶	۳۲۶
حضرت یوسف علیہ السلام			
سورہ یوسف کے احسن القصص ہونے کی وجہ	یوسف	۳	۳۱۱
چاہ پیدائش	یوسف	۴	۳۱۱
قمیض یوسفؑ اور بھائیوں کا انکشاف جرم	یوسف	۱۸	۳۱۳
چاہ کنعان میں یوسفؑ کو تسلی	یوسف	۱۵	۳۱۳
یوسفؑ کا خریدار	یوسف	۲۱	۳۱۴
برہان عصمت کا پہلا زینہ	یوسف	۲۴	۳۱۴
آپؑ پر تہمت اور انکشاف حقیقت	یوسف	۲۸	۳۱۵
زلیخا کے معاشقہ کا چرچا	یوسف	۳۰	۳۱۵
اس واقع میں عزیز مصر کا فیصلہ	یوسف	۲۹	۳۱۵
کرتے کی گواہی میں موجود نکات	یوسف	۲۸	۳۱۵
آراستہ مجلس کی خطرناک سازش	یوسف	۳۱۔۳۲	۳۱۶
یوسفؑ کے جیل جانے کا سبب	یوسف	۳۵	۳۱۶
جیل تبلیغی مرکز	یوسف	۳۹	۳۱۹
تین خواب تین گرتے	یوسف	۵۰	۳۱۹
خواب اور آیندہ نگری	یوسف	۴	۳۱۱
مضبوط اقتصادی منصوبہ بندی	یوسف	۴۹	۳۱۹
زندان سے رہائی کے لیے یوسفؑ کی شرائط	یوسف	۵۰	۳۱۹
تحقیقات کے مطالبے کی علت	یوسف	۵۲	۳۲۰
زنان مصر کا اعتراف جرم	یوسف	۵۱	۳۱۹
حسن تدبیر اور حسن ختام	یوسف	۵۸ تا ۱۰۱	۳۲۰
بنیامین کو مصر لانے کی تدابیر	یوسف	۶۰ تا ۶۵	۳۲۱
عشق الٰہی کا ایک جلوہ	یوسف	۳۳	۳۱۶
بنی اسرائیل کی حضرت یوسف کی ناقدری	مؤمن	۳۴	۶۳۶
ان کے خاندان کا مصر میں آنا	یوسف	۹۹۔۱۰۰	۳۲۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
بنیامین کو پاس رکھنے کی تدبیر پر عمل درآمد	یوسف	۷۶	۳۲۳
آپ کا توریہ کرنا	یوسف	۷۹	۳۲۴
حضرت یوسفؑ کی کامیابی کے اسباب	یوسف	۹۰	۳۲۶
عصمت	یوسف	۲۴	۳۱۴
تعلیم علم وحکمت	یوسف	۲۲	۳۱۴
برادران یوسف پر عدم اعتماد کے اسباب	یوسف	۱۱۔۱۲۔۱۴	۳۱۳
علم تأویل کی حقیقت	یوسف	۶	۳۱۲
حضرت داؤد علیہ السلام			
داؤدؑ کی خوش الحانی	انبیاء	۷۹	۴۳۸
سیرۂ داؤدؑ کے دروس	ص	۱۷۔۲۴	۶۱۳
حضرت داؤدؑ فن زرہ سازی کا بانی	سبا	۱۱	۵۷۷
حضرت سلیمان علیہ السلام			
بابل کی تہذیب اور سلیمانؑ	بقرہ	۱۰۲	۲۵
تسخیر ہوا	ص	۳۶	۶۱۵
سلیمانؑ اور چیونٹی	نمل	۱۸	۵۰۸
حیوانات کی بولی اور حضرت سلیمانؑ	نمل	۱۶	۵۰۸
سلیمانؑ کی گھوڑوں سے دلچسپی کا سبب	صٓ	۳۲	۶۱۵
محبت کا معیار	صٓ	۳۱،۳۳	۶۱۵
تسخیر جنات	انبیاء	۸۲	۴۳۸
	نمل	۱۷	۵۰۸
حضرت سلیمانؑ کا خط	نمل	۳۱	۵۱۰
بیت المقدس سے ملک سبا کا فاصلہ	نمل	۳۹	۵۱۱
بلقیس کا اسلام لانا	نمل	۴۴	۵۱۲
شکر خدا	نمل	۱۹	۵۰۹
یونس علیہ السلام **(ذوالنونؑ)**			
ذوالنونؑ	انبیاء	۸۷	۴۳۹

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
یونسؑ شکم ماہی میں	قلم	۴۸	۷۷۴
واقعہ یونسؑ	الصافات	۱۴۰۔۱۴۸	۶۰۸
قوم یونس کی امتیازی صفت	یونس	۹۸	۲۹۱
الیاس علیہ السلام			
بت پرستی کے خلاف قیام	الصافات	۱۲۳۔۱۲۵	۶۰۸
ذوالکفل علیہ السلام			
ذوالکفل کون؟	انبیاء	۸۵	۴۳۹
یسع علیہ السلام			
یسع جانشین حضرت الیاسؑ	صٓ	۴۸	۶۱۶
ایوب علیہ السلام			
شیطان سے مقابلہ، کامیابی	صٓ	۴۱،۴۲	۶۱۶
قسم پر انوکھا عمل درآمد	صٓ	۴۴	۶۱۶
ایوبؑ اسوۂ صبر وشکر	الانبیا	۸۳	۴۳۹
صالح علیہ السلام			
ختمی مرتبتؐ سے مشابہت	ہود	۶۲	۳۰۲
قوم ثمود اور اصحاب حجر	اعراف	۷۳	۲۱۴
قتل ناقہ صالح	شعراء	۱۵۵	۵۰۱
قوم ثمود کے آثار	شعراء	۱۴۹	۵۰۱
قوم صالح کا منصوبہ	نمل	۵۰	۵۱۳
مؤرخین ومفسرین کا نظریہ	انبیاء	۸۵	۴۳۹
معاشی اصطلاحات	ہود	۸۶	۳۰۶
ہود علیہ السلام			
عاد اور احقاف	اعراف	۶۵	۲۱۳
عاد وارم	فجر	۶،۷	۸۱۹
قوم عاد پر عذاب	عنکبوت	۴۰	۵۳۹
عاد اولیٰ اور عاد ثانیہ سے کیا مراد ہے؟	اعراف	۷۲	۲۱۴
قوم ہود پر آنے والے عذاب کی نوعیت	شعراء	۱۸۹	۵۰۴
قوم ثمود	نمل	۴۵	۵۱۲
شعیب علیہ السلام			
شعیب اور اہل مدین	اعراف	۸۵،۸۸،۹۱	۲۱۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
توہین کا ردعمل	ہود	۹۳،۹۲	۳۰۷
عزیر علیہ السلام			
عزیرؑ	بقرہ	۲۵۹	۶۲
خضر علیہ السلام			
نظام تکوینی کا تمثیلی واقعہ	کہف	۸۲	۴۰۱
حضرت موسیٰ کا استاد	کہف	۶۳ تا ۶۵	۳۹۹
درس اول: غریبوں کا معاشی تحفظ	کہف	۷۱	۴۰۰
درس دوم: نیک اولاد	کہف	۷۴	۴۰۰
درس سوئم: سلف صالح کی عملی قدردانی	کہف	۷۷	۴۰۰
موسیٰ علیہ السلام			
مادر موسیٰؑ کو ہونے والی وحی	قصص	۷	۵۲۰
موسیٰ ؑ کا ماں کی گود میں واپسی	قصص	۱۲	۵۲۰
قبطی کا قتل	قصص	۲۰،۱۹	۵۲۲
موسیٰ مدین میں	قصص	۱۵	۵۲۱
دختران شعیب سے ملاقات	قصص	۲۳	۵۲۲
آٹھ سالہ چوپانی	قصص	۲۷	۵۲۳
فرعون کی بنی اسرائیل سے دشمنی کا سبب	قصص	۴	۵۱۹
تبلیغ کی راہ موجود ارتباطی موانع دور کرنے کی دعا	طٰہٰ	۲۷	۴۱۷
کوہ طور پر جوتے اتارنے کا حکم	طٰہٰ	۱۲	۴۱۶
وادی سینا	طٰہٰ	۱۰	۴۱۶
ید بیضا	طٰہٰ	۲۲	۴۱۷
آپ پر اللہ کے احسانات	طٰہٰ	۴۰ تا ۴۲	۴۱۸
آپ کی نبوت کا زمانہ	بقرہ	۵۱	۱۵
آپ پر وحی کی کیفیت	قصص	۳۰	۵۲۴
دعوت حق کا دینی و سیاسی نتیجہ	یونس	۷۸	۲۸۸
موسیٰؑ دربار فرعون میں	مؤمن	۲۶	۶۳۵
موسیٰؑ سے مقابلہ کی تیاری	طٰہٰ	۶۰	۴۲۰
فرعون کے اعتراضات	زخرف	۵۳،۵۲	۶۶۷
موسیٰؑ اور فرعون کا مکالمہ	شعراء	۲۵	۴۹۲
تکوینی ہدایت سے اللہ کی وجود کا استدلال	طٰہٰ	۵۰	۴۱۹
مؤمن آل فرعون کا کردار	مؤمن	۲۸،۲۶	۶۳۵
جادوگروں سے مقابلہ	طٰہٰ	۵۹ تا ۶۹	۴۲۰
فیصلہ کن مقابلہ کا انجام	طٰہٰ	۷۲،۷۰	۴۲۱
عصا موسیٰؑ کی کامیابی	شعراء	۴۵	۴۹۴
موسیٰؑ پر ایمان نہ لانے کے اسباب	یونس	۸۳	۲۸۸
تبرکات موسیٰؑ	بقرہ	۲۴۸	۵۸
رسالتمآبؐ اور موسیٰؑ میں چند شباہتیں	اعراف	۱۰۳	۲۱۹
حجت خدا کے مقابلے میں بدعتی کی اطاعت	اعراف	۱۴۹،۱۴۸	۲۲۵
قوم فرعون کی جہالت	قصص	۳۶	۵۲۵
نیل کو شگافتہ چھوڑ کر نکل جانا	دخان	۲۴	۶۷۲
نو معجزے	زخرف	۴۷_۴۸	۶۶۶
محکوم قوم کی آزادی یکی از مقاصد انبیاء	شعراء	۱۷	۴۹۱
بنی اسرائیل کے لیے تعمیر مکان اور قبلہ کا حکم	یونس	۸۷	۲۸۹
فرعونیوں کے لیے بد دعا	یونس	۸۸	۲۸۹
مراعات یافتہ طبقے کی مخالفت	یونس	۷۵	۲۸۷
بدعتی سامری کی سزا	طٰہٰ	۹۷	۴۲۴
کوہ طور پر جلدی پہنچنے کی علت	طٰہٰ	۸۳	۴۲۳
موسیٰ و خضر کی کہانی	کہف	۶۰ تا ۸۲	۳۹۸
ہارون سے سختی کرنے کی علت	اعراف	۱۵۰	۲۲۵
قارون سے مقابلہ	قصص	۷۶ تا ۸۱	۵۳۱
حضرت زکریا علیہ السلام			
یحییٰ کی بشارت پر سرور آمیز			

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
تعجب	مریمؑ	۸	۴۰۶
حضرت یحییٰ کی ولادت کی نشانی	آل عمران	۴۱	۷۷
یحییٰؑ قدرت الٰہی کا نمونہ	آل عمران	۳۸	۷۷
حضرت یحییٰ کی شہادت	**مریم**	**۱۱**	**۴۰۶**
حضرت عیسیٰ علیہ السلام			
عہد طفولیت میں منصب الٰہی	مریم	۱۲	۴۰۶
مسیح اور عیسیٰ کے معنی	آل عمران	۴۵	۷۸
مسیح کے بارے میں قرآنی موقف	نساء	۱۷۱، ۱۷۶	۱۴۲
حضرت عیسیٰؑ کی حقیقت	آل عمران	۷۹	۸۴
نفی الوہیت مسیح	نساء	۱۷۲	۱۴۳
قدرت و رحمت الٰہی کی نشانی	مریم	۲۱	۴۰۷
قدرت الٰہی کا نمونہ	زخرف	۵۹	۶۶۸
اللہ کا برگزیدہ بندہ اور نبی	مریم	۳۰ تا ۳۵	۴۰۸
آپؑ کو سولی دینے کے بارے میں قرآنی موقف	آل عمران	۵۵	۸۰
	نمل	۷۶	۵۱۶
عیسیٰؑ قیامت کی دلیل	زخرف	۶۱	۶۶۸
آپؑ کی امتیازی خصوصیات	بقرہ	۸۷	۲۲
حواریوں کا سوال	مائدہ	۱۱۲ تا ۱۱۵	۱۷۰
امامت عامہ			
خلافت الٰہیہ کے اصول	نور	۵۵	۴۷۷
منصب الٰہی بعد از امتحان	بقرہ	۱۲۴	۳۰
ظالم امام نہیں بن سکتا	بقرہ	۱۲۴	۳۰
ولایت کا مفہوم	یونس	۶۳	۲۸۵
لفظ مولا کی تشریح	حدید	۱۵	۷۳۷
نا اہل کی ولایت کے مفاسد	محمد	۲۲	۶۹۰
خلافت الٰہیہ کے فرائض	بقرہ	۳۳	۱۳
اولی الامر کی اطاعت	نساء	۵۹	۱۲۰
واقعہ غدیر	مائدہ	۶۷	۱۶۱
ہر دور میں معصوم کا وجود	توبہ	۱۱۹	۲۷۲
صادقین سے مراد آئمہ اطہارؑ	توبہ	۱۱۹	۲۷۲
قوموں کا شاہد	نحل	۸۹	۳۶۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قیادت کی نافرمانی اور انحطاط	مائدہ	۲۳	۱۵۱
اسلامی قیادت کی لازمی صفات	شوریٰ	۱۵	۶۵۵
کامیاب جنگی مہم امامت کی دلیل نہیں	فتح	۱۶	۶۹۵
امت مرحومہ کا ربانی	العمران	۷۹	۸۴
انبیاء و اوصیاء کی شہادت پر آسمان و زمین کا گریہ	دخان	۲۹	۶۷۳
گمراہ رہنما اور ان کے پیروکاروں کا انجام	ہود	۹۸، ۹۹	۳۰۸
ائمہ کفر کی ہلاکت پر کائنات کی خوشی	دخان	۲۹	۶۷۳
اہل البیت علیہم السلام			
آل محمدؐ سے مراد	احزاب	۵۶	۵۷۲
آل فاطمہؑ ذریت رسولؐ	انعام	۸۵	۱۸۶
شان اہل البیتؑ	دھر	۵تا۲۲	۷۹۶
آل محمدؐ وارث کتاب	فاطر	۳۲	۵۸۹
قربیٰ کی مودت اجر رسالت	شوریٰ	۲۳	۶۵۶
اجر رسالت امت کا مفاد	سبا	۴۷	۵۸۳
قرآن کی حقیقت تک رسائی	واقعہ	۷۹	۷۳۳
عظیم المرتبت گھرانے	نور	۳۶	۴۷۴
اہل بیتؑ باب حطہ	بقرہ	۵۸	۱۶
کلمات سے مراد اہل بیتؑ	بقرہ	۳۷	۱۳
اہل بیتؑ پر صلوات بھیجنا	بقرہ	۱۵۷	۳۷
اہل ذکر	نحل	۴۴	۳۵۹
اصحاب اعراف	اعراف	۴۸	۲۱۰
سورہ کوثر اہل بیتؑ کی فضیلت	کوثر	۱	۸۳۲
مستضعفین سے مراد اہل بیتؑ	قصص	۵	۵۱۹
حالت احتضار میں پنجتنؑ کی زیارت	فجر	۳۰	۸۲۱
قیامت کے دن محبت اہل بیتؑ کا سوال	الصافات	۲۴	۶۰۲
سورہ محمد آئینہ آل محمد	محمد	۱	۶۸۷
عصمت کی ایک دلیل	دھر	۳۰	۷۹۸
واقعہ مباہلہ	آل عمران	۶۱	۸۱

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
غریب پروری باعث سرفرازی	دھر	۹	۷۹۶
اولیاء اللہ کے استغفار کا سبب	شعراء	۸۲ تا ۸۷	۴۹۷
حضرت علی علیہ السلام			
علیؑ نفس رسولؐ	آل عمران	۶۱	۸۱
علیؑ نائب رسولؐ	یوسف	۱۰۸	۳۲۸
علیؑ ہادی امت	رعد	۷	۳۳۰
آپؑ کی خلافت پر نص شرعی	شعراء	۲۱۴	۵۰۵
ولایت علیؑ کا باقاعدہ اعلان	مائدہ	۶۷	۱۶۱
آپؑ کی ولایت و حاکمیت	مائدہ	۵۵	۱۵۸
واقعہ غدیر کا ایک معجزہ	معارج	۱	۷۷۹
اکمال دین یعنی ولایت علیؑ	مائدہ	۳	۱۴۵
ہارون محمدی	قصص	۳۴	۵۲۵
امت کے روحانی باپ	احزاب	۴۰	۵۷۰
صراط سے گزرنے کا پروانہ	اعراف	۴۸	۲۱۰
آیہ نجوی اور علیؑ	مجادلہ	۱۳	۷۴۳
علیؑ مؤمن کامل	سجدہ	۱۸	۵۶۰
علیؑ صدیق اکبر	یٰسٓ	۲۰	۵۹۴
صاحب علم الکتاب	رعد	۴۳	۳۳۷
سمجھدار کان سے مقصود علیؑ ہے	حاقہ	۱۲	۷۷۶
آپؑ کی عالمانہ قضاوت	احقاف	۱۵	۶۸۳
امام مبین	یٰسٓ	۱۲	۵۹۳
علیؑ اور شیعیان علیؑ کی اللہ سے محبت	مائدہ	۵۴	۱۵۸
شب ہجرت	انفال	۳۰	۲۴۰
	بقرہ	۲۰۷	۴۷
سد الابواب کا مسئلہ	نساء	۴۳	۱۱۷
امت مرحومہ کا ربانی	آل عمران	۷۹	۸۴
علیؑ رسالت کا گواہ	ہود	۱۷	۲۹۵
علیؑ اور ان کے شیعہ خیر البریہ ہیں	بینہ	۷	۸۲۸
فرشتوں سے گفتگو	آل عمران	۴۲	۷۸
ایمان علیؑ	مطففین	۲۹	۸۱۲
آپؑ کے ایمان اور جہاد	توبہ	۲۰	۲۵۲
ذوالفقار	آل عمران	۱۲۱	۹۲

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
کل ایمان بمقابلہ کل کفر	احزاب	۱۰	۵۶۴
عصر رسولؐ میں تدوین حدیث	نجم	۳	۷۱۶
رسولؐ اور امیر المؤمنینؑ کی شان	زمر	۳۳	۶۲۵
برائت از مشرکین کا اعلان	توبہ	۳	۲۴۹
	اعراف	۴۴	۲۰۹
علیؑ دو جہانوں کا مؤذن	اعراف	۴۴	۲۰۹
حشر میں آپؑ کا دعویٰ مظلومیت	زمر	۳۱	۶۲۵
ایمان کل	احزاب	۲۳	۵۶۶
خفیہ و علانیہ انفاق	بقرہ	۲۷۴	۶۶
لسان صدق	شعراء	۸۴	۴۹۷
علیؑ بحیثیت ناصر رسول	انفال	۶۴	۲۴۶
قسیم النار و الجنۃ	اعراف	۴۹	۲۱۰
ہارون محمدی کے لیے خاتم انبیاء کی دعا	طٰہٰ	۲۹	۴۱۷
علی محبوب عالم	مریم	۹۶	۴۱۵
حضرت عیسیٰؑ سے مشابہت	زخرف	۶۵	۶۶۸
حارث کا چیلنج اور اس کا جواب	انفال	۳۲	۲۴۱
تصدیق کنندہ	زمر	۳۳	۶۲۵
دنیا علیؑ کی نظر میں	مومنون	۱۱۴	۴۶۶
کہکشاں کا انکشاف	انشقاق	۱	۸۱۳
حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا			
حضرت فاطمہؑ حقانیت اسلام کی دلیل	العمران	۶۱	۸۱
فدک کا مسئلہ	بنی اسرائیل	۲۶	۳۷۶
حضرت امام حسین علیہ السلام			
حضرت یحییٰ سے آپؑ کی مشابہت	مریم	۱۲	۴۰۶
ذبح عظیم کا مصداق کامل	صافات	۱۰۷	۶۰۷
امام مہدی علیہ السلام			
غلبہ اسلام اور قیام مہدیؑ	توبہ	۳۳	۲۵۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
استحکام دین اور ظہور مہدیؑ	نور	۵۵	۴۷۷
علائم ظہور یاجوج وماجوج	کہف	۹۸	۴۰۳
عدل سے معمور معاشرہ اور امام مہدیؑ	انبیاء	۱۰۵	۴۴۱
اصحاب رسولؐ			
معیت رسولؐ اور صحابیت	شعراء	۱۱۸	۴۹۹
سابقین اولین	توبہ	۱۰۰	۲۶۸
آپس میں مہربان	فتح	۲۹	۶۹۸
کفار پر سخت	فتح	۲۹	۶۹۸
مہاجر	توبہ	۱۰۰	۲۶۸
مددگار	حشر	۸	۷۴۷
پناہ دینے والے	انفال	۷۲،۷۴	۲۴۸
اخوت وایثار	انفال	۷۲،۷۴	۲۴۸
جانی و مالی جہاد	انفال	۷۲،۷۴	۲۴۸
بیعت رضوان	فتح	۱۸	۶۹۶
عبادت گزار	فتح	۲۹	۶۹۸
شہادت کے مشتاق	احزاب	۲۳	۵۶۶
خاشع و روزہ دار	احزاب	۳۵	۵۶۸
اللہ کو یاد کرنے والے	احزاب	۳۵	۵۶۸
ضعیف الایمان	احزاب	۱۲	۵۶۴
جہاد میں شرکت نہ کرنے والے	توبہ	۱۱۸	۲۷۲
مجلس رسول (ص) میں شور مچانے والے	حجرات	۲ تا ۵	۶۹۹
کھیل تماشے کو نماز پر ترجیح دینے والے	جمعہ	۱۱	۷۵۷
رسولؐ پر بدگمان	آل عمران	۱۶۱	۹۹
میدان جنگ سے فرار	آل عمران	۱۵۳	۹۷
جاہلیت کی سوچ	آل عمران	۱۵۴	۹۷
حمزہؓ	آل عمران	۱۲۱	۹۲
عبداللہ بن جبیرؓ	آل عمران	۱۲۱	۹۲
عباس بن عبدالمطلبؓ	توبہ	۱۹ تا ۲۱	۲۵۲
سلمان فارسیؓ	احزاب	۴۰	۵۶۴
زید بن حارثہؓ	احزاب	۳۷	۵۶۹

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ولید بن عقبہ	حجرات	۶	۷۰۰
قیامت۔ ادلہ معاد			
وجدان شاہد معاد	سبا	۴،۵	۵۷۶
تخلیق کائنات کی مقصدیت	حجر	۸۵	۳۵۲
	انبیاء	۱۶	۴۳۱
	دخان	۳۸	۶۷۴
تخلیق اول، دلیل معاد	رعد	۵	۳۳۰
	قیامت	۴۰	۷۹۵
	بنی اسرائیل	۴۹	۳۷۹
معاد جسمانی کی محسوس دلیل	نحل	۶۵	۳۶۲
عقلی دلیل	نحل	۳۸	۳۵۹
قدرت خداوندی، دلیل معاد	بنی اسرائیل	۹۹	۳۸۷
زمین کا بارش سے سرسبز ہونا	حٰمٓ سجدہ	۳۹	۶۵۰
زمین کی روئیدگی	زخرف	۱۱	۶۶۲
اصحاب کہف کا زندہ ہونا دلیل معاد	کہف	۲۱	۳۹۲
خاک شدہ ذرات کا احیاء	قٓ	۱۵	۷۰۴
معاد کی تمثیلی دلیل	حج	۵	۴۴۳
دلائل معاد	جاثیہ	۲۴	۶۷۸
	نازعات	۲۷	۸۰۵
حسی دلیل	انعام	۹۶	۱۸۸
معاد، ربوبیت کا لازمہ	مومنون	۷۹	۴۶۳
معاد، عدل الٰہی کا لازمہ	مؤمن	۳۱	۶۳۶
ادیان عالم اور قیامت کا علم	اعراف	۱۸۷	۲۳۳
قیامت کا وقوع ضروری ہے	مرسلات	۱ تا ۴	۷۹۹
معاد پر اعتراض اور جواب	قیامت	۴	۷۹۳
	حاقہ	۱ تا ۳	۷۷۵
منکرین معاد کے لیے تہدید	واقعہ	۱	۷۲۹
شبہ آکل و ماکول کا جواب	مریم	۶۶	۴۱۲
انکار معاد کی وجہ یقینی دلائل کو نظر انداز کرنا	جاثیہ	۳۲	۶۷۹
احتضار اور موت			
سکرات موت	قٓ	۱۹	۷۰۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قوت فہم وادراک سے محرومی	نمل	۸۰	۵۱۷
مؤمن کا وقت احتضار اپنے اخروی مقام کو دیکھنا	نحل	۳۲	۳۵۸
کفار کا وقت احتضار	نحل	۲۹	۳۵۷
برزخ			
نکیر ومنکر	قٓ	۱۷	۷۰۴
قبر میں مقربین کی حالت	واقعہ	۸۹	۷۳۳
مؤمن وکافر کی زندگی	دخان	۵۶	۶۷۵
برزخی زندگی کے حامل لوگ	مومنین	۱۰۰	۴۶۵
حیات برزخ کا بیان	روم	۵۵	۵۵۲
برزخی زندگی	مؤمن	۴۶	۶۳۸
	انبیاء	۱	۴۲۹
عالم برزخ کی جنت	یٰسین	۲۶	۵۹۴
برزخ کی کیفیت	یٰسٓ	۵۲	۵۹۷
قیامت، وقوع و حالات			
آخرت کا تصور	نمل	۶۸	۵۱۶
	سبا	۳	۵۷۶
کائنات کی اصل منزل	روم	۸	۵۴۵
صور اسرافیل	یٰسین	۵۱	۵۹۷
	زمر	۶۸	۶۳۰
صور پھونکنے کا مفہوم	طٰہٰ	۱۰۲	۴۲۵
قبروں سے نکلنے کا منظر	معارج	۴۳	۷۸۱
مردوں کو زندہ کرنے کا طریقہ	بقرہ	۷۳	۱۹
جزا وسزا تجسم اعمال یا بدلہ	احقاف	۱۹	۶۸۴
تجسم اعمال	بقرہ	۱۷۴	۴۰
	کہف	۴۹	۳۹۶
	یونس	۳۰	۲۸۰
اللہ اور رسولؐ کا مشاہدہ اعمال	توبہ	۱۰۵	۲۶۹
مشاہدہ اعمال	زخرف	۸۰	۶۷۰
افراد اور قوموں کے نامہ اعمال	جاثیہ	۲۸	۶۷۹
	انشقاق	۱۰	۸۱۴
	حاقہ	۱۸	۷۷۶
اچھے اور برے اعمال کی کیفیت	زلزال	۲	۸۲۸
معائنہ اعمال	زلزال	۶	۸۲۸

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
نیک اعمال کا بھاری ہونا	اعراف	۸، ۹	۲۰۳
قیامت بہت قریب ہے	انبیاء	۱	۴۲۹
دنیا اور آخرت میں زمان کا الگ الگ تصور	شعراء	۹۰	۴۹۷
موت اور زندگی کی تعداد	مؤمن	۱۱	۶۳۳
مؤمن اور آخرت کا اہتمام	آل عمران	۱۹۸	۱۰۶
موجودہ نظام کائنات کا خاتمہ	طور	۱۰	۷۱۲
وحدانیت و آخرت پر ایمان کا باہمی ربط	نحل	۲۲	۳۵۶
ایمان بالغیب کا نتیجہ	انعام	۸	۱۷۳
نباء عظیم	نباء	۱۔۳	۸۰۱
قیامت کے دن کرۂ ارض کی کیفیت	طٰہٰ	۱۰۷	۴۲۵
عزت و ذلت کا فیصلہ ہونے کا دن	واقعہ	۳	۷۲۹
آخرت پر ایمان	نمل	۳	۵۰۶
قیامت کی حالت	ابراہیم	۴۸	۳۴۵
اعمال کی نسخہ برداری	جاثیہ	۲۹	۶۷۹
دنیا میں واپسی کی درخواست	فاطر	۳۷	۵۹۰
قیامت کی ہولناکی اور رشتہ دار	لقمان	۳۳	۵۵۷
قیامت کی منظر کشی	عبس	۳۶ تا ۴۰	۸۰۸
خیر وشر کا مشاہدہ	بینہ	۸	۸۲۹
حشر کا ایک منظر	ق	۲۱	۷۰۴
قیامت کا جھٹکا	نازعات	۷	۸۰۴
بروز قیامت درندوں کی حالت	تکویر	۵	۸۰۸
شق قمر	قمر	۱	۷۲۰
وقت کا گزرنا اور خسارے کا احساس	یونس	۴۵	۲۸۳
ہاتھ پیروں کی گواہی	یٰسین	۶۵	۵۹۶
قیامت کے دن کافر کی تمنا	نباء	۴۰	۸۰۳
ہولناکی کی شدت	حج	۲	۴۴۲
قیامت کے دن کی مقدار	معارج	۴	۷۷۹
قیامت کی نشانیاں	نباء	۱۹	۸۰۲
قیامت میں جنت کا قریب لایا			

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
جانا	تکویر	۱۳	۸۰۹
جیسا کرو گے ویسا بھرو گے	طٰہٰ	۱۲۷	۴۲۸
اعمال واقوال کی ریکارڈنگ	ق	۱۸،۱۷	۷۰۴
اہل محشر کے تین گروہ	واقعہ	۷۔۱۰	۷۲۹
عمل کا نظر آنا	نجم	۴۰	۷۱۹
زندگی کے وسائل اور جوابدہی	ملک	۱۵	۷۶۹
آخرت کی اذان	اعراف	۴۴	۲۰۹
ایصال ثواب	نجم	۳۹	۷۱۸
حق کو مسترد کرنے کی سزا	ہود	۵۷	۳۰۱
آخرت کا صحیح ادراک دنیا میں ممکن نہیں	زخرف	۷۱	۶۶۹
دنیوی واخروی زندگی کا موازنہ	طٰہٰ	۱۰۴	۴۲۵
کافروں کے باطل مفروضے	ذاریات	۱۰	۷۰۷
سجین اور علیین	مطففین	۲۰	۸۱۲
آخرت کی دائمی زندگی	الصافات	۵۹	۶۰۴
قوموں کا صحیفۂ عمل	حجر	۵	۳۴۶
جہاں نعمت وہاں حساب	شعراء	۱۴۶	۵۰۱
قیامت اچانک آئے گی	یٰسٓ	۴۹	۵۹۷
مخلوقات سے اللہ کا خطاب	انعام	۱۳۰	۱۹۴
قیامت ہر شئ پر محیط	غاشیہ	۱	۸۱۸
حقائق منکشف ہونے کا دن	مریم	۳۸	۴۰۹
راز فاش ہونے کا دن	یس	۵۹	۵۹۷
آسمان کو لپیٹ کر کائنات کی نئی تخلیق	انبیاء	۱۰۴	۴۴۱
ناجی و ناری کی کیفیت	شوریٰ	۴۵	۶۵۹
دو دفعہ موت اور زندگی	مؤمن	۱۱	۶۳۳
دوبارہ زندہ ہونے کی کیفیت	واقعہ	۶۱	۷۳۲
قیامت کی منظر کشی	معارج	۱۰	۷۷۹
تمام رشتوں سے انقطاع تعلق	مومنون	۱۰۱	۴۶۵
ایمان بالاخرہ، اصلاح کا ذریعہ	نحل	۶۰	۳۶۱
علامات قیامت	دخان	۱۰	۶۷۱
اللہ کے حضور مقدمہ	زمر	۳۰، ۳۱	۶۲۵
قیامت کے دن سوال	صافات	۲۴	۶۰۲
قیامت میں گواہی	قصص	۷۵	۵۳۱
اعضا کی گواہی	قیامت	۱۴	۷۹۴
	یٰس	۶۵	۵۹۸
	نور	۲۴	۴۷۱
قیامت کے گواہ	حٰمٓ سجدہ	۲۲،۲۱	۶۴۷
انبیاء اور ائمہ کی گواہی	زمر	۶۹	۶۳۰
عدل و احسان پر مبنی جزا و سزا	نحل	۱۱۱	۳۷۰
کوئی رشتہ داری کام نہیں آئے گی	ممتحنہ	۳	۷۵۰
مزاج دنیا و قیامت کا تشابہ	مجادلہ	۱۸	۷۴۴
قیامت کے حالات	نمل	۷۸،۸۸،۸۹	۵۱۸
ابدی زندگی کا وعدہ برحق	فاطر	۸	۵۸۵
قیامت کے دن کافروں کی خود سے بیزاری	مؤمن	۱۰	۶۳۳
معاد جسمانی	حٰمٓ سجدہ	۲۰	۶۴۷
مومنین کا شاندار استقبال	انبیا	۱۰۳	۴۴۱
جھوٹے معبود کام نہ آنے کی وجہ	احقاف	۲۸	۶۸۵
مسخ ہونے والے لوگ	نساء	۴۷	۱۱۸
مشرکین کا نظریہ	دخان	۳۵	۶۷۳
قیامت کے ساتھی	ق	۲۳، ۲۷	۷۰۵
کافروں کی حالت زار	واقعہ	۵۶	۷۳۱
جنات سے بھی سوال	انعام	۱۲۸	۱۹۴
شفاعت			
شفاعت، خدا کے اذن سے	یونس	۴۹	۲۸۳
مغفرت کی خوشخبری	نساء	۴۸	۱۱۸
شفاعت اور علم کا رابطہ	طٰہٰ	۱۱۰	۴۲۶
شفاعت کے مجاز کون؟	مریم	۸۷	۴۱۴
اذن خدا سے غیر خدا کی شفاعت	زمر	۴۴	۶۲۶
شفیع کی صفات	طٰہٰ	۱۰۹۔۱۱۰	۴۲۶
شفاعت اور شفیع	ہود	۱۰۵	۳۰۹
شفاعت دنیوی واخروی	سبا	۲۳	۵۷۹
مؤمن کی شفاعت	ہمزہ	۷	۸۳۱
جنت			
جنت کی زندگی	واقعہ	۲۶	۷۳۰

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ہر جہت سے بہتر زندگی	ص	۵۴	۶۱۷
خوشحال زندگی	کہف	۳۰	۳۹۴
جنت کی منظر کشی	زخرف	۷۱	۶۲۹
جنت کی وسعت	حدید	۲۱	۷۳۸
ثواب کی حدود	یونس	۲۶	۲۸۰
عظیم کامیابی	الصافات	۶۰	۶۰۴
دنیوی اور اخروی نعمتوں میں فرق	بقرہ	۲۵	۱۱
جنتیوں کی گفتگو	الصافات	۵۱	۶۰۳
اہل جنت کا محبوب ترین مشغلہ	یونس	۱۰	۲۷۶
جنت میں مؤمن کی سلطنت	زمر	۷۴	۶۳۱
سب جنتی جوان ہوں گے	واقعہ	۳۶	۷۳۰
جنت کی خرید وفروخت	توبہ	۱۱۱	۲۷۱
جنت کی سب سے بڑی نعمت	یٰسٓ	۵۸	۵۹۷
بعض اخروی نعمتوں کا بیان	محمد	۱۵	۶۸۹
جنت کی شراب	صافات	۴۷	۶۰۳
	واقعہ	۱۹	۷۲۹
جنتی شریک زندگی کی صفات	ص	۵۲	۶۱۷
جنتی بیویوں کی خوبیاں	رحمٰن	۷۲ تا ۷۶	۷۲۸
جنت کی لامحدود زندگی	ص	۵۴	۶۱۷
استحقاق کا سبب	دخان	۵۷	۶۷۵
نیک بختوں کے لیے دائمی نعمت	ہود	۱۰۸	۳۰۹
جنت میں مؤمن کا استقبال	واقعہ	۹۱	۷۳۴
جنت کی کھجور اور انار کی خصوصیت	رحمٰن	۶۴	۷۲۸
پرندوں کے گوشت	واقعہ	۲۱	۷۳۰
خدمت گزار لڑکے	واقعہ	۱۷	۷۲۹
بہشت کے باغات	انعام	۱۴۱	۱۹۶
جنت کا اعلیٰ درجہ	توبہ	۷۲	۲۶۳
اخروی لمحات کا دوام	آل عمران	۱۹۹	۱۰۶
جہنم			
باطل پسندوں کی حالت زار	غاشیہ	۳	۸۱۸
دنیا پرستی موجب عذاب جہنم	جاثیہ	۳۵	۶۸۰
بچوں کو بوڑھا بنانے والا عذاب	مزمل	۱۷	۷۸۹
جہنم کے رہنما	قصص	۴۱	۵۲۶
جہنمیوں کا جھگڑا	ص	۶۴	۶۱۸
	شعراء	۹۶	۴۹۸
	صافات	۲۳ تا ۲۷	۶۰۲
عذاب کی قسمیں	دخان	۴۳ تا ۴۹	۶۷۴
ابدی عذاب	ہود	۱۰۷	۳۰۹
کافر کے لیے دائمی عذاب ظلم کی وجہ	فاطر	۳۶	۵۹۰
جہنمیوں کی غذا	واقعہ	۵۲	۷۳۱
غساق کے معنی	صٓ	۵۷	۶۱۷
ایک دوسرے پر لعنت کرنا	صٓ	۵۹	۶۱۷
جہنم میں کافروں کا استقبال	واقعہ	۹۳، ۹۴	۷۳۴
جہنم سے سوال	قٓ	۳۰	۷۰۵
دوزخیوں کی کیفیت	واقعہ	۴۴	۷۳۱
مفسد فی الارض اور بے عقل	رعد	۲۵	۳۳۴
برائی کا بدلہ	یونس	۲۷	۲۸۰
۱۹ داروغہ ذکر کرنے کی وجہ	مدثر	۳۱	۷۹۱
ادیان و مذاہب کے کلی مسائل			
تاریخ مذہب	بقرہ	۲۱۳	۴۸
لا اکراہ فی الدین دین اور آزادی	بقرہ	۲۵۶	۱۲
ہدایت ایک اختیاری عمل	ہود	۱۱۸، ۱۱۹	۳۱۰
مذہبی رواداری	انعام	۱۰۹	۱۹۱
رواداری کے اصول	شعراء	۱۵	۶۵۵
رواداری اور برہان کی کسوٹی	حج	۷۱ تا ۷۶	۴۵۳
تاریخ مذاہب	بقرہ	۲۱۳	۴۸
مادی اور الٰہی نظریہ کائنات کا موازنہ	توبہ	۵۲	۲۵۹
ادیان میں اختلاف کا سبب	آل عمران	۱۹	۷۳
شعائر اللہ کا مفہوم	مائدہ	۲	۱۴۴
بہتر کتاب لانے کا حکم	قصص	۴۹	۵۲۷
عہدین کی تاریخ	آل عمران	۳	۷۰
اہل کتاب کی معاندانہ روش	آل عمران	۱۱۸	۹۱
مذہبی آزادی کے خلاف اہل			

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
کتاب کی سازش	توبہ	۲۹	۲۵۴
فرقہ بندی کا سبب	الانبیاء	۹۲	۴۴۰
مؤمن ومشرک برابر نہیں	فاطر	۱۲	۵۸۶
شرک ایک غیر منطقی عقیدہ	انبیاء	۲۴	۴۳۲
مختلف ادیان کی حقانیت کا فیصلہ	حج	۱۷	۴۴۵
رہبانیت کا مذہب	حدید	۲۷	۷۴۰
فرقہ واریت، دین الٰہی سے انحراف	مومنون	۵۳	۴۶۰
مؤمن اور غیر مؤمن کا مؤقف	کہف	۳۲ تا ۴۳	۳۹۴
ایمان کے حوالے سے انسانوں کی تقسیم	بقرہ	۸تا۴	۸
عمل کے لیے نیک عامل کی ضرورت	توبہ	۵۳	۲۵۹
جہالت کے مراحل	زاریات	۱۱	۷۰۷
مشرکین کی ہدایت کے لیے مربوط تسلسل	قصص	۵۱	۵۲۷
دین وشریعت کی اساس حقائق پر مبنی	مائدہ	۱۰۰	۱۶۷
توریت وانجیل کی تاریخ	مائدہ	۱۹	۱۵۰
تحریف معنوی کی وضاحت	نساء	۴۶	۱۱۸
ضعیف الایمان لوگوں کی علامت	نساء	۷۳	۱۲۲
اصول مناظرہ	عنکبوت	۴۶	۵۴۱
غیر اللہ سے استمداد	حمد	۵	۷

ہدایت کے کلی مسائل

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
حق اور باطل کی تعریف	الانبیاء	۱۸	۴۳۱
حق و باطل کی مثال	رعد	۱۷	۳۳۲
حق کی استواری اور باطل کی بے ثباتی	ابراہیم	۲۶، ۲۴	۳۴۲
حق و باطل کی کشمکش کا سبب	ہود	۴۸، ۴۷	۳۰۰
مؤمن بنانے کے لیے طاقت کا استعمال	انعام	۱۱۲	۱۹۱
ایمان، ایک اختیاری عمل	رعد	۳۱	۳۳۵
عقیدہ میں جبر نہیں	غاشیہ	۲۲	۸۱۹
قلبی ایمان	شعراء	۴	۴۹۰
	انعام	۳۵	۱۷۷
حق و باطل کی مثال	رعد	۱۷	۳۳۲
انسان کی اولین ضرورت: ہدایت	بقرہ	۳۰	۱۲
اللہ کے ساتھ بندے کا رابطہ	شعراء	۸۲	۴۹۷
مذہب عمل کا نام ہے، نہ کہ آرزوؤں کا	نساء	۱۲۳	۱۳۳
آزمائش	آل عمران	۱۷۹	۱۰۲
اضطراری حالت اور فطرت سلیم کی بیداری	زمر	۸	۶۲۱
دین فطرت	بقرہ	۲۱۳	۴۸
قانون آزمائش میں مساوات	یونس	۱۴	۲۷۷
مذہبی غیرت کا فقدان	نساء	۱۴۰	۱۳۷
ہدایت کی زبان	ابراہیم	۴	۳۳۸
دین و آزادی	بقرہ	۲۵۶	۶۱
ہدایت کے لیے ذہنی آمادگی	نوح	۶	۷۸۲
آبادکاری سے پہلے ہدایت	بقرہ	۳۰	۱۲
کتاب وسیلہ ہدایت	قصص	۴۳	۵۲۶
ائمہ حق و ائمہ کفر	بنی اسرائیل	۷۱-۷۲	۳۸۳
ہدایت اختیاری عمل ہے	سجدہ	۱۳	۵۶۰
ایمان وشرک کا دل پر اثر	آل عمران	۱۵۱	۹۶
تبلیغ میں طرز گفتگو کا کردار	طٰہٰ	۴۴	۴۱۸
معجزہ اور بعثت انبیاء کا مقصد اتمام حجت	طٰہٰ	۱۳۴،۱۳۳	۴۳۰
صحت مند دل اور مردہ ضمیر پر تبلیغ کا اثر	شوریٰ	۴۸	۶۶۰
رسول کا کام تبلیغ ہے جبر نہیں	شوریٰ	۴۸	۶۶۰
عقل، انسان کی امتیازی صفت	مؤمن	۶۷	۶۴۱
ہر امت کے لیے پیغمبر	فاطر	۲۴	۵۸۸
دعوت فکر	ملک	۱۰	۷۶۹
ہدایت میں جبر نہیں	یونس	۹۹	۲۹۱
الامر بین الامرین کا مفہوم، جبر و اختیار کا سنگم	یونس	۱۰۰	۲۹۱

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
صحت مند عقلی استدلال باعث ہدایت	یونس	۱۰۱	۲۹۱
ہدایت لازمہ تخلیق	یونس	۳۵	۲۸۱
فطرت و شریعت ہدایت کے دو عامل	نحل	۹	۳۵۵
حقیقی ہدایت	اعراف	۱۷۸	۲۳۱
ہدایت کا سرچشمہ	بنی اسرائیل	۹۷	۳۸۶
تبلیغ دین اور ناجائز ذرائع	نحل	۹۳	۳۶۷
وحی مستند ترین ذریعہ علم	یوسف	۱۰۲	۳۸۷
دین کا مقصد اختلافات کا خاتمہ	یونس	۱۹	۲۷۸
اللہ کے احکام اور انسان ہدایت کی زبان سلیس اور واضح ہو	اعراف	۲۹، ۳۰	۲۰۶
اہلیت پیدا کرنا بندے کا کام ہے	ابراہیم	۴	۳۳۸
دعوت انبیاء اور ظالم لوگ	نساء	۷۹	۱۲۴
کفر و ایمان کا تقابل	انعام	۱۲۳	۱۹۳
طلب معجزہ اور نزول عذاب	نساء	۷۶	۱۲۳
دین اور دنیاوی آسائش	مؤمن	۷۸	۶۴۳
ہدایت یابی	قصص	۶۰	۵۲۹
ایمان کے حوالے سے انسان کی تقسیم	بقرہ	۴	۸
ایمان بالغیب مذہب کی بنیاد	بقرہ	۳	۸
ہدایت تکوینی	اعلیٰ	۳	۸۱۷
اتمام حجت کا قانون	نساء	۱۶۵	۱۴۱
ہدایت بشرط اہلیت	زمر	۳۸	۶۲۶
خدا سے ہدایت یابی	نور	۳۵	۴۷۳
تقویٰ کا محرک	حج	۳۲	۴۴۷
حق تقویٰ	آل عمران	۱۰۲	۸۸
ایمان بشرط استقامت	طٰہٰ	۷۲	۴۲۱
ایمان یعنی کردار کی سچائی	عنکبوت	۲	۵۳۴
ایمان اور عمل کا ربط	بقرہ	۲۱۴	۴۹
ایمان عمل کا نام ہے نہ کہ آرزوؤں کا	نساء	۱۲۳	۱۳۳
ہدایت یافتہ طبقہ	اعراف	۲۹ تا ۳۱	۲۰۶
ہدایت یافتہ ہی ہادی ہوسکتا ہے	یونس	۳۵	۲۸۱
گمراہی			
اضلال کے معنی و سبب	رعد	۲۷	۳۳۴
ہدایت کی راہ میں حائل رکاوٹیں	نمل	۱۴	۵۰۸
ضلالت در ضلالت	کہف	۱۰۳	۴۰۵
سرسری سماعت باعث ضلالت	شعراء	۲۰۰	۵۰۴
خواہشات کی پیروی مانع ہدایت	مریم	۳۸	۴۰۹
ناخلف، بدعت کی جڑ	مریم	۵۹	۴۱۱
گمراہی کے اسباب	حجر	۳	۳۴۸
لہویات، مانع ہدایت	انبیاء	۲	۴۲۹
آیات کی اہانت باعث گمراہی	جاثیہ	۹	۶۷۶
گناہ پر اصرار مانع ہدایت	جاثیہ	۷	۶۷۶
شعوری فرقہ واریت	جاثیہ	۱۷	۶۷۷
طاغوت کی اطاعت کی وجہ سبک سری	زخرف	۵۴	۶۶۷
گمراہ کن حربے	محمد	۲۵	۶۹۱
سرکشی باعث گمراہی	یونس	۹۶، ۹۷	۲۹۰
حق کے مقابلے میں مستکبرین کا رویہ	اعراف	۸۸	۲۱۶
منطق کے جواب میں طاقت کا استعمال	مریم	۴۶	۴۱۰
ناقص ایمان	آل عمران	۱۴۲	۹۵
جہاد سے فرار بے ایمانی کی علامت	انفال	۱۶	۲۳۸
موت سامنے آنے کے بعد ایمان	مؤمن	۸۴	۶۴۴
ناخلف لوگ دعوت توحید کے لیے خطرہ	بقرہ	۱۳۳	۳۲
شیطانی اسلحہ	طٰہٰ	۱۱۹ تا ۱۲۱	۴۲۷
ہدایت ناپذیری کی سزا	انعام	۲۵	۱۷۵
اسلام و ایمان			
اسلام دین فطرت	بقرہ	۲۱۳	۴۸
اسلام سابقہ شریعتوں کا جامع	بقرہ	۳۸_۳۹	۱۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ایمان کی تعریف	حجرات	۱۵	۷۰۲
	توبہ	۱۱۱۔۱۱۲	۲۷۱
اسلام اور ایمان میں فرق	حجرات	۱۴	۷۰۲
تکمیل ایمان کا نسخہ	بقرہ	۱۷۷	۴۰
ایمان بالغیب	بقرہ	۳	۸
دین اور شریعت میں فرق	شوریٰ	۱۳	۶۵۴
فطرت سلیمہ ناقابل شکست دلیل	شوریٰ	۱۶	۶۵۵
بہترین امت	آل عمران	۱۱۰	۸۹
اسلام دین عقل ومنطق	بقرہ	۲۵۶	۶۱
دین قیم یعنی فطرت وشریعت کی وحدت	روم	۳۰	۵۴۸
صراط مستقیم	انعام	۱۵۳	۱۹۹
افتراق امت اور فرقہ ناجیہ	اعراف	۱۸۱	۲۳۲
عقائد میں ظن وگمان سے پرہیز	انعام	۱۱۶	۱۹۲
خوارج اور رسول کی پیش گوئی	توبہ	۵۸	۲۶۰
واقعہ مباہلہ	آل عمران	۶۱	۸۱
اہل بیت اور قیاس وفرقہ بندی	انعام	۱۵۹	۲۱۰
مذہبی رواداری کا حکم	انعام	۱۰۸	۱۹۱
مساوات کا علمبردار	نساء	۱۱۲	۱۳۱
اسلام ہی صراط مستقیم ہے	انعام	۱۲۶۔۱۲۷	۱۹۴
غلبہ اسلام کی قرآنی پیش گوئی	انعام	۶۷	۱۸۳
ایمان کا انسانی تقدیر پر اثر	نساء	۱۴۱	۱۳۷
ایمان کے درجات	نساء	۹۳	۱۶۶
	حدید	۲۸	۷۴۰
ایمان گناہوں کا کفارہ	عنکبوت	۷	۵۳۴
قرآن پر ایمان	نحل	۲	۵۰۶
ایمانی رشتے	حجرات	۱۰	۷۰۰
اتباع رسولؐ میں تبعیض ایمان کے منافی	محمد	۲	۶۸۷
اعمال کا ثمر آور ہونا ایمان پر موقوف	محمد	۳	۶۸۷
غیر مفید ایمان	کہف	۵۵	۳۹۷
سلب ایمان کا سبب	کہف	۵۷	۳۹۸

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
امانت الٰہی	احزاب	۷۲	۵۷۵
اسلامی تعلیمات میں حیات ابدی	انفال	۲۴	۲۳۹
ایمان باعث مغفرت	احقاف	۳۱	۶۸۶
اسلام محبت کا ذریعہ	ممتحنہ	۷	۷۵۱
ایمان اور عمل کا ربط	کہف	۳۰	۳۹۴
ایمان اور مفادات کا ٹکراؤ	توبہ	۲۳	۲۵۳
ایمان ثابت قدمی کا باعث	انفال	۱۲	۲۳۸
ایمان ظاہری و واقعی	حدید	۱۶	۷۳۷
کیا ایمان لانا ناممکن ہے؟	یس	۱۰	۵۹۳
ایمان یعنی عمل صالح	روم	۴۴	۵۵۰
دین باعث عزت	مجادلہ	۲۰	۷۴۴
شریعت الٰہیہ کو درپیش سب سے بڑا خطرہ	جاثیہ	۱۸	۶۷۷
حق شخصیات کو پہچاننے کا معیار	بقرہ	۱۶۶	۳۸
امت محمدی اور عصبیت	آل عمران	۸۴	۸۵
مفادات کے تابع ایمان	بقرہ	۸۵	۲۲
مؤمنین اور متقین			
مسلم کے معنی ومفہوم	حج	۷۸	۴۵۴
دعوت انبیاء پر لبیک کہنے والے	شعراء	۱۱۱	۴۹۸
ایمان والوں سے ایمان کا مطالبہ	نساء	۱۳۶	۱۳۶
مصلح کو مفسد کے برابر سمجھنا انسانیت کی توہین ہے	ص	۲۸	۶۱۴
متقین کے اوصاف	آل عمران	۱۷	۷۳
اہل تقوی کی خصوصیات	انفال	۲۹	۲۴۰
مؤمن کی خصوصیات	انفال	۲	۲۳۶
اہل ایمان کی خصوصیات	مومنون	۱	۴۵۵
مومنین کی جہاد سے رغبت	محمدؐ	۲۰	۶۹۰
ایمان کے تحفظ میں شہادت	شعراء	۵۰	۴۹۴
مؤمن مال کا غلام نہیں ہوتا	معارج	۲۵	۷۸۰
راہ خدا میں خرچ نہ کرنے کا افسوس	منافقون	۱۰	۷۵۹
ایمان کے جرم میں جلائے جانے والے	بروج	۹	۸۱۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
دنیا میں مؤمن کے مددگار فرشتے	حٰمٓ سجدہ	۳۱	۶۴۸
متقی ہی عقل مند ہیں۔	یونس	۶	۲۷۶
متقی اور رات کی عبادت	ذاریات	۱۷	۷۰۸
فاسد معاشرے میں مؤمن کی ذمہ داری	مائدہ	۱۰۵	۱۶۸
جنوں کے ایمان لانے کا واقعہ	جن	۱	۷۸۵
اللہ کی مخصوص عنایتیں	حج	۷۸	۴۵۴
مؤمنین کے لیے حاملین عرش کا استغفار	مؤمن	۷۔۸	۶۳۲
اللہ رسول اور لوگوں سے رابطہ	نور	۵۶	۴۷۸
ظالم، جابر اور کمزور دل کے ساتھ رویہ	شوریٰ	۳۹ تا ۴۳	۶۵۹
دوران سفر یاد رکھنے کی باتیں	زخرف	۱۳۔۱۴	۶۶۲
کامیابی کی بشارت	بنی اسرائیل	۸۱	۳۸۴
شیطان کے وسوسوں سے آزاد لوگ	محمد	۳۹	۳۴۹
باہمی محبت آمیز تعلق	ابراہیم	۲۳	۳۴۲
کامیابی کی نوید	ابراہیم	۱۵	۳۴۰
مؤمن آگاہانہ حرکت کرتا ہے	ملک	۲۲	۷۷۰
مؤمن اور فاسق برابر نہیں	حشر	۲۰	۷۴۹
مؤمن کے اوصاف	اعراف	۹۰	۲۱۷
حق کی بالادستی کے اسباب	یونس	۱۰۹	۲۹۲
حقیقی ایمان والوں کا درجہ	حدید	۱۹	۷۳۷
مؤمن غمگین نہیں ہوتا	یونس	۶۲	۲۸۵
اسلام و مسلمین کی اہانت کا ردعمل	جاثیہ	۱۴	۶۷۷
مغفرت کی شرائط	نحل	۱۱۰	۳۷۰
انبیاء کی معیت باعث نجات	شعراء	۱۱۸	۴۹۹
راسخ الایمان مؤمن	احزاب	۲۲	۵۶۶
جنات میں سے اہل ایمان	جن	۱۳	۷۸۶
جنت کی مادی نعمات روحانی سرور	غاشیہ	۸ تا ۱۰	۸۱۸
نصرت خداوندی کی شرائط	محمد	۷	۶۸۸
بیعت رضوان	فتح	۱۸	۶۹۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
مومنین کے درجات	فتح	۴	۶۹۴
ثابت قدم مومنین پر فرشتوں کا نزول	احقاف	۱۳	۶۸۲
انبیاء پر بلاتفریق ایمان	نساء	۱۵۲	۱۳۹
اللہ کی مکمل اطاعت	نساء	۶۱	۱۲۱
مہتدون کے کامل ترین مصداق	بقرہ	۱۵۷	۳۷
عبرت آموزی	آل عمران	۱۷۴	۱۰۱
کامیابی کے لیے ممکنہ وسائل کی فراہمی	مومنون	۲۷	۴۵۷
امت کے اعمال کی رسولؐ کی طرف نسبت	فتح	۲	۶۹۴
تقویٰ کے معنی اور ثمرات	حجر	۴۵ تا ۴۸	۳۵۰
قرآن کا دفاع	نحل	۳۰	۳۵۷
مسیحیت			
مسیح کے بارے میں قرآنی موقف	نساء	۱۷۱	۱۴۲
مسیحی اور اسلام	مائدہ	۸۲	۱۶۴
مسیح اور مسیحیت کے بدلتے نظریات	مائدہ	۱۷	۱۵۰
نظریہ تثلیث	مائدہ	۱۱۶	۱۷۱
موجودہ مسیحیت کا بنیادی عقیدہ	نساء	۱۵۸	۱۴۰
غلو اور اس کا سرچشمہ	مائدہ	۷۷	۱۶۳
فرقہ بندی اور اس کی وجوہات	مریم	۳۷	۴۰۹
یہود			
یہودی ذہنیت	مجادلہ	۸	۷۴۲
یہود کی بہانہ جوئی	یوسف	۱۰۳	۳۲۸
تحریف یہودیوں کی ایک خصوصیت	بقرہ	۵۸	۱۶
رسول خداؐ کے خلاف یہودی سازش	حشر	۱	۷۴۵
یہودیوں کے علم کی مثال	جمعہ	۵	۷۵۶
یہودی اعتراض کا جواب	بقرہ	۱۰۲	۲۵
یہودی علما کی علمی و دینی خیانت	مائدہ	۴۱، ۴۲	۱۵۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
یہود کی گوسالہ پرستی	اعراف	۱۴۸	۲۲۵
ایمان باللہ کا امتحان اور ذبح گوسالہ	بقرہ	۶۷	۱۸
گوسالہ پرستی کی سزا	اعراف	۱۵۲	۲۲۶
یہودی اور الٰہی اقدار	بقرہ	۷۷	۲۰
یہودی اور انسانی اقدار؟	بقرہ	۷۵	۲۰
یہودیوں کو عذاب کی وعید	اعراف	۱۶۷	۲۲۹
یہودیوں کو مسکت جواب	جمعہ	۶	۷۵۷
یہودی کردار کی ایک جھلک	نساء	۱۵۵تا۱۶۱	۱۴۰
یہودی عقائد	مائدہ	۱۸	۱۵۰
ایک خطرناک خصلت	نساء	۴۹	۱۱۸
یہودیوں کے دعویٰ کے بطلان پر تاریخی شواہد	آل عمران	۱۸۳	۱۰۳
یہودیوں کی خام خیالی کا رد	آل عمران	۱۸۱	۱۰۳
بنی اسرائیل اور ذکر لعنت	مائدہ	۷۸	۱۶۴
نظریہ روبیت اور عذاب الٰہی	بقرہ	۵۵	۱۶
بنی اسرائیل پر اللہ کے احسانات	اعراف	۱۶۱	۲۲۸
بنی اسرائیل اور قرآن کا منصفانہ فیصلہ	اعراف	۱۵۹	۲۲۸
بنی اسرائیل کے تین گروہ	اعراف	۱۶۴، ۱۶۵	۲۲۹
سرکشی کی سزا	بنی اسرائیل	۴۔۵	۳۷۳
بنی قینقاع کی پسپائی	حشر	۱۵	۷۴۸
یہودیوں کی شرارت	بقرہ	۱۰۴	۲۶
فرقہ بندی اور ناشکری	یونس	۹۳	۲۹۰
یہودیت کی نسل پرستی اور انتہا پسندی	آل عمران	۷۵	۸۳
یہود اور نصاریٰ کا جھگڑا	آل عمران	۶۶	۸۲
مفاہیم میں تبدیلی یہودی سازش	آل عمران	۷۸	۸۴
نصاریٰ و یہود کا مسلمانوں کے ساتھ رویہ	مائدہ	۸۲	۱۶۴
یہودیوں کے مذاق کا جواب	آل عمران	۱۷۱	۱۰۳
اہل کتاب کی رسول اکرمؐ سے امیدیں	آل عمران	۸۶	۸۶
اشیاء خورد و نوش پر اعتراض			

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
اور اس کا جواب	آل عمران	۹۳	۸۷
اوس اور خزرج کو لڑانے کی یہودی سازش	آل عمران	۱۰۰	۸۸
اہل کتاب کی معاندانہ روش	آل عمران	۱۱۹	۹۱
ناشکری	دخان	۳۳	۶۷۳
سبت کی وضاحت	اعراف	۱۶۳	۲۲۹
کفار			
معجزے کا انکار شیوہ کفار	حجر	۱۴، ۱۵	۳۴۷
کفار کا اعتراض اور جواب	فرقان	۲۱	۴۸۳
دلیل کا جواب دہشت گردی	انبیاء	۶۵	۴۳۷
	عنکبوت	۲۴	۵۳۷
جذبات ابھارنے کے لیے پروپیگنڈہ	شعراء	۳۹	۴۹۳
کافرانہ بھید	توبہ	۱۶	۲۵۱
کفار کو مہلت دینے کا مقصد	طارق	۱۷	۸۱۷
منکرین حق کی بے بسی	عبس	۱۷، ۱۹	۸۰۷
دنیا میں پیروی اور آخرت میں اعتراض	سبا	۳۱	۵۸۰
کفر اور عمل صالح کا مقابلہ	روم	۴۴	۵۵۰
کفار کے نزدیک قربانی کا مقصد	حج	۳۷	۴۴۸
کافروں کے لیے دعا مغفرت	توبہ	۱۱۳	۲۷۱
مادہ پرستی باعث کفر	یونس	۲۱	۲۷۸
کافر رحمت الٰہی سے دور	مؤمن	۵۲	۶۳۹
کافر کا عذاب سے فرار ممکن نہیں ہے	مؤمن	۷۷	۶۴۳
کافر کو کوئی اجر نہیں ملے گا	حدید	۲۹	۷۴۰
ہدایت ناپذیری اور اس کی سزا	شعراء	۱۳۶	۵۰۰
کافروں کی آزادانہ نقل و حرکت	مؤمن	۴	۶۳۲
جنگ احد کے بعد کی سازشیں	آل عمران	۱۴۹	۹۶
پاکیزہ نعمات کو برباد کرنا	احقاف	۲۰	۶۸۴
زندگی کا ہدف، مادی لذات	محمد	۱۲	۶۸۹
مؤمنین کو حقیر سمجھنا	ص	۶۲	۶۱۷
اسلام کے خلاف سازش	نحل	۲۶	۳۵۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
عیاشی کا نفسیاتی اثر	حٰمٓ سجدہ	۵۰	۶۵۱
ائمہ کفر کی خصوصیات	توبہ	۱۲	۲۵۱
کفار کا جنت میں داخل ہونا محال ہے	اعراف	۴۰ تا ۴۱	۲۰۸
اکثر کافر معجزے سے بھی ایمان نہیں لاتے	شعراء	۶۷	۴۹۶
سحر کی حقیقت	یونس	۷۹ تا ۸۱	۲۸۸
مال و دولت کی فراوانی مایہ عذاب	زخرف	۳۴	۶۶۵
کفر میں اضافہ کب ہوتا ہے؟	آل عمران	۹۰	۸۶
حبط اعمال	محمد	۳۲	۶۹۲
مشرکین			
معیار شرک	توبہ	۷۴	۲۶۳
شرک ناقابل معافی جرم	توبہ	۸۰	۲۶۴
شرک انسانی تشخص کا زہر قاتل	حج	۳۱	۴۴۷
اللہ اور بتوں کے بارے میں عقیدہ	انعام	۱۳۶	۱۹۵
شرک کے مراتب	یوسف	۱۰۷	۳۲۸
مشرکین کا نظریہ عبادت	زمر	۳	۶۲۰
مشرکین اور تعمیر مسجد	توبہ	۱۷	۲۵۲
فتنہ انگیزی	بقرہ	۱۹۱، ۱۹۲	۴۴
ناشکری اور شرک	زمر	۶۷	۶۳۰
ام القری اور مستشرقین کے باطل نظریے	انعام	۹۳	۱۸۷
مستشرقین کی رد	فرقان	۱	۴۸۱
مشرکین کا عقل سے عدم استفادہ	یونس	۳۵	۲۸۱
احمقانہ مطالبہ	اعراف	۱۵۵	۲۲۶
دنیا پرستوں کی فکری نارسائی	نجم	۳۰	۷۱۷
مشرکین کے نشریاتی ادارے	آل عمران	۱۸۶	۱۰۴
تکذیب قرآن	احقاف	۱۱	۶۸۲
نزول قرآن پر مشرکین کا ردعمل	فرقان	۶	۴۸۲
معجزات کے باوجود ہٹ دھرمی	انعام	۱۰۹	۱۹۱
مشرکین کے وحشیانہ جرائم	بروج	۴	۸۱۵
خواہشات کی بندگی	فرقان	۴۳	۴۸۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قیامت کے دن مشرکین کی ندامت	روم	۱۲	۵۴۵
ایمان سے عاری نعمت باعث گمراہی	فرقان	۱۷_۱۸	۴۸۳
اوہام پرستی	مؤمن	۷۴	۶۴۲
مشرکین میں سے خواص کا عقیدہ	زمر	۳۸	۶۲۶
دعوت توحید کے متعلق مشرکین کا تصور	نحل	۴۷	۵۱۳
بت نہ خالق ہے نہ رازق	عنکبوت	۱۷	۵۳۶
خدا کی پرستش اور مشرکین کا مؤقف	اعراف	۱۹۱ تا ۱۹۳	۲۳۴
نادان و کم عقل لوگوں کو چیلنج	اعراف	۱۹۴_۱۹۸	۲۳۴
مشرکین کا تصور آخرت	زمر	۴۷ تا ۴۹	۶۲۷
قریش کا جھوٹا وعدہ	فاطر	۴۲	۵۹۱
مخلوق کو خالق کا شریک ٹھہرانا	روم	۲۸	۵۴۶
شرک باعث حبط عمل	زمر	۶۵	۶۲۹
	ابراہیم	۱۸	۳۴۱
حبط اعمال کی وجہ	یونس	۲۸، ۲۹	۲۸۰
تکذیب انبیاء موجب ہلاکت	شعراء	۱۲۳	۴۹۹
مشرکین کے انکار کا باعث	سبا	۴۴	۵۸۳
مشرکین مکہ کی حیثیت	سبا	۴۵	۵۸۳
دین سے عناد و دشمنی	اعراف	۱۸۴	۲۳۲
معرفت کے سلسلے میں عقل و فکر پر پردہ	اعراف	۱۸۵	۲۳۲
عقائد میں تضاد	عنکبوت	۶۵	۵۴۳
مشرکین اور منافقین کی دوستی	مجادلہ	۱۴	۷۴۳
مشرکین مکہ کو درپیش دنیوی عذاب	مؤمنون	۷۶	۴۶۲
ربوبیت سماوی وارضی میں تفریق	مؤمنون	۸۷	۴۶۴
مشرکین کا عالمی اتحاد	انفال	۳۶_۳۷	۲۴۲
شیطان کی عبادت سے مراد	مریم	۴۴	۴۱۰
جھوٹے معبودوں کا کوئی فائدہ نہیں	مریم	۸۰ تا ۸۲	۴۱۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
جھوٹے معبودوں کی اپنے			
ماننے والوں سے دشمنی	احقاف	۶	۶۸۱
ضد اور نا سمجھی	محمد	۱۸	۶۹۰
جنگ احد میں ابوسفیان کا نعرہ	محمد	۱۱	۶۸۸
تخلیق و تدبیر میں تفریق			
مشرکین کا مذہب	زخرف	۹	۶۶۲
مشرکین کی خام خیالی	قلم	۳۵	۷۷۳
	معارج	۳۶	۷۸۱
اللہ کے لیے اولاد ہونے کا			
عقیدہ	زخرف	۱۵ تا ۱۸	۶۶۳
بت پرستی کی موہوم دلیل	زخرف	۲۰	۶۶۳
ایمان لانے کے لیے غیر منطقی			
شرائط	یونس	۱۵۔۱۶	۲۷۷
تکذیب رسالت کی وجہ	حٰمٓ سجدہ	۱۴	۶۴۶
نجاست کا وسیع مفہوم	توبہ	۲۸	۲۵۴
ہوس پرستی منبع شرک	روم	۶	۵۴۸
مشرکین کا تعجب	قٓ	۲۔۳	۷۰۳
احساس زیاں	یونس	۴۵	۲۸۳
عذاب میں تاخیر کی علت	یونس	۴۶	۲۸۳
مشرکین کی نفسیات	توبہ	۹ و ۱۰	۲۵۰
مشرکین کی بدعہدی	توبہ	۸	۲۵۰
شرک کا سبب	یونس	۶۶	۲۸۶
محرومیت، شرک کا اثر	بنی اسرائیل	۲۲	۳۷۶
جاہلیت کی بعض بدعتیں	مائدہ	۱۰۳	۱۶۸
مشرکین مکہ کے حالات	نساء	۵۱ تا ۵۴	۱۱۹
قدیم اقوام اور جنات کی پرستش	انعام	۱۰۰۔۱۰۱	۱۸۹
مختلف دیوتا	انعام	۷۶ تا ۷۹	۱۸۴
آخرت میں آرزو	انعام	۲۷۔۲۸	۱۷۶
انکار حقائق کی عادت	انعام	۲۲ تا ۲۴	۱۷۵
دینی احکام کا تمسخر	انعام	۴ تا ۵	۱۷۳
مشرکانہ عقائد کی رد	انعام	۳	۱۷۲
بطلان شرک کی دلیل	انعام	۴۶، ۴۷	۱۷۹
آیات الٰہی کی تکذیب	مائدہ	۹ تا ۱۰	۱۴۸
عرب جاہلیت کی ایک رسم	انعام	۱۳۸	۱۹۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قتل اولاد کی صورتیں	انعام	۱۳۷	۱۹۵
جاہلیت کے خرافات	انعام	۱۴۳، ۱۴۴	۱۹۷
احساس تفاخر کا جواب	انعام	۱۵۷	۲۰۰
بتوں کی قربانی و پانسہ شیطانی			
عمل	مائدہ	۹۰	۱۶۵
جنات کی عبادت	سبا	۴۰	۵۸۲
اہل حق کی تکذیب	فاطر	۴	۵۸۵
منافقین			
مدینے کے تین گمراہ گروہ	احزاب	۶۰	۵۷۴
بعض منافقین کے چہرے پوشیدہ			
رہے	محمدؐ	۳۰	۶۹۱
بعض اصحاب کا رسولؐ پر شک	فتح	۱	۶۹۳
منافقین بے نقاب ہوگئے	توبہ	۴۲	۲۵۷
منافقین کی خصوصیات	بقرہ	۴	۸
سرگوشیاں اور سازشیں	مجادلہ	۷ تا ۱۰	۷۴۲
منافقین کے عزائم	منافقون	۷، ۸	۷۵۹
دوغلا پن اور اضطراب	نساء	۱۴۳	۱۳۷
منافقین کی ریاکاری	نساء	۱۴۲	۱۳۷
رسولؐ کی محفل میں شور مچانا	حجرات	۲	۶۹۹
مفاد پرستی	ابراہیم	۲۱	۳۴۱
عصر رسول میں تدوین حدیث			
کی مخالفت	نجم	۳	۷۱۶
دوسروں کے گناہ اپنے ذمہ لینا	نجم	۳۴، ۳۵	۷۱۸
مفادات کے تابع ایمان و عمل	بقرہ	۸۵	۲۲
منافقین کی سازش	مجادلہ	۸	۷۴۲
منافقین و یہودیوں کی مشترکہ			
سازشیں	محمد	۲۶	۶۹۱
دینی مرکز کے نام پر تخریبی مرکز	توبہ	۱۰۸	۲۷۰
عذر تراشی سب سے بڑا فتنہ	توبہ	۴۹	۲۵۸
جہاد اور منافقین کا رویہ	آل عمران	۱۶۷	۱۰۰
جہادی فنڈ اور منافقین کا کردار	توبہ	۷۹	۲۶۴
شہادت، منافقین کی نگاہ میں	آل عمران	۱۶۹	۱۰۱
ابوسفیان سے امان لینے کا فیصلہ	آل عمران	۱۴۴	۹۵
غزوۂ احد میں ارتداد	آل عمران	۱۴۴	۹۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
منافقین کی احتقانہ سوچ	انفال	۴۹	۲۴۴
منافقین کی ناسمجھی	حشر	۱۳	۷۴۸
منافقین شیطان کی مانند	حشر	۱۶	۷۴۸
منافقت کے ذریعے حفظ جان	منافقون	۲	۷۵۸
منافق کی مثال	منافقون	۴	۷۵۸
منافق کی علامت	منافقون	۶	۷۵۹
گواہ جھوٹا گواہی سچی	منافقون	۱	۷۵۸
بداعمالیوں کا نتیجہ	نساء	۸۸	۱۲۶
ہرزہ سرائی اور اس کا جواب	آل عمران	۱۶۹	۱۰۱
جو گرجتے ہیں سو برستے نہیں	بقرہ	۸۹	۲۳
اسلامی قانون کے بارے میں دوہری پالیسی	نور	۴۸ تا ۴۹	۴۷۶
قول و فعل میں تضاد	نور	۴۷	۴۷۶
منافقین کی ذہنی اور اخلاقی کیفیت	بقرہ	۱۹	۱۰
جنگ احد	آل عمران	۹۶ تا ۱۴۵	۹۵
بنی امیہ نفاق کا مجسمہ	دھر	۲۴	۷۹۸
احد کے فراریوں کی تصویر کشی	آل عمران	۱۵۳	۹۷
احد میں مسلمانوں کی رسولؐ سے بے وفائی	آل عمران	۱۵۳	۹۷
جنگ احد کی فراریوں کی اقسام	آل عمران	۱۵۴	۹۷
کچھ مسلمانوں کی کافرانہ سوچ	آل عمران	۱۵۶	۹۸
شجر معلونہ کا کردار	محمد	۲۳	۶۹۰
بنی امیہ شجر معلونہ	بنی اسرائیل	۶۰	۳۸۱
قرآن فہمی سے اجتناب	محمد	۲۴	۶۹۱
رسولؐ پر حسد کرنے کا الزام	فتح	۱۵	۶۹۵
منافقین کی غلط سوچ	فتح	۱۱ تا ۱۲	۶۹۴
مفاد پرستی	فتح	۱۵	۶۹۵
زر پرستی اہل نفاق کی علامت	محمد	۳۷	۶۹۲
منافقین کا کردار	توبہ	۹۴	۲۶۷
منافقین کی خام خیالی	توبہ	۱۲۴ تا ۱۲۵	۲۷۳
	توبہ	۶۴	۲۶۱
منافقین کی تاریخ	توبہ	۶۹	۲۶۲
منافقین کا عذاب	توبہ	۶۸	۲۶۲

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
منافقین کی مشترکہ علامات	توبہ	۶۷	۲۶۲
رسولؐ کا استہزاء	توبہ	۶۵	۲۶۱
منافقین کی خام خیالی	توبہ	۶۴	۲۶۱
بغض علیؑ، علامت نفاق	محمد	۳۰	۶۹۱
منافقین کی بد اعمالیوں کے نتائج	بقرہ	۱۶	۹
فقہ۔ کلیات			
تفقہ فی الدین کا مفہوم	توبہ	۱۲۲	۲۷۳
عدل و انصاف بنیادی انسانی حقوق	مائدہ	۸	۱۴۷
دشمن سے بھی انصاف	مائدہ	۲	۱۴۴
ایک کی حق تلفی سب کی حق تلفی	مائدہ	۳۲	۱۵۲
طاقت کے مطابق ذمہ داری	مومنون	۶۲	۴۶۱
شریعت اور صفات الٰہیہ میں مناسبت	مائدہ	۳۸	۱۵۴
قانون اسلامی سے روگردانی کا لازمہ	نور	۴۸	۴۷۶
مخالف شریعت فیصلوں کی حیثیت	مائدہ	۴۷	۱۵۶
قیاس اور استحسان	یونس	۵۹	۲۸۵
مخالف نص اجتہاد گمراہی ہے	احزاب	۳۶	۵۶۹
اجتہاد در مقابل نص	اعراف	۱۲ تا ۱۸	۲۰۴
قانون عسر و حرج	حج	۷۸	۴۵۴
اسلامی قوانین اور احترام آدمیت	نساء	۱۴۸	۱۳۸
فلسفہ نسخ احکام	بقرہ	۱۰۶	۲۷
قانون حلیت وسائل ارضی	بقرہ	۲۹	۱۲
وسائل سے استفادہ کا معیار	اعراف	۳۱	۲۰۶
اسلام کا نظریہ مال	آل عمران	۱۴	۷۲
حلال چیز ترک نہ کرنا	تحریم	۱	۷۶۵
فردی ملکیت اور شرائط	یٰسین	۷۱	۵۹۹
کفار سے تعلقات	آل عمران	۲۸	۷۵
تقیہ	آل عمران	۱۱۸	۹۱
	مؤمن	۲۸، ۲۹	۶۳۵
فاسق کی بات پر تحقیق لازم	حجرات	۶	۷۰۰

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
احکام الٰہی کی فطرت سے ہم آہنگی	نساء	۲۶، ۲۷	۱۱۴
اسلامی قانون سے انحراف	نور	۴۸	۴۷۶
احکام شرعیہ کی اساس، مصالح و مفاسد	انعام	۱۴۶	۱۹۸
اسلامی قوانین کی عدم پیچیدگی	نساء	۷	۱۰۸
اسلام کے دائمی اور متغیر قوانین میں فرق	انعام	۱۴۵	۱۹۷
پاک چیزیں حلال ہیں	مائدہ	۴	۱۴۶
ظاہری و باطنی گناہ	انعام	۱۲۰	۱۹۲
رزق خدا سے استفادہ کی شرائط	مائدہ	۸۸	۱۶۵
طاقت کے مطابق ذمہ داری	بقرہ	۲۸۶	۷۰
اثبات حکم کے لیے ٹھوس علمی دلائل کی ضرورت	بنی اسرائیل	۳۶	۳۷۸
احکام کے تدریجی نزول اور تبدیلی کا فلسفہ	نحل	۱۰۲	۳۶۹
حلال وحرام رحمت الٰہی	اعراف	۳۳	۲۰۷
اسلامی دستور کے محکمات اور متشابہات	آل عمران	۷	۷۱
مروجہ قوانین اور الٰہی قوانین میں فرق	بقرہ	۲۸۴	۶۹
اللہ تعالیٰ کا قانون انتقام	بقرہ	۲۱۱	۴۸
جرم میں شرکت بہ سبب رضایت	شعراء	۱۵۷	۵۰۱
بادشاہی حکومت میں الٰہی قانون پر عمل	یوسف	۷۶	۳۲۳
قانون حلیت	بقرہ	۲۹	۱۲
الٰہی قانون میں دخل اندازی	توبہ	۳۶، ۳۷	۲۵۵
طہارت اور نماز			
قرآن میں وضو کا حکم	مائدہ	۶	۱۴۷
جنابت اور تیمم کا حکم	نساء	۴۳	۱۱۷
گناہ سے روکنے والی نماز کی حقیقت	عنکبوت	۴۵	۵۴۰
اوقات نماز	ق	۴۰	۷۰۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
نماز کی حفاظت	معارج	۳۴	۷۸۱
عبادت، باعث روحانی قوت	مزمل	۴	۷۸۸
تہجد کی تعداد میں تخفیف	مزمل	۲۰	۷۸۹
رات کی تلاوت اور عبادت	مزمل	۴	۷۸۸
نماز قصر کا حکم	نساء	۱۰۱	۱۲۹
سفر میں نافلہ اور قبلہ	بقرہ	۱۱۵	۲۸
نماز جمعہ کا حکم	جمعہ	۹	۷۵۷
نماز خوف کا بیان	نساء	۱۰۲	۱۲۹
روزہ			
روزے کا فلسفہ	بقرہ	۱۸۴	۴۲
	حج	۳۸	۴۴۷
سفر میں روزے کا حکم	بقرہ	۱۸۵	۴۲
رمضان میں مباشرت اور کھانا	بقرہ	۱۸۷	۴۳
اسلامی تقویم	بقرہ	۱۸۹	۴۴
حج			
حج عہد جاہلیت میں	بقرہ	۱۹۷	۴۶
حج، شرک سے پاک خالص عبادت	حج	۲۶	۴۴۶
روحانی ومادی فوائد	حج	۲۸	۴۴۷
اقسام حج	بقرہ	۱۹۶	۴۵
حج کی راہ میں رکاوٹ	بقرہ	۱۹۶	۴۵
حالت احرام میں شکار کا کفارہ	مائدہ	۹۵	۱۶۶
قیام مزدلفہ کا حکم	بقرہ	۱۹۸	۴۶
منیٰ میں وقوف کا حکم	بقرہ	۲۰۳	۴۷
پابندیوں کا خاتمہ	حج	۲۹	۴۴۷
قربانی کے احکام	حج	۳۶	۴۴۸
قربانی تمام ادیان میں مشترک عبادت	حج	۳۴	۴۴۷
جہاد و دفاع			
جہاد کا فلسفہ	توبہ	۵	۲۴۹
اسلام میں جہاد کا مقصد	انفال	۳۹	۲۴۲
جہاد کا مقصد امن کی برقراری	توبہ	۶	۲۵۰
نظریاتی سرحدوں کی حفاظت	آل عمران	۲۰۰	۱۰۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
جہاد کرنے والوں کا انجام	نساء	۷۴	۱۲۳
اسلامی جہاد کی حکمت عملی	محمد	۴	۶۸۷
	انفال	۶۷	۲۴۶
	حشر	۵	۷۴۶
سامان دفاع کی فراہمی	نساء	۷۱	۱۲۲
دفاعی ٹیکنالوجی کی فراہمی اور اس کا مقصد	انفال	۶۰	۲۴۵
مسلمانوں کے باہمی نزاع نمٹانے کا طریقہ	حجرات	۹	۷۰۰
جہاد سے مستثنیٰ لوگ		۹۱	۲۶۶
جنگی معاہدوں کا حکم	انفال	۵۶	۲۴۵
اسلامی ریاست کے معاہدوں کا دائرہ عمل	انفال	۷۲	۲۴۸
دشمن سے بدعہدی کا خوف ہو تو اس کا حکم	توبہ	۱	۲۴۹
حرمت کے مہینوں میں قتال	بقرہ	۱۹۴	۴۴
معاہدہ ختم کرنے کا معیار	توبہ	۱	۲۴۹
کفر کی جڑ کاٹ دو	توبہ	۱۲	۲۵۱
مادی طاقت اور معنوی طاقت	عنکبوت	۲۷	۵۳۷
فتح کا حقیقی مفہوم	الصافات	۱۷۳	۶۱۰
جزیہ کا قانون	توبہ	۲۹	۲۵۴
دوران جنگ قیدی نہ بنانے کی حکمت	محمدؐ	۴	۶۸۷
نصرت الٰہی کی دو اہم شرائط	فتح	۲۲، ۲۳	۶۹۷
دفاع تحفظ اقدار کے لیے خدا داد حق	حج	۴۰	۴۴۹
مردہ قوموں کی علامت	توبہ	۳۹	۲۵۶
امت واحدہ بننے کی ضرورت	انفال	۷۳	۲۴۸
معنوی طاقت کا کردار	انفال	۶۶	۲۴۷
جہاد کا اسلامی اصول	انفال	۴۱	۲۴۶
جہاد کب واجب عینی ہوتا ہے	نساء	۹۵	۱۲۸
تحفظ دین کے لیے ہجرت	نساء	۹۷ تا ۱۰۰	۱۲۸
دار الحرب سے ہجرت کا حکم	نساء	۸۹	۱۲۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ذبیحہ، نذر، قسم			
ذبیحہ پر اللہ کا نام لینا	انعام	۱۲۱	۱۹۳
ذبیحہ کا حکم	انعام	۱۱۸، ۱۱۹	۱۹۲
نذر کیا ہے؟	بقرہ	۲۷۰	۶۵
قسم کی اہمیت	واقعہ	۷۶	۷۳۳
ستاروں کی قسم	نجم	۱	۷۱۶
کفارۂ قسم	مائدہ	۸۹	۱۶۵
کھانا اور پینا			
جہاں سے بلا اجازت کھا سکے	نور	۶۱	۴۷۹
اہل کتاب کے طعام کا حکم	مائدہ	۵	۱۴۶
ترک شراب کی تاکید	مائدہ	۹۱	۱۶۵
شراب کی حرمت اور حکم	نساء	۴۳	۱۱۷
	بقرہ	۲۱۹	۵۰
دباغت کا حکم	بقرہ	۱۷۳	۳۹
غذا پاکیزہ اور حلال ہو	کہف	۱۹	۳۹۱
معاشیات			
مال، بہترین وسیلہ	آل عمران	۹۲	۸۶
اسلام کا تصور مال	بقرہ	۱۸۰	۴۱
	نساء	۶	۱۰۸
	آل عمران	۱۴	۷۲
اقتصادی انحراف فساد فی الارض	شعراء	۱۸۳	۵۰۳
تجارت کے اسلامی اصول	شعراء	۱۸۳	۵۰۳
	ہود	۸۶	۳۰۶
حرمت مال مسلم	بقرہ	۱۸۸	۴۳
مال خرچ کرنے کی حدود	فرقان	۶۷	۴۸۹
سود اور صدقے میں فرق	بقرہ	۲۷۵ تا ۲۷۸	۶۶
غیر سودی نظام کا جامع آرٹیکل	بقرہ	۲۸۲، ۲۸۳	۶۸
سودی نظام کی حقیقت	بقرہ	۲۷۵ تا ۲۸۰	۶۶
سود کی شرعی حیثیت	بقرہ	۲۷۹	۶۷
سود کی اقسام میں کوئی فرق نہیں	آل عمران	۱۳۰	۹۳
فئی کی تشریح اور مصرف	حشر	۸، ۶	۷۴۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
خمس			
غنیمت اور خمس	انفال	۴۱	۴۴۲
قرابت داروں کا حق (خمس)	روم	۳۸	۵۴۹
معاملات			
مالی معاملات کو دستاویزی بنانے کا حکم	بقرہ	۳۸۲	۶۸
اسلام میں مالکیت اور ملی نظارت	نساء	۶،۵	۱۰۸
ذاتی و قومی معاہدوں کا حکم	مائدہ	۱	۱۴۴
بین الاقوامی معاہدے	انفال	۶۰	۴۴۵
کافروں سے روابط کا مسئلہ	ممتحنہ	۸	۷۵۲
ناپ تول میں بے ایمانی کا انجام	مطففین	۴	۸۱۱
عائلی قوانین۔ نکاح			
چار دیواری کا احترام	نور	۵۸	۴۷۸
ازدواج، باعث وسعت رزق	نور	۳۲	۴۷۲
ازدواج اور کفو کا مسئلہ	بقرہ	۲۲۱	۵۱
جنس مخالف سے ارتباط کی حدود	نور	۳۰	۴۷۲
بے حیائی پھیلانے کی ممانعت	نور	۱۹	۴۶۹
حجاب کی حدود	نور	۳۱	۴۷۲
عمر رسیدہ خواتین اور حجاب	نور	۶۰	۴۷۹
محرم عورتیں	نساء	۲۲،۲۳	۱۱۲
رضاعی محرم	نساء	۲۳	۱۱۲
مشرکین سے ازدواج	بقرہ	۲۲۱	۵۱
زنا کار سے نکاح	نور	۳	۴۶۷
گھر کا سربراہ	نساء	۳۴	۱۱۵
نکاح متعہ	نساء	۲۴	۱۱۳
متعہ کا قرآنی ثبوت	مومنون	۶	۴۵۵
تعدد ازدواج اور عدل کی شرط	نساء	۱۲۹	۱۳۵
تعدد ازدواج میں رسولؐ اور امت کا فرق کیوں	احزاب	۵۰	۵۷۱
زوجین میں اختلاف اور عائلی جج	نساء	۳۵	۱۱۵
ایلاء کا حکم	بقرہ	۲۲۵	۵۲
اہل خانہ کی دینی تربیت کی ذمہ داری	طٰہٰ	۱۳۲	۴۲۸
عورت کے حقوق	نساء	۲۰	۱۱۲
ماں کا عظیم حق	احقاف	۱۵	۶۸۳
بیوی کے حقوق	نساء	۱۲۸	۱۳۴
حق مہر اور عدت کا حکم	بقرہ	۲۳۶	۵۶
حق مہر کی ادائیگی	ممتحنہ	۱۱	۷۵۳
مہریہ کی چند صورتیں	بقرہ	۲۳۶، ۲۳۷	۵۶
استطاعت کے مطابق ذمہ داری	طلاق	۷	۷۶۴
میاں بیوی کا باہمی تعلق	بقرہ	۱۸۷	۴۳
حائضہ کے بارے میں آسمانی مذاہب کا حکم	بقرہ	۲۲۲	۵۱
بیوی کو کھیتی سے تعبیر کرنے کی وجہ	بقرہ	۲۲۳	۵۲
حمل کی کم سے کم مدت	احقاف	۱۵	۶۸۳
دودھ پلانے کا احکام	طلاق	۶	۷۶۴
	لقمان	۱۴	۵۵۴
حق حصانت	بقرہ	۲۳۲، ۲۳۳	۵۴
طلاق			
طلاق اور عدت	بقرہ	۲۲۸، ۲۳۰	۵۲
احکام طلاق	طلاق	۱	۷۶۲
حق رجوع	بقرہ	۲۲۹	۵۲
شوہر سے بے وفائی کی سزا عمر قید	نساء	۱۵	۱۱۰
مہاجر عورتوں کو واپس نہ کریں	ممتحنہ	۱۰	۷۵۲
وصیت کے گواہ	مائدہ	۱۰۶	۱۶۹
طلاق سے پہلے مصالحت کی کوشش	نساء	۱۳۰	۱۳۵
عدت کا حکم	بقرہ	۲۳۴ تا ۲۳۷	۵۵
عدت والی عورت کی منگنی	بقرہ	۲۳۵	۵۶
عورت کی طرف سے لعان	نور	۸	۴۶۸
ایلا کا حکم	بقرہ	۲۲۶	۵۲
ظہار کا حکم	مجادلہ	۱ تا ۴	۷۴۱
قانون وصیت	مائدہ	۱۰۶ تا ۱۰۸	۱۶۹

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ارث			
قانون ارث	نساء	۱۱	۱۰۹
توارث کا ایک عارضی قانون	احزاب	۶	۵۶۳
انبیاء اور قانون وراثت	مریم	۵،۴	۴۰۵
جناب سیدہ کا مطالبہ ارث	نساء	۱۱	۱۰۹
ارث، کلالہ اور تصیب کا حکم	نساء	۱۷۶	۱۴۴
غیر وارث رشتہ داروں کا حصہ	نساء	۸	۱۰۸
زوجین کی میراث	نساء	۱۲	۱۱۰
مال یتیم کا حکم اور اس کا تحفظ	بقرہ	۲۲۰	۵۱
قضاوت اور جزا و سزا			
جیسا جرم ویسی سزا	عنکبوت	۴۰	۵۳۹
مسکینوں کا حق نہ دینے کی سزا	قلم	۱۷،۳۳	۷۷۲
احکام خداوندی کے چھپانے کا ناقابل معافی جرم	بقرہ	۱۷۴	۴۰
بدلہ لینے کے ضوابط	شوریٰ	۴۰	۶۵۹
بدعتی افراد سے سوشل بائیکاٹ	طٰہٰ	۹۷	۴۲۴
قصاص کی حقیقت	بقرہ	۱۷۹	۴۱
قصاص کی حدود	بنی اسرائیل	۳۳	۳۷۷
قصاص کا فلسفہ	بقرہ	۱۷۹	۴۱
قصاص اور ادیان	بقرہ	۱۷۸	۴۱
قانون قصاص توریت میں	مائدہ	۴۵	۱۵۶
قتل خطا	نساء	۹۲	۱۲۷
قتل مؤمن کا حکم	نساء	۹۳	۱۲۷
مرتد کا حکم	نساء	۱۳۷	۱۳۶
حد قذف	نور	۴	۴۶۷
زنا کے مفاسد	بنی اسرائیل	۳۲	۳۷۷
زنا کی سزا	نور	۲	۴۶۷
زنا کی سزا تورات میں	آل عمران	۲۳	۷۴
فساد فی الارض کی سزا	مائدہ	۳۳	۱۵۳
شراب نوشی کی سزا	مائدہ	۹۲	۱۶۶
دس ممنوعہ چیزیں	انعام	۱۵۱	۱۹۹
سیاست			
اسلامی حاکم کی خصوصیات	بقرہ	۲۴۶	۵۸
کافر حربی سے دوستی کی ممانعت	ممتحنہ	۸	۷۵۲
حاکم کا رعایا کے ساتھ رویہ	شعراء	۲۱۵	۵۰۵
نادار مؤمنین کے ساتھ رویہ	کہف	۲۸	۳۹۳
حکومت دینے کا فلسفہ	آل عمران	۲۶	۷۴
شوریٰ کا دائرہ عمل	شوریٰ	۳۸	۶۵۹
اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کا دخل	آل عمران	۱۱۸	۹۱
اسلامی ریاست کی ذمہ داری	آل عمران	۱۱۸	۹۱
ولایت فقیہ	مائدہ	۴۴	۱۵۵
غیر مسلم سے دوستی پر پابندی	مائدہ	۵۱	۱۵۷
اسباب و علل کے کلی قوانین			
نظام اسباب و علل	ہود	۱۵	۲۹۵
آزمائشوں کا فلسفہ	بقرہ	۱۵۶	۳۷
موجودات عالم اور نظام زوجیت	یٰسٓ	۳۶	۵۹۵
فلسفہ خلقت انسان	بقرہ	۳۰	۱۲
علل پیدائش مذاہب	بقرہ	۱۷۰	۳۹
غیبی امداد کا فلسفہ	آل عمران	۱۲۷	۹۳
انسانی زندگی پر نظرئے کا اثر	مومنون	۱۱۵	۴۶۶
کامیابی اور خسارے کا سبب	حج	۱۱	۴۴۴
فلسفہ تعدد زوجات	نساء	۲	۱۰۷
قانون مکافات عمل	ہود	۱۰۹	۳۰۹
ادراکی وسائل عطا ہونے کا سبب	مومنون	۷۸	۴۶۳
قانون مہلت	عنکبوت	۵۳	۵۴۲
ڈھیل دینا ایک امتحان	آل عمران	۱۷۸	۱۰۲
کیف و سرور کا سبب	اعراف	۴۳	۲۰۹
اسلامی قانون پر عمل نہ کرنے کے اسباب	نور	۵۰	۴۷۶
قبائل و اقوام میں انسانی تقسیم کا مقصد	حجرات	۱۳	۷۰۱
(نیک) اسباب و علل			
ایمان کا دل پر اثر	آل عمران	۱۵۱	۹۶
نیکیاں مغفرت کا سبب	ہود	۱۱۴	۳۱۰

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
نجات اور مغفرت کے اسباب	آل عمران	۱۹۴	۱۰۵
کامیابی کا راز	بقرہ	۲۱۴	۴۹
سکون قلب کا سبب	رعد	۲۸	۳۳۴
ایمان قلب کا واحد ذریعہ	طٰہٰ	۱۲۴	۴۲۷
نظریاتی ہمہ گیری کا اثر	روم	۲	۵۴۴
بازپرس ہونے کا سبب	انبیاء	۲۳	۴۳۲
اسباب وعلل معجزہ	طٰہٰ	۲۰	۴۱۷
قرآن میں موسیٰؑ کے کثرت ذکر کا سبب	اعراف	۱۰۳	۲۱۸
صلح حدیبیہ کی ایک حکمت	فتح	۲۵	۶۹۷
تحویل قبلہ کا سبب	بقرہ	۱۴۳	۳۴
عقیدہ معاد کا دنیوی زندگی پر اثر	نمل	۳	۵۰۶
سیاحت کا بنیادی فائدہ	نمل	۶۹	۵۱۶
سیاحت کے فوائد	عنکبوت	۲۰	۵۳۶
ایمان باللہ کا معاشرتی کردار	اعراف	۹۶	۲۱۸
موت کی تمنا تقرب الٰہی کی دلیل	جمعہ	۶	۷۵۷
حکومت دینے کا فلسفہ	آل عمران	۲۶	۷۴
شرح صدر اور دم گھٹنے کا سبب	انعام	۱۲۶	۱۹۴
نعمتوں میں فراوانی کا سبب	مائدہ	۶۶	۱۶۱
اصلاح احوال کا دوام نعمت سے ربط	رعد	۱۱	۳۳۱
جہاد کے شرعی جواز کا سبب	حج	۳۹	۴۴۸
عبادت کے اسباب	الحمد	۴	۷
تسخیر زمین کا سبب	ملک	۱۵	۷۶۹
اجر رسالت کا فلسفہ	فرقان	۵۷	۴۸۸
اللہ کے حقیقی صاحب اختیار ہونے کا نتیجہ	حج	۵۸	۴۵۱
دعا کے دو اسباب	انبیاء	۹۰	۴۳۹
نعمت، استحقاق کی بنیاد پر	انبیاء	۵۱	۴۳۵
ہارون کو شریک رسالت بنانے کی وجوہات	شعراء	۱۳	۴۹۱
عبادتِ شب باعث استقامت	مزمل	۶،۵	۷۸۸

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
حقیقی بھلائی کے اسباب	مومنون	۷۱	۴۶۱
حق کے خواہشات کی پیروی نہ کرنے کا سبب	مومنون	۷۱	۴۶۲
عمدہ چیزوں سے محبت کا محرک	ص	۳۲	۶۱۵
دعوت انبیاء پر لبیک کہنے کا اثر	ابراہیم	۱۰	۳۳۹
انسان کی حفاظت میں عمل کا کردار	رعد	۱۱	۳۳۱
کامیابی کے دو اسباب	یوسف	۹۲	۳۲۶
فزونی نعمت کا الٰہی اصول	سبا	۳۶	۵۸۱

جرائم، مشکلات اور تباہی کے علل و اسباب

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
اسلامی تہذیب سے دوری کا سبب	رعد	۹۷	۲۶۸
جرائم کا باہمی ربط	یونس	۴۰	۲۸۲
جرائم کے محرکات	آل عمران	۱۱۲	۹۰
گمراہی کا سبب	نحل	۳۷	۳۵۹
	ہود	۳۴	۲۹۸
فطری تقاضوں سے انحراف کے عوامل	نحل	۵۴	۳۶۱
نظر بد کا اثر	قلم	۵۱	۷۷۵
نافرمانی کا قدرتی ردعمل	نساء	۱۴۷	۱۳۸
محسوس پرستی کا نتیجہ	بقرہ	۱۰۸	۲۷
جنسی انحراف کا اثر	شعراء	۱۶۶	۵۰۲
پاک فطرت سے انحراف کے اسباب	زمر	۸	۶۲۱
شکست کے اسباب	آل عمران	۱۶۵	۱۰۰
اقتصادی بگاڑ کا اثر	اعراف	۷۵	۲۱۴
قیادت کی نافرمانی کے نقصانات	آل عمران	۱۲۱	۹۲
آسائش کے باوجود بے چینی کے اسباب	روم	۸	۵۴۵
قوموں کے انحطاط و زوال کا سبب	ہود	۱۰۳	۳۰۸
قرآن میں شکوک و شبہات کے اسباب	بقرہ	۴	۸
عقلی بے مائیگی کے آثار	ہود	۹۲	۳۰۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
اسلامی دعوت کو رد کرنے کا سبب	انعام	۱۳۱	۱۹۵
مال و دولت کی دوڑ، موجب غفلت	تکاثر	۱	۸۳۰
دولت کی فراوانی کا نقصان	توبہ	۷۶	۲۶۴
فساداحوال کا زوال نعمت سے ربط	رعد	۱۱	۳۳۱
شرک کا دل پراثر	آل عمران	۱۵۱	۹۶
ایمانی فراست سے محرومی کا اثر	توبہ	۸۱	۲۶۵
مجرم کو مہلت دینے کا فلسفہ	نحل	۶۱	۳۶۲
دلوں پر مہر لگنے کے اسباب	مؤمن	۳۵	۶۳۷
اعمال حبط ہونے کا سبب	حجرات	۲	۶۹۹
صلح کے اسباب	محمدؐ	۳۵	۶۹۲
مفادات اور خواہشات، باعث غفلت	ق	۲۲	۷۰۵
ہمہ گیر اثرات کے حامل گناہ	انفال	۲۵	۲۴۰
ناشکری، ذلت ورسوائی کا سبب	بقرہ	۶۱	۱۷
ذہنی غلامی گمراہی کا سبب	سبا	۳۲،۳۳	۵۸۰
نبی اسرائیل کے بار بار ذکر کا سبب	بقرہ	۸۴	۲۲
گوسالہ پرستی کا سبب	اعراف	۱۳۸	۲۲۳
گناہ شناسی	مومنون	۷۷	۴۶۳
خیانت، ہلاکت کا سبب	ہود	۸۱	۳۰۵
ظالموں کی بالادستی کا سبب	انعام	۱۳۰	۱۹۴
ناجائز ذرائع کی ناکامی	یوسف	۹	۳۱۲
ایمان اور عمل صالح کا باہمی ربط	یونس	۹	۲۷۶
نعمتوں کی فراوانی کا نتیجہ	سبا	۳۴	۵۸۱
دنیوی مفادات، مانع ایمان	قصص	۵۷	۵۲۸
شکست کا نفسیاتی اثر	آل عمران	۱۳۹	۹۴
دعا قبول نہ ہونے کی وجہ	ابراہیم	۳۴	۳۴۳
بدعت، باعث ہلاکت	بقرہ	۱۶۹	۳۹
شکست کے اسباب	انفال	۴۷	۲۴۴
عیب گوئی کے اسباب	ہمزہ	۲	۸۳۱

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
طغیانی کے اسباب	علق	۷	۸۲۶
جرائم کے محرکات	آل عمران	۱۱۲	۹۰
منشیات، گناہوں کا سرچشمہ	بقرہ	۲۱۹	۵۰
تکذیب، آیات باعث حبط اعمال	کہف	۱۰۵	۴۰۴
ناشکری رسوائی کا سبب	بقرہ	۶۱	۱۷
اخلاق حسنہ			
نفس لوامہ یعنی ضمیر	القیامۃ	۲	۷۹۳
رسولؐ کا خلق عظیم	قلم	۴	۷۷۱
مفید دل، قلب سلیم	شعراء	۸۹	۴۹۷
شرح صدر کا مفہوم	الم نشرح	۱	۸۲۵
تزکیہ نفس کی اہمیت	شمس	۷تا۱۰	۸۲۲
ذکر کے فوائد	احزاب	۴۱	۵۶۹
اعمال کی ذمہ داری	بقرہ	۲۸۶	۷۰
صاحبان عقل کے اوصاف	رعد	۲۲	۳۳۳
مؤمن جادہ حق کا راہ رو	محمدؐ	۳	۶۸۷
حق کی خصوصیات	ابراہیم	۲۵	۳۴۲
اہل حق کو پہچاننے کا طریقہ	بقرہ	۱۶۶	۳۸
حق اور حقیقت اطمینان بخش طاقت	ہود	۵۱	۳۰۱
حکمت کے معنی	بقرہ	۲۶۹	۶۵
ثابت قدمی	آل عمران	۷۲	۸۲
غم سے نجات کا ذریعہ	انبیاء	۸۷	۴۳۹
سب سے بہتر موقف کی اتباع	زمر	۱۸	۶۲۳
اللہ سے حسن ظن	حٰمٓ سجدہ	۲۳	۶۴۷
شفاف دین داری	زمر	۲	۶۲۰
عشق الٰہی کی مستی	یوسف	۳۳	۳۱۶
مؤمنوں پر سکون کا نزول	فتح	۴	۶۹۴
دنیوی زندگی کی فکر انگیز تصویر کشی	انعام	۱۳۲	۹۴
حسین کائنات کی غرض خلقت حسن عمل	ہود	۷	۲۹۳
طالب آخرت کو دنیا بھی ملتی ہے	شوریٰ	۲۰	۶۵۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
نیک بندوں کی چال	فرقان	۶۳	۴۸۸
چال میں اعتدال	لقمان	۱۹	۵۵۵
وسیع النظری	زمر	۲۲	۶۲۳
اسلام کا آفاقی رشتہ اخوت	حجرات	۱۰	۷۰۰
اپنے اعمال کا محاسبہ	حشر	۱۸	۷۴۸
بے ادبوں کے ساتھ اہل ایمان کا سلوک	قصص	۵۵	۵۲۸
نیکی کا اظہار	نساء	۱۴۹	۱۳۸
ذمہ داری پر عمل درآمد	بقرہ	۲۸۶	۷۰
انسانی حقوق	نساء	۵۸	۱۲۰
پاکدامنی کی معراج	یوسف	۳۳	۳۱۶
جنسی خواہشات کی شائستہ تسکین	ہود	۷۸	۳۰۴
برائی کا مقابلہ اچھائی سے	حٰمٓ سجدہ	۳۴	۶۴۹
صلہ رحمی	رعد	۲۰۔۲۲	۳۳۳
سلام کرنا	نور	۶۱	۴۷۹
سلام کرنا ایک عالمگیر عمل	ہود	۶۹	۳۰۳
سلام کا جواب دینے کے آداب	نساء	۸۶	۱۲۵
یتیم اور سائل سے حسن سلوک	ضحیٰ	۱۰	۸۲۴
دھیمی آواز	لقمان	۱۹	۵۵۵
ملامت آمیز بحث سے اجتناب	آل عمران	۱۴۶	۹۶
اجتماعی مسائل میں مشورہ	نور	۶۲	۴۸۰
والدین کی شکر گزاری	لقمان	۱۴	۵۵۴
ماں پر خصوصی شفقت	لقمان	۱۴	۵۵۴
والدین کے حقوق	احقاف	۱۵	۶۸۳
والدین کی اطاعت کی حدود	عنکبوت	۸	۵۳۴
احترام والدین اور عقیدے کا تحفظ	لقمان	۱۵	۵۵۵
والدین کے ساتھ خوبی یا بدی کا انجام	احقاف	۱۷۔۱۹	۶۸۳
قرض حسنہ	حدید	۱۱	۷۳۶
دعا کی اہمیت	مؤمن	۶۰	۶۴۰
دعا کی شرائط و آداب	بقرہ	۱۸۶	۴۳
اللہ سے مانگنے کی قسمیں	ابراہیم	۳۴	۳۴۳
ثابت قدمی	ابراہیم	۲۷	۳۴۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
صبر، نیک اعمال کا ستون	عنکبوت	۵۹	۵۴۲
صبر کی اہمیت	رعد	۲۴	۳۳۳
صبر ہر تحریک کا بنیادی عنصر	آل عمران	۲۰۰	۱۰۶
گریہ صبر کے منافی نہیں	یوسف	۸۴	۳۲۵
صبر کے فوائد	بقرہ	۱۵۷	۳۷
توکل، باعث قوت	فرقان	۵۸	۴۸۸
مال و اولاد سے بہتر استفادہ	منافقون	۹	۷۵۹
	تغابن	۱۵	۷۶۲
ارتکاز دولت کی روک تھام	حشر	۷	۷۴۶
انفاق کا فائدہ	بقرہ	۲۶۱	۶۳
اعلانیہ خیرات کا مورد	بقرہ	۲۷۱	۶۵
انفاق کے مستحقین	بقرہ	۲۱۵	۴۹
بافضیلت انفاق کی خصوصیت	بقرہ	۲۶۷	۶۴
انفاق کی برکات	بقرہ	۲۶۹	۶۵
انفاق کا شیطانی تصور	بقرہ	۲۶۹	۶۵
بہترین وسیلہ	آل عمران	۹۲	۸۶
غریب نوازی	ذاریات	۱۹	۷۰۸
	حاقہ	۳۴	۷۷۷
انفاق کی کیفیت	آل عمران	۹۲	۸۶
انفاق وتقوی کا انجام	لیل	۷	۸۲۳
	لیل	۲۰	۸۲۴
غلام آزاد کرنے کا ثواب	بلد	۱۰۔۱۸	۸۲۱
صدقات جاریہ سے مراد	یٰسٓ	۱۲	۵۹۳
راہ خدا میں خرچ	حدید	۷	۷۳۵
حضرت ابراہیم کی مہمان نوازی	ہود	۶۹	۳۰۳
رنجش انفاق کی راہ میں مانع نہ ہو	نور	۲۲	۴۷۰
عدم انفاق کے نقصانات	بقرہ	۲۷۰	۶۵
مؤمن آل فرعون کا توکل اور حق گوئی	مؤمن	۳۸	۶۳۷
توبہ کے معانی	توبہ	۱۱۷	۲۷۲
توبہ کے ارکان وشرائط	نساء	۱۷	۱۱۱
توبہ کا ایک ثمونہ	نحل	۳۲	۳۵۸
مغفرت کی کیفیت	زمر	۵۳۔۵۴	۶۲۸
توبہ کی برکات	فرقان	۷۰	۴۸۹

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
توبہ، باعث وسعت رزق	قلم	۳۲	۷۷۳
توبہ، اصلاح کی لازمی شرط	نحل	۱۱۹	۳۷۱
توبہ اور اصلاح کا باہمی ربط	آل عمران	۸۹	۸۶
توبہ اور انفاق	توبہ	۱۰۳	۲۶۹
جہاد سے پیچھے رہ جانے پر توبہ	توبہ	۱۰۲	۲۶۹
نزول عذاب کے بعد توبہ قبول نہیں	یونس	۹۱	۲۹۰
ترک گناہ کی بیعت	ممتحنہ	۱۲	۷۵۳
سعی وعمل کی آفاقی اہمیت	نساء	۱۲۵،۱۲۶	۱۳۴
عمل صالح کی جزا پانے کی شرط	نساء	۱۲۴	۱۳۳
مساوات مرد وزن	مؤمن	۴۰	۶۳۷
استقامت، وسیلہ نصرت الٰہی	روم	۴۷	۵۵۰
ثابت قدم کون؟	ابراہیم	۲۷	۳۴۲
حق پرستی و باطل گریزی	اعراف	۱۲۴تا۱۲۶	۲۲۱
برائت از مشرکین	زخرف	۲۸	۶۶۴
ظاہری اور باطنی طہارت میں ربط	کہف	۱۹	۳۹۱
سچے، جنت کے وارث	مائدہ	۱۱۹	۱۷۲
آداب بندگی کا اظہار	مائدہ	۱۱۸	۱۷۲
عمل صالح کی بنیادی شرط	مائدہ	۱۱	۱۴۰
اجر عظیم کی بنیادی شرط	آل عمران	۱۷۲	۱۰۱
ندامت کا محرک	نساء	۱۸	۱۱۱
قبولیت دعا کا معیار	آل عمران	۱۹۵	۱۰۵
فیاضی ایک آفاقی تمدن	نساء	۳۷	۱۱۶
اسلامی حمیت و برادری	نساء	۷۵	۱۲۳
تقویٰ قبولیت عمل کی بنیاد	مائدہ	۲۷	۱۵۲
اہلیت پیدا کرنا	نساء	۷۹	۱۲۴
شرم وحجاب، فطری امر	اعراف	۲۶	۲۰۵
ہر حال میں ذکر خدا	نساء	۱۰۳	۱۳۰
منفی اخلاقیات			
گناہان کبیرہ کی تعریف	نساء	۳۱	۱۱۴
منشیات گناہوں کا سرچشمہ	بقرہ	۲۱۹	۵۰
تکرار گناہ	واقعہ	۴۶	۷۳۱
ترویج گناہ	نحل	۲۵	۳۵۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
احساس گناہ کا فقدان	فاطر	۸	۵۸۵
اغلام بازی اور قوم لوط	اعراف	۸۱	۲۱۵
اسراف، شک، کج بحثی	مؤمن	۳۵	۶۳۷
اسراف کے نقصانات	اعراف	۳۱	۲۰۶
ریاکاری کی مثال	بقرہ	۲۶۴	۶۳
غیبت اور بہتان	حجرات	۱۲	۷۰۱
طعنہ، عیب جوئی کا لازمہ	الھمزہ	۱	۸۳۱
غنا، لہو الحدیث	لقمان	۶	۵۵۳
بخل	آل عمران	۱۸۰	۱۰۲
نفاق کی ابتداء	عنکبوت	۱۱	۵۳۵
بلا اجازت داخل ہونا	احزاب	۵۳	۵۷۲
آوارہ نگاہ	نور	۲۷	۴۷۱
بے حیائی کا اظہار	یوسف	۳۲	۳۱۶
یتیم ومسکین سے ہمدردی نہ ہونا	ماعون	۱	۸۳۲
نادار مؤمن سے بے اعتنائی کی مذمت	عبس	۱	۸۰۶
معذوروں سے اہل مدینہ کا ناروا سلوک	نور	۶۱	۴۷۹
احسان جتانا	بقرہ	۲۶۴	۶۳
مفاد پرست مسلمانوں کی خصوصیات	عنکبوت	۱۰	۵۳۵
اقتدار کا نشہ	مؤمن	۲۹	۶۳۶
ظاہری و باطنی گناہ	انعام	۱۲۰	۱۹۲
سرکشوں کی مذمت	فرقان	۴۴	۴۸۶
استہزاء کا ردعمل	انبیاء	۴۱	۴۳۴
ظلم و استحصال، ہمہ گیر خرابی کا سبب	روم	۴۱	۵۵۰
لمبی آرزوئیں	حجر	۳	۳۴۶
ضدی قوم پر متنوع عذاب	اعراف	۱۳۳	۲۲۲
غیر ضروری سوالات سے ممانعت	مائدہ	۱۰۱	۱۶۷
بدامنی، عذاب الٰہی ہے	انعام	۶۵	۱۸۲
بعض ظن وگمان گناہ ہے	حجرات	۱۲	۷۰۱
اللہ سے بدگمانی	حج	۱۵	۴۴۴
ظن دلیل نہیں بن سکتا	نجم	۲۸	۷۱۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ناشکرا کون ؟	ملک	۲۳	۷۷۰
ناشکری کی سزا	سبا	۱۹	۵۷۸
مراعات یافتہ طبقے کا طرز فکر	مومنون	۳۴	۴۵۸
خفیہ سرگوشیاں	مجادلہ	۱۰	۷۴۲
اندھی تقلید کا نقصان	انبیاء	۵۵	۴۳۶
	بقرہ	۱۷۰	۳۹
	لقمان	۲۰	۵۵۵
جہالت وغفلت	کہف	۱۰۱	۴۰۴
بدشگونی کا عقیدہ	یٰسٓ	۱۹	۵۹۴
بخل اور نیکی کو جھٹلانا	لیل	۱۰	۸۲۳
خود پسندی	نجم	۳۲	۷۱۸
بے لگام ہونا	انعام	۱۳۵	۱۹۵
تکفیر اور تنگ نظری کی مذمت	نساء	۹۴	۱۲۸
خوشامد پسندی	آل عمران	۱۸۸	۱۰۴
مفاد پرستی، مانع ایمان	قصص	۵۷	۵۲۸
گناہ پر سکوت، یہودی خصلت	مائدہ	۶۴	۱۶۰
عشق مجازی	توبہ	۴۹	۲۵۸
تلاوت کے وقت شیطانی وسوسے	نحل	۹۸	۳۶۸
عمل کے بغیر تبلیغ	بقرہ	۴۴	۱۴
خدا فراموشی کا نتیجہ	حشر	۱۹	۷۴۹
کافروں کا مثالی نمونہ	تحریم	۱۰	۷۶۷
عجلت پسندی	بنی اسرائیل	۱۱	۳۷۴
اسراف وتبذیر	بنی اسرائیل	۲۷	۳۷۶
تکبر	بنی اسرائیل	۳۷۔۳۸	۳۷۸
بدکلامی	بنی اسرائیل	۵۳	۳۸۰
بخل وحسد	بنی اسرائیل	۱۰۰	۳۸۷
خیانت اور تفرقہ بازی کا اثر	انفال	۲۵	۲۴۰
ناشکری کی علامات	عادیات	۶	۸۲۹
حب مال کے برے اثرات	عادیات	۸	۸۲۹
ایمان کے بغیر دولت کے برے نتائج	ہود	۸۵	۲۹۵
دنیا پرستی اور بغاوت کی سزا	نحل	۱۰۷۔۱۰۹	۳۶۹
تعصب باعث سلب حقوق	فتح	۲۴	۶۹۷

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
ناجائز ذرائع کا استعمال	کہف	۵۱	۳۹۷
فرقہ پرستی ایک مہلک طوفان	آل عمران	۱۰۳	۸۸
تعصب اور منافرت	آل عمران	۱۱۳ تا ۱۱۵	۹۰
گناہ گار کو متقی کے برابر مقام دینا	حج	۹	۴۴۴
گمراہ کن الزام فرعونی سیاست	طٰہٰ	۷۱	۴۲۱
اندھی عقیدت، مانع ہدایت	طٰہٰ	۵۲،۵۱	۴۱۹
شک کا نفسیاتی اثر	آل عمران	۱۳۹	۹۴
لالچ	مدثر	۱۴	۷۹۱
ظالم فلاح نہیں پا سکتا	قصص	۳۷	۵۲۵
فتنہ انگیزی	بقرہ	۱۹۲،۱۹۱	۴۴
رہبانیت	بقرہ	۲۰۱	۴۷
مفاخر جاہلیت	بقرہ	۲۰۰	۴۶
احسان جتانا	بقرہ	۲۶۴	۶۳
ریاکاری کی مثال	بقرہ	۲۶۴	۶۳
سطحی سوچ	دہر	۲۷	۷۹۸
ثبوت کے بغیر الزام	نور	۱۲ تا ۱۶	۴۶۹
نام ونمود	شعراء	۱۲۸	۵۰۰
عیش پرستی	زخرف	۲۳	۶۶۳
طالب دنیا کا حصہ	شوریٰ	۲۰	۶۵۶
زر پرستی کے منفی اثرات	شوریٰ	۲۷	۶۵۷
مایوسی	حٰمٓ سجدہ	۴۹	۶۵۱
رحمت الٰہی سے مایوسی	یوسف	۸۷	۳۲۵
یاد خدا سے غفلت	واقعہ	۴۵	۷۳۱
غناء وموسیقی	لقمان	۷	۵۵۳
تکبر ونخوت، نفسیاتی بیماری	لقمان	۱۸	۵۵۵
مکروفریب	رعد	۴۶	۳۴۵
دعویٰ بلا دلیل	نحل	۶۲	۳۶۲
خواہش پرستی کے معنی اور نقصانات	جاثیہ	۲۳	۶۷۸

عمرانیات۔کلی مسائل

تمدن کا آغاز	بنی اسرائیل	۱۷	۳۷۵
امت واحدہ کا معیار	انبیاء	۹۲	۴۴۰
نظریہ قومیت کی اساس	توبہ	۷۱	۲۶۳

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
قوموں کی معینہ عمر	یونس	۴۹	۲۸۳
	مومنون	۴۳	۴۵۹
استقامت، شرط انقلاب	ہود	۱۱۲	۳۰۹
حکومت کی تین اہم ذمہ داریاں	حج	۴۱	۴۴۹
صحت مند معاشرہ کی تشکیل	آل عمران	۱۰۴	۸۸
اسلامی حاکم کی خصوصیات	بقرہ	۲۴۶	۵۸
اسلامی ریاست کی ذمہ داریاں	آل عمران	۱۱۸	۹۱
اسلامی ریاست اور قصاص	بقرہ	۱۷۸	۴۱
اسلامی حکومت کی سٹیٹ پراپرٹی	انفال	۱	۲۳۶
رہبر کی غیر موجودگی اور گمراہی	اعراف	۱۴۸	۲۲۵
حق اور باطل کے درمیان مسلسل اور ہمہ گیر جنگ	حج	۱۹	۴۴۵
مجرموں کی مہلت کا خاتمہ	انبیاء	۴۴	۴۳۴
مراعات یافتہ طبقہ باعث ہلاکت	بنی اسرائیل	۱۶	۳۷۵
جاہل فرقوں کی سطح فکری	انعام	۱۰۴	۱۹۰
خاندان معاشرے کی اکائی			
وحدت انسانی کی اکائی	نساء	۱	۱۰۷
مرد و زن کی تخلیق میں توازن	روم	۲۱	۵۴۶
خاندان، عورت کا انسانی حق	بقرہ	۲۳۱	۵۴
میاں بیوی کی باہمی حیثیت	بقرہ	۱۸۷	۴۳
مرد و زن کے مساویانہ حقوق	بقرہ	۲۲۸	۵۲
عائلی جج کا تقرر	نساء	۳۵	۱۱۵
گھر کا سربراہ	نساء	۳۴	۱۱۵
معاشرے کے طبقات			
مصلح کے لیے بنیادی شرط	ہود	۸۸	۳۰۶
دینی قیادت کی خصوصیات	ابراہیم	۳۷	۳۴۴
جوان نسل کی دعوت حق میں سبقت	یونس	۸۳	۲۸۸
قرآن اور لوگوں کی تین قسمیں	فاطر	۳۲	۵۸۹
جذبہ جہاد سے سرشار غریب طبقہ	توبہ	۹۲	۲۶۷
اہل باطل کا مشترک وطیرہ	ہود	۵۳	۳۰۱
غیرت سے عاری خوشحال طبقہ	توبہ	۸۷	۲۶۶

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
پرانی جاہلیت کی تمنا کرنے والے	احزاب	۱۳	۵۶۴
کمزوری اور فکری غلطی	ابراہیم	۲۱	۳۴۱
عافیت کی پالیسی بنانے والے	احزاب	۱۸	۵۶۵
قدیم و جدید جاہلیت کی فطری یکسانیت	ہود	۸۷	۳۰۶
قدیم و جدید جاہلی سوچ	ہود	۲۷	۲۹۷
اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کا کردار	آل عمران	۱۱۸	۹۱
اسلام اور جاہلیت میں بیوہ کی حیثیت	نساء	۱۹	۱۱۱
سائل اور محروم کا حق	معارج	۲۵	۷۸۰
فاتحین کا رویہ	نمل	۳۴	۵۱۱
مفاد پرستوں کو مواقع فراہم کرنا	توبہ	۸۳	۲۶۵
تعلقات			
مؤمن آپس میں مہربان ہیں	فتح	۲۹	۶۹۸
مسلمان آپس میں بھائی ہیں	انفال	۷۲	۲۴۸
خواتین کی نئی ازدواجی زندگی	بقرہ	۲۳۴	۵۵
بے سرپرست خواتین اور مغربی مفکر	نساء	۱	۱۰۷
غیر مسلم رشتہ داروں سے تعلقات	توبہ	۲۳	۲۵۳
گفتگو کا انداز بیان	طہ	۴۴	۴۱۸
شبہات کے ازالے کا مناسب طریقہ	یونس	۹۴	۲۹۰
اختلاف کی قسمیں	یونس	۱۹	۲۷۸
مستکبرین اور ناداروں سے سلوک	انعام	۵۲	۲۸۰
دین کا مذاق اڑانے والوں سے سلوک	نساء	۱۴۰	۱۳۷
شعائر کا مذاق اڑانے والوں سے دوستی ممنوع	مائدہ	۵۸	۱۵۹
صلح کب کی جائے	محمدؐ	۳۵	۶۹۲

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
مؤمن اور کافر کا باہمی رویہ	فتح	۲۹	۶۹۸
معاشرتی اقدار۔کلیات			
اقدار کی حکومت	مریم	۷۳	۴۱۳
اقوام عالم اور سنن الٰہیہ	اعراف	۹۵	۲۱۷
حق پانی اور باطل جھاگ کی مانند	رعد	۱۷	۳۳۲
الٰہی اور مادی سوچ کا اثر	اعراف	۹۰	۲۱۷
آزمائش وسیلہ ارتقاء	آل عمران	۱۲۷	۹۳
اسلام اور جاہلیت میں عورت کا تصور	نحل	۵۹	۳۶۱
قوم عاد اور تہذیب حاضر میں مماثلت	شعراء	۱۳۰	۵۰۰
مثبت اقدار			
ایمان کی فضیلت	توبہ	۲۰	۲۵۲
حق پرستی وحدت انسانی کی اساس	بقرہ	۱۳۶	۳۲
صرف اللہ کی بندگی	بقرہ	۴	۲۲
ذمہ داری سنبھالنے سے قبل تربیت	بقرہ	۵۱	۱۵
قانونی مساوات	نساء	۱۰۵	۱۳۰
معاشرتی عدل کے تقاضے	نساء	۱۳۵	۱۳۶
کمزور طبقات کے حقوق کا تحفظ	نساء	۱۲۷	۱۳۴
ظلم و ناانصافی کی نفی	ہود	۱۱۳	۳۱۰
نسل پرستی کی نفی	ہود	۴۶	۳۰۰
عبادت گاہوں کا احترام	بقرہ	۱۱۴	۲۸
مسجد الحرام انسانی فلاح کا مرکز	حج	۲۵	۴۴۶
مؤاخات و بھائی چارہ	انفال	۷۲	۲۴۸
برائیوں سے روک تھام	آل عمران	۱۱۰	۸۹
نیکیوں کا فروغ	آل عمران	۱۰۴	۸۸
جہاد و دفاع کی اہمیت	ال	۲۰	۲۵۲
مال اللہ کی امانت	نساء	۶،۵	۱۰۷
دائمی زندگی کے لیے سعی	آل عمران	۱۸۵	۱۰۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
منفی اقدار			
نسل پرستی	بقرہ	۱۳۶	۳۲
فرقہ پرستی ایک مہلک طوفان	آل عمران	۱۰۳	۸۸
جہالت	کہف	۱۰۱	۴۰۴
ظالمانہ طبقاتی نظام	مؤمنون	۳۴	۴۵۸
خرافات اور توہم پرستی	انعام	۱۴۳	۱۹۷
جذبات سے ناجائز استفادہ	طٰہٰ	۶۲	۴۲۰
رہبانیت کی مذمت	مائدہ	۸۷	۱۶۴
عورت کی بیرون خانہ سرگرمیاں	احزاب	۳۳	۵۶۸
اندھی تقلید	انبیاء	۵۵	۴۳۶
شخصیات			
لقمان داعی توحید	لقمان	۱۲	۵۵۴
آصف بن برخیا	نمل	۴۰	۵۱۱
بلقیس کا قبول ایمان	نمل	۴۲تا۴۴	۵۱۲
بلقیس کے تحائف اور ردعمل	نمل	۳۵_۳۶	۵۱۱
بلعم باعور	اعراف	۱۷۶	۲۳۱
فرعون اور ہامان۔تعمیر برج	قصص	۳۸	۵۲۵
فرعون کا دعویٰ خدائی	نازعات	۲۴	۸۰۵
فرعون اور سورج دیوتا	طٰہٰ	۴۹	۴۱۹
فرعون اور فرعونیوں کا معبود	اعراف	۱۲۷	۲۲۱
فرعون کے جادوگروں کی بصیرت	طہ	۸۳تا۹۴	۴۲۲
فرعون کے جادوگروں کا ایمان	شعراء	۴۸_۴۹	۴۹۴
جادوگروں کا قبول ایمان	اعراف	۱۲۰	۲۲۰
یاجوج و ماجوج	انبیاء	۹۶	۴۴۰
ابوسفیان کا مسلمانوں کی شکست پر ردعمل	توبہ	۲۵	۲۵۳
ابوسفیان احد	محمد	۱۱	۶۸۸
ایمان ابو طالب	توبہ	۱۱۳	۲۷۱
	قصص	۵۶	۵۲۸
ایمان ابو طالب پر اعتراض کا جواب	انعام	۲۶	۱۷۶
عباس بن عبد المطلب	انفال	۷۲	۲۴۸
حضرت عائشہ	احزاب	۳۳	۵۶۸

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
بعض امہات المومنین سے بہتر خواتین	تحریم	۵	۷۶۶
حضرت عائشہ اور واقعہ افک	نور	۱۱	
ازواج رسول مومنین کی مائیں	احزاب	۶	۵۶۳
راز فاش کرنے والی خاتون	تحریم	۱	۷۶۵
محاذ آرا امہات المومنین	تحریم	۴	۷۶۶
لوطؑ کی بدکردار بیوی	شعراء	۱۷۱	۵۰۲
حضرت حفصہ کا رسولؐ سے جھگڑا	احزاب	۲۹	۵۶۷
صحابی حاطب کا منافقانہ خط	ممتحنہ	۱	۷۵۰
صحابی کی غیر ایمانی روش	حدید	۸	۷۳۵
اصحاب کی نماز پر کھیل کو ترجیح	جمعہ	۱۱	۷۵۷
تابعین باحسان	توبہ	۱۰۰	۲۶۸
ہندہ جگر خوار	آل عمران	۱۲۱	۹۲
ولید بن مغیرہ کی رسولؐ پر تہمت	مدثر	۱۱ تا ۳۰	۷۹۰
ولید بن عقبہ کا فسق	حجرات	۶	۷۰۰
یزید کو جناب زینب کا جواب	آل عمران	۱۷۸	۱۰۲
حجاج کا کفر آمیز قول	محمد	۲۳	۶۹۰
امام صادق اور ابوحنیفہ کا مکالمہ	توبہ	۵۹	۲۶۰
غیر انبیاء پر نزول ملک	آل عمران	۴۲	۷۸
حضرت فاطمہؑ حقانیت اسلام کی دلیل	آل عمران	۶۱	۸۱
حضرت مریم اور ان کا خاندان	مریم	۱۶ تا ۲۸	۴۰۷
حضرت مریمؑ کی راستبازی	مائدہ	۷۵	۱۶۳
حضرت مریم اور ان کی کفالت	آل عمران	۳۶، ۳۷	۷۶
حضرت مریم اور بے موسم میوے	آل عمران	۳۷	۷۷
حضرت مریم پر نزول ملک	آل عمران	۴۲	۷۸
اصحاب کہف کی کہانی	کہف	۹ تا ۲۳	۳۹۰
ذوالقرنین	کہف	۷۳، ۷۶	۴۰۲
قارون اور اس کا مال و دولت	قصص	۷۶ تا ۸۱	۵۳۱
ہامان	قصص	۶	۵۱۹
قابیل پہلا قاتل	مائدہ	۳۰	۱۵۲
نجاشی کا قرآن سے متاثر ہونا	مائدہ	۸۳	۱۶۴

انسان

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
انسان روئے زمین پر اللہ کا خلیفہ	صٓ	۲۶	۶۱۴
انسان کی خاکی خلقت	انعام	۲	۱۷۲
خاکی عناصر سے انسان کی تخلیق	سجدہ	۷	۵۵۹
نشاۃ اولیٰ کے ارتقائی مراحل	واقعہ	۶۲	۷۳۲
بنی آدم کا خدا سے عہد کا مفہوم	یٰسٓ	۶۰	۵۹۸
نطفہ سے انسان کی تخلیق	طارق	۷، ۸	۸۱۶
انعقاد نطفہ کے وقت خصوصیات کا تعین	رعد	۸	۳۳۱
مادے کی گود میں حیات	سجدہ	۸، ۹	۵۵۹
از نطفہ تا حیات، شعور	مومنون	۱۳، ۱۴	۴۵۶
نطفہ سے رشتوں کا وجود	فرقان	۵۴	۴۸۷
انسان ارتقاء پذیر وجود	مائدہ	۳۱	۱۵۲
انسان کی منزل و مقصود	حدید	۲۰	۷۳۷
عروج زوال کا الٰہی قانون	مائدہ	۲۶	۱۵۱
انسان ہدایت و گمراہی کے دوراہے پر	سبا	۲۱	۵۷۹
عدل الٰہی اور ذمہ داری کا اصول	فاطر	۱۸	۵۸۷
اہل باطل کی ہلاکت	ابراھیم	۲۱	۳۴۱
عورت اور مذاہب عالم	آل عمران	۱۹۵	۱۰۵
انسان کی ناسمجھی	یونس	۲۵	۲۷۹
بشری علوم کی محدودیت	سبا	۲	۵۷۵
حصول رزق میں انسان کا کردار	واقعہ	۶۴	۷۳۲
لباس اور جمالیاتی ذوق	اعراف	۲۶	۲۰۵
حقیقت روح	زمر	۴۲	۶۲۶
راز حیات	بنی اسرائیل	۸۵	۳۸۵
نفخ روح کی حقیقت	حجر	۲۸، ۲۹	۳۴۸
دل کی حقیقت	شعراء	۱۹۴	۵۰۴
انسانی زندگی کے مراحل	انشقاق	۱۹	۸۱۴
مسخ ہونے والے لوگ	نباء	۱۸	۸۰۲
انسانی استعداد اور زمین کی مماثلت	اعراف	۵۸	۲۱۲
نفس انسان کی خصوصیات	شمس	۷ تا ۱۰	۸۲۲

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
اعمال و رفتار کی بنیاد	بنی اسرائیل	۸۴	۳۸۴
رسول اور بشری تقاضے	رعد	۳۸	۳۳۶
عمل فوقیت و برتری کا معیار	بنی اسرائیل	۲۱	۳۷۵
دوستوں کی قسمیں اور انجام	زخرف	۶۷	۶۶۸
تخلیق انسان و منزلت انسان	تغابن	۳	۷۶۰
ایمان و کفر خلقت کا نتیجہ	تغابن	۲	۷۶۰
زیب و زینت کی چیزیں	انعام	۱۴۰	۱۹۶
اعمال کی کیفیت اور نوعیت	انعام	۱۳۲	۱۹۵
انسان کی نیازمندی	حمد	۶	۷
گناہ سے انسان کی غفلت	مجادلہ	۶	۷۴۲
انسان کی کمزوری	روم	۵۴	۵۵۱
حیوانات کی تسخیر اور انسان	مؤمن	۷۹	۶۴۳
طلب اور عمل کا نتیجہ	بنی اسرائیل	۱۸، ۱۹	۳۷۵
ارتقائی سفر میں واپسی ممکن نہیں	مؤمنون	۱۰۰	۴۶۵
	انبیاء	۹۵	۴۴۰
ایمان باعث حسن عمل	فرقان	۲۳	۴۸۴
حیوانوں سے بدتر انسان	فرقان	۴۴	۴۸۶
عارضی اور دائمی بھلائی	کہف	۴۶	۳۹۶
حیات بشری کے تین اہم مراحل	مریم	۱۵	۴۰۶
زندگی کا مقصد خدا پسند ارتقاء	حج	۶۶	۴۵۲
فلاح و نجات کے اسباب	حج	۷۷	۴۵۴
حقیقی خسارہ	زمر	۱۵	۶۲۲
انسان خود تقدیر ساز ہے	انفال	۵۳	۲۴۵
تخلیق انسان اور معرفت الٰہی	اعراف	۱۷۲	۲۳۰
عقل سے کام نہ لینا بدترین بدنصیبی	انفال	۲۲، ۲۳	۲۳۹
حزن و ملال	فاطر	۳۴	۵۸۹
تاریخ سرمایہ عبرت و نصیحت	احقاف	۲۷	۶۸۵

دنیا

زمین پر زندگی کا آغاز ایک پر اسرار حقیقت	بقرہ	۲۶	۱۲
دنیاوی پرکشش چیزیں امتحان کا ذریعہ	کہف	۷، ۸	۳۸۹
عارضی زندگی اور دار العمل	آل عمران	۱۸۵	۱۰۴
ممدوح دنیا اور مذموم دنیا	مومنون	۱۱۴	۴۶۶
دنیاوی نعمات سے استفادہ کی حدود	طٰہٰ	۸۱	۴۲۲

اماکن

مسجد کوفہ	ہود	۴۰	۲۹۹
سبا کا محل وقوع	سبا	۱۵	۵۷۸
مدین کا محل وقوع	قصص	۲۲	۵۲۲
بکہ کا معنی اور اس کی حقیقت	آل عمران	۸۶	۸۷
مکہ مقام امن	عنکبوت	۶۷	۵۴۳
اُمّ القریٰ	انعام	۹۲	۱۸۷
یمن اور بند ارم کا سیلاب	سبا	۱۶	۵۷۸
الاحقاف	احقاف	۲۱	۶۸۴

تشریح کلمات

نساء نا سے مقصود	آل عمران	۶۱	۸۱
نباء عظیم کا معنی	ص	۶۷	۶۱۸
اولین و آخرین	واقعہ	۱۴	۷۲۹
مستقر، جائے استقرار	انعام	۹۸	۱۹۸
برائت اور دشنام کی حقیقت	انعام	۱۰۸	۱۹۰

سائنس

کائنات کی ابتداء	انبیاء	۳۰	۴۳۲
تخلیق کائنات کے چھ مرحلے	حٰمٓ سجدہ	۱۰	۶۴۵
زمین کو قابل سکونت بنانے کے چار مراحل	یونس	۳	۲۷۵
	حٰمٓ سجدہ	۱۰	۶۴۵
گیس سے آسمان کی تخلیق	حٰمٓ سجدہ	۱۱	۶۴۵
	انبیاء	۳۰	۴۳۲
	طور	۱۰	۷۱۲
کائناتی نظام کا اطلاق	ہود	۱۵	۲۹۵
حقائق کا اثبات بذریعہ علمی دلائل	بنی اسرائیل	۳۶	۳۷۸
کائنات کا نظام زوجیت	لقمان	۱۰	۵۵۳
	یٰسٓ	۳۶	۵۹۵
قانون جاذبہ و دافعہ	رعد	۲	۳۲۹
تسخیر کائنات	لقمان	۲۰	۵۵۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
کائنات کا پھیلاؤ	ذاریات	۴۷	۷۱۰
کائنات پر حاکم نظم وضبط	آل عمران	۱۸	۷۳
	انبیاء	۲۲	۴۳۱
عمل کا انرجی کی شکل میں محفوظ رہنا	احقاف	۱۹	۶۸۴
نئی اور دائمی دنیا کی تخلیق	طور	۱۰	۷۱۲
	انفطار	۲	۸۱۰
سائنس علوم پر محیط نہیں	سبا	۲	۵۷۵
فلکیات			
کہکشاں کا انکشاف	انشقاق	۱	۸۱۳
کہکشائیں	واقعہ	۷۵	۷۳۳
	صافات	۶	۶۰۰
منظومہ شمسی کی گردش	یٰسٓ	۳۸	۵۹۵
	انبیاء	۳۳	۴۳۳
گردش لیل ونہار	یٰسٓ	۳۷	۵۹۵
سات آسمان	نوح	۱۵	۷۸۳
آسمان اول کی وسعت	صافات	۶	۶۰۰
حلقہ اوزون	ق	۶	۷۰۳
حیات، گردش ارضی پر موقوف	آل عمران	۲۷	۷۵
گردش زمین کی رفتار	فرقان	۶۲	۴۸۸
زمین کو قابل سکونت بنانے کے مراحل	نازعات	۳۰	۸۰۵
آسمان تقویم	یونس	۵	۲۷۵
شہابیے	جن	۵	۷۰۵
کائنات کا پھیلاؤ	ذاریات	۴۷	۷۱۰
ہواؤں کا کام	ذاریات	۱	۷۰۷
	روم	۴۸	۵۵۱
بادلوں کا کام	بقرہ	۱۶۴	۳۸
	روم	۴۶	۵۵۰
حیاتیات (Biology)			
کائنات اور حیات	اعراف	۱۰	۲۰۳
ہر شے باشعور ہے	حٰمٓ سجدہ	۲۱	۶۴۷
پانی مایہ حیات	ہود	۷	۲۹۳
زمین پر زندگی کا آغاز	بقرہ	۲۶	۱۲

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
خاکی عناصر سے انسانی تخلیق	مومنون	۱۲	۴۵۶
	سجدہ	۷	۵۵۹
	انعام	۲	۱۷۲
نطفہ سے انسانی تخلیق	سجدہ	۸	۵۵۹
نطفے کا مواد	طارق	۸،۷	۸۱۶
اسپرم اور تخم کی ترکیب	دہر	۲	۷۹۶
متضاد خصوصیات کے حامل قطرہ (DNA)	فرقان	۵۴	۵۷۵
صنف کا تعین	لقمان	۳۴	۵۵۸
	رعد	۸	۳۳۱
تین پردوں میں پرورش	زمر	۶	۶۲۰
جنین کے مختلف مراحل	مومنون	۱۲ تا ۱۴	۴۵۵
خلقت یافتہ اور مددگار خلیے	حج	۵	۴۴۳
DNA کے ذریعے جنین میں صفات کی منتقلی	اعراف	۱۷۲	۲۳۰
	بنی اسرائیل	۸۵	۳۸۵
شکل وصفات میں توازن	انفطار	۶	۸۱۰
روح پھونکنا	سجدہ	۹	۵۵۹
	مومنون	۱۴	۴۵۶
	انبیاء	۹۱	۴۴۰
قوت سماعت و بصارت	دہر	۲	۷۹۶
قوت عقل وشعور	بقرہ	۹۷	۲۵
قوت تعقل و انتخاب	مومنون	۷۸	۴۶۳
انسان قدرت کا شاہکار	تغابن	۳	۷۶۰
	انفطار	۶	۸۱۰
کم ترین مدت حمل	احقاف	۱۵	۶۸۳
انسان اور دوسرے جانداروں میں مماثلت	انعام	۳۸	۱۷۸
انسانی جسم کی تحلیل	بنی اسرائیل	۱۰۰	۳۸۷
	سجدہ	۱۱	۵۵۹
روح زمان و مکان سے آزاد مخلوق	زمر	۴۲	۶۲۶
حواس اور دل کا فرق	شعراء	۱۹۴	۵۰۴

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
حیات اور گردش ارضی	آل عمران	۲۷	۷۵
عدم سے بقا تک کے چار مراحل	بقرہ	۲۸	۱۲
	حج	۶۶	۴۵۲
حیوانیات (Zoology)			
حیوانات کی انسانوں سے			
مماثلت	انعام	۳۸	۱۷۸
حیوانات کی گفتگو	نمل	۱۶	۵۰۸
حیوانات کی تسبیح وعبادت	نور	۴۱	۴۷۵
ہدہد کی صلاحیت	نمل	۲۰۔۲۳	۵۰۹
شہد کی مکھی	نحل	۶۸،۶۹	۳۶۳
مکڑی کا جال	عنکبوت	۴۱	۵۴۰
چیونٹی کا شعور اور نظام زندگی	نمل	۱۸	۵۰۸
مفید جانوروں کی حفاظت	مومنون	۲۷	۴۵۷
نباتات (Botany)			
نباتات میں نظام زوجیت	لقمان	۱۰	۵۵۳
نباتات اور زمین کا باہمی ربط	اعراف	۵۸	۲۱۲
درختوں سے آتش افروزی	یٰس	۸۰	۶۰۰
آبیات (Hydrology)			
پانی کے فائدے	ق	۹	۷۰۳
آبی چکر	زمر	۲۱	۶۲۳
عمل تبخیر	نور	۴۳	۴۷۵
	روم	۴۸	۵۵۱
تصفیہ آب	واقعہ	۶۹،۷۰	۷۳۲
بارش آبی ذخائر کا منبع	مومنون	۱۸	۴۵۶
میٹھے اور نمکین پانی کے			
درمیان آڑ	نمل	۶۱	۵۱۵
	فرقان	۵۳	۴۸۷
ارضیات (Geology)			
زمین کا گہوارہ	نباء	۶	۸۰۱
پہاڑوں کا فائدہ	نباء	۷	۸۰۱
قطعات زمین کا باہمی ربط	رعد	۴	۳۳۰
طبیعیات (Physics)			
ایٹم کی تقسیم	سبا	۳	۵۷۶
	یونس	۶۱	۲۸۵

موضوعات	نام سورہ	حاشیہ نمبر	صفحہ نمبر
مادہ اور توانائی کا باہمی رشتہ	ذاریات	۴۷	۷۱۰
آگ ایجاد کرنے کا طریقہ	واقعہ	۷۲	۷۳۳
صنعت وٹیکنالوجی			
کشتی سازی	ہود	۳۷،۳۸	۲۹۸
	مومنون	۲۷۲	۴۷۵
جنگی ساز وسامان	سبا	۱۱	۵۷۷
ہوا کی تسخیر	ص	۳۶	۶۱۵
سد سازی	کہف	۹۶	۴۰۳
نور کی رفتار سے حمل ونقل	نمل	۳۹،۴۰	۵۱۱
شیشہ سازی وفن تعمیر	نمل	۴۴	۵۱۲
طب (Medical)			
شہد سے علاج	نحل	۶۹	۳۶۳
صاف ٹھنڈے پانی سے علاج	ص	۴۲	۶۱۶
روحانی علاج	بنی اسرائیل	۸۲	۳۸۴
اصول تعلیم			
شاگرد کی علمی الجھن کا برمحل حل	کہف	۷۸ تا ۸۲	۴۰۱
تمثیل ایک اسلوب تعلیم	عنکبوت	۴۳	۵۴۰
تخریبی فن کی خصوصیات	شعراء	۲۲۲	۵۰۶
متفرقات			
رجعت	نمل	۸۳	۵۱۷
تخلیقی عمل، فرشتوں کی			
ذمہ داری	فاطر	۱	۵۸۴
جنات اور علم غیب	سبا	۱۴	۵۷۷
نگہبان فرشتے	ملک	۱۷	۷۶۹
مختلف امور پر مؤکل فرشتگان			
الٰہی	ذاریات	۴	۷۰۷
تابع فرمان مخلوق	انبیاء	۲۶	۴۳۲
بامقصد سیاحت	انعام	۱۱	۱۷۳

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
توفنی مسلما والحقنی بالصالحین